ساٹھ ہزار سے زیادہ عربی الفاظ کے معانی و تشریح

محاورات و ضرب الامثال بمعہ ضمیمہ جدید عربی الفاظ

المنجد

عربی اردو

خزینۂ علم و ادب
الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور ۷۳۱۴۱۶۹

ساٹھ ہزار سے زیادہ عربی الفاظ کے معانی و تشریح
محاورات و ضرب الامثال بمعہ ضمیمہ جدید عربی الفاظ

اَلمُنجِد

عربی اردو

مؤلف: لویس معلوف

مترجم: مولانا ابوالفضل عبدالحفیظ بلیاوی مدظلہ

تکمیل و نظرثانی: مولانا عبدالصمد صارم الازہری مدظلہ فاضل دارالعلوم دیوبند

خزینہ علم و ادب
الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور
فون: 7314169-7211468

نام کتاب: **المنجد** عربی اُردو

تصنیف: **لویس معلوف**

ترجمہ: مولانا ابوالفضل عبدالحفیظ بلیاوی

طابع: **نذیر محمد**

مطبع: **افضل شریف پرنٹرز**

ملنے کے پتے

مکتبۂ رحمانیہ اقراء سینٹر، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور 7224228 7221395

اسلامی کتب خانہ فضل الٰہی مارکیٹ، چوک اردو بازار، لاہور 7223506 7230718

مکتبۃ العلم ۱۸۔ اردو بازار، لاہور 7211788 7231788

استدعا

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے انسانی طاقت اور بساط کے مطابق کتابت طباعت، تصحیح اور جلد سازی میں پوری پوری احتیاط کی گئی ہے۔

بشری تقاضے سے اگر کوئی غلطی نظر آئے یا صفحات درست نہ ہوں تو ازراہ کرم مطلع فرمادیں۔ ان شاء اللہ ازالہ کیا جائے گا۔ نشاندہی کے لیے ہم بے حد شکر گزار ہوں گے۔

(ادارہ)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عرضِ ناشر

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَ کَفٰی وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی

امابعد! تقریباً دس سال ہوئے میں مدرسہ مصباح العلوم بریلی میں طلبہ کی خدمت پر مامور تھا کہ بعض بزرگوں اور عزیز طلبہ نے اصرار کے ساتھ خواہش کی کہ ''المنجد'' کے طرز پر ایک لغت کی کتاب ترتیب دی جائے جس میں ترجمہ اُردو میں ہو۔

مولانا بلیاوی کے یہی وہ الفاظ ہیں جنہوں نے ہمیں اس چیز پر آمادہ کیا کہ مولانا کی ''مصباح اللغات'' جو اس سے پہلے ''خزینۂ علم وادب'' شائع کرنے کی سعادت حاصل کر چکا ہے کا موازنہ المنجد سے کیا جائے تاکہ اس چیز کا پتہ چل سکے کہ دونوں کتابوں میں کتنا فرق ہے؟ اس کام کیلئے درسِ نظامی کے ایک طالب علم ''حافظ قاری قاسم صاحب'' کی مدد لی گئی جنہوں نے بے شمار ایسے الفاظ کی نشاندہی کی جو مولانا نے ''مصباح اللغات'' لکھتے وقت حذف کر دیئے گئے لیکن المنجد کے عربی نسخے میں موجود تھے۔ انہی بھائی نے عربی نسخے شائع کردہ ''دار المشرق بیروت'' پر نہ صرف یہ کہ ان الفاظ کی نشاندہی کی جو مولانا نے حذف کر دیئے تھے بلکہ ساتھ ساتھ ''مصباح اللغات'' شائع کردہ ''خزینہ علم وادب'' پر ایسے الفاظ بھی نشان زد کر دیئے جو مولانا نے دیگر لغت کی کتابوں سے لئے تھے اور المنجد میں موجود نہیں تھے انہیں ہم نے حذف کر دیا۔

اس کام پر تقریباً ایک سال کا عرصہ لگ گیا۔ اور ان حصوں کا ترجمہ کروانے کا مرحلہ آیا تو پتہ چلا کہ اکثر حصے جو مولانا نے ''المنجد'' سے حذف کئے تھے وہ یا تو ''سائنسی اصطلاحات'' تھیں یا پھر نباتات و جمادات کے نام اور بہت کم ایسا حصہ پایا گیا جو عام عربی میں مستعمل تھا اور ایسی اصطلاحات کا اُردو میں ترجمہ کرنا فقط عربی زبان سے واقفیت کی بناء پر بے حد مشکل تھا۔

اللہ عز وجل کے بے حد شکر گزار ہیں کہ اسی عرصے میں اللہ عز وجل نے مولانا عبد الصمد صارم الازہری (فاضل دار العلوم دیوبند) جیسی نابغہ روزگار ہستی سے (اُن کی کتابوں کی پبلشنگ کے سلسلے میں) رابطہ کروادیا۔ مولانا نے دو چار دفعہ کے انکار کرنے کے بعد المنجد کی تکمیل کے سلسلے میں حامی بھر لی۔ یقین جانئے کہ ۸۰ سال کی لگ بھگ عمر میں مولانا نے جب بھی حافظ صاحب گئے (صبح، دوپہر، شام) مولانا چاہے آرام فرما رہے ہوں یا بیمار ہوں اُنہوں نے کبھی انکار نہیں کیا اور فوراً عربی الفاظ کا ترجمہ لکھوانا شروع کر دیتے۔

اللہ عز وجل مولانا (مرحوم[1]) کو اَجر عطا کرے لیکن اس کے ساتھ ہی ہم مولانا کے اہل خانہ کے بھی بے حد شکر گزار ہیں کہ وہ کبھی بھی ماتھے پہ شکن تک نہیں لاتے تھے کہ اس عمر میں والد محترم سے کافی مشقت کا کام لیا جا رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ مولانا کے اہل و عیال کو دُنیا و آخرت میں بلند درجے عطا فرمائے بالخصوص اُن کی صاحبزادی پروفیسر عاصمہ فرحت صاحبہ کو کہ اپنی تدریسی مصروفیات کے باوجود مولانا کی کتابوں اور تحقیقی کاموں میں آخر وقت تک اُن کی مددگار رہیں۔

اسکے علاوہ اس کتاب کی تکمیل میں چوہدری خورشید صاحب (سابق کمشنر انکم ٹیکس وانچارج باغ جناح ہارٹی کلچرل سوسائٹی) کے بھی بے حد شکر گزار ہیں کہ اُن سے جب بھی رابطہ کیا گیا انہوں نے پودوں کے اُردو یا انگریزی میں مستعمل نام بتانے میں ہر ممکن راہنمائی فرمائی۔

''خزینہ علم وادب'' نے اپنے آغاز ۱۹۹۵/۱/۲۵ء سے ہی یہ مصمم ارادہ کر رکھا ہے کہ کتابوں کو اعلیٰ معیار پر شائع کیا جائے گا۔ اس کتاب کو بھی حتیٰ الامکان اغلاط سے مبرا کرنے کی کوشش کی گئی ہے لیکن اگر کسی صاحب علم کو غلطی معلوم ہو تو ادارہ کو ضرور آگاہ کریں۔

المنجد کی تیاری میں جن حضرات نے بھی دامے، درمے سخنے مدد فرمائی اللہ تعالیٰ انہیں اجر عظیم سے نوازے۔

حاجی نذیر محمد ولد سعد اللہ

---

[1] کتاب کی طباعت کے دوران ہی مولانا کی رحلت کی اطلاع ملی۔ (انا للہ وانا الیہ راجعون)

المنجد کے رموزِ واِشارت

قا سے مراد اسم فاعل	مص سے مراد مصدر	(س) سے مراد باب سمع یسمع
مفع سے مراد اسم مفعول	(ض) سے مراد باب ضرب یضرب	(ک) سے مراد باب کرم یکرم
ج سے مراد جمع	(ن) سے مراد باب نصر ینصر	(ح) سے مراد باب حسب یحسب
جج سے مراد جمع الجمع	(ف) سے مراد باب فتح یفتح	

اگر کسی کلمہ کی تلاش ہو اور وہ مجرد ہو یا اگر مزید ہو تو مجرد بنا کر یا پہلا حرف بدلا ہوا ہو تو اصل
کی طرف لوٹا کر پہلے حرف کے باب میں تلاش کرو۔

بعض قیاسی اَحکام

لغت عربی کے متعلم کو فن صرف کے قواعد سے اچھی طرح واقف ہونا چاہئے تا کہ جن قیاسی چیزوں کے ذکر کو چھوڑنے کی عام عادت ہے ان کے استعمال میں غلطی نہ ہونے پائے۔ لیکن پھر بھی بعض قواعد فائدہ کے لئے یہاں لکھ دیئے جاتے ہیں مجرد کو مزید بنا دینے سے حسب ذیل فوائد حاصل ہوتے ہیں:

(۱) تعدیہ: لازم سے متعدی ہونا یا اگر فعل متعدی ہو تو ایک اور مفعول کو اضافہ ہونا۔
(۲) تصیر: صاحب ماخذ بنا دینا۔
(۳) تعریض: مفعول کو ماخذ کے محل اور موقع میں لے جانا۔
(۴) وجدان: کسی چیز میں ماخذ کی صفت کا پایا جانا۔
(۵) ابتداء: کسی فعل کی ابتداء اسی باب سے ہونا بغیر اس کے کہ وہ فعل ثلاثی مجرد سے آیا ہو اور اگر وہ مادہ مجرد سے آیا ہو تو وہاں وہ معنی نہ ہوں جو ثلاثی مزید میں ہیں۔
(۶) اتخاذ: کسی چیز کو ماخذ بنانا یا ماخذ میں لینا۔
(۷) اشتراک: دو شخصوں کا کسی کام میں شریک ہونا اس طرح کہ ہر ایک فاعل اور مفعول دونوں کی حیثیت رکھتا ہو۔
(۸) اقتضاب: کسی فعل کی ابتداء اسی باب سے ہونا اور ثلاثی مجرد مطلقاً کسی باب سے نہ آنا۔
(۹) الباس ماخذ: کسی چیز کو ماخذ پہنانا۔
(۱۰) بلوغ: ماخذ میں آنا یا ماخذ میں پہنچنا۔
(۱۱) تجنب: ماخذ سے بچنا۔
(۱۲) تحول: کسی چیز کا عین ماخذ ہونا یا مثل ماخذ ہونا۔
(۱۳) تحویل: کسی چیز کو ماخذ یا مثل ماخذ بنا دینا۔
(۱۴) تحلیہ: کسی چیز کو ماخذ سے آراستہ کرنا۔
(۱۵) تخییر: فاعل کا کسی فعل کو اپنی ذات کے لئے کرنا۔
(۱۶) تحلیل: فاعل کا اپنی ذات میں ماخذ کا حصول دکھانا یا جتانا جس سے صرف دکھاوا یا بناوٹ مقصود ہو۔
(۱۷) تدریج: کسی فعل کو آہستہ آہستہ کرنا۔
(۱۸) تصرف: ماخذ کے حصول میں کوشش کرنا۔
(۱۹) تعمل: ماخذ کو کام میں لانا یا ماخذ سے کام لینا۔
(۲۰) تکلف: ماخذ میں تصنع یا بناوٹ ظاہر کرنا۔

فائدہ۔ تکلف اور تحلیل میں فرق یہ ہے کہ تکلف میں جو تصنع ہے وہ مرغوب فعل ہوتا ہے مگر تحلیل میں جس فعل کا ارتکاب ہوتا ہے وہ محض دکھاوا اور جعل ہوتا ہے۔

(۲۱) حسبان: کسی چیز کے متعلق یہ گمان کرنا کہ وہ ماخذ کے معنی سے موصوف ہے۔

فائدہ۔ حسبان اور وجدان میں فرق یہ ہے کہ وجدان میں یقین پایا جاتا ہے اور حسبان میں شک و گمان۔

(۲۲) صیرورت: کسی امر کا ماخذ کے وقت میں واقع ہونا یا اس وقت میں پہنچنا۔
(۲۳) سلب: کسی چیز سے ماخذ کو دور کرنا۔
(۲۴) صیرورت: صاحب ماخذ ہونا۔
(۲۵) طلب: ماخذ کو طلب کرنا، چاہنا۔
(۲۶) قصر: اختصار کے لئے کسی کلمہ کا مرکب سے اشتقاق کے طور پر بنانا۔
(۲۷) لزوم و علاج: فعل میں جوارح یعنی اعضاء کے کام کا اثر پایا جانا۔
(۲۹) لیاقت: کسی چیز کا ماخذ کے لائق ہونا۔
(۲۹) مبالغہ: کسی امر کی کیفیت یا اس کی مقدار کی زیادتی کو بیان کرنا۔
(۳۰) مطاوعت: ایک فعل کے دوسرے فعل کو لانا۔ جس سے ظاہر ہو کہ

مفعول نے فاعل کے اثر کو قبول کرلیا۔

(۳۱) موافقت: کسی فعل کا ہم معنی ہونا۔

(۳۲) نسبت بماخذ: کسی چیز کا ماخذ سے منسوب ہونا۔

(۳۳) اعطاء ماخذ: ماخذ دینا۔

(۳۴) تشارک: دو چیزوں کا فعل کے صدور میں شریک ہونا۔

باب افعال

(تعریف کے لئے سامنے لکھے ہوئے نمبر کو دیکھو)

(۱) ابتداء: جیسے اَشْفَقَ وہ ڈر گیا (مجرد شفق = مہربانی کرنا) (۵)

(۲) بلوغ: جیسے اَعْرَقَ: عراق میں پہنچا (۱۰)

(۳) تصییر: جیسے اَشْرَکَ النَّعْلَ = اُس نے تسمہ دار جوتا بنایا۔ (ماخذ شراک بمعنی تسمہ) (۲)

(۴) تعدیہ: جیسے اخرجَ = نکالا۔ (۱)

(۵) تعریض: جیسے اَبْعَثُ الحِمار = میں گدھے کو بیچنے کی جگہ لے گیا۔ (۳)

(۶) صیرورت: جیسے اَحْصَدَ الزرعُ = کھیتی کے کٹنے کا وقت آ گیا۔ (۲۲)

(۷) لیاقت: جیسے اَلَامَ الْفَرعُ = سردار قابل ملامت ہوا (۲۸)

(۸) سلب: جیسے اَشْکَیْتُہٗ = میں نے اس کی شکایت دور کی۔ (۲۳)

(۹) صیرورت: جیسے اَلْبَنَ البَقَرُ = گائے دودھ والی ہوگئی۔ (۲۴)

(۱۰) مبالغہ: جیسے اَثْمَرَ النخلُ = کھجور کے درخت میں بہت سی کھجوریں لگیں۔ (۲۹)

(۱۱) نسبت بماخذ: جیسے اَکْفَرْتُہٗ = میں نے اسے کفر سے نسبت دی۔ (۳۲)

(۱۲) وجدان: جیسے اَبْخَلْتُہٗ = میں نے اسے بخیل پایا۔ (۴)

(۱۳) موافقت مجرد: جیسے اَقَلْتُ البیعَ بمعنی قلتہ یعنی فسختہ (۳۱)

باب تفعیل

(۱) ابتداء: جیسے کَلَّمَ۔ اس نے کلام کیا (مجرد کلم۔ زخمی کرنا) (۵)

(۲) الباس ماخذ: جیسے جَلَّلَ الفرسَ = اس نے گھوڑے کو جھول پہنائی۔ (۹)

(۳) بلوغ: جیسے خَیَّمَ = وہ خیمہ میں آیا۔ (۱۰)

(۴) تحویل: جیسے نَصَّرَ = اس نے نصرانی بنایا۔ (۱۳)

(۵) تخلیط: جیسے ذَهَّبَ = اس نے سنہری بنایا۔ (۱۴)

(۶) تصییر: جیسے وَتَّرَ القَوسَ = اس نے کمان کو زہ دار بنایا۔ (۲)

(۷) تعدیہ: جیسے فَرَّحَنِیْ = اس نے مجھے خوش کیا۔

(۸) سلب: جیسے قَرَّدَ الْاِبِلَ اس نے اونٹ سے چیچڑی کو دور کیا۔ (۲۳)

(۹) صیرورت: جیسے نَوَّرَ الشَّجَرُ = درخت شگوفہ دار ہوگیا۔ (۲۴)

(۱۰) قصر: جیسے هَلَّلَ اس نے لا الہ الا اللہ کہا۔ (۲۶)

(۱۱) مبالغہ: جیسے جَوَّلَ = وہ بہت گھوما۔ (۲۹)

(۱۲) نسبت بماخذ: جیسے فَسَّقَنِیْ = اس نے مجھے بدکار کہا۔ (۳۲)

باب مفاعلة

(۱) اشتراک: جیسے قَاتَلَ زَیْدٌ عمروًا = زید نے عمرو سے مقاتلہ کیا اور عمرو نے زید سے (۷)

(۲) موافقت مجرد: جیسے سَافَرَ: بمعنی سفر۔

موافقت اَفْعَلَ: جیسے بَاعَدْتُہٗ: بمعنی اَبْعَدْتُہٗ

موافقت فَعَّلَ: جیسے ضَاعَفَ: بمعنی ضَعَّفَ: (۳۱)

باب تفعل

(۱) ابتداء: جیسے تَکَلَّمَ = اس نے کلام کیا۔ (۵)

(۲) اتخاذ: جیسے تَوَسَّدَ الْحَجَرَ = اس نے پتھر کو تکیہ بنایا (۶)

(۳) تجنب: جیسے تَاَثَّمَ = اس نے گناہ سے پرہیز کیا۔ (۱۱)

(۴) تحول: جیسے تَنَصَّرَ = وہ نصرانی ہوگیا۔ (۱۲)

(۵) تعمل: جیسے تَخَتَّمَ = اس نے انگوٹھی پہنی۔ (۱۹)

(۶) تدریج: جیسے تَجَرَّعَ = اس نے گھونٹ کر کے پیا۔ (۱۷)

(۷) تکلف: جیسے تَشَجَّعَ = وہ بہادر بنا۔ (۲۰)

(۸) صیرورت: جیسے تَمَوَّلَ = وہ مالدار ہوگیا۔ (۲۴)

(۹) مطاوعت فَعَّلَ: جیسے عَلَّمْتُہٗ فَتَعَلَّمَ میں نے اسے سکھایا اور وہ سیکھ گیا۔ (۳۰)

باب تفاعل

(۱) ابتداء: جیسے تَبَارَکَ اللّٰہُ = اللہ بڑی برکت والا ہے (مجرد برک = اونٹ کا بیٹھنا) (۵)

(۲) تشارک: جیسے تَشَاتَمَا = دونوں نے ایک دوسرے کو گالی دی۔ (۳۴)

(۳) تخییل: جیسے تَمَارَضَ = اس نے اپنے آپ کو مریض ظاہر کیا۔ (۱۶)

(۴) مطاوعت فَاعَلَ: جیسے بَاعَدْتُہٗ فَتَبَاعَدَ = میں نے اُسے دور کیا وہ دور ہوگیا۔ (۳۰)

باب انفعال

(۱) ابتداء: جیسے اِنْطَلَقَ = وہ گیا۔ (مجرد طَلَقَ) (۵)

(۲) لزوم وعلاج: جیسے اِنکَسَرَ = وہ ٹوٹ گیا۔

(۳) مطاوعت فعل: جیسے کَسَرْتُهٗ فَانْکَسَرَ = میں نے اسے توڑا وہ ٹوٹ گیا۔

مطاوعت اَفعَلَ: جیسے اَغْلَقَ الباب فَانْغَلَقَ = اس نے دروازہ بند کیا اور وہ بند ہو گیا۔(۳۰).

فائدہ = باب اِنفعال ہمیشہ لازم ہوتا ہے متعدی نہیں اور ہمیشہ ایسے معانی کے لئے آتا ہے جن کا تعلق اعضاءِ ظاہری سے ہو۔

باب افتعال

(۱) اتخاذ: جیسے اِجْتَحَرَ الفارُ = چوہے نے بل بنایا۔(۶)

(۲) تخییر: جیسے اِکْتَالَ الشَعِیْرَ = اُس نے اپنے لئے جَو ناپے (۱۵)

(۳) تصرف: جیسے اکتسب الفضل = اس نے کوشش کر کے فضیلت حاصل کی۔(۱۸)

(۴) مطاوعت فعل: جیسے غممنه فاغتمّ = میں نے اسے غمگین کیا اور وہ غمگین ہوا۔(۳۰)

(۵) طلب: جیسے اِکتَدَّفلاناً = اس نے فلاں سے مشقت طلب کی۔ (۲۵)

(۶) موافقت فعل: جیسے اجتذب بمعنی جذب.

موافقت تفاعل: جیسے اِخْتَصَمَ بمعنی تَخَاصَمَ(۳۱)

باب استفعال

(۱) طلب جیسے استطعمته = میں نے اس سے کھانا طلب کیا۔ (۲۵)

(۲) لیاقت جیسے استرقع الثوب = کپڑا قابل پیوند ہوا۔(۲۸)

(۳) وجدان: جیسے استکرمته = میں نے اس کو کرم سے متصف پایا۔ (۴)

(۴) حسبان: جیسے اِسْتَحْسَنْتُهٗ = میں نے اس کو اچھا گمان کیا(۲۱)

(۵) تحول: جیسے اِسْتَحْجَرَ الطین = مٹی پتھر بن گئی(۱۲)

(۶) اتخاذ: جیسے استوطن القری. اس نے دیہاتوں کو وطن بنالیا۔ (۶)

(۷) تکلف: جیسے اِسْتَجْرَاَ = اُس نے جرأت دکھلائی۔(۲۰)

(۸) قصر: جیسے اِسْتَرْجَعَ = اس نے اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ کہا۔ (۲۶)

(۹) مطاوعت اَفعل: جیسے اَقَمْتُهٗ فَاسْتَقَامَ = میں نے اُسے سیدھا کیا وہ سیدھا ہو گیا۔(۳۰)

(۱۰) موافقت مجرد: جیسے قَرَّ و اِسْتَقَرَّ(۳۱)

موافقت اَفعل: جیسے اَجَابَ و اِسْتَجَابَ(۳۶)

(۱۱) ابتداء: جیسے اِسْتَعَانَ = زیر ناف کے بال کاٹے۔(۵)

باب افعلال

(۱) مبالغہ: جیسے اِسْوَدَّ اللیلُ = رات بہت تاریک ہو گئی۔(۲۹)

فائدہ: اکثر یہ باب الوان وعیوب کے لئے آتا ہے جیسے اِحْمَرَّ، ابیضَّ، اِحْوَلَّ اور ہمیشہ لازم ہوتا ہے۔

باب اِفْعِیْعَال

(۱) مبالغہ: جیسے اِخْشَوْشَبَ = بہت کبڑا ہو گیا۔(۲۹)

(۲) موافقت مجرد: جیسے اِحْلَوْلیٰ الثَّمَرُ بمعنی حَلَا (۳۱)

باب اِفْعِوَّال

(۲) مبالغہ: جیسے اِجْلَوَّذَ = وہ بہت تیز دوڑا۔(۲۹)

باب افعیلال

(۱) مبالغہ: جیسے اِحْمَارَّ بہت سرخ ہوا۔(۲۹)

یہ باب الوان وعیوب کے لئے مخصوص ہے۔

باب تفعلل

(۱) مطاوعت: جیسے دَحْرَجْتُهٗ فَتَدَحْرَجَ میں نے اسے لڑھکا دیا وہ لڑھک گیا۔(۳۰)

علماء صرف کے نزدیک ان کے علاوہ اور بھی فوائد ہیں جن کو تطویل کے خوف سے نظر انداز کر دیا گیا۔

اور ان ابواب مزید فیہ کے لئے یہ ضروری نہیں کہ ہر مجرد سے بنالیا جائے بلکہ اس کا مدار سماع اور کتب لغت پر ہے۔

مشتقات

فعل سے جو اسماء مشتق ہوتے ہیں وہ دس ہیں' (۱) مصدر' (۲) اسم مرۃ (۳) اسم نوع' (۴) ظرف مکان وظرف زمان' (۵) اسم آلہ' (۶) اسم فاعل' (۷) اسم مفعول' (۸) صفت مشبہ' (۹) اسم تفضیل' (۱۰) مبالغہ۔

ثلاثی مجرد کے مصادر قیاسی نہیں ان کے بہت سے اوزان ہیں اور ان کا مدار سماع پر ہے لیکن یوں ضبط میں لایا جا سکتا ہے کہ عموماً:

(۱) جو پیشہ کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فِعالة ہے جیسے زِراعَة' تجارة' حیاكة.

(۲) جو امتناع کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فِعال ہے۔ جیسے آباء' شراد' جماع.

(۳) جو اضطراب کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فَعَلاَن ہے جیسے غَلَیَان' جَولاَن' خفقان.

(۴) جن کی دلالت امراض پر ہوان کا وزن فعال ہے جیسے صُداع' زکام' دوار.

(۵) جن کی دلالت سیر پر ہوان کا وزن فَعَال اور فَعِیل ہے جیسے رَحِیْل و ذمیل

(۶) جن کی دلالت آواز پر ہوان کا وزن فُعَال اور فَعِیل ہے جیسے صُراخ' خُوار' زَئِیْر' نَئِیْم۔

(۷) جن کا مدلول رنگ ہوان کا وزن فُعْلَة ہے جیسے حُمْرَة' زُرْقَة' خُضْرَة.

اور اگر ان معانی پر دلالت نہ ہو تو عموماً

(۱) فعل کا مصدر فُعُوْلَة اور فَعَالَة کے وزن پر آتا ہے جیسے سُهُوْلَة' نَبَاهَة' فَصَاحَة.

(۲) فعل لازمی کا مصدر فَعَلَ کے وزن پر ہے جیسے فَرَحٌ' عَطَشٌ' بَلَجٌ.

(۳) فعل لازمی کے مصدر فُعُوْلَ کے وزن پر جیسے قُعُوْدٌ' خُرُوْجٌ' نُهُوْضٌ.

(۴) فِعِلَ اور فَعَل کے وزن پر جیسے فَهْم' نَصْر.

غیر ثلاثی کے مصادر

ثلاثی کے علاوہ سارے مصادر قیاسی ہیں۔ فعل کا مصدر تفعیل ہے جیسے قَبَّلَ تقبیلا اور تفعِلَة کے وزن پر بھی آتا ہے کرّم جیسے وَسَّعَ توسعة' قَدَّمَ تقدمة اگر مہموز اللام ہو تو تفعله کا وزن زیادہ اور تفعیل کا کم آتا ہے جیسے نَبَّأ تَنْبِئَة وطّأ توطِئَة' هنّأ تهنئة اور اگر ناقص ہو تو صرف تفعلہ ہی کا وزن آتا ہے۔ جیسے حلّی تحلیه' زکّی تزکیة اور اگر اجوف ہو تو صرف تفعیل کا وزن آتا ہے جیسے قوسّم' تقویماً' سَوَّدَ تسویدا.

فاعَل کا مصدر فعال ومفاعَلَة ہے جیسے قَاتَلَ قِتَالاً و مُقَاتَلَةً ہے لیکن جن مواد میں فاء کلمہ یاء ہو وہاں مُفَاعَلَة کا وزن متعین ہے جیسے یَاسَرَ' مُیَاسَرَةً' یَامَنَ مُیَامَنَةً اور یَاوَمَ مُیَاوَمَةً و یَوَاماً شاذ ہے۔

افعَل کا مصدر اِفْعَالٌ ہے جسے اَکْرَمَ اِکْرَاماً اور اگر عین کلمہ میں حرف علت ہو تو اس کی حرکت ماقبل کو نقل کر کے الف سے بدل دیتے ہیں' دو الف کے جمع ہونے کی وجہ سے ایک کو حذف کر دیتے ہیں اور اس کے عوض میں آخر میں تا بڑھا دیتے ہیں جیسے امات' امانة' اغاث اغاثة' اشار اشارة

تَفَعَّلَ کا مصدر تَفَعُّلٌ اور تَفَاعَلَ کا تَفَاعُلٌ ہے لیکن ان دونوں میں جب لام کلمہ حرف علت ہو تو یا سے بدل کر ماقبل کو کسرہ دیتے ہیں جیسے تَأنّی'

تأنیاً' تغاضی تَغَاضِیاً.

اِفْتَعَلَ کا مصدر اِفْتِعَالٌ' اِنْفَعَلَ کا اِنْفِعَالٌ' اِفْعَوْعَلَ کا افعیعال اور اِفْعَلَّ کا افعلال ہے جیسے اشترک اشتراکا. انطلق اِنْطِلاَقاً' اِحْلَوْذَبَ اِحْلِیذَاباً اور اِسْوَدَّ اِسْوِدَادًا

اِسْتَفْعَلَ کا مصدر اِسْتِفْعَال ہے لیکن عین کلمہ حرف علت ہو تو الف سے بدل کر حذف کر دیتے ہیں اور آخر میں تا بڑھا دیتے ہیں جیسے اِسْتَقَامَ اِسْتِقَامَةً

فَعْلَلَ کا مصدر فَعْلَلَةً اور فِعْلاَل ہے جیسے دَحْرَجَ دَحْرَجَةً وَدِحْرَاجاً دوسرا وزن صرف مضاعف ہونے کی صورت میں قیاسی ہے ورنہ سماعی جیسے وَسْوَسَ وَسْوَسَةً اور وَسْوَاساً

تَفَعْلَلَ کا تَفَعْلُلٌ. اِفْعَنْلَلَ کا اِفْعِنْلاَلاً اِفْعَلَلَّ کا اِفْعِلاَّل جیسے تدحرج تدحرجًا. احرنجم احرنجامًا. اِقْشَعَرَّ اِقْشِعْرَارًا

فعل مجہول کے لئے مصدر کا کوئی خاص وزن مقرر نہیں۔ فعل معروف کا مصدر ہی اس کا کام بھی دیتے ہیں جیسے ضُرِبَ ضَرْباً جیسا کہ کہا جاتا ہے۔ ضَرَبَ ضَرباً

مصدر میمی

ثلاثی مجرد سے مصدر میمی مفعل کے وزن پر آتا ہے جیسے مَنظَر' مَضرب' مرمی اس قاعدہ سے سات الفاظ مَجِیْ' مَرْجِعٌ' مَسِیْرٌ' مَصِیْرٌ' مَشِیْبٌ' مَرْفِقٌ' مَقِیْلٌ مستثنیٰ ہیں۔

مثال واوی سے مَفعِل کے وزن پر خواہ مضارع کا عین کلمہ مکسور ہو یا مفتوح جیسے موردٌ' مَوْعِدٌ' مَوْجِلٌ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع مجہول کے وزن پر بجائے علامت مضارع کے میم مضموم لگا کر جیسے مُنْحَدَرٌ' مصطبَر' مزدحم.

اسم مرۃ واسم نوع

اسم مرۃ وہ مصدر ہے جو ایک مرتبہ فعل کے واقع ہونے کو ظاہر کرے اور اسم نوع وہ ہے جو فعل کی ہیئت اور نوع کو بتلائے۔ ثلاثی مجرد سے اسم مرۃ کا وزن فَعْلَة کے وزن پر آتا ہے جیسے ضَرَبْتُ ضَرْبَةً' جَلَسْتُ جَلْسَةً

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے جس باب کا اسم مرۃ بنانا مقصود ہو اسی باب کے مصدر کے وزن پر تاء کی زیادتی کے ساتھ لاتے ہیں جیسے اَلْتَفَتُّ اِلْتِفَاتَةً' الطلقتُ انْطِلاَقَةً اور اگر ثلاثی وغیرہ کے مصادر کے آخر میں تاء ہو تو اسم مرۃ لانے کی صورت میں کسی ایسی چیز کا لانا ضروری ہے جس سے وحدت ظاہر ہو جیسے ضربته ضربة واحدة' قاتلته

مقاتلۃٌ لا غیر وما التفت الیہ الا التفاتۃ واجبۃ اجابۃ فقط.

اسم نوع کا وزن ثلاثی مجرد سے فِعْلَۃٌ کے وزن پر جیسے وقف وقفۃ الاسد و مشی مِشْیَۃَ المُختَالِ.

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم مرۃ کے وزن پر جیسے حَسَنُ الانطلاقۃ قبیح المعاشرۃ.

ظرفِ مکان وظرفِ زمان

ظرفِ مکان وہ ہے جو فعل کے واقع ہونے کی جگہ کو بتلائے اور ظرفِ زمان وہ ہے جو فعل کے واقع ہونے کے زمانہ کو ظاہر کرے۔

ثلاثی مجرد سے ظرف خواہ زمانی ہو یا مکانی مَفْعَل کے وزن پر آتا ہے جبکہ مضارع کا عین مضموم ہو یا مفتوح جیسے مَنْصَر' مَفْتَح مَسْمَع اور اگر مضارع کا عین مکسور ہو تو مَفْعِل کے وزن پر جیسے مَجْلِس' مَنْزِل.

اس قاعدہ سے الفاظ مندرجہ ذیل مستثنیٰ ہیں' ان سب کا وزن مفعل ہے باوجودیکہ ان کے مضارع کا عین مضموم ہے مَسْجِدٌ' مَشْرِقٌ' مَغْرِبٌ' مَطْلِعٌ' مَجزِرٌ' مَرْفِقٌ' مَفْرِقٌ' مَسْکِنٌ' مَنْسِکٌ' مَنْبِتٌ' مَسِقِطٌ.

مثال سے ظرفِ زمان ومکان ہمیشہ مَفْعِل کے وزن پر اور ناقص سے ہمیشہ مَفْعَل کے وزن پر جیسے مَوعِدٌ' مَوجِلٌ' مَطوِی' مومٰی.

اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مصدر میمی کی مانند جیسے اَدْخَلَ سے مُدْخَلٌ. اَخْرَجَ سے مُخْرَجٌ. اَخْدَعَ سے مُخْدَعٌ

کسی جگہ میں کسی چیز کی کثرت کو ظاہر کرنے کے لئے مفعلۃ کا وزن مقرر ہے' جیسے مقبرہ جہاں قبریں زیادہ ہوں۔ مابلہ = جہاں اونٹ زیادہ ہوں۔ مفعاۃ = جہاں سانپ زیادہ ہوں۔ مسبعۃ = جہاں درندے زیادہ ہوں۔ کہا گیا ہے کہ یہ وزن ثلاثی مجرد ومزید سے قیاسی ہے اور بعض کا قول ہے کہ کثرت سے آتا ہے مگر قیاسی نہیں۔

اسمِ آلہ

کام کرنے کے آلے اور اوزار کا نام اسمِ آلہ ہے یہ صرف ثلاثی مجرد متعدی سے بنتا ہے اس کے تین وزن ہیں۔ مِفْعَلٌ جیسے مِبرَد. مِفْعَالٌ جیسے مفتاح. مِفْعَلَۃٌ جیسے مِکْنَسَۃٌ اور یہ اوزان بھی قیاسی نہیں۔

مُنْخُلٌ' مُدْهُنٌ' مکحلۃ' مدق' مُسْعُطٌ' مَنَارَۃٌ' مُشْطٌ وغیرہ الفاظ اسماء جامدہ کے مانند ہیں۔ ان کا فعل اسے اشتقاق نہیں اور اسم آلہ جو فعل سے مشتق نہ ہو اس کے لئے کوئی ضابطہ نہیں۔ بہت سے مختلف اوزان پر آتے ہیں جیسے قَلُوْمٌ' سِکِّیْنٌ' فاس وغیرہ۔

اسم فاعل واسم مفعول

اسم فاعل وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس سے فعل واقع ہو ثلاثی مجرد سے فَاعِلٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے ضَارِبٌ' قَاتِلٌ' نَاصِرٌ.

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع معروف کے وزن پر علامت مضارع کے بجائے میم مضموم لگانے سے بنتا ہے اور ماقبل آخر مکسور ہوتا ہے جیسے مُجْتَنِبٌ' مُسْتَخْرِجٌ' مُصَرِّق.

اسم مفعول وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس پر فعل واقع ہوا ہو ثلاثی مجرد سے مفعول کے وزن پر آتا ہے جیسے مَنْصُوْرٌ' مَضْرُوْبٌ' مَفْتُوْحٌ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع مجہول کے وزن پر علامت مضارع کے بجائے میم مضموم لگانے اور ماقبل آخر کو مفتوح کر دینے سے بنتا ہے جیسے مُقْبَلٌ. مُکْرَمٌ. مُدْخَرَجٌ

تنبیہ (۱) قیاس کا تقاضا ہے کہ اسم فاعل اور اسم مفعول کا اشتقاق اپنے ہی فعل سے ہو خواہ مجرد ہو خواہ مزید۔ لیکن کچھ الفاظ بطور شذوذ کے دوسرے سے مشتق ہیں۔ مثلاً اَفْحَلَ سے فَاحِلٌ. اَمْلَحَ سے مَالِحٌ. ایفَعَ سے یَافِعٌ. اغْضَبَ سے غَاضِبٌ. اَحَبَّہٗ سے مَحْبُوْبٌ۔ اَجَنَّہٗ سے مَجْنُوْنٌ. حَمَّہٗ سے مَحْمُوْمٌ. اَزْکَمَہٗ سے مَزْکُوْمٌ. اَسَلَّہٗ سے مَسْلُوْلٌ.

(۲) اسم مفعول بمصدر میمی ظرف زمان ومکان ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے سب ایک ہی وزن پر آتے ہیں۔ امتیاز قرائن کی بناء پر ہوتی ہے۔

صفت مُشبہ

صفت مُشبہ وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس میں صفت بطور ثبوت کے ہو۔ ثلاثی سے اس کے اوزان سماعی ہیں مثلاً حَسَنٌ' کَرِیْمٌ' لَیِّنٌ' سَهل' صَعْبٌ' لقیان' غضبان' کسول' عطشٰی' رؤف اگر مادہ کی دلالت لون یا عیب یا حلیہ پر ہو تو اس کے لئے وزن افعل کا ہے جیسے اَسْوَدُ' اعرج' ابلَجُ اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم فاعل کے وزن پر آتا ہے اور صفت مُشبہ صرف ابواب لازمہ سے آتا ہے جیسے مطمئن. مستقیم.

اسم تفضیل

اسم تفضیل وہ ہے جو بہ نسبت دوسرے کے موصوف کی صفت کی زیادتی پر دلالت کرے اس کو افعل التفضیل بھی کہتے ہیں۔ مذکر کا وزن افعل کا اور مؤنث کا وزن۔ فعلی کا مقرر ہے اور صرف ثلاثی مجرد کے ابواب سے بنتا ہے اور وہ مادے جو رنگ' عیب یا حلیہ پر دلالت کرتے

ہوں ان سے اسم تفضیل کا صیغہ نہیں آتا بلکہ اسی وزن پر صفت کا صیغہ آتا ہے۔ وہ ابواب یا وہ مادے جن سے اسم تفضیل کا صیغہ افعل کے وزن پر نہیں آ سکتا ان سے اسم تفضیل کے معنی کو ظاہر کرنا ہو تو اس کے لئے قاعدہ یہ ہے کہ لفظ اشد یا اکثر یا انہی جیسے الفاظ کے بعد اس باب کا مصدر منصوب استعمال کرتے ہیں اشد سواداً. اشد استخراجًا

اسم تفضیل کا صیغہ معروف سے اور ثلاثی مجرد سے بنا کرتا ہے لیکن بعض الفاظ بطور شذوذ کے مجہول اور ابواب غیر ثلاثی سے آتے ہیں مثلاً ''العود احمد'' میں احمد' حُمِدَ سے اور '' حاتم اعطی من عمرو'' میں اعطی سے اور '' هذا اسفر اَخصَرُ مِن ذاک'' میں اَخصَرُ اِختَصَرَ سے ماخوذ ہے اور کبھی اسم تفضیل اسم جامد سے بھی آتا ہے جیسے '' مسابا لبادية انوا منه'' میں انواء' نوء سے ماخوذ ہے جس کے معنی پچھتر کے ہیں۔

خیر و شر اصل میں اَخیَر اور اَشَرّ تھے۔ کثرتِ استعمال کی بنا پر دونوں سے ہمزے ساقط ہو گئے کبھی اصل کے لحاظ سے مع ہمزہ کے بھی آتے ہیں۔

اوزانِ مبالغہ

مبالغہ وہ ہے جو موصوف کی زیادتی صفت پر دلالت کرے ان کے مشہور وزن یہ ہیں

فعّالٌ جیسے علّامٌ. نصّار. فعّالة جیسے علّامة وفهامة. فعِيل جیسے صِدِّيق وسكّير. مفعيل جیسے مِسكِين وَ مِعطِير. مِفعَالٌ جیسے مكسال و مقدام. فعلة جیسے ضحكة و ضُجَعَةٌ. فَعِلٌ جیسے شَرِهٌ وَ حَذِرٌ. فَعِيلٌ جیسے رَحِيمٌ وَ عَظِيمٌ. فَعُولٌ جیسے كَذُوبٌ. وَدُودٌ. فَاعِلَةٌ جیسے رَاوِيَةٌ. فُعَلٌ جیسے غُفَلٌ. فَعُولَةٌ جیسے فَرُوقَةٌ. مِفعَلٌ جیسے مِحرَبٌ. فَاعُولٌ جیسے فَارُوقٌ. فُعَّالٌ جیسے كُبَّارٌ...... مبالغہ اوزان سماعی ہیں اور صرف ثلاثی مجرد سے آتے ہیں لیکن دَرَّاکٌ اَدرَکَ سے۔ معطاء اعطی سے۔ مهوان اهان سے مِحسَانٌ احسن سے۔ مِتلافٌ اَتلَفَ سے مِملَاقٌ. اَملَقَ سے مِخلَافٌ اَخلَفَ سے اور سَمِيعٌ اَسمَعَ سے۔ نَذِيرٌ اَنذَرَ سے۔ زَهُوقٌ. اَزهَقَ سے شاذ ہیں۔

تنبیہ

(۱) بعض الفاظ مبالغہ میں تا تانیث کے لئے نہیں بلکہ تاکید مبالغہ کے لئے ہے جیسے علامہ' فہامہ

(۲) فعیل اگر فاعل کے معنی میں ہو تو مذکر و مؤنث میں فرق کیا جائے گا۔ خواہ موصوف کا ذکر ہو یا نہ ہو جیسے '' رجل نصیر' امراة نصيرة''. جاء نصير و نصيرة''.

(۳) فعیل اگر مفعول کے معنی میں ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر و مؤنث میں ایک ہی حالت ہوگی جیسے '' زید قتیل. و انت المراة جريحا اور بغیر موصوف کے فرق کیا جائے گا جیسے جاء حبیب و حبیبة.

(۴) فعول اگر فاعل کے معنی میں ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر و مؤنث دونوں میں ایک ہی جیسے یحیی البتول' مریم البتول اور موصوف نہ ہو تو فرق کیا جائے گا۔ جیسے جاء بتول و بتولة اور اگر مفعول کے معنی میں ہو تو مذکر و مؤنث میں فرق کیا جائے گا خواہ موصوف ہو یا نہ ہو جیسے '' هذا رسول و تلک رسولة. و جاء رسل و رسولة.

مذکر و مؤنث

اسم مذکر میں کسی علامت کی ضرورت نہیں۔ مؤنث کی تین علامتیں ہیں۔ تاء جیسے ظلمة' قوة' نعمة' قدرة الف مقصورہ جیسے علوی' فضلی' کبری' عظمی الف ممدودہ جیسے حمراء' سوداء' بیضاء' زرقاء.

یہ تینوں علامتیں اسم کے آخر میں زائد ہوتی ہیں ہر وہ اسم جس کے آخر میں ان تینوں علامتوں میں سے کوئی ایک ہو وہ مؤنث ہے لیکن وہ اسماء جو مردوں کے نام ہوں مذکر ہی رہتے ہیں اگر چہ ان کے آخر میں ان علامات میں سے کوئی علامت ہو جیسے طلحة' نخلة' ارطی وغیرہ۔

مؤنث کی دو قسمیں ہیں مؤنث لفظی' مؤنث معنوی' مؤنث لفظی وہ ہے جس میں علامت تانیث پائی جائے جیسا کہ اوپر کی مثالوں سے ظاہر ہے۔

مؤنث معنوی وہ ہے کہ جس میں کوئی علامت تانیث نہ ہو اور اسے اہل زبان مؤنث مانتے ہوں۔

وہ سارے اسماء جو مؤنث کے اعلام ہوں جیسے مریم زینب وغیرہ یا وہ اسماء جو طبقہ اناث کے ساتھ مختص ہوں جیسے اُخت اُم وغیرہ یا وہ سارے اسماء جو شہر اور قبیلہ کے نام ہوں جیسے شام' مصر' قریش وغیرہ۔ یا اعضاء انسانی میں سے تمام وہ اعضاء جو دو دو ہوں سب مؤنث معنوی ہیں لیکن اخیر کا حکم اکثری ہے' اس لئے کہ صدغ' مرفق' حاجب' خد' مؤنث نہیں۔

ان کے علاوہ کچھ اور بھی الفاظ مؤنث ہیں جن کو ائمہ لغت نے جمع کیا ہے۔ (مولانا ذوالفقار احمد صاحب بھوپالی مرحوم و مغفور کی کتاب المتذكر في ما يتعلق بالمؤنث والمذكر اس سلسلہ میں بہت جامع کتاب ہے) یہاں پر سارے کا استقصاء تو بہت دشوار ہے' مشہور اسماء درج ذیل ہیں

اتان' اذن' ارض' ارنب' اروی' است' اصبع' افعی' افق' بئر' باع' بنصر' ثعلب' جحیم' جهنم' حرب' خنصر' دار' دبر' ذراع' رجل' رحی' ریح' سعیر' سقر' سن' ساق' شمس' شمال' ضبع' عروض' عصا' عقب' عین' غول' فاس' فخذ' فلک' قدم' قدوم'

قوس' کاس' کتف' کرش' کف' نار' نعل' ناب' ورک' ید' یمین' ینبوع۔

ہوا کے لئے جو اسماء ہیں (مثلاً صبا' قبول' جنوب' دبور' شمال' ہیف' حرور' سموم' صرصر' نکباء) وہ بھی مؤنث سماعی ہیں' ابن الانباری فرماتے ہیں الریح مؤنثة لاعلامة فیها وکذلک سائر اسمائها الاالاعصار فانه مذکر.

ان کے علاوہ کچھ اسماء ہیں جن میں تذکیر و تانیث دونوں جائز ہیں ان میں سے مشہور یہ ہیں ابط' ابہام' ازار' بلد' جراد' حال' حانوت' خمر' درع' دلو' روح' زقاق' سبیل' سری' سراویل' سلاح' سکین' سلم' سلم' ساء' سوق' صاع' ضحیٰ' طریق' عجز' عضد' عقاب' عقرب' عنق' عنکبوت' فردوس' فرس' فہر' قدر' قفا' قمیص' کبد اللسان' مسک' ملح' منجنیق' موسیٰ' نفس' وراء'

انہی کے ساتھ حروف تہجی کے اسماء بھی لاحق ہیں۔

مثنیٰ

مثنیٰ وہ اسم ہے جو دو پر دلالت کرے۔

کسی اسم کو مثنیٰ بنانا ہو تو اس کے آخر میں حالت رفعی میں الف اور حالت نصبی و جری میں یاء ماقبل مفتوح اور دونوں حالتوں میں نون مکسور لائیں گے۔ جیسے "جاء الرجلان". رایت الرجلین و مررت بالرجلین.

اگر کوئی علم مرکب اضافی ہو تو جزء اول یعنی مضاف کو مثنیٰ لائیں گے جیسے "عبدالاحد' عبدالرحمٰن"

اور اگر مرکب بنائی یا مرکب اسنادی ہو تو اپنی حالت پر رہیں گے اور ان سے پہلے مذکر میں ذوا اور مؤنث میں ذواتا لائیں گے۔ جیسے ذوامعدی کرب' ذواتابعلبک.

اسم منقوص (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں یاء ماقبل مکسور ہو جیسے القاضی) میں اگر یاء حذف ہوگئی ہو تو تثنیہ کی حالت میں پھر لوٹ آئے گی جیسے رام رامیان' داع داعیان.

اسم مقصور (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں الف ہو اور اس کے بعد ہمزہ نہ ہو جیسے عصا۔ رحی) میں اگر الف تیسری جگہ ہو اور کسی سے بدل کر آیا ہو تو تثنیہ بنانے کی حالت میں تو اصل کی طرف لوٹ جائے گا جیسے عصاء سے عصوان. فتی سے فتیان.

اور اگر چوتھی جگہ یا اس سے زائد ہو تو یاء سے بدل جائے گا جیسے ذکریان' قهقرآن' خوزلان شاذ ہیں' قیاس کا تقاضا تھا کہ قهقریان' خوزلیان ہوتے۔

- اسم ممدود (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں ہمزہ ہو اور اس سے پہلے الف زائدہ ہو جیسے صفراء خضراء) میں الف اگر تانیث کے لئے ہو تو ہمزہ کو واؤ سے بدل لیں گے جیسے خضراء سے خضراوان بشرطیکہ الف سے پہلے واؤ نہ ہو' اور اگر ہو تو ہمزہ کا باقی رکھنا ضروری ہے تا کہ دو واؤ جمع نہ ہو جائیں۔ جیسے عشواء سے عشواءان

اور اگر ہمزہ اصلی ہو تو اس وقت بھی باقی رکھنا ضروری ہے جیسے لالا سے لالاءان. قُرّاء سے قُرّاءان

اور اگر ہمزہ نہ تو اصلی ہو اور نہ تانیث کے لئے تو دونوں صورتیں جائز ہیں' ہمزہ کو واؤ سے بدلنا بھی اور باقی رکھنا بھی جیسے سماء سے سماءان اور سماوان

ایسے اسماء جن کا لام کلمہ محذوف ہو اور اس کے عوض میں کچھ نہ ہو تو تثنیہ بنانے میں لام کلمہ واپس آئے گا جیسے "اب" کہ اصل میں ابو تھا تثنیہ کی حالت میں ابوان ہوگا ایسے ہی اخ اخوان' حم حموان' غد غدوان لیکن فم اور ید میں واپس نہیں آئے گا۔ فمان اور یدان ہی کہا جائے گا۔

اور ایسے اسماء جن کے محذوف کے عوض میں کچھ ہو تو تثنیہ اپنی حالت پر بنایا جائے گا مثلاً اسنة' ابن' اسم ہیں سنتان' ابنان' اسمان کہیں گے۔ کچھ ایسے اسماء ہیں جن کا تثنیہ نہیں آتا۔ مثلاً بعض' اجمع' جمعاء' کل اور عریب' دیار' اور اسماء عدد اور اسم تفضیل جس کا استعمال من سے ہو جیسے الیدان افضل من الرجلین

جمع

جمع کی دو قسمیں ہیں جمع سالم اور جمع مکسر۔ جمع سالم وہ ہے جس میں واحد کا وزن باقی رہے زیادتی جو کچھ ہو وہ آخر میں اور جمع مکسر وہ ہے جس میں واحد کا وزن باقی نہ رہے کچھ نہ کچھ تغیر ہو جائے جمع سالم کی دو قسمیں ہیں جمع مذکر سالم' جمع مؤنث سالم۔

جمع مذکر سالم

جمع مذکر سالم وہ ہے جس میں کلمہ کے آخر میں حالت رفعی میں واو ماقبل مضموم اور حالت نصبی و جری میں یاء ماقبل مکسور اور ان دونوں کے بعد نون ہو جیسے "جاء مسلمون رایت مسلمین و مررت بمسلمین"

اس وزن پر جمع بنانے کے لئے شرط یہ ہے کہ اگر اسم محض ہو صفت کے معنی ملحوظ نہ ہوں تو تاء تانیث سے خالی ہو اور مرکب نہ ہو۔ اس لئے طلحہ باوجودیکہ مذکر کا علم ہے مگر واؤ نون سے جمع نہیں آئے گا اسی طرح معدیکرب اور بعلبک وغیرہ میں یہ وزن نہیں آئے گا' بلکہ جمع بنانا ہو تو لفظ ذو کی جمع بنا کر اس کلمہ کی طرف اضافت کریں گے مثلاً ذوو معدی کرب'

ذو وبعلبک۔

اور اگر صفت ہو تو شرط یہ ہے کہ مذکر ہو' ذوی العقول میں سے ہو اور افعل فعلاء یا فعلان فعلی کے وزن پر نہ ہو اور ایسا اسم بھی نہ ہو جس میں مذکر و مؤنث دونوں برابر ہوں جیسے جریح و صبور اور ایسا بھی نہ ہو کہ تاء تانیث سے التباس کا خوف ہو جیسے علامۃ کچھ ایسے اسماء ہیں کہ ان میں شرطیں نہیں پائی جاتیں مگر جمع مذکر سالم کے وزن پر ان کی جمع آتی ہے۔ مثلاً ارضون' عالمون' عِلِّیُّوْنَ' اهلوْنَ' بنون' سنون اور اسی طرح ہر وہ کلمہ ثلاثی جس کا لام کلمہ حذف کر دیا گیا ہو اور اس کے عوض میں تاء لایا گیا ہو اس کی جمع بھی واؤ نون سے آتی ہے جیسے عضون' سنون' مئون۔

جمع مؤنث سالم

جمع مؤنث سالم وہ ہے کہ جس کے آخر میں الف و تاء کی زیادتی ہو جیسے ثمرات و شجرات۔ اگر مفرد کے آخر میں پہلے ہی سے تاء ہو تو جمع بناتے ہوئے اس کو حذف کر دیتے ہیں جیسے طالبۃ سے طالبات' مسلمۃ سے مسلمات۔

اس وزن پر مندرجہ ذیل اسماء کی جمع آتی ہے۔

(۱) ہر وہ اسم جس کے آخر میں تاء ہو جیسے ثمرۃ سے ثمرات' شجرۃ سے شجرات' امراۃ' شاۃ' قلۃ' اَمَۃ' مِلَّۃ' شفۃ اس سے مستثنیٰ ہیں۔

(۲) ہر وہ اسم جو مؤنث کا علم ہو جیسے زینب سے زینبات مریم سے مریمات

(۳) ہر وہ اسم جو مصدر ہو اور تین حرف سے زائد ہو جیسے تعریفات اختیارات' امتیازات۔

(۴) ہر وہ اسم جس کے آخر میں الف تانیث مقصورہ یا ممدودہ ہو۔ جیسے صحراء سے صحراوات' حُمّی سے حمیات۔

اور ان اسماء مقصورہ یا ممدودہ میں الف کی تبدیلی یا بقا کے متعلق وہی صورتیں اختیار کی جائیں گی جن کا ذکر مثنّیٰ میں ہو چکا ہے۔ اسماء مذکورہ بالا کے علاوہ میں اس وزن پر جمع کا آنا سماعی ہے' جیسے سماوات' ارضات' سجلات' حمامات' سرادقات' شمالات' امہات' سراویلات وغیرہ۔

الفاظ اعجمیہ میں سے بعض کی جمع اسی وزن پر آتی ہے جیسے تلغرافات اور بعض کی جمع جمع مکسر آتی ہے جیسے اساکل' فناصل' بطارکۃ' کراولۃ

تنبیہ: اگر کلمہ ثلاثی ہو اور اس کا عین کلمہ صحیح ہو اور فَعْلٌ اور فَعْلَۃٌ کے وزن پر ہو تو جمع بناتے ہوئے عین کلمہ کو فتح دینا ضروری ہے۔ جیسے تمرۃ تمرات. رَحْمَۃ رَحَمات.

اور اگر فِعْلٌ یا فُعْلٌ کے وزن پر ہو تو فتح دینا ساکن رکھنا اور فاء کلمہ کی حرکت جیسی حرکت دینا بھی جائز ہے جیسے کِسْرۃ سے کِسَرات' کِسْرات' کِسِرات' خُطْوۃ سے خُطَوات' خُطْوات' خُطُوات.

اور اگر کلمہ اجوف ہو تو عین کلمہ جمع میں ہمیشہ ساکن رہے گا خواہ فاء کی حرکت کیسی ہی ہو جیسے جوزۃ سے جوزات' بیعۃ سے بیعات.

اور اگر ناقص ہو تو اس کا حکم وہی ہے جو صحیح کا ہے جیسے رمیۃ سے رَمَیات اور ذِروۃ سے ذِرَوات' ذِرْوات۔ لیکن اگر فاء کلمہ مکسور اور لام کلمہ واوی ہو تو صرف فتحہ دینا اور ساکن رکھنا جائز ہے اور ہم شکل فاء بنانا جائز نہیں جروات شاذ ہے۔ اسی طرح اگر فاء مضموم ہو اور لام یائی ہو تو بھی دونوں صورتیں ہوں گی اتباع جائز نہیں۔

اور اگر کلمہ مدغم ہو تو جمع بناتے وقت فک ادغام نہیں ہوگا۔ جیسے ضمۃ سے ضمات. عزۃ سے عزات

جمع مکسر

اوپر بتلایا جا چکا ہے کہ جمع مکسر وہ ہے جس میں واحد کا وزن اپنی حالت پر باقی نہ رہے کچھ نہ کچھ تغیر ہو جائے۔ اس تغیر کی تین صورتیں ہیں کبھی تو زیادتی سے جیسے رَجُل سے رجال۔ کبھی حذف سے جیسے رسول سے رُسُل. کتاب سے کتب اور کبھی محض حرکت کی تبدیلی سے جیسے اَسَد سے اُسْد. بَغَثٌ سے بُغثٌ.

جمع مکسر کی دو قسمیں ہیں جمع قلت' جمع کثرت۔

جمع قلۃ وہ ہے جس سے تین سے دس تک کی تعداد معلوم ہوتی ہے اس کے چار وزن ہیں

اَفعال جیسے طِفلٌ سے اَطفَالٌ. اَفْعُل جیسے نہر سے انہر. اَفْعِلَۃٌ جیسے رغیف سے اَرْغِفَۃٌ. فِعْلَۃٌ سے فعلۃ جیسے فتی سے فتیۃ

افعال کی دوبارہ جمع افاعیل کے وزن پر ہے جیسے انعام کی جمع اناعیم اور افعل کی جمع افاعل کے وزن پر جیسے اکلب کی جمع اکالب آتی ہے اس کو جمع منتہی الجموع کہتے ہیں اور اس سے مراد تمام وہ اوزان ہیں جن میں الف جمع کے بعد دو حرف متحرک یا تین حرف ہوں اور درمیان میں یاء ساکن ہو جیسے مساجد' منابر' اناعیم' قنادیل

(تنبیہ) جمع قلت پر الف لام استغراق داخل ہو اور یا ایسی چیز کی طرف اضافت ہو جس کی دلالت کثرت پر ہو تو کثرت کا فائدہ دیتی ہے جیسے ایھا الشُّیُوْخُ لَا تکُوْنُوا کالفِتیَۃِ. احفظُوا انْفُسَکُمْ.

جمع کثرت وہ ہے جو تین سے زیادہ الیٰ غیر النہایۃ کے لئے استعمال ہوتی ہے۔ اس کے اوزان بہت ہیں' صرف چند قیاسی ہیں جن کا ذکر آگے آئے گا۔ جمع سالم کی دونوں قسمیں بعض کے نزدیک جمع قلۃ کا فائدہ دیتی ہیں اور بعض کے نزدیک مطلق جمع کا بغیر قلت و کثرت کا لحاظ کئے ہوئے جس کا مآل یہ ہے کہ قلت و کثرت دونوں کا فائدہ دیتی ہیں۔

جمع کثرت کے قیاسی اوزان

(۱) فُعَل فُعْلَۃٌ کی جمع جیسے غُلْبَۃٌ کی جمع غُلَب۔ صورت کی جمع صور صُوْرَۃ کی جمع صُوَر۔

(۲) فِعَل فِعْلَۃٌ کی جمع جیسے قِطعَۃ کی جمع قِطَع۔ لیکن فِعلۃ کی جمع کبھی فُعَل بھی آتی ہے جیسے حلیۃ کی جمع حلی۔ لحیۃ کی جمع لحی۔

(۳) فعالل ہر رباعی مجرد کی جمع جیسے بلبل کی جمع بلابل حندس کی جمع حنادس اور خماسی مجرد و مزید کی جمع بھی جیسے سفرجل کی جمع سفارج اور خندریس کی جمع خنادر۔

(۴) فواعل ہر ثلاثی کی جمع جس کے فا کلمہ کے بعد واو یا الف کی زیادتی ہو جیسے جوہر کی جمع جواہر۔ خاتم کی جمع خواتم۔

(۵) فعائل مؤنث کی جمع جس کا تیسرا حرف مدہ ہو جیسے صحیفۃ کی جمع صحائف رسالۃ کی جمع رسائل۔

(۶) افاعل افعل (بتثلیث الہمزہ) کی جمع افاعل۔ اِصبَع کی جمع جیسے اصابع اُنملۃ کی جمع اَنَامِل اجدل کی جمع اجادل

(۷) افاعیل افعول اور افعولۃ کی جمع جیسے اسلوب کی جمع اسالیب اجوزۃ کی جمع اراجیز۔

(۸) فعالیل ہر اس رباعی کی جمع جس کے حرف آخر سے پہلے مدہ ہو جیسے قرطاس کی جمع قراطیس۔ عصفور کی جمع عصافیر۔

(۹) مَفَاعِل مِفْعَل اور مِفعَلۃ کی جمع جیسے مبضع کی جمع مباضع۔ مکنسۃ کی جمع مکانس

(۱۰) مفاعیل مفعال اور مفعیل مَفْعُول کی جمع مفتاح کی جمع مفاتیح۔ سکین کی جمع سکاکین مقدور کی جمع مقادیر۔

اسم جمع وشبہ جمع

اسم جمع وہ ہے جس سے جمع کے معنی ظاہر ہوں اور اس کے لئے اسی مادہ سے مفرد نہ ہو جیسے خیل، قوم، رہط، جیش۔

شبہ جمع وہ ہے جو جمع کے معنی کو ظاہر کرے اور واحد جمع میں تا کی وجہ سے امتیاز ہو مثلاً: ورق کہ اس کا مفرد ورقۃ ہے ثمر کہ اس کا واحد ثمرۃ ہے اور اسی قبیل سے ہے وہ کہ واحد اور جمع میں یاء نسبتی کی وجہ سے فرق ہو جیسے الروم۔ رومیوں میں کا ایک۔ المجوس۔ مجوسیوں میں سے ایک۔ لیکن اس کا لحاظ رہے کہ پہلا غیر ذوی العقول کے لئے اور دوسرا ذوی العقول کے لئے۔

ہر اسم جمع اور شبہ جمع کی مفردات کے طرز پر آتی ہے جیسے قوم کی جمع اقوام رفقۃ کی جمع رفق، نجم کی جمع نجم اور روم کی جمع اروام۔

صفت

صفت ہر وہ اسم ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس کے ساتھ کوئی وصف ہو اس کی پانچ قسمیں ہیں۔ (۱) اسم فاعل (۲) اسم مفعول (۳) صفت مشبہ (۴) اسم تفضیل (۵) اوزان مبالغہ۔

صفت کی تانیث

صیغہ صفت کو اگر مؤنث بنانا ہو تو آخر میں تا لگا دو جیسے صادق صادقۃ، عالم عالمۃ لیکن وہ صفت جو فعلان یا افعل کے وزن پر یا اسم تفضیل ہو اس کے احکام جداگانہ ہیں۔

(۱) جو صیغہ صفت کا فعلان کے وزن پر ہو اس کے لئے مؤنث فعلی کے وزن پر آتی ہے جیسے عطشان سے عطشی مکران سے مکری، ظمان سے ظمای لیکن بعض کلمات ایسے ہیں کہ ان کی تانیث تاء کے ساتھ آتی ہے اور وہ یہ ہیں الیان، حبلان، خمصان، سخنان، صوجان، ضوجان، قشوان، مصّان، ندمان، نصران اور بعض کلمات کی تانیث فعلی کے وزن پر بھی اور تاء کے ساتھ بھی آتی ہے جیسے عطشان سے عطشی اور عطشانۃ، غضبان سے غضبی اور غضبانۃ

(۲) صفت کا صیغہ جو افعل کے وزن پر ہو اس کی تانیث فعلاء کے وزن پر ہو جیسے ابیض سے بیضاء، اسمر سے سمراء۔

(۳) اسم تفضیل کے لئے مؤنث کا صیغہ فعلی ہے جیسے اکرم سے کُرمی۔ اصغر سے صغری لیکن اگر کلمہ ناقص واوی ہو تو واؤ کو یاء سے بدل دیتے ہیں۔ جیسے احلی سے حلیاء۔ ادنیٰ سے دنیا۔

کچھ صفات کے صیغے ایسے ہیں جن میں تذکیر و تانیث برابر ہے اور وہ یہ ہیں

(۱) فَعَالَۃٌ جیسے رَجلٌ فَہَامَۃٌ اِمْرَاۃٌ فَہَامَۃ

(۲) مِفعَالٌ جیسے رَجلٌ مِفضَالٌ امراۃ مِفضَالٌ اور میقانۃ شاذ ہے۔

(۳) مِفعیل جیسے رجل معطیرٌ امراۃ مِعطیرٌ اور مسکینہ شاذ ہے۔

(۴) مِفْعَلٌ جیسے رَجُلٌ مِغشَمٌ اِمْرَاۃٌ مِغشَم۔

(۵) فُعَلَۃ اور فُعْلَۃ جیسے رجل ضُحَکَۃٌ امراۃ ضحکۃ اور اگر عین کو فتح دے دیا جائے تو فاعلیت کے معنی ہوں گے جیسے ضحکۃ = بہت ہنسنے والا۔ ہمزۃ = بہت عیب لگانے والا۔ الہزاۃ = بہت ٹھٹھا کرنے والا۔

(۶) فعول جو فاعل کے معنی میں اور فعیل جو مفعول کے معنی میں ہو جیسے رجل صبور، غلام قتیل امراۃ قتیل لیکن یہ اس وقت ہے

جبکہ موصوف معروف ہو ورنہ تاء کے ساتھ فرق کرنا ضروری ہے
ہاں عدوۃ شاذ ہے۔
کبھی فعیل جو مفعول کے معنی میں ہو باوجود معروف ہونے کے مؤنث کو تاء کے ساتھ لاتے ہیں خاتمۃ سعیدۃ' عاقبۃ حمیدۃ اور کبھی فعیل فاعل کے معنی میں مؤنث بغیر تاء کے جیسے امرأۃ عقیم' یُحیی العظام وھی رَمِیْمٌ۔
جو صفات کہ طبقۂ اناث ہی کے ساتھ مخصوص ہیں جب معنی حدوث کا لحاظ نہ ہو تو عموماً آخر میں تاء نہیں آتی جیسے طالق' مرضع' حامل اور حدوث کے معنی کا لحاظ ہو تو تاء آتی ہے جیسے ارضعت فھی مُرضِعَۃ۔

صفت کی جمع

اگر صفت کا صیغہ ذوی العقول کے لئے ہو خواہ مذکر خواہ مؤنث اس کی جمع جمع سالم لاتے ہیں جیسے رجال صادقون' نساء صادقات جو صفت افعل فعلاء یا فعلان فعلی کے وزن پر یا اسم فاعل ناقص کا یا فعیل بمعنی مفعول ہو ان کے احکام جداگانہ ہیں۔

(۱) جو صیغہ صفت کا افعل فعلاء کے وزن پر ہو اس کی جمع فُعل کے وزن پر آتی ہے جیسے احمر کی حمر. ازرق کی زُرْق' اَعْرج کی عُرْج' اعمی کی عمی لیکن اگر کلمہ اجوف یائی ہو تو فاء کو کسرہ دے دیتے ہیں۔ غید' بیض' ھیف' اغید' ابیض' اھیف کی جمع۔

(۲) جب صفت فعلان فعلی کے وزن پر ہو تو اس کی جمع فعالی یا فِعَال کے وزن پر آتی ہے جیسے سکاری و حیاری سکران و حیران کی جمع اور جیاع و غضاب جوعان اور غضبان کی جمع۔

(۳) اسم فاعل ناقص کی جمع فُعَلَۃ کے وزن پر آتی ہے جیسے دعاۃ' رماۃ' غزاۃ کہ اصل ان کی دُعَوَۃ رُمَیَۃ غزیۃ ہے۔

(۴) ایسے مادہ سے جو ہلاکت' درد یا تشتت کے معنی پر دلالت کرے اس سے فعیل بمعنی مفعول کی جمع فعلی کے وزن پر آتی ہے جیسے جریح کی جمع جرحی' صریع کی جمع صرعی' شتیت کی جمع شتی اور اسی پر حمل کیا گیا ہے اس کو بھی جو معنی میں اس سے مشابہت رکھتا ہو اور فعیل بمعنی فاعل ہو جیسے مریض کی جمع مرضی ...... یا فعِل کے وزن پر ہو جیسے زمن کی جمع زمنی یا فاعل کے وزن پر ہو جیسے ہالک کی جمع ھلکی

صفات کی جمع کے بقیہ قیاسی اوزان چھ ہیں۔ فُعّال' فَعَلَۃ' فُعُل' فواعل' فُعَلاء اور افعلاء۔

(۱) فُعّال اور فَعَلَۃ ہر اس اسم کی جمع ہے جو فاعل کے وزن پر ہو اور اس کا لام کلمہ صحیح ہو جیسے زائر کی جمع زُوّار. صائم کی جمع صُوّام اور کاتب کی جمع کتبۃ ظالم کی جمع ظلمۃ۔
فَعَلَۃ کا وزن عموماً اس فاعل کی جمع کے لئے ہے جو اجوف سے ہو اور کسی پیشے پر دلالت کرتا ہو جیسے ساقۃ' باعۃ' حاکۃ' صاغۃ کہ اصل میں سوقۃ' بیعۃ' حوکۃ' صوغۃ تھے۔

(۲) فُعُل بھی فاعل کی جمع جیسے سُجّد ساجد کی جمع نُوّم نائم کی جمع جُوّع جائع کی جمع۔

(۳) فواعل فاعلۃ کی جمع جیسے صواحب صاحبۃ کی جمع عواذل عاذلۃ کی جمع اور فاعل کے وزن پر اس فاعل کی جمع بھی آتی ہے۔ جو طبقۂ اناث کے صفات کے لئے ہو جیسے عواقر' عاقر کی جمع حوامل حامل کی جمع طوالق طالق کی جمع۔

(۴) فعلاء فعیل کی جمع جو معنی میں فاعل کے ہو جیسے کرماء کریم کی جمع۔ عُلَماءُ علیم کی جمع۔

(۵) افعلاء فعیل کی جمع جو مضاعف یا معتل اللام ہو جیسے اغنیاء غنی کی جمع اقویاء قوی کی جمع۔

مذکر اسم تفضیل کی جمع جمع سالم افعلون کے وزن پر آتی ہے جیسے اعظمون اکرمون اور جمع مکسر افاعل کے وزن پر جیسے اصاغر. اکابر مؤنث اسم تفضیل کی جمع سالم فعلیات کے وزن پر جیسے عظمیات' کرمیات اور جمع مکسر فعل کے وزن پر جیسے صُغر' کُبر. صیغہ ختمی الجموع کی جمع مکسر تو نہیں آتی لیکن جمع سالم آتی ہے جیسے صواحب کی جمع صواحبات. افاضل کی جمع افاضلون

نسبة

کسی چیز کی طرف نسبت ظاہر کرنے کے لئے اسم کے آخر میں یاء مشدد لاحق کرنے کا نام نسبت ہے۔ اس کا حکم یہ ہے کہ ماقبل یاء کو مناسبت کی وجہ سے کسرہ دیا جائے جیسے رجل مصریّ۔
اگر اسم ثلاثی مکسور العین ہو تو نسبت کرتے وقت عین کو فتح دیا جائے گا۔ مثلاً فخذ میں فَخَذِیّ اور مَلِک میں مَلَکِیّ کہا جائے گا اور اگر رباعی ہو تو افصح یہ ہے کہ عین پر کسرہ باقی رہے گا۔ جیسے مشرق میں مشرقی مغرب میں مغربی یثرب میں یثربی۔
اگر کسی ایسے اسم کی طرف نسبت ہو جس کے آخر میں تاء ہو تو اس کا حذف کرنا ضروری ہے جیسے قاہرہ سے قاہری۔
اگر اسم کے آخر میں تیسرا حرف الف مقصورہ ہو تو واؤ سے بدل دیا جائے گا جیسے عصا سے عَصَوِیّ. فتی سے فَتَوِیّ۔
اور اگر چوتھا حرف ہو اور اصلی ہو تو واؤ سے تبدیلی زیادہ ہے جیسا کہ مَرْمِیّ سے مرموی اور حذف کرنا بھی جائز ہے جیسے مَرمِیّ اور اگر اصلی

نہ ہو بلکہ زائد ہو تو خواہ تانیث کے لئے ہو خواہ الحاق کے لئے تو وہاں پر حذف مختار ہے حبلی اور ذفری کہا جائے گا اور واؤ سے بدل دیں تو یہ بھی جائز ہے اس صورت میں حبلوی' ذفروی کہا جائے گا لیکن الف تانیث کو جب واؤ سے بدلتے ہیں تو اکثر اس سے پہلے ایک الف بڑھا دیتے ہیں جیسے طوبلوی. ذفراوی

اور اگر الف مقصورہ ایسے اسم میں واقع ہو جس کا دوسرا حرف متحرک ہو تو حذف کر دیا جاتا ہے جیسے مصطفیٰ سے مصطفیٌّ اور بعض واؤ سے بدلنا بھی جائز کہتے ہیں اس صورت میں کہا جائے گا مصطفوی اگر اسم کے آخر میں الف ممدودہ تانیث کے لئے ہو تو واؤ سے بدل دیا جائے گا جیسے صفراء سے صفراوی۔ بیضاء سے بیضاوی اور اگر اصلی ہو تو اس کا باقی رکھنا ضروری ہے جیسے قراء سے قرائی۔ ابتداء سے ابتداء۔ انتہاء سے انتہائی۔

اور اگر اصلی نہ ہو تو باقی رکھنا اور واؤ سے بدلنا دونوں جائز ہے جیسے رداء سے ردائی یا رداوی' سماء سے سمائی یا سماوی۔

اور اگر اسم منقوص ہو اور یاء تیسری جگہ میں ہو تو اس کو واؤ سے بدل دیتے ہیں اور اس کے ماقبل کو فتحہ دیتے ہیں جیسے عمی سے عموی۔ اور اگر چوتھی جگہ یا اس سے زائد ہو تو حذف کرنا جائز ہے جیسے قاضی سے قاضیٌّ. ماضی سے ماضیی اور واؤ سے بدلنا بھی جائز ہے اور اس صورت میں ماقبل کو فتح دیا جائے گا کہا جائے گا قاضَوِیٌّ' ماضوی اور اگر پانچویں جگہ یا اس سے زائد ہو تو حذف کرنا ضروری ہے جیسے مستعلی سے مستعلیٌّ' معتدی سے معتدیٌّ.

اور اگر کلمہ فعیل کے وزن پر ہو اور آخر میں حرف صحیح ہو تو وزن اپنی حالت پر باقی رہے گا۔ جیسے حنیف سے حنیفی خلیل سے خلیلی اور اگر ناقص ہو تو ایک یاء کو حذف کر دیا جائے گا اور دوسرے کو واؤ سے بدل دیا جائے گا اور ماقبل کو فتحہ دیا جائے گا جیسے غنیٌّ سے غنَوِیٌّ. علیٌّ سے علَوِیٌّ.

اور اگر فعیلہ کے وزن پر ہو مضاعف اور معتل نہ ہونے کی صورت میں یاء کو حذف کر دیا جائے گا اور ماقبل مفتوح ہو گا جیسے مدینہ سے مدنی' فریضہ سے فرضی۔ بعض الفاظ میں یاء کا باقی رہنا شاذ ہے جیسے طبیعی' سلیقی۔

اور اگر مضاعف یا معتل عین ہو تو کچھ حذف نہیں ہو گا طویلہ کی نسبت میں کہا جائے گا طویلی اور عزیزہ میں عزیزی۔

جو حکم فعیل و فعیلۃ کا بیان کیا گیا ہے یہی فعیل و فعیلۃ میں بھی جاری ہو گا جیسے عقیل سے عُقَیلیٌّ. قصی سے قُصَوِیٌّ. قُلَیبَۃ سے قُلَیبِیٌّ. اُمَیمَۃ سے اُمَیمِیٌّ.

اگر اسم کے آخر میں واؤ چوتھی جگہ یا اس سے زائد پر ہو اور اس کے ماقبل ضمہ ہو تو نسبت کرتے ہوئے واؤ کو حذف کر دیا جائے گا جیسے قلنسوۃ سے قَلَنسِیٌّ اور ترقوۃ سے ترقی کہا جائے گا اور نہیں تو واؤ باقی رہے گا جیسے عدو سے عدوی دلو سے دلوی۔

اگر اسم کے آخر میں یا مشدد ہو اور اس سے پہلے دو حرف ہوں تو یاء کا حذف کرنا ضروری ہے جیسے شافعی کی طرف نسبت کرتے ہوئے شافعی ہی کہا جائے گا اور اسکندریہ کی طرف نسبت کرتے ہوئے اسکندری۔

اور اگر یاء سے پہلے ایک ہی حرف ہو جیسے حی تو دوسرے حرف کو فتحہ دینا اور تیسرے کو واؤ سے بدل دینا واجب ہے جیسے کہ حی سے حَیَوِیٌّ.

اور اگر دوسری یاء واؤ سے بدل کر آئی ہو تو نسبت کرتے ہوئے پھر واؤ ہو جائے گی جیسے طی سے طَوَوِیٌّ اگر کسی کلمہ سے آخر حرف کا حرف حذف ہو گیا ہو اور محذوف منہ میں دو حرف باقی ہوں تو نسبت کرتے ہوئے اس محذوف حرف کو واپس لایا جائے گا جیسے اب سے ابوی' اخ سے اخوی۔

لفظ اخت اور بنت کی طرف نسبت تاء کے ساتھ ہوتے ہوئے کہا جاتا ہے اختی و بنتی اور بعض حذف کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں اخوی بنوی اور لفظ ابنۃ کی نسبت میں ابنی اور بنوی کہا جاتا ہے۔ ید اور دم جیسے الفاظ میں محذوف کو لوٹا دینا افصح ہے کہا جائے گا یَدَوِیٌّ دَمَوِیٌّ اور بغیر واؤ کے لائے ہوئے بھی نسبت کرنا جائز ہے جیسے یدیٌّ. دمیٌّ.

اور اگر کسی کلمہ میں محذوف کے عوض میں ہمزہ وصل لایا گیا ہو جیسا کہ ابن اور اسم میں تو عوض کو حذف کر دینا اور محذوف کو لوٹانا جائز ہے۔ اسم اور ابن کی نسبت میں سموی اور بنوی کہنا جائز ہے اور ابنیٌّ و اسمی بھی کہنا جائز ہے۔

اور اگر محذوف کے بدلے میں تاء تانیث ہو تو تاء کو حذف کر دیا جائے گا اور محذوف کو دوبارہ لایا جائے گا جیسے سنۃ سے سنوی' لغۃ سے لغوی اور زِنَۃ سے وَزَنِیٌّ اور صِلَۃ سے وصلی۔

تثنیہ اور جمع کی طرف نسبت کرنا ہو تو مفرد کی طرف لوٹا دیا جائے گا جیسے عراقین سے عراق' مسلمین سے مسلمی۔

یہی حکم ہے کہ ان کا جو تثنیہ اور جمع کے ساتھ لاحق ہیں جیسے اثنین سے اثنی اور مثنوی. عشرین سے عشری' اربعین سے اربعی.

ایسے جمع جن کے لئے مفرد نہیں جیسے ابابیل وعبادید اور یا مفرد تو ہیں لیکن اسی لفظ سے نہیں جیسے مخاطر' مناجذ' نساء' نسبت کرتے ہوئے اپنے حال پر باقی رہیں گے جیسے مخاطری' مناجذی' نسائی۔

بعض علماء صرف کے نزدیک جمع مکسر نسبت کی حالت میں اپنی وضع پر رہے گا جیسے ملائکۃ سے ملائکی. ملوک سے ملوکی اور جو جمع علم ہو گیا ہو وہ بھی نسبت کی حالت میں مفرد کی طرف لوٹایا نہیں جائے

انف کبیر	سے	أنافِيٌّ	حرمین	〃	حِرْمِيٌّ	رباب	〃	رُبِّيٌّ
أُمَيَّه	〃	أُمَوِيٌّ	حضرموت	〃	حَضْرَمِيٌّ	سهل		سَهْلِيٌّ
بادِيَه	〃	بَدَوِيٌّ	خُزينة	〃	خُزَنِيٌّ	سليقة	〃	سَلِيقِيٌّ
بحرين	〃	بِحرَانِيٌّ	دَهر	〃	دُهْرِيٌّ	سليمة الازد	〃	سُلَمِيٌّ
بهراء	〃	بَهْرَانِيٌّ	دَير	〃	دَيْرَانِيٌّ	سُلَيْمُ	〃	سُلَيْمِيٌّ
تهامة	〃	تهامِيٌّ يا تهَام	داريًا	〃	دَارَانِيٌّ	شام		شام
تيم اللات	〃	تيمَلِيٌّ	رب	〃	رَبَّانِيٌّ	شعر كبير	〃	شعرانِيٌّ
ثقيف	〃	ثَقَفِيٌّ	رقبة عظيمة	〃	رقبانِيٌّ	صدر كبير	〃	صدرانِيٌّ
جمة عظيمة	〃	جُمّاني	رامهرمز	〃	رامِيٌّ	صنعاء	〃	صنعانِيٌّ
جذيمة	〃	جذمِيٌّ	ردينه	〃	رُدِيْنِيٌّ	طبيعة	〃	طبيعِيٌّ
جلولاء	〃	جَلُوَلِيٌّ	روح	〃	رُوحَانِيٌّ	مروالشاهجهاني		مَرْوَزِيٌّ
بني الحبلى	〃	حُبَلِيٌّ	فُقيم كنانه	〃	فُقَمِيٌّ	امرؤالقيس	〃	مَرْقِسِيٌّ
طيِّ	سے	طَائِيٌّ	فراهيد	〃	فُرهُودِيٌّ	هجر	〃	هَاجِرِيٌّ
عميرة كلب	〃	عُمَيْرِيٌّ	قويم	〃	قُوَمِيٌّ	هُذَيْلٌ	〃	هُذَلِيٌّ
بنى عبيده	〃	عَبَدِيٌّ	قريش	〃	قُرَشِيٌّ	انباط	〃	نَبَاطِيٌّ يا
عبدشمس	〃	عَبشَمِيٌّ	كنت	〃	كُنْتِيٌّ			نباطِ
عبدالدار	〃	عَبْدَرِيٌّ	لحية عظيمة	〃	لُحيانِيٌّ	ناصره	〃	نَصْرَانِيٌّ
عبدقيس	〃	عَبقَسِيٌّ	مليح خزاعة	〃	مُلَحِيٌّ	يمن	〃	يَمَانٍ
عبدالله	〃	عبدلِيٌّ	رَوحاء	سے	رَوْحانِيٌّ			
صرواء	〃	حَرُوْرِيٌّ	رے	〃	رَازِيٌّ			

گا۔ جیسے انبار سے انباری' انصار سے انصاری' اہواز سے اہوازی۔

اور مرکب بنائی میں نسبت کرتے ہوئے آخر کا جزء حذف کر دیا جائے گا اور اوّل جزء کی طرف نسبت کریں گے جیسے بعلی و معدی جبکہ بعلبک اور معدی کرب کی طرف نسبت کرنا ہو اور کبھی مجموعہ کی طرف نسبت کرتے ہیں جیسے بعلبکی و معدی کربی۔

اور مرکب اضافی کی صورت میں کسی جزءِ اوّل کی طرف نسبت کرتے ہیں اور کسی میں جزء ثانی میں جیسے امراء القیس سے امرئی دیر القمر سے دیرانی' عبدالاشہل سے اشہلی' ابوبکر سے بکری عبدمناف سے منافی۔ کبھی مرکبات اضافیہ میں پورے کی طرف نسبت کرتے ہیں جیسے عین ایل سے عین ایلی وادی آش سے وادی آشی' عین حور سے عین حوری۔

اور مرکب اسنادی میں صدر یعنی جزءِ اوّل کی طرف نسبت ہوتی ہے اور عجز یعنی جزء ثانی کو حذف کر دیا جاتا ہے جیسے تابط شرا سے تابطی' ذرحبًا سے ذرئی۔

تصغیر

قلت یا حقارت ظاہر کرنے کے لئے اسم میں کچھ تغیر کرنے کا نام تصغیر ہے۔ ثلاثی مجرد سے فُعَیل کے وزن پر آتا ہے جیسے کلب سے کلیب. عبد سے عُبَید. رُجَل سے رجیل. ثلاثی مزید رباعی اور خماسی سے اگر چوتھا حرف مدہ نہ ہو تو فُعَیلِل کے وزن پر جیسے جَعفَر سے جُعَیفَر. سفرجل سے سفیرج اور اگر مدہ ہو تو فُعَیلِیلٌ کے وزن پر جیسے قرطاس سے قُرَیطِیس مضراب سے مُضَیرِیبٌ اگر اسم کے آخر میں علامت تانیث کا یا الف نون زائدتان ہو تو علامت تانیث یا الف' ان سے متصل ہو تو حرف ہوگا وہ اسی حالت پر رہے گا جس پر تصغیر سے پہلے تھا۔ جیسے ثمرة کی تصغیر ثُمَیرَة' بشری کی بشیری. سمرا کی سمیراء. سکران. سکیران. غضبان کی غضیبان اگر کلمہ مؤنث معنوی کا ہو تو تصغیر بنانے میں تاء۔

اگر کلمہ مؤنث معنوی کا ہو تو تصغیر بنانے میں تاء مقدرہ کا ظاہر ہونا ضروری ہے جیسے ارض سے اریضة. شمس سے شمیسة لیکن شرط یہ

ہے کہ التباس سے امن ہو ورنہ جہاں التباس کا خوف ہوگا ظاہر نہیں کریں گے مثلاً خمس جبکہ معدود مؤنث ہو تو تصغیر میں خمیس کہیں گے خمیسۃ نہیں تاکہ معدود مذکر کے لفظ خمسۃ کی تصغیر سے التباس نہ ہو۔

اگر کلمہ میں حرف علت ہو اور تعلیل ہو چکی ہو تو تصغیر بنانے میں اصل کی طرف لوٹ جائے گا۔ مثلاً باب کی تصغیر بُوَیب اور ناب کی تصغیر نُیَیب ہوگی۔ اس لئے کہ باب کا الف واؤ اور ناب کا الف یاء تھا اس وجہ سے کہ ان کی جمع ابواب اور انیاب آتی ہے اور قاعدہ ہے کہ جمع تکسیر اسماء کو اصل کی جانب لوٹا دیتی ہے۔

اور اگر کلمہ ایسا ہو کہ یہ معلوم نہ ہو کہ اس کا الف واؤ سے بدلا ہوا ہے یا یاء سے تو وہاں پر ماقبل کے ضمہ کا لحاظ کرتے ہوئے تصغیر میں واؤ لایا جائے گا۔ جیسے عاج سے عویج کہا جائے گا۔

لفظ عید کی تصغیر عیید شاذ ہے۔ قیاس کے لحاظ سے عُوید ہونا چاہئے تھا اور اگر واؤ یاء بدلے ہوئے نہ ہوں تو اپنی حالت پر رہیں گے مثلاً سور سے سویر۔ بیت سے بییت۔

اگر اسم کا دوسرا حرف الف زائد ہو تو واؤ سے بدل دیا جائے گا۔ جیسے خالد سے خویلد۔ ضارب سے ضویرب۔

اور اگر تیسرا حرف الف یا واؤ ہو تو یاء سے بدل کر یاء تصغیر میں مدغم ہو جائے گا جیسے عصا سے عُصَیّ دلو سے دُلَیّ۔ عجوز سے عُجَیِّز۔ کتاب سے کُتَیِّب۔

اور اگر واؤ متحرک ہو اور لام کلمہ نہ ہو تو یاء سے بدلنا اور باقی رہنا دونوں جائز ہے جیسے جدول سے جُدَیِّل یا جُدَیول' ادور سے اُدَیر یا اُدَیور۔

اگر تیسرا حرف یاء ہو تو یاء تصغیر میں ادغام کر دیا جائے گا جیسے نَصِیر سے نُصَیِّر۔ جَمِیل سے جُمَیِّل۔

اور اگر چوتھا حرف واؤ یا الف ہو تو یاء سے بدل دیا جائے گا جیسے عصفور سے عصیفیر اور سلطان سے سُلَیطِین۔

اسم تفضیل اگر ناقص ہو تو تصغیر میں تو یاء تصغیر کا مابعد فعل تعجب کی مانند مفتوح رہے گا جیسے ہو احیلی من العسل۔

اسماء محذوفة الاعجاز کی تصغیر اس طرح پر ہوگی۔ اُبَیٌّ' اُخَیٌّ' دُمَیٌّ اور اگر ایسا اسم ہو کہ اخیر کا حرف حذف کر کے شروع میں ہمزہ وصل لگایا گیا ہو تو تصغیر بنانے میں ہمزہ وصل حذف کر دیا جائے گا اور محذوف حرف واپس آ جائے گا جیسے ابن کہ اس کی تصغیر بُنَیّ ہوگی۔

اور اگر محذوف کے عوض میں تاء ہو تو صرف محذوف کو واپس لائیں گے اور عوض کو حذف نہیں کریں گے جیسے زنۃ عدۃ کی تصغیر وزینۃ وُعَیدَۃ ہوگی اور اخت اور بنت کی تصغیر اُخَیَّۃ بُنَیَّۃ آئے گی۔

مثنی اور جمع سالم کی تصغیر اس طرح پر آئے گی مؤمنان کی مویمنان' مومنون کی مویمنون' مومنات کی مویمنات۔

اسی طرح جمع قلت کی تصغیر ارغفۃ کی اریغفۃ ہوگی۔

اور جمع کثرت کی تصغیر بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ مفرد کی تصغیر بنا کر واؤ نون لگا دیا جائے گا جیسے غلام کی جمع غلمان کی تصغیر کی صورت یہ ہوگی کہ غُلام کی تصغیر غُلَیِّم بنا کر واؤ نون لگا کر غلیمون کہا جائے گا۔ اسی طرح شاعر کی جمع شعراء کی تصغیر شویعرون ہوگی اور اگر مذکر لایعقل یا مؤنث ہو تو آخر میں اسی طرح الف تاء لگائیں گے جیسے جاریۃ کی جمع جوار کی تصغیر جویریات دراہم کی جمع دراہم کی دریہمات اور مرکب اضافی کی تصغیر اس طرح پر ہوگی کہ پہلے جزء کی تصغیر بنا کر دوسرے جزء کو اپنی حالت پر چھوڑ دیں گے مثلاً عبداللہ کی تصغیر عبید اللہ ہوگی اور یہی حالت مرکب بنائی کی ہوگی جیسے معدیکرب کی تصغیر معیدیکرب۔ حضرموت کی تصغیر حضیرموت' نفطویہ کی تصغیر نفیطویہ' خمسۃ عشر کی خمیسۃ عشر' بعلبک کی بعیلبک۔

اور مرکب اسنادی مثلاً تابط شرا کی تصغیر نہیں آتی۔

تنبیہ

کچھ الفاظ ایسے ہیں جن کی تصغیر خلاف قیاس آتی ہے۔ ابیحر' بحر کی۔ انیسیان' انسان کی۔ رویجل' رجل کی۔ اصیلال' اصیل کی۔ عشیشیۃ' عشیۃ کی۔ اُصَیبِیَۃ۔ صبیۃ۔ اغیلمۃ' غلمۃ کی۔ اسی طرح قویس۔ دُرَیع۔ حریب۔ نعیل۔ عریس۔ ذوید کی ان سب میں قیاس کے مطابق آخر میں تاء ہونی چاہئے تھی۔

ہمزہ کی کتابت کے قواعد

ہمزہ اگر ابتداء میں واقع ہو تو ہمیشہ الف کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے اسماء' ابناء' اکرام' اسی طرح اگر ابتداء میں ہو گر اس کے ساتھ کوئی دوسرا حرف متصل ہو جیسے باجمل' لافضل لیکن لئلا اور لئن اور یومئذ اور حینئذ میں تخفیف کے لئے کثرتِ استعمال کی بنا پر اپنی حرکت کے موافق لکھا جائے گا۔

اور اگر ہمزہ وصل ہو اور فاء یا واؤ کے بعد واقع ہو تو حذف کر دیا جائے گا بشرطیکہ اس کے بعد ہمزہ ہو جیسے فائتنی' واذن لی۔

اور اگر ہمزہ درمیان میں واقع ہو اور ساکن ہو تو اپنے ماقبل کی حرکت کے موافق حرف علت کی صورت میں لکھا جائے گا۔ جیسے بأس بوئس بئس لیکن ہمزہ وصل کے بعد ہو اور بدلا ہوا ہو تو اثناءِ کلام میں اصل کی طرف لوٹا دیا جائے گا اور اسی حرف کی صورت میں لکھا جائے گا

جس سے تبدیلی ہوئی تھی جیسے "یارجل الذن" اور "هـذا الذی اؤتمنت علیہ" اور ہمزہ متوسط متحرک کہ اپنی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائے گا خواہ اس سے پہلے ساکن ہو یا متحرک۔ جیسے لـــؤم رؤف سال۔

اور اگر مفتوح ہو اور بعد ضمہ و کسرہ کے ہو تو ماقبل کی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے سؤال، رءسال، مؤنث اور اگر ہمزہ الف اور یاء کے درمیان واقع ہو تو ہمزہ اور یاء دونوں کی صورت میں لکھنا جائز ہے جیسے بقاء ی یا بقائی۔

اور اگر ہمزہ الف اور ضمائر میں سے یاء کے علاوہ کسی اور کے درمیان واقع ہو اور مکسور یا مضموم ہو تو اپنی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں اور مفتوح ہو تو ہمزہ کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے بقاؤہ بقائہ بقائه۔

ہمزہ اگر کلمہ کے آخر میں واقع ہو اور اس کے ماقبل ساکن ہو تو ہمزہ کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے جُزءٌ شيء فَيْءٌ۔

اور اگر ماقبل متحرک ہو تو ماقبل کی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے هَيُؤ، لَكَأ، ظَمِئ۔

اگر ہمزہ طرف میں واقع ہو اور تاء تانیث لاحق ہو اور ہمزہ سے پہلے حرف صحیح ساکن ہو تو ہمزہ کو الف کی صورت میں لکھا جائے گا۔ مثلاً نـشاة اور اگر متحرک ہو تو ماقبل کی حرکت کے مشابہ حرف سے لکھا جائے گا جیسے فِئَةٌ لُؤلُؤَةٌ۔

اور اگر ماقبل معتل ہو تو یاء کے بعد یاء کی صورت میں اور الف اور واؤ کے بعد ہمزہ کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے خطیئة بَرِیئة قراءة صلاءةٌ مُروءَةٌ سُوءَةٌ۔

ابدال کے قواعد

ایک حرف کی جگہ میں دوسرے حرف کے رکھنے کا نام ابدال ہے کثیر الوقوع قواعد حسب ذیل ہیں۔

اگر الف ضمہ کے بعد واقع ہو تو واؤ سے بدل جائے گا۔ جیسے ضارب سے ماضی مجہول کا صیغہ ضورب اور قاتل سے قُوتِلَ۔

اگر یاء ساکن ضمہ کے بعد واقع ہو تو واؤ سے بدل جائے گی جیسے ایقن سے مُوقِنٌ۔ ایسر۔ مُؤسِرٌ۔

اسی طرح اگر واؤ ساکن کسرہ کے بعد واقع ہو تو یاء سے بدل جائے گا جیسے موزان سے میزان۔ موعاد سے میعاد۔

واؤ یا یاء متحرک ہوں اور ماقبل مفتوح ہو تو الف سے بدل جاتے ہیں جیسے قال، باع، باب، ناب۔

لیکن اس قاعدے کے لئے حسب ذیل شرائط ہیں۔ یہ واؤ یاء فا کلمہ کی جگہ میں نہ ہوں مدہ زائد سے پہلے الف تثنیہ سے پہلے اور یائے مشدد اور نون تاکید سے پہلے نہ ہوں۔ ناقص کے عین کلمہ کی جگہ میں نہ ہوں۔ جس کلمہ میں یہ واقع ہوں وہ فعلان و فعلی کے وزن پر نہ ہو اور ایسے لفظ کے ہم معنی نہ ہو جس میں تعلیل نہیں ہوتی۔

اگر کسی کلمہ میں واؤ، یاء جمع ہو جائیں اور ان میں سے پہلا ساکن ہو تو واؤ کو یاء کر کے یاء میں ادغام کر دیتے ہیں، جیسے طَیٌّ، میّت مرمیّ کہ اصل میں طوی، میوت۔ مرموی تھے۔

واؤ یا یاء اگر الف زائدہ کے بعد طرف میں واقع ہوں تو ہمزہ سے بدل جاتے ہیں جیسے کساء سماء بناء طباء۔

جو مدہ زائدہ مفرد میں ہو جب جمع بنایا جائے اور الف فعالل کے بعد واقع ہو تو ہمزہ سے بدل جاتا ہے جیسے عجوز سے عجائز۔ قلادہ سے قلائد، صحیفة سے صحائف۔

باب افتعال کے فاء کلمہ میں اگر واؤ یا یاء واقع ہو تو تاء سے بدل جاتے ہیں جیسے اتّقی، اتّسر۔

افتعال کے فاء کلمہ میں اگر دال یا ذال یا زاء واقع ہو تو تاء کو دال سے بدل لیتے ہیں، جیسے ادّان، اذدکر، ازدان کہ اصل میں ادتان، اذتکر، ازتان۔ تھے اذدکر میں دال کو ذال اور ذال کو دال کرنا دونوں جائز ہے۔ اِدّکر اور اِذّکر دونوں کہہ سکتے ہیں۔

افتعال کے فاء کلمہ میں اگر صاد ضاد طاء ظاء۔ واقع ہوں تو تاء کو طاء سے بدل دیتے ہیں، جیسے اصطبر، اضطرب، اطّرد، اظطلم، اِظّلَم جیسے میں ظاء کو طاء اور طاء کو ظاء کرنا دونوں جائز ہے۔ اِطّلَمَ اور اِظّلَمَ دونوں کہہ سکتے ہیں۔

ا

اَلْاَلِفُ :الف کی دو قسمیں ہیں ساکنہ و متحرکہ۔ ساکنہ کو حرف لین بھی کہتے ہیں جیسے قَالَ، قَامَ، بَاعَ مُتَحَرِّکَہ اور اس کا نام ہمزہ بھی ہے اور یہ کئی معانی میں مستعمل ہے۔

(۱) استفہام جیسے اَقَرأْتَ؟ اَمَا قَرأْتَ؟ اَفَلَمْ تَقْرَأ؟ اَفِی الْبَیْتِ اَخُوْکَ؟

(۲) ندا قریب: جیسے اَزَیْدُ اَقْبِلْ (ای زیداً)

(۳) تسویہ :جیسے لَا اُبَالِیَ اَقُمْتَ اَمْ قَعَدْتَ مجھے تیرے کھڑے ہونے یا بیٹھنے کی کوئی پرواہ نہیں یعنی دونوں میرے نزدیک برابر ہیں۔

آ :حرفِ ندا ہے بعید کے لئے یا جو بعید کی مانند ہو جیسے غافل اور سونے والا۔

آب :اگست کا مہینہ (رومی مہینے کا نام)

اَبَّ (ن) اَبًّا و اَبَابًا وَ اَبَابَۃً و اِبَابَۃً اِلَیْہِ : مشتاق ہونا

اَبَّ (ض ن) اَبِیًّا و اَبًّا و اَبَابًا و اَبَابَۃً آمادہ و تیار ہونا۔ و اَبَّ اَبَّۃً: کسی کے قصد کی مانند قصد کرنا۔ کسی کی روش اختیار کرنا یدہ اِلَی السَّیْفِ :سونتنے کے لئے ہاتھ بڑھانا۔

اَہَبَ :چیخنا۔ چلانا۔

تَاَبَّبَ بِہٖ :تعجب کرنا اور خوش ہونا۔ اِئْتَبَّ :تیار ہونا۔ مشتاق ہونا۔

اَبَّاہ یَابَاہ. بِالسَّھْمِ :تیر سے مارنا۔

اَبَتَ (ن ض) و اَبِتَ (س) اَبْتًا و اُبُوتًا النَّھارُ :سخت گرم ہوا۔ صفت اَبِتٌ وَ اَبِتٌ و آبِتٌ

تَاَبَّتَ. الجمرُ :بھڑکنا۔

اَبْتَۃُ. الغَضَبِ :غصہ کی تیزی۔

اَبَتَہٗ وَ اَبَثَ (ض) اَبْثًا. عَلَیْہِ :بادشاہ کے سامنے برا بھلا کہنا۔ غیبت کرنا۔

اَبِثَ (س) اَبَثًا۔ اُونٹ کے دودھ پینے سے پیٹ نکل آنا اور مدہوش سا ہونا۔

اَلْاَبِثُ: نشاط سے اکڑتے ہوئے چلنے والا۔

اَبْجَدُ :حروفِ تہجی کے مجموعوں کا پہلا کلمہ اور وہ مجموعے یہ ہیں : ابجدْ، ھوزْ، حُطّی، کلمنْ، سعفص، قرشتْ، ثخذ، ضظغ، حروف کی یہ ترتیب جمل کے حساب کی رعایت سے ہے اور یہ تاریخ نکالنے کے لئے مستعمل ہے۔ اِن حرفوں کی ترتیب اکائی، دہائی، سینکڑہ، ہزار پر ہے۔

اَبَدَ (ض) اُبُوْدًا بالمکان: اقامت کرنا۔ الشَّاعِرُ :غریب لغت استعمال کرنا۔

اَبَدَ (ن) اُبُوْدًا. الحَیَوَانُ :جنگلی ہونا۔

اَبِدَ (س) اَبَدًا :جنگلی ہونا عَلَیْہِ :غضبناک ہونا۔

تَاَبَّدَ :ابدی ہونا، جنگلی ہونا الْمَکَانُ :مکان کا ویران ہونا اور جنگلی جانوروں کا مسکن بننا۔

اَلْاَبَدُ :زمانہ جمع آباد و اُبود :ازلی۔ قدیم ہمیشہ رہنے والا، کہا جاتا ہے "لَا آتِیہ اَبَدَ الْاَبَدِیْن والْاَبِدِیْنَ واَبَدَالْاَبَد و اَبد الآباد واَبَد الدھر الخ" میں اس کے پاس کبھی نہیں آؤں گا۔

اَبَدًا :ظرفِ زمان ہے۔ مستقبل میں نفی و اثبات کی تاکید کے لئے آتا ہے جیسے لَا اَفْعَلُہٗ اَبَدًا: میں اس کو ہرگز نہیں کروں گا

[اَفْعَلُہٗ اَبَدًا] :میں اس کو یقیناً کروں گا۔

اَلْاٰبِدَۃُ : وہ بڑا معاملہ یا بڑی مصیبت جس سے آدمی گھبرائے۔ مصیبت کہ جس کا چرچا ہمیشہ رہے۔ وحشی، عجیب و نادر چیز۔ ج ابدٌ و اوَابِد.

اَلْاَوَابِدُ :وہ پرندے جو جاڑے اور گرمی دونوں موسموں میں ایک ہی جگہ رہیں۔ اَوَابِدُ الشِّعْرِ :بے مثال شعر۔ اوابِدُ الْکَلَامِ: نادر کلام۔

اَلاِبِدُ والْاَبِدُ. من امۃ او اتان : ہر سال جننے والی باندی یا گدھی۔

اَلْاَبَدِیَ: جس کی انتہا نہ ہو۔

اَلْاَبَدِیَّۃُ :دوام جس کے لئے انتہا نہ ہو۔

اَبَرَ (ن ض) اَبْرًا واِبَارًا : الْعَقْرَبُ فُلَانًا : بچھو کا ڈسنا ۔ۂ : غیبت کرنا، خوراک میں سوئی کھلانا۔ ہلاک کرنا۔ الزَّرْعَ :اصلاح کرنا اور گا بھا دینا۔

اِئْتَبَرَ. الْبِئْرَ :کنواں کھودنا۔

اَلْاِبْرَۃُ :سوئی، ڈنک، چغلی اِبْرَۃُ الْقَرْنِ : سینگ کا سرا۔ ج اِبَرٌ و اِبَارٌ. اِبْرَاتٌ.

اَلْمِئْبَرُ وَالْمِئْبَارُ : سوئی دان...... اَلْمِئْبَرُ : چغل خوری۔ فساد انگیزی۔ باریک ریت۔

اَلْاَبَّارُ :سوئی بنانے والا۔ پسو۔ درخت خرما کو گا بھا دینے والا۔

اَلْاِبَرِیُّ :سوئی بیچنے والا۔

اَلْمَاْبُوْرُ :جہنم۔

اَلْمِئْبَرَۃُ: چغلی، فساد انگیزی۔ ج مآبِر۔

الْمُؤْتَبِرُ :کھیت والا۔

اَلْاِبْرِیْزُ وَالْاِبْرِیْزِیُّ. مِنَ الذَّھَبِ :

خالص سونا۔
اَلْاِبْرِیْسَمُ وَالْاِبْرِیْسَمُ :ریشم۔
اَلْاَبْرِیْشَۃُ :بشپ کا مذہبی حلقۂ انتظام۔
اَلْاِبْرِیْقُ :لوٹا۔ج اَبَارِیْق :چھاگل (معرب)
اَبَزَ (ض) اَبْزًا وابُوزًا۔ الظَّبْیُ :اُچھلنا۔ کودنا۔صفت آبِزٌ واَبَّازٌ و اَبُوْزٌ بِصَاحِبِہٖ
اَبْزًا :ظلم کرنا۔
اَلْاِبْزِیْمُ وَالْاِبْزَامُ :بکسوا۔ج اَبَازِیْمُ۔
اَبَسَہٗ (ض) اَبْسًا: ملامت کرنا۔ڈرانا...... بِہٖ : تابعدار بنانا۔فلانًا :قید کرنا بدسلوکی سے پیش آنا۔حقیر و ذلیل سمجھنا۔
اَبَّسَہٗ :قید کرنا۔بدسلوکی سے پیش آنا' شرم دلانا۔الاَبْسُ :قحط' خشک سالی۔سخت جگہ۔ نرکھوا۔
الاُبُس :اصل بد۔سخت جگہ۔
اِمْرَأَۃٌ اباس :بدخوعورت۔
اَبَشَہٗ (ن) اَبْشًا واَبَشَۃً :جمع کرنا
تَاَبَّشَ الْقَوْمُ :اکٹھا ہونا۔
الْاُبَاشَۃُ مِنَ النَّاسِ :مخلوط جماعت۔
الاَبَّشُ :کسی کے صحن اور دروازہ کو کھانے پینے کی چیزوں سے سجانے والا۔
رَجُلٌ اَبَاشٌ :کمانے والا امرد۔
اَبِصَ (س) اَبَصًا۔ خوش ہونا۔صفت اَبِص آبِص واَبُوص۔
اَبَضَ (ن) اَبْضًا۔ الْبَعِیْرَ :اونٹ کے اگلے پاؤں کو بازو سے باندھنا۔
تَاَبَّضَ الْبَعِیْرَ :اباض نامی رسی سے باندھنا (دیکھئے الاِبَاض) الْبَعِیْرُ :اباض نامی رسّی سے بندھا ہوا ہونا۔
الاُبْضُ :ج آباض۔ والمَأبِضُ ج مَآبِض :زانو کا اندرونی حصہ۔بند دست۔
الاِبَـــاضُ :اونٹ کے پاؤں کو بازو سے باندھنے کی رسّی۔
تَاَبَّطَ الشَّیْءَ :بغل میں لینا۔
اِسْتَأبَطَ الرَّجُلُ :اُوپر سے تنگ اور اندر سے چوڑا گڑھا کھودنا۔

الاِبْطُ :بغل (مذکر و مؤنث) ج آباط۔اِبِطٌ الْجَبَل :دامن کوہ
الاِبَاطُ :بغل میں لی ہوئی چیز۔
اَبِقَ (س) واَبَقَ (ن ض) اِبَاقًا واَبْقًا وَاَبَقًا۔ الْعَبْدُ :بھاگنا۔صفت۔اَبِقٌ ج اُبَّقٌ واُبَّاق
تَـاَبَّقَ :چھپنا۔الشَّیْءَ :انکار کرنا۔اور برا سمجھنا۔
الاَبَقُ :بھنگ۔بھنگ کا چھلنا۔کتان۔
اَبِلَ (س) اَبَلًا واَبَلَ (ن) اَبَالَۃً۔ اونٹوں کا اچھی طرح انتظام کرنا۔صفت اَبِلٌ وآبِلٌ ج اُبَّال
اَبَلَ (ن) اَبَالَۃً :راہب بننا۔
اَبَّلَ :بہت اونٹوں کا مالک ہونا
الاِبِلَ :چھانٹ کر جمع کرنا۔
تَاَبَّلَ الاِبِلَ :چھانٹ کر جمع کرنا۔
الاِبِلُ والاِبْلُ :اونٹ (مفرد کے لئے اس کا استعمال نہیں ہوتا) ج آبال
اَلْاُبُلَّۃُ :قبیلہ۔کہا جاتا ہے [جَاءَ فِی اُبُلَّتِہٖ] وہ اپنے قبیلہ میں آیا۔
اَلْاَبِیْلُ :ج آبال واُبُل وَالْاَبِیْلِیُّ و الْاَیْبُلِیُّ :راہب۔
اَلْاِبَالَۃُ :جماعت۔مال کا بہترین انتظام۔ حسن سیاست...... وَالْاِبِیْلَۃُ وَالْاِیْبَالَۃُ وَالْاِبَّالَۃُ۔گھاس یا لکڑی کا گٹھا۔کہا جاتا ہے "ضِغْثٌ عَلٰی اِبَّالَۃٍ" یعنی مصیبت بالائے مصیبت۔
اَلْاَبَابِیْلُ :فرقے۔ابابیل جمع ہے اس کا واحد نہیں طَیْـرٌ اَبَـابِیْـل :غول کے غول پرندے۔
الْمَأبَلَۃُ :بہت اونٹوں والی زمین۔
اِبْلِیْسُ :شیطان کا علم جنس ج ابالس و ابالسۃ
اَبَنَہٗ (ن ض) اَبْنًا۔ بِشَیْءٍ :عیب لگانا۔ تہمت رکھنا الدَّمُ فِی الْجُرْحِ :کالا ہو جانا۔
اَلْاُبْنَۃُ :عیب' کینہ' لکڑی کی گانٹھ ج اُبَن'
[illegible]

اَبَّنَـہٗ :عیب لگانا۔شرم دلانا۔مردہ کے اوصاف اچھائیاں شمار کرنا وَتَاَبَّنَہٗ :پیچھے پڑنا۔انتظار کرنا۔
اِبَّـانُ الشَّیْءِ :کسی چیز کی ابتداء۔کسی چیز کا وقت۔
اَلْاُبْـنَۃُ :عیب' کینہ' لکڑی کی گانٹھ ج اُبَـن
اِبَانَۃُ الرَّجُلِ :سارے ساتھی۔
اَلْاِبْنُ :بیٹا۔
الاَبْنُوْسُ وَالابنوس :ایک قیمتی سخت کالی لکڑی کا درخت جو گرم شہروں میں پیدا ہوتا ہے۔(یونانی لفظ)
اَلْاَبِنُوْس والآبَنُوس :ایک قسم کی سخت اور کالی لکڑی۔
اَبَہَ (ف) اَبْهًا۔ لَہٗ :تاڑ جانا۔لَایُؤْبَہُ لَہٗ :اس کی طرف التفات نہیں کی جاتی۔
اَبَّہَہٗ :خبردار کرنا۔سمجھانا۔
تَـاَبَّہَ عَلَیْہِ :تکبر کرنا' بڑا بننا۔عَنْ کَذَا :اپنے آپ کو بالا و برتر سمجھنا۔
الْاُبْہَۃُ وَالْاُبَّہَۃُ :بڑائی۔غرور۔نخوت۔
اَبَا (ن) اِبَاوَۃً و اُبُوَّۃً واُبُوًّا :باپ ہونا۔
الْیَتِیْمَ :پرورش کرنا۔کہا جاتا ہے [اَبَـوْتُـہٗ واَمَمْتُـہٗ] :میں اُس کے لئے ماں باپ بن گیا۔
اَبَّی۔ فُلَانًا :کسی سے یہ کہنا کہ میں تمہارے اوپر اپنے باپ کو فدا کرتا ہوں۔
تَاَبَّی۔ فُلَانًا :باپ بنانا۔
الاَبُ :عیسائیوں کے نزدیک تین معبودان میں سے اول اقنوم جس کو باپ کہتے ہیں۔
اَلْاَبُ :باپ۔وہ شخص جو کسی چیز کے لئے باعث ایجاد یا باعث اصلاح ہو' اس کا اعراب حالت رفعی میں واؤ سے اور حالت نصبی میں الف سے اور حالت جری میں یا سے آتا ہے۔تم کہتے ہو۔[جَاءَ اَبُوْکَ] رَاَیْتُ اَبَاکَ وَ مَرَرْتُ بِاَبِیْکَ اور منادی کی صورت میں یَا اَبِیْ اور یَا اَبَتِ ج آباء و ابُوْن
اَبُـو اَیـاس :ہاتھ منہ دھونے کی چیز جیسے خطمی

وغیرہ۔
اَبُـو اَیُّـوب :اونٹ۔اَبُـوالْاَبْـرَد:
گدھ۔اَبُوالْاَسْوَد :چیتا۔اَبُوالْاَصْبَع :
گدھ۔اَبُوالْاَضْیَافِ :میزبان۔اَبُوبَرِیص
:چھپکلی۔اَبُـوالْبَشَـر :کنیت سیدنا آدم علیہ
السلام۔ابوثقیف :سرکہ۔اَبُوجَامِع :دستر
خوان۔اَبُوجُـخَادہ :ٹڈی۔اَبُوجَـخَار:
بجو۔ابُوجعران :گبریلا۔اَبُـوجَـمِیل :
ترکاری۔اَبُوحَـبِیب :بھنا ہوا بکری کا بچہ۔
اَبُو حُـدَیج :لقلق. ابو حَذِر :گرگٹ۔
اَبُوالْحُصَین :لومڑی۔ابوخالد :کتا۔اَبُو
خـصـب :گوشت۔اَبُـودَغـفـاء :بے
وقوف۔ابـوربـن :ایک قسم کا حلوا۔ابـو
رعلة :بھیڑیا۔اَبُوزَجرا :کوّا۔اَبُوزُهَرَة :
گیدڑ۔اَبُوسُـلَیمان :مرغ۔ابـوالسّرو :
بجور۔اَبُوغُلُرِ المراة :شوہر۔ابوعِـسْلَة :
بھیڑیا۔ابـوالعَفَـاء :گدھا۔اَبُوعَقَبة :
سور۔اَبُوالعلاء :فالودہ۔اَبُوعَمْرہ :افلاس
بھوک۔اَبُوعَوف : زنڈی۔ اَبُـو عَوْن :
نمک۔اَبُوغَـزوَانْ :بلی۔اَبُـوقِـترہ:کنیت
ابلیس۔اَبُوقِرْہ :گرگٹ۔اَبُـــوکَلاَثَة :
زبجو۔اَبُـــولاَحِـق :باز۔اَبُـــولَبَـــد :
شیر۔اَبُـومَـالِکُ :بھوک' بڑھاپا' گدھ۔
اَبُومثوٰی :میزبان۔اَبُومذقة :بھیڑیا۔ابو
مَرَّة: شیطان۔اَبُومَرْیَم :قاضی کا پیادہ۔اَبُو
الْـمِـنْهَـال :گدھ۔اَبُـومَـشْـغُـول :نر
چیونٹی۔اَبُـو مَـرِیْـنـا :مچھلی۔اَبُوْ مُـعَاوِیَـه :
چیتا۔اَبُـوالـمـنـذِرْ :مرغ۔اَبُـونَعِـیم :
روٹی۔اَبُوالـوِثَاب :عقاب اور بقول بعض
ازکی ہرن۔اَبُـــوهُبَیْرة :زمینڈک۔اَبُو
الهنْبر :نربجو۔اَبُـو یَـحْیٰی :ملک الموت۔
اَبُوالیَـقْـظَـان :مرغ۔کہا جاتا ہے ''لا اَبَ
لَکَ ولا اباکَ ولا اباکَ'' یہ جملے خبریہ
ہیں مگر معنی میں جملہ انشائیہ دعائیہ کے ہیں۔
مدح وذم دونوں موقعوں پر استعمال کیا جاتا
ہے اور کبھی گالی کے موقع پر بھی اور ''بـــاَبِـی
اَنْـــتَ'' کا مقصد یہ ہے کہ میرا باپ تیرے

اوپر فدا ہو۔
اَبـــیٰ (ف ض)اِبَـاءً و اِبَـاءَةً و تَاَبِّی.
الشَّیْ :ناپسند کرنا۔انکار کرنا۔صفت اب ج
آبون و اُباةٌ و اُبَّلٌ .
اَبیٰ عَلَیْهِ و تَابّی :باز رہنا۔خوددار ہونا۔
اَباہ اِیْبَاءً . الشَّیْ:خوادار بنانا۔
الاَبِیّ :نفرت کرنے والا۔رذائل سے اپنے
آپ کو بلند رکھنے والا۔
رجُلٌ اَبَاءٌ :خوددار مرد۔
تَـــاَتَّــب واِتَّتَــبَ :بے آستین والی قمیص
پہننا۔اِلاِتْـــــب :بے آستین والی قمیص ج
اَتوبٌ و اُتَّــب واِتَاب و آتـاب. واِتْـبُ
الشَّعِیْرِ :جَو کا چھلکا۔
اَتَـــابِک :امیر' سردار۔اس لفظ کا اطلاق
اولاد سلاطین کے اتالیق پر ہوتا تھا۔
اِلاِتَـــاد. :دوہنے کے وقت گائے کی ٹانگوں
میں باندھنے کی رسی۔ج آتِدَہ و اُتُد.
الاُتْـــرُجُّ والْاُتْـــرُنْــج :لیموں۔لیموں کا
درخت۔
اَتَلَ (ض)اَتْـــلاً و اَتَلاَنًا و اَتَلاَلا :غصہ کی
وجہ سے آہستہ آہستہ چلنا......مِنَ الطَّعَامِ :
شکم سیر ہونا۔
اَتَـمَ (ن) اَتْــمًـــا :دو چیزوں کو جمع کرنا۔
بِالْمَکَانِ :اقامت کرنا۔تاخیر کرنا۔
الْـمَـاْتَمَ :لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔عموماً
اس کا استعمال اس مجمع کے لئے ہوتا ہے جو
اظہارِ غم کے لئے ہو۔ج مَآتِم.
الاَتَـــان :گدھی۔ج اُتُن و اُتْن و آتُـن و
اِسْتَـــاتَن :گدھی خریدنا اور'' کَـــانَ حِمَـارًا
فَـــاسْتَـــاتَن'' کا مقصد یہ ہے کہ وہ صاحب
عزت تھا' ذلیل ہوگیا۔
الاَتُّـون :حمام کا آتش دان۔چونا بنانے کی
بھٹی۔ج اُتُنُ و اَتَاتِین.
اَتَا (ن)اَتْـوًا و اِتَاءً. الشَّجَرُ :پھل ظاہر
ہونا۔یَـعْــت :بہت پھل دار ہونا......بِـهٖ و
عَلَیْهِ :چغل خوری کرنا۔
اَتَوْتُهُ اِتَاوَةً :رشوت دینا۔

اِتَاءُ الْاَرْضِ :زمین کی پیداوار۔
الاَتَاوَةُ :خراج۔رشوت۔ج اَتَاوَیٰ.
اَتٰی (ض) اِتْیَانًا و اَتْیًا اِتْیَانَةً ، مَاتَاةً :
آنا۔المَکَانَ :حاضر ہونا۔الشَّیْ:کرنا......
عَلَی الشَّیْ :پورا کرنا۔نافذ کرنا.الرَّجُلَ :
مرد کے پاس سے گزرنا.........عَـــلَیْـــهِ
الدَّهْرُ :ہلاک کرنا۔
اَتّٰـی تَاتِیَةً و تَاتِیًا. الماءَ :پانی بہنے کے لئے
راستہ نکال دینا۔
آتَاہُ مُوَاتَاةً. عَلَی الشَّیْ :موافقت کرنا۔
آتٰی اِیْتَاءً. فُلاَنًا الشَّیْ :دینا۔اِلَیْهِ الشَّیْ :
بھیجنا......الرَّجُلَ :بدلہ دینا۔
تَـــاَتّـــی. الْاَمْـرُ :تیار ہونا آسان ہونا......
لِلاَمْرِ :نرمی برتنا اور میانہ روی اختیار کرنا۔
مَعْرُوفَه :درپے ہونا۔
اِسْتَاتَی. الرَّجُلَ :آنے کی درخواست کرنا۔
سست سمجھنا۔
اَلاَتِیّ والاَتَاوِیّ :اجنبی۔مسافر۔سیل۔
اَتِیّ و اَتَاوِیّ :اچانک آنے والا سیلاب۔
المَاْتَی والمَاْتَاةُ :جہت۔سمت۔کہا جاتا ہے
''اَتَـی اَلاَمْرَ مِن مَاتَاہُ اَو مَاتَاتِهٖ :اس نے
معاملہ کو ٹھیک طریقہ سے انجام دیا۔
اثّ (س ن ض)اَثَـــاثًـا واُثُـوثًــا و اَثَـاثَةً.
الـنَّـبَـاتُ والشَّعْرُ :گنجان ہونا۔صفت(اَثٌّ
وَاَثِیْث ج اِثَاث .
اَثَّتَ. الفِرَاشَ :بچھانا۔
تَاَثَّثَ :مال پانا۔
اَلْاَثَاث :سامان خانہ۔سال۔
اَثَـرَ (ن ض)اَثْـــرًا و اَثَـــارَةً واُثْـــرَةً.
الْـــحَـدِیْـــث :نقل کرنا۔صفت مفعول
(مَاْثُوْرٌ)......هٗ :اکرام و تعظیم کرنا۔
اَثِرَ (س)اَثَـرًا. یَـفْـعَل کَـذَا :کرنے
لگا۔لِلاَمْـــرِ :پورے انہماک سے مشغول
ہونا۔عَلَیْهِ :پکا ارادہ کرنا......عَلَیْهِمْ :اپنے
لئے بہتر چیزوں کو چھانٹ لینا۔
اَثَّرَ فِیْهِ :اثر کرنا۔
آثَـــرَہٗ اِیْثَـــارًا :اکرام کرنا۔چننا۔فضیلت

دینا۔ اَثَرَ کَذا بِکَذا : پیچھے لگانا۔

تَـاَثَّـرَ و اِتَّـثَـرَ. فُلانًـا : نقش قدم کی پیروی کرنا......مِـنْـهُ وَبِـهٖ : اثر قبول کرنا۔ تم کہتے ہو "مَاتَاَثَّرَ اِلَیَّ اَثَرًا" اس نے میرے ساتھ کچھ بھی احسان نہیں کیا۔

اِسْتَاثَرَ. بِـالشَّیْ عَـلَـی الْغَیْرِ : اپنے لئے مخصوص کر لینا۔

اَللّٰهُ بِهٖ : وفات دینا۔

اَلاَثَرُ : نشان۔ حدیث۔ سنت۔ مدت ج آثار و اُثُوْرٌ. عِـلْمُ الآثَار : پرانی یادگار چیزوں کا علم۔ کہا جاتا ہے " خَـرَجَ فِی (اَثَرِہٖ) وَ فِی (اِثْرِہٖ) : وہ اس کے بعد نکلا" وَ عَـلَـیَ الْاَثَرِ : یعنی فوراً۔

الاَثَرِیّ : ماہر آثار قدیمہ۔

اَلاُثُر والاَثَر : زخم کا نشان۔ آثار و اُثُور.

اَلاَثْرُ : تلوار کا جوہر۔ ج اُثُور.

اَلاُ ثْرَۃُ۔ ج اُثَرٌ و الاَثَارَۃُ : بقیہ علم۔ خاندانی و موروثی شرافت۔

اَلاُثْرَۃُ : پسندیدگی۔ ترجیح۔ خودغرضی۔

اَلاَثِیْـــرُ : تلوار کا جوہر۔ معزز۔ ج اُثَـــرَاء.

فَـرَسٌ. اَثِیْرٌ. : کھروں کے بڑے نشان والا گھوڑا۔

اَلاَثِیْرُ. : قدماء کے نزدیک بمعنی نواں آسمان اور علماء طبیعات کی اصطلاح میں ایتھر کو کہتے ہیں اور یہ وہ مادہ ہے جس کے تموج سے گرمی بڑھتی ہے اور آواز دور تک جاتی ہے۔

حَـدِیْثٌ مَاْثُوْرٌ. : وہ بات جو قرناً بعد قرن نقل ہوتی چلی آئے اور اسی سے ہے " اَلسَّیْفُ الْمَاْثُوْرُ " خاندانی تلوار۔

الـــمَـاْثُرَۃُ التَمَاْثُرَۃُ : عمدہ فعل۔ خاندانی و موروثی عزت۔ ج مَآثِرُ.

اَثَفَهٗ (ن) اَثْفًا : پیچھے جانا' طلب کرنا۔

اَثَّفَ تَاْثِیْفًا. القدر : پائے پر رکھنا۔

تَاَثَّفَ. الرَّجُلُ الْمَكَانَ : جم کے رہنا۔

اَلْقَومُ الاَمْرَ وَ عَلَیْهِ : اکٹھا ہونا۔

اَلاُثْـــفِیَّۃُ : دیگ رکھنے کا پایہ۔ جماعت۔ ج اَثَـافِی. ثَالِثَۃُ. الاَثَافِیْ : پہاڑ کے ایک حصہ کو جس کے سامنے دو پتھر رکھ کر اس پر ہانڈی رکھتے ہیں' کہا جاتا ہے " رَمَـاهُ اللّٰـهُ بِثَـالِثَۃِ الاَثَـافِیْ" اللہ اس کو بدترین مصیبت میں مبتلا کرے۔

اَثَلَ (ن) اُثُوْلاً و اَثُلَ (ک) اَثَـالَۃً : جڑ پکڑنا۔ صفت اَثِیْلٌ و مُؤَثَّلٌ.

اَثَّـلَ. اَلْـمَـالَ : زکوٰۃ دینا۔ اصل ٹھہرانا۔ الْمَرْءَ : تعظیم کرنا......الْمَجْدُ : مجد و بزرگی کی بنیاد رکھنا۔

تَاَثَّلَ : جڑ پکڑنا۔ اکٹھا ہونا......الْمَالَ : کما کر بڑھانا۔ الْبِئْرَ : کھودنا۔

اَلاَثْـــلُ : جھاؤ کا درخت جو کہ ریت والے علاقے کے قریب زیادہ پیدا ہوتا ہے عام طور پر زینت کے لئے بویا جاتا ہے۔ کبھی کبھی اس سے چھوٹے بڑے پیالے بنائے جاتے ہیں۔ واحد اَثْلَۃٌ ج آثال و اَثَلاث و آثال و اُثُولٌ : کہا جاتا ہے " نـحتَ اَثْلَتَه : اس نے اسے عیب لگایا اور اس کا مرتبہ گھٹایا۔

الاَثَـــلَۃُ والاَثْـــلَۃُ : گھریلو سامان۔ اصل سامان۔

اَلاَثْـلَۃُ والاَثَـالُ والاُثَـالُ : موروثی مال یا شرافت یا بزرگی۔

اَثِمَ (س) اِثْـمًا و اَثَـمًا و آثَامًا و مَئْثَمًا : گناہ کرنا۔ صفت۔ اَثِیْم ج اُثَـمَاء و آثِم ج اَثَمَۃٌ.

اَثَمَ (ن ض) اَثْـمًا. اللّٰهُ فُلانًا کَذَا : گنہگار قرار دینا اور سزا دینا۔

اَثَّمَهٗ : گناہ کی طرف منسوب کرنا۔

آثَمَهٗ : مبتلائے گناہ کرنا۔

تَاَثَّمَ : گناہ سے بچنا۔

اَلاِثْم ج آثام والْـمَـاْثَمَۃَ والمَاْثَم : ناجائز فعل۔ گناہ۔ جرم۔

الاَثَــمُ : بھیڑیا۔ جوا۔ شراب (آخری معنی کا ابوبکر نے انکار کیا ہے)

اَثَا (ن) اَثْـوًا و اِثَاوَۃً و اُثِیّ (ض) اَثْیًا و اِثَایَۃً بِهٖ : چغل خوری کرنا۔

تَـاَثَّوْا و تَـاَثَوا : بادشاہ کے پاس مقدمے جانا۔

الْمَاْثِیَۃُ و الْمَاْثَاۃُ : چغل خوری۔

اَجَّ (ن) اَجِیْجًا : بھڑکنا۔ صفت۔ اَجَّاجٌ و اَجُوْجٌ. اُجُوْجًا. الْمَاءُ : کھاری ہونا۔

اَجَّجَ. النَّارُ : بھڑکانا......عَلَی الْعَدُوِّ : دشمن پر حملہ کرنا۔

آجَّ. الْمَاءُ : کھاری ہونا۔

تَاَجَّجَ و تَاَجَّ و اِئْتَجَّ : بھڑکنا۔ اِئْتَجَّ الْحَرُّ : تیز گرم ہونا۔

اَلاُجَاجُ : بہت کھاری پانی

اَلاَجَّۃُ : گرمی کی شدت ج اِجاج والاَجِیْج : شور۔ چلنے کی آہٹ

اَجَـدَہٗ و آجَـدَہٗ واَجَّدَہٗ : قوی کرنا۔ مضبوط کرنا نَاقَۃٌ اُجُدٌ : مضبوط اونٹنی۔

اَلاِجَادُ : چھوٹا طوق۔

الـمُـؤَجَّد : مضبوط کیا ہوا۔ بِـنَـاءٌ مُؤَجَّد : مضبوط عمارت۔ ثَـوبٌ مُـؤَجَّـدُ الـنَّسِـیْجِ : مضبوط بنا ہوا کپڑا۔

اَجَـــرَ (ض ن) اَجْـــرًا واِجَارَۃً و آجَرَ اِیْـجَـارًا الـرَّجُـلَ عَلَـی کَذَا : بدلہ دینا۔ مزدوری دینا۔

اَجَرَ (ن ض) اَجْرًا و آجَارًا و اُجُوْرًا. الْعَظْمُ : جڑ جانا......الْعَظْمَ : جوڑنا۔

اَجَّرَ. الطِّیْنَ : پکانا۔

آجَرَ مُؤَاجَرَۃً. الرَّجُلَ : مزدور بنانا۔

اِیْـجَـارًا. الدَّارَ فُلانًا ومِنْ فُلانٍ : کرایہ پر دینا۔ صفت کا صیغہ مُؤجِـرٌ بـکَسْرِ الجِیْم ہے مُؤَاجِر نہیں۔

اِئْتَـجَـرَ : صدقہ کرنا۔ مزدوری طلب کرنا۔ عَلَیْهِ بِکَذَا : اُجرت پر مزدور ہونا۔

اِسْتَـجَرَ. الدَّارَ : کرایہ پر لینا......الرَّجُلَ : مزدور رکھنا۔

اَلاَجْرُ : ثواب۔ ج اُجُوْرٌ و آجَار.

اَلاُجُرَّۃُ : اینٹ۔ ج اَلاُجُرّ.

اَلاُجْـــرَۃُ : ج اُجَـــرٌ و الاِجَارَۃُ : کرایہ۔ مزدوری۔

اَلاَجِیْرُ : مزدور۔ نوکر۔ ج اُجَرَاءُ.

اِجّاص : آلو بخارا۔ زرد آلو۔
اَجَل (ن) اَجْلاً۔ عَلَیْہِ شرًّا : کسی کے خلاف شر اٹھانا۔
اَجِـــلَ (س) اَجَلاً : پیچھے رہنا۔ دیر کرنا۔ گردن میں درد والا ہونا۔ صفت اَجِـــــل واَجِلٌ.
اَجَّلَ. الشَّيْءَ : مدت مقرر کرنا۔ مہلت دینا۔
الرَّجُلَ : درد گردن کا علاج کرنا۔
تَاَجَّلَ : پیچھے رہنا۔ مدت معین کرانا۔
اِسْتَاجَلَ : مدت معین کرانا۔
اَجَلْ : ہاں۔
اَلْاَجَل : مدت۔ وقت۔ موت۔ ج آجال.
اَلْاَجَل : سبب۔ کہا جاتا ہے "مِنْ اَجْلِکَ فَعَلْتُ هذا" تمہاری وجہ سے میں نے ایسا کیا۔
اَلْاِجْل : گردن کا درد۔ اِلاجْل : نیل گایوں کا گلہ۔ ج آجَالٌ.
اَلْآجِـــلُ وَالْآجِـــلَةُ : دیر سے ہونے والا۔ آخرت۔
اَجَمَ (ض) اَجْمًـــا : اَجِیْمًـــا وتَـــاَجَّمَ. الـــنَّهَارُ : سخت گرم ہونا۔ تَـــاَجَّمَ عَلَیْـــهِ : غضبناک ہونا۔ تَـــاَجَّمَ الْاَسَدُ : جھاڑی میں داخل ہونا۔
الاَجَـــمَة : گنجان درخت۔ جھاڑی۔ شیر کے رہنے کی جگہ۔ ج اَجَم و اُجُم و اَجمات و جج آجام.
اَجَنَ (ن ض) اَجْنًا و اُجُوْنًا و اَجِنَ (س) اَجَنًا. الـــمَاءُ : رنگ اور مزہ بدلنا۔ صفت۔ آجن واَجِنٌ .
اَجَنَ (ن) اَجْنًا. الثَّوْبَ : کپڑے کو دھونے کے لئے کوٹنا۔
اَلْاِجَّـــانَةُ : کپڑے دھونے کا ٹب...... ج اَجَاجِین تھالہ
اَلْمِئْجَنَةُ اَلْمِئْجَنُ دھوبی کی موگری ج مآجِنَ
اَخَّ (ن) اَخًّا : کھانسنا۔
اَلْاَخَاخُ : پیاس۔ وَالْاَجِیْخُ وَالْاَجِیْخَةُ : غصہ۔

اَحَّـــدَ وَوَحَّـــدَ. الْـمُتَعَدِّدَ : ایک کر دینا۔
الْعَدَدَ : ایک بڑھا دینا۔
اِتَّـــحَدَ : بِـــهِ : گٹھا ہونا۔ متفق ہونا۔ واِتَّـــحَدَ : اکیلا ہونا۔
اِسْتَاحَدَ : اکیلا ہونا۔
اَلْاَحَد : ایک، اکیلا، یکتا۔ مؤنث اِحْدَیٰ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَحَدُ الْاَحَدِیْنَ" فلاں بے مثل ہے۔ اِحْـــدَی الاَحَـــد : بڑا عجیب معاملہ۔
اُحَـــادُ : ایک ایک۔ کہا جاتا ہے "جَـــاؤُا اُحَادَاو اُحَادَاُحَادَ" : یعنی وہ لوگ ایک ایک کر کے آئے
اَلْاَحَد : اتوار کا دن۔ یک شنبہ۔ ج آحاد.
اُحُـــد : مدینہ منورہ زادہا اللہ شرفا کے قریب ایک پہاڑ کا نام۔
اَلْاَحَدِيَّةُ : یکتائی۔
اَحِنَ (س) اَحَنًـــا : پوشیدہ دشمنی اور کینہ رکھنا۔ آحَنَ مُؤَاحَنَةً الرَّجُلَ : کسی سے دشمنی رکھنا۔
اَلْاِحْنَةَ : کینہ ج اِحَن.
اَلْاَخِیْخَةُ : دودھ یا گھی ملا ہوا آٹا۔
اَلْاُخْبُوطُ والاُخْـــطُبُوْط : جگنو کی قسم کا ایک کیڑا۔
اَخَذَ (ن) اَخْذًا و تَخاذًا. لینا۔ ہ وَبِہٖ : پکڑنا۔ ہٗ بِـــذَنْبِـــهٖ : سزا دینا۔ مواخذہ کرنا۔ عَـــلٰـــی یَدِہٖ : کرنے سے روک دینا۔ مِنْ شَـــارِبِـــهٖ : چھانٹا کرنا۔ عَـــنْـــهُ : نقل کرنا۔ سیکھنا۔ عَـــلٰی نَفْسِـــهٖ : نگرانی کرنا۔ فِیْهِ الْـخَـمْرُ : اثر کرنا۔ یَـفْعَلُ : کرنے لگنا۔ فِی کَذَا : شروع کرنا۔ اِخْذَهٗ وبِاَخْذِہٖ : طریقہ اختیار کرنا۔ کسی کے اخلاق کو اپنانا۔
اَخَّذَهٗ : جادو کرنا۔
آخَذَهٗ مُؤَاخَذَةً : ملامت کرنا۔ عتاب کرنا۔ ہٗ عَلٰی ذَنْبِہٖ و بِذَنْبِہٖ : سزا دینا۔
اِتَّخَذَ : کر دینا بنا دینا عاجز ہونا
اِتَّـخَذَهٗ وَتَخِذَهٗ (س) تَخْذًا. صَـــدِیْقًا : دوست بنا لینا۔

اِسْتَاخَذَ : درد کی وجہ سے سر جھکانا۔
اَلْاُخُذ : آشوب چشم۔
اَلْاُخْـــذَة : افسوں، منتر، درندوں کے شکار کے لئے گڑھا۔
اَلْاَخِذَة : بے حسی یا اعضاء کی یبوست۔
اَلْاَخَـــاذَةُ : پانی جمع ہونے کی تالاب جیسی جگہ ج اِخَـــاذَات واِخَاذ اِخَاذ کی جمع اُخُذ و اُخْذ.
اَلْاَخِیْذ : قیدی۔ ج اَخْذٰی ۔
اَلْاَخِـــیْذَة : لڑائی میں دشمن سے چھینا ہوا مال، غصب کیا ہوا مال۔
الْمَاْخَذُ : راستہ لینے کا طریقہ یا وقت یا وہ جگہ جہاں سے کوئی چیز لی جائے ج مَـــآخِـــذ.
اَلْمَآخِذ : پھندے، جال۔
اَخَّرَتَاخِیْرًا. ہٗ عَنْہُ : پیچھے کرنا۔
تَاَخَّرَ واِسْتَاخَرَ : پیچھے رہنا۔
اَلْآخَر : غیر۔ ج آخَرُون مؤنث اُخْرَیٰ و اُخْرَة ج اُخَر و اُخْرَیَات : بطور کنایہ بولتے ہیں "اَبْعَدَ اللّٰهُ الْآخَرَ" یعنی اللہ اس شخص کو دور کرے جو ہم میں سے نہیں ہے۔
الاُخُـــر : پچھلا حصہ۔ کہا جاتا ہے "شَـــقَّ الثَّوبَ اُخُرًا وَمِنْ اُخُر" اس نے کپڑے کو پیچھے سے پھاڑ دیا۔
اَلْاَخَـــرَة : دیری۔ کہا جاتا ہے "جاء اَخَرة وبِاَخَرَة" وہ آخر میں آیا۔
اَلْآخِـــر : پچھلا۔ ج۔ آخِـــرُون : مؤنث اُخری ج اُخْرَیَات : کہا جاتا ہے "لا اَفْعَله آخِر الـدهر و اُخری اللَّیَالِیْ" یعنی میں اس کو کبھی نہیں کروں گا۔
اُخْرَیَاتُ الْجُنَیْنَة : باغ کا آخری حصہ۔
اَلْآخِـــرَة والْاُخْرَیٰ : دار البقا اور نسبت کے لئے اُخْرَوِیٌّ.
اَلْمُؤْخِر والْمُؤْخِرَةُ. ج مآخر و الْآخِرَة. مِنَ الْعَیْنِ : کنپٹی کی طرف آنکھ کا گوشہ۔
مُؤْخِرَةُ الرَّحْلِ ومُؤْخَرَتُه و آخِرَتُه : کجاوہ کا پچھلا حصہ۔
اَلْـمِئْخَارُ مِنَ النَّخْلِ : کھجور کا درخت جس کا

پھل جاڑے کے آخر تک باقی رہے۔ ج مَآخِیر.
مُؤخِرُ الشَّیْئِ : چیز کا پچھلا حصہ۔
اَخَا (ن) اُخُوَّۃً. ہٗ : بھائی یا دوست بننا۔
اَخّیٰ لِلدَّابَّۃِ : اخیہ : بنانا (دیکھئے لفظ آخِیہ)
اَخیٰ اِخَاءً و مُؤَاخَاۃً و اِخَاوَۃً. ہٗ : بھائی یا دوست بننا۔
تَـاَخّـی. ہٗ : بھائی بنانا۔ یا بھائی کہہ کے پکارنا۔ تَوَخّی : قصد کرنا۔
تَآخَیَا : باہم بھائی بھائی ہونا۔
اَلْاَخُ والاَخِ والاَخـو والْاَخـوُ : بھائی۔ ساتھی۔ دوست۔ تثنیہ۔ اَخَـوان ج اِخْوَۃٌ و اُخـوَۃ و اِخْوَانٌ و اُخْوَانٌ و اَخُون و آخاء: اور بقول بعض الاخوان اس اَخ کی جمع ہے جو دوستی کے لحاظ سے بھائی کے معنی میں ہے اور اَلاِخـوَۃُ اس اَخ کی جو نسبی بھائی کے معنی میں ہے اور نسبت کے لئے اَخَـوِیٌّ و اَخِیٌّ۔
اَلْاُخْتُ : بہن۔ ج اَخَوَاتٌ.
اَلْاَخِیَّۃُ والْآخِیَۃ : رسّی جس کے دونوں سرے زمین میں گاڑ دیتے ہیں اور اوپر کو حلقہ سا نکلا ہوا ہوتا ہے جس میں جانوروں کو باندھتے ہیں۔ ج اَوَاخِیّ و اَخَایَا و اَوَاخِ کہا جاتا ہے شَدَّ اللّٰہُ بَیْنَکُمَا اَوَاخِیَ الْاِخَاء : اللہ تعالیٰ تم دونوں کے درمیان بھائی بندی کے علاقہ کو مضبوط کرے۔
اَخِیُون : ناگ پھنی۔
اَدَّ (ض ن) اَدًّا. ہٗ الْـوَیْـلُ : مصیبت کا اچانک آنا۔ اَلْاَمْرُ : بھاری اور دشوار ہونا۔ الرَّجُلُ فِی الْاَرْضِ : سفر کرنا۔
تَـاَدَّدَ. اَلْاَمْرُ : سخت وہولناک ہونا۔ صفت اِدّید۔
اَلْاَدِیْدُ : شور۔
اَلْـاِدُّ وَالاِدَّۃ : سخت و دشوار کام۔ مصیبت ج اِدَاد و اِدَد.
اَدُبَ (ک) اَدَبًا : زیرک و دانش مند ہونا۔ صاحب ادب ہونا۔ صفت اَدِیب ج اُدَبَاءُ.
اَدَبَ (ض) اَدْبًا و آدَبَ اِیْدَابًا : دعوت کا کھانا تیار کرنا۔ اَدَبَـہٗ وَ آدَبَـہٗ دعوت میں بلانا۔ کہا جاتا ہے "اَدَبَهُـمْ عَلَی الْاَمْرِ" اس نے ان سب لوگوں کو کام پر جمع کر دیا۔
اَدَّبَ : مہذب بنانا۔ شائستہ بنانا۔ ادب سکھلانا۔ جرم پر سزا دینا۔
تَـاَدَّبَ : مہذب و شائستہ بننا۔ ادب سیکھنا۔ عَنْ فُلَانٍ : کسی کے اخلاق پر اٹھنا۔ بِہٖ : اقتدا کرنا۔
اِسْتَاْدَبَ : ادب سیکھنا۔
اَلْاَدَبُ : اخلاقی ملکہ جو ناشائستہ باتوں سے روکتا ہو۔ زیرکی۔ خوش طبعی۔ ج آداب : نیز آداب کا اطلاق ہر قسم کے علوم و معارف پر ہوتا ہے یا ان کے صرف دلچسپ حصے پر۔ کسی چیز یا کسی شخص کے مخصوص قوانین جیسے آداب مجلس۔ آداب درس وغیرہ، علم ادب۔ وہ علم جس کے ذریعہ بول چال اور تحریر کی غلطیوں سے محفوظ رہے۔
اَلْاُدْبَۃُ والْـمَاْدُبَۃ والْمَاْدَبَۃُ : کھانا جو دعوت کے لئے تیار کیا جائے۔ ج مَآدِب.
اَدِرَ (س) اَدَرًا. الـرَّجُلُ : آماس خصیہ والا ہونا۔ صفت آدَرُ.
اَلْاُدْرَۃ والْاَدَرَۃ : آماس خصیہ۔
اَلْاَدَاف : آلۂ تناسل۔ کان۔
اَدَلَ (ض) اَدْلاً. الـجُـرْحُ : کھرنڈ اترنا۔ اللَّبَنَ : بلونا۔ البَابَ : بند کرنا۔ (اقرب).
اَلْاِدْل : گردن کا درد۔ گاڑھا کھٹا دودھ۔
اَدَمَ (ض) اَدْمًـا. الـخُـبْـزَ : سالن لگانا۔ صفت مفعولی مَاْدُوْمٌ. اَدِیْمٌ.
...... وَ آدَمَ اِیْدَامًا. بَیْنَ مُتَخَاصِمَیْنِ : صلح کرنا۔ الفت و اتفاق پیدا کرنا۔
اَدَمَ (ن) اَدْمًـا. اَھْلِہٖ : اپنے لوگوں کے لئے نمونہ بننا۔
اَدِمَ (س) اَدَمًا و اَدُمَ (ک) اُدْمَۃً : گندم گوں ہونا۔
اِئْتَدَمَ : سالن سے روٹی کھانا۔
اَلْاِدَام : ہر موافق و مناسب چیز۔ سالن۔ ج آدَام و اُدُم.
اَلْاُدْم : ہر وہ چیز جس کو سالن بنایا جا سکے۔
اَلْاَدَمَۃ والْاَدَم : چمڑے کا ظاہری یا اندرونی حصہ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اِدَامُ قَـوْمِـہٖ و اَدَمُ بَـنِـیْ اَبِیْـہِ و اَدَمَۃُ قَوْمِہٖ" فلاں اپنی قوم کا سردار ہے۔
آدَم : سیدنا ابوالبشر آدم علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ و السلام کا اسم گرامی۔ افرادِ جنس پر بھی اس کا اطلاق کیا جاتا ہے۔ ج اَوَادِم : نسبت کے لئے آدَمِیٌّ.
الآدَم : گندم گوں۔ مؤنث اَدْمَاء ج اُدْم.
الْاَدَّام : چمڑے کی تجارت کرنے والا۔
اَلْاَدِیْمَ : پکایا ہوا چمڑا۔ اَدِیـمُ الـنَّـھَـارِ : دن کی روشنی۔ کہا جاتا ہے : "ظَـلَّ اَدِیْـمَ الـنَّـھَـارِ صَـائِـمًا" : وہ پورے دن روزہ سے رہا۔ اَدِیْمُ الـضُّـحٰی : چاشت کی ابتداء۔ اَدِیْمُ اللَّیْلِ : رات کی تاریکی۔ والاَدِیْـمُ مِنَ السَّمَاءِ اَوِ الْاَرْضِ : آسمان یا زمین کا ظاہری حصہ۔ ج اَدَم و اُدُم و آدِمَۃٌ و آدَامٌ.
اَلْاُدْمَۃ : قرابت۔ وسیلہ۔
اَدَا (ن) اُدُوًّا. الثَّمَرُ : پکنا۔ اللَّبَنُ : گاڑھا ہونا...... اَدَوْا. اللَّبَنَ : بلونا۔ الـرَّجُلَ : دھوکا و فریب دینا۔
تَـاَدّٰی و تَـاَدَّی : آلہ بنانا۔ تیاری کرنا۔ زمانہ کے حوادث کے دفعیہ کے لئے اسباب مہیا کرنا۔
اَلْاَدَاۃ : آلہ۔ ج اَدَوَات.
الاِدَوَاۃ : چمڑہ کا چھوٹا برتن۔ ج اَدَاوِیٰ.
اَدّٰی : (ض) اَدْیًـا و اَدّٰی تَـاْدِیَۃً. الشَّیْئَ : پہنچانا۔ ادا کرنا۔
آدَی اِیْدَاءً : تیاری کرنا۔ قوی ہونا۔ عَلَیْہِ : مدد کرنا۔
تَـاَدّٰی. لَـہٗ مِنْ حَقِّـہٖ : ادا کرنا۔ اِلَیْـہِ الْخَبَرُ : پہنچنا۔
اِسْتَادٰی. فُلَانًا الـمَالَ : لینا۔ عَلَیْہِ : مدد چاہنا۔ اَلْاَدَاء : ادائیگی۔ پہنچانا۔
اِذْ : زمانہ ماضی کے لئے ظرف ہے اور اس کے

بعد ہمیشہ جملہ واقع ہوتا ہے اور کبھی جملہ کو حذف کر دیتے ہیں اور اس کے عوض تنوین لاتے ہیں۔ جیسے "مَتٰی جَاءَ کُمُ الْمَوْتُ فَحِیْنَئِذٍ تَعْلَمُوْنَ" یہ اصل میں یوں ہے فَحِیْنَ اِذْ یَجِیْ تَعْلَمُوْنَ :اور کبھی مفاجاۃ کے لئے آتا ہے جیسے "بَیْنَمَا اَنَا جَالِسٌ اِذْ جَاءَ زَیْدٌ" اور کبھی لام تعلیل کے معنی میں استعمال کیا جاتا ہے جیسے "ضَرَبْتُ اِبْنِی اِذْ سَاءَ" میں نے اپنے بیٹے کو مارا اس وجہ سے کہ اس نے گستاخی کی تھی۔

اِذَا :زمانہ مستقبل کے لئے ظرف ہے اور معنی شرط کو متضمن ہوتا ہے جیسے "اِذَا اجْتَھَدْتَ نَجَحْتَ" جب تم کوشش کرو گے تو کامیاب ہو گے اور حرف مفاجاۃ بھی ہے جیسے "خَرَجْتُ فَاِذَا اَسَدٌ بِالْبَابِ" میں نکلا تو اچانک دروازہ پر شیر تھا۔

آذَار و اَذَار :ماہ مارچ۔ (رومی مہینے کا نام)

اِلْاَذَرْیُوْنُ :سورج مکھی۔

اِذْمَا :حرف شرط ہے بمعنی ان اور دو فعلوں کو جزم دیتا ہے جیسے اِذْ مَا تَقُمْ اَقُمْ۔

اِذَنْ و اِذًا :حرف جواب و جزا ہے۔ مثلاً تم سے کوئی کہے کہ "اَزُوْرُکَ غَدًا" تو اس کے جواب میں تم کہو گے "اِذَنْ اُکْرِمُکَ"۔

اَذِنَ (س) اَذَنًا۔ اِلَیْہِ وَ لَہٗ :کان لگانا۔ سننا۔ کہا جاتا ہے "حَدَّثْتُہٗ فَاَذِنَ لِی اَحْسَنَ الْاَذَنِ" : میں نے بات چیت کی تو اس نے اچھی طرح کان لگا کر بات سنی۔

...... اِذْنًا و اَذِیْنًا۔ لَہٗ فِی الشَّیْءِ :اجازت دینا۔ مباح کرنا...... اِذْنًا و اَذَنًا و اَذَانًا و اَذَانَۃً بِالشَّیْءِ :جاننا۔

اَذَنَہٗ (ن) اَذْنًا :کان پر مارنا۔ گوشمالی کرنا۔

اُذِنَ :کسی کے کان میں درد ہونا۔

آذَنَ اِیْذَانًا۔ فُلَانًا الْاَمْرَ وَبِالْاَمْرِ :جتلانا۔ آگاہ کرنا...... الرَّجُلَ :کان پر مارنا...... الْعُشْبُ :خشک ہونے لگنا......

وَ اَذَّنَ تَاْذِیْنًا۔ بِالصَّلٰوۃِ :اذان دینا۔

اَذَّنَ الْوَلَدَ :کان گرم کرنا۔

تَاَذَّنَ :قسم کھانا...... لَاَمْرَ :آگاہ کرنا۔ جتلانا۔ بِالشَّرِّ :ڈرانا۔ الْاَمِیْرُ فِی النَّاسِ :امیر کا اعلان کرنا اور دھمکانا۔

اِسْتَاْذَنَہٗ :اجازت طلب کرنا۔ عَلَیْہِ :اندر آنے کی اجازت مانگنا۔

اَلْاِذْنُ :اجازت علم کہا جاتا ہے "فَعَلَہٗ بِاِذْنِیْ" اس نے اس کو میری دانستگی میں کیا۔

اَلْاُذْنُ و الْاُذُنُ :کان (مؤنث) ج آذَانٌ : تصغیر اُذَیْنَۃٌ۔ آذَانُ الْفَارِ...... الْجَدْیِ و الْاَرْنَبِ و ...... الْفِیْلِ :مختلف حیوانات کے کان اُذُنُ الْکُوْزِ :ٹونٹی۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اُذُنٌ مِنَ الْاُذُنِ" :فلاں ہر ایک کی بات سن کر مان لیتا ہے اور یہ لفظ واحد ہی تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب میں استعمال ہوتا ہے جیسے "ھِیَ اُذُنٌ ھُمَا اُذُنٌ ھُمْ اُذُنٌ" اور کہا جاتا ہے "جَاءَ نَاشِرًا اُذُنَیْہِ" :وہ لالچ کرتا ہوا آیا و جَاءَ لَابِسًا اُذُنَیْہِ" وہ غافل ہو کر آیا۔

اَلْاِذْنَۃُ :خواہش۔

اَلْاَذَانُ :خبردار کرنا۔

اَلْآذَنُ و الْاُذَانِیُّ :بڑے کان والا۔

اَلْاَذِیْنُ و الْمُؤَذِّنُ :اذان دینے والا۔

اَلْاَذِیْنُ :سردار۔ لیڈر۔ کفیل۔

اَلْمِئْذَنَۃُ :اذان دینے کی جگہ۔ منارہ۔ ج مَآذِنُ۔

اَذِیَ (س) اَذًی و اَذَاۃً :تکلیف پانا۔ صفت آذٍ۔

آذَی اِیْذَاءً۔ الرَّجُلَ :تکلیف پہنچانا۔

تَاَذّٰی :تکلیف اٹھانا۔

اَلْاَذٰی و الْاَذِیَّۃُ و الْاَذَاۃُ :تکلیف۔ رنجش۔

اَلْاَذِیُّ :تکلیف زدہ۔

الْاَذِیُّ : سخت تکلیف پہنچانے والا۔ سخت تکلیف پانے والا۔

اَلْآذِیُّ :موج دریا۔ ج اَوَاذِیُّ۔

اَرِبَ (س) اَرَبًا :ماہر ہونا۔ صفت اَرِبٌ اَرِیْبٌ :مونث اَرِیْبَۃٌ۔ اَرِبَ بِالشَّیْءِ :مشاق ہونا۔ ماہر و دانا ہونا...... اِلَیْہِ :محتاج ہونا۔ الرَّجُلُ :کسی کے اعضاء کا گر جانا۔ عَلَیْہِ :قوی ہونا۔

اَرَبَ (ض) اَرْبًا۔ الْعُقْدَۃَ :مضبوط گرہ لگانا۔ الرَّجُلَ :عضو پر مارنا۔

اَرُبَ (ک) اَرَابَۃً و اِرْبًا :عقلمند و دانا ہونا صفت اَرِیْبٌ و اَرِبٌ۔

اَرَّبَ۔ الشَّیْءَ :مضبوط کرنا...... الشَّاۃَ : ٹکڑے ٹکڑے کاٹنا۔

آرَبَہٗ مُوَارَبَۃً :فریب دینا۔ دھوکا دینا۔ آرَبَ اِیْرَابًا۔ عَلَیْھِمْ :کامیاب ہونا۔

تَاَرَّبَ :بے تکلف زیرک بننا...... الْاَمْرُ :دشوار ہونا۔

اِسْتَارَبَ :مغالطہ دینا۔ دشمنی چھپاتے ہوئے مدارات کرنا۔ قرض لینا۔

اَلْاَرَبُ :حاجت، ضرورت، انتہاء۔ ج آرَابٌ۔

اَلْاِرْبُ :عضو۔ کہا جاتا ہے "قَطَعْتُ الذَّبِیْحَۃَ اِرْبًا اِرْبًا" :یعنی میں نے ذبیحہ کے عضو عضو کو کاٹا۔ ضرورت۔ ج آرَابٌ۔

...... وَ الْاِرْبَۃُ :چالاکی، حیلہ۔

اَلْاُرْبُ :انگشت شہادت اور بیچ کی انگلی کے درمیان کا فاصلہ۔

اَلْاُرْبُ :چالاکی۔ پیدائش کے وقت کے گائے بکری کے بچے۔

اَلْاُرْبَۃُ :گرہ۔ کتے کے گلے کا پٹہ۔ ج اُرَبٌ۔

اَلْاُرْبِیَّۃُ :ران کی جڑ۔

اَلْاُرْبِیَانُ :جھینگا مچھلی۔

الْمَاْرَبُ و الْمَاْرُبَۃُ بتثلیث راء مَاْرَبَۃٌ : حاجت ج مَآرِبُ۔

اَلْاُرْثَۃُ :گرگٹ کے سر کے بال۔

اِرْثٌ :دیکھئے مادۂ ورث۔

اَرَّثَ :بھڑکانا۔ بَیْنَھُمْ :فساد کی آگ بھڑکانا۔ تَاَرَّثَتْ :النَّارُ :بھڑکنا۔

اَلْاُرْثَۃُ و الْاِرَاثُ :ایندھن۔

اَلْاِرَاثُ و الْاِرَاثُ و الْاَرِیْثُ :آگ۔

اَرِجَ (س) اَرَجًا و اَرِیْجًا و تَاَرَّجَ :خوشبو دینا۔ مہکنا۔ صفت اَرِجٌ۔ اَرِجَ النَّاسُ : رونے میں آواز بلند کرنا۔

اَرَجَ (ض) اَرْجًا۔ اَلْحَقَّ بِالْبَاطِلِ :حق میں

باطل کی آمیزش کرنا۔

اَرَجَ۔ القومَ و بینهم: اُکسانا۔ ایک کو دوسرے کے خلاف بھڑکانا۔ صفت اَرَّاجٌ ...... النّارَ: روشن کرنا۔

الاَرَّاجُ: بڑا جھوٹا۔

المُؤَرِّجُ: شیر۔

الاُرْجُوَانُ: ایک پھولدار درخت کا نام۔ سرخ رنگ۔ سرخ رنگ کے کپڑے۔

اَرَّخَ تاریخاً و آرَخَ مُوَارَخَةً۔ الکِتَابَ: تاریخ نکالنا۔

التَّارِیْخُ: وقت کا بیان۔ تاریخُ الشَّیْءِ: کسی چیز کے واقع ہونے کا وقت ج تَوَارِیْخ۔

عِلْمُ التَّارِیْخِ: ایسا علم جس میں حوادث و واقعات مع تاریخ کے بیان کئے جائیں۔

الاَرْخُ: بیل۔ ج اُرُوْخ۔

الاِرْخُ: نیل گائے۔ واحد ارخة۔ اَرَاخٌ و اِرَاخٌ۔

الاُرْخِیَّةُ: پہاڑی بکری کا بچہ۔

الاَرْدَبُّ: ایک بڑا پیمانہ جس میں چوبیس (۲۴) صاع غلہ آتا ہے۔

اَرَّ (ن) اَرًّا۔ الدَّابَّةَ: جانور کو ہانکنا۔ دھتکارنا۔ دور کرنا۔ المَرْأَةَ: عورت سے جماع کرنا...... النَّارَ: آگ سلگانا۔ السلحَ: پاخانہ کرنا۔

اَرَّ (ف) اَرِیْرًا۔ المَاجِنُ: جوئے میں غلبہ کے وقت ارے رے کہنا۔

الاِرَّةُ: آگ۔

اَرَزَ (ن ض فـ) اَرْزًا و اُرُوْزًا: سمٹنا سکڑنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَأْرِزُ اِلٰی وَطَنِهٖ" فلاں ہر پھر کے اپنے وطن ہی کی طرف آتا ہے۔

اللَّیْلُ: ٹھنڈی ہونا۔ صفت اَرِیْزٌ و آرِزٌ و آرُوزٌ اور کہتے ہیں "بِتْنَا لَیْلَةً آرِزَةً یَأْرِزُ فِیْهَا لِشِدَّةِ بَرْدِهَا" ہم نے ایسی ٹھنڈی رات گذاری جس میں ہر شخص سردی کی شدت کی وجہ سے سکڑا جا رہا تھا۔" و اَرَزَتْ اَصَابِعُهُ مِنَ الْبَرْدِ" اس کی انگلیاں سردی کی وجہ سے سکڑ گئیں" وَشَجَرَةٌ آرِزَةٌ" وہ درخت جو جڑ پکڑے۔

اَرِیْزُ۔ القَوْمِ: قوم کا سردار۔

الاُرْزُ: صنوبر کا درخت۔

الاَرُزُّ و الآرُزُّ و الاُرُزُّ و الرُّزُّ: چاول۔ دھان۔

الاَرُوْزُ: بخیل

اَرَسَ (ض) اَرْسًا و اَرِسَ: کاشتکار ہونا۔

الاَرِیْسُ: کاشتکار۔ ج اَرِیْسُوْنَ۔

الاِرِّیْسُ: کاشتکار/بڑا کاشتکار ج اَرَارِسَةٌ و ارادِیس و اَرَارِس۔

الاِرْسُ: پاکیزہ نسب۔

اَرَشَ (ن) اَرْشًا۔ ہ بھڑکانا۔ دیت دینا۔

اَرَّشَ۔ بَیْنَهُمْ: فساد ڈالنا۔ ایک کو دوسرے کے خلاف اُکسانا۔ الحَرْبَ اَوِ النَّارَ: بھڑکانا۔

الاَرْشُ: دیت۔ رشوت۔ ج اُرُوْش

اَرُضَ (ن) اَرْضًا و اَرُضَ (ک) اَرَاضَةً۔ المَکَانُ: سرسبز اور خوش منظر ہونا۔ صفت اَرِیْضٌ۔

اَرِضَتْ (س) اَرَضًا و اُرِضَتْ۔ الخَشَبَةُ: دیمک خوردہ ہونا۔

اَرَّضَ۔ الکَلَامَ وَغَیْرَهٗ: آراستہ کرنا۔ تیار کرنا۔

تَاَرَّضَ۔ بِالمَکَانِ: اقامت کرنا۔ زمین میں جم کے رہنا...... لَکَذَا: درپے ہونا۔

اِسْتَارَضَ۔ السَّحَابُ: زمین سے قریب فضا میں پھیل جانا۔

الاَرْضُ: زمین۔ ج اَرْضُوْنَ و اُرُوْض و اراضی و آراض: زکام۔ جوڑی بخار۔ کہا جاتا ہے "اَتَانَا ابْنُ اَرْضٍ" ہمارے پاس غیر معروف النسب مسافر آیا" اَرْضُ النَّعْلِ" جوتہ کی تلی۔

الاَرَضَةُ: ایک قسم کا کیڑا جو لکڑی کھاتا ہے ...... دیمک۔ ج اَرَضٌ۔

المَاْرُوْضُ: دیمک کھائی ہوئی لکڑی۔

الاَرْضِیُّ شَوْکِیٌّ: زمین پر پھیلنے والا ایک خاردار پودا۔

الاَرْطٰی: ایک درخت جس کا پھل عناب کی مانند سرخ ہوتا ہے۔

الاَرْغُنُ و الاَرْغَنُوْنُ: آرگن۔ ایک قسم کا باجہ

اَرَّفَ تَاْرِیْفًا: حدبندی کرنا۔ الحَبْلَ: گرہ لگانا

اُرِّفَ۔ عَلَی الاَرْضِ: محدود کیا جانا۔

الاُرْفَةُ: دو زمینوں کے درمیان حد فاصل علامت گرہ ج اُرَف۔

الاُرْفِیُّ: زمین کی پیمائش کرنے والا۔ خالص دودھ۔ کہا جاتا ہے " ھو مُوَارِفِیْ" یعنی اس کے مکان کی حد میرے مکان کی حد کے متصل ہے۔

اَرِقَ (س) اَرَقًا و ائْتَرَقَ: رات میں نیند نہ آنا۔ صفت اَرِقٌ و آرِقٌ و اَرِقٌ و اُرُقٌ: آخر کا کلمہ اس شخص کے لئے جس کی عادت ہی بے خوابی کی ہو۔

اَرَّقَهٗ تَاْرِیْقًا و آرَقَهٗ اِیْرَاقًا: بیدار رکھنا۔

الیَرَقَانُ و الاَرَقَانُ و الاِرْقَانُ الاِرَقَانُ و الاَرْقَانُ و الاُرَاقُ: یرقان۔ بیماری جس میں آدمی کا رنگ سیاہ یا زرد ہو جاتا ہے اور یہ عارضہ کھیت کو بھی ہو جاتا ہے۔

اَرَکَ (ن ض) اُرُوْکًا۔ الجَمَلُ: پیلو کے پتے کھانا۔

اَرِکَ (س) اَرَکًا و اُرِکَ۔ الجَمَلُ: پیلو کے پتے کھانے سے پیٹ میں درد ہونا۔

اَرَکَ و اَرِکَ الجُرْحُ: زخم کا اچھا ہو جانا۔

الاَرَاکُ: درخت پیلو۔ واحد اَرَاکَةٌ۔ ج اُرُکٌ و ارائِک۔

الاَرِیْکَةُ: آراستہ و مزین تخت۔ ج اَرَائِکُ و اَرِیْکٌ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ کَرِیْمُ المَارُوْکِ" وہ کریم الاصل ہے۔ اَرِیْکَةٌ: زخم کا کچا ہونا۔

الاَرْزَلَةُ: وہ چمڑا جس کو ختنہ کے وقت کاٹتے ہیں۔

اَرَمَ (ض) اَرْمًا۔ مَا عَلَی المَائِدَةِ: سب کچھ چٹ کر جانا...... الاَرْضَ: زمین میں جڑ و شاخ کچھ باقی نہ چھوڑنا۔ صفت مفعولی اَرْمَاء و مَارُوْمَةٌ ...... الشَّیْءَ: جڑ سے ختم کر

دینا....الرَّجُلَ: نرم مزاج بنانا۔الحَبلَ: مضبوط بٹنا۔
الاُرَّم: داڑھیں۔کہا جاتا ہے یَحرِقُ عَلَیہِ الاُرَّم: وہ اس کے اوپر غصہ کی وجہ سے دانت پیستا ہے۔ پتھر۔ انگلیوں کے کنارے۔کنکریاں۔
اَلاِرَم والاَرِم: میدان میں رہنمائی کیلئے نصب کئے ہوئے پتھر۔کہا جاتا ہے"مَا بِهَا اِرَم اَو اَرِم" اس میں کوئی نہیں۔ اس کا استعمال ہمیشہ نفی میں ہوتا ہے۔ ج آرام و اُروم۔
اَلاَرُومَة والاُرُومة والاَرُوم: درخت کی جڑ۔ ج اُرُوم اور حسب کے لئے استعارہ استعمال کیا جاتا ہے۔کہا جاتا ہے"نَفسٌ ذَاتُ اَكرُومَةٍ مِن اطيب اَرُومة"یعنی کریم النفس وکریم الاصل۔
اَلاُرمَة: نشانِ راہ۔ج اُرَم۔
اَرِنَ(س)اَرَنًا و اَرِينًا و اِرَانًا. البَعيرُ: نشاط میں آنا۔صفت اَرِنٌ و اُرُونٌ۔
اَرَنَه(ن)اَرنًا: دانت سے کاٹنا۔
آرَنَهُ مُوَارَنَةً واِرَانًا: مفاخرت کرنا۔
اَلاِرَان: تابوت۔ج اُرُن. اَلاِرَان: تلوار۔
اَلاِرَان والمِئرَان: وحشی جانوروں کے رہنے کی جگہ۔ج مَآرِين۔
شَاةُ اِرَانٍ: جنگلی بیل۔
اَلاُرنَة: تر پنیر اور بقول بعض ایک دانہ کا نام ہے جس کو دودھ میں پنیر بنانے کے لئے ڈالتے ہیں۔
اَلاُرنَى والاُرَانَى والاَرنَى: ایک قسم کا دانہ جو دودھ کو پنیر بنا دیتا ہے۔
اَلاَرُونُ: زہر اور بقول بعض ہاتھی کا بھیجا۔
اَلاُروِيَّة. والاِروِيَة: پہاڑی بکرا (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے مستعمل ہے)۔ج اَرَاوِيُّ و اَرَاوٍ و اُرْوَى۔
اَرَى(ض)اَرْيًا. النَّحلُ: شہد بنانا۔
اَرِيَ(س) اَرْيًا. صَدرُهُ عَلَيَّ: غضبناک ہونا۔

اَرَّى. الدَّابَّةَ: جانور کے لئے تھان بنانا۔ ...... النَّارَ: سلگانا۔بھڑکانا۔
تَاَرَّى. بِالمَكَانِ: اقامت کرنا......عَنهُ: پیچھے رہ جانا۔
الاَرْيُ: شہد کھانا جو دیگ کی تلی میں جل کر چپک جائے۔
الآرِيَّة: جانور کا تھان۔
الاِزَة: کوہان کی چربی۔
اَزَّتْ(ن ض)اَزًّا و اَزَازًا و اَزِيزًا. القِدرُ: جوش مارنا۔سنسنانا......القِدرَ وَبِهَا: جوش دینے کے لئے آگ جلانا۔اَزَّ عَلَى كَذَا: بھڑکانا برانگیختہ کرنا۔الشَّيءَ: جمع کرنا۔
تَاَزَّزَ. المَجلِسُ: اہل مجلس کا مضطرب ہونا۔ اسم الاَزَّة ہے۔
الاَزُّ: پھوڑے وغیرہ کا درد۔
الاَزِيزُ: بادل گرج۔دیگ کی سنسناہٹ۔ سردی۔
اَزَبَ(ض ن)اَزْبًا. الماءُ: جاری ہونا۔
الاِزْبُ: لئیم۔پست قد۔چالاک۔
اَلاَزَب والاَزْيَب: لمبا۔
اَلمِئزَابُ: پرنالہ۔بدرو۔پانی بہنے کی جگہ۔ ناہدان۔ج مَآزِيب۔
الاَزْبَة: شدت وقحط۔
اَزَجَ(ض) اُزُوْجًا. فِي مَشيهِ: تیز چلنا۔
اَزِجَ(س) اَزَجًا. العُشبُ: گھاس کا طویل ہونا۔
اَزَجَ(ن) اَزْجًا. عَنِّي: مدد طلب کرنے کے وقت کاہلی کرنا۔
اَزَّجَ. البَيتَ: لمبا بنانا۔
اَلاَزَج: لمبا مکان۔ ج آزُجٌ و آزَاجٌ و اِزَجَة۔
اَلاَزِج: ناز وانداز سے چلنے والا۔
فَرَسٌ اَزُوجٌ: تیز رفتار گھوڑا۔
اَزَحَ(ض)اُزُوحًا و تَاَزَّحَ: دیر لگانا اور پیچھے رہ جانا۔صفت اَزُوح. اَزَحَتْ قَدَمُهُ: پھسلنا۔
اَلاَزدَرَخت والآزادرَخت: ایک درخت کا نام ہے۔
اَلآزَاذ: ایک قسم کی کھجور۔
اَزَرَ(ض)اَزْرًا. بِالشَّيءِ: احاطہ کرنا۔النَّبَاتُ: گھنا جانا۔
وَآزَرَ. فُلَانًا: قوی کرنا۔اَزْرَهُ: ڈھانپنا۔
آزَرَهُ مُوَازَرَةً: مدد دینا۔غم خواری کرنا۔
تَاَزَّرَ واتَّزَرَ وائتَزَرَ: ازار پہننا۔تہ بند باندھنا۔
اَلاَزْر: قوت۔پیٹھ کہا جاتا ہے"شَدَّ بِهِ اَزْرَهُ" اس کو اس کے ذریعہ قوت حاصل ہوئی اور اسی سے قرآن میں ہے"اُشْدُدْ بِهِ اَزْرِیْ" یعنی اس کے ذریعے مجھے قوت دے۔
اَلاِزر: جڑ۔تہبند۔
اَلمَازر: تہ بند باندھنے کی جگہ۔
اَلاِزرَة: تہ بند باندھنے کی ہیئت۔کہا جاتا ہے "لِكُلِّ قَومٍ اِزْرَةٌ يَاتَزِرُونَهَا" یعنی ہر ملکے و ہر رسے۔
اَلاِزَار: ہر وہ چیز جو تم کو چھپا لے۔چادر۔ پاکدامنی۔تہبند۔پشتہ دیوار۔ج آزِرَة و اُزُر۔
اَلاِزَارَة: تہبند۔
اَلمِئزَر والمِئزَرَة: تہبند۔ج مَآزِر: کہا جاتا ہے"شَدَّ لِلاَمرِ مِئزَرَه" جب کہ مستعدی ظاہر کرے۔"نَصرٌ مُؤَزَّرٌ" پوری مدد۔
اَزِفَ(س)اَزَفًا و اُزُوفًا: قریب ہونا۔
الرَّجُلُ: جلدی کرنا۔الجُرحُ: زخم بھر جانا۔
آزَفَهُ اِيزَافًا: جلدی کرانا۔
تَاَزَّفَ. الرَّجُلُ: پست قد ہونا۔بد خلق ہونا۔
تَآزَفَ: قریب قریب قدم رکھنا......القَومُ: بعض کا بعض سے قریب ہونا۔
اَلاَزَف: تنگی و بدحالی اور اسی سے ہے۔"فِي عَيشِهِ اَزَفٌ" اس کی زندگی تنگ ہے۔
اَلآزِفَة: قیامت کا دن۔
اَلاَزَفَى: تیز قدمی وچستی "يَمشِي الاَزَفَى" وہ تیز چلتا ہے۔
اَزَقَ: (ن ض)اَزْقًا و آزِقَ: (س)اَزَقًا

وتازق: تنگ ہونا۔
اَلْمَازِقَةُ: پاکخانہ۔ ج مَآزِق۔
اَلْـمَـزْاوَةُ وَالْـمُـتَـآزِفَةُ: چھوٹا توشہ دان۔ مَـكَـانٌ مُتَأَزِّقٌ: تنگ جگہ۔ رَجُلٌ مُتَأَزِّقٌ: پست قد مرد۔
الْمُتَأَزِّف: تنگ دل وبدخومرد۔
أَزَقَ (ن ض) أَزْقًا و آزِقَ (س) أَزَقًا و تَأَزَّقَ: تنگ ہونا۔
اَلْـمَـازِق: تنگ جگہ۔ مرادی معنی کے طور پر میدان جنگ کو بھی کہا جاتا ہے۔ ج مَآزِق۔
الأَزُون: (علم کیمیا) ایک قسم کی گیس جو تین آکسیجن سے بنتی ہے۔ اس کی علامت O^3 ہے۔
أَزَلَ (ض) أَزْلًا و تَـأَزَّلَ: تنگی وسختی میں پڑنا۔ صفت أَزِلٌ۔ أَزْلَةٌ: روکنا۔ باز رکھنا۔
الْأَزْل: بلاومصیبت۔ جھوٹ۔
الْأَزَل: ہمیشگی۔ وہ زمانہ جس کے لئے ابتداء نہ ہو۔
الْأَزَلِـيُّ: قدیمی۔ وہ ذات جس کے وجود کی ابتداء نہ ہو۔
المَازِل: تنگ جگہ۔
أَزَمَهُ (ض) أَزْمًا و أُزُومًا: دانت سے کاٹنا۔
الْحَبْلَ: رسی کو مضبوط بٹنا...... الـدَّهْرُ عَلَيْهِ: سخت ہونا۔ بِصَاحِبِهِ: ہمیشہ ساتھ رہنا۔
عَنِ الشَّیْءِ: رکنا۔ عَـلَـيْـهِ ......: محافظت کرنا۔ اَلْبَابَ: دروازہ بند کرنا۔
تَـأَزَّمَ الْـقَـوْمُ: تنگی اور قحط سالی لاحق ہونا۔ زمانہ کی سختی سے دردمند ہونا۔
الآزِمُ والآزِمَةُ والأَزُوْم: کچلی۔ نوکدار دانت ج أُزَّم و أَوَازِم و أُزُم۔ الآزِم: پرہیز کرنے والا۔
الأَزْم: پرہیز۔ کہتے ہیں" اَصْـلُ كُـلِّ دَوَاءٍ الأَزْمُ: ہر دوا کی جڑ پرہیز ہے۔ الأَزْم: قوت۔
الازمة والأَزْمَة: سختی وتنگی۔ قحط۔ ج إِزَم و أَزْم وأَزَمَـات و أَوَازِم۔ الأَزْمَة: دن میں ایک ہی مرتبہ کھانا۔

الْمَأْزِم: تنگ جگہ۔ میدان جنگ۔ ج مَآزِم۔
الأَزُوْمَة: سخت قحط کا سال۔
آزَى مُـوَازَاةً. الـرَّجُلَ: ایک دوسرے کے مقابل اور قریب ہونا۔
تَآزَى تَآزِيًا. الْقَوْمُ: باہم قریب ہونا۔
تَآزَى. عَنْهُ: مڑنا۔
إِزَاءَ: مقابل۔ سامنے۔ کہا جاتا ہے" جَلَـسَ إِزَاءَهُ وَ بِإِزَائِهِ: وہ اس کے مقابل بیٹھا۔ إِزَاءُ الْأَمْرِ: کام کا منتظم اور کہا جاتا ہے" هُمْ إِزَاؤُهُمْ" وہ لوگ ان کے مماثل ہیں۔
أَسَّ (ن) أَسًّا. الدَّارَ: بنیاد رکھنا۔
...... بَيْنَ النَّاسِ: فساد پھیلانا۔
أَسَّسَ. الْبَيْتَ: بنیاد رکھنا۔
الأَسّ والإِسّ والأُسّ: ج اَسَاس والاسَاس والأَسَس ج أُسُس و آسَاس: بنیاد۔ کسی چیز کی ابتداء۔ الأُسّ: چولہے میں تھوڑی راکھ۔
الأَسَّاس: چغل خور۔
أَسَـاس: (کیمسٹری) کا ایک قاعدہ جس کی جذر O.H کے تحت نمکین پودے سے پانی اور نمک الگ کیا جاتا ہے۔
إِسْبِيْدَاج وإِسْفِيْدَاج: سفیدہ کاشغری۔
مُـؤَسَّسَةٌ: کارپوریشن' ادارہ' کارخانہ' ایجنسی' انسٹی ٹیوشن' فرم کہا جاتا ہے مُؤَسَّسَةٌ عِـلْـمِيَّةٌ: علمی ادارہ مُـؤَسَّسَةٌ صَنَاعِيَّةٌ: کارخانہ۔
الإِسْت: جڑ۔ بنیاد۔ سرین۔
الاست: اصل بنیاد' سرین۔
إِسْبَانَخ: (نبات) ایک مزیدار سبزی۔
إِسْبِيْدَاج یا إِسْفِيْدَاج: سفید چہرے۔
الأَسْبِيْرِيْن: ایک دوائی جو کہ سر درد اور بخار کے لئے استعمال کرائی جاتی ہے۔ اُردو میں اسپرین کے نام سے مشہور ہے۔
الأَسْـب: زانو کے بال۔ اندام نہانی کے بال۔ دُبر کے بال۔ ج آسَاب۔
إِسْبَانَا خ و إِسْفَانَا خ: پالک۔
إِسْبِيْدَاج و إِسْفِيْدَاج: سفید کاشغری۔

الإِسْت: جڑ۔ بنیاد۔ سرین۔
الأُسْتَاذ: معلم۔ مدبر۔ عالم۔ ج أَسَاتِذَة و أَسَاتِيْذ۔ اور تاجروں کی اصطلاح میں حسابات کا جنرل رجسٹر۔
الأَسْتَار: فِي الْعَدَدِ: چار...... فِي الْوَزْنِ: ساڑھے چار مثقال۔ ج أَسَاتِير۔ (جدید)
الإِسْتَبْرَق: موٹا ریشمی کپڑا۔ ریشم اور سونے کے تاروں کا بنا ہوا کپڑا۔
الإِسْتِرَاتِيْجِيَّة: یونانی لفظ ہے اور فوجی کے اگلے دستے میں لشکر کو چلانے کا ایک خاص آرٹ ہے۔
الإِسْتِبْخَارَة: مشرقی بادشاہی' کاہنوں کا مخصوص لباس۔
إِسْتِيْدِيُو یا أُسْتُودِيُو: فلموں کے بنانے کا یا تصاویر اتارنے کا مقام۔ (اسٹوڈیو)
الإِسْتِيْلِيْن: ایک بے رنگ اور بے بو گیس خطرناک قسم کی ہے۔ قدرتی ذخائر کے کھوج میں بے حد کام آتی ہے۔
أَسَدَ (ض) أَسْدًا و أَسَدًا و أَسَدَ إِيْسَادًا الْكَلْبَ بِالصَّيْدِ: اُکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔
أَسَدَ بَيْنَ الْقَوْمِ: فساد انگیزی کرنا۔
أَسِـدَ (س) أَسَـدًا: شیر کو دیکھ کر دہشت کھانا۔ اخلاق میں شیر کی طرح ہونا...... عَلَيْهِ: جرأت کرنا۔
تَأَسَّدَ و إِسْتَأْسَدَ: شیر کی مانند ہونا۔
...... عَلَيْهِ: جرأت کرنا۔ وَاسْتَأْسَدَ النَّبْتُ: انتہائی لمبا ہونا۔
الأَسَدُ: شیر۔ نر و مادہ دونوں کے لئے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے۔" هُـوَ الأَسَـدُ. هِـيَ الأَسَدُ" ج أُسُـد و أُسُوْد و أُسْـد و آسُد و آسَاد: جنگل کے شیر اور شیرنی کو لَبُوَة کہتے ہیں۔
دَاءُ الأَسَـدِ: کوڑھ۔
الْمَأْسَدَة: شیر کے رہنے کی جگہ یا وہ جگہ جہاں شیر بہت ہوں۔ ج مَآسِد۔
الأَسَادَة: تکیہ۔
أَسَرَهُ (ض) أَسْـرًا وإِسَارَةً: تسمے سے

باندھنا۔
اَسَرَہٗ اَسْرًا و اِسَارًا واستاسرہٗ: قید کرنا۔
تَاسَّر: عَلَیْہِ......: دیر لگانا۔
اِسْتَاسَرَ: قیدی بننے کے لئے اپنے آپ کو حوالہ کرنا۔
الْاَسْر: کہا جاتا ہے "ھٰذَا لَکَ بِاَسْرِہٖ" یہ کل تمہارے لئے ہے۔
الْاُسَار: تسمۂ پالان۔
الْاُسْر: پیشاب کا رکنا۔
الْاُسْرَۃ: خاندان۔ مضبوط زرہ۔ ج اُسَر۔
الْاَسِیْر: قیدی۔ ج اَسْرٰی و اُسَرَاء و اُسَارٰی و اَسَارٰی۔
مَاسُوْرَۃ: ج مواسیر ہر پوری والا گول چاہے کانا ہو یا لوہا یا سیسہ ہو۔
الْاَسْرُب والْاَسْرُوْب والْاُسْرُب: سیسہ۔
الْاِسْطَبْل: اصطبل ج اِسْطَبْلَات
الْاِسْطَاطِیْقِی: علم الجمال وہ علم جس میں خوبصورتی کے بارے میں عموماً بحث کرے یا اس شعور کے بارے میں بحث ہو جو جمال دلوں میں ابھارے۔ (یونانی لفظ ہے)۔
اِسْطَرالْقِیْن: ایک پودا جس کے پھول سفید یا گلابی یا تیجی ہوتے ہیں۔
الْاِسْطِرُ الْغَالِس: ایک درخت جس سے گوند پیدا ہوتی ہے اور طب میں بطور دوا استعمال کی جاتی ہے۔
الْاَسْر: شیشہ۔
الْاَسْرَاب والْاَسْرُوْب والْاُسْرُب: سیسہ
الْاُسْطُبْل: اصطبل۔ ج اِسْطَبْلَات۔
الْاُسْطُرْلَاب: ایک قسم کا آلہ جس سے نجومی ستاروں کی بلندی کا اندازہ کرتے ہیں۔
الْاَسْطُقِس والْاِسْطَقِس: اصل وعنصر مادہ۔ ج اسطقسات: قدماء فلاسفہ کے نزدیک عناصر اربعہ کو کہتے ہیں۔
الْاُسْطُوْرَۃ: قصہ۔ کہانی۔ ج اَسَاطِیر۔
الْاُسْطُول: جنگی جہازوں کا بیڑہ۔ ج اَسَاطِیل۔
الْاُسْطُوَانَۃ: ستون۔ کھمبا۔ جانور کی ٹانگ۔

ج اَسَاطِیْن: کہا جاتا ہے "ھُمْ اَسَاطِیْنُ الزَّمَانِ" وہ لوگ زمانے کے حکماء اور مخصوص افراد ہیں۔
اَسِفَ (س) اَسَفًا۔ عَلَیْہِ: غمگین ہونا۔ افسوس کرنا۔ صفت۔ آسِف۔
آسَفَہٗ اِیْسَافًا: غضبناک کرنا۔ غمگین کرنا۔
تَاَسَّفَ: افسوس کرنا۔ تَاَسَّفَتْ یَدُہٗ: پھٹ جانا۔ کہتے ہیں "یَااَسَفِیْ وَیَا اَسَفَا عَلٰی کَذَا" مجھے اس پر کس قدر افسوس ہے۔
الْاَسُوْف: جلدی غمگین ہونے والا۔ نرم دل۔
الْاَسِیْف: غمگین۔ وہ شخص جو موٹا نہ ہوتا ہو۔ ج اُسَفَاءُ مؤنث اَسِیْفَۃ۔ الْاَسِیْفُ: قیدی۔ حدیث میں ہے "لَا تَقْتُلُوْا عَسِیْفًا وَلَا اَسِیْفًا" مزدور اور قیدی کو قتل مت کرو۔
اَرْضٌ اَسِیْفَۃٌ و اَسَافَۃٌ: وہ زمین جس میں اچھی طرح پیداوار نہ ہو۔
الْاَسَافَۃ: افسوس۔ زمین کی نرمی۔
الْاَسِیْفَۃ: باندی۔
الْاِسْفَنْج: اسپنج۔ واحد اِسْفَنْجَۃ۔
الْاِسْفَنْد: سفید رائی۔ اسپند۔
الْاِسْقَنْقُوْر والسَّقَنْقُوْر: ایک قسم کا دریائی جانور ہے جو گرم ممالک میں ہوتا ہے اور سے بڑا اور موٹا ہوتا ہے اور دم چھوٹی ہوتی ہے۔
اسقمری: سمندری لمبی مچھلی جس کا گوشت لذیذ ہوتا ہے۔
الْاِسْکَلَۃ: بحر روم کی ہر بندرگاہ۔ ج اَسَاکِل۔
اَسُلَ (ک) اَسَالَۃً و اَسِلَ (س) اَسَلًا: نرم ہموار لمبا و ملائم ہونا۔ صفت اَسِیْل: مؤنث اَسِیْلَۃ۔
اَسَّلَ۔ الرُّمْحَ: تیز کرنا۔ انی کی مانند بنانا۔
تَاَسَّلَ۔ ہٗ: اخلاق وعادات میں مشابہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ عَلٰی آسَالٍ مِنْ اَبِیْہِ" وہ اپنے باپ کے مشابہ ہے۔ آسَال: کا مفرد نہیں آتا۔
الْاَسَل: پتلی اور لمبی شاخوں والی ایک قسم کی نباتات واحد اَسَلَۃ: تیزی ہر تیز اور پتلی

تلوار اور چھری۔
الْاَسَلَۃ: زبان کی نوک۔ ذراع کا باریک حصہ۔
الْاِسْم: دیکھئے مادہ س م و۔
اُسَامَۃ: شیر کا علم جنس۔
اَسَنَ (ن ض) اَسْنًا و اُسُوْنًا و اَسِنَ (س) اَسَنًا و تَاَسَّنَ۔ الْمَاءُ: متغیر ہونا۔ بدبو دار ہونا۔ صفت اسن۔ تَاَسَّنَ وُدُّہٗ: بدل جانا۔ تَاَسَّنَ اَبَاہُ: باپ کے اخلاق اختیار کرنا۔
اَسِنَ (س) اَسَنًا۔ الرَّجُلُ: سڑے ہوئے پانی والے کنوئیں میں داخل ہونے سے بے ہوش ہونا یا سر چکرانا۔ صفت اسِن۔
الْاُسْن: چوبی کا بقیہ۔ ج آسان۔ الاسان: آثار قدیمہ۔ آسَانُ الثِّیَابِ: کپڑے کے بوسیدہ اور پھٹے ہوئے حصے۔
الْاِسْن: رسی کی لڑی۔ ج اُسُوْن۔
اَسَا (ن) اَسْوًا و اَسًا۔ الْجُرْحَ: علاج کرنا۔ ...... الرَّجُلَ: تسلی دینا۔ صفت مفعولی اَسِیّ۔
وَمَا سُوِّ ...... بَیْنَھُمْ: صلح کرانا۔ ہٗ بِفُلَانٍ: کسی کو کسی کے لئے نمونہ قرار دینا۔
اَسّٰی تَاسِیَۃً الرَّجُلَ: علاج کرنا۔ تسلی دینا۔ مدد کرنا۔
آسٰی مُوَاسَاۃً۔ الرَّجُلَ فِیْ مَالِہٖ: مالی ہمدردی کرنا۔ آسَیْتُہٗ۔ بِنَفْسِی: اپنے برابر سمجھنا۔
تَاَسّٰی: صبر کرنا۔ تسلی پانا۔ ..... وائتسی۔ بہٖ: اقتداء کرنا۔ پیروی کرنا۔
تَآسٰی۔ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو تسلی دینا۔
الْاُسْوَۃ والْاِسْوَۃ: اقتداء۔ نمونہ وہ چیز جس سے تسلی حاصل ہو۔ ج اُسًی و اِسًی۔
الْاَسَاء: دوا۔ ج آسِیَۃ۔
الْاَسُوْ: دوا۔
الْآسِی: معالج۔ طبیب۔ ج اُسَاۃ و اِسَاء: مؤنث آسِیَۃ: ج آسِیَات و اَوَاسٍ۔
الْاَسْوَان: غمگین۔
التَّاسِّی: تسلی دینا۔

اَلْاَمَا: صبر۔
اَسِی (ض) اَسْیًا. لَہُ مِنَ الشَّیْءِ: کسی کے لئے باقی چھوڑنا۔
اَسِیَ (س) اَسیً: غمگین ہونا۔ صفت آسِی و اَسْیَان ج اَسْیَانُون: مؤنث آسِیَۃ: اَسْیَانَۃ ج اَسْیَانَاتٌ و آسِیَات و اَسَایَا۔
اَلْمَأْسَاۃُ: تکلیف دہ حادثہ جو غمگین کردے۔ ایسا خوفناک ایکٹ (ڈرامہ) جو لوگوں کو سراسیمہ کردے۔
الآسِیَۃ: ستون ج اَوَاسِی: کہا جاتا ہے "مُلْکٌ ثَابِتُ الْاَوَاسِی" مضبوط سلطنت۔
اَلْاَش: سوکھی روٹی۔
اَشِبَ (س) اَشَبًا و تَاَشَّبَ. الشَّجَرُ: گنجان ہونا۔ گتھ جانا۔ صفت اَشِبٌ.
اَشَبَہ (ن ض) اَشْبًا: ملامت کرنا۔ عیب گیری کرنا۔ الْقَوْمَ: مختلف لوگوں کو ملا کر گروہ بنانا۔
اَشَّبَ. الشَّجَرَ: گنجان کرنا...... الْقَوْمَ: اُکسانا۔
تَاَشَّبَ و اِتْتَشَبَ ۔ الْقَوْمُ: مل جل جانا۔
اَلْاَشَبُ: درختوں کا اس طرح گنجان ہونا کہ جس سے گزرنا دشوار ہو۔
اَلْاُشَابَۃُ: لوگوں کا مخلوط گروہ۔ کمائی جس میں حرام ملا ہوا ہو۔ نَسَبٌ مَاشُوبٌ.
مُؤْتَشِبٌ: مخلوط غیر خالص نسب۔
اَشِحَ (س) اَشَحًا: غضبناک ہونا۔ صفت اَشْحَان: مؤنث اَشْحٰی (صاحب تاج العروس کا بیان ہے کہ اس کی اصلی جگہ باب الواو ہے اس لئے کہ ہمزہ اس میں اصلی نہیں)
اَشِرَ (س) اَشَرًا: تکبر کرنا۔ اکڑنا صفت اَشِرٌ واَشُرٌ و اَشْرَان: ج اَشِرُوْنَ واُشُرُوْن و اَشَارٰی و اُشَارٰی.
اَشَرَ (ض) اَشْرًا. الْخَشَبَۃَ: چیرنا...... وَاَشَّرَ. الْاَسْنَانَ: کناروں کو تیز کرنا۔
اُشَر و اُشَر. الْمِنْشَارِ: آرے کے دندانے واحد اُشَرَۃ.

اَلْاَشِرُ: ٹڈی کے پاؤں کا خار۔ ٹڈی کے دم کے سرے پر کی گرہ۔ ج اَوَاشِر.
اَلتَّاشِیْرُ: ٹڈی کے منہ کا وہ حصہ جس سے وہ کسی چیز کو کاٹتی ہے۔ ٹڈی کے پاؤں کا خار۔ ج تَآشِیر۔
اَشِرَ عَلٰی. وَرَقَۃٍ: کسی کام کیلئے تحریراً اجازت نامہ لکھنا۔
اَلْمِنْشَارُ: آرہ۔ ج مَآشِیْر و مَوَاشِیْر.
اَلْاِشْفٰی: ستالی۔ ج اَشَافِی، اَشَافِیٌّ.
اَلْاِشْقِیل: ایک قسم کی نباتات۔
اَلْاُشْنَۃ: ایک قسم کی نباتاتی چیز جو درختوں پر پھیلتی ہے۔
اَلْاُشْنَانُ والْاِشْنَان: ایک قسم کی نباتات جس کو ہاتھ دھونے میں استعمال کرتے تھے۔
اَصَّ. الشَّیْءَ: توڑنا۔ نرم کرنا۔
اَصَّصَ. الشَّیْءَ: مضبوط کرنا۔
تَاَصَّصُوا و اِتْتَصُّوا: جمع ہونا اور بھیڑ کرنا۔
اَلْاَصِیْص: شکستہ برتن۔ گملہ۔ پیشاب کرنے کا برتن۔ مضبوط عمارت۔ کچھی۔
اَلْاَصِیْصَۃ: قریب قریب کے گھر۔
اَصَدَ و آصَدَ. الْبَابَ: بند کرنا۔ وآصَدَہٗ: چھوٹی قمیص پہنانا۔
اَلْاُصْدَۃ: چھوٹی قمیص۔ کرتی۔ ج اُصُد واِصَادٌ.
اَلْاِصْدَۃ: قوم کے جمع ہونے کی جگہ۔ ج اِصَد.
اَلْاَصِیْد: صحن خانہ۔
اَلْاَصِیْدَۃ: باڑہ۔ چھوٹی قمیص۔ کرتی۔
اَلْاِصَاد والْاَصِیْدَۃ: طبق۔ الْاِصَادُ: چوکھٹ۔ پہاڑوں کے درمیان گڑھا۔ جس میں پانی جمع ہو۔
اَلْمُؤْصَد: چھوٹی قمیص۔ کرتی۔
اَصَرَ (ض) اَصْرًا. الشَّیْءَ: توڑنا۔ الْخَیْمَۃَ: خیمہ کے لئے میخ بنانا...... فُلَانًا عَلَیْہِ: متوجہ کرانا۔ مہربان بنانا۔
آصَرَہٗ مُؤَاصَرَۃً: پڑوسی ہونا۔
تَآصَرُوا: باہم پڑوسی ہونا۔

اِئْتَصَرَ. الْقَوْمُ: کثیر التعداد ہونا......
النَّبْتُ: لمبی اور گنجان ہونا۔
اَلْاَصْرُ والْاُصْرُ والْاِصْرُ: عہد۔ پیمان۔ بوجھ۔ گناہ۔ ج آصَار کان کا سوراخ۔
الْاَصَار ج اُصُر والْاَیْصَر ج اَیَاصِر۔
الْاِصَارَۃ: خیمہ کی رسیوں کا کھونٹا۔
الْاَصِرَۃ: تعلق۔ رشتہ داری۔ ج اَوَاصِر.
اِصْطَبْل: اصطبل۔
اَصْطُرُک: ایک خوبصورت درخت تین سے چھ میٹر لمبا ہوتا ہے اس کے پتے سفید ہوتے ہیں پھول مالٹے کے پھول جیسے ہوتے ہیں۔ دودھ والے درخت کے نام سے مشہور ہے۔ صحت کے لئے بڑا فائدہ مند ہے۔
اَلْاِصْطَفْلِیْن: گاجر۔ واحد اِصْطَفْلِیْنَۃ
اَلْاِصْطَکْمَۃ: راکھ میں پکی ہوئی روٹی۔
اَلْاُصْطُوَانَۃ: ستون۔ کھمبا۔ جانور کی ٹانگ۔ ج اَصَاطِیْن واَصَاطِنَۃ.
الاصف: ایک قسم کا درخت۔
اَصُلَ (ک) اَصَالَۃً: جڑ والا ہونا۔ جڑ پکڑنا۔ شریف الاصل ہونا...... وَالرَّأْیُ: عمدہ ہونا۔ صفت اَصِیْلٌ.
اَصِلَ (س) اَصَلًا. الْمَاءُ: کیچڑ کی وجہ سے متغیر ہونا...... اللَّحْمُ: بودار ہونا۔
اَصَلَ فُلَانٌ یَفْعَلُ کَذَا بمعنی طَفِقَ یعنی فلاں ایسا کرنے لگا۔
اَصَّلَہٗ: جڑ والا بنانا۔ اصل بیان کرنا۔ شرافت بیان کرنا۔
آصَلَ اِیْصَالًا: شام کے وقت میں داخل ہونا۔ شام کے وقت آنا۔ اسی سے ہے "اَتَیْنَا مُؤْصِلِیْنَ" ہم شام کے وقت آئے۔
تَاَصَّلَ: جڑ والا ہونا۔
اِسْتَاصَلَ. الشَّیْءَ: جڑ سے اکھیڑنا۔
اِسْتَاصَلَتِ الشَّجَرَۃُ: جڑ پکڑنا۔
اَلْاَصْل: جڑ۔ وہ چیز جو فرع کے مقابل ہو۔ والدمصدر و منبع۔ "مَا فَعَلْتُہٗ اَصْلًا" میں نے اس کام کو یقیناً نہیں کیا۔ ج اُصُوْل.

وَالْاُصُوْلِيُّ وہ قوانین جن پر کسی علم یا فن کی بنیاد ہوتی ہے۔

اَلْاَصِيْلُ: عصر و مغرب کے درمیان کا وقت ج اَصَال و اَصَائِل وَاُصُل و اُصْلَان.

والاَصِيْلُ: بغیر وکیل کے خود لین دین کرنے والا۔

اَلْاَصِيْلَة: جڑ والی۔ "جَاءُوْا بِاَصِيْلَتِهِمْ" وہ سب کے سب آئے۔

اَلْاَصَلَة: ایک قسم کا چھوٹا یا بڑا سانپ۔ ج اَصَل

بَئِسَ: (س) بُؤساً و بَئِیساً و بُؤوساً و بُؤوسیٰ: سخت حاجت مند ہونا۔ صفت۔ (بائِس) ج بُؤس:
بِئسَ: فعل ماضی جامد ہے۔ مذمت کے لئے مستعمل ہے اور بِئسَ الرَّجُلُ: سے بنا ہے۔
اَبأَسَ: مصیبتیں پڑنا..... ہٗ: مصیبتوں اور سختیوں میں مبتلا کرنا۔
تَبَاءَسَ: بتکلف مفلس بننا
اِبتَأَسَ: ناپسند کرنا۔ غمگین ہونا۔ اور اسی سے ہے "لا تَبتَئِس بِمَا کَانُوا یَعمَلُونَ": جو کچھ وہ کرتے ہیں اس پر غم نہ کیجئے۔
البَأس: بہادری۔ قوت۔ خوف۔ عذاب۔ لا بَأسَ بِہٖ: اس پر کوئی اعتراض نہیں لا بَأسَ عَلَیکَ: تمہارے اُوپر کوئی خوف نہیں۔ لا بَأسَ فِیہِ: اس میں کوئی حرج نہیں۔ لا بَأسَ اَن تَعرِفُوا: تمہارے جاننے میں کوئی دشواری نہیں۔
البُؤس: ج اَبؤُس و (البَأساء و البُؤسیٰ) شدت محتاجی۔ و البَأساء: لڑائی۔ بھوک۔
بَنَاتُ بِئسٍ: مصیبتیں۔
بِئسَ و بَئِیسُ العَذَاب: سخت عذاب۔
اَلبَاسِلِیق: کہنی کے قریب ایک رگ کا نام۔
بَاش: رئیس۔ باش کاتب۔ ہیڈ کلرک۔
البَاشَا: پاشا کا معرب۔ جو ایک معزز لقب ہے جس کو سلطان ترکی مخصوص مراتب کے لحاظ سے دیا کرتا تھا۔ ج بَاشَاوَات و بَاشَات۔
البَاشَق: ایک شکاری پرندہ۔
تَبَاطَ: لیٹنا۔ فارغ البال ہونا۔ مطمئن ہونا۔
عَنہُ: اعراض کرنا۔
بَاقَہٗ (ن) بُؤُوقاً و انبَاق۔ عَلَیہِ الوَیلُ: اچانک آنا۔
البَاقَۃ: گلدستہ۔
بَؤُلَ: (ک) بَؤولَۃً و بَالَۃً: کمزور اور ذلیل ہونا۔ صفت (بَئِیلٌ)
بَالَطُو: گلاچ اس کی عربی معطف ہے۔
بَایُوتُولُوجیا: جنگلی جانوروں کی ریسرچ کا علم۔
بَان: لمبے پتوں والا درخت سفید پھولوں والا جس سے تیل نکالا جاتا ہے۔
البَالُ: وہیل مچھلی۔
البَالَۃ: عِندَ التُّجَّارِ: کپڑوں کا بنڈل۔ اس کی فصیح عربی اَمَالَۃ ہے۔
البَالُو: ناچ گھر۔ اس کی فصیح عربی مرقص ہے (جدید)
البَالُون: غبارہ۔ اس کی فصیح عربی مُنطَاد ہے۔ (جدید)
بَنطَلُون: پتلون شلوار کی طرح انگریزی پاجامہ۔
البَامیا: بھنڈی ترکاری۔ (جدید)
بَثَّہ: (ق) بَثاً: سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "مَا بَثَہٗ لِلاَمرِ اَو بِالاَمرِ": اس نے معاملہ کو نہیں سمجھا۔
اَلبَاوْبَاب: موٹا درخت جو افریقہ میں پایا جاتا ہے۔ (Baobab)
بَاَی: (ف) بَأوا۔ عَلَیہِم: فخر کرنا۔ تکبر کرنا۔
بَای: مالدار یا صاحب گھر۔ ایشیاء کے علاقہ میں صاحب قیادۃ کو بولتے ہیں۔
البَبُّ: طریقہ۔
البَبرُ و البَبرُ: شیر۔ ببر۔ ج بُبُور
البَبغَاء و البَبغَاء و البَبغَاء: طوطا۔ ج بَبغَاوَات
بَتَأَ (ف) بَتأً۔ بالمکان: اقامت کرنا۔
بتّہ: (ن ض) بَتّاً و اَبتّہ اِبتَاتاً: کاٹنا......
الاَمرَ: نافذ کرنا..... النِیَّۃ: پختہ ارادہ کرنا۔
الرَّجُلَ: مشقت میں ڈالنا۔
بَتَّتہٗ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ توشہ دینا۔
الوَعدَ: پختہ وعدہ کرنا۔
تَبَتَّتَ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ توشہ لینا۔
اِنبَتَّ: کٹ جانا۔
البَاتُّ: کاٹنے والا۔ وبلا بَیعٌ بَاتٌّ: لازمی بیع۔
البَتُّ: موٹا کپڑا۔ ج بُتُوت۔
البَتَاتُ: توشہ۔ سامان۔ گھریلو سامان۔ ج اَبتّۃ۔ کہا جاتا ہے۔ ھُوَ عَلیٰ بَتَاتِ اَمرٍ: وہ کام کے قریب جالگا۔
البَتَّۃ: بَتَّ: کا اسم مرۃ۔ البَتَّۃَ و بَتَّۃً و بَتَاتاً: یقیناً کہا جاتا ہے "لا اَفعَلُہُ البَتَّۃَ": میں اس کو یقیناً نہیں کروں گا۔
البَتَّات و البَتّی: موٹا کپڑا بننے والا یا بیچنے والا۔
البَتِّیَّۃ: لکڑی کا بڑا پیپا۔ ج بَتَاتِیّ۔
البَتّیُ: اونی رومال۔
بَتَرَہٗ: (ن) بَترًا: کاٹنا۔
بَتِرَ (س) بَتَرًا و انبَتَرَ: کٹ جانا
اَبتَرَہٗ۔ اللّٰہُ: بے اولاد کر دینا۔

البَتر و البَتّار و البَتّار : شمشیر براں۔ ج بَواتِر۔
الأبتر : کٹا ہوا۔ دُم کٹا..... مِنَ الحَیّاتِ : چھوٹا زہریلا سانپ۔ لاولد۔ الأبتران : غلام و جنگلی گدھا۔ مؤنث بَتراء۔ والبَتراءُ مِنَ الخُطَبِ : وہ خطبہ جو حمد الٰہی سے خالی ہو۔
البَترُول : زمین کی معدنیات میں سے ایک اعلیٰ قسم کا پٹرول جو کافی صفائی کرنے کے بعد حاصل ہوتا ہے۔
بَتِعَ : (س) بَتَعًا : مضبوط گردن یا مضبوط جوڑوں والا ہونا۔ صفت (أبتع) : مؤنث بَتعاءُ ج بُتع۔
بَتَعَ : (ن) بُتُوعًا۔ مِنهُ : پیچھے رہ جانا۔ کہا جاتا ہے "بَتَعَ فِی الأرضِ" : وہ دُور تک چلا گیا۔
بَتَعَ : (ض) بَتعًا۔ النَبیذَ : شراب بنانا۔
الأبتَع : پُر گوشت گٹھا ہوا۔ کہا جاتا ہے "جاءُوا کُلُّهُم أبتَعُونَ" : وہ سب کے سب آ گئے۔
البِتع و البِتَع : شراب۔ شہد یا عصارہ۔ کھجور کی تیز نبیذ۔ البتع : مرد دراز قامت۔
بَتَکَه : (ن ض) بَتکًا و بَتَّکَهُ : کاٹنا۔
تَبَتَّکَ و اِنبَتَکَ : کٹنا۔
البِتکَة : ٹکڑا۔ ج بِتَک۔
الباتِکُ و البَتُوکُ : کاٹنے والا۔ تلوار۔
بَتَلَ : (ن ض) بَتلاً و بَتَّلَ۔ الشَّیءَ : کاٹ کر جدا کرنا۔
بَتَّلَ و تَبَتَّلَ : دنیا سے بے تعلق ہو کر خدا کی طرف متوجہ ہونا۔ شادی نہ کرنا۔
اِنبَتَلَ : کٹنا۔
عَطاءٌ (بَتلٌ) : بے مثل عطیہ۔ آخری عطیہ۔
البَتُولُ : غیر شادی شدہ عورت جو شادی کی طرف رغبت نہ کرے۔
البُتولَةُ و البَتُولِیَّةُ : تجرد کی حالت۔
البَتِیلُ : دنیا سے بے تعلق۔ وادی کے نچلے حصے کی نالی۔ "خَصرٌ بَتِیلٌ" : پتلی کمر۔ ج بُتُل۔
أبتُولاً : خوبصورت عمدہ لکڑی والے درخت جو کہ زیادہ تر روس میں پیدا ہوتے ہیں۔ اس کی لکڑی انتہائی قیمتی شمار ہوتی ہے۔
البَتِیلَةُ : بمعنی بتول (..... والبَتلاءُ) : کھجور کا چھوٹا پودہ جو ایک جگہ سے اٹھا کر دوسری جگہ لگایا گیا ہو۔
المُبتَـلُ : وہ کھجور جس کی شاخیں کاٹ کر دوسری جگہ لگائی گئی ہوں۔
بَثَّ : (ن ض) بَثًّا و بَثَّثَ۔ الخَبَرَ : خبر پھیلانا..... الشَّیءَ : بکھیرنا..... الغُبارَ : غبار اُڑانا۔
بَثَّ و باثَّ و أبَثَّ۔ فُلاناً الخَبَرَ : آگاہ کرنا۔ بتانا۔
تَباثَّ۔ القَومُ الأسرارَ : ایک دوسرے کو راز بتانا۔
اِنبَثَّ : پھیلنا۔ متفرق ہونا۔ غبار وغیرہ کا اُڑنا۔
اِستَبَثَّهُ الخَبَرَ : کسی سے خبر پوچھنا۔
البَثُّ : پراگندگی حال۔ سخت غم۔
بَثبَثَ : الخَبَرَ : پھیلانا..... الغُبارَ : اُڑانا۔
بَثَرَ : (ض) وَ بَثِرَ (س) و بَثُرَ : (ک) بَثرًا و بَثَرًا و بُثُورًا و تَبَثَّرَ۔ وَجهُهُ : چہرے پر پھنسیاں نکلنا۔ صفت (بَثِرٌ و بَثِیرٌ)
الباثِـر : فا۔ بغیر کھودے ہوئے نکلنے والا پانی۔ حاسد۔
البَثر : پھنسی واحد (بَثرَة) ج بُثُور۔
البَثِیر : بہت۔ کہا جاتا ہے "کَثِیرٌ بَثِیرٌ"۔
المَبثُور : بہت مالدار۔ وہ شخص جس پر حسد کیا جائے۔
بَثِعَت (س) بَثَعًا۔ الشَفَةُ خاصَّةً : کثرتِ خون سے سرخ ہونا۔
الأبثَع : وہ شخص جس کے ہونٹ کثرتِ خون سے سرخ ہو گئے ہوں۔ مؤنث بَثعاءُ ج بُثع۔
بَثَقَ (ن) بَثقًا و تَبثاقًا و بَثَّقَ۔ السَّیلُ المَوضِعَ : سیلاب کا جگہ کو پھاڑ دینا۔ بَثَقَ النَّهرَ : پانی اچھی طرح بہنے کے لئے دریا کے بند کو توڑ دینا۔
اِنبَثَقَ : الماءُ : بہہ پڑنا..... بِالکَلامِ : تیز بولنا۔
البُثقُ و البِثقُ : دریا کے کنارے کی ٹوٹی ہوئی جگہ۔ ج بُثُوق۔
البَجُّ : پرندے کا بچہ۔
بَجَّهُ (ن) بَجًّا : پھاڑنا۔ نیزہ مارنا۔ بجَّ الکَلأُ النّاقَةَ : موٹا کرنا۔
اِنبَجَّ : پھٹنا۔
الأبَجُّ : کشادہ آنکھ والا۔ مؤنث بَجّاء..... کہا جاتا ہے "عَینٌ بَجّاءُ" کشادہ آنکھ۔
البَجَّةُ : پھنسی جو آنکھ میں نکلتی ہے۔
بَجبَجَ : الصَبِیَّ : بچے کو بہلانا۔
تَبَجبَجَ : اللَّحمُ : ڈھیلا ہونا۔
بَجِحَ (س) بَجَحًا : بِهِ : خوش ہونا۔
البَجباجُ : موٹا گوشت سے بھرا ہوا۔
رَملٌ بَجباج : جمع شدہ ریت۔
تَبَجَّحَ : فخر کرنا۔ بڑا بننا۔
البَجّاحُ : بہت فخر کرنے والا۔
بَجَدَ (ن) بُجُودًا و بَجَّدَ۔ بِالمَکانِ : اقامت کرنا۔
البَجدُ۔ مِنَ النّاسِ : جماعت..... مِنَ الخَیلِ : سوا دو سو سے زائد گھوڑے۔
بُجدَةُ الأمرِ و بَجدَتُه و بُجُدَتُهُ : حقیقت۔ اصلیت۔ کہا جاتا ہے : "عِندَهُ بُجدَةُ الأمرِ" وہ حقیقت شناس ہے۔ "وَهُوَ اِبنُ بُجدَةِ الأمرِ" وہ معاملہ کی حقیقت کا جاننے والا ہے۔
البِجادُ : دھاری دار کپڑا۔ ج بُجُد۔
بَجِرَ (س) بَجَرًا۔ الرَّجُلُ : موٹی جڑ والی اور باہر کو نکلی ہوئی ناف والا ہونا۔ بڑے پیٹ والا ہونا۔ دودھ اور پانی سے پیٹ بھرنے کے باوجود سیراب نہ ہونا۔ صفت (بَجِرٌ و أبجَرُ)
تَبَجَّرَ : النَبِیذَ : پینے میں زیادتی کرنا۔
الباجِـر : فا۔ پھولے ہوئے پیٹ والا۔ ج
بَجرَة۔ البُجرَة : ناف۔ چہرہ۔ عیب ج بُجَر۔

کہا جاتا ہے" ذکر عجرہ و بجرہ": اس نے اس کے عیوب ظاہری و باطنی سب بیان کر دیئے۔

البجر ج اباجر و اباجیر و (البجری) ج بجاری برائی۔ مصیبت۔ بڑا معاملہ۔ کہا جاتا ہے" لقیتُ منہ البجاریٰ": اس سے مجھے مصیبتیں حاصل ہوئیں۔

البحر ج بحور: علماء عروض کی اصطلاح میں شعروں کا وزن۔

البجراء: سخت اور بلند زمین۔ زمین جس میں گھاس نہ اگے۔

البجارم: مصیبتیں۔

بجس: (ن ض) بجسا و بجّس۔ الماءَ: پانی جاری کرنا۔ الجرح: زخم چیرنا......

بجس فلانا: گالی دینا۔

بجس و انبجس و تبجّس۔ الماءُ: پانی جاری ہونا۔ بہنا۔

البجس و البجیس: بہنے والا۔ عینٌ بجیسٌ: بہت پانی والا چشمہ۔ ماء بجیس: بہتا ہوا پانی۔

بجعہُ (ف) بجعا: تلوار سے کاٹنا۔

البجع: ایک قسم کا پرندہ جس کی چونچ لمبی اور چوڑی ہوتی ہے اور اس کی چونچ کے نیچے بڑا سا پوٹا ہوتا ہے۔ واحد بجعة۔

بجل (ن) و بجِل (س) بجلاً و بجولاً: خوش ہونا۔ خوش حال ہونا۔ صفت (باجِل)

بجُل (ک) بجالةً و بجولاً: معزز ہونا۔ صفت (بجیل)

ابجلةَ الشئُ: کافی ہونا۔

بجّلہ: تعظیم کرنا۔

البجل: بہتان، تعجب، دناءت، دون ہستی۔

بجل: حرف جواب مثل نعم کے۔ اسم فعل بمعنی حسب: تم کہتے ہوئے۔ "بجلک": یعنی تمہارے لئے کافی ہے۔

البُجل: بڑا بہتان۔

البجیل: وسیع و فراخ

الابجل: ہاتھ یا پاؤں کی ایک موٹی رگ کا نام۔ ج اباجل

بجم (ض) بجما و بجوما: گھبراہٹ یا عاجزی سے خاموش ہوجانا۔

بجّم: بمعنی مجرد۔ دیر کرنا۔ تیز نظر ڈالنا۔ منقبض ہونا۔

البجم: جھاؤ کا پھل۔ واحد بجمة

البُجمُ: بڑی جماعت۔

بحّ (س) بحّا و بحَحا و بحوحا و بحاحا و بحوحة و بحاحة: گلو گرفتہ ہونا۔ بیٹھی ہوئی آواز والا ہونا۔ صفت (ابحّ) مونث بحّاء: ج بُحّ

ابحّہ و بحّحہ: کسی کی آواز کو بھاری کر دینا۔

البُحّة: آواز میں بھاری پن اور خشونت۔

بحبح و تبحبح: اچھی طرح ٹھہرنا۔

تبحبح الدار: گھر کے وسط میں ٹھہرنا۔

" تبحبحتِ العربُ فی لُغاتِہا" توسع کرنا۔

بُحبوحةُ: الدار: وسط۔ درمیان۔

العیش: فراخی زندگانی۔

البحبحة: جماعت

البحباحة: بدخوعورت۔

بحُت (ک) بُحوتةً: خالص ہونا۔

باحتہ۔ الودَّ: خالص دوستی کرنا...... فلاناً: بتانا۔

البحت: محض خالص۔ شرابٌ بحتٌ: سادہ بغیر کسی چیز سے ملا ہوا۔ مسکٌ بحتٌ: خالص مشک۔ عربیٌ بحتٌ: خالص نسب والا اعرابی مونث بحتة: بحت کا لفظ واحد، تثنیہ، جمع، مذکر، مونث سب کے لئے آتا ہے۔ اگر چاہو تو مونث تثنیہ جمع لا سکتے ہو۔

البُحتر و البُحتری: پست قد گٹھے بدن والا۔

بحث (ف) بحثا۔ فی الارضِ: کھودنا اور اسی سے مثل ہے "کالباحثِ عن حتفہ بظلفہ" یعنی وہ اپنی ہلاکت و بربادی کا سامان خود پیدا کرتا ہے...... عنہُ: تفتیش کرنا۔

باحثہٗ: خطاب کرنا۔ گفتگو کرنا۔

تباحثوا: باہم گفتگو کرنا۔

تبحّث و ابتحث و استبحث۔ عنہ: تفتیش کرنا۔

البحث: مصدر۔ مٹی کے نیچے کسی چیز کا تلاش کرنا۔ تفتیش۔ تحقیق۔ سونے وغیرہ کی کان۔ ج ابحاث...... ج بحوث: بڑا سانپ۔

البحِیث: بھید۔ کہا جاتا ہے "بدا بحیثہم" ان کا بھید ظاہر ہوگیا۔

البحّاث: بہت بحث کرنے والا۔

المبحث: بمعنی بحث۔ یا کھود کرید۔ ج مباحث...... مباحثُ البقر: غیر معلوم جگہ۔ بے آب و گیاہ زمین۔

المَبحثة: بحث و تدقیق

بحثر الشئُ بحثرةً: متفرق کرنا۔ بکھیرنا۔ کھولنا۔

تبحثر (ف): بکھرنا۔ جدا جدا کرنا۔ ظاہر ہونا۔

بحِر (س) بحرا: سمندر دیکھ کر ڈر سے حیران یا مبہوت ہونا۔ سخت پیاسا ہونے کی وجہ سے سیراب نہ ہونا۔ صفت (بحِرٌ)

بحَر (ف) بحرا۔ الارضَ: شق کرنا...... الناقةَ: کان چیرنا۔ صفت مفعولی (بحیرة) بحائر و بُحُر

ابحرَ: سمندر میں سفر کرنا...... الماءُ: کھاری ہونا...... الارضُ: زمین میں متعدد پانی کے گڑھے ہونا۔

تبحّر۔ فی العلم: بہت وسیع علم والا ہونا۔

استبحرَ۔ فی العلمِ والمالِ: وسیع العلم یا کثیر المال ہونا۔

البحر: سمندر۔ کھاری پانی۔ بڑا دریا۔ تصغیر ابیحِر ج ابحُر: بحور و بحار۔ البحرُ المتوسط او بحرُ الرُّوم: یورپ ایشیا اور افریقہ کے درمیان کا سمندر۔ البحرُ المحیطُ: پانچ براعظموں کو گھیرنے والا سمندر۔ بحرُ الظُّلماتِ: بحر اٹلانٹک جو یورپ افریقہ اور امریکہ کے درمیان ہے۔

البَحرَةُ: پانی کے جمع ہونے کی جگہ۔ پست علاقہ۔ بڑا باغ۔ حوض۔ ج بِحَار و بُحُر
البَحرِيّ: بحر کی جانب منسوب (...... وَالبَحّارُ: ملاح۔
البُحَيرَةُ: جھیل۔
البَاحِر: مبہوت۔ بے وقوف۔ فضولی۔
البَاحُور و البَاحُورَاءُ: ماہ جولائی کی سخت گرمی۔ البَاحُورُ: چاند۔
البُحرَان: فی عرف الاطباء: امراضِ حادہ کا وہ تغیر جو اچانک پیدا ہوتا ہے۔ نیز شدت مرض سے قوتِ مدرکہ میں خلل پیدا ہونا۔
البَحرَين: ایک شہر کا نام نسبت کے لئے (جرانی) خلاف قیاس۔
بَخَّ (ن) بَخًّا. فِي النَّوم: خراٹے لینا۔ غصہ ٹھنڈا کرنا۔
بَخ: اسم فعل ہے تعریف اور اظہارِ خوشنودی کے لئے مستعمل ہے اور تاکید کے لئے مکرر بولتے ہیں۔ کہتے ہیں بَخٍ بَخٍ کسرہ سے۔ یا تنوین سے بمعنی واہ وا۔ آفریں شاباش۔
بَخبَخَ. فِي النَّوم: خراٹے لینا...... البَعِيرُ: اونٹ کا بلبلانا اور منہ کا جھاگ سے بھر جانا۔
الرَّجُلَ: کسی کو شاباش دینا۔
بَخبَخَ و تَبَخبَخَ. الحَرُّ: کم ہو جانا۔
بَخَتَه (ن) بَختًا: مارنا۔
بَخَتَهُ: لاجواب کر دینا۔
بُخِتَ: بزدل ہونا۔
البَخت: نصیب (فارسی کلمہ ہے جس کے لئے فصیح لفظ الحَظُّ ہے)
البَخِيت وَالمَبخُوت: نصیبہ ور۔
بَختَرَ بَختَرَةً و تَبَختَرَ: خوش رفتاری سے چلنا۔ متکبرانہ چال چلنا۔
البَختَرِيَّةُ والتَّبَختُرِيَّةُ: متکبرانہ چال۔
بَخَرَت (ف) بَخرًا. القِدرُ: بھاپ نکلنا۔
بَخِرَ (س) بَخَرًا. الفَمُ: گندہ ذہن ہونا۔ صفت (اَبخَر)
بَخَّرَ: بھاپ نکالنا۔ بَخَّرَهُ و بَخَّرَ عَلَيهِ: دھونی دینا۔ دھونی دے کے خوشبودار بنانا۔

تَبَخَّرَ: دھونی لینا۔ دھونی سے خوشبودار ہونا۔
البُخَارُ: بھاپ ج اَبخِرَة
البَاخِرَة: اسٹیمر
البَخُور: ہر وہ چیز جس سے دھونی دی جائے ج اَبخِرَة و بُخُورات
بَخُورُ مَريَم و بَخُورُ الاَكرَاد و بَخُورًا البر و بَخُورًا السُّودَان و بَخُورًا البَربَرِ: مختلف قسم کے نباتات کے نام۔
المِبخَرَة: عود سوز۔
المَبخَرَة: باعث گندہ ذہنی۔ اسی سے وہ روایت ہے جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے "اِيَّاكُم و نَومَةَ الغَدَاةِ فَاِنَّهَا مَبخَرَةٌ مَجفَرَةٌ مَجعَرَةٌ": صبح کو سونے سے پرہیز کرو اس لئے کہ اس سے گندہ ذہنی پیدا ہوتی ہے۔ (مجفرة) بدن کے فساد کا سبب اور (مجعرة) طبیعت کی خشکی
بَخَزَ (ن) بَخزًا. عَينَهُ: آنکھ پھوڑنا۔
بَخَسَه (ف) بَخسًا: گھٹانا اور اسی سے ہے "لَا تَبخَس اَخَاكَ حَقَّهُ" اپنے بھائی کا حق مت گھٹاؤ۔ ظلم کرنا۔ بَخَسَ عَلَيهِ: آنکھ پھوڑنا۔
تَبَاخَسَ. القَومُ: ایک دوسرے کو نقصان پہنچانا۔
البَخسُ. مص: ناقص۔ قرآن عزیز میں ہے "وَشَرَوهُ بِثَمَنٍ بَخسٍ" ان کو بہت ہی کم قیمت کو بیچ ڈالا۔
البَخسَ: وہ زمین جو بغیر سیراب کئے ہوئے پیداوار اُگائے۔
البَخسِيُّ. مِنَ الزَّرعِ: وہ کھیتی جو بغیر آبپاشی کے پیدا ہو۔
الاَبَاخِسُ: اُنگلیاں۔
بَخشَ يَبخُشُ: سوراخ کرنا۔
اَبخَش: سوراخ اَبخِيش: مٹھائی عطیہ رشوت کی صورت میں یا عزت کی صورت میں۔ عام عربی میں یہ الفاظ بہت شاذ ہیں۔
البُخشِيش: بخشش۔ انعام (اس کے لئے فصیح لفظ الراشن اور الحلوان ہیں)

بَخَصَ (ف) بَخصًا. عَينَهُ: آنکھ نکال لینا۔
بَخِصَ (س) بَخَصًا. الرَّجُلُ: کسی کی آنکھ کے اوپر یا نیچے غدہ ہونا۔ صفت (ابخص): مؤنث بَخصَاء ج بُخص
تَبَخَّصَ: تیز نظر سے دیکھنا۔ پلکوں کا اُلٹ جانا۔
البَخَص: قدم کا گوشت۔ انگلیوں کی جڑ کا گوشت۔
مَبخُوصُ. القَدَمَينِ: وہ شخص جس کے قدموں میں گوشت کم ہو۔
بَخَعَ: (ف) بَخعًا. نفسه: غم یا غصہ سے اپنے آپ کو ہلکان میں ڈالنا۔ الشَّاةَ: ذبح کرنے میں گدی تک کاٹ دینا...... لَهُ نُصحَه: خالص خیر خواہی کرنا...... الرَّكِيَّةَ: کنواں پانی نکلتے تک کھودنا...... "فُلَانًا خَبَرَهُ" تصدیق کرنا۔
بَخِعَ (س) بُخُوعًا و بَخَاعَةً. بالحَقِّ: اقرار کرنا۔ حق کے سامنے جھک جانا۔
بَخَقَ (ف) بَخقًا و اَبخَقَ. عَينَهُ: کانی کرنا' پھوڑنا۔
رَجُلٌ (اَبخَقُ و بَاخِق وَ بَخِيق و مَبخُوق): کانا مرد۔
عَينٌ (بَخقَاء و بَاخِقَةٌ و بَخِيقَةٌ و مَبخُوقَةٌ): کانی آنکھ۔
البُخَاق: نر بھیڑیا۔
بَخِقَتْ (س) بَخَقًا. عَينُه: بری طرح کانی ہونا۔
بَخِلَ (س) بَخَلًا و بَخُلَ (ک) بُخلًا: بخیل ہونا۔ کنجوس ہونا۔ صفت بَخِيل ج بخلاء عَلَيه و عَنهُ: کسی سے بخل کرنا۔ صفت بَاخِل ج بُخل
بَخَّلَه: بخل کی جانب منسوب کرنا۔
اَبخَلَه: بخیل پانا۔
البَخَال و البَخَّال و المُبخَل والبَخِل: بہت کنجوس۔
المَبخَلَة: باعث بخل اور اسی سے ہے"

الْوَلَدُ مَبْخَلَةٌ مَجْبَنَةٌ"
لڑکا باعث بخل اور باعث بزدلی ہوتا ہے۔
اَلْبُخنق: کنٹوپ۔ ایک قسم کا زنانہ سر بند۔
بَخَا (ن) بَخْوًا. غَضَبُہ: غصہ سے تھمنا۔
بَدَّ (ن) بَدًّا. رِجْلَیہ: ٹانگیں پھیلانا......
الرَّجُلَ عَنِ الشَّیْءِ: دور کرنا۔ روکنا۔
بَدِدَ (س) بَدَدًا: زیادتی گوشت کی وجہ سے دونوں رانوں میں فاصلہ ہونا۔
بَدَّدَ. الشَّیْءَ: متفرق کرنا۔ بکھیرنا۔ الرجلُ: تھکنا۔
بَادَّ مُبَادَّةً و بِدَادًا: مبادلہ کے طور پر بیچنا۔
......القومُ فِی السَّفَرِ: ہر ایک کا اپنا اپنا زادِ سفر لانا اور پھر مل کر خرچ کرنا۔
اَبَدَّ. الشَّیْءَ بَیْنَہُم: ہر ایک کا حصہ دینا......
بَدَہٗ: زمین کی طرف ہاتھ بڑھانا۔
تَبَدَّدَ: متفرق ہونا...... القومُ الشَّیْءَ: آپس میں حصے تقسیم کرنا۔
اِبْتَدَّ. الرجلانِ فلانًا بالضربِ: دو آدمیوں کا کسی کو دونوں جانب سے مارنا۔
تَبَادَّ. القومُ: باہم مقابلہ کے لئے نکلنا اور اپنے اپنے حریف کو پکڑنا۔ دو دو آدمیوں کا فاصلہ سے گزرنا۔
اِسْتَبَدَّ. بکذا: اپنے آپ کو ترجیح دینا۔
...... الاَمْـرُ بفلانٍ: کسی معاملہ کا بے قابو ہو جانا۔
البَدُّو البَدِیدُ: مثل و نظیر
البُدُّ: چارہ کار۔ بھاگنے کی جگہ۔ تم کہتے ہو" لَابُدَّ مِنْ ھٰذَا" یہ لازمی ہے۔ بدلہ
...... والبُدَّۃُ والبِدَادُ: حصہ۔
البِـدَادُ: مقابلے کے لئے نکلنا۔ ہمسر لوگ۔ کہا جاتا ہے" لَقُوا اَبِدَادَھُم" وہ لوگ اپنے حریفوں سے ملے۔" وَبَدَادِ اوبَدَادِ بدادِ" یہ اس وقت بولا جاتا ہے جب یہ کہنا مقصود ہو کہ ہر شخص اپنے قرین کو پکڑے۔" وَ جَاءَتِ الْخَیْلُ بَدَادِ" گھوڑے متفرق متفرق آئے۔
البَدُّ و البُدَّۃُ: طاقت۔ حاجت۔ الاَبَدُّ: وہ شخص جس کے ہاتھ یا رانوں میں فاصلہ ہو۔ بڑے جسم والا۔ مؤنث بَدَّاءُ: کہا جاتا ہے" ذَھَبُوْا (اَبَادِیْدَ تَبَادِیْدَ)" یعنی وہ لوگ متفرق ہو گئے۔" و طَیْرًا اَبَادِیْدَ وَ تَبَادِیْدَ" متفرق پرندے۔
اَلْمُسْتَبِدُّ: کام شروع کر کے خاتمہ ہی پر دم لینے والا۔
بَدَأَ: (ف) بَدْءًا وَ اِبْتَدَءَ و تَبَدَّأَ. الشَّیْءَ وَبِہٖ :شروع کرنا۔ پہلے کرنا۔ بَدَأَ بِفُلَانٍ: آگے بڑھانا۔ بَدَأَالشَّیْءَ: شروع کرنا۔ پیدا کرنا۔
بَدَأَ و اَبْدَأَ. اللّٰہ الخلقَ: پیدا کرنا۔
صفت (بَادِئٌ و مُبْدِئٌ) اَبْدَأَ الرجلُ: عجیب چیز لانا۔ تعجب انگیز کام کرنا اور کہا جاتا ہے" فَلَانٌ مَا یُبْدِئُ وَمَا یُعِیْدُ" یعنی فلاں کچھ بھی نہیں بولتا۔
بَدَّأَ: شروع کرانا۔ فضیلت دینا۔
الـبَـدْءُ والبَـدْأَۃُ وَالبَدَاءَۃُ والبِدْءَۃُ : شروع۔ ابتداء۔ کہا جاتا ہے" اَفْعَلُہٗ بدءًاو بدءَ بَدْءٍ و اَوَّلَ بَدْءٍ و بَادِئَ بَدْءٍ و بَدَاۃَ ذِیْ بَدْءٍ" یعنی میں اس کو ساری چیزوں سے پہلے کروں گا۔
والبَـدَاءَۃُ: کسی جگہ کے لئے سفر کی ابتداء۔ تم کہتے ہو "اِکْتَرَیْتُ الفرسَ لِلْبُـدَاءَۃِ والرَّجْعَۃِ" میں نے گھوڑے کو آمد و رفت کے لئے کرایہ پر لیا۔ بَدْءٌ کی جمع اَبْدَاءٌ و بُدُوْءٌ
اَلْمَبْدَأُ: اصل۔ سبب ج مَبَادِئُ
اَلْمُبْتَدَأُ: پہلا۔ وہ اسم مسند الیہ جو عوامل لفظیہ سے خالی ہو۔
اَلِابْتِدَائِی: پہلا کہا جاتا ہے۔ اَلْمَحْکَمَۃُ الِابْتِدَائِیَّۃُ: وہ محکمہ جو فیصلہ کرنے کا زیادہ اختیار رکھتا ہے۔ اَلتَّعْلِیْمُ الِابْتِدَائِی: ابتدائی تعلیم۔ سکینڈری ایجوکیشن کا لفظ اب اُردو میں بھی مستعمل ہے۔
اَلشَّھَادَۃُ الِابْتِدَائِیَّۃُ: پرائمری سند۔
اَبْـدَأَ الـرَّجُـلُ: عمدہ کلام لانا۔ کہا جاتا ہے۔ فَلَانٌ مَا یُبْدِئُ وَمَا یُعِیْدُ: یعنی فلاں آدمی نہ تو عمدہ پیش کر سکتا ہے اور نہ اس کو اعادہ کر سکتا ہے۔
بَدَحَ (ف) بَدْحًا. ہٗ بِالعَصَاءِ: لاٹھی سے مارنا...... بالسِّرِّ: ظاہر کرنا۔
تَبَادَحُوْا. بِالشَّیْءِ: باہم مل کر پھینکنا
البَدْحُ ج بُدُوْحٌ و بِدَاحٌ و (البَدَاحُ) ج بُدُحٌ و (البُدْحَۃُ): وسیع زمین۔
بَدَخَ (ف ض) و بَدُخَ (ک) بَدْخًا و بَدَاخَۃً: عالی مرتبہ ہونا۔ صفت (بَدِیْخٌ) ج بُدَخَاءُ
تَبَدَّخَ. عَلَیْہِ: بڑا بننا۔
بَدَرَ (ن) بُدُوْرًا. اِلَی الشَّیْءِ: جلدی کرنا۔
......ہٗ اِلَی الشَّیْءِ: کسی چیز کے لئے کسی سے سبقت کرنا۔
بَادَرَ مُبَادَرَۃً وَ بِدَارًا. اِلَی الشَّیْءِ: جلدی کرنا...... الشَّیْءَ: وقوع سے پہلے کرنا۔ "بَادَرَ فُلَانًا الشَّیْءَ و اِلَیْہِ": کسی چیز کے لئے کسی سے سبقت کرنا۔ آگے بڑھ جانا۔
تَبَادَرَ. القومُ: جلدی کرنا۔
تَبَادَرَ وَ اِبْتَدَرَ. القومُ اَمْرًا: بعض کا بعض سے سبقت کرنے کے لئے بڑھنا۔
اَبْدَرَ: ماہ کامل طلوع ہونا۔ چودھویں رات میں چلنا۔
اَلْبَدْرُ: ماہ کامل۔ چودھویں رات کا چاند طبق ج بُدُوْر
اَلْبَادِرُ: جلدی کرنے والا۔ سبقت کرنے والا ج بَوَادِرُ
اَلْبَدْرِیُّ: جاڑے سے کچھ پہلے کی بارش
اَلْبَدَرِیُّ: مسابقت۔ کہا جاتا ہے۔ "اِسْتَبَقْنَا البَدَرِیَّ": ہم نے ایک دوسرے سے سبقت لے جانے کی لئے دوڑ کی۔
البَدْرَۃُ: دس ہزار درہم...... مِنَ الْمَالِ: بڑی مالیت۔ دس ہزار درہم کی تھیلی۔ ج بِـدَرٌ و بُدُوْرٌ کہتے ہیں" فُلَانٌ یَھَبُ الْبُدُوْرَ" فلاں دس ہزار کی تھیلیاں ہبہ کرتا ہے۔
اَلْمَبْدَرَۃُ: بکری کے بچے کی کھال۔
اَلْبَادِرَۃُ: تیزی یا تیزی کے وقت کی خفیف الحرکتی۔ ج بَوَادِرُ کہا جاتا ہے" بَدَرَتْ منہ

ہوادِرُ غضب" اس سے غصہ کی حرکتیں صادر ہوئیں۔ البادِرَۃ: تیر کی نوک۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَتْہُ بَادِرَۃُ السَّھْمِ" اس کو تیر کی نوک لگی۔ مونڈھے اور گردن کے درمیان کا گوشت۔

بَدَارِ: اسم فعل بمعنی اسرع۔ یعنی جلدی کرنا۔

البَیْدَر: کھلیان۔ ج بَیَادِر۔

بَدَعَ (ف) بَدْعًا۔ الشَّیْءَ: گھڑنا۔ بغیر نمونہ کے کوئی چیز بنانا۔ ابتداء کرنا۔ ایجاد کرنا۔

بَدُعَ (ک) بَدْعًا و بَدَاعَۃً و بُدُوْعًا: بے مثال ہونا۔ انوکھا ہونا۔

بَدِعَ (س) بَدَعًا: موٹا ہونا۔ صفت (بَدِیْع)

بَدَّعَہٗ: بدعت کی نسبت کرنا۔

اَبْدَعَ: کسی کام کو خوش اسلوبی سے کرنا......بِہٖ: چھوڑ دینا (......وابْتَدَعَ) الشَّیْءَ: ایجاد کرنا ......الرَّجُلُ: بدعت نکالنا۔

تَبَدَّعَ: بدعتی ہونا۔

اِسْتَبْدَعَ۔ الشَّیْءَ: عجیب و نادر سمجھنا۔

اَلْبِدْعُ: انوکھا۔ ناتجربہ کار مرد۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بِدْعٌ فِی الْاَمْرِ" فلاں نے اس کام کو پہلی مرتبہ کیا۔ ج اَبْدَاع و بُدُوع

اَلْبِدْعَۃ: بغیر نمونہ کے بنائی ہوئی چیز۔ دین میں نئی رسم۔ وہ عقیدہ یا عمل جس کی کوئی اصل قرونِ ثلاثہ مشہود لہا بالخیر میں نہ ملے۔ ج بِدَع

البَدِیْع: اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے۔ کہا جاتا ہے "اَللّٰہُ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ": اللہ نے آسمان و زمین کو بغیر کسی نمونہ کے پیدا کیا ہے۔ انوکھی چیز۔ انوکھی چیز بنانے والا۔ موٹا نئی مشک۔

عِلْمُ الْبَدِیْع: وہ علم جس سے کلام کی محسناتِ لفظیہ و معنویہ معلوم ہوں۔

اَلْمُبْتَدِعُوْنَ: بدعتی لوگ۔

بَدِغَ (س) بَدَغًا: زمین پر گھسٹنا۔ بالشَّرِّ او بِالْاَقْذَارِ: آلودہ ہونا۔

بَدَغَ (ف) بَدْغًا۔ الْجَوْزَ والْلَّوْزَ: اخروٹ یا بادام توڑنا۔

بَدُغَ (ک) بَدَاغَۃً: پاخانہ میں پاخانہ کرنا۔ صفت (بَدِغ)

بَدَلَ (ن) بَدْلًا و اَبْدَلَ وبَدَّلَ۔ الشَّیْءَ: بدلنا۔ بدلہ میں لینا۔

بَدِلَ (س) بَدَلًا: ہڈیوں یا جوڑوں میں درد والا ہونا۔

بَدَّلَ واَبْدَلَ۔ الشَّیْءَ مِنْہُ: بدلہ میں لینا وبَدَّلَ الشَّیْءَ شیئًا: اخر۔ بدل دینا۔ کہا جاتا ہے "بَدَّلَ اللّٰہُ الخوفَ اَمْنًا": اللہ نے خوف کو امن سے بدل دیا۔

بَادَلَہٗ۔ بِکَذَا: بدلہ دینا۔

تَبَدُّلًا و تَبَادُلًا۔ ثَوْبَیْھِمَا: ایک دوسرے سے بدل لینا۔ تَبَدَّلَ: بدل جانا۔ متغیر ہونا۔

تَبَدَّلَہٗ و اِسْتَبْدَلَہٗ۔ بِکَذا: بدلہ میں لینا جیسے "تَبَدَّلَتِ الدَّارُ بِاُنْسِھَا وَحْشًا": مکان کی اُنسیت وحشت سے بدل گئی۔

اَلْبِدْلُ والْبَدَلُ والْبَدِیْلُ: بدلہ۔ جانشین۔ سخی۔ فیاض۔ شریف۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ بِدْلٌ وبَدَلٌ" ج اَبْدَال و بُدَلاء البَدَل: جوڑوں یا ہاتھ پیروں یا ہڈیوں کا درد اور اسی سے ہے "رُبَّ بَدَلٍ شرٌّ مِنْ بَدَل" بہت سے عوض ہڈی کے درد سے بُرے ہیں۔

اَلْاَبْدَال: صالحین کی وہ جماعت جن سے دنیا کبھی خالی نہیں رہی۔ کہتے ہیں کہ جب ان میں سے کوئی مرتا ہے تو فوراً دوسرا اس کا قائم مقام ہو جاتا ہے۔

البَدَّالَ: کھانے پینے کی چیزوں کا بیچنے والا۔ بنیا۔ عوام۔ بقال کہتے ہیں۔

البَادِلَۃ: بغل اور پستان کے درمیان کا گوشت۔

بَدَنَ (ن) بَدْنًا و بُدْنًا و بُدُوْنًا و بَدُنَ (ک) بَدَانَۃً و بَدَانًا: موٹے بدن والا ہونا۔ صفت (بَادِن) مؤنث (بادِن بَادِنَۃ) ج بُدَّن و (بَدِین) ج بُدُن

بَدَّنَہٗ: زرہ پہنانا۔ وبَدَّنَ: بڑی عمر کا ہونا۔

البَدَن: جسم۔ ج ابدان: چھوٹی زرہ ج بُدُون

البَدَنَۃُ: وہ گائے یا اونٹ جس کی قربانی مکہ میں حج کے موقع پر کی جائے۔ عورتوں کی بغیر آستین والی قمیص۔ ج بَدَنَات۔ و بُدْن

المِبْدَان و المُبَدَّن: موٹے جسم والا۔ تناور۔

بَدَہٗ (ف) بَدْھًا و بَادَہٗ۔ الرَّجُلَ: کسی کے پاس اچانک آنا۔ صفت (بادِہ) مؤنث (بَادِھَۃ) ج بَوَادِہ

تَبَادَھُو: الشِّعْرَ والخُطَبَ: باہم بے فکر و تامل کے شعر پڑھنا یا تقریر کرنا۔

اِبْتَدَہَ۔ اَلْخُطْبَۃَ: بے فکر و تامل کے تقریر کرنا۔ صفت (مُبْتَدِہ و مِبْدَہ)

البُدَاھَۃ والبَدَاھَۃ: ہر چیز کا آغاز۔ کہا جاتا ہے "لَحِقَہٗ فِی بَدَاھَۃِ جَرْیِہٖ": دوڑ کے آغاز ہی میں اس سے جا ملا۔ اچانک۔

بَدِیْھًا و عَلَی الْبَدِیْھَۃِ: فی البدیہہ

البَدِیْھَۃُ: اچانک۔ فوری بے غور و فکر کہا جاتا ہے "اَجَابَ عَلَی الْبَدِیْھَۃِ": اس نے بے غور و فکر جواب دیا۔ ج بَدَائِہ کہا جاتا ہے "ھٰذَا مَعْلُوْمٌ فِیْ بَدَائِہِ الْعُقُوْلِ" یہ بدیہی طور پر معلوم ہے۔ "وِلِفُلَانٍ بَدَائِہُ فِی الْکَلَامِ" یعنی فلاں کی گفتگو بہت عجیب و غریب ہے۔

البَدِیْھِیُّ: بدیہی۔ (وہ چیز جس کے جاننے کے لئے غور و فکر کی ضرورت نہ ہو)

المِبْدَہ: فی البدیہہ بولنے والا۔ اچانک آنے والا۔

بَدَا (ن) بُدُوًّا وبَدَاءً وبَدْوًا وبَدَائَۃً: ظاہر ہونا۔ صفت (بادٍ) ج بَادُوْن وبُدًّی وبُدَّی ...... لہ فِی اَمْرٍ: خیال سوجھنا۔

بَدَا (ن) بَدَاوَۃً و بِدَاوَۃ و تَبَدَّی: بادیہ کی طرف جانا۔ بادیہ میں اقامت اختیار کرنا۔ صفت (البَدْوِیّ و تَبَدَّی) ظاہر ہونا۔

اَبْدَی۔ الْاَمْرَ: ظاہر کرنا ......فی کَلَامِہٖ: جرأت دکھلانا۔ اسی سے ہے "السُّلْطَان ذُوْعَدَوَان وَ ذُوْبَدَوَان": بادشاہ جرأت و دلیری والا ہے۔

بَادَی: بِالعَدَاوَۃ: کھلم کھلا دشمنی ظاہر کرنا ......ہ: کوئی بات کسی سے صفائی سے کہنا۔ کھلم

کھلا مقابلہ کرنا۔
تَبَادیٰ: بدوی صفت ہونا۔
البَدْو و البَادِیَۃ و البَداوَۃ: صحراء جنگل۔ ج
بَادِیَات و بَوَادِو البَدْو: خانہ بدوش
......عربی قبائل اور بدو کی طرف نسبت کے
لئے (بَدوِیٌ و بَدَوِیٌّ) مؤنث بَدَوِیَّۃٌ ج
بَداوِیٌ.
البَدْوَۃ: وادی کا کنارہ۔
البَداۃ: کھمبی۔ خاک۔ قائم کردہ رائے۔ ج
بَدَوات
بَداوَۃُ الاَمْرِ: آغازِ معاملہ۔ والبداوات:
مختلف رائیں۔
بَذَّ (س) بَذَذًا و بَذاذًا و بَذاذَۃ و
بُذُوْذَۃ: بدحال ہونا۔ شکستہ حال ہونا۔ صفت
(بَذٌّ و بَاذٌّ): مؤنث (بَذَّۃ و بَاذَّۃ)
بَذَّہ: (ن) بَذًّا: غالب ہونا۔ فائق ہونا۔
بَاذَّۃ: سبقت کرنا۔
اِبْتَذَّ. مِنْہُ حَقَّہٗ: لینا۔
البِذُّ و البَذِیْذ: مثل ......اور کہا جاتا ہے "
رَجُلٌ بَذِیْذٌ": یگانہ روزگار مرد۔
بَذَأ: (ف) بَذْأً. الشَّیْءَ: ناپسند کرنا......
الشَّخصَ و عَلَی الشَّخصِ: حقارت کرنا'
مذمت کرنا۔
بَذَأ (ف) و بَذِیَ (س) و بَذُوَ (ک)
بَذَاءَۃً: فحش گو ہونا۔ بے وقوف ہونا۔ صفت
(بَذِیٌّ)
اَرْضٌ بَذِیْئَۃٌ: وہ زمین جس میں گھاس نہ ہو۔
اَبْذَأ: فحش گوئی کرنا۔
بَاذَاہ: جھگڑا کرنا۔ فحش گوئی کرنا۔
البَذَج: بکری کا بچہ۔ ج بِذْجَان
بَذَحَہٗ (ف) بَذْحًا: چیرنا......الجِلْدَ عَنِ
العِرْقِ: کھال ہٹانا۔
تَبَذَّحَ. السَّحَابُ: برسنا۔
البَذْح: پھٹن۔ ج بُذُوح: کہا جاتا ہے۔ "فِی
رِجْلِہٖ بُذُوْحٌ" اس کے پاؤں میں بوائی
ہے۔
البَذَح: رانوں کی خراش

بَذِخَ (س) بَذَخًا و بَذَخَ (ف) بَذْخًا و
بَذُخَ (ک) بَذَاخَۃً و تَبَذَّخَ: بلند ہونا۔ تکبر
کرنا۔ بڑی شان والا ہونا۔ صفت (بَاذِخ)
ج بَوَاذِخ و (بَذِیخ) ج بُذَخَاء
بَاذَخَہٗ: فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔
البَذَّاخ: تکبر کرنے والا ......مِنَ الاِبِلِ: بہت
بلبلانے والا اونٹ۔
البُذَاخِی: بڑا۔
البَیْذَخ: موٹے جسم والی عورت
بَذَرَ: (ن) بَذْرًا. الحَبَّ: بونا......اَلْمَالَ:
فضول خرچی میں اڑانا......العِلْمَ: پھیلانا۔
اشاعت کرنا۔
...... الارضَ: اُگانا
" ذَھَبُوْا شَذَرَ و بَذَرَ و شِذْرَ بِذْرَ" وہ لوگ
ہر طرف بکھر گئے۔
بَذَّرَ. المَالَ: فضول خرچی میں بکھیرنا۔ صفت
(بَزِرٌ و تَبْذَار و تِبْذَارَۃ)
تَبَذَّرَ و اِنْبَذَرَ: متفرق ہونا۔ تَبَذَّرَ المَاءُ:
رنگ بدل کر پیلا پڑجانا۔
اَلبَذْر: تخم ریزی کے لئے بیج۔ نسل۔ کہا جاتا
ہے "اِنَّہٗ بَذْرُ سُوْءٍ": وہ بری نسل کا ہے۔ ج
بُذُوْر و بِذَار
اَلْبَذِر و البَیْذَار و البَیْذَارَۃ و التِّبْذَار: بہت
بک بک کرنے والا۔ فضول خرچی کرنے
والا۔
اَلْبَذُوْر و البَذِیر: چغل خور۔ وہ شخص جو اپنے
راز کو چھپا نہ سکے۔ ج بُذُر۔
اَلمَبْذُوْر: فضول خرچی کرنے والا۔
البَذْرِیٰ: باطل۔ بہت فضول خرچ۔
المَبْذُوْر: بہت
بَذْرَقَ. اَلْمَالَ: بکھیرنا۔ فضول خرچی کرنا۔
نگہبانی کرنا۔
المُبَذْرِق: راہبر۔ دیدبان۔ رہنما
بَذَعَہٗ: (ف) بَذْعًا: گھبراہٹ میں ڈالنا۔
ڈرانا۔
بَذَعَ الاِنَاءُ: برتن کا ٹپکنا۔
البَذَع: برتن سے ٹپکا ہوا پانی

البَذَع: خوف۔ ڈر
المَبْذُوْع: خوفزدہ
اِبْذَعَرَّ: متفرق ہونا۔ اِبْذَعَرَّتِ الخَیْلُ: کسی
چیز کی طلب میں دوڑنا
البَاذَق و البَاذِق: انگور کا شیرہ تھوڑا سا پکایا
ہوا۔
البَیَاذِقَۃ: پیادے
البَیْذَق: سفر کا رہنما۔ پیادہ ج بَیَاذِق
المُبَیْذِقَۃ: وہ شخص جس کا قول عمل سے بہتر
ہو۔
اِبْذَقَرَّ: متفرق ہونا۔ بھاگنا۔ کہا جاتا ہے " مَا
اِبْذَقَرَّ الدَّمُ فِی المَاءِ": یعنی خون پانی میں
نہیں ملا۔
بَذَلَ: (ن ض) بَذْلاً. الشَّیْءَ: دینا۔ سخاوت
کرنا۔ کہا جاتا ہے " بَذَلَ نَفْسَہٗ دُوْنَ اَوْعَنْ
فُلَانٍ": اس نے فلاں کی حمایت میں اپنی
جان لڑا دی۔ صفت (بَاذِل و بَذُوْل) اور
صفت مفعولی (مَبْذُوْل) بَذَلَ جُھْدَہٗ: پوری
کوشش کرنا (...... وَابْتَذَلَ الثَّوْبَ: کام
کے وقت پہننا یا روزانہ استعمال کرنا۔ کَلَامٌ
مُبْتَذَل: گھٹیا بات کثیر الاستعمال۔ سَیْفٌ
صَدْقُ المُبْتَذَلِ: تیز دھار والی تلوار۔
تَبَذَّلَ وَابْتَذَلَ: چھچھورا ہونا۔ وقار کے خلاف
کرنا۔ اِبْتَذَلَ: روزانہ پہننے کے کپڑے
استعمال کرنا۔ پرانے بوسیدہ کپڑے پہننا۔
البَذْل: عطا۔ بخشش۔ رَجُلٌ بَذْلٌ: فیاض
مرد۔
البِذْلَۃ. مِنَ الثِّیَابِ: روزانہ استعمالی
کپڑے۔
البَذَّال و المِبْذَال: بہت فیاضی کرنے والا۔
اَلْمِبْذَل و المِبْذَلَۃ: روزانہ استعمالی
کپڑے۔ پرانا بوسیدہ کپڑا۔ ج مَبَاذِل
بَذْلَخَ بَذْلَخَۃً و بِذْلَاخًا: قول کے مطابق عمل
نہ کرنا۔ صفت مُبَذْلِخ و بِذْلَاخ
بَذُمَ: (ک) بَذَامَۃً: کسی رائے پر پختگی کے
ساتھ ڈٹ جانا۔ صفت بَذِیم
البُذْم: دور اندیشی۔ قوت۔ طاقت۔ رائے

کی عمدگی ۔ مروت ۔
اَلمِبذَم: مضبوط اونٹنی
بَذَأَ (ن) بَذْءًا و اَبْذَیٰ اِبْذَاءً ...... عَلَیْهِ : فحش بکنا ۔
بَذُوَ (ک) بَذَاءً و بَذَاءَةً: فحش گو ہونا ۔ صفت (بَذِیٌّ) ج اَبْذِیَاء مؤنث (بَذِیَّة)
البَذَاءُ: بے ہودہ کلام ۔
بَرَّ (ن) بِرًّا و مَبَرَّةً. والِدَهُ: اطاعت کرنا ۔ حسن سلوک کرنا ۔ خدمت کرنا ۔ صفت (بَرٌّ) ج اَبْرار و (بَارٌّ) ج بَررة
بَرَّ (س ض) بِرًّا و بَرَارَةً و بُرُوْرَةً. فِي قَوْلِهِ: سچ بولنا ...... خَالِقَهُ: اطاعت کرنا ...... بَرَّتِ الیَمِیْنُ: قسم پوری ہونا ۔ بَرَّتِ الصَّلَاةُ: نماز کا مقبول ہونا ۔ بَرَّ اللّٰهُ الصَّلٰوةَ: نماز کو قبول کرنا ۔
بَرَّرَهُ: نیک چلن قرار دینا ۔ وجہ جواز پیدا کرنا ۔
بَارَّهُ: حسن سلوک کرنا ۔ مہربانی کا برتاؤ کرنا ۔
اَبَرَّ: خشکی کا سفر کرنا ...... عَلَیْهِ: غالب ہونا ۔ فائق ہونا ...... اللّٰهُ حَجَّتَهُ: قبول کرنا ......
اَلیَمِیْنَ تَبَرَّرَ: نیک ہونا ۔ نیکی کے اظہار کا ارادہ کرنا ۔ تَبَرَّرَهُ: اطاعت کرنا ۔
تَبَارَّ. القَوْمُ: ہر ایک کا دوسرے کے ساتھ نیکی کرنا ۔
اِبْتَرَّ: ساتھیوں سے کنارہ کش ہونا ۔
البَرُّ: اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے ۔ نیکوکار ۔ خشک زمین ۔ ج بُرُوْر : کہا جاتا ہے "جَلَسْتُ بَرًّا" میں گھر سے باہر بیٹھا ۔ "خَرَجَ بَرًّا" وہ بیابان کی طرف نکلا ۔ "و اُرِیْدُ جَوًّا و یُرِیْدُ بَرًّا": میں پوشیدگی چاہتا ہوں اور وہ اعلانیہ (یہ قدیم محاورہ نہیں ہے)
البِرُّ: عطیہ ۔ طاعت ۔ صلاحیت ۔ سچائی ۔ نیک دل ۔ لومڑی کا بچہ ۔ چوہا ۔ بڑا چوہا ۔
اَلبُرُّ: گیہوں ۔ واحد (بُرَّة)
البَرُّ و البَارُّ: نیکوکار ۔ بھلائی کرنے والا ۔ بہت نیکی کرنے والا ۔ سچا ج اَبْرَار و بَرَرَة
البَرِّيُّ: ضد بحری ...... مِنَ النَّبَاتِ: جنگلی
...... من الحَیَوَانِ: وحشی
البَرِّيَّةُ: جنگل بیابان ۔ ج بَرَارِيّ
البَرَّانِيُّ: ظاہر ۔ کہا جاتا ہے "مَنْ اَصْلَحَ جَوَّانِیَّهُ اَصْلَحَ اللّٰهُ بَرَّانِیَّهُ": جو شخص اپنے باطن کو درست کرلے گا اللہ اس کے ظاہر کو درست کردے گا ۔
البَرِّيَّت: جنگل ۔ بیابان ۔ ج بَرَارِيْت
اَبَرُّ: اسم تفضیل ۔ عرب کا قول "اَصْلَحُ العَرَبِ اَبَرُّهُمْ" کا مقصد یہ ہے کہ عرب کا سب سے زیادہ فصیح وہ بدوی ہے جو شہر سے بہت دور ہو ۔
البُرِّيُّ: اچھی بات ۔
المَبَرَّةُ: جو نیکی پر ابھارے ۔ عطیہ ۔ ج مَبَرَّات و مَبَارّ
المَبْرُوْر. مِنَ الاَفْعَالِ: شبہ ۔ جھوٹ خیانت سے خالی ۔
اَلبَرِیْر: درخت پیلو کا پہلا پھل ۔ واحد بَرِیْرَة
بَرَأَهُ (ف) بَرْءًا و بُرُوْءًا: نیست سے ہست کرنا ۔
بَرِئَ (س) بُرُوْءًا و بَرَاءً و بَرَاءَةً. مِنَ العَیْبِ والدَّیْنِ: خلاصی پانا ۔ نجات پانا ۔
بَرِئَ (س) و بَرَأَ (ف) و بَرُؤَ (ک) بَرْءًا و بُرُوْءًا. مِنَ المَرَضِ: شفایاب ہونا ۔ چنگا ہونا ۔
بَرَّأَهُ تَبْرِئَةً: بری کرنا ۔ پاک کرنا ...... من التُّهْمَةِ: دور کرنا ۔
اَبْرَأَ. المَرِیْضَ: شفا دینا ...... هُ مِنَ الدَّیْنِ: بری کر دینا ...... الرَّجُلُ: مہینے کی پہلی رات میں داخل ہونا ۔
بَارَأَ. شَرِیْکَهُ: شریک سے جدائی اختیار کر لینا ۔
تَبَرَّأَ. مِنَ الذَّنْبِ: گناہ سے بیزار ہونا ۔
تَبَارَأَ. الزَّوْجَانِ: شوہر بیوی کا ایک دوسرے سے جدا ہونا ۔
اِسْتَبْرَأَ: قرض یا گناہ سے برأت طلب کرنا ۔
اَلبَرِيْءُ و البَرِيُّ: خالص ۔ خالی ۔ گناہ و تہمت سے پاک ۔ ج بَرِیْئُوْنَ و بُرَآءُ و
اَبْرَاء و اَبْرِیَاء ۔ مؤنث بَرِیْئَة و بَرِیَّة ج بَرِیْئَات و بَرِیَّات و بَرَایَا
البَرَاءُ: مہینے کی پہلی رات ۔ "اِبْنُ البَرَاءِ" مہینے کی آخری رات ۔ کہا جاتا ہے "اَنَا بَرَاءٌ مِنْ کَذَا" میں اس سے بری ہوں ۔ (اس کا تثنیہ جمع نہیں اور نہ اس کے لئے مؤنث ہے)
البُرْأَةُ: شکاری کی جھونپڑی ۔ ج بُرَآء
البَرَاءَةُ: بَرِئَ کا مصدر ۔ فرمان ۔ پروانہ ۔ ج بَرَاءَات
البَارِئُ: پیدا کرنے والا ۔ صحت یاب جس کی لاغری باقی ہو ۔
البَرِیَّةُ: مخلوق ۔ ج بَرَایَا
البِرَائِل و البُرَائِلِيُّ: پرندہ کی گردن کے پر ۔
البُرَائِلِيُّ: مرغ
بَرْأَلَ و تَبَرْأَلَ و ابْرَأَلَّ. الطَّائِرُ: پرندہ کا لڑنے کے لئے گردن کے پر کھڑے کرنا ۔
البَرْنَج: مٹی کا پرنالہ ۔ ج بَرَانِج
بَرْبَرَ: بک بک کرنا ۔ بڑبڑانا ۔ صفت (بَرْبَار)
تَبَرْبَرَ: وحشی ہونا ۔
البَرْبَرِيُّ: قوم بربر کا ایک فرد ۔
البَرْبَر: مغربی افریقہ کی ایک قوم اور بسا اوقات اس لفظ کا اطلاق زنگیوں اور حبشیوں پر بھی ہوتا ہے ۔ ج بَرَابِرُ و بَرَابِرَة
المُبَرْبِر: شیر ۔
بَرْبَسَةٌ: طلب کرنا ۔
تَبَرْبَسَ: کتے کی مانند چلنا ۔
البَرْبَاس: گہرا کنواں ۔
بَرْبَصَ. الاَرْضَ: سینچنا ۔
البَرْبَط: بربط (باجہ)
بَرَتَ (ض) بَرْتًا. الشَّيْءَ کاٹنا ۔
بَرِتَ (س) بَرَتًا: حیران ہونا ۔
البِرْت و السِّبْرِت: چینی ۔ شکر سفید ۔
البُرْت: کلہاڑا ۔
البُرْت و البِرِّیْت: ماہر راہبر ۔ ج اَبْرَات
البُرْتُقَان: نارنگی ۔ نارنگی کا درخت ۔ واحد

(بُرتقانه)

بَـرْتَکَ بَـرْتَکَةً. الثَّوبَ: پھاڑنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا...... الشَّیءَ: چونٹی کی مانند کاٹنا۔

اَلْبَـرَاتِکُ: چھوٹے ٹیلے (جمع ہے اس کا واحد نہیں)

بَرِثَ (س) بَرَثًا: خوش حالی میں زندگی بسر کرنا۔

البَرْثُ: نرم و ہموار زمین ج بِرَاث و اَبْرَاث و بُرُوث

البِرْثِنُ: مِنَ السِّبَاعِ و الطَّیْرِ: پنجہ۔ چنگل ج بَرَاثِن

البُرْثُنَة: شوکت و قوت۔

بَرِجَ (س) بَرَجًا: کھاتا پیتا ہونا۔ بَرِجت عَیْنُه: آنکھ کا سیاہ اور کشادہ ہونا۔ خوبصورت ہونا۔ صفت (اَبْـرَجُ) اور آنکھ کی صفت (بَرْجاء) ج بُرج

بَرَجَ. الشَّیءُ: ظاہر ہونا۔ بلند ہونا۔

بَرَّجَ و اَبْرَجَ: برج بنانا۔

تَـبَـرَّجَـتِ. الْـمَرْاَةُ: اجنبیوں کے سامنے آراستہ ہو کر نکلنا۔

اَلْبَـرَجُ: خوبصورت۔ نمایاں۔ روشن۔ ج اَبْراج

البُـرْجُ: ستون۔ قلعہ۔ محل۔ منار۔ گنبد۔ ج بُرُوج و اَبْـرَاج و اَبْرِجَة. اَلْبُرُوج: آسمانی برجوں میں سے ایک۔ آسمانی برج بارہ ہیں جن کے نام یہ ہیں: حمل، ثور، جوزاء، سرطان، اسد، سنبلہ، میزان۔ عقرب۔ قوس۔ جدی۔ دلو اور حوت۔

فَـلَکُ الْبُـرُوجِ: وہ دائرہ جس کو سورج آسمان میں بناتا ہے اور یہ دائرہ بارہ حصوں پر مشتمل ہے۔ ہر ایک کے ۳۰ درجے ہیں۔ ماہر فن اس کا نام دائرہ گرہن رکھتے ہیں۔

البَارِجُ: ماہر کشتی بان۔

البَـارِجَة: بڑی جنگی کشتی۔ ج بـوارِج۔ کہتے ہیں "مَا فُلانٌ اِلَّا بَارِجَةٌ قَدْ جَمَعَ فِیْهِ کُلَّ الشَّرِ" یعنی فلاں بڑا شریر ہے۔ "سَفِیْنَةٌ بَارِجَةٌ": کھلی ہوئی کشتی۔

تَبَارِیْجُ النَّبَاتِ: نباتات کے پھول۔

الاَبْرِیْجُ: دودھ بلونے کا آلہ۔

اَلْبِـرْجَـاس: چراغ کی ایک قسم جو مسافر سواریوں کے ساتھ لٹکاتے تھے۔

البُرْجُد: موٹا دھاری دار کمبل۔

اَلْبِـرْجِیْس: ایک ستارہ کا نام جس کو مشتری کہتے ہیں۔ بہت دودھ والی اونٹنی۔

البُرْجُمَة ج بَرَاجِم: انگلیوں کے جوڑ۔ ہاتھ پیر کی چھوٹی چھوٹی ہڈیاں۔ انگلیوں کے جوڑ کی پشت۔

اَلْبَـرَاجِـم: قبیلہ تمیم کی ایک شاخ۔ "اِنَّ الشَّقِیَّ وافِدُ البَرَاجِم" مثل عرب میں سے ہے اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو لالچ کی وجہ سے اپنی جان کو ہلاکت میں ڈالے۔ اس کا واقعہ یوں ہوا کہ جب سوید بن ربیعہ نے عمرو بن ہند کے بھائی کو مار ڈالا تو عمرو بن ہند نے بنو تمیم کے سو آدمیوں کو جلانے کی قسم کھائی اور بنو دارم (قبیلہ بنی تمیم کی ایک شاخ) کے ننانوے آدمیوں کو قتل کر کے جلانے لگا تو ایک شخص جو براجم میں سے تھا گوشت کے جلنے کی بو پا کر وہاں آموجود ہوا۔ عمرو بن ہند نے اس کو بھی قتل کر کے اپنی قسم پوری کر لی۔

بَرِحَ (س) بَـرَاحًا و بَـرَحًا. المَکَانَ وَ مِنْهُ: ہٹنا۔ جدا ہونا۔ زائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا بَـرِحَ وَلاَ بَرِحْتُ غَنِیًّا" بمعنی مَازَالَ وَلَا زِلْتُ. بَرِحَ الخفاءُ: ظاہر ہونا۔

بَرَحَ (ن) بَـرْحًـا. الرَّجُلُ: غضبناک ہونا ...... (...... بُـرُوحًـا) الصَّیْدُ: داہنی جانب سے گزرنا۔ صفت (بَـارِح و بَـرُوح و بَرِیْح)

بَرَّحَ. بِهِ الاَمْرُ: تھکانا۔ سخت تکلیف دینا۔ ...... اللّٰهُ عَنْکَ: تکلیف دور کرنا۔

اَبْرَحَهُ: ہٹانا۔ تعظیم کرنا۔ تعجب میں ڈالنا۔

بَارَحَ. المَکَانَ: جدا ہو جانا۔

اَلْبَرْحُ ج اَبْراح و (التَّبْرِیْح و البُرَحَاءُ): سختی۔ تکلیف۔ بلا

البَرْحُ: وحشت انگیز معاملہ۔

اَمْرٌ (بَرْحٌ): تکلیف دہ معاملہ۔

البَـرَاحُ: کشادہ زمین جس میں درخت اور عمارت نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "لاَ بَـرَاحَ" کوئی چارہ کار نہیں۔ "وَجَاءَ نَا الاَمْرُ بَرَاحًا" معاملہ نمایاں طور پر سامنے آ گیا۔ "وَجَاءَ بِالْکُفْرِ بَرَاحًا" اس نے کھلم کھلا کفر کا اظہار کیا۔

بَـرَاحِ: بروزن قَطَامِ: آفتاب کیلئے عَلَم ہے۔

اَلْبَارِحُ و البَارِحَةُ: گزشتہ رات۔ اَلْبَارِحَةُ الاُوْلٰی: گزشتہ رات سے پہلی رات۔ کہا جاتا ہے "هٰذهِ فَعْلَةٌ بَارِحَةٌ" یہ فعل غلط اور غیر ارادی ہے۔

بَـرْحَـی: ایک کلمہ جس کو نشانہ میں غلطی کے وقت بولتے ہیں اور مَرْحٰی اس کے خلاف ہے۔

البَارِحُ: گرم ہوا۔ ج بَوَارِح۔

ابن بُرَیْح: کوا۔

اَلتَّبَـارِیْحُ: مشقت ہائے زندگانی۔ کہا جاتا ہے "تَبَارِیْحُ الشَّوقِ" سوزشہائے عشق۔

بَرَدَ (ن) بَرْدًا و بَرُدَ (ک) بُرُوْدَةً: ٹھنڈا ہونا۔ صفت (بَـرْدٌ و بَارِدٌ و بَرُوْدٌ و بُرَادٌ)

بُـرِدَتِ الاَرْضُ: اولے پڑنا۔ بُرِدَ القَوْمُ: سردی لگنا یا اولے پڑنا۔ بَـرَدَ الحَقُّ عَلَيْهِ اَوْ لَهُ: ثابت ہونا۔ بَـرَدَ فُلاَنٌ: سونا۔ سست ہونا۔ کہا جاتا ہے "جَدَّ فِی الاَمْرِ ثُمَّ بَرَدَ" اس نے معاملہ میں کوشش کی پھر ٹھنڈا پڑ گیا۔

بَـرَدَ: (ن) بَـرْدًا: الْحَدِیْدَ: ریتی سے رگڑنا۔ الْخُبْزَ ...... : روٹی پر پانی ڈالنا ...... العَیْنَ: ٹھنڈا سرمہ لگانا۔

بَرَّدَهُ (ن) بَرْدًا اَوْ بَرَّدَهُ: ٹھنڈا کرنا ...... الْـوَجَـعَ: تکلیف کو ہلکا کرنا۔ سکون دینا۔ ...... الْحَقَّ: ثابت کرنا۔ واجب کرنا۔ ...... بـردنا اللّٰهُ و بَرَدَ عَلَیْنَا: رات کو ٹھنڈک لگنا۔

اَبْـرَدَ: موسم سرما یا اولوں میں داخل ہونا ...... الَیْهِ البَرِیْدَ: قاصد بھیجنا ...... الشَّیءَ: ٹھنڈا

کرنا۔ اَبْرَدَهُ المَرَضُ: کمزور کر دینا۔
تَبَرَّدَ: ٹھنڈک چاہنا۔ کہا جاتا ہے "نَزَلَ فِی المَاءِ یَتَبَرَّد" وہ ٹھنڈک حاصل کرنے کے لئے پانی میں اُترا۔
تَبَارَدَ: کسی کام میں سست ہو جانا۔ ٹھنڈک ظاہر کرنا۔
اِبْتَرَدَ: ٹھنڈے پانی سے غسل کرنا۔
اِسْتَبْرَدَهُ: ٹھنڈا پانا۔ اِسْتَبْرَدَ عَلَيْهِ لِسانه: اس نے اس پر زبان درازی کی۔
البَرْد: سردی۔ نیند۔
البَرْدَانِ و الاَبْرَدَانِ: صبح شام
البَرَد: اولہ۔
البَرَدَة: ایک اولہ۔ بدہضمی۔
البَرُود: سرمہ جس سے آنکھ کو ٹھنڈک پہنچے۔
ثَوْبٌ بَرُودٌ: وہ کپڑا جس کی درز ابھری ہوئی ہو۔
البَرُود: پانی میں ترکی ہوئی روٹی۔
البُرْد: دھاری دار کپڑا۔ ج بُرُودٌ و اَبْرَادٌ و اَبْرُد: کہا جاتا ہے "وَقَعَ بَيْنَهُمْ فَلَمَّا بُرُود يَمَانِيَة" یعنی چادریں ان کے درمیان پھٹیں یعنی سب آپس میں جھگڑے۔
البُرْدَة: کالا کمبل۔ واحد بُرْدة ج بُرَد.
البَرْدِيّ: ایک قسم کا پودہ جس کی چھال کو قدماء مصر کتابت کے لئے استعمال کرتے تھے۔
البَرْدِيّ: ایک قسم کی عمدہ کھجور۔
البُرَادَة: ریتی کرتے ہوئے لوہے وغیرہ سے جو کچھ گرے۔
البُرَدَاء: جاڑا بخار۔
البَرَّادَة: پانی ٹھنڈا کرنے کا برتن۔
البَرِيد: قاصد۔ ج بُرُدٌ: تقریباً بارہ میل کی مسافت۔ ڈاک خانہ۔
البَارِد: فا۔ عَيْشٌ بَارِدٌ: خوشگوار زندگی۔ "غَنِيمَةٌ بَارِدَة" بغیر جنگ اور مشقت کے حاصل کی ہوئی غنیمت۔ حُجَّةٌ بَارِدَةٌ: کمزور دلیل۔ المُرْهَفَاتُ البَوَارِد: تیز کاٹنے والی تلوار۔
الاَبْرَد: چیتا۔ ج اَبَارِد مؤنث الاَبْرَدَة

المِبْرَد: ریتی۔
المَبْرَدَة: وہ چیز جو ٹھنڈک پیدا کرنے والی ہو۔ کہا جاتا ہے "هذا مَبْرَدَةٌ لِلْبَدَنِ" یہ بدن کو ٹھنڈک پہنچانے والی ہے۔
البَرْذَعَة و البَرْدَعَة: پالان کے نیچے ڈالنے کا کمبل۔
البِرْذَوْن: ٹٹو۔ گھوڑا۔ ترکی گھوڑا۔ ج بَرَاذِين
بَرْذَنَ الفَرَسُ: ترکی گھوڑے کی طرح چلنا۔ ٹٹو کی طرح چلنا...... الرَّجُلَ: مغلوب کرنا۔
بَرَزَ (ن) بُرُوزًا: میدان کی طرف نکلنا۔
بَرَزَ (ن) و بَرِزَ (س) بَرَزًا: گمنامی کے بعد مشہور ہونا۔ صفت (بَارِزٌ)
بَرُزَ: (ک) بَرَازَةً: فضل یا شجاعت میں اپنے ہمسروں سے بڑھ جانا۔ صفت (بَرْزٌ): مؤنث (بَرْزَةٌ)
اَبْرَزَهُ: نکالنا۔ الکِتَابَ: شائع کرنا۔ الرَّجُلُ: ارادہ سفر کرنا۔
بَرَّزَ: پاخانہ کرنا۔ الشَّيْءَ: نکالنا۔ ظاہر کرنا۔ الفَرَسُ: گھوڑ دوڑ کے میدان میں آگے بڑھ جانا۔ الرَّجُلُ فِي العِلْمِ: ہمسروں سے فائق ہونا۔
بَارَزَ مُبَارَزَةً و بِرَازًا: لڑائی کے لئے مقابلہ پر نکلنا۔
تَبَرَّزَ: قضائے حاجت کے لئے میدان میں جانا۔
تَبَارَزَا: مقابلہ پر نکل کر لڑنا۔
اِسْتَبْرَزَهُ: نکالنا۔
البِرَاز: بارز کا مصدر۔ آدمی کا پاخانہ۔
البَرَاز: درختوں سے خالی کشادہ میدان۔ (اس کو قضائے حاجت کے لئے بطور کنایہ کے استعمال کرتے ہیں)
المَبْرَزُ و المُتَبَرَّز: قضائے حاجت کی جگہ۔
ذَهَبٌ (اِبْرِيز): خالص سونا۔
البَرْزَخ: دو چیزوں کے درمیان کی روک۔ مرنے کے وقت سے دوبارہ اٹھنے تک کا زمانہ۔ ج بَرَازِخ۔ بَرَازِخُ الاِيمَان: ایمان کی ابتداء اور آخر کے درمیان کی حالت۔ یا شک و یقین کے درمیان کی حالت۔
البُرْزُغ و البُرْزَاغ و البُرْزُوغ: نشاط۔ جوانی۔ کڑیل جوان۔
تَبَرْزَقَ۔ القَوْمُ: بغیر گھوڑوں اور اونٹوں کے جمع ہونا۔
البَرَازِيق: لوگوں کی جماعتیں۔ بڑے راستہ کے ارد گرد چھوٹے راستے۔ واحد بُرْزِيق
بَرِسَ (س) بَرَسًا: مقروض پر سختی کرنا۔
بَرَّسَ۔ الارض: نرم بنانا۔
البُرْس و البِرْس: روئی۔
البِرْسِيَان: ایک قسم کی کھجور۔
اَلْبَرْسْكُوب: ایسا شیشہ جس کے ذریعے رکاوٹوں کے باوجود کافی حد تک دکھائی دیتا ہے۔
بَرْسَمَهُ: برسام میں مبتلا کر دینا۔
البِرْسَام: ایک ہذیانی بیماری۔
بُرْسِمَ: برسام میں مبتلا ہونا۔ صفت (مُبَرْسَم)
بَرِشَ (س) بَرَشًا و اَبْرَشَ: سفید داغوں والا ہونا۔ صفت (اَبْرَش و مُبْرِش): مکان۔
ابرش: مختلف رنگوں کی بہت نباتات والی زمین۔ سَنَةٌ بَرْشَاءُ: سال جس میں گھاس کی پیداوار بہت ہو۔
البُرْشَة و البَرَش: سفید داغ۔
البَرِيش: سفید داغوں والا۔
بَرْشَطَ۔ اللَّحْمَ: کاٹنا۔
البُرْشُع و البُرْشَاع: بدخلق۔
بَرْشَقَ۔ اللَّحْمَ: کاٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ فُلَانًا بِالسَّوْطِ: کوڑے سے مارنا۔
اِبْرَنْشَقَ: شاد ماں ہونا۔ صفت (مُبْرَنْشِق) ...... الشَّجَرُ: کلی نکلنا...... النَّوْرُ: کھلنا۔
بَرْشَكَ الجَزُورَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
بَرْشَمَ بَرْشَمَةً و بِرْشَامًا۔ الرَّجُلُ: غم کی وجہ سے خاموش ہونا۔ اِلَيْهِ: گھورنا۔ تیز نظر سے دیکھنا۔
البُرْشُم: برقع۔
البَرَاشِم: تیز نظر والا۔
بَرْشَنَ۔ الرِّسَالَةَ: گوند سے چپکانا۔

البَرْشَان: گوند۔ لیٹی۔
بَرِصَ: (س) بَرَصًا: برص کی بیماری والا ہونا۔ صفت (اَبرص): مؤنث بَرْصَاء: ج بُرْص۔
اَرْض بَرْصَاء: مختلف جگہوں سے چری ہوئی زمین۔ حَيَّة بَرْصَاء: سفید داغوں والا سانپ۔
اَبْرَصَهٗ: برص کی بیماری میں مبتلا کر دینا۔
تَبَرَّصَ. الارْض: چرا کر بالکل صاف کر دینا۔
البَرَص: ایک بیماری ہے جس کی وجہ سے جلد سفید ہو جاتی ہے اور سخت تکلیف دہ خارش پیدا ہو جاتی ہے۔
سَامُ اَبْرَص: چھپکلی۔ تثنیہ کی صورت میں "هذان سامّا ابرص" اور جمع کی صورت میں "هؤلاءِ سَوامُّ اَبْرص واَبَارِص": بولتے ہیں۔
اَبُوبُرَيْص: چھپکلی۔
الاَبْرَص: چاند۔
البُرْصُوم: کپڑے کا وہ ٹکڑا جس سے شیشی بوتل وغیرہ کے سر کو باندھیں۔
بَرَضَ (ن) بَرْضًا. اَلْمَاءُ مِنَ الْعَيْنِ: تھوڑا نکلنا۔
بَرَضَ (ن) بُرُوضًا. النَّبَاتُ: اکھوا نکلنا۔
بَرَّضَ و اَبْرَضَ. المَكَانُ: بہت اکھوا والی ہونا۔
تَبَرَّضَ: تھوڑی چیز پر زندگی گزارنا۔ الشَّیْءَ: تھوڑا تھوڑا لینا..... المَاءَ: چوسنا..... الْاَرْضَ: روئیدگی ظاہر ہونا۔
البَرْض: تھوڑا ج بِرَاض و بُرُوض و اَبْرَاض..... : کہا جاتا ہے "هذا بَرْضٌ مِنْ عِدِّهٖ" یہ بہت میں سے تھوڑا ہے۔
البُرْضَة: زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔
البَارِض: اکھوا۔
عَيْنٌ (بَرُوْض): تھوڑے پانی والا چشمہ۔
البُرَاض و البُرَاضَة: تھوڑا۔
المَبْرُوْض: کثرت داد و دہش کی وجہ سے تنگ دست۔
المُبَرْطِس و المُبَرْطِش: بائع اور خریدار کے درمیان دلال۔ المُبَرْطِس: کرایہ پر گھوڑوں اور گدھوں کو چلانے والا۔
البِرْطَاش: پتھر کی چوکھٹ۔ فصیح عربی الاُسْكُفَّة ہے۔
بَرْطَلَهٗ بَرْطَلَةً: رشوت دینا۔
تَبَرْطَلَ: رشوت لینا۔
اَلْبُرْطُل: ٹوپی۔
اَلْبِرْطِيل: رشوت۔ لمبا پتھر ج بَرَاطِيل۔
بَرْطَمَ: اللَّيْلُ: تاریک ہونا۔ الرَّجُلُ: غصہ کی وجہ سے ہونٹ لٹکانا (...... و تَبَرْطَمَ) غصہ سے پھولنا۔
البِرْطَام و البُرَاطِم: موٹے ہونٹ والا۔
بَرَعَ (ن) و بَرِعَ (س) و بَرُعَ (ک) بَرَاعَةً و بُرُوْعًا: علم یا فضیلت یا جمال میں کامل ہونا۔ صفت (بارع)
بَرَعَهٗ: علم یا فضیلت یا جمال میں غالب ہونا۔
بَرَعَ الْجَبَلَ: پہاڑ پر چڑھنا۔
تَبَرَّعَ بِالْعَطَاءِ: صدقہ کرنا۔ تبرع کرنا۔
اَلْبَرِيْع: عقل و جمال میں کامل۔ بَرْق بَرِيْع: دور سے چمکنے والی بجلی۔
البُرْعُث: حلقہ دبر۔
البِرْعِس وَ الْبِرْعِيْس: بہت دودھ دینے والی اونٹنی۔ البِرْعِيْس: سختیوں پر صبر کرنے والا۔
تَبَرْغَصَ الرَّجُلُ: کسی کے پیچھے تلملانا۔ تَبَرْغَصَتِ الحَيَّةُ: کنڈلی مارنا۔
البُرْغُل: بجو کا بچہ۔
بَرْعَمَ بَرْعَمَةً و تَبَرْعَمَ. الشَّجَرُ: شگوفہ نکلنا۔
البُرْعُم و البُرْعُمَة ج بَرَاعِم و (البُرْعُوم و البُرْعُوْمَة) ج بَرَاعِيْم: شگوفہ نا شگفتہ۔ پھل کا غلاف۔
بَرِغَ (س) بَرَغًا: ناز و نعمت سے زندگی بسر کرنا۔
البَرْغ: لعاب۔
بَرْغَثَ. المَكَانُ: بہت پسوؤں والا ہونا۔
البُرْغُوْث: پسو۔ ج بَرَاغِيث
بُرْغُوْثُ الْبَحْرِ: جھینگا۔
اَلْبَرْغَل و الْبُرْغُل: سخت چھنی ہوئی گندم۔
البَرْغز و البُرْغُوز و البُرْغَاز: گائے یا نیل کا بچہ۔ ج بَرَاغِز و بَرَاغِيز۔
البَرْغَش: مچھر۔ واحد (بَرْغَشَة)
البرغی و البُرْغِيُّ: پیچ والی کیل۔ ج براغی: فصیح عربی لولب ہے۔
البِرْفِير: ارغوانی رنگ۔ ارغوانی رنگ سے رنگا ہوا کپڑا۔
بَرَقَ (ن) بَرْقًا و بُرُوْقًا و بَرَقَانًا و بَرِيْقًا. البَرْق: ظاہر ہونا..... الشَّیْءُ: چمکنا۔ روشن ہونا..... السَّمَاءُ: چمکتی ہوئی بجلی والا ہونا۔ الرَّجُلُ: دھمکانا۔
بَرَقَتْ (ن) بَرْقًا و بَرَقَتْ و اَبْرَقَتْ. اَلْمَرْاَةُ: آراستہ ہونا۔
بَرِقَ (س) بَرَقًا: متحیر ہونا۔ چندھیا جانا۔ خیرہ چشم ہونا۔
بَرَّقَهٗ: آراستہ کرنا۔ بَرَّقَ عَيْنَيْهِ و بِعَيْنَيْهِ: آنکھ پھاڑ پھاڑ کر دیکھنا۔
اَبْرَقَ: برق زدہ ہونا۔ دھمکانا۔ دور کا سفر کرنا..... بِسَيْفِهٖ: چمکانا..... عَنْ وَجْهِهٖ: ہٹانا۔
اَبْرَقَتِ السَّمَاءُ: چمکتی ہوئی بجلی والا ہونا۔
اَلْبَرْق: بجلی ج بُرُوْق..... : کہا جاتا ہے "بَرْق خُلَّب و بَرْق خُلَّب و برق الخُلَّب" بے بارش کی بجلی۔
البَارِقَة: بجلی والا بادل۔ تلواریں۔ سَحَابَة (بَرَّاقَة) بجلی والی بدلی۔
البُرْقَة: دہشت۔ خوف۔
البَرَق: گھبراہٹ۔ دہشت۔ بھیڑ کا بچہ۔ ج اَبْرَاق و بُرْقَان۔
البُرَق: گوہ۔
رَجُلٌ (بَرُوْق): بزدل۔
البُرْقَة ج بُرَق و (الاَبْرَق) ج اَبَارِق: سخت ترین زمین جس میں ریت گارا پتھر ہو۔ اس کی تصغیر (اُبَيْرِق) ہے۔ الاَبْرَق: سیاہ سفید

رنگ والا۔

البُـــرَاق: اس جانور کا نام ہے جس پر نبی کریم ﷺ شب معراج میں سوار ہوئے تھے۔ اس جانور کا قد گدھے سے بڑا اور خچر سے چھوٹا تھا۔

التَّبَـارِيْق: تھوڑا سا تیل یا گھی جو کھانے میں ڈالا جائے۔

الثَّوبُ: آلودہ ہونا۔

مَبْرَق. الصُّبح: صبح طلوع ہونے کی جگہ۔ ج مَبَارِق وَ مَبَارِيْق۔

الثَّوبُ: آلودہ ہونا۔

بَرْقَشَهٗ بَرْقَشَةً: مختلف رنگوں سے آراستہ کرنا۔

بَرْقَعَ بَرْقَعَةً و تَبَرْقَعَ. وَجْهُهٗ: بدصورت ہونا..... فِـي الْـكَلَام: بے سر پیر کی باتیں کرنا۔

تَبَرْقَشَ: مختلف رنگوں سے آراستہ ہونا۔

البِـرْقِش: ایک لطیف آواز اور رنگین پروں والا پرندہ۔

ابُوبُرَاقِش: ایک چھوٹا سا پرندہ جس کے پر کا بالائی حصہ خاکی اور بیچ کا حصہ سرخ اور نیچے کا سیاہ ہوتا ہے اور جب وہ پر نکالتا ہے تو مختلف رنگ دکھائی دیتے ہیں۔ مجازاً متلون المزاج کو کہتے ہیں۔

البَرْقُوش: پرانا جوتا۔

بَرْقَطَ: قریب قریب قدم سے چلنا۔ مڑ مڑ کر دیکھنا..... الكَلَام: بے ترتیب بولنا۔

بَرْقَعَهَا: برقع اُوڑھنا۔

تَبَرْقَعَتْ: برقع اُوڑھنا۔

البُرْقُع: برقع۔

بَرْقَلَ: جھوٹ بولنا۔

اَلْبَرْقَلَة: قول جو عمل سے خالی ہو۔

البِرْقِيْل: ایک قدیم قلعہ شکن آلہ۔

اَلْبَرْوَق: لمبے تنے والا زیادہ پھولوں والا پودا زینت کے لئے استعمال ہوتا ہے بکری اس کو نہیں کھاتی۔

البَرْقُوق: شفتالو۔

بَرَكَ: (ن) بُـرُوكًا و تَبْرَاكًا و بَرَكَ و اِسْتَبْرَكَ. البَعِيْرُ: بیٹھنا۔ بَرَكَ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔

بَرَّكَ فِيْهِ: برکت کی دعا کرنا۔

بَـارَكَ. الرَّجُلَ: برکت کی دعا کرنا۔ راضی ہونا۔ بَـارَكَ الـلّٰـهُ لَكَ وَ فِيكَ وَ عَلَيْكَ و بَـارَكَكَ: برکت دینا۔ بولتے ہیں "بَـارَكَ عَلَـى الْاَنْبِيَاءِ وَ آلِهِمْ" یعنی ان کی عزت و عظمت جو تو نے انہیں بخشی ہے برقرار رکھ اور بُورِكَ فِيكَ اس سائل سے کہتے ہیں جس کو دفع کرنا منظور ہوتا ہے۔

اَبْرَكَهٗ: اُونٹ کو بٹھانا۔

تَبَرَّكَ. بِهٖ: برکت حاصل کرنا۔

تَبَارَكَ. بِهٖ: نیک شگون لینا..... اللّٰهُ: مقدس ہونا۔

اِبْتَرَكَ. الْقَوْمُ: گھٹنوں کے بل بیٹھ کر جنگ کرنا۔ اِبْتَرَكُوا فِي الْعَدْوِ: تیز دوڑنے کی کوشش کرنا..... فُلَانًا: پچھاڑنا اور اپنے سینہ کے نیچے دبا لینا..... فِي عِرْضِهٖ وَ عَلَيْهِ: گالی دینا۔ اہانت کرنا۔

اِسْتَبْرَكَ: برکت کی فال لینا۔

البَـــرْك: سینہ۔ اونٹوں کا گلہ۔ واحد (بارک) مؤنث (بَارِكَة) ج بُرُوك۔

اَلْبَرَكَة: زیادتی۔ بہتات۔ نیک بختی۔ نمو

اَلْبِـرْكَة: اونٹ کے بیٹھنے کی ہیئت۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ حوض۔ ج بِـرَك: دودھ دینے والی بکری۔ ج بِرْكَات۔

البُـــرْكَة: ایک چھوٹا سفید آبی پرندہ۔ پینے والے کی اجرت۔ ج بُـرَك و اَبْرَاك و بُرْكَان۔

البَرِيك: اُونٹ۔

البَارُوك: بزدل۔ کابوس۔

البَرَّاك: پیائی لینے والا۔ پینے والا۔

اَلْمَبْرَك: اُونٹ کے بیٹھنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "لَيْـسَ بِـفُلَانٍ مَبْرَكُ جَمَلٍ" یعنی فلاں کے پاس کچھ نہیں۔

اَلْبَرُوكَة: مادہ بکری۔

بَـرْكِيَّة: لمبے پتوں' سیدھے تنے والا پودا۔

البِرْكَار وَ البِيكَار: پرکار (جدید)

البُـــرْكَـــان: آتش فشاں پہاڑ۔ جوالا مکھی (جدید) بَـرْكَعَهٗ: کاٹنا۔ پچھاڑنا۔ بَـرْكَعَ الْـفَـــرَسُ: چاروں پیروں پر کھڑا ہونا اور گھٹنوں کے بل گر پڑنا۔

بَرْكَعَ وَ تَبَرْكَعَ. الرَّجُلُ: چوتڑ کے بل گرنا۔

البُرْكُعُ: پست قد مرد۔

اَلْبَرْلَمَان: پارلیمانی نظام۔

جُوعٌ (بُرْكُوعٌ): سخت بھوک۔

بَرَمَ (ن) بَـرْمًا و بَرَمَ. الحَبْلَ: دولڑیوں کو بٹنا۔ صفت مفعولی (مَبْرُوم و بَرِيم). الْاَمْرَ: مضبوط کرنا۔

بَرِمَ (س) بَرَمًا: تنگ دل ہونا۔ زچ ہونا۔ ..... بِحُجَّتِهٖ: دلیل کا نہ ملنا۔

اَبْرَمَ. الحَبْلَ: بمعنی بَرِمَ الْحَبْلَ..... ہ: زچ کرنا..... عَلَيْهِ فِي الْجِدَالِ: خاموش کرنے کے ارادے سے بحث کئے جانا۔

تَبَرَّمَ: زچ ہونا۔

اِنْبَرَمَ. الْحَبْلُ: رسّی کا بٹ جانا۔

اَلْبَرَم: درخت غصاہ کا پھل (دیکھئے غصاہ) بـخيل لئيم: وہ شخص جو بخل کی وجہ سے جوئے میں شریک نہ ہو۔ ج ابرام۔

البُرْمَة: پتھر کی ہانڈی۔ ج بُرَم و بِرَام

البَرَم: بداخلاق لوگ۔

البَرَام: چیچڑی۔ ج اَبْرِمه

البَرَّام: رسّی بٹنے والا۔

البَـــرِيْم و البَـــرَام: دھاگا۔ ہر وہ چیز جو بٹی جائے۔ بٹی ہوئی رسّی۔ البریم: لشکر۔

البَرِيمَة: سوراخ کرنے کا اوزار۔ برما۔

المِبْرَم: تکلہ۔ ج مَبَارِم۔

اَلسِّوَارُ مِنَ الذَّهَبِ الْمُبْرَوْم: اصل سونے (۲۴ قیراط تک) کے کنگن۔

المُبْرَمُ: مفع قضاء۔ مُبْرَم: اٹل فیصلہ۔

اَلْبَرْمَا: حلوہ کی ایک قسم۔ (ترکی لفظ)

البِرْمِيْل: پیپہ۔ ج بَرَامِيل۔ (جدید)

البَرْنَامَج: میزانیہ۔ بجٹ (جدید)

اَلْبَرْنَاسِیَّة: ان شعراء کا مسلک جنہوں نے رومانی گانوں کو اپنایا اور لفظی صفت کا پورا اہتمام کیا۔
بَرْنَسَہٗ: برنس پہنانا۔
تَبَرْنَسَ: برنس پہننا۔
اَلْبُرْنُس: وہ لمبی ٹوپی جو عرب میں پہنی جاتی تھی۔ وہ لباس جس کا کچھ حصہ ٹوپی کی جگہ کام دے۔
اَلْبُرْنَیْطَةُ: ایک خاص علاقے کی ٹوپی۔ (ہیٹ)
اَلْبُرْنَیْطَة: انگریزی ٹوپی۔ ہیٹ (پی کیپ)
اَلْبَرْنِیَّة: مٹی کا برتن۔ ج بَرَانِیُّ۔
بَرِهَ (س) بَرَهًا: بیماری کے بعد جسم کا اصلی حالت پر آنا۔ صفت (اَبْرَہ) مؤنث (بَرْهَاء): ج بُرْہ۔
اَبْرَہَ: دلیل لانا۔
اَلْبُرْهَةُ و اَلْبَرْهَةُ: عرصہ۔ زمانے کا ایک حصہ۔ ج بُرَہ و بُرْہات۔
اَلْبَرَاهِمَة: ہندوؤں کی ایک ذات..... مفرد (بَرْهَمَن)
بَرْهَنَ۔ الشَّیْئَ وَ عَلَیْهِ وَ عَنْهُ: دلیل قائم کرنا۔
تَبَرْهَنَ: دلیل سے ثابت ہونا۔
اَلْبُرْهَان: دلیل۔ ج بَرَاهِین۔
اَلْبُرْوَاز: چوکھٹا (جدید) اس کے لئے فصیح لفظ کفاف اور اطار ہے۔
اَلْبُرُوتِسْتُو: دعویٰ قائم باوجود بیکاری اور نقصان کے ادراک کے۔
اَلْبُرُوتِسْتَانِی: معروف عیسائی مذہب پروٹسٹ کو ماننے والا۔
اَلْبُرُوتُون: ہیدروجن کا ذرہ۔
اَلْبُرُولِتَارِیَا: کام کرنے والا طبقہ (لاطینی لفظ)
اَلْبَرُوم: بدبودار جسم سمندری پانیوں سے نکالا جاتا ہے سرخ بہنے والے مادے کی شکل میں علامت BR۔
اَمْبُرُومز (الصِّفر): پیتل۔

اَبْرُومِیتْر: ہوا کی پیمائش کا آلہ۔
اَلْبَرْوَاق و اَلْبَرْوَق: ایک قسم کی گھاس جو محض بادل ہی سے سرسبز ہو جاتی ہے اور اسی وجہ سے مثل ہے "اَشْکَرُ مِنْ بَرْوَقَة" یعنی وہ تھوڑی چیز کا بھی شکریہ ادا کرتا ہے۔
بَرَا (ن) بَرْوًا و اَبْرٰی اِبْرَاءً۔ النَّاقَةَ: اونٹنی کی ناک میں حلقہ ڈالنا۔
اَلْبُرَة: حلقہ (خواہ کنگن ہو یا بالی یا پازیب ج بُرًی و بُرَات و بُرِیْن و بِرِیْن: کہا جاتا ہے "اَعْطَتْهُ الدُّنْیَا بُرَتَهَا" یعنی دنیا اس کے ہاتھ میں آ گئی ہے۔
بَرٰی: (ض) بَرْیًا و اِبْتَرٰی۔ السَّهْمَ اَوِ الْقَلَمَ: تیر یا قلم تراشنا۔ صفت مفعولی (بَرِیٌّ و مَبْرِیٌّ)
...... الشَّخْصَ: دبلا کرنا۔ کمزور کرنا۔
بَارٰی۔ الرَّجُلَ: آگے بڑھنے کی کوشش کرنا۔ ...... اِمْرَأَةً: فراق کی شرط پر صلح کرنا۔
اَبْرٰی: مٹی لگنا۔
تَبَارَیَا: باہم آگے بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔
تَبَرّٰی۔ لِمَعْرُوْفِهٖ: بھلائی کے درپے ہونا۔
اِنْبَرٰی: تراشا جانا ..... لَهٗ: پیش آنا۔
اَلْبَرٰی: مٹی۔
اَلْبَارِیُٔ: فا۔ پیدا کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے۔ تیر کا تراشنے والا۔ امثال عرب میں سے "اَعْطِ الْقَوْسَ بَارِیَهَا": کمان تراشنے والے کو دو۔ یعنی کام اس شخص کے سپرد کرو جو اس کی اہلیت رکھتا ہو۔
اَلْبُرَایَة و اَلْبُرَاء: تراشہ۔ چھیلن۔
اَلْبَرِیَّة: مخلوق۔ ج بَرَایَا
اَلْاِبْرِیَةُ و اَلتِّبْرِیَةُ: سر کی بھوسی جو کنگھی کرتے وقت گرے۔
اَلْبَرَّاءَةُ و الْمِبْرَاءُ و الْمِبْرَاةُ: چاقو۔ تراشنے کا اوزار۔
بَزَّهٗ (ن) بَزًّا و بِزِّیْزٰی: چھیننا۔ غالب ہونا ...... الشَّیْئَ مِنْهُ: زبردستی لے لینا۔
اِبْتَزَّ۔ مِنْهُ الشَّیْئَ: زبردستی چھین لینا۔

اَلْبَزُّ: کتاں یا روئی کے کپڑے۔ ہتھیار۔ ج بُزُوْز۔
اَلْبِزَّة: کپڑے۔ ہتھیار۔ ہیئت۔
اَلْبَزَّاز: پارچہ فروش۔
اَلْبِزَازَة: پارچہ فروشی۔
اَلْبَزَابُورْط: پاسپورٹ (جدید) پروانہ راہداری۔ اس کے لئے فصیح لفظ الجواز ہے۔
بَزْبَزَ: تیز چلنا۔ سخت ہانکنا۔ بھاگنا۔ بہت حرکت کرنا۔
اَلْبَزْبَاز: بھٹی کے سرے پر لوہے کی جوفدار سلاخ۔
بَزَجَ (ن) بَزْجًا: فخر کرنے میں مقابلہ کرنا ...... عَلَیٰ فُلَانًا: بھڑکانا۔ اکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔
بَزَّجَهٗ: آراستہ کرنا۔ خوبصورت بنانا۔
بَازَجَهٗ: فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔
تَبَازَجَا: باہم فخر کرنا۔
بَزِخَ (س) بَزَخًا: نکلے ہوئے سینہ اور دھنسی ہوئی پیٹھ والا ہونا۔ صفت (اَبْزَخ) مؤنث (بَزْخَاء) ج بُزْخ۔
بَزَخَ (ف) بَزْخًا۔ ظَهْرَهٗ بِالْعَصَاءِ: لاٹھی سے پشت پر مارنا ..... فُلَانًا: رسوا کرنا۔
تَبَازَخَ۔ عَنِ الْاَمْرِ: پیچھے ہٹنا۔ نکلے ہوئے سینہ اور دھنسی ہوئی پیٹھ والے کی طرح چلنا یا بیٹھنا۔
تَبَازَخَتِ الْمَرْأَةُ: بڑے سرین والی ہونا۔
بَزَخَ۔ لَهٗ: فروتنی کرنا۔
بَزَرَ (ض) بَزْرًا۔ الْحُبُوبَ: بونا۔ بیج چھڑکنا (...... و بَزَّرَ) الْقِدْرَ: مسالہ ڈالنا۔ بَزَرَ الْاِنَاءَ: بھرنا۔ کہتے ہیں "فُلَانٌ بَزَرَ کَلَامَهٗ و تَوْبَلَهٗ" فلاں نے اپنی گفتگو میں نمک مرچ ملایا
اَلْبِزْر: بیج۔ تخم۔ واحد (بِزْرَة) ج بُزُوْر: مسالہ۔ ج اَبْزَار ج ج اَبَازِیر کہتے ہیں۔ "مِثْلِی لَا یَخْفٰی عَلَیْهِ اَبَازِیرُکَ" یعنی مجھ جیسے پر تمہاری چپیں پوشیدہ نہیں رہ سکتیں۔ اَلْبِزْر:

اَلْمَرْأَةُ (البَزْرَاءُ): بہت اولاد والی عورت۔
البَزَّارُ: بیج اور مسالہ کا بیچنے والا۔
اَلْبَــزْرُ: بیل کا بچہ۔ دھوبی کا تختہ (...... والبِزْرُ): دھوبی کی موگری۔
اَلْبَزَّارُ: باز پالنے والا۔ کا شکار۔ ج بیازرۃ (معرب)
بَزُعَ (ک) بَزَاعَةً. الغُلامُ: خوش طبع ذکی اور چست ہونا۔ صفت (بَــزِیْــع) مونث (بَزِیْعَة)
تَبَزَّعَ. الغُلامُ: چست و پھرتیلا ہونا۔ الشَّرُّ: شرو فتنہ کا بھڑکنا۔
البَــزَّاعُ: بغیر جھجک کے گفتگو کرنے والا لڑکا (.....والبَزِیْعُ) من الغِلْمَانِ: تیز خاطر۔ چرب زبان لڑکا۔ اَلْبَزِیْعُ: شریف آدمی۔
بَزَغَتْ (ن) بَزْغًا و بُزُوغًا. الشَّمْسُ: طلوع ہونا۔ بَزَغَ الحَاجِمُ: نشتر لگانا دَمَهُ: خون بہانا۔
اِبْتَزَغَ. الرَّبِیْعُ: فصل بہار کا شروع ہونا۔
نُــجُــوْمٌ (بَــوَازِغ): طلوع ہونے والے ستارے۔
اَلْمِبْزَغُ: نشتر۔
بَزَقَ (ن) بَزْقًا: تھوکنا...... الاَرْضَ: بونا۔
اَلْبُزَاقُ: تھوک۔
البَزَّاقُ: ایک قسم کا گھونگا۔ واحد۔ بزاقۃ
بَزَلَ (ن) بَــزْلاً و بَــزَّلَ. الشَّیْءَ: سوراخ کرنا۔ الشَّرَابَ: صاف کرنا۔ بَزَلَ الاَمْرَ: کسی کام کو کر گزرنا۔ رَایَهُ: کوئی نئی رائے پیش کرنا، کسی رائے پر جم جانا۔
بَزَلَ (ن) بُــزُوْلاً. البَعِیْرُ: اونٹ کا جوان ہونا..... نَابُ البَعِیْرِ: کچلی کا نکلنا۔ صفت مذکر و مونث (بَازِل) ج بَوَازِل و بُزَّل و بُزُل۔
تَبَزَّلَ و اِنْبَزَلَ: سوراخ ہونا۔
تَبَزَّلَ و اِنْبَزَلَ. الخَمْرُ: شراب کے برتن میں سوراخ کرنا...... الجَسَدُ: جسم سے خون ٹپکنا۔
...... السِّقَاءُ: مشک کا ٹپکنا......

اِسْتَبْزَلَ. الشَّیْءَ: کھولنا...... الخَمْرَ: صاف کرنا۔
البَزْلُ: سختی۔
البُزْلُ: ایک قسم کا پہاڑی بکرا۔
البِزَالُ: برما۔ سوراخ کرنے والا اوزار۔
اَلْبُزَالُ: شراب کے مٹکے کا سوراخ۔
البَــازِلُ: اونٹ کی کچلیوں کا دانت۔ تجربہ کار مرد۔ کہتے ہیں "رُمِیَ بَاشْهَبَ بَازِلٍ" وہ دشوار معاملہ میں پھنس گیا۔
البَزْلاءُ: بڑی مصیبت۔ عمدہ رائے۔ کہا جاتا ہے "اِمْــرَأَةٌ بَزْلاءُ الرَّأیِ": عمدہ رائے والی عورت۔ "وخُــطَّةٌ بَــزْلاءُ": صاف و واضح طریق کار۔
الــمِــبْــزَلُ: شراب صاف کرنے کا آلہ۔ سوراخ کرنے والا اوزار۔
رَجُلٌ (بِزْلَةٌ و بِزِیْلَةٌ): مرد کوتاہ قامت۔
بَزَمَ: (ن ض) بَزْمًا: عَلَیْهِ: اگلے دانتوں سے کاٹنا...... بالشَّیْءِ: اٹھانا...... فُلانًا ثَوْبَهُ: چھین لینا...... النَّاقَةَ: انگوٹھے اور شہادت کی انگلی سے دوہنا...... وتــر القوسِ: کمان کے تانت کو انگوٹھے اور شہادت کی انگلی سے پکڑ کر تیر چلانا۔
البَــزِیْــم: ساگ یا ترکاری وغیرہ کا مٹھا باندھنے کے لئے پتے یا چھلکا۔
المِبْزَمُ: دانت۔
بَزْمَخَ بَزْمَخَةً: تکبر کرنا۔
بَزَا (ن) بَزْوًا. عَلَیْهِ: دراز دستی کرنا (بَزَاهُ و اَبْزَاهُ و اَبْزَیٰ بِهِ) غالب آنا (بَزَا و بَزِیَ یَبْزَیٰ بَزًا و اَبْزَیٰ اِبْزَاءً) نکلے ہوئے سینے اور دھنسی ہوئی پیٹھ والا ہونا صفت (اَبْــزَیٰ) مونث بَزْوَاءُ
تَبَــازَیٰ: باز کے مشابہ ہونا۔ سرین اٹھا کر ہلاتے ہوئے چلنا۔
البَزْوُ: مثل و نظیر۔
البَــــزِیُّ: دودھ پیتا بچہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ بَزِیِّیْ": وہ میرا دودھ شریک بھائی ہے۔
البَزَّاءُ: ڈینگ۔

البَازُ و البَازِیْ: باز۔
بَسَّ (ن) بَسًّا و اَبَسَّ. الاِبِلَ: آہستہ آہستہ ہانکنا اور بس بس کہنا۔ "بَسَّ المَالَ فِی البِلادِ": ملک میں مال کا پھیلا دینا۔ "بَسَّ السَّوِیْقَ" گھی یا زیتون کے تیل میں ستو ملانا...... القَوْمَ عَنْهُ دھتکارنا۔" وَاَبَسَّ بِالنَّاقَةِ: دوہنے کے لئے چمکارنا۔
اِنْبَسَّ: زمین پر پانی کا بہنا۔ الگ ہٹنا۔
البَسُّ و البِسُّ: بلا۔ کوشش۔ ج بِسَاس
البَسِیْس: تھوڑا کھانا۔
البَسِیْسَةُ: گھی یا زیتون کے تیل میں ملا ہوا ستو یا آٹا۔
البَسُوْس: اونٹنی جو بغیر بس بس کہے ہوئے دودھ نہ دے۔ ج بُسُس
بَسْ بَسْ و بُسْ بُسْ: بکریوں اونٹوں بلیوں کے بلانے یا ڈانٹنے کے لئے کلمہ۔
اَلْبَسُوس: جساس بن مرہ البکری کی خالہ جس کی وجہ سے بنی بکر اور بنی تغلب کے درمیان مشہور جنگیں ہوئیں اور اس کا نام منحوس سمجھا جاتا ہے۔
بَسْبَسَ: بالغَنَمِ اَوِ الاِبِلِ: بس بس کہہ کے بلانا...... بِهِ: کسی سے بس کہنا۔
البَسْبَس: بیابان بے گھاس پانی والی زمین۔ ج بَسَابِس. تُرُّهَاتُ البَسَابِس و التُّرَّهَاتُ البَسَابِس: جھوٹی اور باطل باتیں۔
البُسْتَان: باغ۔ ج بَسَاتِیْن (جدید)
البُسْتَانِیْ: باغ والا۔ باغبان۔ البُسْتَانِیْ مِنَ النَّبَاتِ: لگائے ہوئے پودے۔
بُسْتُــرِیْنَةٌ: سال کے آخر میں نصاریٰ کے ہاں جو تحائف پیش کئے جاتے ہیں۔
بَسَتَ (ن) بَسْتًا: چلنا۔ کشادہ قدم رکھنا۔ دوڑنے میں سبقت کرنا۔
البُسْتَقُ: خادم۔
البُسْتُوقَةُ: مٹی کا مرتبان۔
بَسَرَهُ (ن) بَسْرًا: جلدی کرانا۔ مغلوب کرنا (......وابْتَسَرَ) القَرْحَةَ: نچوڑ کر باندھنا......

الحاجَةَ: بے وقت طلب کرنا...... النخلَةَ: درخت خرما میں قبل از وقت پیوند لگانا ......
النبات: ترگھاس چرانا۔ وَابسَرَ النخلُ: گدر کھجور والا ہونا۔
بَسَرَ (ن) بَسْرًا و بُسُوْرًا: ترش رو ہونا۔ صفت (بَاسِرٌ) اور اسی وجہ سے شیر کو (البَسُور) کہا جاتا ہے۔
تَبَسَّرَ و ابتَسَرَ. الحَاجَةَ: بے وقت طلب کرنا۔ ابتَسَرَ بالامرِ: شروع کرنا...... الشئَ: تازہ لینا۔ ابتُسِرَ لَوْنُه: بدل جانا۔
البَسْر: ٹھنڈا پانی۔ کہا جاتا ہے " وَجہٌ بَسْرٌ": تیوری چڑھا ہوا چہرہ۔
البُسْر: تازہ چیز۔ گدر کھجور۔ واحد بُسْرَۃ ج بِسَارٌ. البُسْرَۃ: طلوع کے وقت کا آفتاب
البَاسُوْرُ ج بَوَاسِیْرُ: بواسیر کی بیماری
المَبْسُوْرُ: بواسیر کی بیماری والا۔
المُبْسِرَات: ہوائیں جن کا چلنا بارش کی علامت ہو۔
بَسَطَ: (ن) بَسْطًا. الثَوبَ: پھیلانا...... الرَجُلَ: کسی کا دل بڑھانا...... الیَدَ: ہاتھ کشادہ کرنا...... العُذْرَ: عذر ظاہر کرنا یا قبول کرنا...... المَکَانُ القَوْمَ: وسیع ہونا...... فُلانًا عَلَیهِ: فضیلت دینا...... السَیفَ: تلوار سونتنا۔
بَسُطَ (ک) بَسَاطَۃً: بسیط ہونا۔ بے مذاق ہونا۔
بَسَّطَ. الثَوبَ: پھیلانا۔
بَاسَطَهُ: کسی سے کھل کر باتیں کرنا۔
تَبَسَّطَ و انْبَسَطَ: پھیلنا۔ دراز ہونا۔ بے تکلف ہو جانا۔ سیر و تفریح کرنا۔
البَاسِطُ: اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔
البَاسِطَۃُ: دور کی مسافت۔
یَدٌ (بَسْطٌ و بُسُطٌ): کھلا ہوا ہاتھ۔
البَسْطَۃُ: وسعت۔ دسترس۔ کمال۔
بَسْطَۃُ العَیْشِ: فراخی زندگانی۔
البِسَاطُ: بچھونا۔ فرش۔ ج بُسُط۔
البَسَاطُ: کشادہ زمین۔

البَسِیطُ: مفرد۔ کشادہ زمین۔ بے مذاق۔ بسیط الوجہ۔ کشادہ رو۔ ہنس مکھ۔
البَسِیطُ: خلاف مرکب شعروں کا ایک وزن جس کے الفاظ یہ ہیں۔ مستفعلن، فاعلن، مستفعلن، فعلن۔
بَسِیطُ الیَدَینِ: فیاض۔ سخی ج بُسَطَاء
البَسِیطَۃُ: زمین۔ زمین کا ہموار حصہ۔
بَسَقَ (ن) بَسْقًا: تھوکنا۔
بَسَقَ: (ن) بُسُوقًا. النَخلُ: لمبے تنے اور لمبی ٹہنیوں والا ہونا۔ صفت (بَاسِق) ...... اَصحَابَهُ و عَلٰی اَصحَابِهِ: فضیلت میں بڑھ جانا...... فِی عِلمِهِ: ماہر ہونا۔
بَسَّقَهُ: لمبا کرنا۔
تَبَسَّقَ: لمبا ہونا۔
البَاسِقَۃُ: مؤنث۔ سفید صاف رنگ کا بادل۔ مصیبت ج بَوَاسِق ...... و بَوَاسِیْقُ
البُسحَاب: ابتدائی بادل۔
البِسکُوِیتِی: خشک روٹی یا خشک حلوہ۔
البِسِیکُولُوجِیَا: علم نفس یا علم فلسفہ۔
بَسُلَ (ک) بَسَالاً و بَسَالَۃً: بہادر ہونا صفت (بَسُوْلٌ و بَاسِلٌ) ج بُسْلٌ و بُسَلاء و بُسُلٌ.
بَسَلَ (ن) بُسُولاً. الرَجُلُ: غصہ یا بہادری سے تیوری چڑھانا۔ صفت (بَسْلٌ و بَسِیلٌ ...... النَبِیذُ: نبیذ کا تیز ہونا...... اللَحمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔
بَسَلَهُ (ن) بَسْلاً: ملامت کرنا۔ حلال کرنا۔ جائز کرنا...... عَن حَاجَتِهِ: منع کرنا۔ روکنا۔
اَبسَلَهُ: ہلاکت کے لئے چھوڑ دینا۔ رہن رکھنا ...... اللہُ الشَئَ: حرام کرنا...... ہٰکذا: پیش کرنا اَبسَلَ نَفسَهُ لِلمَوتِ: مرنے کے لئے تیار ہو جانا۔
بَسَّلَهُ: ناپسندیدہ بنا دینا (بَسَّلَ و ابتَسَلَ) نفسَهُ لِلمَوتِ: اپنے آپ کو موت کے لئے پیش کر دینا۔
بَاسَلَهُ: لڑائی میں حملہ کرنا۔
تَبَسَّلَ: غصہ یا بہادری سے تیوری چڑھانا۔

اِسْتَبسَلَ: مرنے یا مارنے کے لئے جنگ میں کود پڑنا۔
البَسْلُ: نحی۔ حلال۔ حرام (واحد جمع مذکر و مؤنث مساوی ہیں) کہا جاتا ہے۔ " هٰذا بَسلٌ عَلَیکَ" یہ تمہارے اوپر حرام ہے اور کہا جاتا ہے " بَسلاً لَهُ" اس کے لئے خرابی ہو۔
البَاسِلُ: شیر۔ ج بَوَاسِل اور کہا جاتا ہے " یَومٌ بَاسِلٌ" سخت دن۔ " و غَضَبٌ بَاسِلٌ". تیز غصہ۔
البَسُوْلُ: شیر۔
البَسَالَۃُ: دلیری۔ بہادری۔ کراہت۔
البِسلٰی: ایک قسم کی نباتات۔
البَسِیلُ: حرام۔ مکروہ چہرہ والا۔ برتن میں شراب کا بقیہ۔
البَسِیلَۃُ: نحی۔ کسی چیز کا بقیہ۔
البُسلَۃُ: افسوں کرنے والے کی اُجرت۔
بَسَمَ (ض) بَسْمًا و تَبَسَّمَ و ابتَسَمَ: مسکرانا۔ صفت (بَاسِم و مُبتَسِم)
المَبسِم: دانت۔ ج مَبَاسِم۔
البَسَّام و المِبسَام: بہت مسکرانے والا۔
بَسمَلَ: بسم اللہ کہنا۔
بَسمَلَۃ: عیسائیوں کے نزدیک اقانیم: باپ بیٹا اور روح مقدس کے نام سے ابتداء کرنا اور مسلمانوں کے نزدیک بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھنا۔
اَبسَنَ: خوش رنگ و خوش وضع ہونا۔
البَاسِنَۃُ: کاریگروں کے آلات۔ ہل کا پھار۔ ج بَوَاسِن
بَشَّ (س) بَشًّا و بَشَاشَۃً: ہنس مکھ ہونا۔ کشادہ رو ہونا...... لِلشَئِ: کسی چیز کو دیکھ کر بشاشت ظاہر کرنا...... بِالصَدِیقِ: دوست کو دیکھ کر خوش ہونا۔ صفت (بَشٌّ و بَاشٌّ و بَشُوْشٌ و بشاش)
اَبَشَّتِ: الاَرضُ: نباتات کا آپس میں گتھ جانا۔
بَشبَشَ. الرَجُلُ: بشاشت ظاہر کرنا۔

تَبَشْبَشَ بِهٖ: کسی سے کشادہ روئی سے پیش آنا۔

البُشْخُخَة: چھوٹا صندوق۔

بَشَرَ (ن) بَشْرًا. الجِلْدَ: چمڑا چھیل دینا ......الشَّارِبَ: مونچھ مونڈ کر کھال ظاہر کر دینا......الجَرَادُ الأَرْضَ: ٹڈی کا سب کچھ کھا جانا۔

بَشَرَ (ض) و بَشِرَ (س) و أَبْشَرَ و اِسْتَبْشَرَ بِهٖ: خوش ہونا۔ أَبْشَرَتِ الأَرْضُ: اکھوا نکالنا۔ کہا جاتا ہے "بَشَرَنِي بِوَجْهٍ حَسَنٍ": وہ مجھ سے کشادہ روئی سے ملا۔

بَشَّرَهٗ: خوش کرنا۔ خوشخبری دینا۔

أَبْشَرَ: فُلَانًا: خوشخبری دینا۔ خوش ہونا قرآن میں ہے ﴿وَأَبْشِرُوا بِالْجَنَّةِ الَّتِي كُنْتُمْ تُوعَدُونَ﴾...... الأَمْرُ وَجْهَهٗ: حسین پُر رونق بنا دینا......الشَّيْءُ: چھیلنا۔

بَاشَرَ. الأَمْرَ: کسی کام کو خود کرنا۔ بَاشَرَةُ النَّعِيمِ: نعمتوں میں پلنا......المَرْأَةَ: جماع کرنا۔

تَبَاشَرُوا. بِالأَمْرِ: ایک دوسرے کو خوشخبری دینا۔

البِشْرُ: چہرہ کی رونق۔ کشادہ روئی۔

البَشِيرُ: خوشخبری دینے والا۔ ج بُشَرَاء

البَشَارَةُ: حسن و جمال

البُشَارَةُ: کھال کا تراشہ۔ ہدیہ جو خوشخبری دینے والے کو دیا جائے۔

البِشَارَةُ: خوشخبری۔ ج بِشَارَات و بَشَائِر

بَشَائِرُ الوَجْهِ: چہرہ کی خوبیاں۔ بَشَائِرُ الصُّبْحِ: آغازِ صبح

البَشَّار: کمینہ آدمی۔

البَشَرُ: انسان (مذکر، مؤنث، واحد، جمع)

أَبُو البَشَرِ: حضرت آدم نبینا علیہ والصلوٰۃ والسلام کی کنیت۔

اِبْنُ البَشَرِ: عیسائیوں کے نزدیک حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا لقب۔

البَشَرَةُ: کھال کا اوپر کا حصہ۔ ساگ گھاس۔ ج بَشَر

البَاشِرُ: خوشخبری۔ ہر چیز کی ابتداء۔

البَشَرَةُ: کھال کا اوپر کا حصہ۔ ساگ گھاس۔ ج بَشَر.

البُشْرَى: خوش خبری۔

المُبَشِّرَات: بارش کی اُمید دلانے والی ہوائیں۔

بَشِعَ (س) بَشَعًا و بَشَاعَةً. الشَّيْءُ: بدمزہ ہونا......المَرْءُ: زشت رو ہونا......فُلَانٌ بِالأَمْرِ: ضیق میں ہونا۔

تَبَشَّعَ: بے مزہ ہونا۔ بدصورت ہونا۔ ناپسندیدگی ظاہر کرنا۔

اِسْتَبْشَعَهٗ: بے مزہ سمجھنا۔

بَشَقَهٗ (ض) و بَشِقَهٗ (س) بَشْقًا بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔

البَاشَق: ایک شکاری پرندہ۔ ج بَوَاشِق

بَشَكَ (ن ض) بَشْكًا: جلدی کرنا۔ الخَبَرَ: گھڑنا......الثَّوْبَ: دور دور سینا...... فِي عَمَلِهٖ: بُرے طریقہ سے کرنا۔

اِبْتَشَكَ: جھوٹ بولنا......الكلام: گھڑ لینا۔

البَشَّاك: بڑا جھوٹا۔

بَشِمَ (س) بَشَمًا. مِنَ الطَّعَامِ: بدہضمی ہونا ......مِنَ الشَّيْءِ: اُکتا جانا۔ صفت (بَشِمٌ)

البَشَام: ایک خوشبودار درخت کا نام جس کی لکڑی سے خلال بناتے ہیں۔ واحد اس کا بَشَامَة ہے اور دوا فروش اس کے بیج کو حَبُّ البَلَسَان کہتے ہیں۔

بَصَّ: (ض) بَصِيصًا و بَصًّا: چمکنا۔ روشن ہونا......المَاءُ: رسنا۔ کہا جاتا ہے "بَصَّ لِي بِيَسِيرٍ": اس نے مجھے تھوڑا دیا۔

بَصْبَصَ: الجروُ: پلے کا آنکھیں کھولنا۔ ......الأَرْضُ: اکھوا نکلنا......الشَّجَرَةُ: کونپل نکلنا۔

البَصَّاصَة: آنکھ۔

البَصِيصُ: چمک۔ کپکپی اور اسی سے ہے "أَفْلَتَ وله بَصِيصٌ"

بَصْبَصَ بَصْبَصَةً: بمعنی بَصَّصَ۔ (و تَبَصْبَصَ) الكَلْبُ: دُم ہلانا......فُلَانٌ: چاپلوسی کرنا۔

بَصُرَ (ک) بَصِرَ (س) بَصَرًا و بَصَارَةً و بِهٖ: جاننا۔ دیکھنا۔

بَصَرَ (ن) بَصْرًا الشَّيْءَ: کاٹنا۔

بَصَّرَ. هُ الأَمْرَ: پہنچوانا۔ معلوم کرانا۔ و بَصَّرَ: بصرہ میں آنا......الجروُ: پلے کا آنکھیں کھولنا۔

بَاصَرَ. الشَّيْءَ: دور سے جھانک کر دیکھنا۔ دیکھنے میں مقابلہ کرنا۔

أَبْصَرَهٗ: دیکھنا۔ بینا بنانا......الرَّجُلُ: بصرہ میں آنا۔ أَبْصَرَ الطَّرِيقُ: واضح و نمایاں ہونا۔

تَبَصَّرَ. الشَّيْءَ: غور سے دیکھنا......فِي الشَّيْءِ: سوچنا، غور کرنا۔

تَبَاصَرُوا: کسی چیز کو پہلے دیکھ لینے میں مقابلہ کرنا۔

اِسْتَبْصَرَ. الأَمْرُ: ظاہر ہونا......الأَمْرَ: ظاہر کرنا۔ اچھی طرح دیکھنا......فِيهِ: سوچنا۔ غور کرنا۔

البَصَرُ: دیکھنے کی قوت۔ آنکھ۔ علم۔ ج أَبْصَار۔ کہا جاتا ہے "أَتَيْتُهٗ بَيْنَ سَمْعِ الأَرْضِ وَ بَصَرِهَا" میں اس کے پاس اس وقت پہنچا جبکہ کوئی نہیں تھا صرف زمین ہی دیکھنے والی سننے والی تھی۔

البَصْرَة: ایک شہر کا نام جو باہم ملے جلے دریائے دجلہ و فرات کے مغربی کنارہ پر واقع ہے۔

البَصْرَتَان: بصرہ و کوفہ۔ و البَصْرَة: سخت زمین۔ لیس دار مٹی جس میں کنکریاں بھی ہوں۔ ج بِصَار.

البَصِيرُ: دانا۔ بینا۔ ج بُصَرَاء

البَصِيرَةُ: عقل۔ زیرکی۔ دانائی۔ عبرت۔ شاہد۔ حجت۔ کہا جاتا ہے "جَوَارِحُهٗ بَصِيرَةٌ عَلَيْهِ" اس کے اعضاء اس کے اوپر گواہ ہیں۔ "وَ فِرَاسَةٌ ذَاتُ بَصِيرَةٍ" سچی فراست۔

البَاصِرَةُ: آنکھ۔ ج بَوَاصِر: کہتے ہیں "خَيْرٌ

الْعَشَاءِ بِوَاصِرِه": بہترین کھانا وہ ہے جو تاریکی سے پہلے کھالیا جائے۔
الْبَاصِر: چھوٹا گول پالان۔ جو بَوَاصِر
الْبُصْر: کنارہ۔ روئی۔ چھال۔ بُصْرُ کُلِّ شَیْءٍ: حدیث میں ہے "بُصْرُ کُلِّ سَمَاءٍ مَسِیْرَةُ خَمْسُمِائَةِ عَامٍ": آسمان کی موٹائی پانچ سو برس کی مسافت کے برابر ہے۔
الْبِصْر: نرم سفید پتھر۔
الْمَبْصَر وَ الْمَبْصَرَة: واضح روشن دلیل۔
الْمُبْصِر: نگہبان۔ کہا جاتا ہے "رَتَّبْتُ عَلٰی بُسْتَانِیْ مُبْصِرًا" میں نے اپنے باغ کے لئے ایک نگہبان مقرر کیا۔
بَصَعَهٗ (ف) بَصْعًا: جمع کرنا...... الْمَاءُ: پانی بہنا یا رسنا۔
الْبِصْع: رات کا کچھ حصہ۔
الْبُصْع: بےوقوف۔ انگشت شہادت اور بیچ والی انگلی کے درمیان کا فاصلہ۔
الْبَصِیْع: پسینہ جو جسم سے ٹپک رہا ہو۔ ج بُصْع
الْأَبْصَع: بےوقوف۔ اس کو تاکید کے موقعہ پر بھی استعمال کرتے ہیں کہتے ہیں "اَخَذْتُ حَقِّیْ اَجْمَعَ اَبْصَعَ" مؤنث (بَصْعَاء) ج اَبْصَعُوْنَ و بُصَع...... اور اس کو اجمع پر مقدم نہیں کرتے۔
بَصَقَ (ن) بَصْقًا: تھوکنا...... الشَّاةُ: حاملہ بکری کو دودھ ہونا۔
الْبُصَاق: تھوک اور جب تک منہ میں ہو اس کو ریق کہتے ہیں۔
بَاصِقَة: آگ برسانے والے جنگی ہتھیار۔
الْبَصْقَة: بلند سنگلاخ زمین۔ ج بِصَاق
بَصَّلَهٗ وَتَبَصَّلَهٗ. مِنْ ثِیَابِهٖ: ننگا کرنا۔
تَبَصَّلَ. الْقِشْرُ: چھلکے کا موٹا ہونا۔
الْبَصَل: پیاز۔ واحد بَصَلَة. الْبَصَلَة: لوہے کا خود اور اسی سے ہے "خَرَجُوْا کَاَنَّهُمْ الْاَصَلُ وَ عَلٰی رُؤُوْسِهِمُ الْبَصَلُ" وہ لوگ نکلے گویا کہ ڈسنے والے سانپ ہیں اور ان کے سروں پر خود ہیں۔ اس قول میں اصل:
جمع اَصَلَة کی ہے جو ایک قسم کا زہریلا سانپ ہے۔
بَصَلُ الْفَارِ: جنگلی پیاز۔ عوام اس کو بُصَیْلَة کہتے ہیں۔
بَصَمَ (ن) بَصْمًا. الْقُمَاشَ: سامان پر علامت لگانا۔
الْبُصْم: خنصر اور بنصر کے درمیان کا فاصلہ۔
ثَوْبٌ ذُوْبُصْمٍ: موٹا غف کپڑا۔
رَجُلٌ ذُوْبُصْمٍ: موٹا مرد۔
الْبَصْمَة: علامت۔
اَلْبُصْمَا: حلوا کی ایک قسم۔
الْبُصَان و الْبُصَّان: ماہ ربیع الآخر...... ج بَصَانَات و اَبْصِنَة
بَصَا (ن) بَصْوًا. غَرِیْمَهٗ: قرضدار سے سب کچھ لے لینا۔
الْبَصْوَة: چنگاری۔ انگارہ۔
بَضَّ (ض۔ س) بَضَاضَةً و بَضُوْضَةً: موٹاپے کے ساتھ پتلے اور نرم چمڑے والا ہونا۔ صفت (بَضٌّ و بَاضٌّ و بَضِیْضٌ) مؤنث بَضَّةٌ وَ بَاضَّةٌ و بَضِیْضَةٌ.
بَضَّ (ض) بَضًّا و بُضُوْضًا و بَضِیْضًا. الْمَاءُ: تھوڑا تھوڑا بہنا...... الْحَجَرُ: پانی رسنا بخیل کے لئے کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَا یَبِضُّ حَجَرُهٗ" یعنی فلاں کے خیر کو حاصل نہیں کیا جا سکتا...... الْعَیْنُ: آنسو نکلنا...... کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَا تَبِضُّ عَیْنُهٗ" فلاں کی آنکھوں سے آنسو نہیں نکلتا۔ یعنی وہ مصیبتوں پر صبر کرنے والا ہے...... "اَوْتَارَ الْعُوْدِ" بجانے کے لئے چھیڑنا
...... لَهٗ: دینا۔
بَضَضًا و بُضَاضَةً: تھوڑا دینا یا تھوڑا پانی دینا۔
اَبَضَّ . لَهٗ: تھوڑی سی چیز دینا۔
بَضْبَضَ تَبْضِیْضًا: ناز و نعمت کی زندگی بسر کرنا۔
اِبْتَضَّ. الْقَوْمَ: ساری قوم کو تباہ کر دینا۔
تَبَضَّضَ. فُلَانًا: سب کچھ لے لینا۔ حَقَّهٗ
مِنْ فُلَانٍ: تھوڑا تھوڑا کرکے وصول کرنا۔
بَضْرٌ (بَضُوْضٌ): کم پانی والا کنواں۔ ج بِضَاض
الْبَضِیْض و الْبُضَاضَة: تھوڑا پانی۔
الْبَضّ: موٹائی کے ساتھ نرم جسم اور پتلی کھال والا۔ مؤنث بَضَّة. الْبَضُّ و الْبَضَّة: کھٹا دودھ۔
الْبِضِیْضَة: جو کچھ کسی کے قبضہ میں ہو...... کہا جاتا ہے "اَخْرَجْتُ لَهٗ بِضِیْضَتِیْ" میں نے اپنی تمام مملوکہ چیزیں اسے دے دیں۔
الْبَضْرَة: رائیگاں۔ اور اسی سے ہے۔ "ذَهَبَ دَمُهٗ بِضْرًا مِضْرًا" اس کا خون رائیگاں گیا۔
بَضَعَ (ف) بَضْعًا وَبِضْعَ. الشَّیْءَ: کاٹنا چیرنا۔ نشتر لگانا۔
بَضَعَ (ف) بُضُوْعًا. الْکَلَامَ: سمجھنا...... الْکَلَامُ: واضح ہونا...... مِنْ فُلَانٍ: اکتا جانا۔ تنگ دل ہونا۔
اَبْضَعَ. الْکَلَامَ: واضح طور سے بیان کرنا۔
اَبْضَعَ الشَّیْءَ: سرمایہ بنانا...... الْمَرْأَةَ: نکاح کرنا۔ الْمَاءُ فُلَانًا: سیراب کرنا۔
تَبَضَّعَ و اِسْتَبْضَعَ: سرمایہ لینا...... الشَّیْءَ: سرمایہ بنانا۔ تَبَضَّعَ الْعَرَقُ: پسینہ کا تھوڑا تھوڑا بہنا۔ اِسْتَبْضَعَ الرَّجُلُ الشَّیْءَ: کسی کے لئے سرمایہ بنانا۔
اِنْبَضَعَ: کٹنا۔ چیرا جانا۔ شگاف دیا جانا۔
بَاضَعَ مُبَاضَعَةً و بِضَاعًا. الْمَرْأَةَ: جماع کرنا۔
اَلْبَاضِع: لوگوں کے سامان کو اٹھانے والا۔ شمشیر براں۔
اَلْمِبْضَع: نشتر۔ ج مَبَاضِع.
اَلْاَبْضَعُ مِنَ الرِّجَالِ: لاغر۔
الْبَضْعَة و الْبِضْعَة: گوشت کا ٹکڑا۔ ج بِضَع و بَضْع و بِضَاع و بَضَعَات
الْبِضْع و الْبَضْع: رات کا کچھ حصہ۔ تین سے نو تک کی تعداد۔ کہا جاتا ہے "بِضْع سِنِیْنَ وَ بِضْع عَشَرَةَ مِنَ النِّسَاءِ وَ بِضْع

وَ ۹ عَشْرُوْنَ اِمْرَاَۃٌ" اور مذکر کے لئے بِضْعَۃٌ عَشَرَ مِنَ الرِّجَالِ وَ بِضْعَۃٌ وَ عِشْرُوْنَ" اور بضع کی تقدیم واجب ہے اس لئے عِشْرُوْنَ وَ بِضْعٌ : کہنا جائز ہوں۔

البَضْعُ : گوشت۔ جزیرہ۔

البِضَاعَۃ : سرمایہ۔ پونجی۔ ج بَضَائع

بَضَم (ن) بَضْمًا. الزَّرْعُ : موٹے دانہ والا ہونا۔

البَضْم : خوش نفس۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ کَرِیْمُ البَضْم" وہ کریم النفس ہے۔

بَطَّ (ن) بَطًّا. الجُرْحَ : زخم کو چیرنا۔ شگاف کرنا۔

بَطْبَطَ : عاجز ہونا۔ جھکنا۔

البَطُّ : واحد (البَطَّۃ) بطخ (نر و مادہ دونوں کے لئے) ج بُطُوط و بِطَاط

البَطَّۃ : بطخ کے شکل کی شیشی۔

المِبَطُّ (ج) مَبَاطُّ و (المِبَطَّۃ) : نشتر۔ شگاف دینے والا اوزار۔

البَطَاطَا : آلو (جدید)

بَطْبَطَ. البَطُّ : آواز کرنا۔ پانی میں غوطہ لگانا

......الرَّجُلُ : کمزور رائے والا ہونا۔

بَطُؤَ (ک) بُطْأً و بِطَاءً و بُطُوْئًا و اَبْطَأَ : دیر کرنا۔ صفت (بَطِیْءٌ) مؤنث بَطِیْئَۃ : ج بِطَاء اَبْطَأَ و بَطَّأَ. عَلَیْہِ وَ بِالْاَمْرِ : دیر کرنا۔ مؤخر کرنا۔

بَاطَأَہٗ : ٹال مٹول کرنا۔

تَبَطَّأَ و تَبَاطَأَ. فِی سَیْرِہٖ : پیچھے رہنا۔

اِسْتَبْطَأَہٗ : دیر کرنے والا پانا۔ یا سمجھنا۔

اَلْمَبْطَأَۃ : باعث دیری

بَطَحَہٗ (ف) بَطْحًا : بچھانا۔ منہ کے بل گرانا۔

بَطَّحَ. البَیْتَ : سنگریزی بچھا کر ہموار کرنا۔

تَبَطَّحَ و اِنْبَطَحَ و اِسْتَبْطَحَ. الوَادِی پھیلنا۔ کشادہ ہونا۔ اِنْبَطَحَ الرَّجُلُ : منہ کے بل گرنا۔

البَاطِح : فا۔ منہ کے بل گرنے والا۔

البَطْحَاء ج بَطَاحٌ و بِطَائح و بَطْحَاوَات و (الاَبْطَح ج اَبَاطِح. والبَطِیْحَۃ) ج بَطَائِح و (البِطْح) : کشادہ نالہ جس میں ریت اور چھوٹی کنکریاں ہوں۔

البَطْحَۃ : قد و قامت۔ مسافت

البِطْحَۃ : خصلت۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "ھٰذِہٖ بُطْحَۃ صِدْقٍ"

البُطَاح : ایک بیماری جو بخار سے پیدا ہوتی ہے اور برسام کے مشابہ ہوتی ہے اور اسی سے ہے (البُطَاحِیُّ)

بَطَخَہٗ (ف) بَطْخًا : چاٹنا

اَبْطَخَ : بہت خربوزے والا ہونا۔

البِطِّیْخ : خربوزہ۔ خربوزہ کی بیل۔ واحد بِطِّیْخَۃ

اَلْبِطِّیْخُ الاَصْفَر : زرداء / گرما۔ ایک لذیذ پھل جو تربوز جتنے حجم کا ہوتا ہے۔

المَبْطَخَۃ : خربوزوں کی فالیز۔ ج مَبَاطِخ

بَطَرَہٗ (ن ض) بَطْرًا : چیرنا۔ شگاف دینا صفت مفعولی (مَبْطُوْر و بَطِیْر)

بَطِرَ (س) بَطَرًا : زیادتی نعمت کی وجہ سے حیران ہونا۔ اترانا...... اَلْحَقَّ : تکبر سے قبول نہ کرنا...... الشَّیْءَ : ناپسند کرنا حالانکہ وہ چیز ناپسندیدگی کے قابل نہ ہو...... النِّعْمَۃَ : جہالت یا تکبر سے حقیر سمجھنا اور ناشکری کرنا۔ صفت (بَطِر)

اَبْطَرَہٗ : دہشت میں ڈالنا۔ ناشکرگزار بنانا کہتے ہیں "اَبْطَرَہٗ ذَرْعَہٗ" : اس پر اس کی طاقت سے زیادہ لاد دیا۔ ذَرْعَہٗ اَبْطَرَہٗ کی ضمیر مفعولی سے بدل اشتمال ہے۔

بِطْرًا : رائیگاں۔ کہا جاتا ہے "ذَھَبَ دَمُہٗ بِطْرًا" : اس کا خون رائیگاں گیا۔

بَیْطَرَ. الدَّابَّۃَ : جانور کا علاج کرنا۔ نعل بندی کرنا۔ صفت (مُبَیْطِر و بَیْطَر و بیطار) ج بَیَاطِرہ

البَیْطَرَۃ : سالوتری کا پیشہ۔

اَلْبَطَارِیَۃ : توپوں کا مجموعہ جو کہ دشمن پر گولہ باری کرنے کے لئے نصب کیا جاتا ہے۔

البَطْرِیْر : زباں دراز۔ بہت چیخنے والا۔ مؤنث بطریرۃ

البَطْرَشِیْل و البَطْرَشِیْن : ایک قسم کا لمبا کپڑا جس کو کاہن ڈیوٹی کے وقت استعمال کرتا ہے۔

البِطْرِیْق : رومیوں کا جرنیل۔ ج بَطَارِق و بطاریق و بطارِقَۃ

اَلْبِطْرِیْق : پرندوں کی ایک قسم جو کہ شمالی علاقوں میں رہائش پذیر ہیں جس کے پیٹھ کے پر سیاہ اور سینے کے پر سفید ہوتے ہیں۔

البُطَارِق : لمبا۔

البَطْرَک و البَطْرِیَرْک و البَطْرِیْک : پادریوں کا سردار۔ عیسائیوں کے کسی گروہ کا مذہبی سردار۔ ج بَطَارِکَۃ و بَطَارِیْک

بَطَشَ (ن ض) بَطْشًا. بِہٖ : سختی سے پکڑنا

...... عَلَیْہِ : حملہ کرنا۔ ٹوٹ پڑنا۔ صفت (بَاطِش و بَطَّاش و بَطِیْش) : کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَبْطِشُ فِی الْعِلْمِ بِبَاعٍ بَسِیْطٍ" : یعنی فلاں علم کو بہت جلدی حاصل کر لیتا ہے۔

بَاطَشَہٗ : ایک دوسرے کو سختی سے پکڑنا یا حملہ کرنا۔

اَلْاَبْطَع : وہ شخص جس کے نیچے کے سامنے والے دانت گر گئے ہوں۔

البِطَاقَۃ : خط، پرچہ، پرزہ۔ بِطَاقَۃُ الثَّوْبِ : کاغذ کی وہ چٹ جس میں کپڑے کی قیمت لکھی ہوئی ہوتی ہے۔ ج بَطَائِق

بَطَل (ن) بُطْلًا و بُطُوْلًا و بُطْلَانًا : فاسد ہونا۔ بیکار ہونا۔ باطل ہونا۔ صفت (بَاطِل)

(...... بَطَالَۃً) فِی کَلَامِہٖ : تمسخر کرنا۔

...... الفَاعِلُ مِنَ العَمَلِ : بیکار ہونا۔ صفت (بَطَّال)

بَطُلَ (ک) بَطَالَۃً و بُطُوْلَۃً : دلیر ہونا، بہادر ہونا۔ صفت (بَطَلٌ) ج اَبْطَال : مؤنث بَطَلَۃ ج بَطَلَات

بَطَّلَہٗ : باطل کرنا۔ بیکار کرنا۔

اَبْطَلَ : لغو کام کرنا۔ صفت (مُبْطِل) ...... الشَّیْءَ : ضائع کر دینا۔ باطل کرنا...... الرَّجُلُ : تمسخر کرنا۔

تَبَطَّلَ : بہادر بننا۔ بیکار رہنا۔ کہا جاتا ہے "تَبَطَّلُوْا بَیْنَھُمْ" : انہوں نے اپنے درمیان لغو اور باطل اُمور کئے۔
البِطَالَة : بیکاری۔ کام سے فراغت۔
البَطَالَة : بہادری۔
البَاطِل : فا۔ ناحق۔ ج اَبَاطِیْل : شیطان۔ جادوگر۔ ج بَطَلَة
البُطْل : باطل۔ جھوٹ اور کہا جاتا ہے" ذَھَبَ دَمُہٗ بُطْلًا" اس کا خون رایگاں گیا۔
البُطْلَات : لغویات۔ فضولیات۔
الْاَبْطَالَة و الاَبْطُوْلَة : باطل۔
البُطْم و البُطُم : بن۔ بن کا پھل۔
بَطَنَ (ف) بُطُوْنًا و بَطْنًا : پوشیدہ ہونا صفت (باطِن)
بَطَنَ (ن) بَطْنًا. الْوَادِیَ : داخل ہونا...... ہٗ وَلَہٗ : پیٹ پر مارنا۔ بَطَنَ الْاَمْرَ : کسی معاملہ کی تہ کو پہنچنا۔ (...... بُطُونًا و بَطَانَة) بِفُلَانٍ وَ مِنْہ : کسی کے خواص میں سے ہونا۔
بَطِنَ (س) بَطَنًا و بَطُنَ (ک) بَطَانَة : بڑے پیٹ والا ہونا۔ صفت (بَطِنٌ و بَطِیْنٌ و مَبْطَانٌ)
بُطِنَ. بَطْنًا : مبتلائے دردِ شکم ہونا۔ صفت مَبْطُوْن
بَطَّنَ و اَبْطَنَ. الثَّوبَ : استر لگانا۔ الدَّابَةَ : تنگ کسنا۔ اَبْطَنَ الشَّیْئَ : پوشیدہ کرنا۔
بَاطَنَہٗ : سرگوشی کرنا۔ دوستی کرنا۔
تَبَاطَنَ. الْمَکَانُ : دور ہونا۔
تَبَطَّنَ و اسْتَبْطَنَ : الشَّیْئَ : اندر داخل ہونا ...... الْاَمْرَ : معاملہ کی تہ معلوم کرنا۔
البَطْن : پیٹ۔ ہر چیز کا اندرونی حصہ۔ بَطْنُ الْاَرْض : زمین کا پست حصہ ...... مِنَ الْقَوْمِ : گروہ جو قبیلہ سے کم اور عمارۃ سے زائد ہو۔ ج بُطُوْن و اَبْطُن و بُطْنَان : کہا جاتا ہے" اَلْقَتِ الدَّجَاجَةُ ذَابَطْنِھَا" یعنی مرغی نے انڈے دیئے۔ "وَصَاحَتْ عَصَافِیر بَطْنِہٖ" یعنی وہ بھوکا ہوا۔
البَطَن : پیٹ کی بیماری۔

البَطِن : حریص جس کا نصب العین صرف پیٹ ہو۔
البِطْنَة : ڈُبر۔
البِطْنَة : زیادتی خوراک کی وجہ سے بہت زیادہ شکم پُری۔
البِطَان ج اَبْطِنَة و بُطُن : تنگ، جس کو جانور کے پیٹ کے نیچے سے باندھتے ہیں۔ کپڑے کا ایک ٹکڑا جس کو گھوڑے پر مکھیوں سے بچانے کے لئے ڈالتے ہیں۔ کہا جاتا ہے۔" فُلَانٌ عَرِیْضُ الْبِطَان" : فلاں غنی یا آسودہ حال ہے۔ "والْتَقَتْ حَلْقَتَا البِطَان" : معاملہ سنگین ہوگیا اور مصیبت سخت ہوگئی۔
بِطَانَةُ. الثَّوْبِ : کپڑے کا استر۔ الرَّجُلِ : اہل و عیال خاص لوگ۔ بھید۔ ج بَطَائِن : رازدار۔
البَاطِن : اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنٰی میں سے ہے۔ ہر چیز کا اندرونی حصہ۔ پوشیدہ۔ مِنَ الْاَرْضِ : پست حصہ...... مِنَ الْقَدَمِ : تلوا۔ ج اَبْطِنَة و بُطْنَان
البَاطِنَة : بھید۔
البَطِیْن : دور۔ کہا جاتا ہے" شَأوٌ بَطِیْن" مسافت بعید" کِیْسٌ بَطِیْنٌ" بھری ہوئی تھیلی۔ البَطِیْن : بڑے پیٹ والا۔
البُطَیْن : چاند کی منازل میں سے ایک منزل کا نام۔
المُبَطَّن : پتلے پیٹ والا۔
المُبَطَّنَة : ایک قسم کی کشتی۔
البَاطِیَة : بڑا پیالہ۔ شراب کے لئے شیشہ کا برتن۔ ج بَوَاطِ
بَظَّ (ن) بَظًّا. الْعُوْدَ : بجانے کے لئے چھیڑنا۔ درست کرنا۔
ابَظَّ. الرَّجُلُ : موٹا ہونا۔ صفت (بَظِیْظ)
البَظُّ. فِظٌّ کا تابع ہے۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ فَظٌّ بَظٌّ" وہ سخت مزاج ہے۔
بَظِرَ (س) بَظَرًا. الرَّجُلُ : غیر مختون ہونا صفت اَبْظَر : مؤنث بَظْرَاء : ج بُظْر.

البُظْر : انگوٹھی۔
البِظْر : رایگاں۔ کہا جاتا ہے" ذَھَبَ دَمُہٗ بِظْرًا" اس کا خون رایگاں گیا۔
المُبَظِّر : ختنہ کرنے والا۔ مؤنث مُبَظِّرَة.
البَطِیْن : دور۔ کہا جاتا ہے" شَأوٌ بَطِیْن" مسافت بعید" کِیْسٌ بَطِیْنٌ" بھری ہوئی تھیلی۔ البَطِیْن : بڑے پیٹ والا۔
البُطَیْن : چاند کی منازل میں سے ایک منزل کا نام۔
المُبَطَّن : پتلے پیٹ والا۔
المُبَطَّنَة : ایک قسم کی کشتی۔
البَاطِیَة : بڑا پیالہ۔ شراب کے لئے شیشہ کا برتن۔ ج بَوَاطِ
بَظَّ (ن) بَظًّا. الْعُوْدَ : بجانے کے لئے چھیڑنا۔ درست کرنا۔
ابَظَّ. الرَّجُلُ : موٹا ہونا۔ صفت (بَظِیْظ)
البَظُّ. فِظٌّ کا تابع ہے۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ فَظٌّ بَظٌّ" وہ سخت مزاج ہے۔
بَظِرَ (س) بَظَرًا. الرَّجُلُ : غیر مختون ہونا صفت اَبْظَر : مؤنث بَظْرَاء : ج بُظْر.
البُظْر : انگوٹھی۔
البِظْر : رایگاں۔ کہا جاتا ہے" ذَھَبَ دَمُہٗ بِظْرًا" اس کا خون رایگاں گیا۔
المُبَظِّر : ختنہ کرنے والا۔ مؤنث مُبَظِّرَة.
بَعَّ (ن ض) بَعًّا. الْمَاءَ : کثرت سے بہانا۔
البَعَاع : سامان۔ بادل کا پانی جو ابھی نہ برسا ہو۔ کہا جاتا ہے" اَلْقَی السَّحَابُ بَعَاعَہٗ" بادل نے سارا پانی برسا دیا۔" اَلْقَی بَعَاعَہٗ عَلَیْہِ" اس نے اپنا بوجھ اس پر ڈال دیا۔
البَعْبَعَة : جلدی جلدی بولے جانا۔
البَعَابِعَة : فقراء جن کے پاس کچھ بھی مال و جائیداد نہ ہو۔
بَعَثَہٗ (ف) بَعْثًا و تَبْعَاثًا : تنہا بھیجنا...... بِہٖ : دوسرے کے ساتھ بھیجنا ...... ہٗ : برانگیختہ کرنا۔ جوش دلانا۔ کہا جاتا ہے" بَعَثَہٗ مِنْ نَوْمِہٖ" اس نے اس کو نیند سے بیدار کیا۔ "وَبَعَثَہٗ عَلَی الشَّیْئِ : اس نے اس کو فلاں

کام کرنے پر اُکسایا......السَّمِیْتَ : دوبارہ زندہ کرنا اور اسی سے "یَوْمُ الْبَعْثِ" ہے بمعنی روزِ قیامت۔

بَعِثَ (س) بَعَثًا : نیند سے بیدار ہونا۔

تَبَعَّثَ. الشَّیْئُ : کسی چیز کا تیزی سے ظاہر ہونا ......الشِّعْرُ مِنْهُ : شعر کی آمد ہونا۔

تَبَاعَثُوا. عَلَی الشَّیْئِ : ایک دوسرے کو کرنے پر برانگیختہ کرنا۔

اِنْبَعَثَ : بھیجا جانا۔ کسی چیز کا تیزی سے ظاہر ہونا...... فِی السَّیْرِ : جلدی کرنا۔

اِبْتَعَثَهٗ : بھیجنا۔

البَعْثُ و البَعَثُ : فوج۔ ہر وہ جماعت جو کہیں بھیجی جائے۔ ج بُعُثٌ و بُعُوث.

البَعْثُ و البَعِثُ : جس کو غم بیدار رکھے اور نیند سے اٹھا دے۔

الْبَاعُوْثُ ج بَوَاعِیْثُ : عیسائیوں کی عید فصح کے دوسرے دن نماز۔

البَاعُوث : عیسائیوں کی اصطلاح میں استسقاء کی نماز (کلمہ سریانیہ ہے)

البَاعِثُ و البَاعِثَةُ : سبب ج بَوَاعِثُ

البَعِیْثُ و المَبْعُوْثُ : بھیجا ہوا۔ اٹھایا ہوا۔

یَوْمُ بُعَاث : ایک جنگ کا نام جو اوس و خزرج کے درمیان زمانہ جاہلیت میں ہوئی تھی۔

بَعْثَرَ بَعْثَرَةً : بکھیرنا......المَتَاعَ : اُلٹنا پلٹنا۔

تَبَعْثَرَ : اُلٹا پلٹا جانا۔ کہا جاتا ہے "تَبَعْثَرَتْ نَفْسِی" : یعنی میرا نفس مضطرب ہو گیا اور متلی ہونے لگی۔

بَعَجَ (ف) بَعْجًا. البَطْنَ : پھاڑنا۔ صفت (بَاعِجٌ) صفت مفعولی (مَبْعُوجٌ و بَعِیْجٌ)

بَعِیجٌ...... مذکر و مؤنث دونوں کے لئے مستعمل ہے ج بَعْجَی ...... الْاَرْضَ آبَارًا : بہت کنوئیں کھودنا...... المَطَرُ الْاَرْضَ بَعَجَ فِیْهَا : شدت وقوع کی وجہ سے پتھروں کو ظاہر کر دینا...... بَعَجَ لَهٗ : خیر خواہی میں مبالغہ کرنا۔

......السَّیْلُ : سیلاب کا تیزی کے ساتھ بڑھنا......عَلَی بالکلام : بہت زیادہ باتیں کرنا۔

البَاعِجَة : وادی کا کشادہ حصہ۔ ج بَوَاعِج

بَعُدَ (ک) بُعْدًا و بَعِدَ (س) بَعَدًا : دور ہونا۔ ہلاک ہونا۔ مرنا۔ صفت (بَاعِد) ج بُعْد و (بَعِید) : مفرد و جمع دونوں کے لئے (بعید) ج بُعَدَاء و بُعُد و بُعْدَان

اَبْعَدَ : دور ہونا۔ (اَبْعَدَهٗ و بَعَّدَهٗ و بَاعَدَهٗ) : دور کرنا۔

تَبَاعَدُوْا : ایک دوسرے سے دور ہونا۔

تَبَعَّدَ : دور ہونا۔

تَبَاعَدَ و اِبْتَعَدَ و اِسْتَبْعَدَ. عَنْهُ : دور ہونا۔

اِسْتَبْعَدَ. الشَّیْئَ : دور پانا یا سمجھنا۔

البُعْد و البَعْدُ و البُعْدَة : دوری۔ رائے و دور اندیشی۔ بُعْدًا لَهٗ : بددعا ہے۔ یعنی اللہ اس کو ہلاک کرے یا خیر سے محروم کرے۔

البُعَاد : بعید کی مانند صفت ہے۔ دور۔

بَعْدُ : ظرف زماں ہے بمعنی پیچھے اور اس کے لئے اضافت لازم ہے اور اگر اضافت نہ ہو تو ارادہ اضافت کی صورت میں مبنی بر ضمہ ہوتا ہے اور اگر اضافت نیت میں بھی نہ ہو تو منصوب ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے " بَعْدُ و بَعْدًا و مِنْ بَعْدُ

الاَبْعَدُ : بہت دور۔ خیانت کرنے والا۔ ج اَبَاعِد.

بُعْد نُقْطَتَیْنِ عَلَی کُرَة : دونوں نقطوں کے پاس سے گزرنے بڑے دائرے کے دو قوسوں میں سے چھوٹا۔

رَجُلٌ (مِبْعَدٌ) : بہت دور دور کا سفر کرنے والا۔

بَعِرَ (س) بَعَرًا. الجَمَلُ : نو (۹) سالہ یا چہار (۴) سالہ اونٹ ہونا۔

بَعَرَ (ف) بَعْرًا : مینگنی کرنا۔

بَعَّرَ المِعْزَی و اَبْعَرَهٗ و تَبَعَّرَهٗ : ساری مینگنی نکال دینا۔

(بَعْرَة) ج بَعَرَات.

البَعِیْرُ : نو (۹) سالہ یا چہار (۴) سالہ اونٹ یا اونٹنی ج بُعْرَان و اَبْعِرَه و جج اَبَاعِر و اَبَاعِیر

المَبْعَرُ و المِبْعَر : مینگنی نکلنے کا عضو۔ آنت کی چربی۔

بَعْزَقَ بَعْزَقَةً : پراگندہ کرنا۔ بکھیرنا۔

بُعِضَ. الرَّجُلُ : مچھروں سے تکلیف اٹھانا۔ صفت (مَبْعُوض)

بَعَّضَهٗ : حصے بنانا۔ جزء جزء کرنا۔

تَبَعَّضَ : جزء جزء ہونا۔

اَبْعَضَ. المَکَانُ : مچھر والی ہونا، بہت مچھروں والی ہونا۔ صفت (بَعِضٌ و مَبْعُوض)

بَعْضُ. الشَّیْئِ : کسی چیز کا ایک جزء اور کبھی ایک فرد کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے "بَعْضُ اللَّیَالِی" : یعنی راتوں میں سے ایک رات۔ ج اَبْعَاض

البَعُوْض : مچھر۔ واحد (بَعُوْضَة)

بَعَطَ (ف) بَعْطًا. فِی الجَهْلِ و الشَّوْمِ : مبالغہ کرنا۔ زیادتی کرنا...... الحَیَوَانَ : ذبح کرنا۔

اَبْعَطَ. فُلَانٌ : حد سے بڑھ جانا...... الرَّجُلَ : طاقت سے زیادہ کی تکلیف دینا...... فِی الجَهْلِ : زیادتی کرنا۔

بَعَقَ (ف ن) بُعَاقًا. المَطَرُ الاَرْضَ : تریڑے سے پڑ کر دراڑ ڈال دینا۔

(...... بَعْقًا) الْجَمَلَ : اونٹ ذبح کرنا...... البِئْرَ : کنواں کھودنا۔

بَعَّقَ. الزِّقَّ : مشک پھاڑ دینا۔

تَبَعَّقَ و اِنْبَعَقَ و اِبْتَعَقَ. فِی الکَلَامِ : تیزی کے ساتھ بہت گفتگو کرنا...... السَّحَابُ : زور سے برسنا۔

البَاعِق : مؤذن۔

البُعَاق : زور سے برسنے والا بادل۔ چیخ۔

مَبْعَق. المَفَازَة : بیابان میں کشادہ جگہ۔

تَبَعَّجَ و اِنْبَعَجَ. السَّحَابُ : برس کر کھل جانا ... البُعْقُط و البُعْقُوط : پست قد۔

الْبُعْقُوطَة : گبریلا کی گولی۔
بَعِکَ (س) بَعَکًا۔ الجِسْمُ :بدن کا خشک اور کھردرا ہونا۔
البَاعِکَ :بے وقوف۔
بُعْکُوکَۃُ النَّاسِ :لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ.....الصَّیفِ :گرمی.....اَلْبُعْکُوکَۃُ : کسی چیز کا درمیانی حصہ۔
بَعَلَ (ن) بَعَالَۃً و بُعُولَۃً۔ الرَّجُلُ لِلْمَرْأَۃِ: شوہر ہونا۔بَعَلَتِ الْمَرْأَۃُ :شوہر والی ہونا۔
بَعِلَ (س) بَعَلاً۔ بِاَمْرِہٖ :متحیر ہونا۔صفت (بَعِل) مؤنث بَعِلَۃ
تَبَعَّلَتِ۔ الْمَرْأَۃُ :شوہر کی اطاعت کرنا۔
بَاعَلَ۔ القَومُ قوماً : آپس میں شادی بیاہ کرنا۔
اِسْتَبْعَلَ: المَکَانُ : بارانی ہونا۔الرَّجُلُ لِلْمَرْأَۃِ:شوہر ہونا۔
البَعْل ج بُعُول و بِعَال و بُعُولۃ :شوہر۔ بیوی کو بَعْل اور بَعْلَۃ بھی کہتے ہیں۔البَعْلُ: مالک۔سردار۔کہتے ہیں "مِنْ بَعْلُ هٰذِهِ النَّاقَةِ" :اس اونٹنی کا مالک کون ہے۔اسی کے لحاظ سے کنعانی وغیرہ بُت پرست اپنے معبودوں پر لفظ بعل کا استعمال کرتے تھے۔
البَعْلُ مِنَ الْاَرْضِ :بارانی زمین۔
بَعْلَبَکّ : ملک شام کے ایک شہر کا نام۔ نسبت کے لئے بَعْلَبَکِّی و بعلِیٌّ۔
البَعِیم :ایک بُت کا نام۔لکڑی کی بنی ہوئی مورت۔موم کی گڑیا۔رَجُلٌ بَعِیْمٌ :شعر نہ کہہ سکنے والا مرد۔
بَغَایَبْغِی و یَبْغُو بَغْوًا و بَغَی یَبْغِی بَغْیًا : گناہ کرنا۔خطا کرنا.....ہٗ بالعَیْنِ :نظر بد لگانا ..... عَلَیْهِمُ الشَّرَّ :کسی کے ساتھ برائی کرنا ..... الشَّیْءَ :مانگ لینا۔
بَغَّ (ن) بَغًّا۔ الدَّمُ :خون کا جوش میں آنا۔
بَغْبَغَ بَغْبَغَۃً۔ البِسَاطَ :بچھونا روندنا۔
المُبَغْبِغ :گفتگو میں گڑبڑ کرنے والا۔بہت جلد باز۔
بَغَتَ (ف) بَغْتًا و بَاغِتَۃً :اچانک آنا۔کہا جاتا ہے "لَسْتُ آمَنُ مِنْ بَغَتَاتِ العَدُوِّ" : میں دشمن کے اچانک آ جانے سے مامون نہیں ہوں۔
بَغِثَ (س) بَغَثًا :سبزی مائل سفید ہونا۔گرد آلود ہونا۔صفت (اَبْغَث) :مؤنث بَغْثَاء.
الْاَبْغَثُ :ایک آبی پرندہ۔ج بُغْث و اَبَاغِث۔ الْاَبْغَث: شیر۔
البُغْثَۃ :سبزی مائل سفیدی۔
البَغْثَاء۔ مِنَ النَّاسِ :لوگوں کا مخلوط گروہ۔کہا جاتا ہے۔"دَخَلْنَا فِي الْبَغْثَاءِ" ہم لوگوں کی جماعت میں داخل ہو گئے۔
البُغَاث: بتثلیث الباء :سبزی مائل سفید رنگ کا ایک پرندہ۔جو گدھ سے چھوٹا اور اڑنے میں سُست ہوتا ہے۔ج بِغْثَان' عرب کے قول "اِنَّ البُغَاثَ بِاَرْضِنَا يَسْتَنْسِرُ" کا مطلب یہ ہے کہ جو ہمارے پڑوس میں رہتا ہے وہ ہماری وجہ سے معزز بن جاتا ہے۔
اَلْبَغِیث :گیہوں۔
بَغْثَرَ۔ القَوْمُ :جوش میں آنا۔آپس میں مخلوط ہونا۔بَغْثَرَہٗ :جدا جدا کرنا۔متفرق کرنا۔
بَغْثَرَتْ نَفْسُه و تَبَغْثَرَتْ :جی متلانا۔
البَغْثَر :بے وقوف۔بڑے ڈیل ڈول کا اُونٹ۔
بَغْدَاد :عراق کے ایک شہر کا نام جس کو مدینة السَّلام اورزوراء اوردار السَّلام بھی کہتے ہیں۔
تَبَغْدَدَ :بغداد کی جانب منسوب ہونا۔بغداد والوں کی مشابہت اختیار کرنا۔
بَغِرَ (س) بَغْرًا و بَغَرًا :پانی پیتا اور سیراب نہ ہونا۔صفت (بَغِر و بُغِیر) ج بَغَارَیٰ و بُغَارَیٰ بَغَرَتْ (ن) بُغُورًا۔ السَّمَاءُ :برسنا.....النَّجْمُ :ستارہ گرنا۔
بُغِرَتْ۔ الْاَرْضُ :بارش ہونا۔
البَغَر :پیاس جس میں سیرابی نہ ہو۔ (والبَغَر) :سخت بوچھار۔کہا جاتا ہے" [illegible] ہو گئے۔
البَغْرَہ :پانی کی قوت۔
بَغَزَہٗ (ف) بَغْزًا :لاٹھی سے مارنا۔
البَغْز :سرعت حرکت۔چستی۔
البَاغِز :چست۔فسق وفجور میں منہمک۔
البَاغِزِیَّۃ :حریر کی مانند ایک قسم کا کپڑا۔
البُوغَاز : آبنائے۔ج بَوَاغِز
بَغَشَت (ف) بَغْشًا۔ السَّمَاءُ :ہلکی بارش برسانا.....الصَّبِیُّ اِلَی اُمِّهٖ :روانسا ہو کر متوجہ ہونا۔
بُغِشَتِ۔ الْاَرْضُ :ہلکی بارش پڑنا۔
البَغْشَۃ :ہلکی بارش۔
بَغَضَ و بَغُضَ (ن ک) و بَغِضَ (س) بَغَاضَۃً :دشمنی کرنا۔نفرت کرنا۔(مَااَبْغَضَنِي لَهٗ وَمَا اَبْغَضَهٗ اِلَيَّ) سیبویہ نے کہا کہ جب تم "مَا اَبْغَضَنِي لَهٗ" کہو تو اس کا مطلب یہ ہے کہ میں اس کے نزدیک بہت زیادہ مبغوض ہوں اور جب مَا اَبْغَضَهٗ اِلَيَّ کہو تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ میرے نزدیک بہت زیادہ مبغوض ہے۔
بَغَّضَهٗ۔ اِلَیْهِ :نفرت دلانا۔دشمنی دلانا۔
اَبْغَضَهٗ :دشمنی کرنا۔نفرت کرنا۔
تَبَغَّضَ۔ اِلَیْهِ :دشمنی کرنا۔
تَبَاغَضُوا :ایک دوسرے سے دشمنی کرنا۔
البُغْض :نفرت۔دشمنی۔
اَلبِغْضَۃُ و البَغْضَاءُ و البَغَاضَۃ :سخت دشمنی۔البِغَضَۃ :دشمنی کرنے والے لوگ۔
البَغِیض :سخت دشمنی رکھنے والا۔
بَغَلَهُم (ف) بَغْلاً : باپ کی طرف سے کسی کی اولاد کو دوغلا قرار دینا۔
بَغَّلَ :بمعنی بَغَلَ ..... فِي الْمَشْیِ :تھک جانا۔عاجز ہونا۔
البَغْل :خچر۔ج بِغَال و اَبْغَال :مؤنث بَغْلَۃ ج بَغَلات و بِغَال.
البَغَّال :خچر والا۔یا خچر ہانکنے والا۔
بَغَمَتْ (ف ن ض) بُغُومًا و بُغَامًا و تَبَغَّمَتْ۔ الظَّبْیَۃُ :بہت نرم آواز نکالنا۔

صفت(بَـاغِمَةٌ و بَغُوم) بَغَم الرَّجُلُ صَاحِبَه : مبہم گفتگو کرنا۔

بَاغَمَهٗ : نرم آواز سے گفتگو کرنا۔

البُغَام : ہرن کی آواز۔

البُـغْـمَة : عورتوں کا ہار (کلمہ ترکی ہے) ج بُغَم.

بَغَا (ن) بَغْوًا. الشَّيْ : غور سے دیکھنا...... عَلَيْه : تعدی کرنا۔ زیادتی کرنا۔ صفت (بَغُوٌ)

البَـغْوة : کچا پھل...... مِنَ النَبَاتِ : شگوفہ جو سفید نکلا ہو۔

بَغَى (ض) بُغَاءً و بَغْيًا و بُغًى و بُغْيَةً و بِغْيَةً. الشَّيْ : طلب کرنا...... الرَّجُلُ : حق سے ہٹ جانا۔ نافرمانی کرنا...... عَلَيْهِ : دراز دستی کرنا۔ ظلم کرنا۔ صفت (باغ) ج بُغَـاة و بغيان ...... السَّمَاءُ : سخت برسانا...... الْاَمَةُ : زنا کرنا...... الْـجُـرْحُ : سوجنا، خراب ہونا ...... پیپ سے بھرنا۔

اِبتَغَى و تَبَغَّى. الشَّيْ : طلب کرنا۔

اِبْغَاهُ الشَّيْ : طالب بنانا۔ طلب کرنے میں مدد دینا۔ کہا جاتا ہے "اَبْغِنِيْ ضَـالَّتِي" : میری گم شدہ چیز کی تلاش میں مدد کرو۔

بَاغَت الْاَمَةُ بِغَاءً و مُبَاغَاةً : زنا کرنا۔

تَبَاغَى. القومُ : بعض کا بعض پر ظلم کرنا۔

اِنْبَغَى : سہل ہونا۔ آسان ہونا۔ کہا جاتا ہے "لَا يَـنْـبَـغِـي لَکَ اَنْ تَـفْـعَـلَ ذٰلِکَ" : تمہارے لئے مناسب نہیں کہ ایسا کرو۔ (اس فعل کا ماضی مستعمل نہیں)

اِسْتَبْغَى : الشَّيْ : طلب کرنا...... الْقَومَ : طلب کرنے میں مدد چاہنا۔

اَلْبَغْيُ : ظلم۔ جنایت۔ گناہ۔ بہت بارش۔ فساد۔ کہا جاتا ہے "بَـرِئَ جُـرْحُـه عَلٰى بَـغْيٍ" : یعنی اس کا زخم مندمل تو ہوا لیکن اندر فاسد مادہ باقی رہ گیا ہے۔

البُغْيَةُ و البِغْيَة و البَغِيَّة و البُغَاء : مرغوب و مطلوب۔ البُغْيَة : حاجت۔

البَغِيُّ : بدکار و زناکار عورت۔ ج بَغَايَا. بَغَايَا الجَيْش : فوج کے ہراول دستے۔

المَبْغَى و المَبْغَاة : طلب کرنے کی نوعیت یا جگہ۔ کہا جاتا ہے "بَـغَـيْـتُ الْـمَـالَ مِنْ مَبْـغَـاتِه" : میں نے مال کو اس کے موقع سے تلاش کیا۔ جیسے کہتے ہیں "اَتَيْتُ الْاَمْرَ مِنْ مَّاْتَـاتِه" : میں نے کام کو اس طرح انجام دیا جیسا دینا چاہئے۔

المُنْبَغِي : شیر۔

فِـئَةٌ (بَـاغِيَةٌ) : امام عادل کی اطاعت سے نکلنے والی جماعت۔

بَقَّ (ن) بَقًّا. الماءَ مِنْ فِيْه : پانی کو منہ میں سے زور سے پھینکنا...... لَـنَـا الْـعَـطَـاءَ : بخشش وسیع کرنا...... مَـالَـهٗ : بکھیرنا۔ متفرق کرنا...... الْـجِـرَابَ : پھاڑنا (...... بَـقًّـا و بُـقُـوقًا) النَّبْتُ : اُگنا...... السَّمَاءُ : لگاتار کثرت سے بارش ہونا...... الْـمَـرْاَةُ : بہت اولاد والی ہونا...... الْبَيْـتُ : بہت کھٹمل والا ہونا۔ (...... بَـقَـاقًـا و بَـقًّـا و اَبَقَّ) عَلَى الْقَوْمِ : بہت بک بک کرنا۔

بَقَّقَ. مَالَه : متفرق کرنا۔ (وَاَبَقَّ) الْبَيْتُ : بہت کھٹمل ہونا۔ وَاَبَـقَّ ولَـدُ فُلَانٍ : بہت ہونا۔ اَبَـقَّـتِ الْـمَرْاَةُ : بہت اولاد والی ہونا ...... السَّمَاءُ : لگاتار بہت بارش ہونا۔

البَقُّ : کھٹمل۔ پسو۔

البَقَاق : گھر کا ردی سامان۔ رَجُـلٌ بَقَاقٌ وَ بقَاقَة : بہت بولنے والا مرد۔

بَـقْـبَـقَ بَـقْبَقَةً. الْكُوزُ فِي الْمَاءِ : بق بق کی آواز نکلنا...... الْقِـدْرُ : اُبلنا...... الـرَّجُـلُ : بہت بک بک کرنا۔

البَـقْـبَـاق : بہت بولنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُـلٌ لَـقْلَاقٌ بَقْبَاقٌ" : بہت بکواس کرنے والا۔

البُقْجَة : کپڑے وغیرہ کی گٹھری۔ (جدید)

البَقْدُوْنَس : ایک قسم کی نباتات۔

بَـقَـرَه (ف) بَـقْـرًا : پھاڑنا۔ کھولنا۔ وسیع کرنا۔

بَقِرَ (س) بَقَرًا : نگاہ کا چکرا جانا۔

اَبْـقَـرَ. الْـمَرْاَةَ عَنْ جَنِيْنِهَا : پیٹ چیر کر بچہ نکالنا۔

اِنْبَقَرَ : پھٹنا۔ کھل جانا۔ وسیع ہونا۔

تَـبَـقَّـرَ. الـرَّجُـلُ : علم یا مال میں زیادتی والا ہونا۔

البَقَر : گائے۔ بیل (اسم جنس) واحد (بَقَرَةٌ) ج بَـقَـرَات و بَقَر و بُقُر و اَبْقُر و اَبْقَار و اَبَاقِر و اَبَاقِير. بَـقَرُ الْوَحْـشِ اَوِ الْبَقَر الْوَحْشِي : نیل گائے۔ جُـوْعُ البَقَر : سخت بھوک۔ عُيُـونُ البَقَر : ایک قسم کا انگور۔ بَـقَرُ الْمَاءِ : گائے کے مشابہ ایک قسم کی مچھلی۔

البُـقَـر و البُقَارَى : جھوٹ۔ مصیبت۔ کہا جاتا ہے "جَـاءَ فُلَانٌ بِـالـصُّـقَـرِ و الْبُـقَرِ اَوِ الصُّقَّارَى و الْبُقَارَى" : فلاں شخص جھوٹ اور مصیبت لایا۔ یعنی مصیبت کا سبب بنا۔

البُقَيْرَى : بچوں کا ایک کھیل۔

البَقَّار : گائے والا۔ گائے کا چرواہا۔

البَاقِر و البَاقُوْر و البَيْقُوْر : گایوں کا ریوڑ۔ یہ اسماء جمع ہیں۔

فِتْنَةٌ (بَـاقِرَةٌ) : محبت کو ختم کر دینے والا بڑا فتنہ۔

البَقِيْرَة و البَقِيْر : بغیر آستینوں والی عورتوں کی قمیض۔ نَـاقَةٌ بَـقِـيْـرَةٌ : اونٹنی جس کا پیٹ چاک کر کے بچہ نکالا گیا ہو۔

البَـقْـس : ایک درخت کا نام جس کی لکڑی سخت ہوتی ہے اور اس سے چمچے بنائے جاتے ہیں۔ واحد (بقسه)

اَلْبُقْسِمَاط : کیک کی ایک قسم (فارسی لفظ)

بَقَطَ (ن) بَـقْطًا. مَتَاعَهٗ : سفر کے لئے جمع کرنا۔ متفرق کرنا...... فُلَانًا بُسْتَانَه : تہائی یا چوتھائی پیداوار کی شرط پر دینا۔

بَقَطَ. فِي الْجَبَلِ : چڑھنا۔

الشَّيْ : متفرق کرنا۔

تَبَـقَّطَ. الشَّيْ : تھوڑا تھوڑا لینا...... الْـخَبَرَ : تھوڑا تھوڑا حاصل کرنا۔

البَـقَـط : توڑنے کے وقت کی گری ہوئی کھجوریں۔ متفرق جماعت۔

ابقاط :پنیر کا ٹکڑا۔ البُقطة: زمین کا ایک حصہ۔

بَقِعَ (س) بَقَعًا. الطَّيْرُ :مختلف رنگ والا ہونا۔ صفت(أَبْقَع) :مؤنث بقعاء ج بُقع ...... فُلَانٌ بِالشَّيْءِ :اکتفا کرنا...... الْأَرْضَ مِنْهُ :خالی ہونا۔

بَقَعَ (ف)بَقْعًا و بَقَعَ :جانا۔ تم کہتے ہو" مَا أَدْرِي أَيْنَ بَقَعَ": میں نہیں جانتا وہ کہاں گیا۔ بَقَّعَ الثَّوْبَ :رنگتے ہوئے سفید داغ چھوڑنا۔

تَبَقَّعَ :داغدار ہونا۔ تَبَقَّعَتِ الثِّيَابُ : کپڑوں پر پانی کے چھینٹے اس طرح ڈالے گئے کہ باقی رہے ہوئے بے رنگ خشک حصے بھی تر ہو گئے۔

اِنْبَقَعَ :تیز جانا۔

اُبْتُقِعَ. لَوْنُهُ :خوف یا غم سے بدلے ہوئے رنگ والا ہونا۔(اُمْتُقِعَ میم سے زیادہ افصح ہے)

البُقْعَة و البَقْعَة : زمین کا ٹکڑا۔ ج بِقَاع و بُقَع :کہا جاتا ہے" فُلَانٌ حَسَنُ الْبُقْعَةِ عِنْدَ الْأَمِيرِ": فلاں امیر کے پاس اچھے رتبہ والا ہے۔ وَالْبَقْعَةُ :پانی جمع ہونے کی جگہ۔

البَقِيع :وہ جگہ جہاں مختلف قسم کے درختوں کی جڑیں ہوں۔ ابْنُ بَقِيع :کتا۔

البَاقِعَة :الباقع کا مؤنث۔ ہوشیار و زیرک مرد جس کو فریب نہ دیا جا سکے۔ ج بَوَاقِع کہا جاتا ہے" مَا فُلَانٌ إِلَّا بَاقِعَةٌ مِنَ الْبَوَاقِعِ" یعنی فلاں بڑا چالاک ہے۔

الأَبْقَع :سیاہ سفید داغوں والا۔ مؤنث بقعاء ج بُقع :کوا جس میں سیاہی سفیدی ہو۔ ج بُقعان. سَنَةٌ بَقْعَاء :سال جس میں سرسبزی و خشک سالی دونوں ہوں۔

الأُبَيْقِع :کم بارش والا سال۔

بَقَلَ (ن)بَقْلاً و بُقُولاً و أَبْقَلَ :ظاہر ہونا ......نَابُ الْبَعِيرِ :نکلنا......المَكَانُ :سبزی اُگنا۔ صفت(بَاقِل و بَقِل و بَقِيل) وَجْهُ الغُلَامِ :سبزہ آغاز ہونا۔ بَقَلَ لِبَعِيرِهِ بَقْلاً : ساگ پات جمع کرنا۔ وَأَبْقَلَ الْقَوْمُ :سبزی پانا' قوم کے مویشی کا سبزی کو چرنا۔

بَقَّلَ: وجهُ الغلامِ :سبزہ آغاز ہونا۔

تَبَقَّلَ و ابْتَقَلَ :سبزے کی تلاش میں جانا ......المَاشِيَةُ :سبزہ چرنا۔

البَقْلُ :سبزی۔ ترکاری۔ ج بُقُول و أَبْقَال۔

البَقْلَة: البَقْل کا واحد(بَقْلَةُ الحُمَقَاء و بَقْلَةُ الزَّهْرَاء و بَقْلَةُ اللَّيِّنَة) خرفہ کا ساگ۔

البَقْلَةُ البَارِدَة :عشق پیچہ۔

بَقْلَةُ الأَنْصَار :کرم کلا۔

البَاقِلاء و البَاقِلِيّ و البَاقِلِي :لوبیا۔ أَرْضٌ (بَقِلَة و بَقِيلَة و بَقَّالَة و مَبْقَلَة) :سبزی والی زمین۔

البَقَّال :سبزی فروش۔

المَبْقَلَة :سبزی کی جگہ۔

البُوقَال و البَاقُول :بویام۔ مٹی کی دوات۔ ج بَوَاقِيل

البَقْلَاوِيّ : حلوی کی ایک قسم۔

بَقَّمَ. الثَّوْبَ :کپڑے کو بقم سے رنگنا۔

البَقَّم :ایک قسم کی لکڑی جو کپڑے رنگنے میں کام آتی ہے۔

البُقَّم :دھتورا۔

البُقَامَة: مِنَ الصُّوف :اون جو دھننے میں گر جائے اور کاتنے کے قابل نہ ہو۔ کمزور بے عقل مرد۔

بَقَا (ن) بَقَاوَةً و بَقْي (ض) بَقْيًا. فُلَانًا بِعَيْنِهِ :دیکھنا۔ نظر ڈالنا......هُ :انتظار کرنا۔

بَقِيَ (س) بَقَاءً و بَقْي (ض) بَقْيًا: ہمیشہ رہنا۔ ثابت رہنا۔

أَبْقَى. عَلَيْهِ :رحم کرنا۔ مہربانی کرنا۔ (......وبَقَّى و تَبَقَّى و اِسْتَبْقَى)هُ : ثابت کرنا۔ باقی رکھنا۔ اِسْتَبْقَى مِنْهُ :کچھ باقی رکھنا۔ تَبَقَّى :باقی رہنا۔

البَاقِي :فا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔

البَاقِيَة :الباقی کا مؤنث ج البَاقِيَات و البَوَاقِي.

البَقْوَى و البُقْوَى و البُقْيَا و البَقِيَّة :باقی ماندہ۔ ج بَقَايَا :کہا جاتا ہے" فُلَانٌ بَقِيَّةُ قَوْمِهِ" فلاں اپنی قوم کے بہتر لوگوں میں سے ہے۔

المَبْقَى :بقا۔ زندگانی۔ ج المَبَاقِي

بَكَّهُ (ن) بَكًّا :مزاحمت کرنا۔ الشَّيْءَ : پھاڑنا۔ فسخ کرنا......الدَّابَّةَ :چلا کر تھکانا۔

بَكَّ الرَّجُلُ :محتاج ہونا۔

تَبَاكَّ. القَوْمُ :ہجوم کرنا......الشَّيْءُ :تو بر تو ہونا۔

البَاكّ :فا۔ بے وقوف۔

بَكَّة :مکہ مکرمہ۔

بَكْبَكَ و تَبَكْبَكَ. الْقَوْمُ عَلَيْهِ :ہجوم کرنا۔ جمع (بُكَابِك) :بہت بڑی جماعت۔ رَجُلٌ بُكَابِكٌ :سخت مزاج مرد۔

بَكَأَتْ (ف) و بَكُؤَتْ (ك) بُكُوءًا و بَكَاءَةً و بَكْأً و بُكَاءً. النَّاقَةُ :کم دودھ والی ہونا......البِئْرُ :کم پانی والا ہونا......العَيْنُ :کم آنسو والی ہونا۔ صفت(بَكِيءٌ و بَكِيئَةٌ و بَكِيءٌ و بَكِيئَةٌ) ج بِكَاء و بَكَايَا. أَيْدٍ بِكَاء :کم داد و دہش والے ہاتھ۔

بَكِئَ (س) بَكَأً :اپنی حاجت سے محروم رہنا۔

أَبْكَأَ. الدَّرُّ :کم پانا۔

البَكْءُ و البَكْأَة :ایک قسم کی نباتات۔ واحد بَكْأَة۔

بَكَتَهُ (ن) بَكْتًا :تلوار یا لاٹھی سے مارنا۔ حجت میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے" بَكَتَهُ حَتَّى أَسْكَتَهُ": وہ اس پر حجت میں غالب رہا یہاں تک کہ اس کو خاموش کر دیا۔

بَكَّتَهُ :بمعنی بَكَتَهُ :زجر کرنا۔ سرزنش کرنا۔ جھڑکنا اور اسی سے ہے تَبْكِيتُ الضَّمِيرِ۔

بَكْتِيرِيَا :انتہائی باریک جراثیم اس کو فقط دوربین کے ساتھ دیکھا جا سکتا ہے۔(بکٹیریا)

البَكْتِرِيُولُوجِيَا :جراثیم کا علم اس علم کا طب

میں بیماریوں کی تحقیق میں بڑا فائدہ ہے۔
بَكِرَ (س) بَكَرًا. إِلَى الشَّيْءِ: جلدی کرنا۔
بَكَرَ (ن) بُكُورًا: آگے بڑھنا......عَلَيْهِ وَإِلَيْهِ: صبح کے وقت آنا......فِي الشَّيْءِ: صبح سویرے کرنا۔
أَبْكَرَ و بَكَّرَ: آگے بڑھنا۔ جلدی کرنا......فُلَانًا: صبح کے وقت آنا۔ بَكَّرَهُ عَلَيْهِمْ: کسی کو صبح سویرے بھیجنا۔ بَكَّرَ الْمُصَلِّي: اوّل وقت میں نماز کے لئے آنا۔
بَاكَرَهُ: صبح کے وقت آنا۔
تَبَكَّرَ: آگے بڑھنا۔
اِبْتَكَرَ: کسی چیز کے ابتدائی حصہ پر قابض ہونا......فُلَانًا: صبح کے وقت آنا۔
الْبَاكِر: فا: أَتَاهُ بَاكِرًا: وہ اس کے پاس صبح کے وقت آیا۔
الْبِكْر: والدین کا پہلا بچہ۔ (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے ہے) جوان گائے: کنواری۔ ہر چیز کا اوّل۔ ج أَبْكَار. الْبِكْر: ہر فعل کہ اس جیسا اس سے پہلے نہ ہوا ہو۔ الضَّرْبَةُ الْبِكْر: تلوار کا وار جو قاتل ہو۔ كَرْمٌ بِكْرٌ: پہلا دانہ انگور کا۔ نَارٌ بِكْرٌ: آگ جس میں سے ابھی کچھ لیا نہ گیا ہو۔ خَلٌّ بِكْرٌ: تیز سرکہ۔ الدُّرَّةُ الْبِكْرُ: در ناسفتہ۔
الْبَكْر: جوان اونٹ۔ ج أَبْكُر و بُكْرَان و بِكَار و بِكَارَة مؤنث بَكْرَة ج بِكَار.
الْبُكْرَة: صبح۔ تم کہتے ہو "أَتَيْتُهُ بُكْرَةً" میں اس کے پاس صبح کے وقت آیا۔
الْبَكْرَة والْبَكَرَة: وزنی سامان اُتارنے چڑھانے کی چرخی۔ ج بَكْر و بَكَرَات. کہا جاتا ہے "وَالْبَكَرَاتُ شَرُّهُنَّ الصَّائِمَةُ" چرخیوں میں سے بُری وہ ہے جو گھومے نہیں۔ الْبَكْرَة: جماعت اور اسی سے ہے "جَاءُوا عَلَى بَكْرَةِ أَبِيهِمْ": وہ سب کے سب آئے کوئی بھی باقی نہیں رہا۔
الْبَكَارَة: دوشیزگی۔ کنوارا پن۔
الْبُكْرِيَّة و الْبُكُورِيَّة. الْبِكْر: کا اسم۔

الْبَاكُورَة: پہلا میوہ۔ ہر چیز کا پہلا۔ ج بَوَاكِير و بَاكُورَات۔
الْبَكِير و الْبَاكُور و الْبَكُور: ہر چیز میں سے پہلے تیار ہونے والا۔ موسم بہار کی ابتداء کی بارش۔
الْبَكِيرَة: پھل یا درخت خرما جو پہلے تیار ہو جائے۔ ج بَكَائِر.
الْمُبْكِر: فا: موسم بہار کی پہلی بارش۔
الْمِبْكَار: پھل یا درخت خرما جو پہلے تیار ہو جائے۔ أَرْضٌ مِبْكَارٌ: جلدی اُگانے والی زمین۔ ج مَبَاكِير.
بَكَسَهُ (ن) بَكْسًا: مغلوب کرنا۔
بَكَعَهُ (ف) بَكْعًا: بدن کے مختلف حصوں پر سخت مارنا۔ حجت سے مغلوب کرنا' بدسلوکی سے پیش آنا۔ کہا جاتا ہے "مَا أَدْرِي أَيْنَ بَكَعَ" میں نہیں جانتا کہ وہ کہاں گیا۔ و بَكَعَ الشَّيْءَ: بخش دینا۔
بَكَّعَهُ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ حجت سے مغلوب کرنا۔ رَجُلٌ (أَبْكَعُ): ہاتھ کٹا مرد۔
بَكَلَ (ن) بَكْلًا و بَكِيلًا. الشَّيْءَ: ملانا......الرَّجُلُ: آٹا' ستو' گھی ملا کر کھانا تیار کرنا۔
تَبَكَّلَ فِي الْكَلَامِ: گڑبڑ گفتگو کرنا......هُ وَعَلَيْهِ: گالی گلوچ مار پیٹ سے غالب آنا......الشَّيْءَ: غنیمت سمجھ کر لینا......الرَّجُلُ: خوش عیشی کی زندگی بسر کرنا......فِي مِشْيَتِهِ: ناز سے چلنا۔
اِبْتَكَلَ. الشَّيْءَ: غنیمت سمجھ کر لینا۔
اَلْبِكْلَة: حال۔ ہیئت۔ شکل وصورت۔ طبیعت۔ ج بِكَل
الْبَكَالَة و الْبَكِيلَة: ایک قسم کا کھانا جو آٹا' ستو' گھی یا روغن زیتون ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔ الْبَكِيلَة: غنیمت۔
بَكَالُورِيَا: ثانوی کی آخری کلاس کی سند۔
اَلْبَكْلِيك: حکومت کے لئے خاص سامان اور زمین۔ (یونانی)
بَكِمَ (س) بَكَمًا و بَكَامَةً: گونگا ہونا۔

صفت (أَبْكَم) ج بُكْم و (بَكِيم) ج بُكْمَان.
بَكُمَ (ک) بَكَامَةً: جان بوجھ کر خاموش ہونا۔
تَبَكَّمَ. الْكَلَامُ عَلَيْهِ: گفتگو کا بند ہو جانا۔
بَكَى (ض) بُكَاءً و بُكًى: رونا۔ صفت (بَاكٍ) ج بُكَاة: مؤنث بَاكِيَة ج بَاكِيَات و بَوَاكٍ.
بَكَى و بَكَّى. الْمَيِّتَ: میت پر رونا۔
بَكَّى و أَبْكَى و اِسْتَبْكَى. الرَّجُلَ: رُلانا۔
تَبَاكَى: رونے کی صورت بنانا۔ بتکلف رونا۔
الْبَكَّاءُ و الْبَكِيُّ: بہت رونے والا۔
الْبُكَّاءُ و التِّبْكَاء: گریہ یا کثرت گریہ۔
الْمَبْكَى: رونے کی جگہ۔ ج مَبَاكٍ.
بَلْ: حرف عطف ہے۔ سابق سے اضراب کے لئے آتا ہے جیسے "مَا ذَهَبَ زَيْدٌ بَلْ عَمْرٌو": میں حکم عمر کے لئے ہے اور زید مسکوت عنہ کے حکم میں ہے۔
بَلَّهُ (ن) بَلًّا و بِلَّةً و بَلَلًا. بِالْمَاءِ: تر کرنا۔ بَلَّ يَدَهُ: دینا۔
بَلَّ (س) بَلَلًا و بَلَالًا. بِكَذَا: فتح مند ہونا۔ کامیاب ہونا۔ پالینا' جیسے "إِذَا بَلَّتْ بِقَائِمِهِ يَدِي" یعنی جبکہ اس کے قبضہ پر میرا ہاتھ پہنچے۔
بَلَّ (ض) بَلَلًا وَبَلًّا وَبُلُولًا. مِنْ مَرَضِهِ: صحت یاب ہونا۔ چنگا ہونا (...... بَلًّا فِي الْأَرْضِ) جانا (...... بُلُولًا) الرِّيحُ: سرد ہوا کا چلنا۔
أَبَلَّ. الشَّجَرُ: پھلدار ہونا......الْعُودُ: لکڑی میں تری کا ہونا۔ مِنْ مَرَضِهِ: صحت یاب ہونا۔ أَبَلَّهُ فِي الْأَرْضِ: لے جانا۔
بَلَّلَ. الثَّوْبَ: تر کرنا۔
تَبَلَّلَ وَ اِبْتَلَّ: تر ہونا......واسْتَبَلَّ مِنْ مَرَضِهِ: صحت یاب ہونا۔
الْبِلُّ: صحت وشفا۔ مباح اور اسی سے عباس

رضی اللہ عنہ کا قول ہے " لاَ اُحِلُّهَا لِمُغْتَسِلٍ وَهِیَ لِشَارِبٍ حِلٌّ وَبِلٌّ " میں اس کو نہانے والے کے لئے حلال قرار نہیں دیتا اور وہ پینے والے کے لئے حلال و مباح ہے۔ چالاک۔کہا جاتا ہے " هُوَ بِلُّ اَبْلَالٍ " : وہ بڑا چالاک ہے۔

البِلَّة : جوانی کی تروتازگی۔

البِلَّة : تری۔رزق۔خیر۔

البَلَال وَ البِلاَ ل وَ البُلاَ ل : تری، پانی، دودھ، یا پانی کا اتنا حصہ جو حلق کو تر کردے۔

البُلاَلَة : اتنی مقدار جس سے کوئی چیز تر کی جا سکے۔تھوڑی سی چیز۔تری۔

البُلَل : ج

البَلِیْلُ و البَلِیْلَةُ : نمی کے ساتھ ٹھنڈی ہوا۔

البَلِیْلَة : صحت۔

ذُوبِلِّی و بِلِّیٌّ و بِلِّیَان : دور کی غیر معلوم جگہ۔کہا جاتا ہے " هُوَ بِذِی بِلِّی " وہ دور کی غیر معلوم جگہ میں ہے۔

الاَبَلّ : بدکار۔بڑا جھگڑالو۔سخت بخیل۔ مؤنث۔بَلَّاء ج بُلّ اور کہا جاتا ہے " لاَ شَیْ اَبَلُّ لِلْجِسْمِ مِنْ كَذَا " جسم کے لئے اس سے زیادہ کوئی چیز موافق نہیں۔صَفَاة بَلَّاءُ : چکنا پتھر۔

البَلَّان : حمام میں نہلانے والا۔مؤنث بَلَّانَة. و البَلَّان ج بَلَّانَات : حمام۔

البُلُلَة : ہیئت وحال۔کہا جاتا ہے " طَوِیْتُ السِّقَاءَ عَلٰی بُلُلَتِهٖ وَ بَلَلَتِهٖ " مشک کو باوجود اس کی تری کے میں نے لپیٹ لیا۔وطَوِیْتُ فُلاَنًا عَلٰی بَلَلَتِهٖ وَ بُلُلَتِهٖ وَ بُلَّتِهٖ و بُلاَّتِهٖ : باوجود عیب کے میں نے فلاں کو برداشت کیا۔

المِبَلّ : بروزن مِفْعَل : مستقل۔کہا جاتا ہے " خَصْمٌ مِبَلٌّ " یعنی مستقل جھگڑالو۔

اَلْبَلاّن : وہ کانٹے دار پودا جو زمین میں پھیل کر زمین کو نا قابل کاشت بنا دیتا ہے۔

البَالُوْل : تھوڑا پانی۔

البَلاَّل وَ المُبَلِّل : بہت شور کرنے والا مور۔

مُبَلْبَل : شیر۔

بَلْبَل بَلْبَلَةً وَ بَلْبَالاً. القَوْمَ : بھڑکا دینا۔جوش دلانا۔غم میں مبتلا کردینا۔۔۔۔الاَلْسِنَة : مخلوط کرنا۔۔۔۔الاَمْتِعَة : متفرق کرنا۔بکھیرنا

۔۔۔۔الاِنَاءَ : خراب کرنا۔بگاڑنا۔

تَبَلْبَل : بھڑکنا۔غم میں مبتلا ہونا۔

البُلْبُل : بلبل۔ج بَلاَبِل. بُلْبُلُ الاِبْرِیْقِ : لوٹے کی ٹونٹی۔عوام کے نزدیک بلبل بچوں کا ایک کھیل بھی ہے جس کے لئے فصیح لفظ " دُوَّامَة " (لٹو) ہے۔

البَلْبَال : شدت غم۔بھیڑیا۔

بَلَتَ (ض) بَلْتًا. الشَّیْءَ : کاٹنا۔

بَلَتَ (ن) بَلْتًا وَ بَلِتَ (س) بَلَتًا و اِنْبَلَتَ کٹنا۔بَلُتَ (ک) بَلاَتَةً : فصیح ہونا۔

اَبْلَتَهٗ. یَمِیْنًا : قسم دلانا۔اَبْلَتَ الرَّجُلُ : گفتگو سے رک جانا۔

البَلِیْت وَ البِلِّیْت : مختصر کلام کرنے والا۔فصیح۔خوش بیان۔عقلمند۔

المُبَلَّت : آراستہ کلام۔

البِلْتَع : ماہر۔ہر چیز کا جاننے والا۔

البِلْتَعِیُّ : زبان آور۔فصیح۔

البَلِیْت : دوسالہ پرانا چارہ جو سیاہ ہوگیا ہو۔

بَلَجَ (ن) بُلُوْجًا و اَبْلَجَ و تَبَلَّجَ و انْبَلَجَ وَ ابْتَلَجَ. الصُّبْحُ : روشن ہونا۔

بَلِجَ (س) بَلَجًا. صَدْرُهٗ : مطمئن ہونا۔۔۔۔ الحَقُّ : واضح ہونا۔ظاہر ہونا۔صفت (ابلج) مؤنث بَلْجَاءُ و الاَبْلَج : علیحدہ علیحدہ ابروؤں والا۔

تَبَلَّجَ. اِلَیْهِ : ہنسنا۔خوش ہونا۔

اِبْلاَجٌ وَ اِبْلاَجٌ اِبْلِیْجَاجًا : ظاہر ہونا۔واضح ہونا۔

البُلْجَةُ و البَلْجَة : سپیدۂ صبح (۔۔۔۔ و البَلَج) : ابروؤں کے درمیان کشادگی۔

البَلْجَة : دبر۔اور بَلْجَة بالحاء افصح ہے۔

البَلَج و البَلِیج : کشادہ رو۔

بَلَحَ (ف) بَلْحًا. الثَّرٰی : خشک ہونا۔

۔۔۔۔ البِئْرُ : پانی ختم ہونا۔صفت (بَلُوح)

۔۔۔۔ الرَّجُلُ بِالاَمْرِ : انکار کرنا۔۔۔۔ الغَرِیْمُ : مفلس ہونا۔۔۔۔ الرَّجُلُ بِشَهَادَتِهٖ ۔۔۔۔ : چھپانا۔(۔۔۔۔ بُلُوْحًا و بَلَّحَ و تَبَلَّحَ) : تھکنا۔عاجز ہونا۔کہا جاتا ہے " بَلَّحَ و بَلَّحَ عَلَیَّ " یعنی میں نے اس کے پاس کچھ نہیں پایا۔

اَبْلَحَ. النَّخْلُ : کچی کھجوروں والا ہونا۔

بَالَحَ. القَوْمَ : حق نہ ہوتے ہوئے جھگڑنا اور غالب ہوجانا۔

تَبَالَحَا : باہم انکار کرنا۔

البَالِح : زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔ج بَوَالِح.

البَلَح : کچی کھجور۔کھجور کی ابتدائی حالت کو طلع کہتے ہیں۔پھر اس کے بعد خلال پھر بلح پھر بُسر، پھر رُطب، پھر تمر۔

البُلَح : ایک پرندہ جو گدھ سے بڑا ہوتا ہے ج بِلْحان.

بَلَیْحَاء : پھولوں کی پیداوار اور عطر والا پودا جو کہ زیادہ تر مصر میں بویا جاتا ہے۔

البَلُوح : اندھا کنواں۔قطع رحمی کرنے والا۔

بَلِخَ (س) بَلَخًا و تَبَلَّخَ : تکبر کرنا۔بے وقوف ہونا۔صفت (اَبْلَخ) مؤنث بَلْخَاء و (بِلْخ و بَلِخ)

البَلْخ و البَلاَخ : ایک قسم کا درخت جس کو شاہ بلوط کہتے ہیں۔

البَلْخَش : ایک قسم کا قیمتی جوہر۔

بَلَدَ (ن) بُلُوْدًا. بِالمَكَانِ : اقامت کرنا۔شہر بنانا۔صفت (بَالِد) ج بَلَدَة.

بَلِدَ (س) بَلَدًا : کشادہ ابرو ہونا۔صفت (ابلد)

بَلُدَ (ک) بَلاَدَةً : سست و کند خاطر ہونا۔صفت (بَلِید و اَبْلَد)

بَلَّدَ : کمزور رائے والا ہونا۔کم ہمت ہونا۔

۔۔۔۔ الفَرَسُ : آگے نہ بڑھنا۔۔۔۔ السَّحَابَةُ : نہ برسنا۔

۔۔۔۔ الرَّجُلُ : بخل کرنا۔۔۔۔ ةٌ فِی اِصْطِلاَحِ

اَلْبَسْعَن: مسلوقہ جگہ کی آب وہوا کا عادی بنانا۔ اور اسی سے ہے "حَدِیْقَةُ الْقَلِیْبِ": وہ باغ جس میں غیر جگہ کے حیوان یا نباتات کو آب وہوا کا عادی بنایا جائے۔

اَبْلَدَ: اَلْقَومُ: شہر میں ہمیشہ رہنا۔ اَبْلَدَہٗ البَلَدَ: شہر میں ہمیشہ رکھنا۔

بَالَدَ: تلوار یا ڈنڈوں سے جنگ کرنا۔

تَبَلَّدَ: ست وکند خاطر ہونا۔ کند ذہنی ظاہر کرنا۔ افسوس کرنا...... الرَّجُلُ: دونوں ہاتھوں سے تالی بجانا...... الصُّبْحُ: روشن ہونا۔

...... القومُ: غیر آباد شہر میں آباد ہونا۔

المَبْلُود: متحیر۔

البَلْدَة والبَلَد ج بلاد و بُلْدَان: ہر ایک جگہ آباد یا غیر آباد۔ البَلَد: قبر۔ والبَلْدَة: سینہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ وَاسِعُ البَلْدَة" وہ کشادہ سینہ والا ہے۔ شہر۔ ہتھیلی۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَ بَلْدَتَه عَلَى بَلْدَتِه" یعنی اپنی ہتھیلی کو اپنے سینہ پر مارا۔

البُلْدَان: بصرہ وکوفہ۔

البَلُّور وَ البِلَّور: ایک قسم کا شیشہ۔ ایک قسم کا سفید وشفاف جوہر۔

بَلَّرَ و تَبَلَّوَر: بلور کے مشابہ ہونا۔

اَلْاِبْلِیْز وَ طِیْنُ الْاِبْلِیْز: مصر کی وہ مٹی جو دریائے نیل زمین سے بہا لا کر چھوڑ جاتا ہے۔

اَبْلَسَ: بے خیر ہونا۔ شکستہ دل ہونا۔ غمگین ہونا...... مِنْ رَحْمَةِ اللّٰهِ: مایوس ہونا...... فِيْ اَمْرِهٖ: متحیر ہونا۔ صفت (بَلِسٌ و مُبْلِسٌ)

...... فُلَانً: غم کی وجہ سے خاموش ہونا۔

اَبْلَسَهٗ: متحیر کر دینا۔

البَلَس: بے خیر آدمی۔

البَلَاس: ٹاٹ۔ بالوں سے بنا ہوا فرش ج بُلُس۔

البَلَّاس: ٹاٹ بیچنے والا۔

مَا ذُقْتُ عَلُوْسًا وَ لَا بَلُوْسًا: یعنی میں نے کچھ نہیں چکھا۔

اِبْلِیْس: شیطان کا علم جنس۔ ج اَبَالِیْس و اَبَالِسَة۔

...... النَّاقَةُ بالحَلبِ: دوہنے میں اونٹنی کا دودھ کو سکھا لینا۔
اِثَّمَدَ واثْمَدَ واِثْتَمَدَ: تھوڑے پانی کی طرف جانا۔
اِسْتَثْمَدَه: بخشش طلب کرنا۔
الثَّمْد والثَّمَد: تھوڑا پانی جو جاڑوں میں جمع رہے اور گرمیوں میں خشک ہو جائے گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو۔ج ثماد.
الإِثْمِد والاُثْمُد: ایک قسم کا پتھر جس سے سرمہ تیار کیا جاتا ہے اور جس کو علماء کیمیا انتیمون کہتے ہیں۔
رَجُلٌ (مَثْمُوْد) وہ شخص جس کو سائلین کی کثرت مفلس بنائے۔
ثَمَر (ن) ثُمُوْرًا واَثْمَرَ. الشَّجَرُ: پھلدار ہونا۔صفت (ثَامِر ومُثْمِر). اَثْمَر الشَّجَرُ الثَّمر: پھل لانا۔اثمرَ القومَ: پھل کھلانا۔
ثَمَّرَ: مَالَه: بڑھانا۔زیادہ کرنا۔
اِسْتَثْمَرَ: الشَّيءُ: نتیجہ خیز بنانا...... الرَّجُلُ: پھل پانا۔

الثَّمَر: پھل واحد ثَمَرَة ج ثِمَار ج ج اَثْمار وثُمُر. الثمرة: نسل۔اولاد۔ثمرة اللِّسَان: زبان کا کنارہ...... السَّوْط: چابک کے سرے کی گرہ اور اسی سے ہے "اَمَرَ الْجَلاَّدَاَن يَدُقَّ ثمرةَ سَوْطِه" اس نے جلاد کو حکم دیا کہ کوڑے کے سرے کی گرہ کو کچل لے۔ثمرة القلب: دوستی۔محبت اور اسی سے ہے "خَصَّنِيْ بِثَمْرَةِ قَلْبِه" اس نے مجھ کو اپنی دوستی کے لئے خاص کیا۔
الثَّامر: لوبیا۔
شَجَرَةٌ (ثَمْرَاء) پھل دار درخت۔اَرْضٌ ثَمْرَاء: بہت پھلوں والی زمین۔
ثَمِلَ (س) ثَمَلاً: مست ہونا۔صفت (ثَمِلٌ)
ثَمَلَهُ (ن ض) ثَمْلاً: فریادرسی کرنا۔کھلانا پلانا۔غم خواری کرنا۔
اَثْمَلَهُ: مدہوش کرنا۔اَثْمَلَ اللَّبَنُ: بہت جھاگ والا ہونا۔
(...... وثَمَّل) اللَّبَنَ: جھاگ اٹھنے کے لئے اچھالنا۔
تَثَمَّل. ما في الاناء: پینا۔
الثَّمَلَة ج ثُمُول و(الثملة) ج ثُمَل (الثَّمِيْلَة) ج ثَمِيْل وثَمَائِل و(الثُّمَالَة) ج ثُمَال: حوض یا برتن میں باقی ماندہ پانی وغیرہ۔الثُّمَالَة: جھاگ۔
الثَّمَال والمُثَمَّل: زہر قاتل۔
ثِمَالُ. القَوْمِ: قوم کا فریادرس۔
الثَّمِيْل: کھٹا دودھ۔
المَثْمُلَة: حوض۔تالاب۔
المِثْمَلَة: حوض کی تلی کی کیچڑ۔چرواہے کا تھیلا۔جس کو وہ اپنے کندھے پر رکھتا ہے۔
ثَمَنَ (ن ض) ثَمْنًا. الرَّجُلَ: کسی شخص کے مال کا آٹھواں حصہ لینا...... الشَّيَ: آٹھواں حصہ لینا...... القومَ: آٹھواں ہونا۔
ثَمُنَ (ک) ثَمَانَةً. الشَّيءُ: قیمتی ہونا۔
ثَمَّنَ. الشَّيَ: قیمت کا اندازہ کرنا۔آٹھ ضلعوں والی بنانا۔

اَثْمَنَ. القومُ: آٹھ ہونا۔ اَثْمَنَتُ المالَ زیدٌ اولزیدٍ: قیمت دینا۔
الثَمَن: بیع شدہ چیز کا بدلہ۔ قیمت ج اَثْمَان واَثْمِنَہ واَثْمُن.
الثُمْن والثُمُن: آٹھواں حصہ۔ ج اثمان اسی معنی میں ثَمِینٌ: ہے اور الثَمِین: قیمتی۔
اَتَوْا (ثُمَانَ ومَثْمَنَ) وہ لوگ آٹھ آٹھ آئے (غیر منصرف ہے)
الثَمَانِیَة: آٹھ۔ مؤنث ثَمَان: اور تم کہو گے "ثَمَانِیَةَ عَشَرَ رَجُلاً وَثَمَانِیَ عَشْرَةَ اِمْرأةً"
الثَّامِن: آٹھواں۔
الثَمَانُون: اسی (٨٠)
المُثَمَّن: وہ چیز جس کی قیمت کا اندازہ کیا گیا ہو۔ ہشت پہل۔ آٹھ ضلعوں والی چیز۔
الثُنَّة: گھوڑے کے پاؤں کے پچھلے حصہ کے بال ج ثُنَن.
الثُنْدُؤَة والثَنْدوة: مرد کا وہ حصہ جو عورت کے پستان کا ہے۔ ج ثَنَاد.
الثُنطُب: پنجرا بنانے والوں کی چھری۔
ثَنَی (ض) ثَنْیًا. الشَّیءَ: موڑنا۔ لپیٹنا۔ بعض کو بعض پر تہہ کر دینا ...... روکنا زَیدًا: حاجت سے باز رکھنا۔ دوسرا ہونا۔ تم کہتے ہو "هٰذَا وَاحِدٌ فَاثْنِهِ" یہ ایک ہے تم دوسرے بن جاؤ کہا جاتا ہے "ثَنَی عَلَیْهِ بِضَرْبَةٍ ثَانِیَةٍ" اس نے اس کو دوبارہ مارا۔ "وَفُلانٌ لاَ یَثْنِی وَلاَیَثْلُثُ" یعنی فلاں چلنے کی طاقت نہیں رکھتا۔ "وَثَنَی صَدْرَهٗ" یعنی اس نے اپنے دل میں دشمنی کو پوشیدہ کیا۔
ثَنَّی الشَّیءَ تَثْنِیَةً: دوہرا کرنا ...... بِالاَمْرِ: ایک کام کے ساتھ دوسرا کام ملا دینا۔ الکلمةَ: تثنیہ کی علامت لگانا۔ ایک حرف پر دو نقطے لگانا۔
اَثْنَی. الرَّجُلَ: دوسرا ہونا ...... عَلَیْهِ: تعریف کرنا ...... عَلَیْهِ بالضَّرْبِ: دوبارہ مارنا۔
تَثَانَوْا. عَلَیْهِ: مہربانیاں ظاہر کرنا۔

اِسْتَثْنَی. الشَّیءَ: حکم عام سابق سے نکالنا ...... فُلانًا وَ عَلٰی فُلانٍ: کسی کو غیر کے حکم سے خارج کرنا۔
اِثْنَوْنَی. صدرُہ عَلَی البَغْضَاءِ: بغض و عداوت پر مشتمل رہنا۔
الثِنْیُ. مِنَ الثَوْبِ: پیچ۔ لپیٹ۔ تم کہتے ہو "اَرْسَلْتُهٗ ثِنْیَ کِتَابِی" میں نے اس کو اپنے خط میں ملفوف کر کے بھیجا ...... مِنَ الوَادِی: موڑ ...... مِنَ اللَّیْلِ: وقت ...... مِنَ الحَیَّةِ: کنڈلی ج اَثْنَاء۔ اَثْنَاءُ الکَلامِ: دوران گفتگو۔ تم کہتے ہو "جَاءُوا فِی اَثْنَاءِ الاَمْرِ" یعنی وہ لوگ کام کے درمیان میں آئے۔
الثِنْیُ: دہرائی ہوئی بات۔ ج ثِنْیَة (...... والثُنْیَان) سردار سے دوسرے درجہ کا آدمی۔
الثَنَاء: تعریف۔ ج اَثْنِیَة.
الثِنَاء: اونٹ کے زانو باندھنے کی دہری رسّی۔
اَتَوْا (ثُنَاءَ ومَثْنٰی) وہ لوگ دو دو آئے (غیر منصرف ہے اور مذکر و مؤنث کے لئے یکساں ہے)۔
الثَنِی: ج ثِنَاء وثُنْیَان: وہ جانور جس کے سامنے کے دانت گر گئے ہوں۔
الثَنِیَّة: سامنے کے اُوپر کے نیچے کے دو دو دانت۔ ج ثَنَایَا استثناء: کہا جاتا ہے "حَلَفَ یَمِیْنًا لَیْسَ فِیْهَا ثَنِیَّةٌ" اس نے بغیر استثناء کے قسم کھائی۔ گھاٹی کا راستہ۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ طَلاَّعُ الثَنَایَا" یعنی فلاں مشقتوں کا برداشت کرنے والا ہے۔
تَثْنِیَةُ الاِشْتِرَاع: موسیٰ علیہ السلام کی کتابوں میں سے پانچویں کتاب۔
الثُنَائی. مِنَ الاَلْفَاظِ: دو حرفوں والا۔
اِثْنَان: مؤنث ثِنْتَان واِثْنَتَان: دو۔
الاِثْنَان ویَوْمُ الاِثْنَیْنِ: پیر کا دن۔ سوموار۔
الثَانِی: مؤنث الثانیة: دوسرا۔
الثَانِیَة: سیکنڈ۔ ج الثَوَانِی.

الثَنْوَی والثُنْیَا. مِنَ الجَزُوْرِ: ذبح کئے ہوئے جانور کا سر و پاؤں مستثنٰی کیا ہوا۔
المَثْنَی: بربط باجہ کے پہلے تار کے بعد والا تار "مَثْنَی الوَادِی" وادی کا موڑ۔ ج المَثَانِی.
المَثَانِی: قرآن کی آیتیں۔ مَثَانِیُ الشَّیءِ: کسی چیز کی لڑی وغیرہ۔ والمَثَانِی مِنَ الدَّابَّةِ: زانو اور کہنیاں۔
المَثْنَاة: اُون اور بال وغیرہ کی رسّی۔ کجی لپیٹ ج مَثَانِیَة.
ثَابَ (ن) ثَوْبًا و ثُؤُوبًا: لوٹنا ...... النَّاسُ: اکٹھا ہونا ...... المَاءُ: حوض میں جمع ہونا (...... ثَوَبَانًا واَثْوَبَ اِثْوَابًا) المَرِیْضُ: چنگا ہونا۔
ثَوَّبَه. مِنْ کَذَا: بدلہ دینا ...... الرَّجُلَ: جانے کے بعد واپس ہونا۔ (...... وَتَثَوَّبَ) المُصَلِّی: فرض کے بعد نفل نماز پڑھنا۔
اَثَابَ اِثَابَةً. الرَّجُلُ: چنگا ہونا ...... الرَّجُلَ: بدلہ دینا ...... ہ جزاءہ: دینا۔ ...... الحوضَ: بھرنا۔
تَثَوَّبَ: ثواب حاصل کرنا۔
اِسْتَثَابَ. المَالَ: لوٹانا ...... الرَّجُلَ: بدلہ مانگنا۔
الثَائِب: فا۔ بارش سے پہلے کی تیز ہوا ...... مِنَ البَحْرِ: سمندر کا بڑھتا ہوا پانی بھاٹا کے بعد۔
الثَوْب کپڑا ج ثِیَاب واَثْوَاب واَثْوُب کہا جاتا ہے "طَاهِرٌ او دَنَسُ الثِیَابِ" پاک نفس یا خبیث النفس۔
الثَوَاب والمَثُوبَة والمَثْوَبَة: اعمال کا بدلہ۔ خیر ہو یا شر عموماً خیر کے لئے مستعمل ہے۔
الثَوَاب: شہد۔ شہد کی مکھی۔
الثَوَّاب: بزاز۔ کپڑے کا سوداگر۔ کپڑے والا۔
الثِیَابِی: کپڑوں کا محافظ۔
المَثَاب والمَثَابَة: جمع ہونے کی جگہ۔ "مَثَابُ البِئْرِ ومَثَابَتُهَا" کنوئیں کے اردگرد کے اونچے پتھر۔
الثَوْج: مٹی چونا اٹھانے کی ٹوکری۔

ثَاخَت (ن ض) ثَوْخًا وثَیْخًا. الْاِصْبَعُ فِی الْوَرِمِ والرِّجْلُ فِی الْوحلِ: انگلی کا ورم میں یا پیر کا کیچڑ میں دھنسنا۔

ثَارَ (ن) ثَوْرًا وثَوَرَانًا وثُؤُوْرًا: جوش میں آنا۔ بھڑکنا اور اسی سے ہے "ثَارَتِ الْفِتْنَةُ بَیْنَهُمْ" ان کے درمیان فتنہ وفساد بھڑک اٹھا۔

.... الْغُبَارُ اَوِالدُّخَانُ: بلند ہونا......

الْجَرَادُ: ٹڈیوں کا ظاہر ہونا ......

...... نَفْسُه: جی کا متلانا...... الیہ وَبِہ: حملہ کرنا۔ کود پڑنا۔

ثَاوَرَهُ مُثَاوَرَةً وثِوَارًا: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔

ثَوَّرَهُ وَاَثَارَهُ واِسْتَثَارَهُ: جوش دلانا۔ ثَوَّرَ الْاَمْرَ: کھود کرید کرنا۔ ثَوَّرَ الْكِتَابَ: معانی میں بحث کرنا۔

تَثَوَّرَ: جوش میں آنا۔

ثَوَرَانُ. الشفق وثَوْرَةُ: شفق کی سرخی۔

الثَّوْر: بیل۔ آسمان کے ایک برج کا نام ج ثیران. وَاَثْــوار وثِیَار وثِیَرة وثِوَرة.

الــثَّوْرَ: پنیر کا بڑا ٹکڑا۔ ج اَثْوَار وثِوَرة.

الثَّوْرُ: ناخن کی جڑ کی سفیدی۔

الثَّوْرَة: گائے۔ کثرت۔ کہا جاتا ہے ثورة رجال او رمال '' : لوگوں کی یا ریت کی کثرت۔ جوش وہیجان۔ بغاوت۔

الثَّـائِـر: فا۔ کہا جاتا ہے "ثَــارَ ثَــائِـرُهُ فَــارَفَائِرُهُ" یعنی وہ غضبناک ہوا۔ "وَرَاَیْتُه ثَــائِـرَ الرَّاسِ" میں نے اس کو پراگندہ بال دیکھا۔

الثَّائِرَة: شور۔ چیخ۔ ج ثَوَائِر.

الْمَثْوَرَة: بہت بیلوں والی زمین۔

ثَاعَ (ن) ثَوْعًا. الماءُ: بہنا۔

ثَوِلَتْ (س) ثَوَلًا وثَالَتْ (ن) ثَوْلًا. الشَّاةُ خَاصَةً: دیوانی ہونا...... الرَّجُلُ: بے وقوف ہونا۔ صفت (اَثْوَل) مؤنث ثَوْلا. : ج ثُوْل: جج اَثَاوِلَة.

تَثَوَّلَ. النحلُ: اکٹھا ہونا...... علیه القوم: برا بھلا کہنے اور مارنے پیٹنے لگنا۔

اِنْثَالَ اِنْثِيَالًا. عَلَيْهِ التُّرَابُ: گرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْثَــالَ عَـلَيْــهِ النَّــاسُ مِنْ كُلِّ وَجْــهٍ" لوگ اس پر ہر طرح سے ٹوٹ پڑے ...... عَلَيْهِ الْقَوْلُ: زبان پر خود بخود آ جانا۔

الثَّوْل: شہد کی مکھیوں کا جھنڈ۔

الثَّوِيْلَة: قبیلہ کے جمع ہونے کی جگہ۔ متفرق گھروں کے لوگوں کا جتھا۔ کہا جاتا ہے "اتی ثَوِيْلَةٌ مِنَ النَّاس" لوگوں کی جماعت آگئی۔

الثُّوْم: لہسن۔

الثُّــــوْمَة: ایک لہسن۔ تلوار کے دستہ کے کنارے کی آرائش۔ تم کہتے ہو "سَيْــفِــي ثُوْمَتُه مِنْ فِضَّة" میری تلوار کے دستہ کا کنارہ چاندی کا ہے۔

تَثَاوَنَ: مکروفریب کرنا۔

الثُّــوَيْـنَــــى: آٹے میں لگانے کی خشکی۔ پلیتھن۔

ثَوَى (ض) ثَوَاءً وثُوِيًّا. الْمَكَانَ وفِيه وبِه: اقامت کرنا...... الرَّجُلُ: مرنا۔

ثُوِيَ: دفن کیا جانا۔

ثَوَّاه تَثْوِيَةً. فِــي الْـمَكَانِ: ٹھہرانا۔ قیام کرانا۔

اَثْوَى: اقامت کرنا۔ اَثْوَاه: مہمانی کرنا۔

اثواه فِي الْمَكَانِ: ٹھہرانا۔ قیام کرانا۔

تَثَوَّاه: مہمان بننا۔

الــثُّـوَّة: گھر کا سامان، راستہ کے نشان کے پتھر۔ ج ثُوًى.

الثَّاوَة والثَّايَة: اونٹوں کا باڑہ۔

الثَّوِيّ: مہمان۔ مہمان خانہ، قیدی۔ ج اَثْوِيَا: مؤنث ثَوِيَّة. الثوِيَّة: بھیڑ بکری گائے اونٹ کا باڑہ۔ عورت۔ کہا جاتا ہے "هٰــذِهٖ ثَوِيَّةُ فُلَانٍ" یہ فلاں کی بیوی ہے۔

الثَّوِيَّة: پتھر جو راستہ میں نصب کر دیا جائے تا کہ چرواہے کے لئے علامت رہے جبکہ وہ رات میں واپس ہو۔

الــمَثْــوَى: منزل۔ ج مَثَــاوٍ. ابــو الْـمَثْوَى: مہمان۔ اَبُو مَثْوَاهُ: میزبان۔ اُمّ مَثْواه: میزبان کی بیوی۔

تَثَيَّبَتْ وثُيِّبَتْ. الْـمَرْاَةُ زوجَها: موت یا طلاق کی وجہ سے شوہر سے جدا ہونا۔ صفت (ثَيِّبٌ) والثَّيِّبَ: باکرہ کی ضد۔ شادی شدہ مرد یا عورت۔ (مذکر ومؤنث) دونوں کے لئے یکساں ہے۔ تم کہتے ہو "رجـــــل ثَيِّبٌ" شادی شدہ مرد "اِمْــرَاَةٌ ثَيِّــبٌ" شوہر سے جدا شدہ عورت۔ طلاق یافتہ۔ ثیب: جو عورتوں کے لئے ہے اس کی جمع ثیــات ہے اور کہا جاتا ہے "بِئــرٌ ثَيِّــبٌ" کنواں جس میں پانی جمع ہو۔

الْمُثَيِّب: خاوند سے جدا شدہ عورت۔

الثَّيْتَــل: پہاڑی بکری۔ نامرد۔ عورتوں کے پاس بیٹھنے والا۔

ثَيْتَل وتَثَيْتَل. الرَّجُلُ: عقل مندی کے بعد بے وقوف بننا۔

الثِّيْل والثَّيَل: ایک قسم کی گرہ دار نباتات جو زمین پر پھیلتی ہے۔

الثِّيْـــــن: موتی نکالنے کی جگہ، موتی میں سوراخ کرنے والا۔ موتی میں سوراخ کرنے کا آلہ۔

(الثِّيَة) بکریوں کا باڑہ۔

ج

الـجِـيم : بنیادی حروف میں پانچواں حرف ہے۔(مذکر و مؤنث) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔
جَأَبَ (ف) جَأْبًا: مال کمانا۔ گیرو مٹی بیچنا۔
الـجَأب : گیرو مٹی۔ سخت اور اجڈ آدمی۔ شیر ج جُـؤُوب: کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ جَـأبُ الـصَبـر" : فلاں اُمور میں بڑا صابر ہے۔
الجأب: موٹا گورخر
جَأْبَةُ البَطْن: ناف۔
جَئِثَ (س) جَعأثًا. الـرجلُ: اٹھنے یا بوجھ اٹھانے میں ست ہونا۔
جُئِـثَ جَـأْثًـا و جُؤُوثًا : گھبرانا۔ صفت (مَجْؤُوث)
اَجْأثَهُ. الحِمْلُ: گرانبار کرنا۔
الجَأَّاث: بدخو۔ ست رفتار۔
جَأجَ (ف) جَأجًا: بزدلی سے کھڑا ہونا۔
جَـأجَـأجَـأجَاةً. بالابل : جی جی کہہ کر پانی پلانے کے لئے بلانا۔
تجَأجَأ: عن كذا: رکنا۔ بازرہنا۔
الـجُؤْجُؤُ. من الطائر : پرند کا سینہ...... من الـسفينة: جہاز کا اگلا حصہ۔ ج جَآجِي.
جار (ف) جَـأْرًا. وَجُـؤَرًا الـى الله: دعا کرنے میں آواز بلند کرنا۔ گڑگڑانا......
الـثـورُ : ڈکارنا...... الـنـبـاتُ: بلند ہونا۔
الارضُ: لمبی گھاس والی ہونا۔
الجَأرُ :مص ...... من النبت : لمبی اور تر و تازہ نباتات(...... والجَئِر والجَأر) :موٹا مرد۔
من الغيث: بہت بارش۔
جَأشَ (ف)جَـأشًـا. قـلبُه :غم یا گھبراہٹ سے مضطرب ہونا...... اليه: متوجہ ہونا۔
الـجَـأش : قلب۔ سینہ۔ کہا جاتا ہے "رَابِطُ الجَأش" یعنی بہادر۔ ج جُؤُوش.
الجَائِشَة: نفس۔
جَأَفَهُ (ف) جَأْفًا وَجَأَّفَهُ تَجْئِيفًا : پچھاڑنا۔ گھبراہٹ میں ڈالنا۔ جَـأَفَ الـشـجرةَ : جڑ سے اُکھیڑنا۔
اِنْجَأَفَتِ. الـشجرةُ: جڑ سے اُکھڑنا۔
جَئِلَ (س) جَأَلاَنًا: لنگڑا ہونا۔
جَألَ (ف) جَـأْلاً. الصوفَ : اکٹھا کرنا۔
الصوفُ: اکٹھا ہونا۔
جَـيْـأَل وجَـيْـأَلَة: بجو (یہ دونوں علم اور غیر منصرف ہیں)۔
الجَاوُوس: باجرہ۔
جَـــأَى (ف) جُـــؤْوَةً وجُؤْوَةً.
الـــفـــرسُ : سرخ سیاہی مائل ہونا۔ صفت (اَجْـوَأ) مؤنث جأوَاء
جَأَىَ (ف) جَـأْيًـا. الشّئْ :روکنا۔ چھپانا ...... الثوبَ: سینا...... عليـه: دانتوں سے کاٹنا۔
جَبَّهُ (ن) جَبًّا: کاٹنا۔ غالب ہونا (جَـبَابًا)
النخلةَ: گابھا دینا۔
جَبَّبَ. الفرسُ : زانو اور ایڑی تک سفیدی کا پہنچنا۔ صفت (مُجَبَّب): تیز چلنا۔
جَـابَّـه مُـجَـابَّةً وجِبَابًا : غالب آنا۔ فخر میں مقابلہ کرنا۔
تَجَابَّ. الرجلانِ: ایک دوسرے کی بہن سے شادی کرنا۔
اِجْتَبَّ: جبہ پہننا...... الشئَ: کاٹنا۔
الـجُـبُّ : گہرا کنواں۔ کچا کنواں۔ گڑھا ج اَجْبَاب وجِبَاب. وجِبَبَة.
الجُبَّة : جبہ۔ زرہ...... من الـسِـنَـان : چھڑ کا بالائی حصہ جس میں نیزہ پیوست ہو۔ آنکھ کے گرد کی ہڈی۔ پنڈلی کی ہڈی کا زیریں حصہ جو سم سے متصل ہو۔ ج جُبَب وجِبَاب.
الجَبَاب والجُبَاب: قحط۔
بعيرٌ (اَجَبُّ): کوہان کٹا ہوا اونٹ۔
جَبَأَ (ف) جَبْأً وجَبَاءً او جُبُوءً او جُبُوءَةً:
البصرُ : نگاہ کا کمزور ہونا...... السَيفُ: اُچٹ جانا...... الـرجلُ: خوف کی وجہ سے باز رہنا اور واپس آنا۔ صفت (جَبَّـأ و جُبَّـأ): بمعنی بزدل جَـبَأتْ عليه الحيَّةُ : بوراخ سے نکل کر گھبرا دینا۔ جَـبَأ عـلى الـقـوم: اچانک نمودار ہونا۔
جَبِئَ (س) جَبَأً: چھپنا...... عنه: باز رہنا اور ڈرنا۔
اَجْبَـأ. الـشـئَ : چھپانا۔ اَجْـبَـأتِ الارض: سرخ سانپ کی چھتری والی ہونا۔
اَجْبَأ على القوم: بلند جگہ سے اچانک نمودار ہونا۔
الـجَبْءُ : سرخ رنگ کی سانپ کی چھتری ج اَجْبُـؤ وجِبَـأة : گیرو: پہاڑ کا گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو۔ ٹیلہ۔
ارض (مَجْبَأة): بکثرت سرخ رنگ کی سانپ کی چھتری والی زمین۔
جَبْجَبَ الرجلُ: سفر کرنا۔ موٹا ہونا۔

الجُبْجُبَة: چمڑے کا تھیلا۔ ڈھول۔ موٹی اونٹنی ج جباجب۔
ماء (جَبْجَاب و جُبَاجِب): بہت پانی۔
الجِبْت: بُت۔ جادو۔ جادوگر۔ بے برکت۔
جَبَخَ (ف) جَبْخًا: تکبر کرنا۔ جبخ القِداح والکِعاب فی القمار: پانسہ پھینکنا۔
الجَبْخَانَة: میگزین (جدید) اس کے لئے عربی لفظ مَسْلَحَة ہے بارود کارتوس۔
جَبَذَهُ (ض) جَبْذًا او اِجْتَبَذَهُ: کھینچنا۔
جَبَذَ العِنَبُ: چھوٹا اور خشک ہونا۔
جَبَاذِ. مبنی علی الکسر: موت۔
جَبَرَ (ن) جَبْرًا و جُبُورًا و جِبَارَةً وجَبَّرَ العظمَ: ٹوٹی ہوئی ہڈی درست کرنا۔
جَبَرْتُ جَبْرَ اَوْ جُبُورًا وَجِبَارَةً: نقصان شدہ واپس کرنا یا اس کا عوض دینا۔
جَبَرَ (ن) جُبُورًا و جَبْرًا وانْجَبَرَ وتَجَبَّرَ واجْتَبَرَ: ٹوٹی ہوئی ہڈی درست ہونا...... الفقیرَ: غنی بنانا۔ جَبَرَهُ علی الامر: مجبور کرنا۔
اَجْبَرَهُ علی الامر: مجبور کرنا۔ مذہب جبریہ کی طرف منسوب کرنا۔
اِجْتَبَرَ واسْتَجْبَرَ: فقر کے بعد مستغنی ہونا۔
تَجَبَّرَ: تکبر کرنا۔ سرکش ہونا۔ صفت (جِبِّیْر): حالت گزشتہ کا واپس آنا۔ النبتُ: چرے جانے کے بعد پھر اُگنا۔ تَجَبَّرَ المریضُ: درست حالت والا ہونا۔
الجَبْرُ: مص۔ ٹوٹے ہوئے کی درستی۔ غرور۔ مجبوری۔ قضاء الٰہی کے وقوع کا کلی طور پر مجبورانہ اعتقاد کرنا۔ الجبراء: بہادر مرد۔
اَلْجَبَّارَة: صنوبر کی اقسام میں سے بہت بڑا درخت جس کی لمبائی بہت جلد کئی میٹروں تک پہنچ جاتی ہے۔
الجِبَارَة: ٹوٹی ہوئی ہڈی درست کرنے کا پیشہ (...... والجَبِیْرة): ٹوٹی ہوئی ہڈی کے باندھنے کی لکڑی یا پٹی۔ ج جَبَائر
الجَبائر: کنگن و بازو بند۔

الجَبَرُوْت والجَبُرُوْت
الجَبَرُوْت: قدرت۔ طاقت۔ عظمت۔
اَلْجَبْرُ: علوم ریاضیہ میں سے ایک علم جو کہ علامات اور حروف کی مدد سے حساب کا علوم شناخت کرتا ہے۔
جَابِر: فا...... ابو جابر: روٹی۔ اُمّ جابر: ہریسہ۔
الجُبَار: بے کار۔ بے قیمت۔ کہا جاتا ہے "ذهب دمه جُبَارًا" اس کا خون رائیگاں گیا۔ یعنی اس کے خون کا بدلہ نہیں لیا گیا۔ "وانا منه خلاوة و جُبَارٌ" میں اس سے پاک و بری ہوں۔
جُبَارٌ: منگل کا دن۔
الجَبَّار: اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ قابض: تسلط والا۔ قاہر مغرور و سرکش۔
برج جوزا: کہا جاتا ہے "طلع الجَبَّار" برج جوز الطلوع ہوا۔ نخلة جَبَّارة: لمبا رکھجور کا درخت جس پر ہاتھ نہ پہنچ سکے۔
الجَبْرِیَّة والمُجْبِرَة: فرق اسلامیہ میں سے ایک فرقہ جس کے ماننے والے انسان کے مجبور محض ہونے کے قائل تھے۔
جَبَزَه (ن) جَبْزًا: کاٹنا۔
جَبُزَ (ن) جَبَازَةً. الخبزُ: خشک ہونا۔ صفت (جبیز)
الجِبْز: بخیل۔
الجِبْزَة: ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے "جَبَزَ له مِنْ مالِهِ جِبْزَةً" یعنی اس نے اس کو اپنے مال کا ایک حصہ دیا۔
الجَبِیْز: خشک روٹی۔
تَجَبَّسَ. فی مشیته: ناز و تکبر سے چلنا۔
الجِبْس: بزدلی۔ کمینہ۔ کند خاطر۔ فاسق۔ گچ۔ ریچھ کا بچہ۔ ج اَجْبَاس۔
الجِبِّس: ریچھ کا بچہ ...... والجبوس و الاَجْبَس: کمینہ۔ ناکارہ۔
الاَجْبَس: کمزور۔ بزدل۔
جَبَلَهُ: (ض ن) جَبْلًا اللّٰهُ: پیدا کرنا کہا

جاتا ہے "جَبَلَهُ اللّٰهُ علی الکرم" اللہ نے شرافت و کرم اس کی فطرت میں رکھ دی۔
جَبَلَ التراب: پانی ڈال کر گارہ بنانا۔
جَبَّلَهُ: مختلف ٹکڑے کرنا۔
اَجْبَلَهُ: بخیل پانا۔
اَجْبَلَ وتَجَبَّلَ وَجَابَلَ. المسافرُ: پہاڑ کی طرف جانا۔ پہاڑ میں داخل ہونا۔ پہاڑ میں رہنا۔ کہا جاتا ہے "طَلَبَ حَاجَةً فَاَجْبَلَ" اس نے اپنے مقصد میں کوشش کی اور محروم رہا۔
وتَجَبَّلَ مَا عِنْدَهُ: اس نے اس کا سب کچھ لے لیا۔
الجَبْلَة والجِبْلَة والجَبَلَة والجِبِلَّة: چہرہ۔ جسم کا سامنے کا حصہ۔ فطرت۔ طبیعت۔ اصل۔ قوت۔ زمین کی سختی۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ ذُو جبلة": فلاں سخت طبیعت ہے "وجبلته علی الخیر" اس کی طبیعت میں نیکی ہے۔
الجُبْل والجُبْلَة: لوگوں کی جماعت۔
الجُبْلَة: کوہان۔
الجَبْل: مکان کا صحن۔ بہت بڑا۔ کہا جاتا ہے "حَيٌّ جَبْل" بڑا قبیلہ۔
الجَبْل: بڑا پیالہ۔
الجَبَل: پہاڑ۔ ج جِبَال واَجْبَال واَجْبُل اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ جَبَل" یعنی بخیل مرد۔ "وهُوَ جَبَلُ الوَجْه": وہ بھدے چہرہ والا ہے۔ "وفلانٌ جَبَلُ قومه" فلاں اپنی قوم کا سردار و عالم ہے۔ اِبْنَةُ
الجَبَل: سانپ۔ مصیبت۔ آواز بازگشت۔
الجِبِلّی: طبعی۔
الجِبال: بدن۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ خَطِیْرُ الجِبالِ" فلاں تنومند ہے۔
الجَبِیْل والمِجْبَال: بدصورت۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ جَبِیلُ الوجه" بدصورت مرد۔ "وامْرأةٌ مِجْبَالٌ" بدصورت عورت۔ سیفٌ مِجْبَالٌ: موٹی دھار کی تلوار۔
المُجْبِلَة: خشک سال۔ ہر چیز کی کثرت۔

اصل۔ المَجبُوْل: بڑے ڈیل ڈول والا۔
جَبنَ (ن) جُبْنًا وجُبُنًا وجَبَانَةً: بزدل ہونا۔ صفت (جَبَان) ج جُبَناء مؤنث جَبَانَة وجَبَان ج جَبَانات.
جَبَّنَ. اللبنَ: پنیر بنانا...... الرجلَ: بزدلی پر اُکسانا۔ (...... وأَجبَنَ واجتَبَنَ) الرجلَ: بزدلی کی طرف منسوب کرنا۔ بزدل پانا اور اسی سے ہے "قَاتَلْنَاكُم فَمَا أَجْبَنَّاكُم" ہم نے تم سے جنگ کی تو تم کو بزدل نہیں پایا۔
تَجَبَّنَ. اللبنُ: پنیر بنانا یا پنیر کی طرح جم جانا ...... الرجلُ: موٹا ہونا۔
الجُبْن والجُبُن والجُبُنّ: پنیر۔
الجُبْنَة: پنیر کا ٹکڑا۔
الجَبِیْن: پیشانی۔ پیشانی کا کنارہ۔ ج أَجْبُن وجُبُن وأَجْبِنَة. الجَبِیْن: بزدل (مذکر و مؤنث)
الجَبَّان: پنیر بیچنے والا۔ یا پنیر والا۔ بہت بزدل۔ مؤنث جَبَّانة (...... والجَبَّانَةُ): ہموار زمین۔ قبرستان۔ صحرا ج جَبَابِین۔
المَجْبَنَة: باعثِ بزدلی۔ پنیر بنانے کی جگہ یا وہ جگہ جہاں پنیر بہت ہو۔ عوام کی زبان میں بکری کے بچے کی اوجھ کو کہتے ہیں جو دودھ کو پنیر بنا دیا کرتا ہے۔
جَبَهَ (ف) جَبْهًا. الرجلَ: پیشانی پر مارنا۔ اچانک آنا۔ حاجت سے باز رکھنا۔ جبهه بالمکروه: برائی سے پیش آنا...... الشتاءُ القومَ: اسباب سرما تیار کرنے سے پہلے سرما کا آنا۔ الرجلُ: بغیر رسی ڈول وغیرہ کے پانی پر آنا۔
جَبَّهَه: سرنگوں کر دینا۔
اِجْتَبَهَ الماءَ وغیرہ: پانی وغیرہ کو ناگوار سمجھنا۔
الجَبَه: پیشانی کی چوڑائی اور خوبصورتی۔
الجَبْهَة: پیشانی۔ ج جِبَاه وجَبَهات.
جَبْهَةُ القوم: سردار قوم۔ جبهة من الناس: لوگوں کی جماعت۔ ذلت۔ تم کہتے ہو "لقيتُ منه جَبْهَةً" مجھے اس سے ذلت حاصل ہوئی۔ الجبهة: گھوڑے۔ اس کے لئے واحد نہیں اور اسی سے ہے "ليس في الجبهة صدقة" یعنی گھوڑوں میں زکوٰۃ نہیں۔
الأَجْبَه: خوبصورت پیشانی والا۔ شیر۔ مؤنث جَبْهَاء.
جَبَا (ن) جَبَا وجَبْوًا وجِبَايَا وجَبْوَةً وجِبَاوَةً وجَبَی (ض) جِبَايَة. الخراجَ: جمع کرنا...... الماءَ في الحوض: جمع کرنا۔
جَبَّی تَجْبِيَةً: سجدہ کے وقت ہاتھوں کو گھٹنے یا زمین پر رکھنا۔
أَجْبَی. زرعه: پکنے سے پہلے بیچنا اور اسی سے ہے "من أجبی فقد أربی" جس نے پکنے سے پہلے (کھیتی کو) بیچا اس نے ربا کا معاملہ کیا۔
اِجْتَبَی. ہ: پسند کرنا۔ چن لینا۔
الجَبَاء: ج أَجْبَاء و (الجَابِيَة): ج جَوَاب: اونٹوں کے پانی پینے کا حوض۔
الجَبَا: کنوئیں کی من۔
المَجْبَی: خراج۔ ٹیکس۔
جَثَّهُ (ن) جَثًّا واجتَثَّهُ: جڑ سے اُکھیڑنا۔
الجَثّ والجُثّ: مردہ ٹڈی۔ یا شہد کی مردہ مکھی۔ کھجور کا غلاف۔ شہد میں ملا ہوا شہد کی مکھیوں کا پر وغیرہ۔ الجَثّ: موم۔
الجُثَّة: جسم انسانی۔ لاش۔ ج جُثَث.
الجَثِيث. من النخل: کھجور کا پودہ۔ واحد (جثیثه)
المِجَثَّة والمِجَثَّات: کھرپی۔ گھاس کھودنے کا اوزار۔
اِجْثَالَّ. الطیرُ: پر جھاڑنا۔ النبتُ: لمبا اور پیچیدہ ہونا۔
جَثَلَتْهُ (ض) جَثْلاً. الریحُ: اُڑا لے جانا۔ بکھیر دینا۔
جَثِل (س) وجَثُل (ک) جَثَالَةً وجُثُولَةً. الشجرُ والشعرُ: گھنا ہونا و کالا ہونا۔ صفت (جَثْل وجَثِیل)
الجَثْلَة: چیونٹی۔ ج جَثْل.
الجُثَال: چنڈول۔
الجُثَالَة: بکھرے ہوئے پتے۔
الجِثْلِیق والجَاثَلِیق: لاٹ پادری۔ ج جَثَالِقَة (جدید)
جَثَمَ (ن ض) جَثْمًا وجُثُومًا. اللیلُ: آدھی رات ہونا...... الرجلُ او الطائر والحیوانُ: سینہ کو زمین سے لگانا۔ صفت (جاثِم) ج جُثَّم.
الجَاثُوم والجُثَام: کابوس۔
رجل (جُثَمَة وجُثَامَة وجُثَم وجَثُوم): بہت بیٹھنے والا یا بہت سونے والا۔
الجَثَمَة: ٹیلہ۔ پشتہ۔
الجُثْمَة: راکھ وغیرہ کا تودہ۔
الجُثْمَان: بدن۔ شخص۔
المَجْثَم: بیٹھنے کی جگہ۔ ج مَجَاثِم.
المُجَثَّمَة: وہ پرندہ یا خرگوش جس کو باندھ کر تیر وغیرہ مارا جائے یہاں تک کہ مر جائے۔
جَثَا: (ن) جُثُوًّا وجَثَی (ض) جُثِيًّا وجِثِيًّا: زانو پر بیٹھنا یا انگلیوں کے بل کھڑا ہونا۔ صفت (جَاثٍ) ج جُثِيّ وجِثِيّ: مؤنث جاثِيَة.
جَاثَی. ہ: گھٹنے سے گھٹنا ملا کر بیٹھنا۔
أَجْثَی. ہ: زانو کے بل بٹھانا۔
تَجَاثَوا: باہم زانو پر بیٹھنا۔
الجَثْوَة والجُثْوَة والجِثْوَة: پتھروں کا ڈھیر۔ مٹی کا ڈھیر۔ قبر۔ ج جُثًی وجِثًی: شعلہ۔
جُثْوَة. الرجل: بدن۔
جَحْجَحَ. الشیْ: پورا جائزہ لے کر اقدام کرنا۔ عن الامر: ہٹ جانا۔ رُک جانا۔
الجَحْجَح والجَحْجَاح: فیاضی کی طرف سبقت کرنے والا سردار۔ ج جَحَاجِح وجَحَاجِیح وجَحَاجِحَة.
جَحَدَه (ف) جَحْدًا وجُحُودًا: کفر کرنا۔

جحلاتا......ه حقه وجحله بحقه: باوجود علم کے انکار کرنا۔ صفت (جاحد).

جَحِدَ (س) جَحَدًا. الشئ: کم ہونا...... النبتُ: چھوٹا رہ جانا...... الارض: خشک ہونا ...... الرجلُ: بے خبر ہونا۔ صفت (جَحِد وجَحد واَجحَد) کہا جاتا ہے "عامٌ جَحِدٌ" کم بارش والا سال۔ "ارض جحِدة" خشک زمین۔ (لام الجحود) عند النحاة: لام جو ما نافیہ اور کان کے بعد تاکید نفی کے لئے آئے جیسے "وما کان ربک لیُهلک القریٰ" خدا کا یہ کام نہیں کہ بستیوں کو ہلاک کرے۔

الجَحدَب: پست قد۔

جَحدَرَة: پچھاڑنا۔ لڑھکانا۔

تَجَحدَرَ. الطائرُ: پر تول کر اُڑنا۔

الجَحدَر: پست قد۔

جَحدَلَة: پچھاڑنا...... الاناءَ: بھرنا...... المالَ: جمع کرنا۔

تَجَحدَلَ: لڑھکنا۔

جَحدَم جَحدَمَة: تیز دوڑنا۔

جَحَرَ (ف) جَحرًا وجَحَّر وانجَحَرَ. الضبُّ او السبعُ: سوراخ میں داخل ہونا۔

جَحرت العينُ: اندر کو دھنس جانا۔ تم کہتے ہو جَحَرَ الخبرُ عنا" خبر ہم تک نہ پہنچی۔

اَجحَرَ وجَحرَ. السبعَ: سوراخ میں داخل ہونے پر مجبور کرنا۔ واَجحَرتِ السماءُ: بارش نہ ہونا۔ اجحرَ القومُ: قحط و تنگی میں پڑنا...... ہ: تنگی ڈالنا...... ہ الی کذا: مجبور کرنا۔

اجتَحَرَ: سوراخ بنانا۔

تَجَحَّرَتِ. العينُ: اندر کو دھنسنا اور اسی سے ہے عین (جَحرَاء): گڑھے میں دھنسی ہوئی آنکھ۔

الجُحر: گہرا گڑھا۔

الجَحرَة والجَحرَة: خشک سال۔

المُجحَر: سوراخ۔ بل۔ ج اَجحَار و جِحَرة واَجحِرة.

الجَاحِرِ: پیچھے رہ جانے والا جو قافلہ کو نہ پا سکے۔

الجَوَاحِر: وہ جانور جو اپنے ریوڑ سے پیچھے رہ جائیں۔

المَجحَر: چھپنے کی جگہ جائے پناہ۔ ج مَجَاحِر.

جَحَسَ وجَحَشَ (ف) جَحسًا وجَحشًا. الجلد: چھیلنا۔ کھرچنا۔

جَاحَسَ وجَاحَشَ. عن نفسه وعن غیرہ: مدافعت کرنا...... ہ: مزاحم ہونا۔ مقاتلہ کرنا۔

الجَحش: گدھے کا بچہ۔ تَشبِيهًا: گھوڑے کے بچے کو بھی کہتے ہیں۔ ج جِحَاش وجِحشَان وجِحشة.

الجَحشَة: گدھے کا مادہ بچہ۔ اون جو ہاتھ پر لپیٹ کر کاتی جائے۔

الجُحَوش: چھوٹا بچہ۔

المَجحُوش: وہ شخص جس کا آدھا بدن ماؤف ہو گیا ہو۔

جَحِظَت (س) جُحُوظًا. عينه: اُبھرے ڈھیلے والی ہونا۔ کہا جاتا ہے رجل (جَاحِظ) العينين: اُبھری ہوئی آنکھ والا مرد۔

جَحَظَ. اليه: گھورنا۔ تیز نظر سے دیکھنا۔

الجَاحِظتَان: دونوں آنکھوں کے ڈھیلے۔

جَحَفَ (ف) جَحفًا: چھیلنا۔ بہالے جانا۔ برباد کر دینا...... ہ برجله: لات مارنا۔ جحف معه وله على غيره: مائل ہونا له الطعام: کھانا نکالنا۔

جُحِفَ. الرجلُ: جتلائے ہیضہ ہونا۔

اَجحَفَ. السيلُ: بہالے جانا...... الدهرُ بالناس: ہلاک کرنا۔ جڑ سے مٹانا...... فلانٌ بعَبدِهِ: طاقت سے زیادہ کام کی تکلیف دینا اِجحَاف: کا استعمال بطور استعارہ کے نقص فاحش میں بھی ہوتا ہے۔

جَاحَفَه: مزاحمت کرنا۔ جاحف عنه: مدافعت کرنا۔

تجاحَفُوا: لاٹھی اور تلواروں سے لڑنا۔

......بالكرة: بلے سے باہم دگر گیند چھیننا۔

اِجتَحَفَه: چھیننا۔ جڑ سے اکھیڑنا۔ ہلاک کرنا ...... ماءَ البئر: تمام پانی نکال دینا...... السيلُ الوادىَ: کھود کر بہالے جانا۔

الجَحفَة والجُحفَة: حوض کے اطراف میں پانی کا بقیہ۔ السيلُ والموت (الجُحَاف): ہمہ گیر و تباہ کن۔

الجُحَاف: ہیضہ کے اسہال۔

المَجحُوف: جتلائے ہیضہ۔

الجِحَاف: جنگ۔ لڑائی۔

المُجحِفَة: مصیبت۔

جَحفَلَه جَحفَلَةً: پچھاڑنا۔ پھینکنا۔ سرزنش کرنا۔

تَجَحفَلُوا: جمع ہونا۔

الجَحفَل: بڑا لشکر۔ ج جَحَافِل. رجل جَحفَلٌ: بڑے مرتبہ کا مرد۔

الجَحفَلَة: کھر دار جانور کا ہونٹ۔

جَحَلَه (ف) جَحلًا وجَحَّلَه: پچھاڑنا۔

الجَحَل ج جُحُول وجِحلَان: گرگٹ۔ گوہ کا بچہ۔ گبریلا۔ شہد کی مکھیوں کی ملکہ ...... ج جِحَال: بڑی مشک اور کہا جاتا ہے "رجل جَحِل" موٹا کشادہ پیشانی والا مرد۔

الجُحَال: زہر۔

الجَحَل: بڑی چٹان۔ پہاڑ۔ ہر بڑی چیز۔

جَحَمَ (ف) جَحمًا. النارَ: بھڑکانا...... العينَ: کھولنا...... ہ عن الامر: روکنا۔

جَحِمَت (س) جَحَمًا وجَحمًا وجَحُمَت (ک) جُحُومًا. النارُ: بھڑکنا۔

جَحمَهُ. بعينه: گھورنا۔ تیز نظر سے دیکھنا۔

اَجحَمَ. عن الامر: رکنا۔ باز رہنا۔

اَجحَمَتِ النارُ: تیز بھڑکنا۔

تَجَحَّمَ: تنگ ہونا۔ جلنا......

الجَاحِم: آگ۔ بھڑکتی ہوئی چنگاری۔ من الحرب: سخت اور گھمسان کی جنگ اور کہا جاتا ہے "نارٌ جَاحِمَةٌ" تیز آگ۔ "عينٌ جَاحِمَةٌ" انگلی کی انگلی رہ جانے والی آنکھ۔

الجَحِيم: دوزخ۔ گڑھے میں سخت بھڑکتی ہوئی آگ۔ سخت گرم جگہ۔
جُحْمَةُ النار: آگ کی بھڑک۔ ج جُحَم۔
الجُحام: آنکھوں کی سوجن۔
الأَجْحَم: بہت سرخ آنکھوں والا۔ سوجی ہوئی آنکھوں والا۔ مؤنث جَحْماء: ج جُحْم و جُحُم و جَحْمی۔
الجَحّام: بخیل۔
الجَحْمَرِش: بہت بوڑھی عورت۔ بدصورت موٹا خرگوش۔ ج جَحامِر: تصغیر جُحَيْمِر۔
الجَحْمَش والجَحْمُوش: بہت بوڑھی عورت۔
جَحِنَ (س) جَحَنًا۔ الصبیُّ: خوراک کی خرابی سے کمزور ہونا۔ صفت (جَحِن)
جَحَنَ (ف) جَحْنًا واَجْحَنَ و جَحَّنَ: فقر یا بخل کی وجہ سے اہل وعیال پر تنگی ڈالنا۔
اَجْحَنَهُ: بری خوراک دینا۔
الجَحِن: دیر میں جوان ہونے والا...... من النبات: کمزور اور چھوٹا پودہ۔
جَحَا (ن) جَحْوًا: چلنا...... بالمکان: اقامت کرنا۔
اِجْتَحاه: جڑ سے اکھیڑنا۔
الجَحْوَة: ایک قدم۔
جَخَّ (ض) جَخًّا: ہاتھ پیر چھوڑ کر لیٹنا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا ...... برجله: خاک اڑانا۔
ابو جَخادَة: ٹڈی۔
جَخَرَ (ف) جَخْرًا۔ البئر: کشادہ کرنا۔
جَخِرَ (س) جَخَرًا۔ جوف البئر: کشادہ ہونا۔
اَجْخَرَ وَجَخَّرَ۔ البئر: کشادہ کرنا۔
تَجَخَّرَ۔ الحوضُ: پانی کے خشک ہوجانے کے بعد مٹی کا پھٹ جانا۔
الجَخِر: بہت کھانے والا۔ بزدل۔
جَخَفَ (ن ض) و جَخِفَ (س) جَخْفًا و جَخِيفًا: اپنی حد سے زیادہ فخر کرنا۔ صفت (جَخّاف)
الجَخِيف: مص۔ بھاری لشکر۔ بہت مغرور انسان کے پیٹ کی آواز۔ نفس و روح۔ تم کہتے ہو "وقع ذلک فی جخیفی: میرے دل میں یہ واقع ہوا۔
جَخَا (ن) جَخْوًا۔ الکوزَ: سرنگوں کرنا۔ اوندھا کرنا۔
جُخّی و تَجَخّی۔ الکوزُ: سرنگوں ہونا۔ اُوندھا ہونا...... الشیخ: خمیدہ کمر ہونا۔
جَخّی اللیلُ: گزر جانا۔
جَدَّ (ض) جَدًّا۔ فی اعین القوم: عالی مرتبہ ہونا۔
جَدَّ (ض) جِدَّةً۔ الثوبُ: نیا ہونا۔
(جَدًّا) الشیٔ: کاٹنا (ض ن) جِدًّا) کوشش کرنا...... فی الامر: تحقیق کرنا۔ اہتمام کرنا۔ جلدی کرنا...... به الامرُ: سخت ہونا۔
جَدِدَ (س) جَدَدًا۔ الثدیُ او الضرعُ: خشک ہونا۔ صفت (اَجَدّ) اور ناقہ کی صفت (جَدّاء) ہے اور کہاجاتا ہے "سَنَةٌ جَدّاء" قحط کا سال۔
جَدَّ (س) جَدًّا و جُدًّا: نصیب والا ہونا۔ صفت (مَجْدُود) کہاجاتا ہے "جُدِدْتَ یافلان" تم خوش قسمت ہو۔
جَدَّدَ و اَجَدَّ۔ الشیٔ: نیا کرنا۔ اَجَدَّ ثوبًا: نیا پہننا۔ اَجَدَّ الامرَ: اچھی طرح تحقیق کرنا...... فی الامر: سنجیدگی اختیار کرنا۔ کوشش کرنا۔
اَجَدَّ الطریقُ: سخت وہموار ہونا...... الرجلُ: سخت وہموار زمین پر چلنا۔
جادَّهُ مُجادَّةً۔ فی الامر: کسی سے تحقیق کرنا۔
اِستَجَدَّ۔ الشیٔ: نیا ہونا...... الشیٔ: نیا کرنا یا نیا پانا...... الثوبَ: نیا پہننا۔
تَجَدَّدَ: نیا ہونا۔
الجَدّ: مص۔ دادا۔ نانا۔ ج اَجْداد و جُدود و جُدُودَة: مؤنث جَدَّة ج جَدّات۔ الجَدّ: نصیبہ۔ بزرگی۔ عظمت۔ روزی۔ نہر کا کنارہ۔ کہاجاتا ہے "عَثَرَ جَدُّهُ او تَعِسَ جَدُّهُ" وہ نقصان میں رہا یا وہ ہلاک ہوا۔
الجِدّ: مص۔ کوشش۔ سنجیدگی۔ جلدی۔ اچھی طرح ثابت شدہ۔ و "فلانٌ عالمٌ جِدَّ عالمٍ" فلاں انتہائی درجہ کا عالم ہے۔ و "عظیمٌ جِدًّا" بہت ہی بڑا۔ جدًّا: کا نصب مصدریت کی وجہ سے ہے۔
الجُدّ: حصہ کہاجاتا ہے "فلان ذوجُدٍ فی کذا" فلاں اس بارے میں خوش نصیب ہے۔ بہت پانی والا کنواں۔ کم پانی والا کنواں۔ چٹیل میدان کے اطراف میں تھوڑا پانی۔ سمندر کا کنارہ۔ ہر چیز کا کنارہ (والجُدّی): بڑے حصہ والا۔ بہت نصیبہ والا۔
الجَدَد: ہموار سخت زمین۔ اسی سے مثل ہے "مَنْ سَلَکَ الجَدَدَ اَمِنَ العِثار" جو ہموار سخت زمین پر چلتا ہے وہ لغزش سے محفوظ رہتا ہے۔ باریک ریت۔ ج اَجْداد۔
الجُدَّة: دریا کا کنارہ۔ کتے کے گلے کا پٹکا۔ کپڑے کا ٹکڑا۔ و جُدَّةُ الثَوبِ: کپڑے کا نیا ہونا۔
الجُدَّة: علامت۔ طریقہ۔ کہاجاتا ہے "رکب جُدَّةَ الامر او جُدَّةً مِنَ الامر" اس نے رائے قائم کی۔ ج جُدَد۔
ناقة (جَدّاء): خشک تھن والی اونٹنی۔ سنة جداء: قحط کا سال۔
الجادّ: کوشش کرنے والا۔ سرگرمی سے کام کرنے والا۔ سنجیدگی سے کام کرنے والا۔
المَجادّة۔ الجادّ: کا مؤنث۔ سڑک کا درمیان۔ ج جَوادّ۔
الجِداد والجَداد: کھجور توڑنا۔
جُدادَة۔ النخل وغیرہ: کھجور وغیرہ کا کٹا ہوا درخت۔
الجُداد: الجھا ہوا دھاگا یا آپس میں گتھی ہوئی ٹہنی۔
الجَدِيد: نیا۔ ایک قسم کا پرانا سکہ۔ ج جُدُد۔

الجدید والمجلود: نصیبہ ور۔ کٹا ہوا۔
الجدیدان والاجدان: دن رات تثنیہ ہی مستعمل ہے۔ صرف دن یا رات کو جدید یا اجد نہیں کہتے۔
المجدد: مص ..... من الاکسیۃ: مختلف دھاریوں والا۔
جدب (ن ض) جدبا وجدب (ک) جدوبۃ وتجدب. المکان: بارش نہ ہونے کی وجہ سے خشک ہونا۔ صفت (جدب واجدب وجدیب وجدوب ومجدوب)
جدب فلانا: عیب لگانا۔
اجدب. المکان: بارش نہ ہونے سے خشک ہونا ..... القوم: قحط زدہ ہونا ..... الارض: خشک پانا ..... فلانا: مہمان داری نہ پانا۔
جدبۃ: کمزور کرنا۔
تجدب: عیب دار ہونا۔
الجدب: مص۔ خشک سالی۔ عیب۔ کہا جاتا ہے "مکان جدب" قحط زدہ مقام۔ مؤنث جدبۃ: ج جدوب: کہا جاتا ہے "ارضون جدوب وارضون جدب" قحط زدہ زمینیں۔
الجدوب والجدیب: قحط زدہ۔ ارض (جدباء): قحط زدہ زمین۔
المجداب. من الاراضی: بنجر زمین۔ ج مجادب.
الاجادب: وہ زمینیں جس میں پیداوار نہ ہو۔
مکان (مجدوب): قحط زدہ۔
الجدث: قبر۔ ج اجداث واجدث.
الجدثۃ: گھوڑے کے کھر کی آواز۔ گوشت چبانے کی آواز۔
اجتدث: قبر بنانا۔
الجدجد: سخت ہموار زمین۔ جھینگر۔ ٹڈی کی مانند ایک سیاہ رنگ کا کیڑا جو رات میں آواز کرتا ہے۔ ج جداجد.
جدح (ف) جدحا واجدح واجتدح. السویق: گھولنا۔ جدح السویق فی اللبن: ملانا۔ کہتے ہیں "جدح جوین من سویق غیرہ" (دوسرے کے ستو کو جوین نے گھولا) طوائی کی دوکان اور دادا جی کی فاتحہ" کے طور پر ضرب المثل ہے۔
جدحہ: ملانا۔
المجدح: ستو وغیرہ گھولنے کا سامان۔ ایک ستارہ کا نام۔
المجداح: سمندر کا کنارہ۔ ج مجادح.
مجادیح. السماء: پچھتر۔ واحد مجدح کہا جاتا ہے "ارسلت السماء مجادیح الغیث" آسمان نے بارش کے لئے پچھتروں کو آزاد چھوڑ دیا۔
جدر (ن) جدرا وجدرا وجدر: چیچک نکلنا۔ صفت (مجدور ومجدر)
جدرہ (ن) جدرا: لائق ومناسب بنانا ..... الجدار: دیواروں سے گھیرنا ..... الرجل: دیوار کی اوٹ میں ہو جانا۔
جدر وجدر (ک ن) جدارۃ واجدر. النبت: کونپل نکلنا۔
جدر (ک) جدارۃ. بکذا: لائق ہونا۔ صفت (جدیر) کہا جاتا ہے "ہو جدیر بکذا ولکذا" ج جدیرون وجدراء مؤنث جدیرۃ ج جدیرات وجدائر.
جدر واجتدر. الحائط: دیوار بنانا اور پلاسٹر کرنا۔
الجدر والجدر: پھنسیاں۔ مار کا نشان۔ زخم کا نشان۔
الجدر. بالشیء ولہ: لائق۔ مناسب ج جدرون.
الجدر: ج جدران و(الجدار) ج جدر وجدر: دیوار۔
الجدر والجدر: ایک قسم کی ریگستانی نباتات ج جدور: واحد (جدرۃ وجدرۃ)
الجدری والجدری: چیچک۔
المجدار: دھوکا (یعنی وہ چیز جو جانوروں اور چڑیوں کو بھگانے کے لئے کھیت میں کھڑی کی جاتی ہے۔
المجدرۃ: لائق۔ کہا جاتا ہے "انہ مجدرۃ لان یفعل کذا" وہ ایسا کرنے کے لائق ہے۔ (مذکر مؤنث واحد جمع سب کے لئے یکساں ہے) ارض مجدرۃ: بہت چیچک والی سرزمین۔
المجدور: چیچک زدہ۔ کم گوشت والا اور کہا جاتا ہے "انہ مجدور ان یفعل کذا" وہ ایسا کرنے کے لائق ہے۔
جدع (ف) جدعا. الانف وما شاکلہ: کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "لامر ما جدع قصیر انفہ" کسی خاص مصلحت سے قصیر نے اپنی ناک کاٹی۔ جدع فلانا: قید کرنا۔ باز رکھنا۔
..... الرجل عیالہ: نان نفقہ روک لینا۔
(..... وجدع واجدع) الولد: بری خوراک دینا۔
جدع (س) جدعا: بری خوراک والا ہونا۔ صفت (جدع) ..... الرجل: کان ناک کا کٹ جانا۔ صفت (اجدع): مؤنث جدعاء: ج جدع.
جدعۃ: کس سے "جدعا لک" کہنا یعنی اللہ تجھ کو عیب دار کرے اور تجھ سے خیر کو منقطع کر دے۔
جادعۃ ومجادعۃ وجداعا: گالی دینا۔ جھگڑا کرنا۔
تجادعا: باہم جھگڑنا۔ باہم گالی گلوچ کرنا۔ اسی سے عرب کا قول ہے "ترکت البلاد تجادع افاعیہا" میں نے ملک کو اس حال میں چھوڑا کہ وہاں کے اشرار ایک دوسرے کو کھائے جا رہے تھے۔
الجدعۃ: کاٹنے کے بعد عضو کا بقیہ حصہ۔ کاٹنے کی جگہ۔
جداع بروزن قطام: سخت سال۔ کہا جاتا ہے "واجحفت بہم جداع" ان کو قحط کے سال نے برباد کر دیا۔
المجدع: عضو کاٹنے کا اوزار۔
الجداع: موت۔

جَذَفَ (ض) جَذْفًا. الطيرُ: کٹے ہوئے پروں سے اڑنا...... الظبیُ: چھوٹے قدم سے چلنا...... الرجلُ: تیز چلنے میں ہاتھوں کو ہلانا۔
جَذَفَ (ض) جَذْفًا. الشیئَ: کاٹنا۔ الملّاح السفینة: چپو سے چلانا۔ السماء بالثلج: برف گرانا۔
جَذَّفَ: نعمت کی ناشکری کرنا۔ کہا جاتا ہے "لاتُجَذِّفُوا بِنِعَمِ اللّٰه" اللہ کی نعمتوں کی ناشکری مت کرو...... الملّاحُ: چپو سے ڈونگی چلانا...... علی اللّٰه: کفر اور اہانت آمیز باتیں کرنا۔
جُذِفَ. علیه: تنگی میں مبتلا کیا جانا اور اسی سے ہے "وانه لَمُجَذَّف علیه العَیْش" وہ تنگ دست ہے۔
اَجْذَفَ. القومُ: چلانا۔ شور مچانا۔
الجَذْفَة: شور و شغب۔
رَجُلٌ (مَجْذُوف) الید: چھوٹے ہاتھ والا۔ کٹے ہوئے ہاتھ والا۔ "مَجْذُوفُ الْاِزَارِ. وَالقَمِیْص: چھوٹا تہبند اور چھوٹی قمیص پہننے والا۔
المِجْذاف: چپو۔ مِجْذافُ الطَّیْرِ: پرندہ کے دونوں بازو۔ ج مَجَاذِیْف.
التَجْدِیْف: کلمہ کفر۔ ج تَجَادِیْف.
الجُذافی و الجَذافاء: غنیمت۔
الجَذف: قبر۔ ج اَجْذَاف.
جَدَلَ (ن ض) جَدْلاً. الحبلَ: بٹنا۔
جَدِلَ (س) جَدَلاً. الرجلُ: سخت جھگڑالو ہونا۔
(...... وجَـــدُلَ) (ن) جَـــدْلاً. الحبُّ: خوشہ میں سخت ہونا۔ الولدُ: مضبوط اور سخت ہڈیوں والا ہونا۔
جَدَّلَهٗ (ض ن) جَدْلاً وجَدَّلَهٗ: زمین پر پٹک دینا۔ جدّل الشعر: گوندھنا۔ چوٹی بنانا۔
جَادَلَهٗ مُجَادَلَةً وجِدالاً: جھگڑا کرنا۔
تَجَادَلَا: ایک دوسرے سے جھگڑنا۔

تَجَدَّلَ وانْجَدَلَ: زمین پر پٹکا جانا۔
الجَدْل: معی۔ سخت ٹھوس۔ عضو ج جُدُول قبر۔
جَدْلاءُ ج جُدْل: محکم۔
اَلْجَدَلُ عِنْدَ الْمَنْطِقِیِّیْنَ: ایسا قیاس جس میں شہرت کی وجہ سے کسی رائے کو حتمی تصور کر لیا گیا ہو۔ مثلاً فلاں بات بہ بات قسم کھاتا ہے لہذا جھوٹا ہے۔
الجَدَل: جھگڑا۔ جھگڑے کی مہارت۔
الجَدَلة: ہاون کا دستہ۔
الجَدَالة: زمین۔ جَدَالة الخَلْق: گٹھے ہوئے بدن والا۔
الجَدِیْل: بٹی ہوئی رسی۔ ج جُدُل. جُدُل الانســــــان: انسان کے ہاتھ پیروں کی جوفدار ہڈی۔
الجَدِیْلَة: طریقہ۔ کہا جاتا ہے "عمل علی جَدِیْلَتِه" اس نے اپنے طریقہ پر کام کیا۔ قبیلہ گوشہ۔ کنارہ رائے کی پختگی۔ کبوتر وغیرہ کا کابک۔
اَلْاَجْدَلِیّ وَالْاَجْدَل: شکرا۔ ج اَجَادِل.
دِرْعٌ جَدْلاءُ: مضبوط زرہ۔ ج جُدْل.
الجَدّال والجَدِل والمِجْدَل والمِجْدَال: بہت جھگڑالو۔ الجَدّال: کابک بیچنے والا۔
المَجْدَل: محل۔ ج مَجَادِل.
المَجْدَل: لوگوں کی جماعت۔
المَجْدُوْل: بٹا ہوا یا مضبوط بٹا ہوا۔
اَلْجَدْوَل: فہرست لسٹ۔
الجَدْوَل والجِدْوَل: نالہ۔
جَدَمَهٗ (ن) جَدْمًا: کاٹنا۔ جَدَمَتِ النخلةُ: پھلدار ہو کر خشک ہونا۔ صفت (جَادِم)
اِنْجَدَم: کٹ جانا۔
الجَدَمَة: پست قد۔
...... والجُدامة: وہ بالیاں جو پہلی مرتبہ گاہنے میں نہ ٹوٹیں۔
اَلْجَدَم: پست طبقہ کے لوگ۔

جَدَا (ن) جَدْوًا. علیه: عطیہ دینا۔ واجتَدیٰ اِسْتَجْدیٰ. فلانًا: حاجت کا سوال کرنا۔ عطیہ مانگنا۔
اَجْدیٰ اِجْدَاءً: عطیہ پانا۔ فلانًا: عطیہ دینا...... الامرُ: نفع دینا۔ کہتے ہیں "مایُجْدِی عنک هذا" تم کو یہ فائدہ نہیں دے گا۔
اِجْتَدَاه: عطیہ دینا۔
الجَدَا: عام بارش (...... والجَداءُ): نفع عطیہ۔
الجَادِی: مانگنے والا۔ عطیہ دینے والا۔
الجَادِی: زعفران۔
الجَدْویٰ: عطیہ۔
الْاَجْدیٰ: زیادہ نافع۔
الجَدِی: سخی۔
الجَدْوَة: گلہ۔ ریوڑ۔
جَدِیَ (ض) جَدْیًا: عطیہ طلب کرنا۔
اَجْدیٰ اِجْدَاءً. الجرحُ: بہنا۔
الجَدْی: پہلے سال کا بکری کا بچہ۔ ج اَجْدٍ وجِداء وجِدْیان: قطب کے پہلو کے ایک ستارے کا نام جس کو "جَدْیُ الفَرْقَدِ" بھی کہتے ہیں آسمان کے ایک برج کا نام۔
الجَدْیَة: زین یا پالان کے نیچے کی گدی ج جَدیٰ و جَدَیات.
الجَادِیَاء: زعفران۔
جَذَّهٗ (ن) جَذًّا: کاٹنا۔ توڑنا۔ جَذَّ فی سیره: تیز چلنا۔
جَذَّذَ: قوم سے اپنی پیروی چاہنا اور اس کا نہ ماننا۔
اِنْجَذَّ: کٹنا۔ ٹوٹنا۔
تَجَذَّذَ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
الجُذاذ والجَذاذ والجِذاذ: توڑا ہوا۔ ٹکڑا۔ سونے کے ڈلے۔
الـــجُذاذَة: ہر چیز کی زیادتی۔ کہا جاتا ہے "جُذَاذَتُه عَلَیْه کَذا" وہ اس سے اتنا زیادہ۔
الجُذاذات: ریزہ۔ برادہ۔ کہا جاتا ہے "عِنْدِی جُذاذَاتٌ مِنَ الفِضَّةِ" میرے

پاس چاندی کے ریزے ہیں۔
الجُذُّ: کٹی ہوئی چیز کا چھوٹا ٹکڑا۔ تم کہتے ہو "ثُرتُ اِلَی الصَّنم فکسَّرتُہ اَجْذاذًا" میں بت پر ٹوٹ پڑا اور اس کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے۔
الجُذَّۃ: ٹکڑا۔
الاَجَذّ: ٹوٹا ہوا۔ مؤنث جَذّاء۔
جَذَبَہٗ (ض) جَذْبًا واجْتَذَبَہٗ. الیہ: کھینچنا۔
جَذَبَ الشَّھرُ: اکثر حصہ گزر جانا۔ جَذَبَتِ النَّاقَۃُ: کم دودھ والی ہونا۔ ...المُھرَ عن امہ: دودھ چھڑانا۔
جَاذَبَہٗ. الشَّیْءَ: کسی چیز کے بارے میں کشمکش کرنا۔
تجاذَبَا. الشَّیْءَ: کسی چیز کے بارے میں باہم کشمکش کرنا۔
تَجَذَّبَ. اللَّبَنَ: پینا۔
اِنْجَذَبَ: کھنچ جانا۔ اِنجذب فی السیر: تیز چلنا یا دور تک جانا اور کہا جاتا ہے "اِنْجذَبَ بِھِم السَّیْرُ" وہ لوگ دور تک چلے۔
الجَاذِبُ: فا۔ کم دودھ والی اونٹنی۔ ج جواذِب وجِذَاب۔
الجَذْبَۃ: دور کی مسافت۔ کہا جاتا ہے "بینہ وبین المنزل جذبۃ" اس کے اور منزل کے درمیان مسافت بعیدہ ہے۔
جَذَاب: موت کے لئے علم۔
الجاذِبِیَّۃ: کھینچنے کی قوت۔
الجَذَّابَۃ: چھوٹی چڑیوں کے شکار کرنے کا کمپا۔
جَذَرَہٗ (ن) جَذْرًا: کاٹنا۔ جڑ سے اکھیڑنا۔
جَذَّرَ. العَدَدَ: عدد کا جذر حاصل کرنا۔
جَذَّرَہٗ واَجْذَرَہٗ: جڑ سے اکھیڑنا۔
اِنْجَذَرَ: جڑ سے اکھڑنا۔
الجِذْر والجَذْر: جڑ۔ جِذْرُ النبات: نباتات کی جڑیں جو زمین میں پھیلی ہوئی ہوں۔ ج جُذُوْر: مربع کا جذر۔ جذر البقرۃ: گائے کے سینگ۔
الجِذْرِیَّۃ: وہ دانت جو رباعیہ کے بعد ہو۔

المَجْذُوْر: عدد کا مربع۔
اَلْجَذْرُ: عدد اپنے آپ میں ضرب دینا مثلاً 10x10=100 حاصل ہوتے ہیں۔ 100 (سو) 10 کا مجذور ہے۔
الجَوْذَر والجُوْذَر والجُوذُر: نیل گائے کا بچہ۔ ج جَوَاذِر وجَآذِر۔
المُجَذَّر: بہت پست قد۔
جَذَعَ (ف) جَذْعًا. الدابۃ: بغیر چارہ کے روک رکھنا...... بین البعیرین: ایک رسی میں باندھنا۔
الجَذَعُ. مِنَ البَھَائِم: چھوٹا بچہ۔ ج جِذَاع وجُذْعَان اور اسی سے ہے "جُذْعَان الجبال" چھوٹے پہاڑ۔ نوجوان اور کہا جاتا ہے "فُلانٌ فِی ھٰذَا الاَمْرِ جَذَعٌ" فلاں اس معاملہ میں نوآموز ہے۔
"واَعَدتُ الاَمْرَ جَذَعًا" میں نے اس کام کو از سر نو کیا۔ کہا جاتا ہے "ذھبوا (جِذَعَ مِذَعَ): جنی بر فتحہ یعنی متفرق گئے۔
الجِذْعُ: درخت کا تنہ۔ ج جُذُوْع واَجْذَاع. جِذْعُ الاِنْسَانِ: دھڑ۔ سر اور ہاتھوں اور ٹانگوں کے علاوہ انسان کا باقی جسم۔
المُجَذَّع والمُجَذِّع: بے اصل و بے ثبات۔
جَذَفَ (ف) جَذْفًا واَجْذَفَ. الطائرُ: تیز اڑنا۔ "جَذَفَتْ واَجْذَفَتِ المرأۃُ: چھوٹے چھوٹے قدم رکھنا۔
جَذَفَ وجَذَّفَ. القارِبَ: چپو سے چلانا۔
الشَّیْءَ: کاٹنا۔
تَجَذَّفَ. فی مشیہ: تیز چلنا۔
المِجْذَاف: کشتی چلانے کا چپو۔
المَجْذُوْف: کٹی ہوئی ٹانگ والا۔
جَذِلَ (س) جَذَلاً واجْتَذَلَ: خوش ہونا۔ صفت (جَذِل وجَذْلَان) ج جُذْلان: مؤنث جَذِلَۃ و جَذْلَی۔
جَذَلَ (ن) جُذُوْلاً واسْتَجْذَلَ: سیدھا کھڑا ہونا۔

اَجْذَلَہٗ: خوش کرنا۔
تَجَاذَلَ. القومُ: باہم کینہ رکھنا۔ باہم دشمنی کرنا۔
الجِذْل. مِنَ الشجرۃ: بغیر شاخوں کے درخت کا تنہ۔ کھونٹ۔ کہا جاتا ہے "عَادَ الشَّیْءُ اِلَی جِذْلِہٖ" چیز اپنی اصل پر لوٹ آئی۔ لکڑی کا کندہ جو خارش والے اونٹ کے بدن پر رگڑنے کے لئے کھڑا کیا جائے۔ جُذَیْل۔ اس کی تصغیر ہے اور اسی سے ہے "انا جُذَیلُھا المُحَکَّک" میں تجربہ کار وواقف کار ہوں اور کہا جاتا ہے "ھو جِذْلُ مَالٍ" وہ مال کا بہتر منتظم ہے۔ ج جِذَال واَجْذَال وجُذُوْل وجُذُوْلَۃ۔
الجَاذِل: فا۔ شاد ماں۔ ستون کی مانند ایک جگہ پر کھڑا رہنے والا۔ "سِقَاءٌ جَاذِلٌ" دودھ کو بدمزہ کر دینے والی مشک۔
جَذَمَ (ض) جَذْمًا وجَذْمَۃً: جلدی سے کاٹنا۔
جَذِمَ جَذَمًا: کٹے ہوئے ہاتھ یا کٹی ہوئی انگلیوں والا ہونا۔
جُذِمَ: کوڑھی ہونا۔ صفت (اَجْذَم ومَجْذُوْم ومُجَذَّم)
اَجْذَمَ. عَنِ الشَّیْءِ: باز رہنا...... علیہ: پختہ ارادہ کرنا...... فی سیرہ: تیز چلنا...... یدہ: کاٹنا۔
اِنْجَذَمَ وتَجَذَّمَ: کٹ جانا۔
الجِذْم والجَذْم: اصل۔ جڑ۔ ج جُذُوْم واَجْذَام۔
الجَذْمَۃ والجِذْمَۃ: ہاتھ میں کٹنے کی جگہ۔
الجُذْمَۃ: ٹکڑا۔ چابک۔ کوڑا۔
الجُذْمَۃ: ٹنڈا پن۔
الاَجْذَم: ہتھ کٹا۔ یا کٹی ہوئی انگلیوں والا۔ مؤنث جَذْمی و جَذْماء اور کہا جاتا ہے "ھو اَجْذَمُ الحُجَّۃِ" وہ شخص ایسا ہے جس کے پاس نہ دلیل ہے نہ زور بیان۔
الجُذَامَۃ: کٹی ہوئی کھیتی کا باقی ماندہ۔
المِجْذَام والمِجْذَامَۃ: امور میں جلدی

فیصلہ کرنے والا۔ جلدی سے دوستی کو ختم کر دینے والا۔

جَذَا (ن) جَذْوًا وجُذُوًّا واَجْذَیٰ. علی الشیٔ: اچھی طرح کھڑا ہونا۔

تَجَاذَیٰ. الحجر: اٹھانا۔

الجَذَاۃ: بڑے درختوں کی جڑیں۔ ج جذاء.

الـجُذْوَۃ والجَذْوَۃ والجِذْوَۃ: بھڑکتا ہوا انگارہ۔ ج جُـذی وجذیٰ وجذاء: کہا جاتا ہے "فلان جُـذْوَۃُ شر" فلاں شر کا بانی اور اسے ہوا دینے والا ہے۔

جَذَیٰ (ض) جَـذْیًا واَجْذَیٰ. فلانا عنہ: منع کرنا۔

تَجَاذَیٰ تَجَاذِیًا: کھسک جانا۔

الجذی والجذیۃُ. مِن الشجرۃ: جڑ۔

جَرَّہُ (ن) جَرًّا وجرّیہ: کھینچنا۔ جَرَّ الابلَ: آہستہ ہانکنا...... الکلمۃ: زیر لگانا...... علی نفسہ جریرۃ: گناہ کا ارتکاب کرنا۔

جَرْزَہُ وجَرَّرَبہ: سختی سے کھینچنا۔

جَـارَّہُ رَسَـنـہ: بالکل آزاد چھوڑ دینا۔ ٹال مٹول کرنا۔ کہا جاتا ہے "جَـارَّہُ الـدَّیْنَ" اس نے قرض ادا کرنے میں ٹال مٹول کی۔

اِنْجَرَّ: کھینچا۔

جَرَّ واجترَّ. البعیرُ: جگالی کرنا۔

اَجَرَّ. البعیرُ: جگالی کرنا...... الفصیلَ: دودھ پینے سے روکنے کے لئے زبان چیر دینا...... لسـانـہ: گفتگو کرنے سے منع کرنا۔ اَجَرَّہُ رَسَنہ: بالکل آزاد چھوڑ دینا۔ اَجَرَّہُ الرمحَ: نیزہ گھسا کر چھوڑ دینا۔ اَجَرَّہُ الدَّیْنَ: مہلت دینا۔

اِجترَّ واجدرَّ. الشیٔ: کھینچنا۔

اِسْتَـجَرَّ. الشیٔ: کھینچنا...... الـمالَ: تھوڑا تھوڑا لینا...... لِفلانٍ: مطیع وفرمانبردار ہونا۔

الـجَرُّ: مص اور اسی سے ہے "کان ذلک عام کـذا وَهَـلُـمَّ جرًّا اِلی الیَوم" یہ واقعہ فلاں سال میں ہوا اور آج تک ایسا ہی ہے۔

جَرُّ الجَبَل: دامن کوہ۔ بجو وغیرہ کا سوراخ۔

اعراب کی ایک قسم خواہ حرکت سے ہو یا حرف سے۔

الـجَرَّۃ: کھینچنے کی ہیئت۔ خانہ بدوش لوگ۔

(...... والجِرَّۃ): جگالی۔

الـجَرَّۃ: جَرَّ کا اسم مرۃ۔ گھڑا۔ ج جَرٌّ وجرار.

الجُرَّۃ: بھوبھل کی پکی ہوئی روٹی۔

الـجُرَّۃ: گلہ بونے کے لئے سوراخ دار برتن۔ ہرن کے شکار کے لئے لکڑی کا پھندا ج جُرٌ کہا جاتا ہے فعلت. ذلک من (جـرَّاک وجُـرائک وجَـرَاک وجَرائک): میں نے یہ تمہاری وجہ سے کیا۔

الـجِرِّی: ایک قسم کی مچھلی جس کو بام کہتے ہیں۔

الجِرِّیۃ والجِرِّیئۃ: پرندے کا پوٹا۔

الـجَارُوْر: پانی بہنے کی جگہ۔ سیلاب کا بنایا ہوا نالہ...... فی اصطلاح المولدین: صندوقچی جو کھینچنے سے کھلے۔

بئرٌ (جَرُوْر): گہرا کنواں...... فرسٌ جَرُوْرٌ: قابو میں نہ آنے والا گھوڑا "امـرأۃ جرور: لنجی عورت۔

الجَرِیْرَۃ: گناہ۔ کہا جاتا ہے "فعلت ذلک من جریرتک" میں نے اس کو تمہاری وجہ سے کیا۔

الـجَرَّار: بہت کھینچنے والا۔ گھڑا بنانے والا۔ گھڑا بیچنے والا۔ جیش جرار: بہت بڑا لشکر ......عوام چھوٹی صندوقچی کے لئے لفظ جرّار کو استعمال کرتے ہیں جو کھینچنے سے کھلتی ہو۔

الـجَـرَّارَۃ: زرد رنگ کا بچھو جو دم کو گھسیٹتا چلتا ہے۔

المَجَرُّ: پانی بہنے کی جگہ۔ شہتیر۔

الـمَـجَرَّۃ: کہکشاں۔ عوام اس کو "درب التبانہ" کہتے ہیں۔

جَـرُؤَ (ک) جَـرَاءَۃً وجُـرْأۃً وجُرَۃً وجَرَائِیَۃً علیہ: دلیری کرنا۔ صفت (جَرِیٌ): ج اَجْرَاء واَجْرِیاء.

جَرَّأہ تَجْرِیئًا: جرأت دلانا۔ دلیر بنانا۔

اِجْتَرَأ: دلیر ہو جانا۔

اِسْتَجْرأ: ...... مختلف جرأت دکھلانا.

الجُرْبُؤَۃ: درندوں کے شکار کرنے کا مکان۔ ج الجرابی.

الجِرْئِیَۃ: پوٹا۔ حلق۔

جَرِبَ (س) جَرَبًا: خارش والا ہونا۔ صفت (جَرِب وجَـرْبـان واَجْرَب) ج جراب وجَـرْبـی واَجَـارِب وجُرْب. جَرِبَ السیفُ: زنگ آلود ہونا۔

جَرَّبَہُ تَجْرِیبًا وتَجْرِبَۃً: آزمانا۔

اَجْرَبَ. القومُ: قوم کے اونٹوں میں خارش پھیلنا۔ کھجلی میں مبتلا کرنا۔

الجَرَب: عیب۔ برائی۔ تلوار کا زنگ۔

الجَرْبَاء: اجرب کا مؤنث۔ قحط زدہ زمین۔ ستاروں بھرا آسمان۔

الـجِراب: تلوار کا میان۔ چمڑے کا برتن۔ کنوئیں کا جوف۔ خصیتین کی تھیلی۔ ج اَجْرِبَۃ وجُرُب وجُرْب.

الجُرَاب: خالی کشتی۔

الـجَـرَبَّۃ: سخت وقوی افراد (انسان ہو یا حیوان) کھاؤ اور ان کے اہل وعیال۔

الجِرْبِیَاء: شمالی ہوا یا اس کی ٹھنڈک۔

الجِرِبَّان والجُرُبَّان. من السیف: میان پر تلہ۔ دھار...... من القمیص: گریبان۔

الـمُـجَرَّب: آزمودہ۔ دراھم مـجـرَّبۃ: کھرے دراہم۔

الـجَرَّۃ: ایک جگہ سے دوسری جگہ کوچ کرنے والی قوم۔

جَرْبَارَۃ: پھولوں کی ایک قسم۔ (جربرہ)

جَرْبِیَۃ: پھولوں کی ایک قسم۔ (Gerbra)

الـجَوْرَب: پائتابہ (فارسیۃ) ج جَوَارِب وجَوَارِبَۃ.

جَوْرَبَہ: پائتابہ پہنانا۔

تَجَوْرَب: پائتابہ پہننا۔

الجِرِّیث: ایک قسم کی مچھلی۔ مارماہی۔

تَـجَرْثَمَ واجرنثم: اوپر سے نیچے گرنا اور سکڑ کر زمین پر آ رہنا۔ اِجْرَنْثَمَ: چمٹ کے رہ جانا۔

الجُرثُوم والجُرثُومَة. من الشيِّ: جڑ۔ یا درخت کی جڑ میں جمع شدہ مٹی۔ ج جَرَاثِیم۔
جُرثُومة النمل: چیونٹیوں کی بستی اور عصری زبان میں ''جراثیم'' (Germs) کے لئے استعمال ہوتا ہے۔
جَرِجَ (س) جَرَجًا. الخاتمُ فی اصبعه: ڈھیلی ہونے سے حرکت کرنا۔ صفت (جرج)
الرجل: سخت زمین میں چلنا۔
الجَرَج: سخت زمین۔
الـجُـرجة: توشہ رکھنے کا تھیلا۔ خرجی۔ ج جُرَج.
جَرجَرَ. الجملُ: بلبلانا۔ الماء فی حلقه: گڑگڑ کرنا۔ (...... وتـجرجر) الماءَ: غٹ غٹ پینا۔
الـجَرجَر: غلہ کی دائیں کرنے کا آہنی آلہ۔ حلق۔ جراجر.
الجرجرُ والجَرجَر: لوبیا۔ چنا۔
الجَرجَارَة: چکی۔
الـجِرجِير: ایک قسم کی ترکاری جو پانی میں پیدا ہوتی ہے۔
جَـرَحَـه (ف) جَـرحًـا: زخمی کرنا...... ہ بلسانه: عیب لگانا۔ مرتبہ گھٹانا۔ کہا جاتا ہے ''جـرح الـشهادة'' اس نے گواہی کو باطل کر دیا...... الـرجلُ: کمانا۔ صفت (جـارح) اور اسی سے ہے ''مَـالَـهُ جَـارِحة'' اس کے لئے کوئی کمانے والا نہیں۔
جَرِحَ (س) جَرَحًا: زخمی ہونا۔
جَرَّحَهُ: بہت زخمی کرنا۔ جَرَّحَ الشهادةَ: رد کرنا۔
اِجتَـرَحَ. الـشـيئَ: کمانا۔ الإثمَ: ارتکاب کرنا۔
اِستَجرَحَ. الشيئُ: فاسد ہونا۔
الجُرح: زخم۔ ج جُرُوح واَجرَاح.
الـمَجـرُوحَة: جس چیز سے مخالف کی گواہی یا دلیل مجروح کی جائے۔
الجِرَاحَة: زخم۔ ج جِـرَاح وجِـرَاحات: جراح کا پیشہ۔ گناہ۔

الجَرَّاح والجِرَاحِيُّ: زخموں کا علاج کرنے والا۔ سرجن۔
الجَارِحَة: جارح کا مؤنث۔ چھری۔ شکاری درندہ یا پرندہ یا کتا۔ عضو انسانی خصوصاً ہاتھ ج جَـوَارِح. جَـوَارِحُ الـنَّـهـار: کنایہ ہے مصائب سے اور اسی سے ہے ''نَعُوذُ بـاللّٰهِ مِـنْ طَـوَارِقِ الـلَّـيْـلِ وَجَوَارِحِ النَّهارِ'' ہم دن اور رات کے مصائب سے اللہ کی پناہ لیتے ہیں۔ ''الـجَوَارِحُ مِنَ الطَّيرِ'' شکاری پرندے۔
المَجرُوح. ج مَجَارِيحُ و(الجَرِيح): ج جَرحَى: زخمی۔
جَرَدَ (ن) جَـردًا وجَـرَّدَ. العودَ: چھیلنا ...... الجلدَ: بال اُتارنا ...... السیفَ: ننگی کرنا ...... القحطُ الارضَ: چٹیل کر دینا۔ جَرَّدَه مِـنْ ثـوبـه وجَرَّدَهُ ثَوبَـهُ: ننگا کرنا۔ جَرَّدَ الكِتَابَ: اعراب نہ لگانا۔ جَـرَّدَ الجَرِيدَةَ: چھینک دینا۔
جَرِدَ (س) جَرَدًا: چٹیل ہونا۔ ننگا ہونا ...... الـمكـانُ: ٹڈی زدہ ہونا ...... الـفرسُ: چھوٹے بال والا ہونا۔
جُـرِدَتِ. الارضُ: ٹڈیوں کے کھانے سے صاف ہو جانا۔
تَـجَرَّدَ: ننگا ہونا ...... الامرِ: تمام کاموں سے فارغ ہو کر مشغول ہونا اور کوشش کرنا ...... الفرسُ: گھوڑ دوڑ میں آگے بڑھ جانا۔
اِنـجَرَدَ: ننگا ہونا ...... بنا السیر: بغیر دوسری طرف التفات کئے ہوئے چلتے رہنا ...... الثوبُ: گھسنا اور بوسیدہ ہونا۔
اِجتَرَدَ. القطنَ: دُھنا۔
الـجَرد: مص۔ مـکـان جَرَدٌ: بغیر نباتات والی جگہ۔ الثوبُ الجَرد: پرانا بوسیدہ کپڑا۔ ڈھال۔ مال کا بقیہ ج جُرُود.
الجَرَد والجَرِد: بغیر نباتات والی جگہ۔
الجَرَد: بال کا چھوٹا ہونا۔
الجُردَة: برہنگی۔
الجَرِدَة: پرانا بوسیدہ کپڑا۔

الجَرَاد: ٹڈی۔ واحد۔ (جَرَادَة)
الجُرَادَة: لکڑی کا چھلکا۔
الجَرِيد: کھجور کی ٹہنی جو پتوں سے صاف کر لی گئی ہو۔ واحد (جَرِيدَة)
الـــجَـرِيـدَة: سواروں کا رسالہ جس میں پیادے نہ ہوں۔ مال کا بقیہ۔ رجسٹر۔ اخبار۔ ج جَرَائِد.
الاَجرَد: بغیر نباتات والی زمین۔ بے بال۔ چھوٹے بالوں والا۔ مؤنث جـرداء: ج: جُرد. الاجـرد مـن الـخيل: گھڑ دوڑ میں آگے رہنے والا گھوڑا۔ لَبَـنٌ اَجـرَد: بے جھاگ کا دودھ۔ صَـخرَة جَرداء: صاف چکنی چٹان۔ خَـمرَة جَرداء: شراب۔ صافی۔ والـجرد: سواروں کا رسالہ جس میں پیادے نہ ہوں اور کہا جاتا ہے ''مَـا رَأَيتُـهُ مُنذُ اَجرَدَينِ'' میں نے اس کو پورے دو دن یا دو مہینے یا دو سال سے نہیں دیکھا ''شَـهـرٌ اَجرَدُ'' پورا مہینہ۔
سَـنَةٌ (جَـارُود وجَـارُودَة): سخت قحط والا سال۔
اَلتَّـجرِيدُ: نحویوں کے نزدیک کلمات کو لفظی عامل سے خالی کرنا جیسے زید قام اور صرفیوں کے نزدیک زائد حروف سے خالی کرنا جیسے قام زید۔
التَّجرِيدَة: فوج کا دستہ۔
المِجرَد: دانتوں کے صاف کرنے کا برش۔ روئی دھننے والا آلہ۔
الـمِجرَاد: تانبے وغیرہ کے برتنوں کی کھدائی کرنے والا۔ قلعی گر۔
المُنجَرِد: چھوٹے بالوں والا۔
الجُردَق والجَردَقَة: روٹی۔ ج جَرَادِق.
الـجَـردَم: سبز سر والی سیاہ ٹڈی، بہت بولنے والا۔
جَـرَذَ (ن) جَـرذًا. الـجرحُ: وہاں زخم کا بستہ ہو کر سو جنا۔
جَرَّذَ. الشجرةَ: گانٹھیں اُتارنا۔
اَجرَذَهُ: نکالنا۔ علیحدہ کرنا ...... ہ الیہ: مجبور

کرنا۔
الجرذ: جانور کے کوچ کا ورم۔
الجُرَذ: ایک قسم کا چوہا۔ ج جِرذان: کہا جاتا ہے "تفرقت جرذان بیته" اس کے گھر میں چوہے قلابازی کھا رہے ہیں۔
ارض (جَرِذة): بہت چوہوں والی زمین۔
المُجرَّذ: آزمودہ کار۔
الاجرذ: وہ شخص جو چلنے میں قدم کا اگلا حصہ قریب قریب رکھے اور ایڑی دور دور۔
امّ جِرذان: ایک قسم کی کھجور۔
جَرَزَ (ن) جَرزًا: کاٹنا۔ جڑ سے اکھیڑنا ..... ہ الزمانُ: ہلاک کرنا ..... ہ بالشتم: گالی دینا۔ کہا جاتا ہے "جرزما علی المائدة" دسترخوان کا سب کچھ صاف کر گیا۔
جَرُزَ (ک) جَرازةً: پیٹو ہونا۔
جَرِزَت (س) جَرَزًا. الارضُ: بنجر ہونا۔ صفت (جارزة) ج جوارز.
جارزه جرازًا ومُجارزةً: گالی کے مشابہ خوش طبعی کرنا۔
اَجرَزَ. البعیرُ: لاغر ہونا ..... المکانُ: قحط زدہ ہونا۔ صفت (مجراز)
تجارزَ. القومُ: باہم گالی گلوچ کرنا۔
الارض (الجَرز والجَرَز والجُرُز): بنجر زمین۔ زمین جس کی گھاس چر لی گئی ہو۔ ج اجراز: کہا جاتا ہے "ارضٌ جرزٌ وارضٌ اجرازٌ وارضون اجراز".
الجُرز: عورتوں کا ایک لباس۔
الـجُـرز: لوہے یا چاندی کا ستون۔ ج اجراز وجرزة: کہا جاتا ہے "طوت الحیة اجرازها" سانپ کنڈلی مار کے بیٹھ گیا۔ "وطوی فلانٌ اجرازه" فلاں نے سستی کی۔
الـجرز: خشک سال۔ جسم۔ انسان کا سینہ۔ اونٹ کی پیٹھ کا گوشت۔
الجَرزه: ہلاکت۔ کہا جاتا ہے "رماهُ اللهُ بجرزة" اللہ اس کو ہلاک کرے۔
الجُرزة: گٹھا۔ بنڈل۔ ج جُرز.

الجُراز: شمشیر براں۔
الـجَـروز: بہت کھانے والا جو دسترخوان کو صاف کر دے۔
المَجروز. من الامکنة: نبات بریدہ جگہ۔
الجَرزَم: بے سالن کی خشک روٹی۔
جَرَسَ (ض) جَرسًا: بولنا۔ آواز سنانا ..... الکلامَ: ترنم سے پڑھنا ..... الشیَ: زبان سے چاٹنا۔
اَجرَسَ: الطائرُ: اڑنے میں سرسراہٹ کی آواز سنائی دینا ..... الحادی: حدی گانا .....
الجرسَ: بجانا (..... والـجرس) الحلیُ: جھنکار ہونا۔ بجنا۔
جَرَّسَهُ. الدهرُ: تجربہ کار بنانا۔ جرّس بهم: بدنام کرنا۔
تَجرّسَ: بولنا۔ گفتگو کرنا۔ نغمہ سرائی کرنا۔
اِجترَسَ. المالَ: کمانا۔
الـجَرس والجِرس: آواز۔ آہستہ آواز۔
الجرس: اصل۔ کہا جاتا ہے "هو من خیر جِرسٍ" وہ شریف خاندان سے ہے۔ ج اجراس.
الـجَـرَس: گھنٹہ۔ گھڑیال۔ ج اجـراس.
ذات الاجـراس: ایک قسم کا سانپ جس کی آواز گھنٹہ کی مانند ہوتی ہے۔
الـجـارِسة: گھاس کھانے والا کیڑا۔ ج جوارِس.
الجوارس: شہد کی مکھیاں۔
الجُرُسة: آزمودہ کاری۔
الـمُـجرَّس: تجربہ کار۔ کہا جاتا ہے "ناقة مجرّسة" سدھائی ہوئی اونٹنی۔
جُـرایـسٌ: سفید یا بنفشی پھولوں والا پودا زیادہ تر آرائش وزیبائش کے لیے اگایا جاتا ہے۔
جَرَشَ (ن) جَرشًا. الحبَّ والقمحَ: دلنا۔ (..... وجرّشَ) الراسَ: کھجلا کر بھوسی نکالنا۔
اِجتَرشَ. لعیاله: کمائی کرنا ..... الشیَ: اُچک لینا۔

الـجاروش والـجاروشة: غلہ دلنے کی چکی۔ ج جَواریش.
الجَرْش: مص۔ سانپ کے کینچلی سے نکلنے کی آواز۔
والـجرش والـجُـرش والجُرشی. من الـلـیـل: رات کا ایک حصہ۔ کہا جاتا ہے "مضی جرش من اللیل" رات کا ایک حصہ گزر گیا۔ ج اجراش وجُروش.
جُراشة. الحبّ: دلا ہوا غلہ۔ سر کی بھوسی۔
الجَوارش: جوارش۔ (دوا)
الجَریش والمَجروش: دلا ہوا۔
جَرِضَ (س) جَرَضًا. بریقه: فکر یا غم کی وجہ سے مشکل سے تھوک نگلنا ..... ریقه: یکبارگی نگل لینا۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ یجرض علیک ریقه غیظًا" یعنی فلاں تمہارے اوپر دانت پیس رہا ہے۔
جَرَضه (ن) جَرضًا: گلا گھونٹنا۔ کہا جاتا ہے "هو یجرض نفسه" وہ مرنے والا ہے۔
اَجرَضَه. بریقه: اچھو لگوانا۔
الجَرَض والجَریض: تھوک جس سے پھندا لگ جائے اور اسی سے مثل ہے "حال الجریضُ دون القریض" شعر کہنے سے شدید غم نے روک دیا۔
الـجَریض: غمگین۔ ج جَرضی اور کہا جاتا ہے "فلت فلانٌ جریضًا" فلاں مرنے ہی والا ہے۔
الجِرواض والجِریاض والجِرْآض: بہت غمگین۔
الـجُرضُم والجُراضم والجِرَضَمُّ: بہت کھانے والا۔ ناقة (جُرضم وجِرضَمّ): موٹی تازی اونٹنی۔
جَرَعَ (ف) جَرعًا وجَرِعَ (س) جَرَعًا واجترع اجتراعًا. الماءَ: یکبارگی پی لینا۔
جَرَّعَه. الماءَ: ایک ایک گھونٹ کر کے پلانا۔
تجرَّعَ. الماءَ: تھوڑا تھوڑا پینا ..... الغیظَ: غصہ پی جانا۔

أَجْرَعَتْ. النَّاقَةُ: کم دودھ والی ہونا۔ صفت (مُجْرِع) ج مَجَارِع ومَجَارِيْع)

الجُرْعَة و الجَرْعَة و الجُرْعَة: گھونٹ۔

الجُرْعَة ج جَرَع وجِرْعَان و (الجَرْعَاء) ج جَرْعَاوَاتٌ و (الأَجْرَع) ج أَجَارِع: ہموار ریتلا میدان جس میں کچھ نہ اُگے۔

جَرَفَ (ف) جَرْفًا وجَرَفًا وتَجْرَافًا واجْتَرَفَ. الشَّیْءَ: کل یا اکثر حصہ کو لے جانا۔ ......الطينَ: کھرچ لے جانا۔

أَجْرَفَ: الرَّاعِي إِبِلَهُ: اونٹ چرانا۔

أَلْجُرَف: چارہ

أَجْرَفَ. المکانُ: سیلاب زدہ ہونا۔

الجَرْف: مص۔ بہت مال (مویشی چاندی سونا وغیرہ۔ سرسبزی۔ وہ داغ جو اونٹ کی ران یا بدن پر لگایا جاتا ہے۔

الجُرُف ج جِرَفَة و (الجُرْف) ج أَجْرَاف: دریا کے کنارے کا وہ حصہ جس کو پانی نے کھوکھلا کر دیا ہو اور اسی سے ہے "فلان يَبْنِي على جُرُفِ هارٍ لا يَدْرِي ما لَيْلٌ مِنْ نَهَارٍ" فلاں دریا کے گرتے ہوئے کنارے پر گھر بناتا ہے اور اسے لیل ونہار کی تمیز نہیں۔

المُجْرَف. من السيل: تمام چیزوں کو بہالے جانے والا سیلاب اور کہا جاتا ہے "رجلٌ جُرافٌ" تمام کھانا کھاجانے والا مرد۔

(...... والمِجْرَاب): ایک قسم کا پیمانہ۔

الجَارِف. فا۔ طاعون۔ عام تباہ کن موت (چاہے انسان کی ہو یا مویشی کی)

الجَارُوف: بہت کھانے والا۔ تیز بہالے جانے والا۔ منحوس۔ مؤنث جَارُوفَة.

الجُرَّاف: بہت تیز بہالے جانے والا۔

المَجْرُوف و المُجْتَرَف: وہ شخص جس کا تمام مال برباد ہو گیا ہو۔

المِجْرَف والمِجْرَفَة: بیلچہ۔ پھاوڑہ۔

جَرْفَشَ: پچھاڑنا۔ ......الشیءَ: بہت حرص سے کھانا۔

جَرِلَ (س) جَرَلاً. المکانُ: سخت اور پتھریلی ہونا۔

الجَرَل: سخت اور پتھریلی زمین ج أَجْرَال.

الجَرْوَل: پتھریلی زمین۔ ج جَرَاوِل.

الجِرْيَال والجِرْيَالَة: شراب یا اس کا رنگ۔

جَرَمَ (ض) جَرْمًا. الشیءَ: کاٹنا۔ پورا کرنا ......الناقةَ: اُون کترنا (...... جَرْمًا وجَرَامًا وجِرَامًا) النخلَ: کھجوریں کاٹنا۔

إِحْتَفَلَ۔ القومُ: جمع ہونا...... المَجْلِسُ بالنّاس: بھرنا...... الوادی بالسَّيْل: لبالب بھرنا...... الطريقُ: واضح ہونا...... الشئُ: روشن ہونا...... بالامر: اچھی طرح انتظام کرنا...... فی الامر: مبالغہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "مااحْتَفَل بِه" اس نے اس کی پروا نہیں کی۔

الحَافِل: فا۔ ضَرْعٌ حافِلٌ: بھرا ہوا تھن۔ وَادٍ حافِلٌ: سیلاب سے بھری ہوئی وادی۔ جَمْعٌ حَافِلٌ: بڑی جماعت۔ ناقَةٌ او شاةٌ حَافِلٌ: بہت دودھ والی اونٹنی یا بکری۔ ج حُفَّلٌ وحَوافِلُ۔

الحَافِلَة۔ الحَافِل: کا مؤنث۔ دارٌ حافِلَةٌ: ہرا بھرا گھر۔ سُوْقٌ حافلة: بھرا ہوا بازار۔

الحَفْل: مص۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "عنده حَفْلٌ مِنَ النَّاسِ": اس کے پاس لوگوں کی جماعت ہے۔ جمع حَفْل: بڑی جماعت۔

الحَفِيْل: بہت۔ جیسے جمع "حَفِيْلٌ" بہت جماعت "مَكَانٌ حَفِيْلٌ": بھری ہوئی جگہ۔ "رَجُلٌ حَفِيْلٌ": ہر چیز میں مبالغہ کرنے والا۔

الحَفُوْل: خوبصورت عورت۔ ج حفائل۔

الحُفَال: بڑی جماعت۔ جمع شدہ بہت دودھ۔ ردی کھجور۔

الحُفَالَة: ہر گھٹیا چیز۔ فرومایہ لوگ۔ حُفالة الطعام: کھانے میں سے جو نکلے اور پھینک دیا جائے۔ حُفَالَةُ اللبَن: جھاگ۔

الحَفْلَة۔ اسم المرّة اور کہا جاتا ہے "اخذ للامر حَفْلَته": اس نے معاملہ میں کوشش کی۔ وَجَاءُوا بِحَفْلَتِهِم وبِحَفِيْلَتِهِم" وہ سب کے سب آئے۔

الحَفَلٰی: عام دعوت۔

المَحْفِل: مجلس۔ ج مَحَافِل (والمحتفل) جمع ہونے کی جگہ۔ مُحْتَفَلُ الامْرِ: معاملہ کا بڑا حصہ۔

الحَفَلَّق: کمزور۔ بے وقوف۔

حَفَنَ (ن) حَفْنًا۔ الشئَ: لپ بھر لینا...... لَهُ: لپ بھر دینا۔

إِحْتَفَنَ۔ الشجرة: جڑ سے اُکھیڑنا۔ الشئَ لنفسه: لینا...... من الشئِ: بہت لینا...... الرجلَ: دونوں ہاتھ زانو کے نیچے ڈال کر اُٹھانا۔

الحَفْنَة والحُفْنَة: لپ بھر۔ والحُفْنَةُ: گڑھا۔ ج حُفَن۔

حَفَا (ن) حَفْوًا۔ فلانًا: دینا۔ حَفَاه من الشئِ: روکنا۔ منع کرنا۔ حَفَاهُ اللّٰهُ بِه: عزت دینا۔ حَفَا البَرقُ: آہستہ آہستہ بادل کے اطراف میں چمکنا...... شَارِبَه: خوب اچھی طرح مونڈنا۔

حَفِيَ (س) حَفًا: زیادہ چلنے سے پاؤں گھسنا۔ ننگے پاؤں چلنا۔ صفت (حفٍ وحَافٍ) ج حُفَاة...... الفرسُ: گھسے ہوئے کھر والا ہونا...... حِفَاوَة وحَفَاوَة وحِفَايَة وتَحْفَايَة واحتفٰی بِهِ: عزت و اکرام کرنے میں مبالغہ کرنا۔ کسی کے ساتھ خوشی ظاہر کرنے میں مبالغہ کرنا۔ حَفِيَ عنه: حالت بہت پوچھنا۔

حَافَاه۔ مُحَافَاة: گفتگو کرنے میں جھگڑا کرنا۔

أَحْفٰی إِحْفَاءً: گھسے ہوئے کھر والے جانور کا مالک ہونا...... السُّؤالَ: بار بار دہرانا......ہ:

اصرار کرنا۔ خبر کی تفتیش پر برانگیختہ کرنا ......
الیہ فِی الوَصِیَۃ : مبالغہ کرنا ...... بہ: عیب
لگانا ...... شارِبَہ : کترنے میں مبالغہ کرنا۔
تَحَفّیَ. فی الشّئِ : کوشش کرنا ...... لہٗ: بہت
اکرام کرنا۔
تحافیا. الی السُّلطان : فیصلہ کے لئے
جانا۔
اِحْتفیٰ : ننگے پاؤں چلنا۔ جوتا اُتارنا ......
البقلَ : چھوٹی ہونے کی وجہ سے انگلیوں سے
اُکھیڑنا ...... القوم المرعیٰ : چراگاہ میں کچھ
نہ چھوڑنا۔
اِستحفیٰ. ہ عن کذا : کسی شخص سے کسی چیز
کے متعلق مبالغہ سے دریافت کرنا۔
الحَفاء : کھر یا پاؤں کی گھسائی۔
الحَفایَۃ و الحُفوَۃ و الحِفیَۃ : بمعنی الحَفاء.
الحَفِیُّ : کسی چیز کے متعلق پوری طرح علم
رکھنے والا۔ عزت و اکرام و اظہار خوشی میں
مبالغہ کرنے والا۔ کسی شخص کے حالات کے
متعلق بہت سوال کرنے والا۔ سوال کرنے
میں بہت اصرار کرنے والا۔ ج حُفواء.
حَقَّہٗ (ن) حقًّا : حق میں غالب ہونا۔
حق الامرَ : ثابت کرنا ...... الخبرَ : حقیقت
پر مطلع ہونا ...... العقدۃَ : باندھنا ...... الرجلَ :
وسط سر یا مونڈھے کے گڑھے پر مارنا ......
الطریقَ : وسط راستہ چلنا۔
حَقّ (ض) حقًّا. علیہ ان یفعل کذا :
واجب ہونا۔ کہا جاتا ہے "حَقَّ لک ان تفعل
کذا و حَقِقتَ اَن تفعلَ کذا" یعنی اس کا کرنا
تمہارے لائق ہے اور تم اس کے کرنے کے لائق
ہو۔
حَقّ (ن ض) حقًّا و حقّۃً. الامرُ : ثابت و
واجب ہونا ...... الحاجۃ : سخت پیش آنا۔
حَقِّ (س) حَقَقًا. الفرسُ : دوڑنے میں
اگلی ٹانگوں کی جگہ پچھلے پاؤں رکھنا۔ صفت
(اَحَقُّ)
حَقَّقَہٗ : تاکید کرنا۔ واجب کرنا۔ حقق
القول او الظّن: تصدیق کرنا۔

حاقّہٗ مُحاقّۃً و حِقاقًا. فی الامر : جھگڑا
کرنا۔ اپنے حق دار ہونے کا دعویٰ کرنا۔ کہا
جاتا ہے "اِنّ لہٗ کذا و کذا لا یُحاقُّہ فیہ
اَحدٌ" یعنی اس کے لئے ایسا ہے اور ایسا ہے
کوئی اس بارے میں اس سے جھگڑا نہیں کر
سکتا۔
اَحَقَّ : حق کہنا۔ اَحَقَّہ : حق میں غالب آنا
اَحَقَّ الامرَ : ضروری و واجب ٹھہرانا۔ کہا جاتا
ہے "اَحَقَّ علیہ القضاءَ" یعنی قضاء کو اس
کے ذمہ واجب کیا۔ احقّ الرمیۃ : تیر
اندازی کے وقت ہی مار ڈالنا۔
تحقّق. الخبرُ : ثابت ہونا ...... الرجلُ
الامرَ : یقین کرنا۔
تَحاقّا : باہم جھگڑنا اور فیصلہ کے لئے جانا۔
اِنْحَقّ. الرباطُ : بندھ جانا۔
اِحتقّ. الفرسُ : دبلا ہونا۔ اِحتقّت الطعنۃُ
بہ : فوراً مار ڈالنا۔ احتقّ القومُ : ہر ایک کا یہ
کہنا کہ حق میرے پاس ہے۔
...... الناقۃُ : موٹی ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِحتقّہٗ
الی کذا" یعنی اسے مؤخر کیا اور اس پر تنگی
ڈالی۔
اِستحقّہٗ : ضروری و واجب ٹھہرانا۔ الدینُ :
ادائیگی کا وقت قریب آنا۔
الناقۃُ : موٹی ہونا ...... الرجلُ : مستحق سزا
ہونا۔
الحقُّ : مص۔ سچائی۔ راستی یقین۔
انصاف۔ ثابت شدہ حصہ۔ مال اور ملک۔
ہوشیاری۔ فیصل شدہ معاملہ۔ موت۔ ج
حقوق اور کہا جاتا ہے "ھو حق بکذا" وہ
اس کے لائق ہے "ولحقُّ لا آتیک" بغیر
تنوین کے یعنی قسم ہے حق اللہ کی میں تیرے
پاس نہیں آؤں گا۔ "وحقًّا لا آتیک"
تنوین کے ساتھ بغیر لام کے حقوق الدار۔ گھر
کے منافع۔
الحَقّۃ : مص۔ حق۔ یہ لفظ حق سے خاص ہے
اس وجہ سے کہ حصہ معینہ پر دلالت کرتا ہے۔
تم کہتے ہو "ھذہ حَقّتی" یہ میرا خاص حصہ
ہے۔ حقیقت امر۔ تم کہتے ہو "وقفتُ علی
حِقّۃِ ذٰلک الامرِ" میں اس امر کی حقیقت
پر مطلع ہو گیا۔ مصیبت۔
الحُقّ : مونڈھے کے سرے کا گڑھا۔ سُرین
کا سرا۔ بازو کا سرا۔ گول زمین۔ یا پست
زمین۔ مکڑی کا جالا۔ حُقُّ الطیب : خوشبو کی
ڈبیہ۔ ج حِقاق.
الحُقّۃ : چھوٹا برتن۔ مصیبت۔ عورت۔ ج
حُقٌّ و حُقَق و حِقاق.
الحِقّ. من الابل : چوتھے سال والا اونٹ نر
ہو یا مادہ اور یہ اس لئے کہ اب وہ بار برداری
کے قابل ہو گیا۔ اونٹنی جس کے دانت
بڑھاپے کی وجہ سے گر گئے ہوں۔
الحِقّۃ : حق و واجب۔
الحَقیق : لائق سزاوار کہا جاتا ہے "ھو حقیق
ان یفعل کذا" وہ فلاں کام کرنے کے لائق
ہے۔ "ھو حقیق بکذا" وہ اس کے لائق ہے۔
والحقیقُ علی الشّئِ : حریص۔ لالچی۔ ج
اَحِقّاء.
الحقیقۃ : وہ چیز جس کی حمایت واجب ہو کہا
جاتا ہے "ھو حامی الحقیقۃ" وھو مِن
حُماۃِ الحقائق" یعنی وہ اس چیز کی حفاظت
کرتا ہے جس کا دفاع اس کے ذمہ لازم
ہے۔
حق : وہ لفظ جو اپنے موضوع لہ میں مستعمل
ہو۔ حقیقۃُ الشّئِ : چیز کا منتہیٰ اور اصل۔ ج
حقائق.
الحاقّ : فا۔ وسط۔ کہا جاتا ہے "سقط علی
حاقِّ رأسہ" اس کے وسط سر پر گرا۔ "وجئتہ
فی حاقّ الشتاء" میں اس کے پاس
جاڑے کے وسط میں آیا۔ و "رکب حاقّ
الطریق" وہ وسط راستہ پر چلا۔ کسی چیز میں
کامل۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ شجاع حاقّ
الشجاع" وہ شجاعت و بہادری میں کامل
ہے۔ و "اخذنی حاقّ الجوع" مجھے خالص
بھوک لگی۔
الحاقّۃ. الحاق : کا مؤنث۔ مصیبت۔

قیامت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رجلٌ حَاقَّةُ الرَّجُل" وہ مردانگی میں کامل ہے۔ "وهو شجاعٌ حاقّةَ الشُّجاع" وہ بہادری میں کامل ہے۔

الاَحَقُّ: اسم تفضیل۔ "هو اَحَقُّ مِنْ فُلاَن" کا مطلب یہ ہے کہ وہ فلاں سے زیادہ حق دار ہے اور کبھی بغیر شرکت کے صرف خصوصیت کے معنی کے لئے استعمال ہوتا ہے جیسے "زید احق بماله" زید اپنے مال کا حق دار ہے کسی دوسرے کا اس میں حق نہیں۔

المُحَقَّق: مفع۔ کلام مُحَقَّق: منظم کلام۔ ثوب محقق: مضبوط بنا ہوا کپڑا۔

المَحْقُوق: مفع۔ لائق۔ سزاوار۔ کہا جاتا ہے "هو محقوق بكذا" وہ اس کے لائق ہے۔ "هو محقوق ان يفعل كذا" وہ ایسا کرنے کے لائق ہے۔

الحَقَّانِي: حق کی جانب منسوب۔ جیسے ربانی رب کی جانب منسوب۔

حَقِبَ (س) حَقَبًا واَحْقَبَ. المطرُ: رکنا...... العامُ: بارش نہ ہونے سے خشک سالی ہونا...... المعدنُ: ختم ہونا...... نائلُ فلانٍ: کم اور منقطع ہونا...... الامرُ: خراب ہونا۔

اَحْقَبَهُ: پیچھے سوار کرنا۔

اِحْتَقَبَ. الاثم: مرتکب گناہ ہونا۔

زیدًا علی ناقتِه: پیچھے سوار کرنا (واسْتَحْقَبَ) الشئَ: ذخیرہ کرنا۔ کجاوہ یا پالان کے پیچھے باندھنا۔

الحُقُب ج حِقَاب و(الحُقْب) ج احقاب واَحْقُبٌ: اسی سال یا اس سے زائد کا عرصہ۔ زمانہ ایک سال یا بہت سے سال۔

الحَقَب: اُونٹ کا تنگ۔ وہ چیز جس کو عورت اپنی کمر پر باندھتی ہے اور اس میں زیور کو لٹکاتی ہے۔

الحِقْبَة: مدت۔ سال۔ ج حِقَب وحُقُوب.

الحُقْبَة: ہوا۔

الحِقَاب: عورت کے لئے کمر پر باندھ کر زیور لٹکانے کی چیز۔ ناخن کی جڑ کی سفیدی ج حُقُب.

الحَقِيبَة: وہ چیز جس کو سوار گھوڑے پر اپنے پیچھے رکھے۔ مسافر کے لئے خوراک وغیرہ کا بیگ یا تھیلا۔ ج حقائب.

الحَاقِب: وہ شخص جو پاخانہ روکے ہوئے ہو۔

الاَحْقَب: گورخر۔ مؤنث حَقْبَاء.

المُحْقَب: لومڑی۔

حَقَدَ (ض) حِقْدًا وحَقْدًا وحَقِيدَةً. وحَقِدَ (س) حَقَدًا وتَحَقَّدَ. عليه: کینہ رکھنا۔ صفت (حَاقِد) ج حَقَدَة. حَقِدَ المطرُ: رکنا...... المَعْدَنُ: کان کا ختم ہونا اور کچھ نہ ملنا...... الناقةُ: چربی سے بھر جانا۔

اَحْقَدَهُ: کینہ ور بنانا...... القومُ:...... کان میں تلاش کرنا اور کچھ نہ پانا۔

تَحَاقَدَ. القومُ: ایک دوسرے سے کینہ رکھنا۔

اِحْتَقَدَ. المطرُ: رکنا...... على فلانٍ: کینہ رکھنا۔

الحِقْدُ ج اَحْقَاد وحُقُود (الحَقِيدَة) ج حَقَائِد: کینہ۔

الحَقُود: بہت کینہ ور۔

حَقَرَ (ض) حَقْرًا وحَقْرِيَةً. ه: چھوٹا و ذلیل سمجھنا۔ حَقَرَ الشئُ والرَّجلُ: ذلیل ہونا۔ بے قدر ہونا۔

حَقِرَ (س) حَقَرًا وحَقُرَ (ک) حَقَارَةً: ذلیل ہونا۔ صفت (حَقِير وحَيْقَر وحَيْقُر)

حَقَّرَهُ: ذلیل کرنا۔

اَحْقَرَهُ واحْتَقَرَهُ واسْتَحْقَرَهُ: چھوٹا و ذلیل سمجھنا۔

تَحَاقَرَ: اپنے آپ کو ذلیل کرنا۔ کہا جاتا ہے "تحاقرتْ اِلَيْه نفسُه" یعنی ذلیل ہو گیا۔

الحَقَارَة والحِقَارة والحُقَارَة والمَحْقَرَة: ذلت و بے قدری۔ کہا جاتا ہے "هذا الامر مَحْقَرة لك" یہ امر تمہارے لئے باعث ذلت ہے۔

المُحَقَّرات: چھوٹے چھوٹے۔

الحَقْطَة: پست قد یا سبک جسم والی عورت۔

الحَيْقُط والحَيْقُطَان: تیتر اور بقول بعض نر تیتر۔ مؤنث الحَيْقُطَانَة.

حقفَ (ن) حُقُوفًا. الظبيُ: ہرن کا ریگ کے تودہ میں بیٹھنا یا سونے کی حالت میں مڑ کر ریگ کے تودہ کی مانند ہونا...... الشئُ: ٹیڑھا ہونا۔ صفت (حَاقِف)

اِحْقَوْقَفَ: لمبا و ٹیڑھا ہونا۔

الحِقْفُ: دراز و پیچیدہ تودۂ ریت۔ ج اَحْقَاف وحُقُوف وحِقَاف وحِقَفَة و ج حقائف.

المِحْقَف: وہ شخص جو نہ کھائے نہ پئے۔

حَقِلَ (س) حَقَلاً وحَقْلَةً. البعيرُ اوالفرسُ: مٹی کھانے سے درد شکم میں مبتلا ہونا۔

حَاقَلَهُ مُحَاقَلَةً: کھیتی کو خوشہ ہی میں بیچنا۔

اَحْقَلَتْ. الارضُ: قابلِ زراعت ہونا۔

اَحْقَلَ الزرعُ: پتے پھوٹنا...... الرجلُ في الركوب: سواری کی پیٹھ پر جم کر بیٹھنا۔

الحَقْلُ: عمدہ قابل کاشت زمین۔ کھیتی جب تک سبز رہے۔ ج حُقُول: واحد۔ حَقْلَة.

الحِقْل: ہودج (...... والحَقْلة) گھوڑے یا اُونٹ کے پیٹ میں مٹی کھانے کی وجہ سے درد۔

الحُقْلَة. مثلثة. الحاء: دودھ یا پانی کا بقیہ۔ ردی کھجور۔ کھجور کا بچا کچھا۔

الحَقْلَة: بالفتح: حوض کا باقی ماندہ صاف پانی۔

الحِقْلَة: بالكسر: پیالہ بھر سے کم۔

الحَاقِل. فا: کاشتکار۔

المَحْقَلة: کھیتی۔ ج مَحَاقِل.

الحَقِيلَة والحُقَال: ردی کھجور۔

الحَقِيمَان: کنپٹی کی طرف کے دونوں گوشہ چشم۔

حَقَنَه (ن ض) حَقْنًا: روک لینا اور اسی سے ہے "حَقَنَ بولَه" اس نے پیشاب کو روک

لیا۔ ...... دمه : گرانے سے بچانا...... ماء
وجهه : آبرو کی حفاظت کرنا...... اللبنَ :
مکھن نکالنے کے لئے مشکیزہ میں جمع کرنا
...... المریض : حقنہ سے علاج کرنا۔
اَحْقَنَ : مزیدار ہونے کے لئے مختلف قسم کے
دودھ جمع کرنا۔
اِحْتَقَنَ۔ المریض : پیشاب رکنا۔ حقنه:
استعمال کرنا...... الدمُ: بدن کے اندرونی
حصہ میں نیزہ مارنے سے خون جمع ہونا۔
الحُقْنَة : ہر دوا جو مریض کی مقعد سے پیٹ
صاف کرنے کیلئے چڑھائی جائے۔ ج حقن۔
الحَقْنَة: پیٹ کا درد۔ ج اَحْقَان۔
الحَاقِن : فا۔ پیشاب روکنے والا اور اسی
سے مثل ہے "لا رَاْیَ لِحَاقِنٍ" یعنی پیشاب
روکنے والے کی رائے کا اعتبار نہیں۔ اس
لئے کہ وہ اس وقت اپنے اختیار میں نہیں
ہوتا۔ یہ مثل مضطر کے لئے بولتے ہیں۔
الحاقِنَة۔ ہنسلی کی دونوں ہڈیوں کے درمیان
کا حصہ اور اسی سے مثل ہے "لالحقنّ
حواقنک بذواقنک" اس مثل کو تہدید
کے موقع پر بولتے ہیں۔
الحَقِین: روکا ہوا۔ کہا جاتا ہے "سَقَاهُ اللبن
الحقینَ" یعنی اس نے اس کو مشکیزہ میں جمع کیا ہوا
دودھ پلایا۔ ج حقنیٰ۔
المِحقَن والمِحقنة : حقنہ کی پچکاری
المَحقَن : وہ مشکیزہ جس میں دودھ جمع کیا
جائے۔
المِحقَان : پیشاب روکنے والا۔ عوام
المِحقَن : اور المحقان : کو پانی کی ٹینکی کے
لئے استعمال کرتے ہیں۔
حَقَاهُ (ن) حَقْوًا: کوکھ پر مارنا۔
حُقِیَ : درد کمر والا ہونا۔ گوشت کھانے سے
درد شکم والا ہونا۔ صفت (مَحْقُوّ ومَحْقِیّ)
تَحَقّی: درد کمر والا ہونا۔
الحَقْو : کوکھ۔ ازار۔ پہاڑ کا کنارہ۔ ج
حِقَاء واَحْقٍ واَحْقاء وحُقِیّ : کہا جاتا ہے
"لاذَ بِحَقْوَیْهِ" اس نے اس سے فریاد رسی
کی۔
الحِقَاء والحَقْوَة : ازار یا ازار باندھنے کی
جگہ۔ گوشت کھانے سے پیٹ کا درد۔
حَکّ (ن) حَکًّا۔ الشیئَ بالشیئ
او علیه: رگڑنا۔ گھسنا...... الشیئَ : چھلکا
اُتارنا۔
(...... واَحَکّ واحتکّ) الکلام فی
صدره : دل میں اثر کرنا اور کہا جاتا ہے
"ماحَکَّ فی صدری کذا" میرے دل
میں یہ بات نہیں اُتری۔
حَکّهٗ واَحَکّهٗ اِحکاکًا واحتکّهٗ
واستحکّهٗ راْسَه : کھجلانا۔ واحتک
بالشیئ : کسی چیز کے ساتھ لازم ہونا۔
حَاکّ مُحَاکّةً وحِکَاکًا۔ الرجلَ : برابری
کرنا۔ مقابلہ کرنا۔
تَحَکّک۔ به : درپے برائی ہونا امثلہ عرب
میں سے ہے "تحککت العقرب بالحیّة"
اس کے حق میں بولتے ہیں جو اپنے قوی سے
جھگڑا کرے۔
تَحَاکّا : ایک دوسرے کو کھجلانا۔ باہم مقابلہ
کرنا۔
الحِکّ : شک۔ (...... والحِکَاک)
خارشتی اُونٹ کے کھجلانے کے لئے درخت کا
تنہ۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ حِکُّ او حِکَاکُ
شرٍّ" فلاں شر کے اوپر غالب ہے وہ بہت
اس سے مقابلہ کرتا ہے۔
الحُکّ : جہاز رانوں کا قطب نما (مولدة)
الحُکّاکات: وسوسے۔ واحد (حُکّاکة)
الحُکّک : رخام کی مانند سفید پتھر۔
موڈھے ہلاتے ہوئے چلنے والی عورت کی
مانند رفتار۔
الحِکّکة : نرم پتھروں والی زمین۔
الحُکُک : برائی والے۔ حاجات کے
طلب کرنے میں اصرار کرنے والے۔ واحد
(حاکّ)
الحِکّة۔ حک کا اسم۔ خارش۔ کھجلی۔
حکة الانف: ایک قسم کی سوزش جو ناک میں
ٹھنڈی ہوا کے پہنچنے سے ہوتی ہے اور اسکا اثر
دماغ تک ہوتا ہے اور آنکھوں میں آنسو
آجاتے ہیں۔ شک۔
الحَاکّة : دانت۔ کہا جاتا ہے "مابَقِیَ فی
فِیهِ حَاکّةٌ" اس کے منہ میں دانت نہیں۔
الحُکَاک : سودا۔ ایک قسم کا مرض جس میں
کھجلی ہوتی ہے۔
الحُکَاکة : وہ جو کسی چیز کے رگڑنے سے
گرے۔
الاَحْکَاک : ہم کفو لوگ۔ کہا جاتا ہے
"لَسْتَ مِنْ اَحْکَاکِهِ" یعنی تو اس کے
مردوں میں سے نہیں۔
الاَحَکّ : دانتوں سے خالی منہ والا۔ ترشا
ہوا کھر۔
الحَکّاک : بہت رگڑنے والا۔ امتحان کے
لئے سونے کو رگڑنے والا۔
المِحَکّ : کسوٹی۔
المُحَکّک : مفع۔ الجذلُ المُحَکّک :
خارشتی اُونٹ کے کھجلانے کے لئے درخت کا
تنہ۔ کہا جاتا ہے "انا جُذَیلُها المُحَکّک
وعُذَیقُها المُرَجّب" یعنی میری رائے سے
شفا حاصل کی جاتی ہے جیسے اُونٹ تنہ سے شفا
حاصل کرتا ہے۔
حَکَأ (ف) حَکْأً واَحْکَأ واحتکأ۔
العقدة: باندھنا۔ اِحتَکَأتِ العقدةُ : سخت
ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِحتکأ الشیئُ فی
صدری" میرے دل میں جاگزیں ہوگیا۔
پس مجھے شک نہیں۔
الحُکَأة والحُکّاة : بڑا گرگٹ۔
حَکَرَهٗ (ض) حَکْرًا: گھٹانا۔ ظلم کرنا۔ بری
معاشرت اختیار کرنا۔ زندگی بسر کرنے میں
تنگی و مشقت ڈالنا۔
حَکِرَ (س) حَکَرًا: اصرار کرنا۔ صفت
(حَکِر) ...... بالامر : خودسر ہونا۔
حَاکَرَهٗ مُحَاکَرَةً : جھگڑا کرنا۔
تَحَکّرَ واحتکرَ۔ الشیئَ : مہنگا بیچنے کے لئے
روک رکھنا۔ وتحکّر علیه : افسوس کرنا۔

الحَكَر :مص ۔(والحُكَر)تھوڑا پانی یا
کھانا۔چھوٹا پیالہ۔
الحَكَر والحُكَر :گراں بیچنے کے لئے روکی
ہوئی چیز۔تھوڑا کھانا یا دودھ۔
الحُكرَةُ :غلہ کی بندش۔
الحاكُورَة :پائیں باغ۔(عامیہ)
حَكَشَ (ض) حَكْشًا. الرجلَ :سمٹنا۔
حَشِيشَةُ الدِّينَار :امریکہ اور یورپ میں
بکثرت پیدا ہونے والا پودہ جس کو شراب
بیر کی تیاری میں استعمال کرتے ہیں۔
......الشئَ :جمع کرنا......الرجلَ :ظلم کرنا۔
حَكَفَ (ض) حُكُوفًا. الرجلُ :کام میں
سست ہونا۔
حَكَلَ (ن) حَكْلاً و اَحْكَلَ و اِحْتَكَلَ.
الامرُ عليه: دشوار و مشتبہ ہونا۔
تَحَكَّلَ :جہالت سے اصرار کرنا۔
الحُكْل :وہ جس کی آواز سنائی نہ دے۔کہا
جاتا ہے"تَكَلَّمَ كَلامَ الحُكْل"اس نے
غیر مفہوم گفتگو کی۔
الحَكَل. في الفرس :گھوڑے کے ٹخنوں کا
ڈھیلا پن۔
الحُكْلَة :جہالت کی وجہ سے اصرار۔
حَكَمَ (ن) حَكْمًا: لوٹنا۔واپس ہونا۔کہا
جاتا ہے"احكمه فحكم" اس نے اس کو
واپس کیا اور وہ واپس ہو گیا......الفرسَ :
گھوڑے کے منہ میں حکمہ لگانا (دیکھئے لفظ
حکمہ)...... ہ عن كذا :منع کرنا۔باز
رکھنا۔
حَكُمَ (ک) حِكْمَةً: دانا ہونا۔
حَكَّمَهُ :حاکم بنانا۔حكمه في الامر :فیصلہ
کرنے کے لئے سپرد کرنا......عن كذا :
لوٹانا اور منع کرنا۔
حاكَمَهُ :جھگڑا کرنا۔حاكمه الى الحاكم:
جھگڑے کو حاکم کے سامنے لے جانا۔
اَحْكَمَ. الشئَ :مضبوطی سے کرنا۔اَحْكَمَتْهُ
التجاربُ: دانا و عقلمند بنا دینا۔اَحْكَمَ
السفيهَ :کسی بُرے کام کے کرنے سے ہاتھ

پکڑ لینا یا بُرے انجام کو جتا دینا......ہ عن
الامر :رد کرنا' منع کرنا......الفرسَ:
گھوڑے کے منہ میں حکمہ لگانا۔
(دیکھئے الحکمہ)
تَحَكَّمَ. في الامر :بغیر وجہ ظاہر ہوئے اپنی
رائے سے فیصلہ کرنا۔حکم جاری کرنا۔خواہش
کے مطابق تصرف کرنا۔
اِحْتَكَمَ. في الامر :پنچ منظور کرنا......
الناس الى الحاكم :مقدمہ لے جانا......
على فلان :ارادہ کے موافق طلب کرنا......
في الشئ :خواہش کے مطابق تصرف کرنا
......الامرُ: مضبوط ہونا۔
تَحَاكَمُوا. الى الحاكم :مقدمہ لے جانا۔
اِسْتَحْكَمَ. الامرُ: مضبوط ہونا......عليه
الكلامُ: مشتبہ ہونا۔
الحُكْم :مص ۔فیصلہ۔ج اَحْكام.
الحَكَم :حکم جاری کرنے والا۔حاکم۔فیصلہ
کرنے والا۔سرپنچ (مفرد و جمع دونوں کے
لئے مستعمل ہے)رجلٌ حَكَمٌ :عمر رسیدہ
مرد۔
الحِكْمَة :انصاف۔علم۔بردباری۔فلسفہ۔
حق کے موافق گفتگو۔کام کی درستی۔ج
حِكَم.
الحَكَمَة :لگام کا وہ حصہ جو گھوڑے کے
دونوں جبڑوں کی جانب ہو......من
الانسان :چہرے کے سامنے کا حصہ۔قدر
و منزلت۔
الحُكُومَة :مص ۔گورنمنٹ۔
الحاكِم :قاضی۔حکم نافذ کرنے والا۔ج
حُكَّام و حَاكِمُون.
الحَكِيم :دانا۔عالم۔ج حُكَمَاء: مؤنث
حَكِيمَة. قصيدة حكيمة :دانائی آمیز
قصیدہ۔الحكيم :اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنٰی
میں سے ہے۔
الأُحْكُومَة. تحكم في الامر :کا اسم۔
المَحْكَمَة :کچہری۔ج مَحَاكِم.
المُحَكَّم :مقع آزمودہ(......سو المُحَكِّم)

اپنے نفس کے ساتھ انصاف کرنے والا۔
حَكَى (ض) حِكَايَةً. عنه الكلامَ :نقل
کرنا......الخبرَ: بیان کرنا......فلانًا: مشابہ
ہونا......الشئَ :مشابہ بنانا۔حكى عليه :
چغل خوری کرنا......العقيدةَ: باندھنا۔
اَحْكَى اِحْكَاءً. العقدةَ: باندھنا۔
حَاكَى مُحَاكَاةً. ہ :مشابہ ہونا۔
اِحْتَكَى اِحْتِكَاءً. الامرُ: مضبوط ہونا۔
الحَكِيُّ :چغل خور۔(مذکر و مؤنث)
حَلَّ (ن) حَلًّا. العقدةَ :کھولنا۔
اِنْحَلَّتِ. العقدةُ: کھل جانا۔
حَلَّ (ن ض) حُلُولاً. عليه امرُ الله.
واجب ہونا۔
حَلَّ (ن ض) حَلًّا و حَلَلاً و حُلُولاً
المكان و بالمكان: نازل ہونا......به في
المكان :اُتارنا۔
حَلَّ (ض) حَلًّا. الشئُ :حلال ہونا۔
...... الدينُ: ادائیگی کا وقت پہنچنا۔
اليمينُ :قسم پوری ہونا......الرجلُ: احرام
سے نکلنا۔
حُلَّ. الجامدُ :پگھلایا جانا......المكانُ:
آباد ہونا۔
حَلَّ (س) حَلَلاً :پاؤں یا ٹخنے میں ڈھیلا
پن ہونا۔صفت (اَحَلّ) ج حُلّ.
حَلَّلَ تَحْلِيلاً و تَحِلَّةً و تَحِلًّا. الشئَ
حلال ٹھہرانا......اليمينَ: کفارہ ادا کرنا۔
حَلَّلَهُ بالمكان :اُتارنا۔
تَحْلِيلُ الكَهْرَبائِي :مرکب اجسام کو بجلی
والی لہروں کے ساتھ ان کے عناصر کی طرف
لوٹانا۔جیسے پانی کو آکسیجن اور ہائیڈروجن کی
طرف لوٹانا۔
اَحَلَّ اِحْلاَلاً :عہد و میثاق سے آزاد ہونا
......المُحْرِم :احرام سے نکل جانا۔اشہر حرم
کے علاوہ مہینوں میں داخل ہونا......بنفسه :
مستحق سزا ہونا۔اَحَلَّهُ بالمكان او المكان:
اتارنا......الشئَ: حلال کرنا......عليه
الامرَ :واجب کرنا......الناقةُ على ولدها :

دودھ جاری ہونا۔
اِنْحَلَّ: کُھل جانا۔
تَحَلَّلَ. فی یمینہ :شرطیہ قسم کھانا۔ جیسے واللہ لافعلن ذلک ان شاء اللّٰہ یا الا ان یکون کذا ...... من یمینہ: کفارہ ادا کرکے آزاد ہوجانا۔ تحللہ: حلال کردینے کو چاہنا۔
اِحْتَلَّ. المکان وبالمکان :اُترنا اور ایسا ہی کہا جاتا ہے "اِحْتَلَّ القومَ وبالقوم" وہ قوم کے پاس اُترا۔
اِسْتَحَلَّ. الشیٔ: حلال سمجھنا یا حلال کرلینا۔
اِسْتَحَلَّہُ الشیٔ: حلال ٹھہرانے کی اجازت چاہنا۔
الحَالُّ: فا۔ ج حُلَّل وحُلُوْل وحُلّال. و(الحَلّال) حَالٌّ: کا اسم مبالغہ۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ حَلّالٌ لِلعُقَدِ کافٍ لِلمُهِمّات" فلاں گرہوں کا بڑا کھولنے والا اور مشکلات کے لئے کافی ہے۔
الحَلُّ: تل کا تیل۔
الحِلُّ: مص۔ حلال مکہ مکرمہ کے اردگرد حرم محترم کے علاوہ جگہ۔ کسی جگہ میں اُترنے والا۔ جیسے "مازلتُ حِلاً بھذا البلد" میں ہمیشہ اس شہر میں اُترنے والا ہوں۔
والاشھرُ الحِلُّ: اشہرحرم کے علاوہ مہینے۔
الحِلُّ: نشانہ۔ جس پر تیراندازی کی جائے۔ قسم سے بری ہونا۔
اَلحُلُوْلُ: اس سے مراد دو جسموں کا اس طرح متحد ہونا کہ ان میں سے ایک کی طرف اشارہ دوسرے کی طرف اشارہ ہوگیا۔ اسی سے مذہب حلول ہے۔ اس مذہب والوں کا عقیدۂ فاسدہ ہے کہ اللہ عزوجل ہر شے میں حلول کرگیا ہے اس لیے ہر شے پر اللہ کا اطلاق ہوسکتا ہے۔
حُلُوْلُ جِزَی: اجسام کا حلول مقامات میں۔
حُلُوْل وَصْفی: سیاہی کا حلول جسم میں۔
حُلُوْل سِرْیَانِی: صورت کا حلول ہیولی میں یا اعراض نفسانیہ کا حلول نفس میں۔
حلول ابعواری: دو جسموں میں سے ایک دوسرے کی طرف ہو جیسے پانی آبخورے میں۔ حلولیہ فرقۃ: صوفیاء کرام کا ایک فرقہ جو کہ مذہب حلول کے قائل ہیں۔
الحِلُّ والحُلُّ: احرام سے نکلنے کا وقت۔ کہا جاتا ہے "فعلہ فی حُلِّہ وحُرْمِہ" اس نے اس کو احرام میں اور احرام سے نکلنے کے وقت کیا۔
الحَلَّۃ: حلول کا اسم مرہ۔ نرکل کا بنا ہوا بڑا ٹوکرا۔ (ہ...... والحِلَّۃ) اُترنے کی جگہ۔ مجلس۔ جمع ہونے کی جگہ۔ ......من الشیٔ: جہت و جانب۔ ج حِلَل وحِلال اور کہا جاتا ہے "فیہ حَلَّۃ اَوْحِلَّۃ" اس میں کمزوری ہے۔ الحِلَّۃ: اترنے کی ہیئت۔ نازل ہونے والی قوم جو بہت زیادہ ہو۔ کہا جاتا ہے "حِیٌّ حِلالٌ" اترنے والا قبیلہ جن کے اندر بہت کثرت ہے۔
الحُلَّۃ: نیا کپڑا۔ کپڑوں کا جوڑا۔ ہتھیار۔ کہا جاتا ہے "لَبِسَ المحاربُ حُلَّتَہ وبَزَّتَہ" جنگ کرنے والے نے اپنا لباس اور ہتھیار استعمال کیا۔ ج حُلَل وحِلال.
الحَلالَۃ: چرخہ (مولدۃ)
الحَلال: ضد حرام۔ احرام سے نکلنے والا۔
والسحر الحَلالُ: تعجب انگیز امور جن سے عقل حیران ہوجائے۔ الحلو الحلال: کلام جس میں شک نہ ہو۔
الحِلال: ضد حرام۔ کجاوہ کا سامان۔ عورتوں کی ایک سواری۔
الحَلِیْل: حلال۔ شوہر (...... والحَلِیْلَۃ) بیوی۔ الحلیل: گھر میں ایک ساتھ رہنے والا۔ ج اَحِلاّء مؤنث حَلِیْل وحَلِیْلَۃ ج حَلائِل.
الاِحْلال: افعال حج سے فراغت۔
الاِحْلِیْل: پیشاب نکلنے کا سوراخ۔ پستان میں دودھ نکلنے کا سوراخ۔ ج اَحالِیل.
التَّحِلَّۃ: قسم کا کفارہ یا قسم میں استثناء۔
التَّحْلِیْل: بمعنی الاحلیل۔
المَحَلُّ: اُترنا۔ اُترنے کی جگہ۔ ج مَحَالٌّ.
مَحِلُّ. الدَّیْن: ادائیگی قرض کا وقت۔
المُحِلُّ. فا. رجل مُحِلٌّ: حرم کی پردہ دری کرنے والا۔
المَحَلَّۃ: اُترنے کی جگہ۔ (المُحِلّتان) ہانڈی۔
المُحَلَّل: مفع۔ ماء مُحَلَّل: اُونٹوں کے اُترنے سے گدلا پانی۔ مکان مُحَلَّل: وہ جگہ جہاں کثرت سے لوگ اُتریں۔ روضۃ او مکان مِحلال: باغ یا مکان جہاں کثرت سے لوگ اتریں۔
حَلاَہ (ف) حَلْأ. بالسیف: تلوار سے مارنا...... ہ بالسوط: کوڑے سے مارنا...... بہ الارضَ: پچھاڑ دینا۔ حَلاَءُ الشیٔ: دینا۔
حَلا الجلدَ: کھال اُتارنا (حَلاہ واَحْلاہ) کسی کو سرمہ یا انجن لگانا۔ حَلاَءَہُ حَلْوءاً: کسی کے لئے سرمہ یا انجن رگڑنا۔
حَلِیَٔ (س) حَلاً. الادیمُ: کھال اُتارتے ہوئے چھری لگ کر خراب ہونا۔ حَلِیَٔتِ الشفۃُ: ہونٹ پر چھالہ پڑجانا۔
حَلاَءَہُ تَحْلِیْئاً وتَحْلِئَۃ. عن الماء: دھتکارنا۔ پانی پر اترنے سے روکنا...... ہ الشیٔ: دینا۔
الحُلُوْء والحُلاءَۃ: سرمہ۔ چمڑے پر کی جھلی جس کو دباغ اُتارتا ہے۔ ہر وہ چیز جس کو رگڑ کر آنکھ میں لگایا جائے۔
الحَلا والتِحْلِیء والتِحْلِئَۃ: چمڑے کے بال۔ یا چمڑے کا میل وسیاہی۔ التحلیء: چھری لگا ہوا چمڑہ۔ الحَلاء: بخار کے بعد ہونٹوں پر بننے والا چھالہ۔
الحَالِئَۃ: بہت زہریلا سانپ۔
التِحْلِئَۃ: مص۔ بوجھل۔ کہا جاتا ہے "رَجلٌ تِحْلِئَۃ" بوجھل مرد۔
المِحْلَأ والمِحْلاۃ: چمڑا صاف کرنے کی چھری۔
حَلَبَ (ن ض) حَلْبًا وحَلَبًا وحِلابًا

الشاۃ: دوہنا۔ کہا جاتا ہے "حَلَبَ الدهرَ اَشطُرَہٗ" اس نے زمانے کے اُمور خیر وشر کو آزمایا (اشطر: اُونٹنی کے تھن کے پاکھ کو کہتے ہیں) و "حَلَبتُ بالساعد الاشد" جبکہ تم ایسے آدمی سے مدد لو جو تمہارے کام کو اچھی طرح انجام دے۔

"وَمَالَه حلبٌ ولاجَلَبٌ" اس کے لئے نہ اُونٹنیاں ہیں نہ اُونٹ۔ حَلَبَ الرجلُ: زانو کے بل بیٹھنا۔

حَلَّبْتُ واَحْلَبْتُ. الرجلَ: دوسرے کے لئے دوہنا۔ حَلَّبْتُہٗ واَحْلَبْتُہٗ ناقتی: دوہنے کے لئے دینا۔ حَلَبَ القومُ حَلَبًا وحُلُوبًا وَاَحْصَلَبُوا: ہر طرف سے مدد کے لئے جمع ہونا۔

حَلِبَ (س) حَلَبًا. الشعرُ: کالا ہونا۔

حَالَبَه: ساتھ مل کر دوھنا (...... واَحْلَبَه) مدد کرنا۔

تَحَلَّبَ وانْحَلَبَ. العرق اوالدمعُ: بہنا ...... عینُہ: آنسو بہانا ...... فمه: تھوک ٹپکانا۔

اِحْتَلَبَ واِسْتَحْلَبَ: دودھ نکالنا۔ اِحْتَلَبَ النَاقَةَ: دوھنا۔ اِسْتَحْلَبَ القومُ: مدد کے لئے جمع ہونا۔

الحَلَبُ: مص (...... والحَلِيبُ) دوھا ہوا دودھ۔ کہا جاتا ہے "شَرِبتُ حَلَبًا" میں نے تازہ دودھ پیا۔ کھجور کی شراب۔ حَلَبُ الكَرمِ وحَلَبُ العَصِيرِ: شراب۔ کہا جاتا ہے "ذاقوا حَلَبَ امرهم" یعنی انہوں نے اپنے کام کے وبال کا مزہ چکھا۔ و "دَمٌ حَلِيبٌ" تازہ خون۔ کہا جاتا ہے "نَاقَةٌ (حَلْبَى) رَكْبَى او (حَلْبَانَة) رَكْبَانَة" دودھ دینے والی اور سواری کے قابل اُونٹنی۔

الحَلْبَة: ایک بار دوھنا۔ ایک دفعہ کی گھوڑوں کی دوڑ۔ کہا جاتا ہے "هُوَيَركض فِي كُلِّ حَلْبَةٍ من حَلَبَاتِ المَجد" وہ مجدو بزرگی کی ہر دوڑ میں دوڑتا ہے۔ الحَلْبَة: گھوڑے جو دوڑانے کے لئے جمع کئے جائیں۔ ج حَلَبَات وحلائب.

الحَلَبَان: صبح شام۔ (چونکہ یہ دونوں اوقات دودھ دوہنے کے ہیں۔)

الحَلَب: ایک درخت جس کے دانے خوشبودار ہوتے ہیں۔

الحُلْبَة: میتھی۔ زچہ کی خوراک۔

الحُلْبَة: زچہ کی خوراک۔ بکریوں کا ایک حصہ جو ریوڑ سے علیحدہ ہو جائے۔

الحَالِب: فا۔ ج حَلَبَة.

الحَالِبَة: تھن کے اردگرد کی رگیں۔ ج حَوَالِب حَوَالِبُ البِئرِ: کوئیں کا سوت۔ حَوَالِبُ العَيْنِ: آنکھ کی وہ رگیں جن سے آنسو نکلتے ہیں۔

الحَالِبَان: دو رگوں کا نام جن سے پیشاب گردے سے مثانہ کی طرف آتا ہے۔

الحَلَاب: دودھ دوہنے کا برتن۔

الحَلَّاب: بہت دوہنے والا۔ "يَوْمٌ حَلَّابٌ" نمناک دن۔

الحَلُوب والحَلُوبَة. من الابل اوالغنم: دودھ دینے والی اُونٹنی یا بکری۔ دوہی ہوئی۔ ج حُلُب وحَلَائِب.

الحَلَائِب: جماعتیں۔ کسی شخص کے مددگار لوگ جو چچا کی اولاد سے ہوں۔

الحُلْبُوب: کالا رنگ۔ کہا جاتا ہے "اسودُ حلبوب" بہت کالا۔

الحِلِبْلاب: عشق پیچہ کی بیل۔

الحُلْبُ والحُلْبَان والحِلِبَّاب والحُلْبُوبُ: مختلف نباتات کے نام۔

شَاة (حَلَابَة وتُحُلُبَّة وتِحِلِبَة وتُحْلِبَة وتَحْلَبَة) حاملہ ہونے سے پہلے دودھ دینے والی بکری۔

المِحْلَب: دودھ دوہنے کا برتن۔ ج مَحَالِب.

المَحْلَب: دودھ دوہنے کی جگہ۔ ج مَحَالِب: ایک قسم کا درخت جس کے بیج سے خوشبو حاصل کی جاتی ہے۔

المُحْلِب: فا۔ کہا جاتا ہے "فلان مُحْلِبٌ مُحْلَبٌ" یعنی فلاں شخص کے اُونٹ بچے ہوئے جن میں سے وہ مادہ سے دودھ دوھتا ہے اور نر کو بیچنے کے لئے لے جاتا ہے۔

المُحْلِب: مددگار اور بقول بعض مددگار جو اپنی قوم کا نہ ہو۔

الحِلْيَد: چھوٹا اُونٹ۔ مؤنث حلبدة.

الحَلْبَس: بہادر۔

الحَلَبْلَس: بہادر۔ کسی شے کو لازم ہو کر رہنے والا۔ شیر۔

الحِلْبِيس: شیر۔

حَلَتَ (ض) حَلْتًا. الرأسَ: مونڈنا۔ ...... الصوف: نمک لگائے ہوئے چمڑے سے بال اُکھیڑنا ...... الدَّيْنَ: ادا کرنا۔

...... ظهر الخَيْلِ: چمٹ کے رہنا۔

بسِلْحِه: پاخانہ کرنا۔

الحُلَاتَة: اون کا اکھیڑتے وقت گرا ہوا۔

الاحْلَت: وہ جس کا بال یا اُون اُکھیڑ دیا گیا ہو۔

الحَلِيت: یخ، اولہ، پالا۔

الحَلِيت والحِلْتِيت: ہینگ۔

الحِلْتِيت: ہینگ۔

حَلَجَ (ن ض) حَلْجًا. الخبزةَ: بیلن سے بڑھانا اور گول کرنا ...... في المشي: آہستہ آہستہ چلنا، دوڑنے میں قدم کشادہ رکھنا ...... القومُ لَيْلَتَهُم: چلنا۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ القوم يَحْلِجُونَ لَيْلَتهم" قوم ساری رات چلتی رہی۔ حَلَجَ القُطْنَ: دھن کر بنولے نکالنا۔ صفت (حلاج) اور صفت مفعولی (حَلِيج ومَحْلُوج) ...... الحَبْلَ: بٹنا ...... الرجلَ بالعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔

تَحَلَّجَ. الحَلُوجُ: بادل کا چمکنا ...... في صدره: کھٹکنا۔

اِحْتَلَجَ. حَقَّه: لینا۔

الحَلْجَة والحَلَجَة: مسافت۔

الحِلَاجَة: رُوئی دھننے کا پیشہ۔

الحَلُوج: چمکنے والا بادل۔

الحُلُج: بہت کھانے والے۔

الحَلِيجَة: دودھ جس میں کھجور تر کی گئی ہو۔

ج حُلُج.

المحلج والمحلاج :روئی دھننے کا آلہ۔ بیلن۔ ج مَحالج و مَحالیج۔ المَحلج: لکڑی جس پر چرخی گھومتی ہے۔

المِحلَج والمِحلَجة :وہ چیز جس پر روئی دھنی جائے۔

حَلحَلَ الشیٔ :حرکت دینا۔ ہٹانا...... القومَ: قوم کو ان کی جگہ سے علیحدہ کر دینا۔

تَحلحَلَ عن مکانه :حرکت کرنا۔ دور ہونا۔ ہٹ جانا۔

الحُلاحِل :سردار۔ بہادر۔ کامل۔ ج حَلاحِل: (انہی معانی میں مُحلحَل ومُلَحلِج بھی ہیں۔)

حَلَزَ (ن) حَلزًا. الجلدَ او العُودَ : چھیلنا۔

تَحلَّزَ الشیٔ :باقی رہنا...... القلب :درد مند ہونا...... للامر: تیار ہونا...... بالمکان: اقامت کرنا۔

اِحتلزَ. منه حقه :لینا۔

الحِلّز: بخیل۔ بدخلق۔ پست قد۔ اُلو۔ ایک قسم کا غلہ۔ واحد (حِلّزة)

الحَلزُون :ایک قسم کا آبی جانور جو سیپی میں ہوتا ہے۔ سنکھ۔

الحَلزُونة. فی عرف الحدادین والنجارین: لوہاروں اور بڑھیوں کے عرف میں پیچ دار کیل کو کہتے ہیں۔ شکل اوخط (حلزونی) گھونگھے کی ہیئت کی شکل۔

حَلَسَ (ض) حَلسًا. البعیرَ :ٹاٹ سے ڈھانپنا...... الرجلُ بالشیٔ :بہت حریص ہونا...... السماءُ: لگاتار نرم برسنا۔

حَلِسَ (س) حَلَسًا وتَحَلَّسَ. بالمکان: کسی جگہ میں جم کے رہنا...... لِلامرِ: کسی کام کے لئے چکر لگانا۔ کہا جاتا ہے "ما تحلّسَ منه بشیٔ وما تحلّس شیئًا" اس نے اس میں سے کچھ نہیں پایا۔

اَحلَسَ. الرجلُ: مفلس ہونا...... فلانًا فی البیع :نقصان پہنچانا...... ہ: عہد و میثاق کرنا۔

اَحلَسَتِ السماءُ :لگاتار ہلکی بارش ہونا...... الارض :سرسبز ہونا۔ اَحلَسَه الخوفَ: خوف لازم کرنا۔

حَالَسَهٗ :لازم ہونا۔ حَالَسَ البعیرَ ٹاٹ سے ڈھانپنا۔

اَحلَسَّ :سرخ مائل بسیاہی ہونا۔ صفت (احلس) مؤنث (حَلساء)۔

اِستَحلَسَت. الارضُ :سرسبز ہونا۔...... النبتُ :زمین کو ڈھانپ لینا...... اللیلُ: سخت تاریک ہونا...... الخوفُ فلانًا: خوف کا لازم رہنا۔

الحِلس والحَلَس :ٹاٹ۔ زین یا کجاوہ کے نیچے بچھانے کا کپڑا۔ قیمتی فرش کے نیچے بچھانے کا کپڑا۔ ج اَحلاس وحُلُوس وحِلَسة. اَحلاسُ الخیل :گھوڑوں پر ہی سوار ہونے والے اور کہا جاتا ہے "فلان حلس بیته" فلاں ہمیشہ اپنے گھر ہی میں رہتا ہے اور یہ عربوں کے نزدیک قابلِ مذمت ہے۔ "وھو حِلسٌ من اَحلاسِ البلادِ" یعنی وہ صاحب عزت وقوت ہے (اور یہ قابل مدح ہے) و "کونوا اَحلاس بُیُوتِکم" تم ہمیشہ خانہ نشین رہو "ھذا لَیسَ مِن اَحلاسِ فلان" یہ فلان کا کفو نہیں ہے۔ و "رَفضتُ کذا ونقضتُ احلاسه" یعنی میں نے اسے چھوڑ دیا۔ الحِلس :عہد و پیمان۔ جوئے کا چوتھا تیر۔ سردار۔ بہادر۔ اُم حِلس: گدھی۔

الحَلَس :مص۔ عہد و پیمان۔

الحَلِس :بہادر۔ حریص جو اپنی جگہ سے جدا نہ ہو۔ سرخ سیاہی مائل۔

حَلَطَ (ن) حَلطًا :قسم کھانا...... فی الامر: اصرار کرنا اور جلدی کرنا۔ غضب ناک ہونا۔

حَلِطَ (س) حَلَطًا واحتَلَطَ. علیه: غضب ناک ہونا...... منه :زچ ہونا۔

اَحلَطَ :بمعنی حَلَط...... ہ :غضب ناک کرنا...... بالمکان :اقامت...... فی الیمین: کوشش کرنا۔

حَلَفَ (ض) حَلفًا وحِلفًا وحَلِفًا ومَحلُوفًا ومَحلُوفَةً ومَحلُوفاء. باللّٰه :قسم کھانا۔

اَحلَفَهٗ وحَلَّفَهٗ واستَحلَفَهٗ :قسم کھلانا۔

حَالَفَهٗ مُحالَفَةً :معاہدہ کرنا۔ حالف فلانا حزنهٗ :غم کا لازم ہونا۔

تَحالَفُوا :باہم عہد و پیمان کرنا۔

الحَلف والحِلف والاُحلُوفة :قسم۔

الحِلف :مص۔ عہد و پیمان۔ دوستی۔ دوست جو بے وفائی نہ کرنے کی قسم کھائے۔ ج اَحلاف کہا جاتا ہے "فلان حِلف کذا" یعنی فلاں اس سے جدا نہیں ہوتا۔

الحَلفاء :ایک بوٹی نوکیلی جیسے کھجور کی شاخ پانی بہنے کی جگہ اُگتی ہے۔ واحد حَلَفة وحَلِفاء.

الحَلفاء :بہت چیخنے والی لونڈی۔ ج حُلُف وحُلَف.

ارض (حَلِفَة ومَحلَفَة) حلفاء :گھاس والی زمین۔

الحُلافِیُّ :وہ جگہ جس میں حلفاء گھاس بہت اُگے۔

الحَلّاف والحَلّافة :بہت قسمیں کھانے والا۔

الحَلِیف :عہد و پیمان کرنے والا۔ لازم۔ ساتھی۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ حَلِیفُ الجُودِ" فلاں جود و بخشش کا حلیف ہے یعنی بڑا فیاض۔ "فلانٌ حَلِیفُ اللِسانِ" فلاں چرب زبان فصیح ہے۔ ج حُلَفاء.

المُحلِف :شک کی چیز جس کے ثابت کرنے کے لئے قسم کی ضرورت ہو۔ کہا جاتا ہے "ھٰذا غلامٌ مُحلِف" یہ ایسا لڑکا جس کے احتلام میں شک ہے۔

حَلَقَ (ض) حَلقًا وتَحلاقًا. الراسَ : مونڈنا۔

حَلَقَ (ن) حَلقًا. الرجلَ :حلق پر مارنا...... الحوضَ :بھرنا...... الشیٔ: چھیلنا۔ السَّنَةُ القومَ :مصیبت میں ڈالنا۔ صفت

(حَلْقَى)..... القومُ بَعْضُهُمْ بعضًا :ایک دوسرے کوقتل کرنا۔
حَلِقَ (س) حَلَقًا :حلق کے درد والا ہونا۔
حَلَّقَ. الراسَ :مونڈنا (تشدید کثرت کے لئے ہے)......الطائرُ: اُڑنے میں چکر لگانا ......القمرُ :ہالہ پڑنا......الشیُٔ: حلقہ کی مانند بنانا۔
......الاناءَ مِن الشراب :بھرنا۔
الحوضُ :خشک ہونا......عَیْنُ الحیوان : دھنس جانا......النجمُ :بلند ہونا......ضرعُ الناقة :دودھ کا خشک ہوجانا۔
اَحْلَقَ. الاناءَ اوالحوضَ :بھرنا۔
تَحَلَّقَ. القومُ :حلقہ بنا کر بیٹھنا......القمرُ: ہالہ پڑنا۔
اِحْتَلَقَ. الراسَ :مونڈنا۔
الحَلْق :مص۔گلا۔ج اَحْلاق و حُلُوق و حُلُق. حُلُوق. الارض: نالیاں۔ وادیاں۔کہاجاتا ہے "اَخَذُوا فِی حُلُوق الطَّرِیق" انہوں نے تنگ راستے اختیار کئے۔الحَلْقُ: بدبختی۔
الحَلْقَة :ہرگول چیز۔زرہ۔رسّی۔ج حَلَق و حَلَقَات. وحلقة القوم :قوم کا دائرہ...... کہاجاتا ہے "سَالَهٗ فِی حَلْقَتِهٖ" اس نے اس سے مانگا جبکہ وہ مانگنے والوں کے حلقہ میں تھا۔
حلقة الحوض :حوض کا بھرنا۔
حَلِقَةُ. الباب اوالقوم :دروازہ کا حلقہ یا قوم کا دائرہ۔
الحِلَق :بادشاہ کی انگوٹھی بغیر نگینہ کی انگوٹھی۔ بہت مویشی۔
الحَلِق :بے بال کا۔راسٌ حَلِقٌ :بے بال کا سر۔
الحَلاقِ و حَلاقِ :بروزن قطام مبنی علی الکسر معدول از حَالِقَة: موت۔
الحِلاق :گلا۔
الحُلاق والحَوْلَق :گلے کا درد۔
الحَلّاق :نائی حجام۔

الحُلاقَة :مونڈے ہوئے بال۔
الحِلاقَة :نائی کا پیشہ۔
الحالِق :فا۔ج حَلَقَة...... مِن الجبال: بلند پہاڑ جس میں پیداوار نہ ہو۔کہاجاتا ہے "جاءَ مِنْ حَالِق" وہ بلند جگہ سے آیا۔"هَوٰى مِن حَالِق" وہ اونچی جگہ سے گرا یعنی ہلاک ہو گیا۔"ضرع حالق" بھرا ہوا تھن۔پیٹ سے سٹا ہوا تھن (ضد) ج حُلّق و حَوَالِق.
الحَالِقَة. الحالق: کا مؤنث۔موت۔برا قول۔سخت سال۔ج حَوَالِق.
الحَالُوق :موت۔
الحَالُوقَة. مِنَ السیوف او الرجال : تیز۔
الحَوْلَق والحَيْلَق :بلا و مصیبت۔
الحَوْلَقَة "لا حول ولا قوة الا بالله" کہنا۔
الحَلِيق :مونڈا ہوا۔کہاجاتا ہے "شعر حليق ولحية حليق" مونڈا ہوا بال مونڈی ہوئی داڑھی۔ج حَلْقَى.
المِحْلَق: اُسترہ۔سخت کمبل۔
الحِلْقد :بدخو۔
حُلْقمه :گلا کاٹنا۔
الحُلْقُوم :گلا۔ج حَلاقِيم.
حَلِكَ (س) حُلُوكَةً و حَلَكًا و حُلُوكًا واحْلَوْلَكَ واسْتَحْلَكَ :سخت سیاہ ہونا۔ صفت (حَالِك و حَلِك)
الحَلَك والحُلْكَة: سخت سیاہی۔
الحَلَكَةُ والحَلْكَاءُ والحُلَكَاءُ والحَلَكَاء والحُلَكَاءُ والحُلَكَى.
الحُلْكُوك والحُلْكُلِك :سخت سیاہ۔
الحُلْكُم :سیاہ۔
الحُلْكمه :سیاہی۔
حَلَمَ (ن) حُلْمًا وحُلُمًا. فی نومه: خواب دیکھنا۔کہاجاتا ہے "حَلَمَهُ وحَلَمَ بِهٖ" اس نے اس کو خواب میں دیکھا۔حَلَمَ الصبیُّ و (احتلم) بالغ ہونا۔(...... حَلَمًا) الجلدَ: کیڑے نکالنا۔

حَلُمَ (ک) حِلْمًا :درگزر کرنا۔بردبار ہونا۔صفت (حلیم) ج حُلَمَاء و اَحْلام : مؤنث حَلیمة.
حَلِمَ (س) حَلَمًا. الجلدُ :خراب ہونا اور کیڑے پڑنا۔صفت (حَلِم و حَلِيم)
اَحْلَمَتِ. المَراةُ :حلیم وبردبار بچے جننا۔
حَلَّمَهُ تَحْلِيمًا وحِلامًا :بردبار بنانا۔حَلَّمَ الجلدَ :کیڑے نکالنا......القِرْبَةَ :بھرنا۔
تَحَلَّمَ :بردبار بننا......الحِلْم :بردباری سے کام لینا......الرجلُ: موٹا ہونا۔تَحَلَّمَت القربةُ :پانی سے بھر جانا۔
تَحَالَمَ :تکلف سے بردباری ظاہر کرنا۔
اِنْحَلَمَ واِحْتَلَمَ. فِی نومه: خواب دیکھنا۔
الحِلْم :صبر و آہستگی۔بردباری اور کبھی جہل و بے وقوفی کے مقابلہ میں آتا ہے جیسے "وَاِنَّ سَفَاهَ الشَّيْخِ لاحِلْمَ بَعْدَهٗ" عقل۔ج اَحْلام و حُلُوم. کہاجاتا ہے "تَامُرُهُمْ اَحْلامُهُمْ بِهٰذا" ان کی عقلیں اس کا حکم دیتی ہیں۔
الحُلْم :مص۔خواب۔ج اَحْلام اور کہاجاتا ہے "هٰذه اَحْلامُ نائِم" یہ جھوٹی آرزوئیں ہیں۔
الحَلَمَة :سرپستان۔ایک قسم کا کیڑا جو چمڑے میں لگ جاتا ہے اور اس کو خراب کر دیتا ہے۔ج حَلَم.
الحَلِيم :اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔موٹائی کی چربی۔
حَلاَ (ن) وحَلُوَ (ک) وحَلِيَ (س) حَلاوَةً وحُلْوانًا :میٹھا ہونا......الفاكهةُ: پختہ ہونا حَلا لَهُ الشیُٔ :لذیذ ہونا۔صفت (حُلْو) اور کہاجاتا ہے "حَلِيَ فی عينی وبعينی" وہ میری آنکھوں میں بھلا معلوم ہوا۔حَلا مَنه بخير :خیر و منفعت حاصل کرنا۔
حَلاهُ (ن) وحَلْوًا او حُلْوانًا :تھوڑا یا پورا مہر وصول کرنے کی شرط پر لڑکی یا بہن کی شادی کرنا و حلاه كذا اوبكذا" دینا یا

جاتا ہے "حلاہ حلوانہ" اس نے اسے بدلہ دیا۔

(......وحلّیُ الشَّیُّ (تَحْلِیَۃ) میٹھا بنانا۔

(حالٰی مُحَالاۃَ الرجلَ: خوش طبعی کرنا۔

اَحلاہُ اِحلاءً: میٹھا پانا یا میٹھا بنانا۔ کہا جاتا ہے "مایمرُّو لایُحلی" یعنی وہ نہ کڑوی باتیں کرتا ہے نہ میٹھی باتیں نہ اچھا کام کرتا ہے نہ برا۔

تحلّت. المرأۃُ: زیور پہننا۔ کہا جاتا ہے "تحلّیٰ فلانٌ بِمَا لَیْسَ فِیْہِ" فلاں نے اپنے آپ کو ایسی چیزوں سے آراستہ کیا جو اس کے اندر نہیں ہیں۔

تحلّٰی واِحلَولٰی واِستَحلٰی. الشَّیُّ: میٹھا پانا۔ واحلَولٰی الشَّیُّ: میٹھا ہونا۔

تَحَالٰی: حلاوت ظاہر کرنا۔

الحُلو: میٹھا۔ لذیذ۔ خوشگوار۔ خوبصورت۔

الحُلوَان: دلال وکاہن کی اُجرت۔ مہر۔ بدلہ۔

الحَلاءَۃ والحَلاوۃ والحَلاوَاء والحُلاوٰی. مِنَ القفاء: گدی کا درمیانی حصہ۔ ج حَلاوٰی۔

الحَلوَاء والحَلوٰی: حلوا۔ میٹھا میوہ۔ ج حَلاوٰی۔

الحَلوَانِی: حلوا فروش۔ حلوا بنانے والا۔

الحُلوُ. مِنَ الرجال: دیکھنے میں اچھا معلوم ہونے والا۔

الحَلیُّ: لذیذ اور میٹھا۔ ناقۃ حلیّۃ۔

حَلٰی (ض) حَلْیًا. المرأۃَ: عورت کے لئے زیور بنانا۔ آراستہ کرنا۔

حَلِیَتْ (س) حَلْیًا. المرأۃُ: زیور پہننا۔ صفت (حَالٍ وحَالِیَۃ) ج حَوَالٍ: کہا جاتا ہے "شجرۃ حالیۃ" پتے والا پھل دار درخت۔ حلی منہ بخیر: خیر ومنفعت پہنچانا۔

حَلّٰی تَحْلِیَۃ. المرأۃَ: زیور پہنانا یا زیور بنانا۔

وحَلّٰی الشَّیُّ: آراستہ کرنا۔

تَحلّٰی: آراستہ ہونا یا زیور پہننا۔

الحَلی: پھنسیاں جو بچوں کے منہ میں نکلتی ہیں۔

الحَلْیُ ج حُلِیٌّ وحِلِیٌّ و(الحِلْیَۃ) ج حِلی وحُلیٰ (خلاف قیاس) زیور۔ حِلْیَۃ الانسان: انسان سے جو رنگ اور ہیئت دکھلائی دے۔

الحَلِیُّ: خشک۔

حَمَّ (ن) حَمًّا. التنورَ: گرم کرنا۔ الشحمۃَ: پگھلانا ......الماءَ: گرم کرنا ......الارتحالَ: جلدی کرنا۔ حَمَّ اللّٰہُ لہ کَذَا: مقدر کرنا ......الامرُ فلانًا: غم میں ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "حَمَّ حَمَّہ" اس نے اس کے ساتھ اس جیسا قصد کیا۔

حُمَّ. الامرُ: فیصلہ کیا جانا ......الشَّیُّ: قریب ہونا ......الرجلُ: بخار زدہ ہونا ......لہٗ کَذَا: مقدر کیا جانا۔

حَمَّ (س) حَمَمًا: کالا ہونا ......الماءُ: گرم ہونا۔

حَمَّمَ. الغلامُ: سبزہ آغاز ہونا ......الرأسُ: مونڈنے کے بعد بال نکلنا ......المکانُ: روئیدگی ظاہر ہونا ......الشَّیُّ: کالا کرنا ......الماءَ: گرم کرنا ......الرجلَ: کوئلے سے منہ کالا کرنا۔ ...... المرأۃَ: طلاق کے بعد متعہ کے کپڑے دینا۔

اَحَمَّہُ. اللّٰہُ: بخار میں مبتلا کرنا۔ اَحَمَّ الشَّیُّ: قریب ہونا ......المکانُ: بہت بخار والی جگہ ہونا ......الماءَ: گرم کرنا ......اللّٰہُ لہ کَذَا: مقدر کرنا ......الشَّیُّ: کالا کرنا ...... الامرُ فلانًا: غم میں ڈالنا۔

تَحَمَّمَ: کالا ہونا۔

اِحْتَمَّ: غمگین ہونا۔ غم کی وجہ سے نہ سونا ...... العینُ: بغیر درد کے بیدار رہنا۔

اِستَحَمَّ: پانی سے غسل کرنا۔ حمام میں داخل ہونا۔ پسینے والا۔

الحَمُّ: مص۔ حَمُّ الظَّہِیرۃِ: دوپہر کی سخت گرمی۔ کہا جاتا ہے "مَالَہٗ حَمٌّ عن ذٰلک ومنہ" اس کے لئے اس سے کوئی چارہ نہیں۔ حَمُّ الشَّیِّ و (حُمُّہ) چیز کا بڑا حصہ۔

الحُمِّیُّ: بخار۔ ج حُمَّیَات۔

الحَمَّۃ: گرم پانی کا چشمہ۔

الحُمَّۃ: سیاہی۔ سبزی اور سیاہی کے درمیان رنگ۔ بخار۔ ہر مقدر و فیصل شدہ چیز اور اسی سے ہے "حُمَّۃ الفِرَاق" کہا جاتا ہے "عجلت بنادِیْکُم حُمَّۃُ الفِرَاقِ" مقدر شدہ فراق نے تمہاری مجلس کے ساتھ جلدی کی۔ ج حُمَم وحِمام۔

الحُمَم. حُمَۃ: کی جمع۔ کوئلہ۔ راکھ۔ ہر وہ چیز جو آگ میں جل جائے۔ واحد (حُمَمَۃ)

الحِمَّۃ: موت۔ پسینہ۔

الحَمَام: کبوتر۔ واحد (حَمَامَۃ) اور کہا گیا ہے کہ حمامۃ کا اطلاق نر و مادہ دونوں پر ہوتا ہے۔ اس لئے کہ اس میں "تا" تانیث کے لئے نہیں بلکہ تائے وحدت ہے اور بسا اوقات حمام مفرد کے لئے بھی بولتے ہیں۔ ج حَمَائِم وحَمَامَات حَمَامُ الزَّاجِل اوالزُّجَّال: پیغام وخطوط لے جانے والے کبوتر۔

سَاقُ الحمام و رعیُ الحمام: دو قسم کے گھاس کے نام۔ بَیْضُ الحَمَام: انگور کی ایک قسم جس کے دانے بڑے ہوتے ہیں۔ عنق الحمام: ایک قسم کا رنگ جو سرخ اور نیلے کے درمیان ہوتا ہے۔

الحِمَام: موت۔

الحُمَام: جانوروں خصوصاً گھوڑوں کا بخار۔ سردار شریف۔

الحُمَامٰی: ایک قسم کی گھاس۔ کھال کی سرخی۔

الحَمَّام: غسل کرنے کی جگہ۔ یہ بکثرت مؤنث مستعمل ہوتا ہے اور کبھی مذکر بھی۔ ج حَمَّامَات۔

الحَمَّامِی: حمام والا۔ حمام کا نگہبان۔

الحَامَّۃ: اپنے خاص لوگ۔ عمدہ اونٹ۔

الحَمِيم :قریبی رشتہ دار۔دوست۔ج
اَحِمَّاء :گرم پانی۔ٹھنڈا پانی۔چنگاری جس
سے دھونی دی جائے۔ج حَمَائِم. الحَمِيم:
گرمی۔پسینہ۔سخت گرمی کے بعد بارش۔کہا
جاتا ہے"هو حَمِيمٌ بالحَاجَةِ" وہ حاجت
پر فریفتہ ہے۔
الحَمِيمَة. حميم :کا مؤنث۔گرم پانی۔
گرم کیا ہوا دودھ۔عمدہ نسل کا اُونٹ۔ج
حَمَائِم.
الاَحَمُّ :بہت خاص و بہت قریبی۔کالا۔سفید
(ضد) بے پھل کا تیر۔ج حُمٌّ.
المِحَمُّ:پانی گرم کرنے کا برتن۔
المُحِمُّ :قریب۔
المُحَام :ثابت۔
المَحْمُوم :بخار والا۔مقدر۔کہا جاتا ہے
"نزل بِه القَضَاءُ المَحْمُومُ" اس پر قضاء
مقدر کا نزول ہوا۔
المُسْتَحَمُّ :غسل کرنے کی جگہ۔
حَمَأَ (ف) حَمْأً. البئر :کنوئیں سے کیچڑ
نکالنا۔
حَمِئَ (س) حَمْئًا وحَمَأً. الماءُ: پانی میں
کیچڑ ملی ہوئی ہونا۔صفت۔حَمِئٌ.
اَحْمَأَ. البئرَ :کنوئیں میں کیچڑ ڈالنا۔
الحَمْءُ والحَمَا. والحمو والحما
بلاهمزة:عورت کا خسر۔شوہر کی جانب
سے عورت کا رشتہ دار جیسے دیور۔جیٹھ۔
خسر۔
الحَمَأ والحَمْأة :کیچڑ۔
حَمَتَهُ (ض) حَمْتًا. الله عليه.
حَمِت (س) حَمَتًا. الجوزُ وغیرہ:
اخروٹ وغیرہ کا خراب ہونا۔
حَمُتَ (ک) حُمُوتَةً. اليومُ :دن کا سخت
گرم ہونا۔
تَحَمَّتَ. اللونُ او الطَعْمُ :رنگ یا مزہ
صاف اور خالص ہونا۔
الحَمْت :مص۔يَوْمٌ حَمْتٌ :سخت گرم
دن۔تمر (حَمْت وحَامِتٌ) بہت میٹھی

کھجور۔
الحَمِيْت. مِنَ اللون او الطعم :خالص و
صاف رنگ یا مزہ۔کہا جاتا ہے"تمر
حميت وعَسَلٌ حَمِيْتٌ" اچھے رنگ والی
کھجور۔خالص شہد۔غضبٌ حَمِيْتٌ :سخت
غصہ۔
حَمَّحَت. العينُ :آنکھ کا اندر کو دھنس جانا۔
حَمَّج الوَجهُ :چہرہ کا غصہ وغیرہ سے بدلنا۔
حَمَّج اِلَيْه :تیز نظر سے دیکھنا......عينه: گھور
کر دیکھنا۔
الحَمُّوج :ہرن وغیرہ کا چھوٹا بچہ۔
حَمْحَم وتَحَمْحَم. البرذونُ او الفرسُ:
ہنہنانا۔تَحَمْحَمَ :کالا ہونا۔
الحَمَاحِم :چوڑے پتے کا پودینہ۔واحد
(حَمَاحِمَة)
الحِمْحِم والحُمْحُم :ایک قسم کا پرندہ گاؤ
زبان۔واحد(حِمْحِمة وحُمْحُمَة)
حَمِدَهُ (س) حَمْدًا ومَحْمَدًا ومَحْمِدًا
ومَحْمَدَةً ومَحْمِدَةً :فضیلت کی بنا پر
تعریف کرنا......ہ على امر :بدلہ دینا......
الشَّيْءَ : قابل تعریف پانا اور کہا جاتا ہے
'حَمِدْتُ اِلَيْکَ الله' یعنی تیرے ساتھ
اللہ کی تعریف کرتا ہوں یا تیرا شکریہ ادا کرتا
ہوں اور اس کے ساتھ اللہ کی نعمتوں کا بھی۔
حَمَّدَ. اللّٰهَ :بار بار تعریف کرنا اور الحمدللہ
کہنا۔
اَحْمَدَ :قابل تعریف کام کرنا......الشَّيْءُ:
قابل تعریف ہونا......الشَّيْءَ :قابل تعریف
پانا......ہ:فعل پر راضی ہونا۔تعریف کا حقدار
ظاہر ہونا۔
تَحَمَّدَ. بالشَّيْءِ على فلان :احسان جتانا
اور کہا جاتا ہے"يَتَحَمَّدُ الناسَ بِفَضْلِه"
یعنی ان کے سامنے ظاہر کرتا ہے کہ وہ محمود
ہے۔
اِسْتَحْمَدَ. اَللّٰه الهى خلقه :مخلوق کو انعام و
احسان کر کے اپنی حمد کی جانب بلانا۔
اَلْحَمْدُ :مص۔تعریف۔تعریف کیا ہوا۔کہا

جاتا ہے"رجل حَمْدو اِمْرَاة حَمْدَة"
تعریف کیا ہوا مرد تعریف کی ہوئی عورت۔
حَمادِ. له :بمعنی حمدًا لهٗ.
الحَمَاد :غایت۔انتہائی کوشش۔کہا جاتا ہے
"حُمَادُک اَوْحُمَاداک اَنْ تَفعلَ كَذَا"
تمہاری انتہائی کوشش یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔
الحَمَّادو الحُمَدَة :بہت تعریف کرنے
والا۔
المَحْمَدَة :قابل تعریف کام۔ج مَحَامِد.
المُحَمَّد :بہت عمدہ خصلتوں والا۔نبی
کریم ﷺ کا اسم گرامی۔
الحَمِيد والحَمُود :تعریف کرنے والا۔
تعریف کیا ہوا۔مؤنث حَمِيْدَة.
الحُمَدَة :بہت تعریف کرنے والا۔
حَمَدَةُ. النار :آگ کے شعلہ کی آواز۔
حَمِرَ (س) حَمَرًا. الفرسُ:بدہضمی والا
ہونا یا بدبودار منہ والا ہونا۔صفت(حَمِرٌ)
...... الرجلُ:غصہ سے بھڑک اُٹھنا۔
حَمَّرَ. الجلدَ :بُری دباغت دینا۔الشَّيْءَ :
سرخ رنگنا......ہ :کسی کو اے گدھے کہنا۔
اَحْمَرَ :سرخ بچہ والا ہونا......الدابةَ: چارہ
دینا یہاں تک کہ منہ بدبودار ہو جائے۔
اِحْمَرَّ اِحْمِرَارًا :سرخ ہونا۔
اِحْمَارَّ اِحْمِيرَارًا :بتدریج بہت سرخ ہونا۔
اِنحَمَر. ما على الجلد :کھرچا جانا۔
الحُمَر :ایک قسم کی رال جس کو عوام
الحُمَّر :کہتے ہیں(...... والحُمَر) ایک
سرخ رنگ کا پرندہ واحد(حُمَرة وحُمَّرة)
الحُمْرَة :سرخ رنگ۔ایک قسم کی وبائی
بیماری جس کی وجہ سے بخار آتا ہے اور بدن
پر سرخ رنگ کے دانے پڑ جاتے ہیں۔
حَشِيْشَةُ الحَمْرة:ایک قسم کا زہریلا پودہ۔
الحِمَار :گدھا۔اس کی دو قسمیں ہیں۔اہلی
اور جنگلی۔اسی وجہ سے جنگلی کو حمار وحش
وحمار الوحش والحمار الوحشى کہتے
ہیں۔ج حَمِير واَحْمِرَة وحُمُر وحُمُور
وحُمُرات: مؤنث حِمَارَة ج حَمَائِر

حِمارة القدم: پشت قدم۔ اُذُن الحمار وقثاء الحمار: دو پودوں کے نام۔ حِمارُ الزَرَد: ایک قسم کا جنگلی سفید گدھا جس پر سیاہ دھاریاں ہوتی ہیں۔
الحَمارَة: گرمی کی شدت۔ ج حمارٌ۔
الحَمَّارَة: گدھے والے۔ واحد حمَّار: جیسے جمَّال وبغَّال: دوغلا گھوڑا۔
الاَحْمَر: جس کا رنگ سرخ ہو۔ ج اَحامِر: سرخ رنگ سے رنگا ہوا۔ ج حُمْر وحُمْران: سونا۔ زعفران، گوشت۔ شراب۔ کہتے ہیں "نحن من أهل الاَسْوَدين لا من أهل الاَحْمَرَين" ہم کھجور اور پانی والے ہیں۔ گوشت اور شراب والے نہیں۔ الموت الاحمر: قتل۔ کنایہ ہے خون بہنے یا سخت موت سے۔
الحَمْرَاء. الاحمر: کا مؤنث۔ سخت سال۔ گرمی کی شدت۔ الحمراء أو القلعة الحمراء: غرناطہ کا ایک مشہور قلعہ جو مسلمانوں کے دور حکومت کی یادگار ہے اور جس کے اندر ایک عجیب نادرۂ روزگار محل ہے۔ الحَمْراء: تین لکڑیاں جن کو آپس میں باندھ کر دودھ کا مشکیزہ یا پانی کی صراحی وغیرہ رکھ دیتے ہیں اور اس کو الحمائر بھی کہتے ہیں۔
الاُحْمورِيُّ: سخت سرخ۔
الحِمَّر: گرمی کی سخت شدت۔ برا آدمی۔
غَيْثٌ حَمِر: تیز بارش۔
الحُمَّرة: ایک قسم کا پرندہ۔
المِحْمَر: کھال صاف کرنے کا آلہ۔ کنجوس ج مَحامِر۔ المِحْمَر: دوغلا گھوڑا۔
اليَحْمُور: سرخ۔ ایک قسم کا پرندہ اور بقول بعض گورخر۔
حَمَز (ض) حَمْزًا. الخرولُ اللسانَ: چرپراہٹ ڈالنا۔۔۔۔۔ الشفرة: تیز کرنا۔
حَمُز (ک) حَمازةً: سخت ہونا۔
الشرابُ: چرپراہٹ ڈالنے والی ہونا۔
الحامز: فا۔ حامز الفؤاد: تیز فہم عقلمند۔

الحَمِيز: سخت۔ ذکی۔ تیز فہم۔
حَمَسَهُ (ض ن) حَمْسًا: غضبناک کرنا۔۔۔۔۔ اللحمَ: بھوننا۔
حَمِسَ (س) حَمَسًا: دین یا جنگ میں سخت ہونا۔ دلیر ہونا۔ صفت (حَمِسٌ) حَمِسَ الوغى: گھمسان کی جنگ ہونا۔۔۔۔۔ الامرُ: سخت ہونا۔
حَمُسَ (ن) حَماسةً وحَمَسَ (ض) حَمْسًا: دلیر ہونا۔
حَمَّسَهُ واَحْمَسَهُ: جوش دلانا۔ غضبناک کرنا۔۔۔۔۔ الدواءَ ونحوه: نیم گرم ہونا۔
تَحَمَّسَ: جوش میں آنا۔ غضبناک ہونا۔ سخت ہونا۔ نافرمانی کرنا۔
اِحْتَمَسَ: جوش میں آنا۔ اِحْتَمَسَ القرنان: باہم جنگ کرنا۔
تَحامَسَ. القومُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا اور جنگ کرنا۔
الحَماس: سختی۔ منع۔ جنگ کرنا۔
الحَماسَة: معاملہ میں سختی۔ دلیری۔
الاَحْمَسُ: دین یا جنگ میں سخت دلیر۔ مؤنث حَمْسا۔ ج حُمْس واَحامِس۔
سَنَةٌ حَمْساء: سخت سال۔ سِنُون اَحامِسُ
حُمْسٌ: بہت سے سخت سال۔ الحُمْس: سخت جگہیں۔
الحمسة: بھونا ہوا۔
الحَمِيس: دلیر۔ سخت۔ تنور۔
الحَمْس: آواز۔ کجاوہ کا گھنٹہ۔
الحُمْسَة: عزت۔
الحُمْسَة: ایک قسم کا دریائی جانور۔ کچھوا۔ ج حَمَس۔
حَمَشَهُ (ن) حَمْشًا: غضبناک کرنا۔ جوش دلانا۔ حَمَشَ الشئَ: جمع کرنا۔۔۔۔۔ القومَ: غصہ سے چلانا۔
حَمِشَتْ (ض) وحَمُشَتْ (ک) حُمُوشَةً. الساقُ: باریک ہونا۔
حَمَشَ (ض) حَمْشًا وحَمْشَةً وتَحَمَّشَ

واحْتَمَشَ واسْتَحْمَشَ: غضبناک ہونا۔
حَمِشَ (س) حَمَشًا وحَمْشًا. الرَجُلُ: باریک پنڈلیوں والا ہونا۔ صفت (حَمِشٌ وحَمْشٌ واحْمَشُ): ج حِماش وحُمُش: کہا جاتا ہے "رجالٌ حِماشُ السُوق" باریک پنڈلیوں والے مرد۔ "وسُوق حِماس" باریک پنڈلیاں۔
حَمَّشَهُ: غضبناک کرنا۔ جوش دلانا۔
حَمَّشَ. الشئَ: جمع کرنا۔۔۔۔۔ الشحمَ: پگھلاتے ہوئے جلانے کے قریب کرنا۔
اَحْمَشَه: غضبناک کرنا۔ اَحْمَشَ النارَ: ایندھن ڈال کر بھڑکانا۔۔۔۔۔ القدرَ: ہانڈی کے نیچے بہت ایندھن لگانا۔۔۔۔۔ الحربَ: تیز کرنا۔
الحَمِيش: پگھلائی ہوئی چربی۔
حَمَصَ (ن) حَمْصًا وحُمُوصًا. الجرحُ: زخم سے سوجن ختم ہونا۔ صفت (حَميص)
الورمُ: ورم کا ختم ہونا۔۔۔۔۔ الارجوحة: جھولے کا ٹھہر جانا۔۔۔۔۔ الدابة: پسینہ خشک ہو جانا۔
حَمَّصَ. الحَبَّ: بھوننا۔
تَحَمَّصَ. الرَجلُ: سمٹنا۔۔۔۔۔ اللحمُ: خشک ہونا۔
اِنْحَمَصَ. الوَرمُ: کم ہونا۔۔۔۔۔ منه: سکڑنا۔ لاغر ہونا۔
الحِمَّص. والحِمِّص: چنا۔ واحد (حِمَّصَة وحِمِّصَة)
الحَمِيص: بھونا ہوا۔
الحَمِيضَة والمَحْمُوصَة: چوری کی ہوئی بکری۔ حَمِيضَة کی جمع حَمائِص۔
المِحْمَصَة: غلہ بھوننے کا آلہ۔ (لغت عوام)
حَمَضَ (ن) حَمْضًا وحَمِضَ (س) حَمَضًا وحَمُضَ (ک) حُمُوضَةً: کھٹا ہونا۔
حَمَضَ (ن) حَمْضًا. عنه: ناپسند کرنا۔۔۔۔۔

ـــبـــہ: خواہش کرنا۔(...... واَحْـــمَــض وحَمُضَ) الجملُ: نمکین وکڑوے پودے چرنا۔حَمَّضَ واَحــمَـضَ الابلَ: نمکین و کڑوے پودے چرانا اور کہا جاتا ہے "حَمِّضْ لَنَا فِي القِرٰی" اس نے ہماری مہمانی میں کمی کی حَمَّضَ واَحمَضَ الشَّیْءَ: کھٹا کرنا......الشَّــیْءَ عـنـــہ: پھیر دینا۔

اَحْـمَـضَ الـمـکـانُ: بہت نمکین وکڑوے پودے والی جگہ ہونا۔صفت(مُحْمِض)

تَحَمَّضَ. الرجلُ: ایک چیز سے دوسری چیز کی طرف منتقل ہونا۔

الـحَامِض: فا۔کہا جاتا ہے "هو حَامِضُ الفؤاد" وہ بگڑے دل کا ہے۔"وحَـامِض الرئتین" کڑوے سانس والا۔

اَلْحَامِض: (ک) ہائیڈروجن والی مرکب یہ نمک سے تبدیل ہو جاتا جب ہیڈروجن کسی کان کے ساتھ ملایا جائے۔حوامض کا ذائقہ سرکہ یا پھٹکری کی طرح ہوتا ہے۔

الـحَامِضَة. الحامِض: کا مؤنث۔کسی چیز کی خواہش۔کسی چیز کا معدہ میں فساد کی جانب منتقل ہونا۔

الـــحَـــمْـــض: کڑوا و نمکین پودہ۔واحد (حَمْضَة) ج حُمُوض.

اَلْــحَـــمِــض الاَسْتِیک: اسٹیک ایسڈ (سرکہ میں) Ch3cooH

زَیْتُ زَاج: پھٹکری تیل۔الـــحـــمـــض النتریک: NO3H نائٹروجن پراکسائیڈ ڈائنامیٹ کے جوڑنے میں استعمال ہوتی ہے۔

الکبریت: گندھک۔الحمض الکوریدریک: ہائیڈروکلورک ایسڈ H.C.L الحمض استرایک: سٹرک ایسڈ C.H.O۔

الـحَمْضَة: کھانے کی خواہش۔کہا جاتا ہے "فؤاد حمض' ونفس حَمْضَة" کسی چیز کو سنتے ہی بدکنے والا النفس۔

الحُمَّاض: ایک قسم کی گھاس جس کے پتے کاسنی کے پتے کی مانند ہوتے ہیں۔اس کی دو قسمیں ہیں۔ترش اور کڑوی اور اس کو حُمَیْضَہ بھی کہتے ہیں۔واحد(حُمَّاضَة) ترنج۔حُمَّاض الکُبَاد: ترنج کا اندرونی حصہ۔

الاِحْمَاض: مص۔دلچسپ گفتگو میں مشغول ہونا۔سنجیدگی سے مذاق کی طرف منتقل ہونا۔

الـحَمِیْضَة ج حُـمُـض و(الـمَحْمَض والمُحمِض) کثرت سے نمکین اور کڑوے پودوں والی زمین۔

الـمُستَحمِض. مِنَ اللبن: دیر میں جمنے والا دودھ۔

حَمَطَهٗ (ض) حَمْطًا: چھلکا اُتارنا۔

حَمَّط الکرمَ: انگور پر درخت کا سایہ کرنا۔...... الشَّیْءُ: چھوٹا کرنا......الرجلَ: ہلکا مارنا اور اسی سے مثل ہے "اِذا ضَـــرَبْـــتَ فلا تُحَمِّط" جب مارو تو ہلکا مت مارو۔

الـحَـمَاطَة: گلے کی سوزش۔انجیر کے مشابہ ایک درخت اور بقول بعض گولر۔دل کا نقطہ۔دل کا خون۔ج حَمَاطٌ وحَمَائِط.

حَـمَـطَـرَ. القِربَةَ: بھرنا......القوسَ: چلہ کھینچنا۔

حَمَظَهٗ (ن) حَمْظًا: نچوڑنا۔

حَمْظَلَ: اندرائن چننا۔

الحَمْظَلَ: اندرائن۔

حَمِقَ (س) وحَمُقَ (ک) حُمْقًا وحُمُقًا وحَمَاقَةً: بےوقوف ہونا۔صفت (اَحمَق) مؤنث حَمْقَاء. ج حُمْق وحُمُق وحَمْقَی وحِمَاق وحَمَاقی وحُمَاقی.

(ک حماقة) السوقُ: مندا پڑنا۔

حَمَّقَهٗ: بےوقوف کہنا۔

اَحْمَقَه: بےوقوف پانا۔اَحْمَقَتِ المرأة: بےوقوف بچے جننا۔صفت(مُـحْـمِـق ومُحْمِقَة)

حَامَقَه: بےوقوفی میں مدد دینا۔

تَحَامَقَ وتَحَمَّقَ: بتکلف بےوقوف بننا۔

اِنْحَمَقَ: بےوقوف ہونا......السوقُ: مندا پڑنا......الثوبُ: بوسیدہ ہونا۔

اِسْتَحْمَقَ: بےوقوف ہونا......ہٗ: بیوقوف سمجھنا۔

الـحُـمْـق: مص۔کم عقلی۔بےوقوفی۔شراب۔نَوْمَةُ الحُمَق: ظہر کے بعد کی نیند۔

الحَمِیقُ: بےوقوف۔کم داڑھی والا۔

الحُمَاق والحَمَاق والحَمِیق والحُمَیْقی والحُمَیْقَاء: ایک بیماری جو چیچک کے مشابہ ہوتی ہے۔

البَقْلَة الحَمْقَاء وبَقْلَةُ الحَمْقَاء: خرفہ کا ساگ۔

الـحَمُوْقَة والحُمَیْقَة والاُحْمُوقَة: بہت بےوقوفی والا۔

الـمُحْمِقَات: وہ راتیں جن میں اوّل سے آخر تک چاندنی رہے۔

حَمَلَ (ض) حَمْلاً وحُمْلانًا. الشَّیْءَ علی ظهرهٖ اٹھانا......الغضبَ: غصہ ظاہر کرنا ......علی نفسهٖ فی السَّیر: چلنے میں مشقت اٹھانا۔حَمَلَهٗ علی الامرِ: اکسانا۔برانگیختہ کرنا۔حـمـل عنه: بردبار ہونا......الشَّیْءُ علی الآخر: ایک کا حکم دوسرے پر لگانا......المرأةُ: حاملہ ہونا......الشجرةُ: پھل دار درخت ہونا......القرآنَ: یاد کرنا ......العِلْمَ: روایت کرنا۔نقل کرنا۔

(......حملةً) فی الحرب علیهم: حملہ کرنا

(......حَمَالَة) به: ضامن ہونا۔

حَمَّلَهٗ واَحْمَلَهٗ. الحِملَ: بوجھ اٹھانے میں مدد کرنا۔

حَمَّلَهٗ تَحْمِیلاً وحِمَّالاً. الشَّیْءَ: اٹھوانا۔

تَحَمَّلَهٗ تَحَمُّلاً وتِحِمَّالاً: اٹھانا......الامرَ: برداشت کرنا......القومُ: کوچ کرنا ......الرجلُ: بہادر بننا۔

تَحَامَلَ. فی الامر وبالامر: باوجود مشقت کے اپنے ذمہ لینا......علی فلان: ظلم کرنا۔طاقت سے زیادہ کام کو کہنا......عنه: اعراض کرنا۔

اَلَیْهِ: متوجہ ہونا......الشیخ فی مَشْیِهٖ: چلنے میں گرانبار ہونا......علی نفسهٖ: باوجود

مشقت کے برداشت کرنا۔
اِنحَملَ. علیه : اُکسایا جانا۔
اِحتَملَ. الشَّیُ : اُٹھانا......الامرَ : کسی امر کی طاقت رکھنا اور اس پر صبر کرنا......ما کانَ منہ : چشم پوشی کرنا......معاف کرنا......الصَّنِیعَةَ : شکر ادا کرنا۔
اُحتُمِلَ : غضب ناک ہونا......لونُهُ : رنگ بدلنا۔
اِستَحمَلَ : اٹھانے کی طاقت رکھنا۔......فلانًا : اٹھانے کو کہنا۔
الحَمل : مص۔ پیٹ کا بچہ۔ پھل۔ ج حِمال و اَحمال و حُمُول۔
الحِمل : بوجھ۔ ج اَحمال و حُمُولَة۔
الحِمل : ہودج یا ہودہ والے اُونٹ۔ ج حُمُول۔
الحَمل : بکری کا بچہ۔ ج حُملان و اَحمال۔ بہت پانی والا بادل۔ آسمان کے برجوں میں سے ایک برج۔ لسان الحَمل : بارتنگ (ایک دوا کا نام)
الحَملة : مص۔ ایک مرتبہ کا بوجھ۔ لڑائی کا حملہ۔
الحُملة و الحِملة : ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا۔
اَلحَامِلَةُ : ٹوکرا۔ جولاہے کا تانا۔ بحری بیڑہ۔ جسے جنگی جہاز عرشے کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔
الحَامِل : فا۔ ج حَمَلَة. حَمَلَةُ القرآن : قرآن کے یاد کرنے والے۔ قرآن کی روایت کرنے والے۔ مؤنث حَامِلَة. اِمرَاَةٌ حَامِلٌ و حَامِلَةٌ : پیٹ والی عورت۔ ج حَوَامِل. الحَامِلَة : انگور وغیرہ اٹھانے کی ٹوکری۔
الحَوامِل : قدم۔ ہاتھ اور قدم کے پٹھے۔
الحَمَالة : دیت۔ تاوان۔ ج حُمُل۔
الحَمالة : ضمانت۔ دیت۔ تاوان۔
الحِمالة و الحَمِیلَة : ج حَمائِل و (المِحمَل) ج مَحامِل : تلوار کا پرتلہ۔ کہا جاتا ہے "هو حَمِیلَةٌ عَلَینَا" وہ ہمارے ذمہ بار ہے۔ الحِمَالَة : مزدور کا پیشہ۔
الحَمَّال : قلی مزدور۔ بوجھ اٹھانے والا۔ عوام اس کو عتّال کہتے ہیں۔ الحمّال : جزدان۔ فصیح لفظ القِمَطر ہے۔
الحَمُول : صابر۔ بُردبار۔ حَمُولُ البَحر : دریائی نباتات۔
الحَمُولَة : باربرداری کا جانور۔ ج حَمُولات الحُملان : باربرداری کا جانور جو کسی کو ہبہ کیا جائے۔ مزدوری کی اجرت۔
الحَمِیل : اٹھایا ہوا۔ اجنبی۔ ضامن۔ پیٹ کا بچہ۔ تسمہ۔ سیلاب کا کوڑا کرکٹ۔ اٹھایا ہوا بچہ جس کی کوئی پرورش کرے۔ منہ بولا بیٹا۔
الحَامُولَة : تیز بارش کے وقت نالے میں اچھلنے والا پانی (مولد) ج حَوَامِیل۔
المَحمِل : وہ چیز جس میں کوئی چیز اٹھائی جائے۔ ہودہ۔ ج مَحَامِل۔
المَحمُول : مفع۔ المَحمُول والموضوع عند المنطقیین : اصطلاح علم منطق میں قضیہ حملیہ کے دونوں اجزاء جو نحویوں کے نزدیک بمنزلہ مسند و مسند الیہ کے ہیں۔ جیسے زَیدٌ کَرِیمٌ میں زید موضوع ہے اور کریم محمول ہے۔
حَملَقَ : آنکھیں پھاڑ کر تیز نظر سے دیکھنا۔
حُملاقُ العَینِ و حِملاقُها و حُملُوقُها : پپوٹوں کا اندرونی حصہ۔ ج حَمَالِیق۔
الحَمُ و الحَماء و الحَمُو و الحَمءُ : خسر۔ خاوند کی جانب سے عورت کا قریبی رشتہ دار یہ اسمائے ستہ مکبرہ میں سے ہے اس کا اعراب حالت رفعی میں واؤ اور حالت نصبی میں الف اور حالت جری میں یا سے آتا ہے اور یہ ہمیشہ مضاف مستعمل ہوتا ہے۔ تثنیہ حموان و حمآن ج احماء۔
حَمَاة. الرجل : خوش دامن۔ حَمَاة المرأة : ساس۔ ج حَمَوات. الحَمَاة : پنڈلی کا عضلہ۔
حُمُوُّ. الشمس : آفتاب کی گرمی۔
حُمُوَّة. الالم : درد کی شدت و تیزی۔
حَمَى (ض) حَمیًا و حِمیَةً و حِمَایَةً و مَحمِیَةً الشَّیَ مِنَ الناس : روکنا۔ بچانا۔ (...... حِمیَةً) المریضَ مایَضُرُّہ و عما یَضُرُّہ : پرہیز کرانا۔
حَمِیَ (س) حَمِیَةً و مَحمِیَةً. مِنَ الشَّیِ : کسی کام کے کرنے سے ناک چڑھانا۔
حَمِیَ (س) حَمیًا و حُمِیًّا و حُمُوًّا. النارُ : تیز گرم ہونا......علیه : غضب ناک ہونا۔
حَامَى مُحَامَاةً و حِمَاءً. عنه : حمایت کرنا۔ مدافعت کرنا۔ علی الضیف : اچھی طرح میزبانی کرنا۔
اَحمَى اِحمَاءً. المکانَ : حمی بنانا...... الحَدِیدَ : بہت گرم کرنا۔
تَحَمَّى و احتَمَى. المریضُ : رکنا، پرہیز کرنا۔ احتمی منه : بچنا۔
تَحَامَى. ہ : بچنا۔ پرہیز کرنا۔
اِحمَومَی اِحمِیمَاءً : کالا ہونا۔
الحِمَی : چراگاہ کہ جس میں دوسروں کے جانور کو چرانے کی ممانعت ہو۔ ہر وہ چیز جس کی حفاظت کی جائے۔
حَمِیُ. الشمس : آفتاب کی گرمی۔
الحِمَاء : بچائی ہوئی چیز۔ کہا جاتا ہے "هو حِمَاءٌ لکَ" وہ تمہاری طرف سے فدیہ ہے۔
الحِمیَة : بچائی ہوئی چیز۔ پرہیز۔ کہا جاتا ہے "المِعدَة بیت الداء والحِمیَة راسُ الدواء" معدہ بیماریوں کا گھر ہے اور پرہیز دوا کی اصل ہے۔
الحَمِیَّة : نفرت۔ مروت۔ نخوت۔
الحُمَّی : بخار۔ ج حُمَّیَات۔
الحُمَیَّا : غصہ کا ابتدائی جوش۔ کہا جاتا ہے "لا تکلمه فی حُمَیَّا غضبه" اس سے غصہ کے ابتدائی جوش کی حالت میں گفتگو مت کرو۔ شراب کی تیزی۔ شراب۔ جس

كل شي : شدت وتیزی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ شَدِيْدُ الحُمَيَّا" وہ بہت خوددار ہے۔

الحُمَة : زہر۔ ڈنک۔ ج حُمَات وحُمي۔

حُمَةُ البرد: سردی کی شدت۔

الحَامِي : فا۔ شیر۔ کتا۔ ج حُمَاة وحَامِيَة: نر اُونٹ کہ جس کے بہت سے بچے ہو گئے ہوں تو اُس کو آزاد چھوڑ دیتے تھے کہ جہاں چاہے چرے اور اُس کے اوپر سوار نہیں ہوتے تھے اور نہ اس کے بال کترتے تھے۔

الحَمِيُّ : وہ شخص جو ظلم برداشت نہ کر سکے۔ ہر محفوظ کی ہوئی چیز۔ مریض جو مضر چیزوں سے روک دیا گیا ہو۔

الحَامِيَة. الحامي : کا مؤنث۔ حمایت کرنے والا (اس صورت میں تا مبالغہ کے لئے ہے) جماعت جو حمایت کرنے والی ہو۔ ج الحَوَامِي.

الحَامِية: پایہ دیگدان۔ پتھر جس سے کوئیں کا من بنایا جائے۔

حَنَّ (ض) حَنِيْنًا: خوشی یا غم سے آواز نکالنا ...... القوسُ کمان سے آواز نکلنا ...... اِلَيْه : مشتاق ہونا ...... حَنَّة وحَنَانًا) علیه : مہربان ہونا۔ صفت (حَنُون)

حَنَّهُ (ن) حَنًّا : پھیرنا۔ باز رکھنا۔ تم کہتے ہو "حُنَّ عَني شَرَّك" مجھ سے اپنے شر کو روک لو۔ حَنَّ الشجرُ: شگوفہ دار ہونا۔

اَحَنَّ. القوسَ: کمان سے آواز نکالنا ...... الرجلُ: غلطی کرنا۔

تَحَنَّنَ. علیه : رحم کرنا۔

تَحَانَّ واِسْتَحَنَّ. اِلَيْه : مشتاق ہونا۔

اِسْتَحَنَّ الشوقُ فلانًا : طرب کو بڑھا دینا۔

الحَانُّ : فا۔ بہت خوش ہونے والا۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ حَانَّةٌ ولا آنَّةٌ" اس کے پاس نہ اونٹنی ہے نہ بکری۔

الحَنَانُ : رحمت ومہربانی۔

الحِنُّ: جنوں کا ایک گروہ۔

الحَنَان : روزی۔ برکت۔ دل کی نرمی۔ کہا جاتا ہے "حَنَانَيْكَ وحَنَانَكَ يا ربِّ" یعنی اے پروردگار تیرے رحم کی التجا کرتا ہوں۔ "وحَنَانَ الله" اللہ کی پناہ۔

الحَنَّان : مہربان۔ رحیم۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ایک۔ کسی چیز کا مشتاق۔ سهم حَنَّان: آواز نکالنے والی کمان۔ طَرِيْقٌ حَنَّان: واضح راستہ۔

الحِنَّان: مہندی۔

حَنَأَ (ف) حَنْأً. المكانُ: سرسبز ہونا۔ صفت (حَانِئ) اور حَانِئ: کا کلمہ اَخْضَر کے لئے بطور تاکید کے لئے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "اَخْضَر حَانِئ" جیسے اَسْوَد حَالِك. اَصْفَر فَاقِع. اَبْيَض نَاصِع. اَحْمَر قَانِئ.

حَنَّاه تَحْنِيْئًا وتَحْنِئَةً : مہندی سے رنگنا۔

تَحَنَّأَ بالحناء: مہندی سے رنگا جانا۔

الحِنَّاء: مہندی۔ واحد حِنَّائَة. ج حُنَّان.

ابو الحِنَّاء: ایک سرخ سینے والا چھوٹا پرندہ۔

حَنِبَ (س) حَنَبًا وحَنَّبَ وتَحَنَّبَ الشيخُ: کبڑا ہونا۔ حَنَّبَه الكِبَرُ : جھکا دینا۔

تَحَنَّبَ عليه: مہربان ہونا۔

حَنْبَرَ حَنْبَرَةً. البردُ : سخت ہونا۔

الحَنْبَر: پست قد۔

حَنْبَلَ: لوبیا کھانا۔ موزہ یا پرانی پوستین پہننا۔

تَحَنْبَلَ: سر جھکانا۔

الحُنْبُلُ : لوبیا۔

الحَنَابِل. مِنَ الاوتار: مضبوط اور موٹی تانت۔

الحَنْبَل: موزہ یا پرانی پوستین۔ بڑے پیٹ والا پست قد۔

الحِنْبَال : فربہ پُر گوشت۔ بہت بولنے والا۔

الحِنْبَالَة: سمندر۔ بہت بولنے والا۔

الحَانُوت: دکان۔ شراب بیچنے والے کی دکان۔ (مذکر ومؤنث) ج حَوَانِيت. نسبت کے لئے (حَانِيّ وحَانُوِيّ)

حَنِثَ (س) حِنْثًا: باطل کی طرف مائل ہونا ...... في يمينه : قسم توڑنا۔

اَحْنَثَه: قسم تڑوانا۔

تَحَنَّثَ : گناہ سے نفرت کرنا۔ عبادت کرنا۔ بتوں سے علیحدہ ہونا اور ان کی پرستش چھوڑنا ...... مِن كَذَا : توبہ کرنا۔

الحِنْثُ : معصیت۔ گناہ۔ ج اَحْنَاث. کہا جاتا ہے "بَلَغَ الغلامُ الحِنْثَ" لڑکا بالغ ہو گیا۔

المَحَانِث: گناہ کے مواقع۔

حَنَجَهُ (ض) حَنْجًا: جھکانا ...... الحبلَ: مضبوط بٹنا۔ حَنَجَتْ حَاجَةٌ: پیش آنا۔

اَحْنَجَ. الشَّيْءَ : جھکانا ...... الخبرَ: پوشیدہ کرنا ...... الكلامَ: رخ پھیر دینا ...... الشَّيْءُ: جھکنا ...... الرجلُ: تیز چلتے ہوئے پیچھے کی طرف نظر ڈالنا۔

اِحْتَنَجَ. الشَّيْءُ: جھکنا۔

حَنْجَرَتِ. العينُ: اندر کو دھنسنا۔ حَنْجَرة : ذبح کرنا۔

الحَنْجَرَة الحُنْجُوْر : نرخرہ۔

اَلْحُنْجُوْرُ: شیشے کا ایک برتن جس میں مرہم یا دوا رکھی جاتی ہے۔

حَنْحَنَ. علیه : خوف کھانا۔ عوام بولتے ہیں حَنْحَنَ البُنْدُق اوالجَوْزُ ونحوهما : جبکہ گری خراب ہو جائے۔ فصیح لفظ خَمِت ہے۔

الحِنْدِس : سخت تاریک رات۔ تاریکی۔ ج حَنَادِس. الحَنَادِس: مہینے کی بائیسویں تیئسویں چوبیسویں راتیں۔

الحِنْدَقُوْق والحُنْدُقُوْق والحَنْدَقُوقي والحِندقُوْقِي : ایک قسم کی نباتات کا نام۔ لمبا تڑنگا مرد جو دیوانہ کے مشابہ ہو۔

حَنَذَ (ض) حَنْذًا وتَحْنَاذًا. اللحمَ : بھوننا۔ صفت مفعولی (حَنِيْذ)

(...... حَنْذًا وحِنَاذًا) الفرسَ: پسینہ لانے کے لئے دوڑانا۔ صفت مفعولی (مَحْنُوْذ وحَنِيْذ) حَنَذَتْهُ الشمسُ: جھلس دینا۔

اَحْنَذَ : شراب میں زیادہ پانی ملانا یا کم ملانا ...... اللحمَ: پکانا۔

اِستَحْنَذَ : دھوپ میں لیٹ کر پسینہ لانا۔
الحَنْذَة : سخت گرمی۔
الحَنِيذ : بھونا ہوا گوشت۔ گرم پانی۔ سر دھونے کی خوشبودار چیز۔
الحِنْذِيذ : بہت پسینہ والا۔
حَنَر (ض) حَنْرًا. الحَنِيرَة: محراب بنانا' طاق میں خمدار جگہ بنانا۔
الحَنِيرَة : طاق میں خمدار جگہ' کمان' دھنے کی کمان۔ ہر وہ چیز جو خمدار ہو۔ ج حَنِير و حَنائِر.
حَنِسَ (س) حَنَسًا: دلیری سے وسط معرکہ میں ڈٹے رہنا۔
الحُنُس : پرہیزگار لوگ۔
حَنَشَه (ض) حَنْشًا: ہٹانا۔ علیحدہ کرنا۔ غضبناک کرنا...... الصيدَ: شکار کرنا۔
حَنَشَتِ الحَيَّةُ فلانًا : ڈسنا۔
اَحْنَشَهُ : شکار کرنا۔ عن الامر: جلدی کرانا۔
الحَنَش : سانپ کی ایک قسم۔ ہر وہ جانور جس کا سر سانپ کی مانند ہو جیسے گرگٹ۔ چھپکلی وغیرہ ج اَحْناش و حُنْشان.
حَنَطَ (ن) حُنُوطًا. اَحْنَطَ. الزرعُ: کٹائی کے قابل ہونا...... الشجرُ: پھل پکنا۔
حَنَطَ (ض) حَنْطًا. الجلدُ: سرخ ہونا۔ صفت (حانِط)
حَنَّطَ و اَحْنَطَ. الميتَ: مردہ پر حنوط ملنا۔
تَحَنَّطَ: حنوط استعمال کرنا۔
اِسْتَحْنَطَ: جان دینے کے لئے دلیری کرنا۔
الحَانِط: فا۔ بہت گیہوں والا۔ گیہوں والا۔ پکے ہوئے پھلوں والا درخت۔ اَحْمَر حَانِط: بہت سرخ۔
الحِنْطَة: گیہوں۔ ج حِنَط.
حِنْطَةُ سَوْداء : سیاہ گندم' جانوروں کی غذا میں استعمال ہوتی ہے اور انسانوں کے لئے اس سے بعض کشتہ جات تیار کیے جاتے ہیں۔
الحِنْطِيُّ : بہت گیہوں کھانے والا۔ پھولا ہوا۔

الاَحْنَط: بڑی اور گھنی داڑھی والا۔
الحِناطَة: گندم فروشی۔ مردوں پر حنوط لگانے کا پیشہ۔
الحَنّاط: مُردوں پر حنوط لگانے والا...... (والحناطيُّ) گیہوں بیچنے والا۔
الحِناط والحَنُوط : ایک قسم کی مرکب خوشبو جو مُردوں کے جسم اور کفن پر لگاتے تھے۔
الحِنْطِي: وہ شخص جس کی خوراک گیہوں ہو۔
الحِنْطِي: پست قد۔
الحِنْطَأ والحِنْطَأْوَة : بڑے پیٹ والا۔ پست قد۔
الحَنْطَرِيرَة: بادل۔
الحُنْظُبَاء والحُنْظَباء: نرٹڈی۔ نرگبریلا۔
الحُنْظُوب: بڑے ڈیل ڈول کی ناکارہ عورت۔
الحِنْظَاب: پست قد' بدخو۔
الحَنْظَل: اندرائن جو کڑوا ہونے میں ضرب المثل ہے۔
حَنْظَلَتِ. الشجرةُ: کڑوے پھل والا ہونا۔
حَنَفَ (ض) حَنْفًا: جھکنا...... رجله: پاؤں ٹیڑھا کر دینا۔
حَنِفَ (س) حَنَفًا و حَنُفَ (ک) حَنافَةً: ٹیڑھے پاؤں والا ہونا۔ صفت (اَحْنَف)
حَنَّفَهُ: ٹیڑھے پاؤں والا کر دینا۔
تَحَنَّفَ: حنفی ہونا۔ حنفی ہونا۔ کہا جاتا ہے "شافعي تحنّف" شافعی حنفی ہوگیا...... اليه: مائل ہونا۔
الحَنْفَاء: ٹیڑھا پاؤں۔ کمان۔ اُسترا۔ گرگٹ۔ کچھوا۔
الحَنِيف: سیدھا۔ اسلام کے احکام پر چلنے والا۔ سیدنا ابراہیم علیہ السلام کے دین کا متبع۔ موحد۔ کلیات میں ہے کہ قرآن پاک میں جہاں کہیں لفظ ﴿حنيف﴾ کے ساتھ ﴿مسلم﴾ ہے وہاں حاجی مراد ہے جیسے ﴿ولكن كان حنيفا مسلما﴾ اور جہاں بغیر لفظ ﴿مسلم﴾ کے تنہا ﴿حنيف﴾ ہے

وہاں ﴿مسلم﴾ مراد ہے جیسے ﴿حنيفا لله﴾ ج حُنَفاء: ادیان باطلہ کو چھوڑ کر دین حق کو اختیار کرنے والا۔
الحَنَفِي: امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے مذہب کا تابع۔ ج اَحْناف و حَنَفِيَّة.
الحَنَفِيَّة: پیچ دار ٹونٹی جس کو پانی کی ضرورت کے وقت استعمال کیا جا سکے۔
الحَنِيفِيَّة. في الاسلام او الدين: اسلام کی طرف میلان اور دین کے ساتھ تمسک۔
الحِنْفِس: بے حیا' بدزبان عورت۔
الحِنْفِش والحِنْفِيش: ایک قسم کا زہریلا سانپ جس کا سر بڑا اور گردن باریک ہوتی ہے اور جب غضبناک ہوتا ہے تو اس کی گردن کی رگیں پھول جاتی ہیں۔ ج حَنافِش و حَنافِيش.
الحنفِص: دبلا پتلا۔
حَنِقَ (س) حَنَقًا. منه وعليه: سخت غضبناک ہونا۔ صفت (حَنِق وحَنِيق) ج حُنُق ابل حُنُق و مَحانِيق: موٹے اونٹ۔
اَحْنَقَهُ: غضبناک بنانا۔ اَحْنَقَ الدابةَ: دبلا کرنا۔ اَحْنَقَ الرجلُ: سخت کینہ رکھنا۔
اِحْتَنَقَ: موٹا ہونا۔
الحَنَق والحَنِق: سخت غصہ۔
الحُنْقُط: ایک قسم کا پرندہ' تیتر۔
حَنَکَ (ن ض) حَنْکًا. الشيءَ: سمجھنا (...... و احْتَنَکَ. الفرسَ) گھوڑے کے منہ میں رسی لگانا)
حَنَکَ و حَنَّکَ: چبا کر نرم بنانا۔
حَنَکَ (ن ض) حَنْکًا و حَنَکًا و حَنَّکَ و اَحْنَکَ و احْتَنَکَ. الدهرُ الرجلَ: ناتجربہ کار بنا دینا۔ صفت (حَنِيک) ج حُنُک. حَنَّکَ الصبيَّ: مہذب بنانا۔
تَحَنَّکَ: پگڑی کو ٹھوڑی کے نیچے سے لا کر باندھنا۔
اِحْتَنَکَ. الجرادُ الارضَ: کھا کر صاف کر دینا۔ اِحْتَنَکَهُ: غالب ہونا۔
اِسْتَحْنَکَ: کم خوراک کے بعد زیادہ

خوراک والا ہونا۔
الحَانِک: قا۔ اَسْوَدُ حَانِکٌ: سخت سیاہ۔
الحُنک والحِنک والحُنکۃ: تجربہ۔
الحَنَک: تالو۔ ٹھوڑی۔ حَنَکُ الغُراب: کوے کی چونچ یا اس کی سیاہی۔ کہا جاتا ہے "اَسْوَدُ مِنْ حَنَکِ الغُرَابِ" کوے کی چونچ سے کالا۔ ج اَحْنَاک. الحَنَک: وہ لوگ جو کسی دوسری جگہ چارہ کی تلاش میں جائیں۔ چھوٹے ٹیلے جہاں کے پتھر سفید اور نرم ہوں۔ واحد (حَنَکَۃ)
الـحُـنَـک: عقل مند تجربہ کار مرد۔ مؤنث حُنَکَۃ.
الحِنَاک. ج حُنُک و (المِحنَک)
المُحَنَّک: تجربہ کار۔
حَنْـکَـلَ. فی الشّیٔ: گرانباری سے چلنا۔ آہستہ چلنا۔
الحنـکـلِیْـس: ایک قسم کی مچھلی۔ فصیح عربی الجِرِّیُّ ہے۔
حَنَا (ن) حَنْوًا وحَنٰی (ض) حِنَایَۃً. الشّیٔ موڑنا۔ حَنَـا الحَنِیَّۃَ ای القوسَ: کمان بنانا۔
حَنَا (ن) حُنُوًّا واَحْنٰی. علیہ: مائل ہونا۔
حَنّیٰ تَحنِیَۃً. الشّیٔ: موڑنا۔
تَحَنّٰی: ٹیڑھا ہونا...... علیہ: مہربانی کرنا۔
اِنْحَنٰی: ٹیڑھا ہونا۔ مڑنا۔
الـحَـانِیَۃ: ج الـحَـوَانِـی و (الحَـانَـاۃ والحَانُوت) دکان۔ مالک دکان۔ الحَانِیَۃ: بکری جس کی گردن بغیر کسی علت کے مڑی ہوئی ہو۔
الحَانَوی والحَانِی: سب سے لمبی پسلی۔
الـحَـانِیَۃ: شراب۔ الـحَـانِـی: کا مؤنث۔ شراب بیچنے والے۔
الحِنو والحَنو: بدن کا ہر وہ حصہ جس میں کجی ہو جیسے پسلی۔ ہر ٹیڑھی لکڑی۔ حِـنـو الشـیٔ: چیز کا پہلو۔ وحِـنْـوُ الـسَّـرج: زین کا اگلا اور پچھلا حصہ ج اَحْنَـاء وحُنِیّ وحِنِیّ واَحْنَاءُ الاُمُور: مشتبہات امور۔

الحَنِیَّۃ: کمان...... مِنَ البناء: کمان کی مانند خم دار۔ ج حَنَایا وحَنِیّ.
الاَحْنٰی: کبڑا۔ مؤنث حَنْوَاء. کہا جاتا ہے "فلان احنی الناس ضلوعا علیک" فلاں تمہارے اوپر لوگوں میں بہت مہربان ہے۔
المَحْنِیَۃ والمَحْنُوَۃ والمَحْنَاۃ ج محانٍ: وادی کا موڑ۔
المُنْحَنٰی: وادی کا موڑ۔
حَابَ (ن) حَوْبًا وحُوْبًا حُوْبَۃً وحَابًا وحِیَابَۃً. بکذا: گنہگار ہونا۔
اَحْوَبَ اِحْوَابًا: گناہ کی طرف مائل ہونا۔
تَحَوَّبَ: گناہ سے بچنا...... منہ: دردمند ہونا ...... فی دُعائہ: گڑگڑا کر دعا کرنا۔
اِسْتَحْوَبَ: دردمند ہونا۔
الحَوْب والحُوب: غم۔ وحشت (الحَوْب والحُوب والحُوبَۃ والحاب والحَابَۃ) گناہ۔ الحَوْبَۃ: ماں باپ۔ بہن بیٹی۔
الحَوْبَۃ والحِیْبَۃ والحُوبَۃ: ماں کی جانب سے قرابت۔ کہا جاتا ہے "لی فیھم حَوْبَۃ" میری ان سے نانہالی رشتہ داری ہے۔ حاجت۔ حالت۔ کہا جاتا ہے "باتَ بَحُوبَۃِ سُـوْءٍ" اس نے بری حالت میں رات گزاری۔ الحَوْبَۃ: ماں کی مامتا۔ بیوی۔ باندی۔
الحُوْبَۃ: کمزور مرد۔ کہا جاتا ہے "اِنّما فُلانٌ حُوْبَۃٌ" فلاں شخص کمزور ہے نہ اس سے خیر کی امید ہے نہ شر کا خوف۔ و "اِنّ لِی حُوْبَۃً اَعُولُھا" میرے عیال ہیں جن کی میں کفالت کرتا ہوں۔
الاَحْوَب: گنہگار۔ مؤنث حَوْبَاء.
الحَوْبَاء: نفس۔ ج حَوْبَاءات.
المُتَحَوِّب والمُحَوِّبُ: وہ شخص جس کا مال ضائع ہو جائے پھر مل جائے۔
حَاتَ (ن) حَوْتًا حَوَتَانًا. الطیر او الوحش علی الشّیٔ: منڈلانا۔
حَاوَتَہٗ: مکر و فریب سے کام لینا۔ دھوکا دینا
...... ہ عن کذا: مدافعت کرنا۔
الحُوت: مچھلی۔ عموماً بڑی مچھلی پر اطلاق ہوتا ہے۔ ج حِیْتَان و اَحْوَات وحِوَتَۃ: آسمان کے ایک برج کا نام۔
الحَوْتَاء: موٹی کمر والی عورت۔
اَحَـاثَ اِحَـاثَۃً. الارضَ: زمین کھود کر الٹنا پلٹنا...... الشّیٔ: نکالنا۔ کہا جاتا ہے "ترکھم (حَوْثَ بَوْثَ او حَیْثَ بَیْثَ اَوْ حَاثِ بَاثِ او حَـوْثًـا بَـوْثًا) یعنی اس نے ان کو متفرق چھوڑا۔
الـحَـوْثَـاء: جگر اور اس کے آس پاس کے حصے۔ موٹی عورت۔
الحَوْث: جگر کی رگ۔
حَاجَ (ن) حَوْجًا: محتاج ہونا۔
حَوَّجَ. بہ عن الشّیٔ: کسی چیز کی وجہ سے کسی سے ہٹ جانا۔
اَحْوَجَ. اِلَیہ: محتاج ہونا...... ہ: محتاج بنانا۔
تَـحَـوَّجَ: حاجت طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "خرج فلانٌ یتحوَّج" فلاں حاجت طلب کرنے کے لئے نکلا۔
اِحْتَاجَ. اِلَیہ: محتاج ہونا۔
الـحَـاج: ایک قسم کا کانٹا۔ ایک قسم کا ترش پودہ۔
الحَوْج: مص۔ سلامتی۔ کہا جاتا ہے "حَوْجًا لکَ" یعنی تمہارے لئے سلامتی ہو۔
الحُوْج: فقر و فاقہ۔
الـحَـوْجَـاء: حاجت۔ ضرورت اور اسی سے ہے۔ ماکان فی نفسہٖ حَوْجَاء ولا لَوْجَاء وبالتصغیر حُوَیْجَاء ولا لُوَیْجَاء" یعنی اسے کوئی حاجت نہیں۔ "و کلمتُہٗ فما رَدَّ حَوْجَاءَ ولا لَوْجَاء" میں نے اس سے گفتگو کی اس نے اچھا یا برا کوئی جواب نہیں دیا۔
الـحَـاجَۃ: ضرورت۔ سوال۔ ج حَـاج و حِوَج و حَـاجَـات وحَـوَائج: اخیری جمع حَـائجۃ کی تقدیر پر ہے۔ مبالغہ کی غرض سے حاجۃٌ حائجۃٌ کہا جاتا ہے۔
المَحَاوِیج: محتاج لوگ۔

حَاذَ (ن) حَوْذًا. عنه: ہٹ جانا۔

حَاوَدَتْه. الحُمّٰى: بخار کا بار بار آنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يُحَاوِدُنَا بِالزِّيَارَةِ" وہ ہم لوگوں کے پاس ملاقات کے لئے بار بار آتا ہے۔

حَاذَهُ (ن) حَوْذًا: حفاظت کرنا۔ عَلَى الشَّيْ: نگہبانی کرنا(...... وَاَحْوَذَ) الدابةَ: تیز ہانکنا۔ اَحْوَذَ ثوبَه: کپڑے سینا۔ اَحْوَذَ السَّيْرَ: تیز چلنا۔ اَحْوَذَ الشَّاعِرُ قصيدةً: عمدہ قصیدہ کہنا۔

اِسْتَحْوَذَ. عليه: غالب ہونا۔

الحَاذُ: ایک قسم کا درخت۔ واحد (الحاذة) ج آحَاذ: پیٹھ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خَفِيْفُ الحَاذِ" وہ تھوڑے مال والا ہے۔

الحِوَاذُ: دوری۔ جدائی۔

الحَوْذَان: ایک خوش مزہ نباتات کا نام جس کا پھول سرخ رنگ کا اور اس کی جڑ میں زردی ہوتی ہے۔

الاَحْوَذِيُّ: ماہر۔ ہر کام میں چست و پھرتیلا۔

الحُوْذِيُّ: کوچوان۔ گاڑی بان۔ عوام العزبحی: کہتے ہیں۔

حَارَ (ن) حَوْرًا وحُؤُوْرًا ومَحَارًا ومَحَارَةً: لوٹنا۔ متحیر ہونا(...... حورا) الثوب: دھونا۔ سفید کرنا۔ حَارَ الشَّيْءُ: مندا پڑنا۔ کہا جاتا ہے "حَارَ بَعْدَ مَاكَارَ" زیادہ ہونے کے بعد گھٹ گیا۔(نعوذ بِاللّٰه مِنَ الحَوْرِ بَعْدَ الكَوْرِ) ہم زیادتی کے بعد نقصان سے اللہ کی پناہ لیتے ہیں۔

حَوِرَت (س) حَوَرًا. العينُ سفیدی اور سیاہی کا بہت سفید و سیاہ ہونا۔ صفت (حَوْرَاء)

حَوَّرَ. القرصَ: بیلن سے بیلنا...... الثوب: سفید کرنا...... ہ اللّٰهُ: محروم کرنا۔

حَاوَرَهُ مُحَاوَرَةً وحِوَارًا وحَوَارًا: گفتگو کرنا۔ جواب دینا۔ اَحَارَ اِحَارَةً. الجَوابَ جواب دینا اور اسی سے ہے "لم يُحِرْ جَوَابًا" اس نے جواب نہیں دیا۔ اور کہا جاتا ہے "طَحَنَتِ الطَّاحِنَةُ فَمَا اَحَارَتْ شَيْئًا" چکی پیسنے والی چکی نے پیسا اور آٹا کچھ بھی نہیں دیا۔

اَحَارَتِ النَّاقَةُ: بچہ والی ہونا۔ اَحَارَ البعيرَ: ذبح کرنا۔

تَحَاوَرَ. القومُ: ایک دوسرے سے گفتگو کرنا۔ ایک دوسرے کو جواب دینا۔

اِحْوَرَّ اِحْوِرَارًا: سفید ہونا۔ اِحْوَرَّتِ العَيْنُ: بہت سیاہی اور سفیدی والی ہونا۔

اِسْتَحَارَهُ: گفتگو کرنا۔

الحُوْرُ: ہلاکت۔ کمی۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهُ فِيْ حُوْرٍ وبُوْرٍ" یعنی وہ نہ تو کسی صنعت میں ہے اور نہ کسی قسم کی آمدنی میں۔

الحَوْرُ: گہرائی۔ کہا جاتا ہے "بَعِيْدُ الحَوْرِ" یعنی عقلمند۔ وَمَا اَصَبْتُ حَوْرًا: میں نے کچھ نہیں پایا۔

الحَوَر: مص۔ سفید پتلے چمڑے۔ سرخ رنگا ہوا چمڑہ۔ گائے۔ ایک مشہور درخت جس کے گوند سے کہرباء تیار ہوتا ہے۔ ج اَحْوَار.

الحُوَار والحِوَار: اُونٹنی کا بچہ جس کا دودھ ابھی نہ چھڑایا گیا ہو۔ ج اَحْوِرَة وحِيْرَان.

الحَارَة: گول چوک۔ محلّہ۔ کہا جاتا ہے "نَزَلْنَا فِي حَارَةِ بَنِي فلانٍ" ہم لوگ بنو فلان کے محلّہ میں اُترے۔

الحَائِر: فا۔ لاغر۔ دبلا پتلا۔

الحَائِرَة. الحَائِر: کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے "ما هُوَ الاحَائِرة مِنَ الحَوَائِر" یعنی اس کے اندر کوئی خیر و برکت نہیں۔

الاَحْوَرِيُّ: سپید۔ نازک۔

الحُوَّارِي: میدہ۔ کھریا مٹی۔ ہر وہ چیز جس سے سفیدی کی جائے۔

الحَوَارِيُّ: نصیحت کرنے والا۔ خیر خواہ۔ دھوبی۔ رشتہ دار۔ مددگار اور بقول بعض انبیاء (علیہم السلام) کے مددگار اور اسی سے ہے (الحَوَارِيُّوْن) سیدنا عیسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے انصار و اعوان۔

الحَوَارِيَّة. الحَوَارِيُّ: کا مؤنث۔ شہری عورت ج حَوَارِيَّات.

المِحْوَر: وہ لکڑی یا لوہا جس پر چرخی گھومتی ہے۔ المحور في الهندسة: علم ہندسہ کی اصطلاح میں وہ سیدھا خط جو کرہ کے دونوں قطبین کے درمیان ہوتا ہے۔

المِحْوَر: روٹی پکانے والے کا بیلن۔ وہ ٹکڑا جس پر کوئی چیز گھومے۔ ج مَحَاوِر. کہا جاتا ہے "قَلِقَت مَحَاوِرُه" یعنی اس کا معاملہ بگڑ گیا۔

المَحَارَة: واپسی۔ کمی۔ لوٹنے کی جگہ۔ اُونٹ کا کھر۔ تالو۔ ہر وہ ہڈی جو سیپی کی مانند ہو۔ محارة الاذن: کان کا گڑھا۔

المَحُوْرَة والمَحُوْرَة: جواب۔ خُفٌّ (مُحَوَّر) موزہ جس کا استر سرخ چمڑے کا ہو۔

حَازَ (ن) حَوْزًا وحِيَازَةً واِحْتَازَ اِحْتِيَازًا. الشَّيْءَ: اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا۔ الابلَ: نرمی سے ہانکنا (حَازَ حَوْزًا) الرجلُ: نرم چلنا۔

حَوَّزَ تَحْوِيْزًا. الابلَ: پانی کی طرف ليلة الحوز: میں اُونٹوں کو ہانکنا (دیکھئے ليلة الحوز)

حَاوَزَهُ مُحَاوَزَةً: باہم زندگی بسر کرنا۔ میل ملاپ کرنا۔ روندنا۔ ایک دوسرے کو دھتکارنا۔

تَحَوَّزَ: علٰحدہ ہونا...... الحية: کنڈلی مارنا۔ کہا جاتا ہے "دَخَلَ عَلَيْهِ فَمَا تَحَوَّزَ لَهُ" وہ اس کے پاس آیا اور اس کے لئے علٰحدہ نہیں ہوا۔

تَحَاوَزَ. الفريقَانِ: ایک دوسرے سے علٰحدہ ہونا۔

اِنْحَازَ اِنْحِيَازًا. عنه: ہٹ جانا...... اِلَيْه: مائل ہونا...... القومُ: مرکز کو چھوڑ دینا۔ شکست کھانا۔

الحَوْزَةُ: گوشہ کنارہ طبیعت۔ حَوْزَةُ المملكةِ: ایک مملکت کی سرحدوں کا درمیانی حصہ۔

الحَوْزُ: وہ جگہ جس کے اردگرد دیوار وغیرہ کھڑی ہو۔ حَوْزُ الدار: مکان کے منافع جو اس کے ساتھ وابستہ ہوں۔ لیلۃُ الحوز: پانی کی طرف اُونٹوں کے جانے کی پہلی رات۔

الحَوزِی: اُونٹ کا ہانکنے والا۔ قوم سے علیحدہ ہو کر تنہا اترنے والا۔ کالا۔

الحَیْز والحَیِّز: جگہ۔ کہا جاتا ہے "هذا فی حیز التواتر" یعنی یہ چیز تواتر سے ثابت ہے۔

الحَوْزَاء: لڑائی۔

الحُوَیْزَاء: ساتھیوں سے پوشیدہ رکھا ہوا ذخیرہ۔

الاحْوَزِی: ماہر۔ ہر کام میں پھرتیلا۔ بہتر کار گزار۔

الحَوَّاز. الحائز: کا مبالغہ اور اسی سے ہے "الاثم حوّاز القلوب" گناہ دلوں پر غالب آنے والا ہے یہاں تک کہ آدم غیر پسندیدہ کام کر بیٹھتا ہے۔

الحُوَّاز: بڑے بڑے گبریلے۔

حَاسَ (ن) حَوْسًا. القومَ: نیل ملاپ کرنا۔ روندنا۔ ذلیل کرنا...... الذئبُ الغنمَ: درمیان میں آکر پراگندہ کرنا۔ حاسَتِ المرأۃُ ذیلَها: دامن کھینچتے ہوئے چلنا...... الجزارُ الإهابَ: قصائی کا کھال کو اُتارنا۔

حَوِسَ (ن) حَوَسًا: دلیر و بہادر ہونا۔ صفت (أحوس)

تَحَوَّسَ: دلیری دکھلانا...... فی الکلام: گفتگو کے لئے تیار ہونا...... للشیء: دردمند ہونا۔

اِسْتَحْوَسَ اِسْتِحْوَاسًا: رکنا۔ دیر کرنا۔

الأَحْوَس: دلیر و بہادر۔ وہ شخص جو اپنی جگہ سے جدا نہ ہو جب تک اپنی حاجت پوری نہ کر لے۔ بھیڑیا۔ ج حُوس۔

الحَوُوس: لوگوں کو بہت تحمل کرنے والا۔ بہادر۔

الحُوَاسَة: غنیمت۔ حاجت (...... والحُوَیْسَاء) قرابت۔ رشتہ داری۔

حَاشَ (ن) حَوْشًا. الابلَ: جمع کرکے ہانکنا (واحَاشَ إحاشةً واحْوَشَ إحواشًا واستحوش استحواشًا) الصیدَ: گھیر کر پھندے کی طرف لانا۔ حاشَ واحْوَشَ وأحاشَ علیه الصیدَ وأحوشه إیاهُ: شکار کرنے میں مدد کرنا۔

حَوْشَةُ: بہت جمع کرنا۔ حَوِشَ الرجلُ: دلیری دکھانا۔ تیاری کرنا۔

حاوَشَهُ. علی الامر: اُکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔

تَحَوَّشَ. عنه: علیحدہ ہونا...... منه: شرم کرنا...... المرأۃُ مِنْ زوجها: بیوہ ہونا۔

اِنْحَاشَ: اکٹھا ہونا...... عنه: بھاگنا۔ بدکنا...... له الصیدُ: شکار کا خود آنا۔

تَحاوَشُوا. علیهِ: اپنے درمیان میں کر لینا۔

اِحْتَوَشَ القومُ الصیدَ: قوم کا شکار کو ایک دوسرے کی طرف بدکانا۔ اِحْتَوَشَ القومُ الرجلَ وعلیه: گھیر لینا اور اپنے درمیان میں کر لینا۔

الحَوْش: باڑہ کے مشابہ گھر کے اردگرد۔

الحُوَاشَة: باعث شرم۔ رشتہ داری۔ ایسا کام جس میں گناہ و قطع رحمی ہو۔

الحَائِش: فا۔ حائِشُ الشجر: درخت کا گنجان حصہ۔ رجل (حُوشُ) الفؤاد: ذکی و تیز فہم مرد۔

الحُوشِیُّ. مِنَ الکلام: نادر و غریب کلام رجلٌ حُوشِیٌّ: لوگوں سے نہ ملنے والا۔ لیلٌ حُوشِیٌّ: تاریک رات۔

حَاصَ (ن) حَوْصًا. وحِیَاصَةً. الثوبَ: دور دور سینا۔ حَوَّلَهُ: منڈلانا...... بینهما: تنگ کرنا۔

حَوِصَ (س) حَوَصًا: تنگ گوشہ چشم والا ہونا۔ صفت (أحوص) مؤنث حَوْصاء ج حُوص واحاوص۔

حَاوَصَهُ: چپکے سے گوشہ چشم سے دیکھنا۔

اِحْتَاصَ احْتِیَاصًا. فی امرہ: احتیاط کرنا۔

الحَوْص: مص۔ پیٹ کا مروڑ۔ کہا جاتا ہے "لأَطْعَنَنَّ فی حَوْصِک" جو تم نے سیا ہے اُس کو میں ادھیڑ دوں گا اور جس کو تم نے درست کیا ہے اس کو بگاڑ دوں گا۔ "وما طعنتَ فی حَوْصِه" تو اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہوا۔ و "دخلَ فی حَوْصِ الناسِ" وہ لوگوں کے باطن اُمور میں داخل ہوا۔

الحِیَاصَة: جانور کا تنگ۔

الحِوَاص: لکڑی کی سوئی۔

الحَوَص: چھوٹی آنکھیں۔

حَوْصَلَ. الطائرُ: پوٹا بھرنا...... الحنطةَ: اکٹھا کرنا۔

الحَوْصَل والحَوْصَلَة والحَوْصَلَّة والحَوْصَلاء: پرندہ کا پوٹا۔

حَاضَ (ن) حَوْضًا: حوض بنانا...... الماءَ: جمع کرنا۔

حَوَّضَ: حوض بنانا...... حولَ الامر: گھومنا، چکر لگانا۔

اِحْتَاضَ وتَحَوَّضَ: حوض بنانا۔

اِسْتَحْوَضَ. الماءُ: حوض کے مشابہ گڑھے میں جمع ہونا۔

الحَوْض: پانی جمع ہونے کی جگہ۔ ج أحواض وحِیَاض وحِیضان. حَوْضُ الأذن: کان کا گڑھا۔

المُحَوَّض: درخت کے اردگرد پانی کا گڑھا۔ تھالا۔

حَاطَهُ (ن) حَوْطًا وحِیطَةً وحِیَاطَةً: حفاظت کرنا۔ نگہبانی کرنا...... به: گھیر لینا۔ احاطہ کرنا۔

حَوَّطَهُ: حفاظت کرنا۔ نگہبانی کرنا۔ الساحةَ: گرد اگرد دیوار بنانا...... الحائطَ: دیوار بنانا...... حولَ الامر: گھومنا۔ چکر لگانا۔

حَاوَطَهُ: کسی سے کوئی چیز حاصل کرنے کے لئے کہ جس کے دینے سے وہ انکار کر رہا ہو پیچھے پڑنا اور اس کے گرد چکر لگانا۔

أحَاطَ واحْتَاطَ. به: گھیرنا۔ احاطہ کرنا۔ کہا

جاتا ہے "اَحَاطَ بِهٖ علمًا" اس نے پورے طریقے سے علم حاصل کیا۔ اِحْتَاطَ الرَّجُلُ: ہوش وحواس سے کام کرنا۔ اِحْتَاطَ عَلَى الشَّيْ: محافظت کرنا۔ اِحْتَاطَ لِنَفْسِهٖ: بھروسہ کے ساتھ لینا۔

تَحَوَّطَهٗ: حفاظت کرنا۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ يَتَحَوَّطُ اَخَاهُ حِيْطَةً حَسَنَةً" فلاں اپنے بھائی کی بہت اچھے طریقے سے حفاظت کرتا ہے۔

اِسْتَحَاطَ. فِي اَمْرِهٖ اوتِجَارَتِهٖ: احتیاط کرنے میں مبالغہ کرنا۔

الحَوْطَة والحِيْطَة والحَيْطَة: احتیاط کا اسم۔

الحِيْطَة: پاکدامن شریف عورت۔

الحَوْط: مص۔ چاندی وغیرہ کا بنا ہوا چاند ہلالی شکل کا۔ سیاہ وسفید دو رنگوں کا دھاگا کہ جس میں مہرے یا کوڑی وغیرہ پرو کر نظر بد سے بچنے کے لئے عورتیں کمر پر باندھتی ہیں۔

الحِوَط: وہ چیز جس سے دراہم کے نقصان کو پورا کریں۔

الاَحْوَط: بہت احتیاط کرنے والا۔ قابل اعتماد۔ (اور یہ شاذ ہے اس لئے کہ احتیاط سے ماخوذ ہے۔)

الحَائِط: فا۔ دیوار۔ باغ۔ ج حِيْطَان وحِيَاط.

الحَوَّاط. حائط: اسم فاعل کا مبالغہ۔

حُوَاطُ الْاَمْرِ: کسی کام کا مدار۔

الحُوَاطَة: غلہ کی حفاظت کے لئے بنی ہوئی جگہ۔

المَحَاط: وہ جگہ جو قوم کے یا جانوروں کے پیچھے ہو اور جہاں ان کی حفاظت ہو۔

المُحِيْط: فا۔ وہ خط جو دائرہ کا احاطہ کئے ہوئے ہو۔ البَحْر المُحِيْط: بحراوقیانوس جو ہر طرف سے خشکی میں گھرا ہوا ہے۔

حاف (ن) حَوْفًا وحَوَّفَ. الشَّيْ: کنارہ پر کرنا۔ حَوْفَ المَكَانَ.

تَحَوَّفَ. الشَّيْ: کناروں سے کم کرنا۔ کنارہ کو پکڑنا۔

الحَوْف: مص۔ ازار کی مانند چمڑے کی ایک چیز جس کو بچے پہنتے ہیں۔ جانب۔ کنارہ۔ گوشہ۔

الحَافَان: زبان کے نیچے سبز رنگ کی دو رگیں۔

الحَافَة: جانب۔ کنارہ۔ شدت۔ حاجت۔ ج حَافَات وحِيَف. حافَتَاالوادی ونحوہ: وادی کے دونوں کنارے۔

حَاقَ (ن) حَوْقًا. البيتَ: جھاڑو دینا...... الشَّيْ: رگڑ کر چکنا کرنا...... بہٖ: احاطہ کرنا۔

حَوَّقَ. علیہ: گڑبڑ گفتگو کرنا۔

الحَوْق والحَوْقَة: بڑی جماعت۔

الحُوْق: گھیرا۔ چوکھٹا۔

الحُوَاقَة: کوڑا کرکٹ۔ سامان۔

المِحْوَقَة: جھاڑو۔ ج مَحَاوِق.

حَوْقَلَ حَوْقَلَةً وحِيْقَالاً: چلنے سے تھکنا۔ کمزور بڑھا ہونا...... الشيخُ: چلنے میں کمر پر ٹیک لگانا۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم: کہنا۔

الحَوْقَل: عمر رسیدہ بڑھا۔

الحَوْقَلَةُ: مص۔ لمبی گردن کی شیشی۔

حَاكَ (ن) حَوْكًا وحِيَاكًا وحِيَاكَةً الثوبَ: بننا۔ صفت (حَائِك) ج حَاكَة وحَوَكَة: مؤنث حَائِكَة وحَائِك. ج حَائِكَات وحَوَائِك: کہا جاتا ہے "حَاكَ الشاعرُ القَصِيْدَةَ" شاعر نے قصیدہ بنایا۔ "وحَاكَ الشَّيْ فی صَدْرِی" فلاں چیز میرے دل میں جم گئی۔

مَا (اَحَاكَ) سَيْفُهٗ: نہ کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَهٗ فَمَا اَحَاكَ فِيْهِ سَيْفُهٗ" اس نے اسے مارا تلوار نے کوئی اثر نہیں کیا۔ (یہ ہمیشہ نفی ہی کے ساتھ استعمال ہوتا ہے)

الحَوْك: جنگلی تلسی۔ کہا جاتا ہے "هذا عَلٰى حوكِ هذا" یہ ہیئت وشکل وعمر میں اس کی مانند ہے۔

المِحَاكَة: کارگہ۔ کھڈی۔

المَحْوَكَة: لڑائی۔ جنگ۔

حَالَ (ن) حَوْلاً وحُؤُولاً. الشَّيْ: ایک حالت سے دوسری حالت میں بدلنا...... الحولُ: گزرنا اور پورا ہونا۔ کہا جاتا ہے "حالتِ الدَّارُ وحِيْلَ بِهَا" گھر پر بہت سے سال گزرے...... علیہ الحولُ: پورا سال گزرنا۔ القوسُ: کج ہونا...... العهدُ: پلٹ جانا...... الی مکان آخر: منتقل ہونا...... فی ظَهْرِ الدَّابةِ: جانور کی پیٹھ پر کود کر چڑھنا...... الشخصُ: متحرک ہونا۔ (...... حِيْلَةً ومَحَالاً) حیلہ کرنا۔

(...... حُؤُولاً وحِيَالاً) الانثی: حاملہ نہ ہونا...... النخلةُ: ناغہ سے پھلدار ہونا۔

(...... حَوْلا وحُؤُولاً وحَيْلُوْلَةً) درمیان میں حائل ہونا۔

حَوِلَتْ (س) حَوَلاً عينُهٗ: بھینگی ہونا۔

حَوَّلَهٗ تَحْوِيْلاً: ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا۔ زائل کرنا۔ حَوَّلَهٗ اِلَيْهِ: پلٹ دینا۔

حَوَّلَ الرَّجُلُ: منتقل ہونا۔ حَوَّلَ الارضَ: ایک سال کے ناغہ سے کاشت کرنا...... الشَّيْ: محال بنانا (...... واَحَالَ) العينَ: بھینگا کرنا۔

حَاوَلَهٗ مُحَاوَلَةً وحِوَالاً: حیلہ سے طلب کرنا...... لہ البصرَ: تیز کرنا...... الشَّيْ: ارادہ کرنا اور حیلہ سے طلب کرنا۔

اَحَالَ. اللّٰہ الحولَ: پورا کرنا...... بالمكان: ایک سال قیام کرنا...... الرَّجُلُ: محال بات کہنا...... الشَّيْ: چند سال گزرنا۔ اَحَالَ الغَرِيْمَ بِدَيْنِهٖ عَلٰى آخر: قرض کو دوسرے کے حوالہ کرنا۔ صفت فاعل (مُحِيْل) صفت مفعولی (مُحَال) اور دوسرے غریم کو (مُحَال عليہ) مال کو (مُحَالٌ بہٖ) اور اس فعل کو (الحوالة) کہتے ہیں۔ اَحَالَ عَيْنَهٗ: بھینگی کر دینا۔ اَحَالَ عَلَيْهِ المَاءَ مِنَ الدَّلْوِ: انڈیلنا۔ کہا جاتا ہے "اَحَالَ عَلَيْهِ بالسَّوْطِ يَضْرِبُهٗ" وہ اس کو کوڑے سے مارنے پر متوجہ ہوا۔ اَحَالَ فی ظَهْرِ الدَّابةِ: کود کر سوار ہونا۔ اَحَالَ الامرَ علٰی فلانٍ: کسی پر کسی

کام کو ختم کر دیا۔

اَحْوَلَ. الصبیُّ : یک سالہ ہونا اور کہا جاتا ہے "مَا اَحْوَلَهُ وما اَحْیَلَه" وہ کتنا بڑا حیلہ ساز ہے۔ "وهُوَ اَحْوَلُ مِنکَ واَحْیَلُ مِنکَ" وہ تم سے زیادہ حیلہ گر ہے۔

تَحَوَّلَ. عنه: پھر جانا......الرَّجُلُ: ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا......فی الامر: حیلہ و مکر سے کام کرنا۔

اِحْتَالَ اِحْتِیَالاً: حیلہ کرنا......الشیُّ: ایک سال کا ہونا......عَلَیْه بالدَّیْنِ: دوسرے کے ذمہ ڈالنا۔

اِحْتَوَلَه. القومُ: گھیر لینا۔

اِحْوَلَّتْ. عینهُ: بھینگی ہونا۔

اِحْوَالَّتِ. الارضُ: سرسبز ہونا اور ہموار اُگنا۔

اِسْتَحَالَ اِسْتِحَالَةً: ایک حال سے دوسری حالت کی طرف بدلنا۔ محال ہونا......القوسُ: درستی کے بعد کج ہونا......فلانَ الشَّیْ: کسی چیز کی طرف دیکھنا کہ آیا اس میں حرکت ہے یا نہیں۔

اَلْحَوَالِی: سب سے زیادہ طویل پسلیاں اس واسطے کہ ان میں ٹیڑھا پن ہوتا ہے۔

اَلْحَوْذِیَّةُ: پھول کا نام جو کہ بڑے جسم والا متعدد رنگوں والا ایک ستارہ کی شکل پر ہوتا ہے۔

اَلْحَوَالَة: ایک شخص کی طرف سے دوسرا قرض کی ادائیگی کرے۔ اس کی کئی اقسام ہیں:
(۱) حَوَالَةٌ بَرِیْدِیَّة: منی آرڈر۔ (۲) حَوَالَةٌ مَصْرِفِیَّةٌ: بنک ڈرافٹ۔ (۳) حَوَالَةٌ بَرقِیَّةٌ: ٹیلی گراف منی آرڈر۔ (۴) اَلْحَوَالَةُ الْمُسَطَّرَة: کراس چیک۔ (۵) اَلْحَوَالَةُ الْمُعْتَمِدَة: ایل سی۔ طرفین کے اعتماد کے بغیر رقم نہ ملے۔ (۶) اَلْمُوقَعَةُ عَلَی بَیَاض: بلینک چیک۔

الحَال: کیفیت۔ ہیئت۔ صفت (مذکر و مؤنث) گرم راکھ۔ کالی مٹی۔ حَالُ مَتنِ الفرسِ: گھوڑے کی پشت کا درمیان۔ ج اَحْوَال و اَحْوِلَة.

حَالَةُ. الشیٔ: کیفیت۔ حالت ج حالات.

حَالَاتُ الدَّهْر: زمانہ کی گردشیں۔

الحَوْل: مص۔ قدرت۔ کہا جاتا ہے "لَاحَوْلَ ولَاقُوةَ اِلَّا بِاللّٰه" یعنی نہ تو حرکت ہے نہ قوت ہے مگر اللہ تعالیٰ کی مشیت سے۔ ہوشیاری۔ دور بینی۔ سال۔ ج حُؤُول و اَحْوَال.

الحَوْلِیُّ: ایک سالہ بچہ۔ ج حَوْلِیَّات اور اسی سے ہے "حَوْلِیات زُهَیْر" یعنی زہیر کے وہ قصائد جن کی نظم و ترتیب و تہذیب اور لوگوں کے سامنے پیش کرنے میں ایک سال کی مدت لگتی تھی۔

الحِوَل: ہوشیاری۔ دور بینی۔ قدرتِ تصرف زوال۔ انتقال۔ کہا جاتا ہے "لاحِوَلَ عَنْه".

الحَوَل: بھینگا پن۔

حَوْلُ وحَوْلَی وحَوال وحَوَالَی. الشیٔ اوالشَّخص: گرداگرد۔ کہا جاتا ہے "قَعَدَ حَوْلَه وحَوْلَیه وحَوَالَه وحَوَالَیه".

الحَوَال والحَوَلان والحُوْلَان: تغیر و انقلاب۔

الحُوَالِیُّ والحُوَّل والحُوَّلِیُّ: حیلہ ساز۔ بہت سخت حیلہ گر۔

الحِوَال: ہر وہ چیز جو دو چیزوں کے درمیان حائل ہو۔

حِیَالُ. الشیٔ: مقابل۔ سامنے اور کہا جاتا ہے "قَعَدَ کل علیٰ حِیَالِه" ہر ایک علیحدہ علیحدہ بیٹھا۔

الحِیْلَة والحَوْلَة: ہوشیاری۔ دور بینی۔ تصرف کی قوت۔ ج حِیَل وحِوَل.

الحُوْلَة: تعجب امر منکر۔ مصیبت۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ حُوْلَة" یعنی بہت حیلہ گر مرد۔ "وهٰذا من حُوْلة الدَّهر" یہ عجائبات زمانہ سے ہے۔

الحِوَل: بھینگا۔ بہت حیلہ گر۔

الحَوِیْل: گواہ۔ ضامن۔

الاَحْوَل: بھینگا۔ مؤنث حَوْلَاء ج حُوْل.

الحَائِل: فا۔ رنگ بدلا ہوا۔ یکسالہ۔ ہر وہ مادہ جو حاملہ نہ ہوتی ہو۔ کہا جاتا ہے "اِمْرَاة حَائِلٌ ونَخْلَة حَائِل" ج حُوْل وحُوَّل وحِیَال و حَوَائِل.

الحَائِلَة. الحائل: کا مؤنث۔ حیلہ۔ کہا جاتا ہے "ما فیْهِ حَائِلَة" اس میں کوئی حیلہ نہیں۔

المُحَال: مشکل۔ باطل۔ ٹیڑھا۔ غیر ممکن۔

المُحْوِل: ایک سالہ بچہ۔

المُحِیْل. مِنَ النساء: لڑکی کے بعد لڑکا یا لڑکے کے بعد لڑکی جننے والی عورت۔

المَحَالَة: ہوشیاری۔ تصرف کی قدرت۔ رہٹ۔ پیٹھ کا درمیان۔ ج مَحَال و مَحَاوِل کہا جاتا ہے "لامَحَالَة مِنَ الاَمْر" ضروری۔ اس میں کوئی شک نہیں۔ المَحَالَة: رہٹ۔ بڑی چرخی۔

المِحْوَال: بہت محال باتیں کہنے والا۔

المُسْتَحِیْل: بے ہودہ ولغو بات۔ بکھرا ہوا۔

المُسْتَحِیْلَة والمُسْتَحالة مِنَ القِسِیِّ: ٹیڑھی کمان......مِنَ الارض: ایک سال یا چند سال چھوڑی ہوئی زمین۔

حَامَ (ن) حَوْمًا وحَوَمَانًا. علی الشیْ وحولَه: منڈلانا...... الرَّجُلُ: پیاسا ہونا۔ صفت (حَائِم) ج حُوَّم مؤنث حَائِمَة ج حَوَائِم وحُوَّم (...... حَوْمًا وحِیَامًا وحُوُوْمًا) حَولَ غرضِه وعلیه: طلب کرنا۔

حَوَّمَ. فِی الامر: کام میں لگا رہا۔

الحَوْم: اُونٹوں کا بڑا گلہ۔

الحُوْم: شراب جو سر کو چکرا دے۔

حَوْمَة. القتالِ اوالبحر اوالرمل وغیر ذلک: بڑا حصہ۔ حَوْمَةُ الموت: موت کا ہجوم۔

الحُوْمَة: بلور۔

حَوْمَلَ حَوْمَلَةً: پانی اُٹھانا۔

الحَوْمَل: صاف سیلاب۔ کالا بادل۔

تَحَوَّنَ. الرَّجُلُ: ذلیل ہونا۔ ہلاک ہونا۔

حَوِیَ (س) حَوًی واحْوَوٰی اِحْوِوَاءً و اِحْوَاوٰی اِحْوِیْوَاءً: سبزی مائل یا سرخی مائل سیاہ ہونا۔ صفت (اَحْوٰی) مؤنث حَوَّاءُ ج حُوٌّ.

حَوٰی (ض) حَوَایَۃً وحَیًّا. الشیَٔ: جمع کرنا۔ حَوَّاہُ تَحْوِیَۃً: قبضہ کرنا۔

تَحَوّٰی: سمٹنا۔ گول ہونا۔ الحیۃُ: کنڈلی مارنا۔ الشیَٔ: قبضہ کرنا۔

اِحْتَوٰی اِحْتِوَاءً. الشیَٔ وعلیہ: جمع کرنا۔

الحَاوِی: فا۔ سانپ کا منتر کرنے والا۔ مؤنث حَاوِیَۃ ج حَاوِیَات وحَوَاوٍ.

الحَاوِیَاء: سمٹی ہوئی آنتیں ج حَاوِیَاءَات وحَوَاوٍ.

الحَوَاء والحَوَاۃ: آواز۔

الحَوِیُّ: استحقاق کے بعد مالک ہونے والا چھوٹا حوض۔

المِحْوَاء: قریب قریب گھروں کا مجموعہ۔ ج اَحْوِیَۃ.

الحَوِیَّۃ. الحوی: کا مؤنث۔ سمٹی ہوئی آنتیں۔ چھوٹا حوض۔ کمبل کہ جس میں گھاس بھوسہ وغیرہ بھر کر اونٹوں کے کوہان کے اردگرد رکھتے ہیں۔ ج حَوَایَا اور اسی سے مثل ہے "المَنَایا علی الحَوَایَا" اس شخص کے لئے ہے جو موت کو خود ہی تلاش کرے۔

الحَوَّاء: سانپوں کا جمع کرنے والا۔

حَیْثُ: ظرف مکان۔ مبنی برضمہ اور کہا جاتا ہے من ھذہ (الحَیْثِیَّۃ) یعنی اس اعتبار سے اور کبھی حیث زمان کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے۔

حَاجَ (ض) حَیْجًا: محتاج ہونا۔

اَحَاجَ واَحْیَجَ. المکانُ: کانٹے اگانا۔

الحَاج: کانٹا۔ ایک قسم کا ترش پودہ۔

حَادَ (ض) حَیْدًا وحَیَدَانًا ومَحِیْدًا وحَیْدَۃً وحُیُوْدًا وحَیْدُوْدَۃً. عَنِ الطریق: الگ ہونا۔ ہٹ جانا۔

حَیَّدَہٗ: گرہ پر گرہ دینا۔ حَیَّدَ السَّیْرَ: تسمہ میں گرہ لگانا۔

حَایَدَ مُحَایَدَۃً وحِیَادًا: علیحدہ ہونا۔

الحَیْد: چیز کا ابھرا ہوا حصہ۔ پہاڑ کا نکلا ہوا کنارہ۔ پہاڑی بکرے کے سینگ کی گرہ۔ ج حُیُوْد و حِیَدو اَحْیَاد (...... والحِیُد) مثل نظیر۔

الحَیْدَۃ: پہاڑی بکرے کے سینگ کی گرہ۔

الحَیَدٰی: متکبر کی چال۔

الحَیْدَان: کنکری جو جانور کے چلنے سے اڑے۔

المَحِیْد: حاد کا اسم ظرف۔

حَارَ (س) حَیْرًا وحَیْرَۃً وحَیَرَانًا وحَیَرًا الماءُ: پانی کا اس طرح آ نا جانا کہ یہ نہ معلوم ہو کہ کیسے جاری ہے۔ الرَّجُلُ: چکا چوند ہونا۔ راستہ گم کرنا۔ فی امرہ: حیران ہونا۔ صفت (حَیْرَان) مؤنث حَیْرٰی ج حَیَارٰی وحُیَارٰی.

حَیَّرَہٗ: حیرانی میں ڈالنا۔

تَحَیَّرَ. الماءُ: بمعنی حارَ الماءُ.

...... المکانُ بالماء: بھر جانا۔ (واستحارَ) حیرانی میں پڑنا۔ اِستَحَارَ المکانَ وبالمکانِ: چندوں کے لئے اترنا......

السحابُ: کسی جانب میں متوجہ نہ ہونا۔

الحَیْر. حِمٰی: باغ۔

الحَیْر والحِیَر: بہت اہل ومال۔ کہا جاتا ہے "لا آتیہ حَیْرَ دَھْرٍ" میں اس کے پاس کبھی نہیں آؤں گا۔

الحَارَۃ: محلّہ۔

الحَائِر: فا۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ بلند کناروں والی نشیبی جگہ۔ ج حُوْرَان وحِیْرَان.

المَحَارَۃ: سیپی۔ ج مَحَارٌ: پانی جمع ہونے کی جگہ۔ المَحَارَتَان: سرین کے دونوں گول سرے جن سے ران کے سرے ملے ہوئے ہیں۔

المِحْیَار: بہت حیران۔

المُتَحَیِّرَات: کواکب۔ سیارہ۔ واحد (متحیرہ)

المُسْتَحِیْر: فا۔ وہ راستہ جو جنگل کے عرض میں ہو اور یہ معلوم نہ ہو کہ کہاں نکلا ہے۔ بھاری بادل جس کے لئے ہوا نہ ہو جو کہیں لے جائے۔

حَازَ (ض) حَیْزًا. الابلَ: ہانکنا۔

تَحَیَّزَ. الشیُٔ: کسی ایک ہی جگہ میں منحصر ہونا...... الحیۃُ: کنڈلی مارنا۔

الحَیِّز: دیکھئے مادہ حوز۔

حَاسَ (ض) حَیْسًا. الشیَٔ: ملانا۔

الحَبْلَ: بٹنا...... وحَیَّسَ الحَیْسَ: حیس بنانا۔ کہا جاتا ہے "حِیْسَ حَیْسُھُم" ان کی ہلاکت قریب ہوئی۔

الحَیْس: مص۔ ایک قسم کا کھانا جو کھجور، گھی اور ستو سے تیار کیا جاتا ہے۔ کچا کام۔ ردی کام۔

المَحْیُوْس: وہ جس کے ماں باپ دونوں غلام ہوں۔

حَاشَہٗ (ض) حَیْشًا: گھبراہٹ میں ڈالنا۔

حَاشَ مِنْہُ: گھبرانا...... الرَّجُلُ: جلدی کرنا۔

الوادی: دراز ہونا۔

تَحَیَّشَ: گھبرانا۔

الحَیْشَان: بہت گھبرانے والا۔

حَاصَ (ض) حَیْصًا وحِیْصَۃً وحُیُوْصًا ومَحِیْصًا وحَیَصَانًا وانحاصَ وتحایَصَ عن کذا: الگ ہونا۔ ہٹ جانا کہتے ہیں "مَنْ حَاصَ عَنِ الشَّرِّ سَلِمَ" جو برائی سے الگ رہا محفوظ رہا۔ وَقَعَ فِی حَیْصَ بَیْصَ اَوْفِی حِیْصَ بِیْصَ" وہ ایسی گڑبڑی میں پڑ گیا جس سے نکلنے کا کوئی راستہ نہیں۔

حَالَصَہٗ: فریب دینا اور غلبہ کرنا۔

الاَحْیَص: وہ شخص جس کی ایک آنکھ دوسری سے چھوٹی ہو۔

دابَّۃٌ (حَیُوص) بدکنے والا جانور۔

المَحِیْص: علیحدہ ہونے کی جگہ۔ بھاگنے کی جگہ۔

الحَیْصَاء والمِحْیَاص: وہ عورت جس کی اندام نہانی تنگ ہو۔

حَاضَتْ (ض) حَیْضًا ومَحِیْضًا ومَحَاضًا وتَحَیَّضَتْ. المرأۃُ: ماہواری خون جاری ہونا۔ صفت (حائِض وحَائِضَۃ) ج حُیَّض وحَوَائِض.

حَیَّضَ. الماءَ: پانی بہانا۔

الحِیَاض: حیض کا خون۔

الحِیْضَۃ والمَحِیْضَۃ: حیض کا چیتھڑا۔

حَیْعَلَ. المؤذنُ: حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ: کہنا۔

حَافَ (ض) حَیْفًا. علیہ: ظلم کرنا۔ صفت (حَائِف) ج حُیَّف وحُیُف وحَافَۃ.

تَحَیَّفَ. الشَّیْءَ: کم کرنا۔ اطراف سے گھٹانا۔

الحَائِف: فا۔ حَائِفُ الجَبَلِ: پہاڑ کا کنارہ۔

الحِیْفَۃ: گوشہ۔ کپڑے کا ٹکڑا جو قمیص کے دامن میں پیوند لگایا جائے۔ شکار کے واسطے ہنکایا ہوا جانور۔ ج حِیَف.

الأَحْیَف. مِنَ الأَمْکِنَۃ: وہ جگہ جہاں بارش نہ ہو۔ مؤنث حَیْفَاء.

حَاقَ (ض) حَیْقًا وحُیُوْقًا وحَیَقَانًا وأَحَاقَ إحَاقَۃً. بہ: احاطہ کرنا۔ گھیرنا۔ حَاقَ بِھِمِ الأمرُ: لازم ہونا۔ واجب ہونا۔۔۔۔ بِھِمُ العذابُ: نازل ہونا۔۔۔۔ فِیہِ السَّیْفُ: اثر کرنا۔ نشان ڈالنا۔ أحَاقَ الشَّیْءَ بِکَذَا: گھیرا کرنا۔

حَایَقَہٗ مُحَایَقَۃً: حسد کرنا۔ دشمنی کرنا۔ بغض رکھنا۔

اِحْتَاقَ. علی الشیءِ: احتیاط کرنا۔

الحَیْقُ: برے فعل کی وجہ سے جو کچھ انسان کو لازم ہو جائے۔

الحَیْقَل: بے فیض آدمی۔

حَاکَ (ض) حَیْکًا وحَیَکَانًا: متکبرانہ چال چلنا۔ صفت (حَائِک وحَیَّاک) مؤنث حَیَّاکَۃ وحَیْکَانَۃ وحَیْکَی (واحَاکَ) السیفُ: کاٹنا۔ السیفُ والکلامُ فیہ: اثر کرنا۔

إحْتَاکَ إحْتِیَاکًا. بثوبہ: لپٹنا۔ حِیْکَۃ (حِیکَی) متکبرانہ چال۔

حَالَ (ض) حُیُوْلًا. الشیءُ: بدلنا۔ الماءُ: وادی میں جمع ہونا۔

الحَیْل. قوۃ: وادی میں جمع شدہ پانی۔ ج أحْیَال وحُیُول.

الأحْیَل والأحْوَل: بہت حیلہ کرنے والا۔

الحِیْلَۃ: ہوشیاری۔ دور بینی۔ تصرف کی قوت۔ ج حِیَل.

الحَیْلَۃ: بکریوں یا بھیڑوں کا ریوڑ۔ حیلہ گری۔

الحِیْلَان: غلہ گاہنے کا اوزار۔

حَانَ (ض) حَیْنًا وحَیْنُوْنَۃً. الشیءُ: وقت قریب ہونا۔۔۔۔ فلان: ہلاک ہونا۔ رنج وتکلیف میں پڑنا۔ توفیق سے محروم ہونا۔

حَانَ لہ أنْ یَفْعَلَ کَذَا: وقت قریب آنا۔ السُّنْبُلُ: خشک ہو کر کٹائی کا وقت قریب آنا۔

حَیَّنَہٗ: وقت ومیعاد مقرر کرنا۔۔۔۔ اللّٰہُ فلانًا: ہدایت کے لئے توفیق نہ دینا۔

حَایَنَہٗ: وقت معین کے لئے معاملہ کرنا۔

أحْیَنَ إحْیَانًا. الرجلُ او الشیءُ: وقت آنا۔۔۔۔ بالمکان: کچھ وقت کے لئے قیام کرنا۔

أحَانَہٗ. اللّٰہُ: ہلاک کرنا۔

تَحَیَّنَ. مِنہ غَفْلَۃً: انتظار کرنا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ یَتَحَیَّنُ طَعَامَ النَّاسِ" وہ لوگوں کے کھانے کے وقت کا انتظار کرتا ہے۔ توفیق وہدایت سے محروم رہنا۔

اِسْتَحْیَنَ: وقت مناسب کی آرزو رکھنا۔

الحَان والحَانَۃ: شراب فروشی کی دکان۔

الحَیْن: ہلاکت۔ رنج ومحنت۔

الحِیْن: وقت۔ ج أحْیَان. ج أحَایِیْن.

الحِیْنَۃ والمِحْیَان: وقت۔

الحَائِن: فا۔ بے وقوف۔

الحَائِنَۃ: مصیبت۔ ج حَوَائِن.

حَیِیَ (س) حَیَاۃً: زندہ رہنا۔ اس میں ایک لغت ادغام سے بھی ہے۔ کہا جاتا ہے حَیَّ یَحَیُّ (۔۔۔ حَیَاءً) منہ: منقبض ہونا۔۔۔۔ الطریقُ: ظاہر ہونا۔

حَیَّاہٗ وتَحِیَّۃً. حَیَّاکَ اللّٰہُ: کہنا (یعنی اللہ عزوجل تمہاری عمر دراز کرے) سلام کرنا۔ حَیَّاہُ اللّٰہُ: باقی رکھنا۔

کہا جاتا ہے: "حَیَّا الْخَمْسِیْنَ مِنْ عُمُرِہٖ" وہ اپنی عمر کے پچاسویں سال کے قریب پہنچا۔

حَایَا مُحَایَاۃً. الصبیَّ: غذا دینا۔۔۔۔ زیدًا: شرم دلانا۔۔۔۔ النارَ: بھڑکانا۔

أحْیَاہٗ: زندہ کرنا۔۔۔۔ النارَ: پھونک کر سلگانا۔۔۔۔ الأرضَ: سرسبز بنانا۔

الرَّائِدُ الأرضَ: گھاس پانی طلب کرنے والے کا زمین کو سرسبز پانا۔۔۔۔ اللَّیْلَۃَ: بیدار رہنا۔ (أحْیَاہُ واسْتَحْیَاہُ) زندہ چھوڑنا۔

اِسْتَحْیَا واسْتَحْیٰ مِنہ: شرم کرنا۔ اِسْتَحْیَاہُ واسْتَحْیَا مِنہ: منقبض ہونا۔ باز رہنا۔

حَیَّ وحَیَّ هَلًا وحَیَّهَل: اسم فعل بمعنی اقبل وعجّل: کہا جاتا ہے "حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ" یعنی نماز کیلئے آؤ۔ (حَیَّ هَلْ) بفلان: فلاں کو بلاؤ۔

الحَیَا والحَیَاء: بارش۔ تروتازگی۔ نباتات۔

الحَیَا: شرم وحیاء۔ کسی چیز سے منقبض ہونا اور ملامت کے خوف سے چھوڑنا۔ بارش وتروتازگی۔ توبہ۔

الحَیَاۃ: زندگی۔

الحَیُّ: زندہ۔ نسبت کے لئے (حَیَوِیّ) مؤنث حَیَّۃ. أرْضٌ حَیَّۃ: سرسبز زمین۔ کہا جاتا ہے "لَا یَعْرِفُ الحَیَّ مِنَ اللَّیِّ" یعنی وہ بے وقوف ہے۔ الحَیُّ: محلہ۔ عرب کے قبیلوں میں سے چھوٹا قبیلہ۔ ج أحْیَاء.

الحَیِیُّ والحَیِی: شرم دلانا۔

الحَیَوَان: جاندار۔ ج حَیَوَانَات.

المَحْیَا: وہ موقع جہاں شرم کی جائے۔ ج مَحَای. : زندگی۔

المُحَیَّا: چہرہ۔

خ

ح: الخاء: بنیادی حروف میں سے ساتواں حرف ہے۔

خَبَّ (ن) خَبًّا. النباتُ: بلند ہونا۔ بڑھنا ......الرَّجُلُ: اپنی چیز کو روکنا۔ بخل کی وجہ سے بےنشان ہونے کے لئے پست زمین میں اُتر آنا (......خَبًّا وخَبِيْبًا واخْتَبَّ) الفرسُ في عَدْوِهٖ: گھوڑے کا دوڑنے میں کبھی اگلی ٹانگوں پر کھڑا ہونا اور کبھی پچھلی پر۔

(......خِبًّا وخَبَابًا) البَحْرُ: جوش مارنا۔

خَبَّ (س) خَبًّا وخِبًّا: مکار ہونا۔

خَبَّبَهٗ: دھوکا دینا۔ خراب کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَبَّبَ عَلٰى فلانٍ صَدِيْقَه" اس نے فلاں کے دوست کو بگاڑ دیا۔ خَبَّبَ لَحْمُهٗ "گوشت کے جاتے رہنے سے جھریاں پڑنا۔

اَخَبَّ. الفرسَ: گھوڑے کو خَبَب: چال چلانا (دیکھئے مصدر خَبَب)

الخَبُّ: مص۔ دغاباز۔ فریبی۔ فساد۔ ریت کی دھاری۔ نرم زمین جو دو سخت زمینوں کے درمیان ہو۔ ج خُبُوب کہتے ہیں "اَصَابَهُم الخَبُّ" یعنی ہوائیں ان پر پیچیدہ ہو گئیں اور موجوں میں اضطراب ہو گیا۔

الخُبُّ: پست زمین۔ درخت کی چھال۔ ج خُبُوب واَخْبَاب.

الخَبَّة. مُثلثة الخاء: ریت یا بدلی کی دھاری۔ پٹی کی طرح دھجی۔ الخُبَّة: پانی کے جمع ہونے کی جگہ۔ وادی کا درمیانی حصہ۔ گوشت کا پارچہ۔

ثوبٌ (خِبَبٌ وخَبَائِب واَخْبَاب) پھٹے پرانے کپڑے (تعداد اجزاء کی وجہ سے صفت میں جمع لانا جائز ہے)

الخَبِيْب: زمین میں لمبا شگاف۔

الخَبِيْبَة: ریت یا بدلی کی دھاری۔ گوشت کا پارچہ۔ وادی کا درمیانی حصہ۔ ج خَبَائِب.

المَخَبَّة: وادی کا درمیانی حصہ۔

خَبَاَ (ف) خَبْاً وخَبَّاَ. الشَّیْئَ: چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔

خَابَاَهٗ: کسی سے چیستاں و پہیلی کہنا۔

اِخْتَبَاَ. منه: چھپنا......الشیئ: چھپانا۔ کہا جاتا ہے "اِخْتَبَالَهٗ خَبِيْاً" اس نے اس سے ایک چیز پوشیدہ کی اور پھر اس سے دریافت کیا۔

اَلْخَبْءُ والخَبِيُّ: پوشیدہ۔ خَبْءُ الارض: نباتات۔ خَبْءُ السماء: بارش۔ کہتے ہیں "اَخْرَجَ خَبْءُ السَّمَاءِ خَبْءَ الارضِ" بارش نے نباتات کو اُگایا۔

الخِبَاء: اُون یا بالوں کا خیمہ۔ ج اَخْبِيَة.

الخَبِيْئَة: پوشیدہ رکھی ہوئی چیز۔ ج خَبَايَا.

الخَابِئَة والخَابِيَة: مٹکا۔ ج الخَوَابِي والخَوَابِي. بِنْتُ الخَابِيَة: شراب۔

الخُبَاَة: بہت پوشیدہ رہنے والی عورت۔

المَخْبَاَ: چھپنے کی جگہ۔ ج مَخَابِی.

خَبَتَ (ض) خَبْتًا. ذِكْرُهٗ: پوشیدہ ہونا۔ مخفی ہونا۔

اَخْبَتَ. القَوْمُ: کشادہ و پست زمین میں آنا......الی الله: عاجزی و فروتنی کرنا۔

الخَبْت: کشادہ و پست زمین۔ ج اَخْبَات وخُبُوت.

الخَبْتَة والخِبْتَة: تواضع۔ عاجزی۔ فروتنی۔

الخَبِيْت: حقیر و فرومایہ و خبیث۔ کہا جاتا ہے "هو خَبِيْتُ النفس" وہ شکستہ دل ہے۔

خَبُثَ (ن) خُبْثًا وخَبَاثَةً وخَبَاثِيَةً: پلید و ناپاک ہونا۔ صفت (خَبِيْث) ج خُبُث وخُبَثَاء واَخْبَاث وخَبَثَة. خَبُثَتْ نَفْسُهٗ: جی متلانا......بالمرأة: زنا کرنا۔

خَبُثَ (ک) خُبْثًا: ردی ہونا۔ مکار ہونا۔

(......واَخْبَثَ) برے لوگوں کے ساتھ رہنا۔

واَخْبَثَهٗ: برائی سکھلانا۔ خراب کرنا۔ برائی کی طرف منسوب کرنا۔

خَبَّثَهٗ: خبیث جاننا......الطعامَ: کھانے کو ناگوار کر دینا۔

تَخَابَثَ: برائی ظاہر کرنا اور اس پر عمل کرنا۔

تَخَبَّثَ: بتکلف شرارت کرنا۔

اِسْتَخْبَثَ: برائی کرنا۔ شرارت کرنا......ہ: برا پانا۔

الخَبَث. مِنَ الحديد ونحوه: لوہے کا میل سونے یا لوہے کا کھوٹ۔ بے فائدہ چیز۔

خَبَاثِ: بروزن قطام. خبيثة: سے معدول ہے اور صرف ندا کی صورت میں عورت کو گالی دینے کے لئے آتا ہے جیسے "یاخَبَاثِ" اے بدکار عورت۔

خُبَثُ: خبیث سے معدول ہے اور یہ بھی صرف ندا ہی کے موقع پر مرد کو گالی دینے کے لئے آتا ہے۔ جیسے "یاخُبَثُ" یعنی اے بدکار مرد۔

الخَبِیْث : ناپاک۔ گھٹیا۔ ناپسندیدہ چیز۔ ہر حرام چیز۔ ہر خراب چیز۔ ج خُبُث و خُبثاء واخبــــاث و خَبثة: مؤنث خَبِیثة: ج خَبِیثات و خَبائث.

الـخَبَائِث : بُرے افعال۔ وہ چیزیں جن کو عرب گندی سمجھتے تھے اور کھاتے نہیں تھے۔ جیسے سانپ وگبریلا وغیرہ۔

الاَخْبَثان : پیشاب' پاخانہ۔

الخِبِّیْث : بڑا بدکار۔ بڑا شریر۔

الخِبِّیثٰی : برائی۔ پلیدی۔

الـمَخْبَثَة : سبب فساد۔ کہا جاتا ہے "الـكفر مَـخْبَثَة لِـنَـفْـسِ الـمُـنْعِم" ناشکری منعم کی طبیعت کے لئے باعث فساد ہے۔

خَبَجَهٗ (ن) خَـبْـجًـا. بالعصاء: لاٹھی سے مارنا.... الرَّجُلُ: گوز کرنا۔

الخَبِج والخَبَاجَاء : بے وقوف۔

الخَبَج والخُبَاج : گوز۔

خَبْخَبَ. الرَّجُلُ : ڈھیلے پیٹ والا ہونا...... ہ : بے وفائی کرنا۔

تَـخَبْخَبَ. الشئُ المضطربُ : ڈھیلا ہونا ...... بلَدُه : موٹائی کے بعد دبلا ہونا۔

الحرُّ : گرمی کی تیزی کا کم ہونا۔

خَبَرَ (ن) خُبْرًا وخِبْرَةً. الشَّئْ : آزمانا۔ تجربے سے جاننا۔

خَبَرَ (ن) خُبْـرًا. الارض : کھیتی کے لئے جوتنا...... الطعام: مرغن کرنا۔

خَبُرَ (ک) وخَبِرَ (ف) خُـبُـرًا وخِبْرًا وخُـبْـرَةً وخِبْرَةً ومَخْبُرَةً ومَخْبَرَةً. الشَّئْ وبه: حقیقت حال سے واقف ہونا۔

خَبَّرَهٗ واَخْبَرَهٗ. الشَّئْ وبِـالشَّئْ : آگاہ کرنا۔ خبردار کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَخْبَـــرَهٗ خُبُـوْرَهٗ" یعنی اس نے اطلاع دی ہر اس چیز کی جو اس کے پاس تھی۔

خَــابَــرَهٗ : بٹائی پر کھیت جوتنا۔ پروا کرنا۔ بعضوں نے گفتگو کرنے اور بحث کرنے کے معنی میں استعمال کیا ہے۔

تخابر : ایک دوسرے کو خبر دینا۔

تَـخَـبَّـرَ. الامرَ : حقیقت حال سے واقف ہونا۔

تَخَبَّرَهٗ واِسْتَخْبَرَهٗ : خبر دریافت کرنا۔ تَخَبَّرَ الـقـومُ: بکری کو خرید کر ذبح کرنا اور اس کے گوشت کو آپس میں تقسیم کرنا۔

اِخْتَبَـرَ. الشَّئْ : آزمانا۔ حقیقت حال سے واقف ہونا...... لِاَهْـلِه: اپنے گھر والوں کے لئے کھانا لینا۔

اَلْمُخْتَبَرُ : لیبارٹری (سائنس روم)

الـــخَبْـــر : بڑا توشہ دان۔ زیادہ دودھ والی اُونٹنی۔ کھیتی۔ پہاڑ میں پانی جمع ہونے کی جگہ۔ بیری یا اراک کا درخت اور اس کے اردگرد کی گھاس۔ واحد (خَبْرَة) ج خُبُور.

الـخِبْـر : مص۔ بڑا توشہ دان۔ زیادہ دودھ والی اُونٹنی۔

الخُبْر : مص۔ علم۔ تجربہ۔ آزمائش۔ کہا جاتا ہے "صَدَّقَ الخبرَ الخُبْرُ" آزمائش نے خبر کی تصدیق کردی۔ رَجُـل خُبْرٌ وخَبِرٌ "خبر کا جاننے والا۔

الخَبَر : خبر۔ ج اَخْبَار واَخَابِیْر.

الاَخْبَـــارِی : تاریخ کی تدوین کرنے والا مؤرخ۔

الـخَبْرَاء : بڑا توشہ دان۔ بیری کے درختوں کو اُگانے والی زمین۔ ج خَبَــارَیٰ وخَبَارِ وخَبْرَاوَات.

الـــخُبْـرَة : مص۔ بکری جس کو لوگ مختلف قیمت دے کر خریدیں اور پھر آپس میں تقسیم کرلیں اور ہر ایک کو اس کی قیمت کے لحاظ سے ملے۔ زیادہ ثرید۔ خوراک وغیرہ جو اہل وعیال کے لئے خریدی جائے۔ کہا جاتا ہے "اِجْتَـمَـعُوْا علٰی خُبْرَتِه" وہ لوگ اس کے کھانے پر جمع ہوگئے۔ سالن۔

الخَبَار : نرم زمین۔ جڑیں۔ واحد (خَبَارَة)

الـــخَبِیْر : واقف۔ آگاہ۔ دانا۔ کسان۔ ج خُبَرَاء۔ کھیتی۔ اُونٹ کے بال۔ گرے ہوئے بال۔ واحد (خَبِیْرَة) ج خبائر. الخبیر : [illegible]

الـخَابُوْر : ایک درخت کا نام۔ راس العین اور فرات کے درمیان ایک ندی کا نام۔

المَخْبَر والمَخْبَرة والمَخْبُرَة : آگاہی جو خبر یا آزمائش سے حاصل ہو۔

خَبَزَ (ض) خَـبْـزًا. الـخُبْـزَ : روٹی پکانا۔ القومَ : روٹی کھلانا۔ کہا جاتا ہے "خَبَـزْتُهُمْ وتَمَرْتُهُم" میں نے ان کو روٹی کھجور کھلائی۔

خَبَزَهٗ وتَخَبَّزَهٗ : مارنا۔ کہا جاتا ہے "خَبَطَنِی بِرِجْلِه وخَبَزَنِی" اس نے مجھ کو اپنے پیر سے مارا۔

اِنْخَبَزَ. المكانُ: پست ہونا۔

اِخْتَبَزَ. الخُبْزَ : روٹی پکانا۔

الـخُبْز : روٹی۔ خُبْزُالغُراب : ایک قسم کی نباتات جس میں روٹی کی مانند گول گول ٹکیاں نکلتی ہیں۔

الخَبْز : پست جگہ۔

الخَابِز : فا۔ روٹی والا۔

الخَبِیْز : پکی ہوئی روٹی۔ ثرید۔

الخِبَازَة : نانبائی کا پیشہ۔

الخَبَّاز : نانبائی۔

الـخُبَّـازِی والخُبَّاز والـخَبِیْزَة والخَبَّازَة. خُبازی : (ایک دوا کا نام)

خَبَسَ (ن) خَبْسًـا واخْتَبَـسَ وتَخَبَّـسَ. الشَّئْ : لے لینا۔ غنیمت حاصل کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَبَـسَ فلانًا حَقَّه" فلاں نے اس کے حق کو مارلیا۔ اِخْتَبَسَ مالَه: جاتا رہنا۔

الخَابِسُ والخَبَّاسُ والمُخْتَبِس : شیر۔

الخَبُوْسُ : شیر۔ ظلم کرنے والا۔

الخُبَاسَة : وہ چیز جو ظلمًا لے لی جائے۔ (...... والخُبَاسَاء) غنیمت۔

خَبَشَ (ن) خَبْشًا وتَخَبَّشَ. الاشیاء من هٰهُنَا وهٰهُنَا: اِدھر اُدھر سے جمع کرنا۔

الخَبَّاش : کمائی کرنے والا۔

خُبَاشَاتُ. العَیْش : زندگی بسر کرنے کی چیزیں جیسے کھانا' کپڑا وغیرہ۔ خُبَاشَاتُ النَّاس: مختلف قوموں کی جماعت۔

[illegible] (ض) خبصًا الشئ بالشئ : ملانا

(.....خَبَّصَ وتَخَبَّصَ واِخْتَبَصَ) کھجور اور گھی کا حلوا بنانا۔اِخْتَبَصَ الرَّجُلُ: اپنے لئے کھجور اور گھی کا حلواہ بنانا۔ کھجور گھی کا حلوا کھانا۔

الخَبِيص والخَبِيصَة: کھجور اور گھی کا حلوا۔

المِخْبَصَة: کڑھائی میں حلوے کو اُلٹنے پلٹنے کا چمچہ۔

خَبَطَهٗ (ض) خَبْطًا: زور سے مارنا۔ الشَّیْ: سخت روندنا..... اللیلَ: ٹیڑھا ٹیڑھا چلنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ یَخْبِطُ خَبْطَ عَشْوَاءَ" وہ رتوندی والی اُونٹنی کی طرح ٹیڑھا ٹیڑھا چلتا ہے۔ یعنی امور میں بغیر بصیرت کے تصرف کرتا ہے۔ "وماأدْرِی اَیُّ خَابِطِ لَیلٍ ھُوَ" میں نہیں جانتا کہ گمنام رات میں آنے والا کون ہے۔

.....الشَّیْطَانُ زَیْدًا: دیوانہ کردینا.....ہ بخیر: بغیر جان پہچان کے دینا۔ البَعِیْرَ: منہ کی چوڑائی میں لمبا داغ لگانا..... الشجرةَ: پتے جھاڑنا۔

خُبِطَ: زکام ہونا۔ صفت (مخبُوط)

تَخَبَّطَهٗ: زور سے مارنا..... الشیطانُ زیدًا: دیوانہ کردینا..... البلادُ: فتنہ وفساد ولوٹ مار واقع ہونا۔ تَخَبَّطَ الشیَ: روندنا۔

اِختَبَطَهٗ: زور سے مارنا..... زَیْدًا: بغیر کسی وسیلہ کے مانگنا۔ اِخْتَبَطَتِ البلادُ: فتنہ وفساد واقع ہونا۔

الخَبَط: درخت کے پتے جو ڈنڈے سے مار کر گرائے جائیں۔

الخَبْطَة: تالاب یا برتن کا بقیہ پانی۔ مشک میں بقیہ دودھ۔ حقیر چیز دیوانگی۔ ج خِبَط وخَبَط: کہا جاتا ہے "عَلَیْہِ خَبْطَةٌ مِنَ الجَمَال" اس کے اوپر جمال وخوبصورتی کا کچھ اثر ہے۔

الخِبْطَة: ہر چیز کا کچھ حصہ۔ کہا جاتا ہے "کَانَ ذٰلک بعد خِبْطَةٍ مِنَ اللَّیْل" یہ ... کچھ حصہ کے بعد ہوا۔ الخِبْطَةُ مِنَ ... ط۔

الخَبَاط: غبار۔

الخِبَاط: چہرے کی چوڑائی میں لمبا داغ۔ ج خُبُط.

الخُبَاط: دیوانگی۔

الخَبُوط والخَبِيط والاَخْبَطُ. مِن الخَیْل: زمین پر پاؤں مارنے والا گھوڑا۔

الخَبِيط: حوض جس کو اُونٹوں نے پاؤں مار کر گرادیا ہو۔ دہی جس میں تازہ دودھ ڈال کر ملا جلا دیا گیا ہو۔

المِخْبَط والمِخْبَطَة والمِخْبَاط: پتے جھاڑنے کا ڈنڈا۔ دھوبی کی موگری۔

خَبَعَ (ف) خَبْعًا. فی المکان: داخل ہونا ..... الشَّیْ: چھپانا۔ کہا جاتا ہے "جَارِیَةٌ خُبَعَةٌ طُلَعَةٌ" کبھی اپنے آپ کو چھپانے والی اور کبھی ظاہر کرنے والی لڑکی۔

(.....خُبُوْعًا) الصبیُّ: روتے روتے سانس رکنا۔

خَبَقَ (ض) خَبْقًا: گوز کرنا.....ہ: اپنے سے حقیر جاننا۔

تَخَبَّقَ. الشیُ: بلند ہونا۔

الخِبَقُّ: بہت کودنے والا امرد۔ تیز رفتار گھوڑا۔

خَبَلَهٗ (ن) خَبْلاً وخَبَّلَهٗ: خراب کرنا۔ بگاڑنا.....ہ الحزنُ: عقل کو تباہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَبَلَ الحُبُّ قَلْبَہٗ" محبت نے اس کے دل کو تباہ کردیا..... یدَہٗ: لنجا کرنا.....ہ عن کَذَا: روکنا۔ منع کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَبَلَ عن فِعْلِ اَبِیْہِ" اس نے اپنے باپ کے رویہ سے کوتاہی کی۔

خَبِلَ (س) خَبَلاً وخَبَالاً: جنون لاحق ہونا۔ صفت (خَبِلٌ واَخْبَلُ) خَبِلَتِ الیَدُ: لنجا ہونا۔

اَخْبَلَهٗ. ناقةً: عاریت پر دینا۔

اِخْتَبَلَهٗ: عقل کو خراب کرنا۔ اِخْتَبَلَتِ الدَّابَةُ: جانور کا اپنی جگہ میں نہ ٹھہرنا۔

تَخَبَّلَتِ. الیدُ: لنجا ہونا۔

اِسْتَخْبَلَهٗ الابلَ: ... مانگنا۔

الخَبَلُ: مَس۔ قرض۔ تنگی۔ فتنہ (.....والخَبَل): ہاتھ پاؤں کی تباہی ج خُبُول.

الخَبَل: ایک پرندہ جس کی آواز اُلو کی آواز کے مشابہ ہے۔ دَھْرٌ (خَبِلٌ) بگڑا ہوا زمانہ۔

الخَبَال: فساد۔ نقصان۔ ہلاکت۔ زہر قاتل۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ خَبَالٌ عَلیٰ اھلہٖ" وہ اپنے لوگوں کے لئے بوجھ ہے۔

الخَابِل: فسادی۔ شیطان۔ جن۔ کہا جاتا ہے "مَسَّہٗ الخابِلُ" اس کو جن نے دیوانہ بنا دیا۔ الخَابلان: رات دن۔

المُخَبِّل. فامُخَبِّل: بغیر الف لام کے زمانہ کے ناموں میں سے ہے۔

المُخَبَّل: دیوانہ۔ تھڑدلا۔ وہ شخص جو درد کی وجہ سے اچھی طرح چل نہ سکتا ہو۔

خَبَنَ (ض) خَبْنًا وخِبَانًا. الثوبَ: موڑ کر سینا..... الشَاعِرُ: شعر میں خَبْن: واقع کرنا (دیکھئے الخَبْن) (..... واَخْبَنَ) الطعامَ: کپڑے کی تہ میں چھپانا۔

اِخْتَبَنَ. الشَّیْ: کپڑے کی تہ میں چھپانا۔

الخُبْنَة: کپڑے کی تہ۔ خوراک جو دامن کی تہہ میں لے جائے۔ ج خُبَن.

الخَبْن. فی العروض: علم عروض کی اصطلاح میں سبب خفیف سے ساکن کو حذف کردینا۔ جیسے فَاعِلُن سے فَعِلُنْ. رجلٌ (خُبُنٌّ): مرد کہ جس کے اعضاء سمٹے ہوئے ہوں۔

خَبَا (ن) خَبْوًا وخُبُوًّا. خبت النارُ او الحِدَّةُ: بجھنا۔ دھیما پڑنا۔ کہا جاتا ہے "خَبَا لَھَبُہٗ" اس کے غصہ کا جوش ٹھنڈا پڑ گیا۔

اَخْبَیٰ. النارَ: آگ بجھانا۔

خَبَیٰ. الشَّیْ: چھپانا۔

اَخْبَیٰ وخَبَّیٰ وتَخَبَّیٰ واسْتَخْبَیٰ. الخباءَ: خیمہ لگانا۔ اِسْتَخْبَیٰ الخباءَ: خیمہ میں داخل ہونا۔

الخِبَاء: اُون یا اُونٹ کے بالوں کا خیمہ۔ بالی میں جو یا گیہوں کا چھلکا۔ کلی کا غلاف ج

اَخْيَة.

خَتَّ (ن) خَتًّا. السِّنانَ اليه: پیاپے نیزہ مارنا۔

اَخَتَّه :حصہ کم کرنا۔اَخَتَّ الرَّجُلُ :باپ کے ذکر پر شرمندہ ہونا۔

الخَتَت :بدن کی سستی۔

الخَتِيت :گھٹیا، ناقص۔

خَتَاهُ (ف) خَتْوًا. عن كذا :روکنا۔منع کرنا۔

اِخْتَتَأَ :خوف وغیرہ سے رنگ بدل جانا...... مِــنْ فُلانٍ :شرم ذریا ذلت کی وجہ سے چھپنا ......لهٗ :فریب دینا......الشَّيْءَ :اُچک لینا۔

مفازة (مُخْتَتِئَة) بیابان جس میں راستہ نہ ملتا ہو۔

خَتَــرَه (ض) خَتْــرًا :بری طرح سے بے وفائی کرنا۔صفت(خَــاتِـرٌ وخَتَّـارٌ وخَتِيْرٌ وخَتُــوْرٌ وخِتِّيــرٌ)...... (ن ض) خَتْــرًا وخُتُوْرًا. نفسُهٗ :جی بگڑنا۔

خَتِر (س) خَتَــرًا :زہر یا دوا وغیرہ پینے کی وجہ سے بے حس ہونا۔

تَخَتَّرَ :ست وڈھیلا ہونا۔مرض وغیرہ کی وجہ سے ست ہونا۔

خَتَّرَهُ. الشراب :بے حس کر دینا۔

خَتْرَبَهٗ :کاٹنا اور ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

خَتْــرَمَ خَتْــرَمَةً :عاجزی یا گھبراہٹ کی وجہ سے چپ رہنا۔

خَتَعَ (ف) خَتْعًـا وخُتُوْعًـا. الــدليلُ بالقوم :اندھیرے میں راہبری کرنا......على القوم :اچانک آجانا(......وانْـخَتَـعَ) في الارض :دور تک نکل جانا۔

الـخَيْـتَـع والـخُتَـع والخُتَع :ماہر راہبر۔

الخَوْتَع :خرگوش کا بچہ۔الخُتَع بجو۔الخُتَعَة : مادہ چیتا۔

الخِتَاع :چمڑے کا دستانہ جو باز پالنے والے باز کے پنجوں کے خوف سے ہاتھ میں پہنتے ہیں۔

خَتَلَهٗ (ن ض) خَتْلاً وخَتَلانًا وخَاتَلَهٗ مُخَاتَلَةً :فریب دینا۔کہا جاتا ہے "خَاتَلَ الصَّيَّادُ" یعنی آہستہ آہستہ چلا تاکہ شکار کو احساس نہ ہو۔صفت(خَاتِلٌ وخُتُول)

تَخَاتَلُوْا :باہم ایک دوسرے کو فریب دینا۔

اِخْتَتَلَ لِاَسْرارِ الْقَوْمِ :چوری سے سننا۔

اِخْتَتَلَ الرجلَ :فریب دینا۔

الخِتْل :چھپنے کی جگہ۔خرگوش کا سوراخ۔

الخَوْتَل :خوش طبع و دانا مرد۔

الخَتَّال :بڑا فریبی۔مؤنث خَتَّالَة.

خَتَم (ض) خَتْمًا وخِتَامًا. الشَّيْءَ وعليه : مہر لگانا......العملَ :ختم کرنا......الكتابَ: پوری پڑھ لینا......الاناءَ :مٹی وغیرہ سے بند کرنا۔کہا جاتا ہے "خَتَمَ عَلَيْكَ بَابَهٗ" یعنی اس نے تم سے اعراض کیا......اللّٰــه لَــهٗ بالخير :اچھا انجام کرنا......على قلبه :بے سمجھ کر دینا......الـزَّرْعَ وعليه :پہلی مرتبہ سیراب کرنا۔

خَتَّمَ :اچھی طرح ختم کرنا۔خَتَّـمَـهٗ :انگوٹھی پہنانا۔

اَخْتَمَ :خاتمہ پر پہنچنا۔

تَخَتَّمَ. الخاتمَ بِه :انگوٹھی پہننا۔کہا جاتا ہے "تَـخَتَّـمَ بــالـعَقِيْقِ" اس نے عقیق کی انگوٹھی پہنی......بامرِه :چھپانا......عنه :غفلت برتنا اور چپ رہنا۔عمامہ باندھنا۔کہا جاتا ہے "تَخَتَّمَ بِعَمَامَتِه" اس نے اپنا عمامہ باندھا۔

اِخْتَتَمَهٗ :پورا کرنا۔

اَلْخَتْم :مہر۔شہد۔

الخاتام :انگوٹھی۔مہر۔ج خَوَاتِيْم.

الخاتَم والخاتِم ج خَوَاتِم وخُتُم :انگوٹھی۔ مہر۔ انجام ۔ گدی کا گڑھا۔ ٹانگوں کی تھوڑی سی سفیدی۔

الـخَـاتِـمَة. الخاتِم :کا مؤنث۔انجام۔ نتیجہ۔ج خَوَاتِم وخاتِمات.

الخُتَم :انگوٹھی۔

الخِتَام :مہر لگانے کی مٹی یا ہر وہ چیز جس سے مہر لگائی جائے۔ج خُتُم.

المُخَتَّم من الخيل :گھوڑا جس کی ٹانگوں [illegible] میں تھوڑی سی سفیدی ہو۔

خَتَن (ن ض) خَتْنًا. الشَّيْءَ :کاٹنا۔ ......الـصَّـبِـيَّ :ختنہ کرنا۔صفت مفعولی۔ (خَتِيْنٌ ومَخْتُوْنٌ) عَـامٌ مَـخْتُوْنٌ :خشک سال۔وخَتَنَ الرجلَ :فریب دینا۔

خَتَنَهٗ (ن) خَتْنًا وخُتُوْنَةً وخِتَانَةً :داماد بننا۔خاتَن الرجُلَ :فریب دینا۔

اِخْتَتَنَ. الصبيُّ :ختنہ شدہ ہونا۔

الـخِتَان والخِتَانَة :ختنہ۔الـخِتانة :ختنہ کرنے کا پیشہ۔

الـخَتَن :عورت کی طرف سے رشتہ جیسے سسر، سالہ، داماد۔ج اَخْتَان.

الخَتَنَة. الختن :کا مؤنث۔ساس۔

الـخَـاتُـوْن :بیگم۔معزز عورت کا لقب۔ج خَوَاتِين: (کلمہ عجمی ہے)

خَتَـا يَـخْتُوْ خَتْوًا :غم یا بیماری سے شکستہ دل ہونا۔خَتاه :روکنا۔

اَخْتَى. المتاعَ :ایک ایک کر کے بیچنا۔

اِخْتَتَـى اِخْتِتَاءً :مرض یا غم کی وجہ سے شکستہ دل ہونا۔

خَثَّ. الشَّيْءَ :جمع کرنا اور درست کرنا۔

اِخْتَتَّ :شرم کرنا۔

الخُثُّ :سیلاب کا کوڑا کرکٹ۔یا خشک شدہ کائی۔

الـخَثَّة والـخُثَّة :آگ سلگانے کے لئے چھوٹی چھوٹی لکڑیوں کا مٹھا۔

خَثَرَ (ن) خَثْرًا وخُثُوْرًا وخَثَرانًا وخَثِر (س) خَثَرًا وخَثُر (ک) وتَخَثَّرَ اللبنُ: گاڑھا ہونا۔دہی بننا۔صفت(خَاثِر)

رَأَفَ (ف) رَأْفَة ورُؤُوف (ف) رَآفَة ورَئِف: (س) رَأْفًا وتَرَأَّف. بِـهِ: بہت مہربانی کرنا۔ صفت (رَؤُوف ورَؤُف ورَأَف ورَئِف ورَائِف)
تَرَاءَفُوْا: آپس میں مہربانی کرنا۔
رَأَّفَهُ واسْتَرْأَفَهُ: مہربان بنانا۔ مہربانی کرنے پر برانگیختہ کرنا۔
الرَّاف: شراب۔
اِسْتَرْأَلَ. الرَّأْلُ: شترمرغ کے بچہ کا قوی و مضبوط ہونا۔ ...... النَّبَاتُ: لمبی ہونا۔
الرَّأْل: شترمرغ کا بچہ۔ مؤنث رَأْلَة۔ ج رِئَال وأَرْؤُل ورِئْلَان. رِئَالَة: کہا جاتا ہے "خَوَّدَ رَأْلُهُ" یعنی وہ گھبرا گیا۔
الرُّؤَال: گھوڑے کے منہ کی جھاگ۔
الرَّائِل والرَّاؤُول: دانتوں کے نیچے زائد نکلا ہوا دانت۔ نَعَامَة (مُرْئِلَة): بچے والی مادہ شترمرغ۔
المُرَائِل: جلدی کرنے والا۔
رَأَمَ (ف) رَأْمًا. الحَبْلَ: مضبوط بٹنا۔ ...... القَدَحَ: درست کرنا۔ مرمت کرنا۔
رَئِمَ (س) رَأْمًا ورِئْمَانًا. الجُرْحُ: زخم کا انگور بندھنا ...... الشَّیْءَ: محبت کرنا۔ الفت کرنا ...... النَّاقَةُ ولَدَهَا: مہربان ہونا۔ صفت (رَائِم ورَائِمَة رُؤُوْم) ج رَوَائِم: کہتے ہیں "هُوَ رَؤُوْمٌ لِلضَّیْمِ" وہ ذلیل ہے۔ ذلت پر راضی ہو جانے والا۔
أَرْأَمَ إِرْآمًا. الجرحَ: زخم کو علاج کر کے اچھا کرنا ...... الحَبْلَ: رسی کو مضبوط بٹنا۔ ہ عَلَى الامْرِ: مجبور کرنا ...... النَّاقَةَ: اونٹنی کو دوسرے کے بچہ پر مہربان بنانا۔
تَرَأَّمَهُ وتَرَأَّمَ عَلَیْهِ: مہربان ہونا۔
الرِّئْم: سفید ہرن۔ ج أَرْآم وآرَام: مؤنث رِئْمَة۔
الرُّؤَام: لعاب۔
الرَّوَائِم: دیگ دان کے پائے۔
رَأَى یَرَى رَأْیًا ورُؤْیَةً ورَاءَةً. ورِئْیَانًا: بصارت یا بصیرت سے دیکھنا۔ یَرَى کی اصل یَـرْأَیُ ہے اور اصل کا استعمال نادر ہی ہوتا ہے۔ اور امر کا صیغہ رَ ہے۔ کہا جاتا ہے "یَا تُرَیْ وِیَاهَلْ تُرَیْ" یعنی اے شخص کیا تو گمان کرتا ہے؟ اور مضارع کا صیغہ گمان کے معنی میں مجہول ہی سنا گیا ہے۔
رَآءَ. الشَّیْءَ: دیکھنا۔
رَأَی (ف) رَأْیًا. الرَّجُلَ: پھیپھڑے پر مارنا ...... الزَّنْدَ: چقماق سے آگ نکالنا۔ ...... الزَّنْدُ: آگ نکلنا ...... الرَّایَةَ: جھنڈا گاڑنا۔
رَأَیْتُهُ تَرْئِیَةً: خلاف حقیقت دکھانا۔
رَاءَیْتُهُ مُرَاءَاةً ورِئَاءً: خلاف حقیقت دکھانا۔ ورَاءَیْتُهُ مُرَاءَاةً: باہم مشورہ کرنا۔
أَرْأَى إِرْئَاءً: عقل ورائے والا ہونا۔ چہرے میں حماقت ظاہر ہونا۔ آئینہ میں دیکھنا۔ دکھاوے کے لئے کام کرنا۔ پھیپھڑے کے درد والا ہونا۔ بہت خوش منظر ہونا۔ دیکھنے کے وقت پلکوں کو ہلانا ...... الرَّایَةَ: جھنڈا گاڑنا ...... الحَامِلُ مِنْ غَیْرِ ذَوَاتِ الحَافِرِ والسَّبُعِ: تھن سے حاملہ معلوم ہونا۔ صفت (مُرْءٍ ومُرْئِیَة)
أَرَاهُ یُرِیهِ إِرَاءَةً وإِرَاءً. الشَّیْءَ: دکھانا۔ صفت مذکر (مُرٍ): صفت مؤنث مُرِیَة کہا جاتا ہے "أَرِنِی بِرَأْیِکَ" مجھے مشورہ دو۔ و "أَرَى اللهُ بِفُلَانٍ" اللہ تعالیٰ فلاں کو عذاب دیں اور اس کے دشمن کو وہ دکھلائیں جس پر وہ خوش ہو۔
تَرَأَّى وتَرَاءَى. فِی المِرْآةِ: آئینہ میں دیکھنا۔ تَرَأَّى وتَرَاءَى لَهُ: دیکھنے کے درپے ہونا۔ وتَرَاءَى النَّاسُ: ایک دوسرے کو دیکھنا اور کہا جاتا ہے "تَرَاءَیْنَا فِی الامْرِ" ہم نے معاملہ میں غور کیا۔ "وتَرَأَّى بِرَأْیِ فُلَانٍ": وہ فلاں کا ہم خیال ہو گیا۔ "وتَرَاءَى لِی أَنَّ الامْرَ کَیْتَ کَیْتَ" میرے لئے یہ ظاہر ہو گیا کہ معاملہ ایسا ہے۔ "وتَرَاءَیْنَا الهِلَالَ": ہم نے چاند دیکھنے کی کوشش کی۔
اِرْتَأَى. الامْرَ: غور کرنا۔ شک کرنا۔ سوچنا۔
اِسْتَرْأَى. ہ: دیدار چاہنا۔ رائے طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَرْأَیْتُهُ واسْتَرْیَتُهُ"
اِسْتَرْأَى بِالمِرْآةِ: آئینہ سے دیکھنا۔
الرَّأْی: رائے۔ اعتقاد۔ تم کہتے ہو "رَأْیِی کَذَا" میرا اعتقاد ایسا ہے۔ تدبیر کی رسائی۔ ج آرَاء وأَرْآء۔
الرِّئْیُ والرُّؤْیُ والرُّوَاء والرِّیُّ: منظر اور حسن منظر۔
الرُّؤْیَا: خواب ج رُؤًى کہا جاتا ہے "جَاءَ حِینَ جَنَّ رُؤْیًا اوْرَأْیًا" وہ اس وقت آیا جبکہ تاریکی خوب ہو گئی۔
الرُّؤْیَة: آنکھ یا دل سے دیکھنا۔ ج رُؤًى۔
الرِّئَة: دیکھنا۔
الرِّئَاء: مص۔ حقیقت کے خلاف دکھاوا۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَ ذٰلِکَ رِئَاءً" اس نے اس کو نمود اور دکھاوے کے لئے کیا اور کہا جاتا ہے "هُمْ رِئَاءُ أَلْفٍ" وہ لوگ دیکھنے میں تقریبا ہزار ہیں۔ "و قَوْمٌ رِئَاءٌ" ایک دوسرے کے مقابل قوم۔ و "دُوْرُنَا رِئَاءٌ": ہمارے گھر ایک دوسرے کے مقابل ہیں۔

الرَّنِيَةُ: منظر یا حسن منظر۔
الرَّءَآء: بہت دیکھنے والا۔
الرِّئَةُ: پھیپھڑا۔ ج رِئَات ورِئُون اور نسبت کے لئے (رِئَوِیٌّ)
رَئِیُّ القوم: قوم کا سردار جس کی رائے سے سب اتفاق کریں۔ الرَّئِیُّ: بڑا سانپ۔ کپڑا جو خریدار کے سامنے پھیلایا جائے۔ هُوَ (أَرْأَىٰ) بِكَذَا: وہ اس کے لائق ہے۔
المِرْآة: آئینہ۔ ج مَرَاءٍ ومَرَايَا: اس سے فعل کا اشتقاق کرتے ہیں جیسے "يَتَمَرْأَىٰ" یعنی وہ آئینہ میں اپنا چہرہ دیکھ رہا ہے (اس کو سیبویہ نے بیان کیا ہے)
المَرْأَىٰ والمَرْآة: منظر۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَرْآة بِكَذَا: وہ اس کے لائق ہے۔
وتُجزِعُنْ مَجْهُولِهٖ مَرْآتُه: اس کا ظاہر باطن پر دلالت کرتا ہے۔ و"هُوَ مِنِّيْ مَرْأَىٰ ومَسْمَعٌ او بمَرْأَىٰ وبمَسْمَع" وہ ایسی جگہ ہے کہ میں اس کو دیکھ سکتا اور اس کی بات سن سکتا ہوں۔
رَبَّ (ن) رَبًّا القَوْمَ: بالا دست ہونا۔ انتظام کرنا...... النِّعْمَةَ: زیادہ کرنا...... الشَّیْءَ: جمع کرنا۔ مالک ہونا...... الأَمْرَ: کسی کام کو درست کرنا۔
...... الدُّهْنَ: تیل کو عمدہ خوشبودار بنانا۔
...... بِالمَكَانِ: اقامت کرنا (...... رَبًّا ورُبًّا)
...... الزِّقَّ: مشک پر کھجور کا شیرہ مل دینا تا کہ بو اچھی ہو جائے اور گھی وغیرہ نہ بگڑے۔
(...... رَبًّا ورَبَّبَ تَرْبِيبًا وتَرِبَّةً وارْتَبَّ ارْتِبَابًا) الوَلَدَ: لڑکے کی بالغ ہونے تک پرورش کرنا۔ درجہ بدرجہ کمال کو پہنچانا۔
ورَبَّبَ الدُّهْنَ: تیل کو عمدہ اور خوشبودار بنانا۔
أَرَبَّ بِالمَكَانِ: اقامت کرنا...... مِنْه: قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "أَرَبَّتِ السَّحَابَةُ" جبکہ لگا تار برسے۔
تَرَبَّبَ القَوْمُ: اکٹھا ہونا۔
...... الصَّبِيَّ: بچے کے بالغ ہونے تک پرورش کرنا۔ تم کہتے ہو "رَأَيْتُهُ يَتَرَبَّبُ أَرْضَكُم" میں نے دیکھا کہ وہ تمہاری زمین پر اپنی ملکیت کا دعویٰ کر رہا تھا۔
أُرْتُبَ العِنَبُ: انگور کا پکانے سے رُب تیار ہونا۔
الــرَّبُّ: مص ع مالک۔ سردار۔ درست کرنے والا۔ پرورش کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے اور اس کی طرف نسبت کے لئے (رَبِّیٌّ ورَبَّانِیٌّ ورُبُوبِیٌّ)
الرَّبَّانِیُّ: عارف باللہ۔ عالم۔
الرَّبَّانِیُّ: ملاحوں کا چیئرمین۔
الــرَّبَّةُ: رب کا مؤنث۔ دیوی۔ مالکہ۔ بڑا گھر۔
الرِّبَّةُ: بڑی جماعت۔ ایک قسم کا درخت۔ ج أَرِبَّةٌ ورِبَاب.
الــرُّبُّ: پھلوں کے رس کو پکا کر گاڑھا کیا ہوا شیرہ۔ ج رِبَاب ورُبُوب.
رُبَّ ورُبَّةَ ورُبَّمَا ورُبَّتَمَا: حرف جر ہے حسب سیاق کلام تکثیر و تقلیل کا فائدہ دیتا ہے اور نکرہ پر داخل ہوتا ہے اور زائد کے حکم میں ہوتا ہے اور نکرہ کے لئے شرط ہے کہ موصوف ہو اور جب اس کے آخر میں "ما" لاحق ہوتا ہے تو عمل نہیں کرتا اور اس صورت میں فعل اور معرفہ پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے "رُبَّمَا الخَلِيلُ مُقْبِلٌ ورُبَّمَا أَقْبَلَ الخَلِيلُ" اور کبھی اس صورت میں بھی عمل کرتا ہے جیسے "رُبَّمَا ضَرْبَةٍ بِسَيْفٍ صَقِيلٍ"
الرَّابُّ: سوتیلا باپ۔
الرَّابَّةُ: سوتیلی ماں۔
الرَّبَبُ: بہت پانی۔ میٹھا پانی۔
الــرَّبَـاب: سارنگی کی مانند ایک چنگ۔ سفید بادل۔ واحد (رَبَابَةٌ)
الرِّبَاب: عہد۔ دوست۔ دس۔ دس آدمیوں کی جماعتیں۔
الــرِّبَابَة: الرب کا اسم۔ مملکت۔ عہد و پیمان جیسے "كُنْتَ امْرَءًا أَفْضَتْ إِلَيْكَ رِبَابَتِیْ"
الــرُّبَّی: بکری جس نے بچہ جنا ہو یا جس کا بچہ مر گیا ہو۔ بکری جس نے ابھی بچہ جنا ہو۔ مضبوط گرہ۔ حاجت۔ نعمت۔ احسان۔
الرُّبُوبَة والرُّبُوبِيَّة: الرب کا اسم۔
الرَّبَّاب: جماعت۔
الرُّبَّان: ملاحوں کا سردار۔
الــرَّبِيبُ والــمَرْبُوب: سوتیلا لڑکا۔ سوتیلا باپ۔ ج أَرِبَّة. الربیب: سلک کو بنانے والا اور درست کرنے والا۔
الــرَّبِيبَة: دایہ۔ سوتیلی لڑکی۔ سوتیلی ماں۔ ج رَبَائِب.
المَرْبُوب: پرورش کیا ہوا۔ غلام، بندہ۔
الــمَرَبُّ: جائے اقامت یا جائے اجتماع۔ تم کہتے ہو "هٰذَا مَرَبُّ القَوْمِ" یہ قوم کے جمع ہونے کی جگہ ہے۔ لوگوں کا جمع کرنے والا آدمی۔
(...... المِرْبَاب): بہت پیداوار والی زمین۔
المُرَبَّب: جس کے اوپر انعام کیا جائے۔
المَرَبَّة: مملکت۔
رَبَأَ (ف) رَبْأً: چڑھنا۔ بلند ہونا۔
عَلَىٰ جَبَلٍ: پہاڑ پر سے جھانکنا...... فِي الأَمْرِ: غور و فکر کرنا...... القَوْمَ ولِلْقَوْمِ: دیدبان بننا...... الشَّیْءَ: بلند کرنا...... المَالَ: حفاظت کرنا۔ انتظام کرنا۔ لے جانا اور کہا جاتا ہے "إِنِّیْ أَرْبَأُ بِكَ عَنْ ذٰلِكَ" یعنی میں اس کو تمہارے لئے پسند نہیں کرتا۔ "وما رَبَأْتُ رَبْأَهُ": نہ تو میں نے اس کو جانا اور نہ اس کی پرواہ کی۔ و أَرْبَأْ بِهٖ: یعنی اس کی حفاظت کرو۔
رَبَّأَهُ تَرْبِئَةً: لے جانا۔
رَبَّاهُ لُرُبِئَةً: لے جانا۔
رَابَأَهُ مُرَابَأَةً: چوکنا رہنا۔ بچنا۔ نگہبانی کرنا۔ حفاظت کرنا۔
إِرْتَبَأَ إِرْتِبَاءً. بِهِمْ: دیدبان بننا۔
الـمِرْبَاة: دیدبانی کی جگہ پر چڑھنا...... عَلَى الـجَبَلِ: پہاڑ پر سے جھانکنا۔ کہا جاتا ہے "إِرْتَبَأَ الشَّمْسَ مَتَىٰ تَغْرُبُ": یہ دیکھتے رہو

کہ آفتاب کب ڈوبتا ہے۔
الرَّبِیُّ والرَّبِیئَۃُ: فوج کا دیدبان۔ ج رَبَایَا: کہا جاتا ہے "بَثُّوا رَبَایَاھُمْ" انہوں نے اپنے دیدبانوں کو پھیلا دیا۔
المَرْبَأُ والمَرْبَأَۃُ والمُرْتَبَأ: دیدبانی کی جگہ۔ المِرْبَأ: سیڑھی۔
رَبَّتَ (س) رَبْتًا ورَبَّتَ تَرْبِیْتًا: پرورش کرنا۔
رَبَّتَ الصَّبِیَّ: بچے کو سلانے کے لئے تھپکنا۔
رَبِتَ (س) رَبَتًا. الشَّیْءُ: بند ہونا۔
رَبَثَہُ (ن) رَبْثًا ورَبَّثَہُ. عَنْ کَذَا: منع کرنا۔ روکنا۔ بوجھل کرنا۔
تَرَبَّثَ: ٹھہرنا۔ دیر کرنا۔
اِرْتَبَثَ وارْبَثَ. القَوْمُ: پراگندہ ہونا۔ متفرق ہونا...... اَمْرُھُمْ: کمزور ہونا۔ بکھر جانا۔
الرَّبِیْثَی: مانع۔ روک۔
الرَّبِیْثَۃُ: مکر۔ مانع۔ ج رَبَائِث۔
الرَّبِیْثُ والمَرْبُوْثُ: رُکا ہوا۔
رَبُعَ (ک) ورَبِجَ (س) رَبَاجَۃً: کودن ہونا۔ بلید ہونا۔
تَرَبَّجَ: متحیر ہونا۔ کودن ہونا۔
الاَرْبِجَان: ایک قسم کی نباتات۔
رَبِحَ (س) رِبْحًا ورَبَحًا ورَبَاحًا. فِیْ تِجَارَتِہٖ: نفع اٹھانا۔
رَبَّحَہُ: نفع کرانا۔
رَابَحَہُ مُرَابَحَۃً واَرْبَحَہُ. عَلٰی سِلْعَتِہٖ: نفع دینا۔ اَرْبَحَ النَّاقَۃَ: صبح اور دوپہر میں دوھنا۔
تَرَبَّحَ واسْتَرْبَحَ: نفع طلب کرنا۔
الرَّابِحُ: فَا۔ مَالٌ رَابِحٌ: نفع دینے والا مال۔
الرِّبْحُ ج اَرْبَاح (الرَّبَح والرَّبَاح): نفع۔
الرُّبَعُ: اونٹ جو بیچنے کے لئے لائے جائیں۔ اونٹ کے چھوٹے بچے۔
الرَّبَاحُ: شراب۔
الرَّبَاحِی: کافور کی ایک قسم۔
الرُّبَاحُ والرُّبَّاحُ: نر بندر۔ بکری کا بچہ۔ اونٹ کا بچہ۔ ج رَبَابِیْح۔

مُتْجر (رَبِیْح): فائدہ مند تجارت۔
الرِّبَحْل: بڑے ڈیل ڈول والا۔ مؤنث رِبَحْلَۃ۔
رَبَخَ (س) رَبْخًا. البَعِیْرُ: اونٹ کا ریت میں مشکل سے چلنا (...... رَبْخًا رُبُوْخًا رَبَاخًا) المَرْأَۃُ: جماع کے وقت شدتِ شہوت سے عورت کا بے ہوش ہو جانا۔
اَرْبَخَ. الرَّمَلُ: تہ بتہ ہونا...... الرَّجُلُ: سختیوں میں مبتلا ہونا۔
تَرَبَّخَ. الرَّجُلُ: سست و ڈھیلا ہونا۔
الرَّبِیْخُ: بڑا پالان۔
رَبَدَ (ن) رُبُوْدًا. بِالمَکَانِ: اقامت کرنا۔
رَبَدَہُ (ن) رَبْدًا: روکنا۔ منع کرنا۔
رَبَدَ الاِبِلَ: اونٹ کو باڑہ میں باندھنا۔
رَبِدَتِ. الشَّاۃُ: تھن میں سیاہ سفید داغوں والی ہونا۔ تَرَبَّدَ الضَّرْعُ: تھن کا سیاہ سفید داغ والا ہونا۔
تَرَبَّدَتِ. السَّمَاءُ: آسمان کا ابر آلود ہونا...... الرَّجُلُ: تیوری چڑھانا...... اللَّوْنُ: رنگ بدل جانا۔
اِرْبَدَّ اِرْبِدَادًا وارْبَادَّ اِرْبِیْدَادًا: خاکستری رنگ والا ہونا۔
الرَّبَد: مص۔ ایک قسم کی نباتات۔
الرُّبْد: تلوار کا جوہر۔
الرَّابِد: مص۔ ایک قسم کی نباتات۔
الاَرْبَدُ: خاکستری رنگ والا۔ عَامٌ اَرْبَدُ: قحط والا سال۔ مؤنث رَبْدَاء۔ الرَّبْدَاءُ: سخت و شدید۔ کہا جاتا ہے "دَاھِیَۃٌ رَبْدَاء" بلائے بد۔ ج رُبْد۔ الاَرْبَدُ: ایک قسم کا زہریلا سانپ۔ شیر۔
المِرْبَدُ: اونٹ وغیرہ کا باڑہ۔ گھروں کے پیچھے کا میدان جو کام آئے۔ کھجور خشک کرنے کی جگہ۔
الرَّبِیْدُ: کھجوریں جن پر پانی چھڑکا گیا ہو۔
الرَّبِیْدَۃُ: دستاویز اور چک وغیرہ رکھنے کی صندوق۔

المُتَرَبِّدُ: شیر۔
رَبِذَ (س) رَبَذًا: چلنے یا کام کرنے میں پھرتیلا ہونا۔ صفت (رَبِذ) کہا جاتا ہے۔ "ھُوَ رَبِذُ العِنَانِ" وہ تنہا بھاگنے والا ہے۔ مؤنث رَبِذَۃ۔ لِثَّۃٌ رَبِذَۃٌ: کم گوشت والا مسوڑھا۔
اَرْبَذَ. الثَّوْبَ اوالحَبْلَ: کپڑے یا رسی کو کاٹنا۔
الرِّبْذَۃُ والرَّبَذَۃُ: چیتھڑا جس سے سنار زیورات کو صاف کرتا ہے۔ کوڑے کا پھندنا۔ رنگی ہوئی روئی کا ٹکڑا جس کو اونٹ کے کان یا گردن میں لٹکاتے ہیں اون جس سے اونٹ کی مالش کی جاتی ہے۔ شیشی کا سربند۔ ج رِبَذ ورِبَاذ ورِبَذ۔
الرِّبْذَۃُ: بے خبر آدمی۔ ہر پلیدی۔
الرَّبَذِیُّ: کمان کا چلہ۔ کوڑا۔
رَبُزَ (ک) رَبَازَۃً: زیرک و دانا۔
...... الکَبْشُ: مینڈھے کا فربہ ہونا۔
رَبَزَ. القِرْبَۃَ: مشک بھرنا۔
اِرْتَبَزَ. الشَّیْءُ: پورا و کامل ہونا۔
الرَّبِیْزُ: زیرک و دانا۔
رَبَسَہُ (ن) رَبْسًا. بِیَدَیْہِ: دو ہتڑ مارنا۔
(...... ورَبَّسَ) القِرْبَۃَ: مشک بھرنا۔
اَرْبَسَہُ اِرْبَاسًا: غضبناک کر دینا۔
اِرْتَبَسَ. العُنْقُوْدُ: گچھے کا ایک دوسرے میں گھسنا۔ ٹھوس ہونا۔
اِرْبَسَّ. اِرْبِسَاسًا. الرَّجُلُ: ملک میں جانا۔ فِیْ اَمْرِہٖ: تصرف کرنا...... اَمْرُھُمْ: کام کے خراب ہو جانے سے لوگوں کا متفرق ہو جانا۔
الرَّبْسُ: مص۔ امر منکر۔ بہت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِمَالٍ رَبْسٍ" وہ بہت مال لایا۔
الرَّبْسَاءُ: سخت مصیبت۔ ج رُبْس "جَاءَ بِاُمُوْرٍ رُبْسٍ" وہ مصائب لایا۔
الرِّبِّیْسُ: بہادر۔ مصیبت۔ دو ہتڑ مارا ہوا۔ مصیبت زدہ۔ ٹھوس۔ (اُمُّ الرُّبَیْسِ): بڑا سانپ۔ مصیبت کی کنیت۔
الرَّبَسَۃُ: میلی کچیلی بدہیئت عورت۔
الرِّیْبَاس: چقندر کی مانند ایک سبزی جس کا

مزہ شیریں مائل کھٹا ہوتا ہے۔

اَرْبَضَ. الشَّجَرُ: پتے دار ہونا اور بقول بعض پھلدار ہونا۔

الاَرْبَش: مختلف رنگوں والا۔ مؤنث رَبْشَاء.

اَرْضٌ رَبْشَـــاء: مختلف رنگوں کی بہت گھاس والی زمین۔

الرُّبْشَة: رنگوں کا اختلاف۔

الرَّبَش: نوجوانوں کے ناخنوں کی سفیدی۔

رَبَصَ (ن) رَبْصًا. بِهٖ: کسی کے لئے خیر وشر کا انتظار کرنا۔ برائی پہنچانے کے لئے موقعہ کی تاک میں رہنا۔

تَـرَبَّصَ: انتظار کرنا......عَـنِ الاَمْرِ: رک جانا......فِيْ الْمَكَان: ٹھہرنا......بِفُلاَنٍ: بمعنی رَبَص......بِسِلْعَتِهٖ: گرانی کا انتظار کرنا۔

الرُّبْصَة: انتظار۔ رنگ برنگ۔

رَبَضَت (ض) رَبَضًا ورُبُوْضًا ورِبْضَةً. الـدَّابَّةُ: جانور کا گھٹنے کے بل بیٹھنا۔ رَبَـضَ الاَسَـدُ عَلٰى فَرِيْسَتِهٖ او القِرْنُ عَلٰى قِرْنِهٖ: دبوچ کر بیٹھنا۔

رَبَضَ (ن ض) رَبْضًا ورُبُوْضًا. فُلاَنًا او المكانَ: پناہ لینا۔

رَبَّضَـهُ. بـالمَكَان: ٹھہرانا......الدَّوَابَّ: جانوروں کو بیٹھنے کی جگہ میں روک رکھنا۔ بوجھل کرکے بٹھا دینا......الشمسُ: آفتاب کا سخت گرم ہونا یہاں تک کہ جانور کو بٹھا دے۔

تَرَبَّضَ: ضعف کی وجہ سے ٹھہرے رہنا۔

الرَّابِض: فا (...... الرُّبَّاض): شیر۔

الـرَّابِضَة. رابض: کا مؤنث۔ بڑے بڑے کاموں سے عاجز۔ نک چڑھے کے لئے کہا جاتا ہے "اَرْنَبَةٌ رَابِضَةٌ عَلٰى وَجْهِهٖ".

الـرُّبْضُ والـرَّبْض والـرُّبُض والرَّبَض: بیوی۔ بہن۔ ماں۔ کہا جاتا ہے "رَجُـــلٌ رَبَضٌ عَنِ الاَسْفَارِ اَوْعَنِ الحَاجَاتِ" یعنی سفر میں یا ضرورت کے لئے نہ نکلنے والا مرد۔

الـرُّبْض: عمارت کی بنیاد۔ کسی چیز کا وہ حصہ جو زمین سے لگے۔ چیز کا درمیان۔

الرِّبْض. مِنَ البَقَر: بیٹھی ہوئی گائے کا گلہ۔

الـرَّبَض: بکریوں کا باڑہ۔ قوم کے رہنے کی جگہ۔ شہر کا گرد و نواح۔ شہر کی فصیل۔ آنتیں۔ کجاوہ کی رسی۔ ہر وہ چیز جس کی پناہ لی جائے یا جس سے آرام حاصل کیا جائے۔ ج اَرْبَاض.

الـرُّبُـضَة والـرُّبْضَة: ضعف کی وجہ سے ٹھہرنے والا یا بہت بیٹھنے والا مرد۔

الـرِّبْضَة: لاشوں کے ڈھیر کی جگہ۔ لاش۔ بکریوں کا گلہ۔ آدمیوں کا گروہ۔ بکری کے بیٹھنے کی ہیئت۔

الـرَّبُوْض. مِـنَ الـقُرٰى: آباد گاؤں......مِنَ الدُّرُوْعِ: کشادہ زرہ......مِـنَ الشَّجَرة: بڑا درخت۔ ج رُبُض. قِـرْبَةٌ رَبُوْضٌ: بڑی مشک جو اٹھائی نہ جاسکے۔

الرَّبِيْض: باڑے میں بیٹھی ہوئی بھیڑیں مع اپنے چرواہوں کے پیٹ میں آنتوں کی جگہ۔

الـمَـرْبِـض: جانوروں کے بیٹھنے کی جگہ۔ ج مَـرَابِـض (......والـمَـرْبَض): پیٹ میں آنتوں کی جگہ۔

رَبَطَـهُ (ن ض) رَبْـطًا: باندھنا۔ مضبوط کرنا......اللّٰـهُ عَلٰى قَلْبِهٖ: قوی کرنا۔ صبر دینا۔ (رَبَاطَةً): مضبوط دل ہونا۔

رَابَطَ رِبَاطًا ومُرَابَطَةً. اَلاَمْرَ: مداومت کرنا......الـجَيْشُ: لشکر کا دشمن کی سرحد کے پاس ہمیشہ قیام رکھنا۔

تَـرَابَطَ المَاءُ فِي المَكَانِ: پانی کا جمع ہوکر ٹھہرا رہنا اور گدلا ہونا۔

اِرْتَبَطَ. فَرَسًـا: حفاظت سرحد کے لئے تیار کرنا......فِي الحَبْلِ: بندھنا اور لٹکنا۔

الـرِّبَـاط: مص۔ جس سے کسی چیز کو باندھا جائے۔ دل۔ گھوڑا۔ قلعہ یا وہ جگہ جہاں لشکر حفاظت سرحد کے لئے قیام کرے۔ ج رُبُط.

الـرِّبَـاط: فقراء کے لئے مکان موقوف۔ ج رِبَاطَات: کہا جاتا ہے "قَـرَضَ رِبَاطَهٗ" یعنی وہ مرگیا یا مرض سے تندرست ہوگیا۔

الـرَّابِـط: فا۔ راہب۔ زاہد۔ تارک الدنیا فلسفی۔ رَابِـطُ الـجَـاشِ: قوی دل غیر خائف۔

الرَّابِطَة. رابط: کا مؤنث۔ تعلق۔ علاقہ۔

الـرَّبِيْط: بندھا ہوا۔ راہب۔ زاہد فلسفی۔

رَبِيْطُ الجَاشِ: بہادر۔

الرَّبِيْطَة: باندھے ہوئے جانور۔ خلاف قیاس دَابَّةٌ رَبِيْطَةٌ اور دَوَابُّ رَبِيْطَة: کہا جاتا ہے اور دابة رِبِيْط بھی کہا جاتا ہے۔

الرَّبَّاط: تانت کو باندھنے والا۔

الرُّبُط: بندھے ہوئے اور چارہ دیئے ہوئے گھوڑے۔ واحد (رَبِيْط)

الـمَرْبَط والمَرْبِط: جانوروں کے باندھنے کی جگہ۔ ج مَرَابِط.

الـمُـــرَابَـطَة: آپس میں تعلق رکھنے والی جماعت۔ ج مُرَابِطَات.

رَبَعَ (ف) رَبْعًا: توقف کرنا۔ انتظار کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِرْبَـعْ عَـلَيْكَ اَوْعَـلٰى نَفْسِكَ او عَـلٰى ظَلْعِكَ" یعنی ٹھہرو۔ توقف کرو......بِـالـمَكَانِ: اقامت کرنا......عَنْهُ: رکنا......عَـلَيْهِ: مہربانی کرنا......الرَّجُلُ: فراخی سال میں پہنچنا۔ آزمائش قوت کے لئے پتھر اٹھانا......بِعَيْشِهٖ: راضی رہنا......الابِـلُ: چوتھے دن پانی پینے کے لئے آنا۔ رَبَـعَـتْ عَـلَيْـــهِ الـحُـمّٰـى: چوتھے دن بخار آنا (......رُبُوْعًا) الربيعُ: موسم بہار آنا۔

رَبَعَ: (ف ن ض) رَبْعًا. الحَبْلَ: چار بل کی رسی بٹنا......القَوْمَ: اپنے آپ کو ملا کر چار یا چالیس کرنا۔ چوتھائی مال لینا۔

رُبِعَ. القومُ: موسم بہار کی بارش پانا اور ایسا ہی زمین کے لئے ہے۔ زمین کی صفت (مَـرْبُوْعَة)...... الـرَّجُـلُ: چوتھے دن بخار آنا۔

رَبَّـعَ. البَيْتَ اوالـحَوْضَ: مکان یا حوض چوکور بنانا۔

رَابَعُوا. الحملَ: بوجھ جس لکڑی کے ذریعہ

اٹھایا جائے اس کو بوجھ کے نیچے داخل کرنا۔
کہاجاتا ہے "رَابَعْتُہ" میں نے اس کے ساتھ بوجھ کو لکڑی کے سہارے سے اُونٹ کی پیٹھ پر لادا۔
اَرْبَعَ: چوتھے سال میں داخل ہونا۔
......القَوْمُ: چار ہونا۔ موسم بہار میں داخل ہونا۔ موسم بہار کی اقامت گاہ یا سبزہ زار اور پانی پر وارد ہونا......الإبلَ: پانی پر جانے کے لئے آزاد چھوڑ دینا۔ اَرْبَعَ الرَّجُلُ: بڑھاپے میں بچہ پیدا ہونا۔
اُرْبِعَ. الرَّجُلُ: چوتھیا بخار والا ہونا۔
تَرَبَّعَ. فِی جُلُوسِہ: چارزانو ہو کر بیٹھنا۔
(......وارْتَبَعَ) الجَمَلُ: اُونٹ کا بہار کا سبزہ چر کے موٹا ہونا......بالمَکَان: فصل بہار میں اقامت کرنا۔ وارْتَبَعَ الحَجَرَ: پتھر اٹھانا۔
اِسْتَرْبَعَ. الرَّمَلُ: ریت کا تہ بتہ ہونا۔
......الشَّیْءَ: طاقت رکھنا۔
الرَّبْع: مص۔ گھر۔ گھر کا اردگرد۔ اترنے کی جگہ۔ موسم گزارنے کی جگہ۔ لوگوں کی جماعت۔ لاش۔ ج رِبَاع ورُبُوع واَرْبُع واَرْبَاع (......والرَّبَع): میانہ قد۔
الرُّبْع والرُّبُع: چوتھائی ج اَرْبَاع ورُبُوع.
الرُّبَع: اُونٹنی کا بچہ جو ابتدائی موسم بہار میں پیدا ہوا اور اگر آخر میں پیدا ہو تو اس کو ھُبَع کہتے ہیں۔ کہاجاتا ہے "مَالَھُمْ رُبَع ولَاھُبَع" ج رِبَاع واَرْبَاع مؤنث رُبَعَة ج رُبَعَات ورِبَاع.
الرِّبْع: تین دن اُونٹوں کو روک کر چوتھے دن پانی پلانا۔ حُمّی الرِّبْع: چوتھیا بخار۔
الرَّابِع: فا۔ چوتھا۔ رَبِیْعٌ رَابِع: بہت فراخی اور ارزانی کا موسم بہار۔ اِبِلٌ رَوَابِع: چوتھے دن پانی پینے والے اُونٹ۔
رُبَاع: چار چار۔
کہاجاتا ہے "اَتَوْا رُبَاعَ": وہ لوگ چار چار آئے۔
الرَّبْعَة: میانہ قد (مذکر ومؤنث) ج رَبْعَات ورَبَعَات: عطر فروش کا ڈبہ۔ کہاجاتا ہے "فَتَحَ العَطَّارُ رَبْعَتَہ" عطر فروش نے اپنا ڈبہ کھولا۔
الرَّبَاع: اچھی حالت۔ کہاجاتا ہے "ھُمْ عَلٰی رَبَاعِھِمْ" وہ لوگ اپنی اچھی حالت پر ہیں۔
الرَّبَاعَة والرِّبَاعَة: اچھی حالت۔ کہاجاتا ہے "لَیْسَ فِیْھِمْ مَنْ یَضْبِطُ رَبَاعَتَہ اِلَّا فُلَانٌ" ان لوگوں میں فلاں کے علاوہ کوئی اپنی خوشحالی کو برقرار رکھنے والا نہیں۔ سرداری۔ کہاجاتا ہے "لَایُقِیْمُ رَبَاعَةَ القَوْمِ اِلَّا فُلَانٌ" قوم کی سرداری کو فلاں ہی برقرار رکھ سکتا ہے۔ و"ھُوَ رَبَاعَةُ قَوْمِہ" وہ اپنی قوم کا سردار ہے۔ مملوک چیز جس سے انسان کی حالت اچھی ہو۔
الرَّبَاعِیَة: سامنے کے چار دانتوں اور کچلیوں کے درمیان والا دانت۔ ج رَبَاعِیَات.
الرَّبَاعِی: وہ جانور جس کے رباعی دانت گر گئے ہوں۔ ج رُبْع ورُبُع ورِبْعَان ورَبَاع ورُبُع واَرْبَاع مؤنث رَبَاعِیَة ج رَبَاعِیَات.
الرُّبَاعِیُّ: چار سے مرکب۔
الرَّبِیْع: ج اَرْبِعَة ورِبَاع واَرْبِعَاء: موسم بہار۔ موسم بہار کی بارش۔ موسم بہار کی پیداوار۔ سبز چارہ۔ کہاجاتا ہے "رَبِیْعٌ رَابِعٌ" فراخی اور ارزانی کا موسم بہار......ج اَرْبِعَا ورُبْعَان: زمین کے لئے پانی کا حصہ......ج رُبُع: چوتھائی۔
الرِّبْعِیُّ. مِنَ المَسَاکِن: موسم بہار کی اقامت گاہ۔
الرَّبِیْعَة: پتھر جو طاقت کی آزمائش کے لئے اٹھایا جائے۔ باغ۔ لوہے کا خود۔ توشہ دان۔ خوشبو وغیرہ رکھنے کا برتن۔
الرُّوَیْبِع: کمزور۔ کمینہ۔
الرُّوَبِعَة: پستہ قد۔ چارزانو بیٹھنے والے کی نشست۔ اُونٹ کے بچوں کی ایک بیماری۔
اَرْبَعَة: چار۔ مؤنث اَرْبَع. الرِّیَاحُ الاَرْبَع: پچھوائی۔ پروائی۔ دکھنی۔ اُتری ہوائیں۔
ذَوَاتُ الاَرْبَع: چار پائے۔
اُمُّ اَرْبَع واَرْبَعِیْن: ایک قسم کا کیڑا۔
الاَرْبِعَاءُ. مثلثة الباء: بدھ کا دن۔ حثنیہ اَرْبِعَاوَان۔ ج اَرْبِعَاءَات واَرْبِعَاوَات.
قَعَدَ (الاُرْبُعَاء والاُرْبُعَاوَیٰ): وہ چارزانو بیٹھا۔
الاُرْبُعَاءُ: ستون خانہ۔
اَرْبَعُوْن: چالیس۔
المَرْبَع: موسم بہار کی بارش (......والمُرْتَبَع): موسم بہار کی اقامت گاہ۔
المِرْبَع والمِرْبَعَة: لکڑی جو جانور پر بوجھ لادنے کے لئے استعمال کی جائے۔
المُرْبِع: موسم بہار میں بچہ جننے والی اُونٹنی۔
المُرْبَع: چوتھیا بخار والا۔
المُرَبَّع: چار ستون والا یا چار ضلعوں والی شکل۔ حاصل ضرب جو کسی عدد کو اسی سے ضرب دے کر حاصل ہو جیسے ۴×۴=۱۶
المِرْبَاع: وہ جگہ جہاں کی سبزی ابتدائی موسم بہار میں اُگے۔ مال غنیمت کی چوتھائی جو زمانہ جاہلیت میں سردار لیا کرتا تھا۔ موسم بہار میں بچہ دینے والی اُونٹنی۔
(......والمُرْتَبِع والمَرْبُوْع): درمیانہ قد۔
المَرَابِیْع: ابتدائے موسم بہار کی بارشیں۔
الیَرْبُوْع: ایک قسم کا چوہا جس کی اگلی ٹانگیں چھوٹی اور پچھلی بڑی ہوتی ہے۔ ج یَرَابِیْع.
رَبَغَ (ف) رَبْغًا. القَوْمُ فِی النَّعِیْم: خوشحال زندگی بسر کرنا۔
رَبِغَ (ف) رَبَغًا. عَیْشُہ: فراخ وآسودہ ہونا......الرَّجُلُ: بدکار وشوخ چشم ہونا۔
صفت (رَبِغ)
رَبُغَ (ک) رَبَاغَة: بہت ہونا۔
الاَرْبَغ: کثیر وکشادہ۔
رَبَقَہ (ن ض) رَبْقًا ورَبَّقَہ: پھندے سے باندھنا......ہ فِی الاَمْرِ: کام میں ڈالنا۔
ورَبَّقَ الکَلَامَ: جھوٹ سے مزین کرنا۔ کہاجاتا ہے "رَبَّقَ الرَّجُلُ البَھْمَ حَبْلَہ واَرْبَاقَہ" مرد نے اپنے بکری کے بچوں کے لئے رسی کا پھندا بنایا۔

تَرَبَّقَهُ: لٹکانا۔ کہاجاتا ہے "تَرَبَّقْتُ الشَّيْئَ فِيْ عُنُقِيْ" میں نے چیز کو اپنی گردن میں لٹکایا۔

اِرْتَبَقَ. فِي الحِبَالَةِ: لٹکانا...... فِي الْاَمْرِ: کسی کام میں پھنسنا اور اسی سے ہے "اِرْتَبَقْتُ فِيْ حَبَالَتِهٖ" یعنی میں اس کے مکر و فریب میں پھنس گیا۔

الرِبْقُ: پھندوں والی رسّی۔

الرَّبْقَة والرِبْقَة: رسی کا پھندا۔ ج رِبَق ورِبَاق وَاَرْبَاق: کہاجاتا ہے "حَلَّ رِبْقَتَهٗ" اس نے اس کے رنج وغم کو دور کر دیا۔ و"نَقَضُوا الحِبَالَ واَكَلُو الرِبَاقَ" انہوں نے عہد وپیمان توڑ دیے۔

الرَّبِيْقُ: پھندے سے باندھا ہوا یا پھندے میں پھنسا ہوا۔

المُرَبَّقَة: چربی سے تر کی ہوئی روٹی۔

التِرْبِيْق: بکری باندھنے کی رسی۔

أُمُّ الرُّبَيْق: بلا۔

رَبَكَ(ن) رَبْكًا. الشَّيْئَ: ملانا۔ الرَّبِيْكَة: گارا بنانا......ہ: کیچڑ میں گرانا۔

رَبِكَ (س) رَبَكًا: پیچیدہ ودشوار معاملہ میں پھنسنا۔ صفت (رَبِكٌ ورَبِيْكٌ)

اِرْتَبَكَ. فِي الْوَحَلِ: کیچڑ میں گرنا...... فِيْ الاَمْرِ: پھنس کے رہ جانا...... فِيْ كَلَامِهٖ: رک رک کے گفتگو کرنا...... الصَّيْدُ فِي الحِبَالَةِ: شکار کا جال میں تڑپنا۔ پھڑ پھڑانا...... الاَمْرُ: معاملہ میں پیچیدہ ہونا۔

اِرْبَاكَ اِرْبِيْكَاكًا. رَأْيُهٗ: رائے کا گڑبڑ ہوجانا...... الرَّجُلُ عَنِ الاَمْرِ: کام سے رک جانا۔

الرَّبِيْكَة: گارا۔ دودھ ملا ہوا مکھن۔ کہاجاتا ہے "رَمَاهُ بِرَبِيْكَةٍ" اس نے اس کو پیچیدہ معاملہ میں پھنسادیا (...... والرَّبِيْك والرَّبُوْك): ایک قسم کا کھانا جو پنیر، کھجور اور گھی ملا کر تیار کرتے ہیں اور کبھی پانی ڈال کر پیتے ہیں۔

الاَرْبَك. مِنَ الابل: کالا اُونٹ۔

رَبَلَ (ن ض) رَبْلاً. القَوْمُ: بڑھنا۔ زیادہ تعداد والی ہونا۔ رَبَلَتِ المَرَاعِيُ: بہت گھاس والی ہونا۔

رَبَّلَ واَرْبَلَ. المَكَانُ: موسم خزاں کی نباتات والی جگہ ہونا۔

رَابَلَ: بدکار ہونا اور برائی کا منتظر رہنا۔

تَرَابَلَ: لوگوں پر لوٹ ڈالنا۔

تَرَبَّلَ: موسم خزاں کی سبزی کھانا۔ شکار کرنا۔ بہت گوشت والا ہونا...... جِسْمُهٗ: پھولنا...... الاَرْضُ: موسم خزاں کی بہت سبزی والی ہونا۔ موسم خزاں کے آنے پر خشک ہونے کے بعد سرسبز ہونا۔ تَرَبَّلَ القَوْمُ: موسم خزاں کی سبزی چرانا۔

اِرْتَبَلَ. مَالُهٗ: بہت ہونا۔

الرَّبْل: موسم خزاں کے پودے وسبزی جو بغیر بارش کے رات کی نمی کی وجہ سے پھوٹے۔ ج رُبُوْل.

الرَبْل: بہت سبز رنگ کی ایک قسم کی گھاس۔

رَجُلٌ (رَبِلٌ): موٹا مرد۔

الرَّبَلَة والرَّبْلَة: ران کی جڑیں۔ موٹا گوشت۔ ج رَبَلات.

الرِبِّيْل: تنہا لوٹ ڈالنے والا چور۔ موٹا۔

الرَبَالَة والرَبِيْلَة: گوشت کی زیادتی۔ کہاجاتا ہے "ضَمَرَ بَعْدَ رَبَالَه" وہ موٹائی کے بعد دبلا ہوگیا۔ الرَبِيْلَة: تری۔ نعمت۔ فراخی۔ زندگی۔

الرِيْبَال: لمبی پیچیدہ نباتات۔ شیر۔ ج رَبَابِيْل.

المِرْبَال: بہت موسم خزاں کے نباتات والی زمین۔

الرَبِيْل: نازونعم میں پلی ہوئی موٹی عورت، موٹی اُونٹنی۔

اَرْبَنَه: بیعانہ دینا۔

تَرَبَّنَ: جہاز کا کپتان ہونا...... السَفِيْنَةَ: کشتی چلانا۔

الرُبُوْن والاَرْبُوْن ز الاَرْبَان: بیعانہ۔

الرُبَّان والرُبَّانِي: جہاز کا کپتان۔ ج رَبَابِنَة ورَبَابِيْن. رُبَّانُ كُلِّ شَيْئٍ: ہر چیز کا بڑا حصہ۔ کہاجاتا ہے "اَخَذَ بِرُبَّانِهٖ اَوْبِرِبَّابَةٍ" اس نے سارا لے لیا۔

رَبَا يَرْبُوْا رِبَاءً ورُبُوًّا. المالُ: زیادہ ہونا۔ بڑھنا...... الرَّابِيَةَ: ٹیلہ پر چڑھنا۔ (رَبْوًا) الفَرَسُ: پھولنا۔ سانس چڑھنا۔ (...... رَبْوًا ورُبُوًّا) الوَلَدُ: لڑکے کا بڑھنا اور نیز کہاجاتا ہے "رَبَيْتُ ورَبِيْتُ رَبَاءً ورَبِيًّا" میں نے نشوونما پائی۔

رَبَّى تَرْبِيَةً وتَرَبَّى. الوَلَد: لڑکے کا پرورش کرنا۔ غذا دینا۔ مہذب بنانا۔ رَبَّى التُّفَاحَ بالسُّكَّر: مربہ ڈالنا۔

رَابَى مُرَابَاةً: سود پر مال دینا۔ الرَّجُلَ: بہتر سلوک کرنا۔

اَرْبَى اِرْبَاءً: سود لینا...... الشَّيْئَ: بڑھانا...... ہ: اُمید دلانا (...... عَلَيْهِ فِي كَذَا وارْتَبَا اِرْتِبَاءً): زیادہ کرنا۔

الرِبَا: زیادتی۔ سود۔ بیاج۔ نسبت کے لئے رِبَوِيٌّ.

الرَبَا: زیادتی۔ احسان۔ کہاجاتا ہے "لِفُلانٍ عَلَيَّ رَبَاء" فلاں کا میرے اوپر احسان ہے۔

الرَابِيَة: ج رَوَابٍ و(الرُبْوَة والرَبْوَة والرِبْوَة) ج رُبًى ورُبِيٌّ: ٹیلہ۔

الرَبْوَة. عِنْدَ الحُسَّاب الرِبْوة: دس لاکھ. بڑی جماعت (مانند دس ہزار کے) ج رِبًى.

الرُبَيَة: حشرات الارض کی ایک قسم۔ بلی۔

الرَبَاة والرَبَاوَة: ہنگیت۔ ٹیلہ۔

الرَبْو: ٹیلہ۔ چڑھی ہوئی سانس۔ جماعت۔ ج اَرْبَاء. الرَبْو والرَبْوَة عِنْدَ الاطِبَّاء: جوف کی سوجن۔ ایک بیماری جو پھیپھڑے میں ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے سانس لینی دشوار ہوتی ہے۔

الاُرْبِيَة: اہل خاندان۔ چچا زاد بھائی۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِيْ اُرْبِيَةِ قَوْمِهٖ" یعنی وہ اپنے اہل اور اپنے قبیلہ میں آیا۔ ران کی جڑ یا ران کے بالائی حصہ اور پیٹ کے درمیان کا حصہ۔

رَتَّ (ض) رَتّـاً: ہکلانا۔ تتلانا۔ صفت مذکر (اَرَتُّ): وصفت مؤنث (رَتّـا ورُتّـی) ج رُتٌّ.

اَرَتَّهُ اِرْتَاتًا. اللّٰهُ: ہکلا کر دینا۔

الـرَّتُّ: سخت۔ نرسور۔ جنگلی سور۔ ج رِتَتَـه.

الـرَّتُّ: رئیس۔ سردار۔ ج رُتُـوْت: کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ رُتُـوْتِ الـنـاس" وہ لوگوں کا سردار ہے۔

الرُّتّه: ہکلاپن۔ لکنت۔ زبان کی بستگی۔

رَتَأَ (ف) رُتُوْءًا: گلا گھونٹنا......الـعُقْدَة: گرہ مضبوط کرنا......فِيْ الـمَكَان: اقامت کرنا......الرَّجُلُ: چلا جانا۔

اَرْتَأَ: رک رک کر ہنسنا۔

رَتَبَ (ن) رَتْبًـا ورُتُـوبًـا. الـشَّيْءُ: قائم و ثابت ہونا۔ سیدھا کھڑا ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَتَـبَ في الصَّلٰوة" وہ نماز میں سیدھا کھڑا ہوا۔

رَتَّبَهُ: ثابت کرنا۔ مرتبہ کے لحاظ سے رکھنا۔

اَرْتَـبَ: سیدھا کھڑا ہونا۔ باوجود بے نیازی کے سوال کرنا......الغُلامُ الـكَعْبَ: نصب کرنا۔ کھڑا کرنا۔

تَرَتَّبَ: ترتیب وار ہونا۔ سیدھا کھڑا ہونا۔

الـرَّتَـب: سختی و تنگی۔ بلند زمین قریب قریب چٹانیں جن میں بعض بعض سے بلند ہوں۔

(......والـرَّتَـب): خنصر و بنصر کے درمیان کا فاصلہ۔ چھنگلیا کے پاس والی انگلی اور بیچ کی انگلی کے درمیان کی جگہ۔

الرَّتَبَة: انگلیوں کے درمیان کا فاصلہ۔

الرُّتْبَة: مرتبہ۔ ج رُتَب.

التُّرْتُب والتُّرْتَب: قائم و ثابت چیز۔ ہیشگی۔ مٹی۔ غلام جس کے یکے بعد دیگرے تین مالک ہوں۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا تُرْتُبًا" وہ سارے آئے۔

التُّرْتُبَة: راستے کے مانند جس پر آدمی چلے۔

الراتِب: فا۔ عَيْش رَاتِب: عیش دائم۔

والـرَّاتِـبُ عِنْدَ المحَدِّثِيْن: تنخواہ۔ وظیفہ۔ ج رَوَاتِب. الرَّوَاتِب: سنن مؤکدہ۔

المَرْتَبَة: درجہ۔ اعلیٰ درجہ۔ ج مَرَاتِب.

رَتَجَ (ن) رَتْـجًـا. البَابَ: دروازہ بند کرنا (......رَتَجَانًا) الصَّبِيُّ: بچے کا چلنے لگنا۔

رَتِجَ (س) رَتَـجًـا. الـخَطِيْبُ: خطیب کا تقریر میں بند ہو جانا۔

اَرْتَـجَ. البَـابَ: دروازہ مضبوط بند کرنا......الثَّلْجُ: برف کا لگاتار گرنا۔

......الخَصْبُ: ساری زمین کو عام ہونا۔

......الدَّجَاجَةُ: مرغی کا انڈوں سے بھر جانا۔

......البَحْرُ: سمندر کا جوش مارنا۔

اُرْتِجَ واُرْتُتِجَ واُسْتُرْتِجَ.

الخَطِيْبُ: خطیب کا تقریر میں بند ہو جانا۔

الـرَّتَجُ والـرِّتَـاج: پھاٹک۔ بڑا بند دروازہ جس میں ایک چھوٹا سا دروازہ ہو۔

سِكّة (رَتج): بندگلی۔ مَـالٌ رِتَجٌ: مال جس کے حاصل کرنے کی کوئی سبیل نہ ہو۔

الرِّتَاجَة: چٹان۔ ج رَتَائِج.

(......والمَرْتَج): تنگ راستہ۔ ج مَرَاتِج.

الـمِـرْتَـاج: تنگ راستہ۔ کنجی۔ مـکـان (مُرْتَج): بہت نباتات والی جگہ۔

رَتَخَ (ف) رُتُـوْخًـا. العَجِيْنُ: گندھے ہوئے آٹے کا پانی زیادہ کرنے سے پتلا ہونا......بِـالـمَكَانِ: اقامت کرنا......مِنَ الخَبَرِ: پیچھے رہنا۔

رَتَعَ (ف) رَتْـعًـا ورُتُوْعًا ورِتَاعًا: آسودہ زندگی بسر کرنا......في المكان: اقامت کرنا اور فراخی کے ساتھ کھانا پینا۔ صفت (رَاتِـع) ج رُتَّع ورُتْـع ورِتَـاع ورُتُوْع ورَاتِعُوْن.

رَتَعَ فِيْ مَالِ فُلَانٍ: دوسرے کے مال سے کھانے پینے میں فائدہ اٹھانا......فِـيْ لَـحْمِ فُلَانٍ: غیبت کرنا۔

اَرْتَـعَ. الـقَـوْمُ: سرسبز زمین میں پہنچنا اور چرانا...... الاَرْضُ: چرنے والے کو آسودہ کرنا......الغَيْثُ: بارش کا چارہ کو اُگانا۔

الدَّوَابَّ: جانوروں کو چرانا۔

الـرَّتْـعَة: سبزے کی کثرت اور اسی سے ہے "اَسْـمَـنَـنِـي الـقَـيْـدُ والـرَّتْعَةُ" مجھ کو قید اور آسودگی نے موٹا کر دیا۔

الرَّتِع: آسودہ زندگی والا جس کو ہر چیز حاصل ہو۔ كَـلَاٌ رَتِـعٌ: چرنے والے کے لئے کافی گھاس۔

الارْتَـاع. مِنَ الـنـاس: بہت لوگ۔ کہا جاتا ہے "رَاَيْـت اَرْتَـاعًـا مِنَ النَّاس": میں نے بہت لوگوں کو دیکھا۔

الـرَّتَّـاع: سرسبز چراگاہ میں اپنے اُونٹوں کو لے جانے والا۔

الـمُـرْتِـع: آسودہ زندگی والا جس کو ہر چیز حاصل ہو۔

المَرْتَع: چراگاہ۔

رَتَقَ (ن) رَتْقًا. الثَّوْبَ: جوڑنا۔

الفَتْقَ: درست کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ الرَّاتِق الـفَـاتِق" وہ اصلاح کرنے والا۔ و "رَتَقَ فتقهُمْ": اس نے ان کے درمیان صلح کرا دی

......الشَّيْءُ: بند کرنا۔

اِرْتَتَق. الشَّيْءُ: جڑ جانا۔

الـرِّتَـاق: دو کپڑے جن کے کنارے جوڑ دیئے گئے ہوں۔

الرَّتَقَة: انگلیوں کے درمیان کا فاصلہ۔

الرُّتُوْق: عزت و شرف۔

رَتَكَ: (ض ن) رَتْـكًـا ورَتَكًا ورَتَكَانًا. الـبَـعِيْرُ: اُونٹ کا چھوٹے چھوٹے قدم سے دوڑنا۔

اَرْتَكَ. الـبَعِير: اُونٹ کو چھوٹے چھوٹے قدم سے دوڑانا۔ اَرْتَكَ الـضَّـحِكَ: آہستہ ہنسنا۔

المَرْتَك: مرداسنگ۔

رَتِـلَ: (س) رَتَلاً. الشَّـيْءُ عمدہ نظم و ترتیب سے ہونا۔ صفت (رَتِل)

رَتَّلَ. الكَلامَ: اچھی طرح ترتیب دینا۔

......الـقُرْآن: قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر عمدہ طریقے سے پڑھنا۔

تَـرَتَّـلَ. فِيْ القَوْلِ: ٹھہر ٹھہر کے اچھی طرح بولنا۔

الرَّتَل: مص۔ عمدہ گفتگو۔ کہا جاتا ہے "كَلام

رَتَــلٌ" خوبی۔ آراستگی۔ ہر چیز کی خوبی۔ ثغر رَتِلٌ" خوبصورت ہموار دانت۔

التَّــرْتِيْل: پڑھنے کے وقت آواز پست کرنا۔ آواز کو عمدہ بنانا۔ مولدین کے نزدیک ترتیل آواز کو پڑھنے یا گانے میں اس طرح بنانا کہ سارے حرف اچھی طرح ادا ہوں۔

الاَرْتَل: اچھی ترتیب والا۔ تتلانے والا۔

الــرُّتَيْلاء: کیڑے کوڑے وغیرہ جیسے مکڑی مکھی وغیرہ۔ ج رُتَيْلاوَات: ایک قسم کی نباتات جس کے پھول سوسن کے پھول کی طرح ہوتے ہیں۔

رَتَـمَهٗ (ض) رَتْــمًا: توڑنا یا کوٹنا...... فِي بَنِي فُلاَنٍ: پرورش پانا اور کہا جاتا ہے "مَارَتَمَ بِكَلِمَةٍ": وہ ایک لفظ نہیں بولا۔ (...... رَتِيْمًا) رتـم کے دانے کھانے سے بے ہوش ہونا۔ سست ہونا۔

اَرْتَـمَ وتَرَتَّمَ وارْتَتَمَ: یاد رکھنے کے لئے انگلی پر دھاگا لپیٹنا۔ اَرْتَـمْتُ زَيْدًا: یاد آنے کے لئے میں نے زید کی انگلی میں دھاگا باندھا۔

الرَّتَم: ایک قسم کا درخت جس کے دانے مسور کی مانند ہوتے ہیں واحد (رَتْمَةٌ) الرُّتَم: بھرا ہوا توشہ دان۔ کامل حیاء۔ آہستہ گفتگو۔ راستہ۔

الرُّتَام: بوسیدہ۔

الــرَّتَمَة: ج رَتَـم ورِتَــامٌ و (الــرَّتِيْمَة) ج رَتَـائِم: دھاگا جو کسی مقصد کے یاد رکھنے کے لئے انگلی پر لپیٹ لیا جائے۔

الــرَّتِيْم: آہستہ چال۔ وہ شخص جس کو رتم کے دانے کھانے سے بے ہوشی طاری ہوئی ہو۔ ج رُتَامىٰ.

شَرٌّ (تُرْتُم وتُرْتُمٌ): دائمی فساد۔

رَتَنَ: (ن) رَتْنــا۔ الشَّــحْم بـالعَجِيْن: گندھے ہوئے آٹے میں چربی ملانا۔

رَتَــاهٗ يَرْتُـوْهُ رَتْـوًا: ڈھیلا کرنا۔ باندھنا۔ الــقَلْــب: دل کو قوی کرنا...... ہ اِلَيْــه: ملانا۔ الــدَّلْوَ: ڈول کو آہستگی سے کھینچنا (...... رَتْــوًا ورُتُــوًّا) بِــرَاسِــهٖ: سر سے اشارہ کرنا......

الرَّتْجَلُ: قدم رکھنا۔

رُتِيَ فِي ذِرْعِهٖ: سست بازو ہونا۔

الــرَّتْوَة: قدم۔ بلند زمین۔ تھوڑا سا وقت۔ حد نظر تک۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَنَا وبَيْنَهُمْ رَتْوَة" ہمارے اور ان کے درمیان بہت فاصلہ ہے جو بمقدار حد نظر کے ہے۔

الرَّاتِي: دوسروں سے زائد علم والا۔

رَثَّ: (ض) رَثَــاثَةً ورُثُــوْثَة، الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ صفت (رَثٌّ) ج رِثَاث.

اَرَثَّ اِرْثَاثًا. الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ پرانا کرنا۔

اُرْتُــثَّ: زخمی کو میدان جنگ سے لایا جانا۔ صفت (مُرْتَثٌّ)

الــــرَّثُّ: مص۔ گھر کا ردی سامان۔ ج رُثَــاث: کہا جاتا ہے "كَلاَمٌ غَثٌّ رَثٌّ" یعنی گھٹیا درجہ کا کلام۔

الاَرَثُّ: بوسیدہ۔ پرانا۔

الرَّثِيْث: بوسیدہ۔ پرانا۔ زخمی نیم مُردہ۔

الــرِّثَّــة: گھر کا ردی سامان۔ ج رِثَــث ورِثَاث: کمزور لوگ۔

الرَّثَاثَة: مص۔ کہنگی۔ بوسیدگی۔

رَثَاَ: (ف) رَثْــاً. اللَّبَنَ: دودھ کا دہی بنانا۔ گاڑھا کرنا...... الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ملانا...... غَضَبَهٗ: غصہ کا ٹھنڈا پڑنا۔

اَرْثَــا وارْتَثَــاَ. اللَّبَنُ: دودھ کا گاڑھا ہونا۔

اِرْتَثَا فِي رَاْيِهٖ: رائے میں گڑبڑی کرنا۔ اِرْتَثَاَ عَلَيْهِمُ الاَمْرُ: گڑبڑ ہونا۔ اِرْتَثَاَ. الرَّثِيْئَة: دہی پینا۔

الــرَّثْءُ والرَّثْاَة: بے وقوفی۔ کم سمجھی۔ کمزور دلی۔

الــرَّثِيْئَة. رَثَا اللَّبَنَ: کا اسم۔ دہی۔ بے وقوفی۔ میٹھا ملا ہوا ترش دودھ۔

رَجُلٌ (مَرْثُوْدٌ): کمزور دل۔ کم سمجھ۔

رَثَدَ: (ن) رَثْــدًا وارْتَثَدَ. المَتَاعَ: سامان کو اوپر نیچے رکھنا۔ صفت مفعول (رَثِيْــــدٌ ومَرْثُوْدٌ)

رَثِدَ: (س) رَثَــدًا واَرْثَــدَ. المَــاءُ: پانی کا گدلا ہونا اور کہا جاتا ہے "اِحْتَفَــرَ حَتّٰــى اَرْثَــدَ": اس نے کھودا یہاں تک کہ نمناک مٹی تک پہنچ گیا۔ اَرْثَدَ القَوْمُ: جماعت ہونا۔

الــرِّثْد والرِّثْدَة: لوگوں کی جماعت جو مقیم ہو سفر نہ کرتی ہو۔

الــرَّثَــد: ترتیب سے تہ بتہ رکھا ہوا سامان۔ رَثَدُ البَيْتِ: گھر کا ردی سامان۔

المَرْثَد والمَرْثِد: فیاض وسخی مرد۔ المَرْثَدُ: شیر۔

رَثَطَ: (ن) رُثُوْطًا واَرْثَطَ وتَــرَثَّطَ. فِيْ قُعُوْدِهٖ: نشست میں جم کے رہنا۔

رَثِعَ: (س) رَثَعًا بہت حریص ولالچی ہونا۔ صفت (رَثِعٌ) ج رَثِعُوْن.

اِرْثَعَنَّ اِرْثِعْنَانًا. المَطَرُ: لگاتار برسنا...... فُلاَنٌ: کمزور اور سست ہونا...... الشَّعْرُ: بال کا لٹکنا۔

رَثَمَ (ض) رَثْمًا. الانفَ: ناک توڑ کر خون آلود کر دینا۔ صفت مفعول (رَثِيْم ومَرْثُوْمٌ)

رَثِمَ: (س) رَثَـمًــا وارْثَمَّ. الفَرَسُ: ناک کے کنارے پر سفید داغ والا ہونا۔ صفت مذکر (رَثِــمٌ واَرْثَــمُ): صفت مؤنث (رَثِــمَةٌ ورَثْمَاءُ) ج رُثْمٌ.

الــرَّثَــم والــرُّثْــمَة: گھوڑے کی ناک کے کنارے کا سفید داغ۔

الرِّثْمَة: ہلکی بارش۔ ج رِثَام.

المَرْثَم والمِرْثَم: ناک۔ ج مَرَاثِم.

رَثَنَ تَرْثِيْنًا: اچھی طرح سے بارش ہونا۔

الرَّثَان: لگاتار بارش۔

اَرْضٌ (مَرْثُوْنَةٌ ومُرَثَّنَةٌ): بارش شدہ زمین۔

رَثَـا يَرْثُــوْا رَثْــوًا ورَثَــى يَــرْثِــى رَثْيًا ورِثَاءً ورَثَــايَةً ومَــرْثَاةً ومَرْثِيَةً. المَيِّتَ: رونا اور محاسن شمار کرنا۔ مرثیہ کے اشعار کہنا۔

رَثٰى لَهٗ: رحم کرنا۔

رَثٰى يَرْثِي رِثَايَةً. عَنْهُ حَدِيْثًا: یاد کرنا۔

رَثِــيَ يَرْثٰى رَثًى ورَثْيًا: جوڑوں کے درد والا ہونا۔

رَثَى وتَرَثَّى. المَيِّتَ: رونا اور محاسن شمار کرنا۔
الرَّثَّاءة والرَّثَّايَة: نوحہ کرنے والی عورت۔
الـرَّثْيَة: جوڑوں کا درد (...... والـرَّثِيَّة): کمزوری۔ سستی۔ بے وقوفی۔
المَرْثَاة والمَرْثِيَة: وہ اشعار وغیرہ جس میں میت کے محاسن بیان کئے جائیں۔ مَـراثٍ و "المَرَاثِي السَّبع" عرب کے سات مشہور اور منتخب مرثیے۔
رجُلٌ (مَرثُوٌّ): کمزور عقل والا مرد۔
الرَّثُوُ: وہی۔
رَجَّ: (ن) رَجًّا: ہلانا۔ حرکت دینا۔
رَجَّهُ: (ن) ورَجَّ رَجًّا: ہلنا۔ حرکت دینا۔
اِرْتَجَّ. البحرُ: موج مارنا...... الكلامُ: ملتبس ہونا۔
الرَّجَّة: حرکت۔ رَجَّةُ القوم: لوگوں کی آواز کا اختلاط۔
رَجَاجُ. الغنم او الناس: کمزور ولاغر۔ کہا جاتا ہے "نَعْجَةٌ رَجَاجَةٌ": لاغر بھیڑ۔
نَاقَةٌ (رَجَّاءُ): بڑے کوہان والی اونٹنی جس کا کوہان چلنے میں ہلے۔
اَرْجَأَ. الامرَ: کام کا موخر کرنا۔ اَرْجَأَتِ الحَامِلُ: وضع حمل کا زمانہ قریب ہونا۔ الصَّائدُ: شکاری کا کچھ نہ پانا۔
رَجَبَ: (ن) رَجْبًا. مِنهُ: شرم کرنا۔
رَجَبَهُ بكلامٍ سَيِّئٍ: تہمت لگانا (...... رَجْبًا ورُجُوبًا وارْجَبَ): ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔
رَجِبَ: (س) رَجَبًا. مِنهُ: گھبرانا۔ شرم کرنا۔ رَجِبَهُ: ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔
رَجَّبَهُ: ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔ النخلةَ: درخت خرما میں ٹیک لگا دینا۔ اردگرد کانٹے لگا دینا اور اسی سے ہے "اَنَا جُذَيْلُهَا المُحَكَّكُ وعُذَيْقُهَا المُرَجَّبُ" اس قول میں جُذَيْل جذل کی اور عُذَيْق عِذق کی تصغیر ہے۔ جذل: کے معنی تنہ اور عذق کے معنی پھل دار درخت خرما۔ محکک جس سے خارشی اونٹ اپنے بدن کو رگڑے اور مُرَجَّب: جس میں پھل کے بوجھ کی وجہ سے تھونی لگا دی گئی ہو۔
رَجَّبَ الرَّجُلُ: رجب کے مہینے میں جانور ذبح کرنا۔
تَرَجَّبَ: خوفزدہ ہونا۔ ہیبت زدہ ہونا...... الرَّجُلَ: ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔
رَجَـــبُ: قمری سال کا ساتواں مہینہ۔ ج اَرْجَاب ورُجُوب ورِجَاب: کہا جاتا ہے "اَجَّلْتُكَ اِلَى سَبْعَةِ اَرْجَابٍ" میں نے تجھ کو سات رجب یعنی سات سال تک کی مہلت دی۔
رَجَبَان: ماہ رجب وشعبان۔
الـرُّجْبَة: سہارا جو کھجور کے درخت کے لئے لگایا جائے۔ شکار کرنے کا مچان۔ ج رُجَب.
الرَّاجِبَة: انگلی کی جڑ کا جوڑ۔ ج رَوَاجِب.
الاَرْجَاب: آنتیں۔ (واحد نہیں)
المُرَجَّب: مفخم۔ خوفناک۔ معظم۔
رَجَحَ: (ف ن ض) رُجْحَانًا ورُجُوحًا. الميزانُ: جھکنا...... الرَّايُ: غالب ہونا۔ ...... ہ: دوسرے سے بوجھل ہونا۔ ...... دوسرے سے زیادہ بردبار ہونا...... ہ بِيَدِهِ: ہاتھ سے وزن کا اندازہ کرنا (رَجَاحَةً): حلیم وبردبار ہونا۔ بوجھل ہونا۔
رَجَّحَهُ واَرْجَحَهُ: جھکا دینا۔ بوجھل کر دینا۔
رَجَّحَ وارْجَحَ لَهُ: جھکتا ہوا دینا۔
رَاجَحَــهُ: جھکنے میں غالب ہونے کے لئے مقابلہ کرنا۔
تَـرَجَّحَ. الرايُ عِنْدَهُ: غالب وبرتر ہونا ...... فِي القَوْلِ: مائل ہونا...... الشيءُ: ہلنا...... الاُرْجُوحَة بِهِ: جھکنا۔
اِرْتَجَحَ. في الاُرْجُوحَةِ: جھولے میں جھکنا...... الابلُ: آہستہ دوڑنے میں ہلنا۔
الرُّجُح. مِنَ الجفان: بھرے ہوئے بڑے پیالے...... مِنَ الكَتَائِب: لشکر گراں۔
الاُرْجُوحَةُ ج اَرَاجِيح (الـرُّجَّاحَة والرُّجَاحة والمَرْجُوحَة): جھولا۔
الاَرَاجِيح: بیابان۔ آہستہ قدم سے دوڑنے میں اونٹوں کی جنبش۔
اِمْرَأَةٌ (رَجَاحٌ): بڑے سرین والی عورت۔
رَجَدَ (ن) رَجْدًا: خوشوں کو کھلیان میں لے جانا۔ صفت (رَجَّاد)
اِعْتِرَاجِحَة او البَيَانِيَةُ العَدَدِيَّةُ: (علم جبرا) دو مخالف عدد کا مجموعہ۔
رُجِدَ رَجْدًا ورُجِدَ و اُرْجِدَ: کانپنا۔
رَجَزَ (ن) رَجْزًا: رجز پڑھنا۔ صفت (رَاجِزٌ ورَجَّازٌ ورَجَّازَةٌ) رَجَزَ بِهِ: کسی کے سامنے رجز پڑھنا۔
رَجَّزَهُ: کسی کے سامنے رجز پڑھنا۔
رَاجَزَ. صَاحِبَهُ: رجز پڑھنے میں مقابلہ کرنا۔
تَـرَجَّـزَ: رجز پڑھنا...... الـرَّعْدُ: لگاتار گڑگڑانا...... السَّحَابُ: بادل کا پانی کی کثرت کی وجہ سے آہستہ حرکت کرنا۔
اِرْتَجَزَ: رجز پڑھنا...... الـرَّعْدُ: لگاتار گڑگڑانا...... بِفُلانٍ: کسی کے متعلق رجز کے اشعار کہنا...... الرَّجَزُ فِي القِتَالِ: لڑائی میں رجز کے اشعار پڑھنا۔
تَرَاجَزَ. القَوْمُ: رجز پڑھنے میں باہم مقابلہ کرنا۔
الرُّجز والرِّجز: گندگی۔ عذاب۔ بتوں کی پرستش۔ بت۔ الرِّجز: گناہ۔
الـرَّجَـز: اوزان شعر میں سے ایک وزن کا نام۔ اونٹوں کے سرین کی ایک بیماری کا نام۔
الـــرِّجَازَة: عورتوں کے لئے اونٹ پر کی ہودج سے چھوٹی ایک سواری۔ برتن یا کمبل جس میں پتھر ڈال کر بوجھ برابر کرنے کے لئے ایک طرف لٹکا دیا جاتا ہے۔
الاُرْجُوزَة: بحر رجز کا قصیدہ۔ ج اَرَاجِيز.
الاَرْجَز: رجز کی بیماری والا۔
رَجَسَ: (ن ض) رَجْسًا. البَعِيرُ: اونٹ کا آواز کرنا...... السَّمَاءُ: آسمان کا گڑگڑانا۔
...... فُلانًا عَنِ الامْرِ: روکنا (...... وارْتَجَسَ): پانی کی گہرائی کا اندازہ کرنا۔

رَجِسَ:(س) وَرَجُسَ:(ک) رَجَاسَةً: بُرا کام کرنا۔ صفت (رَجِس)

اِرْتَجَسَتِ. السَّمَاءُ: گڑگڑانا۔ الْبِنَاءُ: عمارت کے ہلنے سے آواز سنائی دینا۔

الرِّجْس والرَّجَس والرِّجِس: گندی پلیدی۔ الرِّجْس: بُرا عمل۔ بُرے عمل کی سزا۔ شیطان کا وسوسہ۔ خفیف حرکت۔

الرَّجَّاس: سمندر۔ کہا جاتا ہے "بَحْرٌ اوسَحاب رَجَّاس" بہت تیز آواز والا بادل یا اُونٹ۔

بَعِيْرٌ رَجُوْسٌ مِرجس: تیز آواز نکالنے والا اُونٹ۔

المِرْجَاس: پانی کی گہرائی ناپنے والا آلہ۔

المَرْجُوسَة: فساد و گڑگڑاہٹ۔

رَجَعَ:(ض) رُجُوْعًا وَمَرْجَعًا وَمَرْجَعَةً. ورُجْعٰی ورُجْعَانًا: واپس آنا۔ لوٹنا (......رَجْعًا وَمَرْجَعًا) الكَلَامُ فِيْهِ: فائدہ دینا۔ کہا جاتا ہے "مَاهُوَ اِلَّا سَجْعٌ لَيْسَ فِيْهِ رَجْعٌ" یہ صرف سجع ہے اس میں کوئی فائدہ نہیں۔ العَلَفُ فِيْ الدَابَةِ: چارہ کا جانور میں اثر کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ عَوْدُه عَلٰى بَدْئِهِ" وہ جس راستہ سے آیا تھا اسی سے واپس گیا...... الشَّیْءُ عَنْه اواِلَيْهِ: پھیرنا۔ واپس کرنا۔ رد کرنا (......رُجُوْعًا ورِجَاعًا) الطَّيْرُ: گرم جگہ سے سرد جگہ میں جانا۔

رَجَّعَ. فِي صَوْتِهِ: حلق میں آواز کو گھمانا۔ (......وتَرَجَّعَ) فِي المُصِيْبَةِ: ﴿اِنَّا لِلّٰهِ واِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْن﴾ کہنا۔ رَجَّعَتِ الدَابَةُ: قدم رکھنا۔ رَجَّعَ النَاقَةُ: ایک اُونٹنی کی قیمت سے اسی جیسی دوسری خریدنا۔

رَاجَعَهُ. فِي الْاَمْرِ: دوسرے سے معاملہ میں بات چیت کرنا...... ہ الكَلَامَ: دوبارہ گفتگو کرنا...... الرَّجُلُ: اپنی پہلی بھلی یا بُری عادت کی طرف لوٹ جانا۔

اَرْجَعَهُ: رد کرنا۔ پھیرنا...... الدَابَةُ: چوپایہ کا گوبر کرنا۔ النَاقَةُ: اُونٹنی کا لاغر ہونا۔ لاغری کے بعد موٹا ہونا...... الرَّجُلُ فِي المُصِيْبَةِ: ﴿اِنَّالِلّٰهِ واِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْن﴾: کہنا...... اللّٰهُ بَيْعَتَه: نفع کرانا۔

اِرْتَجَعَ. النَاقَةَ: ایک اُونٹنی کی قیمت سے اس جیسی دوسری خریدنا۔ اِرْتَجَعَ اِلَى الشَّیْءُ: واپس کرنا۔ اِرْتَجَعَهُ: واپس کرنا۔ المَرْاَةُ جِلْبَابَهَا: چہرہ پر دوبارہ ڈال لینا۔ اِرْتَجَعَ عَلَى الغَرِيْم: مطالبہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "بَاعَ خَيْلَه فَارْتَجَعَ مِنْهَا رِجْعَةً صَالِحَةً" اس نے اپنے گھوڑے کو بیچ دیا اور اس کی قیمت کو نفع بخش کام میں خرچ کیا۔

تَرَاجَعَ. القَوْمُ: اپنے اپنے مقامات پر واپس آنا...... القَوْمُ الكَلَامَ بَيْنَهُمْ: قوم کا آپس میں گفتگو میں اُلٹ پھیر کرنا۔

اِسْتَرْجَعَ. مِنْهُ الشَّیْءَ: واپس لینا...... فِي المُصِيْبَةِ ﴿اِنَّا لِلّٰهِ واِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْن﴾: کہنا۔ الحَمَامُ فِي غِنَائِهِ: کبوتری کا گٹ گری کرنا۔

الرَّجْع: مص۔ خط کا جواب۔ بارش کے بعد بارش۔ نفع۔ موسم بہار کی سبزی۔ تالاب۔ ج رِجَاع ورُجْعَان وَرِجْعَان. الرَّجْع: لید...... مِنَ الاَرْضِ: زمین کا وہ حصہ جس میں سیلاب دور تک پھیلا ہو...... مِنَ الكَتِف: مونڈھے کا نچلا حصہ۔ کہا جاتا ہے "كَوَاهُ عِنْدَ رَجْعِ كَتِفِهِ" اس کی مونڈھے کے نچلے حصہ پر اس نے داغ لگایا۔ رَجْعُ الصَّدٰى: آواز بازگشت۔

الرَّجِيْع مِنَ الكَلَامِ: واپس کی ہوئی گفتگو۔ لید۔ گوبر۔ تالاب۔ موسم بہار کی سبزی۔ اُونٹ کی جگالی۔ ہر واپس کی ہوئی چیز۔ پرانا کپڑا۔ پسینہ۔ ٹھنڈا کھانا جو دوبارہ گرم کیا جائے۔ بَعِيْر رَجِيْعٌ: سفر سے تھکا ہوا اُونٹ۔ ج رَجَائِع. دَابةٌ رجِيْعُ اَسْفَارٍ: بار بار سفر میں لوٹ لوٹ جانے والا چوپایہ۔

الرَّاجِع: فا۔ عورت جس کے شوہر کی وفات ہو چکی ہو اور وہ اپنے کنبہ میں چلی گئی ہو۔ ج رَوَاجِع.

الرِّجْعَة. رجع: کا اسم نوع۔ حجت۔ اُونٹ۔ چھوٹے چھوٹے معمولی جن کی قیمت سے دوسرے اُونٹ خرید کر نفع اٹھائیں۔

الرَّجْعَة: واپسی۔

والرُّجْعَة والرُّجْعَى والرُّجْعَان والرَّجُوْعَة: خط کا جواب۔ المَرْجِع: لوٹنے کی جگہ مونڈھے کا نچلا حصہ۔

المَرْجُوع والمَرْجُوْعَة: خط کا جواب۔ گودنے کے نشانات جو دوبارہ تازہ ہو گئے ہوں۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ هٰذا البَيْع مَرْجُوْعٌ" اس بیع کی واپسی نہیں۔

المُرَاجِع. مِنَ النِسَاء: عورت جس کے شوہر کا انتقال ہو گیا ہو اور وہ اپنے کنبہ میں واپس آ گئی ہو۔

الرِّجَاع: مہار کا وہ حصہ جو اُونٹ کی ناک پر ہو۔ ج اَرْجِعَة ورُجُع.

رَجَفَهُ:(ن) رَجْفًا ورَجَفَانًا ورَجِيْفًا: تیز ہلانا۔ ہلنا (لازمی و متعدی) الرَّجُلُ: بہت کانپنا۔ کسی خوف کے لاحق ہونے سے قرار نہ پکڑنا۔ الاَرْضُ: زمین میں بھونچال ہونا۔ القَوْمُ: لڑائی کے لئے تیار ہونا...... الرَّعْدُ: گڑگڑانا...... الاَسْنَانُ: دانتوں کا گرنا۔

اَرْجَفَ: لوگوں کو بھڑکانے کے لئے بری خبروں کو پھیلانا...... القَوْمُ: بالشَّیْءُ وفِیه: گھسنا...... الرِّيْحُ الشَجَرَ: ہوا کا درخت کو ہلانا۔

اَرْجَفَتِ الْاَرْضُ: زمین میں بھونچال ہونا۔ زلزلہ ہونا۔

تَرَجَّفَ وارْتَجَفَ: بہت زیادہ کانپنا۔

اِسْتَرْجَفَ. رَاسَه: حرکت دینا اور کہا جاتا ہے "خَرَجُوْا يَسْتَرْجِفُوْن الاَرْضَ نَجْدَةً" وہ لوگ نکلے اس حال میں کہ انہوں نے زمین میں شجاعت و دلیری کی وجہ سے زلزلہ ڈال دیا۔

الرَّجْفَة: اسم مرۃ۔ زلزلہ۔ بھونچال۔

الرَّاجِف: فا۔ جوڑی والا بخار۔

الرَّاجِفَة: قیامت کے روز صور کا پہلا نفخہ۔

الرَّجّاف: بہت کانپنے والا۔ سمندر۔ قیامت کا دن۔
الاَرَاجِیْف: گھڑی ہوئی جھوٹی خبریں۔ کہتے ہیں "اِذَا وَقَعَتِ الْمَخَاوِیْفُ کَثُرَتِ الْاَرَاجِیْفُ" جب خوف بڑھ جایا کرتا ہے تو جھوٹی خبریں بہت اڑتی ہیں۔
التَّرْجَاف: اضطراب۔ بے قراری۔
رَجَلَ: (ن) رَجْلاً. الفَصِیْلَ: اُونٹ کے بچے کو ماں کا دودھ پینے کے لئے آزاد چھوڑ دینا۔ الشَّاۃَ: بکری کی ٹانگیں باندھ دینا۔
رَجَلَه: ٹانگ پر مارنا۔
رَجِل: (س) رَجَلاً: پیدل چلنا۔ بیمار ٹانگ والا ہونا...... الدَّابَۃُ: ایک ٹانگ میں سفیدی والا ہونا۔ الشَّعرُ: بال کا کچھ گھنگھریالے ہونا۔ الفَصِیْلُ: اُونٹ کے بچے کا ماں کا دودھ پینے کے لئے آزاد چھوٹنا۔
رَجَّلَهٗ: قوی کرنا...... الشَّعَر: کنگھی کرنا۔
اَرْجَلَهٗ: مہلت دینا۔ پیدل چلانا۔ الفَصِیْلَ: اُونٹ کے بچے کو ماں کا دودھ پینے کے لئے آزاد چھوڑنا۔
تَرَجَّلَ: سواری سے اُتر کر پیدل چلنا...... المَرْأۃُ: مرد جیسی ہونا...... الشمسُ: آفتاب کا بلند ہونا...... البیرء وفی البئر: بغیر کچھ لٹکائے ہوئے کنوئیں میں اُترنا...... الزَّنَد: پاؤں کے نیچے رکھنا۔
اِرْتَجَلَ: دیگچی میں پکانا۔ الشَّاۃَ: ٹانگیں باندھنا...... ہ: پاؤں سے پکڑنا...... الزَّنَد: پاؤں کے نیچے رکھنا...... الکَلاَمَ: فی البدیہ کہنا۔
...... بِرَایِه: منفرد ہونا...... الرَّجُلُ: پیدل چلنا۔
...... النَّهَارُ: دن کا چڑھنا...... الفَرَسُ: درمیان دو رفتاروں کے آرام لینا۔ کہا جاتا ہے "اِرْتَجِلْ رِجْلَکَ" اپنی شان کو لازم پکڑ۔
الرَّجْل: مص۔ پیدل چلنے والا۔ مرد۔ شَعْرٌ رَجْلٌ: کچھ گھنگریالے بال۔

الرِّجْل. ج اَرْجُل: پاؤں۔ ج اَرَاجِل: کسی چیز کا حصہ۔ ٹڈی دل (یہ بغیر واحد کے جمع ہے) کہا جاتا ہے "جَاءَتْ رِجْلٌ دِفَاعٌ" یعنی بہت بڑا لشکر آیا (جو ٹڈی دل کے مشابہ ہے) عہد۔ زمانہ۔ کہا جاتا ہے "کَانَ ذَالِکَ فِیْ رِجْلِ فُلاَنٍ" یعنی فلاں کے عہد میں ایسا تھا۔ الرجل: پاجامہ۔ سفید کورا کاغذ۔ فقیری۔ آدمی کا پاخانہ۔ بہت سونے والا مرد۔ خوف تم کہتے ہو "اَنَا مِنْ اَمْرِیْ عَلٰی رِجْلٍ" مجھے اپنے امر کے فوت ہونے کا خوف ہے۔ پیش قدمی۔ رِجْلُ البَحْرِ: کھاڑی خلیج۔ رِجْلاَ السَّهْمِ: تیر کے دونوں کنارے۔ رِجْلُ الغُرَابِ ورِجْلُ الجَرَادِ: دو نباتات کے نام۔ رِجْلُ الجَبَّارِ ورِجْلُ الجَوْزَاءِ ورِجْلُ قَنْطُوْرَس: ستاروں کے نام۔ کہا جاتا ہے "هُوَ یُقَدِّمُ رِجْلاً وَیُؤَخِّرُ اُخْرٰی": یعنی وہ اپنے معاملہ میں متردد ہے کبھی ایک قدم اٹھاتا ہے کبھی دوسرا۔
الرَّجُل: مرد۔ پیدل چلنے والا۔ ج رِجَال ورَجْلَة ورِجْلَة واَرَاجِل ورِجَالاَت: کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ رَجُلٌ فِی الرِّجَالِ": فلاں کامل مرد ہے۔
الرَّجَل: مص...... مِنَ الشَّعْرِ: کم گھنگریالے بال۔ ج اَرْجَال ورَجَالٰی.
الرَّاجِل: پیدل چلنے والا۔ الرَّجِلُ مِنَ الشَّعْرِ: کم گھنگریالے بال۔
الرَّاجِل: فا۔ پیدل چلنے والا۔ ج رَجْل ورَجَّالَۃ ورُجَّال ورِجَال ورَجَالٰی ورُجَالٰی ورُجْلاَن: کہا جاتا ہے "جَاءَتِ الخَیَّالَۃُ والرَّجَّالَۃُ" سوار و پیادے سب آئے۔ و "اَغَارَ عَلَیْهِمْ بِخَیْلِهٖ وَرَجِلِه": اس نے ان پر اپنے سوار و پیادوں سے لوٹ ڈالی۔ رَجُلٌ رَاجِلٌ: پیدل چلنے والا مرد۔
الرِّجْلَة: خرفہ کا ساگ۔ خرفہ کا ساگ اُگنے کی جگہ۔ ج رِجَل.
الرُّجْلَة: چلنے کی قوت۔ مردانگی۔ الرُّجْلَة: جانور کی ایک ٹانگ کی سفیدی۔
الرَّجُلَة: عورت۔
الرَّجِیْل: ج اَرْجِلَة واَرَاجِل واَرَاجِیْل: پیدل چلنے والا...... ج رَجْلٰی ورُجَالٰی ورَجَالٰی: بہت چلنے پر قادر۔ کَلاَمٌ رَجِیْلٌ: فی البدیہہ کلام۔ رَجُلٌ رَجِیْلٌ: قوی مضبوط مرد۔
مَکَانٌ رَجِیْلٌ: جگہ جس کے دونوں کنارے دور دور ہوں۔ فَرَسٌ رَجِیْلٌ: سدھا ہوا سواری شدہ گھوڑا جس کو پسینہ نہ آئے۔
الاَرَاجِیْل: شکاری لوگ۔
الرُّجُوْلَة والرُّجُوْلِیَّة والرُّجُوْلِیَّة والرُّجْلِیَّةُ: مردی۔ مردانگی۔
الرَّجْلاَن: پیدل چلنے والا۔ ج رُجَالٰی ورَجَالٰی ورَجْلٰی: مؤنث رَجْلٰی. ج رِجَال ورَجَالٰی.
الاَرْجَل. مِنَ الدَّوَابِّ: ایک ٹانگ میں سفید داغ والا جانور۔ رَجُلٌ اَرْجَل: بڑے پاؤں والا مرد۔ مؤنث رَجْلاَء ج رُجْل اور کہا جاتا ہے "هُوَ اَرْجَلُهُمْ" وہ ان لوگوں میں کامل مردانگی والا ہے۔
التَّرْجِیْل: مص جانور کے ایک ٹانگ کی سفیدی۔
التَّرَاجِیْل: کرفس (ایک دوا کا نام)
المِرْجَل: دیگ۔ کنگھی۔ ج مَرَاجِل.
المُرَجَّل. مِنَ النَّسِیْجِ وَنَحْوِهٖ: کپڑا جس پر آدمی کی تصویریں بنی ہوئی ہوں۔ شراب سے بھری ہوئی مشک۔
المُمَرْجَل. مِنَ الثِّیَابِ: کپڑا جس پر دیگ کی صورت بنی ہوئی ہو۔
اِمْرَاۃٌ (مُرْجِل): لڑکے ہی جننے والی عورت۔
رَجَمَهٗ: (ن) رَجْمًا: سنگسار کرنا۔ پتھراؤ کرنا۔ لعنت کرنا۔ گالی دینا۔ چھوڑنا۔ دھکیلنا۔
...... القَبْرَ: نشان کے لئے پتھر لگانا۔
الرَّجُلُ: اٹکل سے بات کرنا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ یَرْجُمُ" وہ تیز بھاگتا ہوا آیا۔

رَجَمَ: اٹکل سے بات کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَجَمَ بالغَیبِ" اس نے اٹکل پچو باتیں کیں۔ القبرَ: نشان کے لئے پتھر لگانا۔

رَاجَمَهٗ مُرَاجَمَةً: ایک دوسرے کو پتھراؤ کرنا۔ عَنْ قَومِهٖ: مدافعت کرنا...... فی الحربِ او الکلامِ او العَدْوِ: لڑائی یا گفتگو یا دوڑنے میں سخت مقابلہ کرنا۔

تَرَاجَمُوْا: ایک دوسرے کو پتھر مارنا۔ بالکلامِ: ایک دوسرے کو گالی دینا۔

اِرْتَجَمَ۔ الشیئُ: تہ بتہ ہونا۔

المِرْجَم: مص دوست۔ ہم نشین۔ وہ چیز جس سے پتھراؤ کریں۔ ج رُجُوم۔ الرَّجْمُ: اٹکل کی گفتگو۔ کہا جاتا ہے "رَجْمًا بالغیبِ" اٹکل پچو۔ وصارَ فُلانٌ رَجْمًا: فلاں حقیقتِ حال سے واقف نہیں۔

الرَّجَم: کنواں۔ تنور۔ قبر۔ ج رِجَام۔

الرُّجْمَة الرِّجْمَة: قبر۔ قبر کا پتھر جو بطور نشان لگایا جائے۔ بجو کا بھٹ۔ ج رُجَم و رِجَام۔

الرَّجِیم: سنگسار کیا ہوا۔ ملعون۔

الرِّجَام: کنوئیں کی من۔ پتھر یا پتھر کی مانند کوئی چیز جس میں رسی باندھ کر کنوئیں کی گہرائی معلوم کی جائے۔ ٹیلے۔ واحد (رُجْمَة)

المِرْجَم۔ مِنَ الرِّجالِ: مضبوط قوی مرد۔ فَرَسٌ مِرْجَمٌ: بہت روندنے والا گھوڑا۔

حَدِیثٌ (مُرَجَّم): ظنی بات۔ بات جس کی حقیقت معلوم نہ ہو۔

المِرْجَام: پتھروں کے پھینکنے کا آلہ۔ مِنَ الابلِ: مضبوط اونٹ۔

المَرَاجِم: قبیح کلمات۔ کہا جاتا ہے "تَرَامَوْا بالمَرَاجِمِ" انہوں نے ایک دوسرے سے قبیح کلمات کہے۔

رَجَنَ: (ن) و رَجِنَ (س) و رَجُنَ (ک) رُجُونًا۔ بالمکانِ: اقامت کرنا...... الحیوانُ: مانوس ہونا۔

رَجَنَ: (ن) رَجْنًا و رُجُونًا و اَرْجَنَ الدابّةَ: چارہ کھانے کے لئے گھر پر روکنا۔

رَجَنَ فُلانًا: شرم کرنا۔ و اَرْجَنَتِ النّاقةُ: گھر پر ٹھہرنا۔

اِرْتَجَنَ۔ بالمکانِ: اقامت کرنا...... الزُّبْدُ: پکانے سے صاف نہ ہونا اور خراب ہو جانا...... عَلَی القومِ امرُهُم: گڑبڑ و فاسد ہونا۔

الرَّجِین: مہلک زہر۔

الرَّجِینَة: جماعت۔

المَرْجُوْنَة: خشک کدو اندر سے خالی جس میں عورتیں روئی رکھتی ہیں۔ کہا جاتا ہے "هُمْ فِی مَرْجُوْنَةٍ" وہ لوگ اقامت کرنے یا کوچ کرنے میں متردد ہیں۔

رَجَهَ: (ض) رَجْهًا: ہلنا...... بالشیئِ: دانتوں سے پکڑنا۔

اَرْجَهَ۔ الامرَ: وقت سے پیچھے ہٹنا۔

رَجَا: (ن) رَجَاءً و رَجْوًا و رَجَاةً و مَرْجَاةً و رَجَاوَةً و رَجَاءَةً: امید ہونا۔ الشیئَ: امید کرنا۔ خوف کرنا......

الرَّجُلَ: کسی کے متعلق کچھ امید لگانا۔

رَجِیَ: (س) رَجًا: کلام سے رک جانا۔

رُجِیَ۔ عَلَیهِ: کلام منقطع ہونا۔

رَجّٰی و تَرَجّٰی و ارْتَجٰی۔ الشیئَ: امید کرنا۔

رَجّٰی و ارْتَجٰی فُلانًا: امید لگانا۔ و ارْتَجٰی الشیئَ: خوف کرنا۔

اَرْجٰی۔ الامرَ: مؤخر کرنا...... الصَّیدَ: نہ پانا۔ اَرْجَی البِئرَ: کنوئیں کا من بنانا "اَرْجَتِ النّاقةُ: جننے کے قریب پہنچنا۔

الرَّجَا و الرَّجَاء: کنارا۔ رَجَوَا البئرِ: کنوئیں کے دونوں پہلو۔ الرَّجَاء: چھوٹا حمل کہ دیکھنے میں تو حمل معلوم ہو مگر واقعی نہ ہو۔

الرَّجِیَّة: امید کی چیز۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ لِی فِی فُلانٍ رَجِیَّةٌ" فلاں سے مجھے کوئی امید نہیں۔

الاُرْجِیَّة: جو چیز مؤخر و ملتوی کی جائے۔

الرَّخَّة: سانپ جو کنڈلی مارے ہوئے ہو۔

الرَّخّ: کمر کی چوڑائی۔

الرُّخَخ: چوڑے پیالے۔

الاَرَخّ: بھرے تکوے والا۔ مؤنث رَخَّاء: ج رُخّ۔

رَحُبَ: (س) رَحَبًا و رَحُبَ (ک) رُحْبًا و رَحَابَةً۔ المکانُ: جگہ کشادہ ہونا۔ صفت (رَحْبٌ و رَحِیبٌ و رُحَابٌ) اور کہا جاتا ہے "رَحُبَکُمُ الامرُ" یعنی معاملہ تمہارے لئے وسیع ہے (اور یہ شاذ ہے۔)

رَحَّبَ۔ المکانَ: کشادہ کرنا...... بِهٖ مُرَحِّبًا: بہتر طریقہ سے استقبال کرنا۔ خوش آمدید کہنا۔ مرحبا کہنا۔

اَرْحَبَ۔ المکانُ: کشادہ ہونا...... المکانَ: کشادہ کرنا اور کہا جاتا ہے "اَرْحِبْ یا وَلَدُ" یعنی اے لڑکے ہٹ جا۔

تَرَاحَبَ: کشادہ ہونا۔

الرَّحْب: کشادہ۔ کہا جاتا ہے "مَکانٌ رَحْبٌ و اَرْضٌ رَحْبَةٌ" کشادہ جگہ و کشادہ زمین۔ "و رَحْبُ الصَّدرِ" کشادہ دل۔ و "رَحْبُ الفَهْمِ" زیادہ عقل والا۔ و "رَحْبُ الباعِ او الذِّرَاعِ": فیاض۔ سخی۔

الرُّحْبٰی: سب سے چوڑی پسلی۔ الرُّحْبَیَان: بغل سے متصل دونوں طرف کی پسلیاں۔

الرَّحْبَة و الرَّحَبَة: کشادہ زمین جس میں بکثرت گھاس ہو اور بہت لوگ آئے ہوں۔ مکانوں کے درمیان کھلی ہوئی جگہ...... مِنَ الدارِ: مکان کا صحن...... مِنَ الوادِی: وادی کے دونوں جانب پانی بہنے کی جگہ۔ ج رِحَاب و رَحَب و رَحَبَات و رَحْب و رَحَبَات۔

الرَّحِیب: بہت کھانے والا۔

التَّرْحَاب: خوش آمدید۔

رَحَائِبُ۔ النُّجُومِ: کشادہ اطراف۔ واحد رَحِیبَة۔

المَرْحَب: کشادگی اور مسافر سے خوش آمدید کہنے کے موقع پر کہا جاتا ہے "مَرْحَبًا بِکَ" یعنی تم نے کشادگی پائی۔ و "مَرْحَبَکَ اللّٰهُ و مَسْهَلَکَ" اللہ تم کو

کشادہ اور نرم زمین میں اتارے۔ "أَهْلاً وَمَرْحَبًا" یعنی اپنے لوگوں میں نازل ہوئے اور کشادگی پائی اس لئے مانوس ہو جاؤ۔ وحشت مت کرو اور بددعا کے موقع پر کہا جاتا ہے "لَا مَرْحَبًا بِکَ"۔

رَخْرَخَ: مراد کی گہرائی کو نہ پہنچنا...... الشَّیْءَ عَنْ فُلَانٍ: چھپانا...... بِالْکَلَامِ: واضح کلام نہ کرنا۔

تَرَخْرَخَ. الفَرَسُ: گھوڑے کا پیشاب کے لئے ٹانگیں پھیلانا۔

الرَّخْرَخ والرَّخْرَاخ والرَّخْرَخَان: پھیلا ہوا۔ کشادہ۔ اتھلا۔ تھوڑی گہرائی والا۔ اور کہا جاتا ہے "عَیْشٌ رَخْرَخٌ وَرَخْرَاخٌ" یعنی آسودہ و فراخ زندگی۔

رَحَضَ: (ف) رَحْضًا وَارْحَضَ. الثَّوْبَ: کپڑا دھونا۔

رُحِضَ. المَحْمُومُ: پسینہ آنا۔

اِرْتَحَضَ. الرَّجُلُ: رسوا ہونا۔

ثَوْبٌ (رَحْضٌ): کپڑا جو دھویا جائے یہاں تک کہ پرانا ہو جائے۔ الرَّحْض: مشک۔ پرانا توشہ دان۔

الرُّحَاض: پسینہ کی آمد۔

الرُّحَاضَة: وہ پانی جو دھونے کے بعد گرے۔ دھوون۔

الرُّحَضَاء: بخار اترتے وقت کا پسینہ۔ پسینہ جو کھال کو شرابور کر دے۔

الرَّحِیْض: دھویا ہوا۔

المِرْحَاض: غسل خانہ۔ ہاتھ پاؤں دھونے کی جگہ۔ دھوبی کا تختہ جس پر کپڑے پٹک کر دھوتا ہے (عوام اس کو مِخْبَاط: کہتے ہیں) پاخانہ۔ ج مَرَاحِیْض۔

المِرْحَضَة والمِرْحَاضَة: کوئی چیز جس میں وضو کیا جائے۔

الرُّحَاق والرَّحِیْق: شراب۔ الرحیق: ایک قسم کی خوشبو۔ حَسَبٌ رَحِیْقٌ: بے داغ حسب...... مِسْکٌ رَحِیْقٌ: خالص مشک۔

رَحَلَ: (ف) رَحْلاً وَرِحْلاً وَتَرْحَالاً. عَنِ المَکَانِ: ترک وطن کرنا...... اِلَی المَکَانِ: منتقل ہونا...... البَعِیْرَ: کجاوہ کسنا۔ سوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَحَلْتُ لَهُ نَفْسِی" میں نے اس کی تکالیف پر صبر کیا...... ہ بِالسَّیْفِ: کسی پر تلوار اٹھانا...... البِلَادَ: پھرنا۔ گھومنا۔

رَحَّلَهُ: کوچ کرانا۔ کوچ کرنے میں کوشش کرانا...... الثَّوْبَ: نقش و نگار کرنا۔

رَاحَلَهُ: کوچ کرنے میں مدد دینا۔

اَرْحَلَ: سواری کے بہت جانور والا ہونا...... الدَّابَّةُ: چوپائے کا کمزوری ولاغری کے بعد موٹا و مضبوط ہونا...... ہ: سواری دینا۔

...... الاِبِلَ اوالنَّاقَةَ: اونٹ یا اونٹنی کو سواری کے لئے سدھانا۔

تَرَحَّلَ. القَوْمُ عَنِ المَکَانِ: منتقل ہونا۔ فلانا: کسی کے ساتھ ناپسندیدگی سے پیش آنا۔

اِرْتَحَلَ. عَنِ المَکَانِ: منتقل ہونا۔ کوچ کرنا...... البَعِیْرَ: اونٹ پر کجاوہ کسنا۔ سوار ہونا۔

...... الاَمْرَ: کسی معاملہ پر غالب ہونا۔

اِسْتَرْحَلَهُ: سواری طلب کرنا۔ سواری پر کجاوہ کسنے کے لئے کہنا...... النَّاسَ نَفْسَہ: اپنے آپ کو لوگوں کے سامنے ذلیل کرنا۔

الرَّحْل: مص۔ کجاوہ۔ منزل۔ قیام گاہ۔ تم کہتے ہو "عَادَ المُسَافِرُ اِلَی رَحْلِهِ" مسافر اپنی قیام گاہ پر واپس آیا۔ سامانِ سفر کہا جاتا ہے "حَطَّ رَحْلَهُ واَلْقَی رَحْلَهُ" اس نے اپنا کجاوہ اُتارا اور سامان ڈال دیا۔ یعنی اس نے اقامت کر لی۔ ج رِحَالٌ واَرْحُلٌ.

الرِّحَال: مقام حیرہ کے بنے ہوئے غالیچے۔

الرِّحْلَة: کوچ۔ تم کہتے ہو "غَدًا رِحْلَتُنَا" کل ہمارا کوچ ہے۔ سفرنامہ۔

الرُّحْلَة: جہت سفر۔ تم کہتے ہو "دِمَشْقُ رُحْلَتُنَا" ہماری جہت و سفر دمشق ہے۔ سفر۔ عَالِمٌ رُحْلَةٌ: ایسا عالم جس کے پاس لوگ کوچ کر کے آئیں۔ بَعِیْرٌ ذُوْرُحْلَةٍ ورِحْلَةٍ: مضبوط وقوی اونٹ۔

الرَّجِیْل: مص۔ کوچ۔ اونٹ جس پر کجاوہ کسا جائے۔ جَمَلٌ رَجِیْلٌ ونَاقَةٌ رَجِیْلَة: چلنے میں قوی اونٹ۔

الرَّاحِل: فا۔ ج رَاحِلُوْن. ورُحَّل ورُحَّال.

الرَّاحِلَة. مِنَ الاِبِلِ: سواری کے لائق اونٹ۔ سفر و باربرداری کے لئے مضبوط اونٹ اور اونٹنی (ۃ مبالغہ کے لئے ہے) ج رَوَاحِلُ.

الرِّحَالَة: بغیر لکڑی کے صرف چمڑے کا زین۔ ج رَحَائل.

الاَرْحَل. مِنَ الخَیْلِ وَالشَّاءِ: سفید پیٹھ والا گھوڑا یا بکری۔

الرَّحَّال: کجاوے بنانے والا۔ بہت سفر کرنے والا۔ ج رَحَّالَة.

الرَّحَّالَةُ: بہت سفر کرنے والا۔

الرَّحُوْل: بہت منتقل ہونے والا۔

الرَّاحُوْل: کجاوہ۔

المَرْحَلَة: مسافر کے ایک دن کا سفر۔ ج مَرَاحِل.

المُرْحِل: بہت سواری کے جانور والا۔

(...... والمِرْحَل) مِنَ الجِمَالِ: مضبوط و قوی۔

المُرَحَّل. مِنَ الاِبِلِ: کجاوا کسا ہوا اونٹ۔ ...... مِنَ الثِّیَابِ: کجاوہ کے مانند نقش و نگار والا کپڑا۔

مُرْتَحَل. البَعِیرِ: اونٹ کے کوچ کرنے کی جگہ۔

رَحِمَهُ: (س) رَحْمَةً ومَرْحَمَةً ورُحْمًا ورُحُمًا: نرم دل ہونا۔ مہربان ہونا۔ شفقت کرنا۔ بخش دینا۔

رَحِمَتْ (س) ورَحُمَتْ (ک) ورَحْمًا ورَحَمًا ورَحَامَةً ورُحِمَتِ. المَرْأَةُ: ولادت کے بعد رحم میں درد والی ہونا۔ صفت (رَحُوْم رَحِمَة ورَحْمَاء)

رَحَّمَ وتَرَحَّمَ. عَلَیْهِ: کسی کے متعلق "رَحْمَةُ

اللہ" کہنا۔

تَرَاحَمَ۔ القَومُ: ایک دوسرے پر مہربانی کرنا۔

اِستَرحَمَہ: مہربانی طلب کرنا۔

الرَّحِم والرِّحم: (مؤنث) بچہ دانی۔ قرابت۔ رشتہ داری۔ کہا جاتا ہے "ذُوالرَّحِم" یعنی رشتہ دار۔ ج اَرحَام۔

الرُّحَام: بچہ دانی کے ایک مرض کا نام۔

الرَّحمَۃ والرَّحَمَی والرُّحم: نرم دلی و مہربانی جس کا نتیجہ مغفرت و احسان ہے۔

الرَّحَمُوت: بڑی مہربانی۔

الرَّاحِم والرَّحُوم: مہربانی کرنے والا۔

الرَّحِیم: مہربانی کرنے والا۔ جس پر مہربانی کی جائے۔ ج رُحَمَاء۔ الرَّحِیم: اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔

الرَّحمَان: مہربانی کرنے والا۔ یہ اسماء حسنیٰ میں سے ہے اور باری تعالیٰ کے لئے مخصوص ہے۔

المَرحَمَۃ: مہربانی۔ ج مَرَاحِم۔

المُرَحَّم: جس پر مہربانی کی جائے (...والمَرحُوم): مولدین کے نزدیک متوفی سے کنایہ ہے۔

الرَّخَامِس: دلاور مرد۔

رَحَا یَرحُو رَحوًا ورَحَی یَرحِی رَحیًا وتَرَحَّی۔ الحَیَّۃُ: کنڈلی مارنا۔ رَحَا الرَّحَی: چکی چلانا۔

الرَّحَی: (مؤنث) چکی۔ تثنیہ رَحَوَان ورَحَیَان ج اَرحَاء واَرحِیَۃ واَرحٍ ورُحِیّ ورِحِیّ واَرحِیّ۔ الرَّحی: سینہ۔ گھمسان کی جنگ۔ سردار قوم۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ رَحَی قَومِہ" وہ اپنی قوم کا سردار ہے۔ داڑھ۔ کہا جاتا ہے "طَحَنَہُ بِاَضرَاسِہ" اس نے اس کو اپنی داڑھ سے پیس دیا۔ بادل۔ وہ قبیلہ جو نہ تو اپنی جگہ سے نکلے اور نہ گھاس پانی کی طلب میں جائے۔ ج اَرحَاء۔

المُرَحِّی: چکی ساز۔

المُرَحَّی: گھمسان کا رن۔

رَخَّۃٌ (ن) رَخًّا: پاؤں سے روند کر ڈھیلا کرنا۔ ...الشَّرَابَ: پانی ملانا۔

رَخَّ: (ض) رَخًّا۔ العَجِینَ: گندھے ہوئے آٹے کا گیلا کرنا۔

اَرَخَّ۔ فِی الاَمرِ: مبالغہ کرنا۔ ...العَجِینَ: گندھے ہوئے آٹے کا گیلا کرنا۔

اِرتَخَّ۔ الرَّجُلُ: ڈھیلا ہونا۔ سست ہونا۔ متردد ہونا۔

الرَّخَخ: نرمی۔ سہولت۔

الـــرُّخ: ایک خیالی بڑے جانور کا نام۔ (واحد)

رُخَّۃ: شطرنج کے ایک مہرے کا نام۔ ج رِخَاخ ورِخَخَۃ۔

الرَّخَاخ: نرم گھاس۔ عَیشٌ رَخَاخٌ: آسودہ زندگی۔ رَخَاخُ العَیشِ: زندگی کی فراخی و آسودگی۔ اَرضٌ رَخَاخٌ: نرم زمین۔

اَرضٌ (رَخَّاء): نرم زمین۔ ج رَخَاخِیّ۔

الرَّخت: زین۔ ج رُخُوت (جدید)

الرَّخرَخ والرَّخرَاخ: پتلا گارا۔

تَرَخرَشَ واِرتَخَشَ: ہلنا۔ مضطرب ہونا۔

الرَّخشَۃ: اضطراب۔ حرکت۔

رَخُصَ: (ک) رُخصًا۔ الشَّیءُ: سستا ہونا۔ صفت (رَخِیص) (...رَخَاصَۃً ورُخُوصَۃً): نرم و نازک ہونا۔ صفت (رَخص ورَخِیص): مؤنث رَخصَۃ: ج رِخَاص۔

رَخَّصَ۔ السِّعرَ: بھاؤ سستا کرنا۔ ...لَہُ کَذَا وفِی کَذَا: ممانعت کے بعد اجازت دینا۔

اَرخَصَہُ: سستا کرنا۔ سستا پانا یا خریدنا۔

تَرَخَّصَ۔ فِی الاَمرِ: کسی معاملہ میں رخصت پر عمل کرنا۔ ...فِی کَذَا: اجازت دیا جانا۔ فِی حَقِّہ: اپنے حق میں سے جو ممکن ہو وہ لے لینا اور پورا نہ لینا۔

اِرتَخَصَہُ: سستا سمجھنا یا سستا خریدنا۔

اِستَرخَصَ۔ الشَّیءَ: سستا سمجھنا۔

الرُّخصَۃ والرُّخُصَۃ: تخفیف۔ آسانی۔ کہا جاتا ہے "لَکَ فِی ھٰذَا الاَمرِ رُخصَۃٌ" تم کو اس معاملہ میں آسانی ہے۔ پینے کی باری۔

مَوتٌ (رَخِیص): جلدی آنے والی موت۔

رَخَفَ: (ن) رَخفًا ورَخِفَ (س) رَخَفًا ورَخُفَ (ک) رَخَافَۃً ورُخُوفَۃً۔ العَجِینُ: گندھے ہوئے آٹے کا گیلا ہونا۔ صفت (رَخُف ورَاخِف)

اَرخَفَ۔ العَجِینَ: گندھے ہوئے آٹے کا گیلا کرنا۔ پانی بڑھانا۔

الرَّخف والرَّخفَۃ: پتلا مکھن۔ گیلا گندھا ہوا آٹا۔ ج رِخَاف۔

الرَّخفَۃ والرَّخِف: نرم و پتلا پتھر۔

الرِّخل والرَّخِل والرِّخلَۃ: بھیڑ کا مادہ بچہ۔ ج اَرخُل ورُخَال ورِخَال ورِخلَان ورِخَلَۃ ورِخلَۃ۔

المُترَخِّل: بہت بھیڑ کے مادہ بچوں والا۔

رَخُمَ (ن) رَخمًا ورَخُمَ (ک) رَخَامَۃً۔ الصَّوتُ او الکَلَامُ: آواز یا گفتگو کا نرم ہونا۔ صفت (رَخِیم)...... الجَارِیَۃُ: نرم گفتگو والی ہونا۔ صفت (رَخِیمَۃ ورَخِیم)

رَخَمَتْ (ن) رَخمًا ورَخَمًا ورَخَمَۃً۔ الدَّجَاجَۃُ البَیضَ وعَلَی البَیضِ (اَرخَمَتْ) عَلَی البَیضِ: مرغی کا انڈا سینا۔ صفت (رَاخِم ومُرخِم ومُرخِمَۃ)

رَخَمَتْ (ف ن) رَخمًا ورَخمَۃً۔ المَرأَۃُ وَلَدَھَا: کھیل کود کرنا۔ لاڈ پیار کرنا ورَخمَۃً: مہربانی کرنا۔

رَخِمَ۔ رَحِمَ: میں ایک لغت ہے۔

رَخَّمَ تَرخِیمًا۔ الشَّیءَ: دُم کاٹ دینا اور اسی سے نحویوں کے نزدیک ترخیم منادی ہے۔ نرم آواز کر دینا۔ الدَّجَاجَۃَ: مرغی کو انڈوں پر بٹھانا۔

الـرَّخَم: مص۔ گدھ۔ واحد (رَخَمَۃ) ج رُخَم: نرمی و محبت۔ گاڑھا دودھ۔

الرُّخَام: سنگ مرمر۔ ایک ٹکڑے کو (رُخَامَۃ) کہتے ہیں۔

الرُّخامٰی: نرم ہوا۔ ایک قسم کی نباتات۔
الارْخم. مِنَ الخَیلِ: گھوڑا جس کا سر سفید اور تمام بدن سیاہ ہو۔ مؤنث رَخْماء ج رُخم.
الیُرخوم والیَرخم والیَرخُوم: نرگدھ۔
رَخِیَ: (س) رَخا و رِخوَۃً و رَخُوَ (ک) رَخاوَۃً: نرم ہونا۔ آسان ہونا۔ آسودہ زندگی والا ہونا۔ صفت (رَخو و رُخو و رِخو)
رَخا: (ن) و رَخی (ف) و رَخِیَ (س) و رَخُوَ: (ک) رَخاء العَیشُ: زندگی کا آسودہ ہونا۔ صفت (رَاخ و رَخِیّ)
رَاخاہُ مُرَاخاۃً: دور کرنا۔ جیسے کہتے ہیں "خِلتُ الفِرارَ یُراخِیَ الاَجَلَ" میرا خیال تھا کہ گریز موت کو دور کر دے گی...... الشیئ: نرم کرنا...... العُقدۃَ: گرہ کھولنا۔ کہا جاتا ہے "رَاخی خناقَہٗ او رِباقَہٗ" یعنی اس نے اسے مہلت دی۔ رَاخَتِ المَرأۃُ: بچہ جننے کے قریب ہونا۔
اَرْخی اِرْخاءً. الشیئ: نرم کرنا...... الفَرسَ وللفَرسِ: گھوڑے کی رسی ڈھیلی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَرْخِ لَہُ الحَبلَ" اس کی رسی ڈھیلی کر دو۔ یعنی اس کو کام کرنے کا موقع دو...... السِتْرَ: پردہ لٹکانا اور کہا جاتا ہے "اَرْخی عِمامَتَہٗ" یعنی وہ مطمئن و مامون ہوا...... دَابّتَہٗ: جانور کو آزادانہ چلنے دینا...... زِمامَ النّاقَۃِ: اُونٹنی کی لگام کو ڈھیلا چھوڑ دینا۔
رَخّی. الشیئ بالشیئ: ملانا۔
تَراخی تَراخِیًا. عَنہٗ: دور ہونا۔ پیچھے ہٹنا۔ دیر کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَرَاخَتِ السَّماءُ" یعنی بارش میں دیر ہوئی۔ تَراخی الفَرسُ: گھوڑے کا دوڑنے میں سست ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ فِی الاَمرِ تَراخِیا: معاملہ میں وسعت و گنجائش ہے۔
اِرْتَخی و اِسْتَرخی: نرم ہونا۔
اِسْتَرخت بہ حالُہٗ: تنگی اور سختی کے بعد اس کی حالت اچھی ہو گئی۔
الرُّخاء: معص۔ فراخی زندگی۔

الرُّخاء: نرم ہونا۔
الاُرْخِیّۃ: ہر وہ چیز جو لٹکائی جائے۔ ج اَرَاخِیّ.
المِرْخاء: تیز دوڑنے والا جانور۔ ج مَرَاخ: (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے ہے) کہا جاتا ہے "فَرَسٌ مِرْخاءٌ و اَتانٌ مِرْخاءٌ".
رَدَّہٗ: (ن) رَدًّا و مَرَدًّا و مَرْدُوْدًا و رِدِّیدَی. عَن کَذا: پھیرنا واپس کرنا۔ لوٹانا...... رَدَّ فُلانًا: خطا کار ٹھہرانا...... البابَ: بھیڑ دینا...... عَلَیہِ الشیئ: پھیر دینا۔ قبول نہ کرنا۔
...... اِلَیہِ جَوابًا: جواب بھیجنا...... ہٗ اِلی بَیتِہٖ: لوٹا دینا اور کہا جاتا ہے "مَایَرُدُّ ھٰذا عَلَیکَ شَیئًا" یہ تم کو کچھ نفع نہیں دے گا...... الشیئ: ایک حالت سے دوسری حالت پر کر دینا جیسے "فَرَدَّ شُعُورَھُنَّ السُّودَ بِیضًا" ان کے کالے بالوں کو سفید کر دیا۔ رَدَّ القَولَ تَرْدَادًا: بار بار دہرانا۔
رَدَّدَ. القَولَ: بمعنی رَدَّ القَولَ: (تشدید کثرت کے لئے ہے)
رَادَّہٗ. الشیئ: واپس کر دینا...... ہٗ فی الکَلامِ: بحث کرنا۔
اَرَدَّ. البَحرُ: جوش میں آنا...... الرَّجُلُ: غصہ سے پھول جانا...... الشّاۃُ: تھن والی ہونا۔ صفت (مُرِدٌّ)
تَرَدَّدَ: رد ہونا...... فی الاَمرِ: شک و شبہ میں پڑ جانا...... اِلَیہِ: بار بار آنا (...... و تَرادَّ) فی الجَوابِ: زبان کا لڑکھڑانا۔
تَرادّا. البَیعَ: بیع فسخ کرنے پر رضامند ہونا۔
تَرادَّ الماءُ: روک کی وجہ سے پیچھے ہٹنا۔
اِرْتَدَّ. الشیئ: واپس کرنا۔ واپس کرنے کو کہنا ...... عَلٰی اَثَرِہٖ او عَن طَرِیقِہٖ: لوٹنا...... عَن دِینِہٖ: دین کو چھوڑنا۔ دین سے پھر جانا۔ عَن ھِبَتِہٖ: ہبہ کو لوٹا لینا...... اِلی الصَّوابِ: صواب کی جانب لوٹ جانا۔
اِسْتَرَدَّ. الشیئ: واپس کرنے کو کہنا...... ہٗ. الشیئ: واپسی چاہنا...... الھِبَۃَ: ہبہ کو لوٹا لینا۔

الرَّدُّ: معص زبان کی لڑکھڑاہٹ۔ نباتات کی کثرت۔ کہا جاتا ہے "ضَیعَۃٌ کَثِیرَۃُ الرَّدِّ" بہت نباتات والی جائیداد۔ شیئٌ رَدٌّ: ردی چیز۔ اَمْرٌ رَدٌّ: مخالف سنت کام۔ دِرْھَمٌ رَدٌّ: کھوٹا درہم۔ کہا جاتا ہے "لَاتُعطِنِی مِن رُدُودِ الدَّرَاھِمِ" مجھے کھوٹے درہم مت دو۔
الرِّدُّ: چیز کا سہارا۔
الرُّدّی: طلاق دی ہوئی عورت۔
الرَّدّۃ: رد کا اسم مرۃ۔ کچھ جمال کے ساتھ زشت روئی۔ کہا جاتا ہے "فِی وَجہِہٖ رَدّۃٌ" اس کے چہرہ میں کچھ جمال کے ساتھ بدصورتی ہے۔
الرِّدّۃ: ارتداد کا اسم۔ ٹھوڑی کا جھکنا۔ پہاڑ کی گونج۔ بچہ جننے سے پہلے تھن کا بھرنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَتِ الاِبِلُ رِدّۃً" اُونٹ نے دوسری بار پانی پیا۔
الرَّدَاد والرِّدَاد: واپسی۔
الرَّدِید: بادل جو برس چکا ہو۔
التَّرْداد: رد۔ تکرار۔
الاَرَدُّ: نافع تر۔
المَرَادّۃ المَرَدّۃ: فائدہ۔ کہا جاتا ہے "لَامَرَادّۃَ او لَامَرَدّۃَ فِیہِ" اس میں کوئی فائدہ نہیں۔
المُرِدُّ: مدت تک سفر میں رہنے والا یا زمانہ دراز تک بغیر بیوی کے رہنے والا۔ غضبناک۔ سوجے ہوئے تھنوں والی اُونٹنی۔ اُونٹ جس نے پانی بہت پیا ہو۔ ج مَرَادّ.
المِرَدُّ. مِنَ الرِّجالِ: بہت رد کرنے والا۔ بہت حملہ کرنے والا۔
المَرْدُود: مفع۔ معص زمانہ دراز تک بغیر بیوی کے رہنے والا یا مدت تک سفر میں رہنے والا۔
المَرْدُودَۃ: مردود کا مؤنث۔ استرا۔
المُرَدَّد: حیران و سرگشتہ۔
رَدَأ: (ف) رَدْأً. الحَائِطَ: دیوار کو ٹیک لگانا۔

......الرَّجُلَ :مدد کرنا۔رَدَاہُ بِحَجَرٍ :پتھر مارنا۔
رَدُؤَ:(ک)رَدَاءَةً:ردی ہونا۔صفت(رَدِی) ج اَرْدِیَاء واَرْدِنَا.
اِرْدَأَ: بُرا کام کرنا یا بُری چیز پہنچانا......ہ: خراب کرنا۔بگاڑنا......السِّتْرَ:لٹکانا......الحَائِطَ :دیوار کو تھم لگانا......فُلاناً:تسکین دینا۔برقرار رکھنا......ہ عَلٰی مائَةٍ:زیادہ کرنا۔بڑھانا۔
تَرَادَأَ. القَوْمُ:باہم مدد کرنا۔
الرِّدْءُ:مددگار۔مدد۔ایک جانب کا بھاری بوجھ جو جانور پر لادیں۔ج اَرْدَاء.
تَرَدُّبَهٗ:نرمی سے پیش آنا۔
الرَّدْب:راستہ جس کا آخری سرا بند ہو۔
الاِرْدَبُّ: چوبیس صاع کا ایک بڑا پیمانہ۔سطح زمین پر بہنے والی۔ج اَرَادِبُ.
الاِرْدَبَّة:چوبچہ۔بڑی اینٹ۔
رَدَحَ:(ف)رَدْحــــا: ثابت قدم رہنا۔الشَّیْءُ :زمین پر پھیلا کر برابر کرنا۔(واَرْدَحَ) البَیْتَ:گاڑھا گاڑھا لیپنا۔
رَدَّحَ الشَّیْءُ: زمین پر پھیلا کر ہموار کرنا۔
الرَّدْح:مص ہلکا درد۔
الرَّدَح:لمبی مدت کہا جاتا ہے"اَقَامَ رَدَحاً مِنَ الدَّھْرِ"اس نے زمانہ دراز تک اقامت کی۔
الرَّدَاح :بہت بڑا لشکر۔تاریکی بڑا درخت۔بڑا پیالہ......مِنَ الکِبَاشِ :بڑی چکی والا دنبہ۔ج رُدُح.
الرُّدْحَة :خیمہ کے پچھلے حصہ کا پردہ۔کشادگی
رُدْحَةُ الصَّائِد : پتھر جن کو شکاری اپنے گھر کے اردگرد کھڑا کرلے۔
الرَّدَاحَة والرِّدَاحَة: بجو کے شکار کے لئے مکان۔
رَدَخَ :(ف)رَدْخًا. رَاسَهٗ :سر توڑنا۔
رَدَسَ :(ن ض) رَدْسًـــا. الـقَـوْمَ : پتھر مارنا......الحَائِطَ: گرانا ڈھانا......الرَّجُلَ: ذلیل کرنا ......الاَرْضَ:ہموار کرنا ......
بالشَّیْءُ : لے جانا......الحَجَر بالحَجَرِ : پتھر سے پتھر توڑنا۔
رَادَسَهٗ :ایک دوسرے پر پتھر پھینکنا۔
تَرَدَّسَ. مِنْ مَکَانِہٖ :گرنا۔
المِرْدَس والمِرْدَاس : پتھر توڑنے کا آلہ۔سر پتھر جو کنوئیں میں پانی معلوم کرنے کے لئے ڈالا جائے۔
رَجُلٌ (رَدُوس ورِدِّیس) :بہت دفع کرنے والا۔
رَدَعَهٗ :(ف)رَدْعًا. عَنْ کَذَا :روکنا' ہٹانا......ہ بِالشَّیْءُ :لتھیڑنا۔کہا جاتا ہے "اَخَذَہٗ فَرَدَعَ بِہِ الاَرْضَ" اس نے لے کر زمین پر پٹک دیا۔
......السَّھْمَ : تیر کے پھل کو بیٹھ جانے کے لئے زمین پر مارنا......المَرْأَةَ:جماع کرنا۔
رُدِعَ. رَدْعَةً :خاموش ہونا اور چہرے کا رنگ زرد پڑ جانا۔رُدِعَ بِہٖ :پچھاڑا جانا۔
رَدَّعَہٗ. بِالزَّعْفَرَان :زعفران میں لت پت کرنا۔
تَرَدَّعَ :لت پت ہونا۔
تَرَادَعَ. القَوْمُ :ایک دوسرے کو باز رکھنا۔
اِرْتَدَعَ :باز رہنا......بِالطِّیْب :خوشبو سے لت پت ہونا......السَّھْمُ : تیر کا نشانہ پر لگ کر ٹوٹنا۔
الـــرَّدْع :مص گردن۔زعفران۔جسم میں خوشبو کا اثر۔کہا جاتا ہے"رَکِـــبَ فُلاَنٌ رَدْعَـــہٗ" جبکہ روکا جائے اور وہ نہ رکے۔و"رَکِبَ البَعِیْرُ رَدْعَہٗ" جبکہ وہ گر جائے اور اس کی گردن اس کے جوف میں داخل ہو جائے۔
قَمِیْصٌ (رَادِع) :قمیص جس میں خوشبو کا اثر ہو۔
الـــمُرْدَاع :جسم میں خوشبو کا اثر۔مرض کی واپسی۔
الرَّدِیْع : پچھاڑا ہوا۔ثَوْبٌ رَدِیْعٌ :زعفران سے رنگا ہوا کپڑا۔سَھْمٌ (رَدِیْع ومِرْدَع) : تیر جس کا پھل گر گیا ہو۔
الـمِرْدَع :محروم واپس آنے والا۔کاہل۔پستہ قد۔خوشبو کے اثر والا۔
الرِّدَعِل : چھوٹے بچے۔
رَدَغَتْ :(ف)رَدْغًا. السَّمَاءُ :تھوڑی بارش برسانا۔رَدَغَ بِہِ الاَرْضَ : پٹک دینا۔
اَرْدَغَ. المَکَانُ :بہت کیچڑ والی ہونا۔صفت (رَدْغ)
اِرْتَدَغَ : کیچڑ میں پڑنا۔
الرَّدْغ والرِّدَاغ : کیچڑ۔گارا۔
الـرَّدَغَة والـرَّدْغَة :سخت کیچڑ۔ج رَدْغٌ رَدَغٌ ورِدَاغ. ورَدَغَات. مَاءٌ رَدَغَةٌ : کیچڑ ملا ہوا پانی۔
الرَّدِیْغ : پچھاڑا ہوا بے وقوف۔
المَرْدَغَة :گلے اور ہنسلی کی ہڈی کے درمیان کا حصہ۔عمدہ بے رونق باغ۔ج مَرَادِغ.
رَدَفَهٗ (ف)ورَدِفَ لَهٗ(س)رَدْفًا : پیچھے ہونا۔
رَدَفَہٗ ورَدِفَ لــہ :پیچھے سوار ہونا۔ردیف بننا۔
رَدِفَ الامرُ القَوْمُ :پیش آنا۔
رَادَفَــهٗ :ردیف بننا۔کہا جاتا ہے"دَابَّةٌ لاَ تُرَادِفُ" جانور جو ردیف نہیں سوار کراتا۔
اَرْدَفَ :پے در پے ہونا......ہ :اپنے پیچھے سوار کرنا۔کہا جاتا ہے"دَابَّةٌ لاَ تُــرْدِفُ" :جانور جو ردیف کو نہیں سوار کراتا۔اَرْدَفَ الشَّیْءُ وبالشَّیْءُ وعَلَیْہِ :کسی چیز کے پیچھے کسی چیز کو کرنا۔تم کہتے"اَرْدَفْــتُ خَیْلاً عَلٰــی خَیْلٍ لی" :میں نے اپنے گھوڑے کے پیچھے ایک گھوڑے کو کرلیا۔اَرْدَفَ لَـــهٗ :پیچھے آنا......الاَمْرُ القَوْمَ :پیش آنا۔
تَــرَادَفَــا :ایک دوسرے کی مدد کرنا۔ایک دوسرے کے پیچھے ہونا۔ایک کا دوسرے کے پیچھے سوار ہونا۔تَرَادَفَتِ الکَلِمَاتُ :کلمات کا ہم معنی ہونا۔
اِرْتَدَفَهٗ :پیچھے ہونا۔اِرْتَدَفَ العَدُوَّ :دشمن کو پیچھے سے پکڑنا......ہ :اپنے پیچھے سوار کرانا۔
تَرَدَّفَهٗ :پیچھے سوار ہونا۔

اِستَردَفَهُ : پیچھے سوار کرنے کی درخواست کرنا۔

الردف : پیچھے سوار ہونے والا۔ پیروی کرنے والا۔ کام کا نتیجہ۔ ہر چیز کا آخر۔ فی الجاهلية زمانہ جاہلیت میں بادشاہ کا ہم نشین جو بادشاہ کی داہنی جانب بیٹھتا تھا اور تمام کاموں میں بادشاہ کا ثانی سمجھا جاتا تھا اگر بادشاہ جنگ میں چلا جایا کرتا تھا تو وہ بادشاہ کی قائم مقامی کرتا تھا اور جب فوج واپس آتی تھی تو مال غنیمت کی چوتھائی وصول کیا کرتا تھا۔ ج اَرْدَاف. الردف: نسر واقع ستارہ کے قریب ایک ستارہ کا نام۔

الردفان: رات دن۔

الردف والرداف. مِنَ الدابة : جانور کا چوتڑ۔

الردیف : سوار کے پیچھے سوار ہونے والا۔ ج رِدَاف ورُدَفَاء : نسر واقع ستارہ کے قریب ایک ستارہ کا نام۔ والردیف فی اِصطلاح الجُندِيَة: وہ فوجی جو آزاد کر دیا جائے اور ضرورت کے وقت بلا لیا جائے۔

الرادفة والرادُوف. رَوَادف کا واحد ہے اور رَوَادِف : درخت خرما کے اس پودے کو کہتے ہیں جو درخت خرما ہی پر لگ جائے اور اس کی جڑ زمین میں نہ ہو۔ کوہان کے پیچھے حصہ میں تہ بتہ چربی۔ اگر اگلے حصہ میں ہو تو اس کو رَوَاکب کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "اِنّ جَزُورَهُم لَذَاتُ رَوَاكِبَ وَرَوَادِفَ"۔

الرَّوَادِف: سُرین۔ پیچھے رہنے والی قوم۔

الرِّوادِفة : بادشاہ کا قائم مقامی۔

الرُّذافی : مددگار لوگ۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوا رُذَافی" وہ لوگ آگے پیچھے آئے۔

رَوْدَكَهُ : آراستہ کرنا۔ خوبصورت بنانا۔

الرَّوْدك : خوش شکل لڑکا۔ مؤنث رَوْدَكَة.

رَدَمَ (ن) رَدْمًا. الثُلمة او الباب: رخنہ یا دروازہ بند کرنا ...... القوسَ: کمان کو کھینچ کر آواز نکالنا ...... البعیرَ: چھوٹا۔

رَدَمَ (ن) رَدْمًا. الشیئُ: بہنا ......

السحابُ: ہمیشہ گھر رہنا ...... الحمیٰ: ہمیشہ بخار رہنا ...... الشجرۃُ: خشک ہونے کے بعد سبز ہونا۔ رَدِمَ الشیئُ: کسی چیز کے ایک حصہ کو دوسرے کے ساتھ جوڑا جانا۔

اَرْدَمَ. السحابُ: ہمیشہ گھر رہنا۔

الحمیٰ عَلَیه: ہمیشہ بخار رہنا۔

رَدَّمَ. الثوبَ : پیوند لگانا ...... الناقۃُ علی وَلَدِها: اونٹنی کا اپنے بچہ پر مہربان ہونا۔

تَرَدَّمَ. ثوبَه : کپڑے میں پیوند لگانا ......

الثوبُ: کپڑے کا بوسیدہ و پرانا ہونا۔

الخصومۃُ : جھگڑے کا طویل ہونا ...... ہ: درپے ہو کر حقیقت معلوم کرنا ...... الناقۃُ علی وَلَدِها : اونٹنی کا اپنے بچہ پر مہربان ہونا ...... القومُ الارضَ : زمین کی پیداوار کو بار بار کھانا۔

الرَّدْمُ :مص دیوار کا ملبہ۔ کمان کی آواز۔ (...... والرُّدام والمَرْدام) : ہر وہ چیز جو بے نفع ہو۔

الرَّدَم : رخنہ کی بندش۔ ج رُدُوم.

الرَّدِیم. مِنَ الثیاب: پرانا کپڑا۔ ج رُدُم.

الاَرْدَم: ماہر ملاح۔ ج الاردَمُون.

ثَوبٌ (مُرَدَّمٌ ومُرَتَّمٌ) : پرانا کپڑا پیوند لگا ہوا۔

المُتَرَدَّم: پیوند لگائی ہوئی جگہ۔ زمانہ جاہلیت کے شاعر عنترہ کے قول "هَلْ غَادَرَ الشُعَراءُ مِنْ مُتَرَدَّمٍ" کا مطلب یہ ہے کہ پہلے شعراء نے کیا کوئی جگہ پیوند لگانے کی باقی چھوڑی ہے یعنی سب کچھ کہہ گئے ہیں اب کسی شاعر کے لئے کوئی چیز باقی نہیں رہی کہ اس پر کچھ کہہ سکے۔

رَدَنَ : (ض) رَدْنًا. الاشیاءَ: تہ بتہ رکھنا۔ ...... المراۃُ : تکلے پر کاتنا ...... النارَ : آگ سلگانا۔

رَدِنَ : (س) رَدَنًا. الجلدُ: سکڑنا۔

رَدَّنَ واَرْدَنَ. القمیصَ : آستین لگانا۔

اَرْدَنَتِ الحمیٰ: بخار کا مدت تک رہنا۔

اِرْتَدَنَت. المراۃُ: تکلا بنانا۔

الرُّدن : آستین کی جڑ۔ آستین کا کشادہ کنارہ۔ عرب اسی میں درہم و دنانیز رکھا کرتے تھے۔ اسی وجہ سے محاورہ ہو گیا "ثَقُلَ رُدنه" یعنی وہ مالدار ہو گیا۔ ج اَرْدَان.

الرَّدَن: مص۔ ہتھیار کی جھنکار۔

الرَّدَن : سوت۔ ریشم۔ ج اَرْدَان.

الرَّادِن: فا۔ زعفران۔

احمر (رَادِنی) : سرخ جس میں زردی ملی ہو۔

الاردن :ایک قسم کا سرخ رنگ کا ریشم۔

الرُّدَینی :نیزہ۔ ردینہ نامی عورت کی جانب منسوب جو عمدہ نیزہ بنانے میں مشہور تھی۔

المِرْدَن : تکلا۔

المُرْدِن : تاریک۔ اندھیرے والا۔ عرق مُرْدِن: بدبودار پسینہ۔

خَیطٌ (مَرْدُونٌ) : ملایا ہوا دھاگا۔

رَدَهُ : (ف) رَدْهًا. فلانا بحجر : سنگسار کرنا ...... البیتَ: بڑا مکان بنانا۔

رَدَهَ. الرجلُ : شجاعت یا سخاوت وغیرہ کی وجہ سے سردار قوم بننا۔

الرَّدْهَة :پہاڑ یا چٹان کا گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو جائے سب سے بڑا گھر۔ گھر کی سب سے کشادہ جگہ۔ ج رَدْه ورِدَاه ورُدَه.

رَدَیٰ : (ض) رَدْیًا ورَدَیَانًا. الشیئَ : توڑنا۔ ہ: دھکا دینا ...... ہ بحجر: پتھر مارنا ...... الفرسُ: گھوڑے کا اچھلتے ہوئے دوڑنا۔

الجاریۃُ :لڑکی کا ایک پاؤں اٹھا کر دوسرے پاؤں سے اچھلتے ہوئے چلنا ...... فلانٌ: جانا۔ تم کہتے ہو "مَا اَدْرِی اَیْنَ رَدَیٰ" میں نہیں جانتا کہاں گیا ...... فی البئر: کنوئیں میں گرنا ...... فلانٌ ...... بلند پہاڑ سے گرنا ...... علی الخمسینَ مِنْ عُمرِہ : زائد ہونا۔

رَدِیَ (س) رَدًی: ہلاک ہونا۔ گرنا۔

رَدَّیٰ. الرجلَ: ہلاک کرنا۔ چادر اڑھانا۔ ...... ہ فی البئر : کنوئیں میں گرانا ...... ہَا لَہُ : زیادہ ہونا ...... علی الخمسینَ : زائد

ہونا......الفرسَ : کدانا۔
رَادَی مُرَادَاۃً. الرَّجُلَ : پھسلانا۔نرمی
برتنا ......عَنِ القَوْمِ : کسی قوم کی جانب سے
دوسروں پر پتھراؤ کرنا۔
تَرَدّٰی : چادر اوڑھانا۔تَرَدّٰی فِی
البئر : کنوئیں میں گرنا۔
اِرْتَدٰی : چادر اوڑھنا۔ گلے میں تلوار لٹکانا۔
اِرْتَدَتِ الجَارِیَۃُ : لڑکی کا ایک پاؤں اٹھا کر
دوسرے پاؤں سے اچکتے ہوئے چلنا۔
الرِّدَاء : چادر۔ عبا یا جبہ کی مانند اوپر کی
پوشش۔ تجمیل۔ تلوار۔ کمان۔ عقل۔ نادانی۔
باعث زینت۔ باعث عیب۔رِدَاءُ الشَّبَابِ
: جوانی کی رونق۔رِدَاءُ الشَّمْسِ : آفتاب
کی روشنی۔کہاجاتا ہے "ھُوَ غَمْرُ الرِّدَاء" وہ
فیاض اور بھلائی کرنے والا ہے ھو "خَفِیفُ
الرِّدَاءِ" وہ کم مقروض اور کم عیال والا ہے۔
ج اَرْدِیَۃ.
الرِّدَاءَۃ : بڑی چادر۔
الرَّدَاۃ : چٹان۔ ج رَدًی.
الرَّدِی : ہلاک ہونے والا۔
المِرْدَاۃ : لڑائی کا چکر اور اسی سے ہے
"طَحَنَتْہُ مِرْدَاۃُ طَحُونٌ" لڑائی کے چکر نے
اسے پیس کر رکھ دیا(...... والمِرْدَیٰ) بڑی
چادر۔ ازار۔ پتھر توڑنے کا پتھر ۔ ج
مَرَادِی. المَرَادِی : گھوڑے یا اونٹ کی
ٹانگیں زمین پر پاؤں کو ٹیکنے والا گھوڑا ۔
المَرَادِی : ہاتھی۔
رَذَّتِ (ن) رَذَاذًا وَاَرَذَّتِ. السَّمَاءُ :
پھوار برسانا۔وَاَرَذَّتِ القِرْبَۃُ : بہہ پڑنا۔
الرَّذَاذ : پھوار۔
رَذُلَ (ک) رَذِلَ (س) رَذَالَۃً : قابل
حقارت ہونا۔ قبیح ہونا۔ صفت (رَذْلٌ) : ج
اَرْذَال ورُذَال ورُذُول ورُذْلُون و(رَذِیل)
ج رُذَلَاء ورِذَال.
رَذَلَہٗ (ن) رَذْلاً وَاَرْذَلَہٗ : حقیر کرنا۔ناپسند
کرنا۔حقیر سمجھنا۔
اَرْذَلَ : بُرا کام کرنا۔ کمینوں کا ساتھی
ہونا......ہ : حقیر کرنا ناپسند کرنا حقیر سمجھنا۔
اللَّرَاھِمَ : کھوٹے کر کے واپس کرنا۔
اِسْتَرْذَلَہٗ : حقیر سمجھنا۔
الرَّذْل : حقیر و کمینہ (...... والرُّذَالۃ) چیز کا
ردی حصہ۔رُذَالَۃُ کُلِّ شَیْءٍ : ہر چیز کا گھٹیا۔
الرَّذِیلَۃ : نالائقی۔ بری عادت۔ج رَذَائِل.
الاَرْذَل : اسم تفضیل۔گھٹیا۔ردی۔ج اَرَاذِل
واَرْذَلُوْن.
المُرَذَّل : رذیل ساتھیوں والا یا حقیر جانور
والا۔
رَذَمَ : (ن ض) رَذْمًا ورَذَمَانًا ورَذِمَ
(س) رَذَمًا واَرْذَمَ. الاِنَاءُ : لبالب ہو کر
بہنا۔صفت(رَذِم) واَرْذَمَ عَلَی الخَمْسِیْنَ
مِنْ عُمْرِہٖ : زائد ہونا۔
الرَّذَم والرَّذَمَان. مِنَ النَّاسِ : متفرق
جماعت۔کہاجاتا ہے "رَأَیْتُ رَذَمًا مِنَ
النَّاسِ" میں نے لوگوں کی متفرق جماعت
دیکھی۔"وَکَانَ فِی رَذَمَانٍ مِنَ النَّاسِ" وہ
ایسی جماعت میں تھا جس کے افراد بہت نہیں
تھے۔
الرَّذَام والرَّذِم : کمزور جس میں مروت نہ
ہو۔
الرَّذُوْم : بہنے والا۔لبالب پیالہ جس میں
سے گرے۔ج رُذُم ورَذَم.
الرَّذَمَۃ: المُتَوَافِقَۃ (علم ھندسۃ) : چار
سیدھے نقاط جو ایک موافق تقسیم نقطہ پر
پہنچے۔
اللاّ تَوَافِقِیّۃ : پہلی قسم کی ضد۔
رَذِیَ (س) رَذَاوَۃً وَاُرْذِیَ : بیماری سے نڈھال
ہونا۔صفت(رَذِیّ) رَذَاۃ : مؤنث رَذِیَّۃ.
اَرْذَاہ : نڈھال کر دینا۔ پھینک دینا۔صفت
مفعولی(مُرْذًی).
الرَّذِیّ : بیماری سے نڈھال۔کمزور۔لاغر۔
رَزَّتِ : (ن ض) رَزًّا. الجَرَادَۃُ : ٹڈی کا
انڈے دینے کے لئے دُم کو زمین میں
چبھونا۔السَّمَاءُ۔گرجنا۔ہ : نیزہ مارنا......
البَابَ : دروازہ میں کنڈی لگانا السَّھْمَ فِی
الحَائِطَ : تیر کو دیوار میں گاڑنا۔
اَرَزَّتْ. الجَرَادَۃُ : ٹڈی کا انڈے دینے
کے لئے دُم کو زمین میں چبھونا۔
رَزَّزَ. الوَرَقَ : کاغذ کو چکنا کرنا......
الاَمْرَ : کسی معاملہ کو درست کرنا۔
اِرْتَزَّ. السَّھْمُ فِی الحَائِطِ : تیر کا دیوار میں
گڑ جانا۔البَخِیلُ عِنْدَ المَسْئَلَۃِ : بخیل کا
سوال کے وقت بخل کرنا۔
الرُّزّ : چاول (اُرْز : میں ایک لغت ہے)
الرِّزُّ والرِّزِیْزٰی : دور کی آواز۔پیٹ کی
گڑگڑاہٹ۔بادل کی گرج۔آواز۔
الرَّزَّۃ : زنجیر کا حلقہ جس میں تالا لگایا جاتا
ہے۔ کنڈا جس کو دیوار یا زمین میں گھوڑا
وغیرہ باندھنے کے لئے ٹھونکتے ہیں۔ ج
رِزَاز ورَزَّات ورِزَز.
الرُّزَّۃ: پیٹھ میں ایک قسم کا درد۔
الرَّزَاز : سیسہ۔
الرَّزَّاز : چاول کا سوداگر۔
الاِرْزِیز : کپکپی۔نیزہ کا گھسنا۔چھوٹے
اولے۔لمبی آواز والا۔
الرِّزِیْز : ایک قسم کی نباتات جو رنگنے کے کام
میں آتی ہے۔رَزِیز الرَّعْدِ : گرج کی
آواز۔
المُرَزَّز. مِنَ الطَّعَام : چاول سے تیار کیا ہوا
کھانا۔
المَرَزَّۃ : چاول اُگنے کی جگہ یا وہ جگہ جہاں
چاول جمع کئے جائیں یا جہاں چاول بہت
ہوں۔
رَزَأ : (ف) رَزْأً ورُزْأً ومَرْزِئَۃً. الرَّجُلَ
مَالَہٗ : کچھ حاصل کرنا۔کم کرنا۔کہا جاتا ہے
"ھُوَ یُرْزَأُ" یعنی وہ سخی ہے لوگ اس کے فضل کو
حاصل کرتے ہیں...... ورَزِیَ: (س) رَزْأً
وارْتَزَأ. الرَّجل : بھلائی حاصل کرنا۔
اِرْتَزَاۃ الشَّیءَ : کم کرنا۔وارْتَزَأَ الشَّیءُ : کم
ہونا۔
الرُّزْء : ج اَرْزَاء و(الرَّزِیئَۃ والرَّزِیَّۃ) ج
رَزَایَا : بڑی مصیبت۔

المَرْزَأ: فیاض سخی۔ ج مَرْزَؤُوْن.
والمَرْزَؤُوْن: قوم جس کے منتخب لوگ مر گئے ہوں۔
المَرْزِئَة: بڑی مصیبت۔
رَزَبَهٗ: (ن) رَزْبًا: چمٹے رہنا۔
الاِرْزَبّ: چھوٹا۔ بڑے ڈیل ڈول والا۔
المِرْزَبَّة والمِرْزَبَة: لوہے کی سلاخ۔ لوہار کا ہتھوڑا۔ ج مَرَازِب.
المِـرْزَاب: پرنالہ۔ بڑی یا لمبی کشتی۔ ج مَرَازِیب.
المَرْزُبَان: فارسیوں کا رئیس۔ ج مَرَازِبَة و(المَرْزَبَة): فارسیوں کی سرداری۔
رَزَحَ: (ف) رَزْحًـا ورُزُوْحًـا ورَزَاحًا. الجَمَلُ: لاغری یا تھکن کی وجہ سے گر جانا۔ صفت (رَازِح) ج رُزَّح ......
الـرَّجُلُ: کمزوری کی وجہ سے ہاتھ کی چیز چھوٹ جانا.... الرَّجُلَ بالرُمْحِ: نیزہ مارنا (.... وارْزَحَ) العِنَبَ: گرے ہوئے انگور اٹھانا (رَزَحَتْ وتَرَازَحَتْ) حاله: برا حال ہونا۔
رَزَحَ. النَاقَةَ: اُونٹنی کو لاغر کرنا۔
اِبِلٌ (رَزَاحی ورَزْحی ورُزَّح ورَوَازِح): لاغر و کمزور اونٹ۔
المَرْزَح: ہموار زمین۔
المِـرْزَح والمِـرْزَحَة: انگور کی بیل کو زمین سے اٹھانے کے لئے لکڑی۔ ج مَـرَازِح.
المِرْزَح: آواز۔
المِـرْزَاح. مِنَ الابِلِ: بہت ہی لاغر اونٹ جو چلنے کی بھی طاقت نہ رکھتا ہو۔ ج مَرَازِیح.
رَزَخَهٗ (ف) رَزْخًا. بالرُمْحِ: نیزہ چبھونا۔
الـرَّزْدَق: لوگوں کی صف۔ درخت خرما کی قطار (جدید)
الـرُّزْدَاق: دیہات اور اس کے ارد گرد کی زمینیں۔ ج رَزْدَاقات ورَزَادِیق.
اَرْزَغَ. الـسَّـمَـاءُ: پانی کم ہونا.......
الـمَـكَـانُ: بہت کیچڑ والی جگہ ہونا.......

الـمُـحْتَفِرُ: کھودنے والے کا نمناک مٹی تک پہنچنا.... المَطَرُ الارضَ: بارش کا زمین کو تر کر دینا.... الـرَّجُلَ: عیب سے آلودہ کرنا .... فِـيْ فُلَانٍ: بہت تکلیف پہنچانا، حقارت کرنا، عیب لگانا، طعن و تشنیع کرنا۔
وَازَغَه: کشتی کرنا اور فریب دینا۔
اِسْتَرْزَغَة: کمزور سمجھنا۔
الـرَّزَغَة: پتلا گارا۔ کیچڑ۔ ج رَزَغ ورِزَاغ.
الرَزَغ: تری۔
الرَزِغ والرَزَاغ: کیچڑ میں پھنسا ہوا۔
رَزَفَ (ض) رَزِيْـفًـا ورَزَفَ واَرْزَفَ اِلَيْـهِ: آگے بڑھنا.... الـجَـمَـلُ: اُونٹ کا بلبلانا۔ دوڑنا۔ رَزَفَ الاَمْـرُ: قریب ہونا۔
اَرْزَفَ الـنَّــاقَةَ: دُلکی چلانا۔ اُرْزِفَ القَوْمُ: جلدی سے شکست وغیرہ میں پھنسانا۔
نَاقَةٌ (رَزُوْف): کشادہ قدم، تیز رفتار اُونٹنی۔
رَزَافَات. البَلَدِ: شہر کے قریب کی جگہیں۔
رَزَقَهٗ (ن) رَزْقًا: روزی پہنچانا۔ کہا جاتا ہے "رَزَقَه اللّٰه الغِنى" اللہ اسے تونگری دے۔
رُزِقَ: روزی پانا۔ خوش نصیب ہونا۔
اِرْتَـزَقَـهٗ: روزی مانگنا.... الـجُـنْدُ: روزی لینا۔
اِسْتَرْزَقَهٗ: روزی مانگنا۔
الرِزْق: روزی۔ ج اَرْزَاق: بارش۔
الـرِزْقُ الـحَسَـنُ: بغیر محنت و مشقت کے حاصل ہونے والی روزی (.... والرَّزْقَة) ج رَزَقَـــات: سپاہیوں کی رسد۔ کہا جاتا ہے "اَخَـذْتُ رَزْقَةَ هٰـذَا الشَّهْـرِ او هٰـذَا العَامِ" میں نے اس مہینے یا اس سال کی رسد لے لی۔
الـرَّازِقِيُّ: کمزور۔ ایک قسم کا لمبا سفید انگور۔ شراب۔
الـرَّازِقِيَّة: کتاں کے سفید کپڑے۔ شراب۔
الـرَّزَّاق: روزی دینے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے (صرف باری تعالیٰ پر اطلاق ہوتا ہے)
الـمُـرْتَـزِق: مفع جس سے فائدہ اٹھایا جائے۔
الـمُـرْتَـزِقَة: وہ لوگ جنہوں نے اپنی رسد حاصل کر لی ہو۔
المَرْزُوْق: مفع خوش نصیب۔
رَزَمَ: (ن) رَزْمًـا. الـشَّـيْءَ: جمع کر کے باندھنا.... بالشَّيْءِ: پکڑنا.... عَلىٰ عَدُوِّه: دشمن پر غالب ہونا اور چڑھ بیٹھنا ......
الرَّجُلُ: مرنا.... الاَمْ بِه: جمنا۔
رَزَمَ: (ض ن) رُزُوْمًـا ورُزَامًـا. البَـعِيـرُ: اُونٹ کا لاغری کی وجہ سے اٹھ نہ سکنا۔ صفت (رَازِم) ج رُزَّام (.... رَزَمَةٌ) الشِتَاءُ: سرد ہونا۔
رَزَّمَ. الثِّيَـــابَ: کپڑوں کا گٹھڑی میں باندھنا۔
.... القَوْمُ: کسی جگہ میں چمٹ کر رہنا۔
رَازَمَ. بَـيْـنَـهُـمَـا: جمع کرنا.... فِـي الـطَّـعَـامِ: بدل بدل کر کھانا کھانا....
الدَّارَ: دیر تک رہنا۔
اَرْزَمَ. الرَّعْدُ: سخت گرجنا۔ اَرْزَمَـتِ النَّاقَةُ: بچہ کے لئے آواز نکالنا۔ کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُهٗ مَا اَرْزَمَتْ اُمُّ حَائِلٍ" میں اس کام کو جب تک اُونٹنی آواز نکالتی رہے گی نہیں کروں گا۔
اِرْزَأَمَّ اِرْزِئْمَامًا: غضبناک ہونا۔
الرَّزْمَة: دن میں ایک مرتبہ کھانا۔
الرِزْمَة. مِنَ الثِيَابِ وغَيْرِهَا: گٹھری۔ ج رِزَم.
الـرَّزَمَة: بچے کی آواز۔ تیز آواز۔ بچے پر مہربان ہونے کے وقت بغیر منہ کھولے ہوئے صرف حلق سے نکلنے والی اُونٹنی کی آواز اور اسی سے مثال ہے "لَا خَيْـرَ فِـيْ رَزَمَةٍ لَا دِرَّةَ فِيْهَا" اس اُونٹنی کی آواز سے کوئی فائدہ نہیں جس سے دودھ حاصل نہ ہو۔ اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو وعدہ کرے اور پورا نہ کرے یا اس کے حق میں جو چاپلوسی کرے اور کوئی فائدہ نہ پہنچائے۔
غَيْـثٌ (رَزِمٌ) وہ بارش جس میں بادل کی

گر ج ختم نہ ہو۔

الرِّزام :سخت مرد۔ ج رُزَّم۔

اَسَدٌ (رَزَامَةٌ ورزّام) :اپنے شکار پر چڑھ بیٹھنے والا شیر۔

الرَّزِیم :شیر کی گونج۔

الرَّزّام والمُرزِم :اپنے شکار پر چکر لگانے والا اور غرانے والا شیر۔ کہا جاتا ہے "قَسْوَرَةٌ بالمُرْتَزِم"

المِرزَم :گٹھری باندھنے کی چیز جیسے رسی۔

اُمُّ المِرزَم :بادشمالی یا مطلقاً ہوا۔

المِرزَمان :دو ستارے جو دونوں شعری کے ساتھ ہوتے ہیں اور ان دونوں کو منحوس سمجھا کرتے تھے اور کہا کرتے تھے "لاَاخیر فی الزمان ما طَلَعَ المِرزَمان" :یعنی اس زمانہ میں خیر نہیں جب مرزمان طلوع ہوں۔

رَزَنَ :(ن) رَزْنًا۔ الشَّیْئَ :ہاتھ سے اٹھا کر وزن کا اندازہ کرنا..... بالمَکَانِ :اقامت کرنا۔

رَزُنَ :(ک) رَزَانَةً :سنجیدہ ہونا۔ باوقار ہونا۔ بھاری بھرکم ہونا۔ بوجھل ہونا۔ صفت مذکر (رَزِیْن) :صفت مؤنث (رَزَان) رزینہ :نہیں بولا جاتا۔

رَازَنَ۔ الرَّجُلَ :دوست ہونا۔ ساتھ اترنا۔

تَرَازَنَا :ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔

تَرَزَّنَ۔ فی الاَمْر اوفی مَجْلِسِہ :سنجیدہ و صاف رائے ہونا۔

الرَّزْن والرِّزْن :بلند جگہ جس میں پانی رک جائے۔ ج رُزُون ورِزَان واَرْزَان۔ الرَّزْن :کنارہ۔

الرِّزْنَة :پانی جمع ہونے کی جگہ۔ ج رِزَان۔

الاَرْزَن :سخت لکڑی کا ایک درخت جس کی لکڑی سے لاٹھی بناتے ہیں۔

الرَّزِیْن :ساکن۔ پختہ رائے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَرَزِیْنُ الرَّای"۔

الرَّوْزَنَة :روشن دان۔ ج رَوَازِن۔

رَزَی :(ض) رَزْیًا۔ فُلاَنًا :احسان قبول کرنا۔

اَرْزَی اِرْزَاءً۔ اِلَیْهِ واَرْزَی اِلَیْهِ ظَهْرَه :سہارا لینا۔ پناہ لینا۔

رَسَّ :(ن) رَسًّا۔ البِئرَ :کنواں کھودنا..... الشَّیْئَ :دھنسانا..... لَهُ الخَبَرَ :بیان کرنا..... المَیِّتَ :میت کو دفن کرنا..... خبرهم :معلوم کرنے کی کوشش کرنا۔ بَیْنَهُم :صلح کرانا۔ فساد ڈالنا..... (ضد) ..... رَسًّا ورَسِیْسًا وارَسَّ۔ السُّقْمُ فِی جَسَدِه :بیماری کا لازم ہو کر ٹھہر جانا۔

رَاسَّه مُرَاسَّةً۔ بالاَمْرِ :کسی کام کی کسی کے ساتھ ابتداء کرنا۔

تَرَاسَّ۔ القَوْمُ الخَبَرَ :رازدارانہ کہنا۔

اِرْتَسَّ۔ الخَبَرُ فِی النَّاسِ :پھیلنا۔ ظاہر ہونا۔

الرَّسُّ :مص۔ پرانا کنواں۔ علامت۔ معدن :ہر چیز کی ابتداء۔ بخار کی ابتداء۔ کہا جاتا ہے "بِه رَسٌّ حُمَّی" :اسے بخار کی ابتداء ہے۔ رَسُّ الحُبِّ :آغاز محبت۔ بقیہ محبت۔ اثر محبت۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَنِی رَسٌّ مِنَ الخَبَرِ" مجھے خبر کا کچھ حصہ پہنچا۔

الرَّسَّة :مضبوط ستون۔

الرَّسَّة والارْسُوسَة :ٹوپی۔

الرَّسِیْسُ :مص۔ ثابت۔ عاقل۔ غیر صحیح خبر۔ رِیْحٌ رَسِیْسٌ :نرم ہوا۔ رَسِیْسُ الحُمّٰی :بخار کی ابتداء۔ رَسِیْسُ الحُبِّ : آغاز محبت۔ بقیہ محبت۔ اثر محبت۔

الرَّسّی :ٹیلہ۔ بڑی بوند کی بارش۔

رَسَبَ ورَسُبَ :(ن وک) رُسُوْبًا ورَسْبًا۔ الشَّیْئُ فِی المَاءِ :تہ نشین ہونا..... العَیْنُ : آنکھ اندر کو دھنس جانا۔

اَرْسَبَه :نیچے اتارنا۔

الرَّاسِب والرَّسُوب۔ مِنَ الرِّجَال :حلیم۔ بردبار۔ ثابت قدم۔

الرَّسَب والرَّسُوب والمِرْسَب والمِرْسَب۔ مِنَ السُّیُوفِ :اندر کو گھس جانے والی تلوار۔

الرَّوَاسِبُ :سیلاب کی وجہ سے زرخیز مٹی کا بہہ کر دریاؤں اور سمندروں میں گرنا۔

الرَّوْسَب :بلا۔ مصیبت۔

رَسِحَ :(س) رَسَحًا :دبلے چوتڑ اور دبلی ران والا ہونا۔ صفت مذکر (اَرْسَح) :صفت مؤنث (رَسْحَاء) : ج رُسْح۔ اِمْرَأَةٌ رَسْحَاءُ :بدصورت عورت۔

اَرْسَحه :لاغر کرنا۔

رَسَخَ :(ن) رُسُوْخًا :گڑ جانا۔ کہا جاتا ہے "رَسَخَ الحِبْرُ فِی الصَّحِیْفَةِ" روشنائی کتاب میں جم گئی۔ "وَرَسَخَ العِلْمُ فِی القَلْبِ" علم دل میں جاگزیں ہو گیا۔ وفلانٌ رَاسِخٌ فِی العِلْم :فلاں مضبوط علم والا ہے ..... الغَدِیْر :تالاب کا پانی نیچے اتر گیا۔

اَرْسَخَهُ :گاڑ دینا' ثابت کرنا' مضبوط کرنا۔

تَرَسَّخَ۔ فی التُّقَی :پرہیزگاری میں راسخ ہونا۔

الرُّسْدَق والرُّسْدَاق :بمعنی الرُّزْدَق والرُّزْدَاق۔

رَسَعَ :(ف) رَسْعًا۔ العُضْوُ :خراب اور ڈھیلا ہونا..... عَیْنُه :چپٹے ہوئے پپوٹے والی ہونا..... الصَّبِیَّ :بچہ کو نظر بد سے بچانے کے لئے ہاتھ یا پیر میں مہرہ باندھنا۔

رَسِعَ :(س) رَسَعًا :خراب پپوٹوں والا ہونا۔ صفت (اَرْسَع)..... عَیْنُه :خراب پپوٹوں والی ہونا۔ صفت (رَسْعَاء)..... بِه الشَّیْئُ :چمٹنا۔

رَسَّعَ :خراب گوشہ چشم والا ہونا۔ کسی مقام پر جم کے رہنا..... الشَّیْئَ :چپکانا..... السَّیْرَ :ایک تسمہ کو پھاڑ کر اس میں دوسرے تسمہ کو داخل کرنا..... الصَّبِیَّ :بچہ کو نظر بد سے بچانے کے لئے ہاتھ یا پیر میں مہرہ باندھنا۔

الرَّسَاعَة ج رَسَائِع :تلوار پر تلے کے نچلے حصہ میں گندھے ہوئے تسمے۔

الرُّسُوْع :کمان کے وسط میں گندھے ہوئے تسمے۔

الرَّسِیْع :چپکایا ہوا۔ ایک تسمہ میں داخل کیا ہوا دوسرا تسمہ۔

رَسَغَ :(ن) رَسْغًا. البَعِير : اگلی ٹانگوں کے گٹے میں رسی باندھنا۔
رَسَّغَ. المَطَرُ : ٹخنے تک برسنا...... العَيْش :وسیع کرنا...... الكلام: دوقسم کی باتوں کو ایک میں ملانا۔
رَاسَغَهُ :گٹا پکڑ کے پچھاڑ دینا۔
اِرْتَسَغَ. عَلٰى عِيَالِهِ :نفقہ میں وسعت کرنا۔
الرُّسْغ والرُّسُغ :گٹا۔پہنچا۔ج اَرْسَاغ واَرْسُغ.
الرَّسِيْغ. مِنَ العَيْشِ :کشادہ زندگی۔مِنَ الطَّعَامِ: بہت خوراک۔
الرِّسَاغ :وہ رسی جس کو جانور کی اگلی ٹانگ کے گٹے میں باندھ کر کھونٹے وغیرہ میں باندھ دیتے ہیں۔
المُرَسَّغ. مِنَ الاراءِ :کمزور و نادرست رائے۔
رَسَفَ (ن ض) رَسْفًا ورَسِيْفًا ورَسَفَانًا : پاؤں بندھے ہوئے کی طرح چلنا۔
اَرْسَفَ. الدَّابَّةَ :بندھے ہوئے پاؤں والے جانور کو ہانکنا۔
اِرْتَسَفَ. الشَّيْءُ :بلند ہونا۔
رَسِلَ (س) رَسَلاً ورَسَالَةً. الشَّعْرُ: بالوں کا سیاہ لٹکا ہوا ہونا...... البَعِيْرُ :اُونٹ کا نرم چال والا ہونا۔
رَسَّلَ. فِي القِراءَةِ :خوش آوازی سے پڑھنا ۔آہستہ آہستہ درستی کے ساتھ پڑھنا ...... الفُصْلاَنَ: اُونٹ کے بچوں کو دودھ پلانا۔
رَاسَلَهُ. فِيْ وعَلٰى وبِالْاَمْرِ :خط وکتابت کرنا۔رَاسَلَهُ الغِنَاء :گانے میں مقابلہ کرنا۔
اَرْسَلَهُ :بھیجنا۔چھوڑنا۔اَرْسَلَ القَوْلَ :بلا قید بولنا......فُلاَنًا عَلَيْهِ: مسلط کرنا۔
اَرْسَلَ بِهِ اِلَيْهِ: پیغام کے ساتھ بھیجنا......قوله مثلاً: اپنے قول کو ضرب المثل بنانا۔
تَرَسَّلَ :نرمی کرنا۔آہستگی کرنا۔رسول ہونے کا دعویٰ کرنا......فِي الرَّكُوبِ :اپنی ٹانگوں پر کپڑے ڈال کر جانور کی پیٹھ پر پھیلانا......فِي القُعُوْدِ: اردگرد اور ٹانگوں پر کپڑے ڈال کر چارزانو بیٹھنا۔
تَرَاسَلَ. القَوْمُ :باہم خط وکتابت کرنا۔
اِسْتَرْسَلَ. الشعرُ :بالوں کا سیدھا ہونا۔لٹکنا...... الشَّيْءُ :نرم ہونا......اِلَيْهِ :بے تکلفی برتنا......فِي الكَلاَمِ :گفتگو میں وسعت کرنا۔
الرَّسْل. مِنَ السَّيْرِ :نرم چال......مِنَ الشَّعرِ :لٹکے ہوئے بال......مِنَ الاِبِلِ :نرم چال والا اُونٹ۔
الرِّسْل :نرمی۔آسودگی۔دودھ۔گھوڑے کے بازو کا کنارہ۔ج رِسَال.
الرِّسَال :اُونٹ کی ٹانگیں(الرِّسْل والرِّسْلَة): آہستگی، نرمی۔کہا جاتا ہے "عَلٰى رِسْلِكَ يارَجُلَ" یعنی اے شخص آہستہ و باوقار رہ۔الرِّسْلَة: جماعت۔کہا جاتا ہے "جَاءُ وارِسْلَةً" یعنی وہ گروہ گروہ آئے۔
الرَّسَل :مص۔جماعت۔گروہ۔ریوڑ۔ج اَرْسَال.
اَلرَّسُوْلِي :عیسائی کیتھولک کے نزدیک کرسی رسول یعنی پوپ کی طرف سے صادر کردہ فرمودات۔
الرَّسْلَة :کاہل اور اسی سے ہے "رَجُلٌ فِيْهِ رَسْلَة نَاقَةٌ رَسْلَةٌ" نرم چال والی اُونٹنی۔کہا جاتا ہے "هُمْ فِيْ رَسْلَةٍ مِنَ العَيْشِ" وہ لوگ نرمی وآسودگی میں ہیں۔الرَّسْلَة: وہ عورت جس کی پنڈلیوں پر بہت اور لمبے لمبے بال ہوں۔
الرِّسَالَة والرَّسَالَة : پیغام۔پیغامبری خط۔ج رَسَائِل ورَسَالاَت.
الرَّسُوْل: بھیجا ہوا۔پیغام بر۔پیغامبری۔تیر اندازی وغیرہ میں جو تمہارا موافق ہو۔ج رُسْل ورُسُل واَرْسُل ورُسَلاء.
الرُّسُل :چھوٹی بچی جو ابھی اوڑھنی نہ ڈالتی ہو۔
الرَّسِيْل :بھیجا ہوا۔پیغام بر۔پیغامبری۔پیغام بھیجنے والا۔تیر اندازی وغیرہ میں جو تمہارا موافق ہو۔گھوڑ دوڑ میں دوڑنے والا گھوڑا۔کشادہ۔ساتھ۔میٹھا پانی۔ج اَرْسُل ورُسُل ورُسَلاء.
الرُّسَيْلَة. الرِّسْلَة: کی تصغیر۔کہا جاتا ہے "القٰى الكَلاَمَ عَلٰى رُسَيْلاَتِهِ" یعنی اس نے بے اتفاقی کی۔
المُرْسَلَة :لمبا ہار جو سینہ تک واقع ہو۔ج مُرْسَلاَت. المُرْسَلاَت :ہوائیں یا فرشتے یا گھوڑے۔
المِرْسَال :چھوٹا تیر۔پیغامبر۔نَاقَةٌ مِرْسَالٌ: نرم رفتار اُونٹنی۔ج مَرَاسِيْل.
رَسَمَ (ن) رَسْمًا. المَطَر الدِّيَارَ: مٹا کر زمین سے ملا ہوا نشان باقی رکھنا۔لَهُ كَذَا :حکم دینا......عَلٰى كَذَا :لکھنا...... الكِتَاب :لکھنا......نَحْوَهُ: دوڑتے ہوئے جانا......ہ الاُسْقُفُ :گرجا کا کوئی عہدہ دینا۔اسم "الرِّسَامَة" :ہے۔
رَسَمَ (س) رَسِيْمًا. البَعِيْرُ :پاؤں کا نشان چھوڑنا۔تیز چلنا۔صفت(رَسُوْم)
رَسَّمَ. الثَّوْبَ :دھاری دار بنانا (......وارْسَمَ)النَّاقَةَ: چلا کر پاؤں کے نشان ڈلوانا۔
تَرَسَّمَ. الدَّارَ :گھر کے نشانات وغیرہ غور سے دیکھنا......الشَّيْءُ: یاد کرنا......البَانِيْ والحَافِرُ: عمارت بنانے یا کھودنے کے لئے زمین دیکھنا۔
اِرْتَسَمَ. الاَمْرَ :فرمانبرداری کرنا۔کہا جاتا ہے "رَسَمَ لَهُ كَذَا فَارْتَسَمَه" :اس نے اس کو فلاں حکم دیا اور وہ بجالایا......لِلّٰهِ تَعَالٰى: تکبیر کہنا اور دعا کرنا...... الرَّجُلُ :گرجا کے کسی عہدہ پر پہنچنا۔
الرَّسْمُ :مص۔گھر کے مٹے ہوئے نشانات۔مٹی میں دبا ہوا کنواں۔کسی چیز کا خاکہ۔علامت۔غیر واقعی جیسے شاعر کے قول میں "اَرٰى وُدَّكُمْ" رَسْمًا ووُدِّيْ حَقِيْقَةً : میں تمہاری دوستی کو غیر واقعی اور اپنی دوستی کو واقعی سمجھتا ہوں۔ج رُسُوم

وارْتَسَم: معاملہ ...... جِسْدُ اَهْلِ الجَنَائِزِ :تکبیر۔
اَلرَّسْمُ: منظر کشی۔ غیر حقیقی ڈرامہ۔ (فکشن)
الرَّسِم: رفتار کی خوبی۔
الرَّاسِم: فا۔ بہتا ہوا پانی۔
الـرَّاسُوْم: ج رَوَاسِيْم و(الـرَّوْسَم) ج رَوَاسِـــم: مہر۔ مٹکے وغیرہ پر مہر (قومہ) کرنے کی چیز۔ کھدی ہوئی لکڑی جس سے غلہ کے ڈھیر پر (قومہ) مہر کی جائے۔
الـرَّوْسَـمُ: علامت۔ نشان۔ مصیبت۔
الـرَّوَاسِم: زمین پر پاؤں کے نشان ڈال کر چلنے والے اُونٹ۔ واحد (رَاسِم ورَاسِمَة)
المَرْسُوْم: مفع۔ لکھا ہوا۔ سرکلر۔ ج مَرَاسِيم ومَرَاسِيْم۔
الرَّسَّام: نقش کرنے والا۔ نقشہ بنانے والا۔
الرَّسَمَان والمِرْسَم: زمین پر نشان ڈالتے ہوئے اُونٹ کی چال۔
رَسَنَ: (ن ض) رَسْـنًـا وارْسَـنَ۔ الـدَّابَةَ: جانور کے سر میں رسی ڈالنا۔ رَسَـنَ وارْسَـنَ الـدَّابَةَ: جانور کو چرنے کے لئے آزاد چھوڑ دینا اور اسی سے ہے "رَمٰـى بِرَسَنِـهٖ عَلٰى غَارِبِهٖ": اس نے اس کے کندھے پر اس کی رسی ڈال دی یعنی اسے بالکل آزاد چھوڑ دیا۔ اَرْسَنَ المُهْرُ: بچھیری کا تابع ہونا۔ گردن میں رسی ڈالنے کے لئے سر دے دینا۔
الرَّسَن: جانور کے گلے میں ڈالنے کی رسی۔ ج اَرْسَان واَرْسُن۔
الـمَرْسِن والـمِرْسَن۔ مِنَ الدَّابَةِ: رسی ڈالنے کی جگہ۔ ج مَرَاسِن: ناک۔
رَسَـا يَـرْسُـوْ رَسْوًا ورُسُوًّا: ٹھہرنا۔ ثابت ہونا۔ استوار ہونا۔ صفت مذکر (رَاسٍ)۔ صفت مؤنث (رَاسِيَة) ج رَوَاسٍ ورَاسِيَـــات۔
رَسَـتِ السَّـفِيْنَةُ: لنگرانداز ہونا۔ رَسَـا بَيْنَ القَوْمِ: صلح کرانا ...... عَنْـهُ حَدِيْثًا: کسی سے روایت کرنا۔ لَـهٗ الحَدِيْثَ: کسی کے سامنے کچھ حصہ بیان کرنا ...... الـصَّـوْمَ: روزے کی نیت کرنا۔
رَاسَى۔ ہ: تیر اکی میں مقابلہ کرنا۔
اَرْسٰى اِرْسَاءً۔ الشَّيْءُ: ٹھہرنا۔ ثابت ہونا۔ استوار ہونا ...... السَّـفِيْـنَـةَ: کشتی کو لنگرانداز کرنا ...... الـوَتَـدَ فِي الاَرْضِ: کھونٹے کو زمین میں گاڑنا۔
الرَّسْوُ: خبر کا ایک حصہ۔
الرَّاسِي: فا۔ قِدْرٌ رَاسِيَةٌ: ایک جگہ پر رہنے والی بڑی دیگ۔
الرَّوَاسِي: مضبوط پہاڑ۔
الرَّسِيُّ: ثابت۔ خیمہ کے درمیان کا تھم۔
المَرْسٰى: بندرگاہ۔ ج مَرَاسٍ۔
الـمُـرْسٰـى: مفع۔ باری تعالیٰ کے قول "يَسْـــأَلُوْنَكَ عَنِ السَّـاعَةِ اَيَّانَ مُـــرْسٰهَـــا" کے معنی یہ ہیں کہ "لوگ آپ (ﷺ) سے دریافت کرتے ہیں کہ قیامت کب واقع ہوگی؟"
المِرْسَاة: کشتی کا لنگر۔ ج مَرَاسٍ کہا جاتا ہے "اَلْقٰى مَرَاسِيَهٗ" یعنی اس نے اقامت کی "وَاَلْقَتِ السَّحَابُ مَرَاسِيَهَا" بادل جم کر برسا۔
رَشَّ: (ن) رَشًّـا وتَـرْشَاشًا۔ المَاءَ: پانی چھڑکنا ...... السَّـمَـــاءُ: آسمان کا پھوار برسانا ...... الشَّيْءَ: دھونا۔
اَرَشَّـت۔ السَّـمَـاءُ: آسمان کا پھوار برسانا ...... الـطَّـعْـنَـةُ: کشادہ زخم ہونے سے خون پھیل کر نکلنا ...... الـشِّـوَاءُ: بھونے ہوئے گوشت سے چربی ٹپکنا ...... الـفَـــرَسَ: گھوڑے کو دوڑا کر پسینہ لانا۔
تَـرَشَّـشَ۔ عَلَيْهِ المَاءُ: متفرق چھینٹے پڑنا۔ بہنا۔
الرَّشّ: مص۔ پھوار۔ ج رِشَـاس: تکلیف دہ مار۔
الرَّشَاش: پانی خون وغیرہ کا چھینٹا۔
المِرَشَّة: پانی وغیرہ چھڑکنے کا آلہ۔
رَشَا: (ف) رَشْأً۔ الظَّبْيُ: ہرن کا قوی ہو کر ماں کے ساتھ چلنا ...... الظَّبْيَةُ: ہرن کا جننا۔
الـرَّشَـــا: ہرن کا بچہ یا دہ جو چلنے لگے۔ ج اَرْشَاء۔
الـرَّشْـبَةُ: مغز سے خالی ناریل جس سے پانی نکالیں۔
الـمَـرَاشِـبُ: مٹی جس سے مٹکوں کا منہ بند کریں۔
رَشَحَ (ف) رَشْـحًـا ورَشَـحَانًا وارْشَـحَ وارْتَشَـحَ۔ الإِنَـاءُ: برتن کا ٹپکنا۔ رسنا ...... الـجَـسَـدُ: بدن کا پسینہ والا ہونا۔ وَرَشَـحَ الظَّبْيُ: ہرن کا اچھلنا۔ کودنا۔ کہا جاتا ہے "لَمْ يَرْشَحْ لَهٗ بِشَيْءٍ": اس نے اس کو کچھ نہیں دیا۔
رَشَّـحَتِ النَّاقَةُ ولَدَهَا رَشْحًا وارْشَحَتْهُ ورَشَّـحَتْـهُ: اُونٹنی کا اپنے بچہ کی دم کی جڑ کو اپنے سر سے رگڑنا اور آگے بڑھانا اور خود ٹھہر ٹھہر کر جانا تاکہ بچہ اس سے لاحق رہے۔ صفت (رَاشِح مُرْشِح ومُرَشِّح)
رَشِحَ: پسینہ سے تر ہونا۔
رَشَّـحَ۔ المَالَ: بہتر انتظام کرنا ...... الوَلَدَ: پرورش کرنا اور کام کے لائق بنانا اور اسی سے ہے "هُوَ يُرَشَّـحُ لِوِلَايَةِ العَهْدِ" وہ ولی عہدی کے لئے تیار کیا جا رہا ہے ...... الـــظَّبْيَةُ ولَدَهَا: جننے کے وقت آلائش چاٹنا ...... النَّاقَةُ ولَـدَهَـا: بمعنی رَشَّـحَـتْـهُ ...... الغَيْثُ النَّبَاتَ: بارش کا نباتات کو بڑھانا۔
تَرَشَّحَ۔ وَلَدُ النَّاقَةِ: ماں کے ساتھ چلنے کے لائق ہونا ...... الظَّبْيَةُ: جننے کے وقت آلائش چاٹنا ...... المَاءُ: پتھروں سے ٹپکنا۔ ...... الرَّجُلُ لِاَمْرٍ: لائق ہونا۔ اہل ہونا۔
اِسْتَرْشَحَ۔ النَّبَاتُ: بلند ہونا۔ بڑھنا ...... الـنَّبَـــاتُ: چرانے کے لئے بڑھنے کا انتظار کرنا۔
الرَّشْح: مص۔ پسینہ۔
الرَّاشِح: فا۔ پتھروں سے ٹپکنے والا پانی۔ ...... مِـنَ الـفُصْلَانِ: چلنے میں قوی۔ پہاڑ جس کا نچلا حصہ تر ہو۔ زمین پر رینگنے والا کیڑا۔ ج رَوَاشِح۔
الرَّشِيْح: پسینہ۔ ایک قسم کی نباتات۔

المِرْضَح والمِرْضَحة : زین کے نیچے کا خوگیر۔
الأرْضَح : بہت ذہین۔ ذکی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ أرْضَحُ فؤادًا" : وہ تیز خاطر ہے۔
رَشَدَ (ن) رُشْدًا ورَشَادًا ورَشِدَ (س)
رَشَدًا : ہدایت پانا۔ راہ راست پر چلنا......
أمْرَهُ: ہدایت یافتہ ہونا۔
رَشَّدَهُ وأرْشَدَهُ. إلى كَذَا وعَلَيْهِ ولَهُ : ہدایت کرنا۔ رَشَّدَهُ القَاضِي : سیدھے راستے پر چلنا۔
اِسْتَرْشَدَ. لِأمْرِهِ : راہ راست پانا۔
...... : ہدایت طلب کرنا۔
الرُّشْد : مص۔ ہدایت راہ راست پر ہونا۔
الرَّشْدَة والرِّشْدَة : حلال زادہ۔
الرُّشْدَى: ہدایت۔
الرَّشِيد : سیدھے راستے پر چلنے والا۔ ہدایت یافتہ۔ ہدایت کرنے والا۔
الرَّشَاد والرَّشَد : ایک قسم کی نباتات۔
الرَّشَادَة : چٹان۔ مٹھی بھر کا پتھر۔ ج رَشَاد.
المَرَاشِد : سیدھے و متوسط راستے (جمع ہے واحد نہیں)
أمّ (رَاشِد) : چوہیا۔
رَشْرَشَ رَشْرَشَةً. الشَّيْءُ : ڈھیلا ہونا۔
البَعِيرُ : اُونٹ کا اچھی طرح بیٹھنے کے لئے سینہ سے زمین رگڑنا۔
تَرَشْرَشَ. المَاءُ : بہنا۔ خَبْزًا وعَظْمًا
(رَشْرَش ورَشْرَاش): نرم روٹی یا ہڈی۔
رَشَفَ : (ض ن) رَشْفًا ورَشِيفًا وتَرْشَافًا ورَشِفَ : (س) رَشَفًا ورَشَفَانًا. المَاءَ ونَحْوَهُ: چوسنا...... الإنَاءَ: پی کر خالی کرنا۔
رَشَّفَ وأرْشَفَ وتَرَشَّفَ وارْتَشَفَ المَاءَ: خوب چوسنا۔
الرَّشَف والرَّشَفَة: حوض کا بقیہ تھوڑا پانی۔ کہا جاتا ہے "حَوْضٌ رَشَفٌ" بے پانی کا حوض۔
الرَّشَاف : بہت چوسنے والا۔
المِرْشَف : پانی چوسنے کا آلہ۔ ج مَرَاشِف.

المَرَاشِف: ہونٹ۔
رَشَقَهُ (ن) رَشْقًا. بِالسَّهْمِ : تیر مارنا۔
بِبَصَرِهِ : گھور کے دیکھنا...... ہ بِلِسَانِهِ : طعن و تشنیع کرنا اور اسی سے ہے "إيَّاكَ ورَشَقَاتِ اللِّسَانِ" زبان کی طعنہ زنی سے اپنے آپ کو بچاؤ۔
رَشُقَ (ک) رَشَاقَةً. الغُلَامُ: خوبصورت قد والا ہونا۔ چابک دست ہونا۔ پھرتیلا ہونا۔ صفت (رَشِيق) ج رُشُق.
رَاشَقَهُ مُرَاشَقَةً : ہمراہ چلنا۔ ایک دوسرے کو تیر مارنا۔
تَرَاشَقَ. القَوْمُ: باہم تیر اندازی کرنا اور کہا جاتا ہے "تَرَاشَقُوا بِألْسِنَتِهِمْ وتَرَاشَقُوا بِأعْيُنِهِمْ" انہوں نے اپنی زبانوں سے طعن و تشنیع کی اور اپنی آنکھوں سے گھور گھور کر دیکھا۔
تَرَشَّقَ. فِي الأمْرِ : تیز ہونا۔
أرْشَقَ. النَّظَرَ إلَيْهِ : تیز نظر سے دیکھنا۔
القَوْمَ بِبَصَرِهِ : نگاہ ڈالنا...... الظَّبْيَةُ: ہرنی کا گردن پھیلا کر تیز نظر سے دیکھنا...... الرَّامِي: سیدھا تیر پھینکنا۔ کہا جاتا ہے "أرْشَقَنِي مَقْصَدِي" اس نے میرے مقصد کی طرف چلنے میں میرا مقابلہ کیا "ومَا أرْشَقَ هَذِهِ القَوْسَ" یہ کمان کس قدر تیز تیر پھینکنے والی ہے۔
الرُّشُق : تیز تیز پھینکنے والی کمان۔ رَشِيق کی جمع۔
الرَّشْق والرِّشْق : قلم کی چرچراہٹ۔ تم کہتے ہو "سَمِعْتُ رَشْقَ قَلَمِهِ" میں نے اس کے قلم کے چلنے کی آواز سنی۔ الرِّشْق: تیر اندازی ج أرْشَاق.
الأرْشَق: سیدھا کھڑا۔ کہا جاتا ہے "جِيدٌ أرْشَقُ" کھڑی گردن۔
الرَّشِيق : نازک اندام و خوبصورت۔
مِنَ اللَّفْظِ او الخَطِّ : پاکیزہ و نفیس لفظ یا خط۔
رَشَمَ (ن) رَشْمًا. بَيْدَرَ الحِنْطَةِ : گیہوں کے کھلیان (قومہ پر) مہر کرنا۔ (...... ورَشَمَ) : لکھنا۔
رَشِمَ (س) رَشَمًا: کھانے کی بو سونگھنا اور خواہش کرنا۔ صفت (أرْشَم)
أرْشَمَ. الشَّجَرُ: درخت کا پتے والا ہونا۔
الأرْضُ : سبزی نکلنا شروع ہونا...... البَرْقُ : بجلی چمکنا۔ المَاشِيَةُ: ابتدائی سبزی چرنا۔
(...... وارْتَشَمَ) الإنَاءَ: برتن پر قومہ مہر کرنا۔
الرَّشَم : ابتدائی سبزی۔ بجو کی منہ کی سیاہی (...... والرَّشَم) زمین پر بارش کا اثر۔ ہر چیز کا اثر۔
الأرْشَم : داغدار۔ کتا (چونکہ اس کے نتھنوں کے درمیان سیاہی ہوتی ہے)...... مِنَ الغَيْثِ : تھوڑی بارش۔ عَامٌ أرْشَمُ : سال کہ جس میں ارزانی و فراخی اچھی طرح نہ ہو۔
الرَّوْشَم والرَّوَاشِيم : غلہ کے انبار پر قومہ مہر کرنے کی منقوش تختی۔
الرُّشْمَة : بجو کے منہ کی سیاہی۔
رَشَنَ : (ن) رَشْنًا ورُشُونًا : بن بلائے مہمان بننا...... الكَلْبُ فِي الإنَاءِ : کتے کا برتن میں سر ڈالنا۔
الرَّشْن والرَّشَن : پانی نکلنے کا دہانہ۔
الرَّاشِن : ف۔ بن بلائے مہمان۔ کاریگر کے شاگرد کا وظیفہ جس کو عوام کے نزدیک "الحُلْوَان" بھی کہا جاتا ہے۔
الرَّوْشَن : روشن دان۔ ج رَوَاشِن.
رَشَاهُ (ن) رَشْوًا: رشوت دینا۔
رَاشَى مُرَاشَاةً. فلانًا : رشوت دینا۔ مدد کرنا۔
أرْشَى. الدَّلْوَ : ڈول میں رسی لگانا......
الشَّجَرُ : درخت کا لمبی ٹہنیوں کا ہونا......
القَوْمُ فِي دَمِهِ : کسی کے خون میں شریک ہونا...... أرْشَوْا بِسِلَاحِهِمْ فِيهِ : کسی کے مقابلہ کے لئے اپنے ہتھیاروں کو درست کرنا۔
تَرَشَّى. الرَّجُلُ : باہم نرمی برتنا۔
إرْتَشَى : رشوت لینا...... مِنْهُ رِشْوَةً : رشوت

لینا۔
اِسْتَرْشٰی. فِیْ حُکْمِہٖ :رشوت مانگنا......
الـفَـصِیْـل :اُونٹ کے بچہ کا دودھ پینے کی خواہش کرنا......مَـافِی الضَّـرْعِ :تھن سے دودھ نکالنا۔
الـرُّشْوَۃ والرَّشْوَۃ والرِّشْوَۃ :رشوت۔ج رُشی ورِشی۔
الرِّشَاء :رسی۔ڈول کی رسی۔ج اَرْشِیَۃ کہا جاتا ہے "اَتبِع الدَّلوَ رِشَاءَ ھا" ڈول کے پیچھے رسی بھی کرو۔اس موقعہ پر مثال کے طور پر بولتے ہیں جب ایک کو دوسرے کے ساتھ کرانا ہو۔وارشیۃ الـنَّبَـات :نباتات کی بیلیں۔
الرَّشَاۃ :ایک قسم کی نباتات۔ج رَشًا.
الرَّشِیُّ :اُونٹ کا بچہ۔
التَّرْشَاء :ڈول کی رسی۔
رَصَّ (ن)رَصًّا. الشَّیْءَ :ایک کو دوسرے سے چمٹانا۔جوڑنا......الـدَّجَـاجَۃُ: بَیْـضَتَھَـا :مرغی کا انڈوں کو بیٹھنے کے لئے چونچ سے درست کرنا۔
رَصَّـصَـہٗ :ایک کو دوسرے سے چمٹانا۔جوڑنا۔مضبوط کرنا۔سیسہ کی قلعی کرنا......
الرَّجُلُ :سوال کرنے میں اصرار کرنا۔
تَرَصَّصَ واِرْتَصَّ :باہم چمٹنا۔جڑنا۔
الرَّصَاص :سیسہ۔قلعی۔واحد (رَصَاصَۃ)
الرَّصَاصِیُّ :سیسہ کے رنگ کا۔
الرَّصَص :دانتوں کی پیوستگی۔
الـرَّصِیْـص :ایک دوسرے کے ساتھ جڑا ہوا۔مؤنث رَصِیْصَۃ. ج رَصَائِص کہا جاتا ہے "رَصَّـتْ عَـلَـی الْـقَـبْـرِ الـرَّصَـائِص" قبر پر پتھر تہ بتہ لگائے گئے۔
الرَّصِیْص :انڈوں کا ڈھیر۔عورت کے منہ کا نقاب۔
الاَرَصّ :قریب قریب دانتوں والا۔مؤنث رَصَّـاء. ج رُص. فَـخِـذٌ رَصَّـاء :ایک دوسرے سے ملی ہوئی ران۔
الاُرْصُوْصَۃ :خربزہ کی مانند لمبی ٹوپی۔

الرَّصَّـاصَۃ :جَیل۔جاری چشمہ کے اردگرد کے پتھر۔بُـنْـیَـان (مَرْصُـوْص) :مضبوط عمارت۔
الرَّصَب :انگشت شہادت اور بیچ والی انگلی کی جڑ کا فاصلہ۔
رَصِحَ (س)رَصَحًا :قریب قریب سرین صفت(اَرْصَح) مؤنث رَصْحَاء.
رَصِحَ. فِی الاَمْرِ بمعنی رَسَخَ.
رَصَـدَہٗ (ن) رَصْـدًا ورَصَدًا :انتظار کرنا۔گھات میں بیٹھنا۔
رُصِـدَ. الـمَـکَـانُ :بوچھاڑ پڑنا۔صفت (مَرْصُوْد)
رَاصَدَہٗ :نگہبانی کرنا۔
اَرْصَـدَ. الرَّقِیْبَ :گھات میں راستہ پر کھڑا کرنا......لَـہٗ شَیْئًا :تیار کرنا۔مہیا کرنا......لَہٗ خَیْرًا اوشرًّا :بدلہ دینا......الحِسَـابَ :پیش کرنا۔ظاہر کرنا۔شمار کرنا۔
اِرْتَصَدَہٗ وتَرَصَّدَہٗ :امید لگانا۔تَـرَصَّدَ لَہٗ :گھات میں بیٹھنا۔
تَـرَاصَـدَ. الرَّجُلَانِ :ایک دوسرے کے گھات میں بیٹھنا۔
الرَّاصِدُ :فا۔نگہبان۔شیر۔گھات میں بیٹھنے والا۔ج رُصَّد ورَصَد.
الـرَّصَـد :راستہ۔تھوڑی بارش۔تھوڑی گھاس۔ج اَرْصَـاد :گھات میں بیٹھنے والے لوگ (واحد جمع مذکر و مؤنث سب کے لئے اور کبھی جمع کے لئے ارصاد بولتے ہیں)
الرَّصَدَۃ :بوچھار ج رِصَاد.
الرُّصْدَۃ :تلوار کے پرتلہ کا حلقہ۔شیر وغیرہ کے شکار کا گڑھا۔
الـرَّصُوْد :پانی پینے کے لئے انتظار کرنے والی اُونٹنی۔
الرَّصِیْد :گھات میں رہنے والا۔
المِرْصَاد :راستہ(......والمَرْصَد) گھات ج مَـرَاصِیْـد ومَـرَاصِد. مَـرَاصِـدُ الـحَیَّـات :سانپوں کے چھپنے کی جگہیں۔

اَرْض (مُـرْصِدَۃ) :تھوڑی سی گھاس والی زمین۔
رَصْرَصَ. البِنَاءَ :عمارت مضبوط بنانا...... فِی المَکَانِ :ٹھہرنا۔رہنا۔
الرَّصْرَاصَۃ :سخت زمین۔جاری چشمہ کے اردگرد کے پتھر۔
رَصَعَہٗ (ف) رَصْعًـا. بیدہ :تھپڑ مارنا......بالرمح :سخت نیزہ مارنا۔رَصَعَ السِّنَانَ فِی المَطْعُوْن :زور سے بھالا مار کر گھسا دینا......الحَبَّ :دانہ کو دو پتھروں کے درمیان کوٹنا(......رَصُوْعًا) :اقامت کرنا۔
رَصِعَ (س)رَصَعًـا. بالشَّیْءِ :چپکنا...... بـالـطِّیْـب :مہک اٹھنا......الـمـرأۃ رَضَاعًا :جماع کرنا۔
رَصَّعَ. الشَّیْءَ :اندازہ کرنا اور بنا۔کہا جاتا ہے "رَصَّعَ الطَّائِرُ عُشَّہٗ بالقُضْبَان" پرندے نے اپنے گھونسلے کو اندازہ کر کے تیلیوں سے بنایا۔الذَّھَبَ بالجَوَاھِر : سونے میں جواہر بٹھانا۔کہا جاتا ہے "تَـاجٌ مُرَصَّعٌ بالجَوَاھِر" جواہر کا جڑا ہوا تاج...... العِقْدَۃَ بالجَوَاھِر :ہار میں جواہر پرونا۔
اَرْصَعَہٗ. بالرُّمْح :سخت نیزہ مارنا۔
اِرْتَـصَـعَ. الحَبَّ :دانہ کو دو پتھروں کے درمیان کوٹنا......بِـہٖ :چپکنا......اَسْنَـانُـہٗ : دانتوں کا پیوستہ و قریب قریب ہونا۔
تَرَصَّعَ :جڑاؤ ہونا۔شادماں ہونا۔کام وغیرہ میں چست ہونا۔
تَرَاصَعَتِ. العَصَافِیْرُ :جفتی کرنا۔
الـرَّصِیْعَۃ :کوٹے ہوئے دانے۔لگام کی گرہ۔تلوار یا زین وغیرہ کا حلقہ یا گول زیور۔ج رَصَائِع.
الاَرْصَع :لاغر سرین والا۔طَعْنٌ اَرْصَعُ :پورا گھسا ہوا نیزہ۔
الرَّصَّاع :بہت جماع کرنے والا۔
المِرْصَاع :لٹو۔ہر وہ لکڑی جس سے کسی چیز کو چوڑا کریں۔
الرَّصْغ :بندوبست۔گٹا۔

الرِّصَاغ: بمعنی الرِّسَاغ۔

رَصَفَ (ن) رَصْفًا. الحِجَارَةَ: پتھروں کو ترتیب سے جوڑنا...... المُصَلِّی قَدَمَیْهِ او بَیْنَ قَدَمَیْهِ: نمازی کا قدموں کو قریب قریب کرنا یا ایک کو دوسرے سے ملانا اور کہا جاتا ہے "هٰذَا الاَمْرُ لَا یَرْصُفُ بِکَ" یہ کام تمہارے لائق نہیں۔

رَصُفَ (ک) رَصَافَةً. العَمَلُ: مضبوط ہونا۔

رَصِفَتْ (س) رَصَفًا ورَصِفَتْ رَصَفًا اَسْنَانُهُ: دانتوں کا ترتیب و ہموار ہونا۔

اَرْصَفَ: شراب وغیرہ میں پہاڑی چشمہ کا پانی ملانا۔

تَرَصَّفَتْ وتَرَاصَفَتْ وارْتَصَفَتْ والحِجَارَةُ: پتھروں کا ترتیب وار ملنا۔

......القَوْمُ فِی الصَّفِّ: ترتیب سے ایک دوسرے سے مل کر کھڑا ہونا...... اَسْنَانُهُ: دانتوں کا ترتیب وار ہونا۔

الرَّصَف: پانی بہنے کی جگہ میں ایک دوسرے کے ساتھ جڑے ہوئے پتھر۔ واحد (رَصَفَة)

الرَّصَفَتَان: گھٹنوں کی ہڈیوں کے پٹھے گھٹنے۔ الرَّصَف: پانی کا بند۔ مَاءُ الرَّصَف: پہاڑی کا صاف پانی جو چٹان پر گرے۔

الرِّصَاف: پٹھا جو چھڑ میں تیر کے پھل کے داخل ہونے کی جگہ سے اوپر لگایا جاتا ہے۔ گھوڑے کا پٹھا۔ پہلو کی ہڈیاں۔ ج رَصْف ورُصُف.

الرَّصِیف: نظیر۔ دوست۔ عَمَلٌ رَصِیفٌ: مضبوط کام اور مولدین کے نزدیک رَصِیف کا اطلاق پتھروں کے فرش کئے ہوئے راستہ پر ہوتا ہے۔

الرَّصَافَة: پٹھا جو چھڑ میں تیر کے پھل کے اندر داخل ہونے کی جگہ سے اوپر لگایا جاتا ہے۔ اطراف شہر کا سبزہ زار اور عموماً اس کا اطلاق بغداد کے ایک مقام پر ہوتا ہے۔

الرُّصُوفَة: ثابت قدمی۔

المِرْصَافَة: ہتھوڑا۔

المُرْتَصِف: شیر۔ رَجُلٌ مُرْتَصِفُ الاَسْنَانِ: قریب قریب دانتوں والا امرد۔

رَصَنَ (ن) رَصْنًا. الاَمْرَ: پورا کرنا۔ مضبوط کرنا...... الدَّابَّةَ: داغ لگانا...... ہ بِلِسَانِهِ: گالی دینا۔

رَصُنَ (ک) رَصَانَةً. العَقْلُ وغَیْرُهُ: سنجیدہ ہونا۔ مضبوط ہونا۔ ثابت قدم ہونا۔ صفت (رَصِیْن)

رَصَنَ. الشَّیْءَ مَعْرِفَةً: خوب اچھی طرح سمجھنا اور کہا جاتا ہے "رَصِّنْ لِی هٰذَا الخَبَرَ" میرے لئے اس خبر کی تحقیق کرو۔

اَرْصَنَهُ: مضبوط کرنا۔ مکمل کرنا۔

الرَّصَن: ایک قسم کی نباتات۔

الرَّصِیْن: اپنے ساتھی کی ضرورت کے لئے اصرار کرنے والا۔ دردمند۔ دردناک۔

المِرْصَن: جانوروں کو داغ لگانے کا لوہا۔

رَصَا (ن) رَصْوًا. الشَّیْءَ: مضبوط کرنا۔ استوار کرنا۔

اَرْصٰی. بِالمَکَانِ: جم کے رہنا۔

رَضَّهُ (ن) رَضًّا: کوٹنا۔ دلنا۔

رَضْرَضَ. الشَّیْءَ: اچھی طرح کوٹنا۔ دلنا۔

تَرَضْرَضَ: کوٹا جانا۔ دلا جانا۔

اَرَضَّ: سست و بوجھل ہونا۔ تیز دوڑنا...... فِی الاَرْضِ: جانا۔ التَّعَبُ العَرَقَ: پسینہ بہانا۔

اِرْتَضَّ. الشَّیْءُ: ٹوٹنا۔

الاَرَضّ: جم کر بیٹھنے والا۔

الرَّضِیض والمَرْضُوض: کوٹا ہوا۔

الرُّضَاض: ریزے۔ چورہ۔

المُرِضَّة والمِرَضَّة والرَّضّ: گٹھلی نکال کر دودھ میں بھگوئی ہوئی کھجوریں۔ المِرَضَّة: کوٹنے یا دلنے کا آلہ۔

رَضَبَ (ن) رَضْبًا واَرْضَبَ. المَطَرُ: زور سے بارش ہونا...... السَّمَاءُ: آسمان کا برسانا (رَضَبَ وتَرَضَّبَ) الرِّیْقَ: تھوک چوسنا۔

الرَّاضِب: [illegible] مِنَ المَطَرِ: زور سے برسنے والی بارش۔

الرُّضَاب: چوسا ہوا تھوک۔ شہد کا لعاب اور جھاگ۔ مشک کے ریزے۔ برف اور شکر وغیرہ کے ٹکڑے۔ اولے۔ مَاءٌ رُضَابٌ: میٹھا پانی۔

المَرَاضِب والمَرَاضِیب: خوشبودار تھوک۔

رَقَّعَ تَرْقِيعًا. الثَّوْبَ: کپڑے پر پیوند لگانا اور اسی سے ہے "رَقَّعَ دُنْيَاهُ بِآخِرَتِهِ" :اس نے اپنی دنیا کی اصلاح آخرت سے کی۔ و "هُوَصَاحِبُ تَرْقِيعٍ وتَوْصِيلٍ" : اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو اپنی باتوں میں نمک مرچ لگایا کرتا ہو۔

رَاقَعَ. الخَمْرَ :ہمیشہ شراب پینا۔

أَرْقَعَ. الثَّوْبُ : کپڑے کا پیوند کے قابل ہونا ......الرَّجُلُ : حماقت کا کام کرنا۔

تَرَقَّعَ. البِلَادُ :شہروں میں ارزانی و فراخی میں کمائی کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا (ارْتَقَعَ) بِهِ وَلَهُ" یعنی اس نے اس کی پروا نہیں کی۔

إِسْتَرْقَعَ. الثَّوْبُ : قابلِ مرمت ہونا۔

الرَّقِيعُ :مص۔ حقدمین کے نزدیک ساتواں آسمان۔

الرَّقْعَةُ :نشانہ میں تیر کی آواز۔

الرُّقْعَةُ :تحریر کا پرزہ۔ کپڑے کا پیوند۔ رُقْعَةُ الشَّطْرَنْجِ :شطرنج کا تختہ۔ رُقْعَةُ الغَرَضِ : جس پر نشانہ لگایا جائے۔ "رُقْعَةُ الأَرْضِ : زمین کا ایک ٹکڑا۔ رُقْعَةُ الشَّيْءِ :چیز کا اصل و جوہر۔ ج رُقَعٌ ورِقَاعٌ : کہا جاتا ہے "فِي هٰذَا الجَمَلِ رُقْعَةٌ مِنَ الجَرَبِ" اس اونٹ میں خارش کی ابتداء ہے۔

الرَّقْعَاءُ. أَرْقَعُ :کا مؤنث۔ بَقَرَةٌ رَقْعَاءُ : مختلف رنگوں والی گائے۔

الرَّقِيعُ : آسمان یا قدماء کی اصطلاح میں پہلا آسمان۔ ج أَرْقِعَة.

جُوعٌ (يَرْقُوعٌ) :سخت بھوک۔

المُرَقَّعُ : کپڑے میں پیوند کی جگہ اور کہا جاتا ہے "لَاأَرَىٰ فِيهِ مُرَقَّعًا" میں اس کے اندر کوئی موقع گالی یا ہجو کا یا کوئی موقع اصلاح کا نہیں دیکھتا ہوں۔

أَرْقَلَ :دوڑنا۔ پے بہ پے چلنا......المَفَازَةَ: بیابان کو طے کرنا۔ أَرْقَلَتِ النَّخْلَةُ: درخت خرما کا لمبا ہونا۔

الرَّقْلَةُ :کھجور کا لمبا درخت۔ ج رِقَال ورَقْل.

الــرَّاقُــوْلُ : کھجور کے درخت پر چڑھنے کی رسی۔ پاسی۔

المِرْقَالُ والمُرْقِلُ والمُرْقِلَةُ. مِنَ الإِبِلِ : تیز رفتار اونٹ۔ ج مَــرَاقِيلُ ومَــرَاقِلُ ومُرْقِلَاتٌ.

رَقَمَ:(ن) رَقْمًا ورَقَّمَ :لکھنا......الكِتَابَ : اعراب و نقطے لگانا۔ رَقَمَ الثَّوْبَ: کپڑے کو دھاری دار بنانا......البَعِيرَ :اونٹ پر داغ لگانا......الخُبْزَ: روٹی پر نقش ڈالنا اور "فُلَانٌ يَــرْقُــمُ عَــلَى المَــاءِ" اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو کاموں میں حاذق و ماہر ہو۔

الرَّقْمُ :مص۔ دھاری دار نقش یا دھاری دار چادر کی ایک قسم۔ مہر ج أَرْقَـــام ورُقُــوْمٌ الأَرْقَامُ الهِنْدِيَّةُ: ہندسے۔

الــرَّقِــمُ الرَّقِمُ وبِنْتُ الرَّقِمِ :مصیبت کہا جاتا ہے "جَاءَ بِــالــرَّقِــمِ او بالرَّقِمِ" یعنی وہ بہت مصیبت لایا۔ و "جَاءَ بِالرَّقِمِ الرَّقْمَاءِ" وہ بہت بڑی مصیبت لایا۔

الــرَّقْمَةُ :باغ وادی کا پہلو۔ وادی میں پانی جمع ہونے کی جگہ۔ خبازی: کہا جاتا ہے "مَا وَجَدْتُ فِي الأَرْضِ إِلَّا رَقْمَةً مِنْ كَلَاءٍ" : میں نے زمین میں صرف تھوڑی سی گھاس پائی۔

الرَّقَمَةُ :ایک قسم کی نباتات۔

الرَّقِيمُ :کتاب۔ لکھا ہوا۔

الأَرْقَــمُ :ایک خبیث قسم کا سانپ۔ چتی دار سانپ۔ ج أَرَاقِمُ :اس کی مادہ کو رَقْــمَــاء: نہیں رَقْشَاء: کہتے ہیں۔ الارقم: قلم۔

الرَّقْمُ والرُّقْمَةُ :چتی دار سانپ کا رنگ۔

الــمِــرْقَــمُ :قلم۔ نقش کرنے کا آلہ۔ داغ لگانے کا آلہ۔ ج مَرَاقِم.

المَرْقُوْمُ :مفع۔ كِتَابٌ مَرْقُوْمٌ : واضح لکھی ہوئی کتاب۔ ثَوْرٌ مَــرْقُوْمُ القَوَائِمِ :ٹانگوں میں سیاہ دھاری یا داغوں والا بیل۔ أَرْضٌ مَرْقُوْمَةٌ :تھوڑی گھاس والی زمین۔

رَقَنَــتْ :(ن) رَقْنًـــا. الجَارِيَةُ :لڑکی کا مہندی لگانا۔

رَقَّنَهُ :نقش و نگار کرنا۔ لکھنا۔ رَقَّنَ الكِتَابَ : مزین کرنا۔ سجانا۔ قریب قریب سطریں لکھنا۔

......الخَطَّ : نقطے لگانا (......وأَرْقَنَ) لِحْيَتَهُ : داڑھی پر خضاب لگانا۔

أَرْقَنَ وتَــرَقَّنَ ارْتَقَنَ واسْتَرْقَنَ :خضاب لگایا ہوا ہونا۔

الرَّقِيْنُ والمَرْقُوْنُ :لکھا ہوا۔

الــرِّقَــانُ والــرَّقُــوْنُ والإِرْقَــانُ :مہندی یا زعفران۔

الرَّقْنُ :مردار خوار پرندے کا انڈا۔

الرَّقْوُ والرَّقْوَةُ : گول و بلند ریت کا ٹیلہ۔

رَقِيَ :(س) رَقْيًا ورُقِيًّا. الجَبَلَ وفِيْــهِ وإِلَيْــــهِ :پہاڑ پر چڑھنا۔ کہا جاتا ہے "إِرْقَ عَــلَى ظَلْعِكَ" یعنی اپنی طاقت کے مطابق چڑھو اور اپنے نفس پر طاقت سے زیادہ بوجھ نہ ڈالو۔

رَقَىٰ :(ض) رَقْيًا ورُقِيًّا ورُقْيَةً. ہ وعَلَيْهِ: نفع یا نقصان کے لئے منتر کرنا۔

رَقَّاهُ تَرْقِيَةً :بلند کرنا۔ چڑھانا۔

إِرْتَقَىٰ إِرْتِقَاءً وتَرَقَّىٰ تَرَقِّيًا . الجَبَلَ وفِيْهِ وإِلَيْهِ :پہاڑ پر چڑھنا......فِي السُّلَّمِ :سیڑھی کے ڈنڈوں پر چڑھنا......بِــهِ الأَمْرُ :انتہا کو پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "مَــازَالَ فُلَانٌ يَتَــرَقَّىٰ بِهِ الأَمْــرُ حَتَّىٰ بَــلَــغَ غَــايَتَــهُ" فلاں کے لئے معاملہ ایک حال سے دوسرے حال کی طرف منتقل ہوتا رہا۔ یہاں تک کہ انتہا کو پہنچ گیا۔

وتَرَقَّى الرَّجُلَ: ہنسلی کی ہڈی پر مارنا۔

تَــرَاقَــىٰ. أَمْــرُهُــمْ إِلَى الفَــسَادِ :معاملہ میں لگاتار فساد کا ہونا۔

اِسْتَرْقَاہ : منتر کرنے کو کہنا......لَہٗ : کسی کے لئے منتر کرنے والے کو طلب کرنا۔

الرُّقْیَۃ : منتر۔ افسوں۔ تعویذ۔ ج رُقٰی ورُقْیَات ورُقَیَات.

الرَّاقِی : فا۔ منتر کرنے والا۔ ج رُقَاۃ ورَاقُوْنَ : مؤنث رَاقِیَۃ ج رَوَاقٍ اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رَاقِیَۃٌ" مثل رَجُلٌ رَاوِیَۃٌ : کے۔ تا مبالغہ کے لئے ہے' تانیث کی نہیں۔

الرَّقَّاء : ماہر منتر کرنے والا۔ پہاڑوں پر بہت چڑھنے والا۔

المُرْتَقٰی : چڑھنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "لَقَدْ اِرْتَقَیْتُ مُرْتَقًی صَعْبًا" میں دشوار مقام پر چڑھا۔

التَّرْقُوَۃ : ہنسلی کی ہڈی۔ ج تَرَاقِی.

المَرْقٰی والمِرْقَاۃ والمَرْقَاۃ : سیڑھی کا پایہ۔ ج مَرَاق.

رَکَّ : (ض) رَکًّا ورِکَّۃً ورَکَاکَۃً : ضعیف و کمزور ہونا۔ اسی قول سے ہے "اِقْطَعْہُ مِنْ حَیْثُ رَکَّ" اس کو جہاں سے کمزور ہے کاٹ دو......الرَّجُلُ : کم علم یا کم عقل ہونا۔

رَکَّ : (ن) رَکًّا. الشَّیْءَ : بعض کو بعض پر جمانا۔ کہا جاتا ہے "رُکَّ الاَمْرَ فِی عُنُقِہٖ" اس نے کام اپنے ذمہ لازم کیا......الشَّیْءَ بِیَدِہٖ : ہاتھ سے دبا کر موٹائی معلوم کرنا۔

رَکَّکَ واَرَکَّ. السَّحَابُ : ہلکی بارش برسانا۔

اَرَکَّ الحَقُّ فُلَانًا : غالب ہونا۔

اُرِکَّتْ ورُکِّکَتْ الاَرْضُ : ہلکی بارش برسنا۔

اِرْتَکَّ : مضطرب ہونا۔ ہلنا۔ فِی الاَمْرِ : شک کرنا۔

اِسْتَرَکَّہٗ : کمزور سمجھنا یا کمزور پانا......

الرَّکُّ والرِّکُّ : ج رِکَاک واَرْکَاک و(الرِّکَّۃ والرَّکِیْکَۃ) : ہلکی بارش۔ اَرْضٌ رِکٌّ : ہلکی بارش والی زمین۔ الرِّکُّ : لاغر۔

الرُّکَاک والاَرَکّ : کمزور عقل۔ کمزور رائے۔

الرَّکِیْک : ج رِکَاک ورَکَکَۃ : کمزور عقل یا کمزور رائے۔ ڈھیلا ڈھالا کم ہمت۔

الرَّکِیْکُ مِنَ الکَلَامِ : پھس پھسی گفتگو۔

رَجُلٌ رَکِیْکُ العِلْمِ : کم علم مرد۔ ثَوْبٌ رَکِیْکُ النَّسْجِ : چھدرا بنا ہوا کپڑا۔

الرُّکَاکَۃ : کمزور عقل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رُکَاکَۃٌ وامْرَاَۃٌ رُکَاکَۃٌ" ج رِکَاک.

الرُّکُوْکَۃ : کمزوری۔

رَکِبَ : (س) رُکُوْبًا ومَرْکَبًا. الدَّابَۃَ وعَلَی الدَّابَۃِ : چڑھنا۔ سوار ہونا......البَحْرَ : دریائی سفر کرنا......الطَّرِیْقَ : راستہ پر چلنا۔

......الرَّاْسَہٗ : پیچھا کرنا......ھَوَاہ : مطیع خواہشات ہونا......رَاْسَہٗ : بغیر سوچے سمجھے کسی کام کو کر گزرنا......الذَّنْبَ : ارتکاب کرنا ......الخَطَرَ : اپنے آپ کو خطرے میں ڈالنا۔

رَکِبَہُ الدَّیْنُ : مقروض ہونا۔

رَکِبَ : (س) رَکَبًا : بڑے زانو والا ہونا۔

رَکَبَہٗ : (ن) رَکْبًا : زانو پر مارنا۔

رُکِبَ : زانو میں درد والا ہونا۔

رَکَّبَ. الشَّیْءَ : ترکیب دینا۔ بعض کو بعض پر رکھنا......ہ الفَرَسَ : سوار کرانا۔

اَرْکَبَہٗ : سواری دینا......المُھْرُ : سواری کے قابل ہونا۔

تَرَکَّبَ. ترکیب پانا۔

اِرْتَکَبَہٗ : سوار ہونا......الذَّنْبَ : گناہ کر بیٹھنا ......الاَمْرَ : دلیری سے گھس پڑنا۔

......الدَّیْنَ : قرض زیادہ لینا۔

تَرَاکَبَ. الاَمْرُ : تہ بتہ ہونا۔

الرَّکْبُ : اُونٹ یا گھوڑوں کے سوار۔ یہ اسم جمع ہے اور بقول بعض جمع۔ ج اَرْکُبٌ ورُکُوْب.

الرِّکْبَۃ "رَکِبَ الدَّابَۃَ" کا اسم۔ سوار ہونے کی ایک قسم۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ حَسَنُ الرِّکْبَۃِ" وہ اچھی طرح سوار ہونے والا ہے۔

الرُّکْبَۃ : زانو۔ گھٹنا۔ ج رُکَب ورُکَبَات ورُکُبَات : کہا جاتا ہے "ھٰذَا اَمْرٌ اِصْطَکَّتْ فِیْہِ الرُّکَب" یہ ایسا معاملہ ہے جس میں گھٹنے ایک دوسرے سے رگڑ کھاتے ہیں۔ رُکْبَۃُ الدَّجَاجَۃ ورُکْبَۃُ الرَّامِیْ : دو ستاروں کے نام۔

الرِّکَاب : زین کا وہ لٹکا ہوا حصہ جس میں سوار اپنا پیر ڈالتا ہے۔ ج رُکُب.

الرِّکَاب : سواری کے لئے اُونٹ اس کا واحد رَاحِلَۃٌ : ہے۔ ج رُکُب ورِکَائِب ورِکَابَات. رِکَابُ السَّحَابِ : ہوائیں۔

الرَّکُوْب : بہت سوار ہونے والا۔

(...... والرَّکُوْبَۃ) : سواری کا اُونٹ۔ سواری۔ ج رِکَائِب. طَرِیْقٌ رَکُوْبٌ : چلتا ہوا راستہ۔

الرَّکَّاب : بہت سوار ہونے والا۔ مؤنث رَکَّابَۃ.

اَلْمَرْکَبَاتُ : واحد۔ مَرْکَبَۃ : مختلف شکلوں کی سامان ولی (راہٹ) گاڑیاں خواہ گھوڑوں گدھوں کے ذریعے چلیں یا بجلی تیل وغیرہ کے ساتھ۔

الرُّکَاب : کابوس۔

الرَّاکِب : فا۔ سوار۔ ج رُکَّاب ورُکْبَان ورُکُوب ورِکَبَۃ ورَکْبٌ ورَکَبَۃ : مؤنث رَاکِبَۃ ج رَوَاکِب : پہاڑ کی چوٹی۔

الرَّاکِب الرَّاکِبَۃ والرَّاکُوْب والرَّاکُوْبَۃ : درخت خرما کے بالائی حصہ کا قلم جو زمین تک لٹکا ہوا نہ ہو۔

الرَّکِیْب : جڑا ہوا۔ دوسرے کے ساتھ سوار۔ کھیتی۔ نخلٌ رَکِیْبٌ : ایک قطار میں نہر کے کنارے لگائے ہوئے کھجور کے درخت۔

الاَرْکَب : بڑے زانو والا۔ بَعِیْرٌ اَرْکَب : اُونٹ جس کا ایک زانو دوسرے سے بڑا ہو۔

المَرْکَبُ : مص۔ سواری خواہ بری ہو یا بحری۔

المُرْکَبُ : منبع۔ اصل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ

كَرِيْمُ الْمُرَكَّبِ" فلاں اپنے اصل کے لحاظ
سے کریم ہے "الْجَهْلُ الْمُرَكَّبُ" باوجود
جہالت کے اپنے آپ کو عالم سمجھنا۔
الْمَرْكُوْب : مفع۔ سواری۔ ج مَرَاكِيب.
رَكَحَ : (ف) رَكْحًا وارْتَكَحَ. عَلَى الشَّيْءِ
وإِلَيْهِ : سہارا لینا۔ ٹیک لگانا (...... رُكُوْحًا)
إِلَيْهِ : مائل ہونا۔
أَرْكَحَ. عَلَيْهِ : سہارا لینا...... ه إِلَيْهِ : ٹیک
لگانا۔ کہا جاتا ہے "أَرْكَحْتُ إِلَيْهِ ظَهْرِيْ"
میں نے اس کی طرف اپنی پیٹھ کی ٹیک لگائی۔
تَرَكَّحَ. فِي الْمَعِيْشَةِ : حصول معیشت کے
لئے تصرف کرنا...... فِي الدَّارِ : فراخی و
کشادگی کرنا...... بِالْمَكَانِ : اقامت کرنا'
ٹھہرنا۔
الرُّكْح : پہاڑ کی نکلی ہوئی نوک۔ پہاڑ کا
گوشہ۔ بنیاد۔ گھر کا صحن۔ ج رُكُوْح.
إِرْكَاح الأَرْكَاح : راہبوں کے مکانات۔
الرُّكْحَة : گھر کا صحن۔ ج رُكَح
الرَّكْحَاء : سخت بلند زمین۔
جَفْنَة (مُرَكِّحَة) : ثرید سے بھرا ہوا پیالہ۔
رَكَدَ : (ن) رُكُوْدًا. الْمَاءُ اوِ الرِّيْحُ :
ٹھہرنا۔
...... الْمِيْزَانُ : ترازو کا برابر ہونا۔ عَصِيْرُ
الْعِنَبِ : جوش ٹھنڈا پڑنا...... الْعَكَرُ والثُّفْلُ :
تلچھٹ بیٹھنا...... الشَّمْسُ : بالکل سر پر آ کر
ٹھہر جانا۔ کہا جاتا ہے "رَكَدَتْ رِيْحُهُم"
یعنی ان کی حکومت جاتی رہی۔
الرَّاكِد : فا۔ ٹھہرا ہوا۔
الرَّكُوْد : بھرا ہوا پیالہ۔ ہمیشہ دودھ دینے
والی اونٹنی۔
الْمَرَاكِد : ٹھہرنے کی جگہیں۔
رَكْرَكَ. الشَّيْءُ : کمزور ہونا...... الرَّجُلُ :
بزدل ہونا۔ کہا جاتا ہے "بِهٖ رَكْرَكَةٌ" وہ ہر
چیز میں کمزور ہے۔
رَكَزَ : (ن ض) رَكْزًا. الرُّمْحَ وَنَحْوَهٗ :
زمین میں گاڑنا۔ دفن کرنا...... الْعِرْقُ : رگ کا
حرکت کرنا۔

رَكَّزَ. الرُّمْحَ : گاڑنا۔
أَرْكَزَ. الْمَعْدِنُ : دھات والا ہونا۔
الرَّجُلُ : کان پانا۔
إِرْتَكَزَ. الْعِرْقُ : رگ کا حرکت کرنا۔
الشَّيْءُ : اپنی جگہ میں برقرار رہنا...... عَلَى
الْعَصَاءِ : لاٹھی پر سہارا لینا۔
الرِّكْز : دھیمی آواز۔ آہٹ۔ دانا و فیاض
آدمی۔
الرَّاكِزُ : صاحب وقار و سنجیدہ آدمی۔
الرِّكْزَة : حزم۔ حکمت۔ ثبات۔ عقل۔ کہا
جاتا ہے "كَلَّمْتُهٗ فَمَا رَأَيْتُ لَهٗ رِكْزَةً" میں
نے اس سے گفتگو کی تو اس کے اندر میں نے
عقل کا کچھ حصہ نہیں دیکھا۔ الرِّكْزَة : چاندی
یا سونے کا بڑا ٹکڑا۔ کھجور کا درخت جو جڑ سے
اکھیڑ لیا جائے۔
الرَّكِيْزَة : زمین کے اندر دفن کئے ہوئے
جواہر۔ ج رَكَائِز.
الرِّكَاز : زمین کے اندر اللہ تعالیٰ کی پیدا کی
ہوئی دھاتیں۔ واحد (رِكْزَةٌ) ج أَرْكِزَة
ورِكْزَانٌ.
الْمَرْكَز : دائرہ کا وسطی نقطہ کہ جس سے دائرہ
تک جتنے خط نکلیں باہم برابر ہوں۔ رہنے کی
جگہ۔ ج مَرَاكِز. مَرَاكِزُ الأَسْنَانِ : دانت
نکلنے کی جگہیں۔
رَكَسَ : (ن) رَكْسًا. الشَّيْءَ : الٹ دینا۔
الْبَعِيْرَ : اونٹ پر رکاس باندھنا (دیکھئے لفظ
رِكَاس)
أَرْكَسَهٗ : اوندھا کرنا...... الشَّيْءَ : پہلی
حالت پر لوٹا دینا...... الثَّوْبَ فِي الصِّبْغِ :
کپڑے کو دوبارہ رنگ میں ڈالنا ......
الْجَارِيَةُ : پستان ابھرنا شروع ہونا۔
تَرَاكَسَ. الشَّعْرُ : بالوں کا تہ بتہ ہونا۔
إِرْتَكَسَ : اوندھا ہونا۔ دوبارہ مبتلائے
مصیبت ہونا۔ بھیڑ کرنا۔ فِيْ مَكَانِهٖ :
اقامت کرنا۔ ٹھہرنا۔
الرِّكْس : پلیدی۔ گندگی...... مِنَ النَّاسِ :
جماعت۔ گرنے کے بعد مرمت کی ہوئی

عمارت۔ پل۔
الرَّاكِس : وہ بیل جو کھلیان کے وسط میں ہو
اور دوسرے بیل اس کے بعد ہوں۔
الرِّكَاس : رسی جو اونٹ کی مہار میں باندھ کر
زانو میں باندھ دیں۔
الرَّكَاسَة والرِّكَاسَة : جو چیز زمین میں
گاڑی جائے۔ جیسے میخ' کیل وغیرہ۔
الرَّكِيْس : اوندھا کیا ہوا۔ کمزور۔
رَكَضَ : (ن) رَكْضًا : دوڑنا۔ پاؤں ہلانا
...... ه : دفع کرنا...... الْفَرَسَ بِرِجْلَيْهِ :
گھوڑے کو ایڑ لگانا...... الطَّائِرُ بِجَنَاحَيْهِ :
پرندہ کا جلدی سے پر پھڑپھڑانا...... مِنْهُ :
جلدی سے بھاگنا۔
...... النُّجُوْمُ : ستاروں کا چلنا...... الْقَوْسَ :
تیر اندازی کرنا...... الأَرْضَ والثَّوْبَ : پیر
سے ملنا۔
رُكِضَ. الْفَرَسُ : دوڑایا جانا۔ صفت
(مَرْكُوْض)
رَاكَضَهٗ مُرَاكَضَةً : گھوڑا۔ دوڑانے میں
مقابلہ کرنا۔
تَرَاكَضَ. الْقَوْمُ : باہم دوڑانا۔
إِرْتَكَضَ : ہلنا۔ مضطرب ہونا...... الْجَنِيْنُ :
پیٹ میں حرکت کرنا...... الرَّجُلُ فِيْ أَمْرِهٖ :
اپنے معاملہ میں تصرف کرنا...... خَيْلَهُمْ إِلَيْهِ
: دوڑانا...... الْقَوْمُ فِي الْمَيْدَانِ : دوڑنے
میں مقابلہ کرنا۔
الرَّكْضَة : حرکت۔ دھکا۔
الرَّكُوْض : تیر دوڑنے والا۔ قَوْسٌ
رَكُوْضٌ : جلدی تیر پھینکنے والی کمان۔
الْمِرْكَاض : بہت دوڑنے والا۔
الْمِرْكَض : آگ سلگانے کی چیز...... مِنَ
الْقَوْسِ : کمان کا گوشہ۔ ج مَرَاكِض.
مَرَاكِض الْحَوْض : حوض کے کنارے۔
الْمِرْكَضَة : کمان کا گوشہ۔ گھوڑا جو زمین پر
اپنی ٹانگوں کو مارے۔ قَوْسٌ (مُرْكَضَة) :
جلدی تیر پھینکنے والی کمان۔
رَكَعَ : (ف) رَكْعًا ورُكُوْعًا : سر جھکانا۔

پشت خم کرنا......اِلَی اللّٰہ : اللہ کے سامنے پست ہونا......الـرَجُـلُ : توانگری کے بعد محتاج ہونا۔ اوندھا ہونا و پھسلنا۔
رَکَّعَہٗ وارْکَعَہٗ : جھکوانا۔
الـرَاکِع : فا۔ سر جھکانے والا۔ ج رَاکِعُوْن ورُکَّعٌ ورُکُوْع.
الرُکْعَۃ والرَکْعَۃ : زمین کا گڑھا۔ الرَکْعَۃ. رَکع : کا اسم مرۃ۔
رَکَـلَـہ (ن) رَکْلاً ورَکْلَہ : لات مارنا۔ ایڑ لگانا۔ کہا جاتا ہے "رَکَـلَ الـفَرَسَ" اس نے گھوڑے کو دوڑانے کے لئے ایڑ لگائی۔
رَکَلَتِ الْخَیْلُ الاَرْضَ : زمین پر سم مارنا۔
رَاکَـلَ صَـاحِبَـہ : ایک دوسرے کو لات مارنا۔
تَرَاکَلَ. القَوْمُ : باہم لات مارنا۔
تَرَکَّلَ. الحَافِرُ بالمِسْحَاۃِ وعَلَیْھَا : پاؤں سے زمین میں دھنسانا۔ تَـرَکَّـلتِ الاَرْضُ : کھروں سے کھدنا۔
الرَکل : گندنا۔ و(الرَکَّالُ) : گندنا فروش۔
الرَکْلَۃ : رکل کا اسم مرۃ۔ ساگ کا گٹھا۔
الـمَرْکَل : راستہ۔ جانور کو ایڑ لگنے کی جگہ۔ ج مَـرَاکِـل : تم کہتے ہو۔ "فَـرَسٌ نَھْدُ المَرَاکِلِ" : بڑے پہلوؤں والا گھوڑا۔
المِرْکَلَ : سوار کا پیر۔ ج مَراکِل.
رَکَم : (ن) رَکْـمـا. الشَـیْ : تہ بتہ کرنا۔ ڈھیر لگانا۔ تَـرَاکَـمَ وارْتَکَمَ. الشَیْ : ڈھیر لگنا۔ کہا جاتا ہے "تَـراکَمَ لَحْمُ فُلاَنٍ" یعنی فلاں موٹا ہو گیا۔
الرَکَم : تہ بتہ بادل۔
الرُکْمَۃ : کیچڑ کا ڈھیر۔
الـرُکَام : تہ بتہ بادل یا ریت وغیرہ کا ڈھیر۔
قَطِیْعٌ. رُکَام : بڑا ریوڑ۔
اَلرَکِیْمَۃُ (اَلذَّرِیَّۃ) : ایٹمی مواد پیدا کرنے کا آلہ۔
اَلمِرْکَمُ : بجلی بھرنے کا آلہ۔
مُرْتَکِمُ. الطَرِیْق : شاہراہ۔
الـمَرْکُوْم : مفع۔ سَـحَابٌ مَرْکُوْمٌ : تہ بتہ بادل۔ نَاقَۃٌ مَرْکُوْمَۃٌ : موٹی اُونٹنی۔
رَکَنَ (ن) ورَکِنَ (س) رُکُوْنًا. اِلَیْہِ : مائل ہونا۔ آرام لینا۔ اعتماد و بھروسہ کرنا۔
رَکُنَ : (ک) رَکَـانَۃ ورُکُوْنَۃ : صاحب وقار و سنجیدہ و ثابت قدم بنانا۔
اَرْکَنَ. اِلَیْہِ : بھروسہ کرنا۔
تَرَکَّنَ : مضبوط و صاحب وقار ہونا۔
الـرُکْـن : باعث تقویت۔ عزت و قوت و غلبہ۔ بڑا معاملہ......مِنَ الشَیْ : جز۔ ہر چیز کا قوی کنارہ۔ کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ رُکْـنٌ مِنْ اَرْکَـانِ قَـوْمِـہٖ" فلاں اپنی قوم کے اشراف میں ایک شریف ہے۔ رُکْـنُ الرَجُل : آدمی کی قوم۔ ج اَرْکَـان واَرْکُنْ. الاَرْکَان : اجسام بسیط جن سے مادیات کی ترکیب ہوتی ہے اور قدماء کے نزدیک وہ چار ہیں۔ آگ' پانی' ہوا اور مٹی۔
الرُکْن : چوہا۔ جنگلی چوہا۔
اَرْکَـــانُ الْـحَـرْب : فوجی قیادت کے قائدین۔ وہ جگہ جہاں فوجی قائدین رہائش پذیر ہوں۔
الـرَکِـیْـن : ثابت قدم۔ سنجیدہ۔ باوقار۔
الـرَکِیْنُ مِنَ الـجِبَـالِ : بلند اطراف والا پہاڑ۔
الرُکَیْن : چوہا۔ جنگلی چوہا۔
الاُرْکُوْن : رئیس۔ بڑا کسان۔ ج اَرَاکِنَۃ: (کلمہ یونانیہ ہے)
الـمِـرْکَن : لگن۔ کپڑے وغیرہ دھونے کا ٹب۔ ج مَرَاکِن.
الـمُـرَکَّنُ : بڑا تھن۔ نَـاقَۃٌ مُـرَکَّنَۃٌ : بڑے تھنوں والی اُونٹنی۔
رَکَا : (ن) رَکْوًا. الاَرْضَ : کھودنا۔ الحَوْضَ : حوض کو بنا کر تیار کرنا......الاَمْرَ : درست کرنا......الشَیْ : باندھنا......الاَمْـرَ : مؤخر کرنا......الـحِمْلَ عَلَی البَعِیْر : بوجھ دو چند لادنا......بـالـمَکَان : اقامت کرنا......عَلٰی فُلاَن : برائی بیان کرنا۔
اَرْکٰی اِرْکَاءً. الاَرْضَ : کھودنا۔ الحَوْضَ : حوض کو تیار کرنا......الاَمْرَ : مؤخر کرنا......عَلَیْـہِ : برائی بیان کرنا......اِلَیْـہِ : پناہ لینا......لَھُمْ جُنْدًا : کسی کے لئے فوج تیار کرنا۔
رَاکٰی. عَـلَی الاَمْرِ : کسی معاملہ پر بھروسہ و اعتماد کرنا۔
تَـرَکّٰی وارْتَکٰی. عَلَیْہِ : کسی پر بھروسہ کرنا۔ اعتماد کرنا۔
الـرَکْوَۃ. بتثلیث الرّاء : چھوٹی ڈونگی۔ وہ برتن جو انگور وغیرہ نچوڑتے وقت جمع ہونے کے لئے نیچے رکھیں۔ الـــرِکْوَۃ : چھاگل ج رِکَاء ورَکَوَات.
الرَکِیَّۃ : پانی والا کنواں۔ ج رَکَایَا ورَکِیٌّ.
المُرْتَکِی والمُرَاکِی : ہمیشہ رہنے والا۔
المَرْکُوُّ : کنوئیں کا چوبچہ۔ بڑا حوض۔
الرَکِیّ : ضعیف دست۔
رَمَّ : (ن ض) رَمًّا ومَرَمَّۃً. البِنَاءَ اَوالاَمْرَ : درست کرنا۔ مرمت کرنا......السَھْمَ بِعَیْنِہٖ : تیر کو دیکھنا اور اسے ہموار کرنا......البَھِیْمَۃُ : چوپائے کا لکڑیوں کو منہ سے پکڑنا اور کھانا......الشَیْ : کھانا۔
رَمَّ : (ض ن) رِمَّۃً ورَمًّا ورَمِیْمًا. العَظْمُ : ہڈی کا بوسیدہ ہونا۔ صفت (رَمِیْم) ج اَرِمَّاء رَمَّ الحَبْلُ : رسی کا ٹوٹنا۔
اَرَمَّ. الـعَظْمُ : بوسیدہ ہونا۔ بے مغز ہونا۔ اَرَمَّ اِلَی اللَھْوِ : کھیل کی طرف مائل ہونا......القَوْمُ : خاموش ہونا۔
رَمَّـمَ. البِـنَـاءَ : عمارت کی مرمت کرنا۔ درست کرنا۔
تَـرَمَّمَ. الشَیْ : کسی چیز کی اصلاح و درستی کے درپے ہونا......اَلْـعَظْـمَ : ہڈی سے گوشت چھڑا لینا۔
اِرْتَـمَّتْ. البَھِیْمَۃُ : چوپائے کا ٹہنیوں کو منہ سے پکڑ کر کھانا۔ اِرْتَـمَّ مَا عَلَی الخُوَانِ : کھا کر دستر خوان کا سب کچھ صاف کر دینا۔
اِسْتَرَمَّ. البِنَاءُ : عمارت کا قابل مرمت ہونا......الرَجُلُ : کسی چیز کی درستی کے لئے بلانا۔

الرَّمُّ :مس اور کہا جاتا ہے "مَالِیَ فِیهِ حَمٌّ ولا رَمٌّ" مجھے اس سے چارہ نہیں یعنی یہ میرے لئے ضروری ہے۔و "مَالَهٗ حَمٌّ ولا رَمٌّ" : یعنی اس کے پاس کچھ نہیں

الرِمُّ :نمناک مٹی۔گودا۔کہا جاتا ہے "جَاءَ بالطِمِّ والرِمِّ" وہ بری و بحری چیزیں یا خشک وتر چیزیں یا مٹی و پانی یا بہت مال لے کر آیا۔

الرُمُّ :گم۔جماعت۔

الرَّمَاءُ مِنَ النِعَاجِ :سفید بھیڑ۔

الرُمَّةُ :پرانی رسی کا ٹکڑا۔ج رُمَمٌ اور کہا جاتا ہے "أَعْطَاهُ الشَّيْءَ بِرُمَّتِهِ" اس نے اس کو سب کچھ دے دیا۔

الـــرِمَّةُ :پرانی رسی کا ٹکڑا۔پردار چیونٹی۔بوسیدہ ہڈی۔ج رِمَمٌ و رِمَامٌ.

الرَّامَّةُ مِنَ الجَوَارِي :بہتر کار پرداز و ماہر لڑکی۔ج رُمَمٌ.

حَبْلٌ (رِمَامٌ و أَرْمَامٌ و رِمَمٌ) :پرانی و بوسیدہ رسی۔

الرَمِيمُ و الرُمَامُ :بوسیدہ۔

الرُمَامَةُ :بقدر ضرورت گزارہ۔کہا جاتا ہے "اِكْتَفَى بِالرُمَامَةِ" اس نے بقدر ضرورت گزارہ پر کفایت کی۔

المَرِمَّةُ والمَرَمَّةُ :کھر دار جانور کا ہونٹ۔

المُرِمَّاتُ :مصیبتیں۔

رَمَأَ :(ف) رَمْأً و رُمُوءً ا. بـالـمَكَانِ: اقامت کرنا۔......الـخَـبَـرَ :گمان کرنا اور اندازہ کرنا(......وأَرْمَأَ) عَلَى المِائَةِ :زائد ہونا۔أَرْمَأَ إِلَيْهِ :قریب ہونا۔

مُرَمَّآتُ الأَخْبَارِ :جھوٹی خبریں۔

رَمَثَهُ :(ن) رَمْثًا :درست کرنا۔ہاتھ سے پونچھنا۔چرانا۔الـشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ملانا۔مخلوط کرنا۔

رَمِثَ :(س) رَمَثًا. اَلْبَعِيرُ :رمث درخت کے پتوں کے کھانے سے بیمار ہونا۔أَمْرُهُمْ: گڈمڈ ہونا۔مخلوط ہونا۔

رَمِثَ :(س) عَـلَـى الـمِائَـةِ :زائد ہونا۔(......وأَرْمَثَ) الحَالِبُ فِي الضَّرْعِ :تھن میں کچھ دودھ چھوڑ دینا۔

أَرْمَثَ و اسْتَرْمَثَ. فِي مَالِهِ :باقی رکھنا۔

أَرْمَثَ الشَّيْءَ :نرم کرنا۔

الرِمْثُ :غضا کے مشابہ ایک درخت کا نام۔ایک قسم کی شور و تلخ گھاس جس کو اونٹ چرتے ہیں۔پرانے کپڑوں والا مرد۔کمزور پیٹھ والا۔

الـرَمَـثُ :تھن کا بقیہ دودھ۔دریا کے عبور کرنے کے لئے لکڑیوں کا تختہ۔زیادتی۔فضیلت۔کہا جاتا ہے "لِـفُلاَنٍ عَـلَـى فُلاَنٍ رَمَثٌ" فلاں کو فلاں پر فضیلت ہے۔پرانی رسی۔ج أَرْمَـاثٌ و رِمَـاثٌ اور کہا جاتا ہے "حَبْلٌ أَرْمَاثٌ" پرانی رسی۔

الرُمْثَةُ :دھونے کے بعد تھن کا بقیہ دودھ۔

الـرَمْثَاءُ والمَـرْمَثَةُ :رمث گھاس اگانے والی زمین۔

الرَمَّالَةُ :مادہ نیل گائے۔

رَمَجَ :(ن) رَمْجًا. الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔

رَمَّجَ. الكَاتِبُ :لکھنے کے بعد خراب کرنا۔

رَامِــجٌ :فا۔پرندہ جس کو جال میں باندھ دیتے ہیں تا کہ اس کے ذریعہ سے شکاری پرندوں کا شکار کریں یا الو کہ اس کے پر باندھ دیتے ہیں تا کہ اس کے ذریعہ سے باز کا شکار کریں۔

الرُمَّاجُ :نیزے کی گرہیں اور پورے۔

رَمَحَ :(ف) رَمْحًا :نیزہ مارنا۔رَمَحَتْهُ الدَابَّةُ: جانور کا لات مارنا۔رَمَحَ البَرْقُ: بجلی کا آہستہ آہستہ چمکنا۔

رَامَحُوا :باہم نیزہ بازی کرنا۔

تَرَامَحَ. القَوْمُ :ایک دوسرے کو نیزہ مارنا۔

الرُمْحُ :نیزہ۔ج رِمَاحٌ و أَرْمَاحٌ کہا جاتا ہے "كَسَرُوا بَيْنَهُمْ رُمْحًا" یعنی ان کے درمیان شر وفساد واقع ہو گیا۔و "رُمِينَا بِيَوْمٍ كَظِلِّ الرُمْحِ" یعنی ہم ایسے دن میں پھنس گئے جو لمبا تھا اور تنگ تھا۔و "هُمْ عَلَى بَنِي فُلاَنٍ كَرُمْحٍ وَاحِدٍ" وہ لوگ بنی فلاں کے خلاف مانند جماعت واحدہ کے ہیں۔و "أَخَذَتِ الإِبِلُ رِمَاحَهَا" یعنی اونٹنیاں موٹی ہو گئیں یا دودھ دینے لگیں اور ان وجوہ سے انہوں نے اپنے آپ کو ذبح ہونے سے بچالیا۔الرُمْحُ: فقر وفاقہ۔

الـرَامِحُ :نیزہ والا (اس معنی میں فاعل ذِی كَذَا: ہے اور اس کے لئے فعل نہیں)

ثَورٌ رَامِحٌ :سینگوں والا بیل۔السِّمَاكُ الرَامِحُ :ایک ستارہ کا نام۔

الـرَمَّـاحُ :نیزہ ساز۔نیزہ لینے والا۔ج رَمَّاحَةٌ و الـرَمَّاحَةُ مِنَ القِسِيِّ :زور سے نیزہ پھینکنے والی کمان۔

الرِمَاحَةُ :نیزہ سازی۔

دَابَّةٌ (رَمَّـاحَةٌ و رَمُوحٌ) :بہت کاٹنے والا جانور۔

أَرْمَخَ. الرَجُلُ :نرم و تابع ہونا۔

أَرْمَخَتِ الدَّابَّةُ :چوپائے کے دانت نکلنا۔موٹا ہونا۔

الرِمْخُ :بہت سے درخت جو آپس میں گتھے ہوئے ہوں۔

رَمَدَ :(ض) رَمْدًا و رَمَـادَةً :سردی سے ہلاک ہونا۔(ن ض) (رَمْدًا) القَوْمَ: قوم پر پہنچ کر ہلاک کر دینا۔

رَمِدَتْ :(س) رَمَدًا. العَيْنُ: آنکھ دکھنا......الـرَجُلُ :آشوب چشم والا ہونا۔رَمِدَ عَيْشُ القَوْمِ: ہلاک ہونا۔

رَمَّدَ. الشَّيْءَ :راکھ میں ڈالنا۔رَمَّدَتِ النَاقَةُ: تھن والی ہونا۔

أَرْمَدَ :محتاج ہونا......القَوْمُ: قحط و خشک سالی میں پڑنا۔قوم کے مویشیوں کا ہلاک ہونا۔

......العَيْنَ :مبتلائے آشوب چشم والا کرنا۔

أَرْمَدَهُ :راکھ جیسا کر دینا۔ہلاک کر دینا۔

اِرْمَدَّ. الشَّيْءُ :خاکستری رنگ کا ہونا۔

......العَيْنُ :آنکھ کا دکھنا......فُلاَنٌ :شتر مرغ کی طرح دوڑنا۔

الرَمَدُ :آشوب چشم۔آنکھ کا دکھنا۔ہر وہ چیز جو آنکھ کے لئے تکلیف دہ ہو۔

الرَمِد : آشوبِ چشم والا......مِنَ المِيَاهِ : متغیر پانی......مِنَ الثِيَابِ : میلا کچیلا کپڑا۔ مؤنث رَمِدَةٌ۔

الاَرْمَد : آشوبِ چشم والا۔ خاکستری رنگ کا۔ ثَوْبٌ اَرْمَد : میلا کچیلا کپڑا۔ مؤنث رَمْدَاء۔ الرَمْدَاء : شترمرغ۔ ج رُمْدٌ۔

الرَمَاد : راکھ۔ ج اَرْمِدَة اور عرب کا قول "هُوَ يَنْفُخُ فِيْ رَمَادٍ" : مثال ہے اور اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو بے فائدہ کام کرے۔

الرَمَادَة : ہلاکت۔

الرِمْدَة : تھوڑی سی چیز۔

الرُمْدَة : خاکستری رنگ۔

الرَمَادِيّ : خاکستری رنگ کا۔

الرِمْدِدَاء والاِرْمِدَاء : خاکستر۔ راکھ۔

المُرْمَدُ والمُرْمَدُّ : آشوبِ چشم والا۔

المُرَمَّد : گرم راکھ میں بھونا ہوا۔

رَمَزَ (ن ض) رَمْزًا۔ اِلَيْهِ : اشارہ کرنا۔ ......ہ بِكَذَا : برانگیختہ کرنا......القِرْبَةَ : مشک بھرنا۔

رَمَزَ : (ن) رَمَزَانًا۔ الظَبْيُ : ہرن کا چھلانگ مارنا......غَنَمَهُ : ایک چرواہے سے ناراض ہو کر بکریوں کو دوسرے کے سپرد کرنا۔

رَمُزَ : (ک) رَمَازَةً : بہت حرکت کرنا۔ عقل مند ہونا۔ بزرگ وشریف ہونا۔

تَرَمَّزَ واِرْتَمَزَ : تیار ہونا......مِنَ الضَرْبَةِ : مار سے تلملا اٹھنا......القَوْمُ : اٹھنے کے لئے یا خصومت کے لئے اپنی جگہ ہی پر کلبلانا۔

اِرْمَازَّ اِرْمِئْزَازًا۔ الرَجُلُ : جگہ سے ہٹنا جگہ سے چمٹے رہنا (ضد) منقبض ہونا۔ متحرک ہونا۔

تَرَامَزَ۔ القَوْمُ : ہر ایک کا دوسرے کی جانب اشارہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "دَخَلْتُ عَلَيْهِم فَتَغَامَزُوْا وتَرَامَزُوْا" میں ان کے پاس گیا تو وہ آپس میں ایک دوسرے کو اشارے کرنے لگے۔

الرَمْزُ والرُمُزُ والرَمَزُ : اشارہ۔ ج رُمُوْز۔

الرِمِّيْز : بکرم ومعظم۔ اصیل۔ عقل مند۔ بہت حرکت کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رِمِّيْزُ الفُؤَادِ" : تنگ دل مرد۔

الرَمَّازَة : دبر۔ زانیہ۔ رنڈی۔ بڑا الشکر۔

الرَوَامِز۔ مِنَ الاِبِلِ : پوری قوت والا اونٹ ......اِبِلٌ (مَرَامِيْزُ) : بہت حرکت کرنے والا اونٹ۔

اَلرَّمْزِيَّةُ : شعری مسلک جو کہ اشاروں کے ساتھ چیزوں اور ان کے ہم جنس کے درمیان تشبیہ دیتے ہیں۔

الرَامُوْز : سمندر۔ اصل۔ نمونہ۔ ج رَوَامِيْز۔

الرُمَيْز : چھڑی۔

رَمَسَهُ : (ض ن) رَمْسًا : ڈھانپنا۔ دفن کرنا ......الخَبَرَ : چھپانا۔ القَبْرَ : قبر پر مٹی ہموار کرنا۔ ......ہ بالحَجَرِ : کسی پر پتھر پھینکنا۔ صفت مفعولی (رَمِيْس ومَرْمُوْس)

اَرْمَسَ۔ المَيِّتَ : دفن کرنا۔

اِرْتَمَسَ۔ فِيْ المَاءِ : پانی میں ڈوبنا۔

الرَمْس : مص قبر جو سطح زمین سے بلند نہ ہو۔ قبر کی مٹی۔ پست آواز۔ ج رُمُوْس واَرْمَاس۔

الرَوَامِس : رات میں اڑنے والے پرندے۔ ہر جانور جو رات کو نکلے۔ واحد (رَامِس)

(......والرَامِسَات) : نشانات کو مٹا دینے والی ہوائیں۔

الرَامُوْس : قبر۔ ج رَوَامِيْس۔

المَرْمَس : قبر کی جگہ۔

رَمَشَ : (ن ض) رَمْشًا۔ الشَيْءَ : انگلیوں سے پکڑنا۔ رَمَشَتِ الغَنَمُ : بکریوں کا تھوڑا چرنا......ہ بالحَجَرِ : کسی کو پتھر مارنا......ہ بِيَدِہ : ہاتھ سے چھونا۔

اَرْمَشَ۔ الشَجَرُ : درخت پر پتے آنا۔ پھلدار ہونا......الرَجُلُ : کمزوری وسستی سے کسی چیز کی طرف بہت دیکھنا......فِيْ الدَمْعِ تھوڑے آنسو بہانا۔

الرَمَش : پلکوں کی سرخی سیلان آب کے ساتھ۔ پلک کے بالوں کا آپس میں چمٹ جانا۔

الرُمْش : نوجوانوں کے ناخن کی سفیدی۔

الرَمْش : مص۔ پھولوں کا دستہ۔ رَمْشُ العَيْنِ : پلک۔

الاَرْمَش : خوبصورت بناوٹ والا۔ مؤنث رَمْشَاء۔ ج رُمْش (......والمُرَمَّش) : چندھی آنکھوں والا۔ الاَرْمَش : مختلف رنگوں والا۔

اَرْض (رَمْشَاء) : بہت گھاس والی زمین۔ خشک بے گھاس کی زمین (ضد)

المِرْمَاش : دیکھتے وقت آنکھوں کو بہت پھرانے والا۔ ج مَرَامِيْش۔

رَمَصَ (ن) رَمْصًا۔ اللّٰهُ مُصِيْبَتَهُ : مصیبت کو دفع کرنا۔ دور کرنا......بَيْنَهُم : صلح کرانا ......الشَيْءَ : ٹٹولنا......اِلَيْهِ : کسی طرف پست نگاہ سے دیکھنا......الدَجَاجَةُ : بیٹ کرنا۔ صفت (رَمُوْص)......السِبَاعُ : بچہ جننا۔ کہا جاتا ہے "قَبَّحَ اللّٰهُ اُمًّا رَمَصَتْ بِهِ" : برا کرے اللہ اس ماں کے لئے جس نے اس کو جنا ہے۔

رَمِصَتْ : (س) رَمَصًا۔ عَيْنُهُ : کیچڑ بہنا۔ صفت مذکر (اَرْمَص) : صفت مؤنث (رَمْصَاء) : ج رُمْص۔ رَمِصَ الرَجُلُ : کیچڑ بہتی ہوئی آنکھوں والا ہونا۔

الرَمَص : مص۔ آنکھ کا کیچڑ۔

رَمِضَ (س) رَمَضًا۔ النَهَارُ : دن کا سخت گرم ہونا......الشَمْسُ : ریت وغیرہ پر سخت دھوپ پڑنا......الرَجُلُ : گرم زمین سے پاؤں جلنا۔ ......الطَائِرُ : پیاس کی تیزی سے پرندہ کے جوف کا گرم ہونا......عَيْنُهُ : گرم ہو کر جل اٹھنا ......لِلاَمْرِ : غصہ سے جل اٹھنا۔

رَمَضَ : (ن ض) رَمْضًا۔ النَصْلَ : باریک ہونے کے لئے دو ہموار پتھروں کے درمیان

رکھ کر کوٹنا...... ورَمَضَ وارْمَضَ) الغَنَمَ: گرم زمین میں چرانا۔ ورَمَّضَ الصَّومَ: روزہ کی نیت کرنا۔ رَمَّضَ الرَّجُلَ: کچھ انتظار کر کے چلا جانا۔ وارْمَضَ الشَّیْءَ: جلانا۔ اَرْمَضَ الرَّجُلَ: تکلیف پہنچانا۔ دکھ دینا۔ اَرْمَضَ الحَرُّ القَومَ: گرمی تیز ہونے سے تکلیف پہنچنا...... الامْرُ فُلانًا: غصہ سے جلانا۔

تَرَمَّضَ. الصَّیدَ: سخت گرم جگہ میں شکار کرنا۔ تَرَمَّضَتْ نَفْسُهُ: جی متلانا۔

اِرْتَمَضَ. مِنَ الحُزْنِ: غم سے جل اٹھنا...... لِفُلانٍ: کسی کے لئے غمگین ہونا...... کَبِدُهُ: خراب ہونا...... الفَرَسُ بِهِ: کودنا۔

الرَّمَضُ: مص۔ گرمی کی جلن۔ خریف سے پہلے کی بارش جو گرم زمین پر ہو۔

الرَّمَضِیُّ. مِنَ السَّحَابِ والمَطَرِ: گرمی کے آخر اور خریف کی ابتداء کی بارش یا بادل۔

رَمَضَانُ: قمری مہینوں کا نواں مہینہ۔ ج رَمَضَانَاتٌ ورَمَاضِینُ واَرْمِضَاءُ واَرْمِضَةٌ۔

الرَّمْضَاءُ: گرمی کی تیزی۔ دھوپ کی تیزی کی وجہ سے گرم زمین۔

الرَّمَاضَةُ: ہر چیز کی تیزی۔

الرَّمِیضُ والرَّمِیضَةُ. مِنَ النِّصَالِ: تیز بھالا۔

رَمَطَهُ: (ض) رَمْطًا: عیب لگانا۔ طعن وتشنیع کرنا۔

رَمَعَ: (ف) رَمَعَانًا. اَنْفُهُ: غصہ یا بڑھاپے کی وجہ سے کانپنا۔ صفت (رَمِعٌ)...... عَیْنُهُ بالدُّمُوعِ: آنسو بہانا...... بِیَدِهِ: ہاتھ سے اشارہ کرنا...... رَاسَهُ: سر ہلانا۔ رَمَعَتِ المَرْأَةُ بالصَّبِیِّ: عورت کا بچہ جننا(...... رَمْعًا ورَمَعَانًا) الرَّجُلُ: تیز چلنا۔

رَمِعَ وارْمَعَ. السَّاقِی: شراب پلانے والے کی پیٹھ یا پیٹ میں درد ہونا۔

رُمِعَتْ. المَرْأَةُ بالصَّبِیِّ: عورت کا بچہ جننا۔

تَرَمَّعَ: غصہ سے کانپنا۔

الرَّامِعُ: قا۔ سر کو جھکا کر اٹھانے والا۔

الرُّمْعَةُ: ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے "رُمْعَةٌ مِنْ نَبْتٍ" : گھاس کا ایک قطعہ۔

الرَّمَّاعَةُ: دبر۔ بچہ کا تالو جو حرکت کرتا رہتا ہے۔

الیَرْمَعُ: پھرکی۔ سفید چمکتی ہوئی کنکریاں جو توڑنے سے ٹوٹ جائیں۔ ج یَرَامِعُ کہا جاتا ہے "تَرَکْتُهُ یَفُتُّ الیَرْمَعَ" میں نے اس کو کنکریاں توڑتے ہوئے چھوڑا۔ یعنی وہ مغموم وشکستہ دل تھا۔

المُرْمُعَةُ: بیابان۔ کہا جاتا ہے "اَتَی بِمُرْمُعَاتِ الاَخْبَارِ" وہ جھوٹی خبریں لایا۔

الرُّمَاعُ: ساقی کی پیٹھ کا درد جس کی وجہ سے وہ پلا نہ سکے یا پیٹ کا درد جس سے چہرہ زرد پڑ جائے۔

رَمَغَ: (ف) رَمْغًا. الشَّیْءَ: چمڑے وغیرہ کو ہاتھوں سے ملنا۔

رَمَّغَ. رَاسَهُ: سر پر تیل لگانا...... الکَلامَ: گفتگو میں نمک مرچ لگانا...... الطَّعَامَ: سالن سے تر کرنا۔

رَمَقَهُ: (ن) رَمْقًا: جھلکتی ہوئی نگاہ ڈالنا۔ دیر تک دیکھنا۔

رَمَّقَ: دیر تک دیکھنا...... الکَلامَ: گھڑنا۔ باطل سے آراستہ کرنا...... العَمَلَ: اچھی طرح نہ کرنا...... وبالشَّیْءِ: کسی کی آخری سانس کو کسی چیز کے ذریعہ بچالینا۔

رَامَقَ مُرَامَقَةً. العَمَلَ: اچھی طرح نہ کرنا...... الرَّجُلَ: شر سے بچنے کے لئے سلوک کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ النَّخْلَةُ تُرَامِقُ بِعِرْقٍ": یعنی یہ درخت خرما نہ بڑھتا ہے نہ ہی مرجھاتا ہے۔

تَرَمَّقَ. المَاءَ واللَّبَنَ: تھوڑا تھوڑا پینا۔

اِرْمَقَّ وارْمَاقَّ. الشَّیْءُ: کمزور ہونا۔ پتلا ہونا۔

اِرْمَاقَ الرَّجُلُ: دبلے پن سے ہلاک ہونا۔

اِرْمَقَّ الطَّرِیقُ: راستہ کا دراز ہونا۔

عَیْشٌ (رَمِقٌ ورِمَاقٌ): تنگ زندگی۔

الرِّمَاقُ: نفاق ودشمنی کی وجہ سے ترچھی نظر سے دیکھنا۔

الرَّمَقُ: بقیہ زندگی۔ مِنَ العَیْشِ: تھوڑا گزراہ جو زندگی کے آخری سانس کو باقی رکھے۔ ج اَرْمَاقٌ. الرَّمَقُ: بکریوں کا گلہ (رمہ فارسی کا معرب)

الرُّمْقَةُ والرِّمَاقُ والرُّمَاقُ. مِنَ العَیْشِ: تھوڑا گزارہ جو زندگی کو باقی رکھے۔ قوت لایموت۔

الرَّامِقُ والرَّمُوقُ: فقیر۔ حاسد۔ ج رُمُقٌ.

رَجُلٌ (رُمُقٌ): کمزور مرد۔

المُرْمَقُّ والمُرْمَقُ. العَیْشِ: تنگ گزارہ والا۔

المُرَامِقُ: بدخلق۔ تھوڑی محبت والا۔

الیَرْمُوقُ: کمزور نظر والا۔

حبلٌ (اَرْمَاقٌ): کمزور رسی۔

رَمَکَ: (ن) رُمُوکًا. بالمَکَانِ: اقامت کرنا...... الابِلُ عَلَی المَاءِ: اونٹوں کا پانی پر قیام کرنا۔ ٹھہرنا۔

اَرْمَکَهُ. بالمَکَانِ: ٹھہرانا۔ قیام کرنا۔

اِرْمَکَّ اِرْمِکَاکًا: دبلا پتلا ہونا۔ البَعِیرُ: اونٹ کا خاکستری رنگ کا ہونا۔ صفت مذکر (اَرْمَکُ): وصفت مؤنث رَمْکَاءُ ج رُمْکٌ.

اِسْتَرْمَکَ. القَومُ: حسب میں عیب دار ہونا۔

الرَّامِکُ والرَّامَکُ: ایک قسم کی خوشبو۔

الرَّمَکَةُ: گھوڑی یا ترکی گھوڑی جو نسل بڑھانے کے لئے رکھی جائے۔ ج رَمَکٌ ورِمَاکٌ ورَمَکَاتٌ واَرْمَاکٌ رَجُلٌ رَمَکَةٌ: کمزور مرد۔

الرُّمْکَةُ: اونٹوں میں خاکستری رنگ۔

رَمَلَ: (ن) رَمْلًا. الطَّعَامَ: کھانے میں ریت ملانا...... النَّسِیجَ: باریک بننا......

السَّرِیرَ: جواہر وغیرہ سے آراستہ کرنا۔

الثَّوبَ بالدَّمِ: کپڑے کو خون سے تھیڑنا۔

آلودہ کرنا۔(......رَمَلاً ورَمَلاناً ومَرْمَلاً): کندھوں کو ہلاتے ہوئے دوڑنا۔

رَمَّلتْ. المَرْأَةُ مِنْ زَوْجِهَا :عورت کا بیوہ ہونا......النَسِيْجَ: باریک بُننا......الكَلَامَ : کلام کو گھٹیا قرار دینا......الخطُّ: خشک ہونے کے لئے ریت ڈالنا......الثَّوْبَ بِـالدَّمِ: کپڑے کا خون سے لتھڑنا۔

أَرْمَـلَ. الـقَوْمُ: توشہ ختم ہونا۔محتاج ہونا۔ زَادَهُمْ: توشہ ختم کرنا......الـمَرْأَةُ: بیوہ ہونا۔ الحبلَ: رسی دراز کرنا......السَهْمُ بِالدَّمِ: تیر کا خون سے آلودہ ہونا......النَسِيْجَ: باریک بُننا۔

تَرَمَّلَتْ. المَرْأَةُ: عورت کا بیوہ ہونا۔

تَـرَمَّلَ وارْتَـمَلَ بِـالدَّمِ: خون سے آلودہ ہونا۔

الرَمْل: ریت۔رَمْلَةٌ: اس سے خاص ہے ج رِمَال وأَرْمُل عِلْمُ الرَمْل: ایک علم ہے جس میں ریت پر لکیریں کھینچ کر آئندہ کے احوال کو معلوم کرتے ہیں۔أُمُّ رِمَال بجو۔

الـرَمَل: تھوڑی بارش۔زیادتی۔گائے کی ٹانگوں میں بدن کے رنگ کے مخالف دھاریاں۔علم عروض میں ایک بحر کا نام۔فن موسیقی کا ایک راگ۔

الرَمْلَة: زمین کا ٹکڑا جس پر ریت ہو۔

الرُمْلَة: کالی دھاری ج رُمَل وأَرْمَال.

الأَرْمَـل: مسکین۔مرد جس کی بیوی نہ ہو۔مرد جس کی بیوی مر گئی ہو۔رنڈوا۔ج أَرَامِـل وأَرَمِلَة: مؤنث أَرْمَلَة. عَامٌ أَرْمَل: کم بارش والا سال۔

الأَرْمَلَة: ضعیف محتاج لوگ۔

سَـنَةٌ (رَمْلَاءُ): کم بارش والا سال۔نَعْجَةٌ رَمْلَاءُ: بھیڑ جس کی ٹانگیں سیاہ اور بقیہ جسم سفید ہو۔

الرَمَّال: ریت بیچنے والا۔

المِرْمَل: چھوٹی بیڑی۔

المُزَمِّل والمُزَمَّل: شیر۔

الرُمَّان: انار۔انار کا درخت۔واحد(رُمَّانَةٌ)

الرُمَّانَة: ناف اور اس کا اردگرد۔

المَرْمَنَة: انار اُگنے کی جگہ۔

رَمِهَ:(س) رَمَهًا. الیَوْمُ: دن کا سخت گرم ہونا۔

رَمَـي :(ض) رَمْيًـا ورِمَـايَةً. الشَـيْءَ وبِالشَيْءِ: پھینکنا۔کہا جاتا ہے"رَمَى السَهْمَ عَنْ أَوْعَلَـى القَوْسِ: تیر کو کمان سے پھینکنا ......الـمَكَانَ: کسی جگہ کا قصد کرنا......اللهُ لَهُ: مدد کرنا۔رماہ بـاکذا: عیب لگانا۔تہمت لگانا اور کہا جاتا ہے"رَمَـى بِـحَبْلِهِ عَلَى غَارِبِهِ" اس نے اس کی رسی اس کے کاندھے پر رکھ دی یعنی اسے آزاد چھوڑ دیا۔"رَمَـى عَـلَى الخَمْسِيْنَ :زائد ہونا......الـمَالُ : بہت ہونا۔رَمَى بِهِ عَلى البَلَدِ : حاکم و والی بنانا۔

أَرْمَى إِرْمَاءً. الشَيْءَ مِنْ يَدِهِ: پھینکنا۔ ......ہ عَنْ فَـرَسِـهِ: گھوڑے سے گرا دینا۔ أَرْمَى عَلَى الخَمْسِيْنَ :زائد ہونا۔أَرْمَتْ بِهِ البِلَادُ: وطن سے دور کر دینا۔

رَامَـاہ مُـرَامَـاہ ورِمَاءً وتَـرْمَاءً :ایک دوسرے کو دفع کرنا۔ایک دوسرے پر تیر پھینکنا۔رَامَى عَنْ قَوْمِهِ: تیر اندازی کرنا۔

تَـرَامَـى تَـرَامِيًا. القَوْمُ: بعض کا بعض پر تیر اندازی کرنا اور پتھراؤ کرنا......الأَمْرُ: تاخیر ہونا۔ ......الـسَحَابُ: بعض کا بعض سے مل جانا۔ تَـرَامَـتْ بِـهِ البِلَادُ: وطن سے دور کر دینا۔ تَـرَامَـى الـشَـيْءُ: لگاتار ہونا۔کہا جاتا ہے "مَـازَالَ الـشَـرُّ يَتَرَامَى بَيْنَهُمْ" شر ان کے درمیان لگاتار ہوتا رہا۔"وتَـرَامَى أَمْرُهُ إِلَى الظَفْرِ او الخُذْلَانَ" :اس کا معاملہ کامیابی یا ناکامی کی طرف پہنچ گیا۔

إِرْتَـمَـى إِرْتِـمَـاءً: پھینکا جانا۔کہا جاتا ہے "رَمَـاہ فَارْتَمَى" اس نے اسے پھینکا وہ پھینکا گیا......الصَيْدَ: شکار پر تیر مارنا۔اِرْتَمَتْ بِهِ البِلَادُ: وطن سے دور کر دینا۔اِرْتَمَيَا: ایک کا دوسرے پر تیر پھینکنا۔

تَرَمَّى: تیر پھینکنا اور شکار کرنا۔

الرِمْي: پتھر پھینکنے کی آواز۔

الرَمَاء :زیادتی۔ربوا۔سود۔

الرَمْيَة :زیادتی"لِيْ هذا رَمْيَةٌ عَماَّ قِيْلَ لِـي" جو کچھ مجھ سے کہا گیا ہے اس سے اس میں زیادتی ہے۔و"هُوَ صَاحِبُ رَمْيَةٍ" وہ باتوں میں زیادتی کرنے والا ہے۔رَمْـی کا اسم مرۃ اور عرب کا قول"رَمْيَةٌ مِـنْ غَيْـرِ رَامٍ" مثال ہے، اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو غلط کار ہو اور اتفاقاً کوئی صحیح کام کرے۔

الرَامِي :فا۔ج رُمَاة ورَامُوْن :ایک ستارہ کا نام۔

الرَّامِي او قَـبـ سِهَام: بھنگ۔

الـرَمِيُّ :سخت بارش برسانے والا۔بادل۔ ج أَرْمَاء وأَرْمِيَة ورَمَايَا.

الـــرَمِيَّة: شکار جس پر تیر پھینکا جائے۔ج رَمَايَا.

المِرْمَى: تیر پھینکنے کا آلہ۔ج مَرَامٍ.

المِرْمَاة : چھوٹا کمزور تیر۔کھر۔

الـمَـرْمَـى :مصدر میمی۔تیر پھینکنے کی جگہ۔کہا جاتا ہے"هَـذا الكَلَامُ بَعِيْدُ المَرَامِيْ" :یہ کلام دور رس ہے۔"وَمَـا أَبْـعَـدَ مَرْمَى هِمَّتِهِ" اس کی ہمت کا میدان کتنا وسیع ہے۔"ولَـهُ هِمَّةٌ قَصِيَّةُ المَرْمَى" اس کی ہمت دور تک پہنچنے والی ہے۔

رَنَّ :(ض) رَنِيْـنًـا وأَرَنَّ: رونے میں آواز بلند کرنا۔فریاد کرنا۔رَنَّ وأَرَنَّ إِلَيْـهِ: کان لگانا۔رَنَّتْ وأَرَنَّتْ القَوْسُ :آواز کرنا(رَنَّ وأَرَنَّ واسْتَرَنَّ) لِكَذَا: کھیل کود کرنا۔

رَنَّنَ. القَوْسَ :آواز نکالنا(......تَـرْنِيْـنًـا وتَرْنِيْنَةً): چیخنا۔

الرَنَّة :آواز مطلقاً یا کمان وغیرہ کی آواز کے لئے خاص ہے۔

الرَنِيْن :آواز مطلقاً یا غمگین آواز۔

الـرَنَـنَ :تھوڑا پانی۔ایک جانور جو گرمی کے زمانہ میں ٹراتا ہے۔

قَوسٌ (مِرنَةٌ و مِرنَانٌ) : بہت آواز کرنے والی کمان۔
الرُّنَّی : تمام مخلوق۔ ماہ جمادی الاخری کا نام اس معنی میں اس پر الف لام نہیں آتا۔
رَنَأَ : (ف) رَنْأً : آواز کرنا۔ ...... اِلَیہِ : دیکھنا ...... فِی مِشیَتِہ : گرانبار چلنا۔
الاَرنَبُ : خرگوش۔ (یہ بزدلی کے لئے ضرب المثل ہے) ایک قسم کا زیور۔ ج اَرَانِب (...... والیَرنَب) : چھوٹی دم کا ایک قسم کا جنگلی چوہا۔
الاَرنَبَۃ۔ اَرنَب : کا واحد۔ ناک کا بانسہ۔ "جَدَعَ فُلانٌ اَرنَبَۃَ فُلانٍ" فلاں نے فلاں کی ناک کاٹ لی یعنی اہانت کی۔ ج اَرَانِب۔
نَسِیجٌ (مُؤرنَبٌ و مُرَنَّبٌ) : خرگوش کے بال ملا کر بنا ہوا۔
اَرضٌ (مُرنِبَۃٌ و مُؤرنِبَۃٌ و مُؤرَنَّبَۃٌ) : بہت خرگوش والی زمین۔
رَنَّحَہٗ تَرنِیحًا : کمزور کرنا۔ الرِّیحُ الغُصنَ : جھکانا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبتُہٗ حَتّٰی رَنَّحتُہٗ" : میں نے اس کو مارا یہاں تک کہ اس پر بے ہوشی طاری ہوگئی۔
رُنِّحَ۔ عَلَیہِ : غشی طاری ہونا۔ فرار یا خوف یا غم کی وجہ سے سست و کمزور ہو کر جھک پڑنا۔ صفت (مُرَنَّح)
تَرَنَّحَ و ارتَنَحَ : نشہ وغیرہ کی وجہ سے جھکنا ...... عَلَیہِ : فخر و برتری ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَرَنَّحَ بِالکَلامِ عَلَیَّ جَهلًا" اس نے جہالت کی وجہ سے میرے اوپر فخر کا اظہار کیا۔
الرُّنَّح : چکر۔ دوران سر۔
المِرنَحَۃ : جہاز کا اگلا حصہ۔
رَنَخَ : (ن) رَنخًا : سست ہونا۔
رَنَّخَہٗ : خوار و ذلیل ہونا۔
تَرَنَّخَ : خوار و ذلیل ہونا ...... بِہٖ : کسی چیز سے لٹک جانا۔
الرَّنَد : ایک قسم کی خوشبودار جنگلی گھاس جو آس کے مشابہ ہوتی ہے۔ کھجور کی پتیوں سے بنی ہوئی چھوٹی گون۔
الرُّنز : چاول۔
رَنَعَ : (ف) رُنُوعًا : دبلا و لاغر ہونا۔ لَونُہٗ : رنگ کا متغیر ہونا ...... الدَّابَّۃُ : جانور کا سر ہلا کر مکھی اڑانا ...... الرَّجُلُ : کھیلنا۔
رَنَّعَ۔ رَاسَہٗ : حرکت دینا۔
المَرتَعَۃ : کھیل کود کی آواز۔ وسعت باغ۔ ارزانی و فراخ سالی۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ فِی المَرتَعَۃِ لِکُلِّ قَومٍ مَقنَعَۃً" ارزانی اور فراخی سال میں ہر قوم کے لئے آسودگی ہے۔
اَرنَفَ۔ الرَّجُلُ : تیز چلنا ...... البَعِیرُ : اونٹ کا سر ہلاتے ہوئے چلنا ...... النَّاقَۃُ بِاُذُنَیہَا : اونٹنی کا تھکن کی وجہ سے کان ڈھیلا کرنا۔
الرَّانِفُ۔ مِن کُلِّ شَیءٍ : ہر ایک چیز کا کنارہ۔
الرَّانِفَۃ : ناک کا کنارہ۔ کان کی نرم ہڈی کا کنارہ۔ چوتڑ کا وہ حصہ جو بیٹھنے میں زمین سے لگے ...... مِنَ الکُمِّ : آستین کا کنارہ۔ ج رَوَانِف اور کہا جاتا ہے "عَلَوا رَوَانِفَ الاَکَامِ" وہ ٹیلوں کی چوٹیوں پر چڑھ گئے۔
رَنَقَ : (ن) رَنقًا و رُنُوقًا و رَنِقَ : (س) رَنَقًا۔ المَاءُ : پانی کا گدلا ہونا۔ صفت (رَنق و رَنِق و رَنَق)
رَنَّقَ۔ المَاءَ : پانی کا گدلا کرنا۔ پانی صاف کرنا ...... القَومُ بِالمَکَانِ : اقامت کرنا۔ ٹھہرنا ...... الطَّائِرُ : پرندہ کا بغیر اڑنے کے پر پھڑ پھڑانا ...... النَّومُ فِی عَینَیہِ : آنکھوں میں نیند بھر آنا ...... جَنَاحُ الطَّائِرِ : بازو ٹوٹنے سے پرندہ کا گرنا ...... عَینَاہُ : بھوک وغیرہ سے نگاہ کا پست ہونا ...... جِسمُہٗ اور رَایُہٗ : کمزور ہونا ...... السَّفِینَۃُ : کشتی کا اپنی جگہ پر گھومنا ...... الرَّجُلُ : حیران ہونا۔ المَنِیَّۃُ مِنہُ : موت قریب ہونا اور کہا جاتا ہے "رَنِّق وَلَا تَعجَل" یعنی ٹھہر و انتظار کرو جلدی مت کرو ...... النَّظَرَ اِلَیہِ : دیر تک دیکھنا۔
اَرنَقَ۔ المَاءَ : پانی گدلا کرنا ...... اللِّوَاءَ : حملہ کرنے کے لئے جھنڈا ہلانا ...... اللِّوَاءُ : جھنڈے کا ہلنا۔
تَرَنَّقَ۔ المَاءُ : پانی کا گدلا ہونا۔
الرَّنَق : مٹی۔ جھوٹ۔
الرَّنقَاءُ۔ مِنَ الطَّیرِ : انڈے سینے والا پرندہ۔ عوام اس کو فرقہ کہتے ہیں۔ اَرضٌ رَنقَاءُ : بنجر زمین۔ ج رَنقَاوَات۔
الرَّنقَۃ : کیچڑ ملا ہوا پانی۔ حوض کا بقیہ گدلا پانی۔ ج رَنَائِق : (یہ رنائق کا مقلوب ہے)
الرَّونَق : چمک دمک۔ خوبصورتی۔
التَّرنُوق و التُّرنُوق و التَّرنُوقَاء : نہروں کا کیچڑ۔ سیلاب کے بہنے کی جگہ جبکہ پانی خشک ہو چکا ہو۔
الرُّنکَلَۃ : ایک مچھلی کا نام۔
رَنَمَ (س) رَنِیمًا و رَنَمًا و تَرَنَّمَ : خوش آوازی سے گانا۔
الرَّنَم و الرَّنَمَۃ : ایک قسم کی نباتات۔
الرُّنُم : گانے والی عورتیں۔ خوش الحانی سے گانے والیاں۔ ہوشیار لونڈیاں اور کہا جاتا ہے "عُودٌ رُنُمٌ" بجنے والا بربط۔
رَنَا (ن) رُنُوًّا و رَنًا۔ اِلَیہِ و لَہٗ : ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا ...... الرَّجُلُ : مشغولی قلب کے ساتھ طرب اور کھیل کود میں ہونا (...... و تَرَانٰی) عَنہُ : غفلت برتنا۔
رَنّٰی تَرنِیَۃً : گانا ...... اِلَیہِ : مشتاق ہونا۔
(...... و اَرنٰی) الحَسَنُ فُلانًا : تعجب میں ڈالنا اور دیکھنے پر برانگیختہ کرنا۔ اَرنَاہُ اِلَی الطَّاعَۃِ : کسی کو طاعت پر متوجہ کرنا اور اس کا طاعت پر مداومت کرنا۔
رَانَاہُ : سلوک کرنا۔ مقابلہ کرنا جیسے "لَہٗ شَرَفٌ یُرَانِی الکَوَاکِبَ" یعنی اسے ایسی شرافت حاصل ہے جو لوگوں کی نظر کو اپنی طرف متوجہ کرنے میں ستاروں سے مقابلہ کرتی ہے۔

تَرَنَّیٰ: محبوب کی طرف لگا تار دیکھنا۔
الـــرَّنَـــاء: مص۔ وہ چیز جس کی طرف خوبصورت ہونے کی وجہ سے دیر تک دیکھیں۔
الرَّنَاء: خوبصورتی۔
الرَّنَاء: اچھی آواز۔ طرب۔
الرَّنَّاء والرَّنُوُّ: دل پسند وخوبصورت چیز کی طرف دیر تک دیکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَرَنُوُّالاَمَانِی": وہ بہت سی آرزوؤں کی توقع کرتا ہے۔
رَهِبَ: (س) رَهْبَةً ورُهْبًا ورَهَبًا ورُهْبَانًا ورَهَبَانًا: خوف کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَمْ اَرْهَبْ بِکَ"۔
رَهَبَ. الجَمَلُ: اٹھنے لگنا پھر کمزوری کی وجہ سے بیٹھ جانا۔ رَهَبَتِ النَّاقَةُ: سفر کی وجہ سے تھکنا۔ صفت مذکر ومؤنث (رَهْـــبٌ) ج رِهَاب۔
اَرْهَـــبَ: تھکے ہوئے اُونٹ پر سوار ہونا۔ آستین لمبی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَرْهَبَ عَنْهُ النَّاسَ بَاسُه ونَجْدَتُه" یعنی اس کے دبدبہ اور دلیری نے لوگوں کو ڈرنے پر برانگیختہ کیا۔
تَرَهَّبَ: راہب بننا...... ہ: دھمکی دینا۔
اِسْتَرْهَبَه: خوف دلانا۔
الـرَّهْـب: نیزہ کا باریک پھل۔ مِنَ الاِبِل: سفر کی وجہ سے تھکا ہوا اُونٹ یا اُونٹنی۔ ج رِهَاب۔
الرُّهْب: آستین۔
الرَّهْبَة والرَّهْبٰی والرُّهْبٰی والرَّهْبَاء: ڈر۔ خوف۔
الـرَّهْبَانِيَّة والـرُّهْبَانِيَّة: دنیا اور لذائذ سے دنیا سے بے تعلقی۔
الـرَّاهِـب: فا۔ شیر۔ گرجاؤں کا گوشہ نشین۔ ج رُهْبَـــان مؤنث رَاهِبَة ج رَاهِبَـــات ورَوَاهِب. الرَّهَبَة: ڈراؤنی حالت۔
الرُّهْبَان: بہت زیادہ خوف کرنے والا۔ ج رَهَابِيْن ورَابِنَة ورَهْبَانُوْن: مؤنث رَهْبَانَة ج رَهْبَانَات۔
الـرُّهْبَـان راہب۔ ج رَهَـابِيْن مؤنث رَهْبَانَة: ج رَهْبَانَات۔
الرَّهَبُوْت والـرَّهَبُوْتٰی: بہت ڈر۔ شدید خوف۔
اَلاِرْهَـابِی: عوام کو خوفزدہ کرنے والا حاکم۔
اَلْحُکْمُ الاِرْهَابِی: خوفزدہ کرنے کا حکم۔
الرَّهْبَنَة: راہبوں کا طریقہ اختیار کرنا۔
المَرَاهِب: خوفناکیاں۔
الرَّهِيب والمَرْهُوْب: خوفناک شیر۔
رَهْبَلَ: غیر مفہوم کلام کرنا۔
تَرَهْبَلَ: تیز چال چلنا۔
الرَّهْبَل: مبہم کلام۔ غیر مفہوم کلام۔
الرَّهْبَلَة: تیز چال۔
اَرْهَجَ: غبار۔ اڑانا...... بَيْنَ القَوْمِ: بعض کو بعض پر بھڑکانا...... السَّـمَـاءُ: آسمان کا برسنے لگنا۔
الرَّهْج والرَّهَج: اڑایا ہوا غبار۔ والرَّهَج: فتنہ وفساد۔ شور وشغب۔ بغیر پانی کے بادل۔ واحد (رَهَجَة)
الرَّهْوَجَة: ایک قسم کی چال۔
رَهَدَهُ: (ف) رَهْدًا: باریک پیسنا۔
رَهِدَ: سخت نادانی وحماقت کرنا۔
رَهَادَةُ العَيْشِ: زندگی کی آسودگی۔
الرَّهْوَدِيَّة: مہربانی ونرمی۔
الرَّهِيْد: نرم ونازک۔ ارزاں۔
الـرَّهِيْدَة: نرم ونازک عورت۔ الـرَّهِيْدَة: ایک قسم کا کھانا جو کوٹے ہوئے گیہوں اور دودھ سے تیار ہوتا ہے۔
اَمْـرٌ (مُـرْهُوْدٌ): غیر محکم کام اور کہا جاتا ہے "تَرَکْتُهُم مَـرْهُوْدِيْنَ" یعنی میں نے ان کو اس حال میں چھوڑا کہ وہ کسی امر کا عزم نہیں رکھتے تھے۔
الرَّهْدَل: بے وقوف۔ کمزور۔
الـرَّهْـدَن والـرُّهْـدَن والرِّهْدَن: بزدل۔ بے وقوف۔ چڑیا کی مانند ایک پرندہ کا نام۔ ج رَهَادِن ورَهَادِنَة۔
الرُّهْلُوْن: جھوٹا۔
رَهْـرَهَ رَهْـرَهَةً. مَائِدَتَه: جود وسخاوت سے دسترخوان پھیلانا۔
تَـرَهْـرَهَ. السَّـرَابُ: سراب کا متواتر چمکنا...... جِسْمُه: جسم کا آسودگی کی وجہ سے سفید ونرم ونازک ہونا۔
الـرَّهْرَهَة: مص۔ چہرہ کی بشاشت۔ بشرہ کی چمک دمک۔
جِسْـمٌ (رَهْـرَهٌ ورَهْـرَاهٌ ورَهْرُوْهٌ): سرخ سفید نازک بدن۔ طَسْـتٌ رَهْرَهٌ ورَهْرَاهٌ: تھوڑی گہرائی کا طشت۔ ومَـاءٌ رَهْـرَاهٌ ورُهْرُوْهٌ: صاف پانی۔
رَهَزَ: (ف) رَهْـزًا ورَهَـزَانًا. المُبَاضِع: جماع کرنے والے کا حرکت کرنا۔
اِرْتَهَزَ. لِلاَمْرِ: خوشی سے جھومنا۔
رَهَسَ: (ف) رَهْسًـا. الشَّیْءَ: سخت روندنا۔ بہت پامال کرنا۔
تَرَهَّسَ. الشَّیْءُ: ہلنا۔ اِدھر اُدھر ہونا۔
اِرْتَهَـس. القَوْمُ: بھیڑ کرنا۔ اِرْتَهَسَتْ رِجْلاَ الدَّابة: رگڑ کھانا...... الوَادِی: بھر جانا...... الجَرَادُ: تہ بتہ ہونا۔
اِرْتَهَشَ. الرَّجُلُ: کانپنا...... القَوْمُ: قوم کے درمیان لڑائی واقع ہونا...... الـقَوْسُ: نرم وسست ہونا...... الفَرَسُ: گھوڑے کا ٹکرانا۔
تَـرَهَّـشَ. الرَّجُلُ: کریم وسخی ہونا۔ النَّاقَةُ: اُونٹنی کا بہت دودھ والی ہونا۔
الـرَّهَـش: جانوروں کا اگلی ٹانگوں کا آپس میں رگڑ کھانا۔
الرَّهِيْش. مِنَ التُّرَاب: گرتی ہوئی مٹی جو نہ رکے۔ کمزور۔ باریک۔ کم گوشت والا۔ باریک پیکان۔ پتلا تیر۔ نَاقَةٌ رَهِيْشَة: بہت دودھ والی اُونٹنی۔
الـــرَّاهِشَـــان: بازوؤں کے باطن کی دو رگیں۔
الرُّهْشَة: کرم۔ حیا۔
الرَّوَاهِش: ہتھیلی کے ظاہر کی رگیں۔ جانور

کے پاؤں کے اندر کی رگیں۔ واحد (رَاھش ورَاھشۃ)

رَھَصَ :(ف)رَھْصًا. الشَّئَ :سخت نچوڑنا ...... السَّبَّۃ :شکار کو سست کر دینا...... ہ: ملامت کرنا۔ جلدی کرانا...... الحَائِطَ : دیوار کا پہلا ردہ رکھنا..... الفَرَسَ :کھر کو زخمی کرنا۔

رُھِصَ :(س)رُھِصَ رَھَصًا. الفَرسُ : گھوڑے کا زخمی کھر والا ہونا۔

اَرْھَصَ. الحَائِطَ :دیوار کا پہلا ردہ رکھنا ...... الشَّئَ :بنیاد رکھنا۔ ثابت کرنا...... ہ: بھلائی کا طبع بنانا ...... الفَرَسَ :گھوڑے کے کھر کو زخمی کرنا۔

رَاھَصَ. غَرِیْمَہ :قرض دار کی نگرانی کرنا۔

تَرَاھَصَتْ. الصُّخُوْرُ :چٹانوں کا آپس میں جمنا۔

الرِھْص. مِنَ الحَائِطِ :دیوار کا پہلا ردہ۔ مٹی جس سے دیوار بنائی جائے۔

الرَّھَّاص :مٹی گارہ بنانے والا۔

الرَّھْصَۃ :گھوڑے کے سم کا زخم۔

الرَّھِیْص. مِنَ الخَیْل :سم کے زخم والا۔

خُفٌّ رَھِیْصٌ :اونٹ کا کھر جس کو پتھر لگ گیا ہو۔

اَسَدٌ رَھِیْصٌ :شیر جو اپنی جگہ سے ٹلتا نہ ہو۔

الرَّوَاھِص. مِنَ الحِجَارَۃِ :سم کو زخمی کرنے والا پتھر۔ مضبوط جمی ہوئی چٹانیں۔ واحد (رَاھِصَۃ)

المَرْھَصَۃ :مرتبہ۔ درجہ۔ ج مَرَاھِص.

رَھَطَ:(ف)رَھْطًا. اللُّقْمَۃَ :بڑا لقمہ لینا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ یَرْھَطُ" :وہ بہت کھاتا ہے۔

رَھِطَ :بہت کھانا...... اللُّقْمَۃَ :بڑا لقمہ لینا ...... الرَّجُلُ:سواری کی پیٹھ پر جم کے بیٹھنا۔ گھر سے نہ نکلنا۔

اِرْتَھَطَ. القَوْمُ :اکٹھا ہونا۔

الرَّھْطُ والرَّھَط :آدمی کی قوم اور قبیلہ تین سے دس تک کا گروہ جس میں کوئی عورت نہ ہو اور اس لفظ کا واحد نہیں۔ ج اَرْھُط واَرْھَاط و جج اَرَاھِط واَرَاھِیط :اور جب رہط کی جانب عدد کی اضافت ہوتی ہے تو اس سے مراد اشخاص و افراد ہوتے ہیں جیسے "عِشْرُوْنَ رَھْطًا" یعنی بیس شخص اور کہا جاتا ہے "نَحْنُ ذُوْرَھْطٍ" ہم اکٹھے ہیں۔

الرَّھْط :دشمن۔

الرِّھَاط :گھر کا سامان۔

الرُّھَطَۃ والرُّھَطَاء والرَّھطاء. مِنْ جُحْرَۃِ الیَرْبُوع :جنگلی چوہے کا وہ سوراخ جس سے وہ مٹی باہر نکالتا ہے۔ ج رُھَاطی.

الترھُوط :بہت کھانے والا۔

رَھَفَ :(ف) رَھْفًا. السَّیْفَ :تلوار کو باریک کرنا۔

رَھُفَ :(ک) رَھَافَۃً ورَھَفًا:باریک و پتلا ہونا۔ صفت(رَھِیْف)

اَرْھَفَ. السَّیْفَ :تلوار کی دھار پتلی کرنا۔

اَرْھَفَ بِالکَلَامِ :فی البدیہہ کہنا۔

الرَّھِیْف :پتلا۔ پتلی کی ہوئی دھار والی چیز۔

المُرْھَف :مفع۔ سَیْفٌ مُرْھَفٌ :تیز پتلی دھار کی ہوئی تلوار۔ فَرَسٌ مُرْھَفٌ :دبلے پیٹ اور قریب قریب پسلیوں والا گھوڑا۔

خَصْرٌ مُرْھَفٌ :پتلی کمر...... مُرْھَفُ الجِسْم :دبلا پتلا۔ رَجُلٌ (مَرْھُوْف) البَدَن :پتلے جسم والا امرد۔

رَھِقَ :(س)رَھَقًا:بے وقوف ہونا۔ صفت (رَھِقٌ): ہلکا ہونا۔ ظلم کرنا۔ برائیوں کا مرتکب ہونا۔ جھوٹ بولنا۔ جلدی کرنا ...... السَّفَرُ :قریب ہونا۔ وقت آنا۔ کہا جاتا ہے "رَھِقَتِ الکِلَابُ الصَّیْدَ" یعنی کتے شکار پر جا پہنچے۔

رَھَّقَہٗ :برائی کی تہمت لگانا۔

رَاھَقَ. الغُلَامُ :جوانی کے قریب پہنچنا۔ صفت(مُرَاھِق): کہا جاتا ہے "صَلَّی الصَّلٰوۃَ مُرَاھِقًا" اس نے وقت ختم ہونے کے قریب نماز پڑھی۔

اَرْھَقَہٗ. ظُلْمًا :جتلائے ظلم کرنا...... ہ اِثْمًا : گناہ پر برانگیختہ کرنا...... ہ عُسْرًا :تکلیف دینا۔

...... ہ :پالینا۔ فوق الطاقۃ:کام پر اکسانا۔

...... الصَّلٰوۃ :آخر وقت تک مؤخر کرنا۔

...... زَیْدًا اَنْ یُصَلِّی :نماز پڑھنے کی جلدی کرانا۔ کہا جاتا ہے "لَاتُرْھِقْنِی لَاَرْھَقَکَ اللّٰہُ" تو میرے اوپر سختی نہ ڈال اللہ تیرے اوپر سختی نہیں ڈالے گا۔

الرَّھَق :مص۔ گناہ و تہمت۔ ہلکی عقل۔ جہالت۔ فوق الطاقۃ :کام پر برانگیختہ کرنا۔

الرَّھَقِی :ایک قسم کی ڈور۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ یَغْلُوا الرَّھَقِی".

الرِّھَاق والرُّھَاق :مقدار۔ تقریباً۔ کہا جاتا ہے "کَانُوا رِھَاقَ مِائَۃٍ" :وہ لوگ سو کے قریب تھے۔

الرَّاھِق :شراب۔

الرَّیْھُقَان :زعفران۔

المُرْھَق :قتل کرنے کے لئے گرفتار۔ تنگی میں ڈالا ہوا۔

المُرَھَّق :مفع۔ خفیف العقل و جاہل۔ بدی و شرارت سے متہم۔ فیاض۔

رَھَکَ :(ف) رَھْکًا. الشَّئَ :باریک پیسنا۔ صفت مفعولی (رَھِیْکٌ ومَرْھُوْکٌ)

...... بِالمَکَان :اقامت کرنا۔

اِرْتَھَکَ :چلنے میں سست ہونا۔

الرَّھْکَ :مص۔ نیک کام۔

الرَّھْکَۃ :کمزوری۔

الرَّھْکَۃ والرُّھْکَۃ. مِنَ الرِّجَالِ اَوِالاِبِلِ : کمزور و ناتواں۔

رَھِلَ :(س)رَھَلًا :ڈھیلے اور پھولے ہوئے گوشت والا ہونا۔ صفت(رَھِلٌ): کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِیْہِ رَھَلٌ" :فلاں میں آماس کے ساتھ ڈھیلاپن ہے۔

رَھَّلَہٗ واَرْھَلَہٗ. النَّوْمُ :نیند کا سست و ڈھیلا کرنا۔

تَرَھَّلَ :ڈھیلا ہونا۔

الرِّهل :شبنم کے مشابہ پتلا پتلا بادل۔
المُتَرَهِّل. عِندَ الاَطِبَّاء :ڈھیلے بدن والا۔
اَرْهَمَتِ. السَّمَاءُ :نرم بارش برسانا۔
الرِّهْمَة :نرم لگاتار بارش۔ج رِهَم ورِهَام۔
الرِّهَام والرِّهْوَم: دبلی بکری۔
الرُّهَام :غیر شکاری پرندہ۔ بڑی تعداد۔
الاَرْهَم :زیادہ فراخی وارزانی والا۔
المَرْهَم :مرہم۔ج مَرَاهِم۔
مَكَانٌ (مَرْهُوم): وہ جگہ جہاں ہلکی بارش ہوئی ہو۔
رَهْمَسَ رَهْمَسَةً :باہم راز کی باتیں کرنا۔ لَهُ: برائی کی تعریض کرنا۔
رَهَنَ :(ف) رَهْنًا. الشَّيْءَ فُلَانًا وعِندَفُلَانٍ :گرو رکھنا۔الشَّيْءُ: ہمیشہ رہنا اور اسی سے ہے "نِعْمَةُ اللّٰهِ رَاهِنَةٌ" :اللہ کی نعمت ہمیشہ رہنے والی ہے......الشَّيْءَ: ہمیشہ رکھنا۔بالمَكَان: اقامت کرنا(رُهُونًا) :دبلا ہونا۔صفت(رَاهِن)
رَاهَنَه رِهَانًا ومُرَاهَنَةً. عَلَى الخَيْل: دوڑانے کے لئے شرط لگانا......عَلَى كَذَا: شرط ٹھہرانا۔
اَرْهَنَه. الشَّيْءَ :کسی کے پاس گرو رکھنا۔
اَرْهَنَ فُلَانًا :کمزور کرنا۔پیشگی دینا۔فِي السِّلْعَة :گراں کرنا......لِضَيْفِهِ الطَّعَامَ والشَّرَابَ :مہمان کے لئے ہمیشہ کھانا پانی تیار رکھنا۔اَرْهَنَ المَيِّتَ القَبْرَ :میت کو قبر میں رکھنا۔
تَرَاهَنَ. القَوْمُ :آپس میں شرط لگانا۔
اِرْتَهَنَ. الشَّيْءَ مِنْهُ :گروی لینا......بِالاَمْرِ: کسی معاملہ میں مقید ہونا۔
اِسْتَرْهَنَهُ. الشَّيْءَ: گروی طلب کرنا۔
الرَّاهِن :فا۔تیار۔ہمیشہ رہنے والا۔محکم ومضبوط۔کہا جاتا ہے "هٰذِهِ حُجَّةٌ رَاهِنَةٌ" یہ مضبوط دلیل ہے۔ ہمیشہ رہنے والی خوراک وغیرہ۔لاغر۔دبلا۔
الرَّاهِنَة :گھوڑے کی ناف اور اس کا اردگرد۔
الرَّهْن :مص۔گروی۔کسی چیز کا روکنا۔گروی رکھی ہوئی چیز۔ج رِهَان ورُهُون ورُهُنٌ ورُهْن: کہا جاتا ہے "اِنِّي لَكَ رَهْنٌ بِكَذَا" میں تمہارے لئے اس کا ضامن ہوں۔
هٰذَا (رِهْن)مَالِ : یہ مال کے برابر ہے۔
شَيْءٌ مَرْهُوْنَة: کے لئے بولتے ہیں کہ وہ مال جو لیا جا رہا ہے اس کے یہ برابر ہے۔
الرِّهَان :مص۔خَيْلُ الرِّهَان: شرط لگانے کے گھوڑے اور "هُمَا كَفَرَسَي رِهَانٍ" دو ہم رتبہ چیز کے بارے میں بطور مثال کے بولتے ہیں۔
الرَّهِين :گروی رکھا ہوا۔کسی چیز کے بدلے میں روکی ہوئی چیز۔کہا جاتا ہے "اَنَا رَهِينٌ بِاَعْمَالِي" میں اپنے کاموں میں پھنسا ہوا ہوں۔
الرَّهِينَة :گروی رکھی ہوئی چیز۔کہا جاتا ہے "اَنَا رَهِينَةٌ بِكَذَا" میں اس میں پھنسا ہوا ہوں یا میں اس کا ضامن ہوں۔و "كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ رَهِينَةٌ" :ہر ایک نفس اپنے کمائے ہوئے کے ساتھ گروی ہے۔ و "الخَلْقُ رَهَائِنُ المَوْتِ" مخلوق موت کے ساتھ محبوس ہے۔
المُرْتَهَن :مظ۔ہر وہ چیز جو کسی چیز کے بدلے میں روکی جائے۔المُرْتَهَنُ بِالاَمْرِ: کام میں پھنسا ہوا۔کہا جاتا ہے "كُلُّ امْرِءٍ بِالمَوْتِ مُرْتَهَنٌ" یعنی ہر انسان موت کے ساتھ مقید ہے۔
الاُمُوْرُ (مَرْهُوْنَةٌ) بِاَوْقَاتِهَا :کام اپنے وقت پر واقع ہوتے ہیں۔
الرَّهْنَامَج والرَّهْنَامَج :ملاحوں کے لئے بحری راستہ کا نقشہ (راہ نامہ کا معرب)
رَهَا :(ن) رَهْوًا: نرمی کرنا۔نرم چال چلنا۔کہا جاتا ہے "جَاءَتِ الخَيْلُ رَهْوًا" گھوڑے نرم چال سے آئے۔و "اَرْهُ عَلَى نَفْسِكَ" :اپنے اوپر نرمی کرو......البَحْرُ: دریا کا ساکن ہونا......بَيْنَ رِجْلَيْهِ: کھولنا......الطَّائِرُ: پرندہ کا بازو پھیلانا۔
رَاهَى مُرَاهَاةً. الرَّجُلَ :قریب ہونا۔اکٹھا ہونا۔باہم حماقت کرنا۔
اَرْهَى اِرْهَاءً :کشادہ جگہ پانا۔رہو پرندہ کے کھانے پر مداومت کرنا......لَهُمُ الطَّعَامَ : ہمیشہ تیار رکھنا......عَلَى نَفْسِهِ :نرمی کرنا۔کہا جاتا ہے "اَرْهِ عَلَى نَفْسِكَ" :اپنے اوپر نرمی کرو "اَرْهَى لَكَ الشَّيْءُ" تمہارے لئے یہ چیز ممکن ہے و "اَرْهَيْتُهُ لَكَ" :میں نے تم کو اس پر قدرت دی۔
تَرَاهَى. القَوْمُ :باہم نرمی برتنا۔
اِرْتَهَى. القَوْمُ :باہم مخلوط ہونا۔رہیہ تیار کرنا۔(دیکھئے لفظ رهية)
الرَّهْو :سارس یا اس کے مشابہ ایک پرندہ ج رِهَاء (والرَّهْوَة) :لوگوں کی جماعت۔بلند یا پست جگہ۔بِئْرٌ رَهْوٌ: چوڑے منہ کا کنواں۔
ثَوْبٌ رَهْوٌ :باریک کپڑا۔غَارَةٌ رَهْوٌ : لگاتار لوٹ اور کہا جاتا ہے "النَّاسُ رَهْوٌ مَابَيْنَ المَدِينَةِ والجَبَلِ" لوگ شہر اور پہاڑ کے درمیان لگاتار آ رہے ہیں۔
الرَّهَاء. مِنَ الاَمَاكِنِ :کشادہ جگہ۔
مِنْ كُلِّ شَيْءٍ :ہر چیز کا ہموار حصہ۔
الرَّاهِي. مِنَ العَيْشِ :آسودہ زندگی۔
الرَّاهِيَة. الرَّاهِي :کا مؤنث۔شہد کی مکھی۔
الرَّهِيَّة :ایک قسم کا کھانا جو خوشہ کو ہاتھوں سے مل کر کوٹا جاتا ہے اور دودھ ڈال کر تیار کیا جاتا ہے۔
الرَّهْوَان :پست زمین۔ترکی گھوڑے کو بھی رَهْوَان کہتے ہیں جبکہ چلنے میں نرم پیٹھ کا ہو (معرب)
الاَرْهَاء :اطراف وجوانب۔
المُرْهِي. مِنَ الخَيْل :تیز رفتار گھوڑا جو دیکھنے میں تیز نہ ہو اور مقابلہ کے وقت ہاتھ نہ لگے۔ج المَرَاهِي۔
رَهْوَكَ. الرَّجُلُ: چلنے میں ڈھیلے جوڑوں والا ہونا......القَوْمُ: مضطرب ہونا۔

الــرَّهُوكُ :موٹا (بکری کا بچہ یا ہرن) خاب۔
رَهُوكٌ: نازک بدن جوان۔
رَهِيَا :کمزور اور سست ہونا۔ فاسد الرائے ہونا۔ محنت یا بڑھاپے کی وجہ سے کسی کی آنکھوں کا اندر گھس جانا...... السَّحَابُ : برسنے کے لئے تیار ہونا۔
تَـرَهْيَا :مضطرب ہو کر حرکت کرنا...... فِي اَمْرِهٖ: کام میں کاہلی کرنا' کبھی ارادہ کرنا کبھی چھوڑنا...... السَّحَابُ :برسنے کے لئے تیار ہونا۔
رَوَّءَ تَرْوِيئًا وتَرْوِئَةً. فِي الْاَمْرِ :کام کے انجام میں غور و فکر کرنا۔
الرَّوِيئَةُ والرَّوِيَّةُ :غور و فکر۔
اِلارْتِيَاءُ :سوچ بچار غور و فکر کرنا۔
الـــرَّاء :حروف تہجی کا ایک حرف۔ سمندر کا جھاگ۔ ایک درخت کا نام۔ واحد (رَاءَةٌ)
رَابَ:(ن) رَوْبًا ورُؤُوْبًا. اللَّبَنُ: جمنا۔ صفت (رَائِب): کہا جاتا ہے "رَابَ دَمُهٗ" : اس کی ہلاکت کا وقت قریب آ گیا ...... الرَّجُلُ : متحیر ہونا۔ جھوٹ بولنا۔ عقل میں فتور ہونا' سست ہونا۔ نیند' بھوک یا اونگھ کی وجہ سے متوالا جیسا ہونا۔
رَوَّبَ. الدَّابَّةُ :جانور کا تھکنا۔
رَوَّبَ وأَرَابَ. اللَّبَنَ :دہی جمانا۔
الرَّائِبُ :فا۔ جما ہوا دودھ' دہی۔
الرَّائِبُ مِنَ الْاُمُوْرِ :صاف معاملات جن میں کوئی شبہ نہ ہو۔ نیز مشتبہ امور (ضد)
وَرَجُلٌ زَحِلٌ: کام سے علیحدہ رہنے والا خواہ اچھا کام ہو یا برا۔

الزُّحَلَة: کاموں سے علیحدہ رہنے والا۔ قریب قریب کا سفر کرنے والا۔ اپنے سوراخ میں دُم کی طرف سے داخل ہونے والا جانور۔ مَسَافَةٌ (زَحُوْل): دور کی مسافت۔

الزُّحْلِيْل: تیز۔ علیحدہ رہنے والا (...... وَالزُّحْلُوْل): تنگ پھسلنے کی جگہ۔

الزُّحْلُوْل: ہلکے پھلکے جسم والا۔

الْمَزْحَل: وہ جگہ جہاں کہیں سے علیحدہ ہو کر جائیں۔ زَحَلَ: کا مصدر میمی۔ کہا جاتا ہے "اِذَا لَمْ يَكُنْ عَنْ شَفْرَةِ السَّيْفِ مَزْحَل" جبکہ تلوار کی دھار سے علیحدہ ہونے کی جگہ نہ ہو۔

زَحْلَفَ. الشَّیْئَ: لڑھکانا۔ علیحدہ کرنا...... الْاِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔ زَحْلَفَ فِي الْكَلَامِ: جلدی جلدی بولنا۔

تَزَحْلَفَ: لڑھکنا۔ علیحدہ ہونا۔

تَزَحْلَفَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا مائل بغروب ہونا۔ دوپہر میں ڈھلنا۔

الزُّحْلُوفَة: چکنی ڈھلواں جگہ جس پر لڑھکا جائے۔ ج زَحَالِف وَزَحَالِيْف.

الزُّحَالِف: چھوٹے چھوٹے کیڑے جو چیونٹی کے مشابہ ہوتے ہیں۔

زَحْلَقَ وَزَحْلَكَ وَتَزَحْلَقَ وَتَزَحْلَكَ وَالزُّحْلُوْقَة وَالزُّحْلُوْكَة: بمعنی زَحْلَفَ وَتَزَحْلَفَ وَالزُّحْلُوفَة.

الزُّحْلُوْقَة: لمبے تختے کا جھولا جس کے دونوں جانب بیٹھ کر جھولیں۔

زَحَمَهُ: (ف) زَحْمًا وَزِحَامًا: تنگی کرنا۔ بھیڑ کرنا۔

زَاحَمَهُ: تنگی کرنا۔ زَاحَمَ الْخَمْسِيْنَ: قریب ہونا۔

اِزْدَحَمَ وَتَزَاحَمَ. الْقَوْمُ: ایک دوسرے پر تنگی کرنا۔ ایک دوسرے کو دھکیلنا۔

الْاَمْوَاجُ: موجوں کا آپس میں ٹکرانا۔

الزَّحْم: مص۔ بھیڑ کرنے والے لوگ۔

الزَّحْمَة: بھیڑ۔ تنگی۔

الزِّحَام: مص مص۔ يَوْمُ الزِّحَام: قیامت کا دن۔

الْمِزْحَم: بہت بھیڑ کرنے والا (اَبُوْ مُزَاحِم):

باھی۔
زَخَمَر. القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔
زَحَنَ: (ف) زَحْنًا: دیر کرنا...... ہ عَنِ المَکَانِ: دور کرنا۔
تَزَحَّنَ: دیر کرنا' سٹنا...... عَنْ مَکَانِهِ: ہلنا ......عَلَى الشَّيْءِ وعَنْهُ: ناپسندیدگی کے باوجود کرنا۔
رَجُلٌ زُحَنٌ: پست قد مرد۔ مؤنث زُحَنَةٌ.
الزُّحْنَةُ: سخت گرمی۔ مع ساز وسامان کے قافلہ۔ کہا جاتا ہے "لَهُمْ زُحْنَةٌ" ان لوگوں کے لئے دیر کا کام ہے۔ "ولَهُ زُحْنَةٌ بَعْدُ" جب کہ سفر کا ارادہ کرے اور کوئی کام نکل آئے جس سے تاخیر ہوجائے۔
الزُّحْنَة: وادی کا موڑ۔
زَخَّ: (ن) زَخًّا: غضبناک ہونا...... بِالإبِلِ: اونٹوں کو تیز چلانا...... ہ: گڑھے میں دھکیلنا ......المَرْأَةَ: جماع کرنا۔
زَخَّ: (ن) زَخًّا وزَخِيخًا. الجَمْرُ: چنگاری کا تیز چمکنا۔
الزَّخُّ: مص۔ کینہ۔ غصہ۔ غضب۔
الزَّخَّة: کینہ۔ غصہ۔ غضب (......والمَزَخَّة والمِزَخَّة): بیوی۔
زَخْزَخَ. المَرْأَةَ: جماع کرنا۔
زَخَرَ: (ف) زَخْرًا وزُخُورًا وتَزْخَارًا. البَحْرُ: دریا کا چڑھنا اور موج مارنا...... الوَادِي: لمبی اور پانی سے بھری ہوئی ہونا...... النَّبَاتُ: نباتات کا لمبا ہونا...... القَوْمُ: جنگ یا روانگی جنگ کے لئے پُر جوش ہونا ...... الحَرْبُ او القِدْرُ: جوش مارنا...... ہ: بھرنا۔ موٹا کرنا۔ آراستہ کرنا۔ خوش کرنا...... بِمَا عِنْدَهُ: فخر کرنا۔
زَاخَرَهُ: فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "زَاخَرَهُ فَزَخَرَهُ" اس نے اس سے فخر کرنے میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔
تَزَخَّرَ. البَحْرُ او الوَادِي: دریا یا وادی کا چڑھنا اور موج مارنا۔
تَزَخَّرَ. بِمَا عنده: فخر کرنا۔

الزَّاخِرُ: فا۔ کریم۔ شادماں۔ بھرا ہوا۔ چھلکنے والا...... مِنَ الشَّرَفِ: بلند عزت۔
زَوَاخِرُ. الوَادِي: وادی کی گھاس۔
الزَّخَّار. زَخَرَ: کا اسم مبالغہ۔
نَبَاتٌ (زَخُورٌ وزُخَارِيٌّ وزَخُورِيٌّ): لمبا و گنجان پودہ۔ زُخَارِيُّ النَّبَاتِ: پودہ کی تروتازگی جبکہ گنجان ہو اور شگوفہ نکل آئے۔ کہا جاتا ہے "قَدْ اَخَذَتِ الاَرْضُ زُخَارِيَّهَا" جبکہ زمین کی نباتات لمبی و طویل ہوجائے۔ کَلَامٌ زَخُورِيٌّ: متکبرانہ دھمکی آمیز گفتگو۔
الزُّخُرِيّ: لمبا۔
زَخْرَفَهُ: خوبصورت بنانا۔ آراستہ کرنا۔ مزین کرنا...... الکَلَامَ: جھوٹ سے آراستہ کرنا۔
تَزَخْرَفَ. الرَّجُلُ: مزین ہونا۔
الزُّخْرُفُ: سونا۔ چیز کی خوبصورتی۔
زُخْرُفُ الکَلَامِ: جھوٹ سے آراستہ کی ہوئی گفتگو۔ زُخْرُفُ الاَرْضِ: زمین کے سبزی کے رنگ۔ ج زَخَارِف. الزَّخَارِف: کشتیاں۔ پانی پر اڑنے والے کیڑے۔
زَخَارِفُ المَاءِ: پانی کے راستے۔
زَخَفَ: (ف) زَخْفًا وزَخِيفًا: تکبر کرنا۔
زَخَفَ. فِي القَوْلِ: بہت بولنا۔
تَزَخَّفَ: مزین ہونا۔ آراستہ ہونا۔ خوبصورت بننا۔
المِزْخَف: فخر کرنے والا متکبر۔
زَخَمَهُ: (ف) زَخْمًا: سختی سے ہٹانا۔
زَخِمَ: (س) زَخَمًا وازْخَمَّ. اللَّحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔ صفت (زَخِم)
اِزْدَخَمَ. الحِمْلَ: بوجھ اٹھانا۔
الزَّخَمَة: بدبودار گوشت۔
الزَّخْمَاء: بدبودار عورت۔
الزِّدْب: حصہ۔ ج اَزْدَاب.
زَدَغَ: لوٹنا (صَدَغَ: میں ایک لغت ہے)
اَزْدَغَ: لوٹانا (اَصْدَغَ میں ایک لغت ہے)
الاَزْدَران: دونوں موڈھے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ يَضْرِبُ اَزْدَرَيْهِ" یعنی وہ خالی ہاتھ آیا۔
اِزْدَرَم: نگلنا۔
اَزْدَفَ. اللَّيْلُ: تاریک ہونا (اَسْدَفَ میں ایک لغت ہے)
الزِّدْق: سچائی (الصِّدْق: میں ایک لغت ہے)
زَدَا: (ن) زَدْوًا. الصَّبِيُّ الجَوْزَ وبِالجَوْزِ: بچے کا اخروٹ کو گڑھے میں پھینک کر کھیلنا۔
المِزْدَاة والمِزْدَاء: اخروٹ سے کھیلنے کا گڑھا۔
اَزْدَى اِزْدَاءً: سلوک کرنا۔ بھلائی کرنا۔
زَرَّ: (ن) زَرًّا. القَمِيصَ: کرتے میں گھنڈی لگانا۔ بٹن لگانا...... الشَّيْءَ: جمع کر کے باندھنا...... المَتَاعَ: سامان کو جھاڑنا ......الرَّجُلَ: دھتکارنا۔ دانت سے کاٹنا۔
زَرَّهُ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا...... الشَّعْرَ: بال اکھیڑنا۔ نوچنا۔ عَيْنَهُ: آنکھ تنگ کرنا۔
زَرَّ: (س) زَرًّا. الرَّجُلُ: گھنڈی لگانا' اپنے مخالف پر سختی کرنا۔ عقل وتجربہ بڑھنا۔
زَرَّ: (ض) زَرِيرًا. سِنَانُ الرُّمْحِ: نیزے کے پھل کا چمکنا...... العَيْنُ: آنکھ چمکیلی ہونا۔
اَزَرَّ. القَمِيصَ: بٹن لگانا۔
زَرَّرَ. ثَوْبَهُ: بٹن لگانا۔ بٹن بنانا۔
تَزَرَّرَ. القَمِيصُ: بٹن لگا ہوا ہونا۔
الزِّرُّ: گھنڈی۔ بٹن۔ ج اَزْرَار وزُرُور: دل کے نیچے کی چھوٹی ہڈی۔ گڑھا جس میں شانے کی ہڈی گھومتی ہے۔ سرین کا وہ کنارہ جو گڑھے میں ہے۔ خیمہ کی لکڑیوں میں سے ایک لکڑی۔ زِرُّ السَّيْفِ: تلوار کی تیزی۔ زِرُّ الشَّيْءِ: وہ چیز جس پر کسی چیز کا مدار ہو۔ کہا جاتا ہے "هُوَ زِرُّ مَالٍ" وہ مال کے مصالح کا جاننے والا ہے۔ و "اَعْطَاهُ الشَّيْءَ بِزِرِّهِ" اس نے اس کو ساری چیز دے دی۔ و "جَاءَ فُلَانٌ بِزِرِّهِ" فلاں شخص بذاتہ آیا۔
الزَّرَّة: دانت کا کاٹنا۔ تلوار کی دھار کا زخم۔

الزَّرَّة: دانت کے کاٹنے کا نشان۔ عقل۔
الزُّرَارَة: ہر وہ چیز جو دیوار پر چھڑکی جائے اور وہ اس سے چمٹ جائے۔
الـزُّرَار والـزَّرِيْر: سریع الفہم۔ تیز خاطر۔
الزَّرِيْرُ: ایک قسم کی گھاس جو رنگنے کے کام میں آتی ہے۔ واحد (زَرِيْرَة)
الزارَّة: جانوروں کو لگنے والی مکھی۔
حِمَارٌ (مِزَرٌّ): دانت سے کاٹنے والا گدھا۔
زَرَّام اِزْرَأَمَّ اِزْرِنْـمَامًا وازْرَامَّ. اِزْرِيْمَامًا. كَلَامُـهُ او دَمُـهُ او بَوْلُـهٗ: گفتگو یا خون میں پیشاب کا منقطع ہونا۔
زَرَبَ: (ن) زَرْبًا. الْمَوَاشِيْ: جانوروں کو باڑے میں داخل کرنا۔ لِـلْغَنَمِ: بکریوں کے لئے باڑہ بنانا۔
زَرِبَ: (س) زَرْبًا. الْمَاءُ: پانی کا بہنا۔
اِنْزَرَبَ: باڑہ میں داخل ہونا۔
اِزْرَبَّ. النَـبَاتُ: نباتات کا زرد ہونا۔ سبزی ملی ہوئی سرخ ہونا۔
الزَّرْب: مص۔ داخل ہونے کی جگہ۔ شکاری کے چھپنے کی جگہ (...... والـزِّرْب) باڑہ۔ ج زُرُوْب.
الزِّرْب پانی بہنے کی جگہ۔
الزَّارُوْب. عِنْدَ الْعَامَةِ: لمبی تپلی گلی۔ فصیح لفظ الزقب ہے۔
الـزُّرْبِـيُّ والزُّرْبِيَّة: مسند۔ گدے تکیے مخملی نہالچہ۔ ہر وہ چیز جو بچھائی جائے اور اس پر ٹیک لگائی جائے ...... مِنَ الـنَّبْتِ: گھاس جو زرد ہو یا سبزی آمیز سرخ ہو۔ ج زَرَابِيّ.
الزِّرْبِيَّة: جی حضوری۔
الـزَّرِيْبَة: باڑہ۔ شیر کی جھاڑی۔ شکاری کے چھپنے کی جگہ۔ ج زِرَاب وزَرَائِب.
المِزْرَاب: پرنالہ۔ ج مَزَارِيْب.
زَرْجَنَة: فریب دینا ...... القَوْمُ: شرکاء مکان میں سے کسی کا مکان لینا اور کسی کا زمین۔
الـزَّرَجُـوْن: انگور کی ٹہنیاں۔ واحد ...... (زَرَجُـوْنَة) ایک قسم کا سرخ رنگ۔ شراب (معرب)

زَرِحَ (س) زَرَحًا: ایک جگہ سے دوسری جگہ ہٹنا۔
الزَّارِح: ظ۔ چست۔ ج زُرَّاح.
الـزَّرُوْح والـزَّرُوْحَة: چھوٹا ٹیلہ۔ ج زَرَاوِح. الْمُزْرِح: پست زمین۔
تَـزَرنَق: بیع عَيْنَة: کرنا۔ بیع عینہ: کا مطلب یہ ہے کہ کسی شے کو فروخت زائد قیمت کے ساتھ انتظار قیمت کے عوض۔ زائد چیز لینا۔
زَرَدَهٗ (ن) زَرْدًا: گلا گھونٹنا۔
الـدِّرْعَ: زرہ بننا۔ کہا جاتا ہے "زَرَدَ عَنْـهُ عَلٰى صَاحِبِهٖ" وہ اپنے ساتھی پر غضبناک ہوا اور ترش روئی سے پیش آیا۔
زَرِدَ: (س) زَرَدًا وازْدَرَد وتَـــزَرَّدَ. الـلُّـقْـمَةَ: لقمہ کو جلدی نگلنا اور کہا جاتا ہے "تَـزَرَّدَ الْيَمِيْنَ" اس نے لا پروائی کے ساتھ قسم کھانے میں جلدی کی۔
الـــزَّرْد: بنی ہوئی زرہ جس کے حلقے ایک دوسرے میں داخل ہوں۔ ج زُرُوْد.
حِـمَـارُ الـزَّرْدِ: ایک جانور جو گدھے کے مشابہ ہوتا ہے اور اس کے جسم پر دھاریاں ہوتی ہیں۔ گورخر۔
الزَّرِد: جلدی نگلنے والا۔
الزَّرْدَة: ایک مرتبہ نگلنے کی مقدار۔
الـزِّرَاد والمِزْرَد: اونٹ کا گلا گھونٹنے کی رسی تاکہ کف سے سوار کو آلودہ نہ کرے۔
الزَّرَّاد: گلا گھونٹنے والا۔ زرہ بنانے والا۔
الزِّرَادَة: زرہ بنانے کا پیشہ۔
الْمَزْرَد: گلا۔
الـمُـــزْدَرَد: مفع۔ کہا جاتا ہے "اَخَـذَهٗ بِمُزْدَرَدِهٖ" یعنی اس نے اس پر تنگی ڈالی۔
زَرْدَبَـهٗ وزَرْدَمَهٗ: گلا گھونٹنا۔ الطَّعَامَ: کھانے کو نگلنا۔
الزَّرْدَمَة: سر اور گلے کے درمیان کا گوشت یا حلق میں نگلنے کی جگہ۔
زَرْزَر. الـزُّرْزُوْرُ: زرزر پرندہ کا آواز کرنا ...... الرَّجُلُ: [illegible]

...... بالمَكَان: اقامت کرنا۔
الزُّرْزُوْر: ایک قسم کا پرندہ جو چڑیا سے بڑا ہوتا ہے۔ بعض ان میں بالکل کالے ہوتے ہیں اور بعض میں سفید چتی ہوتی ہے۔ ج زَرَازِيْر وزَرَازِر.
الزَّرْزَار والزُّرَازِر: سریع الفہم تیز خاطر۔ ج زَرَازِرَة.
الزُّرْزُوْرِی. : وہ جو زُرْزُوْر: پرندہ کے رنگ کا ہو۔
زَرَطَ: (ض) زَرْطًا. اللُّقْمَةَ: لقمہ کو نگلنا۔
زَرَعَ: (ف) زَرْعًا وازْدَرَعَ: بونا۔ بیج ڈالنا ...... الارض: جوتنا۔ زَرَعَ اللّٰـهُ النَـبَاتَ: اگانا۔ کہا جاتا ہے "زُرِعَ لَهٗ بَـعْـدَ شَقَاوَةٍ" یعنی اس کو فقر و حاجت کے بعد مال و دولت حاصل ہوئی۔
زَارَعَ مُزَارَعَةً: بونا ...... فلانًا: بٹائی پر معاملہ کرنا۔
اَزْرَعَ. الـــزَّرْعُ: پتے نکلنا۔ کھیت کاٹنا ...... القَوْمُ: کھیتی کرنے پر قادر ہونا۔
تَـــزَرَّعَ. اِلَـى الشَّرِّ: بدی کی طرف جلدی کرنا۔
الزَّارِع: فا۔ ج زَارِعُوْنَ وزُرَّاع: ایک کتے کا نام اور اسی وجہ سے کتوں کو "اولاد زَارِع" کہتے ہیں۔
الزَّرْع: مص۔ کھیت۔ اولاد۔ ج زُرُوْع.
الـــزُّرْعَة: بیج (...... والـــزِّرعَة والـــزَّرْعَة الـزَّرْعَة): کھیتی۔ کہا جاتا ہے "مَـافِي هٰـذِهٖ الاَرْضِ زُرْعَةٌ" اس زمین میں کھیتی کے قابل کوئی جگہ نہیں ہے ...... الزُّرعَة: چکور کا بچہ۔
الزِّرَاعَة: کاشتکاری۔ کھیت۔
الزَّرِيْعَة: بوئی ہوئی چیز۔ کھیتی۔
الـــزَّرَّاع: بہت کھیتی کرنے والا۔ چغل خور (اس وجہ سے کہ وہ بھی لوگوں کے دلوں میں کینہ بو دیتا ہے) ج زَرَّاعُوْن وزَرَّاعَة.
الـــزَّرَّاعَة. زَرَّاع: کا مونث۔ کشت زار ج زَرَّاعَات.
الزَّرِيْع: صرف بارش سے سیراب ہونے والی

کھیتی۔
الزریع :وہ پودہ جوکھیتی کٹنے کے وقت گرے ہوئے دانے سے اُگ آئے۔
المزرعة والمزرعة: کھیتی۔ج مزارع۔
المزدرع: کھیتی کرنے کی جگہ۔کشت زار۔
زرف: (ن) زرفا: کودنا ...... فی الکلام: زیادتی کرنا۔جھوٹ بولنا۔(...... زروفا وزریفا) الیہ: قریب ہونا۔دیر لگانا۔جلدی کرنا (ضد)
زرف: (س) زرفا۔ الجرح: زخم کا اچھا ہونے کے بعد تازہ ہونا۔
زرفہ: علیحدہ کرنا۔دور کرنا ...... الشئ: زیادتی کرنا ...... فی الکلام: کلام میں زیادتی کرنا اور جھوٹ بولنا ...... القوم: جدا جدا کرنا ...... الرمح فیہ: نیزہ بھونکنا۔کہا جاتا ہے "زرف علی الستین" وہ ساٹھ سے بڑھ گیا۔
ازرف: آگے بڑھنا۔جلدی کرنا۔
الجرح: زخم کا اچھا ہونے کے بعد تازہ ہونا۔
...... الناقة: اونٹنی کو اکسانا۔تیز کرنا ......
الرجل: زرافہ جانور خریدنا (دیکھئے لفظ زرافہ)
انزرف۔ القوم: گھاس پانی کی تلاش میں جانا ...... الریح: گزر جانا ...... الشئ: آر پار ہونا۔
الزرافة والزرافة والزرافة والزرافة: ایک جانور کا نام جو اونٹ کے برابر ہوتا ہے اور اس کی اگلی ٹانگیں لمبی اور پچھلی چھوٹی ہوتی ہیں اور اس کی گردن گھوڑے کی مانند اور کھال چیتے کی مانند ہوتی ہے اور اس کے دو چھوٹے چھوٹے سینگ بھی ہوتے ہیں۔ج زرافی زرافی زرافات۔ زرائف۔
الزرافة: بہت چھوٹا۔
الزرافة والزرافة: دس یا بیس آدمیوں کا گروہ۔ج زرافات اور اسی سے ہے "طاتوا الیہ زرافات ووحدانا"۔

الزرافة والزرافة: وہ جگہ جہاں کھیت کیلئے پانی نکالا جائے۔ج زرافات زرافات۔
المزراف والزروف والزروف۔ من النوق: تیز رفتار اونٹنی۔
زرفن۔ شعرہ: بالوں کو زنجیر کی طرح بنانا۔
الزرفین: چھوٹی زنجیر۔ج زرافین۔
زرق: (ض ن) زرقا۔ الطائر: پرندہ کا بیٹ کرنا۔زرقت عینہ نحوی: انکھیوں سے دیکھنا ...... زرق الطائر: پرندہ کو چھوٹے نیزے سے مارنا ...... الرجل ببصرہ: گھورنا ...... الناقة الرحل: اونٹنی کا کجاوہ پیچھے کی جانب ڈال دینا۔
زرق: (س) زرقا۔ الرجل: اندھا ہونا۔
...... عینہ: نیلگوں ہونا ...... الشئ: نیلگوں ہونا۔آسمانی رنگ کا ہونا۔
ازرقت۔ عینہ نحوی: آنکھ کا پھرنا اور سفیدی کا ظاہر ہونا ...... الناقة حملها: اونٹنی کا کجاوہ کو پیچھے کی جانب ڈال دینا۔
ازرق ازرقاقا وازراق ازریقاقا: نیلگوں ہونا ...... عینہ نحوی: بمعنی ازرقت عینہ۔
انزرق: پیچھے ہٹنا۔چت لیٹنا۔السهم: آر پار ہونا۔
الزرق والزرقة: آسمانی رنگ۔نیلگونی۔
الزرق: کھر کے کچھ اوپر کی سفیدی۔
الزرقة: تعویذ کا مہرہ۔
الزرق: ایک شکاری پرندہ۔ج زرارق: گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی۔تیز نظر والا۔
الازرق: نیلگوں۔مؤنث زرقاء، ج زرق۔
الازرق: باز۔ نصل ازرق: چمکیلا تیر کا پھل۔ ماء ازرق: صاف پانی۔ عدو ازرق: سخت دشمن اور یہ اس وجہ سے کہ رومیوں اور دیلمیوں کی آنکھیں نیلگوں ہوتی ہیں اور ان میں اور عربوں میں سخت دشمنی تھی۔اس وجہ سے ہر سخت دشمن کو عدو ازرق کہنے لگے) اور چونکہ نیزے اور بھالے میں بھی نیلگونی ہوتی ہے اس لئے ان پر بھی ازرق کا اطلاق کرتے ہیں۔

الزرقاء۔ ازرق: کا مؤنث۔ج زرق: شراب۔آسمان۔
الزریق وابوزریق: چڑیا سے کچھ بڑا ایک پرندہ۔
الزریقاء: دودھ اور زیتون کے تیل میں تر کیا ہوا ثرید۔ایک جانور جو بلی کے مشابہ ہوتا ہے مگر اس کی ٹانگیں چھوٹی اور جسم لمبا ہوتا ہے۔
الزرافة۔ والعامة تسمیها الزرازوقة: پچکاری (عوام اسے زرازوقہ کہتے ہیں۔)
الازارقة: خارجیوں کا ایک گروہ جو نافع بن الازرق کے ساتھی تھے اور مخالفین کو قتل کرنا اور ان کی عورتوں کو قید کرنا جائز سمجھتے تھے۔واحد (الازرقی)
المزراق: چھوٹا نیزہ ...... من الاباعر: پیچھے کی طرف بوجھ ڈالنے والا اونٹ۔ج مزاریق۔
زرقف وازرنقف: جلدی کرنا۔
زرقل زرقلة۔ لی بحقی: حق دینا۔الشعر: بالوں کو جھاڑنا۔
الزرقم: بہت نیلگوں آنکھ والا (مذکر و مؤنث) ج زراقم۔
الزراقم: بہت سے سانپ۔
زرک: (س) زرکا بد خلق ہونا۔
زرمہ (ض) زرما وزرمة وازرمة: کاٹنا۔ کہتے ہیں "زرمت بہ امہ" اس کی ماں نے اس کو جنا۔وزرمة الدھر: زمانہ نے اس سے خیر منقطع کر دیا۔
زرم: (س) زرما۔ الشئ: منقطع ہونا۔
ازدرمہ: نگلنا۔
ازرام: غضبناک ہونا۔سکڑنا۔
الزرم: ذلیل تھوڑے جننے والا۔بخیل۔تنگ حال۔
الازرم: منقطع۔بلی۔
الزریم: تھوڑے جننے والا۔ذلیل۔
الزرموج: جوتا۔
زرنق زرنقة۔ الارض: چھوٹی نہر سے پانی

دینا۔ کنوئیں پر زرنوق لگانا۔ دیکھیے "زرنوق"۔
......فلاناً اللباسَ: کسی کو لباس پہنانا۔
تَزَرْنَقَ. بالثیاب: کپڑے پہننا......الرَّجُلُ: چھوٹی نہر سے اُجرت پر آب کشی کرنا۔
الزُرْنُوق: چھوٹی نہر۔ چکی کا دستہ۔
الزُرْنُوقان: کنوئیں کے من پر کے دو کھمبے جس میں چرخی لگی ہوئی ہوتی ہے۔
الزَرْنَقَة: مص۔ زیادتی۔ حسن کا کمال۔
الزِرنیق: ہڑتال۔
زَرَىٰ (ض) زَرْيًا وزُرْيًا وزَرَايَةً ومَزْرِيَةً ومَزْرَاةً وازْرَىٰ وتَزَرّىٰ. عَلَيْهِ عَمَلَه: کسی کام پر عتاب کرنا۔ عیب لگانا۔ ازْرَىٰ بالأمر: سستی کرنا۔ ازْرَىٰ بِهٖ وازْرَاهُ: عیب لگانا۔ حق گھٹانا۔
زَارَاهُ مُزَارَاةً: ایک دوسرے کو عتاب کرنا۔
اِزْدَرَىٰ واِسْتَزْرَىٰ. ہ: حقیر سمجھنا۔
الزَرِيّ: ناکارہ۔ ذلیل۔
المِزْرَاء: لوگوں کو عیب لگانے والا۔
زَطَّ: (ن) زَطًّا. الذُّبَابُ: مکھی کا بھنبھنانا۔
الزُطُّ: جاٹ (ہندوستان کی ایک قوم) واحد زُطِّيّ۔
زَعَبَ: (ف) زَعْبًا. الإناءَ: برتن کو بھرنا ......القِرْبَةَ: مشک بھری ہوئی اٹھانا۔
......القِرْبَةَ: پانی گرانا......السَيْلُ: سیلاب کا وادی کو بھر دینا۔ الوادی: وادی کا بھر جانا
......الشیءَ: کاٹنا...... لَهٗ مِنَ المالِ: زَعْبًا وزُعْبَةً: مال کا کچھ حصہ دینا......
المَرْأةَ: جماع کرنا۔
زَعَبَ: (ف) زَعِيبًا. الغُرَابُ: کائیں کائیں کرنا۔
تَزَعَّبَ: غضبناک ہونا۔ شادماں ہونا۔
......فِي أكْلِهٖ وشُرْبِهٖ: بہت کھانا پینا۔ القومُ المالَ: قوم کا مال میں سے اپنا اپنا حصہ لینا۔
اِزْدَعَبَ. الشیءَ: کاٹ لینا۔
الزُعْبَة والزُعْبَة والزِعب: مال کا ایک حصہ۔

الأزْعَب: پستہ قد۔ کمینہ۔ موٹا۔ مؤنث زَعْبَاء ج زُعْبٌ۔
سَیْلٌ (زَاعِبٌ وزَعُوبٌ): وادی کو بھرنے والا سیلاب۔
الزَاعِب: اچھار ہبر۔
زَعِيبُ. النَحْلِ: شہد کی مکھیوں کی بھنبھناہٹ۔
الزُعْبُوب: پستہ قد کمینہ۔
زَعْبَقَ. القَوْمَ: پریشان و متفرق کرنا۔
......الشیءَ: جدا جدا کرنا۔
تَزَعْبَقَ. الشیءُ مِنْ يَدِي: بکھر جانا اور متفرق ہو جانا۔
زَعْبَل: بڑے پیٹ اور پتلی گردن والا۔ بڑا سانپ۔ گرگٹ۔ ڈول۔ روئی کا پودہ۔ ج زَعَابِل۔
زَعَجَه: (ف) زَعْجًا وأزْعَجَ: بے قرار کرنا۔ ہٹانا۔ دھتکارنا۔ زعجَ الرجلُ: چلانا۔
أزْعَجَه إلَى المَعْصِيَةِ: گناہ پر ابھارنا۔
اِنْزَعَجَ: بے قرار ہونا۔ ہٹنا۔
الزَعَج: بے قراری۔
المِزْعَاج: ایک جگہ پر نہ ٹھہرنے والی عورت۔
زَعِرَ: (س) زَعَرًا او ازْعَرّ وازْعَارّ. شَعْرُهٗ أوْ رِيشُهٗ: کم اور بکھرے ہوئے بال یا پر والا ہونا۔ زَعِرَ الرَّجُلُ: بے خیر ہونا۔
الزَعَارَة والزَعَارَّة: بدخوئی و تند مزاجی۔
الزَعِر والأزْعَر: کم اور متفرق بالوں والا۔
مَوْضِعٌ زَعِرٌ وأزْعَر: کم پیداوار والی جگہ۔ مؤنث زَعِرَةٌ وزَعْرَاءُ۔
الزُعَرَة: ہمیشہ مضطرب اور خوفزدہ رہنے والا ایک پرندہ۔
الأزْعَر: چور، سرکش، چھیننے والا۔ مؤنث زَعِرَة وزَعْرَاء: ج زُعْرٌ وزُعْرَانٌ۔
الزُعْرَان: نوجوان لوگ۔
الزُعْرُور: ایک درخت جس کا پھل سرخ رنگ کا اور گٹھلی گول بڑی ہوتی ہے جس کی وجہ سے مغز کم ہوتا ہے۔ واحد (زُعْرُورَة)

زَعِل زُعْرُور: بدخلق و بے خیر مرد۔ ج زَعَارِير۔ الزَعَارِير: گوبر وغیرہ جو اون میں لگ جائے اور جم جائے۔
بَحْرٌ (زَعْرَق): بہت پانی والا سمندر۔
زَعْزَعَه زَعْزَعَةً: سخت حرکت دینا۔
......الإبِلَ فِي السَيْرِ: ہانکنا۔
تَزَعْزَع: ہلنا۔
الزَعْزَعَة: مص۔ ج زَعَازِع۔ الزَعَازِع: زمانہ کے مصائب۔
رِيحٌ (زَعْزَعٌ وزُعْزُعٌ وزَعْزَاعٌ وزُعَازِعٌ وزَعْزَعَان): آندھی۔ ہوا کا طوفان......
جَرْيٌ زَعْزَعٌ: تیز دوڑ۔
بَحْرٌ (زَعْرَفَة): بہت پانی والا سمندر۔
زَعَطَ: (ف) زَعْطًا: گلا گھونٹنا...... الحِمَارُ: گدھے کا رینگنا۔
الزَاعِط: فا۔ مَوْتٌ زَاعِطٌ: جلدی کی موت۔
زَعَفَه (ف) زَعْفًا وأزْعَفَهٗ وازْدَعَفَه: فوراً مار ڈالنا۔ زَعَفَ الجَرِيحَ وأزْعَفَ عَلَيْهِ: زخمی کو فوراً مار ڈالنا۔ زَعَفَ الحَدِيثَ: زیادہ کرنا اور جھوٹ بولنا۔
سَمٌّ (زُعَاف): زہر قاتل۔
مَوْتٌ (مُزْعِفٌ): فوراً ہلاک کرنے والی موت۔
سَيْفٌ مُزْعِفٌ: فوراً ہلاک کرنے والی تلوار۔
الزُعُوف: ہلاکت کی جگہیں۔
الزُعُوفَة: پتھر جس کو کنوئیں کی تہ میں ڈال دیں اور اس پر بیٹھ کر کیچڑ وغیرہ صاف کریں۔
زَعْفَرَه: زعفران سے رنگنا......الطعامَ: کھانے میں زعفران ڈالنا۔
تَزَعْفَر: زعفران سے خوشبودار ہونا۔ زعفران سے رنگا ہوا ہونا۔
الزَعْفَرَان: زعفران۔ کیسر۔ ج زَعَافِر۔
زَعْفَرَانُ الحَدِيد: لوہے کا زنگ۔
زَعْفَق. الزَعَافِق: بخیل۔ بدخلق۔ ج زَعَافِق۔

زَعَقَ :(ف) زَعْقًا: چلانا' چیخنا......ہ وزَعَقَ بہٖ: ڈرنا......بالدَّابَّۃِ: تیز چلا کر ہانکنا۔
الرِّیحُ التُّرَابَ: ہوا کا مٹی کو اڑانا......ہ العَقرَبُ: بچھو کا ڈسنا......القِدْرَ: ہانڈی میں بہت نمک ڈالنا۔
زَعُقَ :(ک)زَعَاقَۃً. المَاءُ: پانی کا بے حد کھاری ہونا۔
زَعِقَ (س) زَعَقًا: شادماں ہونا(......وزُعِقَ اِنْزَعَقَ) الرَّجُلُ: رات میں ڈرنا۔
اِنْزَعَقَ الفَرَسُ: آگے بڑھنا اور تیز چلنا۔
اَزْعَقَہٗ: ڈرنا خوف دلانا......السَّیْرَ: چلنے میں جلدی کرنا......القِدْرَ: ہانڈی میں بہت نمک ڈالنا۔
الزَّعِقُ: رات میں ڈرنے والا۔شادماں جو کچھ گھبرایا بھی ہو۔
الزَّعْقَۃُ: چیخ۔
الزُّعَاقُ: بہت کھاری پانی جو پیا نہ جاسکے۔
الزُّعْوُقَۃُ. زُعَاقٌ: کا اسم۔
الزَّعَّاقُ. مِنَ الخَیْلِ: بہت اور تیز چلنے والا۔گھوڑا' پیچھے پیچھے چلاتے ہوئے جانوروں کو ہانکنے والا۔
الزَّعِیقُ: خوفزدہ۔
المِزْعَقُ: زمین کھودنے کا اوزار۔
زَعِلَ (س) زَعَلاً: شادماں ہونا......مِنَ المَرَضِ وغَیْرِہٖ: تنگ دل ومضطرب ہونا۔
اَزْعَلَہٗ: شادماں کرنا۔مِنْ مَکَانِہٖ: ہٹانا۔
تَزَعَّلَ: شادماں ہونا۔
الزَّعِلُ والزَّعْلاَنُ والاَزْعِیلُ: شادماں۔
الزَّعِلُ: بھوک سے بلبلانے والا۔
زَعَمَ :(ف ن) زَعْمًا وزِعْمًا وزُعْمًا ومَزْعَمًا: سچ یا جھوٹ کہنا اور اکثر مشکوک یا ایسی چیزوں میں جس کے جھوٹ ہونے کا یقین ہو استعمال کیا جاتا ہے(......زَعَامَۃً) ...... عَلَی القَوْمِ: سردار بننا۔
زَعَمَ :(ف ن)زَعْمًا. بالمَالِ: کفیل ہونا۔ضامن ہونا......اللَّبَنُ: دودھ خریدار ہونے لگنا۔

زَعِمَ :(س) زَعَمًا. بِہٖ: لالچ کرنا۔
اَزْعَمَ. الاَمْرُ: ممکن ہونا......اللَّبَنُ: دودھ خریدار ہونے لگنا......اِلَیْہِ: فرمانبردار ہونا' تابع ہونا......عَلَی القَوْمِ: سردار بننا۔
الاَرْضُ: سبزی کا پھوٹنا......ہ: کھلانا۔اَزْعَمَہٗ المَالَ: مال کا ضامن بنانا۔
زَاعَمَہٗ: جھگڑ کرنا۔
تَزَعَّمَہٗ: جھوٹی باتیں بیان کرنا۔
تَزَاعَمَ. القَوْمُ عَلَی الاَمْرِ: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔باہم غیر موثق باتیں کرنا۔
الزَّعِمُ. مِنَ الشِّوَاءِ: بہت چربی والا جس سے بھونتے ہوئے چربی آگ پر ٹپکے۔
الزَّعْمَۃُ. زَعَمَ: کا اسم مرۃ۔ج زَعَمَاتٌ: کہا جاتا ہے"ھٰذَا وَلاَ زَعَمَاتِکَ اَوْزَعَمَاتُکَ" یعنی یہی صحیح ہے اور میں تمہارا گمان نہیں خیال کرتا ہوں۔
الزُّعْمِیُّ: جھوٹا۔سچا۔ضد۔
الزَّعَامَۃُ: مص۔شرف۔سرداری۔ہتھیار۔زرہ۔عمدہ مال یا اکثر مال۔گائے۔
الزَّعُوْمُ: گفتگو میں عاجز۔چربی دار عورت۔کم چربی والی عورت(ضد)
الزُّعْمُوْمُ: گفتگو میں عاجز۔
الزَّعِیمُ: ضامن۔کفیل۔سردار۔رئیس۔ج زُعَمَاءُ.
المَزْعَمُ: مص۔لالچ کی جگہ۔کہا جاتا ہے "ھٰذَا اَمْرٌ مَزْعَمٌ" یعنی یہ امر غیر موثوق ہے کوئی کچھ کہتا ہے اور کوئی کچھ "وھٰذَا اَمْرٌ فِیْہِ مُزَاعِمٌ" یہ ایسا امر ہے جس میں جھگڑے ہیں۔
المِزْعَامَۃُ: سانپ۔
زَعْنَفَتِ. المَاشِطَۃُ العَرُوْسَ: مشاطہ کا دلہن کو آراستہ کرنا۔
الزِّعْنِفَۃُ والزَّعْنَفَۃُ: پست قد مرد یا عورت۔ہر چیز کا ایک حصہ۔جسم کے اطراف مانند ہاتھ پیر کے۔ردی۔قبیلہ کا ایک ٹکڑا جو علیحدہ ہو یا دوسرے کے ساتھ مل جائے۔کپڑے کا ٹکڑا یا نچلا پھٹا ہوا حصہ۔مصیبت۔ج

زَعَانِفُ الزَّعَانِفُ: مچھلی کے پر۔ہر وہ جماعت جن کی کوئی ایک اصل نہ ہو۔
زَعَانِزُعُوْزُعُوًّا: منصف ہونا۔عادل ہونا۔
زَغِبَ :(س) زَغَبًا وزُغْبًا وازْغَابَّ الصَّبِیُّ اوالفَرْخُ: بچہ یا چوزہ کا رواں نکلنا۔صفت(زَغِب)
اَزْغَبَ. الکَرْمُ: انگور کی بیل میں پتے نکلنے لگنا۔
الزَّغَبُ: پروں یا بالوں کے روئیں۔واحد (زَغَبَۃ)
الزُّغَابِیُّ والزُّغَابَۃُ چھوٹے روئیں۔کہا جاتا ہے "مَا اَصَبْتُ مِنْہُ زُغَابَۃً" میں نے اس سے روئیں کے برابر بھی کچھ حاصل نہیں کیا۔
الاَزْغَبُ: روئیں دار۔مؤنث زَغْبَاءُ. ج زُغْبٌ: قطا کا چوزہ۔
الزُّغْبَۃُ: گلہری۔
الزُّغْبُبُ: پستہ قد بخیل۔
زَغْبِرَ. الثَّوْبُ: روئیں دار ہونا۔
الزِّغْبِرُ والزِّغْبِرُ والزَّغْبُرُ: رواں کہا جاتا ہے"اَخَذَ الشَّیْءَ بِزَغْبَرِہٖ" اس نے ساری چیز لے لی۔
الزُّغْبُرَۃُ. عِنْدَ العَامَّۃِ: رواں۔کلمہ محرف ہے صحیح لفظ الزغب ہے۔
الزُّغْبُدُ: مکھن۔
زَغَدَ :(ف) زَغْدًا. السِّقَاءُ: مشک نچوڑنا......فُلاَنًا: گلا دبانا......البَعِیْرُ: اونٹ کا سخت بلبلانا......النَّھْرُ: دریا کا چڑھنا۔موج مارنا......ہ بالکَلاَمِ: اکسانا۔بھڑکانا۔
اَزْغَدَتِ. المَرْأَۃُ وَلَدَھَا: عورت کا بچہ کو دودھ پلانا۔
الزَّغِیْدُ والزَّغِیْدَۃُ: مکھن جو مشک کو دبانے سے اس کے منہ سے نکلے۔
نَھْرٌ (زَغَّادٌ): بہت پانی والا چڑھا ہوا دریا۔
المُزْغِدُ: غضبناک۔
زَغَرَ (ف) زَغْرًا. الشَّیْءَ: چھین لینا۔زبردستی لینا......الشَّیْءُ: بکثرت ہونا......البَحْرُ: چڑھنا۔موج مارنا۔

الزَّغو. مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: زیادتی۔افراط۔
الزُّغَار: کیچوا۔
زَغرَبَ: ہنسنا۔
الزَّغرَب: بہت پانی۔بِئر زَغرَبٌ وزَغرَبَةٌ: بہت پانی والا کنواں۔
زَغرَدَ زَغرَدَةً. البَعِيرُ: اونٹ کا اپنے حلق میں آواز کو لوٹاتے ہوئے بلبلانا۔
زَغزَغَ. الكلامَ: رکیک گفتگو کرنا۔الشَّيْءَ: چھپانا......بالرَّجُلِ: تمسخر کرنا۔ٹھٹھا کرنا۔
الزُّغزُغ: سبک و چست آدمی۔
حسب و نسب میں مطعون۔
الزُّغزُغ: پستہ قد حقیر۔ایک پرندہ۔
الزُّغزُغِيَّة: عجم میں سے بعض لوگوں کی زبان۔
الزَّغزَغِيَّةُ: ایک قسم کا کھانا جو گھی اور آٹے سے تیار کیا جاتا ہے۔
زَغَفَ: (ف) زَغفًا. المَاءُ: پانی بہت ہونا۔
......فِي حَدِيثِهِ: بہت بولنا اور جھوٹ بولنا۔کہا جاتا ہے "زَغَفَ كَلامًا كَثِيرًا" و "زَغَفَ لَنَا مَالاً كَثِيرًا" اس نے بہت بکواس کی اور اس نے ہم کو بہت مال دیا......ہ بِالرُّمحِ: نیزہ مارنا۔
إزدَغَفَ. الشَّيْءَ: سارا لے لینا۔
الزَّغف: مص۔کشادہ اور لمبی زرہ۔بادل جو برس چکا ہو اور ابھی گھرا ہوا ہو۔
دِرْعٌ (زَغِيفٌ): کشادہ مضبوط اچھے حلقوں والی زرہ اور کہا جاتا ہے "دُرُوعٌ زَغفٌ وزَغَفٌ وأزغَاف وزُغُوف"۔
الزَّغَف: ٹہنیاں۔درخت کی کمزور شاخیں۔
الزَّغَّاف: بہت بولنے والا۔
الزَّغفَة والزَّغَفَة: کشادہ یا مضبوط زرہ۔
المِزغَف: حریص۔بہت خواہش مند۔
زَغفَلَ زَغفَلَةً: جھوٹ بولنا۔
زَغَلَ (ف) زَغلاً. المَاءَ: پانی بار بار گرانا......الشَّرابَ: کلی کرنا......الصَّبِيُّ أُمَّهُ: بچہ کا دودھ پینا۔
أزغَلَ. المَاءَ: گرانا......الأمُّ وَلَدَهَا: بچہ کو دودھ پلانا......الطَّائِرُ فَرخَهُ: پرندہ کا بچہ کو چوگا دینا......الشَّرابَ: کلی کرنا۔
الزَّغَل: دھوکا۔
الزَّغَلِيّ: دھوکا دینے والا۔
الزُّغلَة: کلی کا پانی جو منہ سے پھینکا جائے۔ایک مرتبہ پانی گرانے کی مقدار۔
الزُّغلُول: بچہ۔ہلکا پھلکا جلد باز مرد۔ج زَغَالِيل۔
تَزَغَّمَ. الجَمَلُ: اونٹ کا جھاگ کو اپنے جبڑوں میں پھرانا اور اسی سے ہے "تَزَغَّمَ الرَّجُلُ" یعنی اس نے غضبناک ہو کر گفتگو کی۔
الزَّغُوم والزُّغمُوم: گفتگو کرنے میں عاجز و درماندہ۔
زَفَّ: (ض) زَفًّا وزُفُوفًا: تیز دوڑنا......الرِّيحُ: ہوا کا چلنا(......زَفًّا وزَفِيفًا) الطَّائِرُ: پرندہ کا پر پھیلا کر اترنا۔
زَفَّ (ن) زَفًّا وزِفَافًا. العَرُوسَ إلَى زَوجِهَا: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا......البَرقُ: چمکنا۔
أزَفَّ. العَرُوسَ إلَى زَوجِهَا: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا......الرَّجُلُ: تیز دوڑنا......ہ: تیز دوڑانا۔
إزدَفَّ. الحِملَ: بوجھ اٹھانا......العَرُوسَ: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا۔
إستَزَفَّهُ. السَّيلُ: سیلاب کو بہا لے جانا۔
......ہ السَّيرُ: سبک بنانا۔
الزِّفّ: چھوٹے چھوٹے پر۔
الزَّفَف: پرندہ کے روئیں کا ایک پر ایک چپکا ہوا ہونا۔
الزَّفَّة. زَفَّ کا اسم مرۃ۔کہا جاتا ہے "جِئتُهُ زَفَّةً أوزَفَّتَينِ" میں اس کے پاس ایک بار یا دوبار آیا۔
الزُّفَّة: گروہ۔
الأزَفّ: تیز رفتار۔باریک چھوٹے پروں والا۔
الزَّفِيف والزَّفَّان والزَّفَّاف: سبک تیز رفتار۔الزَّفُوف: شتر مرغ......مِنَ النُّوقِ: عمدہ چال والی تیز رفتار اونٹنی۔قَوسٌ زَفُوفٌ: آواز دینے والی کمان۔
المِزَفَّة: پالکی۔
زَفَتَ: (ن) زَفتًا. الإنَاءَ: بھرنا......الرَّجُلَ: غیظ میں ڈالنا۔منع کرنا۔دھتکارنا۔تھکانا۔کہا جاتا ہے "زَفَتَ الحَدِيثَ فِي أُذُنِ الأصَمِّ" اس نے بہرے کے کان میں بات ٹھونس دی۔
زَفَّتَ. السَّفِينَةَ: کشتی پر زفت ملنا۔
الزِّفت: تارکول جیسی ایک چیز جس کو کشتی وغیرہ پر ملا کرتے تھے۔
زَفَدَ(ن) زَفدًا. الإنَاءَ: برتن بھرنا۔
فَرَسَهُ شَعِيرًا: گھوڑے کو بہت جو کھلانا۔
إزدَفَتَ. المَالَ: سارا لے لینا۔
زَفَرَت (ض) زَفرًا وزَفِيرًا. النَّارُ: آگ سے بھڑکنے میں آواز نکلنا ...... الأرضُ: نباتات اگانا۔زَفَرَ الرَّجُلُ: لمبی لمبی سانس لینا۔الحِمَارُ: گدھے کا رینگنا شروع کرنا۔وزَفَرَ الشَّيْءَ زَفرًا: اٹھانا......المَاءَ: پانی کھینچنا۔
إزدَفَرَ. الشَّيْءَ: اٹھانا۔
ألزِّفر: بھاری بوجھ۔مشک۔مسافر کا سامان۔جماعت یا دستہ فوج۔ج أزفَار۔
الزَّفَر: درخت کے نیچے لگانے کی تھونی۔
الزُّفَر: شیر۔بہادر۔سمندر۔بہت پانی والا دریا۔سخی۔سردار۔مشک کے اٹھانے کے لئے مضبوط آدمی۔بہت عطیہ۔دستہ فوج۔
الزَّفِير: مص۔مصیبت۔گدھے کی آواز کی ابتداء اور انتہا کو الشَّهِيق: کہتے ہیں۔
الزَّفرَة الزُّفرَة: لمبی سانس۔گرم سانس۔
زَفرَةُ الدَّابَّةِ زُفرَتُهَا: جانور کا پھولا ہوا پہلو۔
الزَّفرَة: زَفَرَ الرَّجُلُ أوالحِمَارُ: کا اسم ج زَفَرَات: کبھی ضرورت شعری کی بنا پر فا کو ساکن کر کے زَفرَات: کہتے ہیں۔فَرَسٌ (أزفَر): بڑے پہلوؤں والا گھوڑا۔ج زُفر۔

الزافِرة: جماعت۔ دستہ فوج۔ مصیبت۔ تیر کے پر کے علاوہ یا پیکان کی جانب دو ثلث سے کم۔ کندھا اور اس کے گرداگرد۔ کمان۔ بڑا سردار۔ زافِرۃُ الرَّجُلِ: مرد کے اقارب و انصار۔ زافِرۃُ البِناء: عمارت کا تھم۔ ج زَوافِر الزَّوافِر: پسلیاں۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ شَدِیْدُ الزَّوافِر" مضبوط پسلیوں والا گھوڑا۔ پانی لانے والی لونڈیاں۔ انگور کی بیل اٹھانے کی ٹٹی۔ زَوافِرُ المَجْدِ: بزرگی کے اسباب۔

المُزْفَر والمُزْدَفَر: لمبی سانس۔ سانس لینے کی جگہ۔

المُزْفُوْر۔ مِنَ الدَّوابّ: مضبوط جوڑوں والا جانور۔

زَفْزَفَ۔ الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ عمدہ چال چلنا ...... الطائِر: پر پھیلا کر اُترنا ...... الرِّیْح الحشیشَ: ہوا کا گھاس کو حرکت دینا اور اس سے سائیں سائیں کی آواز نکلنا ...... المَرْکَبُ: سواری کے چلنے سے آواز سنائی دینا۔

زَفَنَ (ض) زَفْنًا: ناچنا۔ سخت دھکا دینا اور لات مارنا۔ کہا جاتا ہے "دَنَوْتُ مِنْهُ فَزَفَنَنِیْ" میں اس سے قریب ہوا اس نے مجھے دھکا دیا۔

الزِّفْن: چھت کے اوپر کا سامان۔ النَّاقَةُ (الزَّافِنَةُ والزَّفُوْن): لنگڑی اونٹنی۔

الزَّفان: ناچنے والا۔

الازْفَنَة: حرکت۔ رَجُلٌ اِزْفَنَة: متحرک مرد۔

الزَّیْزَفُوْن: ایک درخت جس کے پھول سفید ہوتے ہیں اور اس میں پھل نہیں آتا۔ نَاقَةٌ زَیْزَفُوْن: تیز رفتار اونٹنی۔

زَفَى یَزْفِیْ زَفْیًا وزَفَیَانًا۔ زَفَتِ القَوْسُ: آواز دینا ...... الرِّیحُ السَّحَابَ والتُّرَابَ: ہوا کا بادل یا مٹی کو اُڑانا ...... الرَّجُلُ: بِنَفْسِهٖ: جان دینا۔

اَزْفَى۔ الشَّیْءَ: ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا اور اسی سے ہے "اَزْفَتِ العَرُوْسَ" جبکہ میکہ سے دلہن کو سسرال لے جائیں۔

الزَّافِی: سبک تیز رفتار۔

الزَّفَیَان: مس۔ ہلکا پن۔ ہلکا۔ نَاقَةٌ زَفَیَان: تیز رفتار اونٹنی۔

المَزْفِیُّ والمُنْزَفِیُّ والمُتَزَفِّی: ڈرایا ہوا۔

زَقَّ (ن) زَقًّا۔ الطائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا ...... فَرْخَه: چوزہ کو چوگا دینا ...... الکَبْشَ: مینڈھے کی کھال اتارنا۔ الجِلْدَ: بال کاٹنا۔

الزِّق: مشک۔ زِقُّ الحَدَّاد: لوہار کی بھٹی۔ ج اَزْقَاق وزِقَاق وزُقَّاق واَزُقّ۔

الزُّق: شراب۔ ج زُقَقَة۔

الزَّقَّقَة: چوزہ کو چوگا دینے والی فاختائیں۔ چھوٹے بچوں کو تیار کرنے والے۔

الزُّقاق: گلی۔ تنگ راستہ (مذکر و مؤنث) ج اَزِقَّه وزُقَّان۔ الزُّقَان وبَحْرُ الزُّقاقِ: جبرالٹر کی آبنائے۔

الزُّقَّة والزُّقُّقُ: پن ڈبی نامی ایک پرندہ۔

الزَّقَّاق: مشک بنانے والا۔

زَقَبَ (ن) زَقْبًا۔ الجُرَذُ فِی الجُحْرِ: چوہے کا سوراخ میں داخل ہونا۔ وزَقَبَه فِی الجُحْرِ: داخل کرنا (لازم و متعدی)

زَقَبَ۔ المُکَّاءُ: آواز کرنا (مکاء ایک پرندہ ہے)

اِنْزَقَبَ۔ الجُرَذُ فِی الجُحْرِ: چوہے کا سوراخ میں داخل ہونا۔

الزَّقَب: تنگ راستہ۔ نزدیکی۔ کہا جاتا ہے "رَمَیْتُهٗ مِنْ زَقَبٍ" میں نے اس کو نزدیک سے تیر مارا۔

زَقَحَ: (ف) زَقْحًا وزُقَاحًا۔ القِرْدُ: بندر کا آواز کرنا۔

الزَّقْر: شکرا۔ (الصَّقْر: میں ایک لغت ہے۔

الزَّقَر: دوزخ۔ (السَّقَر: میں ایک لغت ہے)

زَقْزَقَ زَقْزَقَةً وزِقْزَاقًا۔ الطائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا چہچہانا ...... فَرْخَهٗ: چوزہ کو چوگا دینا ...... الصَّبِیَّ: بچہ کو کدانا ...... الرَّجُلُ: آہستہ ہنسنا۔ ہلکا ہونا۔

الزُّقْزَاق: آہستہ چلنے والا۔ ایک قسم کی چیونٹیاں۔

زَقَعَ: (ف) زَقْعًا وزُقَاعًا۔ الدِّیْکُ: مرغ کا ککڑوں کوں کرنا ...... الحِمَارُ: گدھے کا زور سے گوز کرنا۔

زَقَفَ: (ن) زَقْفًا وتَزَقَّفَ وازْدَقَفَ الشَّیْءَ: چھین لینا یا جلدی سے اُچک لینا اور اسی سے ہے "تَزَقَّفَ الکُرَةَ بِالصَّوْلَجَان" وہ گیند کو بلے سے جلدی لے گیا۔ تَزَقَّفَ وازْدَقَفَ اللُّقْمَةَ: لقمہ نگلنا۔

الزُّقْفَة: ہر وہ چیز جو نگل لی جائے۔ ہر وہ چیز جو ہاتھ میں لی جائے۔

زَوْقَلَ۔ العِمَامَةَ: سر کے دونوں جانب کناروں کو لٹکانا۔

زَوَاقِیْلُ۔ العِمَامَةِ: عمامہ کے نیچے سے لٹکے ہوئے بال۔

الزَّوْقَل والزَّوَاقِیْل: چور۔ لٹیرے۔

الزَّقِیْلَة: تنگ گلی۔

زَقَمَہ: (ن) زَقْمًا وازْدَقَمَہ: نگلنا۔

اَزْقَمَہ۔ الشَّیْءَ: نگلوانا۔

زَقَّمَہ: تھوہر کھلانا۔

تَزَقَّمَ: لقمہ کرنا۔ تھوہڑ کھلانا۔ اللَّبَنَ: دودھ بہت پینا۔

الزَّقُّوْم: جہنم کے ایک درخت کا نام۔ تھوہڑ۔ مہلک خوراک۔ ایک جنگلی گھاس جس کا پھول چنبیلی کی مانند ہوتا ہے۔

الزَّقْمَة۔ زقم: کا اسم مرۃ۔ طاعون۔

زَقَنَ: (ن ض) زَقْنًا۔ الحِمْلَ: بوجھ اٹھانا۔

اَزْقَنَہ: اٹھانے میں مدد دینا۔

زَقَا یَزْقُوْ زَقْوًا وزُقَاءً وزُقِیًّا وزَقْیًا وزُقُوًّا وزَقِیَ (ض) زَقْیًا۔ الطائِرُ: پرندہ کا چہچہانا۔ صفت مذکر (زَاقٍ) ج زُوَاق: صفت مؤنث (زَاقِیَة) ج زَوَاقٍ ...... الصَّبِیُّ: بچہ کا بہت رونا۔

اَزْقَاہ: رلانا۔

الزُّقْیَة: روپے پیسوں کا ڈھیر۔

الزَّقْیَة: چیخ۔

زَکَّ: (ن) زَکًّا وزَکَکًا وزَکِیکًا
الشَّیخُ: دوڑنے یا چلنے میں کمزوری کی وجہ
سے قریب قریب قدم رکھنا۔ (..... زَکَّ
الغُلامُ: دوڑنا ..... القِربَۃَ: مشک بھرنا .....
بِسَلحِہٖ: بیٹ کرنا۔ زَکَّ المَاءُ: آسودہ
کرنا ..... عَلٰی فُلانٍ: غضبناک ہونا۔
زُکَّ۔ الرَّجُلُ: بوڑھا ہونا۔ بیماری کی وجہ
سے کمزور ہونا۔
اَزَکَّ۔ عَلَی الاَمرِ: اصرار کرنا ..... بِرَایِہٖ:
خود رائے ہونا۔
تَزَکَّکَ: ساز و سامان لینا یا ہتھیار اٹھانا۔
اِزدَکَّ۔ الزَّرعُ: سیراب ہونا۔
الزُّکُّ: فاختہ کا چوزہ۔
الزِّکَّۃُ: ہتھیار۔
الزُّکَّۃُ: غم وغصہ۔
زَکَأَہٗ: (ف) زَکْأً: مارنا ..... زَکَأَہٗ
الدَّراھِمَ: نقد دینا یا جلدی نقد دینا ..... زَکَأَہٗ
حَقَّہٗ: پورا کرنا ..... اِلَیہِ: پناہ لینا۔
اِزدَکَأَ۔ حَقَّہٗ مِنہُ: حق وصول کرنا۔
رَجُلٌ (زُکَأٌ وزُکَأَۃٌ وزُکَّاءٌ) النَّقدِ: جلدی
نقد دینے والا۔
المَزکَأُ: جائے پناہ۔
زَکَبَ (ن) زَکْبًا وزُکُوبًا۔ الاِنَاءَ: برتن کو
بھرنا ..... المَرأۃُ: عورت کا ایک ہی مرد سے
بچہ کو جننا ..... المَرأۃُ: جماع کرنا۔
اِنزَکَبَ۔ البَحرُ: سمندر کے پانی کا پست
زمین میں یا گڑھے میں داخل ہونا۔
الزُّکبَۃُ: لڑکا۔ نطفہ۔
زَکَتَ (ن) زَکْتًا واَزکَتَ وزَکَّتَ۔ الاِنَاءَ
: برتن کو بھرنا۔
اَزکَتَت۔ المَرأۃُ بِغُلامٍ: لڑکے کو جننا۔
المَزکُوتَۃُ: انڈوں سے بھری ہوئی ٹڈی۔
بھرا ہوا۔ غمگین۔
زَکَرَ (ن) زَکرًا وزَکَّرَ۔ الاِنَاءَ: برتن کو
بھرنا۔
زَکِرَ وتَزَکَّرَ۔ الاِنَاءُ: برتن کا بھر جانا۔
الزُّکرَۃُ: شراب وغیرہ کے لئے چمڑے کا
برتن۔ ج زُکَر۔
زَکَمَہٗ (ن) زَکْمًا واَزکَمَہٗ: مبتلائے زکام
ہونا ..... القِربَۃَ: مشک بھرنا۔ زَکَمَت بِہٖ اُمُّہٗ
: جننا۔
زُکِمَ: زکام زدہ ہونا۔ صفت (مَزکُوم)
الزُّکمَۃُ: زکام۔ اولاد۔ کہا جاتا ہے "لِفُلانٍ
زُکمَۃُ سَوءٍ" فلاں کی اولاد غیر صالح ہے۔
الزُّکمَۃُ: اجذ۔ آخری بچہ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ
زُکمَۃُ وَلَدِ اَبِیہِ" وہ اپنے باپ کا آخری بچہ
ہے۔
زَکِنَ (س) زَکَنًا۔ الاَمرَ: تاڑ جانا۔ سمجھنا۔
گمان کرنا۔ کہا جاتا ہے "زَکِنتُ اللہ رَجُلَ
سَوءٍ" میں نے جانا کہ وہ بُرا آدمی ہے ..... مِنہُ
عَداوَۃً: کسی کی دشمنی کا علم ہونا (..... زُکُونًا)
اِلَیہِ: پناہ لینا۔ مل جل جانا۔
زَکَّنَ: گمان کرنا ..... عَلَیہِ: مشتبہ کرنا۔
زَاکَنَہٗ: ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ کہا
جاتا ہے "ھٰذا الجَیشُ یُزاکِنُ الاَلفَینِ" یہ
لشکر دو ہزار کے قریب ہے ..... ہ: قریب و ہم
نشین ہونا۔
اَزکَنَہٗ۔ الاَمرَ: جتانا۔ سمجھانا ..... الشَّیءَ: صحیح
گمان کرنا۔
الزَّکانَۃُ والزَّکانِیَۃُ: صحیح گمان۔
رَجُلٌ (زِکَنٌ): سمجھدار مرد۔
رَجُلٌ (زُکَنٌ): اچھی یادداشت والا مرد۔
زَکَا یَزکُو زَکَاءً وزُکُوًّا وزَکِیَ (س)
زَکِیَ۔ الزَّرعُ: بڑھنا ..... الرَّجُلُ: نیک و
صالح ہونا۔ خوش عیش ہونا۔ زکی ہونا۔
الاَرضُ: عمدہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذا
لایَزکُو بِکَ" یہ تمہارے لائق نہیں۔
زَکّٰی: بڑھنا۔ زائد ہونا۔ پیاسا ہونا۔
ہٗ اللہُ: نشوونما کرنا۔ پاک کرنا۔ صالح بنانا۔
زکوٰۃ لینا۔ زَکّٰی لَہٗ: زکوٰۃ ادا کرنا .....
نَفسَہٗ: خودستائی کرنا۔
اَزکٰی۔ الزَّرعُ: بڑھنا ..... ہٗ اللہُ: نشوونما
کرنا۔
تَزَکّٰی: صدقہ ادا کرنا۔ زکی ہونا ..... الشَّیءُ:
بڑھنا۔ زیادہ ہونا۔
الزَّکَا: جفت عدد۔ کہا جاتا ہے "اَخَسًا
اَمْ زَکًا" یہ طاق ہے یا جفت۔
الزَّکَاۃُ: چیز کا عمدہ حصہ۔ زکوٰۃ۔ صدقہ۔
پاکیزگی۔ ج زَکًا وزَکَوَات۔
التَّزکِیَۃُ: زَکّٰی کا مصدر۔
الزَّاکِی: فا۔ عمدہ نشوونما پانے والا۔ ج
زُکَاۃ۔
الزَّکِیُّ: اچھی نشوونما پانے والا۔ ج اَزکِیَاء:
مؤنث زَکِیَّۃٌ: کہا جاتا ہے "اَرضٌ زَکِیَّۃٌ"
عمدہ زرخیز زمین۔
زَلَّ: (ض س) زَلًّا وزَلَلًا وزُلُولًا وزَلِیلًا
ومَزَلَّۃً وزِلِّیلَی وزِلِّیلاءَ: پھسل کر گرنا .....
عَنِ الحَقِّ اَوِ الصَّوابِ: پھر جانا ..... عُمرُہٗ:
گزر جانا ..... (زَلَّ زَلِیلًا زُلُولًا): جلدی
گزرنا۔
زَلَّ زُلُولًا۔ الدِّرھَمُ: کم وزن ہونا۔ صفت
(زَالٌّ) ج زَوَالٌّ۔ کہا جاتا ہے "دَرَاھِمُ
زَوَالٌّ" کم وزن والے درہم۔
زَلَّ: (س) زَلَلًا: ہلکے سرین والا ہونا۔
صفت (اَزَلُّ): مؤنث (زَلَّاءُ۔ ج زُلٌّ)۔
اَزَلَّہٗ: پھسلانا۔ لغزش کرانا۔ کہا جاتا ہے "اَزَلَّ
اِلَیہِ نِعمَۃً" اس نے اس کے ساتھ بہتر سلوک
کیا اور نعمت دی۔ و "اَزَلَّ اِلَیہِ مِن حَقِّہٖ
شَیئًا" اس نے اس کو اپنے حق میں سے کچھ
دیا۔ "اَزَلَّہٗ اِلَی القَومِ" اس نے اس کو قوم
کے سامنے پیش کیا۔
اِستَزَلَّہٗ: پھسلانا۔ لغزش کرانا۔
الزَّلُّ: پھسلنے کی جگہ (مذکر و مؤنث) کہا جاتا
ہے "مَکانٌ زَلٌّ واَرضٌ زَلٌّ"۔
الزَّلَلُ: معصیت۔ گناہ کا ارتکاب۔ کہا جاتا ہے
"اَستَغفِرُ اللہَ مِن زَلَلِی" میں اللہ سے اپنے
ارتکاب گناہ کی مغفرت طلب کرتا ہوں۔
پھسلنے کی جگہ (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے
"فِی مِیزَانِہٖ زَلَلٌ" اس کے ترازو میں نقصان
ہے۔
الزَّلَّۃُ۔ زَلَّ: کا اسم مرۃ۔ ایک مرتبہ گرنا۔

گناہ۔ ولیمہ۔ دلہن۔ خوراک جو دوست یا رشتہ دار کے دسترخوان سے اٹھایا جائے۔ ج زَلّات.
الزِلَّة: چکیلے پتھر واحد زِلٌّ.
الزُلَّة: احسان۔ دمہ۔
مَـاءٌ (زُلالٌ وزَلُـولٌ وزُلَيـلٌ وزُلازِلٌ): صاف میٹھا خوشگوار پانی۔ الـــزُلالُ: بہت پھسلنے والا۔
الازَلُّ: تیز رفتار۔ ہلکے سرینوں والا۔ مؤنث زَلّاءُ قَوسٌ زَلّاءُ: کمان جس سے تیر جلد نکل جائے۔
المَزَلَّة والمَزِلَّة: پھسلنے کی جگہ۔ ج مَزالّ.
المُزَلِّلُ: فا۔ بہت بھلائی کرنے والا۔
زَلِبَ: (س) زَلَبـا. بـہ: لازم رہنا۔ چپٹا رہنا۔ جدا نہ ہونا۔
الزُلبَة: لقمہ۔ تیر۔
الزَلابِيَّة: جلیبی۔
زَلَجَ: (ض) زَلْـجـا وزَلِيـجـا وزَلَـجانًا: تیزی سے چلنا۔
زَلَجَ: (ن) زَلْـجا وازلَجَ. البابَ: دروازہ کو مزلاج سے بند کرنا (دیکھئے مزلاج)
زَلَجَ: (ن) زَلَجانًا. فلانًا: آگے ہونا۔
زَلِجَ: (س) زُلُـوجا وتَزَلَّجَ: پھسلنا اور اسی سے مَـزلَـجٌ: ہے۔ ان سواروں کو کہتے ہیں جن میں پہیے نہیں ہوتے اور برف پر پھسلتی ہیں ج مَزالِج. زَلِجَ الكَلامُ مِنْ فِيهِ: بات کا منہ سے نکل پڑنا...... الـمَـاءُ عَنِ الحَنجَرَة: پانی کا حلق سے پیٹ میں اتر جانا۔
زَلَّجَ. الكَلامَ: لوگوں میں مشہور کرنا۔
...... عَيشَه: تھوڑی سی چیز پر زندگی بسر کرنا۔
تَـزَلَّـجَ. الشَيُّ: پھسلنا۔ کہا جاتا ہے "تَـزَلَّـجَ السَهمُ عَنِ القَوسِ" تیر کمان سے پھسل گیا۔
النَبِيذَ: نبیذ پینے پر اصرار کرنا۔
مَكانٌ (زَلجٌ وزَلِجٌ وزَلِيجٌ): پھسلنے کی جگہ۔
الزالِج: فا۔ مصیبتوں سے نجات پانے والا۔ بہت پینے والا۔ سَـهـمٌ زالِـجٌ: تیر جو زمین پر پھسلتا ہوا جائے۔

الزَلُوج: تیز رفتار۔ سَـهـمٌ زَلُوجٌ: کمان سے پھسلنے والا تیر۔ قَـدَحٌ زَلُوجٌ: ہاتھ سے پھسل جانے والا پیالہ۔ عَـقَـبَةٌ زَلُوجٌ: دور دراز لمبی گھاٹی۔
الزَلَج: چکنی چٹانیں۔
ناقَةٌ (زَلَجى وزَلَيجَة): تیز رفتار اونٹنی۔
المِزلاجُ والمِـزلاجُ والمِزلاخ: ایک قسم کا تالا جو بغیر کنجی کے کھل جاتا ہے۔
المُزَلَّج: کم بخیل۔ قوم میں اجنبی آدمی۔ بے مروت۔ ہر چیز کا گھٹیا۔
زَلَحَ: (ف) زَلحًا وتَزَلَّحَ: چکھنا۔
الزَلَح: باطل۔ کہا جاتا ہے "اَمرٌ زَلَحٌ" امر باطل۔
الزُلَح: بڑے کشادہ پیالے۔
تَزَلَّحَبَ. عَنهُ: پھسلنا۔
زَلحَفَه: علیحدہ کرنا۔
تَزَلحَفَ وازلَحَفَ: علیحدہ ہونا۔
الزِلحَفَة: کچھوا (سلحفاة کی تحریف ہے)
الزَلَحلَح: ہلکا پھلکا مرد۔
الزَلَحلَحَة: پھلکا چپاتی۔ لگن۔
زَلِخَ: (س) زَلَخا: موٹا ہونا۔
زَلَخَ: (ض) زَلـخـانـا وزَلَخانًا. الرَجلُ: چلنے میں آگے ہونا...... رِجلُه: پھسلنا۔
زَلَخَ: (ض ن) زَلـخـا. فلانًا بـالرُمحِ: بھونکنا...... رَاسَهُ: زخمی کرنا۔
زَلَّخَهُ: چکنا و ہموار کرنا۔
ازلَـخَ. البـابَ: دروازہ کو مزلاج سے بند کر دینا۔ (دیکھئے مزلاج)
تَزَلَّخَ: پھسلنا۔
مَكانٌ (زَلخٌ وزَلِخٌ): پھسلنے کی جگہ۔
الزَلُوخ: تیز رفتار۔ بِئرٌ زَلُوخٌ: کنواں جس کے منہ پر پھسلن ہو۔
الزُلخَة: بچوں کے پھسلنے کی جگہ۔
زَلدَبَ زَلدَبَةً. اللُقمَةَ: لقمہ نگلنا۔
زَلِزَ: (س) زَلَزًا: بے قرار ہونا۔
الزَلَز والزَلَزُ: سامان خانہ۔ آنے کا راستہ۔
زَلزَلَ زَلزَلَةً وزِلزالاً وزَلزالاً وزُلزالاً اللهُ

الارضَ: بھونچال لانا...... ہ: ڈرانا۔ خوف دلانا...... الابِلَ: اونٹ کو سختی سے ہانکنا۔
تَزَلزَلَتِ. الارضُ: بھونچال ہونا۔
نَفسُـه: موت کے وقت جان کا گھنگرو میں بولنا۔
الزَلزَلَة: مص۔ بھونچال۔ ج زَلازِل.
الزَلازِل: سختیاں۔ ہولناک چیزیں۔
الزُلزُل: ماہر ہنگی۔ نقارچی۔ غُلامٌ زُلزُلٌ: ہلکا پھلکا لڑکا۔
الزَلزَل: سامان خانہ۔
الـــزُلـــزُول: سبک ظریف۔ سکی۔ جنگ و بدی۔
زَلَعَ (ف) زَلعًا. الشَيُّ: فریب سے چھیننا۔
...... رِجلَه: جلانا...... الـمَـاءَ مِنَ البِئرِ: پانی نکالنا۔
...... رَاسَهُ: سر پھاڑنا۔ تم کہتے ہو "زَلَعتُ لَهُ مِنْ مالي زَلعَةً" میں نے اپنے مال میں سے ایک حصہ دیا۔
زَلِعَتْ: (س) زَلَعًا وزُلُوعًا وتَزَلَّعَتْ. قَدَمُهُ: قدم کے ظاہر یا باطن کا پھٹنا...... كَفُّهُ: اوپر سے پھٹنا...... الـجَـرحُ: خراب ہونا۔
تَزَلَّعَ رِيشُه: پر کا گر جانا۔
زَلَعَتْ: (ن) زُلُوعًا. الشَمسُ: آفتاب طلوع ہونا...... النارُ: آگ کا بلند ہونا۔
ازلَعَهُ. فِي الشَيِّ: کسی چیز کا لالچ دلانا۔
اِزدَلَعَ. الشَيَّ: فریب سے چھیننا۔
حَـقَّـهُ: کسی کا حق کاٹ لینا...... الشَجَرَةَ: درخت کاٹنا۔
الزَلَعَة: خراب شدہ زخم۔
الزَوْلَع: پھٹی ہوئی ایڑیوں والا۔
الزِيلَع: چھوٹی کوڑیوں کی ایک قسم۔
المُزَلَّع: پھٹے ہوئے پیروں والا۔
ازلَعَتْ. السَحابُ: گہرا گھرنا۔
سَيلٌ (مُزلَعِبٌّ): بڑا سیلاب۔
زَلَغَ: (ن) زُلُوغـا. النَجمُ: ستارہ طلوع ہونا...... النارُ: آگ کا بلند ہونا۔
تَـزَلَّـغَتْ. رِجلُه: پھٹنا۔ (جیسے تَزَلَّعَتْ)

ہے)

إِزْلَغَبَّ. الفَرْخُ : چوزہ کے پر نکلنا۔الشَّعْرُ: موڑنے کے بعد اُگنا۔

زَلَفَ:(ن) زَلْفًا وزَلَفًا وزَلِيْفًا وتَزَلَّفَ واِزْدَلَفَ: آگے ہونا قریب ہونا۔

زَلَفَ:(ن) زَلْفًا وزَلَّفَ. الشَّئَ: آگے کرنا۔زَلَّفَ فِيْ الكَلَامَ: زیادہ کرنا۔

أَزْلَفَهٗ :نزدیک کرنا......الاَشْيَاءَ: جمع کرنا ......الدَّلِيْلُ القَوْمَ: رہبر کا قوم کو آگے بڑھنے پر برانگیختہ کرنا۔

الزَّلَف والزُّلَف والزُّلْفٰی :نزدیکی۔درجہ۔ مرتبہ۔

الزِّلَف: باغ۔

الزُّلْفَة: نزدیکی۔درجہ۔مرتبہ۔رات کا ایک حصہ۔بڑا پیالہ۔ج زُلَف وزُلُفَات وزُلْفَات :اور بقول بعض الزُّلَف: بمعنی رات دن ملنے کے اوقات۔

الزَّلَفَة : بھرا ہوا حوض۔سیپی۔کپڑے دھونے کا طشت۔ بڑا پیالہ۔ چکنا پتھر۔ سخت یا جھاڑو دی ہوئی زمین۔باغ۔ج زَلَف.

العَقَبَة (الزَّلُوْف):دور دراز گھاٹی۔

المَزْلَفَة: آبادی جو بیابان اور کشت زار کے درمیان ہو۔ج مَزَالِف. المَزَالِف :کوچ کرنے کی جگہیں۔واحد مَزْلَفَة.

زَلِقَت :(س) وزَلَقَتْ (ن) زَلَقًا. القَدَمُ: قدم پھسلنا۔بِمَكَانِهٖ: طول ہوکر علیحدہ ہونا۔

زَلَقَهٗ:(ض) زَلْقًا وزَلَّقَه واَزْلَقَهٗ: پھسلنا...... عَنْ مَكَانِهٖ :دور کرنا۔علیحدہ کرنا......رَاسَهٗ: سر موڈنا۔زَلَّق المَوْضِعَ: پھسلنے والی جگہ بنانا۔زَلَّق بَدَنَهٗ :بدن پر تیل لگانا۔اَزْلَقَهٗ وزَلَّقَه بِبَصَرِهٖ :غصہ کی وجہ سے تیز نظر سے دیکھنا۔ازلَقَت الفَرَسُ :گھوڑی کا ناتمام بچہ گرانا۔

تَـزَلَّـقَ :اس طرح بننا سنورنا کہ چہرے کی رونق بڑھ جائے۔

الزَّلَق والزَّلْق والزَّلِق والزَّلَّاقَة :پھسلن کی جگہ۔اَرْضٌ زَلَقٌ: چکنی سپاٹ زمین جس میں کچھ نہ ہو۔

الزَّلِق :وہ شخص جس کو جماع کرنے میں دخول سے پہلے انزال ہو جائے۔

الـزَّلِقَة: چکنی چٹان۔آئینہ۔نَاقَةٌ (زَلُوْقٌ): تیز رفتار اونٹنی۔عَقَبَةٌ زَلُوْقٌ: دور دراز گھاٹی۔

الزَّلِيْق: ناتمام گرا ہوا بچہ۔

الزَّلِيْق: ایک قسم کا شفتالو۔واحد زُلَيْقَة.

المِـزْلَاق :ایک قسم کا تالا جو بغیر کنجی کے کھل جاتا ہے۔ناتمام بچہ گرانے والی گھوڑی۔

المَزْلَق والمَزْلَقَه: پھسلن کی جگہ۔

الزُّلْقُوْم: گلا۔

زَلَمَ:(ن) زَلْمًا: خطا کرنا......الإِنَاءَ: برتن بھرنا......الاَنْفَ: ناک کاٹنا......العَطَاءَ: کم دینا۔

زَلَّمَهٗ: نرم کرنا۔ہموار کرنا......الرُّحٰی: چکی کو گھمانا اور کناروں سے پکڑنا......العَطَاءَ: کم دینا......الغِذَاءَ: بری خوراک دینا۔

اِزْدَلَمَ. الشَّئَ: کاٹنا۔جڑ سے کاٹنا۔

اِزْلَامَّ اِزْلِئْمَامًا. الشَّئُ: سیدھا کھڑا ہونا ......القَوْمُ: جلدی کوچ کرنا۔اِزْلَأَمَّتِ الضُّحٰی: چاشت کے وقت کا روشن ہونا۔

الزَّلَم : کھر یا اس کا پچھلا۔بے پر کا تیر۔ج اَزْلَام: فال نکالنے کا تیر۔الـزَّلَم: ایک قسم کی بوٹی جس کے پھل پھول نہیں ہوتے اور اس کی جڑیں زمین کے بہت اندر اور گرہ دار ہوتی ہیں جس میں چوڑے تخم ہوتے ہیں اور عوام کے نزدیک حب العزیز کے نام سے مشہور ہے۔

الزَّلْمَة والزُّلْمَة والزَّلَمَة : ہیئت وقد۔کہا جاتا ہے"هُوَ العَبْدُ زُلْمَةً" وہ غلام کے مشابہ ہے۔

الـزَّلَمَة : بکری کے کان کا کٹا ہوا ٹکڑا جو لٹکتا رہے۔

زَلُّوْمَة. الإِبْرِيْق عِنْدَ العَامَةِ :ٹونٹی۔فصیح لفظ بلبل ہے۔

المُـزَلَّم: پست قد۔سبک و چست۔ظریف المُزَلَّم والزَّلِيْم. مِنَ السِّهَام: عمدہ بنا ہوا تیر۔

المُزَلَّم والاَزْلَم: کٹے ہوئے کان والا۔

الـزَّلْمَاء. الاَزْلَم :کا مؤنث۔مادہ شکرا۔ پہاڑی بکری۔عمدہ بنایا ہوا تیر۔

زَمَّهٗ:(ن) زَمًّا: باندھنا......القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔زَمَّ البَعِيْرُ بِاَنْفِهٖ : ناک میں تکلیف کی وجہ سے سر اٹھانا......الرَّجُلُ بِرَاْسِهٖ : سر بلند کرنا......بِاَنْفِهٖ: تکبر و گردن کشی کرنا ......القَوْمَ: رفتار میں قوم سے آگے بڑھنا (......وزَمَّمَ) الجَمَالَ :اونٹ کے نکیل ڈالنا۔زَمَّ النَّعْلَ : جوتہ میں تسمہ لگانا...... الذِّئْبُ السَّخْلَةَ: بھیڑیئے کا بکری کے بچہ کو سر اونچا کر کے لے جانا۔

زَمِتَ :(ن) زُمُوْمًا. القِرْبَةُ : مشک کا بھرنا ......نَابُ البَعِيْرِ :اونٹ کے دانت نکلنا۔

(......زَمِيْمًا) الزَّنْبُوْرُ: بھڑ کا بھنبھنانا۔

اَزَمَّ. النَّعْلَ: جوتہ میں تسمہ لگانا۔

زَامَّ مُزَامَّةً: تکبر کرنا۔زَامَمْتُ فُلَانًا: مقابلہ کرنا۔

اِنْزَمَّ: بندھنا۔

اِزْدَمَ: تکبر سے سر بلند کرنا......الذِّئْبُ السَّخْلَةَ: بھیڑیئے کا بکری کے بچے کو سر بلند کر کے لے جانا۔

الـزِّمَام : جس سے کوئی چیز باندھی جائے۔مہار۔باگ۔نکیل۔لگام۔ج اَزِمَّة. زِمَامُ النَّعْل : جوتے کا تسمہ۔کہا جاتا ہے"هُوَ زِمَامُ قَوْمِهٖ" وہ اپنی قوم کا سردار و چودھری ہے۔ و"هُوَ زِمَامُ الاَمْرِ" یعنی اس پر کام کا دارومدار ہے۔و"اَلْقَوْا فِيْ يَدِهٖ زِمَامَ الاَمْرِ" لوگوں نے اپنا معاملہ اس کے ہاتھ میں دے دیا کہ جس طرح چاہے فیصلہ کرے۔و"هُوَ عَلٰى زِمَامِ اَمْرِهٖ" وہ اپنے کام کے پورا ہونے کے قریب ہے۔ و"هُوَ يَصْرِفُ اَزِمَّةَ الاُمُوْرِ" وہ جس طرح چاہتا ہے امور میں تصرف کرتا ہے۔

الـزَّام: فا۔رَجُلٌ زَامٌّ: گھبرانے والا مرد ج زُمَّمٌ: کہا جاتا ہے"دَارِيْ مِنْ دَارِهٖ (زَمَمٌ):

میرا گھر اس کے گھر کے قریب ہے۔و "اَمْرُ الْقَوْمِ زَمَمٌ" قوم کے معاملے قریب قریب ہیں۔وَوَجْهِي زَمَمُ بَيْتِهٖ: میرا چہرہ اس کے گھر کے مقابل ہے۔
الزُّمَّام: اونچی گھاس۔
الِازْمِيم: مہینے کے آخر کا چاند۔
زَمُتَ: (ک) زَمَانَةً وتَزَمَّتَ: سنجیدہ و صاحب وقار ہونا۔صفت (زَمِيتٌ) ج زُمَتَاء و (زِمِّيتٌ)
زَمَتَهٗ (س) زَمْتًا: گلا گھونٹنا۔
زَمَجَ: (ن) زَمْجًا. القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔ عَلَيْهِمْ: بغیر بلائے ہوئے آ کر کھانا۔
زَمِجَ: (س) زَمَجًا: غضبناک ہونا۔صفت (زَمِج) کہا جاتا ہے اَخَذَهٗ (بِزَامِجِهٖ): یعنی اس نے سارا لے لیا۔
الزُّمَّج: عقاب سے چھوٹا ایک سرخ رنگ کا شکاری پرندہ۔ج زَمَامِيج. زُمَّجُ المَاءِ: ایک آبی پرندہ جو صرف مچھلی کھاتا ہے۔
الزِّمِجّى: پرندہ کی دم کی جڑ۔
زِمِجَّةُ الظَّلِيمِ: شتر مرغ کی چونچ۔
المُزْمَئِج: غضبناک۔
زَمْجَر زَمْجَرَةً: شور مچانا (......وتَزَمْجَر) الاَسَدُ: شیر کا چنگھاڑنا۔
اِزْمَجَرَّ: آواز کرنا۔
الزَّمْجَرَة: مص۔بانسری۔زَمْجَرَةُ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کی آواز۔ج زَمَاجِر و زَمَاجِير.
الزُّمَّح الزَّوْمَح: کمینہ۔پست قد۔بدصورت۔کالے رنگ کا۔بدصورت و شریر۔
الزَّامِح: پھوڑا۔
زَمَخَ: (ف) زَمْخًا: تکبر کرنا۔صفت (زَامِخ) ج زُمَّخ.
عَقَبَةٌ (زَمَخٌ وزَمُوخٌ): دور دراز و سخت گھاٹی۔
زَمْخَر. النَّمِرُ: چیتے کا غصہ سے دھاڑنا۔
......(العُشْبُ): شگوفہ والا ہونا اور بڑھنا۔
......(وازْمَخَرَّ) الصَّوْتُ: آواز کا تیز ہونا۔
تَزَمْخَرَ. النَّمِرُ: چیتے کا غضبناک ہونا اور دھاڑنا۔
الزَّمْخَر: بڑی بانسری۔بہت گنجان درخت۔رَجُلٌ زَمْخَرٌ: عالی مرتبہ مرد (......والزَّمْخَرِيُّ): کھوکھلی ہڈی۔
الزَّمْخَرَة: زانیہ عورت۔زَمْخَرَةُ الشَّبَابِ: بھرپور جوانی......الشَّجَرِ: درخت کا گنجان ہونا۔
الزِّمْخِير: تھوڑا۔
زَمَرَ: (ض ن) زَمْرًا وزَمِيرًا: بانسری بجانا ......بِالحَدِيثِ: بات پھیلانا (......زَمْرًا) القِرْبَةَ: مشک بھرنا......فُلَانًا بِفُلَانٍ: اُکسانا۔کانا (زَمَرَ (ض) زَمَرَانًا) الظَّبْيُ: ہرن کا بھاگنا۔بدکنا (......زِمَارًا) النَّعَامُ: شتر مرغ کا آواز کرنا۔
زَمِرَ: (س) زَمَرًا: کم بالوں والا ہونا۔بے مروت ہونا......الشَّاةُ: کم اون والی ہونا۔
زَمَّرَ: بانسری بجانا......القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔
اِزْمَارَّ: غصہ سے سرخ آنکھوں والا ہونا۔
اِسْتَزْمَرَ. الرَّجُلُ عِنْدَ الهَوَانِ: ذلت کی وجہ سے منقبض ہونا۔
الزَّمْر: مص (......والزَّمَر): آواز۔ج زُمُور.
الزَّمِر: بانسری بجانے والا۔غِنَاءٌ زَمِرٌ: عمدہ گانا۔کم بالوں یا کم اون والا۔کم مروت والا۔مؤنث زَمِرَة عَطِيَّةٌ زَمِرَةٌ: تھوڑی داد و دہش۔
الزِّمَار: مص۔شتر مرغ کی آواز۔
الزِّمِرّ: سخت و درشت۔
الزِّمِير: مص۔پست قد۔ج زِمَار (......والزِّمِّير): خوبصورت لڑکا۔غِنَاءٌ زَمِيرٌ: عمدہ گانا۔
الزِّمِّير والزُّمَّير: ایک قسم کی مچھلی جس کی پیٹھ پر کھڑے کانٹے ہوتے ہیں۔
الزَّمَّار: بانسری بجانے والا۔
الزَّمَّارَة: بانسری۔زَمَّارَةُ الرَّاعِي: ایک قسم کی نباتات۔
الزُّمْرَة: گروہ۔جماعت۔فوج۔ج زُمَر.
الزُّوْمَر: گروہ۔خوبصورت لڑکا۔
الزَّمَارَة والزُّمُورَة: کم مروتی۔
الزِّمَارَة: بانسری بجانے کا پیشہ۔
المِزْمَار: بانسری (......المَزْمُور والمُزْمُور): گیت۔ج مَزَامِير. مَزَامِيرُ دَاوُدَ: حضرت داؤد علیہ السلام کی دعا اور اس کے مجموعہ کا نام زبور ہے۔
الزُّمُرُّد والزُّمُرُّذ: ایک سبز رنگ کا بیش قیمت پتھر۔واحد (زُمُرُّدَة)
زَمْزَرَ. الوِعَاءَ: برتن کو اچھی طرح سے بھرنے کے لئے ہلانا۔
زَمْزَمَ زَمْزَمَةً. الشَّيْءُ: دور سے گنگناہٹ سنائی دینا......النَّارُ: آگ کے بھڑکنے میں آواز نکلنا......المُغَنِّي: سُر سے گانا۔
العُلُوجُ: عجمی کافروں کا کھانے کے وقت حلق یا نتھنوں سے آواز نکالنا اور ایک کا دوسرے کے مفہوم کو سمجھنا۔زَمْزَمَه: بکھری ہوئی چیز کو جمع کرنا......الشَّيْءَ: حفاظت کرنا۔
تَزَمْزَمَ. الجَمَلُ: بڑبڑانا۔تَزَمْزَمَتْ بِهٖ شَفَتَاهُ: حرکت کرنا۔
مَاءٌ (زَمْزَمٌ وزَمْزَامٌ وزُمْزُمٌ وزُمَازِمٌ): بہت پانی۔کچھ کھاری پانی۔زَمْزَمُ: کعبہ معظمہ حرسہا اللہ کے نزدیک ایک کنوئیں کا نام۔
الزَّمْزَمَة: مص۔بادلوں کی گرج۔آگ کے بھڑکنے کی آواز۔شیر کی گونج۔ج زَمَازِم.
الزِّمْزِمَة: اونٹوں یا آدمیوں کا گروہ۔ج زَمَازِم و زِمَزِم.
الزُّمْزُوم والزَّمْزَم والزِّمْزِيم. مِنَ الاِبِلِ: عمدہ اونٹوں کی جماعت۔اونٹوں کا گلہ۔ج زَمَازِيم.
زَمِعَ: (س) زَمَعًا. مِنْهُ: سرگشتہ و حیران ہونا۔گھبرانا۔
زَمَعَ (ف) زَمْعًا وزَمَعَانًا. الاَرْنَبُ: خرگوش کا تیز چلنا۔آہستہ آہستہ چلنا۔
اَزْمَعَ وزَمَّعَ. الاَمْرَ وعَلَيْهِ وبِهٖ: ثابت قدم رہنا۔پختہ ارادہ کرنا۔واَزْمَعَ الكَرْمُ: انگور کی شاخوں کا گرہ دار ہونا۔زَمَّعَ الزَّنْبُورُ:

بجر کا جھپٹنا۔ اِزْمَعَتِ الْاَرْنَبُ: خرگوش کا ہلکا پھلکا اور تیز دوڑنا۔

الزَّمَعُ: معں۔ چھوٹی تنگ نالیاں۔ کمینے و رذیل لوگ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنَ الزَّعَاعِ والزَّمَعِ" وہ بہت پست اور ادنی لوگوں میں سے ہے۔ انگور کی شاخ کی گرہ۔ آہستہ سیلاب۔ انگلی کی مقدار معتاد سے زائد بے قراری۔ کسی کام کے سوچنے کے وقت کی کپکپی ج اَزْمَاع (...... والزَّمَاع): پختہ ارادہ۔

الزَّمَعَة: ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ فِيهَا زَمَعَة مِنَ النَّبتِ": زمین کہ اس میں گھاس کا ایک ٹکڑا ہے۔

الزَّمَعَة۔ ج زَمَع وزِمَاع: بکری یا ہرن کی ٹانگ میں پچھلی جانب کے لٹکے ہوئے بال۔

......ج اَزْمَاع: چھوٹا ٹیلہ۔

الزَّمِعِيّ: خسیس۔ جلدی غصہ میں آجانے والا۔

الزُّمَّعُ: بے ڈھنگ کی بجز۔ وہ شخص جو اپنی ضروریات میں چست نہ ہو۔

الزُّمَّاعَة: دبر۔

الزَّمِيعُ: پختہ ارادہ والا بہادر۔ عمدہ رائے والا۔ ج زُمَعَاء (...... والزَّمُوع): جلد باز۔

الاَزْمَــــعُ: چالاک مرد۔ مکروہ بات۔ ج اَزَامِع۔ رَجُلٌ اَزْمَعُ: زائد انگلی والا مرد۔

المُزْمِع: قا۔ ثابت قدم پختہ ارادہ والا۔

زَمَقَ: (ن ض) زَمْقًا۔ القُفْلَ: تالا کھولنا۔ ......اللِّحْيَةَ: داڑھی نوچنا۔ صفت مفعولی (زَمِيقَة ومَزْمُوقَة): کہا جاتا ہے "مَا اَغْنَى عَنــــهُ" (زَمَقَة): یعنی اس نے کچھ فائدہ نہیں دیا۔

زَمَكَ: (ن) زَمْكًا: چپ رہنا (وَزَمْكَ) القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔ زَمَكَهُ عَلَيَّ: مجھ کا مجھ کا کر غصہ دلانا۔

اِزْمَاكَّ: سخت غضبناک ہونا۔

الزَّمَكُ: سخت غصہ۔ کسی چیز کا آپس میں گتھ جانا۔

الزُّمَكَة مِنَ الرِّجَالِ: جلدی غضبناک ہونے والا۔ بے وقوف۔ پستہ قد۔ ج الزُّمَكُون.

الزِّمِكَّى والزِّمِكّ: پرندہ کی دم یا اس کی جڑ۔

زَمَلَ: (ن ض) زَمَلاً۔ الاَعْرَجُ: لنگڑے کا ایک جانب جھکے ہوئے دوڑنا۔

زَمَـــلَتْ: (ن) زَمْلاً وزَمَلاً وزَمَـــالاً وزَمَلاَنًـــا۔ الدَّابَّةُ: نشاط کی وجہ سے لنگڑاتے ہوئے چلنا (زَمُـــوْلاً) الـقَــوْسُ: کمان سے آواز نکلنا (...... زَمَلاً) الـرَّفِيقَ: اپنے پیچھے سوار کرانا...... الـرَّجُـلَ: پیروی کرنا...... الشَّيْءَ: لادنا۔

زَمَّلَ۔ الشَّيْءَ: چھپانا...... الشَّيْءَ بِثَوْبِهِ اوفِي ثَوْبِه: لپٹنا۔

زَامَلَ۔ الـرَّفِيقَ: محمل میں ایک جانب سوار کرانا۔

تَــزَمَّلَ واَزَّمَّلَ واِزْدَمَلَ۔ بِثَوْبِهِ: لپٹنا۔

اِزْدَمَلَ الحِمْلَ: ایک دفعہ میں لادنا۔

الـــزِّمْلُ: جانور پر پیچھے سے سوار ہونے والا ساتھی بوجھ۔

الـزَّمَلُ والـزَّمَلَة والاَزْمَلَة: عیال۔ بال بچے۔

الزِّمِلّ والزُّمَّل والزُّمَّيْل والزُّمَّيْلَة والزُّمَّل والـزُّمَّال والـزُّمَّالَة والـزُّمَّيْل والزُّمَّيْلَة: کمزور۔ بزدل۔

الزُّمْلَة: ساتھی لوگ۔ جماعت۔ گروہ۔

الزَّامِلَة۔ الـزَّامِل: کا مؤنث بار برداری کا جانور۔ ج زَوَامِل.

الــــزَّمِيـــلُ: جانور پر پیچھے سوار ہونے والا ساتھی۔ آج کل کی زبان میں پیشہ میں شریک کے لئے مستعمل ہے۔

الاَزْمَلُ: مخلوط آواز۔ ج اَزَامِل اَزَامِيل: تمام۔ سارا۔ کہا جاتا ہے "اَخَــذَ الشَّـــيْءَ بِـاَزْمَلِـهِ وبِـاَزْمِلِهِ" اس نے چیز کو تمام لے لیا۔

الاِزْمِلُ: بزدل۔ کمزور۔

الاَزْمَلَة: کمان کی آواز۔ تمام سارا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهُ بِاَزْمَلَتِهِ" اس نے ساری چیز لے لی اور کہا جاتا ہے "لَهُ عِيَالٌ اَزْمَلَةٌ" اس کے بہت بال بچے ہیں۔

الاَزْمُـــوْلَة والاِزْمَـــوْلَة: آواز کرنے والا پہاڑی بکرا یا ہرن وغیرہ۔

الاِزْمِيل: رانپی۔ چھینی۔ ہتھوڑا۔ مضبوط مرد۔ کمزور مرد۔ (ضد)

المُزَمَّل والمُتَزَمِّل: کپڑوں میں لپٹنے والا۔

الـمُـزَمَّلَة۔ المُزَمَّل: کا مؤنث۔ پانی سرد کرنے کا گھڑا یا مٹکا۔

زَمِنَ: (س) زَمَنًا وزُمْنَةً: لنجا ہونا۔

اَزْمَنَ۔ الشَّيْءُ: دیر تک باقی رہنا...... ہ اللّٰہ: لنجے پن میں مبتلا کرنا...... بِــالْـمَـكَـانِ: مدت تک اقامت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَزْمَنَ عَنِّي عَطَاؤُكَ".

الزَّمَنُ: ج اَزْمَان واَزْمُن و(الزَّمَان) ج اَزْمِنَة و(الـزَّمَنَة): وقت۔ اَزْمِـنَـةُ السَّنَة: سال کی چاروں فصلیں۔ بہار۔ گرمی۔ برسات۔ جاڑا۔ الزَّمَنُ (زَامِن): سخت زمانہ۔

الزَّمَانَة: آفت۔ لنجا پن۔ قوتوں کی بے حسی۔ محبت۔

الزَّمِن۔ ج زَمِـنُـوْن و(الزَّمِين) ج زَمْنَى وزَمَـــنَـة: لنجا۔ کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ زَمِــنُ الرَّغْبَة" فلاں کمزور خواہش والا ہے۔

عَامَلَهُ (مُزَامَنَة): اس نے اس سے کچھ وقت کے لئے معاملہ کیا۔

المُزْمِن۔ فا۔ مَرَضٌ مُزْمِنٌ: پرانا مرض۔

زَمِهَ: (س) زَمْهًا الحَرُّ: گرمی تیز ہونا۔ ...... الرَّجُلُ بِالحَرِّ: گرمی تیز لگنا۔

زَمِهَتْ: (س) زَمْهًا۔ الشَّـمْـسُ الرَّجُلَ: تیز دھوپ لگنا۔

زَمْهَــرَتِ۔ الـعَيْنُ: آنکھ کا غصہ سے سرخ ہونا۔

اِزْمَهَرَّ۔ اليَوْمُ: سخت سردی والا ہونا۔ ...... الوَجْهُ: چہرہ کا بگڑنا...... الـكَـوَاكِبُ: ستاروں کا چمکنا...... العَيْنُ: آنکھ کا غصہ سے

سرخ ہونا۔

الزَمْهَرِیرُ: سخت سردی۔

المُزمَهِرُّ: سخت غضبناک۔ ہنسنے والا۔

اِزمَهَلَّ۔ المطر: برسنا......الثلجُ: برف کا پگھلنے کے بعد بہنا۔

زَنَّ (ن) زَنًّا۔ عصَبُهُ: پٹھے کا خشک ہونا۔

......الرجلُ: ڈھیلے جوڑوں والا ہونا (زَنَّهُ وازنَّهُ بخیرٍ او شرٍّ: نیک یا بدگمان کرنا......بکذا: تہمت لگانا۔

زَنَنَ۔ الرجلُ: ہمیشہ ماش کھانا۔

الزِن: ماش۔

الـزَنَن: تنگ۔ مـاءٌ زَنَن: تھوڑا پانی۔ ظِلٌّ (زنان): تھوڑا سایہ۔

حِنطَةٌ (زِنَّة): گیہوں جس کو بارش کے علاوہ پانی دیا گیا ہو۔

الزِنّین: پاخانہ یا پیشاب روکنے والا۔

اَبُوزَنَّة: لنگور۔

زَنَا: (ف) زَنـاً وزُنُوءً ا۔ اِلَیهِ: پناہ لینا......فِی الجَبَل: پہاڑ پر چڑھنا......الظِلُّ: سایہ کا سمٹنا......الـرجُلُ: خوش ہونا۔ جلدی کرنا۔ زمین سے چمٹنا......بَـولُـه زَنـاً: پیشاب روکنا۔

......بولُهُ زُنُوءًا: پیشاب رکنا۔

زَنَّا۔ عَلَیهِ: تنگی کرنا۔

اَزنَاهُ اِزنَاءً ا: مجبور کرنا۔ چڑھانا۔ باز رکھنا۔

الـزُنّـاء: پستہ قد۔ پیشاب یا پاخانہ روکنے والا۔ تنگ۔ قبر۔

الزِنِیّ: چھوٹی مشک۔

زَنِبَ: (س) زَنَبًا: موٹا ہونا۔
(۱) مرفوع اس بنیاد پر کہ وہ مبتدا محذوف کی خبر ہے مثلاً یعجبنی الربیع لاسیما ازهاره.

لا نفی جنس سی: اسمٌ ما موصولہ مجرد رمضاف الیہ ہی مبتدا محذوف ازهاره: اس کی خبر۔

مبتداء خبرمل کر صلہ موصول کا۔

لا نفی جنس کی خبر محذوف موجودۃ

(۲) مجرور اس بنیاد پر کہ ما زائدہ سی مضاف اور ازهاره: مضاف الیہ۔ اس صورت میں لا کا اسم: سی اور خبر موجودۃ.

الْأَسْوٰى: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الْمَكَانُ أَسْوٰى هٰذِهِ الْأَمْكِنَةِ".

الِاسْتِوَاء: مص۔ درستی۔ اعتدال و (خط الاستواء) عِنْدَ الْجُغْرَافِيِّيْنَ: وہ دائرہ جو کرۂ زمین کے گرد قطبین سے برابر فاصلہ پر کھینچا ہوا فرض کیا گیا ہے اور جو زمین کو دو نصف حصوں شمالی و جنوبی میں تقسیم کرتا ہے۔ اس خط پر سال بھر دن رات برابر رہتے ہیں۔

سَيَّأَتْ وتَسَيَّأَتْ. النَّاقَةُ: اونٹنی کا بغیر دوہنے کے دودھ بہانا۔ کہا جاتا ہے "تَسَيَّأَتْ عَلَيَّ الْأُمُوْرُ" میرے اوپر امور مختلف ہو گئے۔ "وتَسَيَّأَ فُلَانٌ بِحَقِّيْ" فلاں نے میرے حق کا انکار کے بعد اقرار کر لیا۔

اِنْسَيَأَ. اللَّبَنُ: دودھ کا بغیر دوہنے کے بہنا۔

السَّيْءُ والسِّيْءُ: دودھ جو تھن کے اطراف میں ہو اور بغیر دوہے ہوئے نکلے۔ ج سُيُوْءٌ.

سَابَ يَسِيْبُ سَيْبًا. الْمَاءُ: پانی کا ہر طرف کو بہنا ...... الرَّجُلُ: تیز چلنا ...... فِيْ كَلَامِهٖ: ...... بغیر غور و فکر کے بولنا ...... الدَّابَّةَ: جانور کا آزادانہ چلنا۔

سَيَّبَهٗ: چھوڑ دینا ...... الْعَبْدَ: غلام کو آزاد کر دینا۔

اِنْسَابَ اِنْسِيَابًا: تیز چلنا۔ اِنْسَابَتِ الْحَيَّةُ: سانپ کا تیزی کے ساتھ رینگنا۔

...... فُلَانٌ نَحْوَنَا: لوٹنا۔

السَّيْبُ: مص۔ بارش۔ داد و دہش۔ مال زیادتی۔ گھوڑے کے دُم کے بال۔ کشتی کا چپو۔ ج سُيُوْبٌ.

السِّيْبُ: پانی بہنے کی جگہ۔ ج سُيُوْبٌ

سِيْب.: (فارسی)

السَّيَابُ والسَّيَّابُ والسُّيَابُ: کچی کھجور (بعضوں کے نزدیک بمعنی بلح اور بعضوں کے نزدیک بمعنی بسر ہیں) واحد سَيَابَةٌ

وسَیابۃ. السَیابۃُ: شراب۔

السِیْسَان. صِیْصَان : کا محرف کلمہ ہے۔ بمعنی جوں کے انڈے۔

السَائِبَۃُ: چھوڑی ہوئی۔ آزاد کیا ہوا۔ غلام۔ وہ اونٹنی جو زمانۂ جاہلیت میں نذر وغیرہ کے لئے چھوڑ دی جاتی تھی یا وہ اونٹنی جس کے دس مادہ بچے ہوں تو اس پر نہ تو سوار ہوتے تھے اور نہ اس کے دودھ کو سوائے (اس کے بچے کے اور مہمان کے کوئی پیتا تھا اور گھاس' پانی وغیرہ سے بھی اس کو نہیں روکا جاتا تھا اور اس کو چھوڑ دیتے تھے۔ یہاں تک کہ مر جاتی تھی۔) ج سُیَّب وسَوَائِب.

سَیَّجَ. الکَرْمَ: انگور میں باڑ لگانا۔

السِیَاجُ : دیوار۔ باڑ۔ ج سِیَاجَات وأسْوِجَۃ وسُوُج.

السِّیْجَان: ایک قسم کی مچھلی۔

سَاحَ یَسِیْحُ سَیْحًا وسَیَحَانًا. المَاءُ : پانی کا سطح زمین پر بہنا۔ صفت مَاءٌ سَائِحٌ وسَیْحٌ : کہا جاتا ہے "ھٰذِہِ الأرْضُ تُسْقَی بالمَاءِ سَیْحًا" اس زمین کی سیرابی بہتے ہوئے پانی سے ہے۔...... الظِلُّ: پھرنا۔ ہٹ جانا(...... سَیْحًا وسَیَحَانًا وسِیَاحَۃً وسُیُوحًا): زمین میں عبادت کے لئے پھرنا۔ شہروں میں پھرنا۔ صفت (سَائِح) ج سُیَّاح وسَائِحُون.

سَیَّحَہُ وأسَاحَہُ: بہانا۔ کہا جاتا ہے "یَسِیحُ تَسْیِیْحًا کَثِیْرًا" اس نے خوش بیانی سے گفتگو کی۔ أسَاحَ الفَرَسُ بِذَنَبِہِ: گھوڑے کا دُم لولٹکانا۔

اِنْسَاحَ. بَطْنُہُ: پیٹ کا بڑا ہونا۔ موٹا ہونا...... الثَوْبُ: کپڑے کا پھٹنا۔ ...... بَالُہُ: کشادہ دل ہونا۔ اِنْسَاحَتِ الصَخْرَۃُ: چٹان کا پھٹ جانا۔

السَّیْحُ: مص۔ بہنے والا پانی۔ دھاری دار کمبل۔ ج سُیُوح وأسْیَاح.

السَائِحُ: مسجد میں رہنے والا روزہ دار۔

السَیَّاحُ: ملکوں میں بہت پھرنے والا

المِسْیَاحُ : برائی اور چغلی کو پھیلانے والا۔ ج مَسَایِیْح.

المُسَیَّحُ. مِنَ الثِیَابِ: دھاری دار کپڑا۔

سَاخَ یَسِیْخُ سَیْخًا وسَیَخَانًا: مضبوط ہونا۔ سَاخَتْ قَدَمُہُ فِی الطِیْنِ: گارے میں پاؤں کا دھنس جانا۔

السِیْخُ: بڑی چھری۔ (فارسی)

السِیَاخُ: مٹی کی عمارت۔ ج سُیُوخ.

سَارَ: (ض) سَیْرًا وتَسْیَارًا ومَسِیْرًا ومَسِیْرَۃً وسَیْرُوْرَۃً: جانا۔ چلنا۔ سفر کرنا...... و بہٖ: چلانا...... الدَابَّۃَ: جانور پر سوار ہونا...... السُنَّۃَ: عمل کرنا۔ جیسے "و اوّلُ رَاضٍ سُنَّۃً مَنْ یَسِیْرُھَا" کسی سنت پر پہلا راضی ہونے والا وہ شخص ہے جو اس کے مطابق عمل کرے۔ کہا جاتا ہے "سِرْ عَنْکَ" یعنی غافل ہو جاؤ اور برداشت کرو۔ اس کی تقدیر یہ ہے "سِرْ وَدَعْ عَنْکَ الشَکَّ والمِرَاءَ" سَارَ الکَلَامُ او المَثَلُ فِی النَاسِ: مشہور ہونا۔

سَیَّرَ وأسَارَ. الرَجُلَ: چلانا...... الجُلَّ عَنْ ظَھْرِ الدَابَّۃِ: اتار دینا۔ سَیَّرَ الثَوْبَ او السَھْمَ: دھاری ڈالنا۔ سَیَّرَ المَثَلَ: لوگوں میں مشہور کرنا۔ سَیَّرَ سِیْرَۃً: پہلے لوگوں کی باتیں بیان کرنا۔ سَیَّرَہُ مِنْ بَلَدِہِ: جلاوطن کرنا۔ نکال دینا۔

سَایَرَہُ: ساتھ چلنا۔

تَسَیَّرَ. الجِلْدُ: چھل جانا۔

تَسَایَرَا: باہم مل کر چلنا۔ تَسَایَرَ عَنْ وَجْھِہِ الغَضَبُ: زائل ہونا۔

اِسْتَارَ اِسْتِیَارًا: زادِ راہ خریدنا...... بِسِیْرَۃِ فُلَانٍ: کسی کی سیرت وعادت پر چلنا۔

سَائِرُ. الشَیءِ: تمام چیز۔ سائر میں ایک لغت ہے۔

السَیْرُ: تسمہ۔ ج سُیُوْر وسُیُوْرَۃ وأسْیَار.

السِیْرَۃُ: سار کا اسم۔ عادت۔ طریقہ۔ طرز زندگی۔ ہیئت۔ سِیْرَۃُ الرَجُلِ: سوانح عمری۔ لوگوں کے ساتھ سلوک کی کیفیت۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ حَسَنُ السِیْرَۃِ" وہ اچھی عادت والا ہے اور اسی سے عرب کا قول ہے "مَنْ طَابَتْ سَرِیْرَتُہُ حُمِدَتْ سِیْرَتُہُ" جس کا باطن اچھا ہوتا ہے اس کی عادت اچھی ہوتی ہے۔ ج سِیَر.

السِیَرَاءُ: دھاری دار چادریں یا ایسی چادریں جن میں ریشم ملا ہوا ہو۔ خالص سونا۔ ایک قسم کی نباتات۔ گٹھلی سے چمٹا ہوا چھلکا۔ دل کا پردہ۔ کھجور کی ٹہنی۔

السَائِرُ: ق۔ سَائِرُ الشَیءِ: چیز کا بقیہ۔ المَثَلُ السَائِرُ.

السَیَّارُ والسَیُّورَۃُ السَیُّورُ: بہت چلنے والا۔

السَیَّارَۃُ. السَیَّار: کا مؤنث۔ قافلہ۔ آفتاب کے گرد گھومنے والا ستارہ۔ جیسے زحل' مشتری' مریخ' زمین' زہرہ' عطارد وغیرہ۔ ج سَیَّارَات. السَیَّارَۃُ: موٹر کار۔

التَسْیَارُ: مص۔ سیر کا مبالغہ۔

المَسُوْرُ: مع۔ قیاس کے لحاظ سے مفعول ہے مگر مصدر سے التباس کی وجہ سے بدل دیا گیا۔ طَرِیْقٌ مَسُوْرٌ: آمدورفت والا راستہ۔

المَسِیْرَۃُ: مص۔ مسافت۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَھُمَا مَسِیْرَۃُ یَوْمٍ" ان دونوں کے درمیان ایک دن کی مسافت ہے۔

المُسَیَّرُ. مِنَ الثِیَابِ: دھاری دار کپڑا۔

السِیْرَجُ: تل کا تیل۔

سَاسَ یَسِیْسُ سَیْسًا. الطَعَامُ: گھن پڑنا۔

سَاسَاہُ: شرم دلانا۔ عار دلانا۔

السِیْسُ: چیچک کا پودہ۔

السِیْسَاءُ: ریڑھ کی ہڈی کے جوڑ کی جگہ۔ سِیْسَاءُ الظَھْرِ مِنَ الدَوَابِّ: جانوروں کی پیٹھ پر سوار ہونے کی جگہ۔

سَیْطَرَ سَیْطَرَۃً وتَسَیْطَرَ: نگہبان ہونا۔ داروغہ ہونا۔

سَاعَ یَسِیْعُ سَیْعًا وسُیُوْعًا. الشَیءُ: ضائع ہونا(...... وانْسَاعَ وتَسَیَّعَ. المَاءُ: پانی کا ادھر ادھر بہنا۔ اِنْسَاعَ الجَامِدُ: جمی ہوئی چیز کا پگھلنا۔

سَيَّعَ الحَائِطَ بِالطِّيْنِ: دیوار کا مٹی سے لیپنا ......الشَّیْ: تیل وغیرہ مل[illegible]

ضَاعَ الشَّیْ: ضائع کرنا۔

السَّیْعُ: مص۔ سطح زمین پر بہنے والا پانی۔

السِّیَاعُ: گارا۔ کہگل۔

السِّیْعَاءُ والسِّیْعَۃُ: رات کا حصہ۔ کہا جاتا ہے "خَرَجْتُ بَعْدَ سِیْعَاءٍ مِنَ اللَّیْلِ" رات کا ایک حصہ گزر جانے کے بعد میں نکلا۔

المِسْیَعَۃُ: کرنی۔ کہگل کرنے کا اوزار۔ نَاقَۃٌ (مِسْیَاعٌ) بچہ کو چھوڑ کر چرنے کے لئے جانے والی اونٹنی۔

سَاغَ یَسِیْغُ سَیْغًا. الشَّرَابُ: خوشگوار بنانا۔

السَّیْغُ. مِنَ الشَّرَابِ: خوشگوار شراب۔

سَافَتْ تَسِیْفُ سَیْفًا. اَلْیَدُ: ناخن کے اردگرد پھٹنا۔

سَافَہٗ یَسِیْفُہٗ سَیْفًا: تلوار سے مارنا۔

تَسَیَّفَہٗ: تلوار سے مارنا۔

سَایَفُوْا وتَسَایَفُوْا واسْتَافُوْا اِسْتِیَافًا: باہم تلوار بازی کرنا۔ وأُسِیْفَ الْقَوْمُ: تلوار سے مارا جانا۔

السَّیْفُ: تلوار۔ ج اَسْیَافٌ وسُیُوْفٌ وأَسْیُفٌ ومَسْیَفَۃٌ و(السَّائِفُ) تلوار سے مسلح۔ سَیْفُ الجَبَّارِ: تین ستاروں کے نام۔ سَیْفُ الرِّیَاحِ: ایک قسم کی نباتات۔

السَّیْفُ والسِّیْفُ: ایک قسم کی مچھلی جس کی لمبی سی چونچ نیزہ کی مانند ہوتی ہے۔

السِّیْفُ: سمندر کا کنارہ یا چیز کا کنارہ۔ ج اَسْیَافٌ وہ چیز جو کھجور کے ڈنٹھل کی جڑ میں چپکی ہوئی ہوتی ہے۔

السَّیْفَانُ. مِنَ الرِّجَالِ: لمبا و پتلا مرد۔ مؤنث سَیْفَانَۃٌ اور بقول بعض عورتوں ہی کے لئے مخصوص ہے۔

السَّیَّافُ: شمشیر زن۔ ج سَیَّافَۃٌ. رَجُلٌ سَیَّافٌ: خون گرانے والا مرد۔ سَیَّافُ الأمِیْرِ: جلاد۔

الأسْیَافُ: بارشیں[illegible]۔

المَسَایِفُ: خشک سالی۔ قحط۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَتْھُمُ الْمَسَایِفُ" ان کو قحط سالی لاحق ہوئی۔

المُسِیْفُ: تلوار سے مسلح۔ دلیر۔ فقیر۔

المُسَیَّفُ. مِنَ الدَّرَاھِمِ: درہم جس کے کنارے نقش سے خالی ہوں...... مِنَ الْبُرُوْدِ: چادریں جن پر تلوار کا نقش ہو یا تلوار کی مانند چوڑی دھاریاں ہوں۔

اَلسِّیْکَاس: کھجور کی مانند پتوں اور تنے کے لحاظ سے لیکن صنوبر کے زیادہ قریب درخت ہے۔ اکثر زیب و زینت کے لئے بویا جاتا ہے۔

السِّیْکَاہُ: فن موسیقی کا ایک راگ (جدید)

سَالَ: (ض) سَیْلاً وسَیَلاَنًا ومَسِیْلاً ومَسَالاً. المَاءُ: بہنا۔ سَالَتْ غُرَّۃُ الفَرَسِ: گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی کا لمبا چوڑا ہونا۔

اَسَالَ اِسَالَۃً وسَیَّلَ تَسْیِیْلاً. المَاءَ: جاری کرنا۔ بہانا۔ اَسَالَ الجَامِدَ: پگھلانا۔ اَسَالَ غِرَارَ النَّصْلِ: لمبا کرنا۔

تَسَایَلَ. القَوْمُ: ہر طرف سے آنا۔

السَّائِلَۃُ. مِنْ غُرَرِ الخَیْلِ: گھوڑے کی ناک تک پیشانی کی سفیدی۔ ج سَوَائِلُ.

السَّیْلُ: مص۔ بہنے والا۔ کہا جاتا ہے "مَاءٌ سَیْلٌ" بہنے والا پانی۔ السَّیْلُ: سیلاب۔ ج سُیُوْلٌ.

السِّیْلَۃُ: پانی بہنے کی جگہ۔ سال کا اسم مرۃ۔

السَّیْلَۃُ: پانی کا بہاؤ۔

السِّیَلاَنُ: ایک قیمتی پتھر۔ تلوار کا وہ حصہ جو میان میں داخل ہو۔ ج سَیَالِیْنُ.

السَّوَائِلُ. مِنَ المَعَادِنِ وغَیْرِھَا: بہنے والی چیزیں۔

السَّیَالُ: سفید لمبے کانٹوں والا ایک پودہ کہ جب کانٹے کو توڑتے ہیں تو دودھ کی مانند نکلتا ہے۔ واحد سَیَالَۃٌ.

السَّیَّالُ: زور سے بہنے والا۔ مؤنث سَیَّالَۃٌ

السَّیَّالُ: ایک قسم کی مچھلی۔

مَسِیْلُ. المَاءِ: پانی بہنے کی جگہ۔ ج مَسَایِلُ ومُسُلٌ وأمْسِلَۃٌ ومُسْلاَنٌ.

المُسَالُ. مِنَ الوَجْہِ: ڈاڑھی نکلنے کی ایک جانب۔

سِیْنَمَا تُوغرَاف: وہ آلہ (پروجیکٹر) جو کہ بنائی گئی تصاویر (سلائیڈز) کو سکرین پر پیش کرنے کیلئے تیار کیا گیا ہو۔ وہ گھر جس میں مناظر سینمائی دکھائے جائیں۔

اَسِیْنِرَامَا: سینما کا جدید آلہ (3d) جو کہ اشخاص کی تصاویر وغیرہ ایسی عمدہ پیش کرتا ہے گویا کہ وہ اصلی اور حقیقی ہیں۔

السِّیْمُوْنِیَّۃ: سیمون جادوگر کی طرف منسوب۔ مال کے ذریعہ روحانی مراتب کے درجہ پر پہنچنے کی کوشش۔

سِیَۃُ. القَوْسِ: کمان کا سرا۔ ج سِیَاتٌ.

ش

ش: الشین: بنیادی حروف میں سے یہ تیرہواں ہے۔

الشُؤبُوب: بارش کی بوچھاڑ۔ دھوپ کی تیزی۔ ہر چیز کی حد۔ ہر چیز کی شدت دفع۔ آغاز حسن۔ ج شآبیب: کہا جاتا ہے "هُوَ حَسَنُ شَآبِیبِ الْوَجْهِ" اس کے چہرے کا آغاز حسن اچھا ہے۔

الشَئِیتُ: ٹھوکر کھانے والا گھوڑا۔

شَاجَهٗ یَشْاجُهٗ. الأمْرُ: غمگین کرنا۔

شَئِزَ (س) شَأَزًا وشُؤْزَةً وشُؤُوزًا. الْمَكَانُ: سخت اور بلند ہونا۔ ناہموار ہونا۔ صفت (شَأْزٌ وشِئَزَةٌ) (...... وشَئِزٌ): بے آرام ہونا۔ ڈرنا۔

شَأَزَ (ف) شَأْزًا. الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

أشْأَزَهٗ: رنجیدہ کرنا۔ بے آرام کرنا۔ ڈرانا۔

أشْأَزَ الرَّجُلُ. عَنْ كَذَا: بلند ہونا۔

إشْتَأَزَ: بدکنا۔

الشَأْزَةُ: اسم مرة خَيْلٌ شَأْزَةٌ: موٹا گھوڑا۔

الْمَشْئِزُ والمَشْؤُزُ: بے آرام۔ بے قرار۔ خوفزدہ۔

شَئِسَ (س) شَأْسًا. الشَّيْءُ: سخت ہونا۔

...... الرَّجُلُ: مرض یا غم سے بے قرار ہونا ......

اَلْمَكَانُ: سخت وسنگریزہ دار ہونا۔ مَكَانٌ (شَئِسٌ وشَأْسٌ): سخت وسنگریزہ والی جگہ۔ ج شَئِسٌ وشُؤُوسٌ.

شَأْشَأَ شَأْشَأَةً وشَأْشَاءً. الرَّاعِي. الغَنَمَ أوِ الحَمِيرَ وبِهَا: شَأْشَا وشُؤْشُؤْ: کہہ کر ہانکنا۔ النَّخْلَةُ: درخت خرما میں کا پھل لگنا۔

تَشَأْشَأَ. القَوْمُ: متفرق ہونا۔ بکھرنا۔

الشَأْشَاءُ: مص۔ ایک قسم کی ردی کھجور۔ کھجور کے لمبے درخت۔

شَئِفَتْ (س) شَأَفًا. الرَّجُلُ: آبلہ پڑنا۔ صفت (مَشْؤُوفَةٌ) شَئِفَتْ أصَابِعُهُ: ناخنوں کے اردگرد پھٹنا۔ (...... شَأَفًا وشَأْفَةً) فُلانًا ولِفُلانٍ: بغض رکھنا۔

شُئِفَ: خوفزدہ ہونا۔ ڈرایا جانا۔ صفت (مَشْؤُوفٌ) شُئِفَتِ الرِّجْلُ: آبلہ پڑنا۔

إسْتَشْأَفَتْ. القَرْحَةُ: خراب ہو کر جڑ پکڑ لینا۔

شَأْفٌ. الجُرْحِ: زخم کی خرابی۔

الشَأْفَةُ: جڑ کوے کا زخم۔ کہا جاتا ہے "إسْتَأْصَلَ شَأْفَتَهٗ" اس نے اسے جڑ سے کھود دیا۔ و "بَيْنَهُمْ شَأْفَةٌ" ان کے درمیان عداوت ہے۔ و "إسْتَأْصَلَ اللهُ شَأْفَتَهُمْ" اللہ تعالیٰ ان کی عداوت کو دور کرے۔ شَأْفَةُ الرَّجُلِ: اہل ومال۔

رَجُلٌ شَأْفَةٌ: معزز و بلند مرتبہ مرد۔

شَأَمَ (ف) شَأْمًا. القَوْمَ وعَلَيْهِمْ: بدبختی ڈالنا۔ صفت (شَائِمٌ)

شَؤُمَ (ک) شَآمَةً وشُؤْمًا. عَلَيْهِمْ: منحوس و نامبارک ہونا۔

شَأَمَهُمْ: ملک شام کی طرف روانہ کرنا۔

شَاءَمَ مُشَاءَمَةً. بِهٖ: بائیں طرف لینا۔

...... الرَّجُلُ: ملک شام میں آنا۔

أشْأَمَ: ملک شام کا ارادہ کرنا۔ ملک شام میں آنا۔ سر اٹھائے ہوئے گزرنا۔

تَشَاءَمَ وتَشَأَّمَ: ملک شام کی جانب منسوب ہونا۔ بائیں طرف ہونا۔

تَشَاءَمَ واسْتَشْأَمَ. بِهٖ: بدفالی کرنا۔ بدشگون لینا۔

الشُؤْمُ: نحوست۔ کالے اونٹ۔

الشَأْمُ والشَّامُ: ملک شام۔

الشَامِيُّ والشَآمِيُّ والشَآمِي: ملک شام کی جانب منسوب۔

الشَائِمُ: ق۔ نحوست لانے والا۔

الشَأْمَةُ والمَشْأَمَةُ: نحوست۔

الشِيمَةُ والشَيْمَةُ: [illegible] ج شِيَمٌ

الأشْأَمُ: اسم تفضیل اور اسی سے ہے "الأشْأَمُ كُلُّ امْرِءٍ بَيْنَ لَحْيَيْهِ" ہر آدمی کو بدبختی لانے والی چیز اس کے دونوں جبڑوں کے درمیان ہے یعنی زبان۔ بدبختی لانے والا۔ مؤنث شُؤْمَى.

والْيَدُ الشُّؤْمَى: بایاں ہاتھ۔

الأشَائِمُ. إشْأَم: کی جمع۔

المَشْؤُومُ والمَشْؤُومُ: منحوس۔ بدبخت۔ ج مَشَائِيمُ.

شَأَنَ (ف) شَأْنًا: صاحب عزت ومرتبہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَأَنَ شَأْنَكَ" اس نے تمہارے ارادے جیسا ارادہ کیا۔ "مَا شَأَنَ شَأْنَكَ" اس نے تمہارے کام کی پروا نہیں کی۔ "واشْأَنْ شَأْنَكَ" اپنی حالت پہچان۔

إشْتَأَنَ. شَأْنَكَ: کسی کے ارادے جیسا ارادہ کرنا۔

الشَّانُ ج شُؤُوْن وشِئَان وشِئِين: بڑے بڑے امور و احوال۔معاملہ۔حالت۔کہا جاتا ہے"مِنْ شَانِه كَذَا وَاَنْ يَفْعَلَ كَذَا" اس کی طبیعت سے ہے کہ ایسا کرے۔ و"مَا شَانُكَ" تمہارا کیا حال ہے؟تمہارا کیا معاملہ ہے؟ ج شُؤُوْن وشُؤُوْن: سر کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ۔کہا جاتا ہے"بَلَغَتِ الرَّائِحَةُ اِلَى شُؤُوْنِ رَاسِه" خوشبو اس کے سر کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ تک پہنچ گئی۔ پہاڑ کی مٹی کہ جس میں درخت اُگیں...... شُؤُوْنُ والشُّؤُوْنُ: رگ کہ جس سے آنسو جاری ہوں۔کہا جاتا ہے"فَاضَتْ شُؤُوْنُهُ" اس کی آنکھ کی رگیں جاری ہو گئیں...... الشُّؤُوْن: حاجتیں۔کہا جاتا ہے"كَلِّفْنِي شُؤُوْنَكَ" اپنی حاجتوں کی خدمات میرے سپرد کرو......شُؤُوْنُ الخَمْرِ: شراب کا اثر جو جسم کی رگوں میں سرایت کرے۔

شَأَى يَشْأُو شَأْوًا واشْتَأَى اِشْتِئَاءً ا. القَوْمَ: آگے بڑھ جانا۔شَأَى التُّرَابَ مِنَ البِئْرِ: کنوئیں سے مٹی نکالنا۔

شَاءَى مُشَاءَاةً. القَوْمَ: آگے بڑھنا۔ آگے بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔

تَشَاءَى تَشَائِيًا. القَوْمُ: ایک دوسرے سے آگے بڑھنا۔متفرق ہونا۔تَشَاءَى مَابَيْنَهُمَا: فاصلہ پر ہونا۔

الشَّأْوُ: مص۔مدت۔غایت۔کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَعِيْدُ الشَّأْوِ" یعنی فلاں عالی ہمت ہے و"عَدَا شَأْوًا" وہ ایک چکر دوڑا۔

الشَّأْوُ: اونٹنی کی مہار۔اونٹنی کی مینگنیاں۔ زنبیل۔کنوئیں کی نکلی ہوئی مٹی۔

المِشْآة: کنوئیں کی نکلی ہوئی مٹی۔ٹوکری جس سے کنوئیں کی مٹی نکالی جائے۔ ج المَشَائِي.

الشَّبَاةُ: تالے کی جھڑ۔

شَبَّ (ض) شَبَابًا وشَبِيْبَةً. الغُلَامُ: جوان ہونا۔کہتے ہیں"مِنْ شَبَّ اِلَى دَبَّ" جوانی سے بڑھاپے تک۔

شَبَّ (ن ض) شَبًّا وشِبَابًا وشُبُوْبًا. الفَرَسُ: اکٹھے اگلی ٹانگوں کو اٹھانا۔نشاط میں ہونا۔عرب کا مقولہ ہے"الجَوْهَرُ يَشُبُّ بَعْضُهُ بَعْضًا" جوہر میں سے بعض بعض کے حسن کو بڑھا دیتا ہے۔

شَبَّ (ن) شَبًّا وشُبُوْبًا. النَّارَ: آگ روشن کرنا۔شَبَّتِ النَّارُ: آگ روشن ہونا ......الشَّيْءُ: بلند ہونا۔بڑھنا۔

شُبَّ. الشَّيْءُ: زیادہ کیا جانا۔بلند کیا جانا۔

شُبَّتْ. النَّارُ: روشن ہونا۔شُبَّ لَهُ الشَّيْءُ: اللہ کی طرف سے مقدر کیا جانا۔

شَبَّبَ وتَشَبَّبَ: جوانی اور کھیل کود کے زمانہ کا ذکر کرنا......الشَّاعِرُ بِالفَتَاةِ: عورتوں کے محاسن واوصاف کو بیان کرنا۔شَبَّبَ قَصِيْدَةً: عورتوں کے ذکر سے آراستہ وحزین کرنا۔ کہا جاتا ہے"شَبَّبَ قَصِيْدَتَهُ بِفُلَانَةَ"شعراء کی عادت تھی کہ قصائد مدحیہ کی ابتداء میں تشبیب کیا کرتے تھے۔پھر ہر چیز کی ابتداء کو تشبیب کہنے لگے اگر چہ ایام شباب کا ذکر نہ ہو۔شَبَّبَ الكِتَابَ: کتاب شروع کرنا۔

تَشَبَّبَتْ النَّارُ: آگ روشن ہونا۔بھڑکنا۔

اَشَبَّ. الغُلَامُ: لڑکے کا جوان ہونا۔ الرَّجُلُ: جوان اولاد والا ہونا......اللّٰهُ الغُلَامَ: لڑکے کو جوان کرنا......الفَرَسَ: گھوڑے کو اُکسانا......الثَّوْرُ: بیل کا بوڑھا ہونا۔صفت(مُشِبٌّ ومُشَبٌّ وشَبَبٌ ومِشَبٌّ)

اُشِبَّ. لَهُ كَذَا: مقدر کیا جانا۔

الشَّبُّ: پھٹکری کے مشابہ ایک معدنی نمک جس کا رنگ سفید اور بعض کا نیلگوں ہوتا ہے۔جوان۔شَبُّ اللَّيْلِ: ایک قسم کی نباتات۔

الشَّبَابُ والشَّبِيْبَةُ: مص۔جوانی بلوغ سے تیس برس تک کا زمانہ۔ابتداء جیسے"شَبَابُ النَّهَارِ" دن کی ابتداء۔الشَّبَابُ: بمعنی تشبیب کہا جاتا ہے۔"قَصِيْدَةٌ حَسَنَةُ الشَّبَابِ" اچھی تشبیب والا قصیدہ اور شبیبہ کی ج شَبَائِب.

الشَّبُوْبُ: عمدہ بنانے والا۔آراستہ کرنے والا۔کہا جاتا ہے"هٰذَا شَبُوْبٌ لِكَذَا" یہ اس کے حسن وقوت کو بڑھانے والا ہے۔ مثلاً"الخِمَارُ شَبُوْبٌ لِوَجْهِهَا" اوڑھنی اس کے چہرے کی رونق کو بڑھا دیتی ہے (......والشِّبَاب) جس سے آگ جلائی جائے۔

الشَّبَّابَة: ایک قسم کی بانسری(مولدة): عوام اس کو مِنْجَيْرَة: کہتے ہیں۔

الشَّابُّ والشَّبُّ: جوان۔ج شَبَاب وشُبَّان وشَبَبَة مؤنث شَابَّة وشَبَّة ج شَابَّات وشَبَّات وشَوَابّ وشَبَائِب.

المُشِبُّ: شیر۔

المَشْبُوْبُ. مِنَ الرِّجَال: تیز خاطر مرد۔

المَشْبُوْبَتَان: زہرہ ومشتری۔نَارٌ مَشْبُوْبَةٌ: بھڑکائی ہوئی آگ(نَارٌ شَابَّةٌ: نہیں بولتے۔)

الشِّبِثُ: سوئے کا ساگ۔

شَبِثَ (س) شَبَثًا وتَشَبَّثَ. بِكَذَا: چمٹنا۔معلق ہونا۔

رَجُلٌ (شُبَثَة) اپنے مقابل کو چمٹنے والا۔

الشِّبْث: ایک قسم کی ترکاری۔

الشَّبَث: مکڑی۔ایک قسم کا کیڑا جس کی ٹانگیں بہت ہوتی ہیں۔ج اَشْبَاث وشِبْثَان. رَجُلٌ (شَبِثٌ): چمٹنے والی طبیعت والا مرد۔

الشِّبَاث والشَّبُوْث: ٹیڑھے سرے والی میخ۔ج شَبَابِيْث.

اَشْبَجَ. البَابَ: دروازہ بھیڑنا۔

الشَّبَج: بلند دروازہ یا دروازہ۔واحد (شَبَجَة)

شَبَحَ (ف) شَبْحًا. الشَّيْءَ: پھاڑنا۔چیرنا ......الجِلْدَ: کھونٹیوں سے کس کر پھیلانا...... الرَّجُلَ: گھسیٹنا......الدَّاعِي: دعا کے لئے ہاتھ پھیلانا......فُلَانٌ لَهُ: کسی کے سامنے سیدھا کھڑا ہونا۔

شَبِخَ (ک) شَبَاخَةً: لمبے چوڑے بازوؤں والا ہونا۔
شَبَخَ: بوڑھے ہونے کی وجہ سے ایک چیز کو دو دیکھنا۔ ......الشَّیْءَ: چھیلنا۔ چوڑا کرنا۔
تَشَبَّحَ. الحِرْبَاءُ عَلَى العُودِ: گرگٹ کا لکڑی پر دراز ہونا۔
الشَّبَحُ والشَّبْحُ: شخص۔ بلند عمارت کا دروازہ۔ ج شُبُوحٌ واَشْبَاحٌ. اَشْبَاحُ المَالِ: نظر آنے والا مال جیسے اونٹ، گائے بکری وغیرہ۔
الشَّبْحَةُ: اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "نَزَعَ سَقْفَ بَيْتِي شَبْحَةً شَبْحَةً" اس نے میرے گھر کی چھت سے ایک ایک کڑی نکال لی۔ ......عِنْدَ المُوَلِّدِينَ: گھوڑے کی ٹانگیں باندھنے کی رسی۔
المُشَبَّحَةُ: وہ تصاویر جو سکرین پر سینما میں دکھائی جاتی ہیں۔
الشَّبْحَانُ: لمبا۔
الشَّبْحَانِ. مِقْلَعَةٌ: کھیل کود کی دو لکڑیاں (دیکھئے مِقْلَعَةٌ)
الشَّبْخُ: دودھ دوہنے کی آواز۔
الشَّبْدَعُ والشِّبْدِعُ والشَّبْدِعَةُ: بچھو۔ مصیبت۔ زبان۔ ج شَبَادِعُ.
شَبَرَ (ن ض) شَبْرًا. الثَّوْبَ وَنَحْوَهُ: بالشت سے ناپنا۔ شَبَرَهُ مَالًا: کسی کو مال دینا۔
شَبِرَ (س) شَبَرًا. الرَّجُلُ: اکڑنا۔ اترانا۔
شَبَّرَ. الشَّيْءَ: اندازہ کرنا۔ ......فُلَانًا: تعظیم کرنا۔
اَشْبَرَ. فُلَانًا: فضیلت دینا۔ ......هُ مَالًا: دینا ......الرَّجُلُ: لمبے قد کے بیٹوں والا ہونا۔ پست قد بیٹوں والا ہونا۔
تَشَابَرَ. الفَرِيقَانِ فِي الحَرْبِ: ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ یہاں تک کہ ایک بالشت کا فاصلہ رہ جائے۔
تَشَبَّرَ: بڑا ہونا۔
الشَّبْرُ: حق۔ مہر۔ کہا جاتا ہے "تَزَوَّجَهَا وَلَمْ يُعْطِهَا شَبْرَهَا" اس نے اس عورت سے نکاح کیا اور اس کو مہر نہیں دیا۔ نکاح۔ عمر۔ قد و قامت۔
الشِّبْرُ: عمر۔ بالشت۔ ج اَشْبَارٌ: کہا جاتا ہے "هُوَ قَصِيرُ الشِّبْرِ" وہ قریب قریب قدم رکھنے والا ہے۔
الشَّبَرُ: عطیہ۔ خیر۔
الشِّبْرَةُ: عطیہ۔
الشِّبْرَةُ: قد و قامت (طویل ہو یا قصیر)
الشَّبُّورُ: بگل۔ ج شَبَابِيرُ وشَبُّورَاتٌ (کلمہ عبرانی ہے)
الشَّابُورَةُ: خلیج۔ کہر (جدید)
شَابُرٌ. المِيزَانُ: چور۔
فُلَانٌ (اَشْبَرُ) مِنْكَ: فلاں تم سے وسیع بالشت والا ہے۔
الاَشْبُورُ: ایک قسم کی مچھلی۔
المَشَابِرُ: نشیبی زمین سے گزرنے والے دریا جن میں ہر دو جانب کا پانی آتا ہے۔ واحد (مَشْبَرٌ ومَشْبَرَةٌ)
شَبْرَقَةً: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ شَبْرَقَ اللَّحْمَ: پارچہ پارچہ کرنا۔ شَبْرَقَتِ الدَّابَّةُ فِي مَشْيِهَا......: جانور کا دور دور قدم رکھنا...... البَازِي الصَّيْدَ: نوچنا اور پھاڑنا......الثَّوْبَ: بُرا بُننا۔
الشِّبْرِقُ والشُّبَارِقُ: ٹکڑے۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ شَبَارِقُ وشُبَارِقُ وشَبَارِيقُ وشَبْرَقٌ وشِبْرَاقٌ" ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا کپڑا۔
الشِّبْرِقُ: بلی کا بچہ۔ ج شَبَارِقُ.
الشِّبْرِقَةُ: کپڑے کا ٹکڑا۔
الشِّبْرَاقُ. مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: تنگی۔
ثَوْبٌ (مُشَبْرَقٌ) بُرا بنا ہوا کپڑا۔
الشَّبْرَمُ: پست قد۔
الشُّبْرُمَةُ: بلی۔
الشَّبْزَقُ: آسیب زدہ۔
تَشَبَّصَ. الشَّجَرُ: آپس میں گتھا ہوا ہونا۔
الشَّبَصُ: درخت کے کانٹوں کا آپس میں گتھا ہوا ہونا۔ تنگی۔
شُبَاطُ: ترکی مہینہ۔ مطابق فروری۔
الشَّبُّوطُ والشَّبُوطُ والشُّبُّوطُ: ایک قسم کی مچھلی جس کا سر چھوٹا اور درمیانی حصہ چوڑا ہوتا ہے۔ ج شَبَابِيطُ
شَبِعَ (س) شِبَعًا وشَبْعًا. ومِنَ الطَّعَامِ: شکم سیر ہونا۔ تم کہتے ہو "شَبِعْتُ مِنْ هٰذَا الاَمْرِ وَرَوِيتُ" جبکہ تم کسی معاملہ سے ملول ہو جاؤ۔
شَبُعَ (ک) شَبَاعَةً. عَقْلُهُ: بہت عقل والا ہونا۔
شَبَّعَ. غَنَمَهُ: آسودگی کے قریب ہونا۔
اَشْبَعَهُ: کھلا کر شکم سیر کرنا۔ ......الشَّيْءَ: زیادہ کرنا۔ ......الثَّوْبَ مِنَ الصِّبْغِ: خوب گہرا رنگنا ......الكَلَامَ: مکمل کہنا۔
تَشَبَّعَ: بتکلف شکم سیر ہونا۔ ظاہر کرنا۔ بہت کھانا۔
الشِّبْعُ والشِّبَعُ: کھانے کی وہ مقدار جو سیر کر دے۔
الشُّبَاعَةُ: آسودگی کے بعد بچا ہوا کھانا۔
الشُّبْعَةُ: ایک مرتبہ پیٹ بھرنے کی مقدار۔
الشَّبْعَانُ: شکم سیر۔ مؤنث شَبْعَى وشَبْعَانَةٌ ج شِبَاعٌ وشَبَاعَى کہا جاتا ہے "هِيَ شَبْعَى الذِّرَاعِ" وہ پر گوشت بازو والی ہے۔ و"شَبْعَى الخَلْخَالِ اَوِ السِّوَارِ والبُرَةِ" یعنی موٹی۔
الشَّبْعَةُ: شکم سیر عورت۔
الشَّبِيعُ: بہت۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ شَبِيعُ الغَزْلِ" بہت سوت والا کپڑا اور "رَجُلٌ شَبِيعُ العَقْلِ" بہت عقل والا مرد۔ و"حَبْلٌ شَبِيعٌ" بہت لڑوں والی رسی۔ ج شُبُعٌ.
شَبِقَ (س) شَبَقًا: بہت شہوت والا ہونا۔ صفت (شَبِقٌ) مؤنث شَبِقَةٌ.
مِنَ اللَّحْمِ: گوشت کھانے سے بدہضمی ہونا۔
الشُّوبَقُ: بیلن۔ ج شَوَابِقُ (کلمہ فارسی ہے) مشہور (شوبک) ہے فتحہ شین اور کاف سے چوبک کا معرب ہے۔
شَبَكَ (ض) شَبْكًا. الاُمُورَ: ایک

دوسرے میں داخل ہونا۔ خلط ملط ہونا۔ پیچیدہ ہونا۔ شَبَکَہُ عَنْہُ: غافل کردینا (شَبَکَ وشَبَّکَ) الشَّیْءَ: ایک دوسرے میں ملانا۔ تم کہتے ہو "شَبَکْتُ اَصَابِعِی بَعْضُهَا فِی بَعْضٍ و شَبَّکْتُ بَیْنَ اَصَابِعِی" میں نے اپنی انگلیوں کو ایک دوسرے میں داخل کیا۔

اَشْبَکَ. الْقَوْمُ: نزدیک نزدیک کنوئیں کھودنا۔ "اَشْبَکَ الْمَکَانُ" قریب کنوئیں والی ہونا۔

شَبَّکَ. بَیْنَ الاَصَابِعِ: انگلیوں کو ایک دوسرے میں داخل کرنا۔

تَشَابَکَتِ. الاُمُوْرُ: باہم مخلط ہونا۔

اِشْتَبَکَ وتَشَبَّکَ: مخلط ہونا۔ بعض کا بعض میں داخل ہونا...... الکَلامُ اوِ الاُمُوْرُ: پیچیدہ ہونا۔

الشَّبَکَۃُ: شکاری کا جال۔ ج شَبَکٌ وشِبَاکٌ وشَبَکَاتٌ. الشَّبَکَۃُ: بہت کنوئیں والی زمین۔ قریب قریب والے کنوئیں۔

الشُّبْکَۃُ: قرابت۔

طَرِیْقٌ (شَابِکٌ) مشتبہ و پیچیدہ راستہ۔ ج شوابک.

الشَّبَّاکُ: جال بنانے والا۔

الشُّبَّاکُ: دریچی جس میں لکڑی یا لوہے کی چھڑیں لگی ہوئی ہوں۔ کھڑکی۔ ج شَبَابِیکُ الشُّبَّاکُ: شکاری کا جال۔ شکاری۔ گویا کہ یہ شابک کی جمع ہے۔ جیسے قاری کی جمع قراء۔

الشَّوَابِکُ: جھگڑے۔

المُشَبَّکُ: ایک قسم کا کھانا۔

شَبَلَ (ن) شُبُوْلاً. الغُلامُ: لڑکے کا ناز و نعمت میں بڑھنا اور جوان ہونا۔ صفت (شَابِلٌ) ...... فِی بَنِی فُلانٍ: پرورش پانا۔

اَشْبَلَ. عَلَیْهِ: مہربانی کرنا۔ مدد کرنا۔

اَشْبَلَتِ الْمَرْأَۃُ عَلٰی اَوْلادِهَا: شوہر کی وفات کے بعد بچوں کی دیکھ بھال کرنا اور نکاح نہ کرنا۔

الشِّبْلُ: شیر کا بچہ جب کہ وہ شکار کرنے کے قابل ہو جائے۔ ج اَشْبَالٌ وشِبَالٌ واَشْبُلٌ وشُبُوْلٌ. اَبُو الاَشْبَالِ: شیر۔

لَبُؤَۃٌ (مُشْبِلٌ) بچوں والی شیرنی۔

مَکَانٌ (مَشْبُوْلٌ) بہت شیر کے بچوں والی جگہ۔

شَبَمَ (ن) شَبْمًا وشَبَّمَ. الجُدَیَ: بکری کے بچے کے منہ میں تو تھنی لگانا۔

شَبِمَ (س) شَبَمًا. المَاءُ: پانی کا ٹھنڈا ہونا۔

الشَّبَمُ: سردی۔

الشَّبِمُ: صبح۔ شام یا بھوک کے ساتھ صبح شام۔ الشِّبْمُ: ہتھیار۔ زہر۔ موت۔

الشِّبَامُ والشِّبْمُ: لکڑی جو بکری کے بچے کے منہ میں لگا دی جائے تا کہ دودھ نہ پیئے۔

الشِّبَامُ: برقع کے دودھاگے جن کو عورتیں پیچھے باندھ لیتی ہیں۔

المُشَبَّمُ: تو تھنی لگا ہوا بکری کا بچہ۔ بھوکا۔

شَبَنَ (ن) شَبْنًا. الغُلامُ: لڑکے کا نازک اندام پُر گوشت ہونا۔ (...... شُبُوْنًا) الشَّیْءُ: قریب ہونا۔

الشَّابِنُ. مِنَ الغِلْمَانِ: نازک اندام پُر گوشت لڑکا۔

الشَّبِیْنُ والاَشْبِیْنُ: دولہا کا خدمت گار۔ شَبِیْنَۃٌ واِشْبِیْنَۃٌ: دلہن کی خدمت گار (کلمہ سریانیہ ہے)

الشَّبَانِیُّ والاَشْبَانِیُّ والشَّبَانِیُّ: سرخ چہرے اور مونچھوں والا۔

شَبَّہَہُ. اِیَّاہُ وشَبَّہَہُ بِہٖ: تشبیہ دینا۔ تمثیل دینا۔ شَبَّہَ عَلَیْهِ الاَمْرُ: مشتبہ کرنا۔ شَبَّہَ الشَّیْءُ: مشکل ہونا۔

شُبِّہَ. عَلَیْهِ الاَمْرُ: مشتبہ کیا جانا۔

اَشْبَہَہُ وشَابَہَہُ: مانند ہونا۔ مشابہ ہونا۔ اَشْبَہَ فُلانٌ اُمَّہُ: فلاں اپنی ماں کے مشابہ ہے یعنی عورت کی مانند عاجز و ضعیف ہے۔

تَشَبَّہَ بِہٖ: مانند ہونا۔ عمل میں مشابہت کرنا۔

تَشَابَہَ. الرَّجُلانِ: ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔ الاَمْرُ. مُتَشَابِہٌ: یعنی غیر محکم ہونا۔

اِشْتَبَہَا: ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔ اِشْتَبَہَ فِی الاَمْرِ: صحیح ہونے میں شک کرنا...... الاَمْرُ عَلَیْهِ: پوشیدہ اور مشتبہ ہونا۔

الشِّبْہُ والشَّبَہُ: مثل مانند۔ ج اَشْبَاہٌ ومَشَابِہُ: جیسے (حسن ومحاسن) الشَّبَہُ: مشابہت ایک خاردار نباتات جس کے پھول سرخ ہوتے ہیں۔ (الشِّبْہُ والشَّبَہُ والشَّبْهَانُ والشِّبْهَانُ) پیتل۔

الشُّبْہَۃُ: مثل۔ التباس۔ شک۔ جس میں حق و باطل یا حلال و حرام کا التباس ہو۔ ج شُبَہٌ وشُبُهَاتٌ.

الشَّبِیْہُ: مثیل۔ ایک جیسے۔ ج شِبَاہٌ.

المُشَبَّہُ والمُشْتَبَہُ. مِنَ الاُمُوْرِ: مشکل جس میں التباس واقع ہو۔ کہا جاتا ہے "اِیَّاکَ والمُشَبَّهَاتِ" اپنے آپ کو اُمورِ مشکلہ سے بچاؤ۔

اَلْمُشَبِّہَۃُ: اسلامی فرقوں میں سے ایک فرقہ جو کہ اللہ تعالیٰ کو صفات و اسماء میں مخلوق کے ساتھ تشبیہ دیتے ہیں۔

شَبَا یَشْبُوْ شُبُوًّا. الشَّیْءُ: بلند ہونا ...... الفَرَسُ: گھوڑے کا دو ٹانگوں پر کھڑا ہونا۔ ...... الوَجْہُ: چہرے کا متغیر ہونے کے بعد چمکنا...... النَّارَ: آگ جلانا۔ روشن کرنا۔

اَشْبٰی اِشْبَاءً. الرَّجُلَ: دینا...... عَلَیْهِ: مہربان ہونا ...... ہ: تعظیم و اکرام کرنا۔ مصیبت میں ڈالنا...... الشَّجَرُ: لمبا اور پیچیدہ ہونا...... الشَّیْءَ: ہٹانا...... الرَّجُلُ: ذہین بچوں والا ہونا۔ صفت (مُشْبِی ومُشْبٍ)

الاَوْلادُ اَبَاهُمْ: اولاد کا اپنے باپ کے مشابہ ہونا۔

الشَّبَاۃُ: نوزائیدہ بچھو یا زرد بچھو۔ دو ٹانگوں پر کھڑا ہونے والا گھوڑا...... مِنَ السَّیْفِ: دھار۔ بچھو کا ڈنک۔ ہر چیز کی حد۔ ج شَبًا

وشبوات: بے وقوف مرد۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا رَجُلٌ شَبَاةٌ" یہ بے وقوف مرد ہے۔

شَبْوَةُ: بچھو کے لئے علم اور ہے اور علمیۃ تانیث کی وجہ سے غیر منصرف ہے اور کبھی اس پر الف لام بھی آتا ہے۔

الشَّبْوُ: دکھ۔ تکلیف۔

شَتَّ (ض) شَتًّا وشَتَاتًا وشَتِيتًا: متفرق ہونا (......وشَتَّتَ واَشَتَّ) الاَشْيَاءَ: متفرق کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَشَتَّ بِيْ قَوْمِيْ" میری قوم نے میرے کاموں کو پراگندہ کر دیا۔

تَشَتَّتَ وانْشَتَّ واسْتَشَتَّ. الشَّمْلُ: متفرق ہونا۔

الشَّتُّ: مص۔ پراگندگی۔

اَمْرٌ (شَتٌّ وشَتَاتٌ) پراگندہ و متفرق۔ کام (مصدر سے وصف لایا گیا ہے) ج اَشْتَاتٌ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا اَشْتَاتًا و جَاءُوْا اَشْتَاتَ شَتَاتٍ" وہ لوگ متفرق در متفرق ہو کر آئے۔ نصب حالیت کی وجہ سے ہے۔

شَتَّانَ: مبنی علی الفتحہ اور کبھی نون مکسور ہوتا ہے۔ اسم فعل ہے بَعُدَ: کے معنی میں۔ کہا جاتا ہے "شَتَّانَ بَيْنَهُمَا وَمَا بَيْنَهُمَا وَمَا زَيْدٌ وَاَخُوْهُ" یعنی ان دونوں کے درمیان فرق ہے۔

الشَّتِيتُ: مص۔ پراگندہ۔ متفرق۔ ج شَتّٰى (جیسے مریض و مرضٰى) ثَغْرٌ شَتِيتٌ: چھدرے دانت۔

اَلنَّاسُ (شَتّٰى وشُتُوتٌ) مختلف قبائل کے لوگ۔ اَشْيَاءُ شَتّٰى: مختلف چیزیں اور کہا جاتا ہے "وَقَعُوْا فِيْ اَمْرٍ شَتّٰى" وہ لوگ متفرق اُمور میں پڑ گئے۔

شَتَرَ (ن ض) شَتْرًا. الشَّيْءَ: کاٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا......الرَّجُلَ: زخمی کرنا......العَيْنَ: پلک الٹنا۔

شَتِرَ (س) شَتَرًا: کٹنا۔ نیچے کے پھٹے ہوئے ہونٹ والا ہونا......بہ: گالی دینا۔ (......وشَتِرَ) اُلٹی ہوئی پلک والا ہونا یا نیچے کے ڈھیلے پلک والا ہونا۔

شَتَّرَ. عَيْنَہ: پلک الٹنا۔ گالی دینا۔ عیب لگانا۔ کھینچ تانیں سنانا۔

اِنْشَتَرَتْ. عَيْنُہ: اُلٹی ہوئی پلک والی ہونا۔

اَلشَّتْرُ: مص۔ کٹنا۔ پلک الٹنا۔ عیب و نقص۔

الشُّتْرَةُ: دو انگلیوں کے درمیان کا فاصلہ۔

الشَّتِيرُ: بہت عیب و برائی والا۔ بد خلق۔

الاَشْتَرُ: الٹی ہوئی پلک والا۔ پھٹی ہوئی پلک والا۔ نیچے کی ڈھیلی پلک والا۔ نیچے کے پھٹے ہوئے ہونٹ والا۔ مؤنث شَتْرَاءُ. ج شُتْرٌ.

الشَّوْتَرَةُ: بڑے سرین کی عورت۔

شَتِعَ (س) شَتَعًا: بیماری یا بھوک کی وجہ سے گھبرا اٹھنا۔

شَتَغَهُ (ض) شَتْغًا: روندنا۔ ذلیل کرنا۔

اَشْتَغَهُ: تلف کرنا۔ ہلاک کرنا۔

المَشَاتِغُ: ہلاکتیں۔

شَتَلَ يَشْتُلُ شَتْلًا وشَتَّلَ اَشْتَلَ: (سریانی لفظ) پودے کو ایک جگہ سے نکال کر دوسری جگہ لگانا۔ الشَّتْلَةُ "الشتل" کا واحد۔ وہ پودا جس کو ایک جگہ سے نکال کر دوسری جگہ لگایا جائے۔ اس کو ہماری زبان میں "پنیری لگانا" بولتے ہیں۔

اَلْمَشْتَلُ: بیج لگانے کی جگہ تا کہ اگنے کے بعد اسکو دوسری جگہ لگایا جا سکے۔ (گرین ہاؤس)

اَلْمَشْتُوْلُ: وہ شخص جس کا لباس غیر منظم ہو۔

شَتَمَہُ (ن ض) شَتْمًا ومَشْتَمَةً ومَشْتِمَةً ومَشْتُمَةً وتَشْتَامًا: گالی دینا (شَتَمًا) گالی دینے میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَاتَمَهُ فَشَتَمَهُ" اس نے اس سے گالی دینے میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔

شَتُمَ (ک) شَتَامَةً: بدصورت و کریہہ المنظر ہونا۔ صفت (شَتِيمٌ) الشَّتِيمُ: غضبناک شیر۔

شَتَّمَہُ: بہت گالی دینا۔

شَاتَمَہُ: باہم گالی گلوچ کرنا۔

تَشَاتَمَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کو گالی دینا۔

تَشَتَّمَ: گالی سننے کے درپے ہونا۔

الشَّتَامَةُ: مص۔ بدصورتی کے ساتھ بدن کی درشتی۔

الشَّتِيمَةُ: گالی۔ ج شَتَائِم۔

الشَّتَّامُ والشَّتَّامَةُ: برے چہرہ والا۔ بد خلق۔

الشَّتَّامُ والشَّتَّامَةُ: بہت گالی دینے والا۔

الشُّتَامَةُ: شیر غضبناک۔

شَتَنَ (ن) شَتْنًا. الثَّوْبَ: کپڑے کو بننا صفت (شَاتِن)

الشَّتْنُ: مص۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شَتْنُ الكَفِّ" سخت ہتھیلی والا مرد۔

الشَّتُوْنُ: بننے والا۔

شَتَا يَشْتُوْ شَتْوًا وشَتَّى تَشْتِيَةً وتَشَتّٰى تَشْتِيًا. بِالبَلَدِ: کسی شہر میں جاڑے میں قیام کرنا۔ شَتَا وتَشَتّٰى المَكَانَ: بزمانہ سرما قیام کرنا۔ شَتَّاهُ: زمانہ سرما کے لئے کافی ہونا۔

شَتَا يَشْتُوْا شَتْوًا وشَتِيَ واَشْتَى القَوْمُ: موسم سرما میں داخل ہونا۔ موسم سرما میں قحط سالی کی تکلیف اٹھانا اور کہا جاتا ہے "هٰذَا الشَّيْءُ يُشْتِيْنِيْ" یہ زمانہ سرما میں میرے لئے کافی ہوگی۔ شَتَا الشِّتَاءُ: سردی پڑنا۔

شَاتٰى مُشَاتَاةً وشِتَاءً. الرَّجُلَ: جاڑے بھر کے لئے معاملہ کرنا۔

الشِّتَاءُ: مص۔ موسم سرما۔ ج اَشْتِيَةٌ وشُتِيٌّ اور نسبت کے لئے (شَتَوِيٌّ وشَتْوِيٌّ) الشَّتْوِيُّ: جاڑے کی بارش فَاَيْقَظَهُ الشِّتَاءُ آگ۔

الشِّتَاءُ والشِّتَا: قحط۔

الشَّتَاةُ والشَّتْوَةُ: جاڑا۔ صاحب الشَّتْوَةِ وہ شخص جس کے پاس جاڑے میں پناہ لیتے ہیں۔

الشَّتِيُّ: جاڑے کی بارش۔

المَشْتٰى والمَشْتَاةُ: جاڑے کا زمانہ جاڑے کی جگہ۔ موسم سرما گزارنے کی جگہ ج المَشَاتِي۔

کہا جاتا ہے "هٰذِهِ مَشَاتِيْنَا ومَصَايِفُنَا ومَرَابِعُنَا" یہ ہمارے سرمائی و گرمائی و ربیعی منازل ہیں۔

اَلشَّتُّ: چھوٹے سیب کی طرح خوشبودار

کڑوے مزے کے پھل کا ایک درخت جس میں کانٹے نہیں ہوتے اور اس کے پتوں کو چمڑے کی دباغت میں استعمال کرتے ہیں۔ جنگلی اخروٹ۔ شہد کی مکھیاں۔ پہاڑ کی چوٹی جو ٹوٹنے کے بعد کنگرہ کی مانند رہ جائے۔ ج شِثَاثٌ واحد (الشَّثَّةُ)

الشَّثُّ: ہر چیز کی بہت تعداد۔

شَثِرَتْ (س) شَثَرًا. عَیْنُهُ: آنکھ موٹی ہونا۔

الشَّثْرُ: پہاڑ کا کنارہ۔ ج شُثُورٌ. قَتَلَةٌ (قَشِرَةٌ) تیزہ کہ جس کے ٹکڑے ٹوٹنے کے وقت اڑیں۔

شَثِلَتْ (س) شَثَلاً وشَثُلَتْ (ک) شُثُولَةً. اَصَابِعُهُ: موٹی ہونا۔

شَثِلُ. الاَصَابِعِ: سخت اور موٹی انگلیوں والا

۔

قَدَمٌ (شَثِلَةٌ) موٹا اور سخت قدم۔

شَثِنَ: بمعنی شَثِلَ.

شَجَّ (ن ض) شَجًّا. الرَّاسَ: زخمی کرنا۔ توڑنا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ یَشُجُّ مَرَّةً وَیَاْسُو مَرَّةً" فلاں کبھی غلطی کرتا ہے کبھی درست کرتا ہے۔ شَجَّ المَفَازَةَ: بیابان طے کرنا۔

......المَرْکَبُ البَحْرَ: جہاز کا سمندر کو پھاڑنا۔

......الشَّرَابَ بِالمَاءِ: ملونی کرنا۔ کہا جاتا ہے "شَجَّ الارضَ بِرَاحِلَتِهٖ" یعنی بہت تیز چلایا۔

شَجَّ (س) شَجَجًا: سر میں زخم یا نشان زخم والا ہونا۔ صفت (اَشَجُّ وشَجِیجٌ) ج شُجٌّ و(مَشْجُوجٌ ومُشَجَّجٌ) الشَّجِیجُ والمُشَجَّجُ: میخ۔ کھونٹی۔

شَجَّجَهُ: سر کو بہت زخمی کرنا۔ شَجَّجَ عَلَی الاَمْرِ: پختہ ارادہ کرنا۔

شَاجَّ مُشَاجَّةً وشِجَاجًا وتَشَاجَّ. القَوْمُ: ایک دوسرے کے سر کو زخمی کرنا۔

الشِّجَاجُ: فضائے آسمانی۔

الشَّجَّةُ: سر کا زخم۔ ج شِجَاجٌ.

الشَّجِیجُ: مص۔ پیشانی میں زخم کا نشان۔

الشَّجَّاجُ: سر کو بہت زخمی کرنے والا۔

شَجَبَهُ (ن) شَجْبًا: ہلاک کرنا۔ غمگین کرنا۔ کھینچ کر مشغول کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّکَ لَتَشْجُبُنِیْ عَنْ حَاجَتِیْ" تو مجھ کو میری حاجت میں مشغول رکھتا ہے۔ "شَجَبَ القِنِّینَةَ بِشِجَابٍ" اس نے شیشی میں ڈاٹ لگائی۔

شَجَبَ (ن) شَجْبًا وشُجُوبًا وشَجِبَ (س) شَجَبًا: ہلاک ہونا۔ مرنا۔ غمگین ہونا۔ صفت (شَجِبٌ وشَاجِبٌ)......

الشَّیْءُ: جانا۔

شَجَبَ (ن) شَجِیبًا. الغُرَابُ: کوے کا جدائی کے لئے آواز کرنا۔

اَشْجَبَهُ: غمگین کرنا۔

تَشَاجَبَ. الشَّیْءُ: خلط ملط ہونا۔ بعض کا بعض میں داخل ہونا۔

تَشَجَّبَ: غمگین ہونا۔

الشَّجْبُ: مص۔ حاجت۔ غم۔ ستون خانہ۔ مشک کہ جس کا نصف کاٹ کر ڈول بنالیں۔ ج شُجُوبٌ واَشْجَابٌ.

الشَّجَبُ: مص۔ رنج و تکلیف جو مرض یا قتال کی وجہ سے لاحق ہو۔ ج شُجُوبٌ.

الشَّاجِبُ: بہت بک بک کرنے والا۔

مِنَ الغِرْبَانِ: بہت کائیں کائیں کرنے والا کوا۔

الشِّجَابُ: شیشی وغیرہ کی ڈاٹ۔ ج شُجُبٌ (......والشَّجْبُ والمِشْجَبُ): لکڑی کا اسٹینڈ جس پر کپڑے رکھے اور پھیلائے جاتے ہیں۔

الشَّجْبَاءُ: مشک۔

الشَّجْلَةُ: نرم بارش۔

المِشْجَاذُ: کوہکن۔

شَجَرَ (ن) شَجْرًا. الشَّیْءُ: باندھنا۔ فُلانًا: علیحدہ کرنا۔ منع کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا شَجَرَکَ عَنْ کَذَا" تم کو فلاں سے کس چیز نے روکا......الرَّجُلَ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا ......فَمَهُ: لکڑی سے کھولنا......الدَّابَّةَ: جانور کو ٹھہرانے کے لئے لگام سے مارنا یہاں تک کہ منہ کھول دے......الشَّجَرَةَ: درخت کے بعض حصے کو پکڑنا......البَیْتَ: ستون لگانا۔

......النَّبَاتَ: جھکی ہوئی ٹہنیوں کو اٹھانا۔

شَجَرَ (ن) شَجْرًا وشُجُورًا. بَیْنَهُمْ اَمْرٌ: مختلف فیہ ہونا اور کہا جاتا ہے "شَجَرَ مَابَیْنَهُمْ" باہم جھگڑنا۔

شَجِرَ (س) شَجَرًا. الرَّجُلُ: بہت جمعیت والا ہونا۔

شَجَّرَ. النَّبَاتُ: درخت ہو جانا......النَّخْلَ: ٹوٹنے کے خوف سے خوشہ کو ٹہنی پر رکھنا۔

شَاجَرَهُ مُشَاجَرَةً: جھگڑا کرنا......المَاشِیَةُ: گھاس وغیرہ ختم ہو جانے سے درخت کے پتوں پر گزارہ کرنا......المَاشِیَةَ: جانوروں کو درخت چرانا۔

اَشْجَرَ. المَکَانُ: درخت اگانا۔

تَشَاجَرَ. القَوْمُ: باہم مخالفت کرنا۔ باہم جھگڑا کرنا۔ تَشَاجَرُوا بِالرِّمَاحِ: باہم نیزہ بازی کرنا......الشَّیْءُ: بعض کا بعض میں داخل ہونا۔

اِنْشَجَرَ: جلدی سے چھٹکارا پانا......نَوْمَهُ: نیند کا دور ہونا۔

اِشْتَجَرَ. القَوْمُ: باہم جھگڑنا......الرَّجُلُ: آگے بڑھنا۔ جلدی سے چھٹکارا پانا۔ ٹھوڑی کے نیچے ہاتھ کا سہارا دینا اور اسی سے ہے "بَاتَ مُرْتَفِقًا مُشْتَجِرًا".

......نَوْمُهُ: نیند کا دور ہونا۔

الشَّجَرُ: درخت۔ ج اَشْجَارٌ وشَجْرَاءُ. واحد (شَجَرَةٌ) شَجَرَاتٌ. شَجَرَةُ النَّسَبِ: جس میں مورث اعلیٰ سے لے کر اولاد در اولاد تک کا بیان ہو۔ الشَّجَرَةُ المَلْعُونَةُ: تھوہر کا درخت درخت۔ شَجَرَةُ الحَیَاتِ اَوْ شَجَرَةُ مَعْرِفَةِ الخیرِ مِنَ الشَّرِّ: وہ درخت جس کا پھل کھانے سے

حضرت آدم علیہ السلام کو جنت میں اللہ تعالیٰ نے منع کیا تھا۔

نَبَاتٌ خَشَبِیٌّ : دراز قد پودے (درخت) قدرتی جنگلات میں یا خود بوئے گئے ان میں سے ایک قسم۔ ہمیشہ سرسبز یا موسم کی وجہ سے ان کے پتے گر جاتے ہیں۔ زیادہ تر لکڑی کے لئے لگائے جاتے ہیں اور کچھ خوبصورتی کے لئے لگائے جاتے ہیں۔

شَجَرُ الْمَطَّاط : ربڑ کا درخت جو کہ لمبا ہوتا ہے خاص کر جنوب مشرق ایشیاء میں۔

شَجَرَةُ الْخُبْز : وہ درخت جس کے بڑے بڑے پھل ہوتے ہیں ان کو کوٹ کر پیس کر روٹی پکائی جاتی ہے۔

شَجَرُ الزَّنْبَق: وہ درخت جس کے پھل خزامی پودے کی طرح خوبصورت اور خوشبودار ہوتے ہیں۔ اس کے چھلکے صحت افزاء ہوتے ہیں۔

الشَّجَر : درخت۔ شجر میں ایک لغت ہے۔

الشَّجْر :مص۔ مختلف فیہ امر۔ تھوڑی یا دونوں جبڑوں کے درمیان کا حصہ۔ منہ کا وہ حصہ جو بند کرتے وقت ظاہر ہو۔ ج اَشْجَارٌ وشُجُورٌ وشِجَارٌ. الحُرُوف الشَّجَرِيَّة: ش ض ج اور بقول بعض۔ ش ج ق ک ی۔

اَلشَّجَرُ: منہ کھلنے کی جگہ۔

اَلْحُرُوْف الشَّجَرِيَّة: جو کہ منہ کھلنے کی جگہ سے ادا ہوں وہ شین۔ ضاد اور جیم ہیں۔

الشَّجْرَة: اسم مرۃ۔ چاہ زنخداں۔

مَكَانٌ (شَجِرٌ وشَجِيْر واَشْجَر ومُشْجِر) درختوں والی یا بہت درختوں والی جگہ۔ مؤنث شَجِرَةٌ وشَجِيْرَةٌ وشَجْرَاءُ ومُشْجِرَةٌ.

الشَّجْرَاءُ : گنجان درخت۔ گنجان درختوں والی زمین اور اس کے مقابلہ میں مردار ہے۔ یعنی وہ زمین جس میں درخت نہ ہوں اور اس سے ہے "قَطَعْتُ كُلَّ شَجْرَاءَ ومَرْدَاء" میں نے ہر قسم کی گنجان درختوں والی اور چٹیل زمین طے کی۔

الشَّجَار والشِّجَار : ہودہ کی لکڑی۔ کھلے ہوئے سر کی چھوٹی پالکی۔ الشِّجَار : دروازے کے پیچھے لگانے کی لکڑی۔ تھوتھنی یعنی لکڑی جو بکری کے بچے کے منہ میں لگائی جائے تاکہ دودھ نہ پیئے۔ کنوئیں پر کی لکڑی۔ اونٹ کا داغ۔ ج شُجُرٌ.

الشَّجِير :تلوار۔ اجنبی اونٹ یا آدمی۔ برا ساتھی۔

الشَّجَّار : درختوں کا ماہر۔ ج شَجَّارُوْن.

الشَّوَاجِر :مشغول رکھنے والی چیزیں۔ مَوَانِع.

رِمَاحٌ شَوَاجِر :ایسے نیزے جن کے گھاؤ مختلف جگہ ہوں۔

المَشْجَر والمِشْجَر :ہودہ کی لکڑی' کھلے ہوئے سر کی چھوٹی پالکی۔ المَشْجَر درخت کی جگہ۔ المِشْجَر :لکڑی کا اسٹینڈ جس پر کپڑے رکھے یا پھیلائے جاتے ہیں۔ ج مَشَاجِر.

مَكَانٌ (مُشْجِرٌ): بہت درختوں والی جگہ۔

ثَوْبٌ (مُشَجَّرٌ) درخت کی طرح نقش ونگار سے مزین کپڑا۔ اہل چین کی تحریر کو بھی مُشَجَّرٌ کہتے ہیں۔ اس لئے کہ وہ بھی درخت کی طرح ہوتی ہے۔

شَجُعَ (ک) شَجَاعَةً :دلیر و بہادر ہونا۔

شَجَعَهُ (ن) شَجْعًا :دلیری و بہادری میں غالب ہونا۔

شَجِعَ (س) شَجَعًا: لمبا ہونا۔ صفت (اَشْجَع): مؤنث شَجْعَاء.

شَجَّعَهُ :قوی دل بنانا...... عَلَى الأَمْرِ : جرأت دلانا۔

شَاجَعَهُ: دلیری میں مقابلہ کرنا۔

تَشَجَّعَ: بہادر بننا۔ بتکلف دلیری ظاہر کرنا۔

الشُّجَاع والشَّجَاع والشِّجَاع :دلیر۔ بہادر۔ جری۔ ج شُجْعَان وشِجْعَان وشِجَاع وشُجَعَاء وشُجْعَة وشَجَعَة وشِجْعَة وشَجْعَة.

الشُّجَاع والشِّجَاع :ایک قسم کا سانپ۔ ج شُجْعَان وشِجْعَان واَشْجِعَة.

رَجُلٌ (شَجْعَةٌ و شُجْعَةٌ) : عاجز بزدل مرد۔ بےڈول لمبا۔

الأَشْجَع :اسم تفضیل۔ بہادر۔ مؤنث شَجْعَاء. ج شُجْع :شیر لمبا۔ آگے بڑھنے والا اونٹ۔ ایک قسم کا سانپ۔ زمانہ۔

الاَشْجَع والاِشْجَع :انگلی کی جڑ جو ظاہر کف کے پٹھے سے ملی ہوئی ہے یا ہتھیلی کی پشت کی رگ۔ ج اَشَاجِع.

الشَّجِع : بہادر۔ دیوانہ اونٹ۔ ج جَمَل

شَجِعُ القَوَائِم: جلدی قدم اٹھانے والا اونٹ۔

الشَّجِيْع: دلیر۔ بہادر۔ ج شُجْعَان شِجَاع وشُجَعَاءُ واَشْجِعَةٌ مؤنث شَجِيْعَةٌ. ج شَجَائِعُ وشِجَاعٌ وشُجُعٌ.

الشُّجُعُ: درخت کی جڑیں۔

الشَّجَاعَةُ : دلیری۔ بہادری۔ خوف کے وقت دل کی مضبوطی۔

المُشَجَّعُ: انتہائی پاگل۔

الشَّجْعَمُ :شیر۔ لمبا قد۔ جسم انسان یا انسان کی گردن۔

الشَّجَم: ہلاکت۔

الشُّجُم: لمبی اور بڑی مصیبتیں۔

شَجَنَ (س) وشَجُنَ (ک) شَجْنًا وشُجُوْنًا: غمگین ہونا۔ صفت (شَاجِنٌ)

شَجَنَهُ (ن) شَجْنًا وشُجُوْنًا وشَجَّنَهُ : غمگین کرنا۔

شَجَنَتْ (ن) شُجُوْنًا. الحمامةُ: کبوتر کا غم کے ساتھ نوحہ کرنا۔

اَشْجَنَهُ: غمگین کرنا۔ اَشْجَنَ الكَرْمُ: انگور کے درخت کا پیچیدہ اور الجھی ہوئی شاخوں والا ہونا۔

تَشَجَّنَ :حرکت کرنا۔ غمگین ہونا...... الامر: یاد کرنا...... الشَّجَرُ: درخت کا گنجان ہونا۔

الشَّجَنُ :مص الشَّجْنُ ج شُجُوْنٌ و(الشَّاجِنَةُ. ج شَوَاجِنُ): وادی کا راستہ۔ وادی کے بالائی حصہ کا راستہ۔

الشَّجَنُ: مص۔ غم۔ اندوہ۔ خواہش۔ غرض۔ ج شُجُونٌ اَشْجَانٌ۔ (الشَّجَنُ والشِّجْنَةُ والشُّجْنَةُ والشَّجْنَةُ): الجھی ہوئی پیچیدہ ٹہنی۔ ہر چیز کی شاخ۔ کہتے ہیں "الحدیثُ ذُوْشُجُوْنٍ" یعنی بات میں بات نکلتی ہے۔

الشِّجْنَةُ: پہاڑ کا شگاف۔ شِجْنَةٌ وشُجْنَةٌ کی جمع شِجَنٌ وشُجَنٌ وشِجَنَاتٌ وشُجُنَاتٌ وشُجْنَاتٌ۔

شَجَا (ن) شَجْوًا واَشْجٰی اِشْجَاءً۔ الرَّجُلَ: غمگین کرنا۔ خوش کرنا (ضد) برانگیختہ کرنا۔ اَشْجَی الغَرِیْمَ اوالسَّائِلَ: قرض خواہ یا سائل کو اس کی خواہش کے مطابق دینا۔

شَجِیَ (س) شَجًا: غمگین ہونا ..... بالشَّجَا: حلق میں ہڈی پھنس جانے سے گھٹنا اور اسی سے ہے "عَلَیْکَ بِالْکَظْمِ وَاِنْ شَجِیْتَ بِالعَظْمِ" اگر تمہارے حلق میں ہڈی پھنس جائے تو اپنے اوپر بردباری کو لازم جانو۔

شَجِیَ الغَرِیْمُ عَنْهُ: جانا۔

تَشَاجَی: حزن وملال ظاہر کرنا۔

الشَّجَا: مص۔ ہڈی وغیرہ جو حلق میں پھنس جائے۔ غم واندوہ۔

الشَّجْوُ: مص۔ غم۔ اندوہ۔ حاجت۔ کہا جاتا ہے "لَهُ عِنْدِیْ شَجْوٌ" اس کی مجھ سے ایک حاجت ہے۔ گریہ وزاری کا ایک دور۔ کہا جاتا ہے "بَکٰی فُلَانٌ شَجْوَهُ" و"بَکَتِ الحَمَامَةُ شَجْوَهَا"۔

الشَّجِی الشَّجِیُّ: غمگین۔ فکرمند۔ مؤنث شَجِیَةٌ وشَجِیَّةٌ اور نسبت کے لئے (الشَّجَوِیُّ)۔ مَفَازَةٌ (شَجْوَاءُ): دشوار گزار بیاباں۔

الشَّجَوْجَی والشَّجَوْجَاةُ: لگاتار ہوا۔

الشَّجَوْجَی: بہت لمبا یا لمبا موٹی ہڈیوں والا۔ موٹا فربہ گھوڑا۔

المَشْجُوُّ: اندوہناک۔

شَحَّ (ن ض س) شَحًّا وشِحًّا وشُحًّا۔ بِالشَّیْءِ وعَلَی الشَّیْءِ: بخل کرنا۔ حرص کرنا۔

شَاحَّ۔ بِالشَّیْءِ عَلٰی فُلَانٍ: کسی سے کسی چیز کا بخل کرنا ..... ہ: کسی سے جھگڑا کرنا۔ اسی سے ہے "لَا مُشَاحَّةَ فِی الْاَمْرِ" یعنی معاملہ بالکل صاف ہے اس میں کوئی مناقشہ اور جھگڑا نہیں۔

تَشَاحَّ۔ القَوْمُ عَلَی الاَمْرِ وفِیْهِ: کسی چیز میں باہم بخل کرنا۔ تَشَاحُّوْا عَلَی الشَّیْءِ: اپنے لئے اختیار کرنے کا ارادہ کرنا۔ تَشَاحَّ الخَصْمَانِ فِی الجَدَلِ: ہر ایک کا غالب ہونے کا ارادہ کرنا۔

الشُّحُّ: مص۔

الشَّحِیْحُ: بخیل۔ حریص۔ ج شِحَاحٌ واَشِحَّةٌ واَشِحَّاءُ مؤنث شَحِیْحَةٌ۔ ج شَحَائِحُ۔ اِبِلٌ شَحَائِحُ: کم دودھ والی اونٹنیاں۔

الشَّحَاحُ: بخیل۔ حریص۔ الشَّحَاحُ مِنَ الاَرْضِ: وہ زمین جو بغیر زیادہ بارش کے پانی نہ بہائے۔ زَنْدٌ شَحَاحٌ: چقماق جو آگ نہ دے۔ "مَاءٌ شَحَاحٌ" تھوڑا پانی جو زمین کو نہ ڈھکے۔

شَحَبَ (ف ن) وشَحُبَ (ک) وشَحِبَ شَحُوْبَةً وشُحُوْبًا۔ لَوْنُهُ: بھوک یا مرض وغیرہ کی وجہ سے چہرے کا رنگ بدلنا۔

الشَّاحِبُ: فا۔ لاغر یا رنگ بدلا ہوا اور کہا جاتا ہے "شَاحِبُ اللَّوْنِ" جیسے کہا جاتا ہے "شَاحِبُ الجِسْمِ"۔

شَحَتَ (ف) شَحْتًا۔ المُدْيَةَ: چھری تیز کرنا۔

شَحَجَ (ف ض) شَحِیْجًا وشُحَاجًا وتَشْحَاجًا وتَشَحَّجَ۔ البَغْلُ اوالغُرَابُ: خچر کا ہنہنانا۔ کوے کا کائیں کائیں کرنا۔

الشُّحَاجُ والمِشْحَجُ والشَّاحِجُ: گورخر۔

بَنَاتُ شَحَّاجٍ وبَنَاتُ شَاحِجٍ: خچریں۔

شُحَاجُ۔ البَغْلِ اَوِالغُرَابِ و(شَحِیْجُهُمَا) خچر یا کوؤں کی آواز۔

الشَّوَاحِجُ: کوے۔

شَحَذَ (ف) شَحْذًا۔ السِّکِّیْنَ ونَحْوَهُ: چھری تیز کرنا۔ صفت مفعول (شَحِیْذٌ وشَحِیْذٌ) ..... ہ بِبَصَرِهٖ: گھورنا ..... ہ بِعَیْنِهٖ: نظر بدلگانا۔

..... الجُوْعُ مِعْدَتَهُ: سخت بھوک لگنا۔ فِی السُّؤَالِ: مانگنے میں بہت اصرار کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ یَشْحَذُ النَّاسَ" وہ لوگوں سے اصرار سے مانگتا ہے ..... عَلَیْهِ: غضبناک ہونا۔ الدَّابَّةَ: جانور کو تیز ہانکنا (..... وتَشْحَذَهُ) ہٹانا۔ دھتکارنا۔ تَشَحَّذَ الرَّجُلُ: سوال کرنے میں اصرار کرنا۔

اَشْحَذَ۔ السِّکِّیْنَ: چھری تیز کرنا۔

شَاحَذَهُ: تلوار وغیرہ تیز کرنے میں مشابہت کرنا۔

الشَّحَّاذُ: گداگر۔ سائل۔ ج شَحَاحِذَةٌ (الشِّحَاذَةُ): گداگری کا پیشہ۔

الشَّحْذَانُ والشَّحَذَانُ: بھوکا۔ ہانکنے والا۔ ہلکا چلنے والا۔

رَجُلٌ (شَحْذُوْذٌ) تیز اور غصہ کے وقت طیش میں آنے والا۔

المِشْحَذُ: چھری وغیرہ تیز کرنے کا سامان۔ تیز ہانکنے والا۔

المِشْحَاذُ: ٹیلہ۔ پہاڑ کی چوٹی۔ ج مَشَاحِیْذُ۔

المَشْحَذَةُ: وہ چیز جو باعث تیزی ہو۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الکَلَامُ مَشْحَذَةٌ لِلْفَهْمِ" یہ کلام سمجھ کے لئے باعث تیزی ہے۔

شَحَرَ (ف) شَحْرًا: منہ کھولنا۔

الشَّحْرُ: مص۔ پانی بہنے کی جگہ۔ بطن وادی (..... والشِّحْرُ): کنارہ۔ ساحل۔

شَحْرُ عُمَانَ وشِحْرُ عُمَانَ: عمان اور عدن کے درمیان کا ساحل۔

الشِّحْرَةُ: تنگ ساحل۔

الشَّحْرُوْرُ: کالے رنگ کا چڑیا سے ایک بڑا خوش آواز پرندہ۔ ج شَحَارِیْرُ ..... اور اس کو (شُحْرُوْرٌ) بھی کہا جاتا ہے۔

شَحَزَ (س) شَحَزًا: گھبرانا۔ ڈرنا۔

شَحَزَ (ف) شَحْزًا: جماع کرنا۔

شَخْشَخَ. البَعِيرُ: اونٹ کا آواز کو پھرانا ...... الطَّائِرُ: پرندہ کا جلدی سے اُڑنا ...... چوکنا رہنا...... الصُّرَدُ: آواز کرنا۔

الشَّخْشَخ والشَّخْشَاخ: بے برکت۔ بخیل۔ بدخلق۔ ہچکی کرنے والا۔

الشَّخْشَخُ: وسیع بیابان۔ بہادر مرد۔ غیرت دار۔ خوش بیان لیکچرار۔

الشَّخْشَحَان: بخیل۔ غیرت دار۔ لمبا۔

المُشَخْشِحُ والمُشَخْشَحُ: بے برکت۔

أَشْحَصَهُ: تھکانا...... مِنَ المَكَانِ و(شَحَصَهُ) عَنْهُ: دور کرنا۔ ہٹانا۔ جلاوطن کرنا۔

الشَّحُوصُ: تھکن کی وجہ سے دبلی اونٹنی۔

شَحَطَ (ف) شَحْطًا وشَحَطًا وشُحُوطًا ومَشْحَطًا. الإِنَاءَ: برتن بھرنا...... اللَّبَنَ: دودھ میں زیادہ پانی ملانا...... العَقْرَبُ الرَّجُلَ: بچھو کا ڈسنا...... الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا...... فُلَانًا: سبقت لے جانا (...... وشَحِطَ (س) شَحَطًا) المَكَانُ: دور ہونا۔ شَحَطَ وشَحِطَ الجَمَلَ: اونٹ کو ذبح کرنا۔

شُحِطَ. بِالدَّمِ: خون سے لتھڑنا۔

شَحَّطَهُ: خون میں لتھیڑنا۔

أَشْحَطَهُ: دور کرنا۔

تَشَحَّطَ. بِالدَّمِ: خون سے لتھڑنا۔

الشَّحْط: مص۔ خون میں لت پت ہونا۔ پرندہ کی بیٹ (...... والمِشْحَط) ......: انگور کی ٹہنیوں کو اٹھانے کا تھم۔ عوام اس کو (مَسْمُوک) کہتے ہیں۔

الشَّحَاطَةُ: جوتی کی ایک خاص قسم جس کو گھروں میں بطور رواج پہنتے ہیں۔

الشَّاحُوطَةُ: وہ آلہ جس کے ساتھ پتھروں میں سوراخ کئے جاتے ہیں۔

شَحَطَ يَشْحَطُ عَلَى الأَرْضِ: کھینچنا۔ (سریانی)۔

مَنْزِلٌ (شَاحِطٌ) دور کی منزل۔

الشَّحَاط: دور۔

شَوَاحِطُ. الأَوْدِيَةِ: دور کی وادیاں۔

الشَّوْحَطَة: لمبی گھوڑی۔

شَحَكَ (ف) شَحْكًا. الجَدْيَ: بکری کے بچے کے منہ میں تھوتھنی لگانا۔

الشِّحَاك: تھوتھنی جو بکری کے بچے کے منہ میں لگائی جائے تاکہ دودھ نہ پئے۔

شَحَلَ. الكَرْمَ: انگور کی بیل تراشنا۔ کلمہ عامیہ ہے۔ فصیح قَضَبَ ہے۔

شَحَمَهُ (ف) شَحْمًا: چربی کھلانا۔

شَحُمَ (ک) شَحَامَةً: بہت چربی دار ہونا۔ صفت (شَحِمٌ)

شَحِمَ (س) شَحَمًا: چربی کی خواہش کرنا۔ صفت (شَحِم)

شَحَمَتْ (س ن) شُحُومًا. النَّاقَةُ: لاغری کے بعد موٹی ہونا۔

أَشْحَمَ: بہت چربی والا ہونا (...... وشَحَّمَ) القَوْمَ: چربی کھلانا۔

الشَّحْم: چربی۔ ایک ٹکڑے کو (شَحْمَة) کہتے ہیں۔ ج شُحُوم۔

الشَّاحِمُ والشَّحَّامُ: چربی بیچنے والا۔

الشَّحَّام: بہت چربی کھلانے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شَاحِمٌ لَاحِمٌ" چربی دار پُر گوشت مرد یا لوگوں کو بہت چربی کا گوشت کھلانے والا۔

الشَّحْمَة: چربی کا ٹکڑا۔ شَحْمَةُ الأَرْضِ: کیچوا۔ سانپ کی چھتری۔ شَحْمَةُ الأَرْضِ وشَحْمَةُ الرَّمْلِ: گرگٹ کی قسم کا ایک جانور جو زمین یا ریت میں گھس کر رہتا ہے ...... العَيْنِ: آنکھ کا غلہ۔ شَحْمَةُ الأُذُنِ: کان کی لو...... شَحْمَةُ الرُّمَّانِ: انار کے اندر کا باریک چھلکا...... المُخِّ: مغز۔ عطفی اور امثال میں سے ہے "مَا كُلُّ بَيْضَاءَ شَحْمَةً ولا كُلُّ سَوْدَاءَ تَمْرَةً" ہر سفید چیز چربی اور ہر سیاہ چیز کھجور نہیں ہوتی۔ اس موقع پر بولتے ہیں جب کسی ایک صفت میں مشابہت اور بقیہ صفات میں مغایرت ہو۔

الشَّحِم: تھوڑے رس کا انگور۔ چربی کا حریص۔

الشَّحِيم: اکڑ۔

الشَّحِيم: موٹا۔

الشَّحِيم والشَّحِيمَة: سریانیوں کے فرائض نماز کی کتاب (کلمہ سریانیہ ہے)

المُشَحِّمُ والمُشْحِم: گھر میں بہت چربی رکھنے والا۔

المُشَحَّم والمَشْحُوم: چربی کی بنی ہوئی چیز۔

شَحَنَ (ف) شَحْنًا. السَّفِينَةَ: کشتی پر لادنا ...... المَدِينَةَ بِالخَيْلِ: بھرنا...... الرَّجُلَ: دھتکارنا۔ دور کرنا۔

شَحَنَ (ف ن) وشَحِنَ (س) شَحْنًا. الكِلَابُ: کتوں کا دور تک جانا اور شکار نہ کرنا۔

شَحِنَ (س) شَحَنًا. عَلَيْهِ: کینہ رکھنا۔

أَشْحَنَ. المَكَانَ: بھرنا...... السَّيْفَ: میان میں کرنا۔ سونتنا (ضد)...... لَهُ بِسَهْمٍ: تیر مارنے کے لئے تیار کرنا...... الصَّبِيُّ: رونے کے لئے آمادہ ہونا۔

شَاحَنَهُ: بغض وعداوت رکھنا۔ دشمنی کرنا۔

الشَّحْنُ: جہاز پر یا ریل گاڑی یا ٹرک پر مال ڈالنا۔ السَّيَّارَةُ الشَّاحِنَة ٹرک۔

الشَّاحِنَةُ ج شَاحِنَات: ریل یا ملگاڑی کے لوڈ والے ڈبے۔ ریل گاڑی کے سواری والے ڈبے۔ اس کو حافلہ بھی بولتے ہیں۔

تَشَاحَنُوا: ایک دوسرے سے بغض رکھنا۔

الشَّحْنَاء: بغض۔ کینہ۔ دشمنی۔ عداوت۔

الشَّحْنَة: عداوت۔ دشمنی۔ کشتی بھرنے کی چیز۔ شِحْنَةُ البَلَدِ: پولیس۔ کوتوال۔ سواروں کی جماعت کا ایک دستہ۔ کہا جاتا ہے "بِالبَلَدِ شِحْنَةٌ مِنَ الخَيْلِ" شہر میں سواروں کی جماعت کا ایک دستہ ہے۔

الشِّحْنَة: چارپایوں کے لئے ایک دن رات کا چارہ۔ ج شِحَن. مَرْكَبٌ (مَشْحُونٌ): بھری ہوئی سواری۔

المُشَاحِنُ: فا۔ عَدُوٌّ مُشَاحِنٌ: بھرپور

دشمنی کرنے والا دشمن۔

شَحَا يَشْحُو وَيَشْحَاشَحْوًا. الرَّجُلُ: منہ کھولنا......اللِّجَامَ فَمَ الفَرَسِ: کھولنا۔شَحَا الرَّجُلُ: قدم کو دور دور رکھنا......الفَمَ: کھلنا۔

تَشَحَّى. فَاهُ: کھولنا۔

شَحِيَ تَشْحِيَةً. فُوهُ: منہ کھلنا۔

تَشَحَّى. عَلَيْهِ: زباں درازی کرنا۔

الشَّحَاةُ: وسیع۔کشادہ۔چوڑا۔

الشَّحْوُ: جوف۔

الشَّحْوَةُ: اسم مرۃ۔قدم۔کہا جاتا ہے "فَرَسٌ بَعِيْدُ الشَّحْوَةِ" دور دور قدم رکھنے والا گھوڑا۔"رَجُلٌ بَعِيْدُ الشَّحْوَةِ فِيْ مَقَاصِدِهٖ" اپنے مقاصد میں عالی ہمت مرد۔

الشَّحْوَاءُ: چوڑا کنواں۔

شَحِيَ يَشْحَى شَحًا: ایک لغت ہے۔

شحا: وادی میں۔

شَخَّ (ن) شَخًّا: پیشاب کرنا......فِيْ النَّوْمِ: خراٹے لینا......اللَّبَنُ: دوہنے کے وقت آواز نکلنا۔

شَخَبَ (ف ن) شَخْبًا وَمَشْخَبًا. اللَّبَنَ: دوہنا......اللَّبَنُ: بہنا......اَوْدَاجُ القَتِيْلِ دَمًا: مقتول کی رگوں سے خون جاری ہونا۔

اِنْشَخَبَ: دوہا جانا۔

الشِّخَابُ: تازہ دودھ۔

الشَّخْبُ: مص۔خون (......الشُّخْبُ) دودھ کی دھار۔واحد (الشُّخْبَةُ) ج شِخَابٌ۔

الاُشْخُوبُ: تھن سے دودھ نکلنے کی آواز۔ج اَشَاخِيْبُ۔

شَخَّابٌ (شَخِيْبٌ): خون پھینکنے والی رگ۔

الشِّنْخَابُ والشُّنْخُوبُ والشُّنْخُوبَةُ: پہاڑ کی چوٹی۔ج شَنَاخِيْبُ۔

شَخُتَ (ک) شُخُوتَةً: دبلے جسم والا ہونا۔صفت (شَخْتٌ وشَخِتٌ) ج شِخَاتٌ: کہا جاتا ہے "هُوَ شَخْتُ الخُلُقِ" وہ اوچھے اخلاق والا ہے۔و "هُوَ شَخْتُ العَطَاءِ" وہ کم داد و دہش والا ہے۔"هُوَ

شَخْتُ الخَزَارَةِ" وہ باریک ناکوں والا ہے۔

شَخَطَ. الیہ: کھانا۔

الشَّخْتُ والشِّخْتِيْتُ والشَّخِيْتُ والشُّخْتُوتُ: بلند غبار۔

الشَّخْدُورُ والشَّخْدُورَةُ: ڈونگی۔جس میں ایک ہی آدمی سوار ہو۔

شَخَرَ (ض) شَخِيْرًا: حلق یا ناک سے آواز نکالنا۔

شَخَرَ (ض) شَخِيْرًا وشَخْرًا. الفَرَسُ اَوْ الحِمَارُ: گھوڑے کا ہنہنانا۔یا گدھے کا رینگنا۔

شَخَرَ. الحِلْسَ: کجاوہ باندھنے کے لئے جانور کی پیٹھ سے ٹاٹ یا کمبل اٹھانا......النَّخْلَةَ: ٹوٹنے کے خوف سے کھجور کے گچھوں کو ٹہنی پر رکھنا۔

الشَّخْرُ: مص سِنَّ الشَّبَابِ: ابتداء جوانی......مِنَ الرَّحْلِ: کجاوہ کے اگلے اور پچھلے حصہ کی درمیانی جگہ۔

الشَّخِيْرُ: مص۔پہاڑ کا وہ حصہ جو قدموں سے لگ کر گرے۔

الشِّخِّيْرُ: بہت خراٹے لینے والا۔

شَخَزَ (ف) شَخْزًا: مضطرب ہونا۔......عَلَيْهِ الاَمْرُ: دشوار ہونا......ہ بالرُّمْحِ: نیزہ مارنا......بَيْنَهُمْ: اکسانا اور فساد ڈالنا۔

تَشَاخَزَ. القَوْمُ: باہم بغض رکھنا۔

الشَّخْزُ: مص۔رنج ومشقت کی شدت۔

شَخَسَ (ف) شَخْسًا. الرَّجُلُ: مضطرب ہونا......الحِمَارُ: گدھے کا جمائی کے وقت منہ کھولنا۔

اَشْخَسَ. الرَّجُلَ وبِهٖ: غیبت کرنا۔

اَشْخَسَ لَهٗ فِي المَنْطِقِ: گفتگو میں ترش روئی کرنا۔

شَاخَسَ. اَمْرُ القَوْمِ: مختلف ہونا۔......الحِمَارُ: لید سونگھنے کے بعد سر اٹھا کر منہ کھولنا۔

تَشَاخَسَ. الحِمَارُ بمعنی شَخَسَ اَوْ

شَاخَسَ......اَسْنَانُهٗ: بڑھاپے کی وجہ سے گر کر یا جھک کر بے ترتیب ہونا......اَمْرُهُمْ: تباہ و پریشان ہونا۔

الشَّخِيْسُ: حکم کے خلاف کرنے والا۔امر متفرق۔

شَخْشَخَ. بِبَوْلِهٖ: دور تک پیشاب کی دھار گرانا۔صفت (شَخْشَاخٌ) شَخْشَخَتِ النَّاقَةُ: بیٹھے ہوئے سینہ اٹھانا۔

الشَّخْشَخَةُ: مص۔ہتھیار کی جھنکار۔کاغذ یا نئے کپڑے یا خشک چیز کی آواز۔

شَخَصَ (ف) شُخُوصًا. الشَّيْءُ: بلند ہونا......عَنْ قَوْمِهٖ اَوْ مِنْ بَلَدٍ اِلٰى بَلَدٍ: جانا۔کوچ کرنا......اِلَيْهِم: واپس آنا۔لوٹنا......النَّجْمُ: ستارہ کا طلوع ہونا......السَّهْمُ: تیر کا نشانہ سے اوپر اوپر نکل جانا......الجُرْحُ: سوجنا۔ورم کرنا......بَصَرُهٗ: ٹکٹکی لگانا۔

المَيِّتُ بَصَرُهٗ وبِبَصَرِهٖ: میت کی نگاہ کا کھلا رہ جانا۔

شُخِصَ. بِهٖ: کسی امر کے لاحق ہونے سے بے قرار ہونا۔

شَخُصَ (ک) شَخَاصَةً: موٹا ہونا۔

شَخَّصَ. الشَّيْءَ: تعین کرنا۔تمیز کرنا اور اسی سے اطباء کے نزدیک تشخیص امراض ہے۔

اَشْخَصَهٗ: بے آرام کرنا۔بے قرار بنانا۔

اَشْخَصَ الرَّجُلُ: جانے کا وقت قریب قریب ہونا......بِهٖ: غیبت کرنا......لَهٗ فِي المَنْطِقِ واَشْخَصَ اِلَيْهِ: گفتگو میں ترش روئی کرنا......ہ: اِلٰى قَوْمِهٖ: واپس کرنا۔لوٹانا......الرَّامِي: نشانہ سے ہٹ کر بلند پڑنا یا ڈالنا۔(لازم ومتعدی)

تَشَخَّصَ: معین ہونا۔ممیز ہونا......لَهٗ: کسی شخص کی صورت دکھائی دینا۔

تَشَاخَصُوْا: باہم اختلاف کرنا۔

الشَّخْصُ: جسم انسانی وغیرہ جو دور سے دکھائی دے۔ج اَشْخُصٌ واَشْخَاصٌ وشُخُوصٌ۔

الشَّخِيْصُ: جسیم۔مؤنث شَخِيْصَةٌ:

سردار......مِنَ المَنطِق :ترش روئی سے گفتگو کرنے والا۔

الشَّخْبُ :دودھ دوہنے کی آواز۔

الشِّخَاب :دودھ۔

شَخَل (ف) شَخلاً. الشَّرَابَ :صاف کرنا......النَّاقَةَ: دوھنا۔

شَاخَلَهٗ :خالص دوستی کرنا۔

الشَّخْل والشَّخِيْل :خالص دوست۔

المِشْخَل والمِشْخَلَة :چھننا۔

المَشْخَلَبَة :موتی کے مشابہ سفید مہرہ۔ایک زیور کا نام جو درخت خرما کی چھال اور مہرہ سے بناتے ہیں اور کبھی اس لڑکی کو بھی مَشْخَلَبَة کہتے ہیں جو اس زیور کو استعمال کرے۔

شَخَمَ (ن) وشَخِمَ (س) وشَخُمَ (ک) شُخُومًا وشَخَمًا واَشْخَمَ. الطَّعَام او اللَّحْمُ :بگڑنا۔خراب ہونا۔فاسد ہونا۔ صفت(شَخِمٌ) ...... الفَمُ :منہ کا بدبودار ہونا۔اَشْخَمَ الرَّجُلُ :رونے کے لئے تیار ہونا۔

شَخَّمَ. الطَّعَامَ :خراب کرنا۔

......الطَّعَامُ :خراب ہونا......الفَمُ :منہ کا بدبودار ہونا۔

اِشْخَامَّ. النَّبْتُ :خشک وتر گھاس کا آپس میں مل جانا۔

شَعَرٌ (اَشْخَمَ) سفید بال۔رَوْضٌ اَشْخَمُ : بے نباتات کے باغ۔عَامٌ اَشْخَم :خشک سال جس میں نہ پانی ہو نہ چراگاہ۔

الشُّخُمُ :وہ لوگ جن کی ناک خوشبو یا بدبو سے بند ہو گئی ہو۔

الشَّخَا :شورہ زار۔

شَدَّ (ض ن) شَدًّا. الرَّجُلُ: دوڑنا۔

......النَّهَارُ :بلند ہونا......عَضُدَهٗ:قوی کرنا۔

......الشَّيْئَ :مضبوط کرنا۔باندھنا۔کسنا اور اسی سے ہے "شَدَّ الرِّحَال" اور یہ کنایہ ہے سفر سے......عَلٰى يَدِهٖ :اعانت کرنا۔ تقویت پہنچانا اور کہا جاتا ہے "لا اَشُدُّ لَکَ شَدًّا وَلا اَرْعَضاء" یعنی میں کسی چیز پر قادر نہیں۔

شَدَّ (ض ن) شَدًّا وشِدَّةً وشُدُدًا عَلَى العَدُوِّ: دشمن پر حملہ کرنا۔

شَدَّ(ض) شِدَّةً :قوی ہونا۔

شَدَّدَهٗ :قوی کرنا۔شَدَّدَ الضَّرْبَ :بہت مارنا......عَلَيْهِ :تنگی کرنا......الحَرْفَ : تشدید لگانا......الشَّيْئَ:مضبوط کرنا۔

شَادَّهٗ. فِي الاَمْرِ :غالب ہونے کی کوشش کرنا۔مقابلہ کرنا۔جھگڑنا۔سختی کرنا۔

اَشَدَّ :عقل یا عمر کی پختگی کو پہنچنا۔مضبوط چوپایہ والا ہونا۔

تَشَدَّدَ :قوی ہونا۔کسی کام میں سختی کرنا۔

اِشْتَدَّ :قوی ہونا......فِي السَّيْرِ :تیز دوڑنا۔

......عَلٰى قِرْنِهٖ فِي الحَرْبِ شِدَّةً :حملہ کرنا۔

...... عَلَيْهِ المَرَضُ :تیز ہونا۔بڑھنا۔

تَشَادَّ. الشَّيْئُ :مضبوط ہونا۔

الشَّدُّ :مص شَدَّ النَّهَارُ :دن چڑھنے کا وقت۔کہا جاتا ہے "اَتَانَا شَدَّ النَّهَارِ وفِيْ شَدِّ النَّهَارِ" وہ دن چڑھنے کے وقت ہمارے پاس آیا اور "شَدَّ الرِّحَال" کنایہ ہے سفر سے۔

الشَّدَّة.شَدَّ :کا اسم مرۃ۔لڑائی کا حملہ۔

شَمَرَ (ن ض) شَمرًا: تیز چلنا۔ تکبر سے چلنا۔ ......النخلَ: کھجوریں کاٹنا۔
شَمَّرَ تَشمِیرًا: تیز گزرنا ......ہ: تیز چلانا۔ ......الشیءَ: سمیٹنا ......السفینةَ او الصقرَ: چھوڑنا۔
......الثوبَ عَن ساقَیه: اُٹھانا ......فِی الاَمرِ: چستی کرنا ...... لِلاَمرِ: ارادہ کرنا اور آمادہ ہونا۔
...... اِلَی المکانِ: قصد کرنا۔ شَمَّرَتِ الحَربُ وشَمَّرَت عَن ساقِها: سخت ہونا۔
اَشمَرَهُ: جلدی کرانا ...... ہ بالسیفِ
تَشَمَّرَ وانشَمَرَ: تیز چلنا یا تکبر سے چلنا ...... الاَمرَ: ارادہ کرنا اور آمادہ ہونا۔
الشِمِّر: فیاض۔ سخی۔ صاحب بصیرت۔ پرکھنے والا۔ تجربہ کار۔
الشَمَرَة والشَمار: ایک قسم کا پودا ہے جس کے پھول زرد رنگ کے اور دانے سبز رنگ کے لمبے ہوتے ہیں۔ شَرٌّ (شِمِرٌّ) سخت بُرائی۔
الشَمُّور: الماس۔ ہیرا۔
الشِمِّیر والشَمَّرِیّ والشِمِّرِیّ والشِمِرِّیّ: تجربہ کار۔ دانائے اُمور۔ محنت سے کام کرنے والا ......مِنَ الابلِ: تیز رفتار۔ ناقَةٌ او الشاةُ (شامِرٌ او شامِرَةٌ) اُونٹنی یا بکری جن کے تھن پیٹ سے لگے ہوئے ہوں۔ لِثَةٌ شامِرَةٌ: دانتوں کی جڑوں سے لگا ہوا مسوڑھا۔ ج شَوامِر۔
المُشَمِّر: فا۔ تجربہ کار۔ محنت سے کام کرنے والا۔
شَمرَجَ۔ الثوبَ: دور دور ٹانکے لگا کر خراب سلائی کرنا۔ ......فِی الکلامِ: گڑبڑ کرنا۔ خلط ملط کرنا۔
الشِمراج: جھوٹ سے مخلوط گفتگو کرنا۔ ج شَماریج۔ الشَماریج: باطل باتیں۔
الشَمرَج: باریک بناوٹ کا کپڑا۔
ثَوبٌ (مُشَمرَجٌ) باریک بناوٹ کا کپڑا۔
شَمرَخَ۔ العِذقَ: کھجور یا انگور کے گچھوں کو کاٹنا۔
الشُمرُوخ والشِمراخ: کھجور یا انگور کا گچھا۔ الشِمراخ: پہاڑ کی چوٹی۔ بادل کا بالائی حصہ۔ الشُمرُوخ: باریک ٹہنی جو سخت شاخ کے اوپر کے حصہ میں نکلے۔ ج شَماریخ۔
الشَمَردَل: جوان تیز رفتار خوبصورت اُونٹ وغیرہ۔
الشَمَردَلَة: خوبصورت اُونٹنی۔
الشَمَرطَل والشَمَرطُول: لمبا ڈیل ڈول مرد۔
الشِمارِق والشَماریق والمُشَمرَق۔ مِنَ الثیابِ: کپڑا جو ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا ہو۔
شَمَزَت (ن) شَمزًا۔ نَفسُهُ مِنهُ: کراہت کی وجہ سے نفرت کرنا۔
تَشَمَّزَ۔ الوجهُ: سکڑنا۔
اِشمَأَزَّ اِشمِئزازًا: خوفزدہ ہونا۔ کراہت کی وجہ سے بدن پر رونگٹے کھڑے ہونا ...... الشیءُ: مکروہ جاننا ......مِنهُ: منقبض ہونا اور کراہت کی وجہ سے نفرت کرنا۔
شَمَسَ (ن) شُمُوسًا وشِماسًا: باز رکھنا۔ انکار کرنا ......لَهُ: دشمنی ظاہر کرنا۔ برائی کا ارادہ کرنا ......الفرسُ: نہ چڑھنے دینا نہ زین لگانے دینا نہ ایک جگہ قرار لینا۔ صفت(شَمُوس) ج شُمُس وشُمْس و(شامِس) ج شَوامِس۔
شَمَسَ (ن ض) شَمسًا وشَمِسَ (س) شَمَسًا واَشمَسَ۔ الیومُ: دھوپ والا ہونا۔ صفت(شامِس ومُشمِس) وشَمِسَ لِی: عداوت ظاہر ہونا اور چھپانے پر قادر نہ ہونا۔
شَمَّسَ۔ الکافرُ: آفتاب کی پرستش کرنا ...... الشیءَ: دھوپ میں پھیلانا ......ہ: نفرت دلانا۔
...... فلانٌ: شماس ہونا (دیکھو لفظ شماس)
شامَسَهُ: دشمنی کرنا۔
تَشَمَّسَ: دھوپ میں بیٹھنا یا کھڑا ہونا ......عَلَینا: بخل کرنا۔

الشَّمْس: مص۔ آفتاب۔ تصغیر شُمَيْسَة۔ ج شُمُوْس۔ الشَّمْسِ: ایک قسم کی کنگھی۔ ایک قسم کا ہار۔ کہا جاتا ہے "بَسَطَ الشَّیْءَ فِی الشَّمْسِ" اس نے چیز کو دھوپ میں پھیلایا۔ و "دَخَلَتِ الشَّمْسُ فِی الْبَیْتِ" دھوپ گھر میں داخل ہو گئی۔

اَلشَّمْسُ: سورج جس کے درجہ حرارت کی مقدار سطح ۶۰۰۰ اور اندرونی ۹۰۰۰ ملین ذکر کی گئی ہے۔ اس کا قطر زمین کے قطر سے ۱۰۹ گنا زیادہ ہے۔

الشَّمِس والشَّمْس والشَّمُوْس۔ مِنَ الْاَیَّامِ: دھوپ والا دن۔

الشَّمُوْس: بہت سخت دشمنی کرنے والا۔ ج شُمُسٌ وشُمْسٌ۔

الشَّامِس: فا۔ مِنَ الْاَیَّامِ: دھوپ والا دن۔ مِنَ الْخَیْلِ: گھوڑا جو نہ قرار پکڑے اور نہ سوار ہونے دے۔ مِنَ الرِّجَالِ: دشوار خو۔ ج شَوَامِس۔

الشَّمْسِیَّة۔ عِنْدَ الْمُوَلَّدِیْنَ: چھتری (دھوپ یا بارش سے بچنے کے لئے) اور افصح یہ ہے کہ دھوپ سے بچانے والی کو ظُلَّة یا مُظَلَّة کہا جائے اور بارش سے بچانے کو غَالَة۔

الشَّمَّاس: قسیس سے نیچے درجہ کا پادری۔ (کلمۂ سریانیہ ہے اس کے معنی خادم کے ہیں۔)

الْمُتَشَمِّس: فا۔ سخت۔ مضبوط۔ بخیل۔

الشِّمْشِل: ہاتھی۔

الشِّمْشِقَة: بمعنی۔ الشِّقْشِقَة۔

الشَّمَشْلِیق: ڈھیلے ڈھالے اعضاء کی بڑھیا۔ تیز رفتار۔

شَمَصَ (ن) شَمْصًا وشَمَصًا۔ الدَّوَابَّ: جانوروں کو تیز ہانکنا۔ شَمَّصَهُ بِالسَّوْطِ: کوڑے سے مارنا۔۔۔۔۔ الرَّجُلَ: تکلیف پہنچانا۔ یہاں تک کہ غضبناک ہو جائے۔ شَمَّصَ الشَّیْءَ: بے قرار کرنا۔

شَمِصَ (س) شَمَصًا: جلدی جلدی بولنا۔

اَشْمَصَ وانْشَمَصَ: خوفزدہ ہونا۔

تَشَمَّصَ: سکڑنا۔

الشِّمَاص: نکل جانا۔

الشُّمَاص: جلدی۔

الشَّمُوْص۔ مِنَ الْخَیْلِ: سرکش گھوڑا جو نہ سوار ہونے دے اور نہ زین کسنے دے۔

شَمْصَرَ شَمْصَرَةً۔ عَلَیْهِ: کسی پر سختی کرنا۔

شَمَطَ (ض) شَمْطًا۔ الشَّیْءَ: ملانا۔۔۔۔۔ الْاِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔۔۔۔۔ الشَّجَرُ: درخت کا جھڑے ہوئے پتوں والا ہونا۔

شَمِطَ (س) شَمَطًا واشْمَطَّ اِشْمِیْطَاطًا واشْمَاطَّ اِشْمِیْطَاطًا واشْمَاطَّ۔ اِشْمِیْطَاطًا: سر میں کھچڑی بالوں والا ہونا۔ صفت (اَشْمَط) ج شُمْط وشمطان: مؤنث شَمْطَاء ج شُمْط۔

شَمَّطَهُ واَشْمَطَهُ بِهٖ: ملانا۔ اَشْمَطَ الرَّجُلُ: سر میں کھچڑی بالوں والا ہونا۔

الشَّامِط: وہ دیگ جس میں پوری بکری مع مسالا کے آ جائے۔

الشَّمَط والشَّمْط والشِّمْط: مسالا۔ ج شِمَاط واَشْمَاط۔

الشَّمِیْط: مخلوط۔ صبح (چونکہ اس میں کچھ رات کی تاریکی ملی ہوئی ہوتی ہے۔)

الشَّمَطَات۔ فِی الرَّاْسِ: سر کے کچھ تھوڑے سے سفید بال۔

الشُّمْرُوْط۔ عِنْدَ الْعَامَّةِ: چیتا کا خوشہ۔ دھاگے کا لپٹا ہوا گولا۔

الشِّمْطَاط والشُّمْطُوْط والشُّمْطِیْط: گروہ۔ گلہ۔ ج شَمَاطِیْط: کہا جاتا ہے "جَاءُوْا شَمَاطِیْط: لوگ متفرق آئے۔ ثَوْبٌ شَمَاطِیْط: پھٹا ہوا کپڑا۔ الشُّمْطُوْط: لمبا۔

الشِّمْطَالَة: گوشت کا ٹکڑا مع چربی کے۔

شَمْظَلَهُ (ض ن) شَمْظًا: منع کرنا۔ کچھ نرمی اور کچھ سختی سے گفتگو کرنا۔ برانگیختہ کرنا اور معمولی حرکت دینا۔۔۔۔۔ الشَّیْءَ: ملانا۔ تھوڑا تھوڑا لینا۔

شَمَعَ (ف) شَمْعًا وشُمُوْعًا وشِمَاعًا ومَشْمَعًا: کھیل کود کرنا۔ مزاح کرنا۔ صفت (شَمُوْع) کہا جاتا ہے "اَشَامِعٌ اَنْتَ اَمْ جَادٌّ" تم مذاق کر رہے ہو یا واقعی بات کہہ رہے ہو۔ (۔۔۔۔۔ شُمُوْعًا) الشَّیْءُ: متفرق ہونا۔

شَمَّعَ۔ الشَّیْءَ: پگھلے ہوئے موم میں غوطہ دینا یا اوپر سے ڈالنا۔۔۔۔۔ الرَّجُلَ: کھیل کود یا مزاح پر اکسانا۔

اَشْمَعَ۔ السِّرَاجُ: روشنی پھیلانا۔

الشَّمْع والشَّمَع: موم بتی۔ واحد (شَمْعَة وشَمَعَة) ج شَمْعَات۔ و (الشَّمَّاع) موم بتی بنانے والا یا بیچنے والا۔ و (الْمَشْمَعَة) موم بتی کا کارخانہ یا بکنے کی جگہ۔

الشِّمَاع والشِّمَاعَة: خوش طبعی۔ ہنسی مذاق۔

الشَّمُوْع۔ مِنَ النِّسَاءِ: ہنسی مذاق کھیل کود والی عورت۔

الشَّمْعَدَان: چراغ دان۔ ج شَمَاعِد وشَمْعَدَانَات: دان فارسی کا کلمہ ہے۔ شمعدان کے مقابل عربی میں مَنَارَة ہے۔

مِسْکٌ (مَشْمُوْع) عنبر ملا ہوا مشک۔

اِشْمَعَطَّ اِشْمِعْطَاطًا: غصے سے بھر جانا۔۔۔۔۔ الْقَوْمُ فِی الطَّلَبِ: کسی چیز کو ڈھونڈنے میں جلدی کرنا اور پھیل جانا۔۔۔۔۔ الْاِبِلُ والْخَیْلُ: اونٹوں اور گھوڑوں کا متفرق ہونا۔

شَمْعَلَ وتَشَمْعَلَ واشْمَعَلَّ۔ الْقَوْمُ: متفرق ہونا۔ پھیلنا۔ بکھرنا۔ اِشْمَعَلَّتِ الْحَرْبُ: لڑائی کا بھڑکنا۔۔۔۔۔ الْغَارَةُ: ہر جانب سے غارت واقع ہونا۔۔۔۔۔ الْاِبِلُ: اونٹوں کا خوشی میں ہو کر ادھر ادھر متفرق ہونا۔ اِشْمَعَلَّ الرَّجُلُ: اوپر سے جھانکنا۔ بغیر ہنسی مذاق کے گزر جانا۔

شَمِقَ (س) شَمَقًا: جنون کی حد تک خوش ہونا۔

تَشَمَّقَ: شادماں ہونا۔

الشَّمَاقَة: جنون۔ شادمانی۔ چستی۔

الشَّمِق والشَّمَقْمَق: لمبا۔ شادماں۔

شَمَلَتْ (ن) شُمُولاً. الرِّيحُ : بادِشمالی چلنا (...... شَمَلَ الشَّیْئَ : بادِشمالی کے سامنے کرنا ...... بِہٖ: بائیں جانب لینا...... النَّخْلَة : تیار کھجوروں کو چن لینا۔

شَمَلَ (ن ض) شَمْلاً. الشَّاةَ : بکری کے تھن پر تھیلا چڑھانا۔

شَمِلَهٗ (س) شَمْلاً وشُمُولاً : چادر میں لپیٹنا۔

شَمِلَ (س) شَمْلاً وشُمِلَ وشَمْلاً. القَوْمُ : بادِشمالی لگنا۔

شَمَلَ (ن) وشَمِلَ (س) شَمْلاً وشَمَلاً وشُمُولاً. الاَمْرُ القَوْمَ: عام ہونا۔ شامل ہونا۔کہا جاتا ہے"شَمَلَ القَوْمَ خَیْرًا او شَرًّا" اس کی بھلائی یا برائی ساری قوم کو عام ہوگئی۔

شَمَّلَهٗ تَشْمِیلاً : چھوٹی چادر میں لپیٹنا۔

شَمَّلَ الرَّجُلُ: جلدی کرنا۔ بائیں ہاتھ سے پکڑنا۔

اَشْمَلَ. القَوْمُ : بادِشمالی میں داخل ہونا۔ الرِّیحُ : بادِشمالی چلنا...... الشَّاةَ: بکری کے تھن کے لئے تھیلا بنانا...... القَوْمُ خَیْرًا او شَرًّا : خیر یا شر کو سب کے لئے عام کرنا ...... الرَّجُلُ : بڑی چادر والا ہونا۔ اَشْمَلَهٗ : بڑی چادر دینا...... النَّخْلَة : پختہ کھجوروں کو چن لینا۔

تَشَمَّلَ. بِالشَّمْلَة : چادر میں لپیٹنا۔

اِشْتَمَلَ : جلدی کرنا...... فِی الحَاجَةِ : آمادہ ہونا' ارادہ کرنا...... بِالثَّوْبِ: سارے جسم پر لپیٹنا۔ الاَمْرُ عَلَیْهِ: گھیرنا۔ احاطہ کرنا۔ عَلٰی فُلاَن : بچانا۔

اِنْشَمَلَ : جلدی کرنا۔ کہا جاتا ہے"اِنْشَمَلَ فِی حَاجَتِهٖ" اس نے اپنی حاجت میں جلدی کی۔

الشَّمْل : مص۔ بادِشمالی۔ امر مجتمع۔ امر متفرق (ضد) کہا جاتا ہے"جَمَعَ اللّٰهُ شَمْلَهُمْ" اللہ ان کے امورِ متفرق کو جمع کر ۔"فَرَّقَ اللّٰهُ شَمْلَهُمْ" اللہ ان کے اجتماع کو توڑ دے (...... والشِّمْل) کھجوروں کا گچھا اور بقول بعض کم دانوں والا گچھا۔

الشَّمَل : مص۔ بادِشمالی۔ پناہ۔ تھوڑی بارش۔ تھوڑی تعداد' کھجور' آدمی وغیرہ کی۔ کہا جاتا ہے"اَصَابَنَا شَمَلٌ مِنَ المَطَرِ" ہم لوگوں پر تھوڑی بارش ہوئی۔ و"مَا عَلَی النَّخْلَةِ اِلاَّ شَمَلٌ" کھجور کے درخت پر تھوڑی سی کھجوریں ہیں۔ ج اَشْمَال۔

الشَّمْلَة : جسم کو ڈھانکنے والی چادر۔ ج شَمَلاَت اُمّ شَمْلَة : دنیا۔ شراب۔ آفتاب۔

الشِّمْلَة : لپٹنے کی ہیئت۔ کہا جاتا ہے"هُوَ حَسَنُ الشِّمْلَةِ".

الشَّمَال والشِّمَال والشَّمْأَل والشَّأْمَل والشَّمِیل والشَّمُول والشَّوْمَل والشَّمَل : بادِشمالی۔ کہا جاتا ہے"هَبَّتِ الشَّمَال او رِیحٌ شَمَالٌ : بادِشمالی چلی۔ ج شَمَالاَت. الشِّمَال : بکری کے تھن کا غلاف۔ والشِّمَال۔ ج اَشْمُل وشُمُل وشِمَال (بلفظ الواحد) وشَمَائِل : بایاں۔ کہا جاتا ہے"فُلاَنٌ عِنْدِی بِالشِّمَال" فلاں میرے نزدیک کم رتبہ والا ہے۔ و"هُوَ عِنْدِی بِالیَمِین" وہ میرے نزدیک اچھے مرتبہ پر ہے۔ الشِّمَال: اثر۔ بدبختی۔ بکری کے تھن کا داغ۔ کھیتی کا ایک مٹھا جس کو ہاتھ میں پکڑ کر کاٹنے والا کاٹے۔ طَیْرٌ شِمَالٌ : وہ پرندہ جس سے بدشگونی کی جائے۔ نَاقَةٌ شِمَالٌ : تیز رفتار اونٹنی۔

الشِّمَال. ج شَمَائِل : سیرت۔ عادت۔ طبیعت۔ کہا جاتا ہے"لَیْسَ مِنْ شِمَالِی اَنْ اَعْمَلَ بِشِمَالِی" میری عادت نہیں کہ بائیں ہاتھ سے کام کروں۔

الشَّمِیلَة : طبیعت۔ ج شَمَائِل.

الشَّمِل: چادر سے لپٹا ہوا۔

الشَّمُول :شراب یا ٹھنڈی شراب۔

الشِّمِل : تھوڑی کھجوروں کا گچھا۔ نَاقَةٌ شِمِلَّة : تیز رفتار اونٹنی۔

الشِّیمَال : بایاں۔

الشَّمْأَلَة : شکاری کے لئے شکار سے چھپنے کی جگہ۔ ج شَمَائِل.

المِشْمَل: چھوٹی تلوار۔ خنجر پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ (...... والمِشْمَلَة والمِشْمَال) جسم کو ڈھانکنے والی بڑی چادر۔ لحاف۔

المَشْمُول : مفع۔ جس پر بادِشمالی چلی ہو۔ پسندیدہ اخلاق والا۔

المَشْمُولَة :شراب اور بقول بعض ٹھنڈی شراب۔ لَیْلَةٌ مَشْمُولَةٌ : ٹھنڈی رات۔ اخلاق مَشْمُولَةٌ: بُرے اخلاق۔

شَمْلَلَ. الرَّجُلُ : جلدی کرنا...... النَّخْلَة : پختہ کھجوروں کو چن لینا۔ جَمَلٌ او نَاقَةٌ (شِمْلاَلٌ وشَمْلِیلٌ) تیز رفتار اونٹ یا اونٹنی۔ والشِّمْلاَل: بایاں۔

الشُّمْلُول : کھجوروں یا بارش کی تھوڑی مقدار یا آدمیوں کی تھوڑی تعداد۔ ج شَمَالِیل.

الشَّمَالِیل :شاخ کے سر پر متفرق ٹہنیاں۔ کہا جاتا ہے"مَا عَلَی النَّخْلَةِ اِلاَّ شَمَالِیلُ" درخت خرما پر تھوڑی سی کھجوریں ہیں۔ و"ذَهَبُوا شَمَالِیلَ" وہ متفرق ہو کر چلے گئے۔"ثَوْبٌ شَمَالِیلُ" پھٹا پرانا کپڑا۔

شَمْلَق. اِمْرَاَةٌ (شَمْلَقٌ) بری عادت والی عورت۔

الشَّمَنْدَر والشَّمَنْدُور : چقندر۔ شلغم نما۔

الشَّمَنْدَفَر والشَّمَنْدُوفَر : انجن۔ ریل گاڑی۔

شَمْهَدَ. السِّکِّینَ : تیز کرنا۔ الحَدِیدَ: پتلا کرنا۔

الشَّمْهَد : تیز چیز۔ ہلکا پھلکا۔ تیز دانوں والا کتا۔

شَمَا یَشْمُو شُمُوًّا. الرَّجُلُ : بلند شان والا ہونا۔

الشَّمَا : موم۔

شَنَّ (ن) شَنًّا. المَاءَ عَلَی الشَّرَابِ : متفرق چھینٹا دینا۔ (...... واَشَنَّ) الغَارَةَ

عَلَيْهِمْ: چاروں طرف سے لوٹ ڈالنا۔
شَنَّت (ض) واَشَنَّت وشَنَّتْ. القِرْبَةُ : مشک پرانی اور خشک ہونا۔
تَشَنَّنَ وتَشَانَ. الجِلْدُ: کھال خشک ہونا۔ سکڑنا...... جِلْدُ الإنْسَان :بڑھاپے کے وقت جھری والا ہونا...... واِشْتَنَّ السِقَاءُ: مشک پرانی ہونا۔تَشَانَّ الشَّيْآن : باہم ملنا۔
اِسْتَشَنَّ: دبلا ہونا...... إلى اللَّبَنِ :دودھ کا خواہش مند ہونا۔اِسْتَشَنَّت القِرْبَةُ :مشک پرانی ہونا۔
الشَّنُ :مص۔ج شِنَان واَشْنَان و(الشَّنَّة) چھوٹی پرانی مشک۔قَوْسٌ شَنَّـةٌ : پرانی کمان۔کہا جاتا ہے "قِرْبَةٌ اَشْنَانٌ" پرانی مشک۔ ہر جزء کو مشک قرار دے کر اَشْنَان : جمع لاتے ہیں۔
الشَّنُون :موٹا۔دبلا (ضد) بھوکا۔
الشَّنِين: دودھ جس پر پانی ڈالا گیا ہو۔
الشُّنَـان : ٹھنڈا پانی۔پانی برسانے والا۔ بادل۔مَاءٌ شُنَانٌ: متفرق پانی۔
الشُّنَانَة : مشک یا درخت سے ٹپکنے والا پانی۔
الاُشْنَان :ایک قسم کی گھاس جو ہاتھ دھونے کے کام آتی ہے۔
شَنَأَ (ف) وشَنِيَ (س) شَنْأً وشُنْأً وشَنْأَةً وشَنَآنًا وشَنْآنًا ومَشْنَأً ومَشْنَأَةً ومَشْنُوْءَةً. الرَّجُلَ: بغض رکھنا۔دشمنی کرنا۔ نفرت کرنا۔صفت فاعل (شَانِیءٌ) ج شُنَّأ: مؤنث شَانِئَةٌ۔شَوَانِیءُ وصفت مفعولی (مَشْنُوْءٌ)
شَنِیَ (س) شَنَأَةً. الشَّيْءَ: نکالنا...... حقه و بحقه: اقرار کر کے دینا۔
شُنِیءَ: جمیل ہوتے ہوئے مکروہ ہونا۔
تَشَانَأ. القَوْمُ : ایک دوسرے سے بغض رکھنا۔الشَّنَاءَةُ: بغض۔دشمنی۔
الشَّوَانِیءُ. شَانِئَة :کی جمع۔شَوَانِیءُ المَال : ایسے اموال جن کے لئے بخل نہ کیا جائے۔
الشَّنْآنُ :بغض رکھنے والا۔مؤنث شَنْآنَةٌ وشَنْآى. رَجُلٌ (شَنَائِيَةٌ) بغض رکھنے والا مرد۔
المِشْنَأ :وہ شخص جس سے لوگ بغض رکھیں۔ ایسے امور کا ارتکاب کرنے والا جن کی وجہ سے لوگ دشمنی کریں۔
المَشْنَأ: فتیح (واحد جمع مذکر مؤنث سب کے لئے ہے) لوگوں سے دشمنی کرنے والا۔
شَنِبَ (س) شَنَبًا. الْيَوْمُ :ٹھنڈا ہونا۔ صفت (شَانِبٌ وشَنِبٌ) اور اسم (الشُّنْبَة) ...... الرَّجُلُ: سفید خوبصورت دانتوں والا ہونا۔صفت (اَشْنَب وشَانِب وشَنِيب ومِشْنَب)
المَشَانِب: خوشبودار منہ۔
الشَّنْبَاء :سفید خوبصورت دانتوں والی عورت۔انار کی ایک قسم جس میں گٹھلی نہیں ہوتی صرف رس ہی رس ہوتا ہے۔
شَنِثَ. الهَوَى قَلْبَه :محبت کا دل میں جاگزیں ہونا۔
الشَّنِثُ والشُّنَابِث :شیر۔سخت۔
شَنْبَلَة شَنْبَلَة :بوسہ دینا۔
الشَّنْتَة :قاتل۔
شَنْتَرَ. ثَوْبَهُ :کپڑے کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
الشُّنْتُرَة :انگلی۔دو انگلیوں کے درمیان کا حصہ۔ج شَنَاتِر۔کہتے ہیں "لَاَضُمَّنَّكَ ضَمَّ الشَّنَاتِرِ" یعنی میں تجھ کو انگلیوں کی طرح ملاؤں گا۔
شَنِجَ (س) شَنَجًا واَشْنَجَ وتَشَنَّجَ وانْشَنَجَ. الجِلْدُ :کھال کا گرمی یا سردی سے سکڑنا۔جھری دار ہونا۔جلد کی صفت (شَنِج اور صاحب جلد کی صفت (شَنِج واَشْنَج)
شَنَجَة: سکیڑنا۔
الشَّنَج :مص۔اُونٹ۔
شَنَّحَ. عَلَيْهِ :برا بھلا کہنا۔
الشَّنَاح والشَّنَاحِي والشَّنَاحِيّ والشَّنَاحِيَة :موٹا اور لمبا اُونٹ۔مؤنث شَنَاحِيَة.
شَنَّخَ. النَّخْلَ: درخت خرما سے کانٹے دور کرنا۔
الشِّنَاخ :پہاڑ کی نوک۔
الشِّنْخَاب والشُّنْخُوب والشُّنْخُوبَة : پہاڑ کی چوٹی۔ج شَنَاخِيب. الشُّنْخُوب: کندھے کے اوپر کا حصہ۔ریڑھ کی ہڈی۔
الشُّنْخُفَة :تکبر وغرور۔
الشِّنْخِف :لمبا موٹا۔
الشَّنْخِيف :موٹا آدمی۔
الشِّنْخِم :موٹا۔
الشُّنْذُخ :گٹھے بدن کا مضبوط ولمبا۔شیر۔ سفر سے واپسی یا عمارت کی تیاری کی دعوت۔رَجُلٌ شِنْذِيرَةٌ وشِنْذَارَةٌ :گندی زبان والا مرد۔
شَنَّرَ. عَلَيْه :عیب لگانا۔رسوا کرنا۔
الشَّنَار :عار۔بدترین عیب۔
الشِّنِّير والشِّنِّيرَة :بدخلق۔بڑا شریر۔بڑا عیبی۔
الشَّنَارِیُّ :بلی۔
شَنْزَ. الشَّوْنِيز والشِّينِيز :کلونجی۔
الشَّنْزَب :بہت سخت۔
شَنْزَرَ شَنْزَرَةً. الرَّجُلُ :سخت ہونا۔
الشَّنْزَرَة :مص۔سختی۔
الشِّنْشِنَة :عادت۔طبیعت۔گوشت کا ٹکڑا۔ ج شَنَاشِن.
الشَّنْشَنَة :کاغذ یا نئے کپڑے کی حرکت کی آواز۔
شَنَصَ (ن) شَنِصَ (س) شُنُوْصًا. بِهِ: چمٹنا۔فَرَسٌ (شَنَاصٌ وشُنَاصِيٌّ وشَنَاصِيٌّ وشَنَاصِيَةٌ) عمدہ مضبوط لمبا گھوڑا۔
الشُّنْصُرَة والشِّنْصِيرُ :موٹائی۔تلی۔
الشِّنْصِير :جائے پناہ۔
الشُّنُط :پکے ہوئے گوشت کے ٹکڑے۔
المُشَنَّط :بھنا ہوا گوشت۔شِوَاءٌ مُشَنَّطٌ: اچھی طرح سے نہ بھنا ہوا۔
شَنْظ. شِنَاظ. الجَبَل :پہاڑ کی چوٹی۔کہا جاتا ہے "اِمْرَاَةٌ ذَاتُ شِنَاظٍ" گٹھے بدن والی پر گوشت عورت۔

الشنظب : لمبا و خوبصورت۔
شنظر بہم : گالی دینا۔ فحش بکنا۔
الشِنظِیر والشِنظِیرۃ والشُنظُورۃ : بدخلق
۔ چٹان جو پہاڑ سے پھٹ کر گرے۔
شِنظِیرۃ کی جمع شناظِیر. شناظِیر للجبل :
پہاڑ کے اطراف۔
الشُنظُوف : ہر چیز کی شاخ۔
شنظی بہ : برا بھلا سنانا۔
شُنظُوَۃُ الجبل : پہاڑ کی چوٹی۔ پہاڑ کا
کنارہ۔ ج شناظِ.
شنعہ (ف) شنعا : قبیح سمجھنا۔ گالی دینا۔
رسوا کرنا۔
شنع (س) شنعا بہ قبیح سمجھنا۔ کہا جاتا ہے
"رأی امرا شنع بہ" اس نے ایسا معاملہ
دیکھا جس کو قبیح سمجھا۔
شنع (ک) شناعۃ وشنعا وشنعا
وشنوعا : قبیح ہونا۔ صفت (شنیع) ج شنع
و(شنع واشنع)
شنع الرجل : بہت برا بھلا کہنا۔ ... علیہ
الامر : قبیح قرار دینا۔ ... الرجل : آمادہ وتیار
ہونا۔ (... واشنع) البعیر : دوڑنے میں
کوشش کرنا۔
تشنع : دوڑنے میں کوشش کرنا۔ للامر : تیار
ہونا ... السلاح : ہتھیار پہننا ... الغارۃ :
لوٹ ڈالنا ... القوم : اختلاف رائے کی
وجہ سے خراب حالت والی ہونا ... الرجل :
برے کام کا ارادہ کرنا۔ ... الفرس : گھوڑے
پر سوار ہونا۔ چڑھنا ... الثوب : کپڑے کا
بوسیدہ ہونا۔
استشنعہ : قبیح سمجھنا۔ مکروہ سمجھنا۔
الشنعۃ والشناعۃ والشنوع : قباحت۔
المشنع : قبیح۔ بے حقیقت خبروں کا
پھیلانے والا۔
المشنوع : معص۔ برائی میں مشہور۔
الشنعاب : لمبے قد و قامت کا مرد۔
الشنعوف والشنعاف : پہاڑ کی چوٹی۔ بلند
پہاڑ۔ لمبا و کمزور مرد۔

الشنفۃ : لمبائی۔
شنف (ن ض) شنفا۔ الیہ : تعجب یا
اعتراض کی نظر سے دیکھنا۔
شنف (س) شنفا. فلانا اور لفلان : بغض
رکھنا ... لہ : سمجھ جانا ... بہ : تاڑ جانا۔
شنف. الکلام : حزین کرنا ... الیہ : کنکھی
سے دیکھنا ... واشنف) الجاریۃ : لڑکی
کے لئے ایئر رنگ بنانا۔ بالی بنانا۔
تشنفت. الجاریۃ : لڑکی کا ایئر رنگ پہننا۔
بالی پہننا۔
الشانف : فا۔ اعراض کرنے والا۔ کہا جاتا
ہے "انہ لشانف عنا بانفہ" وہ اپنے آپ کو
ہم سے برتر سمجھتا ہے۔
الشنف : معص۔ بالی۔ ایئر رنگ۔ ج
شنوف واشناف.
الشنف : بغض رکھنے والا۔
شنق (ن ض) شنقا. البعیر : سوار ہونے
کی حالت میں لگام کھینچنا ... القربۃ : مشک کو
سر پر باندھ کر دونوں ہاتھوں سے سربند کو
پکڑنا ... رأس الدابۃ : درخت یا اونچے
کھونٹے سے جانور کے سر کو باندھنا اور اسی
سے مولدین کے نزدیک لفظ "الشنق" ہے
جس کے معنی مجرم کو پھانسی دینے کے ہیں
... الشیئ : لٹکانا ... الخلیۃ : شہد کے چھتے
میں لکڑی ڈالنا۔
شنق (ض) شنقا وشنِق (س) شنقا : کسی
چیز سے محبت کرنا اور گرویدہ ہو کر رہنا۔
شنق. الشیئ : ٹکڑے ٹکڑے کرنا ... الخلیۃ
: شہد کے چھتے میں لکڑی ڈالنا۔
اشنق. البعیر والقربۃ : بمعنی شنق البعیر
والقربۃ ... البعیر : اونٹ کا سر اٹھانا ...
علی فلان : دست درازی کرنا ... الرجل :
خون بہا لینا یا خون بہا واجب ہونا۔ (ضد)
... الشیئ : لٹکانا ... غنمہ الی غنم زید :
ملا کر بڑھانا ... الید الی العنق : ہاتھ کا گلے
میں گھیرا ڈالنا۔
شانقہ مشانقۃ وشناقا : اپنے مال کو کسی کے

مال سے ملانا۔
تشانقا : اپنے مال کو دوسرے کے مال سے
ملانا۔
الشنق : معص۔ تاوان زخم۔ رسی۔ سر کی
لمبائی۔ گٹھری۔
الشناق : معص۔ مشک کا بندھن۔ تانت سر کی
لمبائی۔ ہر وہ ڈوری جس سے کوئی چیز لٹکائی
جائے۔ رسی جس سے اونٹ کے سر کو کھینچا
جائے۔ ہاتھوں کو مونڈھوں سے ملا کر
باندھنے کی رسی۔ ج شنق واشنقۃ.
القلب (والشنق) مشتاق و خواہش مند دل۔
ج اشناق. فرس (اشنق) لمبے سر کا گھوڑا اور
ایسا ہی بعیر اشنق : مؤنث شنقاء وشنقاء.
الشنقاء : وہ پرندہ جو اپنے بچہ کو چوگا دے۔
الشنیق : پھانسی دیا ہوا۔ وہ لکڑی جس پر تھوڑا
سا شہد لگا کر چھتے میں رکھ دیتے ہیں۔ منہ بولا
بیٹا۔
الشنیق : خود پسند۔ الشنیقۃ : عشق باز
عورت۔
المشنکل : ج شناکل : دروازہ یا کھڑکی کا
دستہ بند کرنے اور کھولنے کے لئے۔ کپڑے
لٹکانے کے لئے کیل۔
المشناق : ہر چیز کی طرف نظر ڈالنے والا۔
شنم (ن) شنما. الجلد : خراش لگانا۔ ماء
(شنم) ٹھنڈا پانی۔
الشنم : کٹے ہوئے کان والے۔
الشنم : چنگاری جو اڑے۔ کہا جاتا ہے
"فلان یتطایر شنمہ" فلاں سے غصہ کی وجہ
سے چنگاری اڑ رہی ہے۔
شنھق اوشنھق. الحمار : گدھے کا
ڈھینچوں ڈھینچوں کرنا۔ یہ کلمہ عوام کے نزدیک
ہے۔ فصیح لفظ نھق یا شھق ہے۔
الشانیۃ : بڑا جنگی جہاز۔ ج شوان (مفرد کا
استعمال نادر ہے۔)
شھب (س) وشھب (ک) شھبا :
سیاہی ملی ہوئی سفید رنگ والا ہونا۔ صفت
(شاھب واشھب) غام اشھب : خشک

سال ـ يَوْمٌ اَشْهَبُ :ٹھنڈی ہوا اور پالے کا دن ـ جَيْشٌ اَشْهَبُ :قوی ومضبوط لشکر ـ ج شُهْبٌ.

شَهَبَهُ (ف) شَهْبًا وشَهْبَةً. الحَرُّ :گرمی کا جھلس دینا۔

اَشْهَبَ. العَامُ القَوْمَ :قوم کے اموال کو تباہ کر دینا۔

اِشْهَبَّ واشْهَابَّ واِشْتَهَبَ :سیاہی ملی ہوئی سفید رنگ والا ہونا ـ الـزَّرْعُ :خشک و زرد ہونا اور کچھ سبزی باقی رہنا۔

الشَّهَبُ :مص ـ برف سے ڈھکا ہوا پہاڑ۔

الشُّهْبَةُ والشُّهْبَةُ :سفیدی جس میں کچھ کچھ سیاہی ملی ہوئی ہو۔

الشِّهَابُ :آگ کی چمک ـ ٹوٹا ہوا تارہ ـ تارہ ـ نیزہ کا پھل ـ ج شُهُبٌ وشُهْبَانٌ وشِهْبَانٌ واَشْهُبٌ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ شِهَابُ حَرْبٍ" جبکہ جنگ میں کود پڑنے والا ہو۔

الاَشْهَبُ :شیر ـ دشوار کام۔

الشَّهْبَاءُ اَشْهَبُ کا مؤنث ـ شہر حلب کا لقب ...... مِنَ الكَتَائِبِ :بہت ہتھیاروں والا بڑا لشکر ـ سَنَةٌ شَهْبَاءُ :بغیر بارش اور سبزی کے خشک سال یا بہت برف والا سال۔

الشُّهَابُ والشُّهَابَةُ :دودھ جس میں دو تہائی پانی ملا ہوا ہو۔

الاَشَاهِبُ :منذر لخمی کی اولاد۔

الشَّاهْتَرَجُ والشَّهْتَرَجُ شاہترہ۔

شَهِدَ (س) شُهُودًا. المَجْلِسَ :حاضر ہونا ...... الشَّيْءَ: معائنہ کرنا ـ اطلاع پانا ...... الـجُمُعَةَ :پانا ...... عَلَى كَذَا :گواہی دینا۔ صفت(شَاهِدٌ) ج شُهُودٌ وشُهَّدٌ.

شَهِدَ (س) وشَهُدَ (ک) شَهَادَةً. عِنْدَ الحَاكِمِ لِفُلَانٍ اَوْ عَلَى فُلَانٍ :گواہی دینا۔ صفت(شَاهِدٌ) ج شَهْدٌ وشُهُودٌ واَشْهَادٌ.

شَهِدَ اللّٰهُ :جاننا یا قبول فرمانا ـ شَهِدَ بِكَذَا: قسم کھانا۔

شَاهَدَهُ مُشَاهَدَةً :معائنہ کرنا۔

اَشْهَدَهُ :حاضر کرنا ـ اَشْهَدَ فُلَانًا عَلَى كَذَا :گواہ بنانا۔

اِسْتَشْهَدَهُ :گواہی دینے کو کہنا۔

اِسْتَشْهَدَ بِهِ :گواہی کے معاملہ کو مدد دینا۔

اُشْهِدَ واُسْتُشْهِدَ :اللہ کے راستہ میں قتل ہونا۔

تَشَهَّدَ :گواہی طلب کرنا ...... المُسْلِمُ: التحیات پڑھنا۔

الشُّهْدُ والشَّهْدُ :شہد جو موم سے جدا نہ کیا گیا ہو ـ ج شِهَادٌ اور (الشُّهْدَةُ والشَّهْدَةُ) اس سے خاص ہے۔

الشَّهَادَةُ :مص ـ یقینی خبر ـ گواہی ـ قسم ـ اللہ کے راستہ میں قتل ہونا ـ عالم ظاہر جو عالم غیب کے مقابل ہے۔

الشَّاهِدُ :فا ـ زبان اور اسی سے قول ہے "مَالَهُ رُوَاءٌ وَلَا شَاهِدٌ" یعنی اس کے لئے نہ تو حسن منظر ہی ہے نہ زبان ـ قوام ـ ستارہ ـ صَلَاةُ الشَّاهِدِ :مغرب کی نماز ـ وہ عبارت جو کسی قاعدہ نحو وغیرہ کے ثابت کرنے کے لئے نقل کی جائے ـ الشَّاهِدُ مِنَ الاُمُوْرِ :جلدی۔

الشَّاهِدَةُ. الشَّاهِدُ :کا مؤنث ـ زمین ـ ج شَاهِدَاتٌ وشَوَاهِدُ.

الشَّهِيدُ والشَّهِيدُ :حاضر ـ گواہی میں امانت دار ـ وہ ذات جس کے علم سے کوئی چیز غائب نہ ہو ـ اللہ کی راہ میں مقتول ـ اسم (الشَّهَادَةُ) ج شُهَدَاءُ مؤنث شَهِيدَةٌ.

المَشْهَدُ :لوگوں کے حاضر ہونے کی جگہ۔ لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ ـ اللہ کی راہ میں مقتول ہونے کی جگہ ـ ج مَشَاهِدُ.

المَشْهَدَةُ والمَشْهُدَةُ :لوگوں کے حاضر ہونے کی جگہ۔

المُشْهَدُ :اللہ کے راستہ کا مقتول۔

المُشْهِدُ :فا ـ اِمْرَأَةٌ مُشْهِدَةٌ :وہ عورت جس کا شوہر موجود ہو اور اس کا مقابل "اِمْرَأَةٌ مُغِيبَةٌ" ہے ـ یعنی وہ عورت جس کا شوہر غائب ہو۔

المَشْهُودُ :مفع ـ جمعہ کا دن ـ قیامت کا دن ـ عرفہ کا دن۔

شَهْلَرَ شَهْلَرَةً. الغُلَامُ او الجَارِيَةُ : لڑکے یا لڑکی کا تین اور چھ سال کے درمیان حرکت کرنا۔

الشَّهْلَرُ :دولت مند ـ مؤنث شَهْلَرَةٌ.

الشِّهْذَارَةُ :بدزبان ـ فساد انگیز ـ گٹھے بدن کا پستہ قد۔

شَهَرَهُ (ف) شَهْرًا وشُهْرَةً. بِكَذَا : مشہور کرنا ـ شَهَرَ وشَهَّرَ السَّيْفَ :تلوار کو سونت کر بلند کرنا ـ وشَهَّرَ فُلَانًا :رسوا کرنا۔

اَشْهَرَ :ایک مہینہ کسی حال میں ہونا ـ کہا جاتا ہے "اَشْهَرْنَا فِي هٰذَا المَكَانِ" ہم نے اس جگہ ایک مہینہ قیام کیا ـ اَشْهَرَتِ المَرْأَةُ : ولادت کے مہینے میں داخل ہونا ...... الاَمْرَ : ظاہر کرنا مشہور کرنا۔

شَاهَرَهُ شِهَارًا ومُشَاهَرَةً :ماہواری پر معاملہ کرنا۔

اِشْتَهَرَ. الاَمْرُ :مشہور ہونا ...... الاَمْرَ: مشہور کرنا ...... بِالفَضْلِ :فضیلت میں مشہور ہونا۔

الشَّهْرُ :ماہ ـ کسی سال کے کل ماہ مع ایام درج ذیل : كانون الثاني (۳۱ دن) ـ شباط (۲۸ دن) ـ لیپ سال میں (۲۹ دن) اذار (۳۱ دن) نیسان (۳۰ دن) ایار (۳۱ دن) حزیران (۳۰ دن) تموز (۳۱ دن) آب (۳۱ دن) ایلول (۳۰ دن) تشرين الاول (۳۱ دن) تشرين الثاني (۳۰) كانون الاول (۳۱)۔

یعنی جنوری، فروری، مارچ، اپریل، مئی، جون، جولائی، اگست، ستمبر، اکتوبر، نومبر، دسمبر۔

محرم (۳۰ دن) صفر (۲۹ دن) ربیع الاول (۳۰ دن) ربیع الثانی (۲۹ دن) جمادی الاول (۳۰ دن) جمادی الاخرۃ (۲۹ دن) رجب (۳۰ دن) شعبان (۲۹ دن) رمضان (۳۰ دن) شوال (۲۹ دن) ذوالقعدہ (۳۰ دن) ذوالحجہ (۲۹ دن) عربوں کے نزدیک حرمت والے چار ماہ ہیں: ذوالقعدہ، ذوالحجہ، محرم اور رجب۔

الشَّهْر: مص۔ دانا۔ نیا چاند۔ چاند سے مہینہ۔ ج اَشْهُر وشُهُور۔

الشُّهْرَة: شہرت۔ برائی میں مشہوری۔ رسوائی۔

الشَّهِير: مشہور۔ نامور۔ مؤنث شَهِيرَة۔

المَشْهُور: مفع۔ شہرت یافتہ۔ مؤنث مَشْهُورَة۔

الشَّهْرَب: بڑی عمر والا۔ مؤنث شَهْرَبَة: درخت خرما کے نیچے کا چھوٹا حوض۔

شَهَقَ (ف ض) وشَهِقَ (س) شَهِيقًا وتَشْهَاقًا. الحِمَارُ: گدھے کا رینگنا (...... شَهِيقًا وتَشْهَاقًا وشُهَاقًا) الرَّجُلُ: رونے میں سسکی لینا (...... شُهُوقًا) الجَبَلُ وغَيْرُهُ: پہاڑ وغیرہ کا بلند ہونا۔ صفت (شَاهِق) اور تم کہتے ہو "شَهِقَتْ عَيْنِيْ عَلَيْهِ" جبکہ تم کو کوئی چیز پسند آئے اور تم اس پر نظر جما دو۔

تَشَهَّقَ. عَلَيْهِ: نظر جما دینا۔

الشَّهْقَة: اسم مرۃ۔ چیخ۔

الشَّاهِق: فا۔ ذو شاهق: زیادہ غضبناک۔

التَّشْهَاق: مص۔ کہا جاتا ہے "ضَحِكَ تَشْهَاقًا" زور کی ہنسی۔ وصف بالمصدر کی بنا پر۔

شَهِلَ (س) شَهَلًا واشْهَلَّ اشْهِلَالًا: آنکھ میں سیاہی مائل بسرخی ہونا۔ صفت (أَشْهَل) مؤنث شَهْلَاء۔ ج شُهْل: آنکھ کی صفت بھی شَهْلَاء واقع ہوتی ہے۔

شَاهَلَهُ مُشَاهَلَةً: گالی گلوچ کرنا۔

تَشَهَّلَ: بے رونق چہرہ والا ہونا۔

الشَّهَل والشُّهْلَة: آنکھ کی سیاہی مائل بسرخی۔

الشَّهْلَاء: حاجت۔ کہا جاتا ہے "قَضَيْتُ مِنْ فُلَانٍ شَهْلَائِيْ" فلاں میں سے میں نے اپنی حاجت پوری کی۔

الشَّهْلَة: بڑھیا۔

شَهَمَ (ف ن) شَهْمًا وشُهُومًا. الفَرَسَ: ڈانٹنا...... الرَّجُلَ: گھبرا دینا۔ خوفزدہ کرنا۔

شَهُمَ (ک) شَهَامَةً وشُهُومَةً: تیز فہم ہونا۔ ذکی ہونا۔

الشَّهْم: تیز خاطر۔ ذکی۔ سردار جس کا حکم جاری ہو۔ ج چالاک گھوڑا۔ ج شُهُوم۔

الشَّيْهَم: نر سیہی۔ ج شَيَاهِم۔

الشَّهَام: غول بیابانی۔

الشَّيْهَمَة: بڑھیا۔

المَشْهُوم: تیز خاطر۔ ذکی۔ خوفزدہ۔

الشَّاهِين: ایک شکاری پرندہ۔ ج شَوَاهِين وشَيَاهِين: ترازو کا عمود۔

شَهَا يَشْهُو وشَهِيَ يَشْهَى شَهْوَةً واشْتَهَى. الشَّيْءَ: خواہش کرنا۔ رغبت شدید کرنا۔

شَهُوَ يَشْهُو. الطَّعَامُ: لذیذ ہونا۔

شَهَّى. الرَّجُلَ: خواہش کرنے پر آمادہ کرنا...... عَلَيْهِ كَذَا: طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الشَّيْءُ يُشَهِّي الطَّعَامَ" یہ چیز کھانے کی خواہش بڑھاتی ہے۔

شَاهَاهُ: مشابہ ہونا۔

أَشْهَاهُ: خواہش کے مطابق دینا۔ نظر بد لگانا۔

تَشَهَّى. الشَّيْءَ: خواہش کرنا...... عَلَيْهِ كَذَا: بار بار خواہش کرنا۔

الشَّهْوَة: مص۔ خواہش۔ ج شَهَوَات وشُهًى۔

الشَّهَّاء: بہت خواہش کرنے والا۔

الشَّهِيّ: خواہش مند (...... والمُشْتَهَى) مرغوب۔ کہا جاتا ہے "شَيْءٌ شَهِيٌّ" لذیذ چیز۔

الشَّهْوَان: مؤنث شَهْوَى ج شَهَاوَى و(الشَّهْوَانِيّ) خواہش مند۔

الشَّاهِيَة: خواہش۔

شَابَ يَشُوبُ شَوْبًا وشِيَابًا. الشَّيْءَ: ملانا...... الرَّجُلَ: خیانت کرنا۔ دھوکا دینا (...... وشَوَّبَ تَشْوِيبًا) عَنْهُ: آہستگی سے ہٹانا۔

اِنْشَابَ اِنْشِيَابًا واشْتَابَ اِشْتِيَابًا: ملنا۔

الشَّوْب: مص۔ وہ چیز جو دوسرے سے ملائی جائے۔ گندھے ہوئے آٹے کا پیڑا۔ شہد۔

الشَّوْبَة: اسم مرۃ۔ دھوکا۔

الشَّائِبَة. الشَّائِب: کا مؤنث اور شَوَائِب کا واحد۔ بمعنی عیوب۔

الشِّيَاب: مص۔ ملاوٹ۔

لَيْلَةُ (الشَّيْبَاء) مہینے کی آخری رات۔

المَشُوبُ والمَشِيبُ: ملا ہوا۔

المِشْوَاب: بوتل کا غلاف۔ ج مَشَاوِب۔

شَوَّحَ. الشَّيْءَ: انکار کرنا۔ نہ پہچاننا۔

الشَّوْحَة: چیل۔ ایک درخت جس کی شاخیں مخروطی شکل کی ہوتی ہیں اور یہ (الشَّوْح) کا واحد ہے۔

الشَّوْحَط: ایک درخت جس کی لکڑی سے کمان بنائی جاتی ہے۔ واحد (الشَّوْحَطَة)

شَوَّذَتْ. الشَّمْسُ: مائل بغروب ہونا۔

شَوَّذَ السَّحَابُ الشَّمْسَ: ڈھانکنا۔ گھیر لینا۔

...... ہ: کسی کو عمامہ باندھنا۔

تَشَوَّذَ و اِشْتَاذَ: پگڑی باندھنا۔

الأَشَاوِذ: مخلوق۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خَيْرُ الأَشَاوِذِ" وہ مخلوق میں بہتر ہے۔

المِشْوَذ والمِشْوَاذ: عمامہ۔ بادشاہ۔ سردار۔ ج مَشَاوِذ ومَشَاوِيذ۔

شَارَ يَشُورُ شَوْرًا وشِيَارًا وشِيَارَةً ومَشَارًا ومَشَارَةً. العَسَلَ: چھتے سے شہد نکالنا۔ صفت مفعولی (مَشُور) (...... شَوْرًا وشِوَارًا) الدَّابَّةَ: جانور کو سدھانا۔ تجربہ کے لئے سوار ہونا۔ خریدار کو دکھانے کے لئے سوار ہونا۔

شَارَتِ الإِبِلُ: اونٹ کا موٹا و خوبصورت ہونا۔

شَوَّرَ. الدَّابَّةَ: جانور کو سدھانا۔ تجربہ کے لئے سوار ہونا۔ خریدار کو دکھانے کے لئے سوار ہونا...... بِهِ: شرمندہ کرنا...... إِلَيْهِ: اشارہ کرنا۔

...... النَّارَ وبالنَّارِ: آگ کو بلند کرنا۔

أَشَارَ. العَسَلَ والدَّابَّةَ: بمعنی شَارَهُمَا......

النَّارَ وبالنَّارِ : آگ کو بلند کرنا......بہ : پہنچوانا ۔ اَشَارَ اِلَیْہِ واَشَارَ بِیَدِہٖ : اشارہ کرنا ......عَلَیْہِ : حکم دینا ۔ نصیحت کرنا ۔ صحیح طریقہ بتانا......فُلَانًا : عَسَلًا : شہد نکالنے میں مدد دینا ۔

اَشْوَرَ اِشْوَارًا. النَّارَ وبالنَّارِ : آگ کو بلند کرنا ۔

شَاوَرَہٗ. فِی الْاَمْرِ : مشورہ طلب کرنا ۔

شَارَاتُ الزَّنْکِ : عزت کے شعار ٹوپیوں پر یا محل کی دیواروں پر ۔

اِشْتَارَ اِشْتِیَارًا. العَسَلَ : شہد نکالنا ۔

اِشْتَارَتِ الْاِبِلُ : اُونٹ کا کچھ موٹا ہونا ۔

تَشَوَّرَ : شرمندہ ہونا ۔

تَشَاوَرَ واشْتَوَرَ. القَوْمُ : باہم مشورہ کرنا ۔

اِسْتَشَارَ : عمدہ لباس پہننا ۔ العَسَلَ : شہد نکالنا ۔ اِسْتَشَارَتِ الْاِبِلُ : موٹا و خوبصورت ہونا ۔ اِسْتَشَارَ الْاَمْرُ : واضح و روشن ہونا ......ہ : مشورہ طلب کرنا ۔

الشَّوْرُ : مص ۔ شہد جو چھتے سے نکالا جائے ۔

الشَّارَۃُ والشُّوْرَۃُ والشُّوْرَۃُ والشَّوَار والشُّوَار والشِّوَار والشِّیَار : حسن و جمال ۔ ہیئت ۔ منظر ۔ لباس و زینت ۔ گھر کا عمدہ سامان ۔ کہا جاتا ہے "رِیْحٌ شَوَارٌ" نرم ہوا ۔ و "خَیْلٌ شِیَارٌ" خوبصورت موٹے گھوڑے ۔ الشُّوْرَۃُ : شہد کا چھتہ ۔

الشَّوَار : اندام نہانی ۔

الشَّوْرَۃُ : شار کا اسم مرۃ ۔ شرمندگی ۔

الشُّوْرَی : ایک قسم کی دریائی گھاس ۔

الشُّوْرَی : اسم ہے "تَشَاوَرَ" کا یا اَشَارَ عَلَیْہِ کا ۔ مَجْلِسُ شُوْرَی : کونسل و "تَرَکَ عُمَرُ الْخِلَافَۃَ شُوْرَی" کا مطلب یہ ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مسئلہ خلافت کو باہم مشورہ کے لئے چھوڑ دیا ۔

الشَّیِّرُ : خوبصورت ۔ جس سے مشورہ کیا جائے ۔ وزیر ۔ ج شُوَرَاء.

المَشَار : شہد کا چھتہ ۔

المَشَارَۃُ : قابل کاشت زمین کا ٹکڑا ۔ ج مَشَاوِر ومَشَائِر.

المَشُوْرُ : مقع ۔ آراستہ ۔ مزین ۔

المِشْوَرُ : شہد نکالنے کا آلہ ۔ ج مَشَاوِر.

المُشِیْرُ : فا...... فِی اصْطِلَاحِ اَرْبَابِ السِّیَاسَۃِ : کونسلر ۔ المُشِیْرِیَّۃُ : کونسلر کا درجہ ۔

المُشِیْرَۃُ : انگشت سبابہ ۔

المَشُوْرَۃُ والمَشْوَرَۃُ. اَشَارَ عَلَیْہِ : کا اسم ۔ مشورہ ۔ نصیحت ۔ ج مَشُوْرَات.

اَلشُّوَارُ : گرنے کے قریب جگہ کا کنارہ ۔

المِشْوَار : منظر ۔ جانوروں کو دکھانے کی جگہ ۔ شہد نکالنے کا آلہ ۔ دُھنے کی کمان کی تانت ۔ ج مَشَاوِیْر : کہا جاتا ہے "اَخَذَتِ الْخَیْلُ مِشْوَارَھَا" یعنی گھوڑے موٹے اور خوبصورت ہوئے ۔

الشُّوْرَۃُ : درختوں کی قطار ۔ زمین کا طویل قطعہ ۔

المِشْوَارَۃُ : شہد نکالنے کی جگہ ۔

الشُّوْرَبَۃُ : چاول دال یا سبزی کا شوربہ جو کہ گوشت کے ساتھ یا گھی کے ساتھ پکا ہو ۔

شُوْزَ. (شِیْزَ بِہٖ شَوْزًا) عَلَی الْمَجْھُوْلِ : فریفتہ ہونا ۔

الاَشْوَزُ : مغرور ۔ متکبر ۔

المَشُوْزُ : بے آرام ۔

شَاشَ یَشَاشُ وشَوِسَ یَشْوَسُ شَوَسًا وتَشَاوَسَ : غصہ یا تکبر کی بنا پر ترچھی نظر سے دیکھنا ۔ دیکھنے کے لئے آنکھیں چھوٹی کرنا ۔ لڑائی میں بہت دلیر ہونا ۔ صفت (اَشْوَس) مؤنث شَوْسَاء. ج شُوْس. الشُّوْس : لمبے اور کہا جاتا ہے "رُمِیَ فُلَانٌ بِخُطُوْبٍ شُوْسٍ" فلاں کے اوپر سخت مصیبتیں پڑیں ۔

تَشَاوَسَ تَشَاوُسًا : بمعنی شَوِسَ : نخوت و تکبر ظاہر کرنا ۔

شَوَّشَ. الاَمْرَ : مخلوط کرنا ۔ بے ترتیب کرنا ۔

تَشَوَّشَ. عَلَیْہِ الاَمْرُ : مخلوط ہونا ۔ گڑبڑ ہونا ۔

تَشَاوَشَ. القَوْمُ : گڈمڈ ہونا ۔

الشَّوَاش : اختلاف و اضطراب ۔

عِبَارَۃٌ (مُشَوَّشَۃٌ) ترکیب یا معنی کے لحاظ سے نادرست عبارت ۔

الشَّاشُ : روئی کی چادر ۔ ریشم کی پگڑی ۔

الشَّاوِیْش : سارجنٹ ۔ (جدید)

الشَّاشَۃُ الْبَیْضَاءُ : سینما کی سفید سکرین ۔

شَاصَہٗ یَشُوْصُہٗ ویَشَاصُہٗ شَوْصًا : جگہ سے ہلانا ۔ ہاتھ سے ملنا ۔ دھونا ۔ شَاصَ فَاہُ بِالسِّوَاکِ : منہ کو مسواک سے صاف کرنا ......شَوْصًا وشَوَصَانًا : پکڑ کرنا ......الرَّجُلُ : ڈاڑھ یا پیٹ کے درد والا ہونا ......الجَنِیْنُ : جنین کا ماں کے پیٹ میں حرکت کرنا ......بہ العِرْقُ : رگ کا حرکت کرنا ......فُلَانٌ بِفُلَانٍ : کسی کا کسی پر شر کو برانگیختہ کرنا ۔

شَوِصَتْ (س) شَوَصًا. عَیْنُہٗ : اتنی موٹی ہونا جس سے دونوں پلکیں نہ مل سکیں ۔ بہت پھڑکنے والی پلکوں والی ہونا ۔ جس کو یہ کیفیت لاحق ہو اس کو (اَشْوَص) کہتے ہیں اور آنکھ کی صفت (شَوْصَاء) ج شُوْص.

شَوَّصَ تَشْوِیْصًا واَشَاصَ اِشَاصَۃً. الرَّجُلُ : مسواک کرنا ۔

الشَّوْصَۃُ : رگ کی حرکت ۔ پسلیوں کے پردہ کا ورم ۔ پیٹ کا ریاحی درد ۔

الشِّیَاصُ : بدخلقی ۔

شَاطَ یَشُوْطُ شَوْطًا. بِہٖ الغَضَبُ : بھڑکنا ۔ شَوَّطَ : لمبا سفر کرنا ......القِدْرَ : ہانڈی کا جوش دینا ......اللَّحْمَ : گوشت پکانا ۔ الصَّقِیْعُ النَّبَاتَ : پالے کا نباتات کو جلا دینا ۔

تَشَوَّطَ. الفَرَسَ : گھوڑے کو چلا کر تھکانا ۔

الشَّوْطُ : غایت ۔ چکر ۔ غایت تک ایک مرتبہ دوڑ ۔ کہا جاتا ہے "جَرَی الفَرَسُ شَوْطًا" گھوڑے نے ایک چکر لگایا ۔ ج اَشْوَاط.

شَاطَ یَشُوْطُ شَوْطًا. بِفُلَانٍ : ہلاک ہونا ......بہ الغَضَبُ : غصہ بھڑکنا ۔

تَشَاوَطَ. القَوْمُ : باہم گالی گلوچ کرنا ۔

الشُّوَاظُ والشِّوَاظُ : بغیر دھوئیں کا شعلہ ۔

آگ یا دھوپ کی گرمی۔ پیاس کی شدت۔ چیخ وپکار۔ کالی کوچ۔
شَوِعَ يَشْوَعُ شَوَعًا. الرَّاسُ: پراگندہ اور گرد آلود بالوں والا ہونا ...... الفَرَسُ: ایک رخسارے میں سفیدی والا ہونا۔ صفت (اَشْوَع) مؤنث شَوْعَاء۔ ج شُوْع.
شَوَّعَ تَشْوِيعًا. القَوْمَ: جمع کرنا۔
الشُّوْع: بان کا درخت۔ واحد شُوْعَة ج شِيَاع.
المِشْوَاع: تنور کی آگ ہلانے کی سیخ۔ (اس کی اصل مِشْيَاع ہے۔)
شَافَهُ يَشُوفُهُ شَوْفًا: صیقل کرنا۔
الجَمَلَ بِالقَطِرَان: اُونٹ پر قطران ملنا۔
شِيْفَتِ. الجَارِيَةُ: بناؤ سنگھار کیا جانا۔
شَوَّفَ. الجَارِيَة: لڑکی کا بناؤ سنگھار کرنا۔ مزین کرنا۔ آراستہ کرنا۔
اَشَافَ اِشَافَةً. عَلَيْهِ: اوپر سے جھانکنا ...... مِنْهُ: خوف کھانا ...... الشَّيْءُ: بلند ہونا۔
تَشَوَّفَ تَشَوُّفًا: مزین ہونا ...... مِنَ السَّطْحِ: دیکھنا۔ اوپر سے جھانکنا ...... اِلَى الشَّيْءِ: جھانکنا ...... الشَّيْءُ: بلند ہونا۔
اِشْتَافَ اِشْتِيَافًا. اِلَيْهِ: گردن اٹھا کے دیکھنا ...... البَرْقَ: بجلی کو با اُمید بارش دیکھنا۔
(...... واسْتَشَافَ) الجُرْحُ: زخم سخت ہونا۔
الشَّوْف: مص۔ پیکا۔
الشِّيَاف: آنکھ میں استعمال کرنے کی دوا کی بتی۔
الشَّيِّفَة والشَّيِّفَان: دیدبان۔ دشمن کی حرکت کی دیکھ بھال کرنے والا۔
الشَّوَّاف. مِنَ الرِّجَال: تیز نظر والا۔
المُشَوَّف: مفع۔ آراستہ کیا ہوا ...... مِنَ الجِمَالِ: قطران ملا ہوا اُونٹ۔
شَاقَنِي يَشُوقُنِي شَوْقًا وتَشْوَاقًا. الحُبُّ اِلَيْهِ: شوق دلانا۔ صفت مفعولی (مَشُوق) و صفت فاعلی (شَائِق) شَاقَ القِرْبَةَ: مشک کو دیوار سے ٹیک لگا کر کھڑا کرنا۔ صفت مفعولی (مَشُوقَة) ...... الطُّنُبَ اِلَى الوَتَدِ: خیمہ کی رسیوں کو کھونٹے میں باندھنا۔
اَشَاقَهُ اَشَاقَةً: شائق پانا۔
شَوَّقَهُ. اِلَيْهِ: شوق کرنے پر برانگیختہ کرنا۔
تَشَوَّقَ. الشَّيْءَ واِلَيْهِ: بہت شوق ظاہر کرنا۔
اِشْتَاقَهُ. واشْتَاقَ اِلَيْهِ: بہت خواہش کرنا۔
الشَّوْق: مص۔ سخت خواہش۔ ج اَشْوَاق.
الشِّيَاق والشِّيقُ: وہ چیز جس سے کسی چیز کو کھینچ کر دوسری چیز میں باندھیں جیسے خیمے کی طنابیں۔
الشَّيِّق: آرزومند۔
الرَّجُلُ (الاَشْوَق) لمبا مرد۔ ج شُوْق.
الشُّوْق: عُشّاق.
شَاكَهُ يَشُوكُهُ شَوْكًا: کانٹا چبھانا۔ شَاكَتْهُ الشَّوْكَةُ: کانٹا چبھنا۔
شَاكَ يَشَاكُ شَاكَةً وشِيْكَةً: کانٹوں میں پڑنا ...... ہ بِالشَّوْكَةِ: کانٹا چبھانا ......
الشَّوْكَ: کانٹوں میں پڑنا (...... شَوْكًا) شوکت ظاہر ہونا ...... لِحْيَا البَعِيْرِ: لمبے دانتوں والا ہونا۔ ثَدْيُ الجَارِيَةِ: نمودار ہونا شروع ہونا۔
شِيْكَ: کانٹا چبھنا ...... الجَسَدُ: بدن پر سرخ پھنسیاں ظاہر ہونا۔ صفت (مَشُوك)
اَشَاكَهُ: کانٹا چبھانا۔
اَشْوَكَ. المَكَانُ: کانٹوں والی ہونا۔
اَشْوَكَتِ الشَّجَرَةُ: خاردار یا بہت کانٹوں والا ہونا۔ صفت (مُشْوِكَة)
شَوَّكَ. الشَّجَرُ: درخت کا خاردار ہونا۔ کانٹے نکلنا ...... الحَائِط: دیوار پر کانٹے رکھنا ...... الفَرْخُ: چوزے کا نئے پر نکالنا ...... شَارِبُ الغُلَامِ: لڑکے کی مونچھ کا سخت ہونا ...... الرَّاسُ بَعْدَ الحَلْقِ: سر میں نئے بال نکلنا۔
الشَّوْك: مص۔ کانٹا۔ ج اَشْوَاك: واحد (شَوْكَة)
الشَّوْكَة: شوک کا واحد۔ بچھو کا ڈنک۔ سرخ پھنسی۔ ہتھیار اور اس کی تیزی۔ قوت و طاقت۔ دشمن کو تکلیف پہنچانے کی طاقت۔ کہا جاتا ہے "لا تَشُوكُكَ مِنِّي. شَوْكَةٌ" یعنی مجھ سے تمہیں کوئی تکلیف نہیں پہنچے گی۔ شَوْكَةُ الحَائِك: تانا بانا درست کرنے کا آلہ۔
الشَّوْكَةُ المُبَارَكَةُ والشَّوْكَةُ اليَهُوْدِيَةُ و الشَّوْكَةُ البَيْضَاء: جڑی بوٹیوں کے نام ہیں۔ رِيْحُ الشَّوْكَةِ: ایک تکلیف دہ پھنسی جو عموماً ہاتھ کے انگوٹھے میں ہوتی ہے۔
شَوْكُ الجِرَاج: کانٹے دار پودا جو کہ جانوروں کے لئے گھاس اور دھوبیوں کے لئے نمدہ کے کام آتا ہے۔
الشَّائِك ج شَاكَة و (الشَّوْك) خاردار۔ شَائِكُ السِّلَاحِ وشَوْكُ السِّلَاحِ: ہتھیاروں سے مسلح اور (شَاكُّ السِّلَاحِ) بالتشدید اور (شَاكُ السِّلَاحِ) بالتخفیف اور (شَاكِي السِّلاح) بھی مستعمل ہیں۔ اَرْضٌ اور شَجَرَةٌ (شَاكَة) بہت کانٹوں والی زمین یا درخت۔
الاَشْوَك. مِنَ الثِّيَابِ ونَحْوِهَا: کھردرا۔ مؤنث شَوْكَاء.
الشَّوْكَرَان: ایک زہریلا پودا۔ (دخیل)
شَالَ يَشُوْلُ شَوْلًا وشَوَلَانًا. الذَّنَبُ وغیرہ: اٹھنا۔ بلند ہونا۔ شَالَ الشَّيْءَ وبِالشَّيْءِ: اُٹھانا۔ بلند کرنا۔
المِيْزَانُ: ترازو کے ایک پلڑے کا اونچا ہونا۔ شَالَتِ القِرْبَةُ اوالزِّقُّ: پھونکنے یا بھرنے کی وجہ سے مشک کی ٹانگوں کا کھڑا ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَالَتْ نَعَامَتُه" وہ ہلکا ہوا، وہ غضبناک ہوا پھر ٹھنڈا ہو گیا۔ وہ مر گیا وشَالَتْ نَعَامَتُهُمْ: انہوں نے اپنے مکانات خالی کر دیئے اور متفرق ہو گئے یا ان کا اتفاق ٹوٹ گیا اور ان کی عزت جاتی رہی۔
اَشَالَ. الشَّيْءَ: بلند کرنا، اٹھانا۔
شَوَّلَ تَشْوِيلًا. لَبَنَ النَّاقَةِ: اُونٹنی کے دودھ کا کم ہونا۔ گھٹنا۔ شَوَّلَتِ النُّوقُ: دودھ خشک ہونا۔ شَوَّلَ المَاءُ: کم ہونا ...... المَزَادَةُ: کم پانی والا ہونا ...... فِي المَزَادَةِ: تھوڑا پانی باقی رکھنا۔

شَاوَلَ. الحَجَرَ: اٹھانا...... ہ وبہ: ہٹانا (...... وتَشَاوَلَ) ایک دوسرے پر نیزہ سے حملہ کرنا۔

اِنْشَال اِنْشِیَالاً: بلند ہونا۔

اِشْتَال اِشْتِیَالاً: بلند ہونا...... لَہٗ: تعرض کرنا۔ گالی دینا۔

اِسْتَشَالَتِ. النَّاقَةُ ذَنَبَهَا: اُونٹنی کا دُم کو اٹھانا۔

الشَّوْل: مص۔ سبک ہلکا ڈول وغیرہ کا بقیہ پانی۔ تھوڑا پانی۔ ج اَشْوَال.

الشَّوِل: کام اور خدمت میں چست۔

الشَّوْلَة: اسم مرۃ۔ بچھو کے ڈنک کا وہ حصہ جو اوپر کو اٹھا ہوا ہوتا ہے...... مِنَ النِّسَاءِ: بے وقوف عورت۔

شُوْلَة وشَوَّالَة: بچھو کا اسم علم...... الشَّوَّالَة: چغل خور عورت۔

الشِّوَال. عِنْدَ العَامَّةِ: بالوں یا اون کا بڑا بورا (یہ جوالق کی تحریف ہے)

الشَّال: کندھوں پر ڈالنے کی چادر۔ ج شِیْلَان وشَالَات: اور (الشَّالَة) اخص ہے (اعجمیہ) النَّاقَة (الشَّائِل) بغیر دودھ والی مستی کے وقت دُم اٹھانے والی اُونٹنی۔ ج شُوَّل وشُوْل وشُیَّل وشِیَل.

الشَّائِلَة. الشَّائِل: کا مؤنث...... مِنَ الإِبِلِ: اُونٹنی جس کے حمل کو یا بعد وضع حمل کے سات مہینے ہو چکے ہوں اور دودھ خشک ہو گیا ہو۔ ج شَوْل. اَشْوَال وشَوَائِل.

شَوَّال: قمری سال کا دسواں مہینہ اور کبھی الف لام داخل کر کے الشَّوَّال بھی کہا جاتا ہے۔ ج شَوَّالَات: و ج شَوَاوِیل.

المِشْوَل: چھوٹی درانتی۔

المِشْوَال: پتھر جو طاقت کی آزمائش کے لئے اٹھایا جائے۔

شَانَ یَشُوْنُ شَوْنًا. الرُّؤُوْسَ: دماغ کے کیڑے نکالنے کے لئے سر کو کھولنا۔

تَشَوَّنَ: کم عقل ہونا۔

الشُّوْنَة: بے وقوف عورت۔

الشُّوْنَة: غلہ جمع کرنے کی جگہ۔ جنگی جہاز۔ ج شُوَن.

الشَّوَّان: غلہ جمع کرنے والا۔

شَاهَ یَشُوْهُ شَوْهًا وشَوْهَةً. الوَجْهُ: چہرہ بدشکل ہونا...... الرَّجُلَ: خوفزدہ کرنا۔ گھبرا دینا۔ حسد کرنا۔ نظر بد لگانا۔ کہا جاتا ہے "شَاهَت نَفْسُهُ إِلَى كَذَا" اس نے فلاں چیز پر آنکھ لگائی۔

شَوِهَ یَشْوَهُ شَوَهًا. الوَجْهُ: چہرہ کا بدشکل ہونا...... العُنُقُ: گردن لمبی ہونا۔ چھوٹی ہونا۔ (ضد)

شَوَّهَ. اللّٰهُ وَجْهَهُ: چہرہ کا بدشکل بنانا۔ کہا جاتا ہے "لَا تُشَوِّهْ عَلَيَّ" مجھے نظر بد نہ لگاؤ۔

تَشَوَّهَ: بدشکل ہونا۔ تَشَوَّهَ الرَّجُلُ شَاةً: شکار کرنا...... لِفُلَانٍ: اپنے آپ کو کسی کے لئے ناشناسا کرنا۔ نظر بد لگانے کے لئے کسی کی طرف نگاہ اٹھانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَتَشَوَّهُ أَمْوَالَ النَّاسِ لِيُصِيبَهَا بِالْعَيْنِ" وہ نظر بد لگانے کے لئے لوگوں کے اموال کی طرف نگاہ اٹھاتا ہے۔

الشَّوَه: مص۔ بدشکلی۔ خوبصورتی (ضد) گردن کی لمبائی و بلندی۔ سر بلند کرنا۔

الشَّوْهَة: دوری۔ بدشکلی۔

الشَّاه: بادشاہ۔ نسبت کے لئے (شاہی و شاہانی)

الشَّائِه: فا۔ حسد کرنے والا۔ ج شُوَّه.

شَاه بَنْدَر: سوداگروں کا رئیس۔

شَاه بَلُّوط: شاہ بلوط کا درخت۔

رَجُلٌ (شَاهُ البَصَرِ وشَائِهُهُ وشَاهِیُهُ) تیز نظر والا۔

الشَّاة: بکری۔ بکرا۔ جنگلی گائے۔ ج شَاء وشِیَاه وشِوَاه واَشَاوِه وشِیْه وشِیَه وشَوِيّ اور شاۃ کی تصغیر شُوَیْهَة وشُوَیْهَة ج شُوَیْهَات اور نسبت کے لئے شَاوِيّ جیسے سَمَاء سے سَمَاوِيّ.

الشَّاهِيّ: بکری والا۔

الشَّاهْتَرَج: ایک گھاس نما پودا جس کے پتے ڈنٹھل ہوتے ہیں۔ انگوری شکل کے پھول ہوتے ہیں۔ اس کے پھول اور بیج خارش کے لئے بطور دواء استعمال ہوتے ہیں۔

الأَشْوَه: بدشکل۔ جلدی نظر بد لگانے والا۔ متکبر۔ مؤنث شَوْهَاء. ج شُوْه. الشَّوْهَاء: ترش رو عورت۔ بدشکل عورت۔ خوبصورت (ضد) منحوس عورت۔ فَرَسٌ شَوْهَاء: تیز نگاہ والا گھوڑا۔ اَرْضٌ (مَشَاهَة) بہت بکریوں والی زمین۔

المُشَوَّه: بدشکل۔ ناہموار شکل و صورت والا۔

شَوَى يَشْوِي شَيًّا. اللَّحْمَ: گوشت کو آگ میں بھوننا۔ صفت مفعول (مَشْوِيّ)

الماءَ: پانی گرم کرنا۔

شَوَّى اَشْوَى. القَوْمَ: بھنا ہوا گوشت کھلانا...... الرَّجُلَ: جسم کے ایسے حصہ پر زخم لگانا جس سے قتل واقع نہ ہو۔ اَشْوَى السَّهْمُ: تیر کا نشانہ سے چوک جانا۔ اَشْوَى الزَّرْعُ: بھوننے کے قابل ہونا...... الرَّجُلُ: رات کے کھانے سے کچھ چھوڑ دینا۔ گھٹیا مال جمع کرنا۔ اَشْوَى السَّعَفُ: درخت خرما کی شاخ کا خشک ہو کر زرد پڑنا اور ابھی سے ہے "مَا أَغْیَاهُ وَمَا أَشْوَاهُ" وہ کس قدر کمزور ہے۔

اِنْشَوَى اِنْشِوَاءً واِشْتَوَى اِشْتِوَاءً: بھن جانا۔ اِشْتَوَى الرَّجُلُ: بھوننا۔

الشَّوَى: گھٹیا مال۔ آسان معاملہ۔ ہاتھ پیر۔ جسم کے اطراف۔ وہ اعضاء جن پر زخم لگنے سے قتل واقع نہ ہو (...... الشَّوَاة) کھوپڑی کا چمڑا۔

الشِّوَاء والشُّوَاء: بھنا ہوا گوشت وغیرہ والشِّوَاءَة والشُّوَاءَة والشَّوَاءَة: بھنے ہوئے گوشت وغیرہ کا ایک ٹکڑا۔

الشَّوَّاء: گوشت بھوننے والا۔

الشُّوَايَة والشَّوَايَة والشِّوَايَة والشَّوِيَّة مِنَ المَالِ: ردی مال۔ ہلاک شدہ قوم یا مال کا بقیہ۔ ج شَوَايَا سَعَفَة (شَاوِيَة) درخت خرما

کی خشک شاخ۔
الشوِیُّ : بھنا ہوا گوشت۔
المِشْوَلَة : گوشت بھوننے کا آلہ۔ ج مَشَاوِل۔
شَاءَهُ يَشَاءُهُ شَيْئًا ومَشِيْئَةً ومَشَاءَةً ومَشَائِيَةً : چاہنا۔ صفت فاعل (شَاءٍ) اور صفت مفعول (مَشِيٌّ)...... اللّٰه الشَيْءَ : مقدر کرنا۔ تعجب کے موقع پر "مَا شَاءَ اللّٰه" کہا جاتا ہے۔
شَيَّأَهُ عَلَى الْاَمْرِ : برانگیختہ کرنا۔ شَيَّاءَ اللّٰهُ وَجْهَهُ : چہرہ کا بدشکل بنانا۔
اَشَاءَهُ اِلَيْهِ اشَاءَةً : مجبور کرنا۔
تَشَيَّأَ تَشَيُّؤًا : غصہ ٹھنڈا ہونا۔
الشَّيْءُ : مص۔ چیز جس کے ساتھ علم و خبر کا تعلق ہو سکے۔ ج اشياء جج اَشَاوَىٰ وَاَشْيَاوَات وَاَشَاوَات وَاَشَايَا اور تصغیر شُيَيْءٌ وشِيَيْءٌ اور اَشْيَاء : کا کلمہ غیر منصرف ہے۔
الشِيْئَة. شَاءَ : کا اسم (...... والمَشِيْئَة) ارادہ۔
المُشَيَّا : بدشکل۔ ناہموار صورت والا۔
شَابَ يَشِيْبُ شَيْبًا وشَيْبَةً ومَشِيْبًا : سفید بالوں والا ہونا۔ بوڑھا ہونا۔ صفت مذکر (اَشْيَبُ وشَائِب) صفت مؤنث (شَائِبَةٌ) (مؤنث کی صفت میں شَيْبَاء نہیں بلکہ شَمْطَاء آتا ہے) کہا جاتا ہے (شَابَتْ رُؤُوسُ الآكَامِ" ٹیلوں کی چوٹیاں برف سے سفید ہو گئیں۔
اَشَابَ. الرَّجُلُ : بوڑھی اولاد والا ہونا۔
اَشَابَ وشَيَّبَ. الحُزْنُ فُلانًا وبِفُلانٍ : غم کا بوڑھا کر دینا۔
الاَشْيَب : سفید سر والا...... مِنَ الاَيَّامِ : برف و بادل والا دن۔ ج شِيْبٌ وشُيُبٌ
الشِيْب : برف سے ڈھکے ہوئے پہاڑ۔
الشَّائِب : فا۔ سفید سر والا۔ مؤنث شَائِبَة۔ ج شُيَّب : مبالغہ کے طور پر "شَيْبٌ شَائِبٌ" کہا جاتا ہے مانند لَيْلٌ لائِلٌ کے۔
يَوْمٌ (شَيْبَان) اولہ برف بادل کا دن (...... وشِيْبَان) ماہ دسمبر (چونکہ اس ماہ میں برف اولہ کی وجہ سے زمین سفید رہتی ہے۔)
الشَيْبَة : اسم مرۃ۔ شباب کا اسم۔ ایک پودہ ہے جس کا نام (افسنتین) ہے۔
الشِيْبَان : ٹڈی وغیرہ کی چھوٹی ٹکڑی۔
شَاحَ يَشِيْحُ شَيْحًا. عَلَى حَاجَتِهِ : چوکنا رہنا۔ کوشش کرنا۔
شَيَّحَهُ : ڈرانا۔ شَيَّحَ خَصْمَهُ : تنگ نگاہوں سے دیکھنا۔
اَشَاحَ اِشَاحَةً. فِي اَمْرِهِ : کوشش کرنا چوکنا رہنا۔ محتاط رہنا...... وَجْهَهُ وبِوَجْهِهِ واَشَاحَ عَنْهُ وَجْهَهُ : نفرت سے منہ پھیر لینا
...... المَكَانُ : شیح نامی گھاس اُگانا
...... الفَرَسُ بِذَنَبِهِ : گھوڑے کا دم کو ڈھیلا چھوڑ دینا۔
شَايَحَ مُشَايَحَةً وشِيَاحًا : جنگ کرنا۔ فِي الاَمْرِ : کوشش کرنا۔
الشِيْح : ایک قسم کی گھاس۔ واحد (شِيْحَة)...... مِنَ الرِجَالِ : کاموں میں کوشش کرنے والا۔ چوکنا رہنے والا۔
الشِيَاح : مص۔ کوشش۔ احتیاط۔ قحط۔
الشَّيْحَان والشِيْحَان والمُشِيْح : لمبا۔ غیرت مند۔ محتاط۔
شَاخَ يَشِيْخُ شَيْخًا وشِيُوخَةً وشُيُوخَةً وشِيُوخِيَّةً وشُيُوخِيَّةً وشَيْخُوخَةً وشَيْخُوخِيَّةً : بوڑھا ہونا۔
شَيَّخَ : بوڑھا ہونا...... ہ : تعظیم کے لئے یا شیخ کہہ کے پکارنا...... عَلَيْهِ : عیب لگانا۔ طعن و تشنیع کرنا...... بِهِ : رسوا کرنا۔
اَلشَّيْخِيَّةُ : پھول کی ایک جنس جو کہ بطور زیب و زینت بوئے جاتے ہیں۔
تَشَيَّخَ : بوڑھا ہونا۔
الشَّيْخُ : بڈھا۔ ج شُيُوخ وشِيُوخ واَشْيَاخ وشِيْخَة وشِيَخَة وشِيْخَان ومَشْيَخَة ومَشِيْخَة و جج مَشَائِخ واَشَايِخ : مؤنث شَيْخَة اور شیخ کی تصغیر شُيَيْخ وشِيَيْخ. شَيْخُ المرأةِ : شوہر اور شیخ کا اطلاق استاد۔ عالم۔ سردار قوم اور ہر اس شخص پر ہے جو لوگوں کے نزدیک علم و فضیلت و مرتبہ کے لحاظ سے بڑا ہوتا ہے۔
شَيْخُ النَارِ : ابلیس سے کنایہ ہے۔
الشَّيْخُون : بڈھا۔
شَادَ يَشِيْدُ شَيْدًا وشَيَّدَ البِنَاءَ : عمارت کو بلند کرنا...... الحَائِط : دیوار پر گچ کرنا۔
جِلْدَهُ بِالطِيْب : جسم پر خوشبو ملنا۔ شَادَ الرَّجُلُ : ہلاک ہونا (شَادَ الاِبِلَ شِيَادًا) اُونٹوں کو بلانا۔
اَشَادَهُ اِشَادَةً : ہلاک کرنا۔ اَشَادَ بِذِكْرِهِ : تعریف کر کے مشہور کرنا۔ اَشَادَ عَلَيْهِ قَبِيْحًا وبِقَبِيْحٍ : بدنام کر کے مشہور کرنا۔ اَشَادَ عَلَيْهِ : کسی کے متعلق برائی مشہور کرنا...... المُغَنِّي : گانے میں آواز بلند کرنا۔ اَشَادَ صَوْتَهُ وبِصَوْتِهِ : برے طریقہ سے آواز بلند کرنا۔
اَشَادَ الضَالَّةَ : گم شدہ چیز کی تعریف کرنا......
البُنْيَانَ : لمبا کرنا۔
الشِيْد : گچ وغیرہ کا پلستر۔
المَشِيْد : مفع۔ پلستر کیا ہوا (...... والمُشَيَّد) بلند کیا ہوا۔
الشِّيَار : یوم شنبہ۔ ج اَشْيِر وشُيُر وشِيَر.
شَيَّزَهُ. البُرْدَ : سرخی سے دھاری بنانا۔
الشِيْز والشِيْزَىٰ : آبنوس کی لکڑی یا بہت سیاہ رنگ کی مضبوط لکڑی۔
اَلشِيْشَةُ : تمباکو نوشی کا آلہ۔
اَشَاشَتِ. النَخْلَةُ : نرم گٹھلی کی کھجور والا ہونا۔
الشِيْش : نرم گٹھلی کی کھجور۔ والشِيْش عِنْدَ العَامَّةِ : گوشت بھوننے کی لوہے کی سیخ۔ فصیح لفظ سَفُّوْد ہے۔
شَيَّصَ. القَوْمَ : رنج و تکلیف پہنچانا۔ عذاب دینا۔ شَيَّصَتِ النَخْلَةُ : ردی کھجور والا ہونا۔
الشِيْص : ایک قسم کی ردی کھجور۔ ایک قسم کی مچھلی۔ واحد (شِيْصَة)
الشِيْص : بدخلقی۔

الشِیْصَاء : نرم گٹھلی کی کھجور۔ واحد (شِیْصَاءَة)
المُشَایَصَة : ایک دوسرے سے جدائی۔ منافرت۔
شَاطَ یَشِیْطُ شَیْطًا و شِیَاطَةً و شَیْطُوْطَةً۔ الشَّیْءُ : جلنا۔ شَاطَتِ القِدْرُ : ہانڈی کی تلی میں جلی ہوئی چیز کا لگنا۔ شَاطَ الزَّیْتُ : زیتون کے تیل کا گاڑھا ہونا۔ شَاطَتِ الذَّبِیْحَةُ : ذبیحہ کا گوشت تقسیم کر کے ختم ہو جانا ...... فُلَانٌ : ہلاک ہونا ...... فِی الاَمْرِ : جلدی کرنا ...... دَمُهٗ : بیکار جانا ...... فُلَانٌ الدِمَاءَ : ملانا۔ یعنی قاتل کو مقتول کے خون پر قتل کرنا۔
شَیَّطَ و اَشَاطَ۔ الصَقِیْعُ النَبْتَ او الدَوَاءُ الجُرْحَ : جلانا ...... الرَاسَ او الکُرَاعَ : سری یا پائے کے بالوں کو جلانے کے لئے جھلسنا ...... القِدْرَ : ہانڈی کو جوش دینا۔ اَشَاطَ فُلَانًا : ہلاک کرنا۔ اَشَاطَ اللَحْمَ عَلَی القَوْمِ : گوشت تقسیم کرنا۔ اَشَاطَ السُلْطَانُ دَمَهٗ و بِدَمِهٖ : قتل کرنے کے لئے سامنے لانا۔
تَشَیَّطَ : جلنا۔ کثرت جماع کی وجہ سے لاغر و کمزور ہونا۔
اِشْتَاطَ اِشْتِیَاطًا۔ عَلَیْهِ : غصہ سے بھڑک اٹھنا ...... الحَمَامُ : کبوتر کا خوش ہو کر اڑنا ...... مِنَ الاَمْرِ : ہلکا ہونا ...... فِی الحَرْبِ : اپنے آپ کو قتل کے لئے پیش کرنا۔
الشِیَاطُ : روئی اون وغیرہ کے جلنے کی بو۔
التَشْیِیْطُ و المُشَیِّطُ : گوشت جو قوم کے لئے بھونا جائے۔
الشَطِیُّ : غبار جو فضا میں بلند ہو۔
المُسْتَشِیْطُ : بہت بننے والا۔ موٹا اونٹ۔
شَیْطَنَ و شَیْطَان (دیکھو مادہ شطن)
شَاعَ یَشِیْعُ شَیْعًا۔ بِالخَبَرِ : خبر کو پھیلانا۔ الاِنَاءَ : برتن کو بھرنا۔
شَاعَ یَشِیْعُ شَیْعًا و شُیُوْعًا و مَشَاعًا و شَیَعَانًا و شَیْعُوْعَةً۔ الخَبَرُ : پھیلنا ...... فِیْهِ الشَیْبُ : بڑھاپا ظاہر ہونا۔
شَاعَهٗ شِیَاعًا : پیچھے جانا۔ ہمراہ جانا اور اسی سے ہے "شَاعَکُمُ السَلَامُ و شَاعَکُمُ اللّٰهُ بِالسَلَامِ" یعنی سلامتی تمہارے ساتھ رہے اور اللہ تعالیٰ سلامتی کو تمہارے ساتھ کریں۔
اَشَاعَ اِشَاعَةً۔ الخَبَرَ و بِالخَبَرِ : پھیلانا اور کہا جاتا ہے "اَشَاعَکُمُ اللّٰهُ السَلَامَ و بِالسَلَامِ" اللہ تعالیٰ سلامتی کو تمہارے ساتھ کریں۔ اَشَاعَ بِالاِبِلِ : پیچھے رہے ہوئے اونٹ کو بلانا۔
شَیَّعَهٗ : رخصت کرنے یا مکان تک پہنچانے کے لئے ہمراہ جانا۔ شَیَّعَ شَهْرَ رَمَضَانَ : شش عید کے روزے رکھنا ...... الرَجُلَ : جرأت دلانا۔ قوی کرنا ...... النَارَ : آگ تیز کرنے کے لئے لکڑیاں ڈالنا ...... الشَیْءَ بِالنَارِ : جلانا۔
الرَجُلُ : شیعہ ہونے کا دعویٰ کرنا ...... الشَیْءَ : کسی چیز کو بھیجنا اور اس کے پیچھے جانا۔
شَایَعَهٗ : کام کے لئے کسی کے ہمراہ جانا۔
شَایَعَ بِهِمُ الدَلِیْلُ : رہنما کا لوگوں کو پکارنا۔ بِالاِبِلِ : پکارنا۔ آواز دینا۔
تَشَیَّعَ : شیعہ ہونے کا دعویٰ کرنا ...... اللَبَنُ فِی المَاءِ : بکھرنا ...... ہ الغَضَبُ : دل میں غصہ بھڑکنا۔ فُلَانٌ فِی الشَیْءِ : کسی چیز کی محبت میں ہلاک ہونا ...... ہ الشَیْبُ : بڑھاپا نمایاں ہونا۔
تَشَایَعَ تَشَایُعًا۔ القَوْمُ : مختلف گروہ ہونا۔
تَشَایَعُوْا عَلَی الاَمْرِ : باہم موافق ہونا۔
تَشَایَعُوْا عَلَی الاَمْرِ : باہم موافق ہونا۔
تَشَایَعُوْا فِی الدَارِ : شریک ہونا۔ تَشَایَعَتِ الاِبِلُ : متفرق ہونا۔
اِشْتَاعَا اِشْتِیَاعًا۔ فِی الدَارِ : شریک ہونا۔
الشُیُوْعِیَّةُ : کارل مارکس کا اجتماعی نظریہ۔ (مارکسزم)
الشَیْعُ : مثل۔ مقدار۔ مثل۔ ج اَشْیَاعٌ کہا جاتا ہے "هٰذَا شَیْعُ ذَاکَ" یہ اس کے مثل ہے اور اسی سے ہے "کَمَا فُعِلَ بِاَشْیَاعِهِمْ" یعنی جیسا ان کے امثال کے ساتھ کیا گیا۔ و اَقَمْتُ عِنْدَهٗ شَهْرًا او شَیْعَ شَهْرٍ : میں نے اس کے پاس ایک مہینہ یا ایک مہینہ کے بقدر اقامت کی۔ و "کَانَ مَعَهٗ مِائَةُ رَجُلٍ او شَیْعُ ذٰلِکَ" اس کے ساتھ سو آدمی یا اسی کے بقدر تھے۔ و "نَزَلُوْا مَوْضِعَ کَذَا او شَیْعَهٗ" وہ لوگ فلاں مقام میں یا اس کے قریب اترے۔ "آتِیْکَ غَدًا او شَیْعَهٗ" میں تمہارے پاس کل یا اس کے بعد آؤں گا۔
الشَاعَة : بیوی۔ پھیلی ہوئی خبریں اور یہ شائع کی جمع ہے۔
شِیْعَةُ الرَجُلِ : پیرو مددگار۔ ج شِیَعٌ و اَشْیَاعٌ و الشِیْعَةُ : فرقہ (واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لئے مستعمل ہے) اس لفظ کا غلبہ استعمال ان لوگوں کے لئے ہے جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے طرف دار ہیں۔ واحد (شِیْعِیٌّ)
الشَیِّعُ : حصہ دار۔ شریک۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ شَیِّعُ لِهٰذَا" یہ اس کا حصہ دار ہے۔ ج شُیَعَاء مؤنث شَیِّعَةٌ کہا جاتا ہے "الدَارُ شَیِّعَةٌ بَیْنَهُمَا" گھر ان دونوں کے درمیان مشترک ہے۔
الشِیَاعُ : آگ سلگانے کی چیز۔ چرواہے کی بانسری یا اس کی آواز۔
الشُیُوْعُ : آگ سلگانے کی چیز۔
الشَائِعُ : فا۔ خَبَرٌ شَائِعٌ و شَاعٌ بحذف عین : پھیلی ہوئی بات۔ سَهْمٌ شَائِعٌ و شَاعٌ : مشترک غیر منقسم حصہ۔
المَشَاعُ و المُشَاعُ : پھیلا ہوا۔ مشترک غیر منقسم اور اسی سے ہے "مُشَاعُ القُرٰی" وہ چیزیں جس میں آبادی کے سب لوگ شامل ہوں۔
المُشَیَّعُ : بھرا ہوا برتن۔ کینہ سے بھرا ہوا کینہ ور۔
المِشْیَعَةُ : ٹوکری جس میں عورتیں روئی رکھتی ہیں۔
المُشَیَّعُ : شجاع۔ بہادر۔ جلد باز۔
المِشْیَاعُ : تنور کی آگ جلانے کی چیز۔

رَجُلٌ مِشْيَاع: راز کو پھیلانے والا مرد۔
المُشَايَع والمُشْتَاع: شریک۔
شَاقَه يَشِيقه شَيْقًا. اِلَيه: کھینچ کر باندھنا۔
کہا جاتا ہے "شَاقَ الكُتُبَ اِلَى الوَتَدِ" اس نے طنابوں کو کھینچ کھینچ کر میخ سے باندھا۔
الشِيْق: پہاڑ کی چوٹی اور بقول بعض پہاڑ کی دشوار جگہ۔ جانب پہاڑ کی تنگ درز۔ جانور کی دم کے بال۔ الشِيْق: ایک سمندری مچھلی۔ واحد (شِيقَة)
الشَيَّال: قلی۔ بوجھ اٹھانے والا۔
و (الشِيَالَة) بوجھ اٹھانے کا پیشہ۔
شَامَ يَشِيمُ شَيْمًا: بدن میں تل والا ہونا۔
صفت (أَشْيَم) مؤنث شَيْمَاء ج شِيم وشُوم.
الشَيْف: تلوار کو میان میں کرنا۔ میان سے سونتنا۔ (ضد)...... البَرْق: بجلی کے چمکنے اور برسنے کی سمت کو دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "شَامَ مَخَايِلَ الشَيْئ" یعنی اس نے فلاں چیز کی طرف انتظار کرتے ہوئے نگاہ اٹھائی (......

شَيْمًا وشُيُومًا) الرَّجُلُ: جسم کے حملہ کرنا...... فِي الشَيْئ: داخل ہونا۔ الشَيْئ فِي الشَيْئ: چھپانا...... الشَيْئ: تخمینہ واندازہ کرنا۔
کہا جاتا ہے "شِمْ مَا بَيْنَهُمَا" ان دونوں کے درمیان اندازہ کرو۔
شَيَّمَ واَشَامَ وانْشَامَ واشْتَامَ. فِي الشَيْئ اَوْ الاَمْرِ: داخل ہونا۔ شَيَّمَ يَدَيْهِ فِي رَاْسِ فُلَانٍ اَوْ ثَوْبِهِ: لڑائی کرنے کے لئے سر یا کپڑے کو پکڑنا۔ اِنْشَامَ الرَّجُلُ: منظور نظر ہونا۔
تَشَيَّمَ. اَبَاهُ: خصلت میں باپ کے مشابہ ہونا...... الشَيْئ فِي الشَيْئ: داخل ہونا......
الشَيْبُ فُلَانًا: بڑھاپا غالب ہونا۔
الشَامَة: تل۔ زمین میں سیاہ نشان۔ چاند کا داغ۔ کالی اونٹنی۔ ج شَام وشَامَات کہا جاتا ہے "سَارُوْا شَامًا فِي البِلَادِ" وہ لوگ شہروں میں متفرق ہو گئے۔ جس طرح تل بدن پر متفرق ہوتے ہیں۔

الشِيْمَة والشِيْمَة: عادت۔ طبیعت۔ ج شِيَم.
الشَيَم: ہر وہ زمین جواب تک کھدی نہ ہو اور اپنی سختی پر باقی ہو۔
الشَيَام: نرم زمین۔ مٹی۔
الشِيَام: مٹی۔ چوہا۔ ج شِيَم.
المَشِيْم والمَشُوْم والمَشْيُوْمُ: تل والا۔
المَشِيْمَة: بچہ کی جھلی جس میں بچہ پیدائش کے وقت لپٹا ہوا ہوتا ہے۔ ج مَشِيْم ومَشَائِم.
شَانَه يَشِيْنُهُ شَيْنًا: عیب لگانا۔
شَيَّنَ: حرف "ش" لکھنا۔
المَشَايِن: عیوب۔
شَاهَهُ يَشِيْهُهُ شَيْهًا: نظر بد لگنا۔
الشَيُوْه: نظر بد لگانے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ شَيُوْهٌ مِنَ اَشْيَهِ النَاسِ" وہ بہت نظر بد لگانے والا ہے۔
الشِيَة (دیکھو ش ی) الشَاي: چائے۔

ص

ص : الصاد : چودھواں حرف بنیادی حروف سے۔حروف اسلیہ سے ہے۔
صَئِبَ : (س) صَأَبًا. مِنَ الشَّرَابِ : شراب سے سیر ہونا۔بھر جانا۔صَئِبَ واَصْأَبَ الرَّاسُ : سر میں جوں ہونا یا زیادہ جوں ہونا۔
الصُّؤَابَة : جوں کے انڈے۔ج صُؤَاب صِئْبَان. الصِّئْبَان : چھوٹے چھوٹے موتی کے مانند والے۔
الصُّئْوبَة: غلہ کا ڈھیر۔
المِصْئَاب : شراب سے بھرا ہوا۔
صَأْصَأَ. الجَرْوُ : پلے کا آنکھ کھولنے کے قریب ہونا......الرَّجُلُ : مرد کا بزدل ہونا......مِنَ فُلاَنٍ : ڈرنا(...... تَصَأْصَأَ) مَنْهُ : خوف کرنا۔تابع ہونا۔
الصِّئْصَا : ردی کھجوریں۔
صِئْصِئَةُ. الدِّيكِ : مرغ کی ٹانگ کا خار۔
صَئِكَ (س) صَأْكًا: بدبودار پسینہ نکلنا ......الدَّم: خون جمنا......بہ : چپکنا۔
صَاءَ كَهُ مُصَاءَ كَةً : تحقی کرنا۔تنگی کرنا۔
الصَّئِكُ. مِنَ الرِّجَالِ : مضبوط آدمی۔
صَؤُلَ (ک) يَصْؤُلُ صَآلَةً. البَعِيرُ : اُونٹ کا آدمیوں پر دوڑنا اور مار ڈالنا۔
صفت صَئِل وصَؤُوْل.
صَأَلَ يَصْئِلُ صَئِيلاً. الفَرَسُ : گھوڑے کا ہنہنانا۔
صَأَمَ يَصْأَمُ صَأْمًا. الجَيْشَ عَلَى القَوْمِ : لشکر کی رہنمائی کرنا۔

صَئِمَ يَصْئَمُ صَأَمًا : بہت پانی پینا۔
الصَّائِم : پیاسا۔
صَأَى يَصْئِي وَيَصْأَى صُئِيًّا صَئِيًّا صِئِيًّا تَصْأَاءَ ی. الفَرْخُ : پرندہ کے بچے کا چوں چوں کرنا۔بچھو کا آواز کرنا۔اسی سے ضرب المثل ہے "يَلْدَغُ وَيَصِئُ" یعنی ظلم کرتا ہے اور شور مچاتا ہے۔کہا جاتا ہے "جَاءَ بِمَا صَأَى وَصَمَتَ" یعنی مال ناطق اور مال صامت لایا۔
اَصْأَى : چوں چوں کرانا۔
صَبَّ :(ن) صَبًّا. المَاءَ : پانی انڈیلنا......فِي الوَادِيْ : وادی میں اترنا......الدِّرْعَ : زرہ پہننا۔صَبَبْتُ الدِّرْعَ عَلَى فُلاَنٍ: میں نے فلاں کو زرہ پہنائی۔کہا جاتا ہے "صَبَّ عَلَيْهِ الْبَلاَءَ مِنْ صَبَبٍ" اس نے اس پر اوپر سے مصیبت ڈالی۔صَبَّ اللّٰهُ عَلَيْهِ صَاعِقَةً: اللہ اس کے اوپر بجلی ڈالے۔
صَبَّ. رِجْلَهُ فِي القَيْدِ : یعنی بیڑی پہنا دی۔
صَبَّ :(ض) صَبًّا. المَاءُ: پانی گرنا۔
صُبَّ. الشَّئُ : مٹایا جانا۔محو کیا جانا۔
صَبَّ :(س) صَبَابَةً. اِلَيْهِ: عاشق ہونا۔
اَصَبَّ اِصْبَابًا. القَوْمُ : قوم کا نیچے اُترنا۔
اِنْصَبَّ. المَاءُ : پانی گرنا......عَلَيْهِ: اُترنا۔کہا جاتا ہے "اِنْصَبَّتْ قَدَمَاهُ فِي الْوَادِي" اس کے قدم وادی میں جم گئے۔
اِصْطَبَّ. المَاءُ : پانی گرنا۔
اِصْطَبَّ وتَصَابَّ. المَاءَ : بچا ہوا پانی پینا۔

اِصْطَبَّ وتَصَابَّ. العَيْشَ : بقیہ زندگی گزارنا۔
تَصَبَّبَ. المَاءُ ونَحْوُهُ : پانی بہنا۔
الصَّبُّ : عاشق ج صُبُّوْن مؤنث صَبَّة ج صَبَّات. مَاءٌ صَبٌّ: پانی بہا ہوا۔
الصُّبُّ وَالصُّبَّة : گرایا ہوا (کھانا وغیرہ)
الصُّبَّة : آدمیوں کی جماعت۔گھوڑے، اُونٹ، بکریوں کا گلہ۔تھوڑا مال۔برتن میں پانی یا دودھ کا بقیہ۔شوربا۔رات کا کچھ حصہ۔
الصَّبَب : نشیب۔ج اَصْبَاب.
الصُّبَابَة: برتن میں بچا ہوا پانی۔ج صُبَابَات کہا جاتا ہے "لَمْ اُدْرِكْ مِنَ الْعَيْشِ اِلاَّ صُبَابَةً" میں نے زندگی سے صرف تھوڑا سا حاصل کیا۔
الصَّبَابَة : عشق۔سوزش عشق۔
الصَّبِيْب : زرد رنگ۔اولہ۔عمدہ شہد۔پسینہ۔خون۔عندم کا نچوڑ۔ایک قسم کا سرخ رنگ۔گرائی ہوئی چیز۔تلوار کی دھار۔کہا جاتا ہے "وَضَعْتُ صَبِيْبَ السَّيْفِ فِي بَطْنِهِ" یعنی تلوار کی دھار کو اس کے پیٹ پر رکھا۔
المِصَبُّ : گرنے کی جگہ۔ج مَصَابُّ.
المِصَبُّ: حروف ڈھالنے کا سانچہ۔
المَصْبُوْب : گرایا ہوا۔المَصْبُوْبُ عَلَى الشَّئْ: کسی چیز پر برانگیختہ کیا ہوا۔
صَبَا (ف) صَبُؤَ (ک) صَبْأً وصُبُوْءًا : مذہب تبدیل کرنا۔صائبین کا دین اختیار کرنا

صفت ضابی ...... علیهم: اچانک پہنچ جانا ...... العدو علیهم: دشمن کی رہنمائی کرنا (...... واضبا اضباء) ...... الناب او النبات: دانت نکلنا۔ نباتات اُگنا واضبا القوم: قوم پر اچانک پہنچ جانا۔

الصابئون والصابئة: ایک قوم جو ستاروں کی پرستش کرتی تھی اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ نوح علیہ السلام کے دین کے پیرو تھے اور کہا گیا ہے کہ ان کے علاوہ ہیں۔

الصباوت والصباؤت: جمع صبی: عبرانی کا لفظ ہے جس کے معنی خوبصورتی اور شرافت کے ہیں اور اسی سے ہے "رب الصباوت" یعنی شرافت والا۔

صَبَحَ: (ف) صَباحا. القَوْمُ: صبح کے وقت آنا ...... عن الحق: حق ظاہر کرنا۔

صَبِحَ: (س) صَبَحا وصُبْحَةً: چمکدار روشن ہونا ...... الشعر: بال کا چمکدار ہونا ...... الحدید: لوہے کا چمکدار ہونا۔

صَبُحَ: (ک) صَباحَةً. الوَجْه: چہرے کا روشن و چمکدار ہونا ...... الغلام: لڑکے کا خوبصورت ہونا۔ صفت صُباحٌ صَبِیحٌ.

صَبَّحَهُ: صبح کے وقت آنا۔ صبح کی شراب پلانا۔ صَبَّحَ القَوْمُ المَاءَ: قوم کو لے کر چلنا اور صبح کو پانی پر پہنچنا ...... الرَّجُلَ: صبح کو سلام کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَبَّحَکَ اللّٰهُ بِخَیْرٍ"۔

أَصْبَحَ: صبح میں داخل ہونا۔ آدھی رات میں بیدار ہونا ...... المِصْبَاحَ: چراغ جلانا۔ الحقُّ: حق ظاہر ہونا۔

أَصْبِحْ. یَا رَجُلُ: اے شخص چوکنا رہو۔ عرب جب کسی سے بدفالی لیا کرتے تھے تو کہا کرتے تھے صَبَاحُ اللّٰهِ لاَ صَبَاحُکَ.

تَصَبَّحَ: صبح کے وقت سونا۔ ناشتہ کرنا۔ تَصَبَّحَ بِهِ: صبح کے وقت ملنا۔

تَصَابَحَ: بتکلف خوبصورت بننا۔ کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ یَتَصَابَحُ وَیَتَحَاسَنُ" فلاں بتکلف خوبصورت و حسین بنتا ہے۔

اِصْطَبَحَ: چراغ روشن کرنا۔ کہا جاتا ہے "الشَّمْعُ مِمَّا یُصْطَبَحُ بِهِ" موم ان چیزوں میں سے ہے جن سے روشنی کی جاتی ہے۔ الرَّجُلُ: صبح کی شراب پینا۔

اِصْبَاحَّ اِصْبِیحَاحًا. الشَّعَرُ: بال کا مائل بسرخی ہونا۔

اِسْتَصْبَحَ. الرَّجُلُ: چراغ جلانا۔ روشن کرنا۔

الصُّبْح: دن کا ابتدائی حصہ۔ ج أَصْبَاح.

الصُّبْحَة: مص۔ ناشتہ۔ سیاہ رنگ۔ مائل بسرخی (...... والصَّبْحَةُ): صبح کی نیند۔

الصَّبَاح والصَّبِیحَة الأُصْبُوحَة: دن کا ابتدائی حصہ اور وہ شام کی ضد ہے۔ تم کہتے ہو "آتِیهِ صَبَاحَ مَسَاءَ" دونوں جزء کو مبنی کر کے اور "أَتَیْتُهُ ذَا صَبَاحٍ" یعنی صبح کے وقت اور "عِمْ صَبَاحًا" یعنی تمہاری زندگی صبح کے وقت اچھی ہو۔ "یَوْمُ الصَّبَاحِ" لوٹ کا دن۔

الصُّبَاح: قندیل کا شعلہ۔ غُلاَمٌ صُبَاحٌ: خوبصورت لڑکا۔ مؤنث صُبَاحَةٌ ج صِبَاح.

الصُّبَاحِیَّة: چوڑا نیزہ۔

الصُّبَاحِیُّ: بہت سرخ خون۔

الأَصْبَح: شیر۔ بال جس میں خلقتاً سفیدی سرخی مائل ہو۔ سفیدی سرخی مائل بال والا۔ مؤنث صَبْحَاءُ. ج صُبْح.

الصَّبُوح: جو چیز صبح کے وقت کھائی یا پی جائے۔ دودھ جو صبح کو دوہا جائے۔ کہا جاتا ہے "أَتَیْتُهُ ذَا صَبُوحٍ" یعنی صبح کے وقت میں اس کے پاس آیا۔

الصَّابِحَة: بچوں کو سال کے آخر میں جو دیا جائے یا رخصتی والی رات دلہن کو جو دیا جائے۔

الصَّبِیح: خوبصورت۔ ج صِبَاح: مؤنث صَبِیحَة: ۔ ج صِبَاح.

الصَّبْحَان: خوبصورت۔ مؤنث صَبْحَی ۔ ج صَبَاحَی: وہ شخص جو صبح کی شراب پئے۔

رَجُلٌ صَبْحَانٌ: جلدی صبح کی شراب پینے والا۔

الصَّبَاحِیَّة: خوبصورتی۔

المُصْبَح: صبح کرنا۔ صبح کرنے کا وقت۔ صبح کرنے کا مقام۔

المِصْبَح: بڑا پیالہ۔ چراغ۔

المِصْبَاح: چراغ۔ چوڑا نیزہ۔ بڑا پیالہ۔ جس میں صبح کی شراب پی جائے۔ ج مَصَابِیح.

صَبَرَ: (ض) صَبْرٌ. عَلَی الأَمْرِ: دلیری کرنا۔ بہادری کرنا۔ صفت صَابِرٌ صَبِیرٌ صَبُورٌ ...... عَنِ الشَّیْءِ: رک جانا ...... الدَّابَّةَ: جانور کو بغیر چارہ کے باندھ رکھنا ...... ہ: مجبور کرنا اور لازم کر دینا ...... ہ عَنِ الأَمْرِ: روک دینا۔ بند کر دینا۔ (کام سے) اسی سے ہے۔ صَبَرْتُ نَفْسِی عَنْ کَذَا: یعنی میں نے اپنے نفس کو فلاں چیز سے روک دیا۔ وَصَبَرْتُ عَلَی مَا أَکْرَهُ وَصَبَرْتُ عَمَّا أُحِبُّ: جس چیز کو میں مکروہ سمجھتا ہوں اس سے اپنے آپ کو روک دیا اور جس چیز کو محبوب سمجھتا ہوں اس سے صبر کیا۔ کہا جاتا ہے "قُتِلَ صَبْرًا" وہ قتل کے لئے بند کیا گیا۔ وحُلِفَ صَبْرًا: قسم کھانے کے لئے بند کیا گیا۔

صَبَرَ: (ن) صَبْرًا وصَبَارَةً بِهِ: ضامن ہونا۔ ...... ہ: ضامن دینا۔ کہا جاتا ہے أَصْبِرْنِی: یعنی مجھ کو ضامن دو۔

صَبَّرَهُ: صبر دلانا۔ صبر کرنے کو کہنا ...... المَیِّتَ: مردہ کے پیٹ میں ایلوا ڈالنا تا کہ بدبودار نہ ہو۔ صَبَّرَ الکَأْسَ: پیالہ کو لبالب بھرنا۔

أَصْبَرَ. اللَّبَنُ: کھٹے پن کا تلخی تک پہنچ جانا۔ ایلوے کی مانند کڑوا ہونا۔ صبر دلانا ...... الرَّجُلَ: ام صبور: یعنی مصیبت میں پڑنا۔ شیشی کو کاگ لگانا ...... القَاضِی فُلاَنًا: قاضی کا خصم سے بدلہ دلانا۔

صَابَرَهُ صِبَارًا و مُصَابَرَةً :صبر کرنے میں غالب رہنا۔
تَصَبَّرَ :تکلف سے صبر ظاہر کرنا.....عَلَيْهِ: صبر کرنا۔
اِصْطَبَرَ واصَّبَرَ. عَلَيْهِ :صبر کرنا.....مِنْهُ: بدلہ لینا۔
اِصْبَارًا اِصْبِرَارًا. عَلَيْهِ :صبر کرنا۔
اِسْتَصْبَرَ. الشَّيُّ :موٹا ہونا۔سخت ہونا۔تہ بتہ ہونا۔
الصَّبْرُ :بہادری۔مصیبت کی شکایت نہ کرنا۔شَهْرُ الصَّبْرِ :رمضان کا مہینہ۔يَمِينُ الصَّبْرِ :وہ قسم جس کو کھانے کے لئے قید کردیا جائے۔
الصِّبْرُ والصُّبْرُ :کنارہ۔سفید بال۔ج اَصْبَار کہاجاتا ہے "اَخَذَ الشَّيَّ بِاَصْبَارِهِ" یعنی پورا لے لیا۔و "مَلأَ الْكَاسَ اِلَى اَصْبَارِهَا" پیالے کو کنارے تک بھردیا۔
الصُّبْرُ والصَّبْرُ :کنکر یلی زمین جو سخت نہ ہو۔
الصَّبْرُ :برف۔ج اَصْبَار۔
الصَّبْرُ :ایلوا۔ج صُبُوْرٌ واحد صَبِرَةٌ:اس لفظ میں ب کو بہت کم ساکن کیا جاتا ہے۔
الصُّبْرَةُ :غلہ کا ڈھیر۔سخت پتھروں کا ڈھیر۔جمع صِبَار کہا جاتا ہے "اَخَذَهُ صُبْرَةً" یعنی بغیر وزن اور پیمانے کے کل لے لیا۔
الصَّابِرُ :فا۔اَبُوْصَابِرٍ :نمک۔
الصَّابُوْرَةُ :بوجھ جو سواری یا کشتی جہاز وغیرہ میں رکھا جائے تاکہ اِدھر اُدھر نہ جھکنے پائے۔
الصَّبَرَةُ والصَّبَارَةُ :سخت سردی۔صَبَرَةُ الشِّتَاءِ: سردی کا درمیانی زمانہ۔
الصُّبَارُ :کاگ۔ایک کھٹے درخت کا پھل۔
الصَّبَارَةُ :ضمانت۔سردی کی شدت۔
(..... والصُّبَارَةُ) :چکنے پتھر۔
الصُّبَّارُ والصَّبَّارُ :املی۔ناگ پھنی۔واحد صُبَّارَةٌ. صَبَّارَةٌ.
الصَّبَارَةُ :بنجر سخت زمین۔
الصَّبُوْرُ :ج صُبُرٌ :بردبار۔یہ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنٰی میں سے ہے (..... والصَّبَّارُ) :بہت زیادہ صبر کرنے والا۔
الصَّبُوْرَةُ. مِنَ الرِّجَالِ :قتل کے لئے قید کیا ہوا۔
الصَّبِيْرُ :صبر کرنے والا۔ضامن۔قوم کا چودھری۔ج صُبَرَاءُ۔
الصَّبِيْرُ و الصَّبِيْرَةُ :چوڑی روٹی۔
اُمُّ صَبَّارٍ واُمُّ صَبُوْرَةٍ :مصیبت۔
الْمَصْبُوْرُ :قتل کے لئے قید کیا ہوا۔ڈھیر۔مؤنث مَصْبُوْرَةٌ۔
صَبْصَبَ :متفرق کرنا۔
تَصَبْصَبَ :متفرق ہونا۔تَصَبْصَبَ اللَّيْلُ :رات کا اکثر حصہ گزر جانا.....الْحَرُّ :گرمی زیادہ ہونا.....عَلَيْنَا فُلَانٌ :بہت جرأت کرنا۔
الصَّبْصَابُ والصَّبْصَبُ والصُّبَاصِبُ :سخت مضبوط۔
صَبَعَ :(ف) صَبْعًا. بِهِ وعَلَيْهِ :انگلی سے اشارہ کرنا.....فُلَانًا عَلَيْهِ :اشارہ سے رہنمائی کرنا۔
صَبَعَهُ :(ف) صَبْعًا ومَصْبَعَةً :متکبر بنانا۔اسی سے ہے "مَنْ وَلَّاهُ السُّلْطَانُ صَبَعَهُ الشَّيْطَانُ" جس کو سلطان والی بنادیتا ہے۔شیطان اس کو متکبر بنادیتا ہے۔انگلی پر مارنا۔
صَبَعَ الشَّيَّ :کسی چیز میں انگلی داخل کرنا.....بَيْنَ الْقَوْمِ :کسی دوسرے کو قوم کا پتہ بتادینا۔فِي الطَّعَامِ :کھانے میں انگلی ڈالنا۔
الاَصْبَعُ الاِصْبَعُ الاُصْبَعُ الاَصْبُعُ الاِصْبُعُ الاُصْبُعُ الاِصْبِعُ الاَصْبِعُ الاُصْبُوْعُ :انگلی۔مؤنث۔سماعی ہے کبھی مذکر بھی آتا ہے۔ج اَصَابِعُ اَصَابِيْعُ۔اَصَابِعُ الْفَتَيَاتِ :ایک پھول کی قسم۔فرنجمشک اَصَابِعُ الْعَذَارَىٰ او اَصَابِعُ الْعَرُوْسِ :انگور کی ایک قسم جو لمبی ہوتی ہے۔
الْمَصْبَعَةُ :غرور۔تکبر۔گھمنڈ۔
اَصَابِعُ الْيَدِ :ہاتھ کی انگلیاں:۔خِنْصَرٌ :(چھنگلیا)۔بِنْصَرٌ :(چھنگلیا کے ساتھ والی)۔وُسْطٰى :(درمیان والی) مُسَبِّحَةٌ :(انگشت شہادت) الاِبْهَامُ :(انگوٹھا)۔
الْمَصْبُوْعُ :گھمنڈی۔متکبر۔
الْمَصْبَغُ :گوشت بھونے کا بچہ۔
صَبَغَ :(ن ض ف) صَبْغًا وصِبْغًا. الثَّوْبَ :کپڑے کو رنگنا.....يَدَهُ فِي الْمَاءِ :پانی میں ہاتھ ڈبونا.....يَدَهُ بِالْعَمَلِ :کام میں مشغول ہونا۔فُلَانًا بِالنِّعَمِ :نعمتوں سے چھپادینا۔صَبَغَهُ بِالْمَاءِ فَاصْطَبَغَ :پانی سے بھگو دینا۔کہا جاتا ہے "صَبَغُوْنِي فِي عَيْنِكَ" یعنی انہوں نے میری برائی تمہارے سامنے بیان کرکے میری کیفیت بدل دی۔
صَبَغَ :(ن) صُبُوْغًا. ضَرْعُ النَّاقَةِ :اونٹنی کے تھن کا بھر جانا اور خوش رنگ ہونا۔
صَبَّغَ :گہرا رنگنا (..... واَصْبَغَ) :کھجور کا پکنے لگنا۔اَصْبَغَ عَلَيْهِ النِّعْمَةَ :کامل کرنا۔
تَصَبَّغَ. فِي دِيْنِهِ :دین میں کامل و پختہ ہو جانا۔
اِصْطَبَغَ :سالن لگانا۔کہا جاتا ہے "اِصْطَبَغَ بِالْخَلِّ اَوْ فِي الْخَلِّ" اس نے سرکہ کو سالن بنایا۔بِكَذَا :رنگین ہونا۔
الصِّبْغُ والصِّبَغُ ج اَصْبَاغٌ والصِّبَاغُ :ج اَصْبِغَةٌ والصِّبْغَةُ :رنگ۔
الصِّبْغُ :سالن۔
الصِّبْغَةُ :نوع۔ملت۔دین۔شریعت کا رنگ۔
الصِّبْغَةُ :ادھ کچری کھجور۔
الصِّبَاغَةُ :رنگریزی کا پیشہ۔
الصَّابِغُ :رنگنے والا۔لقب ہے یوحنا کا۔
الصَّبِيْغُ :رنگا ہوا۔کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ صَبِيْغٌ ثِيَابٌ صَبْغٌ"۔
الصَّبَّاغُ :رنگریز۔جھوٹا۔
الاَصْبَغُ :بڑا سیلاب.....مِنَ الطَّيْرِ والشَّاءِ :پرندہ یا بکری جس کی دم سفید ہو.....مِنَ الْخَيْلِ :گھوڑا جس کی پیشانی یا دم کے اطراف سفید ہوں۔مؤنث صَبْغَاءُ ج صُبْغٌ۔

المَصْبَغَة : رنگنے کی جگہ۔

صَبَنَ : (ض) صَبْنًا۔ الشَّيْءَ عَنْهُ : ہدیہ کو دوسری چیز کی طرف پھیر دینا ...... الْمُقَامِرُ الْكَعْبَيْنِ : جواری کا پانسہ کو پھینکنے کے لئے درست کرنا۔

اِنْصَبَنَ واِصْطَبَنَ عَنْهُ : رک جانا۔ پھر جانا۔

الصَّابُوْن : صابن۔ کلمہ فارسی الاصل ہے۔ عربی میں (غاسول) کہتے ہیں۔ ایک ٹکڑے کو (صابونہ) کہتے ہیں اور اس کے بیچنے والے اور بنانے والے کو صَبَّان و صَابُوْنِي کہتے ہیں۔

الصَّابُوْنِيَّة : ایک قسم کا پودہ جس سے دھویا جاتا ہے۔

المَصْبَنَة : صابون کا کارخانہ۔

صَبَا يَصْبُوْ صَبْوَةً وصُبُوَّةً وصُبُوًّا اِلَيْهِ وَلَهُ : مشتاق ہونا۔

صَبَا يَصْبُوْ صَبْوًا وصُبُوًّا وصِبَاءً وصَبَاءً : بچپنے کی طرف مائل ہونا۔ بچوں کی سی خصلت اختیار کرنا۔ صفت صَابٍ: مؤنث صَابِيَةٌ.

صَبَتْ صَبَاءً وصُبُوًّا۔ الرِّيْحُ : پُروائی ہوا کا چلنا۔

صُبِيَ و اَصْبَي۔ القَوْمُ : پُروائی ہوا کا لگنا۔

اَصْبَي۔ الرَّجُلُ : بچے والا ہونا۔ اَصْبَي الشَّيْءُ فُلَانًا : شوق میں ڈال دینا۔ کہا جاتا ہے اَصْبَتْهُ المَكَارِمُ : اس کو مکارم نے شوق میں ڈال دیا۔

صَبِيَ يَصْبَي صَبَاءً واِسْتَصْبَي : بچوں جیسا کام کرنا۔ صَبِيَ اِلَيْهِ : مشتاق ہونا۔

اِسْتَصْبَاهُ : کسی کے ساتھ ایسا معاملہ کرنا جیسا بچوں سے کیا جاتا ہے۔

صَابَي مُصَابَاةً : نیزہ مارنا۔ نیزے کو مارنے کے لئے جھکانا ...... السَّيْفَ : تلوار کو میان میں الٹی طرف سے کرنا ...... الكَلَامَ : بے قاعدہ بولنا ...... بَيْتَ الشِّعْرِ : اچھی طرح نہ پڑھنا۔

تَصَبَّي تَصَبِّيًا وتَصَابَي تَصَابِيًا : کھیل کود کی طرف مائل ہونا ...... المَرْأَةَ : عورت کو فریب دینا اور مفتون بنانا۔ تَصَبَّاهُ الشَّيْءُ : شوق میں ڈالنا۔

الصَّبَا : پُروائی ہوا (مؤنث ہے) اس کے مقابل کی ہوا کا نام دَبُوْر ہے۔ تثنیہ اس کا صَبَوَان اور صَبَيَان اور جمع صَبَوَات اور اَصْبَاء۔

الصِّبَا : شوق۔

الصِّبَاء والصَّبَاء : بچپنا۔ کہا جاتا ہے "رَأَيْتُهُ فِي صِبَاهُ او فِي صَبَائِهِ" یعنی اس کو بچپنے میں دیکھا تھا۔

الصَّبْوَة : بچپن۔ جوانی کی نادانی۔

الصَّبِيّ : بچہ جو جوان سے کم عمر ہو۔ آنکھ کی تپلی۔ ج صَبَيَان وصِبْيَان وصُبْوَان وصِبْوَان واَصْبِيَة وصِبْيَة وصَبِيَة وصُبْيَة وصِبْوَة واَصْبٍ مؤنث صَبِيَّة۔ ج صَبَايَا۔ الصَّبِيَّة : لڑکی۔ الصَّبِيّ : تلوار کی دھار۔ پاؤں کا پنجہ۔ کہا جاتا ہے "بِهِ وَجَعٌ فِي صَبِيِّ قَدَمِهِ" اس کے پنجے میں درد ہے۔

الصَّبِيَّان : ڈاڑھی کے کنارے جو ٹھوڑی کے قریب ہیں۔

الصُّبَيَّة الاُصَيْبِيَة۔ صَبِيّ : کی جمع صِبْيَة اور اَصْبِيَة : کی تصغیر ہے۔

الصَّابِيَة : پروائی اور شمالی ہوا کے درمیان کی ہوا۔ المُصَابِيَة : مصیبت۔

صَتَّهُ : (ن) صَتًّا : زور سے دھکا دینا۔ ہاتھ سے مارنا ...... بِكَلَامٍ اَوْ بِدَاهِيَةٍ : تہمت لگانا۔ مصیبت ڈالنا۔

صَاتَّهُ مُصَاتَّةً وصِتَاتًا : جھگڑا کرنا۔

تَصَاتَّ۔ القَوْمُ : آپس میں جھگڑا کرنا۔ آپس میں جنگ کرنا۔

الصَّتُّ والصِّتُّ والصُّتَّة : جماعت الصِّتُّ والصُّتَّة : ضد۔ ہٹ۔

الصَّتَت : درپے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ بِصَتَتِهِ" وہ اس کے درپے ہے۔

الصَّتِيْت : جماعت۔ آواز۔ شور۔

المُصْبِيَت : اپنے کاموں میں مستعد۔

صَتَعَهُ : (ف) صَتْعًا : پچھاڑ دینا ...... لَهُ : کسی کا قصد کرنا۔

تَصَتَّعَ : کسی کام میں تردد کرنا۔

الصَّتَع : مضبوط جوان۔ گورخر۔

صَتَمَ۔ الشَّيْءَ : مکمل کرنا۔

تَصَتَّمَ : تیز دوڑنا۔

الصَّتْم والصَّتَم : سخت مضبوط۔ کامل مضبوط

الصَّتْمَة والصَّيْتَمَة : سخت پتھر۔

المُصَتَّم : کلی یا وادی جو غیر نافذ ہو۔

صَحَّ : (ن) صَحًّا : لوہے پر لوہا مارنا جس سے آواز نکلے۔

الصَّحِيْح والصَّحْصَح : لوہے پر لوہا گرنے کی آواز۔ جھنکار۔

صَحَّ : (ض) صُحًّا وصِحَّةً وصَحَاحًا : تندرست ہونا۔ ہر عیب سے پاک صاف ہونا ...... الخَبَرُ : مطابق واقع ثابت ہونا۔ صفت صَحِيْحٌ وصِحَاح : کہا جاتا ہے "صَحَّ لِيْ عَلٰى فُلَانٍ كَذَا" یعنی میرے لئے فلاں پر اتنا ثابت ہوا۔

صَحَّحَ۔ المَرِيْضَ : تندرست کر دینا۔ چنگا کر دینا ...... الكِتَابَ : کتاب کی غلطی درست کر دینا۔

اَصَحَّهُ اِصْحَاحًا : تندرست کرنا یا تندرست پانا۔ مرض کا زائل کر دینا۔ اَصَحَّ الرَّجُلُ : آدمی کا تندرست بال بچے یا مویشی والا ہونا۔

تَصَحَّحَ۔ بِكَذَا : فلاں چیز سے علاج کرنا۔

اِسْتَصَحَّ۔ مِنْ مَرَضِهِ : مرض سے تندرست ہونا ...... الكَلَامَ : صحیح پانا۔

الصِّحَّة : مص۔ تندرستی۔

الصَّحَاح : مص۔ مِنَ الطَّرِيْقِ : راستہ کا دشوار حصہ۔

الصَّحِيْح : تندرست۔ عیب وغیرہ سے بری۔ بھروسہ کے قابل۔ ج اَصِحَّاء وصِحَاح واَصِحَّة صَحَائِح۔

المَصَحّ : صحت کی جگہ۔

المَصَحَّة والمَصِحَّةُ :صحت دینے والی۔ صحت محفوظ رکھنے والی۔ کہا جاتا ہے "الصَّوْم مَصَحَّةٌ" یعنی روزہ صحت دینے والا ہے یا صحت کا حافظ ہے و "اَرْضٌ مَصِحَّةٌ" ایسی زمین جو وبائی امراض سے پاک ہو یا جس میں بیماریاں وغیرہ زیادہ نہ ہوتی ہوں۔

صَحِبَ (س) صُحْبَةً وصَحَابَةً وصِحَابَةً وصَاحَبَهٗ مُصَاحَبَةً :ساتھی ہونا۔ دوستی کرنا۔ ایک ساتھ زندگی بسر کرنا۔

صَحَبَ (ف) صَحْبًا. المَذْبُوحَ :کھال اُتارنا۔

اَصْحَبَ. الرَّجُلُ :ساتھی والا ہونا۔ بیٹے کا بالغ ہو کر اپنے ہی مانند ہونا۔ دشواری کے بعد تابعدار ہونا...... المَاءُ :پانی کا کائی والا ہونا...... ہ فُلانًا :محفوظ رکھنا...... ہ عَنْ كَذَا :روک دینا...... ہ الشَّيْءَ :ساتھ کر دینا۔

تَصَحَّبَ. مِنْهُ :شرم کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ مَا يَتَصَحَّبُ مِنْ شَيْءٍ" یعنی فلاں نہ تو پرہیز کرتا ہے اور نہ شرم کرتا ہے۔

اِصْطَحَبَ. فُلانًا :حفاظت کرنا۔

اِصْطَحَبُوْا :ایک دوسرے کا ساتھی ہونا۔

اِسْتَصْحَبَه :ساتھی بنانا۔ ساتھی بننے کے لئے کہنا۔ ساتھی بنا۔ اِسْتَصْحَبَهُ الشَّيْءَ :کسی چیز کو ساتھ رکھنے کے لئے کہنا...... الشَّيْءَ :کسی چیز کو ساتھ کر دینا۔

الصَّاحِب :ساتھی۔ ایک ساتھ زندگی بسر کرنے والا۔ مالک۔ وزیر۔ گورنر۔ کہا جاتا ہے "صَاحِبُ حَمَاةٍ" یعنی حاکم حماۃ اور "یا صَاحِ" یا صاحب کی ترخیم ہے۔ ج صَحْب واَصْحَابٌ وصُحْبَةٌ وصِحَاب وصُحْبَان وصِحَابَة وصَحَابَة اور اَصْحَاب کی جمع اَصَاحِيْب۔

الصَّاحِبَة :صاحب کا مؤنث۔ بیوی۔ ج صَاحِبَات وصَوَاحِب۔

الصَّحَابَة :وہ حضرات (رضی اللہ عنہم) جو سرورِ کائنات ﷺ کے دیدار سے مشرف ہوئے ہوں اور ایمان لائے اور ایمان ہی پر انتقال ہوا ہو۔

الصَّحَابِيُّ :جو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی طرف منسوب ہوں۔ نیز صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے فردِ واحد (رضی اللہ عنہ)

المُصَاحِبُ :ساتھ رہنے والا۔ دشواری سے فرمانبردار ہونے والا۔

المُصْحَبُ :پاگل آدمی جو خود بخود باتیں کرے۔ عُوْدٌ مُصْحَبٌ :وہ لکڑی جس سے چھلکا علیحدہ نہ کیا گیا ہو۔ اَدِيْمٌ مُصْحَبٌ :وہ چمڑا جس سے بال دور نہ کئے گئے ہوں۔

المُصْحِب والمِصْحَاب :فرمانبردار۔ ذلیل۔ اَدِيْمٌ مُصْحِبٌ :جس چمڑے پر بال یا اون ہوں۔ عُوْدٌ مُصْحِبٌ :وہ لکڑی جو چھیلی نہ گئی ہو۔

المَصْحُوْب :مفع۔ ادیم مصحوب :وہ چمڑا جس پر سے بال نہ اتارے گئے ہوں۔ عُوْدٌ مَصْحُوْبٌ :وہ لکڑی جس پر سے چھال دور نہ کی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "اِذْهَبْ مَصْحُوْبًا مُصَاحَبًا" یعنی محفوظ خیریت و عافیت کے ساتھ جاؤ۔

صَحَرَ :(ف) صَحْرًا. اللَّبَنَ :دودھ کو ابالنا۔ صَحَرَتْهُ الشَّمْسُ :دھوپ کا دماغ کو تکلیف پہنچانا۔

صَحَرَ :(ف) صَحِيْرًا وصُحَارًا. الحِمَارُ :گدھے کا زور سے رینگنا۔

صَحِرَ :(س) صَحَرًا :سرخی مائل خیالا ہونا۔ صفت اَصْحَرُ مؤنث صَحْرَاءُ ج صُحْرٌ اور رنگ کا نام صُحْرَة۔

اَصْحَرَ :جنگل کی طرف جانا...... المَكَانُ :جنگل کی مانند وسیع ہونا...... الاَمْرَ وبالاَمْرِ :ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَا تُصْحِرْهُ اَمْرَكَ" یعنی اس کے سامنے اپنے امر کو ظاہر نہ کرو اور "اَصْحِرْ مَا فِيْ قَلْبِكَ" یعنی اپنے مافی الضمیر کو ظاہر کرو...... الرَّجُلُ :کانا ہونا۔

اِصْحَارَّ اِصْحِيْرَارًا :سرخی مائل خیالے رنگ والا ہونا۔

الصُّحْر :سرخ سفید رنگ۔

الصَّحْرَاء :بیابان جس میں نباتات نہ ہو۔ ج صَحَارَى صَحَارٍ وصَحَارِيُّ و صَحْرَاوَات۔

الصَّحِيْرَةُ :دودھ جو اُبالا جائے اور اس میں گھی اور آٹا ملا دیا جائے۔

المُصَاحِر :وہ شخص جو اپنے مقابل سے بیابان میں جنگ کرے اور فریب نہ دے۔

المُصْحِرُ :شیر۔

صَحْصَحَ. الاَمْرُ :روشن ہونا۔ ظاہر ہونا۔

الصَّحْصَح والصَّحْصَاح والصَّحْصَحَان :ہموار زمین جو نباتات وغیرہ سے خالی ہو۔ ج صَحَاصِح۔ التُّرَّهَاتُ الصَّحَاصِحُ وتُرَّهَاتُ الصَّحَاصِحِ :لغویات۔ خرافات۔ اضافت کے ساتھ بہتر ہے۔

الصُّحْصُح والصُّحْصُوح. مِنَ الرِّجَالِ :مرد باریک بیں۔

المُصَحْصِح :خالص محبت والا۔ باطل کوش۔

صَحَّفَ. الكَلِمَةَ :پڑھنے میں غلطی کرنا۔

اَصْحَفَ. الكِتَابَ :کتاب میں صحیفوں کو جمع کرنا۔

تَصَحَّفَ. القَارِئُ :پڑھنے میں غلطی کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَحَّفَتْ عَلَيْهِ الصَّحِيْفَةُ" یعنی صحیفہ میں کلمہ اس پر متغیر ہو گیا۔

الصَّحْفَة :بڑا چوڑا پیالہ جس سے پانچ آدمی آسودہ ہو جائیں۔ ج صِحَاف۔

الصِّحَاف :چھوٹے چھوٹے چشمے۔

الصِّحَافَة :ایڈیٹری۔ عَالَمُ الصِّحَافَةِ :محررین اخبار۔

الصَّحِيْفَةُ :لکھا ہوا کاغذ۔ ورق۔ صَحِيْفَةُ الوَجْهِ :چہرے کی کھال۔ کہا جاتا ہے صُنْ صَحِيْفَةَ وَجْهِكَ :اپنے چہرے کی کھال کو بچاؤ۔ ج صَحَائِف وصُحُف۔

الصُّحَيْفَة :چھوٹا پیالہ جس سے ایک آدمی آسودہ ہو۔

الصَّحِيْف :روئے زمین۔

الصَّحَّاف: پڑھنے میں غلطی کرنے والا۔ کتب فروش۔

الصَّحَفِيّ: بغیر استاد کے کتب بینی سے علم حاصل کرنے والا۔(...... والمُصَحِّف): پڑھنے میں غلطی کرنے والا۔

المُصْحَف والمِصْحَف والمُصْحَف: مجلد کتاب۔ مَصَاحِف: جمع۔

المُصَحَّف: تغیر کیا ہوا۔

صَحِلَ (س) صَحَلا صَوْتُه: پڑی ہوئی آواز والا اور بھاری آواز والا ہونا۔ صفت صَحِلٌ وأَصْحَل۔

اِصْطَخَمَ الرَّجُلُ: سیدھا کھڑا ہونا۔

اِصْحَامّ اِصْحِيمَامًا۔ النَّبَاتُ: پودہ کا بہت سرسبز ہونا۔ سبزی کا زردی سے ملنا۔ صفت أَصْحَم: مؤنث صَحْمَاء: رنگ۔

صَحْمَة...... الأَرْضُ: زمین کے نباتات کا متغیر ہونا...... الزَّرْعُ: سردی لگ جانا اور خشک ہونا شروع ہونا۔

صَحَنَه (ف) صَحْنًا: مارنا۔ کہا جاتا ہے "صَحَنَهُ عِشْرِينَ سَوْطًا" اس نے اس کو بیس کوڑے مارے۔ صَحَنَهُ بِرِجْلِه: پیر سے مارنا...... الرَّجُلَ: کسی کو پیالہ میں کچھ دینا۔ صَحَنَهُ دِينَارًا: دینار دینا...... بَيْنَهُمْ: اصلاح کرنا۔

الصَّحْن: چھوٹا پیالہ۔ بڑا پیالہ۔ گھر کا باطنی حصہ اور اسی سے ہے "فَرَسٌ وَاسِعُ" الصَّحْن "صَحْنُ الدَّار: انگنائی۔ الصَّحْن مِنَ الأَرْضِ: ہموار زمین۔ ج صُحُون۔

الصَّحْنَان: جھانجھ ایک قسم کا باجا۔

صَحْنَا الأُذُنَيْن: کان کے اندرونی حصے۔

فَرَسٌ صَحُونٌ: لات مارنے والا گھوڑا۔

الصَّحْنَى والصَّحْنَاة والصِّحْنَاء والصِّحْنَاءة: چھوٹی نمک ملی ہوئی مچھلی۔

المِصْحَنَة: برتن جو بڑے پیالے کی مانند ہو۔

صَحَا يَصْحُو صَحْوًا وصُحُوًّا وصَحِيَ يَصْحَى صَحًا وأَصْحَى إِصْحَاءً۔ اليَوْمُ: دن کا بغیر بادل کے صاف ہونا۔ صفت صَحْوٌ وصَاحٍ ومُصْحٍ...... السَّكْرَانُ: نشہ اتر جانا...... الرَّجُلُ: بچپنے کی جہالت کو چھوڑ دینا۔ افاقہ میں آنا۔ صفت صَاحٍ۔ ج صَاحُون صُحَاة: مؤنث صَاحِيَة ج صَاحِيَات وصَوَاحٍ۔ أَصْحَاه: ہوش میں لانا۔ أَصْحَى القَوْمُ: آسمان کا قوم پر بے ابر ہونا۔

الصَّحْو: کہا جاتا ہے "سَمَاءٌ صَحْوٌ ويَوْمٌ صَحْوٌ" یعنی آسمان اور دن بے ابر و باد ہیں اور یہ وصف بالمصدر ہے۔

المَصْحَاة: باعث افاقہ۔ کہا جاتا ہے "فِيهِ مَسْلَاةٌ مِنْ كَرْبِ الهَمِّ ومَصْحَاةٌ مِنْ سُكْرِ الهَمِّ" یعنی اس میں غم سے تسلی اور نشہ غم سے افاقہ ہے۔

المِصْحَاة: برتن۔ طشت۔ پیالہ۔

صَخَّ (ن) صَخًّا۔ الحَدِيدَ بِالحَدِيدِ: لوہے کو لوہے پر مارنا...... الصَّوْتُ الأُذُنَ: آواز کا کان کو بہرا کر دینا (...... صَخِيخًا) الحَدِيدُ: لوہے کا آواز کرنا...... لِحَدِيثِه: کان لگانا۔

الصَّخَّة: اسم مرۃ۔ باری (...... والصَّخ والصَّخِيخ): پتھر یا لوہے کی آواز۔

الصَّخِيخ: خوف زدہ کوے کی آواز۔

الصَّاخَّة: سخت آواز جو بہرا کر دے۔ مصیبت۔ قیامت۔

صَخِبَ (س) صَخَبًا: شور مچانا۔

صَاخَبَهُ مُصَاخَبَةً: ایک دوسرے کا شور مچانا۔

تَصَاخَبَ القَوْمُ: باہم شور مچانا اور پیٹ کرنا۔

اِصْطَخَبَتِ الطَّيْرُ أَوِ الضِّفْدَعُ: پرندیا مینڈک کی آواز کا مختلط ہونا۔

الصَّخَبُ: مص۔ شور۔

الصَّاخِب والصَّخِب والصَّخَّاب والصَّخُوب والصَّخْبَان: شور مچانے والا۔ مؤنث صَخِبَة وصَخْبَة وصَخَّابَة وصَخُوبٌ وصَخْبَى۔

صَخَدَ: (س) صَخَدًا وصَخَدَانًا...... اليَوْمُ: سخت گرم ہونا۔

صَخَدَتْه: (ف) صَخْدًا۔ الشَّمْسُ: جلانا۔ الصُّرَدُ: لٹورے کا آواز کرنا۔

صَخَدَ (ف) صُخُودًا۔ إِلَيْهِ: کان لگانا۔

أَصْخَدَ۔ الحَرُّ: گرمی تیز ہونا...... الرَّجُلُ: گرمی میں داخل ہونا...... الحِرْبَاءُ: گرگٹ کا دھوپ کھانا۔

الصَّاخِدَة: دوپہری۔

الصَّخْدَان والصَّخَدَان: سخت گرمی کا دن۔

صَيْخَدٌ۔ الشَّمْسُ: گرد آفتاب۔

هَاجِرَةٌ صَيْخُودٌ: سخت گرم دوپہری۔ ج صَيَاخِيد۔ صَيَاخِيدُ الحَرِّ: گرمی کی تیزی۔

المَصْخَدَة: دوپہر۔ ج مَصَاخِد۔

المُصْطَخِد: دھوپ میں کھڑا ہونے والا۔

صَخَرَهُ: فرمانبردار کرنا۔

أَصْخَرَ۔ المَكَانُ: پتھریلا ہونا۔ صفت مُصْخِر۔

الصَّخْرَة والصَّخَرَة: ٹھوس بڑا پتھر۔ چٹان۔ ج صَخْرٌ وصَخَرٌ وصُخُورٌ وصُخُورَةٌ وصَخَرَات کہا جاتا ہے "فُلَانٌ صَخْرَةُ الوَادِي" فلاں بہت مستقل ہے۔

الصَّخِر۔ مِنَ الأَمْكِنَة: پتھریلی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صَخِرُ الوَجْهِ أَوْ أَصْخَرُ الوَجْهِ" یعنی وہ بے حیاء ہے۔

الصَّخْرَاوِيَّة: انتہائی خوشبو والا درخت۔ جس کے پھولوں کی خوشبو دور تک پھیل جاتی ہے۔

الصَّاخِر: لوہے پر لوہے کی جھنکار۔

الصَّاخِرَة: پینے کے لئے مٹی کا پیالہ۔

صَخَفَ (ف) صَخْفًا۔ الأَرْضَ: زمین کھودنا۔

المِصْخَفَة: زمین کھودنے کا آلہ۔ کدال۔ پھاوڑا۔

صَخَمَتْهُ: (ن) صَخْمًا۔ الشَّمْسُ:

آفتاب کا جھلس دینا۔
اِصْطَخَمَ. الرَّجُلُ: سیدھا کھڑا ہونا۔
صَخِيَ يَصْخَى صَخًا. الثَّوْبُ: کپڑے کا میلا ہونا۔ صفت صَخٍ.
الصَّخاة: میل کچیل۔ ایک قسم کی سبزی۔
صَدَّهُ: (ن) صَدًّا. عَنْ كَذَا: روک دینا۔ منع کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَدَّ السَّبِيلُ" یعنی راستہ کے درے گھاٹی وغیرہ کی روک واقع ہوگئی۔
صَدَّ (ن ض) صَدًّا وصُدُودًا. عَنْهُ: اعراض کرنا۔ صفت صَادٌّ: جمع صُدَّاد: مؤنث صَادَّةٌ: جمع صَوَادُّ وصُدَّاد.
صَدَّ: (ن ض) صَدِيدًا. مِنَ الشَّيْءِ: چیخ پڑنا۔ چلانا۔
صَادَّهُ: مدافعت کرنا۔ کہا جاتا ہے "أَخَذَ يُصَادُّهُ ويُضَادُّهُ" یعنی وہ مدافعت کرنے لگا۔
صَدَّدَ: تالی بجانا..... الجُرْحُ: پیپ دینا۔
أَصَدَّهُ. عَنْ كَذَا: منع کرنا۔ باز رکھنا۔ الجُرْحُ: پیپ دینا یا بہہ پڑنا۔
تَصَدَّدَ لَهُ: درپے ہونا۔
اُصْطُدَّتْ. المَرْأَةُ: عورت کا پردہ کرنا۔
الصَّدُّ: مص..... الصُّدُّ: بلند بادل۔ وادی کا کنارہ۔ أَصْدَاد و صُدُود.
الصَّدَد: درپے۔ قصد۔ میلان۔ کنارہ۔
الصِّدَاد: پردہ۔ ج أَصِدَّة
الصَّدُود: روکنے والا (مفعول بمعنی فاعل) چھوٹی کرتی۔
الصَّدِيد: مص۔ پیپ خون سے ملی ہوئی۔
صَدِيدُ الفِضَّةِ: پگھلی ہوئی چاندی۔
الصُّدَّاد: سانپ چھپکلی۔ پانی پر جانے کا راستہ۔ ج صَدَادِيد.
صَدِئَ: (س) صَدَأً وصُدُوءً (ک) صَدَاءَةً. الحَدِيدُ: زنگ لگ جانا۔ صفت صَدِئٌ: مؤنث صَدِئَةٌ..... الشَّيْءُ: زنگ کے رنگ کے مشابہ ہونا۔ صفت أَصْدَأُ: مؤنث صَدْآء..... الرَّجُلُ: سیدھا کھڑا ہونا اور دیکھنا۔
صَدَأَ: (ف) صَدْأً وصَدَأً تَصْدِئَةً. الشَّيْءَ: زنگ دور کرنا..... المِرْآةَ: آئینہ کو صاف کرنا۔
أَصْدَأَهُ: مورچہ والا جیسا بنانا۔
تَصَدَّأَ. لَهُ: درپے ہونا۔
الصَّدَأُ: زنگ۔ مورچہ۔ رَجُلٌ صَدَأٌ: نازک بدن مرد۔
الصَّدِئُ: جس پر مورچہ لگ گیا ہو۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ فُلَانٌ صَاغِرًا صَدِئًا" فلاں شخص لوٹا اس حال میں کہ اس پر ذلت کا دھبہ لگ چکا تھا۔
الصُّدَاة: مورچہ کا رنگ۔
صَدَحَ: (ف) صَدْحًا وصُدَاحًا. الرَّجُلُ او الطَّائِرُ: سریلی آواز بلند کرنا۔ صفت (صَادِحٌ وصَدَّاحٌ وصَيْدَحٌ وصَيْدَاح وصَدُوحٌ وصَيْدَحِيٌّ ومِصْدَح ومِصْدَاح.
الصَّدَحُ: علم۔ خالی مکان۔ چھوٹا پتھر ریلا نیلا۔ شَيْءٌ صَدَحٌ: سیاہ چیز۔ ج صِدْحَان.
الصَّدْحَة والصُّدْحَة والصَّدَحَة: مہرہ جس کو بطور تعویذ استعمال کیا جاتا ہے۔
صَدَرَ: (ن ض) صَدْرًا ومَصْدَرًا. عَنِ المَكَانِ وعَنِ المَاءِ: واپس ہونا..... إِلَى المَكَانِ: متوجہ ہونا..... الرَّجُلَ عَنْ كَذَا: واپس کر دینا (..... صُدُورًا) الأَمْرُ: پیدا ہونا۔ حاصل ہونا۔ واقع ہونا..... مِنْهُ: ظاہر ہونا..... عَنْهُ: پیدا ہونا۔ نتیجہ نکلنا۔
صَدَرَهُ صَدْرًا: سینہ پر مارنا۔
صُدِرَ: سینہ میں درد ہونا۔ صفت مَصْدُورٌ.
صَدَّرَهُ: واپس کرنا۔ آگے بڑھانا۔ صدر مجلس میں بٹھانا۔ صَدَّرَ الكِتَابَ بِكَذَا: کتاب پر کسی چیز سے شروع کرنا..... الفَرَسُ: گھوڑے کا آگے بڑھنا۔
أَصْدَرَهُ. عَنْ كَذَا: واپس کرنا۔ أَصْدَرَ الأَمْرَ: ظاہر کرنا..... الرَّجُلَ: لے جانا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يُورِدُ ولَا يُصْدِرُ" یعنی فلاں کام کو شروع کرتا ہے اور ختم نہیں کرتا۔
صَادَرَهُ. عَلَى الشَّيْءِ وبِهِ: اصرار کے ساتھ مطالبہ کرنا۔
تَصَدَّرَ: صدر مجلس میں بیٹھنا کہا جاتا ہے "تَصَدَّرَ المَجْلِسَ" مجلس میں سینہ نکال کر بیٹھنا۔
..... الفَرَسُ: گھوڑے کے آگے کو سینہ نکالنا۔
تَصَادَرُوا. عَلَى مَا شَاءُوا. صَدَرُوا.
الصَّدْرُ: ہر چیز کا سامنے سے اوپر کا حصہ۔ سینہ۔ ہر چیز کا ابتدائی حصہ۔ ہر چیز کا ایک ٹکڑا۔ تم کہتے ہو "أَخَذْتُ صَدْرًا مِنْهُ" میں نے اس میں سے ایک حصہ لے لیا۔ صَدْرُ القَوْمِ: رئیس۔
الصَّدْرُ الأَعْظَمُ: وزیر اعظم۔ ج صُدُور.
بَنَاتُ الصَّدْرِ: افکار۔
ذَاتُ الصَّدْرِ: سینہ کی ایک بیماری کا نام۔
صُدُورُ الوَادِي: وادی کا اگلا اور اعلیٰ حصہ۔ کہا جاتا ہے "أَخَذَ الشَّيْءَ بِصَدْرِهِ" یعنی اول حصہ کو لے لیا۔ فُلَانٌ بَعِيدُ الصَّدْرِ یعنی غیر مہربان۔
الصَّدَرُ: پانی پر سے واپسی۔ سفر سے واپسی۔ صَادِر کا اسم جمع۔
الصَّادِر: ق۔ لوٹنے والا۔ پانی پر سے لوٹنے والے پر عموماً بولا جاتا ہے اور اس کا مقابل وارد ہے۔ یعنی پانی پر آنے والا اور اسی سے ہے "مَا لَهُ صَادِرٌ ولَا وَارِدٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔ طَرِيقٌ صَادِرٌ: پانی پر لے جانے والا راستہ۔ طَرِيقٌ وَارِدٌ صَادِرٌ: ایسا راستہ جس سے پانی پر لوگ آئیں جائیں۔
الصُّدْرَة. مِنَ الإِنْسَانِ: سینہ یا سینے کا اوپر کا حصہ۔ صدری۔ واسکٹ۔
التَّصْدِير: تنگ اونٹ کے سینے کا۔
الصِّدَار: صدری۔ اونٹ کے سینے پر نشان۔
الصَّدَارَة: تقدم۔ وزارت عظمیٰ کا عہدہ (والصَّيْدَرَة): سینے کا اوپر کا حصہ ج

صَدِغُو.

الاَصْدَر :مضبوط بڑے سینے والا۔

الاَصْدَرَان: کنپٹی کے نیچے کی رگیں۔

المَصْدَر :جائے صدور۔ج مَصَادِر اور اسی سے مصادر افعال ہیں اس لئے کہ مصادر مشتقات کے لئے اصل وجڑ ہیں۔

المُصْدِر :فَارَجُلٌ مُصْدِرٌ: کاموں کو پورا کرنے والا۔

المُصَدَّر :قوی اور بڑے سینے والا۔آگے بڑھنے والا گھوڑا۔شیر۔بھیڑیا۔

صَدَعَ :(ف) صُدُوْعًا. اِلٰی کَذَا :مائل ہونا۔

صَدَعَ :(ف) صَدْعًا. الشَّیْءَ :اس طرح پھاڑنا کہ جدا نہ ہو......القَوْمَ :متفرق کردینا......الاَمْرَ :ظاہر کرنا......بِالحَقِّ :حق بات کو کھلم کھلا بیان کرنا......فِی الاَمْرِ :کرگزرنا......الاَمْرَ بِالحَقِّ: حق کا فیصلہ کرنا......فُلَانًا: قصد کرنا۔صَدَعَهٗ عَنْ کَذَا :روک دینا......النَّهْرَ :کاٹ دینا......فِی المَکَانِ :گزرنا۔عبور کرنا۔کہا جاتا ہے "هٰذَا الطَّرِیْقُ یَصْدَعُ فِی اَرْضِ کَذَا" یہ راستہ فلاں زمین میں گزرتا ہے......اللَّیْلَ :رات میں چلنا۔

صُدِعَ وصُدِّعَ :دردِ سر میں مبتلا ہونا۔صفت مَصْدُوْع.

صَدَّعَ. الشَّیْءَ :پھاڑنا......الفَلَاةَ او النَّهْرَ :بیابان یا نہر کو طے کرنا۔

تَصَدَّعَ. القَوْمُ :متفرق ہونا۔تَصَدَّعَتِ الاَرْضُ بِهٖ :وہ زمین میں بھاگ کر غائب ہو گیا۔

تَصَدَّعَ وانْصَدَعَ. الشَّیْءُ :پھٹنا۔کہا جاتا ہے "تَصَدَّعَتْ وانْصَدَعَتِ الاَرْضُ بِالنَّبَاتِ" یعنی زمین میں روئیدگی ظاہر ہوئی۔

اِنْصَدَعَ الصُّبْحُ :صبح کی روشنی پھیلنا۔

الصَّادِعُ :قاضی۔جَبَلٌ صَادِعٌ :دور تک پھیلا ہوا پہاڑ۔وَادٍ صَادِعٌ :دور تک پھیلی ہوئی وادی۔سَبِیْلٌ صَادِعٌ :دور تک پھیلا ہوا راستہ۔صُبْحٌ صَادِعٌ :روشن صبح۔

الصِّدْعُ :شگاف۔ج صُدُوْع.

الصَّدْعُ والصَّدَعُ :ہلکا پھلکا مرد۔قوی جوان۔صَدْعُ الحَدِیْدِ :لوہے کا [illegible] زنگ۔کہا جاتا ہے "النَّاسُ عَلَیْهِم صَدْعٌ وَاحِدٌ" لوگ ان کے اوپر عداوت میں متفق ہیں۔

الصِّدْعُ :آدمیوں کی جماعت۔دو برابر میں پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصہ۔

الصَّدْعَةُ :اسم مرۃ۔پھٹن۔پراگندگی۔تفرق۔ج صَدَعَات۔کہا جاتا ہے "رَأَیْتُ بَیْنَهُمْ صَدَعَاتٍ" یعنی رائے اور خواہشات میں اختلافات و"اَصْلِحُوْا مَا فِیْکُمْ مِنَ الصَّدَعَاتِ" یعنی جمع ہو جاؤ اور متفرق مت ہو۔

الصِّدْعَةُ ج صِدَع والصَّدِیْعُ ج صُدُع: بکریوں کا ریوڑ۔اونٹوں کا گلہ۔دو برابر میں پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصہ۔صَدِیْعٌ بمعنی مصدوع :صبح۔پھٹا ہوا کپڑا۔وہ کپڑا جو زرہ کے نیچے پہنا جائے۔

الصُّدَاعُ :دردِ سر۔

التَّصْدَاعُ :تفریق۔

المَصْدَعُ :سخت زمین میں نرم راستہ۔ج مَصَادِع.

المِصْدَعُ :نیزہ۔تیر۔چھری کا چوڑا پھل۔

خَطِیْبٌ مِصْقَعٌ مِصْدَعٌ: بلیغ خطیب۔

صَدَغَهٗ (ف) صَدْغًا. عَنِ الاَمْرِ :باز رکھنا۔روکنا۔سیدھا کرنا......النَّمْلَةَ: چیونٹی کو مارنا۔

صَدَغَهٗ :(ف) صَدْغًا: موڑھے سے موڑھا ملا کر چلنا۔

صَدَغَ :(ن) صَدْغًا وصُدُوْغًا. اِلَی الشَّیْءِ :مائل ہونا۔

صَدُغَ :(ک) صَدَاغَةً: کمزور وناتواں ہونا۔

صُدِغَ :کنپٹی کے درد میں مبتلا ہونا۔

صَادَغَهٗ :موڑھے سے موڑھا ملا کر چلنے میں مقابلہ کرنا۔

الصُّدْغُ :کنپٹی۔کنپٹی کے بال۔ج اَصْدَاغ.

الصَّدَغُ :کجی۔ٹیڑھا پن۔

الصَّدَاغُ :کنپٹی پر نشان۔

الصَّدِیْغُ :کمزور۔تین دن کا بچہ۔

الاَصْدَغَان :دونوں کنپٹی کے نیچے کی رگیں۔

المِصْدَغَةُ :تکیہ۔

بَعِیْرٌ مُصْدَغٌ ومَصْدُوْغٌ :کنپٹی پر نشان والا اونٹ۔

صَدَفَ :(ن ض) صَدْفًا وصُدُوْفًا :پھر جانا۔

صَدَفَ :(ض) صَدْفًا. عَنْهُ :اعراض کرنا......فُلَانًا: پھیر دینا۔ہٹانا۔

صَدِفَ :(س) صَدَفًا: گھوڑے کی رانوں کا قریب اور کھروں کا دور ہونا۔

اَصْدَفَهٗ. عَنْهُ: پھیر دینا۔ہٹا دینا۔

صَادَفَهٗ :پانا۔

تَصَادَفَ :ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔

الصَّدَفُ :سیپی۔

الصَّدَفَةُ :ایک سیپی۔ج اَصْدَاف. صَدَفَةُ الاُذُنِ: کان کا اندرونی حصہ۔

الصَّدَفُ. فِی الخَیْلِ :رانوں کی نزدیکی اور کھروں کی دوری۔الصَّدَفُ الصَّدَفَةُ: جانب۔کنارہ۔

الصَّدَفُ والصُّدُفُ والصُّدَفُ والصَّدُفُ :پہاڑ کا کنارہ۔الصَّدَفُ: زبان اور جبڑے کا درمیانی حصہ۔

فَرَسٌ اَصْدَفُ :وہ گھوڑا جس کی رانیں قریب قریب اور کھر دور ہوں۔

الاَصْدَافُ :سمندر کی موجیں۔

الصِّدْفَةُ: ملاقات۔

اَلصَّدَفِیَّاتُ :نرم مزاج جانور جو کہ پانی میں زندگی بسر کرتا ہے اس میں ہڈی نہیں ہوتی اور جلد مچھلی کی طرح ہوتی ہے۔

الصَّدُوْفُ :گندہ ذہن۔بہت اعراض کرنے والا۔

المَصْدُوْف :مفع۔چھپا ہوا۔

صَدَق :(ن) صَدقًا وصِدقًا ومَصدُوقَةً تَصداقًا : سچ بولنا.....فِی وَعدِہٖ ووَعِیدِہٖ : پورا کرنا.....فِی الجملۃ : بہادری ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَدَق القِتَالَ وصَدَق فُلانًا القِتَالَ" سخت جنگ کی.....ہ النَصِیحَۃ او المَحَبَّۃَ : خالص نصیحت یا محبت کرنا.....ہ الحَدِیث : سچی بات بیان کرنا۔ سچی خبر دینا۔
صَدَّقَہٗ : سچا جاننا۔ سچا سمجھنا۔
صَادَقَہٗ صِداقًا ومُصَادَقَۃً : دوست بننا۔
صَادَقَہ المَودَّۃَ: خالص دوستی کرنا۔
اَصدَق۔ الاِبنَۃَ : بیٹی کا مہر مقرر کرنا۔
تَصَدَّق : صدقہ دینا.....عَلَی الفَقِیرِ بِکَذَا : فقیر کو کوئی چیز صدقہ میں دینا۔
تَصَادَقَا : محبت کرنا۔ دوستی کرنا۔ تَصَادَقَا الحَدِیثَ او المَوَدَّۃَ اوفِیھِمَا : ایک دوسرے سے سچی بات کہنا یا خالص دوستی کرنا۔
الصَّدق : مص۔ سیدھا ٹھوس نیزہ ہویا (کوئی اور چیز) کہا جاتا ہے "رُمحٌ صَدقٌ وقَنَاۃٌ صَدقَۃٌ" سیدھا ٹھوس نیزہ۔ کامل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ صَدقُ اللِّقَاءِ والنَّظَرِ" ملاقات اور شفقت میں کامل شخص۔ ج صُدُق وصُدق وصَدقُون : مؤنث صَدقَۃٌ ج صَدقَات۔
الصِّدق : سچ۔ فضیلت۔ صلاح۔ سختی۔ مضبوطی۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ رَجُلُ صِدقٍ وصَدِیقُ صِدقٍ" مردانگی اور دوستی میں سچا ہے۔ یعنی کامل ہے۔
الصَّدَقَۃ: خیرات۔ ج صَدَقَات۔
الصَّدُقَۃ والصُّدقَۃ والصَّدقَۃ والصُّدُقَۃ : مہر۔
الصَّدَاق والصِّدَاق : مہر۔ ج اَصدِقَۃ وصُدُق۔
الصَّداقَۃ : سچی دوستی۔
الصَّادِق : سچا۔ تَمرٌ صَادِقُ الحَلاوَۃِ : بہت میٹھی کھجور۔ نِیَّۃٌ صَادِقَۃٌ : خالص نیت۔ حَملَۃٌ صَادِقَۃٌ : شدید حملہ۔

الصَّدُوق : ہمیشہ سچ بولنے والا۔ ج صُدُق وصُدُق۔
الصَّدِیق : پیارا دوست۔ ج اَصدِقَاء وصُدَقَاء وصُدقَان۔ جج اَصَادِق مؤنث صَدِیقَۃ۔
الصِّدِّیق : بہت سچا۔ سچائی میں کامل۔ عمل سے اپنی بات کو سچ کر دکھانے والا۔ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کا لقب۔
المِصدَاق : کسی کی سچائی کا گواہ۔ کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ ذُو مَصدَقٍ او ذُومِصدَقٍ" یعنی بہادر ہے جنگجو ہے یا تیز دوڑنے والا ہے۔
المَصدُوقَۃ : سچائی۔
التَّصدِیق: علم منطق میں وہ شے جس کے وجود کے علاوہ اس پر حکم بھی لگا دیا جائے وہ تصدیق ہے اگر وجود مانا جائے اور حکم نہ لگایا جائے تو وہ تصور ہے۔
اس کی مثال: کسی حیوان کو دیکھ کر اس پر ناطق یا غیر ناطق نہ لگانا تصور ہے۔
صَدَمَہٗ : (ض) صَدمًا : دفع کرنا۔ ہٹانا۔ آپڑنا۔ کہا جاتا ہے "صَدَمَہٗ اَمرٌ شَدِیدٌ" اس کے اوپر مصیبت آپڑی۔ "صَدَمَتہٗ حُمَیَّا الکَاسِ" یعنی اس کے اوپر شراب کے پیالہ کی تیزی کا اثر ہوا۔
صَادَمَہٗ مُصَادَمَۃً : مارنا۔
اِصطَدَمَ وتَصَادَمَ۔ الفَارِسَان : ایک دوسرے کو مارنا۔ ایک دوسرے کی مزاحمت کرنا۔
الصُّدَام : جانوروں کے سر میں ایک بیماری۔
الصَّدمَۃ : اسم مرۃ۔ دفعۃ واحدۃ کہا جاتا ہے "صَرَعَہٗ بِصَدمَۃٍ" ایک ہی مرتبہ میں پچھاڑ دیا۔ "اَعطَاہُ رِزقَ شَھرَینِ بِصَدمَۃٍ" دو مہینے کی روزی ایک ہی مرتبہ دے دی۔
الصَّدمَتَان والصَّلِمَتَان : پیشانی کے دونوں جانب۔
الاَصدَم : وہ شخص جس کی پیشانی کے دونوں جانب کے بال گر گئے ہوں۔
رَجُلٌ مِصدَمٌ : جنگجو بہادر۔

صَدَّ یَصدُو صَدوًا وصَدًی۔ بِیَدَیہِ : دونوں ہاتھوں سے تالی بجانا۔
صَدِیَ یَصدٰی صَدًی : سخت پیاسا ہونا۔ صفت صَدٍ وصَادٍ وصَدیَان : مؤنث صَدیَا وصَادِیَۃ ج صَوَادٍ کہا جاتا ہے "اَنَا صَدیَانُ اِلَی حَدِیثِکَ وَلِی اَحشَاءٌ صَوَادٍ" یعنی میں تمہاری بات چیت کا بہت مشتاق ہوں۔ صَدِیَ الشَّیءُ : لمبا ہونا۔
صَادَاہُ مُصَادَاۃً : مقابلہ کرنا۔ مدارات کرنا۔
اَلصَّدٰی : اَلھَامَۃُ: یعنی زمانہ جاہلیت کے عقیدہ کے مطابق جب مقتول کو قبر میں ڈال دیا جائے اور اس کا انتقام نہ لیا جائے تو میت کی قبر سے ایک جانور باہر نکل کر آواز دیتا ہے اور انتقام کا نعرہ لگاتا ہے۔ اس کو بوم القبر (قبر کا الو) یا اَلھَامَۃُ بولتے ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہامہ جیسی لغویات کا سختی سے رد فرمایا۔
صَدّٰی تَصدِیَۃً۔ بِیَدَیہِ : دونوں ہاتھوں سے تالی بجانا۔
اَصدٰی اِصدَاءً : مرنا.....الجَبَلُ : گونجنا۔ آواز بازگشت کرنا۔
تَصَدّٰی لَہٗ : درپے ہونا.....لِلاَمرِ: کسی معاملے کے لئے متوجہ ہونا۔
الصَّدٰی : سخت پیاس۔ آواز بازگشت۔ گونج۔ دماغ۔ انسانی لاش۔ تعرض۔ ج اَصدَاء کہا جاتا ہے "ھُمُ الیَومَ اَعدَاءٌ وھُم غَدًا اَصدَاءٌ" یعنی وہ آج کے دن دشمن ہیں اور کل مُردہ ہوں گے "ومَنَعَت صَدَاہُ" یعنی اس کے درپے ہونے کو روک دیا۔ "صُمَّ صَدَاہُ" یعنی ہلاک ہو گیا۔ و "اَصَمَّ اللّٰہُ صَدَاہُ" یعنی ہلاک کر دے۔
الصَّدٰی : الو کی ایک قسم جس کا سر بڑا ہوتا ہے اور جدھر تم پھرو ادھر ہی اپنے سر کو پھراتا ہے اور ویران اور تاریک مقامات میں رہا کرتا ہے اور اس کا نام ہامہ بھی ہے۔
زمانہ جاہلیت میں خیال تھا کہ یہ مقتول کے

سر سے لگتا ہے اور جب تک کہ اس مقتول کا بدلہ نہ لیا جائے چیختا رہتا ہے اور کہتا ہے کہ مجھے پلاؤ مجھے پلاؤ اور اسی وجہ سے اس کو صدی کہا جاتا ہے۔

صَرَّ :(ن) صَرًّا. الصُّرَّةَ : تھیلی کو باندھنا ......الدَّرَاهِمَ فِي الصُّرَّةِ : تھیلی میں رکھنا ......الفَرَسُ أُذُنَهُ وبِأُذُنِهِ : گھوڑے کا کان کھڑے کرنا......النَّاقَةَ بِالنَّاقَةِ : تھن کو باندھ دینا تاکہ بچہ دودھ نہ پی سکے۔

صَرَّ :(ض) صَرًّا وصَرِيرًا. الشَّيْءُ : چرچرانا......الرَّجُلُ : زور سے چیختا چلانا۔ پیاسا ہونا۔ الاُذُنُ : کان بجنا۔

صُرَّ. النَّبَاتُ : ٹھنڈی ہوا لگ جانا۔

صَرَّرَتِ النَّاقَةُ : آگے بڑھنا۔ صَرَّرَ أُذُنَه : سننے کے لئے کان کھڑے کرنا۔

صَارَّهُ مُصَارَّةً. عَلَى كَذَا : مجبور کرنا۔

أَصَرَّ. عَلَى الأَمْرِ : پختہ ارادہ کرنا۔ ثابت قدم رہنا اور اکثر برائی اور گناہوں میں استعمال کیا جاتا ہے "أَصَرَّ عَلَى الذَّنْبِ" جبکہ باز نہ آئے۔ قرآن مجید میں ہے ﴿كَانُوا يُصِرُّونَ عَلَى الحِنْثِ العَظِيمِ﴾ : یعنی بڑے بھاری گناہ پر اصرار کیا کرتے تھے......السُّنْبُلُ : خوشے میں خار نکلنا...... الفَرَسُ أُذُنَه وبِأُذُنِهِ : گھوڑے کا کان کھڑے کرنا۔

الصِّرُّ والصِّرَّةُ : سردی۔ رِيحٌ صِرٌّ : سخت ٹھنڈی ہوا۔ تیز آواز والی ہوا۔ الصَّرَّةُ : چیخ۔

الصَّرَّةُ : شور۔ چیخ۔ لڑائی یا گرمی کی تیزی۔ ترش روئی۔ جماعت۔ تعویذ کے مہرے۔

الصُّرَّةُ : تھیلی۔ بٹوہ۔ ج صُرَر.

يَمِينٌ صِرِّي : سخت قسم۔ کہا جاتا ہے "هِيَ مِنِّي صِرِّي" یہ میری جانب سے پکی بات ہے۔

الصَّرَرُ : خوشہ کا خار۔ واحد صَرَرَةٌ.

الصَّارُّ : فَاشْجَرٌ صَارٌّ : گنجان درخت۔

الصَّارَّةُ. الصَّارُّ : کا مؤنث۔ حاجت۔ پیاس۔ ج صَوَارُّ.

الصَّرُورُ والصَّارُورُ والصَّرُورِيُّ والصَّارُورِيُّ : جو نکاح نہ کرے اور حج نہ کرے (واحد و جمع دونوں کے لئے)

الصَّرَّارِيُّ : ملاح۔ ج صَرَّارِيُّونَ.

الصِّرَارُ : دھاگا جس سے تھن کو باندھ دیا جائے تاکہ بچہ دودھ نہ پی سکے۔ بلند مکان جس پر پانی نہ چڑھ سکے۔ ج أَصِرَّةٌ.

الصَّرَّارُ. صَارٌّ : کا اسم مبالغہ۔ صَرَّارُ اللَّيْلِ : جھینگر۔

الصُّرَارَةُ : سانپ کھانے والا عقاب۔

الصَّارَةُ والصَّرُورَةُ والصَّارُورَةُ والصَّارُورَاءُ : وہ شخص جو نکاح نہ کرے اور حج نہ کرے (واحد اور جمع دونوں کے لئے)

صَرَّارُ اللَّيْلِ : ٹڈی کی مانند ایک سیاہ رنگ کیڑا جو رات کو آواز کرتا ہے۔

الصَّرَّارَةُ : عقاب کی ایک قسم ہے جو سانپ کو کھا جاتا ہے۔ الصَّرِيرَةُ : تھیلی میں رکھے ہوئے دراہم۔ ج صَرَائِرُ.

المَصَارُّ : آنتیں۔

المَصْرُورُ : مفع۔ بندھا ہوا قیدی۔

صَرَبَ :(ض) صَرْبًا : کاٹنا' کمانا' دودھ کو ترش بنانا۔ پیشاب یا دودھ کو روکنا ...... الصَّبِيُّ : بچہ کا کئی دن پاخانہ نہ کرنا۔

صَرِبَ :(س) صَرَبًا. اللَّبَنُ : تھن میں دودھ جمع ہونا۔

أَصْرَبَ. إِلَيْهِ مَالًا : دینا۔

صَرَّبَ : ترش دودھ پینا۔

إِصْطَرَبَ. اللَّبَنَ فِي الوَطْبِ : دودھ کو ترش ہونے کے لئے برتن میں تھوڑا تھوڑا جمع کرنا۔

إِصْرَابَّ. الشَّيْءُ : صاف اور چکنا ہونا۔

الصَّرْبُ والصَّرَبُ : بہت زیادہ ترش دودھ۔ سرخ گوند۔ ببول کا گوند۔ واحد صَرْبَةٌ وصَرَبَةٌ.

الصِّرْبُ : غریب عربوں کے تھوڑے ......

الصَّرِيبُ : کھٹا دودھ۔ ج صُرُب.

المَصْرُوبُ : مفع۔ جمع کیا ہوا کھٹا دودھ۔

المِصْرَبُ : برتن جس میں دودھ جمع کیا جائے۔ ج مَصَارِب.

صَرَّجَ. الحَوْضَ : حوض کو چونا' مٹی ملا کر بنانا۔ ...... الحَوْضَ بِالنُّورَةِ : حوض پر چونے کی قلعی کرنا۔

الصَّارُوجُ : چونا مٹی ملا ہوا (معرب)

صَرُحَ :(ک) صَرَاحَةً وصُرُوحَةً : صاف ہونا۔ خالص ہونا۔ واضح ہونا۔ صفت صَرِيحٌ : جمع صُرَحَاءُ : مؤنث صَرِيحَةٌ.

صَرَحَ :(ف) صَرْحًا. الأَمْرَ : ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔

صَرَّحَ. المُتَكَلِّمُ : بغیر کنایہ کے کھلم کھلا کہنا ...... بِمَا فِي نَفْسِهِ : ظاہر کرنا......الأَمْرَ : واضح کرنا۔ الأَمْرُ : واضح ہونا......لازم و متعدی ہے۔ النَّهَارُ : دن کا بے بادل ہونا۔ الخَمْرُ : شراب کا صاف ہونا۔ بے جھاگ ہونا۔ مثال ہے "صَرَّحَ الحَقُّ عَنْ مَحْضِهِ" یعنی حق پوری طرح ظاہر ہوگیا۔ صَرَّحَتِ السَّنَةُ : خشک سالی ہوئی۔ صَرَّحَ الرَّامِي : تیر انداز کا خطا کرنا۔

أَصْرَحَ. الأَمْرَ : ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔

صَارَحَهُ صِرَاحًا وصُرَاحًا ومُصَارَحَةً : کھلم کھلا کہنا۔ کہا جاتا ہے "شَتَمَهُ مُصَارَحَةً او صِرَاحًا" رو در رو گالی دی۔ صَارَحَ

صَرَّحَ بِمَا فِي نَفْسِهِ : دل کی بات ظاہر کر دینا۔

إِنْصَرَحَ. الحَقُّ : واضح ہونا۔ منکشف ہونا۔

تَصَرَّحَ. الزَّبَدُ عَنِ الخَمْرِ : شراب سے جھاگ دور ہونا۔

الصَّرْحُ : قصر۔ محل۔ ہر بلند عمارت۔ ج صُرُوح.

الصَّرْحَةُ : صحن زمین۔ صَرْحَةُ الدَّارِ : گھر کا صحن۔ ج صَرَحَات.

الصَّرَحُ والصَّرَاحُ والصِّرَاحُ والصُّرَاحُ :

خالص۔
الصَّرَاحَة والصُّرُوْحَة : خلوص۔ وضاحت۔
الصُّرَاحِيَة. مِنَ الخَمرِ : خالص شراب۔ شراب کا برتن۔ کہاجاتا ہے "کَذِبٌ صُرَاحِيَةٌ" یعنی سفید جھوٹ۔
الصُّرَاحِي : واضح۔ ظاہر۔
يَوْمٌ مُصْرِخٌ ومُصَرَّخٌ : بے بادل کا دن۔
صَرَخَ : (ن) صُرَاخًا وصَرِيْخًا : سخت چیخنا۔ فریاد کرنا۔ ...القَوْمَ : فریادرسی کرنا۔ مدد کرنا۔
أَصْرَخَهُ : فریادرسی کرنا۔ مدد کرنا۔
تَصَرَّخَ : بتکلف چیخنا۔
تَصَارَخَ واصْطَرَخَ. القَوْمُ : چیخ وپکار مچانا اور مدد طلب کرنا۔ اِصْطَرَخَ : بمعنی صَرَخَ.
الصَّارِخ : فا۔ مرغ۔
اَلصَّارُوْخ : راکٹ (ایسا ہتھیار جو بم کولے کر اُڑتا ہے)۔
میزائل : اس کی تین اقسام ہوتی ہیں۔
(۱) اپنے آپ اپنے آلات کے زور پر مخصوص ہدف کی طرف چلتا ہے۔
(۲) راڈار کی طاقت سے خاص شعاعوں یا دھوئیں کے پیچھے اُڑتا ہے۔ (۳) خاص قوت کے ذریعے جو اس کو ہدف مقرر کی طرف لے جاتا ہے۔
الصَّارِخَة. الصَّارِخ : کا مؤنث۔ فریادرسی۔ دادخواہی۔ دادخواہی کی آواز۔ تم کہتے ہو "سَمِعْتُ صَارِخَةَ القَوْمِ" میں نے قوم کی دادخواہی کی آواز سنی۔
الصَّرَّاخ : بہت زیادہ چیخنے والا۔ مور۔
الصَّرِيْخ : مص۔ فریادرس۔ دادخواہ۔ ج صُرَخَاء.
صَرِدَ : (س) صَرَدًا. السَّهْمُ : تیر کا نشانہ پر نہ لگنا۔ نشانہ پر بیٹھنا...الرَّجُلُ : سردی برداشت کر لینا۔ سردی محسوس کرنا ...السِّقَاءُ : جھاگ کا ٹکڑے ٹکڑے ہوکر نکلنا۔ کہاجاتا ہے "صَرِدَ قَلْبِيْ عَنْهُ" یعنی میرا دل اس سے ہٹ گیا۔

صَرَدَ : (ن) صَرْدًا وأَصْرَدَ. الرَّامِي السَّهْمَ : نشانہ لگانا۔ أَصْرَدَ السَّهْمُ : تیر کا نشانہ پر نہ لگنا۔
صَرَّدَ. الشَّيْءَ : ٹکڑے ٹکڑے کرنا ...العَطَاءَ : کم دینا ...الرَّجُلَ : سیرابی سے کم پلانا۔
الصَّرْد : محض خالص۔ کہاجاتا ہے "سَقَاهُ الخَمْرَ صَرْدًا" خالص شراب پلائی۔ أَحَبَّهُ حُبًّا صَرْدًا : خالص محبت کی۔ پہاڑ میں اونچی جگہ۔ بڑا لشکر۔ سردی۔ يَوْمٌ صَرْدٌ : ٹھنڈا دن۔ کہاجاتا ہے "مَاتَ صَرْدًا" شدت سردی سے مرگیا۔ أَرْضٌ صَرْدٌ : سرد ملک۔ ج صُرُوْد : اس کے خلاف أَرْضٌ جُرُوْمٌ : ہے۔ یعنی گرم ممالک۔
الصَّرْد : بڑا لشکر۔ بھالے کی کیلیں جس میں نیزہ لگایا جائے۔
الصَّارِد : فا۔ سَهْمٌ صَارِدٌ : نشانہ پر لگنے والا تیر۔
الصَّوَارِد : ٹھنڈی ہوائیں۔
الصُّرَد : لٹورا (ایک پرندہ کا نام) ج صِرْدَان.
الصُّرَدَان : زبان کے اندرونی حصہ کی دو رگیں۔
الصَّرِد. مِنَ الخَيْلِ : وہ گھوڑا جس کی پیٹھ زخمی ہو ...مِنَ الرِّجَالِ : سردی کو برداشت کرنے والا۔ سردی کو محسوس کرنے والا۔ ج صَرْدَى يَوْمٌ صَرِدٌ : سخت ٹھنڈا دن۔
الصُّرَّاد والصُّرَيْد : بے پانی کا پتلا بادل۔
نَعْجَةٌ صَرِيْدَةٌ : سردی زدہ۔ بھیڑ۔ ج صَرَائِد.
المِصْرَاد : بے درخت کی زمین۔ سردی برداشت کرنے والا یا نہ کرنے والا۔ سَهْمٌ مِصْرَادٌ : نشانہ پر لگنے والا تیر۔
سَهْمٌ مُصْرَدٌ : نشانہ پر لگنے والا تیر۔
المُصْطَرِد : سخت غضبناک۔
صَرْصَرَ. الصُّرَدُ او الصَّقْرُ : آواز کرنا ...الرَّجُلُ : چیخنا ...الشَّيْءَ : چیز کے منتشر اطراف کو جمع کرنا۔

الصَّرْصَر. مِنَ الرِّيَاحِ : تیز چلنے والی یا زیادہ ٹھنڈی ہوا۔ مرغ (...... الصُّرْصُر) ج صَرَاصِر. الصُّرْصُوْر ج صَرَاصِيْر : جھینگر۔ مچیرا۔ الصُّرْصُوْر : کشتی۔
الصِّرَاط : راستہ۔ ج صُرط.
الصَّرَاط : لمبی تیز تلوار۔
صَرَعَهُ : (ف) صَرْعًا وصِرْعًا ومَصْرَعًا : پچھاڑ دینا۔ زمین پر گرا دینا ...... الشِّعْرَ : دومصرعے بنانا ...البَابَ : دوکواڑ لگانا۔
صُرِعَ : مرگی ہونا۔ کہاجاتا ہے "صُرِعَ الشَّجَرُ" یعنی کاٹ دیا گیا اور ڈال دیا گیا۔
صَرَّعَهُ : سخت پچھاڑنا ...الشِّعْرَ : مصرعے لگانا ...البَابَ : کواڑ لگانا۔
صَارَعَهُ صِرَاعًا ومُصَارَعَةً : کشتی لڑنا۔
تَصَارَعَ واصْطَرَعَ. الرَّجُلَانِ : باہم کشتی لڑنا۔
اِنْصَرَعَ : پچھاڑا جانا۔
تَصَرَّعَ. لِصَاحِبِهِ : تواضع کرنا۔ عاجزی ظاہر کرنا۔ کہاجاتا ہے "مَازِلْتُ أَتَصَرَّعُ لَهُ وَإِلَيْهِ حَتَّى أَجَابَنِي" میں عاجزی ظاہر کرتا رہا یہاں تک کہ اس نے میری بات مان لی۔
الصِّرْع : مص۔ مرگی۔ مثل۔ مقابل۔ قسم۔ کہاجاتا ہے "هُوَ صِرْعُ كَذَا" یعنی وہ فلاں کے مقابل ہے۔ ج أَصْرُع صُرُوْع.
والصِّرْعَان : رات دن یا صبح شام۔ کہاجاتا ہے "أَتَيْتُهُ صِرْعَيِ النَّهَارِ" یعنی میں اس کے پاس صبح شام آیا اور "هُوَ ذُوْ صِرْعَيْنِ" وہ دو قسم یعنی رنگ کا ہے "تَرَكْتُهُمْ صِرْعَيْنِ" یعنی میں نے ان کی ایسی حالت میں چھوڑا کہ وہ ایک حالت سے دوسری حالت میں منتقل ہوتے رہتے ہیں۔
الصِّرْع : مص۔ مثل۔ قسم۔ رسی کی لڑی۔ ج أَصْرُع صُرُوْع : کشتی لڑنے والا۔ کہاجاتا ہے "هُمَا صِرْعَان" یعنی دونوں کشتی لڑنے والے ہیں۔

الصَّرْعَة: اسم مرۃ۔ حالت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَفْعَلُهُ عَلٰى كُلِّ صَرْعَةٍ" مراد یہ ہے کہ ہر حالت میں کرتا ہے۔

الصُّرْعَة: جس کو لوگ پچھاڑ دیں۔

الصُّرَعَة والصَّرَّاع والصُّرَّاعة والصِّرِّيع والصَّرُوع: لوگوں کو زیادہ پچھاڑنے والا۔ کہا جاتا ہے "قَوْمٌ صُرَعَةٌ" یعنی ایسی قوم جو ہر کشتی لڑنے والے کو پچھاڑ دے۔ الصُّرَعَة: حلیم و بردبار۔ اس لئے کہ اس کی بردباری غضب وغصہ کو پچھاڑ دیتی ہے۔ الصَّرُوع: جمع صُرُع کی ہے۔

الصِّرَاعَة: کشتی کا فن۔

الصَّرِيْع: زمین پر پچھاڑا ہوا۔ مجنون۔ ج صَرْعٰى: کہا جاتا ہے "بَاتَ صَرِيْعَ الْكَاسِ" یعنی مجنون ہو کر رات گزاری۔ درخت کی جھکی ہوئی شاخ۔ ج صُرُع۔

الْمَصْرَع: مص۔ پچھاڑنے کی جگہ۔ ج مَصَارِع۔

الْمِصْرَاعُ مِنَ الْبَابِ: دروازے کا ایک پٹ ۔۔۔ مِنَ الشِّعْرِ: شعر کا ایک مصرعہ ج مَصَارِيْع۔

صَرَفَهُ: (ض) صَرْفًا: پھیرنا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا۔ واپس کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ" مراد یہ ہے کہ اللہ ان کے قلوب کو گمراہ کردے۔ صَرَفَ الشَّرَابَ: خالص شراب پینا ۔۔۔ الدَّنَانِيْرَ: دراہم سے یا دوسرے دنانیر سے بدل لینا ۔۔۔ الْمَالَ: خرچ کرنا ۔۔۔ الْكَلِمَةَ: منصرف بنانا۔ یعنی جر و تنوین لاحق کرنا۔

صَرَفَ: (ن) صَرِيْفًا۔ بِنَابِهِ: دانت پیسنا ۔۔۔ الْبَابُ: بند کرتے ہوئے یا کھولتے ہوئے دروازے سے آواز نکلنا۔

صَرَّفَهُ: مبالغہ کے ساتھ صرفہ کے معنی میں ہے۔ صَرَّفَ الشَّيْءَ: بیچنا ۔۔۔ الدَّرَاهِمَ: تبدیل کرنا ۔۔۔ الْخَمْرَ: خالص شراب پینا ۔۔۔ الْكَلَامَ: بات سے بات نکالنا ۔۔۔ فِي الْأَمْرِ: سپرد کردینا ۔۔۔ صَرَّفَ الْمَاءَ: جاری کردینا۔ اللّٰهُ الرِّيَاحَ: ایک جانب سے دوسری جانب پھیر دینا۔

صَارَفَهُ: مبادلہ کرنا۔ صَارَفَ نَفْسَهُ عَنِ الشَّيْءِ: پھیر دینا۔ باز رکھنا۔

أَصْرَفَهُ عَنْ كَذَا: رد کردینا۔ ہٹا دینا۔

أَصْرَفَ الشَّرَابَ: کچھ نہ ملانا۔

تَصَرَّفَ فِي الْأَمْرِ: کسی معاملہ میں تصرف کرنا۔ تَصَرَّفَتْ بِهِ الْأَحْوَالُ: مصائب و آفات کا غالب آجانا۔

اِنْصَرَفَ الرَّجُلُ: باز رہنا۔ اِنْصَرَفَتِ الْكَلِمَةُ: منصرف ہونا۔

اِصْطَرَفَ: کمائی کرنے کے لئے پھرنا ۔۔۔ الدَّرَاهِمَ: بدل لینا۔ تم کہتے ہو "اِصْطَرَفْتُ هٰذِهِ الدَّرَاهِمَ بِدِيْنَارٍ" یعنی میں نے ان دراہم کو دینار سے بدل لیا۔

اِسْتَصْرَفَ اللّٰهَ الْمَكَارِهَ: مکروہات کو پھیر دینے کی دعا کرنا۔

الصَّرْف: ایک علم کا نام ہے جس میں کلمات عربیہ کے صیغوں کی وضع و ہیئت وغیرہ سے بحث کی جاتی ہے۔ صَرْفُ الدَّهْرِ وَصُرُوْفُهُ: مصائب زمانہ۔ فضیلت۔ کہا جاتا ہے "لَهُ عَلَيَّ صَرْفٌ" اس کو مجھ پر فضیلت ہے۔ صَرْفُ الْحَدِيْثِ او الْكَلَامِ: کلام کی زیادتی اور تحسین و تزئین۔ صَرْفُ الْمَالِ: خرچ کرنا۔

الصِّرْف: خالص۔ جیسے "شَرَابٌ صِرْفٌ" خالص شراب۔ ایک قسم کا سرخ رنگ۔

الصَّرَفَانِ الصِّرْفَانِ: رات دن۔

الصَّرَفَانُ: موت۔ پیتل۔ سیسہ۔

الصِّرَافَة: صرافی کا پیشہ۔

الصَّرْفَة: اسم مرۃ۔ گردش۔ مہرہ، منتر یا تعویذ کا۔ ایک منزل منازل قمر میں سے۔ اونٹنی کو صبح کے وقت دوہ کر اگلی صبح تک کے لئے چھوڑ دینا۔

الصَّرُوْف: وہ اونٹنی جس کے دانتوں سے آواز نکلے۔

الصَّرِيْف: مص۔ چاندی خالص۔ صَرِيْفُ الْبَابِ: دروازے کی چرچراہٹ۔ صَرِيْفُ الْقَلَمِ: قلم کے چلنے کی آواز ۔۔۔ (والمَصْرُوْف): ہر شے خالص۔ درخت کی خشک شدہ شاخ۔

الصَّرِيْفَة: الصَّرِيْف کا مؤنث۔ درخت خرما کی خشک ٹہنی۔ چپاتی۔ ج صُرُف وصَرَائِف وصَرِيْف۔

تَصَارِيْفُ الدَّهْرِ: مصائب زمانہ۔

الصَّرَّاف والصَّيْرَف والصَّيْرَفِي: روپے پیسے کی تجارت کرنے والا۔ ج صَيَارِفَة۔

الصَّرَّاف والصَّرْفِي: علم صرف کا جاننے والا۔

الْمُتَصَرِّف: ملک کے ایک حصہ کا حاکم۔

الْمُتَصَرِّفِيَّة: ملک کا ایک حصہ۔ ملک کے ایک حصہ کا حاکم۔

الصَّرِيْقَة: چپاتی۔ ج صَرِيْق و صُرُق وصَرَائِق۔

صَرْقَعَ أَصَابِعَهُ: انگلیاں چٹخانا۔

صِرْقَاعَة: گوپھن۔ گوپھن کا وہ کنارہ جس سے آواز نکلے۔

صَرُمَ: (ک) صَرَامَةً السَّيْفُ: کاٹنا ۔۔۔ الرَّجُلُ: دلیر وچالاک ہونا۔

صَرَمَ: (ض) صَرْمًا وصُرْمًا الْحَبْلَ: توڑنا ۔۔۔ الشَّيْءَ: کاٹنا۔ فُلَانًا: چھوڑنا۔ گفتگو بند کرنا ۔۔۔ فُلَانٌ عِنْدَنَا شَهْرًا: اقامت کرنا۔

صَرَّمَهُ: صرم کا مبالغہ ہے۔

صَارَمَهُ مُصَارَمَةً: مقاطعہ کرنا۔ علیحدہ ہونا۔

أَصْرَمَ الرَّجُلُ: محتاج ہونا ۔۔۔ النَّخْلُ: پھل توڑنے کا وقت قریب ہونا۔

تَصَرَّمَ الرَّجُلُ: بہادری کرنا۔

تَصَرَّمَ وانْصَرَمَ: کٹ جانا۔ ٹوٹ جانا۔

تَصَرَّمَتْ وانْصَرَمَتِ السَّنَةُ: سال ختم ہونا۔

تَصَارَمَ الْقَوْمُ: قطع تعلق کرلینا۔

اِصْطَرَمَ الشَّيْءَ: کاٹنا۔

الصَّرْم: مص۔ کھال (معرب چرم)

الصَّرَّام : چرم فروش۔
الصِّرْم : جماعت۔ مکانوں کا اجتماع۔ قسم۔ چمڑے کا موزہ نعل لگا ہوا۔ ج اَصْرَام واَصَارِم واَصَارِيم وصُرْمَان۔
الصُّرْم : مص۔ بے تعلقی۔
الصِّرْمَة : قسم۔ اُونٹوں کا گلہ۔ بادل کا ٹکڑا۔ چاندی کا ٹکڑا۔ ج صِرَم۔
الصَّارِم : فا۔ بہادر۔ شیر۔ کاٹنے والی تلوار۔ ج صَوَارِم۔
الصَّرَامَة : مص۔ رَجُلٌ صَرَامَةٌ : مستقل بالرائے۔ دھن کا پکا۔
الصَّرُوْم : کاٹنے والی تلوار۔ اچھی طرح کاٹنے والا۔ الصُّرَام : جنگ۔ مصیبت۔
رَجُلٌ صُرَامٌ : کاٹنے میں قوی مرد۔
الصَّرِيْم : کٹا ہوا۔ رات یا اس کا ایک حصہ۔ صبح۔ لکڑی جو بکری کے بچے کے منہ میں باندھ دی جائے تاکہ دودھ نہ پئے۔ زمین جس کی کھیتی کٹ چکی ہو۔ غلہ جو کھیت سے کٹ چکا ہو۔ صَرِيْمَا اللَّيْل : رات کا اول و آخر حصہ۔ اَمْرٌ صَرِيْمٌ : لازمی امر۔
الصَّرِيْمَة : عزیمت۔ رات کا ٹکڑا۔
الصَّيْرَم : پختہ رائے والا۔ مصیبت۔ دن میں ایک بار کھانا۔
الاَصْرَم : جس کے کانوں کے کنارے کٹے ہوئے ہوں۔ مؤنث صَرْمَاء ج صُرْم (...... المُصْرَم) : بہت بال بچے والا مفلس۔
الاَصْرَمَان : رات۔ دن۔ کوا و بھیڑیا۔ کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُ بِوَحْشِ الاَصْرَمَيْن" یعنی ایسے جنگل میں قتل کیا جس میں صرف بھیڑیے اور کوے ہیں۔
الصَّرْمَاء۔ الاَصْرَم : کا مؤنث۔ بے پانی کا جنگل۔ ہانڈی۔ کم دودھ والی اُونٹنی۔
المَصْرِم : ایسی جگہ جو تنگ ہو اور جلدی سیلاب آ جائے۔
المِصْرَم : درانتی۔
الصُّرْنَايَة : بانسری کی قسم کا ایک باجہ۔
صَرَا يَصْرُوْا صَرْوًا۔ اِلَيْهِ : دیکھنا۔

صَرَى يَصْرِيْ صَرْيًا۔ الشَّيْءَ : دفع کرنا۔ ہٹانا۔ دور کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَرَى اللّٰهُ عَنْهُ الشَّرَّ" اللہ اس شر کو دور کرے۔ صَرَى بَوْلَهُ : پیشاب روک دینا۔
...... فُلانًا : منع کرنا۔ بچانا۔ ہلاکت سے نجات دینا۔
...... الشَّيْءُ : بلند ہونا۔ نیچے ہونا...... القَوْمَ : آگے بڑھ جانا۔ پیچھے ہٹ جانا...... بَيْنَهُمْ : فیصلہ کرنا۔
صَرِيَ يَصْرَى صَرًى۔ المَاءُ : دیر تک ٹھہرنے سے متغیر ہونا...... اللَّبَنُ : دودھ کا مزہ بدل جانا...... فُلانٌ فِيْ يَدِ فُلانٍ : کسی آدمی کا کسی کے ہاتھ میں قید ہونا...... الدَّمْعُ : آنسو کا بھر آنا اور نہ بہنا۔
صَرِيَتْ واَصْرَتْ۔ النَّاقَةُ : اُونٹنی کے تھن میں دودھ بھر جانا۔
صَرَّى تَصْرِيَةً۔ الشَّاةَ : دودھ زیادہ معلوم ہونے کے لئے تھن میں روک دینا۔
الصَّرَى : باقی ماندہ (...... الصِّرى) : پانی جو دیر تک ٹھہرا رہے۔ کہا جاتا ہے "لَبَنٌ صَرًى" دودھ جس کا مزہ بدل گیا ہو۔
الصَّارِي : فا۔ ملاح۔ ج صُرَّاء وصَرَارِيّ وصَرَارِيُّوْن : بادبان کا ڈنڈا۔ ج صَوَارٍ۔
الصَّارِيَة۔ الصَّارِي : کا مؤنث۔ کنواں جس کا پانی دیر تک ٹھہرنے کی وجہ سے متغیر ہو گیا ہو۔
الصَّرَاة والصَّرَّى والمُصَرَّاة۔ مِنَ الشَّاةِ او النُّوْق : وہ بکری یا اُونٹنی جس کے تھن میں دودھ کئی روز چھوڑ دیا گیا ہو تاکہ جمع ہو جائے۔
المِصْطَبَة والمِصْطَبَّة : چبوترہ۔
المِصْطَب : لوہار کی نہائی۔
المُصْطَلَح : خشک جنگل۔ وہ جگہ جو غلہ کی گہائی کے لئے ہموار کی جائے۔ ج مَصَاطِح۔
صَطَرَ : (ن) صَطْرًا : لکھنا۔
صَيْطَرَ : داروغہ ہونا۔ محافظ ہونا۔

المِصْطَخ : فصیح و بلیغ۔
الاَصْطُمَّة : چیز کا بڑا حصہ۔ جمع ہونے کی جگہ۔ وسط۔
صَعُبَ : (ک) صُعُوْبَةً۔ عَلَيْهِ الاَمْرُ : دشوار ہونا۔ صفت صَعْبٌ : مؤنث صَعْبَةٌ۔ ج صِعَاب۔
اَصْعَبَ۔ الاَمْرُ : مشکل ہونا...... الشَّيْءَ : مشکل پانا...... الجَمَلُ : سواری چھوڑ دینے کی وجہ سے سرکش ہو جانا۔
صَاعَبَهُ مُصَاعَبَةً : سختی کرنا۔
صَعَّبَهُ : دشوار بنانا۔
تَصَعَّبَ : دشوار ہونا۔ مشکل ہونا۔ الاَمْرَ : دشوار بنانا۔
تَصَاعَبَ : باہم سختی کرنا۔
اِسْتَصْعَبَ : مشکل ہونا۔ الشَّيْءَ : مشکل پانا۔
الصَّعْب : مص۔ دشوار۔ مشکل۔ خوددار۔ شیر۔
الصَّعُوْب : دشوار۔ ج صُعُب۔
الصَّعْبُوْب : دشوار۔
المَصَاعِب : سختیاں۔ مشقتیں۔
المُصْعَب : سانڈ۔ گھوڑا جو سواری چھوڑ دینے سے سرکش ہو۔ ج مَصَاعِب ومَصَاعِيْب : کہا جاتا ہے "جِمَالٌ مَصَاعِبُ ومَصَاعِيْبُ" سرکش اُونٹ۔
صَعْتَرَ۔ الصَّعْتَرُ : پہاڑی پودینہ کھانا۔ الرَّجُلُ الشَّيْءَ : مزین کرنا۔
الصَّعْتَر : پہاڑی پودینہ۔
الصَّعْتَرِيّ : چالاک۔ کریم۔ بہادر۔
صَعِدَ (س) صُعُوْدًا وصَعَدًا وصُعُدًا فِي السُّلَّم : سیڑھی پر چڑھنا...... بِهِ : چڑھانا (...... صُعُوْدًا) المَكَانَ : نیچے جھانکتے ہوئے چڑھنا۔
صَعَّدَ۔ فِيْ وعَلَى الجَبَلِ : پہاڑ پر چڑھنا...... فِي الوَادِيْ : وادی میں اُترنا۔
صَعَّدَ فِيْهِ النَّظَرَ : اوپر سے نیچے غور سے دیکھنا۔
اَصْعَدَ : مکہ کو جانا...... فِي الاَرْضِ : اونچی

زمین کی طرف جانا ۔ فِي الْوَادِي : وادی میں اترنا ...... فِي الْعَلْوِ : تیز دوڑنا ...... ہ : چڑھانا ۔ اَصْعَدَتِ السَّفِينَةُ : بادبان کھینچ دینے سے ہوا کا کشتی کو لے اڑنا۔

تَصَعَّدَ وتَصَاعَدَ : چڑھنا ۔ تَصَعَّدَهُ وتَصَاعَدَهُ الاَمْرُ : دشوار و مشکل ہونا۔

تَصَعَّدَ النَّفَسُ : مشکل سے سانس نکلنا۔

اِصَّعَّدَ : چڑھنا۔

الصَّاعِدُ : فا ۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَ كَذَا فَصَاعِدًا" یعنی اس سے اوپر اور یہ باعتبار حالیت کے منصوب ہوا کرتا ہے۔

الصَّعَّاد : بہت چڑھنے والا۔

الصُّعُد : بلندی ۔ کہا جاتا ہے "هَبَطَ مِنْ صُعُدٍ" بلندی سے اترا۔ "هٰذَا النَّبَاتُ يَنْمُو صُعُدًا" یہ پودہ بلندی میں بڑھتا ہے ۔ ایک درخت ہے جس سے تارکول پگھلایا جاتا ہے۔

الصَّعَد : مشقت ۔ عَذَابٌ صَعَدٌ : سخت عذاب۔

الصَّعِيد : مٹی ۔ قبر ۔ راستہ ۔ زمین کا بلند حصہ ۔ کہا جاتا ہے "صَارَتِ الْحَدِيقَةُ صَعِيدًا" یعنی باغ ہموار زمین ہوگیا جس میں درخت وغیرہ نہیں ۔ ج صُعُد وصُعُدَات وصُعْدَان : مصر میں چند شعروں کا نام صَعِيد ہے۔

الصُّعُود : چڑھائی ۔ خَمِيسُ الصُّعُود : جمعرات کا دن جس میں سیدنا حضرت مسیح علیہ السلام آسمان پر تشریف لے گئے۔

الصَّعُود : چڑھائی ۔ چڑھتا ہوا راستہ ۔ دشوار گزار گھاٹی ۔ ج صُعُد واَصْعِدَة وصَعَائِد کہا جاتا ہے "لَاُرْهِقَنَّكَ صَعُودًا" یعنی میں تم کو مصیبت میں پھنساؤں گا۔

الصُّعَدَاء : غم یا تھکن کی وجہ سے لمبی سانس۔

الصَّعَدَاء : مشقت۔

الصَّعْدَة : اسم مرۃ ۔ سیدھا نیزہ ۔ ج صِعَاد وصَعَدَات.

الصَّعُودَاء : دشوار گزار گھاٹی۔

الْمُصَعَّد مِنَ الْاَشْرِبَةِ : آگ سے گرم کیا ہوا۔

اَلتَّصَعُّدُ : جامد جسم کا دھواں کی شکل میں تبدیل ہونا ۔ بغیر پگھلنے کے۔

اَلْمُصَعِّدُ : بجلی یا گیس کے بند کرنے کے مقام۔

اَلْمِصْعَدُ : اوپر لے جانے کے لئے خودکار زینہ۔

جَبَلٌ مُصْعِدٌ : بلند پہاڑ۔

الْمِصْعَاد : درخت خرما پر چڑھنے کی رسی۔

صَعِرَ : (س) صَعَرًا. وَجْهُهُ : ٹیڑھا ہونا ۔ ایک جانب کو جھکنا ۔ صفت اَصْعَر : مؤنث صَعْرَاء ج صُعْر ...... رَاسُهُ : سر کا چھوٹا ہونا۔

صَعَّرَ وصَاعَرَ واَصْعَرَ : تکبر و غرور کی بنا پر رخسارہ ٹیڑھا کرنا اور کبھی خلقتًا ہوتا ہے۔

تَصَعَّرَ وتَصَاعَرَ : تکبر کی وجہ سے رخسارہ ٹیڑھا کرنا۔

صَعْرَرَ. الشَّيْءَ : گھمانا۔

تَصَعْرَرَ : گھومنا۔

اِصْعَنْرَرَ واِصْعَرَّرَ : پیچ و تاب کھانا۔

اِصْعَرَّتِ. الْاِبِلُ : تیز دوڑنا۔

الصَّعَّار : مغرور و متکبر۔

الصُّعْرُر والصُّعْرُوْر : درخت کا پانی جو گوند کی طرح جم جائے ۔ ج صَعَارِيْر.

الصُّعْرُوْرَة : کبریلا کی گولی۔

صَعْصَعَ. الْقَوْمَ : متفرق کر دینا ...... الشَّيْءَ : حرکت دینا ۔ مِنْ فُلَانٍ : خوف کرنا ۔ رَاسَهُ بِالدُّهْنِ : سر کو تیل سے چکنا کرنا ۔ تَصَعْصَعَ : متحرک ہونا، متفرق ہونا ۔ الرَّجُلُ : بزدل ہونا ۔ ذلیل ہونا ۔ عاجزی کرنا ۔ کہا جاتا ہے "تَصَعْصَعَ بِهِمُ الدَّهْرُ" یعنی زمانے نے ان کو پراگندہ کر دیا۔ تَصَعْصَعَتْ صُفُوفُهُمْ" یعنی ان کی صفیں منتشر ہوگئیں۔

الصَّعْصَع : متفرق (...... والصُّعْصُع) : ایک پرندہ ہے جس کے بدن پر نقطے ہوتے ہیں ۔ ج صَعَاصِع : کہا جاتا ہے "ذَهَبُوا صَعَاصِعَ" وہ لوگ متفرق ہو کر چلے گئے۔

صُعِفَ صَعْفًا : کپکپی لاحق ہونا ۔ صفت مَصْعُوف.

اَصْعَفَ. الزَّرْعُ : کھیتی کے خوشوں کا اس لائق ہونا کہ مل دل کر اسے کھایا جاسکے۔

الصَّعْفَة : کپکپی ۔ سردی یا گھبراہٹ کی وجہ سے۔

الصَّعْفَق والصَّعْفُوق والصَّعْفَقِي : وہ شخص جو بغیر سرمایہ کے بازار میں تجارت کے لئے جائے اور جب کوئی شخص کچھ خریدے تو اس کے ساتھ شریک ہو جائے ۔ کمزور جس کے پاس ہتھیار بھی نہ ہو اور شجاعت بھی نہ ہو۔

الصَّعْفُوق : کمینہ ۔ ج صَعَافِيق وصَعَافِقَة.

صَعَقَتْ (ف) صَاعِقَةً. السَّمَاءُ الْقَوْمَ : بجلی گرانا ۔ صَعَقَتْهُمُ الصَّاعِقَةُ : بجلی گرنا۔

صَعِقَ : (س) صَعَقًا. الرَّعْدُ : زور سے بادل گرجنا ...... الرَّكِيَّةُ : کنوئیں کا گر جانا (...... وصُعِقَ صَعْقًا وصَعَقًا وصَعْقَةً وتَصْعَاقًا) : گرج سے غشی طاری ہوجانا۔ صفت صَعِق : مرنا ۔ صَعِقَ الثَّوْرُ صُعَاقًا : بیل کا سخت ڈکارنا۔

اَصْعَقَتْهُ. السَّمَاءُ : بجلی گرانا ۔ اَصْعَقَه : قتل کرنا۔

الصَّعَق : مص ۔ چیخ ۔ موت۔

الصُّعَاق : بادل کی گرج۔

الصَّاعِقَة : مص ۔ آگ ہے جو بہت ہی کڑک اور گرج کے ساتھ آسمان سے گرتی ہے ۔ موت ۔ ہر مہلک عذاب ۔ عذاب کی چیخ ۔ ج صَوَاعِق.

الْمَصْعُوق : غشی والا ۔ اچانک مرنے والا۔

الصُّعْقُر : چھپکلی کے انڈے۔

صَعِلَ : (س) صَعَلًا واَصْعَالَّ : چھوٹا سر اور پتلی گردن والا ہونا ۔ صفت اَصْعَل مؤنث صَعْلَاء ج صُعْل.

الصَّعَل : چھوٹے سر والا (آدمی یا شتر مرغ یا کھجور) لمبا ۔ گدھا جس کے بال گر گئے

ہوں۔
صَعْلَكَهٗ صَعْلَكَةً محتاج بنانا۔ دبلا کرنا۔
تَصَعْلَكَ : فقیر و محتاج ہونا۔
الصُّعْلُوك : فقیر و محتاج۔ کمزور۔ ج صَعَالِك وصَعَالِيك. صَعَالِيكُ العَرَب : عرب کے چور اور فقراء۔
اَصْعَنَ. الرَّجُلُ : چھوٹے سر والا اور کم عقل ہونا۔
اِصْعَنَّ. الشَّیْءُ : باریک اور نازک ہونا۔
صَغَا يَصْغُوْا صَغْوًا : باریک اور چھوٹا ہونا۔
الصَّغْو : چھوٹے چڑے۔ واحد (صَغْوَةٌ صَغَوَات : ممولا۔ ج صِغَاء واَصْغَاء نَاقَةٌ صَغُوَةٌ : چھوٹے سر والی اُونٹنی۔
الصُّغَب : جوں کے انڈے۔
صَغِرَ (س) وصَغُر (ک) صَغَرًا وصَغَارَةً وصِغَرًا وصُغْرَانًا : چھوٹا ہونا۔
صَغُر (ک) صِغَرًا وصُغْرًا وصَغَارًا و صَغَارَةً وصُغْرَانًا : ذلیل ہونا۔ صَغُرَتِ الشَّمْسُ : غروب کی طرف مائل ہونا۔
صَغَرَ (ن) وصَغِر (س) صَغْرًا. القَوْمَ : قوم میں چھوٹا ہونا۔
صَغَّرَ واَصْغَرَهٗ : چھوٹا بنانا۔ ذلیل کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَغَّرَهٗ فِی اَعْیُنِ النَّاسِ" یعنی لوگوں کی نگاہ میں ذلیل کیا۔ "اَصْغَرَتِ الاَرْض" زمین چھوٹے پودے والی ہوئی۔
اَصْغَرَ الْقَوْمُ : چھوٹے چھوٹے بچے پیدا کرنا۔
تَصَاغَرَ. الرَّجُلُ : حقیر ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَصَاغَرَتْ اِلَیْهِ نَفْسُهٗ" یعنی اس کا نفس حقیر و بے قدر ہو گیا۔
اِسْتَصْغَرَهٗ : چھوٹا پانا۔ چھوٹا سمجھنا...... فُلَانٌ : چھوٹا طلب کرنا۔
الصِّغْرَة : اولاد میں سب سے چھوٹا۔ قوم میں سب سے چھوٹا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صِغْرَةُ اَبَوَیْهِ او صِغْرَةُ اَوْلَادِ اَبَوَیْهِ" وہ اپنے ماں باپ کی اولاد میں سب سے چھوٹا ہے۔ قوم کے چھوٹے چھوٹے۔ کہا جاتا ہے "اَنَا مِنَ الصِّغْرَةِ" یعنی میں چھوٹے چھوٹے لوگوں میں سے ہوں۔
الصَّغَار والصُّغْر : ذلت۔ ظلم۔
الصَّغَارة : چھوٹا پن اور بعض کہتے ہیں کہ صَغَارت : مرتبہ میں چھوٹا ہونا اور صِغَر جسامت میں چھوٹا ہونا۔
الصُّغَار والصُّغْرَان : چھوٹا۔
الصَّاغِر : ذلیل۔ بے قدر۔ جو ذلت اور ظلم پر راضی رہے۔ ج صَغَرَة وصَاغِرُوْن.
الصَّغِیْر : چھوٹا (مرتبہ یا جسامت میں) ج صِغَار وصُغَرَاء.
الاَصْغَر : اسم تفضیل۔ ج اَصَاغِرُ اَصَاغِرَةٌ واَصْغَرُوْن : مؤنث صُغْرٰی ج صُغَر.
الاَصْغَرَان : دل و زبان اور اسی سے مثل ہے "اَلْمَرْءُ بَاَصْغَرَیْهِ" آدمی کی وقعت دو چھوٹی چھوٹی چیزوں یعنی دل و زبان سے وابستہ ہے۔
صَغَا يَصْغُوْ ويَصْغٰی صَغْوًا وصَغِیَ يَصْغٰی صَغًی وصُغِیًّا. اِلَیْهِ : جھکنا...... النُّجُوْمُ او الشَّمْسُ : ڈوبنے لگنا۔ صفت صَغْوَاء اور جمع صَوَاغٍ.
اَصْغٰی اِصْغَاءً. اِلٰی حَدِیْثِهٖ : کان لگانا...... اِلَیْهِ : سننے کے لئے جھکنا...... الاِنَاءَ : جھکانا...... الشَّیْءَ : کم کرنا۔ گھٹانا۔ تم کہو گے "اَصْغٰی حَقَّهٗ" جبکہ حق گھٹا دیا۔
الصِّغْو : کنوئیں کا کنارہ۔ ڈول کا کنارہ جو دوہرا ہو۔ صِغْوُ الکَفِّ او المِغْرَفَةِ : ہتھیلی یا چمچہ کا گڑھا۔ ج اَصْغَاء.
صَاغِیَةُ الرَّجُلِ : ماتحت لوگ۔ کہتے ہیں "اَکْرِمُوْا الرَّجُلَ فِیْ صَاغِیَتِهٖ" یعنی اس کے ماتحت لوگوں کے سامنے آدمی کا اکرام کرو۔
صَفَّ : (ن) صَفًّا وصَفَّفَ. الشَّیْءَ : صف بنانا...... القَوْمَ : میدانِ جنگ میں صف بندی کرنا...... صَفَّ القَوْمُ : صف بستہ کھڑا ہونا...... الطَّائِرُ بِجَنَاحِهٖ : پر پھیلانا اور حرکت نہ دینا...... الاِبِلُ قَوَائِمَهَا : اُونٹوں کا اپنی ٹانگوں کو ایک صف میں رکھنا...... اللَّحْمَ : طول میں کاٹنا...... السَّرْجَ : گدی بنانا۔
صَافَّ مُصَافَّةً. القَوْمُ فِی القِتَالِ : میدانِ جنگ میں صف بستہ کھڑا ہونا...... فُلَانٌ فُلَانًا : کسی کے چبوترہ کے مقابل چبوترہ بنانا۔ بنانے والا المُصَافِی کہلاتا ہے۔
اَصَفَّ. السَّرْجَ : زین کے لئے گدی بنانا۔
تَصَافَّ. القَوْمُ : صفوں میں اکٹھا ہونا۔
اِصْطَفَّ. القَوْمُ : صفوں میں کھڑا ہونا۔
الصَّفّ : سیدھی قطار۔ کلاس۔ صف بستہ قوم۔ ج صُفُوْف.
الصَّفَف : زرہ کے نیچے کا لباس۔
الصُّفَّة : ہتھیلی پر رکھے ہوئے دانے۔ صُفَّةُ السَّرْجِ او الرَّحْلِ : زین یا کجاوہ کی گدی۔
صُفَّةُ المَسْجِدِ : مسجد کا سایہ دار چبوترہ۔
الصُّفَّة : گرمی کے لئے مکان جس کی چھت گھاس پھوس سے پٹی ہوئی ہو۔ صُفَّةٌ مِنَ الدَّهْرِ : زمانے کی ایک مدت۔ ج صُفَف وصُفَّات وصِفَاف.
الصَّافّ : فا۔ الصَّافَّةُ مِنَ الاِبِلِ : جو اپنی ٹانگوں کو ایک صف میں کئے ہوئے ہوں۔ ج صَافَّات وصَوَافّ. الصَّافَّات : فرشتے۔
نَاقَةٌ صَفُوْف : بہت دودھ دینے والی اُونٹنی جو کثرتِ دودھ کی وجہ سے برتنوں کی صف لگا دے اور یا جو اپنی اگلی ٹانگوں کو دودھ دوہنے کے وقت ایک صف میں کر لے۔
الصَّفِیْف : خشک ہونے کے لئے دھوپ میں یا بھوننے کے لئے آگ پر صف لگائی ہوئی چیز۔
الصَّفْصَاف : ایک درخت جو کہ عام طور پر باسکٹ وغیرہ بنانے کے کام آتا ہے۔
المَصَفّ : صف باندھنے کی جگہ۔ میدانِ جنگ۔ مطلقاً کھڑے ہونے کی جگہ۔ ج مَصَافّ.
تَصَفَّفَ. الرَّجُلُ : قوی و مضبوط ہونا۔

الصِفْتُ وَالصِفِتَّان وَالصِفِتّان : بھاری بھر کم جسم والا۔ قوی سخت اندام۔

صَفَحَ :(ف) صَفْحًا. عَنْهُ :روگردانی کرنا۔ اعراض کرنا۔ چھوڑ دینا۔ گناہ معاف کرنا۔ صَفَحَ السَّائِلَ عَنْ حَاجَتِهِ : حاجت پوری نہ کرنا۔ تم کہتے ہو "اَتَيْتُهُ فِيْ حَاجَةٍ فَصَفَحَنِيْ" میں اس کے پاس ایک حاجت سے آیا اس نے حاجت پوری نہیں کی ...... ہ بِالسَّيْفِ : تلوار کی چوڑائی کی طرف سے مارنا ......الشَّيْءَ : چوڑا کرنا ...... النَّاسَ : لوگوں میں مقابلہ کر کے ان کی حالت دیکھنا ...... وَرَقَ المُصْحَفِ : ایک ایک ورق کو پیش کرنا ......فِي الْاَمْرِ : غور کرنا۔

صَفَحَتْ (ف) صُفُوْحًا. النَّاقَةُ وَغَيْرُهَا : دودھ کا ختم ہو جانا۔ صفت صَافِحٌ۔

صَفَّحَ. الشَّيْءَ : لمبا چوڑا کرنا ...... المَكَانَ : مکان میں چوڑے پتھروں کا فرش لگانا۔ صَفَّحَ بِيَدَيْهِ : تالی بجانا۔

اَصْفَحَ. السَّائِلَ : محروم واپس کر دینا ...... الشَّيْءَ : الٹنا پلٹنا۔

صَافَحَهُ مُصَافَحَةً وَصِفَاحًا : ہاتھ ملانا۔ مصافحہ کرنا۔

تَصَفَّحَ. الشَّيْءَ : تامل کرنا۔ دیر تک دیکھنا ...... القَوْمَ : چہروں کو غور سے دیکھنا تا کہ حالات کا اندازہ ہو سکے۔ حالات کا جائزہ لینا۔

تَصَافَحَ. القَوْمُ : باہم گر مصافحہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَافَحَتِ الاَجْفَانُ" یعنی پلک لگ گئی۔

اِسْتَصْفَحَهُ. الذَّنْبَ : گناہ کی معافی چاہنا۔

الصَفْحُ : جانب ...... مِنَ الوَجْهِ : رخسارہ ...... مِنَ الاِنْسَانِ : پہلو ...... مِنَ السَّيْفِ : چوڑا پہلو۔ ج صِفَاحٌ : کہا جاتا ہے "ضَرَبَ عَنْهُ صَفْحًا" یعنی اعراض کیا۔

الصَفْحَةُ مِنَ الشَّيْءِ : جانب۔ چہرہ ...... مِنَ الكِتَابِ : ورق کی ایک جانب۔ صَفْحَةُ الرَّجُلِ : سینہ کی چوڑائی۔ ج صَفَحَات۔

الصَفْحَان وَالصَفْحَتَان : رخسارے۔

الصَفْح : چہرے اور تلوار کی چوڑائی۔

الصِفَاحُ وَالصَفْح : رخسارہ یا پیشانی کی بہت زیادہ چوڑائی۔ کہا جاتا ہے "لَقِيتُهُ صِفَاحًا" وہ اس سے اچانک ملا۔

الصَفِيْح : آسمان۔ ہر چوڑی چیز کا ظاہر۔

الصَفِيْحَة : چوڑی تلوار۔ چوڑا پتھر۔ ہر چوڑی چیز کا ظاہر۔ صَفِيْحَةُ الوَجْهِ : چہرے کی کھال۔ ج صَفِيْح وَصَفَائِح. الصَفَائِح : سر کی چار ہڈیاں۔ دروازے کے تختے۔

الصُفَّاح : پتلے چوڑے پتھر۔ اونٹ جن کے کوہان بڑے ہوں۔ ج صُفَّاحَات صَفَافِيْح.

الصَفَّاح وَالصَفُوْح : معاف کرنے والا۔

الصَفُوْح : بمعنی کریم۔

المُصَفَّح : چوڑا۔ الٹا جھکا ہوا ...... مِنَ الوُجُوْهِ : ملائم و خوبصورت ...... مِنَ الاُنُوْفِ : ستواں ناک ...... مِنَ الرُّؤُوْسِ : کنپٹیوں کی طرف تنگ اور پیشانی اور گدی کے درمیان طویل ...... مِنَ القُلُوْبِ : جس میں ایمان و نفاق دونوں جمع ہوں ...... مِنَ النَّاسِ : جو کافر سے کافرانہ طریقہ سے ملے اور مؤمن سے مؤمنانہ طریقے سے۔

المُصْفَح : چوڑا۔ جس پر چوڑے پتھر لگے ہوئے ہوں۔ اَنْفٌ مُصْفَحٌ : ستواں ناک۔

المُصَفَّحَة وَالمُصَفِّحَة : تلوار۔ ج مُصَفَّحَات وَمُصَفِّحَات۔

صَفَدَهُ : (ض) صَفْدًا وَصُفُوْدًا وَصَفَّدَهُ : قید کرنا۔ ہتھکڑی لگانا۔

اَصْفَدَهُ : قید کرنا ...... مَالاً : دینا۔

الصَفَد : بخشش۔ بندھن۔ ج اَصْفَاد : کہا جاتا ہے "الصَفَدُ صَفَدٌ" یعنی داد و دہش قید ہے۔

الصِفَاد : ہر وہ چیز جس سے قیدی کو باندھا جائے۔ بندش۔

صَفَرَ (ض) صَفِيْرًا : ہونٹوں سے سیٹی بجانا۔ صَفَرَ بِالفَرَسِ عِنْدَ وُرُوْدِهِ : گھوڑے کو پانی پلانے کے لئے بلانا۔

صُفِرَ صَفَرًا : پیٹ میں صفار جمع ہونا۔ صفت مَصْفُوْر (دیکھئے صُفَار)

صَفِرَ : (س) صَفَرًا وَصُفُوْرًا وَصُفُوْرَةً الاِنَاءُ : برتن کا خالی ہونا۔ کہا جاتا ہے "صَفِرَ وِطَابُهُ اَوْ اِنَاؤُهُ" یعنی ہلاک ہو گیا۔

صَفَّرَ. الشَّيْءَ : زرد کرنا ...... الثَّوْبَ : زرد رنگنا ...... البَيْتَ : خالی کرنا ...... لِلدَّابَّةِ : ہونٹوں سے جانور کے لئے سیٹی بجانا ...... بِالدَّابَّةِ : جانور کو پانی پینے کے لئے بلانا۔

اَصْفَرَ : محتاج ہونا ...... الاِنَاءُ : خالی ہونا ...... البَيْتَ : خالی کرنا۔

اِصْفَرَّ اِصْفِرَارًا : زرد رنگ ہونا۔

الصَفْر وَالصِفْر وَالصُفْر : خالی۔ کہا جاتا ہے "بَيْتٌ صِفْرٌ مِنَ المَتَاعِ" گھر سامان سے خالی ہے "هُوَ صِفْرُ اليَدِ" وہ خالی ہاتھ ہے۔

الصُفْر : سونا۔ پیتل۔

الصِفْر : زیرو۔ اہل حساب کا وہ نقطہ جو عدد نہ ہونے پر دلالت کرے۔

صَفَر : قمری مہینوں میں دوسرا مہینہ۔ کبھی غیر منصرف بھی پڑھا جاتا ہے۔ ج اَصْفَار۔

الصَفَرَان : عربی سال کے دو مہینے جس میں سے پہلے کا نام ظہور اسلام کے بعد محرم ہو گیا اور دوسرا نام اپنی حالت پر باقی رہا۔

الصَفَر : مس۔ یرقان۔ بھوک۔ کہا جاتا ہے "عَضَّ عَلٰى شُرْسُوْفِهِ الصَفَرُ" یعنی بھوکا ہوا۔ عقل کہا جاتا ہے "لَا يَلْتَاطُ هٰذَا بِصَفَرِيْ" یہ میری عقل میں نہیں آتا۔ میرے دل میں چپکتا۔

الصِفْر : خالی۔ ج اَصْفَار : کہا جاتا ہے "اِنَاءٌ اَصْفَار" خالی برتن۔

الصُفَيْرَاءُ : ایک درخت جس کے پتے سبزی زردی مائل ہوتے ہیں۔

اَلْبَابَانِيَّةُ : زیب و زینت والا ایک درخت جس کے پتے پرنما ہوتے ہیں اور سفید رنگ کے پھول ہوتے ہیں۔

الصَفْرَة :ایک مرتبہ بھوکا ہونا۔
الصُفْرَة :زردی۔سیاہی۔
مِصْفَارٌ :ایک قسم کی مچھلی۔
الصِفْرِيتُ :کثیرالعیال محتاج۔ج صَفَارِيتُ.
الصَفَرِيّ والصَفَرِيَّة :فصل خریف کی بارش۔ ایک پودہ جو فصل خریف میں ہوتا ہے۔
الصُفَار :آواز۔زردرنگ کا پانی جو پیٹ میں جمع ہو جاتا ہے۔کینچوا۔ پیٹ کے کیڑے۔زردی جو رنگ پر غالب ہو (...... والصِفَار) :جانوروں کے دانتوں میں گھاس کا بقیہ۔
الصُفَارَة :مرجھایا ہوا پودہ۔
الصَفِير :ہرآواز جو لمبی ہو اور حروف سے خالی ہو۔حُرُوْفُ الصَفِيْر :زای معجمہ سین وصاد مہملہ ہیں۔
الصَفَّار :ٹھٹھیرا۔
الصَفَّارَة :سیٹی۔مقصد۔
الصُفَارِيَّة :زرد پروں کا پرندہ۔
الصَافِر :سیٹی بجانے والا چور۔ایک پرندہ ہے جو رات میں آواز کرتا رہتا ہے اس خوف سے کہ کہیں سوتے میں پکڑ نہ لیا جائے۔مثال ہے "هُوَ اَجْبَنُ مِنْ صَافِرٍ" وہ صافر پرندہ سے زیادہ بزدل ہے۔ہر ایک پرندہ جو شکار نہ کرے ہر ایک آواز کرنے والا۔پرندہ۔کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ صَافِرٌ" گھر میں کوئی آواز کرنے والا نہیں یعنی کوئی نہیں۔
الاَصْفَر :زردرنگ والا۔مؤنث صَفْرَاء ج صُفْر.
الصُفْر :دنانیر۔
الاَصْفَران :زعفران اور سونا۔
الصَفْرَاء :مؤنث اَصْفَر :سونا۔بچا۔ٹڈی جو انڈے دے چکی ہو۔ایک قسم کا پودہ جس کے پتے خس کے مانند ہوتے ہیں۔
المُصْفِر :فاقہ محتاج۔
المَصْفُوْر والمُصَفَّر :بھوکا۔

الصِفْرِد :ایک پرندہ جس کی بزدلی کی مثال دی جاتی ہے۔
صَفْصَفَ الرَّجُلُ :بیابان میں اکیلا چلنا ...... العُصْفُوْرُ :چڑیا کا چہچہانا۔
الصُفْصُف :چڑیا۔
الصَفْصَفَة :بیابان۔
الصَفْصَاف :بید اور بعض لوگ کہتے ہیں کہ بید اس کی ایک قسم ہے۔واحد صَفْصَافَة.
صَفَعَهٗ :(ف) صَفْعًا :تھپڑ مارنا۔
صَافَعَهٗ وتَصَافَعَا :ایک دوسرے کو تھپڑ مارنا۔
الصَفْعَان والمَصْفَعَانِي :جس پر کثرت سے تھپڑ لگائے جائیں۔
صَفَقَهٗ :(ن ض) صَفْقًا :تھپکی لگانا۔تالی بجانا۔صَفَقَ البَابَ :دروازہ بند کرنا۔کھولنا۔(ضد)...... الرَّجُلُ عَنْ مُرَادِهٖ : کسی کو اس کے ارادہ سے باز رکھنا ...... الطَائِرُ بِجَنَاحَيْهِ :پرندہ کا بازوؤں کو پھڑپھڑانا ...... عَيْنَهٗ :آنکھ بند کر دینا ...... العُوْدَ :بربط کے تاروں کو حرکت دینا ...... القَدَحَ :پیالہ بھرنا ...... الشَّرَابَ : صفائی کے لئے ایک برتن سے دوسرے برتن میں کرنا ...... لَهٗ بِالبَيْعِ وصَفَقَ عَلٰى يَدِهٖ وصَفَقَ يَدَهٗ بِالبَيْعَةِ :سودا کرنے کے لئے ہاتھ پر ہاتھ مارنا ...... الرَّجُلُ :جانا ...... ہ بِالسَّيْفِ :تلوار مارنا ...... الرِّيْحُ الاَشْجَارَ : ہوا کا درختوں کو حرکت دینا۔کہا جاتا ہے "صَفَقَتْ عَلَيْنَا صَافِقَةٌ" یعنی ہمارے پاس ایک جماعت آئی۔
صَفُقَ :(ک) صَفَاقَةً الرَّجُلُ :بے حیاء ہونا ...... الثَّوْبُ :کپڑے کا گف ہونا۔
اَصْفَقَهٗ :باز رکھنا۔اَصْفَقَ البَابَ والقَدَحَ والشَّرَابَ :بمعنی صَفَقَ ...... الحَوْضَ : حوض میں پانی جمع کرنا ...... لِلْقَوْمِ :اتنا کھانا لانا جس سے آسودگی ہو جائے ...... الثَّوْبَ : کپڑے کو گف بنانا۔کہا جاتا ہے "اَصْفَقُوْا عَلٰى قَوْلٍ وَاحِدٍ" یعنی ایک قول پر سب کا اتفاق کرنا ...... القَوْمُ :مضطرب و پریشان ہوئے۔
صَفَّقَ الطَائِرُ بِجَنَاحَيْهِ :پرندے کا بازو پھڑپھڑانا ...... الرَّجُلُ بِيَدَيْهِ :تالی بجانا ...... حَوْلَ الشَّيْءِ :طواف کرنا ...... الرَّجُلُ :جانا ...... الشَّرَابَ :صفائی کے لئے ایک برتن سے دوسرے برتن میں کرنا۔
صَافَقَ الرَّجُلَانِ عِنْدَ البَيْعِ :بیع کے وقت ایک دوسرے کے ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔صَافَقَ الرَّجُلُ بَيْنَ جَنْبَيْهِ :ایک پہلو سے دوسرے پہلو پر ہونا ...... بَيْنَ ثَوْبَيْنِ :ایک کپڑے کو دوسرے کے اوپر پہننا۔
تَصَافَقَ القَوْمُ :خرید و فروخت کرنا۔
تَصَفَّقَ الرَّجُلُ :تردد کرنا ...... لِلْاَمْرِ: درپے ہونا۔
اِنْصَفَقَ :واپس ہونا۔پھر جانا ...... القَوْمُ عَلَيْهِ :متوجہ ہونا۔
اِصْطَفَقَ العُوْدُ :بربط کے تاروں کا متحرک ہونا ...... البَحْرُ :موجوں کا متلاطم ہونا ...... القَوْمُ :مضطرب ہونا ...... الاَشْجَارُ :حرکت کرنا ...... النِّسَاءُ عَلَى المَيِّتِ :عورتوں کا میت پر نوحہ وبین کرنا۔
الصَفْق :گوشہ۔جانب۔دروازہ کا کواڑ۔
صَفْقَا العُنُقِ :گردن کی دونوں اطراف۔
صَفْقَا الفَرَسِ :گھوڑے کے رخسارے۔
صَفْقُ الجَبَلِ :پہاڑ کی سطح۔ج صُفُوْق.
الصِفْق :دروازے کا کواڑ۔پٹ۔
الصَفْقَة :خرید و فروخت میں ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔عقد بیع۔کہا جاتا ہے "صَفْقَةٌ رَابِحَةٌ" نفع بخش عقد بیع۔ صَفْقَةٌ خَاسِرَةٌ نقصان دہ عقد بیع "رَبِحَتْ صَفْقَتُكَ" تمہارا عقد بیع نفع بخش ہے۔
الصَفَق :گوشہ۔دماغ کا آخری حصہ۔
الصِفَاق :کھال کے نیچے کی جھلی۔پیٹ پر کی جھلی۔وہ کھال جو لکڑی کی بنی ہوئی ڈھال پر مڑھ دیتے ہیں۔ج صُفُق
الصَافِقَة :نازل ہونے والی جماعت۔

معیبت۔

الصَّفَاق. صافق کا اسم مبالغہ۔ بہت زیادہ تجارت کے لئے سفر کرنے والا اور لین دین کرنے والا۔

الصَّفُوق: بلند پہاڑ جس پر چڑھنا دشوار ہو۔ بلند چکنی چٹان۔ نرم کمان۔ ج صُفُق.

الصَّفَائِق: آنے جانے والے قافلے۔

الصَّفَائِق و الصَّوَافِق: مصیبتیں۔ حوادث۔

الصَّفِيق: بےحیاء۔ بےشرم۔ کہا جاتا ہے "وَجْهٌ صَفِيقٌ" بےشرم چہرہ "ثَوْبٌ صَفِيقٌ" گف۔ کپڑا۔

المَصْفَق: راستہ۔

المُصَافِق: فا۔ ہاتھ پر ہاتھ مارنے والا...... مِنَ الإِبِلِ: جو ایک مرتبہ ایک پہلو پر سوئے اور دوسری مرتبہ دوسرے پہلو پر۔

صَفَنَ: (ض) صُفُونًا. الفَرَسُ: گھوڑے کا تین ٹانگوں اور چوتھے کے کھر پر کھڑا ہونا ...... الرَّجُلُ دونوں قدم کو ایک قطار میں کرنا ...... بِـــهِ الأَرْضَ زمین پر دے مارنا(...... صَفْنًا) الطَّائِرُ الحَشِيشَ او الوَرَقَ: پرندے کا اپنے بچے کے لئے گھاس یا پتوں کو تہ بتہ رکھنا...... الرَّجُلَ: خصیتین کی تھیلی کو پھاڑ دینا۔

صَافَنَ. القَوْمَ: قوم کے مقابل کھڑا ہونا۔ المَاءَ بَيْنَهُم: پانی کو آپس میں تقسیم کرنا اور یہ اس طریقہ سے کہ برتن کی تہ میں کوئی کنکری وغیرہ رکھ دیتے تھے اور پھر اس میں پانی ڈالتے تھے جس سے کنکری تہ آب ہو جائے پھر ایک آدمی پیتا تھا پھر پانی ڈالتے تھے تو دوسرا پیتا تھا اور پھر اسی طرح کرتے رہتے تھے تاکہ ہر ایک کو برابر برابر پانی مل جائے اور یہ طریقہ پانی کی کمی کی وجہ سے سفر میں اختیار کیا کرتے تھے۔

تَصَافَنَ. القَوْمُ المَاءَ: مذکورہ بالا طریقہ سے پانی تقسیم کرنا۔

الصَّفَن: خصیہ کی تھیلی۔ چمڑے کا دسترخوان، مستی کے وقت اونٹ کے منہ کی جھاگ۔ ج صُفْن و صُفُن و أَصْفَان و صُفْنَان.

الصُّــفْــن: چمڑے کی چھاگل۔ چرواہے کا توبرہ۔

الصَّفْنَة: ایک مرتبہ بمقدار حصص پانی تقسیم کرنا۔ دسترخوان۔ مستی کے وقت اونٹ کے منہ کی جھاگ۔ چرواہے کا توبرہ۔

الصَّفَن. ج أَصْفَان و صُفْنَان الصَّفَنَة: خصیہ کی تھیلی۔

الصَّافِن: پنڈلی کے نچلے حصہ میں ایک رگ۔ مِنَ الخَيْلِ: وہ گھوڑا جو تین ٹانگوں پر کھڑا ہو اور چوتھے پاؤں کا صرف کھر زمین پر لگائے۔ ج صَافِنَات و صَوَافِن و صُفُون.

صَفَا يَصْفُو صَفْوًا و صَفَاءً و صُفُوًّا: صاف ہونا...... الجَوُّ: فضا کا بےابر و باد ہونا۔ القِدْرَ: دیگ کا خالص حصہ لے لینا۔

صَفَتْ تَصْفُو صَفْوًا و صُفُوًّا صَفَاوَةً. النَّاقَةُ: بہت دودھ والی ہونا۔

صَفَّى تَصْفِيَةً. الشَّيْءَ: صاف ستھرا کرنا۔

أَصْفَى إِصْفَاءً. فُلَانًا الوُدَّ: وأَصْفَى لَهُ الوُدَّ: خالص محبت کرنا...... الَّذِي يَحْفِرُ: کھودتے ہوئے پتھر تک پہنچ جانا جو آئندہ کھودنے سے روک دے۔ أَصْــفَــتِ الدَّجَاجَةُ: مرغی کا انڈے دینے سے رک جانا ...... الشَّاعِرُ: شعر کہنے سے رک جانا اور اسی سے ضرب المثل ہے "أَنَا شَاكِرُكَ الَّذِي يَصْفِي وشاعرك الذي لا يصفي" یعنی تمہارا ایسا شکرگزار ہوں جو خالص محبت کرتا ہے اور ایسا شاعر ہوں جو شعر کہنے میں رکتا نہیں۔ أَصْفَى مِنَ المَالِ: مال سے خالی ہونا...... هُ بِكَذَا: مخصوص کرنا۔ راضی کر دینا ...... الشَّيْءَ: کل لے لینا۔

صَافَى مُصَافَاةً. فُلَانًا: خالص محبت کرنا۔

تَصَافَى. القَوْمُ: بعض کا بعض سے خالص محبت کرنا۔

إِسْتَصْفَى. المَالَ: کل لے لینا...... الرَّجُلَ: خالص دوست بنانا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَصْفَاهُ واصْطَفَاهُ" یعنی چن لینا۔

الصَّفْو: مص۔ خالص محبت (...... الصَّفْوَة و الصِّفْوَة و الصُّفْوَة) مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: خالص اور عمدہ۔

الصَّافِي: صاف ستھرا۔ يَوْمٌ صَافٍ: بےابر و باد کا دن۔ كَلَأٌ صَافٍ: بغیر کوڑا کرکٹ کی گھاس۔

الصَّافِيَة: زمین جس کے باشندے چلے گئے ہوں یا مر گئے ہوں اور کوئی اس کا وارث نہ ہو صَوَافٍ.

الصِّفْوَة: خالص دوست۔ طرز صفائی الصِّفْوَةُ مِنَ المَاءِ ونَحْوِهِ: تھوڑا سا پانی وغیرہ۔

الصَّفَاء: جمع صَفَاة: کی بمعنی پتھر اور لقب ہے پطرس کا (کلمہ سریانی ہے)

الصَّفَاة. ج صَفَاء صَفَوَات: جج أَصْفَاء و صُفِيّ و صِفِيّ.

الصَّفْوَانَة. ج صَفْوَان و صَفَوَان الصَّفْوَاء: ٹھوس بڑا پتھر۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا تَنْدَى صَفَاتُهُ" مراد یہ ہے کہ بخیل ہے و "فُلَانٌ لَا تُقْرَعُ لَهُ صَفَاةٌ" یعنی کوئی اس کو تکلیف نہیں پہنچا سکتا۔

الصَّفْوَان: چکنا پتھر۔ يَوْمٌ صَفْوَان: صاف دن۔

الصَّفِيّ: مخلص دوست۔ ج أَصْفِيَاء: مؤنث صَفِيَّة: ہر چیز کا خالص حصہ۔

الصَّفِيّ و الصَّفِيَّة: مال غنیمت کا وہ حصہ جو سردار اپنے لئے خاص کر لے۔

الصَّفِيَّة: زیادہ دودھ والی اونٹنی۔ بہت پھلدار کھجور۔ ج صفایا۔

المِصْفَاة: چھننا۔ ج مَصَافٍ.

المُصْطَفَى: برگزیدہ۔ چنا ہوا۔

صَقِبَ: (س) صَقَبًا. المَكَانُ: قریب ہونا۔ بعید ہونا۔

صَقَبَهُ: (ن) صَقْبًا: تھپڑ مارنا...... الشَّيْءَ: جمع کرنا...... البِنَاءَ: عمارت کو بلند کرنا۔

الطَّائِرُ: پرندہ کا آواز کرنا۔

صَاقَبَهُ صِقَابًا و مُصَاقَبَةً: قریب کرنا۔ کہا

جاتا ہے لَقِیْتُہٗ صِقَابًا: یعنی رودررو ملاقات کی۔

اَصْقَبَہٗ: نزدیک کرنا۔ اَصْقَبَ الشَّیْئُ: قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَصْقَبَکَ الصَّیْدُ" یعنی شکار تم سے قریب ہے جس پر نشانہ لگانا ممکن ہے۔

الصَّقْبُ: مکان کے اندر سب سے لمبا کھمبا۔ ج صُقُوب...... لمبا۔ ج صِقَاب وصُقْبَان.

الصَّقَب والصَّقِب: قریب۔ نزدیک۔ کہا جاتا ہے "دَارِیْ مِنْ دَارِہٖ بِصَقَبٍ" میرا گھر اس کے گھر کے قریب ہے۔ "الْجَارُ اَحَقُّ بِصَقَبِہٖ" پڑوسی اپنی قربت کی وجہ سے زیادہ حق دار ہے۔

الصِّیْقَانِیّ: عطر فروش۔

الصَّقَح والصَّقْحَة: گنج۔ سر کے اگلے حصہ کے بال گر جانا۔

الاَصْقَح: گنجا۔ مؤنث صَقْحَاء جمع صُقْح.

صَقَرَہٗ: (ن) صَقْرًا بِالْعَصَاء: لاٹھی سے مارنا۔ اسی سے ہے "صَقَرَنِیْ بِکَلَامِہٖ" اس نے مجھ کو اپنی گفتگو سے تکلیف پہنچائی...... بِہِ الاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا...... الْحِجَارَةَ: ہتھوڑے سے پتھر توڑنا۔

صَقَر وصَقَّر. النَّارَ: آگ کو جلانا۔

صَقَرَت (ن) صَقْرًا وصَقَرَةً واَصْقَرَت. الشَّمْسُ اَوِ النَّارُ: آفتاب یا آگ کا تیز گرم ہونا۔ صَقَرَتْہُ الشَّمْسُ آفتاب کا جھلس دینا۔

صَقَر (ن) صَقْرًا واَصْقَرَ اللَّبَنُ: دودھ کا زیادہ کھٹا ہونا۔

تَصَقَّرَ: شکرہ سے شکار کرنا۔ بِالْمَکَان: مکان میں ٹھہرنا۔ تَصَقَّرَتْ واصْطَقَرَتِ النَّارُ: آگ کا جلنا۔

الصَّقْر: گدھ اور عقاب کے علاوہ ہر پرندہ جو شکار کرے۔ شکرہ ایک پرندہ ہے جس سے شکار کیا جاتا ہے جس کو فارسی میں چرغ کہتے ہیں۔

ج اَصْقُر وصُقُور وصُقُورَة وصِقَار وصِقَارَة وصُقُر: کہا جاتا ہے "صَقْرٌ صَافِرٌ" یعنی تیز نگاہ والا۔

الصَّقْر: بہت کھٹا دودھ۔ سڑا ہوا پانی۔ ج صُقُور وصِقَار.

الصَّقْر والصَّقَر: شیرہ۔ تر کھجور کا ہو یا خشک انگور کا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا التَّمْرُ اَصْقَرُ مِنْ ذَاکَ" مراد یہ ہے کہ اس میں شیرہ زیادہ ہے۔

الصَّقُرَة: بہت کھٹا دودھ۔

صَقَر: طبقہ جہنم کا نام۔ یہ کلمہ غیر منصرف ہے اور سقر میں ایک لغت ہے۔

الصَّقْر. مِنَ الرُّطَبِ اَوِ الزَّبِیْبِ: تر کھجور یا خشک انگور جو رس نکالنے کے قابل ہو۔ اِمْرَاَةٌ صَقِرَةٌ: بہت تیز نگاہ والی عورت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالصَّقْرِ وَالْبَقْرِ اَوْ بِالصُّقَارَی وَالْبُقَارَی" یعنی سفید جھوٹ بولا۔

الصُّقْرَة: پرندہ کی سبزی یا سیاہی کا سرخی یا زردی سے ملنا۔

الصَّقَرَة: حوض کا بقیہ پانی۔

الصَّاقُور: ہتھوڑا جس سے پتھر توڑا جائے۔ کدال (...... والصَّاقُورَة): مصیبت۔ بڑی مصیبت۔

الصَّاقُورَة: کھوپڑی کا اندرونی حصہ۔

الصَّقَّار: چغل خور۔ کافر۔ غیر مستحقین کو لعنت کرنے والا۔ شیرہ کا بنانے والا اور بیچنے والا۔

صَقَعَہٗ (ف) صَقْعًا: سر پر مارنا۔ صَقَعَ بِہِ الاَرْضَ: پچھاڑ دینا...... الرَّجُلُ: جانا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِیْ اَیْنَ صَقَعَ" یعنی میں نہیں جانتا کہاں گیا۔ راستہ سے ہٹ جانا یا بھلائی اور کرم کے راستہ سے ہٹ جانا۔

الْحِمَارُ بِکَیِّ: گدھے کے منہ یا سر پر داغ لگانا۔ کہا جاتا ہے "صَقَعَتْہُ الصَّاقِعَةُ" بمعنی صَعَقَتْہُ الصَّاعِقَةُ: یعنی اس کے اوپر بجلی گری۔

صَقَعَ (ف) صَقْعًا وصُقَاعًا وصَقِیْعًا الدِّیْکُ: مرغ کا بانگ دینا...... صَقْعًا وصُقَاعًا بِصَوْتِہٖ: آواز بلند کرنا۔

صَقِعَ: (س) صَقَعًا. الرَّجُلُ: بےہوش ہونا۔

الْفَرَسُ اَوِ الطَّائِرُ: سر کے درمیان سفید ہونا۔ صفت اَصْقَع. صَقِعَتِ الْبِئْرُ: کنواں گر جانا۔

صُقِعَ واُصْقِعَ. الْمَکَانُ: یخ والا ہونا۔ پالا پڑنا۔ صَقَعَ. لِفُلَانٍ: کسی کے لئے قسم کھانا۔

اَصْقَعَ. الرَّجُلُ: یخ پر چلنا...... الصَّقِیْعُ الاَرْضَ: یخ پڑنا۔

الصُّقْع: جانب۔ گوشہ۔ ج اصقاع.

الصَّقَع: سر میں بال کم ہونا یا بالکل نہ ہونا۔

الصَّقِع: گنجا۔ غائب آدمی جس کے متعلق معلوم نہ ہو کہ کہاں ہے۔ مَکَانٌ صَقِعٌ: پالا زدہ جگہ۔

الصُّقْعَة: گھوڑوں اور پرندوں کے وسط سر میں سپیدی۔

الصَّقْعَاء: مؤنث اَصْقَع: کا۔ آفتاب۔

الصَّاقِع: جھوٹا۔ کہتے ہیں "صَہْ صَاقِعُ" یعنی اے جھوٹے چپ رہ۔

الصَّاقِعَة: مؤنث صَاقِع: کا۔ بجلی۔

الصِّقَاع: برقع۔ اوڑھنی کو تیل سے بچانے کے لئے چیتھڑا۔ وہ چیز جس سے اونٹنی کی ناک کو باندھ دیں۔ اونٹ کی گدی پر داغ۔ صِقَاعُ الْخِبَاءِ وہ رسی جس کو خیمہ کے اوپر ڈال دیں اور اس کے دونوں کناروں کو دو طرف کھونٹے میں باندھ دیں اور ایسا اس وقت کرتے ہیں جب کہ ہوا کی تیزی کی وجہ سے خیمہ کے اکھڑ جانے کا خوف ہو۔

الصَّقِیْع: یخ۔ پالا۔ ایک قسم کی بھڑ۔

الْمِصْقَع: فصیح بلیغ۔ بلند آواز والا۔ وہ شخص جس کو اپنے کلام میں التباس نہ ہو۔ ج مَصَاقِع.

صَوْقَعَة: سر پر مارنا۔

الصَّوْقَعَة: عمامہ۔ سر کا درمیانی حصہ۔ اوڑھنی کو تیل سے بچانے والا کپڑا۔

الصَّقْعَب : لمبا۔ آواز نکالنے والا۔ (دانتوں سے یا دروازے سے)
صَقَرَ. فِيْ اُذُنِهٖ : دکان میں چلانا۔
الصُّقْر : ٹھنڈا پانی۔ سڑا ہوا پانی۔
صَقَلَ (ن) صَقْلاً وصِقَالاً. الشَّيْ : صاف کرنا۔ چکنا کرنا۔ زنگ دور کرنا۔ صفت صَاقِل ج صَقَلَة : صفت مفعول مَصْقُوْل ...... الدَّابَة : دبلا کرنا ...... ه بِالعَصَا : لاٹھی سے مارنا ...... بِهٖ الاَرْض : زمین پر پٹک دینا۔
صَقِلَ : (س) صَقَلاً : صاف شدہ ہونا۔
الصَّقَل : گھوڑے کے پہلو کی لمبائی۔
الصُّقْل : پہلو۔ جانوروں میں ہلکا پھلکا۔
الصُّقْل والصُّقْلَة : کمر۔
الصَّقِلُ : مختلف چال والا۔ کم گوشت کا گھوڑا۔ فَرَسٌ صَقِلٌ : لمبے پہلو کا گھوڑا۔
الصَّيْقَل. صَاقِل : کا مبالغہ۔ تلواروں کو تیز کرنے والا۔ ج صَيَاقِل وصَيَاقِلَة.
الصَّقِيْل : صاف کیا ہوا۔ تلوار۔
الصَّقَّال. صَاقِل : کا مبالغہ۔
صِقِلِّيَّة وصَقَلِّيَة : جزیرہ سسلی جو اٹلی کے جنوب مغرب میں ہے۔
المِصْقَل. مِنَ الخُطَبَاء : فصیح وبلیغ۔
المِصْقَلَة : جس سے صیقل کیا جائے۔
الصَّقْلَب والصَّقْلَبِي والصَّقْلاَبِي : ایک قوم جو بلغار اور قسطنطنیہ کے درمیان رہا کرتی تھی اور بعد میں یورپ میں پھیل گئی۔
صَكَّه (ن) صَكًّا : زور سے مارنا۔ طمانچہ مارنا۔ صَكَّ البَاب : دروازہ بند کر دینا۔
صَكَّ (س) صَكَكًا. الرَّجُلُ او الفَرَسُ : چلنے میں گھٹنے اور ایڑیوں کا ٹکرانا۔ صفت اَصَكّ.
اِصْطَكَّتْ رُكْبَتَاهُ : چلنے میں گھٹنوں کا ایک دوسرے سے ٹکرانا "اِصْطَكَّ القَوْمُ السُّيُوْفِ" : تلوار سے لڑنا۔
...اكّت. الرُّكَب : زانو کا رگڑ کھانا۔
...كّ : چک۔ اقرار نامہ۔ ج اَصُكّ وصُكُوْك وصِكَاك.
الاَصَكّ : چلنے میں گھٹنے اور ایڑیوں کو ٹکرانے والا۔ ملے ہوئے ڈاڑھ اور دانت والا۔ قوی۔ مؤنث صَكَّاء ج صُكّ.
الصَّكَّاك : زور سے طمانچہ مارنے والا۔ چیک لکھنے والا۔ چیک کی حفاظت کرنے والا۔
الصَّكِيْك : کمزور۔
المِصَكّ : مضبوط۔ جس سے دروازہ کو بند کیا جائے۔
المَصْكُوْكَات : درو اہم دنانیر۔
صَكَمَهُ : (ن) صَكْمًا : مارنا۔ صَكَمَ الفَرَسُ عَلٰى لِجَامِهٖ : گھوڑے کا لگام کو چبانا۔
الصَّكْمَة : صدمہ شدیدہ۔
الصَّوَاكِم : مصائب۔ حوادث۔ کہا جاتا ہے "صَكَمَتْهُ صَوَاكِمُ الدَّهْرِ" اس کے اوپر زمانہ کی مصیبتیں پڑیں۔
صَلَّ : (ض) صَلِيْلاً السَّلاَحُ : جھنکار ہونا ...... الشَّيْ : آواز دینا ...... المِسْمَارُ : ٹھونکا جانا اور کسی چیز میں زبردستی داخل کرنا ...... الاِبِلُ : اونٹ کی آنتوں کا پیاس سے خشک ہونا جس سے پانی پیتے ہوئے آواز سنائی دے ...... السِّقَاءُ : مشک کا خشک ہونا (...... صُلُوْلاً) اللَّحْمُ : گوشت کا بدبودار ہونا ...... المَاءُ : پانی کا متغیر ہونا۔
صَلَّ (ن) صَلًّا. الشَّرَابَ : صاف کرنا ...... الحَبَّ المُخْتَلَط بِالتُّرَاب : پانی ڈال کر دانہ کو مٹی سے جدا کرنا ...... الخُفَّ : چرمی موزہ پر استر لگانا۔ کہا جاتا ہے "صَلَّتْهُمُ الصَّالَّة" یعنی ان کو مصیبت لاحق ہو گئی۔
اَصَلَّ. اللَّحْمُ : گوشت کا بدبودار ہونا ...... القِدَمُ المَاءَ : دیر تک ٹھہرنے سے پانی کو متغیر کر دینا۔
الصُّلُّ : گوشت وغیرہ جو متغیر ہو جائے۔
الصِّلُّ : خبیث قسم کا سانپ۔ مصیبت۔ ... کہا جاتا ہے ... [illegible] ... اس کے مماثل ہے۔ تلوار۔ ج اَصْلاَل کہا جاتا ہے "هُوَ صِلُّ اَصْلاَلٍ" : یعنی وہ بڑا مکار خبیث ہے۔
الصِّلُّ والصَّلُّ والصَّلَّة : تھوڑی متفرق بارش۔
الصَّلَّة : دباغت سے پہلے خشک چمڑا۔ بدبودار چمڑا۔ جوتا۔ چوتڑ۔ شدید بارش۔ تازہ گھاس کے متفرق ٹکڑے۔ تر مٹی۔
الصُّلَّة : بدبودار ہوا۔ بقیہ پانی۔
الصَّالَّة : مصیبت۔
الصِّلاَلَة : چرمی موزے کا استر۔ ج اَصِلَّة.
صُلاَلَةُ. الحَبِّ : غلے کا کوڑا کرکٹ۔
الصَّلِيْل : جھنکار لوہے کی یا تلوار کی۔
الصَّلاَّل والمِصْلاَل. مِنَ الطِّيْنِ : خشک مٹی جو لوہے کی مانند آواز دے۔ مَاءٌ صَلاَّل : متغیر پانی۔
الصِّلِّيَان : ایک قسم کی نباتات۔ واحد صِلِّيَانَة.
المُصَلِّل : سردار۔ شریف۔ خالص النسب۔ کثیر بارش۔
صَلَبَه (ن ض) صَلْبًا : سولی دینا ...... اللَّحْمَ : گوشت بھوننا ...... العِظَامَ : ہڈیوں سے گودا نکالنا ...... صَلَبَتْهُ الشَّمْسُ : آفتاب کا جھلس جانا۔ صَلَبَتْ عَلَيْهِ الحُمّٰى : بخار کا ہمیشہ اور تیز رہنا۔
صَلُبَ (ک س) صَلاَبَةً : سخت ہونا ...... عَلَى المَالِ : بخل کرنا۔
صَلَّبَ. الشَّيْ : سخت کرنا ...... الشَّيْ : سخت ہونا اور خشک ہونا ...... اللِّصَّ : چور کو سولی دینا۔
...... المَسِيْحِي : ہاتھ سے صلیب کا نشان بنانا۔
اَصْلَبَتِ. النَّاقَةُ : بچہ کو دودھ پلاتے ہوئے اونٹنی کا اپنی گردن کو آسمان کی طرف اٹھانا۔
تَصَلَّبَ : سخت ہونا۔
اِصْطَلَبَ. العِظَامَ : ہڈیوں سے گودا نکالنا۔
[illegible] : ریڑھ کی ہڈی۔ چربی۔ گودا۔ سخت

زمین۔ ج صِلَبَۃ و اصلاب : ان زمینوں کو جو ایک زمانے سے جوتی نہ گئی ہوں ان کے لئے کہتے ہیں "إنّها لا صلابٌ منذ أعوام"۔
الصُّلْب : سخت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صُلْبٌ فِي دِينِه" وہ اپنے دین میں سخت ہے۔ "رَاعٍ صُلْبُ العصا" جبکہ اونٹوں پر سختی کرتا ہو۔ ریڑھ کی ہڈی۔ ج أصلاب و أصلُب و صِلَبَة اور کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ صُلْبِ فلان" یعنی فلاں کی نسل اور اولاد سے ہے۔
الصُّلْب : قوت۔ حسب۔ سخت پتھریلی جگہ۔ ج صِلَبَة۔
الصُّلَب : ایک پرندہ ہے۔
الصالب : فا۔ حُمّى صالبٌ : تیز بخار جس میں کپکپی بھی ہو۔
الصالب و الصالِب : ریڑھ کی ہڈی۔
الصُّلَّب : سخت۔ سان رکھنے کا پتھر۔ ریڑھ کی ہڈی۔
الصُّلَّبَة : سان رکھنے کا پتھر۔
الصُّلَّبِي : سخت۔ جس سے سان رکھا جائے۔ سنان صُلَّبِي : تیز نیزے۔
الصُّلَّبِيَّة : بمعنی صُلَّبِي : تا مبالغہ کے لئے ہے۔
المُصَالِب : وہ ستون جس کے چار حصے بنائے گئے ہوں۔
الأثنوب : وہ ستون لمبا جس کے حصے نہ ہوں۔
الأغراخ : وہ ستون جو دو پر قائم ہو اور باقی لمبا ہو۔
الصَّلِيب : وہ لکڑی جس پر عیسائیوں کے گمان کے مطابق حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کو سولی دی گئی۔ ہر وہ جو دو خط کی شکل پر جو آپس میں تقاطع کرتے ہوں جس پر سولی دی جائے۔ ج صُلْبَان و صُلُب : قوی۔ سولی دیا ہوا۔ چربی۔ گودا۔ کہا جاتا ہے "استخرج صَلِيبَ العظم" یعنی ہڈی کا گودا نکال لیا۔ حبذا الذی صَلِيب علی
السنور راه مُصَلَّب : اونٹ کا داغ۔ ج

صُلْب : خالص نسب والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عربيّ صَلِيبٌ" وہ خالص عربی ہے۔ "ذُو الصَّلِيب" لقب ہے "الاخطل" نصرانی شاعر کا۔
الصَّلِيبِي : واحد الصَّلِيبِيَّة : یہ ایک قوم یورپ کی تھی جس نے بیت المقدس پر غلبہ حاصل کرنے کے لئے فوج کشی کی تھی اور ان کا نام یہ اس وجہ سے رکھا گیا کہ انہوں نے اپنے جھنڈوں پر اور اپنے لباس پر صلیب کا نشان بنا رکھا تھا۔
بعير مُصَلَّب و مَصْلُوب : جس پر صلیب جیسا داغ ہو۔ مؤنث مُصَلَّبَة و مَصْلُوبَة
سنانٌ مُصَلَّب : تیز نیزے۔ خُمْرٌ مُصَلَّب عليه : جس پر صلیب جیسا نشان ہو۔ ثوبٌ مُصَلَّب : جس کپڑے پر صلیب کا نشان ہو۔
صَلَت : (ن) صَلْتًا. الفرسَ : گھوڑے کو ایڑ مارنا۔
صَلُت : (ک) صُلُوتَة. الرَّجُلُ : کشادہ پیشانی والا ہونا۔
أَصْلَت. السيفَ : تلوار سونتنا۔
إِنْصَلَت. فِي عَدْوِهِ : دوڑ میں آگے نکل جانا۔
الصَّلْت : کشادہ ہموار ابھری ہوئی پیشانی۔ کہا جاتا ہے "جَبِينٌ صَلْتٌ" کشادہ پیشانی۔
الصَّلْت و الصُّلْت : بڑی چھری۔ ج أصلات.
الصَّلْت و الصَّلَتَان و الإِصْلِيت و الأَصْلَتِيّ و الإِصْلَات و المِصْلَت و المِصْلَات و المُنْصَلِت. مِنَ الرِّجال : بہادر آدمی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ مَصَالِيت الرِّجال" : وہ بہادر آدمیوں میں سے ہے۔
الصَّلْت و الإِصْلِيت و المُنْصَلِت مِنَ السُّيُوف : صیقل شدہ تیز تلوار۔
المُصَالَتَة : باہم دگر تلوار بازی کرنا۔ شاعر کا کسی دوسرے کے شعر کو لفظاً و معنًی لے لینا اور یہ سرقات شعریہ میں قبیح ترین ہے۔
صَلَخ : (ن) صَلْخًا الصخرةَ : چاندی

پگھلانا۔ صَلَخَه. بالعصا : لاٹھی سے مارنا۔
صَلِخ (س) صَلَخًا. سَمَخَة : بہرا ہونا۔
تَصَلَّخ. الرَّجُلُ : بہرا بننا۔
الصَّلَخ : کمر سے درہم۔
الصَّلَخَة : ریشم کے کیڑے کا خول۔ ج صَلَخ.
الصُّلَّخَة : پگھلی ہوئی صاف خالص چاندی کا ٹکڑا۔
الصَّوْلَجان و الصَّوْلَجَة : ٹیڑھے سرے کی لاٹھی۔ ج صَوَالِجَة.
الصَّوْلَج : خالص چاندی۔ کان کا سوراخ۔ ٹیڑھی لکڑی۔
الأَصْلَخ : سخت چکنا۔ بہرا۔
صَلَح (ک ف ن) صَلَاحًا و صُلُوحًا و صَلَاحِيَة : درست ہونا۔ فساد کا زائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "صَلَحَتْ حَالُ فلانٍ" فلاں کا حال درست ہو گیا۔۔۔۔ الرَّجُلُ : نیک ہونا ۔۔۔۔ فِي عَمَلِه : کام میں درست ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا يَصْلَحُ لَكَ صَلَاحِيَّةً" : یعنی تمہارے موافق ہے۔ تمہارے لائق ہے۔
صَالَحَه صِلَاحًا و مُصَالَحَةً : موافق ہونا۔ صلح کرنا۔
أَصْلَح. الشيءَ : درست کرنا۔ بينهم : صلح کرانا ۔۔۔۔ إليه : اچھا کرنا۔ کہا جاتا ہے "أَصْلَحَ اللّٰهُ فِي ذُرِّيَّتِه و مَالِه"۔
تَصَالَح و اصْطَلَح و اصَّالَح و اصَّلَح. القومُ : رضامند ہونا۔
إِسْتَصْلَح. الشيءَ : درستی چاہنا۔
الصُّلْح : سلامتی۔ درستی۔ مصالحت کا اسم ہے (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "هُمْ لَنَا صُلْح" یعنی صلح کرنے والے ہیں۔ کہا جاتا ہے "القَوْمُ صُلُوح" یعنی رضامند ہیں۔ مصدر کے ساتھ وصف بیان کیا گیا ہے۔
الصَّلَاحِيَة : وہ حالت جس سے کوئی چیز درست ہو۔
الإِصْطِلَاح : عرف خاص۔ یعنی کسی جماعت

خاص کا کسی چیز پر یا کسی کلمہ کے وضع پر اتفاق کر لینا۔ ج اِصْطِلَاحَات۔

الصَّالِح: نیک۔ ٹھیک۔ درست۔ حقوق و واجبات پورے کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صَالِحٌ بِكَذَا": یعنی اس کے اندر فلاں کام کی اہلیت و قابلیت ہے اور بسا اوقات کثیر سے کنایہ کرتے ہیں۔ کہتے ہیں "لَهُ حَظٌّ صَالِحٌ مِنَ الْأَدَبِ" یعنی اس کے لئے ادب کا حصہ کثیر ہے۔ ج صَالِحُوْن وَ صُلَّاح۔

الصَّالِحَة: مؤنث صَالِح کا۔ کہا جاتا ہے "أَتَتْنِي صَالِحَةٌ مِنْ فُلَانٍ" یعنی فلاں کی طرف سے مجھے بہت نعمت یا بڑی بھلائی پہنچی۔

الصَّلِيْح: بمعنی صَالِح۔ ج صُلَحَاء۔

الْمَصْلَحَة: جو صلاح پر برانگیختہ کرے۔ نیکی۔ ج مَصَالِح: کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ أَهْلِ الْمَفَاسِدِ لَا الْمَصَالِحِ"۔

صَلِخَ (س) صَلَخًا۔ سَمْعُهُ: سخت بہرا ہونا۔ تَصَالَخَ: بہرا بننا۔

اِصْلَخَ: لیٹنا۔

الصَّالِخ: بمعنی السَّالِخ: یعنی خارش۔ کہا جاتا ہے "جَرَبٌ صَالِخٌ وَسَالِخٌ" کالا سانپ۔

الْأَصْلَخ: بہت بہرا۔ مِنَ الْجِمَالِ: خارشی اونٹ۔ مؤنث صَلْخَاء ج صُلْخ۔

الصَّلَخ: بہرا پن۔ خارش۔ وَاهِيَةٌ صَلُوْخٌ: ہلاک کرنے والی مصیبت۔

اِصْلَخَدَّ: سیدھا کھڑا ہونا۔

اَلصَّلْخَد وَالصِّلَّخْد وَالصِّلْخِد وَالصِّلْخَاد وَالصَّلَاخِد وَالصَّلْخَدِي: قوی۔ ذہین۔ دلیر۔ ج صَلَاخِد۔

الصَّلْخَدَم مِنَ الْإِبِلِ: قوی اونٹ۔

صَلَدَ (ض) صُلُوْدًا۔ الزَّنْدُ: چقماق کا بغیر آگ نکلے ہوئے آواز کرنا۔۔۔۔۔ صَلَدَتِ الْأَرْضُ: زمین کا سخت ہونا۔۔۔۔۔ صَلْعَتُهُ: سر کے گنج کا چمکنا۔

صَلَدَتْ: (ض) صَلْدًا۔ الدَّابَّةُ: جانور کا کھڑا ہونا۔ دوڑنے میں پاؤں کو زمین پر مارنا۔۔۔۔۔ الرَّجُلُ فِي الْجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔ صَلَدَ السَّائِلَ: کچھ نہ دینا۔۔۔۔۔ بِيَدَيْهِ: تالی بجانا۔

صَلُدَ (ک) صَلَادَةً وَصَلَّدَ تَصْلِيْدًا: بخل کرنا۔

اَصْلَدَ۔ الزَّنْدُ: بغیر آگ نکلنے کے چقماق کا آواز کرنا۔ اَصْلَدَتِ الْأَرْضُ: سخت ہونا۔

اُصْلِدَ الزَّنْدُ: بغیر آگ کے چقماق سے آواز نکلنا۔

الصَّلْد: ٹھوس۔ چکنا۔ وہ زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔ کہا جاتا ہے "أَرْضٌ صَلْدٌ وَمَكَانٌ صَلْدٌ" ج أَصْلَادٌ۔ فَرَسٌ صَلْدٌ: وہ گھوڑا جس کو پسینہ نہ آئے اور یہ صفت مذموم ہے۔

رَأْسٌ صَلْدٌ: جس پر بال نہ نکلیں۔ جَبِيْنٌ صَلْدٌ: سخت پیشانی۔ رَجُلٌ صَلْدٌ: بخیل مرد۔

الْأَصْلَد: بخیل۔ مؤنث صَلْدَاء ج صُلْد۔

الصَّالِد: فا۔ وہ چقماق جس میں آگ نہ نکلے۔

الصَّالِدَة: مؤنث صَالِد کا۔ دانت جس کے پیسنے میں آواز نکلے۔ ج صَوَالِد۔

الصَّلُوْد: آگ نہ دینے والا چقماق۔ ٹھوس۔ اکیلا۔ بہت بخیل۔ خشک۔ فَرَسٌ صَلُوْدٌ: وہ گھوڑا جس کو دیر میں پسینہ آئے۔

قِدْرٌ صَلُوْدٌ: وہ ہانڈی جسے دیر میں جوش آئے۔ اِمْرَأَةٌ صَلُوْدٌ: بے برکت عورت۔

الصَّلَوْدَد: ٹھوس چکنا۔

الصَّلِيْد: اکیلا۔

عُوْدٌ صَلَّادٌ وَمِصْلَادٌ: نہ سلگنے والی لکڑی۔

نَاقَةٌ مِصْلَادٌ: بے دودھ کے بچے والی اونٹنی۔

الصِّلْدَاء وَالصِّلْدَاءَة: سخت ٹھوس زمین۔

الصَّلْدَح: چوڑا پتھر۔

الصَّلَوْدَح: سخت قوی۔

الصِّلْدِم: ٹھوس۔ سخت کمر۔ شیر۔ ج صَلَادِم۔ الصِّلَّوْر: ایک قسم کی مچھلی۔

صَلْصَلَ صَلْصَلَةً الْحُلِيُّ أَو اللِّجَامُ: زیور یا لگام کا آواز نکالنا۔۔۔۔۔ الرَّعْدُ: گرجنا۔ الْجَرَسُ: آواز کو دہرانا۔۔۔۔۔ فُلَانًا: دھمکی دینا۔

تَصَلْصَلَ۔ اللِّجَامُ أَو الْحُلِيُّ: لگام یا زیور سے آواز نکلنا۔

الصُّلْصُل: گھوڑے کی پیشانی۔ گھوڑے کی پیٹھ کی سفید جگہ۔ چھوٹا پیالہ۔ برتن میں بقیہ پانی یا اور کوئی چیز۔ ماہر چرواہا۔ فاختہ۔

الصَّلْصَال: کھنکھنانے والی خشک مٹی (۔۔۔۔۔ وَالصُّلَاصِل وَالْمُصَلْصَل): آواز دینے والا گدھا۔

الصَّلْصَالَة: زمین جس میں کوئی نہ ہو۔

الْمُصَلْصَل: مصدر میمی۔ خالص النسب۔ شریف سردار۔

اَلصُّلْطَة وَالصُّلَاطَة: سلاد یعنی سبزی، پیاز، نمک، تیل اور دیگر اشیاء سے کچا کھانا تیار کیا جائے۔

اِصْلَنْطَحَ۔ الْبَطْحَاءُ: کشادہ ہونا۔

الصُّلَاطِح وَالْمُصْلَنْطِح: چوڑا کشادہ۔

صَلِعَ (س) صَلَعًا: سر کے اگلے حصے کے بالوں کا گر جانا۔ صفت اَصْلَع ج صُلْع وَصُلْعَان: کہا جاتا ہے "صَلِعَتِ الشَّجَرَةُ" یعنی ٹہنیوں کے پتے گر گئے۔

صَلَّعَتْ وَتَصَلَّعَتْ وَانْصَلَعَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا بادل سے نکل آنا۔۔۔۔۔ الْحَيَّةُ: سانپ کا صاف ستھرا بغیر مٹی کے نکلنا۔

تَصَلَّعَتِ السَّمَاءُ: بادل کا چھٹ جانا۔

صِلَاعُ الشَّمْسِ: آفتاب کی گرمی۔

الصُّلْعَة وَالصَّلَعَة: سر کا وہ حصہ جہاں سے بال گر گئے ہوں۔

الصَّلْعَاء۔ اَصْلَع: کا مؤنث۔ خالی بیابان۔ مصیبت۔ رَمْلَةٌ صَلْعَاءُ: بغیر درخت کے ریتلا میدان۔ ج صُلْع۔

الصُّلَع وَالصَّلِيْع وَالصُّلَّاع: چوڑا پتھر۔

مِنَ الْأَمْكِنَةِ: بنجر زمین۔ رَأْسٌ صَلِيْعٌ: سر جس کے اگلے حصے کے بال گر گئے ہوں۔

صَلْعَم: صلی اللہ علیہ وسلم کا اختصار۔

صَلِفَ (س) صَلَفًا: ڈینگ مارنا۔ صفت

صَلِفَ ج صَلِفُوْن صُلَفَاء وصَلَافَى...... لِصَاحِبِهٖ : غیر پسندیدہ باتیں کرنا...... المَرْأَةُ عِنْدَ زَوْجِهَا: شوہر کے نزدیک بے وقعت ہونا۔ صفت صَلِفَة. ج صَلِفَات وصَلَائِف...... السَحَاب : زیادہ گرجنا اور پانی کم برسنا۔

اَصْلَفَ : بے برکت ہونا۔ گراں جان ہونا۔ فُلَانًا : بغض رکھنا۔

تَصَلَّفَ : بے تکلف ڈینگ مارنا۔ چاپلوسی کرنا...... القَوْم : سخت زمین پر پڑنا۔

الصَلْف : درخت خرما میں خالی ہونا۔ صَلْفَةٌ: واحد ہے۔

الصَلِف : بے مزہ کھانا۔ بھاری برتن۔ اناءٌ صَلِفٌ : کم پانی لینے والا برتن۔ سَحَابٌ صَلِفٌ : زیادہ گرج اور کم بارش کا بادل۔ اَرْضٌ صَلِفَةٌ: زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔

الصَلِيف : گردن کا پہلو۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهٗ بِصَلِيفِهٖ" یعنی پورا لے لیا۔ "طَعَام صَلِيفٌ" بے مزہ کھانا۔

الاَصْلَف : زمین کا وہ حصہ جو سخت ہو اور کچھ نہ اُگے۔ ج اَصَالِف.

الصَلْفَاء والصِلْفَاء والصَلْفَاءةِ والصِلْفَاءَةِ : زمین کا وہ حصہ جو سخت ہو اور کچھ نہ اُگے۔ ج الصَلَافِي.

المُصْلِف: بیوی کی بے قدری کرنے والا۔

صَلْفَعَ :مفلس ہونا۔ رَاسَهٗ: مونڈ دینا۔

صَلَقَ :(ن) صَلْقًا. الرَجُلُ: مصیبت میں چیخنا چلانا۔ صَلَقَهٗ بِالعَصَا : لاٹھی سے مارنا۔ صَلَقَتْهُ الشَمْسُ : آفتاب کا گرمی سے تکلیف پہنچانا۔

صَلَقَ :(ن) صَلْقًا. نَابَهٗ: دانت پیسنا۔

اَصْلَقَ. الرَجُلُ : مصیبت میں چیخنا چلانا۔ ...... النَابُ : دانت پیسنے میں آواز نکالنا۔

تَصَلَّقَ. المَرِيضُ : درد کی وجہ سے مریض کا مضطرب و بے چین ہونا...... المَرْأَةُ: دردِ زہ میں مبتلا ہونا۔

اِصْطَلَقَ. البَعِيرُ بِنَابِهٖ : اونٹ کا دانت

پیسنا۔

الصَلَاقَة : پانی جو ایک جگہ میں دیر تک رہے۔

الصَلْق :سخت آواز۔

الصَلَق :ہموار زمین۔ ج اَصْلَاق ج اَصَالِيق.

الصَلِيق : چکنا۔

الصَلِيقَة : پتلی روٹی۔ چپاتی۔ گوشت کا بھنا ہوا ٹکڑا۔ ج صَلَائِق.

المِصْلَق والمِصْلَاق. مِنَ الخُطَبَاء : بلیغ خطیب۔ ج مَصَالِق ومَصَالِيق.

المَصَالِيق : بڑے بڑے پتھر، ہلکے پھلکے اونٹ۔

صَلْقَعَ :مفلس ہونا...... رَاسَهٗ : سر مونڈنا۔ صَوْتَهٗ : آواز تیز کرنا۔

الصَلْقَع : خالی۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ صَلْقَعٌ بَلْقَعٌ وصَلَنْقَعٌ بَلَنْقَعٌ" خالی مکان۔ بَلْقَع وبَلَنْقَع صَلْقَع وصَلَنْقَع کے لئے تابع ہیں۔

الصَلَنْقَع : مردود لا ورو تو انا۔

صَلَمَ :(ن ض) صَلْمًا وصَلَّم. الشَیْءَ: جڑ سے کاٹنا۔ صَلَمَهٗ وصَلَّمَهٗ: جڑ سے ناک کان کاٹ لینا۔

اِصْطَلَمَهٗ : جڑ سے اُکھیڑنا۔ کہا جاتا ہے "اِصْطَلَمَهُ الدَهْر" یعنی زمانہ نے ان کو برباد کر دیا۔

الصَلَم والصَلَمَة :مضبوط اور بہادر لوگ۔ واحد صَالِم.

الصُلمة: خود۔

الصُلَامَة والصِلَامَة والصُلَامَةُ : آدمیوں کی جماعت۔ سخاوت میں بہادری میں اور عمر میں ایک قسم کے لوگ۔ ج صُلَامَات صِلَامَات' صَلَامَات.

رَجُلٌ اَصْلَمُ. الاُذُنَيْن : وہ شخص جس کے دونوں کان کٹے ہوئے ہوں گویا کہ خلقتًا ایسے ہی ہیں۔ مؤنث صَلْمَاء ج صُلْم.

الصَيْلَم : تکوہ۔ سخت کام۔ مصیبت۔ دن

میں ایک مرتبہ کا کھانا۔ وَقْعَةٌ صَيْلَمَةٌ : جڑ مٹا دینے والی جنگ۔

صَلْمَعَ :مفلس ہونا...... الرَاسَ: مونڈ دینا ...... الشَیْءَ : اکھیڑ دینا۔ چکنا کر دینا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صَلْمَعَة قَلْمَعَة" یعنی وہ اور اس کے باپ غیر معروف ہیں۔

اِصْلَهَبَّ :دراز ہونا۔

الصَلْهَب والمُصْلَهِب :لمبا آدمی۔

الصَلْهَب بڑا مکان۔

الصَلْهَج :بڑی چٹان۔ قوی اونٹنی۔

اِصْلَهَمَّ :سخت ہونا۔

الصِلْهَام :دلیر۔ شیر۔

صَلَا يَصْلُوْ صَلْوًا. فُلَانًا : پیٹھ کے درمیان مارنا۔

صَلِيَتْ تَصْلٰى صَلًا و اَصْلَتْ اِصْلَاءً. النَاقَةُ قربِ ولادت کی وجہ سے اونٹنی کے ذبر اور دُم کے درمیان کا ڈھیلا پڑ جانا۔

صَلّٰى صَلَاةً :دعا کرنا۔ نماز پڑھنا۔ اَللّٰه عَلَيْهِ : برکت دینا۔ اچھی تعریف کرنا...... تَصْلِيَةً) الفَرَسَ :گھوڑ دوڑ میں دوسرے نمبر پر ہونا۔ صفت مُصَلّٰی.

الصَلَا :انسان اور چوپایہ کی پیٹھ کا درمیانی حصہ۔ ج صَلَوَات واَصْلَاء.

الصَلَاةُ والصَلْوةِ :دعا۔ نماز۔ تسبیح...... مِنَ اللّٰهِ: رحمت۔ ج صَلَوَات.

المصَلّٰی :نماز پڑھنے کی جگہ۔

صَلّٰی صَلْيًا. اَللَّحْمَ :گوشت بھوننا۔ صفت مفعولی مَصْلِي ...... فُلَانًا النَارَ وفِيهَا وعَلَيْهَا : آگ میں داخل کرنا...... الرَجُلُ: فریب دینا...... لِلصَيْدِ: جال لگانا۔

صَلِيَ (س) صَلًى وصِلًى وصُلِيًّا وصِلِيًّا النَارَ وبِهَا : آگ کی گرمی برداشت کرنا۔ آگ میں جلنا...... اَلاَمْرَ وبِالاَمْرِ :معاملہ کی شدت برداشت کرنا۔

صَلّٰى. العَصَا عَلَى النَارِ اوبِالنَارِ :آگ دکھلا کر سیدھا کرنا۔ صَلّٰی واَصْلٰی يَدَهٗ: ہاتھ گرم کرنا۔

اَصْلاہٗ. النَّارَ: آگ میں داخل کرنا۔

تَصَلّٰی تَصَلِّیًا. النَّارَ وبِالنَّارِ: آگ کی گرمی برداشت کرنا۔ آگ تاپنا...... عَصَاہٗ عَلَی النَّارِ: آگ دکھلانا۔

اِصْطَلٰی اِصْطِلاءً. بِالنَّارِ: آگ تاپنا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ لَا یُصْطَلٰی بِنَارِہٖ" یعنی فلاں ایسا بہادر ہے جس کا مقابلہ نہیں کیا جا سکتا۔

الصِّلاءُ والصَّلٰی: آگ یا بڑی آگ۔ ایندھن۔

الصَّلایَۃُ والصَّلاءَۃ: پیشانی۔ خوشبو۔ پیسنے کا پتھر۔ ہر بڑا پتھر جس پر پیسا جائے۔ ج صُلِیّ وصِلِیّ.

الصِّلِّیَان: ایک جنگلی گھاس۔ صِلِّیَانَۃٌ: واحد۔

المِصْلاۃُ والمِصْلٰی: جال جو شکار کے لئے لگایا جائے۔ ج مَصَالٍ کہا جاتا ہے "اِنَّ لِلشَّیْطَانِ فِخَاخًا ومَصَالِیَ" کہ شیطان کے لئے بہت سے پھندے اور جال ہیں۔

صَمَّ (ن) صَمًّا. القَارُوْرَۃَ: شیشی بند کرنا...... الجُرْحَ: زخم کو باندھنا اور لیپ لگانا...... عَزِیْمَتَہٗ: پکا ارادہ کرنا۔ صَمَّ الرَّجُلَ بِحَجَرٍ: پتھر سے مارنا۔

صَمَّ (س) صَمَمًا وصَمًّا: بہرا ہونا۔ صفت اَصَمُّ مؤنث صَمَّاء ج صُمٌّ وصُمَّان. صُمَّ صَدَاہُ: اس کی آواز بہری ہوگئی یعنی مرگیا، ہلاک ہوگیا۔

صَمَّمَہٗ: بہرا کر دینا۔ صَمَّمَ عَلَی الاَمْرِ وفِیْہِ: کر گزرنا اور منع کرنے والے کی بات نہ سننا...... السَّیْفُ: تلوار کا ہڈی میں گھسنا اور کاٹ دینا۔

صَمَّمَہُ الحَدِیْثَ: یاد کرانا۔ صَمَّمَ الشَّیْءَ: دانت سے کاٹنا۔

اَصَمَّ: بہرا ہونا۔ بہرا کرنا۔ بہرا پانا...... القَارُوْرَۃَ: شیشی بند کرنا۔ اَصَمَّ دُعَاءَہٗ: ایسی قوم کو پکارنا جو ملامت سنے نہ جواب دے۔ اَصَمَّ اللّٰہُ صَدَای فُلانٍ: اللہ اسے ہلاک کرے۔

تَصَامَّ. عَنِ الحَدِیْثِ: بہرا بننا۔

الصِّمُّ: سخت مصیبت۔ شیر۔

الصِّمَّۃُ: بہادر شیر۔ نر کرسانپ۔ مادہ سیپی۔ شیشی وغیرہ کی ڈاٹ۔ ج صِمَم.

الصَّمَم: بہراپن۔ رجل صمم: پختہ ارادہ والا۔

صَمَامِ: بروزن قَطَامِ: سخت مصیبت کے لئے عَلَم: کہتے ہیں "صَمِّیْ صَمَامِ": اے مصیبت زیادہ ہو۔ "صَمَامِ صَمَامِ" بمعنی امر۔

الصِّمَام. ج اَصِمَّۃ. الصِّمَامَۃ: شیشی کی ڈاٹ۔

الصَّمِیْم: ہڈی جس پر عضو کا مدار ہو۔ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: خالص...... مِنَ الحَرِّ اوالبَرْدِ: سخت گرمی یا سردی۔ کہا جاتا ہے "ذَھَبَ فِیْ صَمِیْمِ الحر": سخت گرمی میں گیا اور یہ واحد اور جمع دونوں کے لئے مستعمل ہے۔ تم کہو گے "رَجُلٌ صَمِیْمٌ" و "رِجَالٌ صَمِیْمٌ" مؤنث صَمِیْمَۃ: کہا جاتا ہے "ھُوَ مِنْ صَمِیْمِ القَوْمِ" یعنی قوم کا اصل ہے۔

الاَصَمُّ: ٹھوس۔ کہا جاتا ہے "حَجَرٌ اَصَمُّ وصَخْرَۃٌ صَمَّاءُ" بمعنی ٹھوس پتھر۔ رُمْحٌ اَصَمُّ: مضبوط نیزہ۔ رَجُلٌ اَصَمُّ: جس سے کسی خیر کی اُمید نہ ہو اور اپنی خواہشات سے باز نہ رکھا جا سکے۔ دَھْرٌ اَصَمُّ زمانہ گویا کہ اس سے شکایت کی جاتی ہے اور وہ سنتا نہیں۔ عرب رجب کے مہینے کو شھر اَصَمُّ: کہتے تھے اس وجہ سے کہ اس مہینے میں نہ تو قتل وقتال کی آواز آتی تھی اور نہ ہتھیاروں کی جھنکار سنائی دیتی تھی اور نہ فریادی شور مچاتا تھا۔

الصَّمَّاء: مؤنث اَصَمّ: ٹھوس زمین۔ سخت مصیبت۔ ج صُمّ.

الصَّمَّانَۃ والصَّمَّان: ہر پتھریلی سخت زمین۔

المُصَمِّم: کر گزرنے والا۔ السَّیْفُ المُصَمِّم: ہڈی میں گھس جانے والی تلوار۔

صَمَأ: (ف) صَمْأً. عَلَیْھِمْ: برآمد ہونا۔ ظاہر ہونا...... فُلانًا عَلَی الاَمْرِ: برانگیختہ کرنا۔

صَمَتَ (ن) صَمْتًا وصُمُوْتًا وصُمَاتًا: خاموش رہنا۔

صَمَّتَ واَصْمَتَ: خاموش رہنا۔ صَمَّتَہٗ واَصْمَتَہٗ: خاموش کرنا۔ واَصْمَتَ العَلِیْلُ: بیمار کی زبان بند ہو جانا۔ صَمَّتَتِ المَرْاَۃُ وَلَدَھَا عورت کا اپنے بچہ کو بہلانے کے لئے کچھ کھلانا۔

الصُّمَات: خاموشی۔ پیاس کی سرعت۔ کہا جاتا ہے "رَمَاہُ بِصُمَاتِہٖ وسُکَاتِہٖ" یعنی چپ کرا دیا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ عَلٰی صُمَاتِ الاَمْرِ او بِصُمَاتِہٖ": وہ کام کرنے کو مستعد و تیار ہے۔ "بَاتَ مِنَ القَوْمِ عَلٰی صُمَاتٍ" قوم سے قریب ہوا۔

الصُّمْتَۃُ والصُّمْتَۃ: کھانا یا مٹھائی وغیرہ جس سے بچے کو بہلایا جائے اور چپ کرایا جائے۔

الصَّامِت: فا۔ خاموش۔ گاڑھا دودھ...... مِنَ المَالِ: چاندی سونا (مال ناطق حیوانات ہیں) کہا جاتا ہے "مَالَہٗ نَاطِقٌ ولَا صَامِتٌ" یعنی اس کے پاس کچھ بھی نہیں۔

الصِّمِّیْتُ والصَّمُوْت: بہت خاموش رہنے والا۔

الصَّمُوْت: بھاری زرہ۔ شہد سے بھرا ہوا چھتہ۔ ضَرْبَۃٌ صَمُوْت: پار ہو جانے والی ضرب۔ المُصْمِت: کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ یَشْکُوْ اِلٰی غَیْرِ مُصْمِتٍ" یعنی ایسے شخص سے شکایت کر رہا ہے جو اس کی پرواہ نہیں کرتا۔

المُصْمَت: ٹھوس۔ بَابٌ مُصْمَتٌ: بند دروازہ جس کے بند ہونے کی جگہ معلوم نہ ہو۔ حَائِطٌ مُصْمَت: جس دیوار میں فرجہ نہ ہو۔ فَرَسٌ مُصْمَتٌ: جس گھوڑے کے رنگ میں کوئی دوسرا رنگ نہ ہو۔ اِنَاءٌ مُصْمَت: جس پر چاندی کی قلعی نہ ہو۔ اَلْفٌ

مُصْمَتٌ و مُصْمَتٌ: کامل ایک ہزار۔
صَمَحَهُ: (ف ض) صَمْحًا. الحَرُّ: گرمی کا دماغ کو پگھلا دینا...... ہ بِالسَّوْطِ: کوڑے سے مارنا۔ صَمَحَ فُلَانًا: سوال کرنے میں سختی کرنا۔
الصُّمَاح: بدبودار پسینہ۔ داغ لگانا۔ چربی جو پگھلا کر پیر کی پھٹن میں لگائی جائے۔
الاَصْمَح: بہادروں کے سر پر ضرب لگانے والا۔
يَوْمٌ صَامِحٌ و صَمُوحٌ: سخت گرم دن۔
حَافِرٌ صَمُوحٌ: سخت کھر۔
الصِّمْحَاء و الصِّمْحَاءَة: سخت زمین۔
صَمَخَهُ (ن) صَمْخًا: کان کے سوراخ پر مارنا۔ صَمَخَ اَنْفَهُ: ناک توڑ دینا۔
الصِّمْخ: خشک چیز جو بکریوں کے تھن کے سوراخ میں بچہ جننے کے وقت ہوتی ہے کہ اس کے نکل جانے کے بعد دودھ اچھی طرح آنے لگتا ہے۔ مار کا نشان جو چہرے پر پڑ جائے۔
الصِّمَاخ: کان کا سوراخ۔ ج صُمُخ و اَصْمِخَة.
الاُصْمُوخ: کان کا سوراخ۔ کہتے ہیں "ضَرَبَ اللّٰهُ عَلٰى صِمَاخِهِ" یعنی اللہ اسے سلا دے۔
الصُّمَاخ: کم پانی کا کنواں۔ ج صُمُخ.
اِصْمَخَدَّ: غصہ سے پھول جانا۔
صَمَدَ (ن ض) صَمْدًا و صَمَدَ. فُلَانًا وَلَهُ و اِلَيْهِ: قصد کرنا۔ ارادہ کرنا۔ کہا جاتا ہے صَمَدَ صَمْدَ هٰذَا الاَمْرِ" یعنی اس امر پر اعتماد کیا...... ہ بِالْعَصَاء: لاٹھی سے مارنا۔
صَمَدَتِ الشَّمْسُ وَجْهَهُ: آفتاب کا چہرے کو جھلس دینا۔ صَمَدَ القَارُوْرَةَ: شیشی میں ڈاٹ لگایا۔ صَمَدَ الرَّجُلُ رَاْسَهُ: مرد کا اپنے سر پر بند لپیٹنا۔
صَامَدَهُ صِمَادًا و مُصَامَدَةً: تلوار بازی کرنا۔
اَصْمَدَ. اِلَيْهِ الاَمْرَ: سہارا دینا۔

تَصَمَّدَ. لَهُ بِالْعَصَاء: لاٹھی سے مارنا۔
الصَّمَد: بلند جگہ۔ ج اَصْمَاد و صِمَاد.
الصَّمَد: سردار جس کے بغیر امور پورے نہ ہوں۔ ٹھوس۔ ایسا شخص جو لڑائی میں بھوکا پیاسا نہ ہو۔ ہمیشہ رہنے والا۔ بلند اور صمد: اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے یعنی وہ ذات جس کے سب محتاج ہوں اور وہ کسی کا محتاج نہ ہو۔
اَلصُّمْدَةُ: عیسائیوں کے نزدیک قربان مقدس کے پاس رکھا ہوا رومال۔
الصَّمْدَةُ و الصُّمْدَة: بلند گڑی ہوئی چٹان۔
الصِّمَاد: شیشی کی ڈاٹ۔
الصِّمَاد و الصِّمَادَة: پگڑی کے علاوہ سر پر لپیٹنے کا کپڑا۔
المُصْمَد و المَصْمُوْد: قصد کیا ہوا۔ جس کا قصد کیا جائے۔
صَمْدَحَ. اليَوْمُ: دن کا بہت گرم ہونا۔
الصَّمَادِح و الصُّمَادِحِي: بہت سخت چیز کا خالص۔
الصُّمَادِح: کھلا ہوا راستہ۔ شیر۔
الصَّمَيْدَح: بہت سخت گرم دن۔
صَمَرَ: (ن) صَمْرًا و صُمُوْرًا: بخیل ہونا۔ مَاءُهُ: پانی کا آہستہ آہستہ خشکی زمین سے ہموار زمین کی طرف بہنا۔
صَمِرَ: (ض) صَمْرًا و صَمِرَ (س) ضَمْرًا. اللَّبَنُ: کھٹا ہونا۔
اَصْمَرَ. اللَّبَنُ: زیادہ کھٹا ہونا...... و صَمَّرَ الرَّجُلُ: بخل کرنا۔ غروب آفتاب کے وقت آنا۔ اَصْمَرَ و صَمَّرَ المَتَاعَ: جمع کرنا۔
الصَّمْر: تازہ مشک کی خوشبو...... و الصَّمَر: بدبو۔
الصِّمْر: آہستہ آہستہ پانی بہنے والے کے جمع ہونے کی جگہ۔
الصُّمْر: برتن وغیرہ کا کنارا۔ کہا جاتا ہے "مَلَأَ الكَاسَ اِلٰى اَصْمَارِهَا اَوْ اَصْبَارِهَا" یعنی پیالے کو اس کے کناروں تک بھر دیا۔

الصَّمِر: بدبودار۔ کہا جاتا ہے "يَدِي مِنَ السَّمَكِ صَمِرَةٌ" یعنی میرا ہاتھ مچھلی کی وجہ سے بدبودار ہے۔
الصَّامِر: بخیل۔ ج صَامِرُوْن.
الصَّمِيْر: دبلا پتلا خشک آدمی جس سے پسینہ کی بدبو پھیلے۔
الصُّمَيْر: آفتاب کے غروب ہونے کا وقت۔
الصمرة و الصَّامُوْرَة: کھٹا دودھ۔
صَمْصَمَ صَمْصَمَةً. فِي الاَمْرِ او السَّيْرِ: استقلال سے کام جاری رکھنا۔ صَمْصَمَتِ القُنْفُذَةُ: سیہی کا آواز کرنا۔
الصَّمْصَام و الصَّمْصَامَة: تلوار جس کی دھار نہ مڑے۔
الصِّمْصِم و الصُّمَاصِم و الصُّمَاصِمَة مِنَ الخَيْلِ: چلنے میں ثابت قدم گھوڑا۔
الصِّمْصِم: چھوٹا موٹا۔
الصَّمْصَم: بہت زیادہ بخیل۔
الصَّمْصَمَة و الصِّمْصِمَة: قوم میں اچھا آدمی۔ لوگوں کی جماعت۔ ج صَمَاصِم و صَمَاصِم.
صَمَعَهُ: (ف) صَمْعًا. بِالعَصَا اَوْ السَّيْفِ: لاٹھی یا تلوار سے مارنا...... الكَتِفُ: زمین کے اندر چل دینا۔
صَمِعَ (س) صَمَعًا: لاپروائی سے گزر جانا۔ فِي الكَلَامِ: غلطی کرنا۔ صَمِعَتْ اُذُنُهُ: کان کا چھوٹا ہونا اور سر سے چپٹا ہوا ہونا۔ صفت اَصْمَعُ مونث صَمْعَاءُ ج صُمْع.
صَمَّعَ. عَلٰى رَأْيِهِ: پختہ ارادہ کرنا۔
اِنْصَمَعَ. فِي غَضَبِهِ: غضب پر قائم رہنا۔
الاَصْمَع: چھوٹے کان والا۔ مونث صَمْعَاء ج صُمْع ......: اوپر چڑھنے والا۔ تلوار قاطع۔ تیز ذہن والا۔ روئیدگی کہ جس کا پھل ابھی غلاف سے نہ نکلا ہو۔ عمدہ پر۔ ج صُمْعَان. اَصْمَعَان: قلب ذکی و پختہ رائے۔
الصَّمِع: ذکی القلب۔ تیز فہم والا۔ بہادر۔

صَمَغ : گوند لگانا۔
اَصْمَغَ. الشِّدْقُ : باچھوں کا زیادہ تھوک والی ہونا۔ اَصْمَغَتِ الشَّجَرَةُ : درخت کا گوند والا ہونا۔
اِسْتَصْمَغَ الشَّجَرَةَ : گوند نکالنا...... فلان زخم ہونا۔
الصَّمْغ والصَّمَغ : گوند۔ واحد صَمْغَة وصَمَغَة. ج صُمُوْغ.
الصِّمْغ والصِّمَغَة : تھن کے اندر ولادت کے بعد کوئی منجمد چیز ہوتی ہے۔
الصُّمْغَان : وہ شخص جس کے کان، ناک، منہ سے مادہ نکلے جس طرح درخت سے گوند نکلتا ہے۔
الصِّمْغَان والصِّمْغَتَان والصَّامِغَان والصِّمَاغَان : باچھیں۔
اَصْمَقَ. البَابَ : دروازہ بند کرنا...... اللَّبَنُ او الماءُ : متغیر ہونا، بگڑ جانا...... الرَّجُلُ : خبیث ہونا۔
الصَّمْقَة : بگڑا ہوا دودھ۔
صَمْقَرَ واصْمَقَرَّ. اللَّبَنُ : بہت کھٹا ہونا۔
اِصْمَقَرَّتِ الشَّمْسُ : بہت گرم ہونا۔
اِصْمَاكَّ : الرَّجُلُ : غضبناک ہونا...... اللَّبَنُ : جم کر پنیر جیسا ہو جانا...... الاَرْضُ : ~~بارش سے تر ہونا......~~ الجُرْحُ : زخم کا پھولنا۔
الصَّمَكُوْك والصَّمَكِيْك : شر و فساد کی طرف سبقت کرنے والا۔ جاہل۔ سخت مضبوط۔ بہت سخت دل۔ لیس دار چیز۔
صَمَلَ (ن) صَمْلاً وصُمُوْلاً. الشَّيءُ : سخت ہونا۔ خشک ہونا...... الرَّجُلُ عَنِ الطَّعَامِ : رک جانا۔ صَمَلَهُ بِالعَصَاءِ : لاٹھی سے مارنا۔
اَصْمَلَهُ. الصِّيَامُ : روزے کا دبلا کر دینا۔
اِصْمَالَّ : سخت ہونا...... النَّبَاتُ : نباتات کا گھنا ہونا۔
الصُّمُلُ : مرد قوی جثہ۔
الصَّامِل والصَّمِيْل : خشک۔

الصُّمْصُمَةُ (?) : غصہ کی وجہ سے پھولنے والا۔
الصُّمَيْلَة : مصیبت۔
صَنْي يَصْنِيْ صَنَيَاناً. الرَّجُلُ : پلٹنا۔ کودنا۔ جلدی کرنا۔
صَنِيَ يَصْنِيْ صَنًى. الاَمْرُ فُلاَناً : سر پر آ پڑنا۔ کہا جاتا ہے "مَا صَنَاكَ عَلَيْهِ" یعنی کس چیز نے تم کو اس پر برانگیختہ کیا......
الصَّيْدَ : شکار کا سامنے مرنا۔
اَصْنَى اِصْنَاءً. الرَّجُلُ : جلدی کرنا۔
الصَّيْدَ : تیر مارنا اور شکار کا سامنے ہی ٹھنڈا ہونا...... الفَرَسُ عَلَى لِجَامِهِ : لگام کو کاٹنا اور چلنا۔ اَصْنَى مَنِيَّتَهُ : موت کا مزہ چکھنا۔
اِنْصَنَى اِنْصِنَاءً. عَلَيْهِ : گرنا...... الطَّائِرُ : ٹوٹ پڑنا۔
الصِّنْيَان : بہادر جس کا حملہ خالی نہ جائے۔ ج صِنْيَان.
اَصَنَّ : گندہ بغل ہونا۔ غرور سے ناک پھیلانا...... الماءُ : فاسد ہونا...... اللَّحْمُ : بدبودار ہونا...... عَلَى الاَمْرِ : اصرار کرنا...... الرَّجُلُ : خاموش ہونا۔ غیظ وغضب سے بھر جانا۔
الصِّنُّ : ٹوکری۔ روٹی رکھنے کی ڈھکنے دار ٹوکری۔ زنبیل۔ ج صِنَان.
الصِّنُّ : ~~اونٹ کا پیشاب۔ ذبر نامی ایک~~ جانور کا پیشاب۔ جاڑے کے سخت دنوں میں سے پہلا دن۔
الصُّنَان : گندہ بغلی۔ بدبو۔ ج اَصِنَّة.
الصِّنَّة : گندہ بغلی۔ بدبو۔
الصِّنَّان : بہادر۔
الاَصَنُّ : غلطی برتنے والا۔
الصِّنَاب والصِّنَابَة : لمبی پیٹھ اور پیٹ والا۔ چٹنی جو رائی اور زیتون کے تیل سے بنائی جاتی ہے۔
الصَّنَابِي : سفیدی کے ساتھ زردی آمیز سرخ رنگ والا۔
صَنْبَرَتْ صَنْبَرَةً. النَّخْلَةُ : درخت خرما کا کم پھل اور پتلے تنے والا ہونا۔
الصِّنْبَر : ہر چیز کا باریک کنارہ......

ضَرَّبَہٗ: بہت مارنا...... الشَیْئَ بِالشَیْئِ: ملانا...... المِظَلَّۃَ بِالخُیُوْطِ: چھتری کو دھاگے سے مضبوط کرنا...... ہ الخَیَّاطُ المُضَرَّبَۃَ: درزی کا رضائی کو سینا...... ضَرَّبَتْ عَیْنُہٗ: آنکھوں کا دھنس جانا۔ ضَرَّبَ بَیْنَھُمْ: بھڑکا دینا...... ہ فِی الحَرْبِ: برانگیختہ کرنا۔ ترغیب دینا۔ دلاور کرنا۔

ضَارَبَہٗ مُضَارَبَۃً وضِرَابًا: ایک دوسرے پر تلوار مارنا۔ مارنے میں بڑھ جانا۔ ایک دوسرے کو مارنا۔ ضَارَبَہٗ وضَارَبَ لَہٗ فِی المَالِ وبِالمَالِ: کسی کے مال سے تجارت کرنا اور نفع میں شریک ہونا۔

اَضْرَبَ فِی المَکَانِ: اقامت کرنا۔ سر جھکانا...... عَنْہُ: اعراض کرنا...... القَوْمُ: پالے سے ڈھک جانا...... الخُبْزُ: پکنا۔ کہا جاتا ہے "اَضْرَبَ جَاشَہٗ لِاَمْرِ کَذَا" یعنی اس نے فلاں کام پر اپنے آپ کو مستقل کر لیا۔

تَضَرَّبَ۔ الشَیْئُ: متحرک ہونا۔ موج مارنا۔

تَضَارَبَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کو مارنا۔

اِضْطَرَبَ: متحرک ہونا و موج مارنا۔ ایک دوسرے کو مارنا...... الاَمْرُ: خلل پذیر ہونا۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کو مارنا...... فِی اَمْرِہٖ: متردد ہونا۔ کہا جاتا ہے اِضْطَرَبَتْ حَبْلُھُمْ: یعنی ان کا کلمہ مختلف و متفرق ہو گیا...... مِنْ کَذَا: تنگ دل ہونا...... فُلَانٌ: حصہ مقرر کرنے کا سوال کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِضْطَرَبْتُ خَاتِمًا مِنْ ذَھَبٍ" یعنی میں نے سونے کی انگوٹھی بنانے کے لئے کہا۔

اِسْتَضْرَبَ۔ العَسَلُ: شہد کا سفید اور گاڑھا ہونا۔

الضَرْب: مثل۔ شکل۔ قسم۔ ج اَضْرَاب خفیف بارش۔ کہا جاتا ہے مُقَطَّرٌ ضَرْبُہٗ ایسا آدمی جس کی مار کا نشان باقی رہے...... فِی العُرُوْضِ: فن عروض کی اصطلاح میں شعر کے مصرعہ ثانی کا آخری جز۔ ج ضُرُوْبٌ واَضْرَابٌ۔ وضَرْبٌ۔ جزئم ضَرْبٌ: ٹھپہ لگا ہوا درہم۔ دارُ الضَرْبِ ٹکسال۔

الضَرَب والضُرَب: سفید گاڑھا شہد۔

الضَرْبَۃ: اسم مرۃ۔ دفعتاً واحدۃً۔ کہا جاتا ہے "لا آخُذُ مَالِیْ عَلَیْکَ اِلَّا ضَرْبَۃً وَاحِدَۃً" یعنی میرا مال جو تمہارے ذمہ ہے اس کو ایک ہی دفعہ لوں گا۔ آفت۔ نقصان۔

الضَرَبَان: حس۔ ضَرَبَانُ الدَھْرِ: زمانے کے حوادث۔

الضَرُوب والضَرِب: مارنے والا۔

الضَرَّاب: زیادہ مارنے والا۔

الــضَـارِب :قابت جگہ۔ جس میں درخت ہوں۔ وادی کے مشابہ۔ تاریک رات جس کی تاریکی محیط ہو۔ ج ضَـوَارِب. الطَّيْرُ

الــضَــوَارِب :خوراک تلاش کرنے والے پرندے۔

الضَّرِيْب :مارنے والا۔ ج ضُـرَبَاء ...... پٹا ہوا۔ ج ضَـرْبَـى :...... قسم۔ مثل۔ شکل۔ حصہ۔ آدمی کی ہیئت۔ برف پالا۔ ج ضَرَائِب.

الــضَّــرِيْبَةُ: طبیعت۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "هٰـذِهِ ضَرِيْبَتُهُ الَّتِي ضُرِبَ عَلَيْهَا" یعنی یہ اس کی عادت ہے جس پر وہ پیدا کیا گیا ہے۔ تلوار سے مارا ہوا۔ بدن کا وہ حصہ جہاں مار واقع ہو۔ جزیہ...... مِنَ السَّيْفِ :دھار...... مِــنَ الـصُّـوْفِ وَنَـحْـوَهُ :اون یا روئی کی پونی۔ ج ضَرَائِب.

الــمَـضْـرِب :مارنے کی جگہ یا وقت۔ اصل (...... والــمَـضْـرَبُ) :تلوار یا اس کی دھار۔ ہڈی جس میں گودا ہو۔ ج مَضَارِب.

الـمِضْرَب والمِضْرَاب :مارنے کا اوزار۔ زخم۔ بہت مارنے والا۔ الــمِـضْـرَب: بڑا خیمہ۔ ج مَضَارِب.

الــمُضْرِب والمُضْرِبَة مِنَ الحَيَّات :غیر متحرک سانپ۔

مَــضْــرِبَةُ السَّيْفِ ومَـضْـرَبَـتُـهُ :تلوار کی دھار۔

بِسَاطٌ مُضَرَّبٌ :سلا ہوا بچھونا۔

المُضَرَّبَة :دلائی۔ رضائی۔

ضَـرَجَ :(ن) ضَرْجًا. الشَّيْءُ :پھاڑنا...... الثَّوْبَ بِــالدَّمِ: خون میں لتھیڑنا...... الشَّــيْءَ إِلَى الْأَرْضِ: ڈالنا۔

ضَـرَّجَهُ :لتھیڑنا...... ضَـرَّجَ الثَّوْبَ :سرخ رنگنا جو گلابی سے کچھ زائد ہو ...... الأَنْفَ بِـــالـدَّمِ: خون آلود کر دینا...... الــكَلاَمَ :آراستہ کرنا...... الإِبِلَ: لوٹ میں دوڑانا۔

ضَرَّجَ وأَضْرَجَ. الجَيْب :لٹکانا۔

تَضَرَّجَ :پھٹنا...... الزَّهْرُ: پھول کا کھلنا...... الشَّيْءُ :لت پت ہونا...... الخَدُّ: رخسارہ کا سرخ ہونا...... الــمَـرْأَةُ: عورت کا بناؤ سنگھار کرنا۔

اِنْضَرَجَ :پھٹنا...... لَنَا الطَّرِيْقُ :کشادہ ہونا ...... مَابَيْنَ القَوْمِ :دوری ہونا۔

اِنْضَرَجَتِ العُقَابُ :شکار پر ٹوٹ پڑنا۔

الضَّرِيْج :ہلکا سرخ رنگا ہوا۔ عَدْوٌ ضَرِيْجٌ : تیز دوڑ۔

الإِضْرِيْج :زرد رنگ کی چادر۔ سرخ ریشم۔ سرخ رنگ۔ تیز دوڑنے والا گھوڑا۔

المِضْرَج :پرانا مستعمل کپڑا۔ ج مَضَارِج. المَضَارِج: مشقتیں۔

عَيْنٌ مَضْرُوْجَةٌ :بڑی خوبصورت آنکھ۔

الضَّرْجَع :چیتا۔ ج ضَرَاجِع.

ضَـرَحَ (ف) ضَـرْحًـا. الشَّيْءُ :پھاڑنا۔ علیحدہ کرنا۔ دفع کرنا۔ کہا جاتا ہے "ضَـرَحَ شَهَـادَةَ فُلاَنٍ عَنِّي" یعنی فلاں کی شہادت کو رد کر دیا۔ "ضَرَحْتُ عَنِّي الثَّوْبَ" میں نے کپڑے کو اتار دیا۔ القَبْرَ: قبر کھودنا۔ ضَرَحَ لِلْمَيِّتِ: میت کے لئے صندوقی قبر بنانا۔

ضَرَحَتْ (ن) ضُـرُوْحًا وضَـرْحًا. الــسُّوْقُ :کساد بازاری ہونا...... ضَـرْحًـا وضِرَاحًا. الدَّابَّةُ بِرِجْلِهَا :دولتی مارنا۔

ضَــارَحَــهُ :ایک دوسرے کو گالی دینا۔ تیر مارنا۔ قریب ہونا اور مقابل ہونا۔

أَضْــرَحَــهُ :فاسد کرنا۔ دور کرنا۔ أَضْـرَحَ السُّوْقَ: کساد بازاری کرنا۔

اِنْـضَرَحَ. الشَّيْءُ :پھٹنا...... مَـابَيْنَ القَوْمِ : دوری ہو جانا۔ تعلقات کا ختم ہو جانا۔

اِضْطَرَحَ. الشَّيْءُ :ڈال دینا۔ پھینک دینا۔

الــضُّــرَاح :چوتھے آسمان میں ﴿بیــت المعمور﴾

الضَّرْح: مس۔ کمال۔ دوری۔ وحشت۔

الــضَّــرَح :خراب آدمی۔ نِيَّةٌ ضَـرَحٌ: دور دراز کا ارادہ۔

الــضَّــرُوْح مِنَ الدَّوَابّ :دولتی مارنے والا جانور۔ قَـوْسٌ ضَرُوْحٌ :زور سے پھینکنے والی کمان۔

الضَّرِيْح :دور۔ قبر۔ ج ضَرَائِح.

الــمُضَرَّح والمُضَرَّجِيّ :شکرہ۔ لمبے ڈینے کا گدھ۔ الــمَـضْـرَحِيُّ: فیاض سردار۔ سفید چیز۔

ضَرَسَ (ض) ضَرْسًا. الشَّيْءُ: ڈاڑھ سے سخت کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "ضَـرَسَـهُ الـدَّهْرُ" یعنی زمانہ نے اس پر مصیبت ڈالی۔ "ضَـرَسَتْهُ الـخُطُوْبُ" حوادث نے اس کو کچل دیا۔ ضَـرَسَ البِئْرَ :پتھروں سے کنوئیں کا من بنانا...... الــرَّجُلُ :رات تک خاموش رہنا۔

ضَرِسَتْ (س) ضَـرَسًا. الأَسْنَانُ: دانت کھٹے ہونا۔

ضَــرَّسَــهُ. الـزَّمَــانُ :زمانہ کا سخت ہونا۔ ضَــرَّسَــهُ الـحُرُوْبُ والأَيَّام :تجربہ کار کر دینا۔

أَضْــرَسَ. الـحَـامِضُ الأَسْـنَـانَ :ترشی کا دانتوں کو کھٹا کر دینا...... ہ :رنجیدہ کرنا ...... ہ بِالْكَلاَمِ: خاموش کر دینا۔

ضَـارَسَـهُ :لڑائی کرنا۔ دشمنی کرنا۔ ضَـارَسَ الأُمُوْرَ: تجربہ کرنا اور پہچاننا۔

تَـضَـارَسَ. القَوْمُ :ایک دوسرے سے دشمنی کرنا۔ ایک دوسرے سے جنگ کرنا۔ البِنَاءُ: ناہموار ہونا۔

الضِّرْس :ڈاڑھ کے دانت۔ ج أَضْرَاس.

الــضَّــرِس :ٹیلہ جس پر چڑھنا دشوار ہو۔ پتھر جس سے کنوئیں کا من بنایا گیا ہو۔ ہلکی بارش۔ ج ضُرُوْس.

الــضَّــرِسُ :سخت مزاج۔ بھوک کی وجہ سے غضبناک۔ تجربہ کار۔ مسافر۔ جنگجو۔

الــضَّــرُوْس. مِنَ النُّوْقِ :وہ اونٹنی جو دوہنے والے کو کاٹ کھائے۔ حَــرْبٌ ضَــرُوْس : سخت جنگ۔

الــضَّرِيْــس :پتھر کا من بنا ہوا کنواں۔ ریڑھ کی ہڈی۔ بہت بھوکا۔ ج ضَرَاسِي.

الــمُضَرَّس :مصیبت زدہ۔ مِنَ الوَشْيِ :وہ

کپڑا جس پر دانت کی طرح نقش و نگار بنے ہوں۔ کہا جاتا ہے "فِی الْیَاقُوْتَۃِ تَضْرِیْسٌ" یاقوت میں ناہمواری۔ ج تَضَارِیْس: تَضَارِیْسُ الْاَرْضِ زمین میں دانت کے مانند نکلی ہوئی بلندیاں۔

الضِّرْضَم: شیر۔ نر درندے۔

ضَرَطَ: (ض) ضَرْطًا و ضَرِطًا و ضُرَاطًا وضَرِیْطًا: گوز کرنا۔

ضَرِطَ: (س) ضَرَطًا: ہلکی ڈاڑھی اور باریک ابرو والا ہونا۔ صفت اَضْرَط۔

ضَرَّطَ و اَضْرَطَ۔ الحِمَارُ: بہت گوز کرنا۔

ضَرَّطَ و اَضْرَطَ الحِمَارَ: گدھے سے اتنا کام لینا کہ گوز نکل پڑے۔ "ضَرَّطَ و اَضْرَطَ بِفُلَانٍ" ٹھٹھے کے طور پر گوز کی آواز منہ سے نکالنا۔

مُضَرِّطُ الْحِجَارَۃِ: حیرۃ کے بادشاہ عمرو بن ہند کا لقب۔

الضَّرَّاط و الضَّرُوْط و الضِّرْوَط: گوز کرنے والا۔ زیادہ گوز کرنے والا۔

الضُّرَیْط: موٹا۔ کہا جاتا ہے "کَبْشٌ ضُرَیْطٌ و نَعْجَۃٌ ضُرَیْطَۃٌ" امثالِ عرب میں سے ہے "الاَخْذُ سُرَیْطٌ و القَضَاءُ ضُرَیْطٌ یا الاَخْذُ سُرَیْطٰی و القَضَاءُ ضُرَیْطٰی یا الاَخْذُ سِرِّیْطٰی و القَضَاءُ ضُرَیْطٰی یا الاَخْذُ سُرَیْطَاءُ و القَضَاءُ ضُرَیْطَا" یعنی قرض کو لے کر نگل لیتا ہے اور ادا کرنے میں گوز کرتا ہے۔

اَوْدَی الْبَعِیْرُ اِلَّا ضَرِطًا: مثال ہے اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو ذلیل و خوار ہو گیا ہو اور سب کچھ ضائع ہو گیا اور جو باقی رہا ہو اس سے کچھ نفع حاصل نہ ہو۔

اَضْرِطًا و اَنْتَ الاَعْلٰی: مثال ہے قوی کے لئے جو باوجود قدرت کے کمزور سے دبتا ہو۔

الضُّرَاط و الضَّرِیْط: گوز۔

الضِّرْطِم: بڑے پیٹ والا۔

ضَرَعَ (ن) ضُرُوْعًا۔ مِنَ الشَّیْءِ: قریب ہونا......الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب ہونا یا غروب ہونے کے قریب ہونا۔

ضَرَعَ: (ن) ضَرْعًا۔ قَرْمَۃٌ: سدھانا۔

ضَرَعَ: (ف) ضَرَاعَۃً و ضَرِعَ: (س) ضَرَعًا و ضَرُعَ (ک) ضَرَاعَۃً: کمزور ہونا۔ اِلَیْہِ: فروتنی کرنا۔ صفت ضَارِع و ضَرِعٌ۔ ج ضَارِعُوْنَ و ضُرُوْعٌ و ضَرَعَۃٌ۔

ضَرَّعَ۔ مِنَ فُلَانٍ: چپکے چپکے قریب آنا۔

ضَرَّعَتِ الشَّمْسُ: غروب ہونا یا غروب ہونے کے قریب ہونا......القِدْرُ: ہانڈی کا پکنے کے قریب ہونا۔ ضَرَّعَ الرُّبُّ: شیرہ کا اچھی طرح نہ پکنا۔

ضَارَعَہٗ: مشابہ ہونا۔ ضَارَعَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا......القِدْرُ: ہانڈی کا پکنے کے قریب ہونا۔

اَضْرَعَتِ الشَّاۃُ: بکری کے تھن کا ظاہر ہونا یا بڑا ہونا۔ صفت ضَرْعَاء و ضُرُوْع و ضَرِیْع و ضَرِیْعَۃٌ: بچہ کی پیدائش سے پہلے بکری کا دودھ اترنا۔ اَضْرَعَ الرَّجُلَ: ذلیل کرنا...... لِفُلَانٍ مَالًا: کسی کے لئے مال خرچ کرنا ......الحُمّٰی فُلَانًا: کمزور کر دینا۔ مثال ہے الحُمّٰی اَضْرَعَتْنِی لِلنَّوْمِ: اس شخص کے بارے میں کہتے ہیں جو حاجت کے وقت ذلت برداشت کرے۔ اَضْرَعَتْہُ الحَاجَۃُ اِلٰی فُلَانٍ: مجبور کر دینا۔

تَضَرَّعَ: ذلیل ہونا۔ چپکے چپکے قریب آنا ......اِلَی اللّٰہِ: عاجزی سے دعا کرنا۔ الظِّلُّ: سائے کا سمٹنا۔

تَضَارَعَا: ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔

اِسْتَضْرَعَ۔ لَہٗ: انکساری کرنا، ذلیل ہونا۔

الضَّرْعُ: تھن۔ ج ضُرُوْع۔

الضِّرْعُ: مثل۔ رسی کی لٹ۔ ج ضُرُوْع۔

الضَّرَعُ: مص۔ کمزور۔ بزدل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ضَرَعٌ و قَوْمٌ ضَرَعٌ"۔

الضَّارِع: لاغر۔ کمزور۔ چھوٹا۔

الضَّرْعَاء و الضَّرِیْعَۃ۔ مِنَ الشَّاءِ و البَقَرِ: بڑے تھن والی۔

الضَّرُوْع: بڑے تھن والی۔ عاجز و ذلیل۔

الاَضْرَع: لاغر۔ کمزور۔ چھوٹا۔

المُضَارِع: مشابہ۔ افعال میں سے ایک فعل ہے جو حال اور استقبال پر دلالت کرتا ہے اور ماضی کے صیغے پر حرف (اتین) میں سے ایک حرف بڑھانے سے بنتا ہے۔ علم عروض کی ایک بحر کا نام۔

ضَرْغَمَ و تَضَرْغَمَ: شیر جیسا کام کرنا۔ شیر کے مشابہ ہونا۔

الضَّرْغَم: شیر۔ ج ضَرَاغِم۔

الضِّرْغَام و الضِّرْغَامَۃ: شیر۔ بہادر۔ قوی۔

الضَّرْف۔ عِنْدَ العَامَّۃِ: گھی تیل وغیرہ کے لئے چمڑے کا برتن اور صواب ظرف ہے اور اس کے مرادف زق ہے۔

الضَّرْفَۃ: کثرت۔

ضَرْفَطَہٗ۔ بِالحَبْلِ: رسی سے باندھنا۔ مضبوط کرنا۔

ضَرُکَ: (ک) ضَرَاکَۃً: بے وقوف ہونا۔

الضَّرِیْک: احمق۔ اندھا۔ لنجا۔ بدحال فقیر۔ مذکر گدھ۔ ج ضَرَائِک و ضُرَکَاء۔

الضُّرَاک: موٹا آدمی۔ مضبوط و توانا آدمی۔ شیر۔

ضَرِمَ: (س) ضَرَمًا: بھوک یا غصہ سے بھڑکنا۔ ضَرِمَتِ النَّارُ: آگ کا مشتعل ہونا ......عَلَیْہِ: غصہ سے بھڑک اٹھنا......فِی الطَّعَامِ: کھانے کو بالکل صاف کر دینا اور کچھ نہ چھوڑنا۔

اَضْرَمَ و ضَرَّمَ و اِسْتَضْرَمَ النَّارَ: آگ روشن کرنا۔ مشتعل کرنا۔ بھڑکانا۔

اِضْطَرَمَتْ و تَضَرَّمَتِ النَّارُ: مشتعل ہونا۔

تَضَرَّمَ الرَّجُلُ عَلَیْہِ: غصہ سے بھڑک اٹھنا۔

اِضْطَرَمَ المَشِیْبُ: بڑھاپا آ جانا۔

الضُّرْم و الضِّرْم: ایک خوشبودار درخت جس کا پھل بلوط کے مانند اور پھول حرمل کے مانند ہوتا ہے۔ الضِّرْم: عقاب کا بچہ۔

الضَّرَم: بھوک کی وجہ سے غصہ۔ ایندھن۔

اسی سے مثال ہے "تَقَمَّعْتُ فِیْ غَیْرِ ضَرَمٍ" جبکہ بے فائدہ کام کرے۔

الضَرِم : بھوکا۔ عقاب کا بچہ۔ تیز دوڑنے والا گھوڑا۔

الضَرَمَة : چنگاری۔ آگ۔ ج ضَرَم کہا جاتا ہے "مَا فِیْ الدَّارِ نَافِخُ ضَرَمَةٍ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔

الضِرَام : بھڑک۔ جلن۔ کھورا۔ چھچھی۔ کشادہ زمین۔

الضِرَامَة : لکڑی جو مشتعل ہو۔ بطم کا درخت۔

الضَرِیْم : جلا ہوا۔

الضِرْیَم : ایک درخت کا گوند۔

ضَرَا یَضْرُ وضُرُوًّا. العرق : رگ کا خون بہانا جو بند نہ ہو...... الرَجُلُ : چھپنا۔

ضَرِیَ یَضْرَیٰ ضَرَاوَةً وضَرِیَ ضَرْیًا وضَرَاءَةً بِالشَّیْ : حریص ہونا(...... ضَرَیَ وضِرَاءً وضَرَاءً) الکَلْبُ بِالصَّیْدِ : کتے کا شکار پر خوگر ہونا مع گوشت خون کے چٹ کر جانا۔ صفت ضَرِیٌّ وضَارٍ : مؤنث ضَارِیَةٌ. ج ضَوَارٍ. ضَرِیَ النَبِیْذُ : جھاگ والا ہونا۔

ضَرّیٰ واَضْرَیٰ. الکَلْبَ بِالصَّیْدِ : شکار پر کتے کو بھڑکانا۔ اَضْرَیٰ الرَّجُلُ : جھاگ والی نبیذ پینا۔

اِسْتَضْرَیٰ. لِلصَّیْدِ : شکاری کو بے خبری میں پکڑنا۔

الضَرَاء : معص۔ گنجان درخت۔ وسیع میدان۔ پوشیدگی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ یَمْشِی الضَرَاءَ" یعنی وہ درختوں میں چھپ چھپ کر چل رہا ہے۔

الضَرَیٰ : معص۔ لڑائی کی شدت۔

الضِرْو : شکار کا عادی کتا۔ مؤنث ضِرْوَة. ج ضِرَاء واَضْرٍ : ایک قسم کا درخت۔

الضَرِیُّ : ایک قسم کی نبیذ۔

الضَوَارِی : جمع ضَارِی...... مِنَ الحَیَوَانَاتِ : درندے جیسے شیر، چیتا وغیرہ۔

ضَرِیَ یَضْرِی ضَرْیًا. العِرْقُ بِالدَّمِ : رگ کا خون بہانا۔ صفت ضَرِیّ.

ضَزَّ : (س) ضَزَزًا : بدخلق ہونا۔

أَضَزَّ عَلَیْهِ : بخل کرنا۔ اَضَزَّهُ : پیسنا۔

الاَضَزُّ : بدخلق۔ تنگ جبڑے والا۔ وہ شخص جس کے اوپر نیچے کی ڈاڑھیں مل گئی ہوں جس کی وجہ سے صاف گفتگو نہ کر سکے۔ ج ضُزٌّ.

المُضِزُّ : بدخلق۔ غضبناک۔

ضَزَنَهُ : (ن ض) ضَزْنًا : جو چاہتا ہے وہ نہیں بلکہ جو کچھ ہاتھ میں ہو اس پر قبضہ کر لینا۔

تَضَازَنَ. القَوْمُ : آپس میں ایک دوسرے سے لینا دینا اور غلبہ کرنا۔

الضَیْزَن : قابلِ اعتبار نگہبان۔ آل واولاد۔ شرکاء۔ پانی لیتے ہوئے جھگڑا کرنے والا۔

ضَعْضَعَهُ : زمین تک ڈھا دینا۔

تَضَعْضَعَ : فروتنی کرنا۔ ذلیل ہونا۔ ضعیف ہونا۔ مریض یا غم کی وجہ سے دُبلا ہونا...... مَالُهُ : کم ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَضَعْضَعَ بِهِ الدَّهْرُ" یعنی زمانہ نے اس کو ذلیل کر دیا۔

الضَعْضَع والضَعْضَاع : کمزور۔ بغیر رائے اور تدبیر کا آدمی۔

الضَعْضَعَة : معص۔ شدت۔ فروتنی۔ خاکساری۔

ضَعَطَهُ : (ف) ضَعْطًا : ذبح کرنا۔

ضَعَفَ : (ن) ضَعْفًا وضُعْفًا وضَعُفَ (ک) ضَعَافَةً وضَعَافِیَةً : کمزور ہونا۔

ضَعَفَ : (ف) ضَعْفًا. القَوْمَ : زیادہ کرنا...... الشَّیْ : دوچند کرنا۔

ضَعَّفَهُ : دوچند کرنا۔ کمزور کرنا۔

ضَعَّفَ الحَدِیْثَ : ضعف کی طرف نسبت کرنا(...... وتَضَعَّفَهُ واسْتَضْعَفَهُ) : ضعیف سمجھنا۔

اَضْعَفَهُ : دوچند کرنا۔ کمزور کرنا۔ صفت مفعول مَضْعُوف : قیاس کے مطابق مُضْعَف ہونا چاہئے تھا اور یہ ایسا ہی ہے جیسے "اَسْعَدَهُ اللّٰه" سے مَسْعُوْد : نہ کہ مُسْعَد. اَضْعَفَ الرَجُلُ : کمزور جانور کا مالک ہونا۔

ضَاعَفَهُ : دوچند کرنا۔

تَضَاعَفَ : دوچند ہونا۔

الضَعْف والضُعْف : کمزوری۔

ضِعْفُ. الشَّیْ : دوچند اور زیادہ دوچند سے زیادہ جو غیر محصور ہے پس ان کے قول "لَکَ ضِعْفُهُ" کا مطلب یہ ہے کہ تمہارے لئے دو چند یا سہ چند یا اس سے بھی زیادہ ہے۔ ج اَضْعَاف اَضْعَافُ الکِتَابِ : کتاب کی سطور کا فاصلہ۔ الاَضْعَاف مِنَ الجَسَدِ : اعضاء جسم یا ہڈیاں۔

الضَعَف : کمزوری۔ عقل ورائے کی کمزوری۔

مُضَاعَف عَدَد صَحِیْح : ایک عدد صحیح کو دوسرے صحیح عدد میں ضرب دینے کے بعد حاصل ہوتا ہے۔

مُضَاعَف اَصْغَر : ضرب دینے کے بعد سب سے چھوٹا عدد جو پورا پورا تقسیم ہو جائے۔ مضاعف مشترک جو کئی پر تقسیم ہو جائے۔

الضَعْفَان : کمزور۔ ج ضَعَافَی.

الضَعُوْف : کمزور۔

الضَعِیْف : کمزور۔ ج ضِعَاف وضُعَفَاء. وضَعَفَة وضَعْفَی مؤنث ضَعِیْفَة.

الضَعِیْفُ مِنَ الکَلَامِ : درجۂ فصاحت سے گرا ہوا کلام۔

المُضَاعَفَةُ. مِنَ الدُّرُوْعِ : ایسی زرہ جس کے حلقے دہرے دہرے ہوں۔

اَرْضٌ مُضَعَّفَة : زمین جس پر ہلکی بارش ہوئی ہو۔

ضَعِلَ : (س) ضَعَلاً : ماں باپ کے قریب النسب ہونے سے بچے کا دُبلا ہونا۔

ضَغَا یَضْغُوْ ضَغْوًا : پوشیدہ ہونا۔

اَضَغَّ. القَوْمُ : سرسبز باغ میں ہونا۔ فراخ دستی کی زندگی بسر کرنا۔ اَضَغَّتْ واِضْطَغَّتِ الاَرْضُ : سبزہ زار ہونا۔

الضَغِيغ: تروتازگی۔

الضَيْغَة: سرسبز باغ۔ فراخ دستی کی زندگی۔ پتلا خمیر۔ لوگوں کی مخلط جماعت۔

ضَغَبَ: (ف) ضَغْبًا: بھیڑیے یا خرگوش کی طرح آواز کرنا۔ گھبرا دینا۔

الضَغِيب والضُغَاب: خرگوش اور بھیڑیے کی آواز۔

الضَغَبُوس: لومڑی کا بچہ۔ کمزور مرد۔ ککڑی کھیرا۔ بیلوں کی مانند ایک سبزی۔ ج ضَغَابِيس۔

ضَغَثَ (ف) ضَغْثًا۔ الحَدِيثَ: ملانا۔ کپڑے کو دھونا اور صاف نہ کرنا...... الشَيْئَ: جمع کرنا۔

أضْغَثَ۔ الحَالِمُ الرُؤْيَا: خواب کو شک سے بیان کرنا۔

ضَغُثَ۔ النَبَاتَ: سبزی کا مٹھا بنانا۔

إضْطَغَثَ۔ الحَطَبَ: لکڑی کو اکٹھا کرنا۔

الضِغْث: تر و خشک گھاس کا مٹھا۔ ...... مِنَ الخَبَرِ والأمْرِ: مخلوط باتیں جن کی کوئی حقیقت نہ ہو۔ ج أضْغَاث۔ أضْغَاثُ أحْلَام: گڑبڑ خواب جن کی کوئی تعبیر نہ دی جا سکے۔

كَلَامٌ ضَغْثٌ وضَغَثٌ: ایسی گفتگو جس میں کوئی خیر نہ ہو۔

التَضْغِيث: بارش سے تر زمین یا نباتات۔

ضَغَطَهُ (ف) ضَغْطًا وأضْغَطَهُ: بھینچنا۔ بھیڑ کرنا۔ تنگی کرنا۔

ضَاغَطَهُ ضِغَاطًا ومُضَاغَطَةً: ایک دوسرے کو بھینچنا۔ تنگی کرنا۔

تَضَاغَطُوا: تنگی کرنا۔

إنْضَغَطَ: مغلوب ہونا۔

إضْتَغَطَ۔ عَلَيْهِ: تاوان وغیرہ میں سختی کرنا...... اور قیاس کے مطابق اضطغط ہے۔

الضُغْطَة: تنگی۔ کہا جاتا ہے "أخَذْتُ فُلَانًا ضُغْطَةً" جبکہ تم تنگی کر دو تا کہ کسی شے پر مجبور کرو۔ شدت۔ مشقت۔

الضَغْطَة: قہر۔ تنگی۔ مجبوری۔ ضَغْطَةُ القَبْرِ: فشار قبر۔

الضَاغِط: فا۔ نگہبان۔ امانت دار۔

الضَاغُوط: کابوس (ایک قسم کی بیماری)

الضَغِيط: کمزور رائے والا۔ ج ضَغْطَى: مؤنث ضَغِيطَة۔

المِضْغَط: ہوا، فضا اور موسم کو معلوم کرنے کا آلہ۔

المَضْغَط: پست زمین۔ ج مَضَاغِط۔

ضَغَلَ ضَغِيلًا: پچھنا لگاتے ہوئے آواز نکالنا۔

الضَغِيل: پچھنا لگانے والے کے منہ کی آواز۔

ضَغَمَ: (ف) ضَغْمًا۔ الشَيْئَ وبِهِ: بھنبھوڑنا۔ کہا جاتا ہے "ضَغَمَهُ ضَغْمَةَ الأسَدِ" اس نے اسے شیر کی طرح بھنبھوڑ لیا۔

الضُغَامَة: دانتوں سے کاٹ کر پھینکی ہوئی چیز۔

الضَيْغَم: شیر۔ کاٹنے والا۔ ج ضَيَاغِم۔

الضَيْغَمِيُّ: شیر۔

ضَغِنَ: (س) ضَغَنًا۔ عَلَيْهِ: کینہ رکھنا...... إلَيْهِ: مائل ہونا۔

إضْطَغَنَهُ: بغل کے نیچے لینا۔

إضْطَغَنَ وتَضَاغَنَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے سے کینہ رکھنا۔ کہا جاتا ہے "إضْطَغَنَ فُلَانٌ عَلَى فُلَانٍ ضَغِينَتَهُ" یعنی کینہ کو پوشیدہ رکھا۔

الضِغْنُ: کینہ۔ شوق۔ میلان۔ کجی۔ بغل۔ جانب۔ پہاڑ کا پہلو۔ ج أضْغَان۔

الضَاغِنُ والضَغِن: کینہ ور۔ فَرَسٌ ضَاغِنٌ وضَغِن: اڑیل گھوڑا جو بغیر مارے ہوئے نہ چلے۔ عُودٌ ضَغِن: ٹیڑھی لکڑی۔

الضَغِينَة: کینہ۔ ج ضَغَائِن۔

ضَغَا يَضْغُو ضَغْوًا۔ المُقَامِرُ: خیانت کرنا ...... إلَيْهِ: عاجزی کرنا (...... ضَغْوًا وضُغَاءً) السِنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔

إضْغَاهُ إضْغَاءً: میاؤں میاؤں کرنے پر برانگیختہ کرنا۔

تَضَاغَى: بھوک یا مار سے بلبلانا۔

الضُغَاء: بمعنی۔ ذلیل آدمی کی آواز۔

ضَفَّ: (ن) ضَفًّا وضَفَفًا۔ القَوْمُ عَلَى المَاءِ او الطَعَامِ: بھیڑ کرنا (...... ضَفًّا) الشَيْئَ: جمع کرنا۔

تَضَافَّ۔ القَوْمُ: بھیڑ کرنا۔ کم مال والا ہونا۔

ضَفُّ الحَالِ: بدحال۔

الضَفَّة: جماعت۔

الضَفَّة والضِفَّة: دریا کا کنارہ۔ ...... مِنَ البَحْرِ: سمندر کا ساحل۔ ج ضِفَاف۔

الضَفَف: مال کی قلت اور اہل و عیال کی کثرت۔ حاجت۔ کمزوری۔ جلد بازی۔

الضَفَافَة: بے عقل۔

عَيْنٌ ضَفُوف: بہت پانی والا چشمہ۔

مَاءٌ مَضْفُوف: جس پانی پر بھیڑ زیادہ ہو۔

ضَفَدَهُ: (ض) ضَفْدًا: طمانچہ مارنا۔

ضَفْدَعَ المَاءُ: پانی کا مینڈکوں والا ہونا ...... الرَجُلُ: سکڑنا۔ گوز کرنا۔

الضِفْدِع: مینڈک۔ ج ضَفَادِع وضَفَادِي: اور یہ کم مستعمل ہے۔ واحد ضِفْدِعَة۔

ضَفَرَ: (ض) ضَفْرًا وضَفَرَ۔ الحَبْلَ: رسی بٹنا ...... الشَعْرَ: بال گوندھنا۔ ضَفَرَ البِنَاءَ: عمارت کو پتھروں سے بغیر چونے گارے کے بنانا۔ الرَجُلُ: دوڑنے میں کودنا ...... الدَابَّةَ: جانور کے منہ میں لگام دینا۔

ضَافَرَهُ۔ عَلَى الأمْرِ: مدد کرنا۔

تَضَافَرُوا۔ عَلَى الأمْرِ: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

إنْضَفَرَ: گندھا ہوا ہونا۔ بٹا ہوا ہونا۔ کہا جاتا ہے "إنْضَفَرَ الحَبْلَانِ" یعنی دونوں رسیاں گندھ گئیں۔

الضَفْر: بمعنی۔ کجاوہ کا تنگ۔ گندھے ہوئے بالوں کی ایک پٹی۔ ریت کا بڑا تودہ جو ایک جگہ جمع ہو گیا ہو۔ ج ضُفُورٌ وأضْفَارٌ۔

الضِفَار: کجاوہ کا تنگ۔ ج ضُفُر۔

الضَفِرَة : ریت کا بڑا تودہ جو ایک جگہ جمع ہو گیا ہو۔ کنانۃ ضَفِرَۃ: بھرا ہوا ترکش۔
الضَفِير : گندھے ہوئے بالوں کی رسی۔ سمندر کا کنارہ۔ کجاوہ کا تنگ۔
الضَفِيرَة : گندھے ہوئے بالوں کی ایک لٹ۔ چوٹی۔ ج ضَفَائِر۔ کہا جاتا ہے "کنانۃ ضَفِيرَۃ" یعنی بھرا ہوا ترکش۔
ضَفَزَ : (ن) ضَفْزًا: کودنا ...... فلانًا: دفع کرنا۔ ہاتھ یا پیر سے مارنا ...... الفَرَسَ : گھوڑے کے منہ میں لگام دینا ...... البَعِيرَ: اونٹ کے منہ میں زبردستی لقمہ دینا۔
اِضْطَفَزَہ : زبردستی نگلنا۔
الضَفَّاز : چغل خور۔
الضَفِيزَة : بڑا لقمہ۔ ج ضَفَائِز۔
ضَفْضَفَة. القَوْمِ: جماعت۔ قوم۔
ضَفَطَهٗ : (ن) ضَفْطًا. بِالحَبْلِ: رسی سے باندھنا ...... الرَجُلُ : حاجت پوری کرنا ...... بِسَلْحِه: پاخانہ کرنا۔
ضَفُطَ : (ک) ضَفَاطَةً: ڈھیلے اور بڑے پیٹ کا ہونا۔ جاہل اور کمزور رائے کا ہونا۔
تَضَافَطَ: اللَحْمُ : گوشت کا گٹھا ہوا ہونا۔
الضَفِطَة : جہالت۔ کمزوری رائے۔
الضَافِط : فا۔ مسافر جس کا سفر دور کا نہ ہو۔
الضَافِطَة : مؤنث ضَافِط: بار برداری کا اونٹ۔ کمینہ آدمی۔ شتربان۔
الضَفَّاط والضِفِط والضَفَيْط : موٹا ڈھیلا۔ بڑے پیٹ والا۔ بے وقوف۔ کاہل جو قوم کا ساتھ جنگ وغیرہ میں نہ دے۔ شتربان۔
الضُفَّاط : کمینہ آدمی۔
الضَفَنْط : موٹا ڈھیلا۔ بڑے پیٹ والا۔
ضَفَنَ : (ض) ضَفْنًا. اِلَيْه: کسی کے پاس جا کر بیٹھنا ...... بِحَاجَتِه : حاجت پوری کر دینا۔ بِرِجْلِه: لات مارنا ...... مَعَ الضَعِيف : ساتھ آنا ...... بِهِ الاَرْضَ : زمین پر پٹک دینا ...... فُلانًا: چوتڑ پر لات مارنا ...... عَلَيْهِ: ظلم کرنا۔

تَضَافَنَ. القَوْمُ عَلَيْهِ: مل کر رد کرنا۔
الضَفِن والضِفَنّ : بے وقوف۔ چھوٹے قد کا موٹا۔
ضَفَا يَضْفُو ضَفْوًا. الرَاسُ : سر پر بال بہت زیادہ ہونا ...... الحَوْضُ : حوض کا کناروں سے بہنا ...... الثَوْبُ: کپڑے کا پورا ہونا۔ صفت ضَافٍ۔
الضَفَا : جانب۔ مثنی ضَفَوَان۔
ضَفْوَةُ. العَيْشِ : خوش عیشی۔
ضَقَّ : (ض) ضَقًا : آواز کرنا۔
ضَكَّهٗ : (ن) ضَكًّا: بھینچنا ...... الاَمْرُ فُلانًا : تنگ ہونا ...... هٗ بِالحُجَّةِ : مغلوب کرنا۔
ضَكَزَهٗ : (ن) ضَكْزًا: زور سے چھونا۔
الضَكْل : تھوڑا پانی۔
الضَيْكَل : بڑے ڈیل ڈول کا۔ ننگا فقیر۔ ج ضَيَاكِل وضَيَاكِلَة۔
الاَضْكَل: ننگا۔
ضَلَّ : (س ض) ضَلالًا وضَلالَةً: گمراہ ہونا۔ دین حق یا راہ حق سے ہٹ جانا۔ صفت ضَالٌّ۔ ج ضُلَّال وضَالُّوْنَ ...... الطَرِيْقَ او عَنْهُ : ہدایت نہ پانا ...... الشَيْئُ عَنْهُ : ضائع ہونا۔ بیکار جانا ...... ضَلَّ سَعْيُهٗ : کامیاب نہ ہونا ...... الشَيْئُ : تلف ہونا ...... الرَجُلُ : مرنا اور گل سڑ کر مٹی اور ہڈی ہو جانا ...... الرَجُلَ: بھول جانا۔
ضَلَّلَهٗ تَضْلِيلًا وتَضْلالًا : گمراہ کر دینا۔ گمراہی کی طرف نسبت کرنا۔
اَضَلَّ. الشَيْئَ : ضائع کرنا۔ ہلاک کرنا۔ دفن کرنا۔ غائب کرنا ...... ہ اللّٰہُ : اللہ کا کسی کو گمراہ کر دینا ...... فُلانٌ فَرَسَهٗ : گھوڑے کا بھاگ جانا اور یہ معلوم نہ ہو کہ کہاں گیا ...... الشَيْئَ او الرَجُلَ : گم پانا اور اسی سے ہے "اَتٰى قَوْمَهٗ فَاَضَلَّهُمْ" یعنی اپنی قوم کے پاس آیا تو ان کو گمراہ پایا۔
تَضَالَّ : گمراہی کا دعویٰ کرنا۔
اِسْتَضَلَّ : گمراہ ہونے کو کہنا۔

الضَلُّ والضُلُّ والضَلال والضَلالَة : گمراہی۔ باطل۔ ہلاکت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ضُلُّ بْنُ ضِلٍّ او ضِلُّ بْنُ ضُلٍّ او ضُلُّ اَضْلالٍ او ضِلُّ اَضْلالٍ" یعنی وہ گمراہی میں منہمک ہے یا اس کے باپ کا پتہ نہیں یا اس کے اندر خیر نہیں۔
الضَلَل : گمراہی۔ پانی جو پتھروں کے نیچے بہے یا درختوں کے نیچے جس کو کبھی دھوپ نہ لگے۔
الضَلَّة : اسم مرۃ۔ حیرت۔ خیر یا شر کے طلب کرنے میں غائب ہونا۔
الضِلَّة : گمراہی۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهٗ ضِلَّةً" یعنی اس کا خون بلا قصاص کے ضائع ہو گیا۔ "ذَهَبَ ضِلَّةً" یعنی معلوم نہیں کہاں گیا۔ "هُوَ يَبْعُ ضِلَّةً" یعنی وہ مصیبت میں ہے۔ "هُوَ يَلُوْمُنِيْ ضِلَّةً" یعنی ملامت کرنے میں اسے ہدایت کی توفیق نہیں ہوئی۔
الضُلَّة : کامل رہنمائی۔ کہا جاتا ہے "دَلِيْلٌ بِهٖ ضُلَّةٌ" یعنی ایسا رہنما ہے جس کے اندر کامل رہنمائی ہے۔
الضَالَّة : مؤنث ضَالٌّ : گم شدہ چیز جس کے پیچھے تم پھر رہے ہو۔ ج ضَوَالُّ۔
الضِلِّيْل : بہت زیادہ گمراہ۔
الاُضْلُوْلَة : گمراہی۔ ج اَضَالِيْل۔
المَضَلّ: جس میں لوگ گمراہ ہو جائیں۔
المُضِلّ : فا۔ سراب۔
المَضَلَّة والمَضِلَّة : گمراہی۔ اَرْضٌ مَضَلَّةٌ ومَضِلَّةٌ: زمین جس میں راستہ بھول جائیں اور جمع کے لئے کہا جاتا ہے "اَرَضُوْنَ مَضَلَّاتٌ"۔
المُضَلَّل : بہت زیادہ گمراہ۔ گمراہی کے پیچھے بہت زیادہ پڑنے والا جس کو خیر کی توفیق نہ دی گئی ہو۔
ضَلُعَ : (ک) ضَلاعَةً: قوی مضبوط پسلیوں والا ہونا۔ صفت ضَلِيْع۔
ضَلَعَ :(ف) ضَلْعًا. الشَيْئُ : ٹیڑھا ہو

جانا۔ صفت ضَالِعٌ ...... الرَّجُلَ: پسلی پر مارنا ...... عَلَيْهِ: ظلم کرنا۔
ضَلِعَ (س) ضَلَعًا وضَلْعًا: پیدائش ٹیڑھا ہونا۔ صفت ضَلِعٌ اور اسی سے ہے "لَاُقِيمَنَّ ضَلَعَکَ او ضَلْعَکَ" یعنی میں تیری کجی کو درست کردوں گا۔ ضَلِعَ مَعَ فُلَانٍ: جھکنا ...... الرَّجُلُ: شکم سیر یا سیراب ہونا۔
ضَلَّعَهُ: جھکانا۔ ٹیڑھا کرنا۔ بوجھل کرنا۔
ضَلَّعَ الثَّوْبَ: کپڑے پر پسلیوں کے مانند نقش ونگار بنانا۔
اَضْلَعَهُ: جھکانا۔ بوجھل کرنا۔ کہاجاتا ہے "فُلَانٌ اَضْلَعَتْهُ الْخُطُوبُ" یعنی فلاں کو حوادث نے بوجھل کردیا۔
تَضَلَّعَ: شکم سیر یا سیراب ہونا اور اسی سے ہے "تَضَلَّعَ مِنَ الْعُلُوْمِ" یعنی اس نے علوم سے حصہ کامل پایا۔
اِضْطَلَعَ: قوی ہونا ...... بِحَمْلِهِ: بوجھ لے کر کھڑا ہونا اور اس کی طاقت رکھنا۔
الضَّلَعُ: میلان وٹیڑھاپن۔ کہاجاتا ہے "ضَلَعُکَ مَعَ فُلَانٍ" تمہارا میلان فلاں کی جانب ہے۔
الضِّلْعُ والضِّلَعُ: پسلی (مؤنث) اَضْلُعٌ وضُلُوْعٌ واَضْلَاعٌ: کہاجاتا ہے "هُمْ عَلَى ضِلْعٍ جَائِرَةٍ" یعنی وہ سب میرے اوپر ظلم کرنے میں متفق ہیں۔ الضِلْع والضِلَع مِنَ البِطِّيخ: خربوزے کی قاش پھانک۔ ضِلْعُ السِّلْقِ ونَحْوِهٖ: چقندر کے پتوں کی موٹی رگ۔ الضِلْع: چھوٹا پہاڑ۔ پھندا۔ جال۔ ابرو۔
الضِلْعَة: جانب۔
الضِلَعَة: ایک سبز رنگ کی چھوٹی مچھلی۔
الاَضْلَع: مضبوط موٹا مرد۔ ج ضُلْع۔
الضُلُوْع: زمین کا ڈھلوان۔
الضَّلِيْعُ: مضبوط پسلیوں والا۔ قوی۔ ج ضُلُع: مؤنث ضَلِيْعَة رَجُل ضَلِيْعُ الفَم: بڑے منہ والا۔ قَوْسٌ ضَلِيْعٌ وضَلِيْعَةٌ ومَضْلُوْعَة: کمان جس کی لکڑی میں جھکاؤ ہو۔
المُضْلِعُ مِنَ الاَحْمَالِ: بوجھل۔ عاجز کردینے والا۔ کہاجاتا ہے "مُضْطَلِعٌ بِهٰذَا الاَمْرِ" اسے اس کام کی طاقت ہے۔
المُضَلَّعُ: پہلوؤں والا ...... مِنَ الثِّيَابِ: دھاری دار کپڑا۔
اَلْمُضَلَّعُ او ذُوالاَضْلَاعِ: (ہ) خط منکسر اور اس کے قطعات کو اضلاع اور اطراف اضلاع کوروس بولتے ہیں۔
اَلْمُضَلَّعُ الْمُنْتَظِمُ: وہ خط جس کے اضلاع برابر ہوں اسی کو محدب اور مجمی بولتے ہیں۔
اَلْمُضَلَّعُ الرُّبَاعِيّ: چار اضلاع والا۔
اَلْمُضَلَّعُ الخماسی: پانچ اضلاع والا۔
اَلْمُضَلَّعُ السُّدَاسِيّ: چھ اضلاع والا۔
ضَمَّ: (ن) ضَمًّا. الشَّيْءَ: جمع کرنا۔ الشَّيْءَ اِلَيْهِ: قبضہ کرنا اور اپنی طرف کھینچنا۔ عَلَى الشَّيْءِ: قبضہ کرنا ...... فُلَانًا اِلَيْهِ: ساتھ رکھنا۔ ضَمَّهُ اِلٰى صَدْرِهٖ: معانقہ کرنا ...... الْحَرْفَ: حرف کو ضمہ کی حرکت دینا۔ کہاجاتا ہے "ضَمَّ جَنَاحَهُ عَنِ النَّاسِ" یعنی اس نے لوگوں سے نرمی برتی۔
ضَامَّهُ. اِلَيْهِ: ملانا۔
اَضَمَّهُ. الشَّيْءَ اِلٰى فُلَانٍ: فلاں کی طرف چیز بھیجنا۔
اِنْضَمَّ: ملنا ...... عَلٰى كَذَا: مشتمل ہونا۔
تَضَمَّمَ. الشَّيْءُ: پوری طرح سے شامل ہونا۔
اِضْطَمَّهُ: اپنی طرف ملانا۔ اِضْطَمَّ عَلَيْهِ: مشتمل ہونا۔
الضَمُّ والضَمَّةُ: پیش کی حرکت۔ الضَمَّةُ: گھوڑ دوڑ کے گھوڑوں کی جماعت۔
الضِمَام: ملانے کا ذریعہ۔
الضَمُوْم: دو لمبے ٹیلوں کے درمیان کی وادی۔
الضَمِيْم: ساتھی۔ مؤنث ضَمِيْمَة۔
الاِضْمَامَة: جماعت۔ ج اَضَامِيْم ...... مِنَ الكُتُبِ: کتابوں کا بنڈل۔
المُنْضَمّ. عَلٰى كَذَا: مشتمل ملاہوا۔ کہاجاتا ہے "اَضْبَعُ مُنْضَمًّا" یعنی لاغر ہوگیا گویا کہ بعض بعض کے ساتھ ملا ہوا ہے۔
ضَمَجَ (ن) ضُمُجًا وضَمْجًا. جَسَدُهُ: خوشبو لگانا۔
ضَمَّجَ واَضْمَجَ. بالاَرْضِ: زمین سے چمٹ جانا۔
الضَمَجَة: ایک بدبودار کیڑا جو کاٹتا ہے۔ کھٹمل۔
الضَمَج: آفت جو انسان کو لاحق ہو۔
اِضْمَحَلَّ: نیست و نابود ہونا ...... السَّحَابُ: بادل کا کھل جانا۔
ضَمَخَ (ن) ضَمْخًا وضَمَّخَ. جَسَدَهُ بالطِّيْبِ: بدن میں خوشبو لگانا۔
تَضَمَّخَ وانْضَمَخَ واضْطَمَخَ. بالطِّيْبِ: خوشبو سے لت پت ہونا۔
الضِمْخَة: موٹی عورت یا اونٹنی۔
ضَمَدَ (ن ض) ضَمْدًا وضَمَّدَ. الجُرْحَ: زخم پر پٹی باندھنا۔ کہاجاتا ہے "اُضْمُدْ عَلَيْکَ ثِيَابَکَ" یعنی اپنے کپڑے کو اپنے اوپر باندھو "ضَمَدَهُ بالعَصَا" اس نے اس کے سر پر لاٹھی ماری اور ایسا ہی "ضَمَدَ رَاْسَهُ بالسَّيْفِ"۔
ضَمِدَ (س) ضَمَدًا: خشک ہونا۔ سخت غضبناک ہونا ...... عَلَيْهِ: کینہ کرنا۔
اَضْمَدَ. القَوْمَ: جمع کرنا۔
تَضَمَّدَ. الجُرْحُ: پٹی بندھ جانا۔
الضَمَد: مص۔ تر۔ خشک۔ عمدہ بکریاں۔ خراب بکریاں۔ کینہ وری۔ الضِمْد: دوست۔ ساتھی۔
الضَمَد: ظلم۔ پرانا حق۔
الضَامِد: فا۔ لازم۔
الضِمَاد والضِمَادَة: پٹی جس سے عضو مجروح کو باندھا جائے ...... کہاجاتا ہے "اَنَا عَلٰى ضِمَادَةٍ مِنَ الاَمْرِ" یعنی میں کام کے نزدیک پہنچ گیا ہوں۔
ضَمَرَ (ن) وضَمُرَ (ک) ضُمُوْرًا:

ذُبلا ہونا۔ لاغر ہونا۔ چھریرا ہونا۔ صفت ضَامِرٌ : مؤنث ضَامِر وضَامِرَةٌ ج ضُمَّر وضَوَامِر۔

اَضْمَرَ الاَمْرَ : پوشیدہ کرنا...... فِيْ نَفْسِهٖ شَيْئًا : اپنے دل میں کسی چیز کا عزم کرنا...... الخبر : تنگ پہنچنا۔ اَضْمَرَتِ الاَرْضُ فُلَانًا : زمین نے اس کو موت یا سفر کی وجہ سے غائب کر دیا۔ الشَّاعِرُ : شاعر کا اضمار برتنا اور اضمار اصطلاحِ فن عروض میں یہ ہے کہ دوسرے حرف کو ساکن کر دیں۔ جیسے مُتَفَاعِلن : کے دوسرے حرف کو ساکن کر دیں تو مُتْفَاعِلن ہو کر مُسْتَفْعِلُنْ کے وزن پر ہو جاتا ہے۔

اَضْمَرَ وضَمَّرَ. الفَرَسَ : ذُبلا کرنا۔ چھریرا بنانا۔

تَضَمَّرَ وَجْهُهٗ : لاغری کی وجہ سے کھال سکڑ جانا۔

اِنْضَمَرَ الغُصْنُ : ٹہنی کا خشک ہونا۔

اِضْطَمَرَ : مل جانا...... الفَرَسُ : گھوڑے کا دبلا ہونا۔ چھریرا ہونا۔

اَلاِضْمَارُ : علم عروض میں دوسرے حرف کو ساکن کرنا۔ جیسے تامتفاعلن اس کو مستفعلن کی طرف منتقل کر دیا گیا۔

الضَّمْرُ : چھریرا۔ ذُبلا۔ پتلے پیٹ والا۔ نازک بدن۔ مؤنث ضَـمْـرَةٌ : تنگ۔ راز (......المُضْمَر) : پوشیدہ۔

الضُّمْرُ والضُّمُرُ : ذُبلا پن۔

الضَّمِيْرُ : راز۔ پوشیدہ خیال۔ پژمردہ انگور۔ ضمیر نحویوں کے نزدیک وہ کلمہ ہے جو متکلم مخاطب اور غائب پر دلالت کرے جیسے اَنَا. اَنْتَ هُوَ ج ضَمَائِر.

الضِّمَار : پوشیدہ۔ ٹالا ہوا وعدہ۔ ہر وہ چیز جس پر اعتماد نہ ہو۔ مال جس کی واپسی کی اُمید نہ ہو...... مِنَ الدَّيْنِ : جس کی مدت معین نہ ہو۔

الاِضْمَار : مص۔ زحافاتِ شعریہ کی ایک قسم تشریح اضمر فعل کے تحت میں دیکھو۔

الضَّوْمَرَان والضَّيْمَرَان : ایک قسم کی خوشبودار گھاس۔

المِضْمَار : گھوڑ دوڑ کے میدان کی انتہا۔ وہ میدان جہاں گھوڑے چھریرے کئے جائیں۔ گھوڑوں کے چھریرے کرنے کی مدت۔ میدانِ گھوڑ دوڑ۔

ضَمَزَ : (ن ض) ضَمْزًا : چپ رہنا...... اللُّقْمَة : بڑا لقمہ بنانا اور نگل جانا...... عَلٰى مَالِهٖ : بخل کرنا۔ صفت ضَامِزٌ وضَمُوْزٌ ج ضُمُوْزٌ.

ضَمَسَهٗ (ض) ضَمْسًا : آہستہ آہستہ چبانا۔

ضَمْضَمَ ضَمْضَمَةً : دل کو قوی کرنا۔ بہادر بنانا...... الاَسَدُ : شیر کا گونجنا...... فُلَانٌ عَلٰى المَالِ : کل لے لینا۔

الضَّمْضَم والضُّمَاضِم : دلیر۔ گرانڈیل۔ شیر غضبناک۔

ضَمِنَ (س) ضَمْنًا وضَمَانًا الشَّيْءَ وبِهٖ : کفیل ہونا۔ ضامن ہونا...... ہ : جمع کرنا۔

ضَمِنَ (س) ضَمْنًا وضَمَانَةً. الرَّجُلُ : ایسے مرض میں مبتلا ہونا جو ہمیشہ رہے اور وقتاً فوقتاً سخت ہوتا رہے۔ صفت ضَمِن.

ضَمَّنَ الشَّيْءَ الوِعَاءَ : برتن میں رکھنا...... ہ الشَّيْءَ : ذمہ دار بنا دینا...... الشَّاعِر : شاعر کا تضمین کرنا۔ یعنی دوسرے کے شعر کو اپنے کلام میں شامل کر لینا۔

تَضَمَّنَ. الشَّيْءَ : مشتمل ہونا...... الشَّيْءَ عَنِّي : اس نے میری طرف سے اپنے ذمہ لے لیا۔

الضَّمَن والضُّمْنَة والضُّمَان والضَّمَانَة : ہمیشہ کا رہنے والا مرض۔ لنجا پن۔

الضِّمْن : اندرونِ شَیٔ۔ ضِمْنَ الكِتَابِ : کتاب کا بیچ۔

الضَّمِن : عشق۔ پرانے مرض والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ضَمِنٌ عَلٰى اَهْلِهٖ" یعنی وہ اپنے لوگوں پر بوجھ ہے۔

الضَّامِن : فا۔ ضامن۔ کفیل۔ ذمہ دار۔

الضَّمِيْن : کفیل۔ مرض لازم میں مبتلا۔ ج ضُمَنٰى.

الضَّمَان : مص۔ کفالت۔ تاوان۔ ڈنڈ۔

المَضْمُوْن : مفع۔ جس کی کفالت کی جائے۔ مِنَ الجُمْلَةِ : مفہوم جو جملہ سے سمجھ میں آئے اور جملہ اس کے لئے بیان نہ کیا گیا ہو۔ ج مَضَامِيْن.

المُضَمَّن : مفع۔ تضمین کیا ہوا...... مِنَ الاَصْوَاتِ : غیر مکمل آواز جب تک دوسرے سے ملایا نہ جائے سمجھ میں نہ آئے۔

ضَنَّ (س ض) ضَنًّا وضِنًّا وضِنَّةً ضَنَانَةً ومَضَنَّةً واضْطَنَّ. بالـٔ : بخل کرنا۔ ضَنَّ بِالمَكَانِ : مکان سے جدا نہ ہونا۔

الضِّنُّ والضِّنَّة : جس پر بخل کیا جائے۔ خاص۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ضِنِّيْ وضِنَّتِيْ" وہ میرے ساتھ مختص ہے۔

الضَّنَن : بہادر۔

الضَّنِيْن : بخیل۔ کہا جاتا ہے "اِنَّمَا يُضَنُّ بِالضَّنِيْنِ" یعنی بخیل کے ساتھ بخل کیا جاتا ہے۔

الضَّنَائِن : وہ چیزیں جن کی نفاست کی وجہ سے بخل کیا جائے اور اسی سے ہے "ضَنَائِنُ اللّٰهِ" اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں سے خاص لوگ۔

الضَّنَانَةُ : مص۔ بخل کرنا۔ کہا جاتا ہے "هَجَمْتُ عَلٰى القَوْمِ وهُمْ بِضَنَانَتِهِمْ" میں قوم پر اچانک پہنچ گیا اور وہ لوگ متفرق نہیں ہوئے تھے۔

المَضَنَّة والمَضِنَّة : جس پر بخل کیا جائے۔ ج مَضَانٌ.

ضَنَاَ (ف) ضَنْأً وضُنُوْءًا : چھپنا...... فِي الاَرْضِ : جانا...... المَال : کثیر ہونا (ضَنَأَتْ (ف) ضَنْأً وضَنُوْءًا وضَنِئَتْ (س) ضَنْأً واَضْنَأَتِ) المَرْاَةُ : بہت اولاد والی ہونا۔ صفت ضَانِئٌ وضَانِئَةٌ. ج ضَوَانِئُ.

اِضْطَنَاَ لَهٗ ومِنْهُ : شرمانا اور منقبض ہونا۔

الضَّنْءُ :اصل۔معدن۔کثرت نسل۔ج ضُنُوْءٌ.

الضَّنْءُ والضِنْءُ :اولاد(اس کے لئے واحد نہیں)

الضَّنَاءَۃ والضُنَاۃ :ضرورت۔

ضَنَبَ :(ن)ضَنْبًا بِہ الاَرْضَ :زمین پر پٹک دینا۔ضَنَبَ بِالشَّیْءِ:قبضہ کرنا۔

ضَنِطَ(س) ضَنَطًا۔ الشَّحْمُ :موٹا اور ٹھوس ہونا۔

اِنْضَنَطَ۔ اَلْقَوْمُ :بھیڑ کرنا۔

الضَّنَط :تنگی۔

الضَّنَط :چربی۔نشاط۔ڈینگ۔

الضِنَاط :کنوئیں وغیرہ پر بہت زیادہ بھیڑ۔

ضَنُکَ (ک) ضَنَاکَۃً:ست رائے۔ ضعیف العقل۔کمزور بدن والا۔صفت ضَنِیْکٌ ج ضُنُکٌ(...... ضَنَاکَۃً وضَنْکًا وضُنُوْکَۃً):تنگ ہونا۔

ضُنِکَ ضَنْکًا :زکام زدہ ہونا۔

اَضْنَکَہُ اللّٰہ :زکام میں مبتلا کرنا۔

الضَّنْکُ :تنگ۔مذکر ومؤنث دونوں میں مستعمل ہے۔کہا جاتا ہے"مَکَانٌ ضَنْکٌ وعِیْشَۃٌ ضَنْکٌ".

الضِّنَاکُ :مضبوط جسم والا۔مذکر ومؤنث دونوں میں مستعمل ہے۔کہا جاتا ہے"رَجُلٌ ضِنَاکٌ وامْرَاَۃٌ ضِنَاکٌ"بڑا درخت۔

الضُّنَاکُ والضُّنْکَۃ :زکام۔

الضَّنَاکَۃ :مص۔تنگ زندگی۔

الضَّنِیْکُ :تنگ زندگی۔صرف خوراک پر خدمت کرنے والا۔کٹی ہوئی چیز۔

ضَنِیَ (س) ضَنًی:(وادی)مرض کی وجہ سے کمزور ولاغر ہونا۔صفت ضَنًی وضَنٍ :کہا جاتا ہے"تَرَکْتُہٗ ضَنًی وضَنِیًا" ضَنًی :بفتح النون میں مذکر ومؤنث واحد جمع سب برابر ہیں اور ضَنٍ: بکسر النون جب بولا جائے گا تو اس کے لئے تثنیہ جمع اور مؤنث کے صیغے استعمال کئے جائیں گے۔ضَنِیٌ: کی جمع اَضْنَاءٌ.

ضَانٰی مُضَانَاۃَ الشَّیْءِ او الامْرَ :مشقت برداشت کرنا۔

اَضْنٰی اِضْنَاءً ۔ المَرَضُ فُلَانًا :بیماری کا سست کر دینا......الرَّجُلُ:بیماری کی لاغری کی وجہ سے صاحب فراش ہونا۔

تَضَنّٰی :تکلف بیمار ہونا۔بننا۔

اِنْضَنٰی :سست ہو جانا۔

الضَّنٰی :بیماری۔لاغری۔بدحالی۔

الضِنْوُ والضَّنْوُ والضِّنٰی :اولاد۔کہا جاتا ہے"لَہٗ ضِنْوٌ کَثِیْرٌ"اس کی بہت اولاد ہے۔

الضِّنٰی :مخفی بیماریاں۔

ضَنَتْ تَضْنِیْ وضَنِیَتْ تَضْنٰی ضَنًی وضَنَاءً المَرْاَۃُ :کثیر اولاد ہونا۔ضَنٰی نَصِیْبُ فُلَانٍ :حصہ کا بڑھنا۔

ضَہَبَ (ف) ضَہْبًا بِالنَّارِ: آگ سے متغیر کرنا۔

ضَہَبَ (ف) ضُہُوْبًا: کمزور ہونا۔

ضَہَّبَ اللَّحْمَ :گوشت کو بریاں کرنا...... القَوْسَ :نرم کرنے کے لئے آگ کے سامنے کرنا۔صفت ضَہْبَاءُ ضَہَّبَ القَوْمُ: زیادہ ہونا اور تیز چلنا۔

ضَاہَبَہٗ مُضَاہَبَۃً :برا تاؤ کرنا۔گالی گلوچ کرنا۔

ضَہَّبَ ۔ القَوْمُ :مخلوط لوگ۔

الضَّیْہَبُ :پہاڑ کا وہ گرم حصہ جہاں گوشت کو بھون سکتے ہیں۔

ضَہَدَہٗ :(ن) ضَہْدًا:سخت روندنا۔

ضَہَدَہٗ :(ف) ضَہْدًا.

اَضْہَدَہٗ واَضْہَدَ بِہٖ واضْطَہَدَہٗ :غلبہ کرنا اور ظلم کرنا۔تکلیف دینا اور مجبور کرنا۔

الضُّہْدَۃ :غلبہ اور قہر۔کہا جاتا ہے"ضُہْدَۃٌ لِکُلِّ اَحَدٍ"یعنی ہر وہ شخص جو چاہتا ہے اسے مجبور کرتا ہے۔

الضَّہِیْدُ :سخت مضبوط۔

الضَّہْرُ والضَّاہِرُ :پہاڑ کی چوٹی۔وادی۔

الضَّہْرُ : کھوا۔

ضَہَزَہٗ وضَہَسَہٗ (ف) ضَہْزًا وضَہْسًا: سخت روندنا......الدَّابَّۃُ: جانور کا اگلے دانتوں سے کاٹنا۔

ضَہَلَ :(ف)ضَہْلًا وضُہُوْلًا۔ اللَّبَنُ: تھوڑا تھوڑا جمع ہونا......النَّاقَۃُ ونَحْوُہَا : تھوڑی دودھ والی ہونا۔صفت ضَہُوْلٌ ج ضُہُلٌ ضَہِلَۃٌ: حَقَّہٗ:حق کم کرنا......

وتَضَہَّلَ اِلٰی فُلَانٍ: کسی کی جانب بغیر ارادہ جنگ کے لوٹنا۔

اَضْہَلَ۔ النَّخْلُ :کھجوریں پکنے لگنا......اِلٰی فُلَانٍ مَالًا :مال کو فلاں کی طرف کر دینا۔

اِسْتَضْہَلَ۔ الخَبَرَ :حسب امکان خبر طلب کرنا۔

الضَّہْلُ :مجتمع دودھ۔تھوڑا پانی۔

الضَّاہِلَۃ۔ مِنَ العُیُوْنِ :تھوڑے پانی کا چشمہ۔الضَّہْوَاءُ :بے پستان عورت۔

الضَّہْوَۃ :جوہڑ۔ج اَضْہَاءٌ.

ضَہِیَتْ تَضْہٰی ضَہًی۔ المَرْاَۃُ :عورت کا بغیر پستان اور بغیر دودھ کے ہونا۔صفت ضَہْیَاءُ ج ضُہْیٌ. ضَہِیَتِ الاَرْضُ :زمین میں کچھ نہ اُگنا اور بغیر پانی کے چٹیل میدان ہونا۔

ضَاھٰی مُضَاھَاۃً. الرَّجُلَ : مشابہ ہونا۔
الضَّھِیُّ : مشابہ۔ ہم شکل۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ ضَھِیُّکَ" وہ تمہارا ہم شکل ہے۔
ضَاءَ یَضُوْءُ ضَوْءًا وضُوْءًا وضِیَاءً ا القَمَرُ وغَیْرُہٗ : روشن ہونا۔ چمکنا۔
ضَوَّءَ تَضْوِئَۃً. البَیْتَ : روشن کرنا۔ عَنِ الأمْرِ : پھر جانا۔
اَضَاءَ اِضَاءَ ۃً. البَیْتُ : روشن ہونا۔ البَیْتَ : روشن کرنا۔
تَضَوَّأَ : تاریکی میں کھڑا ہونا تاکہ آگ کی روشنی میں لوگوں کو دیکھ سکے۔ تَضَوَّأَہٗ : کسی ایسی جگہ مائل ہونا جہاں سے آگ کی روشنی سے دیکھ سکے۔
اِسْتَضَاءَ بِہٖ : روشن ہونا...... مِنْ فُلَانٍ : مشورہ کرنا۔
الضَّوْءُ والضُّوْءُ : روشنی۔ ج اَضْوَاء.
الضِّیَاءُ والضِّوَاءُ : روشنی۔
الضَّوِیُّ والمُضِیُّ : روشن۔ روشن کرنے والا۔
ضَاجَ یَضُوْجُ ضَوْجًا. عَنْ کَذَا : اعراض کرنا۔ پھر جانا(...... وانْضَاجَ) الوَادِیُ : کشادہ ہونا۔
تَضَوَّجَ الوَادِی : وادی کا بہت پیچ دار ہونا۔
اِنْضَوَّجَ فِیْ ضَوْجِ الوَادِی : وادی کے موڑ میں داخل ہونا۔
الضَّوْجَ : وادی کا موڑ۔ ج اَضْوَاج.
الضَّوْجَان : سخت خشک۔ مؤنث ضَوْجَانَۃ.
ضَوَّجَ. اللَّبَنَ : دودھ میں پانی ملانا۔
ضَازَ یَضُوْزُ ضَوْزًا : سخت بھوکا ہونا۔ ضَازَہُ الأمْرُ : نقصان پہنچنا۔
تَضَوَّزَ : درد کی تکلیف یا بھوک سے پیچ وتاب کھانا...... الذِّئْبُ ونَحْوُہٗ : بھوک سے بلبلانا۔
الضَّوْز : سخت بھوک۔
الضُّوْز : کالی بدلی۔
الضُّوْزَۃ : ذلیل حقیر۔
ضَازَ یَضُوْزُ ضَوْزًا. الثَّمْرَۃَ : پھل کو چبانا......ہٗ حَقَّہٗ : کم کر دینا۔
ضَوْضٰی ضَوْضَاۃً وضِیْضَاءً : شور مچانا۔
الضَّوْضٰی والضَّوْضَا والضِّیْضَاء : شور وغوغا۔
ضَوَّطَ. الأشْیَاءَ : جمع کرنا۔
تَضَوَّطَ. الشَّیْءُ : جمع ہونا۔
الاَضْوَطَ : ٹیڑھے جبڑے والا۔ بے وقوف۔
الضَّوِیْطَۃُ : بے وقوف۔ حوض کی تہ کی مٹی کا گیلا خمیر۔
ضَاعَہٗ یَضُوْعُہٗ ضَوْعًا : حرکت دینا۔ رنجیدہ کرنا۔ بھڑکا دینا۔ گھبرا دینا۔ ضَاعَ المِسْکُ : مشک کی خوشبو پھیلنا...... الدَّابَّۃَ : جانور کو دبلا کرنا...... الصَّبِیُّ : رونے میں پیچ و تاب کھانا۔
تَضَوَّعَ. المِسْکُ : مشک کی خوشبو بھڑکنا۔ ...... الصَّبِیُّ : رونے میں پیچ وتاب کھانا (...... وانْضَاعَ) الفَرْخُ : پرندہ کے بچے کا چوگ کے لئے اپنی ماں کی طرف پر پھیلانا۔
الضُّوَعُ والضِّوَعُ : نر الو۔ رات کو اُڑنے والے پرندوں میں سے ایک پرندہ۔
الضُّوَاعُ : نر الو کی آواز۔
رَجُلٌ مَضُوْعٌ : خوفزدہ۔
ضَافَ یَضُوْفُ ضَوْفًا. عَنِ الشَّیْءِ : الگ ہونا۔
ضَانَ یَضُوْنُ ضَوْنَۃً : زیادہ اولاد ہونا۔
الضَّوْنَۃ : مص۔ چھوٹی بچی۔
الضَّیْوَن : بلا۔ ج ضَیَاوِن.
الضَّوَّۃ : شور۔ لڑائی کا شور۔
ضَوِیَ یَضْوٰی ضَوًی : خلقتاً یا لاغری سے پتلی ہڈی کا ہونا۔
ضَوٰی یَضْوِیْ ضُوِیًّا وضُوِیًّا. اِلَیْہِ : ملنا۔ پناہ لینا...... الرَّجُلُ : رات کو آنا۔ ضَوَاہُ اِلَیْہِ : مائل کرنا۔
اَضْوٰی : دبلا ہونا۔ لاغر ہونا...... الرَّجُلَ : کمزور کرنا......ہٗ حَقَّہٗ : کم کرنا...... الأمْرَ : کچا کام کرنا۔ اَضْوَتِ المَرْأَۃُ : کمزور بچہ جننا۔
اَضْوَاہُ اِلَیْہِ : اپنی طرف مائل کرنا۔
اِنْضَوٰی اِنْضِوَاءً ا. اِلَیْہِ : شامل ہونا۔ ملنا۔
الضَّاوِی : فا۔ رات کو آنے والا۔
الضَّاوِیُّ : کمزور۔ دبلا۔ خلقتاً یا لاغری سے کمزور جسم والا۔ مؤنث ضَاوِیَۃ.
ضَاجَ یَضِیْجُ ضَیْجًا وضُیُوْجًا وضَیَجَانًا عَنْہُ واِلَیْہِ : جھکنا۔ مائل ہونا۔ ضَاجَت عِظَامُہٗ : لاغری کی وجہ سے ہڈیوں کا مل جانا۔
ضَاحَت تَضِیْحُ ضَیْحًا. البِلَادُ : خالی ہونا۔
ضَاحَ وضَیَّحَ. اللَّبَنَ : پانی ملانا۔ ضَیَّحَ فُلَانًا : پانی ملا ہوا دودھ پلانا۔
تَضَیَّحَ اللَّبَنُ : پانی میں دودھ ملنا ...... الرَّجُلُ : پانی ملا ہوا دودھ پینا۔
الضَّیْح : شہد۔
الضَّیْحُ والضَّیَاح : پانی ملا ہوا دودھ۔ شوربا۔
الضَّیْحَۃ : پانی ملے ہوئے دودھ کی ایک مرتبہ پینے کی مقدار۔
ضَارَہٗ یَضِیْرُہٗ ضَیْرًا. الأمْرُ : نقصان دینا۔
ضَازَہٗ یَضِیْزُہٗ ضَیْزًا : ظلم کرنا۔ ضَازَہٗ حَقَّہٗ : کم کرنا۔
الضَّیْز : ٹیڑھ۔ کجی۔
قِسْمَۃٌ ضِیْزٰی : ناقص تقسیم۔ ظالمانہ تقسیم۔
ضَاطَ یَضِیْطُ ضَیْطًا وضَیَطَانًا. فِیْ مَشْیَتِہٖ : موٹاپے کی وجہ سے چلنے میں جسم اور مونڈھوں کو حرکت دینا۔ صفت ضَیْطَان ضَیَّاط.
ضَاعَ یَضِیْعُ ضَیْعًا وضِیْعًا وضَیْعَۃً وضَیَاعًا : ضائع ہونا۔ تلف ہونا۔ بے کار ہونا۔ صفت ضَائِعٌ ج ضُیَّعٌ وضِیَاع.
اَضَاعَہٗ : ضائع کرنا۔ اَضَاعَ الرَّجُلُ : بہت جائیداد والا ہونا۔
تَضَیَّعَ المِسْکُ : مشک کا بھڑکنا۔ مشک کو خوشبو کا پھیلنا۔
الضَّیَاع : مص۔ ایک قسم کی خوشبو۔ بے فائدہ۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ ضَیَاعًا وضِیَعًا

وضیفًا" یعنی مرگیا اور کسی کو اس کی پروانہ ہوئی۔

الضَیعۃ: جائیداد۔ زمین سیر حاصل۔ اس کی تصغیر ضُیَیعۃ ہے اور جمع ضِیَع وضِیَاع وضَیعات. الضَیعۃ: پیشہ۔ کہا جاتا ہے "کانت ضَیعۃُ العرب سیاسۃَ الابل" عرب کا پیشہ اونٹوں کا انتظام کرنا تھا۔

المِضیاع: بہت ضائع کرنے والا۔

المَضیَعۃ والمَضِیعۃ: موضع ہلاکت۔ جہاں ضائع ہونے کے اسباب زیادہ ہوں۔ کہا جاتا ہے "بلدکم مَضیَعۃُ العِلم" تمہارے شہر میں علم کے ضائع ہونے کے اسباب بہت ہیں۔

ضاف یَضِیفُ ضَیفًا. الیہ: مائل ہونا۔ ہٹ جانا۔ ضافتِ الشمسُ: آفتاب کا غروب کے لئے مائل ہونا...... السھمُ عنِ الھدفِ: تیر کا نشانہ سے ہٹ جانا...... الرجلُ: خوف کرنا...... منہ: پرہیز کرنا اور ڈرنا۔

ضافہٗ یَضِیفُہٗ ضَیفًا وضِیَافۃً: مہمان ہونا۔ مہمانی طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "ضافَ الھمُّ فلانًا" یعنی فلاں پر غم نازل ہوا۔

ضَیَّفَہٗ: مہمان بنانا۔ مہمانی کا کھانا پیش کرنا۔ ضَیَّفَہٗ الیہ: جھکانا۔ ضَیَّفَ الرجلُ: مائل ہونا۔ ہٹ جانا...... الشمسُ: آفتاب کا غروب کے لئے مائل ہونا۔

اَضافَ الرجلُ: دوڑنا۔ جلدی چلنا۔ خوف کرنا...... الشیءَ الی الشیءِ: جھکانا۔ سہارا دینا۔ ملانا...... الرجلَ: پناہ دینا۔ مجبور کرنا...... منہ: جو کنارہ ہٹا...... علیہ: جھانکنا...... فلانًا علی فلانٍ: مہمان اتارنا...... الکلمۃَ الی الکلمۃِ: ایک کی نسبت دوسرے کی طرف طریقہ مخصوص پر کرنا۔

تَضَیَّفَہٗ: مہمان ہونا۔ طلب ضیافت کرنا۔ تضیَّف الرجلُ: مائل ہونا...... الشمسُ: ...... غروب کی طرف مائل ہونا۔

اِنضافَ الیہ: ملنا۔

تضایفَ الوادی: تنگ ہونا۔

اِستضافَہٗ: ضیافت طلب کرنا۔

اِستضاف بہ: فریاد کرنا...... مِن فلانٍ الی فلانٍ: پناہ لینا۔

الضَّیفُ: مہمان (واحد وجمع) مؤنث ضیفۃ وضَیفۃ ج اَضیاف وضُیُوف وضِیاف وضِیفان واَضائف.

الضَّیفَنُ: طفیلی۔

الضِّیفُ: پہلو۔ کہا جاتا ہے "ھو فی ضِیفِ فلانٍ" وہ فلاں کے پہلو میں ہے۔

الضِّیافۃ: مہمانی کا کھانا۔

المُضافُ فی الحربِ: جو جنگ میں گھر گیا ہو۔ جو قوم کے ساتھ چپکا دیا گیا ہو۔

المَضِیفُ والمَضیَفۃ: مہمانی کی جگہ۔

المِضیاف: بہت مہمانوں والا میزبان۔

المَضِیفۃ والمُضِیفۃ: حزن۔ غم۔

مَضائِفُ الوادی: وادی کے پہلو۔

ضاقَ یَضِیقُ ضِیقًا وضَیقًا: تنگ ہونا۔ صفت ضَیِّق وضائق وضَیق...... الرجلُ: بخل کرنا۔

ضَیَّقَہٗ تضییقًا: تنگ کرنا۔ ضُیِّقَ علیہ: سختی کیا جانا۔

اَضاقَ اِضاقۃً: تنگ کرنا۔ اَضاقَ الرجلُ: محتاج ہونا۔

تَضَیَّقَ وتضایقَ: تنگ ہونا۔ وتضایقَ الامرُ بہ او علیہ: تنگ ہونا۔ کہا جاتا ہے "تضایقَ القومُ" یعنی قوم کشادہ دل نہیں یا ان کے مکان کشادہ نہیں۔

ضایقہ مُضایقۃ: سختی کرنا۔

الضَّیقُ والضِّیقُ: سختی۔ حزن غم جس سے تنگ دلی ہو۔

الضَّیقُ والضَّیِّقُ: شک۔

الضِّیقۃ والضَّیقۃ: بدحالی۔ محتاج۔ ج ضِیَق وضَیَق.

الضائِقُ: فا۔ تنگ۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ ضائقٌ صدرُہٗ بکذا" فلاں وجہ سے تنگ دل ہے۔ ج ضاقۃ: جیسے سائد کی جمع سادۃ.

الاَضیَقُ: بہت تنگ۔ مؤنث ضِیقی وضُوقی.

الضاکۃ: شمالی افریقہ میں ایک درخت کا نام جس کا پھل کھایا جاتا ہے۔

المَضِیقُ: تنگ جگہ۔ مشکل کام۔ گھاٹی۔ ج مَضایِق.

ضامَہٗ یَضِیمُہٗ ضَیمًا: ظلم کرنا۔ مجبور کرنا۔

ضامَہٗ واستضامَہٗ. حقَّہٗ: کم کر لینا۔

الضَّیم: ظلم۔ ج ضُیُوم.

ضِیم. الجبلِ: پہاڑ کا کنارہ۔

الضافۃ: حاجت۔ ضرورت۔

ط، اَلطَّاءُ: بنیادی حروف میں سے سولہواں حرف ہے۔

طَأطأ. الرَّاسَ وغیرہ: پست کرنا۔ کہا جاتا ہے "طَأطَأَ رَاسَهُ عَنْ کَذَا" یعنی فلاں چیز سے اس نے اپنے سر کو پست کرلیا...... فَرَسَهُ: گھوڑے کو تیز دوڑانے کے لئے اس کی دونوں رانوں میں ایڑ لگانا۔ طَأطَأَتِ الْمَرْأَةُ سِتْرَهَا: عورت کا پردہ ڈالنا۔ طَأطَأَ يَدَهُ بِالعِنَانِ: لگام کو ڈھیلا چھوڑنا...... الحُفْرَةَ: گڑھے کو گہرا کرنا۔ فُلانًا مِنْ فُلانٍ: کسی کو مرتبے سے گرا دینا۔ طَأطَأَ فِي قَتلِ القَوْمِ: قوم کے قتل کرنے میں مبالغہ کرنا۔ سختی برتنا۔

تَطَأطَأَ: پست ہونا۔

الطَّأطَأ: پست زمین۔ چھوٹا اُونٹ۔

الطَّاءَة: کیچڑ۔

طَبَّهُ: (ن ض) طَبًّا: علاج کرنا۔ طَبَّ الرَّجُلُ: جلد بازی نہ کرنا۔ نرمی کرنا اور اسی سے مثل ہے "مَنْ احَبَّ طَبَّ" یعنی جو دوست رکھتا ہے نرمی کرتا ہے اور کہا جاتا ہے "اِصْنَعْهُ صَنْعَةَ مَنْ طَبَّ لِمَنْ حَبَّ" یعنی معاملہ کر داس شخص جیسا جو کسی کے ساتھ محبت کرتا ہے تو نرمی کرتا ہے...... خَرَزَ القِرْبَةَ: مشک میں پیوند لگانا۔ عام لوگ کہتے ہیں "طَبَّ عَلٰی وَجْهِهِ" یعنی وہ اپنے منہ کے بل اوندھا ہو گیا اور صواب اَكَبَّ ہے اور کہا جاتا ہے "مَا کُنْتَ طَبِیبًا وَلَقَدْ طَبِبْتَ اور طَبَبْتَ" یعنی تم طبیب نہیں تھے اور بن گئے۔

طُبَّ. الرَّجُلُ: جادو کیا جانا۔

طَبَّبَهُ: علاج کرنا۔ طَبَّبَ الخَيَّاطُ الثَّوْبَ: درزی کا کپڑے میں کشادہ ہونے کے لئے جوڑ لگانا۔...... القِرْبَةَ: مشک کے سوراخ پر پیوند لگانا۔

طَابَّ مُطَابَّةً. الأَمْرَ: مزاولت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَنَا اُطَابُّ هٰذَا الاَمْرَ مُنْذُ حِينٍ کَيْ اَبْلُغَهُ" یعنی میں ایک مدت سے اس اَمر کی مشق و مزاولت [illegible] رہا ہوں تاکہ اس کو حاصل کرلوں۔

تَطَبَّبَ. الرَّجُلُ: طبیب بننا...... لِفُلانٍ: علاج کرانا۔

اِسْتَطَبَّهُ: دوا تجویز کرنا۔

الطَّبُّ: طبیب۔ حاذق۔ کہا جاتا ہے "هُوَ طَبٌّ بِهٰذَا الأَمْرِ" یعنی وہ اس امر کا عالم ہے۔ طبیب۔

الطِّبُّ: ارادہ۔ خواہش۔ حال۔ شان۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ طِبُّهُ المجون" فلاں کی عادت مذاق کی ہے۔

الطَّبُّ. والطِّبُّ والطُّبُّ: جسمانی اور روحانی علاج۔ نرمی۔ جادو۔

الطِّبَاب: جس سے علاج کیا جائے۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا طِبَابُ مَرَضِكَ" یعنی یہ تمہارے مرض کا علاج ہے۔

الطَّبَّة: مؤنث۔ طَبٌّ: گوشہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِي تِلْكَ الطَّبَّةِ" یعنی وہ اس گوشہ میں ہے۔

الطَّبَّة ج طَبَب الطِّبَابَة ج طِبَاب: زمین کے، کھال یا بادل کا مستطیل ٹکڑا۔ والطِّبَابَة مِنَ الخرز: مشک کے نچلے حصہ میں دو سوراخوں کے درمیان کا چمڑا۔

الطَّبِيب: فن طب کا جاننے والا۔ فن طب کا ماہر۔ ج اَطِبَّة. اَطِبَّاء: مؤنث طَبِيبَة.

المَطْبُوب: سحر زدہ جس پر جادو کا اثر ہو۔

طَبِجَ (س) طَبَجًا. الرَّجُلُ: بے وقوف ہونا۔ صفت اَطْبَج...... عَلٰی رَاسِهِ وعَلٰی کُلِّ اَجْوَفَ: سر پر یا ہر کھوکھلی چیز پر مارنا۔

تَطَبَّجَ. فِي الكَلامِ: مختلف رنگوں میں گفتگو کرنا۔

طَبَخَ: (ف ن) طَبْخًا وطَبِّخَ. اللَّحْمَ: گوشت پکانا۔ طَبَخَ الصَّبِيُّ: بچہ کا حرکت کرنا۔ بڑھنا۔

اِنْطَبَخَ: پکنا۔

اِطَّبَخَ. الرَّجُلُ: اپنے لئے پکانا...... اللَّحْمَ: گوشت پکانا۔

الطَّبْخ والطِّبْخ: جو کچھ پکایا جائے۔

الطُّبَاخَة: ہانڈی کے جھاگ۔ پکی ہوئی چیز۔

الطِّبَاخَة: باروچی گیری۔

الطَّبَّاخ: پکانے والا اور اس کو طاہی بھی کہتے ہیں اور استعمال عوام میں طَبَّاخ کا اطلاق انگیٹھی پر ہوتا ہے اور حسن یہ ہے کہ اس کو منصب کہا جائے۔

الطَّبِيخ: پکی ہوئی چیز۔ چونہ۔ پکی اینٹ۔ ج اَطْبِخَة.

الطَّابِخ: پکانے والا۔ سخت بخار۔

الطابخۃ: مؤنث طابخ: دوپہر۔
الطابخ والطباخ: مضبوطی۔ قوت۔ موٹاپا۔ کہا جاتا ہے "ما فی کلامہ طباخ" یعنی کوئی فائدہ نہیں۔
الاطبخ: بہت زیادہ بے وقوف۔
المطبخ: باورچی خانہ۔ ج مطابخ۔
المطبخ: پکانے کا اوزار۔ ج مطابخ۔
المطبخ والمطبخ: باورچی خانہ۔
طبر: (ن) طبرا: اچھلنا۔ کودنا۔ چھپنا۔
الطبر والطبرزین: کلہاڑا (یہ دونوں کلمے دخیل ہیں)
الطبار: انجیر کے مشابہ درخت۔ واحد طبارۃ۔
الطبری: طبرستان کی طرف منسوب۔
طبزۃ: (ن) طبزا: بھر دینا۔
الطبز: پہاڑ کا مضبوط کنارہ۔ دو کوہان کا اونٹ۔
طبسۃ: گارے سے لیپنا۔
الطبس: ہر ایک کالی چیز۔
الطبس: بھیڑیا۔
بحر طبیس: بہت پانی والا سمندر۔
الطبش: لوگ۔
الطبشورۃ: چاک جو کہ سیاہ تختہ یا سلیٹ پر لکھنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔
الطبشۃ: استعمال عوام میں بچوں کے مارنے کی لمبی چھڑی اور فصیح لفظ مخففہ ہے۔
طبطب طبطبۃ۔ الماء او السیل: پانی یا سیلاب کا آواز کرنا...... الوادی: وادی کا بہنا۔ الماء: پانی کو حرکت دینا۔
الطبطابۃ: گیند کا بلا۔
الطبطیۃ: کوڑا۔
طبع: (ف) طبعا۔ الشیء: کسی چیز کی تصویر بنانا...... علیہ: مہر لگانا...... الدرہم: سکہ ڈھالنا۔ السیف: تلوار بنانا۔ ڈھالنا...... اللہ الخلق: پیدا کرنا...... الدلو: ڈول بھرنا۔ کہا جاتا ہے "طبع اللہ علی قلبہ" یعنی اللہ تعالی نے اس کے دل پر مہر کردی جس کی وجہ سے وہ خیر کی توفیق سے محروم ہے۔
طبع: (س) طبعا [illegible] میلا ہونا۔ عیب دار ہونا...... السیف: تلوار کا زنگ آلود ہونا۔ صفت طبع و اطبع۔
طبع۔ علی الجھل: پیدا کیا جانا۔
طبع۔ الاناء: بھر دینا...... گندا کرنا۔ عوام کہتے ہیں "طبع الدابۃ" یعنی سدھا لیا۔ فصیح لفظ اس کے لئے "راضھا" ہے۔
تطبع: بھر جانا۔ ڈھالنا...... بطباع ابیہ: باپ کے اخلاق اختیار کرنا...... النھر بالماء: نہر کا کناروں سے بہہ نکلنا۔
انطبع: بھر جانا۔ ڈھلنا۔
الطبع: پیدائشی عادت۔ مثال۔ نمونہ۔ کہا جاتا ہے "اضربہ علی طبع ھذا" یعنی اس کو اس کے نمونہ پر بناؤ۔ ج طباع۔
الطبع: پانی جذب ہونے کی جگہ۔ پیمانہ بھر۔ مشکیزہ۔ نہر ج طبوع و طباع (...... والطبع): زنگ میل کچیل۔ عیب۔ ج اطباع۔
الطبع: کمینہ۔ سیف طبع: زنگ آلود تلوار۔
الطابع والطباع: خلقی عادت۔
الطابع والطابع: مہر۔ ہر وہ چیز جس سے مہر کی جائے۔ ج طوابع: کہا جاتا ہے "ھذا کلام علیہ طابع الفصاحۃ" یعنی یہ ایسا کلام ہے جس پر فصاحت کی مہر ہے۔
طوابع البرید: خط پر لگانے کے لئے ڈاک ٹکٹ جو کہ اندرون اور بیرون خطوط پر لگائی جاتی ہیں۔
الطوابع الامیریۃ: رسید ٹکٹ یعنی مالی معاملات میں ٹکٹ دستخط یا توثیق کے لئے لگائی جاتی ہے۔
الطوابع القنصلیۃ: حکومت کی طرف سے ٹکٹ جو کہ سفارتخانوں میں استعمال کی جاتی ہیں۔
الطباع۔ طابع: اسم فاعل کا مبالغہ۔
الطباعۃ: تلوار سازی۔ چھاپنے کا پیشہ۔
دار الطباعۃ: تلوار سازی کا کارخانہ۔ چھاپنے کی جگہ۔
الطبیعۃ: خلقی و جبلی عادت۔ ج طبائع۔
الطبائع الاربع: سردی۔ گرمی۔ خشکی۔ تری۔
الطبیعی: جو طبیعت کے ساتھ مختص ہو۔ جو ہر چیز کو طبیعت کی طرف منسوب کرے۔ جو علم طبیعات کا ماہر ہو اور علم طبیعات وہ علم ہے جس میں طبائع اشیاء سے بحث کی جائے۔
الطبعان: مہر۔ کہا جاتا ہے "ھذا طبعان الامیر" یہ امیر کی مہر ہے۔
المطبعۃ والمطبع: چھاپنے کی جگہ۔ ج مطابع۔
المطبعۃ: چھاپنے کا آلہ۔ پریس۔ ج مطابع۔
المطبوع: مفع: چھپا ہوا۔ پسندیدہ...... من الشعراء: جو بلا تکلف اشعار کہے۔
طبق: (س) طبقا و طبقانا: بند ہونا۔ پہلو سے لگنا۔ طبق یفعل الشیء: شروع کرنا۔ کرنے لگنا۔
طبق الشیء: عام ہونا...... السحاب الجو: بادل کا فضا کو گھیر لینا...... الماء وجہ الارض: ڈھانپ لینا۔ السیف المفصل: تلوار کا جوڑ کو جدا کرنا۔ کہا جاتا ہے "انہ یطبق المفصل" جبکہ حجت میں غالب ہو۔ طبق الحاکم فی حکمہ" حاکم کا درست فیصلہ کرنا...... الفرس فی عدوہ: دوڑنے میں ایک ساتھ دونوں ٹانگوں کو اٹھانا اور اکٹھا ہی رکھنا۔
طابقۃ طباقا و مطابقۃ: موافقت کرنا۔
طابق بین الشیئین: دونوں کو ایک طریقہ پر کرنا...... بین قمیصین: ایک کے اوپر ایک پہننا...... ۂ علی الامر: برابری کرنا...... الرجل علی العمل: حاوی ہونا...... بالحق: اقرار کرنا۔ یقین کرنا...... المقید: قیدی کا چھوٹے چھوٹے قدم رکھنا...... الفرس فی جریہ: اگلی ٹانگوں کی جگہ پر

پچھلی پاؤں کو رکھنا۔
أَطْبَقَ الشَّيْءُ: ڈھانپنا...... اللَّيْلُ: تاریک ہونا...... النُّجُومُ: کثرت سے ظاہر ہونا ......الرحى: ایک پاٹ کو دوسرے پاٹ پر رکھنا۔ کہا جاتا ہے "أَطْبِقْ شَفَتَيْكَ" یعنی چپ رہ۔ أَطْبَقَ الرَّاكِعُ: رکوع کی حالت میں دونوں ہاتھوں کو گھٹنے کے درمیان کر لینا۔ أَطْبَقُوا. عَلَى الأمرِ: اجماع کر لینا۔ أَطْبَقَتِ الحُمّٰى: بخار کا لگاتار رہنا۔ کہا جاتا ہے "مَا أَطْبَقَ فُلانًا" یعنی وہ کیسا حاذق ہے۔
تَطَابَقَ. القَوْمُ: اتفاق کر لینا۔
تَطَبَّقَ وانْطَبَقَ. الشَّيْءُ: بند ہونا۔
الطِّبْقُ: مطابق۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا طِبْقُ ذَاكَ" یعنی یہ اس کے مطابق ہے۔ دن کا حصہ۔ لاسہ جس سے پرندوں کا شکار کیا جائے۔ ایک درخت کا پھل الطِّبْقُ مِنَ النَّاسِ: جماعت۔
الطَّبَقُ: مطابق۔ پردہ۔ طشتری۔ ج أَطْبَاق
الطَّبَقُ: سطح زمین۔ ریڑھ کی ہڈی......مِنَ اللَّيْلِ والنَّهَارِ: دن رات کا بڑا حصہ۔ کہا جاتا ہے "أَقَمْتُ عِنْدَهُ طَبَقًا مِنَ النَّهَارِ" یعنی میں نے اس کے پاس دن کے بڑے حصے میں اقامت کی......مِنَ المَطَرِ: عام بارش۔ کہا جاتا ہے "مَطَرٌ طَبَقٌ ودِيمَةٌ طَبَقٌ: حال۔ کہا جاتا ہے "الدَّهْرُ أَطْبَاقٌ" یعنی زمانے کے مختلف احوال ہیں۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "مَضَى طَبَقٌ بَعْدَ طَبَقٍ" یعنی ایک جماعت کے بعد دوسری جماعت گزر گئی "جَاءَ طَبَقٌ مِنْ جَرَادٍ" یعنی ٹڈیوں کی جماعت آئی۔ "أَطْبَاقُ الرَّأْسِ" سر کی ہڈیاں۔ بَنَاتُ طَبَقٍ: مصیبتیں۔ کچھوے۔ سانپ۔ أُمُّ طَبَقٍ: مصیبت۔
الطِّبْقَةُ: جال۔ پھندا۔ دن کا ایک حصہ۔ ج طِبَقٌ وطِبَقٌ.
المُطَابَقَةُ: (ع ج): دو برابر مقداروں کا مجموعہ ان میں حروف کی مقدار جو بھی ہو۔

ب×ج=ب×٢ب ج×ج

(س+)(س+٢)=(س+٣س+٢)

الطَّبَقَةُ: مرتبہ۔ حال۔ کہا جاتا ہے "أن كُتُبَه إِلَيَّ طَبَقَةٌ" اس کے خطوط میری طرف متواتر آئے۔ ج طَبَقَات.
الطَّبْقُ: بند۔
الطَّبَقُ: رات کا ایک حصہ۔ ج طُبُوق (...... والطِّبَاقُ): مطابق۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا طَبِيقُ ذَاكَ و طِبَاقُه" یعنی یہ اس کے مطابق اور موافق ہے۔ طِبَاقُ الأَرْضِ: زمین کی سطح۔
الطَّابِقُ والطَّابَقُ: کڑاہی۔ آدھی بکری۔ ج طَوَابِقُ وطَوَابِيقُ.
الطَّابِقُ والطَّابَقُ والطَّابَاقُ: شیشہ۔ بڑی پکی اینٹ (اور یہ دخیل ہے)
المُطْبَقُ: زمین کے نیچے قید خانہ۔ الجُنُونُ
المُطْبِقُ: لگاتار جنون۔ سَنَةٌ مُطْبِقَةٌ: سخت قحط۔ المُطْبِقَاتُ: مصیبتیں۔ الحُرُوفُ المُطْبَقَةُ: ص ض ط ظ۔
المُطْبِقُ: صائب الرائے۔ سَحَابَةٌ مُطْبِقَةٌ: تمام زمین پر برسنے والا بادل۔
طَبَلَ: (ن) طَبْلاً وطَبَلَ: ڈھول بجانا۔ عوام کہتے ہیں "طَبَّلَ فِي المَشْي" یعنی چلنے میں تھک گیا اور صحیح لفظ (بَلَّطَ) ہے۔
الطَّبْلُ: ڈھول۔ ج طُبُول وأَطْبَال.
الطَّبَّالُ: ڈھول بجانے والا۔
الطِّبَالَةُ: ڈھول بجانے کا پیشہ۔
الطُّبَيْلَةُ: ڈھولک۔
الطَّبْلِيَّةُ ج طَبْلِيَّاتُ: گول میز جس پر روٹی کھائی جائے۔
الطَّبْلِيَّةُ: خراج کے روپے۔ ج طَبْلِيَّات.
الطُّوبَالَةُ: مادہ بھیڑ۔ ج طُوبَالات.
طَبَنَ: (ض) طَبْنًا. النَّارَ: آگ کو دبا دینا۔
طَبَنَ (ض) طَبْنًا طَبِنَ (س) طَبَنًا وطَبَانَةً وطَبَانِيَةً وطُبُونَةً. الشَّيْءَ ولِلشَّيْءِ: سمجھدار ہونا۔ صفت طَبِنٌ وطَابِنٌ.

طَابَقَهُ: موافق ہونا۔ طَابَقَ الحَفِيرَةَ: گڑھا کرنا۔
اِطْبَأَنَّ اِطْبِئْنَانًا. بِالمَكَانِ: مطمئن ہونا۔
الطِّبْنُ والطَّبْنُ: بڑی جماعت۔ کہا جاتا ہے "أَيُّ الطِّبْنِ هُوَ" یعنی وہ کون آدمی ہے۔
الطُّبْنُ: طنبور یا بربط۔
الطُّبْنُ: گھر۔ کوڑا کرکٹ جس کو ہوا اڑا لائے۔
الطُّبْنُ والطِّبْنُ والطَّبْنُ والطُّبُنُ: مردار جو گدھوں اور درندوں کے شکار کے لئے جال میں رکھا جائے۔ اعرابیوں کا ایک کھیل۔
الطِّبْنَةُ: سمجھ۔ ج طِبَن.
الطُّبْنَةُ: طنبور کی آواز۔ ایک کھیل۔
الطَّابُونُ: گڑھا جس کی حفاظت کے لئے آگ کو دبا دیا جائے۔
الطُّبْنُجَةُ: تمنچہ۔ ج طَبَنْجَات.
طَبَاهُ يَطْبُوهُ طَبْوًا واطَّبَاهُ اِطِّبَاءً: پکارنا۔ بلانا۔
طَبَاهُ يَطْبِيهِ طَبْيًا: کھینچنا...... ه عَنْهُ: باز رکھنا ......ه إِلَيْهِ: بلانا۔
طَبِيَتْ تَطْبَى طَبًى. النَّاقَةُ: ڈھیلے تھنوں والی ہونا۔
أَطْبَاهُ إِطْبَاءً: بلانا۔
الطِّبْيُ والطُّبْيُ: تھن گدھی، گھوڑی، اونٹنی اور مادہ درندوں کا۔ ج أَطْبَاء.
الطَّبْوَاءُ والطَّبْيَةُ. مِنَ النُّوقِ: ڈھیلے تھنوں والی اونٹنی۔
طَثَّ: (ن) طَثًّا. الشَّيْءَ: پاؤں یا ہتھیلی سے مار کر جگہ سے ہٹانا۔
الطَّثُّ: بچوں کا ایک کھیل جس میں گول لکڑی کو پھینکتے ہیں۔
المِطَثَّةُ: بچوں کے کھیل کی ایک گول لکڑی۔
طَثَرَ: (ن) طَثْرًا وطُثُورًا وطَثَرَ. اللَّبَنُ: دودھ کا بالائی والا ہونا۔ صفت طَاثِرٌ.
الطَّثْرَةُ: کیچڑ۔ کائی۔ بالائی۔ غلیظ پانی۔ وسعت عیش۔ بھیڑ کا اُون۔
أَطْثَرَ الشَّيْءَ: زیادہ کرنا۔

طَجَنَ :(ن) طَجْنًا وطَجَّنَ. الشَّیْ : بھونا۔

الطُّمْلُوْل :گدلا پانی۔گمنام۔چٹائی۔ہاڑ تلوار وغیرہ کا چوڑا پھل۔بکری کا بچہ۔سَهْمٌ طَمِيْلٌ :خون سے لت پت تیر۔خُبْزٌ طَمِيْلٌ :بیلن سے چوڑی کی ہوئی روٹی۔
الطَّمُوْل :بدکار جو اپنے فعل کی پروا نہ کرے۔
الطَّمُوْلَة :بدکار کی بدکاری۔
المِطْمَلَة :بیلن۔
طَمْأَنَ طَمْأَنَةً وطَأْمَنَ. ظَهْرَهٗ :پیٹھ کو پست کرنا۔جھکانا۔۔۔۔۔الشَّيْءَ: ساکن کرنا۔
تَطَامَنَ :پست ہونا۔
اِطْمَأَنَّ اِطْمِئْنَانًا وطُمَأْنِيْنَةً اِلَيْهِ :آرام لینا۔قرار پکڑنا۔پست ہونا۔کہا جاتا ہے "اِطْمَأَنَّ عَمَّا كَانَ يَفْعَلُهٗ" یعنی چھوڑ دیا۔
الطَّمِن :ساکن ج طُمُوْن.
المُطْمَئِنّ :ساکن۔۔۔۔۔مِنَ الاَرْضِ :نرم پست زمین۔
طَمَا يَطْمُوْ طُمُوًّا وطَمَى يَطْمِيْ طَمْيًا المَاءُ :پانی کا بلند ہونا اور نہر کو بھر دینا۔۔۔۔۔البَحْرُ :سمندر کا بھر جانا۔۔۔۔۔النَّبْتُ: نباتات کا طویل ہونا۔بڑھنا۔
طَمَتْ هِمَّتُهٗ :ہمت بلند ہونا۔طَمَا بِهِ الهَمُّ او الخَوْفُ :غم یا خوف کا تحت ہونا۔
طَنَّ :(ض) طَنًّا وطَنِيْنًا وطَنَّ الذُّبَابُ او النَّاقُوْسُ وشِبْهُ ذٰلِكَ :بھنبھنانا۔بجنا۔آواز دینا۔وطَنَّ فُلَانٌ :مرنا۔
اَطَنَّ :بجانا۔آواز کرانا۔اَطَنَّ السَّاقَ :پنڈلی کو کاٹ دینا۔
الطُّنّ :جسم ج اَطْنَان وطِنَان :بانس کا گٹھا اور ایک بانس طُنَّة کہلاتا ہے۔الطُّنّ: دھنکی ہوئی روئی کا بوجھ۔
الطَّنَّان :زیادہ بجنے والا۔کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ ذِكْرٌ طَنَّانٌ" یعنی فلاں کا ذکر مشہور ہے۔"وَتِلْكَ قَصِيْدَةٌ طَنَّانَةٌ" یعنی اس قصیدہ کی ہر جگہ میں شہرت ہے۔
الطَّنَّانَة :زیادہ چمکیلے بالوں والے مختلف اقسام کے کیڑے جن کے اڑنے سے بھنبھنانے کی آواز آتی ہے پھولوں کے لئے فائدہ مند ہے۔
الطِّنِيّ. مِنَ الرِّجَالِ :بڑے ڈیل ڈول کا۔
طَنَأَ :(ف) طَنْأً وطَنِئَ :(س) طَنَأً :شرم کرنا۔
اَطْنَأَ :کسی مکان کی طرف مائل ہونا۔
اَطْنَأَ اِلَى الحَوْضِ :حوض کی طرف جانا اور پانی پینا۔
اَطْنَأَ اِلَى البِسَاطِ :بچھونے کی طرف جانا اور کاہلی سے اس پر سو جانا۔کہا جاتا ہے "حَيَّةٌ لَا تُطْنِئُ" سانپ جس کا ڈسا ہوا فوراً ہی مر جائے۔
الطِّنْءُ :بقیہ روح۔کہا جاتا ہے "رُمِيَ فُلَانٌ فِي طِنْئِهٖ" یعنی مر گیا۔بجھی ہوئی راکھ۔خواہش نفس کی طرف میلان۔بدکاری۔بچھونا۔فرش۔باغ۔ہمت۔کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَعِيْدُ الطِّنْءِ" یعنی فلاں بڑی ہمت والا ہے۔منزل۔تہمت۔
طَنِبَ :(س) طَنَبًا الرُّمْحُ :نیزے کا ٹیڑھا ہونا۔۔۔۔۔الفَرَسُ :گھوڑے کا لمبی پیٹھ اور لمبی اور کمزور ٹانگوں والا ہونا۔صفت اَطْنَب :مؤنث طَنْبَاء.
طَنَّبَ الخَيْمَةَ :خیمہ لگانا۔۔۔۔۔بِالمَكَانِ: اقامت کرنا۔۔۔۔۔الذِّئْبُ :بھیڑیے کا بھونکنا۔۔۔۔۔السِّقَاءَ :مشک کے سوراخ پر پیوند لگانا۔
طَانَبَ القَوْمَ :قوم کے خیموں کی رسی کے ساتھ اپنے خیمہ کی رسی ملانا۔
اَطْنَبَتِ الرِّيْحُ :ہوا کا غبار کو اڑانا۔
الاِبِلُ :بعض اونٹوں کا بعض کے پیچھے چلنا۔
فِي الوَصْفِ او العَذْلِ :مبالغہ کرنا۔
تَطَانَبَ القَوْمُ :خیمے کی رسیوں کو بعض کو بعض کی طرف کرنا۔
الطُّنُبُ :خیمہ کی لمبی رسّی۔جسم کا پٹھا۔درخت کی جڑ ج اَطْنَاب وطِنَبَة :کہا جاتا ہے

"طَلَعَتِ الشَّمْسُ اَطْنَابَهَا" یعنی آفتاب طلوع ہوا۔ "تَقَضَّبَتْ اَطْنَابُهَا" یعنی غروب ہوا.... والإطْنَابَة) : کمان کے قبضہ پر باندھنے والا تسمہ ج اَطَانِيب کہا جاتا ہے "خَيْلٌ اِطَانِيب" بعض بعض کے پیچھے چلنے والے۔

المَطْنَب : کندھا۔ مونڈھا۔ ج مَطَانِب۔

المُطْنِب: فا۔ بہت تعریف کرنے والا۔

جَيْشٌ مِطْنَابٌ : بہت بڑا لشکر۔

الطُّنْبُور والطِّنْبَار : ستار ج طَنَابِير۔

طَنْبَلَ طَنْبَلَةً الرَّجُلُ : عقل مندی کے بعد بے وقوف بننا۔ کہا جاتا ہے "كَانَ بَيْنَهُم طَنْبَلَة" یعنی ان کے درمیان شر و فساد ہے۔

الطَّنْبَل : بے وقوف۔ کند ذہن۔

الطَّنْجَرَة : تانبے کی دیگچی۔

الطِّنْجِير : کڑاہی۔ کنایہ از بزدل و کمینہ۔

طَنِخَ : (س) طَنَخًا : بدہضمی ہونا۔ دل پر چربی غالب ہونا۔ موٹا ہونا۔ صفت طَنِخ وطَانِخ طَنِخَت نَفْسُه : جی کا بگڑنا۔

اَطْنَخَهُ وطَنَّخَهُ : بدہضمی کرانا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ طِنْخٌ مِنَ اللَّيْلِ" رات کا ایک حصہ گزر گیا۔

طَنَزَ : (ن) طَنْزًا بِهِ: تمسخر کرنا۔

تَطَانَزَ القَوْمُ : ایک دوسرے کے ساتھ تمسخر کرنا۔

الطَّنَّاز : تمسخر کرنے والا۔

الطُّنْطُلَة عِنْدَ العَامَّةِ : حلق کا کوا۔ صحیح لفظ طُلَاطِلَة : ہے۔

طَنْطَنَ طَنْطَنَةً الجَرَسُ والطَّسْتُ والذُّبَابُ ونَحْوُهَا : جرس کا بجنا۔ طشت کا آواز دینا۔ مکھی کا بھنبھنانا۔

طَنِفَ : (س) طَنَفًا : متہم ہونا (...... طَنَافَةً وطُنُوفَةً وطَنَفًا) بد باطن ہونا۔ صفت طَنِف۔

طَنَّفَهُ : متہم کرنا۔ طَنَّفَ الجِدَارَ : دیوار پر کانٹے کی باڑھ لگانا۔ کانس نکالنا۔ مہتابی بنانا ...... نَفْسَهُ اِلَى كَذَا : لالچ کے قریب کرنا۔

تَطَنَّفَ القَوْمَ : قوم پر پہنچ کر گھیر لینا۔

الطَّنَف والطُّنُف والطِّنْف والطُّنُفُ : پہاڑ کی چوٹی۔ پہاڑ کی ابھری ہوئی چٹان۔ چھجہ۔ کانس۔ مہتابی ج طُنُوف واَطْنَاف۔

المُطَنَّف : چھجہ یا کانس والا۔ پہاڑ کی چوٹی پر چڑھنے والا۔

طَنْفَسَ : بد خلق ہونا۔ بہت کپڑے پہننا۔

الطِّنْفِس : ردی۔ بدشکل۔

الطُّنْفُسَة والطَّنْفَسَة والطِّنْفِسَة : فرش۔ چٹائی۔ کپڑا۔ ج طَنَافِس۔

الطُّنُو : بدکاری۔

الطِّنُو : فرش۔

طَنِيَ : (س) طَنًى واَطْنَى : تلی یا پھیپھڑے کا پہلو یا پسلیوں سے چمٹنا۔ صفت طَنٍ وطَنِيٌّ فِي فُجُورِهِ او فَسَادِهِ : بدکاری یا فساد میں ہمیشہ مبتلا رہنا (...... طَنِيَ) اللَّدِيغُ مِنْ لَدْغِ العَقْرَبِ : بچھو کے کاٹے کا اچھا ہو جانا۔

اَطْنَاهُ المرضُ : مرض کا باقی رہ جانا۔

طَنَّى : تلی یا پھیپھڑے کی بیماری کا علاج کرنا۔

الطَّنَى : تہمت۔ بجھی ہوئی راکھ۔ مرض۔

الطِّنَى : بدکاری و فساد۔

الطَّانِي : فا۔ زنا کار ج طُنَاة۔

طَهَرَ (ن) وطَهُرَ (ک) طُهْرًا وطُهُورًا وطَهَارَةً : پاک ہونا۔ صفت طَاهِرٌ ج اَطْهَار طَهُرٌ ج طَهِرُونَ وطَهِيرٌ ج طَهَارَى کہا جاتا ہے "رَجُلٌ طَاهِرُ الثِّيَاب" یعنی پاک دامن۔

طَهَرَهُ : (ف) طَهْرًا : دور کرنا۔

طَهَّرَهُ : پاک کرنا۔ طَهَّرَ الشَّيْءَ بِالمَاءِ : دھونا۔

تَطَهَّرَ واطَّهَّرَ : میل کچیل سے پاک ہونا۔ نہانا۔

الاَطْهَار : عورت کی پاکی کا زمانہ۔

الطَّهُور : جس سے پاکی حاصل کی جائے۔

الطُّهْرَةُ : پاکی۔ پانی سے نہانا۔

المَطْهَرُ : موت کے بعد ایک مدت معینہ کے لئے ابرار و صالحین کے نفوس کو پاک کرنے کی جگہ (کلمۂ نصرانیہ)

المَطْهَرَة والمِطْهَرَة : لوٹا۔ طہارت حاصل کرنے کا مکان۔ کہا جاتا ہے "السِّوَاكُ مَطْهَرَةٌ لِلْفَمِ" یعنی مسواک منہ کی صفائی کا سبب ہے۔ ج مَطَاهِر۔

المُطَهِّرة : متعدی امراض کے مریض کے کپڑے اور سامان کے صاف کرنے کا آلہ۔

طَهَسَ : (ف) طَهْسًا فِي الاَرْضِ : داخل ہونا اور گھسنا۔

طَهَشَ : (ف) طَهْشًا العَمَلَ : کام کو بگاڑ دینا۔

اَطْهَفَ البِقَاءُ : نرم ہونا۔ ڈھیلا ہونا۔ فِي الكَلَامِ : آسان اور روانی سے کہنا ...... لِفُلَانٍ مِنْ مَالِهِ طَهْفَةً : کچھ حصہ دینا۔

الطَّهْف : بھوسہ۔

الطَّهَف : پناہ۔

زُبْدَةٌ طَهْفَة : نرم مکھن۔

الطِّهْفَة مِنَ الشَّيْءِ : ٹکڑا۔

الطَّهَاف مِنَ السَّحَابِ : بلند بادل۔

الطُّهَافَة : گیسو۔

طَهَقَ : (ف) طَهْقًا : تیز چلنا۔

طَهَلَ وطَهِلَ (ف س) طَهْلًا وطَهَلًا وتَطَهَّلَ المَاءُ : بدبودار ہونا۔ صفت طَاهِلٌ وطَهِلٌ۔

اَطْهَلَتِ الاَرْضُ : تھوڑی سی گھاس اُگانا۔

الطُّهْلَة : تھوڑی سی گھاس۔ بقیہ شے۔

طَهَمَ الشَّيْءُ : موٹا ہونا ...... مِنْهُ : نفرت کرنا۔

تَطَهَّمَ الطَّعَامَ : ناپسند کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَتَطَهَّمُ عَنَّا" فلاں ہم سے وحشت کرتا ہے۔

المُطَهَّم : موٹا۔ کمزور۔ مکمل اور خوش نما اور اسی سے ہے "جَوَادٌ مُطَهَّمٌ" یعنی خوبصورت۔ عمدہ گھوڑا۔

طَهَا يَطْهُو طَهْوًا : سفر کرنا۔ جانا۔

طَهَا يَطْهُو ويَطْهَى طَهْوًا وطُهُوًّا وطُهِيًّا وطَهَايَةً اللَّحْمَ : پکانا یا بھونا۔

اَطْھٰی اِطْھَاءً : پکانے یا بھونتے میں ماہر ہونا۔

الطُّھو : کام۔

الطَّھی : تنکا۔

الطُّھی : گناہ۔ پکا ہوا۔

الطِّھی : سخت مار۔ پتلا بادل۔

الطَّاھی : فا۔ باورچی۔ نانبائی۔ بھوننے والا۔ ج طُھَاۃ وطُھِی : مؤنث طَاھِیَۃ ج طَوَاہٍ وطَاھِیَاتٌ۔

الطِّھَایَۃ : پکانے کا پیشہ۔

الطُّھَاوَۃ : دودھ یا خون کے اوپر کی باریک جھلی۔

الطَّھَاءۃ : بلند بادل۔

طَاءَ یَطَاءُ ویَطُوءُ طَوْءًا : آنا جانا۔ فِی الْاَرْضِ : دور تک نکل جانا۔

تَطَاءَتْ تَطَاءُوًا الاَسْعَارُ : بھاؤ کا گراں ہونا۔

الطَّاءۃ : کیچڑ۔ چراگاہ میں دور نکل جانا۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ طُوئِیٌّ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔

الطُّوْب : پکی اینٹ۔ واحد طُوْبَۃ۔

الطُّوَّاب : خشت پز۔

طَاحَ یَطُوحُ طَوْحًا : حیران ہونا۔ ہلاکت کے قریب ہونا...... السَّھْمُ : نشانہ سے خطا کرنا۔

طَوَّحَہٗ : حیران کرنا۔ آوارہ پھرانا۔ طَوَّحَ بِہٖ : خطرناک امور پر برانگیختہ کرنا۔ فضاءِ آسمانی میں پھینکنا۔ کہا جاتا ہے "طَوَّحَتْ بِہٖ طَوَائِحُ الزَّمَنِ" یعنی زمانے کے حوادث نے اس کو پھینک دیا۔

طَوَّحَ تَطْوِیْحًا وطَیَّحَ تَطْیِیْحًا الشَّیْءَ : ضائع کرنا۔

طَاوَحَہٗ مُطَاوَحَۃً بِکَذَا : ایک دوسرے پر پھینکنا۔

اَطَاحَہٗ : ہلاک کرنا۔ فنا کرنا۔ اَطَاحَ الشَّعْرَ : بال گرا دینا۔

تَطَوَّحَ فِی الْبِلَادِ : سرگرداں ہونا اور ادھر ادھر پھرنا۔ فِی الْبِئْرِ : کنوئیں میں گرنا۔ کہا جاتا ہے "نَامَ عَلٰی مَطِیَّتِہٖ یَتَطَوَّحُ" یعنی وہ ہوا میں آمدورفت رکھتا ہے۔

تَطَاوَحَ تَطَاوُحًا القَوْمُ فُلَانًا بِالْاَمْرِ او بِالضَّرْبِ : آپس میں تنازع کرنا۔

تَطَاوَحَتْ بِہِ النَّوٰی : فراق اور بُعد نے اس کو پھینک دیا۔

الطَّوْح : دور۔ بعید۔ کہا جاتا ہے "نِیَّۃٌ طَوْحٌ" دور کی نیت۔

الطَّوَائِح : شدائد۔ مہلکات۔

المَطَاوِح : ہلاکت کی جگہیں۔ واحد مَطَاحَۃ۔

المِطْوَاح : لاٹھی۔

طَاحَہٗ یَطُوحُہٗ طَوْحًا : قول یا فعل کی تہمت لگانا۔ صفت طَوَّاح۔

طَادَ یَطُودُ طَوْدًا : ثابت رہنا۔

طَوَّدَ وتَطَوَّدَ فِی الْبِلَادِ : پھرنا۔ طَوَّدَ بِہٖ : مہلک جنگلوں میں جانے پر برانگیختہ کرنا۔

اِنْطَادَ : ہوا میں بلند ہونا۔

الطَّوْد : مص۔ پہاڑ۔ ٹیلہ۔ ج اَطْوَاد وطِوَدَۃ۔

المَطَادَۃ : دور دراز کا بیابان۔

المَطَاوِد : خطرناک مقامات۔

المُنْطَاد : بلند۔ غبارہ۔ ج مَنَاطِید۔

طَارَ یَطُورُ طَوْرًا وطَوَرَانًا بِفُلَانٍ : قریب ہونا۔

الطَّوْر : اندازہ وحد۔ کہا جاتا ہے "عَدَا طَوْرَہٗ" یعنی حد سے بڑھ گیا۔ و"جَاوَزَ طَوْرَہٗ" اندازہ سے تجاوز کر گیا۔ ہیئت۔ حال۔ باری۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُہٗ طَوْرًا بَعْدَ طَوْرٍ" یعنی بار بار ج اَطْوَار اور کہا جاتا ہے "النَّاسُ اَطْوَار" یعنی لوگ مختلف قسم کے اور مختلف حالات کے ہیں۔

الطُّور : پہاڑ۔ مکان کے سامنے کا صحن۔ وہ چیز جو کسی چیز کے اندازہ پر ہو یا اس کے مقابل ہو۔

الطَّوَار : وہ چیز جو کسی چیز کے مقابل ہو۔ یا اس کے اندازہ پر ہو۔ (...... والطِّوَار) : مکان کے سامنے کا صحن۔ کہا جاتا ہے "ھٰذِہِ الدَّارُ عَلٰی طَوَارِ دَارِی" یعنی اس کی دیوار میرے مکان کی دیوار سے ملی ہوئی ہے۔

الطُّوْرِیّ والطُّوْرَانِیّ : وحشی پرندہ ہو یا آدمی۔ الطُّوْرِی : اجنبی۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ طُوْرِیٌّ او طُوْرَانِیٌّ" یعنی کوئی نہیں۔

طَارَۃُ المُنْخُل : چھلنی کا گھیرا اور یہ محرف ہے۔ صحیح "الاِطَار" ہے۔

الطَّارَۃ والطَّار۔ عِنْدَ الْعَامَّۃِ : دائرہ۔ دف۔ کہا جاتا ہے "لَقِیَ مِنْہُ الْاَطْوَرِیْنَ" یعنی اس کو اس سے بڑی مصیبت پہنچی اور مبالغہ کے ارادہ سے جمع سالم لایا جاتا ہے "بَلَغَ فُلَانٌ فِی الْعِلْمِ اَطْوَرَیْہِ" فلاں علم کی دونوں حد اول و آخر یعنی علم کی انتہا پر پہنچ گیا۔

الطُّوْرِبِیْل یا الطُّوْرَبِیْد : سمندری سرنگ (مثل)۔

طَاسَ یَطُوْسُ طَوْسًا۔ الوَجْہُ : چہرے کا خوبصورت ہونا...... الشَّیْءُ : روندنا۔

طَوَّسَہٗ : مزین کرنا۔ طَوَّسَ المُصَوِّرُ : مور کی شکل بنانا۔ طَوَّسَ بِہٖ : لے جانا۔

تَطَوَّسَ لِلْحَمَامَۃِ : کبوتری کے سامنے پروں کو پھیلانا۔ تَطَوَّسَتِ المَرْاَۃُ : آراستہ و مزین ہونا۔

الطُّوس : چاند۔

الطُّوس : ایک مسہل دوا کا نام۔

الطَّاس : پانی پینے کا برتن۔ پیالہ ج طَاسَات۔

الطَّاوُوس الطَّاؤُس : مور۔ تصغیر طُوَیْس ج اَطْوَاس وطَوَاوِیس۔

طَوَّشَ۔ الرَّجُلُ : ٹال مٹول کرنا...... الذَّکَرَ : آختہ کرنا۔

الطَّوَاشِیُّ : آختہ۔ خصی۔ ج طَوَاشِیَۃ۔ مولد ہے اور کہا گیا کہ لفظ عجمی ہے۔

طَاعَ یَطُوعُ ویَطَاعُ طَوْعًا لِفُلَانٍ : فرماں

بردار ہونا۔ صفت طَائِع ج طُوَّع وطَائِعُوْن کہا جاتا ہے "أَمَرَهٗ فَاَطَاعَ" اسے حکم دیا اور اس نے اطاعت کی۔ اس موقع پر باب افعال ہی سے استعمال ہے مجرد سے نہیں۔ "لِسَانُهٗ لَايَطُوْعُ بِكَذَا" یعنی اس کی زبان تابعداری نہیں کرتی و "طَاعَ لَهُ الْمَرْتَع" یعنی چراگاہ اس کے لئے وسیع ہے۔

أَطَاعَهٗ إِطَاعَةً وطَاعَةً: فرمانبردار ہونا۔ أَطَاعَ الشَّجَرُ: پھل پکنا۔ أَطَاعَ لَهٗ المرعى: وأَطَاعَهٗ: چراگاہ کا کشادہ ہونا۔

إِنْطَاعَ إِنْطِيَاعًا. لَهٗ: فرمانبردار ہونا۔

تَطَوَّعَ: بتکلف اطاعت کرنا۔ تَطَوَّعَ فِي الْجُنْدِيَّةِ: لشکر میں رضا کارانہ شامل ہوجانا۔ بِالشَّيْءِ: تبرع کرنا...... بِالشَّيْءِ ولِلشَّيْءِ: بتکلف استطاعت ظاہر کرنا...... الشَّيْءَ: ارادہ کرنا۔ قصد کرنا۔

تَطَاوَعَ لِلْأَمْرِ: بتکلف استطاعت ظاہر کرنا۔

إِسْتَطَاعَ إِسْتِطَاعَةً. الْأَمْرَ: طاقت رکھنا اور حذف تاء کے ساتھ إِسْطَاعَ يَسْطِيْعُ بھی کہا جاتا ہے۔

الطَّوَاعَة: طوع کا اسم مصدر ہے۔

الطَّوَاعِيَة: فرماں برداری۔

الطَّاعُ والطَّوُعُ والطَّيِّع: فرمانبردار۔ کہا جاتا ہے "هُوَ طَوْعُ يَدِكَ" یعنی وہ تمہارا تابع ہے۔

فَرَسٌ طَوْعُ الْعِنَانِ: یعنی نرم وتابعدار گھوڑا۔ "عَمِلَهٗ طَوْعًا" یعنی اس نے اس کام کو بخوشی کیا۔

الْمِطْوَاعُ والْمِطْوَاعَة: فرمانبردار۔

الْمُطَّوِّعَة: رضا کارانہ جہاد میں شامل ہونے والے۔

الْمُتَطَوِّعُ والْمُطَّوِّعُ: فرائض وواجبات کے علاوہ اعمال صالحہ کو بطور نفل ادا کرنے والا۔

طَافَ يَطُوْفُ طَوْفًا وطَوَافًا طَوَفَانًا بِالْمَكَانِ وحَوْلَهٗ: گھومنا۔ چکر لگانا...... فِي الْبِلَادِ: ملک میں پھرنا...... بِهِ الْخَيَالُ فِي النَّوْمِ: خواب میں نظر آنا۔

طَوَّفَهٗ تَطْوِيْفًا وتَطْوَافًا: گھومنا۔ طَوَّفَ فِي الْبِلَادِ: ملک میں پھرنا۔

طَوَّفَ وتَطَوَّفَ واِسْتَطَافَ اِسْتِطَافَةً بِالشَّيْءِ وحَوْلَهٗ: بہت چکر لگانا۔ "طَوَّفَ النَّاسُ اوالْجَرَادُ" آدمی یا ٹڈیوں کا زمین پر چھاجانا۔ اِسْتَطَافَهٗ: گھومنا۔ چکر لگانا۔

أَطَافَ. بِالشَّيْءِ: نازل ہونا۔ احاطہ کرلینا۔ قریب ہونا...... عَلَيْهِ وبِهٖ: رات کو آنا...... عَلَيْهِ: گرد گھومنا۔

الطَّوْف: پانی پر تیرنے والی چیز۔ کشتی۔

الطَّوَّاف: رات کو پہرا دینے والے چوکیدار۔ دیوار ج أَطْوَاف.

الطَّاف: بہت زیادہ طواف کرنے والا۔

الطُّوْفَان: سخت سیلاب۔ سخت بارش۔ رات کا سخت اندھیرا۔ موت تباہ کن۔

مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا زیادہ۔

الطَّائِف: ق۔ چوکیدار۔

الطَّائِفَة: مؤنث طَائِف: جماعت۔ گروہ۔ ٹکڑا کسی چیز کا۔ وہ لوگ جو ایک مذہب یا رائے کے ہوں۔ ج طَائِفَات طَوَائِف.

الطَّوَّاف: بہت پھرنے والا۔ بہت چکر لگانے والا۔ خادم۔ کشتی۔ کشتی بنانے والا۔

الْمَطَاف: طواف کرنے کی جگہ۔

طَاقَ يَطُوْقُ طَوْقًا وطَاقَةً وأَطَاقَ الشَّيْءَ: قادر ہونا۔

أَطَاقَ عَلَى الشَّيْءِ: قادر ہونا۔ طاقت رکھنا۔

طَوَّقَهُ الشَّيْءَ: کسی کام کی تکلیف دینا۔ طَوَّقَه الطَّوْق: طوق پہنانا۔ کہا جاتا ہے "طَوَّقَهٗ بِالسَّيْفِ وَغَيْرِهٖ" اس نے اُسے تلوار باندھ دی۔

اِطَّوَّقَ وتَطَوَّقَ: طوق پہننا۔ تَطَوَّقَتِ الْحَيَّةُ: کنڈلی مارنا۔

الطَّاق: محراب۔ طاقچہ۔ ج طَاقَات وطِيْقَان. الطَّاق: بغیر گریبان کے ایک قسم کا کپڑا (...... الطَّائِق): پہاڑ سے نکلا ہوا بڑا پتھر۔ وطَائِقُ كُلِّ شَيْءٍ: احاطہ کرنے والا۔

الطَّوْق: گلے کا زیور۔ گلا۔ ہر احاطہ کرنے والا ج أَطْوَاق.

الطَّوْقُ والطَّوْقَة: قدرت۔ طاقت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا فِيْ طَوْقِيْ" یعنی یہ میری طاقت میں ہے "لَا تُحَمِّلْنَا مَالَا طَاقَةَ

لَنَـابِـہٖ" یعنی ہمارے اوپر وہ نہ ڈال جس کی ہمارے اندر وسعت نہ ہو اور ہمارے لئے وہ دشوار ہو۔ دھاگے کی ایک لٹ۔ بالوں کا مٹھا۔ پھولوں کا گلدستہ اور عام لوگ روشن دان کے معنی میں استعمال کرتے ہیں۔

الـمُـطَـوَّقَة : کنٹھے دار کبوتر۔ بوتل جس کی گردن طوق کے مانند ہو۔

طَـالَ يَطُـوْلُ طُوْلاً : لمبا ہونا...... عَـلَيْـهِ: غالب ہونا۔ فخر کرنا۔ احسان کرنا۔

طَـوَّلَهٗ : لمبا کرنا۔ طَـوَّلَ لَهٗ : مہلت دینا...... لِلدَّابَة: جانور کی رسی ڈھیلی کر دینا۔

تَطَوَّلَ تَطَوُّلاً. عَلَيْهِ : احسان کرنا۔

اَطَـالَهٗ وَاَطْـوَلَهٗ اِطَالَةً وَاِطْوَالاً : لمبا کرنا۔

اَطَالَتِ الْمَرْاَة: لمبے لمبے بچے جننا۔

طَـاوَلَـهٗ مُطَاوَلَةً : ٹال مٹول کرنا۔ لمبائی یا فضل و بخشش میں غالب ہونا۔

تَـطَاوَلَ : دیکھتے ہوئے گردن بلند کرنا...... تکبر کرنا۔ فخر کرنا۔ ظلم کرنا۔ لمبائی ظاہر کرنا ...... عَلَيْـهِ الْعُمُر : بڑھنا۔ تَـطَاوَلاً: ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا۔

اِسْتَطَالَ اِسْتِطَالَةً : طویل ہونا...... عَـلَيْـهِ: فضل و احسان کرنا۔ بلند ہو کر دیکھنا...... عَلٰى عِرْضِـهٖ : بدنامی کی شہرت دینا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَطَالُوا عَلَى الْقَوْمِ" یعنی قوم نے جتنا قتل کیا تھا اس سے زیادہ قتل کیا۔

الطَّوْل : فضل۔ بخشش۔ قدرت۔ غنا۔

الطُّوْل : لمبائی ج اَطْوَال.

اَلـطُّوْلُ: السَّمَاوِی الْكَوْكَب: وہ زاویہ جو آسمانی کرہ کے دو دائروں کے سطح کے درمیان واقع ہونے والا ہے ان میں سے ایک کوکب کے پاس سے اور دوسرا نقطہ اصل کے پاس سے گزرتا ہے۔

الطِّيَلَة : عمر۔ کہا جاتا ہے "اَطَالَ اللّٰهُ طِيَلَتَهٗ" اللہ تعالیٰ اس کی عمر کو طویل کرے۔ زمانہ بھر۔

الطُّوَّل : لمبی ٹانگوں کا ایک آبی پرندہ۔

الـطِّيَل والطِّوَل والطَّوَال والطِّيَال : زمانہ بھر۔

الـطَّائِل والطَّائِلَة : قدرت۔ فضل۔ غنا۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ طَائِلَة" یعنی ان کے درمیان عداوت ہے ج "طَـوَائِـل هٰذَا اَمْرٌ لاَ طَائِلَ فِيْـهِ" یہ ایسا امر ہے جس میں کوئی نفع نہیں "مَا هُوَ بِـطَائِلٍ او هُوَ غَيْر طَائِل" یعنی گھٹیا ہے اور اس میں مذکر و مؤنث دونوں برابر ہیں۔

الـطَّوِيْل : لمبا۔ ج طِوَال وطِيَال مؤنث طَـوِيلة ج طَـوِيـلات کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ طَوِيْـلُ الْبَـاع" یعنی سخی ہے۔ "هُوَ قَـصِيْرُ الْبَاع" یعنی بخیل ہے۔

الاَطْوَل : اسم تفضیل۔ ج اَطَـاوِل: مؤنث طُـوْلٰـى ج طُـوَل. الـطُّـوْلـى: بلند مرتبہ۔ والسَّبْـعُ الـطُّـوَل : سات بڑی سورتیں قرآن پاک کی۔

الطُّوَال : لمبا۔ مؤنث طُوَالَة.

الطُّوَّال: بہت زیادہ لمبا۔

الطِّوَل : رسی۔ جانور کا رسہ ج مَطَاوِل.

طَـوَى يَطْوِىْ طَيًّا. الثَّوْب : کپڑے کو لپیٹنا ...... ہ اللّٰهُ عُمْرَهٗ : موت دینا۔ کہا جاتا ہے "طَوَى فُلاَنٌ وهُـوَ مَنْشُوْرٌ" جبکہ کسی کا ذکر حسن اور اثر جمیل باقی رہ جائے۔ طَـوى الـحَدِيْث : بات چھپانا...... كَشْـحَهٗ عَلٰى الاَمْـرِ : پوشیدہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "طَـوَى كَشْـحَه عَنِّي" یعنی اس نے مجھ سے اعراض کیا اور مفارقت اختیار کی۔ وطَوَى البِلاَدَ : قطع مسافت کرنا...... البِـئْـر : پتھروں سے کنوئیں کا من بنانا۔ طَـوَى الرَّجُلُ : بھوکے رہنے کا ارادہ کرنا...... السَّيْـرُ فُلاَنًـا : لاغر کرنا۔

طَوِىَ (س) طَـوًى وَاَطْوَى : بھوکا ہونا۔ صفت طَيَّـان وطَوٍ طَاوٍ. : مؤنث طَيَّـا طَوِيَة وطَاوِيَة.

تَطَوَّتِ الحَيَّةُ: سانپ کا کنڈلی مارنا۔

اِنْـطَوىٰ. الـقَـوْمُ عَـلَيْـهِ : اکٹھا ہونا(...... واطَّوَى): لپیٹا جانا۔

الطَّوَى: بھوک۔ مشک۔

الطَّوَى والطِّوَى : لپٹی ہوئی چیز۔

الطَّيّ : لپیٹ۔ ضمن۔ کہا جاتا ہے "الغَيّ فِى طِيّ قَـلْبِـهٖ" یعنی گمراہی اس کے دل کے ضمن میں ہے۔

الـــطِّيَّة : حاجت۔ ضمیر۔ نیت۔ لپیٹنے کی ہیئت۔ گوشہ۔ چھت۔ کہا جاتا ہے "مَضٰـى لِطِيَّتِـهٖ" یعنی اپنی نیت پر کار بند ہوا "لَقِيْتُهٗ بِطِيَّـاتِ العِـراق" میں نے اس سے عراق کے اطراف میں ملاقات کی۔

طَاوِى. البَطْن : پتلے پیٹ والا۔

الـطَّـايَة : سطح۔ چھت۔ کھجور خشک کرنے کی جگہ۔ ریگستان میں بڑی چٹان۔ زمین کہ جس میں پتھر نہ ہو۔ ج طَايَات.

الـطَّـوِىّ: گیہوں کا بورا۔ رات کا حصہ۔ ج الاَطْـوَاء (...... والـطَّـوِيَّة): من بنا ہوا کنواں۔ الطَّوِيَّة: نیت۔ ضمیر۔

الاَطْوَاء : ٹڈی کی دم کی گرہ۔ واحد طوی۔

الـمَطْوى : لپیٹ۔ ج مَطَـاوٍ. مَطَاوِى الحَيَّة: سانپ کی کنڈلی۔

المِطْوَى : جس پر کتا ہوا سوت لپیٹا جائے۔

طَـابَ يَطِيْب طِيبًا وطَابًا وطِيبَةً وتَطْيَابًا : لذیذ ہونا۔ میٹھا ہونا۔ اچھا اور عمدہ ہونا۔ طَابَتِ النَّفْسُ بِكَذَا : دل خوش ہونا۔ طَابَ عَيْشُهٗ: خوش عیش ہونا...... عَنِ الشَّئْ نَفْسًا: خوشی سے چھوڑ دینا...... الشَّـئْ : اچھا کرنا۔

طَابَتِ الاَرْضُ: گھاس اُگانا۔

طَيَّـبَ. الشَّئْ : اچھا کرنا یا اچھا پانا۔ خوشبو لگانا۔ طَيَّـبَ خَاطِرَهٗ : تسکین دینا۔ مطمئن کر دینا۔

اَطَـابَ اِطَـابَةَ الشَّئْ : اچھا کرنا۔ شیریں کلامی کرنا۔

اَطْيَبَ اِطْيَابًا. الشَّئْ : اچھا پانا۔

طَايَـبَهٗ مُـطَايَبَة : ہنسی مذاق کرنا۔ کھیل کود کرنا۔

تَطَيَّبَ : خوشبو لگانا۔

اِسْتَطَابَ اِسْتِطَابَةً. القَوْمُ : شیریں پانی

مانگنا۔(...... واستکیب اِستِطیَابًا) الشَّیْ: اچھا پانا۔
الطَّاب :لذیذ۔مزے دار۔
الطِّیب :خوشبو۔ج اَطیَاب وطُیُوب : حلال۔کہا جاتا ہے"هٰذَا طِیبٌ لَکَ" یعنی یہ تمہارے لئے حلال ہے۔ ہر چیز سے افضل۔
الطَّابَة :شراب۔مدینہ منورہ کا لقب۔
الطِّیبَة :حلال۔طیبة الخمر :صاف شراب۔کہا جاتا ہے"فَعَلْتُ ذٰلِکَ بِطِیبَة" یعنی میں نے اس کو رضامندی سے کیا کسی نے مجھے مجبور نہیں کیا۔
الطُّیَّاب :بہت زیادہ پاکیزہ۔
الاَطیَب :اسم تفضیل ج اَطَایِب مؤنث طُوبیٰ ج طُوبَیَات.
الطُّوبیٰ :رشک۔سعادت۔خیر۔
الطَّیِّب :پاکیزہ۔اچھا۔حلال۔مؤنث طَیِّبَة ج طَیِّبَات وطُوبیٰ :کہا جاتا ہے"کَلِمَةٌ طَیِّبَةٌ" پاکیزہ کلمہ جس میں کوئی مکروہ بات نہ ہو۔"بَلْدَةٌ طَیِّبَةٌ" مامون شہر جس میں برکت زیادہ ہو۔
الاَطَایِب والمَطَایِب. مِنَ الشَّیْ :عمدہ اشیاء۔
شَرَابٌ مُطَیَّبَةٌ :عمدہ شراب جس کے پینے سے دل خوش ہو۔
طَاحَ یَطِیحُ طَیحًا :بمعنی طَاحَ یَطُوحُ طَوحًا یعنی ہلاک ہونا۔سرگرداں پھرنا۔
طَیَّحَهٗ :ہلاک کرنا...... الشَّیْ :ضائع کرنا۔
اَطَاحَهٗ :ہلاک کرنا۔
تَطَایَحَ. الشَّیْ :بکھرنا۔
الطَّیحَة :تباہی۔کہا جاتا ہے"اَصَابَتْهُم طَیحَةٌ" یعنی ایسے اُمور پیش آئے جس نے تفریق کرادی۔"وطَوَّحَتْهُم طَیحَات" یعنی ان کو حوادث نے ہلاک کردیا۔
طَاخَ یَطِیخُ طَیخًا :بُرے کام سے آلودہ ہونا۔تکبر کرنا۔باطل میں منہمک ہونا۔
...... الاَمْرَ :کام کو بگاڑ دینا۔

طَاخَهٗ وطَیَّخَهٗ :قبیح بات میں آلودہ کرنا۔
طَیَّخَ اَصْحَابَهٗ :گالی دینا۔
تَطَیَّخَ :برائی سے آلودہ ہونا۔
الطَّیخَة :فتنہ(...... والطَّائِخ والطَّیَّاخ): بے برکت۔بے وقوف۔
طَارَ یَطِیرُ طَیرًا وطَیَرَانًا وطَیرُورَةً الطَّائِرُ :پرندہ کا اڑنا...... صِیتُهٗ :مشہور ہونا۔
...... الشَّعْرُ :بال لمبے ہونا...... بِکَذَا :سابق ہونا۔
...... اِلَی کَذَا :دوڑنا۔کہا جاتا ہے"طَارَ طَائِرُهٗ" وہ غضبناک ہوا۔طیش میں آکر جلد بازی کرنا۔
طَیَّرَهٗ وطَیَّرَ بِهٖ واَطَارَهٗ اِطَارَةً وطَایَرَهٗ مُطَایَرَةً :اڑانا۔اَطَارَ وطَیَّرَ المَالَ :تقسیم کرنا۔طَیَّرَ نَومَهٗ :نیند اڑا دینا۔
اِطَّیَّرَ وتَطَیَّرَ. بِالشَّیْ ومِنْهُ :بدفالی لینا۔
تَطَایَرَ :متفرق ہونا...... الشَّیْ :لمبا ہونا۔
السَّحَابُ فِی السَّمَاءِ :بادل کا چاروں طرف گھر جانا۔
اِنْطَارَ. الشَّیْ :پھٹنا۔
اِسْتَطَارَ اِسْتِطَارَةً الشَّیْ :متفرق ہونا۔منتشر ہونا...... الحَائِطُ :دیوار کا پھٹنا...... السَّیفَ :جلدی سے سونتنا۔الطَّیرَ :پرندے کو اڑانا۔
اُسْتُطِیرَ :خوفزدہ ہونا۔جلدی سے لے جایا جانا...... الصَّدْعُ فِی الحَائِطِ :دیوار میں پھٹن ظاہر ہونا...... الفَرَسُ :گھوڑے کا تیز دوڑنا۔
الطَّائِر :فا۔پرندہ ج طَیر اور طُیُور واَطیَار :جمع الجمع نام ایک ستارے کا جس کو نسر طائر بھی کہتے ہیں جس سے اچھا یا برا شگون لیں۔نصیب۔روزی۔دماغ۔کہا جاتا ہے"هُوَ مَیمُونُ الطَّائِرِ" وہ مبارک چہرے والا ہے۔"سِرْ عَلَی الطَّائِرِ المَیمُونِ" مبارک شگون پر سفر کرو(مسافر کے لئے دعا ہے)"هُوَ سَاکِنُ الطَّائِرِ" یعنی حلیم صاحب وقار ہے"طَارَ طَائِرُ

فُلَانٍ" جبکہ غضبناک ہو یا جلد بازی کرے۔
الطَّیر :جمع طائر اور کبھی واحد پر بھی بولا جاتا ہے اسم ہے تَطَیُّر :کا بمعنی بدشگونی اور اسی سے عرب کا قول ہے"لَا طَیرَ اِلَّا طَیرُ اللّٰهِ" جیسا لَا اَمْرَ اِلَّا اَمْرُ اللّٰهِ اور طَیرُ اللّٰهِ لَا طَیرُکَ :جیسا صَبَاحُ اللّٰهِ لَا صَبَاحُکَ اور کہا جاتا ہے"کَانَ عَلٰی رُؤُوسِهِم الطَّیرُ :یعنی وہ ہیبت کی وجہ سے بالکل ساکن اور خاموش ہے اور اصل اس کی یہ ہے کہ کوا اُونٹ کے سر پر بیٹھتا ہے اور چیچڑی چنتا ہے جس سے اُونٹ کو آرام ملتا ہے اور وہ اس ڈر سے کہ کوا اڑ نہ جائے بالکل حرکت نہیں کرتا۔"واُزْجُرْ اَحْنَاءَ طَیرِکَ" دور کر اپنی خفت وغصہ کو۔
الطِّیَرَة والطِّیَرَة :بدشگون جس سے لیا جائے۔
الطَّیرَة والطَّیرُورَة :طیش۔ہلکاپن۔اوچھا پن۔کہا جاتا ہے"اِیَّاکَ وطَیرَاتِ الشَّبَابَ" اپنے آپ کو جوانی کے طیش سے بچاؤ۔
الطُّوَیر. طَیر :کی تصغیر۔
الطَّیَّار :منتشر۔ترازو کی زبان۔سکہ تولنے کی ترازو۔
اَلطَّیَّارَةُ :ہوائی جہاز۔اس کی کئی اقسام ہیں:
(۱)طَائِرَةُ رُکَّاب :سواریوں کے لئے ہوائی جہاز اندرونی وبیرونی سفر کے لئے۔
(۲)طَائِرَةُ حَرْبِیَّةُ :ہوائی جنگی جہاز۔اس کی کئی اقسام ہیں۔
(۱) طَائِرَةُ طراد :دشمن کو دھکیلنے کے لئے۔
(۲) الطَّائِرَةُ انفائة :زمین پر روشنی چھوڑنے والا جہاز۔
(۳) اَلطَّائِرَةُ النَّافُورِیَّة :تیز ترین ہوائی جہاز۔
(۴) اَلطَّائِرَةُ القَانِصَةُ :دشمن کے ہوائی جہاز کو گرفتار(شکار) کرنے والا ہوائی جہاز۔
(۵)طَائِرَةُ الاِنْقِضَاضِ :دشمن کے ہوائی جہاز کو مار گرانے والا جہاز۔

(٦) اَلْقَلِعَةُ الطَّائِرَةُ: دشمن کے علاقوں پر بیماری کرنے والا بڑا ہوائی جہاز۔

الطَّيَّار والمُطَار. مِنَ الخَيْلِ: تیز خاطر چست چالاک گھوڑا۔

اَرْضٌ مُطَارٌ: کثرت سے پرندوں والی زمین۔

الطَّيَّارَة: مؤنث طَيَّار: ہوائی جہاز۔

المَطَار: اڑنے کی جگہ۔

المُطَيَّر: مفع۔ پھٹا ہوا۔ ٹوٹا ہوا۔ ایک قسم کی چادر۔

المُسْتَطِير: فا۔ پھیلنے والا۔ کہا جاتا ہے "صُبْحٌ مُسْتَطِيرٌ" یعنی صبح منتشر اور ایسا ہی بجلی، بڑھاپا اور شر کے لئے مستعمل ہے۔

طَاسَ يَطِسُ طَيْسًا الشَّيْئُ: زیادہ ہونا۔

الطَّيْس: عدد کثیر۔ مٹی۔ ہر وہ مخلوق جس کی نسل بہت ہوتی ہو۔ جیسے مچھلی۔ چیونٹی۔

طَاشَ يَطِيشُ طَيْشًا: اوچھا ہونا۔ عقل زائل ہونا...... السَّهْمُ عَنِ الغَرَضِ: تیر کا نشانہ سے خطا کرنا۔ صفت طَائِش.

اَطَاشَ اِطَاشَةً. السَّهْمَ عَنِ الغَرَضِ: تیر کا نشانہ سے خطا کرا دینا۔

الطَّيَّاش: بمعنی طَائِش: جو خفت عقل کی وجہ سے ایک طریقے پر نہ جمے۔

الطَّيْشَان: ہلکی۔ اوچھا پن۔

طَاعَ يَطِيعُ طَيْعًا: بمعنی طَاعَ يَطُوعُ طَوْعًا.

طَافَ يَطِيفُ طَيْفًا ومَطَافًا الخَيَالُ: خواب میں خیال آنا۔

طَيَّفَ تَطْيِيفًا واَطَافَ اِطَافَةً وتَطَيَّفَ تَطَيُّفًا: بہت پھرنا۔

الطَّيْف: خیال وخواب میں آئے۔ غضب۔ جنون۔

الطِّيَاف: رات کی تاریکی۔

اَلطَّيْف: وہ صورت جو موشور میں سفید روشنی گزرنے کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے جس کی وجہ سے مختلف رنگ سرخ، مالٹا، زرد، سبز بنفشی اور صورت کے ذریعے گیس کی تلاش میں سہولت حاصل ہوتی ہے۔

طَامَ يَطِيمُ طَيْمًا: نیکو کار ہونا...... اللّٰهُ فُلانًا عَلَى الخَيْرِ: اللہ کا کسی کو خیر پر پیدا کرنا۔

الطِّيْمَاء: جبلت۔ طبیعت۔

طَانَ يَطِينُ طَيْنًا وطَيَّنَ الحَائِطَ: دیوار کو گارے سے لیپنا۔ طَانَ الكِتَابَ: خط پر مہر لگانا۔ طَانَهُ اللّٰهُ عَلَى الخَيْرِ: اللہ کا خیر پر پیدا کرنا۔

تَطَيَّنَ: گارے سے لیپا جانا۔ گارے سے لتھڑنا۔ لت پت ہونا۔

الطِّيْن والطِّيْنَة: گارا۔ مٹی اور چونہ یا ریت چونہ ملا ہوا الطِّيْنَة: گارے کا ایک حصہ۔ خلقت جبلت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَابِسُ الطِّيْنَةِ" وہ سخت دل اور خشک مزاج ہے۔ "لَهُ طِيْنَةٌ طَيِّبَةٌ" اس کی طبیعت نرم ہے۔

مَكَانٌ طَانٌ: بہت گارے کی جگہ۔

الطِّيَانَة: گارا بنانے کا پیشہ۔

الطَّيَّان: گارا بنانے والا۔

اَلطَّيُّوْن: ایک بدبودار پودا جس کے پھول زرد ہوتے ہیں۔ اس کے ساتھ ایک کیڑے مار دوائی بھی تیار کی جاتی ہے۔

ظ

ظ: اَلـظَّـاءُ: سترواں حرف بنیادی حروف میں سے۔ یہ لثوی حروف میں سے ہے۔ یعنی حلق کا کوا اس کا مخرج ہے۔

ظَأَبَ (ن) ظَـأْبًا: نکاح کرنا۔ ظلم کرنا۔ شور کرنا......التَّيْسُ: بکری کا ممیانا۔

ظَـاءَ بَهُ مُظَـاءَ بَةً: سالی سے نکاح کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَزَوَّجَا بِالْمُظَاءَ بَةِ" یعنی دونوں ہم زلف ہوئے۔

تَظَاءَ بَا: ہم زلف ہونا۔

الـظَّـأْب: مص۔ ہم زلف۔ ساڑھو۔ ج ظُؤُوب واَظْؤُب.

ظَأَرَ (ف) ظَـأْرًا وظِـئَارًا واَظْأَرَ واِظَّارًا وظَـاءَ رَ مُظَـاءَ رَةً. النَاقَةَ او المَرْأَةَ عَلٰى وَلَـدِ غَيْرِهَـا: مہربان کرانا۔ فَـظَأَرت واِظَّأَرت: مہربان ہونا۔ اور صفت "ظَـؤُوْرَ وظَـؤُوْرَة ج اِظْآر وظُـؤَار. ظَـاءَرَهُ اِلٰى كَذَا: مہربان کرانا۔ اِظَّـأَرَ عَلٰى عَدُوِّهِ: حملہ کرنا۔ ظَـأْرَهُ وظَـاوَرَهُ واَظْأَرَهُ عَلٰى كَذَا: مہربان کرنا۔ ظَاءَ رَهُ عَلَى الْاَمْرِ: طلب کرنا یا مجبور کرنا۔ ظَـاءَ رَالـرَّجُلُ: دایہ بنانا۔ ظَاءَ رَتِ المَرْأَةُ: دایہ گری کرنا۔

اِظَّـأَرَ. لِوَلَدِهِ ظِئْرًا: لڑکے کے لئے دایہ مقرر کرنا۔

الظِّئْرُ: غیر کے بچے پر مہربانی کرنے والی۔ غیر کے بچے کو دودھ پلانے والی ج اَظْـؤُر واَظْآر وظُـؤُوْر وظُـؤُورَة وظُـؤَار. ظِـئْرُ القَصْـر: ستون۔

الظِّئْرَة: تھونی۔ کھمبا۔

الظُّؤْرَة: دایہ۔ دائی پلائی۔

ظَـاءَ مَهُ مُظَاءَ مَةً وتَظَاءَ مَا تَظَاوُمًا: ہم زلف بنا۔

الظَّأْم: ہم زلف۔ ساڑھو۔

الـظُّبَة: تلوار وغیرہ کی دھار۔ ج ظُبَـات وظُبِيّ وظُبُوْن وظِبُوْن واَظْبِ.

اَظْبَى المكَانُ: بہت ہرنیوں والی ہونا۔

الـظَّبْيُ: ہرن نر یا مادہ ج ظِبَـاءٌ واَظْـبٍ وظُبِيٌّ وظَبَيَات.

صحت جسم کے متعلق عرب کا قول ہے "بِهِ دَاءُ الظَّبْيِ" یعنی اسے کوئی مرض نہیں اس لئے کہ ہرن کو سوائے مرض الموت کے کوئی بیماری نہیں ہوتی۔ دوسرا قول یہ ہے کہ "اِذَا اَتَيْتَهُمْ فَـارْبِـضْ فِي دَارِهِم ظَبْيًا" یعنی جب تم کسی قوم کے پاس جاؤ تو ہرن بن کر اقامت کرو۔ مطلب یہ ہے کہ جس طرح ہرن کو کوئی شک ہوتا ہے تو وہ نہیں ٹھہرتا اسی طرح تم بھی شک ہونے پر چل دو۔

الـظَّبْيَة: ہرنی۔ بکری۔ گائے۔ عورت اور اونٹنی کی اندام نہانی۔ ج ظِبَاء وظَبَيَات. الظَّبْيَة: وادی کا موڑ۔ ہرن کے بال دار چمڑے کا چھوٹا تھیلہ۔

اَرْضٌ مَظْبَاة: بہت ہرن والی سرزمین۔

ظَرَّ (ن) مَظَرَّةً: دھاردار پتھر توڑنا۔ النَاقَةَ: اونٹنی کو دھاری دار پتھر سے ذبح کرنا۔

اَظَـرَّ: دھاردار پتھروں کی زمین میں واقع ہونا۔ ......الـمَـكَانَ: بہت دھاردار پتھروں والا ہونا۔

الظِّرّ والظُّرَر والظُّرَرَة: پتھر۔ دھاردار پتھر ج ظُرَّان وظِرَّان وظِرَار واَظِرَّة.

الظِّرَّان: چقماق کے ٹکڑے جو زمانہ قدیم میں نیزے اور بھالے اور کلہاڑے وغیرہ کی شکل پر بنائے جاتے تھے اور دیا سلائی کے بنانے سے پہلے اسی کا استعمال کیا کرتے تھے۔ "والـطُّوْر الظِرِّی والظِرَّانِی" مذکور چقماق کے استعمال کا زمانہ۔

اَرْضٌ ظَـرِيْرٌ ومَظَرَّة: بہت چقماق والی سرزمین۔ الـظَّـرِيْر: رہنمائی کا نشان۔ ج ظِرَارٌ واَظِرَّة وظِرَّان.

المِظَرَّة: چقماق۔ ج مَظَارّ.

ظَرِبَ (س) ظَرَبًا. بِكَذَا: چپکنا۔

الـظَّـرِب: ابھرا ہوا تیز پتھر۔ چھوٹا ٹیلہ۔ ج ظِرَاب واَظْرُب.

الظُّرُبّ مِنَ الرِجَالِ: چھوٹے قد کا موٹا۔

الـظَّرِبَان والظَّرِبَاء: بلی کے برابر خاکستری رنگ کا سیاہی مائل بدبودار جانور۔ ج ظَرَابِيّ وظَـرَابِيْن: کہا جاتا ہے "فَـسَا بَيْـنَهُمُ الظَّرِبَانُ" یعنی ان میں نااتفاقی ہوگئی۔

الظِّرْبىٰ والظِّرْبَاء. ظِرْبَان: کا اسم جمع۔

الاَظْـرَب: نواجذ کے پیچھے کے چار دانت

اَظْرَابُ اللجَامَ: لگام کے لوہے کے اطراف کی گرہ۔

ظَرُفَ (ک) ظَـرْفًـا وظَرَافَةً: خوش شکل ہونا۔ چالاک ہونا۔ ذہین ہونا۔ صفت ظَرِيف۔ ج ظُـرَفَـاء وظِـرَاف وظُـرُف

وظُرُوْف وظَرِیْفُوْن: مؤنث ظَرِیْفَة ج ظَرِیْفَات وظَرَائِف. ظَرُفَة ظَرِیْف: تر ہونا۔ کہا جاتا ہے "ظَارَفَنِی فَظَرَفْتُهُ".

أظْرَفَ: ظریف اولاد پیدا ہونا...... المَتَاعَ: برتن بنانا۔

تَظَرَّفَ وتَظَارَفَ: ظرف بننا۔

اِسْتَظْرَفَ: ظریف طلب کرنا...... ہ: ظریف سمجھنا۔ ظریف پانا۔

الظَّرْف: دانائی۔ حذاقت۔ فوقیت۔ برتن۔ کہا جاتا ہے "مِنَ الظَّرْفِ جُوْدُ المُهْدِی بِالظَّرْف" پہلا ظرف بمعنی دانائی اور دوسرا بمعنی برتن جس میں ہدیہ بھیجا جائے اور عوام مشکیزہ کے معنی میں بھی استعمال کرتے ہیں۔

الظَّرْف: ہر وہ چیز جس میں کوئی دوسری چیز رہے اور اسی سے ہے "ظُرُوْفُ الزَّمَان والمَكَان" اور کہا جاتا ہے "هُوَ نَقِیّ الظرف" یعنی وہ امین ہے "رَأَیْتُهُ بِظَرْفِهِ" میں نے اسی کو دیکھا ہے۔

الظُّرَاف والظُّرَّاف: ظریف ج ظُرَفَاء وظُرَّافُوْن.

المَظْرُوْف: مفع۔ برتن میں جو چیز ہو۔ کہا جاتا ہے "بَعَثْتُ بِالرَّسَائِلِ مَظْرُوْفَةً".

ظَرَیٰ (ض) ظَرْیًا. المَاءُ: پانی کا جاری ہونا۔

ظَرِیَ (س) ظَرًی. الغُلامُ: لڑکے کا زیرک ہونا۔

اِظْرَوْرَیٰ اِظْرِیْرَاءً: پیٹ پھولنا۔

الظَّارِی: فا۔ کاٹ کھانے والا۔

الظَّرَوْرِی: زیرک۔ عقل مند۔ ظریف۔

ظَعَنَ (ف) ظَعْنًا وظَعَنًا وظُعُوْنًا مَظْعَنًا: کوچ کرنا۔ کہا جاتا ہے "ظَعَنُوْا عَنْ دِیَارِهِمْ" وہ لوگ اپنے ملکوں سے کوچ کر گئے۔

أظْعَنَ: کوچ کرانا۔ سفر کرانا۔

اِظَّعَنَ. الهَوْدَجَ: ہودے میں سوار ہونا۔

الظِّعَان والظَّعُوْن والظِّعَام: ہودہ باندھنے کی رسی۔

الظَّعُوْن والظَّعُوْنَة: باربردار اونٹ۔ ہودہ اٹھانے والا اونٹ ج ظُعُن.

الظَّعِیْنَة: ہودہ ج ظَعَائِن وظُعْن وظُعُن ج أظْعَان وظُعُنَات: بیوی یا عورت جب تک ہودے میں رہے۔ یا مطلقاً عورت۔ کہا جاتا ہے "هٰؤُلاء ظَعَائِنُه" یہ اس کی عورتیں ہیں۔

المِظْعَان. مِنَ الخیل والنوق: نرم چال چلنے والا گھوڑا یا اونٹنی۔

ظَفَرَة (ض) ظَفْرًا: چہرے پر ناخن مارنا۔ ناخن توڑنا۔

ظَفِرَ (س) ظَفَرًا واظَّفَرَ المَطْلُوْبَ وبه وعَلَیْهِ: کامیاب ہونا۔ غالب ہونا۔ ظَفِرَتْ عَیْنُهُ: ناخنہ ہونا۔ آنکھ کی صفت ظَفِرَة اور شخص کی مَظْفُوْر.

ظَفَّرَهُ: کامیابی کی دعا کرنا۔ ظَفَّرَ الشَّیْءَ: کسی چیز میں ناخن چبھونا...... الثَّوْبَ: کپڑے پر خوشبو لگانا...... الجِلْدَ: کھال کو ملنا۔ ظَفَّرَهُ وأظْفَرَهُ بِعَدُوِّهِ: دشمن پر کامیاب کرانا۔ فتح مند کرانا۔ أظْفَرَ فُلانًا: منہ پر ناخن مارنا۔

تَظَافَرَ القَوْمُ: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

الظِّفْر والظُّفْر والظُّفُر: ناخن ج أظْفَار ج أظَافِیْر: کہا جاتا ہے "مَا بَقِیَ فِی الدَّارِ ظُفُر" یعنی گھر میں کوئی باقی نہیں رہا" ورَأَیْتُهُ بِظُفْرِهِ" یعنی میں نے اس کو دیکھا" فَلَمْ أظْفَارَهُ عَنْ أذَی النَّاسِ" یعنی لوگوں کو تکلیف پہنچانی کم کر دی یا بالکل چھوڑ دیا۔ و"كَسَّرَ أظْفَارَهُ فِی فُلَانٍ" یعنی غیبت کی۔ "ظُفُرُ القِطِّ وظُفُرُ النَّسْرِ وظُفُرُ العُقَاب" نباتات کی قسمیں۔

الظُّفْرُ والظَّفَرة: ناخنہ (آنکھ کی ایک بیماری) الظَّفِرة: ظافر کی جمع ہے۔

الظَّفِر والظَّفِیْر والظِّفِّیْر: ہر معاملہ میں کامیاب۔

الأظْفَر: لمبے چوڑے ناخن والا۔

الأظْفَار: ناخن کے مشابہ ایک خوشبودار چیز۔ اس کا واحد نہیں۔ أظْفَارُ الثَّوْب: کپڑے کی شکنیں۔ الأظْفَار: نسر طائر کے آگے کے ستارے۔

المُظَفَّر والمِظْفَار: ہر معاملہ میں کامیاب۔

ظَلَّ (س) ظَلًّا وظُلُوْلًا. یَفْعَلُ كَذَا: ہمیشہ رہنا۔ تم کہہ سکتے ہو "ظَلِلْتُ وظَلْتُ وظِلْتُ".

ظَلَّ ظَلًّا لَهُ. اليَوْمُ: دن کا سایہ دار ہونا...... الشَّیْءُ: لمبا ہونا۔

ظَلَّلَهُ: سایہ ڈالنا۔ ظَلَّلَ بِالسَّوْطِ: دھمکانے کے لئے حرکت دینا۔

أظَلَّ. اليَوْمُ: دن کا سایہ دار ہونا ہ: سایہ ڈالنا۔ اپنی پناہ میں لینا۔ أظَلَّ الأمْرُ فُلانًا: پہنچ جانا۔ قریب ہونا اور اسی سے ہے۔

أظَلَّكَ الشهر: یعنی مہینہ آ گیا۔

تَظَلَّلَ. بِالشَّجَرَة: درخت کے سایہ میں بیٹھنا۔

اِسْتَظَلَّ بِالظِّلِّ: سایہ کے نیچے بیٹھنا...... مِنَ الشَّیْءِ: سایہ لینا...... الكَرْمُ: انگور کی شاخ کا گتہ جانا...... العُیُوْن: چشمے کے پانی کا نیچے اتر جانا...... الشَّمْسُ: آفتاب کا بادل میں چھپ جانا۔

الظِّلُّ: سایہ ج ظِلَال وأظْلَال وظُلُوْل: عزت۔ آرام و آسودگی۔ ظِلٌّ مِنَ اللَّیْلِ: رات کا حصہ یا اس کی سیاہی...... مِنَ القَیْظِ: گرمی کی شدت...... مِنَ الثَّوْبِ: کپڑے کا رواں۔

ظِلُّ الشَّبَاب او الشِّتَاء: جوانی یا جاڑے کی ابتداء۔ کہا جاتا ہے "بَقِیَ عَلَیَّ ظِلُّ النَّهَار" وہ میرے پاس تمام دن رہا اور یہ اس لئے کہ ظل کا بقاء و زوال شے کے زوال و بقاء پر موقوف ہے۔ "وهُوَ فِی ظِلِّهِ" یعنی وہ اس کی پناہ میں ہے "ومَشَیْتُ عَلَی ظِلِّی او انْتَعَلْتُ ظِلِّی" میں چلا اس حال میں کہ دوپہر ہو چکی تھی اس لئے میرا سایہ نہیں تھا۔ و"كَانَ ذٰلِكَ اليَوْم أطْوَلَ مِنْ ظِلِّ القَنَاةِ" یعنی یہ دن نیزے کے سائے سے بھی زیادہ طویل تھا۔ عرب نیزہ کے سائے کو بہت زیادہ طویل سمجھتے تھے۔ "فُلَانٌ یَتْلُوه

ظِلّ رَايَة" بولا کرتے تھے جب کوئی تکبر کرتا تھا۔ مُلاعِبُ ظِلّه او عَاطِف ظِلّه" ایک پرندہ کا نام ہے۔

الظَلَل: درخت کے نیچے کا پانی جس کو دھوپ نہ لگے۔

الظَلَّة: اسم مرۃ۔ اقامت۔

الظُلَّة: تنگ سائبان۔ ہروہ کہ جس کی سردی و گرمی میں پناہ لیں۔ ہر سایہ دار ج ظُلَل وظِلَال.

الظَلَال والظِلَال والظِلَّة والظِلَالَة: ہر سایہ دار۔ ظِلَالُ البَحْرِ: سمندر کی موجیں۔

الظَلِيل: سایہ دار۔ ہمیشہ سایہ والا۔

الظَلِيلَة: مؤنث ظَلِيل: زیادہ درختوں کا باغ۔ وادی کے نچلے حصے۔ پانی کا چشمہ۔

المِظَلَّة والمَظَلَّة: جس سے سایہ لیا جائے۔ بڑا خیمہ۔ چھتری۔ ج مَظَالّ. عِيد المظال: یہودیوں کی عید جس میں درخت کے پتوں سے خیمے بناتے ہیں اور مصر کی آزادی کی یادگار میں ان خیموں میں چند روز قیام کرتے ہیں۔

يَوْمٌ مُظِلّ: سائے والا دن۔

ظُلُظُل: کشتیاں۔

ظَلَعَ (ف) ظَلْعًا. البَعِير: اُونٹ کا چلنے میں لنگڑانا۔ صفت ظَالِعٌ. ظَلَعَتْ بِهِمُ الاَرْض: زمین تنگ ہونا۔

الظَلْع: عیب۔ کہا جاتا ہے "اِرْبَعْ عَلٰى ظَلْعِك" یعنی تم ضعیف ہو جس چیز کی طاقت نہیں رکھتے ہو اس سے رُک جاؤ۔ "لا يَرْبَعُ عَلٰى ظَلْعِك مَنْ لَيْسَ يَحْزُنُهُ اَمْرُك" یعنی تمہاری شان کا اہتمام وہی کرے گا جو تمہارا غم خوار ہوگا۔ "اِرْقَ عَلٰى ظَلْعِك" اور کبھی ہمزہ کے ساتھ "اِرْقَأْ" کہا جاتا ہے یعنی پہلے اپنی حالت کو درست کرو یا اتنی ہی تکلیف اٹھاؤ جتنی کی طاقت رکھتے ہو۔ مطلب یہ ہے کہ اپنی حد سے آگے مت بڑھو اور اپنی کوتاہی و عاجزی کو دیکھو اور اپنے عیوب کی وجہ سے خاموش رہو اس لئے کہ سیڑھی پر چڑھنے والا اگر لنگڑا ہوتا ہے تو وہ اپنے نفس کے ساتھ نرمی کرتا ہے۔

الظَلَع: لنگڑاپن۔

الظَالِع: فا۔ جھکنے والا۔ متہم (مذکر و مؤنث) اور مؤنث کے لئے ظَالِعَة بھی بولا جاتا ہے ج ظُلَّع.

الظُلَّاع: جانور کی ٹانگ میں بیماری جو تھکن سے نہ ہو۔

ظَلَفَهُ (ن) ظَلْفًا: کھر پر لگنا۔ ظَلَفَ نَفْسَهُ عَنِ الشَّيْءِ: باز رکھنا۔

ظَلِفَ (ن ض) ظَلْفًا. القَوْمَ: قوم کے نشان قدم پر چلنا۔ ظَلَفَ وظَالَفَ مُظَالَفَةَ اَثَرَهُ: قدم کے نشانات کو مٹا دینا۔

ظَلِفَتْ (س) ظَلَفًا الاَرْضُ: سخت ہونا...... مَعِيشَةُ فُلَانٍ: تکلیف دہ ہونا...... نَفْسُهُ: رک جانا۔

ظَلِفَ الرَّجُلُ: سخت زمین میں روکا جانا تاکہ کوئی نشان قدم کا پتہ نہ لگ سکے۔

ظَلَّفَهُ. عَنْ كَذَا: دور کرنا۔ ظَلَّفَ عَلٰى كَذَا: زیادہ کرنا۔

اَظْلَفَهُ: دور کرنا۔

اِظَّلَفَ وتَظَلَّفَ: سخت پتھریلی زمین میں پڑنا۔

الظِلْف: پھٹے ہوئے کھر۔ ج ظُلُوْف واَظْلَاف: کہا جاتا ہے "جَاءُوا عَلٰى ظِلْفِهِ" یعنی اس کے نشانِ قدم پر آئے۔ الظِلْف: حاجت و تنگی عیش۔ سخت زندگی۔

الظَلْف: باطل۔ مباح۔ بے کار۔ کہا جاتا ہے "ذهب دمه ظَلْفًا وظَلَفًا وظَلِيفًا" یعنی اس کا خون بے کار گیا۔

الظَلَف والظَلِف: پانی اور کیچڑ سے بلند جگہ "رَجُلٌ ظَلِفُ النَّفْسِ: اوصاف ذمیمہ سے پاک صاف۔

اَرْضٌ ظَلْفَة وظَلِفَةٌ وظَلَفَةٌ: سخت پتھریلی زمین۔

الظَلِيف: بدحال۔ ذلیل۔ سخت مشکل کام ج ظُلُف ظُلُف.

رَجُلٌ ظَلِيفُ النَّفْسِ: اخلاقِ رذیلہ سے پاک صاف۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهُ بِظَلِفِهِ وبِظَلِيفِهِ وبِظَلَفَتِهِ وبِظَلِيفَتِهِ" یعنی سب کچھ لے لیا کچھ نہیں چھوڑا۔

الظَلْفَاء: ہموار لمبا پتھر۔

الاُظْلُوْفَة: تیز پتھر والی زمین ج اَظَالِيف.

ظَلَمَ (ض) ظُلْمًا وظَلْمًا ومَظْلِمَةً: بے موقع رکھنا...... ہ: ظلم کرنا...... ہ حَقَّهُ: گھٹانا ...... الاَرْضَ: بے موقع کھودنا...... الطَرِيق: راستہ سے ہٹ جانا۔ کہا جاتا ہے "مَا ظَلَمَكَ اَنْ تَفْعَلَ كَذَا" یعنی تم کو کس چیز نے ایسا کرنے سے منع کیا۔ ظَلَمَ البَعِير: بغیر کسی مرض اور علت کے ذبح کرنا اور ہر وہ کام جس کو وقت سے پہلے کیا جائے اس پر ظلم کا اطلاق ہوتا ہے۔

ظَلِمَ (س) ظَلْمًا واَظْلَمَ اللَيْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ اَظْلَمَ اللّٰهُ اللَيْلَ: رات کو تاریک کرنا۔ اَظْلَمَ الرَّجُلُ: تاریکی میں داخل ہونا۔ مظلوم ہونا۔

ظَلَّمَهُ: ظلم کی طرف نسبت کرنا...... ہ الحَاكِمُ: ظلم کی شکایت دور کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَظَلَّمَ فُلَانٌ اِلَى الحَاكِمِ مِنْ فُلَانٍ فَظَلَّمَهُ" یعنی فلاں نے فلاں کی حاکم سے ظلم کی شکایت کی اس نے شکایت دُور کر دی۔

تَظَلَّمَ مِنْهُ: ظلم کی شکایت کرنا...... ہ حَقَّهُ: گھٹا دینا...... الرَّجُلُ: ظلم پر صبر کرنا۔ کہا جاتا ہے "ظَلَمْتُهُ فَتَظَلَّمَ" میں نے اس پر ظلم کیا اس نے صبر کیا۔

تَظَالَمَ القَوْمُ: بعض کا بعض پر ظلم کرنا۔

اِظَّلَمَ وانْظَلَمَ: ظلم برداشت کرنا۔

الظَلْم: برف۔ دانتوں کی چمک۔ ج ظُلُوم.

الظُلْم: بے موقع رکھنا۔ حق گھٹانا۔ ظلم۔

الظَلَم: بدن۔ پہاڑ۔ ج ظُلُوم.

لَيْلٌ ظَلِمٌ: بہت تاریک رات۔

الظُلْمَة والظُلُمَة: تاریکی ج ظُلَم وظُلُمَات وظُلْمَات وظُلَمَات.

الظُلَم: قمری مہینے کی انیسویں، بیسویں،

اکیسویں راتیں۔
الظُّلاَمَة و المَظْلِمَة: ظلم جو تم اٹھاؤ۔ جو چیز تم سے ظلماً لے لی جائے۔ ج مَظَالِم.
الظَّالِم: فا۔ ج ظَالِمُوْن و ظَلَمة و ظُلاَّم.
الظَّلاَم و الظَّلْمَاء: تاریکی۔ ابتدائی رات۔
لَيْلَة ظَلْمَاء: بہت تاریک رات اور لَيْل ظَلْمَاء بھی کہا جاتا ہے اور یہ شاذ ہے۔
الظِّلاَم: ظلم۔ بے انصافی۔ کہا جاتا ہے "نَظَرَ اِلَـی ظِلاَمًـا" اس نے مجھ کو ترچھی نظر سے دیکھا۔
الظَّلاَّم و الظِّلِّيم و الظَّلُوْم: بہت زیادہ ظلم کرنے والا۔
الظَّلِيم: مظلوم۔ نر شتر مرغ ج ظِلْمَان و ظُلْمَان و اَظْلِمَة.
الظَّلاَمِيُّ: جو شخص ظلامیہ مذہب پر ہو۔
اَلظَّلاَمِيَّةُ: وہ لوگ جن کا نظریہ ہے کہ عوام کو تعلیم و تعلّم دینا بے فائدہ ہے۔
الظَّلِيمَة: جو تم سے ظلماً لی جائے۔
اَمْرٌ مِظْلاَم: دشوار و مشکل کام۔
ظَمِیَ (س) ظَمأً و ظَمَاءً و ظَمَاءَةً: سخت پیاسا ہونا...... اِلَيْـهِ: مشتاق ہونا۔ صفت مذکر ظَمِیٌ و ظَامِیٌ و ظَمْآن اور صفت مؤنث ظَمِـئَة و ظَـامِئَة و ظَمْـآی و ظَمْآنَة. ج ظِمَاء: مذکر و مؤنث دونوں کے لئے۔
ظَمَّأَهُ و اَظْمَأَهُ: پیاسا کرنا۔ دُبلا کرنا۔
تَظَمَّأَ: پیاس پر صبر کرنا۔
الظِّمْءُ: پیاس۔ ج اَظْمَاء.
الظَّمَا و الظَّمَاء: پیاس۔
المِظْمَاء: سخت پیاس والا۔
المَظْمَأُ: پیاس لگانے والی جگہ۔
ظَمِیَ يَظْمَی ظَمًی: گندم گوں ہونا۔ صفت اَظْمَی: مؤنث ظَمْيَاء ج ظُمْی. شَفَةٌ ظَمْيَاءُ: پژمردہ گندمی ہونٹ۔ عَيْنٌ ظَمْيَاءُ: باریک پلکوں والی آنکھ۔ لِثَةٌ ظَمْيَاءُ: کم خون والے سوڑھے۔ سَاقٌ ظَمْيَاءُ: کم گوشت والی پنڈلی۔

اظَمْيَاء: سیاہ اونٹنی۔
الـمَـظْـمِـيّ: وہ کھیت جس کی سیرابی صرف بارش کے پانی سے ہو۔
ظَنَّ (ن) ظَنًّا: جاننا اور یقین کرنا اور اسی سے ہے "ظَنُّوْا اَنْ لاَ مَلْجَأَ مِنَ اللّٰهِ اِلاَّ اِلَيْهِ" یعنی یقین کیا کہ اللہ کے عذاب سے کوئی جائے پناہ نہیں مگر اسی کی طرف اور گمان کے معنی میں بھی مستعمل ہے جیسے "ظَنَنْتُ زَيْدًا صَاحِبَكَ".
ظَنَّهُ و اَظَنَّهُ و اِظَّنَّهُ و اظْطَنَّهُ بِكَذَا: تہمت لگانا۔ اَظَنَّهُ الشَّيْءَ: وہم میں ڈالنا۔
اَظَنَّ فِيْهِ النَّاسَ: تہمت کے لئے پیش کرنا۔
تَظَنَّنَ و تَظَنَّی: گمان کرنا۔
الظَّنُّ: گمان اور شک و یقین کے معنی میں بھی مستعمل ہے۔ ج ظُنُوْن جج اَظَانِيْن (خلاف قیاس)
الظِّنَّة: تہمت۔ کہا جاتا ہے "فِيْهِ ظِنَّةٌ" اس میں تہمت ہے۔ تھوڑی چیز۔ ج ظِنَن و ظَنَائِن.
الظَّنَانَة: تہمت۔
الظَّنَّان و الظَّنُوْن: بدگمان۔ رَجُلٌ ظَنُوْنٌ: کم حیلہ۔ کمزور۔ جس پر بھروسہ نہ کیا جائے۔ بِئْرٌ ظَنُوْنٌ: کنواں جس کے متعلق معلوم نہ ہو کہ پانی ہے یا نہیں۔ دَيْنٌ ظَنُوْنٌ: قرض جس کے متعلق یہ معلوم نہ ہو کہ وصول ہوگا یا نہیں۔
رَجُلٌ ظَنُوْنٌ: جس کی خبروں پر بھروسہ نہ کیا جائے۔
الظَّنِيْن: متہم۔ بدگمانی کی وجہ سے جس سے دشمنی کی جائے۔ بے برکت۔ ج اَظِنَّاء.
الاَظَنُّ: خیال رکھے جانے کے لائق۔
نَفْسٌ ظَنَّاء: نفس متہم۔
مَظِنَّةُ الشَّيْءِ: جگہ جہاں چیز کے موجود ہونے کا گمان ہو۔ کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ مَظِنَّةُ الخَيْرِ وفِي المَسْاَلَةِ مَظِنَّةُ اِعْتِرَاضٍ" ج مَظَانّ.
الظُّنْبُوْب: قدم کی جانب پنڈلی کی ہڈی کا کنارہ ج ظَنَابِيْب: کہا جاتا ہے "قَرَعَ ظَنَابِيْبَ الاَمْرِ" یعنی آسان کردیا۔ "قَرَعَ لِهٰذَا الاَمْرِ ظُنْبُوْبَهُ و سَاقَهُ" یعنی کوشش کی اور کوتاہی نہیں کی۔

ظَهَرَ (ف) ظُهُوْرًا: ظاہر ہونا۔ باہر آنا۔
ظَهَرَهُ ظَهْرًا: پیٹھ پر مارنا۔ ظَهَرَ بِعِلْمِهِ: فخر کرنا...... الشَّيْءَ و بِـهِ: پیٹھ پیچھے ڈال دینا...... الثَّوْبَ: ابرہ بنانا (...... ظَهْرًا و ظُهُوْرًا) البَيْتَ: مکان پر چڑھنا...... عَلَيْـهِ: اعانت کرنا...... بِفُلاَنٍ و عَلَيْـهِ: غالب ہونا...... عَلَـی السِّـرِّ: بھید پر مطلع ہونا...... فُلاَنٌ بِـحَـاجَتِیْ: حاجت کو ہلکا سمجھنا اور پیٹھ پیچھے ڈالنا۔
ظَهُرَ (ن) ظَهَارَةً: مضبوط پیٹھ والا ہونا۔
ظَهِرَ (س) ظَهَرًا: پیٹھ میں شکایت ہونا۔ صفت ظَهِرٌ.
اَظْهَرَ الشَّيْءَ: ظاہر کرنا۔ پیٹھ پیچھے ڈالنا...... الكِتَابَ: از بر پڑھنا۔ اَظْهَرَهُ عَلٰی عَدُوِّهِ: دشمن پر غالب کرنا...... ہ عَلَی السِّرِّ: بھید پر مطلع کرنا...... بِهٖ: مرتبہ بڑھانا (...... و ظُهْرٌ) دوپہر میں چلنا۔ دوپہر میں داخل ہونا۔
ظَهَّرَ و اظَّهَرَ حَاجَتِيْ: ضرورت کو پیٹھ پیچھے ڈال دینا۔ غافل ہونا۔
ظَاهَرَهُ مُظَاهَرَةً و ظِهَارًا: مدد کرنا۔ ظَاهَرَ بَيْنَ الثَّوْبَيْنِ: اوپر نیچے کپڑے پہننا۔ تَظَاهَرَ: ظاہر ہونا...... بِـالشَّيْءِ: ظاہر کرنا...... القَوْمُ: ایک دوسرے سے دور ہونا۔ ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
اِسْتَظْهَرَ: احتیاط کرنا...... الشَّيْءَ: بچانے کے لئے پیٹھ پیچھے کرنا...... بِـهِ: مدد طلب کرنا...... لَـهُ: تیاری کرنا...... عَلَيْهِ: چڑھنا غالب ہونا...... الدَّرْسَ: سبق کو زبانی پڑھنا۔
الـظَّهْـر: پیٹھ۔ پیٹ کا مقابل ج اَظْهُـر و ظُهُوْر و ظُهْـرَان. الظَّهْر: باربرداری کا اونٹ۔ مال کثیر۔ تیر کے پر کا چھوٹا پہلو۔ خشکی کا راستہ۔ کہا جاتا ہے "سَـارُوْا فِـي طَرِيْقِ الظَّهْرِ" یعنی خشکی کے راستہ میں چلے۔ سخت زمین۔ قَلْبٌ ظَهْرٌ: پرانی ہڈی کہا جاتا ہے "قَرَاَهُ عَلٰی ظَهْرِ قَلْبِهِ او عَلٰی

ظَهْرِ لِسَانِہٖ" یعنی حفظ بغیر کتاب کے ازبر پڑھا"وَاَعْطَاهُ عَنْ ظَهْرِ یَد" یعنی بغیر بدلے کے دیا۔"وھُوَ نَازِلٌ بَیْنَ ظَهْرَیْهِمْ وظَهْرانَیْهِمْ وبَیْنَ اظهرهم" وہ ان کے درمیان نازل ہوا۔"رایته بین ظَهْرَانَی اللَّیْلِ" یعنی میں نے اس کو عشاء اور فجر کے درمیان دیکھا۔"قَلَّبَ لَهُ ظَهْرَ الْمِجَنّ" یعنی وہ اس کے لئے بدل گیا اور دشمنی کی "قَلَّبَ الْاَمْرَ ظَهْرًا الْبَطْنِ" اس نے معاملہ میں خوب غور کیا۔"قَتَلَهُ ظَهْرًا" اس نے اچانک مارڈالا۔"هُوَ يَاكُلُ عَلٰى ظَهْرِ يَدِیْ" یعنی میں اس پر خرچ کرتا ہوں۔ "لَا تَجْعَلْ حَاجَتِی بِظَهْرٍ" یعنی میری حاجت کو مت بھولو اور پیٹھ پیچھے مت ڈالو۔

الظِّهْرِیّ: اُونٹ برائے ضرورت۔ پیٹھ پیچھے ڈالا ہوا۔ بھولا ہوا۔ ج ظَهَارِیّ.

الظُّهْر: دن کے آدھے ہونے کا وقت ج اَظْهَار.

الظَّاهِرِيَّةُ: ان لوگوں کا مسلک جن کے نزدیک علم شریعت ظاہری نصوص ہی کے ساتھ حاصل ہوتے ہیں۔ فرقہ ظاہریہ کے نام سے موسوم ہیں۔ محسوس واقعات۔

الظِّهْرَة: مدد۔ کہا جاتا ہے "جَعَلَ حَاجَتِیْ ظِهْرِيَّه" میری حاجت کو پس پشت ڈال دیا اور بھول گیا۔

اَلْمُظْهَرُ: اسم ظاہر جو کہ ضمیر کا الٹ ہوتا ہے۔

الظِّهْرَة والظُّهْرَة: مددگار۔ الظُّهْرَة: پچھوا۔

الظُّهْرَة: گھر کا سامان کہا جاتا ہے...... "جَاءَ نَا بِظُهْرَتِه وبِظُهْرَتِه وبِظَهْرَتِه" ہمارے پاس مع اپنی قوم کے آیا۔

الظَّهِير: مددگار۔ مضبوط پیٹھ والا۔ بیمار پیٹھ والا۔

الظَّهِيرَة: مؤنث ظَهِير: دن کے آدھے ہونے کی حد۔ ج ظَهَائِر.

الظُّهَار: تیر کے پر کا چھوٹا پہلو۔

الظِّهَارَة: کپڑے کا ابرا۔

الظَّاهِر: فا۔ باطن کا ضد۔ ظَاهِرُ الْبَلَدِ: بیرون شہر۔ کہا جاتا ہے "قَرَأَهُ ظَاهِرًا" یعنی حفظ بغیر کتاب کے پڑھا۔

الظَّاهِرَة: مؤنث ظاہر...... مِنَ الْعُيُوْنِ: اُبھری ہوئی آنکھ ج ظَاهِرَات وظَوَاهِر.

ظَاهِرَةُ الرَّجُلِ: کنبہ۔ قبیلہ۔ ظَاهِرَةُ الْجَبَلِ: پہاڑ کی چوٹی الظَّوَاهِر: بلند زمینیں۔

الْمَظْهَر: جائے ظہور۔

الْمُظْهِر: فا۔ سواری والا۔

الْمُظَهَّر: قوی پیٹھ والا۔

الظَّوْءَة: بے وقوف۔

ظَافَهُ و يَظُوْفُهُ ويَظَافُهُ ظَوْفًا: دھتکارنا۔ دفع کرنا۔

ظَوْفُ الرَّقَبَةِ وظَافُهَا: گردن کی کھال۔ کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُ بِظَوْفِ رَقَبَتِهِ اَوْ بِظَافِهَا" یعنی میں نے اُس کو تنہا چھوڑ دیا۔

اَظْوَىٰ: بے وقوف۔

الظِّيَة: مردار جب سڑنا شروع ہو۔

الظَّيّ والظَّيَّان: شہد۔ الظَّيَّان: جنگلی چنبیلی۔ ایک قسم کی نباتات جس کے پتوں سے کھال کو دباغت دی جاتی ہے۔

الْمَظْيَاة والْمَظْوَاة مِنَ الاَرَاضِی: جنگلی چنبیلی والی زمین۔

ظَيَّاهُ تَظْيِيْنًا: غمگین کرنا۔

الظَّيْأَة: بے وقوف۔

ع

ع : اَلْعَیْن : اٹھارواں حرف بنیادی حروف میں سے۔ حروف حلق میں سے ایک یعنی اس کا مخرج حلق ہے۔

عَبَّ : (ن) عَبًّا : تغیر کے بعد چہرے کا خوبصورت ہونا...... الْمَاءَ : جانوروں کی طرح منہ لگا کا پانی پینا۔ عَبَّتِ الدَّلْوُ : ڈول کا بھرتے وقت گڑگڑانا (...... عُبَابًا) الْبَحْرُ : موج کا زیادہ ہونا اور بلند ہونا۔

تَعَبَّبَ. النَّبِیْذَ : ڈگڈگا کے پینا۔

الاَعَبَّ : فقیر۔ سخت ناک والا۔

الْعَبُّ : مص۔ اولے۔ عَبُّ الشَّمْسِ : آفتاب کی روشنی۔

الْعُبَّ : آستین کا سرا۔ ج عُبَاب.

الْعُبُب : اُچھلنے والا پانی۔

الْعَبَاب : منہ لگا کر پانی پینا۔

الْعُبَاب : سیلاب کا چڑھاؤ۔ عُبَابُ الْبَحْرِ : موج۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْ بِعُبَابِهِم" سب آئے۔ الْعُبِّيَّة والْعِبِّيَّة : نخوت۔ فخر۔ تکبر۔ غرور۔

الْيَعْبُوْب : تیز بہنے والا دریا۔ تیز رفتار لمبا گھوڑا۔ بادل ج يَعَابِيب.

عَبَأَ : (ف) عَبْأً وعَبَّأَ تَعْبِئَةً وتَعْبِيْئًا الْمَتَاعَ : سامان کرنا...... الْجَيْشَ لِلْحَرْبِ : لشکر مرتب کرنا۔ عَبَأَ إِلَى فُلَانٍ ولَهُ : قصد کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَا أَعْبَأُ بِهِ" مجھے اس کی پرواہ نہیں۔

اِعْتَبَأَ مَا عِنْدَهُ : سب کچھ لے لینا۔

الْعِبْءُ : بوجھ۔ بوری۔ گٹھری۔ ج أَعْبَاء (...... والْعَبْ) : مثل نظیر۔ ج أَعْبَاء.

الْعَبَاء : چغہ۔ ج أَعْبِئَة.

الْعَبَاءَة : چغہ۔

الْمَعْبَأ : راستہ۔

الْمِعْبَأ : حیض والی عورت کا چیتھڑا۔

عَبَتَ : (ن) عَبْتًا يَدَهُ : ہاتھ موڑنا۔

عَبَثَ : (ن) عَبْثًا. الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ : ملانا۔

عَبِثَ : (س) عَبَثًا : کھیل کود کرنا۔ مذاق کرنا...... بِالدِّيْنِ : حقارت کرنا۔ صفت عَابِث وعَبِث.

عَبِيْثَةُ النَّاسِ : مختلف قسم کے لوگ۔

الْعَبَث : بے فائدہ۔ لغو۔ بے نتیجہ۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَ ذٰلِكَ عَبَثًا" اس نے یہ کام لغو کیا۔

الْعَبِيْث : ایک قسم کا پھول۔

الْعَبَوْثَرَان والْعَبَيْثُرَان : ایک قسم کا خوشبودار پودہ۔ ثاء کے فتحہ سے بھی ہیں۔

عَبَدَ (ن) عِبَادَةً وعُبُوْدَةً وعُبُوْدِيَّةً ومَعْبَدًا ومَعْبَدَةً. اللّٰهَ : ایک جاننا۔ خدمت کرنا۔ ذلیل ہونا۔ خضوع کرنا۔ پرستش کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا عَبَدَكَ عَنِّيْ" یعنی کس چیز نے تم کو مجھ سے روکا۔

عَبُدَ (ک) عُبُوْدَةً وعُبُوْدِيَّةً : باپ دادا سے غلام رہنا۔

عَبِدَ : (س) عَبَدًا وعَبَدَةً عَلٰى فُلَانٍ : غضبناک ہونا...... مِنْهُ : ناک چڑھانا۔ مَا قَالَهُ : انکار کرنا...... عَلٰى نَفْسِهِ : ملامت کرنا...... الرَّجُلُ : نادم و پشیمان ہونا...... هُ : لازم ہونا۔ جدا ہونا...... عَلَى الشَّيْءِ : حریص ہونا۔ صفت عَابِدٌ وعَبِدٌ.

عَبَّدَهُ : فرماں بردار بنانا۔ غلام بنانا۔ عَبَّدَ الطَّرِيْقَ : راستہ کو چلتا ہوا بنانا۔ پامال کرنا۔ الرَّجُلُ : جلدی کرنا۔ بھاگنا...... الْبَعِيْرَ : قطران ملنا (دیکھئے الْقَطِرَان) کہا جاتا ہے "عَبَّدَ يَعْدُوْ" یعنی کچھ تیز دوڑا۔ "مَا عَبَّدَ أَنْ فَعَلَ كَذَا" اس نے ایسا کرنے میں دیر نہیں کی۔

أَعْبَدَهُ الْغُلَامَ : غلام کا مالک بنانا۔ أَعْبَدَ الْغُلَامَ : غلام بنانا...... الْقَوْمُ : جمع ہونا۔

تَعَبَّدَ : عبادت کے لئے علیحدہ ہونا...... هُ : اطاعت کے لئے بلانا۔ غلام بنانا۔ غلام جیسا برتاؤ کرنا۔

تَعَبَّدَ الْقَوْمُ : متفرق ہونا۔

إِسْتَعْبَدَهُ واِعْتَبَدَهُ : غلام بنانا۔

الْعَبْد : آدمی۔ غلام۔ ج عَبِيْد وعِبَاد وعَبَدَة وعَبْدُوْن وأَعْبُد وعُبْدَان وعِبْدَان وعِبِدَّان وأَعَابِد ومَعْبَدَة وعِبِدَّاء وعِبِدّٰى وعَبْد وعَبُد ومَعْبُوْدَاء جج أَعَابِد ومَعَابِد وأَعْبِدَة عَبْدٌ قِنٌّ وعَبْدُ قِنٍّ : خاندانی غلام۔

الْعَبْدِيَّة والْعُبُوْدَة والْعُبُوْدِيَّة والْعُبُدِيَّة : فرمانبرداری۔ غلامی۔ خَرَاهُمْ عَبْدِيَّةٌ : پرانے دراہم۔

الْعِبَاد : عبد کی جمع۔ حیرہ کے چند نصرانی عربی قبائل۔ نسبت کے لئے عِبَادِيّ.

الْعَبَادِيْد والْعَبَابِيْد : لوگوں کے فرقے۔ گھوڑوں کے گلے۔ دور کے راستے۔ (ان

کا واحد نہیں)

العَابِد: فا۔ خادم۔ ج عَبَدَة. عُبَّاد. عَابِدُوْن: مؤنث عَابِدَة ج عَابِدَات وعَوَابِد.

العَبَدَة: قوت۔ بقاء۔ موٹاپا۔ زندگانی۔ خوشبو پیسنے کا پتھر۔ خودداری۔

المَعْبَد: عبادت گاہ۔ ج مَعَابِد.

المُتَعَبَّد: عبادت گاہ۔

المِعْبَد: کسی۔ پھاوڑا۔ ج مَعَابِد.

المُعَبَّد: مفع۔ روندا ہوا راستہ۔ مکرم معظم۔ میخ۔ کھونٹی۔ قطران ملا ہوا اُونٹ بَعِيرٌ مُعَبَّدٌ: اُونٹ جس کی سواری چھوڑ دی گئی ہو۔ مؤنث مُعَبَّدَة. المُعَبَّدَة: قارملی ہوئی کشتی۔

عَبَرَ: (ن) عَبْرًا: غمگین ہونا اور آنسو بہانا ...... العَيْنُ: آنکھ کا ڈبڈبا آنا ...... الكِتَابَ: چپکے چپکے غور کرنا ...... الدَرَاهِمَ: کمیت و کیفیت دراہم کو دیکھنا (...... عَبْرًا وعُبُوْرًا) السَبِيْلَ: طے کرنا۔ مرنا۔ گزرنا ...... النَهْرَ والوَادِي: پار کرنا عَبَرَ بِهِ المَاءَ: گزر جانا (...... عَبْرًا وعِبَارَةً) الرُؤيَا: خواب کی تعبیر بیان کرنا۔

عَبِرَ: (س) عَبَرًا: آنسو بہانا۔ صفت مذکر و مؤنث عَابِر: عبرت حاصل کرنا اور اسی سے عرب کا قول ہے "اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مِمَّنْ يَعْبَرُ الدُّنْيَا ولا يَعْبُرُهَا" اے اللہ! ہم کو ان لوگوں میں سے بنا جو دنیا سے عبرت حاصل کرتے ہیں اور بغیر تیری رضا مندی حاصل کیے جلدی مرتے نہیں۔

عَبَّرَ. الرُؤيَا: خواب کی تعبیر بیان کرنا ...... عَمَّا فِي نَفْسِهِ: دل کی بات ظاہر کرنا ...... عَنْ كَذَا: بولنا ...... عَبَّرَهُ بِالمَاءِ: پار کرانا ...... الدَرَاهِمَ: دراہم کی کمیت و کیفیت دیکھنا ...... بِهِ: ہلاک کرنا ...... بِهِ الأَمْرُ: دشوار ہونا۔

اِعْتَبَرَ الشَيْءُ: آزمانا۔ غور کرنا ...... مِنْهُ: تعجب کرنا ...... بِهِ: نصیحت حاصل کرنا۔ الرَجُلَ: اعتبار کرنا۔

اِسْتَعْبَرَ: آنسو بہانا۔ غمگین ہونا ...... الدَرَاهِمَ: کمیت و کیفیت معلوم کرنا۔ اِسْتَعْبَرَهُ الرُؤيَا أو الدَرَاهِمَ: تعبیر بیان کرانا۔ دراہم کی کیفیت و کمیت پوچھنا ...... العَيْنُ: آنکھ کا ڈبڈبا آنا۔

العَابِر: فا۔ گزرنے والا۔ کسی چیز میں غور کرنے والا۔ ج عَابِرُوْن وعُبَّار وعَبَرَة: مؤنث عَابِرَة: کہا جاتا ہے "دَخَلَ عَابِرَ سَبِيْلٍ" بغیر ٹھہرے ہوئے گزرتے ہوئے داخل ہوا۔

العَبَّار: مبالغہ عَابِر: خواب کی تعبیر بتانے والا۔ جَمَلٌ عَبَّارٌ: چلنے میں قوی اُونٹ۔

العَبْر والعِبْر. مِنَ الوَادِي: کونہ۔ کنارہ۔ مجلس۔ عَبْر وعِبْر: بہت آدمیوں والی مجلس۔

بَنَاتُ عَبْرٍ: جھوٹ۔ باطل۔ اَبُوْبَنَاتِ عَبْرٍ: جھوٹا۔

العُبْر: ہر چیز کی کثرت۔ انسان کی ہی کثرت پر استعمال ہوتا ہے۔ تیز چلنے والا بادل۔ عورت جس کا بچہ کھو گیا ہو۔ عقاب (والعَبَر): آنکھ کی گرمی جو آنسو بہاتی ہے۔

العَبَرَ والعِبْر والعُبْر: قوی۔ مضبوط (مذکر مؤنث واحد جمع) کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عِبْرٌ لِكُلِّ عَمَلٍ" یعنی ہر عمل کے لائق ہے "جِمَالٌ عِبْرُ اَسْفَارٍ" چلنے میں قوی اُونٹ۔

العَبْرَة: عبر کا اسم مرة۔ آنسو ج عِبَر وعَبَرَات: غم۔

العِبْرَة: نصیحت۔ کہا جاتا ہے "لَكَ بِفُلَانٍ عِبْرَةٌ" احوال و کیفیات میں غور و فکر تعجب۔ اصل جو نظائر کا مرجع ہو۔

اَلعِبَارَةُ الجَبْرِيَّة: اعداد اور حروف کا مجموعہ جن کے ساتھ الجبراء کیا جا سکے۔

العِبَارَة: اسم ہے عَبَّر: کا۔ معنی پر دلالت کرنے والے الفاظ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ حَسَنُ العِبَارَةِ" فلاں اچھا بیان کرنے والا ہے۔ "هٰذَا عِبَارَةٌ عَنْ كَذَا" یہ اس کے ہم معنی ہے۔

اَلعَابُوْر: وہ پرندوں کی جماعت جو کسی ایک علاقہ میں ٹھکانہ نہ بنائیں جیسے ترغل: وردار اور فری۔ (سریانی لفظ)

العَبِر: مؤنث عَبِرَة. العَبْرَان: مؤنث عَبْرَى ج عَبَارَى: آنسو بہانے والا۔ غمگین۔

العِبْرِيّ والعِبْرَانِي: یہودی۔ یہودیوں کی زبان۔

العِبْرَانِيَّة: یہودیوں کی زبان۔ یہودیت۔

العَبِيْر: ایک مرکب خوشبو کا نام۔ سَهْمٌ عَبِيْرٌ: بہت پروں والا تیر۔ قَوْمٌ عَبِيْرٌ: بہت لوگ۔

المَعْبَر: گزرگاہ گھاٹ۔

المِعْبَر والمِعْبَرَة: دریا عبور کرنے کا ذریعہ۔

المُعَبَّر: بہت بالوں یا پروں والا۔ غُلَامٌ مُعَبَّرٌ: لڑکا جس کو احتلام ہونے لگے اور ابھی تک ختنہ نہ ہوا ہو۔

اَلعَتْرَبُ: سماق نامی درخت جس کا پھل کھٹا ہوتا ہے۔

العَبُوْر: بکری کا بچہ۔ ج عَبَائِر: غیر مختون ج عُبْر. العَوْبَر: چیتے کا بچہ۔ تیندوے کا بچہ۔

عَبَسَ: (ض) عَبْسًا وعُبُوْسًا: ترش روئی کرنا۔ تیوری چڑھانا۔ چیں بجبیں ہونا (وعَبَّسَ) الوَجْهُ: ترش رو۔ عَبَّسَ وَجْهَهُ: ترش روئی کرنا۔

عَبِسَ: (س) عَبَسًا البَعِيْرُ: اُونٹ کی دُم کی مینگنی کا خشک ہونا ...... الوَسَخُ فِي يَدِهِ وعَلَيْهَا: میل خشک ہونا۔

اَعْبَسَ الرَجُلُ: میلا ہونا ...... الإبِلُ: دُم پر خشک مینگنی والا ہونا ...... الثَوْبُ: میل خشک ہونا۔

تَعَبَّسَ: ترش رو ہونا۔

العَبَس: مص۔ اُونٹ کی دُم پر خشک مینگنی۔

العَبُوْس والعَبَّاس: بہت ترش رو۔ شیر۔ يَوْمٌ عَبُوْسٌ: سخت دن۔

عَبَشَ: (ن) عَبْشًا. الشَيْءُ: اصلاح کرنا۔ درست کرنا۔

العَبْش: درست۔ صلاح (...... والعَبَش

والعُبْشَة: عبادت۔ کند ذہنی۔

العَبْشَة والعُبْشَة: غفلت۔

عَبَطَ: (ض) عَبْطًا. الذَّبِيحَةَ: موٹے تازے کو ذبح کرنا...... الضَّرْعَ: تھن کو خون آلود کر دینا...... التُّرَابَ: مٹی اُڑانا...... الرَّجُلَ: غیبت کرنا...... الدَّوَاهِي فُلَانًا: بلا کسی سبب کے مصیبت پہنچنا...... الكَذِبَ: بلا کسی عذر کے جھوٹ گھڑنا...... عِرْضَه: گالی دینا۔ بے آبرو کرنا۔ عَبَطَتِ الرِّيحُ وَجْهَ الأَرْضِ: سطح زمین کا صاف کر دینا...... الشَّيْءُ: پھٹ جانا۔

اَعْبَطَهُ المَوْتُ: صحت وجوانی میں موت واقع ہونا۔

العَرَار: ایک پھول خوشبودار جس کا نام گاؤ چشم ہے جنگلی نرگس۔ واحد عَرَارَةٌ۔
العَرَارَةُ: قصاص۔ خون کا بدلہ۔
العُرَار: گناہ۔ قصور۔
العَرَارَةُ: تڈی۔ سختی۔ بلندی۔ بدخلقی۔
العَرِيْرُ: اجنبی۔
المَعَرَّةُ: گناہ۔ تکلیف۔ بدی۔ تاوان۔ قصور۔ عیب۔ امر قبیح۔ سختی۔ گالی۔ غصہ سے چہرے کے رنگ کی تبدیلی۔ ستارہ کہکشاں کے علاوہ۔ نام ایک شہر کا۔ مَعَرَّةُ الجَيْشِ: لشکر جو لاعلمی سے قوم کی کھیتی کھالے۔
المُعْتَرُّ: فقیر۔ بغیر سوال کئے ہوئے بخشش کے درپے ہونے والا۔
عَرُبَ: (ک) عُرُوْبَةً وعُرُوْبِيَّةً وعَرَابَةً وعَرْبًا وعُرُوْبًا: فصیح عربی زبان بولنا۔ فصیح عربی ہونا۔
عَرِبَ: (س) عَرَبًا: بگڑے ہوئے معدہ والا ہونا.....المِعْدَةُ: معدہ کا فاسد ہونا..... الجُرْحُ: سوجنا اور پیپ والا ہونا.....البِئْرُ: کنوئیں میں پانی بہت ہونا.....الرَّجُلُ: لکنت کے بعد فصیح ہونا۔
عَرَبَ: (ض) عَرْبًا. الطَّعَامَ: کھانا۔
عَرَّبَ. المَنْطِقَ: اعرابی غلطی سے پاک کرنا..... الكِتَابَ ونَحْوَهُ: عربی میں ترجمہ کرنا.....عَلَيْهِ فِعْلَهُ: قباحت بتانا.....قَوْلَهُ: رد کر دینا.....عَنْهُ لِسَانُهُ: فصیح ہونا۔ مراد کو ظاہر کرنا.....عَنْ صَاحِبِهٖ: اپنے صاحب کی طرف سے بولنا اور حجت بیان کرنا.....الرَّجُلُ: عربی گھوڑا لینا۔ المُشْتَرِي: بیعانہ دینا

.....الرَّجُلُ: فصیح بات بولنا.....بِحُجَّتِهٖ: دلیل کو اچھی طرح بیان کرنا.....الاِسْمَ الاَعْجَمِيَّ: عربی کر دینا۔
اَعْرَبَ. الشَّيْءَ: ظاہر کرنا.....عَنْ حَاجَتِهٖ: صاف بیان کرنا.....كَلَامَهُ: فصاحت سے بولنا اور غلطی نہ کرنا.....بِالكَلَامِ: بیان کرنا۔ بِحُجَّتِهٖ: عمدہ دلیل لانا.....الاِسْمَ الاَعْجَمِيَّ: عربی بنا دینا.....الكَلِمَةَ: اعراب لگانا.....الفَرَسَ: دوڑانا..... الفَرَسَ العَرَبِيَّ: ہنہنانے سے عربی گھوڑے کو غیر عربی سے ممتاز کرنا۔ اَعْرَبَ الرَّجُلُ: اونٹ اور عربی گھوڑوں کا مالک ہونا..... المُشْتَرِي: بیعانہ دینا.....الرَّجُلُ: کلام میں غلطی نہ کرنا۔ فحش بات بولنا۔
تَعَرَّبَ: اخلاق عرب کو اختیار کرنا۔ ان کی مشابہت کرنا۔ دیہات میں اقامت کرنا اور اعرابی بننا۔
اِسْتَعْرَبَ: عربوں میں داخل ہو جانا۔ فحش بات بولنا۔
العُرْب والعَرَب: باشندگان ملک عرب۔ ج اَعْرُب وعُرُوْب۔
العُرْبُ والعَرْبَاءُ والعَارِبَةُ والعَرِبَةُ والعَرَبِيَّةُ: خالص عربی لوگ اور لفظ عرب اس موقعہ پر طائفہ کی تاویل میں مؤنث ہے۔
العَرَبُ والمُعَرَّبَةُ والمُسْتَعْرِبَةُ: غیر ملکی لوگ جو عرب میں آ کر آباد ہو گئے ہوں۔
العَرَابَةُ والعِرَابَةُ: فحش و بدگوئی۔
العَرَبُ والعَرَبُ. مِنَ المَاءِ: کثیر صاف پانی۔ رَجُلٌ عَرِبٌ: تیز زبان مرد۔ بِئْرٌ عَرِبَةٌ: بہت پانی والا کنواں۔ مِعْدَةٌ عَرِبَةٌ: فاسد معدہ۔
رَجُلٌ عَرْبَانٌ: فصیح مرد۔
رَجُلٌ عَرْبَانِيُّ اللِّسَانِ: فصیح مرد۔
العَرَبِيُّ: خالص عرب کا باشندہ۔ اگرچہ وہ کسی دوسرے ملک میں ہو۔
العَرَبِيَّةُ: مؤنث العَرَبِيِّ. اللُّغَةُ العَرَبِيَّةُ: عربی زبان۔

الاَعْرَابِی: عرب کا دیہاتی۔
الاَعْـرَاب: عرب دیہات کے باشندے۔ واحد اَعْرَابِی۔
العَرِبَة: تیز بہنے والی نہر۔ نفس۔ ج عَرِب وعَرِبَات. العَرِبَات: وہ کشتیاں جو عباسیوں کے دور میں دجلہ میں بندھی ہوئی رہتی تھیں جن سے پل کا کام لیا جاتا تھا اور اب اس لفظ کا اطلاق کشتی پر ہوتا ہے۔
العَرَّاب. عِنْدَ النَّصَارىٰ: جب کسی کو بپتسمہ دیا جاتا ہے تو عیسائی رسم کے مطابق ایک مقدس شخص اس کا باپ بنتا ہے وہ "عَـرَّاب" اور جو ماں بنتی ہے وہ "عَـرَّابَة" کہلاتی ہے۔ جنہیں انگریزی میں Good Father and Good Mother کہتے ہیں۔
الاَعْـرَابِيَّة: عربی دیہاتیت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَعْرَبُهُمْ اَحْسَابًا" حسب کے لحاظ سے خالص و "اَعْرَبُهُمْ اَلْسِنَةً" اور زبان کے لحاظ سے فصیح خَيْـلٌ او اِبِلٌ عِـرَابٌ واَعْرُب: خالص عربی گھوڑے یا اُونٹ۔
العُرْبَان: عرب۔
العَـرُوْب والعَرُوْبَة مِنَ النِّسَاء: بہت ہنسنے والی۔ زوج کی نافرمان۔ عَـرُوْبَة اور عُرُب۔
العَرُوْبَة: جمعہ کا دن۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ مُعْرِبٌ او عَرِيْبٌ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔
الاِسْمُ المُعَرَّبُ: عربی بنایا ہوا اسم۔ جیسے ریشم سے اَبْرَیسم۔
عَـرْبَدَ عَرْبَدَةً: بدخلق ہونا۔ صفت عِرْبِيْد ومُعَرْبِد.
العِرْبَدّ والعِرْبِدّ: ایک سخت چیز۔ کہا جاتا ہے "غَضِبَ غَضَبًا عِرْبَدًا" یعنی سخت غضبناک ہوا نرسانپ۔
عَرْبَنَهٗ: بیعانہ دینا۔
العُرْبُوْن والعَرَبُوْن والعُرْبَان: بیعانہ۔ سائی ج عَرَابِيْن: عوام "عُرْبُوْن" ...... کہتے ہیں۔
عَرِتَ: (ض ن ف) الرُّمْحُ: نیزے کا سخت ہونا ...... البَـرْقُ ونَـحْوُهٗ: بجلی وغیرہ کا چمکنا ...... بَـرْقٌ او رُمْـحٌ عَـرَّاتٌ: بہت حرکت کرنے والا نیزہ یا بجلی۔
العَـرْتَبَة: ناک یا ناک کا نرم حصہ۔ اوپر کے ہونٹ کے بیچ کا گڑھا۔
الـعَـرْتَمَة: ناک کا اگلا حصہ۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَه عَلٰی عَرْتَمَتِه" یعنی اس کے مزاج کے خلاف کیا۔
عَرَجَ: (ض ن) عُـرُوْجًا ومَعْـرَجًا فِی السُّلَّم: سیڑھی پر چڑھنا ...... عَـلَى الشَّیْءِ وفِیْهِ: چڑھنا۔ عُرِجَ بِه: چڑھایا جانا۔
عَرِجَ وعَرُجَ: (ف س) عَرَجًا: لنگڑا ہونا۔ صفت اَعْرَجُ: ج عُـرْجٌ وعُـرْجَان: مؤنث عَرْجَاء۔
عَرِجَتْ (س) وعَرَجَتْ (ک) عَرَجًا الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب ہونے کی طرف مائل ہونا۔
عَرَّجَ: ٹھہرنا۔ ایک جانب سے دوسری جانب جھکنا ...... عَـنِ الشَّیْءِ: چھوڑنا اور تجاوز کرنا ...... الثَّوْبَ: پیچیدہ دھاردار بنانا ...... البِنَاءَ او النَّهْر: جھکاؤ کے ساتھ بنانا ...... الرَّجُلَ: آفتاب کے غائب ہونے کے وقت داخل ہونا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يُـعَرِّجُ عَلٰی قَوْلِه" یعنی فلاں آدمی کی بات پر اعتماد نہیں کیا جاتا ہے (...... وتَـعَرَّجَ): جھکنا ...... عَـلَى الـمَـكَـان: سواری کے جانور کو باندھنا اور اقامت کرنا۔
اَعْرَجَ: آفتاب کے غائب ہونے کے وقت داخل ہونا۔ اَعْرَجَهُ اللّٰهُ: لنگڑا کر دینا۔
تَعَارَجَ: تکلف لنگڑا بننا۔
اِنْـعَـرَجَ. الشَّـیْءُ: مڑنا۔ ٹیڑھا ہونا ...... الـطَّرِيْقُ: جھکنا ...... عَنِ الشَّیْءِ: تجاوز کرنا چھوڑ دینا ...... القَوْمُ عَنِ الطَّرِيْقِ: بھٹک جانا۔
الـعَـرَج والـعَـرَجَان: لنگڑاہٹ، لنگڑے کی چال۔
الـعَرْجَاء: مؤنث الاَعْرَج: لنگڑی عورت۔ بجو۔
العَرْجَةُ والعُرْجَة: جس پر توقف کیا جائے۔
اَمْرٌ عَرِيْجٌ: غیر مستحکم کام۔
العُرَيْجَاء: دوپہر۔ دن میں ایک مرتبہ کھانا۔
الـمِعْـرَجُ والمَعْرَجُ والمِعْرَاجُ: سیڑھی۔ چڑھنے کی جگہ۔ ج مَعَارِجُ ومَعَارِيْج.
المُنْعَرَجُ مِنَ الوَادِی: وادی کا موڑ۔
عَـرْجَـنَ الثَّوْبَ: کپڑے پر شاخوں کی شکل بنانا۔
العُرْجُوْن: کھجور کے گچھے کی جڑ جو ٹیڑھی ہوتی ہے اور گچھے کو کاٹنے پر درخت پر خشک ہو کر باقی رہتی ہے۔ ج عَرَاجِيْن.
العُرْجُد والعُرْجُدّ: بمعنی عرجون۔
عَـرَدَ: (ن) عَـرْدًا الـحَـجَر: پتھر کو دور پھینکنا۔
(...... عُـرُوْدًا واَعْـرَدَ) النَّبَاتُ او النَّابُ: پودے یا دانت کا پورا نکل آنا اور سخت ہونا ...... الشَّجَرُ: درخت کا موٹا اور بڑا ہونا۔
عَـرِدَ: (س) عَـرَدًا وعَـرْدًا: بھاگنا۔ مرض کے بعد جسم کا قوی ہونا۔ عَـرَدَ السَّـهْـمُ فِی الرَّمِيَّةِ: تیر کا پار ہو جانا۔ عَـرَدَ الـنَّـجْـمُ: ستارے کا بلند ہونا۔ آسمان کے وسط میں پہنچنے کے بعد ڈوبنے کی طرف مائل ہونا۔
عَرَّدَ الرَّجُلُ: راستہ کو چھوڑ کر مڑ جانا۔
العَرْدُ والعَرِدُ والعُرُدُّ: بہت سخت۔
الـعَرَادَة: مادہ ٹڈی۔ حالت اور اسی سے ہے "هُـوَ فِی عَرَادَةِ خَيْرٍ" وہ اچھی حالت میں ہے۔
العَرَّادَة: پتھر پھینکنے کا آلہ ج عَرَّادَات.
الـعِـرْبِـد: طور طریقہ۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا عِرْبِدُهٗ" یہ اس کی عادت ہے۔
عَرْدَسَه: پچھاڑنا۔
الـعَـرَنْـدَس: بڑا سیلاب۔ بڑا شیر۔ عِـزٌّ عَرَنْدَسٌ: ثابت رہنے والی عزت۔
عَرَزَ: (ض) عَرْزًا. الشَّیْءَ: سختی سے کھینچنا ...... الرَّجُلَ: کسی کو ملامت کرنا ...... وعَرِزَ (س) عَرَزًا الشَّیْءُ: سخت ہونا۔ سکڑنا۔
عَرَّزَ: سکڑنا ...... الشَّیْءَ: پوشیدہ کرنا۔
عَارَزَهٗ: دشمنی کرنا۔ مخالفت کرنا۔

عارز و تعارز الشئ: سکڑنا۔
اَعْرَزَ. الشئ: فاسد کرنا۔ بگاڑ دینا۔
تَعَرَّزَ. عَلَيْهِ: دشوار ہونا۔
اِسْتَعْرَزَ. الشئ: سکڑنا...... الرَّجُلُ: سخت ہونا۔
العِرْزَال: شیر کا مسکن۔ فالیز والے کا مچان۔ جنگ کے موقع پر بادشاہ کے لئے چھوٹا سا مکان۔ سانپ کی بمی۔ ٹٹی۔ دکان۔ لوگوں کی جماعت۔ مشکیزے کا منہ۔ قَـوْمٌ
عَرَازِيْل: چوروں کا گروہ۔
العِرْزِم: پرانا سانپ۔
العِرْزِم والعَرَازِم والعِرْزَام: شیر۔
عَـرَسَ: (ن) عَـرْسًا: خوشی میں رہنا ...... عَنْهُ: پھر جانا (...... عُرُسًا وعُرْسًا) جماع کرنا۔
عَرَسَ: (ن ض) عَرْسًا. البَعِيْرَ: اونٹ کی گردن کو اگلے پاؤں سے بیٹھنے کی حالت میں باندھنا۔
عَرِسَ: (س) عَـرَسًا. الرَّجُلُ: اکڑنا۔ ...... بِهِ: لازم ہونا۔ محبت کرنا...... عِنْهُ: بے خود ہونا۔ صفت عَـرِسٌ...... الشئُ: سخت ہونا۔ الشَّرُّ بَيْنَهُمْ: ہمیشہ رہنا...... عَنْهُ: بزدل ہونا۔ پیچھے ہٹنا...... عَلَى مَا عِنْدَهُ: باز رہنا اور بخل کرنا۔
اَعْرَسَ: دلہن لانا...... الشئَ: لازم ہونا اور محبت کرنا...... الرَّجُلُ: چکی کے ایک پاٹ کو دوسرے پر پیسنے کے لئے رکھنا...... بِاَهْلِهِ: جماع کرنا (...... وعَرَّسَ) القَوْمُ: سفر میں آخر رات میں آرام کے لئے اترنا۔
تَعَرَّسَ لِامْرَأَتِهِ: فریفتہ ہونا۔
اِعْتَرَسَ القَوْمُ عَنْهُ: متفرق ہونا۔ جدا ہونا۔
الـعَـرْسُ: مص۔ رسی۔ خیمہ کے بیچ کا کھمبا (...... والـعُـرْسُ): چھوٹا بچہ اونٹ کا۔ ج أَعْرَاس۔
العِرْسُ: دلہن۔ عِرْسُ المَرْأَةِ: دولہا۔ ج أَعْـرَاس. اِبْنُ عِـرْس: نیولا۔ ج بَنَـاتُ عِرْسٍ: (مذکر و مونث دونوں کے لئے)

العُرْس والعُرُس: زفاف۔ ولیمہ کا کھانا۔ ج أَعْرَاس وعُرُسَات۔
الـعِـرَاس: رسی جس سے اونٹ کو باندھا جائے۔
الـعَرُوْس: دلہا دلہن۔ جمع کے لئے بولا جاتا ہے "هُمْ عُرُسٌ وهُنَّ عَرَائِس" اور التباس کے دفع کرنے کے لئے عورت پر عَرُوْسَة کا اطلاق ہوتا ہے۔ ج عَرَائِس۔
العَرِيْس عِنْدَ المُوَلَّدِيْنَ: دلہن۔
العَرِيْس والعِرِّيْسَة: شیر کی جھاڑی۔
العَرَّاس والمِعْرَس والمُعْرِس: اونٹ کے چھوٹے بچوں کو بیچنے والا۔
المُعْرَس والمُعَرَّس: آخر رات میں آرام لینے کے لئے اترنے کی جگہ۔
عَرَشَ: (ن ض) عَرْشًا: لکڑی کا مکان بنانا...... البَيْتَ: گھر بنانا...... الـعَرْشَ: چھت بنانا۔ تخت بنانا...... البِئْرَ: کنوئیں کے نچلے حصہ کو قد کے برابر پتھر سے بنا کر بقیہ کو لکڑی سے بنانا (...... عَرْشًا وعُرُوْشًا) الكَرْمَ: انگور کی بیل کو ٹٹی پر چڑھانا۔
الكَرْمُ: انگور کی بیل کا ٹٹی پر چڑھانا۔
عَرَشَ (ض) عُرُوْشًا بِالمَكَانِ: اقامت کرنا۔
عَرِشَ: (س) عَـرَشًا وعَرْشًا: متحیر ہونا۔ بِغَرِيْمِهِ: سخت پکڑنا۔ عَنْهُ: پھرنا۔ چھوڑ دینا۔
عَرَّشَ الكَرْمَ: انگور کی بیل کا ٹٹی پر چڑھانا۔ البَيْتَ: چھت بلند کرنا...... الطَّائِرُ: بلند ہو کر بازوؤں سے سایہ کرنا (...... وَاَعْرَشَ): ٹٹی بنانا۔ سایہ لینے کے لئے چھولداری بنانا۔
تَـعَـرَّشَ وتَـعَـرْوَشَ بِـالأَمْرِ: چمٹا رہنا...... بِالمَكَانِ: ثابت رہنا۔ تَعَرْوَشَ الدَّابَّةَ: سوار ہونا۔
اِعْتَـرَشَ: ٹٹی بنانا۔ سایہ لینے کے لئے چھولداری بنانا۔ اِعْتَرَشَتِ العِنَبُ اِلَى عَلَى الـخَشَبِ: انگور کی بیل کا چڑھنا اور لٹکنا...... (واعْرَوْرَشَ) الدَّابَّةَ: سوار ہونا۔
الـعَرْش: تخت شاہی۔ الـعَرْش: کسی چیز کا رکن۔ کسی چیز کا قوام۔ کہا جاتا ہے "ثُلَّ عَرْشُهُ" یعنی اس کی عزت جاتی رہی اور اس کا معاملہ کمزور ہو گیا۔ العَرْشُ مِنَ البَيْتِ: چھت۔ مِنَ القَوْمِ: رئیس۔ سردار۔ العَرْشُ: لکڑی جس سے کنوئیں کے اوپر کا حصہ بنایا جائے۔ شامیانہ۔ خیمہ۔ مکان جس میں سایہ لیا جائے۔ محل۔ قدم کی پشت پر بلند حصہ۔ کنوئیں کا منہ۔ عَرْشُ الطَّائِرِ: گھونسلہ۔ عَـرْشُ الـكَـرْمِ: انگور کی ٹٹی ج أَعْـرَاش وعُرُوْش وعُرُش وعِرَشَة۔
العَرِيْش: جھونپڑی۔ چھولداری۔ جانوروں کو سردی سے بچانے کا باڑہ۔ انگور کی ٹٹی۔ ج عُرُش (...... والعَرِيْشَة): پالکی۔
عَرَصَ: (ض) عَـرْصًا وعَرِصَ: (س) عَـرَصًا البَرْقُ: بجلی کا پراگندہ چمکنا۔ صفت عَرِصٌ...... الرَّجُلُ: نشاط میں ہونا۔ عَرِصَ البَعِيْرُ: اونٹ سدھالینا...... اللَّحْمُ: گوشت کو میدان میں خشک ہونے کے لئے ڈالنا۔
اَعْرَصَ الشئُ: مضطرب ہونا۔
تَعَرَّصَ بِالمَكَانِ: اقامت کرنا۔
اِعْتَرَصَ. الغُلَامُ: کھیل کود کرنا۔ خوش ہونا...... الجِلْدُ: کھال کا پھڑکنا...... البَرْقُ: بجلی کا پراگندہ چمکنا...... الرَّجُلُ: اچھلنا۔ کودنا۔
العَرْصَة: گھر کا صحن۔ ہر وہ جگہ جس میں کوئی عمارت نہ ہو۔ ج عِـرَاص وأَعْـرَاص وعَرَصَات۔
الـعَرَّاص: بہت پراگندہ چمکنے والی بجلی۔ گرج اور بجلی والا بادل۔ نرم نیزہ۔
المِعْرَاص: نیا چاند۔
عَرْصَفَةً. عَرْصَفَةً: کھینچ کر لمبا پھاڑ دینا۔
العُرْصُوْف والعِرْصَاف: پالان کی میخ۔ ...
عَرَاصِيْف. العِرْصَاف: پٹھے کا کوڑا۔ ... کی نرم ہڈی۔
العَرْصَمُ: بہت کھانے والا۔ خرم وشادمان۔
الـعِـرَصَمُّ: بلاغر۔ مضبوط قوی۔ تیز۔
(...... العِرْصَام والعَرَاصِم) شیر۔

القَرصُوم: کلّی۔
عَرَضَ (ض) عَرْضًا. الشَیٔ بِفُلَانٍ: پیش کرنا...... الشَیٔ عَلَیْهِ: دکھلانا...... المَتَاعَ لِلْبَیْعِ: سامان کو فروخت کے لئے خریداروں کے سامنے کرنا...... الجُنْدَ: فوج کا جائزہ لینا ...... لَهٗ مِنْ حَقِّهٖ ثَوْبًا: حق کے بدلے میں دینا۔ عَرَضَ لَهٗ عَارِضٌ مِنَ الحُمّٰی: بخار لاحق ہونا...... القَوْمَ عَلَی السَیْفِ: قوم کو تلوار سے مارنا...... الحَصِیْرَ: چٹائی بچھانا۔ کہاجاتا ہے "عَرَضَ عَرْضَ او عُرْضَ فُلَانٍ" وہ فلاں کی چال چلا۔ لا تَعْرِضْ عُرْضَ فُلَانٍ: فلاں کو برائی سے یاد نہ کرو۔ عَرَضَ الرَّجُلُ: بغیر کسی بیماری یا سبب کے مرنا...... الفَرَسُ گھوڑے کا دوڑنے لگنا۔ عَرَضَ لِیْ عَارِضٌ: مجھے ایک مانع نے روک دیا۔
عَرَضَ (ض) وعَرِضَ (س) عَرْضًا: ظاہر ہونا اور ہمیشہ نہ رہنا۔
عَرَضَ (ض ن) عَرْضًا العُوْدَ عَلَی الإِنَاءِ: برتن پر لکڑی کو چوڑائی میں رکھنا۔
عَرِضَ: مجنوں ہونا۔
عَرَضَ (ن) عَرْضًا: مکہ یا مدینہ یا ان کے اطراف میں جانا...... الکِتَابَ: زبانی پڑھنا۔
عَرُضَ (ک) عِرَضًا وعَرَاضَةً: چوڑا ہونا۔ صفت عَرِیْضٌ وعُرَاضٌ.
عَرَّضَ وَلَهٗ وبِهٖ: تعریض کرنا۔ کسی دوسرے پر ڈھال کے بات کہنا...... الشَیٔ: چوڑا کرنا ...... المَتَاعَ: سامان کو دراہم ودنانیر کے علاوہ سامان کے بدلے فروخت کرنا ...... الکَاتِبُ: مبہم لکھنا...... الشَیٔ لِلشَیٔ: مقابل کرنا کہاجاتا ہے "عَرَّضْتَ مَالَکَ لِلْهَلَاکِ" تم نے اپنے مال کو برباد ہونے کے لئے پیش کر دیا...... ہ مِنْ مَالِهٖ بِکَذَا: بدلہ دینا...... فُلَانٌ: عمدہ رائے والا ہونا۔
اَعْرَضَ عَنْهُ: روگردانی کرنا...... الشَیٔ: چوڑا کرنا...... المَسْأَلَةَ: لمبا چوڑا سوال کرنا۔

...... فِی المَکَارِمِ: بہت فیاض ہونا۔
...... الاَمْرُ: ظاہر ہونا۔ کہاجاتا ہے "عَرَضْتُهٗ فَاَعْرَضَ" یعنی میں نے اسے ظاہر کیا پس وہ ظاہر ہو گیا۔ الثَوْبُ: وسیع ہونا۔ کہاجاتا ہے "اَعْرَضَ لَکَ الخَیْرُ" یعنی تمہیں خیر کرنے کی قدرت ہے و "اَعْرَضَ لَکَ الظَبْیُ فَارْمِهٖ" تمہارے سامنے ہرن ظاہر ہوا پس اسے تیر مارو۔
عَارَضَهٗ مُعَارَضَةً وعِرَاضًا: پھر جانا۔ یکسو ہونا۔ عَارَضَ الکِتَابَ بِالکِتَابِ: کتاب کا کتاب سے مقابلہ کرنا...... الرَّجُلَ: کلام پر نقض وارد کرنا۔ مقاومت کرنا۔ دوسرے کی طرح کام کرنا...... ہ فِی المَسِیْرِ: چلنے میں برابری کرنا۔ عَارَضَ الرَّجُلُ: راستہ میں ایک جانب ہونا۔ کہاجاتا ہے "عَارَضَهٗ فَعَرَضَهٗ" اس نے معارضہ کرنے میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔
تَعَرَّضَ الاَمْرَ ولِلْاَمْرِ واِلَی الاَمْرِ: درپے ہونا۔ طلب کرنا...... الشَیٔ: ٹیڑھا ہونا۔ ایک جانب ظاہر کرنا۔ فاسد ہونا۔
تَعَارَضَ. الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا۔
اِعْتَرَضَ: چوڑائی میں ہونا...... لَهٗ: منع کرنا ...... البَعِیْرَ: سرکش اونٹ پر سوار ہونا...... لَهٗ بِسَهْمٍ: سامنے آکر تیر مارنا...... عِرْضَهٗ: عیب نکالنا۔ آبرو گھٹانا...... دُوْنَ الشَیٔ: حائل ہونا۔ روک بننا...... القَائِدُ الجُنْدَ: ایک ایک کرکے پیش کرنا...... عَلَیْهِ مِنْ قَوْلٍ او فِعْلٍ: اعتراض کرنا۔ خطا کی جانب منسوب کرنا...... الشَیٔ: تکلف کرنا۔ کہاجاتا ہے "عَرَضْتُهٗ فَاعْتَرَضَ" اس نے اس کو پیش کیا پس وہ پیش ہوا۔
اِسْتَعْرَضَ: چوڑی چیز طلب کرنا...... الشَیٔ: پیش کرنے کو کہنا...... ہ: کسی سے کہنا کہ جو کچھ تمہارے پاس ہے دکھاؤ...... القَوْمَ: بغیر دریافت حال کے قتل کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَعْرَضَ یُعْطِی مَنْ اَقْبَلَ اَوْ اَدْبَرَ" یعنی

بغیر سوال کے ہر آنے جانے والے کو دیتا ہے۔
اِسْتَعْرِضِ العَرَبَ: عربوں میں سے جس سے چاہو دریافت کرلو۔
العَرَضُ: اسباب۔ سامان۔ ج عُرُوْضٌ: پہاڑ یا پہاڑ کا پہلو۔ بڑا لشکر۔ چوڑائی۔ وسعت۔ جنون۔ وادی۔ بہت ٹڈیاں۔ بادل...... مِنَ اللَّیْلِ: رات کا ایک حصہ۔ ج عُرُوْضٌ وعِرَاضٌ واَعْرَاضٌ: جزاسزا کا دن۔
العَرْضُ: التجا۔ گزارش۔ کہاجاتا ہے الشَیٔ عَرْضُ عَیْنِی یعنی چیز میری نگاہ کے سامنے ہے "اِشْتَرَیْتُ المَتَاعَ بِعَرْضٍ" سامان کو سامان سے خریدا۔ وعَرْضُ الحَالِ عِنْدَ الحُکَّامِ: حاکم کے پاس شکایت کیلئے یا کسی فائدہ کے لئے حاصل کرنے کی غرض سے درخواست دینا اور جمع کے لئے عُرُوْضُ الاَحْوَالِ بولا جاتا ہے اَعْرَاضُ الشَجَرِ: درخت کی پھنگیاں۔
العِرْضُ: اچھی عادت۔ آبرو۔ باعث فخر و عزت۔ ج اَعْرَاضٌ: کہاجاتا ہے "هُوَ نَقِیُّ العِرْضِ" وہ عیب اور گالی گلوچ سے پاک ہے و "ذَوُو العِرْضِ مِنَ القَوْمِ" یعنی قوم کے اشراف و "هُوَ عَرِبُ العِرْضِ" وہ کمینہ خاندان کا ہے۔ العِرْضُ: نفس۔ کہاجاتا ہے "اَکْرَمْتُ عَنْهُ عِرْضِی" یعنی میں نے اس سے اپنے نفس کو بچایا۔ جسم۔ جسم کی بُو۔ مسامات۔ وادی یا شہر کا کنارہ۔ وادی جس میں درخت پانی اور آبادی ہو۔ ج عُرْضَانٌ: بہت ٹڈیاں۔ بڑا لشکر۔ بڑا بادل۔
العِرْضُ مِنَ النَّاسِ: لوگوں سے بے ہودگی سے پیش آنے والا۔
العُرْضُ: جانب۔ کنارہ۔ دامن کوہ۔
...... مِنَ البَحْرِ اوالنَّهْرِ: سمندر یا دریا کا وسط۔
...... مِنَ الحَدِیْثِ: بہتر و بڑی بات۔
مِنَ السَیفِ او العُنُقِ: تلوار یا گلے کی ایک

جانب۔ کہا جاتا ہے "نَظَرَ اِلَيْهِ عَنْ عُرْضٍ وَ كَلَّمَهُ عَنْ عُرْضٍ" گوشۂ چشم سے دیکھا اور ایک جانب ہو کر گفتگو کی۔ وخَرَجُوْا يَضْرِبُوْنَ النَّاسَ عَنْ عُرْضٍ یعنی نکل کر مارنا شروع کر دیا اور یہ پروا نہیں کی کہ کس کو مار رہے ہیں اور کیوں مار رہے ہیں۔ واضْرِبْ بِهِ عُرْضَ الحَائِطِ یعنی دیوار کے ایک گوشہ پر پھینک دو اور اعراض کرو۔ وهُوَ مِنْ عُرْضِ النَّاسِ: وہ معمولی لوگوں میں سے ہے۔

العَرَض: متاع۔ سامان۔ عارضہ۔ غیر دائمی چیز۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الاَمْرُ عَرَضٌ" یعنی یہ امر زائل ہونے والا ہے۔ بخشش۔ غنیمت ...... مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: جو قائم بالذات نہ ہو بلکہ جوہر کے ساتھ قائم ہو۔ ج اعراض کہا جاتا ہے "فَعَلَهُ عَرَضًا" یعنی بغیر سوچے سمجھے ہوئے کیا۔

العِرْضَة: پیش کرنے کی نوعیت العِرْض کا مؤنث۔ یعنی لوگوں سے بے ہودگی سے پیش آنے والی عورت۔

العُرْضَة: ہمت۔ کشتی لڑانے کا داؤ۔ ارادہ۔ نشانہ۔ قوت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عُرْضَةٌ لِكَذَا" وہ اس کی طاقت رکھتا ہے "هُوَ عُرْضَةٌ لِلنَّاسِ" وہ لوگوں کے طعن و تشنیع کا نشانہ ہے "هُوَ عُرْضَةٌ لِلْكَلَامِ" وہ لوگوں کے اعتراضات کا نشانہ ہے ہو "جَعَلْتُهُ عُرْضَةً" میں نے اس کو نشانہ بنایا۔

العُرْضِي: جو زین پر قائم نہ رہ سکے۔ مِنَ الاِبِلِ: سرکش اونٹ جو ابھی اچھی طرح نہ سدھایا گیا ہو۔

العِرَاض: جانب۔ گوشہ۔ کنارہ۔ حصہ۔ اونٹ کی ران میں چوڑائی میں علامت یا لکیر۔ عِرَاضُ الحَدِيْثِ: بڑی اور بہتر بات ج عُرُض۔

العُرَاض والعُرْض: چوڑا۔

العُرَاضَة۔ عُرَاض: کا مؤنث۔ ہدیہ جو سفر سے آنے والا پیش کرے۔

العِرِّيْض: وہ جو لوگوں سے شر کے ساتھ پیش آئے۔

العَرُوْض: اشعار کا وزن۔ مصرعۂ اولیٰ کا جزء آخیر۔ سرکش اونٹنی جو ابھی سدھائی نہ گئی ہو۔ ج اَعَارِيْض: مکہ اور مدینہ اور ان کے مضافات۔ گوشہ۔ دامن کوہ میں راستہ۔ بادل۔ بہت چیز۔ چلنے میں سامنے کی جگہ۔ مِنَ الكَلَامِ: مضمون۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ المَسْئَلَةُ عَرُوْضُ هٰذِهِ" یعنی یہ مسئلہ اس کی نظیر ہے۔

العَرُوْضِي: علم عروض کا جاننے والا۔

العَارِض: فا۔ رخسارہ۔ بادل۔ پہاڑ۔ عارضی چیز۔ کہا جاتا ہے "عَرَضَ عَارِضٌ" یعنی مانع نے روک دیا۔

العَارِضَة: مؤنث العَارِض: دانت جو منہ کے عرض میں ہیں یا وہ دانت جو ہنستے وقت ظاہر ہوتے ہیں۔ پیش آنے والی چیز۔ دروازہ کے اوپر کی لکڑی جس میں دروازہ گھومتا ہے۔ رخسارہ۔ گوشہ۔ حاجت۔ ج عَوَارِض۔ العَوَارِض: مکان کی چھت کی لکڑیاں جو عرض میں رکھی ہوئی ہوں۔

العَارِضَة: عمدہ رائے اور کلام کی تنقیح۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ ذُوْعَارِضَةٍ" فلاں صاحب بیان اور فی البدیہہ کہنے والا اور فصیح ہے۔

العَرِيْض: چوڑا۔ ج عِرَاض۔ دعاءٌ عَرِيْضٌ: بہت زیادہ دعا "هُوَ عَرِيْضُ البِطَانِ" یعنی وہ مالدار اور غنی ہے۔

العَرِيْض: خصی بکرا۔

العَرِيْضَة: مؤنث العَرِيْض: کیفیت کا پیش کرنا۔

التَّعْرِيْض فِي الكَلَامِ: دوسرے پر ڈھال کے بات کہنا۔

المِعْرَاض: توریہ کرنا...... مِنَ الكَلَامِ: مضمون بغیر پر کا تیر جس کا درمیانی حصہ موٹا ہو ج مَعَارِيْض۔

المَعْرِض: پیش کرنے کی جگہ۔ مصنوعات مخترعات کے نمائش کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "ذَكَرْتُهُ فِي مَعْرِضِ كَذَا"۔

المِعْرَض: دلہن کی شب عروسی کا کپڑا......

الكَلَامُ المُعَرَّض: مبہم کلام۔ ج مَعَارِض ومَعَارِيْض: کہا جاتا ہے "اِنَّ فِي المَعَارِيْضِ...... لَمَنْدُوْحَةً عَنِ الكِذْبِ" تعریض میں جھوٹ سے بچنے کی گنجائش ہے۔

المَعْرُوْض: حکام کے سامنے پیش کرنے کی عرضی۔

عَرَطَ (ن) عَرْطًا واعْتَرَطَ عِرْضَ فُلَانٍ: غیبت کرنا۔ اِعْتَرَطَ الرَّجُلُ: دور چلا جانا۔

عِرَيْط و اُمُّ عِرَيْط واُمُّ العِرَيْط: بچھو۔

العَرْطَنِيْثَا: ایک درخت کی جڑ جس کا نام بخور مریم ہے۔

عَرْعَرَ۔ القَارُوْرَة: شیشی بند کرنا۔ کاگ لگانا۔ کاگ علیحدہ کرنا...... العَيْنَ: آنکھ پھوڑ دینا۔

العَرْعَر: سرو کے مانند ایک درخت۔ واحد عَرْعَرَة۔

العُرْعُر: بدخلقی۔ کہا جاتا ہے "رَكِبَ عُرْعُرَه" یعنی بدخلق ہوا۔ دونوں نتھنوں کے بیچ کا حصہ۔ پیڑو۔

العُرْعُرَة والعَرْعَرَة: شیشی۔ بوتل کی ڈاٹ۔ عُرْعُرَةُ الجَبَلِ: پہاڑ کی چوٹی ج عَرَاعِر۔

العَرَاعِر: شریف۔ سردار۔ ...... مِنَ الاِبِلِ: موٹا اونٹ۔ ج عَرَاعِر۔ العَرَاعِر: کوہان کے کنارے۔

العَارُوْرَة: منحوس مرد۔ گندا مرد۔ بے کوہان کا اونٹ۔

العَرْعَر: صنوبر کی قسم کا ایک درخت۔ جس کے پھل پھول والے مشروبات میں استعمال ہوتے ہیں۔ العرعر الكادى: اس کی لکڑی سے سیاہ تیل جلدی امراض کے لئے نکالا جاتا ہے۔

عَرَفَ (ض) عِرْفَةً وعِرْفَانًا وعِرِفَّانًا ومَعْرِفَةً الشَّيْءَ: پہچاننا۔ جاننا...... بِذَنْبِهِ: اقرار کرنا...... ہ: بدلہ دینا...... لِلْاَمْرِ: صبر

کرنا۔
عَرَفَ (ن) عِرَافَةً. عَلَى الْقَوْمِ: چودھری ہونا۔ قوم کے معاملات کا انتظام کرنا۔ قوم کی سیاست کرنا...... عَرْفًا. الْفَرَسَ: گھوڑے کے ایال کاٹنا۔
عَرُفَ (ک) عَرَافَةً: چودھری ہونا (...... عَرْفًا وعَرَافَةً) بہت خوشبو لگانا۔ عمدہ خوشبو ہونا۔
عَرِفَ (س) عَرَفًا: خوشبو ترک کر دینا۔
عُرِفَ الرَّجُلُ: ہتھیلی میں پھوڑا ہونا۔ صفت معروف۔
عَرَّفَ. الشَّيْءَ: خوشبودار کرنا۔ عَرَّفَهُ الاَمْرَ: واقف کرا دینا۔ عَرَّفَهُ بِفُلَانٍ: نام بتا دینا۔
عَرَّفَ الضَّالَّةَ: گمشدہ کو ڈھونڈنا...... الطَّعَامَ: سالن زیادہ کرنا...... الِاسْمَ: اسم نکرہ کو معرفہ بنانا...... الْحُجَّاجُ: حاجیوں کا عرفہ میں ٹھہرنا (...... وَاَعْرَفَ) فُلَانًا: خطا پر مطلع کرنا اور معاف کر دینا۔ اَعْرَفَ الْفَرَسُ: گھوڑے کا لمبے ایال والا ہونا۔
تَعَرَّفَ الِاسْمُ: اسم نکرہ کا معرفہ ہونا...... الشَّيْءَ: طلب کرنا یہاں تک کہ پہچان لینا...... الضَّالَّةَ: گمشدہ کو تلاش کرنا...... بِفُلَانٍ: آشنا ہونا...... اِلَيْهِ: واقف کرنا۔
تَعَارَفَ. الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو پہچاننا۔
اِعْتَرَفَ. بِالشَّيْءِ: اقرار کرنا۔ ذلیل ہونا۔ تابعدار ہونا...... الشَّيْءَ: پہچاننا...... بِهِ: رہنمائی کرنا...... الرَّجُلَ: دریافت کرنا...... اِلَيْهِ: نام اور حال کی اطلاع دینا...... لِلْاَمْرِ: صبر کرنا...... الضَّالَّةَ: گم شدہ کا مالک ظاہر کرنے کے لئے اوصاف بتانا۔
اِسْتَعْرَفَ. الشَّيْءَ: پہچاننا...... اِلَى فُلَانٍ: واقفیت کے لئے نسبت بیان کرنا۔
اِعْرَوْرَفَ. لِلشَّرِّ: برائی کے لئے آمادہ ہونا۔ ...... الْفَرَسُ: گھوڑے کا ایال والا ہونا...... الْبَحْرُ: سمندر کی موجوں کا بلند ہونا...... النَّخْلُ: درخت خرما کا گنجان ہونا...... الدَّمُ: خون کا جھاگ والا ہونا...... الرَّاكِبُ الْفَرَسَ: سوار کا گھوڑے کے ایال پر سوار ہونا...... الرَّجُلُ: درخت خرما پر چڑھنا۔
الْعَرْفُ: بو۔ اکثر خوشبو کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا اَطْيَبَ عَرْفَهُ" اس کی خوشبو کیسی اچھی ہے۔ الْعُرْفُ: جود۔ بخشش۔ بھلائی۔ عطیہ۔ اقرار۔ کہا جاتا ہے "لَهُ عَلَيَّ اَلْفٌ عُرْفًا: اس کے میرے اوپر ہزار ہیں مجھے اقرار ہے۔ ایال۔ مرغ کی کلغی۔ نیکی۔
الْعُرْفُ: موج۔ اونچی جگہ۔ آگے پیچھے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ الْقَوْمُ عُرْفًا" یعنی قوم آگے پیچھے آئی ج عُرُف و اَعْرَاف. الْعُرْفُ: اصطلاح۔ تسلیم کردہ باتیں۔ عُرْفُ اللِّسَانِ: اصطلاح لغوی۔ عُرْفُ الشَّرْعِ: اصطلاح شرعی۔
الْعُرْفُ والْعِرْفُ: صبر۔
الْعُرَفُ: ایال۔ ریت کی اونچی جگہ۔
الْعَرْفَةُ: ہوا۔ ہتھیلی کا زخم (...... والْعِرْفَةُ) دریافت۔ سوال۔
الْعُرْفَةُ: دو چیزوں کے درمیان کی حد۔ ریت کی اونچی جگہ۔ ج عُرَف.
عَرَفَةُ: مکہ کے قریب ایک پہاڑ کا نام۔ نویں ذی الحجہ۔
عَرَفَاتُ: مکہ سے بارہ میل کے فاصلہ پر ایک پہاڑی جو حاجیوں کے لئے نویں تاریخ کو ذی الحجہ میں وقوف کرنے کی جگہ ہے اور نسبت کے لئے عَرَفِيٌّ.
الْعِرَافَةُ: نجومی کا پیشہ۔
الْعَرَّافُ: نجومی۔ طبیب۔
الْعِرْفَانُ: مص۔ معروف۔
الْعِرِفَّانُ والْعُرُفَّانُ: اقرار کرنے والا۔ بتانے والا۔
الِاعْتِرَافُ: مص۔ پادری کے سامنے گناہ کا اقرار کرنا۔
الْعَارِفُ: فا۔ صبر کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا اَمْرٌ عَارِفٌ" یعنی معروف ہے۔
الْعَارِفَةُ: مؤنث عارف۔ معروف۔ عطیہ۔ ج عَوَارِف.
الْعَرُوْفُ: بمعنی عارف۔ صبر کرنے والا۔ ج عُرُف.
الْعَرُوْفَةُ: جاننے والا۔ عالم۔
الْعَرِيْفُ: جاننے والا۔ عالم۔ اپنے ساتھیوں کا تعارف کرانے والا۔ قوم کے معاملات کی دیکھ بھال کرنے والا۔ نقیب اور یہ رئیس سے کم مرتبہ کا ہوتا ہے اور اسی سے ہے "عَرِيْفُ الْمَكَاتِبِ" اسکول کا مانیٹر۔ ج عُرَفَاء. اَمْرٌ عَرِيْفٌ: امر معروف۔
الاَعْرَفُ: اسم تفضیل۔ کلغی والا۔ ایال والا۔
حَزْنٌ اَعْرَفُ: بلند جگہ۔
الْعَرْفَاءُ: مؤنث الاعرف: بجو۔ قُلَّة.
عَرْفَاء: بلند چوٹی ج عُرْف.
الاَعْرَافُ: دوزخ اور بہشت کے درمیان ایک مقام۔ ایک قسم کی کھجور کا درخت۔
اَعْرَافُ الرِّيَاحِ والسَّحَابِ: ابتدائی ہوائیں۔ بلند بادل۔ اَعْرَافُ الْحِجَابِ والرَّمْلِ: حجاب اور ریت کی بلندیاں۔
﴿الاَعْرَاف﴾: قرآن پاک کی ایک سورت کا نام۔
الْمَعْرِفَةُ: حقیقت کو پالینا۔
الْمَعْرَفُ والْمَعْرِفُ: چہرہ۔ چہرے کے محاسن ج مَعَارِفُ: کہا جاتا ہے "هُمْ غُرُّ الْمَعَارِفِ شُمُّ الْمَرَاعِفِ" وہ روشن چہرہ اور اونچی ناک والے ہیں۔ الْمَعَارِفُ: علوم۔ مَعَارِفُ الرَّجُلِ: شناسا لوگ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنَ الْمَعَارِفِ" وہ مشہور لوگوں میں سے ہیں۔
الْمَعْرَفَةُ: ایال کے اُگنے کی جگہ۔ ج مَعَارِف.
الْمَعْرُوْفُ: مفع۔ مشہور۔ خیر۔ رزق۔ احسان۔ اَرْضٌ مَعْرُوْفَةٌ: اچھی بو والی زمین۔
الْعُرْفُجُ: ایک قسم کا درخت جو نرم زمین میں ہوتا ہے ج عَرَافِج. الْعَرَافِجُ: ریت جس میں راستہ نہ ہو۔

عَرق (ن) عَرقًا ومَعرقًا. العَظمَ: ہڈی پر سے سارا گوشت کھالینا۔ کہا جاتا ہے "عَرَقَتْهُ الخُطُوبُ" حوادث نے اس کو پوری طرح سے گھیر لیا...... الطَّرِيقَ: قطع مسافت کرنا (...... عَرقًا وعُرُوقًا) فِي الأرضِ: سفر کرنا۔

عَرِق عَرَقًا: دبلا ہونا۔ کم گوشت ہونا۔

عَرِق (س) عَرَقًا: پسینہ آنا۔ صفت عَرقَان...... الحَائِطُ: دیوار کا تر ہونا...... الرَّجُلُ: کاہل ہونا۔

عَرَّق: پسینہ لانا۔ عَرَّق واَعرَق الشجرُ: لمبی جڑ والا ہونا۔ عَرَّق واَعرَق الخمرَ: شراب میں تھوڑا پانی ملانا۔ عَرَّق واَعرَق الإنَاءَ: برتن میں تھوڑا پانی ڈالنا۔ اَعرَق الرَّجُلُ: عراق میں جانا۔ خاندانی شریف ہونا۔

اِعتَرق. الشَّجرُ: لمبی جڑ والا ہونا...... العَظمَ: ہڈی پر جو کچھ گوشت ہو کھالینا...... القومُ: عراق میں جانا۔ کہا جاتا ہے "تَعَرَّقَتْهُ الخُطُوبُ" حوادث نے اس کو پوری طرح گھیر لیا۔

اِستَعرَق: پسینہ لانے کے لئے گرمی کے درپے ہونا...... الشَّجرُ: لمبی جڑ والا ہونا۔

العَرق: ہڈی جس پر سے گوشت اتار لیا گیا ہو۔ ج عِرَاق وعُرَاق.

العِرق: ہر چیز کا اصل...... مِنَ البَدَنِ: رگ بدن۔ دشوار گزار پہاڑ۔ چھوٹا پہاڑ۔ تھوڑا پانی۔ شور زمین۔ دودھ۔ بہت اولاد۔ ریت کی باریک اور لمبی دھاری۔ ج عُرُوق واَعرَاق وعِرَاق. داءُ عِرق النَّسَاء: وجع مفاصل کی ایک قسم جو ران سے شروع ہوتی ہے اور گھٹنے یا قدم تک پہنچتی ہے۔

العَرَق: مَسّ۔ پسینہ۔ دیوار کی تری۔ دودھ اس لئے کہ رگوں سے کھنچ کر تھن میں پہنچتا ہے۔ دیوار میں کچی اینٹوں یا پتھر کی قطار اور عام لوگ اسے "مِدمَاک" کہتے ہیں۔ پہاڑ کے راستے۔ ایک قطار میں اونٹوں کے چلنے کے نشان۔ دوڑ۔ کہا جاتا ہے جَرَى الفَرَسُ عَرَقًا او عَرَقَينِ: گھوڑا ایک یا دو مرتبہ دوڑا...... مِنَ التَّمرِ: کھجور کا رس۔ عَرَقُ الخِلَالِ: دوست کا عطیہ۔ عرق کا اطلاق شراب پر بھی ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "لَقِيتُ مِنهُ عَرَقَ القِربَةِ" و "تَجَشَّمتُ اِلَيكَ عَرَقَ القِربَةِ" مشقت اور شدت سے کنایہ ہے۔ مراد یہ ہے کہ میں نے ایسی مشقت اٹھائی جیسے کہ مشک کا اٹھانے والا کہ اس کو بوجھ کی وجہ سے پسینہ آجاتا ہے۔

العَرَقِيَّة: عمامہ اور ٹوپی کے نیچے کا کپڑا۔

العَرِق والعُرَقَة: بہت پسینہ والا۔

العَرقَة: اسم مرۃ۔ گوشت کا ٹکڑا۔ پہاڑ میں راستے۔

العِرقَة: اصل۔ درخت کی جڑ کا ریشہ۔ ج عِرَق وعِرقَات.

العُرقَاة والعِرقَاة: اصل۔ درخت کی جڑ کا ریشہ۔

العَرقَاة والعَرقُوَة: ڈول کے منہ کی لکڑی ج العَرَاقِي.

العَرَقَة: دیوار میں کچی اینٹوں یا پتھر کی قطار۔ گھوڑوں یا پرندوں کی قطار۔ شہتیر۔ دھنی۔ خیمہ کے اردگرد کا پھندنا ج عَرَق وعَرَقَات.

العَرِيق والمُعرِق: خاندانی شرافت یا کمینگی۔ غُلَامٌ عَرِيقٌ: دبلا لڑکا (...... والاَعرَق) صاحب اصل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَعرَقُ مِنكَ فِي كَذَا" وہ فلاں چیز میں تم سے زیادہ صاحب اصل ہے۔

العِرَاق: طول میں سمندر کا کنارہ۔ پر کا جوف...... مِنَ الدار: گھر کا صحن...... مِنَ الظُّفُرِ: ناخن کے اردگرد گوشت...... مِنَ الاذن: کان کا گھیرا۔ مِنَ النَّهرِ: ندی کا کنارہ ج اَعرِقَة وعُرُق وعُرُوق والعِرَاق: ملک عراق جو عبادان سے موصل تک طولاً اور قادسیہ سے حلوان تک عرضاً ہے۔

العِرَاقَان: کوفہ و بصرہ۔

المَعرَق: ہڈی جس کا گوشت کھالیا گیا ہو۔ کثیر بارش۔ عَرَاقِي الغَيثِ: بارش کے بعد روئیدگی۔

العَرَاقَة: کثیر بارش۔

العَوَارِق: داڑھیں۔

المِعرَق: چھری وغیرہ جس سے ہڈی پر سے گوشت اتارا جاتا ہے۔

رَجُلٌ مَعرُوق ومَعرُوقُ العِظَامِ: دُبلا۔

عَرقَبَ. الرَّجُلُ: حیلہ کرنا...... الدَّابَّةَ: کونچیں کاٹنا۔ کھڑا کرنے کے لئے کونچیں اٹھانا۔

تَعَرقَبَ: حیلہ کرنا۔ عرقوب کے مانند ہونا۔ (دیکھو لفظ عُرقُوب) ...... عَنِ الامرِ: باز رہنا۔ پہاڑ پر تنگ راستوں میں چلنا...... لِخَصمِهِ: دشمن کے لئے مخفی طریقہ اختیار کرنا۔

العُرقُوب: کونچ۔ ایڑی کے اوپر کا پٹھا۔ وادی کا موڑ۔ پہاڑی راستہ۔ حیلہ۔ ج عَرَاقِيب وعَرَاقِيبُ الاُمُورِ: مشکل کام۔ عُرقُوب نام ایک شخص کا جو جھوٹ اور وعدہ خلافی میں ضرب المثل تھا۔

عَرقَصَ الغُلَامُ: لڑکے کا ناچنا۔ عَرقَصَتِ الحَيَّةُ: سانپ کا رینگنا۔

عَرقَلَ: توسط سے ہٹ جانا...... الاَمرَ: دشوار کر دینا...... عَلَيهِ الكَلَامَ: ٹیڑھا کرنا۔

تَعَرقَلَ الاَمرُ: پیچیدہ ہونا...... الكَلَامُ: ٹیڑھا ہونا۔

العِرقَال: گمراہ۔ کج رو۔

العُرقُيل: انڈے کی زردی۔

العَرَاقِيل: مصیبتیں۔ عَرَاقِيلُ الاُمُورِ: دشوار امور۔

العَرقَلَى: ناز و تبختر کی چال۔

عَرَكَ (ن) عَركًا. الاَدِيمَ: چمڑے کو ملنا...... الدَّهرُ: زمانے کا کسی کو تجربہ کار بنا دینا...... الشَّيءَ: رگڑتے رگڑتے مٹا دینا...... المَاشِيَةُ النَّبَاتَ: جانوروں کا ساری نباتات کو کھا جانا...... المَاشِيَةُ الاَرضَ: چارے سے خالی کر

دیا)...... عَرْكًا وعِرَاكًا وعُرُوْكًا (الْمَرْأةُ: عورت کا حائضہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَرَكَ الاَذَى بِجَنْبِهِ" یعنی اس نے مشقت اٹھائی۔

عَرِكَ (س) عَرَكًا: سخت حملہ آور ہونا۔ صفت عَرِك.

عَارَكَهُ مُعَارَكَةً وعِرَاكًا: مقاتلہ کرنا۔ مزاحمت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَوْرَدَ اِبِلَهُ عِرَاكًا" یعنی وہ سارے اونٹوں کو پانی پر لایا۔

تَعَرَّكَ الشَّيْءُ: ملا جانا۔

تَعَارَكَ الرَّجُلاَنِ: ایک دوسرے سے مقاتلہ کرنا۔

اِعْتَرَكُوْا: آپس میں جنگ کرنا۔ "اِعْتَرَكَ النَّاسُ فِيْ الْمَعْرَكَةِ او الْخُصُوْمَةِ" لوگوں کا میدانِ جنگ میں قتل وقتال کے لئے پل پڑنا...... الاِبِلُ فِي الْوِرْدِ: اُونٹوں کا گھاٹ پر اُترنے میں بھیڑ کرنا...... الرِّجَالُ فِي الْحَرْبِ: انبوہ کرنا اور ایک دوسرے کو رگڑنا۔

العَرْك والعَرَك: آواز۔

العَرَكِيُّ: مچھلی کا شکاری۔ ج عَرَك ج عُرُوْك.

العَرْكَة: بار بار۔ کہا جاتا ہے لَقِيْتُهُ عَرْكَةً وعَرَكَاتٍ.

العُرْكَة: مشقت برداشت کرنے والا۔

العَرِيْكَة: کوہان۔ نفس۔ طبیعت۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ لَيِّنُ الْعَرِيْكَةِ" یعنی نرم خو ہے۔ "هُوَ شَدِيْدُ الْعَرِيْكَةِ" یعنی وہ سخت مزاج ہے۔ ج عَرَائِك.

المَعْرَك والمَعْرَكَة والمَعْرُكَة: میدانِ جنگ ج مَعَارِك.

المُعْتَرَك: میدانِ جنگ۔ مُعْتَرَكُ المَنَايَا: انسان کی عمر سے ساٹھ اور ستر سال کے درمیان۔

المُعَارِك: فا۔ جنگجو۔ سخت حملہ آور۔

المَعْرُوْك: مفع۔ مَاءٌ مَعْرُوْكٌ: جس پر پانی پر بھیڑ زیادہ ہو۔ ارض مَعْرُوْكَة: جس زمین کو جانوروں نے چر کر صاف کر دیا ہو۔ "رَمْلٌ مَعْرُوْكٌ وعَرِيْكٌ" جمع شدہ ریت ایک دوسرے میں داخل۔

عَرْكَسَ. الشَّيْءُ: تہ بتہ ہونا...... الشَّيْءَ: تہ بتہ کرنا۔

اِعْرَنْكَسَ: جمع ہونا اور تہ بتہ ہونا...... الشَّعْرُ: بالوں کا سخت کالا ہونا۔

عَرَمَ (ن ض) عَرْمًا. العَظْمَ: ہڈی سے گوشت اُتار لینا...... الصَّبِيُّ اُمَّهُ: بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا...... الاِبِلُ الشَّجَرَ: اونٹ کا درخت سے پتے کھانا...... فُلاَنًا: تکلیف پہنچانا۔

عَرَمَ (ن ض) عُرَامًا وعَرِمَ (س) وعَرُمَ (ک) عَرَامَةً: شدید و سخت ہونا۔ شوخ ہونا۔ بہت خوش ہونا۔ بدخلق ہونا۔ خراب ہونا۔ صفت عَارِمٌ وعَرِمٌ.

عَرَّمَ الشَّيْءَ: خلط ملط کرنا۔

اَعْرَمَ: ناکردہ گناہ پر تہمت لگانا۔

تَعَرَّمَ. العَظْمَ: ہڈی سے گوشت اتار لینا۔ ...... عَلَيْنَا: بہت زیادہ خوش ہونا اور اکڑنا۔

اِعْتَرَمَ. الفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑ دور قدم رکھنا۔ منہ زور ہونا...... الصَّبِيُّ ثَدْيَ اُمِّهِ: بچہ کا ماں کے پستان کو چوسنا۔

العَارِم: فا۔ بدخلق۔ موذی ج عُرَّمَة: مؤنث عَارِمَةٌ ج عَوَارِم وعَارِمَات. يَوْمٌ عَارِمٌ: نہایت ٹھنڈا دن۔

العَرَم: چکناہٹ۔ ہانڈی کا بقیہ۔

العَرَم والعُرْمَة: سیاہی سپیدی ملی ہوئی۔ چھوٹے چھوٹے سیاہ سفید نقطے۔ بکری کے ہونٹ کی سفیدی۔ بکری کو (عَرْمَاء) اور بکرے کو اَعْرَم کہتے ہیں (...... والعَرَمَة) گیہوں کا ڈھیر جو دائیں کرنے کے بعد بھوسہ نکالنے کے لئے جمع کیا جائے۔

العَرَمَة: کھانے کی بُو۔ العَرِم: ہانڈی کا میل۔

العَرِمَة: پشتہ جو وادی کے عرض میں ہو۔ ج عَرِم اور یا عَرِم کا لفظ جمع ہے۔ بغیر واحد کے

العَرِم: نرچوہا۔ شدید بارش۔ وادی۔ وادی کے پشتے۔

المُعْرِم: قطا یعنی سنگ خوار پرندے کا انڈا۔

العُرَام. مِنَ الجَيْشِ: فوج کی تیزی و کثرت ...... مِنَ الرَّجُلِ: بدخلقی۔ کہا جاتا ہے "بِهِ شِرَّةٌ وعُرَامٌ" اس میں تیزی و بدخلقی ہے۔ ہانڈی کا میل۔

العَرِيْم: مصیبت۔ ج عُرْمَان.

الاَعْرَم: رنگ برنگ۔ غیر مستقل۔ بھیڑ یا بکری کا ریوڑ۔ غیر مختون۔ ج عُرْمَان ج عَرَامِين.

العَرْمَاء: مؤنث۔ اَعْرَم: چتی دار سانپ۔

العَرَمْرَم: سخت۔ بے شمار لشکر۔

العَرْمِس: چٹان۔ مضبوط اونٹنی۔

العَرَمْض والعِرْمَاض: کائی۔

عرن (ن ض) عَرْنًا السَّهْمَ: تیروں کو ترتیب سے رکھنا...... عَلَى الشَّيْءِ: کسی چیز کا عادی ہونا...... البَعِيْرَ: اونٹ کی ناک میں لکڑی ڈالنا۔

عَرِنَتْ (س) عَرَنًا. الدَّابَّة. عُرْنَة: کی بیماری لاحق ہونا (دیکھو لفظ عُرْنَة) صفت مذکر عَرِن اور صفت مؤنث عَرُوْن وعَرِنَة (...... عِرَانًا) الدَّارُ: گھر کا دور ہونا۔

عَرَّنَ الرُّمْحَ: نیزے میں میخ لگانا۔

اَعْرَنَ. الرَّجُلُ: ہمیشہ گوشت کھانا۔

العَرَن: مص۔ پکا ہوا گوشت۔ دھواں۔

العَرَن والعِرَان والعُرْنَة: ایک بیماری ہے جس سے جانور کے پچھلے پیر کے بال گر جاتے ہیں یا جانور کے پاؤں کا پھٹنا۔

العِرَان: لکڑی جو اونٹ کی ناک میں ڈالی جاتی ہے۔ دوری۔ بجو کا بھٹ۔ نیزے کی میخ۔ ہمسر۔ جنگ۔

العَرِيْن: گھر کا صحن۔ جھاڑی۔ گوشت۔ آواز۔ شیر وغیرہ کا پھاڑا ہوا۔ عزت ج عُرُن (...... والعَرِيْنَة) شیر، بجو، بھیڑیے کی جھاڑی۔ سانپ کی بِل۔

العِرْنِيْن: ناک۔ ناک کا سخت حصہ۔ سردار

...... مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا پہلا حصہ۔ ج غَرَانِین.

الغِرْنَاس: پہاڑ کا نکلا ہوا حصہ۔ کبوتر کی مانند ایک پرندہ۔ لکڑی یا لوہا جس میں کاتنے والی روئی کے گالے کو لپیٹ کر کاتتی ہے۔ جوار کا بھٹا۔ عوام (غـــرْنُـــوْس) کہتے ہیں ج غَرَانِیس.

غَرَا یَغْرُو غَرْوًا. فُلانًا اَمْرٌ: پیش آنا۔ فُلانًا: عطیہ مانگنے کے لئے قصد کرنا۔ صفت فاعل عارا اور صفت مفعول مَغْرُوٌّ...... القَمِیصَ: کرتے میں کاج بنانا (...... وغَرِیَ) بخار کی سردی لاحق ہونا۔ صفت غَارٍ ج غُرَاۃ اور مَغْرُوٌّ. وغَرِیَ الرَّجُلَ: خوف کی کپکپی لاحق ہونا۔

اَغْرَیٰ وغَـرَّیٰ القَمِیصَ: کرتے میں کاج بنانا۔ اَغْرَیٰ صَاحِبَهٗ: چھوڑ دینا۔

اِغْتَـرَیٰ اِغْتِرَاءً. فُلانًا: عطیہ مانگنے کے لئے جانا۔ اِغْتَرَاهُ اَمْرٌ: لاحق ہونا۔

العِرْوُ: گوشہ۔ وہ جو امور کا اہتمام نہ کرے۔ لوگوں کی جماعت ج اَعْـرَاءٌ: کہا جاتا ہے "اَنَـا عِرْوٌ مِنْ كَذَا" میں فلاں چیز سے خالی ہوں "وبِهَـا اَعْـرَاءٌ مِنَ النَّـاسِ" اس کے ساتھ جماعتیں ہیں۔

العُرَوَاءُ: بخار کی سردی۔

العُرْوَۃُ مِنَ الْاِبْرِیقِ ونَحْوِهٖ: چھاگل لوٹے کا دستہ۔

العُرْوَۃُ والعُرَیٰ والعِرَیٰ: کاج۔

العُـرْوَۃُ: گنجان درخت۔ درخت جس کے پتے جاڑے میں نہ گریں۔ نفیس مال۔ قابل اعتماد چیز۔ کہا جاتا ہے "اَنَـا عُـرْوَۃٌ مِنْهُ" میں اس سے خالی ہوں۔ "اَلْقَیٰ اِلَیْـهِ العُرَیٰ" یعنی اس نے فلاں کو معاملہ سپرد کردیا۔

عَـرِیَ یَعْـرَیٰ عُـرْیَۃً وعُـرْیًا مِنْ ثِیَابِهٖ: ننگا ہونا۔ صفت مذکر عَـارٍ وعُرْیَـان ج عُـرَاۃ: صفت مؤنث عَـارِیَۃٌ وعُـرْیَـانَۃٌ ج عَـوَارٍ وعَارِیَات. عَرِیَ مِنَ العَیْبِ ونَحْوِهٖ: عیب وغیرہ سے پاک صاف ہونا۔ صفت عَـــارٍ

(...... عُرِیَ) اللَّیْلَۃُ: رات ٹھنڈی ہونا۔

عَرَاهُ یَعْرِیهِ عَرْیًا. الاَمْرُ: پیش آنا۔

عَرَّیٰ تَعْرِیَۃً الرَّجُلَ الثَّوْبَ ومِنَ الثَّوْبِ: ننگا کرنا...... مِـنَ الاَمْرِ: علیحدہ کرنا۔ چھڑا لینا...... الـرَّجُلَ: بے کار کر دینا۔ چھوڑ دینا...... الشَّیْءَ: دستہ لگانا۔ کہا جاتا ہے "عَـرَّاهُ بِعُرَیٰ وَثِیقَۃٍ" مضبوط دستہ لگانا۔

اَعْرَیٰ اِعْرَاءً الرَّجُلَ الثَّوْبَ ومِنَ الثَّوْبِ: ننگا کرنا۔ کپڑے اتار لینا...... فُلانًا النَّخْلَۃَ: کسی کو ایک سال کے لئے پھل ہبہ کرنا...... فُلانًـا صَـدِیقَهٗ: دور ہونا اور مدد نہ کرنا...... الـرَّجُلُ: رات کی ٹھنڈک لگنا۔ کھلے میدان میں چلنا یا اقامت کرنا۔

تَعَرَّیٰ تَعَرِّیًا مِنْ ثِیَابِهٖ: کپڑے اُتار لینا۔ ننگا ہونا۔

اِعْرَوْرَیٰ اِعْرِیرَاءً: تنہا سفر کرنا...... الفَرَسَ: ننگی پیٹھ پر سوار ہونا...... اَمْرًا قَبِیحًا: قبیح کام کرنا۔

العَرَیٰ: گوشہ۔ میدان۔ سردی۔

العَرَاءُ: کھلا میدان۔ ج اَعْرَاءٌ.

الـعَرَاۃُ: میدان۔ مکان کا صحن۔ سردی کی شدت۔

فَرَسٌ عُـرْیٌ: ننگی پیٹھ کا گھوڑا۔ بلا زین کے گھوڑا۔ ج اَعْرَاءٌ.

الاَعْرَاءُ: آزاد و لاپرواہ لوگ۔ واحد عُرْیٌ.

العُرْیَۃُ والعِرْیَۃُ: ننگاپن۔

العَارِیَۃُ: اُدھار لی ہوئی چیز۔

العُرْیَان: ننگا۔ عُرْیَانُ النَّجِیِّ: جو اپنے بھید کو نہ چھپائے۔

عُـرْیَـانَـاتُ البُـزُوْرِ: (ن) بیج سے خالی پودے جیسے صنوبر کے درخت۔

العَرِیُّ: ٹھنڈی ہوا۔

الـعَـرِیَّۃُ: ٹھنڈی ہوا۔ کھجور کا درخت جس کا پھل کھا لیا گیا ہو۔ کھجور کا درخت جس کے مالک نے دوسرے کو پھل کھانے کے لئے دے دیا ہو۔ ج عَـرَایَا کہا جاتا ہے "نَـخْلُهُمْ عَـرَایَا" یعنی ان کے درخت خرما ہبہ شدہ ہیں کرم کی وجہ سے دوسروں کو پھل کھانے کے لئے دے دیتے ہیں۔

المَعْرَیٰ والمَعْرَاۃُ: ننگاپن۔ بدن کا وہ حصہ جو کپڑے سے نہ چھپایا جائے جیسے ہاتھ، چہرہ وغیرہ ج مَـعَـارٍ. المَعَارِی: بجز مقامات۔ بچھونے۔

عَزَّ (ض) عِزًّا وعِزَّۃً وعَزَازَۃً: عزیز ہونا۔ قوی ہونا۔ ضعیف ہونا...... الشَّـــیْءُ: قلیل ہونا۔ کمیاب ہونا۔ دشوار ہونا...... الـمَـاءُ: بہنا۔ عَزَّ عَلَیْهِ عِزًّا: کریم ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَزَّ عَلَیَّ اَنْ تَفْعَلَ كَذَا" میرے اوپر سخت اور دشوار ہے کہ تم ایسا کرو۔

عَزَّهٗ (ن) عَزًّا: قوی کرنا۔ عزت کی کوشش میں غالب کرنا۔

عَزَّزَهٗ: مدد کرنا۔ تعظیم کرنا۔ معزز بنانا۔

عَـازَّهٗ مُعَازَّۃً: حصول عزت میں مقابلہ کرنا۔ گفتگو میں غالب ہونا۔

اَعَزَّهٗ اِعْزَازًا: عزیز بنانا۔ محبت کرنا۔ اَعَزَّتِ البَـقَرَۃُ: گائے کا وضع حمل دشوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "اُعْـزِزْتُ بِـمَـا اَصَـابَکَ" جو کچھ تم پر گزرا ہے اس سے مجھے تکلیف ہوئی۔

اِعْتَزَّ: قوی ہونا...... بِهٖ: اپنے آپ کو طاقتور و قوی سمجھنا۔ فخر کرنا...... عَـلَـیٰ فُلانٍ: بزرگی جتانا۔ غالب آنا۔

تَعَزَّزَ: قوی ہونا...... بِهٖ: فخر کرنا...... لَـحْمُهٗ: سخت اور ٹھوس ہونا۔

اِسْتَعَزَّ. عَلَیْهِ: سختی کرنا۔ غالب ہونا...... اللّٰـهُ بِفُلانٍ: وفات دینا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتُعِـزَّ بِحَقِّیْ" یعنی میرے اوپر غالب آ گیا" "واُسْتُعِزَّ بِعَلِیلٍ" یعنی بیماری بڑھ گئی اور اس کی عقل پر غالب آ گئی۔

العِزُّ: عزت۔ سخت بارش۔

رَجُلٌ عَـزٌّ: قوی۔ کہا جاتا ہے "جِئْ بِهٖ عَزًّا بَزًّا" اس کو جس طرح سے ہو لے آؤ۔

العَزَّۃُ: ہرن کا مادہ بچہ۔

العِـزَّۃُ: حصول عزت کے مقابلہ میں غالب ہونا۔ جیت۔

العَزِیز: شریف۔ قوی۔ نادر۔ معزز۔ بادشاہ بلند کہ اس کا حصول دشوار ہو اور وہ مغلوب نہ ہو اور کوئی اسے عاجز نہ کر سکے اور اس کے مانند کوئی نہ ہو اور یہ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے ج عِزاز واَعِزّاء واَعِزّۃ: حاکم مصر کا لقب۔
الاَعَزّ: اسم تفضیل۔ عزیز۔
العُزّیٰ: عزیزہ۔ شریفہ۔ (اَعَزّ) کا مؤنث۔ قریش کے ایک بُت کا نام۔
العَزّاء: شدت۔ سخت سال۔ بڑی بوند کی بارش۔
المِعْزاز: سخت مرض والا۔
المَعْزُوزَۃ: بختی۔ زمین جس پر سخت بارش ہوئی ہو۔
عَزَبَ (ن) عُزْبَۃً وعُزُوبَۃً: بے زوج کے ہونا۔ مجرد رہنا۔
عَزَبَ (ن ض) عُزُوبًا: دور ہونا۔ غائب ہونا۔ پوشیدہ ہونا۔ صفت عازِب عَزَبَت الاَرْضُ: زمین کا ویران ہونا۔
عَزَّبَ: دیر تک غائب رہنا۔ شروع کئے ہوئے کو چھوڑ دینا۔
اَعْزَبَ: دور ہونا ...... ہ: دور کرنا۔ بے زوج کر دینا۔
تَعَزَّبَ: مجرد رہنے کے بعد گھر بسانا۔
العازِب: فا۔ دور کی چراگاہ۔
العازِبَۃ: مؤنث عازِب: مرد کی بیوی ج عَوازِب۔
العَزَب: وہ مرد یا عورت جس کے زوج نہ ہو۔ اور کہا گیا ہے کہ "عَزَب" مرد کے لئے اور عَزَبَۃ: مؤنث کے لئے۔ ج عُزّاب واَعْزاب۔
الاَعْزَب: جس کے اہل و عیال نہ ہوں۔ وہ شخص جو اپنے اہل و مال سے دور ہو گیا ہو۔ مؤنث عَزْباء ج عُزْب۔
المِعْزَبَۃ: باندی۔ لونڈی (...... والمُعْزِبَۃ) بیوی۔
المِعْزاب والمِعْزابَۃ: وہ شخص جو اپنے جانوروں کو دور چرانے کے لئے لے جائے "المِعْزابَۃ: جس کے اہل نہ ہوں۔ جس کا کنوارہ پن دیر تک رہے۔
عَزَجَ (ن) عَزْجًا الرَّجُلُ: دفع کرنا ...... الاَرْضَ بالمِسْحاۃِ: بیلچہ سے زمین کو الٹ پلٹ کرنا۔ جماع کرنا۔
عَزَدَ (ف) عَزْدًا: جماع کرنا۔
عَزَرَہٗ (ض) عَزْرًا: ملامت کرنا۔ اعانت کرنا۔ جماع کرنا ...... ہ عَنْ کَذا: منع کرنا۔ واپس کر دینا ...... عَلَی الاَمْرِ: خبر دینا ...... ہ عَلَی الفَرائِضِ والاَحْکامِ: فرائض اور احکام سے واقف کرا دینا۔
عَزَّرَہٗ: ملامت کرنا۔ ادب دینا۔ سخت مارنا۔ تعظیم کرنا۔ اعانت و مدد کرنا۔
العَزْوَر والعَزَوَّر: بدخلق۔
العَزْوَرَۃ: مؤنث۔ عَزْوَر: ٹیلہ۔
العَزائِر: لکڑیاں۔ درختوں کا بقایا (بغیر واحد کے جمع ہے)۔
العَزِیر والعَزائِر: کٹی ہوئی گھاس کی قیمت۔
عِزْرائِیل: فرشتہ ملک الموت کا نام۔
عَزْعَزَۃ: عزت میں غالب آنا۔
عَزَطَ (ن) عَزْطًا: جماع کرنا۔
عَزَفَ (ن ض) عَزْفًا وعُزُوفًا۔ نَفْسُہٗ وعَنِ الشَّیْءِ: بے رغبتی کرنا اور ملول ہونا (...... عَزْفًا) نَفْسُہٗ عَنْ کَذا: منع کرنا (...... عَزْفًا وعَزِیفًا) آواز دینا۔ گانا۔
عَزَّفَ: آواز دینا۔
اَعْزَفَ: ہوا کی سرسراہٹ سننا۔
تَعازَفُوا: ایک دوسرے کے سامنے رجز پڑھنا۔ آپس میں فخر کرنا۔ ایک دوسرے کی ہجو کرنا۔
اِعْزَوْزَفَ۔ لِلشَّرِّ: برائی کے لئے آمادہ ہونا۔
العازِف: آلات لہو سے کھیلنے والا۔ گویا۔
العَزْف: دف کی آواز۔ ہوا کی سرسراہٹ۔
العُزْف: جنگلی کبوتر۔
العَزُوف والعَزُوفَۃ: جو کسی کی دوستی پر قائم نہ رہے۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ عَزُوفٌ عَنِ اللَّھْوِ" وہ کھیل کود سے کنارہ کش ہے۔ ج عُزُف وعَزُوفَۃ: میں تا مبالغہ کی ہے تانیث کی نہیں۔
التَّعْزاف: بمعنی عَزْف: مصدر۔
العَزّاف: بہت باجا بجانے والا۔ بہت گانے والا۔ سَحابٌ عَزّافٌ: بہت گرجنے والا بادل۔
المِعْزَف والمِعْزَفَۃ: گانے بجانے کے آلات ج مَعازِف۔
اِعْزَوْزَفَ لِلشَّرِّ: شرارت کے لئے تیار ہونا۔
عَزَقَ (ن) عَزْقًا: تیز دوڑنا ...... الخَبَرَ عَنِّی: روک لینا ...... ہ ضَرْبًا: مارنے میں مبالغہ کرنا۔
عَزَقَ (ض) عَزْقًا الاَرْضَ: زمین کو کھودنا۔ کھود کر پانی نکالنا۔
عَزِقَ (س) عَزَقًا بِہٖ: چپکنا۔
العَزِق: بدخلق۔ ج عُزُق۔
العَزُوق والعَزَوَّق: بے مغز کا پستہ۔ رَجُلٌ عَزُوقٌ: سخت مزاج بخیل و بدخو مرد۔
العَزِیق۔ مِنَ الاَرْضِ: پست زمین۔
المِعْزَق والمِعْزَقَۃ: ہوا میں گیہوں صاف کرنے کا آلہ۔ کھودنے کے آلات جیسے پھاوڑا۔ کدال۔ بیلچہ۔ ج مَعازِق۔
المُتَعَزِّق: بدخلق۔
عَزَلَہٗ (ض) عَزْلًا۔ عَنْ کَذا: جدا کر دینا ...... فُلانًا عَنْ مَنْصِبِہٖ: علیحدہ کر دینا۔ معزول کر دینا ...... ہ عَنْ عَمَلِہٖ: باز رکھنا۔
عَزَّلَہٗ: ایک جانب کر دینا۔
تَعَزَّلَ واعْتَزَلَ۔ الشَّیْءَ وعَنْہُ: جدا ہو جانا۔
تَعازَلَ القَوْمُ: بعض کا بعض سے جدا ہونا۔
العَزَل: بے ہتھیار و سامان ہونا۔ عَزَلُ الحِمارِ: گدھے کا پچھلا حصہ۔ العَزَلَۃ: سرین کی ہڈی کا سرا جو بیٹھنے میں زمین سے لگے۔
العُزْل والعِزال: کمزوری۔

العُزلَة: جدائی۔ گوشہ نشینی۔
اَلْعَازِلُ: وہ مادہ جو بجلی اور گرمی کے داخل ہونے کو روکے۔
خشک لکڑی دونوں کو روکتی ہے اور شیشہ بجلی کو روکتا ہے۔
العُزل: بے ہتھیار مرد ج اَعْزَال۔
الاَعْزَل: علیحدہ ریت کا ڈھیر بے بارش کا بادل۔ بے ہتھیار ج عُزْل واَعْزَال وعُزَّل وعُزلَان: مؤنث عَزْلاء۔ الاَعْزَل مِنَ الدَّوَابِّ: دُم کو جھکا ہوا رکھنے والا...... مِنَ الطَّیرِ: پرندہ جو اڑنے پر قادر نہ ہو۔
الاَعْزَل: نام دو ستاروں میں سے ایک کا کہ دوسرے کا نام "رَامِح" ہے۔
العَزْلاء۔ الاَعْزَل: کا مؤنث۔ دبر۔ مشک کا منہ ج العَزَالِی والعَزَالَی: کہا جاتا ہے "اَنْزَلَتِ السَّمَاءُ عَزَالِیَهَا" یعنی آسمان نے اپنے دہانے کھول دیئے۔ اشارہ ہے شدت بارش کی جانب کہا جاتا ہے "هُوَ عَنِ الحَقِّ بِمَعْزَلٍ" یعنی وہ حق سے بعید وجدا گانہ ہے۔
المُعْتَزِلَة والعُزَّال: قدریہ کی ایک جماعت جو اپنے خیال سے اہل سنت والجماعت اور خوارج دونوں کو گمراہ سمجھ کر جدا ہو گئے تھے۔
المِعْزَال: علیحدہ چرانے والا۔ سفر میں علیحدہ اُترنے والا۔ خود رائے۔ بے ہتھیار۔ کمزور احمق۔ ج مَعَازِیل۔
عَزلَبَ عَزلَبَةً: جماع کرنا۔
عَزَمَ (ض) عَزْمًا وعُزْمًا ومَعْزَمًا ومَعْزِمًا وعَزِیمًا وعَزْمَةً وعَزِیمَةً وعُزْمَانًا الامْرَ وعَلَیهِ: پختہ ارادہ کرنا...... الرَّجُلُ: کوشش کرنا...... الامْرُ: واجب ہونا...... فُلانٌ علی فُلانٍ: قسم دینا۔ کہا جاتا ہے "عَزَمْتُ عَلَیکَ لتفعلن الا فعلت او لما فعلت" یعنی قسم دیتا ہوں (...... وعَزَمَ) الرَّاقِی: منتر پڑھنا۔
اِعْتَزَمَ الامر وعَلَیهِ: ارادہ کرنا...... الطَّرِیقَ: بغیر ٹھہرے ہوئے گزر جانا...... الفَرَسُ فِی عِنَانِهِ: سرکشی کرنا۔

تَعَزَّمَ۔ الامْرَ وعَلَی الامْرِ: ارادہ کرنا۔
العَزْمُ: پختہ ارادہ۔
العُزْمَة: خاندان۔ قبیلہ۔ ج عُزَم۔
العَزْمَة: حق۔ واجب ج عَزَمَات۔ عَزَمَات اللّٰه وعَزَائِم اللّٰه: اللہ کے حقوق وفرائض۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ عَزْمَة" اس کے لئے ثابت دمی نہیں۔
العَزَمِیّ: کھلی بیچنے والا۔ وفادار۔ عہد کو پورا کرنے والا۔
اُمُّ العِزْمِ واُمُّ العِزْمَةِ واُمُّ عِزْمَةَ: دُبر۔
العَزِیمُ: تیز دوڑ۔
العَزِیمَة: موکد ارادہ۔ منتر ج عَزَائِم۔
العَازِم: فا۔ ج عَزَمَة وعَازِمُون۔ اَمْرٌ عَازِمٌ: کام جس کا پختہ ارادہ ہو۔
العَیْزُوم: ہمیشہ اپنے عزم پر رہنے والا۔ بڑھیا۔ دُبر۔ ج عُزُم۔
العَزَّام: صیغہ مبالغہ۔ شیر۔
المُعَزِّم: فا۔ منتر پڑھنے والا۔
عَزَا یَعْزُو عَزْوًا۔ الشَّیءَ او فُلانًا اِلَی فُلانٍ: نسبت کرنا...... عَزَاءً الرَّجُلُ: صبر کرنا۔
عَزَا یَعْزُو عَزْوًا وتَعَزَّی تَعَزِّیًا اِعْتَزَی اِعْتِزَاءً لِفُلانٍ واِلَی فُلانٍ: منسب ہونا۔ سچ یا جھوٹ دوسرے کی طرف اپنی نسبت کرنا۔ اسم (عَزَاء) ہے اور اسی سے ہے "اِعْتَزَی بِعَزَاءِ الجَاهِلِیَّة"۔
العِزَة: لوگوں کی جماعت ج عِزَی وعِزُون۔
العِزْوَة: انتساب۔ صبر۔
عَزَی یَعْزِی عَزْیًا الشَّیءَ او فُلانًا اِلَی فُلانٍ: نسبت کرنا۔
عَزِیَ یَعْزَی عَزَاءً: مصیبت پر صبر کرنا صفت مذکر عَزٍ: صفت مؤنث عَزِیَة۔
عَزَّی تَعْزِیَةً۔ الرَّجُلَ: تسلی دینا۔
تَعَزَّی تَعَزِّیًا۔ اِلَیهِ: منسوب ہونا...... عَنهُ: صبر کرنا۔ تسلی حاصل کرنا۔
تَعَازَی تَعَازِیًا۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کو تسلی دینا۔

العَزِیّ: صابر۔
العِزْیَة: انتساب۔
الاِعْتِزَاء: دعویٰ کرنا۔ جنگ میں کوئی خاص علامت۔
عَسَّ (ن) عَسًّا وعَسَسًا: رات میں پاسبانی میں پھرنا...... الخَبَرُ: دیر سے پہنچنا۔ عَسَّ۔ القَوْمَ: تھوڑا سا کھلانا۔
اِعْتَسَّ: رات میں مشتبہ لوگوں پر مطلع ہونا۔ الشَّیءَ: رات میں طلب کرنا یا قصد کرنا...... البَلَدَ: شہر میں داخل ہونا اور احوال سے مطلع ہونا۔
العَسَس: رات کے چوکیدار۔ یہ جمع ہے عَاسٌّ کی۔
العُسُّ: بڑا پیالہ۔ بڑا برتن۔ ج عِسَاس وعِسَسَة واَعْسَاس وعُسُس۔
العَاسُّ: رات کا چوکیدار ج عَسَس وعُسَّس۔
العَسَّاس: رات کا چوکیدار۔
العَسُوس: دودھ دوہنے کے وقت بدکنے والی اونٹنی۔ بے برکت مرد۔ شکار کو ڈھونڈنے والا۔
المَعَسّ: مطلب۔
اَعْسَبَ۔ الذِّئبُ: بھیڑیے کا بھاگنا۔
اَعْسَبَهُ جَمَلَهُ: اُونٹ عاریت پر دینا۔
اِسْتَعْسَبَ مِنهُ: ناپسند کرنا...... فُلانًا جَمَلَهُ: اُونٹ عاریت پر لینا۔
العَسْب: نسل۔ کہا جاتا ہے قَطَعَ اللّٰهُ عَسْبَهُ اللہ اس کی نسل کو منقطع کردے۔
العَسْبَة: اسم مرۃ۔ پہاڑ میں شگاف۔
العَسُوب: رئیس اعظم۔
العَسِیب: دُم کی ہڈی یا اس پر بال اُگنے کی جگہ۔ پشت پا۔ کھجور کی ٹہنی جس سے پتے [illegible] کر دیئے گئے ہوں۔ پہاڑ کا [illegible] عُسُب وعُسْب وعُسْبَان۔
الیَعْسُوب: شہد کی نر مکھی۔ شہد کی [illegible] بادشاہ۔ الیَعْسُوب: رئیس اعظم [illegible] جاتا ہے "هُوَ یَعْسُوبُ قَومِهِ" وہ [illegible]

رئیس اعظم ہے۔ ایک چھوٹا سا پرندہ۔
گھوڑے کے چہرے کی سفیدی ج
یعَاسِیب.
العُسْبُرُ چیتا۔ ج عَسَابِر.
العُسْبُرَةُ: مادہ چیتا۔ تیز رفتار اصیل اونٹنی۔
العِسْبَار: بجو کے مانند ایک درندہ۔ اکثر
افریقہ میں پایا جاتا ہے۔ بھیڑیئے کا بچہ۔
العُسْبُور والعُسْبُورَة: کتے کا بچہ مادہ بھیڑیا
سے۔
عَسَجَ (ن ض) عَسْجًا وعَسَجَانًا
وعَسِیْجًا: چلنے میں گردن اُٹھانا۔
اِعْسَجَّ الشیخُ: بڑھے کا خمیدہ کمر ہونا۔
العَوْسَج: ایک کانٹے دار درخت۔ واحد
عَوْسَجة.
العَسْجَد: سونا۔ جوہر مانند موتی یا قوت
وغیرہ۔ مضبوط موٹا اونٹ۔
العَسْجَدِیَّة: شاہی سواریاں اور یہ اصل میں
ان اونٹوں کو کہا کرتے تھے جو نعمان بن منذر
بادشاہ حیرہ کے لئے آراستہ کئے جاتے تھے۔
عَسْجَرَ الطَّعَامَ: کھانے میں نمک ڈالنا۔
الرَّجُلُ: بہت تیز نظر سے دیکھنا۔
العَسْجَر: نمک۔
عَسَدَ (ض) عَسْدًا. الحَبْلَ: رسی مضبوط
بٹنا...... جَارِیَتَهُ: جماع کرنا۔
العِسْوَدُ: بہت مضبوط۔ سانپ۔
عَسَرَ (ن ض) عِسْرًا وعُسْرًا. الغَرِیْمَ:
تنگ دستی میں قرض دار سے طلب کرنا ......
الزَّمَانُ: سخت ہونا...... عَلٰی فُلَانَ: مخالف
ہونا...... عَلَیْهِ مَافِی بَطْنِه: پیٹ میں جو کچھ
ہو اس کا نکلنا دشوار ہونا۔
عَسَرَهُ (ض) عَسْرًا: بائیں جانب سے
آنا۔ عَسَرَت وعَسَرَانًا النَّاقَةُ: اونٹنی کا
دوڑنے میں دُم اٹھانا...... المَرْاَةُ: عورت
کے جننے میں دشواری ہونا۔
عَسِرَ (س) عَسَرًا: بائیں ہاتھ سے کام
کرنا۔ صفت مذکر اَعْسَر: صفت مؤنث
عَسْرَاءُ ج عُسْر.

عَسِرَ (س) عُسْرًا وعُسُرًا وعَسَرًا
ومَعْسُوْرًا وعَسُرَ (ک) عُسْرًا وعَسَارَة:
دشوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَسُرَ عَلَیْهِ الاَمْرُ"
کام اس کے اوپر دشوار ہو گیا...... الرَّجُلُ:
بدخلق ہونا۔ صفت عَسِر وعَسِیْر.
عَسَّرَ الاَمْرَ: دشوار کرنا...... عَلَیْهِ: تنگ کرنا۔
مخالفت کرنا......ہ: بائیں جانب سے آنا۔
اَعْسَرَ: تنگ دست ہونا...... الغَرِیْمَ: قرض
دار سے تنگ دستی میں طلب کرنا۔ اَعْسَرَتِ
المَرْاَةُ: عورت کے جننے میں دشواری ہونا۔
عَاسَرَهُ مُعَاسَرَةً: تنگی کا معاملہ کرنا۔
تَعَسَّرَ وتَعَاسَرَ عَلَیْهِ الاَمْرُ: دشوار ہونا۔
پیچیدہ ہونا...... عَلَیْهِ القَوْلُ: ملتبس ہونا۔
تَعَاسَرَ البَیِّعَان: بائع مشتری کا متفق نہ ہونا۔
اِعْتَسَرَهُ: مجبور کرنا...... الکَلَامَ: قبل تیاری
کے فی البدیہہ کہنا۔
اِسْتَعْسَرَ. الاَمْرَ: دشواری پانا...... الاَمْرُ
عَلَیْهِ: سخت اور پیچیدہ ہونا۔
العُسْر والعُسُر: تنگ دستی۔ سختی۔ تنگی۔
العُسْرَة والعُسْرٰی والمَعْسَرة والمَعْسُرة
: تنگی اور سختی۔
الاَعْسَر: بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔ کہا
جاتا ہے "فُلَانٌ اَعْسَرُ یَسَرٌ" فلاں دونوں
ہاتھوں سے کام کرنے والا ہے۔ "یَوْمٌ
اَعْسَر" یعنی سخت اور منحوس دن۔
العُسْرٰی: مؤنث الاَعْسَر: تنگی۔ دشواری۔
المِعْسَر: اپنے قرض دار پر تنگی کرنے والا۔
المَعْسُوْر: تنگ حال۔
عَسْعَسَ. اللَّیْلُ: رات کا گزرنا۔ رات کا
تاریک ہونا...... السَّحَابُ: بادل کا زمین
سے قریب ہونا...... الاَمْرَ: مشتبہ کر دینا۔ معمہ
بنا دینا...... الشَّیْئَ: حرکت دینا (......
وتَعَسْعَسَ الذِّئْبُ) بھیڑیئے کا رات میں
پھرنا۔ تَعَسْعَسَ الشَّیْئَ: سونگھنا۔
العَسْعَس: رات میں شکار ڈھونڈنے والا
بھیڑیا۔
العَسْعَس: بہت [illegible]

بھیڑیا۔
سراب۔ ہر چیز میں سے ہلکا۔
عَسَفَ (ض) عَسْفًا السُّلْطَانُ: ظلم کرنا۔
جور کرنا......ہ: ظلم کرنا۔ خدمت لینا......
الدَّمْعُ الجُفُوْنَ: آنسو کا پلکوں سے بکثرت
بہنا...... الشَّیْئَ: زبردستی لے لینا۔ فِی الاَمْرِ:
بغیر سوچے سمجھے کرنا...... لِفُلَانَ: کسی کے لئے
کام کرنا۔ الطَّرِیْق وعَنِ الطَّرِیْقِ: راستے
سے ہٹ جانا۔
المَفَازَةَ: بغیر مقررہ راستے کے طے کرنا۔ کہا
جاتا ہے "بَاتَ یَعْسِفُ اللَّیْلَ وبِاللَّیْلِ"
مقصد کی تلاش میں رات میں بے راہ چلنا۔
اَعْسَفَ: رات میں بے راہ چلنا۔ غلام سے
سخت کام لینا۔
عَسَّفَ: بغیر علامت نشان کے چلنا ......
البَعِیْرَ: چلنے سے تھکا دینا۔
تَعَسَّفَ. فِی القَوْلِ: بے راہ روی کرنا۔
ایسے معنی میں حمل کرنا جس پر دلالت ظاہر نہ
ہو...... عَنِ الطَّرِیْقِ: ہٹ جانا...... الاَمْرَ:
بغیر سمجھے بوجھے اختیار کرنا...... فُلَانًا: ظلم
کرنا۔ خدمت لینا۔
اِعْتَسَفَ عَنِ الطَّرِیْقِ: راستے سے ہٹ
جانا۔ الطَّرِیْقَ: راستہ کو بغیر جانے پہچانے
چلنا۔ الاَمْرَ: بغیر سمجھے بوجھے اختیار کرنا فُلَانًا
: ظلم کرنا۔ خدمت لینا۔
اِنْعَسَفَ الشَّیْئُ: مڑنا۔
العَسْف: ظلم۔ موت۔
العَاسِف: فا۔ مِنَ الابل: عساف کی بیماری
والا اونٹ۔ کہا جاتا ہے "نَاقَةٌ عَاسِفٌ" ج
عَوَاسِف.
العُسَاف: اونٹوں میں ایک بیماری۔ جس
میں سانس زیادہ لیتا ہے۔
العَسُوْف والعَسَّاف والمِعْسَف: بہت
ظالم۔
العَسِیْف: مزدور ج عُسَفاء وعِسَفة.
العِسِّیْف: بے جانے پہچانے راستہ چلنے
والا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذُوْا فِی مَعَاسِیْفِ

البید و مغامیها" یعنی جنگل کے مجہول راستوں میں چلنا شروع کر دیا۔

عَسِقَ (س) عَسَقًا و تعَسَّقَ بِہٖ: چمٹنا۔ عَلَیْہِ: طلب کرنے میں اصرار کرنا۔

العَسَق: تنگ خوئی۔ اول رات کی تاریکی۔

العَسِیقَۃ: ردی شراب۔

عَسْقَل. السَّرَابُ: سراب کا چمکنا۔

عَسْقَلان: شام کے ساحل پر ایک شہر۔ الرّاس: سر کا اوپر کا حصہ۔

العُسْقُل: سانپ کی چھتری۔ ج عَسَاقِل۔

العَسَاقِل والعَسَاقِیل: سراب۔ متفرق بادل۔ صحاح میں ہے کہ ان کا واحد نہیں سنا گیا۔

عَسِکَ (س) عَسَکًا بِہٖ: لازم ہونا۔ چمٹنا۔

تَعَسَّکَ. الرَّجُلُ فِیْ مَشْیِہٖ: مٹک کر چلنا۔

عَسْکَرَ. الْقَوْمُ: جمع ہونا۔ اللَّیْلُ: تاریکی زیادہ ہونا۔ الشَّیْءُ: جمع کرنا۔ جمع کردہ کو مُعَسْکَر کہتے ہیں۔

العَسْکَر: جمع۔ لشکر ج عَسَاکِر: ہر چیز کا بہت۔ کہا جاتا ہے "اِنْجَلَتْ عَنْہُ عَسَاکِرُ الْهَمِّ" غم کی کثرت اس سے دُور ہو گئی۔

العَسْکَرَۃ: سختی و خشک سالی۔

عَسَلَ (ن ض) عَسْلًا و عَسَّلَ الطَّعَام: کھانے میں شہد ملانا۔ عَسَلَ و عَسَّلَ القَوْمَ: شہد کا کھلانا۔ شہد کا توشہ دینا۔

عَسَّلَتِ النَّحْلُ: مکھیوں کا شہد بنانا۔ عَسَلَ الشَّیْءُ: شہد جیسا ہونا۔ عَسَلَ النَّائِمُ: اونگھنا۔

عَسَلَ (ض) عَسْلًا و عُسُوْلًا و عَسَلَانًا۔ الرُّمْحُ: زیادہ حرکت کرنا۔ الْمَرْأَۃَ: جماع کرنا۔

عَسَلَ (ن) عَسْلًا و عَسَلَانًا الْمَاءُ: ہوا کی وجہ سے لہرانا۔

اِسْتَعْسَلَ: شہد طلب کرنا۔ اِسْتَعْسَلَتِ النَّحْلُ: مکھیوں کا شہد بنانا۔ کہا جاتا ہے عَسْلًا لَہٗ: بمعنی تَعْسًا لَہٗ یعنی اس کے لئے ہلاکت ہو۔

العَسَل: شہد (مذکر و مؤنث) ج اَعْسَال و عُسُل و عُسْل و عُسُوْل و عُسْلان: تھوڑے سے کو عُسَیْلَۃ کہتے ہیں۔ العَسَل: کھجور کا شیرہ۔ کہا جاتا ہے "مَا لِفُلَانٍ مَضْرَبُ عَسَلَۃٍ" یعنی فلاں کے لئے نسب نہیں۔ "مَا تَرَکَ لَہٗ مَضْرَبَ عَسَلَۃٍ" مراد یہ ہے کہ اس کو گالی دی یہاں تک کہ اس کے نسب کو کالعدم کر دیا۔

اَبُوْ عُسَلَۃ: بھیڑیا۔

العَسَلِیُّ: شہد کے رنگ کا۔

العَاسِل: (ا...... والعَسُوْل) نیکوکار جس کی ثنا و صفت اچھی طرح معلوم ہو ج عُسَّل۔

العَاسِل: شہد نکالنے والا ج عُسَّل و عَوَاسِل: بھیڑیا۔ رُمْحٌ عَاسِلٌ و عَسَّالٌ و عَسُوْلٌ: نرمی کی وجہ سے حرکت کرنے والا۔

العَسَّال: بمعنی العَاسِل۔

خَلِیَّۃٌ عَاسِلَۃٌ: چھتہ مع شہد کے۔

العَسَّالَۃ: چھتہ۔

المُعَسِّلَۃ: شہد کی مکھی۔ شہد کے نکالنے والے۔

العَسِیْل: عطر فروش کی جھاڑو جس سے عطر جمع کرتا ہے۔ ہاتھی اور اونٹ کا عضو تناسل ج عُسُل۔

المَعْسَلَۃ والمَعْسُلَۃ: شہد کا چھتہ۔

المَعْسُوْل: مفع۔ رَجُلٌ مَعْسُوْل: شیریں زبان۔ خوش آواز۔ مَعْسُوْلُ الْمَوَاعِیْد: سچے وعدے۔

عَسْلَجَ. الشَّجَرُ: نرم ٹہنیاں نکالنا۔

العُسْلُج: نرم ٹہنیاں۔ ج عَسَالِج۔

العُسْلُوْج: نرم ٹہنیاں۔ ج عَسَالِیْج۔

عَسْلَط: غیر مربوط کلام بولنا۔

کَلَامٌ مُعَسْلَط: غیر مربوط گفتگو۔

العَسْلَق: سراب۔ بھیڑیا۔ شیر۔ نر شتر مرغ۔ ہر شکاری درندہ۔ بدخصلت۔ چست چالاک۔ دراز گردن۔ لومڑی۔ ج عَسَالِق۔

عَسَمَ (ض) عَسْمًا و عُسُوْمًا فِی الْاَمْرِ: لالچ کرنا۔ کوشش کرنا۔ عَسَمَتْ عَیْنُہٗ: آنکھ کا بہہ پڑنا۔ آنکھ کا بند ہونا یا بقول بعض پلک کا چپک جانا۔

عَسِمَ (س) عَسَمًا القَدَمُ اَوِ الْکَفُّ: قدم یا ہتھیلی کا خشک ہو کر ٹیڑھا ہونا۔ صفت مذکر اَعْسَم: صفت مؤنث عَسْمَاء۔

اَعْسَمَ یَدَہٗ: خشک کر دینا۔ اَعْسَمَتْ عَیْنُہٗ: آنکھ کا بہنا یا بقول بعض بند ہونا۔

اِعْتَسَمَ: کمائی کرنا۔ فلانًا: کسی کو اس کے طمع کی چیز دینا۔

العَسُوْم: بال بچوں کو تکلیف پہنچانے والا۔ ج عُسُم۔

العَاسِم: بمعنی العَسُوْم۔

العَسَمَۃ والعَسُوْم: خشک روٹی کے ٹکڑے

العُسُوْم: قلت۔

المَعْسَم: جائے طمع۔ کہا جاتا ہے "مَا لَکَ فِیْ بَنِیْ فُلَانٍ مَعْسَم"۔

عَسِنَ (س) عَسَنًا الْکَلَاُ فِی الدَّابَّۃِ: گھاس کا ہضم ہونا اور جانور کا موٹا ہونا۔ عَسِنَتِ الدَّابَّۃُ: چارہ کا ہضم ہونا اور موٹا ہونا۔

تَعَسَّنَ. الشَّیْءَ: پتہ نشان تلاش کرنا۔ اَبَاہُ: مشابہ ہونا)...... و اَعْسَنَ الْمَکَانُ: کچھ سبزی اگانا۔

العَسَن: چربی۔ بالوں کی لمبائی و خوبصورتی مع سپیدی۔

العِسْن: مثل و نظیر (...... و العُسْن) چربی۔

العَسُوْن والاَعْسَن: موٹا۔ ج عُسْن۔

اَعْسَانُ. الشَّیْءِ: نشان۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ عَلٰی اَعْسَانٍ مِنْ اَبِیْہِ" وہ اپنے باپ کے مشابہ ہے۔

العَسَنْبَغ: نر شتر مرغ۔

عَسَا یَعْسُوْ عَسَاءً و عُسُوًّا النَّبَاتُ: نباتات کا موٹا اور سخت ہونا۔ عَسَتْ یَدُہٗ: ہاتھ کا کام کرنے سے سخت ہونا...... اللَّیْلُ: رات کی تاریکی کا زیادہ ہونا۔ عَسَا یَعْسُوْ

عَشَوْا وعُشُوًّا وعُشِيًّا وعَشَاوَةً وعَشْوَةً الشَّيْخُ: بوڑھا ہونا۔
العَشْوُ: مص۔ موم۔
العَشِيّ: فا۔ تند مزاج۔
العِشْوَةُ: بڑھاپا۔
عَسِيَ يَعْسٰى عَسًى. النَّبَاتُ: نباتات کا سخت ہونا۔
عَسٰى: افعال مقاربہ میں سے ہے اور جامد ہے۔ محبوب میں اُمید کے لئے اور مکروہ میں خوف کے لئے مستعمل ہے۔
العَسِيّ والعَسِيُّ والمَعْسَاةُ بِالأَمْرِ: لائق۔ مناسب۔
أَعْسِ بِهٖ: فعل تعجب ہے بمعنی أَخْلِقْ بِهٖ: یعنی کس قدر لائق ہے۔
العَاسِي: فا۔ درخت خرما۔ بقول ابوعبید درخت خرما کا گچھا۔
العِسَاء: قریب البلوغ لڑکی۔
عَشَّ (ن) عَشًّا الشَّيْءَ: طلب کرنا۔ جمع کرنا...... القَمِيصَ: کرتے میں پیوند لگانا...... المَعْرُوفَ: تھوڑا سا دینا۔ عَشَّتِ النَّخْلَةُ: درخت خرما کی شاخوں کا کم ہونا۔ عَشَّ الطَّائِرُ: پرندے کا گھونسلے ہی میں رہنا۔
عَشَّ (ن) عُشُوشَةً وعَشَاشَةً وعَشَاشًا البَدَنُ: لاغر ہونا۔ صفت عَشٌّ۔
عَشَّشَ الطَّائِرُ: پرندے کا گھونسلہ بنانا۔
عَشَّشَتِ النَّخْلَةُ: درخت خرما کی شاخوں کا کم ہونا۔ عَشَّشَ الكَلَأُ: گھاس کا خشک ہونا۔
عَشَّشَ الخُبْزُ: روٹی میں پھپھوندی لگنا اور خشک ہونا۔
أَعَشَّ فُلَانًا عَنِ الأَمْرِ: روکنا۔ باز رکھنا...... الظَّبْيَ: ہرن کو بھٹ میں بھڑکانا...... البَدَنَ: بدن کو لاغر کرنا...... الرَّجُلَ: کم درخت والی سرزمین میں پہنچنا۔
اِعْتَشَّ: گھونسلہ بنانا...... البَدَنَ: بدن کو لاغر کرنا۔

اِعْتَشَّ الثَّوْبُ: کپڑے کا پیوند والا ہونا۔
العَشُّ: مص۔ عطاء قلیل۔ رَجُلٌ عَشٌّ: لاغر مرد۔
العُشُّ والعُشَّةُ: گھونسلہ ج عِشَاشٌ وعِشَشَةٌ وأَعْشَاشٌ وعُشُوشٌ۔
العَشَّةُ: کم شاخوں والا کھجور کا درخت۔ خراب جگہ میں اُگا ہوا درخت۔ کم درخت والی سرزمین۔
المَعَشُّ: مطلب۔
المُعَشَّشُ: ملح۔ وہ جگہ جہاں پرندہ گھونسلہ بنائے۔
عَشِبَ (س) عَشَبًا: خشک ہونا۔
عَشِبَ (س) عَشَبًا وعَشُبَ (ک) عَشَابَةً المَكَانُ: سبز گھاس والا ہونا۔ صفت عَاشِبٌ۔
عَشُبَ (ک) عَشَابَةً وعُشُوبَةً الرَّجُلُ: پست قد بدصورت ہونا۔ صفت مذکر عَشَبٌ: صفت مؤنث عَشَبَةٌ۔
أَعْشَبَ القَوْمُ: سبز گھاس پر پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "أَعْشَبْتَ فَانْزِلْ" ہرے بھرے پر پہنچ گئے تو اتر پڑو۔
أَعْشَبَ وعَشَّبَ المَكَانُ: سبز گھاس اگانا۔
اِعْتَشَبَ وتَعَشَّبَ: سبز گھاس چرنا۔ موٹا ہونا۔
اِعْشَوْشَبَ: سبز گھاس پر پہنچنا...... المَكَانُ: بہت سبز گھاس والا ہونا۔
العُشْبُ: سبز گھاس ج أَعْشَابٌ وواحد عُشْبَةٌ۔
العَشَبَةُ: بڑھاپے کی وجہ سے خمیدہ کمر مرد یا عورت۔
العَشَابَةُ: سبز گھاس کی کثرت۔
العَشِبُ والعَشِيبُ والمُعْشِبُ والمِعْشَابُ: سبز گھاس والی (جگہ) بہت سبز گھاس والی (جگہ) أَرْضٌ عَاشِبَةٌ وعَشِبَةٌ وعَشِيبَةٌ ومُعْشِبَةٌ ومِعْشَابٌ: بہت سبز گھاس والی زمین۔
التَّعَاشِيبُ: سبز گھاس کے متفرق قطعے۔

العَشَّابُ: سبز گھاس والا۔ سبزی والا۔
عَشَرَ (ض) عَشْرًا: دس میں سے ایک لینا۔ نو پر ایک زائد کرنا...... القَوْمَ: قوم میں دسواں ہونا...... النَّاقَةُ: اونٹنی کا دس مہینے کی حاملہ ہونا۔
عَشَرَ (ن) عَشْرًا وعُشُورًا وعَشَّرَ المَالَ: دسواں حصہ لینا...... القَوْمَ: قوم کے مال کا دسواں حصہ لینا۔ دسواں ہونا۔ عَشَّرَ الحِمَارُ: گدھے کا دس مرتبہ رینکنا۔
عَشَّرَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا دس مہینے کی حاملہ ہونا۔
أَعْشَرَ العَدَدَ: دس کر دینا...... القَوْمُ: دس ہونا۔ أَعْشَرَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا دس مہینے کی گابھن ہونا۔
عَاشَرَهٗ مُعَاشَرَةً: باہم مل جل کے رہنا۔
اِعْتَشَرَ وتَعَاشَرَ القَوْمُ: ایک دوسرے کے ساتھ رہنا۔
العِشْرُ: دسواں حصہ۔ اونٹ کا دسویں یا نویں دن گھاٹ پر جانا۔ ج أَعْشَارٌ۔
العُشْرُ: دسواں حصہ ج عُشُورٌ وأَعْشَارٌ الأَعْشَارُ: پرندے کے اگلے بڑے پر۔
العُشَرُ: ہر مہینے کی دسویں گیارہویں بارہویں رات۔
العَشَرَةُ: دس اور یہ مذکر کے لئے ہے۔ کہا جاتا ہے "عَشَرَةُ رِجَالٍ" اور مؤنث کے لئے "عَشْرُ نِسَاءٍ" اور جب دوسرے عدد کے ساتھ ملایا جاتا ہے تو گیارہ اور بارہ میں موافق قیاس کے مذکر کے لئے دونوں جزء مذکر جیسے "أَحَدَ عَشَرَ رَجُلًا" اور مؤنث کے لئے دونوں جزء مؤنث۔ جیسے إِحْدٰى عَشْرَةَ اِمْرَأَةً...... اور اس کے بعد انیس تک مذکر کی صورت میں پہلا جزء مؤنث اور دوسرا جزء مذکر جیسے خَمْسَةَ عَشَرَ رَجُلًا اور مؤنث کی حالت میں پہلا جزء مذکر اور دوسرا جزء مؤنث جیسے خَمْسَ عَشْرَةَ اِمْرَأَةً ج عَشَرَاتٌ۔
العِشْرُوْنَ: بیس (مذکر و مؤنث دونوں کے

لئے۔)

العِشْرَة: صحبت۔ مخالفت۔

العَاشِر: فا۔ دسواں۔ دسویں دن گھاٹ پر جانے والا اونٹ ج عُشَّر: مؤنث عَاشِرَة ج عَوَاشِر. العَوَاشِر: پرندے کے اگلے بڑے پر۔

العَشُورَىٰ والعَاشُور والعَاشُورَاء والعَاشُورَىٰ: محرم کی دسویں تاریخ۔

العَشَّار: دسواں حصہ وصول کرنے والا۔

العُشَرَاء. مِنَ النُّوقِ: آٹھ یا دس مہینے کی گابھن اونٹنی ج عِشَار و عُشَرَاوَات یا وہ اونٹنی جو بچہ جن چکی ہو۔

العُشَرَاءُ والعُوَيْشِرَاءُ: گلی ڈنڈا۔ (بچوں کا کھیل) کہا جاتا ہے "جَاؤُوا عُشَارَ ومَعْشَرَ" یعنی دس دس آئے (یہ دونوں کلمے وصفیت اور عدل کی وجہ سے غیر منصرف ہیں۔)

ثَوْبٌ عُشَارِيّ: دس گز لمبا۔ غلام عُشَارِيّ: دس سال کا۔ مؤنث عُشَارِيَّة.

عُشَارَة: دسواں حصہ۔

الاَعْشَارِيّ. اَعْشَار: جمع عشر: کی طرف منسوب۔

العَشِيْر: قبیلہ۔ قریب۔ دوست۔ زوج۔ زوجہ ج عُشَرَاء.

العَشِيْر: دسواں حصہ۔ ج اَعْشِرَاء.

العَشِيْرَة: قبیلہ۔ عَشِيْرَةُ الرَّجُلِ: برادران باپ کی جانب سے قریبی لوگ۔ ج عَشَائِر. وعَشِيْرَات.

الاَعْشَر: بے وقوف۔

المَعْشَر: جماعت۔ آدمی کے اہل۔ جن۔ انسان ج مَعَاشِر.

المِعْشَار: دسواں حصہ۔ نَاقَةٌ مِعْشَار: بہت دودھ والی اونٹنی۔

العُشْرِيّ: (ع ح) وہ عدد جو جزء صحیح یا صفر سے بنایا گیا ہو۔ جز عشری: ۱۲۵٫۲۳۱۔

الكَسْرُ العُشْرِيّ: اس کی صورت صحیح عدد جس کا مخرج ۱۰ یا ۱۰ کے قوی میں سے کوئی ہو مثلاً: (۱/۱۰۰۰، ۳/۱۰) اس کو عشاری نظام سے لکھنا بھی ممکن ہے۔

اَلْعُشْرِيَّةُ: ایک درخت جس کے پھول کے دس اجزاء ہوتے ہیں شمالی امریکہ میں ہوتا ہے۔

اَلْعُشَرُ واحد عُشَرَةٌ: ایک درخت کی قسم جس سے گوند کثرت سے پیدا ہوتی ہے۔

العَشَارِب والعَشَرَّب: شیر۔ رَجُلٌ عَشَارِب: دلیر مرد۔

عَشَزَ (ض) عَشْزًا: کٹی ہوئی ٹانگ والے کی طرح چلنا...... عَلٰى عَصَاهُ: لاٹھی پر ٹیک لگانا۔

العَشَوْزَ: دشوار گزار راستہ یا زمین ج عَشَاوِز (...... والعَشَوْزَن) مضبوط۔ قوی۔ موٹا۔

عَشِقَهُ (س) عِشْقًا وعَشَقًا ومَعْشَقًا: بہت محبت کرنا۔ محبت میں حد سے بڑھ جانا۔ صفت مذکر عَاشِق: ج عُشَّاق وعَاشِقُوْن: صفت مؤنث عَاشِقَة وعَاشِق ج عَوَاشِق

عَشِقَ بِالشَّيْءِ: چمٹنا۔

تَعَشَّقَ: تکلف عاشق بننا...... ہ: بہت محبت کرنا۔

العِشْق: محبت کی زیادتی۔ پارسائی اور فسق دونوں طرح سے ہوتا ہے۔

العَشَقَة: عشق پیچاں۔ بیلو۔ ج عَشَق.

المَعْشُوق: عاشق۔ معشوق۔ العَشِيْق والعَشُوْق: پھولوں کے پودوں کی دیکھ بھال کرنے والا ج عُشُق.

العَشَّاق والعِشِّيق: بہت زیادہ عشق والا۔

عَشِمَ (س) عَشَمًا وعُشُومًا وتَعَشَّمَ الشَّيْءُ: خشک ہونا۔

العَشَم: لالچ۔ خُبْزٌ عَشَم: سوکھی یا خراب روٹی۔

العَشَمَة: لالچ۔ خشک روٹی۔ لاغری کی وجہ سے خشک۔ پیر فرتوت۔ (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "شَيْخٌ عَشَمَةٌ وعَجُوزٌ عَشَمَةٌ".

خُبْزٌ عَشِمٌ: خشک یا خراب شدہ روٹی۔

الاَعْشَم اور العُشُوم: رنگ۔ خشک درخت۔ عمر رسیدہ بوڑھا۔ مؤنث عَشْمَاء.

عَشَنَ (ن) عَشْنًا واَعْشَنَ وعَشَّنَ واعْتَشَنَ: رائے لگانا۔ تخمینہ کرنا۔ اِعْتَشَنَ فُلَانًا: ناحق حملہ کر دینا۔

العُشَان والعُشَنَة: گری ہوئی ردی کھجوریں۔ العُشَانَة: کھجور کی شاخ کی جڑ۔

عَشَا يَعْشُو عَشْوًا: رتوندے والے کی طرح کام کرنا...... الاِبِلَ: اونٹوں کو رات میں چرانا۔ ...... الرَّجُلَ: رات میں قصد کرنا...... ہ والیہ: قصد کرنا اور بخشش طلب کرنا...... عَنْہُ: اعراض کرنا اور دوسرے کی طرف مائل ہونا (...... عَشْوًا وعَشْيًا) الرَّجُلَ: رات کا کھانا کھلانا (...... عَشْوًا وعُشُوًّا) النَّارَ والی النار: رات کو آگ کی طرف راستہ پانے یا مہمانی کی امید میں جانا (...... عَشْوًا وعَشِيَ يَعْشٰى عَشًا) نگاہ کمزور ہونا۔ رتوندی ہونا۔ صفت عَشٍ والاَعْشٰى. عَشِيَ العَشَاءَ: رات کا کھانا کھانا۔ صفت عَشْيَان.

عَشِيَ عَلَيْهِ: ظلم کرنا۔ عَشِيَتِ الاِبِلُ: اونٹ کا رات میں چرنا۔ صفت عَاشِيَة ج عَوَاشٍ.

عَشّٰى تَعْشِيَةً. الرَّجُلَ: شام کا کھانا کھلانا ...... الطَّيْرَ: آگ روشن کر کے اسے اندھا کر کے شکار کرنا...... عَنِ الشَّيْءِ: نرمی برتنا۔ ملاطفت کرنا...... الاِبِلَ: اونٹ کو رات میں چرانا۔

اَعْشٰى اِعْشَاءً الرَّجُلَ: دینا۔ رات کا کھانا کھانا...... اللّٰهُ الرَّجُلَ: رتوندی میں مبتلا کر دینا۔

تَعَشّٰى: رات کا کھانا کھانا۔

تَعَاشٰى: رتوندی والا ظاہر کرنا۔

عَشَّہُ: جاہل بننا۔

اِعْتَشٰى اِعْتِشَاءً: عشاء کے وقت چلنا...... النَّارَ: رات میں دیکھنا اور قصد کرنا۔

اِسْتَعْشٰى اِسْتِعْشَاءً نَارًا: آگ کی روشنی میں راستہ پانا...... الرَّجُلَ: تحیر پانا۔

العَشَاء: شام کا کھانا۔ ج أَعْشِيَة.

العَشَا والعَشَاوَة: نگاہ کی کمزوری۔ رتوندی۔

العَشِيّ: شام کا کھانا۔

العِشَاء والعَشِيّ: رات کی ابتدائی تاریکی اور بقول بعض مغرب سے عشاء تک کی تاریکی یا دن کا آخری حصہ۔

العِشَاءَان: مغرب اور عشاء۔ بَعِير عَشِيٌّ: رات کو دیر تک چرنے والا۔

العَشِيَّة: شام ج عَشِيٌّ وعَشَايَا وعَشِيَّات: اور نسبت کے لئے "عَشَوِيّ".

العَشِيَّة: بادل۔

العَشْوَة: تاریکی۔ رات کے اوّل ربع کی تاریکی۔

العُشْوَة والعِشْوَة: آگ کا شعلہ جو رات کو دور سے دکھائی دے۔

العُشْوَة العِشْوَة والعَشْوَة: اَمر مشتبہ کو کرنا۔ کہا جاتا ہے "أَوْطَأَهُ عَشْوَةً" یعنی اس نے اسے امر مشتبہ میں پھنسا دیا اور یہ اس وقت کہ جب کوئی ایسی خبر دے کہ جس کی وجہ سے حیرت ومصیبت میں پڑ جائے۔

العَشْوَاء: مؤنث الأَعْشَى: اونٹنی جس کو سامنے نظر نہ آئے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَخْبِطُ خَبْطَ عَشْوَاء" یعنی وہ اُمور میں بغیر کسی بصیرت کے تصرف کرتا ہے۔ "هُوَ تَخَبَّطَ مِنْ عَشْوَاء" و "إِنَّهُمْ لَفِي عَشْوَاء مِنْ أَمْرِهِم" یعنی حیرانی وسرگردانی میں ہیں۔ و "رَكِبَ العَشْوَاء" یعنی اپنے کام کو بغیر ہدایت کے اختیار کیا۔ العَشْوَاء: تاریکی کھجور۔ کھجور کا درخت۔

عَصَّ (س) عَصًّا وعَصَصًا: سخت ہونا۔

عَصْعَصَ عَلَى غَرِيمِهِ: قرض دار سے اصرار کرنا۔

العِصّ: اصل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ كَرِيمُ العِصِّ".

العُصْعُص والعُصْعُص: دُم کی ہڈی۔

عَصَبَ (ض) عَصْبًا الشَّيْءَ: لپیٹنا۔ موڑنا۔ بٹنا۔ باندھنا..... الفَطَنَ: روئی کاتنا۔ الرِّيقُ بِالْفَمِ: تھوک کا منہ پر خشک ہونا ..... النَّاقَةَ: دوہنے کے لئے اونٹنی کی رانیں باندھنا..... الرَّجُلُ بَيْتَهُ: اقامت کرنا..... الغُبَارُ رَأْسَهُ: سر پر غبار لگ جانا..... القَوْمَ بِهِ: اجتماع کرنا۔ احاطہ کرنا(..... عَصْبًا وعُصُوبًا) الأَسْنَانُ: دانتوں کا میلا ہونا..... الأُفُق: کنارۂ آسمان کا سرخ ہونا(..... عَصْبًا وعِصَابًا) الشَّيْءَ: قبضہ کرنا۔

عَصِبَ (س) عَصَبًا اللَّحْمُ: گوشت کا زیادہ پٹھے والا ہونا۔ صفت۔ عَصِبٌ ..... القَوْمُ بِهِ: اجتماع کرنا۔ احاطہ کرنا۔

عَصَّبَهُ: بھوکا رکھنا۔ ہلاک کرنا۔ پٹی باندھنا۔ عَصَّبَ فُلَانًا: سردار بنانا۔

أَعْصَبَ الإِبِلُ: اونٹوں کا تیز چلنا۔

تَعَصَّبَ: پٹی باندھنا۔ عصبیت سے کام لینا۔ سردار ہونا..... لَهُ ومَعَهُ: مائل ہونا اور مدد کی کوشش کرنا..... عَلَيْهِ: مقابلہ کرنا اور عصبیت دکھلانا..... فِي دِينِهِ ومَذْهَبِهِ: دین ومذہب میں غیور ہونا اور سخت حفاظت کرنا ..... بِالشَّيْءِ: راضی ہونا۔

اِعْتَصَبَ القَوْمُ: گروہ بننا..... المَلِكُ: بادشاہ کا تاج پہننا..... التَّاجُ عَلَى رَأْسِهِ: تاج کا سر پر فٹ ہونا..... بِالشَّيْءِ: قناعت کرنا اور راضی ہونا۔

اِنْعَصَبَ الشَّيْءُ: سخت ہونا۔

اِعْصَوْصَبَ الشَّرُّ: سخت ہونا..... القَوْمُ: مجتمع ہونا اور گروہ گروہ ہونا۔

العَصَب: عمامہ۔ پگڑی۔ ایک قسم کی چادر (..... والعَصَب) عشق پیچاں۔

العَصَب: مص۔ پٹھا۔ قوم کے چیدہ لوگ۔ عشق پیچاں ج أَعْصَاب.

العَصَبَة. عصب: کا واحد۔ باپ کی جانب سے رشتہ دار۔ ج عَصَبَات.

العِصْبَة: پٹی باندھنے کی ہیئت۔

العُصْبَة. مِنَ الرِّجَالِ والخَيْلِ والطَّيْرِ: مردوں یا گھوڑوں یا پرندوں کی جماعت۔ ج عُصَب.

العِصَاب: جس سے باندھا جائے۔

العِصَابَة: جماعت مردوں گھوڑوں پرندوں کی پگڑی۔ عمامہ۔ پٹی۔ ج عَصَائِب.

العَاصِب: قَا۔ رَجُلٌ عَاصِبٌ: وہ شخص جس کے منہ پر تھوک خشک ہو جائے۔

العَصِيب: پھیپھڑا مع آنتوں کے بندھا ہوا اور بھنا ہوا ج عُصُب وأَعْصِبَة. يَوْمٌ عَصِيبٌ: سخت گرم۔

التَّعَصُّب: مص۔ دلیل ظاہر ہونے کے بعد بھی حق کو نہ قبول کرنا۔ ج تَعَصُّبَات.

المُتَعَصِّب: قوم کی عصبیت کی بنا پر ظلم میں مدد کرنے والا۔

العَصَبِيَّة: دھڑا بندی۔

المُعَصَّب: مفع۔ سردار۔ تاج پہننے والا۔ فقیر۔ بھوکا۔

المَعْصُوب: مفع۔ باریک تلوار۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَعْصُوبُ الخَلْقِ" یعنی مضبوط بناوٹ کا پُر گوشت۔

العَصَبْصَب: سخت گرم دن یا مطلقاً سخت۔

عَصَدَ (ض) عَصْدًا وأَعْصَدَ. الشَّيْءَ: موڑنا۔ گرہ دینا۔ کہا جاتا ہے "عَصَدَهُ عَلَى الأَمْرِ" یعنی اس کو کام پر مجبور کیا(..... عُصُودًا) الرَّجُلُ: مرنا۔

العَصِيد: گرہ لگایا ہوا۔ موڑا ہوا۔

العَصِيدَة: ایک قسم کا کھانا جو گھی آٹا ملا کر پکایا جاتا ہے۔

عَصَرَ (ض) عَصْرًا. العِنَبَ او الثَّوْبَ: انگور یا کپڑے کو نچوڑنا..... الدُّمَّل: پھوڑے کو نچوڑ کر پیپ نکالنا..... الرَّكْضُ الفَرَسَ: پسینہ لانا..... الشَّيْءَ عَنْهُ: منع کرنا..... فُلَانًا: قید کرنا۔ عطیہ دینا۔

عَصَّرَ الشَّيْءَ: بار بار نچوڑنا..... الزَّرْعُ: کھیتی میں خوشے نکالنا۔ عَصَّرَتِ المَرْأَةُ: عورت کا بالغ ہونا۔ حیض آنا۔

أَعْصَرَ: عصر کے وقت میں داخل ہونا۔

اَعْـصَرَتِ الْمَرْاَةُ: عورت کا بالغ ہونا۔ حائضہ ہونا۔ صفت مُعْصِر۔ ج مَعَاصِر ومَعَاصِيْر۔
الرِّيْحُ: ہوا کا بگولہ لانا۔
اَعْصِرَ الْقَوْمُ: بارش کیا جانا۔
عَاصَرَهُ مُعَاصَرَةً: ایک زمانہ میں ہونا۔
تَعَصَّرَ: نچوڑا جانا...... بِهٖ: پناہ لینا۔
اِعْتَصَرَ الْعِنَبَ او الثَّوْبَ ونَحْوَهُمَا: انگور یا کپڑا وغیرہ نچوڑنا...... الْعَصِيْرَ: شراب بنانا...... الْعَطِيَّةَ: عطیہ واپس لینا...... مِنْ فُلَانٍ مَالاً: تاوان میں یا کسی دوسرے طریقہ سے مال لینا...... مِنَ الشَّیْءِ: لینا...... بِفُلَانٍ: پناہ لینا...... عَلَيْهِ: بخل کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِعْتَصَرَ بِالْمَاءِ مَا غَصَّ بِهٖ مِنَ الطَّعَامِ" کھانے کو حلق سے نیچے اُتارنے کے لئے تھوڑا پانی پیا۔
اِنْعَصَرَ: نچڑنا...... الْعِنَبُ ونَحْوُهٗ: شیرہ نکل جانا۔
الْعَاصِر: فاج عَصَرَة وعَاصِرُوْن: مؤنث عَاصِرَة ج عَوَاصِر وعَاصِرَات۔ رَجُلٌ عَاصِرٌ: بے برکت۔ بخیل۔
الْعَصْر: دن۔ رات۔ دن کا آخری حصہ۔ آفتاب کے سرخ ہونے تک۔ صبح۔ قبیلہ۔ گروہ۔ عطیہ ج اَعْصُر وعُصُوْر۔
الْعَصْرَان: صبح شام۔ دن۔ رات۔ کہا جاتا ہے "جَاءَنِیْ عَصْرًا" وہ میرے پاس دیر میں آیا۔
الْعَصْر والْعِصْر والْعُصُرُ: زمانہ ج عُصُوْر واَعْصُر وعُصُر واَعْصَار اور اَعْصَار کی جمع اَعَاصِر۔
الْعُصْر والْعَصَر والْعُصْرة والْمُعْتَصَر: جائے پناہ۔
الْعَصَر: عصر۔ سکون الصاد میں ایک لغت ہے بمعنی زمانہ۔ غبار۔ خوشبو کی بھڑک۔
الْعَصَرَة: خوشبو کی بھڑک۔ عاصر کی جمع۔ غبار۔ بگولہ۔
الْعَصِيْر والْعَصِيْرَة والْعُصَار: رس۔ نچوڑ۔

الْعَصِيْر: نچوڑا ہوا۔
الْعِصَار: تخت غبار۔ وقت۔
الْعُصَارَة: رس۔ نچوڑ۔ نچوڑنے کے بعد پھوکس۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ كَرِيْمُ الْعُصَارَةِ" یعنی سوال کے وقت جوادو سخی۔
الْاِعْصَار: بگولہ ج اَعَاصِر واَعَاصِيْر: کہتے ہیں "وَعْدُهٗ اِعْصَارٌ لَيْسَ بَعْدَهٗ اِعْصَار" یعنی اس کے وعدہ کے لئے وفا نہیں۔ اس قول میں پہلا اعصار: بمعنی بگولہ اور دوسرا اعصار مصدر ہے۔ اَعْصِرَ الْقَوْمُ: کا بمعنی بارش ہونا۔
الْمَعْصَرَة والْمَعْصَر: نچوڑنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ كَرِيْمُ الْمَعْصَر" یعنی سوال کے وقت سخی ہے۔
الْمِعْصَر والْمِعْصَرَة: انگور وغیرہ نچوڑنے کا آلہ۔
اَلْعَصْرِيَّةُ: نماز عصر کے بعد اجتماع برائے ملاقات تسلی اور وقت گزاری کے لئے۔
الْمِعْصَار: وہ چیز جس میں کچھ نچوڑیں۔
الْمُعْصِرَات: بادل۔
الْعُصْعُصُ والْعُصْعَص: دُم کی ہڈی۔ ج عَصَاعِص۔ والْعُصْعُص: مردکم خیر و دشوار خو۔ مضبوط توانا۔
الْعُصْعُوْص: دُم کی ہڈی۔ ج عَصَاعِيْص۔
عَصَفَتْ (ض) عَصْفًا وعُصُوْفًا الرِّيْحُ: ہوا کا تیز چلنا۔ صفت عَاصِفَةٌ وعَاصِفٌ...... النَّاقَةُ بِرَاكِبِهَا: اونٹنی کا تیز لے جانا...... الرَّجُلُ: دوڑنا۔ عَصَفَ الشَّیْءُ: مائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَصَفَتِ الْحَرْبُ بِالْقَوْمِ" جنگ نے قوم کو تباہ و برباد کر دیا۔ "عَصَفَ الدَّهْرُ بِهِمْ" زمانے نے ان کو ہلاک کر دیا (...... واعْتَصَفَ) عِيَالَهٗ: بال بچوں کے لئے کمانا۔
عَصَفَ (ن) عَصْفًا. الزَّرْعَ: کھیتی تیار ہونے سے پہلے کاٹنا۔
اَعْصَفَ الزَّرْعُ: کھیتی کا کاٹنے کے لائق ہونا۔ اَعْصَفَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا تیز چلنا۔ صفت مُعْصِفَةٌ ومُعْصِفٌ ج مَعَاصِف ومَعَاصِيْف...... الرَّجُلُ: ہلاک ہونا۔ راستے سے ہٹ جانا۔ اَعْصَفَتِ الْحَرْبُ بِهِمْ: تباہ و برباد کر دینا۔
اِسْتَعْصَفَ الزَّرْعُ: تناور ہونا۔
الْعَصْف: مص۔ کھیت کے پتے۔ عَصْفُ التِّبْنِ: گھاس کے تنکے۔ عَصْفُ الْاِثْمِدِ وغَيْرِهٖ: اثمد وغیرہ کا غبار۔
الْعَصْفَة. عَصَفَ: کا اسم مرۃ۔ شراب کی بو۔ کھیتی کے ڈنٹھل کے پتے۔
اَلْعُصْفِيَّةُ: سرو کی مانند ایک درخت تیزی سے بڑھنے والا خوبصورتی کے لئے بویا جاتا ہے۔
الْعَاصِف: فَاسْتَهُمْ عَاصِفٌ: نشانہ سے ہٹا ہوا تیر۔ يَوْمٌ عَاصِفٌ: تیز ہوا کا دن۔
الْعَاصِفَة: مؤنث عَاصِف۔ ج عَاصِفَات وعَوَاصِف۔
الْعَصُوْف: تیز ہوا۔ ج عُصُف۔
الْعَصِيْف: تیز ہوا۔
الْعَصِيْفَة: پتے کہ جن کے درمیان میں خوشہ ہو۔
الْعُصَافَة: تنکے جو خوشے سے گریں۔ کوڑا کرکٹ جس کو ہوا اڑا کر لائے۔
عَصْفَرَ. الثَّوْبَ: کپڑے کو زرد رنگ سے رنگنا۔
تَعَصْفَرَ. الثوب: زرد رنگ سے رنگا ہوا ہونا۔ تَعَصْفَرَتِ الْعُنُقُ: گردن ٹیڑھی ہو جانا۔
الْعُصْفُر: زرد رنگ۔
الْعُصْفُوْر: چڑیا۔ کبوتر سے ہر چھوٹا پرندہ ج عَصَافِيْر: مؤنث عُصْفُوْرَة۔ الْعُصْفُوْر: پیشانی۔ پیشانی کے بال کے نکلنے کی جگہ کی جڑ۔ لکڑی جس سے پالان کے [illegible] باندھے جاتے ہیں۔ گھوڑے کی [illegible] ہڈی اٹھی ہوئی اور وہ دائیں بائیں [illegible] ہیں۔ کتاب۔ کشتی کی میخ۔ سردار۔ کہا جاتا [illegible] ہے "[illegible] عَصَافِيْر [illegible]"

بھوکا ہوا۔
العَصِیْرَۃ: گل خیری کا زرد پھول۔
العُصْفُوْل: زنڈی۔ ج عَصَافِیْل.
العَصَافِیْل: بگولہ۔
عَصِلَ (س) عَصَلاً. الشیٔ: سختی کے ساتھ ٹیڑھا ہونا۔ صفت عَصِلٌ واعْصَل: مؤنث عَصِلَۃ وعَصْلاء ج عِصَال وعُصْل (...... واعْصَل) سخت ہونا۔
عَصَلَ (ن) عَصْلاً العُوْدَ: لکڑی کو ٹیڑھا کرنا۔
عَصِلَ السَّھْمُ: تیر کا ٹیڑھا ہونا۔ دیر کرنا۔
العِصْل والعَصَل: آنت ج اَعْصَال.
المِعْصَل: قرض دار پر سختی کرنے والا۔
المِعْصَال والمِعْصِیَل: ٹیڑھے سر کی لاٹھی اور جس کو عام لوگ "مُعَقْبَلَۃ" یا "بَاکُور" کہتے ہیں۔ ڈنڈا۔ ج مَعَاصِیْل.
عَصْلَبَ: سخت غضبناک ہونا۔ سخت پٹھے والا ہونا۔
العَصْلَب والعُصْلُب والعُصْلُبِیُّ والعَصْلُوْب: بڑے ڈیل ڈول کا مضبوط مرد۔
عَصَمَ (ض) عَصْمًا الرَّجُلَ: کمائی کرنا۔ الشیٔ: روک لینا...... اللّٰہُ فُلاَنًا مِنَ المَکْرُوہِ: محفوظ رکھنا۔ بچانا۔ عَصَمَ القِرْبَۃَ: مشک کو رسی سے باندھنا...... اِلٰی فُلاَنٍ: پناہ لینا۔
عَصِمَ (س) عَصَمًا. الظَّبْیُ: سفید ٹانگوں والا ہونا۔
اَعْصَمَ بِہٖ: پکڑنا اور لازم ہونا۔
بِالفَرَسِ: ایال پکڑنا...... مِنَ الشَّرِّ: باز رہنا ...... القِرْبَۃَ: رسی سے باندھنا۔
اِعْتَصَمَ بِہٖ: ہاتھ سے پکڑنا...... بِصَاحِبِہٖ: لازم ہونا...... بِاللّٰہِ: اللہ کی مہربانی سے گناہ سے باز رہنا...... مِنَ الشَّرِّ والمَکْرُوْہِ: پناہ لینا اور باز رہنا۔
اِنْعَصَمَ: محفوظ ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَصَمْتُہٗ فَانْعَصَمَ" میں نے اس کی حفاظت کی اور وہ محفوظ ہو گیا۔
اِسْتَعْصَمَ بِہٖ: مضبوط پکڑنا اور لازم ہونا۔ پناہ لینا اور باز رہنا۔ بچانے والی چیز کا قصد کرنا۔
العُصْم والعُصُم: ہر چیز کا بقیہ۔ خضاب وغیرہ کا اثر۔
العِصَام: سرمہ دُم کا باریک حصہ۔ مِنَ القِرْبَۃِ: مشک باندھنے کی رسی۔
مِنَ الوِعَاءِ: دستہ۔ عہد اور یہ باب مجاز سے ہے ج اَعْصِمَۃ وعُصُم وعِصَام.
العِصَامِیُّ: نعمان بن منذر بادشاہ حیرہ کے حاجب عصام کی جانب نسبت۔ ذاتی شرافت رکھنے والا اور اسی سے مثل ہے "کُنْ عِصَامِیًّا لاَ عِظَامِیًّا" یعنی عصام کی طرح ذاتی شرافت پیدا کرو آباو اجداد جو مردہ ہو چکے ہیں ان کی ہڈیوں پر مت فخر کرو۔
العِصْمَۃ: بچاؤ۔ گناہوں سے بچنے کا ملکہ۔
العِصْمَۃ: گلوبند۔ پٹہ ج عِصَم واعْصَم وعِصَمَۃ: جج اَعْصَام.
العَصَمَۃُ: گلوبند۔ پٹہ۔
الاَعْصَم: اگلے ایک یا دونوں سفید پاؤں والا جانور۔ مؤنث عَصْمَاء ج عُصْم.
العَصِیْم: پسینہ۔ ہر چیز کا بقیہ۔ خضاب وغیرہ کا اثر۔
العَصُوْم والعَیْصُوْم: بہت کھانے والا (مذکر و مؤنث)
العَاصِمَۃ: مدینہ منورہ کا لقب۔ دارالسلطنت۔ ج عَوَاصِم.
المِعْصَم: کلائی ج مَعَاصِم.
المُعْتَصَم: پناہ لینے کی جگہ۔
عَصَا یَعْصُوْ عَصْوًا. الرَّجُلَ: لاٹھی سے مارنا...... الجُرْحَ: زخم کو باندھنا...... القَوْمَ: نیکی یا برائی پر جمع کرنا۔
عَصِیَ یَعْصَی عَصًا: لاٹھی لینا (...... واعْتَصٰی) بِالسَّیْفِ: تلوار مارنا۔ واعْتَصٰی الشیٔ: کسی چیز کو لاٹھی بنانا۔ اِعْتَصٰی عَلَیْہِ: ٹیک لگانا۔
عَصّٰی تَعْصِیَۃً فُلاَنًا العَصَا: لاٹھی دینا۔
اَعْصٰی اِعْصَاءً. الکَرْمُ: شاخیں نکلنا اور پھل نہ آنا۔
عَاصَاہُ مُعَاصَاۃً فَعَصَاہُ: لاٹھی سے مار پیٹ کرنا اور غالب آنا۔
العَصَا: لاٹھی۔ سہارے کی چیز (مؤنث) ج عُصِیٌّ وعِصِیٌّ واَعْصٍ واَعْصَاء اور تثنیٰ عَصَوَان العَصَاء: اجتماع۔ جماعت۔ پنڈلی کی ہڈی۔ زبان۔ کہا جاتا ہے "شَقَّ العَصَا" جماعت کی مخالفت کی۔ "اِنْشَقَّتْ عَصَا القَوْمِ" آپس میں اختلاف پڑ گیا۔ "قَرَعَ لَہُ العَصَا" متنبہ کیا۔ "قَشَرَ لَہُ العَصَا" عندیہ ظاہر کر دیا۔ "قَرَعَہٗ بِعَصَا المَلاَمَۃِ" حد سے زیادہ ملامت کی۔ "اَلْقَی المُسَافِرُ العَصَا" مسافر اپنی جگہ پر پہنچ گیا۔ اَلْقَی عَصَا التَّرْحَالِ: یعنی اس نے اقامت کی۔ "النَّاسُ عَبِیْدُ العَصَا" یعنی جو تکلیف پہنچاتا ہے لوگ اس سے ڈرتے ہیں۔
العُصَیَّۃ: عصا کی تصغیر۔ چھوٹا ڈنڈا۔
عَصٰی یَعْصِی عَصْیًا ومَعْصِیَۃً سَیِّدَہٗ: نافرمانی کرنا۔ مخالفت کرنا۔ دشمنی کرنا۔ صفت عَاصٍ ج عُصَاۃ وعَاصُوْن...... الطَّائِرُ: پرندہ کا اڑنا...... العِرْقُ: رگ سے خون بند نہ ہونا۔
عَاصَاہُ مُعَاصَاۃً وتَعَصّٰی عَلَیْہِ تَعَصِّیًا: نافرمانی کرنا۔ تَعَصَّی الاَمْرُ: دشوار ہونا۔
اِعْتَصَتْ اِعْتِصَاءً. النَّوَاۃُ: گٹھلی کا سخت ہونا۔
اِسْتَعْصٰی. سَیِّدَہٗ: مالک کی نافرمانی کرنا ...... الشیٔ عَلَیْہِ: دشوار ہونا سخت ہونا۔
العَصِیّ: نافرمان۔ گنہگار ج عَصِیُّوْن واَعْصِیَاء.
العَصَّاء: نافرمان۔ گنہگار ج عَصَّاؤُوْن.
المَعْصِیَۃ: گناہ۔ لغزش ج مَعَاصِی.
عَضَّہٗ (س) عَضًّا وعَضِیْضًا: دانت سے پکڑنا۔ کاٹنا۔ با اور علی کے صلہ کے ساتھ عَضَّ بِہٖ: اور عَضَّ عَلَیْہِ: بھی بولا جاتا ہے

...... ہ الزَّمَانُ: سخت ہونا الشَّیْءُ: لازم ہونا اور پکڑنا۔
عَضْعَض: بہت کاٹنا۔
عَاضَّ مُعَاضَّۃً و عِضَاضًا الدَّوَابُّ: جانوروں کا ایک دوسرے کو کاٹنا۔
اَعَضَّہُ الشَّیْءَ: دانت سے کٹوانا۔ اَعَضَّتِ البِئْرُ: بہت پانی والا ہونا۔
تَعَاضًّا: ایک دوسرے کو دانت سے کاٹنا۔
العِضّ: بدخلق۔ خبیث۔ بخیل۔ بہت قوی۔ معیبت۔ ہمسر۔ مال کا منتظم ج اَعْضَاض و عُضُوض۔ العِضّ: چھوٹا کانٹے دار درخت ج اَعْضَاض۔
العُضّ: جو۔ گیہوں۔ اسپست۔ سوکھی گھاس۔ چھوٹا کانٹے دار درخت۔
العَضَاض: جو چیز دانت سے کاٹی جائے اور کھائی جائے۔ موٹا درخت۔
العِضَاض: دانت سے کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ عِضَاضُ عَیْشٍ" یعنی سخت زندگی پر بڑا صابر ہے۔
العَضِیْض: مص۔ سخت کاٹ۔ ہمسر۔
العَضُوْض و العَضَّاض: بہت کاٹنے والا۔
بِئْرٌ عَضُوْض: بہت پانی والا کنواں۔
العُضَاض العُضَّاض: ناک کا اوپر کا سخت حصہ۔
عَضَبَ (ض) عَضْبًا: قطع کرنا...... ہ المَرَضُ: حرکت سے روکنا...... ہ بالرُّمْحِ: نیزہ مارنا...... ہ بالعَصَا: لاٹھی مارنا...... ہ عَنِ الاَمْرِ: روک دینا...... ہ بِلِسَانِہٖ: گالی دینا عَضَبَ عَنْہُ: رجوع کرنا (...... و اَعْضَبَ)
النَّاقَۃَ و نَحْوَھَا: اونٹنی کا کان پھاڑ دینا۔
عَضِبَ (س) عَضَبًا الکَبْشُ: مینڈھے کا پھٹے ہوئے کان والا ہونا۔ ٹوٹے ہوئے سینگ والا ہونا۔
عَضُبَ (ک) عُضُوْبًا و عُضُوْبَۃً: چرب زبان ہونا۔
عَاضَبَ مُعَاضَبَۃً القَرْنُ: سینگ کا ٹوٹ جانا۔
العَضْب: تیز تلوار۔ چرب زبان۔
الاَعْضَب: پھٹے کان والا۔ ٹوٹے سینگ والا۔ جس کا بھائی نہ ہو۔ بے مددگار۔ مؤنث عَضْبَاء ج عُضْب۔
العَضَّاب: بہت کاٹنے والا۔ بہت گالی دینے والا۔
المَعْضُوْب: کمزور۔ لنجا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ لَمَعْضُوْبُ اللِّسَانِ" جب کہ بولنے میں عاجز ہو۔
عَضْبَرَ عَضْبَرَۃً الکَلْبُ: شیر کی مانند ہونا۔
العَضْبَارَۃ: چکی کا پاٹ۔ دھوبی کا پتھر۔
عَضَدَہ (ن) عَضْدًا: مدد کرنا۔ بازو پر مارنا۔
عَضَدَ (ض) عَضْدًا الشَّجَرَۃَ: درخت کو ہنسیا سے کاٹنا۔ اونٹوں کے لئے پتے جھاڑنا۔
عَضِدَ (س) عَضَدًا و عُضِدَ عَضَدًا: بازو میں درد ہونا۔ صفت عَضِد: مؤنث عَضِدَۃ۔
عَضَدَ و اَعْضَدَ السَّھْمُ: تیر کا دائیں بائیں نکل جانا۔
عَاضَدَہٗ مُعَاضَدَۃً: مدد کرنا۔
تَعَاضَدُوْا: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
اِعْتَضَدَہٗ و تَعَضَّدَہٗ: بغل میں لینا۔
اِعْتَضَدَ بِہٖ: مدد مانگنا۔ مضبوط ہونا۔
اِسْتَعْضَدَ الشَّجَرَۃَ: درخت کو ہنسیا سے کاٹنا...... الثَّمَرَۃَ: پھل چننا۔
العَضْد: مص۔ مددگار۔ گوشہ۔ ج اَعْضَاد۔
العَضُد و العُضُد و العَضِد: بازو ج اَعْضَاد و اَعْضُد۔
عَضُدُ کُلِّ شَیْءٍ و عَضُدُہٗ و اَعْضَادُہٗ: وہ چیز جس سے عمارت کے اردگرد مضبوط کی جائے۔ جیسے حوض کے کنارے پتھر کھڑے کر دیئے جائیں۔ عَضُدُ الطَّرِیْقِ: راستہ کا پہلو۔ کہا جاتا ہے "فَتَّ فِیْ عَضُدِہٖ" یعنی اپنے اعوان و انصار سے جدا ہو گیا۔
العَضَد: کٹا ہوا درخت۔ قوت۔ اونٹ کے بازو میں ایک مرض۔ جھاڑے ہوئے پتے۔
العُضَاد: پست قد مرد یا عورت۔ موٹے بازو والا۔
العِضَاد: بازوبند۔ تعویذ وغیرہ جو بازو پر باندھا جائے۔ درانتی۔ ہنسیا۔ اونٹ کے بازو میں علامت۔
العِضَادَۃُ مِنَ الطَّرِیْقِ: راستہ کا پہلو۔ عِضَادَتَا البَابِ: چوکھٹ کے دونوں بازو۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عِضَادَۃُ فُلَانٍ" فلاں فلاں کا معاون و مددگار ہے۔
العِضَادِیُّ و العَضَادِیُّ و العُضَادِیُّ: موٹے بازو والا۔
العَضِیْد: کھجور کے درختوں کی قطار۔ درخت سے کٹا ہوا۔ ج عِضْدَان۔
الاَعْضَد: دُبلے بازو والا۔ جس کا ایک بازو چھوٹا ہو۔
العَوَاضِد: درخت خرما جو نہر کے دونوں جانب ہوں۔
المِعْضَد: درخت کاٹنے کا ہنسیا ج مَعَاضِد۔
المِعْضَاد: بازوبند۔ ہڈی کاٹنے کی بڑی چھری۔ ہنسیا۔ درانتی۔
المِعْضَدَۃ: تھیلی۔ بٹوہ۔
العَضْرَس و العُضَارِس: سردی اولے برف ٹھنڈا میٹھا پانی۔ گورخر۔ ج عَضَارِس۔
العُضْرُط: کھانے پر مزدوری کرنے والا۔ ج عَضَارِط و عَضَارِطَۃ۔
العُضْرُط و العِضْرِط: کمینہ۔
قَوْمٌ عَضَارِیْط: فقیر لوگ۔
عَضَلَ (ن) عَضْلًا عَلَیْہِ: تنگی کرنا۔ منع کرنا۔ بِہِ الاَمْرُ: سخت ہونا...... الرَّجُلَ: عضلہ پر مارنا۔
عَضَلَ (ض ن) و عَضِلَ (س) عَضْلًا و عِضْلًا و عِضْلَانًا المَرْاَۃَ عَنِ الزَّوْجِ: نکاح کرنے سے روکنا۔ منع کرنا۔
الرَّجُلَ: رانڈ کر دینا۔
عَضِلَ (س) عَضَلًا: بہت سخت گوشت والا

ہونا۔ پنڈلی کا عضلہ کا موٹا ہونا۔ صفت عَضِل وعَضُل.

عَضَّلَ عَلَیْهِ: تنگی کرنا۔ کسی کے حصول مقصد میں حائل ہونا۔ عَضَّلَ المَرْأَةَ عَنِ الزَّوَاجِ: نکاح کرنے سے روکنا...... المَكَانُ: تنگ ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَضَّلَتِ الأَرْضُ بِـأَهْلِهَا" لوگوں کی کثرت کی وجہ سے زمین تنگ ہوگئی۔ عَضَّلَتِ المَرْأَةُ او الدَّجَاجَةُ وغَيْرُهُمَا مِنَ الحَيْوَانِ بِوَلَدِهَا: بچہ جننا دشوار ہوگیا۔ صفت مُعَضِّل.

أَعْضَلَ الأَمْرُ: سخت ہونا۔ مشکل ہونا۔ أَعْضَلَتِ المَرْأَةُ ونَحْوُهَا مِنَ الحَيْوَانِ بِوَلَدِهَا: بچہ جننا مشکل ہونا۔ صفت مُعْضِل ومُعْضِلَة ج مَعَاضِيل. أَعْضَلَ بِهِ الأَمْرُ: مشکل ہونا۔ حیلوں کا تنگ ہونا...... الأَمْرُ فُلَانًا: غالب آنا اور عاجز کر دینا۔ أَعْضَلَنِي فُلَانٌ: فلاں کے کام نے مجھ کو تھکا دیا۔ عاجز کر دیا (...... وتَعَضَّلَ) الدَّاءُ الأَطِبَّاءَ: بیماری کا اطباء کو عاجز کر دینا۔

العِضْل: بہت بُرا۔ بڑا چالاک۔

العَضَل: بڑا چوہا۔ ج عِضْلَان.

العَضَلَة: سخت گوشت۔ گوشت پٹھے کا مجموعہ ج عَضَل وعَضَلَات. العَضَلَة: کنیر کے مشابہ ایک درخت۔

العَضِيلَة: بمعنی عَضَلَة ج عَضَائِل.

العُضْلَة: مصیبت۔ ج عُضَل وعُضْل.

العُضَال: سخت۔ دَاءٌ عُضَال: عاجز کر دینے والا مرض۔

المُعْضِل: فا۔ بہت بُرا۔ دَاءٌ مُعْضِلٌ: تھکا دینے والا یا لاعلاج مرض۔

المُعْضِلَة: مؤنث مُعْضِل: پیچیدہ مشکل مسئلہ ج مُعْضِلَات. المُعْضِلَات: سختیاں۔

المُعْضِلَة والمُعَضِّلَة: پیچیدہ مشکل معاملہ۔

العَضْم: کمان کا قبضہ ج عِضَام: گیہوں صاف کرنے کا شاخ دار آلہ ج عُضُم وأَعْضِمَة.

عَضَهَ (ف) عَضْهًا وعَضَهًا وعِضْهَةً وعَضِيهَةً: جھوٹ بولنا۔ چغل خوری کرنا۔ جادو کرنا (...... عَضَهَا) البَعِيرُ: ببول کا درخت کھانا...... الرَّجُلَ: صریح گالی دینا۔ بہتان لگانا۔

عَضِهَ (س) عَضَهًا وأَعْضَهَ: بہتان لگانا۔ جھوٹ بولنا۔

العَاضِه: فا۔ جادوگر۔ حَيَّةٌ عَاضِهَةٌ وعَاضِهَةٌ: سانپ جس کا ڈسا ہوا فوراً مر جائے۔ ج عَوَاضِه.

العِضَة: جھوٹ۔ جادو۔ ج عِضُون.

العِضَاه: ہر بڑا کانٹے دار درخت۔ واحد عِضَاهَة وعِضَة: کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَنْتَجِبُ غَيْرَ عِضَاهِهِ: جبکہ دوسرے کے شعر کو اپنی جانب منسوب کرے۔

العِضَاهِيُّ والعِضَهِيُّ والعَضَوِيُّ مِنَ الإِبِلِ: کانٹے دار درخت کھانے والا۔ اونٹ۔

مَكَانٌ عَضِهٌ: بہت کانٹے دار درختوں والی جگہ۔

العَاضِهَة: مؤنث عَاضِه: جھوٹ۔ بہتان۔ ج عَوَاضِه.

عَضَا يَعْضُو عَضْوًا وعَضَّى تَعْضِيَةً الشَّيْءَ: متفرق کرنا...... الشَّاةَ: جدا جدا کرنا۔ عَضَّى القَوْمَ: ممبر بنانا۔

العُضْو والعِضْو: بدن کا حصہ۔ عضو۔ کسی جماعت یا کمیٹی کا ممبر ج أَعْضَاء.

العِضَة: فرقہ۔ ٹکڑا۔ جھوٹ۔ ج عِضُون.

رَجُلٌ عَاضٍ: مرد خوش عیش۔ مرفہ الحال۔

عَطَّ (ن) عَطًّا وعَطَّطَ واعْتَطَّ الثَّوْبَ: کپڑا پھاڑنا۔ صفت مفعولی عَطِيط. عَطَّ الرَّجُلَ إِلَى الأَرْضِ: پچھاڑ دینا اور غالب ہونا۔

إِنْعَطَّ العُودُ: لکڑی کا مڑنا (...... وتَعَطَّطَ) الثَّوْبُ: کپڑے کا پھٹنا۔

العَطَاط: بڑا بہادر۔ شیر۔

الأَعَطُّ: لمبا۔

عَطِبَ (س) عَطَبًا واعْتَطَبَ: ہلاک ہونا...... الفَرَسُ ونَحْوُهُ: گھوڑے کا تھکنا۔ عَطِبَ عَلَيْهِ: سخت غضبناک ہونا۔

اِعْتَطَبَ النَّارَ: آگ کو چیتھڑے میں لینا۔

عَطَبَ (ن) عَطْبًا وعُطُوبًا. القُطْنُ: روئی کا نرم ہونا۔ ملائم ہونا۔

عَطَّبَ. الشَّرَابَ: خوشبودار کرنے کی تدبیر کرنا...... الكَرْمُ: خوشہ انگور کی گرہیں ظاہر ہونا۔

أَعْطَبَهُ: ہلاک کرنا۔

العُطْب العُطُب: روئی۔

العُطْبَة: روئی کا ایک ٹکڑا۔ چیتھڑا جس میں آگ لگائی جائے۔ کہا جاتا ہے "أَجِدُ رِيحَ عُطْبَةٍ" جلی ہوئی روئی یا چیتھڑے کی بو محسوس کرتا ہوں۔

المُعْطِب: فقیر۔

المَعْطَب: ہلاکت کی جگہ۔ ج مَعَاطِب.

لعُطْبُل والعُطْبُول والعُطْبُولَة.

العَيْطَبُول: جوان خوبصورت دراز گردن عورت۔ ج عَطَابِل وعَطَابِيل. العُطْبُل والعُطْبُول: دراز گردن ہرنی۔

عَطِرَ (س) عَطَرًا: خوشبودار ہونا۔ صفت عَطِرٌ.

عَطَّرَهُ: خوشبودار کرنا۔

تَعَطَّرَ واسْتَعْطَرَ: خوشبودار ہونا۔ تَعَطَّرَتِ البِنْتُ: بغیر نکاح کے والدین کے پاس رہنا۔

العِطْر: خوشبو۔ ایک قسم کی نباتات۔ ج عُطُور.

العَاطِر: عطر کو پسند کرنے والا۔ عطر زیادہ لگانے والا۔ ج عُطُر.

العَطَّار: بہت خوشبو والا۔ عطر فروش۔ پیشہ کو (العِطَارَة) کہتے ہیں۔

المِعْطَار والمِعْطِير: بہت خوشبو والا۔ (مذکر ومؤنث)

عُطَارِد: بدھ ستارہ اور اس کو فارسی میں دبیر فلک کہتے ہیں۔ منصرف وغیر منصرف)

عَطَسَ (ن ض) عَطْسًا وعُطَاسًا: چھینکنا...... الصُّبْحُ: پو پھٹنا۔ روشن ہونا۔ کہا جاتا

ہے عَطَسَ فُلَانٌ وعَطَسَتْ بِهِ اللُّجُم : یعنی مر گیا۔

عَطَّسَ : چھینکوانا۔

العَاطِس : فا۔ سامنے سے آنے والا ہرن۔ صبح۔

العَاطُوس : ناس۔ عوام عطوس کہتے ہیں۔ ایک منحوس چوپایہ۔

المُعطَس والمَعطِس : ناک۔ ج مَعَاطِس : کہا جاتا ہے "أرْغَمَتِ المَعَاطِس" یعنی دشمن مغلوب ہو گئے۔

عَطِشَ (س) عَطَشًا : پیاسا ہونا۔ اِلَيْهِ : مشتاق ہونا۔ صفت عَطْشَان ج عِطَاش وعَطْشى وعَطَاشى مؤنث عَطْشى وعَطْشَانَة ج عِطَاش.

اَعْطَشَهُ وعَطَّشَهُ : پیاسا کرنا۔ اَعْطَشَ الرَّجُلُ : پیاسے جانور والا ہونا۔

عَاطَشَهُ فَعَطَشَهُ : پیاس لگنے میں غلبہ کرنا اور غالب ہونا۔ صفت مفعول مَعْطُوش.

تَعَطَّشَ : پیاسا بننا۔

العَطِش والعَطْش : پیاسا۔ مؤنث عَطِشَة عَطْشَة.

العُطَاش : بیماری کا نام جس میں سیرابی نہیں ہوتی۔

المَعْطَش : پیاس کا وقت ج مَعَاطِش.

المَعْطَشَة : زمین جہاں پانی نہ ہو ج مَعَاطِش.

المُعَطَّش : بہت پیاسا (مذکر و مؤنث)

عَطْعَطَ. القَوْمُ عَطْعَطَةً : لڑائی وغیرہ میں چیخ پکار مچانا۔ عَطْعَطَ الكَلَامَ : کلام میں خلط ملط کرنا۔

عَطَفَ (ض) عَطْفًا وعُطُوفًا اِلَيْهِ : مائل ہونا ...... عَلَيْهِ : مہربانی کرنا ...... عَنْهُ : پھر جانا ...... عَنِ الاَمْرِ : ہٹا دینا۔ عَطَفَ العِنَانَ : لگام پھیرنا ...... كَلِمَةً عَلَى اُخْرَى : حرف عطف سے ایک کلمہ کو دوسرے کے ساتھ جوڑنا۔ الوِسَادَةَ : تکیہ کو دوہرا کرنا ...... الشَّيْءَ : جھکانا۔ موڑنا۔ عَطَفَتِ النَّاقَةُ عَلَى وَلَدِهَا : اونٹنی کا اپنے بچے پر شفیق ہونا اور اس کا دودھ بہنا۔ عَطَفَ اللّٰهُ قَلْبَهُ وبِقَلْبِهِ : دل کو مہربان کر دینا۔

عَطِفَ (س) عَطَفًا : لمبی پلکوں والا ہونا۔

عَطَّفَ الوِسَادَةَ : تکیہ کو دوہرا کرنا۔ النَّاقَةَ عَلَى وَلَدِهَا : مہربان کرانا۔ الشَّيْءَ : جھکانا۔

تَعَطَّفَ : جھکنا اور مائل ہونا ...... عَلَيْهِ : رحم دل ہونا اور احسان کرنا ...... الثَّوْبَ وبِالثَّوْبِ : کپڑا اوڑھ لینا۔

اِعْتَطَفَ. الثَّوْبَ وبِالثَّوْبِ : کپڑا اوڑھ لینا۔

اِنْعَطَفَ : مڑنا۔

تَعَاطَفَ. القَوْمُ : بعض کا بعض پر مہربانی کرنا ...... فِي مِشْيَتِهِ : ناز سے سر ہلاتے ہوئے چلنا۔

اِسْتَعْطَفَهُ : مہربانی طلب کرنا۔ رحم چاہنا۔

العَطْف : کجی۔ جھکاؤ۔

العِطْف : بغل ...... مِنْ كُلِّ شَيْءٍ : ہر چیز کا کنارہ۔ عِطْفُ القَوْسِ : کمان کا گوشہ۔ عِطْفَا الرَّجُلِ : مرد کے دونوں پہلو ج اَعْطَاف وعِطَاف وعُطُوف کہا جاتا ہے "ثَنَى عَنِّي عِطْفَهُ" یعنی مجھ سے اعراض کیا اور زیادتی کی "هُوَ يَنْظُرُ فِي عِطْفَيْهِ" یعنی وہ متکبر ہے "مَرَّ ثَانِيَ عِطْفِهِ" یعنی وہ تکبر سے چلا۔

العَطَفَة : انگور کی بیل کے لٹکے ہوئے حصے۔

العَطَف : پلکوں کی درازی۔ درخت پر لپٹنے والی بیل۔ عشق پیچاں۔ واحد عَطَفَة.

العِطَاف : چادر۔ ازار۔ تلوار۔ ج عُطُف واَعْطِفَة.

العَاطِف : فا۔ ازار۔ گھوڑ دوڑ کا چھٹا گھوڑا۔ ج عُطُف وعَطَفَة. والعَاطِف عِنْدَ النُّحَاةِ : حرف عطف جیسے و او. فا. ثم. حتى وغیرہ۔

العَاطِفَة : مؤنث عاطف : شفقت۔ ج عَاطِفَات وعَوَاطِف.

العَطِيف. مِنَ النِّسَاءِ : نازک فرمانبردار عورت۔

العَطِيفَة : کمان۔ ج عَطَائِف.

العَطُوف : مہربان۔ محسن۔ اِمْرَأَةٌ عَطُوف : شوہر اور بیٹوں سے محبت کرنے والی عورت ج عُطُف (...... والعَاطُوف) پھندا جس میں ٹیڑھے سرے کی لکڑی لگی ہو ج عَوَاطِيف.

قَوْسٌ عَطْفَى : ٹیڑھی کمان۔

المِعْطَف : چادر۔ تلوار۔ ج مَعَاطِف.

مُنْعَطَفُ الوَادِي ومُنْعَطَفَة : وادی کا موڑ۔

المَعْطِف : گلا ج مَعَاطِف.

عَطِلَ (س) عَطَلاً الرَّجُلُ مِنَ المَالِ او الاَدَبِ وكَذَا القَوْسُ مِنَ الوَتَرِ والفَرَسُ مِنَ الرَّسَنِ : خالی ہونا۔ صفت عَاطِل وعُطْل وعُطُل. ج اَعْطَال.

عَطِلَتْ (س) وعَطَلَتْ (ن) عَطَلاً وعُطُولاً. المَرْاَةُ : عورت کے بے زیور ہونا۔ صفت عَاطِل وعَاطِلَة وعُطُل ج عَاطِلَات وعَوَاطِل وعُطُل واَعْطَال.

عَطَلَ (ن) عَطَالَةً. الاَجِيْرُ : مزدور کا بیکار ہونا۔

عَطَّلَ. الشَّيْءَ : بے کار چھوڑ دینا ...... المَرْاَةَ : زیور اتار لینا ...... القَوْسَ : کمان سے تانت نکال لینا۔ عُطِّلَتِ الاِبِلُ : بغیر چرواہے کے ہونا۔ عَطَّلَ الاِبِلَ : بغیر چرواہے کے چھوڑ دینا۔ البِئْرَ : کنوئیں پر جانا چھوڑ دینا۔ ہر وہ چیز جس کو شائع و ضائع کر کے چھوڑ دیا جائے اس پر بھی تعطیل کا اطلاق ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "عُطِّلَتِ الحُدُودُ او الثُّغُورُ" یعنی سرحدیں بلا محافظ کے چھوڑ دی گئیں۔ و "عُطِّلَتِ المَزَارِعُ" یعنی کھیتیاں جو بوئی نہیں گئیں۔ "عُطِّلَتِ الرَّعِيَّةُ" رعیت بغیر والی کے رہ گئی۔ ایسی قوم کو "مُعَطَّلُون" کہیں گے۔

تَعَطَّلَ : بے کار ہونا۔ تَعَطَّلَت وتَعَطَّلَتِ المَرْاَةُ : عورت کا بے زیور ہونا۔

العَطَل : گلا۔ شخص۔ کہا جاتا ہے "مَا اَحْسَنَ عَطَلَهُ" یعنی اس کا قد کتنا اچھا ہے۔

العُطْلَة : بیکاری۔
العَيْطَل والعَيْطَل : زنجور کے خوشے کا حصہ۔
العَيْطَل : خوبصورت دراز گردن۔
العَطْلاءُ مِنَ النِّسَاءِ : بے زیور عورت۔
المِعْطَالُ مِنَ النِّسَاءِ : بے زیور رہنے کی عادی۔
التَّعْطِيل : بیکار رہنا۔ مَذْهَبُ التَّعْطِيل : صفاتِ باری تعالیٰ کے انکار کرنے والوں کا مذہب۔
المُعَطِّلَة : مذہب تعطیل والے۔
اِعْتَطَمَ الرَّجُلُ : ہلاک ہونا۔ صفت عَاطِمٌ وعَطِيمٌ ج عُطُمٌ۔
العُطُم : دھنکی ہوئی اون۔
عَطَنَ (ن ض) عَطْنًا الجِلْدَ : کھال کو گوبر یا نمک میں ڈالنا۔ صفت مفعول عَطِينٌ ومَعْطُونٌ (...... عُطُونًا) البَعِيرُ : اونٹ کا سیراب ہوکر بیٹھنا۔ صفت عَاطِنٌ ج عُطَّانٌ وعُطُون عَطَنَةٌ : مؤنث عَاطِنَة ج عَاطِنَاتٌ وعَوَاطِنُ وعُطُونٌ۔
عَطِنَ (س) عَطَنًا۔ الجِلْدُ : کھال کا نمک یا گوبر میں سڑنا۔ صفت عَطِنٌ۔
عَطَّنَ الجِلْدَ : کھال کو نمک یا گوبر میں ڈالنا (...... وأَعْطَنَ) الإِبِلَ : دوبارہ پانی پلانے کے لئے آرام دینا۔ عَطَّنَ لِلإِبِلِ : اونٹ کے لئے بیٹھنے کی جگہ بنانا۔ عَطَنَتِ الإِبِلُ : اونٹ کا سیراب ہوکر بیٹھنا۔
اِنْعَطَنَ الجِلْدُ : کھال کا نمک یا گوبر میں سڑنا۔
العَطَن والمَعْطِن والمَعْطَن : اونٹ کے بیٹھنے کی جگہ۔ حوض کے اردگرد بکریوں کے بیٹھنے کی جگہ۔ ج مَعَاطِن۔
العِطَان : گوبر یا نمک جس میں کھال کو ڈالا جائے تاکہ بال الگ ہوجائیں۔
رَجُلٌ عَطِنٌ وعَطِنَةٌ : بدبودار مرد۔
عَطَا يَعْطُو عَطْوًا۔ الشَّيْءَ وإِلَيْهِ : لینا۔ إِلَيْهِ يَدَهُ : بلند کرنا۔
عَطَّى تَعْطِيَةً الرَّجُلَ : جلدی کرانا۔ خدمت کرنا۔
أَعْطَى إِعْطَاءً۔ ہ الشَّيْءَ : دینا۔ أَعْطَى البَعِيرُ أو أَعْطَى البَعِيرُ بِيَدِهِ : مطیع ہونا۔
عَاطَى مُعَاطَاةً وعِطَاءً الرَّجُلَ الشَّيْءَ : دینا ...... ہ : خدمت کرنا۔
تَعَاطَى تَعَاطِيًا۔ الشَّيْءَ : لینا۔ الأَمْرَ : مشغول ہوجانا ...... الرَّجُلُ : کسی چیز کو پکڑنے کے لئے پیر کی انگلیوں پر کھڑا ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَعَاطَيْنَا فَعَطَوْتُهُ" وادو دہش میں ایک نے دوسرے پر غلبہ حاصل کرنا چاہا میں غالب ہوگیا۔
تَعَطَّى تَعَطِّيًا : جلدی کرنا ...... الأَمْرَ : مشغول ہوجانا۔
تَعَطَّى واسْتَعْطَى اِسْتِعْطَاءً : عطیہ مانگنا۔
العَطَا والعَطَاء : جو چیز دی جائے۔ ج أَعْطِيَة : جج أَعْطِيَات۔
العَطِيَّة : بمعنی عَطَا ج عَطَايَا وعَطِيَّات۔
العَطَاءَة والعَطَاوَة : بمعنی عطا۔
المِعْطَاء : بہت زیادہ دینے والا (مذکر و مؤنث ج مَعَاطٍ ومَعَاطِي۔
عَظَّهُ (ن) عَظًّا بِالأَرْضِ : چپکا دینا۔ عَظَّتْهُ الحَرْبُ : تکلیف پہنچانا۔
عَاظَّهُ مُعَاظَّةً وعِظَاظًا : سختی کرنا۔ تکلیف پہنچانا۔ عَاظَّ القَوْمُ : جنگ میں ایک دوسرے پر سختی کرنا۔
العَظَّة : جنگ میں سختی۔
عَظَبَ (ض) عَظْبًا الطَّائِرُ : پرندے کا دُم کی جڑ کو جلدی جلدی ہلانا۔
عَظَبَ (ن ض) عَظْبًا وعُظُوبًا جِلْدُهُ : کھال خشک ہونا ...... يَدُهُ : کام کرنے سے ہاتھ کا موٹا ہونا۔
عَظِبَ (س) عَظَبًا عَلَى العَمَلِ : صبر سے برداشت کرنا۔ موٹا ہونا۔ صفت عَظُوب۔
عَظَّبَهُ عَنْ بُغْيَتِهِ : ٹالنا۔ تاخیر کرنا ...... ہ عَلَى الشَّيْءِ : عادی اور صابر بنانا۔
العَاظِب والعَظِب : جنگل اور خشک مقامات میں اترنے والا۔
عَظِبُ۔ الخُلُق : بدخلق۔
عَظِرَ (س) عَظَرًا۔ الإِنَاءَ : برتن کو بھرنا۔
أَعْظَرَهُ الشَّرَابُ : معدہ میں ثقل ہونا اور اسم اس سے (العِظَارَة) ہے۔
العَظُور : شراب سے شکم سیر ج عُظُر۔
العِظَار : شراب کی وجہ سے امتلاء۔
عَظْمَظَ السَّهْمُ : تیر کا کانپتا ہوا ٹیڑھا جانا ...... الجَبَانُ : بزدل کا لڑائی میں پیٹھ پھیرنا ...... فِي الجَبَلِ : پہاڑ پر چڑھنا۔
عَظَلَ (ن) وعَظِلَ (س) عَظْلًا وتَعَاظَلَ وعَظَّلَ واعْتَظَلَ الكِلَابُ او الجَرَادُ : کتے کا یا ٹڈیوں کا ایک دوسرے پر سوار ہونا۔
عَاظَلَ الشَّيْءَ : سوار ہونا ...... الكَلَامَ : کلام میں تعقید لانا اور مکرر کہنا ...... الشَّاعِرُ فِي القَافِيَة : تضمین کرنا۔ بِالكَلَامِ : اپنے ہی اوپر لوٹ کر آنے والی بات کہنا۔
عَظَّلَ وتَعَظَّلَ۔ القَوْمُ عَلَيْهِ : مارنے کے لئے ہجوم کرنا۔ تَعَظَّلَ فِي أَثَرِهِ : تلاش کرنا۔
العَاظِلُ والعَاظِلَةُ والعَظْلَى مِنَ الجَرَادِ : ایک دوسرے پر چڑھی ہوئی ٹڈی۔
تَعَظْلَمَ اللَّيْلُ : سخت تاریک ہونا۔
العَظْلَمَة : تاریکی۔
عَظُمَ (ک) عِظَمًا وعَظَامَةً : بڑا ہونا۔ صفت عَظِيمٌ ج عُظَمَاءُ وعِظَامٌ وعُظُمٌ ...... الأَمْرُ عَلَيْهِ : دشوار ہونا اور باعث مشقت ہونا۔
عَظَمَ (ن) عَظْمًا۔ الكَلْبَ : کتے کو ہڈی کھلانا (...... عَظْمَهُ) الرَّجُلَ : ہڈی پر مارنا۔
أَعْظَمَ الأَمْرُ : بڑا ہونا ...... الشَّيْءَ : بڑا کرنا۔ بڑا سمجھنا۔ اعظم الكَلْبَ عَظْمًا : کتے کو ہڈی کھلانا۔ کہا جاتا ہے "مَا يُعْظِمُنِي أَنْ أَفْعَلَ كَذَا" مجھ کو ایسا کرنے سے کوئی چیز ہول میں ڈالنے والی نہیں۔
عَظَّمَهُ : تعظیم کرنا۔ توقیر کرنا۔ عَظَّمَ الشَّاةَ : ہڈی۔ ہڈی کاٹنا۔
تَعَظَّمَ : تکبر کرنا۔

تَعاظَمَ: تکبر کرنا۔ تَعاظَمَهُ الاَمرُ: بڑا ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَمرٌ لا یَتَعاظَمُهُ شیءٌ": وہ ایسا امر ہے جس سے کوئی اس کے لحاظ سے بڑا نہیں۔

اِستَعظَمَ: تکبر کرنا...... الاَمرَ: بڑا سمجھنا۔ انکار کرنا...... الشیئَ: بڑا حصہ لے لینا۔

العَظمُ: ہڈی ج اَعظُمٌ وعِظامٌ وعِظامَة.

عَظمُ الشیئِ وعُظمُه: چیز کا بڑا حصہ۔ ج اَعظام.

العِظَم والعِظَم والعُظم: بڑائی۔

عَظمُ الطَریقِ: راستہ کا درمیان۔

العُظام والعُظّام: بڑا۔ مؤنث عُظامَة وعُظّامَة.

العَظمَة: ہڈی کا ٹکڑا۔

العَظَمَة مِنَ الساعِدِ او اللِسانِ: کلائی یا زبان کا موٹا حصہ ج عَظَمات. عَظَماتُ القَومِ: سرداران قوم (...... والعَظَموت والعُظّامَة) تکبر۔ نخوت۔ فخر۔

العِظامَة والعُظامَة والعُظمَة والاِعظامَة: گدی جس کو عورتیں سرین پر بڑا ظاہر ہونے کے لئے باندھتی ہیں۔

العَظیمَة: مؤنث عَظیم: سخت مصیبت۔ ج عَظائِم. عَظائِمُ اللّٰهِ: اللہ کے بڑے بڑے امور۔

العَظمِیُّ: سفیدی مائل کبوتر۔

مُعظَمُ الشیئِ: چیز کا بڑا حصہ ج مَعاظِم: کہا جاتا ہے "اِنَّ لِفُلانٍ مَعاظِمَ واجِبَةَ المُراعاةِ" فلاں کے لئے بڑے بڑے حقوق ہیں جن کی رعایت واجب ہے۔

المُعظَمَة: سخت مصیبت۔

عَظا یَعظُو عَظوًا. فُلانًا: غمگین کرنا۔ غیبت کرنا۔ بھلائی سے روکنا۔ زہر پلانا۔

عَظِیَ یَعظَی عَظیًا فُلانًا: غمگین کرنا۔

العَظایَة والعِظایَة والعَظاءَة: چھپکلی کے مشابہ ایک جانور ج عَظاءٌ وعِظاءَة و عَظایات وعَظایا.

عَفَّ (ض) عَفًّا وعِفَّةً وعَفافًا وعَفافَةً وتَعَفَّفَ: حرام یا غیر مستحسن سے رکنا۔ پاک دامن ہونا۔ صفت مذکر عَفیف وعَفٌّ ج اَعِفَّة واَعِفّاء وعَفُّونَ: صفت مؤنث عَفیفَة وعَفَّة: ج عَفیفات وعَفائِف وعَفّات

عَفَّ عَن کَذا: باز رہنا۔ تَعَفَّفَ کالاول. پاک دامن بننا۔ تھن کے بقیہ دودھ کو پینا۔

اَعَفَّ اللّٰهُ فُلانًا: پاکدامن کرنا۔

تَعافَّ النّاقَةَ: اونٹنی کو دوسری مرتبہ دوھنا...... المَریضَ: علاج کرنا۔

اِعتَفَّ واستَعَفَّ عَنِ الخَبیثِ: رکنا...... البَعیرُ الیَبیسَ: اونٹ کا مٹی کے اوپر اور پر خشک گھاس چرنا۔

العِفَّة: مص۔ پارسائی۔ پاکدامنی۔ طہارت بدن۔

العُفَّة والعُفافَة: تھن میں بقیہ دودھ اور اسی سے ہے سَأَلَه فما اَعطاهُ اِلّا عُفافَةً: یعنی تھوڑا سا دیا۔ العِفاف: زوال۔ کہا جاتا ہے "جاءَ عَلٰی عِفّانِ ذٰلِکَ" یعنی وہ فلاں وقت میں آیا۔

عَفَتَ (ض) عَفتًا الشیئَ: موڑنا اور توڑنا...... کَلامَه وفِی کَلامِه: لکنت کی وجہ سے بولنے میں منہ ٹیڑھا کرنا۔ صفت عَفّات.

العَفت: لکنت۔

الاَعفَت: بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا بے وقوف۔

عَفَجَه (ض) عَفجًا بالعَصا: لاٹھی مارنا۔

العَفج او العِفج والعَفَج والعَفِج: آنت ج اَعفاج وعِفَجَة.

المِعفَج: بے وقوف۔

المِعفَجَة والمِعفاج: لاٹھی۔ کپڑے دھونے کی موگری اور عوام (مِخباط) کہتے ہیں۔

عَفَدَ (ض) عَفدًا وعَفَدانًا: دونوں ٹانگیں ملا کر کودنا۔

اِعتَفَدَ: بھوک کی وجہ سے مرنے کے لئے دروازہ بند کرنا اور سوال نہ کرنا۔

عَفَرَه (ض) عَفرًا فِی التُرابِ: مٹی میں لتھیڑنا۔ زمین میں دھنسا دینا...... الشیئَ: زمین پر پٹک دینا۔

عَفِرَ (س) عَفَرًا واِعفَرَّ: خاکستری رنگ ہونا۔ خاک آلود ہونا۔ صفت اَعفَر.

عَفَّرَه فِی التُرابِ: مٹی میں لتھیڑنا۔ زمین میں دھنسا دینا۔ جو شخص ذلیل کیا گیا ہو اس کے لئے "قَد عُفِّرَ واُرغِمَ" بولا جاتا ہے "عَفَّرَ اللَّحمَ" دھوپ میں ریت پر خشک کرنا...... الشیئَ: سفید کرنا۔ عَفَّرَتِ المَرأَةُ فِی العِظامِ: عورت کا دودھ چھڑانے کے لئے پستان پر مٹی لگانا۔

اِعتَفَرَ. الشیئُ: خاک آلود ہونا...... الثَوبُ فِی التُرابِ: کپڑے کو مٹی میں لتھیڑنا...... فُلانٌ: قادر ہونا۔ قوی ہونا...... الرَجُلَ: زمین پر پٹک دینا۔ کودنا...... الاَسَدُ: شیر کا پچھاڑنا۔

تَعافَرَ. الثَرِیدُ: ثرید کا سفید ہونا۔

تَعَفَّرَ وانعَفَرَ فِی التُرابِ: مٹی میں لوٹ پوٹ لگانا...... الشیئُ: خاک آلود ہونا۔ عَفَّرَ الوَحشُ: وحشی جانور کا موٹا ہونا۔

العَفر والعَفَر: مٹی۔ خاک۔ ج اَعفار.

العِفر والعُفر: نر سور یا مطلقاً سور۔ بہادر۔ سخت موٹا۔ العُفر: بعد۔ بے رونق بازار۔ مہینے کی ساتویں، آٹھویں، نویں رات۔ مرد دلیر و چالاک۔ موٹا۔ ج اَعفار وعِفار.

رَجُلٌ عِفرٌ وعِفِرٌّ وعِفرًی وعِفرِیَة: خبیث مرد۔

الاَعفَر: ہرن کی ایک قسم جو کم دوڑتا ہے۔

العُفرَة: خاکستری رنگ۔

العُفرَة والعَفرَة. مِنَ الدِیکِ: مرغ کے گردن کے بال...... مِنَ الاِنسانِ: وسط سر کے بال...... مِنَ الاَسَدِ: شیر کے بال۔

عُفرَةُ الحَرِّ: گرمی کی شدت۔

العُفر: زمانہ۔ وقت۔ مہینہ۔

العُفرَة: مخلوط لوگ۔ عُفرَة وعُفُرَّةُ الحَرِّ والبَردِ: گرمی یا سردی کی شدت۔

العَفار: بغیر شکر وغیرہ کا ستو۔ درخت جس

سے آگ کا لنے کا کام لیا جاتا ہے واحد عَفارَۃٌ
العَفارَۃ: خباثت۔ برائی۔
العِفْرِیَۃ: بڑا سخت مکار۔ خبیث۔
العِفْرِیَۃُ والعِفْرَاۃُ مِنَ الدِّیکِ والإنْسان: بمعنی عِفْرَۃ: جب کوئی غضبناک ہو کر آئے تو کہا کرتے ہیں۔ "جَاءَ نافِضًا عِفْرِیَتَہ".
العَفِیْر: گوشت جو دھوپ میں ریت پر خشک کیا جائے۔ خُبْزٌ عَفِیْرٌ: بلا سالن کے روٹی (...... والمَعْفُورُ) مٹی میں لتھڑا ہوا۔
العَفِیْر: وہ عورت جو پڑوسن کو ہدیہ نہ بھیجتی ہو۔
العُفَیْرۃ: گبریلا کی گولی۔
العَفَّار: مؤنث کھجور میں نر کھجور کا پھول ڈالنے والا۔
العَفْرَاء. الأعْفَر: کا مؤنث ج عُفْر: سفید زمین...... مِنْ لَیالِی القَمَر: تیرھویں رات۔
العِفْرِیْن: مرد قوی کامل۔ چالاک اور کاموں کو کر ڈالنے والا۔ لَیْثُ عِفْرِیْنَ: شیر۔
عِفْرِیْن: نام شیر کی جھاڑی کا۔
المُعَافِر: ساتھیوں کے ساتھ چلنے والا تاکہ ان کے بچے ہوئے سے کچھ حاصل کر لے۔
تَعَفْرَتَ: دیو ہونا۔ شریر ہونا۔
العِفْرِیْت: سخت خبیث۔ چالاک اور کاموں کو کر ڈالنے والا اور یہ انسان، جنات، شیاطین سب میں سے ہوتا ہے۔ ج عَفارِیْت: مؤنث عِفْرِیْتَہ.
عَفْرَسَہ: پچھاڑنا اور غالب ہونا۔
العِفْرِس والعِفْرِیْس والعِفْرَاس والعُفْرُوس والعَفَرْنَس: شیر۔
العَفارِیْس: شتر مرغ۔
عَفَزَ (ض) عَفْزًا. أهْلَہ: اپنی بیوی سے کھیل کود کرنا...... الجَمَّالُ بَعِیْرَہ: ساربان کا اونٹ کو بٹھانا۔
العَفْز: ج عَفْس...... العَفَاز: کھایا ہوا اخروٹ۔
العَفَازَۃ: بیلہ۔

عَفَسَہ (ض) عَفْسًا: پچھاڑنا اور روندنا۔ قید کرنا...... عَنْ حَاجَتِہ: حاجت سے باز رکھنا روکنا...... المَاشِیَۃ: جانور کو بغیر چارے کے رکھنا...... ہٗ: زمین پر چمٹا دینا۔ سختی سے زمین پر کھینچنا...... ہٗ بِرِجْلِہ: چوتڑ پر لات مارنا۔
عَافَسَہٗ: کشتی کرنا۔ مزاولت کرنا۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ یُعَافِسُ الأمُوْرَ".
تَعَافَسَ واعْتَفَسَ القَوْمُ: آپس میں کشتی کرنا۔
اِنْعَفَسَ فِی التُّرَاب: خاک آلود ہونا۔ فِی المَاءِ: پانی میں غوطہ لگانا۔
العِفَاس: فساد۔
المَعْفُوْس: قیدی۔
عَفَشَ (ض) عَفْشًا الشَّیْءَ: جمع کرنا۔
العُفَاشَۃ: بے خیر و برکت آدمی۔
الأعْفَش: کمزور نگاہ والا۔
عَفَصَہٗ (ض) عَفْصًا: اکھیڑنا۔ موڑنا۔ الرَّجُلَ: کشتی میں غالب آنا۔ عَفَصَ حَقَّہٗ مِنْہُ: حق لینا۔
عَفَصَ وأعْفَصَ والقَارُوْرَۃَ: شیشی میں کاگ لگانا۔ ڈاٹ لگانا۔ أعْفَصَ الحِبْرَ: روشنائی میں مازو ڈالنا۔
عَفَصَ الثَّوْبَ: کپڑے کو مازو سے رنگنا۔
عَافَصَہٗ مُعَافَصَۃً: کشتی لڑنا۔
العَفْص: مازو۔ مازو کا درخت۔ بلوط کا درخت۔
العَفَص: ناک کی کجی۔
العَفِص: کسیلا۔
العُفُوْصَۃ: کسیلا پن۔
العِفَاص: کاگ۔ ڈاٹ۔ شیشی کا سربند۔
عَفَطَتْ (ض) عَفْطًا وعَفِیْطًا وعَفَطَانًا. العَنْزُ: بکری کا ریح خارج کرنا...... الضَّأنُ: بھیڑ کا چھینکنا...... (عَفْطًا) الرَّاعِی: بکری کے گوز کے مانند ہونٹوں سے آواز نکالنا۔ بِغَنَمِہ: بھیڑ کی چھینک کے مانند آواز سے بھیڑ کو ڈانٹنا یا بلانا...... فُلانٌ فِی کَلامِہ: لکنت کرنا۔

العَافِط: قا(...... والعَفِیْط) بہت گوز کرنے والا۔
العَافِطَۃ: مؤنث عَافِط: بھیڑ اور اسی سے عرب کا قول ہے "مَالَہٗ عَافِطَۃٌ ولا نَافِطَۃ" یعنی اس کے پاس نہ بھیڑ ہے نہ بکری۔ مراد یہ ہے کہ کچھ بھی نہیں۔
الأعْفَط: بے وقوف۔
العَفَّاط العِفَاطِیُّ والعِفْطِیُّ: ہکلا۔ لکنت والا۔
عَفَقَ (ض) عَفْقًا. الرَّجُلُ: غائب ہونا۔ بلا کسی ضرورت کے آنا جانا۔ تیز جانا۔ تھوڑا سا سونے کے بعد جاگنا پھر سونا۔ عَفَقَہٗ بِالسَّوْطِ: کوڑے سے بہت مارنا...... ہٗ عَنِ الأمْرِ: منع کرنا...... العَمَلَ: کام کو ادھورا کرنا...... الشَّیْءَ: جمع کرنا...... عَلَیْہِ الصَّیْدَ: کسی کی جانب شکار کو ہانک کر لانا...... الرِّیْحُ الشَّیْءَ: پراگندہ کرنا۔ عَفَقَ الحِمَارُ: گدھے کا گوز کرنا۔
عَفَقَ الغنم بعضها علی بعض: بکریوں کا اکٹھا کرنا۔
عَافَقَہٗ مُعَافَقَۃً وعِفَاقًا: فریب دینا۔ عَافَقَ الذِّئْبُ الغَنَمَ: بھیڑیے کا بکریوں کے آتے جاتے میں نقصان کرنا۔
أعْفَقَ: بلا ضرورت کے اکثر آنا جانا۔
تَعَفَّقَ بِہٖ: پناہ لینا۔
اِعْتَفَقَ القَوْمُ بِالسُّیُوْفِ: آپس میں تلوار بازی کرنا...... الأسَدُ فَرِیْسَۃً: شیر کا شکار پر مائل ہونا۔
اِنْعَفَقَ. فِی حَاجَتِہ: جلدی کرنا۔
العَفَاقَۃ: دبر۔
رَجُلٌ مِعْفَاقُ الزِّیَارَۃ: بہت ملاقات کرنے والا۔
المُنْعَفِق: پانی پر سے واپس ہونے والا۔
عَفَکَ (ض) عَفْکًا الکَلامَ: سیدھی طرح سے بات نہ کرنا۔ بے ہودہ کلام کرنا۔
عَفِکَ (س) عَفَکًا وعَفْکًا: سخت بے وقوف ہونا۔ صفت عَفِک وعَفِک

وعُفُک: مؤنث عَفکاء ج عُفک.
الاَعْفَک: بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔
عَفَنَ (ض) عَفنًا وعفَنَ اللَّحْمَ: گوشت کو بدبودار کرنا۔ عَفَنَ فِي الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔
عَفِنَ (س) عَفَنًا وعُفُونَةً وتَعَفَّنَ الشَّئُ: تری کی وجہ سے خراب ہونا...... اللَّحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔ صفت عَفِنٌ ومَعْفُونٌ ومُعْفِنٌ ومُتَعَفِّن.
اَلعَفَنُ وَالعُفُونَةُ: موذی مرض جو کہ اعضاء تناسل سے شروع ہوتا ہے اور ان کو خراب کر دیتا ہے یہ مرض کثرت کے ساتھ جنگ عظیم دوم کے دنوں میں ظاہر ہوئی۔ اس وجہ سے ان امراض متعدیہ کو ختم کرنے کے لئے جراثیم مار ادویات ایجاد کی گئیں۔
اَعْفَنَ الشَّئُ: بدبودار پانا۔
عَفَا يَعْفُو عَفْوًا عَنْهُ وَلَه ذَنْبَه وعَفَا عَنْ ذَنْبِه: درگزر کرنا۔ معاف کرنا۔ سزا کو چھوڑ دینا...... اللّٰه عنه: گناہوں کو معاف کرنا...... عَنِ الشَّئِ: رکنا...... عَنِ الحَقِّ: ساقط کرنا...... الشَّئُ: زیادہ کرنا۔ عَلَيْهِ فِي العِلْمِ: بڑھ جانا...... الصُّوفَ: اون کاٹنا...... فُلانًا: کسی کے پاس طلب معروف کے لئے جانا۔ عَفَتِ الاَرْضُ: زمین کا سبزی سے ڈھک جانا...... الشَّئُ: زیادہ اور لمبا ہونا۔ عَفَتِ الرِّيحُ الاَثَرَ اَوِ المَنْزِلَ: مٹا دینا...... (عَفَا عَفْوًا وعَفَاءً وعُفُوًّا) الاَثَرُ او المَنْزِلُ: مٹنا۔ اَثَرُ فُلانٍ: ہلاک ہونا۔ مرنا۔
عَفَا يَعْفُو عَفْوًا وعُفِي يَعْفِي عَفْيًا الشَّعْرَ: بالوں کو چھوڑ دینا یہاں تک کہ لمبے اور زیادہ ہو جائیں۔ عَفَّى تَعْفِيَةً: بالوں کا لمبا اور زیادہ ہونا۔ عَفَّتِ الرِّيحُ المَنْزِلَ: مٹا دینا...... عَلٰى مَا كَانَ مِنْهُ: بگاڑ کے بعد درست کرنا۔ عَفَتِ العِلَّةُ صَاحِبَهَا: ہلاک کرنا۔
عَافٰى مُعَافَاةً وعِفَاءً وعَافِيَةً اللّٰهُ فُلانًا: صحت دینا۔ بلا اور برائی سے بچانا۔
اَعْفٰى اِعْفَاءً اللّٰهُ فُلانًا: عافیت دینا...... الشَّعْرَ: بالوں کو بڑھنے کے لئے چھوڑ دینا...... الرَّجُلَ: بہت مال دار ہونا۔ زائد مال کو خرچ کرنا...... مِنَ الاَمْرِ: بری کر دینا...... زَيْدًا بِحَقِّهِ: حق کو پورے طریقہ سے ادا کر دینا...... الرَّجُلَ: دینا...... المَرِيضَ: بیمار کا صحت یاب ہونا۔
تَعَفَّى تَعَفِّيًا: مٹنا اور مضمحل ہونا۔
تَعَافَى تَعَافِيًا: عافیت پانا...... الشَّئَ: چھوڑنا۔
اِعْتَفَى اِعْتِفَاءً: فُلانًا: کسی کے پاس طلب معروف کے لئے آنا۔ اِعْتَفَتْ واسْتَعْفَتْ الاِبِلُ اليَبِيسَ: اوپر اوپر سے خشک گھاس کو چرنا۔ اِسْتَعْفَى الرَّجُلُ مُكَلِّفَه: استعفیٰ دینا۔ معافی طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَعْفَى مِنَ الخُرُوجِ فَاَعْفَاه" یعنی فلاں نے نکلنے سے معافی مانگی اور اس نے معاف کر دیا۔
العَفَاء: مٹی۔ بارش۔ گھروں کی بربادی۔ ہلاکت۔ آنکھ کا پھولا۔
العِفَاء: زیادہ لمبے بال۔ شترمرغ کے پر۔ اونٹ کے بال۔
العَفْوُ: عمدہ چیز۔ فضل و معروف۔ مِنَ المَالِ: خرچ سے زائد جس کا دینا دشوار نہ ہو۔ زمین جس میں کوئی نشان نہ ہو۔
العَفَا والعَفو والعِفو والعُفو: گدھے کا بچہ ج عِفَا وعِفْوَة.
العَفْوَة: دیت۔ گدھے کا مادہ بچہ۔ ج عَفْو.
العَفْوَة والعِفْوَة والعُفْوَة: ہانڈی کا جھاگ۔ عفوة الشئ: چیز کا خالص۔ عَفْوَةُ الطَّعَامِ والشَّرَابِ: عمدہ کھانا پانی۔ العِفْوَة والعُفْوَة: مرد کے سر کے بال۔
العِفَاوَة: شوربے کا اچھا حصہ جو کسی معزز کو دیا جائے۔
العِفَاوَة: دیگ کا نچلا شوربہ۔
العِفَاوَة والعَفَاوَة والعُفَاوَة: ہانڈی کا جھاگ۔
العَفُوُّ: معاف کرنے والا، بہت معاف کرنے والا۔
العَافِي: فا۔ بخشنے والا۔ درگزر کرنے والا۔ لمبے بال والا۔ مٹنے والا ج عُفِيٌّ: دیگ کا نچلا شوربہ۔ گھاس پانی طلب کرنے والا۔ گھاٹ پر اترنے والا مہمان۔ ہر طالب بخشش و رزق۔ ج عُفَاة وعُفِيٌّ وعَافِيَة: کہا جاتا ہے "كَثُرَتْ عَلَى الكَرِيمِ عَافِيَةٌ" کریم پر بخشش کے طلب کرنے والے بہت ہوئے۔
العَافِيَة: عافی کا مصدر یا اسم۔ کامل صحت ہر طالب رزق ج عَافِيَات وعَوَافٍ.
المُعْفِي: فا۔ ساتھی جو سلوک کا طالب نہ ہو۔
عَقَّ (ن) عَقًّا الثَّوبَ: کپڑا پھاڑنا۔ عَقَّتِ الرِّيحُ المُزْنَ: بارش برسانا...... الدَّلْوُ: کوئیں سے بھرا ہوا ڈول نکلنا...... عُقُوقًا ومَعَقَّةً الوَلَدُ والِدَه: والد کی نافرمانی کرنا اور شفقت نہ کرنا اور استخفاف کرنا۔ صفت عَقٌّ وعَاقٌّ ج عَقَقَة واَعِقَّة واَعَقّ وعُقُق وعُقَّق.
عَقَّ (س) عَقَقًا: پھٹنا۔
عَقَّتْ (ض) عَقَقًا وعُقَاقًا وعِقَاقًا الفَرَسُ: گھوڑی کا حاملہ ہونا۔ صفت عَقُوق.
عَاقَّ مُعَاقَّةً اَبَاهُ: مخالفت کرنا۔
اَعَقَّ الكَرْمُ: انگور کی بیل کی جڑوں سے شاخ نکلنا۔ فُلانٌ: نافرمانی کرنا۔ اَعَقَّتِ الفَرَسُ: گھوڑی کا حاملہ ہونا۔ صفت عَقُوق.
اِنْعَقَّ الوَادِي: وادی گہری ہونا...... الغُبَار: غبار بلند ہونا...... العُقْدَة: گرہ مضبوط ہونا...... البَرْقُ: بجلی کا بادل میں چھپ جانا...... (واعْتَقَّ) پھٹنا۔ اِعْتَقَّ السَّيْفَ: تلوار سونتنا...... المُعْتَذِرُ: عذر بیان کرنے میں مبالغہ کرنا۔
العَاقّ: اسم فاعل ج عَاقُّونَ وعَقَقَة واَعِقَّة: مؤنث عَاقَّة ج عَوَاقّ وعَاقَّات.
العَقّ والعَقَّة: گہرا گڑھا۔
العُقّ والعُقَاق. مِنَ المَاءِ: کڑوا پانی۔
العِقَّة: نوزائیدہ بچے کے بال ج عِقَق.
العَقُوق مِنَ الخَيْلِ: حاملہ گھوڑی ج عُقُق.

کوزی ج عقق جج عقاق.

العَقِیق : سرخ مہرے ۔ واحد عَقِیقَة: وادی اور ہر پانی بہنے کی جگہ جس کو سیلاب نے وسیع کر دیا ہو ج اَعِقَّة : نوزائیدہ بچے کے بال ۔ عرب میں چند مقامات کے نام ۔

العَقِیقَة : نوزائیدہ بچے کے بال ۔ توشہ دان ۔ نہر ۔ بکری جو پیدائش کے ساتویں دن بال مونڈتے وقت ذبح کی جائے ۔ تیر جس کو زمانہ جاہلیت میں سہم الاعْتِذَار کہتے تھے اور خون کے بدلے کا فیصلہ کرنے کے لئے آسمان کی طرف پھینکتے تھے ۔ اگر خون میں لت پت واپس آتا تھا تو قصاص لیتے تھے اور اگر صاف آتا تھا تو دیت پر مصالحت کر لیتے تھے ۔

عِقَّان الکَرم او النَّخِیل : شاخیں جو انگور کی بیل یا درخت خرما کی جڑ سے نکلیں ۔

عَقَب (ض ن) عَقْبًا : ایڑی مارنا ۔ عَقَب القَوْسَ او السَّهْمَ : پٹھا لپیٹنا ...... عَقْبًا وعُقُوبًا وعَاقِبَةً الرَّجُلَ او مَکَانَ الرَّجُلِ : پیچھے آنا ۔ جانشین ہونا ۔ کہا جاتا ہے "عَقَبَ الشَّیْبُ" یعنی سیاہی کے بعد سفیدی آئی ۔

عُقِبَ عَقْبًا : ایڑی میں درد ہونا ۔

عَقَّبَه : پیچھے آنا ۔ پیچھے لانا ۔ عَقَّبَ الصَّلٰوة : نماز پوری کر لینے کے بعد دعا وغیرہ کے لئے بیٹھنا ۔ کہا جاتا ہے "عَقَّبَ الشَّیْبُ" یعنی سیاہی کے بعد سفیدی آئی ...... فِی الاَمْرِ : کسی چیز کے طلب کرنے کے لئے کوشش کرنا اور آمد و رفت رکھنا ...... الحَاکِمُ عَلٰی حُکْمِ سَلَفِهٖ : حاکم کا اپنے سلف کے فیصلے کے خلاف فیصلہ کرنا ۔

عَلَیْهِ : بدنام کرنا اور غلطیوں کو بیان کرنا ۔

عَاقَبَه مُعَاقَبَةً : پیچھے آنا ۔ عَاقَبَه فِی الرَّاحِلَةِ : نوبت بنوبت سوار ہونا ۔

عَاقَبَه عِقَابًا ومُعَاقَبَةً . بِذَنْبِهٖ وعَلٰی ذَنْبِهٖ : مواخذہ کرنا ۔ سزا دینا ۔ اسم العقوبة.

اَعْقَبَه : جانشین ہونا ۔ اچھا بدلہ دینا ۔ عرب کہتے تھے "اَعْقَبْتُ الرَّجُلَ" یعنی بہترین بدلہ دیا اور "عَاقَبْتُه" یعنی برا بدلہ دیا ۔ عَاقَبَه : اچھے بدلے کو اور عِقَاب برے بدلے کو کہتے ہیں ۔ اَعْقَبَه فِی الرَّاحِلَةِ : نوبت بنوبت سوار ہونا ۔ اَعْقَبَ فُلَانٌ : مرنا اور اولاد چھوڑ جانا ...... الاَمْرُ : اچھا انجام ہونا ...... الرَّجُلُ : برائی سے بھلائی کی طرف لوٹنا ۔ اَعْقَبَتِ الاَرْضُ : زمین کا چرے جانے کے بعد پھر سرسبز ہونا ۔ کہا جاتا ہے "اُعْقِبَ عِزُّهٗ ذُلًّا" یعنی اس کی عزت ذلت سے بدل گئی ۔

تَعَقَّبَه : تلاش کرنا ۔ نقائص تلاش کرنا ۔ پیروی کرنا ۔ جرم پر گرفت کرنا ۔ تَعَقَّبَ عَنِ الخَبَرِ : شک کی وجہ سے خبر کو دوسری مرتبہ پوچھنا ۔ تَعَقَّبَ مِنْ اَمْرِهٖ : نادم ہونا ۔

تَعَاقَبَ . الرَّجُلَانِ اَوِ اللَّیْلُ والنَّهَارُ : ایک دوسرے کے پیچھے ہونا ۔ تَعَاقَبَا عَلَی الرَّاحِلَةِ : نوبت بنوبت سوار ہونا ۔ القَوْمُ فِی الشَّیْئِ اَوِ الاَمْرِ : باری باری کرنا ۔

تَعَاقَبُو عَلٰی فُلَانٍ بِالضَّرْبِ : کسی کو مارنے میں ایک دوسرے کی مدد کرنا ۔

اِعْتَقَبَ البَائِعُ السِّلْعَةَ : قیمت پر قبضہ کرنے کے لئے سامان کو روک لینا ......

الرَّجُلَ : قید کرنا ...... مِنْ کَذَا نَدَامَةً : انجام میں ندامت اٹھانا ...... القَوْمُ عَلَیْهِ : مدد کرنا ۔

اسْتَعْقَبَه : عیوب و نقائص کو تلاش کرنا ۔

العَقْب : ہر پیچھے آنے والی چیز ۔

العَقْب والعَقِب : ایڑی ۔ بیٹا ۔ پوتا ۔ ج اَعْقَاب . اَعْقَابُ الاُمُوْرِ : اُمور کے انجام ۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ عَقِبَهٗ وبِعَقِبِهٖ" جانشین ہوا "رَجَعَ عَلٰی عَقِبِهٖ" وہ جلدی سے اسی راستے سے واپس گیا جس سے آیا تھا "وَطِیَٔ عَقِبَهٗ" وہ اس کے نشانِ قدم پر چلا ۔ "سَافَرَ عَلٰی عَقِبِ الشَّهْرِ" اس نے مہینے کے آخر میں سفر کیا ۔

العُقْب والعُقُب : انجام ۔ نتیجہ ۔ ج اَعْقَاب.

العَقَب : پٹھا جس سے تانت بنایا جاتا ہے ۔ ج اَعْقَاب.

العُقْبَة : باری ۔ بدل ۔ تم کہتے ہو "تَمَّتْ عُقْبَتُکَ" تمہاری باری پوری ہو گئی "اَخَذْتُ مِنْ اَسِیْرِی عُقْبَةً" میں نے اپنے قیدی سے بدلے لیا ۔ العُقْبَةُ مِنَ الجَمَالِ : حسن کا اثر ۔

العُقْبَة : کھانے کے بعد جو میٹھی چیز کھائی جائے ۔ شوربے کا بقیہ حصہ جو ہانڈی والے کو دیا جائے ۔ رات دن ۔ اس لئے کہ یہ باری باری آتے ہیں ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عُقْبَةُ بَنِی فُلَانٍ" وہ بنی فلاں کا آخری ہے ج عُقَب

اَبُو عُقْبَةَ : سور ۔

العِقْبَة : حسن کا اثر ۔

العَقَبَة : دشوار گزار گھاٹی ۔ پہاڑی دشوار راستہ ۔ ج عِقَاب وعَقَبَات.

العُقْبٰی : کام کا بدلہ ۔ ہر چیز کا آخر ۔ آخرت ۔

العُقُوبَة والعِقَاب والمُعَاقَبَة : بدی کا بدلہ ۔ سزا ۔

العُقَاب : ایک قوی شکاری پرندہ ج عِقْبَان واَعْقُب : ج عَقَابِین. العُقَاب : ایک ستارے کا نام ۔ حوض کی طرف پانی کی نالی ۔ ٹیلہ پتھر جس پر ساقی کھڑا ہوتا ہے ۔

العَقِیْب : پیرو ۔ پیچھے آنے والا ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَقِیْبُه" وہ اس کے پیچھے پیچھے آتا ہے ۔

العَقُوْب : اُمور خیر میں پیروی کرنے والا ۔ اچھا جانشین ۔

العَاقِب : فا ۔ نائب ۔ اچھا جانشین ۔

العَاقِبَة : مؤنث ۔ عاقب ۔ نسل ۔ ہر چیز کا آخر ۔ اچھا بدلہ ۔ ج عواقب.

العُقْبَان : بمعنی عاقبت.

المُعَقِّب : ایک شکاری پرندہ جو چوہے اور خرگوش وغیرہ کا شکار کرتا ہے اور اس کو "مُرْزَة" بھی کہتے ہیں ۔

المِعْقَب : ہانکنے میں ماہر ۔ اوڑھنی ۔ بالی ۔

المُعْقَاب : وہ عورت جس کی عادت ہو کہ ایک بار لڑکا جنے اور دوسری مرتبہ لڑکی ۔ وہ

مکان جس میں خشک انگور رکھا جائے۔

المُعَاقِب :فا۔بدلہ لینے والا۔

المُعَقِّبَات :رات دن کے فرشتے۔تسبیحات جو باری باری پڑھی جائیں۔

الیَعْقُوب :نر چکور۔ج یَعَاقِیب یازائدہ ہے۔

العُقْبُول والعُقْبُولَةُ :بخی۔بیماری یاعداوت کا بقیہ۔بخار کے بعد ہونٹوں پر کی پھنسیاں ج عَقَابِیل.

عَقَدَ (ض) عَقْدًا الحَبْلَ :گرہ لگانا۔البَیْعَ او الیَمِیْنَ :بیع یاقسم کو پکا کرنا......الحَاسِبُ :حساب لگانا......ہ عَلَی الشَّیْ :معاہدہ کرنا......لَهُ الشَّیْ :ضامن ہونا......الخَیْطَ :دھاگے میں گرہ لگانا......البَنَّاءُ :معمار کا محراب بنانا......البَنَّاءَ بِالْجَصِّ :عمارت کو چونے سے مضبوط کرنا......الزَّهْرُ :پھول کے اجزا کا جمع ہوکر پھل بن جانا......العَسَلُ ونَحْوه :شہد کا گاڑھا ہونا۔کہا جاتا ہے "عَقَدَ نَاصِیَتَه" یعنی غضبناک ہوا اور برائی کے لئے تیار رہا۔"عَقَدَ عُنُقَهُ اِلَیْهِ" یعنی پناہ لی "عَقَدَ لَهُ الرِّئَاسَةَ فِی قَوْمِه" یعنی اس کو اس کی قوم میں رئیس بنادیا "عَقَدَ لَهُ عَلَی الْجَیْشِ" یعنی اس کو لشکر کا سردار بنادیا۔

عَقِدَ (س) عَقَدًا :گرہ دار زبان والا ہونا......اللِّسَانُ :زبان کا رکنا۔صفت اَعْقَد وعَقِدٌ.

عَقَّدَ البَیْتَ :محراب بنانا......الیَمِیْنَ :قسم کو پکا کرنا......الحَبْلَ :رسی میں گرہ لگانے میں مبالغہ کرنا......الکَلَامَ :مبہم کلام کرنا (...... واَعْقَدَ) الدِبْسَ ونَحْوَه :شیرہ کو جوش دے کر گاڑھا کرنا۔

عَاقَدَهُ مُعَاقَدَة :معاہدہ کرنا۔

تَعَقَّدَ الدِبْسُ :شیرہ کا گاڑھا ہونا......الرَّمْلُ :ریت کا تہ بتہ ہونا......السَّحَابُ :بادل کا محراب کے مانند ہونا......الاَمْرُ :دشوار ہونا......الاِخَاءُ :مضبوط ہونا۔

اِنْعَقَدَ :گرہ لگنا......الاَمْرُ لِفُلَانٍ :خالص ہونا......الدِبْسُ :شیرہ کا گاڑھا ہونا......الزَّهْرُ :پھول کے اجزاء کا جمع ہوکر پھل بن جانا۔

تَعَاقَدَ القَوْمُ :ایک دوسرے کے ساتھ معاہدہ کرنا۔

اِعْتَقَدَ المَالَ :جمع کرنا......الاَمْرَ :تصدیق کرنا۔نہایت پختہ یقین رکھنا۔دین بنانا......الشَّیْ :سخت ہونا اور اسی سے ہے "اِعْتَقَدَ النَّوَی" جبکہ گٹھلی سخت ہوجائے......الاِخَاءُ بَیْنَهُمَا :سچی ہونا۔ثابت ہونا۔باندھنا......الدُرَّ ونَحْوهُ :موتی وغیرہ کے ہار بنانا۔

العَقْد :محراب ج اعقاد وعقود اور اعداد کے عقود دہائیوں کو کہتے ہیں جیسے دس بیس تیس نوے تک۔

العِقْد :ہار ج عُقُوْد.

العَقِد والعَقَد :ریت کا ڈھیر واحد العَقِدَة والعَقَدَة.

العُقْدَة :گرہ۔جائیداد۔شہر کی حکومت حاکموں کی بیعت......مِنْ کُلِّ شَیْءٍ :ہر چیز کی مضبوطی۔اتنی مقدار جو آدمی کو کافی ہو۔بہت درختوں والی جگہ۔جو کسی چیز کو روک لے اور باندھ لے۔کہا جاتا ہے "تَحَلَّلَتْ عُقْدَه" یعنی اس کا غصہ ٹھنڈا پڑ گیا۔

العَاقِد :فا۔ج عَقَدَة کہا جاتا ہے "جَاءَ عَاقِدًا عُنُقَه" تکبر سے گردن موڑتا ہوا آیا۔

العَاقِدَة :مؤنث عَاقِد. ج عَاقِد وعَاقِدَات العاقدات :جادوگرنیاں۔

العَقَدَة :زبان کی جڑ۔

العَقَّاد :بہت عقد کرنے والا۔دھاگہ اور گھنڈی کا بنانے والا اور بیچنے والا۔

العِقَادَة :دھاگہ گھنڈی بنانے کا پیشہ۔

العَقِیْد :معاہدہ کرنے والا......مِنَ الدِبْسِ :گاڑھا شیرہ۔کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عَقِیْدُ الکَرَمِ اَوِ اللُوْمِ" یعنی فلاں آدمی طبعًا کریم یا لئیم ہے۔

العَقِیْدَة :جس پر پختہ یقین کیا جائے جس کو انسان اپنا دین بنائے اور اس کا اعتقاد رکھے۔ج عقائد.

الاَعْقَد :وہ شخص جس کی زبان میں گرہ ہو۔جس میں گرہیں ہوں۔کتا یا بھیڑیا جس کی دم مڑی ہوئی ہو۔مؤنث عَقْدَاء :ج عقد.

العُنْقُوْد والعِنْقَاد مِنَ العِنَبِ ونحوه :گچھا۔ج عَنَاقِید.

المَعْقِد :گرہ بندھنے کی جگہ۔جوڑ۔کہا جاتا ہے "هُوَ مِنِّی مَعْقِدَ الاِزَارِ" یعنی وہ مرتبہ کے لحاظ سے مجھ سے قریب ہے ج مَعَاقِد.

المَعَاقِد :وہ منازل جہاں بار بار لوٹ لوٹ کر آئیں۔

المِعْقَاد :بچوں کے گلے میں ڈالنے کے لئے تعویذ وغیرہ کی لڑی۔

المُعَقِّد :فا۔جادوگر۔

المُعْتَقَد :اعتقاد جس کا انسان اعتقاد کرے۔

عَقَرَه (ض) عَقْرًا :زخمی کرنا۔ذبح کرنا۔عَقَرَ الاِبِلَ :کونچیں کاٹنا۔عَقَرَبِه :چلنے سے روک دینا......بالصَّیْدِ :شکار کے پیچھے لگنا۔

عَقَرَت (ض) عَقْرًا وعُقْرًا وعُقُرًا و عَقُرَت (ک) عُقْرًا وعَقَارَة وعِقَارَة و عُقِرَت. المراة او الناقة :بانجھ ہونا۔صفت العَاقِر.

عَقُرَ (ک) عُقْرًا. الاَمْرُ :بے نتیجہ ہونا۔

عَقِرَ (س) عَقَرًا :وحشت زدہ ہونا۔تحیر ہونا کانپنا۔

عَقَّرَ الاِبِلَ :اونٹ کو بہت زخمی کرنا۔

عَاقَرَ مُعَاقَرَةً. الشَّیْ :لازم پکڑنا۔ہمیشگی کرنا......الخَمْرَ :شراب پینے میں عادت کرنا......ہ :گالی دینا۔برا بھلا کہنا۔ہجو کرنا۔اونٹ ذبح کرنے میں فخر کرنا۔

اَعْقَرَهُ :دہشت زدہ کرنا۔اَعْقَرَ اللّٰهُ المَرْاَةَ :عورت کو بانجھ کردینا۔

تَعَقَّرَ النَّبَاتُ :نباتات کا لمبا ہونا......شَحْمُ النَّاقَةِ :چربی کا گٹھا ہوا ہونا......[illegible] جائیداد زیادہ ہونا......الغَیْثُ :[illegible] ہونا(...... واعْتَقَرَ وانْعَقَرَ) ظَهْرُ [illegible] الرَّحْلِ او السَّرْجِ :کجاوہ یا زین [illegible]

کی پیٹھ کا زخمی ہونا۔ العَقُورتُ قَوَائِمِ البَعِيرِ: کونچیں کٹ جانا۔
تَعَاقَرَ الرَّاهِبَانِ: اونٹ کے ذبح کرنے میں مقابلہ کرنا۔
العُقْر: گھر کا درمیانی حصہ۔ محلہ۔ قوم۔ بلند عمارت اترنے کی جگہ۔ دو چیزوں کے درمیان کشادگی۔
العُقْـر: عورت کا مہر۔ قوم کے اُترنے کی جگہ۔ حوض کا پچھلا حصہ۔ گھر کا درمیانی حصہ۔ گھر میں عمدہ جگہ۔ بہترین گھاس۔ قصیدے کا بہتر شعر۔ محل۔ ج اَعْقَار۔ بیضة العُقْر: مرغی کا پہلا انڈا۔ العُقْر: بانجھ (...... والعُقْر) بڑی آگ۔
العَقْرة والعُقْرة والعَقَارَة: بانجھ پن۔
العَقْرَاء: مؤنث الاَعْقَر: اونچا ٹیلہ۔
العَقَار: گھر کا سامان۔ جائیداد کا ہر غیر منقول چیز۔ سرخ رنگ ج عَقَارَات۔
العُقَـار: گھر کا سامان۔ عمدہ مال۔ بہترین گھاس۔ شراب۔
العَقْر والعُقْرة والمِعْقَر: جانوروں کو تھکا کر زخمی کرنے والا۔ اِمرأة عقرة: رحم کی بیماری والی عورت۔
العَقَّار: بہت زخمی کرنے والا۔ درخت۔ جڑی بوٹی سے علاج کرنے والا۔ دوا۔ ج عَقَاقِير۔
العِقِّير: صیغہ مبالغہ۔ درخت۔
العَقُور: کاٹ کھانے والا جانور ج عُقُر۔
المـعْقَرة والعَاقُور والمِعْقَر والمِعْقَار والمُعْقِر۔ مِنَ السروج: پیٹھ کو زخمی کرنے والی زین۔
العَقِير: زخمی۔ دہشت زدہ ج عَقْرَى۔
رَجُلٌ عَقِيرٌ: بے اولاد مرد۔
العَقِيرَة: زخمی شکار۔ کٹی ہوئی پنڈلی۔ گانے والے یا رونے والے یا پڑھنے والے کی آواز۔ کہا جاتا ہے "رَفَعَ عَقِيرَتَه" آواز بلند کی۔ نَخْلَةٌ عَقِيرَةٌ: کٹے ہوئے سر کا درخت خرما۔

العَاقِر: بانجھ عورت ج عُقَّر وعَوَاقِر۔
رَجُلٌ عَاقِرٌ: بے اولاد مرد ج عُقَّر۔
الاَعْقَر: اونٹ جس کے دانت ٹوٹ گئے ہوں مؤنث عَقْرَاء ج عُقْر۔
العَقَرِيّ: جائیداد۔
المُعْقِر: بہت جائیداد والا۔
اَرْضٌ مَعْقَرَة: بہت بچھوؤں والی زمین۔
العَقْرَب: بچھو۔ نر و مادہ دونوں پر اطلاق ہوتا ہے اور غالب تانیث ہے۔ اُمُّ عَـرِيطٍ او اُمُّ مِسْـاعِـرة کنیت ہے اور کہا جاتا ہے کہ نر کو عـقـربـان کہتے ہیں اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ مادہ کو عَـقْـرَبَة کہتے ہیں۔ ج عَـقَـارِب۔
الـعَـقْـرَب: آسمان کے ایک برج کا نام۔
الـعَـقَـارِب: سختیاں۔ چغلیاں۔ کہا جاتا ہے دَبَّتْ عَـقَـارِبُـه۔ وَدَبَّتْ مِنْهُ عَقَارِبُ السِّعَايَةِ واللّٰه لَتَدِبُّ عَقَارِبُهُ" یعنی وہ لوگوں کی بے آبروئی کرتا ہے۔ عَيْـــشٌ ذُوْ عَـقَـارِبَ: سختی و تنگی کی زندگی۔ عَـقَـارِبُ الشِّتَاءِ: ٹھنڈک کی سختی۔ عَـقْـرَبُ السَّاعَةِ: گھڑی کی سوئی۔
العَقْرَبَاء: مادہ بچھو۔
اَرْضٌ مُعَقْرِبَة: بہت بچھوؤں والی زمین۔
الـمُـعَـقْـرَب: موڑا ہوا۔ ٹیڑھا۔ گٹھا ہوا مضبوط جسم۔ کامل مددگار۔
العَقْرَطَلُ والعِقْرَطِل: مادہ ہاتھی۔ ہتھنی۔
عَقَشَ (ن) عَقْشًا۔ العُودَ: لکڑی کو موڑنا ...... المَالَ: جمع کرنا۔
عَقَصَ (ض) عَـقْـصًا۔ الشَّعْرَ: بالوں کی چوٹی بنانا یا گوندھنا ...... الـمَـرْأَةُ شَعْرَهَا: عورت کا جوڑا باندھنا۔
عَقِصَ (س) عَـقَـصًا۔ التَّيْسُ: مینڈھے کا پیچھے مڑے ہوئے سینگوں والا ہونا ...... الرَّجُلُ: بخیل ہونا۔ بدخلق ہونا۔ مڑی ہوئی انگلی والا ہونا۔
العَقِص: بخیل۔ بدخلق۔ جمع شدہ ریت جس میں راستہ نہ ہو۔
العُقْصَة۔ مِنَ القَرْنِ وغَيْرِهِ: سینگ وغیرہ

کی گرہ ج عُقَص۔
العِقْصَة: چوٹی ج عِقَص وعِقَاص۔
العَقِيصَة: چوٹی ج عَقَائِص وعِقَاص۔
العِقَاص: موباف ج عُقُص۔
الاَعْقَص: وہ شخص جس کی انگلیاں مڑی ہوئی ہوں۔ جس کے دو اگلے دانت اندر کو گھسے ہوئے ہوں۔ بخیل ...... مِـنَ التُّيُوسِ: مینڈھا جس کے سینگ پیچھے کو مڑے ہوئے ہوں۔ مؤنث عَقْصَاء ج عُقْص۔
المِعْقَص: ٹیڑھا تیر۔ ج مَعَاقِص۔
الـمِـعْـقَـاص: مڑے ہوئے سینگ کی بھیڑ بکری۔
عَقْعَقَ عَقْعَقَةً الطَّائِرُ بِصَوْتِهِ: کٹکری کرنا۔
العَقْعَق: کوے کی شکل کا ایک پرندہ۔ کوا۔ عوام اسے قعق کہتے ہیں اور عرب اس سے بدفالی لیا کرتے تھے۔
عَقَفَ (ض) عَقْفًا وعَقَّفَ العُودَ ونَحْوَه: فَتَعَقَّفَ وانْعَقَفَ: کنارے سے موڑنا اور ٹیڑھا کرنا۔ پس مڑ جانا اور ٹیڑھا ہو جانا۔ صفت اَعْقَف ومَعْقُوف۔
الـعَـقْـفَاء: مؤنث اعقف: لکڑی یا لوہا جس کے کنارے پر بھی ہو مڑے ہوئے سینگ کی بکری ج عُـقْـف (...... والـعُـقَـيْـفَاء) ایک گھاس ہے جس سے بکریاں مرجاتی ہیں۔
العَقُوف۔ مِنْ ضُرُوعِ البَقَرِ: گائے کا تھن کہ دوہتے وقت دودھ سیدھا نہ نکلے۔
الـعُـقَـاف: بکریوں کا ایک مرض جس سے ٹانگیں ٹیڑھی ہو جاتی ہیں ایسی بکری کو عاقف کہتے ہیں اور اس کی جمع عَوَاقِف ہے۔
الـعُـقَّـافَه: لکڑی جس کے ایک طرف کجی ہو شَوْكَةٌ عَقِيفَةٌ: مڑا ہوا کانٹا۔
المَعْقُوف: مڑا ہوا۔ وہ جانور جس کو عُقَاف کی بیماری ہو۔ شَـيْـخٌ مَـعْـقُـوفٌ: خمیدہ کمر بڈھا۔
عَقَلَ (ن ض) عَقْلاً۔ الدَّوَاءُ بَطْنَه: دواء کا قبض کر دینا ...... الـبَـعِـيرَ: ٹانگ ران ملا کر رسی سے باندھنا ...... الـمَـرْأَةُ شَعْرَهَا:

عُكَّازَةٍ: ڈنڈے پر سہارا لینا۔ تَعَكَّزَ قَوْسَہ: کمان کو سہارا بنانا۔

عَكِزَ (س) عَكْزًا: سکڑنا۔

عَكَزَ الرُّمْحَ: نیزے میں پھل لگانا۔

العِكْزُ: بخیل۔ بدخلق۔

العُكَّاز والعُكَّازَة: ڈنڈا جس میں نیچے پھل لگا ہوا ہو ج عَكَاكِيز وعُكَّازات۔

العَكَازِيْلُ: شیر کا بچہ۔

عَكَسَ (ض) عَكْسًا الكلامَ و نَحْوَهُ: کلام کو اُلٹ دینا۔ الشَّيْءَ: آخر کو اول کی طرف کر دینا۔ زمین کی طرف جھٹکا دے کر کھینچنا اور پٹک دینا۔ البَعِيْرَ: اونٹ کو نکیل لگا کر رسی کو ٹانگ سے باندھ دینا ...... رَأْسَ البَعِيْرِ: اونٹ کے سر کو موڑنا ...... ہ عَنِ الأَمْرِ: پھیر دینا۔ ہٹا دینا ...... عَلٰى فُلَانٍ أَمْرَهُ: کسی کے معاملہ کو اسی پر لوٹا دینا ...... الطَّعَامَ: کھانے میں دودھ ملا ہوا شوربا ڈالنا۔

عَكِسَ (س) عَكَسًا: تنگ خو ہونا۔

عَاكَسَ مُعَاكَسَةً وعِكَاسًا الكلامَ: کلام کو پلٹ دینا ...... ہُ: ایک دوسرے کی پیشانی کو پکڑنا اور عوام کے استعمال میں بمعنی مخالفت کرنا۔

تَعَكَّسَ فِيْ مَشْيَتِهٖ: رینگ کر چلنا۔

تَعَاكَسَ واعْتَكَسَ وانْعَكَسَ: پلٹ جانا۔

اِعْتَكَسَ: دودھ ملا ہوا شوربا بنانا۔

عِكَاسُ البَعِيْرِ: نکیل کی رسی جو اونٹ کے زانو میں باندھ دیتے ہیں۔

عَكْسُ القَضِيَّةِ: دوسرا قضیہ معکوسہ۔

التَّعَاكُسُ: علم ہیئت میں نقاط کو معکوس کرنا۔

الاِنْعِكَاسُ: شعاع ضوئی کو الٹ کرنا جیسے آئینے کے منہ کو الٹ کرنا اور ساکن پانی کی سطح کو۔

اَلْمَعْكُوْسُ: علم حساب میں عدد کو مقلوب کرنا۔

العُكَّاسُ: نر مکڑی۔

العَكِيْسُ: دودھ جو شوربے میں ملایا جاتا ہے۔ رسی جس سے اونٹ کو روکتے ہیں۔

درخت کی شاخ جس کو زمین کے نیچے دبا دیتے ہیں کہ اس سے دوسرا درخت نکلتا ہے۔

العَكِيْسَةُ: بہت سے اونٹ۔ تاریک رات۔ عَكِشَ (س) عَكَشًا۔ الشَّعْرُ: بالوں کا پیچیدہ اور تہ بتہ ہونا ...... النبتُ: نباتات کا بہت ہونا اور گنجان ہونا۔

عَكَشَ (ض) عَكْشًا الشَّيْءَ: جمع کرنا۔ صفت عَكِش: صفت مفعول معکوش ...... الرجلَ: مضبوط باندھنا ...... عَلَيْهِ: حملہ کرنا۔

تَعَكَّشَ الأَمْرُ: دشوار ہونا ...... الشَّيْءُ: سکڑنا ...... الشَّعْرُ: بالوں کا پیچیدہ اور تہ بتہ ہونا۔

العَكِشُ مِنَ الشَّعْرِ: پیچیدہ اور تہ بتہ بال۔ بیکار و فضول آدمی۔ شَجَرَةٌ عَكِشَةٌ: بہت زیادہ شاخ دار گنجان درخت۔

العُكَّاش والعُكَّاش والعُكَّاشَة والعُكَّاشَة: مکڑی یا مکڑی کا جالا۔

عَكَصَہ (س) عَكْصًا عَنْ حَاجَتِهٖ: ہٹانا۔ پھیر دینا۔

عَكِصَ (س) عَكَصًا: بدخو ہونا۔ صفت عَكِص عَكِصَتِ الدَّابَّةُ: سرکشی کرنا۔

تعكص بكذا عَلَيْهِ: بخل کرنا۔

رَملةٌ عَكِصَةٌ: دشوار گزار تودہ ریت۔

عَكَظَهٗ (ض) عَكْظًا: مغلوب کرنا۔ فخر کو رد کر دینا۔ روکنا ...... الشَّيْءَ: رگڑنا ...... الادِيْمَ: چمڑے کو دباغت کے لئے رگڑنا۔

عَكَظَ بِالشَّيْءِ: فخر کرنا۔ عَكَظَهٗ وعَكَّظَهٗ عَنْ حَاجَتِهٖ: ہٹانا۔ پھیر دینا۔

عَاكَظَهٗ مُعَاكَظَةً: ٹال دینا۔

تَعَكَّظَ عَلَيْهِ الأَمْرُ: دشوار ہونا ...... القَوْمُ: اجتماع کرنا۔ بھیڑ کرنا۔

تَعَاكَظَ القَوْمُ: مقابلہ کرنا۔ آپس میں فخر کرنا۔ جھگڑا کرنا۔

العَكِظ والعَكِيْظ: چھوٹے قد والا۔

عُكَاظ: عرب کے ایک بازار کا نام تھا جس میں عرب کے قبائل جمع ہوا کرتے اور بیع و فروخت کرتے تھے اور مفاخرت کے اشعار پڑھا کرتے تھے (مذکر و مؤنث ہے)

عَكَفَهٗ (ن ض) عَكْفًا عَنِ الأَمْرِ: منع کرنا ...... ہ عَلَى الأَمْرِ: کسی چیز پر روکے رکھنا۔

(...... عَكْفًا وعُكُوْفًا) القَوْمُ حَوْلَهٗ وبِهٖ: گردا گرد چکر لگانا۔ عَكَفَ عَلَى الأَمْرِ: ہمیشہ لازم رہنا ...... واعْتَكَفَ وتَعَكَّفَ فِي المَكَانِ: بند رہنا۔

عَكَفَ الجَوْهَرَ: تہ بتہ رکھنا ...... الشَّعْرَ: بالوں کو گھنگریالا کرنا ...... ہ عَنْ كَذَا: روکنا۔ منع کرنا۔

عَاكَفَهٗ مُعَاكَفَةً: لازم رہنا۔

العَكِف مِنَ الشَّعْرِ: گھنگریالے بال۔

العَاكِف: قا۔ مقیم۔ ج عَاكِفُوْنَ وعُكَّف وعُكُوْف شَعْرٌ مُعَكَّوف: کسی چوٹی کے ہوئے بال۔

المُعْكَف: منع۔ مڑا ہوا۔ ٹیڑھا۔

عَكَلَ (ن ض) عَكْلًا الشَّيْءَ: بکھرنے کے بعد اکٹھا کرنا ...... المَتَاعَ: سامان تہ بتہ رکھنا۔ الرَّجُلَ: پچھاڑنا ...... البَعِيْرَ: اونٹ کو رسی سے بازو اور پاؤں ملا کر باندھنا۔ عَكَلَ فِي الأَمْرِ: کوشش کرنا ...... فُلَانًا: مرنا۔

واعْكَلَ واعْتَكَلَ عَلَيْهِ: مشکل و مشتبہ ہونا۔

اِعْتَكَلَ الرَّجُلُ: جدا ہونا۔ الثَّوْرَانِ: بیلوں کا سینگوں سے لڑنا۔

العُكْلُ والعِكْلُ: لئیم۔ کمینہ ج أَعْكَال۔

العَكَال: قا۔ بخیل۔ چھوٹے قد والا ج عُكْل۔

العِكَال: اونٹ کے زانو باندھنے کی رسی۔

المِعْكَل: چرواہے کی سوٹی جس کو وہ درخت سے بنا لیتا ہے۔ ج مَعَاكِل۔

عَكَمَ (ض) عَكْمًا المَتَاعَ: سامان کی گٹھری باندھنا ...... عَلَيْهِ: حملہ کرنا ...... الرَّجُلَ: انتظار کرنا ...... عَنِ الأَمْرِ: [illegible] ...... ہ عَنْ زِيَارَتِهٖ: ہٹانا ...... البَعِيْرَ: [illegible] باندھنا ...... لِلأَرْضِ كَذَا: قصد کرنا۔

عُكِمَ عَنْهُ: ہٹایا جانا۔

عَكِمَتِ الإِبِلُ: اونٹوں کا موٹا ہونا۔

اَعْكَمَهٗ : باندھنے میں مدد دینا۔ بندھوانا۔
عَاكَمَهٗ مُعَاكَمَةً عَلٰى فُلَانٍ : مدد کرنا۔
اِعْتَكَمَ الشَّیْءُ : ڈھیر لگنا۔
العِكْمُ ج اعكـام وعـكوم. لعكام ج عِكَم : گٹھری۔
العِكَم : بوری۔ بنڈل۔ گٹھری۔ کنوئیں کی چرخی۔ عورتوں کے سامان رکھنے کا بیگ۔ کہا جاتا ہے "مَالَهٗ عُـكُوْمٌ عَنْ كَذَا" یعنی اس کے لئے فلاں چیز سے پھرنے کی کوئی جگہ نہیں۔
المِعْكَم : پُر گوشت۔
تَعَكَّنَ. البَطْنُ : موٹاپے کی وجہ سے سلوٹ پڑنا۔
الـعُكْـنَة : پیٹ کی سلوٹ۔ ج عُـكَـن واَعْكَـان ودِرْعٌ ذَات عُكَنٍ : وسیع وکشادہ زرہ۔
العِكَان : گلا۔
العَكْنَاء مِنَ النُّوْقِ او الشَاء : موٹے تھن والی اونٹنی یا بکری۔
العَكَّان : بہت اونٹ۔ بہت شتر مرغ۔
عَكَا يَعْكُوْا عَكْوًا. ذَنَبَ الدَّابَّةِ : جانور کی دم کو اس کی جڑ کی طرف موڑنا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ مَعْكُوٌّ" یعنی دُم مڑا ہوا گھوڑا...... ہٗ فِی الحَدِیْدِ : قید کرنا اور باندھنا۔ عَـكَتِ الْاِبِلُ : موٹا ہونا۔ عَكَا الضَّبُّ بِذَنَبِهٖ : گوہ کا اپنی دم کو موڑنا۔ الـدُّخَـانُ : دھوئیں کا اوپر چڑھنا...... عَلٰى قَوْمِهٖ : مائل ہونا...... بِاِزَارِهٖ : ازار باندھنے کی جگہ کو سخت کرنا۔
العَكْوَة والعُكْوَة : جانور کی دم کی جڑ۔ زبان کی جڑ۔ ازار بند کی موٹی گرہ۔ ہر چیز کا بڑا حصہ۔ ہر چیز کی موٹائی۔ العـكوه : گلا۔ ج عُكًا وعِكَاء.
العَكِیُّ مِنَ الْبَانِ الضَّانِ : ایک دوسرے پر دودھ دوہا ہوا اور جما ہوا۔
الْاَعْكٰى : سخت دم کی جڑ والا۔ موٹی پیشانی والا۔ مؤنث عَكْوَاء.
عَكٰى يَعْكِیْ عَكْيًا وعُكِیًّا واعْكٰى : مرنا۔

عَكٰى بِاِزَارِهٖ : ازار بند باندھنے کی جگہ کو سخت کرنا...... بِـالْمَكَان : اقامت کرنا۔ صفت عَاكٍ ج عُـكَـاة. اَعْكَاهُ : مضبوط باندھنا۔ عَـكٰى الـدُّخَان : دھوئیں کا اوپر چڑھنا۔
عَلَّ (ن ض) عَلًّا وعَـلَلًا وتَعِلَّةً : دوسری مرتبہ پینا...... ہٗ : دوسری مرتبہ پلانا...... ہٗ ضَرْبًا : لگاتار مارنا۔
عُلَّ عِلَّةً : مریض ہونا۔
عَـلَّلَهٗ : بار بار پلانا۔ ہٗ بِكَذَا : مشغول کرنا۔ کھیل کود میں ڈالنا۔ عَلَّلَ الشَّیْءَ : علت بیان کرنا۔ دلیل سے ثابت کرنا...... الـكَلِمَةَ : کلمہ کی تعلیل کی وجہ سے بیان کرنا۔ تعلیل کرنا...... الثَّمـرة : بار بار پھل توڑنا۔ الـمَـال : بہترین انتظام کرنا...... ہٗ : علاج کرنا۔
اَعَلَّ. الرَّجُلَ : گھونٹ گھونٹ پلانا...... ہٗ اللّٰهُ : بیمار کرنا...... الكَلِمَة : تعلیل کرنا۔
تَـعَلَّلَ : حجت ظاہر کرنا...... بِـكَذَا : مشغول رہنا۔
تَعَلَّـلَـتْ وتَعَالَتْ. المَرْاَةُ مِنْ نِفَاسِهَا : نفاس سے پاک ہو جانا۔ تَـعَالَلَ الصَّبِیُّ ثَدْیَ اُمِّهٖ : بچے کا پستان سے سارے دودھ کو چوس لینا۔
اِعْتَلَّ : مریض ہونا...... بِـالْاَمْرِ : مشغول رہنا۔ عذر بیان کرنا۔ اِعتلـت الـريح : نرم ہونا...... ہٗ : بہتان لگانا۔ اِعتلـت الـكلمة : حرف علت والا ہونا...... الـرَّجُلُ : دوسری مرتبہ پینا...... عَنْهُ : اس کی وجہ سے بیمار پڑنا۔
العَلُّ : موٹا بڑا بکرا۔ بڑی عمر کا لاغر۔ بیماری سے سکڑے ہوئے چمڑے والا بے خیر و برکت۔ ج اَعْلَال.
الـعَـلَّة : بہلاوہ۔ سوکن ج عَلَّات کہا جاتا ہے بنو علات : یعنی ایک مرد سے چند ماؤں کے بیٹے اور اس کے عکس کو اولادِ اخیـاف کہتے ہیں۔
عَلَّ. لعلَّ : میں ایک لغت ہے۔
العِلَّة : بیماری۔ مشغول کر دینے والا واقعہ اور اسی سے ہے "لَا يَعْدَمُ مَانِعٌ عِلَّةً" اس شخص کے لئے مثال بیان کی جاتی ہے جو عذر کرتا ہے اور اپنے مافی الید کے بچانے کے لئے منع کر دیتا ہے۔ عِـلَّةُ الشَّیْءِ : سبب ج عِلَّات وعِـلَل جج اَعْـلَال العِلَّات : حالات۔ مختلف احوال۔ کہا جاتا ہے "جَرٰى عَـلٰى عِلَّاتِهٖ" یعنی ہر حال میں۔ یا باوجود مختلف احوال کے قبول کیا گیا۔ والـعِـلَّةُ فِی العَرُوْضِ : وہ تغیر جو اشعار کے عروض وضرب میں لازمی طور پر لاحق ہو۔ سوائے نادر صورتوں کے حرف العلة : الف' واؤ' یا۔
الـعَلَل : دوسری مرتبہ پینا۔ کہا جاتا ہے عَـلَلٌ بـعـد نهـل : پہلی مرتبہ پینے کے بعد دوسری مرتبہ پینا۔
الـعُلَالَة والتَّعِـلَّة : بہلاوہ۔ الـعُلَالَة : پہلی مرتبہ دودھ دوہنے کی مہلت کے بعد دوہا ہوا دودھ۔ بقیہ دودھ' نیزہ بازی کے بعد نیزہ بازی' دوڑ کے بعد دوڑ۔
العَلِیْل : مریض ج اَعِلَّاء.
المُعَلّ والمَعْلُوْل : مریض۔
العَلِیْلَة : مؤنث عَـلِیْل : عورت جو بار بار خوشبو لگائے۔ ج عَلِیْلَات وعَلَائِل.
الیَـعْلُوْل : سفید حوض۔ پانی کا بلبلا۔ سفید بادل تہ بتہ بادل۔ بارش کے بعد بارش۔ دو کوہان والا اونٹ۔ ج یَـعَـالِیْل : یا زائدہ ہے۔
عَلَبَ (ن) عَـلْبًا وعَلَبَ الشَّیْءَ : کاٹنا۔ نشان لگانا۔ خراش لگانا۔
عَلَبَ (ن) عَلْبًا وعَلِبَ (س) عَلَبًا : سخت ہونا۔ صفت عَلِب.
عَلَـبَ وعَلِـبَ واِسْتَعْلَبَ اللَّحْمُ : سخت ہونے کے بعد بو کا بدل جانا۔ عَلِبَ السَّیْفُ : دندانہ دار ہونا۔
الـعَلْـب : مار کا نشان (...... والـعِلْـبُ والعَلِب) سخت زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔ سخت چیز ج عُـلُوْب : کہا جاتا ہے "رَجُلٌ عِلَبٌ" سخت ظالم آدمی۔

العُلْبَة: چمڑے یا لکڑی کا بڑا برتن ج عِلَاب وعُلَب۔
العِلْبَة: درخت کی موٹی گرہ ج عِلَب۔
العِلْبَاء: گردن کے پہلو کا پٹھا ج عَلَابِيّ کہا جاتا ہے "تَشَنَّجَ عِلْبَاءُهُ" وہ بوڑھا ہو گیا۔
عَلَثَ (ض) عَلْثًا. الشَّيْءَ: جمع کرنا۔ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ملانا۔ کہا جاتا ہے علث البُرَّ بالشعیرِ: گیہوں کو جو میں ملا دیا...... الزَّنْدُ: چقماق سے آگ نہ نکلنا۔
عَلِثَ (س) عَلَثًا القَوْمُ: آپس میں سختی سے لڑنا۔
تَعَلَّثَ لَهُ الذُّنُوبَ: حیلہ کرنا۔ مکر کرنا۔ بِهِ: چمٹنا...... الشَّيْءَ: اچھی طرح نہ بنانا۔
اِعْتَلَثَ: بغیر انتخاب کئے ہوئے لے لینا۔
العَلَث: گیہوں وغیرہ میں سے جو چیز نکال کر پھینکنے کے قابل ہو اس کو ملا دیا جائے (...... والعَلِيثَة) گیہوں جو سے ملا ہوا۔
العُلَاثَة: دوسری چیز سے ملائی ہوئی چیز ادھر اُدھر سے جمع کرنے والا آدمی۔
اَعْلَاثُ. الـزَّادِ: جو بغیر انتخاب اور عادت کے کھایا جائے۔
العَلِيث: جو گیہوں کے روٹی۔
العِلْث والمُعْتَلِث: جو باپ کے علاوہ دوسرے کی طرف منسوب ہو۔ بے کار تیر۔
عَلَجَهُ (ن) عَلْجًا: معالجہ میں غالب آنا۔
عَلِجَ (س) عَلَجًا: مضبوط ہونا۔
عَالَجَهُ مُعَالَجَةً وعِلَاجًا: مشق کرنا...... المَرِيضَ: بیمار کا علاج کرنا۔
تَعَلَّجَ الرَّمْلُ: ریت کا اکٹھا ہونا۔
تَعَالَجَ: علاج کرنا...... القَوْمُ: آپس میں جنگ کرنا۔
اِعْتَلَجَ الـقَـوْمُ: لڑائی کرنا۔ کشتی کرنا۔
اِعْتَلَجَتِ الوُحُوشُ: ایک دوسرے کو مارنا ...... الأَرْضُ: لمبے لمبے سبزہ والی ہونا
الأَمْوَاجُ: موجوں کا آپس میں ٹکرانا اور اسی سے ہے: اِعْتَلَجَتِ الهُمُومُ فِي صَدْرِهِ" غم اس کے سینہ میں موج مارنے لگے۔
الرَّمْلُ: ریت کا جمع ہونا۔
اِسْتَعْلَجَ جِلْدُهُ: کھال کا موٹا ہونا۔
فُلَانٌ: داڑھی نکلنا۔
العِلْج: گدھا۔ جنگلی گدھا۔ گورخر۔ موٹا قوی عجمی کافر اور بعض مطلقاً کافر پر اطلاق کرتے ہیں۔ ج عُلُوج واَعْلَاج وعِلَجَة۔
رَجُلٌ عَلْجٌ وعَلِجٌ وعُلَج وعُلَّجٌ: مضبوط کاموں کا کرنے والا مرد۔
العِلَاج: دواء۔ مشق۔ دفاع۔
العَلَج: چھوٹے چھوٹے کھجور کے درخت۔
العَلُوج: پیغام۔ پیغامبر۔
العُلْجَان: کانٹے دار درخت۔
العَـلْـجَم: لمبا اونٹ یا گدھا۔ بہت پانی کا تالاب۔
العُلْجُمُ والعُلْجُوم: بہت سیاہ۔
العُلْجُوم: بہت کھجوروں والا باغ۔ سمندر کی موج۔ رات کی تاریکی۔ نر مینڈک۔ مینڈھا۔ پہاڑی بکرا۔ بوڑھا بیل۔ ایک سفید پرندہ۔ نر بطخ۔ نر شتر مرغ۔ بہت پانی۔ جھاڑی۔ لوگوں کی جماعت۔ ج عَلَاجِيم۔
عَلِدَ عَلَدًا: سخت ومضبوط ہونا۔ صفت عَلِد۔
العَلْد: گردن کا پٹھا۔ ج اَعْلَاد۔
العَلَنْدَى والعُلَنْدَى مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: سخت و موٹا ج عَلَانِد وعَلَادَى۔
العَلَنْدَد. مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: سخت وموٹا۔
العَلَنْدَس: بہت سخت۔ العَلَنْدَسَة: مؤنث
العَلَنْبِي: پیٹو۔ بندہ شکم۔
عَلِزَ (س) عَلَزًا وعَلَزَانًا: بے چین ہونا۔ صفت عَلِزٌ. عَلِزًا اِلَى الشَّيْءِ: مائل ہونا۔ مشتاق ہونا...... مِنْ كَذَا: بہ تکلف مریض بننا۔
اَعْلَزَهُ: عاجز کرنا...... هُ الوَجَعُ: بے چین کر دینا۔
عَلَسَ (ض) عَلْسًا الماءَ: پینا...... الإِبِلُ: اونٹ کا کھانے کے لئے کچھ نہ پانا۔
عَـلُـسَ. الدَّاءُ: مرض کا سخت ہونا۔
الرَّجُلُ: شور مچانا۔ کہا جاتا ہے "مَا عَلَسُوهُ تَعْلِيسًا" انہوں نے اسے کچھ نہیں کھلایا۔
العَلْس والعُلَاس والعَلُوس: خوراک کھانا۔
العَلَس: گیہوں کی ایک قسم۔ مسور۔ ایک قسم کی چیونٹی۔ چیچڑی۔
المُعَلَّس: تجربہ کیا ہوا۔
العِلَّوْش: گیدڑ۔ بھیڑیا۔
عَلِصَتِ التُّخَمَةُ فِي مَعِدَتِهِ: بدہضمی کی وجہ سے معدہ میں درد ہونا۔
عَالَصَهُ عِلَاصًا: ایک دوسرے کو مارنا۔
اِعْتَلَصَ مِنْهُ شَيْئًا: تھوڑا سا لینا۔
العُلْصَة: تھوڑا سا۔
العِلَّوْص: بدہضمی اور یہ لفظ صفت بھی واقع ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ عِلَّوْصٌ" بدہضمی والا مرد۔
عَلَضَهُ (ض) عَلْضًا. الوَتَدَ ونَحْوَهُ: کھونٹ کو اکھیڑنے کے لئے ہلانا۔
عَلَطَ (ن ض) عَلْطًا وعَلَّطَ النَّاقَةَ: اونٹنی پر داغ لگانا...... هُ بِشَرٍّ: بدگوئی کرنا۔ عَلَطَ البَعِيرَ: اونٹ کی گردن سے پٹہ کو نکال دینا۔
تَعَلَّطَ. القَوْسَ: تانت چڑھانا۔
اِعْتَلَطَ. الرَّجُلُ وبِهِ: جھگڑا کرنا۔
اِعْلَوَّطَ. البَعِيرَ: اونٹ کی گردن سے لٹک کر سوار ہونا...... الأَمْرَ: بلا سوچے سمجھے داخل ہونا۔
العُلُط مِنَ النُّوقِ: بے نشان و بے مہار اونٹنی۔ ج اَعْلَاط. اَعْلَاطُ الكَوَاكِبِ: بے نام کے ستارے۔
العُلْطَة: گردن کا پٹہ۔ ج عُلَط۔
العِلَاط: گردن کا پہلو۔ آفتاب کی شعاع۔ لڑائی و جھگڑا۔ اونٹ کی گردن کی رسی ج اَعْلِطَة وعُلُط (...... والاعلیط) اونٹ کی گردن کا نشان۔
عَلَفَ (ض) عَلْفًا وعَلَّفَ وأَعْلَفَ الدَّابَّةَ: جانور کو چارہ دینا۔ عَلَفَ [illegible]: بہت پینا۔
اَعْلَفَ وعَلَّفَ الطَّلْحُ: پھلی نکالنا۔

تَعَلَّفَ: چارہ ڈھونڈنا۔

اِعْتَلَفَتِ الدَّابَّةُ: چارہ کھانا۔

اِسْتَعْلَفَتِ الدَّابَّةُ: ہنہنا کر چارہ مانگنا۔

العِلَّفُ: بہت کھانے والا۔

الـعَـلِيْف: چارہ ہی کھانے والا۔ ج عَلاَئِف.

المَعْلُوْفَة: چارہ ہی کھانے والا۔

الـعَـلَف: چارہ ج عُـلُـوْفَة واَعْلاَف وعِلاَف.

العَلاَّف: چارہ بیچنے والا ج عَلاَّفَة

الـعَـلِيْفَة: چارہ ہی کھانے والا جانور ج عَلاَئِف.

العَلُوْفَة: چارہ ہی کھانے والا جانور (واحد و جمع) العَلُوْفَة: چارہ ج عُلُف.

الـمُعْلَف والمِعْلَف: تھان۔ چارہ کھانے کی جگہ ج مَعَالِف.

عُلَّف: ببول کی پھلی۔

عَلْفَطَ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ملانا۔

عَلَقَ (ن) عَـلْـقًـا وعُلُوْقًا البَعِيْرُ ونَحْوُهُ النَّبَاتَ ومِنَ النَّبَاتِ: اوپر اوپر سے چرنا...... الـصَّبِـيُّ: انگلیاں چوسنا۔ (...... عَـلْـقًـا) الـرَّجُلَ: گالی دینا......هُ بِلِسَانِهِ: بدگوئی کر کے تکلیف پہنچانا۔

عَلِقَتْ (س) عُـلُـوْقًا المَرْأَةُ وكُلُّ اُنْثَى بِالْوَلَدِ: حاملہ ہونا...... الـوَحْـشُ بِالْحِبَالَةِ: وحشی جانور کا جال میں پھنس جانا...... الـدَّابَّةُ: جانور کا پانی پینا اور جونک کا چمٹ جانا...... الشَّوْكُ بِالثَّوْبِ: کپڑے میں کانٹے کا لگ جانا (...... عَلَقًا) الْاِبِلُ فِي الْوَادِي: چرنے کے لئے جانا۔

عَلِقَ (س) عُـلُوْقًا وعِلْقًا وعَلَقًا وعَلاَقَةً فُلاَنًـا وعَـلِقَ بِهِ: محبت کرنا۔ حُبُّـهُ بِـقَلْبِهِ: محبت کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَـلِـقَ مِـنْـهُ كُلَّ مَـعْـلَقٍ" یعنی اس سے اس نے محبت کی اور محبت دل کے پردے میں داخل ہوگئی۔ عَـلِقَ فَمُ فُلاَنٍ: قتل کرنا۔ ہر وہ چیز جو اپنے موقع میں واقع ہو اس کے لئے عَـلِقَ مَـعَـالِقَهُ: بولتے ہیں (...... عِـلْـقًا) اَمْرَهُ: جاننا۔ عَلِقَ يَفْعَلُ كَذَا: کرنے لگا۔

عُلِقَ الرَّجُلُ: گلے میں جونک لگایا جانا۔ جس کو لگایا جائے اس کو مَعْلُوْق کہتے ہیں۔

عَلَّقَ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ وعَلَيْهِ ومِنْهُ: لٹکانا...... الْاَمْرَ: چمٹ جانا...... البَـابَ: دروازہ بند کرنا۔ بَابًا عَلَى دَارِهِ: دروازہ لگانا۔

عُلِقَهُ: دل کا مائل ہونا۔

اَعْـلَقَ الـرَّجُلُ: جونک لگانا...... القَوْسَ: کمان کو لٹکانے کے لئے علاقہ بنانا...... الصَّـائِدُ: شکاری کے جال میں شکار کا پھنسنا...... ظُفُرَهُ بِالشَّيْءِ: ناخن چبھو دینا...... الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: لٹکا دینا۔

تَعَلَّقَ الشَّيْءَ: لٹکانا...... الشَّوْكَ بِالثَّوْبِ: کانٹے کا کپڑے سے اُلجھنا...... الـصَّـيْـدُ بِـالْـحِـبَـالَةِ: شکار کا جال میں پھنسنا (...... واِعْتَلَقَ) فُلاَنًا وبِهِ: محبت کرنا۔

العَلْقُ: مص اور کہا جاتا ہے "فِيْ ثَوْبِهٖ عَلْقٌ" یعنی اس کے کپڑے میں کسی چیز کے الجھنے سے پھٹن ہے (...... والعِلْقُ) ہر چیز کا نفیس۔ تھیلا۔ ج اَعْلاَق وعُلُوْق کہا جاتا ہے "هُوَ عِلْقُ عِلْمٍ" یعنی وہ علم کا شائق ہے۔

الـعَلَقُ: مص۔ خون۔ ہاتھ سے چمٹنے والی مٹی لٹکائی ہوئی چیز۔ درخت کا وہ حصہ جہاں جانور پہنچ سکے۔ جونک۔ واحد عَلَقَة.

الـعِلْقَة: لٹکانے کی نوعیت۔ بغیر آستینوں کے قمیص۔ بہترین کپڑا۔

الـعُـلْـقَة: درخت کا وہ حصہ جہاں جانور پہنچ سکے۔ وہ چیز جس کو کھانے سے پہلے دل بہلاؤ کے طور پر کھائیں۔ تھوڑی سی چیز۔ تعلق ج عُـلَق: کہا جاتا ہے "لِـى فِـيْ هٰذَا الْـمَـالِ عُـلْقَة" یعنی مجھ کو اس مال سے تعلق ہے "لَمْ يَبْقَ عِنْدَهٗ عُلْقَةٌ" اس کے پاس کچھ بھی باقی نہیں رہا۔

العُلَقُ: موت۔ جماعت کثیرہ۔ اشغال۔

العَلاَق: درخت کا وہ حصہ جس کو جانور پا سکے۔ وہ چیز جس کو کھانے سے پہلے دل بہلانے کے طور پر کھائیں۔

العَلاَقَة: مص۔ دوستی۔ دشمنی۔ موت۔ گزر بسر کا ذریعہ جس کا انسان سے تعلق ہو جیسے مال زوجہ اولاد۔ تعلق۔ محبت۔ ج عَلاَئِـق کہا جاتا ہے "لِـيْ فِـيْ هٰذَا الْاَمْرِ عَلاَقَة" یعنی مجھ کو اس معاملہ سے تعلق ہے۔

الـعِلاَقَة: ہانڈی وغیرہ لٹکانے کی چیز۔ ج عَلاَئِق.

الـعَـلُـوْق: مصیبت۔ موت۔ ہر وہ جس کا انسان سے تعلق ہو۔ بہت چمٹنے والا۔ دائی پلائی۔

الـعَوْلَق: بھوت۔ چھلاوہ۔ کتیا۔ بھیڑیا۔ بھوک۔ ذم۔

العَلِيْق: جانوروں کا چارہ جیسے جو وغیرہ۔

العُلَيْق والعُلَّيْقَى: ایک قسم کی گھاس جو درخت پر لپٹتی ہے اور اس کا پھل توت کے مانند ہوتا ہے۔

التَّعْلِيْقَة: کتاب کا حاشیہ۔ ج تَعَالِيْق.

الـمُعَلَّقَة: مؤنث معلّق: وہ عورت جس کا شوہر غائب ہوگیا ہو اور کچھ پتہ نہ چلتا۔

الـمُعَلَّقَات: زمانہ جاہلیت کے سات قصائد ہیں جن کو کعبہ میں آویزاں کیا گیا تھا اسی وجہ سے ان کو معلقات کہتے ہیں۔

الـمِعْلَق: پیالہ جس کو سوار اپنے ساتھ لٹکائے رہتا ہے۔

الـمِـعْلاَق: زبان۔ ہر وہ چیز جس سے لٹکایا جائے۔ ج مَـعَـالِيْق. ورَجُلٌ مِعْلاَقٌ: جھگڑالو۔

عوام کے نزدیک (مِـعْلاَق) کا اطلاق ذبیحہ کے پھیپھڑے، جگر، دل پر ہوتا ہے اور فصیح (سُحَارَة) ہے۔

عَلْقَمَ الشَّيْءُ: کڑوا ہونا...... الطَّعَامَ: کھانے میں کڑوی چیز ڈالنا۔

العَلْقَم: اندرائن، حنظل۔ ہر کڑوی چیز۔

عَلَكَ (ن ض) عَلْكًا. العِلْكَ ونَحْوَهُ: چبانا...... لَاُبْيَهُ: دانت پیسنا۔

عَلَكَ الْـجِلْدَ: کھال کی اچھی طرح سے

دباغت کرنا۔۔۔۔۔ یَدَیْہِ عَلٰی مَالِہٖ : بخل کی وجہ سے ہاتھ روک لینا۔

اَلْعِلْکُ : ہر گوند جو چبایا جائے۔ ج عُلُوْک و اَعْلَاک : ایک ٹکڑے کو العِلْکَۃ کہتے ہیں۔

العَلِکَۃُ : وہ زمین جو پانی کے قریب ہو۔

العَلِک : لیس دار چیز جو ہاتھوں سے چمٹ جائے۔

العُلاک و العَلاک : جو چیز چبائی جائے۔

العَلّاک : بہت چبانے والا۔ گوند بیچنے والا۔

عَلَمَہٗ (ن ض) عَلْمًا: نشان لگانا۔ عَلَم الشَّفَۃ : ہونٹ چیرنا۔

عَلِمَ (س) عِلْمًا الرَّجُلَ : حقیقت علم کو پا لینا۔ الشَّیْئَ : پہچاننا۔ یقین کرنا۔۔۔۔۔ الشَّیْئَ وبہ: جاننا۔ ادراک کرنا۔۔۔۔۔ الاَمْرَ : مضبوط کرنا۔

عَلِمَ (س) عَلَمًا : اوپر کا ہونٹ پھٹنا۔ صفت اَعْلَم۔

عَلَّمَہٗ تَعْلِیْمًا وعِلَّامًا و الصَّنْعَۃ وغَیْرَھَا : سکھلانا۔ عَلَّمَ لَہٗ عَلَامَۃً : پہچاننے کے لئے علامت مقرر کرنا۔

اَعْلَمَہٗ الاَمْرَ وبالاَمْرِ : جتا دینا۔ اطلاع دینا۔ اَعْلَمَ الفَرَسَ : لڑائی میں رنگے ہوئے اون کا نشان۔ گھوڑے پر لگانا۔۔۔۔۔ الثَّوْبَ : کپڑے پر نشان بنانا۔ نقش و نگار کرنا۔۔۔۔۔ نَفْسَہٗ : لڑائی کی علامت لگانا۔۔۔۔۔ عَلٰی کَذَا مِنَ الکِتَابِ وَغَیْرِہٖ : علامت لگانا۔

عَالَمَہٗ : علم میں غلبہ کرنا۔

تَعَلَّمَ : سیکھنا۔۔۔۔۔ الاَمْرَ : مضبوط کرنا اور تَعَلَّمْ : صیغہ امر اَعْلَمْ کے معنی میں ہے۔

اِعْتَلَمَ۔ المَاءُ : پانی بہنا۔۔۔۔۔ الشَّیْئَ : جاننا۔۔۔۔۔ البَرْقُ : پہاڑ میں بجلی کا چمکنا۔

تَعَالَمَ القَوْمُ الشَّیْئَ : جاننا۔

اِسْتَعْلَمَہُ الخَبَرَ : خبر دریافت کرنا۔

العَلَمُ : کپڑے کا نقش۔ جھنڈا۔ قوم کا سردار۔ ج اَعْلَام۔ العَلَم : راستہ کا نشان اونچا پہاڑ۔ علامت نشان۔ منارہ ج اعلام وعِلَام۔

العِلْم : مص۔ حقیقت شی کا ادراک۔ یقین و معرفت ج عُلُوم۔

عَلَامَ : علی حرف جر اور ما استفہامیہ سے مرکب ہے اور الف حذف کر دیا گیا ہے۔

العَلَامَۃ : نشان۔ راستہ کا نشان۔ ج عَلَام وعَلَامَات۔

العَالَم : ساری مخلوق۔ ماسوی اللہ۔ ج عَوَالِم وعَالَمُوْنَ وعَلَالِم۔

العَالِم : فا۔ ج عُلَّام وعَالِمُوْنَ (۔۔۔۔۔ والعَلِیْمُ) موصوف بالعلم ج عُلَمَاء۔

العَلّام و العُلّام و العَلّامَۃ و التِعْلَامَۃ : مبالغہ کے صیغے۔ بہت زیادہ جاننے والا۔

العُلّام و العُلَّام : شکرہ۔ باز۔

العُلَامِیُّ : سبک روح۔ تیز فہم۔

العَلَم : مص۔ عالم۔

اَلْعِلْمُ التَّعْلِیْمِی : علم ریاضی (حساب) علم موسیقی عِلْمُ التَّنْجِیْم : ستاروں کے آنے جانے کا علم جس کے ذریعے بقول اصحاب علم النجوم وہ لوگوں کو مستقبل کی معلومات فوائد اور نقصانات سے آگاہ کرتے ہیں۔ اَلْعِلْمُ العَمَلِی : قواعد کے مطابق فنون کو تجربہ گاہ میں استعمال کرنا۔ عِلْمُ الفَلَک : اجرام فلکی کے مواقع کے بارے میں ان کے مادہ' مسافت اور ان کے دورانیے کے متعلق بحث کرنا۔ اَلعِلْمُ النَّظَرِیُّ : علم عملی کا صدیقی نظریات قائم کرنا بغیر عمل کے۔ اَلْعِلْمُ اللَّدُنِّی : وہ علم جو اللہ تعالیٰ سے بذریعہ وحی سیکھا جائے۔

اَلْعُلُوْمُ المُدَوَّنَۃ : وہ علوم جن کو کتابوں میں تحریروں کر دیا گیا ہے۔

اَلْعُلُوْمُ المُتَعَارِفَۃ : وہ ابتدائی معلوم معلومات جن کو علوم مروجہ میں پیش کیا گیا۔

اَلْعُلُوْمُ الآلِیَّۃ : وہ علوم جن کے ذریعے دوسرے علوم حاصل ہوں جیسے منطق۔

اَلْعُلُوْمُ العَرَبِیَّۃ : وہ علوم جو عربی زبان کو سمجھنے میں مدد دیں جیسے صرف نحو معانی اور بیان۔

اَلْعُلُوْمُ الشَّرْعِیَّۃ : وہ علوم جن میں شرعی احکام ذکر کئے جاتے ہیں خواہ عملی یا اعتقادی جیسے علم الکلام و علم الفقہ۔

اَلْعُلُوْمُ الحَقِیْقِیَّۃ : وہ علوم جو کہ شریعت کے بدلنے کے ساتھ نہیں بدلتے۔ جیسے علم کلام و منطق۔

اَلْعُلُوْمُ الاِلٰہِیَّۃ : وہ علوم جن میں اللہ تعالیٰ کے وجود اور صفات کے متعلق بحث کی جائے۔

عِلْمُ النَّفْس : سیکولوجی۔

عِلْمُ طَبَقَاتِ الاَرْض : جولوجیا۔

عِلْمُ الحَیَاۃ : بیولوجیا۔

عِلْمُ الاِجْتِمَاع : علم سوسیولوجیا۔

عِلْمُ وَظَائِفِ الاَبْدَان : فیزیولوجیا۔

عِلْمُ اَعْضَاءِ الاَبْدَان : مورفولوجیا۔

الاَعْلَم : اسم تفضیل۔ وہ شخص جس کے اوپر کا ہونٹ پھٹا ہوا ہو۔ مؤنث عَلْمَاء ج عُلْم

العَلْمَاء : زرہ۔

الاُعْلُوْمَۃ : علامت۔ ج اَعَالِیْم۔

العُلْمَۃ و العَلْمَۃ : اوپر کے ہونٹ میں پھٹن۔

العَیْلَم : سمندر۔ بہت پانی کا کنواں۔ مینڈک موٹا۔ نازک بدن (۔۔۔۔۔ والعَیْلَام) نر بجو ج عَیَالِم و عَیَالِیم۔

المَعْلَم : راستہ کی نشانی۔ مَعْلَمُ الشَّیْءِ : چیز کے پائے جانے کی جگہ۔ ج مَعَالِم۔ کہا جاتا ہے "خَفِیَتْ مَعَالِمُ الطَّرِیْقِ" راستے کی نشانیاں مخفی ہو گئیں۔

المَعْلُوْمِیَّۃ : معلوم کی طرف نسبت۔

العِلْمَاد و العِلْمَادَۃ : جس پر دھاگے کا گولہ بنایا جائے۔ ج عَلَامِیْد و عَلَامِیْد۔

عَلَنَ (ن ض) وعَلُنَ (ک) وعَلِنَ (س) عَلَنًا وعَلَانِیَۃً وعُلُوْنًا [illegible] وَاسْتَعْلَنَ الاَمْرُ : ظاہر ہونا۔ [illegible] وعَلِنٌ وعَلِیْنٌ۔

عَالَنَ مُعَالَنَۃً وعِلَانًا العَدَاوَۃَ [illegible] کھلم کھلا دشمنی کرنا۔

عَالَنَہ وَاَعْلَنَہ الْاَمْرَ وبِالْاَمرِ وعلَنْتُہ : ظاہر کرنا۔

اِسْتَعْلَنَ. الْاَمْرُ وبِالْاَمْرِ : ظاہر کرنے کے درپے ہونا۔

العَلانِیَۃ : مص۔ کھلم کھلا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ عَلانِیَۃٌ" یعنی اس کا امر ظاہر ہے۔ ج عَلانُوْنَ.

العَلانِیُّ : وہ شخص جس کا معاملہ ظاہر ہو۔ ج عَلانِیُّوْنَ.

العُلَنَۃ: جو شخص اپنے راز کو پوشیدہ نہ رکھے۔

عَلِہَ (س) عَلَہًا: منہمک ہونا۔ متحیر ہونا۔ دہشت زدہ ہونا۔ بھوکا ہونا۔ قابلِ ملامت ہونا۔ گھبراہٹ سے آنا جانا۔ بدفطرت ہونا۔ صفت مذکر عَلْہَانُ ج عِلاہٌ: صفت مؤنث عَلْہٰی ج عَلاہٰی.

العَلِہ: وہ شخص جس کا نفس شرارت پسند ہو۔ وہ شخص جو متحیر ہو کر آگے جائے۔

العَالِہ : شترمرغ۔ عورت جو ایک راستہ پر نہ چلے۔ مختلف قسم کے ارادے کرے۔

العَلَہ : مص۔ برائی۔ غم۔

عَلا یَعْلُوْا عُلُوًّا وعَلِی یَعْلٰی عَلاءً واعْتَلٰی الشَّیُٔ او النَّہار : بلند ہونا۔ عَلاَ الرَّجُلَ : غالب ہونا......ہٗ بالسَّیْفِ : تلوار سے مارنا ......المَکَانَ وبِہٖ: چڑھنا......الدَّابَّۃَ: جانور پر سوار ہونا۔ عَلا فِیْ الاَرْضِ : تکبر کرنا۔

عَلاَبِہٖ: بلند کرنا......الاَمْرُ وَلَہٗ: طاقت رکھنا۔ صفت عَالٍ بِالاَمْرِ : مستقل ہونا۔ قِرْنَہٗ : ہمسر پر غالب آنا۔ عَلَتِ العَیْنُ عَنْ فُلانٍ : کسی سے نگاہ کا ناموافق ہونا۔ عَلا عَلِی فِیْ المَکَارِمِ : درجہ میں بلند ہونا۔ اِعْتَلٰی الشَّیُٔ : قوی ہونا۔ غالب ہونا۔

عَلّٰی وَاَعْلٰی الشَّیْٔ : چڑھنا۔

عَلّٰی واَعْلٰی وعَالٰی الشَّیْٔ : بلند کرنا۔ عَلّٰی الکِتَابَ : عنوان لکھنا۔ عَلّٰی واَعْلٰی المَتَاعَ عَنِ الدَّابَّۃِ : اتارنا۔ عَلّٰی اللّٰہُ فُلانًا : اللہ کا کسی کو بلند کرنا اور عالی مرتبہ بنانا۔ عَالٰی الشَّیْٔ وبِہٖ : چڑھنا۔ کہا جاتا ہے عَالِ عَنِّیْ : یعنی مجھ سے دور ہو۔

تَعَلّٰی الرَّجُلُ : آہستہ آہستہ چڑھنا۔ تَعَلَّتِ المَرْأَۃُ مِنْ مَرَضِہَا: صحت پانا۔

تَعَالٰی : بلند ہونا۔ تَعَالَتِ المَرْأَۃُ مِنْ مَرَضِہَا : صحت پانا۔ "تَعَالَ" آ جا۔ (فعل امر)

اِسْتَعْلَی النَّہارُ : بلند ہونا......ہٗ : غالب ہونا (...... واِعْلَوْلٰی) الشَّیْٔ : چڑھنا۔

عَلُ : اسم ہے بمعنی فوق۔ جب معرفہ ہو تو "مِنْ عَلُ" مبنی علی الضم اور نکرہ کی صورت میں "مِنْ عَلٍ" کہا جاتا ہے اور "اَتَیْتُہٗ مِنْ عَلاہٗ" بھی کہا جاتا ہے۔

العَلاءُ والعُلٰی : بلندی شرافت۔

العُلٰی والعَلایَۃ : بلند جگہ۔ کہا جاتا ہے "ھُمْ عِلْیَۃُ القَوْمِ" یعنی وہ لوگ قوم کے سردار ہیں۔

عُلْوُ الشَّیْٔ وعُلْوَتُہٗ وعِلْوَۃُ وعُلاوَتُہٗ : بلندی۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَہٗ عُلْوًا" یعنی اس نے اس کو زبردستی لے لیا۔

العِلاوَۃُ مِنْ کُلِّ شَیْٔ : ہر چیز میں سے زیادہ بوجھ لادنے کے بعد جو لٹکا دیا جائے۔ سر یا گردن کا اوپر کا حصہ ج عَلاوَیٰ وعَلاوِیٌّ: کہا جاتا ہے اَعْطَیْتُکَ اَلْفَ دِیْنَارٍ ودِیْنَارًا عِلاوَۃً : میں نے تجھ کو ہزار دینار دیئے اور ایک دینار زائد دیا۔

العَلاۃُ : نہائی۔ بلند اونٹنی ج عَلَوات وعَلاً.

العَلِیُّ : اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنٰی میں سے ایک نام۔ بلند۔ شریف۔ سخت ج عِلِیُّون وعِلْیَۃ. کہا جاتا ہے "ھُمْ عِلْیَۃُ القَوْمِ" یعنی وہ قوم کے سردار اور اشراف ہیں۔

العِلِیُّ : بلندی۔

العَلَوِیُّ : حضرت علی رضی اللہ عنہ کی جانب نسبت۔ ج عَلَوِیَّۃ.

العُلِیَّۃ والعِلِیَّۃ : بالاخانہ ج عَلالِی : کہا جاتا ہے "ھُوَ مِنْ عُلِیَّۃِ قَوْمِہٖ وعِلِّیِّھِمْ وعِلْیَتِھِمْ وعُلْیَتِھِمْ" یعنی وہ اپنی قوم میں صاحب رفعت و شرف ہے۔

العَالِیْ فالرَّجُلُ عَالِی الکَعْبِ : شریف۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُہٗ مِنْ عَالٍ" یعنی میں اس کے پاس اوپر سے آیا۔

العَالِیَۃ : مؤنث عالی۔ نیزے کا اوپر کا حصہ یا نیزے کا نصف اعلیٰ ج عَالِیَات وعَوَالٍ.

العَوَالِی : نیزے۔ العَوَالِی : مدینہ طیبہ کے اردگرد کے گاؤں اور اُن کی طرف جب نسبت کرتے ہیں تو عَالِیٌّ وعُلْوِیٌّ کہتے ہیں۔ عَالِیَۃُ الشَّیْٔ : چیز کا بلند حصہ۔ عَالِیَۃُ الوَادِی وادی کا وہ حصہ جہاں سے پانی گرے۔

الاَعْلٰی : اسم تفضیل۔ زیادہ بلند۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ اَعْلٰی بِہِمْ عَیْنًا" یعنی وہ لوگوں کے احوال و کوائف کا زیادہ دیکھ بھال کرنے والا ہے مؤنث عُلْیَا ج عُلٰی.

المُعْتَلِی : شیر۔

العُلْیَا والعَلْیَا : ہر بلند جگہ۔ کہا جاتا ہے شَفَۃٌ عُلْیَاء وعَلْیَاء العَلْیَا : پہاڑ کی چوٹی۔ آسمان۔

العِلِّیُّوْنَ : اعلیٰ جنت کا نام اور یہ جمع عِلِّیٌّ کی ہے وہ لوگ جو شہر کے بلند حصوں میں رہیں اور تونگر اور اہل شرافت کو "اھل عِلِّیِّیْنَ" کہتے ہیں۔ پست درجے کے لوگوں کو "سِفْلِیُّوْنَ".

العِلْیَان والعَلَیَان : موٹا لمبا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ عَلْیَان وامْرَأۃٌ عَلْیَان" نر بجو۔

العِلْیَان والعِلِّیَان : بلند آواز۔

العُلْیَان : کتاب کا عنوان۔

المَعْلاۃ : شرف و بلندی ج مَعَالٍ.

المُعَلّٰی: جوئے کا ساتواں تیر۔

الحُرُوْفُ المُسْتَعْلِیَۃ : خ۔ ص ض ط ظ غ ق۔

عَلْوَنَ عَلْوَنَۃً وعَلْوَانًا. الکِتَابَ : خط پر پتہ لکھنا۔

عَلْوَانُ الکِتَابِ: سرنامہ۔

عَلِیَ یَعْلٰی عَلْیًا وعِلِیًّا السَّطْحَ : چڑھنا۔

العَلی والعِلی والعُلْیَا والعَلْیَاء والعِلْیَان والعُلْیَان والعَلایَة والعِلْیَة والعَلِیّ والعِلِیّ : مادہ ع ل و میں ذکر ہو چکا۔

عَلٰی : حروفِ جر میں سے ہے۔ مندرجہ ذیل معانی میں مستعمل ہے۔

(۱) استعلاء: جیسے حُمِلَ عَلَی الدَّابَّةِ (جانور پر لادا گیا)

(۲) مصاحبت: جیسے بَذَلَ المَالَ عَلَی الفَقْرِ (مال کو باوجود فقر کے خرچ کیا۔)

(۳) مجاوزہ: بمعنی عن: جیسے رَضِیَ عَلَیْهِ اَیْ رَضِیَ عَنْهُ: یعنی وہ اس سے راضی ہوا۔

(۴) تعلیل: جیسے عَلامَ تَضْرِبُنِیْ (کس وجہ سے تم مجھ کو مار رہے ہو)

(۵) ظرفیت: جیسے دَخَلَ المَدِیْنَةَ عَلٰی حِیْنِ غَفْلَةٍ (شہر میں غفلت کے وقت میں داخل ہو۔)

(۶) موافقت باء: جیسے اِرْکَبْ عَلَی اِسْمِ اللّٰہِ (اللہ کے نام سے سوار ہو۔)

(۷) استدراک: جیسے عَلٰی اِنَّ قُرْبَ الدَّارِ خَیْرٌ مِنَ البُعْدِ (لیکن گھر کا قرب دُوری سے بہتر ہے۔)

(۸) اور کبھی فوق کے معنی میں اسم ہو کر مستعمل ہے اور یہ اس وقت جبکہ مِن : کے بعد ہو جیسے اَقَامَ مِنْ عَلٰی جَنَاحِ الھَیْکَلِ (وہ ہیکل کے بازو پر کھڑا ہوا) اور کہا جاتا ہے عَلَیَّ کَذَا وبِکَذَا یعنی مجھ کو اتنا دو۔ عَلَیْکَ زَیْدًا یعنی زید کے ساتھ لازم رہو عَلَیْکَ بِکَذَا یعنی فلاں چیز کے ساتھ تمسک کرو اور یہ اس صورت میں اسم فعل ہوتا ہے۔

عَمَّ (ن) عُمُوْمًا الشَّیْءُ: عام ہونا..... المَطَرُ الاَرْضَ : بارش کا ساری زمین کو عام ہونا(..... عَمًّا) القَوْمَ بِالعَطِیَّةِ: سب کو شامل کرنا(..... عمومة) چچا ہونا۔

عُمَّ رَأْسُهُ عَمًّا وعُمَمَ : پگڑی لپیٹا جانا۔

عُمِّمَ الرَّجُلُ : سردار بنایا جانا۔

اَعَمَّ : معزز چچوں والا ہونا۔

عَمَّمَ : عام کرنا..... ہٗ : عَمَامَةً : بندھوانا ..... ہٗ الاَمْرَ : کسی امر کا قلادہ ڈالنا۔

اِعْتَمَّ وتَعَمَّمَ واسْتَعَمَّ : عمامہ باندھنا۔ کہا جاتا ہے اِعْتَمَّ الشَّبَابُ : طویل ہو گیا۔

"تَعَمَّمَتِ الآکَامُ بِالنَّبْتِ : ٹیلے نباتات سے بھر گئے۔ گویا کہ عمامہ جیسا معلوم ہوتا ہے۔

تعممه : چچا کہہ کے پکارنا۔ اِسْتَعَمَّهٗ: چچا بنانا۔

العَمُّ : مص۔ جماعت کثیرہ۔ چچا ج عُمُوْمَةٌ واَعْمَام واَعُمٌّ اور نسبت کے لئے عَمَوِیٌّ (..... والعُمُّ) لمبے لمبے کھجور کے درخت۔

العَمَّةُ : پھوپھی ج عَمَّات.

العِمَّةُ : عمامہ باندھنے کی ہیئت۔

رَجُلٌ عُمِّیٌّ : عام۔

العُمُمُ : جسم کا کمال۔ جوانی اور مال وغیرہ کا کمال۔

العَمَمُ : کثرت۔ اجتماع۔ عامہ کا اسم جمع۔ ہر معاملہ کا عام وشامل۔ رَجُلٌ عَمَمٌ کامل العقل : کامل الخیر۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَوٰی فُلانٌ عَلٰی عَمَمِهٖ"۔

العُمُوْم : مص۔ عمومیت۔ شمولیت اور نسبت کے لئے عمومی۔

العِمَامَةُ : پگڑی۔ خود کا وہ حصہ جو سر کے برابر بنا کر ٹوپی کے نیچے پہنا جاتا ہے ج عَمَائِمُ وعِمَامٌ کہا جاتا ہے "اَرْخٰی عِمَامَتَهٗ" وہ خوش حال ہو گیا۔ العِمَامَةُ: قحط۔ کال۔ قیامت۔

العَامُّ : سب کو شامل ہونے والا۔ خلاف خاص۔

العَامَّةُ : مؤنث عام۔ عَامَّةُ النَّاسِ: عام لوگ ج عَوَامُّ: کہا جاتا ہے "جَاءَ القَوْمُ عَامَّةً" یعنی قوم ساری کی ساری آئی۔

العَمِیْمُ : ہر وہ چیز جو اکٹھی ہو اور کثیر ہو۔ قوم کا خالص۔ ہر چیز کا کامل ج عُمُم.

العَمِیْمَةُ مِنَ النِّسَاءِ : پورے قد کی لمبی تڑنگی عورت۔ نَخْلَةٌ عَمِیْمَةٌ : لمبا کھجور کا درخت ج عُمٌّ.

الاَعَمُّ : اسم تفضیل۔ جماعت کثیرہ۔ موٹا۔

المَعَمُّ : مخیر۔ عام فیض والا۔

المُعَمَّمُ : سردار جس کو قوم نے مقتدی مان لیا ہو۔

العَمْبَر : عنبر۔

عَمَتَ (ض) عَمْتًا وعَمَتَ الصُّوْفَ : اون کی پونی بنانا۔ عَمْتَةٌ : مغلوب کرنا۔ مقصد سے ہٹا دینا۔ اندھا دھند لاٹھی سے مارنا۔

رَجُلٌ عَمِیْتٌ : ظریف دلاور۔ عالم زیرک۔

العَمِیْتُ : نگہبان۔ سمجھدار ظریف۔ مدہوش۔ وہ شخص جو اپنی چال میں کسی جہت کی ہدایت نہ پائے۔ ج عَمَایِیْتُ.

العَمِیْتَةُ: اون کی پونی ج عَمَائِتُ وعُمُتٌ واَعْمِتَةٌ.

عَمَجَ (ض) عَمْجًا: پانی میں تیرنا..... فِیْ سَیْرِہٖ : دوڑنا(..... وتَعَمَّجَ) السَّیْلُ [illegible] الحَیَّةُ: پیچ دار ہونا۔

العَمَج والعُمُج والعَوْمَج : سانپ۔

عَمَدَ (ض) عَمْدًا. السَّقْفَ : چھت کو ستون لگانا..... لِلشَّیْءِ والَی الشَّیْءِ : قصد کرنا..... اِلَی الرَّجُلِ : کسی کا ارادہ کرنا۔ الشَّیْءَ: گرانا..... ہٗ : ستون سے مارنا۔ المَرَضُ او الاَمْرُ : دبلا کرنا۔ تکلیف دینا۔ (..... وعَمِدَ) الوَلَدُ [illegible]۔ السَّیْلَ : بند لگا دینا۔

عَمِدَ (س) عَمَدًا. عَلَیْهِ : غضبناک ہونا۔ بہ : لازم ہونا..... الثَّرٰی: تر کرنا..... [illegible] تعجب کرنا..... فُلانٌ : دردمند ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَمَدَنِی الاَمْرُ فَعَمِدْتُ" یعنی مجھ کو اس نے مجھے دردمند کر دیا اور میں دردمند ہوا۔

اَعْمَدَ الشَّیْءَ : ستون لگانا۔

تَعَمَّدَ الاَمْرَ : قصد کرنا..... [illegible] چسپاں کرنا۔ اِعْتَمَدَ الحَائِطَ..... الحَائِطَ : دیوار پر ٹیک لگانا۔ [illegible] واِعْتَمَدَ عَلَیْهِ : بھروسہ کرنا۔ [illegible] اِعْتَمَدَ لَیْلَةً: رات میں سوار ہو کر جانا۔

اِنْعَمَدَ الشَّیْ: ستون کے بل کھڑا ہونا۔
العَمْد: مص کہا جاتا ہے "فَعَلَهٗ عَمْدًا و عَنْ عَمْدٍ" جان بوجھ کر کیا۔ "وفَعَلَهٗ عَمْدَ عَیْنٍ وعَمْدًا عَلٰی عَیْنٍ" اس نے اس کو کوشش اور یقین کے ساتھ کیا۔
العَمِد: وہ جگہ جس کو بارش نے تر کر دیا ہو۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَمِدُ الثَّرٰی" یعنی وہ بڑا فیاض ہے۔
العُمْدَة: جس پر ٹیک لگائی جائے۔ جس پر بھروسہ کیا جائے۔ لشکر کا پیغامبر۔ ج عُمَد.
العِمَاد: جس کا سہارا لیا جائے ج عُمَد وعُمُد: بلند عمارتیں۔ واحد۔ العِمَادَة اور یہ عَمَدَ الوَلَدَ (یعنی بپتسمہ دینا) سے اسم ہے۔ لشکر کا پیغامبر۔ اَهْلُ العِمَادِ: بلند عمارتوں والے۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ طَوِیْلُ العِمَادِ" فلاں کا مکان زائرین کے لئے علامت ہے "هُوَ رَفِیْعُ العِمَادِ" وہ شریف آدمی ہے۔
العَمُوْد: ستون۔ سہارا۔ لوہے کا ڈنڈا ج اَعْمِدَة وعَمَدَ وعُمُد. العَمُوْد: سردار۔ لشکر کا پیغامبر۔ رگ جو جگر کو سیراب کرتی ہے۔ کان کا بڑا حصہ۔ سخت غمزدہ۔ عَمُوْدُ البَطْن: پیٹھ۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَهٗ عَلٰی عَمُوْدِ بَطْنِهٖ" یعنی اس کی پیٹھ پر مارا۔ عَمُوْدُ المِیْزَان: ترازو کی ڈنڈی۔ عَمُوْدُ الصُّبْح: صبح کی روشنی۔ عَمُوْدُ النَّسَب: جو خط مستقیم پر ہو۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَقَامُوْا عَلٰی عَمُوْدِ رَأْیِهِمْ" یعنی ایسے طریقہ پر کہ جس پر بھروسہ کر سکتے ہیں اَهْلُ العَمُوْدِ واَهْلُ العُمُد: وہ لوگ جو خانہ بدوش ہوں۔ العَمُوْدُ او الخطُّ العَمُوْدِی عِنْدَ المُهَنْدِسِیْنَ: وہ خط جو دوسرے خط پر قائم ہو جس کے دونوں جانب دو زاویے برابر برابر نکلیں۔
ب ت عمودی یا خط عمودی۔
العَامِد: فا۔ مؤنث عَامِدَة. لَیْلَةٌ عَامِدَةٌ: لمبی رات۔
مُتَعَامِدَانِ: زاویہ قائمہ بناتے ہیں۔ ایک ان دو میں سے ایک دوسرے پر عمودی ہوتے ہیں۔
العَمِیْد: سخت غمزدہ۔ وہ شخص جس کو عشق نے شکستہ دل کر دیا ہو۔ عَمِیْدُ القَوْمِ: قوم کا سردار۔ ج عُمَدَاء عَمِیْدُ الاَمْرِ: قوام امر۔ عَمِیْدُ الوَجَع: درد کا مقام۔ العَمِیْد: وہ مریض جو اپنی بیماری کی وجہ سے بیٹھنے کی طاقت نہ رکھتا ہو اور اسے تکیوں کا سہارا لگایا جاتا ہو۔
المَعْمُوْدِیَة: بپتسمہ۔
العُمُد والعُمُدَّانِی: کامل ترین نوجوان۔
العَمَیْلَد: نازک بدن لڑکا۔
عَمَرَ (ن) عَمْرًا. المنزلُ باهله: آباد ہونا...... المَنْزِلَ: آباد کرنا۔ صفت مفعولی مَعْمُوْرٌ ...... الدَّارَ: گھر تعمیر کرنا اور اسم العمارہ ہے۔ ...... بِالمَکَانِ: اقامت کرنا۔ ...... فُاللّٰه: زندہ رکھنا (...... عَمَارَةً) اللّٰه مَنْزِلَهٗ: آباد کرنا۔
عَمَرَ (ض و ن) عُمُوْرًا وعَمَارَةً وعُمَرَانًا الرَّجُلُ بَیْتَه: لازم پکڑنا۔ عَمَرتُه کَذَا: زندگی بھر کے لئے دینا (...... عَمْرًا وعَمَارَةً) رَبَّهٗ: عبادت کرنا۔ خدمت کرنا۔ روزہ رکھنا۔ نماز پڑھنا (...... عُمْرًا وعَمْرًا. وعَمَارَة وعَمِر (س) عُمْرًا وعَمَرًا وعَمَارَةً) لمبی عمر پانا (...... وعَمُرَ (ک) وعَمِر (س) عَمَارَةً) المَالُ: مال بہت زیادہ ہونا۔
عَمَّر واَعْمَرَ المَنْزِلَ: آباد کرنا۔ عَمَّرَة واعْمَرَة ارضًا: زندگی بھر کے لئے دے دینا۔ عَمَّرَ الرَّجُلُ: لمبی زندگی پانا۔ عَمَّرَة اللّٰهُ: زندہ رکھنا۔ عَمَّرَ الثَّوْبَ: کپڑے کو اچھا بننا۔ جب تم کسی کو اللہ کی قسم دیتے ہو کہ فلاں کا کام عمر بھر کرے تو کہتے ہو۔ اَعْمَرَکَ اللّٰهُ اَنْ تَفْعَلَ کَذَا. اَعْمَرَهُ المَکَانَ: آباد کرنے کے لئے دینا۔ اَعْمَرَ الاَرْضَ: آباد پانا۔ اَعْمَرَ عَلَیْهِ: غنی کرنا۔
اِعْتَمَرَ المَکَانَ: قصد کرنا۔ زیارت کرنا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فُلَانٌ مُعْتَمِرًا" فلاں زیارت کرنے کے لئے آیا "اِتَّخَذْنَا نَادِیًا نَعْتَمِرُهٗ" ہم نے ایک مجلس بنا لی جس میں بیٹھتے ہیں۔
اِعْتَمَرَ الرَّجُلُ: پگڑی باندھنا۔
اِسْتَعْمَرَة فِی المَکَان: آباد کرنا۔ جیسے اِسْتَعْمَرَ اللّٰهُ عِبَادَهٗ فِی الاَرْضِ: یعنی اللہ نے اپنے بندوں کو زمین میں آباد کرنا چاہا۔
العَمْر: زندگی ج اَعْمَار: دین اور قسم میں کہا جاتا ہے "لَعَمْرِی" ولَعَمْرُ اللّٰهِ واَعْمَرَ اللّٰه. العَمْر: دانتوں کے درمیان کا گوشت۔ ج عُمُور.
العَمْرَان: حلق کے کوے کے دونوں طرف لٹکا ہوا گوشت۔
العُمْر والعُمُر: زندگی۔ عربوں کے نزدیک عمر کا اندازہ چالیس سال کا تھا۔ العُمْر: مسجد، گرجا۔ دانتوں کے درمیان کا گوشت۔ مسوڑھا۔
عُمَر: علم ہے اور علمیت و عدل کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔ خلیفۂ ثانی کا نام ہے۔
العمران: سیدنا ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما۔
عَمْرو: علم ہے اور اس میں حالت رفعی و جری میں خلیفۂ ثانی کے نام سے امتیاز کے لئے واؤ لگایا جاتا ہے۔ ج عُمْرُوْن واَعْمُرُ وعُمُوْر. اُمّ عَمْرٍو: بجو کی کنیت۔
العُمْرَان: آبادی۔
العَمَر: مص۔ دین۔ عورتوں کے سر ڈھانکنے کا رومال۔
العَمْرَة: ہر وہ چیز جو سر پر رکھی جائے جیسے تاج، پگڑی وغیرہ۔ اَبُو عَمْرَة: بھوک اور افلاس کی کنیت۔
العُمْرَة: آباد مکان کا ارادہ اور اصطلاح شرع میں طواف اور سعی بین الصفا والمروۃ کا نام۔ ج عُمَرو عُمُرات.
العَمَار: سلام۔ پھول جس سے شراب کی مجلس کو مزین کرتے ہیں۔
العَمَارَة: مص۔ ہر وہ چیز جو سر پر رکھی جائے جیسے تاج، پگڑی وغیرہ۔ مزین کپڑے کا ٹکڑا جو خیمہ میں لگایا جاتا ہے۔ پھولوں کا دستہ جو

بادشاہ کو سلام کرتے ہوئے پیش کیا جائے۔
بڑا قبیلہ۔قبیلہ۔جنگی جہازوں کا بیڑا۔
العِمارَة: مص۔جس سے مکان کی آبادی ہو۔چھوٹا قبیلہ۔
العُمارَة: عمارت کی مزدوری۔
العُمرٰی: وہ مکان یا زمین جس کو زندگی بھر کے لئے دے دیا جائے۔
مَکانٌ عَمِیرٌ: آباد۔ثَوبٌ عَمِیرٌ: گف کپڑا۔
العامِر: فا۔گھر کا رہنے والا ج عُمّار: مؤنث عامِرَة ج عَوامِر. مَکانٌ عامِرٌ: آباد جگہ۔تم کہتے ہو "تَرَکْتُهُمْ عامِرِیْنَ بِمَکانِ کَذا" یعنی میں نے اُن کو فلاں جگہ میں آباد چھوڑا۔العامِر: بجو کا بچہ۔اُمُّ عامِر: بجو۔عَوامِرُ البُیُوتِ: سانپ وغیرہ۔واحد عامِر وعامِرَة.
العَمِیرَة: شہد کا چھتہ۔بڑا قبیلہ۔ج عَمائِر.
العَمّار: صیغہ مبالغہ۔قوی الایمان۔بردبار۔صاحب وقار۔موت تک امر و نہی پر قائم رہنے والا۔اچھی تعریف والا۔
العُمّار: جنات جو مکانوں میں رہتے ہیں اور یہ جمع ہے عامر کی۔
المَعْمَر: آباد۔خوش حال جگہ۔
اَلاِسْتِعْمارُ: ایک ملک کا دوسرے ملک کے حصے یا مکمل ملک پر قبضہ کرنا۔
المُسْتَعْمَرَة: نو آبادی (مولدة)
الیَعْمُوْر: بکری کا بچہ۔چھوٹی بھیڑ۔ج یَعامِیر.
العَمَرَّد: ہر چیز کا لمبا۔خوش۔قوی۔سخت مزاج مرد۔شیر نر۔بھیڑیا۔
العُمْرُس: مرد قوی۔العُمْرُوس: بکری کا بچہ ج عَمارِیس.
العُمْرُوط: چور۔سرکش ج عَمارِط وعَمارِیط وعَمارِطَة.
العَمَرَّط: جوان۔سبک۔دلیر۔بلا۔مصیبت۔
غَمَسَ (ن) غَمْسًا الکِتابَ: مٹانا۔

الاَمْرَ: دیدہ دانستہ جاہل بننا۔غَمَّسَ واَغْمَسَ الشَّیْءَ: چھپانا۔
غَمِسَ (س) وغَمُسَ (ک) غَمَسًا وغَمَسًا وغُمُوْسًا وغَماسَةً. الیَوْمُ: سخت ہونا۔تاریک ہونا۔
غامَسَهٗ مُغامَسَةً: راز بتانا۔دشمنی چھپانا۔
تَغامَسَ: تغافل کرنا۔عَنْهُ: نہ جاننے والا ظاہر کرنا۔کہا جاتا ہے "تَغامَسَ عَلٰی" یعنی اس نے مبہم رکھا اور مجھ کو شبہ میں رکھا۔
الغَمْسُ والغَماس والغَمُوْس والغَمِیْس: مشکل کام۔یَوْمٌ غَماسٌ: سخت دن۔حَرْبٌ غَماسٌ وغَمِیْسٌ: سخت لڑائی۔لَیْلٌ غَماسٌ: بہت تاریک رات۔الغَماس: قوی شیر۔مصیبت ج غُمُس وغُمْس.
الغَمُوْس والمُغامِس: وہ شخص جو کاموں کو نادانوں کے مانند بے باکانہ کرے۔
اَمْرٌ مُغَمِّسٌ: سخت کام۔
غَمِشَتْ (س) غَمَشًا عَیْنُهٗ: آنکھ کا کمزور ہونا۔چندھا ہونا۔صفت مذکر اَغْمَش: صفت مؤنث غَمْشاء ج غُمْش ...... فِیْهِ الکَلامُ: کلام کا اثر کرنا۔
غَمَشَهٗ (ن) غَمْشًا: بلا قصد مارنا...... الوَلَدَ: لڑکے کا ختنہ کرنا۔
غَمَّشَ وتَغامَشَ عَنِ الشَّیْءِ: غافل ہونا...... غَمَّشَهُ اللّٰهُ: چندھے پن کو دور کرنا۔
اِسْتَغْمَشَهٗ: بے وقوف جاننا۔
الغُمْشُوْش: انگور کا خوشہ جس میں سے کچھ دانے کھا لئے گئے ہوں۔
غَمَطَ (ن) غَمْطًا واغْتَمَطَ عِرْضَهٗ: عیب لگانا۔بے آبرو کرنا۔
عَمُقَ (ک) وعَمِقَ (س) عُمْقًا المَکانُ او الطَّرِیْقُ: دور ہونا۔کشادہ اور لمبا ہونا۔صفت عَمِیْق۔ج عُمُق وعُمْق وعِماق.
عَمُقَتْ (ک) عُمْقًا وعَماقَةً البِئْرُ ونَحْوُها: گہرا ہونا۔صفت عَمِیْقَة. ج عَمائِق.

اَعْمَقَ وعَمَّقَ واعْتَمَقَ. البِئْرَ: کنویں کو گہرا کرنا۔کہا جاتا ہے "عَمَّقَ النَّظَرَ فِی الاُمُوْرِ" اس نے امور میں گہری نظر ڈالی۔
تَعَمَّقَ فِی الاَمْرِ: معاملے کی تہہ تک پہنچنے کی کوشش کرنا...... فِیْ کَلامِهٖ: خوب چرب زبانی سے گفتگو کرنا۔
العَمْق والعُمْق ر العُمُق: گہرائی۔العَمْق والعُمْق: جنگل کے اطراف سے جو بعید ہو۔ج اَعْماق.
العَمَق: حق واستحقاق۔کہا جاتا ہے "لَفِیْهِ عَمَق" یعنی اس کے لئے حق واستحقاق ہے۔
العَمَقَة: برتن کی تہ میں گھی کا میل۔
رَجُلٌ عَمِیْقُ الکَلامِ: ایسا شخص جس کی بات بہت گہری ہو۔
عَمِلَ (س) عَمَلًا: کام کرنا۔محنت کرنا...... لِلاَمِیْرِ عَلٰی بِلادِهٖ: عامل بننا۔حاکم بننا...... عَلَی الصَّدَقَةِ: صدقہ جمع کرنے کی کوشش کرنا...... البَرْقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا۔عَمِلَتِ الکَلِمَةُ فِی الکَلِمَةِ: ایک کلمہ کا دوسرے کلمہ میں اثر کرنا۔اعراب دینا۔
عَمَّلَهٗ: عمل کی اجرت دینا...... هُ عَلَی البَلَدِ: عامل بنانا۔حاکم بنانا۔کہا جاتا ہے "عُمِّلَ فُلانٌ عَلَیْهِمْ" یعنی فلاں شخص ان کے اوپر حاکم بنایا گیا۔
اَعْمَلَهٗ: عامل بنانا۔حاکم بنانا۔اَعْمَلَ الرُّمْحَ: صدر نیزہ سے مارنا...... الآلَةَ او الرَّأْیَ: استعمال کرنا...... الکَلِمَةَ فِی الکَلِمَةِ: کلمے کا دوسرے کلمے پر اثر کرانا...... الرَّجُلَ: اجرت دینا۔
عامَلَهٗ مُعامَلَةً: عمل کی تکلیف دینا۔معاملہ کرنا۔
تَعَمَّلَ. لِکَذا: عمل کو برداشت کرنا۔عَنْ فُلانٍ او فِیْ حاجَتِهٖ: کوشش کرنا اور رنجیدہ ہونا۔تَعامَلَ. القَوْمُ: بعض کا بعض کے ساتھ معاملہ کرنا۔
اِعْتَمَلَ: کام میں مضطرب ہونا۔اثر قبول کرنا۔اپنے لئے کام کرنا۔

اِسْتَعْمَلَهٗ: عامل بنانا۔ عمل کرنے کو کہنا۔ مستعمل الالة: آلہ استعمال کرنا.....الثوب: کپڑا استعمال کرنا۔ اُسْتُعْمِلَ فُلَانٌ: شاہی اعمال میں سے کسی عمل کے لئے مقرر ہونا۔

العَمَل: مص۔ الفعل۔ بقصد۔ ارادۃً فعل کرنا(..... والعاملة) وہ جس پر عامل والی ہو۔ ج اَعْمَال واَعْمَال البَلَد: ملک کے مضافات۔

العَمِل: کاریگر۔ پسندیدہ کاریگر۔ بَرْقٌ عَمِلٌ: لگاتار چمکنے والی بجلی۔

العَمِلَة: مؤنث عَمِلٌ: وہ جو کیا جائے۔

العَمْلَة: ایک مرتبہ کا عمل۔ خیانت۔ چوری۔

العِمْلَة: عمل کی ہیئت۔ جو عمل کیا جائے۔

(..... والعُمْلَة) عمل کی اُجرت اور عوام اس کو نقود کے معنی میں استعمال کرتے ہیں۔

العَامِل: فا۔ کام کرنے والا۔ وہ شخص جو کسی کے امور مالی وغیرہ کا متولی ہو ج عُمَّال وعَامِلُوْنَ وعَمَلَة: رئیس۔ والی۔ حاکم۔

عَامِلُ الرُّمْحِ: نیزے کے پھل کے قریب کا حصہ۔

اَلعَامِلُ عِنْدَ النُّحَاةِ: نحویوں کے نزدیک وہ کلمہ جو دوسرے کلمہ کے آخر پر اعراب واجب کردے جیسے قام الولد.

العَائِن: قا۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ عَائِن" یعنی کوئی نہیں "وشَرِبَ مِنْ عَائِن" یعنی بہتے ہوئے پانی سے پیا۔

العَائِنَة: مؤنث عَائِن: کہا جاتا ہے "لَقِیتُهُ اَوَّلَ عَائِنَةٍ وَاَدْنٰی عَائِنَةٍ" یعنی ہر چیز سے پہلے عَائِنَة بنی فُلَانٍ: مال ومحافظین مال۔

العَیْن: مص۔ آنکھ۔ آنکھ کے ڈھیلے پر بولا جاتا ہے۔ یا پلک وغیرہ سمیت سب پر اطلاق ہوتا ہے۔ کلمہ مؤنث ہے ج اَعْیُنٌ وعُیُوْن وعِیُوْن واَعْیَان و جج اَعْیُنَات اور تصغیر عُیَیْنَة۔

العَیْن: اہل شہر۔ اہل مکان۔ بدنظری۔ کہا جاتا ہے "بِهٖ عَیْنٌ" یعنی وہ بدنظر ہے۔ انسان اور اسی سے ہے "مَا بِالدَّارِ عَیْنٌ" یعنی کوئی نہیں۔ خالص۔ واضح۔ کہا جاتا ہے "ذَکَرَ الحَقَّ بِعَیْنِهٖ" یعنی حق کو خالص اور واضح طریقہ سے بیان کیا۔ نفیس۔ عزت۔ جھنڈا۔ عَیْنُ الاِبْرَةِ: سوئی کا ناکہ۔ دیدبان۔ جاسوس۔ جماعت۔ ہر موجود چیز۔ کہا جاتا ہے "بِعْتُهُ عَیْنًا بِعَیْنٍ" یعنی موجود کو موجود سے بیچا۔ عمدہ چیز۔ کھال کے چھوٹے چھوٹے حلقے۔ دینار۔ نقد موجود۔ ذات شی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ هُوَ عَیْنًا و بِعَیْنِهٖ" سود۔ سردار۔ شریف قوم۔ کمانڈر فوج کا ہراول۔ آفتاب یا شعاع۔ مال۔ تیار مال۔ نالی کے پانی کے گرنے کی جگہ۔ کنوئیں کے پانی پھوٹنے کی جگہ۔ پانی کا چشمہ ج اَعْیُن وعُیُوْن: ترازو کا جھکاؤ۔ گوشہ نظر۔ دیکھنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عَیْنٌ عَلٰی فُلَانٍ" یعنی فلاں فلاں کے اوپر نگہبان ہے۔ "هُوَ عَبْدُ عَیْنٍ او صَدِیْقُ عَیْنٍ" وہ دکھاوے کا خادم یا دوست ہے لَقِیْتُهُ عَیْنَ عُنَّةٍ: میں اس کو ایسی حالت میں ملا کہ اس نے مجھے نہیں دیکھا و "لَقِیْتُهُ اَوَّلَ عَیْنٍ" میں نے اس سے سب سے پہلے ملاقات کی "لَا تَطْلُبْ اَثَرًا بَعْدَ عَیْنٍ" یعنی بعد معائنہ کے اثر کو مت طلب کرو اور یہ ضرب المثل ہے اس شخص کے لئے جو کسی چیز کو دیکھے اور چھوڑ دے اور اس چیز کے مفقود ہونے کے بعد اس کے نشان کے پیچھے پڑ جائے۔ "صَارَ خَبَرًا بَعْدَ عَیْنٍ" و "اَنْتَ عَلٰی عَیْنِی" تم میری حفاظت میں ہو تمہارا اکرام میری نگاہ میں ہے "هَا هُوَ عَرَضُ عَیْنٍ" یعنی وہ قریب ہے "فَعَلَهُ عَلٰی عَیْنٍ وعَلٰی عَیْنَیْنِ و عَمْدَ عَیْنٍ و عَمْدَ عَیْنَیْنِ وعَمْدًا عَلٰی عَیْنٍ" یعنی یقین کے ساتھ کوشش کی۔ وفَقَأَ عَیْنَهُ: یعنی اسے طمانچہ مارا اور سخت سست کہا "وَنَعِمَ اللّٰهُ بِکَ عَیْنًا" اللہ تمہاری آنکھ کو ٹھنڈی رکھے۔

العِیْن: نیل گائے۔

العَیَن: مص۔ اہل شہر۔ جماعت۔

العِیَان: مص۔ شخص۔ کہا جاتا ہے "لَقِیَهُ او رَاهُ عِیَانًا" یعنی اس نے اس سے ملاقات کی یا اس کو دیکھا اور اس کے دیکھنے میں کوئی شک نہیں۔ العِیَان: ہل کا پھل ج عُیُن واَعْیِنَة۔

العِیْنَة: عمدہ مال۔ عِیْنَةُ الخَیْلِ: عمدہ گھوڑے۔ العِیْنَةُ مِنَ النَّعْجَةِ: بکری کی آنکھ کا گرداگرد۔ عِیْنَةُ الحَرْبِ: مادۂ جنگ۔ کہا جاتا ہے ثَوْبٌ عِیْنَةٌ: خوش نما کپڑا۔ بَیْعُ العِیْنَةِ: کسی چیز کو اس کی اصلی قیمت سے زیادہ قیمت پر ادھار بیچنا۔

العِیَانِی مِنَ الشُّهُوْدِ: عینی گواہ۔

العَیْنِیَّة: عین کی طرف منسوب۔

العَیُوْن: بہت نظر لگانے والا۔ ج عِیْن وعُیُن۔

الاَعْیَن: وہ شخص جس کی پتلی بڑی اور چوڑی ہو...... [illegible]

بیل۔ العَیْنَاء: خوبصورت آنکھ والی۔ بہترین کلمہ۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ عَیْنَاءُ" یعنی سرسبز زمین۔

المُعَایَنَة: مص۔ برادری۔

المَعَان: منزل۔ کہا جاتا ہے "هُمْ مِنْکَ بِمَعَانٍ" یعنی وہ لوگ ایسی جگہ میں ہیں کہ تم ان کو دیکھ سکتے ہو۔

العَیَّان والمِعْیَان: بہت نظر لگانے والا۔

المَاءُ المَعِیْن والمَعْیُوْن: جاری پانی۔ عَیْنٌ مَعْیُوْنَةٌ: بہت پانی والا چشمہ۔

المُعَیَّن فا "فِی الهَنْدَسَةِ" شکل مسطح مساوی الاضلاع۔

المُعَیَّن: مفع۔ بیل۔ آنکھ کی شکل کا منقش کپڑا۔ نِیَّةٌ مُعَیَّنَةٌ و مُعَیِّنَةٌ: یعنی نیت ظاہرہ۔

المُعْتَان: گھاس پانی تلاش کرنے والا۔

عَاهَ یَعِیْهُ عَیْهًا: آفت پہنچنا۔

العَائِهَة: شور۔ چیخ۔

العَاهَة: آفت۔

اَرْضٌ مَعْیُوْهَةٌ: آفت رسیدہ زمین۔

عَیَّ یَعْیَی وعَیِیَ یَعْیَی عَیًّا وعَیَاءً بِاَمْرِهٖ وعَنْ اَمْرِهٖ: عاجز ہونا۔ ناقابل ہونا...... الاَمْرَ: جاہل ہونا۔

عَیِیَ یَعْیَی عِیًّا. فِی المَنْطِقِ: کلام میں رک جانا۔ عاجز ہونا۔ صفت عَیٌّ وعَیِیٌّ۔

عَیَّا تَعْیِیَةً وعَایَا مُعَایَاةً ـ الرَّجُلُ: غیر مفہوم کلام کہنا۔ عَایَا صَاحِبَهُ: پیچیدہ گفتگو کرنا۔

اَعْیَا اِعْیَاءً المَاشِی: چلنے والے کا تھکنا۔ اَعْیَاهُ: تھکانا۔ اَعْیَا الدَّاءُ الطَّبِیْبَ: مرض کا طبیب کو عاجز کر دینا...... الاَمْرُ عَلَیْهِ: عاجز بنا دینا۔

تَعَایَا الاَمْرُ عَلَیْهِ وتَعَیَّا عَلَیْهِ وتَعَایَاهُ: عاجز کرنا۔

تَعَایَا وتَعَیَّا واسْتَعْیَا بِالاَمْرِ: ناقابل ہونا۔ طاقت نہ رکھنا۔

العَیَاء: مص۔ عاجزی۔ دَاءٌ عَیَاءٌ: ناقابل علاج مرض۔

العَیُّ: تھکنے والا۔ گفتگو میں عاجز۔ ج اَعْیَاءٌ۔

العَیِیُّ: تھکنے والا۔ گفتگو میں عاجز ج اَعْیِیَاء واَعْیِیَة۔

العَیَّان: تھکا ہوا۔ عاجز۔

الاُعْیِیَّة: پیچیدہ کلام۔

[illegible]: تھکا ہوا۔ عاجز۔

غ

غ : اَلْـغَیْن : انیسواں حرف بنیادی حروف میں سے ۔ حروف حلقی میں سے ہے۔

غَبَّ (ن) غَبًّا وغِبًّا : چند دن کے بعد ملاقات کرنا ۔ غـبّـہٗ : ایک دن ناغہ دے کر آنا ۔ غَبَّتْ عَلَيْهِ الْحُمّٰى : بخار کا ایک دن ناغہ دے کر آنا ۔ غَبَّ عِنْدَهٗ : رات بسر کرنا ...... الـرَّأیَ: رائے اختیار کرنے میں توقف کرنا۔

غَبًّا وغِبًّا وغُبُوْبًا وغُبُوْبَةً. الطَّعَامُ : کھانے کا باسی ہونا ۔ بدبودار ہونا ۔ غَبَّتِ الْاُمُوْرِ : کاموں کا انتہا کو پہنچنا۔

غَبَّتْ (ض) غَبًّا وغِبًّا وغُبُوْبًا الْمَاشِیَةُ : جانوروں کو ایک دن ناغہ دے کر پانی پینا۔ صفت غَابَّةٌ: ج غَوَابُّ وغَابَّاتٌ.

اَغَبَّ. الْمَاشِیَةَ : جانوروں کو ایک دن ناغہ دے کر پانی پلانا ...... الْقَوْمَ : ایک دن ناغہ دے کر ملاقات کو آنا ۔ اَغَبَّتْهُ الْحُمّٰى واَغَبَّتْ عَلَيْهِ : تیسرے دن بخار آنا ۔ اَغَبَّ الطَّعَامُ : کھانے کا بدبودار ہونا ...... عِنْدَهٗ : رات بسر کرنا۔

غَبَّبَ. الشَّیْئُ : فاسد ہونا ...... فِی الْاَمْرِ : مبالغہ نہ کرنا ...... عَنْهُمْ : دفع کرنا ۔ الذِّئْبُ : بھیڑیئے کا بکری وغیرہ کے گلے کو پکڑ لینا۔

الْغَابُّ : فا ۔ باسی گوشت ۔ نَجْمٌ غَابٌّ : ثابت ستارہ۔

الْغِبُّ : مص ۔ نتیجہ انجام ۔ بمعنی بعد ۔ حُمّٰی الْـغِـبِّ : تیسرے دن کا بخار اور صفت موصوف کی صورت میں حُمّٰى غِبٌّ بھی بولا جاتا ہے ۔ مَاءٌ غِبٌّ: دور کا پانی ج اَغْبَابٌ.

الْـغُـبُّ : لہر جو کنارے سے ٹکرائے ۔ پست زمین ۔ ج اَغْبَابٌ وغُبُوْبٌ وغُبَّانٌ.

الْغُبَّةُ : زندگی کے گزر بسر کا تھوڑا سا سامان۔

الْـغَـبَـبُ : مرغ اور بیل وغیرہ کے حلق کے نیچے لٹکنے والا گوشت ۔ ج اَغْبَابٌ.

الْغَبِیْبُ : باسی گوشت ۔ چھوٹی ندی پہاڑی یا زمینی۔

الْـغَـبِیْبَةُ : صبح کا دودھ کہ اسی پر شام کو دوہا جائے ۔ اور پھر اگلے دن بلویا جائے۔

التَغِبَّةُ : جھوٹی شہادت۔

الْمُغِبُّ : شیر۔

الْمَغَبَّةُ : انجام۔

الْمُتَغَبِّبُ : انجام کا انتظار کرنے والا۔

غَبَثَ (ن) غَبْثًا. الْجُبْنَ بِالسَّمْنِ : پنیر کو گھی سے لت کرنا۔

اِغْبَثَّ : مٹیالا رنگ کا ہونا ۔ صفت "اَغْبَثُ".

الْغُبْثَةُ : مٹیالا رنگ۔

غَبَجَ (س) غَبْجًا. الْمَاءَ : لگاتار گھونٹ گھونٹ پینا۔

الْغُبْجَةُ : گھونٹ۔

غَبَرَ (ن) غُبُوْرًا: گزرنا ۔ ٹھہرنا ۔ گرد آلود ہونا۔

غَبِرَ (س) غَبَرًا. الْجُرْحُ : زخم کا خراب ہو کر مندمل ہونا اور پھر ٹوٹ جانا ۔ صفت "غَبِرٌ" غبار لگنا۔

غَبَّرَ : غبار اڑانا ...... الشَّیْئَ : غبار میں لتھیڑنا ...... الرَّجُلُ : لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ : کہنا ۔ یا قرأت وغیرہ میں آواز کو لوٹانا اور کہا جاتا ہے "غَبَّرَ فِی وَجْهِ فُلَانٍ" اس نے فلاں کے چہرہ میں غبار ڈال دیا یعنی بڑھ گیا۔

اَغْبَرَ : غبار اڑانا ۔ گرد آلود ہونا ۔ فِی الْاَمْرِ : متوجہ ہونا اور کوشش کرنا ۔ اَغْبَرَتِ السَّمَاءُ : زور سے برسنا۔

اِغْبَرَّ : گرد آلود ہونا ...... الْيَوْمُ : بہت غبار والا ہونا۔

الْغَبْرُ : چیز کا بقیہ ۔ ج اَغْبَارٌ.

الْغُبَّرُ : چیز کا بقیہ ۔ ج غُبَّرَاتٌ کہا جاتا ہے "غُبَّرُ الْمَرَضِ" یعنی مرض کا بقایا۔

الْغُبْرَةُ : خاکستری رنگ۔

والْغُبْرَةُ والْغُبَارُ : مٹی ۔ خاک۔

الْغِبَرُ : بقاء ۔ دَاهِیَةُ الْغِبَرِ : ختم نہ ہونے والی بڑی مصیبت ۔ مٹی۔

الْغَبَرَةُ : گرد ۔ غبار۔

الْـغَـبَـرُ : گرد و غبار ۔ ناسور ۔ جُرْحٌ غَبِرٌ : خراب شدہ زخم۔

الْاَغْبَرُ : خاکستری رنگ والا ۔ بھیڑیا ۔ جانے والا ۔ کہا جاتا ہے "لَا يَغُرَّنَّكَ عِزُّ الدُّنْيَا فَاِنَّهُ اَغْبَرُ" دنیا کی عزت تم کو دھوکا نہ دے اس لئے کہ وہ جانے والی ہے ۔ ج غُبْرٌ ۔ سخت بھوک کی صفت میں یہ لفظ مستعمل ہے ۔ کہا جاتا ہے "الْجُوْعُ الْاَغْبَرُ والْمَوْتُ الْاَحْمَرُ".

الْغَبْرَاءُ : مؤنث اَغْبَر : مادہ چکور ۔ زمین ۔ کہا جاتا ہے "مَا اَظَلَّتِ الْخَضْرَاءُ وَلَا اَقَلَّتِ الْغَبْرَاءُ مِثْلَ فُلَانٍ" مثل فلاں کے نیچے آسمان

نے سایۂ ڈالا اور ستہ میں نے اٹھایا۔ بَنُو غَبْرَاءَ وبنُو الغَبْرَاءِ : فقراء۔ سِنَةٌ غَبْرَاءُ : خشک سال۔
الغُبَيْرَاء : چینا کی شراب۔ ایک قسم کا پودہ۔
الغُبْرَان : ایک غلاف میں دو کھجور۔
الغَابِر : فا۔ گزرا ہوا۔ باقی۔ کہا جاتا ہے "وَهُوَ غَابِرُ بَنِي فُلَانٍ" وہ بنی فلاں کا بقیہ ہے۔ ج غُبَّر وغَابِرُوْنَ. غُبَّرُ الشَّيْءِ : چیز کا بقیہ۔
غُبَّرُ اللَّيْلِ : رات کا آخری حصہ۔ غُبَّرُ النَّاسِ : رتبہ کے لحاظ سے آخری۔
المِغْبَار. مِنَ النَّخْلِ وَغَيْرِهَا : گرد آلود۔ درخت خرما وغیرہ۔
المُغَبِّرَة : وہ لوگ جو اللہ کو یاد کرتے رہیں۔
غَبَسَ (ن) غَبْسًا وَاَغْبَسَ وَاِغْبَسَّ وَاغْبَاسَّ. اللَّيْلُ : رات کا تاریک ہونا۔ صفت (اَغْبَس) ج غُبْس. اَغْبَسَ الشَّيْءُ : خاکستری رنگ کا ہونا۔
الغُبْسَة والغَبَس : خاکستری رنگ۔ رات کی ابتدائی تاریکی۔
غَبَشَ (س) غَبَشًا وَاَغْبَشَ. اللَّيْلُ : رات کی تاریکی کا صبح کی سفیدی سے مخلوط ہونا۔
تَغَبَّشَهُ : دھوکا دینا۔ ظلم کرنا۔ جھوٹا دعویٰ کرنا۔
الغَابِش : دھوکا باز۔ فریبی۔ ظالم۔
الغَبَش : رات کا بقیہ۔ آخری رات کی تاریکی ج اَغْبَاش.
الغُبْشَة : رات کا بقیہ۔ لَيْلٌ (غَبِشٌ واَغْبَشُ) تاریک رات۔ وَلَيْلَةٌ غَبْشَاءُ ج غُبْش.
غَبِصَتْ (س) غَبَصًا. العَيْنُ : ہمیشہ رونے کی وجہ سے بہت کیچڑ والی ہونا۔
الغَبَص : آنکھ کی کیچڑ۔ کہا جاتا ہے "فِي عَيْنِهِ غَبَصٌ" اس کی آنکھ میں کیچڑ ہے۔
غَبَطَ (ض) غَبْطًا. الكَبْشَ : مینڈھے کا موٹا پا معلوم کرنے کے لئے ہاتھ سے ٹٹولنا۔
غَبَطَهُ (ض) وغَبِطَ (ف) غَبْطًا وغِبْطَةً : کسی کی نعمت کو دیکھ کر ویسا ہی اپنے لئے بھی تمنا کرنا۔ صفت (غَابِط) ج غُبُط.
غَبَّطَهُ : رشک دلانا۔
اَغْبَطَ. السَّحَابُ : لگاتار بارش ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَغْبَطَ عَلَيْنَا المَطَرُ" النَّبَاتُ : زمین کو ڈھانپ لینا۔ اَغْبَطَتِ الحُمّٰى عَلَيْهِ : بخار کا لگاتار رہنا۔
اِغْتَبَطَ وانْغَبَطَ : خوشی اور اچھی حالت میں رہنا۔
الغَبْط والغِبْط : کٹی ہوئی کھیتی کے مٹھے ج غُبُوْط.
الـغِبْطَة : حسن حال، خوشی، رشک، پادری کا لقب۔
الغَبِيْط : کجاوہ۔ پست زمین جس کے دونوں طرف بلندی ہو۔ پانی کی لہر جو زمین کی بلندی کو کاٹ دے۔ ج غُبُط.
الغَبُوْط مِنَ النُّوْقِ : اونٹنی جس کی چربی بغیر ہاتھ سے ٹٹولے ہوئے معلوم نہ ہو۔
سَمَاءٌ (غَبْطَى) لگاتار برسنے والا بادل۔
اَرْضٌ (مُغْبَطَةٌ) نباتات سے گھری ہوئی زمین۔
الغَبْغَب : گائے یا مرغ کے گلے کے نیچے کا لٹکا ہوا گوشت۔
غَبَقَهُ (ن ض) غَبْقًا وغَبْقَةً : شام کو پینے کی چیز پلانا۔ غَبَقَ الغَنَمَ : بکری کو شام کو پلانا یا دوھنا۔
اِغْتَبَقَ : شام کو پینے کی چیز پینا...... الخمر : شام کے وقت شراب پینا (تَغَبَّقَ) النَّاقَةَ : شام کے وقت دوہنا۔ (الغَبُوْق) شام کو پینے کی چیز اور یہ صبوح کے خلاف ہے۔ وہ جو شام کو دوہا جائے (الغَبُوْق والغَبُوْقَة) اونٹنی جو شام کو دوہی جائے۔ ج غَبَائِق تم کہتے ہو "لَقِيْتُهُ ذَا صَبُوْحٍ وَذَا غَبُوْقٍ" یعنی میں نے صبح اور شام میں ملاقات کی۔
الغَبَقَة : وہ رسی جو ہل چلاتے وقت بیل کے کوہان والی لکڑی کے سرے پر باندھتے ہیں۔
الغَبْقَان : شام کے وقت پینے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ غَبْقَانُ اِمْرَاَةٌ غَبْقَى" ج غبافى.
غَبَنَ (ن) غَبْنًا. الثَّوْبَ : کپڑے کو تنگ یا چھوٹا کرنے کے لئے موڑ کر سینا...... الرَّجُلُ : کسی کے سامنے اس طرح گزر جانا کہ نہ وہ دیکھے نہ اسے علم ہو...... الطَّعَامَ : کھانے کو حاجت کے وقت کے لئے چھپانا۔
غَبَنَهُ (ن) غَبْنًا وغَبَنًا. فِي البَيْعِ اَوِ الشِّرَاءِ : دھوکا دینا...... فُلَانًا : قیمت وغیرہ میں نقصان پہنچانا۔ صفت (غَابِنٌ) صفت مفعولی (مَغْبُوْنٌ)
غَبِنَ (س) غَبْنًا وغَبَنًا. الشَّيْءَ وَفِيْهِ : بھولنا۔ غلطی کرنا۔ (غَبْنًا وغَبَانَةً رَايُهُ) کم سمجھ ہونا۔ کند ذہن ہونا۔
تَغَابَنَ : بعض کا بعض کو نقصان پہنچانا۔
اِغْتَبَنَ. الشَّيْءَ : بغل میں چھپانا۔
الغَبْن والغَبَن : مص۔ خرید وفروخت میں دھوکا...... والغَبَانَة : کند ذہنی۔ بھول چوک۔
الغَبَن : کپڑے کی کترن۔
الغَابِن : فا۔ کام سے سستی کرنے والا۔ کام چور۔
الغَبِيْن والمَغْبُوْن : کم سمجھ۔
اَلغَبْنُ وَالغَبَنُ وَالغَبَانَةُ : کمزور رائے۔ بھول جانا۔
الغَبِيْنَة : دھوکا۔
المُغَابَنَة : خرید وفروخت میں نقصان۔
المَغْبِن : بغل۔ جسم کی لوٹ ج مَغَابِن.
غَبِيَ يَغْبَى غَبًا وغَبَاوَةً. الشَّيْءَ وعَنْهُ : ناسمجھ ہونا۔ کند ذہن ہونا...... الشَّيْءُ عَلَيْهِ : مخفی رہنا...... عَنْهُ الخَبَرُ : جاہل ہونا۔ غافل ہونا۔ مِنْهُ الشَّيْءُ : مخفی ہونا۔
تَغَابَى عَنْهُ تَغَابِيًا وتَغَابَاهُ : غفلت برتنا۔
تَغَبَّاهُ واسْتَغْبَاهُ : غبی جاننا۔ غبی سمجھنا۔
الغَبَاء : زمین کی پوشیدگی...... مِنَ التُّرَابِ : بلند غبار۔
الغَبْوَة والغُبْوَة : غفلت۔
الغَبَاوَة والغُبِيّ : جہالت۔ ناسمجھی۔ غفلت۔

الغَبِی : کم سمجھ جاہل ج اَغْبِیاء و اَغْباء۔
غَبّی تَغْبِیَۃً. الشَّیْئُ : چھپانا......الشَّعْرَ : بال کو چھوٹا کرنا یا جڑ سے اکھیڑنا۔
اَغْبٰی. السَّحَابُ : کم برسنا' بوچھار برسانا۔
الغَبَاء. مِنَ التُّرَابِ : بلند غبار۔
الغَبْیَۃ : کم بارش یا بوچھار۔
مِنَ التُّرَابِ : بلند غبار۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ عَلٰی غَبْیَۃٍ مِنَ الشَّمْسِ" یعنی آفتاب کے غائب ہونے کے وقت آیا۔
الاَغْبٰی مِنَ الْاَغْصَانِ : گنجان ٹہنی۔ مؤنث غَبْیَاء ج غُبْیٌ شَجَرَۃٌ غَبْیَاء : گنجان درخت۔
المَغْبَاۃ : درندہ جانوروں کے شکار کا گڑھا۔ ج مَغَاب۔
غَثَّ (ن) غَثًّا. الطَّعَامُ او الکَلَامُ : خراب ہونا......الشَّیْئُ فِی المَاءِ : پانی میں ڈبونا فُلَانًا : غمگین کرنا' گلا گھونٹنا......فُلَانًا بِالْاَمْرِ : تھکانا اور غمگین کرنا......ہُ بِالکَلَامِ : سرزنش کرنا۔ غَثَّ الضِّحْکَ : ہاتھ یا کپڑا رکھ کر ہنسی روکنا......المَاءَ : برتن کے منہ سے بغیر علیحدہ کئے ہوئے گھونٹ گھونٹ پانی پینا۔
غَثَّتَ و اَغْثَتَ. الطَّعَامَ : کھانے کو خراب کرنا۔ بگاڑنا۔
غَثِلَ (س) غَثَلاً. المَکَانُ : بہت درخت والا ہونا۔ صفت (غَثِل)
اَغْثَمَ. الزِّیَارَۃَ : زیادہ ملاقات کر کے ملول کرنا۔
الغَثْم : سخت گرمی جس سے دم گھٹے۔
الغُثْمَۃ : گفتگو میں رکاوٹ۔
الاَغْثَم و الغُثْمِیُّ : جو اچھی طرح گفتگو نہ کر سکے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ اَغْثَم وقَوْمٌ غُثْم و اَغْثَام و امْرَاَۃٌ غَثْمَاء"۔
غَثِبَ (ض۔س) غَثَالَۃً و غُثُوْلَۃً الشَّاۃ : بکری کا دبلا ہونا۔ کمزور ہونا۔ صفت (غَثَّۃ) ...... اللَّحْمُ : لاغر ہونا......حَدِیْثُ القَوْمِ : ردی ہونا۔ فاسد ہونا۔
غَثَّ (ض) غَثًّا و غَثِیْثًا. عَلَیْہِ المَکَان : ناموافق ہونا......الجُرْحُ : زخم سے پیپ وغیرہ بہنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یَغُثُّ عَلَیْہِ شَیْئٌ" یعنی کسی چیز کے متعلق نہیں کہتا کہ وہ ردی ہے تا کہ اس کو چھوڑ دے۔
اَغَثَّ : دبلا ہونا۔ فاسد ہونا۔ فِی الکَلَامِ : بے کار گفتگو کرنا......اللَّحْمَ : دبلا گوشت خریدنا۔
اِغْثَثَّتِ. الخَیْلُ : موسم بہار کی گھاس پر پہنچنا۔
تَغَثَّثَ. الشَّیْئُ : کم سمجھنا۔
اِسْتَغَثَّ. الجُرْح : علاج کر کے پیپ وغیرہ نکالنا۔
الغَثُّ : دبلا۔ مِنَ الکلام : ردی کلام۔
الغَثِیْث : دبلا۔
غَثِیْثُ الجُرْحِ و غَثِیْثَتُہٗ : پیپ' خون وغیرہ۔ الغَثِیْثَۃ : بے فائدہ چیز۔ عقل کا فتور۔
غَثَرَ (ن) غَثْرًا. المَکَانُ بِالنَّبَاتِ : سبزی سے لہلہانا۔
اَغْثَرَ. الشَّجَرُ : درخت سے گوند بہنا۔
اِغْثَارَّ. الثَّوْبُ : زیادہ رواں والا ہونا۔ صفت (اَغْثَر)
الغَثَر : کپڑے کا رُواں والا ہونا۔
الغُثْر و الغَثَرَۃ و الغَثْرَاء و الغَیْثَرَۃ : کمینے لوگ۔
الغَثْرَۃ : ارزانی و تر و تازگی۔
الغُثْرَۃ : سبزی مائل بھورا یا سرخ رنگ۔
الاَغْثَر : سبزی مائل بھورا یا سرخ رنگ والا مؤنث (غَثْرَاء) ج غُثْر : زیادہ اون کا کمبل۔ شیر' بھیڑیا' کیچڑ۔ جاہل۔
المِغْثَر و المِغْثَار و المُغْثُوْر : بعض درختوں کا گوند ج مَغَاثِیْر۔
اَرْض (مُغْثَرِیَۃ) سبزہ سے لہلہانے والی زمین۔
غَثَمَ (ن) غَثَمَالَہٗ : یکبارگی عمدہ مال دینا۔
الغَثِمَۃ : اوجھ کا وہ حصہ جس میں بہت سے پرت ہوتے ہیں۔
الغُثْمَۃ : سیاہی مائل سفید رنگ۔
الاَغْثَم : سیاہی مائل سفید رنگ والا۔
المَغْثُوْم : مخلوط۔
الغَیْثَمَۃ : ایک قسم کا کھانا جس میں ٹڈی پڑتی ہے۔
غَثَا یَغْثُوْ غَثْوًا و غُثُوًّا و اَغْثٰی. الوَادِی : زیادہ کوڑے کرکٹ والی ہونا۔
السَّیْلُ المرتَعَ : سیلاب کا چراگاہ کو بدمزہ بنا دینا۔
الغُثَاء و الغُثَّاء : جھاگ۔ کوڑا کرکٹ جو سیلاب کی جھاگ سے ملا ہوا ہو۔
غَثٰی یَغْثِیْ غَثْیًا. الوَادِی : زیادہ کوڑے کرکٹ والی ہونا......الکَلَامَ : مخلوط کرنا۔
غَثَتْ تَغْثِیْ غَثْیًا و غَثَیَانًا و تَغَثَّتِ النَّفْسُ : متلی آنا۔ غَثَتِ السَّمَاءُ بِالسَّحَابِ : آسمان پر بادل چھا جانا۔
غَثٰی یَغْثٰی غَثْیًا. الکَلَامَ : مخلوط کرنا۔
غَدَّ (س) غَدًّا و غُدًّا. البَعِیْرُ : اونٹ کا غدود والا ہونا۔
غَدَّ و غُدَّ و غُدِدَ و اُغِدَّ : غدود والا ہونا۔ صفت (مُغِدٌّ)
غَدَّدَ. نَصِیْبَہٗ : حصہ لینا۔
اَغَدَّ : غدود والا ہونا۔ عَلَیْہِ : غصہ سے پھولنا۔
الغُدَد : اونٹوں کا طاعون۔ ج غِدَاد۔
الغُدَّۃ : مال کا ایک حصہ۔ سامان ج غَدَائِد۔
(...... و الغُدَدَۃ) اونٹوں کا طاعون' گوشت کا سخت ٹکڑا جو مرض کی وجہ سے کھال اور گوشت کے درمیان پیدا ہو جاتا ہے۔ ج غُدَد و غَدَائِد۔
المِغْدَاد : بہت غضبناک (مذکر و مؤنث)
غَدَرَ (ن ض س) غَدْرًا و غَدَرَانًا : خیانت کرنا۔ عہد توڑنا۔
غَدِرَ (س) غَدَرًا المَکَان : بہت پتھر والا ہونا......عَنْ اَصْحَابِہٖ : اپنے ساتھیوں سے پیچھے رہ جانا......الرَّجُلُ : تالاب کا پانی پینا ......اللَّیْلُ : رات کا تاریک ہونا۔
اَغْدَرَہٗ : پیچھے چھوڑنا۔ آگے بڑھ جانا۔ باقی

رکھنا۔ کیچڑ میں پھینکنا۔ اَغْدَرَ اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا۔

غَادَرَهُ غِدَارًا ومُغَادَرَةً: چھوڑ دینا۔ باقی رکھنا۔

تَغَدَّرَ: پیچھے رہ جانا۔

اِغْتَدَرَ. الرَّجُلُ: چوٹی بنانا۔

اِسْتَغْدَرَ. المَكَان: تالابوں والا ہونا۔

الغَدَر: مص۔ پتھر والی جگہ۔ درخت والے پتھر۔ کیچڑ جو تالاب میں پانی خشک ہونے کے بعد رہ جائے۔

الغَدَر والغَدَرَة والغَدَارَة: جو چھوڑا جائے۔

الغَدِير: نہر۔ تالاب۔ پانی جس کو سیلاب چھوڑ جائے۔ سبزی کا ٹکڑا۔ ج غُدُرٌ وغَدَرٌ وغُدْرَان واَغْدِر.

الغَدِيرَة: چوٹی ج غَدَائِر. الغَدِيرَة: سبزی کا ٹکڑا۔ ج غُدْرَان.

الغَادِر: فا۔ خیانت کرنے والا ج غَادِرُوْن وغَدَرَة وغُدَّار: مؤنث غَادِرَة ج غَادِرَات وغَوَادِر.

الغَدْرَاء: تاریکی۔ لَيْلَةٌ (غَدْرَاءُ وغَدِرَةٌ ومُغْدِرة) تاریک رات۔

الغُدَر والغُدَرَة والغِدِّير والغَدَّار والغَدُور: بہت غدر کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ غَدُوْرٌ وامْرَأَةٌ غَدُوْرٌ. ج غُدُر اور مذکر کی گالی میں یاغُدَرُ: بمعنی یاغَادِرُ: اور جمع میں یا آلَ غُدَرٍ مستعمل ہے۔

يَاغَدَارِ. مبنى على الكسرة: عورت کی گالی میں مستعمل ہے۔

غَدَفَ (ن) غَدْفًا وغَدَّفَ. لَهُ فِي العَطَاءِ: بہت دینا۔

اَغْدَفَ. اللَّيْلُ: رات کا بہت تاریک ہونا ...... الشَّبَكَةَ عَلَى الصَّيْدِ: شکار پر جال ڈالنا ...... البَحْرُ: سمندر کا بہت لہروں والا ہونا ...... المَرْأَةُ قِنَاعَهَا عَلَى وَجْهِهَا: عورت کا چہرہ پر نقاب ڈالنا۔

اِغْتَدَفَ. مِنْهُ: زیادہ لے لینا ...... الثَّوْبَ: کپڑا کاٹنا۔

اِغْدَوْدَفَ. اللَّيْلُ: رات کا آنا۔ تاریک ہونا۔ الغَادِف: ملاح۔

الغُدَاف: لمبا کالا بال۔ سیاہ بازو۔ بڑا کوا۔ بڑا گدھ۔ ج غِدْفَان.

الغَدَف: نعمت۔ ارزانی۔ تروتازگی۔ کہا جاتا ہے "هُمْ فِيْ غَدَفٍ" وہ لوگ خوش حالی میں ہیں۔

المِغْدَف والغَادُوف: چپو۔

الغِدَفْل: کامل لمبا۔ بڑے ڈیل ڈول کا اونٹ ج غَدَافِل.

غَدِق (س) غَدَقًا واَغْدَق واِغْدَوْدَق. المَطَر: بکثرت بارش ہونا ...... عَيْنُ المَاءِ: کثیر ہونا اور خوشگوار ہونا۔ صفت (غَدِقَة)

اَغْدَق العَيْشُ: آسودہ ہونا۔ اَغْدَقَتِ الاَرْضُ: زمین کا سرسبز ہونا۔

غَدَق (ض) غَدْقًا المَكَانُ: بارش سے تر ہونا اور سرسبز ہونا۔ صفت (غَدِق)

تَغَدَّنَ. الغُصْن: ٹہنی کا جھکنا۔

اِغْدَوْدَنَ. النَّبْتُ: سبز ہونا اور زیادتی و شادابی کی وجہ سے سیاہی کی طرف مائل ہونا ...... الرَّجُلُ: ڈھیلا ہونا اور گرنا ...... الشَّعْرُ: لمبا ہونا اور لپٹا ہوا ہونا صفت (غَدَوْدَن)

الغَدَن: نیند۔ اونگھ۔ ڈھیلا پن سستی ...... والغُدُنَة: نرمی۔ نزاکت۔

الغِدَان: شاخ جس پر کپڑے لٹکائے جائیں۔

الغُدَانِي: نازک بدن جوان۔

غَدَا يَغْدُو وغُدُوًّا: صبح کے وقت جانا۔ جانا اور صار کے معنی میں مستعمل ہے۔ مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے۔

غَدَا يَغْدُوْ غُدُوًّا وغُدْوَةً اِغْتَدَى. عَلَيْهِ: سویرے آنا۔

غَدِيَ يَغْدَى غَدًا وتَغَدَّى: صبح کا کھانا کھانا۔ کہا جاتا ہے "هَلْ لَكَ اَنْ تَتَغَدَّى بِهِ قَبْلَ اَنْ يَتَعَشَّى بِكَ" یعنی کیا تیرے لئے یہ امکان ہے کہ ہم کو کھلا کر کھانے سے پہلے اس کو ہلاک کرے۔

غَدَّى. الرَّجُلُ: دن کے ابتدائی حصہ میں کھلانا۔

غَادَى مُغَادَاةً. الرَّجُلُ: صبح کے وقت آنا۔

الغَد: آئندہ کل۔ دور کا دن جس کا انتظار ہو۔ نسبت کے لئے (غَدِيٌّ وغَدَدِيٌّ)

الغُدْوَة: صبح، فجر اور طلوع آفتاب کا درمیان، دن کا ابتدائی حصہ ج غُدًى وغُدُوٌّ.

الغَدَاة: صبح، فجر اور طلوع آفتاب کا درمیان۔ دن کا ابتدائی حصہ ج غَدَوات کہا جاتا ہے "هُوَ اِبْنُ غَدَاتَيْنِ" یعنی وہ دو دن کا ہے۔

الغَدِيَّة: بمعنی غُدْوَةٌ وغَدَاةٌ ج غَدَايَا و غَدِيَّات.

الغُدَيَّة: غداۃ کی تصغیر۔

الغَدَاء: صبح کا کھانا اور اس کے مقابل عَشاء ہے ج اَغْدِيَة.

الغَادِي: فا۔ شیر۔

الغَادِيَة مؤنث غَادِي بادل جو صبح کے وقت اٹھے۔ صبح کی بارش۔ ج غَوَادٍ وغَادِيَات.

الغَدْيَان: صبح کا کھانا کھانے والا۔ مؤنث غَدْيَا.

المَغْدَى والمَغْدَاة: صبح کو جانے کی جگہ۔

غَذَّ (ن ض) غَذًّا. الشَّيْءُ: کم کرنا۔ گھٹانا۔ الجُرْحُ: خون پیپ وغیرہ جاری ہونا۔

اَغَذَّ اِغْذَاذًا. السَّيْرَ وفِي السَّيْرِ: چلنے میں جلدی کرنا ...... الجُرْحُ: خون پیپ وغیرہ جاری ہونا۔

الغَاذُ: فا۔ آنکھ کی رگ جو ہمیشہ جاری رہتی ہے۔ حس۔

الغَذِيْذَة: زخم کا خون پیپ وغیرہ۔

غَذَمَ (ن) غَذْمًا. لَهُ مِنَ المَالِ: یکبارگی عمدہ مال دینا۔

وغَذِمَ (س) غَذْمًا وتَغَذَّمَ واغْتَذَمَ الشَّيْءَ: بہت حرص سے کھانا۔

اَغْذَمَ وتَغَذَّمَ والفَصِيْلُ مَا فِيْ ضَرْعِ اُمِّهِ:

اونٹنی کے بچہ کا تھن سے سب دودھ پی لینا۔
الغُذْمَۃ: مال کا ایک حصہ۔ ج غُذَم۔۔۔۔ والغَذْمَۃ: بہت دودھ۔ ج غَذَم۔
بِئْرٌ غَذِیْمَۃٌ: وسیع کنواں۔
الغُذَم والمُتَغَذِّم: بہت زیادہ کھانے والا۔
غَذْمَرَ غَذْمَرَۃً: غضبناک ہونا۔ ۔۔۔۔ الشَّیْءَ: جدا جدا کرنا۔ بعض کو بعض سے ملانا۔ انکل سے بیچنا۔
تَغَذْمَرَ. فِی المَجْلِسِ: غصہ سے چلانا۔
الغَذْمَرَۃ: مص۔ شور۔ ڈانٹ۔ گفتگو اور چیخ کا مخلوط ہونا۔ ج غَذَامِیْر۔
غَذَا یَغْذُو غَذْوًا. الرَّجُلُ بِالطَّعَامِ: خوراک دینا۔۔۔۔ الطَّعَامُ الصَّبِیَّ: بچہ کو فائدہ دینا اور کافی ہونا۔۔۔۔ العِرْقُ: خون بہانا۔۔۔۔ الرَّجُلُ: جلدی کرنا۔۔۔۔ الفَرَسُ: تیز گزرنا۔
غَذَّی تَغْذِیَۃً. الرَّجُلَ: غذا دینا۔ پرورش کرنا۔ غَذَّی العِرْقُ: خون بہانا۔
تَغَذَّی تَغَذِّیًا واغْتَذَی اِغْتِذَاءً: خوراک کھانا۔
اِسْتَغْذَی اِسْتِغْذَاءً. الرَّجُلَ: سخت پچھاڑنا۔
الغِذَاء: خوراک۔ ج اَغْذِیَۃ۔
الغَاذِی: فا۔ غَاذِی المَال: مال کا منتظم۔ ج غُذَاۃ وغَاذُوْن: مؤنث غَاذِیَۃ ج غَوَاذٍ۔
الاَغْذَی: اسم تفضیل۔
الغَذِیّ: رحم کا بچہ (بکری کے لئے خاص ہے) ج غِذَاء: جانوروں کے چھوٹے چھوٹے بچے۔
الغَذَوِیُّ: رحم کا بچہ۔
الغَذَوَان: بدزبان۔ تیز رفتار گھوڑا۔
غَرَّہٗ (ن) غَرًّا وغِرَّۃً وغُرُوْرًا: دھوکا دینا۔ بے ہودہ امید دلانا۔ کہا جاتا ہے "مَاغَرَّکَ بِفُلَانٍ" یعنی تو نے اس پر دلیری کیونکر کی؟ غَرَّ المَاءَ: پانی گرانا۔
غَرًّا وغِرَارًا. الطَّائِرُ فَرْخَہٗ: پرندہ کا اپنے بچہ کو چوگا دینا۔۔۔۔ الرَّجُلُ: غرغر پرندہ کھانا۔۔۔۔ الرَّاعِی: اونٹ کو چرانا۔۔۔۔ المَاءُ: پانی کا نایاب ہونا۔
غَرَّ (ن) غَرًّا وغِرَارًا وغُرُورًا (س) غَرَارَۃً: شریف ہونا۔ ناتجربہ کار رہنا۔
غَرَّ (ض) غَرًّا وغَرَارَۃً: تجربہ کے باوجود بچوں جیسا کام کرنا۔
غَرَّ (س) غَرَرًا وغُرَّۃً وغَرَارَۃَ الوَجْہُ: خوبصورت سفید رنگ والا ہونا۔ الشَّیْءُ: سفید ہونا۔
غَرَّرَ تَغْرِیْرًا وتَغِرَّۃً. بِالشَّیْءِ: ہلاکت کے لئے پیش کرنا۔۔۔۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا اڑنے کے لئے پر پھیلانا۔۔۔۔ القِرْبَۃَ: مشک بھرنا۔
غَرَّرَتْ ثَنِیَّۃُ الغُلَامِ: بچہ کا اگلے دانت نکلنا۔
غَارَّتْ غِرَارًا ومُغَارَّۃً. السُّوْقُ: بازار کا ماند پڑ جانا۔ غَارَّ التَّحِیَّۃَ: کم کرنا۔ غَارَّتِ النَّاقَۃُ: اونٹنی کا دودھ کم ہونا۔
تَغَرَّرَ. الفَرَسُ: گھوڑے کا پیشانی سفید ہونا۔
اِغْتَرَّ واسْتَغَرَّ. بِکَذَا: دھوکا کھانا۔
اِغْتَرَّہٗ واسْتَغَرَّہٗ: بے خبری میں آنا۔ واغْتَرَّہٗ: بے خبری کا طالب ہونا۔
الغَرُّ: مص۔ زمین میں شگاف۔ کپڑے یا کھال کی شکن۔ کہا جاتا ہے "طویت الثوب علی غرہ" یعنی میں نے کپڑے کو اس کی پہلی تہہ پر لپیٹا۔ چھوٹی ندی ج غُرُور۔
الغَرُّ والغِرَار: تلوار کی دھار۔ الغِرَار: نیند وغیرہ کی کمی۔ کساد بازاری۔ اونٹنی کے دودھ کی کمی ج اَغِرَّۃ: کہا جاتا ہے "اَتَانَا عَلَی غِرَارٍ" یعنی وہ ہمارے پاس جلدی آیا۔
الغِرَار: تیر بنانے کا نمونہ اور اسی سے ہے "ھُمْ عَلَی غِرَارٍ وَاحِدٍ" یعنی وہ ایک جیسے ہیں۔ کہا جاتا ہے "وَلَدَتْ ثَلَاثَۃَ بَنِیْنَ عَلَی غِرَارٍ" یعنی اس نے تین بچے پے در پے جنے جن کے درمیان کوئی لڑکی نہیں۔
لَبِثَ القَوْمُ غِرَارَ شَہْرٍ: قوم ایک مہینہ کی مدت ٹھہری رہی۔
الغَرَارَۃ: غفلت۔ نوعمری۔ کہا جاتا ہے "کان ذلک علی غرارتی" یعنی یہ میری نوعمری کے زمانہ میں تھا۔
الغُرْغُرَۃ: ایک آبی پرندہ جو گہرے جوہڑ میں زندگی گزارتا ہے۔
الغُرَّۃ: گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی۔ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کا ابتدائی اور معظم حصہ۔۔۔۔ مِنَ القَوْمِ: شریف۔۔۔۔ مِنَ الرَّجُلِ: چہرہ۔ روشنی یا صبح ظاہر ہو تو کہا جاتا ہے قَدْ بَدَتْ غُرَّتُہٗ غلام۔ باندی۔ ج غُرَر۔ الغُرَر مہینہ کی ابتدائی تین راتیں یعنی پہلی دوسری تیسری رات۔ عرب مہینے کی تقسیم تین تین راتوں سے کرتے تھے کہ پہلی تین راتوں کو غُرَر: دوسری تین راتوں کو نُفَل اور اس کے بعد تُسَع: پھر عُشَر: پھر بِیض: پھر دُرَع: پھر ظُلَم: پھر حَنَادِس: پھر دَادِی: پھر محاق کہتے ہیں۔
الغِرّ: ناتجربہ کار جوان۔ مؤنث غِرٌّ وغِرَّۃٌ ج اَغْرَار۔
الغَرَّی: اپنے قبیلہ میں سردار عورت۔
الغِرَّۃ: مص۔ غفلت۔ ناتجربہ کاروں کی جماعت۔ ج غِرَر۔
الغُرَّۃ: مہینے کا پہلا دن۔ ایک کالے رنگ کا آبی پرندہ۔
الغَرَر: ہلاکت کے درپے۔ کہا جاتا ہے "اَنَا غَرَرٌ مِنْکَ" میں تم سے دھوکے میں ہوں۔
الغُرُوْر: دھوکا دینا اور یہ دنیا کی صفت میں بھی آتا ہے۔ کہا جاتا ہے "الدُّنْیَا الغُرُوْر" غرغرہ کی دوائیں۔
الغُرُوْر: مص۔ بے ہودہ باتیں۔
الغَارُّ: فا۔ غافل۔ کنواں کھودنے والا۔ مؤنث غَارَّۃ۔
الغَرَّار: بہت دھوکہ دینے والا۔
الغَرِیْرُ: اچھی عادت اور اسی سے مثل ہے "اَدْبَرَ غَرِیْرُہٗ وَاَقْبَلَ ھَرِیْرُہٗ" یعنی اس کی اچھی عادت جاتی رہی اور بری عادت آ گئی۔ اچھی زندگی۔ ج غُرَّان: ضامن۔ دھوکا زدہ۔ ناتجربہ کار جوان۔ ج اَغِرَّۃ وَاَغِرَّاء مؤنث غَرِیْرَۃ ج غَرِیْرَات وغَرَائِر۔

الغَرْنَیسو : کتے اور بلی کے درمیان چھوٹی ٹانگوں کا بھورے رنگ کا ایک جانور اور عرب کے امثال میں ہے "اَسْمَنُ مِنَ غُرَیْر" اور اس کا نام غُفْر اور غُرغُور بھی ہے۔
الاَغَرّ : خوبصورت۔ ہر چیز کا سفید۔ فیاض۔ سردار شریف...... مِنَ الاَیَّام : سخت گرم دن۔ مِنَ الخَیْل : پیشانی پر سفیدی والا۔ مؤنث غَرّاء ج غُرّ و غُرّان.
الغِرَارَۃُ : بورا۔ تھیلا۔ ج غَرَائِر.
الغُرّانُ : پانی کے بلبلے۔ کہا جاتا ہے "اَقْبَلَ المَاءُ بِغُرَّانِہٖ" پانی بلبلے کے ساتھ آیا۔
المُغَارُّ : کم دودھ والی اونٹنی۔ ج مَغَارُّ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُغَارُّ الکَفِّ" یعنی بخیل ہے۔
المَغْرُوْر : مفتوع۔ فریب خوردہ۔
غَرَبَ (ن) غَرْبًا : جانا...... فُلَانٌ عَنَّا : جدا ہونا۔ علیحدہ ہونا...... فِیْ سَفَرِہٖ : طویل سفر کرانا (...... غروبا) الرجل : دور ہونا...... النجم : ستارہ کا غائب ہونا۔ ڈوبنا۔
غَرُبَ (ن) غُرْبَۃً و غُرْبًا و غَرَابَۃً : پردیسی ہونا۔ وطن سے علیحدہ ہونا۔
غَرُبَ (ک) غَرَابَۃً. الکَلَامُ : مخفی ہونا۔ پوشیدہ ہونا...... الشَّیْءُ : غیر مانوس ہونا۔
غَرِبَ (س) غَرَبًا : لوہے چہرہ کا لالا ہونا۔
غَرَّبَ : دور ہونا۔ وطن سے علیحدہ ہونا۔ پچھم میں پہنچنا...... ہ : دور کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ مسافرت پر برانگیختہ کرنا۔ جلا وطن کرنا...... فِی الاَرْضِ : دور تک لے جانا۔
اَغْرَبَ : مغرب میں جانا۔ شہروں میں دور تک جانا۔ اچھی حالت ہونا۔ عجیب چیز لانا۔ فصیح ہونا اور نوادرات بیان کرنا...... فِی الضَّحِکِ و نَحْوِہٖ : مبالغہ کرنا...... الحَوْضَ : حوض کو بھرنا...... الفَرَسُ فِیْ جَرْیِہٖ : گھوڑے کا بہت دوڑنا...... الفَرَسَ : گھوڑے کو دوڑانا۔ یہاں تک کہ مر جائے...... ہٗ : علیحدہ کرنا اَغْرَبَ و اُغْرِبَ

المَرِیْضُ : تکلیف زیادہ ہونا۔ اَغْرَبَ عَلَیْہِ و بِہٖ : برا سلوک کرنا۔
تَغَرَّبَ : وطن سے علیحدہ ہونا۔ پچھم سے آنا۔
اِغْتَرَبَ : وطن سے علیحدہ ہونا۔ غیر اقارب میں شادی کرنا۔
اِسْتَغْرَبَ. الشَّیْءُ : نادر پانا یا سمجھنا۔
...... الدَّمْعُ : آنسو بہانا۔
...... و اُسْتُغْرِبَ. فِی الضَّحِکِ : ہنسنے میں مبالغہ کرنا۔
الغَرْب : مص۔ پچھم۔ ہر چیز کا اول۔ دھار۔ نشاط۔ تیزی۔ کہا جاتا ہے "اِنِّیْ اَخَافُ عَلَیْکَ غَرْبَ الشَّبَابِ" یعنی جوانی کی تیزی اور نشاط کا مجھے تمہارے اوپر خوف ہے۔ بڑا ڈول۔ آنکھ کی وہ رگ جو ہمیشہ جاری رہے۔ آنسو۔ آنسو بہنے کی جگہ۔ آنکھ کا پچھلا حصہ۔ دوری۔ آنکھ کی پھنسی۔ گوشۂ چشم کا ورم۔ تھوک کی کثرت۔ تیز دوڑنے والا گھوڑا۔ کہا جاتا ہے "سَهْمُ غَرْبٍ" اضافت سے اور "سَهْمٌ غَرْبٌ" وصف سے یعنی وہ تیر جس کا پھینکنے والا معلوم نہ ہو۔ ج غُرُوْب.
الغُرْبَۃ : دوری۔
الغَرَبُ : مص۔ سونا۔ چاندی۔ پیالہ۔ شراب۔ پانی جو کنوئیں اور حوض کے درمیان ڈول سے ٹپکے۔ کہا جاتا ہے "سَهْمُ غَرَبٍ و سَهْمٌ غَرَبٌ" وہ تیر جس کا پھینکنے والا معلوم نہ ہو۔ و "بِعَیْنِہٖ غَرَبٌ" جبکہ آنسو تھمتا نہ ہو۔
الغُرَاب : کوا۔ مختلف قسمیں ہیں۔ غراب اسود. ابقع. زاغ ج اَغْرُب و غُرُبٌ غِرْبَان و اَغْرِبَۃ جج غَرَابِیْنُ کہا جاتا ہے "طَارَ غُرَابُہٗ" یعنی بوڑھا ہو گیا اس کے بال سفید ہو گئے۔ و اَرْضٌ لَا یَطِیْرُ غُرَابُهَا : یعنی سرسبز ہے۔ الغُرَاب : اولہ و برف۔ سر کا پچھلا حصہ۔ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ : ہر چیز کی ابتداء اور دھار۔ جیسے غُرَابُ الفَاسِ اور کوے کی مثال سیاہی اور بعد اور صبح سویرے اٹھنے اور چوکنا رہنے میں دی جاتی ہے۔ کہا جاتا ہے

"بَکَّرْتُ بُکُوْرَ الغُرَابِ" کوے کی مانند صبح سویرے اٹھا۔ "فُلَانٌ اَحْذَرُ مِنَ الغُرَابِ" فلاں کوے سے زیادہ چوکنا ہے۔ و "دُوْنَ هٰذَا شَیْبُ الغُرَابِ" اس سے کم کوے کی سیاہی ہے اَغْرِبَۃُ العَرَبِ : عرب کے سیاہ لوگ۔ الغُرَاب : پرانی قسم کی ایک کشتی۔
الغُرَابَان : دونوں سرین کے نچلے حصے جو ران سے ملے ہوئے ہوں۔
الغَارِب : فا۔ کندھا۔ پیٹھ اور گردن یا کوہان اور گردن کے درمیان کا حصہ۔ ہر چیز کا اعلیٰ حصہ۔ ج غَوَارِب اور اسی سے ہے۔ غَوَارِبُ المَاءِ : بلند موجیں۔
الغَرِیْب : مسافر۔ وطن سے دور۔ اجنبی ج غُرَبَاء : عجیب و غیر مانوس مِنَ الکَلَامِ : جس کا سمجھنا دشوار ہو۔ مؤنث غَرِیْبَۃ ج غَرَائِب.
الغُرُب : بمعنی غریب۔
المُغْرَب : صبح۔ ہر سفید چیز یا جس کے کنارے سفید ہوں۔ عَنْقَاء (مُغْرِب و مُغْرِبَۃ) دیکھئے لفظ "عَنْقَاء".
المَغْرِب : پچھم۔ آفتاب غروب ہونے کی جگہ۔ ممالک افریقیہ اور بزبان حال ممالک یورپ۔
مَغْرِبَان. الشَّمْسِ : آفتاب کے طلوع و غروب کی جگہ۔
المَغْرِبِیُّ : ممالک مغرب کی طرف منسوب۔ ج مَغَارِبَۃ.
الغِرْبِیْب : سخت سیاہ اور اکثر بطور تاکید مستعمل ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "اَسْوَدُ غِرْبِیْبٌ".
غَرْبَلَ غَرْبَلَۃً الحِنْطَۃَ : گیہوں چھاننا۔
...... البَلَدَ : ملک کے رہنے والوں کا حال کھولنا۔
...... فِی الاَرْضِ : جانا...... الشَّیْءَ : ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ جدا جدا کرنا...... القَوْمَ : قوم کو قتل کرنا اور کچل دینا۔

السغربال : چھلنی ۔ دف ۔ چغل خور ج غرابیل.

المغربل : ملغ ۔ گٹھیا ۔ پھولا ہوا ۔ مقتول ۔ زوال پزیر ملک ۔

الغربیل : چھلنی ۔ دف ۔ چغل خور ۔

غرث (س) غرثا : بھوکا ہونا ۔ صفت (غرثان) ج غرثی وغرالی وغراث : مؤنث (غرثی) ج غراث.

غرث الکلب : کتے کو بھوکا رکھنا ۔

الغرث والغارث : بھوکا ۔

غرد (س) غردا وغرد واغرد وتغرد. الطائر : پرندہ کا گانے میں آواز بلند کرنا اور کنکری کرنا اغرد الطائر : گا کر خوش کرنا ۔

استغرده : گانے پر برانگیختہ کرنا ۔

الاغرود والاغرودة : پرندہ کی سریلی آواز ج اغارید.

الغرد والغرد والغرید : گانے والا ۔

غرزه (ض) غرزا بالابرة ونحوها : سوئی وغیرہ چبھونا ۔ غرز الابرة فی الشئ : داخل کرنا ۔

الراکب رجله فی الغرز : رکاب میں پاؤں ڈالنا ۔ غرزا بالارض : زمین میں لکڑی گاڑنا ۔ غرزت الجرادة : انڈا دینے کے لئے زمین میں دُم چبھونا ۔ صفت (غارز وغارزة)

غرز الابرة فی الشئ : داخل کرنا ۔

غرزت الجرادة : انڈا دینے کے لئے زمین میں دُم چبھونا ۔

الغنم : بکری کو موٹی ہونے کے لئے دودھ سے چھوڑ دینا ۔

اغرز الابرة : بمعنی غرز ...... الوادی : غرز نامی پودہ اگانا ...... فی الشئ : داخل ہونا ۔

اغترز السیر : روانگی قریب ہونا ...... فلان السیر : روانگی کے قریب ہونا ۔ سوار ہونا ...... الراکب رجله فی الغرز : سوار کا رکاب میں پاؤں رکھنا ۔

الغرز : مص ۔ رکاب ۔ زمین میں گاڑی ہوئی لکڑی ۔ ج غروز : کہا جاتا ہے "الزم غرز فلان" یعنی اس کے امر ونہی کی اطاعت کرو ۔ "اشدد یدیک بغرزه" مطلب یہ ہے کہ اپنے آپ کو اس کے سپرد کر دو ۔

الغرز : ایک چھوٹی قسم کا پودہ ۔

الغریزة : طبیعت ج غرائز.

الغارز : قا ۔ اونٹنی جس کا دودھ کم ہو گیا ہو ۔ عیون (غوارز) نہ بہنے والے چشمے ۔

التغریز : کھجور کا پودا جو ایک جگہ سے نقل کر کے دوسری جگہ لگایا جائے ۔ ج تغاریز.

المغرز : گاڑنے کی جگہ ۔ ج مغارز.

غرس (س) غرسا وغراسة الشجر : درخت کا پودہ لگانا ۔

انغرس : پودہ لگنا ۔

الغرس : مص ۔ پودہ لگایا ہوا ج غراس واغراس.

الغرس : پودہ ۔ پانی جو رحم سے نکلے ۔ چھوٹا کوا ۔ ج اغراس.

الغریس : پودا لگایا ہوا ۔ بھیڑ ۔

الغریسة : کھجور کا پودا جو ابھی اُگا ہو ۔ گٹھلی جو بوئی جائے ۔ انگور کی بیل جو ابھی بٹھائی گئی ہو ۔ پودہ بٹھانے سے پھلدار ہونے تک ۔ ج غرائس وغراس.

الغراس : پودہ ۔ پودہ لگانے کا وقت ۔ کہا جاتا ہے "هذا زمن الغراس" جس طرح کہا جاتا ہے "هذا زمن الحصاد".

المغرس : پودہ لگانے کی جگہ ج مغارس.

الغرش. من المسکوکات : ایک سکہ ہے جو دو آنے کے مساوی ہوتا ہے ۔ ج غروش.

غرض (س) غرضا. الیه : مشتاق ہونا ۔ صفت (غرض) ...... منه : تنگ دل ہونا ۔ ملول ہونا ۔ خوف کرنا ۔

غرض (ض) غرضا. الاناء : برتن بھرنا ۔ کم بھرنا ...... الشئ : تازہ چننا ۔ وقت سے جلدی کرنا ۔ روکنا ۔ توڑنا اس طرح کہ جدا نہ ہو جائے (...... غریضا) له : تازہ دودھ پلانا ۔

غرض (ک) غرضا : اللحم : گوشت تازہ ہونا ۔ صفت (غریض) ج اغاریض.

غرّض : مزاح کرنا ۔ تازہ گوشت کھانا ۔

...... الشئ : تازہ چننا ...... فی سقائه : مشک میں نہ بھرنا ۔ کہا جاتا ہے "فلان بحر لا یغرض" یعنی فلاں آدمی سمندر کی مانند ہے جو خالی نہیں کیا جا سکتا ۔ غرّض فلانا : نشانہ بنانا ۔

اغرض. فلانا : تنگ دل کرنا ...... الغرض : نشانہ پر ٹھیک مارنا ...... الاناء : برتن بھرنا ۔

غارض. الابل : اونٹوں کو تڑکے گھاٹ پر لے جانا ۔

تغرّض وانغرض. الغصن : شاخ کا مڑنا اور ٹوٹنا مگر جدا نہ ہونا ۔

اغترض. الشئ : کسی چیز کو اپنی غرض بنانا ۔

اغترض فلان : جوان مرنا ۔

الغارض : قا ۔ تڑکے پانی پر جانے والا ۔ لمبی ناک ۔ کہا جاتا ہے "اتیته غارضا" یعنی دن کے ابتداء میں ۔

الغرض : مص ۔ وادی کی ناقص شاخ ج غرضان وغرضان واغرض ...... : کجاوہ کا تنگ ج اغراض وغروض.

الغرضة : کجاوہ کا تنگ ج غُرَض وغُرُض.

الغرض : مص ۔ مطلوب ۔ حاجت ۔ قصد ۔ کہا جاتا ہے "فهمت غرضک" میں نے تیرے قصد کو سمجھ لیا نشانہ جس پر گولی ماری جائے ۔ ج اغراض.

الغریض : طرب انگیز گیت ۔ بہترین گویا ۔ ہر سفید تازہ بارش کا پانی ۔ پانی جس پر تم کہ آیا جائے ۔ تازہ گوشت ۔

الاغریض : شگوفہ ۔ ہر سفید تر و تازہ ۔ ج اغاریض.

المغرض : اونٹ کا تنگ ۔ ج مغارض ۔

المغروض : ملغ بارش کا پانی ۔

الغرضوف : نرم ہڈی جیسے کان ناک کی ج غراضیف. الغرضوفان : دو لکڑیاں جو کجاوہ

کے دانیں یا گیں باندھی جاتی ہیں۔

غَرْغَرَ غَرْغَرَةً : غرغرہ کرنا۔ غرغرت القِدْرُ : ہانڈی کا جوش کے وقت آواز دینا۔

غَرْغَرَةً : ذبح کرنا۔ غرغرہ بالرمح : حلق میں نیزہ مارنا..... الرَّجُلُ : آواز کو گیر نکالنا۔ موت کے وقت خرخر کرنا..... اللَّحْمُ : گوشت میں بھونتے وقت آواز ہونا۔

تَغَرْغَرَ. بِالمَاءِ او الدَّوَاءِ : پانی یا دوا سے غرغرہ کرنا اور اسی سے ہے "تَغَرْغَرَتِ العَيْنُ بِالدَّمْعِ" آنکھ آنسوؤں سے ڈبڈبا گئی۔

الغِرْغِر : ایک قسم کی مرغی جس کو چینی مرغی کہتے ہیں۔ واحد (غِرْغِرَة)

الغُرْغُوْر : بمعنی الغُرَيْر (دیکھئے الغُرَيْر)

الغُرْغُرَة : بوٹا۔ پیشانی کی سفیدی۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ غُرْغُرَةٌ" یعنی فلاں شریف ہے۔

غَرَفَ (ض) غَرْفًا. الشَّيْءَ : کاٹنا۔ النَّاصِيَةَ : پیشانی کے بال کترنا۔

واِغْتَرَفَ. المَاءَ بِيَدِهِ : پانی کا چلو لینا۔

تَغَرَّفَهُ : کسی چیز کے ساتھ جتنی چیزیں ہوں سب لے لینا۔

اِنْغَرَفَ. الشَّيْءُ : کٹنا۔ مرنا اور ٹوٹنا..... العَظْمُ : ہڈی کا ٹوٹنا..... فُلَانٌ : مرنا۔

الغَرْف : بمعنی (..... والغَرَف) پودہ جس سے چمڑے کو دباغت دیا جائے۔

المِغْرَفَة : چلو لینے کی ہیئت۔ جوتی۔ ج غِرَف۔

الغُرْفَة : چلو۔ ج غِرَاف..... : کوٹھری کے اندر کوٹھری، بالاخانہ، بالوں کا گچھا۔ ج غُرَف وغُرُفَات وغُرَفَات وغُرْفَات۔

الغَارِفَة مؤنث غَارِف : اسم فاعل..... مِنَ النُّوقِ : تیز دوڑنے والی اونٹنی۔ ج غَوَارِف۔

الغَرَاف : ایک قسم کا بڑا پیمانہ۔

الغَرَّاف : بہت چلو لینے والا۔ نَهْرٌ غَرَّافٌ : بہت پانی کی نہر۔ غَيْثٌ غَرَّافٌ : بہت بارش۔

الغَرُوف. مِنَ الآبَارِ : وہ کنوئیں جن سے پانی چلو سے لیا جائے۔

الغَرِيْف. مِنَ الشَّجَرِ : گھنا درخت۔ بانس، نرکل وغیرہ کی جھاڑی۔

الغَرِيْفَة : گھنا درخت۔ جوتی۔ تلوار کے تلے کے نچلے حصہ کا چمڑا۔

المِغْرَف : تیز رفتار گھوڑا اور "فَارِسٌ مِغْرَفٌ" بھی کہا جاتا ہے ج مَغَارِف۔

المِغْرَفَة : چمچہ۔ ڈوئی۔ ج مَغَارِف۔

غَرِقَ (س) غَرَقًا. فِي المَاءِ : ڈوبنا۔ صفت (غَرِقٌ وغَارِقٌ وغَرِيقٌ) ج غَرْقَى

غَرِقَ فُلَانٌ : دودھ وغیرہ کا گھونٹ لینا۔ مستغنی ہونا۔

غَرَقَ (ن) غَرْقًا. مِنَ اللَّبَنِ : دودھ وغیرہ کا گھونٹ لینا۔

اَغْرَقَ. فِي الأَمْرِ : مبالغہ کرنا۔

اَغْرَقَهُ وغَرَّقَهُ : ڈبو دینا۔ اَغْرَقَ وغَرَّقَ فِي القَوْسِ : کمان کو بہت زیادہ کھینچنا۔ اَغْرَقَ وغَرَّقَ اللِّجَامَ بِالفِضَّةِ : لگام کو چاندی سے مزین کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَغْرَقَ اَعْمَالَهُ بِالمَعَاصِي" یعنی اپنے اعمالِ صالحہ کو معاصی کی وجہ سے ضائع کر دیا۔

غَارَقَهُ : قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "غَارَقَتْنِي لَمَنِيَّةُ" یعنی موت مجھ سے قریب ہوئی۔

اِغْتَرَقَ. النَّفَسَ : بہت ہانپنا۔

البَعِيْرُ التَّصْدِيْرَ : اونٹ کے پیٹ کے موٹے ہو جانے کی وجہ سے تنگ کا تنگ ہو جانا۔

الفَرَسُ الخَيْلَ : گھوڑوں کی جماعت میں داخل ہونا اور آگے بڑھ جانا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَغْتَرِقُ العَيْنَ" یعنی فلاں اپنی خوبصورتی کی وجہ سے نظر کو اپنی طرف کھینچتا ہے دوسری طرف نہیں ڈالنے دیتا۔

اِسْتَغْرَقَ. الشَّيْءَ : کل لے لینا..... الغَايَةَ : مقررہ حد سے آگے بڑھ جانا..... فِي النَّوْمِ : گہری نیند سونا..... فِي الضَّحِكِ : کھلکھلا کر ہنسنا۔

اِغْرَوْرَقَتْ. العَيْنُ : ڈبڈبا آنا۔

الغُرْقَة : دودھ وغیرہ ایک مرتبہ پینے کی مقدار ج غُرَق۔

غَرْقَلَتِ. الدَّجَاجَةُ بَيْضَتَهَا : مرغی کا کچا انڈا دینا..... البَيْضَةُ : کچا انڈا کرنا۔

الغِرْقِئُ : انڈے کے سفیدی کی جھلی۔ انڈے کی سفیدی۔

غَرِلَ (س) غَرَلًا. الصَّبِيُّ : بچے کا غیر مختون ہونا۔ صفت (اَغْرَل) مؤنث غَرْلَاء ج غُرْل۔

الغَرِل : ڈھیلا ڈھالا آدمی۔ بہت ہی زیادہ لمبا نیزہ۔

الاَغْرَل : ارزانی کا سال۔ خوش عیش زندگی۔

الغُرْلَة : چمڑا جس کو ختنے کے وقت کاٹتے ہیں۔

غَرِمَ (س) غُرْمًا وغَرَامَةً ومَغْرَمًا. الدَّيْنَ ونَحْوَهُ : قرض وغیرہ ادا کرنا۔ فِي التِّجَارَةِ : تجارت میں نقصان اٹھانا۔

اَغْرَمَهُ وغَرَّمَهُ الدَّيْنَ : قرض کی ادائیگی کو لازم کرنا۔ کہا جاتا ہے "غُرِّمَ السَّحَابُ" یعنی بارش ہوئی۔

اُغْرِمَ. بِالشَّيْءِ : بہت خواہش مند ہونا۔

تَغَرَّمَ : تاوان برداشت کرنا۔

اِغْتَرَمَ : تاوان کو اپنے اوپر لازم کرنا۔

الغَرَامَة والغُرْم : تاوان۔ مال جس کا ادا کرنا ضروری ہو۔ ضرر۔ مشقت۔

الغَرَام : اشتیاق۔ محبت جو دل کو جتلائے عذاب کرنے والا ہو۔ ہلاکت۔ عذاب۔

الغَرِيْم : قرض خواہ۔ قرض دار۔ مخالف۔ ج غُرَمَاء وغُرَّام۔

الغَرَامَاطِيْقِيّ او الغَرَامَاطِيْق : وہ علم جو بولنے اور لکھنے میں غلطی سے بچائے یعنی علم صرف، علم نحو اور علم عروض۔ اس لفظ کا اطلاق اس کتاب پر بھی ہوتا ہے جس میں یہ علم پایا جائے۔

المَغْرَم : تاوان۔ ج مَغَارِم۔

غَرِنَ (س) غَرَنًا العَجِيْنُ : گندھے ہوئے آٹے کا خشک ہونا۔

الغرن : کمزور۔

الغَرِيْن والغِرْيَن : تر یا خشک مٹی جو سیلاب میں بہہ کر آئے اور زمین پر رہ جائے۔ بے وقوفی۔

الغِرْنَيق و الغُرْنَيق و الغُرْنُوق و الغُرانق : ایک قسم کا آبی پرندہ جو سارس کے مشابہ ہوتا ہے سفید خوبصورت جوان کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "فَـتًى غُـرَانِـقٌ وصَبِيَّةٌ غُـرَانِقٌ وغُـرَانِقَةٌ" ج غَـرَانِق وغَرَانِيق وغَرَانِقة۔

غَرِيَ يَغْرُو غُرُوًّا. الرَّجُلُ : تعجب کرنا...... الجلدَ : سریش سے جوڑنا...... الشَّحْمُ قَلْبَهُ : چربی کا دل پر چھا جانا۔

الْغُرْنُوقي : ایک افریقی پھول کا نام۔

غَرِيَ يَغْرَيٰ غَرَاءً وغَرًا وغُرِيَ وغُرِيَ واُغْـرِيَ. بِـكَـذَا : بہت خواہش مند ہونا۔ بہت رغبت رکھنا۔ غَرِيَ الـغَدِيْرُ : تالاب کا پانی ٹھنڈا ہونا ...... فُلانٌ : بہت زیادہ غضبناک ہونا (...... غَرَاةٌ) بہٖ : چمٹنا۔ لازم ہونا۔

غَرَّيٰ تَغْرِيَةً. الشَّيْئَ : سریش سے جوڑنا۔

اَغْرَيٰ. الرَّجُلَ بِكَذَا : برانگیختہ کرنا۔ اَغْرَيٰ الـعَـدَاوَةَ بَيْنَهُمْ : دشمنی ڈالنا اور فساد پیدا کرنا۔

غَارَيٰ غِرَاءً ومُـغَـارَاةً. فُلانًا : سخت جھگڑا کرنا...... بَيْـنَ الشَّيْـئَيْـنِ : ایک کے بعد دوسرے کا لگاتار کرنا۔

الـغَـرَاء والـغِـرَاء : ہر وہ چیز جس کا طلا کیا جائے جس سے ورق یا کھال کو جوڑیں جیسے سریش یا لیئی۔ الغَرَاءُ : خوبصورتی۔

الـغَـرَاء والغَرْوَى : خواہش مندی۔ کہا جاتا ہے "لا غَـرْوَ ولا غَـرْوَىٰ مِنْ كَذَا" یعنی اس سے تعجب نہیں۔

الغَرِيُّ : خوبصورت۔ عمدہ عمارت۔

المِغْرَاة : سریش پگھلانے کا آلہ۔

غَزَّ (ن) غَزًّا واغْتَزَّ. بِفُلانٍ : خاص کرنا...... الإبِلَ او الـصَّبِيَّ : اونٹ یا بچہ پر نظر بد سے حفاظت کے لئے رنگی ہوئی اون لٹکانا۔

غَازَّهُ مُغَازَّةً : سبقت کرنا۔ جھگڑنا۔

اَغَـزَّ. الـشَّجَـرُ : درخت میں بہت اور سخت کانٹے ہونا۔ اَغَـزَّتِ الـبَقَرَةُ : گائے پر وضع حمل کا دشوار ہونا۔

تَغَازَّ. القَوْمُ الشَّيْئَ : آپس میں جھگڑا کرنا۔

الـغُـزُّ : جنرا۔ ترکوں کی ایک قوم۔ واحد (غُزِّيٌّ)

غَـزُرَ (ک) غَـزْرًا وغَزَارَةً وغُزُرًا. الـمَـاءُ وغَـيْـرُه : پانی وغیرہ کا کثیر ہونا۔

غَـزُرَتِ الـنَّاقَةُ : اونٹنی کا بہت دودھ والی ہونا۔

تَـغَـزَّرَ الـرَّجُـلُ : زیادہ گوشت والا اور موٹا ہونا۔

غَازَرَ واسْتَغْزَرَ : زیادہ لینے کے لئے تھوڑا دینا۔

الغَزَر : معں۔ کھجور کے پتوں کی ٹکری۔

...... والغَزَارَة : کثرت۔

اَلْـغَـزْرَاز : باریک کانوں کا بورا جس سے تحریر کے لئے قلمیں بنائی جاتی ہیں۔

الغَزِيْرُ : ہر چیز کا بہت۔ ج غِزَار۔

الـغَزِيْرَة : مؤنث غَـزِيْـر ...... مِنَ النُّوقِ : بہت دودھ والی اونٹنی ...... مِنَ العُيُوْنِ : بہت آنسوؤں والی آنکھ ...... مِنَ الآبَارِ والـيَنَابِيْع : بہت پانی والے کنوئیں اور چشمے ج غِزَار۔

المِغْزَار. مِنَ الإبِلِ : بہت دودھ والی اونٹنی۔

مَـكَـانٌ (مَـغْـزُوْرٌ) کثیر بارش سے سیراب شدہ۔

غَزَلَ (ض) غَـزْلاً واغْـتَـزَلَ. الصُّوْفَ : اون کاتنا۔

غَزِلَ (س) غَـزَلاً بِـالنِّسَاءِ : عورتوں سے باتیں کرنا۔ عشق بازی کرنا۔ عورتوں کے حسن و جمال کی تعریف کرنا۔

غَـازَلَ. المَرْأَةَ : عورت سے بات کرنا اور پھسلانا۔ کہا جاتا ہے "غَازَلَ فُلانٌ الأرْبَعِيْنَ مِـنَ الـعُـمُـر" یعنی فلاں چالیس سال کے قریب ہو گیا و "هُـوَ يُـغَـازِلُ رَغَـدًا مِـنَ العَيْش" یعنی وہ نہایت آسودگی کی زندگی بسر کرتا ہے۔

اَغْزَلَت. الظَّبْيَةُ : ہرنی کا بچے والی ہونا...... الـمَرْأَةُ : عورت کا تکلا گھمانا۔

تَغَزَّلَ. فُلانٌ : بتکلف عشق بازی کرنا۔

تَـغَـازَلَ القَوْمُ : بعض کا بعض سے عشق بازی کرنا۔

الغَزْل : معں۔ کاتا ہوا۔

الغَزَل : معں۔ عورتوں کے ساتھ کھیل کود۔

الغَزَال : ہرن کا بچہ۔ ج غِزْلَة وغِزْلانٌ. ثُمَّ

الغَزَال : نام ایک نباتات کا۔

الـغَـزَالَة : غزال کا مؤنث۔ چڑھتے وقت کا سورج غَـزَالَةُ الضحى وغَزَالَتُهُ : چاشت کی ابتداء۔

الـغَزِل : عورتوں سے بات کرنے والا۔ عشق بازی کرنے والا وہ شخص جو ہر چیز میں کمزور ہو۔

الـغَازِلَة : کاتنے والی۔ ج غُزَّل وغَوَازِل۔

الغَزِيْل : عورتوں سے باتیں کرنے والا۔

الغَزَّال : بہت کاتنے والا۔

الاَغْزَل. غزل : کا اسم تفضیل۔

مِنَ الحُمّٰى : بار بار آنے والا بخار۔

الـمِـغْـزَل والـمَـغْـزَل والمُغْزَل : تکلا ج مَغَازِل۔

غَـزَا يَـغْزُوْ غَزْوًا : طلب کرنا۔ قصد کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَـرَفْـتُ مَـا يَـغْزِىٰ مِنْ هٰذَا الْـكَلامِ" یعنی اس کلام کے مقصود کو میں نے جان لیا۔

غَـزْوًا وغَزَاوَةً وغَزَوَانًا. الـقَوْمَ : کسی قوم سے جنگ کے لئے چلنا۔ جہاد کے لئے نکلنا۔

غَـزَّيٰ واَغْـزَىٰ. فُلانًـا : جہاد کے لئے بھیجنا۔ سامان دینا۔ برانگیختہ کرنا...... ہٗ : مہلت دینا۔ مطالبہ کو مؤخر کر دینا۔

اِغْـتَـزَىٰ اِغْـتِـزَاءً. فُلانًا : قصد کرنا...... بہٖ : مخصوص کرنا۔

الغَزْوَة. غزا کا اسم مرۃ۔ ج غَزَوَات۔

الغَارِی :قاصد ج غُزَّاةٌ وغُزًّى وغُزِیٌّ وغُزَّاء :مؤنث غَازِیَةٌ ج غَوَازٍ وغَازِیَات.

الغَزَاة :اسم ہے غزو کا ج غَزَوَات.

المِغْزَوَة :جس کا قصد کیا جائے۔ جس کو طلب کیا جائے۔

المَغْزَی :جنگ کرنا۔ جنگ کرنے کی جگہ۔

مغزی الکلام :مقصد کلام۔ ج مَغَازٍ.

المَغَازِی :غازیوں کے مناقب۔ غازیوں کے افعال۔

اِمْـرَاَةٌ (مُغْزِیَةٌ) عورت جس کا شوہر جہاد میں ہو۔ اَتَانٌ او نَـاقَةٌ مُغْزِیَةٌ :دیر سے جننے والی گدھی یا اونٹنی۔

غَـسَّ (ن) غَسًّـا. فِی الْبِلَادِ :داخل ہونا ...... الکَلَامَ :کلام میں عیب لگانا ...... ہ فِی المَاءِ :پانی میں غوطہ دینا ...... الـهِرَّةَ :بلی کو ڈانٹنا اور غس کہنا۔

اِنْغَسَّ. فِی الْمَاءِ :پانی میں ڈوبنا۔

الغُسُّ :کمزور نالائق۔

غَسَرَ (ن) غَسْـرًا. عَـلَى الغَرِیْمِ :قرض دار پر سختی کرنا۔

تَـغَسَّـرَ الـغَزْلُ :کتے ہوئے سوت کا لپٹ جانا۔ الجھا ہوا ہونا ...... الاَمْـرُ :ملتبس ہونا۔ مختلط ہونا۔ صفت (غَسِرٌ)

الغَسَر :جس چیز کو ہوا اڑا کر تالاب میں ڈال دے۔

اَغْسَـفَ :تاریکی میں داخل ہونا۔

الغَسَف :تاریکی۔

غَسَقَ (ض) غَسْـقًا وغَسَـقًا وغَسَقَانًا وَاَغْسَـقَ. الـلَّیْلُ :رات کا تاریک ہونا۔

اَغْسَـقَ الـرَّجُلُ :تاریکی میں داخل ہونا ......

الـمُؤَذِّنُ :موذن کا دیر میں مغرب کی اذان کہنا۔

غَسَقَ (ض) غَسْـقًـا وغَسُـوقًـا وغَسِق (س) غَسَقَانًا. المَاءُ :پانی گرنا ...... الغیمُ :بارش ہونا ...... الـعَیْـنُ :آنکھ کا ڈبڈبانا اور تاریک ہونا۔

الغَسَق :اوّل شب کی تاریکی۔

الغَاسِق :فا۔ چاند۔ رات جبکہ تاریکی بڑھ جائے۔ گیہوں کی ایک قسم۔

الغَسَاق والغَسَّاق :ٹھنڈا۔ بدبودار۔

غَسَـلَ (ض) غَسْلًا وغُسْلًا. الشَّـیْ : پانی سے میل کچیل دور کرنا ...... ہ :تکلیف دہ طریقہ سے مارنا۔ جماع کرنا۔

غَسَّـلَ. الشَّـیْ :دھونے میں مبالغہ کرنا۔ بہت جماع کرنا۔

اِنْغَسَـلَ :دُھلنا ...... الشَّیُ :بہنا۔

اِغْتَسَلَ :نہانا ...... بِالطِّیْبِ :خوشبو لگانا ...... الفَرَسُ :گھوڑے کو پسینہ آنا۔

الغَسْل والغُسْل :اسم ہے غسل سے۔

الغِسْـل والـغُسْـل :ہاتھ منہ دھونے کی چیز جیسے صابن وغیرہ ج اَغْسَـال.

الغِسْـلَة والغَسُـوْل والغَسُّوْل :ہاتھ منہ دھونے کی چیز۔

الغُسَـالَةُ. مِنَ الشَّیٔ :پانی جس سے دھویا جائے، دھونے سے جو پانی گرے، کپڑا جو دھویا جائے۔

الغَسِیْل :نہلایا ہوا۔ ج غَسْلٰى وغُسَلَاء: مؤنث غَسِیْلَة ج غَسَائِل.

الغَاسُوْل :صابون۔ اور ہر وہ چیز جس سے عموماً دھویا جائے۔ ایک پودہ کا نام ہے جس سے دھوتے ہیں۔

الغَسَّال :اسم مبالغہ۔ مؤنث غَسَّالَة.

الـمَغْسَـل والـمَغْسِـل :غسل خانہ۔ ج مَغَاسِل.

المُغْتَسَل :غسل خانہ ج مُغْتَسَلَات.

المُغْتَسل :وہ پانی جس سے نہایا جائے۔

المِغْسَل :وہ چیز جس سے دھویا جائے۔

الـمَغْسِلَة :وہ برتن جس میں کپڑے دھوئے جائیں۔

الغِسْلِیْنُ :دوزخیوں کے جسموں سے نکلنے والی پیپ۔

غَسْـلَبَ. الشَّیَ مِنْ فُلَانٍ :کسی سے کسی چیز کو چھین لینا۔

غَسَمَ (ن) غَسْمًا وَاَغْسَمَ اللَّیْلُ : رات کا تاریک ہونا۔ صفت (غَاسِمٌ)

الغَسَم :سیاہی۔ تاریکی۔ خاکستری۔

الغُسَـم والاَغْسَـام :آسمان میں بادل کے ٹکڑے۔

غَسَنَ (ن) غَسْنًا. الشَّیْ :چبانا۔

غُسَـانُ القَـلْـبِ وغَسَّانُه :دل کے انتہائی گوشے۔ کہا جاتا ہے "عَـلِـمْتُ اَنَّ ذٰلِکَ مِنْ غَسَّان قَلْبِک" میں نے جان لیا کہ یہ تمہارے دل کی گہرائی سے ہے۔

الغَسَّـان والغَیْسَان :جوانی کی تیزی اور کہا جاتا ہے "مَـا اَنْـتَ مِـنْ غَسَّانِہٖ" تم اس کے مردوں میں سے نہیں ہو۔

الغَسَّانِیُ :بہت خوبصورت۔

الـغُسْـنَةُ والـغُسْـنَاة :بالوں کا گچھا۔ ج غُسَنٌ: غُسْنَات وغُسُنَات.

الاَغْسَـان :لوگوں کے اخلاق و عادات۔ پرانے کپڑے۔

الغَیْسَانَة :نرم و نازک عورت۔

غَسَـا یَغْسُـوْ غَسْوًا وغَسِیَ یَغْسٰی غَسًى واَغْسَـی. اللَّیْلُ :رات کا تاریک ہونا۔

اَغْسَاه اللَّیْلُ :تاریکی ڈالنا۔

الـغَسَاة :کچی کھجوریں۔ ج غَسَوَات وغَسًى :شیخ (غَاسٍ) پیر فانی۔

غَشَّـهٗ (ن) غَشًّـا وغَشَّـشَـهٗ :خلاف ضمیر ظاہر کرنا اور خلاف مصلحت کو مزین کرنا۔ دھوکا دینا۔

اَغَشَّـهٗ :دھوکے میں ڈالنا اَغَشَّـهٗ عَنْ حَاجَتِہٖ :جلدی کرنا اور حاجت سے باز رکھنا۔

اِغْتَشَّ واِسْتَغَشَّ. الرَّجُلَ :خیانت کا گمان کرنا۔ خائن سمجھنا۔

الغَشُّ :دھوکا۔ فریب۔ کینہ۔ خیانت۔ دل کی سیاہی۔ ترش روئی۔ ہر چیز کی کدورت۔

الغُشُّ :دھوکا باز۔ ج غُشُوْن.

الغَاشُّ :دھوکا باز ج غَشَشَةٌ وغُشَّاش.

الغَشَش :گدلا پانی۔

الـغِشَـاش والـغَشَـاش :تاریکی کا اوّل و آخر۔ قَوْمٌ (غَشَاشَةٌ) دھوکہ باز لوگ۔

المَغشُوش : ملمع ۔ غیر خالص ۔ کہا جاتا ہے "لَبنٌ مَغشُوشٌ" غیر خالص پانی ملا ہوا دودھ۔

غَشمَهُ (ن ض) غَشمًا تَغَشمَهُ : ظلم کرنا۔

غَشَم (ض) غَشمًا الحاطِبُ : لکڑی چننے والے کا رات کو لکڑی چننا اور بغیر سوچے بوجھے جو ہاتھ لگے اس کو کاٹنا۔

الغاشِم والغَشُوم والغَشّام : ظالم۔ غاصب۔

المِغشَم : خودرائے دلیر کہ جو چاہے کرے۔ ظالم۔

الغَشَمشَم : بمعنی مِغشَم : بہت ظلم کرنے والا۔

الغَشمَشَمة والغَشمَشِيّة : دلیری۔ جرأت۔

غَشمَرَ غَشمَرةً. السَّيلُ : سیلاب کا آنا ...... الرَّجُلُ : حق یا باطل میں خودرائی کرنا اور کوئی پرواہ نہ کرنا ...... الأمرَ : بے سوچے سمجھے کام کرنا ...... فُلانًا : ظلم کرنا۔

تَغَشمَرَ عَلَيهِ : غضبناک ہونا۔ فُلانًا : زبردستی لے لینا اور ظلم کرنا۔ تَغَشمَرَ السَّيلُ او الجَيشُ : سیلاب یا لشکر کا آنا۔

الغَشمَرة : مص۔ آواز۔ ج غَشامِر۔

الغَشمَرِيّة : ظلم۔

الغِشمِير : سختی۔ زبردستی۔ کہا جاتا ہے "اَخذَهُ بالغَشمِيرِ" یعنی اس کو سختی سے لیا۔

غَشا يَغشُو غَشوًا. فُلانًا : کسی کے پاس آنا۔

غَشِيَ (س) غَشاوةً. الأمرُ فُلانًا : مبتلا کر دینا۔

غَشا. الفَرَسُ وغیرہ : سفید سر والا ہونا۔

غَشِيَ (س) غَشَيانًا. فُلانًا : کسی کے پاس آنا ...... هُ بالسَّوطِ : کوڑے سے مارنا۔

اِستَغشَى. ثَوبَهُ وبِثَوبِهِ : ڈھانپ لینا تاکہ نہ دکھائی دے نہ سنائی دے۔

الغَشوة والغَشاوة : دونوں میں غین کی تثلیث ہے۔ پردہ۔ الغَشوة: غشا کا اسم مرّة۔

الأغشَى. مِنَ الخَيلِ وغَيرِها : سارے جسم کے خلاف سفید سر والا گھوڑا۔ مؤنث غَشواء.

غَشِيَ يَغشَى غَشيًا وغِشايةً الأمرَ وفُلانًا : نازل ہونا۔ ڈھانکنا۔ غَشِيَ المَرأةَ : جماع کرنا ...... المَكانَ : آنا ...... اللَّيلُ : رات کا تاریک ہونا۔

غُشِيَ عَلَيهِ غَشيًا وغُشيًا وغَشَيانًا : بے ہوشی طاری ہونا۔ صفت مفعول مَغشِيٌّ عَلَيهِ.

أغشَى. الأمرُ فُلانًا : نازل کرانا۔ ڈھکوانا ...... اللَّيلُ : رات کا تاریک ہونا ...... اللهُ علَى بَصَرِهِ : نگاہ پر پردہ ڈال دینا۔ اَغشانِي فُلانًا : فلاں کے پاس آنے کے لئے برانگیختہ کرنا۔

غَشَّى. الشَّيءَ وعلَى الشَّيءِ : ڈھانکنا۔ غَشَّيتُهُ الأمرَ : میں نے اس کو کام سے ڈھانک دیا۔

تَغَشَّى. بِثَوبِهِ : اپنے آپ کو ڈھانکنا۔

تَغَشَّى المَرأةَ : جماع کرنا۔ تَغَشّاهُ الأمرُ : کام نے اس کو ڈھانک لیا۔

اِستَغشَى. ثَوبَهُ وبِثَوبِهِ : اپنے آپ کو ڈھانک لینا۔

الغِشاء : پردہ۔ ج اَغشِيَة.

الغِشايَة والغُشايَة والغُشيَة : پردہ۔

الغَشيَة والغَشي والغُشي والغَشَيان : بے ہوشی۔ غشی۔

غَشائيات الأجنِحَة : پروں کے چار حصے والی کیڑے جن میں پھونڈ اور بعض چیونٹی کی اقسام ہیں۔

الغاشِيَة : مؤنث غاشِي : پردہ۔ دل کا پردہ۔ ج غَواشٍ : مصیبت۔ قیامت۔ اندرونی بیماری کا نام۔ غاشِيَةُ فُلانٍ : خدام۔ ملاقاتی۔ دوست احباب جو بار بار آئیں۔

الغِشيان : آنا۔

غَصَّ (س۔ن) غَصَصًا. بالطَّعامِ والماءِ : کھانے یا پانی سے پھندا لگنا۔ اچھو لگنا۔ صفت (غاصّ وغَصّان) ...... المَكانُ بِهِم : بھر جانا اور تنگ ہونا۔

غَصَّ (ن) غَصًّا. الشَّيءَ : قطع کرنا۔

أغَصَّهُ : اچھو لگوانا۔ کسی کے گلے میں پھندا لگوانا۔ کہا جاتا ہے "اغصّ علينا الارض" اس نے ہمارے اوپر زمین تنگ کر دی۔

اِغتَصَّ. المَكانُ بِهِم : تنگ ہونا۔

الغُصّة : جس کا پھندا لگے۔ غم۔ اندوہ۔ ج غُصَص.

غَصَبَهُ (ض) غَصبًا علَى الشَّيءِ : مجبور ہونا ...... الشَّيءَ : زبردستی لے لینا ...... المَرأةَ : زنا بالجبر کرنا ...... الجِلدَ : کھال سے بال اور اُون دور کرنا۔ صفت (غاصِب) ج غاصِبُون وغُصّاب اور اس کا تعدیہ دو مفعول کی طرف ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے غَصَبَهُ مالَهُ اور کبھی مفعول اول میں مِن کی زیادتی ہوتی ہے۔ کہا جاتا ہے "غَصَبتُ مِنهُ مالَهُ"۔

اِغتَصَبَ. الشَّيءَ : ظلم و زیادتی سے لینا ...... المَرأةَ : زنا بالجبر کرنا۔

غاصَبَهُ : ہر ایک کا دوسرے سے چھیننا۔

الغَصب : مص۔ چھینی ہوئی چیز۔

غَصَنَ (ض) غَصنًا. الغُصنَ : ٹہنی کو کاٹنا ...... ٹہنی کو کھینچنا ...... الشَّيءَ : لینا ...... وعَن حاجَتِهِ : پھیرنا۔ منع کرنا اور کہا جاتا ہے "ما غَصَنَكَ عَنِّي" کس چیز نے تم کو مجھ سے باز رکھا۔

أغصَنَ وغَصَّنَ. العُنقُودُ : بڑے دانوں والا ہونا۔ اَغصَنَتِ الشَّجَرةُ : درخت کا شاخ دار ہونا۔

الغُصن : شاخ ج غُصُون واَغصان وغِصَنة.

الغُصنة : شاخ میں نکلی ہوئی چھوٹی ٹہنی ج غُصَن.

(اَغصَن) سفید دم کا بیل۔

غَضَّ (ن) غَضًّا وغَضاضًا وغَضاضةً. طَرفَهُ ومِن طَرفِهِ او صَوتَهُ ومِن صَوتِهِ : نگاہ یا آواز پست کرنا یا روکنا ...... الغُصنَ : شاخ کو بغیر جدا کئے

توڑنا......الشَّيْءَ: کم کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَا اَغُضُّکَ دِرْهَمًا" میں ایک درہم کو نہیں کروں گا......مِنْ فُلَانٍ: کسی کا مرتبہ گھٹانا۔ کہا جاتا ہے "غَضَّ بَصَرَهُ" یعنی جس چیز کا دیکھنا جائز نہیں اس سے منع کیا۔ "غَضَّ طَرْفَهُ لِفُلَانٍ" فلاں کی وجہ سے مکروہ بات برداشت کرلی۔ "وَغُضَّ لِيْ سَاعَةً" یعنی اپنی سواری کو تھوڑی دیر کے لئے روک لو اور ٹھہر جاؤ۔

غَضَّ (س ض) غَضَاضَةً وَغُضُوضَةً النَّبَاتُ وغیرہ: نباتات کا تروتازہ ہونا۔ صفت (غَضٌّ) ج غِضَاض۔

غَضَّضَ: تروتازہ کو کھانا۔ تروتازہ و نرم و نازک ہونا۔ ذلت و خواری لاحق ہونا۔

اِنْغَضَّ. الطَّرْفُ: نگاہ کا بند ہونا۔

تَغَاضَضَ. عَنْهُ: غفلت برتنا۔

الغَضَاض والغُضَاض: سر کا اگلا حصہ یا چہرے یا اوپر کا حصہ۔

الغُضَّة: ذلت و نقصان ج غُضَض۔

الغَضِيْضَة والغَضَاضَة ج غَضَائِض: ذلت و نقصان۔

المَغَضَّة ج مَغَاضّ: ذلت و نقصان۔

الغَضُّ: مص۔ تروتازہ۔ نازک بدن۔ کہا جاتا ہے "شَبَابٌ غَضٌّ" یعنی تروتازہ نئی جوانی ج غِضَاض۔

الغَضِيْض: تروتازہ۔ ناقص۔ ذلیل۔ طَرْفٌ غَضِيْضٌ: پست نگاہ۔ ج اَغِضَّاء وَاَغِضَّة: مؤنث غَضِيْضَة ج غَضَائِض۔

غَضِبَ (س) غَضَبًا وَمَغْضَبَةً عَلَيْهِ: غضبناک ہونا۔ صفت (غَضِبٌ وَغَضُبٌ وَغَضْبَانُ) مؤنث غَضْبَى وَغَضُوْبٌ وَغَضْبَانَة. ج غَضْبَى وَغِضَاب وَغَضَابَى وَغُضَابَى اور کہا جاتا ہے "غَضِبَ لِفُلَانٍ" یعنی فلاں کے لئے غضبناک ہو گیا۔ "وَغَضِبَ مِنْ لَا شَيْءٍ" یعنی بغیر کسی سبب کے غضبناک ہوا۔

اَغْضَبَهُ وَغَاضَبَهُ مُغَاضَبَةً: غضب پر براہیختہ کرنا۔ وغَاضَبَتْهُ: ایک کا دوسرے کو غصہ دلانا۔ غَاضَبَ فُلَانًا: ناراض کرنا۔ ایک دوسرے کو ناراض کرنا۔ اَغْضَبَتِ العَيْنُ: آنکھ کا تنکا وغیرہ نکال دینا۔

تَغَضَّبَ وَاسْتَغْضَبَ عَلَيْهِ: غضبناک ہونا۔

الغَضْبَةُ: غضب کا اسم مرۃ۔ مچھلی کی کھال۔ سر کی کھال۔

الغِضَاب والغُضَاب: آنکھ کا تنکا۔

الغُضَابِيُّ: مکدر زندگی بسر کرنے والا۔

الغُضُبُّ والغُضُبَّة والغَضُبَّة والغَضَبَة: غضبناک۔

غَضَرَهُ (ن ض) غَضْرًا. اللّٰهُ: خوش حال کرنا۔ آسودہ حال بنانا۔ غَضَرَ الرَّجُلَ: کسی کو روکنا۔ منع کرنا......الشَّيْءَ: کاٹنا۔

غَضِرَ (س) غَضَرًا وغَضَارَةً: آسودہ حال ہونا۔ بہت مال دار ہونا۔ اچھی زندگی والا ہونا۔ صفت (غَضِرٌ)

غَضَرَ (ض) غَضْرًا وتَغَضَّرَ عَنْهُ: تجاوز کرنا۔ پھر جانا۔ غَضَرَ عَلَيْهِ: مائل ہونا...... لِفُلَانٍ مِنْ مَالِهِ: مال میں سے کچھ دینا۔

اُغْتُضِرَ: جوان مرنا۔

الغَضَار: خالص چپکنے والی مٹی۔ چپکنے والی مٹی کا بنا ہوا پیالہ۔ سبز رنگ کی ٹھیکری جو نظر بد سے بچنے کے لئے رکھتے ہیں۔

الغَضَارَة: مص۔ نعمت۔ آسودہ زندگی۔ وسعت و آسودہ حالی۔ سبز رنگ کی ٹھیکری جو نظر بد سے بچنے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ خالص مٹی۔ بڑا پیالہ۔ ج غَضَائِر۔

الغَضْرَاء. مِنَ الارض: پانی کے قریب کی عمدہ زمین۔ وہ زمین جس میں خالص مٹی ہو اور قطاۃ: ایک پرندہ ہے اس کو بھی غضراء کہتے ہیں۔ ج غَضَارِيُّ کہا جاتا ہے "هُمْ فِيْ غَضْرَاءَ مِنَ العَيْشِ" وہ لوگ آسودہ حالی اور خیر میں ہیں۔

الغَاضِر: فا۔ مانع۔ کھال جس کی دباغت اچھی ہوئی ہو۔ اپنی ضروریات کے لئے ترک کے جانے والا۔ مؤنث (غَاضِرَة)

الغَضِيْر: نرم و نازک۔ سبز رنگ والا۔ ارض غَضِيْرَة: خالص مٹی والی زمین۔

المُغْضِر: صاحب نعمت و آسودہ حال۔ ج مُغْضِرُوْن.

المَغْضُوْر: صاحب نعمت و آسودہ حال۔ ج مَغْضُوْرُوْن ومَغَاضِيْر.

الغَضْرُوْف: بمعنی غُرْضُوْف.

غَضْغَضَ. المَاءَ: پانی کم کر دینا۔

...... وتَغَضْغَضَ. المَاءُ: پانی کم ہونا۔ پایاب ہونا۔

غَضَفَ (ض) غَضْفًا. العُوْدَ: لکڑی توڑنا ......الكَلْبُ اُذُنَهُ: کتے کا اپنے کان کو ڈھیلا کرنا......الوِسَادَةَ: تکیہ کو موڑنا۔ دوہرا کرنا (...... غُضُوْفًا) آسودہ حال ہونا۔

غَضِفَ (س) غَضَفًا. اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ غَضِفَتِ الاُذُنُ: خِلْقَةً: ڈھیلا ہونا۔ صفت (غَضْفَاء) ج غُضْفٌ.

غَضِفَ العَيْشُ: آسودہ ہونا۔ صفت (اَغْضَفُ وغَاضِفٌ)

اَغْضَفَ. اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ ......السَّحَابُ: بادل کا چھا جانا اور آمادۂ بارش ہونا۔

غَضَّفَ. الشَّيْءَ: لٹکانا۔

تَغَضَّفَت. الجَارِيَةُ: لچکنا۔ ناز و انداز سے چلنا......الحَيَّةُ: کنڈلی مارنا اور کہا جاتا ہے "تَغَضَّفَتِ الدُّنْيَا عَلَيْهِ" دنیا اس کی طرف متوجہ اور مائل ہے۔ تَغَضَّفَ عَلَيْهِ اللَّيْلُ: رات کا آنا۔ البِئْرُ: کنوئیں کا منہدم ہونا۔

اِنْغَضَفَتِ البِئْرُ: کنوئیں کا گرنا۔ اِنْغَضَفَتْ اُذُنُهُ: کان کا ٹوٹنا......الضَّبَابُ: کہر کا تہہ بتہ ہونا......القَوْمُ فِي الغُبَارِ: قوم کا غبار میں داخل ہونا۔

الغَاضِف: فا۔ خوش حال۔ خوش عیش۔ کتا جس کا کان آگے کو لٹکا ہوا ہو۔

الغَضَف: درخت خرما کے مانند ایک درخت واحد (غَضَفَة)

الغَضَنْفَر: شیر۔ سخت جسم والا مرد۔

الغضفة : سنگ خوار کے مانند ایک پرندہ۔
الاَغْضَف : لٹکے ہوئے کان کا کتا۔ موٹے پیروں کا تیر۔ تاریک رات۔ عَیْش اَغْضَف: خوش حال زندگی۔
غَضَنَهُ (ن ض) غَضْنًا. عَنْ کَذَا : منع کرنا۔ روکنا...... النَاقَةُ : اونٹنی کا نا تمام بچہ گرانا اور اسم (الغِضَان) ہے۔
اَغْضَنَ. السَحَابُ : لگا تار بارش ہونا۔
اَغْضَنَتْ عَلَیْهِ الحُمّٰی : تیز بخار آنا اور ہمیشہ رہنا...... عَلَیْهِ اللَّیْلَ : رات کا تاریک ہونا۔
غَاضَنَ مُغَاضَنَةً. عَیْنَه : آنکھ کا جھپکانا...... المَرْأَةَ : آنکھ جھپکا کر عورت سے بات چیت کرنا۔
غَضَّنَ. الشَّیْیَٔ : موڑنا۔ شکن ڈالنا۔
غَضَّنَتِ السَمَاء : لگا تار برسنا...... النَاقَةُ : اونٹنی کا نا تمام بچہ گرانا۔
تَغَضَّنَ : مڑنا۔ شکن پڑنا۔
الغَضْن والغَضَن : کپڑے یا کھال کی شکن۔ تھکن۔ مشقت۔ غَضَنُ العَیْن : آنکھ کی ظاہری کھال ج غُضُوْن. غُضُوْنُ الاُذُن : کان کی سلوٹ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ذُوْ غُضُوْن" پیشانی پر شکن والا آدمی "وکَانَ الاَمْرَ فِیْ غُضُوْنِ ذٰلِکَ" یعنی اس کے درمیان میں۔
الغُضْنَة الغَضَنَة : باریک چھلکا جو چیچک والے کی جلد پر ہوتا ہے۔
الغَضِیْن : اونٹنی کا نا تمام بچہ۔
الاَغْضَن : خلقۃً تکبر یا عداوت کی وجہ سے آنکھ سمیٹنے والا۔
غَضَا یَغْضُوْ غَضْوًا. اللَّیْلَ : تاریک ہونا ...... البَعِیْرُ : اونٹ کا درخت غضا چرنا۔ صفت (غَاضٍ)
غُضُوًّا : نعمت اور آسودہ حالت میں ہونا۔ صفت (غَاضٍ) مؤنث (غَاضِیَة) ج غواضٍ.
غَضِیَ یَغْضٰی غَضًی. البَعِیْرُ : درخت غضا کے کھانے سے اونٹ کے پیٹ میں درد ہونا۔ صفت (غَضٍ) مؤنث غَضِیَة ج غضایا غَضِیَتِ الاَرْض : بہت درخت والی ہونا۔
اَغْضٰی اِغْضَاءً. اللَّیْلُ : رات کا تاریک ہونا۔ صفت (غاضٍ) خلاف قیاس۔ اَغْضٰی عَیْنَه : آنکھ بند کرنا۔ عَلٰی الاَمْرِ : خاموش رہنا۔ صبر کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَغْضٰی عَنْه طَرْفَهُ" اس سے اُس نے نگاہ پھیر لی۔ و "اَغْضٰی عَلٰی القَذٰی" اس نے صبر کیا اور معاف کر دیا۔
تَغَاضٰی : آنکھیں بند کر لینا...... عَنْهُ: غفلت برتنا۔
الغَضَا : جھاؤ کا درخت جس کی لکڑی بہت سخت ہوتی ہے اور اس کی چنگاری دیر تک نہیں بجھتی۔ واحد (غَضَاة) جھاڑی۔ اَهْلُ الغَضَا : نجد کے رہنے والے۔
الغَاضِیَةُ. غَاضِی : کا مؤنث۔ تاریک۔ روشن۔ کہا جاتا ہے "لیلة غَاضِیَة" یعنی تاریک رات "نَارٌ غَاضِیَة" یعنی روشن آگ۔ آگ۔ ج غواضٍ.
الغَضْیَاءُ. غضا : کے اُگنے کی جگہ۔ اَرْض غَضْیَاء : بہت درخت غضا والی زمین۔
غَطَّ (ن ض) غَطًّا واَغَطَّ الشَّیْیَٔ فِی المَاءِ : پانی میں ڈبونا و غوطہ دینا۔
غَطَّ (ن) غَطًّا : سخت نچوڑنا۔
غَطَّ (ض) غَطِیْطًا. النَّائِمُ : سونے والے کا خراٹے لینا۔ البَعِیْرُ : اونٹ کا بلبلانا۔
تَغَاطَّ. الرَّجُلَانِ فِی المَاءِ : ایک دوسرے کو پانی میں ڈبونا۔
اَنْغَطَّ فِی المَاءِ : پانی میں ڈوبنا۔
الغَطَاط : سنگ خوار پرندے کی ایک قسم۔ والغَطَاط : صبح کی ابتداء۔
الغُطْغُطَة : تیز تلوار۔
غَطْرَسَ غَطْرَسَةً. عَلٰی فُلَانٍ : تکبر کرنا...... الرَّجُلُ : اپنے ہم عمروں پر دست درازی کرنا...... بِالغِنٰی : خود پسند ہونا...... هُ : غضبناک کرنا۔
تَغَطْرَسَ : ناز کرنا۔ تکبر کرنا...... غضبناک ہونا۔ بخل کرنا۔
الغِطْرِس : متکبر۔ خود پسند۔ ج غَطَارِس.
الغِطْرِیْس : متکبر۔ خود پسند۔ ج غَطَارِیْس.
غَطْرَشَ. اللَّیْلُ بَصَرَهُ : رات کا نگاہ کو تاریک کرنا...... بِصَرُهُ : لگا تار تاریک ہونا۔
الرَّجُلُ : بڑائی ظاہر کرنا۔
تَغَطْرَفَ : ناز و انداز سے چلنا۔ تکبر کرنا۔
الغَطْرَفَة : تکبر۔
الغِطْرَاف والغِطْرِیْف : سخی۔ سردار۔ خوش طبع جوان۔ خوبصورت ج غَطَارِفَة وغَطَارِیْف. الغِطْرِیْف : باز کا بچہ۔ یکسی۔
الغُطْرُوْف والغُطْرُوْف : خوبصورت خوش طبع جوان۔
غَطَسَ (ض) غَطْسًا. فِی المَاءِ : پانی میں غوطہ کھانا...... ہ فِی المَاءِ : غوطہ دینا...... فِی الاِنَاءِ : برتن میں منہ لگا کے پینا۔
غَطَّسَهُ. فِی المَاءِ : پانی میں غوطہ دینا۔
تَغَاطَسُوْا. فِی المَاءِ : پانی میں ایک دوسرے کو غوطہ دینا۔ تَغَاطَسَ الرَّجُلُ : غفلت برتنا۔
الغَاطِس. فا. لَیْلٌ غَاطِسٌ : تاریک رات۔
الغِطَاس عِنْدَ النَّصَارٰی : نصرانیوں کی ایک عید۔
الغَطَّاس : قعر دریا تک غوطہ لگانے والا۔ ایک پرندہ جس کو غوّاص : بھی کہتے ہیں۔
الغَطُوْس : لڑائیوں میں پیش قدمی کرنے والا۔
المَغْطِس : غوطہ لگانے کی جگہ۔
المِغْطَس : بڑا برتن جس میں غوطہ لگا سکیں۔ ج مَغَاطِس.
غَطَشَ (ض) غَطْشًا. اللَّیْلُ : رات کا تاریک ہونا۔ صفت (غَاطِش وغَطْشَان)

اَلْغِطِّيْسُ: عیسائیوں کے تقسمہ کادن۔
غَطَشَ (ض) غَطْشًا وغَطَشَانًا: مریض کا بڑھاپے کی وجہ سے آہستہ آہستہ چلنا۔
غَطِشَ (س) غَطَشًا: کمزور نظر والا ہونا۔ صفت (اَغْطَش وغَطِش) مؤنث (غَطْشَاء وغَطِشَة) ج غُطْش وغَطِشَات.
اَغْطَشَ. اللَّيْلُ: رات تاریک ہونا۔
اللّٰهُ اللَّيْلَ: رات کو تاریک کرنا۔
تَغَطَّشَ. عَيْنُه: نگاہ کمزور ہونا۔
تَغَاطَشَ. عَنْهُ: اندھا بننا و غفلت برتنا۔
اِغْطَاشَ: کمزور نظر والا ہونا۔
الغَطَاش: رات کی تاریکی۔
الغَطَش. فِي الْعَيْنِ: سیلانِ اشک کے ساتھ نظر کی کمزوری۔
فَلَاةٌ (غَطْشَاء وغَطِيْش وغَطْشَى) چٹیل میدان جس میں راستہ کا پتہ نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "فَلَاةٌ غَطْشَى و نَحْنُ كَرِمَالِهَا غَطْشَى" چٹیل میدان تھا اور ہم اس میں اسی میدان کی ریت کے مانند پیاسے تھے۔
ليلة غطشاء: تاریک رات۔
غَطْغَطَتْ غَطْغَطَةً. القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا...... النَّوْمُ عَلٰى فُلَانٍ: نیند کا غالب آنا ...... وتَغَطْغَطَ البَحْرُ: سمندر میں موجوں کا بلند ہونا۔ تَغَطْغَطَ الشَّيْءُ: بکھرنا۔ متفرق ہونا۔
الغَطَاغِط: بکری کے مادہ بچے واحد (غُطْغُط).
الغَطْغَطَة: مص۔ سنگ خوار کی آواز کے مانند نقل کرنا۔
غَطِفَ (س) غَطَفًا: پلکوں کا طویل ہونا اور مڑ جانا۔ صفت (اَغْطَف) مؤنث (غَطْفَاء) ج غُطْف.
الغَطَفُ: مص۔ وسعت عیش۔
الاَغْطَف. مِنَ العَيْشِ: آسودہ زندگی۔
الغَطَمّ: بڑا سمندر۔ وسیع الاخلاق آدمی۔ جماعت کثیر۔

غَطْمَطَ. البَحْرُ: سمندر کا بلند موجوں والا ہونا...... القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا۔ السَّيْلُ: آواز دینا۔
تَغَطْمَطَ. البَحْرُ: سمندر کا جوش مارنا اور موجوں کا بلند ہونا...... الصَّوْتُ: آواز کا گلوگیر ہونا۔
بَحْرٌ (غُطَامِط) بڑی موجوں والا سمندر۔
الغَطَمْطَم: بڑا سمندر۔
غَطَا يَغْطُو غَطْوًا وغُطُوًّا. الشَّيْءُ: چھپانا ...... الْمَاءُ وغَيْرُهُ: بلند ہونا...... اللَّيْلُ: رات کی تاریکی کا سب چیزوں کو چھپالینا۔
غَطّٰى تَغْطِيَةً واَغْطٰى اِغْطَاءً. الشَّيْءُ: چھپانا۔ اَغْطَى الكَرْمُ: پانی جاری ہونا اور بیل کا پھیلنا۔
تَغَطّٰى واِغْتَطٰى: چھپنا۔
الغِطَاء: پردہ۔ سرپوش۔ ج اَغْطِيَة.
الغِطَايَة: عورت کی کرتی۔
غَطٰى يَغْطِي غَطْيًا وغُطِيًّا. اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا...... الشَّبَابُ: جوانی کا بھرپور ہونا...... الْمَاءُ: پانی کا بہت ہونا۔ صفت (غَاطٍ) ...... الشَّيْءَ وعَلَى الشَّيْءِ: چھپانا۔ ...... واَغْطَى. الشَّجَرُ: درخت میں لمبی لمبی شاخوں کا ہونا۔ اَغْطَاه: چھپانا۔
الغَاطِيَة: مؤنث غَاطِي: انگور کی بیل۔
غَفَّ الطَّائِرُ: پرندے کا گرنا۔
اِغْتَفَّتْ وتَغَفَّفَتْ. الدَّابَّةُ: جانور کا موسم بہار کے چارہ پر پہنچنا۔ اِغْتَفَّتِ الدَّابَّةُ: چوپایہ کا چارہ پانا۔ اِغْتَفَّ فُلَانًا: تھوڑا دینا۔
تَغَفَّفَ. الاِنَاءَ او الضَّرْعَ: برتن یا تھن کے بقیہ کو لینا۔
الغَفّ: خشک شدہ پتے۔
الغُفَّة: چارہ جس کو اونٹ منہ سے جلدی لے سکے۔ گزارہ۔ غُفَّةُ الاِنَاءِ او الضَّرْعِ: برتن یا تھن کا بقیہ۔ الغُفَّة: چوہا۔
غَفَرَ (ض) غَفْرًا. الشَّيْءَ: ڈھانکنا۔ ...... الشَّيْبَ بِالْخِضَابِ: سفید بالوں کو خضاب سے چھپانا۔

غَفَرَ وغَفِيْرًا وغُفْرَانًا ومَغْفِرَةً وغُفُوْرًا. لَهُ الذَّنْبَ: چھپانا اور معاف کر دینا...... الاَمْرَ: درست کرنا۔
غَفَرَ (ض) وغَفِرَ (س) غَفْرًا وغَفَرًا. الْمَرِيْضُ: مریض کا دوبارہ بیمار ہونا۔ غَفِرَ وغَفَرَ الجُرْحُ: زخم کا تازہ ہونا۔ غَفِرَ الثَّوْبُ: کپڑے کا روئیں دار ہونا۔
غَفَّرَ. الشَّيْءَ: چھپانا ڈھانکنا...... الرَّجُلُ: غفر اللّٰهم لَهُ: کہنا۔
اَغْفَرَهُ: چھپانا۔ اَغْفَرَ الرِّمْثُ: گوند نکالنا۔
تَغَفَّرَ: گوند چننا۔
تَغَافَرُوْا: ہر ایک کا دوسرے کے لئے مغفرت کی دعا کرنا۔
اِغْتَفَرَ. اللّٰهُ ذَنْبَهُ: بخش دینا۔
اِغْفَارَّ. الثَّوْبُ: روئیں دار ہونا۔
اِسْتَغْفَرَ. اللّٰهَ الذَّنْبَ ومِنَ الذَّنْبِ: بخشش طلب کرنا۔
الغَفْر والغَفَر: رواں کپڑے کا۔ الغَفَر: چھوٹی چھوٹی گھاس (الغَفْر والغَفَر والغُفَار) گردن وغیرہ کے چھوٹے چھوٹے بال۔
الغَفْر والغُفْر: پہاڑی بکری کا بچہ۔ ج غِفَرَة واَغْفَار وغُفُوْر.
الغُفْر: گائے کا بچہ۔
الغَفِر: گردن وغیرہ پر چھوٹے چھوٹے بال والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ غَفِرُ القَفَا وامْرَاَةٌ غَفِرَةُ الوَجْهِ".
الغُفَار: رخسارہ پر نشان۔
الغُفْرَة: ڈھکنا۔ سرپوش۔ کہا جاتا ہے "غَفَر الشَّيْءَ بِغُفْرَتِهِ" اس نے مناسب طریقہ سے اصلاح کر دی۔
الغِفَارَة: خود جس کو فوجی ٹوپی کے نیچے پہنتا ہے ٹکڑا کہ جس سے کمان کے گوشہ کو لپیٹتے ہیں۔ چیتھڑا جس سے عورتیں اوڑھنی کو میل یا تیل وغیرہ سے بچاتی ہیں اور وہ چیز جس سے کسی چیز کو چھپائیں۔

الغفارة : لمبی چوڑی چادر جس کو علمائے یہود اوڑھتے تھے۔
الغافِر : فا۔ ج غافِرُون وغَفَرَة.
الغَفُور : بہت بخشنے والا۔ مؤنث ومذکر دونوں کے لئے مستعمل ہے۔
الغَفّار : بہت بخشنے والا۔ مؤنث غَفّارَة.
الـغَفِير : مص۔ رواں۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا جَمًّا غَفِيرًا وجَمَّ الغَفِيرِ والجَمُّ الغَفِيرُ" یعنی جماعت آ گئی جس میں شریف و رذیل سبھی قسم کے لوگ ہیں۔
المِغْفَرَة : پہاڑی بکری بچہ والی ج مَغْفِرات.
الـمِغْفَرُ والمِغْفَرَة : خود جس کو فوجی ٹوپی کے نیچے پہنتا ہے۔ ج مَغافِر.
المِغْفَرُ والمُغْفُر والمُغْفُور : ایک قسم کا گوند جو بعض درختوں سے نکلتا ہے۔ ج مَـغـافِـر ومَغافِير. اَرْضٌ (مَغْفُورٌ) وہ زمین جس میں یہ گوند بہت نکلتا ہے۔
الغَوفَز : خربوزہ کی ایک قسم۔
الغَفَش : آنکھ کا کیچڑ۔
غـافَصَهٗ غِفاصًا ومُغافَصَةً : اچانک آ جانا۔ اچانک پکڑ لینا۔
الغافِصَة : مصیبت زمانہ ج غَوافِص.
غَفَقَهٗ (ض) غَـفْقًا بالسَّوطِ : کوڑے سے بہت مارنا۔ غَـفَـقَ عَلَيْـهِ : کسی پر اچانک آ جانا۔
الرَّجُلُ : اچانک واپس آ جانا۔
غَفَقَهٗ : کچھ تھوڑا سا سونا۔
غَـفَّـقَ : اس طرح سونا کہ لوگوں کی باتیں سن رہا ہو۔
تَـغَـفَّـقَ. الشَّـرابَ : تمام دن شراب پیتا یا تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد پینا۔
اِغْتَفَقَ بِهٖ : احاطہ کرنا۔
الغَفْق : مص۔ ہلکی بارش۔
المَغْفَق : مرجع۔ لوٹنے کی جگہ۔
المُنْغَفَق : واپس ہونے اور مڑنے کی جگہ۔
غَـفَلَ (ن) غُـفُـوْلًا وغَـفْـلَةً وغَفَلاً عَنْـهُ : غافل ہونا۔ بھول جانا۔ چھوڑ دینا ......
الشَّیْءَ : چھپانا۔
غَفَلَهٗ : غافل بنانا۔ غافل سمجھنا۔ غَفَّلَ الشَّیْءَ : چھپانا۔
اَغْـفَـلَ. الشَّیْءَ : چھوڑ دینا......ہٗ : غافل نام رکھنا۔ غافل سمجھنا...... الکِتابَ : نقطے نہ رکھنا ...... ہ : کام کے وقت کو پوچھنا اور فرصت کا انتظار کرنا۔
غـافَـلَهٗ وتَغَفَّلَهٗ واغْتَفَلَهٗ واسْتَغْفَلَهٗ : غفلت کے وقت کا انتظار کرنا۔ اِغْـتَـفَـلَـهٗ : غافل سمجھنا۔
تَـغافَلَ : بتکلف غافل بننا۔ تَـغافَلَ : غفلت کے وقت کا انتظار کرنا۔ تَـغـافَـلَ عَنِ الاَمْرِ : غافل ہونا۔ بھول جانا۔
الغَفَل : مص۔ فراخی عیش۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِـي غَـفَـلٍ مِـنْ عَيْشِـهٖ" وہ فراخی عیش میں ہے۔
الـغُـفْـل : بے علامت۔ بے حسب آدمی ...... مِنَ الشِّعْرِ : جس کا قائل معلوم نہ ہو ...... مِنَ الاَرْضِ : غیر آباد زمین ...... مِنَ الرِّجـالِ : ایسا آدمی جس سے نہ خیر کی توقع ہو نہ شر کا اندیشہ۔ مِنَ الکُتُبِ : جس کا مصنف معلوم نہ ہو۔ مِنَ الشُّعَراءِ : مجہول شاعر ج اَغْفال.
نَعَمٌ (اَغْفال) بے علامت چوپائے۔
الغافِل : فا۔ ج غافِلُون وغُفُول وغُفَّل.
الغَفْلان : غافل۔
الـغُـفَّـلان : غافل۔ غفلت ورزی اور بے خبری۔
المُغْفَلَة : ڈاڑھی بچہ۔
المُغَفَّل : مفع۔ بے خبر آدمی۔ سادہ لوح۔
غَفا يَغْفُوْ غَفْوًا وغُفُوًّا وغَفِيَ يَغْفَى غَفْيَةً واَغْـفَـى : اونگھنا۔ ہلکی نیند سونا۔ کہا جاتا ہے اَغْـفَيْتُ : اور غَـفَـيْتُ : کم بولا جاتا ہے۔ غَفا الشَّیْءُ : پانی پر تیرنا۔
الغَفْوَة. غَفا : کا اسم مرۃ۔ ہلکی نیند۔
غَـفَـى يَـغْـفِي غَفْيًا واَغْفَى. الطَّعامَ : غلہ کو صاف کرنا۔ واَغْـفَـى الطَّـعـامُ : بہت کوڑا کرکٹ والا ہونا۔ اغـفـى الـرَّجُلُ : کھلیان میں بھوسہ پر سو جانا۔
اِنْغَفَى. الشَّیْءُ : ٹوٹنا۔
اَلغَفَى : گیہوں کا چھلکن۔
الـغُـفَـاءِ : گیہوں کا چھلکن۔ درخت خرما کے لئے آفت جو غبار کے مانند ہوتا ہے اور میووں کو پکنے نہیں دیتا۔
الغَفِيَة : بلند ٹیلہ جس پر پانی نہ چڑھے۔
الغُفاءَة : آنکھ کی سفیدی۔
غَقَّ (ض) غَقًّا وغَقِيقًا. القارُ : تار کا جوش مارنا اور اس کی آواز سنائی دینا (دیکھئے قار)
...... الصَّقْرُ : شکرہ کا آواز کرنا۔
غَقُّ الـمَـاءِ وغَقِيقُه : تنگ جگہ میں پانی کے داخل ہونے کی آواز۔
الغَقّاق : اسم مبالغہ۔
غَلَّهٗ (ن) غَلًّا. فِي الشَّیْءِ : داخل کرنا۔
غَـلَّ الـمَـفـازَة : بیابان میں داخل ہونا ...... الشَّیْءَ : چپکے سے لینا اور اپنے سامان میں ملا دینا...... الـمَـاءُ بَيْنَ الاَشْجـارِ : پانی کا درختوں کے درمیان جاری ہونا۔ [illegible] راستے سے بھٹک جانا۔
غُـلُوْلاً : خیانت کرنا ...... فِي الشَّیْءِ : داخل ہونا ...... فِي البِلادِ : گھستے ہوئے چلے جانا۔
غَلَّ (ن) غَلًّا وغَـلَّـلَ. الغِلالَة : غلالہ پہننا۔ (دیکھئے غلالہ) غَـلَّـه وغَلَّلَهٗ : ہاتھ میں ہتھکڑی یا گلے میں طوق ڈالنا۔
غَلَّ (ض) غِلًّا وغَلِيلاً. صَـدْرُهٗ : کینہ والا ہونا۔ دھوکے فریب والا ہونا۔
غُـلَّ غُلًّا وغُـلَّـةً : سخت پیاسا ہونا۔ [illegible] (غَلِيل ومَغْلُول ومُغْتَلّ)
اَغَـلَّ. الـرَّجُلُ : خیانت کرنا۔ اَغَـلَّـتِ الاَرْضُ : غلہ والی ہونا۔ غلہ پیدا کرنا ...... اَغَلَّ البَصَرُ : تیز نظر کرنا۔ اَغَلَّهٗ : خیانت کی طرف نسبت کرنا ...... عَـلٰى عِيالِهٖ : بال بچوں کے لئے غلہ لانا ...... الـخَـطِيبُ : خطیب کا کلام میں صواب کو نہ پہنچنا ...... [illegible] الـجِلْدَ : قصائی کا کچھ گوشت اور چربی کے ساتھ کھال کو کھینچنا۔

اِنْغَلَّ وتَغَلَّلَ. فِي الشَّيْءِ: داخل ہونا۔
اِغْتَلَّ الضَّيْعَةَ: جائیداد سے غلہ کو لینا۔
...... الثَّوْبَ: کپڑے کو کپڑوں کے نیچے پہننا۔
اِغْتَلَّ وتَغَلَّلَ. بالغالِيَةِ: غالیہ لگانا۔
اِسْتَغَلَّ. الارضَ: زمین سے غلہ لینا۔
عَبْدَهُ: غلام کو غلہ لانے پر مجبور کرنا۔
الغِلُّ: کینہ وحسد کا قریب۔
الغُلُّ: پیاس۔ ہتھکڑی یا طوق ج اَغْلالٌ وغُلُولٌ: کہا جاتا ہے "هٰذا غُلٌّ فِي عُنُقِكَ" یعنی یہ تیرے لئے لازم ہے اور تجھے اس پر سزا ملے گی۔
الغَلَّةُ: مکان کا کرایہ یا زمین کا ماحصل ج غَلَّاتٌ وغِلالٌ.
الغُلَّةُ: سخت پیاس۔ کپڑے کے نیچے پہننے کا کپڑا۔ گدی جس کو عورتیں سرین پر بڑا معلوم ہونے کے لئے باندھتی ہیں۔ ج غُلَلٌ.
الغَلَلُ: پیاس۔ درختوں کے درمیان بہنے والا پانی۔ چھننا (چائے وغیرہ چھاننے کا) گوشت جو کھال پر رہ جائے۔ ج اَغْلالٌ.
الغِلالَةُ: ہر وہ کپڑا جو کپڑے کے یا زرہ کے نیچے پہنا جائے مثلاً بنیان یا شلوکا وغیرہ۔ زرہ کے نیچے دو حلقوں کو ملانے والی میخ۔ ج غَلائِلُ: گدی جس کو عورتیں سرین پر بڑا معلوم ہونے کے لئے باندھتی ہیں۔
الغالِيَةُ: ایک قسم کی مرکب خوشبو۔
الغَلِيلُ: سخت پیاسا۔ سخت پیاس۔ کینہ۔ سوزش محبت یا سوزش غم۔
الغَلِيلَةُ مؤنث غليل: زرہ یا زرہ کے نیچے پہننے کا کپڑا۔ ج غَلائِلُ.
المِغْلالُ: بہت غلہ والا۔
المُغْتَلُّ: پیاسا۔ کہا جاتا ہے "اَنا مُغْتَلٌّ اِلَيْهِ" یعنی میں اس کا مشتاق ہوں۔
المُغَلّاتُ والمُسْتَغَلّاتُ: زمین کا زائدہ (بصورت کرایہ یا غلہ)
غَلَبَ الرَّجُلَ وغَلَبَ عَلَيْهِ (ض) غَلْبًا وغَلَبًا وغَلَبَةً ومَغْلَبًا ومَغْلَبَةً وغُلُبّى وغِلِبّى وغُلُبَّةً وغَلابِيَةً واغْتَلَبَهُ: غالب ہونا کہا جاتا ہے "غَلَبَ عَلَيْهِ الكَرَمُ" کرم کا اس کے اوپر غلبہ ہو گیا گویا کہ وہ اس کی عادت ثانیہ ہے۔
غَلِبَ (س) غَلَبًا: موٹی گردن والا ہونا۔ صفت (اَغْلَبُ) مؤنث غَلْباءُ ج غُلْبٌ.
غَلَّبَهُ: غالب بنانا۔
غالَبَهُ غِلابًا ومُغالَبَةً: ایک دوسرے پر غلبہ کی کوشش کرنا۔
تَغَلَّبَ. عَلَى البَلَدِ: شہر پر زبردستی تسلط جما لینا۔
تَغالَبُوا عَلَى البلد: شہر پر قابض ہونے کے لئے ایک دوسرے پر غلبہ کی کوشش کرنا۔
اِغْلَوْلَبَ العُشْبُ: گھنا ہونا...... القَوْمُ: بہت ہونا۔
اِسْتَغْلَبَ. عَلَيْهِ الضَحِكُ: تیز ہونا۔ غالب ہونا۔
الغَلّابُ: بہت غالب ہونے والا۔ ج غَلّابُونَ.
الغالِبُ: فا۔ ج غالِبُونَ وغَلَبَةٌ کہا جاتا ہے "هٰذا مما يَحْدُثُ غالِبًا وفِي الغالِبِ" یہ اکثر احوال میں واقع ہوتا ہے۔
الاَغْلَبُ: اسم تفضیل۔ اسی سے ہے "عَلَى الاَغْلَبِ وفِي الاَغْلَبِ" یعنی على الاكثر وفي الاكثر. الاَغْلَبُ: شیر۔
الغَلْباءُ: مؤنث اغلب: گھنے درختوں کا باغ۔ بڑا اونچا ٹیلہ۔ بہت عزیز خاندان۔
الغُلُبَّةُ: مص...... مِنَ الرِّجالِ: جلد غالب آنے والا۔
المُغَلَّبُ: مفع۔ بار بار مغلوب کیا ہوا۔
المَغْلَبَةُ: مص۔ غلبہ۔ غلبہ کی جگہ۔
غَلَتَ (ن) غَلْتًا. البَيْعَ او الشِّراءَ: فسخ کرنا۔
غَلِتَ (س) غَلَتًا: غلطی کرنا۔ حسابی غلطی کے لئے اکثر استعمال ہوتا ہے۔
تَغَلَّتَهُ واغْتَلَتَهُ: اچانک پکڑ لینا۔ غفلت میں پکڑ لینا۔
الغَلْتَةُ: رات کا ابتدائی۔
غَلِثَ (س) غَلَثًا. القَوْمُ: سختی سے مقابلہ کرنا۔
واغْتَلَثَ. الزَّنْدُ: چقماق سے آگ نہ نکلنا۔
غَلَثَ (ض) غَلْثًا. الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ایک چیز کو دوسری چیز سے ملانا۔
الغَلْثُ: مص۔ غلہ کے ساتھ ملا ہوا کوڑا کرکٹ۔
الغَلِثُ: مجنون۔ والمُغالِثُ: سخت جنگ کرنے والا۔
الغَلِثُ والغَلِيثُ والمَغْلُوثُ مِنَ البُرِّ: وہ گیہوں جس میں کوڑا کرکٹ ملا ہوا ہو۔
غَلَجَ (ض) غَلْجًا وغَلَجانًا. الفرسُ: برابر ایک رفتار پر چلنا۔
تَغَلَّجَ. عَلَيْهِ: ظلم کرنا۔
الغُلُجُ: عمدہ جوانی۔
الاُغْلُوجُ: نرم و نازک شاخ۔ ج اَغالِيجُ.
الغَلادِيثِيا: بڑے کانوں والا ایک درخت۔
غَلَّسَ فِي العَمَلِ: آخر رات کی تاریکی میں کام کرنا۔ الماءَ: آخر رات کی تاریکی میں پانی پر پہنچنا۔
الغَلَسُ: آخر رات کی تاریکی ج اَغْلاسٌ.
غَلَصَهُ (ن) غَلْصًا وغَلْصَمَهُ غَلْصَمَةً: حلق کاٹنا۔ حلق پکڑنا۔
الغَلْصَمَةُ: مص سر اور گلے کے درمیان کا گوشت۔ جماعت۔ قوم۔ سرداران قوم۔ ج غَلاصِمُ: کہا جاتا ہے "هُوَ فِي غَلْصَمَةٍ مِنْ قَوْمِهِ" وہ اپنی قوم میں شریف و معزز ہے۔
غَلِطَ (س) غَلَطًا. فِي الاَمْرِ: غلطی کرنا۔ صفت (غالِطٌ) اور صفت مفعول (مَغْلُوطٌ فِيهِ).
غَلَّطَهُ: غلطی کی نسبت کرنا۔
غالَطَهُ غِلاطًا ومُغالَطَةً واَغْلَطَهُ: غلطی میں ڈالنا۔
تَغالَطَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کو غلطی میں

ڈالنا۔

المَغْلَطَة : وہ مسائل مبہمہ جس سے آدمی کو غلطی میں ڈالا جائے۔ وہ چیز جس میں غلطی کی جائے یا کثرت سے جس میں غلطی واقع ہو۔ ج مَغَالِیط۔

الأُغْلُوطَة بمعنی مَغْلَطَة ج أُغْلُوطَات واَغَالِيط۔

الغَلُوطَة بمعنی مَغْلَطَة کہا جاتا ہے هٰذِهِ مَسْأَلَة غَلُوطَة : یعنی یہ ایسا مسئلہ ہے جس میں بکثرت غلطی ہوتی ہے۔

المِغْلَاط : بہت غلطی کرنے والا۔

غَلُظَ (ن ض) وغَلُظَ (ک) غِلَظًا وغِلْظَةً وغُلْظَةً وغِلَاظَةً : موٹا ہونا۔ گاڑھا ہونا۔ سخت ہونا۔ صفت (غَلِيظًا) ج غِلَاظ و(غَالِظ) ج غِلَظَة. غَلُظَتِ السُّنْبُلَةُ : خوشہ میں دانہ نکلنا ...... الرَّجُلُ : سخت وتندخو ہونا۔

غَلَّظَهُ : گاڑھا کرنا۔ غَلَّظَ اليَمِينَ : قسم کو موکد کرنا ...... عَلَيْهِ فِي اليَمِينِ : قسم میں سختی کرنا۔ کہا جاتا ہے "أَخَذَ مِنْهُ مِيثَاقًا غَلِيظًا" اس سے پختہ عہد لیا۔

أَغْلَظَ. المُسَافِرُ : مسافر کا سخت زمین پر اترنا ...... الشَّیْءُ : غلیظ پانا ...... لَهُ فِي القَوْلِ : درشت کلامی کرنا۔ سختی سے جھڑکنا۔

غَالَظَ مُغَالَظَةً : دشمنی کرنا۔ مقابلہ کرنا۔

اِسْتَغْلَظَ : گاڑھا ہونا۔ موٹا ہونا۔ سخت ہونا ...... الشَّیْءُ : موٹا پانا۔

الغُلَاظ : گاڑھا۔ موٹا۔ سخت۔

الغَلَظ : سخت زمین۔

الغِلْظَة : مص۔ سختی۔ گندگی۔ موٹاپا۔ بدخلقی۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ غِلْظَةٌ" یعنی ان کے درمیان عداوت ہے۔

غَلَفَ (ن) غَلْفًا. الشَّیْءُ : ڈھانکنا۔ غلاف میں ڈالنا۔

غَلِفَ (س) غَلَفًا : غیرمختون ہونا۔

غَلَّفَ. الشَّیْءُ : غلاف میں ڈالنا۔ ڈھانکنا۔ چھپانا۔

أَغْلَفَ. الشَّیْءُ : غلاف بنانا۔ غلاف میں ڈالنا۔

تَغَلَّفَ واغْتَلَفَ : غلاف میں ہونا۔

تَغَلَّفَ الرَّجُلُ : داڑھی میں غالیہ یعنی مرکب خوشبو لگانا۔ اِغْتَلَفَ بِالغَالِيَة : غالیہ خوشبو لگانا۔

الغَلْف : مص ایک درخت ہے دباغت کے کام میں آتا ہے۔

الغُلْفَة : ختنہ کا چمڑا جس کو ختنہ کرنے والا کاٹتا ہے ج غُلَف. الغُلْفَتَان : مونچھوں کے دونوں کنارے۔

المُغَلَّف : غلاف شدہ کتاب۔

الأَغْلَف : غیرمختون۔ کہا جاتا ہے قَلْبٌ أَغْلَفُ : یعنی ایسا دل جو نہ محفوظ رکھے نہ سمجھے "عَامٌ أَغْلَفُ" ارزانی کا سال۔

الغِلَاف : وہ چیز جس میں کوئی چیز داخل کی جائے اور چھپائی جائے جیسے میان، جز دان ج غُلُف وغُلْف۔

الغَلْفَاء. أَغْلَف : کا مؤنث ج غُلْف أَرْض غَلْفَاء : بغیر چری ہوئی زمین۔ سَنَةٌ غَلْفَاءُ : ارزانی کا سال۔

غَلِقَ (س) غَلَقًا : تنگ دل ہونا۔ زچ ہونا۔ غضبناک ہونا۔ بدخلق ہونا۔ صفت (غَلِق) ...... الرَّهْنُ فِي يَدِ المُرْتَهِنِ : حق مرتہن ہونا اور یہ اس وقت جبکہ راہن رہن چھڑانے سے عاجز ہوجائے۔

أَغْلَقَ وغَلَّقَ. البَابَ : دروازہ بند کرنا اور نادر طریقہ پر بولا جاتا ہے۔

غَلَقَ (ض) غَلْقًا ...... اور یہ أَغْلَقَ میں ایک ردی لغت ہے۔

أُغْلِقَ. عَلَيْهِ الأَمْرُ : معاملہ کا مبہم ہونا۔

أُغْلِقَ القَاتِلُ فِي يَدِ الوَالِي : قاتل کو والی کے قبضہ میں دیا جانا تاکہ جو چاہے فیصلہ کرے۔ کہا جاتا ہے "أُغْلِقَ فُلَانٌ بِجَرِيرَتِهِ" فلاں اپنے جرم کی وجہ سے حوالہ کیا گیا اور اسم (الغِلَاق) ہے۔

غَالَقَهُ مُغَالَقَةً : شرط لگانا۔

تَغَالَقَ. القَوْمُ : ایک دوسرے سے شرط لگانا۔

اِسْتَغْلَقَ. البَابُ : دروازہ کا کھلنا دشوار ہونا۔

الكَلَامُ عَلَى فُلَانٍ : گفتگو کا بند ہوجانا۔

الغَلَقُ : قفل۔ تالا۔ بڑا دروازہ ...... عِنْدَ البَنَّائِينَ : معماروں کی اصطلاح میں غَلَق اس پتھر کو کہتے ہیں جو محراب یا قبہ کے بیچ میں لگایا جاتا ہے ج اغلاق : ج اَغَالِيق۔

كَلَامٌ (غَلِقٌ ومُغْلَقٌ) : مشکل کلام جس کا سمجھنا دشوار ہو۔

بَابٌ (غَلَقٌ) بند دروازہ۔

المِغلق : جوئے کے فائدہ بخش تیروں میں سے ایک تیر ج مَغَالِق۔

المِغْلَقُ والمِغْلَاقُ والمُغْلُوقُ : قفل۔ تالا جس سے دروازہ بند کیا جائے۔ ج مَغَالِيق۔

غَلِمَ (س) غَلَمًا وغُلْمَةً واغْتَلَمَ : شہوت پرست ہونا۔ صفت (غَلِمٌ وغِلِّيمٌ ومُغْتَلِمٌ) مؤنث غلمه وغليمه وغليمة ومغلمة

اغتلم الشراب : جوش مارنا۔ اِغْتَلَمَتِ الأَمْوَاجُ : تیز ہونا۔

الغُلَام : سبزخط۔ نوجوان۔ غلام۔ مرد و ج غِلْمَان وغِلْمَة وأَغْلِمَة۔

الغُلَامَة : غلام کا مؤنث۔ باندی۔ لونڈی۔

الغُلُومَة والغُلَامِيَة والغُلُومِيَّة : نوجوانی۔

الغَيْلَم : مذکر۔ کچھوا۔ مینڈک۔ کوئیں میں پانی کا سوت۔ بہت بالوں والا نوجوان۔ کہا جاتا ہے "مَا فِي الدَّارِ غَيْلَمٌ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔

غَلَنَ (ض) غَلْنًا الشَّبَابُ : جوش پر ہونا۔

غُلْوَانُ. الشَّبَابِ أَوِ الأَمْرِ : جوانی کی نشاط اور ابتداء۔

غَلَا يَغْلُو غُلُوًّا : زیادہ ہونا۔ بلند ہونا ...... النَّبْتُ : نباتات کا گنجان اور بڑا ہونا ...... بِالدِّينِ : دین میں جوشیلا و پختہ ہونا۔

غَلَا غَلَاءً. السِّعْرُ : بھاؤ بڑھ جانا صفت (غَالٍ وغَلِيٌّ)

غَلَا يَغْلُو غَلْوًا وغُلُوًّا. السَّهْمَ وبِالسَّهْمِ : تیر کو انتہائی دور تک پھینکنا۔

غَالٰی غِلَاءً وَمُغَالَاةً. السَّهْمَ وبالسَّهْمِ: تیر کو انتہائی دور تک پھینکنا...... فِی الْاَمْرِ: مبالغہ کرنا...... بِالشَّیْ: قیمت بڑھانا۔ گراں قیمت پر خریدنا و غَالٰی الرَّجُلَ: مقابلہ کرنا۔

اَغْلٰی الشَّیْ: گراں قیمت پر خریدنا...... السِّعْرَ: بھاؤ گراں کرنا...... الْکَرْمَ: انگور سے پتے اتار دینا۔

اَغْلٰی وتَغَالٰی واِغْلَوْلٰی. الشَّجَرُ: درخت کا گنجان ہونا اور بڑا ہونا۔

اِغْتَلٰی. الْبَعِیْرُ: اونٹ کا تیز چلنا۔

اِسْتَغْلٰی. الشَّیْ: گراں پانا۔

الْغَالِی: فا۔ ج غُلَاةٌ مؤنث غَالِیَةٌ ج غَالِیَاتٌ وغَوَالٍ. الْغَالِی: موٹا گوشت۔ کہا جاتا ہے "بِعْتُ بِالْغَالِیْ وبِالْغَلِیْ" یعنی میں نے گراں بیچا۔

الْغَلَاءَ: مص۔ قیمت کی زیادتی۔ ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔ ج اَغْلِیَةٌ.

الْغُلَوَاء والْغَلْوَاء: حد سے گزرنا (...... والْغُلْوَان) آغاز جوانی ونشاط جوانی۔ کہا جاتا ہے "خَفِّضْ مِنْ غُلَوَائِکَ" یعنی اپنی سرکشی اور حد سے گزرنے کو پست کر...... و "فَعَلَہٗ فِیْ غُلَوَاءِ شَبَابِہٖ" اس نے اُس کو اپنے آغازِ جوانی میں کیا۔

الْغَلْوَةُ: ایک تیر پرتاب ج غَلَوَاتٌ وغِلَاءٌ.

الْمِغْلٰی والْمِغْلَاةُ: تیر جو انتہا تک پھینکا جائے۔ ج مَغَالٍ.

غَلٰی یَغْلِی غَلْیًا وغَلَیَانًا: جوش مارنا۔

غَلّٰی تَغْلِیَةً واَغْلٰی اِغْلَاءً. الْقِدْرَ: ہانڈی کو جوش دینا۔ الرَّجُلَ: دور سے اشارہ کر کے سلام کرنا۔

تَغَلّٰی. غالیہ (مرکب خوشبو) لگانا۔

الْغَالِیَةُ: مرکب خوشبو۔ ج غَوَالٍ.

اَلْغَلْبُوْن: ٹونٹی والا چھوٹا برتن جس میں شراب گرم کی جاتی ہے۔

غَمَّہٗ (ن) غَمًّا: ڈھانپ لینا۔ غمگین کرنا۔

غَمَّ الْیَوْمُ: تیز گرمی والا ہونا...... الْقَمَرُ النُّجُوْمَ: ستاروں کی روشنی کو ماند کر دینا...... الشَّیُ الشَّیْ: غالب ہونا۔

غُمَّ. عَلَیْہِ الْاَمْرُ: پوشیدہ ہونا۔ مشتبہ ہونا۔

غَمَّ (س) غَمَمًا: لمبے بال والا ہونا۔ صفت (اَغَمُّ) مؤنث غَمَّاءُ ج غُمٌّ.

اَغَمَّہٗ: غمگین کرنا۔ اَغَمَّ الْیَوْمُ: سخت گرمی والا ہونا۔ اَغَمَّتِ السَّمَاءُ: بادل والا ہونا اور کہا جاتا ہے "مَا اَغَمَّکَ لِیْ وعَلَیَّ واِلَیَّ" کس چیز نے تم کو میرے لئے غمگین کیا۔

غَامَّہٗ مُغَامَّةً: ایک دوسرے کو غمگین کیا۔

تَغَامَّ: بتکلف غم ظاہر کرنا۔

اِنْغَمَّ: ڈھک جانا (...... واغْتَمَّ) غمگین ہونا۔

اِغْتَمَّ النَّبَاتُ: نباتات کا لمبا ہونا اور بہت ہونا۔ اِغْتَمَّ الرَّجُلُ: پوشیدہ ہو جانا۔

الْغَامُّ: فا۔ یَوْمٌ غَامٌّ: گرم دن۔ غم کا دن۔

الْغَمُّ: غم۔ حزن۔ اندوہ۔ کرب۔ ج غُمُوْمٌ

یَوْمٌ غَمٌّ: گرم دن۔ غم کا دن۔

الْغُمَّةُ: غم۔ حزن۔ ملال۔ حیرت۔ ج غُمَمٌ کہا جاتا ہے "هُوَ فِیْ غُمَّةٍ" یعنی وہ حیرت میں ہے۔

لَیْلَةٌ (غُمٌّ وغَمَّةٌ) گرم رات۔ غم کی رات۔

الْاَغَمُّ. مِنَ السَّحَابِ: گھرا ہوا بادل۔ لَیْلَةٌ غَمَّاءُ: بادل والی رات۔

الْغُمّٰی: بختی، تاریکی۔ گرد آلودگی۔

الْغَمَام: بادل۔ ایک ٹکڑے کو (غَمَامَة) کہتے ہیں ج غَمَائِم کہا جاتا ہے هو یفتر عن مثل حب الغمام: وہ اولے جیسے دانتوں سے ہنستا ہے۔ الْغُمَام: زکام۔

الْمَغْمُوْم: زکام زدہ۔

الْغِمَامَة: منہ پر کا چھینکا اور کبھی اس کے لئے بھی بولتے ہیں جو گھوڑے کی دونوں آنکھوں کے اِدھر اُدھر لگا دیتے ہیں تا کہ سوائے سامنے کے نہ دیکھ سکے ج غَمَائِم.

الْغَمَّاء والْغُمّٰی: غم۔ حزن۔ مصیبت۔ کہا جاتا ہے "مِثْلُکَ یَکْشِفُ الْغَمَّاءَ" تمہیں جیسا آدمی مصیبت کو دور کر سکتا ہے۔

الْغَمِیْم: گرم کیا ہوا گاڑھا دودھ۔

الْغُمُوْم: جمع غم۔ چھوٹے مخفی ستارے۔

غَیْمٌ (مُغْمَغِمٌ) بہت پانی والا بادل۔

اَرْضٌ (مُغْمِغَةٌ) بہت پیداوار والی زمین۔

غَمَتَہٗ (ض) غَمْتًا. الطَّعَام: کھانے کا دل پر ثقیل ہونا اور مدہوش کر دینا...... ہٗ فِی الْمَاءِ: پانی میں ڈوبانا...... الشَّیْ: ڈھانکنا۔

غَمِتَ (س) غَمَتًا: کھانا دل پر ثقیل ہونے سے مدہوش سا ہونا۔

غَمَجَ (ض) غَمْجًا وغَمِجَ (س) غَمَجًا. الْمَاءَ: لگاتار گھونٹ سے پانی پینا۔

الْغَمْجَةُ والْغُمْجَةُ: گھونٹ ج غُمَجٌ.

غَمَدَ (ن ض) غَمْدًا. السَّیْفَ: تلوار کو میان میں کرنا...... الشَّیْ: چھپانا...... الْاَمْرَ: درست کرنا۔

غَمِدَتْ (س) غَمَدًا. الْبِئْرُ: کنوئیں کا زیادہ پانی والا ہونا۔ کم پانی والا ہونا۔ غَمِدَ اللَّیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔

اَغْمَدَ. السَّیْفَ: تلوار کو میان میں کرنا۔ الْاَشْیَاءَ: بعض کو بعض میں داخل کرنا۔

غَمَّدَہٗ وتَغَمَّدَہٗ: عیوب چھپالینا۔

تَغَمَّدَہُ اللّٰہُ بِرَحْمَتِہٖ: رحمت میں چھپالینا۔ رحمت کے سایہ میں رکھنا۔ تَغَمَّدَ الْاِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔

اِغْتَمَدَ. اللَّیْلَ: رات میں داخل ہونا۔

الْغِمْد: تلوار کی نیام ج غُمُوْد واَغْمَاد.

سَفِیْنَةٌ (غَامِدٌ وغَامِدَةٌ) بھری ہوئی کشتی ج غَوَامِدُ.

بِئْرٌ (غَامِدٌ وغَامِدَةٌ) مٹی سے ڈھکا ہوا کنواں۔

مَغْمَدُ. السَّیْفِ: تلوار کی میان ج مَغَامِد.

غَمَرَہٗ (ن) غَمْرًا. الْمَاءُ: پانی کا بلند ہو کر ڈھانکنا۔ کہا جاتا ہے "غَمَرَ فُلَانًا بِفَضْلِہٖ" اس نے فلاں کو اپنے فضل و احسان سے ڈھانپ لیا۔

غَمِرَ (س) غَمْرًا وغَمَرًا. صَدْرُہٗ عَلَیَّ: کینہ سے پھر جانا۔ غَمِرَتْ یَدُہٗ: گوشت کی چکناہٹ لگنا۔

غَمَرَ (ک) غَمَارَةً وغُمُورَةً. المَاءُ: بہت ہونا......الرَّجُلُ: جاہل ہونا۔
غَمِرَ. عَلَيْهِ: بے ہوشی طاری ہو جانا۔
غَمَّرَ. وجهه: منہ پر زعفران ملنا...... بالشَّيْءِ: پھینکنا یا دفع کرنا۔
اَغْمَرَة. الحرُّ: گرمی کم ہو جانے کی وجہ سے سفر پر جرأت دلانا۔
غَامَرَهُ مُغَامَرَةً: مقاتلہ کرنا اور موت کی پروا نہ کرنا۔
اِغْتَمَر وتَغَمَّرَ: منہ پر زعفران ملنا۔
اِغْتَمَرَ وانْغَمَرَ: پانی میں ڈوبنا۔اِغْتَمَر الماءُ الشَّيْءَ: ڈوبانا۔
الغَمْر: مص۔ بہت پانی۔سمندر کا بڑا حصہ۔ کامل کپڑا۔کریم وسیع الاخلاق ج غِمَارٌ وغُمُور: کہا جاتا ہے "ثَوبٌ غَمْرٌ" کشادہ کپڑا "ولَيلٌ غَمْرٌ" بہت تاریک رات و"غَمْرُ النَّاس" لوگوں کی جماعت "هُوَ غَمْرُ الرِّدَاء" وہ بہت بھلائی کرنے والا ہے۔
الغُمْر والغِمْر والغُمُر: ناتجربہ کار جاہل۔ ج اَغْمَار ...... الغِمْر: کینہ۔پیاس۔الغُمْرُ: زعفران منہ وغیرہ پر لگانے کی ایک چیز ہے جس کو ورس سے بناتے ہیں۔
الغَمَر: مص۔ناتجربہ کار۔جاہل۔کینہ۔گوشت کی چکناہٹ۔ج غُمُور. غَمَر النَّاس: لوگوں کی جماعت۔
الغُمَر: چھوٹا پیالہ ج غِمَار واَغْمَار.
الغَمِر: بہت چربی والا۔چکنا۔
غَمْرَةُ. الشَّيْءِ: سختی۔ج غَمَرات وغِمَار وغُمَر. غَمَراتُ الموْتِ: موت کی سختیاں۔
الغُمْرَة: زعفران۔
الغَمَارَة: جہالت وبے خبری۔
والغُمَار والغَمَار والغُمَارَة: لوگوں کی جماعت۔مختلف لوگوں کی جماعت۔
الغَامِر: فا۔اجاڑ زمین۔المَال الغَامِر: بہت مال۔

الغَمِير: بہت پانی۔
المُغْتَمِر: مدہوش۔
المَغْمُور: مفع۔گمنام غیر مشہور ومقہور۔
الغَمَارِيد: سانپ کی چھتری۔
غَمَزَ (ض) غَمْزًا: ٹٹولنا......القَنَاة: نیزہ کو آزمائش کے لئے دانتوں سے چبانا۔ ه بالعَيْنِ او الجَفْنِ او الحَاجِب: آنکھ یا پلک یا ابرو سے اشارہ کرنا۔غَمَزَ عَيْبُهُ او دَاؤُهُ: عیب یا مرض کا ظاہر ہونا۔غَمَزَتِ الدَّابَة: جانور کا لنگڑا ہونا۔غَمَزَ بالرَّجُلِ وعَلَيْهِ: طعنہ دینا اور برائی کی کوشش کرنا۔
غَامَزَهُ مُغَامَزَةً: ایک دوسرے کو عیب لگانا۔
اَغْمَزَ. فِيْهِ: عیب لگانا۔حقیر ثابت کرنا۔گھٹیا مال جمع کرنا۔
تَغَامَزَ. القَوْمُ: آنکھوں سے ایک دوسرے کو اشارہ کرنا۔
اِغْتَمَزَ: طعنہ دینا۔الکلمۃ: کمزور سمجھنا۔
الغَمَز: گھٹیا مال۔دبلے پتلے جانور۔کمزور مرد ج غَمَزٌ و اَغْمَاز: کہا جاتا ہے "هُوَ رَجُلٌ غَمَزٌ مِنْ قَوْمٍ غَمَزٍ او اَغْمَازٍ".
الغَامِز: فا۔تیزے کی آزمائش کرنے والا۔
الغَمَّاز: اسم مبالغہ۔مؤنث غَمَّازَة.
الغَمِيز: کھلا ہوا عیب۔
المَغْمَز: عیب طعنہ یا طمع کی جگہ۔ج مَغَامِز.
الغَمِيزَة بمعنی مَغْمَز: عقل یا عمل کی کمزوری۔ کہا جاتا ہے "مَافِيْهِ غَمِيزَة او مَغْمَز" اس میں کوئی نمایاں عیب نہیں۔
المَغْمُوز: مفع۔متھم الغموز: اونٹنی جب تک اس کے کوہان پر ہاتھ نہ ڈالیں۔موٹائی ود بلاپن سے ظاہر نہ ہو۔
غَمَسَ (ض) غَمْسًا. الشَّيْءَ فِي المَاءِ: پانی میں ڈبونا غوطہ دینا۔البَنَانَ فِي صَدْرِهِ: بھالے کو سینہ میں داخل کرنا۔گھسانا۔
غُمُوْسًا. النجم: ستارے کا ڈوبنا۔غروب ہونا۔
غَمْسَة: سختی سے ڈبونا۔غَمَسَ الشُّرْب: کم پینا...... الإبل: اونٹ کو پلانا پھر واپس جانا۔
غَامَسَ مُغَامَسَةً: خطرات میں کود پڑنا۔
...... فلانًا: ایک دوسرے کو پانی میں غوطہ دینا۔
...... فِي الأَمْرِ: جلد بازی کرنا۔
اِنْغَمَسَ واغْتَمَسَ فِي المَاءِ: غوطہ لگانا۔
...... فِي الشَّيْءِ: داخل ہونا۔گھسنا۔
الغَمُوس: مصیبت میں ڈالنے والا معاملہ۔
...... مِنَ الرِّجَالِ: بہادر۔کہا جاتا ہے "طَعْنَةٌ غَمُوسٌ" پار ہو جانے والی تیز وکی بار "اليَمِيْن الغَمُوس" جان بوجھ کر جھوٹی قسم ج غُمُس
الغَمِيس: تاریکی لَيلٌ غَمِيسٌ: تاریک رات...... والغَمِيسَة: جھاڑی۔درختوں کا جھنڈ۔ہر وہ گنجان چیز جس میں چھپا جا سکے۔
الغَمَّاسَة: مرغابی جس کی بہت قسمیں ہوتی ہیں۔ج غَمَّاس. طعنة غَمْشَة: کشادہ زخم۔
غَمِشَ (س) غَمَشًا: چندھا ہونا۔کمزور نظر ہونا۔سیلان اشک کی وجہ سے چندھا ہونا۔صفت (اَغْمَش)
غَمَصَهُ (ض) وغَمِصَهُ (س) غَمْصًا: حقارت کرنا۔غَمَصَ النِّعْمَة: نعمت کی ناشکری کرنا۔
...... عَلَيْهِ: جھوٹ بولنا...... عَلَيْهِ كَلامَهُ: عیب لگانا۔
غَمِصَ (س) غَمَصًا: آنکھ کا کیچڑ والی ہونا۔
غَمِصَت عَيْنُه: کیچڑ بہنا۔صفت (اَغْمَص) اور آنکھ کو (غَمْصَاء) کہتے ہیں جمع غُمْص۔
اِغْتَمَصَهُ: حقیر جاننا۔حقارت کرنا۔حقیر سمجھنا۔
الغَمَص: مص۔آنکھ کی کیچڑ۔
رَجُلٌ (غَمِص) عیب لگانے والا۔
الغَمُوص: جھوٹا۔يَمين غموص: جھوٹی قسم۔

رَجُلٌ (مَغْمُوْصٌ) عَلَيْهِ :جس کے حسب یا دین میں عیب لگایا جائے۔

غَمَضَ (ن) وغَمُضَ (ک) غُمُوْضًا الكَلَامُ: کلام کا دقیق ہونا۔

غَمَضَ (ن ض) غَمْضًا. السَّيْفُ فِي اللَّحْمِ :تلوار کا گوشت میں گھسنا......الرَّجُلُ فِي الْأَرْضِ :سفر کرنا......عَنْهُ فِي الْبَيْعِ : خرید وفروخت میں نرمی برتنا۔

غَمِضَ (س) غُمُوْضَةً وغَمَاضَةً المَكَانُ: پست ہونا۔

غَمَّضَ واَغْمَضَ. عَيْنَهُ :آنکھ بند کرنا۔ ...... عَنْهُ فِي الْبَيْعِ :خرید وفروخت میں نرمی برتنا۔غَمَّضَ الكَلَامَ: مبہم گفتگو کرنا۔کہا جاتا ہے"غَمَّضَ عَنِ الإِسَاءَةِ"چشم پوشی کرنا۔

اِغْمَضَتِ العَيْنُ فُلَانًا :حقارت کرنا۔

اَغْمَضَ عَنِ الشَّيْءِ :درگزر کرنا۔اَغْمَضَ عَلٰى كَذَا :برداشت کرنا اور راضی ہونا۔

اَغْمَضَ فِي السِّلْعَةِ: گھٹیا ہونے کی وجہ سے قیمت کم کرنا......حَدَّ السَّيْفِ :تلوار کی دھار باریک کرنا......فُلَانًا :کسی سے دوڑ میں آگے نکل جانا بعد اس کے کہ پہلے وہ آگے نکل چکا تھا۔

اِنْغَمَضَ. طَرْفُهُ :آنکھ کا بند ہونا۔

اِغْتَمَضَ. البَرْقُ :بجلی کی چمک بند ہونا۔ ......الرَّجُلُ عَنِ الإِسَاءَةِ :چشم پوشی کرنا۔ کہا جاتا ہے"مَا اغْتَمَضَتْ عَيْنَاهُ"یعنی اس کی آنکھیں نہیں سوئیں۔

الغَمْضُ :مص۔پست زمین ج غموض والغماض: کہا جاتا ہے"فُلَانٌ ذُوْغَمْضٍ": فلاں ذلیل وگمنام ہے۔

الغُمْضُ والغِمَاضُ والغِمَاضُ والتَّغْمَاضُ :آنکھ کا بند ہونا۔نیند۔کہا جاتا ہے"مَا اكْتَحَلَتْ عَيْنِي غُمْضًا او غِمَاضًا او اغْمَاضًا او تَغْمَاضًا او تَغْمِيْضًا"یعنی میں نہیں سویا۔

الغَامِضُ :فا۔پست زمین ج غَوَامِضُ: گمنام۔ذلیل۔اَمْرٌ غَامِضٌ :مبہم معاملہ۔

الخَلْخَالُ الغَامِضُ :پازیب جو پنڈلی کو بھر دے۔الغَامِضُ مِنَ الكُعُوْبِ والسُّوْقِ : موٹا ٹخنہ یا موٹی پنڈلی۔غَوَامِضُ الإِبِلِ : چھوٹے اونٹ۔

الغَامِضَةُ :مؤنث غَامِضٍ ج غَامِضَاتٌ وغَوَامِضُ. الدَّارُ الغَامِضَةُ :مکان جو سڑک سے علیحدہ ہو۔

الغَمِيْضَةُ :عیب۔

المَغْمُوْضَةُ "مَا فِي هٰذَا الأَمْرِ غُمُوْضَةٌ" یعنی اس معاملہ میں کوئی عیب نہیں۔

المُغْمِضَاتُ :گناہ جو جان بوجھ کر آدمی کرے۔مُغْمِضَاتُ اللَّيْلِ :رات کی تاریکیاں۔

غَمَطَهُ (ض) وغَمِطَهُ (س) غَمْطًا : حقارت کرنا۔حقیر جاننا۔غَمَطَ النِّعْمَةَ : نعمت کی ناشکری کرنا۔ ناقدری کرنا ...... الحَقَّ :حق کا انکار کرنا......المَاءَ: پانی کا زور سے گھونٹ بھرنا......الذَّبِيْحَةَ :ذبح کرنا۔

اَغْمَطَ. عَلَيْهِ الشَّيْءُ :ہمیشہ ہونا۔

غَامَطَ مُغَامَطَةً فِي الشُّرْبِ :لگاتار گھونٹ لگانا۔

تَغَمَّطَ عَلَيْهِ التُّرَابُ :مٹی سے ڈھانکنا یہاں تک کہ مار ڈالنا۔

اِغْتَمَطَ :دوڑ میں ہارنے کے بعد آگے بڑھ جانا......ہ بِالكَلَامِ :غالب ہونا۔اِغْتَمَطَ الشَّيْءُ: نکل جانا اور پھر کوئی نشان نہ ملنا۔

الغَمْطُ :مص۔پست زمین۔

غَمْغَمَ غَمْغَمَةً :بیل کا خوف کے وقت ڈکارنا......الأَبْطَالُ: بہادروں کا مقاتلہ کے وقت شور مچانا......الكَلَامَ :غیر واضح کلام بولنا......الصَّبِيُّ :بچے کا دودھ کے لئے پستان پر رونا۔

تَغَمْغَمَ. الرَّجُلُ :غیر واضح بولنا. الغَرِيْقُ تَحْتَ المَاءِ :ڈوبے ہوئے پانی کے نیچے بولنا۔

الغَمْغَمَةُ :مص۔خوف کے وقت کی آواز۔ ......مقاتلہ کے وقت کی آواز۔غیر واضح کلام ج غَمَاغِمُ.

غَمِقَ (س ن) وغَمُقَ (ک) غَمَقًا المَكَانُ :نمناک ہونا۔سیلن والا ہونا ......النَّبَاتُ :نمنا کی کی وجہ سے خراب ہونا۔ صفت (...... غَمِقٌ) مؤنث (غَمِقَةٌ)

غُمِقَ. البَعِيْرُ :اونٹ کا غمقہ کی بیماری میں مبتلا ہونا۔

الغُمْقَةُ :ایک بیماری جو پیٹھ میں ہوتی ہے۔

المَغْمُوْقُ :پیٹھ کی بیماری والا۔

غَمَلَ (ن) غَمْلًا. الشَّيْءَ :چھپانا ...... فُلَانًا :پسینہ کے لئے ڈھانکنا......البُسْرَ :گدر کھجور کی پال دبانا۔العِنَبَ فِي الزِّنْبِيْلِ : انگور کو زنبیل میں تہ بتہ رکھنا......الشَّيْءَ: درست کرنا۔

...... وتَغَمَّلَ. النَّبَاتُ :ایک دوسرے پر چڑھنا......الشَّيْءُ :وسیع ہونا۔

غَمِلَ (ض) غَمْلًا: پیچیدہ ہو کر خراب و بدبودار ہونا......الجُرْحُ :پٹی کی وجہ سے خراب ہونا۔صفت (غَمِلٌ)

اَغْمَلَ. الإِهَابَ :کچے چمڑے کا چھوڑ دینا۔ یہاں تک کہ وہ بگڑ جائے۔

اِنْغَمَلَ. الأَدِيْمُ :چمڑے کا خراب ہونا۔ صفت (غَمِيْلٌ)

الغَمِيْلُ. مِنَ النَّصِيِّ (ایک قسم کی گھاس) پیچیدہ اُگی ہوئی ......مِنَ الأَرْضِ :پست زمین ج غَمْلٰى.

المَغْمُوْلُ :مفع۔گمنام۔

الغَمُوْلُ :درختوں سے ڈھکی ہوئی وادی ج غَمَائِلُ.

الغَمْلَجُ والغَمَلَّجُ والغِمْلَاجُ والغُمْلُوْجُ والغَمَلِيْجُ :غیر مستقل جو ایک حالت پر نہ رہے۔مؤنث غَمْلَجٌ وغَمَلَّجٌ غَمْلُوْجَةٌ وغَمَلِيْجَةٌ.

الغُمْلُجُ والغَمَلِيْجُ :موٹا لمبا۔السَّمْرُجُ سایہ میں اُگی ہوئی شاخ ج غَمَالِيْجُ

غَمَنَ (ن) غَمْنًا. الشَّيْءَ :چھپانا

البُسرَ : کدر کھجور کی پال دبانا......فُلانًـا : پسینہ لانے کے لئے ڈھانکنا۔

غَمِنَ وانْغَمَنَ فِیْ الاَرْضِ : غائب کیا جانا۔غائب ہونا۔

الغُمَّة : ایک قسم کا اُبٹنا۔

غَمَا یَغْمُوْ غَمْوًا. البَیْتَ : لکڑی اور مٹی سے چھت پاٹنا۔

الغَمَا : مکان کی چھت یا چھت کی لکڑی مٹی وغیرہ۔اس کا تثنیہ غَمَوَان ج اَغْمِیَة واَغْماء.

غَمٰی (ض) غَمْیًا وغَمْی. البَیْتَ : بمعنی غَمَا یَغْمُوْ.

غُمِیَ واَغْمَی. الیَوْم : تمام دن ابر رہنا۔

غُمِیَ واُغْمِیَ عَلٰی المَرِیْضِ : غشی طاری ہونا۔صفت (مَغْمِیٌّ ومُغْمِیً) عَلَیْہِ.

الغَمٰی گھوڑے کو پسینہ لانے والی پوشش۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ غَمیً" یعنی بے ہوش مرد اور جمع کے لئے کہا جاتا ہے "رِجَالٌ غَمیً واَغْمَاءٌ".

...... والغِمَاءُ : مکان کی چھت ج اَغْمَاء واَغْمِیَة.

غَنَّ (س) غَنًّا. النَّخلُ : درخت خرما کا پکنا۔

......الوَادِی : وادی کا زیادہ درخت والی ہونا۔وغَنًّا وغَنَّةً : گنگنانا۔

غَنَّنَ. الرَّوْضَ : زیادہ درخت والا بنانا۔

اَغَنَّ. الشَّجَرُ : درخت کا پکنا......الوَادِی : وادی کا زیادہ درخت والی ہونا......الرَّوْضُ : باغ کا سرسبز کرنا......الذُّبَابُ : مکھی کا بھنبھنانا......الرَّجُلُ : نرم آواز نکالنا۔

الغُنَان : مکھی کی بھنبھناہٹ۔

الغُنَّة : گنگناہٹ۔

الاَغَنُّ : گنگنانے والا۔حَرْف اَغَنُّ : غنہ کا حرف۔الوَادِی الاَغَنُّ : زیادہ گھاس اور درختوں والی وادی۔مؤنث غَنَّاء.

القَرْیَة الغَنَّاء : آباد گاؤں۔

غَنِثَ (س) غَنَثًا. الرَّجُلُ : سانس لے کر پینا۔غَنِثَتْ نَفْسُہٗ : متلانا۔

تَغَنَّثَہٗ. الشَّیْءُ : بوجھل ہونا۔بھاری ہونا۔چمٹنا۔

الغَنْثَر : بے وقوف۔

غَنِجَ (س) غَنَجًا وتَغَنَّجَ : ناز کرنا۔صفت (غَنِج ومِغْنَاج) مؤنث غَنِجَة ومِغْنَاج)

الغُنْج والغُنُج والغُنَاج : ناز نخرہ۔

الغُنَاج : کاجل جس کو عورتیں گوندنے میں استعمال کرتی ہیں۔

الاُغْنُوْجَة : ناز و نخرہ کرنے کی چیز۔ج اَغَانِیْج.

الغُنْدَر والغُنْدُر. مِنَ الغِلْمَان : موٹا تازہ لڑکا۔

تَغَنْدَرَتِ الْمَرْاَةُ : تکبر سے چلنا۔

الغَانِد : نخرہ۔

غَنِصَ (س) غَنَصًا : تنگ دل ہونا۔

اَلْغَنَاقِلِیُوْنَ : زرد اور سفید پھول اس کا ہار بنا کر قبروں پر ڈالتے ہیں۔

غَنَظَ (ض) غَنْظًا : قریب ہلاکت ہونا۔

...... اَلاَمْرُ فُلانًا : دشوار ہونا۔(غَنَّظَہٗ واَغْنَظَہٗ) غیظ و غضب سے بھر دینا۔

غَانَظَہٗ : ایک دوسرے کو مشقت میں مبتلا کر دینا۔

الغَنْظ والغَنَظُ والغَنَاظ والغِنَاظ : لازمی رنج و غم۔

المَغْنُوْظ : مفع۔غمزدہ۔

غَنِمَ (س) غُنْمًا. الشَّیْءُ : مفت حاصل کرنا۔

غُنْمًا وغَنْمًا وغَنَمًا وغَنِیْمَةً وغُنْمَانًا : غنیمت حاصل کرنا۔

غَنَّمَہٗ. کَذَا : حصہ سے زائد دینا۔

اَغْنَمَہٗ. الشَّیْءُ : غنیمت حاصل کرانا۔

تَغَنَّمَ واغْتَنَمَ واسْتَغْنَمَ. الشَّیْءُ : غنیمت سمجھنا۔تَغَنَّمَ فُلانٌ : بکریاں جمع کرنا جیسے تَاَبَّل : اونٹ جمع کرنا۔

الغَنِیْمَة : مال جو جنگ میں حاصل ہو۔کمائی۔ج غَنَائِم : کہا جاتا ہے "الغَنِیْمَة بَارِدَة" یعنی پاک کمائی یا بلا مشقت کی کمائی۔

الغُنْم : بمعنی غنیمت۔غُنُوْم.

الغَنِیْم : بمعنی غنیمت۔

الغَنَم : جنس۔بکریاں اور اس کے لئے اس لفظ سے واحد نہیں واحد کے لئے لفظ (شَاة) ہے ج اَغْنَام وغُنُوْم واَغَانِم : کہا جاتا ہے "غَنَمٌ (مُغْنَمَة ومُغَنَّمَة)" یعنی بہت بکریاں۔

الغَنَّام : بہت بکریوں والا۔بکریوں کا چرواہا۔بہت مال غنیمت حاصل کرنے والا۔

المَغْنَم : غنیمت۔مَغَانِم : کہا جاتا ہے "مَغْنَمٌ بَارِدٌ" : یعنی پاک غنیمت۔کہا جاتا ہے (غُنَامَاکَ) اَنْ تَفْعَلَ کَذَا : تمہاری کوشش کی انتہا یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔

الغُنْوَة : بے نیازی۔کہا جاتا ہے (لَہٗ عَنْہُ غُنْوَةٌ) اس کو اس سے بے نیازی ہے۔

غَنِیَ (س) غِنًی. الرَّجُلُ : نکاح کرنا۔

غَنِیَتِ المَرْاَة : حسن و جمال کی وجہ سے آرائش سے بے نیاز ہونا۔

غَنِیَ ومَغْنًی. بِالمَکَان : اقامت کرنا۔صفت (غَانٍ) کہا جاتا ہے غَنُوْا بِدِیَارِھِم ثُمَّ فَنُوا : اپنے ممالک میں اقامت کی پھر فنا ہو گئے۔فُلانٌ : زندہ رہنا۔زندگی بسر کرنا۔

غِنَی. غَنَاءً وغُنْیَانًا : مالدار ہونا۔بِالشَّیْءِ عَنْ غَیْرِہٖ : اکتفا کرنا۔

غَنَّی تَغْنِیَةً : آواز کرنا......الشِّعْرَ وبِالشِّعْر : گانا......بِالمَرْاَة : عشق بازی کرنا۔الشَّاعِرُ بِفُلانٍ : کسی کی مدح کرنا یا ہجو کرنا۔غَنَّاہُ اللّٰہ : مالدار کر دینا۔

اَغْنٰی اِغْنَاءً. الرَّجُلَ : مالدار کر دینا۔عَنْہُ : کافی ہونا۔کہا جاتا ہے "اَغْنٰی عَنْہُ غَنَاءَ فُلانٍ ومَغْنَاہُ ومُغْنَاہُ مَغْنَاةَ ومُغْنَاةَ" یعنی قائم مقام ہوا۔اَغْنٰی عَنْہُ کَذَا : دور کر دینا اور کہا جاتا ہے "مَا یُغْنِی عَنْکَ ھٰذَا وَمَا اَغْنٰی شَیْئًا" یعنی نافع نہیں ہے۔

تَغَنّٰی تَغَنِّیًا : مالدار ہونا......بِالمَرْاَة : [illegible] سے عشق بازی کرنا......بِالشِّعْر : شعر گانا......بِفُلانٍ : کسی کی مدح یا ہجو کرنا۔تَغَنِّیَة

المرأۃ :عورت کا نکاح کرنا۔

اِسْتَغْنٰی :بے نیاز ہونا...... عَنْہُ بِہٖ :اکتفا کرنا...... اللّٰہ :اللہ سے بے نیاز ہونے کی دعا کرنا۔

الغِنٰی والغِنْیَۃ والغُنْیَۃ والغُنْیَان :اکتفا۔ تونگری۔ مالداری۔ کہا جاتا ہے "مَالَہٗ عَنْہُ غِنیً وَغِنْیَۃٌ وَغُنْیَانٌ" یعنی اس کے لئے اس سے چارہ نہیں۔

الغِنٰی والغَنَاء :اکتفا تونگری۔ کہا جاتا ہے "لَا غِنٰی عَنْہُ" یعنی ضروری ہے۔

الغِنَاء عَنِ الصَّوْتِ :گیت۔سُر۔

الاُغْنِیَّۃ والاِغْنِیَّۃ والاُغْنِیَۃ والاِغْنِیَۃ : گیت۔سُر۔راگ۔ج اَغَانِیّ واَغَانٍ.

الغَنِیّ :اکتفا کرنے والا۔تونگر۔مالدار۔کہا جاتا ہے "ھُوَ غَنِیٌّ عَنْہُ" یعنی وہ اس سے بے نیاز ہے ج اَغْنِیَاء.

الغَانِی :فاعل غنی۔کہا جاتا ہے "رَجُلٌ غَانٍ عَنْ کَذَا" یعنی فلاں چیز سے بے نیاز ہے۔

الغَانِیَۃ :مؤنث غانی :وہ عورت جو حسن و جمال کی وجہ سے آرائش سے بے نیاز ہو۔ نکاح کرنے والی۔ج غَانِیَات وغَوَانٍ.

المَغْنٰی :منزل۔ج مَغَانٍ. کہا جاتا ہے "خَرِبَتْ مَبَانِیْھِمْ وَخَلَتْ مَغَانِیْھِمْ" یعنی ان کا شرف جاتا رہا اور ان کے مکان خالی ہوگئے۔ "وَمَالَہٗ عَنْہُ مَغْنٰی" یعنی اس کے لئے اس سے چارہ نہیں۔

غَھِبَ (س) غَھَبًا واَغْھَبَ. عَنْہُ :غافل ہونا۔بھولنا۔

اِغْتَھَبَ :تاریکی میں چلنا۔

الغَھَبُ :مص۔کہا جاتا ہے "اَصَابَ الصَّیْدَ غَھَبًا" یعنی شکار پر غفلت میں بلاقصد کے پہنچ گیا۔"قَتَلَہٗ غَھَبًا" اس کو بلاقصد کیا۔

الغَیْھَب :تاریکی۔بہت تاریک رات۔ بہت سیاہ گھوڑا۔غافل بے وقوف اور کمزور ج غَیَاھِب.

الغَیْھَبَان :تاریکی۔پیٹ۔

الغَیْھَبَۃ :مؤنث غیھب :لڑائی کا شور۔

غَاثَہٗ یَغُوْثُہٗ غَوْثًا واَغَاثَہٗ اِغَاثَۃً ومَغُوْثَۃً : اعانت کرنا۔مدد کرنا۔

غَوَّثَ. الرَّجُلُ: واغوثاہ :کہنا۔

اِسْتَغَاثَ الرَّجُلَ وبِہٖ :مدد طلب کرنا۔

الغَوْث والغُوَاث والغَوَاث :مدد۔

الغَوْث والغِیَاث والغَوِیْث :کھانے وغیرہ کی مدد۔

المَغَاوِث :پانی۔کہا گیا ہے کہ اس کے لئے مفرد نہیں۔

غَاجَ یَغُوْجُ غَوْجًا وتَغَوَّجَ. الغُصْنُ :ٹہنی کا جھکنا مڑنا۔تَغَوَّجَ الرَّجُلُ فِیْ مَشْیِہٖ :چال میں لچکنا۔

غَارَ یَغُوْرُ غَوْرًا :پستی کی طرف آنا۔

المَاءُ :گہرائی میں جانا۔صفت (غَائِر)

النَّھَارُ :سخت گرمی والا ہونا...... الرَّجُلُ : دوپہر میں سونا...... الشَّیْءَ او القَوْمَ :طلب کرنا۔کہا جاتا ہے "غُرْتُ فِیْ غَیْرِ مَغَار" بغیر مطلب کے میں نے طلب کیا۔

غَارَتْ تَغُوْرُ غَوْرًا وغُؤُوْرًا. عَیْنُہٗ :آنکھ کا دھنس جانا۔

غَوْرًا وغُؤُوْرًا وغِیَارًا. فِی الاَمْرِ :معاملہ میں باریک نظر سے دیکھنا...... فِی الشَّیْءِ: ...... داخل ہونا۔

غَارَتْ غِیَارًا وغُؤُوْرًا. الشَّمْسُ :آفتاب کا غروب ہونا۔

غَارَلَھُمُ اللّٰہُ غِیَارًا وغَارَھُمْ :رزق وغیرہ سے اعانت کرنا۔

غَوَّرَ :پستی کی طرف آنا...... المَاءُ :زمین میں اُترنا...... الرَّجُلُ :دوپہر میں چلنا یا نازل ہونا یا سونا...... القَوْمَ :قوم کو شکست دینا ...... غَوَّرَتِ الشَّمْسُ او النُّجُوْمُ :غروب ہونا ڈوبنا۔کہا جاتا ہے غَوَّرَ النَّھَارُ :جبکہ دن ڈھل جائے۔

اَغَارَ اِغَارَۃً :چلنے میں جلدی کرنا۔پستی کی طرف آنا۔سفر کرنا...... الحَبْلَ :رسی کو مضبوط بٹنا۔

اَغَارَ اِغَارَۃً وغَارَۃً ومَغَارًا. عَلَیْھِمْ :لوٹ ڈالنا...... الفَرَسُ :تیز دوڑنا...... بِھِمْ والَیْھِمْ :مدد دینے کے لئے آنا۔

غَاوَرَ مُغَاوَرَۃً. العَدُوَّ :دشمن پر لوٹ ڈالنا ...... بعض کا بعض پر لوٹ ڈالنا۔

تَغَوَّرَ :پستی کی طرف آنا...... طَاھِرُ العَیْنِ : دھنس جانا۔

تَغَاوَرَ. القَوْمُ :بعض کا بعض پر لوٹ ڈالنا۔

اِغْتَارَ اِغْتِیَارًا :نفع اٹھانا۔غلہ حاصل کرنا۔

اِسْتَغَارَ. عَلَیْھِمْ :لوٹ ڈالنا...... الرَّجُلُ : پست زمین میں اترنے کا ارادہ کرنا۔موٹا ہونا...... الجُرْحُ :زخم کا سوجنا۔

اِسْتَغْوَرَہٗ اِسْتِغْوَارًا :غلہ مانگنا۔

الغَار :غارج اَغْوَار وغِیْرَان :ایک قسم کا درخت واحد (غَارَۃ) غبار۔بڑا لشکر۔انگور کے پتے۔غیرت۔تھوڑی کا گڑھا۔

الغَارَان :ہڈیاں جن میں آنکھیں ہیں اوپر نیچے کے تالو۔

الغَارَۃ :مص۔لوٹ۔اسم ہے اغارۃ :کاج

غَارَات :تیز رفتار غارت ڈالنے والا گھوڑا۔ کہا جاتا ہے "حَبْلٌ شَدِیْدُ الغَارَۃ: مضبوط بٹی ہوئی رسی و "شَنَّ الغَارَۃَ عَلَیْھِمْ" گھوڑوں کو متفرق کردیا اور ہر طرف سے ان پر لوٹ پڑا۔

الغَوْر :مص۔پست زمین۔نیچے اترا ہوا پانی۔گڑھا۔غار۔کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَعِیْدُ الغَوْرِ" فلاں نہایت باریک بین ہے۔ و "غَرَفْتُ غَوْرَ المَسْاَلَۃِ" مسئلہ کی حقیقت میں نے جان لی۔

الغَائِرَۃ :مؤنث غائر دوپہر :دوپہر کا سونا۔

الغَوْرَۃ :آفتاب۔قیلولہ۔

الغُوْر :خون بہا۔

الغَوْرِیّ :ہر چیز کا گڑھا۔

المَغَار والمُغَار والمَغَارَۃ والمُغَارَۃ :غارٗ لوٹ ج مَغَاوِرُ ومَغَارَات......

المُغَار :لوٹ کی جگہ۔

المِغْوَار والمُغَاوِر. مِنَ الرِّجَالِ :بہت لوٹ ڈالنے والا۔فَرَسٌ مِغْوَارٌ :تیز رفتار

کھوڑنا۔
غَازَهُ يَغُوزُهُ غَوْزًا : قصد کرنا۔ ارادہ کرنا۔
الغَاز : گیس۔ ج غَازَات۔
غَاصَ يَغُوصُ غَوْصًا وغِيَاصًا وغِيَاصَةً ومَغَاصًا. فِي الْمَاءِ : پانی میں غوطہ لگانا۔ صفت (غَائِص) ج غُوَّاص وغَاصَة۔
غَاصَ عَلَى الشَّيْءِ : اچانک آ جانا۔ عَلَى المَعَانِي : معانی کی حقیقت تک پہنچنا۔
غَوَّصَهُ : غوطہ لگوانا۔
الغَوَّاص : بہت غوطہ لگانے والا۔ وہ شخص جو موتی وغیرہ کے لئے غوطہ خوری کرتا ہے اور اس فن کا نام "الغِيَاصَة" ہے۔ ایک پرندہ جو غوطہ لگاتا رہتا ہے۔
الغَوَّاصَة. غواص : کا مؤنث۔ آبدوز کشتی۔
المَغَاص : مص۔ غوطہ لگانے کی جگہ۔ پنڈلی کے اوپر کا حصہ۔
غَاطَ يَغُوطُ غَوْطًا. الحُفْرَةَ : گڑھا کھودنا۔ فِيهِ : داخل ہونا۔ گھسنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا رَمْلٌ تَغُوطُ فِيهِ الأَقْدَام : یہ ایسی ریت ہے جس میں پاؤں گھس جاتے ہیں۔ فِي الْمَاءِ : پانی میں غوطہ لگانا۔
غَوَّطَ. البِئْرَ : کنواں گہرا کھودنا۔ الطَّعَامَ : بڑے بڑے لقمے نگلنا۔
تَغَوَّطَ : پاخانہ کرنا۔ کہا جاتا ہے تَغَوَّطَ وبَالَ : پیشاب یا پاخانہ کیا۔
تَغَاوَطَا. فِي الْمَاءِ : ایک دوسرے کو غوطہ دینا۔
اِنْغَاطَ. العُودُ : لکڑی کا مڑنا۔
الغَائِط : فا۔ پاخانہ۔ پاخانہ کرنے کی جگہ۔ پست زمین۔
الغَوْط والغَاط والغَوْطَة : پست زمین۔ ج غُوط وأَغْوَاط وغِيَاط وغِيطَان. الغَاط : جماعت۔
الغُوطَة : شام میں ایک جگہ کا نام ہے جہاں پانی اور درخت بہت ہیں۔ اس کو غوطہ دمشق بھی کہتے ہیں۔

بِئْرٌ (غَوِيطٌ) بہت گہرا کنواں۔
الغَاغ : پودینہ۔ واحد (غَاغَة)
الغَاغَة : بہت سے مختلف لوگ۔
الغَوَافَة : امریکی علاقے کا ایک درخت۔
الغَوْغَاء : ٹڈی جو اڑنے کے لئے تیار ہو یا جس کے پر نکل آئے ہوں۔ بہت سے مختلف لوگ۔ نیچے طبقے کے لوگ۔ فسادی لوگ۔
غَالَهُ يَغُولُهُ غَوْلًا واغْتَالَهُ : ہلاک کرنا۔ اچانک پکڑ لینا۔ غَالَتْهُ الخَمْرُ : شراب کا مست کر دینا۔
غَاوَلَ مُغَاوَلَةً : جلدی چلنا۔
تَغَاوَلَا : ایک دوسرے پر سبقت کرنا۔
تَغَوَّلَ. الأَمْرُ : ابتر ہونا۔ تَغَوَّلَتِ الْمَرْأَةُ : رنگ برنگ ہونا۔ تَغَوَّلَتْهُمُ الْغِيلَان : بے راہ کر دینا...... الأَرْضُ بِفُلَانٍ : ہلاک کر دینا اور بے راہ کر دینا۔
الغَوْل : مص۔ درد سر۔ مدہوشی۔ جنگل کی دوری۔ مشقت۔ پست زمین۔ بہت مٹی۔
الغُول : مصیبت۔ ہلاکت۔ چھلاوہ ج اغوال وغیلان : سانپ۔ ہر وہ چیز جس سے عقل زائل ہو جائے۔ جادوگر اور جن جو مختلف رنگ بدلیں۔ موت۔ ج أَغْوَال۔
الغَيْلَة : اسم ہے اِغْتِيَال کا۔
الغَائِلَة : مؤنث غَائِل : مصیبت۔ فساد۔ ہلاکت۔ برائی ج غَوَائِل۔
الأَغْوَل. مِنَ العَيْشِ : آسودہ زندگی۔
المِغْوَل : ہلاک کرنے کا آلہ۔ لمبا پیکار۔ گپتی۔
المَغَالَة : ہلاکت۔
غَوَى يَغْوِي وغَيًّا وغَوِيَ يَغْوَى غَوَايَةً : گمراہ ہونا۔ محروم ہونا۔ ہلاک ہونا۔
وغَوَّى وأَغْوَى. الرَّجُلَ. گمراہ کرنا۔
غَوِيَ يَغْوَى وغَوَى يَغْوِي غَوًى الفَصِيلُ : اونٹ کے بچے کو بدہضمی ہونا اور لاغر ہو کر قریب ہلاکت ہونا۔ صفت (غَوٍ)
تَغَاوَى : بے تکلف گمراہ بننا۔ بتکلف جاہل بننا...... القَوْمُ عَلَيْهِ : قتل کرنے کے لئے ایک

دوسرے کی مدد کرنا۔
اِنْغَوَى. الرَّجُلُ : گرنا اور جھکنا۔
اِسْتَغْوَى. الرَّجُلَ : گمراہ کرنا۔ کہا جاتا ہے بِتُّ (غَوًى وغَوِيًّا ومُغْوِيًا ومَغْوِيًّا ومَغْوَيًا) یعنی میں نے تمہارات بسر کی۔
الغَيَّة والغِيَّة : گمراہی۔ کہا جاتا ہے "إِنَّهُ وَلَدُ غَيَّةٍ" یعنی ولد الزنا ہے۔
الغَاوِي : فا ج غَاوُونَ وغُوَاة. رَأْسٌ غَاوٍ : چھوٹا سر یا بہت پھرنے والا سر۔
والغَوَى والغَوِيّ والغَيَّان : گمراہ۔ خواہشات کا غلام۔
الغَاوِيَة : مؤنث غَاوِي : مشک جس میں پانی ہو۔
الأُغْوِيَّة : مصیبت۔ ہلاکت۔ درندوں کے شکار کے لئے گڑھا۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ النَّاسُ فِي أُغْوِيَّة ج أَغَاوِي۔
المَغْوَاة : گمراہی کی جگہ۔ ج مَغَاوٍ۔
المُغَوَّاة : گمراہی کی جگہ ج مُغَوَّيَات۔
غَابَ يَغِيبُ غَيْبًا وغَيْبَةً وغِيَابًا وغُيُوبًا ومَغِيبًا. عَنْهُ : غائب ہونا۔ دور ہونا۔ جدا ہونا۔
غَابَتِ الشَّمْسُ غِيَابًا وغَيْبُوبَةً : آفتاب کا غروب ہونا...... الشَّيْءُ عَنْ فُلَانٍ : پوشیدہ ہونا...... عَنْ بِلَادِهِ : سفر کرنا۔
غَابَ يَغِيبُ غِيَابًا وغَيَابًا وغَيْبَةً وغِيَابَةً وغَيْبُوبَةً الشَّيْءُ فِي الشَّيْءِ : چھپ جانا۔
غَابَهُ غَيْبَةً واغْتَابَهُ واغْتِيَابًا : غیبت کرنا۔ پیٹھ پیچھے بدگوئی کرنا۔
غَيَّبَهُ : دور کرنا۔ کہا جاتا ہے غَيَّبَهُ غَيَابُهُ : یعنی وہ اپنی قبر میں دفن کیا گیا۔
أَغَابَتِ. المَرْأَةُ : غائب شوہر والی ہونا۔ صفت (مُغِيب ومُغِيبَة ومُغْيِب)
غَايَبَهُ مُغَايَبَةً : پیٹھ پیچھے بات کہنا۔ تم کہتے ہو "أَنَا مَعَكُمْ لَا أُغَايِبُكُمْ" میں تمہارے ساتھ ہوں تمہاری پیٹھ پیچھے بات نہیں کروں گا۔
تَغَيَّبَ. عَنْهُ : غائب ہونا۔
تَغَايَبَ. القَوْمُ : غائب ہونا۔

الغَیب : مص۔ شک۔ ہر وہ چیز جو تم سے غایب ہو۔ بھید۔ پست زمین۔ ج غِیَاب وغُیُوب : کہا جاتا ہے "سَمِعْتُ صَوْتًا مِنْ وَرَاءِ الغَیبِ" یعنی میں نے آواز ایسی جگہ سے سنی جس کو میں دیکھتا نہیں۔

الغَیبَۃ والغَیَابَۃ : پست زمین۔ قبر۔ الغَیَابَۃُ مِنْ کُلِّ شَیءٍ : پردہ..... مِنَ الوَادِی او الجُبِّ : وادی یا کنوئیں کی گہرائی۔

الغِیبَۃ : پیٹھ پیچھے کی بدگوئی۔

الغَائِب : فا۔ ج غَیَب وغُیَّب وغُیَّاب وغَائِبُوْن. غَائِبُکَ : جو چیز تم سے غائب ہو۔

الغَابَۃ : بانس کی جھاڑی۔ پست زمین۔ لوگوں کی جماعت۔ لمبا نیزہ۔ ج غَاب وغَابَات وغَابَۃُ البَحرِ : سمندری کیڑوں کا متحجر درخت۔

الغَیَاب : مص۔ قبر۔ غَیَاب الشَجَر وغَیَابَۃ: درخت کی جڑیں۔

الغَیُوب والغَیَّاب : غائب کا اسم مبالغہ۔

الغَیْبُوبَۃ : غروب۔ کہا جاتا ہے "لَقِیتُہُ عند غَیْبُوبَۃِ الشَّمسِ" میں نے اس سے آفتاب کے غروب کے وقت ملاقات کی۔

غَاثَ یَغِیثُ غَیثًا. اللّٰہُ البِلَادَ : برسانا۔ غَاثَ الغَیثُ الاَرضَ : بارش کا زمین پر برسنا۔

غِیثَتِ. الاَرضُ : زمین کا سیراب ہونا۔ صفت (مَغِیثَۃ ومَغیُوثَۃ) غَاثَ النُّورُ: روشن ہونا۔

تَغَیَّثَ. البَعِیرُ : اونٹ کا موٹا ہونا۔

الغَیث : بارش۔ گھاس جو بارش کی وجہ سے اُگے۔ کہا جاتا ہے "رَعَینَا الغَیثَ" اور بسا اوقات بادل کو بھی غیث کہتے ہیں۔ ج غُیُوث واَغیَاث اور کہا جاتا ہے غیث مغیث عام بارش۔ سَحَابٌ (غَیِّثٌ) موسلادھار بارش کا بادل اور کہا جاتا ہے "بِئرٌ ذَاتُ غَیِّثٍ" بہت پانی والا کنواں۔

غَیِدَ یَغیَدُ غَیَدًا. الغُلَامُ : لڑکے کا جھکی ہوئی گردن والا ہونا۔ نرم کندھوں والا ہونا۔ صفت مذکر (اَغیَد) صفت مؤنث (غَیدَاءُ) ج غِید۔

تَغَایَدَ. فِی مَشیَتِہِ : نزاکت کی وجہ سے چلنے میں جھکنا۔

الغَیَد : مص۔ نزاکت۔

الاَغیَد : نرم ونازک پودہ۔ مکان اغید : بہت پودہ والی جگہ۔

الغَادَۃ : نرم ونازک بدن عورت۔ تروتازہ شاخ۔ ج غَادَات.

غَیدَانُ الشَّبَاب : اول جوانی۔

غِیدِ غِیدِ : مکرر مستعمل ہے اور مبنی علی الکسر ہے اور اسم فعل بمعنی امر ہے یعنی جلدی کرو جلدی کرو۔

غَیدَق. المَطَرُ : بارش کا بہت ہونا۔

الغَیدَق : مص۔ بہت پانی۔

الغَیدَاق : سرسبز۔ فیاض۔

والغَیدَق والغَیدَقَان : نرم ونازک۔ غَارَ یَغَارُ غَیرَۃً وغَیرًا وغَارًا. الرَّجُلُ عَلٰی اِمرَاَتِہِ مِن فُلَانٍ وھِیَ عَلَیہِ مِن فُلَانَۃَ : غیرت کھانا۔ صفت (غَیرَان وغَیُور ومِغیَار) مؤنث (غَیُور وغَیرَی) ج غَیَارَی وغُیَارَی وغُیُر ومَغَایِیرُ اور اسم الغَیرۃ.

غَارَہُ یَغِیرُہُ غِیَارًا : نفع دینا۔ کہا جاتا ہے "غَارَہُ بِخَیرٍ" یعنی اس کو خیر کا نفع دیا۔ وغَارَھُمُ اللّٰہُ بِمَطَرٍ" یعنی اللہ نے ان کو بارش سے سیراب کیا۔

غَارَہُ یَغِیرُہُ غَیرًا وغِیَرَۃً : خون بہا دینا۔

غَیَّرَ الشَّیءَ : بدل دینا۔ تغیر کر دینا۔

غَایَرَہ غِیَارًا ومُغَایَرَۃً : تبادلہ کرنا۔ مخالفت کرنا۔ خرید وفروخت میں مقابلہ کرنا۔ غیر ہونا۔ مغایرت برتنا۔

اَغَارَہُ اِغَارَۃً : غیرت پر برانگیختہ کرنا۔ ..... الرَّجُلُ اِمرَاَۃً : مرد کا دوسرا نکاح کر کے پہلی بیوی کو غیرت میں ڈالنا۔

تَغَیَّرَ : بدل جانا..... عَلٰی اِمرَاَتِہِ: بیوی پر غیرت آنا۔

تَغَایَرَ. الزَّوجَان : ایک دوسرے پر غیرت کرنا۔

تَغَایَرتِ الاَشیَاءُ : چیزوں کا مختلف ہونا۔

اِغتَارَ اِغتِیَارًا. الرَّجُلُ: غلہ مہیا کرنا۔

الغَیر : مص اسم ہے غَیَّرَ : سے کہا جاتا ہے "مَن یَکفُر بِاللّٰہِ یَلقَی الغِیَرَ" یعنی جو شخص کفر باللہ کرے گا وہ متغیر الحال ہوگا کہ صلاح سے فساد کی جانب پہنچ جائے گا۔ بَنَاتُ غَیرٍ : جھوٹ اور باطل باتیں اور (غَیر) کا لفظ سوی کے معنی میں آتا ہے ج اَغیَار اور لا کے معنی میں بھی اور بوجہ حالیت کے منصوب ہوتا ہے۔ جیسے "فَمَنِ اضْطُرَّ غَیرَ بَاغٍ وَلَا عَادٍ" بمعنی لا باغیًا...... : اور الا کے معنی میں بھی۔ پس اسم لازم الاضافہ ہوتا ہے لفظوں میں مقطوع عن الاضافۃ بھی ہوتا ہے اگر معنی سمجھ میں آسکے اور اس سے پہلے لَیسَ یا لا ہو اور اضافت کے رفع اور نصب جائز ہے اور حذف مضاف الیہ کے وقت حالت رفع اور ضمہ نصب اور فتحہ بھی جائز ہے۔ کہو گے "قَبَضتُ عَشرَۃً لَیسَ غَیرُھا ولَیسَ غَیرَھا ولَیسَ غَیرٌ ولَیسَ غَیرُ ولَیسَ غَیرًا ولَیسَ غَیرَ" بمعنی لَیسَ اِلَّا اور کہا جاتا ہے "فَعَلَہُ غَیرَ مَرَّۃٍ" یعنی ایک سے زائد مرتبہ کیا۔

الغِیَرَۃ : خون بہا۔ غلہ کا ذخیرہ۔ نخوت اسم ہے۔ غَارَ کا ج غِیَر.

غِیَرُ. الدَّھرِ : زمانے کا حوادث۔

الغَیرِیَّۃ : عینیت کے خلاف۔ ہر دو شی میں سے ایک کا دوسرے کے خلاف ہونا۔

المَغِیر والمَغیُور : سیراب شدہ مقامات۔ کہا جاتا ہے "مَکَانٌ مَغِیرٌ ومَغیُور واَرضٌ مَغِیرَۃٌ ومَغیُورَۃ".

غَاضَ یَغِیضُ غَیضًا ومَغَاضًا وتَغَیَّضَ وانغَاضَ : پانی کا کم ہونا۔ نیچے اُتر جانا...... الثَّمَنُ : قیمت گھٹنا۔

غَاضَ وغَیَّضَ واَغَاضَ المَاءَ او الثَّمَنَ : پانی یا قیمت کم کرنا۔ دَمعَہُ : آنسو روکنا۔

الغَیض : مص۔ ناتمام بچہ۔ قلیل۔

الغَیضَۃ : ایک مرتبہ کم کرنا۔ جھاڑی۔ پانی کی جگہ میں بہت درخت۔ ج غِیَاض واَغیَاض وغَیضَات.

المَغِیض : پانی کے جمع ہونے کی جگہ۔ ج مَغَایِض کہا جاتا ہے "مَاءٌ مَغِیضٌ" یعنی وہ پانی جو جمع ہونے کی جگہ تک جاری ہو۔

غَاطَ یَغِیطُ غَیطًا. فِیہِ : داخل ہونا۔

المُغَایَطَۃ : خصومت۔ کہا جاتا ہے "بَینَھُم مُغَایَطَۃٌ" یعنی ان کے درمیان خصومت ہے۔

الغَیط : باغ۔

غَاظَهُ يَغِيظُهُ غَيْظًا وَغَيَّظَهُ وَاَغَاظَهُ وَغَايَظَهُ :غصہ دلانا۔ غصہ پر برانگیختہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "غَايَظَ صَاحِبَهُ فِي الْعَمَلِ" مقابلہ کرنا۔

تَـغَـيَّـظَ. الـحَـرُّ :سخت گرمی ہونا(...... واِغْتَاظَ) غضبناک ہونا۔

الغَيْظ :مص۔ غضب یا سخت غضب۔

الغِيَاظ :غم۔ مشقت۔

المَغِيظ :ناراض۔ رنجیدہ۔

غَـافَـتْ تَـغِيفُ غَيَفَانًا وَاَغْيَفَتْ وَتَغَيَّفَتْ الشَّـجَـرَةُ :دائیں بائیں جھکی ہوئی شاخوں والا ہونا۔ صفت(غَـيْـفَـاء) (غَيْفَ) بھاگنا۔ بزدل ہونا(...... وَتَغَيَّفَ) عَنِ الاَمْرِ :انکار کرنا۔ اعراض کرنا۔ ہٹنا۔

اَغَافَ. الغُصْن :ٹہنی کو جھکانا۔

الـغَـاف :ایک درخت ہے جس کا پھل بہت میٹھا ہوتا ہے واحد غَافَةٌ ہے۔

الغَيْف :پرندوں کا جھنڈ۔

الاَغْيَف :نازک بدن۔ کہا جاتا ہے "عَيْشٌ اَغْيَفُ" یعنی آسودہ و خوش حال زندگی۔ مؤنث غيفاء شجرة غيفاء :جھکی ہوئی ڈالیوں والا درخت۔

الغَيَّاف :بہت بڑی لمبی داڑھی والا۔

الغَيْفَان والغَيَّفَان :متکبرانہ چال۔

غَيَّقَ. المَال :بگاڑنا، فاسد کرنا...... فِي رَأْيِهِ :غیر مستقل مزاج ہونا...... الطَّائِر :اپنی جگہ پر پھڑپھڑانا...... بَصَرَه :نگاہ کو پھیرنا۔

تَغَيَّقَتِ. العَيْنُ :آنکھ کا تاریک ہونا۔

غَـــاق :مبنی علی الکسر۔ کوے کی آواز کی حکایت اگر نکرہ کیا جائے تو (غاقٍ) تنوین سے کہا جاتا ہے۔

الغَاق :کوا(...... والـغَـاقَة) ایک آبی پرندہ ہے جس کو غواص اور غُـرَابُ الـمَـاء بھی کہتے ہیں۔

غَـالَـتْ تَـغِيلُ غَيْلاً وَاَغَالَتْ اِغَالَةً الْمَرْاَةُ وَلَـدَهَـا :بچے کو بحالت حمل دودھ پلانا۔ صفت(غَائِلَةٌ ومُغِيلٌ ومُغْيِلٌ)

غَالَهُ يَغِيلُهُ غِيَالاً وَغِيَالَةً وَغُئُولاً :چرانا۔

اَغْيَلَـتْ اِغْيَـالاً. الـمَرْاَةُ وَلَدَهَـا :بچے کو بحالت حمل دودھ پلانا...... الشَّجَرَةُ :درخت کا بڑا اور گھنا ہونا...... الـغَـنَـمُ :بکری کا سال میں دو مرتبہ بچہ جننا۔

تَغَيَّلَ. القَوْمُ :کثیر المال ہونا۔

تَـغَيَّلَتْ وَاسْتَغْيَلَتْ. الشَّجَرَةُ :درخت کا گھنی ٹہنیوں والا ہونا۔ صفت(مِغْيَال)

اِغْتَالَ اِغْتِيَالاً. الغُلَامُ :موٹا تازہ ہونا۔

الـغَـيْـل :حالت حمل کا دودھ۔ موٹا تازہ لڑکا۔ مؤنث غَيْـلَـة :زمین پر بہتا ہوا پانی۔ وادی جس میں چشمے جاری ہوں۔ دور کی چیز جو نزدیک دکھائی دے۔

الـغِيل :جھاڑی۔ گنجان درخت۔ وادی جس میں پانی ہو۔ شیر کی مانند ج اَغْيَال وغُيُول.

الغِيلَة :دھوکا۔ غفلت سے مار ڈالنا۔ حمل میں دودھ پلانا۔ کہا جاتا ہے "قَتَلَهُ غِيلَةً" دھوکے سے مار ڈالا۔

الـغَائِلَة :شر۔ باطنی کینہ۔ حوض میں شگاف۔ ج غَوَائِل. الغَوَائِل :مصیبتیں۔

المَغَالَة :بدی۔ برائی۔

الاَغْيَل :پُر گوشت۔

الغَيَّال :اسم مبالغہ۔ شیر اس وجہ سے کہ غِيل یعنی جھاڑی میں رہتا ہے۔

المُغْيَال :گھنا سایہ دار درخت۔

غَـامَـتْ تَـغِيمُ غَـيْـمًـا وَغَيَّمَتْ وَاَغَامَتْ اِغَـامَةً وَاَغْيَمَتْ اِغْيَامًا وَتَغَيَّمَتِ الـسَّـمَاءُ :بادل والا ہونا۔ غَـامَ الـبَـعِيرُ :اونٹ کا پیاسا ہونا۔ صفت(غَـيْـمَـان) مؤنث (غَـيْـمَـى)

اَغْيَمَ الْقَوْمُ :پیاسا ہونا اَغْيَمُوا فِي الْمَكَانِ :اقامت کرنا۔

غِيمَ. البعير :اونٹ کا پیاسا ہونا۔

الـغَـيْـم :مص۔ بادل ج غُيُوم واحد(غَـيْـمَـةٌ) پیاس۔ اونٹ کی ایک بیماری جس سے پیاس لگتی ہو۔

يَوْمٌ (غَيُوْمٌ) بدلی کا دن۔

غَانَ يَغِينُ غَيْنًا :پیاسا ہونا۔

غَـانَـتْ. نَفْسُهُ :متلانا۔ غَـانَـتْ وَغِينَتِ الـسَّـمَاءُ :آسمان پر بادل گھر آنا۔

غِينَ وَاُغِينَ. عَلَى قَلْبِهِ :خواہشات کا غالب ہونا۔

اَغَانَ السَّحَابُ السَّمَاءَ :بادل گھر آنا۔

غَيَّنَ. غَيْنًا :حرف غ لکھنا۔

الغَيْن :مص۔ حروف تہجی کا ایک حرف۔ بادل۔

الغَيْنَة :بلا پانی کے گھنے درخت۔

الغِينَة :پیپ مُردار سے جوشے جھاڑی۔

الاَغْيَن. مِنَ الشَّجَرِ والنَّبَات :سرسبز اور لمبا۔ مؤنث غَيْنَاء ج غِين.

الغَيْهَم :تاریکی۔

غَيَّا تَغْيِيَةً وَاَغْيَا اِغْيَاءً. الغَايَةَ اي الرَّايَةَ :جھنڈا گاڑنا۔ غَـيَّـا الـقَـوْم :جھنڈا گاڑنا...... الطَّيْرُ عَلَى الشَّيْءِ :پرندہ کا پھڑپھڑانا۔

اَغْيَـا الـسَّـحَـابُ :بادل کا ایک جگہ پر ٹھہر جانا۔ اَغْيَـا الـرَّجُـلُ :شرافت یا معاملہ میں انتہا کو پہنچنا...... الفَرَسُ فِي مُسَابَقِهِ :گھوڑے کا حد مقررہ پر پہنچنا۔

غَـايَـا مُغَايَاةً. القَوْمُ فِي رَاسِهِ بِالسُّيُوفِ :کسی کے سر پر تلواروں کا بلند کرنا۔

تَـغَـايَـتْ. الطَّيْرُ عَلَى الشَّيْءِ :پرندہ کا منڈلانا۔ کہا جاتا ہے "تَـغَـايَوْا عَلَيْهِ حَتَّى قَـتَـلُـوْهُ" یعنی ایک دوسرے کی اعانت کی یہاں تک کہ قتل کر دیا۔

الـغَـايَةُ :مدت۔ جھنڈا۔ نتیجہ ج غَـايَـات وغَايٌ : اور نسبت کیلئے (غَائِيٌّ) اور کہا جاتا ہے "غَـايَتُكَ اَنْ تَفْعَلَ كَذَا" یعنی تمہاری انتہائی طاقت ہے کہ تم ایسا کرو۔ والغَايَةُ :پھڑپھڑانے والا پرندہ۔ چڑیوں کے پھنسانے کی لے۔ کہا جاتا ہے "اَنْتَ بَعِيدُ الغَايَةِ" یعنی تمہاری رائے درست ہے۔

الـغَيَايَةُ :آفتاب کی شعاع کی روشنی، کنوئیں کی گہرائی۔ ہر وہ چیز جو انسان پر سایہ انداز ہو۔ جیسے بادل، گرد و غبار وغیرہ۔ ج غَيَايَات.

الغَيَّة. غوى :کا مادہ دیکھئے۔

الغيرديا :چوڑے پھولوں والا نالنارنگ کے پتے والا پودا۔

الـمُغَيَّا :جس کے لئے غایت مقرر کی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "الغَايَةُ لَا تَدْخُلُ فِي الْمُغَيَّا" یعنی حد محدود میں داخل نہیں۔

ف

ف : اَلْفَاءُ : بیسواں حرف بنیادی حروف میں سے۔ شفوی حروف (ہونٹوں کے ملنے سے ادا ہونے والے الفاظ)۔
الفَاء: یہ حرف کئی معنوں میں مستعمل ہے۔
(۱) ترتیب جیسے قَامَ زَیْدٌ فَعَمْرٌو.
(۲) تعقیب: جیسے حَبَسَ زَیْدًا فَقَتَلَهُ.
(۳) سَبَبِیَّتْ: جیسے ضَرَبَ زَیْدًا فَمَاتَ.
(۴) رابطہ۔ جواب شرط میں جیسے اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَنِیْ فَاحْفَظُوْا وَصَایَایَ : شبہ جوابِ شرط میں جیسے اَلَّذِیْ یَاتِیْنِیْ فَلَهُ دِرْهَمٌ.
(۵) ناصبہ مضارع کے لئے بتقدیرِ اَنْ جیسے زُرْنِیْ فَاُکْرِمَکَ.
(۶) استئناف کے لئے جیسے یَقُوْلُ کُنْ فَیَکُوْنُ.
(۷) زائدہ جیسے زَیْدٌ فَلَا تَضْرِبْهُ. خَرَجْتُ فَاِذَ الْاَسَدُ فِیْ الدَّارِ. وَلَمَّا قُمْتَ فَقُمْنَا.
اِفْتَأَتَ. بِرَأْیِهٖ: رائے میں منفرد ہونا۔ اکیلا ہونا......عَلَی البَاطِلِ: گھڑ لینا۔
اُفْتِئَتَ: اچانک مرجانا۔
فَأَدَهُ (ف) فَأْدًا: دل پر مارنا۔ دِل پر لگنا۔
فَأَدَ الخوف فُلَانًا: بزدل بنانا......اللَّحْمَ فِی النَّارِ: گوشت بھوننا......الخُبْزَ: روٹی کو بھوبھل میں ڈالنا۔
فُئِدَ فَأْدًا وفَئِدَ (س) فَأَدًا: دل کی بیماری والا ہونا۔
اِفْتَأَدَ الرَّجُلُ: بھوننے کے لئے آگ جلانا۔
اللَّحْمَ فِی النَّارِ: گوشت بھوننا۔

تَفَأَّدَتْ. النَّارُ: آگ کا جلنا۔
الفُؤَاد: دل۔ بسا اوقات عقل پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ ج اَفْئِدَةٌ.
الفَئِیْد: آگ۔ بھنا ہوا۔ بزدل۔
الاُفْـــؤُود: بھوبھل کی پکی ہوئی روٹی۔ بھوبھل میں روٹی رکھنے کی جگہ۔ ج اَفَائِیْد.
المُفْتَأَد: آگ جلنے کی جگہ۔
المِفْأَد والمِفْآد والمِفْأَدَة: آگ کریدنے کا لوہا یا لکڑی۔ جج۔ مَفَائِد ومَفَائِیْد.
المَـفْـؤُوْد: دل کی بیماری والا۔ بزدل۔ بھوبھل کی پکی ہوئی روٹی۔ بھنا ہوا۔
فَأَرَ (ف) فَأْرًا. التُّرَابَ: مٹی کھودنا۔
......الشَّیْءَ: دفن کرنا۔ چھپانا۔
فَئِرَ (س) فَأَرًا. المَکَانُ: بہت چوہے والا ہونا۔
الفَأْر: مص۔ چوہا۔ ج فِئْرَانٌ وفِئَرَةٌ: واحد (اَلْفَأْرَةُ) مذکر ومؤنث دونوں کے لئے۔
الفَأْرَة: مشک کا نافہ۔
مَکَانٌ (فَئِرٌ) واَرْضٌ (فَئِرَةٌ ومَفْأَرَةٌ) بہت چوہوں والا مکان۔ بہت چوہوں والی زمین۔
فَأَسَ (ف) فَأْسًا. الخَشَبَةَ: لکڑی کو کلہاڑی سے پھاڑنا......الرَّجُلَ: کلہاڑی سے مارنا۔ سر کے پچھلے حصہ پر لگنا۔
الفَأْسُ: مص۔ کلہاڑی۔ کبھی بغیر ہمزہ کے بولا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے (فَاسٌ) اور یہ مؤنث سماعی ہے ج اَفْؤُس و فُؤُوْس فَأْسُ الرَّاسِ: سر کے پچھلے حصہ کی اُبھری ہوئی

ہڈی۔ فَأْسُ الفَمِ: منہ کا وہ کنارا جس میں دانت ہیں۔ فَأْسُ اللِّجَامِ: لگام کا وہ لوہا جو گھوڑے کے منہ میں ہوتا ہے۔
فَأْفَأَ فَأْفَأَةً. الرَّجُلُ: حرف فا اکثر بولنا۔ صفت (فَأْفَاءٌ وفَأْفَأ)
فَأَقَ (ف) فُؤَاقًا ہچکی آنا۔
فَأَّلَهُ تَفْئِیْلًا. بِالشَّیْءِ: فال لینا۔
تَفَأَّلَ وَتَفَاءَلَ واِفْتَأَلَ بِهٖ: اچھا شگون لینا۔
الفَأْل: نیک شگون۔ جیسے مریض کسی کو یَا سَالِمُ کہتے ہوئے سنے تو اس سے یہ سمجھے کہ صحت ہو جائے گی۔ کہا جاتا ہے "لَا فَأْلَ عَلَیْکَ" یعنی تیرے اوپر کوئی ضرر نہیں۔ ج فُــؤُوْل واَفْؤُل.
فَأَمَ (ف) فَـأْمًـا. مِنَ المَاءِ: پانی سے سیراب ہونا۔
فَأَمَ وفَئِمَ فَأْمًا وتَفَأَّمَ. البَعِیْرُ: گھاس سے منہ بھرنا۔
فَأَمَ واَفْأَمَ. القَتَبَ: پالان کو وسیع کرنا۔ اَفْأَمَ الدَّلْوَ: ڈول بھرنا۔
الفِئَام: لوگوں کی جماعت اور اس لفظ سے واحد نہیں ج فُؤُوْم کہا جاتا ہے فَـطَّعُوْهُ (فُؤُوْمًا) یعنی ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے۔
فَأَی یَفْأَیْ فَأْوًا وفَأْیًا. رَأْسَ فُلَانٍ: کسی کے سر کو تلوار سے پھاڑ دینا۔
اَفْأَی: تنگ وادی میں پڑنا۔
تَفَأَّی. القَدَحُ: پیالہ کا پھٹنا۔
اِنْفَأَیٰ: کھلنا......الشَّیْءُ: پھٹنا۔
الـفَـــأْو: مص۔ دو پہاڑوں کے درمیان

شگاف۔ وادی میں تنگ جگہ۔ چٹنی جگہ۔ ریت کا تودہ۔ رات۔ آفتاب غروب ہونے کی جگہ۔ پہاڑوں کے درمیان عمدہ زمین۔

الفِئَة: جماعت۔ گروہ ج فِئَات وفِئُون.

فَتَّ (ن) فَتًّا وفَتَّتَ. الشَّیْءَ: انگلیوں سے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔ کہا جاتا ہے "فَتَّ فِيْ سَاعِدِهٖ" یعنی اس نے اس کو کمزور کر دیا۔ "فَتَّ فِيْ عَضُدِهٖ" یعنی اس کی قوت توڑ دی اور اس کے اعوان و انصار کو متفرق کر دیا۔

انْفَتَّ وتَفَتَّتَ: ٹوٹنا۔

الفَتّ: مص۔ پتھر میں پھٹن۔ کہا جاتا ہے "هُمْ اَهلُ بَيْتٍ فَتٍّ وفِتٍّ وفُتٍّ" یعنی وہ لوگ منتشر ہیں۔

الفَتَّة الفُتَّة: خشک مینگنیاں جو توڑی جائیں اور چقماق کے نیچے رکھ کر آگ روشن کی جائے۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا لَا يُسَاوِيْ فُتَّةً" یعنی یہ مینگنی کے برابر نہیں۔ کھجوروں کا ڈھیر۔

الفُتَات: چورا۔

الفَتِيْتَة: ریزہ ریزہ شدہ چیز کا ایک ٹکڑا ج فَتَائِت.

الفَتِيْت والفَتُوْت والمَفْتُوْت: چورا کیا ہوا۔

فَتَأَ (ف) فَتْأً. النَّارَ: آگ بجھانا۔ فَتَأَهٗ عَنِ الاَمْرِ: کسی کام سے روک دینا۔

فَتِئَ (س) فَتْأً. عَنْهُ: رکنا۔ بھولنا۔ کہا جاتا ہے "مَا فَتَأَ (ف س) و مَا فَتِئَ (س) يفعل ذٰلِكَ: یعنی ہمیشہ یہ کرتا رہا اور یہ افعال ناقصہ میں سے ہے اور سوائے ماضی و مضارع کے دوسرے افعال کا استعمال نہیں۔

فَتَحَ (ف) فَتْحًا. البَابَ: دروازہ کھولنا۔ ......القَنَاةَ: پانی بہنے کے لئے نالی نکالنا۔ ......البِلَادَ: ملک پر غالب ہونا۔ مالک ہونا۔ فتح کرنا......الحَاكِمُ بَيْنَ النَّاسِ: حاکم کا فیصلہ کرنا......اللّٰهُ عَلَيْهِ: سکھلا دینا۔ پہنچا دینا......سِرَّهٗ عَلٰی فُلَانٍ: کسی پر بھید ظاہر کر دینا۔

فَتْحًا وفِتَاحَةً. اللّٰهُ عَلٰی فُلَانٍ: مدد کرنا۔

فَتَّحَ: بمعنی فتح تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔

تَفَتَّحَ: کھلنا......فِي الكَلَامِ. بِالمَالِ عَلٰی فُلَانٍ: اظہار کرنا اور فخر کرنا۔ تَفَتَّحَتِ الاَكْمَةُ عن الشَّیْءِ: کھل جانا۔ النَّوْرُ: کلیوں کا کھلنا۔ اِنْفَتَحَ: کھلنا۔ اِنْفَتَحَ عَنِ الشَّیْءِ: کھل جانا۔

فَاتَحَهٗ: فیصلہ کے لئے لے جانا۔ فَاتَحَهٗ بِالاَمْرِ: پہلے مخاطب کرنا۔ فَاتَحَ فُلَانًا: بھاؤ کرنا اور کچھ نہ دینا۔ فَاتَحَ البَيْعَ: بیع میں آسانی کرنا......المَرْأَةَ: عورت سے جماع کرنا۔

تَفَاتَحَ. القَوْمُ كَلَامًا بَيْنَهُمْ: آپس میں چپکے چپکے باتیں کرنا۔

اِفْتَتَحَ. البِلَادَ: ملک فتح کرنا(......واستفتح) الاَبْوَابَ: دروازے کھولنا......الاَمْرَ بِكَذَا: شروع کرنا۔ اِسْتَفْتَحَ الرَّجُلُ: مدد طلب کرنا۔

الفَاتِح: فا۔ ج فَتَحَة وفَاتِحُوْن.

الفَتْح: مص۔ مدد۔ روزی۔ دریاؤں کا جاری پانی۔ بہار کی پہلی بارش ج فُتُوْح.

يَوْمُ الفَتْح: قیامت کا دن۔ الفَتْحُ: زبر۔

الاِفْتِتَاحِيَّة: اداریہ اخبار (ایڈیٹوریل)

الفُتُوْحَات: لڑائی سے جو ممالک فتح ہوں۔

الفَتْحَة: ایک مرتبہ کھولنا۔ زبر۔

الفَاتِحَة: مص۔ مدد۔

الفِتَاحَة والفُتَاحَة: دو دشمنوں کے درمیان فیصلہ۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمَا فُتَاحَات" یعنی ان دو کے درمیان خصومتیں ہیں۔

الفُتُح: کھلا ہوا وسیع دروازہ۔ کھلی ہوئی وسیع شیشی۔

الفُتْحِی: ہوا۔

الفُتْحَة: کشادگی۔ مال یا علم وادب پر ناز۔ ج فُتَح.

الفَاتِحَة. مِنَ الشَّیْءِ: ابتدا اور اسی سے ہے فَاتِحَةُ الكِتَابِ ج فَوَاتِح.

الفَتُوْح: بہار کی پہلی بارش ج فُتُح.

الفَتَاح والفِتَاح والفُتُوْحَة: حکومت۔

الفَتَّاح: اسم مبالغہ۔ حاکم۔ قاضی۔

الاِسْتِفْتَاح: مص اور حرف استفتاح: نحویوں کے نزدیک اَلَا ہے۔

المَفْتَح: خزانہ۔ دفینہ۔ ج مَفَاتِح.

المِفْتَح: کنجی۔ ج مَفَاتِح. المِفْتَح: پانی کی نالی۔

المِفْتَاح: کنجی۔ ج مَفَاتِيْح.

فَتِخَ (س) فَتَخًا: ڈھیلے نرم و کمزور جوڑوں والا ہونا۔ صفت (اَفْتَخ)

فَتَخَ (ف) فَتْخًا وفَتَّخَ. اَصَابِعَهٗ: انگلیوں کو مروڑنا اور نرم کرنا۔

اَفْتَخَ. الرَّجُلُ: تھکنا اور سانس پھولنا۔

تَفَتَّخَ: چھلا پہننا۔

الفَتْخَة والفَتَخَة: چھلا۔ بغیر نگینے کے انگوٹھی۔ نگینہ والی انگوٹھی کو خاتم کہتے ہیں۔ ج فَتَخ (فَتَخَات وفُتُوْخ وفِتَاخ. فُتُوْخ الاَسَدِ) شیر کے پنجے۔

الاَفْتَخ: نرم و کمزور ڈھیلے جوڑوں والا۔ مؤنث فَتْخَاء ج فُتْخ. اَسَدٌ اَفْتَخ: چوڑے ہاتھ پاؤں والا شیر۔ رَجُلٌ اَفْتَخُ الطَّرْفِ: کمزور نگاہ والا امرد۔

الفَتْخ والفَتَخَة: گٹے سے بازو تک کا باطنی حصہ۔

فَتَرَ (ن ض) فُتُوْرًا وفُتَارًا وتَفَتَّرَ: تیزی کے بعد ساکن ہونا اور سختی کے بعد نرم پڑنا......المَاءُ: حرارت کم ہونا......عَنِ العَمَلِ: کوتاہی کرنا۔

فَتْرًا وفُتُوْرًا جِسْمُهٗ: کمزور نرم جوڑوں والا ہونا۔

فَتَرَةً وفُتُوْرًا. الحَرُّ: کم ہونا۔

فَتَرَهٗ (ن ض) فَتْرًا: انگوٹھا اور انگشت شہادت کے درمیان ناپنا۔

فَتَرَ: تیزی کے بعد ساکن ہونا اور سختی کے بعد نرم پڑنا......السَّحَابُ: ٹھہرنا اور آمادہ

بارش ہونا۔ فَتَرَ: سکون و نرمی پر ہوا بھجنا کرنا۔ فَتَرَ المَاءُ: گرم پانی کی حرارت کو کم کرنا۔

اَفْتَرَ: کمزور پلکوں والا ہونا..... الشَّرَابُ: شراب کا مست کر دینا..... هُ الـــدَّاءُ او السُّکْرُ: بیماری یا نشہ کا کسی کو ضعیف و کمزور کر دینا۔

اِسْتَفْتَرَ. الفَرَسُ: سواری چھوڑ دیے جانے کی وجہ سے تھکن دور ہو کر آرام پانا۔

اَلْفَاتُوْرَةُ: سامان خرید و فروخت کا تفصیلی بل جس میں قیمت سامان اور حساب لکھا ہوتا ہے۔ (بیلنس شیٹ)

الفَتَرُ: کمزوری۔ فتور۔

الفِتْرُ: انگشت شہادت اور انگوٹھا کے درمیان کھلی ہوئی حالت میں۔

الفَتْرُ: آٹا چھاننے کے لئے کھجور کی چٹائی۔

الــــفَتْرَةُ: سستی و کمزوری۔ صلح۔ بخار کے دو باری کے درمیان کا زمانہ۔ دو نبیوں کے درمیان کا زمانہ۔ ج فَتَرَات.

والفِتْرُ: ایک قسم کی مچھلی جس کے پکڑنے سے کپکپی پیدا ہوتی ہے۔

الــفُتَار: مص۔ بے ہوشی کی ابتدا (مَـــاءٌ.

فَاتُوْرٌ: نیم گرم پانی۔

فَتْرَصَةٌ فَتْرَصَةٌ: کاٹنا۔

فَـــتَشَ (ض) فَتْشًـــا وفَـــتَّشَ. الشَّئَ: ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا۔ فـتش وفتش عنه: سوال کرنا اور بحث کرنا۔

اَلْمُفَتِّشُ: تفتیشی (انکوائری) افسر۔

اَلْــفَتُّــوْشُ: وہ کھانا جو روٹی کے ٹکڑوں، پیاز، اجمود اور کھیرے وغیرہ سے تیار کر کے پھر اس پر کھٹائی لگائی جاتی ہے۔

اَلْفِتِّيْشُ: راکٹ۔

الفَتَّاشُ: بہت تلاش و جستجو کرنے والا۔

فَتَغَ (ف) فَتْغًا الشَّئَ: روند کر ریزہ ریزہ کرنا۔

تَفَتَّغَ: ریزہ ریزہ ہونا۔

فَتْفَتَ اِلَيْهِ فَتْفَتَةً: چپکے چپکے بات کہنا۔ کہا جاتا ہے "مَاعِنْدَهُ الفَتْفَتَةُ والنَّبْلَبَةُ".

الفَتَافِتُ: پوشیدہ اقوال۔

فَتَقَ (ن ض) فَتْقًا وفَتَّقَ. الشَّئَ: پھاڑنا..... الثَّوْبَ: کپڑے کی سیون توڑنا۔ اُدھیڑنا..... المِسْکَ: مشک کی خوشبو نکالنا۔

الــعَجِيْــنَ: گندھے ہوئے آٹے میں خمیر ڈالنا۔

..... بَيْنَ القَوْمِ: اختلاف پیدا کرانا۔

الكَلَامَ: واضح کہنا۔

فَتِقَ (س) فَتَقًا. المكان: سرسبز ہونا۔

اَفْتَقَ. الــقَوْمُ: کھلے بادل پر جانا۔ قَـــرْنُ الشَّمْسِ: آفتاب کا بادلوں میں ظاہر ہونا۔

..... الــسَّحَـــابُ: بادل کا کھل جانا..... الرَّجُلُ: مختلف مصائب و آفات والا ہونا۔

تَفَتَّقَ واِنْفَتَقَ: پھٹنا۔ واِنْفَتَقَتِ المَاشِيَةُ: مویشی کا موٹا ہونا۔ تَفَتَّقَ فُلَانٌ بِالكَلَامِ: زبان کا رواں ہونا۔

الـــفَتْـــقُ: مص۔ کشادہ جگہ۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ فُلَانٌ اِلَى فَتْقٍ" فلاں ایسے مقام کی طرف نکلا جہاں بارش نہیں اور اردگرد میں بارش ہے ج فُتُوْق: کہا جاتا ہے "عَـامٌ ذُوْ فُتُـــوْقٍ" کم بارش کا سال۔ سرسبزی۔ قحط سالی۔ زندگی میں خلل۔

الفَتْق والفَتَق: صبح۔

الفِتَاق: خمیر کا بڑا پیڑا۔ آفتاب۔ آفتاب کی شعاع۔ درخت خرما کی سفید جڑ۔ دوائیوں کا مرکب۔

الـــفُتُـــوْق: آفات جیسے مرض بھوک فقیری تھوڑی بارش۔

الفَتِيْق: موٹائی سے پھٹ پڑنے والا۔

الــصُّبْحُ الفَتِيْقُ: چمکنے والی صبح۔ رَجُلٌ فَتِيْقُ اللِّسَانِ: تیز زبان مرد۔

اِمْــــرَأَةٌ (فُتُقٌ ومُتَفَتِّقَةٌ) تیز زبان۔ جلد جواب دینے والی عورت۔

المَفْتُوْق: مبتلائے فتق کی بیماری والا۔

الفَتَّق: دربان۔ بڑھئی۔ لوہار۔ بادشاہ۔

مَفْتَقُ القَمِيْصِ: قمیص کا گریبان۔

الفَتْقَاءُ: کشادہ شرمگاہ والی عورت۔

فَتَکَ (ن ض) فَتْــکًـا وفِتْــکًـا وفُتْــکًـا وفُتُوْکًـا. الرَّجُلُ: دلیر ہونا۔ بہادر ہونا۔ نڈر ہونا۔

..... بِفُلَانٍ: غفلت میں پکڑنا یا قتل کرنا۔

..... فِــيْ الاَمْــرِ: کسی کام میں اصرار کرنا۔ مبالغہ کرنا۔

فَتَکَ (ن ض) فُتُوْکًا. فِيْ صَنَاعَتِهِ: اپنے پیشے میں ماہر ہونا..... فِـي الــخُبْثِ: خیانت میں مبالغہ کرنا۔

فَتَّکَ. القُطْنَ: روئی دھنا۔

اَفْتَکَ. الرَّجُلُ: بمعنی فَتَکَ.

فَـاتَکَـهُ مُفَـاتَکَةً: کھلم کھلا قتل کرنا۔ فَـاتَکَ الشَّـئَ والاَمْرَ: کسی کام کو سختی سے کرنا..... هُ: ہنر مندی سے مقابلہ کرنا۔ مانگی ہوئی قیمت دینا۔

تَـفَتَّکَ. بِـاَمْرِهِ: خود رائی سے کام کرنا اور کسی سے مشورہ نہ کرنا۔

الفَاتِک: فا۔ دلیر۔ بہادر۔ ج فُتَّاک کہا جاتا ہے "هُـوَ فَـاتِکُ الـقَلْبِ" یعنی وہ کر گزرنے والا۔ کہا جاتا ہے "مَـا اَفْتَکَهُ" یعنی کس قدر جھگڑالو ہے۔

فَتَلَ (ض) فَتْلاً وفَتَّـلَ. الحَبْلَ: رسی بٹنا۔ کہا جاتا ہے "فَـتَلَ وَجْـهَـهُ عَنْهُمْ" یعنی ان سے اپنے چہرے کو پھیر لیا۔ "وفَـتَـــلَ ذُؤْابَةَ فُلَانٍ" یعنی اس کو رائے سے ہٹا دیا۔ فَـتَــلَ البُلْبُلُ: چہچہانا اور مثال ہے "مَـا زَالَ يَفْتِلُ مِـــنْ فُلَانٍ فِـيْ الذِّرْوَةِ والغَارِب" یعنی وہ فلاں کے قریب دہی کے لئے چکر لگاتا ہے۔

فَتِـــلَ (س) فَتَلاً: بعید پہلوؤں والا ہونا۔ صفت (افتل) مؤنث (فَتْلَاءَ)

تَفَتَّلَ واِنْفَتَلَ: رسی وغیرہ کا بٹ جانا۔

الــفَتْــلَةُ. فتل: کا اسم مرۃ۔ ہاتھ کے پٹھے کی تختی۔ بیری اور ببول کے دانہ رکھنے کا برتن۔ ج فَتَلٌ.

الــفَتْلَة: درخت عُرْفُط: اور عضاہ کا دانہ ج

فتل: کہا جاتا ہے "مَا اَغْنَی عَنْکَ فَتْلَةَ او فَتْـلَةً" یعنی میں تم کو کچھ بھی فائدہ نہیں دوں گا۔

الفَتِیل: بٹا ہوا۔ مؤنث فَتِیلَۃٌ: کھجور کی گٹھلی کے شگاف کی باریک بتی(...... والفَعِیْلَۃُ) بدن کے میل کی بتی جو بدن کے ملنے سے بنتی ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا اغنی عَنْکَ فَتِیلاً" یعنی میں تم کو کچھ بھی فائدہ نہیں دے سکتا۔

الفَتِیلَۃ: بتی۔ ج فَتَائِل وفَتِیلَات.

الفَتَّال: بہت بٹنے والا...... بلبل۔

المِفتَل: بٹنے کا آلہ۔

المَفْتُوْل: مفع۔ مفتول الخلق: مضبوط اور گٹھا ہوا جسم والا۔

فَتَنَهٗ (ض) فَتْناً وفُتُوْناً وفَتَّنَہ وافْتَنَہٗ: تعجب میں ڈالنا۔ مائل کرنا۔ فریفتہ کرنا۔ فتنہ میں ڈالنا۔ فَتَنَ الرَّجُلُ: فتنہ میں پڑنا۔ (لازم و متعدی) صفت(فَاتِن) ج فُتَّان.

فَتَنَ (ض) فُتُوْنـاً وفُتِـنَ. اِلَی النِّسَاءِ: عورتوں سے بدکاری کا ارادہ کرنا۔

فَتَنَ (ض) فِتْنَۃً ومَفْتُوْناً فُلاَناً: گمراہ کرنا۔ آزمائش کرنا۔

فَتَنَا. الشَّیْ: جلانا...... فُلاَناً عَنْ رَاْیِہٖ: روک دینا۔ پھیر دینا۔

فِتْنَۃ. الصَّائِغ الذَّهَب: سنار کا سونے کو پگھلا کر کھوٹا کھرا معلوم کرنا۔

فُتِـنَ وافْتُتِـنَ: مصیبت زدہ ہو کر مال یا عقل جاتی رہنا...... فِیْ دِیْنِہٖ: اعراض کرنا۔

اِفْتَتَنَ: فتنہ میں پڑنا۔ اِفْتَتَنَہٗ: فتنہ میں ڈالنا۔

تَفَتَّنَہ: فتنہ میں ڈالنے کے لئے تکلف کرنا۔

الفَاتِن: فا۔ چور' شیطان' حق سے گمراہ کرنے والا۔

الـفَتَـنُ: مص۔ حال۔ قسم اور اسی سے ہے "الـعُـمُـرُ فَتَـان" یعنی عمر کی دو قسمیں ہیں۔ اچھی اور بری۔

الـفِتْـنَـة: مص۔ آزمائش۔ گمراہی وکفر رسوائی۔ رنج۔ دیوانگی۔ عبرت۔ عذاب۔ مرض۔ مال واولاد۔ اختلاف آراء ووقوع جنگ وجدال ج فِتَن.

الـفَتَّـان: بہت فتنہ انگیز۔ چور۔ شیطان۔ سنار۔ الفَتَّانَان: چاندی وسونا۔

الفَتَّانَۃ: مؤنث۔ فتان: کسوٹی۔

الـفَتِیْن: پتھریلی زمین کہ جس کے پتھر جلے ہوئے ہوں جیسے ج فُتُن. ذَهَبٌ فَتِیْنٌ: جلا ہوا سونا۔

الفَتَّین: بڑھئی۔

المَفْتُوْن: مص۔ مفع۔ دیوانہ۔ پاگل۔

فَتَا یَفْتُوْ فَتْوًا. الرَّجُلَ: سخاوت وجوانمردی میں غالب ہونا۔

فَتِیَ (س) فَتًی وتَفَتَّی تَفَتِّیًا: جوان ہونا۔ فُتِیَ تَفْتِیَۃً وتَـفَتّـی تَـفَتِّیًـا. فُتِیَت البنت وتـفـتـت: پردہ نشینی کرنا۔ لڑکوں کے ساتھ کھیلنے سے رُکنا۔ تَـفَتَّـی الـرَّجُلُ: صاحب سخاوت ہونا۔ جوانمرد بننا۔ کہا جاتا ہے "اَبْرَزُ مِنْ شَیْخٍ یَتَفَتّٰی".

اَفْتَی اِفْتَاءً. فُلاَناً فِی الْمَسْاَلَۃِ: فتویٰ دینا۔

فَـاتَـی. الرَّجُلَ: جوانمردی میں غالب ہونا۔ فتویٰ پوچھنا۔

تَـفَـاتَـی: صاحب سخاوت ہونا۔ جوانمردی ظاہر کرنا۔ تَـفَـاتَـوْا اِلَی الـعَـالِـم: فتویٰ دریافت کرنے کے لئے جانا۔

اِسْتَـفْتَـی اسـتـفـتـاءً ا. الـعَالِم فِیْ مسالة: فتویٰ طلب کرنا۔

الـفَتَـاءُ والـفُتُـوَّۃُ: جوانی۔ الـفُتُوَّۃ: سخاوت کرم۔ مروت۔

الفُتْوَی والفَتْوَی والفُتْیَا: شرعی مسائل میں ماہر شریعت کا فیصلہ ج الفَتَاوِی والفَتَاوَی.

الـفَتَـی: نوجوان۔ سخی۔ غلام۔ اس کا تثنیہ فَتَـوان وفَتَیَان: اور ج فِتْیَان وفِتْیَۃ وفُتُوَّۃ وفُتُوٌّ وفُتِّی وفِتِیٌّ.

الفَتَیَان: دن رات۔

الفَتَاۃ: نوجوان عورت۔ باندی۔ ج فتیات وفَتَوَات.

الفَتِیُّ: ہر ایک جوان سال ج فِتَاءٌ واَفْتَاء: مؤنث فَتِیَّۃٌ.

اَلفَثِیثَۃُ: سفید پھول کی ایک قسم۔

المُسْتَفْتِی: فا...... ماہر علم فقہ جو مسائل کا جواب دے۔

فَثَّ (ن) فَثًّا. الجُلَّۃَ: ٹوکری سے بکھیر دینا۔ الحَـارَّ بِالبَـارِدِ: ٹھنڈا کر دینا۔ جوش کم کر دینا۔

اِنْفَـثَّ. العُوْدُ: لکڑی کا ٹوٹنا...... الـرَّجُلُ: شکستہ دل ہونا۔

تَمْرٌ (فَثٌّ) متفرق کھجور۔

المَفَثَّۃ: زیادتی کثرت۔

فَثَأَ (ف) فَثْـأً وفُثُوْءً ا. القِدْرَ: ہانڈی کا جوش ٹھنڈا کرنا...... الـغَضَبَ: غصہ کی تیزی کم کرنا...... الشَّیْ عَنْہُ: روکنا۔

اَفْثَأَ: تھکنا' سست ہونا...... بِالمَکَان: اقامت کرنا(...... وانْفَثَأَ) الحَرُّ: گرمی کا کم ہونا۔

فَثَجَ (ن) فَثْـجًا. الشَّیْ: کم کرنا...... المَاءَ الـحَـارَّ بِالبَـارِدِ: گرمی کم کرنا(...... وفَثَجَ وافْثَـجَ وانْفَثَـجَ) بوجھل ہونا۔ کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ بَـحْـرٌ لاَ یُـفْثَـجُ" فلاں بحر نا پیدا کنار ہے۔

الفَاثِج: فا۔ حاملہ اونٹنی ج فَوَاثِج.

الفَاثُوْر: سنگ رخام کی میز۔ آفتاب کی ٹکیہ۔ فرش۔ بڑا پیالہ۔ شوربا کا برتن۔ جاسوس۔

فَثَغَ (ف) فَثْغًا. رَاْسَہٗ: پھوڑنا۔

فَجَّ (ن) فَجًّا. القَوْسَ: کمان کو کھینچنا۔ مـابـیـن رجلیـه: کشادہ وبعید کرنا۔ فَـجَّـتِ النَّـاقَۃُ لِلْـحَلَبِ: اونٹنی کا دوہنے میں ٹانگیں پھیلانا۔

فَجَّ (س) فَـجَـجًـا: چلنے میں ٹانگوں کے درمیان کشادہ ہونا۔ صفت(اَفَـجُّ) مؤنث (فَجَّاء) ج فُجٌّ.

اَفَجَّ. مَـابَیْـنَ رِجْلَیْہِ: کشادہ اور بعید کرنا۔ صفت(مُفِجٌّ) ...... فِـی المَشْـیِ: جلدی چلنا۔ درہ میں چلنا اَفَـــجَّ الْاَرْضَ بِالمِحْرَاثِ: ہل چلانا۔

تَفَاجَّ: ٹانگیں پھیلا کر چلنا۔

اِنْفَجَّت. القَوْسُ: کمان کا کھنچ جانا۔

اِفْتَجَّ. الرَّجُلُ: درے میں چلنا۔

الفَجُّ: درہ۔ دو پہاڑوں کے درمیان کشادہ راستہ۔ ج فِجَاج۔

الـفُـجَاج: درہ۔ دو پہاڑوں کے درمیان کشادہ راستہ۔

الفِجُّ والفِجَاجَة. مِنَ الفَوَاكِه وغَيْرِهَا: کچا میوہ وغیرہ۔

الفُجَّة: دو پہاڑوں کے درمیان کشادگی۔ کہا جاتا ہے فُلانٌ يَـمْـشِـيْ (مُفَاجًّا) یعنی فلاں ٹانگیں پھیلائے ہوئے چلتا ہے۔

الأَفْجِيْج: کشادہ وادی۔ تنگ و گہرا۔

الـفَـجْـفَـج: کاہل و سست لوگ۔ ایسے لوگ جن کی صحبت کو ناپسند کیا جائے۔

فَـجَأَ (ف) وفَـجِـئَ (س) فَـجْـأً وفَـجْأَةً وفَـجَاءَةً وفَاجَأَ مُفَاجَاةً وافْتَجَأَ اِفْتِجَاءً ا. الرَّجُلَ: اچانک آجانا۔ جلدی کرنا۔

الفُجَاءَة: مص۔ اچانک۔

حَـرْف (الـمُـفَـاجَـاة) لفظ اِذَا: ہے جیسے خَرَجْـتُ فَـاِذَا الأَسَـدُ بِالبَابِ: اور اس کو الفُجَائِيَّه: بھی کہا جاتا ہے۔

فَجَرَ (ن) فَجْرًا. المَاءَ: پانی بہانا۔ جاری کرنا۔ القَنَاةَ: نالی نکالنا۔

الـلّٰـهُ الفَجْرَ: فجر طلوع کرنا فُلانًا: جھٹلانا۔ نافرمانی کرنا۔ مخالفت کرنا۔

فَجَرَ (ن) فُجُوْرًا. عَنِ الحَقِّ: تجاوز کرنا۔ عَنْ سَـرْجِـه: زین سے ایک طرف کو جھک جانا۔

فَـجَرَ (ن) فَـجْـرًا وفُجُوْرًا: جھوٹ بولنا۔ زنا کرنا۔ گناہ کرنا۔ کمزور نگاہ والا ہونا...... أَمْرُهُمْ: بگڑنا۔ خراب ہونا۔

......مِنْ مَرَضِه: صحیح و تندرست ہونا۔

فَجِرَ (س) فَجَرًا: فیاضی کرنا۔

فَـجَّـرَ. المَـاءَ: پانی بہانا جاری کرنا۔ تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔ الـرَّجُـلَ: بدکاری کی طرف نسبت کرنا۔

فَاجَرَ فِجَارًا ومُفَاجَرَةً. المَرْأَةَ: زنا کرنا۔

أَفْـجَرَ: جھوٹ بولنا۔ زنا کرنا۔ کفر کرنا۔ حق سے تجاوز کرنا۔ فجر میں داخل ہونا۔ مال کثیر لانا۔......اليَنْبُوْعَ: چشمہ جاری کرنا۔

......فُلانًا: فاجر پانا۔

اِنْـفَـجَـرَ. عَـلَيْهِمُ العَدُوُّ: دشمنوں کی طرف سے بکثرت آجانا۔

......وتَفَجَّرَ. المَاءُ: پانی کا جاری ہونا۔

......الصبح: صبح کا روشن ہونا...... بالعطاء: فیاضی کرنا۔ اِنْـفَـجَـرَ عَنْهُ اللَّيْلُ: رات کا ختم ہونا۔

اِفْتَـجَـرَ. فِيْ الكَلامِ: گھڑنا۔ بناوٹی بات کہنا۔

تَفَاجَرَ. القَوْمُ: گناہوں میں منہمک ہونا۔

الـفَـجَـر: بخشش۔ عطیہ۔ بھلائی۔ مال و کثرت مال۔ الفَجْر: مص۔ صبح کی روشنی۔ کہا جاتا ہے "طَـرِيْـقٌ فَـجْـرٌ" یعنی کھلا ہوا صاف راستہ۔

الْفَـجْـرَةُ. فَجْر: کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "رَكِـبَ فَــجْرَةَ" وہ جھوٹ پر سوار ہوا یعنی جھوٹی بات بنائی اور یہ کلمہ تانیث اور علمیت کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔

الـفُـجْـرَة. مِنَ الوَادِی: وادی کا وسیع حصہ جس میں پانی بہہ رہا ہو۔ ج فُجَرٌ.

الـفُجْرَة والمَفْجَرَة والمُنْفَجَر: پانی بہنے کی جگہ۔ مُـنْـفَـجَـر الـرَّمْلِ: ریگستان میں راستہ۔

فَـجَـارِ. الفجور: کا اسم ہے اور معرفہ ہے جیسے "فَحَمَلْتُ بِرَّةَ واحْتَمَلْتِ فَجَارِ" اور عورت کے لئے بھی فَـجَـارِ: بمعنی فاجرہ آتا ہے اور صرف ندا ہی کی صورت میں استعمال ہوتا ہے۔

الـفِـجَـار: کشادہ راستے جو دو پہاڑوں کے درمیان ہوں۔

الـفَـاجِـر: فا۔ زانی۔ گناہوں کا تابعدار۔ جادوگر ج فَاجِرُوْن وفَجَرَة وفُجَّار.

الفَاجِرَة: مؤنث فاجر: کہا جاتا ہے "يَمِيْنٌ فَاجِرَةٌ" یعنی جھوٹی قسم۔

الفَجُوْر: [illegible] زانی [illegible] گناہوں میں منہمک۔ ج فُجُر.

الفَاجُوْر: زنا کار۔ گناہوں میں منہمک۔

فَجَزَ (ن) فَجْزًا: تکبر کرنا۔

فَـجِـسَ (س) فَـجْـسًا: تکبر کرنا۔ شرارت گھڑنا...... فُلانًا: غالب آنا۔

أَفْجَسَ: باطل پر فخر کرنا۔

تَفَجَّسَ. عَلَيْهِ: تکبر کرنا۔ بڑائی ظاہر کرنا۔

فَجَشَ (ن) فَجْشًا: سر توڑنا۔ چوڑا بنانا۔

فَجَعَهُ (ف) فَـجْعًا وفَجِيْعَةً: دردمند کرنا۔ مصیبت زدہ بنانا۔ کہا جاتا ہے "فُـجِـعَ فِـيْ مَالِه وبِمَالِه" اس کو مال کی وجہ سے مصیبت لاحق ہوئی۔

أَفْجَعَتْه. المُصِيْبَةُ: مصیبت زدہ کرنا۔

تَفَجَّعَ: دردمند ہونا۔ صلہ اس کا لام ہے۔

الـفَـاجِـع: فا۔ بڑا غم جو انسان کو لاحق ہو۔ جدائی کا کوا۔ کہا جاتا ہے "اِمْـرَأَةٌ فَاجِعٌ" دردمند عورت۔ رَجُـلٌ (فَـاجِـعٌ ومُتَفَجِّعٌ) دردمند مصیبت زدہ مرد۔ حسرت و افسوس کرنے والا مرد۔

مَـوْتٌ فَـاجِعٌ وفَجُوْعٌ: مصیبت لانے والی موت۔

الفَاجِعَة: مصیبت ج فَوَاجِع.

الفَجِيْعَة: مصیبت ج فَجَائِع.

فَـجَلَ (ن) فَـجْلاً وفَـجِـلَ (س) فَجَلاً. الشَّيْءُ: ڈھیلا اور موٹا ہونا۔

فَجَّلَ. الشَّيْءَ: چوڑا کرنا۔

اِفْتَجَلَ. الأَمْرَ: ایجاد کرنا۔

الفَاجِل: فا۔ جواری۔

الفُجْلُ والفُجُلُ: مولی۔ واحد فُجْلَة.

الفَجَّال: مولی بیچنے والا۔

الأَفْـجَـل: وہ شخص جس کے دونوں قدموں کے درمیان دوری ہو۔

فَـجِـمَ (س) فَـجَـمًا: موٹے جبڑے والا ہونا۔ صفت (أَفْجَم)

تَـفَـجَّـمَ وانْفَجَمَ. الوَادِی: وادی کا کشادہ ہونا۔ فُـجْمَةُ. الوَادِی وفُجْمَتُهُ: وادی کی کشادہ جگہ۔

اَفْجَن: سداب کھانے کی مداومت کرنا۔
الفَیْجَن: سداب (ایک قسم کی گھاس)
فَجَا یَفْجُو فَجْوًا. البَابَ: دروازہ کھولنا ......القَوسَ: کمان کھینچنا۔
فَجِیَ یَفْجَی فَجًا: پنڈلیوں یا پیروں کے درمیان دوری کرنا۔ صفت (اَفْجٰی) مؤنث فجواء فجیت القوس: کمان کا کھنچا ہوا ہونا۔ النَاقَۃ: اونٹنی کا بڑے پیٹ والی ہونا۔
تَفَاجٰی: کشادہ جگہ ہونا۔
اِنْفَجٰی. البَابُ: دروازہ کھلنا......القَومُ عَنْ فُلَانٍ: علیحدہ ہونا۔ ہٹ جانا۔ القَوسُ: کمان کھنچ جانا۔
الفَجْوَۃُ: دو چیزوں کے درمیان کشادگی۔ مکان کا میدان۔ صحن۔ کشادہ جگہ۔ ج فَجَوَاتٌ و فِجَاءٌ.
الفَجْوَاءُ: مؤنث اَفْجٰی: کشادہ زمین۔
فَجِیَ یَفْجٰی فَجًی: بمعنی فَجِی الوَادِی.
فَجّٰی تَفْجِیَۃً. الشَّیْئَ: ظاہر کرنا۔ ننگا کرنا۔ الشَّیْئُ عَنْہُ: دُور کرنا۔ علیحدہ کرنا۔
اَفْجٰی اِفْجَاءً. الرَّجُلُ: بال بچوں پر خرچ میں وسعت کرنا۔
فَحَّ (ن ض) فَحًّا و فَحِیحًا و تَفْحَاحًا النَّائِمُ: سونے والے کا خراٹے لینا...... الاَفْعٰی: سانپ کا پھنکارنا۔
فَحَّۃُ. الفُلفُلِ: مرچ کی تیزی۔
الفُحْفُح: پھنکارنے والے سانپ۔
الفَحِیحُ: مص۔ فَحِیحُ الاَفْعٰی: سانپ کے منہ کی آواز۔
فَحَجَ (ف) فَحْجًا: تکبر کرنا۔
فَحِجَ (س) فَحَجًا و فَحْجَۃً و فَحَّجَ فِی مَشْیِہٖ: قدم کے اگلے حصہ کو قریب اور ایڑیوں کو دُور کرنا۔ صفت (اَفْحَج) فَحَّجَ رِجْلَیْہِ: ٹانگوں کو پھیلانا۔
اَفْحَجَ. عَنِ الاَمْرِ: رکنا۔ ہٹ جانا۔
تَفَحَّجَ. الرَّجُلُ: ٹانگوں کو پھیلانا۔
اِنْفَحَجَتْ. سَاقَاہُ: کشادہ و بعید ہونا۔

فَحَسَ (ف) فَحْسًا. الشَّیْئَ: مِنَ الْمَاءِ وغیرہ: ہاتھ میں لے کر زبان سے چاٹنا۔ جوں کو ہاتھ سے ملنا۔
تَفَحَّسَ. فِی مَشْیِہٖ: ناز سے چلنا۔
فَحُشَ (ک) فُحْشًا و فَحَاشَۃً الاَمْرُ: بُرا ہونا۔ فَحُشَتِ المَرْاَۃُ: قبیح ہونا اور بوڑھی ہونا۔
فَحَّشَ بِہٖ: طعن و تشنیع کرنا۔
اَفْحَشَ و تَفَاحَشَ: بُری بات کہنا۔ بُری بات کرنا۔ اَفْحَشَ الرَّجُلُ: بخل کرنا۔
تَفَاحَشَ الاَمْرُ: قباحت میں زیادہ ہونا۔
تَفَحَّشَ. عَلَیْہِمْ بِلِسَانِہٖ: بدکلامی کرنا۔ گالی سنانا۔
الفَاحِشُ: قبیح۔ بدخلق۔ بہت بخیل۔ ہر وہ چیز جو حد سے بڑھ جائے۔ کہا جاتا ہے غَبْنٌ فَاحِشٌ: جبکہ اتنا زیادہ نقصان ہو جائے جو عادتاً برداشت نہ کیا جا سکتا ہو۔ رَجُلٌ فَاحِشٌ: یعنی قول یا جواب میں حد سے گزرنے والا۔ مؤنث فَاحِشَۃٌ.
الفَاحِشَۃُ: زنا۔ بہت سخت قبیح گناہ ج فَوَاحِشُ.
الفَحْشَاءُ: زنا۔ بہت سخت قبیح گناہ۔
الفَحَّاشُ: فاحش کا اسم مبالغہ مؤنث فَحَّاشَۃٌ.
الفُحْشُ: مص۔ قبیح قول یا فعل۔
المُتَفَحِّشُ: بدزبان بے حیا۔
فَحَصَ (ف) فَحْصًا. عَنْہُ: تفتیش کرنا۔ کھود کرید کرنا......المَطَرُ التُّرَابَ: بارش کا مٹی کو الٹ پلٹ دینا......التُّرَابَ: کھودنا ......بِرِجْلِہٖ: پاؤں سے کھودنا۔ الظَّبْیُ: ہرن کا تیز دوڑنا......لِلْخُبْزَۃِ: روٹی کے لئے آگ میں جگہ بنانا۔
فَاحَصَہٗ فِحَاصًا و مُفَاحَصَۃً: ایک دوسرے کے عیوب اور بھیدوں کی تلاش و جستجو کرنا۔
فَحَّصَ و اَفْحَصَ. عَنْہُ: دور کرنا۔
تَفَحَّصَ و اِفْتَحَصَ. عَنْہُ: کھود کرید کرنا۔
الفَحْصُ: مص امتحان۔ ہر رہنے کی جگہ۔ ج المَفْحُوصُ.

الفَحْصَۃُ: فحص: کا اسم مرۃ۔ چاہ زنخدان۔
الفَحِیصُ: ساتھی کے عیب اور بھید کی ٹوہ میں رہنے والا۔
الفَحَّاصُ: بہت تلاش و جستجو کرنے والا۔
المَفْحَصُ: گڑھا جو سنگ خوار نے انڈے دینے کے لئے بنایا ہو ج مَفَاحِص کہا جاتا ہے لَیْسَ لَہٗ مَفْحَصُ قَطَاۃٍ.
الاُفْحُوصُ: بمعنی مفحص ج اَفَاحِیصُ.
فَحَضَ (ف) فَحْضًا: توڑنا۔ اکثر اس کا استعمال تر چیز کے لئے آتا ہے جیسے ککڑی وغیرہ۔
فَحْفَحَ: خراٹے لینا۔ آواز پڑ جانا۔
الفَحْفَاحُ: وہ شخص جس کی آواز بڑھ گئی ہو۔ بہت بولنے والا۔ مؤنث فَحْفَاحَۃٌ.
اَرْضٌ (فَحْفَحٌ) کشادہ زمین۔
اِنْفَحَقَ: کشادہ ہونا۔
فَحَلَ (ف) فَحْلًا و اِفْتَحَلَ. اِبِلَہٗ فَحْلًا کَرِیمًا: عمدہ سانڈ جفتی کے لئے ڈھونڈنا۔
تَفَحَّلَ: سانڈ کے مشابہ ہونا......الشَّجَرُ: درخت کا بے پھل ہونا۔
اِسْتَفْحَلَ. الاَمْرُ: بڑا ہونا۔ اِسْتَفْحَلَتِ النَّخْلَۃُ: درخت خرما کا نر کھجور جیسا ہونا۔
الفَحْلُ: سانڈ۔ نر ہر حیوان کا۔ ج فُحُولٌ و اَفْحُلٌ و فِحَالٌ و فِحَالَۃٌ و فُحُولَۃٌ. فُحُولُ الشُّعَرَاءِ: فضیلت رکھنے والے شعراء۔ ہجو کرنے میں غالب ہونے والے شعراء۔
الفَحْلُ و الفُحَّالُ: نر کھجور ج فَحَاحِیلُ.
الفَحْلَۃُ مِنَ النِّسَاءِ: تیز زبان عورت۔ ایسے اخلاق والی جو کسی عورت کے لائق نہ ہو۔
الفِحْلَۃُ و الفُحُولَۃُ و الفِحَالَۃُ: مردانگی۔
الفَحِیلُ: بمعنی فحل: صاحب مردی۔ الفَحِیل فَحِیلٌ: شریف۔
فَحَمَ (ف) فَحْمًا: جواب سے عاجز ہونا۔

فَحَمَتْ (ن) فُحُوْتًا. البِئْرُ: پانی ٹھہر جانا۔

فَحِم (س) وفُحِم فَحْمًا وفَحَامًا وفُحُوْمًا وانْفَحَم. الصَّبِي: بچے کا روتے روتے آواز بند ہونا۔

فَحُمَ (ک) فُحُوْمًا وفُحُوْمَةً: کالا ہونا۔

فَحَّم. الشَّيْءَ: کالا کرنا۔

اَفْحَمَهٗ: دلیل دے کر خاموش کر دینا۔ کہا جاتا ہے "هَاجَاهُ فَاَفْحَمَهٗ و " وجَدَه مُفْحَمًا" یعنی اس کی ہجو کی اور خاموش کر دیا یا خاموش پایا یعنی وہ شعر کہنے پر قادر نہیں تھا ......اَفْحَمَ الرَّجُلُ: عشاء کے وقت کی تاریکی میں داخل ہونا......اَلْهَمُّ الشَّاعِرَ: غم نے شعر کہنے سے منع کر دیا۔

الفَحْم والفَحَم والفَحِيْم: کوئلہ۔

الفَحْمَة: کوئلے کا ٹکڑا۔ فحمة الليل: سخت تاریکی ج فِحَام وفُحُوْم.

الفُحُوْمَة: سیاہی۔

الفَحَّام: کوئلہ بیچنے والا۔ ج فَحَّامَة.

الفَحُوْم: جواب نہ دے سکنے والا۔

الفَاحِم: فا۔ مَاءٌ فَاحِمٌ: ٹھہرا ہوا پانی۔

الفَاحِم والفَحِيْم: کالا۔

المُفْحِم: فا۔ جواب مفحم: خاموش کر دینے والا جواب۔

المُفْحَم: مفع لاجواب۔ شعر نہ کہہ سکنے والا۔

المَفْحَمَة: کوئلہ کی جگہ۔

فَحَا يَفْحُوْ فَحْوًا وفَحّى. بِكَلَامِهٖ اِلٰى كَذَا: اپنے کلام سے کسی مضمون کی طرف اشارہ کرنا۔

الفَحَا والفِحَي: مسالہ یا خشک مسالہ ج اَفْحَاء.

الفَحْوٰى والفَحْوَاء والفُحَوَاء. مِنَ الكَلَامِ: مضمون کلام ج فَحَاوٍ.

فَخُتَ (ض) فَخًّا وفَخَّةً وفَخَخًا رِجْلَاهُ: ٹانگوں کا کمزور ہونا۔ صفت (اَفَخُّ) مؤنث فَخَّاء ج فُخّ.

فَخَّ (ن) فَخًّا وفَخِيْخًا اِفْتَخَّ. النَّائِمُ: خراٹے لینا۔ فخت الافعى: سانپ کا پھنکارنا......الرَّائِحَة: خوشبو کا بھڑکنا۔

الفَخّ: جال۔ ج فِخَاخ وفُخُوْخ: کہا جاتا ہے "وَثَبَ فُلَانٌ مِنْ فَخِّ الشَّيْطَانِ" یعنی توبہ کر لیا۔

الفَخَّة: خراٹے لینے والے کی نیند۔ گندی عورت۔

فَخَتَ (ف) فَخْتًا. السَّقْفَ: چھت میں سوراخ کرنا......رَاْسَهٗ بِالسَّيْفِ: سر پر تلوار مارنا......الشَّيْءَ: کاٹنا......الاِنَاءَ: برتن کھولنا۔ فَخَتَ الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا۔

فَخَتَتِ. الفَاخِتَة: فاختہ کا کوکو کرنا۔

تَفَخَّت: فاختہ کی چال چلنا۔ تعجب کرنا۔

اِنْفَخَتَ. السَّقْفُ: چھت کا سوراخ دار ہونا۔

الفَخْت: مص۔ جال۔ چھت میں گول سوراخ چاند کی روشنی یا اس کا سایہ۔

الفَاخِتَة: فاختہ۔ ج فَوَاخِت.

فَخَجَ (ف) فَخْجًا. الرَّجُلُ: تکبر کرنا۔ ......فُلَانًا وبِهٖ: ڈینگ مارنا اور بڑائی ظاہر کرنا۔

فَخِجَ (س) فَخَجًا: جدا جدا رانوں والا ہونا۔ صفت (اَفْخَج)

فَخَذَهٗ (ف) فَخْذًا: ران پر مارنا۔ ران کو توڑنا۔ فُخِذَ: اس کی ران ٹوٹ گئی۔

فَخَّذ. قَوْمَهٗ: قبیلے قبیلے کو پکارنا۔ بَيْنَهُمْ: جدا جدا کرنا......القَوْمَ عَنْ فُلَانٍ: مدد نہ دینا ......فُلَانًا: قبیلہ سے بھگا دینا۔

تَفَخَّذ: معاملہ سے ہٹ جانا۔ تَفَخَّذَهٗ: کسی کی ران پر ران رکھنا۔

اِسْتَفْخَذَ: جھک جانا۔ مطیع ہو جانا۔

الفَخْذ الفِخْذ والفَخِذ: ران کلمہ مؤنث ہے ج اَفْخَاذ.

الفَخْذ: قبیلہ ج اَفْخَاذ: یہ کلمہ مذکر ہے۔

فَخَرَ (ف) فَخْرًا وفَخَرًا وفَخَارًا وفَخَارَة وفِخِّيْرَى فِخِّيْرَاءُ وافْتَخَرَ: فخر کرنا۔

فَخَرَهٗ: فخر کرنے میں غالب ہونا۔

فَخَرَهٗ (ف) وفَخَّرَهٗ واَفْخَرَهٗ. عَلٰى فُلَانٍ: فخر کرنے میں فضیلت دینا۔

فَخِرَ مِنْهُ (س) فَخَرًا وتَفَخَّر: ننگ سمجھنا۔ ناک چڑھانا۔ تکبر کرنا۔

فَاخَرَهٗ فِخَارًا ومُفَاخَرَةً: فخر کرنے میں غالب ہونا۔

تَفَاخَرَ. القَوْمُ: بعض کا بعض پر فخر کرنا۔ ہر ایک کا دوسرے کے مفاخر پر فخر کرنا۔

اِسْتَفْخَرَ. الشَّي: قابلِ فخر سمجھنا۔ قابلِ فخر بنانا۔

الفَخْر والفَخَر: مص فضیلت بڑائی۔

الفَخْرَة: فخر۔

الفَاخِر: ہر چیز میں کا عمدہ۔

الفِخِّيْر والفِخِّيْرَة: بہت فخر کرنے والا تا مبالغہ کے لئے ہے۔

الفَخُوْر والفَخِيْر: فخر کرنے والا الفَخِيْر: فخر کرنے میں مغلوب۔

الفَخَّار: ٹھیکری۔ پکی ہوئی مٹی۔ واحد (فَخَّارَة)

الفَخَّارِی: ٹھیکری بیچنے والا کمہار۔

الفَاخُوْر: ایک قسم کا پھول ج فَيَاخِيْر.

المَفْخَرَة والمَفْخُرَة: افعالِ حمیدہ۔ وہ چیز جس پر فخر کیا جائے۔ ج مَفَاخِر.

فَخَزَ (ف) وفَخِزَ (س) فَخْزًا وفَخَزًا وتَفَخَّزَ: تکبر کرنا۔ بڑائی ظاہر کرنا۔

الفَخْز: مص۔ فضیلت۔

فَخَشَ (ف) فَخْشًا. الاَمْرَ: ضائع کرنا۔

فَخْفَخَ فَخْفَخَةً. الرَّجُلُ: لغو و باطل کرنا۔

الفَخْفَخَةُ: مص۔ کاغذ یا نئے کپڑے کی کھڑکھڑاہٹ۔

تَفَخَّلَ: حلم و وقار ظاہر کرنا۔ عمدہ کپڑے پہننا۔

فَخُمَ (ک) فَخَامَةً: موٹا ہونا۔ عظیم المرتبہ ہونا۔

فَخَّمَهٗ: تعظیم کرنا۔ فَخَّمَ الحُرُوْفَ فِي اللَّفْظِ: حروف کو پڑھنا۔

الفخم: عظیم المرتبہ ...... مِنَ المَنطِقِ: درست بات۔

الفُخمِیَّۃ: بڑائی۔ برتری۔ الاَفخَم: اعظم۔ بڑے مرتبہ والا۔

فَدَّ (ض) فَدِیدًا. الرَّجُلُ: آواز بلند کرنا۔ دوڑنا ...... الطَّائِرُ: پرندہ کا پھڑ پھڑانا۔ فدت الابل: اونٹ کا زمین کو کھروں سے روندنا۔

فَدَّدَ: خرید وفروخت میں چلانا۔ تکبر وغرور سے چلنا۔

الفَدَّاد: متکبر۔ بہت چلانے والا۔ بہت روندنے والا۔ سینکڑوں سے ہزار تک اونٹوں کا مالک ج فَدَّادُون. الفَدَّادُوْن: چرواہے۔ اونٹ والے۔ گائے بیل والے کاشتکار اور ان کے علاوہ جن کی آواز کھیتی باڑی اور مویشی میں بلند ہوتی ہے۔

الفَدَّادَۃ: مؤنث۔ فَدَّاد: مینڈک بزدل۔

فَدَحَ (ف) فَدْحًا. الاَمرُ او الحَملُ او الدَّینُ: کسی معاملہ کا یا حمل کا یا قرض کا گرانبار بنا دینا۔

اَفدَحَ واستَفدَحَ. الامْرَ: بوجھل پانا۔

الفَادِح: مشکل جو بوجھل کرنے والا ہو۔ کہا جاتا ہے "نَزَلَ بِہٖ اَمرٌ فَادِحٌ ورَکِبَ دَینٌ فَادِحٌ" اس پر امر گرانبار آ پڑا۔ اس پر قرض گرانبار ہو گیا۔

الفَادِحَۃ: مصیبت ج فَوَادِح.

فَوَادِحُ الدَّھرِ: مصائب زمانہ۔

فَدَخَ (ف) فَدْخًا. الشَّیءَ: توڑنا۔

العُودَ: تازہ لکڑی توڑنا۔

فَدَرَ (ض) فَدْرًا وفُدُورًا. اللَّحمُ المَطبُوخُ: پکے ہوئے گوشت کا ٹھنڈا ہونا۔

فَدَّرَ. الحِجَارَۃَ: چھوٹے بڑے پتھر توڑنا۔

تَفَدَّرَ. الحَجَرُ: پتھر کا ٹوٹنا۔

الفَدَرُ: پہاڑی بکرا۔ ج فُدُور.

الفَدُور: پہاڑی بکرا ج فُدُر.

الفَدِرُ: بے وقوف۔ جلدی ٹوٹنے والی لکڑی۔

الفِدرَۃ: پکے ہوئے گوشت کا سر ٹکڑا۔ پہاڑ کا ایک حصہ۔ رات کا ایک ٹکڑا۔ ج فِدَر.

الفَدَرَۃ: قوم سے علیحدہ رہنے والا۔ تنہا چلنے والا۔

الفُدُرُ: چاندی۔ موٹا لڑکا۔

الفَادِرُ: پکا ہوا ٹھنڈا گوشت۔ پہاڑی بکرا۔ علیحدہ رہنے والی اونٹنی ج فُدْر وفَوَادِرُ وفُدُورٌ.

الفَادِرَۃ: مؤنث فَادِر: پہاڑ کی چوٹی پر بڑی چٹان۔

المَفدَرَۃ: بہت سے پہاڑی بکروں کی جگہ۔

اَفدَسَ. الرَّجُلُ: کسی کے گھر یا دروازہ پر مکڑیوں کا ہونا۔

الفُدس: مکڑی۔ ج فِدَسَۃ.

الفَیدَس: مٹکا۔ بڑا گھڑا۔

فَدَشَ (ن) فَدْشًا. رَاسَہٗ: سر پھوڑنا۔

فَدَشَہٗ (ض) فَدْشًا: دفع کرنا۔

الفَدَش: مادہ مکڑی۔

فَدِعَ (س) فَدَعًا: ٹیڑھے جوڑوں والا ہونا۔ صفت (اَفدَع) مؤنث (فَدعَاءُ) ج فُدْعٌ.

فَدَعَہٗ (ف) فَدْعًا: کچلنا یا تھوڑا اچاڑنا۔

فَدَّعَہٗ: ٹیڑھے جوڑوں والا کر دینا۔

الفَدَع: ہاتھ یا پیر کے جوڑ میں کجی، جوڑوں کی کجی۔

الفَدعَۃ: جوڑوں کی کجی کی جگہ۔

فَدَغَہٗ (ف) فَدْغًا: توڑنا۔

اِنفَدَغَ: ٹوٹنا ...... الشَّیءُ الیَابِسُ: نرم ہونا۔

المِفدَغ: توڑنے کا آلہ ج مَفَادِغ.

فَدفَدَ فَدفَدَۃً: آواز بلند کرنا۔ بھاگتے ہوئے دوڑنا۔

الفَدفَد: سخت آواز والا۔ بلند آواز والا۔ بہت زیادہ روندنے والا۔ الفَدِیدُ: جما ہوا دودھ۔

فَدَکَ. القُطنَ: روئی دھننا۔ فَدَّکَہُ القُطنَ: روئی دھنوانا۔

فَدَمَ (ض) فَدْمًا. الابریقَ وعلَی الابریقِ: چھاگل پر سر بند لگانا۔

فَدُمَ (ک) فُدُومَۃً وفَدَامَۃً: بے وقوف ہونا۔

فَدَّمَ واَفدَمَ. فَمَ الآنِیَۃِ: برتن پر سرپوش رکھنا۔

الفَدْم: کلام میں عاجز۔ بے وقوف۔ کم سمجھ۔ گاڑھے خون والا۔ ج فِدَام: گہرے سرخ رنگ والا مؤنث فَدْمَۃ.

الفِدَام والفَدَام: چھوٹی سی چھلنی یا کپڑا جو لوٹے وغیرہ کے منہ پر باندھ دیں تا کہ جو کچھ اس میں ہے صاف ہو جائے ج فُدُم.

الفَدَّام والفَدَّامَۃ والفَدُّوم بمعنی الفِدَام.

الفِدَام والفِدَامَۃ: چھینکا جو اونٹ کے منہ پر باندھ دیں تا کہ کاٹ نہ سکے یا کھا نہ سکے۔

المُفدَمَات: قبضے والے لوٹے۔ مٹکے۔

فَدَنَ. الابلَ: اونٹ کو موٹا کرنا ...... البِنَاءَ: عمارت کو بلند کرنا ...... الثَّوبَ: کپڑے کو سرخ رنگنا۔

الفَدَن: سرخ رنگ۔ بلند عمارت ج افدان.

الفَدَّان والفَدَان: بیلوں کی جوڑی جو ہل میں جتے ہوئے ہوں۔ ج فُدُن واَفدِنَۃ وفَدَادِین. الفَدَن: کھیتی۔ وفی المساحۃ: چار سو مربع زمین۔

الفَادِن. فی اِصطِلَاحِ النَّبَاتِیِّینَ: سَاھِل ج فَوَادِن.

الفَدَوکَس: شیر۔ مضبوط مرد۔

فَدَی یَفدِی فَدًی وفِدًی وفِدَاءً الرَّجُلَ مِنَ الاَسرِ ونَحوِہٖ: مال وغیرہ دے کر چھڑانا۔ صفت فاعل (فَادٍ) اور صفت مفعول (مَفدِیّ) کہتے ہیں "فَدَتِ المَراَۃُ نَفسَھَا مِن زَوجِھَا" یعنی عورت نے مال دے کر طلاق لے لی اور چھٹکارا حاصل کر لیا۔

فَدَّی وفَدَّی تَفدِیَۃً. فلانًا بنفسہ: اس کے متعلق کہنا کہ میں تمہارے اوپر فدا کیا جاؤں۔

فَادَی فِدَاءً ومُفَادَاۃً. الرَّجُلَ: چھوڑ دینا اور فدیہ لے لینا۔ چھڑانا۔

اَفْدَی اِفْدَاءً. فلانٌ الاسیرَ: کسی سے قیدی کا فدیہ قبول کرنا......الرَّجُلُ: موٹا ہونا۔

تَفَادَی تَفَادِیًا القومُ: ایک دوسرے پر فدا ہونا۔ بعض کا بعض کے ذریعے سے بچنا۔

الرَّجُلُ مِنْ کَذَا: پرہیز کرنا اور یکسو ہونا۔

اِنْفَدَی اِنْفِدَاءً: فدیہ دیا جانا۔

اِفْتَدَی. بِهٖ: فدیہ دینا......مِنْهُ بِکَذَا: پرہیز کرنا۔ کہتے ہیں افتدت المراۃ نفسھا من زوجھا: یعنی عورت نے مال دے کر طلاق لے لی اور چھٹکارا حاصل کرلیا۔

اَلْفَادِی: عیسائی عقیدہ کے مطابق حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا لقب یعنی بقول ان کے اپنی جان کریم دے کر انسانی جرائم کا فدیہ بنے۔

اَلْفَدَائِیُّ: خطرناک مقامات ومہمات پر اپنی جان کا نذرانہ پیش کرنے والا۔

اَلْمُفَادَاۃُ: گرفتار قیدی کے بدلے قیدی کا تبادلہ کرنا۔

الفَدَاءُ: حجم۔ موٹاپا۔ ڈھیر۔ انبار جو گیہوں کھجور وغیرہ رکھنے کا برتن۔ تاجر کے سامان و غلہ وغیرہ کی جگہ۔ ج اَفْدِیَۃٌ.

الفِدَاءُ والفَدَی والفِدَی: مص۔ مال جو چھڑانے کے لئے دیا جائے کہا جاتا ہے "فَدًی لَکَ اَبِیْ وفِدَاکَ اَبِی" یعنی میں تمہارے اوپر اپنے باپ کو فدا کرتا ہوں اور اس جملہ سے دعا اور اظہار محبت اور تعریف و توصیف کا ارادہ کرتے ہیں اور کبھی فعل محذوف ہوتا ہے اور صرف حرف با کو باقی رکھتے ہیں اور کہتے ہیں "بِاَبِیَ التِّلْمِیْذُ المُجْتَهِد" یعنی میں اس پر اپنے باپ کو فدا کرتا ہوں۔

الفِدْیَۃُ: مال جو چھڑانے کے لئے دیا جائے ج فِدًی وفِدْیَاتٌ.

فَذَّہٗ (ن) فَذًّا: سختی سے دھتکارنا۔

اَفَذَّتْ. الشَّاۃُ: ایک بچہ جننا۔ صفت (مُفِذٌّ ومُفِذَّۃٌ) اور اگر یہی عادت ہوجائے تو اس کو (مِفْذَاذٌ) کہتے ہیں۔

تَفَذَّذَ واسْتَفَذَّ. بالاَمْرِ: خود رائی کرنا۔

الفَذُّ: مص۔ اکیلا۔ جوئے کے تیروں سے پہلا تیر ج اَفْذَاذ وفُذُوْذٌ وکَلِمَۃٌ (فَذَّۃٌ وفَاذَّۃٌ) کلمہ شاذہ۔

الاَفَذُّ: بے پر کا تیر۔ کہا جاتا ہے "اَکَلْنَا فَذَاذَی وفُذَاذَی وفَذَاذًا وفُذَاذًا" یعنی ہم نے جدا جدا ہو کر کھایا۔

فَذْفَذَ فَذْفَذَۃً: اچانک کودنے کے لئے سمٹنا۔

فَذْلَکَ فَذْلَکَۃً. الحِسَابَ: فارغ ہونا۔

الفَذْلَکَۃُ: مص۔ میزان کل، مفصل کا خلاصہ۔ حساب کا ہو یا کسی اور چیز کا (مولد)

فَرَّ (ض) فَرًّا وفِرَارًا ومَفَرًّا مَفِرًّا: بھاگنا۔ پویہ دوڑنا۔

فَرَّ (ن) فَرًّا وفَرَارًا وفُرَارًا وفِرَارًا. الدَّابَّۃَ: جانور کی عمر معلوم کرنے کے لئے دانتوں کو دیکھنا......اِلَی الشَّیْءِ: جانا......عَنِ الاَمْرِ: کھود کرید کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُرَّ الاَمْرُ جَذَعًا" معاملہ اپنی پہلی حالت پر لوٹ آیا۔

فَارَرْتُہٗ: میں نے اُس کے حال کی اور اُس نے میرے حال کی تحقیق کی۔

اَفَرَّ اِفْرَارًا. رَاْسَہٗ بِالسَّیْفِ: تلوار سے سر پھاڑ دینا۔ اَفَرَّتِ الخَیْلُ اَوِالاِبِلُ: اونٹ یا گھوڑے کا دودھ کے دانت گرنا۔ اَفَرَّہٗ: بھگانا۔

تَفَارَّ. القَوْمُ: ایک دوسرے سے بھاگنا۔

تَفَرَّرَ. بِالشَّیْءِ: ہنسنا۔

اِفْتَرَّ. البَرْقُ: بجلی کا چمکنا۔ آہستہ آہستہ ہنسنا......الشَّیْءَ: سونگھنا۔

الفَرُّ: مص۔ بھاگنے والا۔ (واحد جمع مذکر و مؤنث)

الفَرُّ: جمع ہے (فَارٌّ) کی جیسے رَکْبٌ: جمع (راکب) کی۔ کہا جاتا ہے (ھو فَرُّ قَوْمِہٖ وفَرُّتُھُمْ) وہ اپنی قوم کا بہترین آدمی ہے۔

الفُرَّۃُ والاَفُرَّۃُ والاُفُرَّۃُ: اختلاط۔ شدت......مِنَ الحَرِّ ونَحْوِہٖ: گرمی کی شدت اور اس کی ابتداء۔

الفِرَّۃُ: مسکراہٹ۔

الاَفَرُّ: خوبصورت طریقہ سے ہنسنے اور مسکرانے والا۔

الفَرَّار والفَرُوْر والفَرُوْرَۃ والفَرُوْرَۃ: تیز بھاگنے والا۔ الفَرَّار: پارہ۔

الفَرُوْر والفَرِیْر والفَرَار: بھیڑ اور بکری کا بچہ۔ الفَرِیْر: منہ۔

المَفَرُّ: بھاگنے کی جگہ۔

المِفَرُّ. مِنَ الخَیْلِ: تیز گھوڑا۔ وہ گھوڑا جو بھاگنے کے کام میں آئے۔

اَلْفَرْبِیُوْن: ایک کثیر پیدائش پودا جس کے پتوں سے زہریلا دودھ نکلتا ہے اگر یہ مادہ آنکھوں میں پڑ جائے تو انتہائی ضرر رساں ہو سکتا ہے۔

الفَرَا والفَرَاءِ: جنگلی گدھا ج افراء وفراء اور عرب کا قول "کُلُّ الصَّیْدِ فِی جَوْفِ الفَرَا" بغیر ہمزہ کے مثل ہے۔ وہ شخص کہتا ہے جس کی بہت سی حاجتیں ہوں اور ان میں سے بڑی حاجت پوری ہو جائے اور اس مقصد کے لئے بھی بولا جاتا ہے کہ وہ باقی حاجتوں کے فوت ہونے کی پروا نہیں کرتا۔

اَمْرٌ (فَرِیٌّ) گھڑا ہوا بڑا۔

فَرَتَ (ن) فَرْتًا: بدکار ہونا۔

فَرُتَ (ک) فُرُوْتَۃً. المَاءُ: پانی کا خوشگوار ہونا۔ میٹھا ہونا۔

فَرِتَ (س) فَرَتًا: ضعیف العقل ہونا۔

الفُرَات: ایک بڑا دریا ہے جو بحر فارس میں گرتا ہے۔ بہت میٹھا پانی۔ کہا جاتا ہے "مَاءٌ فُرَاتٌ ومِیَاہٌ فُرَاتٌ" الفرات: سمندر۔

الفُرَاتَان: فرات ودجلہ۔

فَرْتَکَ فَرْتَکَۃً: چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا......الشَّیْءُ: ریزہ ریزہ ہونا......العَمَلَ: فاسد کرنا۔ بگاڑنا۔

اَلْفَرْتِکَۃُ: کھانے کے لئے ایک کانٹا۔

فَرْتَنَ فَرْتَنَۃً: چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا۔

فَرْتَنَی: امت القرنونۃ: سمندر کا جوش۔

الفِرْتَنٰی: بجو کا بچہ۔ زانیہ۔
فَرِثَت (ن) فَرْثًا وانْفَرَثَت. الحُبْلٰی: حاملہ عورت کا جی متلانا۔
فَرَثَ (ض) فَرْثًا. کَبِدَهٗ: جگر پر مارنا۔
فَرِثَ (س) فَرَثًا: شکم سیر ہونا۔ القَوْمُ: متفرق ہونا۔
اَفْرَثَ وفَرَّثَ. الکَرِشَ: اوجھ کو چیر کر گوبر نکالنا...... الحُبُّ کَبِدَهٗ: محبت کا جگر کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
تَفَرَّثَ. القَوْمُ: متفرق ہونا...... تَفَرَّثَتِ الحُبْلٰی: حاملہ عورت کا جی متلانا۔
الفَرْثُ: گوبر جب تک اوجھ میں رہے ج فُرُوْث.
الفَرَاثَةُ: اوجھ کا گوبر۔
فَرْثَدَ فَرْثَدَةً. وجهه: چہرہ پرگوشت ہونا۔
فَرَجَ (ض) فَرْجًا وفَرَّجَ. الشَّیْءَ: کھولنا۔ کشادہ کرنا۔ اللّٰه الغَمَّ عَنْهُ: غم کو دور کرنا۔ زائل کرنا۔
اَفْرَجَ. الغُبَارُ: غبار کا دور ہونا۔ چھٹ جانا۔ ...... القَوْمُ عَنِ المَکَانِ: علیحدہ ہو جانا۔ ہٹ جانا۔ اَفْرَجَتِ الدَّجَاجَةُ: مرغی کا بچوں والی ہونا۔ صفت (مُفْرِجٌ)
تَفَرَّجَ. الغَمُّ: غم کا دور ہونا۔
اِنْفَرَجَ: کھلنا...... الغَمُّ: غم کا دور ہونا۔ مَا بَیْنَ الشَّیْئَیْنِ: کشادہ ہونا...... الرَّجُلُ مِنْ ضِیقَةٍ: تنگی سے نجات پانا۔ رہائی پانا۔
الفَرْجُ: مص۔ دو چیزوں کے درمیان خلل۔ سرحد۔ مِنَ الثَّوْبِ: کپڑے کا پھٹن۔
مِنَ الاِنْسَانِ: شرمگاہ اور قبل و دبر دونوں پر اطلاق ہوتا ہے۔ ج فُرُوْج فَرْجُ الوَادِی: وادی کا بطن۔ فرج الطریق: راستہ کا درمیانی حصہ۔
الفَرَج والفُرُج: تانت سے علیحدہ کمان۔
...... والفِرج والفُرْجَةُ. مِنَ الرِّجَالِ: بھید نہ چھپانے والا مرد۔
الفَرَجُ: کشادگی۔

الفُرْجَةُ: دو چیزوں کے درمیان کشادگی۔ ج فُرَج.
الفُرْجَةُ والفِرْجَةُ والفَرْجَةُ: تنگی اور غم سے نجات۔
الفَرُّوْجُ: بچے کی قمیص۔ قبا جس میں پیچھے پھاڑ آگیا ہو۔ ج فَرَارِیْج.
والفُرُّوْجُ: مرغی کے چوزے۔ ج فَرَارِیْج: واحد الفَرُّوْجَة.
التِفْرِجَةُ: انگلیوں یا دو کھمبوں کے درمیان کا فاصلہ ج تَفَارِج...... والتِفْرَاجَةُ: کمزور بزدل ج تَفَارِیْج.
الفَرِیْجُ: ظاہر کھلا ہوا۔ قَوْسٌ فَرِیْجٌ: تانت سے علیحدہ کمان۔
المُفْرَجُ: مقتول جو جنگل میں ہے اور اس کا قاتل معلوم نہ ہو۔ وہ شخص جس کے مالٰ اولاد اور کنبہ نہ ہو۔
المُفَرَّجُ: کنگھی وہ شخص جس کی کہنی بغل سے دور ہو۔
الفِرْجَارُ: پرکار۔ کہا جاتا ہے خَطٌّ (فِرْجَارِیّ) یعنی گول دائرہ۔
الفِرْجَوْنُ: کھریرا۔
اِفْرَنْجَمَ اِفْرِنْجَامًا: گوشت کا اوپر سے جل جانا اور نہ بھننا۔
فَرِحَ (س) فَرَحًا. بِالشَّیْءِ: خوش ہونا۔ اکڑنا۔ صفت (فَارِحٌ وفَرِحٌ)
فَرَّحَهٗ: خوش کرنا۔
اَفْرَحَهٗ: خوش کرنا اَفْرَحَهُ الدَّیْنُ: بوجھل کرنا۔ غمگین کرنا۔ تم کہتے ہو "اَفْرَحَتْنِی الدُّنْیَا ثُمَّ اَفْرَحَتْنِی" یعنی دنیا نے مجھ کو خوش کیا پھر غمگین بنا دیا۔ ہمزہ سب کے لئے ہے۔
الفَرَحُ: خوشی۔
الفُرْحَةُ والفَرْحَةُ: خوشی: خوشخبری۔ سنانے والے کا انعام عوام کے نزدیک اس انعام کو حُلْوَان اور بَشَارَةٌ کہتے ہیں۔
الفَرْحَانُ: خوشی والا۔ مؤنث فَرْحٰی وفَرْحَانَةٌ ج فَرْحٰی وفَرَاحٰی.

الفَرُوْحُ: خوشی والا۔ ج فُرُحٌ.
المُفْرَحُ: مثل۔ قرض مند محتاج۔ گمنام نسب والا۔
المِفْرَاحُ: بہت زیادہ خوش (مذکر و مؤنث)
المَفْرُوْحُ: مسرور۔ جس پر خوشی کی جائے۔
فَرِخَ (س) فَرَخًا. اِلَی الاَرْضِ: چمٹنا۔ ...... الرَّجُلُ: گھبراہٹ دور ہونا۔
فَرَّخَ. القَوْمُ: کمزور ہونا۔ گھبرانا...... فَرَّخَتِ الطَّائِرَةُ: پرندہ کا بچوں والا ہونا۔ صفت (مُفَرِّخٌ)...... البَیْضَةُ: انڈے کا بچہ سے جدا ہونا۔ فَرَّخَ الشَّجَرُ: درخت کا پھوٹنا...... الاَمْرُ: اشتباہ کے بعد انجام کا ظاہر ہو جانا۔ ...... الرَّوْعُ: خوف دور ہونا۔
اَفْرَخَ. الرَّوْعُ: خوف دور ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَفْرِخْ رَوْعَکَ" یعنی اپنی گھبراہٹ کو دور کرو اور دل کو مطمئن کرو۔ اَفْرَخَتِ البَیْضَةُ والطَّائِرَةُ: بمعنی فرخت. اَفْرَخَ الاَمْرُ: اشتباہ کے بعد انجام کا ظاہر ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَفْرَخَ القَوْمُ بَیْضَتَهُمْ" یعنی قوم نے اپنا بھید ظاہر کر دیا۔
اِسْتَفْرَخَ. الحَمَامَ: کبوتر کو بچے نکالنے کے لئے لینا...... الحَمَامُ: کبوتری کا بچہ والی ہونا۔
الفَرْخُ: پرندہ کا بچہ۔ چھوٹا پودہ یا حیوان...... مِنَ الشَّجَرِ: درخت کی جڑ میں جو پودے نکل آئیں۔ ج فِرَاخ واَفْرَاخ واَفْرُخ واَفْرِخَة وفِرْخَان وفُرُوْخ. الفَرْخُ: کمزور ذلیل دھتکارا ہوا آدمی۔ فَرْخُ الرَّاسِ: دماغ۔
الفَرْخَةُ: پرندہ کا مادہ بچہ۔ ج فِرَاخ: تیر کے چوڑی ناک۔
المَفْرَخُ: بچے نکالنے کی جگہ۔ ج مَفَارِخ.
فَرَدَ (ن) وفَرِدَ (س) وفَرُدَ (ک) فُرُوْدًا. والفَرْدَ: اکیلا ہونا...... بِالاَمْرِ: تنہا کام کرنا۔
فَرَدَ عَنِ الشَّیْءِ: علیحدہ ہونا۔
فَرَّدَ: لوگوں سے جدا ہونا۔ فقیہ ہونا۔
فَرَّدَ بِرَاْیِهٖ: رائے میں اکیلا ہونا۔
اَفْرَدَ. الشَّیْءَ: جدا کرنا...... اِلَیْهِ رَسُوْلًا:

قاصد بھیجنا ...... بالامر: تنہا کام کرنا۔
اَفْرَدَتِ الاُنْثیٰ: ایک بچہ جننا۔ صفت (مُفْرِدٌ)
تَفَرَّدَ و اِنْفَرَدَ و اِسْتَفْرَدَ۔ بالامر: بغیر نظیر کے تنہا ہونا۔ تنہا کام کرنا۔ واِسْتَفْرَدَہٗ: اکیلا پانا۔ ساتھیوں میں سے نکال لینا۔ اِنْفَرَدَ بِہٖ: یکتا کو لینا جس کا کوئی ثانی اور مثیل نہ ہو۔
الفارِد: فا۔ (الفارِد و الفَرَد) بیل۔
الفارِدَۃ: مؤنث فارِدٌ: بکری جو گھر میں اکیلی رکھی جائے۔ نَاقَۃٌ فَارِدَۃٌ: چراگاہ میں تنہا چرنے والی اونٹنی ج فَوَارِد۔
الفَرْد: ایک طاق۔ ج فِرَاد: بے مثال ج اَفْرَاد و فُرَادیٰ: داڑھی کی ایک جانب۔ ایک ٹکوے کی جوتی ج اَفْرَاد: کہا جاتا ہے "هٰذَا شَیٌٔ فَرْدٌ" یہ منفرد چیز ہے۔
اَفْرَادُ النُّجُوْمِ و فُرُوْدُھَا: الگ الگ طلوع ہونے والے ستارے۔ اَفْرَادُ النَّاسِ بڑے لوگ۔
الفَرَد و الفَرِد: ایک۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا سَیْفٌ فَرَدٌ و فَرِدٌ" یہ بے مثال تلوار ہے۔ "وَشْیٌ فَرْدٌ و فَرِدٌ و فَرَدٌ و فُرُدٌ" یعنی یہ منفرد چیز ہے۔
الفَرْدَۃ: فرد کا مؤنث ج فَرَدَاتٌ و اَفْرَادٌ و فُرَدٌ۔
الفَرْدَان: ایک۔ کہا جاتا ہے "شَیٌٔ فَرْدَان" یعنی منفرد ہے اور مؤنث فَرْدیٰ: کہا جاتا ہے لَقِیْتُہٗ (فَرْدَیْنِ) یعنی ہمارے ساتھ کوئی نہیں تھا۔
الفَرْدَۃ: تنہا جانے والا۔ کہا جاتا ہے جَاءُوْا (فُرَادًا و فُرَادًا و فَرْدیٰ و فُرَادًا و فُرَادیٰ) یعنی اکیلے اکیلے آئے۔ واحد (فَرَدٌ و فَرِدٌ و فَرِیْدٌ و فَرْدَانٌ)
الفَرِیْد: ایک یکتا۔ چھوٹا موتی جو سونے اور بڑے موتیوں کے بیچ میں ہو۔ موتی۔ نفیس جوہر ج فَرَائِد۔
الفَرِیْدَۃ: مؤنث فرید: نفیس جوہر۔
ریڑھ کی ہڈی کا وہ مہرہ جو دُم کی ہڈی سے ملا ہوا ہے ج فَرَائِد کہا جاتا ہے "اَتیٰ بِالفَرَائِد" یعنی ایسے الفاظ جو فصاحت و بلاغت اور عربی الاصل ہونے پر دلالت کرتے ہیں۔
الفَرَّاد: موتیوں کا بیچنے والا۔
المُفْرَد: مثنیٰ۔ واحد اور اس کے مقابلہ میں جمع ہے۔ جنگلی بیل۔
المُفْرَد۔ مِنَ اللَّقَب: موتی لگا کر جدا کیا ہوا۔
المُفْرِد: فا۔ کہا جاتا ہے "رَاکِبٌ مُفْرِدٌ" سوار جس کے پاس اپنے اونٹ یا گھوڑے کے سوا نہ ہو۔
فَرْدَسَہٗ فَرْدَسَۃً: پچھاڑ دینا۔ زمین پر پٹک دینا۔
الفِرْدَوْس: باغ۔ جنت۔ سرسبز وادی (مذکر و مؤنث) ج فَرَادِیْس۔ فِرْدَوْسُ النَّعِیْمِ: ایک جنت کا نام ہے۔
الفَرْدَسَۃ: مص۔ گنجائش۔
المُفَرْدَس: فا۔ کشادہ سینہ والا۔ صَدْرٌ (مُفَرْدَس) کشادہ سینہ۔
کَرْمٌ مُفَرْدَسٌ: اُلٹی لگی ہوئی انگور کی بیل۔
فَرَزَ (ض) فَرْزًا و اَفْرَزَ۔ الشَّیْءَ مِنْ غَیْرِہٖ: جدا کرنا۔ علیحدہ کرنا و اَفْرَزَ الصَّیْدُ الصَّائِدَ: شکار کا شکاری کو فریب سے مارنے کا موقع دینا۔ افرز فلانًا بِشَیْءٍ: خاص کرنا اور کسی کو شریک نہ کرنا۔
فَرَّزَ تَفْرِزَۃً۔ عَلیٰ بِرَاْیِہٖ: قطعی حکم لگانا۔
فَارَزَ۔ شَرِیْکَہٗ: الگ کرنا۔
اِفْتَرَزَ۔ الاَمْرَ: اپنے لوگوں کے مشورہ کے بغیر فیصلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِفْتَرَزَ اَمْرَہٗ دُوْنَ اَھْلِ بَیْتِہٖ" اس نے اپنے معاملہ میں اپنے گھر والوں سے مشورہ کے بغیر فیصلہ کر لیا۔
تَفَارَزَ۔ الشَّرِیْکَانِ الشَّرِکَۃَ: شرکت کو فسخ کرنا۔
الفَرْز: مص دو پہاڑوں کے درمیان کشادگی دو ٹیلوں کے درمیان پست زمین
الفُرْزَۃ: سخت زمین میں شگاف۔
الفِرْز: ٹیلہ کا راستہ۔ ساتھی کے لئے علیحدہ کیا ہوا حصہ۔ ج اَفْرَاز و فُرُوْز۔
الفِرْزَۃ: جدا کی ہوئی چیز کا ایک حصہ۔
الفُرْزَۃ: باری۔ فرصت۔ ٹیلہ کا راستہ۔
الفَارِز۔ فا۔ کَلَامٌ فَارِزٌ: صاحب واضح کلام۔ لِسَانٌ فَارِزٌ: فیصلہ کن زبان۔
الاِفْرِیْز۔ مِنَ الحَائِطِ: کارنس ج اَفَارِیْز (دخیل)
الفَرَزْدَق: روٹی جو تنور میں گر پڑے۔ روٹی کے ٹکڑے۔ گوندھے ہوئے آٹے کے پیڑے۔ واحد (فَرَزْدَقَۃ) اور اس کی تصغیر فُرَیْزِق یا فُرَیْزِد ج فَرَازِق اور قیاس کے لحاظ سے فَرَازِدُ۔ الفَرَزْدَق: لقب ایک مشہور شاعر کا۔
اَفْرَزَعَ۔ الکَلَأُ: گھنا گھنا ہونا۔
الفُرْزُع: بولنہ۔
الفُرْزُعَۃ۔ فُرْزُع: کا واحد۔ گھاس کا گٹھا ج فَرَازِع۔
فَرْزَلَہٗ فَرْزَلَۃً: قید کرنا۔
الفِرْزِل: قید۔ ہتھکڑی لگانا۔ لوہا کاٹنے کی قینچی۔
الفُرْزُل: موٹا آدمی۔
تَفَرْزَنَ۔ البَیْذَقُ: شطرنج میں پیادہ کا ملکہ بننا۔
الفِرْزَان: شطرنج کی ملکہ ج فَرَازِیْن (دخیل)
فَرَسَ (ض) فَرْسًا و افْتَرَسَ۔ الاَسَدُ فَرِیْسَتَہٗ: گردن توڑ دینا۔ شکار کرنا۔ فَرَسَ الذَّبِیْحَۃَ: رگ گلو کاٹ دینا۔ گردن جدا کرنا ...... الشَّیْءَ: جدا جدا کرنا۔
فَرَسَ (ض) فِرَاسَۃً۔ بِالعَیْنِ: ظاہر نظر سے باطن کو معلوم کرنا۔
فَرُسَ (ک) فَرَاسَۃً و فُرُوْسَۃً و فُرُوْسِیَّۃً: شہسواری میں ماہر ہونا۔
فَرَّسَہٗ۔ الشَّیْءَ: پھاڑنے کے لئے پیش کرنا۔
اَفْرَسَ۔ عَنْ بَقِیَّتِہٖ مَالِیْ: مال لینا اور کچھ باقی

چھوڑ دینا......الرَّاعِی: گلّے کی حفاظت سے غافل ہونا......فُلانٌ الاَسَدَ حِمَارَہٗ: اپنی نجات کے لئے گدھے کو پھاڑنے کے لئے شیر کے سامنے کر دینا۔

تَفَرَّسَ. فِیْہِ: نظر جما کر دیکھنا۔فِیْہِ الخَیْرَ: کسی کے اندر علامت سے خیر پہچاننا......الرَّجُلُ: بتکلف شہسوار ظاہر کرنا کہا جاتا ہے فُلانٌ لَیْسَ بِفَارِسٍ وَلٰکِنَّہٗ یَتَفَرَّسُ: فلاں شہسوار نہیں ہے لیکن وہ شہسوار بنتا ہے۔

الفُرْسُ وفَارِسُ: مملکت فارس کے باشندے ان کے ملک کو (فارس) اور ان کی زبان کو (الفَارِسِیَّۃ) کہتے ہیں۔

الفَارِسِیُّ: فارس کی طرف نسبت۔فُرْسٌ کا واحد۔

الفِرْسُ: ایک قسم کی گھاس۔

الفَرَسُ: گھوڑا۔گھوڑی۔مذکر کو حصان اور مؤنث کو حِجْرٌ کہتے ہیں اور بسا اوقات مؤنث کے لئے (فرسۃ) بھی استعمال کرتے ہیں اور فَرَسٌ کی جمع غیر لفظ سے خیل آتی ہے اور اسی سے اَفْرَاس ہے۔تین گھوڑیوں کے لئے ثَلاثَۃُ اَفْرَاسٍ اور تین گھوڑیوں کے لئے ثَلاثُ اَفْرَاسٍ کہیں گے اور جمع کثرت فُرُوْسٌ آتی ہے اور عرب کا قول ہے "ھُمَا کَفَرَسَیْ رِھَانٍ" مثل ہے ان دو شخصوں کے لئے جو کسی ایک مقصد کی طرف مسابقت کریں اور کوشش اور فضل میں برابر ہوں۔فَرَسُ البَحْرِ: ایک دریائی جانور ہے جو بڑے جسم اور بڑے سر کا ہوتا ہے اور اس کی ٹانگیں اور دُم چھوٹی ہوتی ہے اور اس کی ہر ٹانگ میں چار کھر ہوتے ہیں اور اس کو فَرَسُ النَّھْرِ اور جَامُوْسُ البَحْرِ بھی کہتے ہیں۔

الفُرَیْسَۃُ: تصغیر فَرَسٌ: کی مؤنث کے لئے۔

الفُرَیْسُ: تصغیر فَرَسٌ: کی مذکر کے لئے۔

الفَرْسَۃُ. فَرَسَ: کا اسم مرۃ (...... والفِرْسَۃُ) پھوڑا جو گردن میں ہوتا ہے۔

الفَارِسُ: ج فَوَارِسُ۔گھڑسوار۔گھوڑے والا ج فُرْسَانٌ وفَوَارِسُ اور کہا جاتا ہے "ھُوَ فَارِسٌ بِالاَمْرِ" وہ معاملہ کا جاننے والا ہے۔

الاَفْرَسُ: شہسواری کا ماہر۔زیادہ سمجھدار۔

اَبُوْفِرَاسٍ والفَرَّاسُ: شیر۔الفَرَّاسُ: ذکی۔

الفَرِیْسُ: مقتول کہا جاتا ہے ثَوْرٌ فَرِیْسٌ وبَقَرَۃٌ فَرِیْسٌ ج فَرْسٰی: حلقہ جو رسّی کے سرے پر باندھا جاتا ہے۔

الفَرِیْسَۃُ. فریس کا مؤنث۔جس کو شیر وغیرہ پھاڑ دیں۔

الفُرَانِسُ والفِرْنَاسُ: شیر۔موٹی گردن والا۔

الفِرْنَاسُ: بہت زیادہ بہادر۔دیہاتیوں کا چودھری۔ج فَرَانِسَۃٌ.

المَفْرُوْسُ: گردن کے پھوڑے والا۔

الفَرُوْسُ: شیر۔

فَرْسَخَ فَرْسَخَۃً. الشَّیْئُ: کشادہ ہونا۔(......وتَفَرْسَخَ وافْرَنْسَخَ) البَرْدُ اوالمَرَضُ: سردی یا بیماری کی تیزی کا کم ہونا۔تَفَرْسَخَ وافْرَنْسَخَ الھم عَنْہُ: غم کا دور ہونا۔زائل ہونا۔

الفَرْسَخُ: راحت۔سکون۔مدت طویل۔ہمیشہ رہنے والی چیز۔شگاف۔فَرْسَخُ الطَّرِیْقِ: تین میل ہاشمی اور بقول بعض بارہ ہزار گز اور یہ تقریباً آٹھ کلومیٹر کے برابر ہوتا ہے ج فَرَاسِخُ (کلمہ فارسیہ ہے)

سَرَاوِیْلُ (مُفَرْسَخَۃٌ) کشادہ شلوار۔

الفِرْسِنُ: اونٹ کے کھر کا کنارہ (مؤنث) ج فَرَاسِنُ.

رَجُلٌ (مُفَرْسَنُ) الوَجْہِ: پُر گوشت چہرہ والا مرد۔

فَرَشَ (ن ض) فَرْشًا وفِرَاشًا. الشَّیْئُ: بچھانا......فُلانًا اَمْرًا: کشادہ کرنا......الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا......الاَمْرُ: پھیلانا......عَنْہُ: ارادہ کرنا۔تیار ہونا۔

......فَرْشًا. النَّبَاتُ: نباتات کا زمین پر پھیلنا۔

فَرَّشَ. فُلانًا بِسَاطًا: کسی کے لئے بچھونا بچھانا۔

......فَرَّشَ الدَّارَ: فرش لگانا۔اینٹ اور پتھر بچھانا......الزَّرْعُ: پھیلنا اور پتوں کا بڑھنا......الطَّائِرُ: پرندہ کا پھڑ پھڑانا۔

اَفْرَشَہٗ. بِسَاطًا: کسی کے لئے بچھونا بچھانا۔

اَفْرَشَ السَّیْفَ: تلوار کی دھار کا پتلا کرنا۔تیز کرنا۔الشَّجَرُ: درخت کا لمبی ٹہنی والا ہونا۔عَنْہُ: علیحدہ ہونا۔دور ہونا......الرَّجُلُ: غیبت کرنا اور بری بات کہنا......المَکَانُ: زیادہ پڑنے والا ہونا......الشَّاۃَ لِلذَّبْحِ: زمین پر ذبح کرنے کے لئے لٹانا......الرَّجُلُ: بچھونے والا ہونا۔

تَفَرَّشَ. الطَّائِرُ: پرندہ کا پھڑ پھڑانا۔

اِفْتَرَشَ. ذِرَاعَیْہِ: بازو پھیلانا......الشَّیْئُ: روندنا......الطَّرِیْقَ: چلنا......الرَّجُلُ: پچھاڑنا......اَثَرَ فُلانٍ: پیچھا کرنا......عِرْضَہٗ: بے عزتی کرنا......الشَّجَّۃُ العَظْمَ: ہڈی کا بغیر ٹوٹنے کے پھٹنا......المَالَ: غصب کرنا......الشَّیْئُ: پھیلنا۔

الفَرْشُ: مص۔بچھونا۔کشادہ زمین چھوٹے چھوٹے درخت چھوٹی چھوٹی لکڑیاں۔چھوٹے چھوٹے اونٹ (اور اس معنی کے لحاظ سے جمع نہیں) جھوٹ۔کھیتی۔جبکہ اس کے تین پتے نکل آئیں۔وہ جگہ جہاں بکثرت نباتات ہوں۔گائے بکری جو ذبح کے قابل نہ ہوں۔

الفَرْشَۃُ. فَرَشَ: کا اسم مرۃ......عِنْدَ الفَرْشَۃِ بچھونا۔

الفِرْشَۃُ: بچھانے کی ہیئت۔کہا جاتا ہے ھُوَ حَسَنُ الفِرْشَۃِ: یعنی وہ اچھی حالت میں بچھا ہوا ہے۔

الفَرَاشُ: زمین پر خشک شدہ کیچڑ......

النَّبِیْذُ: شراب کے بلبلے۔زبان کے ......سرخ رگیں۔وہ لوہے جس سے لگام کو باندھتے ہیں۔الفَرَاشُ مِنَ الرِّجَالِ: ......ہلکا پھلکا مرد۔

الفِرَاشُ: بچھونا۔گھونسلہ۔خشکی [illegible]

زبان کی جگہ ج الفَرَاشة والفُرُوش.
الفَرَّاش: بہت بچھانے والا۔
الفَرَاشة: پتلی ہڈی یا پتلا لوہا۔ تھوڑا پانی ...... من القفل: تالے کا جبڑ۔ کندھوں کا اٹھا ہوا حصہ اور (فَـرَاشُ الدِمَاغ) کا واحد ہے اور فَرَاشُ الدِمَاغ: ان پتلی پتلی ہڈیوں کو کہتے ہیں کہ جو کھوپڑی تک پہنچتی ہیں۔ الفَرَاشَة: پرواہ اوچھی طبیعت کا مرد۔ کہا جاتا ہے "مَا هُوَ اِلَّا فَرَاشَةٌ" اور یہ حقارت اور خست کے لئے مثل ہے ج فَرَاش.
الفَرِيْش. مِنَ النَبَاتِ: زمین پر پھیلی ہوئی بیل۔ گھوڑی جس نے حال ہی میں بچہ دیا ہو۔ ج فَرَائِش.
المِفْرَاش: بچھونا۔
الـمِـفْـرَشة: کجاوہ پر بچھانے کا چھوٹا سا بچھونا۔ ج مَفَارِش.
المُفَرَّش: مفع کہا جاتا ہے "جَمَلٌ مُفَرَّشٌ" بغیر کوہان کے اونٹ۔
فَرْشَحَ فَرْشَحَةً وفَرْشَحى: ٹانگیں کشادہ کرنا۔ ڈھیلے طریقہ سے رانوں کو زمین سے ملا کر بیٹھنا۔ قریب قریب کودنا۔
الـفِـرْشَـاح: بے بارش کا بادل۔ بے ڈول بلند عورت۔ چوڑا کمر۔ کشادہ زمین (الفِرْشِيح) عضو تناسل۔
فَرَصَ (ن) فَرْصًا. الشَّيْءَ: کاٹنا۔ الجِلْدَ: چیرنا۔ پھاڑنا ...... الفُرْصَةَ: فرصت پانا۔
فَرَصَ (ض) فَـرْصًـا. الرَّجُلَ: رگ گلو پر مارنا۔ شانہ کے گوشت پر مارنا۔
فُرِصَ فَرْصًا وفَرَصًا: شانہ کے گوشت میں درد ہونا۔
فَرَّصَ. النَعْلَ: جوتے پر لوہے کی نوک سے منقش کرنا۔
فَارَصَهُ مُفَارَصَةً. فِي الشَّيْءِ: نوبت بنوبت کرنا۔
أَفْـرَصَـتْـهُ الفُـرْصَةُ: فرصت ملنا۔ أَفْـرَصَ وتَفَرَّصَ الفُرْصَةَ: مہلت پانا۔

تَفَارَصَ. القَوْمُ البِئْرَ: قوم کا کنوئیں پر باری باری آنا۔
اِفْتَـرَصَ. الـفُـرْصَةَ: موقع پانا۔ فرصت کو غنیمت جاننا کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يَفْتَرِصُ اِحْسَـانَهُ وبِرَّهُ" یعنی فوت ہونے کا خوف نہیں کیا جاتا ہے۔
الفُرْصَة: باری اور یہ اسم ہے۔ تَفَـارَصَ الـقَـوْمُ البِئْـرَ: کا کہا جاتا ہے جَـاءَتْ فُرْصَتُكَ مِنَ السَقْيِ: یعنی تمہاری باری آئی۔ وقت مناسب اِنْتَهَزَ الفُرْصَةَ: فرصت کو غنیمت جاننا۔ ج فُرَص.
الفُرْصَة والفِرْصَة والفَرْصَة: اُون یا روئی کا ٹکڑا۔
الـفَـرِيْص: پانی کا شریک کہتے ہو "هُـوَ فَرِيْصِي" گلے کی رگیں۔ واحد (فَرِيْصَة) ہے۔
الفَرِيْصَة: باری۔ پہلو اور مونڈھے یا پستان اور مونڈھے کے درمیان کا گوشت جو خوف کے وقت اچھلنے لگتا ہے کہا جاتا ہے ارتعدت فَـرِيصَةُ یعنی بہت گھبرایا "هُـوَ ضَـخـم الـفَرِيْصَةِ" یعنی وہ جری اور بہادر ہے۔ ج فَرِيْص وفَرَائِص.
الـمِـفْـرَص: لوہا یا چاندی کاٹنے کی چھینی ج مَفَارِص.
الـمِـفْـرَاص: لوہا یا چاندی کاٹنے کی چھینی ج مَفَارِيْص.
الـفِـرْصَـاد: سرخ رنگ۔ توت یا توت کا درخت۔
والـفِـرْصِـد والفِرْصِيْد: انگور کا بیج۔ فَرَضَ (ض) فَـرْضًا. الخَشَبَةَ وفِيْهَا: لکڑی کاٹنا چھیدنا ...... الأَمْرَ: فرض کرنا۔ معین کرنا۔ ...... لَـهُ كَـذَا فِي الدِيْوَان: عطیہ دینا۔ تنخواہ مقرر کرنا ...... لِـفُلَانٍ كَـذَا: فرض مقرر کرنا ...... لَـهُ: وقت معین کرنا ...... الـلّٰـهُ الاَحْكَام عَلٰى عِبَادِهِ: واجب ٹھہرانا۔
فَرَضَتْ (ض) وفَرُضَـتْ (ك) فُرُوْضًا وفَـرَاضَةً. البَقَرَةَ: گائے کا عمر رسیدہ ہونا۔

صفت (فَارِض)
فَرُضَ (ك) فَرَاضَةً: علم فرائض کا جاننے والا ہونا۔
فَرَّضَ. الخَشَبَةَ: لکڑی میں سوراخ کرنا۔ ...... الأَمْرَ: واجب کرنا۔
أَفْـرَضَ. فُلَانًا شَيْئًا: دینا ...... لِفُلَانٍ كَذَا: فرض قرار دینا۔ أَفْرَضَتِ المَاشِيَةُ: نصاب کو پہنچانا۔ زکوٰۃ کے قابل ہونا۔
اِفْتَـرَضَ. الـلّٰـهُ الاَحْـكَامَ عَلٰى عِبَادِهِ: واجب ٹھہرانا ...... الـقَـوْمُ: قوم کا ختم ہو جانا ...... الجُنْدُ: فوج کا تنخواہ لینا۔
الفَرْض: مص ...... مِنَ القَوْسِ: چلہ کمان کی جگہ۔ ج فِرَاض. الفَرْض: اللہ کا بندوں پر مقرر کیا ہوا قانون۔ اپنے پر لازم کی ہوئی چیز عَـلَيْهِ: تنخواہ۔ تنخواہ دار فوج ج فُرُوْض وفِرَاض.
الفُرْض: کاٹ۔
اَلاِفْـتِـرَاضُ: منطقیوں کے نزدیک۔ قضایا کے برعکس طرق میں سے ایک طریق۔
الـفُـرْضَة. مِـنَ الـنَهْرِ: دریا کا دہانہ۔ لکڑی جس میں دروازہ کی چول ہو ...... مِنَ البَحْرِ: بندرگاہ ...... مِـنَ الـقَـوْسِ: کمان کا سرا جو تانت لگانے کے لئے کاٹا جائے ...... مِـنَ الـدَوَاةِ: دوات میں سیاہی کی جگہ۔ فُـرْضَـةُ الجَبَلِ: پہاڑ کے وسط کی پست جگہ ج فُرَض وفِرَاض.
الفِرَاض: کپڑا۔ دریا کا دہانہ۔
الفَارِض: قا۔ موٹا۔ پرانا ج فُرَّض: مؤنث فَارِضَـة ج فَارِضَات وفَوَارِض.
...... والـفَـرَضِـي والفَرِيْض والفَرَّاض: علم فرائض کا جاننے والا۔
الـفَـرِيْضَة: فرض۔ زکوٰۃ۔ مقرر کردہ حصہ۔ ج فَـرَائِـض عِلْمُ الفَرَائِض: وہ علم جس میں وارثین کے حصص بیان کئے جائیں۔
أَصْـحَـابُ الفَرَائِض: وہ ورثہ جن کے حصے مقرر ہیں۔
المِفْرَاض والمِفْرَض: کاٹنے کے اوزار۔

المفروض: مص اللہ کا حکم جو بندوں پر واجب ہو۔ کاٹا ہوا۔ محدود۔
الفرضم: بوڑھی بکری۔
فرط (ن) فُرُوطًا: آگے بڑھنا۔ مقدم ہونا .... فرطًا فِی الامر: کوتاہی کرنا۔ فرط منه القول: بغیر سمجھے بوجھے کہنا ..... منه شیٔ: جاتا رہنا ..... علیه فی القول: پیش دستی کرنا اور حد سے گزرنا۔ فرط علی فلان: جلدی کرنا اور تکلیف دینا۔ فرط: غالب ہونا۔ فرط الیه رسولاً: قاصد بھیجنا اور جلدی کرنا ..... ولدًا: چھوٹا بچہ مرنا۔
فرط (ن ض) فرطًا و فراطة القوم: گھاس پانی کی طرف قوم سے پہلے جانا۔ صفت (فارط) جمع فارطون و فُرّاط۔
فرّط. الشیٔ و فی الشیٔ: ضائع کرنا۔ متفرق کرنا ..... فی الشیٔ: کوتاہی کرنا۔ عاجزی کرنا۔ فرّطه: چھوڑ دینا اور آگے بڑھ جانا۔ مدح یا ہجو کرنا اور حد سے گزرنا ..... عنه: مہلت دینا۔
..... الیه رسولاً: قاصد بھیجنا ..... اللّٰه عنه مایکرہ: دور کرنا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا۔
اَفرط: جانب زیادتی اور حد سے بڑھ جانا۔ جلدی کرنا ..... رسولاً: قاصد بھیجنا ..... الامر: بھولنا اور چھوڑنا ..... الاناء: برتن کو لبالب بھرنا ..... بیده الی السیف لیستلّه: تلوار کھینچنے میں جلدی کرنا ..... علی الرجل: طاقت سے زیادہ بوجھ ڈالنا ..... فلان ولدًا: نابالغ بچے کا وفات پانا ..... الشیٔ: بھولنا۔ چھوڑنا۔ کہا جاتا ہے "ما افرط منهم احدًا" یعنی کسی کو نہیں چھوڑا۔
فارطه فِراطًا و مفارطة: سبقت لے جانا۔ پا لینا۔
تفرّط. الشیٔ: وقت گزر جانا ..... الفرس الخیل: گھوڑے کا سابق ہونا۔ آگے بڑھ جانا۔
تفارط: آگے بڑھنا ..... القوم: آگے بڑھنے کی کوشش کرنا ..... الشیٔ: وقت کا جاتا رہنا۔ کہا جاتا ہے "تفارطت الصلاة عن وقتها" یعنی نماز اپنے وقت سے مؤخر ہو گئی تفارطة الهموم: غموں کا لاحق ہونا۔
انفرط: کھلنا۔
افترط. ولدًا: چھوٹے بچے کا مرنا۔
الیه فی الامر: آگے بڑھنا۔ سبقت کرنا۔ کہا جاتا ہے "فلان لا یفترط احسانه" یعنی فلاں کے احسان کے فوت ہونے کا خوف نہیں کیا جاتا۔
الفرط: مص۔ افراط کا اسم ہے۔ ٹیلہ کا سرا۔ پہاڑی کی چوٹی۔ راستہ کا نشان۔ ج اَفرط و افراط الفرط: وقت اور کہا جاتا ہے اتیته فرطًا: میں اس کے پاس چند دن کے بعد آیا اور یہ پندرہ دن سے زائد اور تین دن سے کم نہیں ہوتا۔ آتیک فرط یوم او یومین: یعنی ایک یا دو دن کے بعد آؤں گا "ولا القاء الا فی الفرط" یعنی چند ایام میں ایک مرتبہ ملوں گا۔
الفرط: دامن کوہ۔
افراط الصباح: صبح کی پہلی شعاعیں۔
الفرط: پانی کی طرف قوم سے آگے بڑھنے والا۔ اس میں واحد جمع برابر ہیں کہا جاتا ہے رجل فرط قوم فرط اور اسی سے ہے "انا فرطكم علی الحوض" الفرط: پہلا پہنچا ہوا اجر۔ جلد بازی۔ وہ کام جس میں کوتاہی کی جائے۔ نابالغ بچہ کہا جاتا ہے "سبقه فرط کثیر" نابالغ بچے مر گئے اور مردہ بچہ کے جنازہ کی دعا میں کہتے ہیں ((اللّٰهم اجعله لنا فرطًا)) یعنی اے اللہ اس کو ہمارے لئے اجر بنا دے جو ہم سے پہلے پہنچ جائے۔
الفُرُط: چھوڑا ہوا کام۔ حد سے گزرا ہوا حد سے تجاوز، ظلم و زیادتی۔ تیز گھوڑا جو سارے گھوڑوں سے بڑھ جائے۔
الفرطة و الفُرطة: نکلنا اور آگے بڑھنا۔ کہا جاتا ہے "هو ذو فرطة فی البلاد" یعنی بہت سفروں والا ہے۔
الفراطة و الفَراطة الفُراط: پانی جو چند قبیلوں کے درمیان مشترک ہو اور جو پہلے پہنچ جائے اسی کا ہو جائے۔ بئر فراطة: بھی کہا جاتا ہے یعنی مشترک کنواں تکلم فراطًا: بے سمجھے بوجھے بولا۔
مفارط. البلاد: اطراف بلاد۔
فرطح فرطحة. الشیٔ: چوڑا کرنا۔
رأس مُفرطاح و مفرطح: چوڑا سر۔
فرطس. الخنزیر: ناک لمبی کرنا۔
فرطوسة و فرطیسة: سور کی ناک۔
الفرطیسة: ناک کا بانسہ۔ ج فراطیس۔
الفرطاس: چوڑا۔
فرع (ف) فرعًا و فروعًا. الجبل: پہاڑ پر چڑھنا ..... الوادی: وادی میں اترنا ..... الارض: زمین میں چکر لگانا ..... القوم: قوم سے شرافت اور جمال میں فائق ہونا ..... الفرس بالجام: گھوڑے کو لگام کھینچ کر ٹھہرانا ..... رأسه بالعصا: سر پر لاٹھی مارنا ..... بین القوم: ہر دو کے بیچ میں آنا یا اصلاح کرنا کہا جاتا ہے "هذا اول صید فرعه" پہلا شکار ہے جس کا خون گرایا گیا ہے۔
فرع (س) فرعًا: کثرت سے بالوں والا ہونا۔ صفت (افرع) مؤنث فرعاء ج فُرع۔
فرّع. فی الجبل: پہاڑ پر چڑھنا ..... من الجبل: پہاڑ سے اترنا ..... المسائل من هذا الاصل: تفریق کرنا ..... فروع کا استنباط کرنا ..... فی الارض: زمین میں چکر لگانا۔
افرع. من الجبل: پہاڑ سے اترنا ..... بالقوم: قوم کے پاس نازل ہونا ..... الشیٔ: طویل و بلند ہونا ..... الامر: شروع کرنا ..... اللجام الفرس: لگام کا گھوڑے کو [illegible] کرنا۔ افرعت الضبع الغنم او فی الغنم: بجو کا بکریوں میں تباہی ڈالنا [illegible] کرنا۔ افرعت الابل: اونٹنی کا پہلا [illegible] ..... القوم من سفرهم: وقت سے [illegible] سے واپس آنا۔

......الاَرْضُ : زمین میں بچہ لگاڑ......
الفَرْعَة : پہلا بچہ ذبح کرنا......تَفَلَّلَة: کُھل ہونا۔
عَاجَمَة او سَتَفْرَة: شروع کرنا (اُفْرِعَ) بِفُلَانٍ : پکڑا جانا اور قتل کیا جانا۔
فَارَعَة: کفایت کرنا اور رانگیز کرنا۔
اِفْتَرَعَ البِكْرَ: بکارت زائل کرنا۔
تَـفَـرَّعَ القَوْمُ: گالی دینا۔ فائق ہونا۔
الشَّئُ: بلند ہونا۔تَـفَـرَّعَـتِ الاَغْصَانُ: ٹہنیوں کا بہت ہونا......المَسَائِلُ: اصول سے متفرع ہونا......الشَّئُ عَلَى الشَّئِ: مترتب ہونا۔مبنی ہونا۔
اِسْتَفْرَعَ الشَّئُ: شروع کرنا......الرَّجُلُ: پہلے بچہ کو ذبح کرنا۔
الفَرْع: مص......مِنْ كُلِّ شَيٍ: اوپر کا حصہ جو اصل سے نکلا ہو جیسے فَـرْعُ الشَّـجَرَةِ: منفعت بخش مال۔الفَرْعُ فِيْ المَسَائِلِ العِلْمِيَة: مسائل مستنبط جو کسی اصل سے نکلے ہوں۔فَرْعُ المَرْأَةِ: عورت کے بال۔فَرْعُ القَوْمِ: سردار رئیس۔فَرْعُ الاُذُنِ: کان کا اوپر کا حصہ۔ج فُـرُوْع۔ الـفَـرَع: جوئیں واحد (فَرَعَة) اور کہا جاتا ہے "ضَـرَبَـه عَلَى فَرَعَىْ الكَعَبِ" چوتڑ کے اس حصے پر جو بیٹھنے میں زمین پر لگتا ہے۔
الـفَـرْعُ: گھاٹی کی طرف پانی بہنے کی جگہ ج فِرَاع۔
الـفَـرَع: اونٹ یا بکری کا پہلا بچہ۔ جوئیں واحد (فَـرَعَة) تقسیم۔کہا جاتا ہے تَـرَاضَوْا بِالفَرَعِ: یعنی تقسیم پر راضی ہو گئے۔
الـفَـرْعَة: راستہ کی بلندی۔ پہاڑ کی چوٹی ج فِرَاع۔
الفَارِع: قا۔خوبصورت۔بلند۔پست۔
الفَارِعَة: مؤنث فَارِع۔فَارِعَةُ الجَبَلِ: پہاڑ کا بلند حصہ۔ج فَوَارِع (فَارِعَةُ الطَّرِيْقِ و فَرعاؤُه) راستہ کی بلندی۔
الـمِـفْـرَع: لوگوں کے درمیان صلح کرانے والا۔ج مَفَارِع۔

المُفْرَغ: ہر چیز کا طویل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُفْرَغُ الكَتِف" یعنی فلاں چوڑے اور بلند مونڈھے کا ہے۔
فَرْعَنَ فَرْعَنَةً. الرَّجُلُ: تکبر کرنا۔ چالاک ہونا۔
تَـفَـرْعَـنَ. النَّبَاتُ: لمبی اور قوی ہونا۔فُلَانٌ عَلَيْنَا: سرکشی اور ظلم کرنا۔فراعنہ: کے اخلاق کو اختیار کرنا۔
فِـرْعَوْن و فُـرْعُوْن و فِرْعَوْن: مصر کے بادشاہ کا لقب۔شریر۔سرکش۔ج فَرَاعِنَه۔
فَـرَغَ (ف۔ن) و فَـرِغَ (س) فَـرَاغًـا و فُرُوْغًا مِنَ العَمَلِ: کام سے خالی ہونا۔لَهُ وَاِلَيْهِ: قصد کرنا......الرَّجُلُ فُرُوْغًا: مرنا۔
فَـرَغَ دَمُـهُ: رائیگاں جانا، مطالبہ نہ کیا جانا ......مِـنَ الشَّـئِ: پورا کرنا۔تمام کرنا...... الظَّرْفُ: برتن کا خالی ہونا(...... فَرْغًا) عَلَيْهِ المَاءَ: گرانا۔
فَرُغَ (ک) فَرَاغَةً: رنجیدہ ہونا۔گھبرانا۔
فَرُغَتِ الطَّعْنَةُ: وسیع ہونا۔صفت (فَرِيْغَة)
فِرَغَ (س) فَرَاغًا. المَاءُ: پانی کا گرنا۔
اَفْـرَغَ و فَرَّغَ. المَاءَ: پانی گرانا......الاِنَاءَ: برتن خالی کرنا......الدِّمَاءَ: خون بہانا کہا جاتا ہے "فَرَّغَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الصَّبْرَ" یعنی اللہ اس کو صبر دے۔افرغ اللعبَ ونحوَه: سانچہ میں ڈھالنا۔
تَفَرَّغَ: کام سے خالی ہونا......الامرَ: کوشش کرنا۔
اِفْتَرَغَ. المَاءَ: اپنے اوپر پانی گرانا۔
اِسْتَفْرَغَ: قے کرنا......مَجْهُوْدَهُ لِكَذَا: طاقت صرف کرنا۔
الـفَـرْغ: برتن کا کنارہ جس سے پانی گرایا جائے۔کہا جاتا ہے "هٰـذِهٖ طَـعْـنَـةٌ ذَاتُ فَـرْغٍ" یہ نیزے کا زخم چوڑا ہے۔قحط زدہ زمین۔ج فُرُوْغ۔
الفِرْغ: فراغت کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهُ فِـرْغًـا او فَرْغًا" یعنی اس کا خون رائیگاں گیا۔

الفَرِغ: فارغ۔
الـفِـرَاغ: ڈول کا کنارہ جس سے پانی گرایا جائے۔ برتن۔ بڑا پیالہ۔ جانور کے ایک طرف کا بوجھ۔ چوڑا نیزہ۔ کشادہ رفتار کا جانور ج اَفْرِغَة: کہا جاتا ہے "رَجُلٌ فِرَاغٌ" یعنی تیز رفتار وسیع القدم مرد۔
الـفَـرِيْغ: چوڑا۔ ہموار زمین۔ کشادہ رفتار جانور ج فِـرَاغ. رَجُلٌ فَـرِيْغ: تیز زبان مرد۔طَرِيْقٌ فَرِيْغٌ: کشادہ راستہ۔ضَرْبَةٌ فَـرِيْغٌ وفَـرِيْغَةٌ: تلوار کا کشادہ زخم جس سے خون بہے۔
الـفَـرِيْغَة: مؤنث فَـرِيْغ: زیادہ پانی کا چھاگل۔
الاَفْـرَغ: فارغ۔مؤنث فَـرْغَـاء طَعْنَةٌ فَرْغَاء: کشادہ زخم۔
الفَرْغَان: کشادہ برتن۔
دِرْهَمٌ (مُفْرَغ ومُفَرَّغ) سانچہ میں ڈھلا ہوا جس پر ٹھپہ نہ ہو۔
فَـرَس (مُسْتَفْرِغ) بہت تیز دوڑنے والا گھوڑا۔
اِنْفِرَاغ: بجلی والا جسم۔نہ باتہ جسم۔بجلی کی لہر کا ہلکی گیس میں گزرنا۔
الفَرْفَخ: نرم و چکنی زمین۔
اَلْـفَـرْفَـخِيْنُ: ایک سبزی کا نام جو کھائی جاتی ہے۔
الفَرْفَخ: لمبے پر والا۔گیہوں کا چھلکن۔
الفُرَافِص والفُرَافِصَة: مضبوط شیر۔
فَـرْفَـر فَرفَرَةً: تیز چلنا اور قدم قریب قریب رکھنا......البَعِيْرُ: بدن کو جھاڑنا......الـرَّجُلُ فِـيْ كَلَامِـهٖ: خلط ملط کرنا اور بڑھانا...... الشَّـئُ: جھاڑنا اور حرکت دینا۔توڑنا...... الـذِّئْبُ الشَّاةَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا...... الـرَّجُـلُ: غیبت کرنا، بے عزت کرنا...... فُلَانًا: فریاد کرنا۔فَرْفَرَ الفَرَسُ اللِّجَامَ: سر سے علیحدہ کرنے کے لئے حرکت دینا۔
الفِرْفِر والفُرْفُر: چڑیا۔
الـفِـرْفِر والفُرْفُرُ والفُرَافِر والفُرْفُوْر: شیر

جو اپنے مقابل کو پھاڑ دے۔ بھیڑ یا بکری یا جنگلی گائے کا بچہ۔ جوان لڑکا۔ الفُرافِر: بے وقوف۔ بہت بکواس کرنے والا۔
الفَـرِصُ: گھوڑا اپنے منہ میں لگام کو حرکت دینے والا۔
الفِرْفار: ایک درخت ہے جس سے پیالے بنائے جاتے ہیں اور جو آگ سے کم جلتا ہے۔
......الفِـرْفَـار: شیر جو اپنے مقابل کو پھاڑ دے۔
فَرَق (ن ض) فَرْقًا وفُرْقَانًا. بَيْنَهُمَا: جدا کرنا......البَحْر: سمندر کو پھاڑنا (...... فَرْقًا) الشَّعْر: بال میں مانگ نکالنا......الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔
فَرَق (ن) فُرُوْقًا. لَهُ الطَّرِيْق: راستہ کا واضح ہونا......الامـرُ لِفُلَانٍ: روشن ہونا۔
فَـرَقَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا دردِ زہ والی ہونا۔لَهُ عَنِ الشَّيْ: ظاہر کرنا۔
فَرِق (س) فَرَقًا. مِنْهُ: گھبرانا۔ کہا جاتا ہے "فَـرَقٌ خَيْرٌ مِنْ حُبٍّ" خوف محبت سے بہتر ہے۔ یعنی تم سے لوگوں کا خائف رہنا تمہارے ساتھ محبت کرنے سے بہتر ہے۔
فَرِق الرَّجُلُ: موج میں داخل ہونا۔
اَفْرَق. الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔
الطَّائِر: پرندہ سے بیٹ کرانا......المَـرِيْضُ مِنْ مَرَضِه: مریض کا صحت یاب ہونا۔
غَنَمَهُ: بکریوں کو ضائع کر دینا۔کھو دینا۔
فَرَّق تَفْرِيْقًا وتَفْرِقَةً. الشَّيْ: جدا جدا کرنا......الـرَّجُـلَ: خوف دلانا......شَـعْـرَهُ بِالمُشْطِ: کنگھے سے مانگ نکالنا۔
فَارَقَهُ فِرَاقًا ومُفَارَقَةً: جدا ہونا۔
تَفَرَّق تَفَرُّقًا وتَفَرَّاقًا واِفْتَرَق وتَفَارَق: ضد ہے تَجَمَّع اور اِجْتَمَع وتَجَامَع: کہا جاتا ہے "تَـفَـرَّقَـتْ بِهِـمُ الطُّرُق" یعنی ہر ایک ایک راستہ کو ہولیا۔
اِنْـفَرَق. عَنْهُمْ: جدا ہونا......لَهُ الطَّرِيْق: راستہ کا واضح ہونا۔

الفَرْق: مص۔ مانگ۔ کتان۔
الفِرْق: لوگوں کا گروہ۔ قسم۔ ہر چیز کا ٹکڑا۔ بکری وغیرہ کا گلہ۔
الـفَـرَق: مص۔ گھبراہٹ۔ مانگ۔ صبح یا ابتداءِ صبح ج اَفْرَاق واَفْرُق. الفَرَق: دو دانتوں کا فاصلہ فِـي الـخَـيْـلِ: گھوڑے کی ایک سرین سے دوسرے کی بلندی اور یہ غیر محبوب ہے۔
الـفُـرْقَـان: مص۔ ہر وہ چیز جس سے حق و باطل کے درمیان فرق ہو۔ دلیل۔ مدد صبح ﴿يَوْمَ الفُرْقَان﴾: جنگِ بدر کا دن۔ والفُرْقَان: توراۃ۔ قرآن۔ الفَرْق: ناپنے کا ایک برتن۔
الفِرْقَة: لوگوں کی ایک جماعت ج فِرَق.
الفُرْقَة والفِرَاق: جدائی۔
الـفَـرِق والـفِـرِق والـفَـارُوْق والفَرُوق والفَرُوْق: بہت گھبرانے والا۔ مؤنث فَرُوْقَةٌ وفَـرِقَةٌ. نَبْـتٌ فَـرِقٌ: متفرق نباتات یا چھوٹے چھوٹے جو زمین کو نہ ڈھکیں۔
الـفَـرُوْقَة والـفَـرُوْقَة والفَارُوْقَة (مذکر و مؤنث) بہت گھبرانے والا۔ بزدل۔
الـفَـرِيْق: ریوڑ۔ فرقہ سے بڑی جماعت۔ فَـرِيْقُ الـخَـيْـلِ: آگے بڑھنے والا گھوڑا ج اَفْرِقَاء واَفْرِقَة وفُرُوْق.
الفَرِيْقَة: بکریوں کا ریوڑ۔ ایک قسم کا کھانا جو زچہ کو دیا جاتا ہے۔
الاَفْرَق: مانگ والا جس کے داڑھی کے بال یا پیشانی کے بال میں مانگ ہو۔ جس کے دانت جدا جدا ہوں۔ دِيْكٌ اَفْـرَق: مرغ جس کی کلغی شاخ شاخ ہو۔ تَـيْـسٌ اَفْرَق: مینڈھا کہ جس کے سینگوں میں دوری ہو۔ مؤنث فَرْقَاء.
الـفَـارِق: فا۔ مؤنث فَـارِقَةٌ ج فَـوَارِق وفارقات: ابر کا ٹکڑا جو بادلوں سے جدا ہو۔ دردِ زہ میں جتلا اونٹنی ج فَـوَارِق وفُـرَّق وفُرُق فُرَّاق.
الـفَـارُوْق: ہر وہ چیز جو حق اور باطل کے درمیان فرق کرنے والی ہو۔
الـفَـارُوْق: وہ شخص جو اُمور کا فیصلہ کرے۔ لقب خلیفۂ دوم (رضی اللہ عنہ) کا کہا جاتا ہے "ضَـمَّ" (تَـفَارِيْق) مَتَاعِه یعنی اس نے متفرق سامان کو اکٹھا کیا۔ "وَاَخَـذَ حَقَّـهُ بِالتَّفَارِيْق" یعنی اس نے اپنا حق تھوڑا تھوڑا کر کے لیا۔
المَـفْرِق والمَفْرَق. مِنَ الطَّرِيْق: راستہ کا وہ حصہ جہاں سے مختلف راستے نکلیں۔
......مِنَ الشَّعْرِ: مانگ ج مَفَارِق: کہا جاتا ہے وَقَفْتُهُ عَلٰى مَفَارِقِ الحَدِيْث: یعنی اس نے بات کی وجوہ واضحہ سے واقف کیا۔
الفَـرْقَد: قطب شمالی کے قریب ایک روشن ستارہ کا نام اور اسی کے پہلو میں ایک دوسرا ہے جو اس سے کم روشن ہوتا ہے اور یہ دونوں فَرْقَدَان کہلاتے ہیں۔
مِنَ الاَرْض: سخت ہموار زمین۔
الفَرْقَد: نیل گائے کا بچہ ج فَرَاقِد.
فَرْقَع فَرْقَعَةً وفِرْقَاعًا: تیز دوڑنا۔ گوز کرنا۔ صفت (فِـرْقَـاع)...... الاَصَـابِع: انگلیاں چٹخانا......فُلَانًا: گردن مروڑنا۔
تَفَرْقَع: انگلیوں کا چٹخنا۔
اِفْرَنْقَع: انگلیوں کا چٹخنا......عَنْهُ: دور ہونا۔ یکسو ہونا۔
الفُرْقَعَة: دُبر۔
فَـرَكَ (ن) فَـرْكًا. الثَّوْبَ: کپڑے کا ملنا۔
الشَّـيْ عَنِ الثَّوْبِ: کھرچنا......الجَوْزَ ونَـحْـوَهُ: اخروٹ وغیرہ کو مل دل کر چھلکا اتارنا۔
فَـرِكَهُ (س) فَـرْكًا وفِـرْكًا وفُرُوْكًا وفِرْكَانًا: بغض رکھنا اور کہا گیا ہے کہ زوجین کے ساتھ مخصوص ہے۔
فَرُكَتْ (س) فَرْكًا. الاُذُنُ: کان کی لو کا ڈھیلا ہونا۔ صفت (فَرِكَة وفَرْكَاء)
فَرَّكَهُ: ملنے میں مبالغہ کرنا۔
فَارَكَهُ مُفَارَكَةً: چھوڑنا۔

الفَرِکُ. الشَّیْءُ: ملنے کے قابل ہونا۔

تفرّک: چال یا گفتگو میں اٹکنا۔

(..... وانفرک) ملا جانا۔ کہا جاتا ہے "اِنْفَرَکَ مَنْکِبُ فُلَانٍ" یعنی فلاں کا مونڈھا اکھڑ گیا۔

اِسْتَفْرَکَ. الحَبُّ فِی السُّنْبُلَةِ: دانہ کا خوشہ میں سخت اور موٹا ہونا۔

الفِرْکُ: بغض۔ بغض زوجین۔

الفَرِیکُ: چھلکا اتارا ہوا کہا جاتا ہے لَوْزٌ فَرِیکٌ۔

الفَارِکُ: ظ۔ اِمْرَأَةٌ فَارِکٌ: شوہر سے بغض رکھنے والی ج فَوَارِکُ۔

الفَرُوکُ: بغض رکھنے والا۔ شوہر سے بغض رکھنے والی عورت۔

الفَرِیکُ: ملا ہوا دانہ۔ غلہ جو ملا جائے اور گھی ملا کر پکایا جائے۔

المَفْرُوکُ: مثع مِنَ الابلِ: وہ اونٹ جس کے مونڈھے کی ہڈی اپنی جگہ سے ہٹ گئی ہو اور مونڈھا چھد گیا ہو...... مِنَ الثِّیَابِ: بہت گھرا رنگا ہوا کپڑا۔

المُفَرَّکُ: مثع۔ چھوڑا ہوا۔ مبغوض۔

اَلْمَفْرُوکَةُ: وہ حلوہ جو میدہ، گھی اور چینی سے بنایا جائے اور اس پر چلغوزے اور بادام بکھیر دیئے جائیں۔

اَفْرَمَ. الإِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔

الاَفْرَمُ: گرے ہوئے دانت والا۔

فَرَمَ یَفْرُمُ: گوشت کاٹنا۔ فَرَمَ الوَلَدُ: بچوں کے دانت تبدیل ہونا۔ الفَرمة: گوشت یا تمباکو کا ٹکڑا۔

الفَرْمَانُ: پروانہ شاہی ج فَرَامِینُ۔

الفُرْنُ: تنور۔ ج اَفْرَانٌ۔

الفَرَّانُ: تنور کا مالک۔ روٹی پکانے والا۔

الفَارِنَةُ: روٹی پکانے والی۔

الفُرْنِیُّ: گول موٹی روٹی واحد (فُرْنِیَّةٌ) سخت بدن کا آدمی۔

اَلْفِرَنْکُ ج فِرَنْکَاتٌ: "فرنک" ملک فرانس کا سکہ (اگرچہ اب وہاں "یورو" بھی رائج ہو چکا ہے)۔

الفِرِنْدُ: تلوار دانہ۔ تلوار۔ جوہر تلوار۔ تلوار کا نقش ونگار کہا جاتا ہے "سَیْفٌ فِرِنْدٌ" بے مثل تلوار ج فَرَائِدُ۔ الفِرِنْدُ: ایک قسم کا کپڑا۔

الإِفْرِنْدُ: جوہر تلوار۔ نقش ونگار تلوار ج اِفْرِنْدَاتٌ۔

فَرِهَ (س) فَرَهًا: خوش ہونا۔ اکڑنا۔ صفت (فَرِهٌ)

فَرُهَ (ک) فَرَاهَةً وفُرُوهَةً وفَرَاهِیَةً: ماہر ہونا۔ حاذق ہونا۔ خوش ہونا۔ سبک ہونا۔ صفت (فَارِهٌ) اَفْرَهَ الرَّجُلُ: چست و چالاک غلام لینا۔

اِسْتَفْرَهَ الدَّوَابَّ: عمدہ جانور چھانٹنا۔

الفَارِهُ: چالاک۔ خوب کھانے والا کہا جاتا ہے "رَجُلٌ فَارِهٌ وجَارِیَةٌ فَارِهَةٌ" ج فُرَّهٌ وفُرْهَةٌ وفُرُهَةٌ وفَرَهَةٌ وفُرَّةٌ۔

الفَارِهَةُ: مؤنث فَارِهٌ: خوبصورت جوان لڑکی ج فَوَارِهُ وفُرَّهٌ۔

الافْرَهُ: چالاک۔

فَرْهَدَ: پھولنا۔ فَرْهَدَت نَفْسُهُ: تنگ ہونا۔

تَفَرْهَدَ. الغُلَامُ: لڑکے کا موٹا ہونا۔

الفُرْهُدُ والفَرْهَدُ والفُرْهُودُ: موٹا تازہ لڑکا۔

الفُرْهُودُ: بکری یا پہاڑی بکری کا بچہ ج فَرَاهِیدُ۔

فَرَّی تَفْرِیَةً الجُبَّةَ: جبہ پر پوستین لگانا۔

اِفْتَرَی. الفَرْوَ: پوستین پہننا۔

الفَرْوَةُ: مع بالوں کے سر کی کھال۔ عورت کا سربند۔ تاج۔ تونگری۔ مالداری کہا جاتا ہے "ضَرَبَهُ عَلَی اُمِّ فَرْوَتِهِ" اس کی چندیا پر مارا۔ سائل کا تھیلہ۔ اونٹ کے بالوں کا کمبل۔

الفَرْوُ: پوستین جو بعض حیوانات کی کھال سے تیار کیا جاتا ہے۔ ج فِرَاءٌ۔

الفَرَّاءُ: پوستین کا بنانے والا۔

فَرْوَزَ فَرْوَزَةً: مرنا۔

فَرَی یَفْرِی فَرْیًا. عَلَیْهِ الکَذِبَ: کسی پر جھوٹ باندھنا ...... الارضَ: زمین میں چلنا۔ المَزَادَةَ: توشہ دان بنانا...... البَرْقُ: بجلی چمکنا۔

فَرَی وفَرَّی. الشَّیْءَ: کاٹنا اور پھاڑنا۔

فَرِیَ یَفْرَی فَرًی: مدہوش ہونا۔ متحیر ہونا۔

اَفْرَی. الشَّیْءَ: کاٹنا اور پھاڑنا۔ درست کرنا ...... فُلَانًا: ملامت کرنا۔

تَفَرَّی تَفَرِّیًا او اِنْفَرَی اِنْفِرَاءً: پھٹنا۔ کہا جاتا ہے "تَفَرَّتِ الاَرْضُ بِالعُیُونِ" زمین میں چشمے پھوٹ پڑے۔

اِفْتَرَی اِفْتِرَاءً. عَلَیْهِ الکَذِبَ: کسی پر تہمت لگانا یا جھوٹ باندھنا۔

الفَرْیَةُ. فَرَی: کا اسم مرة۔ شور۔

الفِرْیَةُ: جھوٹ۔ تہمت ج فِرًی۔ الفَرِیُّ: پھٹا ہوا۔ گھڑی ہوئی بات۔ عجیب کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَفْرِی الفَرِیَّ" فلاں تعجب انگیز کام کرتا ہے اور اسی سے قرآن میں ہے ﴿لَقَدْ جِئْتِ شَیْئًا فَرِیًّا﴾ یعنی تم نے ایسا کام کیا جس سے حیرت وتعجب ہے۔ مؤنث فَرِیَّةٌ اور کہتے ہیں "الفَرِیَّةُ الفَرِیَّةُ" یعنی جلدی جلدی۔

الفَرِیُّ والفَرِیَّةُ: کشادہ ڈول۔

الفَرَا: تعجب۔ بزدل۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا (اَفْرَی) الفِرَی" یعنی جھوٹوں کا جھوٹ۔

فَزَّ (ن) فَزًّا: اکیلا ہونا ...... عَنْهُ: جدا ہونا ...... الظَّبْیُ: ہرن کا گھبرانا ...... هُ: دھوکا دینا اور غالب آنا۔ ہوش اڑا دینا ...... هُ عن مَکَانِهِ: گھبرا دینا اور جگہ سے ہٹا دینا۔

فَزَّ (ض) فَزِیزًا. الجُرْحُ: زخم سے خون، پیپ وغیرہ جاری ہونا۔

فَزَازَةٌ وفُزُوزَةٌ: مضطرب ہونا اور بھڑک اٹھنا۔

اَفَزَّهُ: گھبرا دینا۔

اِفْتَزَّ. عَلَیْهِ: غالب ہونا۔

تَفَازَّ. الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا۔

اِستَفَزَّهٗ: ہلکا جاننا۔ ذلیل سمجھنا۔ مضطرب کر دینا۔ گھر سے نکال دینا۔ قتل کرنا...... مِنَ الشیٔ: نکالنا۔
الفَزّ: مص۔ ہلکا پھلکا آدمی۔ نیل گائے کا بچہ ج اَفزاز۔
الفَزَّة: خوف و دہشت کی چھلانگ۔ کہا جاتا ہے قَعَدَ (مُستَفِزًّا) یعنی غیر مطمئن بیٹھنا۔
فَزَرَهٗ (ن) فَزرًا: پھاڑنا۔ فتح کرنا۔ توڑنا...... ہ بالعَصَا: لاٹھی سے پیٹھ پر مارنا...... الشیٔ مِنَ الشیٔ: ایک چیز کو ایک چیز سے جدا کرنا۔
فَزَرَ (ن) فُزُورًا: پھٹنا۔
فَزِرَ (س) فَزَرًا: پیٹھ یا سینہ میں گانٹھ پڑ جانا۔ صفت (اَفزَر)
فَزَّرَ و اَفزَرَ. الشیٔ: ریزہ ریزہ کرنا۔
تَفَزَّرَ و انفَزَرَ: پھٹنا...... الثوبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔
الفِزر: بکریوں کا چھوٹا سا ریوڑ اور کہا گیا ہے کہ دس اور چالیس بکریوں کے درمیان۔ بکری کا بچہ۔ شیر ببر کا بچہ۔ جڑ۔ غدود جو ران کے اوپر کے حصے میں نکلے۔
الفِزر: پھٹن۔ شگاف۔ گویا کہ یہ فِزرَة کی جمع ہے۔
الفُزُور: پھٹن۔ شگاف۔
الفُزرَة: پیٹھ یا سینہ میں گانٹھ۔ کشادہ راستہ۔ ج فُزَر۔
الفَازِر: فا۔ کالی چیونٹی جس میں سرخی ہو۔ کشادہ طویل راستہ۔
الفَازِرَة: مؤنث فَازِر: ریگستان کا راستہ۔
الفَزرَاء: مؤنث اَفزَر: پُر گوشت عورت۔ قریب البلوغ لڑکی۔
الفَزَارَة: چیتا کی مادہ۔
المَفزُور: مفع۔ کبڑا۔ پیٹھ یا سینے میں گانٹھ والا۔
فَزَعَ (ف) فَزعًا و فِزعًا. منه: خوف کرنا۔
فَزِعَ (س) فَزَعًا: دہشت زدہ ہونا۔ خائف ہونا...... الیه: فریاد چاہنا۔ پناہ لینا

...... الرجلَ: فریاد رسی کرنا۔ مدد کرنا۔...... مِن نومه: بیدار ہونا (...... فَزَعًا) لِمَجِیٔ فلانٍ: کسی کے آنے کی وجہ سے تیاری کرنا۔
اَفزَعَهٗ: خوف دلانا۔ گھبراہٹ دور کرنا۔
اَفزَعَ القومَ: فریاد رسی کرنا...... ہ مِنَ النوم: بیدار کرنا...... افزع عنه: گھبراہٹ زائل کرنا۔
فَزَّعَه: خوف دلانا۔
فَزَّعَ عَنهُ: گھبراہٹ دور کرنا۔
الفَزَع: مص۔ گھبراہٹ۔ فریادرسی۔
الفُزَعَة: وہ شخص جس سے لوگ گھبرائیں۔
الفُزَعَة: لوگوں سے بہت گھبرانے والا۔
الفَازِع: خائف۔ فریادی۔ ج فَزَعَة۔
الفَزِع و المُفَازِع: خائف۔ فریادی۔
الفَزَّاعَة: بہت گھبرانے والا۔ وہ شخص جو لوگوں کو بہت گھبرا دے۔ اُچکا (کھیت کا)
المَفزَع و المَفزَعَة: جائے پناہ۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ مَفزَعٌ او مَفزَعَةٌ للناس" فلاں لوگوں کے لئے جائے پناہ ہے یعنی جب ان کو اہم معاملہ پیش آتا ہے تو اس کی پناہ لیتے ہیں۔ دونوں صیغے واحد جمع مذکر و مؤنث کے لئے مستعمل ہیں۔
المُفَزَّع: بزدل۔ بہادر۔
فَسَأَهٗ (ف) فَسأً: لاٹھی سے مارنا...... ہ عَن کذا: روکنا (...... وفَسَّأ تفسیئًا و تفسِئَة) الثوبَ: کپڑا پھاڑنا۔
فَسِئَ (س) فَسَأً: اُبھرے ہوئے سینہ اور دھنسی ہوئی پیٹھ والا ہونا۔ اُبھرے ہوئے پیڑو والا ہونا۔ صفت (اَفسَأ) مؤنث فَسآء۔
تَفَسَّأَهٗ: لاٹھی سے مارنا۔ تَفَسَّأ الثوبُ: کپڑے کا پھٹنا۔ بوسیدہ ہونا...... المرضُ فیهم: بیماری پھیل جانا۔
تفاسَأ تفاسُؤًا. الرجلُ: پیٹھ اور چوتڑ کو ظاہر کرنا۔
الفُستَق و الفُستُق: پستہ۔
الفُستُقی: پستئی رنگ کا۔
الفُستَان: عورتوں کا ایک لباس بمنزلہ قباء

کے ج فَساتِین۔
فَسَّحَ: پیشاب کرنے کے لئے ٹانگیں پھیلانا۔
اَفسَحَ. عَنهُ: چھوڑنا۔
فَسَحَ (ف) فَسحًا: کشادہ قدم رکھنا۔...... لَهٗ فی السفر: پروانہ راہداری دینا۔ (...... فَسحًا و فُسُوحًا) لَهٗ فی المجلس: کشادگی کرنا۔
فَسُحَ (ک) فَسَاحَةً. المکانُ: وسیع ہونا۔ صفت (فَسِیح و فُسَاح و فُسُح و فُسحُم) مبالغہ کے لئے میم کی زیادتی کے ساتھ۔
اَفسَحَ المکانُ: وسیع ہونا۔
تَفَسَّحَ: کشادہ ہونا...... لَهٗ: کشادگی کرنا۔ تَفَسَّحُوا فی المجالس و (تَفَاسَحُوا) کشادگی کرو۔
فَسَّحَ. المکانَ: کشادہ کرنا...... لَهٗ فی المجلس: کشادگی کرنا۔
اِنفَسَحَ. المکانُ: کشادہ کرنا...... صدرُهٗ: کشادہ دل ہونا۔
الفَسح: مص۔ پروانہ راہداری۔
الفُسحَة: گنجائش۔ مکانوں کے درمیان کشادگی ج فُسَح۔
الفَیسَحی: قدم کی چوڑائی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ یمشی الفَیسَحی" وہ کشادہ کشادہ قدم رکھ کر چلتا ہے۔
فَسَخَ (ف) فَسخًا: جاہل ہونا۔ ضعیف العقل ہونا...... رَأیَ فلانٍ: فاسد کر دینا۔ بگاڑ دینا...... الامرَ او العقدَ: توڑ دینا...... الشیٔ: جدا جدا کرنا...... العُضوَ او المفصل: لکڑی یا جوڑ کو جگہ سے ہٹا دینا...... الثوبَ عنهُ: کپڑے کو اتار دینا۔
فَسَخَ (ف) فَسخًا و فَسِخَ (س) فَسخًا الرأیُ: خراب ہونا۔
فَسَّخَهٗ: فسخ میں مبالغہ کرنا۔
فَاسَخَه. العقدَ او البیعَ و (تفاسخا) العقدَ او البیعَ: عقد یا بیع کے توڑنے پر متفق

ہوتا کہا جاتا ہے "تَفَسَّخَتِ الْاَقَاوِیْلُ" یعنی اقوال متناقض ہوگئے۔
اَفْسَخَ. الکِتَابَ: بھولنا۔
تَفَسَّخَ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا...... الشَّعْرُ عَنِ الجِلْدِ: بال کا کھال سے جھڑ جانا (اور یہ میت کے لئے خاص ہے)
اِنْفَسَخَ العَزْمُ اَوِ العَقْدُ: ٹوٹنا۔
الفَسْخَةُ: فسخ کا اسم مرۃ۔ ٹکڑا کہا جاتا ہے "رَجُلٌ فَسْخَةٌ" یعنی کمزور بدن یا ضعیف العقل مرد۔
الفَسْخُ والفَسِیْخُ: وہ شخص جو اپنی حاجات میں کامیاب نہ ہو اور اپنے اُمور کا انتظام نہ کر سکے۔ کمزور بدن یا عقل والا۔ کمزور جس کا ارادہ سختی یا مصیبت کے وقت ٹوٹ جائے۔
اَلْفَسْخُ: موت کے بعد روح جانوروں یا جمادات میں منتقل ہو جاتی ہے جس کو ہندو آواگون کہتے ہیں۔
اَلْفَسِیْخُ: نمک لگائی مچھلی۔
فَسَدَ (ن ض) وفَسُدَ (ک) فَسَادًا وفُسُوْدًا: خراب ہونا۔ بگڑ جانا۔ صفت (فَسِیْدٌ) ج فَسْدیٰ و (فَاسِدٌ)
اَفْسَدَهُ وفَسَّدَهُ: خراب کرنا۔ بگاڑنا۔
فَاسَدَ. القَوْمُ: قوم کے ساتھ بدسلوکی کرنا۔
تَفَاسَدَ القَوْمُ: قطع رحمی کرنا۔ آپس میں مخالف ہونا۔
اِسْتَفْسَدَ: خرابی چاہنا...... القَوْمَ: بدسلوکی کرنا۔
الفَسَادُ: مص۔ کھیل کود۔ ظلماً مال لینا۔
المَفْسَدَةُ: مصدر فساد یا سبب فساد ج مَفَاسِد.
فَسَرَ (ن ض) فَسْرًا. الامرَ: واضح کرنا۔ ظاہر کرنا...... المُغَطّٰی: ڈھکے ہوئے کو کھول دینا۔
فَسَرَ (ن ض) فَسْرًا وتَفْسِرَةً. الطَّبِیْبُ: طبیب کا قارورہ دیکھنا۔
فَسَّرَهُ: واضح کرنا۔ ظاہر کرنا۔
تَفَسَّرَ واسْتَفْسَرَ. فُلانًا عَنِ الامرِ واسْتَفْسَرَهُ الامرَ: واضح کرانا۔ واضح کرنے کو کہنا۔
التَّفْسِیْرُ: مص۔ تاویل۔ کشف۔ وضاحت۔ بیان شرح۔ ج تَفَاسِیْر.
وحرفا التفسیر: اَیْ اور اَنْ ہیں اے سے مبہم کی جو تفسیر کی جاتی ہے جیسے "هٰذَا عَسْجَدٌ اَیْ ذَهَبٌ" اور اَنْ سے معنی قول کی تفسیر کی جاتی ہے جیسے "نَادَیْتُکَ اَنِ افْعَلْ کَذَا".
التَّفْسِرَةُ: مص۔ مریض کا پیشاب۔ ہر چیز جس سے دوسرے پر استدلال کریں۔
الفُسَاطُ والفُسْطَاطُ والفِسْطَاطُ: خیمہ۔ اُون کا خیمہ ج فَسَاطِیْط والفُسْطَاطُ بالضم: مصر قدیم کا علم ہے۔ ایک لغت اس میں فُسْتَاط وفِسْتَاط: بھی ہے۔
الفَسِیْطُ: ناخن کا تراشہ واحد (فَسِیْطَة)
الفُسْطَان: دیکھئے فُسْتَان.
الفَسْفَس والفَسْفَاس: بے وقوف۔ ایک بدبودار نباتات ج فَسَافِس وفَسَافِیْس.
الفُسَافِس: مچھر۔
الفُسَیْفِسَاءُ: پچی کاری۔ رنگ برنگ کے چھوٹے چھوٹے پتھر کے ٹکڑوں کو جوڑ کر مختلف اشکال وصورتیں بنانا۔
اَلْفِسْفِسَةُ: ایک قسم کا گھاس جس کو جانور کھاتے ہیں۔ اس میں دوسری صفت اَلْفِصْفِصَةُ ہے۔ اَلْفُسْفُوْسَةُ: چھینی۔
فَسَقَ (ن ض) وفَسُقَ (ک) فِسْقًا وفُسُوْقًا: حق وصلاح کے لئے راستہ سے ہٹ جانا۔ بدکار ہونا۔ صفت (فَاسِقٌ) ج فَسَقَةٌ وفُسَّاقٌ وفَاسِقُوْن مؤنث فَاسِقَةٌ ج فَاسِقَاتٌ وفَوَاسِقُ (...... وانْفَسَقَ) الرُّطَبُ عَنْ قِشْرِهِ: چھلکے سے علیحدہ ہونا۔
فَسَّقَهُ: فسق کی طرف نسبت کرنا۔
الفِسْقِیَّةُ: حوض۔ وضو کرنے کی جگہ ج فَسَاقِیُّ (دخیل)
الفُسَقُ والفُسَّاقُ والفِسِّیْقُ: بڑا بدکار اور کہا جاتا ہے "یَافُسَقُ" یعنی یَا اَیُّهَا الفَاسِقُ اور ...
یہ ندا ہی کے لئے مخصوص ہے جیسے یَا خُبَثُ.
الفَاسِقِیَّةُ: پگڑی باندھنے کا ایک مخصوص طریقہ۔ کہا جاتا ہے "تَعَمَّمَ فُلانٌ الفَاسِقِیَّةَ".
فَسَاقِ: بروزن قطام عورت کے لئے گالی ہے اور ندا ہی کی صورت میں مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "یا فَسَاقِ" بمعنی "یا فَاسِقَةُ".
الفُوَیْسِقَة. فاسقة: کی تصغیر۔ چوہیا۔
اَلْفَاسِقِیَّةُ: اندھی گمراہی۔ ضَرْبُ المَثَل.
تَعَمَّمَ فُلانٌ بالفَاسِقِیَّةِ: فلاں اندھی میں پڑا۔
رَجُلٌ فُسْكُلٌ: مرد کمینہ۔ کاہل۔
فَسِلَ (س) وفَسُلَ (ک) فَسَالَةً وفُسُوْلَةً وفَسِلَ: فرومایہ ہونا' کمینہ ہونا' بے مروت ہونا۔
فَسَلَ (ن) فَسْلاً. الصَّبِیُّ: بچے کا دودھ چھڑانا۔
اَفْسَلَ. الفَسِیْلَةَ: کھجور کے پودے کو اکھیڑ کر دوسری جگہ لگانا۔ قلم لگانا۔ (اَفْسَلَ وفَسَّلَ) دَرَاهِمَهُ ومَتَاعَهُ: کھوٹا کر دینا۔
اِفْتَسَلَ. الفَسِیْلَةَ: کھجور کے پودے کو اکھیڑ کر دوسری جگہ لگانا۔
الفُسَالَةُ. مِنَ الحَدِیْدِ ونَحْوِهِ: لوہے کے ذرات جو کوٹتے وقت گریں۔
الفَسْلُ: مص۔ انگور کا قلم۔ کمینہ۔ بے مروت' ہر ردی چیز ج اَفْسُلٌ وفُسُوْلٌ وفِسَالٌ وفُسُوْلَةٌ وفُسَلاءُ واَفْسَالٌ: کہا جاتا ہے "دِرْهَمٌ فَسْلٌ ودَرَاهِمُ فُسُوْلٌ". الفِسْلُ: بے وقوف۔
الفَسِیْلَةُ: کھجور کا پودہ جو ایک جگہ سے اکھیڑ کر دوسری جگہ لگایا جائے۔ درخت کا قلم۔ ج فَسِیْلٌ وفَسَائِلُ ج فُسْلان.
الفُسُوْلَةُ: مص۔ فتور۔
المَفْسُوْلُ: رذیل۔ بے مروت۔
فَسَأَ یَفْسُو فَسْوًا وفُسَاءً: بلا آواز کے گوز کرنا۔
تَفَاسٰی: گوز کرنے کے لئے چوتڑ اٹھانا۔

الفَسَاء: مص۔ بلا آواز کے گوز۔ پھسکی۔
الفَسْوَة: ایک مرتبہ کی پھسکی ج فَسَوَات.
فَسَوَاتُ الضِبَاع: سانپ کی چھتری۔
الفَاسِيَة و الفَاسِيَاء: گبریلا۔ ج فَوَاسٍ.
الفَسُوّ و الفَسَّاء: بہت گوز کرنے والا۔
المَفسَى: دُبر۔
اَلفِيسُولُوجِيَا اَوِ الفِيزِيُولُوجِيَا: اعضاء کے کاموں کا علم۔
فَشَّ (ن) فَشًّا: ڈکار لینا۔ آہستہ آہستہ پھونکنا۔۔۔۔۔۔ الوَطْبَ: سربند کھول کر ہوا نکال دینا۔ مکھن نکالنا۔۔۔۔۔۔ النَاقَة: اونٹنی کو جلدی سے دوہنا۔۔۔۔۔۔ البَابَ: دروازہ کو حیلہ سے بغیر کنجی کے کھولنا۔۔۔۔۔۔ بَيْنَ القَوْمِ: چغل خوری کرنا۔
فُشَّ. السِقَاءُ: ہوا نکال دیا جانا۔
اِنْفَشَّ. الجُرحُ: زخم کی سوجن ڈھل جانا۔۔۔۔۔۔ اللَبَنُ: دودھ جاری ہونا۔۔۔۔۔۔ الرَجُلُ عَنِ الامر: کاہل ہونا۔ اِنْفَشَّتِ الرِيحُ: دہانے سے ہوا کا مشک وغیرہ سے نکلنا۔۔۔۔۔۔ عِلَّةُ فُلَانٍ: بیماری کا زائل ہونا۔
الفَشُّ: مص (۔۔۔۔۔۔ والفُشُوش) بے وقوف۔ کمزور رائے والا۔ باطل پر فخر کرنے والا۔ موٹا کمبل۔ درخت خروب۔ پانی رسنے کی جگہیں۔ الفَشُوشِ: پانی ٹپکنے والی مشک۔
الفَشَّاش: صیغہ مبالغہ۔
الفَشِيش: آواز اور اسی سے ہے "فَشِيشُ الاَفْعَى" سانپ کے کھال کی آواز چلنے میں۔
الفَاشُوش: ضعیف رائے اور کمزور ارادہ والا۔
رَجُلٌ (مُفَشٌّ) المَنْخَرَيْنِ: چھوٹے بانسہ کے ساتھ پھولے ہوئے نتھنوں والا۔
فَشَأَ (ف) فَشْأً: ناز کرنا۔
اَفْشَأَ: بزرگی جتانا۔ گردن کشی کرنا۔
تَفَشَّأَ. المَرَضُ بِالقَوْمِ: قوم میں بیماری پھیل جانا۔

فَشَجَ (ض) فَشْجًا وفَشَّجَ وتَفَشَّجَ وانْفَشَجَ. الرَجُلُ او البَعِيرُ: مرد یا اونٹ کا پیشاب کرنے کے لئے ٹانگیں پھیلانا۔
فَشَخَه (ف) فَشْخًا: ظلم کرنا۔ بچوں کے کھیل میں طمانچہ مارنا۔ فَشَخَ فِي اللَعِبِ: کھیل کود میں جھوٹ بولنا اور ظلم کرنا۔
فَشَّخَ. الرَجُلُ: جوڑوں کو ڈھیلا کرنا۔
اِنْفَشَطَ. العُوْدُ: تر لکڑی کا ٹوٹ جانا۔
فَشَعَتْ (ف) فَشْعًا. الذُرَة: چینا کے اطراف کا سوکھنا۔
اَلفَشَاغ وَالفُشَاغ: امریکی علاقہ کا پودا جس کی ادویات بھی بنتی ہیں۔
فَشَغَهُ (ف) فَشْغًا: بلند ہو کر ڈھانپ لینا۔۔۔۔۔۔ هُ بِالسَوْطِ: کوڑے سے مارنا۔ صفت (فَاشِغٌ) مؤنث فَاشِغَةٌ۔۔۔۔۔۔ الشَيءُ: وسیع ہونا۔ منتشر ہونا۔
اَفْشَغَهُ. بِالسَوْطِ: کوڑے سے مارنا۔
فَشَّغَ: بمعنی فَشَغَ۔۔۔۔۔۔ هُ النَوْمُ: نیند غالب آنا۔
تَفَشَّغَ. الشَيْبُ فِيهِ وتَفَشَّغَهُ: بڑھاپا ظاہر ہونا۔۔۔۔۔۔ البُيوتَ: گھروں میں داخل ہونا۔ الرَجُلُ: موٹے کھردرے کپڑے پہننا۔
تَفَشَّغَتِ الغُرَّةُ: پیشانی کی سفیدی کا پھیل کر آنکھ کو گھیر لینا۔
اِنْفَشَغَ. الشَيءُ: کشادہ ہونا۔ بہت ہونا۔ ظاہر ہونا۔
الفَشْغَة: اسم مرۃ۔ عشق پیچاں۔ نرکل کا گودا۔ نَاصِيَةٌ (فَاشِغَةٌ وفَشْغَاءُ) پیشانی کے پھیلے ہوئے بال جو آنکھ کو ڈھانپ لیں۔
الفَشَاغ والفُشَاغ: آکاس بیل۔
الفِشَاغ: کاہلی۔
الافْشَغ: مینڈھا جس کی سینگیں دائیں بائیں نکل گئی ہوں۔ رَجُلٌ اَفْشَغُ الاَسْنَانِ: مرد جس کے دانت پراگندہ ہوں۔ مؤنث فَشْغَاءُ ج فُشْغٌ.
المُفَشَّغ: جو اپنے ساتھی کا برائی سے مقابلہ کرے۔

المُفَشِّغ: بے خبر۔ بے عقل۔
فَشْفَشَ: کمزور رائے والا ہونا۔ خوب جھوٹ بولنا۔ غیر کی چیز کو اپنی طرف نسبت کرنا۔ صفت (فَشْفَاش)۔۔۔۔۔۔ بِبَوْلِهِ: پیشاب کرنا۔
الفَشْفَاش. مِنَ النُوْقِ: اونٹنی کہ جس کا دودھ دوہنے کے وقت پراگندہ نکلے۔
الفَشْفَاشَة: نرم چیز۔ کہا جاتا ہے "تَخْرُجُ الزُبْدَةُ فَشْفَاشَةً" مکھن نرم نکلتا ہے۔
فَشِقَ (س) فَشَقًا: آدمی کو چھوڑ کر ساری کو دوڑنا۔ آدمی رہے نہ ساری پانا۔۔۔۔۔۔ هُ: اچانک آنا۔۔۔۔۔۔ الظَبْيُ: ہرن کا دور دور سینگوں والا ہونا۔ صفت (اَفْشَق) مؤنث فَشْقَاءُ.
فَشَقَ (ض) فَشْقَاءُ. الشَيءُ: توڑنا۔
فَاشَقَهُ: اچانک آنا۔
تَفَشَّقَ. بِثَوْبٍ: کپڑے کو بدھی جیسا بنانا۔
الفَشَق: مص۔ دوڑ۔ بھاگ۔ چستی۔
الفَشَك: کارتوس۔ واحد (فَشَكَة) دخیل۔
فَشِلَ (س) فَشَلًا: کمزور و بزدل ہونا۔ صفت (فَشِلٌ وفَشْلٌ وفَشِيلٌ) ج اَفْشَالٌ وافْشَال.
فَشَلَ (ن ض) فَشْلًا. لِحْيَتَهُ: داڑھی پھٹکارنا۔
فَشَّلَتْ وتَفَشَّلَتْ وافْتَشَلَتْ. المَرْأَةُ: عورت کا پالکی کا پردہ بنانا۔ تَفَشَّلَ المَاءُ: پانی بہنا۔ الرَجُلُ مِنْهُمُ امْرَأَةً: نکاح کرنا۔
الفِشْل: پالکی کا پردہ۔ ہودج کا پردہ۔ ہودہ کے اندر بچھانے کی چیز۔ ج فُشُول.
المِفْشَل: ہودہ کا پردہ۔ ہودہ کے اندر بچھانے کی چیز۔ ج مَفَاشِل. المِفْشَل: وہ شخص جو غیر قوم میں شادی کرے تاکہ اولاد لاغر نہ ہو۔
التَفْشِيل: مص۔ تھن میں بقیہ دودھ۔ ج تَفَاشِيل.

الأفْشِيْنُ. ج الْأَفَاشِيْنُ: بعض لوگوں کی نماز کا ایک حصہ۔

فَشَا يَفْشُوْ فَشْوًا وفُشُوًّا وفُشِيًّا خَبَرُهٗ او فَضْلُهٗ او سِرُّهٗ: خبر یا فضیلت یا بھید ظاہر ہونا۔ پھیل جانا۔ فَشَتِ الْمَاشِيَةُ: چراگاہ میں جانا...... أُمُوْرُهُمْ: اُمور کا متفرق ہونا کہا جاتا ہے "فَشَتْ عَلَيْهِ ضَيْعَتُهٗ" اس کی جائیداد کا انتظام بکھر گیا سمجھ میں نہیں آتا کہ کس کو سنبھالے۔

أَفْشَى إِفْشَاءً. الشَّيْءَ: پھیلانا۔ سِرَّهٗ لِفُلَانٍ: ظاہر کرنا...... الرَّجُلُ: بہت جانوروں والا ہونا۔

تَفَشَّى تَفَشِّيًا. الْمَرَضُ الْقَوْمَ وبِهِمْ: بیماری پھیلنا۔ تَفَشَّتِ الْقَرْحَةُ: زخم کا چوڑا ہونا۔

الْفَشَاءُ: مویشیوں کی پیداوار اور زیادتی۔

الْفَشْيَانُ: غشی۔

الْفَشْوَةُ: عورت کی خوشبو کی ڈبیا۔

الْفَاشِي: فا۔ مؤنث فَاشِيَةٌ ج فَوَاشٍ.

الْفَوَاشِي: پھیلے ہوئے مویشی۔

التَّفَشِّي: مص۔ عِنْدَ أَهْلِ الْعَرَبِيَّةِ: حرف کا پڑھنا۔

فَصَّ (ض) فَصًّا وافْتَصَّ. كَذَا مِنْ كَذَا: جدا کرنا۔

فَصَّ (ض) فَصِيْصًا. الْجُرْحُ: زخم کا بہنا ...... الْعَرَقُ: پسینہ ٹپکنا...... الْوَلَدُ: بچے کا آہستہ آہستہ رونا...... الْجُنْدُبُ: ٹڈی کا آواز نکالنا۔

فَصَّصَ. الْخَاتَمَ: انگوٹھی پر نگینہ لگانا۔ بِعَيْنَيْهِ: گھورنا۔

أَفَصَّ. إِلَيْهِ شَيْئًا. مِنْ حَقِّهٖ: حق کا کچھ حصہ دینا۔

انْفَصَّ. مِنْهُ: جدا ہونا۔

الْفَصُّ. تثلیث الفاء. نگینہ (فتح فاعلیٰ ہے)

الْفَصُّ: آنکھ کی سیاہی۔ لہسن کا جوا۔ اصل امر و حقیقت۔ امر۔ دو ہڈیوں کے ملنے کی جگہ۔

فَصُّ الْمَاءِ: بلبلہ ج فُصُوْصٌ وفِصَاصٌ وأَفُصٌّ.

الْفَصَّاصُ: نگینہ لگانے والا۔

الْفَصِيْصُ: صاف کشمش کو یا روغن ملی ہوئی۔

فَصَحَ (ف) فَصْحًا. الصُّبْحُ فُلَانًا: صبح ظاہر ہونا۔

فَصُحَ (ک) فَصَاحَةً: فصیح ہونا۔ خوش بیان ہونا۔ صفت (فَصِيْحٌ)...... الْأَعْجَمِيُّ: عربی زبان میں گفتگو کرنا...... اللَّبَنُ: دودھ سے جھاگ اُتار لینا۔ صفت (فَصِحٌ وفَصِيْحٌ)

فَصِحَ. اللَّبَنُ: بے جھاگ ہونا۔

أَفْصَحَ: فصاحت سے بولنا۔ فصیح ہونا۔ مراد کو ظاہر کرنا...... عَنْ كَذَا: خلاصہ کرنا۔ ...... عَنِ الشَّيْءِ: ظاہر کرنا، بیان کرنا...... مِنْ كَذَا: نکل جانا، رہائی پانا...... الْأَمْرُ: واضح ہونا۔ ...... اللَّبَنُ: دودھ کا بے جھاگ ہونا...... الصُّبْحُ: صبح کی روشنی پھیلنا...... الْفَرَسُ: گھوڑے کا صاف ہنہنانا...... الْبَوْلُ: پیشاب صاف رنگ کا ہونا۔ أَفْصَحَ النَّصَارَى او الْيَهُوْدُ: ایسٹر کی عید منانا۔ ایسٹر کی عید کا زمانہ آنا۔

تَفَصَّحَ: زبان آور ہونا۔ اچھا خوش بیان ہونا۔ ...... وتَفَاصَحَ: بتکلف فصیح ہونا۔

الْفَصَاحَةُ: مص۔ بیان۔ کلام کا تعقید سے خالی ہونا اور یہ متکلم کلام کلمہ تینوں کی صفت واقع ہوتی ہے کہا جاتا ہے رَجُلٌ فَصِيْحٌ. كَلَامٌ فَصِيْحٌ كَلِمَةٌ فَصِيْحَةٌ.

الْفَصِيْحُ: صاحب فصاحت۔ ج فُصُحٌ وفُصَحَاءُ وفِصَاحٌ: مؤنث فَصِيْحَةٌ ج فِصَاحٌ وفَصَائِحُ وفَصِيْحَاتٌ.

الْفِصْحُ. عِنْدَ النَّصَارَى: ایسٹر۔ فِصْحُ الْيَهُوْدِ: یہودیوں کے مصر سے نکلنے کی یاد میں عید کہا جاتا ہے "يَوْمٌ فَصِحٌ" بے بادل کا دن۔

الْمُفْصِحُ: واضح۔ يَوْمٌ مُفْصِحٌ: بے بادل کا دن۔

فَصَخَ (ف) فَصْخًا. عَنِ الْأَمْرِ: جان بوجھ کر غفلت کرنا...... الْعُوْدَ او الْمَفْصِلَ: لکڑی یا جوڑ کو اُکھیڑنا۔

فَصِخَ. فُلَانٌ: خرید و فروخت میں نقصان اُٹھانا۔

الْفَصِيْخُ والْفَصِيْخَةُ والْفَاصِخَةُ: کمزور عقل۔ تا مبالغہ کے لئے ہے۔

فَصَدَ (ض) فَصْدًا وفِصَادًا. الْمَرِيْضَ: رگ کھولنا...... لَهٗ عَطَاءً: جاگیر دینا۔ (...... وافْتَصَدَ) رگ کھولنا۔

فَصَّدَ. الشَّيْءَ: تھوڑے سے پانی میں بھگونا۔

أَفْصَدَتِ. الشَّجَرَةُ: درخت کے کونپل نکلنا۔

تَفَصَّدَ. الدَّمُ: خون بہنا کہا جاتا ہے "جَاءَ يَتَفَصَّدُ عَرَقًا" آیا اس حال میں کہ پسینہ بہ رہا تھا۔

انْفَصَدَتِ. الشَّجَرَةُ: درخت کے کونپل نکلنا۔ انْفَصَدَ الدَّمُ: خون بہنا۔

الْفَصْدَةُ والْفَصِيْدَةُ: کھجور خون کے ساتھ مخلوط کیا ہوا۔

الْفَصِيْدُ: نشتر لگایا ہوا۔ آنت اور خون ملا کر بھونا ہوا۔

الْمِفْصَدُ: نشتر۔

فَصَعَ (ف) فَصْعًا. التَّمْرَةَ: دو انگلیوں سے دبا کر چھلکا علیحدہ کرنا...... عِمَامَتَهٗ عَنْ رَأْسِهٖ: سر سے عمامہ اُتارنا...... الشَّيْءَ: نرم کرنے کے لئے انگلیوں سے ملنا (...... وفَصَّعَ) لَهٗ بِكَذَا: دینا۔ فَصَعَ الشَّيْءَ مِنْ كَذَا: نکالنا۔ وفَصَّعَ الرُّطَبَةَ: دو انگلیوں سے مل کر چھلکا علیحدہ کرنا۔

انْفَصَعَ. الشَّيْءُ مِنْ كَذَا: نکلنا۔

افْتَصَعَ. حَقَّهٗ مِنْهُ: اپنا کل حق زبردستی لینا۔

الْفُصْعَانُ: ہمیشہ سر کھلا رکھنے والا۔

الْفُصْعَاءُ: چوہیا۔

الْفُصْفُوْرُ: فاسفورس: اس کی دو اقسام ایک

سفید اور دوسری سرخ۔ یہ زندگی کے لئے ضروری ہے۔ اس کے ساتھ ہڈیاں جوڑی جاتی ہیں اور کھاد بنانے کے کام آتا ہے۔

فَصْفَصَ فَصْفَصَةً. الکلامَ: جلدی بولنا ......الدابّةَ: فصفصه: کھلانا۔

تَفَصْفَصَ. القَوْمُ عَنْ فُلانٍ: متفرق ہونا۔

الفِصْفِصَةُ: ایک قسم کی گھاس ہے جس کو جانور کھاتے ہیں اور جب تک تر ہو اس وقت تک یہ نام ہے ج فَصَافِص عوام "فِصّہ" کہتے ہیں۔

الفَصَافِص: قوی اور مضبوط ارادہ والا۔

الفِصعَل: بچھو یا بچھو کا بچہ۔ نالائق۔

فَصَلَ (ض) فَصْلاً. الشیئَ: جدا کرنا۔ علیحدہ کرنا اور اسی سے ہے "فَصْلَ الخُصُوْمَاتِ" یعنی جھگڑوں کا فیصلہ کرنا...... بَیْنَهُمَا: فاصلہ ہونا الوَلَدَ عَنِ الرضاع: بچے کا دودھ چھڑانا۔

فَصَلَ (ن) فُصُوْلاً. الکَرْمُ: انگور کی بیل میں دانہ بیٹھنا......الرَّجُلُ عَنِ البَلَدِ: شہر سے نکل جانا۔

فَصَّلَ. الکلامَ: تفصیل کرنا......الشیئَ: فصل فصل کرنا۔ متمیز کرنا۔ ٹکڑے کرنا۔

الثَّوْبَ: سینے کے لئے قطع کرنا۔

القصاب الشاة: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

العِقْدَ: ہار کے دو مہروں کے درمیان ایک دوسرے رنگ کا مہرہ ڈالنا۔

فَاصَلَ. شَرِیْکَهُ: جدا کرنا۔

اَفْصَلَ. المولود: دودھ چھڑانے کے قابل ہونا۔

اِنْفَصَلَ: جدا ہونا......عَنْهُ: جدا کرنا۔

تَفَصَّلَ: عضو عضو کاٹنا۔

تَفَاصَلَتِ. الاشیاءُ: بعض کا بعض سے جدا ہونا۔

اِفْتَصَلَ. الوَلَدَ عَنِ الرَّضَاعِ: بچے سے دودھ چھڑانا......النَّخْلَةَ عَنْ مَوْضِعِهَا: کھجور کے پودہ کو اکھیڑ کر دوسری جگہ لگانا۔

اِسْتَفْصَلَ: تفصیل طلب کرنا۔

الفَصْلُ: مص۔ دو چیزوں کے درمیان روک۔ زمین کے درمیان حد......مِنَ الجَسَدِ: ہر دو ہڈیوں کے ملنے کی جگہ۔ جوڑ کی جگہ۔ فرع۔ کہا جاتا ہے "لِلنَّسَبِ اُصُوْلٌ وفُصُوْلٌ" یعنی فروع......مِنَ الکِتَابِ: کتاب کا ایک مستقل ٹکڑا۔ سال کے چار حصوں میں سے ایک حصہ اور وہ چار حصے یہ ہیں۔ بہار' گرمی' خریف' سردی۔ ج فُصُوْلٌ. الفَصْل: حق و باطل کے درمیان فاصلہ۔ قَوْلٌ فَصْلٌ: قول حق یَوْمُ الفَصْلِ: قیامت کا دن اور فَصْلُ الخِطَابِ: سے مراد وہ خطاب ہے جو حق اور باطل کے درمیان فیصلہ کن ہو اور فصل الخطاب خطیب کا قول اما بعد بھی ہے۔

الفَصْلَةُ: فصل کا اسم مرۃ۔ کھجور کا پودہ جو ایک جگہ سے دوسری جگہ لگایا گیا ہو۔

الفَصِیْلُ: شہر پناہ کے سامنے چھوٹی دیوار' اونٹنی یا گائے کا بچہ' جو ماں سے علیحدہ کیا گیا ہو ج فِصَالٌ وفُصْلانٌ وفِصْلانٌ.

الفَصِیْلَةُ: فصیل کا مؤنث۔ ران یا اعضاء جسم کے گوشت کا ٹکڑا۔ کنبہ۔ ج فصائل کہا جاتا ہے "جَاءُوْا بِفَصِیْلَتِهِم" یعنی تمام آئے۔

اَلانْفِصَالِی: وہ شخص جو کہ اپنے دین اور ملک سے الگ ہونے کی طرف میلان رکھتا ہے۔ وہ شخص جس ہدف جماعت سے اختلاف اور اس سے خارج ہو جاتا ہے۔

اَلانْفِصَالِیَّةُ: دین وملک سے الگ ہونا۔ الگ ہونے کی طرف میلان رکھنا۔

الفَصَّال: انعام حاصل کرنے کے لئے مدح کرنے والا۔ سَیْفٌ فَصَّالٌ: تلوار قاطع۔

الفِصَال: دودھ چھڑانا۔

الفَاصِلُ: فا۔ حکمٌ فاصِلٌ: حکم نافذ۔

الفَاصِلَةُ: مؤنث فاصل: ہار کے دو مہروں کے درمیان ایک دوسرے رنگ کا مہرہ۔

الفَاصِلَةُ الصُّغْریٰ فِی عِلْمِ العَرُوْضِ: علم عروض کی اصطلاح میں تین حروف متحرک اور چوتھا ساکن جیسے ضَرَبَتْ اور فاصلہ کُبْریٰ: چار حروف متحرک اور پانچواں ساکن جیسے ضَرَبَکُمْ: اور فاصلہ نثر میں ایسا ہی ہے جیسے قافیہ شعر میں ج فَوَاصِل.

الفَیْصَلُ: حاکم۔ قاضی حق و باطل کے درمیان فیصلہ۔ جو چیز امور میں فیصلہ کرے۔ تلوار قاطع ج فَیَاصِل. حُکْمٌ فَیْصَلٌ: حکم نافذ۔ حکومة فیصل: حکومت نافذہ۔ ضَرْبَةٌ فَیْصَلٌ: وہ مار جو دو ہمسر اور مقابل کے درمیان فیصلہ کن ہو۔

الفَیْصَلِی: حاکم۔ جج۔

المَفْصِلُ: جوڑ۔ ج مَفَاصِل. المَفَاصِل: جمع شدہ پتھر۔ دو پہاڑوں کے درمیان کی زمین جس میں سنگریزے اور ریت وغیرہ جمع ہو گئے ہوں جس کا پانی صاف اور ٹھنڈا ہوتا ہے ذَاتُ المَفَاصِلِ. وَجَعُ المَفَاصِلِ: ایک بیماری جس میں جوڑوں میں درد ہوتا ہے۔

المِفْصَل: زبان۔

المِفْصَال: جس کی عادت ہی فیصلہ کی ہو۔

المَفْصَلَةُ. فِی اِصْطِلاحِ النَّجَّارِیْنَ: دروازے وغیرہ کا قبضہ۔

اَلفَاصُوْلِیَةُ اَوِ الفَصُوْلِیَا: لوبیا' زرعی سبزی۔ پہلے پہل امریکہ میں کاشت ہوئی اب براعظم ایشیاء میں بھی پائی جاتی ہے۔

فَصَمَ (ض) فَصْمًا. الدُّمْلُجَ ونَحْوَهُ: بازو بند وغیرہ کو بغیر جدا کئے ہوئے توڑنا ......الشیئَ: کاٹنا۔

فَصِمَ. البیتُ: مکان کا گرنا۔

اَفْصَمَ. عَنْهُ المَطَرُ او الحُمّٰی: بارش یا بخار کا منقطع ہونا۔

تَفَصَّمَ وانْفَصَمَ: منقطع ہونا۔ بغیر جدائی کے ٹوٹنا۔ پھٹنا۔

الفَصِیْمُ والاَفْصَمُ: ٹوٹا ہوا۔ کٹا ہوا۔ [illegible] ہوا۔

فَصَی یَفْصِی فَصْیًا. الشیئَ مِنَ الشیئِ وعنہ: جدا کرنا۔ زائل کرنا۔

فَصّٰی تَفْصِیَةً. اللَّحْمَ مِنَ العَظْمِ او غیرہ

التَفْظِيم: گوشت کو ہڈی سے علیحدہ کرنا۔ جدا کرنا۔ چھڑانا۔
فَاصَاهُ مُفَاصَاة: جدا ہونا۔
اِفْصَى اِفْصَاءً: خیر یا شر سے نکل جانا۔
اَفْصَى عَنَّا المَطَرُ: منقطع ہونا ...... الصَّائِد: شکاری کے جال میں کچھ نہ پھنسنا۔
تَفَصَّى تَفَصِّيًا وانْفَصَى انْفِصَاءً مِنْ او عَنِ الشِّدَّةِ وغَيْرِهَا: رہائی پانا۔ کہا جاتا ہے "تَفَصَّى مِنَ الدُّيُوْنِ" قرض سے نجات پائی ...... الرَّجُلُ مِنَ الرَّجُلِ وعَنْهُ: جدا ہونا۔
تَفَصَّى الشَّيْءَ: پورا لے لینا۔
الفَصَى: خشک انگور کا دانہ واحد (فَصَاةٌ)
الفَصْيَةُ والفَصِيَةُ: خیر سے محرومی شر سے رہائی۔ الفَصْيَةُ مَا بَيْنَ الحَرِّ والبَرْدِ: اعتدال موسم۔ کہا جاتا ہے "يَوْمٌ فَصْيَةٌ وفُصْيَةٌ ويَوْمٌ مُفْصٍ ولَيْلَةٌ فَصْيَةٌ وفُصْيَةٌ ولَيْلَةٌ فُصْيَةٌ" معتدل دن رات نہ گرم نہ سرد۔
فَضَّ (ن) فَضًّا. الشَّيْءَ: توڑ کر ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ فَضَّ خَتْمَ الكِتَابِ والخَتْمَ عَنِ الكِتَابِ: مہر توڑنا ...... اللُّؤْلُؤَةَ: موتی باندھنا ...... القَوْمَ: قوم کو متفرق کرنا۔ تم کہتے ہو "فَضَّ اللّٰهُ جَمْعَهُمْ" اللہ ان کی جمعیت کو متفرق کر دے۔ وفَضَضْتُ حَلْقَةَ القَوْمِ: میں نے قوم کے حلقہ کو توڑ دیا ...... الدُّمُوْعَ: آنسو بہانا۔
...... الشَّيْءَ عَلَى القَوْمِ: تقسیم کرنا۔ مَا بَيْنَهُمَا: کاٹ دینا ...... اللّٰهُ فَاهُ: دانتوں کو گرا دینا اور اسی سے ہے "لَا فُضَّ فُوْكَ" اس شخص کے لئے جو بہترین گفتگو کرے دعا ہے کہ تمہارے دانت نہ گرائے جائیں۔
فَضَّضَ. الشَّيْءَ: کسی چیز پر چاندی کا ملمع کرنا۔ چاندی کا جھول چڑھانا۔
اَفَضَّ. العَطَاءَ: بہت دینا۔
اِنْفَضَّ: ٹوٹنا۔ اِنْفَضَّتِ الدُّمُوْعُ: آنسو بہنا (...... وتَفَضَّضَ) متفرق ہونا۔
اِفْتَضَّ. المَاءَ: پانی آہستہ آہستہ گرانا۔

الفَضُّ: مص۔ بکھرے ہوئے لوگ کہا جاتا ہے "فِي المَدِيْنَةِ فَضٌّ: یعنی شہر میں متفرق لوگ ہیں و تَمْرٌ فَضٌّ: متفرق کھجوریں۔
الفُضَاضُ والفِضَاضُ والفُضَاضَةُ: ریزے ٹکڑے کہا جاتا ہے "طَارُوْا فُضَاضًا" متفرق ہو کر اڑ گئے۔
الفَضِيْضُ والفَضَضُ: نہاتے وقت پانی جو ادھر ادھر بکھر جائے۔ ہر متفرق و منتشر چیز کہا جاتا ہے "خَرَجَ فَضَضٌ مِنَ النَّاسِ" متفرق فرقے نکلے الفَضِيْضُ: ٹوٹا ہوا خوشگوار پانی یا بہتا ہوا پانی۔
الفِضَّةُ: چاندی (...... والفِضَّةُ) زمین جہاں پتھر ایک دوسرے کے اوپر بکھرے ہوئے ہوں۔
الفَاضَّةُ: مؤنث فاض: مصیبت ج فَوَاضُّ.
المِفْضَاضُ والمِفَضُّ والمِفَضَّةُ: پیکا۔ موگری۔
الفَضْفَضَةُ: کشادگی۔
الفَضْفَاضُ: کشادہ۔
تَفَضَّجَ. الرَّجُلُ عَرَقًا وبِالعَرَقِ: بال کی جڑوں میں پسینہ آنا اور تر نہ ہونا ...... الشَّيْءُ: وسیع ہونا ...... جَسَدُهُ بِالشَّحْمِ: موٹاپے سے پھٹ پڑنا۔
اِنْفَضَجَ الرَّجُلُ عَرَقًا وبِالعَرَقِ: بمعنی تَفَضَّجَ ...... الاَمْرُ: ڈھیلا اور کمزور ہونا ...... البَدَنُ: بدن کا بہت موٹا ہونا ...... القَرْحَةُ: زخم کا کشادہ ہونا ...... الاُفُقُ: ظاہر ہونا۔
الفَضِيْجُ: پسینہ۔
فَضَحَهُ (ف) فَضْحًا: برائیاں ظاہر کرنا۔
فَضَحَ المُعَمّٰى: معمہ حل کرنا ...... القَمَرُ النُّجُوْمَ: چاند کا ستاروں پر غالب آنا ...... الصُّبْحُ: صبح طلوع ہونا ...... الصُّبْحُ فُلَانًا: روشنی کا غالب ہونا۔
فَضِحَ (س) فَضَحًا: تھوڑا سفید ہونا۔ صفت (اَفْضَحُ) مؤنث فَضْحَاءُ ج فُضْحٌ.
فَضَّحَ واَفْضَحَ. الصُّبْحُ: صبح طلوع ہونا۔
اَفْضَحَ النَّخْلُ: درخت خرما کا سرخ یا زرد پھل والا ہونا۔

فَاضَحَهُ وتَفَاضَحَا: ایک دوسرے کو رسوا کرنا۔ ایک دوسرے کی برائیوں کو ظاہر کرنا۔
اِفْتَضَحَ. الاَمْرُ: مشہور ہونا ...... الرَّجُلُ: رسوا ہونا۔ برائیاں ظاہر ہونا۔
الفَاضِحُ: فاضح۔
الفَضَّاحُ: صیغہ مبالغہ۔
الفُضُوْحُ والفَضَاحَةُ والفُضُوْحَةُ والفِضَاحُ: رسوائی، برائیوں کا ظاہر ہونا۔
الفَضُوْحُ: رسوا کرنے والا۔ رسوا شدہ۔
الفَضِيْحُ: مال یا مویشی میں بدانتظامی۔
الفَضِيْحَةُ: مؤنث فَضِيْحٌ: عیب۔ رسوائی ج فَضَائِحُ.
المَفْضَحَةُ: سبب رسوائی ج مَفَاضِحُ.
فَضَخَ (ف) فَضْخًا. الشَّيْءَ: کھوکھلی چیز کو توڑنا ...... الرَّاسَ: سر کچلنا ...... العَيْنَ: آنکھ پھوڑنا۔
اَفْضَخَ. العُنْقُوْدُ: انگور کے گچھے کا نچوڑے جانے کے قابل ہونا۔
اِنْفَضَخَ: ٹوٹنا۔ کشادہ ہونا۔ اِنْفَضَخَتِ القَرْحَةُ: زخم کا کشادہ ہونا اور نچڑا جانا ...... زَيْدٌ: بہت رونا ...... الدلو: ڈول کا چھلکنا۔
اِفْتَضَخَ. البُسْرَ: کچی کھجور کی نبیذ بنانا۔
فَضْخُ. المَاءِ: پانی کی چھلک۔
الفَضُوْخُ: شراب جو پینے والے کو مست بنا دے۔
الفَضِيْخُ: شیرۂ انگور۔ کھجور کی شراب۔ بہت پانی ملا ہوا دودھ۔
فَضْفَضَ فَضْفَضَةً. الثَّوْبُ او العَيْشُ: کشادہ ہونا وفَضَّضَهُ: کشادہ کرنا۔
الفَضْفَاضُ: کشادہ کپڑا۔ خوش عیش۔ فیاض۔ اَرْضٌ فَضْفَاضٌ: زمین جس پر بارش کا پانی بہت جمع ہو۔ دِرْعٌ (فَضْفَاضَةٌ وفُضَافِضَةٌ) کشادہ زرہ۔ سَحَابَةٌ فَضْفَاضَةٌ وفُضَافِضَةٌ: بہت پانی والی بدلی۔
جَارِيَةٌ فَضْفَاضَةٌ: پرگوشت طویل الجسم

لڑکی۔

فَضَلَ (ن) وفَضِلَ (س) فَضلاً: باقی رہنا۔زائد ہونا۔فَضَلَهُ: فضل میں غالب ہونا کہا جاتا ہے "فَضَلَ فُلانٌ عَلٰی غَیْرِہٖ" جبکہ فضل میں غالب ہوجائے۔

فَضِلَ وفَضُلَ (ک) فَضلاً: صاحب فضل ہونا۔صاحب فضیلت ہونا۔

فَضَّلَهُ. عَلٰی غَیْرِہٖ: فضل کا حکم لگانا۔ترجیح دینا (فاضله فِضالا ومُفاضلة) فضل میں فخر کرنا۔فاضل بین الشیئین: دو چیزوں کے درمیان فضل کا مقابلہ کرنا۔

اَفْضَلَ. عَلَیْهِ: بڑھنا۔بھلائی کرنا۔مہربانی کرنا۔اَفْضَلَ عَلَیْهِ فِی الحَسَبِ: حسب میں بڑھ جانا...... عَلَیْهِ: زیادہ ہونا۔کہا جاتا ہے "رَاَیْتُ صَفَّهُم قَدْ اَفْضَلَ عَلٰی صَفِّنَا" ان کی صف کو دیکھا کہ ہماری صف سے بڑھ گئی ہے (...... واِسْتَفْضَلَ) مِنَ الشَّیْءِ: بقیہ چھوڑ دینا۔

تَفَضَّلَ. عَلَیْهِ: مہربانی کرنا۔فضل کا دعویٰ کرنا۔تَفَضَّلَ الرَّجُلُ: شب خوابی کا لباس پہنا یا۔کام کاج کے لئے لباس پہننا۔

تَفَاضَلَ الرَّجُلَانِ: ایک کا دوسرے پر فضل کا دعویٰ کرنا۔

اِسْتَفْضَلَ مِنَ الشَّیْءِ: بقیہ چھوڑنا۔

الفَضْلُ: ضد۔احسان۔زیادتی۔بقیہ کہا جاتا ہے "فُلانٌ لا یَمْلِکُ دِرْهَمًا فَضْلاً عَنْ دِیْنَارٍ" فلاں درہم کا مالک نہیں چہ جائیکہ دینار۔گویا یوں کہا گیا کہ لا یَمْلِکُ دِرْهَمًا فَکَیْفَ یَمْلِکُ دِیْنَارًا: یعنی درہم کا مالک نہیں تو دینار کا مالک کیسے ہوسکتا ہے اور کہا جاتا ہے "فِی یَدِہٖ فَضْلُ الزِّمَامِ" اس کے ہاتھ میں لگام کا کنارہ ہے۔ج فُضُوْل

الفُضُوْلُ: حاجت سے زائد مال فُضُوْلُ البَدَنِ: جو طبعی طور پر بدن کے منافذ سے نکلے جیسے پسینہ۔تھوک۔

الفَضْلَةُ. فَضَلَ: کا اسم مرة۔بقیہ۔شراب ج فَضَلاتٌ وفِضَالٌ.

الفِضْلَةُ والفِضْلُ والفِضَالُ: وہ کپڑا جو کام کے وقت یا نیند کے وقت پہنیں یا جس کو گھر میں استعمال کیا جائے۔کہا جاتا ہے "رَجُلٌ فُضُلٌ" یعنی ایک کپڑا پہنے ہوئے ہے اسی طرح "اِمْرَاَةٌ فُضُلٌ".

الفُضَالَةُ: بقیہ۔ج فُضَالات.

الفَضَّالُ: بہت فضل والا۔

الفَضِیْلَةُ: خوبی۔زیادتی۔فضل میں بلند مرتبہ ج فَضَائِل.

الفَاضِلُ: فا۔صاحب فضل۔صاحب فضیلت ج فَاضِلُوْنَ وفُضَلاءُ: مؤنث فَاضِلَةٌ ج فَاضِلات وفَوَاضِل.

الفَاضِلَةُ: فضل میں بلند مرتبہ۔بہ نعمت۔

فَوَاضِلُ المَالِ: مال کا نفع۔

الفَضُوْلُ: بہت فضل کرنے والا۔

الفُضُوْلُ: غنیمت میں جو تقسیم سے بچ رہے۔

الفُضُوْلِیُّ: لایعنی چیزوں میں مشغول ہونے والا۔

الفَضِیْلُ: صاحب فضل۔صاحب فضیلت ج فُضَلاءُ.

الاَفْضَلُ: فضل میں بڑھا ہوا ج اَفْضَلُوْنَ واَفَاضِلُ: مؤنث فُضْلٰی ج فُضْلَیَاتٌ. فُضَلٌ.

المِفْضَلُ والمِفْضَالُ: بہت فضل والا

المُفَضَّلُ: جس کے متعلق فضل کا حکم لگایا گیا ہو۔

المِفْضَلُ والمِفْضَلَةُ: کپڑا جو کام کے وقت یا سوتے وقت پہنا جائے یا گھر میں پہننے کا کپڑا ج مَفَاضِل.

المِفْضَالُ: بہت فضل والا۔مؤنث مِفْضَالَةٌ.

فَضَا یَفْضُوْ فَضَاءً او فُضُوًّا المَکَانُ: جگہ کشادہ ہونا۔خالی ہونا صفت فَاضٍ (...... فُضُوًّا الشَّجَرُ بِالمَکَانِ) درخت بہت ہونا۔

اَفْضَی اِفْضَاءً المَکَانُ: جگہ وسیع ہونا۔...... المَکَانَ: جگہ وسیع کرنا...... اِلَیْهِ: پہنچنا۔...... اِلَیْهِ بِسِرِّہٖ: بھید کو جتانا...... بِهٖ اِلَی کذا پہنچانا...... بِفُلانٍ: کشادہ میدان کی طرف لے جانا...... الرَّجُلُ: محتاج ہونا۔

الفَاضِی: فا کشادہ کہا جاتا ہے "مَقَامٌ فَاضٍ" کشادہ مقام۔کھلا ہوا۔خالی۔

الفَضَاءُ: وسیع زمین۔میدان ج اَفْضِیَة: کہا جاتا ہے "مَکَانٌ فَضَاءٌ" یعنی کشادہ جگہ۔

الفِضَاءُ: زمین پر جاری پانی۔بسا اوقات پاخانہ کے لئے کنایہ کرتے ہیں۔

الفَضَاءُ: خشک انگور کا دانہ۔سَهْمٌ فَضًا: اکیلا تیر۔طَعَامٌ فَضًا: ملاجلا کھانا کہا جاتا ہے "اِنَّ اَمْرَهُمْ فَضًا عَلَیْهِمْ" یعنی ان کا کوئی امیر نہیں۔

فَطَاَهُ (ف) فَطْأً: توڑنا۔فَطَأَ بِهِ الاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا...... فَطَأَ بِهٖ عَنْ رَاْیِهٖ: رائے سے ہٹا دینا...... القَوْمَ: غیر پسندیدہ چیز لانا...... فَطَأَ المَرْاَةَ: جماع کرنا۔فَطَأَتِ القِدْرُ بِزَبَدِهَا: ہانڈی کا جھاگ لانا۔

فَطِیءَ (س) فَطْأً: دھنسی ہوئی پیٹھ اور ابھرے ہوئے سینہ والا ہونا۔صفت اَفْطَأُ مؤنث فَطْأءُ ج فُطْءٌ.

فَاطَأَ مُفَاطَأَةً بِهِ الاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔

اِفْطَأَ اِفْطَاءً: فراخ حال ہونا۔بدخلق ہونا۔...... فُلانًا: کھلانا۔بہت جماع کرنا۔

تَفَاطَأَ: سینہ ابھارنا اور پیٹھ دھنسانا۔...... عَنْهُ: پیچھے ہٹنا...... عَنِ القَوْمِ: شکست کھانا اور حملہ کے بعد لوٹنا۔

الفُطْأَةُ: سینہ کا ابھار اور پیٹھ کا دھنسنا۔

الْفِيْقَة. دودھ جو دو دفعہ دوھنے کے درمیان میں تھن میں جمع ہو جائے۔ الْفِيْقَةُ مِنَ اللَّيْلِ: رات کا اکثر حصہ۔ فِيْقَةُ الضُّحٰى: چاشت کی ابتداء ج فِيَق وفِيَق وفِيْقَات واَفْوَاق واَفَاوِيْق: تم کہتے ہو "اَرْضَعَتْنِي اَفَاوِيْقَ بِرِّهٖ" اس نے میرے ساتھ بہترین احسانات کے۔ الاَفَاوِيْق: پانی جو بادل میں جمع ہو جائے اور تھوڑا تھوڑا برسے۔

الْفَوَاق والْفُوَاق: مص۔ دو دفعہ دوہنے کے درمیان کا وقت۔ دوہنے والے کے ہاتھ کے بند کرنے اور کھولنے کے درمیان کا وقت اور اسی سے ان کا قول ہے "اَمْهِلْنِي قَدْرَ فُوَاقِ حَالِبٍ" یعنی مجھے ذرا سی مہلت دو "وَلَهٗ مِنْ كَذَا سَهْمٌ ذُوْفُوَاقٍ" اس کے لئے فلاں چیز سے حصہ کامل ہے۔

الْفُوَاق: جانکنی کے وقت کی ہچکی ج اَفْوِقَةٌ وآفِقَةٌ و ج اَفْوِقَات. الْفُوَاق: اسم ہے اَفَاق واِسْتَفَاق الْعَلِيْلُ: سے جبکہ وہ لاغر ہو جائے۔

الْفَائِق: فا۔ برگزیدہ۔ عمدہ خالص ہر چیز کا ج فائقون وفوقة. الفائق: سر اور گردن کی جوڑ کی جگہ۔

السَّهْمُ الاَفْوَقُ: وہ تیر جس کا سوفار ٹوٹ گیا ہو۔ شَاعِرٌ مُفِيْقٌ: شاعر بلیغ۔

طَعَامٌ مُفَوَّقٌ: کھانا جو تھوڑا تھوڑا لیا جائے۔

الْفُوْل: لوبیا۔

الْفَوَّال: لوبیا بیچنے والا۔ لوبیا کا کھانے والا۔

فَوَمَ: روٹی پکانا۔

الْفُوْم: لہسن۔ گیہوں۔ چنا۔ روٹی۔ بڑا لقمہ۔ کل وہ غلے جن کی روٹی پک سکے ج فومان.

الْفُوْمَة: فوم کا واحد۔ خوشہ چٹکی جو دو اُنگلیوں کے درمیان لی جائے۔ ج فُوَم.

الْفَامِيُّ: سبزی فروش۔

اَلْفَوْفَل وَالْفُوْفَل: ہندوستان میں ایک انگوری کا پھل جس کو کمزوری دور کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کی طاقت صندل کی طرح ہوتی ہے۔

اَلْفَاوَانِيَا: اس کا دوسرا نام عود الكليب ہے۔ ایک دوائی کا نام۔

فَاهَ يَفُوْهُ فَوْهًا وتَفَوَّهَ بِكَذَا: بولنا۔ وتَفَوَّهَ الْمَكَانَ: دہانہ میں داخل ہونا۔

فَوِهَ (س) فَوَهًا: فراخ دہن ہونا۔

فَوَّهَهٗ: فراخ دہن بنانا۔

فَاوَهَ مُفَاوَهَةً وفَاهٰى مُفَاهَاةً فُلانًا: گفتگو کرنا۔ مفاخرت کرنا۔

تَفَاوَهَ الْقَوْمُ بِكَذَا: آپس میں گفتگو کرنا۔

اِسْتَفَاهَ اِسْتِفَاهًا واِسْتِفَاهَةً: کمی کے بعد بہت کھانا پینا۔

الْفُوْه والفاه والفيه: منہ ج افواه

فو: اسمائے ستہ مکبرہ میں سے ایک ہے اس کا اعراب حالتِ رفعی میں واو اور حالتِ نصبی میں الف اور حالتِ جری میں یا کے ساتھ آتا ہے۔ بشرطیکہ مفرد ہو اور یاء متکلم کے علاوہ کسی دوسرے اسم کی طرف اضافت ہو۔ تم کہو گے سَقَطَ لِفِيْهِ: یعنی وہ اپنے منہ کے بل گرا۔ و "كَلَّمْتُهٗ فَاهُ اِلٰى فِيَّ" یعنی میں نے اس سے رودررو گفتگو کی فاہ حالیت کی بنا پر منصوب ہے اور ابتدائیت کی بنا پر اس کا مرفوع پڑھنا بھی جائز ہے۔ اس صورت میں جملہ حال واقع ہو گا۔ جیسے كَلَّمْتُهٗ فُوْهُ اِلٰى فِيَّ.

الْفُوَيْه: فوہ کی تصغیر۔ چھوٹا منہ۔

الْفَوَه: منہ کی کشادگی۔ دانتوں کا ہونٹ سے

نکلنا۔

الفُوۃُ و الفُوۃُ: ایک درخت کی جڑیں جو سرخ رنگ کی ہوتی ہیں اور رنگائی کے کام میں آتی ہیں اور بعض امراض میں بطور دواء اس کا استعمال ہوتا ہے۔

الفَوْهَة: فاہ کا اسم مرۃ۔ منہ۔

الـفُوْهَة. مِنَ الـوَادِی والـطَرِیْق وجَبَلِ الـنَـارِ: وادی یا راستہ یا آتش فشاں پہاڑ کا دہانہ ج فُوْهَات.

الـفَیِـه: بہت بولنے والا۔ بلیغ۔ بہت کھانے والا۔ مؤنث فَیِهَة.

الفُوْهَة: اوّل شی......مِنَ الطَرِیْق و الوَادِی وجَبَـلِ الـنَـارِ: راستہ یا وادی یا آتش فشاں پہاڑ کا دہانہ۔ ج فُوْهَات و اَفْوَاه فَوَائِه.

الـفُوْهَـه: گفتگو۔ چغلی۔ تم کہو گے "فُلاَنٌ یَـخَاف فُوْهَة النَاسِ" فلاں لوگوں کی گفتگو سے خائف ہے۔ اِنَّـهٗ لَذُوْفُوْهَة: وہ بڑا تیز زبان، زبان زور ہے "وإنَّ رَدَّ الـفُـوْهَة لَشَـدِیْدٌ" نکلی ہوئی بات کو لوٹانا دُشوار بات ہے۔

الأفْوَہ: چوڑے منہ والا۔ مؤنث فَوْهَاء ج فُوْہ. طَعْنَةٌ فَوْهَاءُ: چوڑا زخم کرنے والی نیزہ کی ضرب۔

الأفْـــــوَاه: مسالے۔ خوشبو کی ڈبیاں۔ قسمیں۔ ج اَفَاوِیَه واحد فُوْه.

الـمُفَوَّه: بڑا بولنے والا۔ بلیغ۔ کہا جاتا ہے خطیب مُـفَوَّہ شراب مفوّہ: خوشبو ملی ہوئی شراب (...... والـمَفُوِّی) فوہ سے رنگا ہوا۔ دیکھئے الفُوَّة.

الـفُوْه: ایک قسم کی نباتات ہے جس سے وجع الجنب اور داء الثعلب: کا علاج کرتے ہیں ارض (مـفـولة) زمین جس میں فوۃ بہت ہو (دیکھئے الفُوّة)

فِیْ: حرف جر۔ معانی ذیل پر دلالت کرتا ہے (۱) ظرفیت جیسے الـخَـمْـرُ فِـی الـزِقِ (۲) مصاحبت: جیسے جَاءَ فِی الْقَوْمِ فُمَّتْ فِیْ شُرُوْقِ الشَمْسِ (۳) تعلیل جیسے قُتِلَ فِیْ ذَنْبِـه (۴) مقابلہ جیسے مَـا عِـلْـمِیْ فِیْ بَحْرِهٖ الا قَطْرَةً استعلاء جیسے لاصَلِّبَنَّكُمْ فِیْ جُزُوْعِ النَخْلِ (۶) بمعنی با جیسے اَنْتَ بَصِیْرٌ فِیْ عَـمَـلِکَ بمعنی اِلٰی: جیسے رَدُّوْا يَـدَهٗ فِیْ جَیْبِـه: بمعنی مِنْ: جیسے مَـضَـتْ عَـلٰی ثَلاثَةِ اَشْهُرٍ فِیْ ثَلاثِ سِنِیْنٍ.

فَـاءَ یَفِیْ ءُ فَیْـًا: لوٹنا......الظِلُّ: سایہ کا ہٹ جانا......الـغَنِـیْـمَةَ: غنیمت حاصل کرنا...... (...... فَیْئًا وفُیُوْءً ا) الاَمْرِ: لوٹ آنا۔

فَیَّـأ تَفْیِئَةً الشَجَرِ: درخت کا سایہ دار ہونا۔ فَیَّـاَتِ الـرِیَـاحُ الغُصُوْنَ: ہوا کا ٹہنیوں کو ہلانا۔

اَفَـاءَ اِفَـاءَ ةً. الظِلُّ: سایہ کا لوٹنا......ہ اِلٰی کَذَا: لوٹانا۔ اَفَاءَ اللّٰهُ عَلَیْهِ مَالَ القَوْمِ: مالِ غنیمت حاصل کرا دینا......عَـلٰـی الـقَـوْمُ فَیْـئًا: دوسری قوم سے مال غنیمت حاصل کر کے دینا۔

تَفَیَّأ تَفَیُّوًا. الظِلُّ: سایہ کا پلٹنا......الشَجَرَة وفِـیْ الشَجَرِةِ: درخت کا سایہ لینا۔ سایہ ڈھونڈنا......الاَخْبَارَ: خبر کی سن گن لینا۔ کہا جاتا ہے تَفَیَّأ بِفَیْئِهٖ: سایہ میں پناہ لینا۔

اِسْتَفَـاءَ اِسْتِفَـاءَ ةً: لوٹنا......الـمَالَ: مال غنیمت لینا......الاَخْبَارَ: خبر کی سن گن لینا۔

الـفَـیْ ءُ: مس۔ سایہ۔ غنیمت۔ خراج ج اَفْیَـاء وفُیُوء. الفَیْ ءُ: پرندوں کی ایک ٹکڑی۔

الفَیْئَةُ: فاء کا اسم مرۃ۔ لوٹنا۔ وقت۔

الـفِیْئَةُ: فاء کا اسم نوع۔ کہا جاتا ہے "اِنَّـهٗ حَسَـنُ الـفِیْئَةِ" وہ بہتر واپسی والا ہے۔ کہا جاتا ہے دَخَـلَ عَـلٰـی (تَفِیْئَةِ) فُلاَنٍ: یعنی فلاں کے نشانِ قدم پر داخل ہوا۔

الْمُفَاء. افاء: کا اسم مفعول۔

الـمَفْیَاءَ ة والمَفْیُوْءَ ة: وہ جگہ جہاں دھوپ نہ ہو۔ سایہ دار جگہ۔

اَفَـاجَ. فِیْ عدوه: دوڑنے میں دیر کرنا...... القَوْمُ فِیْ الاَرضِ: جنگل میں پھیل جانا۔

[illegible]......لوگوں کی جماعت۔ پست زمین۔ ج فُئُوْج.

الـفَـائِجَة: دو پہاڑوں کے درمیان وادی۔ ج فَوَائج.

فَـاحَ یَفِیْـحُ فَیْحًا وفَیَحَانًا. الحَرُّ: گرمی کا تیز ہونا۔ فَاحَتِ القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا (...... فَیْـحًا وفُیُوْحًا) الرَبِیْعُ: سرسبز ہونا ......الدَمُ: خون گرنا......الشَجَّةُ: زخم کا بہت خون بہانا۔

فَـاحَ یَفِیْحُ وفَاحَ یَفَاحُ فَیْحًا: کشادہ ہونا۔ فَاحَتِ الغَارَةُ: وسیع ہونا۔ منتشر ہونا۔

فَیَّحَ الشَیْءُ: بکھیرنا۔ متفرق کرنا اور اسی سے ہے "لَوْمَـلَـکْـتَ الـدُنْیَا یَفَیِّحُهَا فِیْ یَوْمٍ وَاحِـــدٍ" اگر تم دُنیا کے مالک ہو جاؤ گے تو ایک ہی دن میں بکھیر دو گے۔

اَفَـاحَ. القِدْرَ: جوش دینا......الـدَمَ: خون بہانا۔

الفَیْح والفَیَح: کشادگی۔

فَیَاحِ: اسم ہے غارت کا کہا جاتا ہے "فِیْحِی فَیَاحِ" یعنی اے غارت پھیل جا اور منتشر ہو جا۔ اور غارت لوٹ ڈالنے والے گھوڑے کو کہتے ہیں۔

الـفَیَّـاح: اسم مبالغہ۔ فیاض۔ [illegible]

فَیَّـاحٌ: بہت وسیع سمندر۔ [illegible] فیاض۔ بڑا دریا یا نہر وغیرہ۔ مؤنث [illegible]

الاَفْیَح: کشادہ۔ مؤنث فَیْحَاء۔ ج فِیْح

الـفَیْحَـاء: وسیع مکان۔ [illegible] اور طرابلس شام کا لقب۔

فَاخَ یَفِیْخُ فَیْخًا و فَیَخَانًا: بمعنی فَاخَ یَفُوْخُ: وادی۔

فَـادَ یَفِیْدُ فَیْدًا: مرنا......المَالُ لَهٗ: ثابت ہونا اور بعضوں نے کہا ہے۔ جاتا رہنا۔ فَـادَت لَـهٗ فَـائدة: حاصل ہونا (......وفَیَدَانًا) الرَجُلَ: ناز سے چلنا۔ فَیَّدَ: الو کی آواز سے بد فالی لینا۔

اَفَـادَ افَادَةً. الرَجُلُ عِلْمًا او مَالاً: کا کو پہنچانا۔

...... الرجل: مارا اٹھا۔ ...... [illegible] کرنا۔ (...... واستفاد) منہ علما او مالا: حاصل کرنا۔

تفاید۔ القوم بالمال: ہر ایک کا دوسرے کو فائدہ پہنچانا۔

تفید الرجل: ناز سے چلنا۔

الفید: مص۔ زعفران کی پتی۔

الفائدۃ: ادھار مال دے کر یا قرض دے کر اپنے مال کے عوض فیصدی کے حساب سے قرض خواہ مقروض سے کچھ مال لے۔

الفائدۃ البسیطۃ: حاصل شدہ نفع جو اصل مال میں ملایا جائے۔ الفائدۃ المرکبۃ: سالانہ ششماہی یا سہ ماہی مدت کے بعد حاصل ہونے والا نفع جو اصل مال ضم کر دیا جائے۔

الفائدۃ: زیادتی جو انسان کو حاصل ہو۔ علم یا مال وغیرہ سے انسان جو حاصل کرے ج فوائد۔

الفیاد: نر الو (...... والفیادۃ) ناز سے چلنے والا۔ کہا جاتا ہے "ھو یمشی علی الارض فیادا میادا": وہ زمین پر ناز سے اکڑتا ہوا چلتا ہے۔

الفیروز والفیروز والفیروزج والفیروزج ایک قسم کا قیمتی پتھر۔

فاش یفیش فیشا: فخر کرنا۔ تکبر کرنا۔ صفت فیاش۔

فیش۔ عن الامر: بزدلی کرنا۔ پیچھے ہٹنا۔

فایشہ فیاشا ومفاشاۃ: مفاخرت کرنا۔

فایش الرجل: لڑائی میں ڈینگ مارنا اور فضول دھمکی دینا۔

تفیش۔ الامر: لغو دعوی کرنا ...... عنہ: عاجزی سے پلٹ جانا۔

تفایش۔ القوم: ایک دوسرے پر فخر کرنا۔

الفیاش: بہت فضیلت والا سردار۔ فخر کرنے والا۔

الفائش: (پانی پر تیرنے والا جنڈ العیثق)

الفیوش: فخر کرنے والا۔ بزدل۔ کمزور۔

فاض یفیض فیضا۔ فی الارض: چلا جانا ...... عنہ: ہٹ جانا اور کہا جاتا ہے "ما یفیض القول" یعنی ہمیشہ کرتا رہوں گا۔ ...... فاضۃ: جدا ہونا۔

افاض۔ الکلام: ظاہر کرنا۔ افاضت یدہ: انگلیوں کا کسی چیز کے پکڑنے سے عاجز رہنا۔ کہا جاتا ہے "مالک عنہ (مفیض)" تمہارے لئے کوئی بچنے کی جگہ نہیں۔

فاض یفیض فیضا وفیضانا وفیوضا وفیوضا وفیوضۃ وفیضوضۃ۔ السیل: کثرت سے ہونا اور وادی کے کنارہ سے بہنا۔

...... کل سائل: جاری ہونا۔ کہا جاتا ہے "فاضت عینہ" یعنی آنسو بہ پڑے۔ فاض الجرح: پھیل جانا ...... الشیء: بہت ہونا (...... فیضا وفیوضا) مرنا۔ فاضت نفسہ: روح نکلنا (فیضا) الاناء: برتن کا بھر جانا ...... صدرہ بالسر: بھید کو چھپا نہ سکنا۔

افاض افاضۃ۔ الدمع: آنسو بہانا ...... الماء: پانی گرانا ...... الاناء: برتن کو لبریز کر دینا۔

...... القوم من المکان: متفرق ومنتشر ہو جانا۔

...... القوم فی الحدیث: گفتگو میں مشغول ہونا۔

...... القوم علی الرجل: غالب ہونا ...... بالشیء ...... : پھینکنا۔ دفع کرنا اور کہا جاتا ہے "ما افاض بکلمۃ" یعنی کچھ نہیں بولا۔

تفیض۔ الجفن: آنسو بہانا۔

استفاض۔ استفاضۃ۔ الخبر: پھیلنا ...... المکان: کشادہ ہونا ...... الوادی شجرا: وسیع ہونا اور درخت بہت ہونا۔

...... القوم فی الحدیث: مشغول ہونا۔

...... الرجل: پانی بہانے کو کہنا۔ ...... القداح وبالقداح: تیر سے جوا کھیلنا۔

الفیض ...... [illegible]

فی فیض فلان "فلاں کے جنازہ میں گئے۔"

الفیض من الخیل: بہت تیز رو گھوڑا۔ ج فیوض والفیاض: کہا جاتا ہے "ماءۃ فیض" بہت پانی "واعطاہ غیضا من فیض" اس نے بہت میں سے تھوڑا دیا۔

رجل فیض: فیاض وسخی آدمی۔

الفیاض: بہت پانی والا۔ رجل فیاض: بہت جود وبخشش کرنے والا۔

حدیث (مفاض ومستفیض ومستفاض) فیہ: پھیلی ہوئی بات۔

درع (مفاضۃ) کشادہ زرہ۔

فاظ یفیظ فیظا وفیظانا وفیوظا وفیظوظۃ: مرنا۔

افاظ اللہ: موت دینا۔ کہا جاتا ہے ضربتہ حتی افظت نفسہ: میں نے اس کو مارا یہاں تک کہ قتل کر دیا۔

الفیظ: مص۔ موت۔ کہا جاتا ہے "حان فیظہ" اس کی موت آ گئی۔

الفیف: جنگل جس میں پانی نہ ہو۔ ہموار جگہ ج افیاف وفیوف۔ الفیف من الارض: مختلف ہواؤں والی زمین۔

الفیفی والفیفاء والفیفاۃ بمعنی الفیف ج فیاف۔ الفیفاء: چکنا پتھر۔

فاق یفیق فیقا: جان دینا۔ مرنا۔

افیق افاقا۔ الشاعر: بمعنی افلق۔

الفیق: مرغی کی آواز۔

فال یفیل فیلۃ وفیولۃ وفیالۃ: کمزور اور غلط ہونا۔ صف فائل الرای وفالہ وفیلۃ وفیلۃ۔ وفال الرجل: ہاتھی جیسا ہونا۔

فیل رایہ: غلطی پکڑنا۔ کمزور سمجھنا ...... الرجل فی رایہ: صواب کو نہ پہنچنا۔

تفیل۔ رایہ: کمزور ہونا ...... النبات: نباتات کا بڑھنا ...... الشباب: جوانی ڈھلنا۔

...... الرجل: موٹا ہونا۔

الفال: شگون۔ فال کا مخفف۔

الفیل: ہاتھی۔ ج افیال وفیلۃ ...... مؤنث فیلۃ۔ الفیل: مرد فرومایہ۔

دَاءُ الـفِيـلُ ایک بیماری ہے جس میں پاؤں سوج جاتا ہے۔ فیل پا۔

الفَيَّال: مہاوت، ہاتھی بان۔ ج فَيَّالَة.

فَائِلُ الـرَّاى وفَـالُهُ وفِيلُهُ: کمزور رائے والا۔

فَيِّـلُ الـلَّـحْـمِ: بہت گوشت والا۔ فَيِّـلُ الرَّاى: کمزور رائے والا۔

الفَيَالَة: رائے کی کمزوری۔

المَفْيُولَاء: ہاتھی کے بچے۔

الـفِيـلَـجَة: ریشم کے کیڑے کا کویا۔ ج فَيَالِج.

الفَيْلَق: بڑا لشکر۔ بڑا آدمی۔ ج فَيَالِق.

الـفَيْـلَم: بڑا ڈول۔ کشادہ منہ کا کنواں۔ کنگھا۔ دسترخوان کے نیچے بچھانے کا چمڑا۔ کھجور کی کثرت ج فَيَـالِم (…… والفَيْلَمَانِى) بڑے ڈیل ڈول کا مرد۔

اَلْـفِيـلِـيرِيَة: جنگلی زیتون جیسا ایک درخت جس کے پتے انڈے کی شکل کے ہوتے ہیں اور اس کے پھل انگوری ہوتے ہیں زیب و زینت کے لئے بویا جاتا ہے۔

فَلَانٌ يَفِينُ فَيْنَةً: آنا۔

الفَيْنَة: وقت۔

الـفَيْـنَـان: خوبصورت لمبے بالوں والا مؤنث فَيْنَانَة.

تَفَيْهَق فِى الْكَلَامِ: بہت پھیلا کر گفتگو کرنا۔ …… فِـى مَشْيِـه: ناز سے چلنا …… عَلَيْـه كَذَا: بڑا بننا۔

الفَيْهَق: ہر کشادہ جگہ ج فَيَاهِق.

الفَيْهَك: بے وقوف عورت۔

ق

ق : اَلْـقَــاف : بنیادی حروف میں سے اکیسواں حرف ہے لہویہ حروف میں سے ہے یعنی حلق کے کوا سے نکلنے والا حرف۔

قَأَبَ (ف) قَـأْبًا الطَّعَامَ : کھانا......الْمَاءَ : پانی پینا۔

قَئِبَ (س) قَأْبًا قَأَبًا. مِنَ الشَّرَابِ : زیادہ پینا۔

قَأَبَ يَقْأَبُ قَأْبًا : کھانا پینا۔

الْقَؤُاب والْقَوَأْبِي. مِنَ الْاٰنِيَةِ : بہت پانی کا برتن۔

الْقَؤُوب والمِقْأَب : بہت پینے والا۔

الْقَقَاء : کوے کی کائیں کائیں۔

الْقَـنْـصِـنُي : انڈے کی سفیدی۔ انڈے کا باریک چھلکا۔

قَأَى (ف) قَـأْيًا. الرَّجُلُ : حق خصم کا اقرار کرنا۔ دشمن کا مطیع ہونا۔

قَبَّ (ن ض) قَبًّا. النَّبَاتُ : نباتات کا خشک ہونا......الشَّيْئُ : اطراف کو جمع کرنا۔

......الْقُبَّةَ : گنبد بنانا۔

قَبَّ (ن ض) قَبًّا. يَدَفُلَانٍ : ہاتھ کاٹنا۔

قَبَّ (ض) قُبُوْبًا. اللَّحْمُ وَنَحْوُهُ : گوشت وغیرہ خشک ہونا......الْـقَــوْمُ : جھگڑے میں آواز بلند کرنا۔

قَبَّ (ض) قَبًّا وَقَبِيْبًا. الْاَسَدُ اَوِ الْفَحْلُ : دانت پیسنا۔ قَبَّ طَيَّ الثَّوْبِ : کپڑے کی تہ کو لپیٹنا۔

قَبَّ وقَبِـبَ (س) قَبَـبًا. الْـخَـصْـرُ اَوِ الْبَطْنُ : کمر کا باریک یا پیٹ کا دُبلا ہونا۔

قَبَّـبَ. الرَّجُلُ : گنبد بنانا......الْبَيْتَ : گھر کو گنبددار بنانا......التَّمْرَ : کھجور کا خشک ہونا۔

الشَّيْئَ : اطراف کو جمع کرنا۔

تَقَبَّبَ. الْقُبَّةَ : گنبد میں داخل ہونا۔

اِقْتَبَّ. يَدَهُ : ہاتھ کاٹنا۔

الْـقَــبُّ : مص۔ جوان گھوڑا۔ سردار قوم۔ چرخی کا سوراخ۔ قمیص کے گریبان میں لگانے کی دھجی۔ غلّہ کا ایک پیمانہ۔

الْقُبُّ والقِبُّ : سردار قوم۔ القِبُّ : دونوں سرینوں کے درمیان پیٹھ کی اُبھری ہوئی ہڈی۔

الْقَبَّان : غلہ کا ایک پیمانہ۔

الْـقَــبَــب : مص۔ کمر کا باریک ہونا۔ پیٹ کا پتلا ہونا۔

الْـقُـبَّةُ : گنبد۔ ج قِبَــاب وقُبَــب. قُبَّة الاسلام : بصرہ۔ قُبَّة الشهادة عند اليهود : ایک خیمہ تھا جس میں یہود تابوت عہد کو چھپاتے تھے اور اُس کو قبة الزمان بھی کہتے تھے اَلْقُبَّةُ الْـخَـضْــرَاء او الزَّرْقَاء : گنبد آسمان۔

الْــقِــبَّةُ : اوجھ کا وہ حصہ جس میں پرت پرت ہوتا ہے۔

الْقَـابُّ : فا۔ آئندہ تیسرا سال کہا جاتا ہے الیک لاتنجح العام الحاضر ولا القابل ولا الْـقَابُّ : تُو نہ تو امسال کامیاب ہوگا نہ آئندہ سال نہ تیسرے سال۔

الْـقَـابَّة. قَابٌّ : کا مؤنث۔ بادل کی گرج۔ بارش کا قطرہ۔

الْقَبَّاب : اسم مبالغہ۔ شیر۔

الْقُبَّاب مِنَ النُّ[illegible] ہراں۔

......مِنَ الْاُنُوْفِ : موٹی ناک۔

الْاَقَبُّ. مِنَ الْخَيْلِ : باریک کمر۔ پتلے پیٹ والا گھوڑا۔ مؤنث قَبَّاء ج قُبٌّ.

الْقُبِّي : لگاتار روزے رکھنے کی وجہ سے دُبلے پیٹ والا۔

الْقَبِيْب : خشک نباتات۔

الْاَقَبُّ والمُقَبَّب والمَقْبُوْب : دُبلا۔

الْـقَــبْـج : چکور۔ کبک کا معرب ہے۔ واحد (قَبْـجة) مذکر و مؤنث پر اطلاق ہوتا ہے۔ بخلاف یعقوب کے کہ اس کا استعمال صرف مذکر ہی کے لئے ہوتا ہے۔

اَلْقَبَـاجُوْرُ اَوِ الْاَبَاجُوْر : روشنی روکنے کے لئے کھڑکیوں پر گرل لگانا۔

قَبُحَ (ک) قُبْـحًا وقُبْحًا وقَبَاحَةً وقُبَاحًا وقُبُوْحًا وقُبُوْحَةً : بُرا ہونا۔ بدصورت ہونا۔

قَبَحَهُ (ف) قَبْـحًا وقُبُوْحًا وقَبَحَهُ. اللّٰهُ عَـنِ الْـخَـيْـرِ : افعالِ خیر سے محروم کر دینا۔ صفت مفعولی مَـقْــبُــوْح : اور کہا جاتا ہے "قَبَـحْـتُ لَهُ وَجْهَهُ" یعنی میں نے اس کے لئے قَبَّـحَـهُ الـلّٰـه : کہا قَبَّـحَ الْبَـيْـضَةَ : انڈا توڑنا۔ قَبَّـحَ عَـلَـيْـهِ فِعْلَه : بُرائی ظاہر کرنا۔ قَبَّـحَ لَـهُ وَجْـهَـهُ : کسی کے عمل کے خلاف ناراضی کا اظہار کرنا۔

قَابَحَهُ مُقَابَحَةً : آپس میں گالی گلوچ کرنا۔

اَقْبَحَ. الرَّجُلُ : بُرا فعل کرنا۔

اِسْتَقْبَحَ. الشَّيْئُ : بُرا سمجھنا۔

الْقُبْح : مص۔ قول، فعل یا صورت کی بُرائی۔

الْقَبِيْح : بُرا۔ ج قِبَاح وقَبْحٰى وقَبَاحٰى.

(......والقَباح) ران اور پنڈلیوں کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ۔ بازو کی ہڈی کا کنارہ جو کہنی سے ملتا ہے۔

القَبِیحَة: قبیح کا مؤنث۔ عمل قبیح۔ ج قِبَاح. وقبائح.

قَبَرَ (ن ض) قَبْرًا ومَقْبَرًا. المَیِّتَ: میت کو دفن کرنا۔

اَقْبَرَهُ: قبر بنانا۔ دفن کرنا......القَوْمَ: مقتول کو دفن کرنے کی اجازت دینا۔ دفن کرنے کے لئے دینا۔

القَبْر: مص۔ انسان کے دفن کرنے کی جگہ۔ ج قُبُور.

القُبَّرَة والقُنْبَرَة والقُنْبُرَة والقُنْبُراء القُنْبَراء: ایک پرندہ ہے جس کو فارسی میں چکاوک اور اردو میں چنڈول کہتے ہیں۔ ج قُبَّر وقُبَر وقَنابِر.

القُبَّار: شکاری کا چراغ۔ لوگوں کی جماعت جو شکار کو جال سے کھینچنے کے لئے جمع ہو۔

القَبُور: پست زمین۔

المَقْبَر والمَقْبَرة والمَقْبِرة والمَقْبُرَة والمِقْبَرة: قبرستان۔ ج مَقَابِر.

المَقْبَرِیّ والمَقْبُرِیّ: مقبرہ کی طرف نسبت۔

اَلْقُبَّرَةُ وَالْقُنْبَرَةُ وَالْقُنْبُرَةُ وَالْقُنْبُرَاءُ وَالْقُنْبَرَاءُ: ج قُبَّرٌ وَقُبَرٌ وَقَنَابِرُ: چکاوک۔ چنڈول۔ یعنی ہمیشہ بولنے والی چڑیا۔

القُبْرُس: عمدہ تانبا۔ قُبْرُوس ج قَبارِسَة.

القَبْز: ایک قسم کا باجا۔

القِبْز: پست قد۔ بخیل۔

قَبَسَ (ض) قَبْسًا. مِنْهُ النَّارَ: شعلہ لینا۔ ......النَّارَ: آگ جلانا......العِلْمَ: علم سیکھنا۔ استفادہ کرنا۔ قَبَسَهُ النَّارَ: کسی کے لئے آگ لانا۔

(......واَقْبَسَ) فُلانًا العِلْمَ: سکھلانا۔

واَقْبَسَ فُلانًا: کسی کو آگ دینا۔

اِقْتَبَسَ. مِنْهُ النَّارَ او العِلْمَ: بمعنی قَبَس.

......مِنَ العِلْمِ: استفادہ کرنا۔ واِقْتَبَسَهُ نَارًا: کسی سے آگ لینا۔

القَابِس: فا۔ آگ طلب کرنے والا۔ ج اَقْبَاس.

القِبْس: اصل۔

القَبَس والمِقْبَاس: آگ کا شعلہ۔

القَبْسَة. قَبَسَ: کا اسم مرۃ۔ قَبْسَةُ العَجْلانَ: جلد بازی کے لئے مثال ہے۔ اس آگ لینے والے سے تشبیہ دی گئی ہے جو گھر میں داخل ہوا اور صرف اتنی دیر ٹھہرے کہ آگ لے سکے۔

القَابُوس: خوبصورت چہرہ اور اچھے رنگ و روغن کا مرد۔

القَوابِس: اچھی بات سکھانے والے لوگ۔

المَقْبِس: لکڑی کا وہ حصہ جو جل رہا ہو۔ ج مَقَابِس.

المُقْتَبَس: آگ کا شعلہ۔

المِقْبَاس والمِقْبَس: وہ چیز جس سے آگ کا شعلہ لیا جائے۔ المِقْبَاس: وہ عورت جو جلدی سے حاملہ ہو جائے۔

القُبْشُور: وہ عورت جس کو حیض نہ آتا ہو۔

قَبَصَ (ض) قَبْصًا. الفَرَسُ: گھوڑے کا بہت تیز دوڑنا۔ صفت (قَبُوص) الرَّجُلَ: سیراب ہونے سے پہلے روکنا۔ الغُلامُ: لڑکے کا جوان ہونا (وقَبَصَ) الشَّیْءَ: چٹکی سے لینا۔

قَبِصَ قَبَصًا: بڑے سر والا ہونا۔ درد جگر میں مبتلا ہونا۔ سبک ہونا۔ چست ہونا۔

(......وتَقَبَّصَ) الجَرادُ عَلَی الشَّجَرِ: ٹڈیوں کا درخت پر اکٹھا ہونا۔

اِقْتَبَصَ قَبْصَةً مِنْ کَذَا: چٹکی سے لینا۔

القَبْص والقِبْص: بہت ریت کا ڈھیر۔

القِبْصُ: بہت سے آدمی۔

القَبَص والقُبَاص: جگر کا درد جو باسی منہ کھجور کے کھانے اور اس پر پانی پینے سے ہوتا ہے۔

القَبْصَة والقُبْصَة: چٹکی......مِنَ الطَّعَامِ: لپ بھر خوراک۔ ج قُبَص.

القَبِیصَة بمعنی قَبْصَة۔ القَبِیصَة: مٹی کا ڈھیر۔ گٹھڑی۔

القَبُوص [illegible] چست۔

حَبْلٌ قَبْصٌ: چھوٹی رسی۔ القَبَص: ہلکا پھلکا چست۔

القَبْصَی: تیز دوڑ۔

الاَقْبَص: بڑی کھوپڑی والا......من الخیل: چست تیز رفتار گھوڑا۔ الاَقْبَص: وہ شخص جو چلنے میں قدم کے اگلے حصے سے غبار اڑائے اور غبار ایڑی پر پڑے۔ مؤنث قَبْصَاء ج قُبْص.

القَبْصَاء: بڑی کھوپڑی۔

القَبِیص: مٹی کا ڈھیر۔

القَوَابِص: جماعتیں۔ پارٹیاں۔ واحد قَابِصَة.

المِقْبَص: رسی جو گھوڑ دوڑ کے میدان میں باندھ دی جاتی ہے تاکہ سارے گھوڑے ایک قطار میں ہو جائیں۔ ج مَقَابِص.

حَبْلٌ مُقْتَبِص: چھوٹی رسی۔

قَبَضَ (ض) قَبْضًا. بِیَدِهِ الشَّیْءَ وعَلَی الشَّیْءِ: کسی چیز کو ہاتھ سے پکڑنا۔ پنجے سے پکڑنا......یَدَهُ عَنِ الشَّیْءِ: پکڑنے سے باز رہنا۔ قَبَضَهُ عَنِ الاَمْرِ: ہٹانا۔ دور کرنا۔ قَبَضَهُ اللّٰهُ: وفات دینا۔ قَبَضَ الشَّیْءَ: سمیٹنا ......الحَادِی الاِبِلَ: اونٹ کو تیز ہانکنا۔ الطَّائِرُ جَنَاحَهُ: پرندہ کا بازو سمیٹنا......المَالَ و نَحْوَهَا: قبضہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهُ یَقْبِضُنِی مَا قَبَضَکَ" جس چیز نے تجھے تکلیف دی اس نے مجھے تکلیف پہنچائی۔ وفُلانٌ الخَیْرُ یَبْسُطُهُ والشَّرُّ یَقْبِضُهُ: فلاں کے لئے خیر باعث بسط اور شر باعث قبض ہے۔ "واللّٰهُ یَقْبِضُ ویَبْسُطُ" یعنی اللہ کسی پر وسعت کرتا ہے اور کسی پر تنگی ڈالتا ہے۔

قَبَضَ (ض) قَبْضًا واقْتَبَضَ مِنْهُ المَالَ: اپنے لئے لینا......قَبْضَة: مٹھی بھر لینا۔

قَبَضَ (ض) قَبْضًا والقَبَضَ. [illegible]: جلدی کرنا اور دامن سمیٹنا......القَوْمَ: [illegible]

دینا ...... بسکڑنا۔ قبض ہونا۔ تَقَبَّضَ الشَّيْءُ ملنا۔ منقبض ہونا۔ سمٹنا۔

قُبِضَ. الْمَرِيْضُ: قریب المرگ ہونا۔ مرنا۔

قَبَّضَ. الشَّيْءَ: جمع کرنا۔ سمیٹنا۔ سکیڑنا۔ کہا جاتا ہے "قَبَّضَ وَجْهَهُ فَتَقَبَّضَ" اس نے اپنا منہ بگاڑا پس وہ بگڑ گیا۔ "وَقَبَّضَ مَابَيْنَ عَيْنَيْهِ" اس نے اپنی آنکھوں کے درمیان یعنی پیشانی پر شکن ڈال لیا۔ قَبَّضَ الْمَالَ فُلَانًا: مال کسی کے قبضہ میں دینا۔ مال پر کسی کا قبضہ کرانا۔

قَابَضَهُ مُقَابَضَةً: ہاتھ میں ہاتھ دینا۔

أَقْبَضَ. السَّيْفَ: تلوار کا قبضہ بنانا ...... فُلَانًا الْمَتَاعَ: سامان پر قبضہ کرنے کے لئے برانگیختہ کرنا۔

تَقَبَّضَ: جمع ہونا ...... الجلدُ فِي النَّارِ: کھال سکڑ جانا ...... الرَّجُلُ عَنِ الْأَمْرِ: نفرت کرنا۔ ...... إِلَيْهِ: کودنا ...... عَلَى الْأَمْرِ: توقف کرنا۔

تَقَابَضَ. الْمُتَبَايِعَانِ: بائع اور مشتری کا بیعہ اور ثمن پر قبضہ کرنا۔

الْقَبْضُ: مص۔ تیز ہانکنا۔ کہا جاتا ہے "صَارَ الْمَالُ فِي قَبْضِهِ" مال اس کی ملکیت میں ہو گیا۔

الْقَبَضُ: قبضہ کیا ہوا مال۔ جلدی۔ تقسیم سے پہلے غنیمت کا مال۔

اَلْقَبْضُ: علم عروض کی اصطلاح میں پانچواں حرف ساکن کو حذف کرنا جیسے فَعُوْلُنْ سے فعول۔ حذف شدہ کو مقبوض بولتے ہیں۔

الْقَبْضَةُ. قَبَضَ: کا اسم مرۃ۔ موت کہا جاتا ہے "صَارَ الْمَالُ فِي قَبْضَتِهِ" مال اس کی ملکیت میں ہو گیا۔ قَبْضَةُ السَّيْفِ: تلوار کا قبضہ۔

الْقَبْضَةُ والْقُبْضَةُ: مقبوض شی مِنَ الشَّيْءِ: مٹھی بھر کر۔

الْقُبَضَةُ: خشم۔ چرواہا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قُبَضَةٌ رُفَضَةٌ" قبضہ کرنے والا اور جلدی چھوڑ دینے والا مرد۔

الْقِبَاضُ والْقِبَاضَةُ: سکڑ جانا۔ جلدی۔

الْقُبَّاضُ وقُبَّاضَةٌ: بہت سخت قبضہ کرنے والا۔ تیز ہانکنے والا۔

الْقَابِضُ: ق ...... مِنَ الطَّعَامِ: زبان پکڑنے والی خوراک ...... مِنَ الْأَدْوِيَةِ: قبض کرنے والی دوا۔ تیز ہانکنے والا۔ قَابِضُ الْأَرْوَاحِ: حضرت عزرائیل علیہ السلام۔

الْقُبَيْضُ: سکڑا ہوا۔ تیز۔ عقل مند۔ کاریگر جو اپنے کام پر متجدر ہے۔

الْمِقْبَضُ والْمُقْبَضُ والْمَقْبِضُ والْمِقْبَضَةُ والْمُقْبَضَةُ والْمَقْبِضَةُ: تلوار کا قبضہ ج مَقَابِضُ.

قَبَعَ (ن) قَبْعًا. الشَّيْءُ: ہاتھ سے جمع کرنا۔ ملانا۔

قَبَّعَ وَجْهَهُ: ترش روئی کرنا۔ منہ بگاڑنا۔

الْقِبْطُ: مصر میں نصرانیوں کی ایک جماعت واحد قِبْطِيٌّ ج أَقْبَاطٌ

الْقُبْطِيَّةُ والْقِبْطِيَّةُ: کتان کا کپڑا جو قبط کی طرف منسوب ہے۔ ج الْقَبَاطِيُّ والْقَبَاطِي.

الْقُبَّاطُ والْقُبَيْطُ والْقُبَّيْطَى والْقُبَيْطَاءُ: ایک قسم کی مٹھائی۔ ریوڑی۔

قَبَعَ (ف) قُبُوْعًا. الْقُنْفُذُ: سیہی کا اپنی کھال میں سر چھپانا ...... الرَّجُلُ فِي قَمِيْصِهِ: گریبان میں سر ڈالنا ...... رَأْسَهُ: سر کو کپڑے میں داخل کرنا ...... فِي الْأَرْضِ: جانا ...... (قَبْعًا) الْجَوَالِقَ: گون کے کنارے موڑنا ...... (قَبْعًا وقُبُوْعًا) عَنْ أَصْحَابِهِ: تخلف کرنا ...... النَّجْمُ: ستارے کا ظاہر ہو کر چھپ جانا ...... الرَّجُلُ: عاجز ہونا۔ مغلوب ہونا ...... الْمَرْأَةُ: عورت کا چھپنا۔ (قَبْعًا وقِبَاعًا وقُبَاعًا) الْخِنْزِيْرُ: سور کا غرانا۔

الْفِيْلُ: ہاتھی کا چنگھاڑنا ...... (والْقَبَع) الْمَزَادَةَ: مشک کے منہ کو منہ میں ڈال کر پینا۔

الْقُبَعُ: بگل۔

الْقُبَعُ ...... جانور۔

الْقُبَاعُ: بے وقوف مرد۔ ایک بڑا پیمانہ۔

الْقُبَعَةُ: ایک چھوٹا سا پرندہ۔ کہا جاتا ہے "يَا ابْنَ قُبَعَةَ ويَا ابْنَ قَابِعَاءَ" یعنی اے بے وقوف۔ ...... "إِمْرَأَةٌ قُبَعَةٌ طُلَعَةٌ" کبھی چھپنے والی کبھی ظاہر ہونے والی عورت۔

الْقُبَّعَةُ: بچوں کی ایک قسم کی ٹوپی۔

الْقَبَاعُ: بزدل سور۔

اَلْقُبَّعَةُ: چھوٹا پرندہ جو چوہوں کی بل کے پاس ہوتا ہے جب خوفزدہ ہو تو بل میں داخل ہو جاتا ہے۔

الْقُبَاعِيُّ: بڑے سر کا مرد۔

الْقَبِيْعَةُ. مِنَ السَّيْفِ: تلوار کے قبضہ پر چاندی یا لوہے کی گرہ۔

الْقَبِيْعَةُ والْقِبِيْعَةُ: سور کی ناک کا سوراخ۔

الْقَوَابِعُ: گھوڑ دوڑ میں پیچھے رہے ہوئے گھوڑے۔

الْقَبَعْثَرَى والْقَبَعْثَرُ: بڑا۔ بڑا اونٹ ج قَبَاعِثُ.

الْقَبَعْثَى: بڑے قدم کا مرد۔ بڑے کھر کا اونٹ۔ مؤنث قَبَعْثَاةٌ.

قَبْقَبَ قَبْقَبَةً. الفحلُ: بڑبڑانا ...... الرَّجُلُ: بے وقوف ہونا۔

الْقَبْقَبُ: پیٹ۔

الْقَبْقَبَةُ: مص۔ گھوڑے کے پیٹ کی آواز۔ نر جانور کے دانت کی آواز۔

الْقِبْقِبُ: دریائی سیپی۔

الْقَبْقَابُ: کھڑاؤں۔ ج قَبَاقِيبُ.

الْقَبْقَابُ والْقُبَاقِبُ: بہت بولنے والا۔ بک بک کرنے والا۔ جھوٹا۔ سخت آدمی

الْقَبَاقِبُ: آئندہ تیسرا سال کہا جاتا ہے "إِنَّكَ لَا تُفْلِحُ الْعَامَ ولَا الْقَابِلَ ولَا الْقَبَاقِبَ: یعنی نہ تو تم امسال فلاح پاؤ گے نہ آئندہ سال نہ تیسرے سال۔

قَبِلَ (س) قَبُوْلًا وقُبُوْلًا. الشَّيْءَ: لینا۔ قبول کرنا ...... الْكَلَامَ: تصدیق کرنا۔

قَبِلَتْ (ن) قَبْلاً وقُبُولاً. رِيحُ القَبُول: پروائی ہوا چلنا۔

قَبَلَ (ن) قَبْلاً عَلَى الشَّيْءِ: مشغول ہونا اور لازم ہونا......المَكَانَ: متوجہ ہونا کہا جاتا ہے "قَبَلَتِ المَاشِيَةُ الوَادِيَ" جانور وادی کی جانب متوجہ ہوئے۔

قَبَلَ (ف) قَبْلاً. اليَوْمُ: دن کا قریب ہونا۔

قَبِلَتْ (س) قِبَالَةَ المَرْأَةِ: عورت کا دائی جنائی ہونا......القَابِلَةُ الوَلَدَ: دایہ گری کرنا۔

قَبِلَ (س) وقَبَلَ (ن ض) قَبَالَةً بِهِ: کفیل و ضامن ہونا۔

قَبَلَ (ن) قَبْلاً وقَبِلَ (س) قَبَلاً: آنکھوں میں کجی والا ہونا۔ بھینگی نظر والا ہونا۔

قُبِلَ القَوْمُ: پروائی ہوا لگنا۔

قَبَّلَهُ: بوسہ دینا۔قَبَّلَ العَامِلَ العَمَلَ: ضامن لینا اور ضمان کو (القَبَالة) کہتے ہیں۔قَبَّلَتْهُ الحُمَّى: بخار کی وجہ سے ہونٹوں پر دانے نکل آنا۔

قَابَلَهُ: سامنے ہونا......قَابَلَ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: مقابلہ کے لئے دو چیزوں کو آمنے سامنے کرنا۔

أَقْبَلَ. اليَوْمُ: دن کا قریب ہونا۔أَقْبَلَتِ الأَرْضُ بِالنَّبَاتِ: زمین میں نباتات کا بڑھنا۔ بکثرت ہونا۔أَقْبَلَ عَلَيْهِ: متوجہ ہونا......إِلَيْهِ: آنا......عَلَى الشَّيْءِ: شروع کرنا اور لازم ہونا......القَوْمُ: پروائی ہوا لگنا......فُلاَنًا الشَّيْءَ: آگے کرنا کہا جاتا ہے "أَقْبَلْتُ زَيْدًا مَرَّةً وأَدْبَرْتُهُ أُخْرَى" یعنی چلنے میں زید کو کبھی آگے کبھی پیچھے کیا۔"اِذْهَبْ فَاقْبَلْهُ الطَّرِيقَ" اس کو لے جاؤ اور راستہ بتلاؤ اور سامنے کرلو۔

تَقَبَّلَهُ: لینا۔تَقَبَّلَ العَمَلَ: کام کو لازم کرنا۔......اللّٰهُ دُعَاءَهُ: دعا قبول کرنا......أَبَاهُ: باپ کے مشابہ ہونا۔تَقَبَّلَهُ السَّعَادَةُ: نیک بختی ظاہر ہونا۔

تَقَابَلَ. الرَّجُلاَنِ: ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔

اِقْتَبَلَ الكَلاَمَ: فی البدیہہ کہنا......الأَمْرَ: کام از سر نو کرنا......الرَّجُلُ: بے وقوفی کے بعد عقل مند ہونا۔

اِقْبَلَّتْ واقْبَالَّتْ عَيْنُهُ اِقْبِلاَلاً واقْبِيلاَلاً: نگاہ کا بھینگا ہونا۔

اِسْتَقْبَلَ. الشَّيْءَ: سامنے ہونا......الرَّجُلَ: توجہ کرنا۔سامنا کرنا۔مقابلہ کرنا۔

قَبْلَ: پہلے۔آگے اور یہ ظرف زمان ہے کبھی معرب ہوتا ہے۔جیسے مَاتَ الخَلِيفَةُ ومَاتَ الوَزِيرُ قَبْلَهُ ومِنْ قَبْلِهِ: کبھی مضاف الیہ محذوف ہوتا ہے۔اگر نیت میں ہو تو مبنی علی الضم جیسے مَاتَ الخَلِيفَةُ ومَاتَ الوَزِيرُ قَبْلُ ومِنْ قَبْلُ: اور اگر مضاف الیہ نہ لفظوں میں ہو نہ نیت میں تو معرب جیسے مَاتَ الخَلِيفَةُ ومَاتَ الوَزِيرُ قَبْلاً ومِنْ قَبْلٍ۔

قُبَيْلَ: قبل کی تصغیر۔کہا جاتا ہے "جَاءَ فُلاَنٌ قُبَيْلَ العَصْرِ" یعنی فلاں عصر سے کچھ پہلے آیا۔

القَبْلُ والقُبْلُ: اگلا حصہ......مِنَ الزَّمَانِ: ابتدائی زمانہ......مِنَ الجَبَلِ: دامنِ کوہ ج أَقْبَال: کہا جاتا ہے أَقْبَلَ قُبُلَهُ: یعنی اس نے اس کا قصد کیا "رَأَيْتُهُ قُبُلاً وقَبَلاً وقُبُلاً وقِبَلاً وقُبَيْلاً وقَبِيلاً" میں نے اس کو ظاہر طور پر سامنے دیکھا۔

القَبَلُ: مص۔سامنے کی مرتفع زمین۔واضح راستہ۔بکری کے سینگوں کا چہرے پر ہونا۔کہا جاتا ہے "حَيَّا اللّٰهُ قَبَلَهُ" اللہ باقی رکھے اس چیز کو جو اس سے پہلے نظر آئے۔القَبَلُ: دایہ کی بچہ جنانے کی لطف تدبیر۔ہر چیز جو پہلے نظر آئے۔کلام کی برجستگی۔ہاتھی دانت وغیرہ کا گول تعویذ جو عورت اور گھوڑے کے سینہ پر لٹکایا جاتا ہے و القَبَلُ فِي العَيْنِ: آنکھ کی سیاہی کا ناک کی طرف جھکنا......فِي [illegible] طرف جھکنا۔

القِبَلُ: طاقت۔قدرت جیسے "مَالِي بِهِ قِبَلٌ" مجھے اس کی طاقت نہیں کہا جاتا ہے "لِي قِبَلَ فُلاَنٍ دَيْنٌ" میرا فلاں کے پاس قرض ہے "وأَتَانِي مِنْ قِبَلِهِ" اس کے پاس سے میرے پاس آیا۔اس کی طرف سے میرے پاس آیا۔

القِبْلَةُ. قَبَلَ: کا اسم نوع۔جہت اور اسی سے ہے قِبْلَةُ المُصَلِّي: اس جہت کے لئے جدھر نماز پڑھتا ہے کعبہ۔جس چیز کا سامنا کیا جائے کہا جاتا ہے "مَالَهُ فِي هٰذَا الأَمْرِ قِبْلَةٌ ولا دِبْرَةٌ" اس کے لئے اس معاملہ میں آگا پیچھا نہیں یعنی نہیں جانتا کہ کیا کرے۔"واجْعَلُوا بُيُوتَكُمْ قِبْلَةً" اپنے مکانوں کو آمنے سامنے کرو۔

القُبْلَةُ: بوسہ۔کفالت۔ضمان۔ج قُبَل۔

القَبَلَةُ: ایک قسم کا مہرہ جس کو جادوگرنی استعمال کرتی ہے اور اسی سے جادو کرتی ہے ج قَبَل۔

القَبْلَةُ بسکون الباء اور القُبْلَةُ بضم القاف وسکون الباء بھی اسی معنی میں ہے۔

القِبَالُ. مِنَ النَّعْلِ: تسمہ۔کہا جاتا ہے رَجُلٌ مُنْقَطِعُ القِبَالِ: مرد بدرائے۔

القَبَالَةُ: مص۔ضمانت۔کفالت۔کہا جاتا ہے جَلَسَ (قُبَالَتَهُ) یعنی وہ اس کے سامنے بیٹھا۔

القَبُولُ: مص۔اچھی ہیئت۔باد صبا۔دائی جنائی۔عافیت اور نعمت وغیرہ کا آنا۔

القَبِيلُ: ضامن۔کفیل۔شوہر۔تین یا زائد کی جماعت۔ج قُبُل وقُبَلاَء. القَبِيلُ: خدا کی اطاعت (دَبِير: خدا کی نافرمانی) القَبِيلُ مِنَ النِّسَاءِ: دائی جنائی۔کہا جاتا ہے "مَا يَعْرِفُ قَبِيلاً مِنْ دَبِيرٍ" وہ آنے جانے والے کو پہچانتا نہیں "ومِنْ قِبَلِ ذٰلِكَ" اسی کی جہت سے اور کہا جاتا ہے "رَأَيْتُهُ قَبِيلاً" میں نے اس کو سامنے سے ظاہر طور پر دیکھا۔

القَبِيلَةُ: ایک باپ کے بیٹے۔کنوئیں کے منہ

[illegible] ج قبیل

قبائلُ الرأسِ: سر کی ہڈی کے ٹکڑے جو بعض بعض سے ملے ہوئے ـ قبائل الطیر: پرندوں کی قسمیں قبائل الثوب: کپڑے کے ٹکڑے۔

الاستقبال: بمعنی من الزمان: حال کے بعد آنے والا زمانہ۔

الاقبل: وہ شخص جس کی آنکھوں میں بھینگا پن ہو۔ "رجلٌ اقبل" ناک کی جانب دیکھنے والا مرد۔ مؤنث قبلاء۔ ج قُبل.

القابل: ۔ آئندہ سال۔ آمادۂ قبول۔ جاذب۔ ج قبلة.

القابلیة: قبول اور متاثر کی آمادگی کی حالت۔

القابلة: قابل کا مؤنث۔ آنے والی رات۔ دائی جنائی۔ ج قوابل وقابلات. قوابلُ الامر: اوائل امر۔

المُقابَل: مثع۔ الرجلُ المُقابَل: ماں باپ کی طرف سے شریف۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ مُقابَلٌ مُدابَرٌ" نجیب الطرفین مرد۔

المُقبَّل: مثع۔ مقبول ...... من الثیاب: پیوند لگا ہوا کپڑا۔ رجلٌ (مُقبَّلُ) الشباب: مرد نوجوان جس میں بڑھاپے کے آثار ظاہر نہ ہوں۔

المُستَقبِل. ـا: (المُستَقبَل والمُستَقبِل) من الزمان: آئندہ زمانہ۔

قَبَنَ (ض) قُبُونًا. الرجلُ: ملک میں جانا۔

قَبَّنَ. الشیَ: قبان سے تولنا (دیکھئے قبان)

اقبَنَ: دشمن سے شکست کھانا۔ بے خوف تیز دوڑنا۔

القُبنة: ضروریات میں بھاگ دوڑ۔

القبّان: بھاری اشیاء کے تولنے کا ایک آلہ (دخیل)

القُبَین: اپنے کاموں میں بھاگ دوڑ کرنے والا۔ تیز رو۔

قَبا یَقبُو قَبوًا. البناءَ: عمارت کو بلند کرنا یا گنبد نما بنانا ...... الزعفرانَ: زعفران توڑنا اور جمع کرنا ...... الشیَ: کسی چیز کو انگلیوں سے جمع کرنا ...... قَبَا الشیَ: کسی چیز کو کمان جیسا کرنا۔ الحرفَ: ملانا۔

قَبّی تقبیةً. المتاعَ: سامان مہیا کرنا۔ الثوبَ: کپڑے کو قبا بنانا ...... علی فلانٍ: ظلم کرنا۔

تَقَبّی. الشیُ: گنبد جیسا ہونا ...... القَباءَ: قبا پہننا ...... الرجلَ: پیچھے سے آنا۔

اِنقَبی. عنہ: پوشیدہ ہونا۔

اِقتَبی. المتاعَ: سامان مہیا کرنا۔ آراستہ کرنا۔

القَبوُ: ہچکی ہوئی عمارت۔ گنبد۔ قبہ۔ گول گنبدوار کمرہ۔

القَبوَۃ: قبا کا اسم مرۃ۔ دونوں ہونٹوں کا ملانا۔

القَباء: ایک کپڑا ہے جو کپڑوں کے اوپر پہنا جاتا ہے۔ ج اقبیة.

القِباء: مقدار۔ کہا جاتا ہے "بینھما قِباءُ قوسینِ وقابُ قوسینِ" یعنی دو کمان کے مقدار۔ کنایہ قریب سے۔

القِبۃ: اوجھ کا وہ حصہ جس میں پرت پرت ہوتا ہے۔ تا واو محذوفہ کے بدلہ میں ہے۔

المَقبُوّ: مثع۔ جمع کیا ہوا۔ ملا ہوا۔

المَقبِیّ: بہت چربی والا۔

القَبی: مقدار۔

القابیۃ: بیابان۔

قَتَّ (ن) قَتًّا: جھوٹ بولنا ...... الثوبَ: کپڑے کو لمبائی میں کاٹنا ...... الشیَ: کسی چیز کو تھوڑا تھوڑا جمع کرنا۔ کم کرنا۔ مہیا کرنا۔

قَتَّ الی فلانٍ وقَتَّ اثرَ فلانٍ: ارادہ معلوم کرنے کے لئے کسی کے پیچھے پوشیدہ طور پر جانا۔

قَتَّ وقَتَّتَ. الاحادیثَ: سخن چینی کرنا۔ وقَتَّتَ الآدیۃَ: ہانڈی میں ڈالنا اور پکارنا۔ کہا جاتا ہے "ھو یقُتُّ الحدیثَ" وہ باتوں میں تزویر اور تحسین کرتا ہے۔

تَقَتَّتَ. الحدیثَ: بات کے پیچھے پڑنا۔ کان لگانا۔

اِقتَتَّ. الشیَ: کسی چیز کو جڑ سے اکھیڑنا۔

القَتُّ: مص۔ جھوٹ۔ اسپغول یا اسپست خشک۔ ایک قسم کا جنگلی دانہ ہے جس کو دیہاتی کوٹنے اور پکانے کے بعد کھاتے ہیں۔ واحد (قَتّۃ)

القَتات: ایک قسم کی نباتات۔

القَتّات والقَتُوت: چغل خور۔ امرأۃ قَتّاتۃ وقَتُوت: چغل خورن۔

القِتّیتی: چغلی۔ رجلٌ قِتّیتی: چغل خور مرد۔ قول (مَقتُوت ومُقَتَّت) جھوٹا قول۔

قَتَبَہ (ن) قَتبًا: بھنی ہوئی آنت کھلانا۔

اَقتَبَ. البعیرَ: اونٹ پر پالان باندھنا۔ ...... یمینًا: سخت قسم دینا ...... الدَّینُ: گرانبار و بوجھل کر دینا۔

القِتب: آنتیں (مذکر اور کبھی مؤنث بھی استعمال کیا جاتا ہے) جو پیٹ کے اردگرد ہو۔ پالان۔ ج اقتاب.

القِتبۃ: آنتیں۔ ج اقتاب.

القَتَب: کجاوہ۔ آنتیں۔ ج اقتاب کہا جاتا ہے "ھو قَتَبٌ یعضُّ بالغارِب" یعنی وہ بہت زیادہ اصرار کرنے والا ہے۔

القَتِب: تنگ خو۔ جلدی غضبناک ہونے والا۔

القَتُوبۃ: وہ اونٹ جس پر پالان ہو۔

رجلٌ (مُقتَّبُ) الکاھلِ: ٹیڑھے کندھے والا مرد۔

قَتَدَ. القَتادَ: قتاد کے کانٹے دور کر کے اونٹوں کو چارہ دینا۔

قَتَّدَ. القَتادَ: قتاد کے اطراف کو آگ سے جھلس دینا۔

القَتاد: ایک درخت ہے جس کے کانٹے سوئی کی مانند ہوتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "مِن دُونِ ھذا الامرِ خَرطُ القَتادِ" یعنی بڑی ہی مشکل سے یہ حاصل ہو سکتا ہے اور درخت قتاد کا کانٹا اس سے بہت سہل ہے اور خرط القتاد سے مراد اس کے چھلکے اور کانٹے کو ہاتھوں سے دور کرنا ہے۔

القَتَد والقِتَد : کجاوہ کی لکڑی۔ ج اَقْتَاد واَقْتُد وقُتُود.
قَتَرَ (ن ض) قَتْرًا وقُتُورًا. عَلٰی عَيَالِهٖ : بال بچوں پر نفقہ میں تنگی کرنا۔ صفت (قَاتِر وقَتُور واَقْتَر) ...... الشَّیْئَ : بعض کو بعض سے ملانا۔
...... الدِّرْعَ : زرہ میں میخوں کے سرے بنانا۔
...... الاَمْرِ : لازم ہونا (...... قَتْرًا وقَتَرًا وقُتُورًا) مَابَيْنَ الاَمْرَيْنِ : تخمینہ کرنا۔ اندازہ کرنا۔
قَتِرَ الرَّجُلُ : روزی کا تنگ ہونا۔
قَتَرَ (ن ض) قَتْرًا وقُتُورًا وقَتِرَ (س) قَتَرًا. البَخُورُ واللَّحْمُ : بدبودار ہونا ...... النَّارُ : دھوئیں والی ہونا۔
قَتَّرَ. عَلٰی عَيَالِهٖ : نان ونفقہ میں تنگی کرنا۔
اللَّحْمُ : گوشت کا بدبودار ہونا ...... الصَّيَّادُ لِلاَسَدِ : شیر کے شکار کے لئے گڑھے میں گوشت ڈالنا ...... ہ : خاک پر پچھاڑنا ...... الشَّیْئُ : ایک دوسرے کے قریب کرنا ...... الرَّجُلُ : پکی ہوئی چیز کی بُو تیز کرنا ...... الوَحْشَ : اونٹ کے بال وغیرہ کی دھونی دینا تا کہ شکاری کی بُو محسوس کر کے بھاگ نہ جائے ...... مَابَيْنَ الاَمْرِين : اندازہ کرنا۔
اَقْتَرَ : مال کم ہونا ...... عَلٰی عَيَالِهٖ : نان ونفقہ میں تنگی کرنا ...... الشَّیْئُ : لازم ہونا ...... اللّٰہ رزقہ : روزی تنگ کرنا ...... النَّارَ : دھوئیں والی کرنا۔ اَقْتَرَتِ المَرْاَةُ : عود کی دھونی دینا۔
تَقَتَّرَ : غضبناک ہو کر آمادہ جنگ ہونا۔
...... لِلصَّيْدِ : شکار کے لئے قترہ میں چھپنا۔ (دیکھئے قُتْرَةٌ) ...... فُلاَنًا : فریب دینے کا ارادہ کرنا ...... عَنْهُ : جدا ہونا ...... الاَمْرَ : آمادہ ہونا ...... لِلاَمْرِ كَذَا : نرمی برتنا۔
تَقَاتَرَ. القَوْمُ : ایک دوسرے کو فریب دینا۔
اِقْتَتَرَ. الصَّائِدُ : شکاری کا قترہ میں چھپنا (دیکھئے قُتْرَة)

القَتْر : مص۔ زندگی بسر کرنے کے قابل۔ اندازہ۔
القِتْر : تیر کا پھل۔ چھوٹا تیر۔ تیر کا نے جو نشانے پر پھینکا جائے۔
القَتَر : گرد وغبار۔ اندازہ۔
القُتْر والقُتُر : گوشہ وجانب ج اَقْتَار : قطر میں ایک لغت ہے۔
القَتِر : متکبر۔ مغرور۔
القَتَرَة. قَتَر : کا اسم مرۃ۔ گرد وغبار۔
القِتْرَة. قَتْر : کا اسم نوع۔ القِتْر : کا واحد۔
اَبُو قِتْرَةَ : ابلیس کی کنیت۔ اِبْنُ قِتْرَةَ : ایک خبیث قسم کا سانپ جس کا کاٹا ہوا بچتا نہیں۔ ج بَنَاتُ قِتْرَةَ. قترة : ان سب میں غیر منصرف ہے اس لئے کہ مؤنث معرفہ ہے۔
القُتْرَة : شکاری کا مچان۔ زرہ کا حلقہ۔ تنگی عیش۔ روشن دان۔ قُتْرَةُ البُسْتَان : باغ کی نالی۔ قُتْرَةُ البَابِ : دروازہ میں بند کرنے کی جگہ ج قُتَر.
القُتَار : پختہ چیز کی بھاپ۔ بخور یا گوشت یا بھنی ہوئی چیز یا جلی ہوئی ہڈی یا عود کی بُو۔
القَتِير : زرہ کی میخوں کے سرے۔ زرہ۔ بڑھاپا یا بڑھاپے کی ابتداء۔
القَاتِر والقَتُور والاَقْتَر : بخیل۔ جو بال بچوں پر نان ونفقہ میں تنگی کرے۔ کہا جاتا ہے "سرج" (قَاتِرٌ ومُقْتِر) آرام دہ زین جس سے جانور کو تکلیف نہ پہنچے۔ "ولحم قَاتِر" یعنی وہ گوشت جس میں چکنائی کی وجہ سے بُو ہو۔
الاَقْتَر : خاکستری رنگ والا۔
التَّقْتِير : مص۔ قوت لایموت۔
قَتَعَ (ف) قُتُوعًا : ذلیل ہونا۔
قَاتَعَهٗ مُقَاتَعَةً : مقاتلہ کرنا۔
القَتْع : شہد کا چھتہ جو چٹان میں ہو یا ایسے غار میں ہو جو زیادہ گہرا نہ ہو۔
القَتَع : ایک سرخ رنگ کا کیڑا جو لکڑی کھاتا ہے۔ واحد (قَتَعَة) اور کہا گیا ہے کہ قَتَع:

القَتَعَة : ذلیل۔ کہا جاتا ہے ھو (قَتَعٌ مِنْهُ) یعنی وہ اس سے زیادہ ذلیل ہے۔ مؤنث قَتَعَةٌ. ج قَتَع.
قَتَلَهٗ (ن) قَتْلاً وتَقْتَالاً : مار ڈالنا۔ صفت (قَاتِل) ج قَاتِلُون وقَتَلَة وقُتَّال: کہا جاتا ہے "قَتَلَهٗ بِاَخِيْهِ" یعنی اپنے بھائی کے انتقام میں قتل کیا۔ قَتَلَ الخَمْرَةَ : شراب میں پانی ملانا الجُوْعَ او البَرْدَ : بھوک یا سردی کی تیزی کو توڑ دینا۔ کہا جاتا ہے "قَتَلَهُ اللّٰہُ" یعنی اللہ اس پر لعنت کرے اور یہ بددعا کے موقع پر کہا جاتا ہے اور مقام مدح وثنا اور موقع استحسان پر بھی بولا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے "قَتَلَ الشَّیْئَ خُبْرًا" یعنی اس نے علم کے لحاظ سے احاطہ کر لیا "وقَتَلَ غَلِيْلَهٗ" یعنی اس نے اسے پلایا اور اس کی تشنگی سیرابی کی وجہ سے زائل ہو گئی۔
قَتَّلَ. القَوْمَ : بہت لوگوں کو قتل کرنا۔
قَاتَلَهٗ قِتَالاً وقِيتَالاً ومُقَاتَلَةً : جنگ کرنا۔ دشمنی کرنا ...... ہُ اللّٰہُ : لعنت کرنا اور موقع استحسان پر کہا جاتا ہے "قَاتَلَهُ اللّٰہُ مَا اَشْعَرَهٗ" مراد اس سے مدح ہے نہ کہ قتل کی بددعا۔
اَقْتَلَهٗ : قتل کے لئے پیش کرنا۔
تَقَتَّلَ : چلنے میں لچکنا ...... لِلاَمْرِ : مہلت دینا ...... لِفُلاَنٍ : جھکنا۔ فرمانبردار ہونا۔ تَقَاتَلَ وتَقَتَّلَ واقْتَتَلَ القَوْمُ : باہم ایک دوسرے سے جنگ کرنا۔
اِسْتَقْتَلَ : قتل ہونے کے لئے سر جھکانا (جیسا اِسْتَمَاتَ) قتل کے لئے اپنے آپ کو پیش کرنا ...... فِي الاَمْرِ : کوشش کرنا۔ جان جوکھوں میں ڈالنا۔
القَتْل : مص القَتْلُ العَمَد : قتل جو مقصود ہو القَتْلُ الخَطا : قتل جو غیر مقصود ہو۔
القِتْل : دشمن۔ دوست۔ ہمسر۔ نظیر۔ دلیر بہادر ج اَقْتَال اور کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ لَقِتْلُ شَرٍّ" وہ شر کا جاننے والا ہے۔
القِتْلَة : قتل کا اسم نوع۔ کہا جاتا ہے

بڑھیا۔ج قِحَاب.
قَحَثَ (ف) قَحْثًا. الشَيْءَ: کل لے لینا۔
قَحَدَ (ف) قَحْدًا واَقْحَدَ. البَعِيْرُ: بڑے کوہان والا ہونا۔
اِسْتَقْحَدَتِ. النَاقَةُ: اونٹنی کا بڑے کوہان والی ہونا۔
نَاقَة قَحِدَةٌ ومِقْحَادٌ: بڑے کوہان والی اونٹنی ج مَقَاحِيْد.
القَحَدَة: کوہان یا کوہان کی جڑ۔ج قِحَادٌ واَقْحُد.
القَحَّاد: وہ شخص جس کے نہ بھائی ہو نہ لڑکا۔
المَقْحَدَة: کوہان کی جڑ۔
قَحَزَ (ف) قَحْزًا: کودنا۔رنجیدہ ہونا۔مضطرب ہونا(...... قُحُوْزًا) مُردہ کی طرح کرنا(......قَحْزًا وقُحُوْزًا وقَحَّزَ) بِہ: پچھاڑنا۔قَحَزَهٗ قَحْزًا وقَحَّزَهٗ بالعَصَا: لاٹھی سے مارنا(قَحَزَ قَحْزًا وقُحُوْزًا وقُحْزَانًا) الرَجُلَ: ہلاک کرنا۔
قَحَّزَ و تَقَحَّزَ. لَهٗ الكَلَامَ: سخت کلامی کرنا۔
القَاحِزَات: سختیاں۔
القُحَازَة: پرندوں کے پھنسانے کا جال۔
التَقْحِيْز: مص۔دھمکی۔وعید۔برائی۔
جُوْعٌ مُقْحِزٌ: سخت بھوک۔
قَحَطَ (ف) قَحْطًا: سخت مارنا۔
قَحَط (ف) قَحْطًا وقَحِطَ (س) قَحَطًا المَطَرُ: بارش رکنا۔
قَحَطَ (ف) وقَحِطَ(س) قَحْطًا وقَحَطًا وقُحُوْطًا وقُحِطَ واَقْحَطَ العَامُ: بارش رکنا اور خشک سالی ہونا۔صفت قَاحِطٌ ج قَوَاحِط واَقْحَطَ اللّٰهُ الاَرْض: قحط ڈالنا۔اَقْحَط النَاسُ: قحط میں مبتلا ہونا۔
قَحِطَ وقُحِطَ واَقْحَطَ البَلَدُ: بارش رکنا۔خشک سالی والا ہونا۔
قَحَّطَ النَخْلَةَ: درخت خرما میں گابھا دینا۔
عَامٌ قَحْطٌ وقَحِيْطٌ ومَقْحُوْطٌ: خشک سال۔
سَنَةٌ قَحِيْطٌ: خشک سال۔

اَلمِقْحَطَةُ: آلہ قحط
المِقْحَط: نہ تھکنے والا گھوڑا۔
قَحَفَهٗ (ف) قَحْفًا: کھوپڑی کا ٹنا یا توڑنا۔......الشَيْءَ: بہالے جانا......مَا فِيْ الاِنَاءِ: ڈگڈگا کے سب پی جانا......الحَبَّ: دانے کو بکھیرنا۔
......الرُمَّانَةَ: انار چھیلنا۔چھلکا اتارنا(...... قُحَافًا) کھانسنا۔
اِقْتَحَفَ. مَا فِي الاِنَاءِ: ڈگڈگا کے سب پی جانا......السَيْلُ كُلَّ شَيْءٍ: بہالے جانا۔
القِحْف: کھوپڑی۔کھوپڑی کا جو حصہ ٹوٹ کر جدا ہو جائے۔لکڑی کا پیالہ۔ج اَقْحَاف وقُحُوْف وقِحَفَةٌ: کہا جاتا ہے "رَمَاهٗ بِاَقْحَافِ رَاسِہٖ" اس نے اس پر بڑے بڑے کام ڈال دیئے۔اس نے اس کو تباہی میں مبتلا کر دیا۔"فُلَانٌ مَالَهٗ قِدٌّ ولَا قِحْفٌ" فلاں نہ تو اس کے پاس چمڑے کا پیالہ ہے نہ لکڑی کا۔یعنی اس کے پاس کچھ نہیں قد چمڑے کے پیالہ کو کہتے ہیں۔
القِحَاف: ڈگڈگا کے پینا۔
القُحَاف: بہالے جانے والا سیلاب۔
القُحَافَة: ہر وہ چیز جس کو لے کر تم چست ہو جاؤ۔
القَاحِف: فا۔ج قُحُف.
عَجَاجَةٌ قَحْفَاءُ: آندھی جو سب چیز کو اڑا لے جائے۔
المِقْحَفَة: وہ لکڑی جس سے دانے کو بکھیرا جائے۔ج مَقَاحِف.
قَحَلَ (ف) قُحُوْلاً وقَحِلَ (س) قَحَلاً وقَحْلاً وقُحِلَ. الشَيْءُ: خشک ہونا۔صفت قَاحِلٌ وقَحْلٌ وقَحِل واِنْقَحَلَ: اور اسی سے ہے قَحَلَ الشَيْخُ: یعنی ہڈیوں پر کھال خشک ہو گئی اور بہت بوڑھا ہو گیا "كَيْفَ نَرُدُّ شَيْخَكُمْ قَدْ قَحَلَ" یعنی ہم تمہارے شیخ کو کیسے واپس کر سکتے ہیں اور حال یہ ہے کہ وہ مر گیا اور اس کی کھال خشک ہو گئی۔
[illegible]

الصَوْمُ: روزہ نے اس کی کھال کو خشک کر دیا۔
قَاحَلَهٗ مُقَاحَلَةً: لازم ہونا۔
تَقَحَّلَ. الشَيْخُ: بڑھاپے کی وجہ سے خشک کھال والا ہونا۔تَقَحَّلَ فِيْ لُبْسِہٖ وحَالِہٖ: برے لباس اور حال والا ہونا۔
القَاحِل: فا......مِنَ الجُلُوْدِ: خشک کھال۔
القُحَال: بکریوں کی ایک بیماری جس سے کھال خشک ہو جاتی ہے۔
القُحُوْلَة: خشکی۔
المُتَقَحِّل. مِنَ الرِجَالِ: خشک کھال والا۔بدحال۔
قَحَمَ (ن) قَحْمًا وقُحُوْمًا فِيْ الاَمْرِ: کسی معاملے میں بلا سوچے سمجھے گھس پڑنا......اِلَيْہِ: قریب ہونا۔
قَحَمَ (ف) قَحْمًا. المَفَاوِزَ: بیابان طے کرنا۔
قَحَّمَہٗ واَقْحَمَہٗ. فِيْ الاَمْرِ: معاملہ میں بلا سوچے سمجھے داخل کرنا۔تَقْحَمُ القَرَسُ رَاكِبَہٗ" گھوڑے کا سوار کو چہرے کے بل گرانا۔اَقْحَمَ فَرَسَہٗ النَهْرَ: گھوڑے کو نہر میں زبردستی داخل کرنا......الكَلِمَةَ: کسی کلمہ کو دو متلازم کلمے مثلاً مضاف مضاف الیہ کے درمیان داخل کرنا جیسے جَل کا لفظ [illegible] يدمَن کے درمیان اس [illegible] يَدَو رِجْلَ مَنْ قَالَهَا [illegible] ترکیب یوں ہے۔
قَطَعَ اللّٰهُ يَدَ مَنْ قَالَهَا وَرِجْلَہٗ.
اُقْحِمَ. القَوْمُ: قحط سالی کی وجہ سے اپنے ملک کو چھوڑ کر کسی سرسبز و شاداب جگہ [illegible] چلا جانا۔
تَقَحَّمَ. الفَرَسُ النَهْرَ: گھوڑے کا [illegible] داخل ہونا۔گھسنا......الفَرَسُ [illegible] گھوڑے کا سوار کو چہرے کے بل [illegible] الاَمْرَ: کسی معاملے میں اپنے کو [illegible] ساتھ ڈال دینا۔
اِقْتَحَمَ الاَمْرَ: کسی معاملہ میں اپنے کو [illegible]

کے ساتھ ڈال دینا۔
......فلانـــــا: حقارت کرنا۔ کہا جاتا ہے
"اِقْتَحَمَتْهُ عَيْنِيْ" میری آنکھوں نے اس کو
ذلیل سمجھا۔ اِقْتَحَمَ الْمَنْزِلَ: ہجوم کرنا......
النَّجْمُ: ستارے کا غائب ہونا۔ غروب ہونا
(......وتقحم) بے سوچے سمجھے گھس پڑنا۔
الـقَحِمُ: مص۔ بہت بوڑھا۔ عمر رسیدہ۔
ڈبلا۔ مؤنث قحمة ج قِحام۔
الـقُـحْـمَة: دشوار کام۔ ہلاکت۔ تحط ج
قُحَم۔
......القُـحْـمَة: بے سوچے کام میں مشغول
ہونا۔ بے سوچے سمجھے سفر کو چل پڑنا۔ قُحَمُ
الطَّرِيْقِ: راستے کی دشواریاں۔ القُحَم مِنَ
الخُصُوْمَاتِ: وہ جو انسان کو مکروہات پر
برانگیختہ کریں۔ کہا جاتا ہے "لِلْخُصُوْمَةِ
قُحَمٌ" ...... القُحَم مِنَ الشَّهْرِ: مہینے کی
آخری تین راتیں۔
القَحْمَةُ و القُحُوْمَةُ: بہت بڑھاپا۔
القَحُوْم: بہت بوڑھا۔
المِقْحَم. قَحِيْم: کا اسم مبالغہ۔ وہ شخص جو
سخت مصیبتوں میں گھس پڑے۔ ج
مَقَاحِيْم۔
المَقَاحِم: ہلاکتیں اور مفرد مَقْحَمَة: یہ جمع
خلاف قیاس ہے جیسے مَلَامِح جمع لَمْحَة کی۔
المُقْحَم: مفع۔ کمزور۔ وہ اعرابی جس کی
پرورش جنگل میں ہوئی ہو۔
قَحَا يَقْحُوْ قَحْوًا. الدَّوَاءَ: دوا میں گل بابو
نہ ڈالنا...... و اقتحى) المَالَ: کل مال
لے لینا۔
اَقْحَتْ. الأَرْضُ: گل بابونہ والی ہونا۔
المَقْحَاة: پھاوڑا۔
القُحْوَان والاُقْحُوَان: گل بابونہ۔ واحد
قُحْوَانَة و اُقْحُوَانَة. ج اَقَاحِي و اَقَاح: اور
اس کی تصغیر اُقَيْحِيَان: ہے اور اس کا واحد
اُقَيْحِيَانَة اُقْحُوَانَة: سے دانتوں کو تشبیہ دیا
کرتے ہیں۔ اَقَـاحِيُّ الاَمْـرِ: کام کے
اوائل۔

قَدْ: معانی ذیل میں مستعمل ہیں۔
(۱) بمعنی حسب جیسے قَدْ زَيْدٍ دِرْهَمٌ: اور کبھی
معرب ہوتا ہے جیسے قَـدُ زَيْدٍ دِرْهَمٌ: یعنی
زید کے لئے ایک درہم کافی ہے اور قَـدِيْ
دِرْهَـمٌ: بغیر نون وقایہ کے جیسے حَسْبِـيْ
دِرْهَمٌ۔
(۲) اسم فعل بمعنی کَفٰـى بمعنی يَكْفِيْ: جیسے
قَدْنِيْ دِرْهَمٌ بمعنی يَكْفِيْنِيْ دِرْهَمٌ: ان
سب صورتوں میں قَدْ اسم ہے۔
(۳) مضارع کے ساتھ توقع کا فائدہ دیتا
ہے۔ جیسے قَـدْ يَقْدِمُ الغَائِبُ اليَوْمَ: توقع
ہے کہ غائب آج آجائے اور کبھی تقلیل کا
جیسے قَـدْ يَصْدُقُ الكَذُوْبُ: جھوٹا آدمی بھی
سچ بولتا ہے۔
اور ماضی کے ساتھ تحقیق کا فائدہ دیتا ہے۔
جیسے قَـدْ اَفْلَحَ مَنِ اتَّقَى اللّٰهَ: جو اللہ سے
ڈرا۔ اس نے یقیناً فلاح پائی۔ قرآن میں
ہے قَـدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰـهَا. قَـدْ اَفْلَحَ
المُؤْمِنُوْنَ۔
اور حال سے قریب کرنے کے لئے جیسے قَد
قَـامَ فُلَانٌ: جبکہ قیام زمانہ قریب میں ہی ہو
چکا ہو اور کبھی مضارع کے ساتھ تکثیر کا فائدہ
دیتا ہے جیسے قَـدْ اَشْهَـدُ الغَـارَةَ الشَّعْوَاءَ
تَـحْمِلُنِيْ: مراد یہ ہے کہ میں لوٹ میں بہت
حاضر ہوا کرتا ہوں۔
قَدَّ (ن) قَدًّا و قَدَد. الشَّيْءَ: جڑ سے کاٹنا۔
لمبائی میں پھاڑنا یا کاٹنا۔ تم کہتے ہو قَـدَدْتُ
الشَّـيْءَ نِصْـفَيْنِ اور کبھی مفعول ثانی پر باکی
زیادتی کی جاتی ہے اور کہا جاتا ہے قَـدَدْتُ
الشَّيْءَ بِنِصْـفَيْنِ. قَدَّ المُسَافِرُ الفَلَاةَ:
بیابان طے کرنا۔ قَـدَّ الكَلَامَ: بات کاٹنا۔
قَدَّدَ اللَّحْمَ: ٹکڑے کرنا اور خشک کرنا۔
قُدَّ: درد شکم والا ہونا۔
تَـقَدَّد: پھٹنا...... القَوْمُ: قوم کا متفرق ہونا
......الشَّـيْءُ: خشک ہونا...... الثَّوْبُ: کٹ
جانا اور پرانا ہونا...... القَوْمُ: مختلف الرائے
فرقے ہونا...... الثَّوْبُ عَلَيْهِ ......

اندازہ اور طول کے مطابق ہونا۔
اِنْقَدَّ: پھٹنا۔
اِقْتَدَّ. الشَّيْءَ: بمعنی قَدَّهُ...... الشَّيْءُ: پھٹنا۔
......الاُمُوْرَ: تدبیر کرنا۔ تمیز کرنا۔
اِسْتَقَدَّ. الاَمْرُ: برابر ہونا۔ ہمیشہ ہونا۔
الـقَـدّ: مص۔ مقدار۔ کہا جاتا ہے "هٰـذَا
عَلٰـى قَدِّ ذَاكَ" یعنی اس کے مقدار ہے۔
قامت۔ چابک۔ بکری کے بچہ کی کھال۔
ج اَقُدّ و قُدُوْد و قِدَاد اَقِدَّة۔
القِدّ: چمڑے کا برتن۔ تسمہ۔ کاٹی ہوئی چیز۔
چابک کہا جاتا ہے "مَـا لَـهُ قِدٌّ وَلَا قِحْفٌ"
اس کے پاس نہ تو چمڑے کا برتن ہے اور نہ
لکڑی کا۔ جو کنایہ ہے اس بات سے کہ اس
کے پاس کچھ نہیں۔ ج اَقُدّ۔
القُدّ: ایک سمندری مچھلی جس کی ایک قسم سے
تیل نکالا جاتا ہے۔
القِدَّة: تسمہ۔ چیز کا ٹکڑا۔ مختلف الرائے فرقے۔
ج قِدَد و اَقِدَّة۔: قرآن مجید میں ہے "كُنَّا
طَرَائِقَ قِدَدًا" یعنی ہم مختلف الرائے فرقے
تھے۔
القَدَاد: جنگلی چوہا۔ سیہی۔
القُدَاد: پیٹ کا درد۔
القَـدِيْـد: کاٹا ہوا اور خشک کیا ہوا گوشت۔
پرانا کپڑا۔
القُدَيْد: چھوٹا ٹاٹ۔
القَـدِيْدِيُّوْن: فوج کے توابع۔ جیسے درزی،
نائی وغیرہ۔
المَقَدّ: راستہ۔ ہموار جگہ۔
المِـقَـدّ والمِـقَـدَّة والمُقَدّ: کاٹنے کی
چھری۔
اَلمَقْلُوْدُ: ضعیف کمزور۔
القَيْلُود: لمبی پیٹھ کی اونٹنی۔ ج قَيَادِيْد۔
قَدَحَ (ف) قَـدْحًـا. فِيْ عِرْضِـهِ: طعنہ
مارنا۔ عیب لگانا۔ کہا جاتا ہے "قَـدَحَ فِـيْ
سَـاقِ اَخِيْـهِ" اس نے اپنے بھائی کو دھوکا دیا
"قَـدَحَ الشَّـيْءُ فِيْ صَدْرِيْ" اس چیز نے
دل میں اثر کیا "قَـدَحَ خِتَـامَ

الخَابِيَةَ" مٹکے کی مہر کو توڑ دیا۔

......الدُّوْدُ فِي الْاَسْنَانِ او الشَّجَرِ: دانت یا درخت میں کیڑا لگنا۔قَدَحَتِ العَيْنُ: آنکھ کا دھنس جانا۔

......الشَّيْءُ: چلو لینا......الطَّبِيْبُ العَيْنَ: آنکھ کے اندرونی حصّہ سے پانی نکالنا۔

فِي الْقِدْحِ: تیر کے پھل میں سوراخ کرنا۔

قَدَحَ واقْتَدَحَ. بِالزَّنْدِ: چقماق سے آگ نکالنا۔عرب کے امثال سے ہے "اِصْنَعِي لِي اَقْدَحْ لَكَ" یعنی تم میرے لئے ہوجاؤ میں تمہارے لئے ہوجاؤں گا۔قَدَحَ واقْتَدَحَ المَرَقَ: شوربا نکالنا......القِدْرَ: چمچے سے نکالنا......واقْتَدَحَ الامْرَ: معاملہ کی تدبیر کرنا۔

قَدَّحَ الفَرَسَ: گھوڑے کو دبلا کرنا۔

قَدَّحَتِ العَيْنُ: آنکھ کا دھنسنا۔

قَادَحَهُ وتَقَادَحَا: ایک دوسرے پر طعن و تشنیع کرنا۔

اِسْتَقْدَحَ. زِنَادَهُ: چقماق سے آگ نکالنے کی کوشش کرنا۔

القَدْحُ: مص۔دانت یا لکڑی کا کیڑا۔

القِدْحُ: تیر بغیر پر اور نصل کے۔جوئے کا تیر۔ج قِدَاحٌ واَقْدُحٌ واَقْدَاحٌ وقِدْحَانٌ وجج اَقَادِيحُ کہا جاتا ہے "صَدَقَهُمْ وَسْمَ قِدْحِهِ" یعنی ان سے سچ کہا۔

القَدَحُ: پینے کا برتن۔چھوٹے اور بڑے دونوں کے لئے بولا جاتا ہے اور قدح خالی برتن کو کہتے ہیں اور جب اس میں پینے کی کوئی چیز ہو تو اس کو کاس کہتے ہیں کہا جاتا ہے "لا تَجْعَلُونِي كَقَدَحِ الرَّاكِبِ" یعنی مجھ کو آخری مت بناؤ۔اس لئے کہ سوار سارے سامان کے رکھنے کے بعد پیالہ کو آخر میں لٹکاتا ہے اور القَدَحُ الفَرْدُ: کنایہ ہے لے پالک سے۔ج اَقْدَاحٌ. القَدَحُ: اسم ہے۔اِقْتِدَاحُ النَّارِ سے۔

القِدْحَةُ. قِدْحٌ: کا اسم نوع۔

القُدْحَةُ. مِنَ المَرَقِ: چمچہ بھر۔

القِدَاحَةُ: پیالہ بنانے کا پیشہ۔

القَادِحُ: فا۔دانت یا درخت کی سیاہی یا کیڑا۔لکڑی میں شگاف۔

القَادِحَةُ: قادح کا مؤنث۔درخت یا دانت کا کیڑا۔ج قَوَادِحُ کہا جاتا ہے "حُمّٰى قَادِحَةٌ" بہت تیز بخار۔

القُدَّاحُ: کاسہ گر۔تروتازہ پودے کے اطراف۔نباتات کے شگوفے کھلنے سے پہلے (......والقَدَّاحَةُ) چقماق کا لوہا۔

اَلْقَدَّاحَةُ: سگریٹ جلانے کیلئے لائٹر۔

القَدِيحُ: شوربا یا وہ جو ہانڈی کی تلی میں رہ جائے اور مشکل سے چمچے سے نکلے۔

الاَقْدَحُ والقَدُوحُ: مکھی۔رَكِيٌّ قَدُوحٌ: وہ کنواں جس میں سے ہاتھ سے پانی لیا جا سکے۔

المِقْدَحُ والمِقْدَاحُ: چقماق۔آگ نکالنے کا پتھر یا لوہا۔

المِقْدَحُ والمِقْدَحَةُ: چمچہ۔

اِقْذَحَرَّ اِقْذِحْرَارًا. الرَّجُلُ: بدی یا گالی گلوچ یا لڑائی جھگڑے کے لئے تیار ہونا۔

قَدَرَ (ن ض) وقَدِرَ (س) قَدْرًا وقُدْرَةً ومَقْدِرَةً ومَقْدَرَةً ومَقْدُرَةً ومِقْدَارًا وقَدَارَةً وقُدُورَةً وقُدُورًا وقِدْرَانًا وقَدَارًا وقِدَارًا. عَلَى الشَّيْءِ: توانا ہونا قوی ہونا۔

قَدَرَ (ض) قَدْرًا. الامْرَ: تدبیر کرنا۔الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: اندازہ کرنا۔مقدار کے مطابق کرنا (......قَدَارَةً) الشَّيْءَ: تیار کرنا۔وقت معین کرنا۔

قَدَرَ (ن ض) قَدْرًا. الامْرَ كَذَا: غور و فکر کرنا۔

قَدَرَ (ن ض) قَدْرًا وقَدَرًا. اللّٰهَ: تعظیم کرنا (...... وقَدَّرَ) اللّٰهُ عَلَيْهِ الامْرَ وقَدَّرَ لَهُ الامْرَ: فیصلہ کرنا۔حکم لگانا۔قَدَرَ الرِّزْقَ: تقسیم کرنا۔قَدَرَ وقَدَّرَ عَلَى عِيَالِهِ: اہل و عیال پر نان و نفقہ میں تنگی کرنا۔قَدَرَ عَلَى [illegible]

الرَّجُلُ: معاملہ کی درستی میں غور و فکر کرنا۔

وقَدَّرَ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: اندازہ کرنا۔مقدار کے مطابق بنانا۔

قَدِرَ (س) قَدَرًا: چھوٹی گردن والا ہونا۔

......عَلَى الشَّيْءِ: قدرت رکھنا۔

قَدَّرَ واَقْدَرَ اللّٰهُ فُلَانًا عَلَى كَذَا: قادر بنانا۔واَقْدَرَ الاِنْسَانُ: ہانڈی میں پکانا۔

قَادَرَهُ مُقَادَرَةً: توانائی میں مقابلہ کرنا۔اندازہ کرنا۔دوسرے کے کام کے مانند کام کرنا۔

بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ: ایک کا دوسرے سے مقدار معلوم کرنے کے لئے اندازہ کرنا اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يُقَادِرُنِي" یعنی فلاں میرے ساتھ مساوات کا طالب ہے۔

تَقَدَّرَ. الثَّوْبُ عَلَيْهِ: کپڑے کا مقدار کے مطابق ہونا۔لَهُ كَذَا: آمادہ ہونا۔

تَقَادَرَ الرَّجُلَانِ: ہر ایک کا دوسرے کی مساوات کا طالب ہونا۔

اِنْقَدَرَ: اندازہ کے موافق ہونا۔کہا جاتا ہے قَدَرْتُ الثَّوْبَ فَانْقَدَرَ: یعنی میں نے کپڑے کا اندازہ کیا اور وہ اندازے کے موافق ہوگیا۔

اِقْتَدَرَ. عَلَيْهِ: قوی ہونا۔قدرت پانا......الرَّجُلُ: ہانڈی میں پکانا......الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: اندازہ کرنا۔

اِسْتَقْدَرَ. اللّٰهَ خَيْرًا: خدا سے نیکی کا حصّہ مانگنا۔

اَلْقَدْرُ: مص۔چیز کی انتہا۔بغیر کی زیادتی کے برابر ہونا۔کہا جاتا ہے "هٰذَا قَدْرُ ذَاكَ" یہ اس کے مماثل اور مساوی ہے۔طاقت و قوت۔عزت و وقار۔تونگری۔کندھے کا سرا۔ج اَقْدَارٌ.

﴿لَيْلَةُ القَدْرِ﴾: رمضان شریف کے آخری عشرہ میں کوئی طاق رات۔

القِدْرُ: ہانڈی (مؤنث) ج قُدُورٌ واَقْدُرٌ اور اس کی تصغیر قُدَيْرَةٌ وقُدَيْرٌ.

القَدَرُ: مص۔چیز کی انتہا۔طاقت و قوت۔

تقدیر الٰہی اندازہ کا تعلق اشیاء کے ساتھ ان کے اوقات میں۔ ج مَقَادِیر۔

القَدِیر : فا۔ ہانڈی میں پکانے والا۔ ہانڈی کا پکا ہوا۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَنَا لَیْلَةٌ قَادِرَةٌ" ہمارے درمیان ایسی رات ہے جس میں چلنا آسان ہے۔

القَدَرِیَّة : ایک جماعت ہے جو تقدیر الٰہی کا انکار کرتی ہے اور کہتی ہے کہ بندے اپنے افعال اختیاریہ کے خود خالق ہیں اور جبریہ اس کے خلاف ہے۔

القُدْرَة : فعل یا ترک فعل کی طاقت۔

القَدَرَة : چھوٹی شیشی۔ دو درختوں کے درمیان کا فاصل۔

القَدَار والقِدَار : قدرت۔

القُدَار : میانہ قد مرد۔ چست و چالاک لڑکا۔ باورچی۔ ہانڈی میں پکانے والا۔ بڑا اژدہا۔

القَدَر : پتھر جو پانی کے بہنے کی جگہ پر لگایا جائے۔

القَدْرَة والقُدُورَة : مصادر۔ اقتدار۔ قوت۔ توانگری۔

التَّقْدِیر : مص..... عِنْدَ النُّحَاة : کلمہ کو حذف کرنا اور نیت میں باقی رکھنا..... عِنْدَ المُتَکَلِّمِیْن : ہر مخلوق کو اس کے اندازہ کے مطابق کرنا۔ تقدیر الٰہی۔ ج تَقَادِیر۔

القَدِیر : قدرت والا اور یہ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ ہانڈی میں پکا ہوا گوشت۔

الأَقْدَر : اسم تفضیل۔ پست قد اور کہا گیا ہے کہ چھوٹی گردن والا۔

القَدْرَاء : الأَقْدَر کا مؤنث۔ کان نہ بڑا نہ چھوٹا۔ بنو قَدْرَاء : اغنیاء۔

المِقْدَار : توانائی۔ اندازہ۔ پیمانہ ج مَقَادِیر۔

المُقْتَدِر : فا۔ ہانڈی پکانے والا۔ کام کا ساتھی۔ ہر چیز کا وسط کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُقْتَدِرُ الطُّوْل" مرد میانہ قامت۔

المَقْدَرَة : تنگ مکان۔

المَقْدُوْر : مطیع۔ فیصل شدہ معاملہ کہا جاتا ہے "اَمْرٌ مَقْدُوْرٌ عَلَیْهِ" یعنی ایسا امر جس کے کرنے پر انسان قادر ہو۔

المَقْدُرَة المَقْدَرَة والمَقْدِرَة : قوت و توگری..... المَقْدُرَة : قضا و قدر۔ تقدیر الٰہی۔

قَدُسَ (ن) قُدْسًا وقُدُسًا : پاک ہونا۔ بابرکت ہونا۔

قَدَّسَ۔ اللّٰهُ فُلَانًا : پاک کرنا۔ بابرکت کرنا ..... الرَّجُلُ اللّٰهَ : تنزیہ کرنا۔ قدوس ہونے کی صفت بیان کرنا..... الکَاهِنُ عِنْدَ التَّصَلِّیْ : عشاء ربانی ادا کرنا..... الرَّجُلُ : بیت المقدس میں آنا۔ قَدَّسَ لِلّٰهِ : پاکی بیان کرنا۔ اسی سے ہے "نَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِکَ وَنُقَدِّسُ لَکَ"۔

تَقَدَّسَ : پاک ہونا۔ القَدَاسَة : پاکی۔

القُدْس والقُدُس : مصادر و القُدُس : بیت المقدس و روح القدس۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام۔ وحَظِیْرَةُ القُدُس۔ جَنَّتُ القُدُس : وہ پتھر جو پانی کی قلت و کثرت معلوم کرنے کیلئے کنوئیں میں ڈالا جائے۔

القُدْس والقُدُس : چھوٹا پیالہ۔

القَادِس : بڑی کشتی۔ پتھر جو اونٹ کے پانی پینے کی جگہ میں تقسیم کے لئے ڈالا جائے۔ ج قَوَادِس : بیت حرام۔ اندلس کا ایک جزیرہ۔

القَادُوْس : چکی میں دانے ڈالنے کا برتن۔ عوام اسے کور کہتے ہیں۔ نہر سے پانی نکالنے کا برتن۔ ج قَوَادِیْس۔

القُدَاس : اونٹوں کے حوض کے پانی کا اندازہ کرنے کا پتھر۔ چاندی کا بنا ہوا موتی۔ بڑی شرافت۔ القَدِیْس : موتی۔

القَدُوْس : سخت اقدام کرنے والا۔ سخت حملہ کرنے والا۔

القَدُّوْس والقُدُّوْس : باری تعالیٰ کے اسماء میں سے ہے یعنی ہر نقص و عیب سے پاک۔

المُقَدَّس : [illegible]

عند اللہ۔ مؤنث مُقَدَّسَة۔

المَقْدِس : مکان مقدس۔ پاک جگہ۔ بَیْتُ المَقْدِس والبَیْتُ المُقَدَّس : یروشلم۔ نسبت کے لئے مَقْدِسِی ومُقَدَّسِی۔ أَرْضٌ مُقَدَّسَةٌ : مبارک زمین۔ الأَرْضُ المُقَدَّسَةُ : فلسطین۔

المُقَدِّس : فا۔ یہودی عالم۔ راہب۔

عَلَیْنَا: دیر تک ٹھہرنا۔ الشَّیْءَ: مضبوط
[illegible]

الْقِنْطِر: ایک قسم کا پرندہ ......
و الْقِنْطِیْر: مصیبت۔
الْقَنْطَرَة: مص۔ پل۔ بلند عمارت ج
قَنَاطِر۔
الْقِنْطَار: ایک وزن جس کی مقدار مختلف
زمانوں میں مختلف رہی۔ سو (۱۰۰) رطل۔
مال کثیر۔ ج قَنَاطِیْر۔
الْقِنْطَارِیُوْن: ایک کڑوی گھاس جو مقوی
معدہ ہے۔ کہا جاتا ہے قَنَاطِیْر مُقَنْطَرَة:
بہت زیادہ۔
قَنَعَت و قَنِعَت (ف س) قُنُوْعًا۔ الْاِبِلُ:
اونٹوں کا تھان پر آنا۔
قَنَعَتْ (ف) قُنُوْعًا و اَقْنَعَتْ و اسْتَقْنَعَتْ
الشَّاةُ: بلند تھان والی ہونا۔
قَنَّعَهٗ: راضی کرنا۔ قَنَّعَ الْمَرْاَۃَ: عورت کو
دوپٹہ اوڑھانا ...... رَاْسَهٗ بِالسَّیْفِ او
بِالْعَصَاءِ: سر پر تلوار یا لاٹھی سے مارنا ......
خِزْیَةً و عَارًا: رُسوائی اور عار میں مبتلا کر
دینا۔ قَنَّعَ الدِّیْکُ: مرغ کا لڑنے کے
وقت گردن کے پروں کو کھڑا کرنا اور کہا
جاتا ہے "قَنَّعَهُ الشَّیْبُ خِمَارَهٗ" یعنی اس پر
بڑھاپا چھا گیا۔
اَقْنَعَ رَاْسَهٗ او صَوْتَهٗ: سر یا آواز بلند کرنا۔
بِیَدَیْهِ فِی الصَّلَاۃِ: ہاتھ پھیلانا اور اللہ تعالیٰ
سے رحم طلب کرنا ...... الْاِنَاءَ: برتن سے
اُنڈیلنا۔ بھر جانے کے لئے پانی کے بہاؤ کی
طرف کر دینا۔ کہا جاتا ہے "اَقْنَعَ الْاِنَاءَ فِی
النَّهْرِ" یعنی بھر جانے کے لئے برتن کو نہر میں
پانی کے بہاؤ کی طرف کر دیا۔ اَقْنَعَ الْاِبِلَ
: اونٹوں کو چراگاہ کی طرف لوٹانا۔
تَقَنَّعَ: بتکلف قناعت کرنا۔ کپڑے میں
لپٹنا۔
فِی السِّلَاحِ: ہتھیار بند ہونا۔ تَقَنَّعَتِ
الْمَرْاَۃُ بِالْقِنَاعِ: دوپٹہ اوڑھنا۔
اِقْتَنَعَ بِالشَّیْءِ: راضی ہونا ...... الْاِبِلُ: اونٹ
کا تھان پر واپس آنا ...... الرَّجُلُ الْاِبِلَ او
الْغَنَمَ لِنَا و اِلَنَا: اونٹوں کو تھان پر واپس

لانا۔
القِنع. ج اَقنَاع والقِنَاع ج قُنُع: ہتھیار۔
القِنع والقُنع: کھجور کی لکڑی کی تھالی جس میں کھانا رکھا جاتا ہے۔ القِـنـع: پہاڑ کے قرب میں بقیہ پانی' ریت کا گول ٹیلہ۔ ج قِنعَة واَقنَاع. القَنع: بگل۔
القِنعَة: دوٹیلوں کے درمیان ہموار جگہ۔ ج قِنَع و جج قِنعَان.
القَنعَة: سوال۔ دیوار میں روشن دان۔
المَقنَعَة مِنَ الجَبَلِ والسَنَام: پہاڑ یا کوہان کی چوٹی۔ انسانی سر کا اُبھرا ہوا حصہ۔ باریک ریت۔
القِنَاع: دوپٹہ۔ کھانا رکھنے کی تھالی ج اَقنَاع واَقنِعَة: دل کا غلاف۔ کَشفُ القِنَاعِ عَنِ الشَيءِ: کنایہ ہے تصریح کرنے سے۔
القَـنِـع: جو تقسیم میں مل جائے اس پر راضی ہونے والا۔
القَنُوع ج قُنُع والقَنِيع ج قُنَعَاءُ بمعنی قَنِع.
القَـانِع: قا۔ بمعنی قَنِـع: عاجزی سے سوال کرنے والا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والا۔ قوم کا خادم۔ قوم کا اُجرت پر کام کرنے والا۔ ج قَانِعُون و قُنَّع.
رَجُلٌ قُنعَان: تھوڑی سی چیز پر راضی ہونے والا مرد۔
شَاهِدٌ قُنعَان: شاہد عادل کہ جس کی گواہی کافی سمجھی جائے (مذکر مؤنث مفرد جمع سب کے لئے)
رَجُـلٌ قُـنـعَـانِـي: جس کی رائے پسند ہو
القِنعَان: بڑا پہاڑی بکرا۔
القُـنُـوع: مص۔ لالچ۔ میلان۔ سوال۔ اظہار۔ عاجزی۔ تقسیم شدہ پر رضامندی۔
شَاهِدٌ مَقنَع: شاہد عادل کہ وہ خود یا اس کی گواہی کافی سمجھی جائے۔ ج مَـقَـانِع اور کہا جاتا ہے فُلانٌ لَـنَـا مَـقـنَـع: فلاں کے لئے رضامندی ہے۔ جس پر ہم قانع ہیں۔
المِقنَع والمِقنَعَة: سر پر ڈالنے کی اوڑھنی۔
المُقنَع: مفع۔ وہ شخص جو اپنے سر کو خلقتاً اوپر اٹھائے ہوئے ہو۔ فَـمٌ مُـقـنَـع: ایسا منہ جس کے دانت اندر کی طرف ہوں۔
المُـقـنِـع: قا۔ ذلت کے ساتھ سر کو اوپر اٹھانے والا۔
المُقَنَّع: مفع۔ سر پر خود رکھنے والا۔ کپڑے میں لپٹا ہوا سر چھپانے والا۔
قَنِفَ (س) قَـنَفًا المَكَانُ: جگہ کا پھٹی ہوئی مٹی والا ہونا...... الفَرَسُ: گھوڑے کا سفید گدی والا ہونا۔
قَـنَّـفَـهُ بِالسَّيفِ: تلوار سے ٹکڑے ٹکڑے کرنے۔
اَقـنَـفَ: ڈھیلے کان والا ہونا۔ بہت لشکر والا ہونا...... واستَـنـقَـفَ) رائے اور تدبیر کا درست ہونا۔ اِستَـنـقَفَ المَـجلِسُ: گول ہونا۔
القَنَف: مص۔ کان کا چھوٹا اور سر سے ملا ہوا ہونا۔
القِـنـف: سیلاب کا کیچڑ جو زمین پر باقی رہ جائے اور پھٹ جائے۔
القَنِف: سر پر تھوڑے بال والا۔
القِـنَـاف والقُنَاف: بڑی ناک' لمبی داڑھی' لمبے قد والا۔
اَلقَـنغَر: کنگرو یعنی آسٹریلیا کا قومی جانور۔ جس کی پچھلی ٹانگیں بڑی اور اگلی چھوٹی ہوتی ہیں۔ مؤنث کے پیٹ کے نیچے چھوٹا تھیلا بنا ہوتا ہے بچے کو خطرے کے وقت اس میں بٹھا لیتی ہے۔ انتہائی تیز رفتار جانور ہے۔
القَنِيف: لوگوں کی جماعتیں۔ بہت پانی والا بادل۔ کم خوراک مرد۔ سر پر کم بال والا مرد۔ رات کا ایک حصہ۔ ج قُنُف.
الاَقنَف: چھوٹے کان والا...... مِنَ الخَيلِ: سفید گدی والا گھوڑا۔ موٹی ناک والا۔ مؤنث قَـنفَاء ج قُنُف. القَنفَاء: انسان کا کان جس کے لئے دائرہ نہ ہو۔
القَنفَج: موٹی گدھی۔
القُـنفُد: ج قَـنَافِد والقُـنفُذ والقُنفَذ:
قَـنَـافِـذ: ج سیہی۔ مؤنث [illegible]
القُنفُذ: چوہا۔ درخت جو ریت کے درمیان ہو۔ ریت کا بلند ڈھیر۔ کہا جاتا ہے "هُـوَ قُنفُذُ لَيلٍ" یعنی وہ چغل خور ہے۔
القَنَافِذ: چھوٹے پہاڑ۔
قَنفَفَـهُ قَنفَفَةً: جلدی جمع کرنا۔
تَقَنفَش: سکڑنا۔
الـقَـنَـافِـش: چپٹی ہوئی ناک' سخت داڑھی والا۔
المُـقَـنفِش: قا...... فِي اللِّبَاسِ: بُری ہیئت اور لباس والا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ مُـقَـنفِشًا لِحيَتَهُ" داڑھی کو بُری ہیئت میں کئے ہوئے آیا۔
تَقَنفَعَ. القُنفُذَةُ: سیہی کا سمٹنا۔
الـقُـنفُع: پستہ قد۔ کمینہ (...... و القِنفِع) چوہیا۔
القُنفُعَة: چوہڑ۔ مادہ سیہی۔
الـقَـنقَن والقِنقِن: ایک قسم کا چوہا۔ سمندری سیپی۔ واحد قَـنـقَـنَة. القِنقِن: راہ نما۔ (...... والقَنَاقِن) زمین کے نیچے پانی معلوم کر لینے والا انجینئر ج قَنَاقِن...... (دخیل)
قَنِمَ (س) قَـنَمًا الجَوزُ: اخروٹ کا خراب ہونا۔ فاسد ہونا۔ صفت قَـانِـم ...... الفَرَسُ ونَـحـوُهُ: نمی پہنچنے کے بعد غبار وغیرہ لگ کر میلا کچیلا ہونا...... الطَّعَامُ واللَّحمُ والسِّقَاءُ وغَيـرُهَـا: خراب ہونا اور بدبودار ہونا۔ صفت قَنِم واَقنَم: اور اسی سے ہے جو کہا جاتا ہے "يَدِي قَنِمَةٌ مِنَ الزَّيتِ".
القَنمَة: تیل وغیرہ کی بدبو۔
الاَقنُوم: شخص۔ اصل۔ ج اَقَانِيم (دخیل)
قَـنَـا يَقـنُـو قَـنـوًا وقُـنـوَانًا وقُنُوًّا واقتَنَى المَالَ: جمع کرنا۔ اپنے لئے حاصل کرنا۔
قَـنَا يَقنُو قَنوًا اللّٰهُ الشَّيءَ: پیدا کرنا...... لَونُ الشَّيءِ: گہرا سرخ رنگ ہونا۔
قَـنَـا يَـقـنِـي وقَنِي يَقنَى قَنوًا وقَنًى واَقتَنَى واستَـقـنَـى الحَـيَـاءَ: لازم پکڑنا۔ قَـنِـي القَنَاةُ: نالی کھودنا۔ اَقنَاهُ اللّٰهُ: غنی کرنا' مالدار
[illegible] السَّمَاءُ: بارش رک جانا......

قَنِي يَقْنٰى قَنًا الانْفُ: نتھنوں کا تنگ ہونا اور درمیان سے اونچا ہونا۔ صفت اَقْنٰی.

تَقَنّٰی: نفقہ سے بچے ہوئے کا ذخیرہ کرنا۔

الـقَنَا والقِنْی والقُنْو والقِنْو: کھجور کا گچھا۔ ج اَقْنَـاء وقُـنْيَـان وقِـنْيَـان وقُنْوان وقِنْوَان.

القَنَا: نیزہ ج قِنَاء: حلق۔

القُنْوَة والقِنْوَة: کمائی۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ غَنَمٌ قُنْوَةٌ وقِنْوَةٌ" خالص اسی کی بکریاں ہیں۔

اَلْقَنَا: پھولوں کی ایک قسم جس سے سرخ گوند نکالی جاتی ہے۔ زیب و زینت کے لئے زراعت کی جاتی ہے۔

القِنَاوَة: بدلہ۔

الـقَنَاة: نیزہ یا نیزہ کی لکڑی۔ ج قَـنَا وقُنِی وقَـنَـوَات وقَـنَيَـات: کہا جاتا ہے "فُلانٌ صُـلْـبُ الـقَـنَـاةِ" فلاں سخت قد والا ہے ڈنڈا۔ جنگلی گائے۔ مادہ نیل گائے۔ درخت خرما لگانے کا تھالا۔ نالی۔ ج قِـنـی وقِنَاء وقَنَوات.

الـقَانِي: فا۔ کہا جاتا ہے "اَحْـمَرُ قَانٍ" بہت گہرا سرخ۔

القَنَوَان: موٹا۔

القَنِي والقَنِـيَّة: بکری یا اونٹنی جس کو ذخیرہ بنایا جائے۔

الـقَـنَّـاء والـمُقْنِي: نیزہ والا۔ الـقَنَّاء: نالی کھودنے والا۔

الاَقْـنٰی مِنَ الاُنُوف: نتھنے تنگ اور درمیان سے بلند ناک اور کہا جاتا ہے "هُـوَ اَقْـنَـی الاَنْفِ" وہ تنگ نتھنے اور درمیان سے بلند ناک والا ہے۔ مؤنث قَنْوَاء.

القَنَاء والاَقْنَاءَة. مِنَ الحَائِطِ: دیوار کی وہ جانب جس پر سایہ رجوع کرے۔

القُنُو: سیاہی۔

الـمَقْنَاة والمَقْنُوة: وہ جگہ جہاں دھوپ نہ پڑے۔

قَـنَـی يَقْـنِـيْ قَـنْـيًـا وقِـنْـيَـانًـا وقُـنْـيَـانًـا الـمَـالَ: حاصل کرنا۔ کمائی کرنا...... الحَيَاءَ: حیا کو لازم ہونا۔

قَنّٰى اللّٰهُ فُلانًا: خوش کرنا۔ راضی کر دینا۔

قَانٰى مُقَانَاةً الشَّیْءُ فُلانًا: موافق ہونا۔ ......الشَّیْءَ: ملانا...... الشَّیْءَ بِـالشَّیْءِ: خلط ملط کرنا۔

......الشَّیْءُ: ہمیشہ رہنا۔

اَقْنٰى اِقْنَاءً اللّٰهُ: غنی کرنا۔ خوش کرنا۔ راضی کر دینا...... الـصَّـيْـدُ فُلانًـا ولِفُلانٍ: شکار کا زد میں آ جانا۔ قریب آ جانا۔

القُنْيَة والقِنْـيَة: کمائی۔ ج قِنًی کہا جاتا ہے "لَـهٗ غَنَمٌ قُنْيَةٌ وقِنْيَةٌ" خالص اسی کی بکریاں ہیں۔

اَرْضٌ مَـقْـنَـاةٌ: ہر شخص کے موافق آب و ہوا والی زمین۔

قَـهِـبَ (س) قَهَبًـا: بھورے رنگ کا ہونا۔ صفت قَـهِـبٌ واَقْـهَـبُ.

اَقْـهَـبَ عَنِ الطَّعَامِ: ہاتھ کھینچ لینا اور خواہش نہ کرنا۔

القَـهْـبُ: بڑا اونٹ۔

القُهْـبَة: بھورا رنگ۔

القُهَاب والقُهَابِي: سفید۔

الاَقْهَبَان: ہاتھی اور بھینس۔

قَهَـدَ (ف) قَهْـدًا فِـي مَشْيِهٖ: چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا۔

القَهْد: سفید۔ تیرہ گون۔ صاف رنگ والا۔ ایک قسم کی بکری۔ نیل گائے کا بچہ۔ بچھیا۔ نرگس کی کلی جب کہ کھلی نہ ہو۔ ج قِهَاد.

قَهَرَهٗ (ف) قَهْرًا: غالب ہونا۔

قَهِـرَ الـلَّـحْمُ: گوشت میں آگ کی وجہ سے پانی نکلنا۔

قَاهَرَهٗ: غالب آنا۔

اَقْهَرَهٗ: مغلوب پانا۔ اَقْهَـرَ الـرَّجُلُ: ذلت اور قہر کی طرف معاملہ والا ہونا۔ یاران مقہور کا ساتھی ہونا۔

الـقُـهْرَة: مجبوری۔ کہا جاتا ہے "هُـوَ قُهْرَةٌ لِلنَّاسِ" وہ ہر ایک کا مقہور ہے۔

الـقَـهْرَة. مِنَ النِّسَاءِ: بہت شریر عورت ج قَهِرَات.

القَاهِر: فا۔ بلند۔ ج قَوَاهِر.

الـقَـاهِـرَة: القاہر کا مؤنث۔ مملکت مصر کا پایہ تخت۔ ہر چیز کا سابق۔ سینہ۔ سر سینہ۔ مونڈھے اور گردن کے درمیان کا گوشت۔

الـقَـهَّـار: اسم مبالغہ۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے۔

الـقَـهْـرَمَـان: وکیل۔ آمد و خرچ کا منتظم۔ ج قهارمة.

القَهْرَمَة: قہرمان کا فریضہ۔

القَهْرَم: پستہ قد۔ القَهْقَب: عمر رسیدہ۔ لمبے قد والا۔ بخیل۔

قَهْـقَرَ قَهْقَرَةً وتَقَهْقَر: پچھلے پاؤں لوٹنا۔ کہا جاتا ہے "هُـوَ يُقَهْقِرُ فِي مَشْيِهٖ" جبکہ پچھلے پاؤں چلے۔

الـقُهْـقُـوْر: عمارت جس کو بجے پتھروں سے بناتے ہیں اور عوام اسے "قُـمْـقُـوْر" کہتے ہیں۔

الـقَـهْـقَـرٰی: پچھلے پاؤں لوٹنا۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ القَهْقَرٰی" وہ پچھلے پاؤں لوٹا۔

الـقَـهْـقَـرَة: مص۔ بڑی چٹان۔ گیہوں جو سبزی کے بعد سیاہ ہو جائے۔

قَهَزَ (ف) قَهْزًا: کودنا۔

القَهْز: ریشم۔

قَهَـلَ (ف) قَهْلاً وقُهُـوْلاً وقَهِـلَ (س) قَهَلاً وتَقَهَّلَ جِلْدُهٗ: کھال خشک ہونا۔ قَهَلَ الـرَّجُلُ: ناشکری کرنا۔ کفران نعمت کرنا...... فُلانًـا: بری تعریف کرنا۔ قَهِـلَ (س) قَهَلاً وتَـقَـهَّـلَ الـرَّجُلُ: جسم کو آلودہ رکھنا۔ پاک صاف نہ رکھنا۔ تَـقَـهَّـلَ: آہستہ چال چلنا۔ اپنی حاجت کا گلہ کرنا۔ بدحال ہونا۔ تَقَهَّلَ صَوْتُهٗ: آواز کا نرم و ضعیف ہونا۔

اَقْهَـلَ الـرَّجُلُ: اپنے آپ کو میلا کچیلا رکھنا یعنی امور میں مشغول ہونا۔

اِنْقَهَلَ: کمزور ہونا اور گر پڑنا۔

الـقَـيْـهَـلُ والقَيْهَلَة: چہرہ۔ پیکر۔ کہا جاتا ہے "حَيَّا اللّٰهُ هٰذِهِ القَيْهَلَةَ" اللہ تعالیٰ اس پیکر کو باقی رکھے۔

قَهِمَ (س) قَهَمًا الرَّجُلُ: قلیل الاشتہاء ہونا۔ صفت قَهِمٌ۔
أَقْهَمَ عَنِ الطَّعَامِ: کھانے کی خواہش نہ رکھنا ...... عَنِ الشَّيْءِ: ناپسند کرنا۔ عَنِ الشَّرَابِ وَالْمَاءِ: چھوڑنا ...... الإِبِلُ عَنِ الْمَاءِ: اونٹوں کا پانی پر نہ جانا ...... إِلَيْهِ: خواہش کرنا۔ أَقْهَمَتِ السَّمَاءُ: آسمان کا بادل سے صاف ہونا۔
قَهْمَزَ قَهْمَزَةً: کودنا۔
الْقَهْمَزَى: گھوڑے کا پویہ دوڑنا۔ جلد بازی۔ نشاط۔
الْقَهْمَزُ: پست قد۔
الْقَهْمَزَةُ: مص ...... مِنَ النِّسَاءِ: بہت پستہ قد عورت۔
أَقْهَى: قہوہ پینے کی مداومت کرنا۔
الْقَهْوَةُ: خالص دودھ۔ پوری شکم سیری۔ شراب۔ بیان کیا جاتا ہے کہ شراب کو قہوہ اس وجہ سے کہتے ہیں کہ اس کے پینے والے کی اشتہا کم ہو جاتی ہے۔ بو۔ کہا جاتا ہے "إِنَّ فُلَانًا طَيِّبُ قَهْوَةِ الْفَمِ" یعنی فلاں کے منہ کی بو اچھی ہے اور مولدین درخت بن کو بھی کہتے ہیں اور اس درخت سے پینے کی جو چیز بنائی جاتی ہے اس کو بھی قہوہ کہتے ہیں۔ نیز جس جگہ کثرت سے پی جائے اس کو بھی مجازاً قہوہ کہتے ہیں۔
الْمَقْهَى: قہوہ خانہ۔ ہوٹل قہوہ۔
الْقَهْوَانُ: عمر رسیدہ موٹے سینگوں والا بکرا۔
قَهْوَسَ وَتَقَهْوَسَ: دوڑنا۔ قَهْوَسَ الرَّجُلُ: خوف سے دوڑنا۔ وتقهوس: جھک کر مضطربانہ چلنا۔ کبڑا ہونا۔
قَهِيَ (س) قَهْيًا وَأَقْهَى إِقْهَاءً عَنِ الطَّعَامِ: اشتہا کم ہونا۔ قَهِيَ عَنِ الشَّرَابِ: چھوڑنا۔
اِقْتَهَى عَنِ الطَّعَامِ: بغیر مرض کے کھانے کی خواہش نہ ہونا۔
الْقَاهِي: تیز خاطر۔ عَيْشٌ قَاهٍ: خوش عیشی۔
قَابَ يَقُوبُ قَوْبًا الأَرْضَ: زمین کو گولائی میں کھودنا ...... الطَّائِرُ: پرندہ کا اپنے انڈے کو توڑنا ...... الرَّجُلُ: قریب ہونا۔ بھاگنا۔
قَوَّبَ الأَرْضَ: زمین کو گولائی میں کھودنا۔ روند کر نشان چھوڑنا ...... الشَّيْءَ: اکھیڑنا۔
تَقَوَّبَ: جڑ سے اکھیڑنا۔ کہا جاتا ہے "تَقَوَّبَ مِنْ رَأْسِهِ مَوَاضِعُ" یعنی اس کے سر میں چند جگہ چھل گئیں ...... (وَانْقَابَ) الْمَكَانُ: درخت اور گھاس سے صاف کیا جانا۔
تَقَوَّبَتْ وَانْقَابَتِ الْبَيْضَةُ: انڈے کا پھٹنا۔ وَانْقَابَتِ الأَرْضُ: زمین کا کھدنا۔
اِقْتَابَ الشَّيْءَ: پسند کرنا۔ اختیار کرنا۔
الْقَابُ: مقدار۔ کمان کے قبضہ اور گوشہ کمان کے درمیان کا فاصلہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَلَى قَابِ قَوْسَيْنِ" کنایہ ہے بہت قریب ہونے سے۔
الْقُوبُ: چوزہ۔ ج أَقْوَابٌ۔ أُمُّ قُوبٍ: مصیبت۔
الْقِيبُ: مقدار۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمَا قِيبُ قَوْسٍ"۔
الْقَابَةُ وَالْقَائِبَةُ: چوزہ۔ انڈا اور مثال میں ہے "تَخَلَّصَتْ قَائِبَةٌ أَوْ قَابَةٌ مِنْ قُوبٍ" یعنی انڈا چوزے سے جدا ہو گیا۔ اس موقع پر کہا جاتا ہے جبکہ کوئی اپنے ساتھی سے جدا ہو جائے۔
الْقُوبُ: انڈے کے چھلکے۔
الْقُوَبَاءُ وَالْقُوْبَاءُ۔ ج قُوَبٌ وَالْقُوبَةُ وَالْقُوَبَةُ: داد کی بیماری۔ عوام اسے حزاز کہتے ہیں۔ الْقُوَبَةُ: گھر پر مقیم خانہ نشین۔
الْقُوبِيُّ: چوزے کھانے کا حریص۔
الْمُقْتَوِبُ: چھلا ہوا۔ داد کھجلی کی وجہ سے کھال چھلا ہوا شخص ...... مِنَ الْحَيَّاتِ: کینچلی اترا ہوا سانپ۔
قَاتَ يَقُوتُ قَوْتًا وَقِيَاتَةً الرَّجُلَ: روزی دینا۔ گزارہ دینا۔ خوراک دینا۔
أَقَاتَ إِقَاتَةً فُلَانًا وَعَلَى فُلَانٍ: گزارہ دینا۔ حفاظت کرنا۔ قابو پانا۔ قدرت رکھنا۔
اِقْتَاتَ اِقْتِيَاتًا وَتَقَوَّتَ بِالشَّيْءِ: کھانا۔
اِقْتَاتَ الشَّيْءَ: خوراک بنانا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَقْتَاتُ الْكَلَامَ" فلاں کم گفتگو کرتا ہے۔
اِسْتَقَاتَ اِسْتِقَاتَةً فُلَانًا: گزارہ طلب کرنا۔
الْقَاتُ: ایک درخت کا نام۔
الْقُوتُ: خوراک۔ گزارہ کے لائق کھانا۔ ج أَقْوَاتٌ۔
الْقَائِتُ وَالْقِيتُ وَالْقِيتَةُ وَالْقُوَاتُ: خوراک گزارہ کے لائق۔ الْقَائِتُ مِنَ الْعَيْشِ: کفایت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِي قَائِتٍ مِنَ الْعَيْشِ" الْقَائِتُ: شیر۔
الْمُقِيتُ: قا۔ قدرت رکھنے والا۔ نگہبان۔ گواہ۔
قَاحَ يَقُوحُ قَوْحًا وَتَقَوَّحَ تَقَوُّحًا. الْجُرْحُ: زخم سوجنا۔ پیپ والا ہونا۔ قَاحَ وَقَوَّحَ الْبَيْتَ: جھاڑو دینا۔
أَقَاحَ إِقَاحَةً الرَّجُلُ: سوال کے بعد منع کرنے کا ارادہ۔
الْقَاحَةُ: صحن۔ کہا جاتا ہے "دَخَلْتُ قَاحَةَ الدَّارِ" گھر کے صحن میں داخل ہوا۔ ج قُوحٌ۔
قَاخَ يَقُوخُ قَوْخًا جَوْفُهُ: بیماری کی وجہ سے خراب ہونا۔
لَيْلَةٌ قَاخٌ: کالی رات۔
قَادَ يَقُودُ قَوْدًا وَقِيَادَةً وَقِيَادًا وَمَقَادَةً وَقَيْدُودَةً وَقَوَّدَ. تَقْوِيدًا وَتَقْوَادًا. الدَّابَّةَ: چوپائے کو آگے سے کھینچنا۔
قَادَ يَقُودُ قِيَادَةَ الْجَيْشِ: سالارِ جیش ہونا۔ ...... الْقَاتِلَ إِلَى مَوْضِعِ الْقَتْلِ: قاتل کو قصاص کے لئے لے جانا۔
قِيدَ الدَّقِيقُ: آٹے کا پیڑا بنانا اور پکایا جانا۔
قَوِدَ يَقْوَدُ قَوَدًا. الْفَرَسُ وَغَيْرُهُ: لمبی پیٹھ اور گردن والا ہونا۔ صفت أَقْوَدُ مؤنث قَوْدَاءُ ج قُودٌ۔
أَقَادَ: آگے بڑھنا ...... الْغَيْثُ: بارش کا پھیلنا ...... هُ خَيْلًا: آگے سے کھینچنے کے لئے

القَاتِلَ بِالقَتِيلِ: مقتول کے بدلے میں قاتل کو قتل کرنا۔
قَاوَدَہٗ مُقَاوَدَۃً: ساتھ ساتھ چلنا۔
اِنْقَادَ اِنْقِیَادًا. لِفُلَانٍ: تابعدار ہونا۔ فروتنی کرنا...... الطَّرِیْقُ اِلٰی کَذَا: واضح ہونا۔ نمایاں ہونا (...... واقْتَادَ اِقْتِیَادًا) کھینچنا۔
اِقْتَادَ الدَّابَّۃَ: کھینچنا۔ کہا جاتا ہے "اِقْتَادَ الدَّابَّۃَ فَاقْتَادَت" اس نے جانور کو کھینچا پس وہ کھنچ گیا (لازم ومتعدی)
تَقَاوَدَ الْمَکَانُ: جگہ کا ہموار ہونا...... الرَّجُلَانِ: دو مردوں کا ایک ساتھ بھاگنا گویا کہ دونوں ایک دوسرے کو کھینچ رہے ہیں۔
اِسْتَقَادَ: ذلیل ہونا۔ فروتنی کرنا...... لَہٗ: فرماں بردار ہونا۔ تابعدار ہونا...... الاَمِیْرَ: مقتول کا قصاص لینے کی درخواست کرنا۔ کہا جاتا ہے اِسْتَقَادَ الاَمِیْرَ مِنَ القَاتِلِ فَاَقَادَہٗ مِنْہُ: اس نے امیر سے قصاص لینے کی استدعا کی اور امیر نے قصاص لیا۔
القَادُ والقِیْدُ: اندازہ ومسافت۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَھُمَا قَادُ قَوْسٍ او قِیْدُ قَوْسٍ" ان دونوں کے درمیان ایک کمان کی مقدار فاصلہ ہے۔
القَوْدُ: مص۔ کوتل گھوڑا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّبِنَا قَوْدٌ".
القَوَدُ: قود کا مصدر۔ قصاص۔ مقتول کے بدلے میں قاتل کو قتل کرنا۔
القِیَادُ: مص۔ جانور کو کھینچنے کی رسّی۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ سَلِسُ القِیَادِ" فلاں تمہاری خواہشات کا فرمانبردار ہے "وَاَعْطٰی فُلَانٌ القِیَادَ" فلاں خوشی سے فرمانبردار ہوگیا۔ اور بعضوں نے کہا کہ مجبوراً۔
فَرَسٌ قَیِّدٌ وقَیْدٌ وقَوُوْدٌ وقَوُوْدٌ: سدھا ہوا تابعدار گھوڑا۔
القَوَّادُ: اسم مبالغہ۔
الاَقْوَدُ: سدھا ہوا تابعدار گھوڑا۔ مضبوط گردن والا۔ بخیل۔ کسی چیز کی طرف [illegible]

ہونے والا اور باز نہ رہنے والا (...... والمُقْوَدُ) لمبا پہاڑ۔
القَائِدُ: فا۔ ج قُوَّادٌ وقُوَّدٌ وقَادَۃٌ: ج قَادَاتٌ: مستطیل زمین یا پہاڑ۔ پہاڑ کی چوٹی۔
القَائِدَۃُ: قائد کا مؤنث۔ زمین پر پھیلا ہوا ٹیلہ۔ کہا جاتا ہے "اَعْطَاہُ مَقَادَتَہٗ" یعنی وہ اس کا فرمانبردار ہوگیا۔
المِقْوَدُ: جانور کو کھینچنے کی رسّی۔ ج مَقَاوِدُ.
المَقُوْدُ: مفع اور مَقْوُوْدٌ: بھی اصل کے لحاظ سے کہا جاتا ہے۔
طَرِیْقٌ مُنْقَادٌ: سیدھا راستہ۔
قَارَ یَقُوْرُ قَوْرًا: پنجوں کے بل چلنا...... الصَّیْدَ: فریب دے کر شکار کرنا...... فُلَانًا: آنکھ پھوڑنا (...... وقَوَّرَا تَقْوِیْرًا واقْتَارَ اِقْتِیَارًا واقْتَوَرَ اِقْتِوَارًا) الشَّیْءَ: گول کاٹنا۔
اِقْتَارَ الرَّجُلُ: محتاج ہونا۔ اِقْتَارَ حَدِیْثَھُم: کھود کرید کرنا۔
قَوِرَ یَقْوَرُ قَوَرًا. الرَّجُلُ: کانا ہونا۔
تَقَوَّرَ السَّحَابُ: بادلوں کا علیحدہ علیحدہ گول ٹکڑے ہونا...... اللَّیْلُ: اکثر رات گزر جانا...... الحَیَّۃُ: سانپ کا کنڈلی مارنا۔
اِنْقَارَ اِنْقِیَارًا: واقع ہونا...... اِنْقَارَتِ البِئْرُ: کنوئیں کا منہدم ہونا۔ ویران ہونا۔ اِنْقَارَ بِہٖ: مائل ہونا۔
اِقْوَرَّ اِقْوِرَارًا. الفَرَسُ: گھوڑے کا دُبلا ہونا ...... الجِلْدُ: دُبلے پن کی وجہ سے جھری پڑنا۔ اِقْوَرَّتِ الاَرْضُ: روئیدگی کا جاتا رہنا ...... فُلَانٌ: موٹا ہونا۔
القَارُ: تارکول۔ سیاہ رنگ کا ایک روغن جس کو کشتی وغیرہ پر ملتے ہیں۔ ایک کڑوا درخت۔ واحد قَارَۃٌ: اونٹوں کا بڑا گلہ۔
القُوْرُ: مص۔ نئی روئی۔ روئی کی رسّی۔
القَارَۃُ: پہاڑوں سے علیحدہ چھوٹا پہاڑ۔ مادہ ریچھ ج قَارٌ وقَارَاتٌ وقُوْرٌ وقِیْرَانٌ.
الاَقْوَرُ: کشادہ۔ مؤنث قَوْرَاءُ.
[illegible]

کھینچیں۔
المُقَوَّرُ: مفع۔ تار ملا ہوا۔ دُبلا گھوڑا۔
قَوَّزَ تَقْوِیْزًا النَّبْتُ: نباتات کا بکثرت ہونا۔
تَقَوَّزَ البَیْتُ: گھر کا منہدم ہونا...... الوَعِلُ: پہاڑی بکرے کا دوڑنا۔
اِقْتَازَ النَّمِرُ: چیتے کا پھاڑ کھانا۔
قَاسَ یَقُوْسُ قَوْسًا القَوْمَ: سابق ہونا۔ آگے بڑھنا...... الشَّیْءَ عَلٰی غَیْرِہٖ وبِہٖ: نمونہ پر اندازہ کرنا۔
قَوِسَ (س) قَوَسًا وتَقَوَّسَ واسْتَقْوَسَ الرَّجُلُ: خمیدہ پشت ہونا۔ وقَوَّسَتِ السَّحَابَۃُ: بارش ہونا۔
قَاوَسَنِیْ فَقُسْتُہٗ اَقُوْسُہٗ: اس نے کمان کے عمدہ ہونے میں مجھ سے مقابلہ کیا میں غالب رہا۔
تَقَوَّسَ: مڑا ہوا ہونا۔ کمان کی مانند ہونا۔ ...... قَوَّسَہٗ: کمان اٹھانا...... والشَّیْبُ: بڑھاپے کا بالوں کو کھچڑی کرنا۔
اِقْتَاسَ الشَّیْءَ: اندازہ کرنا...... بِفُلَانٍ: اقتداء کرنا۔
القَوْسُ: مص۔ کمان۔ مؤنث ہے اور کبھی مذکر بھی استعمال کرتے ہیں اور اس کی تصغیر قُوَیْسَۃٌ وقُوَیْسٌ اور ج قِسِیٌّ وقُسِیٌّ واَقْوَاسٌ وقِیَاسٌ واَقْوُسٌ واَقْیَاسٌ اور نسبت کے لئے قِسْوِیٌّ اور قوس کی اضافت شخص کی طرف ہوا کرتی ہے جیسے قَوْسُ نَدَفٍ وقَوْسُ نَبْلٍ وغیرہ۔ القَوْسُ: ہر خمیدہ چیز جو کمان کی طرح ہو۔ قَوْسُ قُزَحٍ: دھنک۔ ذراع۔ قَوْسُ الرَّجُلِ: جھکی ہوئی پیٹھ۔
القُوْسُ: راہب کا صومعہ۔ شکاری کا جھونپڑا۔
الاَقْوَسُ: خمیدہ پشت۔ بلند ریت کا ابھار۔
لَیْلٌ اَقْوَسُ: بہت تاریک رات۔
اَقْوَسُ: دُور کا شہر (...... والمُقَوَّسُ والقُوَّسٰی) مِنَ الاَیَّامِ: سخت اور لمبا دن۔

الـقَـوَّاس : کمان والا۔ کمان گر۔ کمان چلانے والا۔ والـقَـوَّاس: پادری یا سفیر کا خادم۔ جن کی خاص وردی ہوتی ہے۔
الـقُـوَیْسَة: ایک خوشبودار پودا جو کہ پتھروں کے قریب بڑھتا ہے' سفید تنے والا ہوتا ہے اس کے پھول گلابی ہوتے ہیں اس کے کچھ طبی فوائد ہوتے ہیں۔
القَیَّاس : کمان کا درست کرنے والا۔
(......والـمُـقَـاوِسُ) گھوڑوں کو چلانے والا۔
القُوَیْس والقُوَیْسَة : قوس کی تصغیر۔ ایک قسم کی نباتات۔
المِقْوَس : کمان رکھنے کا تھیلہ۔ میدان۔ رسّی کہ جس سے گھوڑ دوڑ میں گھوڑوں کی صف بندی کی جاتی ہے۔ وہ مقام جہاں سے گھوڑ دوڑ میں گھوڑے دوڑنا شروع کرتے ہیں۔ ج مَقَاوِس.
تَقَوْصَرَ : بعض کا بعض میں داخل ہونا۔
القَوْصَرة : کھجور وغیرہ رکھنے کا بانس کا بنا ہوا ٹوکرا۔
قَـاضَ یَقُوْضُ قَوْضًـا وقَوَّضَ البِنَـاءَ : عمارت ڈھانا۔ قَـوَّضَ الـصُّـفُـوْفَ والمَجَالِسَ : تتر بتر کرنا۔ منتشر کرنا۔ بولتے ہیں "بَـنـٰی فُلانٌ ثُمَّ قَوَّضَ" جبکہ کوئی بھلائی کے بعد بُرائی کرے۔
تَقَوَّضَ : آنا جانا...... الحَلقُ او الصُّفُوْف : حلقہ یا صفت کا پراگندہ ہونا (...... وانْقَاضَ) البِنَاءُ : عمارت کا گر جانا۔ منہدم ہونا۔
القَوْط : بکریوں کا ریوڑ۔ ج اَقْوَاط.
القَوْطَة: بڑا ٹوکرا۔
القَوَّاط : بکریوں کے ریوڑ کو چرانے والا۔
قَـاعَ یَقُوْعُ قَوْعًا : پیچھے رہنا۔ پچھلے پاؤں لوٹنا (...... وتَـقَـوَّعَ) کانٹے دار جگہ میں چلنے والے کی طرح بچتا بچاتا چلنا۔
القَاع : پست ہموار پہاڑ اور ٹیلوں سے دور والی زمین۔ ج اَقْـوَاع واَقْـوُع وقِیـع وقِیعَان وقِیعَة.

المَقْرَع : مص۔ گیہوں' کھجور وغیرہ کے خشک کرنے کی جگہ۔ ج اَقْوَاع.
القَاعَة : مکان کا صحن ج قَاعَات.
القَوَّاع : بلبلانے والا بھیڑیا۔
القُوَّاع : خرگوش۔ مؤنث قُوَّاعَة.
قَـافَ یَقُوْفُ قَوْفًا واقْتَافَ اَثَرَ فُلانٍ : پیروی کرنا۔ پیچھے جانا۔
تَقَوَّفَ اَثَرَ فُلانٍ : کھوج لگانا۔ تلاش کرنا۔
...... فِی المَجْلِسِ : بات کرنی سکھلانا۔ کلام کی اصلاح کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُـوَ یَتَقَوَّفُ عَلٰی مَالِیْ" وہ میرے مال کو مجھ سے روکتا ہے۔
الـقَـائِف : قا۔ قیافہ شناس۔ وہ شخص جو کسی کے اعضاء کو دیکھ کر یہ کہہ دے کہ یہ فلاں نسب سے ہے۔ ج قَافَة (...... والـقَوَّاف والقُوَّاف) کھوج لگانے والا۔
الاَقْـوَف : اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "هُـوَ اَقْوَفُ النَّاسِ لِلاَثَرِ" وہ لوگوں میں نشانات کا زیادہ کھوج لگانے والا ہے۔
القُوْف : کان کا بالائی حصہ۔
القُوْفِیّ : ہر خوشبودار دھونی۔
القَاف والقُوْف والقُوْفَة مِنَ الرَّقَبَةِ : نقرہ گردن کے بال اور کہا جاتا ہے "اَخَـذْتُـهٗ بِقُوْفِ رَقَبَتِهٖ" میں نے اس کی پوری گردن پکڑ لی۔
قَـاقَـتْ تَـقُـوْقُ قَـوْقًـا. الدَّجَاجَةُ : مرغی کا کڑکڑانا۔
القَاق : بے وقوف (......والقُوْق والقِیق) مِـنَ الـرِّجَـالِ : بہت زیادہ لمبا۔ الـقَـاق والقُوْق: ایک آبی پرندہ۔
القَائِق : لمبی کشتی۔
الـقَـاوُوْق : ایک قسم کی لمبی ٹوپی جو ممالک عجم میں مستعمل ہے۔ ج قَوَاوِیْق (دخیل)
قَوْقَأَت قَوْقَاةً الدَّجَاجَةُ : مرغی کا کڑکڑانا۔
الـقُـوْقَة: ایک قسم کا پرندہ جو اجاڑ جگہوں میں رہتا ہے۔
قَـوْقَـلَ قَـوْقَلَةً الرَّجُلُ فِی الجَبَلِ : پہاڑ پر چڑھنا۔

قَوْقَی قَوْقَاةً وقِیقَاءً : چیخنا۔ چلانا۔
قَالَ یَقُوْلُ قَوْلاً وقَالاً وقِیْلاً وقَوْلَةً ومَقَالاً ومَـقَـالَةً : کہنا۔ بولنا...... بِـكَـذَا: حکم کرنا' اعتقاد رکھنا...... بِـیَـدِهٖ: ہاتھ جھکا کر پکڑنا۔ بِـرَاسِـهٖ : اشارہ کرنا...... بِـرِجْلِـهٖ: چلنا ...... عَـنْـهُ : روایت کرنا...... عَـلَـیْـهِ: افترا کرنا۔ تہمت لگانا...... الحَائِطُ : دیوار کا گرنا ...... لَهٗ : خطاب کرنا...... فِیْهِ وعَنْهُ : اجتہاد کرنا...... بِثَوْبِهٖ: کپڑے کو بلند کرنا...... بِهٖ : محبت کرنا اور اپنے لئے خاص کرنا۔
الـقَـوْمَ بِفُلانٍ : قتل کرنا اور "مَـاتَ وغَلَبَ ومَـالَ واَقْبَلَ واسْتَرَاحَ" کے معانی میں بھی مستعمل ہے اور افعال کی تیاری کو بھی قال سے تعبیر کرتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "قَـالَ فَـاَكَـلَ قَالَ فَضَرَبَ" وغیرہ اور ظن کے معنی میں بھی آتا ہے اور اسی کا عمل کرتا ہے بشرطیکہ مخاطب کا صیغہ اور فعل مستقبل ہو اور اس سے پہلے استفہام ہو اور استفہام اور فعل کے درمیان ظرف کے علاوہ کسی اور چیز کا فاصلہ نہ ہو۔ جیسے "اَتَـقُـوْلُ زَیْـدًا مُـنْطَلِقًا" بمعنی "اَتَـظُنُّهٗ مُنْطَلِقًا" اور بعض کے نزدیک ظن کے معنی میں بلا کسی شرط کے مستعمل ہے چاہے استفہام ہو یا نہ ہو۔ صیغہ مخاطب کا اور فعل مستقبل کا ہو یا نہ ہو جیسے قُـلْـتُ زَیْـدًا مُنْطَلِقًا : بمعنی ظَنَنْتُ.
قَوَّلَ واَقَالَ اِقَالَةً واَقْوَلَ اِقْوَالاً. فُلانًا مَالَمْ یَقُلْ: غلط قول کی نسبت کرنا۔ نہ کہی ہوئی بات کو منسوب کرنا۔ وقَـوَّلَـهٗ: بات کہنے کی تعلیم دینا یا حکم دینا۔
قَاوَلَهٗ مُقَاوَلَةً فِی الاَمْرِ : مباحثہ کرنا۔
تَقَوَّلَ عَلَیْهِ القَوْلَ : جھوٹ گھڑنا۔
تَقَاوَلُوْا فِی الاَمْرِ : گفت وشنید کرنا
اِقْـتَـالَ الشَّـیْءَ : پسند کرنا...... عَـلَـیْهِـمْ: حکم لگانا۔
بِـالثَّـوْبِ ثَوْبًا : کپڑے کو کپڑے سے بدل لینا۔

القَال والقِيْل :مص ۔ گفتگو۔ القَال: ابتدایا سوال ۔ کہنے والا ۔ جیسے "رَجُلٌ قَالٌ" بمعنی قَائِل. القِيْلُ: جواب ۔
القَيْل :رئیس ۔ حمیر کے بادشاہ کا لقب ۔ ج اَقْوَال واَقْيَال وقُيُوْل.
القَوْل: کلام یا ہر ایک لفظ ۔ ج اَقْوَال جج اَقَاوِيْل.
القَائِل: قا ۔ ج قُوَّل وقُيَّل وقَالَة وقُوُوْلٌ.
القَالَة والقَوْلَة والمَقَال والمَقَالَة: گفتگو۔ المَقَالَة: کتاب کا ایک ٹکڑا ۔ والقَالَة: لوگوں کے اندر بری یا بھلی پھیلی ہوئی بات ۔ دوپہر کا قَيْلُوْلَه.
القُوَلَة والقَوَّال والقَوَّالَة والقَوُوْل والقَوُّوْل ج قُوُل وقُوْل والتِقْوَلَة والتِقْوَالَة :خوش بیان ۔ بہت بولنے والا ۔
القَوَّال: گویا ۔ ج قَوَّالُوْن.
المِقْوَل والمِقْوَال :اچھی گفتگو کرنے والا ۔ تیز زبان ۔ المِقْوَل: زبان ج مَقَاوِل ومَقَاوِلَة اِمْرَاَةٌ مِقْوَل ومِقْوَال :اچھی گفتگو کرنے والی تیز زبان عورت ۔
المَقُوْل والمَقُوُوْل :مفع ۔
كَلِمَةٌ مُقَوَّلَة :بار بار کہا ہوا کلمہ ۔
قَامَ يَقُوْمُ قَوْمًا وقَوْمَةً وقِيَامًا وقَامَةً :کھڑا ہونا ۔ ٹھہرنا ۔ چلنے والے سے تم کہتے ہو "قُمْ لِيْ" یعنی میری وجہ سے ٹھہرو ۔
السَمَاءُ :پانی کا منفذ نہ پانے سے ٹھہر جانا ۔ قَامَتْ بِهِ دَابَّتُهُ :تھک جانا ۔ قَامَ مِيْزَانُ النَهَارِ: دوپہر ہونا...... الاَمْرُ: اعتدال پر ہونا ...... السَمَاءُ :پانی کا جم جانا ...... قَامَتِ السُوْقُ :بازار کا رائج ہونا ۔ قَامَ الكَلاَ: گھاس کا ظاہر ہونا ...... المَتَاعُ بِهِ :قیمت برابر ہونا ...... عَلَى الاَمْرِ :مداومت کرنا ...... بِهِ ظهره :دردمند کرنا ...... بِالاَمْرِ: انتظام کرنا ...... عَلَى الاَمْرِ :نگہبانی کرنا ...... عَلَى غَرِيْمِهِ: قرض دار سے مطالبہ کرنا ۔ فِي الصَلاَةِ :شروع کرنا ...... اَهْلَهُ: اہل وعیال کی ضروریات کو پورا کرنا [illegible]

جاتا ہے "قَامَ يَفْعَل كَذَا" یعنی ایسا کرنے لگا ۔ قَامَتِ الصَلٰوةُ :نماز شروع ہوگئی اور کہا جاتا ہے "قَامَ بِي وقَعَد" یعنی میرے متعلق بری خبریں پھیلائیں ۔
قَوَّمَ الشَيْئَ :سیدھا کرنا اور اسی سے تَقْوِيْمُ البُلْدَانِ :ہے جس کے معنی ہیں شہروں کا طول وعرض بیان کرنا ۔ قَوَّمَ دَارْءَهُ :کجی کو دور کرنا ۔ المَتَاعَ: قیمت لگانا ۔
قَاوَمَهُ قِوَامًا ومُقَاوَمَةً :ساتھ کھڑا ہونا ۔ مخالفت کرنا ۔ قائم مقام ہونا ۔
اَقَامَهُ اِقَامَةً وقَامَةً :کھڑا ہونا ۔ اَقَامَ المَائِلَ او المُعْوَجَّ :سیدھا کرنا اور تعجب کے موقع پر کہا جاتا ہے "مَا اَقْوَمه" اور یہ مزید سے آنے کی وجہ سے شاذ ہے ۔ اَقَامَ الشَيْئَ :ہمیشہ رکھنا ...... بِالمَكَانِ :وطن بنالینا ۔ اقامت کرنا ...... الحَقَّ: حق ظاہر کرنا ...... الصَلاَةَ: کامل طریقہ سے ادا کرنا ...... لِلصَّلاَةِ: اقامت کہنا ...... السُوْقَ: رائج رکھنا ۔ بازار لگانا ۔
تَقَاوَمَ :سیدھا ہونا ۔ کہا جاتا ہے "قَوَّمْتُهُ فَتَقَوَّمَ" میں نے اسے سیدھا کیا وہ سیدھا ہو گیا ۔
تَقَاوَمَ القَوْمُ الشَيْئَ بَيْنَهُمْ :قیمت کا اندازہ لگانا ۔ تَقَاوَمُوْا فِي الحَرْبِ :بعض کا بعض کے لئے کھڑا ہونا ۔
اِقْتَامَ اِقْتِيَامًا اَنْفَهُ :ناک کاٹنا ۔
اِسْتَقَامَ اِسْتِقَامَةً :سیدھا ہونا ۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَقَامَ لَهُ الاَمْرُ" معاملہ اس کے لئے ٹھیک ودرست ہوگیا ...... المَتَاعَ: سامان کی قیمت لگانا ...... الشِعْرُ: شعر موزوں ہونا ۔
القَوْمُ :لوگوں کی جماعت ۔ ج اَقْوَام واَقَاوِم واَقَائِم واَقَاوِيْم قَوْمُ الرَجُلِ: قریبی رشتہ دار جو ایک دادا میں شریک ہوں ۔
القَوْمَ: دشمن ج قِيْمَان (...... والقَوْم) کسی جگہ میں اقامت کرنا ۔ القَوْمَ: ارادہ ۔
اَلْقُوْمَانْدُس: وہ فوجی جماعت جس کو تربیت دی جائے تا کہ وہ کشتیوں کے ذریعے [illegible]

کو نیست ونابود کردے ۔
القَوْمَة :مص ۔ قام کا اسم مرۃ ۔ قامت انسان ۔ رکوع اور سجدہ کے درمیان قیام ۔
القَوَام :اعتدال ۔ قَوَامُ الاِنْسَانِ :قد وقامت ۔
اَلْقَوْمِيّ: قومیت کا نظریہ رکھنے والا ۔
اَلْقَوْمِيَّة :اصل اجتماعی سیاسی نظریہ جس کے تحت اس نظریہ کو ماننے والا امت کے متعلق کاموں کو اس کے غیر کے کاموں پر ترجیح دیتا ہے ۔
القَوَام والقِوَام :گزارہ ۔ زندگی ۔
قِوَامُ الاَمْرِ وقِيَامُهُ :مایۂ درستگی ۔ جس سے کسی چیز کا قیام ہو اور کہا جاتا ہے "هُوَ قِيَامُ اَهْلِهِ وقِوَامُهُمْ" وہ اپنے اہل وعیال کے لئے سہارا ہے ۔ القِوَام: سیدھا ۔ کہا جاتا ہے "رُمْحٌ قِوَامٌ" سیدھا نیزہ ۔
القُوَام :ایک بیماری جو جانوروں کی ٹانگ میں ہوتی ہے ۔
القَامَة :مص ۔ لوگوں کی جماعت ...... من الاِنْسَان :قد ۔ ج قَامَاتٌ وقِيَمٌ چرخی مع سامان کہا جاتا ہے "اِسْتَقَوْا عَلَى القَامَةِ" انہوں نے چرخی پر پانی کھینچا ۔ ج قِيَم.
القِيَامَة :موت کے بعد اٹھنا ۔ یوم قیامت ۔ قبروں سے اٹھنے کا دن ۔
القِيْمَة. قَام: کا اسم نوع ۔ قیمت ۔ ج قِيَم قِيْمَةُ الاِنْسَان: انسانی قد ۔
القِيَمِيّ: قیمت کی طرف منسوب ۔
الاِقَامَة :مص ۔ اِقَامَةُ الجُنْدِيّ :فوجی کی ڈیوٹی ۔ ج اِقَامَات اور کہا جاتا ہے "طَوَى بِسَاطَ الاِقَامَةِ" یعنی کوچ کیا ۔
اَلتَّقْوِيْم :کیلنڈر، جنتری اس کی بانیوں کے لحاظ سے کئی اقسام ہیں ۔ (۱) اَلرُّوْمِي او اليُوْلِيُوْسِي :اس کو یولیوس قیصر نے ۴۲ ق م میں جاری کیا تھا ۔ اس میں سال کبیسہ (لیپ سال) چار پر تقسیم ہو کر آتا ہے ۔
(۲) اَلتَّقْوِيْمُ الهِجْرِيّ :اس کو حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے ۱۶ جمادی ۶۳۷ء

۱۷ھ میں جاری کیا تھا۔ ہجری سال ۱۲ قمری مہینوں کا ہوتا ہے۔ شمسی لحاظ سے ۳۵۴ دنوں کا ہوتا ہے۔ لیپ سالوں میں ۳۵۵ دنوں کا ہوتا ہے۔

التَّقْوِیْم: مص۔ تَقْوِیْمُ الْبُلْدَان: ممالک کے طول و عرض اور زمین کے خراج کا بیان۔

التَّقْوِیْم: جنتری۔ ج تَقَاوِیْم.

الْقَیِّمُ عَلَی الأَمْرِ: متولی۔ منتظم۔ مؤنث قَیِّمَة قَیِّمُ الْمَرْأَةِ: شوہر۔ أَمْرٌ قَیِّم: سیدھا معاملہ الدِّیَانَةُ الْقَیِّمَةُ: راست بازی۔ کہا جاتا ہے "ذٰلِکَ دِیْنُ الْقَیِّمَةِ" صفت مؤنث اس وجہ سے ہے کہ دین سے مراد ملت لی گئی ہے۔

الْقَائِم: قا ج قُوَّم و قُیَّم و قُوَّام و قُیَّام و قِیَمٌ و قِیَام. قَائِمُ السَّیْفِ: تلوار کا قبضہ۔ قَائِمُ الْمَاءِ: پانی کے لئے بلند عمارت جہاں سے پانی تقسیم ہو۔ واٹر ورکس۔

الْقَائِم مَقَامَ عِنْدَ أَرْبَابِ السِّیَاسَة: نائب۔ ج قُوَّام الْمَقَامَات.

الْقَائِمَة. قائم: کا مؤنث ج قَائِمَات و قَوَائِم قَائِمَةُ السَّیْفِ: تلوار کا قبضہ۔ قَائِمَةُ الدَّابَّةِ: جانور کی ٹانگ اور اسی سے ہے قَائِمَةُ الْخِوَان او السَّرِیْر: دسترخوان یا تخت کا پایہ۔ ج قَوَائِم. الْقَائِمَة: کتاب کا ورق۔ الْعَیْنُ الْقَائِمَةُ: ایسی آنکھ جس کی بصارت زائل ہو چکی ہو اور ڈھیلا اپنی جگہ پر قائم ہو۔

قَوْمِیَّةُ الأَمْرِ: معاملہ کی درستگی۔ قَوْمِیَّةُ الإِنْسَان و قُوْمِیَّتُهٗ: قامت انسان۔

الْقَوَّام: اچھے قد و قامت والا۔ اُمور کا منتظم۔ اچھی نگرانی کرنے والا۔ امیر۔ ج قَوَّامُوْن.

الْقَوِیْم: معتدل۔ اچھے قد و قامت والا۔ ج قِیَام.

الْقَیَّام و الْقَیُّوْم: ہر چیز کا نگہبان۔ بے مثل و بے ہمتا۔ وہ ذات جو ابدی ہو اور قائم بذاتہ ہو۔ الْقَیُّوْم: اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔

الأَقْوَم: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ أَقْوَمُ كَلَامًا مِنْ فُلَانٍ" فلاں بہ نسبت فلاں کے زیادہ سیدھی سادی گفتگو کرنے والا ہے۔

الْمَقَام: کھڑے ہونے کی جگہ۔ مرتبہ۔ ج مَقَامَات (...... و الْمُقَام) کھڑا ہونا۔ کھڑے ہونے کی جگہ۔ کھڑے ہونے کا زمانہ۔

الْمَقَامَة: مجلس۔ سرداری۔ لوگوں کی جماعت۔ خطبہ یا وعظ یا روایت جو لوگوں کے مجمع میں بیان کی جائے۔ ج مَقَامَات اور اسی سے ہے۔ مقاماتِ بدیعی، مقاماتِ حریری وغیرہ۔

الْمِقْوَم: ہل کا دستہ۔

الْمُقَامَة: کھڑا ہونا۔ لوگوں کی جماعت۔ وطن اقامت۔

الْمُقِیْم: قا۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذَا أَمْرٌ مُقِیْمٌ و مُقْعِدٌ" یہ معاملہ اضطراب انگیز ہے۔

تَقَوَّنَ الرَّجُلُ: ظلم کرنا۔ زبان درازی کرنا۔ حد سے گزرنا...... تَقَوَّنَ الرَّجُلُ: اچھی تعریف کرنا۔

الْقَوْنَة: لوہے یا تانبے کا ٹکڑا جس سے برتن کو جوڑتے ہیں۔ ج قُوَن.

الْقَان: ایک درخت ہے جس سے کمانیں بناتے ہیں۔

الْقَاوُوْن: ککڑی کی ایک قسم۔

قَوَّہ تَقْوِیْهًا. الرَّجُلُ: چلانا...... الصَّیْدَ: گھیرا ڈالنا۔

تَقَاوَهَ: الرَّجُلَان. صرخا فتعارفا: نشانِ مقررہ سے ایک دوسرے کو چلا کر پہچاننا۔

اِسْتَقْوَهَهٗ: شکار کا گھیرا ڈالنے کے لئے کہنا۔

أَیْقَهَ: اطاعت کرنا۔ سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "أَیْقِهْ لِهٰذَا" یعنی اس کو سمجھو۔ أَیْقَهَ و اسْتَیْقَهَ: اطاعت کرنا اور یہ دونوں أَوْقَهَ و اسْتَوْقَهَ: کے مقلوب صیغے ہیں۔

الْقَاه: طاعت۔ عزت۔ مرتبہ۔ خوش حال زندگی اور کہا جاتا ہے "مَا لَكَ عَلَیَّ قَاهٌ" کو میرے اوپر کوئی قدرت نہیں۔

الْقَاهِی: خوش حال زندگی والا۔

قَوِیَ یَقْوَی قُوَّةً: توانا ہونا۔ مضبوط ہونا۔ ...... عَلَی الأَمْرِ: طاقت رکھنا (...... قَوًی) بہت بھوکا ہونا...... الْمَطَرُ: بارش بند ہونا۔

قَوِیَتْ قِیًّا و قَوَایَةً. الدَّارُ: گھر کا خالی ہونا۔

قَوَّی الرَّجُلَ او الشَّیْءَ: مضبوط کرنا۔

قَاوَی مُقَاوَاةً الرَّجُلَ: طاقت میں غالب ہونا۔ تم کہتے ہو "قَاوَانِی فَقَوَیْتُهٗ" اس نے مجھ سے قوت میں مقابلہ کیا میں غالب ہو گیا و قَاوَاهُ: دینا۔

أَقْوَی إِقْوَاءً: محتاج ہونا۔ چٹیل میدان میں اُترنا۔ مالدار ہونا۔ مضبوط و جانور والا ہونا۔ أَقْوَتِ الدَّارُ: رہنے والوں سے خالی ہونا۔ أَقْوَی الْقَوْمُ: قوم کا توشہ ختم ہونا...... الرَّجُلُ: بھوکا ہونا اور کھانے کو کچھ نہ ہونا۔

أَقْوَی الْبُقْعَة: خالی کرنا۔ أَقْوَی الشِّعْرَ: اشعار کے قوافی کو اعراب میں مختلف کرنا ...... الْحَبْلَ: رسّی کو جا بجا موٹا بٹنا۔

تَقَوَّی: قوی ہونا۔ مضبوط ہونا۔

تَقَاوَی تَقَاوِیًا: بھوکے رات بسر کرنا۔ الْقَوْمُ الْمَتَاعَ بَیْنَهُمْ: قیمت بڑھانا یہاں تک کہ انتہائی قیمت پر پہنچنا...... الْقَوْمُ الدَّلْوَ: سب کا ڈول کے منہ پر منہ لگا کر پینا۔

اِقْتَوَی اِقْتِوَاءً. الْمَتَاعَ: قیمت بڑھانے کے بعد خریدنا...... شَیْئًا بِشَیْءٍ: تبدیل کرنا ...... عَلَی فُلَانٍ: عتاب کرنا...... الرَّجُلُ: مضبوط اور قوی ہونا...... الشَّیْءَ: اپنے لئے خاص کرنا۔

اِسْتَقْوَی اِسْتِقْوَاءً: قوی ہونا۔

الْقَوَاء و الْقِوَاء ج أَقْوَاء. الْقِیّ و الْقَوَایَة و الْقَوَی: خالی اور چٹیل میدان۔ الْقَوَاء و الْقَوَایَة: بے بارش کی زمین۔ مَنْزِلٌ قَوَاءٌ: منزل جس میں کوئی انیس نہ ہو۔

الْقَوَاء و الْقَوَی: بھوک۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ الْقَوَاءَ او الْقَوَی" بھوکے رات بسر کی۔

الْقُوَّة: زور۔ طاقت۔ توانائی۔ ج قُوَّات

وقُوّی وقِوی : رسّی کی لڑی۔ ج قُوًی.
القُوَی: عقل۔
القَاوِی : فا۔ پکڑنے والا۔ لینے والا۔ بَلَدٌ
قَاوٍ : خالی شہر۔
القَاوِیَۃ : مؤنث قاوی : اتڑا۔ کم بارش کا
سال۔ اِبِلٌ قَاوِیَاتٌ : بھوکے اونٹ۔
التَقَاوِی : مص۔ تَقَاوِی الامْطَارِ : بارش کی
قلت۔
القَوِیّ: مضبوط۔ زوردار ج اَقْوِیَاءُ.
المُقْوِی: فا۔ الفَرَسُ المُقْوِی : مضبوط
گھوڑا بَلَدٌ مُقْوٍ : شہر جو بارش سے خالی ہو۔
قَاءَ یَقِی قَیْأً. مَا اَکَلَہ : قے کرنا۔ صفت قَائِیٌ
قَاءَ تِ الطَعْنَۃُ الدَمَ: نیزہ کا خون بہانا۔ کہا
جاتا ہے قَاءَ تِ الاَرْضُ الکَمْأَۃَ : سانپ کی
چھتری کو اُگانا۔ وقَاءَ الرَجُلُ نَفْسَہٗ: مرنا۔
قَیَّأَ تَقْیِئَۃً واَقَاءَ اِقَاءَ ۃً فُلانًا مَا اَکَلَہٗ : قے
کرانا۔
تَقَیَّأَ تَقَیُّؤًا واِسْتَقَاءَ اِسْتِقَاءَ ۃً : بتکلف قے
کرنا۔
القُیَاء : قے۔ قے آور دواء۔
القَیُوْءُ والقَیُوْ : بہت قے کرنے والا۔
المُقَیِّی : قے آور دوا۔
القِیْثَار والقِیْثَارَۃ. ج قَیَاثِیر والقِیْثَار
والقِیْثَارَۃ. ج قَیَاثِیر : سارنگی۔
قَاحَ یَقِیحُ قَیْحًا وقَیَّحَ واَقَاحَ وتَقَیَّحَ
الجُرْحُ: زخم کا پیپ والا ہونا یا پیپ بہنا۔
القَیْح : پیپ۔ پیپ جس میں خون کی
آمیزش نہ ہو۔
قِیدَ الرَجُلُ: بیڑی ڈالا جانا۔
قَیَّدَہٗ تَقْیِیْدًا : بیڑی ڈالنا۔ روکنا......ہٗ:
بِالاِحْسَانِ: احسان مند بنانا۔ قَیَّدَ الکِتَابَ:
اعراب لگانا......الکَاتِبُ والمتکلمُ: کلام
کو کسی قید سے مقید کرنا......الحِسَابَ:
حساب لکھنا......الخَطَّ: نقطے اور اعراب
لگانا۔
تَقَیَّدَ: بیڑی میں ہونا۔ رُکنا۔
المُقَیِّد : جانور کے پاؤں باندھنے کی

وغیرہ۔ ج قُیُوْد واَقْیَاد. وقَیْدُ الاَسْنَانِ :
مسوڑھا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ قَیْدُ الاَوَابِدِ"
تیز رفتار گھوڑا۔ یعنی اپنی تیز رفتاری کی وجہ
سے وحشی جانوروں کے لئے قید کی مانند ہے
کہ وہ ان کو بھاگنے سے روک دیتا ہے۔
القَیْد والقِیْد والقَاد : اندازہ۔ کہا جاتا ہے
"بَیْنَھُمَا قِیْدُ رُمْحٍ او قَادُرُ رُمْحٍ" ان
دونوں کے درمیان ایک نیزہ کی مقدار
ہے۔
القِیَاد: رسّی۔ جس سے جانور کو کھینچا جائے۔
القَیِّد مِنَ الخَیْلِ او الاِبِلِ : سدھا ہوا
تابعدار گھوڑا یا اونٹ۔
المُقَیَّد: مفع جانور کے پاؤں میں رسّی
باندھنے کی جگہ۔ ج مَقَایِیْد پازیب پہننے کی
جگہ۔ کِتَابٌ مُقَیَّدٌ : اعراب لگی ہوئی کتاب
اور کہا جاتا ہے "اِمْرَأَۃٌ مُقَیَّدُ الخِمَار" یعنی
آزاد عورت۔ وبَنُو مُقَیَّد : بہت سے بچھو۔
واَرْضٌ مُقَیِّدَۃُ الحمار : زمین سنگلاخ۔
قَیَّر الشَئَ: کسی چیز پر قار ملنا۔
اِقْتَارَ الحَدِیْثَ: بحث کرنا۔ کھود کرید کرنا۔
القِیْر والقَار : سیاہ رنگ کی ایک چیز جس کو
کشتی پر ملتے ہیں تا کہ پانی اندر نہ آئے۔
القَیُّوْر : گمنام۔ غیر معروف النسب۔ کہا جاتا
ہے "ھٰذَا اَقْیَرُ مِنْ ذَاکَ" یہ اس سے زیادہ
کڑوا ہے۔
اَلقَیْرَبُوسُ : امریکہ میں ایک پودا جس کا تنا
ستون کی طرح سیدھا ہوتا ہے۔
القِیْراط: دیکھو مادہ ق ر ط۔
القَیْرَوَان : گھوڑوں کا گلہ۔ فوج کا بڑا حصہ۔
قافلہ۔ ج قَیْرَوَانَات (دخیل)
قَاسَ یَقِیْسُ قَیْسًا وقِیَاسًا : ناز سے چلنا۔
بھوکا ہونا......ہٗ: سابق ہونا(...... قَیْسًا)
الطَبِیْبُ قَعْر الجَرَاحَۃ : زخم کی گہرائی ناپنا۔
صفت قَائِس...... الشَئَ بِغَیْرِہٖ او عَلٰی
غَیْرِہٖ: نمونہ پر اندازہ کرنا۔
اَقَاسَ الشَئَ بِغَیْرِہٖ وعَلَیْہِ واِلَیْہِ: نمونہ پر

قَایَسَ قِیَاسًا ومُقَایَسَۃً بَیْنَ الاَمْرَیْنِ:
اندازہ کرنا......الشَئَ بِکَذَا والٰی کَذَا :
اندازہ کرنا......الرَجُلَ: اندازہ کرنے میں
مقابلہ کرنا......ہٗ الٰی کَذَا: سابق ہونا۔
تَقَیَّسَ : قبیلہ قیس غیلان سے مشابہ ہونا۔ قبیلہ
قیس کی طرف اپنے آپ کو منسوب کرنا۔ یا
قبیلہ قیس کے حلیف ہونے یا پڑوسی ہونے یا
ان سے ولاء کا تعلق ظاہر کرنا۔
اِنْقَاسَ : اندازہ ہونا۔
اِقْتَاسَ. الشَئَ : اندازہ کرنا۔ کہا جاتا ہے
"ھُوَ یَقْتَاسُ بِاَبِیْہِ" وہ اپنے باپ کی پیروی
کرتا ہے۔
القَاس والقِیْس : اندازہ۔ کہا جاتا ہے
"بَیْنَھُمَا قَاسُ رُمْحٍ او قِیْسُ رُمْحٍ" ان
دونوں کے درمیان ایک نیزہ کی مقدار
فاصلہ ہے۔
القِیَاس : مص۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا قِیَاسُ
ذَاکَ" یہ اس کے مشابہ ہے۔ القِیَاس فِی
المَنْطِقِ: وہ قول جو کم از کم دو قضایا سے
مرکب ہو کہ جن کے تسلیم کر لینے سے ایک
دوسرا قول لازم ہو۔
القِیَاسِی: مطابق قیاس۔
القَیَّاس: بہت قیاس کرنے والا۔
المِقْیَاس : مقدار جس سے اندازہ کیا جا
سکے۔ ج مَقَایِیْس.
القَیْسَرِیّ: بڑا۔ ج قَیَاسِر وقَیَاسِرَۃ.
قِیْسَارِیَۃ : قیصریہ کی تحریف ہے اور یہ چھ
شہروں کے نام ہے۔ جو قیاصرہ روم کے
ناموں پر رکھے گئے تھے۔ جیسے قیساریہ
فلسطین قیساریہ فیلبس قیساریہ کپادوکیا۔
قَاصَتْ تَقِیْصُ قَیْصًا. السِنُّ: دانت کا جڑ
سے گرنا۔ قَاصَ البَطْنُ: پیٹ کا حرکت
کرنا۔
اِنْقَاصَ وتَقَیَّصَ الحَائِطُ : دیوار کا جھکنا اور
گرنا......الفِرْسُ: داڑھ کا گرنا یا لمبائی میں
پھٹ جانا۔ تَقَیَّصَتِ البِئْرُ : کنوئیں کا گرنا
اِنْقَاصَتِ البِئْرُ: پانی بہت ہونا۔ یہاں تک

کر کرنے کے قریب ہونا۔

قاض یقیض قیضًا القیض ...... کرنا۔ ......الشیٔ: پھٹنا......السنّ: دانت ہلنا

الشیٔ بالشیٔ: مانند بنانا......الشیٔ من الشیٔ: بدلہ میں لینا۔

قیضت البئر: کنوئیں کا بہت پانی والا ہونا۔

قیّض اللہ لہ کذا: مقدر کرنا......اللہ فلانًا بفلان: لانا۔

قایض قیاضًا و مقایضۃ فلانًا بکذا: مبادلہ کرنا۔

تقیّضت البیضۃ: انڈے کا ٹوٹنا۔ تقیّض لہ کذا: مقدر ہونا......سبب ہونا......اباہ: باپ کے مشابہ ہونا(......انقاض) الحائط: دیوار گرنا۔ انقاضت الرکبۃ او السنّ: گھٹنے یا دانت کا لمبائی میں پھٹنا۔

تقایض تقایضًا الرجلان: ایک دوسرے سے تبادلہ کرنا۔

اقتاض الشیٔ: جڑ سے اکھیڑنا۔

القیض: مص۔ انڈے کا خشک چھلکا(...... والقیاض) برابر۔ کہا جاتا ہے "ھذا قیض او قیاض لکذا" یہ اس کے برابر ہے و"ھما قیضان" وہ دونوں ہم شکل ہیں۔

المقایضۃ: ایک مال کو دوسرے مال کے ساتھ برابر قیمت پر خرید و فروخت کرنا۔

القیضۃ: ہڈی کا چھوٹا ٹکڑا۔ ج قیض۔

القیض والقیضۃ: پتھر کہ جس کو گرم کرکے بکری وغیرہ کے ٹکرۂ گردن پر داغ لگائیں۔

المقیض: انڈے کی جگہ۔ بئر مقیضۃ: بہت پانی والا کنواں۔ بیضۃ مقیضۃ: ٹوٹا ہوا انڈا۔

قاظ یقیظ قیظًا. الیوم: سخت گرم ہونا(...... وقیّظ وتقیّظ واقتاظ) القوم بالمکان: گرمی کا زمانہ گزارنا۔ قیظوا: لوگوں پر گرمی کی بارش ہونا۔

قیّظہ الشیٔ: گرمی کے زمانہ کیلئے کافی ہونا۔

قایظہ قیاظًا و مقایظۃ: گرمی کا زمانہ ساتھ گزارنا۔ موسم گرما بھر کا معاملہ کرنا۔

القیظ: گرمی کی شدت۔ گرمی کا موسم۔ ج اقیاظ وقیوظ۔

القائظ والقیظ: سخت گرمی والا۔ یوم قائظ: سخت گرمی کا دن۔ قیظ قائظ: سخت گرمی۔

القیظی: جو گرمی میں پیدا ہوا ہو۔

المقاظ والمقیظ والمقیظ: گرمی کا زمانہ بسر کرنے کی جگہ۔

المقیظۃ: گرمی تک سبز رہنے والی سبزی۔

قاع یقیع قیعًا. الخنزیر: سور کا آواز نکالنا۔

قیّف وتقیّف اثرہ: تلاش کرنا۔ کھوج لگانا۔

القیافۃ: کھوج۔ تلاش۔

قاقت تقیق قیقًا الدجاجۃ: مرغی کا کڑکڑانا۔

القیق: بے وقوف۔ کبوتر کے برابر ایک پرندہ جس کے بازو مخلط اور دُم کالی ہوتی ہے اور بہت بولتا رہتا ہے اور جس کو ابو زریق بھی کہتے ہیں۔

قیقیۃ البیضۃ: انڈے کے سخت چھلکے کے نیچے کا باریک چھلکا۔

القیقاۃ والقیقاءۃ: سخت زمین۔ ج قواق وقیاق وقیق۔

القیقب: ایک درخت کا نام۔ زین کا تسمہ۔ وہ لوہا جس کے وسط میں وہ حصہ ہوتا ہے جو گھوڑے کے منہ میں ہوتا ہے (...... والقیقبان) زین۔ ایک لکڑی جس سے زین بنائے جاتے ہیں۔

القیقاب: کپڑے کو چکنا کرنے کا مہرہ۔

قال یقیل قیلاً وقائلۃ وقیلولۃ ومقالاً ومقیلاً: دوپہر میں سونا(...... قیلاً) دوپہر میں دودھ دوہنا اور پینا۔

قیّلہ: دوپہر میں پلانا۔

قایلہ: معاوضہ میں دینا۔ تبادلہ کرنا۔

اقال اقالۃ البیع: بیع توڑنا۔

اللہ عثرتک: گرنے سے اٹھانا۔ درگزر کرنا۔ اقال الابل: دوپہر میں پلانا۔

تقیّل: دوپہر میں سونا......اباہ: باپ کے مشابہ ہونا۔ الماء: پانی کا جمع ہونا۔ تقیّلت الابل: اُونٹوں کا دوپہر میں پینا۔

تقایل الرجلان البیع: بیع کو فسخ کرنا۔

اقتال شیئًا بشیئٍ: تبدیل کرنا۔

استقال استقالۃ البیع: بیع فسخ کرنے کو کہنا۔

استقالہ عثرتہ: لغزش معاف کرنے کو کہنا۔

القیل: مص۔ ویمن۔ حمیر کے بادشاہوں کا لقب۔ اُونٹنی جس کو دوپہر میں دوہا جائے۔

القَیل والقَیول: دودھ جو دوپہر میں پیا جائے۔

القیلۃ والقیولۃ: اُونٹنی جس کو دوپہر میں دوہا جائے۔

القیلۃ والقیلۃ: خصیہ کا سوجن۔

القائل: دوپہر میں سونے والا۔ ج قیّل وقُیّل وقُیّال۔

القائلۃ. قائل: کا مؤنث۔ دوپہر۔

القائلۃ والقیلولۃ: دوپہر میں سونا۔ دوپہر میں لیٹنا۔

رجل قیّال: ہمیشہ دوپہر میں سونے والا۔

الاقالۃ: مص۔ عقد کا فسخ کرنا۔

المقیل: مص قیلولہ کرنے کی جگہ۔ دوپہر میں سونا یا لیٹنا۔

المقیل: دودھ دوہنے کا بڑا برتن جس میں دوپہر کے وقت دوہا جائے۔

دوحۃ مقیال: بڑا درخت جس کے نیچے بہت زیادہ لیٹا جائے۔

قان یقین قینًا الحدید: لوہے کو برابر کرنا ......الاناء: برتن کو درست کرنا......الشیٔ: جمع کرنا......اللہ فلانًا علی کذا: پیدا کرنا ......المرأۃ المرأۃ: بناؤ سنگار کرنا۔

قان یقین قینًا وقیانۃ: لوہار رہنا۔

قیّنہ: مزین کرنا۔

تقیّن: مزین ہونا......النبت: اچھا ہونا۔

اقتان اقتیانًا النبت: اچھا ہونا۔ الروضۃ: باغ کا سرسبز و شاداب ہونا۔

الرجل: مزین ہونا۔

القان: ایک درخت ہے جس سے کمانیں بنائی جاتی ہیں۔ واحد قانۃ۔

القین: غلام۔ ج قیان......لوہار اور ہر کاریگر ج قیون واقیان۔

القینۃ: باندی۔ لونڈی۔ گانے والی۔ کنگھی چوٹی کرنے والی۔ ریڑھ کی ہڈی کا سب سے نچلا حصہ۔ ج قیان۔

المقینۃ. مقیّن: کا مؤنث۔ کنگھی چوٹی کرنے والی عورت۔

ک

ک : اَلْکَافُ : بنیادی حروف میں سے بائیسواں حرف ہے۔ حروف مہموسہ سے ہے۔

کَ: مخاطب اور مخاطبہ کے لئے ضمیر منصوب اور مجرور کے طور پر مستعمل ہے جیسے ضَرَبَکَ وکِتَابُکَ وضَرَبَکِ وکِتَابُکِ وضَرَبَکُمَا وکِتَابُکُمَا وضَرَبَکُمْ وکِتَابُکُم وضَرَبَکُنَّ وکِتَابُکُنَّ.

(۲) حرفِ جار کبھی تشبیہ کے لئے جیسے زَیْدٌ کَالْاَسَدِ اور کبھی تعلیل کے لئے جیسے اُذْکُرُوا اللّٰہَ کَمَاهَدَاکُمْ : یعنی اللہ کو یاد کرو اس لئے کہ اس نے تمہاری ہدایت کی اور کبھی تاکید کے لئے اور اس صورت میں زائدہ ہوتا ہے "لَیْسَ کَمِثْلِهٖ شَیْءٌ".

(۳) حرفِ غیر جار اور اس صورت میں معنی خطاب کے ہوتے ہیں اور اسم اشارہ اور ضمیر منصوب منفصل اور بعض اسماء افعال کے ساتھ لاحق ہوتا ہے جیسے ذٰلِکَ وتِلْکَ وإِیَّاکَ وإِیَّاکُمَا وَرُوَیْدَکَ.

(کَئِبَ) (س) کَأْبًا وکَآبَةً وکَآبَةً : غمگین ہونا۔ شکستہ دِل ہونا۔ صفت کَئِبٌ وکَئِیبٌ اور مجازاً کہا جاتا ہے "اَرْضٌ کَئِیبَةُ الْوَجْهِ".

اَکْأَبَ الرَّجُلُ: غمگین ہونا۔ ہلاکت میں پڑنا۔

......الرَّجُلَ: غمگین کرنا۔

اِکْتَأَبَ: غمگین ہونا۔

اَلْکَأْبَاءُ: سخت غم۔ اِمْرَأَةٌ کَأْبَاءُ: شکستہ دِل و غمگین عورت۔ کہا جاتا ہے مَا اَکْبَأَهُ : اس کا غم کس قدر شدید ہے۔

الـمُکْتَئِب: غمگین۔ کہا جاتا ہے "رَمَادٌ مُکْتَئِبُ اللَّوْنِ" یعنی راکھ سیاہی مائل۔

الکُؤْبَة: ہر وہ چیز جس سے شرم کی جائے۔

کَأَجَ (ف) کَأْجًا. الرَّجُلُ: حماقت زیادہ ہونا۔

الکِنَاج: حماقت۔ بے وقوفی۔

کَأَدَ (ف) کَأْدًا: شکستہ دِل وغمگین ہونا۔ غم سے بدحال ہونا۔

تَکَأَّدَ وتَکَاءَدَ الاَمْرُ فُلَانًا : دشوار ہونا...... الاَمْرَ: مشقت اُٹھانا۔

اِکْوَاَدَّا الشَّیْخُ: بڑھاپے کی وجہ سے کانپنا۔

اَلْکَأْدَاءُ: غم۔ سختی۔ پرہیز۔ تاریک رات۔

عَقَبَةٌ کَأْدَاءُ وکَؤُوْدٌ: دشوار گزار گھاٹی۔

الکُوَدَاءُ: غم یا تھکن کی وجہ سے ٹھنڈی سانس۔

الکَأْسُ: پیالہ (مؤنث) ج کُؤُوْس واَکْؤُس وکَأْسَات وکِئَاس. کَأْسُ الزَّهْرَةِ: کلی کا غلاف۔ الکَأْسِ: شراب۔

کَأْسِیَةُ النُّوْرِ: شمالی امریکہ میں پھولوں کی ایک قسم جو خوشبودار ہوتا ہے زیب و زینت کے لئے بویا جاتا ہے۔

کَأَصَهُ (ف) کَأْصًا: ذلیل کرنا۔ مغلوب کرنا...... الشَّیْءُ: بہت کھانا یا پینا۔ کہا جاتا ہے "کَأَصْنَا عِنْدَهُ مِنَ الطَّعَامِ مَا شِئْنَا" یعنی ہم نے اس کے پاس جو کچھ چاہا کھایا۔

کَأْکَأَ کَأْکَأَةً : کمزور ہونا۔ بزدل ہونا۔ پیچھے ہٹنا۔

تَکَأْکَأَ : بزدل ہونا اور پیچھے ہٹنا...... القَوْمُ عَلَیْهِ: قوم کا کسی پر جمع ہونا...... فِیْ کَلَامِهٖ: گفتگو میں عاجز و درماندہ ہونا۔

الکَأْکَاءُ : بزدلی۔ چور کی بھاگنے کے وقت کی دوڑ۔

المُتَکَأْکِي: ناٹا۔ پستہ قد۔

کَأَلَ (ف) کَأْلًا وکَأْلَةً وکُؤُوْلًا: قرض کے بدلے میں قرض خریدنا یا بیچنا۔ مثلاً تمہارا قرض کسی کے ذمہ ہو تو تم اپنے قرض کو اس کے قرض سے بیچ لو۔

کَأَنَ (ف) کَأْنًا الرَّجُلُ: مضبوط ہونا۔

کَأَنَّ: حرف مشبہ بالفعل میں سے ہے اسم کو نصب دیتا ہے اور خبر کو رفع اور معانی ذیل میں مستعمل ہے۔

(۱) تشبیہ۔ جیسے "کَأَنَّ زَیْدًا اَسَدٌ" گویا زید شیر ہے اور اکثر استعمال اسی میں ہوتا ہے۔

(۲) شک وظن جیسے "کَأَنَّ زَیْدًا قَائِمٌ" شاید زید کھڑا ہے۔

(۳) تقریب جیسے کَأَنَّکَ بِالشِّتَاءِ مُقْبِلٌ : قریب ہے کہ تم جاڑے میں پہنچو۔

کَأَی یَکْأَی کَأْیًا الرَّجُلَ: گفتگو سے رنجیدہ کرنا۔

اَکْأَی عَنْهُ: ناپسند کرنا۔

کَأَیِّنْ وکَأَیٍّ: کاف تشبیہ اور ای: سے مرکب ہے۔ کم خبریہ کی طرح اکثر تکثیر کے معنوں میں مستعمل ہے۔ جیسے کَأَیٍّ مِنْ رَجُلٍ اور

كَائِ رَجُلاً رَأَيْتُ : میں نے بہت سے آدمی دیکھے اور قلت کے ساتھ استفہام کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے حضرت ابی بن کعب کا قول حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما کے لئے كَائِ تَقْرَأ سورة الاحزاب : یعنی تم نے کتنی مرتبہ سورۃ احزاب کی تلاوت کی تو انہوں نے جواب دیا۔ تہتر مرتبہ۔

كَبَّ (ن) كَبًّا الِانَاءَ : برتن کو اوندھا کر دینا۔

......الرَّجُلَ عَلٰى وَجْهِهٖ ولِوَجْهِهٖ : پچھاڑنا

......الغَزْلَ : کاتے ہوئے سوت کا گولہ بنانا

......الشَّيْءُ : بھاری ہونا۔ بوجھل ہونا۔

كَبَّبَ : کباب بنانا۔

اَكَبَّ. فُلَانًا : پچھاڑنا......الرَّجُلُ : پچھڑا جانا۔ سرنگوں ہونا......عَلَى العِلْمِ وغَيْرِهٖ : ہمہ تن مشغول ہونا۔ اَكَبَّ عَلَيْهِ : کسی کو بچانے کے لئے اس پر چھا جانا۔

تَكَبَّبَ : کپڑے میں لپٹنا......الرَّمْلُ او الشَّجَرُ : تہ بتہ ہونا۔ تَكَبَّبَتِ الاِبِلُ : اونٹوں کا بیماری وغیرہ کی وجہ سے گرنا۔

تَكَابَّ القَوْمُ عَلَى الشَّيْءِ : بھیڑ کرنا۔

اِنْكَبَّ عَلَى الاَمْرِ : لازم ہونا۔

الكُبُّ : ایک قسم کی کڑوی گھاس۔

الكُبَّةُ : گھوڑوں یا آدمیوں کی جماعت۔ بڑا اونٹ۔ بوجھ۔ كُبَّةُ الغَزْلِ اولخُيُوطِ : کاتے ہوئے سوت یا دھاگے کا گولہ ج كُبَبٌ۔

الكُبَّةُ والكَبَّةُ : حملہ اور کہا جاتا ہے "كَانَتْ لَهُمْ كَبَّةٌ فِي الحَرْبِ" یعنی انہوں نے لڑائی میں شور کیا۔ بھیڑ۔ دو گھوڑوں کے درمیان ٹکراؤ۔ الكُبَّةُ : لوگوں کی جماعت۔

كَبَّةُ النَّارِ : آگ کا بڑا حصہ۔ كَبَّةُ الشِّتَاءِ : سردی کا یکباری آنا۔ سردی کی شدت۔

الكَبَاب : کباب۔

الكُبَاب : بہت اونٹ بکری۔ چپکنے والی مٹی۔ تہ بتہ ریت۔

المِكَبُّ : دھاگا لپیٹنے کی ریل۔ ج مِكَبَّات ومَكَابُّ۔

المُكِبُّ والمِكْبَاب : زمین کی طرف نظر رکھنے والا۔

كَبَتَهُ (ض) كَبْتًا : پچھاڑنا۔ رسوا کرنا۔ پھیرنا۔ توڑنا۔ ذلیل کرنا۔ غصہ سے رد کرنا۔ کہا جاتا ہے "كَبَتَهُ لِوَجْهِهٖ" یعنی اس نے اس کو منہ کے بل پچھاڑ دیا۔ و "كَبَتَ فُلَانٌ غَيْظَهُ فِي جَوْفِهٖ" یعنی فلاں نے غصہ کو چھپایا۔ و "كَبَتَ اللّٰهُ العَدُوَّ" یعنی اللہ دشمن کو رسوا و ذلیل کرے۔

اِنْكَبَتَ : پچھاڑا جانا۔ رسوا ہونا۔ پھرنا۔ ٹوٹنا۔

اَلْكُبُوْتُ : اون کی کھلی گرم چادر۔ کمبل۔

المُكْبَت : غم سے بھرا ہوا۔

كَبِثَ (س) كَبَثًا اللَّحْمُ : گوشت کا خراب اور بدبودار ہونا۔ صفت كَبِثٌ ومَكْبُوْثٌ۔

كَبَثَ السَّفِيْنَةَ : کشتی کو زمین کی طرف کھینچ کر لانا۔ ایک کشتی کا سامان دوسری کشتی میں رکھنا۔

كَبَحَ (ف) كَبْحًا الدَّابَّةَ بِاللِّجَامِ : چوپائے کو لگام کھینچ کر ٹھہرانا۔ كَبَحَهُ عَنِ الحَاجَةِ : باز رکھنا۔ كَبَحَهُ بِالسَّيْفِ : تلوار سے مارنا۔ كَبَحَ الحَائِطُ السَّهْمَ : دیوار کا تیر کو واپس کرنا اور گھسنے نہ دینا۔

اَكْبَحَ الدَّابَّةَ بِاللِّجَامِ : چوپایہ کو لگام کھینچ کر ٹھہرانا۔

كَابَحَهُ مُكَابَحَةً : گالی گلوچ کرنا۔ برا بھلا کہنا۔

اُكْبِحَ المَكَانُ : بلند ہونا۔ صفت مُكْبَح ومُكْبِح۔

الكَابِح : فا۔ بدشگونی کی چیز۔ ج كَوَابِح۔

بَعِيْرٌ اَكْبَح : مضبوط اونٹ۔

كَبَدَهُ (ن ض) كَبْدًا : جگر پر مارنا۔

كَبَدَ الاَمْرَ : ارادہ کرنا......البَرْدُ القَوْمَ : سردی کا تکلیف دہ ہونا۔

كَبِدَ (س) كَبَدًا وكُبِدَ : درد جگر والا ہونا۔ صفت مَكْبُوْدٌ۔

كَابَدَ كِبَادًا ومُكَابَدَةً الاَمْرَ : مشقتیں برداشت کرنا......المُسَافِرُ اللَّيْلَ : رات کے خوف اور صعوبت کے باوجود سفر کرنا۔

كَبَّدَتِ الشَّمْسُ السَّمَاءَ : آفتاب کا وسط آسمان میں پہنچنا۔

تَكَبَّدَ الاَمْرَ : ارادہ کرنا۔ مشقت برداشت کرنا......المَكَانَ : وسط میں پہنچنا......الشَّمْسُ السَّمَاءَ : آفتاب کا وسط آسمان میں پہنچنا۔ اللَّبَنُ : دودھ کا گاڑھا ہونا۔

الكَبْد والكِبْد والكَبِد مِنَ الاَمْعَاءِ : جگر۔ کلیجہ (مذکر و مؤنث) ج اَكْبَاد وكُبُوْد۔

الكَبِد : اندرون۔ پہلو۔ وسط شی۔ معظم شے۔ كَبِدُ القَوْسِ : علاقہ۔ کمان کے دونوں طرف کا درمیان۔ كَبِدُ الاَرْضِ : معدنی چیزیں جیسے چاندی، سونا وغیرہ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ تُضْرَبُ اِلَيْهِ اَكْبَادُ الاِبِلِ" یعنی فلاں کی طرف لوگ سفر کر کر کے آتے ہیں۔

الكَبْد والكَبَد والكَبْدَاء والكُبَيْدَاء والكُبَيْدَاة مِنَ السَّمَاءِ : وسط آسمان۔

الكَبْدَاء : ہتھ چکی۔ ریت کا تودہ کہ جس کا درمیانی حصہ بڑا ہو۔ کمان کہ جس کا قبضہ ہتھیلی کو بھر دے۔ الكَبَد : پیٹ کی بڑائی۔ مشقت۔ فضاء آسمانی۔ سختی۔ ریت کا درمیانی حصہ۔

الكَبْدَة. كَبَد : کا اسم مرۃ۔ دوستی و محبت کا مہرہ۔

الكُبَاد : درد جگر۔

الكُبَّاد : چکوترہ۔

الاَكْبَد : ایک قسم کا پرندہ۔ درمیان سے موٹا آہستہ سے چلنے والا۔ بڑے جگر والا۔ وہ شخص جس کے جگر کی جگہ بلند ہو۔ مؤنث كَبْدَاء ج كُبْد۔

اَلكَبِدِيَّةُ : چھپے ہوئی پھولوں والا کائی جیسا پودا تر مقامات پر زندہ رہتا ہے سبز پتوں والا اس کے پتے سورج کی روشنی پڑنے پر گہرے سرخ رنگ کے دکھنے لگتے ہیں۔

[illegible] : لیموں۔

الكَابِد: فا۔ مشقت کی برداشت۔
كَبِرَ (س) كِبَرًا ومَكْبِرًا فِي السِّنِّ: عمر رسیدہ ہونا۔
كَبَرَ (ن) كَبْرًا فُلانًا بِالسِّنِّ: کسی سے بڑا ہونا (عمر میں)
كَبُرَ (ك) كِبَرًا وكُبْرًا وكِبَارَةً فِي القَدْرِ: مرتبہ میں بڑا ہونا۔ كَبُرَ عَلَيْهِ الأَمْرُ: دشوار ہونا۔ سخت ہونا۔ بھاری ہونا۔
كُوبِرَ الرَّجُلُ فِي مَالِهِ: ظلم سے لیا جانا۔ صفت مُكَابَرٌ عَلَيْهِ.
كَبَّرَ تَكْبِيرًا وكِبَّارًا: اللہ اکبر کہنا...... الشَّيْءَ: بڑا بنانا۔
كَابَرَهُ: دشمنی کرنا۔ مخالفت کرنا۔ غلبہ کرنا...... عَلَى حَقِّهِ: حق کا انکار کرنا۔
أَكْبَرَ الأَمْرَ: بڑا سمجھنا...... الرَّجُلَ: بڑا شمار کرنا۔ تعظیم کرنا۔
تَكَبَّرَ وتَكَابَرَ: تکبر کرنا۔ غرور کرنا۔ تَكَابَرَ الرَّجُلُ: اپنے آپ کو بزرگ ظاہر کرنا۔
اِسْتَكْبَرَ: متکبر ہونا...... الأَمْرَ: بڑا سمجھنا۔ بڑا شمار کرنا۔
الكِبْرُ: غرور۔ بڑا گناہ۔
الكِبْرُ والكُبْرُ: چیز کا بڑا حصہ۔ شرف۔ رفعت الكِبْرِ: کفر وشرک۔
الكِبَرُ والكَبْرَةُ والكِبْرَةُ: بڑھاپا۔ والكِبْرَةُ: بڑا گناہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ كُبْرُهُمْ وكِبْرَتُهُمْ وكُبُرُهُمْ وكُبْرَتُهُمْ وإِكْبِرَتُهُمْ وأُكْبُرَّتُهُم" وہ ان کا بڑا بوڑھا ہے و فُلانٌ كِبْرَةُ وَلَدِ أَبِيهِ: فلاں اپنے باپ کی اولاد میں سب سے بڑا ہے۔ اس میں واحد جمع مذکر مؤنث سب برابر ہیں۔
الكَبَرُ: ڈھول۔ ج كِبَارٌ وأَكْبَارٌ (دخیل) ایک درخت کا نام۔
الكِبْرِيَاءُ: بزرگی۔ عظمت۔ غرور۔
الكُبَارُ والكُبَّارُ والكَابِرُ: بڑا۔ الكَابِرُ: بلند مرتبہ سردار۔ مورث اعلیٰ۔
الكَبِيرُ: بڑا۔ ج كبار و كبراء: معظم۔ رئیس اور کبیر اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ

ہے۔
الكَبِيرَةُ: کبیر کا مؤنث۔ بڑا گناہ۔ ج كَبِيرَات وكَبَائِر.
الأَكْبَرُ: اسم تفضیل اور کہا جاتا ہے "الأَكْبَرُ والأَصْغَرُ" بمعنی كَبِيرٌ و صَغِيرٌ ج أَكَابِر وأَكْبَرُون. أَكَابِرُ القَوْمِ: شرفاء قوم۔ کہا جاتا ہے "أَتَانِي فُلانٌ أَكْبَرَ النَّهَارِ" فلاں میرے پاس دن چڑھنے کے وقت آیا۔
الإِكْبِرُ والأَكْبَرُ: ایک میٹھی چیز ہے خشک حلوے کی مانند۔ جس کو شہد کی مکھی جمع کرتی ہے اور یہ شہد اور موم کے علاوہ ہے۔
الكُبْرَى: اکبر کا مؤنث۔ ج كُبَر وكُبْرَيَات: اور کہا جاتا ہے "هٰذِهِ الجَارِيَةُ مِنْ كُبْرَى بَنَاتِ فُلانٍ" یہ لڑکی فلاں کی لڑکیوں میں سے بڑی ہے۔
المَكْبِرُ والمَكْبَرَةُ: عمر کی بڑائی۔
المَكْبُورَاءُ: اسم جمع بمعنی كُبَرَاءُ.
كَبْرَتَ الشَّيْءَ: کسی چیز پر گندھک ملنا۔
الكِبْرِيتُ: گندھک۔ سرخ سونا۔ سرخ یاقوت۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبٌ كِبْرِيتٌ وفِضَّةٌ كِبْرِيتٌ" خالص سونا چاندی۔
الكَبَرْيَا الأَصَفُ: ایک چھوٹا درخت جس کے پھول سفید خوبصورت اور ہاضم ہوتے ہیں۔
كَبَسَ (ض) كَبْسًا عَلَى الشَّيْءِ: حملہ کرنا اور بھینچنا...... البِئْرَ: کنوئیں کو مٹی سے پاٹنا ...... رَأْسَهُ فِي الثَّوْبِ: سر کو کپڑے میں داخل کرنا۔
...... القَوْمَ دَارَهُ: اچانک حملہ کرنا...... السَّنَةَ بِيَوْمٍ: سال میں ایک دن زائد کرنا......
النَّاصِيَةُ جَبْهَتَهُ: پیشانی کو چھپالینا۔
كَبِسَ (س) كَبَسًا: بڑے سر والا ہونا۔
صفت أَكْبَسُ: مؤنث كَبْسَاءُ. ج كُبْسٌ.
كَبَّسَ الجَسَدَ: جسم کو ہاتھوں سے مل کر نرم کرنا۔
...... عَلَى الشَّيْءِ: گھس پڑنا۔

کنوئیں کا مٹی سے بھر جانا۔ تَكَبَّسَ الرَّجُلُ: سر کو گریبان میں داخل کرنا۔ تَكَبَّسَ عَلَى الشَّيْءِ: گھس پڑنا۔
الكِبْسُ: کنواں پاٹنے کی مٹی۔ بڑا سر۔ پہاڑ کی جڑ میں غار۔ خزانہ۔ اصل۔ مٹی کا گھر۔
الكِبَاسَةُ: کھجوروں کا گچھا۔ ج كَبَائِس.
جِبَالٌ كُبْسٌ وكُبُسٌ: سخت پہاڑ۔
الكَابُوس: ایک بیماری ہے جس میں آدمی کو نیند کی حالت میں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کوئی چیز اس کو دبائے ہوئے ہے اور وہ حرکت پر قادر نہیں ہوتا اور یہ مرگی کا مقدمہ ہوتا ہے۔
الكُبَاس: سر کو کپڑے میں لپیٹ کر سونے والا۔ بڑے سر والا۔ پر گوشت۔ هَامَةٌ كُبَاسٌ: موٹی گول کھوپڑی۔
الكَبْسَةُ: اچانک حملہ۔
الكَابِسَةُ: کابس کا مؤنث۔ أَرْنَبَةٌ كَابِسَةٌ: اوپر کے ہونٹ پر جھکا ہوا ناک کا بانسہ۔
نَاصِيَةٌ كَابِسَةٌ: پیشانی پر لٹکے ہوئے بال۔
الكَبِيس: ایک قسم کی کھجور۔ ایک قسم کا زیور جس کے خول میں خوشبو بھری ہوئی ہے۔
السَّنَةُ الكَبِيسَةُ: وہ سال جس میں فروری کا مہینہ ۲۹ دن کا ہوتا ہے اور یہ ہر اس سال میں ہوتا ہے جو چار پر برابر برابر تقسیم ہو جائے جیسے ۱۹۴۰ء و ۱۹۴۴ء۔
المِكْبَس ج مَكَابِس والمِكْبَاس ج مَكَابِيس: اون یا اوراق وغیرہ دبانے کا آلہ۔ المَكَابِيس: وہ لوگ جو لوگوں کے گھروں میں اکثر گھس آتے ہوں۔
المُكَبِّس: فا۔ سر نیچے رکھنے والا۔ اچانک آنے والا اور دبانے والا۔
الكُبْسُول: بندوق کی گولی۔ اس کی دوسری لغت کبسون ہے۔
كَبَشَ (ن) كَبْشًا الشَّيْءَ: مٹھی بھر کر لینا۔
الكَبْش: مینڈھا جب کہ دو سال کا ہو اور بقول بعض چار سال کا۔ ج كِبَاش وأَكْبَاش وأَكْبُش وكَبْوَشَة. الكَبْش: سردار قوم۔ بڑا پتھر جو دیوار پر نشانہ لگانے کے لئے

جائے۔ ایک جنگی آلہ جو حصار کے موقع پر قلعوں پر پتھر پھینکنے کے کام آتا ہے۔

الکِبَاش: جواں مرد لوگ۔

الکُبَاش: مینڈھوں والا۔

الکُبَاص والکُبَاصَۃ: مضبوط و قوی اُونٹ یا گدھا۔

کَبَعَ (ف) کَبْعًا الشَّیْءَ: کاٹنا.....ہٗ عَنْ کَذَا: منع کرنا، روکنا.....الدَّرَاھِمَ: دراہم پرکھنا اور وزن کرنا۔

کَبَعَ (ف) کُبُوْعًا: ذلیل ہونا۔ فروتنی کرنا۔ کَبَّعَ الشَّیْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

الکُبَع: ایک قسم کی مچھلی جس کو "جمل البحر" (سمندر کا اونٹ) بھی کہتے ہیں۔

کَبْکَبَ کَبْکَبَۃً وکِبْکِبَۃً الشَّیْءَ: اُلٹنا۔ پچھاڑنا۔ المَوَاشِی الشَّارِدَۃَ: بھاگے ہوئے جانوروں کو جمع کرنا.....الشَّیْءَ: گڑھے میں پھینکنا۔

تَکَبْکَبَ فِیْ ثِیَابِہٖ: لپٹنا.....القَوْمُ: جمع ہونا۔

الکُبْکُبُ والکِبْکِبُ: ایک قسم کا کھیل۔

الکُبْکُبَۃ بتثلیث الکاف والکُبْکُوب والکُبْکُوبَۃ: لوگوں یا گھوڑوں کی بھیڑ۔

الکُبْکُبُ والکُبَاکِب: گٹھے بدن والا۔

الکِبْکِبَۃ والکِبْکِبُ: کاتے ہوئے دھاگے کا گولہ۔

کَبَلَہٗ (ض) کَبْلًا وکَبَّلَہٗ: بیڑی ڈالنا۔ قید کرنا۔

کَبَلَہٗ وکَابَلَہٗ مُکَابَلَۃً الدَّیْنَ: قرض کی ادائگی میں ٹال مٹول کرنا۔ ادائے قرض میں تاخیر کرنا.....کَابَلَ الدَّارَ: مکان کے خریدنے میں تاخیر کرنا تاکہ دوسرا شخص خریدے لے اور پھر شفعہ سے لے لینا۔

تَکَبَّلَ: بیڑی ڈالا جانا۔ قید ہونا۔

اِکْتَبَلَ الاَسِیْرَ: بیڑی ڈالنا.....الکِیْسَ: تھیلی کو باندھنا.....ہٗ: خَیْرَہٗ: روکے رکھنا۔

الکَبْل والکِبْل: بیڑی۔ بڑی بیڑی۔ ج کُبُوْل واَکْبُل: الکَبْل: ڈول کا کنارہ۔ ڈول کا کنارہ جہاں چمڑا مڑا ہو۔ بہت بالوں والی پوستین۔

الکَبَل والکَابِلِیّ: تنگ کپڑا یا پوستین وغیرہ۔ کہا جاتا ہے "فَرْوٌ کَبَلٌ اَوْ کَابِلِیٌّ"۔

الکَابُوْل: شکاری کا جال۔

المَکْبُوْل: مفع۔ قیدی۔

الکَابُلِیّ: پستہ قد۔

الکَبُوْلَاءُ: ایک قسم کا کھانا۔

کَبَنَ (ن ض) کَبْنًا. الثَّوْبَ: کپڑے کو اندر کو موڑ کر سینا.....الشَّیْءَ: غائب کرنا.....عَنِ الشَّیْءِ: بدول ہونا۔ باز رہنا.....عَنْہُ لِسَانَہٗ: زبان روکنا.....ھَدِیَّتَہٗ: روک لینا۔

کَبَنَ (ض) کَبْنًا وکُبُوْنًا الظَّبْیُ: ہرن کا زمین سے چمٹنا.....الرَّجُلُ: سامنے والے اوپر یا نیچے کے اندر گھسے ہوئے دانتوں والا ہونا۔ پڑوسی کو چھوڑ کر دوسرے سے سلوک کرنا۔ آہستہ آہستہ دوڑنا۔ موٹا ہونا۔ مطمئن ہونا۔

اَکْبَنَ. لِسَانَہٗ عَنْہُ: زبان روکنا۔

اِکْبَانَّ اِکْبِنَانًا: سمٹنا۔ سکڑنا۔

الظَّبْیُ: ہرن کا زمین سے چمٹنا.....الرَّجُلُ: شکستہ دل ہونا۔

الکُبْن: مص۔ ڈول کا کنارہ۔ ڈول کا موڑ کر سلا ہوا کنارہ۔

الکُبُنُّ والکُبُنَّۃ: بخیل کنجوس۔ الکُبُنَّۃ: خشک روٹی۔

الکُبَان: اُونٹوں کی ایک بیماری۔

المَکْبُوْن: مفع۔ کبان کی بیماری والا اونٹ۔

.....مِنَ الخَیْلِ: چھوٹی ٹانگوں والا گھوڑا۔ ج مَکَابِیْن. رَجُلٌ مَکْبُوْنُ الاَصَابِعِ: سخت اور موٹی اُنگلیوں والا مرد۔ مؤنث مَکْبُوْنَۃ.

المَکْبُوْنَۃ: جلد باز عورت۔

کَبَا یَکْبُوْ کَبْوًا وکُبُوًّا لِوَجْھِہٖ: منہ کے بل گرنا.....الزَّنْدُ: چقماق کا بے آگ ہونا۔

کَبَتِ النَّارُ: آگ کا راکھ میں چھپنا.....النُّوْرُ: روشنی کم ہونا.....النَّبْتُ: نباتات کا پژمردہ ہونا.....الغُبَارُ: غبار کا اوپر کو چڑھنا.....الجَمْرُ: بلند ہونا۔

.....لَوْنُ الصُّبْحِ او الشَّمْسِ: تاریک ہونا.....السَّھْمُ: تیر کا نشانہ پر نہ لگنا.....مَاءً فِی الوِعَاءِ: پانی کو برتن میں گرانا۔ بکھیرنا.....الکُوْزَ: کوزہ سے گرا دینا.....الشَّیْءَ: صاف کرنا.....البَیْتَ: جھاڑ دینا۔

کَبَّی تَکْبِیَۃً النَّارَ: آگ کو راکھ میں چھپانا۔ ثَوْبَہٗ بِالکِبَاءِ: کپڑے کو کباء سے دھونی دینا (دیکھئے کِبَاء)

اَکْبَی اِکْبَاءً. الزَّنْدُ: چقماق کا بے آگ ہونا۔ دھوئیں والا ہونا۔ اَکْبَی وَجْھَہٗ: متغیر کرنا۔

کَابَی مُکَابَاۃً السَّیْفَ: تلوار کو میان میں رکھنا۔

تَکَبَّی عَلَی المِجْمَرَۃِ: عود دان پر کپڑے کو ڈالنا۔

اِکْتَبَی بِالعُوْدِ: دھونی دینا۔

اِنْکَبَی: منہ کے بل گرنا۔

الکُبَاءُ: بلند۔

الکِبَاء والکِبَی ج اَکْبَاء والکُبَۃ ج کُبُون: کوڑا کرکٹ۔

الکِبَاء: زمین پر پڑی ہوئی متفرق چیزیں۔ پانی کے اِدھر اُدھر غلیظ جھاگ۔

الکِبَاء: دھونی کی لکڑی۔ ج کُبًی.

الکَبْوَۃ. کبا: کا اسم مرۃ۔ تیرگی۔

الکُبْوَۃ: دھونی دینے کی انگیٹھی۔

الکَابِی: فا۔ بلند۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ کَابِی الرَّمَادِ" فلاں بہت راکھ والا ہے۔ کنایہ ہے بہت مہمان نواز ہونے سے۔ الفَحْمُ الکَابِی: بجھا ہوا کوئلہ۔ رَجُلٌ کَابٍ: باوجود دعوت کے خیر کی طرف متوجہ نہ ہونے والا مرد۔ غُبَارٌ کَابٍ: بلند غبار۔

الکَابِیَۃ: کابی کا مؤنث جھاگ۔ نَارٌ کَابِیَۃٌ: راکھ میں چھپی ہوئی آگ۔

کَتَّہٗ (ن) کَتًّا: شمار کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَتَانَا

بـجَیْشٍ مَایَکُتُّ" وہ ہمارے اوپر غیر محصور فوج لے کر آیا۔

کَتَّ واَکَتَّ واکْتَتَّ الکلامَ فِیْ اُذُنِہٖ: چپکے چپکے کہنا۔

کَتَّ (ن) کَتِیْتًا: آہستہ چلنا۔

کَتَّ (ض) کَتَّـا البَعِیْرُ: اُونٹ کا آہستہ آہستہ بڑبڑانا۔ کَتَّتِ القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا۔ اُبلنا۔ کَتَّ الرَجُلَ: ذلیل کرنا۔ غمگین کرنا۔

اِکْتَتَّ الحَدِیْثَ: بات سننا۔

تَکَاتَّ النَاسُ: شور کے ساتھ بھیڑ کرنا۔

الکَتُّ: مص دُبلا (مذکر ومؤنث)......

الکَتَّۃ۔ کتَّ: کا اسم مرۃ۔ زمین کی سبزی۔

الکَتَّۃ: ردی مال۔

الکَتِیْت: مص۔ ہانڈی ابلنے کی آواز۔ جوش شراب کی آواز۔ جوان اُونٹ کی آواز۔ بخیل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ کَتِیْتُ الیَدَیْنِ" یعنی بخیل مرد۔

الکَتِیْتَۃ: ایک قسم کا کھانا۔

کَتَبَ (ن) کَتْبًا وکِتَابًا وکِتْبَۃً وکِتَابَۃً الکِتَابَ: لکھنا۔ کَتَبَ عَلَیْہِ کَذَا: واجب کرنا۔ کہا جاتا ہے "کَتَبَ اللّٰہُ عَلٰی عِبَادِہٖ الطَاعَۃَ وعَلٰی نَفْسِہِ الرَحْمَۃَ" یعنی اللہ تعالیٰ نے بندوں پر اپنی اطاعت فرض کی ہے اور اپنی ذات پر رحمت کو لازم کیا ہے۔

کَتَبَ القِرْبَۃَ کَتْبًا: مشک کو دوہرے تسمہ سے سینا۔

کَتَّبَ الکِتَابَ: لکھنا...... الوَلَدَ: لکھنا سکھانا ...... الجُنُوْدَ: فوج کے دستے بنانا اور تیار کرنا۔

کَاتَبَہٗ مُکَاتَبَۃً: خط وکتابت کرنا۔ ساتھ مل کر لکھنا۔ کَاتَبَ العَبْدَ: مال معینہ کی ادائگی کی شرط پر آزاد کرنا۔

اَکْتَبَہٗ: لکھنا سکھانا۔ لکھنے والا پانا۔

اَکْتَبَہُ القَصِیْدَۃَ: لکھوانا۔ اَکْتَبَ القِرْبَۃَ: مشک کا منہ باندھنا۔

تَکَتَّبَ الرَجُلُ: کپڑے سیٹ کر [illegible] ہونا۔ تَکَتَّبَتِ الکَتَائِبُ: فوج کے دستوں کا جمع ہونا۔

تَکَاتَبَ القَوْمُ: ایک دوسرے سے خط وکتابت کرنا۔

اِکْتَتَبَ الکِتَابَ: لکھنا۔ اِملا کرانا۔ لکھوانا۔ لکھنے کو کہنا...... الغُلَامَ: لکھنا سکھانا...... القِرْبَۃَ: مشک کو دوہرے تسمہ سے سینا...... بَطْنُہٗ: بند ہونا...... الرَجُلُ: رجسٹر میں اپنا نام لکھنا اور اسی سے ہے "اِکْتَتَبَ بِمَالٍ او اِعَانَۃٍ"۔

اِسْتَکْتَبَہُ الشَیْءَ: لکھنے کو کہنا...... ہُ القَصِیْدَۃَ: قصیدہ املا کرانے کو کہنا...... الغُلَامَ: کاتب بنانا۔

الکِتْبَۃ: مص۔ کتاب کی نقل۔ حالت۔ حصہ یا رزق میں رجسٹرڈ ہونا۔

الکُتْبَۃ: سینے کا تسمہ۔ مشک وغیرہ کی درز۔

الکِتَاب: مص۔ جس میں لکھا جائے۔ خط۔ صحیفہ۔ فرض۔ حکم۔ اندازہ۔ ج کُتُب وکُتْب والکِتَابُ عَلَی الاِطْلَاقِ: ہر وہ کتاب جو منزل من اللہ ہو۔ اَھْلُ الکِتَاب: وہ لوگ جن کے پاس آسمانی کتاب ہو۔ اُمُّ الکِتَاب: اصل کتاب۔ سورۂ فاتحہ۔

الکُتُبِیّ: کتابوں کا محافظ۔ کتب فروش۔

الکِتَابَۃ: مص۔ لکھا ہوا۔ مالِ معین کی ادائگی پر غلام کو آزاد کرنا۔

الکَتِیْب: بندھن سے بندھی ہوئی مشک۔

الکَتِیْبَۃ: لشکر کا ایک حصہ۔ گھوڑوں کا ریوڑ۔ سواروں کا دستہ۔ ج کَتَائِب۔

الکَاتِب: فا۔ عالم۔ محرر۔ ج کَاتِبُوْن وکَتَبَۃ وکُتَّاب۔

الکُتَّاب: جمع کاتب۔ مکتب۔ تعلیم گاہ ج کَتَاتِیْب۔

المَکْتَب: تعلیم گاہ۔ لکھنے کی جگہ۔ ج مَکَاتِب۔

المَکْتَبَۃ: لائبریری۔ کتب خانہ ج مَکَاتِب۔

[illegible] کرانے والا۔

المُکَتِّب: فا کتابت کی تعلیم دینے والا۔

المَکْتُوْب: مفع۔ خط۔ ج مَکَاتِیْب۔

کَتَحَ (ف) کَتْحًا الطَعَامَ: شکم سیر ہو کر کھانا۔ کَتَحَتْہُ الرِیْحُ: ہوا کا غبار اُڑانا۔

الدَبَی الاَرْضَ: کیڑے مکوڑوں کا نباتات اور درخت وغیرہ کو چاٹ جانا۔

الکَتَد والکَتِد: دونوں کندھوں کے درمیان کا حصہ۔ ج اَکْتَاد وکُتُوْد اور کہا جاتا ہے "خَرَجُوْا عَلَیْنَا اَکْتَادًا واَکْتَادًا" وہ ہمارے خلاف گروہ گروہ ہو کر نکلے۔

الاَکْتَد: کندھوں کے درمیان سے بلند حصہ والا۔

الکَتْر والکِتْر والکَتَر والکَتَرَۃ: بلند کوہان۔ اَلْکِتْر: بلند عمارت۔ اندازہ۔ چھوٹا ہودہ۔ ہر چیز کا درمیان۔

الکَتْر والکَتْرَۃ: لڑکھڑاہٹ کی چال۔

الکِتْرَۃ: قبہ۔ گنبد۔ کوہان کا ایک ٹکڑا۔

کَتَشَ (ن) کَتْشًا لِاَھْلِہٖ: کمائی کرنا۔

کَتَعَ (س) کَتْعًا: سکڑنا۔ لجا ہونا...... فِی العَمَلِ: مستعد ہونا۔ کوشش کرنا۔

کَتَعَ (ف) کَتْعًا بِہٖ: لے جانا...... کُتُوْعًا فِی الاَرْضِ: دُور ہونا اور بھاگنا۔

کَتَّعَ اللَحْمَ: گوشت کے ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

کَاتَعَہُ اللّٰہُ: تباہ و برباد کرنا۔

تَکَاتَعَ الرَجُلَانِ: ایک دوسرے کا پیچھا کرنا۔

الکُتَع ج کِتْعَان والکَتِیْع: لئیم و ذلیل۔

الکُتَع: مرد ہلکا پھلکا۔ چست۔ لجا۔ راستہ کا واقف۔ لومڑی کا بچہ۔ بھیڑیا۔ الکَتِیْع: اکیلا منفرد۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَارِ کَتِیْعٌ او کُتَاعٌ" یعنی گھر میں ایک بھی نہیں۔ حَوْلٌ کَتِیْعٌ: پورا سال۔

الکُتْعَۃ ج کِتَاع والکُتَعَہ ج [illegible] والکِتْعَہ ج کِتَع: ڈوچی۔

کُتَعُ۔ کَتْعَاء: کی جمع ہے مؤنث کی تاکید میں مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "[illegible]"

الدَّار جَمْعَاء كَتْعَاء" میں نے اس سارے گھر کو خرید لیا۔ "رَأَيْتُ اَخْوَتَكَ جُمَعَ كُتَعَ" میں نے تیری ساری بہنوں کو دیکھا اور کُتَعَ: وصف اور عدل کی بنا پر غیر منصرف ہے اور کُتَعَ: کو جُمَعَ: پر مقدم نہیں کرتے اور بغیر جُمَعَ: کے استعمال بھی نہیں کرتے۔ اس لئے کہ یہ اس کے توابع میں سے ہے۔

الاَكْتَع: لنجا۔ جس کی انگلیاں ہتھیلی کی طرف مڑی ہوئی ہوں۔ لفظ اَجْمَعُ: کے توابع میں سے ہے اور بغیر اَجْمَعُ: کے استعمال نہیں کیا جاتا۔ کہا جاتا ہے "رَأَيْتُهُمْ اَجْمَعِيْنَ اَكْتَعِيْنَ" یعنی سب کو دیکھا۔ مؤنث كَتْعَاء.

الكَتْعَاء: باندی۔ لونڈی۔ تاکید مؤنث کے لئے جَمْعَاء کا تابع ہے۔ کہا جاتا ہے "اِشْتَرَيْتُ الدَّارَ جَمْعَاء كَتْعَاء" میں نے سارا مکان خرید لیا۔

رَأْیٌ مُكْتَع: قوی رائے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ مُكْتِعًا ومُكْوَتِعًا" یعنی تیز رفتاری سے آیا۔

كَتَفَ (ض) كَتْفًا وكَتِيفًا: آہستہ چلنا یا کندھا ہلاتے ہوئے چلنا۔ کجاوہ کے دونوں کناروں کو ایک دوسرے کے ساتھ باندھنا۔

......فِی الاَمْرِ: نرمی برتنا (...... كَتْفًا وكِتَافًا) الرَّجُلَ: مشکیں کسنا: کندھے کے پیچھے ہاتھوں کو باندھنا۔ شانہ پر مارنا ...... السَّرْجُ الدَّابَةَ: زین کا کندھے کو زخمی کرنا ......الاِنَاءَ: برتن کو لوہے وغیرہ کے پترے سے جوڑنا ......الاَمْرُ: ناپسند کرنا (...... كَتْفًا وكَتَفَانًا) الطَّائِرُ: پرندہ کا بازوؤں کو پیچھے کی جانب ملا کر اڑنا۔

كَتِفَ (س) كَتَفًا: چوڑے یا بڑے کندھوں والا ہونا۔ درد مند مونڈھے والا ہونا۔

كَتِفَ الرَّجُلَ: آہستہ چلنا۔

كَتَّفَ الرَّجُلَ: مشکیں کسنا۔ مونڈھوں کے پیچھے ہاتھوں کو باندھنا ......الاِنَاءَ: برتن لوہے وغیرہ کے پترے سے جوڑنا ......اللَّحْمَ ونَحْوَهُ: گوشت کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹنا ......الفَرَسُ: گھوڑے کا چلنے میں مونڈھوں کو ہلانا۔

تَكَتَّفَ: سینے پر ہاتھ باندھنا۔ تَكَتَّفَتِ الخَيْلُ: گھوڑوں کا چلنے میں کندھوں کو اٹھانا۔

الكَتْفُ والكِتْفُ والكَتِفُ: شانہ۔ کندھا مؤنث۔ ج كِتَفَة واَكْتَاف اور عرب کے امثال میں سے ہے "اِنَّهُ لَيَعْلَمُ مِنْ اَيْنَ تُؤْكَلُ الكَتِفُ" اس چالاک شخص کے حق میں بولتے ہیں جو امور کے گھات پیچ سے خوب واقف ہو۔

الكَتَفُ: مص درد شانہ کی وجہ سے جانوروں کی لنگڑاہٹ۔ شانہ کی کوتاہی۔

الكُتَاف: درد شانہ۔

الكِتَاف: مشکیں کسنے کی رسی۔ ج اَكْتِفَة وكُتُف وكُتْف.

الكَاتِف: فا۔ ناپسند کرنے والا۔

الاَكْتَفُ مِنَ الخَيْلِ والجِمَال: درد شانہ والا۔ مؤنث كَتْفَاء ج كُتْف. الاَكْتَفُ مِنَ الرِّجَالِ: مرد جس کے شانہ میں درد ہو۔ مِنَ الخَيْلِ: گھوڑا جس کا شانہ کے اوپر کا حصہ چوڑا ہو۔

الكَتِيف: لوہے وغیرہ کا چوڑا پتر۔ چوڑی تلوار۔ ج كُتُف.

الكَتِيفَة: دروازے کی بلی۔ دروازے کی چٹخنی۔ جماعت۔ کینہ۔ ج كَتَائِف.

الكُتْفَان والكِتْفَان: ٹڈی جو پہلی مرتبہ اڑے۔ واحد كِتْفَانَة.

المِكْتَاف: جانور جس کا شانہ زین سے زخمی ہو گیا ہو۔

كَتْكَتَ الرَّجُلُ: بغیر قہقہہ کے ہنسنا۔ (...... وتَكَتْكَتَ) آہستہ چلنا۔ چھوٹے چھوٹے قدم سے دوڑنا۔

الكَتْكَات: جلدی جلدی بولنے والا۔

كَتَلَهُ (ن) كَتْلًا: قید کرنا۔ باز رکھنا۔

كَتِلَ (س) كَتَلًا: چمٹنا۔ صفت كَتِل ...... [illegible]

آلود ہونا۔

كَتَلَهُ اللهُ: تباہ و برباد کرنا۔ ملعون کرنا۔

كَتَّلَ الشَّیْءَ: جمع کرنا اور گول بنانا۔

تَكَتَّلَ القَصِيرُ: پستہ قد کا چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا ......الشَّیْءُ: جمع ہونا۔ تہ بتہ ہونا اور گول ہونا۔

اِنْكَتَلَ: گزرنا۔ جانا۔

الكُتْلَة مِنَ الطِّيْنِ ونَحْوِهِ: مٹی وغیرہ کا جمع شدہ ٹکڑا۔ گوشت کا ٹکڑا۔ کھجوروں کا گچھا ج كُتَل.

الكَتَال: نفس۔ حاجت جس کو تم پورا کرو۔ مشقت۔ تنگ زندگی۔ درست کیا ہوا لباس یا کھانا۔ گوشت۔ قوت (...... والكَتَل) موٹاپا اور کہا جاتا ہے "اَلْقَى عَلَيْهِ كَتَالَهُ" اس نے اس پر اپنا بوجھ ڈالا۔

اَلْكَتْلِيَة: شمالی امریکہ میں ایک خوبصورت درخت جس کے پتے چوڑے اور پھول بڑے اور سفید ہوتے ہیں۔

الكَتِيلَة: درخت خرما جس پر ہاتھ نہ پہنچ سکے۔ ج كتائل.

الاَكْتَل: سخت مصیبت۔

المِكْتَل والمِكْتَلَة: کھجور کے پتوں کا بنا ہوا ٹوکرا جس میں پندرہ صاع آ سکے۔ ج مَكَاتِل المِكْتَل: زمانہ کے مصائب میں سے ایک مصیبت۔

الكَاثُولِيك: رومن کیتھولک۔ عیسائیوں کا ایک فرقہ۔ کاتولکی ج كَاثُولِيكِيُّون (دخیل)

كَتَمَ (ن) كَتْمًا وكِتْمَانًا وكَتَّمَ واكْتَتَمَ الشَّیْءَ: پوشیدہ کرنا۔ چھپانا۔ اور کبھی كتم کا تعدیہ دو مفعول کی طرف ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے كَتَمْتُ زَيْدًا الحَدِيثَ (میں نے زید سے بات چھپائی) اور مفعول اول میں مِن کی زیادتی بھی ہوتی ہے اور کہا جاتا ہے "كَتَمْتُ مِنْ زَيْدٍ الحَدِيثَ كَتَّمَ الشَّیْءَ" چھپانے میں مبالغہ کرنا۔ واكْتَتَمَ الشَّیْءَ:

کَتَمَ (ن) کُتُومًا و کِتمَانًا الاِنَاءَ: بہنے سے روکے رکھنا۔
کَاتَمَہٗ مُکَاتَمَۃً السِرَّ: چھپانا۔ کہا جاتا ہے کَاتَمَہٗ العَدَاوَۃَ: یعنی دشمنی کو چھپایا۔
تَکَاتَمَ الرَجُلَانِ الحَدِیثَ: ایک دوسرے سے پوشیدہ رکھنا۔
اِنکَتَمَ: چھپنا۔
اِستَکتَمَ السِرَّ فُلَانًا: بھید چھپانے کو کہنا۔
الکِتمَۃ: پوشیدگی۔
الکَتَم والکِتمَان: وسمہ جس سے خضاب بناتے ہیں اور اس کی جڑ کو جوش دے کر روشنائی تیار کرتے ہیں۔
الکَاتِم: فا۔ کہا جاتا ہے سِرٌّ کَاتِمٌ بمعنی مَکتُومٌ: یعنی چھپا ہوا بھید وقَوسٌ کَاتِمٌ: کمان ثابت و درست جس میں پھٹن وغیرہ نہ ہو۔
الکَتمَۃ: کتم کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "مَا رَاجَعتُہٗ کَتمَۃً" میں نے اس سے ایک کلمہ جواب میں نہیں کہا۔
الکُتَمَۃ والکُتَّام والکَتَّامَۃ: بھید کو بہت چھپانے والا۔
الکَتُوم: بھید کو چھپانے والا (...... والکَتِیم) مِنَ القِسِیِّ: ثابت و درست کمان۔ یا وہ کمان جس سے آواز نہ نکلے۔ خَرزٌ کَتِیمٌ: درز جو کشادہ نہ ہو اور پانی نہ ٹپکے۔
الاَکتَم: بڑے پیٹ والا۔ شکم سیر۔
المُکتَتِم: فا۔ سَحَابٌ مُکتَتِمٌ: بادل جس میں گرج نہ ہو۔
کَتِنَ (س) کَتَنًا. الوَسَخُ عَلَی الشَیءِ: میل کا چسپاں ہونا...... الشَیءُ: میل کچیل لگنا...... دھوئیں سے سیاہ ہونا...... النَخلَۃُ: درخت خرما کی جڑوں پر مٹی چڑھ جانا...... فُلَانٌ: سیاہ لب ہونا۔
کَتَّنَ واَکتَنَ الشَیءَ: چپکانا۔
تَکَتَّنَتِ المَرأَۃُ: برقع دستانے اور موزے پہننا۔
الکَتَن: ہونٹ کی سیاہی۔ دیوار کی دھوئیں کی وجہ سے سیاہی۔ میل کچیل۔ چمڑی پیدگی۔ کھجور کی جڑ کی مٹی۔
الکَتَن والکِتَن: پیالہ۔ سِقَاءٌ کَتِنٌ: میلی کچلی مشک۔
الکَتَّان: السی کا پودہ۔ الکَتَّان: سبز کائی۔ کہا جاتا ہے "لَبِسَ المَاءُ کَتَّانَہٗ" یعنی پانی کائی والا ہو گیا۔
الکَتَانِیَات: ایک فصل جو کہ السی کے ساتھ مشابہت رکھتی ہے اس کی ایک قسم بڑے پھولوں والی زرد رنگ سٹے کی طرح اکٹھے۔ زیب و زینت کے لئے لگایا جاتا ہے۔
الکُتُونَۃ: کاہن کی قمیص جس کو ڈیوٹی کے وقت کپڑوں کے نیچے پہنتا ہے۔ (دخیل)
الکُتَّان: کھٹل۔
کَتَا یَکتُو کَتوًا: چلنے میں قریب قریب قدم رکھنا۔
اَکتَی اِکتَاءً ا: دشمن پر غالب آنا۔
اِکتَوتَی اِکتِیتَاءً ا: غصہ سے بھر جانا۔ بغیر عمل کے اپنی آپ تعریف کرنا۔
کَثَّ (ض) کَثَاثَۃً و کُثُوثَۃً و کَثًّ (س) کَثَثًا: گاڑھا ہونا...... الشَعرُ: بالوں کا گھنا ہونا...... اللِحیَۃُ: داڑھی گھنی اور گھنگریالی ہونا...... بِسَلحِہ: پاخانہ کرنا۔
اَکَثَّ الرَجُلُ: گھنی داڑھی والا ہونا۔
صفت کَثٌّ. ج کِثَاث واَکَثُّ مؤنث کَثَّاء. ج کُثٌّ.
الکَثُّ والکَثِیث: گھنی۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ کَثُّ اللِحیَۃِ و کَثِیثُھَا" وہ گھنی داڑھی والا ہے۔ "وامرَاَۃٌ کَثَّۃٌ و کَثَّاء" گھنے بال والی عورت۔ الکَثُّ: میلا کچیلا۔
الکَثِیث: سن وغیرہ کا باریک دھاگا جو بکھر جائے۔
الکَاث: کٹی ہوئی کھیتی کے دانوں سے جو دوبارہ اُگ آئے۔
کَثَأَ (ف) کَثأً و کَثأً تَکثِیئَۃً اللَبَنُ ونَحوُہٗ: دودھ کا پانی کے اوپر اور پانی کا نیچے آنا...... القِدرُ: ہانڈی کا جھاگ .... اللِحیَۃُ: داڑھی لمبی اور گھنی ہونا...... الزَرعُ: کھیتی کا سخت اور گنجان ہونا...... القِدرَ: ہانڈی سے جھاگ علیحدہ کرنا...... الرَجُلُ: بالائی کھانا ...... اَوبَارُ الاِبِلِ: اونٹ کے بال کا نکلنا۔
اَکثَأَتِ اللِحیَۃُ: داڑھی گھنی اور لمبی ہونا۔
الکَثأَۃ والکُثأَۃ مِنَ اللَبَنِ: بالائی۔ ...... مِنَ المَاءِ: پانی کی سطح پر جو آ جائے۔ کہا جاتا ہے "خُذ کُثأَۃَ قِدرِکَ" اپنی ہانڈی کے جھاگ علیحدہ کرو۔
...... الصَیدُ فُلَانًا: شکار کا قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "کَثَبَکَ الصَیدُ فَارمِہٖ" شکار تمہارے قریب آ چکا ہے تیر چلاؤ۔ جَاءَ یَکثُبُہٗ: وہ اس کے پیچھے پیچھے آیا۔ کَثَبَ لَبَنُ النَاقَۃِ: اونٹنی کا دودھ کم ہوا۔
کَثُبَ الشَیءُ: کم ہونا۔
کَاثَبَ القَومَ: قوم سے قریب ہونا۔
اَکثَبَ الرَجُلَ والَیہِ ومِنہُ ولَہٗ: قریب ہونا۔
فُلَانًا: تھوڑا دودھ یا پانی پلانا۔
اِنکَثَبَ الرَملُ: ریت کا ڈھیر ہونا۔
الکَثَب: قرب۔ کہا جاتا ہے "رَمَاہُ مِن کَثَبٍ او عَن کَثَبٍ" یعنی اس نے اس کو نزدیک سے مارا۔
الکُثبَۃ: تھوڑا پانی یا دودھ۔ ہر تھوڑی اکٹھی چیز۔ پہاڑوں کے درمیان کی پست زمین۔ ج کُثَب.
الکَاثِبَۃ: کَاثِب کا مؤنث ...... مِنَ الفَرَسِ: گھوڑے کی پیٹھ کا بالائی حصہ۔ ج کَوَاثِب.
الکُثَّاب: بہت۔
الکُثَّاب والکُثَّاب: بے پیکان و بے پر کا تیر۔
الکَثِیب: ریت کا ٹیلہ۔ ج کُثُب و کُثبَان واَکثِبَۃ.
الکَثبَاء: مٹی۔
کَثَجَ (ض) کَثجًا. مِنَ الطَعَامِ: بقدر کفایت کھانا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ غلہ بہت لے جانا۔

كَثَحَ (ف) كَثْحًا الشَّيْءَ: جمع كرنا۔ بکھیرنا۔ كَثَحَتِ الرِّيحُ التُّرَابَ عَلَيْهِ: غبار ڈالنا۔ كَثَحَ مِنَ الْخَلِّ: خواہش کے موافق لینا (...... وكُثِحَ) عَنْ كَذَا: ننگا کرنا۔ کہا جاتا ہے "كَثَحَتْهُ الرِّيحُ" یعنی اس کو ہوا نے ننگا کر دیا۔

تَكَاثَحَ الْقَوْمُ بِالسُّيُوفِ: تلوار بازی کرنا۔

تَكَثَّحَ بِالْحَصَى: بتکلف کنکریوں سے مارنا۔

الْكُثْحَةُ مِنَ النَّاسِ: چھوٹی سی جماعت۔

رَجُلٌ كُثْحُمُ اللِّحْيَةِ: گھنی اور چھوٹی اور گھنگریالی داڑھی والا مرد۔ كُثْحُمَةٌ مِنْ دَرِينٍ: خشک چارے کا چورہ۔ لِحْيَةٌ كُثْحُمَةٌ: گھنی چھوٹی اور گھنگریالی داڑھی۔

كَثُرَ (ك) كَثْرَةً وكَثَارَةً: بہت ہونا۔ صفت كَثْرٌ وكَثِيرٌ وكُثَارٌ وكَاثِرٌ وكَيِّثٌ۔

كَثَرَ (ن) كَثْرًا الرَّجُلَ: کثرت میں غالب ہونا۔

كَثَّرَهُ: زیادہ کرنا۔

أَكْثَرَ الرَّجُلُ: بہت مالدار ہونا۔ بہت لانا۔ ...... الشَّيْءَ: بہت کرنا۔ بہت شمار کرنا۔ بہت پانا۔ ...... النَّخْلُ: درخت خرما کا شگوفہ دار ہونا۔ کہا جاتا ہے "أَكْثَرَ اللّٰهُ فِينَا مِثْلَكَ" اللہ تعالیٰ تمہارے جیسے کو ہمارے اندر زیادہ کرے۔

كَاثَرَهُ: کثرت میں غالب آنا۔ کثرتِ مال یا کثرتِ عدد پر فخر کرنا۔ كَاثَرَ الْمَاءَ: پینے کے لئے پانی زیادہ چاہنا۔

تَكَثَّرَ بِمَالِ غَيْرِهِ: دوسرے کے مال سے غنی ہونا ...... مِنَ الشَّيْءِ: بہت لے لینا ...... بِالْكَلَامِ: بہت گفتگو کرنا ...... فُلَانٌ: کثرت کا دکھلاوا کرنا۔

تَكَاثَرَ الْقَوْمُ: کثیر ہونا۔ کثرت میں ایک دوسرے پر غلبہ کرنا ...... الشَّيْءَ: بہت سمجھنا۔

اِسْتَكْثَرَ الشَّيْءَ: بہت سمجھنا یا بہت شمار کرنا ...... مِنَ الشَّيْءِ: بہت کرنا۔ بہت کی رغبت کرنا۔

الْكِثْرُ والْكُثْرُ: بہت۔ كُثْرُ الشَّيْءِ: چیز کی بہتات۔ کہا جاتا ہے "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلَى الْقُلِّ وَالْكُثْرِ" قلت و کثرت پر اللہ ہی کا شکر ہے۔

الْكُثْرَةُ: بہتات۔ زیادتی۔

الْكِثْرَةُ: کثرت بفتح کاف میں ایک لغت ردیہ ہے۔ مگر بعضوں نے کہا ہے کہ اگر لفظ قلت کے ساتھ مستعمل ہو تو صحیح ہے جیسا کہ کہا جائے الْقِلَّةُ والْكِثْرَةُ۔

الْكُثْرَى مِنَ النَّبِيذِ وَنَحْوِهِ: نبیذ وغیرہ کی زیادتی۔

الْكَثِيرُ: بہت۔ کہا جاتا ہے رِجَالٌ كَثِيرٌ وكَثِيرَةٌ وكَثِيرُونَ. ونِسَاءٌ كَثِيرٌ وكَثِيرَةٌ وكَثِيرَاتٌ: اور کہا جاتا ہے "كَثِيرًا مَا يَعْمَلُونَ كَذَا (بہت سے اس طرح نہیں کرتے) ظرفیت کی بنا پر منصوب ہے اس لئے کہ احیان کی صفت ہے اور ما تاکید کے لئے ہے اور بعضوں نے مفعول مطلق ہونے کی وجہ سے منصوب کہا ہے اور ما کو مبالغہ فی الکثرت کے لئے مانتے ہیں۔

الْكُثَارُ: بہت (...... والْكِثَارُ) جماعتیں۔ کہا جاتا ہے "فِي الدَّارِ كُثَارٌ أَوْ كِثَارٌ مِنَ النَّاسِ" یعنی گھر میں لوگوں کی جماعتیں ہیں اور صرف جانداروں ہی کے لئے مستعمل ہیں۔

الْكَوْثَرُ: بہت فیاض مرد۔

الْمُكْثِرُ: مالدار۔

الْمِكْثَارُ والْمِكْثِيرُ: بہت بولنے والا (مذکر ومؤنث)

الْمَكْثُورُ: مغلوب۔ وہ شخص جس پر بہت سے آدمی اکٹھے ہو جائیں اور دبالیں۔ وہ شخص جس کا سرمایہ ختم ہو جائے اور لوگوں کے حقوق و مطالبات بہت زیادہ ہو جائیں۔

كَثَعَ (ف) كَثْعًا اللَّبَنُ: دودھ کا گاڑھا اور بالائی والا ہونا۔

كَثْعَثَ (ف) كُثُوعًا الْغَنَمُ: بکری کا نرم پیٹ والی ہونا۔ پیٹ چلنے والی ہونا۔

كَثَعَتْ (ف) كَثْعًا وكُثُوعًا وكَثِعَتْ (س) كَثَعًا الشَّفَةُ: ہونٹ کا بہت خون والا ہونا یہاں تک کہ اُلٹنے کے قریب ہو جائے۔ ایسے ہونٹ کو كَاثِعَةٌ: اور ایسے ہونٹ والے کو أَكْثَعُ: کہتے ہیں۔

كَثَّعَ اللَّبَنُ أَوِ الْغَنَمُ: بمعنی كَثَعَ۔ كَثَّعَتِ الْأَرْضُ: روئیدگی کا ظاہر ہونا ...... الْقِدْرُ: ہانڈی کا جھاگ پھینکنا ...... الْجُرْحُ: زخم کا اوپر کا حصہ اچھا ہونا ...... لِحْيَةُ فُلَانٍ: داڑھی لمبی اور گھنی ہونا۔

فُلَانٌ السِّقَاءَ: مشکیزہ کی اوپر کی چکناہٹ کو کھانا۔

الْكُثْعَةُ والْكُثَعَةُ: بالائی۔ ہانڈی کی جھاگ۔ الْكُثْعَةُ: اوپر کے ہونٹ کے درمیان کا گڑھا۔

الْكُثْعَةُ: گارا۔ کیچڑ۔

الْمُكَثِّعُ: فَا۔ اِمْرَأَةٌ مُكَثِّعَةٌ: ہونٹوں یا مسوڑوں میں بہت خون والی عورت۔

الْكُثْعُمُ: چیتا اور بقول بعض تیندوا۔

كَثُفَ (ف) كَثَافَةً وتَكَاثُفًا: موٹا ہونا۔ بہت ہونا۔ گنجان ہونا۔ صفت كَثِيفٌ۔

كَثَّفَهُ: موٹا کرنا۔

أَكْثَفَ مِنْهُ: قریب ہونا۔ قدرت دینا۔

اِسْتَكْثَفَ الشَّيْءُ: گاڑھا ہونا ...... الشَّيْءَ: گاڑھا پانا۔ گاڑھا شمار کرنا ...... الْأَمْرُ: بلند ہونا۔

الْمُكَثِّفُ: بیڑی جو کہ ساکن بجلی کے ساتھ چارج ہوتی ہے ریڈیو اور ٹیلیفون وغیرہ کے آلات کے لئے ہے۔

الْكَثْفُ: جماعت۔

الْكَثِيفُ: گاڑھا۔ موٹا۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ كَثِيفٌ: یعنی سخت اور بدحالی کی زندگی بسر کرنے والا مرد (...... والْكِثَافُ) بہت

كَثَلَ (ن) كَثْلًا الشَّيْءَ: جمع کرنا۔

الْكُثْلُ: گروہ۔ گیہوں کا انبار۔

الْكَوْثَلُ والْكَوْثَلُ: دنبالہ کشتی۔

الكَاثُولِيكِ: دیکھیے کَاثُولِیک.
كَثَمَ (ض) كَثمًا الشئَ: جمع کرنا......الاثرَ: تابعداری کرنا۔ پیروی کرنا......الشئَ: منہ میں رکھ کر توڑنا......ہٗ عَنِ الامرِ: باز رکھنا۔
كَثِمَ (س) كَثَمًا: شکم سیر ہونا۔ بڑے پیٹ والا ہونا۔ صفت اَكْثَم.
كَاثَمَهٗ: قریب آنا۔ میل ملاپ کرنا۔
اَكْثَمَ القِربَةَ: مشک بھرنا......فِي بَيْتِهِ: روپوش ہونا۔ اَكْثَمَهُ الصَّيْدُ: شکار کا قریب ہونا اور موقعہ دینا۔
تَكَثَّمَ: حیران ہونا۔ توقف کرنا۔ چھپنا۔
اِنْكَثَمَ: غمگین ہونا......عَنْ وَجْهِ كَذَا: پھر جانا۔
الكَثِمُ والكَاثِمُ مِنَ الطِّينِ ونحوه: گاڑھا کیچڑ وغیرہ۔
كَثَمُ الطَّرِيقِ: راستہ کا ظاہری حصہ۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ عَنْ كَثَمٍ" اس نے اس پر نزدیک سے تیر مارا۔
الاَكْثَمُ: کشادہ راستہ۔ "وَطْبٌ اَكْثَمُ" بھرا ہوا دودھ کا برتن۔
الكُثْنَةُ: گلدستہ۔ پھولوں کی ٹوکری۔
الكُحُّ: خالص۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَرَبِيٌّ كُحٌّ" وہ خالص عربی ہے۔
كَحَبَ الكَرْمُ: کچا انگور ظاہر ہونا۔
الكَحَبُ: کچا انگور واحد۔ كَحَبَةٌ:......ؤبر۔
الكَاحِبُ: بہت۔ کہا جاتا ہے "عِنْدَهُ دَرَاهِمُ كَاحِبَةٌ" اس کے پاس بہت دراہم ہیں۔ الكاحِبَة: آگ کا شعلہ بلند ہو۔
كَحَثَ (ف) كَحْثًا لَهُ مِنَ المَالِ: دونوں ہاتھوں میں بھر کر مال دینا۔
كَحَصَ (ف) كُحُوصًا الاَثَرُ: نشان مٹنا۔
الظَّلِيمُ: شتر مرغ کا زمین میں اس طرح جانا کہ دکھلائی نہ دے......الرَّجُلُ: پشت دے کر بھاگنا......كَحْصًا) البِلَى فُلانًا: مٹانا۔ محو کرنا۔
بِـرِجْلِهِ: پاؤں سے کریدنا......الاَرضَ: زمین سے غبار اڑانا......الشئَ: كَحْصًا وكَحَصَ) الاَثَرَ: نشان مٹانا۔
الكَاحِصُ: فا۔ پیر سے کریدنے والا۔ مؤنث ج كَاحِصَةٌ. كَوَاحِصُ. اَطْلالٌ كَوَاحِصُ: مکان کے مٹے ہوئے نشانات۔
كَحَطَ (ف) كَحْطًا العَامُ: خشک سالی ہونا۔ صفت كَاحِطٌ.
الكُحُوفُ: جسم کے اعضاء۔
كَحْكَحَ: عاجز کرنا۔
كَحَلَ (ف ن) كَحْلًا وكَحَّلَ العَيْنَ: آنکھ میں سرمہ لگانا......فُلانًا: دوسرے کی آنکھ میں سرمہ لگانا۔ صفت كَاحِلٌ وكَحَّالٌ اور کہا جاتا ہے كَحَلَ السُّهَادُ عَيْنَهُ: کنایہ ہے بے خوابی سے۔
كَحَلَ (ف) كَحْلًا واَكْحَلَ العَامُ: سخت خشک سالی ہونا۔ كَحَلَتِ السِّنُونُ القَوْمَ: قحط لاحق ہونا۔
كَحَلَ واَكْحَلَ وتَكَحَّلَ واكْتَحَلَ واكْحَالَّ المكانُ بِالخَضْرَةِ: ابتدائی سبزی والا ہونا۔
كَحِلَتْ (س) كَحَلًا واكْحَالَّتِ العَيْنُ: آنکھ کا سرگیں ہونا۔ وكَحِلَ الرَّجُلُ: سرگیں آنکھ والا ہونا۔
تَكَحَّلَ واِكْتَحَلَ: آنکھوں میں سرمہ لگانا۔
اِكْتَحَلَ فُلانٌ: نرمی کے بعد سختی میں پڑنا۔
اِكْتَحَلَ السُّهَادَ: بیدار رہنا اور نیند کا اچٹ جانا......وَجْهُهُ بِالهَمِّ: چہرہ پر غم کا اثر ظاہر ہونا اور کہا جاتا ہے "مَا اكْتَحَلَتْ عَيْنِي بِكَ" یعنی میں نے تم کو نہیں دیکھا۔
الكَحْلُ: مص۔ سخت قحط کا سال (کلمہ غیر منصرف ہے)
كَحْلُ وكُحَلُ وكَحْلَةُ: تینوں کلمات غیر منصرف ہیں۔ آسمان کے اسماء ہیں۔ کہا جاتا ہے "صَرَّحَتْ كُحَلُ" جبکہ بالکل بادل نہ ہو۔
الكُحْلُ: سنگ سرمہ۔ سرمہ۔ مال کثیر۔
الكَحَلُ: خلقتًا آنکھوں کا سرگیں ہونا۔ والمَكْحُولُ
والكَحِيلُ: سرمہ لگی ہوئی آنکھ اور کحیل بعض مرتبہ نظر بد۔
عَيْنٌ كَحِيلٌ وكَحِيلَةٌ وكَحِيلَةٌ: سرگیں آنکھ ج كَحْلَى وكَحَائِل.
اَعْيُن كَحْلاءُ: سرگیں آنکھیں۔
الكُحَيْلُ: نفط۔ قطران۔
الاَكْحَلُ: مرد سرمہ لگا ہوا۔ بازو کی ایک رگ کا نام۔
الكَحْلاءُ. الاَكْحَل کا مؤنث۔ وہ عورت جس کی آنکھیں بہت سیاہ ہوں۔ سفید جسم اور سیاہ آنکھوں والا مینڈھا۔ ج كُحْل.
الكَحْلاءُ والكُحَيْلاءُ: گاؤزبان۔
الكُحْلِي: سرمہ بنانے والا۔
المِكْحَلُ والمِكْحَالُ: سرمہ کی سلائی۔
المُكْحُلَةُ: سرمہ دانی۔
اَلْمُكْحُلَةُ: پھول کی ایک قسم جس کا رنگ نیلا اور عمدہ خوشبو ہوتی ہے۔ لبنان اور بالبک میں پیدا ہوتا ہے۔
الكَحْمَةُ: آنکھ۔
كَحَى يَكْحِي كَحْيًا الشئُ: خراب ہونا۔ تباہ ہونا۔
كَخَّ (ض) كَخًّا وكَخِيخًا فِي نَوْمِهِ: خراٹے لینا۔
كَخَمَهٗ (ف) كَخْمًا: ہٹانا۔ دفع کرنا۔
الكَيْخَمُ: بڑا۔
كَدَّ (ن) كَدًّا: کام میں محنت کرنا۔ روزی طلب کرنا۔ انگلی سے اشارہ کرنا۔ مانگنے میں اصرار کرنا......الرَّجُلَ: تھکانا......الرَّاسَ: سر میں کنگھی کرنا یا خوب کھجلانا......الشئَ: ہاتھ سے چھین لینا۔
كَدَّدَهٗ: سختی سے ہٹانا۔
تَكَدَّدَ: مشقت برداشت کرنا۔
اَكَدَّ واِكْتَدَّ: کنجوسی کرنا۔ بخل کرنا۔ واِكْتَدَّ الشئَ: ہاتھ سے چھین لینا۔
اِكْتَدَّهٗ واسْتَكَدَّهٗ: کام میں محنت کرانا۔
الكَدُّ: مص۔ جس میں کوئی چیز کوٹی جائے جیسے ہاون۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ هٰذَا مِنْ

كَدَكَ وَلَا كَدِيك ـ تجھے تھکان محنت و کوشش سے حاصل نہیں ہوئی۔

الكِدْيَة والكِدْيَد : سخت زمین۔ الكِدْيَد : موٹا موٹا پیا ہوا نمک۔ زمین۔ شکم فراخ۔

الكُدَادَة والكُدَّادَة والكُدْدَة : ہانڈی کا باقی ماندہ کھانا۔ ہانڈی کی کھرچن۔

كُدَادَة السَّمْن : گھی کا تلچھٹ۔ كُدَادَة الكَلَا : تھوڑی گھاس۔

الكَنُود : بہت محنتی۔ بخیل۔ بِئْر كَنُود : کنواں جس کا پانی مشکل سے نکالا جائے۔

الأُكْدَة : چری ہوئی چراگاہ کا بقیہ۔

قَوْمٌ أَكْدَاد و أَكَادِيد : شکست خوردہ قوم (ان کے لئے واحد نہیں) اور کہا جاتا ہے "رَأَيْتُهُمْ أَكْدَادًا و أَكَادِيد" میں نے ان کو گروہوں میں دیکھا "و إِبِلٌ أَكْدَاد" تیز چلنے والا اونٹ۔

المِكَدّ : کنگھی۔

المَكْدُود : مغلوب۔ أَرْضٌ مَكْدُودَة : کھروں سے روندی ہوئی زمین۔

كَدَأ و كَدِئَ (ف س) كَدْءًا و كُدُوءًا النَّبْتُ : نباتات کا سردی کی وجہ سے مرجھانا یا پانی نہ پہنچنے کی وجہ سے نہ بڑھنا۔

كَدِئَ (س) كَدَأَ الغُرَابُ : کوے کا قے کرنے جیسی آواز نکالنا...... البَقْلُ : چھوٹا ہونا اور تباہ ہونا...... الإِبِلُ : اونٹ کا کم بال والا ہونا۔

كَدَأ و كَدَّأ البَرْدُ النَّبَاتَ : زمین پر بٹھا دینا اور اُگنے نہ دینا۔

أَرْضٌ كَادِئَة : دیر سے اُگنے والی یا اُگانے والی زمین۔ إِبِلٌ كَاوِئَةُ الأَوْبَار : کم بال والے اونٹ۔

الكَدْب والكُدْب والكَدَب والكَدِب : جوانوں کے ناخن کی سپیدی واحد كَدْبَة۔ دَمٌ كَدِبٌ : تازہ خون۔

كَدَجَ (س) كَدْجًا الرَّجُلُ : بقدرِ کفایت پینا۔

كَدَحَ (ف) كَدْحًا فِي العَمَلِ : محنت کرنا۔ سعی اٹھانا۔ كَدَحَ لِعِيَالِهِ : کمائی کرنا۔ رَأْسَهُ بِالمُشْطِ : کنگھی سے سر کے بالوں کو علیحدہ علیحدہ کرنا (...... و كَدَّحَ) الوَجْهَ : چہرہ پر خراش لگانا۔ چہرہ کو نوچنا۔

إِكْتَدَحَ لِعِيَالِهِ : کوشش کرنا۔ کمائی کرنا۔

تَكَدَّحَ الجِلْدُ : خراش لگنا۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ مِنَ السَّطْحِ فَتَكَدَّحَ" چھت سے گر پڑا اسے خراش لگ گئی۔

الكَدْحُ : مص۔ خراش۔ ج كُدُوح۔

كَدَرَ (ن) و كَدُرَ (ك) و كَدِرَ (س) كَدَرًا و كَدَارَة و كُدُورًا و كُدُورَة و كُدْرَة : تیرہ گوں ہونا۔ مٹیالا ہونا۔ گدلا ہونا۔ کہا جاتا ہے "كَدِرَ عَلَى فُلَانٍ" غضبناک ہوا۔ كَدِرَ العَيْشُ : زندگی تلخ ہوئی۔

كَدَّرَ الشَّيْءَ : تیرہ گوں کرنا کہا جاتا ہے "كَدَّرَ عَيْشَ فُلَانٍ" فلاں کی زندگی تلخ کر دی۔

تَكَدَّرَ و اِكْدَرَّ الشَّيْءُ : تیرہ گوں ہونا۔

اِنْكَدَرَ فِي السَّيْرِ : تیز دوڑنا...... عَلَيْهِ القَوْمُ : قوم کا کسی پر ٹوٹ پڑنا۔ اِنْكَدَرَتِ النُّجُومُ : بکھر جانا۔

الكُدْرَة : مص...... مِنَ الأَلْوَانِ : مٹیالا۔

الكُدْرَة مِنَ الحَوْضِ : کیچڑ یا کائی۔ کٹی ہوئی کھیتی کا ایک مٹھا ج كُدَر (...... والكُدْرِيّ والكُدَرِيّ) پتلا بادل۔

الكَدْر والكَدَر والكَدِير مِنَ العَيْشِ او الأَلْوَان وَغَيْرِ ذَلِكَ : غیر صاف۔ تکلیف دہ۔

الكُدُرّ : موٹا قوی گٹھے بدن کا جوان۔ حِمَارٌ كُدُرّ : موٹا گدھا۔ مؤنث كُدُرَّة : موٹا گدھا۔ مؤنث كُدُرَّة۔

الكُدَارَة : ہانڈی میں گھی کا تلچھٹ۔

الأَكْدَر : مٹیالا۔ مؤنث كَدْرَاء۔ ج كُدْر : سخت سیلاب۔ عَيْشٌ أَكْدَر : تلخ زندگی۔

كَدَسَهُ (ض) كَدْسًا و كُدَاسًا : دفع کرنا۔ ہٹانا۔ كَدَسَ بِهِ الأَرْضَ : پچھاڑنا۔ كَدَسَتِ الدَّابَّةُ : چوپائے کا چھینکنا...... المُثْقَلُ فِي سَيْرِهِ : گرانبار آدمی کا دوڑنا...... الخَيْلُ : گھوڑوں کا چلنے میں ایک دوسرے کے اوپر چڑھنا (...... كَدْسًا) بدفالی لینا (...... و كَدَّسَ) الحَصِيدَ : کٹی ہوئی کھیتی کا ڈھیر ایک دوسرے کے اوپر لگانا۔

تَكَدَّسَ : ڈھیر کا ایک دوسرے کے اوپر ہونا۔ تَكَدَّسَتِ الخَيْلُ : گھوڑوں کا چلنے میں ایک دوسرے پر چڑھنا۔ تَكَدَّسَ الرَّجُلُ : کندھے ہلاتے ہوئے دوڑنا۔ سینہ اُبھار کر چلنا...... الفَرَسُ : گھوڑے کا گرانبار کی مانند چلنا۔

الكُدْسَة والكُدَاس : جانوروں کی چھینک اور کبھی انسان کے لئے استعمال کیا جاتا ہے والكُدَاس مِنَ الثَّلْجِ او الحَصِيدِ و مَا أَشْبَهَهُ : برف یا کٹی ہوئی کھیتی کا ڈھیر اور جو ان کی طرح ہو۔

الكُدْس ج أَكْدَاس والكُدَاس ج كَدَادِيس : کٹی ہوئی کھیتی کا ڈھیر۔ أَكْدَاس الرَّمْلِ : ریت کا تہ بتہ ڈھیر۔

الكُدَاسَة : ایک دوسرے پر جمع کیا ہوا ڈھیر۔

الكَادِس : فا۔ جس سے بدفالی لی جائے۔ ج كَوَادِس۔

المُتَكَادِس : فا۔ مِنَ الشَّجَرِ : گنجان درخت۔

كَدَشَهُ (ض) كَدْشًا : خراش لگانا۔ تلوار یا نیزہ سے مارنا۔ سختی سے ہٹانا۔ کاٹنا۔ ہانکنا۔ ہٹانا۔ كَدَشَ لِعِيَالِهِ : حیلہ کرنا اور محنت مشقت سے کمائی کرنا (...... و اكْتَدَشَ) واكْتَدَشَ) مِنْ فُلَانٍ عَطَاءً : حاصل کرنا واكْتَدَشَ بِخَبَرٍ : تھوڑی سی خبر دینا۔

تَكَدَّشَ الرَّجُلُ : پیچھے سے دھکا دیئے جانے کی وجہ سے گرنا۔

الكَدْش : زخم۔ کہا جاتا ہے "جِلْدٌ كَدِشٌ" خراش زدہ کھال۔

الـــكَدَّاش : بہت کمائی کرنے والا ۔ باصرار مانگنے والا ۔
كَدَعَهُ (ف) كَدْعًا: ہٹانا ۔ دفع کرنا ۔
الكُدْعَة: ذلیل ورُسوا ۔
أَكْدَفَ الفَرَسُ : گھوڑے کی ٹاپ کی آواز سنائی دینا ۔
الكَدَفَة: ٹاپ یا چاپ کی آواز ۔
كَذْكَذَ الرَّجُلُ : زور سے ہنسنا ۔ چلنے میں گرانبار ہونا ۔ حملہ کرنا ۔ كَــذْكَــدَهُ وتَكَذْكَدَهُ: سختی سے ہٹانا ۔
الكَذْكَدَة : مص ۔ سخت چیز پر کسی چیز کے مارنے کی آواز ۔
كَدَمَ (ض ۔ ن) كَدْمًا : اگلے دانتوں سے کاٹنا ...... الصَّيْدَ : شکار کو بھگانا ۔ کہا جاتا ہے "كَدَمَ فِي غَيْرِ مَكْدَمٍ" بے موقع طلب کیا ۔
كَادَمَتِ الدَّابَّةُ الحَشِيشَ : چوپائے کا گھاس پر اچھی طرح سے قادر نہ ہونا ۔
أُكْدِمَ الأَسِيرُ : قیدی کو مضبوط باندھا جانا ۔
تَكَادَمُوا. بِالأَفْوَاهِ : ایک دوسرے کو دانت کاٹنا ۔
الكَدْم: مص ۔ اثر ۔ انسان ۔ ج كُدُوم.
الكَدَم: دانت کاٹنے کا نشان ۔
الكُدَم : دانتوں سے بہت کاٹنے والا ۔ بہت لڑاکا ۔ سبز سر والی کالی ٹڈی ۔ واحد كُدَمَة.
الكَدْمَة. كَدَمَ: کا اسم مرۃ ۔ داغ ' نشان ۔
الكَدَمَة: حرکت ۔
الكَدُوم والكَدَّام: دانت کاٹنے والا ۔
الكُدَام: گھاس کی جڑیں جو پانی پڑنے کے بعد پھر اُگ آئیں ۔ بوڑھا مرد ۔
الكُدَامَة: کھائی ہوئی چیز کا بقیہ ۔ دانت سے کاٹ کر علیحدہ کیا ہوا ۔
الكُدَامَة والكُدَام: کھائی ہوئی چیز کا بقیہ ۔
المَكْدَم: دانت کاٹنے کی جگہ ۔
المُكْدَم. مِنَ الحِبَالِ والأَكْسِيَة : مضبوط بنی ہوئی ۔ قَدَحٌ مُكْدَمٌ: موٹے دِل کا شیشے کا پیالہ ۔ أَسِيرٌ مُكْدَمٌ : رسّی سے بندھا ہوا قیدی ۔

المُكَدَّم: دانت سے کاٹا ہوا ۔ رَجُلٌ مُكَدَّم: جنگ کا زخمی شدہ ۔
كَدَنَ (ن) كَدْنًا. بِالثَّوْبِ: پٹکا باندھنا ۔
الكِدْن والكِدْن : کپڑا جس کو عورت پردہ میں رہتے ہوئے پہنے ۔ پالکی ۔ کجاوہ ۔ جانور کی ٹانگ کی کھال جس کو دباغت دینے کے بعد دوا وغیرہ کوٹنے کے استعمال میں لاتے ہیں ج كُدُون.
كَدَنَ يَكْدُنُ الفَدَّانَ : زراعت کے لئے دو بیل اکٹھے چلانا ۔
الكِدْنَة: کوہان ۔
الكِدْنَة والكُدْنَة : چربی اور گوشت کی کثرت ۔
الكَدَانَة: نااہلی ۔ فرومائیگی ۔
الكَدِن : بہت چربی اور گوشت والا ۔ مؤنث كَدِنَة ج كَدِنَات.
الكَدَن: ٹھیالا ۔
الكَذَّان : نرم پتھر (اور یہ كَذَّان: کی تحریف ہے)
الكَذَّانَة: نرم پتھر کا ٹکڑا ۔
كَدَهَ (ف) كَدْهًا وكَدَّه. الشَّيْءَ: توڑنا ۔ ...... بِالحَجَر : سخت پتھر سے رگڑنا ...... عَلَيْهِ: غالب ہونا ...... ہ الهَمّ : مشقت میں ڈالنا ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَكْدُوهٌ مِنَ الهَمِّ" وہ غم کی وجہ سے غمگین ہے ۔
...... لِأَهْلِهِ: مشقت سے کمائی کرنا ...... شَعْرَهُ بِالمُشْط: بالوں میں کنگھی سے مانگ نکالنا ۔
تَكَدَّهَ: ٹوٹنا ۔
الكَادِه: فا ۔ توڑنے والا ۔ ج كُدَّه.
الكَدْه : مص ۔ خراش ۔ پتھر کی رگڑ کا اثر ۔ ج كُدُوه.
كَدَا يَكْدُو كَدْوًا وكُدُوًّا. الزَّرْعُ : خراب فصل ہونا ...... الأَرْضُ : دیر سے اُگنا (......
كِدَاءً ا) الشَّيْءَ: کاٹنا ۔ منع کرنا ۔
كَدِيَ يَكْدَى كَدًى بِالعَظْمِ : ہڈی کا گلے میں اٹکنا ...... المِسْكُ : بے خوشبو ہونا ۔
[illegible]

انگلیوں کا کھودنے کی وجہ سے تھکنا ۔
تَكَدَّى تَكَدِّيًا: مشقت برداشت کرنا ۔
كَدَى يَكْدِي كَدْيًا الرَّجُلَ : روکنا ۔ مشغول کرنا ...... الوَجْهَ: چہرے میں خراش لگانا ...... الرَّجُلُ: دینے میں بخل کرنا ۔
أَكْدَى إِكْدَاءً الرَّجُلُ : حاجت میں ناکام رہنا ۔ دینے میں بخل کرنا ۔ أَكْدَاهُ عَنْ كَذَا : باز رکھنا ۔ منع کرنا ۔ أَكْدَى المَعْدِنُ : جوہر نہ بتانا ۔ الحَافِرُ: کھودتے کھودتے سخت زمین پر پہنچنا اور آگے کو نہ کھود سکنا ۔ کہا جاتا ہے "سَأَلَهُ فَأَكْدَى" یعنی اس نے اس سے سوال کیا تو اس کو سخت زمین کی مانند پایا ......
النَّبْتُ: سردی کی وجہ سے چھوٹا ہونا ......
العَامُ: خشک سالی ہونا ...... المَطَرُ: بارش کم ہونا ...... الرَّجُلُ: غنا کے بعد محتاج ہونا ۔
كَدَّى تَكْدِيَةً: سوال کرنا ۔ خیرات مانگنا ۔
تَكَدَّى تَكَدِّيًا: عطیہ طلب کرنا ۔
الكُدْيَة: سخت ٹھوس زمین ۔ بڑی سخت چٹان ۔ ج كُدًى. الكُدْيَة : طلب عطیہ ۔ باصرار مانگنے کا پیشہ ۔ زمانہ کی سختی ۔ (...... والكَدَاة والكَدَايَة) مٹی یا غلے کا ڈھیر ۔
الكَادِيَة: زمانہ کی سختی ۔
كَذَّ (ن) كَذًّا: کھردرا ہونا ۔
أَكَذَّ: نرم پتھر پر چلنا ۔
الكَذَّان : نرم پتھر ۔ واحد كَذَّانَة: كَذَبَ (ض) كَذِبًا وكِذْبًا وكَذْبَةً وكِذْبَةً وكِذَابًا وكِذَّابًا : جھوٹ بولنا ۔ جان بوجھ کر غلط خبر دینا ۔ كَذَبَتِ العَيْنُ : دھوکا دینا ۔ كَذَبَ الرَّائِي : غلط ہونا ۔ کہا جاتا ہے "كَذَبَتْكَ عَيْنُكَ" یعنی تیری نظر نے تجھ کو دھوکا دیا ۔ وكَذَبَ السَّيْرَ : چلنے میں کوشش نہ کرنا ۔ وكَذَبَ القَوْمُ السُّرَى : لوگ رات کو چلنے پر قادر نہیں ہوئے اور کبھی دو مفعول کی طرف متعدی ہوتا ہے ۔ کہا جاتا ہے "كَذَبَهُ الحَدِيثَ" جبکہ غلط خبر دے اور خلاف واقعہ بیان کرے اور مشدد ہونے کی صورت میں صرف ایک ہی مفعول آتا ہے ۔

كَذِبَ الرَّجُلُ: جھوٹی خبر دیا جانا۔
كَذَّبَهٗ: جھوٹا بتانا۔ جھوٹ کی طرف نسبت کرنا۔ كَذَّبَ عَنْ اَمْرٍ اَرَادَهٗ: رُک جانا...... الحَرُّ: گرمی کا کم ہونا...... عَنْ فُلَانٍ: فلاں کی طرف سے جواب دینا۔ کہا جاتا ہے "مَا كَذَّبَ اَنْ فَعَلَ كَذَا" یعنی اس نے کرنے میں دیر نہیں کی كَذَّبَ نَفْسَهٗ: جھوٹ بولنے کا اقرار کرنا(...... تَكْذِيبًا وكِذَّابًا) انکار کرنا۔ کہا جاتا ہے "كَذَّبَ بآيَاتِ رَبِّهٖ" اس نے پروردگار کی نشانیوں کا انکار کیا۔
اَكْذَبَهٗ: جھوٹ پر آمادہ کرنا۔ جھوٹا پانا۔ جھوٹ ظاہر کرنا۔ اَكْذَبَ نَفْسَهٗ: جھوٹ بولنے کا اقرار کرنا اور کہا جاتا ہے "اَكْذَبَ فُلَانٌ" جب کہ آواز دی جائے اور وہ خاموش پڑا رہے یہ ظاہر کرے گویا سویا ہوا ہے اس سے اسم الاِكْذَاب ہے۔
كَاذَبَهٗ كِذَابًا ومُكَاذَبَةً: کسی کو یہ کہنا کہ تو نے جھوٹ کہا۔
تَكَذَّبَ: بتکلف جھوٹ بولنا...... فُلَانًا وعَلَيْهِ: جھوٹا سمجھنا۔
تَكَاذَبَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کو جھوٹا کہنا۔
الكَذِب. بتثلیث الکاف والكُذْبٰی والكُذْبَان: جھوٹ۔
الاُكْذُوبَة: جھوٹ۔ ج اَكَاذِيب.
الكَاذِب: فا ج كَذَبَةٌ وكَذَّابٌ وكُذُبٌ.
الكَاذِبَة. کاذب: کا مؤنث ج کَاذِبَات وكَوَاذِب: جھوٹ۔
الكَذُوب ج كُذُب والكَذْبَان والكَيْذَبَان والكَيْذُبَان: بڑا جھوٹا۔
الكَذُوب: نفس۔
الكَذَّاب والكُذَبَة والكُذُوبَة والتِكِذَّاب والمَكْذَبَان والمَكْذَبَانَة: بڑا جھوٹا۔
الكَذُوبَة: نفس۔
المَكْذَبَة والمَكْذُبَة ج مَكَاذِب والمَكْذُوب والمَكْذُوبَة ج مَكَاذِيب: جھوٹ۔
التَكَاذِيب: جھوٹی باتیں۔ لغو وباطل باتیں۔

كَذَا: دو طریقہ سے مستعمل ہے۔
(۱) یہ کہ دونوں کلمے کاف حرف تشبیہ اور ذا اسم اشارہ اپنی اصلی حالت پر رہیں جیسے رَأَيْتُ زَيْدًا فَاضِلًا ورَأَيْتُ عَمْرًو كَذَا اور اس صورت میں ہا کلمہ تنبیہ بھی داخل ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے هٰكَذَا.
(۲) یہ کہ کلمہ انہیں دونوں کلموں سے مرکب ہو اور کنایہ ہو عدد سے جیسے قَبَضْتُ كَذَا وكَذَا دِرهَمًا: یا غیر عدد سے جیسے بِمَكَانِ كَذَا وكَذَا۔
الكَاذِي: کیوڑہ۔
كَرَّ (ن) كُرُورًا: لوٹنا۔ مڑنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْهَزَمَ عَنْهُ ثُمَّ كَرَّ عَلَيْهِ" یعنی اس نے فلاں سے شکست کھائی اور پھر لوٹ پڑا۔ پینترا بدلنے کے لئے بھاگنا پھر دوبارہ حملہ کرنا۔ صفت كَرَّار اور اسی سے کہا جاتا ہے "الجَوَادُ يَصْلُحُ لِلكَرِّ والفَرِّ" گھوڑا گھومنے اور حملے کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔
...... اللَّيْلُ والنَّهَارُ: رات دن کا باری باری آنا(...... كَرًّا) الرَّجُلُ: لوٹانا(...... كَرًّا وكُرُورًا وتَكْرَارًا) الفَارِسُ عَلَى العَدُوِّ: شہسوار کا دشمن پر حملہ کرنا اور ٹوٹ پڑنا۔
كَرَّ (ن) كَرِيرًا. المَرِيضُ: جان دینا۔
كَرَّ (س ن) كَرًّا صَدْرُهٗ: گلا گھونٹے ہوئے کی طرح آواز نکلنا۔
كَرَّرَ تَكْرَارًا وتَكْرِيرًا وتَكِرَّةً. الشَّيْءَ: بار بار کرنا۔
تَكَرَّرَ: بار بار ہونا۔
الكَرُّ: مص۔ کھجور کے پتوں کی رسّی۔ درخت خرما پر چڑھنے کی رسّی۔ جہاز کا رسا۔ ج كُرُور (...... والكَرُّ) کنواں۔ ج كِرَار.
الكَرُّ: نماز پڑھنے کے لئے مصلّی۔ ج اَكْرَار وكُرُور.
الكُرُّ: ایک پیمانہ کا نام۔ چادر ج اَكْرَار.
الكَرَّة: لڑائی میں حملہ...... عند المولدین مِنَ المحاسبين: ایک لاکھ ج كَرَّات.
الكُرَة: سڑی ہوئی مینگنیاں جس سے زرہ کو صاف کرتے ہیں۔ صبح اور شام اور ان دونوں کو کرتان اور قرتان: کہتے ہیں۔
الكَرّٰی: لڑائی میں حملہ۔
الكَرِيرُ: مص۔ گلا گھونٹے ہوئے والے کی طرح سینہ کی آواز۔ غبار وغیرہ کی وجہ سے گلو گرفتگی۔
الكَرَّار والمِكَرّ: لڑائی میں بہت زیادہ حملہ کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ مِكَرٌّ مِفَرٌّ" یعنی گھوڑا ایسا سدھا ہوا کہ حملہ کے وقت حملہ کرے اور جب بھاگنے کا ارادہ کریں تو لے کر بھاگ جائے۔ نَاقَةٌ مِكَرَّة اونٹنی جس کو ایک دن میں دو مرتبہ دوہا جائے۔
المَكَرّ: حملہ کی جگہ۔
كَرَبَ (ن) كَرْبًا الحَبْلَ: رسّی بٹنا...... القَيْدَ عَلَى المُقَيَّدِ: قیدی پر بیڑی کو تنگ کرنا۔
...... ہ الاَمْرُ: دشوار ہونا...... ہ الغَمُّ: سخت غم ہونا۔ كَرَبَ الدَّلْوَ: ڈول کے دستہ میں چھوٹی رسّی باندھنا...... فُلَانٌ: درخت خرما کے تنہ سے ملحق ٹہنی کی جڑ لینا(...... كُرُوبًا) قریب ہونا۔
النَّارُ: آگ بجھنے لگنا۔ كَرَبَتِ الشَّمْسُ: آفتاب ڈوبنے کے قریب ہونا...... فُلَانٌ: کھجور کے تنہ کے نزدیک کی چنی ہوئی کھجوریں کھانا بے درخت اور بے پانی والی زمین میں کھیتی کرنا۔ كَرَبَ النَّاقَة: بوجھل کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "كَرَبَ يَفْعَلُ" یعنی وہ کرنے لگا اور اس صورت میں یہ افعالِ مقاربہ میں سے ہے(...... كَرْبًا وكِرَابًا) الاَرْضَ لِلزَرْعِ: کھیتی کے لئے زمین جوتنا۔
كَرِبَ (س) كَرَبًا الرَّجُلُ: ڈول کے دستہ کی ٹوٹی ہوئی رسّی والا ہونا۔
كُرِبَ: غم لاحق ہونا۔
كَرَّبَ الدَّلْوَ: ڈول کے دستہ پر چھوٹی سی

رسّی باندھنا......الــرَّجُلَ: بے درخت اور
بے پانی والی زمین میں کھیتی کرنا۔ تنہ کے
نزدیک کی چنی ہوئی کھجوریں کھانا۔
اَکْــرَبَ: قریب ہونا......الاَمْــرُ: قریب
الوقوع ہونا......الاِنَــاءَ: برتن بھرنے کے
قریب ہونا۔
فِي السَّيْرِ: دوڑنا......القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔
كَارَبَه مُكَارَبَةً و كِرَابًا: قریب ہونا۔
تَكَرَّبَ: تنہ کے نزدیک کی کھجوریں چننا۔
اِكْتَرَبَ اِكْتِرَابًا واكْرَابَّ اِكْرِبْبَابًا: سخت غمگین ہونا۔
الكَرْب ـ ج كُرُوْب والكُرَبة ج كُرَب: غم اور مشقت۔
الــكَرَب: ڈول کے دستہ پر کی چھوٹی رسّی' کھجور کی ٹہنی کی موٹی چوڑی جڑ۔ واحد كَرَبَةٌ.
الــكَــرَبَة: گول لکڑی جس میں خیمہ کے ڈنڈے کا سرا رکھا جاتا ہے جس کو فارسی میں کماج اور بادریس کہا جاتا ہے۔ ج كَرَب.
الكَرَابَة: سخت مصیبت۔ ج كَرَائِب.
الــكَرَابَة والكُرَابَة: کھجور جو ٹہنی کی جڑ سے کٹنے کے بعد چنی جائے۔ ج اَكْرِبَة.
الــكِرَاب: وادی میں پانی بہنے کی جگہیں۔ واحد كَرَبَةٌ.
الكَـرُوْبِيُّون والكَرُوْبِيَّة: اشراف ملائکہ۔ مقرب فرشتے۔ عبرانی زبان میں كَــرُبِيم کہتے ہیں۔ ج كَــرُوْب اور کبھی عبرانی لفظ ہی کو استعمال کرتے ہیں واحد كَرُوْب.
الكَرِيْبُ: نے کی گرہ۔ روٹی پکانے والے کا بیلن۔ الــكَرِيْبُ مِنَ الاَرْضِ: بے پانی اور بے درخت والی زمین (...... والــمَكْرُوْب) غمگین۔
الــكَرِيبَة. كَــرِيْــب: کا مؤنث۔ سخت مصیبت۔ ج كَرَائِب: کہا جاتا ہے "مَــا فِيْ الدَّارِ كَرَّابٌ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔
اَلْمِكْرُوْبُ: جرثومہ۔ یعنی پانی' خون اور ہوا میں باریک جانور جو بغیر دوربین کے نظر نہ
آئے۔
اِلاِكْــــرَاب: مص جلد بازی۔ تم کہتے ہو "خُــذْ رِجْلَيْكَ بِاكْرَابٍ" یعنی جانے میں جلدی کرو۔
الــمُكْرَب مِنَ المَفَاصِلِ: پٹھوں سے بھرا ہوا۔ مضبوط رسّی یا عمارت یا جوڑ وغیرہ۔
حَافِرٌ مُكْرَبٌ: مضبوط کھر۔
اَلْكَــرْبُوْنُ اَوِ الْفَحِيْمُ: (کیمیا) کیمیائی عناصر میں سے ایک ہے جس کا رمز (علامت ایٹمی نمبر اور کیت نمبر درج ذیل ہیں۔ ۱۔ ۱۲ کاربن-6 -C۔ کوئلہ کے استعمال کے لئے ایک جسم بسیط ہے۔ زندگی والی کائنات اور ملائم میں کاربن داخل ہوتا ہے۔
اَلْكَرْبُوْنَاتُ: کاربونات۔ سفید باریک پیسا ہوا اکٹھا مادہ جو کہ دوسرے جسم کے ساتھ ہو۔ (سوڈا یا کاربونیٹ)۔
الــكُــرْبَــج: دُکان یا دُکان کا سامان۔ ج كَرَابِج (دخیل)
كَــرْبَدَ فِيْ عَدْوِهِ: دوڑنے میں کوشش کرنا۔ تیز دوڑنا۔
الكِرْبِزُ: بڑا کھیرا۔
كَرْبَسَ: بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا۔
تَــكَــرْبَــسَ مِنْ ظَهْرِ فَرَسِهِ: گھوڑے کی پیٹھ سے گر پڑنا۔
الكِرْبَاس: کھردرا کپڑا۔ شراب چھاننے کی چیز۔ ج كَرَابِيْس (دخیل)
رَجُلٌ مُكَرْبَسُ الرَّاسِ: گول سر والا مرد۔
كَرْبَشَ: چھلانگ لگانے کے لئے ٹانگوں کو اکٹھا کرنا۔ بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا
......الشَّيْءَ: لینا اور باندھنا۔
تَكَرْبَشَ الجِلْدُ: کھال کا سکڑنا۔
كَــرْبَعَهُ: پچھاڑنا......الشَّيْءَ بِالسَّيْفِ: تلوار سے کاٹنا......قَوَائِمَهُ: ٹانگیں جدا کرنا۔
تَكَرْبَعَ: چوتڑوں کے بل گرنا۔
كَــرْبَلَ: کیچڑ میں چلنا۔ پانی میں گھسنا......
الشَّــيْءَ بِالشَّيْءِ: ملانا......الــحِنْطَةَ: گیہوں میں چھاننا' صاف کرنا۔
الــكِرْبَال: گیہوں صاف کرنے کی چھلنی۔ رُوئی دھنکنے کی کمان۔ ج كَرَابِيل.
الــكَــرْبَلَة: مص۔ پاؤں کی سستی۔ کہا جاتا ہے "جَــاءَ يَــمْشِــيْ مُكَــرْبِلًا" یعنی وہ اس طرح آیا گویا کیچڑ میں چل رہا ہے۔
فَرَاشَةُ الكَرْنَبِ: اَوْدُوْدَةُ المَلْفُوْفِ: کرم کلا کو تباہ کرنے والا سفید کیڑا۔
اَلْكَــرَوِيْنَا: درختوں کی ایک قسم جو کہ سڑکوں کے کنارے زیب و زینت کے لگائے جاتے ہیں ان درختوں کا ملک آسٹریلیا ہے۔
كَرَثَ (ض ن) كَرْثًا واَكْرَثَ الغَمُّ فُلَانًا) سخت غمگین کرنا۔
اِنْكَرَثَ الحَبْلُ: رسّی کا ٹوٹنا۔
اَكْــتَــرَثَ لِلْاَمْــرِ: پروا کرنا......کہا جاتا ہے "هُوَ لَا يَكْتَرِثُ لِهَذَا الاَمْرِ" وہ اس معاملہ کی پروا نہیں کرتا۔
الــكَرَّاث والكُرَّاث: گندنا۔ ایک بدبودار قسم کی ترکاری۔ جس کی بعض قسمیں پیاز اور بعض لہسن کے مشابہ ہوتی ہیں۔ واحد كَرَّاثَةٌ.
الكَارِث: غم انگیز معاملہ۔ ج كَوَارِث.
الــكَرِيْث: غم انگیز معاملہ۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهُ لَكَرِيْثُ الاَمْرِ" جبکہ بزدلی کرے اور پیچھے ہٹے۔
كَــرْثَا وتَكَرْثَا الشَّعْرُ وَنَحْوُهُ: بال وغیرہ کا گنجان ہونا۔
الــكِــرْثِــئُ: تہ بتہ بادل۔ انڈے کا اوپر کا چھلکا۔
الكِرْثِئَة والكُرْثَاة: گنجان سبزی۔
الكَرِيْثَاء: پکی کھجور۔
كَــرِجَ (س) كَــرَجًــا وكَــرَّجَ واَكْــرَجَ وتَــكَــرَّجَ الــخُبْزُ: خراب ہونا۔ پھپھوندی لگنا۔ عوام "عَفَنٌ" سے تعبیر کرتے ہیں۔
الــكُــرْج: ایک قوم کا نام۔ واحد كُرْجِيّ (...... والــكُــرَّج) ایک چیز ہے بچھیرے کی شکل کا جس سے کھیلتے ہیں۔
الكُرْجِي: مخنث۔

الکُرخ: نزاہب کی کوٹھری۔ ج اکراخ۔
کَرَخَ (ف) کَرْخَ هٰذَا الْمَاءَ اِلٰی مَوَاضِعِهٖ: چلانا۔
کَرَدَ (ن) کَرْدًا: ہانکنا...... العَدُوَّ عَنْ: دشمن کو ہٹانا...... الشَّیْءَ: کاٹنا۔
کَارَدَهٗ مُکَارَدَةً: دفع کرنا۔ ہٹانا۔
الکُرْد: گردن کی جڑ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهٗ بِکُرْدِهٖ او بِکُرْدَنِهٖ" اس نے اس کی گردن کی جڑ کو پکڑ لیا۔
الکُرْدِیْدَة: کھجور کی بڑی ڈھیری۔
کَرْدَحَ: پستہ قد کی طرح دوڑنا۔ فُلَانًا: پچھاڑنا۔
تَکَرْدَحَ فِیْ عَدْوِهٖ: پستہ قد کی طرح دوڑنا۔
الکُرْدُح: بڑھیا۔ مضبوط مرد۔
الکُرَادِح: پستہ قد۔
الکِرْدَاح: دوڑنے میں قریب قریب قدم رکھنے والا۔
الکَرْدَحَة: مص۔ تیز دوڑ۔
المُکَرْدَح: فا۔ ذلیل وخوار۔
کَرْدَسَ الخَیْلَ: گھوڑوں کو جمع کرنا اور دستہ دستہ بنانا...... الشَّیْءَ: باندھنا۔ بیڑی ڈالنا۔ بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا...... الحِمَارَ: گدھے کو تیز ہانکنا...... هٗ: پچھاڑنا۔
کُرْدِسَ الرَّجُلُ: ہاتھ پاؤں اکٹھا باندھا جانا۔
تَکَرْدَسَ: سکڑنا اور بعض کا بعض پر جمع ہونا۔
الکُرْدُوْس: گدھے کی ہڈی۔
الکُرْدُوْسَة: گھوڑوں کا بڑا گلہ۔ ہر ہڈی جس پر گوشت ہو۔ ہر جوڑ کی دونوں ہڈیاں۔ ج کَرَادِس وکَرَادِیْس۔
کَرَادِیْسُ الفَرَسِ: گھوڑے کے جوڑ۔
المُکَرْدَس: گٹھے بدن کا۔
اَلْکَرْدِیْنَال ج کَرَادِلَة: گرجا میں ایک بڑا عہدہ۔
کَرْدَمَ: موٹے پستہ قد کی طرح دوڑنا۔ القَوْمَ: جمع کرنا۔
تَکَرْدَمَ: گھبرا کر دوڑنا۔

الکُرْدُم والکُرْدُوْم مِنَ الرِّجَالِ: موٹا پستہ قد۔ ج کَرَادِم وکَرَادِیْم۔ الکُرْدُم: بہادر۔
کَرَزَ (ض) کُرُوْزًا: داخل ہونا۔ پوشیدہ ہونا...... اِلٰی فُلَانٍ: پناہ لینا (...... کَرْزًا) انجیل کا وعظ کہنا۔
کَرَّزَ البَازِیَ: باز کو سدھانے کے لئے آنکھوں کو سینا اور کھلانا۔
کُرِّزَ البَازِیُ: باز کے پروں کا گرنا۔
کَارَزَ مُکَارَزَةً اِلَی المَکَانِ: دوڑ کر چھپنا...... عَنْهُ: بھاگنا...... هٗ: بھاگنا اور عاجزی ظاہر کرنا...... القَوْمَ: ایک چیز کو چھوڑ کر دوسری کو لینا۔
الکُرْز: چرواہے کا تھیلا۔ چھوٹی بوری۔ کُرْزُ الجُعَلِ: گبریلا کی گولی۔ ج اَکْرَاز وکِرَزَة۔
الکَرَز: ایک درخت کا نام جس کا پھل شفتالو کی مانند مگر اس سے چھوٹا ہوتا ہے۔ واحد کَرَزَة۔
الکُرَّز: حاذق۔ نجیب۔ گفتگو میں عاجز و درماندہ باز۔ ایک سال کا پرندہ ج کَرَارِزَة (...... والمُکَرَّز والکُرَّزِیّ) لئیم۔ خبیث۔
الکَارِز والکَارُوْز: انجیل کا واعظ۔
الکُرَاز۔ ج کِرْزَان والکُرَّاز: شیشی۔ تنگ سر کا کوزہ۔
الکُرَّاز: چرواہے کا تھیلا اٹھانے والا۔ بے سینگ کا مینڈھا...... مِنَ المَعْزِ: گھنٹی وار بکری۔ ج کَرَارِیْز۔
الکَرِیْز: پنیر۔
الکِرَازَة: انجیل کا وعظ۔
کَرْزَمَ کَرْزَمَةً الرَّجُلُ: دوپہر میں کھانا۔
الکُرْزُم: بہت کھانے والا۔ چھوٹی ناک والا۔ کلہاڑا۔
الکِرْزَم والکِرْزِیْم: کلہاڑا۔ سخت مصیبت۔ ج کَرَازِم وکَرَازِیْم۔
کَرَسَ البِنَاءَ: عمارت کی بنیاد رکھنا۔
الاُسْقُفُ البِیعَةَ او الاَوَانِیَ الکَنِیْسَةَ وغیرها: وقف کرنا۔ خدمتِ اللہ کے لئے مخصوص کرنا۔

اَکْرَسَ: المَکَانُ: بول وبراز سے لتھڑنا۔ هٗ: بول وبراز والی جگہ میں داخل ہونا۔
تَکَرَّسَ: بنیاد رکھا جانا۔ وقف ہونا۔ خدمت اللہ کے لئے مخصوص ہونا...... الشَّیْءُ: تہ بتہ ہونا اور سخت ہونا...... اُسُّ البِنَاءِ: عمارت کی بنیاد کا مضبوط ہونا۔ لتھڑنا...... الحَبُّ ونحوُهٗ: دانہ وغیرہ جمع کرنا۔
اِنْکَرَسَ عَلَیْهِ: اوندھا ہونا...... فِی الشَّیْءِ: اوندھا ہو کر داخل ہونا۔
الکِرْس: ہر چیز کا انبوہ۔ بول وبراز سے لتھڑا ہوا۔ بکریوں کے بچوں کا باڑہ۔ جڑ۔ ج اَکْرَاس وجج اَکَارِیْس۔ کِرْسُ الحَوْضِ: حوض کے اردگرد بول وبراز سے لتھڑی ہوئی زمین۔
الکُرَّاسَة والکُرَّاس: کتاب کا جزء۔ پمفلٹ۔ ج کَرَارِیْس۔
الکُرْسِیّ: تخت۔ کرسی۔ ج کَرَاسِیّ وکَرَاسٍ۔ کُرْسِیُّ الاُسْقُفِ: پادری کی اقامت گاہ۔ کُرْسِیُّ المَلِکِ: تختِ شاہی۔ الکُرْسِیّ: علم: کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ اَهْلِ الکُرْسِیِّ" یعنی وہ اہلِ علم میں سے ہے اور کہا جاتا ہے "اِجْعَلْ لِهٰذَا الحَائِطِ کُرْسِیًّا" اس دیوار کے لئے پشتہ بنادو۔
کُرْسِیُّ الجَوْزَاءِ: چند ستاروں کا مجموعہ۔
الکَرَاسِیّ: علماء۔
الکِرْیَاس: چھت کے اوپر کا پائخانہ۔ ج کَرَابِیْس۔
الکَرَوَّس: بڑے سر والا۔ ہر ضخیم چیز۔ سیاہ۔
المُکَرَّس والمُکْرَس: مفع...... مِنَ القَلَائِدِ: دو دھاگوں میں علیحدہ علیحدہ موتی اور مہرے کو گوندھ کر بڑے مہروں سے جوڑا ہوا ہار۔ المُکَرَّس: جوان پستہ قد پُر گوشت۔
اَلْکِرْمَتَة: موچیوں کی اصطلاح میں وہ چمڑا جس سے جوتیاں تیار کی جاتی ہیں۔

كَرْسَعَ كَرْسَعَةً الرَّجُلَ : دوڑنا۔ ......فُلانًا: گٹے ہوئے چھنگلیا والے حصّے پر مارنا۔
الكُرْسُوْع : گٹے کا چھنگلیا کی طرف کا حصہ۔ ج كَرَاسِيْع. كُرْسُوْعُ القَدَمِ: ٹخنے کا جوڑ۔
الكُرْسُعَة والكُرْسُوْعَة : لوگوں کی جماعت۔
المُكَرْسَع: گٹے کے چھنگلیا کی طرف اُبھرا ہوا حصہ۔ مؤنث مُكَرْسَعَة.
كَرْسَفَ الدَّابَةَ: چوپایہ کی کونچ کاٹنا۔
......البَعِيْرَ: اُونٹ کے پاؤں باندھنا۔
الدَّوَاةَ: دوات میں صوف ڈالنا۔
تَكَرْسَفَ : کونچ کٹنا۔ پاؤں بندھنا۔ دوات میں صوف پڑنا ......الشَّيْءُ: بعض کا بعض میں داخل ہونا۔
الكِرْسَافَة: آنکھ کی کدورت۔
الكُرْسُف والكُرْسُوْف: رُوئی۔
الكُرْسُفَة والكُرْسُوْفَة: رُوئی کا ٹکڑا۔ دوات کا صوف۔
الكِرْسِنَّة والكِرْسِنَة : ایک چھوٹے سے پودے کا نام جس کے بیج کو گاؤدانہ کہتے ہیں جو چنے کے برابر گول سیاہ سرخی مائل ہوتا ہے اور دوا میں کام آتا ہے۔
كَرِشَ (س) كَرَشًا الجِلْدُ: کھال سکڑنا۔
......الرَّجُلُ: تنہائی کے بعد جماعت والا ہونا۔
كَرَّشَ : ترش رُوئی کرنا۔ مُكَرْشَة (ایک قسم کا کھانا) بنانا۔
تَكَرَّشَ وَجْهُهُ : ترش رُو ہونا۔ تیوری چڑھنا ......القَوْمُ: اکٹھا ہونا۔ جمع ہونا۔
اِسْتَكْرَشَ الجَدْيُ: بکری کے بچے کا بڑے پیٹ والا ہونا۔ اِسْتَكْرَشَتْ اِنْفَحَةُ الجدي : بکری کے بچے کے اِنْفَحَة: کا کرش ہونا (بکری کے بچے جب تک کچھ نہ کھائے اور صرف دودھ پیتا رہے تو اس کی آنت کو اِنْفَحَة: کہتے ہیں اور جب وہ کچھ کھانے لگے تو پھر كِرْش: کہتے ہیں) ......الرَّجُلُ: تیوری چڑھانا۔ ترش رُوئی کرنا۔

الكِرْش والكَرِش: جگالی کرنے والے جانور کی اوجھ (مؤنث) ج كُرُوْش.
الكَرِش والكِرْش : لوگوں کی جماعت۔ مرد کے اہل وعیال۔ چھوٹی اولاد۔ ایک بہترین قسم کی گھاس۔ خوشبو کا ڈبہ۔ کپڑے کی گٹھری۔ ج اَكْرَاش و كُرُوْش. كَرِش القَوْمُ: قوم کا بڑا حصہ۔ كَرِش كُلِّ شَيْءٍ : ہر ایک چیز کا اجتماع۔
التَّكْرِيْشَة: اوجھ میں پکا ہوا کھانا۔
الاَكْرَشُ مِنَ الرِّجَالِ: بڑے پیٹ والا اور بقول بعض زیادہ مال والا۔ مؤنث كَرْشَاء ج كُرْش. قَدَمٌ كَرْشَاءُ: پُرگوشت بھرے ہوئے تلوے اور چھوٹی اُنگلیوں والا قدم۔
دَلْوٌ كَرْشَاءُ : بڑا ڈول۔ اَتَانٌ كَرْشَاءُ: بھرے ہوئے کوکھ کی گدھی۔
المُكَرْشَة: کھانا جو گوشت، چربی اور اوجھ ملا کر پکاتے ہیں۔
كَرَصَ (ض) كَرْصًا الشَّيْءَ: کوٹنا۔ ہاتھ سے نچوڑنا۔
كَرَّصَ: پنیر کھانا۔
اِكْتَرَصَ الشَّيْءَ: جمع کرنا۔
الكَرِيْص: پنیر۔ پنیر بنانے کی جگہ۔
المِكْرَص: دودھ دوہنے کا برتن۔
كَرَضَ (ن) كَرْضًا الشَّيْءَ: تہ بتہ رکھنا۔
كَرَظَ (ن) كَرْظًا فِيْ عِرْضِ فُلَانٍ: طعنہ دینا۔ عزت میں عیب لگانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَكْرُوْظُ الحَسَبِ" اس کے حسب میں عیب لگایا گیا ہے۔
كَرَعَ (ف) وكَرِعَ (س) كَرْعًا وكُرُوْعًا فِيْ المَاءِ او الِانَاءِ : پانی یا برتن میں منہ لگا کر پانی پینا۔
كَرَعَهُ (ف) كَرْعًا: پنڈلی پر تیر مارنا۔
كَرِعَ (س) كَرَعًا: دردمند پنڈلی والا ہونا۔ پایہ کھانے کا مشتاق ہونا۔ باریک پنڈلی والا ہونا ......السَّاقُ: پنڈلی کے اگلے حصہ کا باریک ہونا۔ كَرِعَتِ السَّمَاءُ: [illegible]

اَكْرَعَةُ الصَّيْدُ: شکار کا قریب ہونا۔ اَكْرَعَ القَوْمُ: منہ سے پانی پینے کے قابل پانا۔
تَكَرَّعَ ......الرَّجُلُ : وضو کرنا۔ اطراف پر پانی بہانا۔
الكَرَع: مص۔ منہ لگا کر پینے کے قابل پانی۔ جانور کی ٹانگیں۔ کمینے و فرومایہ لوگ۔ دنی طبیعت کا۔ واحد جمع دونوں کے لئے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ كَرَعٌ ورِجَالٌ كَرَعٌ" الكُرَاع مِنَ البَقَرِ والغَنَمِ: گائے بکری کے پائے (مذکر و مؤنث) اور بقول بعض كُرَاع: ٹخنوں کے نیچے کو کہتے ہیں۔ والكُرَاع مِنَ الاِنْسَانِ: گھٹنے سے نیچے۔ پنڈلی۔ ج اَكْرُع واَكَارِع.
الكُرَاع: گھوڑے۔ خچر۔ گدھے۔ ہر شے کا کنارہ۔
كُرَاعُ الاَرْضِ: زمین کے گوشے۔ کہا جاتا ہے "اِمْشِ فِيْ كُرَاعِ الطَّرِيْقِ" یعنی راستے کے کنارے میں چلو۔ اَكَارِعُ الاَرْضِ: زمین کی آخری حدیں۔
الكُرَاعِي: پائے کا بیچنے والا۔
الكَارِع : فا۔ پانی میں گھسنے والا اسے پانہ پئے۔
الكَارِعَة: کارع کا مؤنث۔ ج كَارِعَات۔
الكَارِعَات: پانی کے اوپر کھجور کے درخت۔
الكَرِيْع : برتن نہ ہونے کی وجہ سے اوک سے پانی پینے والا۔
الاَكْرَع: پتلی پنڈلیوں والا۔
الكَرَّاع : اسم مبالغہ۔ فرومایہ لوگوں سے دوستی کرنے والا۔ بارش کے پانی سے سیراب کرنے والا۔
المَكْرَع: جانوروں کے پانی پینے کی جگہ۔ ج مَكَارِع.
فَرَسٌ مُكْرَعُ القَوَائِمِ : مضبوط ٹانگوں والا گھوڑا۔
المُكْرَعَةُ مِنَ النَّخِيْلِ وغَيْرِهِ : پانی لگی ہوئی کھجور۔
كَرَفَ (ن ض) كَرْفًا و [illegible]

الحِمَارُ وغيره: گدھے کا پیشاب کو سونگھ کر سر اٹھانا اور ہونٹوں کو پلٹنا۔

كَرِفَ الشَّيءُ: سونگھنا۔ أكْرَفَتِ البَيْضَةُ: انڈے کا گندا ہونا۔

اَلْكَرْشُنَةُ: عربی حروف غیر عربی زبان میں یا اس کا برعکس۔ الكَرْشُوني: عربی الفاظ جو کہ سریانی میں لکھے جاتے ہیں۔ (سریانی لفظ)

الكِرْف: ایک ہی چمڑے کا ڈول۔

كَرْفَأَتِ القِدْرُ: ہانڈی کا جھاگ دینا۔

كَرْفَأَ القَوْمُ: خلط ملط ہونا۔

تَكَرْفَأَ السَّحَابُ: بادل کا تہ بتہ ہونا۔

الكِرْفِئُ: بلند بادل۔ اور ایک ٹکڑے کو كِرْفِئَة: کہتے ہیں۔ الكِرْفِئُ: انڈے کا اوپر کا چھلکا۔

المُكَرْفَح: بدصورت چہرہ والا۔

اَلْكَرَافِيَةُ: شیشہ کی بوتل۔

كَرْفَسَ كَرْفَسَةً: بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا......البَعِيرَ: تنگ باندھنا۔

تَكَرْفَسَ: بعض کا بعض میں داخل ہونا۔

الكُرْفُس: زُوئی۔

الكَرَفس: اجوائن۔

الكُرْكِيُ: سارس۔ ج كَرَاكِي.

الكَرْكَدَنّ: گینڈا۔ اس کو مرمیس بھی کہتے ہیں اور عوام كَرْكَدَن کہتے ہیں۔

كَرْكَرَ كَرْكَرَةً الشَّيءَ: بار بار اعادہ کرنا ......الرحَى: چکی گھمانا......الحَبَّ: دانہ پیسنا۔
......الشَّيءَ: جمع کرنا......الرَّجُلَ: قید کرنا......في الضِحْك: بہت ہنسنا......الرَجُلُ: ہنسنا۔ شکست کھانا......الرِيَاحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادل کو اڑا دینا۔ متفرق ہونے کے بعد اکٹھا کر دینا......الامْرَ عَنْهُ: دفع کرنا۔ ہٹانا۔ رد کرنا......بالدَجَاجَة: مرغی کو بلانا۔

تَكَرْكَرَ فِي الأمْرِ: مضطرب ہونا......المَاءُ: اپنے بہنے کی جگہ میں لوٹ جانا......الطَائِرُ: پرندہ کا فضا میں منڈلانا۔

الكَرْكَر: ایک آبی پرندہ۔

الكَرْكَرَة: مص گاڑھا دودھ۔ پیٹ کی گڑگڑاہٹ۔

الكِرْكِرَة: سم والے جانور کا سینہ۔ لوگوں کی جماعت۔ ج كَرَاكِر. الكَرَاكِر: گھوڑے کے جوڑ۔

الكُرْكُورَة: گہری وادی۔

كَرْكَسَ الشَيءَ: رد کرنا۔ ہٹانا......الدَابَةَ: چوپائے کو باندھنا (...... وتَكَرْكَسَ) الإنْسَانُ: اوپر سے نیچے لڑھکنا۔

الكُرْكُم: زعفران۔ مصطگی۔ ایک نباتات کی جڑ کہ وہ ورس ہے یا اس کے مشابہ۔

الكُرْكُنْد: سرخ رنگ کا گوند۔ گینڈا۔

كَرُمَ (ك) كَرَمًا وكَرَمَةً وكَرَامَةً: عزیز و نفیس ہونا' آسانی سے دینا اور بخشش کرنا۔ فیاض ہونا......السَّحَابُ: بارش لانا۔

كَرَمَهُ (ن) كَرْمًا: کرم میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "كَارَمَهُ فكَرَمَهُ" اس نے اس سے کرم میں مفاخرت کی اور غالب ہو گیا۔

كَرَّمَهُ تَكْرِيمًا وتَكْرِمَةً: تعظیم کرنا۔ تنزیہ کرنا۔ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهُ: اللہ تعالیٰ ان کو باعزت کرے (...... وكَرُمَ) السَّحَابُ: بادل کا بہت پانی والا ہونا۔

كَارَمَهُ: کرم میں مفاخرت کرنا۔ وكَارَمْتُ فُلانًا: میں نے اس کے پاس ہدیہ بھیجا تاکہ وہ بدلہ دے۔

أكْرَمَ: کریم اولاد والا ہونا......فُلانًا: تعظیم کرنا......نَفْسَهُ عَنِ المَعَاصِي: بچانا' محفوظ رکھنا اور تعجب کے موقع پر بولا جاتا ہے "مَا أكْرَمَهُ لي" یعنی وہ میری تعظیم کس قدر کرتا ہے اور فعل رباعی سے ہونے کی وجہ سے یہ شاذ ہے۔

تَكَرَّمَ: بے تکلف کرم کرنا (...... وتَكَارَمَ) عَنِ كَذَا: بچنا۔ دور رہنا۔

اِسْتَكْرَمَ: عمدہ عمدہ چھانٹ لینا......الشَيءَ: اچھی چیز طلب کرنا۔ اچھی چیز پانا۔

الكَرَمُ: مص۔ درگزر۔ بخشش۔ فیاضی۔ ہار میں ایک قسم کی کاریگری۔

الكَرَمُ: صفت بمعنی کریم وطیب اور یہی لفظ واحد جمع مذکر مؤنث سب کے لئے مستعمل ہے جیسے رَجُلٌ كَرَمٌ ونِسَاءٌ كَرَمٌ وأرْضٌ كَرَمٌ.

الكَرْمُ: انگور کی بیل۔ فصیل والا گنجان باغ (عامیہ) ج كُرُوم. بِنْتُ الكَرْمِ او الكَرْمَةِ او الكُرُومِ: شراب۔ الكَرْم: ہار۔

الكَرْمَة: انگور کی بیل۔ یہ کرم سے خاص ہے

الكَرْمَة: سرین کی ہڈی کا گول سرا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ كَرْمَة" مرد کریم۔

الكَرَامَة: مص۔ کہا جاتا ہے "أفْعَلُ ذٰلِكَ حُبًّا وكَرَامَةً لَكَ" میں اس کو تمہاری محبت و تعظیم کے خیال سے کرتا ہوں۔ "ولَهُ عَلَيَّ كَرَامَةٌ" فلاں کے لئے میرے اوپر بزرگی ہے۔ الكَرَامَة: امر خارق عادت جو اولیاء اللہ سے ظاہر ہو۔ کہا جاتا ہے كُرْمًا وكُرْمَةً وكَرَمَةً وكُرْمَى وكُرْمَانًا وكُرْمَةَ عَيْنٍ لَكَ: یعنی تمہاری تعظیم کے لئے۔

الأكْرُومَة: کرم کا فعل۔

التَكْرِمَة: مص۔ تکیہ۔ تکیہ جس پر انسان کو عزت و تعظیم کے خیال سے بٹھایا جائے۔

الكَرِيم: صاحب کرم۔ درگزر کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے رَجُلٌ كَرِيمٌ: مردسخی۔ دیالو۔ ج كِرَام وكُرَمَاء اور لفظ "كَرِيم" کا اطلاق ہر اچھی اور پسندیدہ اور قابل تعریف چیز پر ہوتا ہے۔ رِزْقٌ كَرِيمٌ: بہت روزی۔ قَوْلٌ كَرِيم: نرم و پسندیدہ قول۔ كِتَابٌ كَرِيمٌ: معنی الفاظ اور فوائد کے لحاظ سے پسندیدہ کتاب۔ وَجْهٌ كَرِيمٌ: جمال ومحاسن کے لحاظ سے پسندیدہ چہرہ۔ الكَرِيمَان ج اور جہاد۔

الكَرِيمَة: کریم کا مؤنث ج كَرِيمَات وكَرَائِم وكِرَام. الكَرِيمة: ہر عضو شریف۔ جیسے ہاتھ کان الكَرِيمَتَان: دونوں آنکھیں۔ كَرِيمَة الرَجُل: بنی الكَرِيمَة: صاحب کریم وحسب۔ کہا جاتا ہے "فُلانَ كَرِيمَةُ قَوْمِه" فلاں اپنی قوم میں شریف

ہو۔ کَرِیْمَۃٌ میں تا مبالغہ کے لئے ہے۔
کَرَائِمَ المَال: عمدہ اور بہترین مال۔
الکُرَام: کریم۔ ج کُرَامُوْن.
الکَرَّام: انگور کی بیل والا اور اس کی نگہبانی کرنے والا۔
الکُرَّام والکُرَّامة: بہت زیادہ کرم کرنے والا۔ ج کُرَّامُوْن.
المَکْرَمَانُ: کریم بہت وسیع اخلاق والا اور یہ نداہی کے لئے مخصوص ہے۔ کہا جاتا ہے یَا مَکْرَمَانُ.
المَکْرَم والمَکْرَمَة: شریف۔ فیاض۔ ج مَکَارِم. اَرْضٌ مَکْرَمَةٌ لِلنَّبَاتِ: عمدہ زرخیز زمین۔
المَکْرُم والمَکْرُمَة: کرم کا فعل۔ کریم۔ کہا جاتا ہے "فِعْلُ الخَیْرِ مَکْرُمَةٌ" یعنی فعل خیر کرم یا تعظیم کا سبب ہے۔
المِکْرَام: لوگوں کا اِکرام کرنے والا۔ بہت فیاض۔
المُکَرَّم: مفع۔ ہر ایک کے نزدیک باعزت شخص۔
کَرْنَبَ الرَّجُلُ: چھوارے کو دودھ کے ساتھ کھانا...... ضَیْفَهُ: مہمان کو کرم کلا کھلانا۔
الکُرْنُب والکَرَنْب: کرم کلا۔
الکُرْنُبِیَّة: ایک قسم کا کھانا جو کرم کلا سے بنایا جاتا ہے۔
فَرَاشَةُ الکَرْنَبِ: اَو دُوْدَةُ المَلْفُوْفِ: کرم کلا کو تباہ کرنے والا سفید کیڑا۔
کَرْنَفَ الکَرَانِیْفَ: کھجور کی ٹہنی کو کاٹ لینے کے بعد تنہ میں جو حصہ باقی رہ جائے اس کو کاٹنا کَرْنَفَهُ بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔
کَرْنَفَ الشَّیْءَ بالسَّیْفِ: تلوار سے کاٹنا۔ النَّخْلَةَ: تنہ کو کھجور کی ٹہنی کے باقی ماندہ حصہ سے صاف کرنا۔
الکِرْنَاف والکُرْنَاف: کھجور کی ٹہنی کو کاٹ لینے کے بعد تنہ میں باقی ماندہ حصہ۔ وا[illegible]

کُرْنَافَةٌ ج کَرَانِیْف.
اَنْفٌ مُکَرْنَفٌ: موٹی ناک۔
کَرِهَ (س) کَرْهًا و کُرْهًا و کَرَاهَةً و کَرَاهِیَةً و مَکْرُهَةً و مَکْرَهَةً الشَّیْءَ: ناپسند کرنا۔ صفت فاعلی کَارِہ: صفت مفعولی مَکْرُوْه.
کَرُهَ (ک) کَرَاهَةً و کَرَاهِیَةً الاَمْرُ او المَنْظَرُ: قبیح ہونا۔ صفت کَرِیْهٌ.
کَرَّهَ الشَّیْءَ فُلَانًا و کَرَّهَ الشَّیْءَ اِلٰی فُلَانٍ: ناپسند کرانا۔
اَکْرَهَ. فُلَانًا عَلَی الاَمْرِ: مجبور کرنا۔
الرَّجُلَ: ناپسندیدہ امر پر اُکسانا۔
تَکَرَّهَهُ وتَکَارَهَ الشَّیْءَ: ناپسند کرنا۔ تَکَرَّهَ وتَکَارَهَهُ: غضبناک ہونا۔
اِسْتَکْرَهَ الشَّیْءَ: قبیح پانا، قبیح سمجھنا۔
الکَرْه والکُرْه: مص۔ انکار۔ مشقت جس پر کسی کو مجبور کیا جائے اور بقول بعض کُرْه بالضم: جس پر تم اپنے آپ کو مجبور کرو اور کَرْه: بالفتح جس پر کسی غیر کو مجبور کرو۔ اور کہا جاتا ہے "شَیْءٌ کَرْهٌ" مکروہ چیز۔ و "رَجُلٌ کَرْهٌ" ناراض مرد "وَجْهٌ کَرْهٌ" قبیح چہرہ "وفَعَلَهُ کَرْهًا" یعنی اس نے اس کو مجبوراً کیا۔
الکَرِہ: قبیح۔
الکَرَاهَة: مص۔ سخت زمین۔
الکَرَاهِیْن: کراہت۔ کہا جاتا ہے: "اَتَیْتُکَ کَرَاهِیْنَ اَنْ تَغْضَبَ" تیرے غضبناک ہونے کی کراہت سے میں تیرے پاس آیا۔
الکَرِیْهَة: مؤنث کَرِیہ: لڑائی کی شدت۔ مصیبت۔ ج کَرَائِه. ذُوالکَرِیْهَةِ: شمشیر براں۔ کہا جاتا ہے "لَقِیْتُ دُوْنَهُ کَرَائِهَ ومَکَارِهَ" اس کے ورے مصیبتوں اور مکروہات سے میں دوچار رہا۔
المَکْرَه: مکروہ۔ ج مَکَارِہ.
المَکْرَهَة والمَکْرُوْهَة: ناپسندیدہ و دشوار [illegible]

المَکْرُوْه: مفع۔ شر۔ ناپسندیدہ۔
المَکْرُوْهَة: جنگ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ذُوْمَکْرُوْهَةٍ" وہ جنگ میں ہے۔
کَرَا یَکْرُوْ کَرْوًا. الاَرْضَ: کھودنا...... الاَمْرَ: بار بار اعادہ کرنا...... البِئْرَ: کنوئیں کا من درخت کے تنوں سے بنانا...... بالکُرَةِ: گیند کھیلنا۔ کَرَتِ الدَّابَةُ: تیز دوڑنا۔
کَرِیَتْ تَکْرِی کَرًا. السَّاقُ: پنڈلی کا باریک ہونا...... المَرْاَةُ: موٹے بازوؤں والی ہونا۔
الکَرَا: بازوؤں کی موٹائی۔ قدم کے پنجے کا قریب ہونا اور ایڑیوں کا دور ہونا یا پنڈلیوں کی باریکی۔ کَرَوَان کا مذکر۔
الکَرَوَان: ایک پرندہ۔ بھورے رنگ کا لمبی چونچ کا اور کہا جاتا ہے کہ وہ رات کو سوتا نہیں اور اس کا نام ایسا رکھا گیا ہے جو ضد پر دلالت کرتا ہے اس وجہ سے کہ کری کے معنی نیند کے ہیں مؤنث کَرَوَانَة. ج کِرْوَان و کَرَاوِیْن.
الکُرَة: ہر وہ چیز جس کو تم گول بناؤ۔ ہر گول چیز اور نسبت کیلئے کُرَوِی و کُرِّی ج کُرًی و کُرِیْن و کِرِیْن و کُرَات و اُکَر.
الکَرَوْیَا والکَرَوْیَاءُ: زیرہ۔
کَرَی یَکْرِی کَرْیًا الرَّجُلُ: تیز دوڑنا...... النَّهْرَ: نہر کو کھودنا...... بالکُرَةِ: گیند کھیلنا۔
کَرِیَ یَکْرَی کَرًی الرَّجُلُ: اونگھنا۔ صفت کَرٍ و کَرْیَان و کَرِیّ.
کَارَاهُ مُکَارَاةً و کِرَاءً الدَّابَّةَ او الدَّارَ: چوپایہ یا مکان کرایہ پر دینا۔ صفت مُکَارٍ.
اَکْرَی اِکْرَاءً الشَّیْءُ: زیادہ ہونا۔ کم ہونا۔ (ضد)...... فُلَانٌ: اطاعت الٰہی میں شب بیداری کرنا۔ الاَمْرَ: مؤخر کرنا۔ پیچھے ڈالنا...... الحَدِیْثَ: بات طویل کرنا...... فُلَانٌ دَابَّتَهُ او دَارَهُ: چوپایہ یا مکان کرایہ پر دینا اور اسم۔
الکَرْو والکُرْو الکَرْوَة.
تَکَرَّی تَکَرِّیًا: سونا۔

اِكْتَرىٰ مِنْهُ الدَّارَ وَغَيْرَهَا: مکان وغیرہ کرایہ پر لینا۔
تَكَارَىٰ وَاسْتَكْرَى الدَّارَ وَغَيْرَهَا: مکان وغیرہ کرایہ پر لینا۔
الكِرَاء والكِرْوَة: کرایہ۔
الـكَرِيّ: اُونگھنے والا۔ کرایہ پر لینے والا۔ کرایہ پر دینے والا۔ ج اَكْـرِيَـاء: بہت چیز۔ ایک درخت ہے جو ریگستان میں ہوتا ہے۔ واحد كَرِيَّة۔
الكَرْيَان: اُونگھنے والا۔
الـمُكَارِي: جانوروں کو کرایہ پر دینے والا۔ ج مُـكَـارُوْن: اور اب اکثر گدھے اور خچر والوں پر بولا جاتا ہے۔
الـمُـكَرِّي مِنَ الإِبِلِ: آہستہ و نرم رفتار اُونٹ۔
كَزَّ (ن) كَزًّا الشَّيْءَ: تنگ کرنا۔ كَزَّتْ خُطَاهُ: قدم قریب ہونا......الـمَرْأَةُ دُمْلُجَهَا: عورت کا بازو بند کو بازو سے بھر دینا (...... كَزَازَةً وكُزُوْزَةً) سکڑنا۔ خشک ہونا۔
كُزَّ: سردی سے کپکپی لاحق ہونا۔ زکام ہونا۔
اَكَزَّ اللّٰهُ فُلَانًا: کپکپی کی بیماری لگانا۔ صفت مفعولی۔ مَكْزُوْزٌ۔
اِكْتَزَّ: سکڑنا۔
الـكَزُّ: مص۔ سکڑا ہوا۔ خشک۔ کہا جاتا ہے "وَجْـهٌ كَزٌّ" یعنی قبیح چہرہ۔ "وَذَهَبٌ او جَـمَـلٌ كَـزٌّ" یعنی بہت ٹھوس اور مضبوط۔ "وَفُلَانٌ كَـزُّ الْيَـدَيْنِ" فلاں بخیل ہے۔ ج كُزٌّ۔
الـكَزَّة۔ كَزٌّ: کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے "قَوْسٌ كَزَّةٌ" یعنی ایسی کمان جس کی لکڑی خشک ہے مڑتی نہیں۔ "وبَـكَـرَةٌ كَزَّةٌ" یعنی تنگ چرخی۔
الكَزَّان: کجاوہ کے پچھلے حصہ کی دو لکڑیاں۔
الكَزَز: بخل۔
الـكُـزَاز والكُزَّاز: سخت سردی کی وجہ سے کپکپی یا ایک مرض کا نام۔

كَزَبَ (س) كَزَبًا. مُشْطُ الرِّجْلِ: پاؤں کی ہڈی کا چھوٹا ہونا، سکڑنا۔
الـكُزْبُرَة والكُزْبَرَة والكُزْبُرَة: دھنیا کا پودہ اور دھنیا کو جلجلان کہتے ہیں۔
كَـزَمَ (ن) كَـزْمًـا منہ بند کرنا اور چپ رہنا۔
......الـجَوْزَةَ وَنَحْوَهَا: اخروٹ وغیرہ کو اگلے دانتوں سے توڑنا اور گری نکالنا......هُ: سخت دانت کاٹنا۔
كَزِمَ (س) كَزَمًا: بخیل ہونا۔ بہت کھانے والا ہونا۔ چھوٹی ناک یا انگلی والا ہونا۔ صفت اَكْزَم: پیش قدمی سے ڈرنا۔
كَزَّمَ الْبَرْدُ اَصَابِعَهُ: سردی کا اُنگلیوں کو سکڑا دینا۔
اَكْزَمَ: سکڑنا......عَنِ الطَّعَامِ: بہت کھانا یہاں تک کہ خواہش باقی نہ رہے۔
تَكَزَّمَ الفَاكِهَةَ: میوہ بغیر چھیلے ہوئے کھانا۔
الكَزَم: تنگ ہتھیلی۔ چھوٹی انگلیوں والا۔
الكَزَم: بخل۔ بہت کھانا۔ ناک یا انگلیوں کی کوتاہی۔ گھوڑے وغیرہ کے ہونٹ کی چھوٹائی اور موٹائی کہا جاتا ہے "فِـي يَـدِهِ كَزَمٌ" جبکہ افعالِ خیر کے لئے ہاتھ نہ کھلے۔
الكَزِم مِنَ الرِّجَال: بزدل خائف مرد۔
الـكُزْمَان مِنَ الرِّجَال: اتنا کھانے والا کہ ناپسند کرنے لگے۔
المُتَكَزِّم: چھوٹی ہتھیلی اور قدم والا۔
كَزَىٰ يَكْزِي كَزْيًا: اپنے آزاد کردہ سے احسان کرنا۔
كَسَّ (ن) كَسًّا الشَّيْءَ: باریک کوٹنا۔
كَـسَّ (س) كَـسَسًـا: چھوٹے چھوٹے دانتوں والا ہونا۔ چھوٹے تالو والا ہونا۔ صفت اَكَسّ: مؤنث كَسَّاء ج كُسٌّ۔
الكُسّ: اندام نہانی۔
الـكَسِيْس: ٹوٹی ہوئی روٹی، شکر اور بقول بعض جو اور چینا سے بنی ہوئی شراب۔ کھجور کی نبیذ۔ خشک شدہ گوشت کہ اس کو کوٹ کر باریک کر لیتے ہیں اور بطور توشہ [illegible]

لے جاتے ہیں۔
المَكْسُوْس: مفع۔ ٹوٹی ہوئی روٹی۔
كَسَـأَهُ (ف) كَسْـأً: پیچھا کرنا۔
كَسَـأَ الدَّابَّةَ: چوپایہ کو ہانکنا......الـقَوْمَ: خصومت میں غالب آنا......هُ بِـالسَّيْفِ: تلوار سے مارنا۔
الكُسْءُ مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ایک ٹکڑا۔
الـكُسْءُ والكُسُوْءُ مِن كُلِّ شَيْءٍ: پچھلا حصہ ج اَكْسَاء: کہا جاتا ہے "رَكِبَ كُسْأَهُ" یعنی وہ گدی کے بل گرا "وَاَتَيْنَـا فِيْ اَكْسَـاءِ الشَّهْـرِ" یعنی ہم مہینہ کے آخر میں آئے۔
"وَمَرُّوْا فِيْ اَكْسَـاءِ الْمُنْهَزِمِيْنَ او عَلٰى اَكْسَـاءِهِـم" یعنی وہ لوگ شکست خوردہ جماعت کے نشان قدم پر اور ان کے پیچھے رہ گئے۔
كَسَبَ (ض) كَسْبًـا وكِسْبًـا وتَكَسَّب واكْتَسَبَ مَالًا او عِلْمًا: مال یا علم حاصل کرنا۔ طلب کرنا۔ کمائی کرنا۔ كَسَـبَ الشَّيْءَ: جمع کرنا۔ كَسَبَ الإِثْمَ: گناہ اُٹھانا ......لِاَهْلِهِ: کمائی کرنا۔
كَسَبَ وكَسَّبَ واَكْسَبَ فُلَانًا مَالًا او عِلْمًا: مال یا علم حاصل کرانا۔
اِسْتَكْسَبَ وتَكَسَّبَ فُلَانًا: کمائی کرانا۔
تَكَسَّبَ الرَّجُلُ: کمانے کی کوشش کرنا۔
الكَسْب: مص۔ کمائی۔
الكِسْبَة الكَسِيْبَة: کمائی۔
الكَاسِب: فا۔ ابو کاسب: بھیڑیا۔
الـكَاسِبَة کاسب کا مؤنث ج كَـوَاسِـب
الـكَـوَاسِـب: انسان یا پرندہ کے جسم کے جوڑ۔ شکاری جانور۔
الـكَسُوْب والكَسَّاب: بہت کمائی کرنے والا۔
الـمَكْسَب والـمَكْسِب والمَكْسَبَة: کمائی۔
اَلْكَسْتَنَا: ایک معروف درخت شاہ بلوط۔ ابو فروہ۔ اس کے پھلوں کو بھون کر کھایا جاتا
[illegible] كُسْتَنَةُ الْحِصَانِ او قَطَاةُ

الحِصَانِ : سفید پھولوں والا کڑوے پھلوں والا درخت۔

الکُسَاب: بھیڑیا۔

الکُسْب: کھلی۔

الکُسْبج: کھلی۔

الکُسْبُر: ہاتھی دانت کا کنگن کی مانند ایک زیور۔ ج کَسَابِر۔

الکُسْبُرَة: دھنیا۔

کَسَحَ (ف) کَسْحًا البَیْتَ: گھر میں جھاڑو دینا۔ کَسَحَتِ الرِّیْحُ الاَرْضَ: ہوا کا مٹی کو اُڑا لے جانا۔ الشَّیْءَ: کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْنَا بَنِی فُلَانٍ فَکَسَحْنَاھُمْ" یعنی ہم بنی فلاں پر پہنچے اور ان کو نیست و نابود کر دیا۔

کَسِحَ (س) کَسَحًا: ہاتھ پاؤں میں بے حسی والا ہونا۔ ایک پاؤں کے بوجھل ہونے کی وجہ سے چلنے میں گھسٹ کر چلنا۔ صفت اَکْسَح ج کُسْحَان: کہا جاتا ہے "مَا اَکْسَحَهُ" کس قدر بوجھل ہے۔

کَاسَحَهٗ مُکَاسَحَةً: بہت سخت جھگڑا کرنا۔

اِکْتَسَحَ الشَّیْءَ: لے جانا۔ کہا جاتا ہے "اَغَارُوْا عَلَیْهِمْ فَاکْتَسَحُوْهُمْ" یعنی انہوں نے ان کو لوٹا اور ان کا سارا مال لے گئے۔

الکَسْح: مس۔ عاجزی۔

الکُسَاحَة: کوڑا کرکٹ۔ ہاتھ پاؤں کی بے حسی اور اکثر پاؤں کی بے حسی کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

الکَسِیْح: وہ شخص کہ جس سے تم مدد طلب کرو اور وہ تمہاری مدد نہ کرے۔

الاَکْسَح: ہاتھ پاؤں کی بے حسی والا۔ لنگڑا لنجا۔ ج کُسْحَان.

الکَسِیْح والکُسَیْح والکُسْحَان: ہاتھ پاؤں کی بے حسی والا۔

الکُسَاح: اونٹوں کا ایک مرض۔

المِکْسَحَة: جھاڑو۔

المُکَسَّح: چھیل کر ہموار کیا ہوا۔ جیسے عُوْدٌ مُکَسَّح.

المُکَسْوَح: مثل جَمَلٌ مُکَسْوَح: سخت لنگڑا اونٹ۔

کَسْحَبَ کَسْحَبَةً: ڈر کی وجہ سے چھپ چھپ کر چلنا۔

کَسَدَ وکَسُدَ (ن) کَسَادًا وکُسُوْدًا الشَّیْءُ: خواہش مندوں کی کمی کی وجہ سے رائج نہ ہونا۔ کَسَدَتِ السُّوْقُ: بازار کا مندا ہونا۔ شی کی صفت کَاسِدٌ وکَسِیْدٌ اور سوق کی صفت کَاسِدٌ وکَاسِدَةٌ واَکْسَدُ.

اَکْسَدَ القَوْمُ: مندے بازار والا ہونا۔

اَکْسَدَتِ السُّوْقُ: بازار کا مندا ہونا۔

اَکْسَدَ الشَّیْءَ: غیر رائج بنانا۔

اِنْکَسَدَتِ الغَنَمُ اِلَی الغَنَمِ: واپس ہونا۔ لوٹنا۔

الکُسْد: قسط (ایک دوا کا نام)

الکَسِیْد: مندا۔ گھٹیا۔

کَسَرَ (ض) کَسْرًا العُوْدَ وکُلَّ صُلْبٍ: توڑنا۔

العَسْکَرَ: لشکر کو شکست دینا...... الوَصِیَّةَ: وصیت منسوخ کرنا...... الشِّعْرَ: شعر کا وزن درست نہ کرنا...... الطَّائِرُ جُنَاحَیْهِ: پرندہ کا اُترنے کے لئے پروں کو سمیٹنا...... الحَرْفَ: حرف کو زیر دینا...... الوِسَادَةَ: تکیہ کو موڑنا اور ٹیک لگانا...... المَتَاعَ: سامان ایک ایک کر کے بیچنا۔ کَسَرَ مِنْ طَرْفِهٖ وعَلٰی طَرْفِهٖ: نگاہ پست کرنا...... فُلَانًا عَنْ مُرَادِهٖ: پھیرنا۔

کَسَرَ (ض) کُسُوْرًا الطَّائِرُ: پرندہ کا اُترنے کے لئے پروں کو سمیٹنا۔

کَسِرَ (س) کَسَرًا: کاہل ہونا۔

کَسَّرَ: بمعنی کَسَرَ: تشدید مبالغہ اور تکثیر کے لئے ہے وکَسَّرَتِ المِرْاٰةُ وَنَحْوُهَا النُّوْرَ عَلٰی کَذَا فَتَکَسَّرَ: آئینہ نے فلاں چیز پر روشنی ڈالی اور اس پر روشنی پڑ گئی۔ کَسَّرَ الکَلِمَةَ: جمع مکسر بنانا اور کہا جاتا ہے "کَسَّرَ الکِتَابَ عَلٰی عِدَّةِ اَبْوَابٍ" کتاب کو چند منقسم کرنا

تَکَسَّرَ: ٹوٹنا...... الشَّیْءُ: توڑنا۔

اِنْکَسَرَ: ٹوٹنا...... العَسْکَرُ: لشکر کا شکست کھانا اور پراگندہ ہونا۔ صفت دونوں معنی کے لحاظ سے مکسور ہے اور منکسر نہیں کہا جاتا...... الحَرُّ: گرمی کم ہونا...... العَجِیْنُ: گندھے ہوئے آٹے کا نرم ہونا اور خمیر ہونا...... عَنِ الشَّیْءِ: عاجز ہونا۔

اِکْتَسَرَ الشَّیْءَ: توڑنا۔

الکَسْر: معنی زیر کی حرکت۔ بہت کم...... فِی الحِسَابِ: ایک سے کم جیسے تہائی چوتھائی اور اس کے مقابلہ میں صحیح ہے ج کُسُوْر وجج کُسُوْرَات.

الکَسْر والکِسْر: عضو کا جزو۔ ہڈی کا جز مع گوشت کے۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُهٗ وَهُوَ یُطْعِمُ النَّاسَ مِنْ کُسُوْرِ الاِبِلِ" میں اس کے پاس آیا اور وہ لوگوں کو اُونٹ کے اعضاء کھلا رہا تھا۔ کوٹھری کا ایک گوشہ۔ خیمہ کا وہ کنارہ جو زمین پر لگا ہوا ہو۔ گوشہ ج اَکْسَار وکُسُوْر. کُسُوْرُ الاَوْدِیَةِ: وادی کے موڑ (اور اس آخری معنی میں اس لفظ کا واحد نہیں) "هٰذِهٖ اَرْضٌ ذَاتُ کُسُوْرٍ" یہ زمین اُونچی نیچی ہے۔

الکَسْرَة. کَسْر: کا اسم مرۃ۔ زیر کی حرکت۔ شکست۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَتْ عَلَیْهِمُ الکَسْرَةُ" یعنی شکست کھا گئے۔ "وبِعَیْنِهٖ کَسْرَةٌ مِنَ النَّوْمِ" یعنی اس کی آنکھ میں نیند کا غلبہ ہے۔ بیداری کی [illegible] ہے۔ ج کَسَرَات اور کہا جاتا ہے "هُوَ ذُوْ کَسَرَاتٍ وهَزَرَاتٍ" وہ ایسا شخص ہے جس کو ہر چیز میں نقصان ہوتا ہے۔

الکِسْرَة: ٹوٹی ہوئی چیز کا ٹکڑا۔ ج کِسَر وکِسِرَات وکِسْرَات.

کَسْرٰی وکِسْرٰی: شاہان فارس کا نام۔ ج اَکَاسِرَة واَکَاسِر وکَسَاسِرَة وکُسُوْر اور نسبت کے لئے کَسْرَوِیّ اگر کَسْرٰی کی طرف نسبت ہو اور اگر کِسْرٰی کی طرف ہو۔ کِسْرَوِیّ واِکْسِیرِیّ.

الكَسَّار و الكَسْرَة مِنَ الكَعْبِ و كَسْرَةٌ: کورا۔ چپنی۔

الكَسِير: ٹوٹا ہوا۔ ج كَسْرَىٰ و كَسَارَىٰ۔

الإكْسِير: وہ چیز جو چاندی وغیرہ کو سونا بنا دے۔

التَّكْسِير: مص۔ والتَّكْسِير عِنْدَ المُهَنْدِسِين: پیائش۔

الكَاسِر: فا۔ ج كُسَّر: عقاب۔ کہا جاتا ہے عُقَابٌ كَاسِرٌ: ٹوٹ پڑنے والا یا شکار کئے ہوئے جانور کو توڑنے والا عقاب۔

كَاسِرُ الحَجَرِ أَو القَلْبِ: پہاڑی علاقے کا پھول۔

الكَاسِرَة: کاسر کا مؤنث ج كَاسِرَات و كُسَّر و كَوَاسِر۔ الكَوَاسِر: شکاری پرندے۔

الكُسْر: (فی الطب) وہ حالت جو جسم میں کمزوری والی ٹھنڈک اور چڑے اور پٹھوں میں بدحالی پیدا کردے۔

الانكسار: (فلکیات) اشعۂ شعاع کی جہت میں تبدیلی جو شفاف مادے سے گزر کر دوسرے مادے کے وسط تک چلی جاتی ہے۔

الكَسَّار: اسم مبالغہ۔

المَكْسِر: توڑنے کی جگہ۔ مَكْسِرُ الشَّجَرَة: درخت کی جڑ یا درخت کا تنہ جہاں سے ٹہنیاں توڑی جائیں۔ آزمائش۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ طَيِّبُ المَكْسِر" فلاں آزمائش کے وقت اچھا ہے۔

المُكَاسِر مِنَ الجِيرَان: پڑوسی جس کے مکان کا گوشہ تمہارے مکان کے گوشہ سے ملا ہوا ہو۔ کہا جاتا ہے "هُوَ جَارِي مُكَاسِرِي" وہ میرا پڑوسی ہے کہ اس کے مکان کا گوشہ میرے مکان کے گوشہ سے ملا ہوا ہے۔

المُكَسَّر: مفع۔ المُكَسَّر مِنَ الأَوْدِيَة: وادی جس کے موڑ بہر رہے ہوں۔ الجمع المُكَسَّر: جمع سالم کی ضد۔ جس میں واحد وزن باقی نہ رہے۔ جیسے رَجُلٌ سے رِجَالٌ۔ مَسْجِدٌ سے مَسَاجِد۔

المَكْسُور: مفع۔ صَوْتٌ مَكْسُورٌ: نرم و کمزور آواز۔

المُتَكَسِّر: فا۔ کہا جاتا ہے "رَأَيْتُهُ مُتَكَسِّرًا" میں نے اس کو سست دیکھا۔

كَسَعَهُ (ف) كَسْعًا: دھتکارنا۔ دھتکارتے ہوئے پیچھا کرنا۔ چوتڑوں پر ہاتھ یا لات مارنا۔ كَسَعَ السَّفِينَةَ فِي البَحْرِ: کشتی کو سمندر میں اتارنا اور چلانا۔ كَسَعَهُ بِكَذَا: تابع بنانا۔ کہا جاتا ہے "وَرَدَتِ الخَيْلُ يَكْسَعُ بَعْضُهَا بَعْضًا" گھوڑے آئے اس حال میں کہ بعض بعض کے پیچھے تھے۔ "وَاتَّبَعَ فُلَانٌ أَدْبَارَهُمْ يَكْسَعُهُمْ بِالسَّيْفِ" فلاں ان کے پیچھے گیا اور تلوار سے ان کو دھتکار رہا تھا۔ "كَسَعْتُ الرَّجُلَ بِمَا سَاءَهُ" جبکہ گفتگو کرے اور آخر میں ایسی بات کہے جو تکلیف دہ ہو۔

كَسَعَتْ و اكْتَسَعَتِ الخَيْلُ بِأَذْنَابِهَا: گھوڑوں کا ٹانگوں میں دُم دبانا۔

تَكَسَّعَ فِي ضَلَالِهِ: گمراہی کی انتہا کو پہنچنا۔

الكَسَعُ فِي الخَيْلِ: گھوڑے کے کھر کے پاس جوڑ کے اردگرد سفیدی۔

الكُسَعُ: روٹی کے ٹکڑے۔

الكُسْعَة: پیشانی پر سفید داغ۔ پرندہ کی دُم کے نیچے سفید پر۔ ج كُسَع: کام کرنے والے بیل۔ گدھے۔ غلام۔

الأَكْسَعُ مِنَ الخَيْلِ: کھر کے پاس جوڑ کے اردگرد سفیدی والا گھوڑا ...... مِنَ الطَّيْرِ: دُم کے نیچے سفید پَر والا پرندہ۔

رَجُلٌ مُكَسَّعٌ: بے بیاہا مرد۔

الكُسْعُوم: گدھا۔

كَسَفَ (ض) كَسْفًا الثَّوْبَ: کپڑا کاٹنا ...... اللّٰهُ الشَّمْسَ او القَمَرَ: گہن لگانا ...... بَصَرَهُ: نگاہ پست کرنا ...... الشَّمْسُ النُّجُومَ: آفتاب کی روشنی کا ستاروں پر غالب آنا ...... الشَّيْءَ: ڈھانکنا۔ كَسَفَهُ الحُزْنُ وغيرُهُ: غمگین کرنا [illegible]

كَسَفَتْ (ض) كُسُوفًا الشَّمْسُ: آفتاب میں گہن لگنا ...... وَجْهُهُ: تیوری چڑھنا۔ متغیر ہونا ...... حَالُهُ: برا ہونا۔ كَسَفَ أَمَلُهُ: امید منقطع ہونا ...... كَسَفَ بَالُهُ: جی میں برا خیال آنا یا امید کا کھوٹا ہونا۔

تَكَسَّفَتِ الشَّمْسُ: آفتاب میں گہن لگنا۔

انْكَسَفَتِ الشَّمْسُ والقَمَرُ: آفتاب اور ماہتاب میں گہن لگنا۔

كَسَّفَ الشَّيْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

الكَسْف: مص۔ عرب کے امثال سے ہے "أَكَسْفًا وَإِمْسَاكًا": یعنی کیا ترش روئی اور بخل بھی (یہ بھی مثال ترش رو و بخیل کے لئے استعمال ہوتی ہے)

الكَاسِف: فا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ كَاسِفُ البَالِ" یعنی فلاں برے حال والا ہے "وَكَاسِفُ الوَجْهِ" ترش رو "وَيَوْمٌ كَاسِفٌ" سخت و خوفناک دن "وَرَجُلٌ كَاسِفٌ" غمگین مرد جو غم کی وجہ سے نڈھال ہو گیا ہو۔

الكِسْفَة: ٹکڑا ج كِسَف و كِسْف و أَكْسَاف و كُسُوف۔

الكَسِيفَة: ٹکڑا۔

الكَسْكَسَة: مص۔ وقف کی حالت میں ک ضمیر مؤنث کے ساتھ سین ملانا جیسے بِكِسْ و أَكْرَمْتُكِسْ بک و اکرمتک میں (یہ لغت بنو تمیم کی ہے)

الكُسْكُس: ایک کھانا ہے جو آٹے سے بنایا جاتا ہے۔

كَسِلَ (س) كَسَلًا و تَكَاسَلَ: کاہل ہونا۔ جس کام سے سستی نہ کرنا چاہئے اس میں سستی کرنا۔ صفت كَسِلٌ و كَسْلَانُ ج كَسَالَىٰ و كُسَالَىٰ مؤنث كَسِلَةٌ و كَسْلَانَةٌ و كَسْلَىٰ۔

كَسِلَ (س) كَسَلًا و أَكْسَلَ: بے انزال کے جماع کرنا یا منی کو باہر گرانا۔

أَكْسَلَ الأَمْرُ فُلَانًا: کاہلی میں ڈالنا۔

[illegible]: بیکاری۔

الکَسُوْل: کاہل۔ ناز پروردہ لڑکی کے لئے وصف ہے جو اپنی مجلس سے جدا نہ ہو۔
الکِسْل والمِکْسَل: دُھنیا کے کمان کی تانت جب کہ اُتار دی جائے۔ نَسَبٌ مِکْسَلٌ: وہ نسب جسے سرداری اور افعالِ خیر میں خودداری نہ ہو۔
المِکْسَال: کاہل (مذکر و مؤنث) ناز پروردہ لڑکی جو اپنی مجلس سے جدا نہ ہو۔ یہ اس کے لئے باعث مدح ہے۔
المَکْسَلَة: سبب کاہلی۔ کہا جاتا ہے "الشَبْعُ مَکْسَلَة" آسودگی باعث کاہلی ہے "فُلانٌ لا تُکْسِلُهُ المکَاسِل" اسباب کاہلی فلاں کو کاہل نہیں بناتے۔
کَسَم (ض) کَسْمًا الیَابِسَ: خشک چیز کو ہاتھ سے چورا کرنا...... عَلٰی عِیَالِهِ: کمائی حاصل کرنے کے لئے محنت کرنا...... نَارَ الحَرْبِ: لڑائی بھڑکانا۔
الکَسْم: مص۔ خشک چیز کا چورہ جو تمہارے ہاتھوں میں باقی رہ جائے۔
الکَسُوْم: کر گزرنے والا۔
الکَیْسُوْم: بہت گھاس۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهٖ رَوْضَةٌ کَیْسُوْمٍ وَاَکْسُوْم ویَکْسُوْم" یہ سرسبز و شاداب اور گنجان باغ ہے۔
خَیْلٌ اَکَاسِم: بہت سے گھوڑے جو ایک دوسرے کے اوپر ہوں۔
کَسَا یَکْسُوْ کَسْوًا واَکْسَی الثَوْبَ فُلانًا: کپڑے پہنانا۔ کَسَاهُ شِعْرًا: اشعار سے مدح کرنا۔
کَسِیَ یَکْسٰی وکَسِیَ کَسًا الثَوْبَ: کپڑا پہننا کَسِیَ یَکْسٰی کَسَاءً: بزرگ ہونا۔
تَکَسّٰی تَکَسِّیًا بالکِسَاء: اوڑھنا۔ پہننا۔
کَاسٰی مُکَاسَاة فُلانًا: فخر کرنا۔
اِکْتَسٰی: لباس پہننا۔ اِکْتَسَتِ الاَرْضُ بالنَبَاتِ: نباتات سے چھپ جانا۔ اِکْتَسَیْتُه ثَوْبًا: کپڑے پہنانا۔
اِسْتَکْسٰی فُلانًا: کسی سے لباس مانگنا۔
الکَاسِي: فا۔ لباس پہننے والا۔ ج کُسَاة

الکَسَاء: بزرگی و شرف۔
الکِسَاء: کپڑا۔ کمبل۔ ج اَکْسِیَة۔
الکُسْوَة والکِسْوَة: لباس۔ ج کُسًی وکِسًی۔
الاَکْسٰی: بہت پہننے والا۔ بہت لباس دینے والا۔ عرب کے امثال میں سے ہے "هُوَ اَکْسٰی مِنْ بَصَلَةٍ" اس شخص کے لئے بولتے ہیں جو بہت زیادہ کپڑے پہنے۔
الکُسْیُ: چوتڑ کا پچھلا حصہ۔ ہر چیز کا پچھلا حصہ۔ ج اَکْسَاء: کہا جاتا ہے "رَکِبَ اَکْسَاءَهٗ" وہ گدی کے بل گرا۔
کَشَّ (ض) کَشًّا وکَشِیْشًا الزَنْدُ: آگ نکلتے وقت سائیں سائیں کی آواز نکلنا...... الجَرَّةُ: شراب کے مٹکے میں جوش آنا۔
کَشَّتْ کَشِیْشًا الحَیَّةُ: سانپ کی کھال سے آواز نکلنا۔ کَشَّ الجَمَلُ: اُونٹ کا پہلی مرتبہ بڑبڑانا...... البَقَرَةُ: گائے کا آواز نکالنا(...... کَشًّا) الرَجُلَ وغَیْرَهٗ: دھتکارنا۔ ڈانٹنا......
تَکَاشَّتِ الاَفَاعِي: سانپوں کا آپس میں آواز نکالنا۔
الکَشّ: وہ چیز جس سے درخت خرما کو گابھا دیا جائے۔
الکُشَّة: پیشانی یا سر کے اگلے حصہ کے بالوں کا گچھا۔
الکَشِیْش: مص۔ شراب کے جوش کی آواز۔
کَشَاَ (ف) کَشْاً الشَیْءَ: چھیلنا۔ اگلے دانتوں سے کاٹ کر کھانا...... فُلانًا بالسَیْفِ: تلوار سے مارنا(...... واَکْشَا اللَحْمَ) گوشت بھون کر خشک کرنا۔ صفت مفعولی کَشِیْءٌ وکَشَاَ الرَجُلُ: بھونے ہوئے گوشت کا ٹکڑا کھانا۔ کَشَاَ المَرْاَةَ: جماع کرنا۔
کَشِئَتْ (س) کَشَاً وکَشَاءً یَدُهٗ: ہاتھ پھٹنا۔ جھری دار ہونا۔
...... کَشِئَ ......

الرَجُلُ مِنَ الطَعَامِ: شکم سیر ہو کر کھانا۔ صفت کَشِیْءٌ وکَشِیْءٌ۔ تَکَشَّاَ الشَیْءَ: چھل جانا...... اللَحْمَ: خشک بھنا ہوا گوشت کھانا۔
کَشَّاَ تَکْشِئَةً اللَحْمَ: خشک بھنا ہوا گوشت کھانا۔
الکُشَاَة: عیب۔ کہا جاتا ہے "مَا فِي جَسَدِهٖ کُشَاَة" اس کے جسم میں کوئی عیب نہیں۔
کَشَبَ (ض) کَشْبًا وکَشَّبَ اللَحْمَ: گوشت بہت کھانا۔
الکُشْبَان انگشتانہ ج کَشَاتِبِیْن۔ وزَهْرُ الکُشْبَان: ایک قسم کی نباتات۔
الکَشُوْث والکُشُوْثي والکَشُوْثٰی والکَشُوْثَا: ایک قسم کی گھاس ہے جو درخت وغیرہ پر لپٹی ہوئی ہوتی ہے اور اس کی جڑ نہیں ہوتی اور اس کے پتے بھی نہیں ہوتے۔
کَشَحَ (ف) کَشْحًا البَیْتَ: گھر میں جھاڑو دینا...... القَوْمَ: پراگندہ کرنا، دھتکارنا...... عَنِ المَاءِ: پانی پر سے واپس ہونا...... لَهٗ بالعَدَاوَة: دشمنی کرنا...... الدَابَّةُ: چوپایہ کا ٹانگوں کے درمیان دُم دبانا...... الطَائِرُ: پرندہ کا تیز واپس آنا...... الظَلامُ والضَوْءُ: تاریکی یا روشنی کا زائل ہونا(...... وکَشَّحَ) العُوْدَ: لکڑی چھیلنا۔ چھال اُتارنا...... البَعِیْرَ: اُونٹ کے پہلو میں داغ لگانا...... ه: پہلو پر داغ دینا۔
کُشِحَ الرَجُلُ: پہلو پر داغ دیا جانا۔ صفت مَکْشُوْح۔ کُشِحَ القَوْمُ عَنِ المَاءِ: متفرق ہونا۔ پراگندہ ہونا۔
کَشِحَ (س) کَشَحًا: درد پہلو والا ہونا۔
کَاشَحَ کِشَاحًا ومُکَاشَحَةً فُلانًا بالعَدَاوَة: دشمنی رکھنا۔
اِنْکَشَحَ القَوْمُ عَنِ المَاءِ: متفرق ہونا۔ بکھرنا۔
تَکَشَّحَ الجَارِیَةَ: جماع کرنا۔
الکَشْح: مص۔ پہلو۔ ج کُشُوْح: کہا جاتا ہے "طَوٰی کَشْحَهٗ عَنْ فُلانٍ او طَوٰی

کَشَحَا عَنْہُ" یعنی اس نے پہلو تہی کی اور اعراض کیا۔ "وطَوَیٰ کَشْحَہ عَلَی الاَمْرِ" اس نے کام پر مداومت کی۔
الکَشَح: پہلو کی بیماری جس کا علاج داغ لگانا ہے اور بقول بعض ذات الجنب کو کہتے ہیں۔
الکَاشِح: فا۔ پوشیدہ دشمنی رکھنے والا۔ اور بقول بعض وہ شخص جو دشمنی کی بنا پر پہلو تہی کرے یا وہ جو تم سے دُوری اختیار کرے اور اعراض کرے۔
الکِشَاح: پہلو کا داغ۔
الکُشَاحَۃ: باطنی عداوت۔
المِکْشَح والمِکْشَاح: تلوار کی دھار۔
المِکْشَاخ: کلہاڑا۔
اکَشَدَ (ض) کَشْدَ الشَیْءَ: دانتوں سے کاٹنا...... النَاقَۃَ: اُونٹنی کو تین انگلیوں سے دوہنا۔
اَکْشَدَ: خالص مکھن بنانا۔
الکِشْدَۃ: مکھن۔
الکَاشِد والکَشُود والکَشَد: اہل وعیال کے لئے بہت محنت سے کمانے والا۔ ج کُشُد۔
کَشَرَ (ض) کَشْرًا. عَنْ اَسْنَانِہٖ: ہنسی وغیرہ میں دانت نکالنا اور اسم الکِشْرَۃ...... السبعُ عَنْ نَابِہٖ: درندے کا مقابلے میں دانت دکھانا۔ فُلَانٌ لَہٗ: چیتے جیسا بننا۔
کَشِرَ (س) کَشْرًا: بھاگنا۔
کَشَّرَ عَنْ اَسْنَانِہٖ: بمعنی کَشَرَ تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔
کَاشَرَہٗ مُکَاشَرَۃً: باہم ہنسنا۔ باہم دانت نکالنا۔
اَکْشَرَ لَہٗ عَنْ اَنْیَابِہٖ: دھمکی دینا۔
تَکَشَّرَ: دانت نکالنا۔
الکَشْر: مص۔ سوکھی روٹی۔
الکُشْر: انگور کا خوشہ جس کے انگور کھائے جا چکے ہوں۔
المُکَاشِر: فا۔ الجَارُ المُکَاشِر: قریبی پڑوسی۔
کَشَطَ (ض) کَشْطًا واسْتَکْشَطَ الشَیْءَ: ڈھکی ہوئی چیز کو کچھ کھولنا۔ کَشَطَ الجُلَّ عَنِ الفَرَسِ والغِطَاءَ عَنِ الشَیْءِ: جھول کر گھوڑے سے یا ڈھکنے کو کسی چیز سے اُتارنا۔ ننگا کرنا...... الحَرفَ: موقع سے ہٹا دینا۔ وکَشَطَ البَعِیرَ: اونٹ کی کھال اتارنا واسْتَکْشَطَ البَعِیرُ: کھال اُتارنے کا وقت قریب ہونا۔
تَکَشَّطَ السَحَابُ فِی السَمَاءِ: آسمان میں بادل ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ پراگندہ ہونا۔
اِنْکَشَطَ: اُتارا جانا۔ ننگا ہونا...... الرَوْعُ: خوف زائل ہونا۔
الکَشَّاط: قصائی۔
الکِشَاط: انکشاف۔ اُتری ہوئی کھال۔
الکَشَطَۃ: کھال اُتری ہوئی اُونٹوں کے مالکین۔
کَشَعَ (ف) کَشْعًا القَوْمُ عَنْ قَتِیْل: قوم کا مقتول سے متفرق و پراگندہ ہونا۔
کَشِعَ (س) کَشَعًا: بددل ہونا۔ زچ ہونا۔
کَشَفَ (ض) کَشْفًا وکَاشِفَۃً الشَیْءَ وعَنِ الشَیْءِ: ظاہر کرنا۔ کھولنا۔ کہا جاتا ہے "کَشَفَ اللّٰہُ غَمَّہٗ" اللہ اس کے غم کو زائل کرے۔ "کَشَفَتْہُ الکَوَاشِف" یعنی رُسوا کر دیا۔
کَشِفَ (س) کَشَفًا: شکست کھانا...... الرَجُلُ او الفَرَسُ: کھلی ہوئی پیشانی والا ہونا۔
کَشَّفَ الشَیْءَ: کھولنا۔ ظاہر کرنا...... فُلانًا عَنِ الاَمْرِ: ظاہر کرنے پر مجبور کرنا۔
کَاشَفَہٗ بِکَذَا: خبردار کرنا...... ہٗ بِالعَدَاوَۃِ: کھلی کھلی دشمنی کرنا۔
اَکْشَفَ: ہنسنے میں مسوڑھوں کو ظاہر کرنا۔
اِنْکَشَفَ الشَیْءُ: ظاہر ہونا۔
تَکَشَّفَ الشَیْءُ: ظاہر ہونا...... البَرْقُ: بجلی کا آسمان پر پھیلنا...... الرَجُلُ: رُسوا ہونا۔
[illegible] ظاہر کرنا۔
اِکْتَشَفَ الشَیْءَ: ظاہر کرنا۔ کھولنا اور اسی سے ہے "الاِکْتِشَافَات" ان نئی تحقیقات کے لئے جو اُمور طبیعہ و صناعیہ میں ظاہر ہوں۔
اِسْتَکْشَفَ عَنِ الشَیْءِ: ظاہر کرنے کو کہنا۔
الکَشْف: مص...... عند العروضیین: ساتویں متحرک کا گرا دینا۔
اَلکَشْفُ: وہ کاغذ جس میں سامان تجارت کی مقدار اور اس پر معاوضہ ادائیگی تحریر کیا جاتا ہے۔
اَلکَشْفُ الالٰہِی: عِندَ الصُوفِیِّیْن: جب صوفی ولی اللہ مخصوص طرق عبادت اختیار کرے تو اس پر حقائق الٰہیہ منکشف ہو جاتے ہیں۔ اصحاب الکشف ان ہی حضرات کو کہا جاتا ہے جن پر کشف ہوتا ہے۔
الکَشَف: سر کے اگلے حصہ کے بال گر جانا۔
والکَشَفُ فِی الخَیْلِ: دُم کے بالوں کی پیچیدگی۔
الکَشَفَۃ: سر کے اگلے حصہ میں بال گرنے کی جگہ۔
الکَاشِف: فا۔ ج کَشَفَۃ.
الکَاشِفَۃ: مص۔ کاشف کا مؤنث۔ رُسوائی۔ ج کَوَاشِف.
الکَشَّاف: اسم مبالغہ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ کَشَّافُ الغُمَم" وہ غموں کا زائل کرنے والا ہے۔
الاَکْشَف: جس کے سر کے اگلے حصہ کے بال گر گئے ہوں۔ گھوڑا جس کی دُم کے بالوں میں پیچیدگی ہو۔ وہ شخص جس کے پاس لڑائی میں نہ ڈھال ہو نہ خود ہو۔ لڑائی میں شکست خوردہ۔
الکَشْفَاء. اکشف: کا مؤنث۔
الکَشِیْف: بمعنی مَکْشُوف: کھلا ہوا۔ ظاہر۔
الکَشْک: جو کا پانی۔ آش جو۔
[illegible]شک. عِندَ عَامتنا: ایک قسم کا کھانا جو

موٹے ستو کو دودھ میں بھگو کر خمیر اٹھنے کے بعد پکایا جاتا ہے۔ الکِشک: گنبد دار محل (دخیل)
کَشکَشَ کَشکَشَۃً: بھاگنا۔ کَشکَشَتِ الحَیَّۃُ: سانپ کا کھال سے آواز نکالنا۔
الکَشکَشَۃ: مص ضمیر خطاب مؤنث کو شین سے بدل لینا۔ جیسے اکرمتش وعلیتش اکرمتک وعلیک: میں۔
الکَشکُول والکَشکُولَۃ: بھکاریوں کا چنبل (دخیل) بہاء الدین عاملی کی ایک کتاب کا نام کشکول ہے اس لئے کہ اس میں مختلف موضوع پر مضامین ہیں۔
کَشَمَ (ن) کَشمًا وکَشَّمَ واکتَشَمَ الانفَ: ناک جڑ سے کاٹنا۔
کَشِمَ (س) کَشمًا: پیدائشی یا خاندانی عیب دار ہونا۔ صفت اکشم۔
کَشَمَ (ض) کَشمًا القِثّاءَ والجزرَ: ککڑی یا گاجر بہت حرص سے کھانا۔
اَنفٌ کَشِمٌ واَکشَمُ: جڑ سے کٹی ہوئی ناک۔
الکُشم والاُکشم: تیندوا۔
کَشمَرَ: رونے کے لئے آمادہ ہونا...... اَنفَہٗ: ناک توڑ دینا۔
الکِشمِش: کشمش واحد کِشمِشَۃ۔
کَشَاہٗ یَکشُوہٗ کَشوًا: دانتوں سے کاٹ کھانا۔
الکُشیَۃ: گوہ کے پیٹ کی چربی۔ یا اس کی دم کی جڑ۔ ج کُشی۔
کَصَّ (ض) کَصًّا القَومُ: اکٹھا ہونا (...... کَصِیصًا) الماءُ بالنّاسِ: پانی پر لوگوں کی بہت بھیڑ ہونا (...... کَصًّا وکَصِیصًا) الصَّوتُ: آواز باریک ہونا۔
اَکَصَّ: بھاگنا اور شکست کھانا۔
تَکَاصَّ واکتَصَّ القَومُ: اکٹھا ہونا۔ بھیڑ کرنا۔
الکَصِیص: مص شدتِ مشقت کی وجہ سے پیچ و تاب۔ خوف۔ اضطراب۔ ٹڈی کی آواز۔ موٹا پستہ قد مرد۔ مکروہ۔
الکَصِیصَۃ: جماعت۔ ہرن کے پھنسانے کا پھندا۔ ج کَصَائِص۔
کَصکَصَ: تیز چلنا۔
کَصَمَ (ض) کُصُومًا: پشت پھیرنا۔ پیٹھ دکھانا (...... کَصمًا) دانتوں سے کاٹنا۔ الرَّجُلَ: سختی سے ہٹانا۔
کَصِیَ یَکصِیٰ کَصًا: رفعت کے بعد خسیس ہونا۔
کَضکَضَ: تیز چلنا۔
کَضَلَ (ن) کَضلاً: ہٹانا، دور پھینکنا۔
کَظَّ (ن) کَظًّا الطَّعامُ فلانًا: زیادہ بھرنے سے سانس نہ لینے دینا...... الغَیظُ صَدرَہٗ: سخت غضبناک ہونا...... الحَبلَ: رسی باندھنا۔
خَصمَہٗ: چاروں طرف سے گھیر دینا (...... کِظَاظًا وکَظَاظَۃً الاَمرُ فلانًا) غمگین کرنا۔ مبتلائے کرب کرنا۔ بوجھل کرنا ...... المَسِیلُ بالماءِ: پانی کی زیادتی سے بہاؤ کی جگہ کا تنگ ہونا۔
کَاظَّہٗ کِظَاظًا ومُکَاظَّۃً: جنگ میں سخت اور جم کر مقابلہ کرنا۔
تَکَاظَّ القَومُ: میدانِ جنگ کو تنگ کرنا۔ دشمنی میں حد سے گزرنا۔
اِکتَظَّ مِنَ الطَّعامِ: سانس نہ لے سکنے کی حد تک بھر لینا...... المَسِیلُ بالماءِ: پانی کی زیادتی سے بہاؤ کی جگہ کا تنگ ہونا ...... المَحلُّ: لوگوں سے بھر جانا...... اِکتَظَّہٗ الغَیظُ: سینہ کا غصہ سے بھر جانا۔
الکِظَّۃ: بدہضمی۔ زیادہ پیٹ بھر جانے کی تکلیف۔
الکِظَاظ: مص تھکن۔ سختی۔ غم جو دل کو بھر دے۔ عداوت۔
الکَظُّ: مص کہا جاتا ہے "رَجُلٌ کَظٌّ" سخت گیر مرد (...... والکَظِیظ والمُکَظَّظ والمَکظُوظ) شخص جس کو امور گراں بار کر دیں اور وہ عاجز ہو جائے۔ بہت زیادہ غضبناک۔
الکَظِیظ والمَکظُوظ: کھانے سے بھرا ہوا۔ شکم سیر۔
الکَظِیظ: بھیڑ۔ انبوہ۔ کہا جاتا ہے "عَلٰی بَابِ فُلانٍ کَظِیظٌ" فلاں کے دروازہ پر بھیڑ ہے۔
طَعَامٌ مُکظَّۃٌ: بدہضمی والا کھانا۔
کَظَبَ (ن) کُظُوبًا: بہت موٹا ہونا۔
کَظَرَ (ن) کَظرًا القَوسَ: کمان کے کنارے پر تانت لگانے کے لئے دندانہ بنانا...... الزَّندَۃَ: چقماق سے دندانہ بنانا۔
الکُظر: کمان کے کناروں پر تانت کا حلقہ لگانے کی جگہ۔ گردہ کی چربی (...... و الکُظرَۃ) گردہ کی جگہ جب کہ گردے نکال لئے جائیں۔
الکِظر: ہنسلی کی ہڈی کے درمیان کی جگہ۔
کَظَمَ (ض) کَظمًا البَابَ: دروازہ بند کرنا ...... النَّهرَ: نہر کو روکنا...... القِربَۃَ: مشک بھرنا اور منہ باندھنا...... البَعِیرَ بالکِظَامَۃِ: اونٹ کو نکیل لگانا...... الشَّیءَ وعَلَی الشَّیءِ: روکنا
کُظُومًا البَعِیرُ: اونٹ کا جگالی کرنے سے باز رہنا۔ کہا جاتا ہے "مَا کَظَمَ فُلانٌ عَلٰی جِرَّتِہٖ" یعنی فلاں کے پیٹ میں بات پچتی نہیں (...... کَظمًا وکُظُومًا) غَیظَہٗ: غصہ نگل جانا۔
کُظِمَ کُظُومًا: خاموش رہنا۔
الکَظَم: سانس کی نالی۔ ج اَکظَام وکِظَام کہا جاتا ہے "اَخَذَ بِکَظَمِہٖ" یعنی اس کو غم میں مبتلا کر دیا۔
الکِظَام: بند کرنے کی چیز۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ بِکِظَامِ الاَمرِ" یعنی اس نے بھروسے کے لائق چیز کو اختیار کیا۔
الکِظَامَۃ: وادی کا دہانہ۔ اونٹ کی نکیل۔ ترازو کی رسیوں کا حلقہ۔ کہا جاتا ہے "الْتَقَتِ الخُیُوطُ فِی کِظَامَۃِ المِیزَانِ" یعنی اس نے ترازو کی ڈنڈی کے دونوں حلقوں میں دھاگے باندھ دیئے۔ الکِظَامَۃ: زمین کے

اندر پانی کی نالی۔ کَظِیمَۃُ البَابِ: دروازہ بند کرنے کی چیز...... والکَظِیمَۃُ: دو قریب قریب کنووں کے درمیان نالی۔

الکِظَامَۃ: توشہ دان۔ ج کَظَائِم

الکَاظِم: فا۔ خاموش۔ ج کُظَّم۔ بَعِیرٌ کَاظِمٌ: پیاسا اونٹ۔

اِبِلٌ کُظُوْم: اونٹ جو جگالی نہ کرے۔

الکَظِیم والمَکْظُوم: مصیبت زدہ۔

الکِظَام: دروازہ بند کرنے کی چیز۔

کَظَا یَکْظُوْ کُظُوًّا اللَحْمُ: گوشت سخت ہونا۔

تَکَظّٰی لَحْمُہٗ سِمَنًا: موٹائی کی وجہ سے گوشت کا بلند ہونا۔

اَرْضٌ کَاظِیَۃٌ: خشک زمین۔

کَعَّ (ن ض) کَعًّا و کُعُوْعًا و کَعَاعَۃً و کَیْعُوْعَۃً: کمزور ہونا۔ بزدل ہونا۔

اَکَعَّ فُلَانًا: خوف دلانا۔ بزدل بنانا...... فِیْ کَلَامِہٖ: کلام میں رکنا...... الخَوْفُ فُلَانًا: ارادہ سے باز رکھنا۔

الکَعُّ والکَاعُّ: کمزور۔ بزدل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ کَعُّ الوَجْہِ" فلاں سبک رخسار ہے۔

کَعَبَتْ (ن ض) کُعُوْبًا و کُعُوْبَۃً و کِعَابَۃً الجَارِیَۃُ: لڑکی کا اُبھری ہوئی پستان والی ہونا۔ صفت کِعَاب و کَاعِب۔

کَعَبَ (ف) کُعُوْبًا الثَّدْیُ: پستان اُبھرنا۔

(...... کَعْبًا) الْاِنَاءَ: برتن بھرنا...... فُلَانًا: خشک چیز مثلاً سر وغیرہ پر مارنا۔

کَعَّبَ الْاِنَاءَ: برتن بھرنا...... الشَّیْئَ: چوکور بنانا۔ کَعَّبَتِ الجَارِیَۃُ: لڑکی کا اُبھری ہوئی پستان والی ہونا۔

اَکْعَبَ: دوڑنا۔

الکَعْبُ: دو پوروں کے درمیان کی گرہ۔ نیزہ کی گرہ۔ ہر بلند و مرتفع چیز۔ بزرگی و شرف ج کُعُوْب: کہا جاتا ہے "اَعْلَی اللّٰہُ کَعْبَہُمْ" اللہ ان کی شان کو بلند کرے۔ و "ذَھَبَ کَعْبُہُمْ" ان کی عزت تباہ ہوگئی و "رَجُلٌ عَالِی الکَعْبِ" مرد بڑی بزرگی والا۔ الکَعْبُ: پانسہ۔ گھی کا ٹکڑا۔ برتن کا باقی ماندہ دودھ ج کُعُبٌ و کِعَابٌ والکَعْبُ فِی عِلْمِ الھَنْدَسَۃِ: مربع جسم۔

الکَعْبُ: ہڈیوں کا جوڑ۔ قدم کے اوپر اُبھری ہوئی ہڈی۔ ٹخنے۔ ج کِعَاب و کُعُوْبٌ و اَکْعُبٌ۔

الکِعَابُ: نرد کے مہرے۔ واحد کَعْبٌ و کَعْبَۃٌ۔

تَکْعِیْبُ عَدَدٍ مَّا: تین برابر اعداد کا حاصل ضرب جیسے ۶ کا کعب ۲۱۶=۶x۶x۶

الکَعْبُ: اُبھری ہوئی پستان۔

الکَعْبَۃُ: نرد کا مہرہ۔ ہر چوکور مکان۔ حجرہ کہ۔ بیت اللہ الحرام۔ ج کِعَاب و کعبات۔

الکُعْبَۃُ: دوشیزگی۔

جَارِیَۃٌ کَعَابٌ و مُکَعَّبٌ: اُبھری ہوئی پستان والی لڑکی۔ کہا جاتا ہے "وَجْہٌ مُکَعَّبٌ"۔

الکَاعِبُ مِنَ الجَوَارِیْ والثُّدِیِّ: اُبھری ہوئی پستان والی لڑکی یا اُبھری ہوئی پستان ج کَوَاعِب۔

المُکَعَّبُ: مربع جسم۔ وہ جسم جس کی چھ سطحیں ہوں اور لمبائی چوڑائی موٹائی سب برابر ہو۔ وَفِی الحِسَابِ مُکَعَّبُ العَدَدِ: چوگنے کا حاصل ضرب۔ جیسے آٹھ دو کا مکعب۔ ثَدْیٌ مُکَعَّبٌ: اُبھری ہوئی پستان (یہ نادر ہے)

مُکَعَّبَۃٌ: کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی کھجور کے لئے زنبیل۔

کَعْبَرَہٗ کَعْبَرَۃً بِالسَّیْفِ: تلوار سے کاٹنا۔ ٹکڑے کرنا۔

الکَعْبَرَۃُ: مص...... مِنَ النِّسَاءِ: عجمی اکھڑ عورت۔

الکُعْبُرُ مِنَ العَسَلِ: شہد کے چھتہ میں جو جمع ہو۔

الکُعْبُرَۃُ: سخت گرہ دار ہڈی۔ بندوست۔ گوشت کا ٹکڑا۔ ہر جمع شدہ چیز کی جڑ۔ موٹا سرین۔ گیہوں کا کوڑا کرکٹ جو صاف کرتے وقت پھینک دیا جائے۔ پائخانہ جو اونٹ کی دم پر خشک ہو جائے۔ کَعْبَرَۃُ الکَتِفِ: مونڈھے کا گول حصہ۔ کَعْبَرَۃُ الوَظِیْفِ: پنڈلی کے نچلے حصہ کے ملنے کی جگہ۔ ج کَعَابِر۔ الکَعَابِرُ: ہڈیوں کے سرے۔

الکُعْبُوْرَۃُ: گرہ۔ جمع شدہ۔ غلہ میں سے جو پھینک دیا جائے ج کَعَابِیر۔

اَکْعَتَ الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ بیٹھنا۔ غصہ سے پھولنا۔

الکُعَتُ: پستہ قد مرد۔ مؤنث کُعَتَۃٌ۔

الکُعْتَۃُ: شیشی کا سربند۔

کَعْتَرَ: تیز چلنا۔ تیز دوڑنا۔ فِیْ مَشْیِہٖ: مستانہ چال چلنا۔ چلنے میں لڑکھڑانا۔

الکُعْتُر: چڑیا کی مانند ایک پرندہ۔

الکُعْدُ: گون۔

الکُعْدَۃُ: شیشی کا سربند۔

الکُعْدُبُ: فرومایہ۔ بے مروت مرد۔

الکُعْدُبَۃُ: پانی کا بلبلہ۔

کَعِرَ (س) کَعَرَ الصَّبِیُّ: پرشکم ہونا۔ موٹا ہونا۔ صفت کَعِرٌ۔ کَعِرَ البَطْنُ: پیٹ بھرنا۔ موٹا ہونا (...... و کَعَّرَ و اَکْعَرَ) البَعِیْرُ: اُونٹ کے کوہان میں گرہ دار چربی ہونا۔

کَعَرَ یَکْعَرُ کَعْرًا: ملامت کرنا۔

الکُعْرُ: کوہان۔

الکَعْرَۃُ: غدود کے مانند گوشت میں گرہ دار چربی۔

الکُعْرُوْرَۃُ: بڑی ناک والا۔

کَعَزَ (ف) کَعْزًا: انگلیوں سے چننا۔

الکُعْسُ: ہاتھ اور پاؤں کی انگلیوں کی ہڈی۔ گائے اور بکری کے پائے کی ہڈی۔ ج کِعَاس۔

کَعْسَبَ کَعْسَبَۃً الرَّجُلُ: دوڑنا۔ بھاگنا۔ تیز چلنا۔ مستانہ چال چلنا۔ چلنے میں لڑکھڑانا۔

کَعْسَمَ کَعْسَمَۃً: پیٹھ دے کر بھاگنا۔

الكَعْسَم: گورخر۔ ج كَعَاسِم.
كَعْطَل كَعْطَلَةً: تیز دوڑنا...... بِيَدِهِ: انگڑائی لینے میں ہاتھ پھیلانا۔
الكَعِيْظ والمُكَعَّظ: پستہ قد۔ موٹا مرد۔
كَعْظَلَ كَعْظَلَةً: تیز دوڑنا۔ آہستہ دوڑنا۔
...... بِيَدِهِ: انگڑائی لینے میں ہاتھ پھیلانا۔
الـكَـعْـك: کیک۔ واحد كَـعْـكَة ج كَعْكَات (دخیل)
تَـكَـعَّـلَ التَّمْرُ ونَحْوُهُ: ایک دوسرے کے ساتھ گتھا ہوا ہونا۔
الـكَـعْـل: بخیل مالدار۔ پاخانہ گوبر (...... والكُعَل) کالا پستہ قد مرد۔
الـمُـكَـعِّـل: غصہ سے پھولا ہوا۔ چوتڑوں کو حرکت دینے والا۔
كَـعَـمَ (ف) كَـعْـمًـا الوِعَـاءَ: برتن کا منہ باندھنا۔ البَـعِـيْـرَ: اُونٹ کو تھوتھنی لگانا...... الـحَـوْفُ فُلانًا: ہٹانا...... الـمَـرْأَةَ: عورت کا بوسہ لینا۔
الكِعْم: ہتھیار کا گیس۔ نیام۔ ج كِعَام۔
الكِعَام ج كُعُم والكِعَامَة: تھوتھنی جس سے اُونٹ کے منہ کو باندھ دیتے ہیں تاکہ کھا اور کاٹ نہ سکے۔
كُعُوْمُ الطَّرِيْقِ: راستہ کے دہانے۔
بَعِيْرٌ مَكْعُوْمٌ: تھوتھنی چڑھایا ہوا اونٹ۔
اَكْـعَـنَ الـرَّجُـلُ: سست ہونا۔ نشاط میں کمی ہونا۔
تَـيْـسٌ مُـكَـعْـنَبُ القَرْنِ: پیچیدہ سینگ والا بکرا۔
تَكَعْنَش الطَّائِرُ: پرندہ کا جال میں پھنسنا۔
...... فُلانٌ فِي الشَّيِ: مستغرق ہونا۔
كَعَا يَكْعُوْ كَعْوًا: بزدل ہونا۔
الكَاعِي: فا۔ شکست خوردہ۔
الاَكْعَاء: بزدل لوگ۔
اَلْكَعْوَةُ: وہ جو کفایت کرے۔
الكَاغِد والكَاغَد: کاغذ۔
الكَاغِدِيّ: کاغذ بیچنے والا۔
كَفَّ (ن) كَـفًّـا وكَـفَـافَةً. الثوبَ [illegible] المعنوضِ [illegible] حرف ساکن کا ساقط
کرنے کے بعد دوبارہ سینا (...... كَـفْـفًـا) الإِنَاءَ: برتن کو بہت بھرنا...... الشَّيْءَ: جمع کرنا ...... رِجْـلَهُ: پیر میں چیتھڑا لپیٹنا...... القَبِيْلَةَ: قبیلہ کے ایک گوشہ کو اختیار کرنا...... مَـاءَ وَجْـهِـهِ: آبرو بچانا اور سوال کرنے سے رکنا ...... عَـنِ الْاَمْرِ: باز رہنا...... هُ عَـنِ الْاَمْرِ: باز رکھنا (...... كَـفُـوْفًـا) النَّاقَةُ: بوڑھی ہونے کی وجہ سے چھوٹے دانت والی ہونا۔
كَفَّ وكُفَّ. بَصَرُهُ: اندھا ہونا۔
تَـكَـفَّـفَ النَّاسَ: لوگوں سے مانگنے کے لئے ہاتھ پھیلانا...... الـرَّجُلُ: ہاتھ میں لینا یا مٹھی بھر کر کھانا مانگنا۔ یا بھوک روکنے کے لائق مانگنا عَـنِ الْاَمْرِ: چھوڑنا...... دَمْـعَهُ: آنسو کا رکنا۔
تَكَافَ عَنِ الْاَمْرِ: باز رہنا...... القَوْمُ: ایک دوسرے کو روکنا۔
اِنْكَفَّ: باز رہنا...... عَنِ الْمَكَانِ: چھوڑنا۔
اِسْـتَـكَـفَّ الشَّيْءَ: ہاتھ میں لینا...... الـنَّاسَ: مانگنے کے لئے ہاتھ پھیلانا...... هُ عَنِ الشَّيِ: رکنے کے لئے کہنا...... الـنَّاسُ حَوْلَهُ: دیکھنے کے لئے احاطہ کرنا۔ اِسْـتَـكَـفَّـتِ الـحَيَّةُ: کنڈلی مارنا...... الـنَّـاظِـرُ: دھوپ سے بچنے والے کی طرح بھوؤں پر ہاتھ رکھنا ...... عَـيْـنَـهُ: دیکھنے کے لئے آنکھ پر ہاتھ کا سایہ کرنا۔ اِسْـتَـكْـفَـتْ عَيْنُهُ: ہاتھ کے نیچے سے دیکھنا...... فُلانٌ بِالصَّدَقَةِ: صدقہ مانگنے کے لئے ہاتھ پھیلانا...... بِـهِ الـنَّـاسُ: احاطہ کرنا ...... الـشَّـعْـرُ: بال بکثرت ہونا...... الشَّيُ: گول ہونا۔
الـكَـفّ: مص۔ ہاتھ یا ہتھیلی مع انگلیوں کے (مؤنث) ج اَكُفّ وكُـفُـوْف وكُفّ.
كَفُّ السَّبُعِ وكَفُّ الكَلْبِ وكَفُّ الذِّئْبِ وكَفُّ مَـرْيَـمَ وكَفُّ ادَمَ وكَفُّ الْاَسَـدِ وكَفُّ الـضَّـبُـعِ وكَفُّ الـقِـرْدِ وكَفُّ الاَجْـذَمِ وكَفُّ الـجَـذْمَاءِ وكَفُّ عَائِشَةَ: گھاس کی قسمیں۔ الـكَـفُّ: نعت...... عِـنْـدَ
کر دینا جیسے فاعلاتن کا نون۔
الـكَـفَّـة: کف کا اسم مرۃ۔ كَفَّةُ الـمِيْزَان: ترازو کا پلڑا۔ کہا جاتا ہے "رَاَيْتُـهُ كَـفَّةً كَفَّةً" مبنی بر فتح وكَفَّةً لِكَفَّةٍ وكَفَّةً عَنْ كَفَّةٍ: یعنی میں نے اس کو رو در رو دیکھا۔
الـكِـفَّة: ہر گول چیز۔ گڑھا جس میں پانی جمع ہو...... مِـنَ الْمِيْزَانِ: ترازو کا پلڑا...... مِنَ الدَّفِ: ڈھول کا ڈھانچہ۔ كِفَّةُ الـصَّـائِدِ: شکاری کا جال۔ ج كِـفَـف وكِـفَـاف.
الـكِـفَّةُ الـجَـنُـوْبِيَّةُ والكِفَّةُ الشِّمَالِيَّةُ: دو ستاروں کے نام اور کہا جاتا ہے "الـذَّهَـبُ بِـالـذَّهَـبِ والـكِـفَّةُ بِالكِفَّةِ" یعنی برابر سر برابر جِـئْـتُـهُ فِـيْ كِفَّةِ اللَّيْلِ: میں رات کی ابتدا میں اس کے پاس آیا۔
الكُفَّة: چیز کا کنارہ۔ حاشیہ۔ گوٹ۔ الكُفَّة مِنَ الشَّجَرِ: درختوں کی انتہا...... مِنَ النَّاسِ: لوگوں کی جماعت۔ نزدیک جگہ والے...... مِنَ الغَيْمِ: بادل کا کنارہ...... مِنَ اللَّيْلِ: دن رات ملنے کی جگہ یا مشرق میں یا مغرب میں ...... مِـنَ الـدِّرْعِ: زرہ کا دامن...... مِـنَ الرَّمْلِ: ریت کا ٹیلہ جو لمبا اور گول ہو...... مِنَ الـثَّـوْبِ: کپڑے کے اوپر کی دھاری جس میں چھور نہ ہو...... مِـنَ اللِّثَةِ: مسوڑھے کا لٹکا ہوا حصہ۔ كُفَّةُ القَمِيْصِ: دامن کے ارد گرد کی گوٹ۔ ج كُفَف وكِفَاف.
الكَفَف: سوال کے لئے ہاتھ پھیلانا...... مِنَ الـرِّزْقِ: گزارہ کے لائق روزی...... فِـي الوَشْمِ: گودنے کے حلقے۔
الـكِـفَف فِي الوشْمِ: گودنے کے حلقے۔ گڑھے جس میں چشمے ہوں۔
الـكَـفَاف مِنَ الرِّزْقِ: گزارہ کے لائق اور لوگوں سے مستغنی کرنے والی روزی کہا جاتا ہے "قُـوْتُـهُ كَـفَافُ حَـاجَـتِـهِ" یعنی اس کا گزارہ بغیر کسی زیادتی کے اس کی حاجت کے مطابق ہے "وفُلانٌ لَـحْـمُـهُ كَـفَافُ لاَدِيْمِهِ" یعنی فلاں کے بدن کے گوشت سے اس کا چمڑا ابھرا ہوا ہے۔ كَفَافُ الشَّيِ [illegible]

کے مانند کہا جاتا ہے "دعنی کفاف" مجھے چھوڑ دے میں تجھ کو چھوڑ دوں گا" و "شِمْتُ البَرْقَ فِیْ کَفَافِ السَّحَابِ" یعنی بادل کے کناروں میں بجلی کوندی "وجِئْتُهٗ فِیْ کَفَافِ اللَّیْلِ" میں اس کے پاس رات کے ابتدائی حصہ میں آیا۔

الکِفَاف. مِنَ الشَّیْءِ: گھیرا...... مِنَ الثَّوب: کپڑے کی گوٹ۔ کِفَافُ السَّیْفِ: تلوار کی دھار کِفَافُ السَّحَاب: بادل کا کنارہ۔ بادل کا نچلا حصہ۔ ہر وہ جو کسی چیز کے ملنے کی جگہ ہوتی ہے۔ وہ کفاف ہے مثلاً کِفَافُ الاُذُن. ج اَکِفَّة.

الکَاف: نا۔ ج کَفَفَة. ونَاقَةٌ کَافٌ: بوڑھی ہونے کی وجہ سے گھسے ہوئے دانت والی اونٹنی۔ رَجُلٌ کَافٌ: اپنے نفس کو روکنے والا مرد۔

الکَافَّة: کاف کا مؤنث۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ النَّاسُ کَافَّةً" یعنی سب آئے۔ (اس پر الف لام داخل نہیں ہوتا اور اس کی اضافت نہیں ہوتی بلکہ ہمیشہ حالیت کی بنا پر منصوب رہتا ہے) الکَافَّة: بوڑھی اونٹنی۔

الکَفُوف مِنَ النُّوقِ: بوڑھی ہونے کی وجہ سے گھسے ہوئے دانت والی اونٹنی۔

المُکَافَّة: ایک دوسرے کو روکنا۔

المَکْفُوف ج مَکَافِیف والکَفِیف: اندھا۔

المُسْتَکِفّ: گول۔

المُسْتَکِفَّات: چشمے۔ اکٹھے اونٹ۔

کَفَأَ (ف) کَفْأً: پھرنا۔ شکست کھانا...... عَنِ القَصْدِ: میانہ روی سے تجاوز کرنا۔ الرَّجُلُ: کسی کو دھتکارنا (...... وکَفَأَ واکْتَفَأَ) الاِنَاءَ: برتن کو اُلٹ دینا۔ اوندھا کر دینا۔

کَافَأَ الرَّجُلَ عَلٰی مَا کَانَ مِنْهُ: بدلا دینا...... فُلَانًا: انتظار کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ نظیر ہونا۔ برابری کرنا۔ مدافعت کرنا۔ بَیْنَ الفَرَسَیْنِ بِرُمْحِهٖ: ایک کے بعد دوسرے کو نیزہ مارنا۔

اَکْفَأَ: جھکنا...... الاِنَاءَ: برتن کو اُلٹ دینا۔ جھکا دینا۔ اَکْفَأَتِ الاِبِلُ: اُونٹ کا بہت بچے دینا۔ اَکْفَأَ البَیْتَ: گھر پر پردہ لگانا...... الشَّاعِرُ: بیت کے آخر کو روی کے بدلنے سے یا کسی اور طریقہ سے خراب کر دینا۔

تَکَفَّأَ فِیْ مِشْیَتِهٖ: لڑکھڑانا۔

اِکْتَفَأَ الاِنَاءَ: برتن کو جھکانا...... پلٹ دینا۔ الاِبِلَ: اُونٹوں کو لوٹ ڈال کر لے بھاگنا۔

تَکَافَأَ القَوْمُ: ایک دوسرے کے برابر ہونا۔

اِنْکَفَأَ القَوْمُ: متفرق ہونا' واپس ہونا۔ شکست کھانا...... اِلٰی کَذَا: جھکنا...... اللَّوْنُ: متغیر ہونا' رنگ بدلنا۔

اِسْتَکْفَأَ فُلَانًا اِبِلَهٗ: ایک سال کی اُونٹوں کی پیدائش۔ کسی سے مانگنا۔ کہا جاتا ہے: "اِسْتَکْفَأْتُهٗ اِبِلَهٗ فَاَکْفَأَنِیْهَا" یعنی میں نے اس سے اس کے اُونٹ کی ایک سال کی پیدائش کو مانگا تو اس نے مجھے دودھ' اُون' بچے سب دے دیے "اِسْتَکْفَأْتُ فُلَانًا" برتن کی چیز کو اپنے برتن میں انڈیلنے کو میں نے کہا۔

الکَفَاء والکَفَاءَة: برابری۔ مساوات۔

الکِفَاء: مصدر کَافَأَ: کہا جاتا ہے "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ کِفَاءَ الوَاجِبِ" جتنی حمد واجب ہے اس کے برابر اللہ کے لئے حمد ثابت ہے "وهٰذَا کِفَاءُهٗ" یہ اس کے مثل ہے "وَلَا کِفَاءَ لَهٗ" اس کی کوئی نظیر نہیں۔ کِفَاءُ البَیْتِ: خیمہ کے اوپر سے نیچے تک کا پردہ جو آخر میں لگایا جاتا ہے۔ ج اَکْفِئَة.

الکُفْءُ والکِفْء والکَفْء: مثل نظیر۔ ج اَکْفَاء وکِفَاء.

الکُفُوْءُ والکُفُوء والکَفِیءُ والکَفِیئَة: مماثل۔

الکَفَاة والکُفَاة من النخل: درخت خرما کی ایک سال کی پیداوار...... فِی الاِبِلِ: ایک سال کی پیدائش یا ایک سال یا اس سے زائد کے ناغہ کے بعد کی سالانہ پیدائش...... فِی الاَرْضِ: سال بھر کی کھیتی تم کہتے ہو "مَنَحْتُهٗ کَفَاةَ غَنَمِیْ" جبکہ تم ایک سال کے لئے دودھ صوف بچے سب دے دو اور اختتام سال پر بکریوں کو وہ تمہیں واپس کر دے۔

الکَفِیُّ: مماثل بطن وادی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ کَفِیُّ اللَّوْنِ" یعنی اس کا رنگ بدلا ہوا ہے۔

کِفْءُ الوَادِیْ: اندرون وادی۔

الاِکْفَاء: مصدر اَکْفَأَ...... عِنْدَ الشُّعَرَاءِ: حرف روی کو بدل بدل کر لانا۔ مثلاً کہیں میم کہیں دال کہیں نون اور یہ ممنوع ہے۔ کہا جاتا ہے "رَاَیْتُهٗ مُکْتَفِیَ اللَّوْنِ ومُکْفَأَ اللَّوْنِ" میں نے اس کو متغیر اللون پایا۔

کَفَتَهٗ (ض) کَفْتًا: پھیر دینا...... هُ اللّٰهُ: وفات دینا۔ کہا جاتا ہے "اَللّٰهُمَّ اکْفِتْهُ اِلَیْکَ" اے اللہ اس کو وفات دے۔ کَفَتَ الشَّیْءُ: الٹ جانا (...... وکَفَّتَ) الشَّیْءَ اِلٰی نَفْسِهٖ: اپنے ساتھ ملانا...... الشَّیْءَ: قبض کرنا...... فُلَانٌ ذَیْلَهٗ: دامن سمیٹنا۔

کَفَتَ (ض) کَفْتًا وکِفَاتًا وکَفِیْتًا وکَفَتَانًا تَکَفَّتَ الطَّائِرُ وغَیْرُهٗ: پرندہ کا تیز اڑنا یا دوڑنا اور سمٹنا۔ تَکَفَّتَ فِیْ مَسِیْرِهٖ: دوڑنا۔ تَکَفَّتَ الثَّوْبُ: کپڑے کا سمٹنا۔

کَافَتَ مُکَافَتَةً وکِفَاتًا الرَّجُلُ: دوڑنے میں سبقت کرنا...... الرَّجُلُ: اچانک مرنا۔

اِنْکَفَتَ: پھرنا۔ سکڑنا...... الفَرَسُ: گھوڑے کا لاغر ہونا۔

اِکْتَفَتَ المَالَ: سب لے لینا۔

الکَفْت: مص۔ موت۔ الٹ پلٹ ہونا۔ کہا جاتا ہے "خُبْزٌ کَفْتٌ" بے سالن کی روٹی۔ "رَجُلٌ کَفْتٌ" دبلا پتلا ہلکا پھلکا مرد (...... والکِفْت) چھوٹی ہانڈی۔

الکُفْت والکُفْتَة مِنَ الخَیْلِ: بہت اُچھلنے کودنے والا گھوڑا جو سوار نہ ہونے دے۔

الکِفَات: مص۔ چیز جمع کرنے کی جگہ۔ جمع کی ہوئی چیز۔

الكَفِيتُ: مص۔ توشہ دان۔۔۔۔۔مِنَ الرِّجَالِ: ہلکا پھلکا تیز مرد۔ وہ شخص جو تم سے آگے بڑھ جائے عَدْوٌ كَفِيتٌ: تیز دوڑ۔ کہا جاتا ہے مَاتَ كِفَاتًا و مُكَافَتَةً: اچانک مر گیا۔

الكَفَّات: اسم مبالغہ۔ شیر۔

المُكَفِّت: دو زرہوں کا پہننے والا جن کے درمیان میں کپڑا ہو۔

كَفَحَ (ف) كَفْحًا العَدُوَّ: دشمن کے روبرو ہونا۔ آمنے سامنے ہونا۔۔۔۔۔بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔۔۔۔۔لِجَامَ الدَّابَّةِ: چوپایہ کو ٹھہرانے کے لئے لگام کھینچنا۔۔۔۔۔الشَّيْءَ: سرپوش اتارنا۔ المَرْأَةَ: عورت کا اچانک بوسہ لینا۔

كَفِحَ (س) كَفَحًا عَنْهُ: شرمندہ ہونا۔ بزدل ہونا۔

كَافَحَ القَوْمُ اَعْدَاءَهُمْ: بغیر ڈھال وغیرہ کے دشمن کے مقابلہ پر آنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يُكَافِحُ الاُمُوْرَ" وہ امور کو خود انجام دیتا ہے۔ كَافَحَ عَنْهُ: مدافعت کرنا۔ كَافَحَ المَرْأَةَ: عورت کا اچانک بوسہ لینا۔

اَكْفَحَ الدَّابَّةَ: چوپایہ کو ٹھہرانے کے لئے لگام کھینچنا۔۔۔۔۔فُلَانًا عَنْ نَفْسِهِ: ہٹانا۔ دفع کرنا۔

تَكَافَحَ القَوْمُ: آمنے سامنے مقابلہ کرنا۔

تَكَافَحَتِ الاَمْوَاجُ: موجوں کا ٹکرانا۔۔۔۔۔الكِبَاشُ: مینڈھوں کا ایک دوسرے کو سینگ مارنا۔

الكِفَاح: مص کہا جاتا ہے "لَقِيْتُهُ كِفَاحًا" میں نے اس سے آمنے سامنے ملاقات کی۔

الكَفِيح: نظیر۔ کفو۔ شوہر۔ اچانک آنے والا مہمان۔

الاَكْفَح: کالا۔

الكُفْحَة: چھوٹی سی جماعت۔

كَفَخَهُ (ف) كَفْخًا: طمانچہ مارنا۔۔۔۔۔هُ بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔

الكُفْخَة: جمع شدہ سفید مکھن۔

رَجُلٌ مُكَفَّخٌ وعَمُوْدٌ مُكَفَّخٌ: مضبوط۔

كَفَرَ (ن) كَفْرًا و كُفْرًا. الشَّيْءَ: چھپایا۔ کہا جاتا ہے "كَفَرَ دِرْعَهُ بِثَوْبِهِ" اس نے اپنی زرہ کو اپنے کپڑے سے چھپایا۔۔۔۔۔ اللَّيْلُ الشَّيْءَ و عَلَى الشَّيْءِ: ڈھانکنا۔۔۔۔۔ الجَهْلُ عَلٰى عِلْمِ فُلَانٍ: علم پر جہل کا غالب آنا (۔۔۔۔۔ كَفْرًا و كُفْرًا و كُفُوْرًا و كُفْرَانًا) ایمان کی ضد۔۔۔۔۔بِالخَالِقِ: نفی کرنا (۔۔۔۔۔ كُفْرًا و كُفُوْرًا و كُفْرَانًا) نِعَمَ اللّٰهِ و بِنِعَمِ اللّٰهِ: ناشکری کرنا۔۔۔۔۔بِكَذَا: بیزار ہونا۔

كَفَّرَ الشَّيْءَ: چھپانا۔۔۔۔۔الرَّجُلَ: کفر پر برانگیختہ کرنا۔ کفر کی طرف نسبت کرنا۔ کافر کہنا۔ كَفَّرَ لَهُ: تعظیماً کسی کے سامنے سینہ پر ہاتھ رکھنا اور سر جھکانا۔۔۔۔۔اللّٰهُ لَهُ الذَّنْبَ: معاف کرنا۔ گناہ مٹانا۔۔۔۔۔عَنْ يَمِيْنِهِ او اِثْمِهِ: کفارہ ادا کرنا۔

كُفِّرَ لِلْمَلِكِ: تاج پہنایا جانا کہ جس کے دیکھنے سے تعظیم لازم ہو۔

كَافَرَ مُكَافَرَةً. فُلَانًا حَقَّهُ: انکار کرنا۔

اَكْفَرَ: طاعت اور ایمان کے بعد گناہ اور کفر اختیار کرنا۔۔۔۔۔الرَّجُلَ: کافر کہنا۔ کفر کی طرف منسوب کرنا۔ کافر بنانا۔ کفر کرنے پر مجبور کرنا۔

اَكْفَرَ الرَّجُلُ: دیہات میں رہنا۔

اِكْتَفَرَ: دیہات میں رہنا۔

الكَفْر: مص دور کی زمین۔ قبر۔ چھوٹی لاٹھی۔ مِنَ الكَفْر: دیہات۔ ج كُفُوْر (۔۔۔۔۔ و الكِفْر و الكَفْرَة) رات کی تاریکی۔

الكُفْر و الكُفْرَان: ضد ایمان۔ الكُفْرَان: ناشکری۔ الكُفْر: فارسیوں کا اپنے بادشاہ کی تعظیم کرنا۔

الكَفَر و الكَفَرّٰى و الكُفُرّٰى و الكِفِرّٰى: کھجور کے شگوفے کا غلاف۔ الكَفَر: پہاڑ کی گھاٹیاں واحد كَفَرَة۔

الكَفِر مِنَ الجِبَالِ: بڑا پہاڑ۔

الكَافِر: فا۔ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا انکار کرنے والا۔ ج كَافِرُوْنَ كَفَرَة و كُفَّار و كِفَار (كِفَار اس کافر کی جمع ہے جس کا اکثر استعمال ہوتا ہے جو مومن کی ضد ہے اور كَفَرَة کا استعمال اس کافر کی جمع میں ہے جو بمعنی ناشکر گزار ہے۔ الكَافِر: تاریک رات۔ سمندر۔ بڑی وادی۔ کالا بادل۔ تاریکی۔ کھجور کے شگوفہ کا غلاف۔ بڑا دریا۔ زرہ۔ وہ شخص جس نے زرہ کو اپنے کپڑوں سے چھپا رکھا ہو۔ دور کی زمین۔ ہموار زمین۔ نباتات۔ کاشتکار۔ ہتھیار بند۔ چھپا ہوا مقیم

الكَافِرُ مِنَ الخَيْلِ: کالا گھوڑا۔

الكَافِرَة: کافر کا مؤنث۔ ج كَافِرَات و كَوَافِر. الكَوَافِر: شراب کے مٹکے۔

الكَفُوْر: کافر۔ ج كُفُر (اس کی جمع سالم نہیں آتی)

الكَافُوْر: ایک خوشبودار گھاس۔ کافور۔ کھجور کا شگوفہ۔ کھجور کے شگوفے کا غلاف۔ خوشہ۔ انگور نکلنے کی جگہ۔ ج كَوَافِيْر و كَوَافِر.

الكَفَّار: اسم مبالغہ۔ رَجُلٌ كَفَّار: اللہ کی نعمتوں کا انکار کرنے والا۔

الكَفَّارَة: کفار کا مؤنث۔ گناہ کا کفارہ۔ صدقہ یا روزہ جو کفارہ میں ادا کیا جائے۔

المُكَفِّر و المُتَكَفِّر: ہتھیار بند۔ ہتھیاروں میں چھپا ہوا۔

المُكَفَّر: مفع۔ وہ احسان کرنے والا جس کی ناشکری کی گئی ہو۔ لوہے میں بندھا ہوا۔

طَائِرٌ مُكَفَّرٌ: پروں میں چھپا ہوا پرندہ۔

كَفِسَ (س) كَفَسًا الصَّبِيُّ: ٹیڑھے پاؤں والا ہونا۔ صفت اَكْفَس: مؤنث كَفْسَاء ج كُفْس.

كَفِسَتْ وانْكَفَسَتْ رِجْلُه: پاؤں کا ٹیڑھا ہونا۔ اِنْكَفَسَ الرَّجُلُ: مرد کا دوہرا ہو جانا۔

الكِفَاس: بچے کے بدن پر باندھنے کا کپڑا۔ بدن سے ملے ہوئے کپڑے سے اوپر کا کپڑا۔ كَفْكَفَهُ عَنْ كَذَا: پھیرنا۔ باز رکھنا۔ منع کرنا۔ كَفْكَفَ الدَّمْعَ: آنسو کو بار بار پونچھنا۔۔۔۔۔الرَّجُلُ: قرض دار سے نرمی

بڑھتا ہو یا ذلت سے تکلیف پہنچانے والے [illegible]
دور کرنا۔

تَكَفْكَفَ. عَنْهُ: باز رہنا۔ پھر جانا۔

كَفَلَ (ن) كَفْلاً وكَفَالَةً فُلانًا: نان ونفقہ کا ذمہ دار ہونا ...... فِي صِيَامِهِ: لگاتار روزے رکھنا ...... الشَّيْءَ إِلَيْهِ: ملانا۔

كَفَلَ (ن س) وكَفِلَ (س) وكَفُلَ (ک) كَفْلاً وكُفُولاً الرَّجُلَ وبِالرَّجُلِ والمَالَ وبِالمَالِ: ضامن ہونا۔ کہا جاتا ہے "كَفَلَ عَنْهُ بِالْمَالِ لِغَرِيمِهِ" اس نے قرض خواہ کے لئے مال کی ذمہ داری کی۔

كَفَّلَهُ: نان ونفقہ وغیرہ کا ذمہ دار ہونا۔

كَفَّلَهُ وأَكْفَلَهُ إِيَّاهُ: ضامن بنانا۔ كَفَّلَ القَاضِي الخَصْمَ: ضامن لینا۔ أَكْفَلَ زَيْدٌ عَمْرًوا: مال کا ضامن ہونا۔

كَافَلَهُ مُكَافَلَةً: معاہدہ کرنا۔

تَكَفَّلَ لَهُ بِكَذَا: ضامن ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَكَفَّلَ بِالْمَالِ" یعنی اپنے ذمہ کر لیا (...... واكْتَفَلَ) البَعِيرَ: اُونٹ کے کوہان پر گول زین رکھ کر سوار کرنا۔ اِكْتَفَلَ بِفُلانٍ: اپنے پیچھے سوار کرانا ...... بِالشَّيْءِ: پیچھے کرنا۔ کہا جاتا ہے اِكْتَفَلُوا بِالْجَبَلِ: یعنی پہاڑ سے گزر گئے اور اس کو اپنے پیچھے چھوڑ دیا۔

تَكَافَلَ القَوْمُ: بعض بعض کا ضامن ہونا۔

الكِفْلُ: دو چند ثواب یا گناہ پیچھے سوار ہونے والا۔ حصہ۔ نظیر۔ ضمانت۔ بیل کی گردن پر ہل کی لکڑی کے نیچے کا چیتھڑا۔ اون جو پہلے اون کے گرنے کے بعد نکلے وہ شخص جو گھوڑے پر بیٹھ نہ سکے، وہ شخص جو میدانِ جنگ میں آخر میں رہے اور بھاگنے میں مستعد رہے، وہ شخص جو اپنے جان و مال کو دوسرے کے ذمہ ڈال دے، چیتھڑے وغیرہ سے ایک گول سی چیز بناتے ہیں اور اس کو اُونٹ کے کوہان پر رکھتے ہیں تاکہ بیٹھنے میں آسانی رہے، وہ چیز جو سوار کی اس کے پیچھے سے حفاظت کرے۔ ج أَكْفَال.

الكِفْلُ مِنَ الدَّابَّةِ: چوپایہ کا چوتڑ یا سرین کا پچھلا حصہ۔ ج أَكْفَال.

الكَفِيلُ: فا۔ ضامن۔ یتیم کا متولی۔ پے در پے روزے رکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ فُلانٌ كَفِيلاً" فلاں نے اس حالت میں رات گزاری کہ نہ تو دن کو کھانا کھایا اور نہ رات میں۔ ج كُفُل.

الكَفَالَةُ: ضمانت (اسم ہے كَفَلَ: سے) ج كَفَالات.

الكَفِيلُ: ضامن۔ ہم مثل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ كَفِيلٌ وامْرَأَةٌ كَفِيلَةٌ وقَوْمٌ كَفِيلٌ" ج كُفَلاء.

الكُفُولَةُ: اسم ہے کفل کا اور کفل اس شخص کو کہتے ہیں جو گھوڑے پر نہ بیٹھ سکے۔

كَفَنَ (ض) كَفْنًا الجَمر بِالرَّمَادِ: چنگاری کو راکھ میں دبا دینا ...... الصُّوفَ: اون کاتنا ...... الخُبْزَةَ فِي المِلَّةِ: بھوبھل میں روٹی چھپانا۔ (...... وكَفَّنَ) المَيِّتَ: کفن دینا۔

تَكَفَّنَ بِكَذَا: چھپنا۔

الكَفْنُ: مص۔ اور کہا جاتا ہے "طَعَام كَفْن" بے نمک کھانا۔

الكَفَنُ: کفن۔ ج أَكْفَان.

الكَفْنَةُ: ایک درخت کا نام ہے اور بقول بعض ایک گھاس ہے جو زمین پر بہت پھیلی ہوئی ہوتی ہے۔

الكُفْنَةُ: عمدہ زمین جو ہر چیز کو اُگائے۔ کہا جاتا ہے "قَوْمٌ مُكَفِّنُونَ" یعنی ایسے لوگ جن کے پاس نمک نہ ہو۔

الكَافِفُ: فوج کا سردار۔

اِكْفَهَرَّ. اِكْفَهَرَّ اللَّيْلُ: رات کا سخت تاریک ہونا ...... السَّحَابُ: بادل گھٹا ٹوپ ہونا ...... الرَّجُلُ: تیوری چڑھانا ...... النَّجْمُ: ستارہ کا سخت تاریکی میں چمکنا۔

المُكْفَهِرُّ: فا۔ ہر تہ بتہ چیز۔ سخت اور بلند پہاڑ۔ کم گوشت۔ سخت اور بے حیا چہرہ۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ مُكْفَهِرُّ اللَّوْنِ" یعنی فلاں کا رنگ تیرگی کی طرف مائل ہے "وفُلانٌ مُكْفَهِرٌّ" یعنی فلاں منقبض وترش رو ہے۔ خوشی کے آثار اس کے اندر نہیں۔

الكُفْوُ والكُفْءُ: مثل اور نظیر۔

كَفَى يَكْفِي كِفَايَةً الشَّيْءُ: کافی ہونا۔ صفت كَافٍ. كَفَى الشَّيْءُ فُلانًا: قناعت کرنا اور دوسرے سے مستغنی ہونا۔ وكَفَى فُلانًا مُؤْنَتَهُ: کارگزاری کر دینا اور کارگزاری سے مستغنی کر دینا۔ کہا جاتا "كَفَيْتُهُ شَرَّ عَدُوِّهِ" یعنی اس کو دشمن کے شر سے بچا دیا اور کفی کے فاعل پر باکی زیادتی ہوتی ہے۔ جیسے "كَفَى بِاللّٰهِ شَهِيدًا" یعنی اللہ تعالیٰ کی شہادت غیر سے مستغنی کر دیتی ہے۔ لفظ اللہ محلاً مرفوع ہے اور شہیداً تمیز ہے۔

كَافَى كِفَاءً ومُكَافَاةً الرَّجُلَ: بدلہ دینا۔ کافی ہونا۔

تَكَفَّى النَّبَاتُ: نباتات کا طویل ہونا۔

اِكْتَفَى بِكَذَا: قناعت کرنا۔ مستغنی کرنا۔

اِسْتَكْفَى الرَّجُلَ الشَّيْءَ: کافی چیز مانگنا۔ تم کہتے ہو "اِسْتَكْفَيْتُهُ الأَمْرَ فَكَفَانِيهِ" میں نے اس سے کافی چیز کی درخواست کی اس نے مجھے کافی دی۔

الكِفَايَةُ: مص۔ جو کافی ہو اور غیر سے مستغنی کر دے۔

الكَفْيُ والكِفْيُ والكُفْيُ: جس سے کفایت ہو۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ كَفْيُكَ مِنْ رَجُلٍ" یہ مرد اس مرد سے تمہارے لئے کافی ہے اس میں مفرد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب برابر ہیں۔ الكِفْيُ: اندرونِ وادی۔ ج أَكْفَاء.

الكُفْيَةُ: گزارہ۔ جو تمہاری زندگی گزارنے کے لائق ہو۔ ج كُفًى.

الكَفِيُّ والكَافِي: جو تمہارے لئے کافی ہو اور تم کو غیر سے مستغنی کر دے۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا رَجُلٌ كَافِيكَ مِنْ رَجُلٍ ورَجُلانِ كَافِيَاكَ مِنْ رَجُلَيْنِ ورِجَالٌ كَافُوكَ مِنْ رِجَالٍ" یہ مرد تمہارے لئے فلاں مرد سے کافی ہے اور اسی قیاس پر تثنیہ اور جمع۔

كَفِئُ الرَّجُلَ: مرد کا قائم مقام۔ الكِفْى: بارش۔

اَلْكَاكَاو: وسطی امریکہ کا ایک درخت جس کے پتے چوڑے پھول چھوڑے پھل بڑے اس کے بیج سے کاکا (نکالا) جاتا ہے۔

المكافات: مص۔ احسان کا احسان سے یا اس سے زیادہ سے مقابلہ اور کہا جاتا ہے "رَجَوْتُ مُكَافَاتَكَ" میں نے تمہارے کافی ہونے کی اُمید کی۔

كَلَّ (ض) كَلًّا وكِلَّةً وكَلالًا وكُلُوْلًا وكَلالَةً وكُلُوْلَةً: تھکنا۔ صفت كَالٌّ: بے والد اور بے اولاد ہونا...... السَّيْفُ وغَيْرُهُ: تلوار وغیرہ کا کند ہونا۔ صفت كَلٌّ وكَلِيْلٌ اللِّسَانُ او البَصَرُ: زبان یا نگاہ کا اچھی طرح سے کام نہ دینا۔

كَلَّلَ السَّيْفُ: تلوار کا کند ہونا...... عَنِ الْاَمْرِ: بزدل ہو کر رکنا...... فِي الْاَمْرِ: کوشش کرنا...... الرَّجُلُ: اپنے اہل وعیال کو ضائع کرنے کے لئے چھوڑ دینا...... السَّبُعُ: درندہ کا حملہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "كَلَّلَ تَكْلِيْلَةَ السَّبُعِ" یعنی اس نے درندہ جیسا حملہ کیا...... عَلَيْهِ بِالسَّيْفِ: تلوار سے حملہ کرنا...... هُ: تاج پہنانا...... هُ بِالْحِجَارَةِ: پتھراؤ کرنا...... السَّحَابُ السَّمَاءَ: بادل چاروں طرف سے گھر آنا۔

اَكَلَّ الْبُكَاءُ بَصَرَهُ: نگاہ کا مدہم کر دینا...... البَعِيْرَ: اُونٹ کو تھکا دینا...... الرَّجُلُ: تھکے ہوئے اونٹ والا ہونا۔

تَكَلَّلَ: تاج پہنانا...... الشَّيْئُ بِهِ: احاطہ کرنا۔ تَكَلَّلُوْهُ: لوگوں نے اس کا احاطہ کر لیا (...... واكْتَلَّ) السَّحَابُ عَنِ البَرْقِ: آہستہ آہستہ چمکنا واكْتَلَّ الغَمَامُ بِالبَرْقِ: بادل میں بجلی چمکنا۔ کوندنا۔

اِنْكَلَّ السَّيْفُ: تلوار کا کند ہونا...... البَرْقُ: بجلی کا آہستہ آہستہ چمکنا...... الرَّجُلُ: مسکرانا...... السَّحَابُ عَنِ البَرْقِ: آہستہ آہستہ چمکنا۔

الكَلُّ: مص کمزور۔ وہ شخص جس کے والد اور اولاد نہ ہو۔ یتیم۔ مرد گراں جان بے خیر۔ چھری یا تلوار کی پیٹھ۔ وکیل۔ بت۔ مصیبت۔ فقیر۔ عیال بوجھ اور كَلٌّ کا اطلاق واحد جمع وغیرہ سب پر ہوتا ہے اور بعض مذکر و مؤنث کی جمع كُلُوْل: کہتے ہیں۔

كُلٌّ: ایک اسم ہے جو متعدد کے افراد کے استغراق کے لئے یا واحد کے اجزاء کے عموم کے لئے وضع کیا گیا ہے اور بغیر اضافت کے استعمال نہیں کیا جاتا عام اس سے کہ لفظاً ہو یا تقدیراً اور ما مصدریہ ظرفیہ کے داخل ہونے سے تکرار کا فائدہ دیتا ہے جیسے "كُلَّمَا اَتَاكَ زَيْدٌ اَكْرِمْهُ" یعنی زید جب بھی تمہارے پاس آئے تو تم اس کا اکرام کرو اور معرفہ و نکرہ کی صفت میں بھی واقع ہوتا ہے اور اس وصف کی انتہا پر دلالت کرتا ہے۔ جیسے "هُوَ الْعَالِمُ كُلُّ العَالِمِ" وہ بڑا کامل عالم ہے اور معرفہ و نکرہ محدودہ کی تاکید میں واقع ہوتا ہے جیسے "سَجَدَ الْمَلَائِكَةُ كُلُّهُم" و "اَقَمْنَا حَوْلًا كَامِلًا كُلَّهُ" اور لفظ کل کا حکم افراد اور تذکیر کا ہے اور معنی باعتبار مضاف الیہ کے ہوں گے۔ اگر نکرہ کی طرف اضافت ہوگی تو معنی کی رعایت واجب ہوگی اور اس کے بعد ضمیر مفرد مذکر کی آئے گی جیسے "كُلُّ شَيْئٍ فَعَلُوْهُ بِحِكْمَةٍ" اور مفرد مؤنث کی بھی جیسے "كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ" اور مثنی کی جیسے "وَكُلُّ رَفِيْقَي كُلِّ رَحْلٍ وان هما" اور مجموع مذکر کی جیسے "وَكُلُّ النَّاسِ سَوْفَ تَدْخُلُ بَيْنَهُمْ" اور جمع مؤنث کی جیسے "وَكُلُّ مُصِيْبَاتِ الزَّمَانِ وَجَدْتُهَا" اور اگر معرفہ کی طرف اضاف ہو تو لفظ کی بھی رعایت جائز ہے اور معنی کی بھی۔ جیسے كُلُّ القَوْمِ حَضَرَ یا كُلُّ القَوْمِ حَضَرُوْا: اور مقطوع عن الاضافہ: کی صورت میں بھی لفظ و معنی دونوں کی رعایت جائز ہے۔ جیسے كُلٌّ حَضَرَ وكُلٌّ حَضَرُوْا اور کہا گیا ہے کہ جب مضاف الیہ مقدر مفرد اور نکرہ ہو تو مفرد لانا واجب ہے اور اگر جمع معرف ہو تو جمع لانا واجب ہے اور مقطوع عن الاضافہ کی صورت میں تنوین مضاف الیہ کے بدلے میں ہے اور تقدیر پہلی مثال میں كُلُّ اَحَدٍ ہے اور دوسری میں كُلُّهُمْ اور اگر لفظ کل نفی کے بعد واقع ہو تو نفی بعض افراد کی ہوگی۔ جیسے "مَا جَاءَ كُلُّ القَوْمِ" پوری قوم نہیں آئی کچھ آئے کچھ نہیں آئے اور اگر لفظ کل پہلے ہو اور نفی بعد میں ہو تو نفی سارے افراد کی ہوگی جیسے كُلُّهُمْ لَمْ يَقُوْمُوْا یعنی کوئی بھی نہیں کھڑا ہوا اور اس پر الف لام داخل نہیں ہوتا مگر اس وقت جبکہ مضاف الیہ کے عوض میں ہو یا لفظ کل ہی کا ارادہ کیا گیا ہو جیسے الكُلُّ لاحَاطَةِ الافْرَادِ.

كَلَّا: ہرگز نہیں۔ حرف ردع ہے۔ تنبیہ اور زجر کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

الكَلَّة. كَلَّ: کا اسم مرۃ۔ کند چھری۔

الكَلَّة: تاخیر۔ دیر۔ کل کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے كُلَّةُ اِمْرَأَةٍ: جیسے كُلُّ امْرِئٍ.

الكِلَّة: باریک پردہ۔ مچھر دانی۔ ہودج کے سرے پر سرخ اون۔ ج كِلَلٌ وكِلَّاتٌ (...... والكَلَل) حالت۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ بِكَلَلِ سُوْءٍ" یعنی بری حالت میں رات گزاری۔

الكَلالَة: تھکن۔ جس کے والد اور ولد نہ ہو۔ وہ شخص جس کے لئے نسبی رشتہ دار نہ ہوں۔ کہتے ہیں "هُوَ ابْنُ عَمِّ الكَلالَةِ وابْنُ عَمٍّ كَلالَةً" جبکہ قبیلہ کا تو ہو مگر قریبی نسبی رشتہ دار نہ ہو۔

الكُلِّيُّ: کل کی طرف منسوب۔ العِلْمُ الكُلِّي: علم الٰہی۔

كُلِّيَّةُ الشَّيْئِ. بتمامہ: کہا جاتا ہے "اَخَذَهُ بِكُلِّيَّتِهِ" یعنی بتمامہ لے لیا۔

اَلْكُلِّيَّةُ: ہائی تعلیمی مدرسہ جس میں مختلف علوم پڑھائے جائیں جس کو کالج کہتے ہیں۔

الكُلِّيَّات فِيْ عُرْفِ المنطقيين: وہ مفہوم

ہے جو بہت افراد پر صادق ہو اور اس کی پانچ قسمیں ہیں۔
(۱) جنس: وہ کلی جس کے افراد کی حقیقتیں مختلف ہوں۔ جیسے حیوان۔
(۲) نوع: وہ کلی جس کے افراد کی حقیقتیں متحد ہوں۔ جیسے انسان۔
(۳) فصل: وہ کلی جو ماعدا سے ممتاز کردے جیسے ناطق۔
(۴) خاصہ: وہ کلی عرضی جو ایک حقیقت کے ساتھ خاص ہو جیسے ضَاحِکٌ.
(۵) عرض عام: وہ کلی عرضی جو ایک سے زائد حقیقت کے ساتھ ہو جیسے ماشی۔
اَلاِکْلِیْلُ: عیسائی مرد حضرات کے سر پر شادی کا تاج۔ کہا جاتا ہے کَلَّلَ الْکَاهِنُ الْعَرُوْسَیْنِ مُکَلَّلًا کاهن: (پادری) نے شادی والوں کو تاج پہنایا پس تاج والے ہوئے۔
اَلاِکْلِیْلُ الدَّائِرِیُّ اَوِ الْحَلَقَةُ الدَّائِرِیَّةُ: وہ سطح جو متحد مرکز دو دائروں کو گھیرتی ہو۔
اِلاِکْلِیْلُ: تاج۔ جواہر سے مزین پٹکا۔ ج اَکِلَّةٌ واَکَالِیْلُ: ناخن کے ارد گرد کا گوشت۔ اِکْلِیْلُ الْمَلِکِ: ناخنہ۔ واِکْلِیْلُ الْجَبَلِ: ایک قسم کی نباتات۔
الْکَلِیْلُ: تھکا ہوا۔ کہا جاتا ہے "بَصَرٌ کَلِیْلٌ" کمزور نگاہ "سَیْفٌ کَلِیْلٌ" کند تلوار۔ ج کِلَالٌ.
کَلَأَ (ف) کَلْأً وکِلَاءً وکِلَاءَةً اللّٰهُ فُلَانًا: حفاظت کرنا۔ کَلَأَهُ بِالسَّوْطِ: کوڑے مارنا۔ کَلَأَ بَصَرَهُ فِي الشَّيءِ: بار بار دیکھنا...... النَّجْمَ مَتٰی یَطْلُعُ: ستارے کے طلوع ہونے کا انتظار کرنا (...... کَلَأَ وکُلُوْءَةً) الدَّیْنُ: ادائیگی میں دیر ہونا۔ صفت کَالِئٌ وکَالٍ...... عُمْرُهُ: عمر کا ختم ہونا۔
کَلَأَ وکَلِئَ (س) کَلَأَ الْمَکَانُ: سبزہ زار ہونا (...... واَکْلَأَتِ) النَّاقَةُ: اونٹنی کا سبزی کھانا۔

کَلَّأَ تَکْلِیْئًا وتَکْلِئَةً السَّفِیْنَةَ: کشتی کو کنارے سے قریب کرنا...... الرَّجُلَ: باز رکھنا...... فِي الْأَمْرِ: غور سے دیکھنا...... اِلٰی فُلَانٍ فِي الْأَمْرِ: آگے بڑھنا (...... تَکْلِیْئًا) بیعانہ لینا (...... تَکْلِئَةً) ہوا سے پناہ کی جگہ میں آنا...... فِي الطَّعَامِ وغَیْرِهٖ: بیع سلم کرنا۔
کَالَأَهُ مُکَالَأَةً وکِلَاءً: انتظار کرنا۔
تَکَلَّأَ واسْتَکْلَأَ الْکُلْأَةَ: بیعانہ لینا۔
اِسْتَکْلَأَ الْمَکَانُ: سبزہ زار ہونا۔
اِکْتَلَأَ کُلْأَةً: بیعانہ لینا۔ اِکْتَلَأَتْ عَیْنُهٗ: بے خوابی میں مبتلا ہونا اور نہ سونا۔ اِکْتَلَأَ مِنْ فُلَانٍ: بچنا۔
الْکَلَّاءُ: بندرگاہ۔ دریا کا کنارہ۔
الْکَالِئُ والْکَالِي: بیعانہ۔ ادھار۔ ج کَوَالِي وکَوَالٍ.
مَکَانٌ کَلِئٌ ومُکْلِئٌ: بہت سبزہ زار۔ مؤنث کَلِئَةٌ ومُکْلِئَةٌ.
رَجُلٌ کَلُوْءُ الْعَیْنِ: مرد بیدار چشم جس پر نیند کا غلبہ نہ ہو۔ عَیْنٌ کَلُوْءٌ: بے نیند کی آنکھ۔
الْکُلْأَةُ: بیعانہ۔ ادھار۔
الْاَکْلَأُ: اسم تفضیل اور کہا جاتا ہے "بَلَّغَ اللّٰهُ بِکَ اَکْلَأَ الْعُمْرِ" یعنی اللہ تعالیٰ تمہاری انتہائی عمر کرے۔
اَرْضٌ مَکْلَأَةٌ: بہت سبزہ زار زمین۔
الْمُکَلَّأُ: بندرگاہ۔ دریا کا کنارہ۔ ہر وہ جگہ جہاں ہوا سے پناہ لے سکیں۔
کَلَبَ (ن) کَلْبًا الْفَرَسَ: گھوڑے کو مہیز مارنا...... الْمَزَادَةَ: توشہ دان میں تسمہ لگانا۔
کَلَبَ (ض) کَلْبًا الرَّجُلُ: کتوں کے بھونکنے کے لئے انہیں کی طرح آواز نکالنا۔
الْکَلْبُ: کتے کالا گو ہونا۔
کَلِبَ (س) کَلَبًا: پیاسا ہونا...... الْکَلْبُ: دیوانہ ہونا...... الرَّجُلُ: پاگل کتے کے کاٹنے سے دیوانگی والا ہونا...... عَلَی الْاَمْرِ: حریص ہونا...... فِي کَذَا: امید رکھنا...... عَلَی الرَّجُلِ: اصرار کرنا...... الرَّجُلُ: بغیر آسودگی کے بہت کھانا۔ دیوانہ کتے کا کاٹنا۔ دیوانہ کتے کے کاٹنے سے چیخنا۔ غضبناک کرنا۔ فرومائیگی کرنا...... الْکَلْبُ: کتے کالا گو ہونا...... الْقِدُّ عَلَی الْاَسِیْرِ: خشک ہونا...... الشَّجَرُ: درخت کی سیرابی نہ ہونے کی وجہ سے پتوں کا خشک ہونا اور گزرنے والے کے کپڑوں سے الجھنا...... الشِّتَاءُ والزَّمَانُ: سخت ہونا۔
کُلِبَ کَلَبًا الرَّجُلُ: کتے کے کاٹنے کی وجہ سے دیوانہ ہونا۔
کَلَّبَ الْکَلْبَ: کتے کو سدھانا۔
کَالَبَ کِلَابًا ومُکَالَبَةً الرَّجُلَ: کھلم کھلا دشمنی کرنا اور تنگی ڈالنا۔ کَالَبَتِ الْاِبِلُ: اونٹوں کا کانٹے دار درخت چرنا۔
اَکْلَبَ الْقَوْمُ: پیاسے اونٹوں والا ہونا۔
تَکَالَبَ الْقَوْمُ: کھلم کھلا آپس میں دشمنی کرنا...... عَلٰی کَذَا: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَکَالَبَ النَّاسُ عَلَی الدُّنْیَا" یعنی لوگ دنیا کے بہت حریص ہوگئے۔
اِسْتَکْلَبَ الرَّجُلُ: کتوں کی طرح بھونکنا...... الْکَلْبُ: کتے کالا گو ہونا۔ انسان کے کھانے کا عادی ہونا۔
الْکَلْبُ: ہر ایک کاٹنے والا درندہ۔ کتا ج کِلَابٌ. واَکْلُبٌ وجج اَکَالِبُ وکِلَابَاتٌ
الْکَلْبُ: چکی کے دھرے کے سرے کا لوہا۔ کجاوہ کے کنارہ کی میخ۔ جس پر مسافر اپنے توشہ وغیرہ کو لٹکائے۔ دیوار میں ٹیک لگانے کی تھونی۔ ٹیلہ کا کنارہ۔ تلوار کے قبضہ کی میخ مِنَ الْفَرَسِ: گھوڑے کی پیٹھ کی دھاری۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَوٰی عَلٰی کَلْبِ فَرَسِهٖ" وہ اپنے گھوڑے کی پیٹھ پر جم کے بیٹھ گیا اور کہا جاتا ہے "کُفَّ عَنْهُ کِلَابَهٗ" یعنی اس نے گالی دینی اور تکلیف پہنچانی چھوڑ دی اور فُلَانٌ بِوَادِي الْکَلْبِ: جبکہ گھر بار نہ ہو جہاں وہ ٹھکانا لے سکے۔ الْکَلْبُ: وادی کے پانی کی پہلی زیادتی۔ ہر وہ چیز جس سے کوئی چیز باندھی جائے۔ کَلْبُ الْمَاءِ او

كَلْبُ البَحْرِ: ایک قسم کی مچھلی جو کتے سے کچھ مشابہ ہوتی ہے اور دم لمبی اور کان اور ٹانگیں چھوٹی چھوٹی ہوتی ہیں اور رنگ سرخ سیاہی مائل ہوتا ہے۔ الكَلْبُ وكَلْبُ الجَبَّارِ والكَلْبُ الأكْبَرُ والكَلْبُ الأصْغَرُ وكَلْبُ الرَّاعِي: ستاروں کے نام۔ كَفُّ الكَلْبِ: ایک قسم کی پھیلی ہوئی گھاس۔ لِسَانُ الكَلْبِ: ایک نباتات۔

الكَلَبُ: کتے کے کاٹنے کی وجہ سے دیوانگی۔

الكَلَب. كَلِبَ: کا مصدر۔ کتے کی دیوانگی۔ سخت پیاس۔ ابتدائی سرما اور کہا جاتا ہے "دَفَعْتُ عَنْكَ كَلَبَ فُلَانٍ" یعنی میں نے تم سے فلاں کے شر کو دور کر دیا۔

الكَلْبَة: کتیا۔ کا مؤنث۔ اُمّ كَلْبَة: بخار۔

الكُلْبَتَان: لوہا کا زنبور۔ دانت اکھاڑنے کا زنبور۔ اور اس کو كَلَّابَة: بھی کہتے ہیں۔

الكُلْبَة: سختی۔ تنگی۔ قحط۔ شدت سرما۔ بلی کتے کی تھوتھنی کے دونوں طرف کے بال۔ شراب فروش کی دکان۔

الكُلَّاب والكَلُّوب: مہمیز۔ آگ نکالنے کے لئے مڑے ہوئے سر کی سلاخ۔ آنکس ج كَلَالِيب. كَلَالِيبُ البَازِي: باز کے پنجے۔ كَلَالِيبُ الشَّجَرِ: درخت کے کانٹے۔

الكَلَّاب والكَالِب: کتے والا۔ الكَلَّاب: کتوں کو سدھانے والا۔ کجاوہ کے کنارہ پر کچھ لٹکانے کے لئے میخ۔ گوشت وغیرہ لٹکانے کے لئے لوہے کا کنڈا۔ ج كَلَالِيب.

الكَالِب والكَلِيب: کتوں کا جھنڈ۔

الكَلِب ج كَلِبُون والكَلِيب ج كَلْبَى کتے کے کاٹنے سے دیوانہ۔ عَامٌ كَلِبٌ: سخت اور قحط کا سال۔ دَهْرٌ كَلِبٌ: غم میں مبتلا کرنے والا دور۔ سَائِلٌ كَلِبٌ: بہت اصرار سے مانگنے والا سائل اور کہا جاتا ہے "هُوَ كَلِبٌ عَلَى كَذَا" وہ فلاں چیز کا بہت حریص ہے۔

الكَلِبَة. كَلِب: کا مؤنث۔ خاردار درخت۔ أرْضٌ كَلِبَةٌ وأرْضٌ كَلِبَةُ الشَّجَرِ: خشک زمین۔

المُكَلَّب: مقع بیڑی پڑا ہوا قیدی۔ كِلَابٌ مُكَلَّبَةٌ: سدھے ہوئے کتے۔

المُكَلِّب: کتوں کو سدھانے والا۔ شکار پکڑنے والے جانور۔

المُكَالِب: دلیر۔

أرْضٌ مَكْلَبَة: بہت کتوں والی زمین۔

كَلَتَ (ض) كَلْتًا الشَّيْءَ: جمع کرنا۔ كَلَتَ بِهِ: پھینکنا۔ كَلَتَهُ فِي الإنَاءِ: برتن میں انڈیلنا۔ الفَرَسَ: گھوڑے کو چلانا۔

اِنْكَلَتَ المَاءُ: ڈالا جانا...... الرَّجُلُ: منقبض ہونا۔

اِكْتَلَتَ المَاءَ: پینا۔

الكُلْتَة: کھانے کا حصہ۔

الكَلِيت والكِلِّيت: لما پتھر جس سے بجو کے بھٹ کو بند کیا جائے۔

كَلْتَبَ كَلْتَبَةً فِي أمْرِهِ: مداہنت برتنا۔ سستی کرنا۔

الكَلْتَب والكُلْتُب: کاموں میں سستی کرنے والا۔

كَلْثَمَ كَلْثَمَةً لَحْمُ الوَجْهِ: بلا ترش روئی کے چہرے کا گوشت سمٹنا۔

الكَلَج: بہادری۔

الكُلُج: قوی لوگ۔

كَلَحَ (ف) كُلُوحًا وكُلَاحًا وَجْهُهُ: تیوری چڑھا ہوا ہونا۔ صفت كَالِح: کہا جاتا ہے "كَلَحَ فِي وَجْهِ الصَّبِيِّ او المَجْنُونِ" یعنی بچے یا مجنون کو گھبراہٹ میں ڈال دیا۔

كَلَّحَ وَجْهَهُ: ترش رو بنانا۔ تیوری چڑھانا۔

أكْلَحَ وَجْهَهُ: تیوری چڑھا ہوا ہونا...... وَجْهَهُ: تیوری چڑھانا۔

كَالَحَ فُلَانًا: قوت میں مقابلہ کرنا۔ باہم سختی کرنا...... القَمَرُ: چاند کا بادل میں چھپنا۔ منزل سے آگے نہ بڑھنا۔

تَكَلَّحَ الوَجْهُ: تیوری چڑھا ہوا ہونا...... البَرْقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا...... الرَّجُلُ: مسکرانا۔

اكْلَوَّحَ وَجْهُهُ: تیوری چڑھ جانے میں دانت نکالنا۔ کہا جاتا ہے "دَهْرٌ كُلَاحٌ" سخت اور تنگی کا سال۔

كَلَاحِ: مبنی بر کسرہ۔ قحط زدہ سال۔

الكَلْحَة: منہ اور اس کا ارد گرد۔

الكَالِح: فا۔ وہ شخص جس کے ہونٹ کھلے ہوئے ہوں۔ کہا جاتا ہے "دَهْرٌ وشِتَاءٌ كَالِحٌ" سخت زمانہ اور سخت سردی۔

الكَوْلَح: قبیح۔

كَلَدَ (ض) كَلْدًا وكَلَّدَا الشَّيْءَ: تہ بہ تہ جمع کرنا۔

تَكَلَّدَ الرَّجُلُ: موٹے گوشت والا ہونا۔ قوی ہونا۔

الكَلَد: سخت زمینیں۔ واحد كَلَدَة.

الاكْلِيد: کنجی۔ (دخیل)

كَابُورِي او خَرِيرَة: ایک گرام پانی کو گرم کرنے کے لئے سو (۱۰۰) درجہ کی حرارت۔

الكَلُور: کیت نمبر علامت ایٹمی نمبر۔

كَلُورِين: ۳۵٬۴۵۷ ـ 17-C-L جسم بسیط زرد سبزی مائل گیس جس کی ہوا سانس روکنے والی ہوتی ہے۔ یہ زہریلا گیس ۱۹۱۵ء کی جنگوں میں پہلی دفعہ استعمال کی گئی۔ صفائی کرنے والے اور رنگوں کو مٹانے والے مراد میں داخل کی جاتی ہے۔

الكَلُورُومِيتِين: ٹائیفائیڈ بخار کے علاج میں استعمال ہونے والی دوا کا نام۔

كَلَزَ (ض) كَلْزًا وكَلَّزَا الشَّيْءَ: جمع کرنا۔

اِكْلَأَزَّ اِكْلِئْزَازًا. البَازِي: باز کا سمٹ کر شکار پکڑنے کا ارادہ کرنا...... الرَّجُلُ: سکڑنا۔

الكِلِز: مضبوط پٹھے والا مرد۔

كَلَّسَ البَيْتَ: گچ سے استر کاری کرنا...... الشَّيْءَ: گچ کی مانند بنانا۔ كَلَّسَ عَنْ قِرْنِهِ: بزدل ہونا اور بھاگنا...... عَلَيْهِ: حملہ

کرنا...... مِنَ المَاءِ: پانی سے سیراب ہونا۔

تَکَلَّسَ: چونا یا گچ ہونا۔ چونا یا گچ کی مانند ہونا۔

...... مِنَ المَاءِ: پانی سے سیراب ہونا۔

الکِلْس: چونا یا چونا راکھ ملا ہوا۔

الکُلْسَة: بھورا رنگ۔

اَلْکَلْسِیُوم: کَیلْشِیَم: کیت نمبر ۴۰٫۰۸۔ A-C-۲۰

ایک سفید بسیط مادہ جو ہڈیوں اور دانتوں کے جوڑنے میں کام آتا ہے اس کے مرکبات سے چونا اور چونا والے پتھر۔

الاَکْلَس: چونہ والا۔ چونا بیچنے والا۔ سَیْفٌ کَلاَّس: شمشیر براں۔

اَلْکَلَسَۃُ ج اَلْکَلَسَاتُ: جوار بین۔ اس کو اَلْقَلِیْشِیْن ج قَلاَئِیْن: بھی کہا جاتا ہے۔

اَلْکَلاَسِیْکِیَّۃُ اَوِ الاَدَبُ الْکَلاَسِیْکِیُّ: کلاسکی ادب کو پڑھانے کا وہ نظریہ جو کہ قدماء یونان نے اختیار کیا۔

المُتَکَلِّس: تیز دوڑنے والا۔

الاَنْکَلِیْس: ایک مچھلی جو سانپ کی مانند ہوتی ہے اور اس کو حَنْکَلِیْس بھی کہتے ہیں (دخیل)

کَلَسَمَ اِلَیْہِ: قصد کرنا۔ ارادہ کرنا۔

الرَّجُلُ: تیز جانا۔ ادا حقوق میں کاہلی کی وجہ سے تاخیر کرنا۔

الکَلْشَمَة: بڑھیا۔

کَلْصَمَ الرَّجُلُ: بھاگنا۔

کَلِعَتْ (س) کَلَعًا قَدَمُہٗ: قدم کا میلا ہونا اور پھٹنا۔

کَلِعَ (س) و کَلَعَ (ف) کَلَعًا. الوَسَخُ عَلٰی رَاسِہٖ او فِیْ رَاسِہٖ: سر پر میل کا خشک ہونا۔ کَلِعَ رَاسُہٗ: سر کا میلا ہونا۔ کَلِعَتْ قَوَائِمُ الدَّابَۃِ: چوپائے کی ٹانگوں میں سخت خارش ہونا(...... کَلَعًا و کُلاَعًا) البَعِیْرُ: پھٹے ہوئے کھر والا ہونا۔

اَکْلَعَہُ الوَسَخُ: میلا کچیلا ہونا۔ میل کچیل کا تہ بتہ جمنا۔

تَکَلَّعَ القَوْمُ: جمع ہونا اور باہم قسم کھانا۔

الکِلْع: مرد بدقوارہ۔ فرومایہ۔ ج کِلَعَۃٌ.

الکَلِع: بوائی۔ پیر کی پھٹن۔

اَلْکَلِعُ: بوائی والا۔ جس شخص یا چیز پر میل جم گیا ہو۔ مؤنث کَلِعَۃٌ کہا جاتا ہے "هُوَ اَسْوَدُ کَلِعٌ" یعنی وہ کالا ہے اور اس کی سیاہی میل کی مانند ہے۔

الکَلَعَة: بکریوں کے ریوڑ کا ایک حصہ۔ بہت سی بکریاں۔

الکُلَعَة: ایک مرض ہے جو اونٹ کے پچھلے حصہ میں ہوتا ہے۔

الکَوْلَع: میل کچیل۔

الکُلاَع: مص۔ سختی۔ شدائد میں صبر۔ مواقع جنگ۔

الکُلاَعِیُّ: مرد دلیر۔

کَلِفَ (س) کَلَفًا الوَجْہُ: چہرہ کا چھائیں والا ہونا۔ صفت اَکْلَف: مؤنث کَلْفَاء. بِہٖ: عاشق زار ہونا۔ صفت کَلِفٌ...... الاَمْرَ: مشقت پر برانگیختہ کرنا۔ کَلَّفَہٗ: دشوار کام کا حکم دینا۔

اَکْلَفَہٗ بِکَذَا: عاشق زار بنانا۔ تَکَلَّفَ الاَمْرَ: دشوار کام برداشت کرنا۔ تکلف کرنا۔

اِکْلاَفَّ اِکْلِنْفَافًا: چھائیں کے رنگ کا ہونا۔

الکَلَف: سیاہی زردی مائل۔ چھائیں۔

الکَلِف: عاشق زار۔

الکُلْفَة: چھائیں کا رنگ۔

الکُلْفَة: مشقت۔ رنج۔ سختی۔ کسی مصیبت یا حق کے بارے میں جو رنج تمہیں لاحق ہو ج کُلَف.

التَّکْلِفَة: مشقت۔ ج تکالیف.

الکَلُوْف: دشوار امر۔

الکَلاَفَة: سخت محبت۔ اشتیاق۔

الکَلْفَاء. اَکْلَفُ: کا مؤنث۔ تیز سرخ شراب جو سیاہی مائل ہو۔ سرخی سیاہی مائل شراب کا مٹکا۔

[illegible]

والا۔ اُمورِ لایعنی میں پڑنے والا۔

الکَلَک: چھوٹی کشتیاں جو عراق کے دریاؤں میں چلائی جاتی تھیں۔ ج کَلَکَات.

الکَلْکَل ج کَلاَکِل و الکَلْکَال: سینہ۔ ہنسلی کی ہڈیوں کے درمیان کا حصہ...... مِنَ الفَرَسِ: بیٹھنے کی حالت میں سینہ کا جتنا حصہ زمین پر لگے۔ الکَلاَکِل: جماعتیں۔

الکُلْکُل والکُلاَکِل: مضبوط۔ گٹھے بدن کا پستہ قد مرد۔ مؤنث کُلْکُلَة و کُلاَکِلَة.

کَلَمَہٗ (ن ض) کَلْمًا: زخمی کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مِمَّا یَکْلِمُ الْعِرْضَ والدِّیْنَ" یہ ان چیزوں میں سے ہے جو دین اور آبرو میں عیب لگائے۔

کَلَّمَہٗ تَکْلِیْمًا: زخمی کرنا(...... تَکْلِیْمًا و کِلاَّمًا) بات چیت کرنا۔

کَالَمَہٗ مُکَالَمَۃً: گفتگو کرنا۔

تَکَالَمَ الرَّجُلاَنِ: جدائی کے بعد گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے "کَانَا مُتَصَارِمَیْنِ فَاَصْبَحَا یَتَکَالَمَانِ" دونوں ایک دوسرے کو چھوڑے ہوئے تھے۔ پھر گفتگو کرنے لگے۔ اس موقعہ پر یَتَکَالَمَانِ: ہی کہا جائے گا۔ یَتَکَلَّمَانِ: نہیں۔

تَکَلَّمَ تَکَلُّمًا وتِکِلاَّمًا الرَّجُلُ کَلِمَۃً وبِکَلِمَۃٍ: بات کہنا۔

الکَلْم: مص۔ زخم۔ ج کُلُوْم و کِلاَم.

الکَلِمَة۔ ج کَلِم و کَلِمَات والکِلْمَة ج کِلَمٌ والکَلْمَۃُ ج کَلِمَات: لفظ۔ مفرد یا مرکب جو انسان بولے۔ کَلِمَۃُ التَّوْحِیْدِ: لاَ اِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰہِ کَلِمَۃُ التَّقْوٰی: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ: العَشْرُ الکَلِمَاتُ: اللہ تعالیٰ کے دس احکامات جو بنی اسرائیل پر نازل ہوئے تھے۔ الکَلِمَۃُ و کَلِمَۃُ اللّٰہِ: سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کا لقب اور کلمہ کا اطلاق خطبہ اور قصیدہ پر بھی ہوتا ہے۔

کَلِمَۃُ اللّٰہ: (عیسائیوں کے نزدیک): اقنوم

ثانی تین میں سے۔

الْکَلَام: قول۔ گفتگو۔ جملہ۔

عِلْمُ الْکَلَام: اسلامی نظریات کے مطابق وہ علم جس میں اللہ تعالیٰ کی ذات، صفات پیدائش مخلوق اور آخرت کے متعلق بحث کی جائے۔

الْکُلَام: سخت زمین۔

الْکُلْمَانِیُّ والْکُلَمَانِیُّ والْکِلِمَّانِیُّ والْکِلِمَّانِی: فصیح اور عمدہ گفتگو کرنے والا۔ بہت بولنے والا۔ انہی میں تا لگانے سے مؤنث کا صیغہ ہو جائے گا۔

رَجُلٌ تِکْلَامٌ وتِکِلَّام وتِکْلَامَة وتِکِلَّامَة: عمدہ اور فصیح گفتگو کرنے والا۔

الْکَلِیْم: مجروح۔ ج کَلْمٰی...... تمہارا ہم کلام ج کُلَمَاء. الْکَلِیْم وکَلِیْمُ اللّٰہِ: حضرت سیدنا موسیٰ علیہ السلام کا لقب۔

رَجُلٌ کَلِیْمٌ: بہت بولنے والا۔

الْمُتَکَلِّم: فا۔ علم کلام کا ماہر۔

الْمُتَکَلَّم: گفتگو کی جگہ۔ تم کہتے ہو مَا اَجِدُ مُتَکَلَّمًا: یعنی گفتگو کی جگہ میں نہیں پاتا ہوں۔

کَلٰی یَکْلِی کَلْیًا. الرَّجُلَ: گردے پر مارنا۔ صفت مفعولی مَکْلِی.

کَلِیَ (س) کَلًی واکْتَلٰی: گردے پر لگنا۔ واکْتَلَاهُ: گردے پر مارنا۔

کُلِیَ: درد گردہ میں مبتلا ہونا۔

کَلّٰی تَکْلِیَة: چھپنے کی جگہ میں آنا۔

اِکْلَوْلٰی اِکْلِیْلَاءً: شکست کھانا۔

اَلْکُلْیَة والْکُلْوَة: گردہ۔ مثنّٰی کُلْیَتَان وکُلْوَتَان ج کُلًی وکُلْیَات. کُلَی الْوَادِی: وادی کے اطراف وجوانب۔ کہا جاتا ہے "غَنَمٌ حَمْرَاءُ الْکُلٰی" دُبلی پتلی بکریاں "لَقِیْتُهٗ بِشَحْمِ کُلَاهُ" میں نے اُس سے آغازِ جوانی اور ایام نشاط میں ملاقات کی۔ والْکُلْیَة مِنَ الْقَوْسِ: کمان کے قبضہ سے تین بالشت...... مِنَ السَّحَاب: بادل کے نیچے کا حصہ الکلیٰ

الطَّیْر: بازو کے چار پر۔

الْکُلِیُّ: درد گردہ والا۔

کِلَا وکِلْتَا: یہ دونوں اسم لفظاً مفرد اور معناً مثنی ہیں اور کلا سے مذکر کی اور کلتا سے مؤنث کی تاکید ہوتی ہے اور ہمیشہ ایسے کلمہ کی طرف اضافت ہوتی ہے جو معرفہ اور تثنیہ پر دلالت کرتا ہو اور جب اسم ظاہر کی طرف اضافت ہوتی ہے تو الف اپنی حالت پر باقی رہتا ہے اور اعراب تقدیری ہوتا ہے جیسے "رَاَیْتُ کِلَا الرَّجُلَیْنِ وکِلْتَا الْمَرْاَتَیْنِ" اور جب ضمیر کی طرف اضافت ہو تو مثنی جیسا اعراب ہوتا ہے جیسے "جَاءَ الرَّجُلَانِ کِلَاهُمَا ورَاَیْتُ الرَّجُلَیْنِ کِلَیْهِمَا والْمَرْاَتَیْنِ کِلْتَیْهِمَا" اور جب ضمیر ان کی طرف راجع ہو تو لفظ کی رعایت جائز ہے جیسے "کِلْتَا الْجَنَّتَیْنِ اٰتَتْ اُکُلَهَا" و "زَیْدٌ وعَمْرٌو وکِلَاهُمَا قَائِمٌ" اور یہی افصح ہے اور رعایت معنی بھی جائز ہے۔ جیسے "کِلَاهُمَا قَامَا" و زَیْدٌ وعَمْرٌو وکِلَاهُمَا قَائِمَانِ اور یہ کم ہے۔ اور "کِلَاهُمَا مُحِبٌّ لِصَاحِبِهٖ" جیسی ترکیب میں رعایت لفظ متعین ہے اس لئے کہ معنی کُلٌّ مِنْهُمَا کے ہیں۔

الاِکْلِیْرُوْس: گرجا کے خادم۔ واحد اِکْلِیْرِیْکِیٌّ. ج اِکْلِیْرِیْکِیُّوْنَ.

کَمْ: دو قسمیں ہیں۔ (۱) استفہامیہ اور اس کا ممیز منصوب ہوتا ہے جیسے کَمْ دِرْهَمًا لَکَ: یعنی تمہارے کتنے درہم ہیں۔

(۲) خبریہ بمعنی کثیر اس کا ممیز مجرور ہوتا ہے جیسے کَمْ عَبْدٍ او عَبِیْدٍ مَلَکْتُ میں بہت غلاموں کا مالک ہوں۔

کَمَّ (ن) کَمًّا: چھپانا۔ پوشیدہ ہونا۔ الْبَعِیْرَ: اونٹ کے منہ پر تھوتھنی چڑھانا...... النَّاسُ: لوگوں کا اکٹھا ہونا۔

کَمَّتْ وکُمَّتْ کَمًّا وکُمُوْمًا النَّخْلَةُ: درخت خرما میں شگوفہ آنا۔ صفت مَکْمُوْم.

کَمَّمَ واَکَمَّ الْقَمِیْصَ: کرتے میں آستین

خرما کا شگوفہ دار ہونا۔

تَکَمَّمَ بِثِیَابِهٖ: اوڑھنا۔ چھپنا۔ تَکْمِیْمٌ: بند کرنا۔ لیپنا۔

تُکُمِّمَ الْقَوْمُ: مدہوش ہونا۔ ڈھانکا جانا۔

الْکَمُّ والْکَمِّیَّةُ: مقدار۔

الْکَمِّی: کم کی طرف نسبت۔ مؤنث کَمِّیَّة.

الْکُمُّ: آستین۔ ج اَکْمَام وکِمَمَة.

الْکُمَّة: گول ٹوپی۔ ڈھکنا۔

الْکِمُّ: غلاف شگوفہ۔ ج اَکِمَّة واَکْمَام وکِمَام واَکَامِیْم.

اَکِمَّةُ الْخَیْلِ: توبڑہ۔ واحد کِمَام.

الْکِمَامَة: پھول کا غلاف۔ کھجور کے شگوفہ کا غلاف۔

الْکِمَامَة والْکِمَام: تھوتھنی جس سے جانور کے منہ کو باندھ دیا جائے تاکہ وہ کھا اور کاٹ نہ سکے۔

الْمَکْمُوْم: مفع...... مِنَ النَّخْلِ: درخت خرما جس میں غلاف شگوفہ نکل آئے۔

الْمِکَمَّة: تھوتھنی۔

کَمِئَ (س) کَمْأً: پوشیدہ ہونا...... عَنِ الْاَخْبَارِ: ناواقف ہونا۔ بے خبر ہونا۔

کَمِئَتْ یَدُهٗ مِنَ الْبَرْدِ او الْعَمَلِ: ہاتھ کا سردی یا کام سے پھٹنا۔

کَمَاَهٗ (ف) کَمْأً: سانپ کی چھتری کھلانا۔

اَکْمَأَ اِکْمَاءً. الْمَکَانُ: بہت سانپ کی چھتری والا ہونا...... الرَّجُلَ: سانپ کی چھتری کھلانا...... السِّنُّ فُلَانًا: بوڑھا کر دینا۔

تَکَمَّاَهٗ: ناپسند کرنا۔ برا جاننا۔ تَکَمَّاَتْ عَلَیْهِ الْاَرْضُ: پوشیدہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ النَّاسُ یَتَکَمَّؤُوْنَ" یعنی لوگ سانپ کی چھتری چننے کے لئے نکلے۔

الْکَمْءُ: مص۔ سانپ کی چھتری اور اس کو شحم الارض بھی کہتے ہیں ج اَکْمُؤٌ وکَمْأَة.

الْکَمَّاء: سانپ کی چھتری بیچنے والا۔ سانپ کی چھتری بیچنے کیلئے چننے والا۔

المَکْمَأَۃُ والمَکْمُؤَۃُ: سانپ کی کھمبی کی جگہ۔
الکُمْبِیَالَۃُ: سند یا ورق جو لکھا جائے۔
الکُمْبِیُو: نقدی سکوں کا تبادلہ۔
کَمُتَ (ک) کُمْتًا و کُمَاتَۃً و کُمْتَۃً الفَرَسُ: کمیت ہونا۔
کَمَتَ (ن) کَمْتًا. الغَیْظَ: غصہ کو دبانا۔
کُمِّتَ الثَّوْبُ: کپڑے کو سیاہی مائل سرخ رنگنا۔
کَمَّتَ تَکْمِیْتًا الخَمْرَ والفَرَسَ وغَیْرَھُمَا: کمیت بنایا جانا۔
اِکْمَتَّ واِکْمَاتَّ الفَرَسُ: گھوڑے کا کمیت ہونا۔
الکُمْتَۃُ: کمیت رنگ۔
الکُمَیْتُ مِنَ الخَیْلِ (للمذکر والمؤنث) سرخ سیاہ رنگ والا اور یہ خلاف قیاس اَکْمَت کی تصغیر ہے۔ ج کُمْت.
الکُمَیْتُ: شراب۔ کہا جاتا ہے خَیْلٌ کُمَاتِیٌّ: قوم کمیت گھوڑے۔
الکِمِیْتَۃُ: جڑ۔ اصل۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَہٗ بِکَمِیْتَتِہٖ" یعنی اس نے اس کو مع جڑ کے لے لیا۔
کَمْثَرَ: چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا...... القِرْبَۃَ: مشک کو بندھن سے باندھنا۔ السِّقَاءَ: مشک بھرنا...... القَصِیْرُ: پستہ قد کا دوڑنا۔
الکُمْثُرُ والکُمَاثِرُ: موٹا۔ پستہ قد۔ سخت مضبوط
کَمْثَرَ الشَّیْءُ: جمع ہونا اور بعض کا بعض میں داخل ہونا۔
الکُمَاثِرُ: پستہ قد۔
الکُمَّثْرَیٰ: المؤنث۔ واحد کُمَّثْرَاۃٌ: ناشپاتی۔
الکَمْجُ: بن ران۔
الکُمَاجُ: اس کا واحد۔ کماجۃ گول موٹی روٹی جو عام روٹی سے بڑی اور نسبتاً موٹی ہوتی ہے۔
کَمَحَ (ف) کَمْحًا الدَّابَّۃَ: چوپایہ کو کھینچ کر ٹھہرانا۔
اَکْمَحَ الدَّابَّۃَ: چوپایہ کو کھینچ کر ٹھہرانا۔ الکَرْمُ: پتے نکالنے کے قریب ہونا اور خوشہ انگور نکلنے کی جگہ ظاہر ہونا۔
اَکْمَحَ الرَّجُلُ: بڑا بنایا جانا۔
المُکْمَحُ: بڑا بنایا ہوا۔
کَمَخَ (ف) کَمْخًا بِأَنْفِہٖ: تکبر کرنا...... الفَرَسَ بِاللِّجَامِ: گھوڑے کو لگام کھینچ کر ٹھہرانا۔
اَکْمَخَ الکَرْمُ: پتے نکالنے کے وقت خوشہ انگور نکلنے کی جگہ کا ظاہر ہونا۔
الکُمَّاخُ: غرور۔ بڑا بننا۔
الکَامَخُ: سالن اور بعضوں نے سرکہ کی چٹنی کے لئے خاص کیا ہے۔ ج کَوَامِخ (دخیل)
کَمِدَ (س) کَمَدًا: بدلے ہوئے رنگ والا ہونا...... الرَّجُلُ: غم سے بیمار دل والا ہونا۔ صفت کَامِدٌ وکَمِدٌ وکَمِیْدٌ. وکَمِدَ الثَّوْبُ: پرانے ہونے کی وجہ سے بدلے ہوئے رنگ والا ہونا۔
کَمَدَ (ن) کَمْدًا وکُمُوْدًا القَصَّارُ الثَّوْبَ: دھوبی کا کپڑے کو کاٹنا۔ اور اسم الکِمَادُ: ہے۔
اَکْمَدَ الھَمُّ فُلَانًا: غمگین کرنا۔ اداس کرنا۔ دل کو بیمار کرنا(...... وکَمَّدَ) العُضْوَ: ٹکور کرنا۔ سینکنا۔ صفت مفعول مَکْمُوْد.
الکَمْدُ والکَمَدُ والکُمْدَۃُ: رنگ کا بدلنا۔ صفائی کا جاتا رہنا۔ غم۔ سخت اندوہ۔
الکِمَادُ: ٹکور کرنا۔ سینکنا (...... والکِمَادَۃُ) ٹکور کرنے کی پٹی۔
اَکْمَدُ اللَّوْنِ: بدلے ہوئے رنگ والا ہونا۔
الکَمَرُ: ہر وہ عمارت جس میں محراب جیسا ہو جیسے پل وغیرہ۔
کَمَزَ (ض) کَمْزًا العَجِیْنَ ونَحْوَہٗ: گندھے ہوئے آٹے کو ہاتھ سے گول بنانا۔
الکُمْزَۃُ: کھجور وغیرہ کا گچھا ...... ٹیلہ۔ ج کُمَز.
کَمَسَ (ن) کُمُوْسًا: تیوری چڑھانا۔
الاَکْمَسُ: جو دیکھ نہ سکتا ہو۔
کَمَشَ (ن) کَمْشًا النَّاقَۃَ: اونٹنی کے تھن باندھنا...... فُلَانًا بِالسَّیْفِ: تلوار سے اعضاء کو کاٹنا...... الزَّادُ: توشہ ختم ہونا۔
کَمِشَ (س) کَمْشًا: پھرتیلا اور پکے ارادہ والا ہونا۔
کَمُشَ (ک) کَمَاشَۃً: دلیر ہونا۔ کَمُشَتِ المَرْأَۃُ: چھوٹے پستان والی ہونا...... واَکْمَشَ) فِی السَّیْرِ وغَیْرِہٖ: تیز چلنا۔
اَکْمَشَ بِالنَّاقَۃِ: اونٹنی کے پورے تھن کو باندھ دینا۔
کَمَّشَ الحَادِی بِالسَّوْقِ: حدی پڑھنے والے کا کوشش سے ہانکنا...... فُلَانًا: جلدی کرانا...... ذَیْلَہٗ: دامن سمیٹنا۔
اِنْکَمَشَ وتَکَمَّشَ الرَّجُلُ: دوڑنا۔ تَکَمَّشَ الجِلْدُ ونَحْوُہٗ: سکڑنا۔ اِنْکَمَشَ الثَّوْبُ بَعْدَ الغُسْلِ: کپڑے کا دھونے کے بعد سکڑنا سمٹنا۔
الکَمْشُ والکَمِشُ والکَمِیْشُ مِنَ الرِّجَالِ: پھرتیلا۔ پکے ارادہ والا۔ عرب کے امثال سے ہے "کَمِیْشُ الاِزَارِ" ازار سمیٹنے والا۔ یعنی پھرتیلا۔
الکَمْشُ والکَمُوْشُ والکَمِشَۃُ والکَمِیْشَۃُ مِنَ الاِنَاثِ: چھوٹے تھن یا پستان والی۔
الاَکْمَشُ: چھوٹے قدم والا جو دیکھ نہ سکتا ہو۔ مؤنث کَمْشَاءُ ج کُمْش.
کَمَعَ (ف) کَمْعًا فِی الاِنَاءِ: برتن میں منہ لگا کر پینا...... قَوَائِمَ الدَّابَّۃِ: چوپایہ کی ٹانگیں کاٹنا...... فِی المَاءِ: پانی میں اترنا۔
کَمَعَتِ الدَّابَّۃُ: آہستہ چلنا۔
کَامَعَہٗ: ملانا۔ ہم بستری کرنا۔
اِکْتَمَعَ الاِنَاءَ: برتن میں منہ لگا کر پینا۔
الکَمْعُ: اترنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِی کَمْعِہٖ" یعنی فلاں اپنے گھر اور اپنی جگہ

میں ہے۔ وادی کا گوشہ۔ قبا۔ پست زمین
(...... والکمیع) ہم خوابہ۔
الکمع: ران کی گرہ۔
المکامع: فا۔ اپنے قریب جس سے کوئی بات پوشیدہ نہ رہے۔
کمکم کمکمۃ الشئ: پوشیدہ کرنا۔
تکمکم: گول ٹوپی پہننا...... فی ثیابہ: چھپنا۔
الکمکام: پستہ قد گٹھے بدن کا۔ مؤنث کمکامۃ۔
کمل (ن) وکمل (ک) وکمل (س) کمالا وکمولا وتکمل وتکامل واکتمل: پورا ہونا۔ کامل ہونا۔
کمل واکمل واستکمل الشئ: پورا کرنا۔ کمل واکمل الشئ: ٹوٹل کر دینا۔
الکمل: کامل۔ پورا۔ کہا جاتا ہے "اعطیتہ المال کملا" میں نے اس کو پورا مال دیا اور یہ لفظ جمع اور واحد میں برابر ہے اور یہ نہ تو مصدر ہے اور نہ صفت اور یہ تمہارے قول اعطیتہ المال کلہ: جیسا ہے۔
الکمال: مص۔ اسم مصدر۔ کہا جاتا ہے "لک کمال الشئ" یعنی تمہارے لئے یہ چیز کل ہے۔
الکمیل: کامل۔
الکاملیا: ایک درخت جو کہ ہمیشہ سبز ہوتا ہے اسکے پتے چمکیلے پھول بڑے سرخ رنگ کے ہوتے ہیں۔ محض آرائش کے لئے اُگایا جاتا ہے
الکامل: فا۔ جس کے اجزاء پورے ہوں جس کی صفات پوری ہوں۔ ضد ناقص ج کملۃ۔
تکملۃ الشئ: جس سے کوئی چیز پوری کی جائے۔
المکمل: خیر یا شر میں کامل مرد۔
کمن (ن) وکمن (س) کمونا: چھپنا۔ سمجھ میں نہ آنے والے کام میں دخل دینا

کمن (ن) کمونا الشئ: پوشیدہ کرنا۔ چھپانا۔
کمن (س) وکمن کمنا: آنکھ میں تاریکی یا پلکوں میں ورم والا ہونا۔ کمنت وکمنت عینہ: تاریکی والی یا پلکوں میں ورم والی ہونا۔
اکمن الشئ: چھپانا۔
تکمن واکتمن: چھپنا۔ پوشیدہ ہونا۔
الکمنۃ: آنکھ کی تاریکی یا پلکوں میں ورم۔ ایک بیماری جس سے آنکھ کی پلکیں سرخ ہو جاتی ہیں۔
الکمین: بغیر سمجھے بوجھے کام میں دخل دینے والا۔ ج کمناء: گھات اور کہا جاتا ہے "ھذا امر فیہ کمین" یہ ایسا معاملہ ہے جس میں ایسا فساد ہے جو نا قبل سمجھ ہے۔
الکمون: زیرہ۔ الکمون الحلو: انیسون واحد کمونۃ۔
المکمن: چھپنے کی جگہ۔ ج مکامن۔
المکتمن: غمگین۔
الکمنجۃ: دوتارہ۔ سارنگی (دخیل)
کمہ (س) کمھا: اندھا ہونا۔ رتوندی والا ہونا...... بصرہ: تاریک ہونا اور بینائی کو ناپید کرنا...... النھار: دن کا غبار والا ہونا ...... الرجل: رنگ بدلا ہوا ہونا۔ عقل زائل ہونا۔ سارے معانی میں صفت اکمہ: مؤنث کمھاء ج کمہ۔ الاکمہ: اندھا۔ مادرزاد اندھا۔
تکمہ فی الارض: حیران پھرنا صفت کامہ ومتکمہ: کہا جاتا ہے ذھبت ابلہ کمھی یعنی نہیں معلوم کہ اس کے اونٹ کہاں گئے۔
مکمہ العینین: جس کی آنکھیں نہ کھل سکیں۔
کمھل الرجل: کپڑوں کو جمع کرنا اور سفر کے لئے باندھنا...... علینا: حق روکنا...... الحدیث: پوشیدہ کرنا۔ معمہ جیسا کرنا...... [illegible]

تکمھل الشئ: جمع ہونا۔
اکمھل الرجل: سمٹ کر بیٹھنا۔ سردی سے سکڑنا۔
کمی یکمی کمیا واکمی۔ شھادتہ وغیرھا: چھپانا کمی وکمی نفسہ: زرہ اور خود سے اپنے آپ کو چھپانا۔ اکمی علی الامر: پکا ارادہ کرنا۔ اکمی المحارب: لشکر کے زرہ پوش کو قتل کرنا۔
اکمی الرجل منزلہ: مکان کو لوگوں کی نگاہ سے پوشیدہ رکھنا۔
تکمی الشئ: چھپنا...... الشئ: حفاظت کرنا اور چھپانا۔ تکمت الفتنۃ الناس: گھیر لینا۔
تکمی الجیش: لشکر کے دلاور یا زرہ پوش کا قتل کیا جانا...... القوم: مدہوش ہونا۔ گھیر لیا جانا۔
انکمی: پوشیدہ ہونا۔
اکتمی اکتماء: چھپنا۔
الکمی: بہادر۔ دلاور۔ ہتھیار بند۔ زرہ پوش۔ بھید کا محافظ۔ ج کماۃ واکماء۔
المتکمی: ہتھیار بند۔ دلیر۔
کن (ن) کنا وکنونا وکنن واکن الشئ: گھر میں چھپانا اور دھوپ سے بچانا ...... العلم وغیرہ فی نفسہ: دل میں چھپانا۔
اکتن الرجل: چھپنا...... الشئ: سفید ہونا۔ ...... المرأۃ: عورت کا شرم وحیا سے منہ چھپانا۔ ...... الشئ: چھپانا۔
تکنی تکنیا: ہمیشہ گھر میں رہنا (اصل اس کی تکنن ہے)
استکن: چھپنا۔ گھر کی طرف لوٹنا۔
الکن: ہر چیز کی حفاظت اور پوشیدگی۔ منزل۔ گھر۔ ج اکنان وکنۃ۔
الکنۃ: کن کا اسم مرہ۔ بہو یا بھاوج۔ ج کنائن۔
الکنۃ: چیز کی حفاظت اور اس کی پوشیدگی سفیدی۔

الكِنة: چھجہ۔ الگنی۔ کوٹھری کے اندر چھوٹی کوٹھری۔ ج كُنَّاتٌ و كِنَانٌ.
الكِنَان: چیز کی حفاظت اور اس کی پوشیدگی۔ ج أكِنَّة.
الكِنَانَة: ترکش۔ تیردان۔ ج كَنَائِن كَنَانَات.
كَانُونُ الأوّل و كَانُونُ الثّانِي: رومی مہینے مطابق دسمبر و جنوری۔
الكَانُوْن والكَانُوْنَة: انگیٹھی۔ ج كَوَانِيْن: وہ شخص جس کی صحبت سے پرہیز کیا جائے وہ شخص جو بیٹھ کر خبر و واقعات کا پتہ لگائے تا کہ ان کو دوسری جگہ نقل کرے۔
الكَنِيْن: چھپا ہوا۔
المُسْتَكِنّة: کینہ۔
كَنَبَ (ن) كُنُوْبًا الرَّجُلُ: سخت ہونا۔ فقیری کے بعد مال دار ہونا۔
كَنَبَ (ض) كَنْبًا الشَّيْءُ فِيْ جِرَابِهِ: جمع کرنا۔ ذخیرہ کرنا۔
كَنِبَ (س) كَنَبًا اليَدُ: ہاتھ کا کام کرنے سے سخت ہونا۔
أكْنَبَ الشَّيْءُ واليَدُ: سخت ہونا...... عَلَيْهِ لِسَانَهُ: زبان رکنا عَلَيْهِ بَطْنُهُ: سخت ہونا۔
الكَانِب: فا۔ شکم سیر۔
الكَنَب: مص۔ کام کرنے سے ہاتھ کی سختی۔
الكِنَاب: خوشہ خرما۔
الكَنِيْب: خشک درخت۔
الكُنْبَة: ظالم خبیث۔
المِكْنَب والمُكْنِب: کھودنے والا جس کے ہاتھ غم کی وجہ سے سخت ہو گئے ہوں۔
حَافِرٌ مِكْنَبٌ ومُكْنِبٌ: سخت کھر۔
المُكَنْبَث: مرد پستہ قد۔ سخت بدن والا۔
كَنْبَثَ وتَكَنْبَثَ الرَّجُلُ: سکڑنا۔
رَجُلٌ كُنْبُثٌ وكَنَابِث: گٹھے بدن کا مرد مضبوط و قوی مرد۔
الكِنْبَاث: گرنے والی ریت۔
وَجْهٌ كُنَابِد: بدصورت چہرہ۔
رَجُلٌ كُنَابِد: مرد بدصورت۔

الكُنْبُرَة: ناک کا موٹا سرا۔
تَكَنْبَشَ القَوْمُ: خلط ملط ہونا۔
الكُنْبُوْش والكُنْبُوش: عرق گیر۔ منہ چھپانے کا برقع۔ ج كَنَابِيْش (دخیل)
كَنَثَ (ن) كَنْثًا فِيْ خَلْقِهِ: مضبوط ہونا۔ قوی ہونا۔
كَنِثَ (س) كَنَثًا السِّقَاءُ: مشک کا کھردرا اور سخت ہونا۔
اِكْتَنَثَ الرَّجُلُ: خضوع کرنا۔ راضی ہونا۔
سِقَاءٌ كَنِيْثٌ: پانی روکنے والی مشک جس میں ٹپکے نہیں۔
الكُونْت: عزت داروں کا لقب جس کا معنی ہے امیر یا عزت دار (لاطینی لفظ)
الكُنْتَرَتُوا: دو یا دو سے زیادہ آدمیوں کا باہمی معاہدہ کسی کام یا امر مخصوص شرائط کے ساتھ معاہدہ کو توڑنا۔
الكُنْتِيّ: قوی مضبوط۔
كَنَثَاثَ كَنَثَاةَ اللِّحْيَةُ: داڑھی طویل اور گھنی ہونا۔
رَجُلٌ كَنَثَا اللِّحْيَةِ و كَنَثَاؤُهَا: لمبی داڑھی والا مرد۔
كَنَدَ (ن) كُنُوْدًا النِّعْمَةَ: نعمت کی ناشکری کرنا۔
كَنَدَ (ن) كَنْدًا الشَّيْءَ: کاٹنا۔
الكِنْدَة: پہاڑ کا ایک ٹکڑا۔
الكُنُد: ناشکرا۔ (مذکر و مؤنث)
الكَنُود: ناشکرا۔ بخیل۔ گنہگار۔ خدا کو ملامت کرنے والا۔ نعمتوں کو بھولنے والا اور مصائب کو شمار کرنے والا (مذکر و مؤنث) أرْضٌ كَنُوْدٌ: کچھ نہ اُگانے والی زمین۔
الكَنَّاد: ناشکرا۔ بہت کاٹنے والا۔
الكُنْدُر: ایک خاردار درخت کا گوند۔ مضبوط بناوٹ والا اور جمع کی صورت میں کہا جاتا ہے "فِتْيَانٌ كَنَادِرَةٌ" مضبوط بناوٹ کے جوان۔
الكُنْدُرَة: باز کے بیٹھنے کی جگہ۔ بلند اونچی زمین۔
الكُنْدُرَة: جوتیوں کی ایک قسم۔
الكُنَّار: بیر (دخیل)
الكَنَارِيّ: ایک خوش الحان پرندہ ہے جس کے بازو کے اگلے پر لمبے ہوتے ہیں اور اس کا رنگ زردی مائل ہوتا ہے اور جزائر خالدات میں پایا جاتا ہے۔
الكِنَّارَة والكَنَّارَة: بربط یا ڈھول یا دف ج كَنَانِيْر و كِنَّارَات. الكِنَّارَة: کتان کے کپڑے کا ٹکڑا۔
كَنَزَ (ض) كَنْزًا المَالَ: جمع کرنا۔ ذخیرہ کرنا۔ زمین میں دفن کرنا...... الرُّمْحَ: نیزہ کو زمین میں گاڑنا...... الشَّيْءَ فِيْ وِعَاءٍ او أرْضٍ: برتن یا زمین میں ہاتھ سے دبانا...... السِّقَاءَ: مشک بھرنا (...... كَنَازًا و كِنَازًا) التَّمْرَ: خرما کو سردی کے زمانہ کے لئے ذخیرہ کر کے رکھنا۔
اِكْتَنَزَ: بھرنا۔ جمع ہونا...... اللَّحْمُ: جمع ہونا اور سخت ہونا...... الشَّيْءُ فِي الوِعَاءِ: برتن میں ہاتھ سے دبانا۔
تَكَنَّزَ لَحْمُهُ: گوشت کا اکٹھا ہونا اور سخت ہونا۔ گوشت کا گٹھا ہونا۔
الكَنْز: مص ہر ذخیرہ کی ہوئی قابلِ رغبت چیز۔ زمین میں دفن کیا ہوا مال۔ جس میں مال محفوظ رکھا جائے جیسے صندوق وغیرہ۔ ج كُنُوْز اور کہا جاتا ہے "شَدَّ كَنْزَ القِرْبَةِ" یعنی بھر دیا۔
رَجُلٌ كَنْزُ اللَّحْمِ و كَنِيْزُهُ ومَكْنُوْزُهُ ومُكْتَنِزُهُ: بہت اور سخت گوشت والا اور کہا جاتا ہے "كِتَابٌ مُكْتَنِزٌ بِالفَوَائِدِ" فوائد سے بھری ہوئی کتاب۔
الكَنَاز: کھجور یا گیہوں ذخیرہ کرنے کا وقت۔
الكِنَاز: ٹھوس اور مضبوط گوشت والا۔ کہا جاتا ہے "جَارِيَةٌ او نَاقَةٌ كِنَازٌ" بہت اور ٹھوس گوشت والی لونڈی یا اونٹنی۔ ج كُنُزٌ و كِنَازٌ

کرنا۔

اَكْهَمَ بَصَرُهُ : نگاہ کمزور ہونا۔

الكَهَام والكَهِيْم : سست۔ عمر رسیدہ جس کے پاس کوئی مال نہ ہو اور جمع کی صورت میں بھی "قَوْمٌ كَهَام" کہا جاتا ہے۔

كَهْمَسَ الرَّجُلُ : چلنے میں دونوں پاؤں کو قریب قریب رکھنا۔ چلنے میں غبار اُڑانا۔

الكَهْمَس : شیر۔ بھیڑیا۔ بدصورت پستہ قد مرد۔

الكَهْمَل : ایسا شخص جس کی صحبت کو لوگ پسند نہ کریں۔

كَهَنَ (ف۔ن) كَهَانَةً وتَكَهَّن تَكَهُّنًا وتَكْهِينًا لِفُلَانٍ : غیب کی باتیں بتلانا۔

كَهُنَ (ک) كَهَانَةً : کاہن ہونا یا کہانت طبیعت ثانیہ بن جانا۔

كَاهَنَ مُكَاهَنَةً : عطا کرنا۔ ایک دوسرے کو مدد دینا۔ میل ملاپ کرنا۔

الكِهَانَة : کاہن کا پیشہ۔

الكَهْنُوت : کاہن کا فریضہ۔ کاہن کی تنخواہ۔ کاہن کا درجہ۔

الكَاهِن : ق۔ غیب دانی کا مدعی ...... عِنْدَ اليَهُوْدِ وعَبَدَةِ الأَوْثَان : پروہت ...... عِنْدَ النَّصَارٰى : جو کہنوت کے درجہ پر ہو ج كَهَنَةٌ وكُهَّانٌ الكَاهِن : دوسرے کے کام کا متکفل اور کوشش کرنے والا۔

كَهِيَ يَكْهٰى كُهًى : چہرے پر چھائیں والا ہونا۔ گندہ ذہن ہونا۔ بزدل و کمزور ہونا۔

كَاهٰى مُكَاهَاةً الرَّجُلَ : باہم فخر کرنا۔

اَكْهٰى : انگلیوں کے اطراف کو سانس سے گرمی پہنچانا ...... عَنِ الطَّعَامِ : باز رہنا۔

اِكْتَهَاهُ اِكْتِهَاءً ا : تعظیم و اجلال کرنا۔

اَلْاَكْهٰى : چہرے میں چھائیں والا۔ گندہ ذہن۔ بزدل و کمزور۔ اَلْاَكْهٰى : بے شگاف کا پتھر۔

الاَكْهَاء : شرفاء۔

كَاءَ يَكُوءُ كَوْءًا او كَأْوًا عَنْهُ : خوف کرنا۔ بزدل ہونا۔

اَكَاءَهُ اِكَاءً و اِكَاءَةً : کسی کام پر اچانک پہنچنا اور پھر خوف سے چھوڑ دینا۔

الكَاءُ والكَاءَةُ والكَيُّ والكَيْئَة : کمزور دل والا۔ بزدل۔

كَابَ يَكُوْبُ كَوْبًا واكْتَابَ : بے دستہ کے کوزہ سے پینا۔

كَوَّبَ الشَّيْئَ : بٹے سے کوٹنا۔

الكُوْب : بے دستہ کا کوزہ۔ ج اَكْوَاب۔

الكَوْبَة : فوت شدہ پر حسرت و افسوس۔

الكُوْبَة : شطرنج۔ نرد۔ ڈگڈگی۔ بربط۔ دوا وغیرہ پیسنے کا بٹا۔

كَوَّثَ الزَّرْعُ : چار پانچ پتوں والی ہونا۔

الكَوْث : جوتا۔

الكُوْثَة : فراخ سال۔

تَكَوْثَرَ الغُبَارُ : زیادہ اور تہ بتہ ہونا۔

الكَوْثَر : بہت اور تہ بتہ۔ بہت اور تہ بتہ غبار۔ بہت بڑا فیاض سردار۔ جنت کی ایک نہر۔

الكَوْثَلُ والكَوْثَلُ : جہاز کا پچھلا حصہ۔

كَاحَهُ يَكُوْحُهُ كَوْحًا وكَوَّحَهُ وكَاوَحَهُ مُكَاوَحَةً واَكَاحَهُ اِكَاحَةً : لڑائی میں غالب آنا۔ كَاحَ الشَّيْئَ : پانی میں ڈبونا۔ مٹی میں دبانا۔ كَوَّحَهُ : غالب بنانا۔ كَوَّحَ فُلَانًا : ذلیل کرنا۔ رد کرنا۔ كَوَّحَ الزِّمَامَ البَعِيْرَ : مغلوب کرنا۔ كَاوَحَهُ : گالی گلوچ کرنا۔ اَكَاحَهُ : ہلاک کرنا۔

تَكَاوَحَ الرَّجُلَانِ : باہم جنگ و جدال کرنا۔

الكَاحُ والكِيْحُ : دامن کوہ۔ ج كُيُوْح واَكْيَاح : کہا جاتا ہے "رَجَعَ اِلٰى كُوْحِهٖ" یعنی پہلے اس نے کچھ بھلائی کی اور پھر باز رہا۔

الكُوْخ والكَاخ : جھونپڑی اور اسی سے ہے كُوْخُ الصَّائِد : کھیت یا باغ کی جھونپڑی جس کو کاشتکار کھیت کی حفاظت کے لئے اور باغبان باغ کی حفاظت کے لئے بنا لیا کرتے ہیں۔ ج اَكْوَاخ وكُوْخَان وكِيْخَان وكِوَخَة۔

لَيْلَةٌ كَاخ : تاریک رات۔

الكَاخِيَةُ عِنْدَ اَرْبَابِ السِّيَاسَةِ : والی کا معتمد۔ محافظ اسرار۔ یہ اصل میں کتخدا تھا تحریف ہو کر کاخیہ بن گیا۔ ج كَوَاخ (دخیل)

كَادَهُ يَكُوْدُهُ كَوْدًا : روکنا۔ كَادَ بِنَفْسِهٖ : جان دینا۔

كَادَ يَكَادُ كَوْدًا ومَكَادًا ومَكَادَةً : فعل کرنے کے قریب ہونا اور نہ کرنا۔ جیسے "كَادَ يَضْرِبُ" مارنے کے قریب ہوا مگر مارا نہیں۔ اور یہ افعال مقاربہ میں سے ہے اور اس کے خبر کے ساتھ حرف ان بہت کم آتا ہے اور کبھی ارادہ کرنے کے معنی میں بھی آتا ہے اور اسی سے ہے اَكَادُ اُخْفِيْهَا یعنی میں نے اس کو پوشیدہ کرنے کا ارادہ کیا اور "عَرَفَ مَا يَكَادُ مِنْهُ" یعنی جو ارادہ کیا جائے اور کاد کے عوض میں "كِيْدَ يَفْعَلُ كَذَا" بھی سنا گیا ہے اور کبھی "كَادَ" زائدہ ہوتا ہے اور کلام کا صلہ واقع ہوتا ہے جیسے "لَمْ يَكَدْ يَرَاهَا" معنی میں لَمْ يَكَدْ يَرَاهَا کے۔

كَوَّدَ الشَّيْئَ : جمع کرنا اور ایک ڈھیر بنانا۔

اِكْوَادَّ اِكْوِيْدَادًا : بوڑھا ہونا اور لرزہ زدہ ہونا۔

الكُوْدَة : مٹی وغیرہ کا تودہ۔

المَكَادَة : مص۔ کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُهٗ وَلَا مَكَادَةً" نہ تو مجھے اس کا قصد ہے اور نہ اس کے قریب ہوں۔

الكَوْدَن والكَوْدَنِيّ : غیر اصیل گھوڑا۔ ہاتھی۔ خچر ٹٹو۔ كَوْدَن کی جمع كَوَادِن۔

كَوَّذَ الاِزَارَ : ازار کا گرنا اور ران کے اوپر حصہ تک آ جانا۔

الكَاذَة : ران کے اوپر کا اُبھرا ہوا گوشت۔

الكَاذِيّ : کیوڑہ۔

كَارَ يَكُوْرُ كَوْرًا العِمَامَةَ ونَحْوَهَا عَلٰى رَاْسِهٖ : سر پر پگڑی باندھنا ...... الاَرْضَ : زمین کھودنا۔

......تیز چلنا......المحتمل

الکارۃ: گٹھری اٹھانا (...... بچھاڑنا) الفرس ذنبہ: گھوڑے کا دوڑنے میں دم اٹھانا۔

کور العمامۃ: سر پر پگڑی باندھنا......ہ: پچھاڑنا۔ نیزہ مار کر گرا دینا......المتاع: تہ بتہ رکھنا......اللہ اللیل علی النھار: ایک کو دوسرے میں داخل کرنا۔

کورت الشمس: آفتاب کی روشنی کو تہ کر دینا اور بقول بعض مضمحل کر دینا۔

اکار اکارۃ علیہ: ضعیف و کمزور سمجھنا۔ ذلیل کرنا۔

تکور: گرنا۔ پچھاڑا جانا۔ تیز گزر جانا۔

اکتار اکتیارا: عمامہ باندھنا......الفرس: دوڑنے میں دم اٹھانا......الشیٔ: بعض کو بعض پر پھینکنا......الرجل: تیز چلنا۔ پچھاڑا جانا۔ گرنا۔ کہا جاتا ہے "کورہ فاکتار" یعنی اس نے پچھاڑا وہ گر گیا......الرجل للرجل: گالی دینے کے لئے آمادہ ہونا۔

استکار استکارۃ: تیز دوڑنا۔ اپنی پیٹھ پر گٹھری اٹھانا۔

الکار: ایک قسم کا جہاز۔ غلہ سے بھرا ہوا جہاز ج کارات۔

الکور: مص۔ عمامہ کا پیچ۔ بڑی جماعت۔ اونٹوں یا گایوں کا گلہ۔ زیادتی۔ ج اکوار۔ الکور: طبیعت۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "لہ کور کریم" اس کی طبیعت اچھی ہے۔

الکور: مٹی کی انگیٹھی۔ ج اکوار و اکور و کیران و کوران۔ الکور: بھڑوں کا چھتا۔ لوہار کی بھٹی۔ (......والمکور) اونٹ کا کجاوہ۔ کجاوہ مع سامان۔

الکارۃ من الثیاب: دھوبی کے کپڑوں کی گٹھری۔ غلہ کی ایک مقدار معلوم۔ ج کارات۔

الکورۃ: ضلع۔ ج کور۔

الکوارۃ والکوارۃ الکوارہ: شہد کی مکھیوں کے لئے ٹہنی یا مٹی کا بنایا ہوا گھروندہ۔ شہد مع موم کے۔

الکوارۃ: عمامہ۔ پگڑی۔ والکوارۃ: تیز دوڑ۔

الکوزاو: ایک زہریلا پودا جس کو استعمال کیا جائے تو انسانی پٹھے کمزور سے کمزور ہوتے جاتے ہیں خاص کر اس وقت خطرناک ہوتی ہے جب زخمی انسان کے خون میں سرایت کر جائے۔

المکور والمکورۃ: عمامہ۔

المکوری والمکوری: فرومایہ۔ کمینہ۔ چوڑے بدن کا پستہ قد۔

کاز یکوز کوزا: کوزے سے پینا......الشیٔ: جمع کرنا۔

تکوز القوم: قوم کا اکٹھا ہونا۔

اکتاز: کوزے سے پینا......الماء: کوزے سے لینا۔

الکوز: کوزہ۔ ج اکواز و کیزان و کوزۃ (دخیل)

مکوز الراس: لمبے سر والا۔

الکاز النفط: پٹرول۔

کاس یکوس کوسا البعیر: ایک ٹانگ کے زخمی ہونے کی وجہ سے تین ٹانگوں پر چلنا......فی السیر: آہستہ چلنا۔ کہا جاتا ہے "فلان یکوس فی السیر" فلاں چلنے میں دیر کرتا ہے......علی رأسہ: سر کے بل الٹ پڑنا......فی البیع: قیمت گھٹانا۔ کہا جاتا ہے "لا تکسنی یا فلان فی البیع" اے فلاں میرے لئے قیمت مت گھٹا......الحیۃ: کنڈلی مارنا۔

کاسہ واکاسہ اکاسۃ: پچھاڑنا۔

کوس الشیٔ علی رأسہ: سرنگوں کرنا۔

تکوس الرجل: سرنگوں ہونا۔

تکاوس لحمہ: گوشت کا تہ بتہ ہونا......العشب: گھاس کا گنجان اور بہت ہونا۔

اکتاسہ عن حاجتہ: روکنا۔

الکاس۔ کاس: کا مخفف بمعنی پیالہ۔

الکوس: مص......قریب ہونا۔

الکوس: ڈھول۔ ایک مثلث پیمانہ جس کو بڑھئی استعمال کرتے ہیں۔ ج کوسات (دخیل) لمعۃ کوساء: خشک گھاس کا مٹھا۔ آپس میں ایک دوسرے پر لپٹا ہوا۔ ج کوس۔ رمال کوس: ریت تہ بتہ جما ہوا۔

الکوسی من الخیل: چھوٹی ٹانگوں والا گھوڑا۔ مؤنث کوسیۃ۔

المکاس: سانپ کے کنڈلی مارنے کی جگہ۔

المکوس: چکی کے پتھر درست کرنے کی چھینی ج مکاوس۔

کوسج وتکوسج الرجل: کوسج ہونا۔

الکوسج: صرف ٹھوڑی پر داڑھی والا۔ کم دانتوں والا۔ آہستہ چلنے والا گھوڑا۔ ج کواسج۔

الکوسج: ایک قسم کی مچھلی جس کی ناک آرہ کی طرح ہوتی ہے۔

کاش یکوش کوشا عنہ: بہت گھبرانا۔ الجاریۃ: جماع کرنا۔

کوع (س) کوعا: بڑے بند دست والا ہونا۔ مڑے ہوئے بند دست والا ہونا۔ صفت اکوع مؤنث کوعاء ج کوع۔

کاع یکوع کوعا الکلب: گرمی کی وجہ سے بند دست پر چلنا۔ زخمی ہونے کی وجہ سے بند دست پر چلنا۔

کوعہ بالسیف: تلوار مارنے سے بند دست کا ٹیڑھا کرنا۔

تکوعت یدہ: بند دست کا ٹیڑھا ہونا۔

الکاع والکوع: انگوٹھے کی جانب بند دست کا کنارہ۔ ج اکواع۔

الکوع: مص۔ بند دست کی ہڈی میں ٹیڑھا پن۔ پیر کے انگوٹھے کا دوسری انگلیوں کی طرف بہت جھکاؤ۔

کاف یکوف کوفا الادیم: چمڑے کے کناروں کو ملا کر سینا۔

کوف الادیم: ٹکڑے ٹکڑے کرنا......: علیحدہ کرنا......الکاف: حرف کاف

لکھنا۔ الرَّجُلُ: کوفہ میں آنا۔

تَکَوَّفَ القَوْمُ تَکَوُّفًا و کَوْفَانًا عَلٰی غَیْرِ القِیَاسِ: جمع ہونا...... الرَّجُلُ: اہل کوفہ کے مشابہ ہونا یا اہل کوفہ کی طرف منسوب ہونا۔

الکُوْفَۃ: عراق کے ایک شہر کا نام۔ ریت کا گول سرخ ٹیلہ۔

الکُوْفِیّ: کوفہ کی جانب منسوب اور اسی سے ہے خط کوفی۔

الکُوْفِیُّوْن: کوفہ کے نحوی حضرات۔

الکُفُوفِیَۃ. کُوفِی کا مؤنث۔ سر پر لپیٹنے کا رومال اور عوام اسے الکَفِیَہ کہتے ہیں۔

کُوْفَلَت الْمَرْأَۃُ ابْنَھَا: عورت کا بچے کو گول کپڑا لپیٹنا۔ اَلْکَافُولِیَّۃ: مربع شکل کا سفید کپڑا جو کہ بچوں کو لپیٹا جاتا ہے۔

الکُوْفَان و الکُوْفَان و الکُوَّفَان: گول تودہ ریت۔ گول چیز۔ عزت و شوکت و بلندی و مشقت۔ نرکل بانس۔ لکڑی کا جھنڈا۔ اور کہا جاتا ہے "ظَلُّوْا فِی کُوْفَانٍ مِنْ اَمْرِھِمْ" ان کا معاملہ گڑبڑ ہو گیا "وَھُمْ فِیْ کُوْفَانٍ مِنْ ذٰلِکَ" وہ لوگ اس سے عزت و شوکت میں ہیں۔ یعنی لوگ گڑبڑی میں ہیں۔ کہا جاتا ہے "النَّاسُ فِیْ کُوْفِیْ مِنْ اَمْرِھِمْ".

اَلْکُوْکَۃُ: ایک درخت جو دو یا تین میٹر سے زیادہ لمبا ہوتا ہے۔ اس کے پتے انڈے کی شکل میں ہوتے ہیں اس کو کائین حاصل کیا جاتا ہے۔

اَلْکُوْکَائِیْنُ: ایک نشہ آور مادہ جو 'کوکہ' سے نکالا جاتا ہے۔

کَوْکَبَ الْحَدِیْدُ: چمک اٹھنا۔ چم چم کرنا۔

الکَوْکَب: ستارہ۔ تلوار۔ پانی۔ گرمی کی سختی۔ لوہے کی چمک دمک۔ لمبی نباتات۔ سردار قوم۔ شہسوار قوم۔ میخ۔ قید خانہ۔ ہتھیار بند۔ قریب البلوغ لڑکا۔ باغ کی کلی۔ فوج۔ پہاڑ۔ آنکھ کا پھولا۔ چیز کا بڑا حصہ۔ شبنم جو گھاس وغیرہ پر پڑی ہوئی ہو زمین کا خطہ کہ اس کا رنگ دوسرے خطہ سے مختلف ہو۔ کَوْکَبُ الْبِئْرِ: کوئیں کا سوت۔ ج کَوَاکِب کہا جاتا ہے "ذَھَبُوْا تَحْتَ کُلِّ کَوْکَبٍ" یعنی متفرق ہو گئے "وَیَوْمٌ ذُوْ کَوَاکِبَ" سختیوں والا دن۔

الکَوْکَبَۃ: ایک ستارہ۔ ایک کلی۔ جماعت۔

المُکَوْکَب: آنکھ کے پھولے والا۔

کَوْکَی کَوْکَوَۃً الرَّجُلُ: تیز چلنے میں جھومنا۔ قد کا دوڑنا۔

الکَوْکَاۃ و الکَوَاکِیَۃ: پست قد۔

المُکَوْکِی: بے برکت۔ کبڑا۔

تَکَوَّلَ القَوْمُ: اکٹھا ہونا (...... وانکال اِنْکِیَالًا) القَوْمُ عَلَیْہِ: مار پیٹ گالی گلوچ کے لئے کسی پر ٹوٹ پڑنا۔

تَکَاوَلَ الرَّجُلُ: کوتاہی کرنا۔ باز رہنا۔

الکُوْلَانُ و الکَوْلَانُ: بردی نام کی ایک گھاس واحد کُوْلَانَۃ.

الاَکْوَل: پہاڑ کی مانند بلند زمین۔ ج اکَاوِل.

کَامَ (ن) کَوْمًا و کُوْمَۃَ الْجَارِیَۃَ: جماع کرنا...... الفَرَسُ وَغَیْرُہٗ: جفتی کرنا۔

کَوِمَتْ (س) کَوَمًا النَّاقَۃُ: اونٹنی کا بڑی کوہان والی ہونا۔

کَوَّمَ تَکْوِیْمًا التُّرَابَ: مٹی کو تودہ تودہ کرنا...... المَتَاعَ: سامان کا ڈھیر لگانا...... ثِیَابَہٗ فِیْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ: کپڑوں کو ایک کپڑے میں باندھنا۔

اِکْتَامَ اِکْتِیَامًا الرَّجُلُ: پیر کی انگلیوں کے اطراف پر بیٹھنا۔

الکَوْم: اونٹوں کا گلہ۔ ج اَکْوَام: بلند جگہ۔ ٹیلہ ج کیمان.

الکُوْمَۃ و الکَوْمَۃ: مٹی کا ڈھیر۔ ج کُوَم و اکوَام.

الاَکْوَم: بلند بڑے کوہان والا اونٹ۔ مؤنث کَوْمَاء ج کُوْم.

اَلْکُوْمِسْیُوْن: بڑھئی کی اجرت۔ کمیشن ایجنٹ [illegible] میاں [illegible] تجارتی [illegible] درست کرنے کے لئے ایک منظم جماعت جس کو عربی میں اَلْمُنَظَّمَۃ بولتے ہیں۔

اَلْکُومِسْیُوْنِجِی: سامان برآمد کرنے والا۔

کَانَ یَکُوْنُ کَوْنًا و کِیَانًا و کَیْنُوْنَۃً الشَّیْئُ: نو پید ہونا۔ واقع ہونا۔ پایا جانا۔ ہونا۔ کان افعال ناقصہ میں سے ہے۔ مبتدا و خبر پر داخل ہوتا ہے۔ مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے اور خبر کو مبتدا کے لئے ثابت کرتا ہے اور مبتدا کو اسم کان کہا جاتا ہے جیسے "کَانَ زَیْدٌ قَائِمًا" اور کبھی تامہ ہوتا ہے جیسے "فَقَالَ اللّٰہُ لِیَکُنْ نُوْرٌ فَکَانَ نُوْرٌ" اور ثبت کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے "کَانَ اللّٰہُ وَلَا شَیْئَ مَعَہٗ" اور حضر کے معنی میں بھی جیسے "اِنْ کَانَ ذُوْ عُسْرَۃٍ فَنَظِرَۃٌ اِلٰی مَیْسَرَۃٍ" اور وقع کے معنی میں جیسے "مَاشَاءَ اللّٰہُ کَانَ" اور ینبغی کے معنی میں جیسے "مَا کَانَ لَکُمْ اَنْ تُنْبِتُوْا شَجَرَھَا" اور استقبال کے معنی کے لئے جیسے "یَخَافُوْنَ یَوْمًا کَانَ شَرُّہٗ مُسْتَطِیْرًا" اور زمانہ ماضی کے لئے جیسے "کَانَ فِی الْمَدِیْنَۃِ تِسْعَۃُ رَھْطٍ" اور زمانہ حال کے لئے جیسے "کُنْتُمْ خَیْرَ اُمَّۃٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ" اور کبھی دوام و استمرار کا فائدہ دیتا ہے جیسے "کَانَ اللّٰہُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا" اور کہا جاتا ہے "صَارَ اِلٰی کَانَ" یعنی مر گیا اور شئی اور جمع میں کہا جاتا ہے "صَارُوْا اِلٰی کَانُوْا" اور "کُنْتُ الْکُوْفَۃَ" یعنی میں کوفہ میں تھا "وَمَنَازِلُ اَقْفَرَتْ کَانَ لَمْ یَکُنْھَا اَحَدٌ" یعنی منازل خالی ہو گئے گویا کہ وہاں کوئی نہیں تھا۔ "وَکُنْتُھُمْ" بمعنی کُنْتُ لَھُمْ.

کَانَ یَکُوْنُ کَوْنًا و کِیَانًا عَلٰی فُلَانٍ: ضامن ہونا۔ ذمہ دار بننا۔

کَوَّنَ تَکْوِیْنًا الشَّیْئَ: پیدا کرنا۔ ایجاد کرنا۔

تَکَوَّنَ: پیدا کرنا۔ ایجاد ہونا۔ متحرک ہونا۔

اِکْتَانَ اِکْتِیَانًا بِفُلَانٍ وَ عَلَیْہِ: ضامن ہونا۔ ذمہ دار بننا۔

اِسْتَكَانَ اِسْتِكَانَةً لِفُلانٍ : فروتنی کرنا۔ عاجزی ظاہر کرنا۔
الكَوْن : مص۔ عالم وجود۔
الكَوْنِيُّ : کون کی جانب منسوب۔
الكُوْنِيُّ : عمر رسیدہ۔ بڑی عمر والا۔
الكِيَان : مص۔ طبیعت۔ فطرت۔
الكِيَانَه : ضمانت۔ کفالت۔
التَّكْوِيْن : مص۔ معدوم کو عدم سے وجود میں لانا۔ سِفْرُ التَّكْوِيْن : بائبل کی پہلی کتاب موسوم بہ کتاب پیدائش۔
الكَائِن : فا۔ ہونے والا۔ واقعہ۔ حادثہ۔
الكَائِنَة : مؤنث کائن حادثہ ج كَائِنَات وكَوَائِن۔ الكَائِنَات : موجودات۔
الكُنْتِيُّ والكُنْتِيُّ : بڑی عمر والا۔ گویا کہ وہ اپنے قول "كُنْتُ فِي شَبَابِي كَذَا وكَذَا" کی طرف منسوب کیا گیا ہے۔ تم کہتے ہو "اَصْبَحْتُ كُنْتِيًّا" یعنی میں بڑی عمر والا ہو گیا ج كُنْتِيُّوْنَ وكُنْتِيُّوْنَ اور كُنْتِنِي میں نون وقایہ ہے تاکہ ضمہ ظاہر ہو جائے جس طرح کی ضَرَبَنِي: میں فتحہ ظاہر ہونے کے لئے نون لاتے ہیں۔
المَكَان : کسی شے کے ہونے کی جگہ ج اَمَاكِن واَمْكِنَة واَمْكُن (اخیر نادر ہے)
المَكَانَة : موضع۔ جگہ۔ مرتبہ۔ ج مَكَانَات.
المَكِيْن : مرتبہ والا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ مَكِيْنٌ عِنْدَ فُلانٍ" فلاں فلاں کے نزدیک صاحب مرتبہ ہے۔ کہا جاتا ہے مَكُوْنٌ فِيْهِ : یعنی موجود۔
كَوِهَ (س) كَوَهًا : متحیر ہونا۔
كَاهَ يَكُوْهُ كَوْهًا الشَّيْءَ : منہ سونگھ کر بو معلوم کرنا۔
كَوَّهَ النَّارَ : آگ بھڑکانا۔
تَكَوَّهَ عَلَيْهِ الاَمْرُ : پراگندہ و پریشان ہونا۔
كَوَّى فِي دَارِهِ كُوًى : روشندان بنانا۔
تَكَوَّى تَكَوِّيًا الرَّجُلُ : تنگ جگہ میں داخل ہونا اور سمٹنا۔

الكَوُّ والكَوَّةُ والكُوَّةُ : روشن دان۔ ج كِوَاءٌ وكُوًى وكَوَّاتٌ وكُوَّاتٌ۔ كُوَى النَّهر : دریا کے نالے۔
كَوَى يَكْوِيْ كَيًّا فُلانًا : لوہے وغیرہ سے داغ دینا۔ كَوَتِ العَقْرَبُ فُلانًا : بچھو کا ڈسنا۔ ڈنک مارنا۔ تم کہتے ہو "كَوَانِي بِعَيْنِه" یعنی اس نے مجھ کو تیز نظر سے دیکھا۔
اَكْوَى اِكْوَاءً : زبان سے تکلیف پہنچانا۔
كَاوَى مُكَاوَاةً : باہم گالی گلوچ کرنا۔
اِكْتَوَى : داغ لگنا..... الرَّجُلُ : اپنے آپ کو داغ دینا۔ اپنی آپ تعریف کرنا ان صفات سے جو فی الحقیقت نہ ہوں۔
اِسْتَكْوَى فُلانًا : داغ لگانے کو کہنا..... الرَّجُلُ : داغے جانے کا وقت قریب ہونا۔
الكَيَّة. كَوَى : کا اسم مرۃ۔ داغ لگانے کی جگہ۔
الكَوَّاء : اسم مبالغہ۔ بدزبان۔ بہت گالی بکنے والا۔
المِكْوَاة : داغ دینے کا لوہا۔ استری کرنے کا لوہا۔ ج مَكَاوٍ.
المِكْوَلَة والكَاوِيَاء : بکریوں پر نشان لگانے کا آلہ۔
كَيْ : حرف تعلیل ہے۔ فعل مضارع پر داخل ہوتا ہے اور تقدیر ان کی وجہ سے نصب دیتا ہے جیسے "جَاءَ كَيْ يَسْئَلَ" یعنی آیا تاکہ پوچھے اور ما استفہامیہ پر داخل ہوتا ہے جیسے "كَيْمَ جِئْتَ" یعنی تم کیوں آئے اس صورت میں یہ حرف جر ہوگا۔
وقف کی صورت میں اس کے ساتھ ہا متصل ہے تو کہا جاتا ہے كَيْمَهْ جیسا کہ لِمَهْ کہا جاتا ہے اور مائے مصدریہ پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے "يُرَجِّى الفَتَى كَيْمَا يَضُرُّ ويَنْفَعُ"۔
اور اَنْ مصدریہ مقدرہ پر وجوبا داخل ہوتا ہے جیسے "جِئْتُكَ كَيْ تُكْرِمَنِي" میں تمہارے پاس اس لئے آیا کہ تم میرا اکرام کرو اور اکثر اس کا استعمال لام کے بعد ہوتا ہے جیسے جِئْتُ لِكَيْ تُكْرِمَنِي

كَاءَ يَكِيْءُ كَيْئًا عَنِ الاَمْرِ : اعراض کرنا۔
الكَاءُ والكَيْءُ والكَاءَةُ والكَيْأَة : بزدل۔
كَيَّتَ الوِعَاءَ : برتن بھرنا.....
الجَهَازَ : سامان تیار کرنا اور آسان کرنا۔
كَيْتَ وكَيْتَ اور کبھی كَيْتِ وكَيْتِ مکسورًا کہتے ہیں اور ان سے بات کا کنایہ کیا جاتا ہے۔ تم کہتے ہو "قَالَ فُلانٌ كَيْتَ وكَيْتَ" یعنی فلاں نے ایسا ایسا کہا اور كَيْتَ كَيْتَ بغیر واو کے بھی استعمال کرتے ہیں اور ان کا استعمال مکرر ہی ہوتا ہے۔
كَاحَ يَكِيْحُ كَيْحًا السَّيْفُ فِيْهِ : تلوار کا اثر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا كَاحَ فِيْهِ السَّيْفُ" یعنی تلوار نے اس پر کام نہیں کیا۔
اَكَاحَهُ اِكَاحَةً : ہلاک کرنا۔
الكَيِّح : موٹا (مذکر و مؤنث) كَيِّحٌ اَكْيَحُ : کھردرا۔ موٹا۔ جیسے کہا جاتا ہے يَوْمٌ اَيْوَمُ.
الكَيَح : سختی۔ موٹاپا۔
كَادَهُ يَكِيْدُهُ كَيْدًا : مکر کرنا۔ فریب کرنا۔ مکر سکھلانا۔ جنگ کرنا۔ برا ارادہ کرنا.....
الزَّنْدُ : چقماق کا آگ نکالنا۔ كَادَ لِفُلانٍ : حیلہ کرنا اور کہا جاتا ہے "فُلانٌ يَكِيْدُ اَمْرًا مَا اَدْرِي مَا هُوَ" جبکہ وہ پھسلائے اور فریب دے و "بَلَغُوْا الاَمْرَ الَّذِيْ كَادُوْا" یعنی جس امر کا وہ ارادہ کرتے تھے اس کو انہوں نے حاصل کر لیا..... بِنَفْسِه : جان دینا.....
الشَّيْءُ : تیار کرنا..... الرَّجُلُ : قے کرنا۔
كَايَدَهُ مُكَايَدَةً : مکر و فریب کرنا۔
تَكَايَدَ الرَّجُلَانِ : ایک دوسرے کے ساتھ مکر کرنا۔
اِكْتَادَ اِكْتِيَادًا : حیلہ کرنا۔ مکر و فریب کرنا۔
الكَيْد : مص۔ حیلہ۔ مکر۔ خباثت۔ لڑائی۔ قے ج كِيَاد کہا جاتا ہے "غَزَا فَلَمْ يَلْقَ كَيْدًا" یعنی اس نے مقاتلہ نہیں کیا "وَلَا كَيْدًا ولَا هَمًّا" یعنی نہ تو سختی کرتا ہوں اور نہ اس کا ارادہ۔
الكَيَّاد : بہت مکر کرنے والا۔

ل

اَللَّامُ: بنیادی حروف میں سے تیئسواں حرف ہے۔ یہ حرف ذلقیہ سے ہے۔

لام: تین قسمیں ہیں:

(۱) عامل بعمل جر (۲) عامل بعمل جزم (۳) غیر عامل۔

(۱) جارہ۔ اسم ظاہر اور ضمیر واحد متکلم کے ساتھ مکسور ہوتا ہے جیسے لِیَزِیدِ وَلِیْ اور مستغاث بِیَا اور ضمائر غیر واحد متکلم کے ساتھ مفتوح جیسے یا لَلّٰہِ وَلَکَ وَلَنَا وَلَہٗ.

یہ اسم اور فعل دونوں پر داخل ہوتا ہے اسم پر داخل ہونے والے کئی معنوں میں آتا ہے۔

(۱) اختصاص جیسے "اَلْجَنَّةُ لِلْمُؤْمِنِ" جنت مومنین کے لئے خاص ہے۔

(۲) استحقاق جیسے "اَلْعِزَّةُ لِلّٰہِ" عزت کا مستحق اللہ تعالیٰ ہے۔

(۳) ملکیت جیسے ﴿لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ﴾: اللہ ہی مالک ہے ان چیزوں کا جو آسمان و زمین میں ہیں۔

(۴) تبلیغ جیسے "قُلْتُ لَهٗ وَفَسَّرْتُ لَهٗ" میں نے اس سے کہہ دیا میں نے اس سے بیان کر دیا۔

(۵) تعدیہ جیسے "مَا اَشَدَّ حُبَّ زَیْدٍ لِعَمْرٍو" زید کو عمرو سے کتنی شدید محبت ہے۔

(۶) قسم جیسے "لِلّٰہِ لَا فْعَلَنَّ هٰذَا" قسم اللہ کی میں اس کو ضرور کروں گا۔

مَعَلَ (ف) مَعْلًا الشَّیْ : چھین لینا۔ اُچک لینا ...... الخَشَبَۃَ : لکڑی چیرنا ...... اَمْرَهُ : کام کو ساتھیوں سے پہلے کر لینا ...... الرَّجُلُ : تیز چلنا ...... الحِمَارَ : گدھے کو خصی کرنا۔ مَعَلَهُ وامْعَلَهُ عَنِ الشَّیْ : جلدی سے ہٹا دینا۔

اِمْتَعَلَ الرَّجُلَ : پے در پے نیزہ مارنا۔

المَعِل مِنَ النَّاسِ : پھرتیلا' جلد باز۔

الـمَعَل : مص۔ کہا جاتا ہے "مَـالَکَ مِنْهُ مَعَلٌ" تیرے لئے ضروری ہے۔

المَعَالَۃ : بدی۔

حِمَارٌ مَمْعُوْلٌ : خصی کیا ہوا گدھا۔

مَـعْـمَـعَ : جلدی کام کرنا ...... الشَّیْ المُحْتَرِقُ : جلتی ہوئی چیز سے آواز نکلنا ...... الـقَوْمُ : سخت جنگ کرنا۔ سخت گرمی میں چلنا ...... الـرَّجُلُ : گفتگو میں لفظ مع اکثر بولنا ...... الـسَّـمَـاءُ المَطَرَ عَلَی الاَرْضِ : سخت بارش گرانا اور زمین کو صاف کر دینا۔

الـمَـعْـمَـع : تیز خاطر عورت اور کہا جاتا ہے "هُوَ ذُوْمَـعْـمَـعٍ" وہ اُمور پر صبر کرنے والا ہے۔

المَعْمَعَۃ : مص۔ بانس وغیرہ جلنے کی آواز۔ لڑائی میں بہادروں کا شور۔ گرمی کی شدت ج مَعَامِع۔ المَعَامِعُ : لڑائیاں اور فتنے۔

الـمَـعْـمَعِیُّ : جس کی اپنی کوئی رائے نہ ہو اور ہر ایک سے کہے کہ میں تمہارے ساتھ ہوں۔

الـمَـعْـمَعَان والمَعْمَعَانِی مِنَ الاَیَّامِ : سخت گرم۔ الـمَـعْـمَعَان : سخت گرمی یا سردی۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِیْ مَعْمَعَانِ الصَّیْفِ" یعنی

وہ سخت گرمی میں آیا۔ وَفِیْ مَغْمَعَانِ الشِّتَاءِ: یعنی وہ سخت جاڑے میں آیا۔

مَعَنَ (ن) مَعْنًا النِّعْمَةَ: نعمت کی ناشکری کرنا...... بِالْحَقِّ: حق کا انکار کرنا۔ حق کا اقرار کرنا۔ (ضد)

مَعَنَ (ف) مَعْنًا ومَعُنَ (ک) مُعُوْنًا المَاءُ: آہستہ آہستہ بہنا۔ صفت مَعِیْن. مَعَنَ الفَرَسُ: گھوڑے کا دور تک دوڑنا...... المَطَرُ الْاَرْضَ: پے در پے بارش ہو کر سیراب کر دینا۔

مَعِنَ (س) مَعَنًا الْمَكَانُ او النَّبْتُ: پانی سے سیراب ہونا۔

اَمْعَنَ فِی الطَّلَبِ: ڈھونڈنے میں بہت مبالغہ کرنا...... فِی الْاَمْرِ: معاملے کی گہرائی میں پہنچنا۔ الضَّبُّ فِیْ جُحْرِهٖ: گوہ کا سوراخ کے انتہائی حصے میں غائب ہونا...... الفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنے میں دور دور تک پہنچنا...... النَّظَرَ فِی الْاَمْرِ: نہایت غور کے ساتھ سوچنا...... الوَادِیُ: زیادہ بہتے ہوئے پانی والی ہونا...... مَالُهٗ: بہت ہونا' کم ہونا...... بِالْحَقِّ: حق کا انکار کے بعد اقرار کرنا۔ انکار کرنا...... المَاءُ: پانی کا آہستہ آہستہ بہنا...... فُلَانٌ المَاءَ: پانی بہانا۔ اَمْعَنَتِ الْاَرْضُ: زمین کا سیراب ہونا۔

تَمَعَّنَ: ذلیل وحقیر ہونا۔

المَعْنُ: مص۔ ہر نفع اٹھانے کی چیز۔ بہت کم۔ آسان۔ لمبا۔ کوتاہ۔ ادھوڑی۔ سرخ کھال جو ٹوکری وغیرہ پر لگائی جاتی ہے۔ بہت مال والا۔ کم مال والا۔ ذلت۔ کھلے میدان کا پانی۔

المَعْنَةُ. مَعْن: کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "مَالَهٗ سَعْنَةٌ ولا مَعْنَةٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔

المَعْنِیُّ: بہت مال والا۔ کم مال والا۔

المَعَان: منزل۔

المَاعُوْن: بارش۔ پانی۔ ہر وہ خانگی سامان جس سے خود نفع اُٹھایا جائے اور دوسروں کو عاریت پر دیا جائے (جیسے ہانڈی' چمچہ' ڈول' رسی وغیرہ وغیرہ) بھلائی۔ فرمانبرداری۔ زکوٰۃ...... عِنْدَ العَامَّةِ: کاغذ کا دستہ یا رِم۔

المَعِیْن: بہتا ہوا پانی اور کہا جاتا ہے "مَاءٌ مَعِیْنٌ" جاری پانی "سِقَاء مَعِیْنٌ" بہتے ہوئے پانی والا مشکیزہ۔ ج مُعُنَات ومُعُن.

المُعُنَات والمُعْنَان: پانی بہنے کی جگہ' وادی میں پانی کے نالے۔

كَلَأ مَمْعُوْن: گھاس جس میں پانی جاری ہو

رَوْضٌ مَمْعُوْن: جاری پانی سے سیراب کیا ہوا باغ۔

تَمَعْنَی یَتَمَعْنَی: معنی سمجھنا۔ معنی بیان کرنا۔

مَعَا یَمْعُوْ مُعَاءً السِّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔

اَمْعَی النَّخْلُ: پکنے کے بعد کچھ خشک کھجوروں والا ہونا...... البُسْرُ: گدر کھجور کا خوش مزہ ہونا۔

تَمَعَّی السِّقَاءُ: مشکیزہ کا تن جانا...... الشَّرُّ بَیْنَ النَّاسِ: برائی کا پھیلنا۔

المَعْو: تر کھجور جو کچھ خشک ہونے لگے۔ اونٹ کے نچلے ہونٹ کی پھٹن۔

المَعْیُ والمِعَیٰ ج اَمْعَاء. والمِعَاءُ ج اَمْعِیَة آنت مذکر ہے اور کبھی مؤنث بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

مَغَثَ (ف) مَغْثًا الدَّوَاءَ فِی المَاءِ: دوا کو پانی میں نرم کرنا...... الرَّجُلَ: بغیر تکلیف دہ مارنا۔ پچھاڑنا۔ کہا جاتا ہے "مَغَثَتْهُمُ الحُمّٰی" ان کو بخار آ گیا۔ مَغَثَهٗ فِیْ المَاءِ: پانی میں ڈبونا۔ مَغَثَ الشَّیْءَ: گڈمڈ کرنا...... عِرْضَ فُلَانٍ: عیب لگانا۔

مُغِثَ الرَّجُلُ: بخار زدہ ہونا۔

مَاغَثَهٗ مِغَاثًا ومُمَاغَثَةً: جھگڑا کرنا۔

المَغْث: مص۔ انگلیوں سے مل کر نرم کرنا۔ برائی۔ مقاتلہ ج مِغَاث.

المِغَث: سخت قسم کا پہلوان۔

[illegible]: گھاس جسے بارش نے بچھا

ہو۔ شریر مرد۔

المُغَاث: چوڑے پتوں اور سفید پھولوں کا ایک درخت۔

المَمْغُوث: بخار زدہ۔ بارش سے بچھی ہوئی گھاس۔

مَغَجَ (ن) مَغْجًا الرَّجُلُ: دوڑنا۔ چلنا۔

مَغَدَ (ف) مَغْدًا الشَّیْءَ: چوسنا۔

الفَصِیْلُ اُمَّهٗ: اونٹ کے بچہ کا اپنی ماں کا دودھ پینا...... النَّبَاتُ: نباتات لمبی ہونا...... الرَّجُلُ فِیْ عَیْشِهٖ: آسودہ زندگی گزارنا...... شَعْرَهٗ: بال اکھیڑنا...... العَیْشُ البَدَنَ: موٹا تازہ کر دینا...... فُلَانٌ: کامل جوان ہونا...... الجَارِیَةَ: جماع کرنا۔

مَغَدَ (ف) ومَغِدَ (س) مَغْدًا البَدَنُ: بدن کا موٹا ہونا۔

اَمْغَد: دیر تک پینا...... الصَّبِیَّ: بچے کو دودھ پلانا۔

المَغْد: مص۔ عَیْشٌ مَغْدٌ: آسودہ زندگی۔

المَغْدُ: ببول کا گوند' بیری کا گوند...... بروج الضم (ایک دوا کا نام) اور بقول بعض بیگن۔ ایک پھل جو ککڑی کے مشابہ ہوتا ہے۔ ایک درخت کا نام جس کے پتے باریک' نازک اور لمبے ہوتے ہیں اور درخت پر لپٹے ہوئے ہوتے ہیں۔ بڑا ڈول۔ گھوڑے کی پیشانی پر سفیدی کی جگہ۔ ہر موٹی لمبی چیز۔ موٹا اونٹ۔

مَغَرَ (ف) مَغْرًا فِی البِلَادِ: تیز جانا...... بِهٖ بَعِیْرُهٗ: لے کے تیز دوڑنا۔

مَغَّرَ الثَّوْبَ: کپڑے کو گیرو سے رنگنا۔

اَمْغَرَهٗ بِالسَّهْمِ: آر پار کر دینا۔ اَمْغَرَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا مرض کی وجہ سے سرخ دودھ والی ہونا۔ صفت مُمْغِر.

المَغْرَة والمَغَرَة: گیرو۔

المَغَر والمُغْرَة: غیر خالص سرخی کا رنگ۔

المَغَارَة: دیکھئے مادہ غور۔

الاَمْغَر: غیر خالص سرخ رنگ والا۔ وہ شخص جس کے چہرہ میں خالص سفیدی میں سرخی

تکی ہوتا

لَبَنٌ مَغِيْرٌ: سرخ دودھ خون ملا ہوا۔

المَغْرَة: وہ زمین جہاں سے گیرو نکلے۔

مَغَسَ (ف) مَغْسًا بِيَدِه: چھونا...... بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا...... الْمَرْأَةَ: عورت سے جماع کرنا۔

مُغِسَ: آنتوں میں درد والا ہونا۔

مَغِصَ (س) مَغَصًا ومُغِصَ مَغْصًا: آنتوں میں درد اور مروڑ ہونا۔ صفت مَمْغُوص۔

اَمْغَصَهُ: مروڑ اور اینٹھن والا کرنا۔

تَمَغَّصَ بَطْنُهُ: مروڑ اور اینٹھن لاحق ہونا۔ دردناک کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَمَغَّصَ بَطْنِيْ" یعنی درد میں مبتلا کیا۔ "تَمَغَّصَنِي الشَّيْءُ وتَمَغَّصْتُ مِنْهُ" اس نے مجھے تکلیف دی۔

المَغْصُ: مص۔ آنتوں میں مروڑ اور اینٹھن۔

المَغْصُ: عمدہ اونٹ ج اَمْغَاص واحد مَغْصَة۔

مَغَطَ (ف) مَغْطًا ومَغَطَ الشَّيْءَ: لمبا ہونے کے لئے کھینچنا۔

تَمَغَّطَ وامْغَطَ الشَّيْءُ: کھنچنا اور طویل ہونا۔

تَمَغَّطَ البَعِيْرُ: دوڑنے میں اگلے پیروں کو پھیلانا...... الفَرَسُ: بہت زیادہ دوڑنا۔

اِمْتَغَطَ: کھنچنا اور طویل ہونا...... السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔

المُمَّغِط: انتہائی لمبا۔

مَغَلَ (ف) مَغْلاً ومَغَالَةً بِالرَّجُلِ: چغل خوری کرنا۔

مَغِلَتْ (س) مَغْلاً عَيْنُهُ: خراب ہونا۔

الْحَامِلُ بِوَلَدِهَا: زمانۂ حمل میں دودھ پلانا۔

مَغَلَتْ (ف) ومَغِلَتْ (س) مَغْلاً الدَّابَّةُ: چوپایہ کے پیٹ میں مٹی ملی ہوئی گھاس وغیرہ کھانے سے درد ہونا۔ صفت مَمْغُوْلَة ومَغُوْلَة: اور اسم المَغْلَة۔

اَمْغَلَ القَوْمُ: مٹی ملی ہوئی گھاس وغیرہ کھانے سے پیٹ میں درد ہونے والے جانور کا مالک ہونا...... الْحَامِلُ وَلَدَهَا: زمانۂ حمل کا دودھ پلانا...... بِهِ عِنْدَ السُّلْطَانِ: چغل خوری کرنا۔

المَغْلُ والمَغَل: زمانۂ حمل میں عورت کا دودھ۔ المَغَل: آنکھ کا کیچڑ۔ ج اَمْغَال۔

لمَغْل: ایک قوم کا نام۔ ج مُغُوْل۔

المَغْلَة: مَغَل کا اسم مرۃ۔ فساد۔ سال میں دو مرتبہ بچے جننے والی بھیڑ یا بکری۔ ج مِغَال۔

المَغَالَة: مص خیانت۔ فریب۔

مَغْمَغَ اللَّحْمَ: گوشت کو نرم نرم چبانا۔

الْكَلَامَ: مبہم کہنا...... الشَّيْءَ: گڈمڈ کرنا...... فِي عَمَلِه: ناقص وردی طریقے سے کرنا...... الأَمْرُ: غلط ملط ہونا...... الْكَلْبُ فِي الإِنَاءِ: کتے کا برتن میں منہ ڈالنا۔

المَغْنَطِيس والمَغْنَاطِيس: چمک پتھر۔

مَغَا يَمْغُو مَغْوًا السِّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔

المُغَاء والمُغُوّ: بلی کی آواز۔

مَغِي يَمْغِي مَغْيًا: غیر مفہوم گفتگو کرنا۔

تَمَغِّي الأَدِيْمِ: چمڑے کا ڈھیلا پڑنا۔

المَغْيُ: مص...... فِي الأَدِيْمِ: چمڑے کا ڈھیلا پن۔

فِي الإِنْسَانِ: مذاقًا یا واقعی طور پر وہ کچھ کہنا جو اس کے اندر نہ ہو۔

مَفَجَ (ف) مَفْجًا الرَّجُلُ: بے وقوف ہونا۔

رَجُلٌ مَفَاجَةٌ: بے وقوف مرد۔

مَقَّ (ن) مَقًّا الشَّيْءَ: چیز کو کھولنا...... اللهُ عَيْنَهُ: اکھیڑنا۔

مَقَّقَ الطَّائِرُ فَرْخَهُ: پرندہ کا بچہ کو چوگا دینا۔

عَلَى عِيَالِهِ: فقیری یا بخل سے نان نفقہ میں تنگی کرنا۔

تَمَقَّقَ الشَّرَابَ: تھوڑا تھوڑا پینا...... مَا فِي العَظْمِ: ہڈی سے سارا گودا نکال لینا۔

وامْتَقَّ الفَصِيْلُ مَا فِي الضَّرْعِ: تھن سے سارا دودھ پی لینا۔

المَقَقُ: پتلے پن کے ساتھ بہت لمبائی۔ ہر دو چیزوں کے درمیان دوری۔

المَقَقَة: دودھ پینے والے میمنے۔ جاہل لوگ۔ تھوڑی تھوڑی شراب پینے والے۔

الأَمَقُّ: پتلے پن کے ساتھ بہت لمبا۔ مؤنث مَقَّاء ج مُقّ۔ بَلَدٌ أَمَقُّ وسیع شہر۔ فَخِذٌ مَقَّاء: گوشت سے خالی ران۔ ج مُقّ۔

مَقَتَ (ن) مَقْتًا ومَقَاتَ الرَّجُلَ: بہت بغض رکھنا۔

مَقُتَ (ک) مَقَاتَةً فُلَانٌ إِلَى: ناپسند ہونا۔

مَقَّتَهُ: بہت بغض رکھنا۔ مَقَّتَهُ إِلَى قُبْحِ فِعْلِه: مبغوض کر دینا۔

تَمَقَّتَ إِلَى: ناپسند ہونا۔

تَمَاقَتُوا: بعض کا بعض کے ساتھ بغض رکھنا۔

المَقْتُ: مص زَوَاجُ المَقْتِ: باپ کی بیوہ سے شادی کرنا۔

المَقْتِيُّ: باپ کی بیوہ سے شادی کرنے والا۔

المَقِيْت والمَمْقُوْت: ناپسند۔

مَقَرَ (ن) السَّمَكَةَ مَقْرًا عُنُقَه: لاٹھی مار کر گردن توڑ دینا...... المَالِحَة: نمک لگی ہوئی مچھلی کو سرکہ میں بھگونا۔

مَقِرَ (س) مَقَرًا الشَّيْءُ: کڑوا یا کھٹا ہونا۔ صفت مَقِر۔

اَمْقَرَ السَّمَكَةَ المَالِحَة: نمک لگی ہوئی مچھلی کو سرکہ میں بھگونا...... الشَّيْءُ: کڑوا ہونا...... اللَّبَنُ: دودھ کا بے مزہ ہونا۔

اِمْتَقَرَ الرَّكِيَّة: پانی ختم ہونے کے بعد کنوئیں کو پھر کھودنا۔

اِمْقَرَّ اِمْقِرَارًا الرَّجُلُ: ابھری ہوئی رگ والا ہونا۔

المَقْر والمَقِر: ایلوا یا اس کے مشابہ کڑوی چیز۔

المَمْقُوْر: سرکہ میں بھگوئی ہوئی نمکین مچھلی۔

المُمْقِر: کم پانی والا کنواں۔

مَقَسَ (ن) مَقْسًا القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔

الشَّيْءَ فِي المَاءِ: پانی میں ڈبونا...... المَاءُ:

پانی کا جاری ہونا......فُلَانٌ فِــي الْاَرْضِ : جانا۔

مَقِسَتْ (س) مَقَسًا وتَمَقَّسَتْ نَفْسُهٗ : جی متلانا۔

مَاقَسَه مُمَاقَسَة: باہم ڈبونا۔غواصی میں مقابلہ کرنا اور کہا جاتا ہے "هُوَ يُمَاقِسُ حُوْتًا" وہ مچھلی سے غوطہ زنی میں مقابلہ کرتا ہے۔ اس وقت بولا جاتا ہے جب کہ اپنے سے زیادہ قوی سے جھگڑا کرے۔

مَقَطَهٗ (ن ض) مَقْطًا: غصہ میں ڈالنا مَقَطَهٗ بِالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔مَقَطَ الشَّئَ: باندھنا۔مضبوط بٹی ہوئی رسّی سے باندھنا ......عُنُقَهٗ: توڑ دینا......الْكُرَةَ: زمین پر مارنا پھر اٹھانا......هٗ بِالْاَيْمَانِ: قسم دلانا...... الْحَبْلَ: رسی بٹنا......الشَّئَ: گھونٹ لگانا۔

مَقَطَ بِالْقِرْنِ ومَقَطَهٗ ومَقَّطَهٗ: پچھاڑنا...... مَقَطَ بِالْاِبِلِ: مضبوط بٹی ہوئی رسی سے باندھنا۔

الْمَاقِطُ: فا۔کنکری ڈال کر شگون لینے والا۔ ڈول کی رسّی۔

الْمِقَاط: مضبوط بٹی ہوئی چھوٹی رسّی۔ج مُقُط.

الْمَقِط: چھ مہینے میں پیدا ہونے والا بچہ۔

الْمُقُط: پرندہ پھنسانے کا دھاگہ۔ج اَمْقَاط.

مَقَعَ (ف) مَقْعًا الشَّرَابَ: ڈگڈگا کے پینا۔

......هٗ بِشَرٍّ: تہمت لگانا......الْفَصِيْلُ اُمَّهٗ: اونٹ کے بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا۔

اِمْتَقَعَ الْفَصِيْلُ مَافِيْ ضَرْعِ اُمِّهٖ: تھن کا سارا دودھ پی لینا۔

اُمْتُقِعَ: غم یا گھبراہٹ کی وجہ سے رنگ بدلنا۔

الْمَقْع: مص۔ٹھہرا ہوا پانی۔ج اَمْقُع.

مَقَلَهٗ (ن) مَقْلًا دیکھنا۔کہا جاتا ہے "مَقَلَتْه عَيْنِيْ" میری آنکھ نے اس کو دیکھا "وَمَا مَقَلَتْ عَيْنَايَ مِثْلَهٗ" میری آنکھوں نے اس کی مانند نہیں دیکھا۔

......هٗ: پانی میں ڈبونا۔مَقَلَ فِي الْمَاءِ: غوطہ لگانا۔

......الْمَقْلَةَ: برتن میں کنکری رکھنا اور پھر اس پر پانی ڈالنا اور جب پانی اس سے اوپر آ جائے تو تقسیم کرنا تا کہ اس طرح سب کو برابر برابر پانی مل جائے۔

مَاقَلَهٗ: ایک دوسرے کو غوطہ دینا۔

تَمَاقَلَا: باہم غوطہ زنی کرنا۔

اِمْتَقَلَ: بار بار غوطہ لگانا۔

الْمَقْلُ: مص۔کنوئیں کی تہ، کنوئیں کی تہ کی مٹی یا کنکری۔سمندر میں غوطہ لگانے کی جگہ۔

الْمُقْلُ: گوگل کا پھل۔گوگل۔

الْمَقْلَة. مقل: کا اسم مرة۔کنوئیں کی تہ۔ کنکری جس کو سفر کی حالت میں پانی کی کمی کی وجہ سے برتن میں رکھتے تھے اور پھر اس پر پانی ڈالتے تھے اور جب پانی اس سے اوپر آ جاتا تھا تو پلاتے تھے تا کہ اس طرح پانی سب کو برابر پہنچ جائے۔

الْمُقْلَة: آنکھ کا ڈھیلا۔آنکھ۔ج مُقَل.

مَقْمَقَ الشَّئُ: نرم اور آسان ہونا...... الشَّئَ: ذلیل کرنا......الْوَلَدُ اُمَّهٗ: زور سے چوسنا۔

الْمُقَامِقُ: حلق کے انتہائی حصے سے بولنے والا۔

مَقِهَ (س) مَقَهًا: سرخ پلکوں والا ہونا۔ صفت اَمْقَهُ.

الْمَقَهُ: سفیدی مائل نیلگونی اور یہ مذموم ہے۔

الْاَمْقَهُ: دور۔بنجر زمین۔سرخ پلکوں والا۔ خودسر آدمی جو یہ نہ جانتا ہو کہ کدھر جا رہا ہے۔مؤنث مَقْهَاءُ ج مُقْهٌ.

مَقَا يَمْقُوْ مَقْوًا ومَقَى يَمْقِي مَقْيًا السَّيْفَ: تلوار پر صیقل کرنا۔مَقَا الْفَصِيْلُ اُمَّهٗ: زور سے دودھ پینا۔مَقَا الطَّسْتَ: دھونا۔

مَكَّ (ن) مَكًّا وتَمَكَّكَ واِمْتَكَّ [illegible]

الشَّئَ: ہلاک کرنا۔برباد کرنا......غَرِيْمَهٗ: قرض دار سے وصولی میں اصرار کرنا۔

اِمْتَكَّ وتَمَكَّكَ الْفَصِيْلُ مَا فِيْ ضَرْعِ اُمِّهٖ: سب کچھ چوس لینا۔

مَكَّكَ عَلٰى غَرِيْمِه: قرض دار سے اصرار کرنا۔

الْمُكَاكُ والْمُكَاكَة: ہڈی کا گودا۔

الْمَكُّوْك: پینے کا پیالہ ڈیڑھ صاع کا پیمانہ۔کپڑا بننے کی نال۔ج مَكَاكِيْك.

مَكَتَ (ن) مَكْتًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔

اِسْتَمْكَتَ: پھنسی کا پیپ سے بھرنا۔

مَكَثَ (ن) مَكْثًا ومَكَثًا ومُكُوْثًا ومُكْثَانًا ومِكِّيْثَى ومِكِّيْثَاء بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔ ٹھہرنا۔صفت مَاكِثٌ اور اسم الْمُكْث والْمِكْث.

مَكُثَ (ک) مَكَاثَةً: ٹھہرنا۔

اَمْكَثَهٗ: ٹھہرانا۔

تَمَكَّثَ: انتظار کرنا اور ٹھہرنا......بِالْمَكَانِ: ٹھہرنا......فِي الْاَمْرِ: جلد بازی نہ کرنا۔

الْمَكِيْث: ٹھہرنے والا۔رنجیدہ۔ج مُكَثَاء ومَكِيْثُوْن.

مَكَدَ (ن) مَكْدًا ومُكُوْدًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔صفت مَاكِدٌ. مَاءٌ مَاكِدٌ: ختم نہ ہونے والا پانی نَاقَةٌ مَاكِدَةٌ: بہت دودھ والی اونٹنی۔اور ایسا ہی نَاقَةٌ مَكْدَاء ومَكُوْدٌ. ج مُكُدٌ ومَكَائِد.

الْمِكَدّ: کنگھا۔

مَكَرَ (ن) مَكْرًا. الرَّجُلَ وبِهٖ: دھوکہ دینا۔ اللّٰهُ فُلَانًا: مکر کی سزا دینا۔مَكَرَ الثَّوْبَ: گیرو سے رنگنا ......هٗ: رنگنا ...... الْاَرْضَ: سیراب کرنا۔

مَكِرَ (س) مَكَرًا: سرخ ہونا۔

مَاكَرَهٗ: فریب دینا۔

مَكَّرَ: گرانی کے انتظار میں غلہ کو روکنا۔

اَمْكَرَهٗ: دھوکا دینا......هٗ اللّٰهُ: مکر کی سزا دینا۔

تَمَاكَرُوْا: بعض کا بعض سے حیلہ کرنا۔
اِمْكَرَّ و اِمْتَكَرَ: گیرو سے رنگا ہوا ہونا۔
اَلْمَكْرُ: مص۔ دھوکا۔ فریب۔ دھوکہ فریب کی سزا۔ گیرو۔
اَلْمَكْرَةُ: مکر کا اسم مرۃ۔ لڑائی میں حیلہ و تدبیر۔ بے پھولوں کا ایک قسم کا پودہ۔ کھیت کی سیرابی۔ خوبصورت موٹی پنڈلی۔ ج مُكْر و مُكُوْر۔
اَلْمَاكِرُ: فریب کرنے والا۔ ج مَكَرَةٌ و مَاكِرُوْن۔
اَلْمَكَّار و الْمَكُوْر: بہت دھوکہ فریب کرنے والا۔
مَكَسَ (ض) مَكْسًا: ٹیکس جمع کرنا ۔۔۔ فِي الْبَيْعِ: قیمت گھٹانا ۔۔۔ ہ: ظلم کرنا۔
اَلْمَكْرُوْمُكُوْب: (یونانی لفظ) اس کی عربی اَلْمِجْهَرُ: دوربین۔
مُكِسَ الرَّجُلُ: خرید و فروخت وغیرہ میں نقصان پہنچنا۔
مَاكَسَه مِكَاسًا و مُمَاكَسَةً: قیمت کم کرانا۔ مخالفت کرنا۔
تَمَاكَسَ الرَّجُلَانِ فِي الْبَيْعِ: خرید و فروخت میں باہم جھگڑنا۔
اَلْمَكْسُ: مص۔ محصول۔ ٹیکس۔ چنگی۔ ج مُكُوْس۔
اَلْمَاكِسُ و الْمَكَّاس: ٹیکس وصول کرنے والا۔ صاحب مکس بھی کہا جاتا ہے۔
مَكْمَكَ الرَّجُلُ: چلنے میں لڑھکنا ۔۔۔ الْمُخَّ: سارا گودا چوس لینا۔
مَكُنَ (ك) مَكَانَةً عِنْدَ الْاَمِيْرِ: صاحب مرتبہ ہونا۔
مَكِنَتْ (س) مَكْنًا الْجَرَادَةُ و نَحْوُهَا: ٹڈی کا انڈا دینا یا انڈے والی ہونا۔ صفت مَكُوْن۔ ج مِكَان۔
مَكَّنَهٗ و اَمْكَنَهٗ مِنَ الشَّيْءِ: قدرت دینا۔ قادر بنانا۔
اَمْكَنَ الْاَمْرُ فُلَانًا و لِفُلَانٍ: آسان ہونا۔ ممکن ہونا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يُمْكِنُهُ النُّهُوْضُ" فلاں اٹھنے پر قادر نہیں۔
وَاَمْكَنَنِي الْاَمْرُ: یعنی معاملہ میرے قبضہ میں آ گیا۔ اَمْكَنَتِ الْجَرَادَةُ: ٹڈی کا انڈا دینا۔
تَمَكَّنَ عِنْدَ الْاَمِيْرِ: بلند و صاحب مرتبہ ہونا۔ اَلْمَكَانُ و بِهٖ: مضبوط اور جمے ہوئے قدم والا ہونا۔ (۔۔۔ و اسْتَمْكَنَ) مِنَ الْاَمْرِ: قادر ہونا یا فتح مند ہونا۔
اَلْمَكْنُ و الْمَكِنُ: ٹڈی وغیرہ کے انڈے۔ واحد مَكْنَةٌ و مَكِنَةٌ ج مَكْنَات و مَكِنَات۔
اَلْمُكْنَةُ: قوت۔ طاقت۔
اَلْمَكِنَةُ: قدرت۔ پرندوں کا گھونسلا۔ ج مَكِنَات۔
اَلْمَكَانُ: موضع۔ جگہ (یہ ظرف ہے کون سے) ج اَمْكِنَة و اَمْكُن۔ و جج اَمَاكِنُ اور کہا جاتا ہے "هُوَ مِنَ الْعِلْمِ بِمَكَانٍ" اس کے لئے علم کا ایک خاص مرتبہ حاصل ہے "وَهٰذَا مَكَانُ هٰذَا" یہ اس کے بدلے میں ہے۔
اَلْمَكَانَةُ: مص۔ مرتبہ۔ رفعت شان۔ سنجیدگی۔ کہا جاتا ہے "اِمْشِ عَلٰى مَكَانَتِكَ" یعنی سنجیدگی اور وقار کے ساتھ چلو۔ ج مَكَانَات۔
اَلْمَكِيْنُ: صاحب مرتبہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَكِيْنٌ عِنْدَ الْاَمِيْرِ" اس کو امیر کے نزدیک مرتبہ حاصل ہے "وَهُوَ اَمْكَنُ مِنْ غَيْرِهٖ" بہ نسبت غیر کے زیادہ صاحب مرتبہ ہے۔ ج مُكَنَاءُ۔
اَلْمَكِيْنَةُ: آہستگی۔ کہا جاتا ہے "اِمْشِ عَلٰى مَكِيْنَتِكَ" یعنی سنجیدگی اور وقار کے ساتھ چلو۔
اَلْمُتَمَكِّنُ فِيْ عِلْمِ النَّحْوِ: اصطلاح نحو میں وہ اسم جو مبنی الاصل کے ساتھ مشابہت نہ رکھتا ہو۔
والْمُتَمَكِّنُ الْاَمْكَنُ: اسم منصرف جس کے آخر میں تینوں حرکات مع تنوین کے ظاہر ہوں۔
وَالْمُتَمَكِّنُ غَيْرُ الْاَمْكَنِ: اسم غیر منصرف جس کے آخر میں کسرہ اور تنوین نہ آئے۔
غَيْرُ الْمُتَمَكِّنِ: وہ اسم جو مبنی الاصل کے ساتھ مشابہت رکھتا ہو جیسے كَيْفَ و اَيْنَ۔
مَكَا يَمْكُوْ مُكَاءً و مُكُوًّا: منہ سے سیٹی بجانا۔ \
مَكِيَتْ تَمْكٰى مَكًا يَدُهٗ: ہاتھ میں زیادہ کام کرنے کی وجہ سے چھالے ہونا۔
تَمَكّٰى تَمَكِّيًا الْفَرَسُ: گھوڑے کا پسینہ سے شرابور ہونا۔
اَلْمَكِيُّ و الْمَكْوُ: خرگوش وغیرہ کا بھٹ۔ ج اَمْكَاء۔
اَلْمُكَّاءُ: سفید رنگ کا خوش آواز پرندہ۔ ج مَكَاكِيُّ۔
اَلْمَكْوَةُ: دبر۔
مَلَّ (ن) مَلًّا الثَّوْبَ: کپڑے پر لنگر کرنا۔ کچا کرنا ۔۔۔ الشَّيْءَ فِي الْجَمْرِ: انگاروں میں رکھنا۔ صفت فاعل مَلَّال صفت مفعول مَمْلُوْلٌ و مَلِيْلٌ۔
۔۔۔ السَّهْمَ بِالنَّارِ: تیر کو آگ سے سیدھا کرنا۔
۔۔۔ اللَّحْمَ اَوِ الْخُبْزَ: گوشت یا روٹی کو بھوبھل میں ڈالنا ۔۔۔ فِي الْمَشْيِ: تیز دوڑنا ۔۔۔ عَلَيْهِ السَّفَرُ: سفر طویل ہونا۔
مَلَّ (س ن) مَلًّا: ملال لاحق ہونا۔ مرض یا غم کی وجہ سے تڑپنا ۔۔۔ الشَّيْءَ: الٹ پلٹ کرنا۔ اَلْمَحْمُوْمُ: بخار زدہ کا تلملانا۔
مَلَّ (س) مَلَلًا و مَلَالًا و مَلَّةً و مَلَالَةً الشَّيْءَ و مِنَ الشَّيْءِ: تنگ دل ہونا۔ زچ ہونا۔
مَلَّلَ تَمْلِيْلًا الشَّيْءَ: الٹ پلٹ کرنا۔
اَمَلَّ عَلَيْهِ السَّفَرُ: طویل ہونا۔ اَمَلَّهُ الْاَمْرُ و اَمَلَّ عَلَيْهِ الْاَمْرُ: دشوار ہونا۔ ملال میں ڈالنا۔ اَمَلَّهُ الشَّيْءَ: بھوبھل میں ڈالنا۔
اَمْلَلْتُ اِمْلَالًا و اَمْلَيْتُ اِمْلَاءً الْكِتَابَ عَلَى الْكَاتِبِ: املا کرانا۔
تَمَلْمَلَ: مرض یا غم کی وجہ سے تڑپنا ۔۔۔ فِي

المَشیِ : تیز دوڑنا...... مِلَّۃَ کَذَا : مذہب اختیار کرنا...... الخُبزَۃَ : روٹی کو بھوبھل میں پکانا۔

اِنمَلَّ : کھنچا جانا۔ نکل آنا۔

اِستَمَلَ الشَّیَ : زچ ہونا۔

المَلُّ : مص۔ رَجُلٌ مَلٌّ : اکتایا ہوا مرد۔

المَـلَّۃ : اسم مرۃ۔ چنگاری، بھوبھل، بخار کا پسینہ۔ تنگ دلی۔ وخُبزَۃُ المَلَّۃِ : بھوبھل کی پکی ہوئی روٹی اور کہا جاتا ہے "رَجُـلٌ مَلَّۃٌ" بہت جلدی ملول ہونے والا۔

المِـلَّۃ : مذہب۔ شریعت۔ خون بہا۔ ج مِلَل۔

المُلَّۃ : پکی سلائی۔ ج مُلَل۔

المُلِّی : بھوبھل میں پکی ہوئی روٹی۔

المَلَل والمَلَال : تنگ دل۔

المُلَال : مرض یا غم کی وجہ سے اضطراب۔ پیٹھ کا درد۔ کمان کی پیٹھ۔ ہڈی کے اندر کی گرمی۔ بخار کا پسینہ۔ تلوار کے قبضہ کی لکڑی۔

المَلُول والمَلُولَۃ والمَلَالَۃ والمَالُولَۃ : تنگ دل۔ مذکر و مؤنث تا مبالغہ کے لئے ہے۔

المَلِیل والمَملُول : بھوبھل میں بھنا ہوا۔

الشَّیُ المَملُول : باعث ملال۔ المَلِیل : کریلی۔ رَجُلٌ مَلِیلٌ : آفتاب سے جھلسا ہوا مرد۔

المَلُّول : واحد مَلُّولَۃ : بلوط درخت کی ایک قسم جو کہ رنگنے کے کام آتا ہے۔

المَلِیل والمُمَلّ مِنَ الطُّرُقِ : بہت چلتا ہوا راستہ۔

...... المَـلِیلَۃ : اندرونی بخار۔ پیاس کی تیزی۔

مَلَأَہُ (ف) مَلأً ومَلأَۃً ومِلأَۃً : بھرنا۔ ...... الاِنَاءَ مَاءً وبِالمَاءِ ومِنَ المَاءِ : برتن کو لبالب کرنا۔ صفت مفعول مَملُوءٌ اور کہا جاتا ہے مَلَأَہُ عَلَی الاَمرِ : اس کی اس نے مدد کی "و نَظَرتُ اِلَیہِ فَمَلَأتُ مِنہُ عَینِی"

نے اس کو دیکھا مجھے اس کا دیکھنا بھلا معلوم ہوا و مَلَأَ عَلَیہِ الاَرضَ : اس نے اس پر زمین تنگ کر دی۔

مَـلُؤَ (ک) مَلَاءَۃً ومَلَاءَۃً : توانگر ہونا۔

مَلُؤَ (ک) ومُلِیَٔ مَلَاءَۃً : زکام والا ہونا۔

مَلِیَٔ (س) مَلأً وتَمَلأً : پُر ہونا۔ صفت مَلآن۔

مَلَأَہُ تَملِئَۃً : خوب بھرنا (تشدید مبالغہ کے لئے ہے) مَلَأَ فِی قَوسِہِ : کمان کو خوب زور سے کھینچنا۔

اَملَأَہُ : باعث زکام ہونا۔ صفت مَلآن۔ اَملَأَ فِی القَوسِ : خوب زور سے کھینچنا۔

تَمَلأَ۔ پُر ہونا۔ تَمَلَّأَتِ الھَدَّاۃُ : عورت کا چادر اوڑھنا۔

مَالَأَہُ مُمَالَأَۃً ومِلَاءً عَلَی الاَمرِ : موافقت کرنا۔ مدد کرنا۔

تَمَالَأَ القَومُ عَلَی الاَمرِ : اکٹھا ہو کر باہم مدد کرنا۔

اِستَملَأَ فِی دَینِہِ : قابل اعتماد اغنیاء کو قرض دینا۔

المِلءُ : برتن بھرنے کی مقدار۔ ج اَملَاءٌ اور کہا جاتا ہے "اِنَّہُ یَنَامُ مِلءَ جَفنِہِ" وہ بےغم سوتا ہے و "فُلَانٌ مِلءُ کِسَائِہِ" فلاں موٹا ہے۔

المَـلَأُ : قوم کی جماعت۔ اشراف قوم جن سے دلوں میں ہیبت طاری ہو۔ المَـلَأُ الاَعلٰی : ملائکہ مقربین۔ المَلَأُ : مشورہ۔ کہا جاتا ہے "مَا کَانَ ھٰذَا الاَمرُ عَن مَلَاءٍ مِنَّا" یہ کام ہمارے مشورہ سے نہیں تھا۔ گمان۔ لالچ۔ ج اَملَاءٌ اور کہا جاتا ہے "مَا اَحسَنَ مَلَأَ بَنِی فُلَانٍ" یعنی ان کے عادات و اخلاق کس قدر اچھے ہیں۔

المَالِی : فا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَالِیٌ" مرد جلیل جس کے سامنے آنکھیں نہ ٹھہر سکیں۔ وشَابٌّ مَالِیُ العَینِ : آنکھوں کو بھر دینے والا جوان۔

...... المِلَاءَۃ ......

ۃ : تہ بند۔ دوہری چادر۔ ج مُلَاءٌ۔

المِلأَۃ : مص۔ بھرنے کی ہیئت۔ بدہضمی۔

المَلآن : بھرا ہوا۔ زکام والا۔ مؤنث مَلأیٰ ومَلآنَۃ ج مِلَاءٌ۔

المَلِیُٔ والمَلِیُّ : توانگر۔ ج مِلَاءٌ واَملِیَاءُ ومُلَاءُ کہا جاتا ہے "ھُوَ اَملَأُ القَومِ" یعنی وہ قوم میں سے زیادہ غنی اور قادر ہے و "فُلَانٌ اَملَأُ لِعَینِی مِن فُلَانٍ" یعنی فلاں فلاں کے لحاظ سے حسن میں زیادہ کامل ہے۔

مَلَتَہُ (ض) مَلتًا : حرکت دینا۔ زور سے ہلانا۔

مَلَثَہُ (ن) مَلثًا : بغیر نیت وفا کے محض زبانی وعدہ سے دل خوش کر دینا۔ آہستہ مارنا۔

مَلَثَہُ بِالشَّرِّ : آلودہ کرنا۔ مَلَثَ الظَّلَامُ : گھٹا ٹوپ اندھیرا ہونا۔

مَالَثَہُ مِلَاثًا ومُمَالَثَۃً : کھیل کود کرنا۔ مداہنت برتنا۔

مَـلثُ اللَّیلِ ومَـلثَتُہُ : رات کی ابتدائی تاریکی۔

المَـمَـلَثَۃُ : مغرب کے وقت کی ابتدائی تاریکی۔

المِـلَث : وہ شخص جو جماع کرنے سے حیرنہ ہو۔

مَلَجَ (ن) ومَلِجَ (س) مَلجًا الصَّبِیُّ اُمَّہُ : بچے کا ہونٹوں میں لے کر دودھ چوسنا۔

اَملَجَہُ : دودھ پلانا۔

اِمتَلَجَ مَا فِی الثَّدیِ : چوسنا۔

المُلَج : گوگل کے پھل کی گٹھلی۔ ج اَملَاج۔

المُـلُج : دودھ پینے والے میمنے۔ چھوٹے چھوٹے بکری کے بچے۔

المَلِیج : دودھ پیتا بچہ۔ مرد بزرگ۔

الاَملَج : چٹیل میدان۔ آملہ۔

الاُمـلُوج : ایک جنگلی درخت جس کے پتے سرو اور جھاؤ کی طرح ہوتے ہیں۔ نازک ٹہنی اور بقول بعض جڑ جو نرم ہونے کے لئے مٹی میں دبا دی جائے۔ ج اَمَالِیج۔

المَلج: کرلی۔ گل کاری کرنے کا آلہ۔ ج مَوالِج (دخیل)

ملح (ف ض) مَلْحًا الطَّعَامَ: کھانے میں نمک ڈالنا...... الرَّجُلَ: غیبت کرنا...... الطَّائِرُ: پرندہ کا بہت پھڑ پھڑانا...... المَاشِيَةَ: نونی کھلانا اور کہا جاتا ہے "مَلَحَ اللّٰهُ فِيهِ" یعنی اللہ اس کی زندگی میں برکت دے۔

مَلَحَ (ف) ومَلُحَ (ک) مُلُوحَةً ومَلَاحَةً ومُلُوحًا المَاءُ: پانی کا کھاری ہونا۔ صفت مَلِيح اور نادر طور پر مالح بھی مستعمل ہے۔

مَلُحَ (ک) مَلَاحَةً ومُلُوحَةً: خوبصورت ہونا۔ حسن ملیح والا ہونا۔ صفت مَلِيح ومُلَاح ومُلَّاح۔

مَلِحَ (س) مَلَحًا: نیلگوں رنگ کا ہونا۔

ملح الشي: نمکین کرنا...... الطَّعَامَ: کھانے میں بہت نمک ڈالنا...... السَّمَكَ ونَحْوَهُ: مچھلی وغیرہ میں نمک لگانا...... الدَّابَّةَ: چوپائے کے جبڑے میں نمک ملنا۔ المَاشِيَةَ: جانور کو نونی کھلانا۔ المُتَكَلِّمُ: عمدہ بات کہنا۔

أَمْلَحَ المَاءُ: پانی کا خوشگوار ہونے کے بعد کھاری ہونا...... الطَّعَامَ: کھانے میں بہت نمک ڈالنا...... الإِبِلُ: کھاری پانی پر جانا...... الرَّجُلُ: کھاری پانی پر پہنچنا...... الرَّاعِيُ الإِبِلَ: کھاری پانی پلانا...... الشَّيْءُ: نیلگوں رنگ کا ہونا۔ المُتَكَلِّمُ: عمدہ بات کہنا اور تعجب کے موقع پر کہا جاتا ہے "مَا أَمْلَحَهُ وما أُمَيْلَحَه" یعنی کس قدر خوبصورت ہے۔

مَالَحَهُ مِلَاحًا ومُمَالَحَةً: ساتھ کھانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَحْفَظُ حُرْمَةَ المُمَالَحَةِ" وہ ساتھ کھانے کا پاس کرتا ہے۔ مَالَحَ فُلَانًا: ایک بچے کا دوسرے بچے کے ساتھ دودھ پینا۔

تَمَلَّحَ البَعِيرُ: اونٹ کا موٹا ہونا...... الرَّجُلُ: نمک توشہ میں لینا۔ نمک کی تجارت کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَتَظَرَّفُ ويَتَمَلَّحُ" فلاں خوش طبع اور دلچسپ باتیں کہتا ہے۔

اِمْلَحَّ الكَبْشُ: مینڈھے کا سفید و سیاہ رنگ کا ہونا۔

اِمْلَاحَّ النَّخْلُ: سرخ اور زرد کچی کھجور کا ہونا۔ اِسْتَمْلَحَ الشَّيْءَ: ملیح سمجھنا۔

المَلَح: عمدہ عمدہ باتیں۔

المِلْح: نمک (مذکر و مؤنث تانیث غالب ہے) تصغیر مُلَيْحَة ج مِلَاح. المِلْح: چربی۔ موٹاپا۔ خوبصورتی۔ رضاعت۔ علم علماء. مَاءٌ مِلْحٌ: کھاری پانی اور کبھی مَاءٌ مَالِحٌ بھی کہا جاتا ہے۔ ج مِلَح ومِلْحَة ومِلَاح وأَمْلَاح کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مِلْحَةٌ عَلَى رُكْبَتَيْهِ" وہ بے وفا ہے یا وہ بہت جھگڑا کرنے والا ہے۔

المِلْح والمِلْحَة: حرمت۔ معاہدہ۔ کہا جاتا ہے بَيْنَهُمَا مِلْحٌ اور مِلْحَةٌ ان دونوں کے درمیان معاہدہ ہے۔ والمِلْحَة: کھاری۔ کہا جاتا ہے "بِئْرٌ مِلْحَةٌ" کھاری کنواں۔

المَلَح: سپیدی سیاہی ملی ہوئی۔ سخت نیلگونی۔ گھوڑے کی ایڑی کی سوجن۔

المَلْحَة: اسم مرة۔ موج دریا۔

المُلْحَة: سخت نیلگونی۔ ہیئت۔ خوف۔ برکت۔

المُلْحَة: مزیدار بات۔ ج مُلَح.

المُلْحَة: کلمہ ملیحہ۔

المِلَاح: کشتی چلانے والی ہوا۔ نیزہ کا بھالا۔ پوشش۔ توبرہ۔

المُلَاح: خوبصورت۔ ج مُلَاحُون.

المَلَاحَة: خوبصورت ہونا۔

المِلَاحَة: جہاز رانی۔

المَمْلَحَة والمَلَّاحَة: نمک پیدا ہونے کی جگہ۔ المَلَّاحَة: نمک بکنے کی جگہ۔

الأُمْلُوحَة مِنَ الكَلَامِ: عمدہ مستحسن کلام ج أَمَالِيح

المَلَّاح: نمک والا۔ نمک بیچنے والا۔ جہاز راں۔

المُلَّاح: ایک ترش نباتات۔ واحد مُلَّاحَة

رَجُلٌ مُلَّاح: خوبصورت خوش طبع مرد۔ ج مُلَّاحُون.

المُلَّاحِيَّة: جہاز راں کا پیشہ۔

المُلُوحَة: مص۔ نمکینی۔

المَلِيح: خوبصورت۔ مؤنث مَلِيحَة ج مِلَاح وأَمْلَاح...... مِنَ المَاءِ: کھاری پانی۔ سَمَكٌ مَلِيحٌ: نمک لگی ہوئی مچھلی۔

الأَمْلَح: اسم تفضیل۔ سفید و سیاہ رنگ والا۔ ج مُلْح. الأَمْلَح: شبنم جو رات کو سبزیوں پر پڑتی ہے۔

المَلْحَاء: تانیث أَمْلَح: سفید و سیاہ رنگ والی۔ درخت جس کے پتے جھڑ گئے ہوں۔ بڑا لشکر ج مَلْحَاوَات.

المُلَاحِي والمُلَّاحِي: سفید لمبا انگور۔ ایک قسم کا انجیر۔

المِمْلَحَة: نمک دان۔ ج مَمَالِح.

المُتَمَلِّح: نمک والا یا سوداگر نمک۔

مَلَخَ (ف) مَلْخًا الشَّيْءَ: ہاتھ یا دانت سے کھینچنا...... الطَّعَامُ: کھانے کا خراب و بدمزہ ہونا۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا کلیلیں کرنا...... الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ بھاگنا...... فِي البَاطِلِ: لغو باطل میں بہت مشغول ہونا...... الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

مَلُخَ (ک) مَلَاخَةً الطَّعَامُ: کھانے کا خراب و بدمزہ ہونا۔

مَالَخَهُ مِلَاخًا ومُمَالَخَةً: باہم کھیل کود کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔

تَمَلَّخَ الشَّيْءُ: خراب و فاسد ہونا...... الشَّيْءَ: کھینچنا۔

اِمْتَلَخَ الشَّيْءَ: اکھیڑنا۔ کھینچنا...... يَدَهُ مِنَ القَابِضِ عَلَيْهِ: کھینچ لینا...... السَّيْفَ: تلوار کو جلدی سے سونتنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ بِرُمْحٍ مَرْكُوزٍ فَامْتَلَخَهُ" اس کا گزر ایک گڑے ہوئے نیزہ پر ہوا اور اس نے اسے اکھیڑ لیا۔

المَلَّاخ: بہت چاپلوسی کرنے والا۔ غند

مَلاّخ: بہت بھاگنے والا غلام۔
المُلُوخِيَة: ایک قسم کی سبزی جو پکا کر کھائی جاتی ہے۔
المَلِيخ: بگڑا ہوا کھانا۔ بے مزہ۔ کمزور۔
مُمتَلَخُ العَقل: محروم العقل۔
مَلَدَ (ن) مَلَدَ الشَّيءَ: کھینچنا۔
مَلِدَ (س) مَلَدًا الغُصنُ: ٹہنی کا ہلنا اور نرم ہونا۔
مَلَّدَ الاَدِيمَ: چمڑے کو نرم کرنا...... الرِّيُّ الغُصنَ: ٹہنی کو نرم و نازک کرنا۔
المَلَد: جوانی۔ نزاکت۔ ج اَملاد.
المَلَدَان: ٹہنی کی نزاکت۔
المَلَد والاَمَلَد والاُمُلُد والاُمُلُود والاِمْلِيد والاُمُلُدَان والاُمُلُدَانِي: نرم و نازک ٹہنی یا آدمی۔ کہا جاتا ہے "شَابٌ اُمْلُودٌ وشُبَّانٌ اَمَالِيدُ" المُلُد: بھوت۔
المَلْدَاء: تانیث اَمْلَد. ج مُلْد: کہا جاتا ہے اِمرَأَةٌ مَلْدَاءُ واُمْلُود واُمْلُودَةٌ واُمْلُدَانِيَّةٌ: یعنی نازک بدن عورت۔
مَلَذَ (ن) مَلْذًا الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا...... فُلانًا: نیزہ مارنا...... الفَرَسُ: گھوڑے کا بازوؤں کو پھیلا کر تیز دوڑنا (...... مَلْذًا ومَلاذَةً) الرَّجُلَ: محض باتوں ہی سے خوش کرنا اور کہنے کے مطابق عمل نہ کرنا۔
مَلِذَ (س) مَلَذًا الظَّلامُ: گھٹا ٹوپ اندھیرا ہونا...... الرَّجُلُ: خالص دوستی نہ کرنا اور ضمیر کے خلاف ظاہر کرنا۔
الاَمْلَذ والمَلَذَان والمَلَذَانِيّ والمَلاذَانِيُّ والمَلاّذ والمِلْوَذ: خالص دوستی نہ کرنے والا۔
مَلَزَ (ن) مَلْزًا: پیچھے رہنا...... بِالشَّيءِ: لے جانا۔
مَلَزَهُ مِنهُ: چھڑانا۔ مَلَزَ الشَّيءُ عَنِّي: جاتا رہنا۔
اَمْلَزَهُ تَمَلَّزَهُ وامْتَلَزَهُ: نکال لینا۔ اُچک لینا۔ لے جانا۔ وتَمَلَّزَ مِنهُ: چھٹکارا پانا۔
اِنمَلَزَ وامَّلَزَ مِنهُ: بچ کر نکل جانا وامَّلَزَ عَنهُ: پیچھے رہنا۔
المَلِز مِنَ الرِّجَال: مضبوط پٹھوں والا۔
المِلاّز: بہت اچکنے والا۔ بھیڑیا۔
مَلَسَ (ن) مَلْسًا الشَّيءَ: جڑ سے اُکھیڑنا۔ الاِبِلَ: زور سے ہانکنا...... الظَّلامُ: گھٹا ٹوپ اندھیرا ہونا...... الرَّجُلَ بِلِسَانِه: مداہنت کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔
مَلِسَ (س) ومَلُسَ (ک) مُلُوسَةً ومَلاسَةً: نرم اور چمکدار ہونا۔ صفت اَمْلَس.
مَلَّسَ الشَّيءَ: نرم و چمکدار کرنا...... الاَرضَ: زمین کو ہموار کرنا...... ہُ مِنَ الاَمرِ: چھڑانا۔
اَمْلَسَ الظَّلامُ: گھٹا ٹوپ اندھیرا ہونا۔
اَمْلَسَتِ الشَّاةُ: گرے ہوئے اُون والی ہونا۔
تَمَلَّسَ: چکنا ہونا...... مِن بَينِ القَومِ: خارج ہونا...... مِنَ الشَّرَابِ: نشہ سے ہوش میں آنا (...... وانمَلَسَ وامَّلَسَ) مِنَ الاَمرِ: بچ نکلنا، رہائی پانا۔
اِمتَلَسَ الشَّيءَ: اچک لینا۔ اُمتُلِسَ بَصَرُهُ: اس کی نگاہ جاتی رہی۔
اِمْلاسَّ: چکنا ہونا...... مِنَ الاَمرِ: بچ نکلنا۔ رہائی پانا۔
المَلَسُ: ہموار جگہ۔ ج مُلُوس واَمْلاس و جج اَمَالِيس. مَلَسُ الظَّلامِ: سخت تاریکی اور یہ مغرب اور عشاء کے درمیان کا وقت ہے۔
المَلَسَى: بہت تیز رفتار اونٹنی اور کہا جاتا ہے بَايَعَهُ المَلَسَى اس نے اس سے بلاشرط بیع کی۔
الاَمْلَس: نرم چکنا۔ مؤنث مَلْسَاء.
المَلْسَاء: آسانی سے حلق سے اُترنے والی شراب۔ سَنَةٌ مَلْسَاءُ: خشک سال۔ ج اَمَالِس واَمَالِيس. الاَلِفُ المَلْسَاءُ: الف لین۔ جیسے کتاب کا الف۔
المَلِيس: نرم اور چکنا۔
المُلَيْسَاءُ: یہ مغرب اور عشاء کا درمیان۔
الاِمْلِيس والاِمْلِيسَة: خشک جنگل۔ ج اَمَالِيس اور اَمَالِس شاذ ہے۔
المِلاّسَة والمِمْلَسَة: پٹا۔ سراون۔ پٹیلا۔
مَلَشَ (ن) مَلْشًا الشَّيءَ: ہاتھ سے ٹٹول کر کسی چیز کو ڈھونڈنا۔
المَالُوش عِندَ العَامَّةِ: ایک کیڑا ہے جو نباتات کی جڑوں کو کھا جاتا ہے۔ ج مَوَالِيش.
مَلِصَ (س) مَلَصًا الشَّيءُ مِن يَدِه: چکنے ہونے کی وجہ سے ہاتھ سے پھسل جانا۔ کہا جاتا ہے "مَلِصَتِ السَّمَكَةُ مِن يَدِي" مچھلی میرے ہاتھ سے نکل گئی...... الرَّجُلُ: بھاگ نکلنا۔
مَلَصَ (ن) مَلْصًا بِسَلحِه: پاخانہ کرنا۔
اَمْلَصَتِ الحَائِل: حاملہ کا بچہ گرا دینا۔ صفت مُمْلِص ج مَمَالِص. اَمْلَصَ الشَّيءَ: پھسلانا۔
تَمَلَّصَ وانمَلَصَ وامَّلَصَ مِنهُ: بچ نکلنا۔ رہائی پانا...... الشَّيءُ: مِن يَدِي: پھسل جانا۔
المَلْص: ننگا۔
المَلَص: مص۔ پھسلن۔
المَلِص مِنَ الجِبَالِ ونَحوِهَا: پہاڑ وغیرہ کی وہ چکنی جگہ جہاں سے ہاتھ پھسل جائے اور پکڑنا دشوار ہو۔ سَمَكَةٌ تَلِصَةٌ: پھسلنے والی مچھلی۔
المَلِيصُ: بمعنی مَلِص: اسقاط شدہ بچہ۔
الاَمْلَص: نرم و تر۔ رَجُلٌ اَمْلَصُ الرَّاسِ: سر پر بغیر بالوں کا مرد۔
المِمْلاص: وہ عورت جس کو اسقاط کی عادت ہو گئی ہو۔
المُمْلَص: ساقط شدہ بچہ۔
مَلَطَ (ن) مَلْطًا الحَائِطَ: مٹی سے لیپنا...... الشَّعرَ: بال مونڈنا۔
مَلَطَتْ و اَمْلَطَتِ الحَامِلُ جَنِينَهَا: حاملہ کا ناتمام بچہ گرا دینا۔ اَمْلَطَ رِيشُ السَّهمِ: تیر

کے پرکا کرجانا...... الرَّجُلُ: محتاج ہونا۔

مَلَطَ (ن) ومَلُطَ (ک) مُلُوطًا الغُلامُ: غیر معروف النسب ہونا۔

مَلِطَ (س) مَلَطًا ومُلْطَةً: بے بال کے جسم والا ہونا۔

مَلَّطَ الحائطَ: دیوار کو مٹی سے لیپنا...... الشَّاعِرُ: ایک شاعر کا ایک مصرعہ پڑھنا اور دوسرے کا شعر کو پورا کرنا۔

مَالَطَہ مُمَالَطَۃً: باہم ملنا۔ ایک شاعر کا مصرعہ پڑھنا اور دوسرے کا شعر کو پورا کرنا۔

تَمَلَّطَ الشَّیْءُ: چک دار ہونا...... السَّهْمُ: تیر کا بے پر ہونا۔

اِمْتَلَطَ الشَّیْءَ: چھین لینا۔ اُچک لینا۔

المِلْط: شریر و بدکار جس پر بھروسہ نہ کیا جا سکے غیر معروف النسب ج اَمْلَاط ومُلُوط.

المِلاط: لیپنے کی مٹی۔ ج مُلُط.

الاَمْلَط ج مُلْط والمَلِيط: بے بال کے جسم والا۔ سَهْمٌ اَمْلَط ومَلِيط: بے پر کا تیر۔ المَلِيط: بے بال کا ساقط شدہ بچہ۔

المِمْلَاط مِنَ النُّوق: بچہ گرانے کی عادی اونٹنی۔

مَلَعَ (ف) مَلْعًا وامْتَلَعَ الشَّاةَ: بکری کی کھال اتارنا۔ مَلَعَ الفَصِيلُ اُمَّہٗ: دودھ پینا۔ اِمْتَلَعَ الشَّیْءَ: چھین لینا۔ اچک لینا۔

مَلَعَتْ وامْلَعَتْ وامْتَلَعَتْ وانْمَلَعَتْ النَّاقَةُ: اونٹنی کا تیز دوڑنا۔

المَلْع: مص اور کہا جاتا ہے "هُمْ عَلَيْهِ مَلْعٌ وَاحِدٌ" وہ سب اس کی دشمنی پر جمع ہیں۔

المَلِيع ج مُلُع والمَيْلَع: تیز رفتار گھوڑا یا اونٹنی۔ المَيْلَع: لمبا۔ ادھر ادھر حرکت کرنے والا۔

جَمَلٌ مَلُوعٌ: تیز رفتار اونٹ۔ مؤنث مَلُوعٌ عُقَابٌ مَلُوعٌ: تیزی سے جھپٹنے والا عقاب۔

المَلَاع والمَلِيع: بے گھاس کا بیابان۔

مَالَعَہ مُمَالَعَةً بالكَلَامِ: ناشائستہ گفتگو سے مزاح کرنا۔

تَمَلَّغَ فِي كَلَامِهِ: بے وقوف بننا۔

تَمَالَغَ بِهٖ: تمسخر کرنا۔

المَلْغ ج اَمْلَاغ والمَمَالِغ ج مَلَاغ والاَمْلَغ: مؤنث مَلْغَاء ج مُلْغ: فحش کلامی کرنے والا۔ بدکار۔ بے وقوف۔

المَلُوغَة: بے وقوفی۔ فحش کلامی۔

مَلِقَہٗ (س) مَلَقًا ومَلِقَ لَہٗ ومَالَقَہٗ: چاپلوسی کرنا۔ خوشامد کرنا۔ مَلِقَ الخَاتَمُ مِنَ الاِصْبَعِ: ڈھیلی ہونا۔

مَلَقَ (ن) مَلْقًا الشَّیْءَ: مٹانا۔ نرم کرنا...... الثَّوْبَ: کپڑا دھونا...... ہٗ بالعَصَاءِ: لاٹھی سے مارنا۔ مَلَقَ الوَلَدُ اُمَّہٗ: دودھ پینا...... الرَّجُلُ: تیز چلنا...... الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

مَلَّقَ الاَرْضَ او الحَائِطَ: زمین یا دیوار کو کرنی سے گلکاری کرنا...... ہٗ بالعَصَاءِ: لاٹھی سے مارنا۔

مُلِقَ: محتاج ہو جانا...... الثَّوْبُ: کپڑا دھونا...... الدَّهْرُ مَالَہٗ: ضائع کر دینا۔

تَمَلَّقَ تَمَلُّقًا وتِمِلَّاقًا. الرَّجُلَ وللرَّجُلِ: چاپلوسی کرنا۔ تَمَلَّقَتِ المَرْاَةُ العِلْكَ بِفِيهَا: چبانا۔

اِنْمَلَقَ وامَّلَقَ: نرم و چمکدار ہونا...... مِنْہُ: بچ نکلنا۔ اِنْمَلَقَ الخِضَابُ: خضاب کا چھوٹ جانا۔

اِمْتَلَقَ الشَّیْءَ: نکالنا۔

اِسْتَمْلَقَ الوَلَدُ اُمَّہٗ: دودھ پینا۔

المَلَق: مص۔ دوستی۔ بڑی مہربانی۔ دعا۔ ہموار زمین۔ تیز رفتاری۔ کہا جاتا ہے "لِهٰذَا الفَرَسِ مَلَقٌ" اس گھوڑے میں تیز رفتاری ہے۔

المَلِق والمَلَّاق: بہت چاپلوسی کرنے والا۔

المَلِق: کمزور۔ فَرَسٌ مَلِقٌ: گھوڑا جس کی رفتار پر اعتماد نہ کیا جائے۔ مؤنث مَلِقَة.

المَلِيق: تیز رفتار۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ او فَرَسٌ مَلِيقٌ" تیز رفتار مرد یا گھوڑا۔

المَلَقَة: چکنا پتھر۔

المَالِق والمِمْلَق والمِمْلَقَة: ...... المَالِق

کرنی۔ (دھیل)

السَّمْلَاق: بہت محتاج۔ بہت چاپلوسی و خوشامد کرنے والا۔

مَلَكَ (ض) مَلْكًا ومِلْكًا ومُلْكًا ومَلَكَةً ومَمْلَكَةً ومَمْلِكَةً ومَمْلُكَةً الشَّیْءَ: مالک ہونا...... عَلَى القَوْمِ: غالب ہونا...... عَلَى فُلَانٍ اَمْرَهٗ: کسی کے کام پر حاوی ہونا...... نَفْسَہٗ: قابو رکھنا...... المَرْاَةَ: نکاح کرنا (...... مَلْكًا) العَجِينَ: اچھی طرح سے گوندھنا۔

مَلَّكَ الشَّیْءَ: مالک بنانا۔ مَلَّكَ القَوْمُ فُلَانًا عَلَيْهِمْ: بادشاہ بنانا...... ہٗ امْرَاَةً: نکاح کرانا۔ مَلَّكَ فُلَانًا اَمْرَهٗ: کسی کو اس کے حال پر چھوڑ دینا۔ مُلِّكَتِ المَرْاَةُ اَمْرَهَا: طلاق کا اختیار دے دینا۔

مَلَّكَ العَجِينَ: اچھی طرح گوندھنا۔

اَمْلَكَہُ الشَّیْءَ: مالک بنانا۔ اَمْلَكَ القَوْمُ فُلَانًا عَلَيْهِمْ: بادشاہ بنانا...... فُلَانًا اَمْرَهٗ: کسی کو اس کے حال پر چھوڑ دینا...... ہٗ المَرْاَةَ: نکاح کرانا۔

تَمَلَّكَ وامْتَلَكَ الشَّیْءَ: مالک ہونا۔

تَمَلَّكَ عَلَى القَوْمِ: بادشاہ بننا۔

تَمَالَكَ عَنْ كَذَا: اپنے نفس پر قابو رکھنا۔ کہا جاتا ہے "مَا تَمَالَكَ اَنْ فَعَلَ او عَنْ اَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ" یعنی فلاں فعل کے کرنے سے وہ اپنے آپ کو نہیں روک سکا۔

المَلِك: بادشاہ۔ ج مُلُوك واَمْلَاك.

المُلْك: ملکیت۔ ج اَمْلَاك ومُلُوك قدرت کا اہل مٹر کا دانہ۔ تھوڑا پانی۔

مُلْكُ الدَّابَّةِ: چار پائے کی ٹانگیں اور گردنیں۔ واحد مِلَاك کہا جاتا ہے "مَالَہٗ مُلْكٌ ومَالَہٗ مِلْكٌ" یعنی اس کے پاس کوئی چیز نہیں جس کا وہ مالک ہو کہا جاتا ہے "هٰذَا مُلْكُ يَمِينِي" یعنی میں اس کا مالک ہوں اور وہ میرے قبضہ اور تصرف میں ہے "ولَيْسَ لَہٗ مِلْكٌ" اس کے پاس پانی نہیں "وَاَعْطَانِي مِنْ مُلْكِہٖ" اس نے مجھ کو اس

تیں سے دیا جس پر وہ قادر ہے۔ وطَـالَ مـلـکـه : اس کی غلامی طویل ہے "ومُلْکُ الـطَّـرِيق" راستہ کا وسط یا کنارہ۔ سارے معانی میں میم کو تینوں حرکتیں ہیں۔

الـمـلَـک: فرشتہ۔ انسان جس کا مالک ہو۔ کہا جاتا ہے "مَـالَـهُ مَلَکٌ" یعنی اس کے پاس کوئی چیز نہیں جس کا وہ مالک ہو۔

الملأک. مَالک: کا مخفف۔ بمعنی فرشتہ ج ملاَئِکة ومَلاَئِک. الـمَلاک: اقتدار۔ ومَلاکُ الْاَمْــرِ: سہارا۔ سرمایہ۔ بقا۔ کہا جاتا ہے الـقَـلْبُ مَلاکُ الْجَسَدِ: دل جسم کے لئے سرمایۂ بقا ہے۔

الـمِلاک: مثل مِـلاکُ الْاَمْـرِ: سہارا۔ سرمایۂ بقا۔

المَلِک: اللہ تعالیٰ۔ بادشاہ۔ صاحبِ قوت واقتدار۔ ج مُلُوک واَمْلاک.

الـمَلَکِيّ. مَلِک: کی طرف نسبت۔ مؤنث مَلَکِيَّة.

المُلْکة والمُلُکة: ملکیت۔

الـمَـلَکَة: ملکیت۔ کہا جاتا ہے "هُـوَ مَـلَکَة يَـمِـيْنِي" یعنی میں اس کا مالک ہوں اور اس پر قادر ہوں۔ المَلَکَة: وہ صفت جو نفس کے اندر راسخ ہو جائے اور جب تک راسخ نہ ہو اسے حال کہتے ہیں۔

الـمَـــالِک: فا۔ بادشاہ۔ ج مُـلَّـک ومُلاَّک. ابـو مـالـک: بھوک یا بڑھاپا۔

مَالِکُ الْحَزِين: بگلا۔

المَلاَکَة والمِلاَکَةُ والمُلُوکَة: ملکیت۔

الـمَـلَـکُوت: بادشاہی۔ عزت وقدرت۔

الـمَـلَـکُوْتُ السَّـمَــاوِی: آسمان میں قدسیوں کی جگہ۔

الـمَـمْـلَکَة والـمَـمْـلُکَة: شاہی شان و شوکت۔ بادشاہی۔ ج مَمَالِک.

الـمَلِيْک: بادشاہ۔ ج مُـلَکَاء. مَلِيْکُ النَّحْلِ: شہد کی مکھیوں کی ملکہ۔ ج مُلُوک.

المُلَيْکَة: صحیفہ۔

الاُمْـلُوک: اسم جمع ہے بمعنی مُـلُوک

ریگستانی جانور ہے جو گرگٹ کے مشابہ ہوتا ہے۔

الْـمَـمْلُوک: مفع۔ غلام۔ ج مَـمَالِيْک اور اسی سے ہے مَـمَالِيْک مِصْر: جو چرکسی غلاموں کی ایک جماعت تھی جو مصر پر غالب آ گئی تھی اور مالک بن بیٹھی تھی۔

مَـلْـمَل: تیز دوڑنا۔ مَـلْـمَـلَـهُ الْـمَـرَضُ: مضطرب کرنا۔

تَـمَلْمَل: غم یا مرض کی وجہ سے بستر پر کروٹیں بدلنا...... الْجَالِسُ: کبھی ایک پہلو پر ٹیک لگانا کبھی دوسرے پر۔

المَلْمَلَة: مص ہاتھی کی سونڈ۔

الـمُـلْمُول: سرمہ کی سلائی۔ ناک کا سوراخ مُـلْمُوْلُ الْبَعِيْرِ والثَّعْلَبِ: اونٹ اور لومڑی کا ذکر۔

الـمَـلْـمَـلِي: تیز رفتار۔ کہا جاتا ہے نَـاقَةٌ مَلْمَلِي: تیز رفتار اونٹنی۔

المَلَنْخُوْلِيَا: مالیخولیا۔

مَلاَ يَـمْـلُـوْ مَلْوًا الْبَعِيْرُ: اونٹ کا تیز چلنا۔ دوڑنا۔

مَلاَّهُ اللّٰهُ عُـمُـرَهُ: عمر طویل کرنا اور دیر تک نفع اٹھانے دینا۔ مَلاَّهُ الـلّٰـهُ حَبِيْـبَهُ: اللہ تعالیٰ اس کو دیر تک حبیب سے نفع اٹھانے دے۔

مُلِّيَ وتَمَلّٰي عُمُرَهُ: عمر طویل ہونا اور فائدہ اٹھانا۔ مُـلِّيَ وتَمَلّٰي حَبِيْبَهُ: اس نے اپنے حبیب سے دیر تک نفع اٹھایا۔

اَمْلٰي اِمْلاَءً. اللّٰهُ فُلاَنًا عمرہ: عمر طویل کرنا اور دیر تک نفع اٹھانے دینا...... الْـبَـعِيْـرُ و لِلْبَعِيْرِ: بندھن کو ڈھیلا کرنا...... الـلّٰـهُ الظَّالِمَ وَلَهُ: مہلت دینا...... عَـلَـيْـهِ الْكِتَابَ: بول کر لکھوانا۔

...... لَـهُ فِـيْ غَيِّهِ: گمراہی میں زمانہ دراز تک چھوڑنا۔

...... عَلَيْهِ الزَّمَنُ: لمبا ہونا۔

اِسْـتَـمْـلَـيْـتُـهُ الْـكِـتَــابَ: املا کرنے کی درخواست کرنا۔

[illegible]

زمانہ دراز۔ ج اَمْلاَء.

المَلَوَان: رات دن۔ واحد ملا.

الـــمَلاَوَة والمَلْوَة. بتثليث الميم: زمانہ دراز۔

المَلِيُّ: زندگی کی مدت۔

الاِمْلاَء: مص۔ مہلت دینا۔ تاخیر کرنا۔ جو املا کیا جائے۔ ج اَمَالٍ واَمَالِيّ.

المَلاَة: سنگریزہ ناک۔ بیابان۔ ج مَلاً.

المَلِيُّ: زمانہ طویل۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَظَرْتُهُ مَـلِيًّا" زمانہ دراز تک میں نے اس کا انتظار کیا۔ "و مَـرَّ مَلِيٌّ مِنَ اللَّيْلِ" رات کا تہائی حصہ گزر گیا اور بقول رات کا ایک حصہ گزر گیا جس کی کوئی حد معین نہیں۔

الاَمَالِي: املا کئے ہوئے اقوال وغیرہ اور یہ اَمْـلَـى الْـكِـتَـابَ: کے مصدر الاِمْلاَء کی جمع ہے۔

الـمَـلْـيُـوْن فِـي الْـعَـدَدِ: دس لاکھ۔ ج مَلاَيِيْن.

مِم: مرکب ہے مِن و ما استفہامیہ سے۔

الْـمَـامُوْس والـمَـامُوْسَة: آگ۔ آتش دان۔ الـمَــامُوْسَة: بدزبان بے وقوف عورت۔

مِــنْ: حروف جر میں سے ہے۔ معانی ذیل میں مستعمل ہے۔

(۱) ابتداء غایت زمانی جیسے مَرِضَ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ۔

(۲) ابتداء غایت مکانی جیسے سَــارَ مِـنْ بَيْرُوْتَ۔

(۳) تبعیض۔ جیسے مِـنْـهُـمْ مَـنْ اَحْسَـنَ ومِنْهُمْ مَنْ اَسَاءَ۔

(۴) تعلیل۔ جیسے مِـمَّـا خَطِيْـئَـاتِهِمْ اُغْرِقُوْا۔

(۵) بدل۔ جیسے اَرَضِيْتُمْ بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مِنَ الْاٰخِرَةِ۔

(۶) مرادف با جیسے يَـنْـظُـرُوْنَ مِنْ طَرْفٍ خَفِيٍّ۔

(۷) معنی فصل کا فائدہ بھی دیتا ہے جیسے

والله يعلم المفسد من المصلح۔

(۸) زائدہ بھی ہوتا ہے اور زائدہ ہونے کے لئے تین چیزیں شرط ہیں۔ ایک یہ کہ اس سے پہلے نفی یا نہی یا استفہام ہو۔ دوسرے یہ کہ مجرور نکرہ ہو۔ تیسرے یہ کہ مجرور فاعل یا مفعول یہ مبتدا ہو جیسے "ما جاءني من رجل" "وهل ضربت من احد" و "مافي الدار من احد" ان کے علاوہ اور بھی معانی ہیں جو قرینہ سے مفہوم ہوتے ہیں۔

مَنْ: اسم شرط جازم ہے جیسے مَنْ يَعْمَلْ خَيْرًا يُجْزَبِهِ: اسم استفہام۔ جیسے مَنْ اَتٰى اسم موصول اکثر استعمال ذوی العقول کے لئے ہوتا ہے۔ جیسے يَسْجُدُ لِلّٰهِ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ: نکرہ موصوفہ جیسے مَرَرْتُ بِمَنْ مُعْجِبٍ لَكَ۔

مَنَّ (ن) مَنًّا وَمَنِّيْنَى عَلَيْهِ بِكَذَا: بھلائی کرنا۔

مَنَّ (ن) مَنًّا وَمِنَّةً وَامْتَنَّ وَامْتِنَانًا عَلَيْهِ بِمَا صَنَعَ: احسان جتانا۔ وَامْتَنَّ عَلَيْهِ بِكَذَا: بھلائی کرنا۔ وَامْتَنَّ فُلَانًا: فلاں کے انتہائی چیز پر پہنچنا۔

مَنَّ (ن) مَنًّا وَاَمَنَّ وَتَمَنَّنَ الرَّجُلَ: کمزور کرنا۔ قوت زائل کرنا۔ مَنَّ الْحَبْلَ: کاٹنا۔ مَنَّ الشَّيْءُ: کم ہونا.....النَّاقَةَ: سفر کی وجہ سے لاغر کرنا۔ تَمَنَّنَ فُلَانٌ فُلَانًا وَتَمَنَّنَ عَلَيْهِ: احسان جتا کر تکلیف پہنچانا۔

مَنَّنَ تَمْنِيْنًا النَّاقَةَ وَبِهَا: اونٹنی کو سفر کی وجہ سے لاغر کرنا۔

مَانَّهُ مُمَانَّةً: کسی کی حاجت روائی کے لئے آنا جانا۔

اِسْتَمَنَّهُ: طالب احسان ہونا۔

اَلْمَنُّ: مص۔ احسان۔ انعام۔ ایک قسم کی شبنم ہے جو پتھروں اور درختوں پر شہد کے مانند جم کر خشک ہو جاتی ہے۔ وَمَنُّ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ: وہ چیز جس کو اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل پر نازل کیا تھا کہ اس سے وہ اپنی غذا حاصل کریں۔ اَلْمَنُّ: دو رطل کا پیمانہ یا میزان۔ ج اَمْنَان۔

المُنَّةُ: قوت۔ ضعف۔ ج مُنَن۔

المِنَّةُ: مص۔ احسان۔ کہا جاتا ہے "لَهُ عَلَيَّ مِنَّةٌ اَوْ مِنَنٌ" اس کا میرے اوپر احسان یا احسانات ہیں۔ المِنَّةُ اسم ہے مَنَّ عَلَيْهِ سے اور اسی سے ہے المِنَّةُ تَهْدِمُ الصَّنِيْعَةَ: احسان کا جتانا احسان کو ضائع کر دیتا ہے۔ ج مِنَن۔

المِنَةُ: مکڑی۔ مادہ سیپی۔

المَنُوْن: موت (مؤنث ہے اور کبھی مذکر بھی استعمال ہوتا ہے) کہا جاتا ہے "ذَهَبَتْ بِهِمُ الْمَنُوْنَ" موت نے ان کو تباہ و برباد کیا۔ زمانہ۔ رَيْبُ الْمَنُوْن: حوادث زمانہ۔

المَنُوْن وَالمَنُوْنَة: بہت احسان جتانے والا۔ تاء مبالغہ کے لئے ہے۔ مؤنث مَنُوْن۔

المَنُوْنَة: مکڑی۔

المَنَّان: بہت احسان کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنٰی میں سے ہے۔ بہت احسان جتانے والا۔ مؤنث مَنَّانَة۔

المَنِيْن: کمزور۔ قوی۔ غبار یا ہلکا پراگندہ غبار۔ ج مُنُن وَاَمِنَّة۔

المَمْنُوْن: مفع۔ کٹا ہوا۔ کمزور۔ قوی۔ ہر چیز کا بہترین حصہ جو کسی کے پاس ہو۔ کہا جاتا ہے "بَلَغْتُ مَمْنُوْنَهُ"۔

مَنَا (ف) مَنَا الْجِلْدَ: کھال کو دباغت دینا.....فُلَانًا: فعل کی موافقت کرنا۔

المَنِيْئَة: کھال جس کو پہلی بار دباغت دی جائے۔ دباغت دینے کی جگہ۔

المَمْنَاة: کالی زمین۔

المَنْجَنِيْق والمَنْجَلِيْق: جنگ میں قلعہ کی دیوار پر پتھر وغیرہ پھینکنے کی مشین۔ ج مَجَانِق ومَجَانِيْق ومَنْجَنِيْقَات۔

مَنَحَهُ (ف ض) مَنْحًا الشَّيْءَ: دینا۔ عطا کرنا.....النَّاقَةَ وَكُلَّ ذَاتِ لَبَنٍ: اونٹنی یا دودھ والے جانور کو فائدہ اٹھانے کے لئے دینا۔ صفت مفعول المِنْحَة والمَنِيْحَة۔ ج مِنَح ومَنَائِح۔

مَانَحَهُ مِنَاحًا وَمُمَانَحَةً: لگاتار عطیہ دینا۔

مَانَحَتِ الْعَيْنُ: لگاتار آنسو بہانا.....النَّاقَةُ: اونٹنی کا جاڑے کے زمانہ میں جبکہ اور اونٹنیوں کا دودھ دینا ختم ہو گیا ہو دودھ دینا۔

اَمْنَحَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا بچہ جننے کے قریب ہونا۔ صفت مُمْنِح۔

اِمْتَنَحَ الرَّجُلُ: عطیہ لینا اور کہا جاتا ہے "اُمْتُنِحَ مَالًا" یعنی وہ مال کا رزق دیا گیا۔

اِمْتَنَحَ الْمَنِيْحَ: عاریت پر لینا۔

تَمَنَّحَ الْمَالَ: دوسرے کو کھلانا۔

اِسْتَمْنَحَهُ: عطیہ طلب کرنا۔

المِنْحَة: عطیہ۔ ج مِنَح۔

المَنَّاح: بہت دینے والا۔

المَنُوْح: جاڑے کے زمانہ میں اونٹنیوں کے دودھ ختم ہو جانے کے بعد دودھ والی اونٹنی۔

المَنِيْح: جوئے کے محروم تیروں میں سے ایک تیر۔

المُمَانِح: جاڑے کے زمانہ میں دودھ دینے والی اونٹنی۔ مَطَرٌ مُمَانِحٌ: لگاتار بارش۔ رِيْحٌ مُمَانِحٌ: ہوا جس کی بارش نہ رکے۔

اَلْمَنْدَرِيْن: ایک درخت جس کا پھل مالٹے سے چھوٹا ہوتا ہے اس کو لیمون یوسف آفندی بولتے ہیں۔ لذیذ پھل والا ہوتا ہے عام مالٹے کے باغوں میں پایا جاتا ہے۔

مُنْذُ و مُذْ: کبھی ان کی میم مکسور ہوتی ہے ان کی تین حالتیں ہیں۔

پہلی یہ کہ دونوں حرف جر ہیں۔ اگر زمانہ ماضی ہو تو مِن کے معنی میں جیسے "مَا رَاَيْتُهُ مُذْ يَوْمِ الْاَحَدِ" اور اگر زمانہ حال ہو تو فی کے معنی میں جیسے "رَاَيْتُهُ مُذْ شَهْرِنَا" یعنی اس موجودہ مہینہ میں اور اگر معنی معدود ہوں تو مِنْ اور اِلٰی کے معنی میں جیسے مَا رَاَيْتُهُ مُذْ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ یعنی میں نے اس کو تین دن سے یا تین دن تک نہیں دیکھا۔

دوسری یہ کہ اسم ان دونوں کے بعد مرفوع
ہو جیسے "مَارَأَیْتُهٗ مُذْیَوْمَان" کہا گیا ہے کہ یہ
دونوں اس حالت میں ظرف ہیں جن کی
اضافت جملہ کی طرف ہے جس میں فعل کو
حذف کر دیا گیا ہے اور فاعل کو باقی رکھا گیا
ہے اور اصل یوں ہے مُذْکَانَ. یَوْمَانِ:۔
اور تیسری حالت یہ ہے کہ ان کے بعد جملہ
فعلیہ یا اسمیہ ہو جیسے "مَازِلْتُ اَبْغِی الْمَالَ
مُذْاَنَا یَافِعٌ" میں جب سے جوان ہوا ہوں
مال ہمیشہ تلاش کرتا رہا۔ مشہور یہ ہے کہ یہ
دونوں اس وقت ظرف ہیں جن کی اضافت
جملہ کی طرف ہے اور مُذْ مُنْذُ کا مخفف ہے اور
یہ اس وجہ سے کہ اجتماع ساکنین کے وقت
مُذْ کی ذال کو ضمہ دیتے ہیں جیسے مُذُ الْیَوْم
اگر اصل میں ضمہ نہ ہوتا تو کسرہ دیتے۔
اَلْمَنْغِنِیزِیُوْم: مینگانیٹ۔
رمز (علامت) اٹیمٹر کیمیتی نمبر
54.93 - 25 - M-N
المَنَسَة: کہن سال۔
المَنَس: خوشی۔
مَنَعَهٗ (ف) مَنْعًا و مَنَّعَهٗ الشَّیْءَ و مِنْهُ و عَنْهُ:
محروم رکھنا۔ روکنا......هٗ الْقَاضِی عَنِ
الْمِیْرَاثِ: روکنا......هٗ عَنِ الدَّعْوٰی: باز
رکھنا۔ مَنَعَ جَارَهٗ: حمایت کرنا اور تکلیف
سے بچانا۔
مَنُعَ (ک) مَنَاعَةً و مَنَاعًا: قوی ہونا۔
......الحِصْنُ: قلعہ تک پہنچ دشوار ہونا......
الشَّیْءُ: بلند مرتبہ و دشوار ہونا۔ صفت مَنِیْع۔
مَانَعَهٗ: حمایت کرنا......هٗ الشَّیْءَ: جھگڑا کرنا
اور منع کرنا۔
تَمَنَّعَ و اِمْتَنَعَ عَنِ الشَّیْءِ: رکنا۔ اِمْتَنَعَ
الشَّیْءُ: ناممکن الحصول ہونا۔ تَمَنَّعَ و اِمْتَنَعَ
بِقَوْمِهٖ: حفاظت میں آنا۔ قوت پکڑنا۔
تَمَانَعَا: باز رہنا......عَنْ اَنْفُسِهِمَا: ایک
دوسرے کی حمایت کرنا۔
المَنْع: مص۔ کیکڑا۔ ج مُنُوْع۔
رَجُلٌ مَنِعٌ: اپنے نفس کو باز رکھنے والا

المَنَعَة: عزت۔ قوت۔ ج مَنَعَات اور کہا
جاتا ہے "لَهُمْ مَنَعَات" ان کے ایسے مضبوط
قلعے ہیں جن پر دشمن قادر نہیں ہو سکتا۔
المَنْعَه و المِنْعَة: قوت۔ شوکت۔
المَنَاعَة: مص......فِی الطِّبِّ: ایسی قوت جو
جسم کو حاصل ہو جائے اور آئندہ امراض
سے محفوظ رکھے۔
المَانِع ج مَانِعُوْن و مَنَعَةٌ: فا۔ کنجوس۔ بخیل
ج مَوَانِع: روکنے والا۔
مَنَاعِ: اسم فعل ہے بمعنی اِمْنَعْ۔
المَنُوْع والمَنَّاع: بہت زیادہ منع کرنے
والا۔ المَنَّاع: کنجوس۔ بخیل۔
المَنْعٰی: اسم ہے بمعنی اِمْتِنَاع۔
المَنِیْع: غالب و قوی کہ جس پر کوئی قادر نہ ہو
سکے۔ مؤنث مَنِیْعَة. حِصْنٌ مَنِیْعٌ: بلند و
مضبوط قلعہ جس پر پہنچنا دشوار ہو۔
مَنَا یَمْنُوْ مَنْوًا الرَّجُلَ: آزمائش کرنا۔
صفت مفعولی مَمْنُوٌّ بِکَذَا.
المَنَا: پیمانہ یا وزن مساوی دو رطل۔ تثنی
مَنَوَان و مَنَیَان ج اَمْنَاءٌ و اَمْنٍ و مُنِیٌّ اور
اسی معنی میں المَنَّة بھی ہے۔ کہا جاتا ہے
"دَارِیْ مَنَا دَارِهٖ" میرا گھر اس کے گھر کے
مقابل ہے۔
مَنَاة: مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے درمیان
قبیلہ ہذیل اور خزاعہ کے ایک بت کا نام۔
المُنْوَة: آرزو۔
مَنٰی یَمْنِیْ مَنْیًا اللّٰهُ الْخَیْرَ لِفُلَانٍ: مقدر
کرنا۔ مَنَاهُ: آزمائش کرنا۔ کہا جاتا ہے مَنَاهُ
اللّٰهُ بِکَذَا: یعنی اللہ اس کو فلاں چیز میں مبتلا
کرے۔
مُنِیَ لِکَذَا: توفیق دیا جانا......بِکَذَا:
آزمائش کیا جانا۔
مَنّٰی تَمْنِیَةً الرَّجُلَ الشَّیْءَ و بِالشَّیْءِ: آرزو
دلانا۔
مَانٰی مُمَانَاةً الرَّجُلَ: مدارات کرنا۔ مہلت
دینا اور انتظار کرنا۔ بدلہ دینا......الرَّفِیْقَ:
باری باری [illegible]

اَمْنٰی اِمْنَاءً اللِّمَاءَ: خون بہانا۔ کرانا......
الحَاجُّ: حاجیوں کا منیٰ میں آنا یا نازل
ہونا۔ اَمْنٰی: منی گرانا۔
اِسْتَمْنٰی بِالْیَدِ: جلق لگانا۔ بغیر جماع کے منی
نکالنا۔
اِمْتَنٰی اِمْتِنَاءً الشَّیْءَ: جھوٹ گھڑنا......
الحَاجُّ: حاجیوں کا منیٰ میں آنا یا نازل
ہونا۔
تَمَنَّی الشَّیْءَ: ارادہ کرنا......الْکِتَابَ: پڑھنا
......الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا......الحَدِیْثَ:
جھوٹی بات گھڑنا۔
المَنِیَّة ج مَنَایَا و المَنٰی: موت۔ المَنٰی:
ارادہ۔ تقدیر الٰہی۔ تم کہتے ہو "اَنَا رَاضٍ
بِمَنَی اللّٰهِ" یعنی میں تقدیر الٰہی پر راضی ہوں
اور کہا جاتا ہے "هُوَ مِنِّیْ بِمَنَی جَبَلٍ" وہ مجھ
سے ایک میل کے اندازہ پر ہے۔
المُنْیَة والمِنْیَة ج مُنًی و مِنًی و الاُمْنِیَّة ج
اَمَانٍ و اَمَانِیّ: آرزو۔ مطلوب۔ الاُمْنِیَّة:
جھوٹ۔
المُتَمَنِّیَات: تمنائیں۔
اَلْمَنْمُوْک: درمیانہ قد کا پودا جو برازیل
کے جنگلات میں ہوتا ہے اس کے تنے سے
آٹا نکالا جاتا ہے۔
مَهْ: اسم فعل مبنی علی السکون۔ بمعنی رک جا اور
کبھی کہا جاتا ہے مَهٖ.
مَهَّ (ن) مَهًّا الْاِبِلَ: اونٹ کے ساتھ نرمی
برتنا۔
مَهِهَ (س) مَهَهًا الشَّیْءُ: نرم ہونا۔
المَهَاهُ: نرمی' تازگی۔ خوبصورتی۔
خوبصورت (...... والمَهَهُ) سیر و سفر کا
ساتھی۔ امید۔ المَهَه: رفیق۔ نرمی۔
المَهْتَر والمِهْتَار: امیر۔ والی۔ (دخیل)
مَهَجَ (ف) مَهْجًا: بیماری کے بعد چہرے
پر رونق آنا......الوَلَدُ اُمَّهٗ: دودھ پینا......
الجَارِیَةَ: جماع کرنا۔
اُمْتُهِجَ الرَّجُلُ: خون کھینچ لیا جانا۔
المَاهِج: فا۔ خالص دودھ۔ پتلا دودھ

چربی۔
السمُهْجَة: خون یا دل کا خون۔ روح۔ ومُهْجَة كُلِّ شَيٍ: ہر چیز کا بہتر اور خالص۔ ج مُهَج ومُهَجات.
الأمْهَج والأمْهُوج والأمْهَاج: خالص دودھ۔
کہا جاتا ہے رَجُلٌ مَمْهُوجُ الْبَطْنِ: ڈھیلے پیٹ کا مرد۔
مَهَدَ (ف) مَهْدَ الْفِرَاشَ: بستر بچھانا۔ لِنَفْسِهِ: کمائی کرنا۔ کام کرنا۔
مَهَّدَ الْفِرَاشَ: بستر بچھانا...... الأمْرَ: درست وہموار کرنا...... لَهُ الْعُذْرَ: عذرخواہی کرنا ...... لِفُلانٍ عُذْرَهُ: قبول کرنا...... لِنَفْسِهِ خَيْرًا: اپنے لئے بھلائی مہیا کرنا۔
تَمَهَّدَ الْفِرَاشُ: بستر بچھانا...... لَهُ الأمْرُ: آسان ہونا...... الرَّجُلُ: قادر ہونا۔
اِمْتَهَدَ الشَّيُْ: بچھنا...... الرَّجُلُ: کمائی کرنا، کام کرنا۔
اِسْتَمْهَدَ فِرَاشًا: بستر بچھانا۔
المَهْد: گہوارہ۔ پست زمین ج مُهُودٌ.
المُهْد ج مِهَلَةٌ وأمْهَاد والمُهْدَة ج مُهَد: نرم و پست ہموار زمین۔
المِهَاد: بچھونا۔ پست زمین۔ ج مُهُد ومُهُد وأمْهِدَة.
المَهِيد: خالص مسکہ۔
المُمَهَّد: منع مَاءٌ مُمَهَّدٌ: پانی نہ گرم نہ سرد۔
مَهَرَ (ف ن) مَهْرًا ومُهُورًا ومَهَارًا ومَهَارَةُ الشَّيُْ وفِيهِ وبِهِ: حاذق ہونا۔ صفت ماہر۔ کہا جاتا ہے "مَهَرَ فِي الْعِلْمِ" یعنی علم میں حاذق و ماہر ہوا۔ فِي صَنَاعَتِهِ: تجربہ کار و ماہر ہونا۔
مَهَرَ (ف ن) مَهْرًا وأمْهَرَ الْمَرْأةَ: مہر دینا یا مہر مقرر کرنا۔ وأمْهَرَهَا: مہر کے بدلے میں کسی شخص سے نکاح کرنا۔ صفت مفعولی مُمْهَرَة. وأمْهَرَتِ الْفَرَسُ: بچھیرے یا بچھیری والی ہونا۔
مُهْرَ: بچھیرا مانگنا یا حاصل کرنا۔

مَاهَرَهُ مُمَاهَرَةً: ماہر ہونے میں مقابلہ کرنا۔
تَمَهَّرَ: ماہر ہونا، حاذق ہونا۔ تیرنا۔
المَهْر: مص۔ نکاح کے عوض مالی ج مُهُور ومُهُورَة اور کہا جاتا ہے "هٰذَا مَهْرُ ذٰلِكَ" یہ اس کے بدلے میں ہے۔
المُهْر: بچھیرا۔ گھوڑی گدھی کا پہلا بچہ۔ ج مِهَار وأمْهَار ومِهَارَة مؤنث ج مُهْرَة ج مُهَر ومُهَرات ومُهُرات. المُهْر: درمیانی سینہ کی ایک ہڈی۔ اندرائن کا پھل۔ کبوتر کا بچہ۔ ج مِهَرَة.
المَمْهُورَة مِنَ النِّسَاءِ: بہت مہر والی عورت ج مَهَائِر.
المَاهِر: حاذق۔ اچھا تیرنے والا۔ ج مَهَرَة.
المَهْرِيَّة: سرخ گیہوں۔ الإبِلُ الْمَهْرِيَّة: مہرۃ بن حیدان کی طرف منسوب اونٹ جن کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ تیز رفتاری میں کوئی ان کا مقابلہ نہیں کر سکتا تھا۔ ج مَهَارِي ومَهَارٍ ومَهَارِيٌّ.
المَهْرَجَانُ: (فارسی لفظ) فرس (اہل فارس) کے نزدیک یہ دو لفظوں سے مرکب ہے۔ مہر کا معنی محبت اور جان کا معنی روح۔ یعنی روح سے محبت۔
المِهْرَجَان: پارسیوں کی ایک عید۔
مَهَزَهُ (ف) مَهْزًا. بِيَدِهِ: دفع کرنا۔ ہٹانا۔
مَهَشَهُ (ف) مَهْشًا: جلانا۔ کھرچنا۔
اِمْتَهَشَ: جلنا۔
مَهَّصَ الثَّوْبَ: کپڑا پاک صاف کرنا۔ سفید کرنا۔
تَمَهَّصَ فِي الْمَاءِ: پانی میں گھسنا۔
اِمْهَاصَّتِ الأرْضُ: بے نباتات ہونا۔ صفت مُهْصَاءُ.
مَهِقَ (س) مَهَقًا: بہت سفید ہونا۔
مَهَقَتْ (ف) مَهْقًا الْخَيْلُ: گھوڑے کا دوڑنا۔ مَهَقَ الْفَصِيلَ: اونٹ کے بچہ کو پانی پلانا۔
تَمَهَّقَ الشَّرَابَ: تھوڑا تھوڑا [illegible]

پینا۔
المَهَق: مص۔ پانی پر کی سبزی۔
الأمْهَق: بغیر چمک کے بہت سفید جیسے چونا۔ مؤنث مَهْقَاءُ ج مُهْق.
المُهْقَة: بغیر چمک کے بہت سفید رنگ۔
مَهَكَ (ف) مَهْكًا ومَهَّكَ الشَّيَْ: خوب پیسنا۔ باریک پیسنا۔ مَهَكَهُ: نرم و چمکدار کرنا۔ مَهَكَ فِي السَّيْرِ: جلدی کرنا۔
تَمَهَّكَ فِي الْعَمَلِ: اچھے طریقہ سے کرنا۔ ہاتھ سے منقش کرنا۔
اِمْتَهَكَ الرَّجُلُ: کم گوشت والا ہونا...... فِي الْعَدْوِ: کوشش کرنا۔
تَمَاهَكَ الْقَوْمُ: باہم جھگڑنا۔
مَهْكَةُ الشَّبَابِ ومُهْكَتُهُ: جوانی کی رونق و تروتازگی۔
المَهُوك: نرم کمان۔
المُمَهَّك والمُتَمَهِّك: جوانی سے بھرپور۔ کہا جاتا ہے شَابٌّ مُمَهَّكٌ.
المُمَهَّك: لمبا بے ڈول۔
مَهَلَ (ف) مَهْلًا ومُهْلَةً وتَمَهَّلَ فِي الْعَمَلِ: اطمینان سے بغیر جلد بازی کے کام کرنا۔
مَهِلَ (س) مَهَلًا الرَّجُلُ: بھلائی میں پیش قدمی کرنا۔ صفت مَاهِل.
أمْهَلَهُ ومَهَّلَهُ الدَّيْنَ: مہلت دینا۔ أمْهَلَ ومَهَّلَ الرَّجُلَ: نرمی برتنا...... فِي الأمْرِ: مبالغہ کرنا۔ عذر کرنا۔
اِسْتَمْهَلَهُ: مہلت مانگنا۔
المَهْل والمَهَل: مص۔ نرمی آہستگی۔ میت کی پیپ اور کہا جاتا ہے "مَهْلًا وعَلَى مَهْلٍ" یعنی ٹھہر جا جلدی نہ کر اور یہ مصدر ہے جو فعل کے قائم مقام ہے اور واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لئے ہے۔ المَهَلَ: کسی شخص کے گزرے ہوئے لوگ۔ سوار ہونے سے پہلے معاملہ کی ہدایت۔ پیش قدمی۔ کہا جاتا ہے فُلانٌ ذُو مَهَلٍ: فلاں بھلائی میں

پیش قدمی کرنے والا ہے۔
المُهْل: معدنی جواہر۔ جیسے چاندی تانبا لوہا وغیرہ پگھلی ہوئی دھاتیں۔ پتلا قطران۔ زیتون کا پتلا تیل۔ زہر۔ پیپ۔ یا خاص مردہ کی پیپ روئی ہے جو راکھ چھڑے۔
المُهْلة: مص۔ راکھ میں بقیہ چنگاری۔ آہستگی ونرمی۔ کہا جاتا ہے "مَشَى عَلَى مُهْلَتِهِ" وہ آہستہ آہستہ چلا۔ پتلا قطران۔ تیار۔ کہا جاتا ہے "خُذِ الْمُهْلَةَ فِي أَمْرِكَ" یعنی اپنے معاملہ میں سامان کو لو۔ "أَخَذَ عَلَى فُلَانٍ الْمُهْلَةَ" یعنی وہ اس سے عمر یا ادب میں بڑھ گیا۔
المَيْلة والمُهْلة والمَهْلة: پیپ یا خاص مردہ کی پیپ۔
المُتَمهِّل: فا۔۔۔۔۔مِنَ الرِّجَالِ: لمبا۔
مَهْمَا: اسم شرط جازم ہے۔ غیر عاقل کے لئے استعمال کیا جاتا ہے اور ظرف زمان ہے جیسے مَهْمَا يَزُرْنِي زَيْدٌ أُكْرِمْهُ: جب زید مجھ سے ملے گا تو اس کا اکرام کروں گا اور کبھی غیر ظرف ہوتا ہے جیسے مَهْمَا تَفْعَلْ أَفْعَلْ: جو تو کرے گا میں کروں گا۔
مَهْمَهَ عَنِ السَّفَرِ: روکنا۔ مَهْمَهَ فُلَانًا: مہ مہ کہہ کے ڈانٹنا۔
تَمَهْمَهَ عَنِ الشَّيْءِ: باز رہنا۔ رکنا۔
المَهْمَه والمَهْمَهة: دور کا جنگل۔ ویران ملک۔ ج مَهَامِه۔
مَهَنَ (ف ن) مَهْنًا ومَهْنَةً ومِهْنَةً الرَّجُلَ: خدمت کرنا۔
مَهَنَ (ف ن) مَهْنًا: اپنا پیشہ کرنا۔۔۔۔۔ الرَّجُلَ: مارنا اور سختی کرنا۔۔۔۔۔ الثَّوْبَ: کھینچنا۔ بوسیدہ کرنا۔۔۔۔۔ الْجَارِيَةَ: جماع کرنا۔
مَهُنَ (ک) مَهَانَةً: حقیر وکمزور ہونا۔
مَاهَنَهُ مُمَاهَنَةً: مشق کرنا۔
أَمْهَنَهُ: کمزور کرنا۔ خدمت لینا۔
اِمْتَهَنَ الشَّيْءَ: حقیر کرنا۔ بوسیدہ کرنا۔۔۔۔۔ الرَّجُلَ: خدمت میں رکھنا۔۔۔۔۔ الرَّجُلُ: خدمت میں مشغول ہونا۔

المِهْنَة والمَهْنَة والمَهِنَة والمِهِنَة: کام کی مہارت۔ خدمت۔ کہا جاتا ہے "قَامَتِ الْمَرْأَةُ بِمِهْنَةِ بَيْتِهَا" عورت اپنے گھر کے کام کاج کے لئے مستعد ہوئی "وَمَا مِهْنَتُكَ هٰهُنَا" یہاں پر تمہارا کیا عمل ہے "وَهُوَ فِي مِهْنَةِ أَهْلِهِ" وہ اپنے لوگوں کی خدمت میں مشغول ہے "خَرَجَ فِي ثِيَابِ مِهْنَتِهِ" وہ اپنے کام کاج کے کپڑوں میں نکلا۔ ج مِهَن ومُهَن۔
المَاهِن: فا۔ خادم۔ غلام۔ ج مُهَّان ومَهَنَة ومِهَان: مؤنث مَاهِنَة ج مَوَاهِن۔
المَهِين: حقیر۔ کمزور۔ کم سمجھ۔ ج مُهَنَاء۔
مَهَا يَمْهُو مَهْوًا۔ الرَّجُلَ: بہت مارنا۔
مَهَا يَمْهُو مَهًا۔ الْبَقَرَةُ الْوَحْشِيَّةُ: نیل گائے کا خالص سفید ہونا۔
مَهُوَ يَمْهُو مَهَاوَةً اللَّبَنُ أو السَّمْنُ: دودھ یا گھی کا پتلا ہونا۔ صفت مَهُوّ۔
أَمْهَى اللَّبَنَ: دودھ میں زیادہ پانی ملانا۔۔۔۔۔ الْحَدِيدَةَ: لوہے کو تیز کرنا۔۔۔۔۔ الْفَرَسَ: رسی دراز کرنا۔ دوڑا کر گرم کرنا۔ اسم الْمَهْيُ۔ اور کہا جاتا ہے "حَفَرَ الْبِئْرَ حَتَّى أَمْهَى" اس نے کنواں کھودا یہاں تک کہ پانی تک پہنچ گیا۔ أَمْهَى فُلَانٌ: تعریف میں خوب مبالغہ کرنا۔۔۔۔۔ الْحَبْلَ: رسی کو ڈھیل دینا۔۔۔۔۔ الْقِدْحَ: تیر کی کجی کو درست کرنا۔۔۔۔۔ الْقِدْرَ: ہانڈی میں پانی بڑھا دینا۔ أَمْهَتِ الْعَيْنُ: آنسو بہانا۔
المَهْو: مص۔ سفید کنکری۔ موتی۔ بلور۔ اولہ۔ تازہ کھجوریں۔ پتلی تلوار۔ بہت پانی والا دودھ۔
المَهَاة: نیل گائے (جس سے آنکھوں کی خوبصورتی میں تشبیہ دی جاتی ہے) آفتاب۔ بلور۔ ج مَهًا ومَهَوَات ومَهَيَات۔
مَهَى يَمْهِي ويَمْهَى مَهْيًا وأَمْهَى وامْتَهَى الشَّفْرَةَ أو الْحَدِيدَةَ: پتلا کرنا۔ تیز کرنا۔

اِسْتَمْهَى الْفَرَسَ: گھوڑے کو پوری رفتار پر چھوڑ دینا۔۔۔۔۔ الْقَوْمَ: دشمن کی صفوں کو توڑ دینا اور شکست دینا۔
مَهْيَمْ: کلمہ استفہام ہے۔ یعنی تمہارا کیا حال ہے یا تمہیں کیا ہوا۔ یا کیا خبر ہے۔
مَاءَ يَمُوءُ مُوَاءً وأَمْوَأَ السِّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔ وأَمْوَأَ الرَّجُلُ: بلی کی طرح آواز کرنا۔
المَائِيَة والمَائِئَة والمَائِيَّة: بلی۔
مَاتَ يَمُوتُ مَوْتًا: مرنا۔ مَاتَتِ الرِّيحُ: ہوا کا رک جانا۔۔۔۔۔ النَّارُ: آگ کی راکھ ٹھنڈی ہونا۔ مَاتَ الْحَرُّ والْبَرْدُ: گرمی یا سردی کا زائل ہونا۔ مَاتَتِ الْحُمَّى: بخار کا جوش کم ہونا۔ مَاتَ الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔
مَاتَ يَمُوتُ مَوَاتًا مَوَتَانًا الْمَكَانُ: ویران ہونا۔۔۔۔۔ الطَّرِيقُ: راستہ چلنا بند ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ فَوْقَ الرَّحْلِ" یعنی گہری نیند سو گیا۔
مَوَّتَهُ: مار ڈالنا۔ موت دینا۔
أَمَاتَهُ إِمَاتَةً: مار ڈالنا۔ أَمَاتَ نَفْسَهُ: مغلوب کرنا۔۔۔۔۔ غَضَبَهُ: غصہ پی جانا۔۔۔۔۔ الرَّجُلُ: مرے ہوئے بچوں والا ہونا۔۔۔۔۔ النَّاقَةُ أو الْمَرْأَةُ: مرے ہوئے بچہ والی ہونا۔ صفت مُمِيت ومُمِيتَة ج مَمَاوِيت۔۔۔۔۔ الْقَوْمُ: مرے ہوئے جانوروں والا ہونا۔ أَمَاتَتِ اللَّحْمَ: خوب اچھی طرح پکانا اور جوش دینا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا أَمْوَتَهُ" یعنی وہ کیسا مردہ دل ہے۔
أُمِيتَتِ اللَّفْظَةُ: لفظ کا استعمال چھوڑ دیا جانا۔
مَاوَتَ مُمَاوَتَةً قِرْنَهُ: باہم صبر کرنا۔
تَمَاوَتَ: بتکلف مردہ بننا۔ خاموشی اور کمزوری ظاہر کرنا۔
اِسْتَمَاتَ اِسْتِمَاتَةً واسْتِمَاتًا: موت چاہنا۔ ہر طریقے سے کسی چیز کو طلب کرنا۔ لاغری کے بعد موٹا ہونا۔۔۔۔۔ الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔۔۔۔۔ الشَّيْءُ: ڈھیلا ہونا۔

المَـوْت والـمَـوْتَة: موت۔ السمَوْتُ الاَحْمَرُ: قتل سے جو موت واقع ہو۔ المَوْتُ الاَبْيَـضُ: موت طبعی یا اچانک موت۔
الـمَوْتُ الاَسْوَدُ: گلا گھونٹنے سے جو موت واقع ہو۔
المُوْتَة: جنون کی ایک قسم۔ مرگی۔
الـمَيْتَة۔ الـمَيِّـت: کا مؤنث۔ مردار۔ ج مَيْتَات۔
الـمِيتَة: مرنے کی حالت۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ مِيتَةً صَالِحَةً" و "مَاتَ مِيتَةَ سُوْءٍ" (اچھی اور بُری طرح مرنا)
الميو: موت۔ (مولدة)
الـمَوَتَان والمُوْتَان: جانوروں کی مری اور کہا جاتا ہے "هٰذَا مَوْتَان الْفُوَادِ" یعنی یہ بلید الطبع ہے۔ مؤنث مَوْتَانَة۔
الـمَوَتَان: موت۔ غیر ذی روح۔ کہا جاتا ہے "اِشْتَرِ مِنَ الـمَوَتَانِ ولَا تَشْتَرِ مِنَ الـحَيَوَانِ" یعنی زمین، مکانات وغیرہ خریدو اور غلام جانور وغیرہ مت خریدو اور کہا گیا ہے کہ مَوَتَان اس زمین کو کہتے ہیں جس میں آبادی نہ ہو۔
المَائِت: قریب المرگ۔ کہا جاتا ہے "مَوْتٌ مَائِتٌ" یعنی سخت موت۔
المَيْت ج اَمْوَات ومَوْتٰی ومَيْتُوْن۔
والـمَيِّـت ج مَيِّتُوْن: مردہ۔ مؤنث مَيْتَةٌ ومَيِّتٌ ومَيِّتَةٌ ج مَيْتَات ومَيِّتَات۔
الـمَوَات: مص۔ غیر ذی روح۔ غیر آباد زمین یا وہ زمین جس سے کوئی فائدہ نہ اٹھائے۔
المَمَات: موت۔ یا زمانہ موت۔
الـمُمَات مِنَ اللَّفْظِ: متروک الاستعمال لفظ۔
خَطِيئَةٌ مُمِيتَةٌ: گناہ کبیرہ۔
الـمُسْتَمِيت: فا۔ طالب قتل جو لڑائیوں میں موت کی پروا نہ کرے۔ بتکلف مجنوں بننے والا۔ انڈے کی سفیدی کا باریک چھلکا۔
مَاثَ يَمُوْثُ مَوْثًا ومَوَثَانًا الشَّيْئَ بِالشَّيْئِ: گھول کرنا۔۔۔۔۔ الشَّيْئُ فِي الْمَاءِ: پانی میں گھسنا۔ اِنْمَاثَ: خلط ہونا۔ حل ہونا۔ گھل مل جانا۔
مَاجَ يَمُوْجُ مَوْجًا ومَوَجَانًا وتَمَوَّجَ الْبَحْرُ: سمندر کا موج مارنا۔ مَاجَ الْقَوْمُ: مضطرب ہونا۔ بے ترتیب ہونا۔ مَاجَ عَنِ الْحَقِّ: حق سے تجاوز کرنا۔
الـمَوْج: مص۔ لہر۔ واحد مَوْجَةٌ۔ ج اَمْوَاج۔ ومَوْجَةُ الشَّبَابِ: آغاز جوانی۔
المَوَّاج: بہت موج مارنے والا۔
مَاخَ يَمُوْخُ مَوْخًا الْغَضَبُ: غصہ کا ٹھنڈا ہونا۔
الـمَاذ: اچھی خصلتوں والا ہونا۔ خوش طبع (اصل اس کی مَوْذٌ ہے)
الـمَاذِيُّ: سفید شہد۔ یا عمدہ شہد۔ ہر قسم کے ہتھیار (۔۔۔۔۔ والمَاذِيَّة) نرم زرہ۔
المَاذِيَّة: شراب۔
مَارَ يَمُوْرُ مَوْرًا الْبَحْرُ: موج زن ہونا۔۔۔۔۔ الدَّمُ عَلَى الْاَرْضِ: خون کا زمین پر پھیل کر بہنا۔۔۔۔۔ الدَّمَ: خون کو زمین پر پھیلا کر بہانا۔۔۔۔۔ الشَّيْئُ: آگے پیچھے تیزی سے ہلنا۔۔۔۔۔ التُّرَابُ: غبار کا اٹھنا۔ براگیختہ ہونا۔ مَارَتِ الرِّيْحُ التُّرَابَ وبَالتُّرَابِ: ہوا کا مٹی کو اٹھانا۔ براگیختہ کرنا۔ مَارَ الصُّوْفُ عَنِ الْجَسَدِ: پشم کو جسم سے اکھیڑنا۔ السِّنَانُ فِي الْمَطْعُوْنِ: بھالے کا زخمی کے بدن میں ہلنا۔
اَمَارَ الدَّمَ: خون بہانا۔ اَمَارَتِ الرِّيْحُ التُّرَابَ: ہوا کا مٹی کو اُٹھانا براگیختہ کرنا۔ اَمَارَ السِّنَانَ فِي الْمَطْعُوْنِ: بھالے کو زخمی کے بدن میں ہلانا۔
تَـمَوَّرَ: تردد کی حالت میں آنا جانا۔۔۔۔۔ الشَّعْرُ: بالوں کا اِدھر اُدھر ہونا اور کہا جاتا ہے "تَمَوَّرَ الْوَبَرُ ونَحْوُهُ عَنِ الدَّابَّةِ" جبکہ بال یا اون وغیرہ گر جائیں۔۔۔۔۔ الشَّيْئُ: کسی چیز کا مضطرب ہونا اور جلدی جلدی حرکت کرنا۔
[illegible]
اِمْتَارَ اِمْتِيَارًا السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔
مَارَىِ ومَارِى: سریانی کلمہ ہے اس کے معنے سید کے ہیں اور اکثر اس کا استعمال مقدس لوگوں کے لئے ہوتا ہے۔ اور مؤنث کے لئے مُرْث کہا جاتا ہے۔
الـمَـوْر: مص۔ نرم چیز۔ چلتا ہوا ہموار راستہ۔ تیزی۔
المُوْر: ہوا میں اُڑنے والا غبار۔ مٹی جس کو ہوا اڑائے۔ ایک قسم کے مینے۔
الـمُوْرَة والـمُوَارَة: گری ہوئی اون۔
المُوَارَة: چیز جو کسی چیز سے گرے۔ فانی چیز کا کچھ باقی حصہ۔
الـمَائِر: فا۔ کم سمجھ۔ سَهْمٌ مَائِرٌ: گھس جانے والا ہلکا تیر۔ مؤنث مَائِرَة۔ ج مَائِرَاتٌ ومَوَائِر۔
الـمَوَّار: اسم مبالغہ۔ رِيْحٌ مَوَّارَةٌ واَرْيَاحٌ مُوْرٌ: مٹی براگیختہ کرنے والی ہوا۔
الـمُوْرَج: کھیتی کرنے والوں کا آلہ جس کو کھلیان پر گھماتے ہیں اس کو پھلسا کہتے ہیں۔
اَلـمُوْرِكْس: ایک پیچی پاؤں والی پیٹ والے کھلے منہ والی کانٹے والی جس کو ہر سو چلاتی ہے سرخ رنگ والا سیلان بھائی ہے پرانے زمانے میں لوگ اس سے سرخ رنگ حاصل کرتے تھے۔
المَوْز: کیلے کا درخت۔ کیلا۔ واحد مَوْزَةٌ۔
المَوَّاز: کیلہ بیچنے والا۔
المُوْزَج: موزہ۔ ج مَوَازِج ومَوَازِجَة۔
مَاسَ يَمُوْسُ مَوْسًا الرَّأْسَ: سر مونڈنا۔
الـمَاس: ہیرا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَاسٌ" بے حس مرد جس پر عتاب و خفگی کا کوئی اثر نہ ہو۔
الـمُوْسٰی: استرا۔ (مذکر و مؤنث) ج مَوَاسٍ ومُوْسِيَات۔
المُوْسِيْقِي: گانے کا فن۔
المُوْسِيْقِيّ: گانے والا۔ گویا۔
مَاشَ يَمُوْشُ مَوْشًا الْكَرْمَ: توڑنے کے

بعد باقی ماندہ انگور چننا۔

المَاشّ: اڑد۔ واحد مَاشَة: گھر کا معمولی سامان۔

اَلْمُوسِلِینُ: روئی کا باریک نرم کپڑا۔

مَاصَ يَمُوصُ مَوْصًا ومَوَّصَ الثَّوْبَ: کپڑا دھونا۔ مَاصَ الشَّیْئَ: ہاتھ سے ملنا۔

المَوْص: مص۔ بھوسہ۔

المُوَاصَة: پانی جس سے برتن یا کپڑے وغیرہ دھوئے گئے ہوں۔

مَوْعَةُ الشَّبَابِ: آغازِ جوانی۔

مَاعَ يَمُوعُ مَوْعًا ومُوَاعًا السِّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔

مَاقَ يَمُوقُ مَوْقًا المَبِيْعُ: ارزاں ہونا۔ الطَّعَامُ: غلہ مندا ہونا۔

مَاقَ يَمُوقُ مَوْقًا ومُوْقًا ومُوَاقَةً ومُؤُوْقًا الرَّجُلُ: بے وقوف ہونا۔ ہلاک ہونا۔

تَمَاوَقَ: حماقت ظاہر کرنا۔

اِنْمَاقَ اِنْمِيَاقًا: ہلاک ہونا۔

اِسْتَمَاقَ اِسْتِمَاقَةً: بے وقوف سمجھنا۔

المَائِقُ: بے وقوف۔ ہلاک ہونے والا۔ کہا جاتا ہے "اَحْمَقُ مَائِقٌ" وہ بڑا سخت بے وقوف ہے۔ ج مَوْقَى۔

المُوْقُ: مص۔ بے وقوفی۔ غباوت۔ غبار۔ پر والی چیونٹی۔ گوشۂ چشم۔ موٹا موزہ جو باریک موزہ پر پہنا جائے۔ ج اَمْوَاق۔

مَالَ يَمُوْلُ ويَمَالُ مَوْلاً ومُؤُوْلاً: مالدار ہونا یا بہت مال والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَمْوَلَهُ" وہ کس قدر مالدار ہے۔

مَالَهُ يَمُوْلُهُ مَوْلاً وَاَمَالَهُ اِمَالَةً: مال دینا۔

مَوَّلَهُ: مالدار بنانا۔

تَمَوَّلَ المَالَ: اپنے لئے جمع کرنا (...... واسْتَمَالَ) مال حاصل کرنا یا بہت مال والا ہونا۔

المَالُ ج اَمْوَال: مال و دولت۔ اہل بادیہ کے نزدیک اس کا اطلاق چوپایوں پر ہوتا ہے جیسے اونٹ بکری وغیرہ۔ مذکر و مؤنث ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ المَال وهِيَ المَال" اور کہا جاتا ہے "خَرَجَ اِلَى مَالِهِ" یعنی اپنی جائیداد یا اپنے اونٹوں کی طرف گیا۔ ج مَالَةٌ ومَالُوْن: بہت مال والا مرد۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ مَالٌ: بہت مالدار مرد۔ مؤنث مَالَةٌ ج مَالَة ومَالَات۔

المُوْلُ: مکڑی۔ واحد مُوْلَةٌ۔

المَالِيَّة: مالیت۔ دولت۔ مال کے متعلق مولدین اس کا اطلاق مال پر بھی کرتے ہیں۔

المَوِّلُ والمَيِّلُ: بہت مال والا۔

المُوَيْلُ: مال کی تصغیر۔ رجب کا مہینہ۔

مِيْمَ مَوْمًا الرَّجُلُ: برسام کی بیماری لاحق ہونا یا سخت چیچک ہونا جس میں سارا جسم ایک زخم بن جائے۔ صفت مفعولی مَمُوْمٌ۔

مَوَّمَ مِيْمًا: حرف میم لکھنا۔

المُوْمُ: موم۔ جلاہوں کا نال۔ موچیوں کا ایک آلہ۔ المَوْمَاء والمَوْمَاةِ: وسیع بیابان یا بے پانی کا بیابان۔ ج المَوَامِي۔

المُوْمِيَاء: ایک قسم کی دوا۔ قدماء مصر کے طریقہ پر حنوط لگائے ہوئے اجسام۔

مَانَهُ يَمُوْنُهُ مَوْنًا ومُؤُوْنَةً ومَوُّنَةً: نان نفقہ برداشت کرنا۔ صفت مَائِن۔ مَانَ الاَرْضَ: زراعت کے لئے زمین جوتنا۔

تَمَوَّنَ: نان نفقہ جمع کرنا۔ بال بچوں پر زیادہ خرچ کرنا۔

المُوْنَة: گزارے کا ذخیرہ۔ ج مُوَن۔

بَيْتُ المُوْنَةِ: گزارہ جمع کرنے کی کوٹھری۔

المَوَّان: ذخیرہ جمع کرنے والا۔ ذخیرہ مہیا کرنے والا۔

مَاهَتْ تَمُوْهُ وتَمَاهُ مَوْهًا ومَاهَةً ومُؤُوْهًا۔ البِئْرُ: کنوئیں کا بہت پانی والا ہونا۔ ...... والسَّفِيْنَةُ: کشتی میں پانی داخل ہونا۔

مَاهَ يَمُوْهُ مَوْهًا الرَّجُلَ: پانی ہلانا...... الشَّیْئَ بالشَّیْئِ: ملانا۔

اَمَاهَ اِمَاهَةً وَاَمْوَهَ اِمْوَاهًا الشَّیْئَ: ملانا...... الشَّیْئُ: ملنا...... الرَّجُلَ: پانی پلانا...... الدَّوَاةَ: دوات میں پانی ڈالنا...... البِئْرَ: کنواں کھود کر پانی نکالنا...... السِّكِّيْنَ: چھری پر پانی چڑھانا۔ اَمَاهَتِ السَّمَاءُ: بہت پانی برسانا...... الاَرْضُ: بہت پانی والا ہونا۔

مَوَّهَ المَكَانُ: پانی والی ہونا...... القِدْرَ: ہانڈی میں پانی بڑھانا...... الشَّیْئَ بِمَاءِ الذَّهَبِ او الفِضَّةِ ونَحْوِهِمَا: سونے یا چاندی کا پانی چڑھانا...... عَلَيْهِ الاَمْرَ والخَبَرَ: جھوٹی بات خلاف واقعہ سنانا۔

تَمَوَّهَ: سونے چاندی وغیرہ کا پانی چڑھنا۔ العِنَبُ: انگور کا رس دار ہونا اور پکنے کے قریب ہونا...... المَكَانُ بِالبَقْلِ: سبزہ زار ہونا۔

المَاءُ: پانی (اصل مَوَهٌ ہے) تصغیر مُوَيْه اور نسبت کے لئے مَائِيٌّ ومَاوِيٌّ ومَاهِيٌّ ج مِيَاهٌ واَمْوَاهٌ۔ ومَاءُ الوَرْدِ ومَاءُ الزَّهْرِ ونَحْوُهُمَا: گلاب وغیرہ کا پانی جو عرق کھینچنے سے نکلے۔ مَاءُ الوَجْهِ او مَاءُ الشَّبَابِ: چہرہ یا جوانی کی رونق و تروتازگی۔ مَاءُ السَّيْفِ: تلوار کی چمک دمک۔ بَنَاتُ المَاءِ: پانی کے آس پاس رہنے والے پرندے۔ مفرد ابْنُ المَاءِ۔ المَاءُ الاَزْرَقُ: موتیا بند۔

المَاهُ: پانی اور نسبت کے لئے مَاهِيٌّ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَاهُ الفُؤَادِ ومَاهِيُّ الفُؤَادِ" یعنی بزدل۔ بلید الطبع۔

المَاءَة: پانی۔ تصغیر مُوَيْهَة۔

المُوْهَة والمُوَاهَة مِنَ الوَجْهِ: رونق و حسن۔

المَاهَة: مص۔ چیچک۔ بِئْرٌ مَاهَةٌ: بہت پانی والا کنواں۔

المَاهِيَة مؤنث المَاهِي۔ مَاهِيَّةُ الشَّیْئِ: حقیقت "شَیْئٌ مَا هُوَ" سے نکلا ہوا۔ ج مَاهِيَّات۔

المَائِيَّة والمَاوِيَّة مِنَ الشَّجَرِ: وہ سائل چیز جس سے درخت کو غذا حاصل ہو۔

المَاوِيَّة: آئینہ۔ ج مَاوِيّ۔

رَكِيَّةٌ مَهُوهَةٌ: بہت پانی والا کنواں۔
الأمْوَهُ: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "البِئرُ هٰذِهِ السَّنَةَ أمْوَهُ مِمَّا كَانَتْ" یعنی کنواں امسال بہ نسبت پہلے کے زیادہ پانی والا ہے۔
المَمْوُهَةُ: مفع۔ ناخنہ والی آنکھ۔
مَاتَ يَمِيتُ مَيْتًا: مرنا۔
اَلْـمَـاهِيَّةُ ج مَـاهِيَّـاتٌ: ماہانہ اجرت (تنخواہ) یہ لفظ "ماہ" کی طرف منسوب ہے جس کا معنی مہینہ ہے۔
مَاثَ يَمِيثُ مَيْثًا ومَيَّثَ الشَّيْءَ فِي المَاءِ: پگھلانا۔ حل کرنا۔ مَيَّثَ الرَّجُلَ: ذلیل کرنا۔
تَمَيَّثَ الشَّيْءُ فِي المَاءِ: پگھلنا۔ حل ہونا ...... الرَّجُلُ: ذلیل ہونا۔ تَمَيَّثَ الأرْضُ: بارش سے نرم ہونا ...... الحَرَارَةُ: ٹھنڈی ہونا۔
اِنْمَاثَ اِنْمِيَاثًا الشَّيْءُ فِي المَاءِ: پانی میں حل ہونا۔
اِمَاثَ الرَّجُلُ: زندگی کی راحت پانا ...... الأقِطَ: پنیر کو پانی میں بھگو کر کھانا ...... الشَّيْءَ فِي المَاءِ: پگھلانا۔ حل کرنا۔
المَيْثُ: نرم۔
أرْضٌ مَيْثَاءُ: بغیر ریت والی نرم زمین۔
المُسْتَمِيثُ: انڈے کی سفیدی کا باریک چھلکا۔
مَاجَ يَمِيجُ مَيْجًا الشَّيْءُ: مخلوط ہونا۔
مَاحَ يَمِيحُ مَيْحًا ومَيْحُوحَةً: چلو سے پانی لینا ...... أصْحَابَهُ: لوگوں کے لئے چلو چلو پانی لانا ...... الرَّجُلَ: نفع دینا ...... هُ عِنْدَ الأمِيرِ: سفارش کرنا۔ کہا جاتا ہے "مِحْنِي عِنْدَ الأمِيرِ" یعنی سفارش امیر سے کرو۔
مَاحَتِ الرِّيحُ الشَّجَرَةَ: جھکانا مَاحَ الرَّجُلُ: نازو انداز سے چلنا۔ مَاحَه يَمِيحه مَيْحًا ومِيَاحَةً: دینا۔
مَيَّحَ تَمْيِيحًا الغُصْنُ: جھکنا، ہلنا ...... السَّكْرَانُ: چلنے میں ڈگمگانا۔
مَايَحَهُ مُمَايَحَةً: ملانا۔

اِمْتَاحَ المَاءَ: چلو لینا ...... الرَّجُلَ: طلب فضل کے لئے کسی کے پاس آنا۔ اِمْتَاحَهُ الحَرُّ أو العَمَلُ: پسینہ میں شرابور کرنا۔
تَمَيَّحَ: نازو انداز سے چلنا۔ دائیں بائیں جھکنا۔
تَمَايَحَ: ڈگمگانا۔
اِسْتَمَاحَهُ اِسْتِمَاحَةً: عطیہ مانگنا۔ سفارش کرنے کی درخواست کرنا۔
المَائِحُ ج مَاحَةٌ والمَيَّاحُ: چلو سے پانی پلانے کی درخواست کرنے والا۔
مَاخَ يَمِيخُ مَيْخًا وتَمَيَّخَ الرَّجُلُ: نازو انداز سے چلنا۔
مَادَ يَمِيدُ مَيْدًا و مَيَدَانًا: ہلنا۔ جھکنا۔ کہا جاتا ہے "مَادَتْ بِهِ الأرْضُ" زمین اس کے ساتھ گھوم گئی ...... الغُصْنُ: ٹہنی کا جھکنا۔ ہلنا ...... الرَّجُلُ: نازو انداز سے چلنا۔ سر چکرانا ومَادَ الرَّجُلَ: زیارت کرنا۔ بہتر سلوک کرنا۔
تَمَايَدَ: نشاط سے جھومنا۔
تَمَيَّدَتِ المَرْأَةُ: عورت کا ناز سے چلنا۔
اِمْتَادَ اِمْتِيَادًا: غلہ جمع کرنا۔ عطیہ طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِمْتَادُوهُ فَمَادَهُم" یعنی لوگوں نے اس سے عطیہ طلب کیا اور اس نے دیا۔
المَائِدُ: جھکنے والا۔ سر میں چکر والا۔ ج مَيْدَى. غُصْنٌ مَائِدٌ: جھکنے والی ٹہنی۔ غُصُونٌ مُيَّدٌ: جھکنے والی ٹہنیاں۔
المَائِدَةُ: المائد کا مؤنث۔ دسترخوان جس پر کھانا ہو۔ کھانا۔ زمین کا دائرہ ج مَوَائِدُ ومَائِدَات.
مَيْدُ: بید میں ایک لغت نادرہ۔
المَيْدَةُ. مَادَ: کا اسم مرۃ۔ کھانا۔ دسترخوان جس پر کھانا چنا ہوا ہو۔
مَيْدَى: بمعنی مِنْ أجْلِ کہا جاتا ہے "فَعَلَهُ مَيْدَى ذٰلِكَ" اس نے اس کو اس کی وجہ سے کیا۔ و بمعنی "حِذَاءُ" کہا جاتا ہے "دَارِي بِمَيْدَى دَارِهِ" میرا مکان اس کے مکان کے مقابل ہے۔

مَيْدَاءُ الشَّيْءِ: قیاس و انداز۔ انتہاء اور کہا جاتا ہے "هٰذَا مَيْدَاءُ ذٰلِكَ وبِمَيْدَائِهِ" یعنی یہ اس کے مقابل ہے۔
المَيْدَانُ والمِيدَانُ: گھوڑ دوڑ یا کھیل کود کے لئے کشادہ جگہ۔ ج مَيَادِين.
المَيَّادُ: بہت جھومنے والا۔ مؤنث مَيَّادَة.
المَيُودُ: بہت ہلنے والا۔
المُمْتَادُ: عطیہ مانگنے والا۔ جس سے عطیہ مانگا جائے۔
مَارَ يَمِيرُ مَيْرًا و أمَارَ عِيَالَهُ: اہل وعیال کے لئے نان ونفقہ لانا ...... الدَّوَاءَ ونَحْوَهُ: پگھلانا أمَارَ الصُّوفَ: اون دھنکنا۔ أمَارَ أوْدَاجَهُ: رگیں کاٹنا۔
مَايَرَهُ مُمَايَرَةً: خوراک لانا۔ مقابلہ کرنا۔ نقل اتارنا۔
تَمَايَرَ تَمَايُرًا مَابَيْنَ القَوْمِ: فساد واقع ہونا۔
اِمْتَارَ لِعِيَالِهِ أو لِنَفْسِهِ: خوراک جمع کرنا۔
المَيْرُ: مص۔ خوراک۔ کہا جاتا ہے "مَا عِنْدَهُ خَيْرٌ ولَا مَيْرٌ"۔
المِيرَةُ: خوراک جس کو انسان ذخیرہ کر کے رکھے۔ ج مِيَر.
المَائِرُ: خوراک لانے والا ج مُيَّار ومَيَّارَة.
المَيَّارُ: خوراک لانے والا۔
المُوَارَةُ: اون کا ردی حصہ جو دھننے کے وقت گرے۔
مَازَ يَمِيزُ مَيْزًا ومَيَّزَ و أمَازَ الشَّيْءَ: علیحدہ کرنا۔ جدا کرنا ...... الشَّيْءَ: ترجیح دینا۔ مَازَ فُلَانٌ: ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا۔
تَمَيَّزَ وانْمَازَ اِنْمِيَازًا وامْتَازَ اِمْتِيَازًا واسْتَمَازَ اِسْتِمَازَةً: جدا ہونا۔ وتَمَيَّزَ فُلَانٌ مِنَ الغَيْظِ: غصہ سے پھٹ پڑنا۔ اِمْتَازَ القَوْمُ: بعض کا بعض سے جدا ہونا۔
واسْتَمَازَ: جدا ہونا۔
تَمَايَزَ القَوْمُ: متفرق ہونا۔ گروہ بندی کرنا۔
المَيِّزُ والمَيْزُ: مضبوط پٹھوں والا۔
التَّمْيِيزُ. مَيَّزَ: کا مصدر۔ قوت نفسانی جس

سے معانی کا استنباط ہو۔ علم نحو کی ایک
اصطلاح۔سِنُّ التَّمْيِيزِ: نفع ضرر پہنچانے کی
عمر۔
الامْتِيَازُ: مص۔کسی چیز کے پیچھے یا کسی کام
کے کرنے کی اجازت کا خاص پروانہ۔
لائسنس ج اِمْتِيَازَات (مولدۃ)
المِيزَاب: پرنالہ۔
مَاسَ يَمِيسُ مَيْسًا ومَيَسَانًا وتَمَيَّسَ
الرَّجُلُ: نازو انداز سے چلنا۔صفت مَائِسٌ
ومَيَّاسٌ ومَيْسَان ومَيُوسٌ۔
مَيَّسَ الثَّوْبَ: دامن بنانا۔
المَيْس: مص۔ایک بڑا درخت جس کی
لکڑی سے کجاوہ بنایا کرتے تھے اور اس کے
دانے کالے اور میٹھے ہوتے ہیں۔ واحد
مَيْسَةٌ۔ المَيْس: ایک قسم کی کشمکش۔دو
بیلوں کے درمیان لمبی لکڑی۔کجاوہ۔
المَيَّاس: اکڑ کے چلنے والا شیر۔بھیڑیا۔
المَيْسَان: بہت تیز چمکنے والا ستارہ ج
مَيَاسِين۔
مَاشَ يَمِيشُ مَيْشًا الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ملانا......
النَّاقَةَ: تھن سے آدھا دودھ دوھنا......
الخَبَرَ: کچھ بتلانا کچھ چھپانا۔کہا جاتا ہے
"مَاشُوا الأَرْضَ مَيْشَةً" وہ زمین پر
گزرے۔
مَاطَ يَمِيطُ مَيْطًا ومَيَطَانًا وأَمَاطَ إِمَاطَةً
عَنْ كَذَا: جدا ہونا۔دور ہونا۔کہا جاتا ہے
"مِطْ عَنَّا يَا فُلَانُ" یعنی اے فلاں ہم سے
دور ہو۔مَاطه وأَمَاطَه ومَاطَ بِه: جدا کرنا۔
دور کرنا۔لے جانا۔مَاطَ الرَّجُلُ: ظلم کرنا۔
کہا جاتا ہے "مَاطَ عَلَيَّ فِي حُكْمِه" اس
نے اپنے فیصلہ میں میرے اوپر ظلم کیا۔
فُلَانًا: ڈانٹنا ہٹانا......الشَّيْءَ: جانا۔
مَيَّطَ تَمْيِيطًا بَيْنَهُمَا: مائل کرا دینا۔
تَمَايَطَ القَوْمُ: فساد واقع ہونا۔ایک
دوسرے سے بعید ہونا۔
مَايَطَ بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ: ترجیح دینا۔
المَيْطُ: مص۔کہا جاتا ہے "مَا عِنْدَهُ مَيْطٌ"
اس کے پاس کچھ نہیں "وامْتَلَأَ حَتَّى لَا
يَجِدُ مَيْطًا" بھر گیا یہاں تک کہ اب مزید
گنجائش نہیں "وأَمْرٌ ذُو مَيْطٍ" سخت معاملہ۔
المِيَاط: دفع۔ڈانٹ۔جھکاؤ۔ادبار و تباعد
(جس طرح ہیاط کے معنی اقبال اور قربت
کے ہیں) اور اسی سے ہے "أَصْبَحُوا فِي
هِيَاطٍ ومِيَاطٍ" وہ لوگ اقبال وادبار میں
ہیں۔
المَيَّاط: بے ہودہ کھیل کود میں رہنے والا۔
مَاعَ يَمِيعُ مَيْعًا الشَّيْءُ: زمین پر پھیل کر
بہنا۔کہا جاتا ہے "السَّرَابُ يَمِيعُ" سراب
زمین پر پھیل کر جاری ہے۔......نَاصِيَةُ
الفَرَسِ: گھوڑے کی پیشانی کے بال طویل
ہونا اور لٹکنا......الفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنا
(...... وانْمَاعَ انْمِيَاعًا وتَمَيَّعَ تَمَيُّعًا)
السَّمْنُ: گھی کا پگھل کر بہنا۔صفت مَائِع
مؤنث مَائِعَةٌ کہا جاتا ہے الفِضَّةُ تَتَمَيَّعُ فِي
البُوتَقَةِ: چاندی کٹھالی میں پگھل کر بہہ رہی
ہے۔
أَمَاعَ إِمَاعًا وإِمَاعَةً الشَّيْءَ: بہانا۔
مَيْعَةُ الشَّيْءِ: اول شے۔اصل شے۔کہا جاتا
ہے "مَيْعَةُ الشَّبَابِ" آغاز جوانی "ومَيْعَةُ
السُّكْرِ" ابتدائی نشہ "مَيْعَةُ الفَرَسِ"
گھوڑے کی دوڑ کا آغاز۔کہا جاتا ہے
"الفَرَسُ فِي مَيْعَةِ جَرْيِهِ" گھوڑا اپنی دوڑ
کے آغاز میں ہے۔المَيْعَةُ: زمین پر بہتی
ہوئی چیز کا سیلان۔ایک درخت کا خوشبودار
گوند۔
المَائِع: بہنے والی چیز۔بے وقوف۔
المَائِعَةُ۔المَائِع: کا مؤنث۔گھوڑے کی
پیشانی کے بال جبکہ طویل ہوں۔ایک
درخت کا خوشبودار گوند۔ج مَوَائِع۔
المَيْعَةُ السَّائِلَةُ: ایک خوبصورت درخت جو
ادویات میں استعمال ہوتا ہے۔
مَالَ يَمِيلُ مَيْلًا وتَمْيَالًا ومَيَلَانًا ومَيْلُولَةً
ومَمَالًا ومَمِيلًا إِلَى المَكَانِ: لوٹنا......إِلَى
[illegible]
......عَنِ الطَّرِيقِ: تجاوز کرنا۔چھوڑ دینا......
الحَائِطُ: دیوار کا جھکنا......الحَاكِمُ فِي
حُكْمِهِ: ظلم کرنا......عَلَيْهِمُ الدَّهْرُ: زمانہ کا
مصائب ڈالنا۔مَالَ بِفُلَانٍ: غالب ہونا۔
مَالَ الشَّيْءُ: جھکانا۔کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا
تَمِيلُ عَلَيْهِ المِرْبَعَةُ" یعنی فلاں بہت قوی
ہے۔
مَالَتْ تَمِيلُ مُيُولًا۔الشَّمْسُ: آفتاب کا
ڈھلنا یا غروب کے قریب ہونا۔مَالَ النَّهَارُ
او اللَّيْلُ: دن یا رات کا ختم ہونے کے
قریب ہونا اور کہا جاتا ہے "مَالَ بِنَا
الطَّرِيقُ" یعنی دور ہوا۔
مَيِلَ (س) مَيَلًا: خلقتاً جھکا ہوا ہونا۔صفت
أَمْيَل کبھی اس کا استعمال عمارات کے متعلق
ہوتا ہے۔
مَيَّلَ تَمْيِيلًا الشَّيْءَ: جھکانا......فِي الأَمْرِ:
شک کرنا......بَيْنَ الأَمْرَيْنِ: تردد اور ترجیح
دینا۔جیسے "قَرَّبَ لَهُ طَعَامًا فَمَيَّلَ فِيهِ
لِقِلَّتِهِ" اس نے کھانا پیش کیا اور کم ہونے کی
وجہ سے متردد رہا کہ کھائے یا چھوڑ دے۔
أَمَالَ إِمَالَةً الشَّيْءَ: جھکانا......يَدَهُ بِالفَرَسِ:
لگام ڈھیلی کرنا۔أَمَالَتِ المَرْأَةُ: نقاب
اتارنا۔أَمَالَ القَارِئُ: پڑھنے میں امالہ
کرنا۔
مَايَلَهُ مُمَايَلَةً: موافقت کرنا۔مدد دینا۔
لوٹ ڈالنا۔مائل ہونا۔محبت کرنا۔کہا جاتا
ہے "مَايَلَنَا المَلِكُ فَمَايَلْنَاهُ" بادشاہ نے
ہم پر حملہ کیا ہم نے اس پر حملہ کر دیا۔مَايَلَ
بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ: ترجیح دینا۔
تَمَيَّلَ وتَمَايَلَ تَمَايُلًا فِي مَشْيِهِ: نازو انداز
سے چلنا۔کہا جاتا ہے "بَيْنَ القَوْمِ تَمَايُلٌ"
یعنی قوم کے درمیان جنگ وجدال ہو رہے
ہیں۔تَمَايَلَ النَّخْلُ عَنِ الفَرَسِ: جھکنا۔
اِسْتَمَالَ اِسْتِمَالَةً: مائل ہونا۔کہا جاتا ہے
"مَيَّلَهُ فَاسْتَمَالَ" اس نے اسے جھکایا وہ
جھک گیا۔......فُلَانًا وبِقَلْبِهِ: جھکانا۔مائل
کرنا۔مہربان بنانا......مَا فِي الوِعَاءِ: [illegible]

اِسْتَمَالَ الطَّعَامَ وَنَحْوَهُ: دونوں کف یا ذراع سے ناپنا۔
- المِيلُ: سرمہ کی سلائی (مولدۃ) زخم ناپنے کا آلہ۔ المِيلُ: نشانِ راہ جو مسافر کے لئے بنا دیا جائے تا کہ وہ مسافت معلوم کر سکے۔ مسافت جس کی کوئی حد مقرر نہیں۔ لوگوں نے کہا ہے کہ نگاہ پہنچنے تک کی مسافت ......عِنْدَ الْمُحَدِّثِيْنَ: چار ہزار ہاتھ کی مسافت۔ والمِيلُ الهَاشِمي: ایک ہزار باع (اور باع دونوں ہاتھوں کے پھیلاؤ کی لمبائی) ج اَمْيَال واَمْيُل ومُيُول.
مَيْلُ كَوْكَب: وہ زاویہ جو استواء آسمانی اور اس خط کے درمیان واقع ہے جو زمین اور ستارے کے درمیان تعلق کا ذریعہ ہے۔
دَائِرَةُ الْمَيْلِ: آسمانی کرہ کا بڑا دائرہ جو کرہ دو قطب کے ساتھ گزرتا ہے۔ (العناصر الکیمیاویہ) (کیمیائی عناصر)
المِيْلَة: وقت۔ ج مِيَل اور کہا جاتا ہے "الدَّهْرُ مِيَلٌ" زمانہ گردشوں والا ہے۔
الإمَالَة: مص ......فِي الْقِرَاءَةِ: فتحہ کو کسرہ کی جانب اور الف کو یا کی جانب جھکانا۔
الأَمْيَــــــل: اسم تفضیل۔ جھکی ہوئی عمارت وغیرہ۔ زین پر ایک جانب جھکا ہوا۔ بزدل۔ مؤنث مَيْلَاء۔
المَيْلَاء. الأَمْيَل: کا مؤنث۔ ریت کا ٹیلہ۔
شَجَرَةٌ مَيْلَاء: بہت ٹہنیوں والا درخت۔
المَائِل: فا۔ ج مُيَّل ومَالَة مؤنث مَائِلَة ج مَائِلَات ومَوَائِل.
المَيَّال: بہت جھکنے والا۔ مؤنث مَيَّالَة.
مَانَ يَمِيْنُ مَيْنًا: جھوٹ بولنا۔ صفت مَائِن ومَيَّان ومَيُوْن. مَانَ الْأَرْضَ: زمین کو زراعت کے لئے جوتنا۔
تَمَايَنَ الْقَوْمُ: ایک کا دوسرے پر جھوٹ بولنا۔
المَانَ: ہل کا پھل۔
المَيْن: جھوٹ۔ ج مُيُوْن کہتے ہیں "أَكْثَرُ الظُّنُوْنِ مُيُوْنٌ" اکثر گمان جھوٹے ہوتے ہیں۔ "وَمَا هُوَ إِلَّا كَذِبٌ وَمَيْنٌ" یہ صرف جھوٹ ہے۔
المِيْنَا والمِيْنَاء: بندرگاہ۔ ج مَوَانٍ ومَوَانِي. المِيْنَاء: آبگینہ۔
مُتَمَايِنُ الْوُدِّ: جھوٹی دوستی کرنے والا۔
مَاهَ يَمِيْهُ مَيْهًا ومَيْهَةً السَّيْفَ وغَيْرَه بِمَاءِ الذَّهَب: تلوار پر سونے کے پانی کا ملمع کرنا ......فُلَانًا: پانی پلانا۔ مَاهَتِ الْبِئْرُ: بہت پانی والا ہونا۔ مَاهَ يَمِيْهُ مَيْهَةً ومَاهَةً ومَيْهًا الرَّكِيَّةَ: کنوئیں کے پانی کو زیادہ کرنا۔
الْمَاهَة والمِيْهَة: کنوئیں کے پانی کی کثرت۔
الْأَمْيَهُ: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "الْبِئْرُ اَمْيَهُ مِمَّا كَانَتْ" کنواں بہ نسبت پہلے کے بہت پانی والا ہے۔
مَيٌّ ومَيَّةُ ومَيَّا: عورتوں کے نام۔

ن

ن: اَلنُّوْنُ: بنیادی حروف میں سے پچیسواں حرف ہے۔ حروفِ زلقیہ سے ہے۔

ن: حرفِ نون پانچ قسموں پر ہے۔

(۱) نونِ تاکید۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔ خفیفہ۔ ثقیلہ اور یہ فعل کے ساتھ مختص ہے جیسے "لَيَكُوْنَنَّ مِنَ الصَّاغِرِيْنَ" و "لاَ تَحْسَبَنَّ اللّٰهُ غَافِلاً" ماضی کی تاکید اس سے بالکل نہیں آتی اور امر کی تاکید جائز ہے اور فعل مضارع کی تاکید واجب ہے جبکہ جواب قسم ہو اور لام قسم سے کسی اجنبی کا فاصلہ نہ ہو اور فعل مثبت مستقبل ہو جیسے "تَاللّٰهِ لاَكِيْدَنَّ اَصْنَامَكُمْ" اور جبکہ جواب قسم ہو اور یہ شرطیں نہ پائی جاتی ہوں تو تاکید ممتنع ہے اور ان کے علاوہ میں تاکید و عدم تاکید دونوں جائز ہیں مگر طلب میں تاکید زیادہ ہوتی ہے۔

(۲) نونِ تنوین اور یہ نونِ ساکنہ زائدہ اسم کے آخر میں آتا ہے جو صرف پڑھا جاتا ہے لکھا نہیں جاتا جیسے کِتَابٌ۔

(۳) نونِ تانیث اور یہ یا تو خفیفہ و مفتوحہ ہوتا ہے جو فعل کے ساتھ لاحق ہوتا ہے جیسے "ضَرَبْنَ وَيَضْرِبْنَ وَاضْرِبْنَ" اور یہ ضمیر ہے اور یا مشددہ و مفتوحہ ہوتا ہے جو جمع مؤنث پر دلالت کرنے کے لئے ضمیروں کے ساتھ متصل ہوتا ہے جیسے "غُلاَمُكُنَّ وَمِنْهُنَّ وَضَرَبَهُنَّ" اور یہ حرف ہے۔

(۴) نونِ وقایہ اور یہ یائے متکلم سے پہلے آتا ہے جیسے ضَرَبَنِي وَاِنَّنِي۔

(۵) نونِ زائدہ۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔ ایک وہ جو فعل مضارع کے ساتھ لاحق ہوتا ہے جبکہ ضمیر تثنیہ کے ساتھ متصل ہو جیسے "يَضْرِبَانِ وَتَضْرِبَانِ" یا ضمیر مؤنث حاضر کے ساتھ متصل ہو جیسے "تَضْرِبِيْنَ" یا جمع مذکر کے ساتھ جیسے: "يَضْرِبُوْنَ وَتَضْرِبُوْنَ" ان ساری صورتوں میں سوائے تثنی کے مفتوح ہوتا ہے اور تثنیٰ میں مکسور۔ دوسری قسم وہ ہے جو اسم تثنیٰ کے ساتھ لاحق ہوتا ہے اور مکسور ہوتا جیسے "الزَّيْدَانِ" اور جمع مذکر کے ساتھ اور مفتوح ہوتا ہے جیسے الزَّيْدُوْنَ.

نـا: ضمیر جمع متکلم ہے اور رفع نصب جر میں مشترک ہے جیسے "رَبَّنَا اِنَّنَا سَمِعْنَا".

نَاَتَ (ف وض) نَاْتًا وَنَئِيْتًا: گریہ وزاری کرنا...... الرَّجُلَ: حسد کرنا۔

النَّاَّتُ: شیر۔

نَاَثَ (ف) نَاْثًا وَمَنْاَثًا عَنْهُ: بعید ہونا۔ تاخیر کرنا...... الرَّجُلُ: کوشش کرنا۔

اَنْاَثَهُ اِنْآثًا: دور کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَعٰى سَعْيًا نَاْثًا وَمِنَاْثًا" وہ سست چال چلا۔ سَيْرٌ مِنْاَثٌ: سست چال۔

نَاَجَ (ف) نُؤُوْجًا فِي الْاَرْضِ: جانا...... الْاَمْرَ: کام کو مؤخر کرنا (...... نَئِيْجًا) اِلَى اللّٰهِ فِي الدُّعَاءِ: گڑگڑانا۔ نَاَجَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا تیز ہونا...... الرِّيْحُ الْمَوْضِعَ: ہوا کا تیز گزرنا۔

نَاَجَ (ف) [illegible]

آواز نکالنا۔

نَئِجَ (س) نَاْجًا: آہستہ کھانا۔

نَئِجَ الْقَوْمُ: تیز ہوا لگنا۔

النَّائِجَةُ: تیز ہوا۔ ج نَائِجَاتٌ.

النَّاآجُ: بہت آواز نکالنے والا۔ تیز رَجُلٌ

نَاآجٌ: بلند آواز والا مرد۔

النَّئِيْجُ: مص۔ کہا جاتا ہے "لِلرِّيْحِ نَئِيْجٌ" ہوا کے لئے تیز سرسراہٹ ہے۔

رِيْحٌ نَؤُوْجٌ: تیز چلنے والی ہوا۔ ج نَوَائِجُ.

الْمَنْؤُوْجُ: مفع۔ حَدِيْثٌ مَنْؤُوْجٌ: پیچیدہ بات۔

نَاَدَهُ (ف) نَاْدًا: حسد کرنا۔ نَاَدَتْهُ الدَّاهِيَةُ: مصیبت نازل ہونا۔ نَاَدَتِ الْاَرْضُ: زمین میں سیلن ہونا۔

النَّآدُ: بروزن عَقَام والنَّآدٰى: بروزن نصاریٰ والنُّؤُوْدُ: مصیبت۔

النِّئْدِلُ: مصیبت۔

نَاَرَتْ (ف) نَاْرًا. نَائِرَةٌ فِي النَّاسِ: لوگوں میں ہیجان ہونا۔

النَّؤُوْرُ: کاجل۔

نَاَشَ (ف) نَاْشًا تَنَاءَشَ الشَّيْءَ: سخت پکڑنا ...... الْاَمْرَ: مؤخر کرنا...... الشَّيْءَ: دور کرنا ...... هُ اللّٰهُ: زندہ کرنا اور بلند کرنا...... الرَّجُلُ مِنْ مَكَانِهِ: اُٹھنا۔

تَنَاءَشَ: پیچھے ہونا اور دور ہونا...... الشَّيْءَ: دور سے لینا۔

اِنْتَاشَ: پیچھے ہونا اور دور ہونا...... الشيء فُلاَنًا: جلدی میں ڈالنا...... بِفَتْحِهِ كَمَرِهِ

کے ساتھ کوچ کرنا...... فلانًا: یعنی سمجھنا...... سہ اللّٰہ: برباد کرنا۔

النَّؤُوش: قوی غالب۔

النَّیِش: دور۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَہٗ نَیِشًا" اس نے اس کو اخیر میں کر دیا۔ "وَجَاءَ نَیِشًا" وہ دیر سے آیا۔ "وَاتَّبَعَہٗ نَیِشًا" بولا جاتا ہے جبکہ پیچھے رہ جائے اور پھر ساتھ چھوٹ جانے کے خوف سے جلدی سے پیچھا کرے۔

النَّیطَل: مصیبت۔

النَّیطَل: بڑی مصیبت۔ چالاک مرد۔

نَافَ (ف) نَافًا فِی الْاَمْرِ: کوشش کرنا۔

نَیِفَ (س) نَافًا ونَافًا مِنَ الشَّرَابِ: آسودہ ہونا...... الرَّجُلَ: نفرت کرنا...... الشَّیْءَ: کھانا۔

نَالَ (ف) نَالًا ونَیْلًا ونَالَانًا الْفَرَسُ: گھوڑے کا جھومتے ہوئے چلنا۔ صفت نَؤُولٌ۔

الرَّجُلُ: سر اٹھا کر ہلاتے ہوئے چلنا...... فلانًا: حسد کرنا۔

نَامَ (ف ض) نَیِمًا: آہستہ آہستہ رونا۔

نَامَتِ الْقَوْسُ وَالْاَسَدُ وَالظَّبْیُ: کمان، شیر، ہرن کا آواز کرنا۔

النَّامَۃُ، نَامَ: کا اسم مرۃ۔ نغمہ۔ آواز۔ کہا جاتا ہے "اَسْکَتَ اللّٰہُ نَامَتَہٗ" اللہ اس کی آواز کو خاموش کر دے یعنی مار دے۔

نَاَبَ۔ نَبَ نَاَۃً وتنب نب عَنِ الْاَمْرِ: سست ہونا۔ عاجز ہونا۔ قاصر ہونا۔

صفت نَب نَاو نَانَاءٌ و نُؤْنُؤ: یعنی عاجز۔ بزدل۔ نَانَا فلانًا: اچھی غذا دینا۔ ارادہ سے باز رکھنا۔

نَایَ یَنْئِی نَایًا فلانًا ونَایَ عَنْ فُلَانٍ: دور ہونا۔ صفت نَاءٍ مؤنث نَائِیَۃٌ۔

نَایَ وانْتَایَ النُّوْیَ لِلْخِیْمَۃِ: خیمہ کے گرد چوبچہ کھودنا۔

نَاءَیَ مُنَاءَاۃً الرَّجُلَ: دور کرنا...... الشَّرَّ عَنْ فُلَانٍ: مدافعت کرنا۔ ہٹانا۔

اَنْاَی فلانًا عنہٗ: دور کرنا۔

تَنَاءَی تَنَائِیًا وانْتَایَ انْتِئَاءً: دور ہونا۔

النَّأْیُ والنُّؤْیُ والنِّئْیُ والنُّؤَی: چوبچہ خیمہ کے ارد گرد۔ ج آنَاءٌ وانْآءٌ ونُئِیٌّ ونِئِیٌّ۔

النَّائِیْ: دور۔

الْمُنْتَأَی: دور جگہ۔ خیمہ کے ارد گرد چوبچہ۔

النَّایُ: بانسری۔ ج نَایَات (دخیل)

نَبَّ (ض) نَبًّا ونَبِیبًا ونُبَابًا التَّیْسُ خَاصَّۃً: بکرے کا جوش کے وقت بلبلانا۔

نَبَّبَ تَنْبِیبًا النَّبَاتُ: پورے دار ہونا۔

تَنَبَّبَ الْمَاءُ: پانی کا بہہ پڑنا۔

النَّبَّۃُ: اسم مرۃ۔ بدبو۔

الْاُنْبُوبُ: بانس یا نرکل وغیرہ کا پورا۔ ج اَنَابِیبُ: ہر گول جوف دار کیلئے بھی استعارہ کے طور پر بولا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "شَرِبَ مِنْ اُنْبُوبِ الْکُوْزِ" اس نے کوزہ کی ٹونٹی سے پیا۔

اُنْبُوبُ الْمَاءِ: نالی۔ اُنْبُوبُ الْکُوْزِ: کوزہ کی ٹونٹی۔ الْاُنْبُوبُ مِنَ الشَّجَرِ: درختوں کی قطار۔ اَنَابِیبُ الرِّئَۃِ: پھیپھڑے سے سانس لینے کی نالیاں۔

الْاُنْبُ والْاُنْبُوبَۃُ: بانس یا نرکل کا پورا۔

نَبَاَ (ف) نَبْاً ونُبُوْءًا الشَّیْءُ: بلند ہونا۔ دور ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَبَا سَمْعِیْ عَنْ کَذَا" میرے کان نے فلاں بات سے نفرت کی...... عَلَی الْقَوْمِ: ظاہر ہونا۔ برآمد ہونا...... مِنْ اَرْضٍ اِلٰی اَرْضٍ: ایک زمین سے دوسری زمین کی طرف نکلنا (نَبَاَ (ف) نَبْاً) آہستہ آواز نکالنا۔

نَبَّاَ تَنْبِئَۃً وتَنْبِیْئًا وانْبَاَ فلانًا الْخَبَرَ و بِالْخَبَرِ: خبر دینا۔ تم کہتے ہو نَبَّأْتُ زَیْدًا عَمْرًوا خَارِجًا: یعنی میں نے زید کو بتلایا کہ عمرو خارج ہے۔ وانْبَاَ فُلَانًا: دفع کرنا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ نکالنا۔

نَابَاَہٗ مُنَابَاَۃً: ایک دوسرے کو خبر دینا۔ نَابَاَ الْقَوْمُ: دور ہونا۔ پڑوس چھوڑ دینا

[illegible]

اِسْتَنْبَاَ الرَّجُلَ: خبر دریافت کرنا......

النَّبَاَ: خبر کی تفتیش کرنا۔

النَّبَاُ: خبر ج اَنْبَاءٌ۔

النَّبْاَۃُ: آہستہ آواز یا کتے کی آواز۔

النُّبُوْءَۃُ والنُّبُوَّۃُ: اللہ تعالیٰ کے الہام سے غیب کی بات بتانا۔ پیشین گوئی کرنا۔ خدا کی طرف سے پیغامبری۔

النَّبِیْءُ والنَّبِیُّ: اللہ تعالیٰ کے الہام سے غیب کی باتیں بتانے والا۔ آئندہ کی پیشین گوئی کرنے والا۔ خدا کی طرف سے پیغامبر۔ نسبت کے لئے نَبَوِیٌّ ج اَنْبِیَاءُ ونَبِیُّوْنَ واَنْبَاءُ ونُبَاءُ۔ مؤنث نَبِیئَۃٌ ج نَبِیئَاتٌ۔

النَّبِیُّ: واضح راستہ۔ ٹیڑھی بلند جگہ۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والا النَّبِیءُ کی تصغیر نُبَیِّیءٌ اور نَبِیٌّ کی نُبَیٌّ۔

النَّابِی: فا۔ ٹیڑھی جگہ۔ رَجُلٌ نَابِیٌٔ وسَیْلٌ نَابِیٌٔ: ایسی جگہ سے آنے والا کہ معلوم نہ ہو۔

نَبَتَ (ن) نَبْتًا ونَبَاتًا الْمَکَانُ: سبزہ زار ہونا...... الْبَقْلُ: سبزی کا اگنا (...... نُبُوْتًا) ثَدْیُ الْجَارِیَۃِ: پستان کا ابھرنا۔

نَبَتَ (ن) نَبْتَۃً ونَبَاتًا الْاِنْسَانُ: جوان ہونا اور کہا جاتا ہے "نَبَتَ فُلَانٌ فِیْ مَنْبَتِ صِدْقٍ" یعنی فلاں نے سچے لوگوں میں پرورش پائی۔

اَنْبَتَ الْمَکَانُ: سبزی والی ہونا...... الْبَقْلُ: سبزی کا اگنا...... الْغُلَامُ: لڑکے کا جوان ہونا۔ اَنْبَتَ اللّٰہُ الْبَقْلَ: سبزی اگانا۔

صفت مَنْبُوْت: خلاف قیاس۔

نَبَّتَ الشَّجَرَ: پودا لگانا...... الْحَبَّ: دانہ بونا...... الصَّبِیَّ: بچے کی پرورش کرنا۔

تَنَبَّتَ الشَّیْءُ: ظاہر ہونا۔

النَّبْتُ: مص۔ سبزی۔ ج نُبُوْت واحد نَبْتَۃٌ۔

النَّبَاتُ: مص۔ زمین سے جو کچھ اگے (پودا یا بیل یا گھاس) واحد نَبَاتَۃٌ ج نَبَاتَاتٌ وانْبِتَۃٌ۔ علم النَّبَاتِ: وہ علم جس میں نباتات کی حقیقت اور ان کے افعال و خواص سے

النَّبَاتِيّ: ماہر علم نبات۔
النَّابِت: نئی اُگی ہوئی سبزی۔
النَّابِتَة. النَّابِت کا مؤنث۔اولاد۔چوپاؤں کے بچے۔کہا جاتا ہے "إِنَّ بَنِي فُلَانٍ لَنَابِتَةُ شَرٍّ" فلاں کی اولاد شر و فساد کے باعث ہیں۔ج نَوَابِت. النَّوَابِت: ناتجربہ کار نوجوان۔
النُّبُوت: درخت کی ٹہنی اور ڈنڈے پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ج نَبَابِيت.
التَّنْبِيت: مص۔درخت۔پودا۔درخت خرما کی چھانٹی ہوئی شاخیں۔ج تَنَابِيت.
المَنْبِت: اُگنے کی جگہ۔
المِنْبَات: بہت روئیدگی والی زمین۔
اليَنْبُوت: خشخاش کا پودا۔خرنوب کا درخت۔ج يَنَابِيت واحد يَنْبُوتَة.
نَبَثَ (ن) نَبْثًا البِئْرَ: کنواں کھود کر مٹی نکالنا ......التُّرَابَ: کنوئیں وغیرہ سے مٹی نکالنا ......عَنِ السِّرِّ او الْأَمْرِ: بھید کی یا معاملہ کی تفتیش کرنا ...... فُلَانٌ: غضبناک ہونا اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَنْبُثُ عَنْ عُيُوبِ النَّاسِ" فلاں لوگوں کے عیوب کو ظاہر کرتا ہے۔
اِنْتَبَثَ التُّرَابَ: کنوئیں وغیرہ سے مٹی نکالنا ......الشَّيْءَ: لینا۔
تَنَابَثَ الْقَوْمُ: باہم بحث کرنا۔"لَا يَزَالُونَ يَتَنَابَثُونَ عَنِ الْأَسْرَارِ وَيَتَبَاحَثُونَ عَنِ الْأَخْبَارِ" وہ لوگ اسرار و اخبار کے متعلق ہمیشہ بحث کرتے رہے۔
اِسْتَنْبَثَ عَنِ السِّرِّ: تحقیق میں کوشش کرنا۔
النَّبَث: نشان۔ج أَنْبَاث.
النَّبِيث: شریر۔کہا جاتا ہے "هُوَ خَبِيثٌ نَبِيثٌ".
النَّبِيثَة: کنوئیں وغیرہ سے نکالی ہوئی مٹی۔بھید۔ج نَبَائِث کہا جاتا ہے "ظَهَرَتْ نَبَائِثُهُمْ وَلَمْ تَخْفَ خَبَائِثُهُمْ" ان کے بھید ظاہر ہوگئے اور ان کی خباثتیں پوشیدہ نہیں رہیں۔نَبِيثَةُ السَّبُعِ: ضرورت کے لئے چھپایا ہوا گوشت۔
الأُنْبُوثَة: کوڑی چھپول۔بچوں کا ایک کھیل کہ مٹی کے نیچے کسی چیز کو چھپا دیتے ہیں جو نکال لیتا ہے وہ جیت جاتا ہے۔
نَبَجَ (ض) نَبِيجًا: سخت آواز و درشت کلام ہونا۔صفت نَبَّاج.
نَبَجَت (ن) نَبْجًا الْقَبْجَةُ: چکور کا باہر نکلنا۔
أَنْبَجَ: کلام میں گڈمڈ کرنا۔بلند ٹیلوں پر بیٹھنا۔
اِنْتَبَجَ وتَنَبَّجَ الْعَظْمُ: سوجنا۔
النَّبَجَة: ٹیلہ ج نِبَاج.
النَّبَّاج: جھوٹا۔كَلْبٌ نَبَّاجٌ ونُبَاجِيٌّ: بھونکنے والا کتا۔
النُّبَاج: ناکارہ آدمی۔گوز۔نُبَاجُ الْكَلْبِ: کتے کی آواز۔
النَّبَّاجَة. نَبَّاج کا مؤنث۔چوتڑ۔دبر۔
النَّابِجَة: مصیبت۔
النِّبَاج: بلند ٹیلے۔
النَّبَجَان: دھمکی۔وعید۔ج نِبَاج.
المِنْبَج: جھوٹے وعدے کرنے والا۔
النُّبُج: کالے تھیلے۔
الأَنْبَج: آم۔
النَّبِيج: کتے کی آواز۔
نَبَحَ (ف ض) نَبْحًا ونُبُوحًا ونَبِيحًا ونُبَاحًا ونِبَاحًا وتَنْبَاحًا الْكَلْبُ: کتے کا بھونکنا۔صفت نَابِح ج نَوَابِح ونُبَّح ونُبُوح کہا جاتا ہے "نَبَحَهُ الْكَلْبُ ونَبَحَ عَلَيْهِ" اس پر کتا بھونکا۔نباح کتے کی آواز کے لئے ہے مگر مجازاً ہرن اور بکرے وغیرہ کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے۔ونَبَحَ الشَّاعِرُ کہا جاتا ہے "نَبَحَتْنِي كِلَابُكَ" تمہاری گالیاں مجھے پہنچیں۔
نَبَحَ (ف) نُبَاحًا الْهُدْهُدُ: زیادہ عمر ہونے کی وجہ سے موٹی آواز والا ہونا۔
نَابَحَهُ مُنَابَحَةً الْكَلْبُ: کتے کا کسی پر بھونکنا۔
أَنْبَحَهُ واسْتَنْبَحَهُ: بھونکانا۔کہا جاتا ہے "اِسْتَنْبَحَ الْأَضْيَافُ كَلْبَهُمْ" مہمانوں نے ان کے کتوں کو بھونکایا۔عادت تھی کہ جب مسافر رات کو راستے میں بھٹک جایا کرتا تھا تو کتے کی طرح آواز نکالتا تا کہ آبادی کے کتے بھونکنے لگیں اور ان کی آواز سے اس کو راستہ کا پتہ لگ جائے اور اسی وجہ سے رات کے آنے والے کو مُسْتَنْبِح کہتے تھے۔
النُّبُوح: مص۔قوم کا شور اور ان کے کتوں کی آوازیں اور یہ نَبْح کی جمع ہے۔
النَّبَّاح: تیز بھونکنے والا۔چھوٹی سفید سیپی جس کو ہار میں ڈالا کرتے تھے۔واحد نَبَّاحَة.
كَلْبٌ نَبَّاحِيٌّ: بلند آواز سے بھونکنے والا کتا۔ظَبْيَةٌ نَبْحَاء: ممیانے والی ہرنی۔
المَنْبُوح: جس کو گالی دی جائے۔
نَبَخَ (ن ض) نُبُوخًا الْعَجِينُ: خمیر اٹھنا۔
أَنْبَخَ الْعَجِينَ: خمیر اٹھانا ......الرَّجُلُ: نرم زمین میں کھیتی کرنا۔
النَّبْخ والنَّبَخ: آبلہ۔چھالا۔
النَّبْخَة والنَّبَخَة. بردئ: ایک قسم کی گھاس جس سے کشتی کی درز کو بند کرتے تھے۔گندھک۔
النَّبْخَة والنُّبْخَة: تکہ۔
النَّابِخَة: دور کی زمین۔تکبر سے بولنے والا۔ج نَوَابِخ.
الأَنْبَخ: مرد سخت اندام۔مٹیالے رنگ والا۔بہت مٹی۔
الْأَرْضُ النَّبْخَاء: بلند زمین۔نرم زمین۔ج نَبَاخِي.
النَّبَاخ والأَنْبَخَانِ مِنَ الْعَجِينِ: اٹھا ہوا خمیر۔
نَبَذَ (ض) نَبْذًا الشَّيْءَ: پھینک دینا......الْأَمْرَ: بے کار کر دینا......الْعَهْدَ: توڑنا۔کہا جاتا ہے "نَبَذَ إِلَى الْعَدُوِّ" اس نے عہد کو دشمن کی طرف ڈال دیا۔
نَبَذَ ونَبَّذَ النَّبِيذَ: نبیذ بنانا......الْعِنَبَ او التَّمْرَ: نبیذ بنانا۔ونَبَّذَ الشَّيْءَ: ڈال دینا۔

پھینک دینا۔

نَبَذَ (ض) نَبَذًا ونَبَذَانًا عِرْقُهُ: رگ کا حرکت کرنا۔ (نبض میں ایک لغت ہے)

نَابَذَهُ مُنَابَذَةً ونِبَاذًا: دشمنی کی وجہ سے جدا ہونا...... هُ الْحَرْبَ: اعلانِ جنگ کرنا۔

هُ فِي الْبَيْعِ: بیع منابذہ کرنا اور اس کی صورت یہ ہوتی تھی کہ مشتری سامان پر کنکری پھینکتا تھا اور یہ کہتا تھا کہ جس پر لگ جائے وہ اتنے میں میری ہے اس کو بیع منابذہ بیع القاء الحجر اور بیع الحصاۃ کہتے تھے۔

تَنَابَذُوا: باہم اختلاف کرنا۔ دشمنی سے علیحدہ ہونا۔

اِنْتَبَذَ النَّبِيذَ: نبیذ بنانا...... الْعِنَبَ او التَّمْرَ: نبیذ بنانا...... عَنِ الْقَوْمِ: قوم سے جدا ہونا...... فُلَانٌ: گوشہ نشین ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَبَذَ اِلٰى نَاحِيَةٍ وانْتَبَذَ مَكَانًا" اس نے گوشہ بعید میں اپنے لئے جگہ بنالی۔

النَّبْذُ: مص۔ تھوڑی سی چیز۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ مَالُهُ وبَقِيَ نَبْذٌ مِنْهُ" اس کا مال برباد ہوگیا اور تھوڑا سا باقی رہ گیا۔ ج اَنْبَاذٌ. اَنْبَاذُ النَّاسِ: اوباش لوگ۔

النَّبْذَةُ والنُّبْذَةُ: گوشہ۔ کہا جاتا ہے "جَلَسَ نُبْذَةً" وہ ایک گوشہ میں بیٹھ گیا اور کبھی چیز کے ٹکڑے کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے۔ ج نُبَذٌ.

النَّبِيذُ: پھینکا ہوا۔ مؤنث نَبِيذَةٌ: انگور یا کھجور کی نچوڑی ہوئی شراب۔ شراب۔ ج اَنْبِذَةٌ.

النَّبَّاذُ: نبیذ بیچنے والا۔

الْمَنْبُوذُ: مقع۔ حرامی بچہ۔ بچہ جس کو اس کی ماں نے راستہ میں پھینک دیا ہو۔ آج کل کی زبان میں اچھوت کے لئے مستعمل ہے۔

الْمِنْبَذَةُ: تکیہ۔ ج مَنَابِذُ.

نَبَرَ (ض) نَبْرًا. الْغُلَامُ: بڑھنا...... الْمُغَنِّي: گویے کا آواز کو پست کے بعد بلند کرنا...... الرَّجُلَ: ڈانٹنا...... هُ بِلِسَانِهِ: غیبت کرنا...... الْحَرْفَ: ہمزہ لگانا...... الشَّيْءَ: بلند کرنا۔

الرُّمْحَ عَنْهُ: جلدی سے اٹھانا۔

اَنْبَرَ الْاَنْبَارَ: کھلیا بنانا۔

اِنْتَبَرَ الْجُرْحُ: زخم کا سوجنا...... الْخَطِيبُ: خطیب کا منبر پر چڑھنا...... الْجَسَدُ: جسم کا سوجنا اِنْتَبَرَتْ يَدُهُ: ہاتھ میں آبلہ ہونا۔

النَّبْرُ: مص۔ بے شرم اور کہا جاتا ہے "طَعَنَ طَعْنًا نَبْرًا" اس نے جلدی سے نیزہ مارا۔

النِّبْرُ: ایک قسم کی مکھی یا چیچڑی۔ بہت زیادہ پست قد۔ ج نِبَارٌ واَنْبَارٌ.

النِّبْرُ والاَنْبَارُ: کھلیا۔ غلہ و سامان رکھنے کی کوٹھری۔ ج اَنَابِرُ واَنَابِيرُ واَنْبَارَاتٌ.

النَّبْرَةُ. نَبَرَ: کا اسم مرۃ۔ اوپر کے ہونٹ کا درمیان گڑھا۔ جس کا ورم۔ پست آواز کے بعد بلند آواز۔ گھبراہٹ کی چیخ۔ چیز کا بلند حصہ۔

النُّبْرَةُ: بڑا لقمہ۔ ج نُبَرٌ.

النَّبِيرُ: پنیر۔ تم کہتے ہو "اَكَلْنَا النَّبِيرَ" ہم نے پنیر کھایا۔

النُّبَيْرُ: مردوانا۔

النَّبُورُ: چوتڑ۔ دبر۔

النَّبَّارُ: چلانے والا۔ فصیح۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَبَّارٌ بِالْكَلَامِ" یعنی مرد فصیح۔

الْمِنْبَرُ: بلند جگہ۔ جہاں سے واعظ یا خطیب لوگوں کو خطاب کرتا ہے۔ بلند ہونے کی وجہ سے منبر کہا جاتا ہے اور آلہ کی تشبیہ کی بنا پر میم کو کسرہ دیا جاتا ہے۔ ج مَنَابِرُ.

قَصَائِدُ مُنَبَّرَةٌ ومَنْبُورَةٌ: ایسے قصائد جن کا قافیہ ہمزہ ہو۔

اَلنَّبْرِيجُ: حقہ کی نالی (فارسی لفظ)

النِّبْرَاسُ: چراغ۔ النِّبْرَاسُ: نیزے کا بھالا۔ بہادر دلیر۔ شیر۔ ج نَبَارِيسُ.

النَّبَارِيسُ: قریب قریب کنوئیں۔

النِّبْرِيسُ: ہوشیار ماہر۔

اَلنَّبْرِشْتُ: آدھ بھونا ہوا۔ (فارسی لفظ)

[illegible]

بِكَذَا: برا لقب دینا۔

تَنَابَزُوا بِالْاَلْقَابِ: ایک دوسرے کو شرم دلانا۔ ایک دوسرے کو برا لقب دینا۔

النَّبَزُ: برا لقب۔ ج اَنْبَازٌ.

النِّبْزُ: حسب اور عادات میں کمینہ۔

النُّبَزَةُ: لوگوں کو اکثر برا لقب دینے والا۔

نَبَسَ (ض) نَبْسًا ونُبْسَةً ونَبَّسَ بِالْمَجْلِسِ: بولنا۔ اکثر اس کا استعمال نفی کے ساتھ ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا نَبَسَ بِكَلِمَةٍ"...... السِّرَّ: بھید چھپانا۔ نَبَسَ الرَّجُلُ: حرکت کرنا۔ جلدی کرنا۔

اَنْبَسَ: جلدی کرنا۔ ذلت سے خاموش رہنا۔

النُّبُسُ: بولنے والے۔ اپنی ضروریات میں جلدی کرنے والے۔

رَجُلٌ اَنْبَسُ الْوَجْهِ: ترش رو مرد۔ مؤنث نَبْسَاءُ ج نُبْسٌ.

نَبَشَ (ن) نَبْشًا. الشَّيْءَ الْمَسْتُورَ: ظاہر کرنا...... الْكَنْزَ مِنَ الْاَرْضِ: کھود کر نکالنا اور اسی سے ہے "نَبْشُ الْقَبْرِ"...... الْحَدِيثَ: نکالنا...... السِّرَّ: پھیلانا...... عَنِ الْاَسْرَارِ: بھیدوں کو نکال لینا۔ نَبَشَ لِعِيَالِهِ: کمائی کرنا۔

اِنْتَبَشَ الشَّيْءَ مِنَ الْاَرْضِ: کھود کر نکالنا۔

النُّبْشُ: ایک درخت ہے جس کے پتے صنوبر کے پتوں کے مشابہ ہوتے ہیں اور اس کی لکڑی سرخ رنگ کی بہت سخت ہوتی ہے۔

النَّبِيشَةُ: زمین یا کنواں کھدا ہوا۔

النَّبَّاشُ: اسم مبالغہ۔ کفن چور۔

النِّبَاشَةُ: کفن چور کا پیشہ۔

الاُنْبُوشُ: جو کھودا جائے۔ الاُنْبُوشُ والاُنْبُوشَةُ: جڑ سے اکھیڑا ہوا درخت۔ ج اَنَابِيشُ اَنَابِيشُ الْعُنْصُلِ ونَحْوِهِ: جنگلی پیاز کی جڑیں۔

نَبَصَ (ض) نَبْصًا فِي الْمَجْلِسِ: بولنا۔ اکثر اس کا استعمال نفی کے ساتھ ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا نَبَصَ بِكَلِمَةٍ" نبس میں ایک

لغت ہےاور نَبَس افصح ہے۔ نَبَصَ الشَّعْرَ: بال اُکھیڑنا۔
نَبَصَ (ض) نَبِيْصًا الطَّائِرُ: پرندہ کا آہستہ چہچہانا۔
النَّبْص: مص۔ سبزی کی کونپل۔
النَّبْصَة: نَبْص کا اسم مرۃ۔ کلمۃ۔ کہا جاتا ہے "مَا سَمِعْتُ لَهُ نَبْصَةً" میں نے اس سے ایک کلمہ نہیں سنا۔
نَبَضَ (ض) نَبْضًا ونَبَضَانًا الْعِرْقُ: رگ کا حرکت کرنا۔ نَبَضَتِ الْاَمْعَاءُ: مضطرب ہونا۔ نَبَضَ الْبَرْقُ: بجلی کا آہستہ چمکنا (.....نَبْضًا) الشَّعْرَ: بال اکھیڑنا۔
نَبَضَ (ن) نُبُوْضًا۔ الْمَاءُ: پانی بہنا یا گہرائی میں جانا۔
نَبَّضَ فِي الْقَوْسِ واَنْبَضَ الْقَوْسَ وعَنِ الْقَوْسِ و فِي الْقَوْسِ: آواز نکلنے کے لئے تانت کھینچنا۔ اَنْبَضَ الْوَتَرَ وبِالْوَتَرِ: آواز نکلنے کے لئے کھینچنا۔
النَّبْض: دل اور شریان کی حرکت جس سے صحت اور مرض کا حال معلوم ہوتا ہے۔ ج اَنْبَاض والنَّبْضَة: ایک ضرب نبض کی۔
فُؤَادٌ نَبْضٌ ونَبِضٌ ونَبَضٌ: تیز دل۔
النَّابِض: قُا۔ تیر انداز۔ پٹھا۔ کہا جاتا ہے "نَبَضَ نَابِضُهُ" اس کا غصہ بھڑکا۔
المَنْبِض: نبض دیکھنے کی جگہ۔ ج مَنَابِض۔
المِنْبَض: دھننے کی کمان۔ ج مَنَابِض۔
نَبَطَ (ض ن) نَبْطًا ونُبُوْطًا الْمَاءُ: زمین یا چشمہ سے اُبلنا۔ نَبَطَ (ض ن) نَبْطًا ونَبَّطَ واَنْبَطَ تَنَبَّطَ واِسْتَنْبَطَ۔ الْبِئْرُ: کنوئیں سے پانی نکالنا۔ نَبَطَ واَنْبَطَ واِسْتَنْبَطَ الشَّيْءَ: پوشیدگی کے بعد ظاہر کرنا۔ اَنْبَطَ الْحُكْمَ: اجتہاد سے نکالنا۔ اَنْبَطَ فِيهِ: اثر کرنا۔ اِسْتَنْبَطَهُ: ایجاد کرنا۔ واِسْتَنْبَطَ مِنْ فُلَانٍ خَيْرًا: نکالنا۔ اِسْتَنْبَطَ الْفَقِيْهُ: معنی کو نکالنا اور کہا جاتا ہے "اِسْتَنْبَطَ واَنْبَطَ رَأيًا حَسَنًا او مَعْنًى صَائِبًا" اچھی رائے یا درست معنی ظاہر کرنا۔ واِسْتَنْبَ

الْعَوْبُ: نبطی ہونا۔
تَنَبَّطَ: نبطیوں کے مشابہ ہونا یا نبطیوں کی طرف منسوب ہونا۔
اِنْتَبَطَ الْكَلَامَ: اجتہاد سے نکالنا۔
النَّبَطُ: کنوئیں کا پہلا پانی۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ قَرِيْبُ الثَّرَى بَعِيْدُ النَّبَطِ" جبکہ وعدہ کرے اور وفا نہ کرے۔ ج اَنْبَاط ونُبُوْط: مرد کی اندرونی حالت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يُدْرَكُ نَبَطُهُ" فلاں کی اندرونی حالت اور اس کے علم کی گہرائی نہیں معلوم کی جا سکتی۔ گھوڑے کی بغل اور پیٹ کی سپیدی۔
النَّبَط: ایک عجمی قوم جو عراقین کے درمیان آباد رہتی تھی۔ پھر اس لفظ کا استعمال عوام الناس کے لئے ہونے لگا اور اسی سے ہے جو کہا جاتا ہے كَلِمَةٌ نَبَطِيَّةٌ یعنی عام کلمہ۔ واحد نَبَطِيٌّ ونَبَاطِيٌّ ونَبَاطٍ۔ ج اَنْبَاط ونَبِيْط
النُّبْطَة: کنوئیں کا پہلا پانی۔ گھوڑے کی بغل اور پیٹ کی سپیدی۔
الاَنْبَطُ مِنَ الْخَيْلِ: بغل اور پیٹ کی سپیدی والا گھوڑا۔ مؤنث نَبْطَاء ج نُبْط۔
نَبَعَ (ن) ونَبِعَ (س) ونَبُعَ (ک) نَبْعًا ونُبُوْعًا ونَبَعَانًا الْمَاءُ: چشمہ سے نکلنا۔
تَنَبَّعَ الْمَاءُ: تھوڑا تھوڑا نکلنا۔
النَّبْع: مص۔ ایک درخت جس سے تیر و کمان بنائے جاتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "قَرَعُوْا النَّبْعَ بِالنَّبْعِ" وہ لوگ باہم ملے اور آپس میں نیزہ بازی کی "وَمَا رَأيْتُ اَصْلَبَ مِنْهُ نَبْعًا" میں نے اس سے زیادہ کسی کو سخت نہیں دیکھا..... عِنْدَ الْمُوَلِّدِيْن: پانی کا چشمہ اور عرب کے امثال سے ہے "لَوْ اقْتَدَحَ بِالنَّبْعِ لَاَوْرَى نَارًا" اگر درخت نبع کی لکڑی سے آگ نکالے تو بھڑکا دے یہ مثال جودت رائے کے لئے بیان کی جاتی ہے۔ اس لئے کہ درخت نبع کی لکڑی آگ

النَّبْعَة۔ النَّبْع: کا واحد۔ کمان پر بھی اطلاق ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ نَبْعَةٍ كَرِيْمَةٍ" وہ شریف خاندان میں سے ہے۔
النَّابِعَة۔ النابع: کا مؤنث۔ ج نَوَابِع۔
نَوَابِعُ الْبَعِيْرِ: اونٹ کے پسینہ والے اعضاء۔
النَّبِيْع: پسینہ۔
النَّبَّاغَة: ڈبر۔ بچے کی چندیا جب تک کہ نرم ہو اور جب سخت ہو جائے تو اس کو یافوخ کہتے ہیں۔
النَّبْعِيَّة: درخت نبع کی بنی ہوئی کمان۔
المَنْبَع: چشمہ۔ ج مَنَابِع۔
اليَنْبُوْع: چشمہ۔ بہت پانی والا نالہ۔ ج يَنَابِيْع کہا جاتا ہے "فَجَّرَ اللّٰهُ يَنَابِيْعَ الْحِكْمَةِ عَلٰى لِسَانِهِ" اللہ تعالیٰ نے حکمت و دانائی کے چشمے اس کی زبان پر جاری کر دیئے۔
نَبَغَ (ف ن ض) نَبْغًا ونُبُوْغًا الشَّيْءُ: نکلنا اور ظاہر ہونا..... الْمَاءُ: پانی کا چشمہ سے نکلنا ..... الْوِعَاءُ بِالدَّقِيْقِ: چھننا ..... الشَّرُّ: پھیلنا، ظاہر ہونا ..... رَأسُهُ: سر میں بھوسی ہونا ..... الرَّجُلُ: عمدہ اشعار کہنا ..... فِي الْعِلْمِ وَغَيْرِهِ: فائق ہونا ..... فِي الدُّنْيَا: آسودہ زندگی والا ہونا اور کہا جاتا ہے "نَبَغَ فِيْهِمُ النِّفَاقُ" ان کے اندر نفاق ظاہر ہو گیا بعد اس کے کہ وہ چھپاتے تھے۔
اَنْبَغَ الْبَلَدَ: شہر میں بہت آنا جانا .....
النَّاخِلُ: آٹا چھاننا۔
النَّبْغ والنُّبَاغ: چکی کا غبار۔
نَبْغَةُ الْقَوْمِ: قوم کے بہترین لوگ۔
النَّابِغَة ج نَوَابِغ: فصیح۔ مرد عظیم الشان
النَّوَابِغ: آٹھ فصیح و بلیغ شاعروں کا لقب اور نسبت کے لئے النَّابِغِيّ۔ النَّوَابِغ: مادہ لومڑیاں۔
النَّابِغَة: کلمہ فصیحہ۔
النَّبِيْغ: مرد عظیم الشان۔ ج نُبَغَاء۔
النُّبَاغ والنُّبَّاغ والنُّبَاغَة والنُّبَّاغَة: آٹا۔ ہر

کی بھوسی۔ مَسْخَبَةٌ نَبْطَةٌ: گرد وغبار والا راستہ۔

نَبَقَ (ن) نَبْقًا الشَّیْءُ: نکلنا اور ظاہر ہونا۔ الرَّجُلُ: لکھنا۔

نَبَّقَ الشَّیْءُ: نکلنا اور ظاہر ہونا...... الرَّجُلُ: لکھنا...... الْکِتَابَ: ترتیب سے لکھنا ...... الشَّجَرَ: ترتیب سے پودے لگانا...... النَّخْلُ: خراب ہونا اور کھجوروں کا بیری کے مانند چھوٹا ہونا۔

نَبَقَ ونَبَّقَ وانْبَقَ: وادی میں ایک قطار میں پودا لگانا۔

اِنْتَبَقَ الْکَلَامَ: نکلوانا۔

النَّبَق: مص۔ میٹھا آٹا جو درخت خرما کے تنہ سے بنایا جاتا ہے۔

النَّبْق والنِّبَق والنَّبِق والنَّبَق: بیری واحد۔ نَبِقَةٌ.

النَّبِیْقَة: انگور کے خوشے نکلنے کی جگہ میں گرہ جبکہ بڑی ہو جائے۔ ج نَبَائِق.

نَبَکَ (ن) نُبُوْکًا وانْتَبَکَ الْمَکَانُ: بلند ہونا۔

النَّابِک: بلند جگہ۔ کہا جاتا ہے "مَکَانٌ نَابِکٌ وَاَرْضٌ نَابِکَةٌ" ج نَوَابِک.

النَّبْکَة والنَّبَکَة: نوک دار ٹیلہ یا چھوٹا ٹیلہ۔ ج نَبَک ونَبْک ونِبَاک ونُبُوْک.

النَّبْکَة: درخت کی جڑ۔

نَبَلَ (ن) نَبْلاً الرَّجُلَ: تیر مارنا یا تیر دینا

نَبَلَ بِالسَّهْمِ: تیر مارنا...... هُ بِالطَّعَامِ: تھوڑا تھوڑا دے کر مشغول رکھنا...... الرَّجُلُ: تیز چلنا...... الْاِبِلَ: اونٹ کو تیز ہانکنا ...... هُ: نجابت وشرافت میں غالب ہونا...... بِهٖ: نرمی برتنا...... عَلَی الْقَوْمِ: تیراندازی کے لئے چن چن کے دینا۔

نَبُلَ (ک) نَبَالَةً: نجیب وشریف ہونا۔ صفت نَبْل ونَبِیْل: مؤنث نَبْلَة ونَبِیْلَةٌ ج نِبَال ونَبَائِل ونَبَلَات ونَبِیْلَات. نَبُلَ عَنْ کَذَا: بڑا ہونا۔

نَبَّلَ الرَّجُلَ: تیر دینا۔ استنجے کے ڈھیلے دینا۔

اَنْبَلَه: تیر دینا۔ اَنْبَلَ الْقِدَاحَ: موٹے بدنما تیر بنانا...... النَّخْلُ: درخت خرما میں پکی کھجوریں ہونا۔

نَابَلَهٗ مُنَابَلَةً: نجابت وشرافت میں مقابلہ کرنا۔

تَنَبَّلَ: ذکی ہونا۔ نجیب وشریف ہونا۔ اذکیاء وشرفاء کے مشابہ بننا۔ مرنا...... الْمَالَ: عمدہ عمدہ چھانٹ لینا۔ تَنَبَّلَتِ الْخُطُوْبُ: حوادث کا بڑا ہونا۔

تَنَابَلَ الْقَوْمُ: شرافت یا تیر سازی میں مقابلہ کرنا۔

اِنْتَبَلَ: مرنا اور بدبودار ہونا...... فُلَانًا: قتل کرنا...... الْخَطْبُ: حادثہ کا بڑا ہونا...... لِلْاَمْرِ: خبردار اور مستعد ہونا...... الشَّیْءَ: یکبارگی اور جلدی اُٹھانا۔

اِسْتَنْبَلَ الْمَالَ: عمدہ لینا...... الرَّجُلَ: تیر طلب کرنا۔

النَّبْل: مص۔ تیر۔ واحد نَبْلَة ج نِبَال وانْبَال ونُبْلَان. نَبْلُ الدَّهْرِ: حوادثِ زمانہ۔

النُّبْل: ذکاوت۔ نجابت۔ شرافت۔ فضیلت۔ کمال جسم۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ لِلْاَمْرِ نُبْلَةً" اس نے کام کے پورا کرنے کا سامان لے لیا۔

النَّبَل والنُّبَل: بڑے بڑے یا چھوٹے چھوٹے پتھر۔ واحد نَبْلَة ونُبْلَة.

رَجُلٌ نَبْلٌ: مرد شریف۔ مؤنث نَبْلَةٌ.

النُّبْلَة: عطیہ۔ ثواب اور بدلہ۔ چھوٹا لقمہ ونُبْلَةُ کُلِّ شَیْءٍ: عمدہ چیز۔ ج نُبُلَات.

النَّبَالَة: مص۔ ذکاوت۔ نجابت وشرافت و فضیلت۔

النِّبَالَة: تیر سازی کا پیشہ۔

النُّبَالَة: کسی چیز کے پورا کرنے کا سامان۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ لِلْاَمْرِ نُبَالَتَهٗ" اس نے کام کے پورا کرنے کا سامان لے لیا۔

النَّبْل والنَّبِیْل: شرافت والا۔ فضیلت والا۔

[illegible] جسم والا [illegible]

نَبِیْلُ الرَّاْیِ" وہ عمدہ رائے والا ہے۔ ج نِبَال.

النَّبِیْلَة. نَبِیْل: کا مؤنث۔ مردار ج نَبَائِل.

النَّابِل ج نُبَّل ونَبَل والنَّبَّال. ج نَبَّالَة: تیر والا۔ تیرانداز۔ تیر ساز۔ تیراندازی میں ماہر کہتے ہیں "اِخْتَلَطَ الْحَابِلُ بِالنَّابِلِ" مثال ہے اس وقت بولتے ہیں جبکہ کوئی معاملہ گڑبڑ ہو جائے۔ کہا گیا ہے کہ حابل سے تانا اور نابل سے بانا مراد ہے۔

الاَنْبَل: اسم تفضیل۔ تیراندازی کا زیادہ جاننے والا۔

التِّنْبَال والتِّنْبَالَة: دیکھئے۔ تنبل.

نَبِهَ (س) نَبَهًا لِلْاَمْرِ: سمجھ جانا۔

نَبِهَ (س) نُبْهًا مِنْ نَوْمِهٖ: نیند سے بیدار ہونا۔

نَبَهَ (ن) ونَبِهَ (س) ونَبُهَ (ک) نَبَاهَةً: شریف ہونا۔ مشہور ہونا۔ صفت نَابِهٌ ونَبَهٌ ونَبِهٌ ونَبِیْهٌ.

نَبَّهَهٗ مِنْ نَوْمِهٖ: نیند سے بیدار کرنا...... هُ عَلٰی او اِلَی الْاَمْرِ: واقف کرنا۔ جتلانا۔ نَبَّهَ بِاِسْمِهٖ: مشہور کرنا۔ گمنامی سے نکالنا۔

اَنْبَهَ الْحَاجَةَ: بھولنا...... هُ مِنَ النَّوْمِ: بیدار کرنا۔

تَنَبَّهَ مِنْ نَوْمِهٖ: نیند سے بیدار ہونا...... عَلٰی او لِلْاَمْرِ: واقف ہونا۔ سمجھ جانا۔

اِسْتَنْبَهَ مِنْ نَوْمِهٖ: نیند سے بیدار ہونا۔

النُّبْه: سمجھ۔

النَّبَه: مص۔ کھوئی ہوئی چیز جو بغیر تلاش وجستجو کے مل جائے۔ کہا جاتا ہے "وَجَدْتُ الضَّالَّةَ نَبَهًا" میں نے گم شدہ چیز کو بغیر تلاش کے پا لیا۔ مشہور۔ شے موجود۔

النَّبَاهَة: شرافت۔ سمجھ۔ شہرت۔

النَّابِه والنَّبَه والنَّبِه والنَّبِیْه: شریف۔ سمجھ دار۔ شہرت والا۔ ج نُبَهَاء اَمْرٌ نَابِهٌ: بڑا کام۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَبَهٌ" مرد شریف و"قَوْمٌ نَبَهٌ" یعنی شرفاء (مفرد اور جمع کے لئے اس لئے کہ مصدر ہے)

النَّباہ: اوپر کو نکلا ہوا بلند۔

المَنْبَھَۃ: سبب بیداری۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا مَنْبَھَۃ عَلٰی کَذَا" یہ فلاں چیز کو بتلانے والا ہے۔

رَجُلٌ مَنْبُوْہُ الِاسْمِ: مشہور و معروف۔

نَبَا یَنْبُوْ نَبْوَۃً ونُبُوًّا ونُبِیًّا بَصَرُہٗ: نگاہ کا دھندلا ہونا۔ صفت نَابٍ...... الشَّیْئُ: دور ہونا اور پیچھے ہونا (...... نَبْوًا ونَبْوَۃً) السَّیْفُ عَنِ الضَّرِیْبَۃِ: تلوار کا اچٹ جانا...... جَنْبُہٗ عَنِ الْفِرَاشِ: بے چین رہنا...... السَّھْمُ عَنِ الْھَدَفِ: تیر کا نشانہ سے خطا کرنا...... الطَّبْعُ عَنِ الشَّیْئِ: نفرت کرنا...... عَنِ الشَّیْئِ: زائل ہونا...... بِیْ فُلَانٌ: ظلم کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَبَتْ بِیْ تِلْکَ الْاَرْضُ" یہ زمین مجھے موافق نہیں آئی...... الْمَکَانُ بِفُلَانٍ: ناموافق ہونا...... عَلَیْہِ الْاَمْرُ او الصَّاحِبُ: گراں ہونا۔ صاف نہ ہونا۔

نَبَتْ صُوْرَۃُ فُلَانٍ: بدصورت ہونا۔ یہاں تک کہ آنکھ دیکھنے سے انکار کرے۔

اَنْبَی السَّیْفَ: تلوار کو کند کرنا۔

النَّبْوَۃ: مص۔ نَبْوَۃُ الزَّمَانِ: زمانہ کی سختی (...... والنَّبَاوَۃ) بلند زمین۔

النَّبِیُّ والنُّبُوَّۃ: پیغامبر و پیغامبری۔ (دیکھئے مادہ نبأ) والنَّبِیُّ مِنَ الْاَرْضِ: بلند زمین۔

النَّبَاءَۃ: شرافت ریاست کی طلب۔ پیش قدمی۔

النَّبْوُ: بلندی وارتفاع۔

النَّابِی: چوکنے والی تلوار یا تیر۔ موٹا۔ لڑائی میں پشت پھیرنے والا۔

النَّابِیَہ۔ النَّابِی: کاموش۔ کمان۔

نَتَّ (ض) نَتِیْتًا الْقِدْرُ: ہانڈی کا ابلنا۔

نَتَّ (ن) نَتًّا ونَتِیْتًا مِنْخَرُہٗ: غصے سے نتھنے پھلانا۔

نَتَّتَ الْخَبَرَ: بیان کرنا۔

تَنَتَّتَ الرَّجُلُ: صفائی کے بعد گندہ ہونا۔

النُّتَّۃ: چھوٹا سا گڑھا جس میں پانی جمع ہو

نَتَأَ (ف) نَتْأً ونُتُوْءًا الشَّیْئُ: بغیر جدائی کے اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔ بلند ہونا۔ پھولنا...... الْقَرْحَۃُ: زخم کا سوجنا...... الثَّدْیُ: پستان ابھرنا...... الْجَارِیَۃُ: بالغ ہونا...... عَلَی الْقَوْمِ: ظاہر ہونا۔

اِنْتَتَأَ الشَّیْئُ: بلند ہونا۔

النَّاتِیئ: فا۔ ہر بلند چیز جیسے مکان وغیرہ۔ اور اس میں تخفیف ہمزہ بھی جائز ہے تم کہو گے نَاتِی جیسے قَارِیئ وقَارِی۔

النُّتُوْء: مص (...... والنُّتَاۃ) ٹیلہ۔

نَتَبَ (ن) نُتُوْبًا الشَّیْئُ: بمعنی نَتَأَ۔

نَتَجَ (ض) نَتْجًا الْمَاخِضَ مِنَ الْبَھَائِمِ: بچہ جننے میں خبرگیری کرنا۔ صفت نَاتِجٌ۔ بھیمۃ: کو مَنْتُوْجَۃ اور بچے کو نَتِیْجَۃ کہتے ہیں اور کہا جاتا ہے "نَتَجَھَا وَلَدًا" اس نے بچہ جنوایا۔ ونَتَجَ الرَّجُلُ الْحَامِلَ: حاملہ عورت نے مرد کے پاس بچہ دیا۔ نَتَجَ الشَّیْئُ مِنَ الشَّیْئِ: نتیجہ نکلنا۔

نُتِجَتْ ونَتَجَتْ نِتَاجًا واُنْتِجَتِ الْبَھِیْمَۃُ وَلَدًا: جننا۔ ونُتِجَ الْوَلَدُ: جنا جانا اور کہا جاتا ہے "نَتَجَتِ الرِّیْحُ السَّحَابَ" بارش برسانا۔ نَتَجَ الْقَوْمُ: بچہ والی مویشی کا مالک ہونا۔

نَتَّجَ: بمعنی نَتَجَ تشدید تکثیر کے لئے ہے۔

اَنْتَجَ الْقَوْمُ: حاملہ اونٹنی اور بکریوں کا مالک ہونا۔ جننے والی اونٹنی اور بکریوں کا مالک ہونا۔ اَنْتَجَتِ الْبَھِیْمَۃُ: جننے کے قریب ہونا۔ صفت نَتُوْج اور مُنْتِجٌ نہیں کہا جاتا۔ اَنْتَجَ الشَّیْئُ مِنَ الشَّیْئِ: نتیجہ نکالنا۔ اَنْتَجَتِ الرِّیْحُ السَّحَابَ: بارش برسانا۔

تَنَتَّجَتِ الْبَھِیْمَۃُ: ولادت کے وقت پیچ و تاب کھانا۔ اِنْتَتَجَتْ وتَنَاتَجَتِ الْاِبِلُ: بچہ جننا۔ اِنْتَتَجَتِ النَّاقَۃُ: غیر معروف جگہ میں بچہ دینا۔ اِسْتَنْتَجَ: بچہ جنوانا۔ نتیجہ نکالنا۔

النِّتَاجُ: جانوروں کے بچہ جننے کی حالت اور کہا جاتا ہے "بِالنَّاقَۃِ نِتَاجٌ" یعنی اونٹنی کو حمل

عَبْرَةٌ نَشُجٌ: آنسو کہ جس کے ساتھ آواز بھی ہو۔

نَشَحَ (ف) نَشْحًا ونُشُوْحًا الرَّجُلُ: سیرابی سے کم پینا۔ سیر ہو کر پینا۔ [illegible]

النُّشُحُ: سست لوگ۔ واحد نَشُوْحٌ.

النُّشَاحُ مِنَ الآنِيَةِ: بھر کر چھلکنے والا برتن۔

نَشَدَ (ن ض) نَشْدًا ونِشْدَانًا ونِشْدَةً الضَّالَّةَ: گم شدہ کو ڈھونڈھنا۔ تلاش کرنا۔ گم شدہ کی تشہیر کرنا...... فُلَانًا: پکارنا...... هُ اللهَ وباللهِ: قسم دینا...... نَشَدَ الرَّجُلُ: کسی سے اَنْشُدُكَ اللهَ: کہنا اور کہا جاتا ہے "نَشَدْتُكَ اللهَ اِلَّا فَعَلْتَ" اس سے مقصد یہ ہے کہ میں نے تم سے کوئی چیز طلب نہیں کی سوائے اس کے کہ تم یہ کر دو "نَشَدَهُ عَهْدَهُ او وَعْدَهُ" اس نے اس کو وعدہ یاد دلایا۔

اَنْشَدَ الضَّالَّةَ: گم شدہ کے متعلق پوچھ پاچھ کرنا۔ گم شدہ کی تشہیر کرنا۔ اَنْشَدَهُ الشِّعْرَ: شعر پڑھنا۔ اَنْشَدَ بِالقَوْمِ: ہجو کرنا...... زَيْدًا ولِزَيْدٍ: جواب دینا۔ کہا جاتا ہے "نَشَدْتُهُ فَاَنْشَدَنِيْ او اَنْشَدَلِيْ" میں نے اس سے پوچھا اس نے جواب دیا۔

نَاشَدَهُ مُنَاشَدَةً ونِشَادًا: قسم کھلانا۔ نَاشَدَهُ الاَمْرَ وفِي الاَمْرِ: متوجہ کرنا۔

تَنَشَّدَ الاَخْبَارَ: اطلاع دینا۔

تَنَاشَدُوْا الاَشْعَارَ: ایک دوسرے کے سامنے شعر پڑھنا۔

اِسْتَنْشَدَهُ الشِّعْرَ: شعر پڑھنے کو کہنا۔ کہا جاتا ہے نَشَدَكَ ونَشْدَكَ اللهَ اِلَّا فَعَلْتَ: یعنی میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں اور اللہ کی قسم دے کر تم سے کہتا ہوں کہ تم یہ کرو۔

النَّاشِدُ: فا۔ طلب کرنے والا۔ تشہیر کرنے والا۔ النَّاشِدُوْنَ: گم شدہ کو تلاش کر کے مالک تک پہنچانے والے۔

النِّشْدَةُ: مص۔ آواز۔

النَّشِيْدُ: آواز کی بلندی (...... والنَّشِيْدَةُ) ج نَشَائِدُ والاُنْشُوْدَةُ. ج اَنَاشِيْدُ: شعر جس کو ایک دوسرے کے سامنے پڑھیں۔ نَشِيْدُ الاَنْشَادِ: بائبل کی ایک کتاب۔

النَّشَّادُ: گم شدہ کو تلاش کرنے والا۔

النُّشَادِرُ والنُّوْشَادِرُ: نوسادر (دخیل)

نَشَرَ (ض ن) نَشْرًا الثَّوْبَ: پھیلانا......

الْخَبَرَ: پھیلا کرنا۔۔۔۔ الشَّیْءَ: بکھیرنا۔
الْخَشَبَ: چیرنا۔۔۔۔ عَنِ الْمَجْنُوْنِ او الْمَرِیْضِ: منتر پھونکنا۔ نَشَرَتِ الرِّیْحُ: بادل والے دن میں ہوا کا چلنا۔
نَشَرَ (ن) نُشُوْرًا. الشَّجَرُ: پتے نکالنا۔
نَشَرَتْ اَوْرَاقُ الشَّجَرَةِ: پتوں کا بڑھنا اور پھیلنا۔۔۔۔ الْاَرْضُ: ابر بہاری کے بعد سرسبز ہونا۔
نَشَرَ (ن) نَشْرًا وَنُشُوْرًا اللّٰهُ الْمَوْتٰی: زندہ کرنا۔ نَشَرَ وَنَشِرَ الْمَوْتٰی: زندہ ہونا۔ صفت نَاشِرُوْنَ۔
نَشِرَتْ (س) نَشَرًا الْمَوَاشِیْ: رات میں چرنے کے لئے پھیلنا۔ خارش والے ہونا۔
نَشَّرَ الثَّوْبَ وَنَحْوَهُ: کپڑا پھیلانا۔۔۔۔ عَنِ الْمَرِیْضِ او الْمَجْنُوْنِ: بیمار یا دیوانہ پر منتر پھونکنا۔
اَنْشَرَ اللّٰهُ الْمَیِّتَ: مُردہ کو زندہ کرنا۔۔۔۔ الْاَرْضَ: زمین کو پانی ڈال کر قابلِ زراعت بنانا۔۔۔۔ الرَّجُلُ: مذی نکالنا۔
تَنَشَّرَ الشَّیْءُ: پھیلنا۔
اِنْتَشَرَ الشَّیْءُ: پھیلنا۔۔۔۔ النَّهَارُ: دن چڑھنا۔۔۔۔ الْخَبَرُ: خبر کا فاش ہونا۔۔۔۔ الْاِبِلُ: اونٹوں کا متفرق ہونا۔۔۔۔ الرَّجُلُ: سفر شروع کرنا۔
تَنَاشَرُوْا. الثِّیَابَ: کپڑوں کو باہم مل کے پھیلانا۔
اِسْتَنْشَرَ الْخَبَرَ: خبر پھیلانے کو کہنا۔
اَلنَّشْرُ: مص۔ عمدہ خوشبو یا بو۔ کہا جاتا ہے "لَهُ نَشْرٌ طَیِّبٌ" اس کی اچھی خوشبو ہے۔ اگنے کی ابتدا۔ خارش۔
النَّشْرُ والنَّشَرُ: بغیر سردار کے منتشر لوگ۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا اَنْشَرًا او نَشَرًا" لوگ متفرق ہو کر آئے۔ النَّشَرُ: پھیلا ہوا۔ کہا جاتا ہے "اَللّٰهُمَّ اضْمُمْ نَشَرِیْ" اے اللہ میرے متفرق اُمور کو جمع کر دے۔
النَّشْرُ والنُّشُوْرُ: مص۔ یَوْمُ النَّشْرِ وَیَوْمُ النُّشُوْرِ: قیامت کا دن۔

النَّشْرَةُ. نَشْرَة: کا اسم مرۃ۔ بادیم۔ اشتہار۔ (مولدۃ) ج نَشَرَات۔
النُّشْرَةُ: افسوں۔ منتر۔
النُّشَارَةُ: لکڑی کا برادہ جو آرہ کرتے وقت گرے۔
النَّاشِرَةُ. النَّاشِرُ: کا مؤنث۔ نَوَاشِرُ کا واحد۔ نَوَاشِرُ: ہاتھ کے رگ پٹھے کو کہتے ہیں۔
النَّشُوْرُ مِنَ الرِّیَاحِ: بادل اٹھانے والی ہوائیں۔ ج نُشُر۔
النَّشِیْرُ: ازار۔ تہبند۔ کاٹ کر جمع کی ہوئی کھیتی۔
التَّنَاشِیْرُ: بچوں کے سر مشق (جمع ہے اس کا واحد نہیں)
الْمِنْشَارُ: آرہ۔ ج مَنَاشِیْرُ. الْمِنْشَارُ: پنجہ دار لکڑی جس سے گیہوں وغیرہ کو بھوسے سے علیحدہ کرتے ہیں۔ ایک سمندری مچھلی جس کو اَبُوْ مِنْشَار بھی کہتے ہیں۔
الْمَنْشُوْرُ: مفع۔ کھلا ہوا شاہی فرمان۔
الْمَنْشَرُ: مصدر میمی۔ کپڑا وغیرہ پھیلانے کی جگہ۔
الْمَنْشُوْرَةُ. الْمَنْشُوْرُ کا مؤنث۔ سخی و شریف عورت۔
الْمِنْشَوَارُ: جانوروں کا اصطبل۔
نَشَزَ (ض ن) نَشْزًا فِیْ او عَنْ مَكَانِهِ: بلند ہونا۔۔۔۔ الرَّجُلُ: بیٹھے ہوئے سے اٹھنا۔ اونچی جگہ میں جھانکنا۔۔۔۔ الْقَوْمُ فِیْ مَجْلِسِهِمْ: ساتھیوں کے لئے سمٹنا۔ اٹھ کھڑا ہونا۔ نَشَزَتْ نَفْسُهُ: گھبراہٹ سے دل دھڑکنا۔
نَشَزَتْ (ن ض) نُشُوْزًا الْمَرْاَةُ بِزَوْجِهَا وَمِنْهُ وَعَلَیْهِ: بیوی کا نافرمان ہونا۔ نفرت کرنا۔ بغض رکھنا۔ صفت نَاشِزٌ وَنَاشِزَةٌ ج نَوَاشِزُ. نَشَزَ بَعْلُهَا عَلَیْهَا وَمِنْهَا: شوہر کا ظلم کرنا۔ سختی کرنا۔ تکلیف دینا۔۔۔۔ بِالْقَوْمِ فِی الْخُصُوْمَةِ: قوم کے ساتھ جھگڑا کرنے کے لئے اٹھ کھڑا ہونا۔

نَشَزَ (ض) نَشْزًا بِقَرْنِهِ: سینگ سے اٹھا کر پھینک دینا۔
اَنْشَزَ الشَّیْءَ: جگہ سے نمایاں کر دینا۔ بلند کرنا۔۔۔۔ اللّٰهُ عِظَامَ الْمَیِّتِ: مردوں کی ہڈیوں کو اٹھا کر ایک دوسرے کے ساتھ جوڑنا۔
النَّشْزُ: مص۔۔۔۔ ج نُشُوْزٌ والنَّشَزُ ج نِشَازٌ وَاَنْشَازٌ: بلند جگہ۔۔۔۔ مِنَ الرِّجَالِ: قوی۔ مضبوط۔ بڑے ڈیل ڈول کا موٹا۔
النَّشَزُ: بلند جگہ۔
النَّاشِزُ: فا۔ جگہ سے اُبھرا ہوا۔ نمایاں۔ عِرْقٌ نَاشِزٌ: مرض وغیرہ کی وجہ سے ابھری ہوئی اور دھڑکنے والی رگ۔
النَّشِیْزَةُ وَالْمَنْشَزَةُ مِنَ الدَّوَابِّ: سواری جس کی پیٹھ پر زین یا سوار ٹھہر نہ سکے۔
نَشَصَ (ض ن) نُشُوْصًا السَّحَابُ: بادل کا بلند ہونا۔۔۔۔ النَّفْسُ: دھڑکنا۔۔۔۔ الصُّوْفُ الشَّعْرُ: اون یا بال کا نکلنا اور کھال سے چمٹا ہوا ہونا۔ نَشَصَتِ السِّنُّ: لمبا ہونا۔ نَشَصَ الشَّیْءَ: نکالنا۔۔۔۔ فُلَانًا: نیزہ مارنا۔۔۔۔ عَنْ بَلَدِهٖ: شہر و مسکن سے علیحدہ ہونا۔ نَشَصَتِ الْمَرْاَةُ عَنْ زَوْجِهَا: عورت کا نافرمان ہونا۔ بغض رکھنا۔ صفت نَاشِصٌ۔
اَنْشَصَهٗ عَنْ بَلَدِهٖ او بَیْتِهٖ: شہر سے یا گھر سے نکال دینا۔
نَشَّصَهٗ: بلند کرنا۔
تَنَشَّصَ لِكَذَا: اٹھنا اور تیاری کرنا۔
اِنْتَشَصَ الشَّجَرَةَ: درخت کو جڑ سے اکھیڑنا۔
اِسْتَنْشَصَتِ الرِّیْحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادل کو اٹھانا۔
النَّشَاصُ والنِّشَاصُ: بلند تہ بتہ بادل۔ لشکر۔ ج نُشُصٌ وَنَشَائِصُ۔
النَّشُوْصُ والنَّشِیْصُ: کھڑا کیا ہوا نیزہ۔ بلند کوہان والی اونٹنی۔
نَشِطَ (س) نَشَاطًا: ہشاش بشاش ہونا

......فِي عَمَلِهٖ او اِلٰى عَمَلِهٖ: پھرتیلا و چست ہونا۔ صفت نَاشِطٌ و نَشِيطٌ.
نَشِطَتِ الدَّابَّةُ: موٹا ہونا۔
نَشَطَ (ض) نَشْطًا مِنَ الْمَكَانِ: نکلنا۔ مِنْ بَلَدٍ اِلٰى بَلَدٍ: عبور کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَشَطَ بِهِمُ الطَّرِيقُ" راستہ ان لوگوں کو دائیں بائیں لے گیا۔
نَشَطَ (ن) نَشْطًا الْحَبْلَ: رسّی میں گرہ دینا ......الْعُقْدَةَ: گرہ کو مضبوط کرنا ......الدَّلْوَ مِنَ الْبِئْرِ: بغیر چرخی کے ڈول نکالنا...... زَيْدًا: تیزہ مارنا۔ نَشَطَتْهُ الْحَيَّةُ: سانپ کا ڈسنا۔
نَشَّطَ الْحَبْلَ: رسّی میں گرہ دینا ......ہٗ اِلٰى اوفي الْعَمَلِ: چست بنانا۔ جرأت دلانا۔
اَنْشَطَهٗ: چست بنانا۔ اِنْشَطَ الرَّجُلُ: چست لوگوں یا جانوروں والا ہونا۔ اَنْشَطَتِ الْحَيَّةُ: سانپ کا ڈسنا۔ اَنْشَطَ الْحَبْلَ: رسّی میں گرہ دینا...... الْعُقْدَةَ او الْعِقَالَ: گرہ کھولنا...... الْبَعِيرَ مِنْ عِقَالِهٖ: اونٹ کو رہا کرنا۔ چھوڑنا...... الْكَلَا الدَّابَّةَ: موٹا کرنا۔
تَنَشَّطَ: ہشاش بشاش ہونا...... لِلْعَمَلِ: تیار ہونا اور چست ہو کر متوجہ ہونا۔ "تَنَشَّطَتِ النَّاقَةُ فِي سَيْرِهَا" تیز دوڑنا۔ تَنَشَّطَ الْمَفَازَةَ: بیابان کو عبور کرنا۔
اِنْتَشَطَ الْحَبْلَ: رسّی کو کھلنے کے لئے کھینچنا...... الْحَبْلُ: رسّی کا کھلنا...... النَّشِيطَةَ: بلا قصد و ارادہ کے ہاتھ لگے ہوئے اونٹوں کو ہانکنا...... السَّمَكَةَ: مچھلی کے سفنے اتارنا...... الشَّيْءَ: چھینا، مضبوط کرنا...... فُلَانًا اِلٰى كَذَا: کھینچنا یا بلند کرنا۔ اِنْتَشَطَتِ الْحَيَّةُ فُلَانًا: سانپ کا ڈسنا۔
اِسْتَنْشَطَ الْجِلْدُ: کھال کا سکڑنا۔ جھری دار ہونا۔
النَّشْطُ: مص۔ جلدی اور تیزی کے ساتھ ڈنگ مارنا۔
النَّاشِطُ: فا۔ چست۔ پھرتیلا۔ جنگلی بیل جو ایک جگہ سے دوسری جگہ پھرے۔

نَاشِطٌ: بڑی سڑک سے دائیں نکلا ہوا راستہ۔
النَّاشِطَةُ: النَّاشِطُ کا مؤنث ج نَاشِطَاتٌ ونَوَاشِطُ. والنَّوَاشِطُ مِنَ الْمَسَائِلِ: بڑے مسئلے سے نکلے ہوئے مسائل واحد اس کا نَاشِطٌ ہے۔
النَّشِيطُ: چست پھرتیلا۔ چست اہل وعیال والا یا چست جانوروں والا۔ ج نِشَاطٌ ونَشَاطَى.
النَّشُوطُ: ایک قسم کی مچھلی۔ بِئْرٌ نَشُوطٌ: گہرا کنواں۔
بِئْرٌ اَنْشَاطٌ واِنْشَاطٌ: کم گہرا کنواں جس سے ڈول ایک ہی دفعہ کے کھینچنے میں نکل آئے۔
النَّشِيطَةُ: النَّشِيطُ: کا مؤنث۔ مالِ غنیمت جو غازیوں کو راستہ میں ہاتھ لگ جائے۔ اونٹ جو بلا قصد و ارادہ کے ہاتھ لگ جائیں اور ہانکے جائیں۔
الاُنْشُوطَةُ: گرہ جس کا کھولنا آسان ہو۔ کہا جاتا ہے "مَا عِقَالُكَ بِاُنْشُوطَةٍ" یعنی تمہاری دوستی کمزور نہیں ہے۔ ج اَنَاشِيطُ.
الْمِنْشَطُ: بہت چست۔
الْمَنْشَطُ: خوش دلی۔ کہا جاتا ہے "اِفْعَلُوا ذٰلِكَ عَلَى الْمَنْشَطِ والْمَكْرَهِ" اس کو خوش دلی اور ناراضی کے باوجود کرو۔
نَشَطَ (ن) نُشُوطًا النَّبَاتُ: نباتات کا نمودار ہونا۔
نَشَعَ (ف) نَشْعًا الرَّجُلُ: سسکی لینا۔ الشَّيْءَ: سختی سے کھینچنا۔ الطِّيبَ: خوشبو سونگھنا۔ فُلَانًا الدَّوَاءَ: دوا منہ میں ٹپکانا......ہٗ الْكَلَامَ: تلقین کرنا۔ سمجھانا۔
نَشَعَ (ف) نُشُوعًا: قریب الموت ہو کر صحت پانا۔
نُشِعَ نَشْعًا بِكَذَا: مشتاق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ صفت مَنْشُوعٌ بِهٖ.
اِنْشَعَهُ الدَّوَاءَ: منہ میں دوا ٹپکانا......ہٗ الْكَلَامَ: تلقین کرنا۔ سمجھانا۔ التَّشَعُّعُ:

ناک میں دوا ٹپکانا۔ الشَّيْءَ: سختی سے کھینچنا۔
النَّشُوعُ: ناک میں ڈالنے کی دوا۔ وہ دوا جو مریض کے منہ میں ٹپکائی جائے۔ ہر وہ چیز جو سانس کو پھلا دے۔
النَّاشِعُ: ابھرا ہوا۔
النَّشَعُ: خراب حرے کا پانی۔
النُّشَاعَةُ: ہاتھ سے نکال کر پھینکی ہوئی چیز۔
الْمِنْشَعُ والْمِنْشَعَةُ: منہ یا ناک میں ٹپکانے کی دوا کا برتن۔
نَشَغَ (ف) نَشْغًا الْمَاءَ: پانی بہانا......ہٗ بِالرُّمْحِ: تیزہ مارنا......ہٗ الْكَلَامَ: تلقین کرنا۔ سمجھانا...... الصَّبِيَّ: بچے کے منہ میں دوا ٹپکانا...... الْمَاءَ: اوک سے پانی پینا...... الرَّجُلُ: سسکی لینا یہاں تک کہ بے ہوشی طاری ہو جائے۔
نُشِغَ الصَّبِيُّ: بچے کے منہ میں دوا ٹپکایا جانا...... بِالشَّيْءِ: مشتاق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ صفت مَنْشُوغٌ بِهٖ.
اَنْشَغَ عَنْهُ: علیحدہ ہونا......ہٗ الْكَلَامَ: تلقین کرنا۔ سمجھانا۔
تَنَشَّغَ: سسکی لینا یہاں تک کہ بے ہوشی طاری ہو جائے...... وتَنَاشَغَ واَنْتَشَغَ الْكَلَامَ: سیکھنا اور حاصل کرنا۔
النَّاشِغُ: فا ج نُشَّغٌ مؤنث نَاشِغَةٌ ج نَوَاشِغُ ونَاشِغَاتٌ. النَّوَاشِغُ: وادی میں بہنے کی نالیاں۔
النَّشْغَةُ: لمبی لمبی سانسوں میں سے ایک سانس۔ موت کے وقت کی بہت لمبی ہچکی۔ ج نَشَغَاتٌ.
النَّشُوغُ: ناک میں ڈالنے کی دوا۔ بچہ یا مریض کے منہ میں ٹپکانے کی دوا۔
الْمِنْشَغُ والْمِنْشَغَةُ: منہ یا ناک میں دوا ٹپکانے کا برتن۔
نَشِفَ (س) ونَشَفَ (ن) نَشْفًا الثَّوْبُ الْعَرَقَ او الْحَوْضُ الْمَاءَ: کپڑے کا پسینہ یا حوض کا پانی کو جذب کر لینا...... الْمَاءُ فِي الْاَرْضِ: جذب ہونا۔ نَشَفَتِ الْقِرْبَةُ:

کا پانی ختم ہونا۔

نَشَفَ (ض) نَشْفًا المَاءَ : پانی کو چیتھڑے وغیرہ سے خشک کر دینا۔

نَشَّفَ المَاءَ : پانی کو چیتھڑے وغیرہ سے خشک کر دینا۔ نَشَّفَتِ النَّاقَةُ : زمانہ ولادت کے قرب کی وجہ سے کبھی تھن کا بھرا ہونا اور کبھی خشک ہونا۔ صفت مُنَشِّف : جھاگ والے دودھ والی ہونا۔

أَنْشَفَهُ : جھاگ والا دودھ پلانا۔

تَنَشَّفَ الثَّوْبُ العَرَقَ : کپڑے کا پسینہ کو جذب کرنا...... الرَّجُلُ : چیتھڑے وغیرہ سے جسم پونچھنا۔

إِنْتَشَفَ : جھاگ والا دودھ پینا...... الوَسَخَ ونَحْوَهُ : میل وغیرہ صاف کرنا۔

النَّشَف : پانی کا جذب ہونا۔

النِّشْفَة والنُّشْفَة : تھوڑی چیز جو برتن میں باقی رہ جائے۔ النُّشْفَة : وہ چیز جو گرم گرم ہانڈی سے نکالی جائے اور کھائی جائے۔

النَّشْفَة : بتسکین الشین والنَّشَفَة : جھانواں۔ ج نَشَف۔ ونِشَف ونِشَفَ ونُشَف ونِشَاف۔

النُّشْفَة والنَّشْفَة : پانی پونچھنے کا کپڑا۔ جھاڑن۔

النُّشْفَة والنُّشَافَة : دودھ دوہتے وقت کے جھاگ۔ النُّشَافَة : جذب شدہ پانی۔ وہ چیز جو گرم گرم ہانڈی سے نکالی جائے۔

أَرْضٌ نَشِفَة : پانی جذب کرنے والی زمین۔

المِنْشَفَة : رومال۔ تولیہ (مولدہ) ج مَنَاشِف۔

النَّشَّاف : وہ شخص جو روٹی کو دیگ کے سرے پر سے تر کر کے تنہا کھائے۔

نَشِقَ (س) نَشْقًا ونَشَقًا الرِّيحَ : بو سونگھنا۔ ...... فِي الحِبَالَةِ : پھندے میں پھنسنا۔

أَنْشَقَهُ المِسْكَ ونَحْوَهُ : مشک وغیرہ سونگھانا...... الظَّبْيَ فِي الحِبَالَةِ : ہرن کو جال میں پھنسانا اور کہا جاتا ہے "أَنْشَقَتْهُ الحِبَالَةُ" اس کو جال نے پھنسا لیا...... هُ النَّشُوقَ : نسوار سونگھانا۔

تَنَشَّقَ وانْتَشَقَ واسْتَنْشَقَ المَاءَ فِي أَنْفِهِ : ناک میں پانی ڈالنا۔ تَنَشَّقَ واسْتَنْشَقَ الرِّيحَ او النَّشُوقَ : بو یا نسوار سونگھنا۔

النُّشْقَةُ : بکری وغیرہ کی گردن کا پٹہ۔ ج نُشَق۔

النَّشِق : وہ شخص جو کسی کام میں پھنس جائے اور رہائی نہ پا سکے۔

النَّشْق والنَّشَق : سونگھنا۔ کہا جاتا ہے "رَائِحَةٌ مَكْرُوهَةُ النَّشَق"۔

النَّشُوق : نسوار۔ ناک میں ڈالنے کی دوا۔ ہر دوا جو سونگھی جائے۔

المَنْشَق : ناک۔ ج مَنَاشِق۔

المَنْشَقَة : وہ ڈبیہ وغیرہ جس میں نسوار رکھیں۔

نَشَلَ (ن) نُشُولًا الرَّجُلُ : دبلا ہونا۔ نَشَلَتِ الفَخِذُ : کم گوشت والی ہونا۔ صفت نَاشِلَة۔

نَشَلَ (ض ن) نَشْلًا الشَّيْءَ : جلدی سے اچک لینا۔ چھین لینا...... الخَاتَمَ : انگوٹھی اُتارنا نَشَلَتِ الحَيَّةُ الرَّجُلَ : سانپ کا ڈسنا...... اللَّحْمَ : گوشت بغیر مسالہ کے پکانا۔ بغیر چمچہ کے ہاتھ سے نکالنا۔

أَنْتَشَلَ وانْتَشَلَ اللَّحْمَ مِنَ القِدْرِ : گوشت کو ہانڈی سے نکالنا...... مَا عَلَى العَظْمِ بِفِيهِ : دانت سے چھڑا کر کھانا۔

النَّشِيل : مص۔ بغیر مسالہ کے پکا ہوا گوشت۔

النَّشَّال : اکثر بغیر مسالہ کے گوشت پکانے والا۔ روٹی کو دیگ کے سرے سے تر کر کے تنہا کھانے والا۔ گرہ کٹ۔ جیب کترا۔

النَّشِيل : کنوئیں کا پہلا پانی۔ تازہ دودھ۔ چلی تلوار۔ بغیر چمچہ کے ہاتھ سے نکالا ہوا گوشت۔ بغیر مسالہ کے پکا ہوا گوشت۔

المَنْشَلَة : انگلی کا وہ حصہ جو انگوٹھی کے نیچے رہے۔

المِنْشَل والمِنْشَال : کنڈی دار سیخ جس سے گوشت نکالیں۔ ج مَنَاشِل۔

نَشِمَ (س) نَشَمًا الثَّوْرُ : بیل کا سیاہ و سفید داغوں والا ہونا۔ صفت نَشِم۔

نَشَّمَ اللَّحْمُ : گوشت کا بگڑ جانا۔ بودار ہو جانا...... الأَرْضُ : زمین سے پانی کا رسنا ...... فِي فُلَانٍ : بدگوئی کرنا...... فِي الشَّرِّ : برائی میں مشغول ہونا...... اللّٰهُ ذِكْرَ فُلَانٍ : بلند کرنا۔ شہرت دینا (...... وتَنَشَّمَ) فِي الأَمْرِ : شروع کرنا۔ تَنَشَّمَ مِنْهُ عِلْمًا : حاصل کرنا۔ استفادہ کرنا۔

النَّشَم : مص۔ ایک درخت کا نام جس سے کمان بناتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "يَدِي نَشِمَةٌ مِنَ الجُبْنِ ونَحْوِهِ" یعنی میرا ہاتھ بدبودار ہے۔

المَنْشَم والمَنْشِم : ایک قسم کی خوشبو جس کا کوٹنا دشوار ہے۔ مَنْشِم : ایک عطر فروش عورت کا نام کہ جب اس سے عطر لے کر لگاتے تھے تو لڑائی بہت زیادہ تیز ہو جایا کرتی تھی۔ اسی وجہ سے یہ مثل مشہور ہے "أَشْأَمُ مِنْ عِطْرِ مَنْشِمٍ" المَنْشِم : حَبُّ بَلَسان۔

نَشْنَشَ نَشْنَشَةً الجِلْدَ : کھال اُتارنا۔ ...... الشَّيْءَ : زور سے ہٹانا...... الثَّوْرَ : بیل کو ہانکنا، دھتکارنا...... الثَّوْبَ : کپڑے اُتارنا ...... الوِعَاءَ : برتن کو جھاڑنا۔ بکھیرنا...... السَّلَبَ : لینا۔ نَشْنَشَتِ القِدْرُ : ہانڈی کا اُبال میں آواز نکالنا۔ نَشْنَشَ الرَّجُلُ : کام میں جلدی کرنا...... اللَّحْمَ : گوشت کو جلدی کھانا...... الجَارِيَةَ : جماع کرنا۔

تَنَشْنَشَ مطاوع نَشْنَشَ ...... الشَّجَرَ : درخت سے چھال اتارنا۔

النَّشْنَشَة : مص۔ زرہ۔ کاغذ۔ نئے کپڑے وغیرہ کی کھڑکھڑاہٹ۔

النَّشْنَاش والنَّشْنَش والنَّشْنَشِيّ : عمل یا حرکات میں ہلکا پھلکا۔ أَرْضٌ نَشْنَاشَة : زمین شور۔

نَشِيَ يَنْشَى نَشْوَةً ونُشْوَةً ونِشْوَةً وتَنَشَّى وانْتَشَى واسْتَنْشَى الرِّيحَ: سونگھنا

نَشِيَ بالشَّيءِ: بار بار کرنا۔

نَشِيَ يَنْشَى نَشْوًا ونَشْوَةً ونِشْوَةً ونُشْوَةً ونَشِيَ وتَنَشَّى وانْتَشَى: مست ہونا۔ نشہ والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَشِيَ مِنَ الشَّرَابِ" وہ شراب سے مست ہوا۔

نَشِيَ واسْتَنْشَى الْخَبَرَ: خبر دریافت کرنا۔

النَّشَا: عمدہ خوشبو۔ بو۔ ج اَنْشَاء (...... والنَّشَاء) نشاستہ۔

النَّشَاة: خشک درخت۔ ج نَشًا۔

النَّشْوة: اسم مرۃ۔ مستی یا ابتدائے مستی۔ بو۔

النِّشْوة: تازہ خبر۔

النِّشْيَة: بو۔ ج نَشَايا۔

النَّشْوَان: مست۔ مؤنث۔ نَشْوَى۔ ج نَشَاوَى۔

النَّشْيَان: پہلے پہل خبر کو معلوم کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ نَشْيَانٌ لِلْاَخْبَارِ او بِالْاَخْبَارِ"۔

نَصَّ (ن) نَصًّا الشَّيءَ: بلند کرنا۔ نمایاں کرنا۔ حرکت دینا ...... الْحَدِيثَ: حدیث کی سند بیان کرنا ...... الرَّجُلَ: پوری طرح سے دریافت کرنا ...... النَّاقَةَ: اونٹنی کو تیز دوڑانا ...... الْمَتَاعَ: سامان تہ بتہ رکھنا ...... الْعَرُوسَ: دلہن کو حجلۂ عروسی میں بٹھانا ...... فُلانٌ عُنُقَهُ: گردن اٹھانا ...... الشَّيءُ: ظاہر ہونا۔

نَصَّ (ض) نَصِيصًا الشِّوَاءُ عَلَى النَّارِ: بھوننے کے وقت آواز نکلنا۔ نَصَّتِ الْقِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا۔

نَصَّصَ وناصَّ مُنَاصَّةً غَرِيمَهُ: قرض دار سے جھگڑا کرنا اور اصرار سے طلب کرنا۔

نَصَّصَ الْمَتَاعَ: سامان تہ بتہ رکھنا۔ نَصَّصَ فُلانٌ: تصریح کرنے میں مبالغہ کرنا۔

اِنْتَصَّ الشَّيءُ: بلند ہونا۔ سیدھا ہونا۔ اِنْتَصَّ الرُّمْحُ: کھڑا ہونا۔ سکڑنا۔ اِنْتَصَّتِ الْعَرُوسُ: دلہن کا حجلۂ عروسی میں بیٹھنا

تَنَاصَّ الْقَوْمُ: ہجوم کرنا۔

النَّصُّ: مص۔ صریح کلام۔ ج نُصُوص۔ والنَّصُّ مِنْ كُلِّ شَيءٍ: انجام۔ انتہا۔

النَّصُّ مِنَ الْكَلَامِ: ایسا کلام جس میں تاویل کی گنجائش نہ ہو۔

النَّصَّة: اسم مرۃ۔ مادہ چڑیا۔

النُّصَّة: ماتھے پر لٹکے ہوئے بال۔ ج نُصَص ونِصَاص۔

النَّصِيص: مص۔ نَصِيصُ الْقَوْمِ: لوگوں کی تعداد۔

المَنَصَّة: حجلۂ عروسی۔ دلہن کے لئے آراستہ کیا ہوا کمرہ۔

المِنَصَّة: دلہن کے بٹھانے کی کرسی۔ پیوند لگے ہوئے کپڑے۔ پاؤں سے روندے ہوئے فرش۔ ج مَنَاصُّ اور کہا جاتا ہے "وُضِعَ فُلانٌ عَلَى الْمِنَصَّةِ" یعنی فلاں کی بے عزتی کی گئی۔

النَّصَّاص: ناک کو حرکت دینے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَصَّاصُ الْاَنْفِ"۔

المَنْصُوص: مفع۔ تصریح شدہ۔ معین۔

نَصَاهُ (ف) نَصْوًا: پیشانی کے بال پکڑنا۔ ...... الرَّجُلَ: ڈانٹنا۔ دفع کرنا۔

نَصَبَهُ (ض ن) نَصْبًا الْمَرَضُ او الْهَمُّ: تھکانا۔ تکلیف دینا۔ نَصَبَ الشَّيءَ: بلند کرنا۔ کھڑا کرنا۔ گاڑنا ...... الشَّجَرَةَ: پودہ لگانا ...... لَهُ الْحَرْبَ: کسی سے لڑائی کی بنیاد رکھنا ...... لَهُ الشَّرَّ: برائی ظاہر کرنا۔ لَهُ رَأْيًا: رائے دینا ...... لِـفُلانٍ: دشمنی کرنا ...... الْكَلِمَةَ: کلمہ کو زبر دینا یا زبر کے ساتھ پڑھنا ...... الْاَمِيرُ فُلانًا: کسی کو عہدہ پر مقرر کرنا۔

نَصِبَ (س) نَصَبًا: تھکنا ...... فِي الْاَمْرِ: کوشش کرنا۔

نَصَّبَ الشَّيءَ: رکھنا۔ بلند کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَصَّبَتِ الْخَيْلُ آذَانَهَا" گھوڑوں نے اپنے کان کھڑے کئے ...... الْاَمِيرُ فُلانًا: کسی کو عہدہ پر مقرر کرنا۔

اَنْصَبَ ...... مقرر کرنا

الْمَرَضُ: تکلیف دینا۔ اَنْصَبَ الْمُحَدِّثُ: سند بیان کرنا ...... السِّكِّينَ: چھری کا دستہ لگانا۔

نَاصَبَهُ مُنَاصَبَةً: دشمنی کرنا۔ مقابلہ کرنا ...... هُ الْحَرْبَ او الْعَدَاوَةَ: لڑائی کا اعلان کرنا۔ دشمنی ظاہر کرنا۔

اِنْتَصَبَ: کھڑا ہونا۔ بلند ہونا ...... الْحَرْفُ: حرف پر زبر ہونا ...... الطَّاهِي: پکانے والے کا ہانڈی پر چڑھانا۔

تَنَصَّبَ: کھڑا ہونا ...... الْغُبَارُ ونَحْوُهُ: بلند ہونا۔

تَنَاصَبُوا الشَّيءَ: باہم تقسیم کرنا۔

النَّصْب: مص۔ کھڑا کیا ہوا جھنڈا۔ بلا۔ مرض۔ نتیجہ ...... عِنْدَ النُّحَاةِ: ایک حرکت اعرابی کا نام اور اسی کے مقابلہ میں بنائی حرکت کو فتحہ کہتے ہیں۔ نَصْبُ الْعَرَبِ: ایک قسم کا راگ جو حدی کے مشابہ ہے۔

النِّصْب: حصہ (نصیب میں ایک لغت)۔

النُّصْب والنُّصُب: کھڑی کی ہوئی چیز۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا نُصْبُ عَيْنِي" یعنی یہ میری نگاہ کے سامنے ہے۔ بت۔ ج اَنْصَاب۔ مرض۔ بلا ومصیبت۔ النُّصُب: حصہ۔ ہر وہ چیز جو علامت مقرر کی جائے۔ نِصَاب کی جمع۔

الْاَنْصَاب: پتھر جو کعبہ کے اردگرد کھڑے کئے گئے تھے اور وہاں جانور غیر اللہ کے نام کا ذبح کرتے تھے۔

النَّصَب: مص۔ کھڑی کی ہوئی علامت۔ ج اَنْصَاب۔

النَّصِب: بیمار۔ مبتلاء درد۔

النَّصْبَة۔ نَصَبَ: کا اسم مرۃ۔ نصب کی علامت گاڑنے کے لئے پودہ۔

النِّصْبَة: گاڑنے کی نوعیت۔

النُّصْبَة: ستون وغیرہ جو راستہ بتانے کے لئے کھڑا کیا جائے۔ ج نُصَب۔

النِّصَاب: پارلیمنٹ میں بل پاس کروانے کے لئے کورم۔ (مقررہ تعداد)

المَنصِب: اصل۔ مرجع۔ سورج غروب ہونے کی جگہ۔ ہر چیز کی ابتداء۔ چھری کا دستہ۔ مال کی وہ مقدار جس پر زکوٰۃ واجب ہو۔ ج نُصُب.

النَّصِیب: حصہ۔ حوض۔ نصب کیا ہوا پتھر۔ ج اَنْصِبَة و اَنْصِباء. نُصُب.

النَّصِیبَة: حوض کے اردگرد کا پتھر۔ ج نَصَائِب.

النَّاصِب: قا۔ تیز رفتار۔ ھم نَاصِبٌ: تھکا دینے والا غم...... عِنْدَ النُّحَاة: نصب دینے والا عامل ج نَوَاصِب.

النَّصَّاب: ہر کام میں خود گھسنے والا۔

الاَنَاصِیب و التَّنَاصِیب: راستہ پر کھڑے کئے ہوئے نشانات۔

الاَنْصَب: سیدھے سینگوں والا۔ مؤنث نَصْبَاء. وَنَاقَةٌ نَصْبَاء: ابھرے ہوئے سینہ والی اونٹنی۔

المَنْصِب: اصل۔ مرجع۔ حسب و شرافت اور اسی سے ہے مَنْصِب: بمعنی عہدہ حکومت ج مَنَاصِب کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ مَنْصِب" یعنی فلاں کے لئے علو مرتبہ ہے۔

المِنْصَب: دیگدان آہنی۔ ج مَنَاصِب.

المَنْصَبَة: رنج و کلفت۔ کہا جاتا ہے "عَيْشٌ ذُو مَنْصَبَة" رنج و کلفت والی زندگی۔

المُنْصَب: مفع۔ اَسْنَانٌ مُنْصَبَة: خوبصورت و ترتیب وار دانت۔

المَنْصُوب: مفع۔ وہ کلمات جن پر نصب ہو۔

المَنْصُوبَة. المَنْصُوب: کا مؤنث۔ حیلہ۔ کہا جاتا ہے "سَوّىٰ لَهُ مَنْصُوبَة" اس نے اس کے لئے حیلہ سوچا۔

نَصَتَ (ض) نَصْتًا و اَنْصَتَ و اَنْتَصَتَ لَهُ: بات سننے کیلئے خاموش رہنا۔ اَنْصَتَهُ: خاموش کرنا۔

تَنَصَّتَ: خاموش رہنے اور سننے کی کوشش کرنا۔

اِسْتَنْصَتَ: خاموش کھڑا ہونا...... هُ: خاموش رہنے کی درخواست کرنا۔

النُّصْتَة: خاموشی۔

نَصَحَ (ف) نَصْحًا و نُصْحًا و نَصَاحَةً و نِصَاحَةً و نَصَاحِيَةً. فُلَانًا و بِفُلَانٍ: نصیحت کرنا۔ مخلص ہونا۔ صفت نَاصِح ج نُصَّاح و نُصَّح کہا جاتا ہے "لَا اُرِيدُ مِنْكَ نُصْحًا وَلَا اِنْتِصَاحًا" یعنی میں نہیں چاہتا کہ تم مجھ کو نصیحت کرو اور نہ مجھے ناصح سمجھو۔

نَصَحَ (ف) نَصْحًا و نُصُوحًا الشَّيْءُ: خالص ہونا۔ صاف ہونا...... تَوْبَةً: پختہ توبہ کرنا...... الْعَمَلَ: خالص طریقہ سے کرنا ...... الْعَسَلَ: شہد صاف کرنا...... الثَّوْبَ: کپڑا سینا...... الْغَيْثُ الْبَلَدَ: اچھی طرح سے سیراب کر کے سبزہ زار کر دینا۔

نَاصَحَهُ مُنَاصَحَةً: ایک دوسرے کو نصیحت کرنا...... نَفْسَهُ بِالتَّوْبَةِ: خالص توبہ کرنا۔

اَنْصَحَ الرَّاعِيُ الْاِبِلَ: سیراب کرنا۔

تَنَصَّحَ: بہت نصیحت کرنا۔ نصیحت کرنے والوں کے مشابہ ہونا...... الثَّوْبَ: کپڑا سینا۔

اِنْتَصَحَ: نصیحت قبول کرنا...... فُلَانًا: خیر خواہ سمجھنا۔

اِسْتَنْصَحَهُ: خیر خواہ سمجھنا۔

النِّصَاح: دھاگہ۔ سلک۔ ج نُصُح و نِصَاحَة.

النِّصَاحَات: چمڑے اس لئے کہ بعض کو بعض سے ملا کر سیتے ہیں۔ پھندے۔ واحد نِصَاحَة.

النَّاصِح: خالص شہد وغیرہ اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَاصِحُ الْجَيْبِ" یعنی صاف دل مرد۔

النَّاصِح و النَّصَّاح و النَّاصِحِيُّ: درزی۔

النَّصِيح: خیر خواہ۔ نصیحت کرنے والا۔ ج نُصَحَاء.

النَّصُوح: نصیحت کرنے والا (مذکر و مؤنث) تَوْبَةٌ نَصُوحٌ: خالص توبہ۔

النَّصِيحَة: اسم مصدر۔ اخلاص۔ خیر و صلاح کی طرف بلانا اور شر و فساد سے روکنا۔ ج نَصَائِح.

غُيُوثٌ نَوَاصِحُ: لگاتار بارشیں۔

اَلْمِنْصَحُ و الْمِنْصَحَةُ: سوئی۔

المُتَنَصَّح: مفع۔ ثَوْبٌ مُتَنَصَّحٌ: پیوند لگا ہوا یا سلا ہوا کپڑا۔ اور کہا جاتا ہے "اِنَّ فِي ثَوْبِهِ مُتَنَصَّحًا" اس کے کپڑے میں سینے کی جگہ ہے۔

نَصَرَهُ (ن) نَصْرًا: مدد کرنا...... هُ مِنْ و عَلٰى عَدُوِّهِ: دشمن سے نجات دلانا۔ کسی کے برخلاف مدد دینا۔ نَصَرَ الْغَيْثُ الْاَرْضَ: عالمگیر بارش ہونا۔ فُلَانًا: دینا۔

نُصِرَتِ الْاَرْضُ: بارش ہونا۔

نَصَّرَهُ: نصرانی بنانا۔

نَاصَرَهُ مُنَاصَرَةً: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

تَنَصَّرَ: نصرانی ہونا۔ تَنَصَّرَ لَهُ: مدد کی کوشش کرنا۔

تَنَاصَرَ الْقَوْمُ: باہم مدد کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَاصَرَتِ الْاَخْبَارُ" یعنی خبروں نے ایک دوسرے کی تصدیق کی۔

اِنْتَصَرَ: مدد کرنے میں غالب ہونا۔ کامیاب ہونا۔ ظالم سے بچنا...... مِنْ عَدُوِّهِ: دشمن سے بدلہ لینا...... عَلٰى خَصْمِهِ: غالب ہونا۔

اِسْتَنْصَرَهُ: مدد طلب کرنا۔ اِسْتَنْصَرَ بِهِ: فریاد کرنا...... فُلَانًا عَلٰى فُلَانٍ: کسی کے برخلاف مدد کرنے کی درخواست کرنا۔

النَّصْر: مص۔ مددگار۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَصْرٌ وَ قَوْمٌ نَصْرٌ" بمعنی رَجُلٌ نَاصِرٌ وَ قَوْمٌ نَاصِرُونَ جمع نَاصِرٌ کی جیسے رَكْبٌ: جمع رَاكِبٌ کی۔ النَّصْر بارش۔

النَّصْرَة: نصر کا اسم مرۃ۔ کامل بارش۔

النُّصْرَة: مدد اور بہترین اعانت۔ کامل بارش۔

النَّصْرَانِيُّ: شہر ناصرہ کی طرف منسوب۔ وہ

لوگ جو حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے متبع ہیں۔ ج نَصَارىٰ: مؤنث نَصْرَانِيَّة.

النَّصْرَانِيَّة: نصاریٰ کا دین۔

النَّصْرَان: نصرانی۔ مؤنث نَصْرَانَة.

النَّاصِر: فا۔ ج نَاصِرُوْنَ ونُصَّار ونَصْر وأَنْصَار والأَنْصَار عَلَى الإِطْلَاقِ: نبی کریم ﷺ کے مددگار جو باشندگانِ مدینہ طیبہ تھے۔ اور نسبت کے لئے أَنْصَارِيٌّ کہا جاتا ہے۔ النَّاصِر: وادی کی طرف بہنے کی نالی۔ ج نَوَاصِر کہا جاتا ہے "مَدَّتِ الْوَادِي النَّوَاصِرُ" وادی کو نالیوں نے بڑھا دیا۔

النَّاصِرَة النَّاصِر کا مؤنث۔ ونَاصِرہ: ایک شہر کا نام جو حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی جائے پیدائش تھی اور نسبت کے لئے نَاصِرِيٌّ.

النَّصُوْر والنُّصَر: مددگار۔

النَّصِيْر: مددگار۔ ج نُصَرَاء وأَنْصَار.

النَّصِيْرَة النَّصِيْر: کا مؤنث۔ عطیہ۔ ج نَصَائِر.

النُّصَيْرِيَّة: غالی شیعوں کا ایک فرقہ جو شام کے شمال میں رہتے ہیں اور اپنے اعتقادات کو لوگوں سے چھپاتے ہیں۔ واحد نُصَيْرِيٌّ.

النَّاصُوْر: ناسور۔ ج نَوَاصِير.

النَّصَّار: بہت مدد کرنے والا۔

الأَنْصَر: غیر مختون۔

المَنْصُوْر: مفع۔ أَرْضٌ مَنْصُوْرَةٌ: بارش شدہ زمین۔

نَصَعَ (ف) نُصُوْعًا ونَصَاعَةً الشَّيْءُ: خالص ہونا (...... نُصُوْعًا) الأَمْرُ: واضح ہونا۔ ظاہر ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَصَعَ الْحَقُّ" یعنی حق ظاہر ہو گیا...... اللَّوْنُ: بہت سفید ہونا ...... الشَّارِبُ: پیاسے کا پیاس بجھانا ...... الأُمُّ بِهِ: جننا۔ کہا جاتا ہے "قَبَّحَ اللّٰهُ أُمًّا نَصَعَتْ بِهِ" اللہ اس ماں کا برا کرے جس نے اس کو جنا ہے (...... وأَنْصَعَ) بِالْحَقِّ: حق کا اقرار کر کے ادا کرنا۔ أَنْصَعَ لِلشَّرِّ: برائی کے درپے ہونا۔

النَّصْع والنِّصْع والنَّصَع: بہت سفید یا چمڑا یا کپڑا۔

النِّصَع: چمڑے کا فرش جس پر مجرم کو قتل کیا جاتا تھا۔

النَّاصِع والنَّصِيْع: خالص۔ صاف۔ کہا جاتا ہے "أَصْفَرُ نَاصِعٌ أَبْيَضُ نَاصِعٌ حَقٌّ نَاصِعٌ" خالص حق۔ حَسَبٌ نَاصِعٌ: خالص حسب۔ کہا جاتا ہے أَحْمَرُ نَصَّاعٌ: یعنی خالص سرخ۔ حُمْرَةٌ نَصَاعَةٌ: خالص سرخی۔

المَنَاصِع: قضاء حاجت کے مقامات۔ واحد مَنْصَع.

نَصَفَهُ (ن ض) نَصْفًا: آدھے تک پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "نَصَفْتُ عُمْرِيْ" میں اپنی آدھی عمر کو پہنچا۔ "وَنَصَفْتُ الْكِتَابَ" میں آدھی کتاب تک پہنچا۔ نَصَفَ النَّهَارُ وَغَيْرُهُ: دن کا آدھے تک پہنچنا (...... نَصْفًا وَنَصَافًا ونِصَافًا ونَصَافَةً ونِصَافَةً) الرَّجُلَ: خدمت کرنا۔

نَصَفَ (ن) نَصْفًا ونَصَافَةً ونِصَافَةً الشَّيْءَ: آدھا لینا ...... القَوْمَ: آدھا وصول کرنا۔ ...... الشَّيْءَ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ: آدھا آدھا تقسیم کرنا۔ ...... القَدَحَ: پیالے سے آدھا پینا (نَصَفَ (ن) نُصُوْفًا) النَّخْلُ: کچھ سرخ کچھ سبز کھجوروں والا ہونا۔

نَصَّفَ الشَّيْءَ: آدھا آدھا کرنا۔ آدھا لینا۔ ...... النَّهَارُ: دن کا آدھا ہونا ...... رَأْسُ فُلَانٍ: سر کا آدھا سفید آدھا سیاہ ہونا ...... الرَّجُلُ: ادھیڑ عمر والا ہونا ...... الْجَارِيَةُ: اوڑھنی اُڑھانا ...... النَّخْلُ: کچھ سرخ کچھ سبز کھجوروں والا ہونا۔

أَنْصَفَ الشَّيْءُ: آدھے تک پہنچنا ...... الشَّيْءَ: آدھا لینا ...... الرَّجُلُ: انصاف ور ہونا ...... الْمُسَافِرُ: آدھے دن چلنا ...... الْمُتَخَاصِمَيْنِ: انصاف سے فیصلہ کرنا ...... مِنْ فُلَانٍ: پورا حق وصول کرنا ...... فُلَانًا: خدمت کرنا ...... المَاءُ الإِنَاءَ: آدھے تک بھرنا اور کہا جاتا ہے "أَنْصَفْتُ المَاءُ الإِنَاءَ" آدھے تک برتن کو پانی سے بھر دیا۔

نَاصَفَهُ مُنَاصَفَةً: آدھا آدھا بانٹنا۔ نَاصَفَهُ الْمَالَ: آدھا مال دینا۔

تَنَصَّفَ الأَمِيْرَ: انصاف کرنے کی درخواست کرنا۔ الشَّيْبُ فُلَانًا: تمام بال سفید ہونا ...... الرَّجُلَ: خدمت کرنا ...... فُلَانٌ فُلَانًا: خدمت کرانا۔ بھلائی طلب کرنا۔ مطیع ہونا ...... الشَّيْءَ: آدھا لینا اور کہا جاتا ہے "تَنَصَّفْنَاكَ بَيْنَنَا" یعنی ہم نے تم کو اپنے درمیان کر لیا۔

اِنْتَصَفَ النَّهَارُ وَغَيْرُهُ: دن کا آدھے تک پہنچنا ...... سَهْمُهُ فِي الصَّيْدِ: تیر کا شکار کے جسم میں آدھا داخل ہونا ...... الشَّيْءَ: آدھا لینا۔

تَنَصَّفَ وانْتَصَفَ مِنْ فُلَانٍ: انصاف چاہنا۔ حق لینا۔ بدلہ لینا۔ تَنَصَّفَتْ وانْتَصَفَتِ الْجَارِيَةُ: اوڑھنی اوڑھنا۔

تَنَاصَفَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے سے انصاف کرنا۔

اِسْتَنْصَفَ: انصاف کرنا ...... مِنْ فُلَانٍ: پورا حق وصول کرنا۔

النِّصْف: بِتَثْلِيثِ النُّوْنِ: کسی چیز کا آدھا ج أَنْصَاف.

النَّصَف: درمیانی عمر والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَصَفٌ" ج نَصَفُوْنَ وأَنْصَاف وامْرَأَةٌ نَصَفٌ ج نُصُفٌ ونِصَاف وأَنْصَاف اور کہا جاتا ہے "إِنَّ فُلَانَةَ لَعَلَى نَصَفِهَا" یعنی فلاں عورت آدھی جوانی پر ہے (...... والنَّصَفَة) انصاف وعدل۔

النَّصْف وَقَدْ تُثَلَّثُ النُّوْنُ: انصاف۔ رَجُلٌ نَصْفٌ: درمیانی عمر یا قد والا اور اسی طرح کہا جاتا ہے "امْرَأَةٌ نَصْفٌ وَرِجَالٌ أَو

نِسَاءٌ نَصَفٌ" واحد کی طرح تذکیر و تانیث و
واحد جمع سب میں مستعمل ہے۔
النَّصِیفُ: آدھا۔ ہر وہ چیز جو سر کو چھپائے
جیسے اوڑھنی اور عمامہ وغیرہ...... مِنَ البُرُودِ:
دو رنگوں والی چادر۔
النَّاصِفُ: قا۔ خادم ج نَصَفٌ و نَصَفَةٌ
و نُصَّافٌ.
النَّاصِفَةُ: النَّاصِفُ کا مؤنث۔ نَاصِفَةُ
المَاءِ: نالی۔ ج نَوَاصِفُ.
النَّصْفَانُ مِنَ الآنِيَةِ و نَحْوِهَا: نصف تک
بھرا ہوا برتن۔ مؤنث نَصْفَى.
الأَنْصَفُ: بہت انصاف کرنے والا اور یہ
أَنْصَفُ: اسم تفضیل خلاف قیاس ہے۔
المَنْصَفُ و المَنْصِفُ مِنَ الطَّرِيقِ:
راستے کا آدھا۔
المِنْصَفُ و المَنْصَفُ: خادم۔ مؤنث۔
مَنْصَفَةٌ ج مَنَاصِفُ.
المُنَصَّفُ: مثع۔ شراب جس کو پکا کر آدھا
کر دیا گیا ہو۔
مُنْتَصَفُ الشَّيءِ و مَنْصَفُهُ: ہر چیز کا
درمیان۔
المُتَنَاصِفُ مِنَ الرِّجَالِ: سڈول بدن کا
مرد۔ مَكَانٌ مُتَنَاصِفٌ: برابر برابر اجزاء
والی جگہ۔
نَصَلَ (ن) نَصْلاً السَّهْمَ: تیر میں پیکان
لگانا...... السَّهْمُ: پیکان لگنا۔
نَصَلَ (ن) نَصْلاً و نُصُولاً مِنْ كَذَا:
نکلنا۔ کہا جاتا ہے "نَصَلَ السَّهْمُ مِنَ
نَصْلِهِ" تیر پیکان سے نکل گیا۔ "و نَصَلَتِ
الخَيْلُ مِنَ الغُبَارِ" گھوڑے غبار سے نکل
گئے "و نَصَلَ الطَّرِيقُ مِنْ مَوْضِعِ كَذَا"
راستہ فلاں جگہ سے نکل گیا۔ نَصَلَتِ
اللِّحْيَةُ: داڑھی سے خضاب کا رنگ زائل
ہونا...... اللَّسْعَةُ او لَحْمَةُ: ڈنگ کا اثر اتر
جانا۔ و نَصَلَ بِحَقِّي صَاغِرًا: نکالنا...... مِنْ
بَيْنِ الجِبَالِ: ظاہر ہونا...... النَّاقَةُ: اونٹوں
سے آگے بڑھ جانا۔

نَصَّلَ و أَنْصَلَ السَّهْمَ: تیر میں پیکان لگانا
و أَنْصَلَ السَّهْمَ: پیکان جدا کرنا۔ أَنْصَلَ
الشَّيءَ مِنَ الشَّيءِ: نکالنا۔
تَنَصَّلَ الشَّيءَ: نکالنا۔ پسند کرنا...... الرَّجُلَ:
کسی کی ساری چیزیں لے لینا۔ تَنَصَّلَ إِلَى
فُلاَنٍ مِنَ الجِنَايَةِ: کسی کے پاس اپنے آپ
کو بری کرنا...... مِنْ كَذَا: نکلنا...... اللِّحْيَةُ:
داڑھی سے خضاب کا رنگ زائل ہونا......
كَمَدُ فُلاَنٍ: رنج و غم زائل ہونا۔
اِنْتَصَلَ السَّهْمُ: پیکان نکلنا۔
تَنَاصَلَ: نکلنا۔
اِسْتَنْصَلَهُ: نکالنا۔ اِسْتَنْصَلَتِ الرِّيحُ
اليَبِيسَ: جڑ سے اکھیڑنا۔
النَّصْلُ: مص۔ پیکان۔ چاقو کا پھل اور بسا
اوقات تلوار کو بھی نَصْل کہتے ہیں۔ ج
نِصَالٌ و أَنْصُلٌ و نُصُولٌ و نَصْلُ الرَّأْسِ:
سر کا بالائی حصہ۔ اور کہا جاتا ہے "مِعْوَلٌ
نَاصِلٌ" کدال جس کا دستہ نکلا ہوا ہو۔
النَّصْلاَنِ: پیکان اور بھالا۔
النَّصْلَةُ: ایک پیکان۔
النَّصِيلُ: کلہاڑا۔ سر کا بالائی حصہ۔ تالو۔
ٹھوڑی کے نیچے گردن اور سر کا جوڑ۔ بھوسہ
اور مٹی سے صاف۔ گیہوں۔ وادی کی ایک
شاخ۔ نَصِيلُ الحَجَرِ: پتھر کی سطح۔ ج
نُصُلٌ۔ النَّصِيلُ و المِنْصَلُ و المِنْصَالُ: لمبا
پتھر جس سے کوٹنے کا کام لیا جائے۔
المُنْصُلُ و المُنْصَلُ: تلوار۔ ج مَنَاصِلُ.
مُنْصِلُ الأَسِنَّةِ و مُنْصِلُ الإِلِّ: نام ماہِ
رجب کا۔
النَّصْمَةُ: تصویر جس کی تعظیم کی جائے۔
نَصْنَصَ البَعِيرُ: اٹھنے کے لئے دونوں زانو
زمین میں لگانا...... الشَّيءَ: لانا...... فِي
مَشْيِهِ: چلنے میں جھومنا۔
حَيَّةٌ نَصْنَاصٌ: بہت حرکت کرنے والا
سانپ۔
نَصَا يَنْصُو نَصْوًا و انْتَصَى الرَّجُلَ: پیشانی
کے بال پکڑنا۔ نَصَتِ المَاشِطَةُ المَرْأَةَ:

پیشانی کے بالوں میں کنگھی کرنا۔ نَصَا فُلاَنٌ
الثَّوْبَ: اتارنا۔ دور کرنا۔
نَاصَى نِصَاءً و مُنَاصَاةً الرَّجُلَ: ایک
دوسرے کے پیشانی کے بال پکڑنا۔ نَاصَى
الشَّيءُ الشَّيءَ: متصل ہونا۔
تَنَصَّى الرَّجُلُ القَوْمَ: قوم کی بہترین عورت
سے شادی کرنا۔ تَنَصَّتِ المَرْأَةُ: پیشانی
کے بالوں میں کنگھی کرنا۔ تَنَصَّى الشَّيءُ
بِالشَّيءِ: متصل ہونا۔
تَنَاصَى القَوْمُ: جھگڑے میں ایک دوسرے
کے پیشانی کے بالوں کو پکڑنا...... الأَغْصَانُ
و نَحْوُهَا: ٹہنیوں کا ہوا چلنے کے وقت قریب
ہونے کی وجہ سے ایک دوسرے سے الجھنا۔
النَّصْوُ: مص۔ پیٹ کا درد۔
النَّاصِيَةُ: پیشانی یا پیشانی کے بال جبکہ لمبے
ہوں۔ ج نَوَاصٍ و نَاصِيَاتٌ اور کہا جاتا
ہے "أَذَلَّ فُلاَنٌ نَاصِيَةَ فُلاَنٍ" یعنی فلاں
نے فلاں کی اہانت کی۔ نَوَاصِي النَّاسِ:
قوم کے بڑے بڑے لوگ۔ عمائد۔
المُنْتَصَى: دو وادیوں کے ملنے کی جگہ۔ دو
وادیوں کے بالائی حصہ کے ملنے کی جگہ۔
أَنْصَى إِنْصَاءً المَكَانُ (یائی) بہت نصی
والی ہونا (دیکھئے لفظ نَصِيٌّ)
اِنْتَصَى اِنْتِصَاءً الشَّعْرُ: بال کا طویل ہونا۔
...... الجَبَلُ او الأَرْضُ: پہاڑ یا زمین کا بلند
ہونا...... الشَّيءَ: چننا۔
النَّصِيُّ: ایک عمدہ قسم کا چارہ۔ واحد نَصِيَّةٌ ج
أَنْصَاءٌ جج أَنَاصٍ. النَّصِيُّ: گردن کی ہڈی ج
أَنْصِيَةٌ.
النَّصِيَّةُ: بمعنی نَصِيٌّ...... مِنَ القَوْمِ او الإِبِلِ
و غَيْرِهَا: برگزیدہ و عمدہ۔ کہا جاتا ہے "هَذِهِ
نَصِيَّتِي" یہ میرا عمدہ مال ہے۔ النَّصِيَّةُ:
بقیہ۔ ج نَصِيٌّ و ج أَنْصَاءٌ و أَنَاصٍ.
نَضَّ (ض) نَضًّا و نَضِيضًا المَاءُ: تھوڑا
تھوڑا ابھنا یا رسنا۔ نَضَّ مَالُهُ: سامان کے بعد
نقدی ہونا...... الشَّيءَ: ظاہر کرنا...... الطَّائِرُ
جَنَاحَيْهِ: پرندوں کا بازو...... کو ملانا......

العُودُ: لکڑی سے جلنے میں دوسرے سرے پر پانی نکلنا......القِرْبَةُ مِنْ شِدَّةِ المَلا: مشک کا زیادہ بھر جانے سے پھٹنا۔

نَضَّ (ض) نَضِيضًا الأمْرُ: ممکن ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَانَضَّ بِيَدِيْ مِنْهُ شَيْءٌ" یعنی مجھ کو اس سے کچھ حاصل نہیں ہوا۔ "وَخُذْ مَا نَضَّ لَكَ مِنْ دَيْنٍ او ثَمَنٍ" قرض یا قیمت سے جو کچھ آسانی سے جلدی وصول ہو لے لو۔

نَضَّضَ الرَّجُلُ: بہت درہم و دینار والا ہونا......الشَّيْءُ: ہلانا۔

اَنَضَّ وتَنَضَّضَ الحَاجَةَ: پورا کرنا۔

تَنَضَّضَ واِسْتَنَضَّ حَقَّهُ مِنْ فُلَانٍ: تھوڑا تھوڑا کر کے وصول کرنا۔ تَنَضَّضَ فُلَانًا: برانگیختہ کرنا۔ اکسانا۔ اِسْتَنَضَّ المَعْرُوْفَ او الخَبَرَ: تھوڑا تھوڑا کر کے فائدہ حاصل کرنا۔

النَّضُّ: مص۔ درہم و دینار۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَخْلَصَهُ مِنْهُ نَضًّا" اس نے اس سے نقد حاصل کیا۔ اَمرِ مکروہ۔ کہا جاتا ہے "اَتَى بِاَمْرٍ نَضٍّ" اس نے امر مکروہ کیا۔ رَجُلٌ نِضُّ اللَّحْمِ: کم گوشت والا آدمی۔

النَّاضُّ: فا۔ درہم و دینار۔ کہا جاتا ہے "اَمْرٌ نَاضٌّ" یعنی امر ممکن "وَمَاءٌ نَاضٌّ" دیر تک باقی رہنے والا پانی۔

النِّضَاضُ: تھوڑا تھوڑا فائدہ حاصل کرنا۔

النُّضَاضَةُ مِنَ المَاءِ وَغَيْرِهِ: بقیہ۔ تھوڑی سی چیز۔ نُضَاضَةُ الرَّجُلِ: مرد کا آخری بچہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نُضَاضَةُ اَبَوَيْهِ" وہ اپنے ماں باپ کا آخری لڑکا ہے۔

النَّضَّاضُ: اسم مبالغہ مؤنث نَضَّاضَة۔

بِئْرٌ نَضُوْضٌ: کنواں جس سے پانی تھوڑا تھوڑا نکلے۔

النَّضِيضُ: مص۔ تھوڑا سا پانی وغیرہ ج نِضَاضٌ اور کہا جاتا ہے رَجُلٌ نَضِيضُ اللَّحْمِ کم گوشت والا مرد۔ "وَجَاءَ القَوْمُ بِاَقْصَى نَضِيضِهِمْ" قوم اپنی انتہائی جماعت تک کو لائی۔

النَّضِيضَةُ: تھوڑی بارش۔ ج اَنِضَّة ونَضَائِضُ اور کہا جاتا ہے "جَاءُوْا بِاَقْصَى نَضِيضَتِهِمْ" لوگ آخری جماعت تک لائے "وَاِبِلٌ نَضِيضَةٌ ونَضَائِضُ" پیاسے اونٹ جو سیراب نہ ہوں۔

النَّضَائِضُ: گرم پتھر پر گوشت بھوننے کی آواز۔ واحد نَضِيضَة۔

نَضَبَ (ن) نَضْبًا المَاءُ: جاری ہونا۔ بہنا۔ نَضَبَ عُمْرُهُ: ختم ہونا۔

نَضَبَ (ن ض) نُضُوْبًا المَاءُ: پانی کا زمین میں اترنا۔ خشک ہونا......عَنِ الشَّيْءِ: کشادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے نَضَبَ عَنْهُ البَحْرُ: یعنی پانی خشک ہو گیا......الخَيْرُ: کم ہونا......عَيْنُهُ: آنکھ کا دھنس جانا۔ نَضَبَتِ المَفَازَةُ: بیابان کا دور ہونا۔

نَضَبَ القَوْمُ: دور ہونا......فُلَانٌ: مرنا اور کہا جاتا ہے "نَضَبَ مَاءُ وَجْهِهِ" یعنی وہ بے شرم ہوا......فُلَانٌ الثَّوْبَ: کپڑا اتارنا۔

نَضَّبَ المَاءُ: پانی کا زمین میں جذب ہونا۔

نَضَّبَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا دودھ کم ہونا۔

اَنْضَبَ القَوْسَ: کمان سے آواز نکلنے کے لئے تانت کو کھینچنا۔

النَّاضِبُ: فا۔ غَدِيْرٌ نَاضِبٌ: خشک شدہ تالاب۔ مَكَانٌ نَاضِبٌ: دور کی جگہ ج نُضَّب۔

التَّنْضُبُ: ایک خاردار درخت جس کی لکڑی سفید ہوتی ہے اور دیکھنے میں خشک معلوم ہوتی ہے اگرچہ تر ہی کیوں نہ ہو اور اس درخت پر گرگٹ بہت رہتے ہیں۔ ج تَنَاضِب۔

نَضِجَ (س) نَضْجًا الثَّمَرُ او اللَّحْمُ: پھل یا گوشت کا پکنا۔ صفت نَاضِج ونَضِيج (...... ونضجت) النَّاقَةُ بِوَلَدِهَا: اونٹنی کا وقت ولادت گزار دینا اور بچہ نہ دینا۔

اَنْضَجَ الثَّمَرَ او اللَّحْمَ: پھل یا گوشت پکانا۔

اِسْتَنْضَجَ الكُرَاعَ اَيْ اَقْدَامَ الشَّاةِ: بکری کے پائے پکانا۔

النُّضْجُ والنَّضْجُ: پختگی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَضِيْجُ الرَّأْيِ" یعنی وہ مضبوط رائے والا ہے "وَاَمْرٌ مُنْضَجٌ: مضبوط معاملہ۔

المِنْضَاجُ: گوشت بھوننے کی سیخ۔

نَضَخَ (ف ض) نَضْخًا البَيْتُ بِالمَاءِ: پانی چھڑکنا......عَلَيْهِ المَاءَ: پانی چھڑکنا......الجِلْدَ: کھال تر کرنا......عَطَشَهُ: پیاس بجھانا۔ آسودگی سے کم پینا......البَعِيْرُ المَاءَ: کھیت میں ڈالنے کے لئے نہر یا کوئیں سے لانا......فُلَانًا بِالنَّبْلِ: تیر اندازی کرنا۔

نَضَخَ عَنْ نَفْسِهِ: مدافعت کرنا۔ نَضَخَ الزَّرْعُ: کھیتی کا دانہ دار ہونا......الشَّجَرُ: پتے نکلنے کے لئے پھٹنا......النَّخْلَ: پانی لانے والی اونٹنی سے پانی لا کر سیراب کرنا۔

نَضَحَ (ف) نَضْحًا وتَنْضَاحًا الإِنَاءُ: برتن کا ٹپکنا......الفَرَسُ: پسینہ والا ہونا۔

نَضَحَتِ العَيْنُ: آنسو بہانا......الشِّتَاءُ القَوْمَ: برسانا۔

اَنْضَحَ الزَّرْعُ او الشَّجَرُ بمعنی نضح......عِرْضَ فُلَانٍ: آلودہ کرنا۔ خراب کرنا۔

نَاضَحَ مُنَاضَحَةً عَنْ كَذَا: مدافعت کرنا۔

اِنْتَضَحَ المَاءُ عَلَيْهِ: پانی چھڑکا جانا......واِسْتَنْضَحَ المُتَوَضِّئُ: وضوء کے بعد شرمگاہ پر پانی چھڑکنا۔

تَنَضَّحَتْ واِنْتَضَحَتِ العَيْنُ: آنسو بہانا۔

اِنْتَضَحَ مِنْ كَذَا: بیزار ہونا۔

النَّضْحُ: مص۔ پانی وغیرہ کا چھڑکاؤ۔ پانی جس سے کھیت سیراب کیا جائے۔ النَّضَحُ ہر وہ چیز جو پانی کی طرح رقیق ہو۔ ج نُضُوْح واَنْضِحَة۔

النَّضَحُ: حوض۔ ج نُضُوْح واَنْضَاح۔

النَّضِيْحُ: حوض۔ پسینہ۔ ج نُضُح۔

النَّاضِحُ: فا۔ اونٹ جس پر پانی سیراب کرنے کے لئے لایا جائے۔ مؤنث نَاضِحَة۔ ج نَوَاضِح: بارش۔ پانی چھڑک کر سیراب کی ہوئی جگہ۔

النَّضّاخ: اسم مبالغہ۔ کھجوروں کو سیراب
کرنے والا۔ سیراب کرنے والے اونٹ
کو ہانکنے والا۔ مؤنث نَضَّاحَةٌ قَوْسٌ
نَضّاحَةٌ بِالنَّبْلِ: اچھی طرح تیر پھینکنے والی
کمان۔
النَّضُوح: ایک قسم کی خوشبو۔ قِرْبَةٌ نَضُوحٌ:
مشک جس سے پانی رستا ہو۔ قَوْسٌ نَضُوحٌ
و نَضِيحَةٌ: اچھی طرح تیر پھینکنے والی کمان۔
النَّضَاح: پسینہ۔
المِنْضَحَة والمَنْضَحَة: پانی چھڑکنے کا
آلہ۔ ہزارہ۔
نَضَحَهُ (ف) نَضْحًا: چھڑکنا۔ تر کرنا اور
کہا جاتا ہے "نَضَحَ النَّبْلَ وبِالنَّبْلِ فِي
العَدُوِّ" اس نے دشمنوں میں تیر کی بوچھاڑ
کی۔
نَضَخَ (ف) نَضْخًا ونَضَخَانًا المَاءُ: پانی
کا چشمہ سے اُبلنا۔
نَاضَخَهُ مُنَاضَخَةً ونِضَاخًا: ایک دوسرے
پر چھڑکنا۔
اِنْضَخَ وانْضَاخَ عَلَيْهِ المَاءُ: پانی کا گرنا۔
اِنْتَضَخَ المَاءُ: پانی چھڑکا جانا۔
النَّضْخ: مص۔ خوشبو کا نشان جو کپڑے میں
باقی رہ جائے۔
النَّضْخَة: بوچھار۔
النَّضَّاخ: موسلادھار بارش۔ عَيْنٌ نَضَّاخَةٌ:
اُبلنے والا پانی۔
المِنْضَخَة: پانی چھڑکنے کا آلہ۔ ج مَنَاضِخ۔
عوام اسے مَرَشَّة یا رَشَّاشَة: کہتے ہیں۔
نَضَدَ (ض) نَضْدًا ونَضَّدَ المَتَاعَ:
سامان ترتیب سے رکھنا یا ڈھیر لگانا۔ صفت
مفعولی مَنْضُود ونَضِيد ومُنَضَّد اور کہا جاتا
ہے رَأْيٌ مُنَضَّد: یعنی مضبوط رائے۔
تَنَضَّدَتِ الأَسْنَانُ ونَحْوُهَا: دانتوں کا
ترتیب سے ہونا۔
اِنْتَضَدَ القَوْمُ بِمَكَانِ كَذَا: جمع ہونا۔ اور
ٹھہرنا۔
النَّضَد: ترتیب سے رکھا ہوا ڈھیر لگایا ہوا
سامان خانہ۔ تخت۔ تہ بتہ بادل۔ عزت او
شرافت۔ کہا جاتا ہے "لِبَنِي فُلَانٍ نَضَدٌ"
فلاں کے بیٹوں کے لئے شرافت ہے۔
شریف ج اَنْضَاد۔ اَنْضَادُ القَوْمِ: لوگوں کی
جماعت اور ان کی تعداد۔ اَنْضَادُ الرَّجُلِ:
مرد کے شریف چچا اور ماموں۔ اَنْضَادُ
الجِبَالِ او السَّحَابِ: تہ بتہ پہاڑ یا بادل
(...... والنَّضُود) موٹی اونٹنی۔ ج اَنْضَاد
و نُضُد۔
النَّضِيدَة: بھری ہوئی چیز۔ تکیہ۔ ج نَضَائِد۔
المِنْضَدَة: گھر کے سامان وغیرہ رکھنے
کا ٹیبل۔
نَضَرَ (ن) ونَضِرَ (س) ونَضُرَ (ک)
نَضْرًا و نَضْرَةً ونَضَرًا و نُضُورًا و نَضَارَةً
الوَجْهُ او اللَّوْنُ او الشَّجَرُ وغَيْرُهَا: شگفتہ
ہونا۔ نرم و نازک ہونا۔ سرسبز و شاداب
ہونا۔ صفت نَاضِرٌ ونَضِرٌ ونَضِيرٌ۔
نَضَرَهُ (ن) نَضْرًا ونَضَّرَهُ اللّٰهُ: تروتازہ
بنانا۔
اَنْضَرَ: تروتازہ ہونا...... الشَّجَرُ: درخت کا
سرسبز ہونا۔ اَنْضَرَهُ اللّٰهُ: تروتازہ بنانا۔
اِسْتَنْضَرَ الشَّيْءَ: تروتازہ پانا یا سمجھنا۔
النَّضْر ج اَنْضَار واَنْضُر و النُّضَار
والنَّضِيرُ والأَنْضَرُ: چاندی۔ سونا۔ عموماً
سونے کے لئے مستعمل ہے۔ النُّضَار: ہر چیز
کا خالص۔ سونے کا خالص جوہر۔
النُّضَار والنِّضَار: جھاؤ کا درخت اور بقول
بعض سیدھی ٹہنیوں والا لمبا جھاؤ کا درخت
برتن بنانے کے لئے بہترین لکڑی۔ کہا جاتا
ہے "قَدَحُ نُضَارٍ" یعنی عمدہ لکڑی کا بنا ہوا
پیالہ۔
النَّاضِر: خوبصورت۔ نرم ونازک۔
کیچڑ۔ النَّاضِرُ مِنْ كُلِّ لَوْنٍ: گہرا رنگ۔ کہا
جاتا ہے اَحْمَرُ نَاضِرٌ و اَخْضَرُ نَاضِرٌ۔
النَّضْرَة: نرمی و نازکی۔ خوبصورتی و رونق۔
دولت مندی۔ پگھلایا ہوا سونا۔ کہا جاتا ہے
"تَعْرِفُ فِي وُجُوهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِيمِ" یعنی
ان کے چہروں میں نعمت کی رونق معلوم ہوتی
ہے۔
النَّضَارِيَّة: پتے کھانے والے کیڑے جن
کے رنگ چمکیلے ہوتے ہیں۔
نِضْرُ الرَّجُلِ: مرد کی بیوی۔
نَضَفَ (ض ن) نَضْفًا ونَضِفَ (س)
نَضَفًا وانْتَضَفَ الفَصِيلُ مَا فِي ضَرْعِ
اُمِّهِ: اونٹ کے بچے کا تمام دودھ پی جانا۔
نَضَفَهُ (ن) نَضْفًا: خدمت کرنا۔ نَضَفَ
الحِمَارُ: گدھے کا گوز کرنا۔
اَنْضَفَ الجَمَلُ: اونٹ کا دلکی چلنا......
الرَّجُلُ: ہمیشہ جنگلی پودینہ کھانا......
الجَمَلَ: اونٹ کو دلکی چلانا۔
النَّضْف: مص۔ جنگلی پودینہ۔
النَّضَفَان: دلکی چال۔
النَّضِف والنَّضِيف: ناپاک۔
النَّاضِف: فا (...... والمِنْضَف) بہت گوز
کرنے والا۔ ج مَنَاضِف۔
نَضَلَهُ (ن) نَضْلًا: تیراندازی میں سبقت
کرنا۔ تیراندازی ہی میں غالب ہونا۔
نَضِلَ (س) نَضَلًا البَعِيرُ: اونٹ کا دبلا
ہونا۔ تھکنا۔
نَاضَلَهُ نِضَالًا ونِيضَالًا ومُنَاضَلَةً: تیر
اندازی میں مقابلہ کرنا۔ نَاضَلَ عَنْهُ: کسی کی
جانب سے مدافعت کرنا۔ کسی کی حمایت
کرنا۔
اَنْضَلَهُ: لاغر کرنا۔ تھکانا۔
تَنَضَّلَهُ: نکالنا۔
اِنْتَضَلَهُ: نکالنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَضَلَ سَهْمًا
مِنَ الكِنَانَةِ" اس نے تیر کو ترکش سے نکالا۔
اِنْتَضَلَ رَجُلًا مِنَ القَوْمِ او سَهْمًا مِنَ
الكِنَانَةِ: انتخاب کرنا۔ چننا۔ اِنْتَضَلَتِ الإِبِلُ
فِي السَّيْرِ: چلنے میں اگلی ٹانگوں کو آگے
پھینکنا۔
اِنْتَضَلَ وتَنَاضَلَ القَوْمُ: تیراندازی میں
مقابلہ کرنا۔ باہم فخر کرنا۔
النَّاضِل: فا تیراندازی میں غالب۔ ج

نِضَال.
النِّضل: مصیبت۔ بلاو سختی۔
تَضَنضَنَ الرَّجُلُ: بہت روپے پیسے والا ہونا
......لِسَانَہٗ: حرکت دینا......ہٗ: جلانا و رنج کرنا۔
النِّضْنَاض والنَّضْنَاضَة مِنَ الْحَيَّاتِ: زبان ہلانے والا سانپ۔ ایک جگہ میں نہ رہنے والا سانپ۔ فی الفور ہلاک کرنے والا سانپ۔
نَضَا يَنْضُو نَضْوًا. السَّيْفَ مِنْ غِمْدِهٖ: تلوار کو میان سے سونتنا......الثَّوْبَ عَنْہُ: کپڑا اتارنا......الرَّجُلُ مِنْ ثَوْبِهٖ: ننگا کرنا
......الْبِلَادَ: طے کرنا۔ نَضَا الْجُرْحُ: زخم کی سوجن اترنا......الْمَاءُ: پانی کا جذب ہونا
......السَّيْفُ: تلوار کا پار ہونا(...... نَضْوًا ونُضِيًّا) الفَرَسُ الْخَيْلَ: آگے بڑھ جانا
(...... نَضْوًا ونُضُوًّا) الْخِضَابُ: رنگ اتر جانا۔
اَنْضٰى اِنْضَاءً الْبَعِيْرَ: اونٹ کو دبلا کرنا۔
......الثَّوْبَ: کپڑا بوسیدہ کرنا......فُلَانًا: دبلا جانور دینا۔
نَضّٰى تَنْضِيَةً. ثَوْبَهٗ عَنْهُ: کسی کا کپڑا اتارنا۔
تَنَضّٰى الْبَعِيْرَ: اونٹ کو دبلا کرنا۔
اِنْتَضٰى اِنْتِضَاءً السَّيْفَ: تلوار کو میان سے سونتنا......الثَّوْبَ: کپڑا بوسیدہ کرنا۔
النِّضْوُ: دبلا جانور مؤنث نِضْوَةٌ: بوسیدہ کپڑا۔ کثرت تیراندازی کی وجہ سے خراب شدہ تیر۔ باریک تیر۔ لگام کا لوہا۔ ج اَنْضَاء.
النُّضَاوَةُ مِنَ الْخِضَابِ: چھڑایا ہوا خضاب۔ کہا جاتا ہے "اَعْطِنِيْ نُضَاوَةَ حِنَّائِكَ" عضو سے حنا کے چھڑائے ہوئے کو مجھے دو۔
النَّضِيُّ: دبلا جانور۔ بغیر پیکان اور پر کے تیر
......مِنَ السَّهْمِ: پر اور پیکان کے درمیان کا حصہ ج اَنْضِيَة.
نَضِيَ يَنْضِيْ نَضْيًا السَّيْفَ: تلوار سونتنا
......الثَّوْبَ: کپڑا اتارنا(...... وانْتَضٰی واتَّضٰی) الثَّوْبَ: کپڑا بوسیدہ کرنا۔ پرانا کرنا۔
نَطَّ (ن) نَطًّا الشَّيْءَ: باندھنا۔ کھینچنا۔
نَطَّ (ض) نَطًّا: بکواس کرنا......فِي الْاَرْضِ جانا(...... نَطِيْطًا) بھاگنا۔ پھاندنا۔ اچھلنا۔
النَّطَّاط: بک بک کرنے والا۔ بہت سفر کرنے والا۔ کودنے والا۔ لغو دعوی کرنے والا۔
النَّطِيْط: مص۔ مَكَانٌ نَطِيْطٌ: دور کی جگہ۔
اَرْضٌ نَطِيْطَةٌ: دور والی زمین۔
عَقَبَةٌ نَطَّاءُ: دور کی گھاٹی۔
الانَطّ: دور کا سفر۔ ج نُطُط.
نَطَبَهٗ (ن) نَطْبًا وانْتَطَبَهٗ: انگلی سے کان پر مارنا۔
نَاطَبَهٗ مُنَاطَبَةً: برانگیختہ کرنا۔ اکسانا۔ جھگڑا کرنا۔
اَنْطَبَ اُذُنَهٗ: انگلی سے کان پر مارنا۔
النَّاطِبَة: چھننے کا سوراخ۔ ج نَوَاطِب.
النِّطَاب: سر۔ گردن کی رگ۔
المِنْطَب والمِنْطَبَة: چھننا۔
المَنْطَبَة: بے وقوف۔
نَطَحَهٗ (ف ض) نَطْحًا الثَّوْرُ ونَحْوُهٗ: بیل کا سینگوں سے مارنا۔ نَطَحَ فُلَانًا: دفع کرنا۔ ہٹانا۔
نَاطَحَهٗ نِطَاحًا ومُنَاطَحَةً: سینگوں سے مارنا۔
اِنْتَطَحَ وتَنَاطَحَ الْكَبْشَانِ: مینڈھوں کا ایک دوسرے کو سینگ مارنا۔ تَنَاطَحَتِ الْاَمْوَاجُ او السُّيُوْلُ: موج یا سیلاب کا آپس میں ٹکرانا۔
النَّاطِح: فا۔ پرند یا وحشی جانور جو سامنے سے آئے اور یہ "قَعِيْد" کے خلاف ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا لَهٗ نَاطِحٌ وَلَا خَابِطٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔ نَاطِح سے مراد بھیڑ [illegible]
منازل قمر میں سے دو ستاروں کا نام۔
النَّطْح: مص۔ منازل قمر میں سے دو ستاروں کا نام۔
النَّوَاطِح: سختیاں۔
النَّطْحَة. نَطْح کا اسم مرۃ۔ لڑائی۔
النَّطِيْح: سینگ مارا ہوا۔ سینگ مارنے سے مرا ہوا۔ منحوس۔ گھوڑا جس کی پیشانی میں دو دائرے ہوں۔ مؤنث نَطِيْحَة. ج نَطْحٰى ونَطَائِح.
النَّطَّاح: بہت سینگ مارنے والا۔ سینگ مارنے کا عادی۔
نَطَرَ (ن) نَطْرًا ونِطَارَةً. الكَرْمَ او الزَّرْعَ: انگور یا کھیت کی نگہبانی کرنا۔ باغبانی کرنا۔
النِّطَارَة: مص۔ باغبانی کا پیشہ۔
النَّاطِر والنَّاطُوْر: باغبان۔ انگور یا کھیت کا نگہبان۔ ج نُطَّار ونَطَرَة ونَوَاطِيْر ونُطَرَاء.
النَّطَّار: اُچکا (جو کھیت میں پرندوں اور جانوروں کو ڈرانے کے لئے کھڑا کیا جاتا ہے)
نَطْرُوْن: بورہ ارمنی۔
النَّاطُوْرُ: الماس کا زیور جو عورتیں پیشانی پر سجاتی ہیں۔
نَطِسَ (س) نَطَسًا: عالم ہونا۔ ماہر ہونا۔
تَنَطَّسَ: گفتگو اور لباس وغیرہ میں احتیاط کرنا۔ امور میں غور و فکر کرنا اور خوب تحقیقات کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَطَّسَ الْاَخْبَارَ وعَنِ الْاَخْبَارِ" یعنی اس نے تحقیقات کی۔
النَّطُس والنَّطِس والنَّطْس: عالم گفتگو اور لباس وغیرہ میں احتیاط کرنے والا۔
النِّطِّيْس والنِّطَاسِيّ والنَّطَاسِيّ: عالم۔ ماہر طبیب۔
النُّطُس: ماہر اطباء۔
النُّطَسَة: بہت احتیاط کرنے والا۔
النَّاطِس: جاسوس۔
نَطِعَ نَطَعًا وانْتَطَعَ واسْتُنْطِعَ لَوْنُهٗ: رنگ

متغیر ہونا۔

تَنَطَّعَ فِی الْکَلَامِ: غلو کرنا۔تکلّف سے بولنا۔ ...... فِیْ شَھَوَاتِہٖ: مبالغہ کرنا...... فِیْ عَمَلِہٖ: ماہر ہونا...... الرَّجُلُ: چمڑے کے دسترخوان پر کھانا رکھنا۔خوب سیر ہو کے کھانا۔

النِّطْعُ والنِّطَعُ والنَّطْعُ والنَّطَعُ: چمڑے کا فرش جو مجرم کو قتل کرنے کے لئے بچھایا جائے ج أنْطَاع ونُطُوْع.

النِّطْعُ والنِّطَعُ: تالو کا اگلا حصہ جس میں شکن جیسا ہوتا ہے۔ج نُطُوْع اور اسی سے حروف نطعیہ ت د ط ہیں۔

الـنُّـطُـعُ: گفتگو میں بتکلف فصاحت ظاہر کرنے والا۔

النَّاطِعُ: خالص رنگ۔کہا جاتا ہے بیاض ناطع۔

نِطَاعُ القَوْمِ: قوم کی زمین۔قوم کا علاقہ۔کہا جاتا ہے "وَطِئْنَا نِطَاعَ بَنِیْ فُلَانٍ" ہم نے بنی فلاں کے علاقے کو طے کیا۔

النَّطَّاعُ: کلام میں بہت غلو کرنے والا۔جلد ساز۔ہوشیاری سے کھانے کو دسترخوان پر چننے والا۔ج نَطَّاعُوْن.

النَّطَاعَةُ: لقمہ جس کا نصف حصہ کھایا جائے اور نصف دسترخوان پر چھوڑ دیا جائے۔

نَطَفَ (ن ض) نَطْفًا وتَنْطَافًا ونَطَفَانًا ونِطَافَةً.المَاءُ: تھوڑا تھوڑا پانی بہنا...... الْقِرْبَةُ: مشک کا ٹپکنا...... المَاءُ: پانی بہانا۔

نَطَّفَهٗ ونَطَّفَهٗ وانْطَفَهٗ: بدکاری کی تہمت لگانا۔عیب لگانا۔نَطَّفَ الْمَرْأَةَ: عورت کے کان میں بالی پہنانا۔

نَطِفَ (س) ونَطُفَ نَطَفًا ونَطَافَةً ونُطُوْفَةً: عیب دار ہونا۔عیب و بدکاری کا الزام لگایا جانا۔نَطِفَ الشَّیْءُ: فاسد ہونا۔خراب ہونا۔نَطِفَ الرَّجُلُ: بدہضمی والا ہونا۔

تَنَطَّفَ الرَّجُلُ: عیب دار ہونا...... مِنْ کَذَا: پرہیز کرنا۔نفرت کرنا۔تَنَطَّفَتِ الْمَرْأَةُ: عورت کا بالی پہننا۔

النَّطَفُ: مص۔عیب۔برائی۔فساد۔

النُّطْفَةُ: صاف پانی۔تھوڑا یا زیادہ۔سمندر۔مرد یا عورت کا نطفہ۔ج نِطَاف ونُطَف (...... والنُّطَافَةُ) تھوڑا پانی جو ڈول یا مشک میں باقی رہ جائے۔النُّطَافَةُ: ہر وہ چیز جو کسی چیز سے ٹپکے۔

النُّطْفَتَانِ: دو سمندر (بحر روم و بحر چین یا بحر مشرق و بحر مغرب)

النَّطْفَةُ والنُّطْفَةُ: بالی۔آبدار موتی ج نُطَف.

النَّطِفُ: پلید۔شکی آدمی۔

النَّطُوْفُ: بارش والی۔کہا جاتا ہے "لَیْلَةٌ نَطُوْفٌ" صبح تک بارش والی رات۔

النَّاطِفُ: ریوڑی۔گڑ۔

النَّاطِفِیُّ: ریوڑی بیچنے والا۔

نَطَقَ (ض) نَطْقًا ومَنْطِقًا ونُطُوْقًا: بولنا...... الْکِتَابُ: واضح بیان کرنا۔

نَطَّقَهٗ: گفتگو کرانا۔کسی کو پٹکا باندھنا۔کسی کی کمر میں پٹکا باندھنا۔نَطَّقَ المَاءُ الْأَکَمَةَ وَغَیْرَهَا: پانی کا ٹیلے کے وسط تک پہنچنا۔

نَاطَقَهٗ: گفتگو کرانا۔

أنْطَقَهٗ: گفتگو کرانا۔

تَنَاطَقَا الرَّجُلَانِ: باہم گفتگو کرنا۔

تَنَطَّقَ وانْتَطَقَ وتَمَنْطَقَ: کمر میں پٹکا باندھنا ...... الْمَرْأَةُ: عورت کا کمر میں پٹکا باندھنا ...... الْأَرْضُ بِالْجِبَالِ: پہاڑوں سے گھرا ہوا ہونا۔انْتَطَقَ بِقَوْمِهٖ: طاقتور و قوی ہونا۔ ...... الرَّجُلُ: گفتگو کرنا۔علم منطق حاصل کرنا...... فَرَسَهٗ: بغیر سوار ہوئے کھینچنا۔

اِسْتَنْطَقَهٗ: گفتگو کرنا۔بولنے کو کہنا۔

النُّطْقُ: مص۔اس کا استعمال نطق خارجی یا ظاہری یعنی گفتگو پر بھی ہوتا ہے اور نطق داخلی یا باطنی یعنی فہم و ادراک کلیات پر بھی۔

النَّطْقَةُ.نطق: کا اسم مرة۔کہا جاتا ہے "نَطَقَ نَطْقَةً وَاحِدَةً" وہ ایک ہی بول بالا۔

النَّطِقُ: بولنے والا۔

النِّطَاقُ: کمر بند۔پٹکا۔کہا جاتا ہے "[illegible]

فُلَانٌ حُبُکُ النِّطَاقِ" یعنی فلاں شخص جانے کے لئے یا کام کرنے کے لئے مستعد ہوا۔النِّطَاقُ: کپڑے کا ایک ٹکڑا جس کو عورتیں کمر پر باندھتی ہیں اور اس کا بالائی حصہ نچلے حصہ پر اور نچلا حصہ زمین تک لٹکتا رہتا ہے۔ج نُطُق.

نِطَاقُ الْجَوْزَاءِ: جوزا کے درمیان کے تین ستارے جن کو عرب نظم بھی کہتے تھے اور یہ انتظام والتام کے لئے ضرب المثل ہے۔

النِّطَاقَةُ: پرچہ۔پرزہ۔اس وجہ سے کہ وہ لکھے ہوئے کو بتلاتا ہے۔

النَّاطِقُ: فا۔عرب کا قول "الْإِنْسَانُ حَیَوَانٌ نَاطِقٌ" یعنی انسان عاقل ہے۔کِتَابٌ نَاطِقٌ: واضح کتاب۔

النَّاطِقَةُ.النَّاطِقُ: کا مؤنث۔کہ۔النَّفْسُ النَّاطِقَةُ: نفس انسانی۔

الْمَنْطِقُ: مص۔گفتگو اور کبھی انسان کے علاوہ کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔کہا جاتا ہے سَمِعْتُ مَنْطِقَ الطَّیْرِ۔علم المنطق: ایک علم عملی کا نام جس کو میزان بھی کہتے ہیں اور یہ وہ علم ہے جو ذہن کو خطاء فی الفکر سے بچائے۔

الْمَنْطِقِیُّ: علم منطق جاننے والا۔

الْمِنْطَقُ والْمِنْطَقَةُ: پٹکا جو کمر پر باندھا جائے۔ج مَنَاطِق اور مِنْطَقَة سے فعل کا اشتقاق کیا ہے۔کہتے ہیں تَمَنْطَقَ: بمعنی پٹکا باندھنا جیسے مِدْرَعَة سے تَمَدْرَعَ اور مِنْدِیْل سے تَمَنْدَلَ.

تَمَنْطَقَ: علم منطق حاصل کرنا اور اسی سے بعض کا قول ہے "مَنْ تَمَنْطَقَ فَقَدْ تَزَنْدَقَ" جس نے علم منطق سیکھا وہ زندیق ہو گیا۔مِنْطَقَةُ الْجَوْزَاءِ: تین ستاروں کے نام اور مِنْطَقَةُ الْعَوَّاءِ: ایک دوسرے ستارے کا نام ہے۔

الْمِنْطِیقُ والنِّطِّیقُ: بلیغ۔

الْمُنَطَّقُ: مقام پٹکا باندھنے کی جگہ۔الْمُنَطَّقَةُ [illegible] المَعْز: کمر میں سفیدی والی بکری۔

اَلْمُنْطِقُ: (علم حساب)۔

الْمُنْتَطِق: عالی مرتبہ۔گرامی قدر۔اور کہا جاتا ہے "جَاءَ مُنْتَطِقًا حِصَانَهٗ" یعنی وہ بغیر سوار ہوئے گھوڑے کو کوتل بنا کر آیا۔

الْمَنْطُوق عِنْدَ الْأُصُوْلِيِّيْن: مفہوم مخالف کے خلاف۔

نَطَلَ (ن) نَطْلاً الْخَمْرَ: نچوڑنا...... ونَطَلَ رَاسَ الْعَلِيْلِ بِالنَّطُوْلِ: ترپڑا کرنا۔آہستہ آہستہ دوا میں جوش دیا ہوا نیم گرم پانی گرانا۔

اِنْتَطَلَ مِنَ الزِّقِ: مشک سے تھوڑا پانی گرانا یا لینا۔

النَّطْل: مص۔انگور کا چھلکا۔تھوڑا دودھ۔ (...... والنِّطْل) بھگوئے ہوئے خشک انگور خود بخود شراب نکلنے کے بعد جو نچوڑا جائے۔النِّطْل: شراب کا بقیہ۔

النُّطْلَة والنَّاطِل: شراب یا پانی یا دودھ وغیرہ کا گھونٹ۔النَّاطِل: فضلہ جو پیمانہ میں باقی رہ جائے۔کہا جاتا ہے "مَا ظَفِرْتُ مِنْهُ بِنَاطِلٍ" میں نے اس سے کچھ حاصل نہیں کیا۔

النَّاطِل والنَّاطَل والنَّيْطَل والنَّاْطِل: شراب دودھ وغیرہ ناپنے کا کوزہ۔النَّيْطَلُ والنَّطْلاء: مصیبت۔والنَّيْطَل: ہلاکت۔موت۔ڈول۔ج نَيَاطِل۔

الانْطِلَة: مصیبتیں۔

النَّطُوْل: پانی جس میں دوا جوش دیں اور عضو ماؤف کو اس سے دھاریں۔

المَنَاطِل: شراب کشی کے آلات۔

نَطْنَطَ الشَّيْءَ: کھینچنا......الرَّجُلُ: لمبے سفر والا ہونا...... (وَانْطَنَط) دُور ہونا۔

النَّطْنَط والنُّطْنُط والنُّطَنَاط: لمبے قد والا۔ج نَطَانِط ونَطَانِيط۔

نَطَا يَنْطُو نَطْوًا. الحَبْلَ: رسی کھینچنا...... الْغَزْلَ: کاتتے ہوئے سوت کا بانا کرنا...... المَنْزِلُ: دُور ہونا......عَنْ فُلَانٍ: چھپ ہو جانا۔

نَاطَى مُنَاطَاةً الرَّجُلَ: باہم نزاع کرنا۔

اَنْطَى: دینا۔

تَنَاطَى الْقَوْمُ: ایک دوسرے سے بڑھنے کی کوشش کرنا۔تَنَاطَوْا الْكَلَامَ: آپس میں گفتگو کرنا۔

النَّطْو: دُوری۔

النَّطِي: دُور۔کہا جاتا ہے "طَرِيْقٌ نَطِيٌّ" دُور کا راستہ (...... والْمَنْطُوُّ) مِنَ الْغَزْلِ: کاتتے ہوئے سوت کا تانا کیا ہوا۔

النَّطَاة: پکی کھجور کا غلاف یا ڈنٹھل ج اَنْطَاء۔

نَظَرَ (ن) ونَظِرَ (س) نَظَرًا و مَنْظَرًا ومَنْظَرَةً و تَنْظَارًا ونَظَرَانًا. هٗ واِلَيْهِ: دیکھنا۔غور سے دیکھنا۔(نَظَرَ (ن) نَظَرًا) فِي الْاَمْرِ: سوچنا۔فکر کرنا۔اندازہ کرنا...... الشَّيْءَ: انتظار کرنا......بَيْنَ النَّاسِ: حکم کرنا اور فیصلہ کرنا......لِلْقَوْمِ: رحم کرنا اور مدد دینا......فُلَانًا: متوجہ ہونا۔دیر کرنا......فُلَانًا الدَّيْنَ: مہلت دینا۔(اَنْظَرَ میں ایک لغت ہے) ......الشَّيْءَ: مہلت سے بیچنا...... فُلَانٌ: کاہن ہونا اور کہا جاتا ہے "اُنْظُرْ لِي فُلَانًا" میرے لئے فلاں کو طلب کرو۔ وَدَارِي تَنْظُرُ دَارَهٗ" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے "وَنَظَرَ الدَّهْرُ اِلٰى بَنِيْ فُلَانٍ" زمانے نے بنی فلاں کو ہلاک کر دیا۔

نَاظَرَهٗ مُنَاظَرَةً: مشابہ ہونا۔بحث کرنا۔نَاظَرَ الْجَيْشُ الْاَلْفَيْنِ: قریب پہنچنا......فُلَانًا بِفُلَانٍ او الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: مشابہ بنانا اور کہا جاتا ہے "دَارِي تُنَاظِرُ دَارَهٗ" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے۔

اَنْظَرَهٗ الدَّيْنَ: ادائیگی قرض کے لئے مہلت دینا۔اَنْظَرَ فُلَانًا لِفُلَانٍ: مشابہ بنانا...... الرَّجُلَ: سوچنے کا موقع دینا۔مہلت سے بیچنا۔

تَنَظَّرَهٗ: آنکھ سے بغور دیکھنا۔دیر کرنا۔مہلت دینا۔تَنَظَّرَ فُلَانًا: انتظار کی ہوئی چیز کی امید رکھنا۔

تَنَاظَرَا [illegible]

الْحَانا۔بحث کرنا۔تَنَاظَرَ الدَّارَانِ: ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔تَنَاظَرَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو دیکھنا۔

اِنْتَظَرَهٗ: انتظار کرنا۔امید رکھنا۔توقع رکھنا۔دیر لگانا۔

اِسْتَنْظَرَهٗ: انتظار کرنا۔مہلت طلب کرنا۔

النَّظَر: مص۔نگاہ۔دانائی۔عِلْمُ النَّظَرِ والْاِسْتِدْلَالِ: علم کلام اور کہا جاتا ہے "فِيْ هٰذَا الْاَمْرِ نَظَرٌ" عدم ظہور کی وجہ سے یہ امر محل غور ہے "وبَيْنَنَا نَظَرٌ" ہمارے درمیان اتنی قربت ہے کہ نگاہ پہنچ سکے۔"ونَظَرٌ اِلٰى كَذَا وبِالنَّظَرِ اِلٰى كَذَا" یعنی فلاں کے لحاظ سے۔النَّظَر: ہمسائے۔

النِّظْر: مشابہ۔مانند۔

النَّظْرَة۔نَظَر: کا اسم مرۃ۔ایک نگاہ۔ہیبت۔بری ہیئت وعیب۔رحمت۔مہربانی۔ کہا جاتا ہے "نَظَرَهٗ بِعَيْنِ النَّظْرَةِ" اس نے اس کو مہربانی کی نگاہ سے دیکھا۔

النَّظِرَة: مہلت۔معاملہ میں تاخیر۔

النَّظَرِي: نظر کی جانب منسوب۔ استدلالی علوم کی تقسیم میں نظری کا اطلاق اس علم پر ہوتا ہے جو عمل سے تعلق نہ رکھتا ہو اور اس کے مقابل کو عملی کہتے ہیں۔

النَّظَرِيَّةُ فِي الْهَنْدَسَةِ: وہ قضیہ جو ثبوت کے لئے دلیل کا محتاج ہے۔ج نَظَرِيَّات۔

النِّظَار والنِّظَارَة: فراست۔دانائی۔

النَّاظِر: آنکھ کی پتلی۔والنَّاظِر عِنْدَ الْمُوَلَّدِيْنَ: کسی ادارہ کا ناظم۔جیسے ناظر خارجیہ وناظر مالیہ۔ج نُظَّار۔النَّاظِر: پیشانی سے ناک کے نتھنوں تک کی ہڈی۔وہ امین آدمی جس کو بادشاہ کسی مقام کے لوگوں کے معاملات کی تحقیقات کے لئے بھیجے اور کہا جاتا ہے "هُوَ شَدِيْدُ النَّاظِرِ" یعنی وہ تہمت سے بری ہے اس لئے کہ آنکھ اٹھا کر چلت کرتا ہے۔النَّاظِرَانِ: ناک کے دونوں پہلوؤں کی دو رگیں۔

نَظَارِ: اسم فعل۔ بروزن نَزَالِ و تَرَاکِ۔ بمعنی اُنظر۔

النَاظِر والنَاظُور: انگور یا کھیتی کا محافظ۔ النَاظُورُ: سردارِ قوم۔

النَاظِرَة۔ النَاظِر: کا مؤنث۔ آنکھ ج نَوَاظِر

النَوَاظِر: سر کی رگیں جو آنکھ سے ملی ہوئی ہیں۔

النَظَّار: تیز دیکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ نَظَّارٌ" چالاک تیز خاطر بلند اطراف گھوڑا۔

النَظَّارَة: ناظرین۔ موقعہ جنگ کے تماشائی

النَظَّارَة عِندَ المولّدین: دُوربین۔

النَظُور والنَظُورَة والنَظِیرَة والنَاظُورَة: قوم کا سردار (مذکر و مؤنث واحد جمع)

النَظُور: مہمات سے غفلت نہ برتنے والا۔

النَظِیر: مثل و مانند اور کہا جاتا ہے "فُلانٌ نَظِیرُ فُلانٍ" یعنی فلاں فلاں کے مطابق ہے۔ ج نُظَرَاءُ مؤنث نَظِیرَة ج نَظَائِر۔

نَظَائِرُ القَوْمِ: قوم کے شرفا و افاضل۔

نَظِیرَةُ القَومِ او الجَیشِ و نَظُورَتُهُم: دیدبان۔

المَنظَر: دیکھنے کی جگہ چاہے خوش نما ہو یا بدنما۔ اور کہا جاتا ہے "فُلانٌ فِی مَنظَرٍ و مُستَمَعٍ" فلاں ایسی جگہ میں ہے کہ میں اس کو دیکھ سکتا ہوں اور اس کی باتیں سن سکتا ہوں۔ "وَکُنتُ عَن هٰذَا المَقَامِ بِمَنظَرٍ" یعنی میں اس مقام سے علیحدہ تھا ج مَنَاظِر

المَنَاظِر: بلند زمینیں۔ عِلمُ المَنَاظِر: وہ علم جس سے اشیاء کی مقدار باعتبار قرب و بعد کے پہچان سکیں۔

المَنظَرَة: مص۔ دیکھنے کی جگہ چاہے خوش نما ہو یا بدنما۔ دیکھنے بھالنے کی جگہ۔ المَنظَرَة: قوم جو کسی چیز کی طرف دیکھنے والی ہو۔

المَنظَرِی والمَنظَرَانِی: خوش نما۔

المُنَاظِر: فا۔ مثل۔

المِنظَار: آئینہ۔ ج مَنَاظِیر

المَنظُور: مفع وہ شخص جس کی خیر کی امید رکھی جائے۔ نظر بد لگا ہوا۔

المَنظُورَة۔ المَنظُور: کا مؤنث۔ مصیبت اِمرَأةٌ مَنظُورَةٌ: عیب دار عورت۔

نَظُفَ (ک) نَظَافَةً الشَّیءُ: صاف ستھرا ہونا۔ بارونق و حسین ہونا۔ صفت مذکر نَظِیفٌ صفت مؤنث نَظِیفَة ج نُظَفَاء: کہا جاتا ہے "فُلانٌ نَظِیفُ السَّرَاوِیلِ" فلاں پاک دامن ہے و نَظِیفُ الاَخلاقِ: مہذب۔

نَظَّفَ الشَّیءَ: صاف کرنا۔ پاک کرنا۔

تَنَظَّفَ الشَّیءُ: صاف ستھرا ہونا۔ الرَّجُلُ: بتکلف صاف ستھرا بننا۔ برائیوں سے دور ہونا۔

اِنتَظَفَ الفَصِیلُ مَا فِی ضَرعِ اُمِّهِ: اونٹ کے بچے کا تھن سے سارا دودھ پی لینا۔

اِستَنظَفَ: صاف ستھرا طلب کرنا...... الوَالِی الخَرَاجَ: پورا وصول کر لینا...... فُلانٌ الشَّیءَ: سب لے لینا...... الفَصِیلُ مَا فِی ضَرعِ اُمِّهِ: اُونٹ کے بچے کا تھن سے سارا دودھ پی لینا۔

نَظَمَ (ض) نَظمًا و نِظَامًا اللُّؤلُؤَ و نَحوَهُ: موتی پرونا۔ آراستہ کرنا۔ موزوں کرنا...... الشَّیءَ اِلَی الشَّیءِ: ترتیب دینا۔ کسی چیز کو کسی چیز سے جوڑنا...... الاَمرَ: برپا کرنا۔ قائم کرنا۔

نَظَّمَ اللُّؤلُؤَ والشِّعرَ: بمعنی نظم (پرونا۔ موزوں کرنا)

نَظَّمَتْ و اَنظَمَتِ السَّمَکَةُ او الدَّجَاجَةُ: مچھلی یا مرغی کا انڈے والی ہونا۔

تَنَظَّمَ و انتَظَمَ و تَنَاظَمَ اللُّؤلُؤُ و نَحوُهُ: موتی کا پرو دیا جانا۔ ترتیب وار ہونا۔ تَنَظَّمَ و انتَظَمَ الاَمرُ: درست ہونا۔ وانتَظَمَ الصَّیدَ: شکار کو چھید کر پار کر دینا۔ تَنَاظَمَتِ الصُّخُورُ: پتھر کی چٹانوں کا ایک ساتھ ملا ہوا ہونا۔

النَّظمُ: مص۔ ٹڈی دل یا ٹڈیوں کی ایک قطار۔ ترتیب دیا ہوا موزوں کلام اور اس کے مقابل کو نثر کہتے ہیں۔ النَّظمُ بعض ......

ستاروں پر اطلاق ہوتا ہے جیسے ثریا۔ نِطَاقُ الجَوزَاءِ و الدَّبَرَان۔

نِظَامُ کُوبِرنِیک: کوبرنیک البولونی (١٤٧٣ـ١٥٤٣) کا نظریہ فلکیات جس کے تحت وہ دعویٰ کرتا ہے کہ زمین اپنے اردگرد گھومتی ہے نیز وہ اور دیگر سیارات سورج کے اردگرد گھومتے ہیں۔ اس سے قبل اس کے برخلاف بطلیموس نے نظریہ فلکیات پیش کیا تھا کہ سورج ستارے اور سیارے زمین کے اردگرد گھومتے ہیں۔

النِّظَام: مص۔ موتیوں کی لڑی کا دھاگا۔ ج نُظُم و اَنظِمَة و اَنَاظِیم۔ النِّظَام: طریقہ و عادت۔ کہا جاتا ہے "مَا زَالَ عَلَی نِظَامٍ وَاحِدٍ" وہ ہمیشہ ایک طریقہ پر رہا۔ نِظَامُ الاَمرِ: سرمایہ۔ معاملہ۔ النِّظَامُ مِنَ الرَّملِ: ریت پر جما ہوا اور تہ لگا ہوا۔ النِّظَامُ مِنَ الجَرَادِ و النَّخلِ و نَحوِهَا: ایک قطار ٹڈیوں یا درخت خرما کی۔

النِّظَامَانِ و الاِنظَامَانِ و الاُنظُومَتَانِ مِنَ السَّمَکَةِ او الضَّبَّةِ: دُم سے کان تک کی دو دھاریاں۔ ج اَنَاظِیم۔

الاِنظَام: مچھلی یا گوہ کے انڈوں کی قطار۔ لڑی کا دھاگا...... مِنَ الرَّملِ: ریت پر جما ہوا اور تہ لگا ہوا۔

النَّظَّام: بہت پرونے والا۔

النَّظِیم: موزوں شعر وغیرہ۔ پہاڑی راستہ جس میں چشمے قریب قریب ہوں۔

المَنظُوم: مفع۔ شعر اور یہ منثور کے خلاف ہے۔

المَنظِم: ترتیب دینے کی جگہ۔ ج مَنَاظِم۔

النَّعُ: کمزور مرد۔

النُّعَاع: ملائم و نازک گھاس۔ واحد نُعَاعَة۔

نَعَبَ (ف ض) نَعبًا و نُعَابًا و نَعِیبًا و نَعَبَانًا و تَنعَابًا الغُرَابُ: کوے کا کاؤں کاؤں کرنا۔ جدائی کا خوف دلانا...... المُؤَذِّنُ: گردن لمبی کر کے اذان دینا۔

نَعَبَ (ف) نَعبًا الاِبِلُ: اُونٹ کا چلنے میں

گردن لمبی کرنا۔
النَّعب: مص ۔ رِیحٌ نَعَبٌ: تیز ہوا۔
نَاقَةٌ نَاعِبَةٌ: ج نَوَاعِب و نُعُوبٌ. ج نُعُب
و نَعَّابَة: تیز رفتار اُونٹنی۔
النَّعَّاب: اسم مبالغہ۔ کوے کا بچہ۔
المِنعَب والمُنعِب: تیز رفتار اُونٹنی۔ تیز رفتار گھوڑا جو چلنے میں گردن بلند کرے۔ چلانے والا ۔ بے وقوف۔
نَعَتَهُ (ف) نَعتًا: تعریف کرنا۔ بیان کرنا (اور اکثر اس کا استعمال صفات حسنہ کیلئے ہوتا ہے) نَعَتَ الکَلِمَةَ: کلمہ کے لئے صفت لانا۔
نَعِتَ (س) نَعتًا: بتکلف عمدہ صفات دکھانا۔
نَعُتَ (ک) نَعَاتَةً الرَّجُلُ: خلقۃً عمدہ صفات والا ہونا...... الفَرَسُ: گھوڑے کا تیز رفتار ہونا۔
اَنعَتَ الرَّجُلُ: خوب صورت چہرہ والا ہونا۔ عمدہ خصلتوں والا ہونا۔
اِنتَعَتَهُ: تعریف کرنا۔ اِنتَعَتِ المَرأَةُ...... بِالجَمَالِ: متصف ہونا۔
تَنَعَّتَ الشَّیءَ: تعریف کرنا۔ بیان کرنا۔
اِستَنعَتَهُ الشَّیءَ: بیان کرنے کو کہنا۔
النَّعت: مص ۔ تعریف ج نُعُوت.
النَّعت والنَّعتَة والنَّعِیت والنَّعِیتَة والمُنتَعِت مِنَ الخَیلِ: گھوڑ دوڑ میں سبقت لے جانے والا اصیل گھوڑا جس کی سب تعریف کریں اور کہا جاتا ہے "شَیءٌ نَعتٌ" عمدہ چیز ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نُعتَةٌ" یعنی وہ بلندی مرتبہ یا حسن جمال میں انتہا پر ہے۔
نَعَثَ (ف) نَعثًا وانتَعَثَ الشَّیءَ: لینا۔
اَنعَثَ فِی مَالِهِ: فضول خرچی کرنا۔
الرَّجُلُ: سفر کے لئے سامان لینا...... القَومُ: کام میں جدوجہد کرنا۔
نَعثَلَ الشَّیءَ: جمع کرنا...... الفَرَسُ فِی جَریِهِ: تیزی دوڑ کی وجہ سے گھوڑے کا بیٹھ بیٹھ جانا۔

النَّعثَل: بے وقوف بڈھا۔ نر بجو۔
النَّعثَلَة: بے وقوفی۔ بڈھے کی چال۔
نَعِجَ (س) ونَعَجَ (ن) نَعَجًا ونُعُوجًا اللَّونُ: خالص سفید رنگ ہونا۔ نَعَجَتِ النَّاقَةُ فِی سَیرِهَا: اُونٹنی کا تیز دوڑنا۔ (نَعِجَ (س) نَعَجًا) البَعِیرُ: اُونٹ کا موٹا ہونا...... الرَّجُلُ: بھیڑ کا گوشت کھا کر بدہضمی ہونا۔ صفت نَعِجٌ.
اَنعَجَ القَومُ: موٹے اُونٹوں والا ہونا۔
النَّعجَة: بھیڑ ۔ ج نِعَاجٌ و نَعَجَاتٌ. ونِعَاجُ الرَّملِ: گائے۔
النَّاعِجَةُ مِنَ النِّسَاءِ او النُّوقِ: سفید عورت یا اُونٹنی۔ نَاقَةٌ نَاعِجَةٌ: تیز رفتار اُونٹنی کہ جس پر بیٹھ کر جنگلی بھیڑوں کا شکار کریں۔ اَرضٌ نَاعِجَةٌ: ہموار نرم زمین ۔ ج نَوَاعِج.
النَّعَج: مص ۔ خالص سپیدی۔
نَعَرَ (ف ض) نَعِیرًا و نُعَارًا الرَّجُلُ: خراٹے لینا...... العِرقُ بِالدَّمِ: جوش کے ساتھ خون نکلنا یا نکلنے میں آواز ہونا اور کہا جاتا ہے "نَعَرَ فُلَانٌ فِی قَفَا الإِفلَاسِ" یعنی مستغنی ہوا۔
نَعَرَ (ف) نَعرًا فِی البِلَادِ: جانا...... القَومُ: جوش وخروش ظاہر کرنا اور اکٹھا ہونا...... اِلَی فُلَانٍ: آنا ۔ کہا جاتا ہے "مِن اَینَ نَعَرتَ اِلَینَا" تم کہاں سے ہمارے پاس آئے۔ نَعَرَ فِی الاَمرِ: اٹھنا اور کوشش کرنا...... الرَّجُلُ: مخالفت کرنا اور انکار کرنا۔
نَعِرَ (س) نَعَرًا الحِمَارُ او الفَرَسُ: ناک میں مکھی داخل ہونے کی وجہ سے مضطرب ہونا۔ صفت نَعِرٌ.
نَعَّرَ السَّهمَ: سیدھائی معلوم کرنے کے لئے ناخن پر گھمانا۔
اَنعَرَ الاَرَاکُ: درخت پیلو کا پھل دار ہونا۔
النُّعرَة. نَعرَة: کا اسم مرۃ ۔ خراٹا ۔ ج نَعَرَات. نَعرَةُ النَّجمِ: ہوا کا جھونکا۔ اور ثریا کے طلوع کے وقت سخت گرمی۔

کام۔
النُّعَرَة والنُّعرَة: ناک کا اندرونی بالائی حصہ۔ النُّعَرَة: ہوا جو ناک میں داخل ہو کر حرکت پیدا کرے۔ پیلو کا پھل (ایک قسم کی بڑی نیلی مکھی جو گھوڑوں اور گدھوں کی ناک میں داخل ہو کر تکلیف پہنچاتی ہے۔ ج نُعَرٌ و نُعَرَاتٌ.
النَّاعِر: فا۔ کہا جاتا ہے "کُلَّمَا نَعَرَ بِهِم نَاعِرٌ اِتَّبَعُوهُ" جب بھی کوئی چیخنے والا چیختا ہے اس کے پیچھے ہو جاتے ہیں۔ مقصد یہ ہے کہ وہ ہر بونگ کے پیچھے ہو جاتے ہیں۔
النَّعِر: وہ شخص جو ایک جگہ پر قائم نہ رہے مؤنث نَعِرَة.
النَّعِیر: مص ۔ لڑائی وغیرہ کی چیخ و پکار۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَعِیرُ الهَمِّ" فلاں بلند ہمت ہے۔
النَّعَّار: نافرمان۔ فتنہ انگیز۔ چیخنے والا۔ شور مچانے والا ۔ مؤنث نَعَّارَة۔ اِمرَأَةٌ نَعَّارَةٌ: شور مچانے والی ۔ بدزبان عورت۔ النُّعَار: ایک قسم کا پرندہ۔
النَّعَار والنُّعُور والنَّاعُور: رگ یا زخم جس سے خون جوش سے نکلے۔ النَّاعُور: چکی کا پہلو۔ النُّعُورُ مِنَ الرِّیَاحِ: گرمی میں ناگہاں ٹھنڈی ہوا یا سردی میں گرم ہوا۔ نِیَّةٌ نَعُورٌ: دور کی نیت۔
النَّعَّارَةُ عِندَ المُوَلَّدِینَ: رہٹ والا مٹی کا آب خورہ۔ عوام عین کی تخفیف سے بولتے ہیں۔
النَّاعُور والنَّاعُورَة: رہٹ ۔ ج نَوَاعِیر.
نَعَسَ (ف ن) نَعسًا الرَّجُلُ: اونگھنا صفت مذکر نَاعِسٌ ج نُعَّس ۔ صفت مؤنث نَاعِسَة ج نَاعِسَات و نَوَاعِس. نَعَسَ جِسمُهُ او رَایُهُ: جسم یا رائے کا نرم و کمزور ہونا۔ نَعَسَتِ السُّوقُ: بازار کا ماند پڑنا۔
اَنعَسَهُ: سلانا...... فُلَانٌ: سست بیٹوں والا ہونا۔
تَنَاعَسَ: بتکلف سونا ۔ اپنے آپ کو سوتا ہوا

ظاہر کرنا...... السُّوقُ: نقلی کا سست پڑنا۔
تَنَاعَسَتِ السُّوقُ: بازار کا ماند پڑنا۔
النُّعَاسُ: حواس کی سستی۔ اونگھ۔ ابتدائی نیند۔
النَّعْسَانُ: اونگھنے والا۔ مؤنث نَعْسیٰ (اس کا استعمال عموماً اشعار میں مستحسن ہے)
اِمْرَأَةٌ نَعَّاسَةٌ و نَعُوسٌ: اونگھنے والی عورت۔ نَاقَةٌ نَعُوسٌ: دودھار اونٹنی۔
نَعَشَهُ (ف) نَعْشًا اللّٰهُ: بلند کرنا۔ اٹھانا۔ ہلاکت سے بچانا۔ فقیری کے بعد دولت والا بنانا...... الرَّبِيعُ النَّاسَ: خوش حال کرنا...... المَيِّتَ: بھلائی سے یاد کرنا...... طَرْفَهُ: نگاہ اٹھا کر دیکھنا...... الشَّجَرَةَ: جھکے ہوئے درخت کو اٹھانا۔
نُعِشَ: تابوت پر اٹھایا جانا۔ صفت مَنْعُوشٌ...... فُلانٌ: پھسلنے کے بعد اٹھایا جانا۔
نَعَّشَهُ، اَنْعَشَهُ اللّٰهُ: بلند کرنا اور اٹھانا۔
نَعَّشَ فُلانٌ فُلانًا: نَعَّشَكَ اللّٰهُ مِنْ عَثْرَتِكَ: کہنا۔
اِنْتَعَشَ: سستی کے بعد چست ہونا۔ سر اٹھانا...... مِنْ سَقْطَتِهِ: گرنے کے بعد اٹھنا۔
اِسْتَنْعَشَ: سستی کے بعد چست ہونا۔
النَّعْشُ: مص۔ بقا۔ محافہ کے مانند چارپائی جس پر بادشاہ کو بیمار ہونے کے بعد اٹھاتے تھے۔ تابوت۔ مُردہ کا تخت۔ بَنَاتُ نَعْشٍ الكُبْرىٰ: سات ستارے جو قطب شمالی کی جہت میں ہیں اور انہیں کے قریب سات اور ستارے ہیں جن کو بَنَاتُ نَعْشٍ الصُّغْرىٰ: کہتے ہیں۔
نَعَصَ (ف) نَعْصًا الشَّيْءَ: حرکت دینا...... الجَرَادُ الأَرْضَ: چپٹ کر جانا۔
نَعِصَ (س) نَعَصًا: جھکنا۔
اِنْتَعَصَ: ہلنا۔ الرَّجُلُ: گرنے کے بعد اٹھنا۔ غضبناک ہونا۔
النَّاعِصَةُ: مددگار۔ اعوان و انصار۔
اَنْعَطَ الأَكْلُ: آدھا لقمہ کھانا آدھا ڈال دینا۔
النُّعُطُ: کھانے اور داد و دہش میں بدتمیز لوگ۔ واحد نَاعِطٌ۔
نَاعَفَهُ مُنَاعَفَةً: باہم دو راستوں میں مقابلہ کرنا کہ ہر ایک آگے بڑھ جانا چاہتا ہو۔
الطَّرِيقَ: راستہ میں مقابلہ کرنا۔
اَنْعَفَ: بلند جگہ پر بیٹھنا۔
اِنْتَعَفَ: بلند جگہ پر چڑھنا...... لِفُلانٍ: درپے ہونا...... الشَّيْءَ: غیر کے لئے چھوڑ دینا۔
الرَّاكِبُ: ظاہر ہونا۔
النَّعْفُ: پہاڑ سے نیچے اور وادی سے بلند ہموار جگہ...... مِنَ الرَّمْلَةِ: ریت کا اگلا و پتلا حصہ۔ ج نِعَاف۔
النُّعْفَةُ: پشت پاؤں پر جوتے کا تسمہ۔
النَّعَفَةُ: گیسو۔ شملہ۔ گوشت میں فاسد گرہ۔ کجاوہ کے تسمے جو ادھر ادھر حرکت کریں۔
اُذُنٌ نَاعِفَةٌ و نَعُوفٌ و مُنْتَعِفَةٌ: لٹکتا ہوا کان۔
المَنَاعِفُ مِنَ الجِبَالِ: پہاڑوں کی چوٹیاں۔
المُنْتَعَفُ: نرم اور سخت زمین کے درمیان کی حد۔
نَعَقَ (ف ض) نَعْقًا و نَعِيقًا و نُعَاقًا و نَعَقَانًا الغُرَابُ: کوے کا کاؤں کاؤں کرنا۔ المُؤَذِّنُ: مؤذن کا بلند آواز سے اذان دینا۔ الرَّاعِي بِغَنَمِهِ: چرواہے کا بکریوں کو آواز دینا اور ڈانٹنا۔
النَّعَّاقُ: بہت کائیں کائیں کرنے والا۔
النَّاعِقَانِ: جوزاء کے دو ستارے۔
نَعَلَ (ف) نَعْلاً القَوْمَ: جوتے دینا۔ (نَعَلَ و نَعَّلَ و اَنْعَلَ) الدَّابَّةَ: نعل لگانا۔
نَعِلَ (س) نَعَلاً: جوتا پہننا۔
تَنَعَّلَ و اِنْتَعَلَ: جوتا پہننا...... الثَّوْبَ: روندنا۔ اور کہا جاتا ہے "اِنْتَعَلَ الأَرْضَ" اس نے پیدل سفر کیا۔
النَّعْلُ: مص۔ جوتا۔ ہر وہ چیز جس سے قدم کو بچایا جائے (مؤنث) تصغیر نُعَيْلَةٌ...... الدَّابَّةِ: گھوڑے کا نعل ج نِعَال و اَنْعُل۔ النَّعْل: میان کے نچلے حصہ میں چاندی یا لوہے کا بنا ہوا۔ سخت زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔ ج نِعَال کہا جاتا ہے "اِخْضَرَّتْ نِعَالُ القَوْمِ" یعنی قوم کی زمین سرسبز ہوگئی۔
النَّعْلَةُ: ہر وہ جس سے قدم کو زمین سے بچایا جائے اور یہ نَعْل سے خاص ہے۔
النَّاعِلُ: فا۔ بہت جوتے والا۔ گورخر۔ رَجُلٌ نَاعِلٌ: جوتا پہنا ہوا مرد۔ حَافِرٌ نَاعِلٌ: سخت کھر۔
النَّعَّالُ: نعل بند۔
المَنْعَلُ و المَنْعَلَةُ: سخت زمین۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ مَنْعَلٌ و اَرْضٌ مَنْعَلَةٌ"۔
المُنْعَلُ: جوتے والا۔ فَرَسٌ مُنْعَلٌ: مضبوط نعل لگا ہوا گھوڑا۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ بِالمُنْعَلاتِ" اس نے اس پر مصیبتیں ڈالیں۔
نَعَمَ (ف ن) و نَعِمَ (س) نَعْمَةً و مَنْعَمًا الرَّجُلُ: خوش حال ہونا...... عَيْشُهُ: آسودہ و کشادہ ہونا اور کہا جاتا ہے "هٰذَا مَنْزِلٌ يَنْعَمُهُمْ" یہ ایسی منزل ہے جو ان کے موافق ہے "وَنَعِمْتُ بِهٰذَا عَيْنًا" یعنی میں اس سے خوش ہوا "وَنَعِمَكَ اللّٰهُ عَيْنًا وَنَعِمَ اللّٰهُ بِكَ عَيْنًا" یعنی تمہاری آنکھ ٹھنڈی کرے اور تم سے تمہاری محبوب کی آنکھ ٹھنڈی کرے۔
نَعِمَ (س) نَعَمًا العُودُ: لکڑی کا سرسبز و تر و تازہ ہونا۔
نَعُمَ (ک) نُعُومَةً: نرم و نازک ہونا۔ ملائم ہونا صفت نَاعِم۔
نِعْمَ افعال مدح میں سے ہے اور غیر منصرف ہے۔ تم کہتے ہو "نِعْمَ الرَّجُلُ زَيْدٌ وَ نِعْمَ رَجُلاً زَيْدٌ" اور تثنیہ اور جمع کا استعمال نادر ہے۔ کہا جاتا ہے نِعْمَا نِعْمُوا و نِعْمَتَا و نِعْمَن اور کبھی اس کے آخر میں ما لاحق ہوتا اس وقت صلہ سے مستغنی ہوتا ہے جب کہ

کوئی قرینہ ہو۔ مثلاً تم کہو گے "دَقَّقْتُهُ وَقًا نِعِمًّا" (کسرعین سے اور کبھی مفتوح بھی ہوتا ہے) معنی میں نِعْمَ مَا دَقَّقْتُهُ کے اور عرب کا قول "اِنْ فَعَلْتَ فَبِهَا وَنِعْمَتْ" تاء ساکنہ سے جس کی تقدیر نِعْمَتِ الفِعْلَةُ ہے۔

نَعَّمَ الشَّيْءَ: نرم و نازک بنانا...... الرَّجُلَ: آسودہ حال کر دینا۔ کسی سے نَعَم کہنا...... القَوْمَ: لوگوں کے پاس پاؤں آنا۔

اَنْعَمَ الشَّيْءَ: نرم و نازک بنانا...... فُلَانًا: آسودہ حال بنانا۔ کہا جاتا ہے "اَنْعَمَ اللّٰهُ صَبَاحَكَ" یعنی اللہ تعالیٰ تمہاری صبح اچھی کرے اور یہ امر کے موقعہ پر کہا جاتا ہے "اَنْعِمْ صَبَاحًا" اور کثرتِ استعمال کی وجہ سے ہمزہ اور نون حذف کر دیا جاتا ہے تو کہا جاتا ہے "عِمْ صَبَاحًا وعِمْ مَسَاءً اَنْعَمَ اللّٰهُ النِعْمَةَ عَلَيْهِ واَنْعَمَهُ بِالنِّعْمَةِ" نعمت پہنچانا۔ انعم اللہ بک عینا: تمہاری آنکھیں ٹھنڈی کرنا یا تمہاری وجہ سے دوسرے کی آنکھیں ٹھنڈی کرنا۔ اَنْعَمَ الرَّجُلُ: زیادہ کرنا۔ نعمت کو پہنچنا۔ القَوْمَ: لوگوں کے پاس ننگے پاؤں آنا۔ اَنْعَمَ صَدِيقَهُ: ننگے پاؤں ہو کر رخصت کرنا۔ اَنْعَمَ فِي الْاَمْرِ: مبالغہ کرنا۔ اچھی طرح سے کرنا...... اَنْعَمَ النَّظَرَ فِي الْمَسْاَلَةِ: غور کرنا۔ اَنْعَمَ لَهُ کسی سے نَعَم: کہنا اور کہا جاتا ہے "هٰذَا مَنْزِلٌ يُنْعِمُ" یہ ایسی منزل ہے جو بہت برکت والی اور موافق ہے۔

نَاعَمَ مُنَاعَمَةً الرَّجُلَ: آسودہ حال ہونا۔ الرَّجُلَ: آسودہ حال بنانا...... الْحَبْلَ وَغَيْرَهُ: رسی کو مضبوط کرنا۔

تَنَعَّمَ الرَّجُلُ: ناز و نعمت کی زندگی بسر کرنا۔ ننگے پاؤں چلنا...... قَدَمَيْهِ: مشغول کرنا...... فُلَانًا بِالْمَكَانِ: ڈھونڈنا...... الدَّابَّةُ: خوب اچھی طرح ہانکنا اور کہا جاتا ہے "اَتَيْتُ اَرْضَهُمْ فَتَنَعَّمَتْنِي" یعنی میں ان کی زمین میں پہنچا اور وہ میرے لئے موافق ہوئی۔

تَنَاعَمَ: خوش عیش ہونا۔

نَعَمْ: کلمۂ ایجاب ہے اور اس میں چار لغت اور ہیں۔

نَعِمْ ونِعِمْ ونِعَامْ ونَعَمْ اور یہ چار معانی میں آتا ہے۔

(۱) خبر کے بعد واقع ہو تو حرف تصدیق ہے جیسے قَامَ زَيْدٌ کے جواب میں نَعَمْ ہو تو اس کے معنی قام کے ہوں گے۔

(۲) امر اور نہی کے بعد واقع ہو تو حرف وَعْد: ہو گا جیسے "اِضْرِبْ زَيْدًا" کا جواب میں "نَعَمْ اَعِدُكَ بِضَرْبِهِ" کے معنی میں ہو گا۔

(۳) اور استفہام کے بعد واقع ہو تو حرف اعلام ہو گا جیسے اَقَامَ زَيْدٌ: کے جواب میں نَعَمْ اُعَلِّمُكَ بِقِيَامِهِ کے معنی میں ہو گا۔

(۴) اور جب صدر کلام میں واقع ہو تو فائدہ تاکید کا ہوتا ہے جیسے نَعَمْ اِنَّ رَبِّيْ قَادِرٌ۔

النُّعْم: خوش حالی۔ تن آسانی۔ ج اَنْعُمْ تم کہتے ہو "هٰذَا يَوْمُ نُعْمٍ" یعنی یہ عیش و طرب کا دن ہے۔

النَّعَم: اونٹ۔ چوپایہ پر بھی اطلاق ہوتا ہے ج اَنْعَام: جج اَنَاعِيم۔

النَّعْمَة: اسم مرة۔ آسودگی۔ نَعْمَةُ الْعَيْشِ: زندگی کی آسودگی۔

النِّعْمَة: احسان۔ رزق وغیرہ کا انعام جو تمہارے اوپر ہو۔ خوشی۔ خوشگوار حالت۔ ج نِعَم واَنْعُم ونِعْمات ونِعَمات ونِعِمات کہا جاتا ہے فُلَانٌ وَاسِعُ النِّعْمَةِ: فلاں بہت مالدار ہے۔

النَّعْمَاء ج اَنْعُم والنُّعْمٰى: بابرکت ہاتھ۔ والنُّعْمٰى: آرام۔ خوش عیشی، مال۔ کہا جاتا ہے "سَاَفْعَلُهُ نَعْمَ عَيْنٍ ونُعْمَ عَيْنٍ ونَعْمَةَ عَيْنٍ ونُعْمَةَ عَيْنٍ ونُعْمٰى عَيْنٍ ونَعِيمَ عَيْنٍ ونَعَامَ عَيْنٍ ونِعَامَ عَيْنٍ ونُعَامَ عَيْنٍ ونَعَامَى عَيْنٍ" یعنی عنقریب تمہارے اکرام کے لئے میں ایسا کروں گا اور کہا جاتا ہے "نُعْمَاكَ [illegible]" ہے کہ تم ایسا کرو۔

النُّعْمَة: خوشی۔ نُعْمَةُ الْعَيْنِ: آنکھ کی ٹھنڈک۔

النَّعَامَة: شتر مرغ (مذکر و مؤنث) ج نَعَام ونَعَامَات ونَعَائِم اور مذکر کو ظلیم اور شتر مرغ کے گلہ کو بَنَاتُ الْهَيْقِ کہتے ہیں۔ شتر مرغ کے پر خوبصورت ہوتے ہیں جس کو زینت کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ بھاگنے اور عبادت میں اس کی مثال دی جاتی ہے۔ النَّعَامَة: نفس، تاریکی۔ خوشی۔ اکرام۔ جہالت۔ واضح راستہ۔ کنوئیں میں اٹھا ہوا پتھر۔ راستہ کا نشان۔ پہاڑ پر سائبان کی مانند بنی ہوئی عمارت۔ دماغ کھلی۔ لوگوں کی جماعت۔ اِبْنُ النَّعَامَة: پنڈلی کی ہڈی۔ قدم یا تلوا اور کہا جاتا ہے "تَفَرَّقَتْ نَعَامَتُهُ" یعنی مر گیا یا کوچ کر گیا۔ "وَجَاءَ كَالنَّعَامَةِ" یعنی محروم لوٹا "وَرَكِبَ جَنَاحَي النَّعَامَةِ" یعنی اس نے اپنے معاملہ میں کوشش کی "وَشَالَتْ نَعَامَتُهُ" یعنی مر گیا "وَشَالَتْ نَعَامَةُ القَوْمِ" یعنی متفرق ہو گئے اور انہوں نے اپنے منازل کو خالی کر دیا "وَاِنَّهُ لَخَفِيفُ النَّعَامَةِ" یعنی ضعیف العقل ہے "وَاَصَمُّ مِنْ نَعَامَةٍ" وہ شتر مرغ سے زیادہ بہرا ہے اس لئے کہ شتر مرغ جب بھاگتا ہے تو کسی جانب نہیں مڑتا۔

النَّعَام: اسم جمع ہے مفرد اس کا النَّعَامَة ہے۔ بیابان۔ النَّعَامُ الصَّادِرُ: چار ستاروں کے نام النَّعَامُ الْوَارِدُ: دوسرے چار ستاروں کے نام اور یہ سب منازل قمر میں سے ہیں۔

النَّعَائِم: منازلِ قمر میں سے ایک منزل کا نام۔ جس کی صورت شتر مرغ جیسی ہے اور یہ آٹھ ستارے ہیں۔

النُّعُوْمَة: مص۔ نرمی و نازکی۔ ملائمت۔

النُّعْمَان: حیرہ کے ہر بادشاہ کا لقب۔ خون شَقَائِقُ النُّعْمَانِ: گل لالہ۔ واحد شَقِيقَةُ النُّعْمَانِ۔

الْاِنْعَام: مص۔ انعام۔ ج انعامات۔

الإنْعَامَة: انعام۔ عطیہ۔
النَّاعِمُ: فا...... مِنَ الثِّيَابِ: ملائم کپڑا...... یعنی الْعَيْشِ: آسودہ زندگی...... مِنَ النَّبَاتِ: سیدھا ہموار۔
النَّاعِمَة. النَّاعِم: کا مؤنث۔ آسودہ زندگی والی۔ باغ۔
النَّعِيم: آسودہ حالی۔ آرام۔ مال۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَعِيمُ الْبَالِ" یعنی سکون قلب والا مرد۔ نَعِيمُ اللّٰهِ: اللہ کا فضل۔
الْمِنْعَم: جھاڑو۔
الْمِنْعَام: بڑا فیاض۔
كَلَامٌ مُنْعَمٌ: نرم کلام۔
الْمُنَاعِم والْمُتَنَاعِم مِنَ النَّبَاتِ: سیدھی ہموار نباتات۔
الْمُنَعَّم والْمُنَاعَم والْمُتَنَعِّم والْمُتَنَاعِم: خوش حال۔ مالدار۔
نَعْنَعَ لِسَانُ فُلَانٍ: زبان میں ہکلاپن ہونا۔
تَنَعْنَعَ الشَّيْءُ: مضطرب ہونا۔ جھکنا...... عَنْهُ: دور ہونا۔
النَّعْنَع والنَّعْنَاع: پودینہ۔ واحد نَعْنَعَة ونَعْنَاعَة۔
النُّعْنُعَة: پوٹا۔
نَعَا يَنْعُو نُعَاءَ السِّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔
النَّعْو: ناک کے نیچے کا دائرہ۔ اونٹ کے اوپر والے ہونٹ کی پھٹن۔ کھر کے پچھلے حصے کی کشادگی۔ تازہ کھجور۔
نَعَى يَنْعَى نَعْيًا ونَعِيًّا ونُعْيَانًا لَنَا وإِلَيْنَا فُلَانًا: موت کی اطلاع دینا۔ کہا جاتا ہے "نَعَاهُ بِمَوْتِ فُلَانٍ" اس نے اس کو فلاں کی موت کی اطلاع دی...... نَعَى الْقَوْمَ: میت کے دفن کے لئے بلانا۔ نَعَيْتُهُ الشَّيْءَ: خبر دینا...... عَلَى الْقَوْمِ شُهْوَاتِهِمْ: عیب گیری کرنا کہا جاتا ہے "هُوَ يَنْعَى عَلَى فُلَانٍ ذُنُوبَهُ" یعنی وہ فلاں کے گناہوں کو ظاہر کرتا ہے اور شہرت دیتا ہے۔ "وفُلَانٌ يَنْعَى فُلَانًا" فلاں فلاں سے قصاص طلب کرتا ہے۔ "وفُلَانٌ يَنْعَى عَلَى نَفْسِهِ بِالْفَوَاحِشِ" یعنی فلاں اپنے آپ کے متعلق ارتکاب فواحش کی شہرت دیتا ہے۔
أَنْعَى عَلَيْهِ شَيْئًا قَبِيحًا: کسی کے متعلق بری بات طعنہ کے طور پر کہنا۔ أَنْعَيْتُهُ الشَّيْءَ: خبر دینا۔
تَنَاعَى الْقَوْمُ: قتل اور طلب قصاص پر برانگیختہ کرنے کے لئے مقتولین کی خبر موت کو بیان کرنا۔
اِسْتَنْعَى الْقَوْمُ: قتل اور طلب قصاص پر برانگیختہ کرنے کے لئے مقتولین کی خبر موت کو بیان کرنا۔ متفرق و منتشر ہونا۔ اِسْتَنْعَى ذِكْرُ فُلَانٍ: پھیلنا...... حُبُّ الْخَمْرِ بِهِ: مدت تک رہنا...... الرَّاعِي الْغَنَمَ: چرواہے کا آگے ہو کر اپنے پیچھے بکریوں کو بلانا۔
النَّعِيَّة. نَعَى: کا اسم مرۃ۔ ج نَعِيَات۔
النَّاعِي: فا۔ خبر مرگ لانے والا۔ طعن تشنیع کرنے والا۔ ج نَاعُونَ ونُعَاة ونُعْيَان۔
النَّعِي: مص۔ خبر مرگ لانے والا۔ جس کی وفات کی خبر دی جائے۔
نَعَاءِ مبنی علی الکسر: اسم فعل بمعنی انع کہا جاتا ہے نَعَاءِ فُلَانًا: یعنی فلاں کی موت کا پیغام پہنچاؤ۔
الْمَنْعَى والْمَنْعَاة: خبر مرگ۔ ج مَنَاعٍ۔
نَغَبَ (ف ن) نَغْبًا الرِّيقَ: تھوک نگلنا۔
نَغَبَ (ن) نَغْبًا الرَّجُلُ فِي الشُّرْبِ: گھونٹ گھونٹ پینا۔
نَغَبَ (ف) نَغْبًا الطَّائِرُ: پرندہ کا پانی پینا۔
النُّغْبَة والنَّغْبَة: گھونٹ ج نُغَب. النُّغْبَة: برا کام۔
النُّغْبُن: بے وقوف۔
النَّغِيقَة والنُّغْبُوقَة: جانور کے پیٹ کی آواز۔
النُّغْبُوق: ایک قسم کا پرندہ۔
النُّغْبُول: ایک قسم کا پرندہ۔ ایک نباتات۔
نَغَتَ (ف) نَغْتًا الشَّعْرَ: بال کھینچنا۔
النَّغْث: دائمی سخت مصیبت
نَغَرَت (ف ض) ونَغِرَت (س) نَغِيرًا ونَغَرَانًا الْقِدْرُ: ہانڈی کا ابلنا۔
نَغَرَ ونَغِرَ نَغْرًا ونَغَرَانًا الرَّجُلُ عَلَى فُلَانٍ: غضبناک ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَغِرَ عَلَيْهِ جَوْفُهُ" اس کا جوف اس پر بھڑک اٹھا۔ صفت مذکر نَغِر: صفت مؤنث نَغِرَة...... النَّاقَةَ: اونٹنی کو آواز دینا۔ بلانا۔
نَغِرَ (س) نَغْرًا مِنَ الْمَاءِ: بہت پانی پینا...... الرَّجُلُ: کینہ رکھنا۔
نَغَّرَ الصَّبِيَّ: بچے کو گدگدانا۔ بِالنَّاقَةِ: اونٹنی کو آواز دینا۔ بلانا۔
تَنَغَّرَ الرَّجُلُ: غضب کی وجہ سے جوف کا بھڑک اٹھنا...... عَنْ فُلَانٍ: دگرگوں ہونا یا غضبناک ہونا۔
أَنْغَرَتِ الْبَيْضَةُ: انڈے کا گندا ہونا۔
تَنَاغَرَ الرَّجُلُ: ناواقف بننا۔
النَّغْر: مص۔ کھاری پانی کا چشمہ۔
النُّغَر: بلبل۔ چڑیا کے بچے۔ ج نِغْرَان۔
النَّغَّار: بہت غضبناک۔ جُرْحٌ نَغَّارٌ: بہت خون بہانے والا زخم۔
الْمُنْغِر: بکری جس کے دودھ کے ساتھ خون آئے۔
الْمِنْغَار: بکری جس کے دودھ کے ساتھ خون آنے کی عادت ہو۔
نَغَزَ (ف) نَغْزًا الصَّبِيَّ: بچے کو گدگدانا۔ ...... بَيْنَ الْقَوْمِ: ایک دوسرے پر برانگیختہ کرنا۔
النَّغَّاز: فتنہ انگیز۔ تباہی لانے والا۔
نَغَشَ (ف) نَغْشًا ونَغَشَانًا: ہلنا اور بے قرار ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَنْغَشُ إِلَى فُلَانٍ" وہ فلاں کی طرف مائل ہے۔ "وسُقِيَ فُلَانٌ فَنَغَشَ" یعنی طاری ہونے کے بعد حرکت کی۔
تَنَغَّشَ وانْتَغَشَ الشَّيْءُ: ہلنا اور بے قرار ہونا۔ کہا جاتا ہے "انْتَغَشَ وتَنَغَّشَ الْمَكَانُ بِأَهْلِهِ والرَّأْسُ بِالْقَمْلِ" جگہ اپنے لوگوں اور سر جوؤں سے بھر گیا۔
النَّغْشَة. نَغَش: کا اسم مرۃ۔

النُّغَاش والنُّغَّاش والنُّغَاشِيُّ: بہت پست قد۔ النُّغَاش: رذیل لوگ۔ عیار لوگ۔

نَغِصَ (س) نَغَصًا الْبَعِيرُ: سیراب نہ ہونا ...... الرَّجُلُ: مراد پوری نہ ہونا۔

نَغَصَهُ (ف) نَغْصًا: پانی کا حصہ روک دینا یا پوری طرح سے پینے نہ دینا۔

نَغَّصَ وَانْغَصَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْعَيْشَ وَنَغَّصَ عَيْشَتَهُ: زندگی مکدر کر دینا۔ وَنَغَّصَ فُلَانًا: زندگی مکدر کر دینا۔ اَنْغَصَ فُلَانًا رَعِيَّتَهُ کسی کے جانوروں کو چرنے سے روک دینا۔

نُغِّصَ تَنْغِيصًا: خوشگواری کامل نہ ہونا۔

تَنَغَّصَ الْعَيْشُ: مکدر ہونا۔

تَنَاغَصَتِ الْإِبِلُ: ہجوم کرنا۔

النُّغْصَة: مراد پوری کرنے سے مانع ج نُغَص۔

نَغَضَ (ن ض) نَغْضًا وَنُغُوضًا وَنَغَضَانًا: کپکپی کے ساتھ ہلنا اور بے قرار ہونا۔

نَغَضُوا إِلَى الْعَدُوِّ: مقابلے کے لئے اٹھنا ...... الشَّيْءُ وَبِالشَّيْءِ: ہلانا۔ نَغَضَ نَغْضًا الشَّيْءُ: بہت ہونا ...... السَّحَابُ: گھٹا ٹوپ بادل چڑھنا۔

نَغَّضَ الشَّيْءَ: ہلانا۔

اَنْغَضَ الشَّيْءُ: ہلنا اور بے قرار ہونا۔ رَأْسَهُ: سر کو تعجب یا استہزاء سے ہلانا۔

تَنَغَّضَ الشَّيْءُ: ہلنا اور بے قرار ہونا۔

النَّغِض: مص۔ سر ہلانے والا۔ چلنے میں کانپنے والا۔

النَّاغِض: فا۔ ج نُغَّض۔ النَّاغِضُ مِنَ الْإِنْسَانِ: گردن کی جڑ جہاں سے سر کی حرکت ہوتی ہے۔ غَيْمٌ نَاغِضٌ: ایک دوسرے کے پیچھے پیچھے چلنے والا بادل (...... والنُّغْض) مِنَ الْكَتِفِ: مونڈھے کے کنارے کی پتلی ہڈی۔

النَّغَّاض مِنَ السَّحَابِ: ایک دوسرے کے پیچھے چلنے والا بادل۔ رَجُلٌ نَغَّاضُ الْبَطْنِ: بڑے پیٹ والا جس کے پیٹ پر موٹاپے کی وجہ سے شکن ہو۔

النَّغُوض: بڑے کوہان والی اونٹنی۔

نَغِفَ (س) نَغَفًا الْبَعِيرُ: اونٹ کی ناک میں کیڑا ہونا۔

النَّغَف: مص۔ اُونٹ اور بکری کے ناک کے کیڑے۔ واحد نَغَفَة۔ النَّغَف: خشک رینٹ جو ناک سے نکلے۔

نَغَقَ (ف ض) نُغَاقًا وَنَغِيقًا الْغُرَابُ: کوے کا کاؤں کاؤں کرنا۔

النَّغَّاق: بہت کاؤں کاؤں کرنے والا۔

نَغِلَ (س) نَغَلًا الْجِلْدُ: کھال کا دباغت میں خراب ہونا ...... الْجُرْحُ: فاسد ہونا۔ زخم میں کچھ خرابی باقی رہ جانا۔ نَغِلَتْ نِيَّتُهُ: نیت بری ہونا۔ نَغِلَ قَلْبُهُ عَلَيَّ: کینہ رکھنا ...... بَيْنَهُمْ: فساد ڈالنا۔ چغل خوری کرنا ...... وَجْهُ الْأَرْضِ: سوکھا پڑنے کی وجہ سے سطح زمین کا خشک ہونا۔

نَغُلَ (ک) نُغُولة المولود: نسبت بگڑنا۔

النِّغْلَة اسم مصدر ہے۔

اَنْغَلَ الْجِلْدَ: دباغت میں خراب کرنا۔ اسم النِّغْلَة۔

النَّغْل: گھوڑے اور گدھی سے پیدا شدہ جانور۔

النَّغَل: مص۔ لوگوں کے درمیان فساد انگیزی۔ چغل خوری۔

النَّغْلَة: چغل خوری۔

النَّغْل والنَّغِل مؤنث نَغْلَة وَنَغِلَة والنَّغِيل: بگڑا ہوا۔ حرامی بچہ۔

النَّغِيلَة: ایک قسم کا کیڑا جو چمڑے کو خراب کر دیتا ہے۔

نَغَمَ (ض ن) وَنَغِمَ (س) نَغْمًا وَنَغَمًا وَتَنَغَّمَ الرَّجُلُ: گانے میں سر نکالنا۔ نَغَمَ فِي الشَّرَابِ: تھوڑا سا پینا اور کہا جاتا ہے "سَكَتَ فَمَا نَغَمَ بِحَرْفٍ" وہ خاموش رہا ایک حرف نہیں بولا۔

نَاغَمَهُ مُنَاغَمَةً: بہت آہستہ گفتگو کرنا۔

النَّغْم والنَّغَم: گانے میں سر۔ ج اَنْغَام ج [illegible] النَّغَمُ الْمُوسِيقِيَّة [illegible]

آہستہ گفتگو۔

النَّغَّام: بہت سر نکالنے والا۔

النَّغْمَة والنَّغَمَة۔ نغم کا واحد۔ پڑھنے میں اچھی آواز۔ ج نَغَمَات۔

النُّغْمَة: گھونٹ۔ ج نُغَم۔

رَجُلٌ نَغُومٌ: اچھی آواز والا مرد۔

نَغَا يَنْغُو نَغْوًا وَنَغَى يَنْغِي نَغْيًا وَاَنْغَى إِلَيْهِ: قابل سمجھ بات کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَكَتَ فُلَانٌ فَمَا نَغَى بِحَرْفٍ" فلاں خاموش رہا ایک حرف نہیں بولا۔

نَاغَى الصَّبِيَّ: بچے سے دل پسند بات کرنا۔ الْمَرْأَةَ: عشق بازی کرنا ...... الرَّجُلَ: مقابلہ کرنا۔ غالب ہونے کی کوشش کرنا۔ قریب ہونا ...... الْمَوْجُ السَّحَابَ: موج کا بادل کی طرف اٹھنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا لَجَبَلٌ يُنَاغِي السَّمَاءَ" یہ پہاڑ اونچائی کی وجہ سے آسمان کے قریب ہے۔

تَنَاغَى الْقَوْمُ: باہم مقابلہ کرنا۔ ایک دوسرے پر غلبہ کی کوشش کرنا۔

النَّاغِيَة: کلمہ۔

النَّغْوَة والنَّغْيَة: سریلی آواز۔ اچھی گفتگو

النَّغْيَةُ: خبر جو ابھی تحقیق نہ کی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "سَمِعْتُ نَغْيَةً مِنْ كَذَا" میں نے فلاں چیز کی افواہ سنی ہے۔

نَفَّ (ن) نَفًّا الْأَرْضَ: بونا۔

نَفَّ (س) نَفًّا السَّوِيقَ: ستو چھاننا۔

النَّفِيُّ: جس پر ستو چھانا جائے۔ ج اَنْفِيَة۔

النَّفِيَّة والنُّفْيَة والنُّفَى: کھجور کے پتوں سے بنا ہوا گراں دسترخوان۔

النَّفِيف: اُونٹ کے پالان کا تنگ۔

النُّفَا: نباتات کے متفرق قطعات۔ چھوٹے باغ یا اکٹھے بعض درخت جو بڑی بڑی گھاس سے بلند ہو گئے ہوں۔ واحد نُفَاة۔

نَفَثَتْ (ض) نَفْثًا وَنَفَثَانًا وَنَفِيثًا وَنَافَثَتِ الْقِدْرُ: ہانڈی کا بہت زور سے اُبلنا۔ صفت نَفُوث۔ نفث وَنَافَثَ الرَّجُلُ: غضبناک ہونا۔ غصہ سے پھولنا۔ وَنَفَثَ الدَّقِيقَ نَفْثًا:

آنے کا پانی ڈالنے سے پھولنا۔

النفیجة: آٹا جس پر پانی یا دودھ ڈالا جائے۔

النفثالین: (کیمیا) کاربن اور ہیڈروجن سے مرکب ایک سفید بلوری مادہ جس کی ہوا طاقت ور ہوتی ہے رنگ دار چیزوں کے بنانے اور کیڑوں کی مدافعت کے لئے استعمال ہوتی ہے۔

نفث (ن ض) نفثا ونفثانا البصاق من فیہ: منہ سے تھوک پھینکنا...... الجرح الدم: زخم کا خون بہانا...... الرجل: تھوکنا۔ نفثت الحیة السم: سانپ کا زہر نکالنا۔ نفث المصدور: دردسینہ والے کا تھوک کھنکھار وغیرہ پھینکنا۔

القلم: لکھنا...... فلانا: کسی پر جادو کرنا۔ کہا جاتا ہے "نفث اللہ الشیئ فی قلبه" اللہ نے اس کے دل میں ڈالا۔ ونفث فی روعی او قلبی کذا: مجھے فلاں چیز کا الہام ہوا۔ "وفلان ینفث علی غضبا" فلاں مجھ پر غصہ کی وجہ سے طیش میں ہے۔

نافثه منافثة: چپکے چپکے بات کرنا۔

النفث: مص۔ نظم۔ نفث الشیطان: غزل کے اشعار۔

النفثة. نفث: کا اسم مرة۔ ج نفثات کہا جاتا ہے "ما احسن نفثات فلان" یعنی فلاں کے اشعار کس قدر اچھے ہیں۔

النفاثة: تھوک وغیرہ جو دردسینہ والا پھینکے۔

النافث والنفاث: جادوگر۔ مؤنث نافثة ونفاثة۔

دم نفیث: زخم سے بہا ہوا خون۔

المنفوث: مفع۔ رجل منفوث: جادو کیا ہوا مرد۔

نفج (ن) نفجا ونفجانا ونفوجا الارنب او الیربوع: خرگوش یا جنگلی چوہے کا دوڑ کر نکل بھاگنا۔ نفجت الریح: ہوا کا تیز چلنا...... الطریق بالقوم: راستہ میں قوم کا اچانک ظاہر ہونا۔

نفج نفجا الانسان: غیرواقعی صفات پر فخر کرنا...... الفروجة: مرغی کے بچے کا انڈے سے نکلنا...... الارنب وغیرها: خرگوش کو بھٹ سے نکالنا...... الشیئ: بلند کرنا......

السقاء: مشکیزہ بھرنا۔

انفج الارنب: خرگوش کو بھٹ کا کرنکالنا...... الحالب: دوہنے کے وقت برتن کو تھن سے جدا کرنا۔

تنفج وانتفج: بلند ہونا...... الرجل: غیر واقعی صفات پر فخر کرنا۔ ڈینگ مارنا۔

تنفجت الریح علی القوم: غفلت کی حالت میں تیز ہوا کا چلنا۔ انتفج الارنب: خرگوش کا دوڑنا۔ کودنا۔ کہا جاتا ہے "انتفجت منه الارنب" "انتفج الارنب وغیرها" خرگوش کو بھٹ کا کرنکالنا۔

استنفج الشیئ: نکالنا۔ ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "ما الذی استنفج غضبک" یعنی کس چیز نے تمہیں غصہ دلایا۔

النافج: فا۔ صوت نافج: سخت وبلند آواز۔

النافجه. النافج: کا مؤنث۔ بہت بارش والا۔ بادل۔ ہوا جو پہلے زور سے چلے۔ آخری پسلی۔ بیٹی۔ اس وجہ سے کہ وہ اپنے مہر سے باپ کے مال کو بڑھاتی ہے۔ مشک کا نافہ۔ مشک رکھنے کا برتن۔ ج نوافج۔

النفاج: غیرواقعی صفات پر فخر وغرور کرنے والا۔ ڈینگ مارنے والا۔

النفاجة: چوبغلا۔

النفیجة: کمان۔ ج نفائج۔

النفیج: اجنبی شخص جو کسی قوم میں شامل ہو اور نہ مصلح ہو نہ مفسد۔ ج نفج۔

النفج: بوجھل اور سست لوگ اور کہا جاتا ہے "هو نفج الحقیبة" وہ موٹے سرین والا ہے "وامرأة نفج الحقیبة" موٹے سرین والی عورت۔

الانفجانی: قول میں افراط کرنے والا۔

المنافج: چھوٹے تکیہ کے مانند ایک چیز جس سے عورتیں اپنے سرین کو بڑھا ظاہر کرتی ہیں۔

بعیر منفج: کوکھ باہر نکلا ہوا اونٹ۔

المنفوج: کشادہ پہلوؤں والا اونٹ۔

نفح (ف) نفحا ونفحانا ونفوحا ونفاحا الطیب: خوشبو پھیلنا۔ نفحت الریح: ہوا کا چلنا۔ ابتدائی ہوا کا چلنا۔ نفح العرق: رگ سے خون نکلنا۔ نفحت الدابة الرجل: کھر کے کنارے سے مارنا۔ نفح فلانا بالسیف: آہستہ تلوار سے مارنا۔ نفحه بکذا: دینا۔ نفح لمته: کنگھا کرنا...... الشیئ: دفع کرنا۔ ہٹانا۔

نافحه منافحة: جھگڑا کرنا۔ نافح عن فلان: کسی کی جانب سے مدافعت کرنا۔

انتفح بفلان: سامنے آنا۔ انتفح الی موضع کذا: واپس آنا۔

النفح: مص۔ النفح من الریاح: سردی میں ہوا کا چلنا اور گرمی میں ہوا کے چلنے کو اللفح: کہتے ہیں۔

النفحة. نفح: کا اسم مرة۔ نفحة الدم: خون کا فوارہ۔ نفحة الریح: ہوا کا جھونکا۔ نفحة الطیب: خوشبو کی بھڑک...... من الالبان: خالص دودھ۔ النفحة: عطیہ۔ ج نفحات: کہا جاتا ہے۔ نیة نفح: بلند ارادہ۔

النفوح من النوق: اونٹنی جس کے تھن سے بغیر دوہے ہوئے دودھ نکلے...... من القسی: دور تک تیر پھینکنے والی کمان۔ ریح نفوح: تیز چلنے والی ہوا۔

النفاح: بہت داد ودہش والا۔ طعنة نفاحة: زور سے خون بہانے والا نیزہ۔

النفیحة: دور تک تیر پھینکنے والی کمان۔

النفیح والمنفح: دخل در معقولات کرنے والا مرد۔

الانفحة والانفحة والانفحة والمنفحة: بکری کا بچہ جو ابھی صرف دودھ ہی پیتا ہو اس کے پیٹ میں سے ایک چیز نکالتے ہیں اور کپڑے میں لت پت کر لیتے

ہیں پھر وہ پنیر کا مانند گاڑھا ہو جاتا ہے اور عوام اس کو مَجْبَنَة کہتے ہیں۔

نَفَخَ (ن) نَفْخًا ونَفَّخَ بِفَمِهٖ: منہ سے پھونک مارنا۔ کہا جاتا ہے نَفَخَ فِی النَّار ونَفَخَ النَّارَ. نَفَخَ الضُّحٰی: بلند ہونا۔ نَفَخَتِ الرِّیْحُ: ہوا کا اچانک آنا۔ اور کہا جاتا ہے "نَفَخَ شِدْقَیْهِ" یعنی اس نے تکبر کیا۔ و "نَفَخَ الشَّیْطَانُ فِیْ اَنْفِهٖ" شیطان نے اس کی ناک میں پھونک دیا۔ یعنی اس نے اپنے متعلق ایسی بڑھ چڑھ کر باتیں کہیں جو حقیقتاً اس کے اندر نہیں تھیں۔ نَفَخَهُ الطَّعَامُ: سیر کرنا۔

تَنَفَّخَ: پھولنا۔

اِنْتَفَخَ: پھولنا۔ اِنْتَفَخَ الشَّیْءُ: بلند ہونا...... النَّهَارُ: دن چڑھنا...... الرَّجُلُ: بڑا بننا۔ تکبر کرنا۔

النَّفْخ: فخر۔ تکبر۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ ذُوْنَفْخٍ.

النَّفَخ: جانوروں کے ٹخنوں کا ورم جو چلنے سے کم ہو جائے۔

النُّفُخ: جوانی سے بھرپور۔ کہا جاتا ہے "شَابٌّ نُفُخٌ وجَارِیَةٌ نُفُخٌ."

النَّفْخَة. نفخ: کا اسم مرة۔ کھانے وغیرہ سے پیٹ کا پھولنا۔ نَفْخَةُ الشَّبَابِ: کامل جوانی۔ نَفْخَةُ الرَّبِیْعِ: موسم بہار کی تروتازگی۔

النُّفَاخ: ورم جو بیماری کی وجہ سے پیدا ہو۔

النُّفَاخَة: پانی کا بلبلہ۔ مچھلی کے پیٹ میں ایک پھولی ہوئی چیز۔ ج نُفَّاخَات.

النَّافِخ: فا۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ نَافِخُ ضَرَمَةٍ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔

النَّافُوْخ: یافوخ کی تحریف ہے بمعنی چندیا۔

النَّفِیْخ: مص۔ جو شخص آگ پھونکنے پر مقرر ہو۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ اَنْفُخَانٌ واِنْفِخَانٌ واُنْفُخَانِیٌّ واِنْفِخَانِیٌّ" موٹائی کی وجہ سے پر گوشت مرد اور مؤنث تا کے ساتھ جمع کی صورت میں۔

المِنْفَاخ والمِنْفَخ: پھونکنی۔ لہار کی دھونکنی۔ ج مَنَافِیْخ ومَنَافِیْخ. مَنَافِخُ الشَّیْطَانِ: شیطان کے وساوس۔

المَنْفُوْخ: مفع۔ بڑے پیٹ والا۔ موٹا۔ بزدل۔

نَفِدَ (س) نَفَدًا ونَفَادًا. الشَّیْءُ: نیست و نابود ہونا۔ ختم ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَفِدَزَادُ القَوْمِ" قوم کا توشہ ختم ہوگیا۔

نَفَدَ (ن) نَفْدًا القَوْمَ: لوگوں سے آگے بڑھ جانا۔

اَنْفَدَ القَوْمُ: بے مال و بے توشہ ہونا۔

اَنْفَدَتِ البِئْرُ: کنوئیں کا پانی ختم ہونا۔ اَنْفَدَ الشَّیْءَ: نیست و نابود کرنا...... القَوْمُ: لوگوں کے درمیان گھس کر درمیان میں چلنا۔

نَافَدَهُ مُنَافَدَةً: باہم حاکم کے پاس جانا۔ جھگڑا کرنا۔ ایک دوسرے کی حجت کو نابود کرنے کی کوشش کرنا۔

اِنْتَفَد واِسْتَنْفَدَ الشَّیْءَ: نیست و نابود کرنا۔ اِسْتَنْفَدَ وُسْعَهٗ: پوری طاقت لگانا۔ اِنْتَفَدَ الحَقَّ: پورا حق لینا...... اللَّبَنَ: دودھ دوھنا اور کہا جاتا ہے "اِنْتَفَدَ مِنْ عَدُوِّهٖ" یعنی اس نے اپنے دشمن سے پورا بدلہ لے لیا۔

تَنَافَدَ الخَصْمَانِ اِلَی القَاضِیْ: فیصلہ کے لئے جانا۔ تَنَافَدَ القَوْمُ: جھگڑا کرنا۔

المُنَافِد فَاخَصْمٌ مُنَافِدٌ: جھگڑے میں پوری طاقت صرف کرنے والا۔

المُتَنَفِّد: فا۔ اور کہا جاتا ہے "قَعَدَ مُتَنَفِّدًا" وہ گوشہ نشین ہوا۔

المُتَنَفَّد: مفع۔ کہا جاتا ہے "فِیْ هٰذَا الشَّیْءِ مُتَنَفَّدٌ عَنْ غَیْرِهٖ" اس چیز میں بہ نسبت غیر کے وسعت ہے "وَفُلَانٌ مُتَنَفَّدُ فُلَانٍ" یعنی جب ایک کے پاس سے سارا مال خرچ ہو جاتا ہے تو دوسرا اپنے مال سے اس کی مدد کرتا ہے۔

نَفَذَ (ن) نَفْذًا ونُفُوْذًا ونَفَاذًا الشَّیْءُ: چھید کر پار ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَفَذَ السَّهْمُ الرَّمِیَّةَ وفِیْهَا ومِنْهَا" تیر شکار سے چھید کر پار ہوگیا...... فُلَانٌ القَوْمَ: آگے گزر جانا (نفذ (ن) نُفُوْذًا ونَفَاذًا الامْرُ او القَوْلُ: جاری ہونا۔ نافذ ہونا۔ پورا ہونا۔ نَفَذَ المَنْزِلُ اِلَی الطَّرِیْقِ: متصل ہونا۔ نَفَذَ الطَّرِیْقُ: شاہراہ عام ہونا۔ صفت نَافِذٌ. نَفَذَ الکِتَابُ اِلٰی فُلَانٍ: پہنچنا۔ نَفَذَ الرَّجُلُ فِی الاَمْرِ: جلدی کرنا۔ ماہر ہونا۔ نَفَذَ لِوَجْهِهٖ: اپنی حالت پر گزرنا۔

نَافَذَهٗ: فیصلہ کے لئے جانا۔

نَفَّذَ واَنْفَذَ السَّهْمَ الرَّمِیَّةَ: تیر سے شکار کو چھید کر پار کرنا...... الکِتَابَ اِلٰی فُلَانٍ: بھیجنا...... الحَاکِمُ الاَمْرَ: جاری کرنا۔ نافذ کرنا...... الرَّجُلُ القَوْمَ: وسط میں چلنا۔ آگے گزر جانا و اَنْفَذَ عَهْدَهٗ: عمل میں لانا۔

تَنَافَذَ القَوْمُ اِلَی الحَاکِمِ: فیصلہ کے لئے حاکم کے پاس جانا۔

النَّفْذ: جاری کرنا۔ کہا جاتا ہے اَمَرَ بِنَفْذِ الکِتَابِ: اس نے کتاب کے لکھے ہوئے کے مطابق اجرا کا حکم دیا۔ بچنے اور نکلنے کی جگہ۔ رہائی کی جگہ۔ ج اَنْفَاذ اور کہا جاتا ہے "هٰذِهٖ طَعْنَةٌ لَهَا نَفَذٌ" یہ ضرب نیزہ والی ہے کہ آر پار ہے۔

النَّافِذ: فا۔ ہر کام کو کر گزرنے والا۔ طریق نَافِذٌ: عام راستہ۔ اَمْرٌ نَافِذٌ: ایسا حکم جس کی فرمانبرداری کی جائے۔ النَّافِذ: یہ النَّوَافِذ: کا واحد ہے۔ نوافذ: جسم انسانی کے ہر سوراخ کو کہتے ہیں جیسے ناک، منہ وغیرہ۔

النَّافِذَة. النَّافِذ: کا مؤنث۔ روشن دان۔ سوراخ اور کہا جاتا ہے "هٰذِهٖ طَعْنَةٌ نَافِذَةٌ" یہ ضرب نیزہ آر پار ہے۔ ج نَوَافِذ.

النَّفَّاذ والنَّفُوْذ: ہر کام کو کر گزرنے والا۔

النُّفْذَة: مہرہ۔ ج نُفَذ.

النَّفِیْذ: نافذ۔ اَمْرٌ نَفِیْذٌ: مانا ہوا حکم۔

المُنْفَذ: گزرگاہ۔ ج مَنَافِذ.

المَنْفَذ: کسی چیز کے جاری ہونے کی جگہ۔ ج

مَنَافِذُ الْإِنْسَانِ: جسم انسانی کے سوراخ جیسے منہ، ناک وغیرہ۔
الْمُنْتَفِذ: گنجائش۔ کشادگی۔
نَفَرَت (ض ن) نُفُوْرًا ونِفَارًا ونَفِيْرًا الدَّابَّةُ مِنْ كَذَا: چوپائے کا بدکنا۔ ڈر کر دور ہونا۔ صفت نَافِرٌ ونَفُوْرٌ۔
نَفَرَ (ض) نَفْرًا. مِنْ كَذَا: نفرت کرنا۔ ناپسند کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَفَرْتُ مِنْ صُحْبَةِ فُلَانٍ" مجھے فلاں کی صحبت ناپسند آئی...... عَنْ كَذَا: روگردانی کرنا۔ اعراض کرنا...... الْقَوْمُ: متفرق ہونا۔ نَفَرَ إِلَى الشَّيْءِ: دوڑنا (...... نُفُوْرًا) الْعَيْنُ وَغَيْرُهَا: آنکھ کا سوجنا (...... نَفْرًا) فُلَانًا: غالب آنا (...... نَفْرًا ونُفُوْرًا) الْحَاجُّ مِنْ مِنٰى: مکہ کی طرف کوچ کرنا (...... نَفْرًا ونُفُوْرًا ونِفَارًا ونَفَرَانًا) الظَّبْيُ وَغَيْرُهٗ: ہرن کا بھاگنا اور دور ہونا (نِفَارًا ونُفُوْرًا ونَفِيْرًا) الْقَوْمُ لِلْقِتَالِ او الْأَمْرِ: چل پڑنا۔
نَفَّرَهٗ: بھگانا۔ نَفَّرَهٗ عَلٰى فُلَانٍ: کسی پر غالب ہونے کا فیصلہ دینا۔ نَفَّرَهُ الشَّيْءَ وَعَلَى الشَّيْءِ وبِالشَّيْءِ: غالب ہونا۔ نَفَّرَ عَنْ فُلَانٍ: برا لقب دینا۔
أَنْفَرَهٗ: بھگانا۔ أَنْفَرَ الْقَوْمُ: بھاگے ہوئے اونٹوں والا ہونا...... الْقَوْمُ فُلَانًا: مدد دینا...... الْحَاكِمُ فُلَانًا عَلٰى فُلَانٍ: غالب ہونے کا فیصلہ دینا۔
نَافَرَهٗ نِفَارًا ومُنَافَرَةً: فیصلے کے لئے جانا۔ حسب ونسب میں فخر کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَافَرْتُهٗ إِلَى الْقَاضِي فَنَفَّرَنِي عَلَيْهِ" میں اس کو قاضی کے پاس فیصلہ کے لئے لے گیا اُس نے میرے غلبہ کا فیصلہ کیا۔
تَنَفَّرَ: کوچ کرنا۔
تَنَافَرَ الرَّجُلَانِ: باہم فیصلہ کے لئے جانا۔ باہم فخر کرنا...... الْقَوْمُ لِلْأَمْرِ: چل پڑنا۔
اِسْتَنْفَرَهٗ: بھگانا۔ اِسْتَنْفَرَ الْقَوْمَ: قوم سے مدد طلب کرنا۔ جنگ کے لئے کوچ کرنے کی درخواست کرنا...... الظَّبْيُ: ہرن کا بھاگنا۔
اِسْتَنْفَرَ فُلَانٌ بِثَوْبِهٖ: کپڑے لے جا کر گرم کر دینا۔
النَّفْرُ: مص۔ النَّافِرُ: کی جمع۔
النَّفْرُ والنَّفْرَةُ: بھاگنے والوں کا گروہ۔ جنگجو لوگوں کی جماعت۔ معاملہ میں آگے رہنے والوں کی جماعت۔ تین سے دس تک کی جماعت۔ النَّفْرَةُ: نَفَرَ: کا اسم مرۃ۔ نَفْرَةُ الرَّجُلِ: خاندان کہا جاتا ہے عِفْرٌ نِفْرٌ وعِفْرٌ نِفْرٌ: تابع مہمل کے طور پر بمعنے خبیث وسرکش اور ایسا ہی عِفْرِيَةٌ نِفْرِيَةٌ وعِفْرِيْتٌ نِفْرِيْتٌ وعِفْرِيَةٌ نِفْرِيَةٌ۔
النَّفَرُ: سارے لوگ۔ تین سے دس تک مردوں کی جماعت۔ ج اِنْفَار کہا جاتا ہے "ثَلَاثَةُ نَفَرٍ او ثَلَاثَةُ أَنْفَارٍ" یعنی تین شخص۔
نَفَرُ الرَّجُلِ: مرد کا قبیلہ۔
يَوْمُ النَّفْرِ والنَّفَرِ والنَّفِيْرِ او النُّفُوْرِ: حاجیوں کا منیٰ سے مکہ معظمہ کی طرف واپس ہونے کا دن اور وہ ذی الحجہ کی بارہویں تاریخ ہے۔
النُّفْرَةُ: حکم۔ فیصلہ (...... والنُّفْرَةُ) نظر بد سے حفاظت کے لئے تعویذ وغیرہ۔
النِّفَارُ: مص۔ اڑیل ہونا۔ کہا جاتا ہے "فِي الدَّابَّةِ نِفَارٌ" چوپایہ میں اڑیل ہونے کی عادت ہے۔
النُّفَارَةُ: حکم۔ فیصلہ۔ مغلوب سے جو غالب لے۔
النَّافِرُ: فا۔ غالب۔ ج نَفْرٌ ونُفَّرٌ۔
النَّافِرَة. النَّافِرُ: کا مؤنث۔ نَافِرَةُ الرَّجُلِ و نُفُوْرَتُهٗ: مرد کا خاندان۔
النَّفُوْرُ والنَّيْفُوْرُ والْمُسْتَنْفِرُ: بھاگنے والا۔ بہت تیز بھاگنے والا۔
النَّفِيْرُ: مص۔ دس مردوں سے کم کی جماعت۔ کوچ کرنے والوں کی جماعت یا جنگجو لوگوں کا گروہ۔ النَّفِيْرُ: بگل (دخیل) ج أَنْفَار. والنَّفِيْرُ الْعَامُ: دشمن سے مقابلہ کے لئے عوام کا اٹھ کھڑا ہونا اور کہا جاتا ہے "مَا هُوَ بِنَفِيْرِ فُلَانٍ" وہ فلاں کا فخر کرنے میں مساوی نہیں۔
اَلنَّافُوْرُ: عیسائیوں کے نزدیک: قربان مقدس کا راز۔ مخصوص عبادتیں۔
النَّفَارِيْرُ: چڑا۔ چڑے۔ واحد نُفْرُوْر۔
الْمُسْتَنْفَرُ: مفع۔ ڈرایا ہوا۔
الْمَنْفُوْرُ: مفع۔ مغلوب۔
نَفْرَجَ نَفْرَجَةً: بہت بات کہنا۔
النِّفْرِجُ والنِّفْرَجَةُ والنِّفْرَاجُ والنِّفْرَاجَةُ والنِّفْرِجَاءُ: بزدل۔ ڈرپوک۔
النِّفْرِيْجُ: بہت کہنے والا۔
نَفَزَ (ض) نَفْزًا ونُفُوْزًا ونَفَزَانًا الظَّبْيُ: ہرن کا کودنا۔ اُچھلنا۔ چھلانگ مارنا ...... الرَّجُلُ: مرنا۔
نَفَّزَهٗ: کودانا۔ نَفَّزَتِ الْمَرْأَةُ وَلَدَهَا: عورت کا بچے کو اُچھالنا۔ نَفَّزَ وأَنْفَزَ السَّهْمَ: تیر کی درستی کو دیکھنے کے لئے ناخن پر گھمانا۔
تَنَافَزُوْا: باہم اچھلنا کودنا۔
النَّفِيْزُ والنَّفِيْزَةُ: مکھن جو مٹکی میں اِدھر اُدھر لگا ہوا رہ جائے۔
النَّيْفُوْزُ مِنَ الظِّبَاءِ: ہرن چھلانگ مارنے والا۔
نَوَافِزُ الدَّابَّةِ: جانوروں کی ٹانگیں۔
النُّفَّازُ: ایک قسم کا کھیل جس میں باہم کودتے ہیں۔
نَفِسَ (س) نَفَسًا ونَفَاسِيَةً بِالشَّيْءِ: بخل کرنا...... عَلٰى فُلَانٍ بِخَيْرٍ: حسد کرنا (...... نَفَاسَةً) الشَّيْءَ عَلٰى فُلَانٍ: نااہل سمجھنا۔
نَفَسَهٗ (ن) نَفْسًا بِنَفْسٍ (اى بعين) نظر بد لگانا۔
نَفِسَت (س) ونُفِسَتْ ونَفَسًا ونَفَاسَةً ونِفَاسًا. الْمَرْأَةُ غُلَامًا: زچہ ہونا۔ بچہ جننا۔
نُفِسَ فُلَانٌ: پیدا ہونا۔ صفت مَنْفُوْسٌ کہا جاتا ہے "وَرِثَ فُلَانٌ هٰذَا قَبْلَ أَنْ يُنْفَسَ" فلاں اس کا پیدا ہونے سے پہلے وارث ہوا۔
نَفُسَ (ک) نَفَاسَةً ونِفَاسًا ونُفُوْسًا

ونَفَسًا: نفیس ومرغوب ہونا۔
نَفَّسَ تَنفِیسًا عَنهُ الكُربَةَ: غم دور کرنا۔ غم سے رہائی دینا۔ کہا جاتا ہے "نَفَّسَ فُلانًا" اس نے فلاں کو مہلت دی یا اس کے غم کو زائل کیا۔ نَفَّسَهُ فِي الأمرِ: ترغیب دینا۔
نَافَسَ نِفَاسًا ومُنَافَسَةً فُلانًا فِي الأمرِ: باہم فخر کرنا۔ باہم مقابلہ کرنا..... فِي الشَّيءِ: مبالغہ کرنا۔ گراں قیمت کرنا۔ کرم میں مقابلے کی رغبت کرنا۔
أنفَسَ الشَّيءُ: نفیس ہونا..... الشَّيءُ فُلانًا: پسند آنا..... فُلانًا فِي الشَّيءِ: رغبت دلانا۔
تَنَفَّسَ: سانس لینا..... الصُّبحُ: صبح کا روشن ہونا..... القَوسُ: کمان کا چٹخنا..... النَّهرُ: نہر میں زیادہ پانی ہونا..... النَّهَارُ: دوپہر ہونا۔ الرَّجُلُ: لمبی لمبی باتیں کرنا..... الرَّجُلُ فِي الإنَاءِ: برتن بغیر جدا کئے ہوئے پانی پینا۔ تین سانس میں پانی پینا (اضداد میں سے ہے) حدیث میں ہے "اِنَّهُ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ کَانَ یَتَنَفَّسُ فِي الإنَاءِ وَنَهَی عَنِ التَّنَفُّسِ فِي الإنَاءِ" جناب نبی ﷺ تین سانس میں پانی پیتے تھے اور ایک سانس میں پانی پینے سے منع فرماتے تھے اور کہا جاتا ہے "تَنَفَّسَ الصُّعَدَاءَ" یعنی اس نے تھکن یا غم کی وجہ سے لمبے لمبے سانس لئے۔
تَنَافَسَ القَومُ فِي الأمرِ: مبالغہ کرنا۔ بطریق مقابلہ کے لئے رغبت کرنا۔
النَّفسُ: مص۔ روح۔ خون۔ کہا جاتا ہے "دَفَقَ نَفسُهُ" اس کا خون اچھل کر نکلا۔ بدن کہا جاتا ہے "هُوَ عَظِیمُ النَّفسِ" یعنی وہ بڑے جسم کا ہے۔ نظر بد۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَتهُ نَفسٌ" یعنی اسے نظر بد لگی۔ شخص۔ نَفسُ الشَّيءِ: عین شئ اور یہ بطور تاکید بھی مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِي هُوَ نَفسُهُ وبِنَفسِهِ" یعنی وہ خود ہی آیا۔ نَفسُ الأمرِ: حقیقت امر۔ النَّفسُ: عظمت۔ ہمت۔ عزت۔ ارادہ۔ رائے۔ عیب۔ سزا۔ پانی۔
..... نفس سے مراد اگر روح ہو تو مؤنث ہے جیسے خَرَجَت نَفسُهُ: اور اگر شخص مراد ہو تو مذکر ہے جیسے عِندِي خَمسَةَ عَشَرَ نَفسًا ج أنفُس ونُفُوس اور کہا جاتا ہے "فِي نَفسِي أن أفعَلَ كَذَا" میرا ارادہ ہے کہ ایسا کروں "وَفُلانٌ یُؤَامِرُ نَفسَیهِ ویُشَاوِرُهُمَا" یعنی فلاں اپنے معاملہ میں متردد ہے اور اس کی دو رائیں ہیں اور کسی پر استقلال نہیں "وخَرَجَت نَفسُهُ وجَادَ بِنَفسِهِ" یعنی وہ مر گیا۔
النَّفَسُ: مص۔ جھونکا۔ سانس۔ گنجائش۔ مہلت۔ کشادگی۔ کہا جاتا ہے "اِعمَلُوا الخَیرَ وَاَنتُم فِي نَفَسِ البَقَاءِ" خیر کا عمل کرو اس حال میں کہ تم کو زندگی کی مہلت حاصل ہے۔ لمبی گفتگو۔ کہا جاتا ہے "كَتَبَ كِتَابًا نَفَسًا" اس نے لمبا خط لکھا۔ گھونٹ جیسے "اِكرَع مَا فِي الإنَاءِ نَفَسًا وَاحِدًا" برتن میں جو کچھ ہے اس کو ایک گھونٹ میں پی جاؤ۔ ج أنفَاس اور کہا جاتا ہے "هٰذَا شَرَابٌ ذُو نَفَسٍ" یعنی خوشگوار ہے۔ ونَفَسُ السَّاعَةِ: آخری زمانہ۔ ونَفَسُ الشَّاعِرِ او المُؤَلِّفِ: طرز تحریر۔
النِّفَاسُ: مص۔ زچگی۔ ولادت کے بعد کا خون۔
النُّفسَةُ: مہلت۔ کہا جاتا ہے "لَكَ فِي الأمرِ نُفسَةٌ" تمہارے لئے معاملے میں گنجائش ہے۔
النَّافِسُ: فا۔ حاسد۔ بیش قدر۔ نظر بد والا۔ جوئے کا پانچواں یا چوتھا تیر۔
النَّفِیسُ: بہت مال۔ شَيءٌ نَفِیسٌ: مرغوب و قیمتی چیز اور اس کے مقابلے میں خسیس آتا ہے۔ رَجُلٌ نَفِیسٌ: حاسد مرد۔
مَالٌ نَفِیسٌ ومُنفِسٌ ومُنَفَّسٌ: بہت مال۔
الأنفَسُ: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الثَّوبُ أنفَسُ مِن ذَاكَ" یہ کپڑا اس سے بہتر ہے "وهٰذَا المَكَانُ أنفَسُ مِن هٰذَا" یہ جگہ اس سے وسیع ہے "وهٰذَا أنفَسُ مَالِي" یہ میرا مرغوب مال ہے۔
النُّفَسَاءُ النَّفَسَاءُ والنَّفسَاءُ: زچہ۔ مثنیٰ نُفَسَاوَان۔ ج نِفَاس ونُفُس ونُفَس ونُفَّس ونُفَّاس ونَوَافِس ونُفَسَاوَات۔
النَّفُوسُ: حاسد نگاہیں۔
المَنفُوسُ: نوپید بچہ۔ شَيءٌ مَنفُوسٌ: مرغوب چیز۔
المُنفِسُ: فا۔ بیش قدر چیز۔
المُتَنَفَّسُ: سانس لینے کی جگہ۔
نَفَشَ (ن) نَفشًا ونَفَّشَ القُطنَ او الصُّوفَ: روئی یا اون دھنا۔
نَفَشَ نُفُوشًا القَومُ: ارزانی میں ہونا۔
فُلانٌ عَلَی الشَّيءِ: کھانے کے لئے متوجہ ہونا۔
نَفَشَت (ض ن) ونَفِشَت (س) نَفشًا الإبِلُ او الغَنَمُ: اونٹ یا بکریوں کا بغیر چرواہے کے لئے رات میں رہنا۔ صفت نَافِشَةٌ ونُفَّاشٌ ونَوَافِشُ ونُفَّشٌ اور اسم النَّفَشُ۔
أنفَشَ الرَّاعِيُ الإبِلَ: چرواہے کا اونٹ کو رات میں چرنے کے لئے چھوڑنا۔
تَنَفَّشَ الطَّائِرُ: پرندہ کا پروں کو جھاڑنا۔
تَنَفَّشَتِ الإبِلُ: اونٹ کا بغیر چرواہے کے رات میں چرنا۔ تَنَفَّشَت وانتَفَشَت الهِرَّةُ: بلی کا بال کھڑے کرنا۔ وانتَفَشَ الصُّوفُ: دھنی ہوئی ہونا۔
النَّفَشُ: دھنی ہوئی اون۔ متفرق سامان۔ کثرت کلام و کثرت دعویٰ۔ کہا جاتا ہے "بَلَدٌ ذُو نَفَشٍ" یعنی سرسبز وشاداب شہر۔ إبِلٌ او غَنَمٌ نَفَشٌ: بغیر چرواہے کے رات میں چرنے والے اونٹ یا بکریاں۔ نفش کا اطلاق صرف رات ہی میں چرنے پر ہوتا ہے اور ہمل کا رات اور دن دونوں پہ۔
النَّفِیشُ: برتن میں متفرق سامان۔ کہا جاتا ہے "بَقَرٌ او غَنَمٌ نَفَشٌ ونَوَافِشُ

ونَفَاشٌ" رات میں بغیر چرواہے کے چرنے والی گائیں یا بکریاں۔

النَّفَّاش: مغرور۔ پھلانے والا۔ ایک قسم کا بڑا لیموں۔

المُتَنَفِّش والمُنْتَفِش: پھولا ہوا اور نرم کہا جاتا ہے "اَنْفٌ مُتَنَفِّشٌ ومُنْتَفِشٌ" چپٹی ناک۔

نَفَصَ (ض) نَفْصًا وأَنْفَصَ بِبَوْلِهِ: پیشاب کرنا۔ نَفَّصَ وأَنْفَصَ بِالْكَلِمَةِ: جلدی بولنا۔ أَنْفَصَ فِي الضِّحْكِ: بہت ہنسنا ...... الشَّاةُ بِبَوْلِهَا: بکری کا تھوڑا تھوڑا پیشاب کرنا۔ ......الرَّجُلُ بِشَفَتَيْهِ: ہونٹوں سے اشارہ کرنا۔

النُّفْصَة: خون کا فوارہ۔ ج نُفَص۔

النُّفَاص: بکریوں کی ایک بیماری جس میں بار بار پیشاب آتا ہے یہاں تک کہ مرجاتی ہے۔

النَّفِيص: خوش گوار پانی۔

المِنْفَاص: بہت ہنسنے والا۔

نَفَضَ (ن) نَفْضًا الثَّوْبَ: کپڑا جھاڑنا ...... الشَّجَرَةَ: درخت سے پھل گرانے کے لئے ہلانا ...... الوَرَقَ مِنَ الشَّجَرِ: پتے گرانا ...... المَكَانَ: اچھی طرح دیکھ بھال کرنا۔

نَفَضَتْهُ الحُمّٰى: بخار آنا۔ کپکپانا۔ نَفَضَ الزَّرْعُ: آخری خوشہ نکالنا۔ نَفَضَتِ الإِبِلُ: سارے بچے جننا ...... المَرْأَةُ: بہت بچوں والی ہونا۔ نَفَضَ القَوْمُ: بے توشہ یا بے مال ہونا۔ نَفَضَ الطَّرِيقَ: تلاش وجستجو کرنا، چوروں سے پاک کرنا ...... القَوْمُ حَلاَئِبَهُمْ: دودھ دینے والے جانوروں کا سارا دودھ نکال لینا۔ نَفَضَ الثَّوْبُ او الصِّبْغُ: رنگ کا مدھم پڑنا ...... الكَرْمُ: انگور کی بیل میں گچھے نکلنا ...... فُلاَنٌ: چاروں طرف دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "إِذَا تَكَلَّمْتَ نَهَارًا فَانْفُضْ" جب دن میں گفتگو کرو تو اِدھر اُدھر دیکھ لو۔

نَفِضَ (ن) نُفُوضًا المَرِيضُ مِنْ مَرَضِهِ: بیمار کا صحت یاب ہونا۔

أَنْفَضَ القَوْمُ: تباہ شدہ توشہ یا ختم شدہ مال والا ہونا ...... القَوْمُ زَادَهُمْ: توشہ کو ختم کر دینا۔ أَنْفَضَ فُلاَنًا عَنْهُ: دور کر دینا۔ دوستی ختم کرا دینا۔ اِنْفَضَتِ الإِبِلُ: سارے بچے جننا۔

نَفَّضَ الثَّوْبَ او الشَّجَرَةَ: کپڑا یا درخت جھاڑنا۔

اِنْتَفَضَ الثَّوْبُ او الشَّجَرُ: کپڑا یا درخت کا جھڑنا ...... الفَصِيلُ مَا فِي الضَّرْعِ: اونٹ کے بچے کا تھن سے سارا چوس لینا ...... الكَرْمُ: انگور کی بیل کا سرسبز ہونا۔

تَنَفَّضَ واسْتَنْفَضَ المَكَانَ: اچھی طرح دیکھ بھال کرنا۔ اِسْتَنْفَضَ القَوْمُ: تامل کرنا۔ غور کرنا ...... الشَّيْءَ: نکالنا ...... الأَمِيرُ: جاسوس بھیجنا۔

النَّفَض والنِّفَاض والنُّفَاض والنُّفَاضَة: جھاڑے ہوئے سے جو گرے۔ النُّفَاضَة: توشہ کا بقیہ جو جھاڑا جائے۔ النَّفَض: پتے یا کھجور جو گریں۔ النِّفَاض: اسم ہے أَنْفَضَ القَوْمُ زَادَهُمْ سے۔ النِّفَاض: بچوں کا تہبند۔ ج نُفُض اور کہا جاتا ہے "مَا عَلَيْهِ نِفَاضٌ" اس پر کچھ بھی کپڑا نہیں۔

النُّفْضَة والنُّفَضَة والنُّفَاض والنُّفَضَاء: بخار کی کپکپی۔ النُّفْضَة: بارش جو کہیں ہو اور کہیں نہ ہو۔

النَّفَضَة: جاسوسوں کی جماعت۔

النَّفَضَى والنِّفِضَّى والنِّفِّيضَى: کپکپی۔

النَّافِض: فا۔ جوڑی کا بخار۔ کہا جاتا ہے "أَخَذَتْهُ حُمّٰى نَافِضٌ وحُمّٰى نَافِضٍ وحُمّٰى بِنَافِضٍ" اس کو جوڑی کا بخار آ گیا۔ ثَوْبٌ نَافِضٌ: مدھم رنگ کا کپڑا۔

النَّفُوضُ مِنَ النِّسَاءِ: بہت اولاد والی عورت۔

النِّفْض: شہد کی مکھی کی بیٹ۔

النَّفِيضَة: جاسوسوں کی جماعت۔ ج نَفَائِض۔ النَّفَائِض: کنکری پھینک کر آئندہ کی خبر دینے والے۔ دبلے اونٹ۔

الإِنْفَاض: مص۔ بھوک۔ حاجت۔

الأَنَافِيض: درخت کے نیچے گرے ہوئے پھل۔ واحد أُنْفُوضَة۔

المِنْفَض: چھاج۔ سوپ۔ پنکھا۔ (...... والمِنْفَاض) چادر وغیرہ جسے بچھا کر پتے یا میوے جھاڑیں۔

المُنْفِضُ مِنَ الدَّجَاجِ: مرغی جو انڈے دے کر رک گئی ہو۔

المَنْفُوض: مفع۔ تپ ولرزہ زدہ۔

نَفِطَتْ (س) نَفْطًا ونَفَطًا ونَفِيطًا يَدُهُ: ہاتھ کا آبلہ دار ہونا۔

نَفَطَ (ض) نَفْطًا: غضبناک ہونا یا غصہ سے بھڑک اٹھنا۔

نَفَطَتْ (ض) نَفْطًا ونَفِيطًا العَنْزَةُ: بکری کا چھینکنا ...... القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا۔

نَفَطَ الظَّبْيُ: ہرن کا آواز کرنا ...... الرَّجُلُ: مبہم گفتگو کرنا۔

تَنَافَطَتِ القِدْرُ: ہانڈی کا جھاگ پھینکنا۔

تَنَفَّطَ: غضبناک ہونا یا غصہ سے بھڑک اٹھنا۔ تَنَفَّطَتِ اليَدُ: ہاتھ کا زخمی ہونا یا آبلہ والا ہونا۔

النَّفْط والنِّفْط: ایک قسم کا معدنی تیل جو بہت جلد آگ پکڑ لیتا ہے اور جس سے آگ جلانے کا کام لیتے ہیں اور اس سے علاج بھی کرتے ہیں۔ النَّفِيط: چیچک۔ آبلہ۔ آج کل کی زبان میں نفط کا اطلاق مٹی کے تیل پر بھی ہے۔

النَّفْطَة والنِّفْطَة والنَّفِطَة: آبلہ چیچک۔

النُّفَطَة: جلدی غضبناک ہونے والا۔

النَّافِطَة: بکری۔ يَدٌ نَافِطَةٌ: آبلہ دار ہاتھ۔ رُغْوَةٌ نَافِطَةٌ: بلبلہ والے جھاگ۔

النَّفَّاط: معدن سے نفط نکالنے والا۔

نَفَّط: چھینکنے والا۔ ج نَفَّاطَة ونَفَّاطُون۔

النَّفَّاطَة والنِّفَاطَة: نفط کا معدن۔ ایک قسم کا چراغ۔ تانبے کا ایک آلہ جس سے

نفط اور آگ پھینکا کرتے تھے۔ کہا جاتا ہے "خرج النفاطون بایدیھم النفاطات" نفط پھینکنے والے اس حال میں نکلے کہ ان کے ہاتھوں میں نفط پھینکنے کے آلات تھے۔ النفاطة: پھنسی۔

النفطان: کھانسی کے مشابہ۔ غصہ کے وقت پھولنا۔

النفیط والمنفوط: ہاتھ میں آبلہ والا۔ مؤنث نفیطة ومنفوطة۔

النفاطیر: متفرق گھاس یا موسم بہار کی پہلی گھاس۔ واحد نفطورة۔

نفعه (ف) نفعا بکذا: نفع دینا۔

انفع الرجل: لاٹھیوں کی تجارت کرنا۔

انتفع به ومنه: فائدہ اٹھانا۔

استنفعه: فائدہ طلب کرنا۔

النفع: فائدہ۔ نفع۔ خیر جو مطلوب تک پہنچنے کا ذریعہ ہو۔

النفاع والنفیعة: منفعت۔ فائدہ۔ کہا جاتا ہے "ھو حاضر النفیعة" اس کا نفع موجود ہے۔

النفعة. نفع: کا اسم مرة۔ لاٹھی اس وجہ سے کہ اس کی مار سے فائدہ حاصل ہوتا ہے۔ ج نفعات۔

النفعة. نفع: کا اسم نوع۔ چمڑے کا ٹکڑا جو توشہ دان کے دونوں جانب لگا ہوتا ہے ج نفع ونفع۔

النفاعة: ہر وہ چیز جس سے نفع اٹھایا جائے۔

النافع: فا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔

النفعی: منفعی مذہب کا قائل النفعیة: وہ مذہب جس کے ماننے والے خالص منفعت کے قائل ہیں۔

النافعة: جس چیز سے فائدہ اٹھایا جائے۔ کہا جاتا ہے "ما نفعنی فلان بنافعة" فلاں نے مجھ کو کچھ بھی نفع نہیں پہنچایا۔

النفاع: بہت فائدہ پہنچانے والا۔

النفوع: بہت فائدہ پہنچانے والا۔ ج نفع۔

المنفعة: ہر چیز جس سے فائدہ اٹھایا جائے۔ فائدہ۔ ج منافع۔ منافع الدار: گھر میں آرام کی چیزیں۔ جیسے کنواں اور دھونے دھانے کی جگہ وغیرہ۔

نفغت (ف) نفغا ونفوغا ونفغت (س) نفغا وتنفغت یده: ہاتھ کا آبلہ دار ہونا۔ کام کرنے کی وجہ سے سوج جانا۔

نفق (ن) نفاقا ونفق (س) نفقا الشیء: ختم ہونا۔ کم ہونا۔ نفق البیع: خرید و فروخت رائج ہونا۔ نفقت السوق: گرم بازار ہونا۔

نفق (ن) نفوقا الرجل او الدابة: مرنا۔ روح نکلنا...... الجرح: زخم کا چھل جانا۔

نفق (ن) ونفق (س) نفقا الیربوع: جنگلی چوہے کا سوراخ سے نکلنا۔ سوراخ میں داخل ہونا۔ (ضد)

نافق منافقة ونفاقا فی دینه: دل میں کفر چھپا کر زبان سے ایمان ظاہر کرنا۔ صفت منافق۔ نافق الیربوع: جنگلی چوہے کا سوراخ میں داخل ہونا۔

انفق: محتاج ہونا۔ توشہ ختم ہونا...... المال: خرچ کرنا...... السلعة: سامان رائج کرنا...... القوم: رائج تجارت والی قوم ہونا...... الرجل: سامان کو رائج پانا۔

تنفق الیربوع: جنگلی چوہے کو سوراخ سے نکالنا...... الیربوع: جنگلی چوہے کا سوراخ سے نکلنا۔ سوراخ میں داخل ہونا (ضد) ......

انتفق الرجل: سرنگ میں داخل ہونا۔ الیربوع: جنگلی چوہے کا سوراخ میں داخل ہونا۔ سوراخ سے نکلنا (ضد) ...... الیربوع: جنگلی چوہے کا سوراخ سے نکالنا۔

استنفق المال: مال ختم کرنا۔

النفق: سرنگ۔ ج انفاق۔

النفق: جلدی منقطع ہونے والا۔ کہا جاتا ہے فرس نفق الجری: جلدی تھکنے والا گھوڑا۔

النفاق والمنافقة: مص۔ منافق کا فعل۔

النفقة. انفاق: کا اسم۔ خرچ۔ ج نفقات ونفاق وانفاق۔

النافق: فا...... من البضائع: رائج سامان۔

النافقة. النافق: کا مؤنث۔ مشک کا نافہ۔

النافقاء ج نوافق والنفقة والنفقاء: جنگلی چوہے کے پوشیدہ سوراخوں میں سے ایک سوراخ۔

نیفق السروال: پائجامہ کا نیفہ۔

المنفاق: بہت خرچ کرنے والا۔

المنافق: دل میں کفر اور زبان سے ایمان ظاہر کرنے والا۔

المنفقة: باعث رواج پذیری اور اسی سے ہے "الیمین الکاذبة منفقة للسلعة ممحقة للبرکة" یعنی جھوٹی قسم سامان کو رائج کر دیتی ہے لیکن برکت کو نیست و نابود کر دیتی ہے۔

النفکة: کان کی لو کے قریب جبڑے کی جڑ میں چھوٹے چھوٹے غدود۔

نفل (ن) نفلا: قسم کھانا...... الرجل: کسی کو بغیر ارادہ ثواب کے عطیہ دینا۔ نفلة

النفل: زائد عطیہ دینا۔ نفل القائد الجند: مال غنیمت تقسیم کرنا...... الرجل عن نسبه: نفی کرنا۔ کہا جاتا ہے "انفل عن نفسک ان کنت صادقا" یعنی جو کچھ تمہارے بارے میں کہا جاتا ہے اس کو دور کرو اگر تم سچے ہو۔

نفله: قسم کھلانا۔ حصہ سے زائد دینا۔ نفله النفل: غنیمت دینا۔ نفل عن فلان: دفع کرنا۔ ہٹانا۔

انفله النفل: غنیمت دینا۔ انفل له: قسم کھانا۔

تنفل: نفل نماز ادا کرنا...... علی اصحابه: مال غنیمت میں سے ساتھیوں سے زیادہ حصہ لینا۔ وتنفل منه الشیء: طلب کرنا۔

انتفل: نوافل پڑھنا...... الشیء من فلان: طلب کرنا...... من الامر

والکَلَامِ: بیزار ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَالَ لِیْ قَوْلاً فَانْتَفَلْتُ مِنْهُ" اس نے مجھ سے ایک بات بیان کی تو میں نے اس سے بیزاری ظاہر کی...... مِنَ الْقَوْمِ: قوم کی مدد سے دور رہنا۔ اِنْتَفَلَ: عذر بیان کرنا۔ قسم کھانا۔
اَلنَّفْل: فرائض وواجبات سے زائد کام، واجبات وفرائض سے زائد کام جو کرنے کو کہا جائے۔
اَلنَّفَل: غنیمت۔ ہبہ۔ زیادتی۔ کہا جاتا ہے "لِهٰذَا نَفَلٌ عَلٰی ذَاكَ" اس چیز کو اس پر زیادتی ہے ج نِفَال وَاَنْفَال. اَلنَّفَل: ایک خوشبودار قسم کی گھاس جس سے گھوڑے موٹے ہوتے ہیں واحد نَفَلَةٌ.
اَلنَّافِلَة: غنیمت۔ عطیہ۔ فرائض وواجبات سے زائد کام۔ پوتا۔ ج نَوَافِل کہا جاتا ہے "هُوَ كَثِيْرُ النَّوَافِلِ" وہ بہت بخشش اور عطایا والا ہے۔
اَلنُّفَل: قمری مہینے کی چوتھی، پانچویں، چھٹی راتیں۔
اَلنَّوْفَل: بڑا فیاض۔ خوبصورت جوان۔ ج نَوْفَلُوْنَ. اَلنَّوْفَل: سمندر۔ عطیہ۔ نر بجو۔
اَلنَّوْفَلَة: نمک دان۔
اَلنَّفْنَف: فضاء آسمانی۔ آسمان وزمین کا درمیان۔ دیوار کے بالائی اور زیریں سے کے درمیان۔ کنوئیں کے کنارے سے تہ تک کا حصہ۔ پہاڑ کا دیوار کے مانند گوشہ۔ بیابان ج نَفَانِيْف وَنَفَانِفُ الدَّارِ: گھر کے اطراف ونواحی (...... وَالنَّفْنَاف) دو پہاڑوں کے درمیان کا خلا۔ دُور۔
نَفَهَ (ف) نُفُوْهًا الرَّجُلُ: کمزوردل بزدل ہونا...... الجَمَلُ: دشوار کے بعد مطیع ہونا۔
نَفِهَتْ (س) نَفْهًا نَفْسُهٗ: تھکنا۔
نَفَّهَ وَاَنْفَهَ النَّاقَةَ: اونٹنی کو تھکانا اور کہا جاتا ہے "اَنْفَهَ لَهٗ مِنْ مَالِهٖ" اس نے اُس کو تھوڑا مال دیا۔
اِسْتَنْفَهَ الرَّجُلُ: آرام لینا۔
اَلنَّافِهُ: تھکا ہوا ج نُفَّهٌ (...... وَالْمَنْفُوْهُ) کمزوردل۔ بزدل۔
جَمَلٌ مُنَفَّهٌ: تھکا ہوا اونٹ۔
نَفَاهُ يَنْفُوْهُ نَفْوًا لغت ہے۔ نَفَاهُ يَنْفِيْهِ یائی ہیں۔
نُفَاوَةُ الشَّيْءِ وَنُفُوَتُهٗ: ہر چیز کا ردی حصہ۔ چیز کا بقیہ۔ اَلنُّفْوَة: جلاوطنی۔
نَفَى يَنْفِيْ نَفْيًا الشَّيْءَ: انکار کرنا۔ نَفَاهُ عَنْهُ: علیحدہ کرنا۔ ہٹانا۔ نَفَى الرَّجُلَ: قیدخانہ میں قید کرنا...... الرَّجُلَ مِنْ بَلَدِهٖ: جلاوطن کرنا...... السَّيْلُ الْغُثَاءَ: سیلاب کا کوڑا کرکٹ بہا کر لانا...... السَّحَابُ مَاءَهَا: بادل کا پانی برسانا۔
"نَفَى يَنْفِيْ نَفْيًا وَنَفَيَانًا الصَّيْرَفِيُّ الدَّرَاهِمَ" صراف کا درہموں کو پرکھنے کے لئے بکھیرنا۔ نَفَتِ الرِّيْحُ التُّرَابَ: ہوا کا مٹی کو اڑانا۔
نَفَى يَنْفِيْ نَفْيًا وَانْتَفَى عَنْهُ: دور ہونا...... الشَّعْرُ: بال گرنا وَانْتَفَى الشَّيْءُ: نابود ہونا۔
اِنْتَفَى مِنْ وَلَدِهٖ: بچہ کا انکار کرنا۔ اِنْتَفَى فُلَانٌ مِنْ فُلَانٍ: کراہت کے ساتھ اعراض کرنا۔ وَنَفَاهُ فَانْتَفَى: اس نے اسے ہٹایا وہ ہٹ گیا۔
نَفَّاهُ: نفی کرنے میں مبالغہ کرنا۔
نَافَاهُ مُنَافَاةً: ایک دوسرے کو ہٹانا اور کہا جاتا ہے "هٰذَا يُنَافِيْ ذَاكَ" یعنی یہ اس کے منافی ومخالف ہے۔
تَنَافَى تَنَافِيًا الرِّجَالُ: ایک دوسرے کو دفع کرنا۔ ایک دوسرے کے مخالف ہونا۔
تَنَافَتِ الْاَشْيَاءُ: مخالف ہونا۔ متباین ہونا۔
نَفَاءُ الشَّيْءِ وَنَفَاتُهٗ وَنَفْيَتُهٗ وَنُفْيَتُهٗ وَنُفَايَتُهٗ وَنَفَايَتُهٗ وَنَفِيُّهٗ: چیز کا وہ حصہ جو ردی ہونے کی وجہ سے دور کر دیا جائے۔ چیز کا بقیہ۔
اَلنَّفْيَة. نَفْي: کا اسم مرۃ۔ کھجور کے پتوں کا دسترخوان جس پر گوشت پھیلایا جائے۔ ج نُفَيَات.
اَلنَّفَيَان: مص۔ درختوں کی جڑ میں ہوا سے جمع شدہ مٹی۔ لشکر کا بڑا حصہ جو ایک طرف کو ہو جائے۔
اَلنَّاطِي: قا۔ دھتکارا ہوا۔ دور کیا ہوا۔
اَلنَّفِي: نابود کیا ہوا جھاگ جس کو ہانڈی پھینکتی ہے۔ چکی سے نکلا ہوا آٹا۔ گھوڑوں کے سم سے بکھری ہوئی مٹی، کنکری وغیرہ۔ درختوں کی جڑ میں ہوا سے جمع شدہ مٹی۔ لشکر کا بڑا حصہ جو ایک طرف کو ہو جائے۔ ڈھال جو کھجور کے پتوں سے بنائی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا ابْنٌ نَفِيٌّ" یعنی اس کے باپ نے بیٹا ہونے سے انکار کر دیا ہے۔
اَلنَّفِيَّة. اَلنَّفِيُّ: کا مؤنث۔ کھجور کے پتوں کا دسترخوان جس پر گوشت یا پنیر دھوپ میں خشک کیا جائے یا ہوا میں پھیلایا جائے۔
اَلْمَنْفِيُّ: دور کیا ہوا۔ ہٹایا ہوا، دھتکارا ہوا...... فِي الْكَلَامِ: اثبات کے خلاف۔
اَلْمَنْفَى: جلاوطنی کی جگہ۔ ج مَنَافٍ.
نَقَّ (ض) نَقِيْقًا الضِّفْدَعُ: مینڈک کا ٹرانا (یہ لفظ مرغی، چکور، بچھو، شتر مرغ اور بلی وغیرہ کے لئے بھی مستعمل ہے) اور کہا جاتا ہے "نَقَّتْ ضَفَادِعُ بَطْنِهٖ" یعنی وہ بھوکا ہوا۔
اَنَقَّ: ٹرانے والا ہونا۔
اَلنَّقَّاق: اسم مبالغہ۔ مینڈک۔
اَلنَّقَّاقَة. اَلنَّقَّاق: کا مؤنث۔ مینڈکی۔
اَلنُّقْنُق: نر شتر مرغ اَلنَّقِيْقَات: چھوٹے آبی جانور جن کے جسم پر باریک بال ہوتے ہیں ٹھہرے پانی یا جاری پانی میں رہتے ہیں۔
اَلنَّقُوْق: چلانے والا۔ کہا جاتا ہے "ضِفْدَعٌ نَقُوْقٌ" ج نُقُقٌ وَنُقٌّ.
نَقَبَ (ن) نَقْبًا الْحَائِطَ: دیوار میں سوراخ کرنا...... الْخُفَّ: موزے میں پیوند لگانا...... فُلَانٌ فِي الْاَرْضِ: جانا...... عَنِ الْاَخْبَارِ: کھود کرید کرنا یا خبر دینا...... الثَّوْبَ: بغیر نیفہ کے پائجامہ بنانا۔ ...... الْفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنے میں ناگہاں اٹھنی کرنا اور کہا جاتا ہے "نَقَبَتِ النَّكْبَةُ فُلَانًا" فلاں کو تکلیف پہنچی۔

نَقِبَ (س) نَقَبًا الخُفُّ المَلْبُوسُ : پہنے ہوئے موزے کا پھٹا ہوا ہونا ...... البَعِيرُ : اُونٹ کا گھسے ہوئے کھر والا ہونا ...... الرَّجُلُ : پہاڑی راستوں میں چلنا ...... فِي البِلَادِ : سیر کرنا ـ ملکوں میں جانا ـ

نَقَبَ (ن) نِقَابَةً وَنَقِبَ (س) نَقَبًا وَنَقُبَ (ک) نَقَابَةً عَلَى القَوْمِ : سردار قوم ہونا (نِقَابَةً اور نَقَابَة یا تو مصدر ہیں اور یا نِقَابَة بالکسر اسم ہے اور نَقَابَة بالفتح مصدر ہے)

نَقَّبَ فِي الأَرْضِ : بھاگتے ہوئے ملک میں گھسنا ...... عَنِ الشَّيْءِ : خوب اچھی طرح کھود کرید کرنا ـ

نَاقَبَهُ نِقَابًا وَمُنَاقَبَةً : مناقب پر فخر کرنا ـ نَاقَبَهُ نِقَابًا : راہ و در رو ملنا یا بغیر وعدے کے ملنا اور کہا جاتا ہے "وَرَدْتُ المَاءَ نِقَابًا" میں پانی پر بغیر تلاش کے پہنچ گیا ـ

أَنْقَبَ فِي الأَرْضِ : ملک میں چلنا ...... البَعِيرُ : گھسے ہوئے کھر والا ہونا ...... الرَّجُلُ : قوم کا سردار بننا ...... فُلَانٌ : گھسے ہوئے کھر والے اونٹ کا مالک ہونا ـ

تَنَقَّبَ عَنِ الشَّيْءِ : تفتیش میں مبالغہ کرنا ـ

تَنَقَّبَتْ وَانْتَقَبَتِ المَرْأَةُ : عورت کا نقاب ڈالنا ـ

النَّقْبُ : مص ـ سوراخ ـ پہلو کا زخم (...... والنُّقْب) پہاڑی راستہ ج نِقَاب وأنْقَاب وَنُقُبُ العَيْنِ : موتیابند کا علاج ـ

النَّقْبُ والنُّقُبُ والنُّقَبُ : کھجلی ـ

النِّقْبَة : نقاب ڈالنے کی ہیئت ـ کہا جاتا ہے "اِمْرَأَةٌ حَسَنَةُ النِّقْبَةِ" عمدہ طریقے سے نقاب ڈالنے والی عورت ـ نیز کہا جاتا ہے "إِنَّ عَلَيْهِ نُقْبَةً مِنْ كَذَا" اس کے اوپر یقیناً فلاں چیز کا اثر ہے ـ

النُّقْبَة : ابتدائی خارش ـ زنگ ـ رنگ ـ چہرہ ـ سوراخ ـ ایک قسم کا کپڑا جو پائجامہ کی مانند باندھا جاتا ہے ـ ج نُقَب ـ

الأنْقَاب : کان (جمع ہے اس کا واحد [illegible]

النِّقَاب : مص ـ بڑا عالم ـ عورت کے منہ ڈھانکنے کا کپڑا ـ تحت زمین کا راستہ ـ پیٹ اور "فَرْخَانِ فِي نِقَابٍ" ضرب المثل ہے ان دو شخصوں کے حق میں بولا جاتا ہے جو شکل و شباہت میں مشابہ ہوں اور کہا جاتا ہے "لَقِيتُهُ نِقَابًا" یعنی میں اس سے رو در رو ملا یا بغیر وعدہ کے ملا "وَوَرَدْتُ المَاءَ نِقَابًا" میں پانی پر اچانک بغیر تلاش کے پہنچ گیا ـ

النَّاقِب : فا ـ ایک بیماری کا نام جو دیر تک سونے سے پیدا ہوتی ہے اور یا اس زخم کو کہتے ہیں جو پہلو میں ہوتا ہے اور اس کا منہ جوف کی جانب اندر کو ہوتا ہے ـ

النَّاقِبَة : النَّاقِب : کا مؤنث ـ مذکورہ بالا زخم ـ

النَّقَّاب : کاموں میں گھسنے والا ـ کاموں کو بہت دریافت کرنے والا ـ

النَّقِيب : قوم کا گواہ ـ قوم کا ضامن ـ قوم کا چودھری و سردار ـ نَقِيبُ الأَشْرَافِ عِنْدَ المُسْلِمِينَ : لوگوں کے احوال کی تفتیش کرنے والا ـ ج نُقَبَاء النَّقِيب : بانسری ـ ترازو کی زبان ـ چھدا ہوا ـ كَلْبٌ نَقِيبٌ : کتا جس کے گلے میں سوراخ کر دیا گیا ہو تاکہ اس کی آواز پست ہو جائے اور ایسا بخیل آدمی کرتا ہے تاکہ کتے کی آواز سن کر مہمان نہ آجائیں اور کھانا دینا پڑے ـ

النَّقِيبَة : مؤنث النَّقِيب : نفس ـ عقل ـ طبیعت ـ مشورہ ـ رائے کا نفاذ ـ کہا جاتا ہے فُلَانٌ مَيْمُونُ النَّقِيبَةِ" فلاں پاک نفس ہے ـ

المَنْقَب : جانور کے پیٹ میں سوراخ کرنے کی جگہ ـ

المَنْقَب : پہاڑی راستہ ـ ج مَنَاقِب ـ

المِنْقَب : پہاڑی راستہ ـ بہت بحث و تحقیقات کرنے والا عالم ـ (...... والمِنْقَبَة) نشتر جس سے جانور کی ناف میں سوراخ کیا جائے ـ

[illegible] کے

درمیان تنگ راستہ ـ دیوار ـ عمدہ فعل ـ فخر ـ ج مَنَاقِب ـ مَنَاقِبُ الإنْسَانِ : عمدہ خصائل اور شریف اخلاق ـ

اَلنِّقَابَةُ : محنت کشوں کی پارٹی اپنے حقوق مشرکین کے دفاع کے لئے ـ

نَقَتَ (ن) نَقْتًا العَظْمَ : ہڈی سے گودا نکالنا ـ

نَقَثَ (ن) نَقْثًا وَانْتَقَثَ العَظْمَ : ہڈی سے گودا نکالنا ...... الشَّيْءَ المَدْفُونَ : کھود کر نکالنا ـ نَقَثَ الرَّجُلُ فِي الأَمْرِ او السَّيْرِ : دوڑنا ...... الحَدِيثَ : بات میں گڑبڑ کرنا ...... فُلَانًا بِالكَلَامِ : بات سے تکلیف پہنچانا ...... الأَرْضَ بِيَدِهِ : کدال سے کھودنا ...... عَنِ الشَّيْءِ : کھود کرید کرنا ـ

نَقَّثَ الرَّجُلُ : دوڑنا ـ

تَنَقَّثَهُ : اپنی طرف مائل کرنا ـ مہربان بنانا ـ

تَنَقَّثَ ضَيْعَتَهُ : جائیداد کی دیکھ بھال کرنا ـ

نَقَاثِ : ہجو ـ

النَّقْثُ : ہجو ـ چغل خوری ـ

نَقْثَلَ نَقْثَلَةَ الشَّيْخِ : بوڑھے آدمی کا خاک اڑاتے ہوئے چلنا ـ

نَقَحَ (ف) نَقْحًا وَنَقَّحَ العَظْمَ : ہڈی سے گودا نکالنا ...... الجِذْعَ : تنے کی گرہیں چھیل کر صاف کرنا ...... الشَّيْءَ : چھیلنا اور خالص کو ردی سے جدا کرنا ـ

نَقَّحَ وَانْتَقَحَ الكَلَامَ : اصلاح کرنا ـ درست کرنا ـ نَقَّحَتِ السِّنُونَ الرَّجُلَ : کمزور کر دینا ...... وَانْتَقَحَ الرَّجُلُ : قحط یا فقر کی وجہ سے تلوار کی زیبائش اتار لینا ـ

تَنَقَّحَ شَحْمُهُ : چربی کم ہونا ـ

اِنْتَقَحَ العَظْمَ : ہڈی سے گودا نکالنا ـ

اَلنَّقْحُ : مص ـ گرمی کے زمانے کا سفید بادل ـ

النَّقَحُ : خالص ریت ـ

التَّنْقِيحُ : مص ـ ظہور ـ معنی کے ساتھ الفاظ کا اختصار ـ

نَقَخَهُ (ف) نَقْخًا : مارنا ـ نَقَخَ

دِمَاغَهٗ: توڑنا۔

اِنْتَقَخَ الْمُخَّ مِنَ الْعَظْمِ: ہڈی سے گودا نکالنا۔

النُّقَاخ: ٹھنڈا صاف پانی۔ نیند۔ آرام۔ امن۔ ونُقَاخُ كُلِّ شَيْءٍ: خالص۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا نُقَاخُ الْعَرَبِيَّةِ" یہ خالص عربیت ہے۔

نَقَدَ(ن) نَقْدًا وتَنْقَادًا الدَّرَاهِمَ وَغَيْرَهَا: پرکھنا......الْكَلَامَ: کلام کے عیوب ومحاسن کو ظاہر کرنا۔ نَقَدَ فُلَانًا ولِفُلَانٍ الثَّمَنَ: نقد ادا کرنا۔ نَقَدَهٗ دِرْهَمًا: دینا......الطَّائِرُ الْفَخَّ اوِ الْحَبَّ: چونچ مارنا......الرَّجُلُ الشَّيْءَ وإِلَى الشَّيْءِ بِنَظْرِهٖ: چپکے چپکے نظر ڈالنا۔ چپکے چپکے گھورنا......نَقَدَتْهُ الْحَيَّةُ: سانپ کا ڈسنا۔

نَقِدَ(س) نَقَدًا الضِّرْسُ او الْقَرْنُ: دانت یا سینگ کا ٹوٹنا۔ کرم خوردہ ہونا۔ صفت نَقِدٌ......الْحَافِرُ: کھر کا چھل جانا......الْجِذْعُ: تنہ کا کیڑوں کے کھانے سے کھوکھلا ہونا۔

اَنْقَدَ الشَّجَرُ: درخت میں پتے ہونا۔

نَاقَدَهٗ مُنَاقَدَةً: کسی معاملہ میں جھگڑا کرنا۔

تَنَقَّدَ الدَّرَاهِمَ وَغَيْرَهَا: دراہم وغیرہ پرکھنا۔

تَنَاقَدَ الدَّرَاهِمَ: دراہم پرکھنا اور کھوٹا علیحدہ کرنا۔

اِنْتَقَدَ الدَّرَاهِمَ: نقد وصول کرنا۔ کھوٹا علیحدہ کرنا......الشِّعْرَ عَلٰى قَائِلِهٖ: شعر کے عیوب ظاہر کرنا......الْكَلَامَ: کلام کی تنقید کرنا۔ عیوب ومحاسن ظاہر کرنا...... الْاَرَضَةُ الْجِذْعَ: دیمک کا کھوکھلا کرنا۔ اِنْتَقَدَ الْوَلَدُ: لڑکے کا جوان ہونا۔

النَّقْد: مص۔ قیمت جو فوراً ادا کی جائے۔ درہم۔ ج نُقُوْدٌ کہا جاتا ہے "دِرْهَمٌ نَقْدٌ" عمدہ کھرا درہم۔ النَّقْدَان چاندی وسونا۔

النِّقْدُ والنُّقْدُ: کم گوشت والا۔ دیر سے جوان ہونے والا۔

النَّقَد: مص۔ بھیڑوں کی ایک قسم جن کی ٹانگیں چھوٹی اور چہرہ بدشکل ہوتا ہے۔ واحد نَقَدَةٌ: مذکر ومؤنث دونوں کے لئے ج نِقَادٌ ونِقَادَةٌ۔ النَّقَد: کمینے لوگ۔ النَّقَد مِنَ الصِّبْيَانِ: حقیر وذلیل بچہ کہ جس پر جوانی کا اثر ظاہر نہ ہو۔ النَّقَد والنُّقْد: ایک قسم کا درخت واحد نَقَدَةٌ ونُقْدَةٌ۔

النَّاقِد: فا۔ ج نَقَدَةٌ ونُقَّادٌ۔

اَنْقَد والاَنْقَدُ: سیہی اور امثال عرب سے ہے "بَاتَ بِلَيْلِ اَنْقَدَ" یعنی وہ سویا نہیں اس لئے کہ سیہی پوری رات نہیں سوتا۔

الاَنْقَد والإِنْقِدَان: کچھوا۔

النَّقَّاد: دراہم وغیرہ کا پرکھنے والا۔ رَاعِي النَّقَد (چھوٹی ٹانگ والی بھیڑ کا چرواہا)

مِنْقَادُ الطَّائِرِ: پرندے کی چونچ ج مَنَاقِيد۔

المُنْتَقَد: مصدر میمی بمعنی اِنْتِقَاد۔

نَقَذَ(ن) نَقْذًا ونَقَّذَ واَنْقَذَ فُلَانًا مِنْ كَذَا: نجات دینا۔ چھڑانا۔

تَنَقَّذَهٗ واسْتَنْقَذَهٗ مِنْ كَذَا: نجات دینا۔ چھڑانا۔

نَقِذَ(س) نَقَذًا: نجات پانا۔

النَّقَذُ: مص۔ سلامتی۔ پھسلنے والے کی سلامتی کی دعا کے لئے کہا جاتا ہے "نَقَذًا لَكَ" اور اس کی اصل "نَقَذَكَ اللّٰهُ نَقَذًا" ہے یعنی اللہ تمہیں محفوظ رکھے۔

النَّقَذُ: مص۔ چھڑایا ہوا اور کہا جاتا ہے "مَا لَهٗ شَقَذٌ وَلَا نَقَذٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔

النَّقِيذ: دشمن کے ہاتھ سے چھڑایا ہوا۔

النَّقِيذَة: دشمن کے ہاتھ سے چھڑایا ہوا۔ جیسے گھوڑا، زرہ وغیرہ۔ ج نَقَائِذ اور کہا جاتا ہے "هُوَ نَقِيذَةُ بُؤْسٍ" وہ سختی سے چھڑایا ہوا ہے۔

الاَنْقَذُ: سیہی۔

نَقَرَهٗ (ن) نَقْرًا: مارنا۔ نَقَرَ الْعُوْدَ او الدُّفَّ: بربط یا دف بجانا۔ فُلَانًا: عیب لگانا......الشَّيْءَ: چونچ سے سوراخ کرنا......الطَّائِرُ الْبَيْضَةَ عَنِ الْفَرْخِ: بچہ نکالنے کے لئے انڈے میں سوراخ کرنا۔ نَقَرَ فِي الْحَجَرِ: پتھر پر لکھنا......فِي النَّاقُوْرِ: بگل میں پھونکنا......الطَّائِرُ الْحَبَّ: پرندہ کا اِدھر اُدھر سے دانہ چگنا......الْحَجَرَ او الْخَشَبَ: لکڑی یا پتھر کھودنا۔ نَقَرَتِ الْخَيْلُ بِحَوَافِرِهَا: گھوڑوں کا کھروں سے کھودنا۔ نَقَرَ عَنِ الْاَمْرِ: چھان بین کرنا۔ نَقَرَ فُلَانٌ: چٹکی بجانا۔ زبان کو تالو سے لگا کر آواز نکالنا۔ نَقَرْتُ بِالرَّجُلِ: قوم میں سے علیحدہ بلانا۔ نَقَرَ السَّهْمُ الْهَدَفَ: تیر کا نشانہ پر لگنا اور پار نہ ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "رَمَى الرَّامِي الْغَرَضَ فَنَقَرَهٗ" تیر پھینکنے والے نے نشانہ پر تیر لگایا۔

نَقِرَ(س) نَقَرًا عَلٰى فُلَانٍ: غضبناک ہونا۔ نَقِرَتِ الشَّاةُ: نقرہ کی بیماری والی ہونا۔ نَقِرَ فُلَانٌ: فقیر ہونا۔

نَقَّرَ الطَّائِرُ فِي الْمَوْضِعِ: انڈے دینے کے لئے نرم کرنا......فُلَانٌ بِاسْمِ فُلَانٍ: جماعت کے درمیان نام لے کر پکارنا......الشَّيْءَ وعَنِ الشَّيْءِ: چھان بین کرنا......عَلٰى فُلَانٍ: عیب لگانا اور بری معلوم ہونے والی باتوں کا ذکر کرنا۔ الطَّائِرُ الْحَبَّ: پرندہ کا اِدھر اُدھر سے دانہ چگنا (تشدید مبالغہ کے لئے ہے)

نَاقَرَهٗ مُنَاقَرَةً ونِقَارًا: گفتگو میں لوٹ پھیر کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ مُنَاقَرَةٌ" ان کے درمیان جھگڑا ہے۔

اَنْقَرَ عَنْهُ: رکنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَهٗ فَمَا اَنْقَرَ عَنْهُ حَتّٰى قَتَلَهٗ" اس نے اسے مارا اور نہیں رکا یہاں تک کہ قتل کر دیا۔ واَنْقَرَ الرَّجُلُ: گنگنا کر آواز نکالنا۔ چٹکی بجانا۔

تَنَقَّرَ الشَّيْءَ: چھان بین کرنا......عَلَى الْاَهْلِ والْمَالِ: بددعا کرنا اور اَرَاحَنِي اللّٰهُ مِنْكُمْ وذَهَبَ اللّٰهُ بِمَالِكُمْ (اللہ تعالیٰ مجھ کو تم سے راحت دیں اور تمہارے مال کو ضائع کر دیں) کہنا۔

اِنْتَقَرَهٗ: پسند کرنا۔ اِنْتَقَرَ الشَّيْءَ: چھان بین

کرنا۔ اِنْتَقَرَهٗ وانْتَقَرَ بِهٖ: قوم کے درمیان سے علیحدہ بلانا...... القَوْمَ وبِالقَوْمِ: خاص خاص لوگوں کو بلانا۔ اِنْتَقَرَتِ الْخَيْلُ بِحَوَافِرِهَا نَقْرًا: کھروں سے کھودنا۔ اِنْتَقَرَتِ السُّيُوْلُ نَقْرًا: سیلاب کا گڑھے کر دینا۔ اِنْتَقَرَ الشَّيْئَ: لکھنا۔

النَاقِر: فا۔ نشانہ پر لگنے والا تیر۔ ج نَوَاقِر۔

النَاقِرَة النَاقِر: کا مؤنث۔ مصیبت۔ درست دلیل۔ ج نَوَاقِر اور کہا جاتا ہے "اَتَتْنِيْ عَنْهُ نَوَاقِر" اس سے مجھے تکلیف دہ باتیں پہنچیں۔ "وَاَخْطَاَتْ نَوَاقِرُهٗ" یعنی وہ راہِ راست پر مستقیم نہیں رہا۔ "وَبَيْنَهُمْ نَاقِرَةٌ ونَقِرَةٌ" ان کے درمیان جھگڑا ہے۔

النَاقُوْر: صُور یا بگل۔ دل۔ ج نَوَاقِيْر۔

النُقَارَة: پتھر پر لکھنے سے جو باقی رہ جائے۔ چونچ بھر۔ اور کہا جاتا ہے "مَا تَرَكَ عِنْدِيْ نُقَارَةً اِلَّا انْتَقَرَهَا" میرے پاس جو کچھ تھا اس نے سب کچھ لکھ لیا۔

النَقْر: مص۔ چٹکی کی آواز۔ پتھر کی کتابت۔

النِقْر: کھجور کی گٹھلی کا گڑھا۔

النَقِر: غضبناک۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَقِرٌ عَلَيْكَ" وہ تمہارے اوپر غضبناک ہے۔ نُقَرہ: کی بیماری میں مبتلا اور کہا جاتا ہے "مَا لَهٗ بِمَوْضِعِ كَذَا نَقِرٌ" اس کے لئے فلاں جگہ میں پانی یا کنواں نہیں ہے۔

النَقَر: مص۔ کہا جاتا ہے "اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الْعَقَرِ والنَقَرِ" میں لنجاپن اور ضیاع مال سے اللہ کی پناہ لیتا ہوں۔

النَقَرِیٰ: عیب اور یہ نَقَرَ: فعل کا اسم ہے اور کہا جاتا ہے "دَعَوْتُهُمُ النَقَرِیٰ" میں نے ان لوگوں کو خاص طور سے بلایا۔ اور اس کے مقابلے میں "الجَفَلیٰ" ہے جس کے معنی دعوت عامہ کے ہیں "بَنَاتُ النَقَرِیٰ" وہ عورتیں جو ہر اُس شخص کی عیب جوئی کریں جو اُن کے سامنے سے گزرے۔

النَقْرَة. نَقَرَ: کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے

اَثَابَهٗ نَقْرَةً" اِس نے اُس کو کچھ بھی فائدہ نہیں دیا "وَمَا اَغْنٰى عَنِّيْ نَقْرَةً" اس نے مجھ کو کچھ بھی فائدہ نہیں دیا اور یہ ہمیشہ نفی کے ساتھ مستعمل ہوتا ہے۔

النِقْرَة: گفتگو میں لوٹ پھیر اور جھگڑا۔

النُقْرَة: چھوٹا گول گڑھا۔ چاندی سونے کا پگھلایا ہوا ٹکڑا۔ آنکھ کا گڑھا۔ سرین کے وسط کا گڑھا۔ گردن کے پچھلے حصہ کا گڑھا۔ پرندہ کے انڈے دینے کی جگہ۔ کھجور کی گٹھلی کا گڑھا۔ ج نُقَر ونِقَار۔

النَقِرَة. النَقِر: کا مؤنث۔ پست زمین میں بلند جگہ۔

النُقَرَة: ایک قسم کی بیماری ہے جو بکری اور گایوں کی ٹانگ میں لاحق ہوتی ہے۔

النَقَّار: اسم مبالغہ۔ امور اور خبروں کی چھان بین کرنے والا۔ پتھر یا لکڑی میں کھدائی کا کام کرنے والا۔ رکاب یا لگام میں نقش و نگار کرنے والا۔ اس کے پیشہ کو النِقَارَة کہتے ہیں۔ النَقَّار: ایک چھوٹا سا پرندہ جو درختوں پر چڑھتا ہے اور سوراخ کر کے کیڑے نکالتا ہے۔

النَقَّارَة. النَقَّار: کا مؤنث۔

النَقِيْر: آواز۔ کھجور کی گٹھلی کا گڑھا۔ کھدا ہوا پتھر یا لکڑی۔ تنہ جس کو کھود کر سیڑھی جیسی بناتے ہیں۔ لکڑی کی جڑ جس کو کھود کر اس میں نبیذ بناتے ہیں اور اس کی نبیذ تیز و تند ہوتی ہے۔ النَقِيْر: اصلیت کہا جاتا ہے "فُلَانٌ كَرِيْمُ النَقِيْرِ" فلاں شریف الاصل ہے۔ بہت محتاج' ایک کالے رنگ کی مکھی۔ ج اَنْقِرَة۔

النَقِيْرَة: چھوٹی کشتی۔

الاُنْقُوْر: کھجور کی گٹھلی کا گڑھا۔

التَنْقِيْر: مص۔ سیٹی بجانے کے مشابہ آواز۔

المِنْقَر: کدال۔ چھینی۔ ج مَنَاقِر۔

المُنْقَر والمُنْقُر: شراب بنانے کے لئے

[illegible]

قیاس) تنگ منہ کا کنواں یا بہت پانی والا گہرا کنواں حوض۔

المُنْقَر: بہت کھٹا دودھ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مُنْقَرُ العَيْنِ ومُنْتَقِرُهَا" وہ دھنسی ہوئی آنکھ والا ہے۔

المِنْقَار: کدال۔ چونچ۔ المِنْقَار: جوتی موزہ کی نوک۔ مِنْقَارُ الدَّجَاجَةِ ومِنْقَارُ الْغُرَابِ: دو ستاروں کے نام۔ ومِنْقَارُ الْغُرَابِ: مونڈھے کی ایک ہڈی جس کو اَخْرَم بھی کہتے ہیں۔

نَقْرَد نَقْرَدَةً فِي الْمَكَانِ: اقامت کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا لَكَ مُنَقْرِدًا" کوئی تمہارے لئے ٹھہرانے والا نہیں۔

النِقْرِس: پیر کے جوڑوں کا آماس۔ ہلاکت۔ بڑی مصیبت۔ ماہر رہنما۔ طبیب حاذق۔ گلاب کے پھول جیسی ایک چیز جس کو عورتیں بنا کر سر میں لگاتی ہیں ج نَقَارِس۔

النِقْرِيْس: ماہر رہنما۔ طبیب حاذق۔

نَقَزَ (ن ض) نَقْزًا ونَقَزَانًا ونِقَازًا الظَّبْيُ: ہرن کا کودنا۔ چھلانگ مارنا۔ صفت نَاقِز. نَقَزَهٗ عَنْهُمْ: دفع کرنا۔ ہٹانا۔ نَقَزَتِ الصَّبِيُّ اُمُّهٗ: بچے کا اُچھلنا۔ نَقَّزَ فُلَانًا: کودانا۔

اَنْقَزَ الرَّجُلُ: ہمیشہ صاف اور میٹھا پانی پینا۔ ردی مال جمع کرنا۔ نُقَاز کی بیماری والے جانوروں والا ہونا۔ اَنْقَزَ عَدُوَّهٗ: دشمن کو فوراً قتل کر دینا...... عَنِ الشَّيْئِ: رُکنا۔ باندھنا۔ اِنْتَقَزَتِ الشَّاةُ: نُقَاز: کی بیماری والی ہونا۔ اِنْتَقَزَ فُلَانٌ لِفُلَانٍ مِنْ مَالِهٖ: ردی مال دینا۔ اِنْتَقَزَ لِفُلَانٍ شَرَّ الْاِبِلِ: کسی کے لئے بُرے اونٹ پسند کرنا۔ کہا جاتا ہے عَطَاءٌ نَاقِزٌ وذُوْنَاقِزٍ: گھٹیا عطیہ۔

النَاقِزَة. النَاقِز: کا مؤنث۔ ج نَوَاقِز نَوَاقِزُ الدَّابَّةِ: چوپایہ کی ٹانگیں۔

النُقَاز بِالضَّمِّ: طاعون کے مشابہ جانوروں کا ایک مرض۔

النَقْز: خسیس مال۔ گھٹیا قسم کے لوگ۔

النَّقَز: کوڑا کرکٹ۔
النَّقِز: لقب۔
النَّقَز: لقب گھٹیا مال، رذیل اور ادنیٰ درجہ کے لوگ واحد نقزۃ۔
النِّقز: صاف میٹھا پانی۔
النُّقَاز والنَّقَّاز: ایک قسم کا پرندہ۔ چڑیوں کے بچے۔ ج نَقَاقِیز۔
المَنْقُوز. نُقَاز: کی بیماری والا۔ مؤنث مَنْقُوزَۃ۔
نَقَسَ (ن) نَقْسًا. النَّاقُوسَ بِالْخَشَبَةِ: لکڑی سے ناقوس بجانا...... النَّاقُوسُ: ناقوس بجنا...... المَرْأَةَ: جماع کرنا۔
نَقَسَ (ن) نُقُوسًا. الشَّرَابُ: کھٹا ہونا۔ بَيْنَ الْقَوْمِ: فساد ڈالنا۔
نَقِسَه (س) نَقْسًا: عیب لگانا۔ تمسخر کرنا۔ نَقِسَتْ نَفْسُهُ: متلی آنا۔
نَقَّسَ فُلَانًا: لقب دینا...... الدَّوَاةَ: دوات میں روشنائی ڈالنا۔ نَقَّسَهُمْ بِنَاقُوسِه: ناقوس بجا کر لوگوں کو بلانا۔
نَاقَسَهُ: عیب لگانا۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمَا مُنَافَسَةٌ وَمُنَاقَسَةٌ" ان کے درمیان مفاخرت اور عیب گیری ہے۔
اِنْتَقَسَ: ناقوس بجانا۔
النَّاقِس: فا۔ کھٹا۔ کہا جاتا ہے "لَبَنٌ نَاقِسٌ او شَرَابٌ نَاقِسٌ" کھٹا دودھ یا کھٹی شراب۔
النَّقْس: ایک قسم کا ناقوس۔ کھجلی۔ ج نُقُس
رَجُلٌ نَقِسٌ: لوگوں کی عیب گیری کرنے والا اور لقب رکھنے والا مرد۔
النِّقْس: روشنائی۔ ج اَنْقَاس واَنْقُس۔
الانقس: باندی بچہ۔ کھجلی والا۔
النَّقُوس: ایک قسم کی نباتات۔
النَّاقُوس: لکڑی یا لوہے کا بڑا ٹکڑا جس کو چھوٹے چھوٹے ٹکڑے سے بجاتے ہیں اور کبھی گھنٹہ کے لئے ناقوس کا کلمہ استعمال کرتے ہیں۔

النِّقَاسَة: لقب دینا۔
نَقَشَ (ن) نَقْشًا الشَّئَ: مختلف رنگوں سے نقش و نگار کرنا اور مزین کرنا...... العِلْق: کھجور کے خوشہ کو پکانے کے لئے کانٹوں سے مارنا...... الشَّوْكَةَ مِنْ رِجْلِه: پیر سے کانٹا نکالنا...... مَرْبَضَ الْغَنَمِ: بکری کے باڑہ کو کنکر، کانٹے وغیرہ سے پاک صاف کرنا...... عَنِ الشَّئِ: نہایت وضاحت کرنا...... فَصَّ الْخَاتَمِ: انگوٹھی کے نگینہ پر نقش کرنا۔ الشَّعْرَ بِالْمِنْقَاشِ: بال کو موچنے سے اکھیڑنا۔ الرَّحَی: چکی کے دندانے بنانا...... الْجَارِيَةَ: جماع کرنا اور کہا جاتا ہے "مَا نَقَشَ مِنْهُ شَيْئًا" اس نے اس میں سے کچھ نہیں پایا۔
نَقَّشَ الشَّئَ: مختلف رنگوں سے نقش و نگار کرنا۔
نَاقَشَهُ الْحِسَابَ وفِي الْحِسَابِ: حساب کی تفصیل سختی سے لینا۔ نَاقَشَ فُلَانًا: جھگڑا کرنا۔
اَنْقَشَ عَلٰى غَرِيمِه: مقروض سے پورا وصول کرنا۔ نقش کے کھانے پر مداومت کرنا۔ (دیکھئے لفظ النقش)
تَنَقَّشَ جَمِيعَ حَقِّه مِنْ فُلَانٍ: سارا وصول کر لینا کچھ نہ چھوڑنا۔
اِنْتَقَشَ الشَّوْكَةَ: کانٹا پیر سے نکالنا اور کبھی اِنْتِقَاش: توبہ کے لئے بطور استعارہ کے مستعمل ہوتا ہے...... الشَّئَ: نکالنا...... مِنْ زَيْدٍ جَمِيعَ حَقِّه: سارا حق وصول کر لینا کچھ نہ چھوڑنا۔ اِنْتَقَشَ فُلَانًا: پسند کرنا۔ تم کہتے ہو "اِنْتَقَشْتُكَ لِكَذَا" میں نے تم کو فلاں چیز کے لئے منتخب کیا۔ اِنْتَقَشَ لِنَفْسِه خَادِمًا او غَيْرَه: اس نے اپنے لئے خادم وغیرہ بنایا۔ اِنْتَقَشَ فُلَانٌ: نگینہ پر کندہ کرنے کا حکم دینا...... عَلٰى فَصِّه كَذَا: نقش کئے جانے کا حکم دینا۔
النِّقَاشَة: نقش و نگار کا پیشہ۔

النَّقْش: مص۔ زمین میں نشان۔ نقش و نگار از قسم تصور و بیل بوٹہ۔ ج نُقُوش۔
النَّقَش: خشک کھجور جس کو توشہ دان میں رکھ کر پانی ڈالیں۔ کہا جاتا ہے "دَامَ عَلٰى اَكْلِ النَّقَشِ" اس نے نقش کے کھانے پر مداومت کی۔
النَّقَّاش: نقش و نگار کرنے والا۔
النَّقِيش: برتن میں متفرق سامان۔ نظیر۔ کہا جاتا ہے "مَا لَهُ نَقِيشٌ" اس کی کوئی نظیر نہیں۔
المِنْقَش والمِنْقَاش: نقش و نگار کرنے کا آلہ۔ موچنا۔ ج مَنَاقِش. ومَنَاقِيش کہا جاتا ہے "اِسْتَخْرَجْتُ حَقِّي بِالْمَنَاقِيشِ" مجھے اپنے حق کے وصول میں تھکن لاحق ہوئی۔
المَنْقُوش: مفع۔ دینار۔ کچی کھجور جس کو پکنے کے لئے کانٹا ماریں۔
الشَّجَّةُ والمُنَقِّشَةُ والمَنْقُوشَةُ: زخم جس سے ہڈیاں نکالی جائیں۔
نَقَصَ (ن) نَقْصًا وتَنْقَاصًا ونُقْصَانًا الشَّئُ: کم ہونا۔ گھٹنا۔ نَقَصْتُ الشَّئَ: گھٹانا۔ نَقَصْتُ زَيْدًا حَقَّهُ: حق کم کر دینا، گھٹا دینا۔
نَقُصَ (ک) نَقَاصَةُ الْمَاءِ: پانی میٹھا و خوشگوار ہونا۔
نَقَّصَ الشَّئَ وانْقَصَهُ: گھٹانا۔
اِنْتَقَصَ الشَّئُ: گھٹنا...... الشَّئَ: گھٹانا الرَّجُلَ: عیب جوئی کرنا۔ اِنْتَقَصَهُ حَقَّهُ: حق کم کرنا۔
تَنَقَّصَ فُلَانًا: مذمت کرنا۔ نقص کی نسبت کرنا...... الشَّئَ: تھوڑا تھوڑا لینا۔
تَنَاقَصَ الشَّئُ: آہستہ آہستہ گھٹنا۔
اِسْتَنْقَصَ الثَّمَنَ: قیمت گھٹانے کے لئے کہنا۔ تھوڑا پانا...... الرَّجُلَ: نقصان کی نسبت کرنا۔
النَّاقِص: فا۔ درہم ناقص۔ کم وزن کا درہم ج نُقَّص۔
النَّقْص: مص۔ یہ نقصان کے مانند ہے مگر فرق یہ ہے کہ نقصان کا استعمال دین اور

عقل میں کمی نہیں ہوتا۔ کہا جاتا ہے "دَخَــلَ عَـلَيْـهِ نَـقْـصٌ فِيْ دِيْنِهٖ وَ عَقْلِهٖ" اور "دَخَلَ عَـلَيْـهِ نُـقْـصَـانٌ فِيْ دِيْنِهٖ وَعَقْلِهٖ" نہیں کہا جاتا۔

النُّـقْـصَـان: مص۔ گھٹی۔ کمی۔ کہا جاتا ہے "نُقْصَانُهٗ كَذَا وَ كَذَا" اس کا نقصان اتنا اور اتنا ہے۔

الـنَّـقِـيْـص: خوشگوار میٹھا پانی۔ ہر عمدہ و خوشبودار چیز۔

الـنَّـقِـيْـصَـة: عیب گیری۔ بری خصلت ج نَقَائِص۔

اَلْمُنَاقَصَةُ: ٹینڈر۔

المَنْقَصَة: کمی۔ نقصان۔ ج مَنَاقِص۔

نَقَضَ (ن) نَـقْـضًـا الْبِنَاءَ: عمارت ڈھانا ...... الْـعَـظْـمَ: ہڈی توڑنا ...... الْـحَـبْـلَ: رسی کھولنا ...... الْعَهْدَ او الْاَمْرَ: مضبوطی کے بعد خراب کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "نَـقَـضَ فُلَانٌ وِتْرَهٗ" یعنی فلاں نے اپنا بدلہ لے لیا۔

نَقَضَ (ن ض) نَـقْـضًا الْمَفْصَلُ او الْاَدِيْمُ و نَحْوُهُمَا: جوڑ یا چمڑے کا تڑتڑ کرنا۔

نَـاقَضَ مُنَاقَضَةً و نِقَاضًا قَوْلُهُ الثَّانِيْ قَوْلَهُ الْاَوَّلَ: مخالف ہونا۔

اَنْـقَـضَـتِ الْعُقَابُ: عقاب کا آواز نکالنا۔

اَنْـقَضَ اَصَابِعَهٗ: انگلیاں چٹخانا ...... الْكَمْأَةُ و عَـنِ الْـكَـمْـأَةِ: سانپ کی چھتری کو زمین سے نکالنا ...... بالْمَعْزِ: بکری کو بلانا ...... الحِمْلُ الـظَّـهْـرَ: بوجھل کرنا (...... و نَـقَّـضَ الْكَمْ) سانپ کی چھتری کا زمین کو پھاڑنا۔ و نَـقَّـضَ الْاَرْضَ: مٹی علیحدہ کر دینا۔

تَـنَـقَّضَ الدَّمُ: خون ٹپکنا ...... الْجُرْحُ: زخم سے خون بہنا ...... الْـحَـبْـلُ: رسی کا کھل جانا ...... الْبَيْتُ: تڑکنا۔ تَـنَـقَّـضَـتْ عِظَامُهٗ: ہڈیوں سے آواز نکلنا ...... الْاَرْضُ عَنِ الْكَمْأَةِ: زمین کا پھٹنا۔

تَـنَـاقَضَ الْبِنَاءُ او الْحَبْلُ: عمارت کا تڑکنا یا رسی کا کھلنا ...... الْقَوْلَانِ: ایک دوسرے کے مخالف ہونا۔ تَـنَـاقَـضَـا الْبَيْعَ: بیع کو ......

توڑنا۔

اِنْـتَـقَـضَ الْـبِـنَـاءُ: عمارت کا تڑکنا ...... الْحَبْلُ: رسی کھلنا ...... الْجُرْحُ بَعْدَ بُرْئِهٖ: زخم کا خراب ہونا ...... الْاَمْرُ بَعْدَ الْتِئَامِهٖ: فساد ہونا۔ بگڑنا۔ اِنْتَقَضَتِ الطَّهَارَةُ: طہارت کا زائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْـتَـقَـضَ عَلَيْـهِ الْبَلَدُ" یعنی شہر والوں نے بغاوت کی۔

الـنُّـقَـاضَـة: بٹی ہوئی رسی کا جو حصہ کھول دیا جائے۔

الـنَّـقْـض: مص۔ مفاعلتن کا ساتواں حرف حذف کرنا اور پانچویں کو ساکن کرنا۔

النِّقْض: عمارت۔ ملبہ۔ کثرتِ سفر سے لاغر شدہ۔ خیمہ یا کمبل جو ادھیڑ کر دوبارہ کاتا جائے۔ زمین کی باریک تہ جو سانپ کی چھتری سے پھٹ جائے۔ ج اَنْـقَـاض و نُقُوْض۔

النُّقْض: عمارت کا جو حصہ ٹوٹ جائے۔ ج اَنْقَاض و نُقُوْض۔

النَّقَض: کشتی کا ایک پیچ۔

الـنِّـقْـض: خیمہ یا کمبل جو اُدھیڑ کر دوبارہ کاتا جائے۔

النَّقْضَة. نَقْض: کا اسم مرۃ۔

النِّقْضَة. نِقْض: کا اسم نوع۔ کثرتِ سفر سے لاغر شدہ۔ کہا جاتا ہے نَـاقَـةٌ نِـقْـضَـةٌ۔ ج اَنْقَاض۔

الـنَّـقِـيْـض: مخالف۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ هُـوَ نَقِيْضُكَ" فلاں تمہارا مخالف ہے۔ مؤنث نَـقِـيْـضَـةٌ۔ الـنَّـقِـيْـضُ مِنَ الاَدَمِ و الـرَّحْلِ والوَتَرِ وَالْاَصَابِعِ وَالْاَضْلَاعِ والمَفَاصِلِ و نَـحْـوِهَـا: برعکس۔ مخالف۔ آواز۔

الـنَّـقِـيْـض: چوزے، بچھو، مینڈک، عقاب، شتر مرغ کی آواز۔ نَـقِـيْـضُ السَّقْفِ: چھت کی چرچراہٹ۔ نَـقِـيْـضُ كُـلِّ شَـيْءٍ: ہر چیز کا رفع۔ مثلاً جب ہم کہیں کہ "كُـلُّ اِنْـسَـانٍ حَيَوَانٌ بِالضَّرُوْرَةِ" تو اس کی نقیض اَنَّهٗ لَيْسَ كَذٰلِكَ ہوگی۔

الـنَّـقِـيْـضَـانِ: دو ...... جن کا اجتماع ......

جہت سے کشح ہو جیسے ایجاب و سلب۔

النَّقِيْضَة: پہاڑی راستہ۔ اسم ...... والـنَّـقِـيْـضَـةُ فِي الشِّعْرِ: نظم جو کسی نظم کے جواب میں ہو۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ الْقَصِيْدَةُ نَـقِـيْـضَـةُ قَـصِـيْـدَةِ فُلَانٍ" یہ قصیدہ فلاں کے قصیدہ کے جواب میں ہے اور اسی سے ہے نَقَائِضُ جَرِيْرٍ و فَرَزْدَق۔

التَّـنَـاقُض: مص۔ باہم مخالف ہونا۔ کہا جاتا ہے "فِيْ كَلَامِهٖ تَنَاقُضٌ" یعنی اس کے کلام میں تخالف ہے۔ بعض کا بعض سے ابطال ہو جاتا ہے۔

نَـقَطَ (ن) نَـقْـطًـا الْحَرْفَ: حرف پر نقطے لگانا۔ صفت فاعلی نَـقَّـاط اور صفت مفعولی مَـنْـقُـوْط۔ (...... ونَقَّطَ) بِهٖ الزَّمَانُ: زمانہ کا موافق ہونا۔ ونَقَّطَ الْحَرْفَ: حرف پر نقطے لگانا۔ نَـقَّـطَ ثَـوْبَـهٗ بِـالْـمِـدَادِ او الزَّعْفَرَانِ: کپڑے کو روشنائی یا زعفران سے بوٹی دار بنانا۔

تَـنَـقَّـطَ الْمَكَانُ: گھاس کے متفرق قطعے ہونا ...... فُلَانٌ الْخَبَرَ: آہستہ آہستہ لینا۔

تَـنَقَّطْتُ الْخُبْزَ: آہستہ آہستہ میں نے روٹی کھائی۔

النَّاقِط: فا۔ غلام کا غلام۔

النَّقْطَة. نَقَطَ: کا اسم مرۃ۔

الـنُّـقْـطَة. نقطہ: فل اسٹاپ۔ ج نِـقَـاط و نُـقَـط۔ کہا جاتا ہے "نِـقَـاطٌ او نُـقَـطٌ مِنَ الْـكَـلَاِ" گھاس کے متفرق ٹکڑے۔ "وَمَـا اخْـتَـلَـفُـوْا فِيْ نُقْطَةٍ" یعنی انہوں نے پوری طرح موافقت کی۔ ذرا بھی مخالفت نہ کی۔ نُقْطَةُ الدَّائِرَةِ: دائرہ کا مرکز۔

النَّقِيْط: غلام کا غلام۔

المَنْقُوْط: مفع۔ اَلْمَنْقُوْطُ مِنَ الشِّعْرِ: شعر جس کے تمام حروف نقطے والے ہوں۔ كِـتَـابٌ مَـنْـقُـوْطٌ: کتاب جس میں اعراب لگے ہوئے ہوں۔

نَقَعَ (ف) نَقْعًا: آواز بلند کرنا ...... الْـجَـيْـبَ: گریبان پھاڑنا ...... فُلَانًا: قتل کرنا

...... رِيْقَـهٗ: تھوک منہ میں جمع کرنا۔...... الْمَوْتُ: زیادہ ہونا...... فُلَانًا بِالشَّتْمِ: بہت بری گالی دینا...... بِالشَّرَابِ: شفا پانا...... السُّوَاءَ وَغَيْرَهٗ فِي الْمَاءِ: بھگونا...... الرَّجُلَ: مہمانوں کے لئے جانور ذبح کرنا۔

نَقَعَ (ف) نُقُوْعًا الصَّوْتُ: آواز بلند ہونا...... الصَّارِخُ بِصَوْتِهٖ: لگاتار چلانا...... لَهٗ الشَّرَّ: ہمیشہ کرنا...... مِنَ الْمَاءِ وَبِهٖ: سیراب ہونا...... السُّمُّ فِي أَنْيَابِ الْحَيَّةِ: زہر کا سانپ کے دانتوں میں جمع ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا نَقَعْتُ بِخَبَرِهٖ" یعنی میں نے اس کی تصدیق نہیں کی۔

نَقَعَ (ف) نَقْعًا وَنُقُوْعًا الْمَاءُ فِي بَطْنِ الْوَادِيْ: پانی کا وادی میں جمع ہونا اور دیر تک ٹھہرنا...... الْمَاءُ الْعَطَشَ: پانی کا پیاس کو بجھانا۔

اَنْقَعَ السُّوَاءَ وَغَيْرَهٗ فِي الْمَاءِ: بھگونا...... الصَّارِخُ بِصَوْتِهٖ: لگاتار چلانا...... الْمَاءُ فُلَانًا: سیراب کرنا...... الْمَاءُ: زرد ہونا اور رنگ بدل جانا...... الرَّجُلَ: مہمانی کے لئے ذبح کرنا...... الْحَيَّةُ السُّمَّ فِي أَنْيَابِهَا: سانپ کا زہر کو اپنے دانتوں میں جمع کرنا...... لِفُلَانٍ شَرًّا: دل میں چھپانا...... الْمَيِّتَ: میت کو دفن کرنا...... الْعَطَشَ: پیاس کا بجھنا۔

اِنْتَقَعَ النَّقِيْعَةَ: مہمانی کے لئے جانور ذبح کرنا...... الْقَوْمُ نَقِيْعَةً: تقسیم سے پہلے مالِ غنیمت کے کسی جانور کو ذبح کرنا۔

اُنْتُقِعَ لَوْنُهٗ: غم یا گھبراہٹ کی وجہ سے چہرہ کا رنگ بدل جانا۔

اِسْتَنْقَعَ الصَّوْتُ: آواز بلند ہونا...... الْمَاءُ: پانی کا زرد اور متغیر ہونا...... فُلَانٌ فِي النَّهْرِ: نہر میں داخل ہونا اور ٹھنڈک حاصل کرنے کے لئے دیر تک ٹھہرنا...... الْمَاءُ فِي الْغَدِيْرِ: پانی کا تالاب میں جمع ہونا۔

اُسْتُنْقِعَ لَوْنُهٗ: رنگ بدل جانا...... الشَّيْءُ فِي الْمَاءِ: بھگویا جانا۔

النَّاقِعُ: قاتل۔ سُمٌّ نَاقِعٌ: زہر قاتل۔ دَوَاءٌ نَاقِعٌ: مفید دوا۔ دَمٌ نَاقِعٌ: تازہ خون۔

النَّقْعُ: مص۔ جمع شدہ پانی ج اَنْقُعٌ.

النَّقْعُ: غبار۔ ج نِقَاعٌ ونُقُوْعٌ.

والنَّقْعُ: مکہ معظمہ کے قریب ایک جگہ کا نام۔ سنگستانی زمین جس میں پانی جمع ہو۔ نرم و ہموار زمین۔ پانی رکنے کی جگہ۔ ج نِقَاعٌ وانْقُعٌ. نَقْعُ الْبِئْرِ: پانی جو کنوئیں میں جمع ہو۔ کنوئیں کے پانی کی زیادتی۔

النَّقَاعُ: خشک انگور وغیرہ بھگونے کا برتن۔

النُّقَاعَة: پانی وغیرہ جس میں کوئی چیز بھگوئی جائے۔

النَّقْعَاءُ: نرم وہموار زمین۔ سنگستانی زمین جس میں پانی جمع ہو۔ غبار۔ آواز۔ ج نِقَاعٌ.

النَّقَّاعُ: اسم مبالغہ۔ ایسے فضائل کا دعویٰ کرنے والے جو اس کے اندر نہ ہوں۔

النَّقُوْعُ: رنگ کہ جس میں خوشبو پڑی ہوئی ہو۔ میٹھا ٹھنڈا پانی۔ وہ چیز جو پانی میں بھگوئی جائے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَقُوْعُ أُذُنٍ" فلاں ہر چیز تسلیم کر لیتا ہے۔

النَّقِيْعُ: خشک انگور کی شراب جو پانی میں بھگو کر بنائی جائے۔ ہر وہ چیز جس میں خشک کھجور بھگوئی جائے۔ ٹھنڈا میٹھا پانی۔ بہت پانی والا کنواں۔ ج اَنْقِعَةٌ: چیخ۔ مرد جس کی ماں غیر قوم کی ہو۔ دَوَاءٌ نَقِيْعٌ: مفید دوا۔

النَّقِيْعَة: کھانا جو سفر سے واپس آنے والے کے لئے تیار کیا جائے۔ جانور جو مہمانی کے لئے ذبح کیا جائے۔ ج نَقَائِعُ اور اسی سے ہے "النَّاسُ نَقَائِعُ الْمَوْتِ" یعنی موت نے لوگوں کو ذبح کر دیا۔

الأَنْقَعُ: اسم تفضیل۔ زیادہ پیاس بجھانے والا اور اسی سے مثال ہے "الرَّشْفُ أَنْقَعُ" یعنی تھوڑا تھوڑا کر کے پینا پیاس کے لئے زیادہ بجھانے والا ہوتا ہے۔ جلد بازی کے ترک کی مثال دی جاتی ہے۔

الأُنْقُوْعَة: ہر ایسی جگہ جہاں پانی گر آئے "أُنْقُوْعَةُ الْمِيْزَابِ" پرنالے میں پانی بہنے کی جگہ۔

الْمُسْتَنْقَعُ: پانی جمع ہونے کی جگہ۔ تالاب کی وہ جگہ جہاں پانی میں گھس کر آدمی غسل کرے۔

الْمَنْقَعُ: سمندر۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ پانی سے سیرابی۔ ج مَنَاقِعُ.

الْمِنْقَعُ: برتن جس میں کوئی چیز بھگوئی جائے۔

الْمُنْقَعُ: مٹکا۔ پتھر کا چھوٹا برتن۔ ہر وہ چیز جو بھگوئی جائے۔ خالص دودھ کہ جس کو ٹھنڈا کریں اور پئیں۔ سَمٌّ مُنْقَعٌ: زہر جس میں اور زہر ملا کر قوت بڑھا دی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُنْقَعٌ" فلاں کی رائے سے تسلی ہوتی ہے۔

الْمُنْقُعُ: چھوٹی ہانڈی جس میں دودھ، کھجور ڈالتے ہیں اور بچہ کو کھلاتے ہیں۔

الْمِنْقَعَة: خشک انگور وغیرہ بھگونے کا برتن (...... والْمَنْقَعَة) بمعنی مُنْقَع.

نَقَفَ (ن) نَقْفًا الْهَامَةَ الرَّجُلِ: کھوپڑی توڑ دینا...... فُلَانًا: ہلکی ضرب مارنا...... الْفَرْخُ الْبَيْضَةَ: پرندہ کے بچے کا انڈے میں سوراخ کر کے نکلنا۔ الرُّمَّانَةَ: انار چھیل کر دانے نکالنا...... الْحَنْظَلَ وَنَحْوَهٗ: اندرائن توڑ کر دانہ نکالنا۔ صفت فاعلی ناقف اور صفت مفعول نَقِيْفٌ ومَنْقُوْفٌ...... الشَّرَابَ: صاف کرنا اور بقول بعض ملانا...... عَنِ الشَّيْءِ: کھود کرید کرنا۔ نَقَفَهٗ بِظُفْرِهٖ: ناخن سے مارنا۔

نَاقَفَهٗ مُنَاقَفَةً نِقَافًا: سر پر تلوار مارنا۔

اَنْقَفَ الْجَرَادُ الْوَادِيَ: انڈوں سے بھر دینا...... فُلَانًا الْعَظْمَ: ہڈی سے مغز نکالنے کے لئے دینا (...... وتَنَقَّفَ الْحَنْظَلَ) دانہ نکالنے کے لئے اندرائن توڑنا۔

اِنْتَقَفَ الشَّيْءَ: نکالنا...... الْحَنْظَلَ: دانہ نکالنے کے لئے اندرائن کو توڑنا۔

رَجُلٌ نِقَافٌ: دور اندیش مرد۔ کہا جاتا ہے

"جَاءَا فِيْ نِقَافٍ وَاحِدٍ" وہ دونوں برابر برابر آئے کوئی آگے پیچھے نہیں تھا اور نِقَاف: اصل میں ان دو بچوں کو کہتے ہیں جو ایک ہی انڈے سے نکلیں اور کہا جاتا ہے "اَلْيَوْمَ قِحَافٌ وَغَدًا نِقَافٌ" آج شراب نوشی کا دن ہے اور کل معاملہ ہے۔

النِقْف والنُقُف: بچہ جس وقت کہ انڈے سے نکلے۔

النَقَفَة: پہاڑ کی چوٹی یا ٹیلہ پر چھوٹا سا گڑھا۔

النَقَّاف: اصرار کے ساتھ سوال کرنے والا۔ سوال کرنے میں حریص۔ لکڑی کا بہت چھیلنے والا۔ رَجُلٌ نَقَّافٌ: مردِ دور اندیش۔

النَقَّافَة: سوال کرنے میں حریص۔

النَقِيْف: تنہ جس کو دیمک نے کھالیا ہو ج نُقُفٌ۔

المِنْقَاف: پرندے کی چونچ۔ ایک قسم کی کوڑی۔

المَنْقُوْف: مفع۔ زرد رو۔ دُبلا پتلا۔ کمزور جِذْعٌ مَنْقُوْفٌ: دیمک خوردہ تنہ۔ عَيْنَان مَنْقُوْفَتَان: سرخ آنکھیں۔

نَقَلَ (ن) نَقْلًا الشَّيْءَ: ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا...... خُفَّ البَعِيْرِ او الثَّوْبَ او النَّعْلَ: پیوند لگانا اور درست کرنا...... الكَلَامَ عَنْ قَائِلِهٖ: روایت کرنا...... الكِتَابَ: نقل کرنا...... الكِتَابَ اِلٰى لُغَةِ كَذَا: ترجمہ کرنا۔

نَقَّلَ الشَّيْءَ: زیادہ منتقل کرنا...... الخُفَّ او الثَّوْبَ: پیوند لگانا اور درست کرنا۔ تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔ نَقَّلَتِ الشَّجَّةُ العَظْمَ: زخم کا ہڈی توڑنا...... فُلَانٌ الضَّيْفَ: مہمان کو نقل کھلانا (دیکھئے نقل)۔

نَاقَلَ الفَرَسُ: جلدی جلدی ٹانگیں اٹھانا۔ دوڑنے میں پتھروں سے بچنا۔ نَاقَلْتُهُ الحَدِيْثَ: میں نے اس سے اور اس نے مجھ سے روایت کی۔ نَاقَلَهُ الاَقْدَاحَ: ایک دوسرے سے لینا دینا۔ نَاقَلْتُ فُلَانًا: پینے میں کسی کے ساتھ جھگڑا کرنا۔ تَنَاقَلَ الشَّاعِرُ الشَّاعِرَ: ایک شاعر کا دوسرے شاعر سے مقابلہ کرنا۔

اَنْقَلَ الخُفَّ او النَّعْلَ: درست کرنا۔

تَنَقَّلَ مِنْ مَكَانٍ اِلٰى آخَرَ: منتقل ہونا۔ زیادہ منتقل ہونا...... الرَّجُلُ: نقل کھانا۔

تَنَاقَلُوا الحَدِيْثَ فِيْمَا بَيْنَهُمْ: بعض کا بعض سے نقل کرنا۔

اِنْتَقَلَ مِنْ مَكَانٍ اِلٰى آخَرَ: منتقل ہونا۔ فُلَانٌ اِلٰى رَحْمَةِ اللّٰهِ او اِلٰى رِضْوَانِهٖ: مرنا۔ اِنْتَقَلَ الفَرَسُ: چلنے میں پچھلے پاؤں کو اگلے پاؤں کی جگہ میں رکھنا۔

النَّاقِلُ: فا۔ ج نَاقِلُوْنَ ونَقَلَةٌ۔

النَّاقِلَة۔ النَّاقِل: کا مؤنث ج نَوَاقِل۔ ونَوَاقِلُ الدَّهْرِ: حوادثِ زمانہ۔ جو ایک حال سے دوسرے حال کی طرف بدلیں۔

النَّاقِلَةُ مِنَ النَّاسِ: وہ لوگ جن کی عادت ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونے کی ہو۔

نَوَاقِلُ العَرَبِ: وہ لوگ جو ایک قبیلہ سے دوسری قبیلہ کی طرف منتقل ہوں اور اسی کی طرف اپنی نسبت کریں۔

النِقَال: مصدر ناقل: چوڑے چھوٹے نیزے کے پھل واحد نَقْلَةٌ۔ النِقَال: اُونٹ کا بغیر کسی کے خود پینا۔ کہا جاتا ہے "شَرِبَتِ الاِبِلُ نِقَالًا" اونٹ نے خود بخود پانی پیا۔

النَقَّال: اسم مبالغہ۔ وہ شخص جو چیزوں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرے۔ فَرَسٌ نَقَّالٌ: تیز رفتار گھوڑا۔

النَقْل: مص۔ پرانا جوتا یا موزہ۔ کہا جاتا ہے "نَعْلٌ نَقْلٌ وخُفٌّ نَقْلٌ" النَّقْل والنُّقْل: وہ چیز جو شراب کے ساتھ استعمال کی جائے جیسے پستہ سیب وغیرہ۔ ج نُقُوْل ونُقُوْلَات: مختصر راستہ۔

النَّقْل عِنْدَ اَهْلِ العَرَبِيَّةِ: ایک لفظ کو ایک معنی کے لئے وضع کر لینے کے بعد دوسرے معنی کے لئے وضع کرنا۔

النِقْل: پرانا جوتا یا چرمی موزہ۔

النَقَل: پرانا جوتا یا چرمی موزہ۔ ج اَنْقَال ونِقَال۔ النَقَل: شور وشغب کے ساتھ جواب۔ تیر کا پر جو ایک تیر سے نکال کر دوسرے میں لگایا جائے۔ کہا جاتا ہے "لَا تَرِشْ سَهْمِيْ بِنَقَلٍ" تباہ شدہ مکان کا ملبہ۔ چھوٹے چھوٹے پتھر۔ مختصر راستہ۔

مَكَانٌ نَقِلٌ: چھوٹے چھوٹے پتھر والی جگہ۔

رَجُلٌ نَقِلٌ: حاضر جواب۔ سخت جھگڑالو۔

النَقْلَة: نقل کا اسم مرۃ۔ نِقَال کا واحد۔

النُقْلَة: اسم ہے بمعنی انتقال۔ چغلی۔ ج نُقَلٌ۔

النِقْلَة۔ نَقَلَ: کا اسم نوع۔ عورت جس کو کبرسنی کی وجہ سے پیغام نہ دیا جائے۔ ج نِقَلٌ۔

النَقِيْل: مسافر (مذکر ومؤنث) کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَقِيْلٌ وامْرَاَةٌ نَقِيْلٌ" مسافر مرد مسافر عورت۔ سیلاب جو بارش شدہ زمین سے خشک زمین میں آئے۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا فَرَسٌ ذُوْ نَقِيْلٍ" یہ گھوڑا تیز رفتار ہے۔ النَقِيْل: مختصر راستہ۔ جوتے۔

النَقِيْلَة: مسافر عورت۔ جوتہ یا چرمی موزہ کا پیوند۔ ج نَقَائِل ونَقِيْل۔

فَرَسٌ مُنَاقِلٌ ونَقَّالٌ ومِنْقَلٌ: تیز رفتار گھوڑا۔

المُنْقَل: پہاڑی راستہ۔ مختصر راستہ۔ پرانا جوتا۔ یا پرانا چرمی موزہ۔

المَنْقَلَة: سفر کے منازل میں سے ایک منزل۔ ٹکڑا جو اُونٹ کے کھر میں لگایا جائے۔ اَرْضٌ مَنْقَلَةٌ: چھوٹے چھوٹے پتھروں والی زمین۔

المِنْقَلَة: نقل مکانی کا آلہ۔ ج مَنَاقِل والمِنْقَلَةُ عِنْدَ المولدين: ایک قسم کا کھیل ہے جو ایک لمبی لکڑی سے بناتے ہیں اور اس میں چودہ گڑھے دو صف میں بناتے ہیں اور ہر گڑھے میں سات سات کنکریاں ڈالتے ہیں اور پھر اس کو گھماتے ہیں۔

نَقَمَ (ض) ونَقِمَ (س) نَقْمًا ونَقَمًا مِنْ فُلَانٍ: سزا دینا...... الاَمْرَ عَلٰى فُلَانٍ او مِنْ فُلَانٍ: عیب لگانا۔ بہت مکروہ جاننا۔ کہا جاتا

ہے "نَقِمَ فُلانٌ وِتْرَهُ" یعنی بدلہ لیا۔ "وَمَا تَنْقِمُ مِنَّا" نہیں طعن و تشنیع کرتے ہو تم

(...... نَقْمًا) الشَّيْءَ: جلدی کھانا۔

نَقَّمَ تَنْقِيمًا: بہت زیادہ مکروہ جاننا۔

اِنْتَقَمَ مِنْهُ: سزا دینا۔

اَلنَّقَمُ: مص۔ راستہ کا وسط۔

النَّقْمَةُ والنِّقْمَةُ والنَّقِمَةُ اسم ہے انتقام کا۔ سزا۔ بدلہ۔ ج نِقَمٌ ونَقِمٌ ونَقِمَاتٌ.

النَّقِيمَةُ: بدل ہے نَقِيبَةٌ سے۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ مَيْمُونُ النَّقِيمَةِ" فلاں پاک نفس ہے۔

نَقْنَقَ الضِّفْدَعُ: مینڈک کا ٹرٹر کرنا۔ نَقْنَقَتِ الْعَيْنُ: آنکھ کا دھنس جانا۔

النِّقْنِق: نرشتر مرغ۔ ج نَقَانِق.

نَقَهَ (ف) نُقُوهًا ونَقِهَ (س) نَقَهًا. فُلانٌ مِنْ مَرَضِهِ: صحت یاب ہونا اور ضعف باقی رہنا۔ صفت نَاقِهٌ ج نُقَّهٌ. (...... نَقْهًا ونُقُوهًا ونَقَهَانًا) الْحَدِيثَ: سمجھنا۔ صفت نَقِهٌ ونَاقِهٌ کہا جاتا ہے "فُلانٌ لا يَفْقَهُ وَلا يَنْقَهُ" فلاں نہیں سمجھتا ہے۔

أَنْقَهَهُ اللّٰهُ مِنْ مَرَضِهِ: مرض سے عافیت دینا ...... فُلانًا الْحَدِيثَ: سمجھانا اور کہا جاتا ہے "أَنْقِهْ لِي سَمْعَكَ" یعنی میری طرف کان لگا۔

اِنْتَقَهَ مِنَ الْحَدِيثِ: تسلی پانا ...... مِنْ مَرَضِهِ: مرض سے صحت یاب ہونا اور ضعف باقی رہنا۔

اِسْتَنْقَهَ: پوچھنا ...... الْحَدِيثَ: سمجھنا۔

النَّقْهَةُ. نَقَهَ: کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "لَهُ فِي كُلِّ عَامٍ مَرْضَةٌ ونَقْهَةٌ" اس کے لئے ہر سال میں ایک دفعہ مرض ایک دفعہ صحت ہے۔

نَقَا يَنْقُو نَقْوًا. الْعَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا۔

نَقِيَ يَنْقَى نَقَاوَةً ونَقَاءً ونَقَاءَةً ونُقَاوَةً ونَقَايَةً: صاف ستھرا ہونا۔ خوبصورت ہونا۔ خالص ہونا۔ صفت نَقِيٌّ.

نَقَّاهُ تَنْقِيَةً وأَنْقَاهُ إِنْقَاءً: صاف ستھرا کرنا۔ چننا۔ نَقَّى وانْتَقَى الطَّعَامَ: غلہ کا کوڑا کرکٹ نکالنا۔ أَنْقَى الْبُرُّ: موٹا دانہ ہونا۔ أَنْقَتِ الإِبِلُ وغَيْرُهَا: موٹا ہونا۔ گودے دار ہونا۔ صفت مُنْقِيَةٌ ج مُنْقِيَات. وأَنْقَى الْعُودُ: لکڑی کا تر ہونا۔

اِنْتَقَاهُ اِنْتِقَاءً: چننا۔ اِنْتَقَى الْعَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا۔

تَنَقَّاهُ تَنَقِّيًا: چننا۔ تَنَقَّى الْعَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا۔

نَقَاوَةُ الشَّيْءِ ونُقَاوَتُهُ ونُقَايَتُهُ ونَقَاتُهُ: عمدہ حصہ۔ خلاصہ۔ نُقَاوَةٌ کی جمع نُقَاوَى و نُقَاءٌ اور نُقَايَةٌ کی جمع نُقَايَا ونُقَاءٌ.

نُقَاةُ الطَّعَامِ ونُقَاتُهُ ونَقَايَتُهُ ونُقَايَتُهُ: غلہ کا کوڑا کرکٹ۔ النَّقَاةُ: ریت کا ٹیلہ جس پر کچھ نہ اُگے۔

النُّقَاوَةُ: ایک قسم کی نباتات جس سے کپڑے دھوئے جاتے ہیں۔ ج نَقَاوَى.

النَّقَا: ریت کا محدب ٹیلہ۔ مثنی نَقَوَانِ ونَقَيَانِ ج أَنْقَاءٌ ونُقِيٌّ ونُقْيَان. بنات النَّقَا: ایک قسم کا کیڑا جو ریت میں رہتا ہے اور اس کو شَحْمَةُ النَّقَا بھی کہا جاتا ہے۔

النِّقَا والنِّقْوُ والنِّقْيُ: گودے دار ہڈی ج أَنْقَاءٌ.

النُّقْوَةُ: چیز کا عمدہ حصہ۔

النِّقَةُ: ثقہ کا تابع ہے۔ کہا جاتا ہے "ثِقَةٌ نِقَةٌ" اور اس کی اصل نِقْوٌ ہے لام کلمہ کو حذف کر دیا گیا ہے اور اس کے عوض میں تا لایا گیا ہے۔

النَّقِيُّ: صاف ستھرا۔ ج نِقَاءٌ وأَنْقِيَاءُ ونُقَوَاءُ.

الأَنْقَى: اسم تفضیل۔ مؤنث نُقْوَى. رَجُلٌ أَنْقَى: باریک ہڈیوں والا مرد۔ مؤنث نَقْوَاءُ. فَخِذٌ نَقْوَاءُ: باریک ہڈی کم گوشت والی ران۔

نَقَى يَنْقِي نَقْيًا الْعَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا۔

نَقِيَهُ يَنْقَاهُ نِقَاءً: ملاقات کرنا۔

النِّقْيُ: ہڈی کا مغز۔ موٹاپا [illegible] کی چربی۔ ج أَنْقَاءٌ.

النَّقِيَةُ: کلمہ۔ کہا جاتا ہے "سَمِعْتُ نَقِيَةَ حَقٍّ" میں نے کلمہ حق سنا۔

النَّقِيُّ: صاف ستھرا۔ ج نِقَاءٌ وأَنْقِيَاءُ ونُقَوَاءُ.

النَّقِيَّةُ. النَّقِيُّ: کا مؤنث۔ کلمہ۔ ج نقایا.

الْمُنَقِّي والْمُنَقَّى: راستہ۔

نَكَأَ (ن) نَكْأً. عَلَى الْغَرِيمِ: قرض دار پر سختی برتنا ...... الْعَمَلَ: درست کرنا۔

نَكَأَ (ف) نَكَأَ الْقَرْحَةَ: زخم کو اچھا ہونے سے پہلے چھیل ڈالنا ...... الْعَدُوَّ وفِي الْعَدُوِّ: قتل و خونریزی کرنا ...... فُلانًا حَقَّهُ: کسی کا حق پورا کرنا۔

اِنْتَكَأَ اِنْتِكَاءً حَقَّهُ مِنْ فُلانٍ: حق وصول کرنا۔ قبضہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ زُكَأَةٌ نُكَأَةٌ" وہ ما وجب کو جلدی ادا کرتا ہے ٹالتا نہیں۔

نَكَبَ (ن) نَكْبًا ونُكُوبًا عَنْهُ: تجاوز کرنا۔ ہٹ جانا (...... نَكْبًا) الشَّيْءَ وبِهِ: ڈال دینا۔ الإِنَاءَ: برتن سے سب کچھ بہا دینا ...... الْكِنَانَةَ: ترکش سے سب کچھ بکھیر دینا۔

نَكَبَتِ الْحِجَارَةُ رِجْلَهُ: پتھر کا پیر کو زخمی کرنا (...... نَكْبًا ونَكَبًا) الدَّهْرُ فُلانًا: مصیبت پہنچانا۔ نَكَبَتْ نُكُوبًا الرِّيحُ: ہوا کا بے رخ چلنا۔

نَكُبَ (ن) نِكَابَةً ونُكُوبًا فُلانٌ عَنْ قَوْمِهِ: مددگار قابل بھروسہ ہونا۔

نَكِبَ (س) نَكَبًا عَنِ الطَّرِيقِ: راستہ سے ہٹ جانا ...... الْبَعِيرُ: نکب بیماری والا ہونا (دیکھئے بیماری نکب) ...... الرَّجُلُ: بیمار کندھے والا ہونا۔

نُكِبَ: مصیبت زدہ ہونا۔

نَكَّبَ عَنِ الطَّرِيقِ: راستہ سے ہٹ جانا، الگ ہونا ...... الشَّيْءَ: الگ کرنا اور کہا جاتا ہے "نَكَّبَهُ الطَّرِيقَ ونَكَّبَ بِهِ الطَّرِيقَ ونَكَّبَ بِهِ عَنِ الطَّرِيقِ" یعنی اس نے اسے راستہ سے ہٹا دیا۔

نَاكِبَةٌ: مونڈھے کے مقابل ہونا۔
تَنَكَّبَ عَنْهُ: الگ ہونا۔ بچنا۔ گوشہ گیر ہونا۔ کندھا پھیر کر دوسرے کی جانب متوجہ ہونا ...... عَلَى الشَّيْءِ: ٹیک لگانا ...... كِنَانَتَهُ او قَوْسَهُ: ترکش یا کمان کو کندھے پر ڈالنا اور کہا جاتا ہے "تَنَكَّبْ عَنْ وَجْهِي" میرے سامنے سے ہٹ جاؤ۔
اِنْتَكَبَ الرَّجُلُ كِنَانَتَهُ او قَوْسَهُ: ترکش یا کمان کو کندھے پر ڈالنا۔
النَّكْبُ: مص۔ مصیبت۔ ج نُكُوْب.
النَّكِبُ: وہ شخص جس کا پاؤں پتھر لگنے سے زخمی ہو۔
النَّكَبُ: مص۔ کسی چیز میں تھوڑی سی کجی۔ ایک بیماری جو اونٹوں کے مونڈھے میں ہوتی ہے جس سے وہ لنگڑا ہو جاتا ہے اور کچھ ٹیڑھا چلنے لگتا ہے۔
الأَنْكَبُ: جس کے پاس کمان نہ ہو۔ نکب کی بیماری والا اونٹ۔ جس کا ایک مونڈھا دوسرے سے بلند ہو۔ مرد ستم گار۔ جفا کار۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ اَنْكَبُ عَنِ الْحَقِّ وَنَاكِبٌ عَنْهُ" حق سے اعراض کرنے والا مرد۔
النَّكْبَاءُ. الأَنْكَبُ: کا مؤنث۔ رِيحٌ نَكْبَاءُ: خلاف رخ چلنے والی یا دو ہواؤں کے درمیان چلنے والی ہوا۔ ج نُكْبٌ ونَكْبَاوَات. نُكْبُ رِيَاحٍ: چار ہیں۔ الأَزْيَبُ: صبا اور جنوب کے درمیان۔ ۲۔ الصَّابِيَةُ: صبا اور شمال کے درمیان اور اس کو نُكَيْبَاءُ بھی کہتے ہیں اور یہ تصغیر تعظیم کے لئے ہے اس لئے کہ عرب اس کو بہت ٹھنڈی سمجھتے ہیں۔ ۳۔ الجربیاء: شمال اور دبور کے درمیان اور الهَيْفُ: جنوب اور دبور کے درمیان۔
النَّكْبَةُ. نَكْبٌ: کا اسم مرۃ۔ مصیبت۔ ج نَكَبَات.
النُّكْبَةُ: غلہ کی غیر معین مقدار۔ ج نُكَب.
النَّكِيبُ: کھر کا گردا گرد۔

المِنْكَابُ: مرد ستم گار و جفا کار۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ مِنْكَابٌ عَنِ الْحَقِّ: حق سے روگردانی کرنے والا مرد۔
المَنْكِبُ: مونڈھا۔ ج مَنَاكِب کہا جاتا ہے "تَشَابَهَتْ مِنْهُمُ الْمَنَاكِبُ وَالرُّؤُوْسُ" وہ سب مساوی ہیں کوئی ان میں بڑھا ہوا نہیں اور کہا جاتا ہے "هُوَ مَنْكِبَةٌ لِكَذَا" وہ فلاں چیز سے خوش ہوا۔ "وَفُلَانٌ مَعِيَ عَلَى حَدِّ مَنْكِبٍ" فلاں مجھ سے کنارہ کش ہے۔ المَنْكِبُ: پہلو۔ گوشہ۔ کہا جاتا ہے "سِرْنَا فِي مَنْكِبٍ مِنَ الْاَرْضِ او الْجَبَلِ" ہم زمین یا پہاڑ کے پہلو میں چلے۔
المَنْكِبُ مِنَ الْقَوْمِ: چودھری مددگار ...... مِنَ الْاَرْضِ: اس کی بلند جگہ۔ کہا جاتا ہے "اِمْشُوْا فِي مَنَاكِبِهَا" اس کی بلند جگہوں میں چلو۔ مَنْكِبُ الْجَوْزَاءِ و مَنْكِبُ ذِي الْعِنَانِ و مَنْكِبُ الْفَرَسِ: ستاروں کے نام۔
المَنَاكِبُ. مَنْكِبٌ: کی جمع ...... فِي رِيْشِ الطَّائِرِ: پرندہ کے بڑے پروں کے بعد چار پر (جمع ہے اس کا واحد نہیں)
المَنْكُوْبُ: مفع۔ مصیبت زدہ (...... النَّكِيْبُ) جس کا پاؤں پتھر لگنے سے زخمی ہو۔
نَكَتَ (ن) نَكْتًا الْاَرْضَ بِقَضِيْبٍ او بِاِصْبَعِهِ: سوچ کی حالت میں چھڑی یا انگلی سے زمین کو کریدنا ...... النَّاسَ بِالْحَصَى: زمین پر کنکری پھینکنا ...... الفَرَسُ: گھوڑے کا اچھلنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ الفَرَسُ يَنْكُتُ" گھوڑا اچھلتا ہوا گزرا ...... العَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا ...... فُلَانًا: سر کے بل گرانا اور اسی سے ہے "لَاَنْكُتَنَّكَ الْاَرْضَ" میں تجھ کو زمین پر سر کے بل گرا دوں گا ...... كِنَانَتَهُ: ترکش سے بکھیر دینا۔
نَكَّتَ الرُّطَبُ: پکنا شروع ہونا ...... فِي [illegible]

اِنْتَكَتَ: سر کے بل گرنا۔ کہا جاتا ہے "نَكَتَهُ فَانْتَكَتَ" اس نے اسے سر کے بل گرایا وہ گر گیا۔
النُّكْتَةُ: داغ۔ زمین میں کریدنے کا اثر۔ ج نُكَتٌ ونِكَاتٌ. النُّكْتَةُ: آئینہ یا تلوار میں دھبہ۔ مشکل مسئلہ جو دقت نظر سے حاصل ہو۔ لطیفہ۔
النَّكَّاتُ: بڑا نکتہ چیں۔ بڑا آہو گیر۔ وہ شخص جو اپنے کلام میں لطائف بیان کرے۔
النَّكِيْتُ: مطعون۔ وہ شخص جسے طعن تشنیع کیا گیا ہو۔
المَنْكُوْتُ: مفع۔ سر کے بل گرا ہوا۔
نَكَثَ (ن ض) نَكْثًا الْعَهْدَ او الْبَيْعَ: عہد کو توڑنا۔ بیع کو فسخ کرنا ...... الحَبْلَ او الكِسَاءَ: رسی یا کمبل ادھیڑنا ...... المِسْوَاكَ: مسواک کی کوچی بنانا۔
تَنَاكَثُوْا عُهُوْدَهُمْ: آپس میں معاہدہ توڑ دینا۔
اِنْتَكَثَ الْحَبْلُ وَغَيْرُهُ: رسی وغیرہ کو اُدھیڑا جانا ...... السِّوَاكُ: کوچی بنا ...... فُلَانٌ مِنْ حَاجَةٍ اِلَى اُخْرَى: ایک کام سے ہٹ کر دوسرے میں لگنا۔
النُّكَاثُ: پھنسیاں جو اونٹ کے منہ میں نکلتی ہیں۔
النُّكَاثَةُ: رسی کا ادھڑا ہوا کنارہ۔
النِّكْثُ: دوبارہ کاتنے کے لئے ادھیڑا ہوا کمبل یا خیمہ۔ ج اَنْكَاثٌ کہا جاتا ہے "حَبْلٌ نِكْثٌ وَاَنْكَاثٌ" اُدھیڑی ہوئی رسی۔
النَّكِيْثُ: ادھیڑا ہوا۔ مؤنث نَكِيْثَةٌ.
النَّكِيْثَةُ: نفس۔ طبیعت۔ قوت۔ پوری طاقت۔ مشکل کام جس میں لوگ اپنے عہد کو توڑ دیں۔ اور کہا جاتا ہے "قَالَ قَوْلًا لَا نَكِيْثَةَ فِيْهِ" اس نے ایسی بات کہی جس میں خلاف وعدگی نہیں "وَصَرَفَ فِيْهِ نَكِيْثَتَهُ" اس نے اس میں پوری طاقت صرف کی۔ "وَقَعُوْا فِي النَّكِيْثَةِ" وہ مشکل

کام میں پڑ گئے۔ "وَقَعُوْا فِیْ نَکِیْثَةٍ حَسَــــنَةٍ" وہ اچھی طبیعت والا ہے۔ ج نکائث.

النِّکَاث : بنے ہوئے کو پرانا ہونے کے بعد ادھیڑنے والا۔ کہا جاتا ہے "بَعِیْرٌ مُنْتَکِثٌ" لاغر و دبلا اُونٹ۔

نَکَحَ (ف۔ ض) نِکَاحًا ونُکْحًا الْمَرْأَةَ : عورت سے شادی کرنا۔ نَکَحَتِ الْمَرْأَةُ : عورت کا شادی کرنا۔ صفت نَاکِحٌ ونَاکِحَةٌ. نَکَحَ الْمَطَرُ الْاَرْضَ : بارش کا زمین میں جذب ہونا...... الدَّوَاءُ فُلَانًا : دوا کا کسی کے اندر اثر کرنا...... النُّعَاسُ عَیْنَهُ: آنکھوں میں نیند کا غالب ہونا۔

اَنْکَحَهُ الْمَرْأَةَ: شادی کرانا۔

تَنَاکَحُوْا : ایک دوسرے سے شادی کرنا۔

تَنَاکَحَتِ الْاَشْجَارُ : درختوں میں آپس میں گتھ جانا۔

اِسْتَنْکَحَ الرَّجُلُ الْمَرْأَةَ: شادی کرنا۔ فِــیْ بَنِــیْ فُلَانٍ : نکاح کرنا...... النَّوْمُ عُیُوْنَهُمْ: نیند کا غالب آنا۔

اَلنُّکَحُ: سخت پرہیزگار (عامی لفظ)

الْمَنَاکِحُ: عورتیں۔

نَکَخَ (ف) نَکْخًا فُلَانًا فِیْ حَلْقِهٖ: حلق میں مکا مارنا۔ نیزہ مارنا۔

نَکَدَ (ن) نَکْدًا فُلَانًا حَاجَتَهُ : محروم کر دینا، تھوڑا سا دینا۔ نَکَدَ الْغُرَابُ : کوے کا بہت کاؤں کاؤں کرنا...... الْقَوْمُ الرَّجُلَ: کثرت سوال سے تنگ دست بنا دینا۔ نُکِدَ الـــرَّجُلُ : بہت سوال والا اور کم داد و دہش والا ہونا۔

نَکِدَ (س) نَکَدًا الْعَیْشُ : تنگ ہونا...... الرَّجُلُ : تنگ گزاران والا ہونا۔ نَکِدَتِ الْبِئْرُ: کنوئیں میں کم پانی ہونا۔

نَکَّدَ. عَیْشَهُ: زندگی کو تنگ بنا دینا...... فُلَانًا: مکدر زندگی والا کر دینا۔

نَاکَدَهُ: سختی برتنا۔

اَنْکَدَهُ: کم داد و دہش والا پانا۔

تَنَکَّدَ. عَیْشُهُ: مکدر ہونا۔

تَنَاکَدَا: باہم سختی برتنا۔

النَّاکِد : فا۔ نَاقَةٌ نَاکِدٌ: کم دودھ والی اونٹنی، وہ اونٹنی جس کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں۔ ج نُکُدٌ ...... رَجُلٌ نَکِدٌ ونَکْدٌ ونَکَدٌ : دشوار خو۔ کم داد و دہش والا۔ ج اَنْکَادٌ ومَنَاکِیْد.

اَرَضُوْنَ نِکَادٌ: کم نباتات والی زمین۔

الــنُّکْدُ : بے دودھ والی اونٹنیاں۔ بہت دودھ والی اونٹنیاں (ضد) واحد نَکْدَاءُ.

النُّکْد والنَّکَد : کم داد و دہش۔ مَاءٌ نُکْدٌ : کم پانی۔

الاَنْــکَد : مرد دشوار خو۔ کم داد و دہش والا۔ مؤنث نَکْدَاءُ ج نُکْدٌ کہا جاتا ہے "جَاءَ مُنْکِدًا" وہ آیا اس حال میں کہ اس کا آنا اچھا نہیں اور یا یہ کہ خالی خولی آیا۔

عَطَاءٌ مُنَکَّدٌ ومَنْکُوْدٌ : تھوڑا عطیہ۔ رَجُلٌ مَنْکُوْدٌ: وہ مرد جس سے سوال میں اصرار کیا جائے۔

نَکِرَ (س) نَکَرًا ونُکْرًا ونُکُوْرًا ونَکِیْرًا الْاَمْرَ: ناواقف ہونا...... الرَّجُلَ: نہ پہچاننا۔

نَکُرَ (ک) نَکَارَةً الْاَمْرُ: دشوار ہونا۔

نَکَّرَهُ : دگرگوں کر دینا۔ نَکَّرَ الْاِسْمَ: نکرہ بنانا۔

نَاکَرَهُ مُنَاکَرَةً: مقابلہ کرنا۔ لڑائی کرنا۔ دھوکا دینا۔

اَنْکَرَهُ : جاہل ہونا۔ اَنْکَرَ حَقَّهُ : حق کا انکار کرنا۔ اَنْکَرَ عَلَیْهِ فِعْلَهُ : عیب لگانا اور منع کرنا۔

تَنَکَّرَ الرَّجُلُ : اچھی حالت سے بدحال ہونا، دگرگوں ہونا ...... فُلَانٌ: بدخلق ہونا...... لِفُلَانٍ : اجنبی ہونا۔

تَــنَــاکَــرَ : دانستہ ناواقف بننا...... الْاَمْرَ : ناواقف ہونا...... الْقَوْمُ: آپس میں دشمنی کرنا اور ایک دوسرے کا انکار کرنا۔

اِسْتَنْکَرَ الْاَمْرَ : ناواقف ہونا...... اَمْرًا بِجَهْلِهٖ: غیر معلوم چیز کو پوچھنا۔

النَّکَارَة: مص۔ چالاکی۔ تیزفہمی۔ جہالت۔

النَّکْر: مص۔ چالاکی و تیزفہمی۔

الــنُّکْر : مص۔ چالاکی و تیزفہمی۔ برا کام۔ بہت برا کام۔

رَجُلٌ نَکِرٌ ونَکُرٌ ونُکُرٌ: چالاک تیزفہم۔ ج اَنْکَار. اِمْرَأَةٌ نَکِرٌ: چالاک و سمجھدار عورت۔

النُّکُرُ: ناشائستہ۔ سخت کام۔

الــنَّــکْــرَاء : چالاکی و تیزفہمی۔ ناشائستہ مصیبت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ ذُوْ نَـــکْـــرَاءَ" فلاں چالاک و عقلمند ہے "وَاَصَابَتْهُمْ مِنَ الدَّهْرِ نَکْرَاءُ" زمانے کی سختی ان پر واقع ہوئی۔

نُکْرَاءُ الدَّهْرِ: زمانے کی سختی۔

الــنَّکِرَة: انکار۔ ضد معرفہ۔ خون یا پیپ کا پھوڑا۔ ج نَکِرَات.

النَّکِرَة: اسم ہے انکار کا جیسے نَفَقَةٌ اِنْفَاقٌ کا۔

الــنَّکِیْر: دگرگونی۔ اَمْرٌ نَکِیْرٌ: سخت کام۔ حِصْنٌ نَکِیْرٌ: مضبوط قلعہ۔

الــمُنْکَر : مفع۔ خلاف مرضی خدا قول ہو یا فعل اور اس کا ضد معروف ہے۔ ج مُنْکَرَات و مَنَاکِر اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُنْکَرٌ" چالاک تیزفہم مرد۔ ج مُنْکَرُوْنَ ومَنَاکِیْر.

الــمَنْکُوْر : مفع۔ مجہول۔ ج مَــنَــاکِیْر.

اَلْــمَنَاکِیْر : خلاف مرضی خدا امور۔ کہا جاتا ہے "هُــمْ یَــرْکَــبُوْنَ الْــمَــنَــاکِیْــرَ والْــمُــنْــکَــرَاتِ" یعنی وہ لوگ امور غیر پسندیدہ میں مبتلا ہیں۔

الْمُنْکَر عِنْدَ النُّحَاةِ: اسم نکرہ۔ ضد معرف۔

نَکَزَتْ (ن) نَکْزًا الْحَیَّةُ فُلَانًا : سانپ کا ڈسنا...... فُلَانًا: مار کر ہٹانا...... الشَّیْءَ: چبھونا...... الدَّابَّةَ بِعَقِبِهٖ : ایڑ لگا کر ہانکنا...... نَکْزًا ونُکُوْزًا) الْمَاءُ : پانی کا نیچے اتر جانا...... الْبَحْرُ : خشک ہونا...... الْبِئْرُ: کنوئیں میں پانی کم ہونا یا ختم ہونا۔

نَکِزَت (س) نَکَزًا الْبِئْرُ : کنوئیں میں پانی کم ہونا یا ختم ہونا۔ نَکِزَ الْبَحْرُ: گھٹنا۔

اَنْكَزَ الْبِئْرَ: کنوئیں کا پانی ختم کر دینا۔
النَّاكِزُ: فا۔ بِئْرٌ نَاكِزٌ: کنواں جس کا پانی ختم ہوگیا ہو۔ ج نَوَاكِز۔
النِّكْزُ: رذیل لوگ۔ ہڈی میں باقی ماندہ مغز (...... والمُنْكِز) خالی۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ نِكْزًا و مُنْكِزًا" یعنی وہ خالی خولی آیا۔
بِئْرٌ نَكِزٌ: کم پانی والا کنواں۔
النَّكَّازُ: اسم مبالغہ۔ ایک بہت ہی خبیث قسم کا سانپ جو منہ سے نہیں کاٹتا بلکہ ناک سے پھنکار مار کر ہلاک کرتا ہے اور اتنا باریک ہوتا ہے کہ اس کے سر اور دم میں تمیز نہیں ہوتی ج نَكَاكِيز و نَكَّازَات۔
الْبِئْرُ النَّكُوزُ: کنواں جس کا پانی ختم ہوگیا ہو ج نُكُزٌ کہا جاتا ہے فُلَانٌ بِمَنْكَزَةٍ مِنَ الْعَيْشِ: فلاں تنگ زندگی میں ہے۔
نَكَسَهُ (ن) نَكْسًا: اوندھا کر دینا۔ نَكَسَ رَأْسَهُ: ذلت سے سر جھکانا...... الطَّعَامُ وَغَيْرُهُ ذَاءَ الْمَرِيضِ: کھانے وغیرہ کا مریض کے مرض کو لوٹا دینا ...... الْخِضَابَ: بار بار لگانا۔ کہا جاتا ہے "نَكَسْتُ فُلَانًا فِي ذٰلِكَ الْأَمْرِ" میں نے فلاں کو اس معاملہ میں پھر پھنسا دیا۔
نُكِسَ الْمَرِيضُ: دوبارہ بیمار ہونا۔
الرَّجُلُ: ضعیف و عاجز ہونا...... الرَّجُلُ عَنْ نُظَرَائِهِ: اپنے ہم جولیوں سے کوتاہی کرنا۔
نَكَّسَهُ تَنْكِيسًا: اوندھا کرنا۔ نَكَّسَ الْفَرَسُ: گھوڑوں سے نہ مل سکنا۔ صفت مُنَكِّس۔
تَنَكَّسَ: اوندھا ہونا۔
اِنْتَكَسَ ......: سر کے بل گرانا۔
الْمَرِيضُ: صحت یابی کے بعد دوبارہ بیمار ہونا۔
النَّاكِسُ: فا۔ سر جھکانے والا مرد۔ ج نَوَاكِس (شاذ)
النُّكَاسُ: صحت یابی کے بعد مرض کا عود کرنا۔
النُّكْسُ: صحت یابی کے بعد مریض کا عود

کرنا۔ کرنے کے بعد ابھی سیدھا نہیں ہوا تھا کہ پہلی دفعہ کے گرنے سے زیادہ زور سے گرنا اور کہا جاتا ہے تَعْسًا لِفُلَانٍ وَ نُكْسًا او و نَكْسًا کلمات بد دعا ہیں یعنی فلاں کے لئے ہلاکت و سرنگونی ہو۔
المُسْتَنْوِكُ: بیوقوف۔

نَالَ يَنُوْلُ نَوَالًا وَنَوْلًا۔ فُلَانًا العَطِيَّةَ وَبِالْعَطِيَّةِ وَنَالَ لَهُ العَطِيَّةَ وَبِالْعَطِيَّةِ: دینا۔ جیسے "نَالَنِي بِالْخَيْرِ" اس نے مجھ کو خیر پہنچائی "وَنَالَ لَهُ بِشَيْءٍ" بخشش کی اور کہا جاتا ہے "نَالَ لَهُ اَنْ يَفْعَلَ كَذَا" اس کے لئے ایسا کرنے کا وقت آ گیا۔

نَوَّلَهُ تَنْوِيْلًا: عطیہ دینا۔ نَوَّلَهُ مَعْرُوْفَهُ: بھلائی پہنچانا۔ نَوَّلَ عَلَيْهِ بِشَيْءٍ: دینا۔

نَاوَلَهُ مُنَاوَلَةً الشَّيْءَ: دینا یا ہاتھ بڑھا کے دینا۔

اَنَالَهُ اِنَالَةً الشَّيْءَ وَبِالشَّيْءِ: دینا۔ کہا جاتا ہے "اَنَالَنِي بِخَيْرٍ" اس نے مجھے بھلائی پہنچائی۔ اَنَالَ فُلَانٌ بِاللّٰهِ: قسم کھانا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَنْوَلَهُ: وہ کس قدر فیاض ہے۔

تَنَوَّلَ الشَّيْءَ: لینا۔۔۔۔۔۔عَلَيْنَا فُلَانٌ بِشَيْءٍ يَسِيْرٍ: تھوڑا سا دینا۔

تَنَاوَلَ الشَّيْءَ: لینا۔۔۔۔۔۔مِنْ يَدِهِ شَيْئًا: لینا۔ پکڑنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَاوَلَتْ بِنَا الرِّكَابُ مَكَانَ كَذَا" سواریوں نے ہم کو فلاں جگہ پہنچا دیا۔

النَّائِلُ: فا۔ مصدر۔ عطیہ۔ بھلائی۔

النَّائِلَةُ۔ النَّائِلُ: کا مؤنث۔ قریش کے ایک بت کا نام۔

النَّوَالُ: داد و دہش۔ حصہ۔ درحق اور کہا جاتا ہے "نَوَالُكَ اَنْ تَفْعَلَ كَذَا" تمہارے لئے مناسب ہے کہ ایسا کرو۔

النَّالُ: داد و دہش۔ رَجُلٌ نَالٌ: سخی مرد یا بہت بخشش والا اور کہا جاتا ہے "رَجُلَانِ نَالَانِ وَرِجَالٌ اَنْوَالٌ۔

النَّوْلُ: مص۔ بننے والی وادی۔ بننے والے کی کپڑا لپیٹنے کی لکڑی اور کہا جاتا ہے "نَوْلُكَ اَنْ تَفْعَلَ كَذَا" تمہارے لئے [illegible]

تَفْعَلَ كَذَا" تمہارے لئے مناسب نہیں کہ اس کو حاصل کرو یا ایسا کرو۔

النَّوْلَةُ۔ نَالَ: کا اسم مرۃ۔ داد و دہش۔ کہا جاتا ہے "مَا اَصَبْتُ مِنْهُ نَوْلَةً" میں نے اس کا عطیہ نہیں پایا۔ بوسہ۔

اَلْمُنَاوَلَةُ: قربان مقدس میں حاضر ہونا یعنی عیسائی مذہب کے نزدیک۔

النُّوْلَةُ: داد و دہش۔ عطیہ۔

المِنْوَلُ وَالمِنْوَالُ: بننے والے کی کپڑا لپیٹنے کی لکڑی یا کرگہ۔ ج مَنَاوِيْلُ۔ المِنْوَالُ: کپڑا بننے والا اور کہا جاتا ہے "هُمْ عَلٰى مِنْوَالٍ وَاحِدٍ" وہ سب ایک ہی قسم کی عادت کے ہیں "وَلَا اَدْرِيْ عَلٰى اَيِّ مِنْوَالٍ هُوَ" میں نہیں جانتا وہ کس طریقہ پر ہے "وَافْعَلْ عَلٰى هٰذَا الْمِنْوَالِ" اس طریقہ پر کرو۔ "وَمِنْوَالُكَ اِلَّا تَفْعَلَ كَذَا" تمہارے لئے مناسب ہے کہ ایسا نہ کرو۔

نَامَهُ يَنُوْمُهُ نَوْمًا: سونے میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَاوَمَنِي فَنِمْتُهُ" اس نے سونے میں مجھ سے مقابلہ کیا میں غالب رہا۔

اَلنَّاوُلُوْنُ: گاڑی یا کشتی کی اجرت۔ (یونانی لفظ)۔

نَامَ يَنَامُ نَوْمًا وَنِيَامًا: اونگھنا یا سو جانا۔ مرنا۔ اور اسم النِّيْمَةُ۔ نَامَتِ السُّوْقُ: بازار کا ماند پڑنا۔۔۔۔۔۔الرِّيْحُ: ہوا کا رک جانا۔۔۔۔۔۔النَّارُ: آگ کا بجھنا۔ نَامَ الْبَحْرُ: سمندر کا ٹھہر جانا۔۔۔۔۔۔العِرْقُ: رگ کا حرکت نہ کرنا۔۔۔۔۔۔الثَّوْبُ: کپڑا پرانا ہونا۔۔۔۔۔۔الرَّجُلُ: اللہ کے لئے تواضع و خاکساری کرنا۔۔۔۔۔۔اِلَيْهِ: اطمینان کرنا۔۔۔۔۔۔عَنْ حَاجَتِهِ: غافل ہونا، بے پرواہ ہونا اور کہا جاتا ہے "نَامَ هَمُّهُ" وہ بے ہمت ہے "وَفُلَانٌ لَا يَنَامُ وَلَا يُنِيْمُ" فلاں نہ سوتا ہے نہ سونے دیتا ہے۔

نَوَّمَهُ تَنْوِيْمًا: سلانا۔ نَوَّمَ الرَّجُلُ: خوب اچھی طرح سونا۔۔۔۔۔۔الاِبِلُ: اونٹوں کا مرنا۔

نَاوَمَهُ مُنَاوَمَةً: سونے میں غالب ہونا۔

اَنَامَہٗ اِنَامَۃً: سلانا۔ قتل کرنا۔ کہا جاتا ہے "طَعَنْتُ قِرْنِي فَاَنَمْتُہٗ" میں نے اپنے ہمسر کو نیزہ مار کر قتل کر دیا۔ اَنَامَ زَیْدًا: سوتا ہوا پانا۔

تَنَاوَمَ تَنَاوُمًا: اپنے آپ کو سوتا ہوا ظاہر کرنا۔ نیند چاہنا۔۔۔۔۔۔ اِلَیْہِ: مطمئن ہونا۔ سکون اختیار کرنا۔

اِسْتَنَامَ اِسْتِنَامَۃً الرَّجُلُ: سونا۔ نیند چاہنا۔ اپنے آپ کو سوتا ہوا ظاہر کرنا۔۔۔۔۔ اِلَیْہِ: سونے والے کی طرح مطمئن ہونا۔۔۔۔۔ اِلَی الشَّیْءِ: مانوس ہونا۔

النَّائِمُ: فا۔ سونے والا۔ لیٹنے والا۔ ج نِیَامٌ ونُوَّمٌ ونُیَّمٌ ونِیَّمٌ ونُوَّامٌ ونُیَّامٌ ونَوْمٌ اور کہا گیا ہے کہ نَوْمٌ اسم جمع ہے اور کہا جاتا ہے "لَیْلٌ نَائِمٌ" گہری نیند والی رات۔

النَّائِمَۃُ۔ النَّائِمُ: کا مؤنث۔ ج نُوَّمٌ: موت۔ سانپ۔

النَّوُوْمُ: بہت سونے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَوُوْمٌ وامْرَأَۃٌ نَوُوْمٌ"۔

النُّوَامُ: نیند۔ نیند کی بیماری۔

النَّوْمُ: نیند۔ نَائِمٌ: کی جمع۔ یا اسم جمع جیسا کہ گزر چکا رَجُلٌ نُوَمٌ ونُوَّامٌ: بہت سونے والا مرد۔

النِّیْمُ: لباس شب خوابی۔ پوستین اور بعض کے نزدیک سینہ تک کی چھوٹی پوستین۔ کامل نعمت۔ وہ شخص جس سے اُنس حاصل کیا جائے۔ ایک نرم کانٹے والا درخت جس کے پتے چھوٹے ہوتے ہیں اور چنے کے برابر اس کے دانے ہوتے ہیں اور کھٹے ہوتے ہیں اور جب پک جاتے ہیں تو کالے پڑ جاتے ہیں اور میٹھے ہو جاتے ہیں۔ کہا جاتا ہے یَا نَوْمَانُ یعنی اے بہت سونے والے اور یہ ندا ہی کے لئے خاص ہے۔

النَّوْمَۃُ۔ نَامَ: کا اسم مرۃ۔ ج نَوْمَاتٌ۔

النِّیْمَۃُ: اسم ہے نَامَ کا۔ کہا جاتا ہے "مَالَہٗ نِیْمَۃُ لَیْلَۃٍ" اس کے پاس ایک رات کا گزارہ نہیں ہے۔

النُّوَمَۃُ: وہ شخص جس کی پرواہ نہ کی جائے۔

النُّوْمَۃُ: بہت سونے والا۔ غافل۔ گمنام۔

النَّوِیْمُ: غافل۔ گمنام۔

المَنَامُ: نیند۔ سونے کی جگہ۔ خواب ج مَنَامَاتٌ۔

المَنَامَۃُ: سونے کی جگہ۔ لباس شب خوابی۔ قبر۔

المَنَامُ والمُسْتَنَامُ: پست جگہ جہاں پانی ٹھہر جائے۔

طَعَامٌ مَنْوَمَۃٌ: خواب آور کھانا۔

نَوَّنَ تَنْوِیْنًا: حرف نون لکھنا۔۔۔۔۔ اَلْکَلِمَۃَ: کلمہ پر تنوین لگانا۔

النُّوْنُ: حروف مبانی میں سے ایک حرف جس کے عدد ۵۰ ہیں اور حروف زوائد میں سے ہے ج نُوْنَاتٌ واَنْوَانٌ۔

النُّوْنُ: دوات۔ مچھلی۔ ج نِیْنَانٌ اَنْوَانٌ: تلوار کی دھار۔ تلوار۔ ذُوالنُّوْنِ: لقب یونس علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کا۔ عرب کی ایک تلوار کا نام۔ ذُوالنُّوَیْنِ: معقل بن خویلد کی تلوار کا نام۔

النُّوْنَۃُ: مچھلی۔ عمدہ بات۔ چھوٹے بچے کی ٹھوڑی کا گڑھا۔ ج نُوْنَاتٌ۔

نَاہَ یَنُوْہُ نَوْہًا النَّبَاتُ وَغَیْرُہٗ: بلند ہونا۔

نَاہَتِ الْہَامَۃُ: اُلو کا سر اُٹھا کے چیخنا۔ نُہْتُ بِالشَّیْءِ: اونچا کرنا۔

نَاہَتْ تَنُوْہُ وتَنَاہُ نَوْہًا نَفْسُہٗ عَنِ الشَّیْءِ: رک جانا۔ انکار کر کے چھوڑ دینا۔

نَوَّہَ تَنْوِیْہًا الشَّیْءَ: بلند کرنا۔۔۔۔۔ بِفُلَانٍ: بلند آواز سے پکارنا۔ کسی کا نام بلند کرنا۔ تعریف کرنا۔ تعظیم کرنا اور کہا جاتا ہے "نَوَّہْتُ بِالْحَدِیْثِ" میں نے بلند آواز سے بات کی۔ نَوَّہَ بِاسْمِہٖ: نام لے کر بلانا۔ پکارنا۔

تَنَوَّہَ تَنَوُّہًا: بلند ہونا۔

النُّوْہُ والنُّوْہُ: کسی چیز سے رکنا۔

النَّوْہَۃُ۔ نَاہَ: کا اسم مرۃ۔ خوراک دن رات میں صرف ایک مرتبہ۔

النُّوْہَۃُ: بدن کی طاقت۔

النَّوَّاحَۃُ: نوحہ کرنے والی عورت۔ بین کرنے والی عورت۔

النُّوَّہُ: بین کرنے والی عورتیں کہا جاتا ہے "ھُوَ اَنْوَہُ مِنْ فُلَانٍ" وہ فلاں سے زیادہ شریف ہے۔

نَوَی الشَّیْءَ یَنْوِیْہِ نَوَاۃً ونِیَّۃً: ارادہ کرنا۔ نَوَی القَوْمُ مَنْزِلًا بِکَذَا: قصد کرنا۔ ارادہ کرنا۔۔۔۔۔ اللّٰہُ فُلَانًا: حفاظت کرنا۔ مسافر سے کہا جاتا ہے "نَوَاکَ اللّٰہُ" یعنی اللہ تمہاری حفاظت کرے اور تمہارا سفر میں ساتھی ہو۔ ونَوَاکَ اللّٰہُ بِالْخَیْرِ: اللہ تم کو بھلائی پہنچائے (۔۔۔۔۔ نَوَی) فُلَانٌ مِنْ مَکَانٍ اِلَی آخَرَ: ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا۔۔۔۔۔ النَّوَاۃَ: گٹھلی پھینکنا (۔۔۔۔۔ نِیَّۃً ونَوًی) المُسَافِرُ: دور ہونا۔ (نَیًّا ونَوَایَۃً ونِوَایَۃً) النَّاقَۃُ: موٹی ہونا۔ صفت نَاوِیَۃٌ و نَاوٍ۔

نَوَّی تَنْوِیَۃً حَاجَتَہٗ: حاجت پوری کرنا۔

نَوَّتِ البُسْرَۃُ: گٹھلی والی ہونا۔ نَوَّی فُلَانٌ: گٹھلی پھینکنا۔۔۔۔۔ فُلَانًا: کسی کی نیت پر چھوڑ دینا۔

نَاوَاہُ مُنَاوَاۃً: دشمنی کرنا (اس کی اصل ہمزہ سے ہے)

اَنْوَی اِنْوَاءً الرَّجُلُ: دور ہونا یا زیادہ سفر والا ہونا۔۔۔۔۔ حَاجَتَہٗ: حاجت پوری کرنا۔

اَنْوَتِ البُسْرَۃُ: گٹھلی بیٹھنا۔ اَنْوَی فُلَانٌ: گٹھلی پھینکنا۔

تَنَوَّی تَنَوِّیًا الشَّیْءَ: قصد کرنا۔

اِنْتَوَاہُ اِنْتِوَاءً: قصد کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَوَاہُ بِنَوَاتِہٖ" اس نے اس کی حاجت پوری کر دی۔

اِنْتَوَی القَوْمُ: ایک شہر سے دوسرے شہر میں منتقل ہونا۔۔۔۔۔ القَوْمُ بِمَوْضِعِ کَذَا: اقامت کرنا۔۔۔۔۔ القَوْمُ مَنْزِلًا بِمَکَانِ کَذَا: قصد کرنا۔

اِسْتَنْوَی اِسْتِنْوَاءً الرَّجُلُ: گٹھلی پھینکنا۔

النَّاوِی: فا۔ وہ شخص جو منتقل ہونے کا پختہ

ارادہ کرے۔ اونٹنی کا کوہان۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَاوِیُ الْقَوْمِ وَمُنْتَوَاهُمْ" فلاں قوم کا ذی رائے اور ان کے امور کا مالک ہے۔

النَّوَّاءُ: کھجور کی گٹھلیوں کا بیچنے والا۔

النَّوَیٰ: مص۔ دوری۔ وہ جگہ قریب یا بعید جہاں کا مسافر ارادہ کرے (اس معنی میں مؤنث ہے) گھر۔ گٹھلیاں (اس معنی میں مذکر و مؤنث دونوں ہے) کہا جاتا ہے "اِسْتَقَرَّتْ نَوَی الْقَوْمِ بِمَوْضِعِ كَذَا وَكَذَا" (یعنی فلاں جگہ میں قوم نے اقامت کی)۔

النَّیُّ: مص۔ چربی۔

النِّیُّ: موٹاپا۔

النَّوَاةُ: گٹھلی ج نَوًی ونَوَیَات و جج اَنْوَاءٌ ونُوِیٌّ ونِوِیٌّ.

النِّیَّةُ: قصد۔ ارادہ۔ دِل کا عزم۔ جس کو انسان موافق سمجھے اس کی طرف اٹھنا۔ امر حاجت۔ کہا جاتا ہے "لِیْ فِیْ بَیْتِ فُلَانٍ نِیَّةٌ" فلاں کے گھر میں میری ایک ضرورت ہے۔ وہ جگہ قریب یا بعید جہاں کا مسافر ارادہ کرے۔ کہا جاتا ہے "شَطَّتْ بِهِمْ نِیَّةٌ قُذُفٌ" رحلة بعیدہ: نے ان کو دور پھینک دیا "وَنَوَوْا نِیَّةً قُذُفًا" انہوں نے دور کی جگہ کا ارادہ کیا اور کبھی یاء میں تخفیف کی جاتی ہے کہا جاتا ہے نِیَةٌ ج نِیَات.

النَّوِیُّ: ہم ارادہ ساتھی۔

نَاءَ یَنِیْءُ نَیْئًا ونُیُوْءًا ونُیُوْءَةً اللَّحْمُ وَغَیْرُهُ: گوشت وغیرہ کا کچا رہنا۔

نَیَّأَ تَنْیِئًا الْاَمْرَ: ناقص طور سے کرنا۔

اَنْیَأَ اللَّحْمَ اِنْیَاءً: گوشت کو کچا رکھنا۔

النِّیْءُ مِنَ اللَّحْمِ: کچا یا نیم پختہ گوشت۔ اور نِیٌّ ابدال و ادغام سے بھی جائز ہے۔ النِّیْءُ خالص دودھ۔

نَابَهُ یَنِیْبُهُ نَیْبًا: دانت مارنا۔

نَیَّبَتْ تَنْیِیْبًا النَّاقَةُ: اُونٹنی کا بوڑھی ہونا۔

نَیَّبَ النَّبْتُ: نباتات کی جڑیں پھوٹنا...... فُلَانٌ السَّهْمَ: تیر پر دانت مار کر سختی معلوم کرنا اور دانتوں کا نشان ڈالنا...... نَیَّبَ: دانت کاٹنا۔ دانت پیسنا...... فُلَانًا: دانت سے کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "ظَفَّرَ فِیْهِ السَّبُعُ وَنَیَّبَ" درندہ نے اس کے اندر ناخن اور دانت گھسا دیا۔

تَنَیَّبَ تَنَیُّبًا النَّبْتُ: جڑیں نکلنا...... الشَّیْبُ: بڑھاپا ظاہر ہونا۔

النَّابُ: کچلی کا دانت (مؤنث) ج اَنْیُبٌ ونُیُوْبٌ واَنَابِیْب. النَّابُ: بوڑھی اونٹنی اور اس کی تصغیر نُیَیْب. ج اَنْیَابٌ ونُیُوْبٌ ونِیْبٌ

نَابُ الْقَوْمِ: سردارِ قوم ج اَنْیَاب.

النَّیُوْب: بوڑھی اونٹنی۔

الاَنْیَبُ: موٹے موٹے دانتوں والا۔ مؤنث نَیْبَاءُ ج نِیْبٌ.

نَاتَ یَنِیْتُ نَیْتًا: کمزوری سے ڈگمگاتے ہوئے چلنا۔

نَاحَ یَنِیْحُ نَیْحًا ونَیَحَانًا الغُصْنُ: ٹہنی کا جھکنا (...... نَیْحًا) الْعَظْمُ: ہڈی کا سخت ہونا۔ مضبوط ہونا۔

نَیَّحَ تَنْیِیْحًا اللّٰهُ عَظْمَهُ: ہڈی مضبوط کرنا۔ ریزہ ریزہ کرنا (اضداد میں سے ہے) کہا جاتا ہے مَا نَیَّحْتُهُ بِخَیْرٍ: میں نے اس کو کچھ نہیں دیا۔ وَلَا نَیَّحَ اللّٰهُ عِظَامَهُ: اللہ اس کی ہڈیوں کو نہ سخت کرے اور نہ مضبوط۔

النَّیِّح: سخت۔ کہا جاتا ہے "عَظْمٌ نَیِّحٌ" سخت ہڈی۔

نَارَ الثَّوْبَ یَنِیْرُهُ نَیْرًا ونَیَّرَهُ تَنْیِیْرًا و اَنَارَهُ اِنَارَةً: کپڑا بننا۔ منقش کرنا۔

النَّائِر: فا۔ لوگوں کے درمیان فساد ڈالنے والا۔

النَّیَّار: کپڑے میں نقش و نگار کرنے والا۔ کپڑے میں گوٹ لگانے والا۔

النِّیْر: بیلوں کے کندھے پر رکھنے کا جوا۔ ج اَنْیَار. ونِیْرَان النِّیْرُ: نے۔ اکٹھے دھاگے۔ کپڑے کے نقش و نگار۔ کپڑے کا چھور۔ راستہ کا کنارہ۔ راستہ کی نمایاں کھائی۔ کہا جاتا ہے "...... [illegible]" ذی قوت والا ہو "ضَرْبٌ ذَاتُ نِیْرَیْنِ" سخت جنگ "وَنَاقَةٌ ذَاتُ نِیْرَیْنِ واَنْیَارٍ" بوڑھی اونٹنی جس میں ابھی جوانی کچھ باقی ہو اور کبھی اس کا استعمال عورت کے لئے بھی ہوتا ہے۔

النِّیْر والنِّیْرَةُ اسم ہے نَیَّرَ الثَّوْبَ کا۔ النِّیْرَةُ: بنائی کے آلات میں سے ایک آلہ کا نام کہتے ہیں "مَا اَنْتَ بِسَتَاةٍ وَلَا لُحْمَةٍ وَلَا نِیْرَةٍ" اس شخص کے لئے جو نہ نافع ہو نہ نقصان دہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا اَنْیَرُ مِنْ ذَاكَ" یہ اس سے واضح تر ہے۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَهُمْ مُنَایَرَةٌ" ان کے درمیان فساد ہے۔

المُنَیَّر: موٹی کھال۔ ثَوْبٌ مُنَیَّرٌ: دوسوتی کپڑا۔

نَیْرَبَ الرَّجُلُ: چغل خوری کرنا۔ کلام میں گڑبڑ کرنا۔ گھڑنا...... الرِّیْحُ التُّرَابَ فَوْقَ الشَّیْءِ: ہوا کا کسی چیز کے اوپر خاک چڑھا دینا اور دھاری دھاری جیسی بنا دینا۔

النَّیْرَبُ: برائی۔ چغل خوری۔ چست و چابک مرد۔ اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَیْرَبٌ وَذُوْ نَیْرَبٍ" یعنی بدکار مرد۔

نَیْرَجَ نَیْرَجَةً الرَّجُلُ: چغل خوری کرنا۔

النَّیْرَج: چغل خور۔ کپڑے کا نقش و نگار۔ بیل کی پھالی۔ غلہ گاہنے کا ایک آلہ خواہ لکڑی کا ہو یا لوہے کا۔ رِیْحٌ نَیْرَجٌ تیز ہوا۔ اِمْرَاَةٌ نَیْرَجٌ: چالاک و مکار عورت اور کہا جاتا ہے "عَدَا عَدْوًا نَیْرَجًا" متردد ہو کر جلدی جلدی دوڑا۔ اور ہر جلدی کو نَیْرَج کہتے ہیں۔

النَّیْرُوْز. عِنْدَ الفُرس: شمسی سال کا پہلا دن۔ خوشی کا دن عموماً۔

النَّیْزَک: چھوٹا نیزہ۔ نیزے کی مانند شعلہ اور یہ ٹوٹے ہوئے ستارے کی ایک قسم ہے۔ ج نَیَازِک (دخیل)

نَیْسَب والنَّیْسَبُ والنَّیْسَبَان: دیکھئے مادہ ن۔س۔ب۔

نَیْسَان: ماہ اپریل۔

النَّیْص: کمزور حرکت۔ موٹی سی۔

نَاصَ یَنِیْصُ نَیْصًا الْبَرْقُ : بجلی کا حرکت کرنا۔

نَاطَ یَنِیْطُ نَیْطًا وانتاط [illegible] ہونا۔

النَّیْطُ : مص ۔ جنازہ ۔ موت ۔ مدت ۔ کہا جاتا ہے "اَتَاهُ نَیْطُهُ" یعنی اس کی مدت آگئی "وَ رَمَاهُ اللّٰهُ بِالنَّیْطِ" اللہ نے اسے موت دی ۔ "وَطَعَنَ فُلَانٌ فِیْ نَیْطِهٖ" فلاں نے اس کے جنازہ میں نیزہ مارا یعنی وہ مرگیا۔

نَاعَ یَنِیْعُ نَیْعًا الْغُصْنُ : ٹہنی کا جھکنا صفت نَائِع۔

النَّوَائِعُ : جھکی ہوئی شاخیں ۔

نَالَ یَنِیْلُ وَیَنَالُ نَیْلًا وَنَالًا وَنَالَةً الْمَطْلُوْبَ : پانا ۔ حاصل کرنا ۔ صفت فاعلی نَائِلٌ وصفت مفعولی مَنِیْلٌ اور امر حاضر کا صیغہ نَل ونِل : ہوگا ۔ نَالَ مِنْ فُلَانٍ : گالی دینا ' عیب لگانا اور کہا جاتا ہے "نَالَ مِنْ عَدُوِّهٖ مَطْلُوْبَهٗ" اس نے اپنے دشمن سے اپنا مطلوب حاصل کرلیا اور کبھی دو مفعول کی طرف تعدیہ ہوتا ہے جیسے "نَالَهٗ مَطْلُوْبَهٗ" اس نے اس کا مطلوب حاصل کرا دیا ۔ کہا جاتا ہے "نَالَنِیْ مِنْ فُلَانٍ" معروف فلاں سے مجھے بھلائی پہنچی ۔ "وَنَالَ مِنْ عِرْضِ فُلَانٍ" یعنی اس نے اس کی بے عزتی کی ۔ وَنَالَ الرَّحِیْلُ کوچ کا وقت قریب ہونا ۔ "وَاَمَا نَالَ لَهُمْ اَنْ یَفْقَهُوْا" کیا ان کے لئے سمجھ کا وقت نہیں آیا۔

اَنَالَ اِنَالَةً [illegible] الشَّیْءَ وَفُلَانًا الشَّیْءَ : حاصل کرانا۔

النَّائِلُ : فا ۔ جو حاصل کیا جائے ۔ کہا جاتا ہے "اَصَبْتُ مِنْهُ نَائِلًا" مجھے اس سے انعام ملا۔

النَّیْلُ : مص ۔ جو حاصل کیا جائے ۔ کہا جاتا ہے اَصَبْتُ مِنْهُ نَیْلًا۔

النِّیل : مصر کے ایک دریا کا نام ۔ ایک قسم کی گھاس جس سے نیلا رنگتے ہیں ۔ ایک دوسری قسم کی گھاس جس کے پتے چھوٹے چھوٹے اور تنہ سخت ہوتا ہے ۔ النَّیْلُ : بادل ۔

النَّالَةُ : مص ۔ گھر کا صحن ۔

النَّوْلَةُ والنَّیْلَةُ : جو حاصل کیا جائے ۔

النَّیْلَجُ والنِّیْلَنْج : چربی کا کاجل جس کو گوندنے میں استعمال کیا جائے اور یہ معرب ہے اور عربی اس کی نَوْدَزٌ ہے ۔

النَّیْلَجُ : نیل کا رنگ ۔

النِّیْلُوْفَر والنَّیْنُوْفَر والنَّیْلَوْفَر : گل نیلوفر (جدید)

النَّیْلُوْنُ : نیلون جس سے کپڑے وغیرہ تیار ہوتے ہیں ۔

النِّیْمْبِرِشْتُ ادھ بھنا ۔ کہا جاتا ہے : "بیض نیمبرشت" اور عوام کہتے ہیں : "بیض برشت"۔

نَاهَ یَنَاهُ نَیْهًا الشَّیْءُ : بلند ہونا ۔ پسند آنا ۔

النَّائِهُ : بلند ۔ نمایاں ۔ کہا جاتا ہے "نَفْسٌ نَاهَةٌ" رکنے والا نفس ۔

النِّیْمُ : ن وم میں ذکر کیا گیا ۔

اَلنِّیُوْنُ : ایک کمیاب گیس جس کی بو اور رنگ نہیں بجلی کے ایندھن میں استعمال ہوتا ہے ۔

النَّائِیُ : بانسری ۔ ج نَایَاتٌ (فارسی)

و

الــــواؤ: یہ حرف حروف تہجی میں سے ستائیسواں حرف ہے۔ یہ حروف جوف سے ہے۔

الواو: چند معنی کے لئے مستعمل ہے۔

(۱) حرف عطف اور اس کے معنی مطلقاً جمع کے ہیں۔ جیسے جَاءَ زَیْدٌ و عَمْرٌوْ۔

(۲) واو حالیہ۔ جملہ اسمیہ پر جیسے "جَـــاءَ زَیْدٌ وَالشَّـمْـسُ طَالِعَةٌ" جملہ فعلیہ پر جیسے "جَاءَ زَیْدٌ وَقَدْ طَلَعَتِ الشَّمْسُ"۔

(۳) واو استئناف جیسے "لَا تَـــاْکُـــلِ السَّمَکَ وَتَشْرَبُ اللَّبَنَ۔

(۴) واو معیہ جیسے "سِرْتُ وَالْجَبَلَ"۔

(۵) واو جو اس مضارع منصوب کے اوپر داخل ہو جو نہی کے جواب میں واقع ہو جیسے "لَا تَنْهَ عَنْ خُلُقٍ وَتَاْتِیَ مِثْلَهٗ"۔

(۶) واو قسم جیسے وَاللّٰهِ الْعَظِیْمِ:۔

(۷) واو رُبَّ: جیسے وَلَیْلٍ کَمَوْجِ الْبَحْرِ اَرْخٰی سُدُوْلَهٗ:۔

(۸) واو ضمیر جمع مذکر جیسے قَامُوْا۔

(۹) واو علامت جمع مذکر جیسے "یَلُوْمُوْنَنِیْ قَوْمِیْ"۔

(۱۰) واو فصل جیسے عَمْرٌو کا واو حالت رفعی و جری میں تاکہ عمر سے فرق ہو جائے۔

(۱۱) واو زائدہ بعد اِلَّا جیسے مَا مِنْ اَحَدٍ اِلَّا وَلَهٗ طَمَعٌ اَوْ حَسَدٌ"۔

وا: ندبہ کے لئے مخصوص ہے جیسے "وَازَیْدَاهُ" یا "وَاظَهْـرَاهُ" اور کبھی نداء حقیقی میں مستعمل ہوتا ہے۔

الوَاح والوَاحَة: ریگستانی علاقہ میں سبزہ زار زمین۔ ج وَاحَات۔

وَأَب یَئِبُ وَأَبًا وابَةً مِنْ فُلَانٍ: شرم کرنا۔ شرم کی وجہ سے جھکنا۔ وَأَبَ یَأْبَ وَأْبَةً: کھر کے کناروں کا سمٹنا۔

وئِبَ یَوْأَبُ وَأَبًا: غضبناک ہونا۔

اَوْأَبَهٗ وَأَتْأَبَهٗ: غضبناک کرنا۔ کسی کے ساتھ قابل شرم فعل کرنا۔ ذلت کے ساتھ حاجت سے پھیر دینا۔

اِتَّأَبَ اِتِّآبًا مِنْهُ: شرم کرنا۔

اَلإِبَةُ والتُّوْبَةُ والـمَـوْئِبَةُ والـمُوْئِبَةُ: رسوائی۔ عار۔ شرم۔

الـوَأْبُ مِـنَ الْقِـدَاحِ: بڑا پیالہ......مِـنَ الـحَوَافِـرِ: باہم ملے ہوئے کناروں والا مضبوط کھر۔ چوڑا۔ بڑا اونٹ۔ ج اَوْآب۔

الــــوَأْبَةُ: پتھر کا گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے(...... والــــوَئِبَةُ) بہت گہرا کنواں۔

قِدْرٌ وَأْبَةٌ: کشادہ ہانڈی۔

الْمُوْئِبَاتُ: رسوا کرنے والی باتیں۔

الوَأْجُ: سخت بھوک۔

وَأَدَیَـئِـدُ وَأْدًا البِـنْـتَ: لڑکی کو زندہ درگور کرنا۔ صفت مفعولی وَئِیْـدٌ وَئِیْدَةٌ ومَوْؤُوْدَةٌ ...... فُلَانًا: بوجھل کرنا۔

تَـوَأَدَو اِتَّـأَدَ فِـی الْأَمْـرِ: مہلت اور آہستگی سے کرنا۔ وَتَـوَأَدَتْ عَلَیْهِ الْأَرْضُ: زمین کا کسی کو چھپا لینا اور غائب کر دینا......الـمَرْأَةُ فِیْ قِیَامِهَا: بوجھل ہونے کی وجہ سے لچکنا۔

بلبلاہٹ۔

الـوَئِیْدُ: سخت۔ اُونٹ کی بلبلاہٹ۔ پیروں کی چاپ جو دور سے سنائی دے اور کہا جاتا ہے "مَشٰی مَشْیًا وَئِیْدًا" وہ متانت و سنجیدگی سے چلا(...... وَالتُّؤْدَةُ والتَّوَآدُ) سنجیدگی۔ متانت۔

الـمَوَائِدُ: مصیبتیں (اس کی اصل المآود: ہے)

وَأَرَیَئِرُ وَأْرًا وإرَةً الـرَّجُلَ: گھبراہٹ میں ڈالنا......الـنَّـارَ ولِلنَّارِ: آگ روشن کرنے کے لئے گڑھا بنانا(......ووَأَّرَ تَـوْئِیْـرًا) فُلَانًا: مصیبت میں ڈالنا۔

اَوْأَرَهٗ اِیْئَارًا: نفرت دلانا۔ خبردار کرنا۔

اِسْتَوْأَرَتِ الإِبِلُ: اُونٹوں کا رُک کر پہاڑ پر چڑھ جانا۔

الوَئِرُ: فا۔ خوفزدہ۔

الإِرَـةُ ج إِرَاتٌ وإِرُوْنَ والـمُوْرَـةُ ج وُأْرٌ وأُوْرٌ: آگ سلگانے کی جگہ۔ الإِرَـةُ: آگ۔ اوجھ میں پکا ہوا گوشت۔ دھوپ میں سکھایا ہوا گوشت۔ دشمنی۔ آگ کی بھڑک۔ کوہان کی چربی۔

الوِئَارُ: لیپنے کی مٹی نکالنے کے گڑھے۔

اَرْضٌ وَئِرَةٌ: بہت گرمی والی زمین۔

وَأَصَ یَئِصُ وَأْصًا بِهِ الْأَرْضَ: زمین پر پٹکنا۔

تَوَاْصَ الْقَوْمُ: اکٹھا ہونا۔ پانی پر بھیڑ کرنا۔

الـوَئِیْصَةُ: جماعت' مخلوق' کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِیْ اَیُّ الـوَئِیْصَةِ هُوَ" میں نہیں جانتا کہ

وہ کون ہے۔

وَأَطَ يَئِطُ وَأْطًا القَوْمَ: زیارت کرنا۔

الشَّيْ: جوش میں آنا۔

الـوَأْطَةُ مِنَ الْاَرْضِ: بلند زمین......مِنَ

الْمَاءِ: پانی کی بڑی جگہ۔

وَأَلَ يَئِـــلُ وَأْلاً وَوَئِيلاً وَوُؤُولاً وَوَاءَلَ

وِئَالاً وَمُوَاءَلَةً مِنْ كَذَا: نجات ڈھونڈنا۔

اِلَيْهِ: پناہ لینا......اِلَى الْمَكَانِ: سبقت کرنا۔

وَأَلَ فُلَانًا: جائے پناہ بنانا......اِلَى اللّٰهِ:

رجوع کرنا۔ توبہ کرنا (...... وَاَوْاَلَ)

الْمَكَانُ: تہ بتہ جمی ہوئی مینگنیوں والی ہونا۔

وَاَوْاَلَ الْمَكَانُ: تہ بتہ جمی ہوئی مینگنیوں والی

بنانا۔اَوْاَلَتِ الْمَاشِيَةُ فِي الْمَكَانِ او

الْكَلَا: گوبر مینگنی سے خراب کرنا۔

الوَأْلُ والمَوْئِلُ والمَوْأَلَةُ: جائے پناہ۔

اِسْتَوْأَلَتْ اِسْتِيئَالاً اِلْاِبِلُ: اونٹوں کا اکٹھا

ہونا۔

الوَأْلَةُ: اونٹ یا بکریوں کی تہ بتہ مینگنیاں۔

وَأَمَهُ يُوَئِمُهُ تَوْئِيمًا: بدشکل کر دینا۔

وَاءَمَهُ وِئَامًا وَمُوَاءَمَةً: موافقت کرنا۔

تَوَاءَمَ: موافق ہونا۔مناسب ہونا۔

اِتَّأَمَتْ اِتِّآمًا الْمَرْأَةُ: جڑواں جننا۔صفت

مُتَّئِمٌ: اس میں واؤ کی تبدیلی تا سے ہوئی

ہے۔

الوَأْمُ: گرم کمرہ۔

الوَأْمَةُ: دوسرے کی صنعت کا نقال۔

المُوَأَّمُ: بدشکل۔بڑے سر والا۔

المُتَوَائِمُ: فا۔غِنَاءٌ مُتَوَائِمٌ: متناسب۔

وَأْوَأَ وَأْوَأَةً الْكَلْبُ: بھونکنا۔کہا جاتا ہے "مَا

سَمِعْتُ اِلَّا وَعْوَعَةَ الذِّئَابِ وَوَأْوَأَةَ الْكِلَابِ:

میں نے بھیڑیوں کے چیخنے اور کتوں کے بھونکنے

کے علاوہ کچھ نہیں سنا۔

وَأَى يَئِي وَأْيًا: وعدہ کرنا......الشَّيْ: ذمہ

دار ہونا۔

تَوَاءَى تَوَائِيًا الْقَوْمُ: اکٹھا ہونا۔

اِتَّأَى اِتِّئَاءً: وعدہ قبول کرنا۔

اِسْتَوْأَى اِسْتِيئَاءً الرَّجُلَ: وعدہ لینا۔

الوَأْيُ: مص۔وعدہ۔وہم وگمان۔لوگوں کی

تعداد۔

الـوَأْى مِنَ الـدَّوَابِّ: تیز رفتار۔مؤنث

وَآةٌ (جیسے کہ قَنَاةٌ)

الـوَئِيَّةُ: بڑے بورے۔بڑے پیٹ والی

اونٹنی (...... والوَأْيَةُ) بڑا پیالہ۔بڑی ہانڈی

الوَئِيَّةُ: موتی۔اپنے گھر کی محافظ عورت۔

وَبَّ يَوُبُّ وَبًّا: لڑائی میں حملہ کے لئے تیار

ہونا۔

وَبَأَ يَوْبَأُ وَبْأً وَوَبَّأَ الْمَتَاعَ: ترتیب سے

رکھنا۔

وَبَأَ وَاَوْبَأَ اِلَيْهِ: اشارہ کرنا۔

وَبِيَ يَوْبَأُ وَبَئًا وَبْأً وَوَبُؤَ يَوْبُؤُ وَبَاءً وَبَاءَةً

وَاِبَاءً وَاِبَاءَةً وَوُبِيَ يُوبَأُ وَبْأً وَاَوْبَأَ

الْمَكَانُ: بہت وبا زدہ ہونا۔اسم الْبِئَةُ عِدَةٌ

کی مانند۔

تَوَبَّأَ الْبَلَدَ: شہر کی آب و ہوا کو ناموافق پانا۔

اِسْتَوْبَأَ اِسْتِيبَاءً الْمَدِينَةَ: وبا زدہ پانا۔

الوَبَا ج اَوْبَـاءٌ والوَبَاءُ ج اَوْبِئَةٌ: عام

بیماری۔

الوَبِئُ والوَبِيُّ والمَوْبُوءُ: بہت وبا زدہ جگہ

اور ہر ایک کی مؤنث تا کے ساتھ۔

المُوبِئُ: فا۔تھوڑا پانی۔

وَبَتَ يَبِتُ وَبْتًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔

وَبَّخَـهُ: جھڑکنا، ملامت کرنا۔عار دلانا۔

دھمکانا۔

الوَبْخَةُ: سرزنش۔تکلیف دہ ملامت۔

وَبِدَ يَـوْبَـدُ وَبَدًا: بدحال اور کم مال والا

ہونا۔صفت وَبِـدٌ......الثَّوْبُ: کپڑا بوسیدہ

ہونا......النَّهَارُ: دن سخت گرم ہونا......عَلَيْهِ:

غضبناک ہونا۔

اَوْبَدَهُ اِيبَادًا: جدا کرنا۔

تَـوَبَّـدَ اَمْوَالَهُـمْ: نظر لگانے کے لئے معین

کرنا۔

الوَبْدُ: پہاڑ کا گڑھا۔

الـوَبَدُ: مص۔بدحالی وتنگی زندگانی۔کہا جاتا

[illegible] بَدٍ [illegible]

اور کبھی اس مصدر کو بطور وصف کے بھی

استعمال کرتے ہیں اور کہتے ہیں "رَجُـــلٌ

وَبَـدٌ" یعنی بدحال مرد۔واحد اور جمع دونوں

کے لئے اور کبھی اَوْبَـــادٌ جمع لاتے ہیں۔

الوَبَدُ: گرمی۔عیب۔پہاڑ کا گڑھا۔

الوَبِدُ: بھوکا (......والمُتَوَبِّدُ) سخت نظر لگنے کا

سبب بننے والا۔

قَوْمٌ اَوْبَادٌ: مفلس لوگ۔

الـمُسْتَوْبِدُ: قلت مال اور کثرتِ عیال سے

بدحال مرد۔

وَبِرَ يَوْبَرُ وَبَرًا و اَوْبَرَ اِيبَارًا: بہت پشم والا

ہونا۔صفت وَبِـرٌ واَوْبَـرُ: مؤنث وَبِـرَةٌ

وَبْرَاءُ.

وَبَرَ يَبِرُ وَبْرًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔

وَبَّرَ: چھوٹے چھوٹے بال نکلنا......الثَّعْلَبُ:

لومڑی کا نشان چھپانے کے لئے سخت زمین

پر چلنا......الرَّجُلُ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا

......فُلَانٌ: بھاگنا اور وحشت زدہ ہونا یا تنہا

زندگی بسر کرنا......عَلَيْـهِ الْاَمْـرَ: پوشیدہ

رکھنا۔

وُبِّرَتِ النَّخْلَةُ: درخت خرما میں گابھا دینا۔

الـوَبْرُ: سخت سردی کے سات دنوں میں سے

ایک دن۔بلی سے چھوٹا ایک جانور جس کی

دم اور کان چھوٹے چھوٹے ہوتے ہیں۔ج

وُبُورٌ وِبَارٌ وَوِبَارَةٌ: مؤنث الوَبْرَةُ.

الـوَبَـرُ: مص۔اونٹ اور خرگوش وغیرہ کے

بال ج اَوْبَـارٌ.اَهْـلُ الْوَبَرِ: دیہاتی لوگ۔

کہا جاتا ہے "اَخَـذَ الشَّـيْ بِوَبَرِهٖ" یعنی اس

نے سارا لے لیا۔

الوَبَرَةُ.وَبَرٌ: کا واحد۔

الوَابِرُ: فا۔کہا جاتا ہے "مَـا بِالدَّارِ وَابِرٌ" گھر

میں کوئی نہیں۔

بَـنَاتُ الْاَوْبَرِ وبَنَاتُ اَوْبَرَ: چھوٹی اور ردی

قسم کے سانپ کی چھتری اور کہا جاتا ہے

لَقِيتُ مِنْهُ بَنَاتِ اَوْبَرَ: مجھے اس سے مصیبت

حاصل ہوئی۔

[illegible]بُورُ ج بَوَابِيرُ: اسٹیمر۔(فرانسیسی لفظ)

وَبِشَ يَوْبَشُ وَبَشًا الظُّفُرُ: ناخن پر سفید داغ ہونا ...... جِلْدُ الْبَعِيْرِ: خارش کی وجہ سے اُونٹ کی کھال پر سیاہ سفید داغ ہونا۔ صفت وَبِشٌ.

وَبَّشَ تَوْبِيْشًا الْجَمْرُ: چنگاری کا ہوا چلنے سے سلگنا ...... الْقَوْمُ فِيْ اَمْرٍ: کسی کام میں ہر جگہ سے مشغول ہونا ...... لِلْحَرْبِ: مختلف قبائل سے جنگ کے لئے اکٹھا ہونا۔ وَبَّشَتِ الاَظْفَارُ: ناخنوں میں سفید داغ ہونا۔

اَوْبَشَ: تیز چلنا۔ اَوْبَشَتِ الْاَرْضُ: مخلوط پودوں والی ہونا۔

الْوَبَش والْوَبْش: کھجلی کے داغ۔ ناخن کے سفید داغ۔ اَوْبَاش: کا واحد بمعنی سفلہ و کمینے لوگ۔ وَبْشُ الْكَلَامِ: ردی کلام اور کہا جاتا ہے "مَا بِهٰذِهِ الْاَرْضِ اِلَّا اَوْبَاشٌ مِنْ شَجَرٍ اَوْ نَبَاتٍ" یعنی اس زمین میں صرف تھوڑے سے بکھرے ہوئے درخت یا نباتات ہیں۔

وَبَصَ يَبِصُ وَوَبْصًا وَبِيْصًا وبِصَةً: چمکنا۔ بجلی کوندنا۔ صفت وَابِصٌ ...... الجروُ: پلے کا آنکھیں کھولنا۔ وَبَصَتِ الْاَرْضُ: بہت نباتات والی ہونا۔

وَبِصَ يَوْبَصُ وَبْصًا: چست ہونا۔ صفت وَبِصٌ.

وَبَّصَ الْجَرْوُ: پلے کا آنکھیں کھولنا ...... لَهُ بِيَسِيْرٍ: تھوڑا دینا۔

اَوْبَصَتِ النَّارُ: روشن ہونا۔ شعلہ اُٹھنا۔

اَوْبَصَتِ الْاَرْضُ: نباتات ظاہر ہونا۔ یا بہت نباتات والی ہونا۔

اَبْيَضُ وَابِصٌ: چمکدار سفید۔

الْوَابِصَة والْوَبِيْصَة: آگ۔ الْوَابِصَة: دہشت۔ خوف۔ کہا جاتا ہے "مَا فِي النَّارِ وَابِصَةٌ" آگ میں چنگاری نہیں۔ "اِنَّهُ لَوَابِصَةُ سَمْعٍ" یعنی ہر سنی ہوئی چیز پر بھروسہ کرتا ہے۔

الْوَبَّاص: چاند۔ چمکیلا۔ عَارِضٌ وَبَّاصٌ: بہت چمکنے والا بادل۔

وَبْصَان وَوُبْصَان: زمانہ جاہلیت میں ماہ ربیع الآخر کا نام۔

وَبَطَ يَبِطُ وَبْطًا الْجُرْحَ: زخم کھولنا۔ الرَّجُلُ: مرتبہ گھٹانا۔ ذلیل کرنا ...... فُلَانًا عَنْ حَاجَتِهٖ: روک دینا۔ باز رکھنا (...... وَوَبِطَ يَوْبَطُ وَوَبُطَ يَوْبُطُ وَبْطًا وَبُوْطًا وَبَاطَةً) کمزور ہونا۔ خسیس یا بزدل ہونا۔

اَوْبَطَهُ: اچھی طرح خون بہانا۔ اچھی طرح قتل و غارت کرنا۔

الْوَابِط: خسیس۔ کمزور۔ بزدل۔

الْوَبَاط: کمزوری۔

وَبَقَ يَبِقُ وَوَبِقَ يَبِقُ وَبْقًا وَوَبِقَ يَوْبَقُ وَبَقًا وَوُبُوْقًا وَمَوْبِقًا وَاسْتَوْبَقَ: ہلاکت ہونا۔ صفت وَبِقٌ.

اَوْبَقَهُ اِيْبَاقًا: ہلاک کرنا۔ ذلیل کرنا۔ قید کرنا۔

الْمَوْبِق: ہلاکت کی جگہ۔ وعدہ کی جگہ۔ قید خانہ۔ ہر وہ چیز جو دو چیزوں کے درمیان حائل ہو۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَرْكَبُ الْمُوْبِقَاتِ" فلاں خطرات میں پڑتا ہے "وَيَفْعَلُ الْمُوْبِقَاتِ" فلاں معاصی کا ارتکاب کرتا ہے۔

وَبَلَ يَبِلُ وَبْلًا فُلَانًا بِالْعَصَا: لگاتار لاٹھی سے مارنا ...... الصَّيْدَ: شکار کو تیز ہانکنا۔

وَبَلَتِ السَّمَاءُ: بڑی بڑی بوندوں کی بارش برسانا۔

وَبُلَ يَوْبُلُ وَبْلًا وَوَبَالًا وَوُبُوْلًا وَوَبَالَةً الْمَكَانُ: بدہضمی والی جگہ ہونا ...... الشَّيْءُ: سخت ہونا۔

وَابَلَهُ مُوَابَلَةً: ہمیشگی کرنا۔

اِسْتَوْبَلَ اِسْتِيْبَالًا الْمَكَانَ: بدہضمی والی جگہ پانا۔ اِسْتَوْبَلَتِ الْاِبِلُ: چراگاہ کے مضر صحت ہونے سے بیمار ہونا۔

الْوَبْل والْوَابِل: تیز بارش۔ بڑی بوندوں کی بارش۔

الْوَابِلَة وَابِل: کا مؤنث۔ بازو یا ران کے سرے کا کنارہ۔

الْوَبَال: مص۔ سختی۔ بدہضمی۔ بُرا انجام۔

الْوَبَلَة والاَبَلَة: گرانی۔ سختی۔ بدہضمی۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَتْهُ وَبَلَةُ الطَّعَامِ او اَبَلَةُ الطَّعَامِ" اس کو کھانے سے بدہضمی ہوگئی۔

الْوَبِيْل: سخت۔ مَرْعًى وَبِيْلٌ: مضر صحت چراگاہ۔ طَعَامٌ وَبِيْلٌ: مضر صحت کھانا۔ الوبیل ناقوس بجانے کی لکڑی۔ نرم شاخ۔ دھوبی کی موگری اور کہا جاتا ہے "اَبِيْلٌ عَلٰى وَبِيْلٍ" یعنی لاٹھی پر سہارا لینے والا بڈھا (...... والْوَبِيْلَة والْمَوْبِل ...... والْمِيْبَل) موٹا ڈنڈا۔ لکڑی کا گٹھا۔

الْمِيْبَل والْمِيْبَلَة: کوڑا۔ اونٹوں کے ہانکنے کے لئے لکڑی میں بندھا ہوا تسمہ ج مَوَابِل.

وَبْنٌ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ وَابِنٌ" گھر میں کوئی نہیں۔

الْوَبْنَة: تکلیف۔ بھوک۔

وَبَهَ وَوَبِهَ يَوْبَهُ وَبْهًا وَوَبَهًا وَوُبُوْهًا وَاَوْبَهَ اِيْبَاهًا لِفُلَانٍ وبه: جاننا۔ سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يُوْبَهُ بِهٖ اَوْ لَهُ" فلاں کی پروا نہیں کی جاتی۔

وَتَأَيْتَأُ وَتَأْفِيْ مِشْيَتِهٖ: سست رفتار چلنا۔

وَاتَاهُ مُوَاتَاةً وَوِتَاءً عَلَى الْاَمْرِ: موافقت کرنا۔

الْوَتُّ والْوَتَّة: قمری کی آواز۔

وَتُحَ يَوْتُحُ وَتَاحَةً وَوُتُحَةً وَوُتُوْحَةً الْعَطَاءُ: داد و دہش کم ہونا۔

وَتَحَ يَتِحُ وَتْحًا وَتِحَةً الْعَطَاءَ: داد و دہش کم کرنا۔

اَوْتَحَ اِيْتَاحًا وَوَتَّحَ تَوْتِيْحًا الْعَطَاءَ: کم کرنا۔ اَوْتَحَ الرَّجُلُ: آفت لاحق ہونے سے کم مال والا ہونا ...... فُلَانًا: رنج و مشقت میں ڈالنا ...... لَهُ الشَّيْءَ: کم کرنا۔

تَوَتَّحَ تَوَتُّحًا مِنَ الشَّرَابِ: کم پینا۔

الْوَتْح والْوَتِح والْوَتِيْح: تھوڑا۔ ناچیز۔ رَجُلٌ وَتِحٌ: خسیس مرد۔ طَعَامٌ وَتْحٌ: بے

برکت کمانا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَغْنی عَنْهُ وَتَخَة" اس نے اس کو کچھ فائدہ نہیں دیا۔
وَتَخَ يَتِخُ وَتْخًا الرَّجُلَ بِالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔
اَوْتَخَ اِيتَاخًا مِنْ فُلَانٍ: انتہائی مشقت کو پہنچنا۔
الْوَتَخَة: کیچڑ۔ کہا جاتا ہے "مَا اَغْنی عَنْهُ وَتَخَةً" اس نے اس کو کچھ فائدہ نہیں دیا۔
الْمِيتَخَة: چھڑی۔
وَتَدَ يَتِدُ وَتْدًا وَتِدَةً وَتَّدَ الْوَتَدُ: میخ گڑ جانا ...... الْوَتَدَ: میخ گاڑنا۔ وَتَدَ فِي بَيْتِهِ: اقامت کرنا۔ وَتَّدَ الزَّرْعُ: نباتات کا ظاہر ہونا اور قوی ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "وَتَّدَ رِجْلَهُ فِي الْاَرْضِ" اس نے اپنے پیر کو زمین میں دھنسا دیا۔
اَوْتَدَ اِيتَادًا الْوَتَدَ: میخ گاڑنا۔
الْاَوْتَادُ فِي عُرْفِ الْمُسْلِمِينَ: مسلمانوں کی اصطلاح میں اوتاد چھپے ہوئے چار اولیاء ہیں اور ان کی ذمہ داری میں ہے کہ وہ چار آسمانوں سے آنے والے احکام کی تدبیر کریں۔ ان اولیاء کی رہائش چار آسمانوں پر ہوتی ہے۔ ان اولیاء کو العمد بھی کہا جاتا ہے۔
الْاَوْتَادُ الْاَرْبَعَة: (فلکیات) چار رئیسی برج بارہ برجوں میں سے جن چار کے نام یہ ہیں: (۱) اَلْوَتَدُ الطَّالِعُ (۲) اَلْوَتَدُ الْغَائِبُ. (۳) وَتَدُ السَّمَاءِ (۴) وَتَدُ الْاَرْضِ: ان چار بروجوں کو نظام فلکی میں بنیادی اور حفاظتی حیثیت ہے۔
الْوَتْدُ والْوَتِدُ والْوَتَد: میخ۔ کھونٹی۔ کان کے سامنے کا مسہ کے مانند ابھرا ہوا حصہ۔ ج اَوْتَاد. اَوْتَادُ الْاَرْضِ: پہاڑ۔ اَوْتَادُ الْبِلَادِ: ملک کے بڑے بڑے آدمی۔ اَوْتَادُ الْفَمِ: دانت۔ وَالْوَتِدُ عِنْدَ اَهْلِ الْعَرُوضِ: تین حروف جن میں سے دوسرا یا تیسرا ساکن ہو۔ اگر دوسرا ساکن ہو تو وتد مفروق کہلاتا ہے جیسے قَوْلٌ اور تیسرا ساکن ہو تو وَتِد مجموع جیسے عَلٰی۔
الْمِيتَدُ والْمِيتَدَة: میخ گاڑنے کی لکڑی یا لوہے کی موگری۔
الْوَاتِدُ: فا۔ ثابت۔ قَرْنٌ وَاتِدٌ: کھڑا سینگ وَتِدٌ وَاتِدٌ: مبالغہ کے لئے ہے جیسے شُغْلٌ شَاغِلٌ.
وَتَرَ يَتِرُ وَتْرًا وَتِرَةً فُلَانًا: گھبرا دینا۔ ستانا۔ تکلیف پہنچانا ...... فُلَانًا مَالَهُ او حَقَّهُ: گھٹا دینا۔ الْقَوْمَ: جفت کو طاق کر دینا ...... الْقَوْسَ: تانت لگانا۔
اَوْتَرَ اِيتَارًا الْقَوْسَ: کمان کے لئے تانت بنانا یا کمان میں تانت لگانا ...... الشَّيْءَ: طاق بنانا ...... بَيْنَ الْاَشْيَاءِ: وقفہ دے دے کر لگاتار کرنا۔
وَاتَرَ وِتَارًا وَمُوَاتَرَةً الْاَشْيَاءَ: وقفہ دے دے کر لگاتار کرنا ...... الْكُتُبَ: لگاتار بھیجنا ...... الْقَوْمَ: ایک یا دو روز کا ناغہ دے کر روزہ رکھنا۔
وَتَّرَ الْقَوْسَ: کمان میں تانت لگانا۔
تَوَتَّرَ الْعَصَبُ وَنَحْوُهُ: پٹھے وغیرہ کا تانت کی مانند سخت ہونا۔
تَوَاتَرَتِ الْاَشْيَاءُ: وقفہ کے ساتھ لگاتار ہونا۔
وَتَرُ الْقَوْسِ: کمان کی تانت۔
فِي الْخَطِّ الْمُنْحَنِيْ: خط کا قطعہ جو لفظوں کو ملانے والا ہو۔ فِي الْمُثَلَّثِ الْقَائِمِ الزَّاوِيَة: (علم ہیئت) زاویہ قائمہ کے بالمقابل ضلع۔
الْوَتْرُ والْوِتْرُ: بے جوڑ۔ طاق۔ بدلہ یا بدلہ لینے میں ظلم۔ ج اَوْتَار.
الْوَتَر. وَتَرَةٌ کی جمع ہے بمعنی تانت۔ ج اَوْتَارٌ وِتَارٌ.
الْوَتَرَة: دو انگلیوں کے درمیان کی کھال۔ کان کے اوپر کے حصہ کی نرم ہڈی۔ نتھنے کا کنارہ یا ناک کے بانسہ اور مونچھ کے درمیان کا حصہ۔ کمان سے تیر نکلنے کی جگہ۔ زبان کے نیچے کا پٹھا۔ مکان کا وہ حصہ جہاں ستونوں سے طاق کے مانند بنایا جائے۔ ہر چیز کا گھیرا۔ ہر چیز کا خالص حصہ ج وَتَرٌ وَتَرَاتٌ.
الْوَتِيرَة: طریقہ۔ وقفہ۔ سستی۔ نیزہ بازی سیکھنے کا دائرہ۔ قبر۔ گھوڑے کی پیشانی کا گول سفید داغ۔ بدلہ یا بدلہ دینے میں ظلم۔ قید۔ تاخیر۔ نتھنوں کے درمیان کا پردہ۔ کان کے اوپر کا حصہ کی نرم ہڈی۔ دو انگلیوں کے درمیان کی کھال۔ ہونٹ کا حلقہ۔ مکان کا وہ حصہ جہاں ستونوں سے طاق کے مانند بنایا جائے۔ سفید زمین۔ گلاب کا شگوفہ۔ پہلی دہائی کا نام۔ یعنی جب دس کا عدد پورا ہو جاتا ہے تو اسے وَتِيرَة: کہتے ہیں۔
تَتْرٰی: اس کی اصل وَتْرٰی ہے اور اس کے معنی ایک کے بعد ایک کا آنا جیسے اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرٰی.
الْمَوْتُور: مفع: وہ شخص جو اپنے مقتول کے خون کا بدلہ نہ لے سکے۔
الْوَتْش: ہر چیز کا قلیل۔ کمینے۔
وَتِغَ يَوْتَغُ وَتَغًا: گنہگار ہونا۔ دین یا دنیا کے بارے میں ہلاک ہونا۔ دردمند ہونا۔ بدخلق ہونا۔ ملامت زدہ ہونا۔ گفتگو میں ناسمجھ ہونا۔ برا قول کہنا اور حد درجہ جاہل ہونا ...... فِيْ حُجَّتِهٖ: غلطی کرنا۔
اَوْتَغَهُ اِيتَاغًا: ہلاک کرنا۔ قید کرنا اور بقول بعض مصیبت میں ڈالنا۔ دردناک کرنا۔
اَوْتَغَهُ عِنْدَ السُّلْطَانَ: مضر باتوں کی تلقین کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَوْتَغَ دِيْنَهُ بِالْاِثْمِ" اس نے اپنے دین کو گناہ سے خراب کیا۔
الْوَتِيغَة: دلیل میں غلطی۔
الْمَوْتَغَة: ہلاکت۔
وَتَنَ يَتِنُ وُتُونًا وتِنَةً الْمَاءُ: پانی کا ہمیشہ رہنا اور ختم نہ ہونا ...... بِالْمَكَانِ: ٹھہرنا اور اقامت کرنا (...... وَتْنًا و وَتِنًا) الرَّجُلَ: شہ رگ پر مارنا۔
وُتِنَ: شہ رگ پر مارنا۔
وَاتَنَهُ مُوَاتَنَةً: چمٹنا۔ ایک دوسرے کا مانند

كام کرنا۔ وَاتَنَ الْمَكَانَ: دیر تک ٹھہرنا۔
اِسْتَوْتَنَ الْمَالُ: مال (یعنی جانوروں کا) موٹا ہونا۔
الوَاتِن: فا۔ کسی جگہ میں ہمیشہ رہنے والا۔ ج وُتُن ہمیشہ بہنے والا پانی جو کبھی ختم نہ ہو۔
الوَتْنَةُ: مقروض کا پیچھا۔ مخالفت۔
الوَتِين: مص۔ شہ رگ۔ دل کی رگ جس سے تمام رگوں میں خون جاتا ہے۔ ج وُتُنٌ وَاَوْتِنَةٌ۔
وَثَأَ يَثَأُ وَثْأً اللَّحْمَ: مردار کرنا...... الوَتَدَ: کھونٹی کے سرے کو پاش پاش کر دینا (...... وَاَوْثَأَ) يَدَهُ: موچ ڈالنا۔
وَثِئَتْ تَوْثَأُ وَثْأً وَوَثَأً وَوُثُوءً ا وَوُثِئَتْ يَدَهُ: ہاتھ میں موچ ہونا۔ صفت وَثِئَةٌ وَمَوْثُوءَ ةٌ وَوَثِيئَةٌ۔
وُثِئَ يُوثَأُ وَثَاءَةً: موچ لاحق ہونا۔
الوَثَاءَةُ والوَثْءُ: موچ۔
الوَثِيءُ: ٹوٹے ہوئے ہاتھ والا۔
المِيثَأَةُ: میخ گاڑنے کا آلہ۔
وَثَبَ يَثِبُ وَثْبًا وَوُثُوبًا وَوَثَبَانًا وَوِثَابًا وَوَثِيبًا وَثِبَةً: اٹھنا۔ کودنا۔ عرب کا قول ہے "وَثَبَ اِلَى الشَّرَفِ وَثْبًا" وہ عزت پر دفعتاً پہنچ گیا۔
وَثَّبَهُ تَوْثِيبًا: گدی پر بٹھانا...... هُ الوِسَادَةَ: بیٹھنے کے لئے بچھانا۔ وَثَبَهُ وِثَابًا: کسی کیلئے فرش بچھانا۔
اَوْثَبَهُ اِيثَابًا: کودنا۔ اَوْثَبَهُ المَوْضِعَ: کسی مقام سے کودانا۔
وَاثَبَهُ مُوَاثَبَةً: سبقت کرنا۔ ٹوٹ پڑنا۔
تَوَثَّبَ عَلَيْهِ فِي اَرْضِهِ: ظلماً قبضہ کر لینا۔
تَوَاثَبَ القَوْمُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
الوِثَاب: تخت۔ بچھونا۔ بیٹھنے کی جگہ۔
الوُثُبِى: بہت کودنے والا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ اَوْ نَاقَةٌ وَثَبَى" بہت اچھلنے کودنے والا گھوڑا یا اونٹنی۔
الوَثَّاب: بہت کودنے والا۔ فَرَسٌ وَثَّابَةٌ: تیز رفتار گھوڑا۔

اَلْوُثَاب: ایک مخصوص بیماری جس میں جسم گرمی یا سردی کی وجہ سے سکڑ جاتا ہے پٹھے پھول جاتے ہیں اور سر میں شدید درد ہوتا ہے۔
المِيثَب: کودنے والا۔ بیٹھنے والا۔ بلند زمین۔ نرم زمین۔ چھوٹا چشمہ۔
المُوثَبَان: غزوہ نہ کرنے والا بادشاہ۔
وَثُجَ يَوْثُجُ وَثَاجَةً: گاڑھا ہونا۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا موٹا ہونا...... المَكَانُ: بہت گھاس والی ہونا۔ صفت وَثِيجٌ۔
اَوْثَجَهُ اِيثَاجًا: زیادہ کرنا۔
اِسْتَوْثَجَ المَالُ: زیادہ ہونا...... مِنَ المَالِ: زیادہ لینا...... الفَرَسُ: گھوڑے کا موٹا اور گٹھا ہونا...... النَّبْتُ: نباتات کا بہت ہونا اور گنجان ہونا۔
الوَثِيج: گاڑھا۔ گٹھا۔ ثَوْبٌ وَثِيجٌ: گف بنا ہوا کپڑا۔
الوَثِيجَة: بہت درختوں والی زمین۔ گنجان درختوں والی زمین۔
اَرْضٌ مُوثِجَةٌ وَمُثْجِجَةٌ: بہت گھاس والی زمین۔
المَوْثُوجُ مِنَ الثِّيَابِ: نرم بنا ہوا کپڑا۔
الوَثْخَة: پانی کی تری۔
الوَثِيخَة: گاڑھا دودھ۔ چربی ملی ہوئی نرم ہڈی۔ تر و تازہ اُلجھی ہوئی گھاس۔ کیچڑ والی زمین۔
رَجُلٌ مُوثَخُ الخَلْقِ وَمَوْثُوخُهُ: کمزور جسم کا مرد۔
وَثُرَ يَوْثُرُ وَثَارَةً الفِرَاشُ: بچھونے کا نرم و ملائم ہونا۔ صفت وَثِيرٌ...... لَحْمُهُ: بہت گوشت والا ہونا...... الرَّجُلُ: موٹا ہونا۔
وَثَرَ يَثِرُ وَثْرًا وَوَثَرَ الفِرَاشَ: بچھونے کو روندنا۔ نرم کرنا۔
اِسْتَوْثَرَ الفِرَاشَ: بچھونے کو نرم پانا۔ مِنَ المَالِ: بہت لینا۔
الوَاثِر: فا۔ ثابت قدم۔
الوِثْر: مص۔ چمڑے کا ٹکڑا جس کو تسمہ کے طور

پر لیا کاٹا جائے۔ صدری کے مانند ایک کپڑا۔
الوِثْر: ایک قسم کا کپڑا جو سارے کپڑوں سے اوپر رہتا ہے۔ نرم (...... وَالمِيثَرَةُ) زمین پر رکھنے کا گدیلا۔ ج مَوَاثِرُ وَمَيَاثِرُ۔
الوَثِر والوَثِير: نرم و ملائم۔ الوَثِيرُ: بمعانی وِثْر۔
الوَثِيرَة۔ وثير: کا مؤنث۔ بہت گوشت والی۔ ج وَثَائِرُ وَوِثَارٌ۔
الوِثَار: نرم بچھونا۔
الوَثَارَة والوِثَارَة: بچھونے کی نرمی۔
المَوَاثِر والمَيَاثِر: درندوں کی کھالیں۔ ریشم و دیبا کی بنی ہوئی۔
وَثَغَ يَثِغُ وَثْغًا رَاسَهُ: توڑنا۔ کچلنا۔
الوَثْغَةُ مِنَ المَطَرِ: تھوڑی بارش۔
الوَثِيغَة: موسم بہار کی اُلجھی ہوئی گھاس۔
الوَثِيغَةُ مِنَ المَطَرِ: تھوڑی بارش۔
وَثَفَ يَثِفُ وَثْفًا وَثَّفَ وَاَوْثَفَ القِدْرَ: ہانڈی کے لئے پایہ بنانا۔
وَثِقَ يَثِقُ ثِقَةً وَثُوقًا وَمَوْثِقًا بِفُلَانٍ: بھروسہ کرنا۔ صفت فاعل وَاثِقٌ اور صفت مفعول مَوْثُوقٌ بِهِ۔
وَثُقَ يَوْثُقُ وَثَاقَةً الشَّيْءُ: قوی و مضبوط ہونا۔
وَثَّقَ الرَّجُلَ: مضبوط و استوار کرنا۔
وَثَّقَ الاَمْرَ: مضبوط کرنا...... الرَّجُلَ: کسی شخص کو معتبر کہنا۔
اَوْثَقَهُ اِيثَاقًا: رسی سے باندھنا۔
وَاثَقَهُ وِثَاقًا وَمُوَاثَقَةً: معاہدہ کرنا۔
تَوَثَّقَ: مضبوط و قوی ہونا...... فِي الاَمْرِ: وثیقہ لینا۔
تَوَاثَقَ القَوْمُ: باہم عہد و پیمان ہونا۔
اِسْتَوْثَقَ مِنْهُ: وثیقہ لینا...... مِنَ الاَمْوَالِ: حفاظت میں مبالغہ کرنا۔
الثِّقَة: مص۔ قابل بھروسہ۔ لفظاً واحد مذکر مؤنث واحد جمع سب کے لئے مستعمل ہے اور کبھی ثقات کے وزن پر مذکر و مؤنث دونوں کے لئے جمع لاتے ہیں اور کہا جاتا

ہے "فُلَانٌ اَیْمُوثَقٌ بِہٖ" یعنی فلاں بہادر ہے اور اس کی بہادری پر بھروسہ کیا جاتا ہے۔
اَلوَثَاق والوِثَاق: باندھنے کی چیز جیسے رسّی وغیرہ ج وُثُق۔
اَلوَثِیق: مضبوط۔ ج وِثَاق۔
اَلوَثِیقَة وَثِیق: کا مؤنث۔ قابلِ اعتماد۔ کام کی مضبوطی۔ اَرْضٌ وَثِیقَةٌ: بہت گھاس والی زمین ج وَثَائِق۔
اَلاَوْثَق: اسم تفضیل۔ مؤنث وُثْقٰی اور اسی سے ہے "اِسْتَمْسَکَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰی" اس نے مضبوط حلقہ پکڑ لیا اور کہا جاتا ہے "خُذِ الْاَمْرَ بِالْاَوْثَقِ" معاملہ کو مضبوطی کے ساتھ اختیار کرو۔
اَلمَوْثِق والمِیثَاق: عہد۔ ج مَوَاثِق ومَیَاثِق ومَوَاثِیق ومَیَاثِیق۔
اَلْوَثَّاقِیَّةُ: زیتون کی قسم کا ایک چھوٹا درخت جس کے پتے آمنے سامنے ہوتے ہیں پھول خوشہ کی شکل میں لٹکے ہوتے ہیں زینت کے لئے بویا جاتا ہے۔
وَثَلَ الْمَالَ: مال جمع کرنا......الشَّیْءَ: مضبوط واستوار کرنا۔
اَلوَثَل: درخت خرما کے چھال کی رسی۔ چمڑے کا میل کچیل۔
اَلوَثِیل: درخت خرما کی چھال۔ درخت خرما کی چھال کی رسّی یا جوٹ کی رسّی۔
وَثَمَ یَثِمُ وَثْمًا الشَّیْءَ: توڑنا۔ کوٹنا۔ وَثَمَ الْمَطَرُ الْاَرْضَ: زور سے بارش ہونا......الفَرَسُ الْاَرْضَ: گھوڑے کا زمین پر پاؤں مارنا۔
وَثِمَتْ وَثْمًا و وَثَمًا الْحِجَارَةُ رِجْلَهٗ: پتھروں کا پیر کو خون آلود کر دینا۔
وَثِمَ یَوْثَمُ وَثْمًا الْمَکَانُ: کم گھاس والی ہونا۔
وَثُمَ یَوْثُمُ وَثَامَةً: بہت گوشت والا اور گٹھا ہونا۔ صفت وَثِیم۔
وَاثَمَ مُوَاثَمَةً فِی الْعَدْوِ: دشمنوں میں گھستے ہوئے چلا جانا۔

اَلوَثِیمَة: پتھر۔ چقماق کا پتھر۔ گھاس یا نباتات کا ڈھیر۔
اَلوَثَم: کمی۔
خُفٌّ مِیْثَمٌ: بہت پامال کرنے والا کھر۔
وَثَنَ یَثِنُ وُثُوْنًا: عہد پر قائم رہنا۔
اَوْثَنَهٗ اِیْثَانًا: بہت عطیہ دینا......مِنَ الْمَالِ: بہت لینا۔
اِسْتَوْثَنَ اِسْتِیثَانًا الشَّیْءُ: باقی رہنا۔ مضبوط ہونا......الْمَالُ: مال یعنی مویشی کا موٹا ہونا......مِنَ الْمَالِ: بہت لینا۔
اِسْتَوْثَنَتِ الْاِبِلُ: اولاد کا بڑھنا۔
اَلوَاثِن: فا۔ ایک جگہ پر قائم رہنے والا۔ ج وُثُن۔
اَلوَثَن: بت۔ ج اَوْثَان ووُثْن ووُثُن واُثُن۔
اَلوَثَنِیُّ: بت پرست۔
وُثِئَتْ تُوثَأُ وَثْأً یَدُهٗ: ہاتھ میں موچ ہونا۔ صفت مَوْثُوءَة۔
اَوْثَأَ اِیثَاءً الرَّجُلُ: زخمی یا شکستہ سواری والا ہونا۔
اَلوَثْءُ: موچ۔
اَلوُثَاء: تکلیف۔
اَلمِیثَاءَة: موگری۔ ہتھوڑا۔
وَجَّ یَوُجُّ وَجًّا: تیز چلنا۔ دوڑنا۔
اَلوَجُّ: مص۔ تیزی۔ شتر مرغ۔ قطا۔ بل کی لکڑی۔ ایک دوا کا نام۔
وَجَأَ یَوْجَأُ وَجْأً وتَوَجَّأَ فُلَانًا بِالسِّکِّیْنِ او بِیَدِهٖ: کسی کی چھری یا ہاتھ سے مارنا۔ صفت مفعولی مَوْجُوْءٌ ووَجِیْءٌ اور اسم الوِجَاء......التَّمْرَ: کھجور کو کوٹنا۔
وَجَأَ تَوْجِئَةً الْبِئْرَ: ختم شدہ پانی والا پانا۔
اَوْجَأَتِ الْبِئْرُ: کنوئیں کا پانی ختم ہونا۔ اَوْجَأَ الرَّجُلُ: ناکام ہونا......فُلَانًا عَنْهُ: دور کرنا۔ ہٹانا۔
اِتَّجَأَ التَّمْرُ: کھجور کا گودے دار ہونا۔
اَلوَجْءُ والوَجَأ والوَجَاءُ: بے برکت چیز جیسے بے پانی کا کنواں۔
اَلوَجِیئَة: گائے۔ کھجور یا ٹڈیوں کو کوٹ کر گھی یا زیتون کے تیل میں لت پت کر کے تیار کیا ہوا کھانا۔

وَجَبَ یَجِبُ وُجُوْبًا وَجِبَةً الشَّیْءُ: ثابت ہونا۔ لازم ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَجَبَ الْبَیْعُ و وَجَبَ لِیْ عَلٰی فُلَانٍ کَذَا" یعنی بیع لازم ہو گئی اور میری فلاں پر اتنی چیز ثابت ہو گئی (...... وَجْبَةً الْحَائِطُ ونَحْوُهٗ) دیوار کا زمین پر گرنا......الرَّجُلُ: دن میں ایک دفعہ کھانا (...... وَجْبًا ووُجُوْبًا) الرَّجُلُ: مرتے ہوئے گرنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَهٗ فَوَجَبَ" اس نے اسے مارا پس وہ مر کر گر گیا......فُلَانًا عَنْهُ: باز رکھنا۔ ہٹا دینا۔ وَجَبَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب ہونا......الْعَیْنُ: آنکھ کا دھنس جانا۔ وَجَبَ وَجْبًا وَجِیْبًا ووَجَبَانًا الْقَلْبُ: دل کا تڑپنا۔ دھڑکنا۔
وَجُبَ یَوْجُبُ وُجُوْبَةً: بزدل ہونا۔
وَجَّبَ: دن میں ایک ہی مرتبہ کھانا......ہٗ: دن میں ایک ہی مرتبہ کھانے کا عادی بنانا اور ایسا ہی وَجَّبَ نَفْسَهٗ ولِنَفْسِهٖ: اپنے کو ایک ہی مرتبہ کھانے کا عادی کرنا......النَّاقَةَ: اونٹنی کو دن رات میں صرف ایک مرتبہ دوھنا......الْاَمْرَ عَلَیْهِ: لازم کرنا......بِهِ الْاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔ وَجَّبَتِ الْاِبِلُ: اونٹ کا تھکنا۔ وَجَّبَ اللَّبَنُ فِیْ ضَرْعِ النَّاقَةِ: دودھ کا تھن میں جم جانا۔ البَعِیْرُ: اونٹ کا بیٹھنا۔
اَوْجَبَ اِیْجَابًا لِفُلَانٍ حَقَّهٗ: رعایت کرنا۔ کہا جاتا ہے "قَدْ فَعَلْتُ ذٰلِکَ اِیْجَابًا لِحَقِّهٖ: میں نے اس کے حق کی رعایت کی وجہ سے یہ کیا......الشَّیْءَ: واجب کرنا یا سمجھنا۔ اَوْجَبَ الْبَیْعَ: لازم کرنا......الرَّجُلُ: دن میں ایک مرتبہ کھانا۔ جنت یا جہنم کے لائق کام کرنا......اللّٰهُ قَلْبَهٗ: دل کو تڑپانا۔ دھڑکانا۔
وَاجَبَهٗ وِجَابًا ومُوَاجَبَةً: لازم کرنا۔
تَوَجَّبَ: دن میں ایک مرتبہ کھانا۔
تَوَاجَبُوْا: باہم شرط لگانا (گویا کہ بعض نے بعض پر کچھ واجب کیا)

اِسْتَوْجَبَ اِسْتِیْجَابًا الشَّیْءَ : مستحق ہونا۔ واجب ولازم جاننا۔
الـوَجْـبُ : مص بڑی مشک۔ ج وِجَابٌ (..... والـوَجَـاب والـوَجَـابَة : بزدل۔ قَلْبٌ وَجَابٌ : بہت دھڑکنے والا دل۔
الوَجْبُ : گھوڑ دوڑ یا تیراندازی کی شرط۔
الـوَجْبَة : مص دھما کے کے ساتھ گرنا۔ یا گرنے والے کی آواز۔ دن میں ایک مرتبہ کی خوراک۔ ج وَجَبَات۔
الوُجُوْب : مص ثبوت۔ ذات کا اپنی عین کا اقتضاء کرنا اور خارج میں متحقق ہونا۔
الوَجِیْبَة : وظیفہ۔ بیع کو واجب کرنا۔ پھر پہلے پہل لینا اور جب لے کر فارغ ہو چکو تو کہا جاتا ہے "قَدْ اِسْتَوْفَیْتَ وَجِیْبَتَکَ"۔
الـوَاجِب : فا۔ لازم اور جائز ممکن ممتنع کے مقابل پر بھی بولا جاتا ہے۔ الـوَاجِـب : مقتول۔ وَاجِبُ الوُجُوْد : جس کا وجود بذاتہ ہو اور وہ کسی کا محتاج نہ ہو اور ہمیشہ سے ہو اور ہمیشہ رہے۔
المُوْجِب : فا۔ سبب۔ باعث۔
المُوْجَب : مفع ..... مِنَ الکَلَامِ : جس میں نفی نہی استفہام ہو۔
الـمُـوْجِبَة : بڑی نیکی یا بڑا گناہ جو باعث جنت یا جہنم ہو۔
الـمَـوْجَب : موت۔ ج مَوَاجِب کہا جاتا ہے "خَرَجَ القَوْمُ اِلٰی مَوَاجِبِهِمْ" قوم اپنی موت کی جگہوں میں گئی۔
وَجَحَ الشَّیْءُ : ظاہر ہونا۔
اَوْجَحَ : ظاہر ہونا ..... الحَافِرُ : کھودنے میں چٹان تک پہنچنا ..... البَیْتَ : گھر پر پردہ لٹکانا ..... ہٗ اِلٰی کَذَا : مجبور کرنا۔ اوجحت النَّارُ : آگ کا چمکنا ..... غُرَّةُ الفَرَسِ : گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی کا واضح ہونا۔ اَوْجَـحَ الـبَـوْلُ فُلَانًا ..... : پیشاب کا کسی کو تکلیف پہنچانا۔
الـوَجَـاح : چکنا پتھر (..... الـوُجَـاح والوِجَاح) پردہ۔
الوَجَحُ : غار کے مانند۔
الـمُوْجَح : مفع۔ جائے پناہ۔ چکنا چمڑا ..... (والوَجِیْح) مضبوط وگف بنا ہوا کپڑا۔
الـمُـوْجَـح مِـنَ الاَبْـوَابِ : بند کیا ہوا دروازہ۔
وَجَـدَ وَوَجَـدَ یَجِد وَجْدًا وَوُجْدًا وَجِدَةً وَوُجُوْدًا وِجْدَانًا وَاِجْدَانًا المَطْلُوْبَ : پانا۔ ضائع ہونے کے بعد کامیاب ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَجَدْتُ الضَّالَّةَ" میں نے گم شدہ کو پالیا۔ وَجَـدَ افعال القلوب میں سے بھی ہے اس صورت میں دو مفعول کو نصب دیتا ہے جیسے وَجَدْتُ کَلَامَکَ صَادِقًا اور اس کا مصدر وُجُوْدٌ ہے۔
وَجَدَ یَجِد وَجْدًا وَجُدًا وَوُجْدًا۔
وجدةً المَالَ ونَحْوَهٗ : مستغنی ہونا۔
وَجَـدَ یَجِدُ وَیَجُدُ وَجْدًا وجدةً ومَوْجِدَةً ووِجْدَانًا عَلَیْهِ : غضبناک ہونا ..... وَجْدًا) بفُلَانٍ : بہت محبت کرنا ..... لَهٗ : غمگین ہونا۔
وَجِدَ یَوْجَدُ وَجْدًا : بہت محبت کرنا۔ لَهٗ : غمگین ہونا۔
وُجِدَ وُجُوْدًا الشَّیْءُ عَنْ عَدَمٍ : نیست سے ہست ہونا۔ صفت مَوْجُوْد۔
اَوْجَدَ اِیْجَادًا اللّٰهُ الشَّیْءَ : موجود کرنا ..... فُلَانًا : غنی کرنا۔ قوی کرنا ..... ہٗ مَطْلُوْبَهٗ : کامیاب کرانا۔ فتح مند کرانا۔ حاصل کرانا۔
اَوْجَدَهٗ عَلَی الاَمْرِ : مجبور کرنا۔ اَوْجَدَهٗ اِلَیْهِ : مضطر کرنا۔
تَوَجَّدَ بِهٖ : محبت کرنا ..... لَهٗ : غمگین ہونا۔
السَّهَرَ وَنَحْوَهٗ : بے خوابی وغیرہ کی شکایت کرنا۔
تَوَاجَدَ : محبت یا خوشی یا غم یا تکلیف ظاہر کرنا۔
الـوَجْـد : مص پانی جمع ہونے کی جگہ ج وِجَادٌ (..... والمُوْجد والوِجْد) محبت۔ خوشی۔ تو انگری۔ قدرت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مِنْ وَجْدِیْ" یہ میری قدرت میں ہے۔
الجِدَة : مص ..... [illegible]
الوِجْدَان : مص اور متصوفین کے نزدیک بمعنی نفس اور اس کی باطنی قوتیں۔
الوِجْدَانِیّ : ہر وہ چیز جس کو انسان اپنے نفس سے محسوس کرے۔ جو چیزیں باطنی قوتوں سے محسوس ہوں۔ ج وِجْدَانِیَّات۔
الـوَاجِد : فا۔ تو انگر۔ محب اور کہا جاتا ہے اَنَا وَاجِدٌ لِلشَّیْءِ : میں اس پر قادر ہوں۔
الوَجَّاد : بہت غضبناک۔
الوَجِیْد : ہموار زمین۔ ج وُجْدَان۔
الوُجُوْد : مص ہست۔ عدم کا خلاف۔
الوُجُوْدِیّ : عدمی کا خلاف۔
اَوْجَدَہٗ اِلٰی کَذَا : مضطر کرنا ..... عَلَیْهِ : مجبور کرنا۔
الـوَجْـد : پہاڑ کا گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے اور بقول بعض حوض ج وِجَـاد ووُجْدَان۔
مَـکَـان وَجِـدٌ : بہت گڑھوں والی۔ یا بہت حوض والی جگہ۔
وَجِـرَ یَـوْجَـرُ وَجَرًا مِنْ کَذَا : خوف کرنا۔ صفت مذکر وَجِــرٌ واَوْجَر صفت مؤنث وَجِرَةٌ ووَجْرَاء۔
وَجَـرَہٗ یَجِرُہٗ وَجْرًا : منہ میں دوا ڈالنا۔ وَجَرَ فُلَانًا : ناپسندیدہ باتیں سنانا۔
اَوْجَـرَہٗ اِیْجَارًا الوَجُوْرَ : منہ میں دوا ڈالنا ..... ہٗ الرُّمْحَ : منہ میں نیزہ مارنا۔
تَـوَجَّـرَ الـمَـاءَ : ناپسندیدگی سے پینا ..... الدَّوَاءَ : دوا کو تھوڑا تھوڑا نگلنا۔
اِتَّجَرَ وَجُوْر : سے علاج کرنا (اس کی اصل اَوْتَجَرَ ہے) دیکھو وَجُوْر۔
الـوَجْـر : مص۔ پہاڑ میں غار کے مانند ج اَوْجَار۔
الـوُجْـرَة والوِجْرَة : وحشی جانوروں کو شکار کرنے کا گڑھا۔ ج اَوْجَار
الـوِجَار والوَجَار : بجو وغیرہ کا بھٹ۔ وادی کا وہ حصہ جس کو سیلاب نے کھود دیا ہو۔ ج اَوْجِرَة ووُجُر۔
الوُجُوْر والوَجُوْر : منہ میں ٹپکانے کی دوا۔

الميجز والميجزة: مدرسة ... آلہ۔

الميجاز: چوگان کے مانند ایک لکڑی جس سے گیند کو مارتے ہیں۔

وَجَزَ يَجِزُ وَجْزًا الكَلامَ: کلام مختصر کرنا۔

(وَوَجُزَ يَوْجُزُ وَجْزًا وَجَازَةً وَوُجُوْزًا)

الرَّجُلُ فِي مَنْطِقِهِ: مختصر گو ہونا۔

وَجُزَ يَوْجُزُ وَجَازَةً الكَلامُ: کلام مختصر و بلیغ ہونا۔

أَوْجَزَ إِيْجَازًا الكَلامُ: مختصر ہونا......الكَلامَ وفِي الكَلامِ: مختصر کرنا......العَطِيَّةَ: جلدی دینا۔

تَوَجَّزَ الشَّيْءَ: حاجت پوری کرنے کو کہنا۔

إِسْتَوْجَزَ إِسْتِيْجَازًا الكَلامَ: زوائد کو حذف کر دینا۔

الوَجْز. رَجُلٌ وَجْزٌ: جلدی دینے والا یا مختصر گو (...... وَالوَجِيْز والوَاجِز) ہلکا اور مختصر......مِنَ الكَلامِ: جلدی سے سمجھ میں آنے والا مختصر کلام۔

المِيْجَاز: مختصر کلام۔ بولنے کا عادی۔

وَجَسَ يَجِسُ وَجْسًا: پوشیدہ ہونا۔

وَجَسَتِ الأُذُنُ: کان کا آہٹ محسوس کرنا (...... وَجْسًا وَجَسَانًا) سنی ہوئی چیز سے گھبرانا۔

أَوْجَسَ إِيْجَاسًا الرَّجُلُ: محسوس کرنا اور دل میں چھپانا۔ کہا جاتا ہے "أَوْجَسَ القَلْبُ فَزَعًا" یعنی دل نے گھبراہٹ محسوس کی۔

أَوْجَسَتِ الأُذُنُ: کان کا آہٹ سننا۔

تَوَجَّسَ: آہٹ پر کان لگانا......الطَّعَامَ او الشَّرَابَ: تھوڑا تھوڑا چکھنا......فَزَعًا: گھبراہٹ محسوس کرنا......الصَّوْتَ: خوفزدہ ہو کر سننا۔ تَوَجَّسَتِ الأُذُنُ: آواز سننا۔

الوَجْس: مص۔ آہستہ آواز۔ دل کی گھبراہٹ۔

الوَاجِس: فا۔ دل میں آنے والا خیال۔

الأَوْجَس: تھوڑی خورد و نوش۔ زمانہ۔ کہا جاتا ہے "لا أَفْعَلُهُ سَجِيْسَ الأَوْجَسِ"

میں اس کو کبھی نہیں کروں گا۔

وَجِعَ يَوْجَعُ وَجَعًا: مریض اور دردمند ہونا۔ اس کے مضارع میں يَيْجَعُ اور يَاجَعُ واو کو ی یا الف سے بدل کر بھی بولتے ہیں (وَجِعَ فُلانًا رَأْسُهُ وَوَجِعَ فُلانٌ رَأْسَهُ" فلاں کے سر میں درد ہے۔

أَوْجَعَهُ إِيْجَاعًا: دردمند کرنا۔ تکلیف پہنچانا

أَوْجَعَ فِي العَدُوِّ: دشمن کی بہت خونریزی کرنا۔

تَوَجَّعَ: شکایت کرنا۔ غم ظاہر کرنا......لَهُ: نرم دل ہونا۔

الوَجَع: مرض و تکلیف ج وِجَاعٌ و أَوْجَاعٌ.

الوَجِع: درد والا۔ ج وَجِعُوْنَ ووَجْعَى ووَجَاعَى ووِجَاعٌ وأَوْجَاعٌ مؤنث وَجِعَةٌ ج وَجَاعَى ووَجِعَات.

الجِعَة: جو کی نبیذ۔

الأَوْجَع: بہت تکلیف پہنچانے والا۔ (یہ اسم تفضیل کا صیغہ ہے اور شاذ ہے اس لئے کہ أَوْجَعَ ثلاثی مزید سے بنایا گیا ہے)

الوَجْعَاء: دبر۔ ج وجعاوات.

الوَجِيْع: درد پہنچانے والا۔ کہا جاتا ہے "ضَرْبٌ وَجِيْعٌ" دردناک مار۔ جیسے کہا جاتا ہے "عَذَابٌ أَلِيْمٌ".

وَجَفَ يَجِفُ وَجْفًا ووَجِيْفًا ووُجُوْفًا الشَّيْءُ: مضطرب ہونا (...... وَجِيْفًا) القَلْبُ: دل کا دھڑکنا۔ صفت وَجَّاف ووَاجِف (......وَجْفًا وَجِيْفًا) الفَرَسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا۔ صفت وَاجِف.

أَوْجَفَ الفَرَسَ: گھوڑے کو تیز دوڑانا۔ الشَّيْءَ: حرکت دینا۔ مضطرب کرنا...... البَابَ: دروازہ بند کرنا۔

إِسْتَوْجَفَ الحُبُّ فُؤَادَهُ: محبت کا دل کو شیفتہ کرنا۔

نَاقَةٌ مِيْجَاف: تیز دوڑنے والی اونٹنی۔

الوَجِيْف: مص۔ خوف سے کرنا۔

الوُجَّاف والأَوْ...

الیتیمی۔ فوج کی ترتیب۔ ج وُجَافَات (دخیل)

وَجِلَ يَوْجَلُ وَجَلاً ومَوْجِلاً: ڈرنا یا خوف محسوس کرنا اور اس کا مضارع يَيْجَلُ اور يَاجَلُ واو کو یاء یا الف سے بدل کر اور يِيْجَلُ علامت مضارع کے کسرہ کے ساتھ بھی بولا جاتا ہے۔

وَجَلَهُ يَوْجُلُهُ وَجْلاً: خوف میں بڑھ جانا۔

وَجُلَ يَوْجُلُ وَجَالَةً: بوڑھا ہونا۔

وَاجَلَهُ مُوَاجَلَةً فَوَجَلَهُ: خوف میں مقابلہ کرنا۔

أَوْجَلَهُ: ڈرانا۔

الوَجَل: خوف۔ ج أَوْجَال.

الوَجِل: خوف کرنے والا۔ ج وَجِلُوْنَ ووِجَال مؤنث وَجِلَة.

الأَوْجَل: خوف کرنے والا (مؤنث کے لئے وَجْلاء نہیں بلکہ وَجِلَة بولا جاتا ہے) اور کہا جاتا ہے "هُوَ أَوْجَلُ مِنْكَ" وہ تم سے زیادہ خائف ہے۔

الوَجِيْل والمَوْجِل: گڑھا جس میں پانی جمع ہو۔ المَوْجَل: خوف کی جگہ۔

الوُجُوْل: بڈھے۔

وَجَمَهُ يَجِمُهُ وَجْمًا: مکا مارنا (...... وَجْمًا وُجُوْمًا) شدت غیظ یا خوف سے گفتگو سے عاجز رہنا۔ کہا جاتا ہے "لَمْ أَجِمْ عَنْهُ" میں اس سے گھبرا کر خاموش نہیں ہوا۔ شدتِ غم کی وجہ سے ترش رو ہو کر سر جھکانا۔ صفت وَجِمٌ ووَاجِمٌ. وَجَمَ مِنَ الأَمْرِ: ناپسند کر کے رک جانا......الشَّيْءَ: ناپسند کرنا۔ وَجَمَ لِفُلانٍ مِنْ كَذَا: نرم دل اور غمگین ہونا۔

الوَجْم: مص۔ رَجُلٌ وَجْمٌ: ناکارہ مرد۔ کہا جاتا ہے "هُوَ وَجْمُ سُوْءٍ" وہ برا آدمی ہے۔

الوَجَم: بخیل۔ لئیم۔ ہلکا پھلکا۔

الوَجْم والوَجَم: قبروں یا ٹیلوں پر پتھروں کا ڈھیر یا جنگلوں میں راستہ کے نشانات ج وُجُوْم وأَوْجَام. بَيْتٌ وَجْمٌ ووَجَمٌ: بڑا

گھر۔

الاَوْجَم: اسم تفضیل۔اَوْجَمُ الرَّمَلِ: ریت کا بڑا قطعہ۔

الوَجْمَة: ایک مرتبہ کی خوراک۔

الوَجْمَة: ننگ وعار۔

الوَجِيمِ مِنَ الْاَيَّامِ: سخت گرم دن۔

الوَجِيمَةُ: گیہوں یا چارہ۔آفت رسیدہ۔

المِيجَمَةُ: دھوبی کی موگری۔

وَجَن يَجِنُ وَجْنا بِالْشي: پھینکنا......الوَتَد: کھونٹی ٹھونکنا......بِہِ الْاَرْض: زمین پر پٹکنا......الْقَصَّارُ الثَّوبَ: دھوبی کا کپڑے کو پچھوڑنا۔

وَجُنَ الْجِلدُ: کھال کو نرم ہونے کے لئے کوٹنا۔

تَوَجَّنَ: ذلیل ہونا۔فروتنی کرنا۔

الوَجْنَة والوِجْنَة والوُجْنَة والوَجَنَة والوَجِنَة والاَجْنَة والإِجْنَة والاُجْنَة: رخسارہ میں اُبھری ہوئی جگہ ج وَجَنَات۔

الوَجْن والوَجَن والوَاجِن: پتھریلی سخت زمین۔

الوَجِيْن: وادی کا کنارہ۔سامنے کی قدرے اونچی اور پتھریلی زمین ج وُجُن۔

الاَوْجَن: سخت پہاڑ۔بڑے رخساروں والا۔مؤنث وَجْناءُ۔نَاقَةٌ وَجْناء: سخت اونٹنی۔

المُوَجَّن: بڑے رخساروں والا۔بہت گوشت والا موٹا۔

المِيجَنَة: موگری۔ج مَيَاجِن ومَوَاجِن۔

المَوْجُوْن: مفع۔شرمندہ۔

المَوْجُوْنَة: دلہن کا آراستہ کمرہ۔

وَجَهَ يَجِهُ وَجْهًا فُلانًا: منہ پر مارنا اور رد کرنا۔لوگوں کے نزدیک وجاہت میں بڑھ جانا۔

وَجُهَ يَوْجُهُ وَجَاهَةً: وجیہ ہونا۔صاحب وجاہت ہونا۔

وَجَّهَ اِلٰى فُلاَن: کسی کے پاس جانا......ہٗ اِلٰى فُلاَن: کسی کے پاس بھیجنا......ہٗ الاَمِـ......

باعزت بنانا......وَجَّهَ الشَّيْئَ: کسی طرف پھیر دینا۔القَوْمُ الطَّرِيقَ: راستہ پر چلنا اور نشان واضح کرنا۔لِعَبْدِہٖ: غلام سے اپنے مرنے کے بعد آزادی کے لئے کہنا......الْمَطَرُ الْاَرْض: ایک روش کی بارش ہونا۔سطح زمین کو صاف کر دینا اور نشان ڈال دینا......الرِّيحُ الْحَصٰى: ہوا کا کنکریوں کو اڑانا......المَيِّتَ: میت کو قبلہ رو کرنا۔

اَوْجَهَ اِيْجَاهًا الرَّجُلَ: وجیہ بنانا۔وجیہ پانا۔رد کرنا۔

وَاجَهَہٗ وِجَاهًا ومُوَاجَهَة: رُودررُو مقابلہ کرنا۔کہا جاتا ہے "لَقِيَہٗ مُوَاجَهَةً وِوِجَاهًا" اس نے اس سے رُودررُو ملاقات کی۔

تَوَجَّهَ اِلَيْہِ: متوجہ ہونا اور قصد کرنا......الْجَيْشُ: شکست کھانا......الشَّيْخُ: بڈھا ہونا۔

تَوَاجَهَ الرَّجُلاَنِ او الْمَنْزِلاَنِ: ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔

اِتَّجَهَ اِلَيْہِ: متوجہ ہونا......لَہٗ رَاْيٌ: خیال سوجھنا۔

الوَجْہ: چہرہ۔ج اَوْجُہ ووُجُوْہ واُجُوْہ۔وَجْہُ الثَّوْبِ ونَحْوِہٖ: کپڑے وغیرہ کا سامنے کا پہلو۔وَجْہُ الدَّهْرِ: زمانہ کا اوّل۔کہا جاتا ہے "كَانَ ذٰلِكَ عَلٰى وَجْہِ الدَّهْرِ" یہ زمانے کے شروع میں تھا۔

الوَجْہ: مص۔جانب۔قصد ونیت جس عمل وغیرہ کی طرف انسان متوجہ ہو۔عزت ومرتبہ۔وَجْہُ الْكَلاَمِ: مقصود کلام۔رضامندی۔کہا جاتا ہے "فَعَلَ ذٰلِكَ لِوَجْہِ اللّٰہِ" اس نے اس فعل کو اللہ کی رضامندی کے لئے کیا۔"وضَرَبَ وَجْہَ الْاَمْرِ وعَيْنَہٗ" اس نے کام کی اچھی تدبیر کی۔"وَمَضٰى عَلٰى وَجْهِہٖ" وہ لاپروائی سے گزر گیا "اِبْيَضَّ وَجْهُہٗ وبَيَّضَ اللّٰہُ وَجْهَہٗ" اس وقت کہا جاتا ہے جبکہ کوئی فعل ......

وسَوَّدَ اللّٰہُ وَجْهَہٗ" اس وقت بولا جاتا ہے جبکہ فعل مذموم کرے......ج وُجُوْہ: سردار قوم اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ وَجْہٌ" یعنی صاحب عزت ومرتبہ مرد۔الوَجْہ: نوع وقسم جیسے "اَلْكَلاَمُ فِيہِ عَلٰى وُجُوہٍ عَلٰى اَرْبَعَةِ وُجُوہٍ۔وَلَيْسَ لِكَلاَمِكَ وَجْہٌ" یعنی تمہارے کلام کے لئے صحت کی کوئی صورت نہیں "وَالوَجْہُ اَنْ يَكُوْنَ كَذَا" یعنی ظاہری قصد ہے کہ ایسا ہو "وَلِهٰذَا الْقَوْلِ وَجْہٌ" یعنی اس قول کے لئے ماخذ ہے "وَفُلاَنٌ اَحْسَنُ الْقَوْمِ وَجْهًا" فلاں قوم کے لحاظ سے بہتر حال میں ہے اس لئے کہ عموماً حسن ظاہر حسن باطن پر دلالت کرتا ہے "وَصَرَفَ الشَّيْئَ عَنْ وَجْهِہٖ" اس نے چیز کو اس کے طریقے سے پھیر دیا۔"وَرَجُلٌ ذُوْ وَجْهَيْنِ" جبکہ ضمیر کے خلاف ظاہر کرے۔

الوَجْہ والوَجَہ: تھوڑا پانی۔

الوِجْہ والوُجْہ: جانب۔گوشہ۔

الوَجْہ والوُجْہ: صاحب عزت ومرتبہ۔

الجِهَة والجَهَة والجُهَة ج جِهَات وجَهَات وجُهَات والوُجْهَة والوِجْهَة: جانب۔گوشہ جس کی طرف تم توجہ کرو۔اور کہا جاتا ہے "ضَلَّ وِجْهَةَ اَمْرِہٖ" وہ اپنے مقصد سے نکل گیا۔

الوَجَاهَة: مص۔مرتبہ۔عزت۔حرمت۔کہا جاتا ہے "لَہٗ وَجَاهَةٌ عِنْدَ النَّاسِ" اس کی لوگوں کے نزدیک عزت وحرمت ہے۔

التَّوْجِيہ: مص......فِي عِلْمِ العَرُوض: روی مقید کے قبل کے حرف کی حرکت کا اختلاف۔روی مطلق اور تاسیس کا درمیان۔کہا جاتا ہے "هُمْ وِجَاہُ اَلْفٍ" وہ ایک ہزار کے قریب تھا۔کہا جاتا ہے "وَجَاهَہٗ ووِجَاهَہٗ وُجَاهَہٗ وتَجَاهَہٗ وتُجَاهَہٗ وتِجَاهَہٗ: سامنے۔مقابل اور کہا جاتا ہے "قَعَدُوْا تُجَاهَہٗ وُجَاهَہٗ" وہ لوگ اس کے سامنے بیٹھے۔

الوَجِيہ: سردار قوم۔آبرو والا۔مرتبہ والا ج

وَجْهَـةٌ مؤنث وَجِيْهٌ ج وَجِيْهَاتٌ
وَجْنَـةُ الْوَجْـهِ مِنَ الْاَكْسِيَةِ: دوررخی
چادر۔الْوَجِيـه: پاؤں کے بل پیدا ہونے
والا بچہ۔
الْوَجِيْهَة. وَجِيـه: کا مؤنث۔ایک قسم کا دو
رخہ مہرہ جس میں صورت نظر آتی ہے اور
بسااوقات اس کو نظر بد سے بچنے یا حصول
عزت کے لئے گردن میں لٹکاتے ہیں۔
الْاَوْجَه: اسم تفضیل۔کہا جاتا ہے "هُوَ اَوْجَهُ
قَوْمِهٖ" وہ اپنی قوم میں زیادہ مرتبہ والا ہے۔
کہا جاتا ہے نَظَرُوْا اِلَيَّ بِاُوَيْجِه سُوْءٍ یعنی
انہوں نے مجھ کو بری نظر سے دیکھا۔
اُوَيْجِه. اَوْجُه جمع وَجْهٌ کی تصغیر ہے۔
الْمُوَجَّه: مرتبہ والا......مِنَ الْكِسَاءِ: دورخی
چادر۔شَـيٌ مُّوَجَّهٌ: ایک روش پر بنی ہوئی
چیز۔
الْمُوَاجَهَة: مص۔کسی کا کلام یا چہرے سے
استقبال کرنا۔
وَجِيَ يَجِي وَجِيَ الرَّجُلُ: ناکارہ ونکما پانا۔
وَجِيَ يَوْجَي وَجًى وَتَوَجَّى الْمَاشِي: ننگے
پاؤں ہونا یا قدم گھسنا۔صفت وَجٍ ووَجِـيٌّ
مؤنث وَجِيَةٌ ووَجْيَاء.
اَوْجَى اِيْجَاءً الرَّجُلَ: پاؤں گھسانا۔دینا
عَلَيْهِ: بخل کرنا......عَنْ كَذَا: اعراض کرنا
......الشَّيْئَ: دور کرنا.......فُلَانًا: حاجت سے
ہٹادینا۔کہا جاتا ہے "اَوْجَاهُ عَنْهُ" اس نے
اس کو اس سے ہٹادیا "وَاَوْجَيْتُ عَنْكُمْ
ظُلْمَ فُلَانٍ" میں نے تم سے فلاں کے ظلم کو
دور کردیا۔اَوْجَى الرَّجُلُ: حاجت کے
لئے آنا اور ناکام واپس ہونا اور کہا جاتا ہے
"سَالَ حَاجَةً فَاَوْجَى" اس نے حاجت کا
سوال کیا اور محروم رہا۔
الْوِجَاءُ: چھوٹی بوری۔ج اَوْجِيَةٌ.
الْوَجِيُّ: نکما ناکارہ۔
الْوُجَاب: اونٹ کی ایک بیماری کا نام۔
وَجِحَ يَوْجَحُ وَجَحًا بِهٖ: پناہ لینا۔
اَوْجَحَهٗ: پناہ دینا۔

الْوَجَحُ: جائے پناہ۔
وَحَدَ يَحِدُ وَحْدًا ووَحْدَةً وَحِدَةً
ووُحُوْدًا ووَحُدَ يَحِدُ وَحَادَةً ووُحُوْدَةً:
اکیلا ہونا۔صفت وَحِيْدٌ.
وَحَّدَهٗ تَوْحِيْدًا وَاَحَّدَهٗ: ایک بنانا وَحَّدَ اللهَ
تَعَالٰى: ایک اللہ تعالٰی پر ایمان لانا۔یکتا کہنا یا
لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ کہنا۔
اَوْحَدَهٗ اِيْحَادًا: اکیلا چھوڑ دینا۔یکتا جاننا
اَوْحَدَهٗ لِلْاَعْدَاءِ: چھوڑ دینا۔اَوْحَدَتِ
الشَّـاةُ: بکری کا ایک بچہ جننا۔صفت
مُوْحِد.
تَوَحَّدَ: تنہا باقی رہنا......بِرَاْيِهٖ: اپنی رائے
میں اکیلا رہنا۔تَوَحَّدَهٗ بِالْفَضْلِ: کسی پر
مہربانی کرنا اور دوسرے کی طرف سپرد نہ
کرنا۔
اِتَّحَدَ الشَّيْئَانِ: ایک ہونا......الشَّيْئُ
بِالشَّيْئِ: ایک چیز کا دوسری چیز سے گھل مل
جانا......الْقَوْمُ: متفق ہونا۔
الْوَحْد: مص۔کہا جاتا ہے "رَاَيْتُهٗ وَحْدَهٗ اَوْ
جَاءَ وَحْدَهٗ" میں نے اس کو اکیلا دیکھا یا وہ
اکیلا آیا۔مصدر ہونے کی وجہ سے اس کا
تثنیہ جمع نہیں آتا اور یہ حالیت کی وجہ سے
بتقدیر مفرد منصوب ہے اور بعضوں کے
نزدیک اسم متمکن ہے کہا جاتا ہے "جَلَسَ
وَحْدَهٗ وعَلٰى وَحْدِهٖ وعَلٰى وَحْدِهِمَا
وحَدَيْهِمَا ووَحْدِهِمْ" اور بعضوں کے
نزدیک اس کی اضافت صرف فُلَانٌ نَسِيْجُ
وَحْدِهٖ بصورت مدح اور عُيَيْرُ وَحْدِهٖ یا
جُحَيْشُ وَحْدِهٖ: بصورت ذم میں ہوتی ہے
اور کبھی رُجَيْلُ وَحْدِهٖ بھی کہتے ہیں۔رَجُلٌ
وَحَدٌ تنہا مرد۔اَجِيْرُ الْوَحْدِ: اجیر خاص۔
الْوَاحِدَانِيُّ: اکیلا۔
الْوَحْدَانِيَّةُ: اکیلا ہونے کی حالت۔
الْوَحْدَةُ الْفَلَكِيَّةُ: زمین کی سورج سے
دوری کی مسافت جو کہ مساوی
(۱۴۹۵۰۰۰ کلومیٹر) ہے۔
الْحِدَةُ: مص کہا جاتا ہے "[illegible]

حِدَتِهٖ" وہ تنہا باقی رہا۔"وَفَعَلَهٗ عَلٰى ذَاتِ
حِدَتِهٖ ومِنْ ذَاتِ حِدَتِهٖ ومِنْ ذِيْ حِدَتِهٖ"
اس نے اس کو خود بخود بغیر کسی کی مدد و رائے
کے کیا۔
الْوَحْدَة: مص۔تنہائی۔
الْـوَحْد والْوَحِد: اکیلا۔مؤنث وَحْدَةٌ
ووَحِدَةٌ.
الْاَحَد: اکیلا۔کہا جاتا ہے "رَجُلٌ اَحَدٌ"
اکیلا مرد۔اس کی اصل وَحَدٌ ہے واؤ کو ہمزہ
سے بدل دیا گیا ہے "اَلْاَحَد" لاثانی۔بے
نظیر اور لفظ احد دو موقعوں پر واحد کا
مترادف ہے۔ایک باری تعالٰی کی صفت
میں کہا جاتا ہے "هُوَ الْوَاحِد وهُوَ الْاَحَد"
اور اس معنی کے لحاظ سے باری تعالٰی کے
علاوہ کسی دوسرے کی صفت واقع نہیں ہوتا۔
دوسرے اسماء عدد میں جیسے اَحَدٌ وعِشْرُوْنَ
و وَاحِدٌ وعِشْرُوْنَ اور لفظ احد: مذکر کے
لئے آتا ہے کبھی مؤنث کے لئے بھی اطلاق
ہوتا ہے جیسے "لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِنَ النِّسَاءِ"
اس وقت شَـيْئٌ کے معنی میں ہے اور احد کی
تانیث احدیٰ ہے۔اور اس کا استعمال
دوسرے کے ساتھ مل کر ہوتا ہے جیسے اِحْدٰى
وعِشْرُوْنَ واِحْدٰى عَشَرَةَ واِحْدٰى بَنَاتِ
طَبَقٍ: مصیبت۔سانپ اور کہا جاتا ہے "هُوَ
اِبْنُ اِحْدَاهَا" وہ شریف ماں باپ والا
ہے (آدمی ہو یا اونٹ) ضمیر امہات کی
طرف راجع یوم ہے۔يَوْمُ الْاَحَدِ: اتوار کا
دن۔ج آحاد.
الْوَاحِد: ایک مؤنث وَاحِدَةٌ تثنیہ
وَاحِدَانِ ج وَاحِدُوْنَ: لاثانی۔کہا جاتا ہے
"هُوَ وَاحِدُ قَوْمِهٖ" وہ اپنی قوم میں لاثانی
ہے یعنی علم وفضیلت وغیرہ میں بڑھا ہوا ہے
ج وُحْدَان واُحْدَان: اور واحد کا استعمال
اَحَدٌ کے معنی میں ہے۔یعنی یکتا و لاثانی
ہے۔اسماء حسنیٰ میں اس معنی کے لحاظ سے
ہے اور کبھی عدد کی صفت میں آتا ہے جیسے
اَلْوَاحِدُ وعَشَرَةٌ وَاحِدَةٌ.

الوَحِیْد: اکیلا۔
اَلْاَوْحَد: واحد سے صفت کا صیغہ ہے اور اسی سے ہے "اَللّٰہُ الْاَوْحَدُ" یعنی اللہ وحدانیت والا ہے اور کہا جاتا ہے "ھُوَ اَوْحَدُ اَھْلِ زَمَانِہٖ" وہ اپنے زمانے والوں میں بے نظیر ہے ج اُحْدَان وَلَسْتُ فِیْ ھٰذَا الْاَمْرِ بِاَوْحَدِ" میں اس کام میں اکیلا نہیں ہوں اور مؤنث کے لئے وَحْدَاءُ کا صیغہ نہیں آتا۔
وُحَادو اُحَادو مَوْحَد: ایک ایک واحد واحد سے معدول ہے۔ تم کہتے ہو "جَاءُ وْا وُحَادَ وَاُحَادَ وَمَوْحَدَ" لوگ ایک ایک کر کے آئے اور ایسا ہی مؤنث کے لئے بھی اور یہ عدل اور وصفیت کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔
التَّوْحِید: مص۔ باری تعالیٰ کی وحدانیت کا اعتقاد۔
الاِتِّحَادِ اَوِ الْجِسْمِ الْمُرَکَّبُ: (کیمیا) دو یا دو سے زیادہ بسیط جسموں کے ذرات کے درمیان نسبہ تامہ کے ساتھ مضبوط ترکیب کا نتیجہ۔ جیسے پانی آکسیجن اور ہائیڈروجن سے مرکب ہے۔ اور یہ مرکب جسم اپنے مرکبات سے مکمل مختلف ہوتا ہے۔
اَلاِتِّحَادِی: کام کرنے والوں کی تنظیم کا رکن سیاسی اتحادی کا ماہر۔ اَلاِتِّحَادِیَّۃُ: اتحادی کی صفت۔ مزدوروں کی یونین۔
الْمُوَحِّد: فا۔ اللہ کی واحدانیت کا معتقد۔
الْمُوَحَّد مِنَ الْحُرُوْفِ: ایک نقطہ والا حرف جیسے ب۔
المِیْحَاد: اکیلا ثیلہ۔ ج مَوَاحِید۔
وَحِرَ یَحِرُ وَیَوْحَرُ وَیَیْحَرُ وَحَرًا عَلَیْہِ: سخت غضبناک ہونا اور کینہ رکھنا۔ صفت وَحِرٌ۔
وَحِرَ یَوْحَرُ وَحَرًا وَوَحِرَۃً: چھپکلی کے مانند ایک زہریلا جانور۔ زہر آلود چیز کو کھانا پینا اور زہر کا اثر کرنا...... الطَّعَامُ: وحرہ سے زہر آلودہ ہونا۔ صفت وَحِر۔

اَوْحَرَہٗ: غیظ و غضب میں ڈالنے والی باتیں سنانا۔ اَوْحَرَتِ الْوَحَرَۃُ الطَّعَامَ: زہر آلود کر دینا کہ جس کے کھانے والے کو قے آنے لگے یا پیٹ چلنے لگے۔
الوَحْر: کینہ۔ سخت غضب۔ خیانت۔
الوَحَر: مص۔ غصہ۔ کینہ۔ سینہ کی سوزش۔
الوَحَرَۃ: چھپکلی کے مانند ایک چھوٹا سا جانور جس کے متعلق مشہور ہے کہ جس چیز پر چلتا ہے وہ زہر آلود ہو جاتی ہے۔ پستہ قد عورت یا اُونٹ ج وَحَرٌ. اِمْرَاَۃٌ وَحَرَۃٌ: سیاہ رنگ کی بدصورت عورت یا سرخ رنگ کی پستہ قد عورت۔
وَحَشَ یَحِشُ وَحْشًا بِثَوْبِہٖ اَوْ بِسِلَاحِہٖ: کپڑا یا ہتھیار بھاگنے میں خوف کی وجہ سے پھینک دینا۔
اَوْحَشَ اِیْحَاشًا الْمَکَانُ: ویران ہونا۔
الْمَکَانَ: خالی پانا...... الرَّجُلُ: بھوکا ہونا۔ بے توشہ ہونا...... الرَّجُلَ: وحشت محسوس کرنا۔
تَوَحَّشَ: وحشی کے مانند ہونا۔ بھوک کی وجہ سے پیٹ خالی ہونا۔ کپڑے پھینکنا ...... الْمَکَانُ: ویران ہونا۔
اِسْتَوْحَشَ: وحشت محسوس کرنا...... مِنْہُ: مانوس نہ ہونا...... الْمَکَانُ: ویران ہونا۔
الوَحْش: مص۔ جنگلی جانور۔ ج وُحُوْش وُحْشَان واحد وَحْشِیٌّ. حِمَارٌ وَحْشٍ وَحِمَارٌ وَحْشِیٌّ: جنگلی گدھا۔
وَبَقَرُ الْوَحْشِ: نیل گائے۔ کہا جاتا ہے "مَکَانٌ وَحْشٌ" ویران و خالی جگہ۔ "وَمَشٰی فِی الْاَرْضِ وَحْشًا" وہ تنہا گیا "وَبَاتَ وَحْشًا" اس نے بھوکے رات گزاری اور جمع کی صورت میں تم کہو گے "ھُمْ اَوْحَاش" اور کہا جاتا ہے "ھُوَ مِنْ وَحْشِ النَّاسِ" وہ سفلہ لوگوں میں سے ہے۔
الوَحْشَۃ: تنہائی۔ تنہائی کی وجہ سے خوف یا [illegible]

دوری۔ محبت کی دوری۔ ویران زمین۔
الوَحْشِیّ: وَحْش کا واحد۔ لوگوں سے بدکنے والا۔ ہر چیز کا دایاں پہلو...... مِنَ الْقَوْسِ: کمان کی پشت...... الْوَحْشِیُّ مِنَ التِّیْنِ وَنَحْوِہٖ: جنگلی انجیر۔
الوَحْشِیَّۃُ. وَحْشِیّ: کا مؤنث۔ تیز ہوا جو کپڑوں میں داخل ہو جائے۔
الوَحِیْش: جنگلی جانور۔ الْجَانِبُ الْوَحِیْش: دایاں پہلو۔
الوَحْشَان: غمگین۔ ج وَحَاشٰی۔
اَرْضٌ مُوْحِشَۃٌ: جنگلی جانوروں والی زمین۔
وَحَفَ یَحِفُ وُحُفًا الْبَعِیْرُ اَوِ الرَّجُلُ: زمین پر گر پڑنا۔ بیٹھنا...... مِنْہُ: قریب ہونا...... اِلَیْہِ: توجہ کرنا...... اِلٰی کَذَا: تیز چلنا۔
وَحِفَ یَوْحَفُ وَحَفًا وَوَحُفَ یَوْحُفُ وَحَافَۃً وَوُحُوْفَۃً الشَّعْرُ اَوِ النَّبَاتُ: گھنا ہونا۔
وَحَّفَ: تیز چلنا۔ زمین پر گر پڑنا۔...... فُلَانًا: ڈنڈے سے مارنا۔
اَوْحَفَ اِیْحَافًا: تیز چلنا۔ جلدی جانا۔
الوَحْف: مص۔ خوبصورت گنجان کالے بال۔ تازہ گھاس (...... والوَاحِف) جنَاحٌ
الْاَجْنِحَۃِ: بہت پروں والا بازو۔
الوَحَف: مص۔ خوبصورت گنجان بال۔
الوَحْفَۃ. وحف: کا اسم مرۃ۔ کالا پتھر۔ گول۔ بلند کالی زمین۔ آواز۔ ج وِحَاف۔
الوَحْفَاء مِنَ الْاَرَاضِی: وہ زمین جو سخت نہ ہو اور اس میں کالے پتھر ہوں۔ سرخ زمین۔ ج وَحَافٰی۔
الْمَوْحِف: اُونٹوں کے بیٹھنے کی جگہ ج مَوَاحِف۔
المِیْحَاف مِنَ النُّوْقِ: ہمیشہ اپنے ٹھکانے پر رہنے والی اونٹنی۔ ج مَوَاحِیْف۔
بَعِیْرٌ مُوْحَفٌ: دُبلا اونٹ۔
وَحِلَ یَوْحَلُ وَحَلًا وَمَوْحَلًا: کیچڑ میں

پڑنا۔
اَوْحَلَهٗ: کیچڑ میں ڈالنا......هٗ شَرًّا: برائی میں پھنسادینا۔
وَاحَلَهٗ مُوَاحَلَةً: کیچڑ میں گھسنے میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَاحَلَهٗ فَوَحَلَهٗ" اس نے کیچڑ میں گھسنے میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔
اِتَّحَلَ اِتِّحَالًا فِیْ یَمِیْنِهٖ: قسم کھانے میں استثناء کرنا۔
تَوَحَّلَ: کیچڑ میں لت پت ہونا(...... وَاسْتَوْحَلَ) اَلْمَکَانُ: کیچڑ والی ہونا۔
الوَحْل بِالتَّسْکِیْنِ: وحل میں ایک ردی لغت۔
الوَحَل: کیچڑ۔ ج اَوْحَال ووُحُوْل.
الوَحِل: کیچڑ میں لت پت۔
المَوْحِل: کیچڑ کی جگہ۔ کیچڑ میں گرنا۔ یہ وَحِل سے اسم ہے۔
وَحِمَتِ الْمَرْأَةُ تَحِمُ وتَوْحَمُ وَحَمًا وتَوَحَّمَتْ: حاملہ ہونے کی وجہ سے بعض چیزوں کے کھانے کا خواہش مند ہونا۔ کھانے کی خواہش بدل جانا یا کم ہو جانا۔ صفت وَحْمٰی ج وِحَام وَحَامٰی اور اسی سے مثال ہے۔ "وَحْمٰی وَلَا حَبَلَ" اس لالچی کے متعلق بولتے ہیں جو بغیر ضرورت کے بہت سوال کرے۔
وَحِمَ الشَّیْءَ: خواہش کرنا۔
وَحَمْتُ وَحْمَةً: ارادہ کرنا۔
وَحَّمَ الْحُبْلٰی: حاملہ کو خواہش کے مطابق کھلانا......لَهَا: حاملہ کی خواہش کے مطابق ذبح کرنا یا پیش کرنا۔
الوَحَم: مص۔ حاملہ کی خواہش۔ پرندہ کی پھڑ پھڑاہٹ اور کہا جاتا ہے "لَیْلَةٌ ذَاتُ وَحِمٍ" بہت گرم رات۔
الوِحَام والوَحَام: حاملہ کی خواہش۔
الوَحِیْم: بہت گرم دن۔
وَحَنَ یَحِنُ وَوَحِنَ یَوْحَنُ وَحْنًا وَحِنَةً عَنْ فُلَانٍ: کینہ رکھنا۔
تَوَحَّنَ: ذلیل ہونا۔ ہلاک ہونا۔ بڑے پیٹ والا ہونا۔
الوَحْوَحَةُ: اسم مرۃ۔ پھسلانے والی کیچڑ۔
تَوَحْوَحَ: آواز کو گرفتہ نکالنا۔ سخت سردی کی وجہ سے ہاتھوں میں پھونکنا اور اُح اُح یا حو حو کہنا۔
تَوَحْوَحَ الظَّلِیْمُ فَوْقَ الْبَیْضِ: شتر مرغ کا انڈوں پر شیفتگی ظاہر کرنا۔
الوَحْوَح والوَحْوَاح: قوی۔ کتا۔ آواز نکالنے والا۔ الوَحْوَح: جلد باز تیز آدمی۔ ہلکا پھلکا آدمی۔ ج وَحَاوِح۔ الوَحْوَاح: سردار اور رئیس ج وَحَاوِیْح.
وَحٰی یَحِیْ وَحْیًا اِلٰی فُلَانٍ: اشارہ کرنا۔ پیغامبر بھیجنا......اِلَیْهِ او وَحٰی اِلَیْهِ کَلَامًا: چپکے سے گفتگو کرنا یا دوسروں سے پوشیدہ بات کہنا۔ اللّٰهُ فِیْ قَلْبِهٖ کَذَا: دل میں ڈالنا......الکِتَابَ: لکھنا......الذَّبِیْحَةَ: جلدی سے ذبح کرنا (...... وَحْیًا ووَحِیَ ووَحَا وتَوَحّٰی) جلدی کرنا۔
اَوْحٰی اِیْحَاءً اِلٰی فُلَانٍ: اشارہ کرنا۔ دوسروں سے چھپا کر بات کہنا۔ برانگیختہ کرنا......اللّٰهُ اِلَیْهِ بِکَذَا: وحی بھیجنا......الکِتَابَ: لکھنا......نَفْسَهٗ: خوفزدہ ہونا......الرَّجُلُ: محتاجی کے بعد بادشاہ ہونا......القَوْمُ: چلانا......العَمَلَ: جلدی کرنا......الدَّوَاءُ الْمَوْتَ: جلدی موت واقع کرنا۔
وَحّٰی تَوْحِیَةً ذَبِیْحَةً: جلدی ذبح کرنا۔
وَحَّاهُ: جلدی کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَحّٰی الدَّوَاءُ الْمَوْتَ" دوا نے فوراً موت واقع کی۔
تَوَاحٰی تَوَاحِیًا الْقَوْمُ: بعض کا بعض کے ساتھ جلدی کرنا۔
اِسْتَوْحَاهُ: پکارنا۔ جلدی کرانا......هُ الشَّیْءَ: دریافت کرنا۔
الوَحْی: مص۔ لکھا ہوا پیغام۔ ہر وہ چیز جو دوسرے کو معلوم ہونے کے لئے تم پیش کرو۔ پھر غالب طور پر انبیاء علیہم السلام کے پاس اللہ تعالیٰ کی طرف سے آنے والے کلام پر استعمال ہونے لگا جس کی وحی ہو (......والوَحَاة) آواز۔
الوَحٰی: مص۔ آواز۔ جلدی۔ بڑا سردار۔ بادشاہ۔ آگ ج وُحِیٌّ اور جلدی کرانے کے لئے بولا جاتا ہے "اَلْوَحٰی الْوَحٰی" "والوَحَاكَ الوَحَاكَ" یعنی سبقت کرو سبقت کرو۔
الوَاحِیْ: فا۔ ج وَاحُوْن ووُحَاة.
الوَحِیُّ: بہت جلدی۔ کہا جاتا ہے "مَوْتٌ وَحِیٌّ" جلدی کی موت۔ "وَذَکَاةٌ وَحِیَّةٌ" جلدی کا ذبح۔
الاَوْحٰی: زیادہ تیز۔ کہا جاتا ہے "اَلْقَتْلُ بِالسَّیْفِ اَوْحٰی" تلوار سے قتل جلدی واقع ہوتا ہے۔
وَخَدَ یَخِدُ وَخْدًا ووَخِیْدًا ووَخَدَانًا الْبَعِیْرُ: اونٹ کا تیز دوڑنا اور ٹانگوں کو شتر مرغ کی طرح ڈالنا۔ صفت وَاخِدٌ ووُخُوْدٌ ووُخَّادٌ.
الوَخْد. وَخَدَ: کا اسم ج وُخُوْد.
وَخَزَهٗ یَخِزُهٗ وَخْزًا: چبھونا......هٗ الشَّیْبُ: سر کے بالوں کا کھچڑی ہونا......فُلَانٌ: شہد کا ثرید بنانا۔
الوَخْز: مص۔ ہر چیز کا تھوڑا اور کہا جاتا ہے "جَاؤُا وَخْزًا وَخْزًا" چار چار آئے۔
الوَخِیْز: شہد کا ثرید۔
وَخَشَ یَوْخَشُ وُخُوْشَةً ووَخَاشَةً ووُخُوْشًا الشَّیْءُ: نکما اور ردی ہونا......رَأْسُ الکَبْشِ: خشک ہونا اور سکڑنا۔
وَخَّشَ الشَّیْءَ: نکما اور ردی کرنا......العَطِیَّةَ: کم دینا۔
اَوْخَشَ لَهٗ بِالْعَطِیَّةِ: کم دینا......فِیْ عِرْضِهٖ: بے عزتی کرنا......الشَّیْءَ: خلط ملط کرنا۔
الوَخْش: ہر چیز کا ردی۔ کمینے لوگ۔ لفظ واحد ہی جمع مذکر مؤنث سب کے لئے مستعمل ہے اور کبھی وخاش و اوخاش جمع آتی ہے۔
وَخَصَ یَخِصُ وَخْصًا ووُخُوْصًا: حرکت کرنا۔

اَوْخَصَ اِيْخَاصًا فُلَانٌ لِيْ بِعَطِيَّةٍ: کم دینا۔

وَخَصَ يَخِصُ وَخْصًا فُلَانًا بِالرُّمْحِ: نیزہ چبھونا...... هُ الشَّيْبُ: بڑھاپے کا سر کے بالوں کو کھچڑی کر دینا۔

اَلْوَخِيْصُ: نیزہ زدہ۔

وَخَطَ يَخِطُ وَخْطًا فُلَانًا بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا وَخَطَهُ بِالسَّيْفِ: دور سے تلوار سے کوچنا۔

...... هُ الشَّيْبُ: سر کے بالوں کا کھچڑی ہونا۔

وَخَطَ فِي الْبَيْعِ: کبھی فائدہ کبھی نقصان اٹھانا۔

وُخِطَ: سر کے بالوں کا کھچڑی ہونا۔

اَلْوَخَّاطُ: تیز اور کشادہ قدم چلنے والا۔ شتر مرغ یا اونٹ۔ طَعْنٌ او رُمْحٌ وَخَّاطٌ: پار ہونے والا نیزہ۔

اَلْمِيْخَطُ: پار ہونے والا۔

وَخَفَ يَخِفُ وَخْفًا السَّوِيْقَ: ستو گوندھنا اور لیس دار بنانا...... السَّوِيْقُ: ستو گوندھا ہوا اور لیس دار ہونا...... الرَّجُلَ: بدگوئی کرنا۔ برائی سے یاد کرنا۔

وَخَّفَ و اَوْخَفَ السَّوِيْقَ: ستو گوندھنا اور لیس دار بنانا اور اسی سے عرب کا قول ہے "اِنَّهُ لَيُوْخِفُ فِي الطِّيْنِ" اس احمق کے لئے بولتے ہیں جو خود اپنے ہی قول کو نہیں جانتا۔

اِتَّخَفَتْ رِجْلُهُ: پاؤں کا پھسلنا۔

اَلْوَخْفَةُ: اسم مرۃ۔ خریطہ کے مانند چمڑے کا تھیلا۔

اَلْوَخِيْفَةُ: ستو وغیرہ جو گوندھا جائے۔

اَلْمُوْخِفُ: بے وقوف۔

اَلْمِيْخَفُ: ستو گوندھنے کا برتن۔

وَخَمَ يَوْخُمُ وَخَامَةً وَوُخُوْمَةً وُخُوْمًا الْمَكَانُ او الطَّعَامُ: مضر صحت یا ناقابلِ ہضم ہونا۔

وَخَمَهُ يَخِمُهُ وَخْمًا: زیادہ بدہضمی والا ہونا۔ وَخِمَ يَوْخَمُ وَخَمًا وَاتَّخَمَ مِنْ وَعَنْهُ: بدہضمی ہونا۔

وَاخَمَهُ مُوَاخَمَةً فَوَخَمَهُ (ض) بدہضمی میں مقابلہ کرنا اور غالب آنا۔

اَتْخَمَهُ اِتْخَامًا الطَّعَامُ: بدہضمی میں مبتلا کرنا (اس کی اصل اَوْخَمَهُ ہے اور اصل کا استعمال نادر ہے)

وَخَّمَ الشَّيْءَ: مضر صحت بنانا۔

تَوَخَّمَ واسْتَوْخَمَ الطَّعَامَ: کھانے کو ناخوشگوار سمجھنا۔ اِسْتَوْخَمَ الْمَكَانَ: کسی جگہ کی آب و ہوا کو ناموافق پانا۔

اَلْوَخْمُ والْوَخِمُ مِنَ الرِّجَالِ: سست ج اَوْخَام۔ شَيْءٌ وَخِمٌ: وبازدہ۔

اَلْوَخَمُ: مص۔ بواسیر کے مانند ایک مرض۔ ہوا کا خراب ہونا جس سے امراضِ وبائیہ پیدا ہوں۔ ضرر کے لئے استعارہ کیا جاتا ہے۔

اَلْوَخِيْمُ والْوَخُوْمُ مِنَ الرِّجَالِ: گندا۔ سست۔ ج وَخَامَى ووِخَام۔ بَلَدٌ وَخِيْمٌ: ناموافق شہر۔ شَيْءٌ وَخِيْمٌ: وبازدہ۔ اَمْرٌ وَخِيْمُ الْعَاقِبَةِ: مضر ردی۔

اَرْضٌ وَخْمَةٌ ووَخِمَةٌ ووَخَامٌ ووُخُوْمٌ وَخِيْمَةٌ ومَوْخَمَةٌ ومُوْخِمَةٌ ومُوْخِمَةٌ: مضر صحت گھاس والی زمین۔ وبازدہ زمین۔

اَلتُّخَمَةُ: بدہضمی (اس کی اصل وُخَمَةٌ ہے) ج تُخَمَات وتُخَم کہا جاتا ہے "هٰذَا الطَّعَامُ مَتْخَمَةٌ" یہ خوراک مضر صحت ہے (اس کی اصل مَوْخَمَةٌ ہے)

تَوَخَّنَ: خیر یا شر کا ارادہ کرنا۔

اَلْوَخْنَةُ: فساد۔

وَخَى يَخِي وَخْيًا الْاَمْرَ: قصد کرنا۔ وَخَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا متوسط چال چلنا۔ کہا جاتا ہے "وَخْيِي وَخْيَهُ" اس نے اس کا ارادہ کیا "وَمَا اَدْرِيْ اَيْنَ وَخْيٌ" میں نہیں جانتا اس نے کہاں توجہ کی۔

وَخَّى الْاَمْرَ: طلب کرنا...... هُ لِلْاَمْرِ: متوجہ کرنا۔

وَاخَى مُوَاخَاةً فُلَانًا: بھائی بندی کرنا آخَاهُ [illegible]

تَوَخَّى تَوَخِّيًا وَتَاخَّى تَاخِّيًا الْاَمْرَ: قصد کرنا۔ طلب کرنا۔

اِسْتَوْخَى الْقَوْمَ: خیر طلب کرنا۔

اَلْوَخْيُ: مص۔ ارادہ۔ قابل اعتماد راستہ۔ ارادہ کرنے والا۔ ج وُخِيٌّ ووُخِيٌّ۔

اَلْوَخْيُ والْخِيَّةُ: ارادہ۔

وَدَّهُ يَوَدُّهُ وَدًّا وُدًّا وِدًّا ووَدَادًا ووُدَادًا ووِدَادًا ووَدَادَةً ومَوَدَّةً ومَوْدِدَةً ومَوْدُوْدَةً: خواہش کرنا۔ محبت کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَدِدْتُ لَوْ كَانَ كَذَا وَلَوْ اَنَّكَ فَعَلْتَ كَذَا" مجھے تمنا ہے کہ ایسا ہوتا مجھے تمنا ہے کہ تم ایسا کرتے۔ (لَوْ اس مقام میں موصول حرفی ہے)

وَادَّهُ وِدَادًا ومُوَادَّةً: محبت ظاہر کرنا۔

تَوَدَّدَهُ: دوستی چاہنا۔ تَوَدَّدَ اِلَيْهِ: دوستی کرنا۔

تَوَادَّ الرَّجُلَانِ: آپس میں ایک دوسرے سے محبت کرنا۔

اَلْوَدُّ والْوِدُّ والْوُدُّ: محبت۔ دوستی۔ تم کہتے ہو "تَوَدِّيْ اَنْ يَكُوْنَ كَذَا" میں چاہتا ہوں کہ ایسا ہو محبت کرنے والا یا بہت محبت کرنے والا۔ ج اَوُدٌّ واَوْدَادٌ کہا جاتا ہے "هُوَ وُدُّكَ وَهُمْ اَوْدَادُكَ" اور وُدٌّ تثلیث واو سے اسم جمع بمعنی محبین ہے۔ جیسے قَوْمٌ وُدٌّ۔

اَلْوَدُوْدُ: بہت محبت کرنے والا۔ محبوب۔ تم کہو گے هُوَ وَدُوْدٌ وَهِيَ وَدُوْدٌ۔

اَلْوَدِيْدُ: محبت کرنے والا۔ ج اَوِدَّةٌ واَوِدَّاءُ اور وَدِيْدٌ اسم جمع بمعنی محبین بھی ہے۔

الاَوَدُّ: اسم تفضیل ج اَوَدُّوْنَ۔

اَلْمَوَدُّ: بہت محبت کرنے والا۔

وَدَأَ يَدَأُ وَآدَأَ الشَّيْءَ: برابر کرنا...... بِالْقَوْمِ: بدسلوکی کرنا۔

وَدِئَ يَوْدَأُ وَدَاءً: منقطع ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَدِئَتِ الْاَخْبَارُ عَنْهُ" اس کی خبریں منقطع ہو گئیں۔

وَدَّأَ تَوْدِيْئًا وتَوْدِئَةً عَلَيْهِ الْاَرْضَ: ہموار کرنا...... عَلَيْهِ وبِهِ: ہلاکت کرنا۔ وَدَّأَتْهُ الْاَرْضُ: چھپا لینا۔

تَوَذَّأ عَلَيْهِ: ہلاک کرنا۔ تَوَذَّأَتْ عَلَيْهِ الْأَرْضُ: اوپر گر پڑنا اور ہموار ہونا...... عَلَيْهِ وعَنْهُ الْأَخْبَارُ: خبریں منقطع ہونا۔ تَوَذَّأ الرَّجُلُ: مرنا...... فُلَانٌ عَلٰى مَالِهٖ: لینا اور جمع کرنا۔

الْوَذْأُ: مص۔ ہلاکت۔ التَّوْذِئَة: مص۔ دفن کرنا۔

الْمُوَذَّأَة: ہلاکت۔ بیابان۔ میت کا گڑھا۔

الْوَذَبُ: بدحالی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَلٰى وَذَبٍ" وہ بدحالی میں مبتلا ہے۔

وَدَجَ يَدِجُ وَدْجًا ووَدَّجَ الدَّابَّةَ: چوپایہ کی گردن کی رگ کاٹنا۔ وَدَجَ بَيْنَ الْقَوْمِ: معاملات درست کرنا۔ شر وفساد دور کرنا۔

وَادَجَهُ مُوَادَجَةً: صلح کرنا۔ نرمی برتنا۔

الْوَدَج. ج أَوْدَاج والوِدَاج: گردن کی رگ جو غصہ کے وقت پھول جاتی ہے اور بقول بعض وَدَج اس رگ کو کہتے ہیں جس کو ذبح کرنے والا کاٹتا ہے۔ الْوَدَج: وسیلہ۔ سبب۔ کہا جاتا ہے "كَانَ فُلَانٌ وَدَجِي إِلٰى كَذَا" یعنی فلاں شخص میرے لئے فلاں چیز کے لئے وسیلہ ہے ج أَوْدَاج. الْوَدَجَان: دو بھائی۔ کہا جاتا ہے "بِئْسَ وَدَجَا حَرْبٍ هُمَا" وہ دونوں لڑائی کے دو برے بھائی ہیں۔

أَوْدَحَ لَهُ: مطیع ہونا۔ اقرار کرنا...... الإِبِلُ: اونٹ کا موٹا ہونا۔ اچھی حالت والا ہونا...... الْحَوْضَ: حوض کو درست کرنا۔

الْوَدَحَة: تھوڑی چیز۔ کہا جاتا ہے "مَا أَغْنٰى عَنِّي وَدَحَةً" اس نے مجھ کو کچھ فائدہ نہیں دیا۔

وَذِرَ يَذِرُ وَذَرًا: بے ہوشی طاری ہونے کے قریب تک مست ہونا...... الشَّيْءُ: دور کرنا۔ علیحدہ کرنا۔

وَدَّرَهُ: بھڑکا کر ہلاکت میں ڈالنا۔

وَدَّا الرَّسُولَ: قاصد بھیجنا...... الشَّيْءَ: دور کرنا۔ علیحدہ کرنا...... الْمَالَ: فضول خرچی کرنا...... الرَّجُلَ: گمراہ کرنا۔

تَوَدَّرَ: فضول خرچ ہونا...... فِي الْأَمْرِ: پڑنا ......ہُ: ہلاکت میں ڈالنا۔

وَدَسَ يَدِسُ وَدْسًا عَلَيَّ الشَّيْءُ: پوشیدہ رہنا...... بِالشَّيْءِ: چھپانا...... إِلَيْهِ بِكَلَامٍ: ادھوری بات کہنا...... الرَّجُلُ: جانا۔

وَدَّسَ الشَّيْءُ: پوشیدہ ہونا۔ وَدَّسَتِ الْمَاشِيَةُ: ہریاول چرنا...... إِلَيْهِ بِكَلِمَةٍ: کوئی بات کہنا۔

وَدَسَ ووَدَّسَ وتَوَدَّسَ الْمَكَانُ: ہریاول والا ہونا۔

أَوْدَسَتِ الْأَرْضُ: اتنا اُگنا کہ سطح زمین چھپ جائے۔

الْوَدَس والوِدَاس والوَدَاس: نباتات جو سطح زمین کو چھپا لے۔ الْوَدَس: عیب۔

الْوَدِيس: خشک نباتات۔ پتلا شہد۔

أَرْضٌ مَوْدُوسَةٌ: کم گھاس والی زمین۔

وَدَصَ يَدِصُ وَدْصًا إِلَيْهِ بِكَلَامٍ: ادھوری بات کہنا۔

وَدَعَ يَدَعُ وَدْعًا الشَّيْءَ: چھوڑنا...... مَالًا عِنْدَهُ: امانت رکھنا...... الشَّيْءُ: ٹھہرنا (اس فعل کے مصدر اور ماضی قلیل الاستعمال ہیں) (...... وَدَعًا) الْمُسَافِرُ النَّاسَ: مسافر کا لوگوں کو عیش و آرام میں چھوڑنا اور کہا جاتا ہے "وَدَعُوهُ" جبکہ کسی کے لئے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اس کی تکالیف سفر کو دور کرے اور اس کو آرام نصیب کرے...... الثَّوْبَ بِالثَّوْبِ: محفوظ کرنا (...... ووَدُعَ يَوْدُعُ وَدَاعَةً) الرَّجُلُ: مطمئن ہونا۔ صفت وَدِيع ووَادِع.

وَدَّعَ الْمُسَافِرُ الْقَوْمَ: مسافر کا لوگوں کو عیش و آرام سے چھوڑنا...... الْقَوْمُ الْمُسَافِرَ: رخصت کرنے کے لئے جانا...... فُلَانًا: چھوڑنا...... الصَّبِيَّ او الْكَلْبَ: گلے میں کوڑی ڈالنا...... الثَّوْبَ فِي صِوَانٍ ونَحْوِهٖ: کپڑے کو گٹھڑی وغیرہ میں محفوظ کرنا...... فَرَسَهُ: گھوڑے کو خوشحال رکھنا۔

وَادَعَهُ مُوَادَعَةً ووِدَاعًا: صلح کرنا۔ اسم الْوِدَاع.

أَوْدَعَهُ الشَّيْءَ: کسی کے پاس امانت رکھنا۔ ـهُ السِّرَّ: راز ظاہر کرنا اور دوسرے سے چھپانے کو کہنا۔ أَوْدَعَ كِتَابَهُ كَذَا: خط میں لکھنا...... الْكَلَامَ مَعْنًى حَسَنًا: لطیف معنی کی تضمین کرنا اور کہا جاتا ہے أَوْدَعْتُهُ مَالًا: یعنی میں نے اپنے پاس امانت رکھنے کے لئے اس سے مال لیا۔

تَوَدَّعَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو رخصت کرنا...... الثَّوْبَ: کپڑے کو محفوظ کرنا...... فُلَانًا: اپنی ضرورت میں مشغول کرنا۔

تَوَادَعَ الْقَوْمُ: باہم صلح کرنا۔ ایک دوسرے کو رخصت کرنا۔

اِتَّدَعَ: آرام کرنا۔ تن آسانی اختیار کرنا۔ قرار پکڑنا۔

اِسْتَوْدَعَ فُلَانًا مَالًا: کسی کو امانت رکھنے کے لئے مال دینا۔

الْوَدْع: مص۔ قبر۔ تیراندازی کا نشانہ۔ ج وُدُوعٌ (...... والْوَدَع) کوڑی یا گھونگا۔ واحد وَدْعة ووَدَعَةٌ. ج وَدَعَاتٌ.

الأَوْدَع: جنگلی چوہا۔

الْوَدَاع: رخصت۔

الْوَدَاعَة. وَدُعَ: کا مصدر۔ سکون ووقار۔

الدَّعَة والتُّدْعَة والتَّدَاعَة: سکون۔ راحت۔ فراخی زندگانی۔

الْوَدِيع ج وُدَعَاء: چپ چاپ۔ ٹھہرنے والا ج وَدَائِع: عہد۔ مقبرہ۔

الْوَدِيعَة. وَدِيع: کا مؤنث۔ امانت۔ ج وَدَائِع.

الْمُسْتَوْدَع: حفاظت کی جگہ۔ رحم مادر۔

الْمِيدَع ج مَوَادِع والْمِيدَعَة والْمِيدَاعَة: پرانا استعمالی کپڑا۔ کپڑے وغیرہ محفوظ کرنے کی چیز۔ كَلَامٌ مِيدَعٌ: غم انگیز گفتگو۔ الْمِيدَاعَة: آرام طلب مرد۔

الْمُوَدَّع: مقع...... مِنَ الْخَيْلِ: پرسکون آرام پہنچایا ہوا گھوڑا۔

الْمَوْدُوع: سکون ووقار۔

زمین جو گرمی کے زمانے میں بارش ہونے کی وجہ سے سبزہ زار ہو جائے۔
الوَرْقَةُ فِي القَوْسِ: کمان کا عیب۔
الوُرْقَة: مٹیالا رنگ۔
الــوَرَاق: گھاس کی وجہ سے زمین کی سبز گونی۔
الوِرَاق: پتے نکلنے کا زمانہ۔
الوِرَاقَة: کاغذ سازی کا پیشہ۔
الوَرَّاق: روپے پیسے والا۔ کاغذ کا بیچنے والا۔ کاغذ بنانے والا۔ کاتب۔
الـوَارِق والـوَرِق والـوَرِيْق مِنَ الشَّجَرِ: پتوں والا درخت۔ بہت پتوں والا۔ خوبصورت پتوں والا۔ شَــجَرَةٌ وَارِقَةٌ وَوَرِقَةٌ وَوَرِيْــقَةٌ: سبز اور خوبصورت بہت پتوں والا درخت۔
الاَوْرَق: خاکستری رنگ والا۔ راکھ۔ عَــامَ اَوْرَق: بے بارش کا سال۔ زَمَانٌ اَوْرَق: قحط کا زمانہ۔ مؤنث وَرْقَاء۔ ج وُرْق۔
الــوَرْقَاء۔ اَوْرَق: کا مؤنث۔ مادہ بھیڑیا۔ ایک درخت کا نام جس کے پتے گول چوڑے اور نازک ہوتے ہیں۔ کبوتر و فاختہ یا وہ جس کا رنگ سبزی مائل ہو۔ ج وَرَاق۔ وَوَرَاقَى کہا جاتا ہے الــتِّجَارَةُ مُوْرِقَةٌ لِــلْــمَــالِ: یعنی تجارت مال کے بڑھانے کا ذریعہ ہے۔
المُوَرِّق: فا۔ کاغذی۔ کاغذ کا بنانے والا۔
وَرَكَ يَــرِكُ وَرْكــا: سرین پر سہارا لینا ...... الــرَّجُلَ: سرین پر مارنا ...... الشَّــيْ: سرین کے مقابل کرنا (...... وُرُوْكَــــا)
الـرَّاكِبُ: اترنے یا آرام لینے کیلئے سرین کو موڑنا ...... بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا ...... عَلٰى الْاَمْرِ: قادر ہونا۔
وَرِكَ يَرِكُ وُرُوْكًا: سرین کو زمین پر رکھ کر لیٹنا۔
وَرِكَتْ تَوْرَكُ وَرَكًا. الوَرِكُ: سرین کا بڑا ہونا۔
وَرَّكَ الْــحَبْــلَ اَوِ الرَّجُــلَ: سرین کے مقابل کرنا۔
...... عَــلَــى الْاَمْرِ: قادر ہونا ...... الشَّــيْ: واجب کرنا۔
...... الــرَّاكِــبُ: دوزانو بیٹھنے والے کی طرح ٹانگوں کو موڑنا اور دونوں سرین کو زمین میں رکھنا ...... الــذَّنْبَ عَلَيْهِ: گناہ کا الزام لگا دینا
...... الــيَــمِيْــنَ: قسم کھلانے والے کی نیت کے علاوہ نیت کرنا۔
وَارَكَ مُــوَارَكَةً الْــجَبَــلَ: پہاڑ سے گزر جانا۔
تَــوَرَّكَ: سرین پر سہارا لینا ...... الشَّـــيْ: سرین پر بٹھانا ...... الــرَّاكِــبُ: اترنے یا آرام لینے کے لئے ٹانگ کو موڑنا ...... عَــنِ الْاَمْرِ: دیر کرنا ...... بِــالْــمَــكَانِ: اقامت کرنا ...... عَلَى الْاَمْرِ: قادر ہونا۔ لِلرَّجُلِ: کسی کی ٹانگ کو باندھ دینا۔ کہا جاتا ہے تَــوَرَّكَ لَهُ فَصَرَعَهُ: اس نے اس کی ٹانگ کو باندھ دیا اور پچھاڑ دیا۔
تَوَارَكَ: سرین پر ٹیک لگانا۔
الــوَرْك والــوِرْك والــوَرِك: چوتڑ۔ سرین (مؤنث) ج اَوْرَاك۔ الــوِرْك: کمان کا کنارہ یا تانت باندھنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے قَــعَــدَ الْــمَلَّاحُ عَلٰــى وَرِكِ السَّفِيْنَةِ" ملاح کشتی کے پچھلے حصہ پر بیٹھا۔ "وَهُــمْ عَــلَــيَّ وَرْكٌ وَاحِدٌ" وہ میرے خلاف اکٹھے ہو گئے۔
الــوَرْكٰى: خبر کی اصلیت۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ عِنْدَهُ لَوَرْكَى الْخَبَرِ" اس کے نزدیک خبر کی اصلیت ہے۔
الــوَارِك والــــوِرَاك ج وُرُك والــمَوْرِك والــمَوْرِكَة مِنَ الرَّجُلِ: کجاوہ کا وہ حصہ جہاں سوار تھک کر ٹانگ پھیلا دے۔
الاَوْرَك: بڑے سرین والا۔ مؤنث وَرْكَاء ج وُرْك۔
المُوَرِّك: مفع۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهُ لَمُوَرِّكٌ [illegible]
ہے۔
الــمَوْرِك والــمَوْرِكَة: کجاوہ کا اگلا حصہ۔
الــمَوْرِكَة: تکیہ کے مانند ایک چیز جس کو سوار اپنے سرین کے نیچے رکھتا ہے۔
الــوَرَل: گوہ کی مانند ایک جانور ہے جو اس سے کچھ بڑا ہوتا ہے اور اس کی دم لمبی اور باریک ہوتی ہے۔ ج وِرْلَان اَوْرَال اَوْرُل مؤنث وَرَلَة۔
وَرِمَ يَــرِمُ وَرَمَــا وتَــوَرَّمَ الْــجِلْدُ: سوجنا۔ صفت وَارِم ...... اَنْفُ فُلَانٍ: غضبناک ہونا۔
النَّبْتُ: لمبا اور موٹا ہونا۔
وَرَّمَ الْجِلْدَ: سوجن پیدا کرنا ...... اَنْفَ فُلَانٍ: غضبناک کرنا ...... بِاَنْفِهِ: تکبر کرنا۔
اَوْرَمَ اِيْــرَامًــا: غضبناک کرنے والی باتیں سنانا۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَ بِهِ مَا اَوْرَمَهُ" یعنی اس نے اس کے ساتھ وہ فعل کیا جس نے اسے غمگین کر دیا اور غضبناک بنا دیا۔
الوَرَم: مص۔ سوجن۔ ج اَوْرَام۔
الاَوْرَم: لوگ یا بہت سے لوگ۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِيْ اَيُّ الْاَوْرَمِ هُوَ" میں نہیں جانتا وہ کون ہے۔
المَوْرِم: ڈاڑھ نکلنے کی جگہ۔
المُوَرَّم: مفع۔ بڑے ڈیل ڈول کا مرد۔
وَارَنَهُ مُوَارَنَةً: رودررو ہونا۔ مقابل ہونا۔
تَوَرَّنَ: بہت تیل ملنا۔ لاڈ پیار سے پالنا۔
الوَرْنَك: مچھلی کی ایک قسم۔
وَرِهَ يَــوْرَهُ وَرَهًــا: بے وقوف ہونا۔ صفت اَوْرَه۔ مؤنث وَرْهَاء۔ وَرِهَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا تیز چلنا۔
وَرِهَت تَرِهُ وَرَهًا الْمَرْاَةُ: عورت میں بہت چربی ہونا۔
تَــوَرَّهَ فُلَانٌ فِــي عَــمَــلِ هٰذَا الشَّيْ: ماہر نہ ہونا۔
الــوَرِهُ مِــنَ السَّــحَــابِ: بہت بارش والا بادل۔
الوَارِه: کشادہ۔ فراخ۔
وَرْوَرَ الــنَّظَرَ: نظر تیز کرنا ...... فِي الْكَلَامِ:

جلدی جلدی بولنا۔

الوَزْوَاز: ایک پرندہ جس کی ٹانگیں چھوٹی اور چونچ لمبی اور کالی ہوتی ہے اور اس کے سر کے بالائی حصہ پر سرخی اور گلے میں حلقہ ہوتا ہے جس کا رنگ زردی مائل اور سارا بدن سبز نیلگوں مائل اور اس کی دم میں دو لمبے پر ہوتے ہیں۔

الوَزْوَزِیّ: کمزور نگاہ والا۔

المُوَزْوِز: فا۔ گانے والا۔

وَرَی یَرِی وَرْیًا الرَّجُلَ: پھیپھڑے پر مارنا۔ القَیْحُ جَوْفَهُ: خراب کرنا اور گلا دینا۔

اِسم الوَرَی وَرَث وَرْیًا ورِیَةً النَّارُ: آگ کا بھڑکنا...... الإبِلُ: اونٹ کا موٹا اور زیادہ چربی اور گودے والا ہونا۔

وَرِیَ وَوَرِیَ یَرِیَ وَرْیًا وُرِیًّا ورِیَةً الزَّنْدُ: چقماق کا آگ نکالنا۔ صفت وَارٍ۔

وَرِیَ یَرِی وَرْیًا۔ المُخُّ: گودے کا ٹھوس ہونا۔

وُرِیَ الرَّجُلُ: پھیپھڑے میں پیپ والا ہونا۔ صفت مَوْرُوٌّ ومَوْرِیٌّ۔

وَرَّی تَوْرِیَةً الشَّیْءَ: پوشیدہ کرنا...... عَنْ کَذَا: اصل بات چھپا کے دوسری بات ظاہر کرنا...... الخَبرَ وعَنِ الخَبرِ: پس پشت ڈالنا اور چھپانا...... عَنْ فُلَانٍ بَصَرَهُ: نگاہ ہٹا لینا۔ وَرَّی النَّارَ: آگ نکالنا۔

واَوْرَی الزَّنْدَ: چقماق سے آگ نکالنا۔

وَارَی مُوَارَاةً الشَّیْءَ: چھپانا۔

تَوَرَّی تَوَرِّیًا وتَوَارَی تَوَارِیًا عَنْهُ: چھپنا۔

اِسْتَوْرَی الزَّنْدَ: آگ نکالنا۔ کہا جاتا ہے اِسْتَوْرَیْتُهُ رَأْیَهُ: میں نے اس کی رائے دریافت کی۔

الوَرَی: مص۔ جوف بدن کی پیپ۔ پھیپھڑوں کا زخم۔

الوَرَی: اسم ہے وَرَی کا۔ مخلوق۔ ابو الوَرَی: زمانے کی کنیت۔

الوَرَاء۔ وَرَأ کا مادہ دیکھئے۔

الزَّنْدُ الوَارِی والوَرِیُّ: آگ دینے والا چقماق۔ الوَارِی والوَرِیُّ: موٹی چربی۔ والوَرِیُّ: مہمان۔ پڑوسی۔ لَحْمٌ وَرِیٌّ: موٹا گوشت۔

وِرْیَةُ النَّارِ ووَرِیَّتُهَا: آگ سلگانے کے لئے چیتھڑا وغیرہ۔

الوَزُّ. الإِوَزُّ: میں ایک لغت۔ بط۔ مؤنث وَزَّةٌ ج وَزَّاتٌ۔

أَرْضٌ مَوَزَّةٌ: بہت بط والی زمین۔

وَزَأَ یَوْزَأُ وَزْأً اللَّحْمَ: گوشت خشک کرنا...... القَوْمَ: بعض کا بعض کو ہٹانا۔ وَزَأَهُمْ: بعض کو بعض سے ہٹانا۔

وَزَّأَ تَوْزِئَةً وتَوْزِیئًا القِرْبَةَ: مشک بھرنا...... الفَرَسُ بِرَاکِبِهِ: گھوڑے کا سوار کو گرانا۔

وَزَّأَ فُلَانًا: سخت قسم کھلانا۔

وَزَّأَ فُلَانًا: سخت قسم کھلانا۔

تَوَزَّأَ الوِعَاءُ: برتن کا بھر جانا...... الرَّجُلُ: خوشنمائی میں بھرپور ہونا۔

وَزَبَ یَزِبُ وُزُوبًا المَاءُ ونَحْوُهُ: پانی وغیرہ کا بہنا۔

أَوْزَبَ إِیزَابًا فِی الأَرْضِ: جانا۔

الوَزَّابُ: شاطر چور۔

المِیزَابُ والمِئْزَابُ: پرنالہ ج مَیَازِیبُ ومَآزِیبُ اور بقول بعض مَوَازِیبُ۔

وَزَرَ یَزِرُ وَزْرًا وِزْرًا الشَّیْءَ: اٹھانا۔ الرَّجُلُ: بوجھل چیزوں کو پیٹھ پر اٹھانا۔

(وَزَرًا) الرَّجُلَ: غالب ہونا...... الثُّلْمَةَ: رخنہ بند کرنا۔

وَزَرَ یَزِرُ ووَزِرَ یَوْزَرُ وِزْرًا ووَزْرًا وزِرَةً: گنہگار رہونا۔ وُزِرَ فُلَانٌ: گناہ سے منسوب کیا جانا۔

وَزَرَ یَزِرُ وِزَارَةً لِلْمَلِکِ: وزیر بننا۔

أَوْزَرَ إِیزَارًا الشَّیْءَ: محفوظ کرنا۔ چھپانا۔ لے جانا...... الرَّجُلَ: جائے پناہ دینا۔

وَازَرَهُ مُوَازَرَةً: وزیر بننا...... هُ عَلَی الأَمْرِ: مدد دینا۔ تقویت دینا (یہ آزَرَ کا مقلوب ہے)

تَوَزَّرَ لَهُ: ...... وزیر بننا

اِتَّزَرَ: چھوٹا سا کمبل اوڑھنا...... بِثَوْبِهِ: چھوٹے سے کمبل کی مانند پہننا۔ گناہ کرنا۔

اِسْتَوْزَرَهُ: وزیر بنانا۔ اِسْتَوْزَرَ الشَّیْءَ: لے جانا۔

الوِزْرُ: مص۔ گناہ۔ گرانی۔ بھاری بوجھ۔ کپڑوں کی گٹھری۔ ج أَوْزَار۔ أَوْزَارُ الحَرْبِ: سامان جنگ۔ کہا جاتا ہے "وَضَعَتِ الحَرْبُ أَوْزَارَهَا" یعنی جنگ ختم ہوگئی اس لئے کہ اس وقت ہتھیار رکھ دیتے ہیں۔

الوَزَرُ: جائے پناہ۔ بلند پہاڑ۔

الوِزْرَةُ: چھوٹا کمبل ج وِزْرَات وِزَرات وِزْرَات.

الوِزَارَةُ والوَزَارَةُ: وزیر کا مرتبہ۔

الوَزِیرُ: امور سلطنت میں بادشاہ کا معین و مددگار۔ مددگار۔ ج وُزَرَاءُ وأَوْزَار۔

المَوْزُور: مفع۔ گنہگار۔ گناہ سے متہم۔

وَزَعَ یَزَعُ ویَزِعُ وَزْعًا فُلَانًا وبِفُلَانٍ: روکنا۔ منع کرنا۔ وَزَعَ الجَیْشَ: ترتیب سے صفوں میں رکھنا۔ کہا جاتا ہے "رَأَیْتُهُ یَزَعُ الجَیْشَ" میں نے اس کو دیکھا کہ وہ لشکر کی ترتیب سے صف بندی کر رہا تھا (...... وُزُوعًا) فُلَانًا بِفُلَانٍ: بھڑکانا۔

وَزَّعَ المَالَ بَیْنَهُمْ: پراگندہ کرنا...... المَالَ عَلَیْهِمْ: تقسیم کرنا۔

أَوْزَعَ المَالَ: تقسیم کرنا...... هُ بِکَذَا: بھڑکانا

أَوْزَعَ بَیْنَهُمَا: تفریق کرنا۔ اصلاح کرنا...... هُ الشَّیْءَ: الہام کرنا۔ وأُوزِعَ الشَّیْءَ: الہام کیا جانا۔ وأُوزِعَ بِهِ: بھڑکایا جانا۔ صفت مُوزَع۔

تَوَزَّعَ: پراگندہ ہونا...... القَوْمُ المَالَ: آپس میں تقسیم کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَوَزَّعَتْهُ الأَفْکَارُ" اس نے کبھی ایک کی فکر کی کبھی دوسرے کی۔ وتَوَزَّعُوا ضُیُوفَهُمْ: انہوں نے مہمانوں کو آپس میں تقسیم کرلیا۔

اِتَّزَعَ: باز رہنا۔ رکنا۔

اِسْتَوْزَعَ اللهَ شُکْرَهُ: شکر کی توفیق چاہنا۔

الوَازِع: فا۔ ڈانٹنے والا۔ کتا۔ فوج کا سردار ج وَزَعَة ووُزَّاع۔

الوَزَعَة. وَازِع : کی جمع۔ بادشاہ کے مددگار و محافظ۔ اللہ تعالیٰ کے محارم سے باز رکھنے والے حکام۔

الاَوْزَاع: جماعتیں (اس کا واحد نہیں)

المُتَّزِع: فا۔ سخت جان۔

وَزَغَ يَزِغُ وَزْغًا واَوْزَغَ بِبَوْلِهِ: تھوڑا تھوڑا کر کے پیشاب کرنا اور اسی سے ہے اَوْزَغَتِ الطَّعْنَةُ بِالدَّمِ: نیزہ کے زخم سے تھوڑا تھوڑا خون نکلا۔

وَزَغَ الْجَنِيْنُ: صورت بن کر حرکت کرنا۔

الوَزَغ: کپکپی۔ بزدل مرد۔

الوَزَغَة: چھپکلی۔ ج وَزَغ ووِزَاغ واَوْزَاغ وِزْغَان واِزْغَان. الاَوْزَاغ: کمزور لوگ۔

وَزَفَ يَزِفُ وَزْفًا ووَزِيْفًا ووَزَّفَ تَوْزِيْفًا واَوْزَفَ اِيْزَافًا: جلدی کرنا (...... وَزَفَ) فُلَانًا: جلدی کرانا۔

وَازَفَ مُوَازَفَةً وتَوَازَفَ تَوَازُفًا...... الْقَوْمُ: بعض کا بعض سے قریب ہونا۔

اَلْوَزَّالُ: ایک خاردار درخت جس کے پتے نہیں ہوتے زرد رنگ کے خوبصورت پھول ہوتے ہیں۔

وَزَمَ يَزِمُ وَزْمًا فُلَانًا بِفِيْهِ: منھ سے آہستہ سے کاٹنا...... الشَّيْءَ: سوراخ کرنا...... الدَّيْنَ: قرض ادا کرنا (...... ووَزَّمَ) نَفْسَهٗ: دن میں ایک مرتبہ کھانا۔

وُزِمَ وَزْمَةً فِيْ مَالِهٖ: کچھ جاتا رہنا۔

تَوَزَّمَ: بہت روندنے والا ہونا۔

الــوَزَم: مص۔ مقدار۔ اپنے وقت پر آنے والا۔ معاملہ (...... والوَزِيْم والوَزِيْمَةُ) سبزی کا گٹھا۔ گوشت جس کو عقاب اپنے گھونسلے میں جمع کرتا ہے۔ الوَزِيْم: گوشت کا ٹکڑا خشک کیا ہوا۔ بڑا چوہا۔ رَجُلٌ وَزِيْمٌ: گٹھے ہوئے گوشت کا مرد۔

الوَزْمَة: مص۔ مقدار۔ دن میں ایک مرتبہ کی خوراک۔

الوِزَام: جلدی۔

الوَزَّام: بہت گوشت اور عضلہ والا۔

اَلْوَزِيْمُ عِنْدَ اَرْبَابِ عِلْمِ النَّبَاتِ: مؤنث نباتات کا عضو تانیث۔

اَلْــوَزِيْــمِيَّةُ: امریکہ میں ایک لمبے تنے والے درخت زیب و زینت۔

وَزَنَ يَزِنُ وَزْنًا وَزِنَةً الشَّيْءَ: تولنا...... لَهٗ الدَّرَاهِمَ وَغَيْرَهَا: تول کر دینا...... الشِّعْرَ: شعر کی تقطیع کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا يَزِنُ رِطْلًا" یعنی یہ ایک رطل کے برابر ہے۔

وَزُنَ يَوْزُنُ وَزَانَةً الشَّيْءُ: بوجھل ہونا۔ صفت وَازِنٌ...... الرَّجُلُ: عقلمند و سنجیدہ رائے ہونا۔

وَزَّنَ واَوْزَنَ نَفْسَهٗ عَلٰى كَذَا: دل لگانا۔

وَازَنَهٗ وِزَانًا ومُوَازَنَةً: مقابل ہونا۔ وزن میں برابر کرنا۔ عمل کا بدلہ دینا...... بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ: وزن معلوم کرنے کیلئے مقابلہ کرنا۔

تَوَازَنَ الشَّيْئَانِ: باہم برابر ہونا۔

اِتَّزَنَ: تلنا...... الدَّرَاهِمَ: پرکھنا...... العِدْلُ: گٹھڑی کا دوسرے کے برابر ہونا...... الشَّيْءَ: وزن سے لینا۔

الوَزْن: مص۔ مثقال۔ ج اَوْزَان کہا جاتا ہے "هٰذَا دِرْهَمٌ وَزْنٌ" وزن کیا ہوا ہے۔ "وَهٰذَا رَجُلٌ رَاجِحُ الْوَزْنِ" یہ شخص پختہ رائے اور کامل العقل ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ وِزَانَ الشَّيْءِ او وَزْنَ الشَّيْءِ او زِنَةَ الشَّيْءِ او بِوِزَانِهٖ او بِوِزَانَتِهٖ" وہ اس کے سامنے ہے یا وزن میں اس کے برابر ہے "وَهُوَ وَزْنَ الْجَبَلِ" وہ پہاڑ کی جانب میں ہے۔

الوَزْنَة: وزن کا اسم مرۃ۔ پختہ رائے۔ کامل العقل عورت۔ کہا جاتا ہے "مَا اَكْلُهٗ فِي الْيَوْمِ اِلَّا وَزْنَةً وَاحِدَةً" دن میں اس کی خوراک صرف ایک ہی مرتبہ ہے۔

الوِزْنَة. وَزَنَ: کا اسم نوع۔

الــوَازِن: فا۔ کہا جاتا ہے "دِرْهَــمٌ وَازِنٌ" [illegible] کا [illegible]

الاَوْزَن: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "هٰــذَا الْقَوْلُ اَوْزَنُ مِنْ غَيْرِهٖ" یہ قول دوسرے سے زیادہ قوی ہے "وَهُوَ اَوْزَنُ الْقَوْمِ" وہ قوم میں زیادہ وجاہت والا ہے۔

الوَزِيْن: اندرائن کے پسے ہوئے دانے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَزِيْنُ الرَّاْيِ" فلاں سنجیدہ رائے ہے۔

المَوْزُوْنَة: پست قد عقلمند عورت۔

المِيْزَان: ترازو۔ ج مَوَازِيْن. المِيْزَان: مقدار۔ انصاف۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَقَامَ مِيْزَانُ النَّهَارِ" دن آدھا ہو گیا۔

وَزْوَزَ وَزْوَزَةً: جسم کو حرکت دیتے ہوئے قریب قریب قدم رکھ کر چلنا۔ ہلکا ہونا اور جلدی کودنا۔

الوَزْوَاز: جسم کو حرکت دیتے ہوئے قریب قریب قدم رکھ کر چلنے والا (...... والــوَزْوَازَة) اوچھا پستہ قد مرد۔ ایک پرندہ۔

اَلْمُوَزْوِزُ: فا۔ گانے والا۔

وَزَى يَزِيْ وَزْيًا الشَّيْءُ: جمع ہونا۔ سکڑنا۔ الاَمْرُ فُلَانًا: غصہ دلانا۔

وَازَاهُ مُوَازَاةً: مقابل ہونا۔

اَوْزَى اِيْزَاءً. ظَهْرَهٗ اِلَى الْحَائِطِ: ٹیک لگانا...... لِــدَارِهٖ: دیواروں کو مٹی سے لیپنا...... الشَّيْءَ: اٹھانا اور ٹیک لگانا...... اِلٰى فُلَانٍ: پناہ لینا۔ اَوْزَيْتُهٗ اِلَيْهِ: پناہ لینے پر مجبور کرنا۔

تَــوَازَى تَوَازِيًا الشَّيْئَانِ: ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔

اِسْتَــوْزَى اِسْتِيْزَاءً فِي الْجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔

الوَزَى: پستہ قد گٹھے بدن کا مرد۔

الــمُسْتَــوْزِي: فا۔ خود رائے۔ سیدھا کھڑا ہونے والا بلند۔

وَسَــبَ يَسِــبُ وَسْبًا واَوْسَــبَ اِيْسَابًا الْمَكَانُ: بہت گھاس والی ہونا۔ اَوْسَبَ الْكَبْشُ: بہت اون والا ہونا۔

وَسِــبَ يَوْسَــبُ وَسَبًا الثَّوْبُ: کپڑا میلا ہونا۔

الوِسْب: گھاس۔

الوَسْب: مص۔ میل۔

المِیْسَاب: ادھ کچری کھجور۔

وَسَجَتْ تَسِجُ وَسْجًا ووَسِیْجًا ووَسَجَانًا الْإبِلُ: تیز چلنا۔ صفت وَاسِجَةٌ.

اَوْسَجَ الْبَعِیْرُ: تیز چلانا۔

الوَسَّاج والوَسُوْج مِنَ الْإبِلِ: تیز رفتار ج وُسُجٌ اور کہا جاتا ہے "اِبِلٌ وَسُوْجٌ" تیز رفتار اونٹ۔

الوَسْج والوَسَجَان والوَسِیْج: اُونٹ کی تیز چال۔

وَسِخَ یَوْسَخُ ویَاسَخُ ویَیْسَخُ وَسَخًا الشَّیْئُ: میلا ہونا۔ صفت وَسِخ.

وَسَّخَ واَوْسَخَ الشَّیْئَ: میلا کرنا۔

تَوَسَّخَ واتَّسَخَ اِسْتَوْسَخَ: میلا ہونا۔

الوَسَخ: میل کچیل۔ ج اَوْسَاخ.

وَسَّدَہ الوِسَادَةَ: کسی کو تکیہ دینا۔ وَسَّدَاِلَیْهِ الْأمْرَ: کسی کام کو کسی کے ذمہ کر دینا۔

اَوْسَدَ فِی السَّیْرِ: تیز چلنا......الْکَلْبَ بالصَّیْدِ: کتے کو شکار پر اُکسانا۔

تَوَسَّدَ الْوِسَادَةَ: سر کے نیچے تکیہ رکھنا......ذِرَاعَهٗ: ہاتھ کو تکیہ کی طرح رکھ کر سونا۔

الوَسَاد والوِسَاد والوُسَاد......: تکیہ ج وُسُدٌ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ عَرِیْضُ الْوِسَادِ" یعنی غبی۔ اور "اِنَّ وِسَادَکَ لَعَرِیْضٌ" کنایہ ہے کثرتِ نوم سے۔

الوَسَادَة والوِسَادَة والوُسَادَة: تکیہ ج وَسَادَات ووِسَادَات ووُسَادَات ووَسَائِد.

وَسَطَ یَسِطُ وَسْطًا وَسِطَةً الْمَکَانَ اَوِ الْقَوْمَ: بیچ میں بیٹھنا۔ صفت وَاسِط (......وَسَاطَةً) الْقَوْمَ وفِیْهِمْ: قوم میں حق و عدل میں متوسط ہونا۔

وَسُطَ یَوْسُطُ وَسَاطَةً: شریف ہونا۔ صاحب حسب ہونا۔

وَسَطَ یَسِطُ وَسَاطَةً وسِطَةً ووَسَّطَ فِیْ حَسَبِهٖ: شریف و صاحب حسب ہونا۔

وَسَّطَهٗ: ثالث بنانا۔ بیچ میں کرنا۔ وَسَّطَ الشَّیْئَ: دو ٹکڑے کرنا۔

اَوْسَطَ اِیْسَاطًا الْقَوْمَ: بیچ میں داخل ہونا۔

تَوَسَّطَ الْقَوْمَ او الْمَکَانَ: بیچ میں بیٹھنا...... بَیْنَهُمْ: ثالث و مصلح بننا......الرَّجُلُ: درمیانی چیز لینا۔

الوَسَط (واحد جمع مذکر و مؤنث کے لئے) معتدل۔ مثلاً کہا جاتا ہے "شَیْئٌ وَسَطٌ" یعنی عمدہ اور ردی چیزوں کی درمیانی چیز ج اَوْسَاطٌ وَسَطُ الشَّیْئِ: دونوں اطراف کے درمیان جیسے وَسَطُ الْحَبْلِ ووَسَطُ الدَّارِ. رَجُلٌ وَسَطٌ صاحب حسب مرد اور کہا جاتا ہے "هُوَ فِیْ وَسَطِ الْقَوْمِ وفِیْ وَسَطِهِمْ" یعنی وہ قوم کے درمیان میں ہے اور بعضوں نے کہا ہے کہ ہر وہ موقع جہاں پر لفظ وسط کے عوض بین رکھ سکتے ہوں وہ ساکن الاوسط ہوتا ہے ورنہ متحرک الاوسط اور اسی لحاظ سے کہتے ہیں "وَسْطَ الْقَوْمِ" اور "وَسَطَ الْحَبْلِ".

الوَاسِط: فا۔ دروازہ۔ پالان کا اگلا حصہ۔

الوَاسِطَة. واسط: کا مؤنث۔ پالان کا اگلا حصہ۔ ہار کے بیچ کا عمدہ جوہر۔ ذریعہ۔ سبب۔ کہا جاتا ہے "کَانَ بِوَاسِطَةِ کَذَا" وہ فلاں کے ذریعہ سے تھا۔ ثالث اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِیْ وَاسِطَةِ قَوْمِهٖ" فلاں اپنی قوم میں سب سے اچھا ہے۔

الوَسَاطَة: مص۔ ثالثی۔

الوَسِیْط: دو جھگڑا کرنے والوں کے درمیان ثالث ج وُسَطَاءُ مؤنث وَسِیْطَة اور کہا جاتا ہے "هُوَ وَسِیْطٌ فِیْهِمْ" وہ بلند مرتبہ اور شریف النسب ہے۔

الاَوْسَط: متوسط۔ معتدل ج اَوَاسِط اَوْسَطُ الشَّیْئِ: دونوں اطراف کا درمیان۔

الْعِلْمُ الْاَوْسَط: علم ریاضی اور اس کو حکمت وسطیٰ بھی کہتے ہیں۔

الوُسْطٰی. اَوْسَط: کا مؤنث ج وُسَط مِنَ الْاَصَابِعِ: بیچ کی انگلی

المَوْسُوْط: درمیانی۔ بالوں کا خیمہ یا چھوٹا خیمہ۔

وُسُوْطُ الشَّمْسِ: آفتاب کا آسمان کے بیچ میں آنا۔

مُوَسَّطُ الْبَیْتِ: گھر کا درمیانی حصہ۔

المُتَوَسِّط: فا۔ اَلْبَحْرُ الْمُتَوَسِّط: وہ سمندر جو یورپ، ایشیا اور افریقہ کے درمیان ہے اور جس کو بحر ابیض اور بحر روم بھی کہتے ہیں۔

وَسِعَ یَسَعُ ویَسِعُ سَعَةً وسِعَةً الْمَکَانُ: کشادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الْاِنَاءُ یَسَعُ عِشْرِیْنَ کَیْلًا" یعنی اس برتن میں بیس کیل کی گنجائش ہے۔ "ووَسِعَتْ رَحْمَةُ اللّٰهِ کُلَّ شَیْئٍ وَلِکُلِّ شَیْئٍ وَعَلٰی کُلِّ شَیْئٍ" اللہ تعالیٰ کی رحمت سب چیزوں کا احاطہ کئے ہوئے ہے "وَمَا اَسَعُ هٰذَا" میں اس کی طاقت نہیں رکھتا۔ "لَا یَسَعُکَ اَنْ تَفْعَلَ هٰذَا" تمہارے لئے جائز نہیں کہ تم یہ کرو۔ تم اس کے کرنے پر قادر نہیں ہو "وَوَسَعَ الْقَوْمَ فَضْلُهٗ" اس کا فضل ساری قوم کو عام ہے "وَوَسَعَ الْمَالُ الدَّیْنَ" یعنی مال بہت ہے یہاں تک کہ سارے قرض کی ادائیگی کے لئے کافی ہے۔

وَسَعَ یَوْسَعُ وَسْعًا اللّٰهُ عَلَیْهِمْ رِزْقَهٗ: بکثرت دینا۔ کشادہ کرنا اور کہا جاتا ہے "وَسَعَ عَلَیْهِ" جبکہ غنی کر دے۔

وَسُعَ یَوْسُعُ سَعَةً ووَسَاعَةً الْمَکَانُ: کشادہ ہونا......الْفَرَسُ: کشادہ قدم ہونا۔

اَوْسَعَ: مالدار ہونا......الْمَوْضَعَ: کشادہ پانا......النَّفَقَةَ: بہت خرچ کرنا (...... وَوَسَّعَ) کشادہ کرنا......اللّٰهُ عَلَیْهِ: مالدار بنانا۔

واَوْسَعَهُ الشَّیْئَ: کسی چیز کو گنجائش کا بنانا۔

تَوَسَّعَ: کشادہ ہونا......الْقَوْمُ فِی الْمَکَانِ: کشادگی کرنا......الرَّجُلُ فِی النَّفَقَةِ: زیادہ خرچ کرنا۔

اِتَّسَعَ: کشادہ ہونا......الرَّجُلُ: صاحب وسعت و مالدار ہونا......النَّهَارُ: طویل و [illegible]ہونا۔

اِسْتَوْسَعَ: کشادہ ہونا......الشَّيْءُ: کشادہ پانا یا طلب کرنا۔

الْوَاسِعُ: فا۔ کشادہ......فِي الْاَسْمَاءِ الْحُسْنٰى: اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنٰی میں سے ہے جس کے معنی ہیں بہت دینے والا یا ہر چیز پر احاطہ کرنے والا۔

الْوَسْعُ والْوِسْعُ الْوُسْعُ: طاقت۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ فِي وَسْعِهِ اَنْ يَفْعَلَ كَذَا" یعنی اس کے کرنے پر وہ قادر نہیں۔

السَّعَة والْوُسْعَة والتَّوْسِعَة: گنجائش السَّعَة تونگری۔ غنی۔ طاقت۔ قدرت۔

الْوَسِيْعُ: کشادہ......مِنَ الْخَيْلِ: کشادہ قدم گھوڑا۔

الْوَسَاعُ مِنَ الْخَيْلِ: عمدہ یا کشادہ قدم گھوڑا۔

وَسَّفَ تَوْسِيْفًا. الشَّيْءُ: چھیلنا۔

تَوَسَّفَ الشَّيْءُ: چھلنا......الْبَعِيْرُ: موٹا ہونا اور پرانے بال گر کر نئے بال نکلنا......اَوْبَارُ الْاِبِلِ: اونٹ کے اُون کا جھڑ جانا۔

وَسَقَ يَسِقُ وَسْقًا الشَّيْءُ: جمع کر کے اٹھانا......الْبَعِيْرَ: اُونٹ پر ایک وسق (ساٹھ صاع) لادنا۔ اَوْسَقَتِ النَّاقَةُ وَغَيْرُهَا: اُونٹنی کا حاملہ ہونا۔ صفت وَاسِقٌ ج وَاسِقَات ووِسَاق اور مَوَاسِق ومَوَاسِيْق: خلاف قیاس جمع ہیں۔ وَسَقَتِ الْعَيْنُ الْمَاءَ: آنکھ میں پانی ہونا۔ کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُ ذٰلِكَ مَا وَسَقَتْ عَيْنِيْ الْمَاءَ" میں اس کو نہیں کروں گا جب تک میری آنکھوں میں پانی ہے۔ وَسَقَتِ النَّخْلَةُ: پھل دار ہونا(...... وَسِيْقًا) الْبَعِيْرَ: ہانکنا۔

وَسَّقَ الْحِنْطَةَ: ساٹھ ساٹھ صاع کا گیہوں کا ڈھیر لگانا۔

اَوْسَقَ اِيْسَاقًا الدَّابَّةَ: لادنا۔ اَوْسَقَتِ النَّخْلَةُ: بہت پھل دار ہونا۔

وَاسَقَهٗ مُوَاسَقَةً: برابری کرنا۔ مقابلہ کرنا۔

اِتَّسَقَ الْاَمْرُ: مرتب ہونا......الْاِبِلُ: اُونٹوں کا اکٹھا ہونا......الْقَمَرُ: چاند کا پورا ہو

اِسْتَوْسَقَ اِسْتِيْسَاقًا: اکٹھا ہونا۔ الْاَمْرُ: مرتب ہونا......لَهُ الْاَمْرُ: ممکن ہونا۔

الْوَسْقُ: مص۔ ساٹھ صاع اور بقول بعض ایک اُونٹ کا بوجھ ج اَوْسَاق. الْوَسْقُ: درخت خرما کا بوجھ۔ ج اَوْسَاق ووُسُوْق.

الْوَسِيْقُ: مص۔ دھتکار۔ بارش۔

الْوَسِيْقَةُ مِنَ الْاِبِلِ: اُونٹوں کا گلہ۔ ج وَسَائِق. الْوَسِيْقَة: حاملہ۔ کہا جاتا ہے نَاقَةٌ وَسِيْقَةٌ: حاملہ اونٹنی۔

الْمُتَّسِق عِنْدَ اَهْلِ الْعَرُوْضِ: اوزان شعر میں ایک وزن ہے۔ جس کا نام متدارک بھی ہے۔ الْمُتَّسِق: چاند کا نام۔

الْمِيْسَاق مِنَ الْحَمَامِ: بڑے بازوؤں والا کبوتر ج مَيَاسِيْق ومَآسِيْق. الْمِيْسَاق: پرندہ جو اڑنے میں پھڑ پھڑائے۔

وَسَلَ يَسِلُ وَسِيْلَةً ووَسْلًا وتَوَسَّلَ اِلَى اللّٰهِ بِعَمَلٍ او وَسِيْلَةٍ: تقرب حاصل کرنا۔ صفت وَاسِل.

الْوَاسِلَة والْوَسِيْلَة: تقرب حاصل کرنے کا ذریعہ ج وَسِيْل ووَسَائِل ووُسُل الْوَاسِلَةُ والْوَسِيْلَةُ: مرتبہ۔ درجہ۔

وَسَمَهٗ يَسِمُهٗ وَسْمًا وسِمَةً: داغ لگانا۔ وَسَمَ الْوَسْمِيُّ الْاَرْضَ: بہار کی پہلی بارش ہونا۔

وَسُمَ يَوْسُمُ وَسَامًا ووَسَامَةً الْغُلَامُ: خوبصورت چہرے والا ہونا......الْوَجْهُ: خوبصورت ہونا۔

وَسَّمَ: حج کے موقعہ پر مکہ میں حاضر ہونا۔

وَاسَمَهٗ مُوَاسَمَةً: خوبصورتی میں مقابلہ کرنا۔

تَوَسَّمَ الشَّيْءَ: فراست سے معلوم کرنا۔ علامت طلب کرنا۔ پہچاننا۔ تَوَسَّمَ فِيْهِ الْخَيْرَ: بھلائی معلوم کرنا......الرَّجُلُ: موسم بہار کی گھاس کو تلاش کرنا۔ تَوَسَّمَ بِالْوَسِمَةِ: وسمہ لگانا۔

[illegible]

الْوَسْمُ: مص۔ ایک درخت ہے جس کے پتوں کو بطور خضاب کے استعمال کرتے ہیں۔ علامت داغ کا نشان۔ ج وُسُوْم

اَسِمَةُ: پھول کی پتی کا اوپر والا حصہ۔

جُزْءُ الْمَدِفَةِ: پھول پتیوں کو جمع کرنے والا حصہ۔

السِّمَة: مص۔ علامت۔ داغ کا نشان۔ ج سِمَات.

الْوَسْمِيُّ: موسم بہار کی پہلی بارش۔

الْوِسَام: جانوروں کا داغ۔ تمغہ ج اَوْسِمَة.

الْوَسْمَة والْوَسِمَة: نیل کے پتے یا ایک قسم کی نباتات جس کے پتوں سے خضاب کرتے ہیں۔

الْوَسِيْم: خوبصورت چہرے والا ج وُسَمَاء ووِسَام مؤنث وَسِيْمَة ج وَسِيْمَات ووِسَام.

الْوَسَامَة: مص۔ خوبصورتی کا اثر۔ حسن و جمال۔

الْاَوْسَم: خوبصورت۔

الْمَوْسِم: لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ اکثر استعمال حج کے موقع کے لئے ہوتا ہے اور عید کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔ ج مَوَاسِم.

الْمِيْسَم: داغ لگانے کا آلہ۔ داغ کا نشان ج مَيَاسِم. الْمِيْسَم: حسن و جمال۔

الْمَوَاسِيْم: داغ لگائے ہوئے اونٹ۔

وَسِنَ يَوْسَنُ وَسَنًا وسِنَةً: اونگھنا۔ بیہوش ہونا (ضد) صفت مذکر وَسِنٌ ووَسْنَان ومِيْسَان صفت مؤنث وَسِنَةٌ ووَسْنٰى ومِيْسَان. وسِنَ فُلَانٌ: کنوئیں کی بدبو سے غشی طاری ہونا۔

اَوْسَنَهُ الْبِئْرُ: غشی طاری کرنا۔

تَوَسَّنَهُ: نیند کے وقت آنا۔

اِسْتَوْسَنَ: اونگھنا۔

الْوَسَن: مص۔ ضرورت۔ حاجت۔ ج اَوْسَان.

السِّنَة: مص۔ اونگھ۔ غنودگی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِي سِنَةٍ" وہ غفلت میں ہے

الوَمْنَةُ: بس۔ تیزی کی کی۔ اونگھ۔

الوَمِنِیُّ: بہت اونگھنے والا۔

المَوْسُوْن: کاہل۔ مؤنث مَوْشُوْنَۃ.

وَسْوَسَ وِسْوَاسًا ووَسْوَسَۃً الشَّیْطَانُ لَہٗ والَیْہِ: وسوسہ ڈالنا...... الرَّجُلُ: خرابی عقل کی وجہ سے بے تکی باتیں کرنا۔ وسوسہ والا ہونا۔ صفت مُوَسْوِسٌ: آہستہ بولنا...... الحُلِیُّ او القَصَبُ: جھنکار ہونا یا آواز نکلنا...... الرَّجُلَ: کسی سے آہستہ گفتگو کرنا۔

وُسْوِسَ بِہٖ: کلام میں گڑبڑی ہونا۔

الوَسْوَاس: وسوس کا اسم۔ شیطان۔ ایک مرض ہے جو غلبہ سوداء کی وجہ سے پیدا ہو جاتا ہے۔ دل میں جو برائی یا بے نفع بات گزرے اس پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ ج وَسَاوِس.

وَسَی یَسِیْ وَسْیًا رَاسَہٗ: مونڈنا۔

وَاسَی الرَّجُلَ مُوَاسَاۃً. آسَاہُ مُوَاسَاۃً: میں ایک لغت ہے بمعنی مدد دینا۔

اَوْسَی اِیْسَاءً ا. الرَّاسَ: مونڈنا۔ الشَّیْءَ: کاٹنا۔

المُوْسَی: استرہ۔ ج مَوَاسٍ.

الوَشْب: سخت قسم کی کھجور وغیرہ۔

الوِشْب. اَوْشَاب: کا واحد بمعنی اخلاط ناس طرح طرح کے لوگ۔

وَشَجَتْ تَشِجُ وَشْجًا الاَغْصَانُ: ٹہنیوں کا ایک دوسرے میں گتھی ہوئی ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَشَجَتْ بِکَ قَرَابَتُہٗ" تمہارے ساتھ اس کی قرابت مل گئی۔ "وَوَشَجَتْ فِیْ قَلْبِہٖ اُمُوْرٌ وَھُمُوْمٌ" اس کے دل میں مختلف قسم کے امور اور غم لاحق ہیں (...... وَوَشَّجَ مَحْمَلَہٗ) کچھ گرنے سے بچانے کے لئے تسمہ سے باندھنا۔ وَشَّجَ اللّٰہُ قَرَابَتَہٗ بِکُمْ: اللہ اس کی قرابت کو تم سے ملا دے۔ وَشَّجَ اللّٰہُ بَیْنَ القَوْمِ: اللہ نے لوگوں کو آپس میں ملا دیا۔

تَوَشَّجَتْ وتَوَاشَجَتْ عُرُوْقُ الشَّجَرَۃِ ونَحْوِھَا: پیچیدہ ہونا۔

الـوَّاشِـجُ: ف۔ پیچیدہ۔ مؤنث وَاشِجَۃ

الوَاشِجَۃ: باہم پیوستہ قرابت۔

الـوَشِیْـجُ: قرابت و رشتہ داری کی باہم پیوستگی۔ نیزوں کا درخت۔ نیزوں کے لئے بھی بولا جاتا ہے کہتے ہیں تَطَاعَنُوْا بِالوَشِیْجِ.

الـوَشِیْجَۃ: درخت کے ریشہ کی رسی جس کو بن کر دو لکڑیوں میں پھنسا دیتے ہیں اور اس پر گیہوں وغیرہ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرتے ہیں۔ ج وَشَائِج کہا جاتا ہے "ھُمْ وَشِیْجَۃُ القَوْمِ" وہ لوگ قوم میں اجنبی ہیں۔

الوَشِیْجَۃ: کان کی رگ۔ ج وَشَائِج.

وَشَّحَہٗ: حمیل پہنانا۔

تَوَشَّحَ واتَّشَحَ: حمیل پہننا۔ تَوَشَّحَ بِسَیْفِہٖ: تلوار کو گردن میں لٹکانا......

بِثَوْبِہٖ: کپڑا پہننا یا بغل کے نیچے سے نکال کر کندھے پر ڈالنا...... الجَبَلَ: پہاڑ پر چلنا۔

الـوِشَـاحُ: تلوار۔ کمان۔ ذُوالـوِشَـاحِ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی تلوار کا نام۔ (الوُشَاح) حمیل۔ جڑاؤ پٹی۔ ج وُشُحٌ واَوْشِحَۃٌ ووَشَائِحُ.

الوِشَاحَۃ: تلوار۔

الـوَشْحَاء: کالی بکری جس کی گردن اور سینہ سفید ہو۔

المُوَشَّح: اشعار کی ایک قسم جو خاص اوزان اور قوافی پر نظم کئے جاتے ہیں مگر اس میں ناظم ایک ہی قافیہ کا پابند نہیں ہوتا اور یہ اندلسی شعراء کا اختراع ہے۔

المُوَشَّحَۃ مِنَ الطَّیْرِ او الظِّبَاءِ: پرندہ یا ہرن جس کے دونوں پہلوؤں پر دو سفید دھاریاں ہوں۔

وَشَرَ یَشِرُ وَشْرًا اَسْنَانَہٗ: دانتوں کو تیز اور باریک کرنا...... الخَشَبَۃَ بِالمِنْشَارِ: لکڑی کو آرہ سے چیرنا۔

اِتَّشَرَ واسْتَوْشَرَ: دانت تیز اور باریک کرنے کو کہنا۔

المِیْشَار: آرہ۔

مُوَشُوْر ثُلَاثِیٌّ رُبَاعِیٌّ خُمَاسِیٌّ: جس کے قاعدے ثلاثی، رباعی اور خماسی ہوں۔

المَوْشُوْر: مقع ...... فِیْ عِلْمِ الطَّبِیْعِیَّاتِ: علم طبعیات کی اصطلاح میں اُس بلوری جسم کو کہتے ہیں جس کے تین ضلعے ہوں۔ ج مَوَاشِیْر.

وَشَزَ یَشِزُ وَشْزًا: جلدی کرنا۔

تَوَشَّزَ لِلشَّرِّ: آمادہ برائی ہونا۔

الوَشْز والوَشَز: جلدی۔ بلند مکان جس کی پناہ لی جائے۔ سختی زندگانی ج اَوْشَاز.

الوَشِیْزَۃ: بہت بھرا ہوا تکیہ ج وَشَائِز.

وَشَظَ یَشِظُ وَشْظًا العَظْمَ: ہڈی کا ٹکڑا توڑنا...... الفَاسَ: کلہاڑے میں پچڑ لگا کر سوراخ تنگ کرنا...... القَوْمُ اِلَیْنَا: کم لوگوں کا آ کر ملنا۔

الـوَشِیْـظ: تابع۔ حلیف۔ قوم میں اجنبی آدمی ملا ہوا۔ خسیس۔ مختلف النسل لوگ۔ ج اَوْشَاظ (والوَشِیْظَۃ) لکڑی کا ٹکڑا جس سے پیالہ کو جوڑیں۔ کہا جاتا ہے "ھُمْ وَشِیْظَۃٌ فِیْ قَوْمِھِمْ" وہ لوگ اپنی قوم میں فرومایہ ہیں اور ایسا ہی "ھُوَ وَشِیْظَۃٌ فِیْھِمْ" ج وَشَائِظ.

وَشَعَ یَشَعُ وَشْعًا الشَّیْءَ: ملانا۔ القُطْنَ: روئی کو لپیٹنا (...... وَشْعًا و وُشُوْعًا) الجبلَ وفیہ: پہاڑ پر چڑھنا...... البَقْلَۃَ: پھولدار ہونا...... ہٗ الشَّیْءُ: بلند ہونا۔

وَشَّعَ القُطْنَ: روئی دھننے کے بعد لپیٹنا...... الثَّوْبَ: کپڑے پر نقش و نگار کرنا...... الشَّیْبُ رَاسَہٗ: سر میں سفیدی چھا جانا...... الشَّیْءَ فِی الشَّیْءِ: داخل ہونا۔ وَشَّعُوْا عَلٰی کَرْمِھِمْ او بُسْتَانِھِمْ: باغ میں باڑ لگانا۔

اَوْشَعَ البَقْلُ او الشَّجَرُ: سبزی یا درخت کا پھول دار ہونا۔

تَوَشَّعَ الشَّیْءُ: پراگندہ ہونا...... فِی الجَبَلِ: پہاڑ میں دائیں بائیں جانا...... الشَّیْبُ رَاسَہٗ: سر میں سفیدی چھا جانا۔ تَوَشَّعُوا الضُّیُوْف: ہر ایک کا مہمانوں کی ایک

جماعت کو اپنے گھر لے جانا۔ تَوَشَّعَ بِہٖ
: بہت ہونا...... بِالْکَذِبِ: جھوٹ سے مزین
ہونا...... الْغَنَمُ فِی الْجَبَلِ: بکریوں کا چرنے
کے لئے پہاڑ پر چڑھنا۔
الوَشْعُ: مص۔ سبزیوں کے شگوفے۔ پہاڑ
میں تھوڑی سی نباتات ج وُشُوعٌ۔
الوُشْعُ: مکڑی کا جالا۔
الوُشُوعُ: پہاڑ میں متفرق نباتات۔ حلق
میں ٹپکانے کی دوا۔
الوَشِيعُ: کپڑے کا نقش و نگار، باغ کے
اردگرد کی باڑ۔ مکان کی چھت یا چٹائی وغیرہ
جو چھت کے قائم مقام ہو۔ خشک ہو کر گرا ہوا
درخت۔ سردار لشکر کا خیمہ جہاں سے وہ فوج
کی نقل و حرکت کو دیکھ سکے۔ کنوئیں کے
سرے کی موٹی سی لکڑی جس پر کھڑے ہو کر
پانی کھینچیں۔
الوَشِيعَةُ: رنگ برنگ کے سوت لپیٹنے کی
لکڑی، بننے والے کی نال، ہر پیچیدہ چیز۔
غبار کی دھاری ج وَشِيعٌ و وَشَائِعُ۔
المُوَشَّعُ: مفع۔ بُرْدٌ مُوَشَّعٌ: منقش و دھاری
دار چادر۔
وَشَغَ يَشِغُ وَشْغًا بِبَوْلِهٖ: پیشاب کرنا۔
وَشَغَ الثَّوْبَ بِالدَّمِ: کپڑے پر خون لت
پت کر کے دھاری دار کر دینا۔
اَوْشَغَ اِيشَاغًا الْعَطِيَّةَ: کم دینا...... بِبَوْلِهٖ:
پیشاب کرنا۔
تَوَشَّغَ بِالسُّوْءِ: آلودہ ہونا۔
الوُشْغُ والوَشِيغُ: تھوڑا۔
الوُشُوغُ: منہ میں ٹپکانے کی دوا۔
وَشَقَهٗ يَشِقُهٗ وَشْقًا: خراش کرنا...... ہٗ
بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔ وَشَقَ اللَّحْمَ: گوشت
کے پارچے کاٹ کر خشک کرنا...... الرَّجُلُ
: جلدی کرنا۔
وَشَّقَ الشَّيْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
اَوْشَقَ الشَّيْءُ فِی الشَّيْءِ: چمٹنا۔
تَوَاشَقَ واتَّشَقَ الْقَوْمُ الْعَدُوَّ بِاَسْيَافِهِمْ
: دشمن کو تلواروں سے ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
وَاتَّشَقَ فُلَانٌ اللَّحْمَ: گوشت کے پارچے
کاٹ کر خشک کرنا۔
الوَاشِقُ: فا۔ تھوڑا دودھ۔ جلدی سے
گزرنے والی چیز جیسے عمر اور زمانہ۔ بَاشِق
: میں ایک لغت۔
الوَشْقُ: مص۔ متفرق چراگاہ۔
الوَشَقُ: ایک جانور کا نام جس کی کھال سے
عمدہ پوستین تیار ہوتی ہے۔
الوَشِيقُ والوَشِيقَةُ: خشک کیا ہوا گوشت کا
پارچہ ج وَشَائِقُ۔
المِيشَاقُ: کنجی کا دندانہ۔ ج مَوَاشِيقُ۔
وَشُکَ يَوْشُکُ وَشْکًا وَوَشَاکَةً
وَوَشُکَ الْاَمْرُ: جلدی ہونا۔ صفت
وَشِيکٌ۔
اَوْشَکَ: جلدی چلنا اور قریب ہونا اور اسی
سے ہے اَوْشَکَ اَنْ يَمُوتَ: وہ مرنے
کے قریب ہی تھا اور یہ افعال مقاربہ میں
سے ہے۔ مضارع کا استعمال ماضی سے
زیادہ ہے اور اسم فاعل کا استعمال بہت کم
ہے اور اس کی خبر پر اکثر اَنْ آتا ہے۔
وَاشَکَ مُوَاشَکَةً: جلدی چلنا۔
الوَشْکُ والوُشْکُ والوَشْکَانُ
والوِشْکَانُ والوُشْکَانُ: جلدی۔ اور کہا
جاتا ہے وَشْکَانَ مَا يَکُونُ ذٰلِکَ: یعنی یہ
جلدی ہوا۔ یا یہ کس قدر جلدی ہونے کو
ہے۔ اور یہ اسم فعل ہے۔
الوِشَاکُ: جلدی۔
الوَشِيکُ (مذکر و مؤنث) جلد باز۔
قریب۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ وَشِيکًا" وہ
جلدی نکلا۔
وَشَلَ يَشِلُ وَشْلًا وَوَشَلَانًا الْمَاءُ: پانی کا
بہنا۔ ٹپکنا...... وُشُولًا: کمزور ہونا۔ محتاج
ہونا...... اِلَيْهِ: عاجزی ظاہر کرنا۔
اَوْشَلَ الْمَاءُ: پانی کم پانا...... حَظَّهٗ: کم کرنا۔
الوَشَلُ: تھوڑا پانی جو پہاڑ یا چٹان سے ٹپکے
۔ تھوڑا آنسو۔ بہت پانی یا آنسو (ضد) ج
اَوْشَالٌ۔ الوَشَلُ: تہمت۔ خوف۔ کہا جاتا
ہے "جَاءَ الْقَوْمُ اَوْشَالًا" قوم ایک
دوسرے کے پیچھے آئی۔
عُيُونٌ وَشِلَةٌ: کم پانی والے چشمے۔
الوَاشِلُ: فا...... مِنَ الْجِبَالِ: پہاڑ جس سے
ہمیشہ پانی ٹپکے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَاشِلُ
الرَّأْيِ" فلاں کمزور رائے والا ہے۔ "وَهُوَ
وَاشِلُ الْحَظِّ" وہ ناقص حصہ والا ہے۔
نَاقَةٌ وَشُولٌ: زیادہ دودھ والی۔ کم دودھ
والی اونٹنی۔
الوُشُولُ: دولت کی کمی۔ نقصان۔
وَشَمَ يَشِمُ وَشْمًا وَوَشَمَ الْيَدَ: ہاتھ میں
گودنا۔ وَشَمَ الْغُصْنُ: ٹہنی میں پتے ظاہر
ہونا۔
اَوْشَمَ اِيشَامًا الْمَكَانُ: ہریالی ہونا۔ الْكَرْمُ
: انگور کا رنگ پکڑنا...... الشَّيْبُ فِی رَأْسِهٖ:
بڑھاپے کی سفیدی پھیلنا...... الْبَرْقُ: بجلی کا
آہستہ چمکنا...... السَّمَاءُ: بجلی کوندنا...... فِی
عِرْضِ فُلَانٍ: گالی دینا۔ عیب لگانا...... فِی
الْاَمْرِ: غور و فکر کرنا۔ اَوْشَمَتِ الْجَارِيَةُ
: پستان کا ابھار شروع ہونا اور کہا جاتا ہے
"اَوْشَمَ يَفْعَلُ كَذَا" وہ ایسا کرنے لگا۔
اِسْتَوْشَمَ اِسْتِيشَامًا: گودنے کے لئے کہنا۔
الوَشْمُ: مص۔ گودائی۔ گودنے کا اثر۔
نباتات کی پہلی روئیدگی۔ ج وُشُومٌ
و وِشَامٌ۔
الوَشْمَةُ۔ وَشَمَ: کا اسم مرۃ۔ بارش کا قطرہ۔
کہا جاتا ہے "مَا عَصَاهُ وَشْمَةً" اس نے
اس کی ذرا بھی نافرمانی نہیں کی۔
الوَشِيمَةُ: دشمنی، برائی۔
تَوَشَّنَ الْمَاءُ: پانی کم ہونا۔
الوَشْنُ: بلند زمین۔ موٹا اونٹ۔
الْاَوْشَنُ: دوسرے کے دسترخوان پر کھانا
کھانے والا۔
وَشْوَشَ وَشْوَشَةً فُلَانًا: آہستہ گفتگو کرنا
...... ہُ الشَّيْءَ: دھیرے سے دینا۔
تَوَشْوَشَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے سے آہستہ
آہستہ گفتگو کرنا۔

الوَشُوشی و الوشوش: ایک جلد باز آدمی۔ رَجُل وَشْوَشِیُّ الذِّرَاعِ: کام کرنے میں پھرتیلا مرد۔

وَشٰی یَشِی وَشْیًا وَشِیَةً ووَشٰی الثَّوْبَ: منقش کرنا...... الکَلَامَ: جھوٹ بولنا۔ وَشَاةُ ثَوْبًا: کپڑا پہنانا۔

وَشٰی یَشِی وَشْیًا وِشَایَةً بِهٖ اِلَی الْمَلِکِ: چغل خوری کرنا...... بَنُو فُلَانٍ: بکثرت ہونا۔

اَوْشٰی اِیْشَاءً المَکَانُ: ابتدائی نباتات ظاہر ہونا...... الرَّجُلُ: بہت مویشی والا ہونا ...... المَعْدِنُ: کان میں تھوڑا سا سونا پایا جانا ...... النَّخْلَةُ: پہلا پھل نکالنا...... الشَّیْئُ: نکالنا۔ جاننا...... الفَرَسَ: گھوڑے کو اُکسانا ...... الدَّوَاءُ الْمَرِیْضَ: دوا کا مریض کو تندرست کرنا...... فِی الدَّرَاهِمِ: کچھ لینا۔

تَوَشّٰی: نقش و نگار ہونا...... الشَّیْبُ فِیْ رَاْسِهٖ: سر میں سفیدی کا پھیلنا۔

اِیْتَشٰی اِیْتِشَاءً العَظْمُ: ٹوٹی ہوئی ہڈی درست ہونا۔

اِسْتَوْشَی الفَرَسَ: گھوڑے کو اُکسانا...... الحَدِیْثَ: بحث کرنا اور جمع کرنا...... الرَّجُلَ: مانگنا اور ہاتھ میں جو کچھ ہو اُسے نکال لینا ...... المَعْدِنُ: تھوڑا سا سونا پایا جانا۔

الوَشْیُ: مص۔ کپڑے کا نقش و نگار۔ منقش کپڑے۔ ج وِشَاء. وَشْیُ السَّیْفِ: تلوار کا جوہر۔

الوَشَاء: اونٹوں کی کثرت۔

الوَاشِی: فا۔ چغل خور۔ بہت اولاد والا۔ یا بہت مویشی والا۔ جلاہا۔ ج وَاشُوْنَ وَوُشَاة. الوَشَّاة: سونے کا سکہ بنانے والا۔

الوَشَّاء. وَاشِی: کا اسم مبالغہ۔ منقش کپڑے بیچنے والا۔

الشِّیَة: مص۔ داغ۔ نشان۔ علامت ج شِیَات.

الاَشْیَة: داغوں والا۔ کہا جاتا ہے "ثَوْرٌ اَشْیَة" جیسے کہا جاتا ہے "فَرَسٌ اَبْلَقُ" اور نسبت کے لئے وَشَوِیٌّ.

وَصَّ یَوُصُّ وَصًّا العَمَلَ: مضبوط بنانا۔

وَصَّصَتْ تَوْصِیْصًا المَرْاَةُ: منہ کا پردہ تنگ کرنا۔

وَصِیَ یَوْصَا وَصًا الثَّوْبُ: کپڑا میلا ہونا۔

وَصَبَ یَصِبُ وُصُوْبًا: ہمیشہ رہنا۔ ثابت ہونا...... الدَّیْنُ: قرض واجب ہونا...... عَلَی الاَمْرِ: مداومت کرنا۔ خوش اسلوبی سے کرنا۔

وَصِبَ یَوْصَبُ وَصَبًا ووَصَّبَ وتَوَصَّبَ: مریض ہونا۔ صفت وَصِبٌ ج وَصَابَی و وِصَاب. تَوَصَّبَ. درد محسوس کرنا۔

اَوْصَبَ: مریض ہونا...... اللّٰهُ فُلَانًا: مریض کرنا...... الرَّجُلُ: بیمار اولاد والا ہونا...... الشَّیْئُ: ہمیشہ رہنا۔ ثابت ہونا (...... وَوَاصَبَ) ہمیشگی مداومت کرنا۔

الوَصَبُ: بیماری۔ دائمی درد۔ جسم کی لاغری اور کبھی سستی اور تھکن کے لئے بھی بولا جاتا ہے الوَصَبُ: بصرا اور سابہ کے درمیان کا حصہ۔ ج اَوْصَاب.

الوَاصِبُ: فا۔ دائم۔

الوَاصِبَة. وَاصِب: کا مؤنث۔ بہت دُور تک پھیلا ہوا بیابان۔

المُوْصَبُ: بہت دردوں والا۔

وَصَدَ یَصِدُ وَصْدًا: ثابت ہونا۔ بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا...... الثَّوْبَ: کپڑا بننا۔

وَصَدَ الثَّوْبَ: کپڑا بننا...... الکَلْبَ بِالصَّیْدِ: کتے کو شکار پر بھڑکانا...... فُلَانًا: خوف دلانا۔

اَوْصَدَ البَابَ: دروازہ بند کرنا...... القِدْرَ: ہانڈی ڈھانکنا...... عَلٰی فُلَانٍ: تنگی ڈالنا ...... الکَلْبَ بِالصَّیْدِ: کتے کو شکار پر اکسانا۔ بھڑکانا (...... واسْتَوْصَدَ) پہاڑ میں مویشیوں کے لئے باڑہ بنانا۔

الوِصَاد: جلاہا۔

الوِصَاد. اَوْصَدَ البَابَ واَوْصَدَ القِدْرَ: کا اسم بمعنی بندش و ڈھکائی۔

الوَصِیْد: چوکھٹ۔ گھر کے سامنے کا صحن۔ غار۔ پہاڑ۔ قریب قریب جڑوں والی نباتات۔ دوبارہ ختنہ کیا ہوا۔ تنگ اور بند کیا ہوا ج وُصُد (...... الوَصِیْدَة) پہاڑ میں مویشیوں کے لئے پتھروں کا باڑہ ج وَصَائِد.

المُوْصَد: پردہ۔

الوَصْر: عہد ج اَوَاصِر (...... والوَصِیْرَة والاَوْصَر) عہد نامہ۔ چک۔ دستاویز اور بقول بعض یہ الفاظ معرب ہیں۔

وَصَعَ یَصَعُ وَصْعًا الشَّیْئَ: غائب کرنا۔ چھپانا۔

الوَصْع: مص۔ چڑیا سے چھوٹا ایک پرندہ۔ یا ممولا۔ ج وِصْعَان.

الوَصِیْع: چڑیا یا چڑیا کے بچوں کی چہچہاہٹ۔

وَصَفَ یَصِفُ وَصْفًا وَصِفَةً الشَّیْئَ: بیان کرنا۔ تعریف کرنا (...... وُصُوْفًا) الفَرَسُ: گھوڑے کا عمدہ چال چلنا (...... وَصْفَةً) الطَّبِیْبُ لِلْمَرِیْضِ: نسخہ تجویز کرنا۔

وَصُفَ یَوْصُفُ وَصَافَةً الغُلَامُ: لڑکے کا خدمت کے قابل ہونا اور اچھی طرح سے خدمت کرنا۔ صفت وَصِیْفٌ اور اسم الاِیْصَاف والوَصَافَة.

وَاصَفَةً: حالت بیان کر کے بیع کرنا۔

اَوْصَفَ اِیْصَافًا: خدمت کے قابل ہونا۔

اِتَّصَفَ الشَّیْئُ: قابل بیان ہونا۔ الرَّجُلُ: عمدہ صفات سے مشہور ہونا...... بِالصِّفَاتِ الحَمِیْدَةِ: آراستہ ہونا۔

تَوَصَّفَ وَصِیْفًا او وَصِیْفَةً: خادم بنانا۔

تَوَاصَفَ القَوْمُ الشَّیْئَ: ایک کا دوسرے سے بیان کرنا۔

اِسْتَوْصَفَ فُلَانًا الشَّیْئَ: بیان کرنے کو کہنا۔ الطَّبِیْبَ: نسخہ تجویز کرانا...... الغُلَامُ: لڑکے کا قابل خدمت ہونا۔

الصِّفَة: مص۔ نعت۔ خوبی۔ ہر وہ چیز جو موصوف کے ساتھ قائم ہو جیسے علم و جمال وغیرہ۔ علامت جس سے موصوف پہچانا

جائے۔
الصِفَاتِيَّة: ایک فرقہ جو اللہ تعالیٰ کی صفات کا انکار کرتا ہے۔ واحد صِفَاتِيٌّ.
الوَصفِيَّة: صفت کی حالت۔
الوَصِيْف: لڑکا جو خدمت کرنے کے قابل ہوگیا ہو ج وُصَفَاء مؤنث وَصِيْفَةٌ ج وَصَائِف.
الوَصَّاف: وصف شناس۔ طبیب۔
وَصَلَ يَصِلُ وَصْلاً وَصِلَةً وَصُلَةً الشَّئَ بِالشَّئِ: جوڑنا۔ جمع کرنا...... هُ بِاَلْفِ دِيْنَارٍ: احسان کرنا(...... وَصْلاً وَصِلَةً) فُلانًا: تعلق رکھنا...... زَيْدًا: نیکی کرنا۔ دینا۔ وَصَلَ رَحِمَهُ: رشتہ داروں سے صلہ رحمی کرنا۔ مہربانی کرنا۔ نرمی برتنا(...... وُصُوْلاً وَوُصْلَةً وَصِلَةً) اِلَى المَكَان: پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "وَصَلَنِى الْخَبَرُ ووَصَلَ اِلَىَّ الْخَبَرُ" مجھے خبر پہنچی "وَضَرَبَهُ ضَرْبَةً لاَ تَوْصَلُ" اس نے ایسی مار ماری کہ جس کا علاج نہیں۔
وَاصَلَهُ وِصَالاً ومُوَاصَلَةً: تعلق رکھنا وَاصَلَ الشَّئَ وفِى الشَّئِ: ہمیشگی کرنا۔ لگاتار کرنا۔
وَصَّلَ الشَّئَ بِالشَّئِ: جوڑنا(......
وَاَوْصَلَ) فُلانًا اِلٰى كَذَا: پہنچانا۔
تَوَصَّلَ اِلٰى كَذَا: پہنچنا...... اِلٰى فُلاَن: پہنچنے کے لئے حیلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَوَصَّلَ اِلَيْهِ بِوُصْلَةٍ وسَبَب" اس نے اس کے پاس پہنچنے کے لئے تعلق اور سبب کو حیلہ بنانا۔
تَوَاصَلَ الرَّجُلاَنِ: ایک دوسرے سے تعلق رکھنا۔
اِتَّصَلَ بِالشَّئِ: جڑنا...... اِلَيْهِ: پہنچنا...... بِىْ خَبَرُ فُلاَن: جاننا...... فُلاَنٌ بِالْوَزِيْرِ: خدمت میں رہنا...... اِلٰى بَنِى فُلاَن: منسوب ہونا۔
اِسْتَوْصَلَ: میل ملاپ ڈھونڈنا۔
الوَصْل: مص۔ لَيْلَةُ الْوَصْلِ: قمری مہینے کی آخری رات۔ حَرْفُ الْوَصْلِ عِنْدَ اَهْلِ الْقَوَافِىْ: اہلِ عروض کی اصطلاح میں روی متحرک کے بعد کے حروف واوَ۔ یا او اور ہاء اور کہا جاتا ہے "هٰذَا وَصْلُ هٰذَا" یہ اس کے مثل ہے۔
الوُصْل والوِصْل: ہر عضو علیحدہ علیحدہ ج اَوْصَال.
الوُصْلَة: مص۔ تعلق۔ دو چیزوں کو ملانے والی چیز۔ ہم سفر جماعت۔ دُور کی زمین۔ ج وُصَل.
الصِلَة: مص۔ عطیہ۔ احسان۔ انعام۔ ج صِلاَت.
اِتِّصَالُ النَّيِّرَيْنِ: سورج چاند کا ملنا اور آمنے سامنے ہونا۔
الوَصُوْل: بہت میل ملاپ رکھنے والا۔ بہت دینے والا۔
الوُصُوْل: مص...... عِنْدَ المُوَلَّدِيْن: رسید۔ ج وُصُوْلاَت.
وَصِيْلُ الرَّجُلِ: ہمیشہ ساتھ رہنے والا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا رَجُلٌ وَصِيْلُ هٰذَا" یہ اس کے مثل ہے۔
الوَصِيْلَة. وَصِيْلٌ: کا مؤنث۔ عمارت۔ ارزانی۔ کسی چیز کو جوڑنے والی چیز۔ ہم سفر گروہ۔ دھاگے کا گولا۔ دور کی کشادہ زمین ج وَصَائِل. الوَصِيْلَة: یمن کا ایک دھاری دار کپڑا ج وَصِيْلَ ووَصَائِل الوَصِيْلَة: اُونٹنی جو لگاتار دس سال تک بچے دے۔ بکری جو سات سال تک جڑواں مادہ بچے دے۔
المَوْصِل: ملنے کی جگہ۔ رسّی وغیرہ کی گرہ۔ موت مَوْصِلُ الْبَعِيْرِ: چوتڑ اور اُن کا درمیانی حصہ۔ المَوْصِل: عراق اور جزیرہ کے درمیان ایک شہر کا نام۔
المَوْصِلاَن: شہر موصل اور جزیرہ۔
المَوْصُوْل: مفع۔ بجو کی شکل کا ایک جانور۔
المُسْتَوْصِل: فا۔ المُسْتَوْصِلَةُ مِنَ النِّسَاءِ: اپنے بال میں دوسرے کے بال کو لگوانے والی عورت۔
وَصَمَ يَصِمُ وَصْمًا الْعُوْدَ اَوِ الْعَظْمَ: لکڑی لگانا۔ جلدی سے باندھنا۔
وَصُمَ الرَّجُلُ: سستی و کاہلی اور اعضا شکنی والا ہونا...... فُلانًا: دردناک کرنا۔ سست و کاہل کرنا۔ وَصَّمَتِ الْحُمّٰى فُلانًا: دردناک کرنا۔
تَوَصَّم: تکلیف اٹھانا۔
تَوَاصَمَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو عیب لگانا۔
الوَصَم: مرض۔
الوَصْم: مص۔ لکڑی کی گانٹھ۔ عیب و عار۔ ج وُصُوْم.
الوَصْمَة: عیب و عار۔ جسم کی سستی۔
الوَصِيْم: خنصر اور بنصر کے درمیان کشادگی۔
المَوْصُوْم: مفع۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَوْصُوْمُ الْحَسَبِ" عیب دار مرد۔
وَصْوَصَ عَيْنَهُ: نظر جمانے کے لئے آنکھ چھوٹی کرنا۔ پردے کے سوراخ سے دیکھنا...... الجَرْوُ: پلے کا آنکھیں کھولنا۔
وَصْوَصَتِ الْجَارِيَةُ: برقع سے سوائے آنکھوں کے کچھ دکھائی نہ دینا۔
الوَصْوَصُ والوَصْوَاص: آنکھ کے برابر پردہ وغیرہ کا سوراخ۔ چھوٹا برقع ج وَصَادِص وَصَاوِيْصُ. الوَصَاوِص: سخت زمین کے پتھر۔
وَصَى يَصِى وَصْيًا: عالی مرتبہ ہونے کے بعد خسیس ہونا...... الشَّئُ بِهٖ: متصل ہونا...... الشَّئَ بِآخَرَ: ملانا(...... وَصْيًا ووَصَايَةً) المَكَانُ: متصل نباتات والی ہونا...... النَّبْتُ: بہت ہونا اور متصل متصل ہونا۔
وَصّٰى تَوْصِيَةً فُلانًا بِكَذَا: کسی کام کا عہد لینا۔ کسی کام کا اشارہ کرنا...... اِلَيْهِ بِالصَّلاَةِ: حکم دینا۔ کہا جاتا ہے "وَصَّاهُ بِفُلاَنٍ اَنْ يُحْسِنَ اِلَيْهِ" فلاں کے ساتھ اس کو احسان کرنے کا حکم دیا۔ "ووَصَّيْتُ لَهُ بَعْدَهُ مَوْلٰى" میں نے اس کو اپنے مرنے کے بعد مالک بنانا۔ وَصّٰى اِلٰى فُلاَنٍ: مرنے کے بعد اپنے مال و اولاد پر وصی بنانا...... فُلاَنًا بِوَلَدِهٖ: مہربان بنانا۔

اَوْصَى اِيْصَاءً فُلَانًا بِكَذَا : کسی کام کا عہد لینا۔ حکم دینا...... لَهٗ بِكَذَا : کسی کے لئے کسی چیز کی وصیت کرنا...... اِلَيْهِ : وصیت جاری کرنے والا مقرر کرنا۔

وَاصَى الْبَلَدُ الْبَلَدَ : ایک شہر کا دوسرے شہر کے متصل ہونا۔

تَوَاصَى تَوَاصِيًا الْقَوْمُ : ایک دوسرے کو وصیت کرنا۔

اِسْتَوْصَى اِسْتِيصَاءً بِفُلَانٍ : وصیت کو قبول کرنا۔

الْوَصِيَّةُ. اَلْاِيْصَاءُ : کا اسم ہے جس چیز کی وصیت کی جائے اس پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهٖ وَصِيَّتُهٗ" یہ اس کی وصیت ہے ج وَصَايَا. وَصَايَا اللّٰهِ : اللہ تعالیٰ کے احکام جو اس نے اپنے بندوں پر واجب کئے ہیں۔ الْوَصِيَّةُ : کھجور کی ٹہنی جس سے گٹھا باندھتے ہیں۔ ج وَصِيٌّ.

الْوَصَاةُ. ج وَصًى والْوَصَايَةُ والْوِصَايَةُ : وصیت کھجور کی ٹہنی جس سے گٹھا باندھتے ہیں۔

الْوَصِيُّ (مذکر و مؤنث) وصیت کرنے والا۔ جس کو وصیت کی جائے۔ ج اَوْصِيَاءُ.

الْوَاصِي : پیچیدہ گھاس۔ اَرْضٌ وَاصِيَةٌ : پیچیدہ گھاس والی زمین۔

وَضُؤَ يَوْضُؤُ وُضُوءًا و وَضَاءَةً الشَّيْءُ : پاکیزہ و خوبصورت ہونا۔

وَضَأَهُ يَضَؤُهُ وَضْأً : پاکیزگی و خوبروئی میں غالب ہونا۔

وَضَّأَ تَوْضِئَةً. بِالْمَاءِ : پاکیزہ کرنا۔ دھونا۔

وَاضَأَهُ : پاکیزگی و خوبصورتی میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَاضَأَهُ فَوَضَأَهُ" اس نے اس سے پاکیزگی و خوبصورتی میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔

تَوَضَّأَ بِالْمَاءِ لِلصَّلَاةِ : وضو کرنا...... الْغُلَامُ وَالْجَارِيَةُ : بالغ ہونا۔

الْوَضُوءُ : وضو کا پانی۔

الْوَضِيُّ ج وِضَاءٌ وَاَوْضِيَاءُ والْوَاضِئُ ج وَضَّاءَةٌ والْوُضَّاءُ ج وُضَّاءُونَ وَوِضَاضِيُّ : پاکیزہ و خوبصورت۔

الْاَوْضَأُ : زیادہ خوبصورت و پاکیزہ۔

الْمِيضَأَةُ والْمِيضَاءَةُ : وضو کرنے کی جگہ۔ لوٹا۔

الْمُتَوَضَّأُ : وضو کرنے کی جگہ۔ پائخانہ کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔

وَضَحَ يَضِحُ ضِحَةً وَضِحَةً وَضُوحًا وَتَوَضَّحَ وَاتَّضَحَ الْاَمْرُ او الْكَلَامُ : واضح ہونا۔ ظاہر ہونا۔ صفت وَاضِحٌ و وَضَّاحٌ.

وَضِحَ يَوْضَحُ وَضَحًا : برص کے داغوں والا ہونا۔

اَوْضَحَ الْاَمْرُ : ظاہر ہونا۔ واضح ہونا...... الْاَمْرَ : ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔ اَوْضَحَتِ الشَّجَّةُ فِي الرَّاسِ : زخم کا ہڈی کو ظاہر کر دینا۔ اَوْضَحَ فِيْ رَاْسِهٖ : زخم کرنا۔ کہا جاتا ہے "مِنْ اَيْنَ اَوْضَحْتَ" تم کہاں سے آئے۔

وَضَّحَ الْاَمْرَ : واضح کرنا۔ ظاہر کرنا۔

اِسْتَوْضَحَ اِسْتِيضَاحًا عَنِ الْاَمْرِ : بحث کرنا...... هُ الْاَمْرَ او الْكَلَامَ : وضاحت کرانا...... الشَّيْءَ وَعَنِ الشَّيْءِ : آنکھوں پر ہاتھ رکھ کر دیکھنا...... الشَّمْسَ : نگاہ تنگ کر کے گھورنا۔

الْوَضَحُ : مص۔ روشنی و سپیدی صبح۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِيْ وَضَحِ الصُّبْحِ" وہ سفیدی صبح کے وقت آیا۔ الْوَضَحُ : چاندنی۔ گھوڑے کی پیشانی یا ٹانگوں کی سپیدی۔ بڑھاپے کی سپیدی۔ برص کی سپیدی کھر اور ہم۔ کہا جاتا ہے "دَرَاهِمُ وَضَحٌ" مؤنث یا تثنیہ جمع نہیں لاتے جیسے "اِمْرَاَةٌ صَوْمٌ" میں مؤنث یا تثنیہ یا جمع نہیں لاتے۔ الْوَضَحُ : دودھ۔ چھوٹی چھوٹی گھاس۔ چاندی کا زیور۔ پازیب۔ ج اَوْضَاحٌ وَضَحُ الطَّرِيْقِ : شاہراہ۔ وَضَحُ الْقَدَمِ : تلوے کی سپیدی۔ اَوْضَاحٌ مِنَ النَّاسِ : مختلف قبائل کی جماعتیں (اس کے لئے واحد نہیں)

الْوَضِحَةُ : گدھی۔

الْوَاضِحُ : فا۔ ظاہر۔ نمایاں۔ وَاضِحُ الْحَسَبِ : پاک صاف حسب والا۔ الْوَاضِحُ مِنَ الْاِبِلِ : سفید اونٹ جس کی سفیدی بہت زیادہ نہ ہو۔

الْوَاضِحَةُ : واضح کا مؤنث ج وَاضِحَات وَاَوَاضِحُ۔ الْوَاضِحَةُ : دانت جو ہنستے وقت ظاہر ہوں۔

الْوَضَّاحُ : سفید رنگ والا۔ خوبصورت چہرہ والا۔ بہت مسکرانے والا۔ دن۔ الشَّنَبُ

الْوَضَّاحُ : پاک صاف نسب۔ بِكْرٌ

الْوَضَّاحُ : صبح کی نماز۔

الْوَضِيحَةُ : مویشی۔ ج وَضَائِحُ.

الْمُتَوَضِّحُ : فا۔ ظاہر ہونے والا۔ شاہراہ پر چلنے والا...... مِنَ الْاِبِلِ : سفید اونٹ جس کی سفیدی بہت زیادہ نہ ہو۔

وَضَخَ يَضِخُ وَضْخًا الدَّلْوَ : ڈول کو پانی سے آدھا بھرنا۔

اَوْضَخَ الدَّلْوَ : ڈول کو پانی سے آدھا بھرنا۔

اَوْضَخَتِ الْبِئْرُ : کنوئیں کا کم پانی والا ہونا۔

اَوْضَخَ بِالدَّلْوِ : کم پانی کھینچنا۔

وَاضَخَهُ وِضَاخًا وَمُوَاضَخَةً : پانی کھینچنے یا دوڑنے یا چلنے میں مقابلہ کرنا۔

تَوَاضَخَ الْقَوْمُ : پانی کھینچنے یا دوڑنے یا چلنے میں مقابلہ کرنا۔

الْوَضُوخُ : پانی جو نصف ڈول تک ہو۔ پانی کھینچنے کی چیز۔

وَضِرَ يَوْضَرُ وَضَرًا : میلا کچیلا ہونا۔ چکناہٹ سے میلا ہونا۔ صفت مذکر وَضِرٌ صفت مؤنث وَضِرَةٌ و وَضْرَى کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَضِرُ الْاَخْلَاقِ وَفِيْ اَخْلَاقِهٖ وَضَرٌ" فلاں گندے اخلاق والا ہے۔

وَضَّرَهُ : میلا کچیلا کرنا۔ کہا جاتا ہے "كَانَ نَقِيَّ الْعِرْضِ فَوَضَّرَهُ بِالدَّنَاءَةِ" وہ پاکیزہ آبرو والا تھا اور دناءت سے اس نے میلا کر دیا۔

الْوَضَرُ : مص۔ چکناہٹ کی وجہ سے میل

کچیل، پیالہ وغیرہ کا دھوون۔ پیالے میں کھانے کا اثر۔ ج اَوْضَار.

الوَضَرَی: دبر (...... والوَضْرَاء) پہاڑ سے باہر نکلی ہوئی چٹان۔

وَضَعَهُ يَضَعُهُ وَضْعًا: کمینہ بنانا۔ ذلیل کرنا۔ وَضَعَ عُنُقَهُ: گردن پر مارنا...... الحَدِيثَ: بات گھڑنا...... الكِتَابَ: تالیف کرنا۔

السِّلَاحَ فِي العَدُوِّ: مقاتلہ کرنا...... يَدَهُ عَنْ فُلَانٍ: روکنا...... الجِنَابَةَ عَنْ فُلَانٍ: ناپاکی دور کرنا...... عَصَاهُ: اقامت کرنا۔

وَضَعَتِ المَرْأَةُ خِمَارَهَا: بے اوڑھنی کے ہونا۔ صفت وَاضِع. وَضَعَ الشَّيْءَ بَيْنَ يَدَيْهِ: سامنے چھوڑ دینا...... يَدَهُ فِي الطَّعَامِ: کھانا...... الجزية او الحَرْبَ: ساقط کرنا۔

وَضَعَ يَضَعُ وَضْعًا ومَوْضِعًا ومَوْضُوعًا الشَّيْءَ: رکھنا...... الشَّيْءَ مِنْ يَدِهِ: گرانا...... مِنْ فُلَانٍ: مرتبہ سے گھٹانا...... عَنْ غَرِيمِهِ: قرض دار سے کچھ چھوڑ دینا (...... وَضْعًا ومَوْضُوعًا) البَعِيرُ: سر جھکا کر تیز چلنا۔

وَضُعَ يَضُعُ وَضْعًا وَضَعَةً وَضِعَةً وُضُوعًا نَفْسَهُ: اپنے آپ کو ذلیل کرنا۔

وَضَعَتْ وَضْعًا وُضْعًا وتُضْعًا المَرْأَةُ حَمْلَهَا: جننا۔ صفت وَاضِع.

وَضِعَ يُوضَعُ ووُضِعَ ضَعَةً ووَضِيعَةً فِي تِجَارَتِهِ: نقصان اٹھانا۔ صفت مَوْضُوع فِيهَا.

وَضُعَ يَوْضُعُ ضَعَةً وضِعَةً ووَضَاعَةً: لئیم ہونا۔ دنی ہونا۔ خسیس ہونا۔

وَضَعَ الشَّيْءَ: جوڑنا...... الجُبَّةَ: روئی بھر کر سینا۔ وَضَعَتِ النَّعَامَةُ بَيْضَهَا: شتر مرغ کا انڈوں کو تہ بتہ رکھنا...... الرَّجُلَ: ذلیل کرنا۔

اَوْضَعَ البَعِيرَ: اونٹ کا تیز دوڑنا...... البَعِيرُ: اونٹ کو تیز دوڑانا...... اَوْضَعَ فِي تِجَارَتِهِ: تجارت میں نقصان اٹھانا۔

وَاضَعَهُ وِضَاعًا ومُوَاضَعَةً: شرط لگانا۔ ہُ فِي الأَمْرِ: کسی معاملہ میں موافقت کرنا۔ وَاضَعَهُ البَيْعَ: بیع کو چھوڑنا۔ وَاضَعَهُ الرِّهَانَ: شرط باطل کرنا اور تم کہتے ہو "هَلُمَّ اُوَاضِعْكَ الرَّأْيَ" یعنی آؤ تم مجھ کو اور میں تم کو اپنی رائے سے مطلع کروں۔

اِتَّضَعَ: ذلیل ہونا۔ عاجز ہونا۔ لئیم ہونا۔ حسب میں کم رتبہ ہونا...... البَعِيرَ رَاكِبُهُ: اونٹ کے سر کو جھکا کر سوار ہونا۔

تَوَاضَعَ: ذلیل ہونا۔ عاجز ہونا۔ خاکسار ہونا۔ تَوَاضَعَتِ الأَرْضُ: پست ہونا۔

تَوَاضَعَ القَوْمُ عَلَى كَذَا: متفق ہونا...... مَا بَيْنَنَا: دور ہونا۔

اِسْتَوْضَعَ اِسْتِيضَاعًا مِنْهُ: گھٹانے کے لئے کہنا...... ہُ فِي دَيْنِهِ: قرض میں نرمی طلب کرنا۔

الوَضْعُ: مص۔ جگہ۔ ج اَوْضَاع.

الوَضْعَة والوِضْعَة: جگہ۔ مرکز۔

الوَاضِع: فا۔ اِمْرَأَةٌ وَاضِعٌ: بے اوڑھنی کے عورت۔ نَاقَةٌ وَاضِعٌ: ترش نباتات میں رہ کر چرنے والی اونٹنی۔

الوَضِيع: خسیس دنی، امانت۔ کہا جاتا ہے "وَضَعْتُ عِنْدَهُ وَضِيعَةً" میں نے اس کے پاس امانت رکھی۔

الوَضِيعَة: قیمت کی کمی، امانت۔ ترش نباتات۔ عشر یا خراج وغیرہ جو بادشاہ وصول کرے۔ منہ بولا بیٹا۔ لشکر کی ایک جماعت جو کسی مقام پر مقرر کی جائے اور وہ جنگ نہ کرے۔ ایسی کتاب جس میں حکمت کی باتیں لکھی جائیں۔ ایک قسم کا کھانا جس میں گیہوں کوٹ کر گھی ملا کر کھاتے ہیں ج وَضَائِع. الوَضَائِع: مسافروں کا اسباب۔

التَّوْضِيع: مص۔ کہا جاتا ہے "فِي كَلَامِهِ تَوْضِيعٌ" اس کے کلام میں زنانہ پن ہے۔

المَوْضَع والمَوْضِع: مص۔ رکھنے کی جگہ ج مَوَاضِع.

المَوْضِعَة: موضع میں ایک لغت ہے اور کہا [illegible]

اس کی میرے دل میں محبت ہے۔

المَوْضَع: مفع۔ توڑا ہوا۔ ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا۔

المَوْضُوع: مص۔ مفع۔ مَوْضُوعُ العِلْمِ: جس کے عوارض ذاتیہ سے بحث کی جائے۔ جیسے علم طب میں جسم انسان مِنْ حَيْثُ الصِّحَّة والمرض۔ موضوع الكلام: گفتگو کا مرکزی نقطہ جس پر کلام جاری ہو۔ ج مَوَاضِيع و مَوْضُوعَات. الاَحَادِيثُ المَوْضُوعَة: گھڑی ہوئی باتیں۔

وَضَفَ يَضِفُ وَضْفًا البَعِيرُ: اونٹ کا تیز چلنا۔

وَضَمَ يَضِمُ وَضْمًا اللَّحْمَ: گوشت کو تختے پر رکھنا۔

وَضَمَ يَضِمُ وُضُومًا القَوْمُ: اکٹھا ہونا۔ قریب قریب ہونا۔ بَنُو فُلَانٍ عَلَى بَنِي فُلَانٍ: فلاں کی اولاد فلاں کی اولاد کے پاس آئی۔

اَوْضَمَ اِيضَامًا اللَّحْمَ و لِلَّحْمِ: گوشت کو تختہ پر رکھنا...... الشَّجَرَ: ایک دوسرے کے اوپر کرنا۔

اِسْتَوْضَمَهُ اِسْتِيضَامًا: ظلم کرنا۔

الوَضَمُ: گوشت کاٹنے کا قصائی کا تختہ۔ ج اَوْضَام و اَوْضِمَة کہا جاتا ہے "تَرَكَهُمْ لَحْمًا عَلَى وَضَمٍ" اس نے ان پر مصائب ڈال کر ذلیل کر دیا اور دردمند بنا دیا۔

الوَضَم: لکڑی یا چٹائی جس پر گوشت کو مٹی سے بچانے کے لئے رکھا جائے۔ دستر خوان۔

الوَضِيم: انگشت شہادت اور بنصر کے درمیان کا حصہ۔

الوَضِيمَة: میت کا کھانا (...... والوَضْمَة) دو سو کے قریب لوگوں کی جماعت۔

المِيضَمَة: گوشت کے تختہ کے رکھنے کی جگہ ج مَوَاضِم.

وَضَنَ يَضِنُ وَضْنًا الشَّيْءَ: تہ بہ تہ رکھنا۔ ایک کو دوسرے پر موڑنا۔ دگنا کرنا۔

النِّسعَ: بٹنا۔

تَوَضَّنَ لَهُ: ذلیل وعاجز ہونا۔ محبوب ہونا۔"

اِتَّضَنَ بِهِ: متصل ہونا۔

الوَضِيْن: تہ بتہ کیا ہوا۔ چوڑا استرا۔ بال یا تسموں سے بنا ہوا۔ اور بقول بعض ہودہ کا تنگ۔ ج وُضُن.

المَوْضُونَة: باریک بنی ہوئی زرہ یا جواہر سے بنی ہوئی زرہ۔

المِيضَنَة: کھجور کے پتوں کا بنا ہوا ٹوکرا۔ ج مَوَاضِن.

المِيضَانَة: زنبیل۔ ج مَوَاضِين.

وَطَّ يَوُطُّ وَطًّا الوَطوَاطُ: چمگادڑ کا آواز کرنا...... المَحْمِلُ: چرچرانا۔

وَطِئَ يَطَأُ وَطْأً الشَّئَ بِرِجْلِهٖ: پیر سے روندنا...... الفَرَسَ: گھوڑے پر سوار ہونا...... اَرْضَ عَدُوِّهٖ: دشمن کے ملک میں داخل ہونا۔

وَطَأَ يَطَأُ وَطْأً الشَّئَ: تیار کرنا۔ آسان کرنا۔

وَطُؤَ يَوْطُؤُ وَطَاءَةً وُطُوءَةً المَوْضَعَ: نرم ہونا۔

وَطَّأَ تَوْطِئَةً الشَّئَ بِرِجْلِهٖ: پیر سے روندنا...... الفِرَاشَ: بچھونا نرم کرنا...... الاَمْرَ: درست کرنا۔ آسان کرنا...... المَوْضَعَ: نرم بنانا...... الشِّعْرَ وَفِيْهِ: لفظاً ومعناً قافیہ دہرانا۔

اَوْطَأَ اِيْطَاءً فُلَانًا الاَرْضَ وَبِالاَرْضِ: روندوانا۔ اَوْطَاَبَهُ فَرَسَهُ: سوار کرانا۔ اَوْطَاهُ عَلَى الاَمْرِ: موافقت کرنا۔ اَوْطَأَ الشِّعْرَ وَفِي الشِّعْرِ: لفظاً ومعنیً قافیہ دہرانا۔

وَاطَأَ مُوَاطَأَةً فُلَانًا عَلَى الاَمْرِ: موافقت کرنا...... فِي الشِّعْرِ: لفظاً ومعنیً قافیہ دہرانا۔

تَوَطَّأَ فُلَانًا بِرِجْلِهٖ: کچلنا۔ روندنا...... هُ عَلَى الاَمْرِ: موافقت کرنا...... القَوْمُ عَلَى الاَمْرِ: ایک دوسرے کے موافق ہونا۔

اِتَّطَأَ اِتِّطَاءً و اِيْتَطَأَ اِيْتِطَاءً الشَّئُ: آسان ہونا۔ تیار ہونا...... الاَمْرُ: درست ہونا اور اچھا کو پہنچنا۔

اِسْتَوْطَأَ الشَّئَ: نرم پانا۔

الوَطْءُ: مص (...... والوطاءُ) پست ونرم زمین۔ الوِطَاءُ والوَطاء: فرش۔

الوَطْأَة. وطأ: کا اسم مرۃ۔ قدم کی جگہ۔ بھینچ یا دباؤ۔

الوَطَاءَة والوُطُوءَة: مص۔ نرمی آسانی۔ کہا جاتا ہے "اَنَا اُحِبُّ وَطَاءَةَ العَيْشِ" میں خوش عیشی کو پسند کرتا ہوں۔

الوَاطِئَة والوَطْأَة: راستہ میں گزرنے والے لوگ۔ الوَاطِئَة: گری ہوئی کھجوریں۔

الوَطِئُ: پست۔ نرم آسان۔ ہموار۔ روندا ہوا۔

الوَطِيئَة. وَطِئٌ: کا مؤنث۔ کھجور جس کی گٹھلی نکال کر دودھ میں گوندھیں۔ نرم عصیدہ (آٹا گھی ملا ہوا ایک کھانا) شکر پنیر ملا ہوا۔

المَوْطَأُ والمَوْطِئُ: قدم کی جگہ۔

المِيْطَأ: پست ونرم زمین۔

المُوَطَّأ: مفع۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُوَطَّأُ الاَكْنَافِ" نرم اخلاق والا فیاض مہمان نواز مرد "وَهُوَ مُوَطَّأُ العَقِب" وہ ایسا شخص ہے جس کے پیچھے بہت لوگ چلتے ہیں۔

الوَطْب: دودھ کی مشک ج اَوْطُب ووِطَاب واَوْطَاب و جج اَوَاطِب کہا جاتا ہے صَفِرَت وِطَابُهُ: یعنی مرگیا یا قتل کیا گیا۔

الوَطُب: بڑی پستان۔ سخت دل والا مرد۔

الوَطْبَاء: بڑی پستان والی عورت۔

وَطَحَهُ يَطِحُهُ وَطْحًا وطِحَةً: ہاتھوں سے زور سے ہٹانا۔

تَوَاطَحَ القَوْمُ: ایک دوسرے کے ساتھ برائی یا جنگ کرنا۔ تَوَاطَحَتِ الاِبِلُ عَلَى الحَوْضِ: اونٹوں کا حوض پر ہجوم کرنا۔

الوَطْح: مص۔ کھر یا چنگل میں لگی ہوئی مٹی وغیرہ۔

وَطَدَ يَطِدُ وَطْدًا الشَّئَ: مضبوط کرنا۔ پائدار کرنا۔ بوجھل کرنا [illegible] مفعول وَطِيد ومَوْطُود...... الاَرْضَ: سخت ہونے کے لئے کوٹنا...... الشَّئَ اِلَيْهِ: ملانا...... لَهُ مَنْزِلَةً: تیار کرنا...... هُ اِلَى الاَرْضِ: جھکانا دبانا...... الشَّئُ: ثابت وقائم ہونا۔ چلنا...... الصَّخْرَ عَلَى الغَارِ: تہ بتہ رکھنا۔

وَطَّدَ الشَّئَ: بمعنی وَطَدَهُ.

تَوَطَّدَ: مضبوط وثابت ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَطَّدْتُهُ فَتَوَطَّدَ" اس نے اس کو مضبوط کیا پس وہ ہو گیا "وَتَوَطَّدَتْ لَهُ عِنْدَهُمْ مَنْزِلَةٌ" ان کے نزدیک اس کا مرتبہ قائم ہو گیا۔

الوَاطِد والوَطِيد والمَوْطُود: مضبوط وثابت۔

الاَوْطَاد: بہت سے پہاڑ۔

الوَطِيْدَة: عمارت کی بنیاد۔ پایہ دیگدان ج وَطَائِد کہا جاتا ہے "اَنْتَ مِنْ وَطَائِدِ الحَقِّ" تو سچائی کا ستون ہے۔ "وَلَهُ عِنْدَهُ وَطِيْدَةٌ" اس کے نزدیک اس کا مرتبہ ہے۔

المِيْطَدَة: درمٹ۔

المُتَوَاطِد: مضبوط۔ جما ہوا۔ سخت۔ ایک دوسرے کے پیچھے۔

الوَطَر: حاجت۔ مطلوب۔ ج اَوْطَار کہا جاتا ہے "قَضَى مِنْهُ وَطَرَهُ و اَوْطَارَهُ" اس نے اپنی حاجت پوری کر لی۔

وَطَسَهُ يَطِسُهُ وَطْسًا: چرمی موزہ وغیرہ سے ٹھوکر مارنا...... الشَّئَ: توڑنا۔ کوٹنا۔

تَوَاطَسَ. المَوْجُ: موجوں کا باہم ٹکرانا۔ القَوْمُ عَلَى: بھیڑ کرنا۔

الوَطَّاس: چرواہا۔

الوَطِيس: تنور اور جو اس کے مشابہ ہو۔ میدان جنگ۔ کہا جاتا ہے حَمِيَ الوَطِيسُ: یعنی جنگ سخت ہو گئی۔ ج اَوْطِسَة ووُطُس.

الوَطِيسَة: معاملہ کی سختی۔

وَطَشَهُ يَطِشُهُ وَطْشًا: مارنا...... هُ عَنْ فُلَانٍ: ہٹانا۔ دور کرنا...... الحَدِيثَ او الخَبَرَ: کچھ بیان کرنا...... الكَلَامَ: وضاحت نہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَاوَطَشَ لَنَا بِشَئٍ"

اس نے ہمیں کچھ نہیں دیا۔
وَطَشَ الْحَدِيْثَ: کچھ بیان کرنا......لَهٗ: گفتگو یا رائے یا عمل کو تیار کرنا......ہٗ: تھوڑا سا دینا......الْقَوْمَ عَنْهُ: ہٹانا......فِيْهِ: اثر کرنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبُوْهُ فَمَا وَطَّشَ اِلَيْهِمْ" لوگوں نے اسے مارا اور اس نے ہاتھ نہیں اٹھایا۔ سَاَلُوْهُ فَمَا وَطَّشَ اِلَيْهِمْ بِشَيْءٍ: لوگوں نے اس سے مانگا اور اس نے کچھ نہیں دیا۔
وَطِفَ يَوْطَفُ وَطَفًا: گھنی ابروؤں اور لمبی پلکوں والا ہونا۔ صفت اَوْطَفُ مؤنث وَطْفَاء ج وُطْفٌ. وَطِفَ الْمَطَرُ: زور سے برسنا۔
وَطَفَ يَطِفُ وَطْفًا: شکار وغیرہ کو بھگانا اور اس کے پیچھے پڑنا۔
الْوَطَف: مص اور کہا جاتا ہے "فِي السَّحَابَةِ وَطَفٌ: جبکہ بادل لٹکے ہوئے ہوں۔
ظَلَامٌ اَوْطَفُ: سخت تاریکی۔ سَحَابٌ اَوْطَفُ: زمین سے قریب بادل۔ عَامٌ اَوْطَفُ: فراخ سالی۔ عَيْشٌ اَوْطَفُ: خوشحال زندگی۔ سَحَابَةٌ وَطْفَاءُ: پانی سے بوجھل ہو کر لٹکا ہوا بادل۔
الْوَطْفَة: تھوڑے بال۔
الْوِطَاق: خیمہ۔ ج وِطَاقَات.
وَطَمَهٗ يَطِمُهٗ وَطْمًا: روندنا۔ وَطَمَ السِّتْرَ: پردہ لٹکانا۔
وَطِمَ يَوْطَمُ وَطْمًا ووُطِمَ الرَّجُلُ: پائخانہ روکنا۔
وَطَنَ يَطِنُ وَطْنًا و اَوْطَنَ اِيْطَانًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔
وَطَّنَ و اَوْطَنَ وتَوَطَّنَ واِتَّطَنَ واِسْتَوْطَنَ الْبَلَدَ: وطن بنانا۔ وَطَّنَ نَفْسَهٗ عَلَى الْاَمْرِ ولِلْاَمْرِ: آمادہ کرنا۔ برانگیختہ کرنا۔ تَوَطَّنَتْ نَفْسُهٗ عَلَى كَذَا: اس کا نفس فلاں پر برانگیختہ کیا گیا۔
وَاطَنَهٗ عَلَى الْاَمْرِ: کسی کے ساتھ کوئی کام کرنے کو دل میں پوشیدہ کرنا۔
الْوَطَن: جائے سکونت۔ اقامت گاہ۔ مویشی باندھنے کی جگہ۔ ج اَوْطَان.
الْمَوْطِن: وطن۔ میدانِ جنگ۔ ج مَوَاطِن.
الْمِيْطَان: غایت۔ انتہا۔ گھوڑ دوڑ کے میدان میں جہاں سے گھوڑے چھوڑے جائیں اور آخری جگہ کو مِيْتَاءُ ومِيْدَاءُ کہتے ہیں۔
وَطْوَطَ: کمزور ہونا۔ جلدی بولنا۔
الْوَطْوَط: چمگادڑ۔ ایک قسم کی پہاڑی ابابیل ج وَطَاوِط ووَطَاوِيط. الْوَطْوَط: کمزور عقل والا آدمی۔ جلدی بولنے والا۔
الْوَطْوَاطَة: جلدی بولنے والی۔ چیخنے چلانے والی۔
وَطَّى تَوْطِيَةً الشَّيْءَ: پست کرنا۔ مرتبہ گھٹانا۔
تَوَطَّى: پست ہونا۔ مرتبہ گھٹنا۔ وَطَّاَ وتَوَطَّاَ: میں ایک لغت ہے۔
وَظَبَ يَظِبُ وُظُوْبًا الْاَمْرَ وَعَلَى الْاَمْرِ: ہمیشگی کرنا۔ صفت (......وَظُبًا) الشَّيْءَ: روندنا۔
وَاظَبَ مُوَاظَبَةً عَلَى الْاَمْرِ: مداومت کرنا۔ ہٗ عَلٰى خِدْمَةِ فُلَانٍ: برانگیختہ کرنا۔ اُکسانا۔
تَوَاظَبَتْ عَلَيْهِ الرِّيَاحُ: لگاتار پے در پے آنا۔
الْمِيْظَب: گول تیز پتھر۔
الْمَوْظُوْب: مص۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَوْظُوْبٌ" ایسا مرد جس کے مال پر بار بار تباہی آئی ہو۔
وَظِرَ يَوْظَرُ وَظَرًا: موٹا و پُر گوشت ہونا۔ صفت وَظِرٌ.
وَظَفَ يَظِفُ وَظْفًا الْبَعِيْرَ: پاؤں کی رسّی چھوٹی کرنا۔ پنڈلی پر مارنا......الْقَوْمَ: پیروی کرنا۔
......الشَّيْءَ عَلٰى نَفْسِهٖ: لازم کرنا۔ مقرر کرنا۔
وَظَّفَ: روزینہ مقرر کرنا۔ وظیفہ مقرر کرنا۔
وَظَّفَ عَلَيْهِ عَمَلًا: کام مقرر کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَظَّفَ لَهُ الرِّزْقَ وَلِدَابَّتِهِ الْعَلَفَ" اس نے اس کے لئے روزی اور چوپائے کے لئے چارہ مقرر کیا وَظَّفَ عَلَى الصَّبِيِّ كُلَّ يَوْمٍ حِفْظَ اٰيَاتٍ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ: اس نے بچے پر ہر روز چند آیتیں یاد کرنے کے لئے مقرر کیں۔
وَاظَفَهٗ: موافقت کرنا۔ ہمیشہ ساتھ رہنا۔
اِسْتَوْظَفَ الشَّيْءَ: پورا لے لینا۔
الْوَظِيْفُ: گھوڑے یا اونٹ وغیرہ کی پنڈلی کا پتلا حصہ ج وُظُفٌ واَوْظِفَة. الْوَظِيْفُ: سخت زمین پر چلنے پر قادر مرد۔ کہا جاتا ہے "جَاءَتِ الْاِبِلُ عَلٰى وَظِيْفٍ وَاحِدٍ" اُونٹ ایک دوسرے کے پیچھے گویا کہ ایک قطار میں آئے۔
الْوَظِيْفَة: عمل معین۔ روزینہ۔ رزق وغیرہ عہد و شرط ج وَظَائِف ووُظُفٌ. اور بسا اوقات منصب اور خدمت کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے "لِلدُّنْيَا وَظَائِفُ" یعنی دنیا بدلتی سدلتی رہتی ہے۔
الْوَعْ: گیدڑ۔ گیدڑ کی آواز کی نقل۔ بچے کے رونے کی آواز۔
وَعَبَ يَعِبُ وَعْبًا الشَّيْءَ: سب لے لینا۔
اَوْعَبَ اِيْعَابًا الشَّيْءَ: سب لے لینا۔ جمع کرنا......الْاَمْرَ: فارغ ہونا......الرَّجُلَ: پوری زبان کاٹ لینا......الشَّيْءَ فِي الشَّيْءِ: پورا داخل کر دینا......فِي مَالِهٖ: فضول خرچی کرنا......الْقَوْمُ: پوری قوم کا نکل جانا۔
اِسْتَوْعَبَ اِسْتِيْعَابًا الشَّيْءَ: سب لے لینا۔ جڑ سے اُکھیڑنا......الْحَدِيْثَ: پوری بات حاصل کرنا......الْمَكَانُ او الْوِعَاءُ الشَّيْءَ: گنجائش ہونا۔
الْوَعْب: کشادہ راستہ۔ ج وِعَاب.
الْوَعِيْب: کشادہ۔ کہا جاتا ہے "بَيْتٌ وَعِيْبٌ ووِعَاءٌ وَعِيْبٌ" فراخ مکان۔ فراخ برتن۔

الـمُوْعَب: کشادہ کیا ہوا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا اَوْعَبُ لِكَذَا" یہ فلاں چیز کے حاصل کرنے کے لائق ہے۔

وَعِثَ يَوْعَثُ وَعْثًا ووَعَثًا ووعُثَ يَوْعُثُ وعُوْثَةَ الـطَّرِيْقُ: راستہ دشوار گزار ہونا...... الْاَمْرُ: گڑبڑ ہونا۔ خراب ہونا۔ صفت وَعْثٌ وعِثٌ ومُوْعَثٌ واَوْعَثُ.

وَعِثَت تَوْعَثُ وعَثًا يَدُهٗ: ہاتھ ٹوٹنا صفت وَعْثَةٌ.

وَعَثَهٗ تَوْعِيْثًا عَنِ الْاَمْرِ: باز رکھنا۔ روکنا۔

اَوْعَثَ: سخت دشوار گزار راستہ میں پڑنا...... الرَّجُلُ: خلط ملط کرنا۔ دشوار گزار راستہ میں چلنا...... فِـيْ مَـالِـهٖ: فضول خرچی کرنا۔ الـمُتَـكَلِّمُ: گفتگو سے عاجز ہونا...... الْاَمْرَ: بگاڑنا۔ فساد کرنا...... فُلَانًا: دشوار گزار راستہ میں چلنے پر برانگیختہ کرنا۔

الْوَعْثُ: مص۔ توڑی ہوئی ہڈی۔ لاغری۔ سخت دشوار۔ دشوار گزار راستہ۔ ہر مشکل کام ج وُعُثٌ ووُعُوْثٌ.

الـوَعْثَاء: مشقت۔ تھکن۔ ہر بری خصلت۔ کہا جاتا ہے "رَكِـبَ الوَعْثَـاءَ" یعنی گناہ کا ارتکاب کیا۔

الْوُعُوْث: سختی و برائی۔

الْمَوْعُوْث: ناقص حسب والا۔

وَعَـدَ يَعِدُ وَعْدًا وَعِدَةً ومَوْعِدًا ومَوْعِدَةً ومَـوْعُوْدًا ومَوْعُوْدَةً فُلَانًا الْاَمْرَ وبِالْاَمْرِ: وعدہ کرنا۔ وَعَـــدَتِ الْاَرْضُ: عمدہ فصل ہونے کی امید ہونا(...... وَعِيْـدًا) الـرَّجُلُ: دھمکی دینا...... الْفَحْلُ: بڑبڑانا۔

اَوْعَدَهٗ اِيْعَادًا: وعدہ کرنا۔ دھمکی دینا۔

وَاعَـدَهٗ مـوَاعَـدَةً: ایک دوسرے سے وعدہ کرنا...... هُ الْمَوْضَعَ او الوَقْتَ: وعدہ پورا کرنے کے لئے جگہ یا وقت مقرر کرنا۔

تَـوَاعَـدَ واتَّـعَـدَ الـقَوْمُ: ایک دوسرے سے وعدہ کرنا۔

تَوَعَّدَهٗ: دھمکی دینا۔

اِتَّـعَـدَ اِتِّعَـادًا: وعدہ قبول کرنا اور بھروسہ کرنا...... هٗ: دھمکی دینا۔ اِيْتَعَـدَ يَاتَـعِدُ فَهُوَ مُوْتَعِدٌ. اِيْتَعَدَ: میں ایک ضعیف لغت ہے۔

اِسْتَوْعَدَهٗ: وعدہ کرانا۔

الـوَعْـد: مص۔ بعضوں کے نزدیک اس کی جمع نہیں آتی اور بعض کے نزدیک اس کی جمع وُعُوْد آتی ہے۔

العِدَةُ: وعدہ۔

الـمَـوْعِـد: مص۔ وعدہ۔ وعدہ کا وقت۔ وعدہ کی جگہ۔ عہد۔ ج مَوَاعِد.

الـمِيْعَاد: وعدہ کا وقت۔ وعدہ کی جگہ۔ بمعنی مُوَاعَدَة ج مَوَاعِيْد.

اَموعُوْد: مفع۔ اَلْيَـوْمُ الْمَوْعُوْد: قیامت کا دن۔

وَعَـرَ يَعِرُ وَعْـرًا فُلَانًـا: روکنا۔ ہٹانا(...... وَعْرًا ووُعُوْرًا ووَعِرَ يَوْعَرُ ووَيَعِرُ ووَعُرَا يَـوْعُـر وعَـارَةً ووُعُوْرَةً) الْمَكَانُ: سخت ہونا۔ دشوار گزار ہونا۔ صفت وَعْـرٌ ووَعِـر الشَّـيْءُ: کم ہونا۔ صفت وَعْــرٌ کہا جاتا ہے "رَجُـلٌ وَعْرُ الْمَعْرُوْفِ" مرد کم احسان و کم خیر۔

وَعَّـرَ الـمَكَان: سخت بنانا...... الرَّجُلَ: روکنا۔ ہٹانا...... الْمُتَكَلِّمَ: بات کاٹ دینا۔

اَوْعَـرَ اِيْعَارًا بِهِ الطَّرِيْقُ: راستہ دشوار ہونا۔ سخت جگہ میں پہنچانا...... الـرَّجُلُ: سخت زمین میں پڑنا۔ کم مال والا ہونا...... الشَّيْءَ: کم کرنا (...... واِسْتَـوْعَـرَ) الـمَكَانَ او الطَّرِيْقَ: دشوار و سخت پانا۔

تَـوَعَّرَ الْمَكَانُ: سخت ہونا...... الْاَمْرُ عَلَيَّ: سخت و مشکل ہونا...... الـرَّجُلُ: سختی کرنا...... فِـي الـكَلَامِ: سرگشتہ و متحیر ہونا...... هُ فِـي الْكَلَامِ: حیران بنانا۔

الـوَاعِر: فا۔ دشوار(...... والـوَعْر) ج اَوْعُر ووُعُوْر واَوْعَـار ووُعُـوْرَة. والوَعِيْـر ج اَوْعَار.

الاَوْعَر: سخت جگہ۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ وَعْرٌ او طَرِيْقٌ وَعْرٌ او مَطْلَبٌ وَعْرٌ" سخت جگہ یا راستہ یا مطلب۔ الـوَعْـرُ: خوفناک متوحش جگہ۔

الوَعْرِيُّ مِنَ الْكَلَامِ: قلیل الاستعمال جو ثقیل اور ذوق پر گراں ہو۔

وَعِزَ يَعِزُ وَعْزًا ووَعَّزَ تَوْعِيْزًا واَوْعَزَ اِيْعَازًا اِلَيْهِ فِيْ كَذَا اَنْ يَّفْعَلَهٗ او يَتْرُكَهٗ: آگے بڑھ کر فعل یا ترکِ فعل کا اشارہ کرنا۔

وَعَـسَ يَعِـسُ وَعْسًـا الشَّيْءَ: روندنا...... هُ الدَّهْرُ: تجربہ کار بنانا۔

اَوْعَـسَ اِيْعَاسًـا القَوْمُ: ریگستان میں چلنا۔ رات میں چلنا۔ اَوْعَسَـتِ الْاِبِلُ: اونٹ کا چلنے میں گردن لمبی اور قدم کشادہ کرنا۔

وَاعَسَــهٗ: رات کے وقت چلنے میں مقابلہ کرنا۔ وَاعَسَـتِ الْاِبِلُ: چلنے میں گردن لمبی اور قدم کشادہ کرنا۔

الوَعْس: مص۔ نشان۔ ریت جس میں چلنا دشوار ہو۔ درخت کا نام جس کی لکڑی سے بربط اور رباب وغیرہ بناتے ہیں۔ ج اَوْعَاس.

الــــوَعْسَة: ریت جس میں قدم دھنس جائیں اور چلنا دشوار ہو۔

الاَوْعَسُ: وہ جگہ جہاں نرم ریت ہو اور چلنا دشوار ہو۔ ج وُعُــسٌ واَوْعُـــس و جج اَوَاعِس.

الــوَعْسَــاء: نرم ریت کا ٹیلہ جس میں عمدہ سبزیاں پیدا ہوں۔

المَوْعِس: ریت جس میں چلنا دشوار ہو۔

الـمِيْعَاس: نرم ریت۔ زمین جس پر کوئی نہ کوئی چلا ہو۔ راستہ۔ ج مَوَاعِيْس.

الْمُوَعَّس: چلا ہوا راستہ۔

الوِعَاط: سرخ یا زرد گلاب۔

وَعَـظَـه يَـعِـظُهٗ وَعْظًا وَعِظَةً: نصیحت کرنا۔ توبہ کرانے والی اور اصلاحِ اخلاق پر برانگیختہ کرنے والی باتیں یاد دلانا۔

اِتَّعَظَ: نصیحت قبول کرنا۔ نصیحت پر عمل کرنا۔

اَلوَعْظَةُ. وَعَظَ: کا اسم مرۃ۔ وعظ و نصیحت ج وَعْظَات.

العِظَة: وعظ ونصیحت ج عِظَات۔
الوَاعِظ: فا۔ ج وَاعِظُونَ ووُعَّاظ۔
الوَعَّاظ: واعظ کا اسم مبالغہ۔
المَوْعِظَة: وعظ کا اسم ہے۔ وعظ ونصیحت ج مَوَاعِظ۔
وَعَفَ يَوْعَفُ وُعُوْفًا الْبَصَرُ: نگاہ کا کمزور ہونا۔
الوَعْف: سخت زمین جس میں پانی ٹھہر جائے ج وِعَاف۔
وَعَقَ يَعِقُ وَعْقًا ووُعَاقًا ووَعِيْقًا الفَرَسُ: گھوڑے کے چلتے ہوئے پیٹ میں گڑگڑاہٹ ہونا۔
وَعِقَ يَعِقُ وَعْقًا عَلَيْهِ: جلدی کرنا۔
وَعُقَ يَوْعُقُ وَعْقَةً وتَوَعَّقَ واسْتَوْعَقَ: کمینہ خصلت والا ہونا۔ صفت وَعْقٌ ووَعِقٌ ووُعُقَةٌ ووَعِقَةٌ۔
وَعَّقَهُ: مخالفت کرنا۔ روکنا۔ بدخوئی کی طرف نسبت کرنا۔ فاسد کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَعَّقَهُ الطَّمَعُ او الجهلُ" اس کو لالچ یا جہالت نے خراب کر دیا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَوْعَقَهُ" وہ کس قدر جلد باز ہے۔
الوَعْقَة: اسم مرۃ۔ بدخلقی۔ درشت خوئی۔ کہا جاتا ہے "بِهِ وَعْقَةٌ" اس کے ساتھ بدخلقی ہے یعنی وہ بدخلق ہے۔
الوُعَاق والوَعِيْق: چلنے کے وقت گھوڑے کے پیٹ کی آواز۔ ہر چیز کی آواز۔
وَعَكَ يَعِكُ وَعْكًا ووَعْكَةً الحَرُّ: گرمی تیز ہونا۔ وَاعَكَتْهُ الحُمّٰى: تیز بخار چڑھنا۔ صفت مفعولی مَوْعُوْك...... الرَّجُلُ: تھکن یا مرض کی وجہ سے تکلیف پہنچنا (...... وَعْكًا) الشَّيْءَ: توڑنا (...... واَوْعَكَ) الشَّيْءَ فِي التُّرَابِ: مٹی میں لوٹ پوٹ کرانا۔ اَوْعَكَتِ الإِبِلُ عِنْدَ الحَوْضِ: بھیڑ کرنا۔
تَوَعَّكَ: بخار چڑھنا۔
الوَعِك: مص (...... والوَعِك) بخار والا۔

الوَعْكَة: مص وَعَكَ کا اسم مرۃ۔ ہوا کا رُکنا اور گرمی کا بڑھنا۔ دوڑنے میں سخت گرنا۔ میدان جنگ۔ مرض۔ وَعْكَةُ الحُمّٰى: بخار کی تیزی۔ وَعْكَةُ الاَمْرِ: معاملہ کی سختی۔ وَعْكَةُ الإِبِلِ: اونٹوں کے گلے۔
المَوْعُوْك: مفع۔ بخار والا۔
وَعَلَ يَعِلُ وَعْلاً الرَّجُلُ: اوپر سے جھانکنا۔
تَوَعَّلَ الجَبَلَ: پہاڑ پر چڑھنا۔
اِسْتَوْعَلَ اِلَيْهِ: پناہ لینا۔ اِسْتَوْعَلَتِ الاَوْعَالُ: پہاڑی بکریوں کا پہاڑ کی چوٹی پر چڑھنا۔
الوَعْل والوَعِل والوُعِل: پہاڑی بکرا۔ ج اَوْعَال ووُعُوْلٌ ووُعْلٌ ووَعِلَة ومَوْعَلَة: آخر کے دو اسم جمع ہیں۔ مؤنث وَعِلَة ج وَعِلاَت ووِعَال الوَعْل: شریف۔ جائے پناہ۔ ج اَوْعَالٌ ووُعُوْلٌ کہا جاتا ہے "مَالَكَ عَنْهُ وَعْلٌ" تجھے اس سے کوئی چارہ نہیں "وَهُمْ عَلَيْنَا وَعْلٌ وَاحِدٌ" وہ سب ہمارے خلاف عداوت میں متفق ہیں۔
الوَعْلَة: پہاڑ میں بلند جگہ...... مِنَ القَمِيْصِ: قمیص کا تکمہ۔ وَعْلَةُ الإِبْرِيْقِ: لوٹے کا دستہ۔
المُسْتَوْعِل: پہاڑ کی چوٹی پر پہاڑی بکرے کی جائے پناہ ج مُسْتَوْعِلاَت۔
وَعَمَ ووَعِمَ يَعِمُ وَعْمًا الدِّيَارَ: خوش باش کہنا اور اسی سے ہے "عِمْ صَبَاحًا وَعِمْ مَسَاءً" وعَمَ بِالخَيْرِ: نیکی کی خبر دینا۔
الوَعْم: مص۔ پہاڑ میں نشان جو بقیہ رنگ کے مخالف ہو ج وِعَام۔
تَوَعَّنَ الشَّيْءَ: پورا لے لینا۔ تَوَعَّنَتِ الدَّابَّةُ: چوپائے کا انتہائی موٹا ہونا۔
الوَعْن والوَعْنَة: سخت زمین۔ زمین میں سفید جگہ جہاں کچھ نہ اُگے ج وِعَان۔
الوَعْن: جائے پناہ۔
وَعْوَعَ وَعْوَعَةً ووَعْوَعًا الكَلْبُ او ابنُ آوی: بھونکنا...... [illegible]

قوم کو [illegible] بنایا۔
الوَعْوَاع بمعن۔ لوگوں کی جماعت جو شور مچاتی ہے۔ بے ہودہ گو۔ گیدڑ یا کتے کی آواز۔ دیدبان۔
الوَعْوَع: گیدڑ۔ لومڑی۔ بلیغ خطیب۔ بیابان دیدبان ج وَعَاوِع۔ الوَعَاوِع: دلاور لوگ۔ الوَعْوَعِي: خوش طبع تیز خاطر۔
وَعَى يَعِي وَعْيًا الشَّيْءَ: جمع کرنا...... الحَدِيْثَ: قبول کرنا۔ غور کرنا۔ یاد کرنا...... الأُذُنُ: سننا...... القَيْحُ فِي الجُرْحِ: پیپ کا زخم میں جمع ہونا...... الجُرْحُ: زخم سے پیپ بہنا...... العَظْمُ: ہڈی کا ٹوٹنے کے بعد درست ہونا۔
اَوْعَى اِيْعَاءً الكَلاَمَ او الشَّيْءَ: یاد کرنا۔ جمع کرنا...... الزَّادَ ونَحْوَهُ: برتن میں رکھنا...... الرَّجُلُ وعَلَيْهِ: بخل کرنا (...... واسْتَوْعَى اِسْتِيْعَاءً) الشَّيْءَ: سارا لینا۔
الوَعْي: مص۔ پیپ (...... والوَعَى) شور۔ اور کہا جاتا ہے "مَا لِيْ عَنْهُ وَعْيٌ" مجھے اس سے کوئی چارہ نہیں۔ "فَرَسٌ وَعْيٌ" مضبوط و قوی گھوڑا۔
الوِعَاء والوُعَاء: برتن ج اَوْعِيَة وج اَوَاعٍ۔
الوَاعِي: فا۔ وَاعِي اليَتِيْمِ: یتیم کا والی و نگہبان۔
الوَاعِيَة: وَاعِي کا مؤنث۔ آواز۔ چیخ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَوْعَى مِنْ فُلاَنٍ" وہ فلاں سے زیادہ یاد کرنے والا اور زیادہ سمجھدار ہے۔ "وَهُوَ اَوْعَى مِنْ نَمْلَةٍ" وہ چیونٹی سے زیادہ جمع کرنے والا ہے۔
الوَعِيُّ: یاد کرنے والا۔ فقیہ۔
مَوْعِيُّ الرُّسْغِ: مضبوط کلائی والا۔
وَغَبَ يَوْغُبُ وَغَابَةً ووُغُوْبَةً الجَمَلُ: اونٹ کا موٹا ہونا۔
الوَغْب: ردی سامان۔ موٹا اونٹ۔ کمزور

جسم والا۔ کمینہ۔ رذیل۔ ج اَوْغَاب ووِغَاب: مؤنث وَغْبَةٌ (...... والوَغْبَةُ) بےوقوف۔

وَغَدَ يَغِدُ وَغْدًا القَوْمَ: خدمت کرنا۔

وَغُدَ يَوْغُدُ وَغَادَةً: ضعیف العقل وکمینہ ہونا۔

وَاغَدَهُ مُوَاغَدَةً: کسی کے فعل کی نقل کرنا۔

وَاغَدَ فُلَانًا فِي السَّيْرِ: رفتار میں مقابلہ کرنا۔

الوَغْد: ضعیف العقل۔ بےوقوف۔ کمینہ۔ بچہ۔ قوم کا خادم۔ غلام۔ ج اَوْغَادٌ ووُغْدَان ووِغْدَان مؤنث وَغْدَةٌ۔ الوَغْد: جوئے کا ایک تیر جس کا کوئی حصہ نہیں۔ شکار۔

وَغَرَ يَغِرُ وَغْرًا اليَوْمُ: سخت گرم ہونا۔

وَغِرَتْهُ الشَّمْسُ: تیز دھوپ پڑنا (...... ووَغِرَ يَوْغَرُ ويَيْغَرُ وَغَرًا) صَدْرُهُ عَلَى فُلَانٍ: غصہ سے بھڑک اٹھنا۔

وَغَّرَهُ تَوْغِيرًا عَلَيْهِ: کینہ رکھنے پر برانگیختہ کرنا۔

اَوْغَرَهُ اِيْغَارًا: غضبناک کرنا۔ اَوْغَرَ صَدْرَهُ: غصہ سے بھڑکانا...... المَاءَ: پانی گرم کرنا...... هُ اِلَى كَذَا: پناہ لینے پر مجبور کرنا ...... الخِنْزِيْرَ: سور کے بالوں کو گرم پانی سے صاف کر کے ذبح کرنا۔ "اَوْغَرَ المَلِكُ لِرَجُلٍ اَرْضًا واَوْغَرَهُ اَرْضًا" بغیر خراج کے زمین دینا...... القَوْمُ: گرمی کے وقت میں داخل ہونا۔ "اَوْغَرُوْا بَيْنَهُمْ مِيْغَرًا" باہم وقت مقرر کرنا۔

تَوَغَّرَ: غصہ سے بھڑک اٹھنا۔

الوَغْر والوَغَر: مص۔ کینہ۔ دشمنی۔ وَغْرُ الجَيْشِ: لشکر کا شور۔

الوَغْرة: اسم مرۃ۔ گرمی کی بھڑک۔ کہا جاتا ہے "لَقِيْتُهُ فِي وَغْرَةِ الهَاجِرَةِ" میں نے اس سے دوپہر کی گرمی میں ملاقات کی۔

الوَغِيْرُ: گرم پتھر پر بھنا ہوا گوشت (...... والوَغِيْرَةُ) گرم پتھروں سے گرم کیا ہوا دودھ۔

المِيْغَر: وقت معینہ۔ وعدہ۔

وَغَّضَ تَوْغِيْضًا فِي الإِنَاءِ: برتن میں بھرنا۔

وَغَفَ يَغِفُ وَغْفًا ووُغُوْفًا البَصَرُ: نگاہ کمزور ہونا...... الرَّجُلُ: جلدی چلنا اور دوڑنا۔

اَوْغَفَ اِيْغَافًا الرَّجُلُ: جلدی چلنا اور دوڑنا۔ کمزور نگاہ والا ہونا۔ بقدر کفایت کھانا کھانا۔

الكَلْبُ: کتے کا ہانپنا...... الطَّائِرُ: پرندہ کا جلدی جلدی پر پھڑپھڑانا۔

الوَغِيْق: چلنے میں جانور کے پیٹ کی آواز۔

وَغَلَ يَغِلُ وُغُوْلًا فِي الشَّيْءِ: داخل ہو کر چھپنا، جانا اور دور جانا (...... وَغْلًا ووُغُوْلًا ووَغَلَانًا) عَلَى القَوْمِ: بغیر بلائے ہوئے شراب کی مجلس میں آ کر پینا۔

اَوْغَلَ اِيْغَالًا فُلَانًا فِي كَذَا: داخل کرنا...... فِي السَّيْرِ: تیز چلنا...... فِي العِلْمِ ونَحْوِهِ: پوری طرح جد و جہد کرنا القَوْمُ: دشمن کے ملک میں دور تک گھستے ہوئے چلا جانا (...... وتوغل) فِي البِلَادِ: جانا اور دور تک جانا۔

الوَغْل: مص۔ سست فرومایہ کوتاہی کرنے والا بغیر بلائے ہوئے کھانے پینے میں آنے والا۔ جائے پناہ۔ ایک قسم کا دانہ جو کبوتر کھاتے ہیں۔ گنجان درخت ج اَوْغَال (...... والوَغِل) جھوٹا نسب کا دعویٰ کرنے والا۔ بدخوراک۔

الوَغَّال: وصف بیان کرنے میں مبالغہ کرنے والا۔ گراں فروش۔

المُوْغِل: جلدی داخل ہونے والا۔

وَغَمَهُ يَغِمُهُ وَغْمًا: مغلوب کرنا۔ وَغَمَ بِالخَبَرِ: خبر کو بغیر تحقیق کے بیان کرنا۔ وَغَمَ اِلَى الشَّيْءِ: خیال جانا۔

وَغِمَ يَوْغَمُ وَغَمًا عَلَيْهِ: کینہ رکھنا۔

اَوْغَمَهُ: کینہ ور بنانا۔

تَوَغَّمَهُ عَلَيْهِ: غضبناک ہونا (...... وتَوَاغَمَ) الاَبْطَالُ فِي الحَرْبِ: سخت جنگ کرنا اور بقول بعض آڑی ترچھی نظر سے دیکھنا۔

الوَغْم: مص۔ دل میں بیٹھا ہوا کینہ۔ لڑائی و مقاتلہ۔ نفس۔ بےوقوف۔ کھانے میں سے جو گر جائے ج اَوْغَام۔ رَجُلٌ وَغْمٌ: کینہ ور۔

تَوَغَّنَ تَوَغُّنًا: جنگ میں پیش قدمی کرنا۔ عَلَى المَعَاصِي: اصرار کرنا۔

الوَغْنَة: کشادہ مٹکا۔

الوَغْي والوَغَى: شور و آواز۔ لڑائی۔

وَفَدَ يَفِدُ وَفْدًا ووُفُوْدًا ووِفَادَةً واِفَادَةً اِلَى او عَلَى الاَمِيْرِ: قاصد بن کر آنا۔ صفت وَافِد۔ ج وَفْدٌ ووُفُوْدٌ ووُفَّادٌ ووُفَّدٌ واَوْفَادٌ۔

اَوْفَدَ اِيْفَادًا: بلند ہونا...... عَلَيْهِ: اوپر سے جھانکنا۔ تَوَفَّدَتِ الاِبِلُ او الطَّيْرُ: ایک دوسرے سے آگے نکل جانا۔

تَوَافَدَ القَوْمُ عَلَيْهِ: اکٹھے وارد ہونا۔

اِسْتَوْفَدَ فِي قِعْدَتِهِ: غیر مطمئن بیٹھنا۔ (لغت ہے اِسْتَوْفَزَ میں) ...... هُ: وفد بھیجنا۔

الوَفْد: مص۔ وافد کی جمع۔ وہ لوگ جو اکٹھے کسی شہر میں جائیں۔ وہ لوگ جو کسی مشترکہ غرض کے لیے بادشاہ یا حاکم کے پاس جائیں۔ الوفد: ریت کے ٹیلہ کی چوٹی ج وفود و اوفاد۔

الوَافِد: فا...... مِنَ الاِبِلِ ونَحْوِهَا: سب سے آگے رہنے والا۔ رخسارے کا وہ حصہ جو کھانا چباتے وقت ابھر جاتا ہے۔

الوَفَّاد: بہت وفد والا۔

وَفَرَ يَفِرُ وَفْرًا وَفِرَةً لَهُ المَالَ: زیادہ کرنا۔ پورا کرنا...... عِرْضَ فُلَانٍ: حفاظت کرنا اور گالی نہ دینا۔ کہا جاتا ہے "وَفَرْتُهُ عِرْضَهُ" جب کہ تم تعریف کرو اور عیب جوئی نہ کرو...... عَطَاءَكَ: رضامندی کے ساتھ واپس کر دینا یا کم سمجھ کر واپس کرنا ...... الثَّوْبَ: کپڑے کو کشادہ قطع کرنا (...... وَفْرًا ووُفُوْرًا وفِرَةً ووَفُرَ يَوْفُرُ وَفَارَةً) المَالُ او المَتَاعُ: مال یا سامان بکثرت ہونا۔

وَفَّرَ تَوْفِيرًا الشَّيْءَ: زیادہ کرنا۔۔۔۔۔لِفُلَانٍ عِرْضَهُ: حفاظت کرنا۔ گالی نہ دینا۔۔۔۔۔الْمَالَ: کمی نہ کرنا۔۔۔۔۔حِصَّةً مِنَ الْمَالِ: باقی رکھنا۔ عَلَيْهِ حَقَّهُ: پورا حق دینا۔۔۔۔۔الثَّوْبَ: کپڑا کشادہ قطع کرنا۔۔۔۔۔لِفُلَانٍ طَعَامَهُ: پوری خوراک دینا۔۔۔۔۔اللّٰهُ حَظَّهُ مِنْ كَذَا: کامل کرنا۔

اَوْفَرَ فُلَانٌ الشَّيْءَ: زیادہ کرنا۔ بڑھانا۔ پورا کرنا۔

تَوَفَّرَ عَلٰى كَذَا: ہمت صرف کرنا۔۔۔۔۔عَلٰى صَاحِبِهِ: حرمت وعزت کا پاس ولحاظ کرنا۔

تَوَافَرَ وَاتَّفَرَ الشَّيْءُ: زیادہ ہونا۔

اِسْتَوْفَرَ الشَّيْءَ: پورا کرنا۔۔۔۔۔الْحَقَّ: پورا حق لینا۔

الْوَفْرُ: مص۔ تونگری۔۔۔۔۔مِنَ الْمَالِ او الْمَتَاعِ: بہتات۔ کثرت۔ یا صرف مال و متاع ہی کے لئے نہیں بلکہ ہر چیز کے لئے عام ہے۔ ج وُفُورٌ۔

الْوَفْرَةُ: اسم مرۃ۔ کثرت۔ بہتات۔ کانوں تک لٹکے ہوئے بال ج وِفَار۔

الْوَافِرُ: فا۔ علم عروض کی ایک بحر۔

الْوَافِرَةُ۔ وافر: کا مؤنث۔ دنبہ کی بڑی چکی۔

الْاَوْفَرُ: کامل۔ تام۔ مکمل۔

الْوَفْرَاءُ: بھرا ہوا۔ مَزَادَةٌ وَفْرَاءُ: پوری کھال والا توشہ دان۔ اُذُنٌ وَفْرَاءُ: بڑا کان۔ اَرْضٌ وَفْرَاءُ: بہت گھاس ونباتات والی زمین۔

قَوْمٌ مُتَوَافِرُوْنَ: بہت لوگ۔

الْمُوَفَّرُ: مفع۔ الْمُوَفَّرُ الشَّعْرِ: بہت اور لمبے بالوں والا۔ اور کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُ عَلٰى اَحْسَنِ مُوَفَّرٍ" میں نے اس کو اچھی حالت میں چھوڑا۔

الْمَوْفُوْرُ: مفع۔ مکمل چیز۔

اَوْفَزَهُ اِيْفَازًا: جلدی کرانا۔

وَافَزَهُ: جلدی کرنا۔

تَوَفَّزَ لِلْاَمْرِ: آمادہ ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "اَخَذَ يَتَوَفَّزُ عَلٰى فِرَاشِهِ" وہ بچھونے پر لوٹتے پوٹتے گا۔

اِسْتَوْفَزَ اِسْتِيْفَازًا فِيْ قِعْدَتِهِ: غیر مطمئن بیٹھنا اور اٹھنے کے لئے تیار ہونا۔

الْوَفْزُ وَالْوَفَزُ: جلدی ج اَوْفَاز وِوِفَاز۔ مَكَانٌ وَفْزٌ: بلند جگہ۔ کہا جاتا ہے "نَحْنُ عَلٰى وَفْزٍ او وِفَازٍ او اَوْفَازٍ" ہم جلدی میں ہیں یا سفر کے لئے تیار ہیں۔

اَوْفَضَ اِيْفَاضًا: تیز چلنا اور دوڑنا۔۔۔۔۔هُ: دھتکارنا۔۔۔۔۔الْاِبِلَ: اونٹوں کو جدا جدا کرنا۔۔۔۔۔لِلرَّجُلِ: بیٹھنے کے لئے فرش بچھانا۔

اِسْتَوْفَضَ اِسْتِيْفَاضًا: تیز چلنا اور دوڑنا۔۔۔۔۔الْاِبِلُ: اونٹوں کا متفرق ہونا۔۔۔۔۔جلدی کرانا۔ دھتکارنا۔ جلاوطن کرنا۔

الْوَفْضُ وَالْوَفَضُ: مص۔ جلدی ج اَوْفَاض۔

الْوِفَاضُ: چکی کے نیچے رکھنے کا چمڑا۔ وہ جگہ جہاں پانی ٹھہر جائے ج وُفُض۔

الْوَفْضَةُ: اسم مرۃ۔ ترکش کے مانند چمڑے کا ایک برتن جس کا نچلا حصہ ہموار ہوتا ہے چرواہے کا تھیلا۔ اوپر کے ہونٹ پر مونچھوں کے درمیان کا گڑھا۔ ج وِفَاض۔

الْاَوْفَاضُ: لوگوں کی مختلف جماعتیں۔

نَاقَةٌ او نَعَامَةٌ مِيْفَاضٌ: تیز رفتار اونٹنی یا شتر مرغ۔

الْوَفْعُ: بلند عمارت یا بلند جگہ۔ ج اَوْفَاع۔

غُلَامٌ وَفَعٌ ج وِفْعَانٌ وَوَفَعَةٌ وَوَافِعَةٌ: نوجوان لڑکا۔

الْوَفِيْعَةُ: قلم صاف کرنے کا چیتھڑا۔ الْوَفِيْعَةُ الْوَفْعَةُ: کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی ٹوکری۔

الْوَفِيْعَةُ وَالْوَفْعَةُ وَالْوِفَاعُ: شیشی کی ڈاٹ۔

وَفِقَ يَفِقُ وَفْقًا الْاَمْرُ: موافق پانا۔۔۔۔۔الْاَمْرُ: موافق ہونا۔

وَفَّقَ الْاَمْرَ: موافق کرنا۔۔۔۔۔هُ اللّٰهُ: درست کرنا۔۔۔۔۔هُ اللّٰهُ لِلْخَيْرِ: الہام کرنا۔۔۔۔۔بَيْنَ الْقَوْمِ: اصلاح کرنا۔ وُفِّقْتُ لَهُ: اس نے مجھے پالیا اس نے مجھ سے ملاقات کی۔

وَافَقَهُ وِفَاقًا وَمُوَافَقَةً: پانا۔۔۔۔۔هُ فِيْ او عَلٰى الشَّيْءِ: موافق ہونا۔۔۔۔۔بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ: دو چیزوں کو جوڑنا۔

اَوْفَقَ الْقَوْمُ لَهُ: قریب ہونا اور سب کا متفق ہونا اور کہا جاتا ہے "اَوْفَقَ لِزَيْدٍ لِقَاؤُنَا" زید سے ہم لوگوں کی ملاقات اچانک ہو گئی۔

اَوْفَقَ السَّهْمَ وَبِالسَّهْمِ: تیر چلانے کے لئے فوق کو تانت پر رکھنا (دیکھئے لفظ فَوْق) یہ اَفْوَقَ کا مقلوب ہے اور اصل کا استعمال بہت نادر ہے۔

تَوَفَّقَ: کوشش کامیاب ہونا۔ توفیق پانا۔

تَوَافَقَ الْقَوْمُ فِي الْاَمْرِ: ایک دوسرے کے موافق ہونا۔ ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

اِتَّفَقَ الرَّجُلَانِ عَلَى الشَّيْءِ وَفِيْهِ: اتفاق کرنا۔ قریب ہونا۔ متحد ہونا۔ اِتَّفَقَ مَعَهُ: موافقت کرنا۔

الْاَمْرُ: واقع ہونا۔

اِسْتَوْفَقَ اِسْتِيْفَاقًا اللّٰهَ: اللہ سے توفیق مانگنا۔

الْوَفْقُ: مص۔ دو چیزوں کی مطابقت۔ قدر کفایت۔ کہا جاتا ہے "كَسْبُهُ وَفْقُ عِيَالِهِ" اس کی کمائی اس کے اہل وعیال کے لئے کافی ہے کچھ بچتا نہیں۔ "وَجَاءَ الْقَوْمُ وَفْقًا" قوم اتفاق کر کے آئی "وَاتَيْتُهُ وَفْقَ طَلْعَتِ الشَّمْسُ" میں اس کے پاس طلوع آفتاب کے وقت آیا۔

التَّوْفِيْقُ: مص۔ تَوْفِيْقُ الْهِلَالِ وَتَوْفَاقُهُ وَتِيْفَاقَهُ وَتِيْفَاقُهُ وَتَوَفُّقُهُ وَمِيْفَاقُهُ: نئے چاند کے نکلنے کا وقت۔

الْوَفِيْقُ: ہمراہی۔ ساتھی۔

الْمُوَفَّقُ: مص۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ فُلَانًا مُوَفَّقٌ" فلاں نیک آدمی ہے۔

وَفَلَ يَفِلُ وَفْلًا الشَّيْءَ: چھیلنا۔

وَفَّلَ تَوْفِيْلًا الشَّيْءَ: زیادہ کرنا۔ بڑھانا۔ چھیلنا۔

الوَقْن: مص۔ تھوڑی چیز۔
تَوَقَّنَ الشَّيْءُ: کم ہونا۔
الوَقْنَة: کمی۔
وَفَهَ يَفِهُ وَفْهًا النَّصْرَانِيُّ: خادم گرجا ہونا۔
الوَافِه: گرجا کا ناظم ونگراں۔ سرپنچ۔
الوِفَاهَة: گرجا کے ناظم کی تنخواہ۔
الوَفْهِيَّة: گرجا کے ناظم کا رتبہ۔
وَفَى يَفِي وَفَاءً بِالْوَعْدِ او العَهْدِ: پورا کرنا۔ محافظت کرنا...... النَّذْرَ: نذر پوری کرنا...... الشَّيْءُ: طویل ہونا اور اسی سے ہے "مَاتَ فُلَانٌ وَاَنْتَ بِوَفَاءٍ" فلاں مرگیا اور تیری عمر دراز ہو...... رِيشُ الجَنَاحِ: بازو کے پروں کا پورا ہونا (...... وُفِيًّا) الشَّيْءُ: کامل ہونا اور بہت ہونا...... الدِّرْهَمُ المِثْقَالَ: برابر ہونا۔ ہم وزن ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الشَّيْءُ لَا يَفِي بِذَاكَ" یہ چیز اُس کے برابر نہیں ہے۔
وَفَّى تَوْفِيَةً الرَّجُلَ حَقَّهُ: پورا حق دینا۔
اَوْفَى اِيْفَاءً بِالْوَعْدِ: پورا کرنا...... النَّذْرَ: نذر پوری کرنا...... الكَيْلَ: پورا ناپنا...... فُلَانًا حَقَّهُ: پورا حق دینا...... المَكَانَ: آنا ...... عَلَى المَكَانِ: اوپر سے جھانکنا...... عَلَى المِائَةِ: سو سے زائد ہونا...... عَلَى الشَّيْءِ وفي الشَّيْءِ: اوپر سے جھانکنا۔
وَافَى مُوَافَاةً فُلَانًا حَقَّهُ: پورا حق دینا...... الرَّجُلَ: آنا۔ اچانک آنا۔ وَافَاهُ الحِمَامُ او الكِتَابُ: موت کا آنا یا خط کا آنا۔
تَوَافَى تَوَافِيًا القَوْمُ: ساری قوم کا آنا۔
تَوَفَّى تَوَفِّيًا: پورا ہونا...... حَقَّهُ: پورا حق لینا۔ کہا جاتا ہے "تَوَفَّيْتُ مِنْ فُلَانٍ مَالِيَ عَلَيْهِ" جو کچھ میرا حق فلاں پر تھا اس کو میں نے پورا لے لیا...... المُدَّةَ: مدت کو پہنچنا...... الشَّيْءُ: کامل بنانا...... عَدَدَ القَوْمِ: پورا شمار کرنا۔ تَوَفَّاهُ اللّٰهُ: موت دینا۔ تُوُفِّيَ فُلَانٌ: فلاں مرگیا۔ اللہ کو مُتَوَفِّي اور بندے کو مُتَوَفّٰى کہیں گے۔
اِسْتَوْفَى اِسْتِيْفَاءً حَقَّهُ: کامل و پورا حق لینا۔

الوَفَاء: مص۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ عَنْ وَفَاءٍ" وہ مرگیا اور حقوق واجبہ کے پورا کرنے کے لائق مال چھوڑ گیا "وَمَاتَ وَاَنْتَ بِوَفَاءٍ" وہ مرگیا اور تیری عمر دراز ہو۔
الوَفْي والمِيْفٰى والمِيْفَاة: زمین کا بلند حصہ۔ المِيْفٰى: تنور کا ڈھکنا۔ اینٹوں کے پکانے کا آوا۔
الوَفَاة: موت۔ ج وَفَيَات.
الوَفِيُّ: پورا۔ کامل۔ بہت وفا کرنے والا۔ حق دینے والا۔ حق لینے والا۔ ج اَوْفِيَاء.
الوَافِي: فا۔ مؤنث وَافِيَةٌ ایک درہم اور چار دانق...... عِنْدَ الشُّعَرَاءِ: وہ شعر جس کے اجزاء پورے ہوں۔
المِيْفَاء: وفا کرنے والا۔
وَقَبَ يَقِبُ وَقْبًا الرَّجُلُ: متوجہ ہونا۔ آنا۔ گڑھے میں داخل ہونا۔
وَقَبَتْ وَقْبًا وَوُقُوْبًا الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب ہونا...... الظَّلَامُ: تاریکی پھیلنا...... القَمَرُ: چاند کا گہن میں آنا...... الرَّجُلُ: دھنسی ہوئی آنکھوں والا ہونا...... عَيْنَاهُ: آنکھوں کا دھنس جانا۔
اَوْقَبَ اِيْقَابًا: بھوکا ہونا...... الشَّيْءَ: پتھر کے گڑھے میں داخل کرنا...... النَّخْلُ: درخت خرما کے گچھوں کا بدبودار ہونا۔
الوَقْب: مص۔ پتھر کا گڑھا جس میں پانی جمع ہوجائے۔ روشن دان۔ جسم کا ہر گڑھا۔ جیسے آنکھ کا۔ ج وُقُوْب ووِقَاب۔ الوَقْبُ: بے وقوف۔ کمینہ۔ ج اَوْقَاب۔ الاَوْقَاب: گھر کا سامان۔
الوَقْبَان: بے وقوف۔ ج وَقْبٰی.
الوَقْبَة: پتھر کی چٹان یا جسم میں گڑھا۔ بڑا روشن دان جس میں سایہ ہو۔ ثرید وغیرہ سے جو ٹپکے۔
رَكِيَّةٌ وَقْبَاءُ: گہرے پانی کا کنواں۔
الوَقِبَة: اوجھ کا وہ حصہ جو پرت پرت ہوتا ہے۔
الوَقْبِيُّ: بے وقوفوں کی صحبت کا حریص۔

المِيْقَب: کوڑی۔
المِيْقَاب: بہت شراب پینے والا۔ اور کہا جاتا ہے "اِنَّهُمْ يَسِيْرُوْنَ سَيْرَ المِيْقَابِ" وہ لوگ دن رات لگاتار سفر کرتے ہیں۔
وَقَتَ يَقِتُ وَقْتًا الاَمْرَ: وقت مقرر کرنا۔
وَقَّتَ الاَمْرَ: وقت مقرر کرنا۔ کام کی مدت بیان کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "وَقَّتَ الاَمْرَ لِيَوْمِ كَذَا" اُس نے کام فلاں دن کے لئے مقرر کیا۔
الوَقْت: مص۔ زمانہ کی مقدار ج اَوْقَات
اَوْقَاتُ السَّنَةِ: سال کی فصلیں۔ وَقْتٌ مَوْقُوْتٌ ومُوَقَّتٌ: مقرر کردہ وقت۔
المَوْقِت: تعیین۔ تعیین کا زمانہ۔ تعیین کی جگہ۔
المِيْقَات: وقت۔ وعدہ جس کے لئے وقت مقرر کیا گیا ہو۔ اور کبھی اس مقام کے لئے بھی استعارہ کیا جاتا ہے جس میں اجتماع کے لئے وقت مقرر کیا گیا ہو۔ ج مَوَاقِيْت.
المُوَقِّت: اوقات اور چاند کا اندازہ رکھنے والا۔
وَقَحَ يَقِحُ قِحَةً وقَحَةً ووَقِحَ يَوْقَحُ وَقَحًا وَقُحَ يَوْقُحُ وَقَاحَةً ووُقُوْحَةً: بے حیا ہونا۔ بے شرم ہونا۔ قبیح افعال پر جری ہونا۔ صفت وَقِحٌ ...... حَافِرُ الدَّابَّةِ: چوپایہ کے کھر کا سخت ہونا۔
وَقَّحَ الحَوْضَ: حوض کو مٹی اور پتھر سے درست کرنا...... حَافِرَ الدَّابَّةِ: پگھلی ہوئی چربی لگا کر چوپایہ کے کھر کو سخت کرنا۔
اَوْقَحَ واسْتَوْقَحَ الحَافِرُ: کھر کا سخت ہونا۔
تَوَاقَحَ: بے حیائی ظاہر کرنا۔
الوَقَاح (مذکر ومؤنث) بے شرم ج وُقُح ووُقُحٌ۔ حَافِرٌ وَقَاحٌ: سخت کھر۔
رَجُلٌ وَقِيْحُ الوَجْهِ: بے شرم مرد۔
المُوَقَّح: مفع۔ مبتلائے مصائب۔ بَعِيْرٌ مُوَقَّحٌ: کام کی وجہ سے تھکا ہوا اونٹ۔
وَقَدَ يَقِدُ وَقْدًا ووَقَدًا ووُقُوْدًا ووَقَدَانًا وقِدَةً واتَّقَدَ: روشن ہونا ...... النَّارُ: آگ

جلنا۔ بھڑکنا۔ مشتعل ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَقَدَتْ بِکَ زِنَادِیْ" تیری وجہ سے میری چقماق نے آگ دی۔ یعنی تیری وجہ سے میری کامیابی ہوئی۔ وَقَّدَ واَوْقَدَ وتَوَقَّدَ واسْتَوْقَدَ النَّارَ: آگ بھڑکانا۔ مشتعل کرنا۔ تَوَقَّدَتِ النَّارُ واِسْتَوْقَدَتْ: آگ بھڑکنا۔ تَوَقَّدَ الْکَوْکَبُ: ستاروں کا روشن ہونا۔ چمکنا۔ کہا جاتا ہے اَبْعَدَ اللّٰہُ دَارَهٗ واَوْقَدَ نَارًا اَثَرَهٗ: اللہ اس کے گھر کو دور کر دے اور آگ میں اس کے اثر کو جلا دے یعنی اس کو واپس نہ کرے۔

الوَقْد والوَقَد: مص۔ آگ۔

الوَقْدَة. وَقَد: کا اسم مرة۔ سخت گرمی کا زمانہ کہ دس دن یا نصف مہینہ ہے۔

القِدَة: مص۔ جس کی تم پیروی کرو۔ اس معنی کے لحاظ سے اس کی اصل قَدْو ہے تا واؤ کے بدلہ میں ہے۔

الوَقَاد والوَقِید والوَقُود: ایندھن جس سے آگ سلگائی جائے۔

الوَقَّاد: اسم مبالغہ۔ کَوْکَبٌ وَقَّادٌ: بہت روشن ستارہ۔ رَجُلٌ وَقَّادٌ: تیز طبع روشن خاطر مرد۔

المَوْقِد ج مَوَاقِد والمُسْتَوْقَد: چولھا۔ زَنْدٌ مِیْقَادٌ: جلدی روشن ہونے والا چقماق۔

المتَوَقِّد: فا۔ روشن۔ تیز طبع۔

وَقَذَهٗ یَقِذُهٗ وَقْذًا: پچھاڑنا۔ مہلک ضرب لگانا۔ صفت مفعولی وَقِیذٌ ومَوْقُوذٌ...... هُ النُّعَاسُ: غلبۂ نیند کی وجہ سے متوالا ہونا(...... واَوْقَذَ) فُلَانًا: بیمار چھوڑنا۔

الوَقِیذ: مہلک بیماری میں مبتلا۔ بوجھل سست۔ وَقِیذُ الجَوَانِح: غمگین دل والا۔ مؤنث وَقِیذَةٌ ج وَقَائِذ. الوَقَائِذ: بجھے ہوئے پتھر۔

المَوْقِذ: بدن کے اطراف۔ جیسے ٹخنہ۔ گھٹنا۔ کندھا۔ ج مَوَاقِذ.

وَقَرَ یَقِرُ وَقْرًا العَظْمَ: ہڈی کا پھاڑنا۔ وُقِرَ العَظْمُ: ہڈی کا چٹخنا۔ صفت مفعولی [illegible]

وَقَرَ (...... قِرَةً ووَقَارَةً وَقْرًا ووُقُورًا ووَقُرَ یَوْقُرُ وَقَارَةً ووَقَارًا) الرَّجُلُ: سنجیدہ وصاحب وقار ہونا۔ ثابت رہنا۔ وَقَرَ یَقِرُ وَقْرًا ووُقُورَةً فِیْ بَیْتِهٖ: وقار کے ساتھ بیٹھنا۔ وَقِرَتْ تَوْقَرُ ووَقَرَتْ تَقِرُ وَقْرًا ووُقِرَتْ اُذُنُهٗ: بوجھل ہونا یا بہرا ہونا۔ صفت مَوْقُورَةٌ. وَقَّرَ الشَّیْخَ: تعظیم کرنا...... فُلَانًا: زخمی کرنا ...... الدَّابَّةَ: آرام دینا...... لِلشَّیْءِ: نشان بنانا۔ کہا جاتا ہے "وَقَّرَتْنِیْ الْاَسْفَارُ" سفر نے مجھ کو مشاق بنا دیا۔

اَوْقَرَ اِیْقَارًا او قِرَةً (شاذ) الدَّابَّةَ: چوپایہ پر بھاری بوجھ لادنا۔ اَوْقَرَتِ النَّخْلَةُ و اُوْقِرَت: بہت پھل دار ہونا۔ صفت مُوْقِرٌ ومُوْقِرَةٌ ومُوْقَرَةٌ الدَّیْنُ فُلَانًا: قرض کا گرانبار کرنا۔

تَوَقَّرَ واِتَّقَرَ: باوقار ہونا۔ بردبار ہونا۔

اِسْتَوْقَرَتْ اِسْتِیقَارًا الْاِبِلُ: اونٹ کا موٹا ہونا۔ بھاری بوجھ اٹھانا۔ اِسْتَوْقَرَ وَقْرَهٗ طَعَامًا: بوجھ بھر کھانا لینا۔

الوَقْر: مص۔ پنڈلی کا شگاف۔ پتھر یا ہڈی وغیرہ میں گڑھا یا شگاف۔ ج وُقُور کہا جاتا ہے "فِیْ صَدْرِهٖ وَقْرٌ" اس کے دل میں کینہ ہے۔

الوِقْر: بھاری بوجھ۔ پانی سے بوجھل بادل ج اَوْقَار.

الوَقْرَة: اسم مرة۔ پتھر یا ہڈی کا گڑھا یا شگاف۔ وَقْرَةُ الدَّهْرِ: زمانہ کی سختی ج وَقَرات الوَقَرات: نشانیاں۔

القِرَة: مص۔ بوجھ۔ بکریوں کا ریوڑ۔ اہل و عیال۔ بہت بوڑھا۔ بیماری کا وقت۔ ج قِرَات.

الوَقَرِیّ: بکری بھیڑوں کا چرواہا۔ یا ان کا جمع کرنے والا۔ گدھوں کا مالک۔

الوَقَار: سنجیدگی۔ بردباری۔ عظمت(...... والوَقُور) مِنَ الرِّجَالِ: سنجیدہ وصاحب وقار مرد۔

الوُقُور [illegible] ج

وَقِیر.

الوَقِیر: پھٹی ہوئی ہڈی۔ بھیڑوں کا ریوڑ۔ لوگوں کی جماعت۔ ذلیل بے عزت(...... والوَقِیرَة) پتھر کی چٹان کا بڑا گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے اُذُنٌ وَقِیرَةٌ: بہرا کان یا بوجھل کان۔

المُوَقَّر: مفع۔ تجربہ کار۔ عقلمند جس کو زمانہ نے تجربہ کار بنا دیا ہو۔

المُوَقَّر: پہاڑ کے پہلو میں نرم جگہ۔

المِیْقَار مِنَ النَّخْلِ: بہت پھل دار ج مَوَاقِیر.

وَقَسَ یَقِسُ وَقْسًا الْجَرَبُ فِیْ بَدَنِهٖ: کھجلی پھیلنا...... الفَاحِشَةَ: بری بات کا ذکر کرنا ...... هُ بِالْمَکْرُوْهِ: تہمت لگانا...... الجِلْدَ: کھال چھیلنا۔ وُقِسَ الْاِبِلُ: کھجلی لگانا۔

الاَوْقَاس: مختلف لوگوں کی جماعت۔

وَقَشَ یَقِشُ وَقْشًا الرَّسْمُ: نشان کا مٹنا...... مِنْ فُلَانٍ: عطیہ پانا(...... واَوْقَشَ لَهٗ بِشَیْءٍ) کچھ تھوڑا سا دینا۔

تَوَقَّشَ: ہلنا۔

الوَقْش والوَقْشَة والوَقَشَة: آواز۔ حرکت۔ الوَقْش: عیب۔

الوَقْش والوَقَش: آگ سلگانے کے لئے چھوٹی چھوٹی لکڑیاں۔

الاَوْقَاش: مختلف قسم کے لوگوں کا گروہ۔

وَقَصَ یَقِصُ وَقْصًا عُنُقَهٗ: گردن توڑ دینا وَقَصَتِ الْعُنُقُ: گردن کا ٹوٹ جانا...... بِهٖ الدَّابَّةُ: گرا کر گردن توڑنا۔ وَقَصَ الشَّیْءَ: عیب لگانا۔ گھٹانا...... رَاْسَهٗ: نیچے سے دبانا۔ وُقِصَ الرَّجُلُ: ٹوٹی ہوئی گردن والا ہونا۔ صفت مَوْقُوص.

وَقِصَ یَوْقَصُ وَقَصًا: پیدائشی چھوٹی گردن والا ہونا۔ صفت اَوْقَص مؤنث وَقْصَاءُ ج وُقْص اور کبھی گردن کی صفت میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "عُنُقٌ اَوْقَص وعُنُقٌ وَقْصَاءُ".

وَقَصَ عُنُقَهٗ: گردن توڑ دینا...... عَلَی الشَّیْءِ:
...... سَحَابٌ هَاتِنٌ وهَتُونٌ: لگاتار بارش والا بادل ج هُتُنٌ وهُتْنٌ. عَيْنٌ هَتُونُ الدَّمْعِ: لگاتار آنسو ٹپکانے والی آنکھ۔

التَّهْتَانُ: لگاتار برسنے والی بارش۔

هَتْهَتَ الشَّيْءَ: توڑنا...... فِي الكَلَامِ: جلدی جلدی بولنا...... البَعِيرَ: اونٹ کو "هَتْ هَتْ" کہہ کے پینے کے وقت ڈانٹنا۔

الهُتْهَاتُ: ہلکا پھلکا۔ جلدی بولنے والا۔

هَتَاهُ يَهْتُوهُ هَتْوًا: پیروں سے روند کر توڑنا۔

هَاتَاهُ مُهَاتَاةً: دینا (اس فعل کی گردان عاطی کی گردان کی مانند ہے) کہا جاتا ہے "هَاتِ يَا رَجُلُ" اے مرد دے "وهَاتِي يَا امْرَأَةُ" اے عورت دے "وَمَا أُهَاتِيكَ" میں تم کو نہیں دوں گا۔

هَثَّ (ن ض) هَثًّا: جھوٹ بولنا۔ صفت هَثَّاتٌ: یعنی جھوٹا۔

هَثْرَمَ هَثْرَمَةً: بہت بولنا۔

هَثَمَهُ (ض) هَثْمًا: کوٹ کر باریک کرنا۔

هَثَمَ لَهُ مِنْ مَالِهِ: یکبارگی عمدہ مال دینا۔

الهَيْثَمُ: ایک کھٹے مزے کا درخت۔ شکرا اور بقول بعض گدھ یا عقاب کا بچہ۔ سرخ رنگ کا ریت کا ٹیلہ۔

هَثْهَثَ هَثْهَثَةً الشَّيْءُ: مخلط ہونا...... الوَالِي النَّاسَ: ظلم کرنا...... السَّحَابَةُ بِقَطْرِهَا: بہت زور سے برسانا...... الشَّيْءَ: سخت روندنا۔

الهُثْهَاثُ: جلدی کرنے والا۔ شَيْءٌ هَثْهَاثٌ: ملی ہوئی بے ترتیب چیز۔ رَجُلٌ هُثْهَاثٌ: جھوٹا مرد۔

الهَثْهَثَةُ: مص۔ لڑائی میں مخلط آوازیں۔

هَثَى يَهْثِي هَثْيًا التُّرَابَ: مٹی ڈالنا۔

هَاثَاهُ مُهَاثَاةً: مذاق اڑانا۔

هَجَّ (ن) هَجًّا وهَجِيجًا البَيْتَ: گھر ڈھانا...... (هَجِيجًا) العَيْنُ: آنکھ کا دھنس جانا...... النَّارُ: آگ کا زور سے بھڑکنا۔ هَجَّجَ النَّارَ: آگ زور سے بھڑکانا۔

وهَجَّجَتْ عَيْنُهُ: آنکھ دھنس جانا۔

اِهْتَجَّ فِي الأَمْرِ: دیر لگانا اور کسی سے مشورہ نہ کرنا۔

اِسْتَهَجَّ فُلَانٌ: خودرائے ہونا۔ السَّيَّارَةَ او القَافِلَةَ: تیز چلانا۔

عَيْنٌ هَاجَّةٌ: دھنسی ہوئی آنکھ۔

الهَجَاجُ: تیز چال۔ کہا جاتا ہے "رَكِبَ هَجَاجِ" مبنی علی الکسر یعنی وہ خودسر ہوا (اور کبھی هَجَاج کے آخر کو فتحہ بھی دیا جاتا ہے) اور اگر کوئی شخص لوگوں کو کسی چیز سے روکنا چاہتا ہے تو کہتا ہے "هَجَاجَيْكَ وهَذَا ذَيْكَ" یعنی دور رہو۔

الهَجَاجَةُ: گرد وغبار جو ہر چیز کو ڈھانپ لے۔ بے وقوف۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَجَاجَةٌ"۔

الهُجُّ: بیل کی گردن کا جوا۔

الهُجُجُ: پوکھرے۔

الھَجِیج: مص۔ گہری وادی۔ لمبی زمین جو چلنے والوں کو جلدی لائے۔ کہانت کی لکیریں جو زمین پر کھینچیں جائیں۔ ج ھُجَّان.

الاھْجِیج: گہری وادی۔

عَیْنٌ مُھَجَّجَة: دھنسی ہوئی آنکھ۔

المُھَجِّج: فا۔ دھنسی ہوئی آنکھ والا۔

المُسْتَھِجُّ: ہر حق و ناحق میں بولنے والا۔

ھَجَأَ یَھْجَأُ ھَجْأً وھُجُوْءًا جُوْعُه: بھوک بند ہونا(...... ھَجَأَ) الطَّعَامَ: کھانا...... بَطْنَهُ: پیٹ بھرنا......ہُ الطَّعَامُ: آسودہ کر دینا۔

ھَجِیَ یَھْجَأُ ھَجْأً: بہت بھوکا ہونا۔

اَھْجَأَ اِھْجَاءً جُوْعَه: بھوک زائل کرنا۔

فُلَانًا حَقَّهُ: حق ادا کرنا...... فُلَانًا الشَّیْئَ: کسی کو کچھ کھلانا۔

تَھَجَّأَ الْحَرْفَ: ہجے کرنا۔

الھَجَأُ: ہر وہ چیز جو تمہارے اندر ہو اور ختم ہو جائے۔

الھَجَأَة: بے وقوف مرد یا عورت۔

ھَجَبَ (ض) ھَجْبًا: ہانکنا۔ دوڑنا۔ لاٹھی سے مارنا۔

ھَجَدَ (ن) ھُجُوْدًا: رات میں سونا۔ بیدار رہنا (ضد) اور بقول بعض ھُجُوْد دن میں سونے اور ھُجُوْع رات میں سونے کیلئے ہے۔

ھَجَّدَ تَھْجِیْدًا الرَّجُلُ: بیدار ہونا۔ رات میں سونا۔ رات میں نماز پڑھنا...... فُلَانًا: جگانا۔ سلانا (ضد)

اَھْجَدَ الرَّجُلُ: سونا...... فُلَانًا: سلانا۔ سوتا ہوا پانا۔

تَھَجَّدَ الرَّجُلُ: رات میں سونا۔ بیدار رہنا۔

الھَاجِد: سونے والا۔ رات میں نماز پڑھنے والا ج ھُجُوْد وھُجَّد.

الھَجُوْد: رات میں نماز پڑھنے والا۔ ج ھُجُوْد وھُجَّد.

التَّھَجُّد: مص۔ رات کی نماز۔

المُتَھَجِّد: فا۔ رات کی نماز کے لئے نیند سے بیدار ہونے والا۔ ازہری کا قول ہے کہ کلامِ عرب میں ھَاجِد کا اطلاق رات میں سونے والے پر اور متہجد کا رات میں نماز کے لئے بیدار ہونے والے پر ہے۔

ھَجَرَہُ (ن) ھَجْرًا وھِجْرَانًا: قطع تعلق کرنا۔ چھوڑنا۔ ھَجَرَ الشَّیْئَ: ترک کرنا۔ اعراض کرنا...... زَوْجَتَهُ: بغیر طلاق دیئے ہوئے الگ ہونا(...... ھَجْرًا وھِجِّیْرٰی واِھْجِیْرٰی) فِیْ نومه او مَرَضِهٖ: نیند یا مرض میں بکواس کرنا(...... ھَجْرًا) بِهٖ فِی النَّوْمِ: خواب دیکھنا(...... ھَجْرًا و ھُجُوْرًا) الْبَعِیْرَ: پاؤں باندھنے کی رسّی سے باندھنا۔

ھَجَّرَ الْقَوْمُ: دوپہر میں چلنا...... النَّھَارُ: سخت گرم ہونا...... اِلَی الشَّیْئِ: سویرے جانا اور سبقت کرنا۔

ھَاجَرَ مُھَاجَرَةً مِنَ الْبَلَدِ وعَنْهُ: ہجرت کرنا۔

اَھْجَرَہُ اِھْجَارًا: چھوڑنا۔ اَھْجَرَ الْقَوْمُ: دوپہر میں چلنا۔ اَھْجَرَ فِیْ مَنْطِقِهٖ: بکواس کرنا...... بِفُلَانٍ: ٹھٹھا کرنا اور بری بات کہنا۔

تَھَجَّرَ الْقَوْمُ: دوپہر میں چلنا...... فُلَانٌ: مہاجرین کے مشابہ ہونا۔

تَھَاجَرُوْا واھْتَجَرُوْا: باہم قطع تعلق کرنا۔

تَھَاجَرُ الْمَاءَ: لینا۔

اِھْتَجَرَہُ: چھوڑنا۔

اَلْھَاجِر: اسم فاعل۔ شَیْئٌ ھَاجِرٌ: نہایت عمدہ چیز۔

الھَاجِرَة. الھَاجِر: کا مؤنث۔ گرمی کا دوپہر یا زوالِ آفتاب سے عصر تک کا وقت۔ سخت گرمی۔ ج ھَاجِرَات و ھَوَاجِر اور کبھی ھَاجِرَة ان مصادر میں سے ہوتا ہے جو فَاعِلَة کے وزن پر آتے ہیں جیسے عَاقِبَة وعَافِیَة: وغیرہ۔ نَاقَةٌ ھَاجِرَةٌ: عمدہ اونٹنی اور کہا جاتا ہے "رَمَاہُ بِھَاجِرَاتٍ" اس نے اس کو افعال

الھَاجِرِیُّ: بہت عمدہ۔ اعلیٰ و فائق۔ معمار۔ شہری۔

ھَاجِرَة: حضرت اسماعیل علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی والدہ ماجدہ کا اسم گرامی۔

الھَجْر: مص۔ حفاظت کے قابل چیز کا چھوڑنا۔ بہت عمدہ۔ مہاجر۔ دوپہر۔ سخت گرمی۔ کہا جاتا ہے "لَقِیْتُهُ عَنْ ھَجْرٍ" میں اس سے ایک سال کے بعد یا چھ روز یا اس سے زائد یا غیوبیت کے بعد ملا۔ "وَذَھَبَتِ الشَّجَرَةُ ھَجْرًا" یعنی درخت لمبا اور بڑا ہو گیا۔

الھِجْر: عمدہ اونٹ یا اونٹنی۔

الھُجْر: قبیح گفتگو۔ فحش گوئی۔ اِھْجَار کا اسم۔

الھَجِر: نہایت عمدہ۔ آہستہ چلنے والا۔

الْاَھْجَر: اسم تفضیل اور کہا جاتا ہے "ھٰذَا اَھْجَرُ مِنْ ذَاکَ" یعنی یہ اس سے لمبا موٹا بڑا ہے۔

الھُجْرَاءُ: قبیح گفتگو۔ کفایت کہا جاتا ہے "مَا عِنْدَہُ غِنَاءُ ذٰلِکَ وَلَا ھُجْرَاؤُہُ" اس کے نزدیک نہ تو اس کے لئے غنا ہے اور نہ کفایت۔

الھَجْرَة. ھَجْر: کا اسم مرۃ۔ موٹی عورت۔

الھِجْرَة. ھجر: کا اسم نوع۔ تَھَاجُر کا اسم۔

الھِجْرَة والھُجْرَة: ترک وطن۔ ایک ملک سے دوسرے ملک کو جانا۔

الھِجْرُ: دیہات میں منتقل ہونا۔

الھَجِیْر: دوپہر۔ سخت گرمی۔ بڑا اور کشادہ حوض۔ بڑا پیالہ۔ جما ہوا دودھ۔ موٹا گورخر۔ پاؤں باندھنے کی رسی سے بندھا ہوا اونٹ ج ھُجُر.

اَلْھَجِیْر: کوفہ اور بصرہ کے درمیان کا علاقہ۔

الھَجِیْرَة: دوپہر۔ سخت گرمی۔

الھِجَار: تانت۔ طوق۔ تاج۔ اونٹ کے پاؤں باندھنے کی رسی۔

الھِجِّیْر والھِجِّیْرَة: عادت۔

الھِجِّیْرٰی. ھَجَرَ فِیْ نَوْمِهٖ اَوْ مَرَضِهٖ: کا

مصدر عادت۔ کہا جاتا ہے "هٰذا هِجِّيراه" یہ اس کی عادت ہے۔

الهِجْيراء: عادت۔

الهَجُورِیُّ: دوپہر کے وقت کا کھانا۔

الأُهْـجُورَة والإِهْجِيرَی والإِهْجِيرَاءُ: عادت۔

المُهْجِر: شریف۔ خوبصورت۔ ہر چیز سے عمدہ۔ دوسروں سے بڑھ جانے والا۔ عَـدَدٌ مُهْـجِـر: بہت عدد۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ بِمُهْجِرَاتٍ" اس نے اس کو افعال قبیحہ سے متہم کیا۔

المَهَاجِر: ہجرت کے مقامات۔ کہا جاتا ہے "تكلّم بالمَهَاجِر" اس نے فحش گفتگو کی۔

المَهْجُور: مفع۔ بیمار یا سوئے ہوئے کی بکواس۔ وہ لفظ جس کا استعمال چھوڑ دیا گیا ہو۔

الهِجْرِس: لنگور۔ لومڑی اور بقول بعض لومڑی کا بچہ۔ ریچھ۔ نالائق آدمی ج هَجَارِس۔ الهَجَارِس: زمانہ کی سختیاں۔

الهِجْرِع والهَجْرَع: بے وقوف پاگل۔ لمبے قد کا لنگڑا۔ ایک بہترین قسم کا شکاری کتا۔

هَاجَزَهُ مُهَاجَزَةً: چپکے چپکے بات کہنا۔

هَجَسَ (ن ض) هَجْسًا الشَّیْءُ فِی صَدْرِهٖ: وسوسہ گزرنا۔۔۔۔ فُلانًا: کام سے روکنا۔

هَاجَسَهُ: چپکے چپکے بات کہنا۔

اِنْهَجَسَ عَنِ الأَمْرِ: باز رہنا۔

الهَاجِس: فا۔ اندیشہ، وسوسہ ج هَوَاجِس۔

الهَجْس: مص۔ پست آواز جو سنائی دے اور سمجھ میں نہ آئے۔ اندیشہ۔ وسوسہ۔

الهَجَّاس: آواز کو سننے والا شیر۔

الهَجِيسَة: مشکیزہ میں بگڑا ہوا دودھ۔

خُبْزٌ مُتَهَجِّس: فطیری روٹی، بے خمیر کی روٹی۔

المَهْجُوس: مفع۔ کہا جاتا ہے "وَقَعُوا فِی مَهْجُوسٍ مِنَ الأَمْرِ" وہ گڑبڑی میں پڑ گئے۔

هَجَشَ (ن) هَجْشًا: اکسانا۔۔۔۔ الدَّابَّةَ: چوپایہ کو نرمی سے ہانکنا۔۔۔۔ بَيْنَ القَوْمِ: فساد ڈالنا۔ هَجَشَتْ لَهُ نَفْسِی: بہت خواہش مند ہونا۔

الهَـاجِشَة: لوگوں کی جماعت۔ ج هَوَاجِش کہا جاتا ہے "جَاءَتْ هَاجِشَةٌ مِنَ النَّاسِ" لوگوں کی جماعت آئی۔

الهَجْشَة: اسم مرۃ۔ اٹھنا۔

هَجَعَ (ف) هُجُوعًا و تَهْجَاعًا: رات میں سونا۔ سونا اور کہا جاتا ہے "هَجَعَ جُوعَهُ هَجْعًا فَهَجَعَ جُوعُهُ هُجُوعًا" اس نے اس کی بھوک کو تسکین دی۔ پس اس کی بھوک تسکین پا گئی (لازم و متعدی) "وَهَجَعْتُ اِلَيْهِ فَخَدَعَنِی" میں اس سے مانوس ہوا اور اس کے سامنے جھک گیا اور اس نے مجھے دھوکا دیا۔

هَجَّعَ تَهْجِيعًا القَوْمُ: سونا۔

اَهْجَعَ جُوعَهُ: بھوک کو تسکین دینا۔

الهَاجِع: فا۔ ج هُجُوعٌ و هُجَّعٌ۔

الهَاجِعَة: رات میں سونے والی ج هُجَّعٌ و هُجُوعٌ و هَوَاجِع و جج هَوَاجِعَات۔

الهُجَع والهُجَع والهَجِع والهُجَعَة: غافل۔ بے وقوف۔ الهُجَعَة: بہت سونے والا۔

الهَجْعَة۔ هَجَعَ: کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "اَتَيْتُ فُلانًا بَعْدَ هَجْعَةٍ" میں فلاں کے پاس ابتدائی رات میں تھوڑی سی نیند کے بعد آیا۔

الهِجْعَة۔ هَجَعَ: کا اسم نوع۔ رَجُلٌ هِجْعَةٌ: غافل بے وقوف مرد۔

الهَجِيع مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ایک حصہ۔ کہا جاتا ہے "مَضٰی هَجِيعٌ مِنَ اللَّيْلِ" رات کا ایک حصہ گزر گیا۔

التَّهْجَاع: ہلکی نیند۔

المِهْجَع: غافل۔ بے وقوف۔ ہر ایک کا مطیع و فرمانبردار۔

هَجِفَ (س) هَجَفًا: بھوک کا ڈھیلے پیٹ والا ہونا۔ کوکھ کا پہلوؤں سے لگا ہوا ہونا۔

اِنْهَجَفَ: لاغری کی وجہ سے نکلی ہوئی ہڈیوں والا ہونا۔

الهَجْفَان: پیاسا۔

الهِـجَف: سخت بدن سست (شتر مرغ یا آدمی) موٹا اور لمبا آدمی۔ بڑے پیٹ والا۔

الأَهْجَف: دبلا۔ مؤنث هَجْفَاء۔

هَجَلَ (ن) هَجْلًا بِالقَصَبَةِ وَغَيْرِهَا: پھینکنا۔ هَجَلَتِ المَرْأَةُ بِعَيْنِهَا: آنکھ مارنا۔ هَـجَلَ عِرْضَهُ: بے عزتی کرنا۔۔۔۔ بِفُلانٍ: فحش سنانا اور گالی دینا۔

هَاجَلَ مُهَاجَلَةً: پست اور ہموار زمین میں چلنا۔۔۔۔ فُلانًا: مقابلہ کرنا۔

اَهْجَلَ الإِبِلَ: اونٹوں کو بیکار چھوڑ دینا۔۔۔۔ الشَّیْءَ: کشادہ کرنا۔۔۔۔ المَالَ: مال ضائع کرنا۔۔۔۔ القَوْمُ: قوم کا پست اور ہموار زمین میں آنا۔

اِهْتَجَلَ الشَّیْءَ: ایجاد کرنا۔

الهَاجِل: فا۔ سونے والا۔ بہت سفر کرنے والا۔

الهَجْل: مص۔ پست و ہموار زمین۔ ج اَهْجَال و هِجَال و هُجُول۔

الهَجْلَة۔ هَجَلَ: کا اسم مرۃ۔ پست و ہموار زمین۔ ج هَجَلات۔

الهُجُول: بدکار عورت۔

الهَجِيل: پست و ہموار زمین۔ حوض جو اچھی طرح سے نہ بنا ہو۔

دُمُوعٌ هُجُولٌ: بہنے والے آنسو۔ مفرد هَاجِل۔

هَجَمَ (ن) هُجُومًا عَلَيْهِ: غفلت کی حالت میں اچانک آنا۔ یا بغیر اجازت کے آنا۔۔۔۔ البَيْتُ: مکان کا گرنا۔۔۔۔ البَرْدُ او الشِّتَاءُ: سردی یا جاڑے کا جلدی شروع ہونا۔۔۔۔ هَجْمًا فُلانًا: دھتکارنا۔ دفع کرنا۔۔۔۔ فُلانًا عَلَى القَوْمِ: اچانک لانا۔۔۔۔ الدَّابَّةَ: چوپایہ کو زور سے ہانکنا۔۔۔۔ البَيْتَ: گھر کو ڈھا دینا

......الھَوَاجِرُ فُلاناً: پسینہ بہانا......مَا فِی الضَّرْعِ: تھن سے سارادودہ لینا(...... ھَجْمًا وھُجُومًا) الشَّیُٔ: قراروسکون پانا...... المَرَضُ: بیماری کا زائل ہونا اور سُست پڑنا ......فُلانٌ: چپ رہنا اور سر جھکانا۔ھَجَمَتْ عَیْنُہٗ: آنکھ کا دھنس جانا۔

ھَجَّمَہٗ: اچانک لانا۔

ھَاجَمَہٗ مُھَاجَمَۃً: ایک دوسرے پر اچانک آنا۔

اَھْجَمَہٗ عَلَیْھِمْ: اچانک لانا۔اَھْجَمَ مَا فِی الضَّرْعِ: تھن سے سارادودہ لینا......

الإبِلَ: اونٹوں کو باڑہ کی طرف واپس لانا......اللہُ المَرَضَ: بیماری کو زائل کرنا۔

تَھَاجَمَا: ایک دوسرے پر اچانک آنا۔

تَھَجَّمَ عَلَی الشَّیْءِ: کسی چیز پر اچانک آنا۔

اِنْھَجَمَ البَیْتُ: مکان کا شکستہ وویران ہونا......الدَّمْعُ او العَرَقُ: آنسو یا پسینہ بہنا ۔اِنْھَجَمَتِ العَیْنُ: آنکھ کا آنسو بہانا۔

اِھْتَجَمَ مَا فِی الضَّرْعِ: تھن سے سارا دودھ لینا۔

اُھْتُجِمَ الرَّجُلُ: کمزور ہونا۔

الھَجْمُ: مص۔ بڑا پیالہ۔پسینہ ج اَھْجَام.

الھِجَمُ: بڑا پیالہ۔

الھَجْمَۃ.ھَجْم: کا اسم مرۃ......مِنَ الشِّتَاءِ: سخت سردی......مِنَ الصَّیْفِ: سخت گرمی ......مِنَ الإبِلِ: چالیس یا ستر اونٹوں سے لے کر سو تک کا گلہ۔الھَجْمَۃُ: بوڑھی بھیڑ۔ رات کی ابتدائی تاریکی۔کہا جاتا ہے "جِئْتُہٗ بَعْدَ ھَجْمَۃٍ مِنَ اللَّیْلِ" میں اس کے پاس رات کی ابتدائی تاریکی کے بعد آیا۔

الھَجَّامُ: قوم پر بہت ہجوم کرنے والا۔ بہادر۔شیر۔

الھَجُومُ: جلد ہجوم کرنے والا......مِنَ الرِّیَاحِ: تیز ہوا۔پسینہ آور۔کہا جاتا ہے "تَحَمَّمْ فَإنَّ الحَمَّامَ ھَجُومٌ" حمام میں داخل ہو جاؤ اس لئے کہ حمام پسینہ آور ہے۔

الھَجِیمَۃ: گاڑھا دودھ۔

الإھْتِجَامُ: رات کا آخری حصہ۔

المَھْجُومُ: مفع۔بَیْتٌ مَھْجُومٌ: گرا ہوا گھر۔خیمہ جس کی طنابیں کھول دی جائیں۔

الھُجْمَانَۃُ: موتی۔زرگری۔

ھَجَنَ (ن ض) ھَجْنًا: ہاجن ہونا (دیکھئے لفظ ھَاجِن)

ھَجُنَ (ک) ھُجْنَۃً وھَجَانَۃً وھُجُونَۃً: کمینہ ہونا۔فرومایہ ہونا۔دوغلا ہونا ...... الکَلامُ: غلط ہونا۔

ھَجَّنَہٗ تَھْجِیْنًا. ھجین: بنانا (دیکھئے لفظ ھَجِیْن) ھَجَّنَ الأمْرَ: حقیر کرنا۔عیب دار بنانا۔

اَھْجَنَ الرَّجُلُ: شریف النسل اونٹوں کا مالک ہونا......الجَارِیَۃَ: بلوغ سے پہلے شادی کر دینا۔

اُھْتُجِنَتِ الشَّاۃُ: حمل ظاہر ہونا۔

اِسْتَھْجَنَ فِعْلَہٗ: قبیح سمجھنا۔کہا جاتا ہے "ھٰذَا مِمَّا یُسْتَھْجَنُ ذِکْرُہٗ" یہ ان چیزوں میں سے ہے جن کا ذکر کرنا قبیح سمجھا جاتا ہے۔

الھَاجِنُ: فا۔چقماق جس سے ایک دفعہ کے مارنے میں آگ نہ نکلے۔ بچی جس کی شادی بلوغ سے پہلے ہو جائے۔کھجور کا درخت جو چھوٹے ہونے پر ہی پھل دے۔ ج ھَوَاجِن.

الھِجَانُ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: عمدہ و خالص مِنَ الإبِلِ: سفید نسل کا شریف اونٹ (اس میں مذکر مؤنث جمع سب برابر ہیں) کہا جاتا ہے "بَعِیْرٌ ھِجَانٌ وَنَاقَۃٌ ھِجَانٌ وَابِلٌ ھِجَانٌ" اور بسا اوقات ھَجَائِن بھی بولتے ہیں رَجُلٌ ھِجَانٌ: شریف النسل مرد۔وَعَلٰی ھٰذَا القِیَاسِ اِمْرَأۃٌ ھِجَانٌ ونِسْوَۃٌ ھَجَائِن

اَرْضٌ ھِجَانٌ: سفید نرم مٹی والی زمین۔

الھَجَانَۃ: شرافت۔سفیدی۔

الھُجْنَۃ: مص......مِنَ الکَلامِ: عیب و قباحت......فِی العِلْمِ: علم کی بربادی ج ھُجَن.

الھَجِیْنُ: کمینہ۔وہ جس کی ماں باندی اور باپ عربی ہو۔ج ھُجُن وھُجَنَاء وھُجْنَان ومَھَاجِین ومَھَاجِنَۃ مؤنث ھَجِیْنَۃ ج ھُجُنٌ وھِجَانٌ وھَجَائِن کہا جاتا ہے "فَرَسٌ وبِرْذَوْنَۃٌ ھَجِیْنٌ" خراب نسل کا گھوڑا یا ترکی گھوڑا او الھَجِیْنُ مِنَ الخَیْلِ: ترکی گھوڑی اور عربی گھوڑے سے پیدا شدہ گھوڑا ج ھُجُن وھَوَاجِن. لَبَنٌ ھَجِیْنٌ: دودھ جو نہ پتلا ہو نہ گاڑھا۔

غِلْمَۃٌ اُھَیْجِنَۃٌ: بلوغ سے پہلے شادی شدہ لڑکے۔

المَھْجَنَۃ والمَھْجَنٰی والمَھْجُنٰی والمَھْجُنَاء: ناکارہ لوگ۔

المُھَجَّنَۃ مِنَ النُّوقِ: اہان کی جانب منسوب اونٹنی جو اچھی نسل ہونے کی وجہ سے خراب نسل کے اونٹوں سے باز رکھی جائے۔ کھجور کا درخت جس پر پہلی مرتبہ نر کھجور کا پھول ڈالا جائے۔اونٹنی جو پہلی مرتبہ حاملہ ہو۔

المُھْتَجِنَۃ: کھجور کا درخت جس پر پہلی بار نر کھجور کا پھول ڈالا جائے۔کھجور جو چھوٹے ہونے کے باوجود پھل دے۔بچی۔

الھَجَنَّفُ: لمبا چوڑا۔ج ھَجَانِیْف.

ھَجْھَجَ الفَحْلُ فِی ھَدِیرِہٖ: زور سے آواز نکالنا۔

......الرَّجُلَ: کسی چیز سے باز رکھنا...... الجَمَلَ او بِالجَمَلِ: "ھیج ھیج" کہہ کر روکنے کے لئے ڈانٹنا۔

الھَجْھَاج: بے وقوف۔بڑا شریر۔کم عقل والا۔بہت بڑبڑانے والا اونٹ۔لمبا مرد یا اونٹ۔مصیب۔بوڑھا۔عمر رسیدہ۔یَوْمٌ ھَجْھَاج: تیز ہوا کا دن۔

الھَجْھَاجَۃ: بمعنی ھَجْھَاج.بجز میں نہ ج ھَجَاھِج مَاءٌ ھُجَاھِجٌ: پانی جو نہ کھاری ہو نہ میٹھا۔

ھَجَاہُ یَھْجُوہٗ ھَجْوًا وھِجَاءً وتَھْجَاءً: معائب شمار کرنا۔عیب گیری کرنا۔گالی

دینا۔ مذمت کرنا۔ صفت فاعل ہاجٍ اور صفت مفعول مَهْجُوٌّ (...... هَجْوًا وهِجَاءً)

الْحُرُوْفَ: حروف کے ہجے کرنا۔

هَجَا يَهْجُوْ هَجَاءً: پڑھنا۔

هَجُوَ (ک) هَجَاوَةً. الْيَوْمُ: دن کا سخت گرم ہونا۔

هَجّى تَهْجِيَةً الْحُرُوْفَ: حروف کے ہجے کرنا...... اللَّفْظَةَ: لفظ کے حروف کا جوڑ ملانا ...... الصَّبِيَّ الْكِتَابَ: بچے کو کتاب پڑھانا۔

هَاجَيْتُهُ مُهَاجَاةً: ایک دوسرے کی ہجو کرنا۔

اَهْجى اِهْجَاءً الْقَوْلَ: ہجو والا پانا۔

تَهَجّى تَهَجِّيًا الْحُرُوْفَ: حروف کی ہجے کرنا۔

تَهَاجَيَا تَهَاجِيًا واهْتَجَيَا اِهْتِجَاءً: ایک دوسرے کی ہجو کرنا۔

الْهِجَاءُ: حروف کا جوڑ۔ حُرُوْفُ الْهِجَاءِ: الف سے لے کر یا تک اور ان کا نام حروف التهجيّ والتَّهْجِيَة: بھی ہے اور کہا جاتا ہے "هٰذَا عَلٰى هِجَاءِ هٰذَا" یہ اس کی شکل پر ہے "وَهُوَ عَلٰى هِجَاءِ فُلَانٍ" وہ لمبائی اور شکل میں فلاں کے اندازہ پر ہے۔

الْهَجَاةُ: مینڈک۔

الْهَجَّاءُ: بہت ہجو کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَجَّاءٌ" بہت ہجو کرنے والا مرد۔

الاُهْجُوَّةُ والاُهْجِيَّةُ: ہجو جو قطعہ یا قصیدہ سے کی جائے۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ اُهْجُوَّةٌ او اُهْجِيَّةٌ يَتَهَاجَوْنَ بِهَا ج اَهَاجِيُّ".

هَدَّ (ن) هَدًّا وهُدُوْدًا الْبِنَاءَ: عمارت کو دھماکے سے گرانا۔ کہا جاتا ہے "هَدَّتْهُ الْمُصِيبَةُ" مصیبت نے اس کے اعضاء کو ضعیف بنا دیا۔ "وَهَدَّنِي هٰذَا الْاَمْرُ اَوْ هَدَّ رُكْنِي" یعنی اس معاملہ نے میری کمر توڑ دی۔

هَدَّ (س ض) هَدًّا الرَّجُلُ: بوڑھا ہونا۔

هَدَّ (ض) هَدًّا الْبَعِيْرُ: اُونٹ کا بڑبڑانا (...... هَدِيْدًا) الْحَائِطُ ونَحْوُهُ: دیوار وغیرہ کا دھماکے سے گرنا اور کہا جاتا ہے "هٰذَا رَجُلٌ هَدُّكَ مِنْ رَجُلٍ" یہ مرد تمہارے لئے فلاں مرد سے کافی ہے۔ بعض لوگ اس قول میں لفظ هَدّ کو مصدر قرار دیتے ہیں اس وجہ سے وہ تثنیہ جمع مؤنث وغیرہ نہیں لاتے اور یہ اکثر کا قول ہے اور بعض فعل قرار دیتے ہیں اس وجہ سے وہ تثنیہ جمع مؤنث وغیرہ سب لاتے ہیں۔ کہتے ہیں "مَرَرْتُ بِرَجُلٍ هَدَّكَ مِنْ رَجُلٍ وبِامْرَاَةٍ هَدَّتْكَ مِنْ اِمْرَاَةٍ وَبِرَجُلَيْنِ هَدَّاكَ وَبِرِجَالٍ هَدُّوْكَ بِامْرَاَتَيْنِ هَدَّتَاكَ وَبِنِسَاءٍ هَدَدْنَكَ" الخ اور کہا جاتا ہے "اِنَّهُ لَهَدُّ الرَّجُلُ" یعنی وہ اچھا آدمی ہے اور یہ اس وقت بولا جاتا ہے جبکہ قوت اور طاقت کی تعریف کی جائے اور مطلقاً تعجب کے موقع پر بھی بولا جاتا ہے اور فُلَانٌ يُهَدُّ اس وقت بولا جاتا ہے جبکہ بہادری اور قوت کی تعریف کی جائے۔

هَدَّدَهُ وتَهَدَّدَهُ: دھمکانا۔ خوف دلانا۔

تَهَادُّوْا تَهَادًّا: ایک دوسرے کے پیچھے آنا۔

اِنْهَدَّ الْجَبَلُ او الْبَيْتُ: پہاڑ یا مکان کا ٹوٹ پڑنا۔ گرنا۔

اِسْتَهَدَّ: کمزور سمجھنا۔

الْهَادُّ: فا۔ سمندر کا شور۔

الْهَادَّةُ الْهَادُّ: کا مؤنث۔ گرج۔ کہا جاتا ہے "مَا سَمِعْنَا الْعَامَ هَادَّةً" ہم نے امسال گرج نہیں سنی۔

الْهَدُّ: مص۔ فیاض۔ سخت آواز (...... والْهِدُّ) کمزور مرد۔ ج هَدُّوْنَ وهِدُّوْنَ۔

الْهَدَدُ: سخت آواز۔

الْهَدَّةُ. هَدَّ: کا اسم مرة۔ دھماکا۔

الْهَدَادُ: مہربانی۔ نرمی۔ مہلت اور اسی سے ہے "هَدَادَيْكَ" اور یہ "حَنَانَيْكَ" کے قبیل سے ہے۔ گویا کہ کہنے والا کہتا ہے "مَهْلاً بَعْدَ مَهْلٍ" یعنی چھوڑ دو۔ دور رہو۔ علیحدہ ہو جاؤ قَوْمٌ هَدَادٌ: بزدل لوگ۔

الْهَدَادَةُ: بزدل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَدَادَةٌ" بزدل مرد۔

الْهَدُوْدُ: نرم زمین۔ دشوار گزار گھاٹی اَكَمَةٌ هَدُوْدٌ: ٹیلہ جس سے اترنا دشوار ہو۔

الْهَدِيْدُ: مص۔ لمبا مرد۔ دھماکا۔ آواز کی گنگناہٹ۔

الْهِدَّانُ: اکھڑ بیوقوف مرد۔

الاَهَدُّ: بزدل۔

التَّهْدَادُ: ڈرانا۔ دھمکانا۔ کہا جاتا ہے "جَاؤُوْا مُتَهَادِّيْنَ ومُتَسَاتِلِيْنَ" وہ سب ایک دوسرے کے پیچھے آئے گویا کہ بعض بعض کو توڑ رہے تھے۔

هَدَأَ يَهْدَاُ هَدْاً وهُدُوْءًا: سکون ہونا (حرکت و آواز وغیرہ میں) هَدَاَ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَسَاقَطُوا اِلٰى بَلَدِ كَذَا فَهَدَاُوا فِيْهِ" لوگ فلاں شہر میں پہنچے اور وہاں اقامت کی ...... فُلَانٌ: مرنا اور کہا جاتا ہے "اَتَانَا فُلَانٌ وَقَدْ هَدَاَتِ الْعَيْنُ والرِّجْلُ" یعنی فلاں ہمارے پاس اس وقت آیا جبکہ سارے لوگ سو چکے تھے (اور کبھی هَدَاَ الف سے بدل کر بھی بولتے ہیں) هَدَاَ الصَّبِيَّ بچے کو سلانے کے لئے تھپکی دینا۔

هَدِئَ يَهْدَاُ هَدَاً: کبڑا ہونا ...... الْبَعِيْرُ: کثرتِ بوجھ کی وجہ سے چھوٹے کوہان والا ہونا۔

هَدَّاَهُ تَهْدِئَةً: تسکین دینا۔ چپ کرانا۔

اَهْدَاَهُ اِهْدَاءً: تسکین دینا۔ چپ کرانا۔ اَهْدَاَ الصَّبِيَّ: بچے کو سلانے کے لئے تھپکی دینا ...... الثَّوْبَ: بوسیدہ کرنا ...... الْكِبَرُ او الضَّرْبُ فُلَانًا: کبڑا کر دینا۔ جھکا دینا ...... اللّٰهُ مَنْكِبَهُ: مونڈھے کو پست کر دینا۔ عرب کہتے ہیں "لَا اَهْدَاَهُ اللّٰهُ" یعنی اللہ اس کے رنج و غم کو دور نہ کرے۔

الْهُدْءُ والْهَدْءُ: رات کا ابتدائی حصہ۔ کہا جاتا ہے "اَتَانَا بَعْدَ هَدْءٍ مِنَ اللَّيْلِ" وہ ہمارے پاس ایک حصہ رات گزرنے کے بعد یا لوگوں کے سونے کے بعد آیا الْهُدْءُ: عادت و خصلت۔ (لغت ہے هَدْئٌ بالیاء)

میں)

الهَدْأَة. هَدأ: کا اسم مرة ...... مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ابتدائی حصہ۔

الهِدْأَة. هَدَأ: کا اسم نوع۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ هِدْأَةُ لَيْلَة" اس کے پاس رات کا گزارہ نہیں۔

الْهَدَأَة: ایک قسم کی دوڑ۔

الهُدَاءَة: دبلا گھوڑا (تربی کے لئے خاص ہے)

الهُدُوْء: مص ...... مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ابتدائی حصہ۔ کہا جاتا ہے "اَتَانَا فُلَانٌ هُدُوْءًا" فلاں ہمارے پاس سونے کے بعد آیا۔

الهَدِيُّ مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ابتدائی حصہ۔

الاَهْدَأ: کبڑا۔ کہا جاتا ہے "مَنْكِبٌ اَهْدَأُ" جھکا ہوا کندھا "وَرَجُلٌ اَهْدَأُ وامْرَأَةٌ هَدْآءُ" کبڑا مرد کبڑی عورت "وَهُوَ اَهْدَأُ مِمَّا كَانَ" زیادہ مطمئن۔

المَهْدَأ مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ابتدائی حصہ۔

المُهَيْدِئَة: حالت۔ کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُ عَلَى مُهَيْدِئَةٍ": میں نے اس کو سابق حالت پر چھوڑ دیا اور یہ مُهْدَأَة کی تصغیر ہے۔

هَدَبَ (ض) هَدْبًا الشَّيْءَ: کاٹنا۔ النَّاقَةَ: اونٹنی کو دوہنا ...... الثَّمرَةَ: پھل توڑنا۔

هَدِبَت (س) هَدَبًا العَيْنُ: آنکھ کا لمبی پلکوں والی ہونا ...... الشَّجَرَةُ: درخت کا لمبی شاخوں والا ہونا۔

هَدَّبَ الثَّوْبَ: کپڑے میں جھور بنانا۔ هَدَّبَ وَاهْتَدَبَ الثَّمرَةَ: میوہ توڑنا۔

اَهْدَبَتِ الشَّجَرَةُ: درخت کا لمبی شاخوں والا ہونا۔

تَهَدَّبَتِ الْاَغْصَانُ: ٹہنیوں کا لٹکنا۔ تَهَدَّبَ السَّحَابُ: لٹکے ہوئے بادل والا ہونا۔

الهُدْب والهُدُب: پلک۔ واحد هُدْبَة وهُدُبَة: کپڑے کا جھور ج اَهْدَابٌ واحد هُدْبَةٌ.

الهَدَبُ: ارطی اور اس کے مانند درختوں کی ٹہنیاں، درخت کے پتے جو ہمیشہ رہتے

سرو ...... مِنَ النَّبَاتِ: گھاس جس کے پتے نہ ہوں اور وہ خود پتوں کے قائم مقام ہو اور بقول بعض ہر پتے جن میں چوڑائی نہ ہو۔

هَدَبُ الشَّجَرَةِ: ٹہنیوں کی لمبائی اور ان کا لٹکنا ج اَهْدَاب.

الهَدِب: شیر ...... مِنَ العُيُوْنِ وَالْاَشْجَارِ: لمبی پلکوں والی آنکھ، لمبی شاخوں والا درخت۔

الهَدُبُّ: کند خاطر و عاجز۔

الهُدَاب: کند خاطر و عاجز۔ پتے جو چوڑے نہ ہوں، واحد هُدَابَة کہا جاتا ہے "قَطَعَ هَدَبَ الشَّجَرَةِ وهُدَابَهَا" اس نے درخت کی لمبی شاخیں کاٹیں "هُدَّابُ النَّخْلِ" درخت خرما کی شاخیں هُدَّابُ الثَّوْبِ کپڑے کے جھور۔

الهَيْدَبُ مِنَ السَّحَابِ: زمین کے قریب لٹکا ہوا بادل۔ الهَيْدَبُ مِنَ الرِّجَالِ: کند خاطر و عاجز۔ بہت بالوں والا الهَيْدَب: پستان۔

الهَيْدَبَى: گھوڑوں کی ایک چال۔

الْاَهْدَب: لمبی اور گھنی پلکوں والا۔ مؤنث هَدْبَاء ج هُدْب. شَجَرٌ اَهْدَبُ: لٹکی ہوئی شاخوں والا درخت۔ نَسْرٌ اَهْدَبُ: لمبے پروں والا گدھ۔ عَيْنٌ هَدْبَاءُ: لمبی پلکوں والی آنکھ۔ شَجَرَةٌ هَدْبَاءُ: لمبی اور لٹکی ہوئی شاخوں والا درخت۔ اُذُنٌ هَدْبَاءُ: لٹکے ہوئے کان۔ لِحْيَةٌ هَدْبَاءُ: لٹکی ہوئی داڑھی۔

هَدَجَ (ض) هَدْجًا وهَدَجَانًا وهُدَاجًا: بوڑھوں کی چال چلنا ...... الظَّلِيمُ: شتر مرغ کا کانپتے ہوئے چلنا۔

هَدَجَت هَدْجًا وهَدَجَةً النَّاقَةُ: اونٹنی کا اپنے بچے پر شفیق ہونا ...... القِدْرُ: ہانڈی کا زور سے ابلنا ...... الرِّيحُ: ہوا کا سائیں سائیں کرنا۔

هَدَّجَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا بڑے اور بلند کوہان والی ہونا۔

ہونا۔ تَهَدَّجَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا بچے سے پیار کرنا۔ تَهَدَّجَ القَوْمُ عَلَى فُلَانٍ: مہربانیاں ظاہر کرنا۔

اِسْتَهْدَجَ: کانپتے ہوئے چلنا۔

الهَدَّاج: اسم مبالغہ۔ بوڑھوں کی چال چلنے والا۔ ظَلِيمٌ هَدَّاجٌ: کانپتے ہوئے چلنے والا شتر مرغ اور اسی سے ہے "قَنَافِذُ هَدَّاجُوْنَ حَوْلَ بُيُوْتِهِمْ" سیہیاں ان کے مکان کے ارد گرد کانپتے ہوئے چلتی ہیں۔

قِدْرٌ هَدُوْجٌ: جلدی ابلنے والی ہانڈی۔

الهَوْدَج: ہودہ ج هَوَادِج.

المِهْدَاج: بچہ سے پیار کرنے والی اونٹنی۔ سائیں سائیں کرنے والی ہوا۔

المُسْتَهْدِج: فا۔ جلد باز۔

المُسْتَهْدَج: مفع۔ جلد بازی (مصدر میمی)

الهَدَجْدَج: بوڑھوں کی چال چلنے والا شتر مرغ۔

هَدَرَ (ن ض) هَدْرًا وهَدَرًا. الدَّمُ وغَيْرُهُ: خون وغیرہ رائیگاں جانا ...... فُلَانٌ الدَّمَ وَغَيْرَهُ: باطل کرنا۔

هَدَرَ (ض) هَدْرًا وتَهْدَارًا الحَمَامُ: کبوتر کا کوکو کرنا۔ گنگری کرنا ...... الشَّرَابُ: جوش میں آنا۔ هَدَرَتْ جَرَّةُ النَّبِيْذِ: نبیذ کا مٹکے میں جوش میں آنا ...... الرَّعْدُ: بادل میں گرجنا ...... النَّخْلُ: شگوفہ نکلنا ...... هَدْرًا وهَدِيْرًا) البَعِيْرُ: اونٹ کا بڑبڑانا ...... هُدُوْرًا وهَدِيْرًا) العُشْبُ: بہت بڑھنا اور لمبی ہونا۔

هَدَّرَ البَعِيْرُ: اونٹ کا بڑبڑانا۔

اَهْدَرَ دَمَ فُلَانٍ: باطل کرنا۔ مباح کرنا۔

تَهَادَرَ القَوْمُ: ایک دوسرے کے خون کو مباح کرنا۔

اِهْدَوْدَرَ المَطَرُ: زور سے بارش ہونا۔

الهَادِر: فا۔ نا کارہ ج هُدَرَة: دودھ جس کا اوپر کا حصہ گاڑھا ہو اور نیچے کا پتلا۔

الهَادِرَة. الهَادِر: کا مؤنث۔ اَرْضٌ هَادِرَةٌ: بہت گھاس والی زمین ج هَوَادِر.

الھَدّار : اسم مبالغہ۔ کہا جاتا ہے "رَعْدٌ هَدَّارٌ" بہت گرجنے والا بادل۔

الھَدْر والھَدَر : مص۔ ناکارہ و رائیگاں کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهُ هَدْرًا او هَدَرًا" اس کا خون رائیگاں گیا۔ "ذَهَبَ مَالُهُ او سَعْيُهُ هَدْرًا او هَدَرًا" اس کا مال یا اس کی کوشش رائیگاں گئی۔

الھَدَرَ : ناکارہ لوگ۔ کہا جاتا ہے "هُمْ اُنَاسٌ هَدَرٌ" وہ ناکارہ لوگ ہیں۔

الھِدَر : نکما ناکارہ ج هِدَرَةٌ کہا جاتا ہے "بَنُو فُلَانٍ هَدَرَةٌ وهِدَرَةٌ وهُدَرَةٌ" فلاں کی اولاد نکمی اور ناکارہ ہے اور ایسا ہی واحد کے لئے اور مؤنث کے لئے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ جُبَانٌ هَدَرَةٌ".

الاَھْدَر : پھولا ہوا۔ مؤنث "هَدْرَاءُ ج هُدْر".

المَھْدَرَۃ: سامنے کے چھوٹے دانت۔

الھَدارِیس: مصیبتیں۔

هُدِشَ هَدْشًا الكَلْبُ: کتے کا بھڑکایا جانا۔

اِنْهَدَشَ اِنْهِدَاشًا الكَلْبُ: کتے کا بھڑکنا۔

الھَوْدَع: شتر مرغ۔

هَدَعَهُ (ف) هَدْعًا: توڑنا۔

اِنْهَدَعَ: ٹوٹنا...... الشَّيْءُ: خشک ہونے کے بعد نرم ہونا...... الرُّطَبَةُ: گر کر پھٹنا۔

هَدَفَ (ن) هَدْفًا. اِلَيْهِ : داخل ہونا۔ لِلْخَمْسِيْنَ: قریب پہنچنا۔

هَدَفَ (ض) هَدْفًا: سست ہونا۔ کمزور ہونا۔ کسلمند ہونا...... اِلَى الشَّيْءِ : جلدی کرنا۔

اَهْدَفَ لِلْخَمْسِيْنَ : قریب پہنچنا...... عَلَى التَّلِّ : ٹیلہ پر سے جھانکنا...... اِلَيْهِ: پناہ لینا ...... لَهُ الشَّيْءُ : پیش آنا...... مِنْهُ: قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَهْدَفَ لَكَ الصَّيْدُ فَارْمِهِ" شکار تمہارے قریب ہے اس پر تیر مارو۔

اِسْتَهْدَفَ لَهُ الشَّيْءُ: سیدھا کھڑا ہونا۔ الشَّيْءُ : بلند ہونا' نشانہ بننا اور اسی سے مشہور قولہ ہے "مَنْ صَنَّفَ فَقَدِ اسْتَهْدَفَ" جس نے کوئی کتاب تصنیف کی وہ نشانہ بن گیا ۔ اِسْتَهْدَفَ كَفَلُ الْاِنْسَانِ او الحَيَوَانِ : انسان یا حیوان کے چوتڑ کا بڑا ہونا۔

الھَادِف: فا۔ اجنبی۔

الھَادِفَۃ: جماعت۔

الھِدْف: بڑے جسم والا۔

الھَدَف: ہر ایک بلند (عمارت یا ٹیلہ یا پہاڑ اور اسی وجہ سے نشانہ کو بھی "هَدَف" کہتے ہیں الھَدَف: بڑے جسم کا مرد' بہت سونے والا. بھاری بھرکم' ناکارہ' ناموافق ج اَهْدَاف.

الھِدْفَۃ : لوگوں کی جماعت۔ مکانات کہ جن میں لوگ۔ کچھ اقامت کریں اور پھر کوچ کریں ج هِدَف.

هَدَكَ (ض) هَدْكًا الْبِنَاءَ : عمارت کو ڈھانا۔

تَهَدَّكَ تَهَدُّكًا : بیوقوف بننا...... عَلَيْهِ بِالْكَلَامِ: دھمکانا۔

هَدَلَ (ض) هَدِيْلًا الْحَمَامُ او الْغُلَامُ : آواز نکالنا...... هَدْلًا الشَّيْءُ: لٹکانا۔

هَدِلَ (س) هَدَلًا: ڈھیلا ہونا...... الْبَعِيْرُ: زخم کی وجہ سے ڈھیلے ہونٹ والا ہونا۔

تَهَدَّلَتِ الشَّفَةُ: ہونٹ کا ڈھیلا ہونا۔ ...... اَغْصَانُ الشَّجَرَةِ او ثَمَرَتُهَا: درخت کی ٹہنیوں یا پھل کا لٹکنا...... الثَّوْبُ: کپڑے کا لٹکنا۔

الھَادِل : فا۔ بَعِيْرٌ هَادِلٌ : لٹکے ہوئے ہونٹ والا اونٹ۔

الھَدَال: لٹکی ہوئی شاخیں۔

اَلْھَدَالُ: وہ طفیلی بیل جو دوسرے درختوں کی شاخوں پر چڑھ کر ان کا رس چوستی ہے۔ ان میں سے کچھ سفید پھلوں والی ہوتی ہیں موسم سرما میں بادام اور سیب پر چڑھی ہوئی ہوتی ہیں اور کچھ سرخ پھلوں والی زیتون کے درخت پر ہوتی ہیں۔

الھَدَالۃ: جماعت۔

جَمَلٌ هَدِلٌ : لمبے اور لٹکے ہوئے ہونٹ والا اُونٹ۔

الھَدِیْل: مص۔ کبوتر کی کوکو' کبوتر کا بچہ' بہت بالوں والا مرد اور بقول بعض گھنے ہوئے بالوں والا جو کنگھی نہ کرے اور تیل نہ لگائے۔ رَجُلٌ هَدِيْلٌ: سست و بوجھل مرد۔

الاَھْدَل : لٹکے ہوئے ہونٹ والا۔ مؤنث هَدْلَاءُ، ج هُدْل. مِشْفَرٌ اَهْدَل : ڈھیلا ہونٹ کا اونٹ۔ شَفَةٌ هَدْلَاءُ: تھوڑی پر لوٹا ہوا ہونٹ اَلاَهْدَلُ مِنَ السَّحَابِ : زمین کے قریب لٹکا ہوا بادل۔

هَدَمَ (ض) هَدْمًا الْبِنَاءَ: عمارت ڈھانا ...... الثَّوْبَ: کپڑے میں پیوند لگانا اور کہا جاتا ہے "ضَرَبَهُ فَهَدَمَهُ" اس نے اُس کو مارا اور پیٹھ توڑ دی۔

هُدِمَ الرَّجُلُ فِي الْبَحْرِ : سمندر میں چکر آنا۔

هَدَّمَ البِنَاءَ : عمارت ڈھانا (تشدید مبالغہ کے لئے ہے) ...... الثَّوْبَ: کپڑے میں پیوند لگانا۔

تَهَدَّمَ البِنَاءُ : عمارت کا آہستہ آہستہ گرنا۔ کہا جاتا ہے "تَهَدَّمَ عَلَيْهِ غَضَبًا" اس نے اسے دھمکی دی...... الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔

تَهَادَمُوْا : ایک دوسرے کے خون کو مباح کرنا۔

اِنْهَدَمَ البِنَاءُ: عمارت کا ویران وشکستہ ہونا۔

الھَادِم : فا۔ هَادِمُ اللَّذَّاتِ: کنایہ ہے موت سے۔

الھُدَام: چکر جو انسان کو سمندر میں لاحق ہو۔

الھَدَم : مص۔ مباح کئے ہوئے خون۔ کہا جاتا ہے "دَمُهُ هَدَمٌ" اس کا خون مباح ہے۔

الھِدْم : بوسیدہ یا پیوند لگا ہوا کپڑا۔ ج اَهْدَام وهِدَم کہا جاتا ہے "عَلَيْهِ ثِيَابٌ هِدَمٌ اَوْ اَهْدَامٌ" وہ بوسیدہ کپڑے پہنے ہوئے ہے۔

الھِدْم : پیر فرتوت' کھوسٹ بڈھا۔ پرانا۔

چرمی موزہ۔

الهَدِم: مخنث۔ بیوقوف۔

الهَدَم: خون مباح۔ کہا جاتا ہے "دَمُهٗ هَدَمٌ" اس کا خون مباح ہے۔ کنوئیں کے کناروں سے شکستہ ہو کر جو کنوئیں ہی میں گر پڑے۔ ہر وہ عمارت جو ویران وشکستہ ہو گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ حَفْرَکَ اِلَی لَهَدَمٌ وَاِنَّ حَبْلَکَ اِلَی لَانْشُوطَة" یہ اس وقت بولا کرتے تھے جبکہ یہ کہنا مقصود ہو کہ تمہاری مدد بہت کم ہے نیز عرب معاہدہ اور نصرت کے وقت کہا کرتے تھے "دَمِی دَمُکَ وهَدَمِی هَدَمُکَ" یعنی اگر کوئی مجھے قتل کرے تو تم میرے خون کا مطالبہ کرو جیسے تم اپنے اولیاء کے خون کا مطالبہ کرتے ہو اور اگر کسی نے میری عزت بگاڑی پر تو اس نے تمہاری عزت پر بٹہ لگایا اور کہا جاتا ہے "اِنْقَضَّ هَدَمٌ مِنَ الْحَائِطِ" دیوار منہدم ہو گئی۔

شَهِيدُ الْهَدَم: وہ شخص جو کنوئیں میں گر جائے یا اس کے اوپر دیوار گر پڑے۔

الهَدْمَة: اسم مرۃ۔ ہلکی بارش۔

الهِدْمَة: پرانا کپڑا۔ ج هُدُوم.

الهَدِيم: پہلے سال کی باقی ماندہ گھاس۔

عَجُوزٌ مُتَهَدِّمَةٌ: بہت بڑھیا۔

المُهَدَّم او لمَهْدُوم والمَهْدُومَة: گاڑھا اور جما ہوا دودھ۔ اَرْضٌ مَهْدُومَةٌ: زمین جس پر ہلکی بارش ہوئی ہو۔

خُفٌّ مُهَدَّم: بوسیدہ پیوند لگا ہوا چرمی موزہ۔

هَدْمَلَ الرَّجُلُ: کپڑے پھاڑنا۔

الهِدْمِل: پرانا کپڑا۔ دیرینہ۔ بہت بالوں والا۔

الهِدْمِل: پرانا کپڑا۔ جمع شدہ بلند پشتہ۔

الهِدْمِلَة: بہت درختوں والا ریگستان۔ زمانہ قدیم۔ لوگوں کی جماعت۔

هَدَنَ (ض) هُدُونًا: آرام پانا۔ بزدل ہونا ...... ڈھیلا ہونا (...... هَدْنًا) آرام دینا۔ جھوٹے وعدہ سے راضی کرنا ...... الصَّبِيَّ: خوش کرنا۔

الشَّيْءَ: دفن کرنا ...... فلانًا: قتل کرنا۔

هُدِنَ عَنْکَ فُلَانٌ: کسی کا تم سے تھوڑی سی چیز پا کر راضی ہونا۔

هَدَّنَهٗ: تسکین دینا۔ باز رکھنا۔ کہا جاتا ہے "هَدَّنُوهُ بِالْقَوْلِ حَتّٰی هَدَنَ" ان کو انہوں نے قول سے راضی کیا یہاں تک کہ وہ راضی ہو گیا ...... الصَّبِيَّ: خوش کرنا۔ کہا جاتا ہے "هَدَّنَتِ الْمَرْاَةُ صَبِيَّهَا بِكَلَامِهَا لِيَنَام" عورت نے اپنے بچے کو سونے کے لئے لوری دی۔

اَهْدَنَ الْخَيْلَ: دبلا کرنا۔ گھوڑے کو چھریرا بنانا۔

هَادَنَهٗ مُهَادَنَةً: صلح کرنا۔

تَهَادَنَ الْاَمْرُ: درست ہونا ...... الْقَوْمُ: باہم صلح کرنا۔

اِنْهَدَنَ الرَّجُلُ عَنْ عَزْمِهٖ: ست ہونا۔

الهِدَان: احمق۔ بے وقوف۔ جنگ میں ست۔ ج هُدُون.

الهِدَانَة: لڑائی کے بعد صلح۔

الهِدْن: سرسبزی۔ فراخی۔ ارزانی۔

الهَدِن: ڈھیلا۔

الهَدْنَة. هَدَنَ: کا اسم مرۃ۔ تھوڑی ہلکی بارش۔

الهُدْنَة: مصالحت۔ آرام۔ سکون۔ ج هُدَن.

الهُدُون: سکون۔ صلح۔

المَهْدُون: مفع۔ بہت سونے والا جو نہ صبح کی نماز پڑھے اور نہ اپنی ضروریات کے لئے جائے۔ کند ذہن جو صرف باتوں سے راضی ہو جائے۔

المَهْدَنَة: سکون۔ آرام۔

الهَيْدَان: بزدل۔ بخیل۔

هَنْهَدَ هَنْهَدَةً البَعِيرُ: اونٹ کا بڑبڑانا ...... الطَّائِرُ: پرندہ کا کٹکری کرنا۔ هَنْهَدَتِ الصَّبِيَّ اُمُّهٗ: بچے کو سونے کے لئے ہلانا

هَنْهَدَ الشَّيْءَ مِنْ عُلُوٍّ اِلَى اَسْفَل: اتارنا۔ کہا جاتا ہے "يُهَدْهِدُ ... كَذَا" مجھے اس ...

خیال ہوتا ہے۔

الهَدْهَد: جنات کی آوازیں (اس کے لئے واحد نہیں)

الهُدْهُد والهُدَهِد والهُدَاهِد هدهد: واحد هُدْهُدَة وهُدَهِدَة وهُدَاهِدَة ج هَدَاهِد وهَدَاهِيد "اَبْصَرُ مِنْ هُدْهُدٍ" کہتے ہیں اس وجہ سے کہ عرب کا خیال تھا کہ یہ پانی کو زمین کے نیچے سے دیکھ لیتا ہے۔

الهُدْهُد: ہر کوکو کرنے والا پرندہ۔ بہت کوکو کرنے والا کبوتر۔ ج هَدَاهِد وهَدَاهِيد.

الهَدْهَدَة: مص۔ کبوتر کی کوکو کی آواز۔

الهَدَاهِد: نرمی۔ تم کہتے ہو "عَلَيْكَ بِالْهَدَاهِدَة" اپنے اوپر نرمی کو لازم کرو۔

هَدَاهُ يَهْدِيهِ هُدًى وهَدْيًا وهِدْيَةً وهِدَايَةً: رہنمائی کرنا۔ کہا جاتا ہے "هَدَاهُ الطَّرِيقَ وهَدَاهُ اِلَى الطَّرِيقِ وَلِلطَّرِيقِ" اس نے اس سے راستہ بیان کر دیا اور پہنچا دیا هَدَاهُ اللّٰهُ اِلَى الْاِيمَانِ او لِلْاِيمَانِ: ہدایت کرنا

هَدَى الرَّجُلُ: ہدایت پانا۔

هَدَى يَهْدِي هِدَاءَ الْعَرُوسَ اِلَى بَعْلِهَا: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا ...... فلانًا: آگے ہونا "جَاءَتِ الْخَيْلُ يَهْدِيهَا فَرَسٌ اَشْقَرُ" گھوڑوں کا گلہ آیا جن کے آگے ایک ہلکے لال رنگ کا گھوڑا تھا۔

هَدَّى تَهْدِيَةً الشَّيْءَ: جدا جدا کرنا۔

الهَدِيَّة لِفُلَانٍ واِلَيْهِ: تحفہ دینا ...... العَرُوسَ اِلَى بَعْلِهَا: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا۔

هَادَاهُ مُهَادَاةً وهِدَاءً: ہر ایک کا دوسرے کو تحفہ دینا۔ هَادَى فُلَانٌ فُلَانًا: اپنا اپنا کھانا لا کر ساتھ کھانا ...... فلانًا: چلانا اور کہا جاتا ہے "جَاءَ فُلَانٌ يُهَادِي بَيْنَ اثْنَيْنِ" فلاں دو آدمیوں کے درمیان سہارا لیتا ہوا آیا۔

اَهْدَى اِهْدَاءً الْعَرُوسَ اِلَى بَعْلِهَا: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا ...... الهَدْيَ اِلَى الْحَرَمِ: ہدی کا جانور حرم میں بھیجنا ...... لِفُلَانٍ واِلَى فُلَانٍ كَذَا: تعظیم و اجلال کے لئے تحفہ بھیجنا ...... الشَّيْءَ: جدا جدا کرنا۔

تَهَدَّیٰ تَهَدِّيًا: ہدایت پانا۔
تَهَادَیٰ تَهَادِيًا اَلْقَوْمُ: بعض کا بعض کو ہدیہ دینا۔۔۔۔۔ الرَّجُلُ: لڑکھڑاتے ہوئے کھا چلنا اور کہا جاتا ہے "جَاءَ يَتَهَادَیٰ بَيْنَ اِثْنَيْنِ" وہ دو آدمیوں کے درمیان سہارا لیتا ہوا آیا۔ "وَهٰذَا الشَّيْءُ يَتَهَادَیٰ" یعنی وہ چیز ہے جس کو لوگ آپس میں تحفہ کے طور پر دیتے ہیں۔
اِهْتَدَیٰ اِهْتِدَاءً: ہدایت پانا۔ راہ راست پانا۔ کہا جاتا ہے "اِهْتَدَیٰ اِلَی الطَّرِيْقِ وَاهْتَدَیٰ الطَّرِيْقَ اِلٰی مَكَانِ كَذَا" یعنی اس نے فلاں جگہ کا راہ راست پا لیا۔
اِهْتَدَیٰ الْعَرُوْسَ اِلٰی بَعْلِهَا: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا۔
الْفَرَسُ الْخَيْلَ: گھوڑوں کو گلے کے آگے ہونا۔۔۔۔۔ اِهْتَدَیٰ الرَّجُلُ: ہدایت طلب کرنا۔ ہدایت پر قائم رہنا۔
اِسْتَهْدَیٰ اِسْتِهْدَاءً: ہدایت طلب کرنا۔۔۔۔۔ الشَّيْءَ: ہدیہ طلب کرنا۔
الْهَادِيْ: اسم فاعل ج هَادُوْنَ وَهُدَاةٌ۔ الْهَادِيْ: آگے رہنے والا۔ گردن۔ پیکان۔ لاٹھی۔ شیر ج الْهَوَادِيْ۔
هَوَادِي اللَّيْلِ: رات کا ابتدائی حصہ۔
هَوَادِي الْاِبِلِ: اونٹوں میں سے پہلا اونٹ جو نمودار ہو۔
الْهَادِيَةُ۔ الْهَادِيْ: کا مؤنث۔ لاٹھی۔ پانی میں اوپر کو نکلی ہوئی چٹان۔ گردن۔ ج هَادِيَاتٌ وَهَوَادٍ کہا جاتا ہے "اَقْبَلَتْ هَادِيَاتُ الْخَيْلِ وَهَوَادِيْهَا"۔
رَجُلٌ هِدَاءٌ: کمزور کند ذہن مرد۔
الْهِدَايَةُ: مص۔ رہنمائی۔
الْهُدَیٰ: رہنمائی۔ بیان۔ دلالت (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "هُوَ عَلَی الْهُدَیٰ" وہ ہدایت پر ہے۔ دن۔
الْهَدْيُ: مص۔ طریقہ۔ سیرت۔ کہا جاتا ہے "مَا اَحْسَنَ هَدْيَهُ" اس کی سیرت کس قدر اچھی ہے۔ "وَهَدَیٰ هَدْيَهُ" وہ اس کی سیرت پر چلا۔ الْهَدْيُ: محترم۔ قربانی کا جانور جو حرم میں بھیجا جائے۔ واحد هَدْيَةٌ اور کہا جاتا ہے "مَالِيْ هَدْيٌ اِنْ كَانَ كَذَا وَكَذَا" یہ مقولہ بطور قسم کے ہے "وَجِئْتُهُ بَعْدَ هَدْيٍ مِنَ اللَّيْلِ" میں اس کے پاس رات کے ایک حصہ گزرنے کے بعد آیا۔
الْهَدْيَةُ وَالْهِدْيَةُ: طریقہ۔ سیرۃ۔ کہا جاتا ہے "مَا اَحْسَنَ هَدْيَتَهُ وَهِدْيَتَهُ" اس کی سیرت کس قدر اچھی ہے۔ ج هُدًی۔
الْهِدْيَةُ۔ هَدْیٌ: کا اسم نوع اور کہا جاتا ہے "خُذْ فِيْ هِدْيَتِكَ" جس کام میں تم مشغول تھے اسی میں لگے رہو اور اس سے تجاوز مت کرو۔ "وَضَلَّ هِدْيَتَهُ" یعنی اس طریقہ کو چھوڑ دیا جس کو کرنا چاہتا تھا۔
هُدْيَةُ الْاَمْرِ: بتثلیث الهاء: جہت کار۔ کہا جاتا ہے "نَظَرَ فُلَانٌ هِدْيَةَ اَمْرِهٖ" فلاں نے اپنے طریقہ کار پر غور کیا۔
الْهَدُوُّ: رہنما۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَدُوٌّ" یعنی راہنما مرد۔
الْهَدِيُّ: قیدی۔ دلہن۔ قربانی کا جانور جو حرم میں بھیجا جائے۔ مرد محترم۔ الْحَمَامُ۔
الْهَدِيُّ: ڈاک کے کبوتر جو خطوط لے جائیں اور جواب لائیں۔
الْهَدِيَّةُ۔ الْهَدِيُّ: کا مؤنث۔ دلہن۔ تحفہ ج هَدَايَا وَهَدَاوَیٰ وَهَدَاوٍ۔
الْهَدِيَّا: مثل۔ کہا جاتا ہے "لَكَ عِنْدِيْ هُدَيَّاهَا" تمہارے لئے میرے پاس اس کے مثل ہے۔
الْمُهَادَاةُ: صلح کرنا۔
الْمِهْدَاءُ: وہ جس کی عادت ہدیہ دینے کی ہو۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مِهْدَاءٌ وَامْرَاَةٌ مِهْدَاءٌ"۔
الْمِهْدَیٰ: تھالی طبق وغیرہ جس میں ہدیہ بھیجا جائے۔
الْمَهْدِيُّ: مفع۔ وہ شخص جس کی اللہ تعالیٰ حق کی طرف رہنمائی کریں۔
الْمُهْدَاةُ وَالْمَهْدِيَةُ: دلہن جو شوہر کے پاس بھیجی گئی ہو۔
هَذَّهُ (ن) هَذًّا وَهَذَذًا وَهُذَاذًا: جلدی کاٹنا۔ کاٹنا۔۔۔۔۔ اَلْحَدِيْثَ: بیان کرنا۔
اِهْتَذَذْتُ الشَّيْءَ: جلدی سے کاٹ دینا۔
هَذَاذَيْكَ: یہ کلمہ اس وقت بولتے ہیں جبکہ کسی کو کسی چیز سے روکنا ہو۔
اَلْهَذُّ: بہت کاٹنے والا۔
الْهَذَّاذُ وَالْهَذُوْذُ: بہت کاٹنے والا۔ شَفْرَةٌ هَذُوْذٌ: کاٹنے والی دھار۔ جَمَلٌ هَذَّاذٌ: آگے بڑھنے والا اونٹ۔
اِرْمِيْلٌ هَذٌّ: تیز کاٹنے والی رانپی۔
هَذَاَهُ يَهْذَاُهُ هَذْاً: جلدی کاٹنا۔ هَذَاَ الْعَدُوَّ: دشمن کو ہلاک کرنا۔۔۔۔۔ فُلَانًا بِلِسَانِهٖ: تکلیف دینا اور تکلیف دہ باتیں سنانا۔ الْكَلَامَ: لغو باتیں کرنا۔ هَذَاَتِ الْاِبِلُ: تھک کر گر پڑنا۔
هَذِئَ يَهْذَاُ هَذْاً مِنَ الْبَرْدِ: سردی سے ہلاک ہونا۔
تَهَذَّاَتِ الْقَرْحَةُ: زخم کا خراب ہونا اور پھٹ جانا۔
سَيْفٌ هُذَاءٌ وَهَذَّاءٌ: تلوار قاطع۔
الْهَذَّاَةُ: کدال۔ پھاوڑہ۔
هٰذَا: ایک کلمہ ہے جو مرکب ہے ہائے تنبیہ اور ذا اسم اشارہ ہے۔
هَذَبَ (ض) هَذْبًا الشَّجَرَ وَغَيْرَهُ: شاخ تراشی کرنا۔ پاکیزہ کرنا۔ درست کرنا۔۔۔۔۔ النَّخْلَةَ: درخت خرما کی چھال اتارنا۔۔۔۔۔ الشَّيْءُ: بہنا (۔۔۔۔۔ هَذْبًا وَهَذَابَةً) جلدی کرنا۔۔۔۔۔ الْقَوْمُ: بہت شور و غل کرنا۔
هَذَّبَ: جلدی کرنا۔۔۔۔۔ الشَّجَرَ وَغَيْرَهُ: شاخ تراشی کرنا۔ پاکیزہ کرنا۔ درست کرنا (تشدید کثرت کے لئے ہے)۔۔۔۔۔ الشِّعْرَ: درست کرنا۔ اصلاح کرنا۔۔۔۔۔ الرَّجُلَ: پاکیزہ اخلاق والا بنانا۔
هَاذَبَ مُهَاذَبَةً: جلدی کرنا۔
اَهْذَبَ: جلدی کرنا۔ اَهْذَبَتِ السَّحَابَةُ مَاءَهَا: جلدی برسانا۔
تَهَذَّبَ: پاکیزہ ہونا۔ درست ہونا۔۔۔۔۔ الرَّجُلُ: شائستہ ہونا۔

الهَذَبُ: صفائی۔ خلوص۔
فَرَسٌ هَذِبٌ: تیز رفتار گھوڑا۔
اِبِلٌ مَهَاذِيبُ: تیز رو اونٹ۔ مفرد مِهْذَاب۔
المُهَذَّبُ: منقح۔ پاکیزہ اخلاق والا۔ عیوب سے پاک صاف۔ كَلَامٌ مُهَذَّبٌ او شِعْرٌ مُهَذَّبٌ: عیوب سے پاک کلام یا شعر۔
فَرَسٌ او طَائِرٌ مُهَذِّبٌ: تیز رفتار گھوڑا یا پرندہ۔
هَذَرَ (ن ض) هَذْرًا وتَهْذَارًا الرَّجُلُ فِيْ كَلَامِهِ: بکواس کرنا (...... هَذْرًا: اليَوْمُ) دن کا سخت گرم ہونا۔
هَذِرَ (س) هَذَرًا كَلَامُهُ: لغو بیہودہ ہونا۔
اَهْذَرَ فِيْ مَنْطِقِهِ وفِيْ كَلَامِهِ: بکواس کرنا۔
يَوْمٌ هَاذِرٌ: سخت گرم دن۔
الهَذَرُ: مص۔ بکواس و بیہودہ گفتگو۔
رَجُلٌ هَذِرٌ وهَذُرٌ وهُذَرَةٌ وهَذَرَةٌ وهَذَّارٌ وهَيْذَرٌ وهَيْذَارَةٌ وهَذْرِيَانٌ ومِهْذَرٌ ومِهْذَارٌ ومِهْذَارَةٌ: بکواس کرنے والا۔ بیہودہ بکنے والا۔ ورَجُلٌ هِذْرِيَانٌ: جلدی بولنے والا۔ خدمت میں چست۔ اِمْرَاَةٌ هَذِرَةٌ وهَيْذَرَةٌ ومِهْذَارٌ: بکواس کرنے والی عورت۔
هَذْرَبَ: جلدی جلدی بہت بولنا۔
الهُذْرُبَانُ: جلدی بولنے والا۔ خدمت میں چست۔
الهُذَيْرِبِيُّ: عادت۔
هَذْرَفَ: جلدی کرنا۔ تیز چلنا۔
الهُذْرُوفُ: تیز رفتار ج هَذَارِيفُ۔
هَذْرَمَ هَذْرَمَةً: بہت بولنا۔ پڑھنے اور بولنے میں جلدی کرنا...... الرَّجُلُ فِيْ كَلَامِهِ: گڑبڑی کرنا۔
الهَذْرَمَةُ: مص۔ تیز رفتاری۔
الهُذَارِمُ: بہت بولنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هُذَارِمٌ" بہت بولنے والا مرد۔
الهُذَارِمُ والهُذَارِمَةُ: پڑھنے بولنے میں جلدی کرنے والا۔ کہا جاتا ہے اِمْرَاَةٌ هَذْرَمَى: بہت شور۔ اور شرارت وا[illegible]

عورت۔
هَذَفَ (ض) هُذُوفًا: تیز چلنا۔
رَجُلٌ هَذَّافٌ ومُهْذِفٌ وهَذِفٌ: تیز رفتار مرد۔
هَذَلَ (ض) هَذْلَانًا: تیز چلنا۔ کہا جاتا ہے "اَهْذَبَ فِيْ مَشْيِهِ واَهْذَلَ" وہ تیز دوڑا۔
الهَاذِلُ: رات کا درمیانی حصہ۔
الهُذْلُولُ: ہلکا پھلکا مرد۔ ہلکا تیر۔ چست بھیڑیا۔ لمبا اور سخت بدن کا گھوڑا۔ چھوٹا ٹیلہ۔ پانی کی چھوٹی نالی۔ ریت کے ذرات۔ آفت۔ ابتدائی رات یا بقیہ شب۔ باریک بادل۔ بارش جو دور سے دکھائی دے۔ ج هَذَالِيلُ۔
هَوْذَلَ هَوْذَلَةً فِيْ مَشْيِهِ: تیز چلنا۔ دوڑنے میں لڑکھڑانا...... بِبَوْلِهِ: پیشاب کرنا۔ پیشاب اوپر کو کرنا۔
الهَوْذَلُ: بندر کا بچہ۔
الهَذْلَبَةُ: جلد بازی۔ ہلکا پن۔
الهُذْلُوغُ: موٹے ہونٹ والا۔
الهُذْلُوغَةُ: بدصورت۔ بیوقوف۔
هَذْلَمَ: چھوٹے چھوٹے قدم رکھتے ہوئے تیزی سے چلنا۔
هَذَمَ (ض) هَذْمًا الشَّيْءَ: جلدی سے کاٹنا...... الرَّجُلُ: جلدی سے کھانا۔ صفت هَاذِمٌ۔
الهُذَامُ: بہادر۔ تلوار قاطع۔ سِنَانٌ هُذَامٌ: تیز بھالا۔
سِكِّيْنٌ هَذُوْمٌ: تیز چھری۔
شَفْرَةٌ هُذَمَةٌ وهُذَامَةٌ: تیز دھار۔
المِهْذَمُ مِنَ السُّيُوْفِ: شمشیر براں۔
هَذْمَلَ: چھوٹے چھوٹے قدم رکھتے ہوئے تیزی سے چلنا۔
الهُذْهُذُ والهُذَاهِدُ مِنَ السُّيُوْفِ: بہت کاٹنے والی تلوار۔ تیز رفتار۔ قَرَبٌ هَذْهَاذٌ: پانی کے لئے رات میں دشوار سفر۔
الهَذَاهِدُ: وہ لوگ جو ہر ایک کو اپنا یا اپنا خادم بتلائیں۔
[illegible]

الـكَلَامَ: مرض وغیرہ کی وجہ سے غیر معقول باتیں کرنا۔ بکواس کرنا۔
هَذَى يَهْذِي هَذْيًا وهَذَيَانًا: مرض وغیرہ کی وجہ سے غیر معقول باتیں کرنا۔ بکواس کرنا۔ صفت هاذٍ اور اسم الهُذَاء۔
اَهْذَى اِهْذَاءً اللَّحْمَ: گوشت کو اچھی طرح سے گلا کر پکانا۔
هَاذَاهُ مُهَاذَاةً: باہم بکواس کرنا۔ کہا جاتا ہے "قَعَدَ يُهَاذِي اَصْحَابَهُ" وہ بیٹھا اور اپنے ساتھیوں کے ساتھ باہم بکواس کرتا رہا۔
تَهَاذَى تَهَاذِيًا القَوْمُ: گفتگو میں بکواس کرنا۔
رَجُلٌ هَذَّاءٌ وهَذَّاءَةٌ: بہت بکواس کرنے والا مرد۔
هَرَّ (ن ض) هَرًّا وهَرِيرًا الشَّيْءَ: ناپسند کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ هَرَّهُ النَّاسُ" فلاں کو لوگ ناپسند کرتے ہیں۔ هَرَّ فِيْ وَجْهِ السَّائِلِ: تیوری چڑھانا۔ منہ بگاڑنا۔ هَرَّتِ القَوْسُ: کمان سے آواز نکلنا۔ ...... هَرَّ الشَّوْكُ: کانٹے کا خشک و پراگندہ ہونا ...... بِسَلْحِهِ: پاخانہ کرنا ...... الدَّوَاءُ بِسَلْحِهِ: پیٹ چلانا۔
هَرَّ (ض) هَرِيرًا الكَلْبُ: کتے کا سردی کی وجہ سے بھونکنا (نباح سے کم) ...... الهَرِيرُ الكَلْبُ: بھونکانا ...... هَرَّ الكَلْبُ الضَّيْفَ: کتے کا مہمان پر بھونکنا۔
هُرَّتْ هَرًّا وهُرَارًا الاِبِلُ: ہرار کی بیماری میں مبتلا ہونا ...... بِسَلْحِهَا: پیٹ چلنا یہاں تک کہ مرجانا۔
هَرَّ (س) هَرًّا: بدخلق ہونا۔
هَارَّهُ مُهَارَّةً: کسی کے سامنے تیوری چڑھانا۔ منہ بگاڑنا۔
اَهَرَّ الكَلْبَ: بھونکانا اور اسی سے مثال ہے "شَرٌّ اَهَرَّ ذَا نَابٍ" (برے شر نے کتے کو بھونکایا) اَهَرَّ بِالغَنَمِ: بکریوں کو پانی پر بلانا۔ یا گھاٹ پر لے جانا۔
الهَارُّ: فا۔ کتا جبکہ اپنے دانت نکالے۔
الهُرَارُ: اونٹ کے گوشت اور کھال کے

درمیان ورم کے مانند ایک مرض۔ اُونٹ کا اسہال۔

الهَزُّ: مص۔ اُونٹ کے ڈانٹ کی ایک قسم۔

الهِرُّ: بلاج هِرَرَةٌ مؤنث هِرَّةٌ ج هِرَر اور بقول بعض هِر کا اطلاق مذکر و مؤنث دونوں کیلئے ہے اور هِرَّةٌ: صرف مؤنث کے لئے اور هِرَّةٌ کی تصغیر هُرَيْرَةٌ اور اسی سے ہے ابوهریرة۔

الهِرُّ: اُونٹ کے ہانکنے یا پانی پر بلانے کی آواز۔ کراہت۔ ناپسندیدگی اور امثال عرب میں سے ہے "لا يَعْرِفُ هِرًّا مِنْ بِرٍّ" وہ دوست دشمن میں تمیز نہیں کرتا یا وہ بلی اور چوہے میں تمیز نہیں کرتا۔

الهُرُّ: شیر۔ بہت دودھ اور پانی۔

الهَرَّار: اسم مبالغہ۔ دانت نکالنے والا کتا۔ کہا جاتا ہے "هَلَكَ مَنْ لا هَرَّارَ لَهُ" ہلاک ہوگیا جس کے پاس ہرار نہیں تھا جس سے دشمن کو بھگاتا۔

الهَرَّارَان: نسر واقع اور قلب عقرب دو ستاروں کے نام۔ ماہ دسمبر و جنوری۔

الهَرُوْر: زمین پر بکھرے ہوئے انگور کے دانے۔

الهَرِيْر: مص۔ کتے کی آواز (نباح سے کم) کہا جاتا ہے "أَدْبَرَ غَرِيْرُهُ وَأَقْبَلَ هَرِيْرُهُ" اس کی خوش خلقی جاتی رہی اور بد خلقی آ گئی۔ اس شخص کے لئے بولا کرتے ہیں جو بوڑھا اور بد خلق ہو جائے۔ کہا جاتا ہے "أَجِدُ فِيْ وَجْهِهِ هِرَّةً وَهَرِيْرَةً" میں اس کے چہرے میں نفرت کے آثار محسوس کرتا ہوں۔

المَهْرُوْر: مرض ہرار میں مبتلا اونٹ۔

هَرَأَ يَهْرَأُ هَرْءً ا فِيْ مَنْطِقِهِ: بہت فحش گوئی کرنا۔ بہت غلطی کرنا (...... هَرْءً ا وهَرَاءَةً) البَرْدُ فُلانًا: ہلاک کرنے والی سخت سردی پڑنا۔ هَرَأَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا سخت سرد ہونا...... اللَّحْمَ: گوشت کو بہت پکانا۔

هَرِئَ (س) هَرْءً ا وهُرْءً ا وهُرُوْءً اللَّحْمُ: گوشت کو بہت پکا ہوا ہونا۔

هُرِئَتِ الْمَوَاشِيْ: مویشی کا سردی یا گرمی سے ہلاک ہونا۔ صفت مَهْرُوْءَةٌ۔

هَرَّأَ تَهْرِئَةً اللَّحْمَ: گوشت گلا ہوا پکانا...... البَرْدُ المَاشِيَةَ: بدحال کر دینا۔

أَهْرَأَ إِهْرَاءً البَرْدُ: ہلاک کرنے والی سخت سردی پڑنا...... اللَّحْمَ: گوشت گلا ہوا پکانا...... فُلانٌ فُلانًا: قتل کرنا...... الكَلامَ وَفِي الكَلامِ: بہت بولنا اور بے ہودہ بولنا۔

تَهَرَّأَ اللَّحْمُ: گوشت گلا ہوا پکنا۔ تَهَرَّأَتِ المَاشِيَةُ: مویشی کا سردی کی وجہ سے بدحال ہونا۔ کہا جاتا ہے "هَرَأَ البَرْدُ المَاشِيَةَ فَتَهَرَّأَتْ" جانور پر سخت سردی پڑی جس سے وہ بدحال ہوگیا۔

الهُرَاءُ: بے ہودہ و غیر مربوط کلام (...... والهُرَّاءُ) بہت اور بیہودہ بکنے والا۔ امْرَأَةٌ هُرَاءَةٌ وهُرَّاةٌ: بہت اور بیہودہ بکنے والی عورت۔

الهِرَّاء: درخت خرما کا پودا۔

الهَرِيْءُ: بہت پکا ہوا گوشت جو ہڈی سے علیحدہ ہو جائے۔

الهَرِيْئَةُ: مؤنث الهَرِيء: سخت سردی کا وقت کہا جاتا ہے "هٰذِهِ قُرَّةٌ لَهَا هَرِيْئَةٌ" یہ ایسی ٹھنڈک ہے کہ جس میں لوگوں کو اور جانوروں کو تکلیف پہنچتی ہے اور مر جاتے ہیں۔

المُهْرَأُ: مفع۔ پکا ہوا گوشت۔

هَرَبَ (ن) هَرَبًا وهُرُوْبًا ومَهْرَبًا وهَرَبَانًا: بھاگنا...... فِيْ مَشْيِهِ: تیز چلنا...... فِي الأَرْضِ: دُور تک جانا...... فِي الأَمْرِ: مبالغہ کرنا۔

هَرِبَ (س) هَرَبًا الرَّجُلُ: بوڑھا ہونا۔

هَرَّبَهُ: بھگانا۔

أَهْرَبَ الرَّجُلُ: گھبرا کر یا بغیر گھبرائے ہوئے بھاگنے کی کوشش کرنا۔ دُور تک جانا...... فُلانٌ فُلانًا: بھاگنے پر مجبور کرنا۔

أَهْرَبَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا غبار اُڑانا۔

تَهَارَبُوْا: باہم مل کر بھاگنا۔

الهَارِب: فا۔ کہا جاتا ہے "مَا لَهُ هَارِبٌ وَلا قَارِبٌ" نہ اس سے کوئی بھاگنے والا ہے نہ قریب جانے والا یعنی وہ ناکارہ ہے۔

المَهْرَب: مص۔ بھاگنے کی جگہ کہا جاتا ہے "فُلانٌ لَنَا مَهْرَبٌ" یعنی فلاں شخص ایسا ہے جس کے پاس سختیوں میں ہم بھاگ کر جاتے ہیں۔

هَرْبَجَ هَرْبَجَةً الأَمْرَ: بُرے طریقہ سے کرنا۔

الهَرَابِذَة: ہندوؤں کے بڑے بڑے لوگ بقول بعض ہندوؤں کے پنڈت، آتش پرستوں کی آگ کا خادم۔ واحد هِرْبِذ۔

الهِرْبِذَة: دلکی سے آہستہ چال۔

الهُرْبُع: چست و چالاک چور، ہلکا پھلکا بھیڑیا ج هَرَابِع۔

هَرَتَهُ (ن ض) هَرْتًا بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔ هَرَتَ اللَّحْمَ: گوشت گلا کر پکانا...... الثَّوْبَ: کپڑا پھاڑنا...... عِرْضَ فُلانٍ: آبرو ریزی کرنا۔

هَرِتَ (س) هَرَتًا الشَّيْءُ: کشادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "هَرِتَتْ شِدْقُهُ": اس نے اپنی باچھیں کھولیں۔ أَهْرَتَ اللَّحْمَ: گوشت گلا کر پکانا۔

الهَرِت والهَرَّات والهَرُوْت والهَرِيْت: شیر۔

الهَرِيْت: کشادہ۔ کشادہ باچھوں والا۔ راز کو نہ چھپانے والا۔ بیہودہ بکنے والا۔

الأَهْرَت: کشادہ باچھوں والا۔ کہا جاتا ہے "أَسَدٌ أَهْرَت وأُسُوْدٌ هُرْت"۔

المُتَهَارِت: بہت بکواس کرنے والا۔

المُهَرَّت: مفع شیر۔ كِلابٌ مُهَرَّتَةُ الأَشْدَاقِ: چوڑی باچھوں والے کتے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَهْرُوْتُ الفَمِ" وہ چوڑی باچھوں والا ہے۔ ج مَهَارِيْت۔

أَسَدٌ مُنْهَرِتُ الشِّدْقِ: چوڑی باچھوں والا شیر۔

الهِرْث: پرانا کپڑا۔

الهَرْثَم والهُرَاثِم: شیر۔
الهَـرْثَـمَةُ: کتے کے نتھنوں کے درمیان کی سیاہی۔ شیر۔
هَرَجَ (ض) هَـرْجًـا النَّاسُ: فتنہ وفساد میں پڑنا...... البَابَ: دروازہ کھلا ہوا چھوڑنا...... الـفَـرَسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا...... فِـي الْحَدِيْثِ: بے جوڑ اور بہت باتیں کرنا۔
هَرِجَ (س) هَـرَجًـا الـرَّجُلُ: گرمی یا چلنے سے سانس چڑھنا۔
هَـرَّجَ بِـالسَّبُع: ڈانٹنا۔ ڈرانا...... الـنَّبِيْذُ فُلاَنًا: مست کر دینا۔ عوام کہتے ہیں۔ "هَرَّجَ فِي الْحَدِيْثِ" اس نے ہنسی کی باتیں کیں۔
تَهَارَجَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
اِنْهَرَجَ فُلاَنٌ مِنَ النَّبِيْذِ: مست ہونا۔
اِسْتَهْـرَجَ لَـهُ الرَّأْيُ: رائے کا قوی اور ہمہ گیر ہونا۔
الهَرْج: مص۔ فتنہ وفساد۔ آشوب۔
الهِرْج: بیوقوف۔ ہر چیز سے کمزور۔
الهِـرْجَة. هَـرَج: کا اسم نوع۔ نرم کمان ج هِرَج.
الهَرَّاج: اسم مبالغہ۔ فَـرَسٌ هَـرَّاجٌ: بہت دوڑنے والا گھوڑا۔
الهَرَّاجَة. الهَرَّاج: کا مؤنث۔ بے جوڑ اور بہت باتیں کرنے والی جماعت۔
فَـرَسٌ مِهْـرَجٌ ومِهْرَاجٌ: بہت دوڑنے والا گھوڑا۔
الهِـرْجَـاب والهِـرْجُـبُّ: لمبا۔ ج هَرَاجِيب.
الهِرْجِشَة: عمر رسیدہ اونٹنی۔
الهَرْجَع: لمبا ولنگڑا۔
الهِرْجَفّ: مرد سست ونرم۔
هَرْجَلَ الرَّجُلَ: چلنے میں لڑکھڑانا۔ دور دور قدم رکھنا۔
الهَـرَاجِيْل: لمبے لمبے لوگ۔ موٹے موٹے اونٹ۔
الهُرْجُل: لمبے قدم ڈالنے والا ج هَرَاجِل.
هَـرَدَهُ (ض) هَـرْدًا: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ پھاڑنا۔ هَـرَدَ الـلَّـحْمَ: گوشت کو گلا کر پکانا...... الشَّيْءَ: قادر ہونا...... عِـرْضَـهُ: بے آبروئی کرنا...... الشَّيْءَ: خراب کرنے کیلئے پھاڑ ڈالنا۔
هَرِدَ (س) هَـرَدًا اللَّحْمُ: گوشت کا گل کر پکنا۔
هَـرَّدَ: زرد رنگا ہوا کپڑا پہننا...... اللَّـحْـمَ: گوشت کو گلا کر پکانا۔ کہا جاتا ہے "هَـرَادَا الشَّيْءَ يُهْـرِيْـدُهُ هِـرَادَةً" بمعنی اَرَادَ يُرِيْدُ اِرَادَةً: ہمزہ کو ہا سے بدل دیا گیا ہے جیسے اَرَاق وهَرَاق میں۔
الهَرْد: مص۔ فتنہ وفساد۔
الهِـرْد: شتر مرغ۔ مرد بے وقار وبے اعتبار۔
الهُرْد: زرد کرکم۔ سرخ مٹی، ہلدی۔
الهُرْدِيّ والهُرْدَاء: ایک قسم کی گھاس۔
الهُرْدِيّ: ہلدی سے رنگا ہوا۔
رَجُلٌ اَهْـرَد الشَّدْق: چوڑی باچھوں والا مرد۔
المَهْرُوْد. هُرد: سے رنگا ہوا زرد کپڑا۔
هَرْدَبَ هَرْدَبَةً: سست دوڑنا۔
الهِرْدَبَّة: بڑھیا۔ بزدل۔ بڑے پیٹ والا۔
هَرْدَجَ الرَّجُلُ: تیز چلنا۔
الهِرْدِشَة: عمر رسیدہ اونٹنی و بھیڑ، بڑھیا۔
هَـرَزَهُ (ض) هَـرْزًا: سختی سے چھونا۔ لکڑی سے مارنا۔
هَـرِزَ (س) هَـرَزًا وهُـرُوْزًا: ہلاک کرنا۔ مرنا۔
تَهَـرَّزَ مِـنَ الْـجُوْعِ: بھوک سے ہلاک ہونا۔
هَـرَسَ (ن) هَـرْسًـا الشَّيْءَ: سخت کوٹنا۔ الطَّعَامَ: بہت کھانا۔
هَـرِسَ (س) هَـرَسًـا: بہت کھانے والا۔ چھپا کر کھانا۔
الهَـــرَاس: بڑے کانٹوں کا ایک درخت واحد هَـــرَاسَةٌ. هَـــرَاسَةُ الْـقَوْمِ: قوم کی عزت۔ قوم کا سخت حملہ کہا جاتا ہے "لِبَنِيْ فُلاَنٍ هَرَاسَةٌ" فلاں کی اولاد کے لئے عزت و قہر ہے جس سے وہ اپنے دشمنوں کو تباہ کرتے ہیں۔
الهُـرَاس: بہت توڑنے والا اور بہت کھانے والا شیر۔
الهَرْس: مص۔ بلی۔
الهِـرْس: بلی۔ پرانا کپڑا۔ بہت توڑنے والا اور بہت کھانے والا شیر۔ مَـكَانٌ هَرِسٌ: ہر اس درخت اُگانے والی جگہ۔ مؤنث هَرِسَةٌ.
الاَهْـرَس: سخت گرانبار۔ بہت توڑنے والا اور بہت کھانے والا شیر۔
الهَـرَّاس: اسم مبالغہ۔ بہت توڑنے والا اور بہت کھانے والا شیر، ہریسہ بنانے والا، ہریسہ بیچنے والا۔
الهَـرِيس: باریک کوٹا ہوا (...... والهَرِيْسَة) ایک قسم کا کھانا جو گوشت اور کوٹے ہوئے گیہوں کو ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔
رَجُلٌ مِهْرَسٌ: بہت کھانے والا۔
الـمِهْـرَاس: ہاون۔ الـمِهْـرَاس: پتھر کا ہاون۔ اوکھلی۔ بہت کھانے والا اونٹ۔ بھاری جسم کا اونٹ۔ مرد جو رات میں چلنے سے نہ ڈرے۔ ج مَهَارِيْس.
هَرَشَ (ن ض) هَرْشًا الدَّهْرُ: زمانہ کا سخت ہونا۔
هَرِشَ (س) هَرَشًا: بد خلق ہونا۔
هَـرَّشَ بَيْنَ الـكِلاَبِ: کتوں کے درمیان بھڑکانا...... بَـيْـنَ الـنَّـاسِ: لوگوں میں فساد ڈالنا۔
هَـارَشَ مُهَـارَشَةً وهِرَاشًا بَعْضَ الْكِلاَبِ عَـلَـى بَـعْضِـهَا: بعض کو بعض پر بھڑکانا...... فُلاَنٌ فُلاَنًـا: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ ایک دوسرے سے جھگڑنا۔
تَهَـارَشَـتْ واهْتَرَشَـتِ الْكِلاَبُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
تَهَرَّشَ الْغَيْمُ: بادل کھل جانا۔
الهِرَاش. هَارَش: کا مصدر، جھگڑا۔ مقاتلہ۔

الھَرِش: سخت عادت والا۔ اکھڑ۔
المُھَارِش: فا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ مُھَارِشُ العِنَانِ" ہلکی لگام والا گھوڑا۔
الھِرْشَبَّۃُ: بہت بڑھیا۔
ھَرْشَفَت واِھْرَنْشَفَت. الھِرْشَفَۃُ: دوات کے صوف کا سوکھ جانا۔
الھِرْشَفُ مِنَ الرِّجَالِ: دبلا بوڑھا۔ بہت پینے والا۔ بہت بڑھیا۔
الھِرْشَفَّۃُ: بہت بڑھیا۔ بوڑھی اونٹنی۔ دوات کا خشک شدہ صوف۔
ھَرِصَ (س) ھَرَصًا: خشک خارش والا ہونا۔
ھَرَّصَ الرَّجُلُ: خشک خارش کی وجہ سے بدن کا بھمک اٹھنا۔
الھَرَص: مص۔ کیڑا۔ خشک خارش۔
الھَرِیْصَۃُ: پانی جمع ہونے کی جگہ۔
ھَرَضَ (ن) ھَرْضًا الثَّوْبَ: کپڑا پھاڑنا۔
ھَرِضَ (س) ھَرَضًا: خشک خارش والا ہونا۔
ھَرَّضَ الرَّجُلُ: خشک خارش کی وجہ سے بدن کا بھمک اٹھنا۔
ھَرَطَ (ن) ھَرْطًا عِرْضَ فُلَانٍ وَفِیْ عِرْضِہٖ: آبروریزی کرنا۔۔۔۔ فِی الکَلَامِ: غیر مربوط اور بیہودہ کہنا۔
ھَرِطَ (س) ھَرَطًا: بیماری وغیرہ کی وجہ سے ڈھیلے گوشت والا ہونا۔
اَلْھَرْطَقَۃُ: عیسائیوں کے نزدیک دین میں بدعت اس کی نسبت۔ ہرطوقی۔
تَھَارَطَا: ایک دوسرے کو گالی دینا۔
الھَرْط: مص (۔۔۔۔ والھِرْط) بہت دبلا گوشت۔ متمول مرد۔ دبلی بوڑھی بھیڑ۔ نَاقَۃٌ ھِرْطٌ: عمر رسیدہ اونٹنی۔ ج اَھْرَاط وھُرُوْط
الھِرْطَۃ: دبلی بوڑھی بھیڑ۔ بیوقوف۔ بزدل۔ کمزور ج ھِرَط
الھَیْرَط: نرم۔ الھِرْطَال: لمبے قد والا۔
الھُرْطُمَان: ایک قسم کا غلہ۔
ھَرَعَ (ف) ھَرَعًا اِلَیْہِ: اضطراب کے ساتھ جلدی کرنا۔
ھَرِعَ (س) ھَرَعًا الدَّمُ: خون کا جلدی بہنا۔
الرَّجُلُ: تیز رفتار یا جلدی رونے والا ہونا۔
ھَرَّعَ القَوْمُ الرِّمَاحَ: قوم کا نیزہ سیدھا کر کے چلنا۔
ھَرَّعَ وھُرِّعَ الرَّجُلُ: چلنے میں جلدی کرنا۔
اَھْرَعَ الرَّجُلُ: جلدی کرنا۔۔۔۔۔ القَوْمُ رِمَاحَھُمْ: نیزہ سیدھا کر کے چلنا۔
اُھْرِعَ الرَّجُلُ: خفیف العقل ہونا۔ غصہ یا کمزوری یا خوف یا سردی سے کانپنا۔ جلدی دوڑایا جانا۔ صفت مُھْرَعٌ اور کہا جاتا ہے "اَقْبَلَ الشَّیْخُ یُھْرَعُ" بڈھا مضطرب ہو کر دوڑنے لگا۔
تَھَرَّعَتِ الرِّمَاحُ: نیزوں کا سیدھا ہونا۔
تَھَرَّعَ اِلَیْہِ: جلدی کرنا۔
اِھْتَرَعَ العُوْدَ: لکڑی توڑنا۔
اُسْتُھْرِعَتِ الاِبِلُ: حوض کی طرف دوڑنا۔
الھُرَاع: اضطراب کے ساتھ تیز رفتاری۔ تیز ہانکنا۔
الھَرَع: مص۔ اضطراب کی چال۔ تیز ہانکنا۔
الھَرِع: جلدی بہنے والا خون۔ رَجُلٌ ھَرِعٌ: جلدی رونے والا۔ تیز رفتار۔ مؤنث ھَرِعَۃ۔
الھَرَعَۃ والھُرَعَۃ: جوں کے مانند ایک کیڑا۔ یا چھوٹی جوں اور بقول بعض بڑی جوں۔
الھَرِیْعَۃ: باریک ٹہنیوں والا درخت۔
المُھْرِع والمِھْرَاع: شیر۔
المَھْرُوْع: پاگل۔ محنت ومشقت سے درماندہ۔
المُھْرَع: مفلح۔ لالچی۔
الھَیْرَع: بزدل۔ بیوقوف۔ جلد باز۔ چست عورت رِیْحٌ ھَیْرَعٌ وھَیْرَعَۃٌ: تیز چلنے والی ہوا جو مٹی اڑائے۔
الھَیْرَعَۃ: چرواہے کی بانسری اور اس کو یَرَاعَہ بھی کہتے ہیں۔
الھَرَاعِلَۃ: کمینے لوگ۔
ھَرَفَ (ض) ھَرْفًا بِفُلَانٍ کسی پر تعجب کرتے ہوئے مدح میں مبالغہ کرنا۔ بغیر جانے بوجھے مدح کرنا اور اسی سے ہے "لَا تَھْرِفْ بِمَا لَا تَعْرِفُ" جس کو تم جانتے نہیں اس کی مدح مت کرو۔ ھَرَفَتْہُ الرِّیْحُ: ہوا کا اڑا دینا۔ وھَرَفَ السَّبُعُ: درندے کا لگاتار آواز نکالنا۔
ھَرَّفَتْ تَھْرِیْفًا النَّخْلَۃُ: جلدی پھل دار ہونا۔
ھَرَّفَ القَوْمُ اِلَی الصَّلٰوۃِ: نماز کیلئے جلدی کرنا۔
اَھْرَفَتِ النَّخْلَۃُ: جلدی پھل دار ہونا۔
اَھْرَفَ الرَّجُلُ: مال نامی کا مالک ہونا۔
ھَرَقَ (ف) ھَرْقًا واَھْرَقَ المَاءَ: پانی گرانا۔
ھَرَّقَ المَاءَ: پانی گرانا (تشدید کثرت کے لئے ہے) اور کہا جاتا ہے (ھَرِّقْ عَلٰی جَمْرِکَ) یعنی اپنی جگہ پر قائم رہو' یہ ایک مقولہ ہے جو غضبناک آدمی سے کہا جاتا ہے مقصد یہ ہے کہ اپنے غصہ کی آگ کو بجھاؤ۔
ھَرَاقَ المَاءَ یُھَرِیْقُہٗ ھِرَاقَۃً: گرانا۔ اس کی اصل "اَرَاقَہٗ یُرِیْقُہٗ اِرَاقَۃً" ہے۔ ہمزہ کو ہا سے بدل دیا گیا ہے اور ھَرَاقَہٗ کی اصل ھَرْیَقَہٗ دَحْرَجَہٗ کے وزن پر ہے اور اسی وجہ سے مضارع میں "یُھَرِیْقُہٗ" کی ہا کو فتحہ دیا جاتا ہے جیسا کہ یُدَحْرِجُہٗ میں دال کو' اور امر کا صیغہ ھَرِقْ کی اصل ھَرْیِقْ ہے دَحْرِجْ کے وزن پر ثقالت کی وجہ سے یا کے کسرہ کو نقل کر کے اجتماع ساکنین کی وجہ سے یا کو حذف کر دیا گیا۔ تثنیہ کا صیغہ ھَرِیْقَا اور جمع کا ھَرِیْقُوْا اور کہا جاتا ہے "ھَرِیْقُوْا عَلَیْکُمْ اَوَّلَ اللَّیْلِ" وہ لوگ تمہارے پاس ابتدائی رات میں آئے۔
اور کبھی ہاء اور ہمزہ دونوں کو جمع کیا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے "اَھْرَاقَہٗ یُھْرِیْقُہٗ اِھْرَاقَہٗ"

سکون ہاء سے گویا کہ ہمزہ یاء کی حرکت کی عوض میں بڑھا دیا گیا ہے اور اسی وجہ سے اس زیادتی سے فعل خماسی نہیں ہوتا۔ اسم فاعل کا صیغہ مُهَرِيق اور اسم مفعول مُهَرَاق و مُهَرَاق.

تَهَارَقُوا: بعض کا بعض پر پانی گرانا۔

اِهْرَوْرَق اِهْرِيرَاقًا الدَّمْعُ والمَطَرُ: آنسو یا بارش کا جاری ہونا۔

الهِرَق: پرانا کپڑا۔

المُهْرَق. اَهْرَق: کا اسم مفعول۔ صحیفہ۔ سفید ریشم کا کپڑا جس کو گوند سے چکنا کر کے لکھنے کے کام میں لاتے ہیں۔ چٹیل بیابان۔ کپڑا یا کاغذ چکنا کرنے کا آلہ۔ ج مَهَارِق.

المُهْرُقَان والمَهْرَقَان والمُهْرَقَان: سمندر۔ کنارۂ سمندر جہاں پانی چڑھے اور پھر اتر جائے اور کوڑیاں باقی رہ جائیں۔

مَطَرٌ مُهْرَوْرِقٌ: موسلا دھار بارش۔

هَرْكَلَ هَرْكَلَةً: سست اور ناز سے چلنا۔

جَمَلٌ اور رَجُلٌ هَرَاكِل: موٹا اور بڑے جسم کا اونٹ یا مرد۔

الهَرَاكِلَة: بڑی بڑی مچھلیاں آبی کتے۔ بڑے چوڑے والے دریائی جانور۔ سمندر کی موجوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ واحد هِرْكَل.

الهِرْكَلَةُ والهِرْكِلَةُ والهِرْكُلَةُ والهِرْكَوْلَةُ والهِرْكِيلُ: خوبصورت اندام خوش رفتار عورت۔ بڑے سرین والی عورت۔

الهَرْكَلَة: خرام ناز۔

الهَرَل: پہلے شوہر کا بیٹا۔

هَرِمَ (س) هَرَمًا و مَهْرَمًا و مَهْرَمَةً: کمزور ہونا اور بہت بوڑھا ہونا۔ صفت هَرِم ج هَرِمُونَ و هَرْمَى مؤنث هَرِمَةٌ ج هَرِمَات و هَرْمَى.

هَرَّمَهُ الدَّهْرُ: بہت بوڑھا کر دینا۔ هَرَّمَ فُلانًا: تعظیم کرنا...... اللَّحْمَ: چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فُلَانٌ يُهَرِّمُ

عَلَيْنَا الأَمْرَ او الخَبَرَ" فلاں آیا اور ہمارے سامنے معاملہ کو یا خبر کو بڑا کر کے بیان کرتا ہے۔

اَهْرَمَهُ الكِبَرُ: بہت بوڑھا کرنا۔ کمزور کر دینا۔

تَهَارَمَ الرَّجُلُ: بتکلف اپنے آپ کو بوڑھا ظاہر کرنا۔

اِسْتَهْرَمَهُ: بہت بوڑھا سمجھنا۔ بہت بوڑھا پانا۔

الهَرْم: ایک قسم کی ترشی مائل نمکین گھاس۔ واحد هَرْمَة کہا جاتا ہے "هُوَ اَذَلُّ مِنْ هَرْمَةٍ" وہ ہرمہ گھاس سے بھی زیادہ ذلیل ہے۔

الهَرَم: بہت بڑھاپا۔ نفس و عقل۔ کہا جاتا ہے "اِنَّكَ لَا تَدْرِي بِمَا يُوْلَعُ هَرِمُكَ" تم نہیں جانتے ہو تمہارا نفس کس چیز پر فریفتہ ہے۔ قَدَحٌ هَرِم: ٹوٹا ہوا۔ الهَرِم: عمدہ رائے۔

الهَرَم: مص۔ انتہائی بڑھاپا۔

الهَرَم عِنْدَ اَرْبَابِ المَسَاحَةِ: مخروطی شکل کی عمارت جس کی کرسی مثلث یا مربع یا بہت اضلاع والی ہو۔ ج اَهْرَام و هِرَام اور اسی سے "اَهْرَامِ مِصْر" ہے جو اس لئے بنائے گئے تھے تاکہ بادشاہوں کے مدفن کا کام دیں۔

اَلْهَرَمُ ج اهرام و هرام (ہ): وہ جسم جس کے تین حصے اور سر ایک ہو اور ضلع ان تین حصوں والے جو اس سر کے مقابل ہوں سے بنا ہے۔ مشترک راس ہرم کا راس ہے۔ اور مثلثات ہرم کے اطراف جانبی ہیں اور ضلع ہرم کا قاعدہ ہے اور ہرم ثلاثی رباعی اور رخماسی ہوتا ہے جب اس کا قاعدہ مثلث مربع یا خماسی ہو۔

الهَرْمِيّ: خشک لکڑی۔

الهُرْمَان: عقل۔ عمدہ رائے۔

اِبْنُ هَرْمَةَ: غیر منصرف۔ بڈھے بڈھیا کی آخری اولاد۔

الهَرِمَةُ الهَرِم: کا مؤنث ...

الهَرُوْم: بدعادت۔ خبیث عورت۔

المَهْرَمَة: مص۔ انتہائی بڑھاپا۔

الهَرَامِيت: پرانے کنوئیں۔

هَرْمَزَ هَرْمَزَةً الرَّجُلُ: کمینہ ہونا۔ آہستہ چبانا۔ ساتھی سے چھپا کر گفتگو کرنا......

اللُّقْمَةَ: لقمہ چبانا اور منہ میں پھرانا اور نہ نگلنا......

النَّارُ: آگ کا بجھنا۔

هَرْمَسَ هَرْمَسَةً وَجْهُهُ: تیوری چڑھانا۔

الهَرْمَسَة: مص۔ لوگوں کا شور و چیخ۔

الهَرَامِسَة: ماہرینِ علمِ نجوم۔

الهِرْمَوْس: مضبوط رائے والا۔ تجربہ کار چالاک۔

الهُرَامِس: لوگوں پر سخت حملہ کرنے والا شیر۔

الهِرْمَاس: سخت حملہ کرنے والا شیر۔ چیتے کا بچہ۔

الهِرْمِيس: سخت حملہ کرنے والا شیر۔ گینڈا۔

هَرْمَطَ عِرْضَهُ: بے آبروئی کرنا۔

اِهْرَمَّعَ اِهْرِمَّاعًا الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ جلدی رونے والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِهْرَمَّعَتِ العَيْنُ" جب کہ آنکھوں سے آنسو جلد نکل پڑے۔

فِي مَنْطِقِهِ: بہت بولنا۔ اِهْرَمَّعَ اِلَيْهِ: بتکلف رونا۔

الهَرْمَع: جلدی رونے والا۔ چال میں سرعت دکھی۔

هَرْمَلَ هَرْمَلَةً: بال اکھیڑنا...... هَرْمَلَ الشَّعْرَ والوَبَرَ والرِّيشَ: اکھیڑنا۔ کاٹنا۔

هَرْمَلَ عَمَلَهُ: بگاڑنا۔ خراب کرنا۔ هَرْمَلَتِ العَجُوزُ: بڑھاپے کی وجہ سے کمزور ہونا......

الوَبَرُ: اونٹ کے بالوں کا گرنا۔

الهِرْمِل: بوڑھی اونٹنی۔ عمر رسیدہ عورت۔

الهُرْمُوْل: بالوں کا کچھ حصہ جو سر کے اطراف میں باقی رہ جائے ج هَرَامِيل.

الهُرْمُوْلَة: کپڑے کا ٹکڑا جو پرانے کرتے کے دامن سے پھٹ جائے۔

هَرْنَفَ هَرْنَفَةً: آہستہ ہنسنا۔

اَلمُهَرْنِفَة: کمزور آواز والی۔ بہت سے بچھڑے سست آواز والی۔

هَرْهَرَ هَرْهَرَةً الشَّيْءَ: حرکت دینا...... الرَّجُلُ: بے فائدہ ہنسنا...... بِالْغَنَمِ او الإِبِلِ: بکریوں یا اُونٹوں کو پانی پر بلانا یا گھاٹ پر لے جانا...... عَلٰى فُلَانٍ: دست درازی کرنا...... الضَّأْنُ: بھیڑ کا ممیانا(...... وَتَهَرْهَرَتِ) الرِّيحُ: ہوا کا سائیں سائیں کرنا۔

الهِرْهِرُ: بوڑھی بکری۔

الهَرْهَرَة: مص۔ لڑائی میں ہندوؤں کے شوروغل کی نقل۔ بھیڑ کی آواز۔ هَرْهَرَةُ الأَسَدِ: شیر کے دہاڑنے کی گونج۔

الهُرْهُرَة: انگور کی بیل کی جڑ میں انگور کا گرا ہوا دانہ۔

الهُرَاهِر: بہت دودھ اور پانی۔ شیر۔ ج هَرَاهِر.

الهَرْهَار: بہت دودھ اور پانی۔ بے فائدہ ہنسنے والا۔ دبلا گوشت۔ شیر۔

الهُرْهُور: بہت دودھ اور پانی۔ آواز دینے والا جاری پانی۔ ایک قسم کی کشتی۔ انگور کا بکھرا ہوا دانہ۔ بوڑھی بکری۔

الهِرْهِير: ایک قسم کی مچھلی۔ ایک خبیث قسم کا سانپ۔

هَرَاهُ يَهْرُوهُ هَرْوًا وتَهَرَّاهُ تَهَرِّيًا: لاٹھی سے مارنا۔ ڈنڈے سے مارنا۔

الهِرَاوَة: موٹا ڈنڈا۔ سونٹا۔ ج هَرَاوَى وهُرِيٌّ وهِرِيٌّ.

الهَرَّاء: ہروی کپڑوں کو بیچنے والا۔

هَرَاة: خراسان کے ایک شہر کا نام۔ نسبت کے لئے هَرَوِيٌّ.

هَرْوَلَ: تیز چلنا۔ دوڑنا۔

هَرَاه يَهْرِيهِ هَرْيًا: ڈنڈے سے مارنا۔

هَرَّىٰ تَهْرِيَةً الثَّوْبَ: کپڑے کو زرد رنگنا۔

هَارَاهُ مُهَارَاةً: باہم ٹھٹھا کرنا۔

الهُرَاء: کھجور کا پودہ۔

الهُرْيُ: گیہوں وغیرہ جمع کرنے کا بڑا مکان ج أَهْرَاء.

هَزَّ(ن) هَزًّا الشَّيْءَ وبِالشَّيْءِ: ہلانا...... مِنْ عِطْفِ فُلَانٍ: کام کے لئے اُبھارنا۔ هَزَّ بِهِ السَّيْرُ: سیر کی وجہ سے جلدی چلنا(...... هَزْهَزًا) الإِبِلَ: اُونٹ کو حدی سے نشاط میں لانا...... الكَوْكَبُ: ستارہ کا ٹوٹنا۔

هَزْهَزَهُ تَهَزْهُزًا: ہلانا۔

اِهْتَزَّ: ہلنا...... الإِبِلُ: اُونٹ کا حدی کی آواز سے چلنے میں جھومنا۔ اِهْتَزَّ إِلَيْهِ قَلْبُهُ: خوش ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَهْتَزُّ لِلْمَعْرُوفِ" وہ اچھے اعمال سے خوش ہوتا ہے...... المَاءُ فِي جَرَيَانِهِ: پانی کا رواں ہونا...... الكَوْكَبُ فِي انْقِضَاضِهِ: ستارہ کا جلدی ٹوٹنا...... الأَرْضُ: اُگانا...... النَّبَاتُ: لہلہانا اور بڑھنا۔

تَهَزَّزَ: ہلنا۔ جھومنا۔

الهَزَّة.هَزَّة: کا اسم مرۃ۔ اِمْرَأَةٌ هَزَّةٌ: برائی سے خوش ہونے والی عورت۔ جمع نِسَاءٌ هَزَّات.

الهِزَّة.هَزٌّ: کا اسم نوع۔ نشاط وشادمانی۔ ہانڈی کے جوش کی آواز۔ بادل کی گڑگڑاہٹ۔ اونٹوں کی چال کی ایک قسم۔ انبساط وبحالی فرحت۔

الهَزِيز: مص۔ بادل کی گڑگڑاہٹ۔ ہوا کی سرسراہٹ۔

الهَزَائِز: سختیاں (اس کے لئے واحد نہیں)

المَهَزّ والمَهَزَّة: حرکت۔

هَزَأَهُ يَهْزَأُهُ هَزْءًا: توڑنا۔ هَزَأَ إِبِلَهُ: سردی سے مار ڈالنا...... رَاحِلَتَهُ: ہلانا۔ هَزَأَ زَيْدٌ: مرنا۔

هَزَأَ وهَزِئَ يَهْزَأُ هَزْءًا وهُزْءًا وهُزُؤًا وهُزُوءًا ومَهْزَأَةً بِفُلَانٍ ومِنْهُ: ٹھٹھا کرنا۔

هَزِئَ(س) هَزْءًا: مرنا۔

أَهْزَأَ إِهْزَاءً: سخت سردی میں داخل ہونا۔ ...... إِبِلَهُ: سردی سے مار ڈالنا۔ أَهْزَأَتْ بِهِ دَابَّتُهُ: جلدی لے جانا۔

تَهَزَّأَ تَهَزُّءًا وتَهَزَّأَ تَهَزُّؤًا واسْتَهْزَأَ اِسْتِهْزَاءً: ٹھٹھا کرنا۔

الهَازِئ: فا۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ مَفَازَةٌ هَازِئَةٌ بِالرَّكْبِ وهَزَّاءَةٌ بِهِمْ" یہ بیابان دشوار گزار ہے۔ و"غَدَاةٌ هَازِئَةٌ" بہت ٹھنڈی صبح۔

رَجُلٌ هُزْأَةٌ: جس سے ٹھٹھا کیا جائے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ هُزْأَةٌ بَيْنَ النَّاسِ" یعنی لوگ اس سے ٹھٹھا کرتے ہیں۔

رَجُلٌ هُزَأَةٌ: لوگوں سے ٹھٹھا کرنے والا مرد۔

الهَوْزَب: مضبوط وقوی اُونٹ۔ بڑی عمر کا اونٹ۔ گدھ۔

الهَيْزَب: مضبوط شیر۔

هَزْبَرَةٌ: کاٹنا۔

الهِزَبْر والهِزْبَر والهُزَابِر: شیر۔ الهِزَبْر: موٹا۔ مضبوط قوی۔ ج هَزَابِر.

هَزْبَلَ هَزْبَلَةً: بہت محتاج ہونا۔

الهَزْبَلِيل: بہت تھوڑا سا۔

هَزِجَ (س) هَزَجًا المُغَنِّي فِي غِنَائِهِ: گویئے کا سُر سے گانا یا پڑھنا۔ بحرِ ہزج کے اشعار پڑھنا۔

هَزَّجَ: سُر سے گانا...... صَوْتَهُ: پے درپے آواز نکالنا۔

أَهْزَجَ الشَّاعِرُ: بحر ہزج کے اشعار بنانا۔

تَهَزَّجَ: سُر سے گانا...... الصَّوْتُ: پے در پے ہونا۔ تَهَزَّجَتِ القَوْسُ: آواز نکالنا۔ الرَّعْدُ: بادل کا گڑگڑانا۔

الهَزَج: مص۔ بادل کی گڑگڑاہٹ۔ ترانہ۔ سُر۔ طرب انگیز آواز۔ ہر کلام جو متناسق ہو۔ اشعار کی ایک بحر کا نام۔ جانوروں کی ٹانگ پڑنے کی سرعت اور خفت۔

الهَزِج: طرب انگیز۔ کہا جاتا ہے "مُغَنٍّ هَزِجٌ" طرب انگیز گوتا۔ فَرَسٌ هَزِجٌ: گھوڑا جس کی ٹانگ جلدی اور ہلکی پڑے۔

الهَزِيج مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ایک حصہ۔

الأُهْزُوجَة: ترنم آمیز گیت ج أَهَازِيج.

هزرہ (ض) هَزْرًا بالعَصَا: ڈنڈے سے بہت مارنا۔ هَزَرَ الشَّيْءَ: سخت چھونا...... فلانًا: جلاوطن کرنا۔ صفت مفعولی مَهْزُوْرٌ وهزيرٌ...... بِهِ الأَرْضَ: پچھاڑنا...... لِفُلاَنٍ: بہت دینا...... الرَّجُلُ: ہنسنا۔ حاجت کے لئے جلدی کرنا...... البَائِعُ: گراں کرنا۔ قیمت بڑھا دینا۔

الهزار: بلبل۔ ہزارداستان ج هَزَارَات.

الهزر: نقصان زدہ۔ بیوقوف۔ سخت۔

الهَزْرَة والهزرة: نرم زمین ج هَزَرَات

الهُزَرَة: کاہلی۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ذُوهَزَرَاتٍ" ہر چیز میں نقصان زدہ مرد۔

رَجُلٌ مِهْزَرٌ: ہر چیز میں نقصان زدہ مرد۔

هُزِرَف فِي عَدْوِهِ: تیز دوڑنا۔

الهِزْرَاف والهُزَارِف والهُزْرُوف والهِزْرُوف: تیز رفتار ہلکا پھلکا شتر مرغ۔

الهُزْرُوف: بڑے جسم والا۔

هَزَعَ (ف) هزعًا: جلدی کرنا...... الشَّيْءَ: توڑنا۔

هَزَّعَهُ تَهْزِيعًا: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

تَهَزَّعَ الرَّجُلُ: جلدی کرنا۔ تیوری چڑھانا۔ لَهُ: اپنے کو ناشناختہ بنانا۔ تَهَزَّعَتِ المَرْأَةُ فِي مِشْيَتِهَا: ڈگمگانا...... الإِبِلُ فِي سَيْرِهَا: اونٹ کا چلتے ہوئے جھومنا۔

اِنْهَزَعَ الشَّيْءُ: ٹوٹنا۔

اِهْتَزَعَ: جلدی کرنا۔ جھڑکنا...... السَّيْفُ ونحوهُ: تلوار وغیرہ کا حرکت کرنا۔

الهَزْعُ: اضطراب۔

الهِزَاعُ: اکیلا۔ کہا جاتا ہے "مَا فِي الجَعْبَةِ إِلاَّ سَهْمٌ هِزَاعٌ" ترکش میں صرف ایک ہی تیر ہے۔

الهُزَاعُ: شکار کو بہت پھاڑنے والا شیر۔

الهُزَعُ: شکار کو بہت پھاڑنے والا شیر۔

الهَزِيعُ مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ایک حصہ یا تہائی یا چوتھائی رات اور بقول بعض رات کی ایک ساعت۔ ج هُزُعٌ. الهَزِيعُ: بیوقوف۔

الأَهْزَعُ: ترکش کا آخری تیر...... [illegible]

خراب۔ کہا جاتا ہے "مَا لَهُ أَهْزَعُ" اس کے پاس کچھ نہیں "وَمَا فِي الدَّارِ أَهْزَعُ" گھر میں کوئی نہیں۔ "وَمَا بَقِيَ فِي سَنَامِ بَعِيرِكَ أَهْزَعُ" تمہارے اونٹ کے کوہان میں بقیہ چربی نہیں۔

الهَيْزَعَة: خوف۔ جنگ میں شور۔

المِهْزَعُ: درختوں کو توڑنے والا۔ کوٹنے کا آلہ۔

سَيْفٌ مُهْتَزِعٌ: بہت حرکت کرنے والی تلوار۔ فَرَسٌ مُهْتَزِعٌ: تیز دوڑنے والا گھوڑا۔

هَزَفَتْهُ (ض) هَزْفًا الرِّيحُ: ہلکا پانا۔ اڑا لے جانا۔

هَزِقَ (س) هَزَقًا: چست ہونا...... فِي الضَّحِكِ: بہت ہنسنا۔

أَهْزَقَ فِي الضَّحِكِ: بہت ہنسنا۔

الهَزَقُ: چستی۔ بجلی۔ بادل کی تیز گڑگڑاہٹ۔

الهَزِق: سخت گرج...... مِنَ الرِّجَالِ: بہت ہنسنے والا اوچھا مرد۔

الهَزِقَة مِنَ النِّسَاءِ: عورت جس کو ایک جگہ پر قرار نہ ہو۔

المِهْزَاق: چنچل عورت، بہت ہنسنے والی۔

رَجُلٌ مِهْزَاقٌ: بہت ہنسنے والا اوچھا مرد۔

هَزَلَ (ن) وهَزِلَ (س) وهُزِلَ هَزْلاً وهُزْلاً وهُزَالاً: کمزور ہونا۔ دبلا ہونا۔ هَزَلَتْ حَالُ فُلاَنٍ: تنگ ہونا (هُزال جسم کی تشبیہ دیتے ہوئے) کہا جاتا ہے "لَهُ فَضْلٌ جَزِيلٌ وحَالٌ هَزِيلٌ" اس کا فضل بہت زیادہ ہے اور حال پتلا ہے۔

هَزَلَ (ض) هَزْلاً فِي كَلاَمِهِ: ٹھٹھا کرنا۔ بکواس کرنا۔ بے ہودگی کرنا...... الدَّابَّةَ: دبلا کرنا۔ اچھی طرح نگہبانی نہ کرنے کی وجہ سے کمزور کرنا۔ هَزَلَ القَوْمُ: دبلے مویشی والا ہونا...... فُلاَنٌ: جانوروں کے مرنے کی وجہ سے محتاج ہونا۔

[illegible]

هَازَلَ مُهَازَلَةً: بیہودگی کرنا...... فلانًا: ٹھٹھا کرنا۔

أَهْزَلَ فُلاَنًا: کمزور کرنا (هَزَلَ میں ایک لغت ہے مگر زیادہ فصیح نہیں) کھلاڑی پانا...... القَوْمُ: دبلے مویشی والی ہونا۔ سختی اور تنگی کی وجہ سے اپنے مال کو روک لینا۔

الهُزَال: مص۔ لاغری۔ دبلاپن۔

الهُزَالَة: خوش طبعی۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَتْ بَيْنَهُمَا هُزَالَةٌ" ان کے درمیان خوش طبعی ہے۔

الهُزَّال والهَزِيل: بہت دبلا۔

الهُزَيْلَى: شعبدہ باز کا فعل۔

الهَزْلَى: بہت سانپ (جمع ہے واحد نہیں)

الهَزِيل: دبلا۔ ج هَزْلَى.

الهُزَيْلَة. هُزَال: سے اسم مشتق ہے۔ جیسے شَتَم سے شَتِيمَة پھر هُزَيْلَة کا اطلاق اونٹوں میں ہونے لگا۔ ج هَزَائِل وهَزْلَى.

الهَيْزَلَة: بڑا جھنڈا۔ کہا جاتا ہے "تَصَعَّدُوْا وفِيهِمْ هَيْزَلَةٌ" وہ لوگ چلے اور ان کے اندر بڑا جھنڈا تھا۔

المَهْزُوْل: لاغر شدہ ج مَهَازِيل. أَرْضٌ مَهْزُوْلَةٌ: نرم زمین۔

المَهَازِل: خشک سالیاں۔

هَزْلَجَ هَزْلَجَةً: جلدی کرنا۔

الهُزَالِج: جلد باز۔ ہلکا پھلکا۔ بھیڑیا۔ ج هَزَالِج.

الهَزْلَجَة: مص۔ آوازوں کا اختلاط۔ جلدی۔

الهَزْلَع: تیز رفتار۔

هَزَمَ (ض) هَزْمًا العَدُوَّ: دشمن کو شکست دینا...... الشَّيْءَ: ہاتھ سے دبا کر گڑھا ڈالنا...... فُلاَنًا: ایسی ضرب مارنا کہ سرین سے ناف پر نکل آئے...... القَوْسُ: کمان کا آواز دینا...... لَهُ حَقَّهُ: حق کم کرنا...... البِئْرَ: کنواں کھودنا...... فُلاَنًا: قتل کرنا (...... هُزُوْمًا) اللَّيْلُ: سفیدی صبح کا پھٹنا۔

هُزِمَتْ عَلَيْهِ: مہربان بنایا جانا۔

هَـزَمَ الْـعَدُوَّ: دشمن کو شکست دینا (تشدید مبالغہ کے لئے ہے)

تَهَـزَّمَتِ الْقَوْسُ: کمان کا آواز دینا......

الرَّعْدُ: گرجنا......السُّحُبُ بِالْمَاءِ: آواز کے ساتھ برسنا......الْقِرْبَةُ: مشک کا خشک ہو کر پھٹنا۔تَهَزَّمَ الْبِنَاءُ: عمارت کا گر پڑنا۔

اِنْهَزَمَ: شکست کھانا۔الْعَصَا: لاٹھی کا چڑ چڑا کر ٹوٹنا۔الْجَيْشُ: شکست کھانا۔اِهْتَزَمَتِ السَّحَابَةُ بِالْمَاءِ: آواز کے ساتھ برسنا......الْـفَـرَسُ: گھوڑ کا چلنا اس طرح پر کہ آواز سنائی دے۔اِهْـتَـزَمَ الشَّاةَ: بکری کو ذبح کرنا......الشَّئَ: سبقت کرنا۔جلدی کرنا۔

اِسْتَهْـزَمَ الْـجُـيُوشَ: شکست دینا۔شکست چاہنا۔شکست خوردہ پانا۔

الْهَازِمَةُ: مصیبت ج هَوَازِم.

الْهَزِمُ: مص۔پست زمین۔بغیر پانی کے پتلا بادل ج هُزُوْم.

الْهَزِمُ مِنَ الْخَيْلِ: مطیع۔کہا جاتا ہے "فَرَسٌ هَـزِمٌ وَفَرَسٌ هَزِمُ الصَّوْتِ" بادل کی گرج کے مشابہ آواز والا گھوڑا۔غَيْـثٌ هَـزِمٌ: موسلا دھار بارش۔

الْهَزِمُ: کمان کی آواز۔

الْهَزْمَةُ: اسم مرۃ۔سینہ کا گڑھا۔سیب وغیرہ کا گڑھا جو ہاتھ سے دبانے سے پیدا ہو۔ہنسلی کی ہڈیوں کے درمیان کا گڑھا۔پست زمین ج هَـزَمٌ وَهُـزَمٌ وَهَـزَمَـاتٌ.هَزُومُ الْجَوْفِ: پیٹ میں دانہ پانی کی جگہ۔

قِدْرٌ هَزِمَةٌ: بہت اُبلنے والی ہانڈی۔

الْهَزُوْمُ: آواز دینے والی کمان۔کہا جاتا ہے "قَـوْسٌ هَـزُوْمٌ بَيِّنَةُ الْهَـزَمِ" بہت آواز نکالنے والی کمان۔

الْهَـزِيْمُ: گرج کی آواز۔گرج۔سخت آواز والا گھوڑا۔غَيْثٌ هَزِيْمٌ: نہ رکنے والی بارش جَيْشٌ هَزِيْمٌ: شکست خوردہ لشکر۔

الْهَزِيْمَةُ: شکست ج هَزَائِم. الْهَزَائِمُ: بہت پانی والے کنوئیں۔هَـزِيْمَةُ الْفَرَسِ: سخت دوڑ کے وقت پسینہ کا نکلنا۔

الْهَزَمُ: سخت مضبوط۔شیر۔

الْهِزِّيْمَى: شکست۔

الْمُتَهَزِّمُ: فا۔گرج۔قَصَبٌ مُتَهَزِّمٌ وَمُهَزَّمٌ: ٹوٹا ہوا یا پھٹا ہوا نرکل۔سِـقَـاءٌ مُتَهَـزِّمٌ وَمُهَـزَّمٌ: باوجود خشک ہونے کے تہ کی ہوئی مشک۔

الْـمِهْزَامُ: کریلنی۔چھوٹی لاٹھی۔بیٹھی۔ج مَهَازِيْم.

هَـزْهَزَهُ هَزْهَزَةً: تابع کرنا۔هَزْهَزَ الشَّئَ: ہلانا۔

تَهَزْهَزَ الشَّئُ: ہلنا......اِلَيْهِ قَلْبِي: خوشی سے اچھلنا۔

الْهَزَاهِزُ: بہت جاری ہونے والا پانی۔بَعِيْرٌ هُزَاهِزٌ: تیز آواز والا اونٹ۔

الْهَـزَاهِزُ: فتنے جو انسان کو جھڑ جھڑا دیں۔کہا جاتا ہے "فُلَانٌ شَهِـدَ الْهَـزَاهِـزَ" فلاں جنگوں اور سختیوں میں حاضر ہوا۔

الْهَـزْهَـازُ: بہت جاری ہونے والا پانی۔"سَيْفٌ هَـزْهَـازٌ" بہت چمکنے والی صاف تلوار۔

الْهُزْهُزُ: بہت جاری ہونے والا پانی اور کہا جاتا ہے "مَاءٌ هُزْهُزٌ وَهُزَاهِزٌ وَهَزَاهِزٌ" یعنی لہریں لینے والا پانی۔"وَبِئْرٌ هُزْهُزٌ" گہرا کنواں "وَعَيْنٌ هُزْهُزٌ" بہت پانی والا کشادہ چشمہ۔

الْهَزْهَزَةُ: مص۔جنگ وفتنہ بھڑکانا۔کہا جاتا ہے شَهِدَ فُلَانٌ الْهَزْهَزَةَ: فلاں جنگ و فتنے میں حاضر ہوا۔

هَسَّ (ن) هَسًّا الشَّئَ: کوٹنا۔توڑنا۔

هَـسَّ (ض) هَـسًّـا: دل میں بات کرنا۔الْكَلَامَ: چھپانا۔

الْهَسِيْسُ: ریزہ ریزہ کیا ہوا۔پوشیدہ کلام۔هَسِيْـسُ الْجِنِّ وَهَسَاسُهَا: بیابان میں جنوں کی آواز۔

هَسْهَسَ هَسْهَسَةً الْمَاءُ: پانی کا لگاتار بہنا......الدِّرْعُ اَو الْـحُلِيُّ: زرہ یا زیور میں جھنکار ہونا......الْحَدِيْثَ: بات چھپانا۔

تَهَسْهَـسَ الدِّرْعُ اَو الْحُلِيُّ: زرہ یا زیور میں جھنکار ہونا۔

الْهَسَاهِسُ: رات میں چلنا۔هَسَاهِسُ النَّاسِ: آہستہ گفتگو۔

الْهَسْهَاسُ: تمام رات بکریاں چرنے والا چرواہا۔کام کے لئے ساری رات بیدار رہنے والا۔قصائی۔غیر مفہوم کلام۔وسوسہ۔

الْهَسْهَسَةُ: مص۔زیور یا زرہ کی جھنکار۔نرم آواز والی چیز۔

هَشَّ (ن ض) هَشًّا وَرَقَ الشَّجَرِ: پتے جھاڑنا۔

هَشَّ (ض) هُشُوْشَةً الْخُبْزُ: روٹی کا نرم ہونا......الرَّجُلُ: سست و کمزور ہونا۔

هَشَّ (س ض) هَشَاشَةً وَهَشَاشًا: مسکرانا۔بھلائی پر خوش ہونا۔شادماں ہونا۔نشاط میں ہونا۔کہا جاتا ہے "هَشِشْتُ وَهَشِشْتُ بِفُلَانٍ وَلِفُلَانٍ وَاَهِشُّ وَاَهَشُّ بِهِ وَلَهُ" میں فلاں سے خوش ہوا۔

هَشَّ (س) هَشَاشَةً وَهُشُوْشًا الشَّئُ: نرم اور ڈھیلا ہونا۔صفت هَشٌّ. لکڑی کا نرم ہونا کہ جلدی ٹوٹ جائے۔

هَشَّشَهُ: نرم سمجھنا۔خوش کرنا۔شادماں بنانا۔

اِهْتَشَّ لِكَذَا: خوش ہونا۔خواہش مند ہونا۔

اِهْتَشَّ فُلَانٌ بِيْ: فلاں مجھ سے خوش ہوا۔

اسْتَهَشَّهُ: ہلکا سمجھنا۔

خُبْزٌ هَشَاشٌ: نرم روٹی۔

الْهَشُّ: مص۔نرم ڈھیلا۔خُبْزَةٌ هَشَّةٌ: نرم روٹی اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ هَـشُّ الْمَكْسِرِ" فلاں مہربان اور نرم عادت والا ہے "وَفُلَانٌ هَشُّ الْوَجْهِ" فلاں ہنس مکھ ہے اور کہا جاتا ہے "فَرَسٌ هَشٌّ" بہت پسینہ والا گھوڑا۔"وَفَرَسٌ هَشُّ الْعِنَانِ" نرم لگام والا گھوڑا۔"وَاَنَا بِهِ هَشٌّ" میں اس سے بہت خوش ہوں۔

قِرْبَةٌ هَشَّاشَةٌ: پانی ٹپکانے والی مشک۔نَاقَةٌ

هَشُوْش اوشَاةٌ هَشُوْش : بہت دودھ دینے والی اُونٹنی یا بکری۔
الهَشِيْش : مانگنے سے خوش ہونے والا۔ نرم ڈھیلا ڈھالا۔ توڑا ہوا۔ چورہ کیا ہوا۔
هَشَر (ن) هَشْرًا النَّاقَةَ : اُونٹنی کا سارا دودھ دوہ لینا۔
الهَشْر : مص۔ ہلکا پن۔ پتلا پن۔
الهَشْرَة : اکڑ۔ غرور۔
شَجَرَةٌ هَشِرَةٌ وهَشُوْرٌ : درخت جس کے پتے جلدی گر جائیں۔
الهَيْشَر مِنَ الرِّجَالِ : نرم کمزور لمبا مرد۔
هَشَلَتْ تَهْشِيْلاً النَّاقَةُ : تھوڑا دودھ اتارنا۔
اَهْشَلَ الرَّجُلُ : سواری کا جانور بغیر مالک کی اجازت کے دینا۔
اِهْتَشَلَ الفَرَسَ : گھوڑے پر بغیر مالک کی اجازت کے سوار ہونا۔
الهَشِيْلَة : سواری کا جانور جس پر بغیر مالک کی اجازت کے سوار ہوں...... مِنَ الْاِبِلِ وَغَيْرِهَا : غصب کیا ہوا اُونٹ وغیرہ۔
الهَيْشَلَة : عمر رسیدہ موٹی اونٹنی۔
هَشَمَ (ض) هَشْمًا الشَّيْءَ : توڑنا۔ کہا جاتا ہے "هَشَمَ الثَّرِيْدَ لِقَوْمِهٖ" اس نے اپنی قوم کے لئے روٹی کو توڑ کر شوربے سے تر کر کے ثرید بنایا۔ صفت هَاشِمٌ.
هَشَّمَ الشَّيْءَ : توڑنے میں مبالغہ کرنا...... فُلَانًا : اکرام و تعظیم کرنا...... النَّاقَةَ : اُونٹنی کو دوہنا۔
تَهَشَّمَ الشَّيْءُ : ٹوٹنا...... الشَّجَرُ : خشک ہو کر ٹوٹنا...... الْاِبِلُ : اُونٹ کا سست و کمزور ہونا...... فُلَانٌ الشَّيْءَ : توڑنا...... الرَّجُلَ : اکرام و تعظیم کرنا...... النَّاقَةَ : اُونٹنی کو دوہنا...... زَيْدًا : مہربان بنانا۔ رضامند کرنا...... عَلٰى فُلَانٍ : مہربان ہونا۔ تَهَشَّمَتِ الْاَرْضُ : بارش منقطع ہونے سے زمین کا خشک ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَهَشَّمَهُ لِلْمَعْرُوْفِ" اس نے اس سے بھلائی طلب کی۔

اِنْهَشَمَ الشَّيْءُ : ٹوٹنا۔ اِنْهَشَمَتِ الْاِبِلُ : اُونٹ کا سست و کمزور ہونا۔
اِهْتَشَمَ النَّاقَةَ : اونٹنی کو دوہنا اور کہا جاتا ہے "اِهْتَشَمَتْ نَفْسِيْ لَهٗ" میرا نفس اس کے سامنے مطیع و فرمانبردار ہو گیا اور بغیر انصاف کے راضی ہو گیا۔
الهَاشِمَة. الهَاشِم : کا مؤنث۔ سر کا زخم جو ہڈی کو توڑ دے۔
الهِشَام : سخاوت۔ بخشش۔
الهَشْم : مص۔ قحط زدہ زمین۔ پست زمین ج هُشُوم.
الهَشِم : سخی۔ فیاض۔
الهُشَّم : نرم پہاڑ۔ دودھ کے ماہر۔ دوہنے والے۔ واحد هَاشِم.
الهَشْمَة. هَشَمَ : کا اسم مرۃ۔
الهَشَمَة : پہاڑی بکری۔ ج هَشَمَات.
الهَشِيْم : توڑا ہوا۔ ٹوٹی ہوئی خشک گھاس۔ خشک شدہ گھاس یا درخت۔ پہلے سال کی باقی ماندہ گھاس۔ کہا جاتا ہے "نَبْتٌ هَشِيْمٌ" جیسا کہا جاتا ہے "نَبْتٌ غَامِيٌ وحَطِيْمٌ" کمزور بدن والا۔ کہا جاتا ہے "صَارَتِ الْاَرْضُ هَشِيْمًا" زمین کے درخت اور گھاس خشک ہو گئے اور ٹوٹ گئے۔
الهَشِيْمَة : زمین جس کے درخت خشک ہو گئے ہوں۔ خشک درخت۔
نَاقَةٌ مِهْشَامٌ : جلدی لاغر ہونے والی اونٹنی۔
كَلَأٌ هَيْشُوْمٌ : نازک و نرم گھاس۔
هَشْهَشَ الشَّيْءَ : ہلانا۔
الهَشْهَاش : اچھے اخلاق کا سخی مرد۔
هَاشَاهُ مُهَاشَاةً : ہنسی مذاق کرنا۔
هَصَّ (ن) هَصًّا الشَّيْءَ : روند کر کچلنا۔ باریک کرنا۔ توڑنا۔ انگلیوں سے زور سے دبانا۔ صفت مفعول هَصِيْص و مَهْصُوْص.
هَصَّصَ الرَّجُلُ : چمکدار آنکھوں والا ہونا اچھی طرح آنکھیں کھولنا۔ گھورنا۔
[illegible]

الهَصّ : مص۔ [illegible]
الهَصِيْص الْمَهْصُوْص : روند کر کچلی ہوئی چیز۔ هَصِيْص النَّارِ : آگ کی چمک۔
هَصَبَ (ض) هَصْبًا : بھاگنا۔
هَصَرَ (ض) هَصْرًا الشَّيْءَ وبِالشَّيْءِ : کھینچ کر جھکانا...... الغُصْنَ وبِالْغُصْنِ : ٹہنی کو جھکا کر توڑنا کہ دونوں ٹکڑے علیحدہ نہ ہوں...... الشَّيْءَ : توڑنا۔ دفع کرنا۔ قریب کرنا...... قِرْنَهٗ : دبانا...... الْاَسَدُ فَرِيْسَتَهٗ : توڑ دینا۔
اِنْهَصَرَ واهْتَصَرَ : جھکنا۔ مڑنا۔ کھینچا جانا۔
اِهْتَصَرَ الْغُصْنَ : جھکا کر توڑنا کہ دونوں ٹکڑے علیحدہ نہ ہوں۔ اِهْتَصَرَ النَّخْلَةَ : کھجور کے خوشوں کو درست و ہموار کرنا۔
تَهَصَّرَتْ اَغْصَانُ الشَّجَرَةِ : لٹکنا۔
الهَصِر والهُصَر والهَصُوْر والهَصُوْرَ والهَاصِر والهُصَرَة والهَصُوْرَة والهَيْصَر والهَيْصَار والهَيْصُوْر والهَصَّار والمِهْصَر والمِهْصَار والمِهْصِير والمُهْتَصِر : شیر۔ رَجُلٌ هُصَرٌ : ہمسر کو بہت دبانے والا مرد۔
الهُصَرَة والهَصَرَة : افسوں کے عمل سے جن سے عورتیں مردوں کو اپنے قابو میں رکھتی ہیں۔
الهَوَاصِر والهَوَاصِيْر : شیر جو شکار کو پھاڑ دیں اور توڑ دیں اور یہ هَصُوْر کی جمع ہیں۔
هَصَمَهٗ (ض) هَصْمًا : توڑنا۔
نَابٌ هَيْصَمٌ : ہر چیز کو توڑ دینے والا دانت۔
هَصْهَصَهٗ هَصْهَصَةً : ہاتھ سے دبانا۔
الهُصْهُص والهُصَاهِص : مضبوط آدمی یا شیر۔
الهَصْهَاص : چمکدار آنکھوں والا۔
المُهَصْهِصَة : رات میں چور کی آنکھ۔
هَصَا يَهْصُوْ هَصْوًا الرَّجُلُ : عمر رسیدہ اور بوڑھا ہونا۔
هَاصَاهُ مُهَاصَاةً : پیٹھ توڑ دینا۔
الاَهْصَاء : مضبوط و توانا لوگ۔
هَضَّ (ن) هَضًّا الشَّيْءَ : توڑنا اور باریک

کرنا۔ لفت مقر لی هضیض و هضوض

هَضَّتِ الْإِبِلُ: اُونٹ کا تیز دوڑنا۔ هَضَّ فُلَانٌ الْمَشْيَ: تیز چال چلنا۔۔۔۔۔فلانًا: بھڑکانا۔ اُکسانا۔

هَضْهَضَ: زمین پر زور سے پاؤں مارنا۔

اِنْهَضَّ الشَّيْءُ: ٹوٹنا۔

اِهْتَضَّ الشَّيْءُ: توڑنا۔ کہا جاتا ہے "اِهْتَضَّ نَفْسَهُ لِفُلَانٍ" وہ فلاں کے سامنے تابعدار ہو گیا اور بغیر انصاف کے راضی ہو گیا۔

الْهَضَّاءُ: لوگوں کی جماعت۔ گھوڑوں کا گلہ۔

الْهَضَّاضُ: اسم مبالغہ۔ فَحْلٌ هَضَّاضٌ: جوانوں کی گردن توڑ دینے والا۔

الْهَضَضُ: ٹوٹ۔

هَضَبَتْ (ض) هَضْبًا السَّمَاءُ: برسنا۔۔۔۔۔ السَّمَاءُ الْقَوْمَ: اچھی طرح سے تر کر دینا۔

هَضَبَ الرَّجُلُ: سست چال چلنا۔۔۔۔۔الْقَوْمُ فِي الْحَدِيثِ: باتوں میں مشغول ہونا اور آواز بلند کرنا اور کہا جاتا ہے "اِهْضِبُوْا يَاقَوْمُ" یعنی بات چیت کرو۔

اَهْضَبَ الْقَوْمُ: پہاڑ کی چوٹیوں پر اترنا۔

اِهْتَضَبُوْا فِي الْحَدِيثِ: باتوں میں مشغول ہونا اور آواز بلند کرنا۔

اِسْتَهْضَبَ الْجَبَلُ: پہاڑ کا زمین پر پھیلا ہوا ہونا۔ مستطیل ہونا۔

الْهَضْبَةُ: زمین پر پھیلا ہوا پہاڑ۔ اکیلا لمبا پہاڑ۔ بلند زمین۔ بارش کی بوچھاڑ۔ ج هِضَبٌ وهُضُبٌ وهِضَابٌ وهَضَبَات وج اَهَاضِيب. رَجُلٌ هَضِبَةٌ: بہت بولنے والا مرد۔

الْهِضَبُ: مضبوط و قوی۔ بہت پسینے والا گھوڑا۔

غَنَمٌ هَضِيبٌ: کم دودھ والی بکری۔

الْأُهْضُوْبَةُ مِنَ الْمَطَرِ: بارش کی بوچھاڑ۔ ج اَهَاضِيب.

رَوْضَةٌ مَهْضُوْبَةٌ: بارش سے سیراب باغ۔

هَضَجَ الْمَوَاشِي: اچھی طرح نہ چرانا۔

صِبْيَانٌ هَضْبَجٌ: چھوٹے بچے (اس کیلئے واحد نہیں)

هَضَلَ (ن ض) هَضْلًا بِالشِّعْرِ او بِالْكَلَامِ: بہت کہنا۔

اَهْضَلَتِ السَّمَاءُ: برسنا۔۔۔۔۔الدَّلْوُ: ڈول کا کنوئیں میں ٹکرا کر پانی سے بھر جانا۔

الْهَضْلُ: مص۔ بہت۔

الْهَضْلَاءُ: لمبے پستان والی عورت۔

الْهَضَّالُ: حدی گانے والا۔

الْهَيْضَلُ: ہتھیار بند جماعت۔ بڑا لشکر جَمَلٌ هَيْضَلٌ: موٹا بڑا لمبا اونٹ۔

الْهَيْضَلَةُ مِنَ النُّوقِ: موٹی لمبی اونٹنی۔ عمر رسیدہ۔ زیادہ دودھ دینے والی۔ ادھیڑ عورت۔ ہتھیار بند جماعت۔ لوگوں کی آواز۔

هَضَمَ (ن) هَضْمًا الشَّيْءَ: توڑنا۔۔۔۔۔ فُلَانًا: ظلم کرنا۔ غصب کرنا اور اسم الْهَضِيمَة. هَضَمَهُ حَقَّهُ: حق کم کرنا۔ هَضَمَ لَهُ مِنْ حَقِّهِ شَيْئًا: رضامندی سے اپنے حق میں سے کچھ چھوڑ دینا۔۔۔۔۔لَهُ مِنْ مَالِهِ: دینا۔ هَضَمَتِ الْمِعْدَةُ الطَّعَامَ: غذا کو جز و بدن ہونے کے قابل بنا دینا۔ هَضَمَ عَلَى الْقَوْمِ: اچانک پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "مَا شَعَرُوْا بِنَا حَتّٰى هَضَمْنَا عَلَيْهِمْ" اُن کو ہماری اطلاع نہیں ہوئی اور ہم اچانک ان کے پاس پہنچ گئے "وَمَا هَضَمَ عَلَيْهِ" وہ اس سے قریب نہیں ہوا۔

هَضِمَ (س) هَضَمًا: نازک اور پتلی کمر والا ہونا۔ صفت مذکر اَهْضَم مؤنث هَضْمَاء ج هُضْم کہا جاتا ہے "فِي كَشْحِهِ هَضَمٌ" یعنی وہ بڑے پیٹ والا نہیں ہے یا اس کی کمر پتلی ہے۔ هَضِمَتِ الْخَيْلُ: گھوڑے کا اُٹھی ہوئی پسلیوں اور پچکے ہوئے پیٹ والا ہونا (اور یہ عیب ہے)

تَهَضَّمَهُ: ظلم کرنا۔ چھین لینا۔ ذلیل کرنا۔ توڑنا۔ تَهَضَّمَ لِلْقَوْمِ: مطیع ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَهَضَّمْتُ لَهُ نَفْسِيْ" یعنی میں اس سے بغیر انصاف کے راضی ہو گیا۔

اِنْهَضَمَ الطَّعَامُ: غذا کا جز و بدن ہونے کے قابل ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا طَعَامٌ سَرِيْعُ الْاِنْهِضَامِ" یہ کھانا جلدی جز و بدن ہونے کے قابل ہے۔۔۔۔۔الشَّيْءُ: ملنا۔

اِهْتَضَمَهُ: ظلم کرنا۔ چھین لینا۔ حق دبانا۔

الْهَاضِمُ: فا۔ شَيْءٌ هَاضِمٌ: نرم چیز۔

الْهَاضِمَة. الْهَاضِم: کا مؤنث۔ غذا کو جز و بدن بنانے والی قوت۔

الْهَاضُوْمُ: کھانے کو ہضم کرنے والی دوا۔ اپنے مال کو خرچ کرنے والا۔ شیر۔

الْهَضَّامُ: اسم مبالغہ۔ کھانے کو ہضم کرنے والی دوا۔

الْهَضْمُ: مص۔ غذا کا جز و بدن ہونا۔

الْهَضْمُ والْهِضْمُ: پست زمین۔ بطن وادی ج اَهْضَام وهُضُوْم (۔۔۔۔۔والْهَضْمُ والْهَضْمَة) بخور کی ایک قسم۔

الْهَضُوْمُ: غذا کو ہضم کرنے والی چیز۔ يَدٌ هَضُوْمٌ: فیاض ہاتھ۔ ج هُضُم اور کہا جاتا ہے "فِتْيَانٌ هُضُمٌ" خرچ کرنے والے جوان۔ "وَرَجُلٌ هَضُوْمُ الشِّتَاءِ" قحط کے زمانے میں خرچ کرنے والا مرد۔

الْهَضِيْمُ: توڑا ہوا۔ اِمْرَاَةٌ هَضِيْمٌ: پتلی کمر والی عورت۔ بَطْنٌ هَضِيْمٌ: پتلا پیٹ۔ قَصَبَةٌ هَضِيْمٌ: بانسری۔

الْهَضِيْمَة: ظلم۔ غصب۔ کھانا جو میت کے بعد کھلایا جائے۔ ج هَضَائِم.

الْاَهْضَمُ: موٹے دانتوں والا۔ مؤنث هَضْمَاء ج هُضْم. واَهْضَمُ الْكَشْحَيْنِ: پتلے پہلوؤں والا۔

الْمَهْضُوْمَة: خشک اور بان سے مرکب ایک خوشبو۔ قَصَبَةٌ مَهْضُوْمَةٌ: بانسری۔ کہا جاتا ہے "رَاَيْتُهُ مُتَهَضِّمًا" میں نے اس کو غمزدہ دیکھا۔

هَاضَاهُ مُهَاضَاةً: بیوقوف سمجھنا۔ حقیر جاننا۔

الْهَضَاة: گیسو۔ گدھی۔

الْاَهْضَاء: لوگوں کی جماعت۔

هَطَرَ (ض) هَطْرًا۔الكَلْبَ: لکڑی سے مار ڈالنا یا مارنا۔
تَهَطَّرَتِ الْبِئْرُ: ویران ہونا۔ گرنا۔ تَهَطَّرَ الرَّجُلُ: ذلیل ہونا۔
الـهَطْرَة: اسم مرۃ۔ غنی کے سامنے سوال کے وقت فقیر کی ذلت۔
تَهَطْرَسَ الرَّجُلُ: لچک لچک کر چلنا۔
هَطَعَ (ف) هَطْعًا وهُطُوعًا: ڈرتے ہوئے جلدی پیش قدمی کرنا۔ ایک ہی طرف ٹکٹکی لگانا۔
اَهْطَعَ: گردن اٹھانا اور سر جھکانا...... فِي السَّيْرِ: ڈر سے جلدی چلنا۔
اِسْتَهْطَعَ البَعِيْرُ فِيْ سَيْرِهٖ: اُونٹ کا دوڑنا۔
الهَطِيْع: کشادہ راستہ۔
نَاقَةٌ هَطْعٰى: تیز رو اونٹنی۔
المُهْطِع: فا۔ ذلت اور عاجزی سے ایک ہی طرف نظر جمانے والا۔
هَطَفَ (ض) هَطْفًا الرَّاعِي: دوہنا۔
السَّمَاءُ: برسانا۔
الهَطِف: بہت بارش۔
هَطَلَ (ض) هَطْلاً وهَطَلَانًا وتَهْطَالاً الْـمَطَرُ: متفرق طریقہ سے بڑی بڑی۔ بوندوں والی لگاتار بارش ہونا۔ صفت مذکر هَاطِل صفت مؤنث هَاطِلَةٌ ج هُطَّل...... الجَرْيُ الفَرَسَ: پسینہ بہانا۔ هَطَلَتِ النَّاقَةُ: اُونٹنی کا آہستہ چال چلنا۔ هَطَلَ الرَّجُلُ: اپنی ضرورت سے پیدل چل کر جانا۔ هَطَلَتِ الْعَيْنُ بِالدَّمْعِ: آنسو بہانا۔
تَهَطَّلَ الْـمَطَرُ: بڑی بوندوں والی لگاتار بارش ہونا۔
تَهَاطَلُوا عَلٰى كَذَا: ایک دوسرے کے پیچھے آنا۔
الهَاطِل: فا۔ گنجان کھیتی۔
الهَطَّال مِنَ الْمَطَرِ والسَّحَاب: زور سے بڑی بوندوں سے برسنے والی بارش۔
الهَطْل: مص۔ لگاتار آہستہ بارش۔ تھکن۔
الهِطْل: بھیڑیا۔ چور۔ بیوقوف۔

دِيْمَةٌ هُطُلٌ: لگاتار بارش۔
الهَـطِـل: بڑی بوندوں کی متفرق لگاتار بارش۔ کہا جاتا ہے "مَطَرٌ هَطِلٌ وسَحَابٌ هَطِلٌ" کہا جاتا ہے دِيْمَةٌ هَطْلَاءُ: بڑی بوندوں کی متفرق لگاتار بارش اور "سَحَابٌ اَهْطَلُ" نہیں بولا جاتا۔ جس طرح "فَرَسٌ رَوْعَاءُ" تو کہتے ہیں مگر مذکر کیلئے "اَرْوَع" نہیں کہتے۔ "اِمْرَاَةٌ حَسْنَاءُ" تو بولتے ہیں مگر مرد کو "اَحْسَن" نہیں کہتے۔
نَاقَةٌ هَطْلٰى: آہستہ رو اونٹنی۔ کہا جاتا ہے "مَشَتِ الظِّبَاءُ هَطْلٰى" یعنی ہرنیاں آہستہ چلیں۔ اِبِلٌ هَطْلٰى وهَطَلٰى: بغیر ساربان کے چھوٹے ہوئے اونٹ۔
الهَيْطَل: لومڑی۔ الهَيْطَل: غازیوں کی قلیل جماعت۔ ماوراء النہر کے چند شہروں کا نام۔ ترکوں یا ہندوستانیوں کی ایک قوم ج هَيَاطِل وهَيَاطِلَة۔
الهَيْطَلَة: پیتل یا تانبے کی دیگچی (دخیل)
هَطْلَسَ الشَّيْءَ: سارا لے لینا۔
تَهَطْلَسَ اللِّصُّ: چور کا حیلہ و فریب کرنا...... الْمَرِيْضُ مِنْ عِلَّتِهٖ: مریض کا بیاری سے افاقہ پانا۔ صحت یاب ہونا۔
الهَطْلَس والهِطْلَس: بٹ مار۔ چور۔ بھیڑیا۔ بڑا لشکر۔
هَطْهَطَ الفَرَسُ: گھوڑے کا ہنہنانا...... الرَّجُلُ: تیز چلنا...... فِي الْعَمَلِ: جلدی کرنا۔
الهَطَاهِط: گھوڑا۔
هَطَا يهطو هَطْوًا بكذا: پھینکنا۔
الهُطٰى: پچھاڑ۔ سخت مار۔
هَعَّ (ن) هَعًّا وهَعَّةً: قے کرنا۔
هَفَّ (ض) هَفًّا وهَفِيْفًا الرِّيْحُ: ہوا کا سائیں سائیں کرنا۔ هَفَّ الرَّجُلُ: تیز چلنا...... الشَّيْءُ: سبک اور چمکدار ہونا۔
اِهْتَفَّ السَّرَابُ: سراب کا چمکنا۔
اِهْتَفَّتْ اُذُنُهٗ: کان کا سائیں سائیں کرنا۔
الهِفُّ: کھیتی جس کے کاٹنے میں تاخیر ہو جائے اور اس کے دانے گر جائیں۔ [illegible] مچھلیاں۔ پانی کے بڑے بڑے کالے کیڑے۔ واحد هِفَّةٌ والهِفُّ: ہلکا پھلکا مرد۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هِفٌّ" کم شہد یا بے شہد کا چھتہ۔ ہر ہلکی چیز جس کے جوف میں کچھ نہ ہو۔ سَحَابٌ هِفٌّ: پتلا بے پانی کا بادل۔ کہا جاتا ہے "مَا فِي بَيْتِكَ هُفَّةٌ وَلَا سُفَّةٌ" یعنی تمہارے گھر میں کھانے پینے کی کوئی چیز نہیں۔ کہا جاتا ہے "هَفَّتْ هَافَّةٌ مِنَ النَّاسِ" قحط سالی کی وجہ سے لوگوں کی جماعت آ گئی۔
الهَفَّاف: چمکدار...... مِنَ الْاَجْنِحَة: اڑنے میں ہلکا...... مِنَ الْقُمُصِ: پتلی شفاف قمیص...... مِنَ الْحُمُرِ: سبک و چست...... مِنَ الظِّلَالِ: ٹھنڈا سایہ اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَفَّافُ الْقَمِيْصِ" ہلکا پھلکا مرد۔
الهَفَّافَة۔الهَفَّاف: کا مؤنث۔ رِيْحٌ هَفَّافَةٌ: خوشگوار یا تیز چلنے والی ہوا۔
الهَفَّان: نشان قدم۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ عَلٰى هَفَّانِهٖ" وہ اس کے نشان قدم پر آیا۔
جَارِيَةٌ مُهَفْهَفَةٌ: پتلی کمر والی لڑکی۔
هَفَتَ (ض) هَفْتًا وهَفَتَانًا الشَّيْءُ: خفت کی وجہ سے اڑنا۔ پست ہونا۔ باریک ہونا...... الرَّجُلُ: بلا سوچے سمجھے بہت بولنا۔
تَهَافَتَ عَلَى الشَّيْءِ: لگاتار گرنا (اکثر اس کا استعمال شر میں ہوتا ہے)...... الْفَرَاشُ عَلَى النَّارِ: پروانہ کا آگ میں گرنا...... النَّاسُ عَلَى الْمَاءِ: ہجوم کرنا...... القَوْمُ: مر کر گرنا...... الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہو کر ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
اِنْهَفَتِ الشَّيْءُ: پست ہونا۔ ذلیل ہونا۔
الهَفَات: بے وقوف۔
الهَفْت: مص۔ پست زمین۔ بہت بیوقوفی۔ کسی چیز کا ٹکڑے ٹکڑے ہو کر گرنا۔ الهَفْتُ مِنَ الْمَطَرِ: جلدی برسنے والی بارش...... مِنَ الْكَلَامِ: بلا سوچ و سمجھ کے بہت گفتگو۔
الهَفِيْتَةُ مِنَ النَّاسِ: بھوک یا تنگی کے مارے

ہوئے لوگ۔

المَهْفُوت: حیرانی۔

تَهَفَّکَ: اضطراب کے ساتھ سست چال چلنا۔

المُتَهَفِّک: فا۔ اضطراب کے ساتھ سست چال چلنے والا(...... والـمُهَفَّک) بہت غلطی اور گڑبڑی کرنے والا۔

هَفْهَفَ هَفْهَفَةَ الرَّجُلُ: لاغراندام و نازک ہونا...... الشَّیْ: ہلانا۔

تَهَفْهَفَ الرَّجُلُ: لاغراندام و نازک ہونا۔

ظِلٌّ هَفْهَفٌ: ٹھنڈا سایہ جس میں ہوا چل رہی ہو۔

الهَفْهَاف: پتلے پیٹ والا۔ پیاسا...... مِنَ القُمُصِ وَالأَجْنِحَةِ: پتلا و شفاف۔ ظِلٌّ هَفْهَاف: ٹھنڈا سایہ جس میں ہوا چل رہی ہو۔ غُرْفَةٌ هَفْهَافَةٌ: سایہ دار ٹھنڈا جھروکہ۔

المُهَفْهَفُ: پتلے پیٹ باریک کمر والا مؤنث مُهَفْهَفَةٌ۔

هَفَا يَهْفُو هَفْوًا وهَفْوَةً وهَفَوَانًا: تیز دوڑنا ...... الـطَّـائِـرُ: پر پھڑپھڑانا اور اُڑنا...... الرَّجُلُ: پھسلنا۔ بھوکا ہونا۔

هَفَتْ تَهْفُو هَفْوًا وهُفُوًّا الـرِّيْشَةُ او الصُّوفَةُ فِي الْهَوَاءِ: پر یا اون کا اِدھر اُدھر اڑنا...... الـرِّيْحُ بِـالصُّوفَةِ: ہوا کا اُون کو اِدھر اُدھر اڑانا۔ هَفَا الْفُؤَادُ: دِل کا دھڑکنا' فریفتہ ہونا...... فُلَانٌ: اوچھا ہونا۔ هَـفَـا الظَّلِيْمُ: شترمرغ کا دوڑنا اور کہا جاتا ہے "هَفَا الْقَلْبُ مِنَ الْحُزْنِ او مِنَ الطَّرَبِ" دل غم سے پراگندہ ہوا یا خوشی سے قابو میں نہیں رہا۔

هَافَاهُ مُهَافَاةً: خواہش کی طرف مائل کرنا۔

الهَافِي: فا۔ بھوکا۔

الهَـافِيَة. الهَـافِي: کا مؤنث ج هَـوَافٍ هَوَافِي الإِبِلِ: گم شدہ اونٹ۔

الهَفَا: بارش جو کبھی برسے کبھی رک جائے۔

الهَفَاء: غلطی۔ لغزش۔

الهَفَاة: بارش۔ رَجُلٌ هَفَاةٌ: بیوقوف مرد۔

الهَفْوَة: لغزش ج هَفَوَات۔

الأَهْفَاء: بیوقوف لوگ۔

هَقَّ (ض) هَقًّا الرَّجُلُ: بھاگنا۔

هَقَعَ (ف) هَقْعًا الفَرَسَ: گھوڑے کو داغ دینا۔

تَهَقَّعَ الرَّجُلُ عَلَيْنَا: نادانی برتنا۔ تکبر کرنا۔ فعل قبیح کا ارتکاب کرنا۔

تُهُقِّعَ: اوندھا ہونا۔

اِنْهَقَعَ الرَّجُلُ: سخت بھوکا ہونا۔

اُهْتَـقَـعَـهُ: باز رکھنا۔ منع کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِهْتَـقَـعَ فُلَانًا عِرْقُ سُوْءٍ" فلاں کو بداصلی نے عزت و شرافت تک پہنچنے سے روک دیا "اِهْتَـقَعَتِ الْحُمّٰى فُلَانًا" ایک دن ناغہ دے کر بخار آنا۔ اِهْتَـقَـعَ الشَّیْءُ فُلَانًـا: دوبارہ لوٹ کر آنا۔

اُهْتُقِعَ لَوْنُهُ: خوف یا گھبراہٹ سے رنگ بدل جانا۔

الهُقَاع: غم یا بیماری کی وجہ سے غفلت۔

الهَقِع: لالچی۔ مؤنث هَقِعَة۔

الهَقْعَة. هَقَعَ: کا اسم مرة۔ جوزا کے اوپر تین روشن ستارے جو دیگدان کے پایہ کے مانند ایک دوسرے سے قریب ہیں۔ الهَـقْـعَة: گھوڑے کے سینہ کے وسط میں دائرہ۔

الهُقَعَة: لوگوں کے درمیان بہت ٹیک لگانے والا یا لیٹنے والا۔

الهَيْـقَـعَة: تلوار کی جھنکار۔ تلوار کی جھنکار کی نقل۔ کہا جاتا ہے "سَـمِـعْـتُ لِلسُّيُوفِ هَيْـقَـعَةً" میں نے تلواروں کی جھنکار سنی۔ آواز سننے کے لئے خشک چیز کو خشک چیز پر مارنا۔ یا لوہے کو پتھر سے مارنا۔

الـمَهْقُوع: مفع ...... مِنَ الْخَيْلِ: سینہ کے وسط میں دائرہ رکھنے والا گھوڑا۔

الهَاقِل: چوہا۔

الهِـقْـل: جوان شترمرغ۔ لمبا بیوقوف۔ مؤنث هِقْلَة۔

الهَقِل: بھوکا۔

الهَيْقَل: جوان شترمرغ۔ گوہ۔

الهَيْـقَـلَة: ایک قسم کی چال۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ يَمْشِي الهَيْقَلَة"۔

هَقِمَ (س) هَـقَـمًا: بہت بھوکا ہونا۔ صفت هَقِم: بہت کھانا اور بدہضمی نہ ہونا۔

تَهَقَّمَهُ: مغلوب کرنا۔ تَهَـقَّمَ الطَّعَامَ: پے در پے بڑے بڑے لقمے نگلنا۔

الهِقَمّ: سمندر۔ بہت کھانے والا مرد۔

الهَيْقَم: وسیع سمندر۔ سمندر کا شور۔

هَقَى يَهْقِي هَقْيًا: بکواس کرنا اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَهْـقِي بِفُلَانٍ" فلاں فلاں کے ساتھ بک بک کرتا ہے...... فُلَانًـا: گالی دینا...... فُؤَادُهُ: دل پراگندہ ہونا۔

أَهْقَاهُ إِهْقَاءً: خراب کرنا۔

هَكَّ (ن) هَـكًّـا: گوز کرنا...... الطَّـائِـرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا...... الـنَّـعَـامُ: شترمرغ کا پاخانہ کرنا...... الشَّـیْءَ: پیسنا۔ صفت مفعولی مَهْكُوك ومَهْكِيك. هَـكَّهُ بِالرُّمْحِ: پیاپے نیزہ مارنا۔ هَـكَّـهُ بِـالسَّيْفِ: تلوار مارنا۔ هَـكَّـتِ النَّبِيْذُ فُلَانًا: مست کرنا...... الـلَّبَنَ: دودھ نکالنا...... فُلَانًـا: لاغر کرنا...... الـنَّـجَّار الخَرْقَ: بڑھئی کا سوراخ کو کشادہ کرنا...... الجَارِيَةَ: بہت جماع کرنا۔ هَـكَّتِ البِئْرُ: کنوئیں کا گرجانا۔

هُكَّ الشَّیْءُ: گرایا جانا۔

تَهَكَّكَ الرَّجُلُ: مضطرب ہونا۔

الأُنْثَى: قریب الولادہ ہونے کی وجہ سے تھن کا بڑا ہونا۔

اِنْهَكَّ الْـبَـعِـيْرُ: بیٹھنے کے وقت زمین سے چمٹنا...... الـرَّجُلُ: مست ہونا۔ اِنْهَـكَّـتِ الْبِـئْـرُ: کنوئیں کا گرنا۔ کہا جاتا ہے "مَـا يَنْهَكُّ يَفْعَلُ كَذَا" وہ ہمیشہ ایسا کرتا رہا۔

الهَكُّ: مص۔ فاسد العقل ج هَـكَـكَةٌ وأَهْكَاك: سخت بارش۔

الهَـكُـوك: ہنسی مذاق کرنے والا۔ کمزور کمینہ۔

اَحْمَقُ هَاكٌّ: انتہائی بیوقوف۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَكَّاكٌ بِالْكَلَامِ" غلط کلام کو صحیح سمجھ

کر بولنے والا۔
الهَكُوك: موٹا۔ ہنسی مذاق کرنے والا۔ سخت جگہ اور بقول بعض نرم جگہ۔
الهَكِيك: پیا ہوا۔ مخنث۔
المَهْكُوك: مفع۔ کلام میں ہنسی مذاق کرنے والا۔ مسخرا۔
المُنْهَكَة: دُشواری سے بچہ جننے والی عورت۔
هَكَبَ (ض) هَكْبًا بِه: ٹھٹھا کرنا۔
هَكَدَ عَلى غَرِيمِه: قرض دار پر سختی کرنا۔
هَكَرَ (ض). وهَكِرَ (س) هَكْرًا وهَكَرًا وهَكَرًا مِنْ كَذَا: سخت متعجب ہونا۔
هَكِرَ (س) هَكْرًا وهَكَرًا: اونگھنا۔
تَهَكَّرَ: تعجب کرنا۔ حیران ہونا۔
الهَكِرُ: متعجب (...... والهكر) اونگھنے والا۔ کہا جاتا ہے مَا فِيهِ مَهْكَرًا أَوْ مَهْكَرَةٌ: اس میں کوئی تعجب نہیں۔
هَكَعَ (ف) هُكُوعًا: ٹھہرنا۔ مطمئن ہونا۔
هَكَعَتِ البَقَرُ تَحْتَ الشَّجَرِ: سخت گرمی میں درخت کے نیچے سایہ لینا...... الرَّجُلُ: اقامت کرنا۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ فُلانٌ فَمَا يُدْرَى أَيْنَ سَكَعَ وأَيْنَ هَكَعَ" فلاں گیا نہیں معلوم ہے کس طرف گیا اور کہاں اقامت کی۔ هَكَعَ اللَّيْلُ: تاریکی پھیلانا ...... فُلانٌ بِالقَوْمِ وإلَى القَوْمِ: شام ہونے کے بعد قوم کے پاس واپس آنا...... الرَّجُلُ: غم یا غصہ سے سر جھکانا...... إلَى الأَرْضِ: اوندھا ہونا...... عَظْمُهُ: درستی کے بعد ٹوٹنا۔
هَكِعَ (س) هَكَعًا واهْتَكَعَ: مطیع ہونا۔ گھبرانا۔ عاجزی کرنا۔
الهُكَاع: کھانسی۔ تھکن کے بعد کی نیند۔
الهَكُوع: درخت کے نیچے سایہ لینے والی گایوں کا ریوڑ۔
الهُكَعَة: بیوقوف۔
هَكَّلَ تَهْكِيلًا الحِصَانُ أَوِ المَرْأَةُ: گھوڑے یا عورت کا اٹھلاتے ہوئے چلنا۔
تَهَاكَلَ القَوْمُ: کسی معاملہ میں جھگڑا کرنا۔

هَكَّلَ الزَّرْعُ: کھیتی کا بوھنا اور لمبا ہونا۔
الهَيْكَل: لمبی اور بڑی نباتات یا درخت۔ واحد هَيْكَلَة: بلند عمارت۔ موٹا (ہر جاندار) گرجا میں قربان گاہ۔ صورت۔ پیکر۔ مجسمہ ج هَيَاكِل. فَرَسٌ هَيْكَلٌ: بلند گھوڑا۔
هَكَّمَ تَهْكِيمًا فُلانًا ولِفُلانٍ: کسی کے لئے گانا۔
تَهَكَّمَتِ البِئْرُ ونحوها: کنوئیں کا گرنا۔
تَهَكَّمَ فُلانًا وبِفُلانٍ: ٹھٹھا کرنا...... زَيْدًا: پیاپے نیزہ مارنا...... الرَّجُلُ: جھوٹی مغرورانہ چال چلنا اور ہر چیز میں مقدار سے بڑھ جانا۔ تَهَكَّمَ عَلَى فُلانٍ: سخت غضبناک ہونا...... عَلَى الأَمْرِ الفَائِتِ: نادم ہونا...... المَطَرُ: ناقابل برداشت بارش ہونا...... فُلانٌ: گانا...... لِفُلانٍ: کسی کیلئے گانا...... بِفُلانٍ: بہت یاد کرنا۔
الهَكِمُ: لایعنی اُمور میں پھنسنے والا۔ شریر۔
الأُهْكُومَة: ٹھٹھا۔ استہزاء۔
المُتَهَكِّم والمُسْتَهْكِم: مغرور۔
تَهَكَّنَ عَلَى الأَمْرِ الفَائِتِ: نادم ہونا۔
(هَكَا) هَاكَاهُ مُهَاكَاةً: اپنی عقل کو عاجز و ناکام سمجھنا۔
الأَهْكَاء: حیران لوگ۔
هَلْ: حرف استفہام بمعنی کیا جیسے "هَلْ طَلَعَ النَّهَارُ" کیا دن نکل آیا اور "هَلْ" نسبت ایجابیہ کیلئے مخصوص ہے جیسے "هَلْ قَامَ زَيْدٌ" اور "هَلْ لَمْ تَقُمْ زَيْدٌ" نہیں کہا جاتا اور اگر نسبت سلبیہ سے استفہام مقصود ہو تو ہمزہ لاتے ہیں اور هَلْ: اپنے اسم پر بھی داخل نہیں ہوتا جس کے بعد فعل ہو اسی لئے "هَلْ قَامَ زَيْدٌ" اور هَلْ زَيْدٌ قَائِمٌ: کہنا تو جائز ہے مگر "هَلْ زَيْدٌ قَامَ" کہنا جائز نہیں۔
اور هَلْ: جملہ شرطیہ پر بھی داخل نہیں ہوتا اس وجہ سے کہ اس میں ایجاب و نفی دونوں کا احتمال ہے اور اس جملہ پر بھی داخل نہیں ہوتا جس پر اِنَّ حرف تحقیق داخل ہو اس لئے کہ اِنَّ تقریر واقع کے لئے آتا ہے اور هَلْ استفہام کیلئے اور ان دونوں میں منافات ہے۔ اسی وجہ سے "هَلْ إِنْ قَامَ زَيْدٌ قُمْتُ" اور "هَلْ إِنَّ زَيْدًا قَائِمٌ" کہنا جائز نہیں۔ بخلاف ہمزہ کے کہ یہ استفہام میں اصل ہے اور اس میں بڑی وسعت ہے۔
اور هَلْ: جب مضارع پر داخل ہو تو استقبال کے لئے خاص کر دیتا ہے۔ اسی وجہ سے هَلْ تَذْهَبُ الآنَ: کہنا جائز نہیں۔
هَلَّ (ن) هَلًّا المَطَرُ: زور سے برسنا...... الهِلالُ: نیا چاند نکلنا...... هَلَّ الشَّهْرُ: مہینہ شروع ہونا...... الرَّجُلُ: خوش ہونا۔ چلانا۔
هَلَّلَ تَهْلِيلًا: تسبیح پڑھنا۔ هَلِّلُويَا (عبرانی کلمہ ہے جس کے معنی ہیں "پروردگار کی تسبیح پڑھو"۔ کہنا (دخیل) لا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ کہنا اور یہ هَيْلَلَة سے ماخوذ ہے جیسے بَسْمَلَة بِسْمِ اللهِ پڑھنا اور حَوْقَلَة لا حَوْلَ وَلا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ: کہنا۔ کہا جاتا ہے "سَبَّحَ فُلانٌ وهَلَّلَ" فلاں نے تسبیح پڑھی اور لا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ کہا۔ وهَلَّلَ الرَّجُلُ: بزدل ہونا۔ کہا گیا ہے هَلَّلَ عَنْ قِرْنِه: پیچھے ہٹنا...... عَنْ شَتْمِه: گالی دینے سے رک جانا۔ ہٹ جانا...... الكِتَابَ: لکھنا۔
هَالَّ هِلالًا ومُهَالَّةً الأَجِيرَ: ماہوار اجرت مقرر کرنا۔ تم کہتے ہو "تَكَارَيْتُهُ مُهَالَّةً" یعنی ایک چاند سے دوسرے چاند تک جیسا کہ "مُشَاهَرَةً" یعنی ایک مہینہ سے دوسرے مہینہ تک۔
أَهَلَّ الهِلالُ: نیا چاند نکلنا...... الشَّهْرُ: مہینہ شروع ہونا۔ أَهَلَّ القَوْمُ الهِلالَ: چاند دیکھتے وقت آواز بلند کرنا...... الصَّبِيُّ: بچے کا رونے میں آواز بلند کرنا...... الرَّجُلُ: نیا چاند دیکھنا...... السَّيْفُ بِفُلانٍ: تلوار کا کاٹنا...... العَطْشَانُ: پیاسے کا تھوک جمع ہونے کے لئے زبان کو تالو سے ملانا...... السَّحَابُ: برسانا...... الشَّهْرَ: مہینہ کا چاند دیکھنا۔ المُلَبِّي: تلبیہ کے وقت آواز بلند کرنا...... فُلانٌ بِذِكْرِ اللهِ: کسی نعمت یا کسی

عجیب چیز کو دیکھ کر اللہ کے ذکر میں آواز بلند کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَهَلَّ بِالتَّسْمِيَةِ عَلَى الذَّبِيْحَةِ" اس نے ذبیحہ پر اللہ کا نام لیا۔

اُهِلَّ الْهِلَالُ: نیا چاند نکلنا...... الشَّهْرُ: مہینہ شروع ہونا۔

تَهَلَّلَ الْوَجْهُ اَوِ السَّحَابُ: چمک اٹھنا۔

......فُلَانٌ: خوشی سے دمکتے ہوئے چہرے والا ہونا۔ تَهَلَّلَتِ الْعَيْنُ: آنسو بہانا۔

تَهَلَّلَت دُمُوْعُهُ: آنسو بہنا۔

اِنْهَلَّ الْمَطَرُ: زور سے آواز کے ساتھ بارش ہونا۔ اِنْهَلَّتِ الْعَيْنُ: آنسو بہانا

......السَّمَاءُ بِالْمَطَرِ: برسانا۔

اِهْتَلَّ الْوَجْهُ والسَّحَابُ: چمک اٹھنا......

الرَّجُلُ: ہنسنے میں دانت ظاہر کرنا......

الْمَطَرُ: زور سے آواز کے ساتھ برسنا۔

اِسْتَهَلَّ الْمَطَرُ: زور سے آواز کے ساتھ برسنا...... السَّمَاءُ: پہلی بارش برسانا۔

الْقَوْمُ الْهِلَالَ: نیا چاند دیکھنا...... الشَّهْرُ: مہینہ شروع ہونا...... الشَّهْرَ: مہینہ کا نیا چاند دیکھنا...... الْوَجْهُ: خوشی سے دمک اٹھنا۔

الصَّبِيُّ: پیدائش کے وقت چلانا اور ایسا ہی ہر بولنے والے کے آواز بلند کرنے کو اِسْتِهْلَال کہتے ہیں۔ وَاسْتَهَلَّتِ الْعَيْنُ: آنسو بہانا۔

اِسْتُهِلَّ الْهِلَالُ: نیا چاند نکلنا۔ اُسْتُهِلَّ السَّيْفُ: سونتا جانا۔

اَلْهِلَالُ: مصدر هَالَ کا۔ نیا چاند۔ شروع مہینہ کی دو راتوں یا تین راتوں یا سات راتوں کے چاند کو ہلال کہتے ہیں اور مہینہ کی آخری دو راتوں چھبیسویں اور ستائیسویں کے چاند کو بھی اور ان کے علاوہ کے چاند کو قمر کہتے ہیں۔

وَالْهِلَالُ عِنْدَ اَهْلِ الْهَيْئَةِ: پہلی رات کا چاند الْهِلَالُ: تھوڑا پانی۔ شکار کو زخمی کرنے کا لوہا۔ سانپ اور بقول بعض نر سانپ۔ سانپ کی کینچلی۔ جوتے کا تسمہ۔ دبلا اونٹ۔ غبار۔ ناخن کی جڑ کی سفید۔ اونٹ کا نشان۔

خوبصورت لڑکا۔ چکی وغیرہ کا کنارہ جبکہ ٹوٹ جائے۔ بوچھار۔ پہلی بارش۔ ج اَهِلَّةٌ اور اَهَالِيْلُ (نادر)

الْاَهَالِيْلُ: بارشیں۔ اس کے لئے واحد نہیں یا اس کا واحد اُهْلُول ہے۔

الْهَلَالُ: پہلی بارش۔

الْهَلُّ: مص۔ باریک بال۔ کپڑا۔

الْهِلُّ: نموداری۔ ماہ نو۔ کہا جاتا ہے "اَتَيْتُهُ فِي هِلِّ الشَّهْرِ" میں اس کے پاس نئے چاند طلوع ہونے کے وقت آیا۔

الْهَلَلُ: خوف۔ ڈر۔ کہا جاتا ہے "هَلَّكَ فُلَانٌ هَلَلًا" فلاں خوف کی وجہ سے ہلاک ہو گیا۔ پہلی بارش۔ مکڑی کا جالا۔ بارشیں۔ واحد هَلَّةٌ.

هَلَّا: کلمۂ تخصیص و تندیم ہے۔ مرکب ہے هَلْ وَلَا سے۔ اگر ماضی پر داخل ہو تو ترک فعل پر ملامت کے لئے جیسے هَلَّا آمَنْتَ یعنی تم ایمان کیوں نہیں لائے اور اگر مضارع پر داخل ہو تو برانگیختہ کرنے کیلئے جیسے "هَلَّا تُؤْمِنُ" تم ایمان کیوں نہیں لاتے ہو۔

الْهُلَّى: خوشی جو غم کے بعد حاصل ہو۔

الْهَلَّةُ هَلٌّ: کا اسم مرۃ۔ هَلَلٌ: کا واحد۔ چراغ دان اور کہا جاتا ہے "اَتَيْتُهُ فِي هَلَّةِ الْقَمَرِ" میں اس کے پاس چاند کے طلوع کے وقت آیا (وَمَا اَصَابَ هَلَّةً) اس نے کچھ نہیں پایا۔

الْهِلَلُ: بارشیں۔ واحد هِلَّةٌ اور کہا جاتا ہے "جَاءَ نَا فُلَانٌ فَلَمْ يَاْتِنَا بِهِلَّةٍ وَلَا بِلَّةٍ" فلاں ہمارے پاس آیا اور کچھ نہیں لایا۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ بِهِلَّيَانَ وَبِلِّىْ هِلِّيَانَ" وہ گیا اور نہیں معلوم کہاں گیا ہے۔

الْهَلِيْلَةُ: زمین جس پر بارش ہوئی ہو اور اردگرد بارش نہ ہوئی ہو۔

الْمُهَلِّلُ: فا۔ وہ شخص جو اپنے ہمسر پر حملہ کرے پھر بزدلی کی وجہ سے ہٹ جائے۔

اِبِلٌ مُهَلَّلَةٌ: دبلے اور جھکے ہوئے اونٹ۔

الْمُهَلَّلُ: جھکا ہوا۔

هَلَبَهُ (ض) هَلْبًا: کسی کے بال اکھیڑنا۔ هَلَبَ ذَنَبَ الْفَرَسِ: گھوڑے کی دم کو کاٹنا۔ هَلَبَتِ السَّمَاءُ الْقَوْمَ: تر کرنا۔ یا لگا تار برسانا...... الْفَرَسَ: گھوڑے کا لگا تار دوڑنا۔

فُلَانٌ الْقَوْمَ بِلِسَانِهِ: ہجو کرنا۔ گالی دینا۔

هَلِبَ (س) هَلَبًا: بہت بالوں والا ہونا۔

اَهْلَبَ الْفَرَسُ: گھوڑے کا لگا تار دوڑنا۔

اَهْلَبَتِ السَّمَاءُ الْقَوْمَ: تر کرنا۔

تَهَلَّبَ وَانْهَلَبَ الشَّعْرُ: بال اکھڑا ہوا ہونا۔

اِهْتَلَبَ السَّيْفَ مِنْ غِمْدِهِ: تلوار کو میان سے سونتنا۔

لَيْلَةٌ هَالِبَةٌ: بارش والی رات۔

الْهُلْبُ: بال۔ پلکیں اور بعض موٹی پلکیں اور بقول بعض دم کے بال اور بقول بعض سور کے بال۔ واحد هُلْبَةٌ.

الْهَلِبُ: بہت بالوں والا۔

الْاَهْلَبُ: بہت بالوں والا۔ بے بال والا۔

ذَنَبٌ اَهْلَبُ: کٹی ہوئی دم۔ عَامٌ اَهْلَبُ: بہت بارش والا سال۔ سرسبز سال۔ عَيْشٌ اَهْلَبُ: کشادہ آسودہ زندگی۔

الْهَلْبَاءُ: الْاَهْلَبُ: کا مؤنث۔ رَقَبَةٌ هَلْبَاءُ: بہت بالوں والی گردن۔ کہا جاتا ہے "وَقَعْنَا فِي هُلْبَةٍ هَلْبَاءَ" ہم بڑی مصیبت میں پڑ گئے۔

الْهُلْبَةُ: هلب: کا واحد۔ پیڑو۔ ایک ستارہ۔

هُلْبَةُ الشَّهْرِ: مہینے کا آخر۔ هُلْبَةُ الشِّتَاءِ اَوِ الزَّمَانِ: جاڑے یا زمانے کی سختی۔

الْهَلَّابُ: اسم مبالغہ۔ بہت ہجو کرنے والا۔ بارش کے ساتھ ٹھنڈی ہوا۔ عَامٌ هَلَّابٌ: بہت بارش والا سال۔ يَوْمٌ هَلَّابٌ: ہوا اور بارش کا دن۔ الْهَلَّابُ وَالْهَلِيْبُ وَالْمُهَلَّبُ: جنوری کے مہینے میں بہت ٹھنڈے چند دن۔

الْهَلَّابَةُ: بارش کے ساتھ ٹھنڈی ہوا۔

الْاُهْلُوْبُ: فن۔ طریقہ۔ اسلوب ج اَهَالِيْبُ

اَلْـمُھَـلَّبَةُ: دودھ پسے ہوئے چاول اور چینی کا حلوہ۔ (کھیر)
ھُـلْبَةُ الشِّتَاءِ او الزَّمَانِ: جاڑے یا زمانہ کی شدت۔
فَرَسٌ مَھْلُوْبٌ: دم کٹا گھوڑا۔
الْمُھَلَّب: ہجو کیا ہوا۔
ھَلَتَ (ن) ھَلْتًا الشَّیْئَ: چھیلنا۔
اِنْھَلَتَ: چھلا جانا اور کہا جاتا ہے "انھلت یَعْدُو" وہ دوڑتا ہوا کھسک گیا۔
الْھُلَاثَ: ڈھیلا پن۔
الْھَلْثَی والھَلْثَـاء والھِلْثَاء والھَلَثَاءَة والھـلَثَـاءَة والھُلْثَة: شور مچانے والی جماعت۔ الھَلْثَاءَة والھِلْثَاءَة: ڈھیلا پن۔
ھَلَجَ (ض) ھَلْـجًا: ناقابل یقین خبریں دینا۔
اَھْلَجَ الشَّیْئَ: پوشیدہ کرنا۔
الھَالِج: خواب ہائے پریشاں دیکھنے والا۔
الھَلْج: مص۔ ناقابلِ یقین خبریں۔ ہلکی نیند (والھُلْج) خوابہائے پریشان۔
الھَلَج: ایک خاردار درخت۔
تَھَلَّـزَ الرَّجُلُ: دامن سمیٹنا۔ چوکس ہونا۔ چاق وچوبند ہونا۔
ھَلَسَہٗ (ض) ھَلْسًا الْمَرَضُ: لاغر کر دینا۔
ھُلِـسَ: سل کی بیماری لاحق ہو کر عقل زائل ہونا۔ صفت مَھْلُوْس۔
ھَلَّسَ الرَّجُلُ: لاغر ہونا۔
ھَالَسَہٗ مُھَالَسَةً: چپکے چپکے باتیں کرنا۔
اَھْلَسَ: آہستہ آہستہ ہنسا...... اَلْحَدِیْثَ: پوشیدہ کرنا...... اِلٰی فُلَانٍ: چپکے سے کہنا...... اَلْمَرَضُ: فُلَانًا: گھلا دینا۔
الھَـالِـس: فا۔ دبلے پتلے جسم والا۔ ج ھَوَالِس۔
الھُلَاس: سل کی بیماری۔
الھَلْس: مص۔ خیر کثیر۔ دبلا پن۔ پتلا پن۔ سل کی بیماری۔
الھُلْـس: مرض سے لاغر شدہ لوگ۔ کمزور لوگ چاہے مرض سے لاغر نہ ہوں۔

المَھْلُوْس: مفع۔ رَجُلٌ مَھْلُوْسُ الْعَقْلِ و مُھْتَلَسُہٗ: مسلوب العقل۔
ظَلَامٌ مُھْلِسٌ: مدہم اندھیرا۔
ھَلِعَ (س) ھَلَعًا: بے صبری سے شور۔ صفت ھَلِعٌ وھَلُوْعٌ: بھوکا ہونا۔
الھُلَع: لالچی۔
الھَالِع: فا۔ نَعَامٌ ھَالِعٌ: تیز رفتار شتر مرغ۔ کہا جاتا ہے "نَعَامَةٌ ھَالِعَةٌ وھَالِعٌ" ج ھَوَالِع۔ شُحٌّ ھَالِعٌ: غم انگیز شدتِ بخل۔
الھَلِع: غمگین۔
الھَلَع: مص (...... والھُلَاع والھَلَعَان) مقابلہ کے وقت بزدلی۔
الھُلَعَة: جلد گھبرانے والا۔
الھَلُوْع: گھبرانے والا۔ ڈرپوک۔ لالچی و بخیل مصائب پر صبر نہ کر سکنے والا۔
الھِلْبَاع: ایک چھوٹا درندہ جانور۔ یا زسیکی۔
الھِلَّوْف: بھاری بھرکم سخت بدن والا۔ بڑی داڑھی والا۔ بہت بالوں والا۔ گھنی داڑھی۔ ابر آلود دن جس میں آفتاب نہ نکلے۔ بہت اون والا بوڑھا اونٹ۔ جنگلی سور۔
الھِلَّوْف: بہت بوڑھا۔ جھوٹا۔
الھِلَّوْفَة: بہت جھوٹا۔ گھنی داڑھی۔ بڑھیا۔
الھُلْفُوْف: سخت بدن اور بہت بالوں والا۔
ھَلَقَ (ض) ھَلْقًا وتَھَلَّقَ: جلدی کرنا۔
ھَلْقَمَ الشَّیْئَ: نگلنا۔
الھِلْقَام: لمبا۔ موٹا۔ شیر۔ چوڑی باچھوں کا اونٹ وغیرہ (...... وَالھِلْقَمُ) بڑا فیاض سردار جو لوگوں کی دیت وغیرہ کو اپنے اوپر برداشت کر لیتا ہو۔
الھِلْقَام والھِلْقَمُ والھِلْقَامَة والھِلِقَّامَة والھُلَقِم: بہت کھانے والا۔
الھِلْقِم: قوی۔ چوڑی باچھوں والا۔ بڑی عورت اور بڑے سمندر کو "بَحْرٌ ھَلْقَمٌ" کہتے ہیں اس وجہ سے کہ وہ ہر چیز کو نگل لیتا ہے۔
ھَلَکَ (ض ف س) ھَلَاکًا وھُلْکًا [illegible]

ھَلَکَ اللّحم فی الاخیرین: فنا ہونا۔ مرنا۔ نیست و نابود ہونا (عموماً اس کا استعمال بری موت کے لئے ہوتا ہے) (...... ھلاکًا اِلَیْہِ وعَلَیْہِ: لالچی ہونا۔ بہت خواہش مند ہونا۔
ھَلَّکَہٗ واَھْلَکَہٗ: فنا کرنا۔ نیست و نابود کرنا۔ اگر کوئی شخص کسی بڑے کام کو کرے تو اس سے "ھَلَکْتَ واَھْلَکْتَ" کہا جاتا ہے۔
"اَھْلَکَ الْمَالَ: بیچنا۔
تَھَلَّکَ فِیْ مَشْیِہٖ: مٹک کر چلنا۔
فِی الْمَفَاوِزِ: بیابان میں آوارہ و حیران پھرنا۔
تَھَالَکَ عَلَی الْفِرَاشِ: بستر پر گرنا...... فِی مَشْیِہٖ: مٹک کر چلنا...... عَلَی الشَّیْئِ: بہت خواہشمند ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَنَا مُتَھَالِکٌ فِیْ مَوَدَّتِکَ" میں تمہاری دوستی کا بہت خواہش مند ہوں...... فِی الْاَمْرِ او العَدْوِ: کوشش کرنا۔
اِنْھَلَکَ واِھْتَلَکَ: اپنے آپ کو خطرات میں ڈالنا اور کہا جاتا ہے "مَرَّ یَھْتَلِکُ فِی عَدْوِہٖ" وہ گزرا اس حال میں کہ دوڑنے میں کوشش کر رہا تھا۔
اِسْتَھْلَکَہٗ: ہلاک کرنا۔ اِسْتَھْلَکَ الْمَالَ: مال خرچ کرنا۔ ختم کرنا...... فِی الْاَمْرِ: جلدی کرتے ہوئے کوشش کرنا۔
الھَالِک: فا۔ ج ھَلْکٰی وھُلَّک وھُلَّاک وھَوَالِک (اور یہ شاذ ہے جیسے فوارس و نواکس)
الھَالِکَة الھَالِک: کا مؤنث۔ نفس حریص۔
الھَالِکِیُّ: لوہار (ہالک بن عمرو بن اسد بن خزیمہ کی جانب منسوب کہ لوہاری کا کام اسی نے شروع کیا تھا)
الھُلْک والھَلْک: ہلاکت۔ تم کہتے ہو "لَاَذْھَبَنَّ فَاِمَّا ھُلْکٌ وَاِمَّا مُلْکٌ" یعنی میں جاؤں گا یا تو تخت نصیب ہو گا یا تختہ۔
الھَلُوْک: بکھیا۔

الهَلَک: قحط سالی کے سال۔ واحد هَلَکَة مردار کی تلاش۔ پہاڑ کی چوٹی اور اس کا درمیانی حصہ۔ دو چیزوں کے درمیان کی فضا۔ گرنے والی چیز۔
الهُلَک: ہلاک ہونے والا نفس۔
الهَلکَاء: ہلاکت۔ تاکید کے لئے "هَلَکَة هَلکَاء" بولا جاتا ہے۔
الهِلکَة. هَلَکَ: کا اسم نوع۔ گرنے والی ج هَلِکَ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ هِلکَةٌ مِنَ الهَلَکِ"
اَلهَلَکَة: ہلاکت۔ الهَلَکَ: کا واحد ج هَلَکَات.
الهُلَّاک: فقراء۔ چارہ پانی تلاش کرنے والے لوگ جو راستہ کھو چکے ہوں۔
الهَلکُون والهِلکون: قحط زدہ زمین اگرچہ پانی اس میں ہو۔ ایسی زمین جس پر ایک زمانہ دراز سے بارش نہ ہوئی ہو۔
الهَلُوک: بدکار عورت ج هُلُک.
التَّهلُکَة: ہر وہ چیز جس کا انجام ہلاکت ہو۔
التُّهلُوک: ہلاکت۔
اَهلَکُ النَّاسِ: لوگوں میں زیادہ ہلاک ہونے والا۔
المُهتَلِک: وہ شخص جس کی تمنا یہی ہو کہ کسی کا مہمان بنے۔ مفت خورہ۔
المُهتَلِکُون: چارہ پانی تلاش کرنے والے جو راستہ کھو چکے ہوں۔
المَهلَکَة والمَهلِکَة والمَهلُکَة: ہلاکت کی جگہ۔ بیابان ج مَهَالِک. المَهَالِک: لڑائیاں۔ کہا جاتا ہے "طَرِیقٌ مُستَهلِکُ الوِرْدِ" دشوار گزار تھکا دینے والا راستہ۔
اَهلَمَ بِفُلَانٍ: بلانا۔ پکارنا۔
الهِلَّم: ڈھیلا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هِلَّمٌ و اِمرَاَةٌ هِلَّمَة".
الهَلَم. هَلُمَّ: کا جواب۔ جب کوئی شخص مطیع ہو جائے تو کہا کرتے ہیں "جَاذَبِهَلَمِه".
الهُلَّم: پہاڑی ہرنیاں۔
هَلُمَّ: آؤ۔ لازم ہے اور کبھی متعدی مستعمل ہوتا ہے۔ جیسے "هَلُمَّ شُهَدَاءَ کُمْ" یعنی اپنے گواہوں کو حاضر کرو اور یہ اسمائے افعال میں سے ہے جس میں واحد جمع مذکر مؤنث سب مساوی ہیں اور اس کی تصریف اس طریقے سے کرتے ہیں کہ اس کو فعل قرار دیتے ہیں اور اس کے آخر میں ضمائر لاحق کرتے ہیں۔ مثنی کے لئے هَلُمَّا مؤنث کے لئے هَلُمِّی جمع مذکر کے لئے هَلُمُّوا اور جمع مؤنث کے لئے هَلمُمْنَ: یہی خیال اکثر عرب کا ہے اور پہلا افصح ہے۔
اور کبھی لام لگایا جاتا ہے تو کہا جاتا ہے هَلُمَّ لَکَ وهَلُمَّ لَکُمَا اور کبھی نون ثقیلہ لاحق ہوتا ہے جیسے هَلُمَّنَّ یَارَجُلُ وهَلُمِّنَّ یَـا اِمْرَاَة. وهَلُمَّانِّ یَا رَجُلَانِ ویَا اِمْرَاَتَانِ وهَلُمُّنَّ یَا رِجَال وهَلْمُمْنَانِّ یَانِسْوَة.
الهُلَام: ایک قسم کا کھانا جو بچھڑے کے گوشت مع پوست کے تیار کیا جاتا ہے۔ سکبا ج کا شوربا جس کو ٹھنڈا کر کے روغن سے صاف کر دیا گیا ہو۔
الهَلِیم: چپکنے والا۔
اَلهِلُیوسکُوب: دوربین۔ هَیلُوکُوبتَر: ہیلی کوپٹر۔ (یونانی لفظ) اَلهَلیُوم: ایک گیس والا عنصر گاڑھا خفیف وزن والا جس کو آگ نہیں لگتی قدرتی پٹرول کے چشموں سے نکالا جاتا ہے۔ اَلهِلیُونُ واحد هَلیُویَة: وہ پودا جس کے تنے زمین کے اندر ہوتے ہیں ان تنوں کو بھون کر کھایا جاتا ہے۔ اس کے پھل سرخ اور خوبصورت ہوتی ہیں۔
الهَیلَمَانَ والهَیلُمَان والهِلِمَّانِ: بہت چیز اور بقول بعض خیر کثیر۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ نَا بِالهَیلِ وَالهَیلَمَانِ" وہ ہمارے پاس بہت مال لے کر آیا۔
هَلْمَمَ هَلْمَمَةً بِفُلَانٍ: کسی کو هَلُمَّ کہہ کے پکارنا۔
هَلهَلَ النَّسَّاجُ الثَّوبَ: کپڑے کو باریک بنا...... الصَّوتَ: گلے میں آواز پھرانا......
الشَّعرَ: شعرہ [illegible] کے جیسا ہو ویسا ہی سنا دینا۔
......الرَّجُلُ فِی الاَمرِ: انتظار کرنا۔ دیر کرنا
......الطَّحِینَ: آٹے کو باریک چھاننا......
عَنِ الشَّیْءِ: واپس ہونا۔ لوٹنا...... بِفَرَسِه: بلا کہہ کے ڈانٹنا اور کہا جاتا ہے "هَلهَلَ یُدرِکُهُ" بمعنی کَادَ یُدرِکُهُ.
الهُلَاهِل والهَلهَال والهَلهَل: عمدہ شعر یا باریک کپڑا۔ الهُلَاهِل: بہت اور صاف پانی۔ والهَلهَل: خراب بنا ہوا کپڑا۔
الهُلهُل: برف۔
هَالَاهُ مُهَالَاةً: جھگڑا کرنا۔
الهَالِی. هَائِل: کا مقلوب۔ بمعنی ہولناک۔
هَلَا: گھوڑوں کے لئے کلمہ زجر۔
حَیَّهَلَا: دیکھو مادہ ح ی ی۔
الهِلیَون: ایک قسم کی نرم گھاس ہے جو کھائی جاتی ہے جس کو فارسی میں مارچوبہ مارگیاہ اور ہندی میں ناگدون کہتے ہیں۔ واحد هِلیَونَة.
هَمَّ (ن) هَمًّا ومَهَمَّةً. اَلاَمرُ فُلَانًا: رنجیدہ کرنا۔ غمگین کرنا...... السُّقمُ جِسمَهُ: بیماری کا جسم کو گھلا دینا...... فُلَانٌ الشَّحمَ: چربی پگھلانا۔
...... الشَّمسُ الثَّلجَ: آفتاب کا برف کو پگھلانا۔
...... اللَّبَنَ: دودھ دوہنا (...... هَمًّا) بِالشَّیْءِ: ارادہ کرنا۔ چاہنا۔ پختہ ارادہ کرنا اور کہا جاتا ہے "وَقَعَتِ السُّوسَةُ فِی الطَّعَامِ فَهَمَّتهُ" غلہ میں گھن پڑ گئے اور غلہ کے گودے کو کھا کر کھوکھلا کر دیا۔
هَمَّ (ن) هُمُومَةً وهَمَامَةً الرَّجُلُ: بہت بوڑھا ہونا۔
هَمَّتْ (ض) هَمًّا وهَمِیمًا خَشَاشُ الاَرضِ: زمین کے کیڑے مکوڑوں کا رینگنا۔
هَمَّمَتِ المَرْاَةُ فِی رَاْسِ الصَّبِیِّ: لوری سے سلانا۔ جوں نکالنا۔
اِنهَمَّ الشَّیخُ: بہت بوڑھا ہونا...... الاَمرُ

فُلَانًا: رنجیدہ کرنا۔ غم میں ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "اَهَمَّهُ الْاَمْرُ حَتّٰى هَمَّهُ" اس کو معاملے نے غمگین کیا یہاں تک کہ گھلا دیا۔

تَهَمَّمَ الشَّيْءَ: تلاش کرنا۔ ڈھونڈھنا۔

......رَأْسَهُ: جوئیں نکالنا۔

